# فیروز اللغات

## اردو جدید

### نیا اڈیشن

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

سترّ ہزار کے لگ بھگ الفاظ، مرکبّات، محاورات، ضربُ الامثال
سائنسی اور فنّی اصطلاحات

Ferozsons Limited
فیروز سنز

# فیروز اللغات اُردُو جدید

## نیا ایڈیشن

### جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

ستّر ہزار کے لگ بھگ مُتداوَل الفاظ، مرکّبات، محاورات
ضربُ الامثال اور سائنسی اور فنّی اِصطلاحات

فیروز سنز لمیٹڈ
لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

© فیروز سنز لمیٹڈ لاہور۔

مطبع ۔ ۔ ۔ فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

غیر مجلد ۔ ۔ 969 0 00513 8

Marfat.com

فیروز اللغات اُردُو جدید کے اِس نئے ایڈیشن کی تدوین میں فیروز اللغات اُردُو جامع کو بُنیاد بنایا گیا ہے۔

متروکات اور نامانوس الفاظ کے سوا وہ تمام الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال اور علمی، ادبی اور فنی اِصطلاحات دینے کی کوشش کی گئی ہے جو اُردُو میں مُتداوَل و مُروّج ہیں۔

ایک نئی چیز جو اس ایڈیشن کو پُرانے ایڈیشن سے ممتاز کرتی ہے، وہ الفاظ کا تلفّظ ہے۔ ہر بُنیادی لفظ کے ارکان کو قوسین میں لکھ کر ان پر اعراب لگائے گئے ہیں تاکہ اس کا صحیح تلفّظ کیا جا سکے۔

کتابت کے اِعتبار سے الفاظ کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔ پہلی بُنیادی، دُوسری ضمنی۔ بُنیادی لفظ وہ ہے جس کے اجزا بامعنی نہ ہوں جیسے سادہ، جادہ وغیرہ۔ ضمنی الفاظ دراصل مرکبات ہیں جیسے جادہ پیما، سادہ لوح وغیرہ۔

بُنیادی الفاظ حاشیے سے ملا کر جلی لکھے گئے ہیں اور ضمنی الفاظ کو بُنیادی الفاظ کے تحت حاشیہ چھوڑ کر لکھا گیا ہے۔ البتہ مشتقات کو بُنیادی الفاظ کے تحت نہیں لکھا گیا ہے بلکہ انھیں بُنیادی الفاظ قرار دیا گیا ہے۔

تذکیر و تانیث کے علاوہ خاص علامتوں کے ذریعے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ لفظ کس زبان سے اُردُو میں آیا ہے۔

امر کو مرکبات کی بُنیاد قرار نہیں دیا گیا ہے اس لیے کہ اکثر مرکبات میں امر کا مفہوم برقرار نہیں رہتا۔ جیسے کہ جا پہنچا، اُٹھ بیٹھ کر وغیرہ۔ اس قسم کے مرکبات کو حرُوفِ تہجّی کی ترتیب سے

Marfat.com

لِکھا گیا ہے۔

انگریزی الفاظ انگریزی رسمُ الخط میں بھی لکھے گئے ہیں اور جس صُورت سے وہ اُردُو میں مستعمل ہیں، اُسی اِعتبار سے اُن پر اِعراب لگائے گئے ہیں۔

ناشرین

Marfat.com

# علامات و اشارات

الفاظ کے مآخذ اور صرفی حیثیت کی توضیح اور کتابت کے لیے حسبِ ذیل علامات و اشارات اختیار کیے گئے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| عربی | ع | پرتگالی | پر |
| فارسی | ف | اسم | ا |
| ہندی | ہ | صفت | صفت |
| سنسکرت | س | ضمیر | ض |
| اردو | ار | مصدر | مص |
| پنجابی | پن | برائے تلفظ | ( ) |
| بنگالی | بنگ | دیگر اشارات (مصدر، مذکر، مؤنث، ماخذ وغیرہ) کے لیے | [ ] |
| یونانی | یو | وقفۂ خفیف | ، |
| انگریزی | انگ | وقفۂ کامل | ۔ |
| فرانسیسی | فر | | |

Marfat.com

# الف

ا ۔ (ا ۔ لِف) (ع ۔ ا ۔ مذکر) اُردو ۔ فارسی اور عربی حروفِ تہجی کا پہلا حرف ۔ الف کی دو قسمیں ہیں: ممدودہ اور مقصورہ ۔ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھتے ہیں اور اس کے اُوپر مد ہوتا ہے جیسے آب ۔ آگ ۔ آمد ۔ الف مقصورہ کو الف ممدودہ کی مانند کھینچ کر نہیں پڑھتے ۔ جیسے اگر ۔ مال ۔ تاج علامتی اعتبار سے الف کے معنی ہیں: خدائے واحد ۔ صیقل کی لکیر ۔ راستی ۔ مفرد ۔ اکیلا ۔ ننگا ۔ بہادر ۔ حساب ابجد میں اس کا عدد ایک ہے ۔

# آ

آ (ہ) (۱) آگے بڑھنے کا حکم ۔ یا کی ضد (۲) کم بڑھنے والے کو بلانے کی آواز (۳) کبوتروں کے بلانے کی آواز (۴) مُرغا یا تان لینے کی آواز (۵) مصدر آنا کا صیغہ امر واحد حاضر ۔

آ آ ۔ پالتو پرندوں کو بلانے کی آواز ۔

آ بے سوتے تیری باری ۔ کان چھوڑ کنپٹی ماری ۔ (مثل) کسی کام میں لگا تار ناکام رہ کر آخری تدبیر کرنا ۔

آ بیل مجھے مار (مثل) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا ۔ اپنے ہاتھوں آپ مصیبت میں پھنسنا ۔ لڑائی مول لینا ۔

آ بے لونڈے جا بے لونڈے کرنا (مثل) پھرنا پھرانا ۔ دوڑانا بیرا پھیری کرنا ۔ وقت گزارنا ۔

آ پڑوسن لڑیں ۔ بے سبب زبردستی کی چھیڑ چھاڑ کرنا ۔

آ پڑوسن مجھ سی ہو ۔ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی برباد کرنا ۔

# آ ۔ ب

آب (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پانی (۲) پسینہ (۳) آنسو (۴) عرق (۵) خالص شراب (۶) مواد (۷) شوربا (۸) پھولوں کا رس (۹) رونق (۱۰) چمک (۱۱) خوبی (۱۲) عزت ۔ قدر (۱۳) جوہر (۱۴) دھار کاٹ ۔

آب آب کر مر گئے ، سرہانے دھرا رہا پانی (مثل) مادری زبان پر دوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی ۔

آب آب کرنا ۔ (۱) شرمندہ کرنا ۔ شرم دلانا ۔ نرم کرنا ۔

آب آب ہونا (۱) پانی پانی ہونا ۔ پسینہ پسینہ ہونا (۲) رقیق ہونا ۔ بہہ نکلنا (۳) شرمندہ ہونا (۴) مجبور ہونا (۵) بھر آنا ۔ اُمنڈ آنا ۔

آب آتش رنگ ۔ آب آتش مزاج ۔ آب آتش ناک ۔ آب آتشیں (۱) سرخ شراب (۲) خون کے آنسو ۔

آب آجانا ۔ (۱) اوزار یا ہتھیار کی تیز دھار ہونا ۔ باڑھ چڑھنا (۲) چمک اور جلا کا آنا ۔ صفائی پیدا ہونا ۔

آب آمد تیمم برخاست ۔ اصل چیز آنے کے بعد متبادل چیز کی ضرورت نہیں رہتی ۔ جیسے پانی ملنے کے بعد تیمم بے کار ہے ۔

آب آہن ۔ لوہے کی چمک ۔

آب آہن تاب ۔ وہ پانی جس میں لوہا گرم کر کے بجھایا گیا ہو ۔

آب آئینہ ۔ (۱) آئینہ کی صفائی (۲) قلعی (۳) چمک ۔ تیزی ۔

آب (اُتر جانا) اُترنا ۔ (۱) چمک جاتی رہنا (۲) بے عزت ہونا ۔

آب (احمر) ارغوانی ۔ سرخ پانی یعنی شراب ۔

آب اُڑنا ۔ (۱) چمک جاتی رہنا (۲) دھار کُند ہو جانا ۔

آب از سر گزشت ۔ پانی سر سے گزر گیا ۔ مصیبت حد سے بڑھ گئی ۔

آب استادہ ۔ ٹھہرا ہوا پانی ۔ رُکا ہوا پانی ۔

آب اندام ۔ (۱) نازک بدن (۲) نازنین

آب انگور ۔ انگور کا پانی ۔ انگور کا عرق مراد شراب ۔

آب باراں ۔ بارش کا پانی ۔

آب بستہ (۱) جما ہوا پانی ۔ برف ۔ اولے (۲) بلور کا پیالہ (۳) شیشہ (۴) تلوار ۔

آب بقا ۔ دیکھئے آب حیات ۔

آب بگڑنا ۔ (۱) چمک جاتی رہنا ۔ ماند ہو جانا ۔ (۲) دھار کُند ہو جانا (۳) عزت میں کمی آجانا ۔

آب بینی ۔ ناک کی رطوبت ۔ رینٹھ ۔

آب پاش ۔ (۱) درختوں اور پودوں کو پانی دینے کا برتن (۲) سقا ۔ بہشتی

آب پاشی (۱) سینچنا ۔ کھیتی کو پانی دینا (۲) پانی کا چھڑکاؤ کرنا ۔

آب پیکاں ۔ تیر کی نوک کی تیزی ۔

آب پیما ۔ مقیاس الماء ۔ مائعات کی کثافت اضافی کا اندازہ کرنے کا آلہ ۔ وہ آلہ جس سے مائعات کے خالص ۔ غیر خالص ہونے کا کھوج لگاتے ہیں ۔ (HYDROMETER)

آب تاب ۔ دیکھئے آب و تاب ۔

آب ترسی ۔ جنون سگ گزیدگی ۔ ہڑک ۔ پاگل کتے کے کاٹنے کے باعث پانی سے ڈرنا (HYDROPHOBIA)

آب تلخ ۔ (۱) شراب (۲) تیزاب (۳) کھاری پانی (۴) آنسو ۔

آب تیغ ۔ دیکھئے آب شمشیر ۔

آب جاری ۔ بہتا ہوا پانی ۔ رواں پانی ۔

آب جانا ۔ (۱) چمک دور ہونا (۲) دھار کند ہونا ۔

آب جو ۔ چشمہ ۔ ندی ۔ نالہ ۔ نہر ۔

آب جوش ۔ (۱) یخنی ۔ گوشت کا عرق (۲) سوڈا واٹر ۔

آب چڑھانا ۔ (۱) صیقل کرنا ۔ صاف کرنا ۔ جلا دینا (۲) باڑھ رکھنا دھار رکھنا ۔

آب چشم ۔ آنکھ کا پانی ۔ آنسو ۔ اشک ۔

آب چک ۔ پانی ٹپکنے کی جگہ ۔

آب چو از سر گزشت چہ یک نیزہ چہ یک دست (مثل) جب

Marfat.com

پانی سر سے اُونچا ہو گیا تو پھر کچھ بھی ہو مصیبت یا بدنامی حد سے بڑھ جائے تو پھر احساس ختم ہو جاتا ہے۔
آبِ حیات۔ امرت جس کے پینے سے موت نہیں آتی۔ آبِ حیوان۔
آبِ خاصہ۔ امیروں یا بادشاہوں کے پینے کا پانی۔
آبِ (خجلت) خجالت۔ وہ پسینہ جو شرم سے آئے۔
آبِ خضر۔ آبِ حیات۔ وہ پانی جسے پی کر حضرت خضر علیہ السلام نے ہمیشہ کی عمر حاصل کر لی۔
آبخورا۔ پانی پینے کا چھوٹا سا مٹی کا برتن۔
آبخورے بھرنا۔ آبخوروں میں شربت یا دودھ بھر کر نیاز دلوانا۔
آبِ خیز۔ (۱) لہر۔ پانی کا بہاؤ (۲) وہ زمین جہاں پر تھوڑا کھودنے سے پانی نکل آئے۔
آبدار۔ (۱) تازہ و سیراب (۲) وہ شخص جو امیروں کے ہاں پانی پہنچانے پر مقرر ہو (۳) چمکیلا۔ صاف (۴) تیز دھار کا ہتھیار (۵) لطیف و نفیس
آبدار خانہ۔ پانی رکھنے کا مکان۔
آب داری۔ (۱) باڑھ۔ تیزی (۲) چمک دمک۔ جلا (۳) طراوت۔ لطافت۔ خوبی۔ (۴) آبدار خانہ کی خدمت۔
آب داری دینا۔ (۱) چمکانا۔ پالش کرنا (۲) اوزار پر پانی چڑھانا۔ دھار چڑھانا۔ تیز کرنا۔
آب دان۔ (۱) تالاب (۲) پانی کا برتن۔
آب دانہ۔ دیکھیے آب و دانہ۔
آبِ دُر۔ (۱) موتی کی چمک (۲) جلا (۳) آب و تاب۔
آب دست۔ (۱) استنجا۔ طہارت (۲) پاکیزگی جو پانی سے کی جائے۔
آب دست کا بھی سلیقہ نہیں۔ بڑا بدسلیقہ ہے۔ کسی بات کی تمیز نہیں۔
آب دست (کرنا) لینا۔ استنجا کرنا۔ طہارت کرنا۔ رفع حاجت کے بعد بدن دھونا۔
آبِ دنداں۔ دانتوں کی چمک۔
آب دوز۔ ڈبکی کشتی۔ تحت البحر کشتی۔ وہ جنگی کشتی جو سطحِ آب کے نیچے بھی چل سکتی ہے اور اُوپر بھی۔ (SUBMARINE)۔
آبِ دہن۔ (۱) منہ کا لعاب (۲) کلی کا پانی۔
آبِ دیدہ۔ آنسو۔ آنکھ کا پانی۔
آبدیدہ۔ وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ہوں۔ رونے پر آمادہ۔ رونکھا۔ روانسا۔
آبدیدہ (رہنا) ہونا۔ آنکھوں میں آنسو بھرے رہنا۔ غمگین ہونا۔
آب دینا (۱) کسی دھار والی چیز کو سان پر لگانا یا پتھر پر تیز کرنا (۲) سینچنا (۳) چمکانا۔ جلا دینا۔
آبِ رحمت۔ (۱) بارش۔ مینہ (۲) بخشش۔ معافی۔
آبِ رواں۔ (۱) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ جو نہایت باریک ہوتا ہے۔ (۲) بہتا ہوا پانی۔
آب ریز۔ (۱) پانی گرنے کی جگہ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی کپی۔
آبِ زر۔ سونے کا پانی جو نقاشی یا کتابت میں کام آتا ہے۔
آبِ زلال۔ (۱) صاف شفاف پانی (۲) ستھرا ہوا پانی (۳) کسی بھیگی ہوئی دوا کا پانی۔
آبِ زمزم۔ زمزم کا پانی جو مکہ معظمہ کا ایک خاص چشمہ ہے جو حضرت اسمٰعیل کے لیے جاری ہوا تھا۔

آبِ زن۔ وہ ظرف جس میں دواؤں کا جوش دیا ہوا پانی بھر کر مریض کو اس میں بٹھاتے ہیں۔
آب زن کرنا۔ دوا کے پانی میں بٹھانا۔
آبِ زندگانی۔ دیکھیے آبِ حیات۔
آبِ زیرِ کاہ۔ (۱) وہ پانی جو گھاس کے نیچے چھپا ہوا ہو (۲) مکار آدمی۔
آبِ سرخ۔ (۱) شراب (۲) اشکِ خونیں (۳) وہ پانی جس کا رنگ سرخ ہو۔
آبِ سیاہ۔ (۱) شراب (۲) گہرا پانی۔ بھنور کا پانی (۳) دوات کی سیاہی (۴) موتیا بند۔ آنکھ کی بیماری۔
آبشار۔ جھرنا۔ اونچی جگہ سے گرنے والا قدرتی پانی۔
آبِ شمشیر۔ تلوار کی چمک یا دھار۔
آب شناس۔ (۱) حقیقت دان (۲) ماہر (۳) ملاح۔
آبِ شور۔ کھاری پانی۔ سمندر کا پانی۔ نمکین پانی۔
آبِ شورہ۔ (۱) شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی (۲) لیمو کا شربت۔
آبِ شیریں۔ میٹھا پانی۔
آبِ عنب۔ انگور کا پانی۔ انگور کی شراب۔
آبکار۔ شراب فروش۔ کلال۔
آبکاری۔ (۱) شراب کھینچنے اور بیچنے کا کارخانہ یا جگہ (۲) وہ محکمہ جس میں مسکرات کا محصول لیا جاتا ہے۔
آبِ کوثر۔ کوثر کا پانی۔ کوثر جنت کی ایک نہر ہے۔
آبِ گریہ۔ آنسو۔
آبِ گل۔ گلاب کا عرق۔ گلاب کے پھولوں کا رس۔
آبِ گل رنگ (گلگوں)۔ گلاب کے پھول کے رنگ کا پانی مراد سرخ شراب۔
آبگوں۔ (۱) پانی کے رنگ کا (۲) آسمانی رنگ کا۔ ہلکا نیلا (۳) شیشہ (۴) برف (۵) چمکیلی تلوار (۶) گندم کا نشاستہ۔ (۷) آسمان
آبگیر۔ (۱) حوض۔ تالاب (۲) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو۔ (۳) جولاہوں کا ایک اوزار جس سے تنے ہوئے سوت پر پانی چھڑکتے ہیں۔
آبگینہ۔ شیشہ۔ کانچ۔ بلور۔ آئینہ (۲) الماس (۳) انگوری شراب۔
آبگینۂ فانوس۔ لالٹین کا شیشہ۔
آب مٹ جانا۔ آب و تاب جاتی رہنا۔ رونق جاتی رہنا۔
آبِ مروارید۔ (۱) موتی کی چمک (۲) موتیا بند۔ آنکھ کی بیماری۔
آبِ مروق۔ صاف پانی۔ ستھرا ہوا پانی۔
آبِ مژہ۔ پلکوں کا پانی یعنی آنسو۔
آبِ منجمد۔ (۱) ژالہ۔ اولے (۲) بلور کا پیالہ (۳) برف۔ یخ۔
آبنائے۔ پانی کا وہ تنگ راستہ جو خشکی کے دو بڑے حصوں کو الگ کرے اور پانی کے دو حصوں کو ملائے۔
آبِ ندامت۔ شرمندگی کے آنسو۔
آبِ ندیدہ موزہ کشیدہ (مثل) پانی دیکھے بغیر موزہ اتارنا خطرے میں مبتلا ہونے سے پہلے آہ آہ کرنا۔
آبِ نقرہ۔ (۱) پارہ (۲) چاندی کا پانی۔ چاندی کا ملمع۔ چاندی کا گلٹ۔
آب نہ رہنا۔ (۱) بے رونق ہو جانا (۲) ہتھیار کی دھار کند ہو جانا یا چمک کم ہو جانا (۳) بے عزت ہو جانا (۴) قلعی اتر جانا۔
آبِ نَے۔ حقے میں نیچے کا وہ حصہ جو پانی میں رہتا ہے۔

Marfat.com

**آبِ نیساں** (نیساں رُومی ساتویں مہینے کا نام) موسم بہار یعنی مارچ اپریل کی بارش۔ مشہور ہے کہ اس کے قطروں سے سیپ میں موتی، بانس میں بنسلوچن اور گائے کے کان میں گئورلوچن بنتا ہے۔
**آب و تاب**۔ (۱) چمک دمک۔ روشنی (۲) رونق (۳) لطافت۔ حُسن و خوبی۔ آرائش۔ زیبائش۔
**آب و خور**۔ دانہ پانی۔ رزق۔ کھانا پینا۔ اَن جل۔ خوراک۔
**آب و خورش**۔ کھانا۔ پانی۔ رزق۔
**آب و دانہ**۔ دانہ پانی۔ اَن جل۔ خوراک۔ رزق۔
**آب و رنگ**۔ (۱) رونق۔ رنگ۔ خوبی (۲) صفائی۔ بہار۔ چمک۔ لُطف۔ رُوپ۔ خوبصورتی (۳) دنیا کا مزہ۔ کیفیت۔ سیر۔ تماشا۔
**آب و روغن**۔ چمک دمک۔ رنگ رُوپ۔
**آب و طعام**۔ آب و غذا۔ کھانا پانی۔ اَن جل۔
**آب و گل**۔ (۱) پانی اور مٹی (۲) طینت۔ عادت۔ سرشت۔ خمیر (۳) کالبد۔ جسم۔ قالب۔
**آب و نمک**۔ (۱) ذائقہ۔ مزا۔ سواد (۲) ماحضر۔ دال دلیا۔ کھانا۔ طعام۔
**آب و ہوا**۔ (۱) پانی اور ہوا (۲) پانی اور ہوا کی کیفیت (۳) موسم۔ رُت۔
**آب ہونا**۔ (۱) پتلا ہونا۔ پانی ہو جانا۔ پگھل جانا (۲) شرمندہ ہونا (۳) برباد ہونا (۴) چمک ہونا۔ بازہ ہونا (۵) آسان ہو جانا۔
**آبیاری**۔ باغوں اور کھیتوں کو سینچنا۔ پانی دینا۔
**آبیانہ**۔ پانی کا محصول۔
**آبا** (آ۔با) (ع۔ا۔مذکر) اب کی جمع۔ باپ دادا۔
**آباؤ اجداد**۔ باپ دادا۔ مورث۔ پُرکھے۔
**آباد** (آ۔باد) (ف۔صفت) (۱) بھرا پُرا۔ آدمیوں سے بسا ہوا (۲) پُر رونق (۳) شاداب (۴) رہنے والا۔ بسنے والا۔
**آبادکار**۔ وہ شخص جو کسی غیر آباد علاقے میں سکونت اختیار کرے۔ غیر آباد علاقے کو بسانے والا۔
**آبادکاری**۔ غیر آباد علاقوں کو آباد کرنا۔ کسی علاقے کے باشندوں کا معاشی مقاصد کے تحت کسی دُوسرے علاقے میں جا بسنا۔
**آبادی** (آ۔با۔دی) (ف۔امؤنث) (۱) بستی۔ باشندوں کی بستی (۲) آرام چین (۳) رونق۔ زیبائش۔ روشنی (۴) گہما گہمی۔
**آبائی** (آ۔با۔ئی) (ع۔صفت) موروثی۔ باپ دادا کی۔ خاندانی۔ پشتینی۔
**آبرو** (آب۔رو) (ف۔امؤنث) (۱) عصمت (۲) قدر و منزلت۔ شرف۔ ناموری (۳) امارت۔ وجاہت (۴) ساکھ۔ اعتبار۔ بات (۵) شرم۔ لحاظ (۶) حیثیت (۷) ناموس۔ عزت۔
**آبرو اُتارنا**۔ ذلیل کرنا۔ بے حُرمت کرنا۔ عصمت میں دھبا لگانا۔
**آبرو اُڑ جانا**۔ آبرو جاتی رہنا۔
**آبرو بنانا**۔ (۱) ٹھاٹھ درست کرنا (۲) عزت پیدا کرنا (۳) رتبہ بڑھانا۔ جائداد پیدا کرنا۔
**آبرو پانی کرنا**۔ آبرو خراب کرنا۔ عزت برباد کرنا۔
**آبرو پر پانی پھر جانا**۔ (۱) عزت جاتی رہنا (۲) بے عصمت ہو جانا۔
**آبرو پر حرف آنا**۔ (۱) عزت میں فرق آنا (۲) عصمت میں دھبا لگنا۔
**آبرو تھامنا**۔ عزت محفوظ رکھنا۔ قدر و منزلت قائم رکھنا۔
**آبرو ٹکے کی ہو جانا**۔ عزت مٹ جانا۔ ساکھ جاتی رہنا۔
**آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے**۔ (مثل) عزت بڑی نعمت ہے۔ عزت بادشاہت کے برابر ہے۔
**آبرودار**۔ ذی عزت۔ مرتبے والا۔ حیادار۔ غیرت دار۔
**آبرو دو کوڑی کی ہو جانا**۔ عزت ختم ہو جانا۔
**آبرو دینا**۔ (۱) عزت بخشنا (۲) بے عصمت ہونا۔ عزت گنوانا۔
**آبرو ڈبو دینا، ڈبونا**۔ عزت کھونا۔
**آبرو رکھنا**۔ (۱) بات رکھ لینا۔ عزت بچانا (۲) ذی مرتبہ اور ذی عزت ہونا۔
**آبرو رہ جانا**۔ (۱) بات رہ جانا۔ عزت محفوظ رہنا (۲) عصمت محفوظ رہنا۔
**آبروریزی**۔ بے عزتی۔ ذلت۔
**آبرو سنبھالنا**۔ عزت بچائے رکھنا۔
**آبرو سے درگزرنا**۔ عزت و حُرمت کی پروا نہ کرنا۔
**آبرو سے رہنا**۔ عزت سے بسر کرنا۔
**آبرو سے ہاتھ اٹھانا، دھونا**۔ عزت سے درگزر کرنا۔
**آبرو سے ہیں**۔ عزت سے ہیں۔ اچھے حال میں ہیں۔
**آبرو کا پاس**۔ عزت کا لحاظ و خیال۔
**آبرو کا صدقہ جان**۔ (مثل) عزت پر جان قربان ہے۔
**آبرو کا لاگو ہونا**۔ بے عزتی کا خواہاں ہونا۔
**آبرو کرنا**۔ عزت کرنا۔ خاطر داری کرنا۔
**آبرو کوڑی کی ہونا**۔ بے عزت ہونا۔
**آبرو کی چیز**۔ وہ چیز جس سے عزت ہو۔
**آبرو کے پیچھے پڑنا**۔ عزت کا لاگو ہونا۔
**آبرو کے درپے ہونا**۔ عزت کے پیچھے پڑنا۔
**آبرو گرہ میں باندھنا**۔ عزت کو بہت عزیز رکھنا۔
**آبرو گنوانا**۔ (۱) عزت کھونا (۲) عصمت میں داغ لگانا۔
**آبرو لٹنا**۔ (۱) عزت اور مرتبہ کا برباد ہونا (۲) بے عصمت ہونا۔ آبرو لٹنا۔
**آبرو موتی کی آب ہے**۔ (مثل) عزت بہت نازک چیز ہے۔
**آبرو میں بٹا لگانا**۔ عزت میں خلل ڈالنا۔ ساکھ بگاڑ دینا۔
**آبرو ہونا**۔ قدر ہونا۔ عزت ہونا۔ رتبہ بڑھنا۔
**آبلہ**۔ (آب۔لہ) (ف۔ا۔مذکر) پھپھولا۔ چھالا۔
**آبلہ پا**۔ وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
**آبلہ پائی**۔ پاؤں میں چھالے پڑنا۔
**آبلہ پڑنا**۔ چھالے کا پیدا ہونا۔ چھالا نمودار ہونا۔
**آبلہ پھوڑنا**۔ (۱) چھالا توڑنا (۲) حسرت نکالنا۔ دل کا غبار نکالنا۔
**آبلہ دار**۔ چیچک رو۔ چیچک کے داغوں والا۔
**آبلۂ دل**۔ وہ سوزش جو رشک و حسد سے دل میں پیدا ہو جاتی ہے اس کو چھالا قرار دیتے ہیں۔
**آبلہ ڈالنا**۔ چھالا پیدا کر دینا۔ تکلیف دینا۔
**آبلہ رُو**۔ چیچک کے داغ منہ پر رکھنے والا۔
**آبلۂ فرنگ**۔ آتشک۔
**آبلہ مرجھانا**۔ چھالے کا خشک ہونا۔
**آبلے پھوٹنا**۔ چھالے میں جا بجا پڑ جانا۔
**آبنوس**۔ (آب۔نوس) (ع۔ا۔مذکر) ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی سخت اور سیاہ ہوتی ہے۔
**آبنوس کا کُندہ**۔ آبنوس کا ٹکڑا۔ مجازاً موٹا اور کالا آدمی۔
**آبنوسی**۔ (آب۔نو۔سی) (ف۔صفت) آبنوس سے بنا ہوا۔

Marfat.com

**آبی سر اپنے چھوڑ پرائی آس** (مثل) مصیبت پڑ جائے تو دوسروں سے امید نہ رکھنی چاہیے۔

**آبی** (آ۔بی۔ ف۔ صف) (۱) پانی سے منسوب (۲) پانی میں رہنے والا (۳) خمیری روٹی کی ایک قسم (۴) ہلکا ہلکا نیلا رنگ (۵) وہ زمین جس میں آب پاشی ہوتی ہے (۶) انکار کرنے والا (۷) نمی۔ نیلا پن۔

**آبی بُرج** ۔ آسمان کے وہ بُرج جن کی صفت آبی ہے یعنی سرطان عقرب اور حُوت۔

**آبی حرف** ۔ ابجد کے حساب سے سات حروف جن کی صفت آبی بیان کی گئی ہے۔ یعنی ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث اور ظ۔

# آ۔پ

**آپ** (۱۔ ض) (۱) خود۔ اپنی ذات سے (۲) ذات خدا (۳) رُوح (۴) آقا (۵) غائب اور حاضر کے لیے تعظیماً مستعمل ہوتا ہے۔

**آپ آپ** (کرنا) کہنا۔ خوشامد کرنا۔

**آپ آپ کو** ۔ اپنے اپنے نفس کو۔ اپنی اپنی ذات کو۔ اپنی اپنی راہ۔ اپنی اپنی طرف۔

**آپ آپ میں** ۔ آپس میں۔

**آپ آپ ہی ہیں دو وہی** ۔ (مثل) آپ میں اور اس میں بڑا فرق ہے۔

**آپ آئے بھاگ آئے** ۔ (مثل) آپ کا آنا باعث برکت ہے۔

**آپ اپنے جال میں (گرفتار) ہونا** ۔ خود اپنی مصیبت یا فکر میں مبتلا ہونا۔

**آپ اپنے حق میں کانٹے بونا** ۔ اپنے ہاتھوں آپ مصیبت پیدا کرنا۔

**آپ اپنے سے** ۔ خود اپنی ذات سے۔

**آپ اپنے کو** ۔ خود اپنی ذات کو۔

**آپ اپنے آپ ویسے** ۔ خوشامد کی باتیں۔

**آپ بھلے تو جگ بھلا** ۔ (مثل) انسان خود اچھا ہو تو دنیا اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے۔

**آپ بیتی** ۔ اپنی کہانی۔ اپنا حال۔ خود نوشت حالات زندگی۔

**آپ تو زم کرکے شربت پلاتے ہیں** ۔ (مثل) آپ کو ابھار کر دینا کرنا خوب آتا ہے۔

**آپ تو ہوا کے گھوڑے پر سوار ہیں** ۔ آپ بہت جلدی میں ہیں۔

**آپ جانیں اور آپ کا ایمان** ۔ (مثل) صحیح فیصلہ کرنا آپ کی دیانت پر موقوف ہے۔

**آپ جانیں اور آپ کا کام** ۔ آپ اپنے نیک و بد کے خود ذمے دار ہیں۔

**آپ خوار دے آپ مُراد سے** ۔ (مثل) (۱) اکھل کھرا۔ اپنی عقل کو بہتر سمجھنے والا (۲) غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ سے رہنے والا۔

**آپ دھاپ** ۔ اپنی اپنی فکر۔ اپنے اپنے کام کا دھیان۔

**آپ ڈال ڈال میں تو پات پات** ۔ (مثل) میں تم سے زیادہ ہوشیار اور چالاک ہوں۔

**آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا** ۔ (مثل) آپ مر گئے تو گویا ساری دُنیا ختم ہو گئی۔

**آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے** ۔ (مثل) اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی مصیبت میں پھنسا دیا۔

**آپ راہ راہ، دُم کھیت کھیت** ۔ (مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں مکار۔

**آپ رُوپ جہاں رُوپ** ۔ (مثل) خدا کا جلوہ سب سے اعلیٰ ہے (۲) کسی کامل فقیر کو کہتے ہیں یعنی آپ کا جلوہ خدا کا جلوہ ہے۔

**آپ زندہ جہان زندہ، آپ مُردہ جہان مُردہ** (مثل) جی ہے تو جہان ہے۔ اپنے دم کا سب کارخانہ ہے۔

**آپ سُنیں آپ کا گُر بند سُنے** (مثل) بہت آہستہ سے بات کرنے والا۔

**آپ سے** (۱) بغیر مانگے۔ از خود۔ خود ہی۔ بلا سبب (۲) بے طلب بے بُلائے (۳) آپ کی مانند۔

**آپ سے آپ** ۔ خود بخود۔ بلا سبب۔

**آپ سے آئے تو آنے دے** ۔ کسی کا مال بغیر کوشش کے ہاتھ لگے تو لے لو۔

**آپ سے اچھا خدا** ۔ (مثل) (۱) اپنی ذات سے زیادہ عزیز سوائے خدا کے کوئی نہیں (۲) آپ سے برتر خدا کی ذات ہے۔

**آپ سے جانا** ۔ (۱) بے ہوش ہونا۔ بے خود ہونا (۲) بن بُلائے جانا۔

**آپ سے چار برسات میں نے زیادہ دیکھی ہیں** ۔ (مثل) (۱) میں عمر میں آپ سے بڑا ہوں (۲) میں آپ سے زیادہ تجربہ کار ہوں۔

**آپ سے چلنا** ۔ (مثل) بے خود ہو جانا۔

**آپ سے دُور** ۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں مخاطب کی نسبت بُری بات کہنا بے جا سمجھا جاتا ہے۔

**آپ سے دُور آپ کی جان سے دُور** ۔ (مثل) آپ کو نقصان نہ پہنچے۔ آپ کو خدا بچائے۔

**آپ سے گزر جانا** ۔ (۱) بے خود ہو جانا (۲) انسانیت سے گزر جانا (۳) اپنی حیثیت کو بھول جانا (۴) مغرور ہو جانا۔

**آپ سے گیا جگ سے گیا** ۔ (مثل) آپ سے گیا جہان سے گیا۔ جو چیز اپنے ہاتھ سے گئی وہ گویا دنیا میں ہی نہیں رہی۔

**آپ فضیحت اور کو نصیحت** (مثل) دُوسرے کو نصیحت کرنا اور خود اس پر عمل نہ کرنا۔

**آپ کا پاس ہے** ۔ آپ کے لحاظ سے مجبور ہوں۔

**آپ کاج مہا کاج** (مثل) اپنا کام اپنے ہاتھ سے ہی اچھا ہوتا ہے۔

**آپ کا سر** ۔ بدتمیزی اور کسی کے کم سمجھنے کے موقع پر بولتے ہیں تم غلط کہتے ہو۔ یہ کیا بے ہُودہ بات ہے۔

**آپ کا کیا لیتا ہے** ۔ آپ کا کیا نقصان کرتا ہے۔

**آپ کا گھر ہے** ۔ یہ تواضع اور خاطر کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی آپ اپنا ہی گھر سمجھیے۔ خانہ بے تکلف ہے۔

**آپ کا منہ ہے** ۔ (۱) آپ کا لحاظ ہے (۲) آپ کی مجال ہے۔

**آپ کو ڈبونا** ۔ اپنے آپ کو تباہ کرنا۔

**آپ کو روکنا** ۔ اپنے آپ کو قابو میں رکھنا۔ کسی کام کے کرنے سے باز رہنا۔

**آپ کو شاخِ زعفران (جاننا) سمجھنا یا گننا** ۔ اپنی ذات کو سب سے نرالا سمجھنا۔ زیادہ مغرور ہونا۔

**آپ کو مٹا دینا** ۔ (۱) اپنے آپ کو برباد کر دینا۔ فنا کر دینا (۲) سخت محنت کرنا۔

**آپ کھائے بلی کو بتائے** ۔ (مثل) اپنی غلطی دُوسروں کے سر لگائے۔

Marfat.com

آپ کی بلا سے۔ آپ کو کیا۔ آپ سے کیا مطلب۔ آپ سے واسطہ نہیں۔
آپ کی دال یہاں نہ گلے گی۔ (مثل) آپ کا داؤں یہاں نہ چلے گا۔
آپ کی کیا بات ہے۔ آپ کے کیا کہنے ہیں۔ آپ نہایت ہی قابلِ تعریف ہیں۔
آپ کے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا اُدھار۔ (مثل) آپ کے آگے کا بچا کُچا ہمارے لیے کافی ہے۔ مالدار کی ادنیٰ توجہ سے غریب کا بھلا ہو جاتا ہے۔
آپ مرے جہان پرلو۔ خود مر گئے تو دنیا ہی ختم ہو گئی۔
آپ میاں صُوبے دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ۔ (مثل) مفلسی میں بنے ٹھنے رہنا۔ ظاہر میں دولت مند اصل میں مفلس۔
آپ میں آنا۔ ہوش میں آنا۔
آپ میں پانا۔ اپنے نفس میں پانا۔ اپنی ذات میں حاصل ہو جانا۔
آپ میں کیا شاخِ زعفران لگی ہے۔ (مثل) آپ میں ایسی کیا خصوصیت ہے۔
آپ میں نہ رہنا۔ آپ میں نہ ہونا۔ ہوش و حواس کھو دینا۔ بیخود ہو جانا۔
آپ میں نہ سمانا۔ بے خود ہو جانا۔
آپ ہارے بہُو کو مارے۔ اپنی خفت دُوسرے پر اُتارنا۔
آپ ہر فن مَولیٰ ہیں۔ آپ بہت ہوشیار ہیں۔ ہر فن جانتے ہیں۔
آپ ہی آپ۔ آپی آپ۔ خود بخود۔ بلا وجہ۔
آپ ہی آپ جلنا۔ خود بخود رنج سے گھلا جانا۔ رشک کرنا۔
آپ ہی اپنی قبر کھودنا۔ اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کا سامان کرنا۔
آپ ہی بی بی آپ ہی باندی۔ (مثل) وہ خاتون جو گھر کے سارے کام خود ہی کرتی ہو۔ اکیلی۔ گھر میں تنہا۔
آپ ہی کا کھاتا ہوں۔ آپ ہی کے دیے ہوئے سے بسر کرتا ہوں۔
آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے۔ (مثل) آپ ہی کی بدولت ہے۔
آپ ہی مارے آپ ہی چلّائے۔ (مثل) خود ہی ظلم کرے اور خود ہی مظلومانہ فریاد کرے۔
آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں۔ (۱) گھر کے دھندوں میں مصروف ہیں۔ دُنیا کے بکھیڑوں میں مُبتلا ہیں (۲) بڑے نازک مزاج ہیں۔
آپ ہیں۔ (کلمۂ تعجب) کسی شناسا کو دیکھ یا شک کے بعد پہچاننے پر بولتے ہیں۔
آپا (آ - پا) (ہ - ا - مذکر) (۱) اپنی اصلیت۔ ہستی۔ خودی (۲) ہوش و حواس۔ سُدھ بُدھ۔
آپا تجے سو ہر کو بھجے۔ (مثل) اپنے آپ کو مٹ کر ہی خدا ملتا ہے۔
آپا دھاپی۔ اپنی اپنی فکر۔ اپنی اپنی دُھن۔
آپے سے باہر ہو جانا۔ آپے سے نکلنا۔ بے خود ہو جانا۔ غصّہ سے بے قابو ہو جانا۔
آپے سے جانا۔ قابو میں نہ رہنا۔ حواس کھو دینا۔
آپے سے گزر جانا۔ بے حد غصّہ آنا۔
آپے میں (آنا) آ جانا۔ ہوش میں آ جانا۔
آپے میں نہ رہنا۔ (۱) ہوش میں نہ رہنا (۲) زیادہ غرور کرنا۔

آپے میں نہ ہونا۔ (۱) ہوش میں نہ ہونا (۲) سخت غصّہ آنا۔
آپا (ت - ا - مؤنث) (۱) بڑی بہن (۲) بہن۔
آپٹوفون (OPTOPHONE) (آپ - ٹو - فون) (انگ - ا - مذکر) آلۂ صدا نما۔ ایک آلہ جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے۔ اس کی مدد سے اندھے کان کے ذریعے سے پڑھ سکتے ہیں۔
آپریٹر (OPERATOR) (آپ - رے - ٹر) (انگ - ا - مذکر) مشین چلانے والا۔
آپس (آ - پس) (ہ - ا - مؤنث) (۱) یک دیگر۔ باہم (۲) رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔ میل جول۔ یک جہتی۔
آپس داری۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔
آپس کا واسطہ۔ قرابت کا تعلق۔ راہ و رسم کا علاقہ۔ میل جول کی خصوصیت۔
آپس کی پھوٹ۔ باہمی نااتفاقی۔
آپس میں رہنا۔ مل جل کر رہنا۔ اتفاق کے ساتھ رہنا۔
آپہنچنا۔ (آ - پ - ہنچ - نا) (ہ - مص) پہنچ جانا۔ پکڑ لینا۔ منزل طے کر لینا۔
آپھنسنا (آ - پھنس - نا) (ہ - مص) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ گرفتار ہونا۔ اتفاق سے گرفتار ہونا۔ اچانک گھر جانا۔

# آ - ت

آت (ہ - لاحقہ) بعض کلمات میں بطور لاحقے کے استعمال ہو کر مصدری فائدہ دیتا ہے۔ جیسے جنات۔ برسات۔
آتا (آ - تا) (ہ - ا - مذکر) (۱) آنے والا (۲) فرشتہ (۳) علم
آتا جاتا۔ (۱) مہارت۔ مشق (۲) آنے جانے والا۔ مُسافر۔
آتا نہ چھوڑے جاتا نہ موڑے۔ جو چیز آ رہی ہو اُسے چھوڑنا نہ چاہیے اور کسی جاتی ہوئی چیز کا غم نہ کرنا چاہیے۔
آتے آتے پہنچتے پہنچتے۔ چلتے چلتے۔ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔
آتے آتے پھر جانا۔ (۱) راستے سے لوٹ جانا۔ راہ سے واپس ہو جانا (۲) ارادہ بدل دینا۔
آتے بھلے نہ جاتے۔ آنا جانا برابر ہے۔
آتے جاتے۔ آنے جانے میں۔ چلتے پھرتے۔ راہ چلتے۔ راہ گزر میں۔
آتے کا مُنہ دیکھتی تھی جانے کی پیٹھ۔ (مثل) سب بے چینی سے انتظار کرتی تھی۔
آتش (آ - تش) (ف - ا - مؤنث) آگ۔
آتش افروز۔ آگ بھڑکانے والا۔
آتش افسردہ۔ وہ آگ جس میں شعلہ نہ ہو۔ مُرجھائی ہوئی آگ۔
آتش انگیز۔ آگ بھڑکانے والا۔
آتش بار۔ آگ برسانے والا۔
آتش باز۔ آتش بازی بنانے والا۔
آتش بازی۔ (۱) آگ کا کھیل (۲) پھلجھڑی، مہتاب وغیرہ جو گندھک اور کوئلے وغیرہ سے بنتی ہیں اور جنھیں آگ لگا کر

Marfat.com

تماشا دیکھتے ہیں۔
آتش بازی چھوٹنا۔ (١) آتش بازی چلنا۔ (٢) دل لگی کی باتیں ہونا۔
آتش بازی چھوڑنا۔ آتش بازی چلانا۔
آتش بازی کا دیو۔ (١) آتش بازی میں کاغذ کا ڈراؤنی شکل کا دیو۔ رام لیلا کا راون (٢) ڈراؤنی شکل کا آدمی۔
آتش بیان۔ شعلہ بیان۔ وہ مقرر جس کی تقریر سے سامعین کے دلوں میں جوش اور ولولہ پیدا ہو۔
آتش بے دُود۔ (١) بلا دھوئیں کی آگ (٢) شراب (٣) غصّہ۔ (٤) سورج۔
آتش پا۔ بے قرار۔ تیز رفتار۔
آتش پرست۔ آگ پوجنے والا۔ پارسی۔ زرتشت کو ماننے والا۔
آتش پیکر۔ جن۔ آفتاب۔ بھوت۔ شیطان۔
آتش تر۔ گیلی آگ۔ شراب۔
آتش جاں سوز۔ عشق کی گرمی۔ جان کو جلانے والی آگ۔
آتش خاموش۔ (١) کملائی ہوئی آگ (٢) خاموش گرمی۔ مراد محبت۔
آتش خانہ۔ آتش پرستوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔
آتش خُو۔ غصّہ ور۔ تیز مزاج۔
آتش خوار۔ (١) آگ کھانے والا (٢) ایک جانور کا نام جو روایتاً آگ کھاتا ہے (٣) ظالم۔ رشوت خور۔
آتش دان۔ آگ جلانے کی جگہ۔ چولھا۔ انگیٹھی۔
آتش رُخ۔ (١) سُرخ چہرے والا۔ لال رنگ والا۔ معشوق (٢) غصّہ ور۔
آتش رنگ۔ آگ کے رنگ کا۔ سُرخ بھبوکا۔
آتش زبان۔ شعلہ بیان۔ پُرجوش تقریر کرنے والا۔
آتش زدگی۔ آگ لگنا۔
آتش زرتشت۔ وہ آگ جو آتش پرستوں کے رہنما زرتشت کے آتش کدہ میں تھی۔
آتش زنی۔ (١) آگ لگانا۔ (٢) فساد کرانا۔
آتش زیر پا۔ جس کے پیر کے نیچے آگ ہو۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب۔
آتش سنگ۔ چنگاری جو پتھر میں پوشیدہ رہتی ہے اور کسی چیز کے ٹکرانے سے ظاہر ہوتی ہے۔
آتش سیال۔ (١) بہتی ہوئی آگ۔ شراب (٢) جوالا مُکھی کا لاوا۔
آتش طبع۔ غصّہ ور۔ تیز اب۔
آتش طور۔ وہ آگ جو طور پہاڑ پر حضرت موسیٰ کو نظر آئی تھی۔
آتش عناں۔ آگ کی لگام والا۔ تیز چلنے والا۔ تیز رَو۔
آتش فارسی۔ آتشک کی بیماری۔
آتش فشاں۔ آگ برسانے والا۔ شعلے اور چنگاریاں چھوڑنے والا۔
آتش قدم۔ (١) آگ جیسے قدم والا (٢) گرم رَو۔ تیز قدم۔ تیز چلنے والا۔
آتش کا پرکالہ۔ (١) آگ کا ٹکڑا۔ (٢) چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ شوخ۔ (٣) شریر۔ مُفسد (٤) ذہین۔

آتش کبریت (١) گندھک کی آگ (٢) دیا سلائی۔
آتش کدہ۔ وہ عمارت جہاں آگ کی پرستش ہوتی ہو۔ آتش پرستوں کا معبد۔
آتش گیر۔ (١) جلدی آگ پکڑنے والی۔ جلد بھڑک اُٹھنے والی (چیز) (٢) چمٹا۔ دست پناہ۔
آتش گیر مادّہ۔ جھٹ سے اُڑ جانے والا مادّہ۔ جلدی آگ پکڑنے والا مادّہ۔ بارود وغیرہ۔
آتش مزاج۔ آگ جیسے مزاج والا۔ تیز مزاج۔ تُند خُو۔
آتش ناک۔ آگ سے بھرا ہُوا۔ نہایت تیز۔
آتش نمرود۔ وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو زندہ جلانے کے لیے روشن کی تھی اور خدا کے حکم سے چمن بن گئی تھی۔
آتشک۔ (آ۔ ت۔ شک) (ف۔ ا۔ مؤنث) ایک جنسی بیماری۔ گرمی۔
آتشک کا جھُلسا۔ آتشک کی بیماری میں مُبتلا۔ آتشک کا بیمار۔
آتشک کا مارا۔ آتشک میں مبتلا۔
آتشک لگنا۔ ایک سے دُوسرے کو آتشک کی بیماری لگنا۔
آتشک نکلنا۔ آتشک کے آبلوں یا چٹّوں کا بدن پر نمودار ہونا
آتشک ہو جانا۔ آتشک کے مرض میں مُبتلا ہو جانا۔
آتشکیا۔ (آ۔ ت۔ شک۔ یا) (اُ۔ صف) وہ شخص جس کو آتشک کی بیماری ہو۔
آتشی۔ (آ۔ ت۔ شی) (ف۔ صف) (١) آگ سے نسبت رکھنے والا آگ سے بنا ہُوا۔ (٢) گرم مزاج۔
آتشی اینٹ۔ ایسی اینٹ جو آگ کی انتہائی تپش سے بھی متاثر نہیں ہوتی۔ یہ اینٹ کیمیائی مرکبات سے بنائی جاتی ہے۔
آتشی شیشہ۔ محدّب شیشہ جس کے ذریعے چھوٹی چیزیں بڑی دکھائی دیتی ہیں۔
آتشی شیشی۔ ایک خاص قسم کی شیشی جس کے ذریعہ روغن کھینچتے اور جوہر اُڑاتے ہیں۔
آتشیں۔ (آ۔ ت۔ شیں) (ف۔ صف) آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ آگ کی طرح سُرخ۔
آتشیں اسلحہ۔ آگ برسانے والے ہتھیار۔ بندوق۔ توپ وغیرہ۔
آتشیں رُخ (رُخسار) آگ کی طرح دمکتا چہرہ۔ آگ کی طرح دمکتے ہوئے گال۔
آتم ہتیا۔ (آ۔ تم۔ ہت۔ تیا) (س۔ ا۔ مؤنث) خودکشی۔
آتما۔ (آ۔ ت۔ ما) (س۔ ا۔ مؤنث) (١) دل۔ رُوح۔ جیو (٢) پیٹ۔ معدہ (٣) بھوک (٤) مامتا۔ محبّت۔
آتما ٹھنڈی کرنا۔ (١) جی خوش کرنا (٢) بھوکے کا پیٹ بھرنا۔ (٣) سکھ پہنچانا۔
آتما ستانا۔ جی دُکھانا۔
آتما کا کوسنا۔ دل سے بد دُعا کا نکلنا۔
آتما کلپنا۔ جی دُکھنا۔
آتما کی آنچ۔ ماں باپ کی محبّت۔
آتما مسوسنا۔ مامتا اور محبت کو ضبط کرنا۔
آتما میں آگ لگی ہے۔ (١) بہت بھوک لگی ہے (٢) محبّت کی

Marfat.com

آگ بہت تیز ہے۔

**آتا میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے۔** (مثل) پیٹ میں روٹی پڑتی ہے تو خدا بھی یاد آتا ہے۔

**آتو ۔ آتون۔** (آ ۔ تو، آ ۔ تون) [ت ۔ ا ۔ مونث] اُستانی ۔ لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے والی۔

**آتی پاتی۔** [آ ۔ تی پا ۔ تی] (ہ ۔ ا ۔ مونث) بچوں کا ایک کھیل۔

**آتی ہے ہاتھی کے پاؤں اور جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں۔** (مثل) بڑی تیزی سے آتی ہے اور دھیرے دھیرے جاتی ہے۔ شُوماً بیماری کے متعلق کہتے ہیں۔

## آ ۔ ٹ

**آٹا۔** (آ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پسا ہُوا غلہ۔ خشک پسی ہوئی چیز۔ (۲) بوسیدہ۔ گلا ہُوا۔ گھُنا ہُوا۔ گھِسا ہُوا (۳) کسی چیز کا چورن۔ چُون۔ پسان۔

**آٹا آٹا کر دینا۔** بہت باریک کر دینا۔ چورا کر دینا۔ سُرمہ بنا دینا۔

**آٹا دال۔** کھانا۔ رزق۔ روزی۔

**آٹا دال اُلو بھی ہے۔** (مثل) (۱) اچھائیوں کے ساتھ بُرائیاں بھی ہیں (۲) بے جوڑ بات کہتے وقت بولتے ہیں (۳) بڑی چیز سے لے کر معمولی چیز تک موجود ہے۔

**آٹا کر دینا۔** بہت باریک پیس ڈالنا۔

**آٹا گیلا ہونا۔** (۱) آٹے میں پانی زیادہ پڑ جانا (۲) وقت پڑنا۔ کام بگڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔ حیران ہونا۔

**آٹا بگڑا۔ بو جاٹ گیا۔** (مثل) مالدار غریب ہو گیا تو مفت خورے غائب ہو گئے۔

**آٹا نہیں تو دلیا جب بھی ہو جائے گا۔** (مثل) تھوڑا بہت فائدہ ضرور ہوگا۔

**آٹے دال کا بھاؤ کھُلنا۔** (۱) آٹے دال کا نرخ معلوم ہونا (۲) دُنیا کے نشیب و فراز معلوم ہونا۔ حقیقت معلوم ہو جانا۔

**آٹے دال کی فکر۔** روزی کی فکر۔

**آٹے کی آپا۔** (مثل) بھولی بھالی عورت۔ بلی۔ بے وقوف۔

**آٹے کی بلی ہے۔** بظاہر خوفناک ہے۔ لیکن حقیقت کچھ نہیں۔ شیر قالین۔

**آٹے کے ساتھ گھن نہیں جاتے۔** (مثل) (۱) بڑے مرتبے والے کے ساتھ چھوٹا بھی نقصان نہ اُٹھائے (۲) گناہگاروں کے ساتھ بے گناہ بھی نہ مارا جائے۔

**آٹے میں نمک۔** (مثل) بہت تھوڑا۔ ذرا سا۔ واجبی سا معمولی سا۔

**آٹنا۔** (آٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] دبانا۔ بند کرنا۔ توپ دینا۔

**آٹو گراف۔** (AUTOGRAPH) [آ ۔ ٹو ۔ گ راف] (انگ ۔ ا ۔ مذکر) اپنے ہاتھ کی تحریر۔ خصوصاً دستخط۔

**آٹو میٹک۔** (AUTOMATIC) [آ ۔ ٹو ۔ مے ۔ ٹک] (انگ ۔ صفت) خودکار۔ خود چلنے والا۔

**آٹھ۔** [ہ ۔ صفت] سات اور ایک ۔ چار کا دُگنا۔

**آٹھ آٹھ آنسو رُلانا۔** بہت رُلانا۔ از حد رُلانا۔ زار زار رُلانا۔

**آٹھ آٹھ آنسو رونا۔** پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ بہت رونا۔

**آٹھ اٹھارہ کرنا۔** پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

**آٹھ بار نو تیوہار۔** (مثل) عیش پروری کے اظہار کے لیے کہتے ہیں کہ آٹھ دن میں نو میلے مناتے ہیں۔

**آٹھ پہر۔** (۱) چوبیس گھنٹے۔ ایک دن رات (۲) ہر وقت۔ ہر لحظہ۔

**آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی۔** (مثل) رات دن۔ چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔

**آٹھ پہر سولی ہے۔** (مثل) ہر وقت بلا کا سامنا ہے۔

**آٹھ پہر میان سے باہر رہنا۔** (مثل) ہر وقت لڑنے پر مستعد رہنا۔

**آٹھ جُلاہے نو حُقّا۔ تس پر بھی تھکم تھکا۔** (مثل) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے پر بھی جھگڑا۔

**آٹھواں۔** (آٹھ ۔ واں) [ہ ۔ صفت] (۱) ساتویں کے بعد (۲) کسی چیز کا آٹھواں حصّہ (۳) حمل کا آٹھواں مہینہ۔

**آٹھوں۔** (آ ۔ ٹھوں) [ہ ۔ صفت] (۱) ہولی کا آٹھواں دن (۲) آٹھ کے آٹھ۔

**آٹھوں پہر۔** چوبیس گھنٹے۔ رات دن۔ ہر وقت۔

**آٹھوں کا میلہ۔** ہولی کے آٹھویں دن ہندوؤں کا میلہ۔

**آٹھوں گانٹھ کمیت۔** (مثل) (۱) وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ بہت مضبوط ہوں (۲) شریر۔ چالاک یعنی عیّار ہوشیار مضبوط۔

**آٹھویں۔** (آٹھ ۔ ویں) [ا ۔ صفت] (۱) مہینے کی آٹھویں تاریخ (۲) گنتی میں سات کے بعد کی چیز۔

## آ ۔ ث

**آثار۔** (آ ۔ ثار) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اثر کی جمع (۲) سنّتِ رسولؐ (۳) صحابہ کرامؓ کے اقوال و افعال (۴) نیو۔ بنیاد (۵) دیوار کی چوڑائی (۶) سیر کے معنی میں (وزن کے لیے) (۷) طور طریقے (۸) انداز (۹) لچھن (۱۰) نشانات۔ علامات۔

**آثار اچھے یا بُرے ہونا۔** ڈھنگ اور علامتیں اچھی یا بُری ہونا۔

**آثار باقی ہونا۔** نشان رہ جانا۔

**آثار بندھ جانا۔** علامتیں ظاہر ہونا۔

**آثار پائے جانا۔** علامتیں دکھائی دینا۔

**آثار پڑنا۔** نیو ڈالنا۔ بنیاد قائم کرنا۔

**آثار پیدا ہونا۔** علامت ظاہر ہونا۔

**آثار چھا جانا۔** علامات کا کثرت سے ظاہر ہونا۔

**آثارِ حشر۔ آثارِ قیامت۔** آثارِ محشر۔ قیامت کی نشانیاں۔

**آثارِ خیر۔** اچھی علامات۔ نیکی کی نشانیاں

**آثار دکھائی دینا۔** آثار ظاہر ہونا۔ آثار نظر آنا۔ ڈھنگ کھُلنا۔ لچھن ظاہر ہونا۔ علامتیں ظاہر ہونا۔

**آثار ڈالنا، رکھنا۔** نیو رکھنا۔ کام کا آغاز کرنا۔

**آثار رکھوانا۔** بنیاد رکھوانا۔ کام شروع کرانا۔

**آثار شریف۔** اولیاء اور انبیاء کے مزار۔ نشانیاں اور تبرکات۔

Marfat.com

آثارِ صنادید۔ بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں۔ قدیم عمارتیں وغیرہ۔
آثارِ قدیمہ۔ پُرانے نشانات۔ کھنڈرات۔ پُرانی تاریخی عمارتیں۔
آثارِ مُتبرّکہ۔ مقدس نشانیاں۔ بزرگوں کی یادگاریں۔
آثِم۔ [ع۔ صفت] عاصی۔ گناہگار۔

## آ۔ج

آج۔ [ہ۔ صفت] (۱) جو دن گزر رہا ہو (۲) ان دنوں۔ اس وقت۔ (۳) جیتے جی۔ عینِ حیات۔ موجودہ زمانہ (۴) وقتِ حاضر۔
آج آئے کل چلے۔ [مثل] جلدی جانا۔ مہمان کا کم ٹھہرنا۔
آج برس کے پھر نہ برسوں گا۔ [مثل] بہت زور کی بارش ہونا۔
آج جو کرنا ہے کرلے، کل کی کل کے ہاتھ ہے۔ [مثل] آج عمل خیر کرلے کیونکہ زندگی کا بھروسہ نہیں ہے۔
آج زبان کھلی ہے کل بند۔ [مثل] زندگی کا کوئی بھروسا نہیں۔
آج صبح صبح کس کا مُنھ دیکھا ہے؟ [مثل] سارا دن پریشانیاں آنے کے موقع پر کہتے ہیں کہ صبح کس منحوس کو دیکھ لیا تھا۔
آج کدھر بھول پڑے۔ اچانک کس طرح آگئے؟
آج کدھر چاند نکلا۔ آج کس طرح آنے کا موقع مل گیا۔
آج کل (۱) ان دنوں۔ اس وقت۔ عن قریب۔ بہت جلدی (۲) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔
آج کل ان کے دَور دَورے ہیں۔ آج کل ان کا بڑا عروج ہے یا عزت خوب بنی ہوئی ہے۔
آج کل بتانا۔ ٹالنا۔ لیت ولعل کرنا۔ وعدہ وعید کرنا۔
آج کل تمھارے نام کماں چڑھتی ہے۔ [مثل] ترقی کا زمانہ ہے اقبال مندی کا دَور ہے۔
آج کل کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ ٹالنا۔
آج کے بنیے کل کے سیٹھ۔ [مثل] زمانہ کا انقلاب، جو غریب تھا وہ امیر ہوگیا۔
آج کیا جانی دُنیا دیکھی۔ [مثل] بعد مدت کسی کے آنے پر کہتے ہیں۔ یعنی آپ کو کیا خیال آگیا۔
آج مرے کل دُوسرا دن۔ [مثل] زندگی بالکل ناپائدار ہے۔
آج میں، کل تو۔ سب کو مرنا ہے۔ موت سب کو آنی ہے۔
آج میں ہوں اور وہ ہے۔ کسی سے لڑنے کے لیے غصہ اور لڑائی کا ارادہ کرنا۔
آج ہمارے لیے کل تمھارے لیے۔ [مثل] کسی کی خصوصیت نہیں۔ سب کے ساتھ ایک جیسا سلوک ہوتا ہے۔
آج ہے سو کل نہیں۔ (۱) روز بروز حالت خراب ہے (۲) جو آج زندہ ہے کل وہ مُردوں میں ہوگا۔
آجر۔ (آ۔ جر) [ع۔ ا۔ مذکر] کام پر لگانے والا۔ اُجرت پر کام لینے والا۔

## آ۔چ

آچا۔ (آ۔ چا) [ت۔ ا۔ مذکر] (۱) باپ۔ دادا۔ نانا۔ بزرگ (۲) بُوڑھا ملازم بُوڑھی خادمہ۔ دائی۔ آیا۔
آچار۔ دیکھیے اچار۔

## آ۔ح

آحاد (آ۔ حاد) [ع۔ صفت] احد کی جمع۔ ایک سے نو تک گنتی۔ اکائیاں۔

## آ۔خ

آخ۔ [اُر۔ ا۔ مؤنث] (۱) کھانسنے، کھنکارنے کی آواز (۲) نفرت کرنے کے لیے برتنے والا لفظ۔
آخ تھو۔ کلمۂ حقارت۔ لعنت ملامت۔ پھٹکار۔ تُف۔ کراہت گھن۔
آختہ۔ (آخ۔ تہ) [ف۔ صفت] وہ جانور جس کے فوطے نکال دیے گئے ہوں۔ خصّی۔ اختہ۔
آختہ کرنا۔ خصیے نکالنا۔ نامرد کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
آخر۔ (آ۔ خر) [ع۔ صفت] پیچھے۔ پچھلا۔ حد۔ انجام۔ انتہا۔ تمام۔ قریب ختم۔ موت۔ انجام کار۔ جمع: اواخر۔
آخر آخر۔ آخر کار۔ انجام کار۔ سب سے پچھلا۔
آخر اپنی اصالت پر آگیا۔ [مثل] نیچ قوم کا آدمی مرتبہ پانے پر بھی ذلیل حرکتوں سے باز نہیں آتا۔
آخر الامر۔ آخر کار۔ انجام کار
آخر بیں۔ انجام پر نظر رکھنے والا۔ عاقبت اندیش۔
آخر کار۔ انجام کار۔ نتیجہ میں۔
آخر کر دینا۔ (۱) ختم کر دینا۔ (۲) مار ڈالنا (۳) ادھ موا کر دینا۔
آخر کو۔ نتیجہ میں۔ آخر میں۔
آخر ہونا۔ (۱) خاتمہ کے قریب پہنچنا (۲) ختم ہونا۔ پورا ہونا (۳) مرجانا۔
آخرت۔ (آ۔ خ۔ رت) [ع۔ ا۔ مؤنث] وہ عالم جہاں مرنے کے بعد انسان کی رُوح جائے گی۔ عاقبت۔ پرلوک۔
آخرت بگاڑنا۔ عاقبت خراب کرنا۔ بُرے کام کرنا۔
آخرت بنانا۔ آخرت سنوارنا۔ زندگی میں نیک کام کرنا کہ عاقبت میں جزا ملے۔
آخرت کا بھلا۔ آخرت کی خیر۔ مرنے کے بعد کی زندگی کا بھلا۔
آخرت کا سودا۔ عاقبت سنوارنے کے کام۔
آخرت کی کمائی۔ نیک کام جو مرنے کے بعد فائدہ پہنچائیں۔
آخری۔ (آ۔ خ۔ ری) [ع۔ ف۔ صفت] (۱) آخر سے منسوب۔ (۲) پچھلا (۳) اخیر کا۔
آخری پوشاک۔ کفن۔
آخری چہار شنبہ (۱) آخری بدھ (۲) عربی کے دُوسرے مہینے صفر کے آخری بدھ کو حضرت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے غسلِ صحت فرمایا تھا، اسی کی رسم۔
آخری چہار شنبہ کر دینا۔ جس کسی کے ہاں برتن زیادہ پھوٹتے ہیں

Marfat.com

تراش موقع پر کہتے ہیں ۔
**آخری دَم** ۔ زندگی کا آخری سانس ۔ نزع کا عالم ۔
**آخری دَور** ۔ (۱) اخیر زمانہ (۲) آخری گشت ۔ جامِ شراب کی آخری گردش ۔
**آخری دیدار** ۔ وقتِ نزع کا دیدار ۔ جنازہ اُٹھتے وقت کا دیدار قبر میں رکھنے کے بعد مُردے کا مُنہ دیکھنا ۔
**آخری ڈگری** ۔ وہ ڈگری جو عدالت سے آخری دفعہ دی جائے ۔
**آخری سواری** ۔ (۱) سواری پر آخری مرتبہ چڑھنا (۲) جنازہ سے مُراد ہے ۔
**آخری فہمائش** ۔ وہ نوٹس جو آخر دفعہ جاری کیا جائے (۲) آخری اطلاع نامہ ۔
**آخری قیمت** ۔ وہ زیادہ سے زیادہ دام جو آخر میں لگیں ۔ وہ قیمت جس پر سودا طے ہو جائے ۔
**آخری علومِ سکونت** ۔ وہ جگہ جہاں کسی کا آخری قیام معلوم ہو ۔
**آخریں** ۔ (آ ۔ خ ۔ ریں) [ف ۔ صف] آخر کا ۔ سب سے بعد کا ۔
**آخریں دَم** ۔ آخری سانس ۔ نزع کا وقت ۔ سب سے آخیر وقت ۔
**آخور** ۔ (آ ۔ خور) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چرپایوں کے گھاس چارے کی جگہ ۔ (۲) طویلہ (۳) وہ گھاس جو مویشیوں سے بچ رہتی ہے ۔ (۴) ردی چیز ۔ نکما ۔ بے کار ۔ ردّی ۔
**آخور کی بھرتی** ۔ بے کار مضامین کی کثرت ۔ نکمے اور نالائق آدمیوں کا جتھا ۔ ناکارہ چیزوں کا ڈھیر ۔
**آخون ۔ آخوند** ۔ (آ ۔ خون ، آ ۔ خوند) [ف ۔ ا ۔ مذکر] اُستاد ۔ مُعلّم ۔
**آخون زادہ** ۔ اُستاد کا بیٹا ۔

## آ ۔ د

**آداب** ۔ (آ ۔ داب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ادب کی جمع ۔ (۲) مرتبے کا پاس ۔ لحاظ (۳) قواعد (۴) تعظیم سے سلام کرنا ۔ (۵) تعظیمی الفاظ (۶) تہذیب ۔ اخلاق (۷) طنزاً شکریہ ادا کرنے کا انداز ۔
**آداب بجا لانا** ۔ (۱) دستور اور قاعدے کا ادا کرنا ۔ (۲) عاجزی سے سلام کرنا ۔ (۳) شکریہ ادا کرنا ۔ (۴) رخصت ہونا (۵) قائل ہو جانے والے کو طنزاً سلام کرنا ۔
**آدابِ شاہانہ ، شاہی** ۔ (۱) بادشاہوں سے بات چیت کرنے اور درباری حاضری کے طریقے (۲) بادشاہوں کو سلام ۔
**آدابِ صحبت** ۔ محفل کے انداز اور طور طریقے ۔
**آداب عرض ہے** ۔ (۱) تسلیم عرض ہے (۲) مشکل کام انجام دینے پر نیز اور کسی کے ناکام رہنے پر طنزاً سلام کرتے وقت کہتے ہیں ۔
**آدابِ فن** ۔ کسی ہُنر کے اُصول اور قاعدے ۔
**آدابِ مجلس ، محفل** ۔ مجلس کے قاعدے اور طریقے ۔
**آداب والقاب** ۔ خط کے آغاز میں مکتوب الیہ کے مرتبے کے مطابق الفاظ اور فقرے ۔
**آداب ہے** ۔ (۱) سلام عرض ہے (۲) رخصت چاہتا ہوں ۔
**آدرش** ۔ (آ ۔ درش) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آئینہ (۲) نمونہ ۔ مثال (۳) نصب العین ۔ مطمحِ نظر ۔
**آدم** ۔ (آ ۔ دم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آدمی ۔ انسان (۲) حضرت آدم ۔
**آدمِ آبی** ۔ ایک چرپایہ جو آدمی سے مشابہ ہوتا ہے اور پانی میں رہتا ہے ۔
**آدمِ بے سایہ** ۔ (۱) کنایہ ہے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی طرف ۔ (۲) بے مثال جس کا کوئی ثانی نہ ہو ۔
**آدمِ ثانی** ۔ حضرت نوحؑ کا لقب ۔ طوفانِ نوحؑ کے بعد دُنیا آپ کے ساتھیوں اور آپ کی نسل سے آباد ہوئی ۔
**آدمِ خاکی** ۔ (۱) خاک کا پُتلا ۔ انسان (۲) گندمی رنگ والا مٹی کا بنا ہُوا (۳) مٹیالا ۔
**آدم خور** ۔ آدمی کو کھا جانے والا ۔
**آدم زاد** ۔ آدمی زاد ۔ آدمی کی اولاد ۔ انسان ۔
**آدم شناس** ۔ اچھے بُرے آدمی کا پہچاننے والا ۔
**آدمِ صحرائی** ۔ جنگلی آدمی ۔ وحشی آدمی ۔
**آدم گری** ۔ انسانیت ۔ شرافت ۔ آدمیت ۔
**آدم نہ آدم زاد** ۔ [مثل] وہ جگہ جہاں پر دُور دُور تک آبادی نہ ہو ۔
**آدمی** ۔ (آ ۔ د ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) انسان (۲) انسانی اخلاق والا سمجھ دار ، تمیز دار (۳) ملازم ۔ (۴) قاصد (۵) خاوند ۔ آشنا ۔
**آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر** ۔ [مثل] سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے ۔ کوئی اچھا ہوتا ہے کوئی بُرا ۔
**آدمی بنانا** ۔ (۱) عدم سے وجود میں لانا (۲) مہذب بنانا ۔
**آدمی بننا** ۔ (۱) آدمیت سیکھنا ۔ شائستہ ہونا (۲) حیثیت درست کرنا (۳) پریشان نہ رہنا ۔
**آدمی پر آدمی گرتا ہے** ۔ بہت بھیڑ ہے ۔ خلقت ٹوٹی پڑتی ہے ۔
**آدمی پیچھے** ۔ ہر ایک کو ۔ علیحدہ علیحدہ ۔ فی کس ۔
**آدمی کا شیطان آدمی ہے** ۔ آدمی ، آدمی کی صحبت سے خراب ہوتا ہے ۔
**آدمی کے جامے میں آنا** ۔ شریف بننا ۔ اچھا طریقہ اختیار کرنا ۔
**آدمی ہو یا بے دال کے بودم** ۔ بالکل ہی بے وقوف ہو ۔ بودم کی دال الگ کریں تو بوم بن جاتا ہے ۔ یعنی نرے اُلّو ہو ۔
**آدمیّت** ۔ (آ ۔ د ۔ می ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) انسانیت ۔ مروّت ۔ ملنساری (۲) سلیقہ ۔ عقل و شعور ۔
**آدمیت آنا** ۔ تمیز اور سلیقہ حاصل ہونا ۔
**آدمیت اُٹھ جانا** ۔ اچھی عادتوں کا ختم ہو جانا ۔ انسانیت جاتی رہنا ۔
**آدمیت اختیار کرنا** ۔ اچھی عادتیں سیکھنا ۔ شریف بن جانا ۔
**آدمیت سکھانا ، سکھلانا** ۔ شائستہ بنانا ۔ تہذیب سکھانا ۔
**آدمیت سیکھنا** ۔ شعور سیکھنا ۔ عقل و تمیز حاصل کرنا ۔
**آدمیت سے گزر جانا** ۔ انسانیت کی باتیں چھوڑ دینا ۔ شرافت چھوڑ دینا ۔
**آدمیت کے جامے میں آنا** ۔ شریف بن جانا ۔ غصّہ کم ہو جانا ۔
**آدمیت میں لانا** ۔ شرافت سکھانا ۔ انسان بنانا ۔
**آدھ** ۔ [ہ ۔ صف] آدھا کا مخفف ۔ نصف ۔
**آدھ سیر آٹا** ۔ پیٹ بھر آٹا ۔ رزق ۔ روزی ۔ گزر اوقات کا ذریعہ ۔

Marfat.com

آدھ سیر آٹے سے لگ جانا۔ روزی کمانے لگنا۔
**آدھا** (آ۔ دھا) (ہ۔ صفت) کسی چیز کے دو برابر حصّوں میں سے ایک۔ نصف۔
**آدھا آدھا ہونا۔** (۱) گھٹنا۔ شرمندہ ہونا (۲) نصف نصف ہونا۔
**آدھا پاؤ۔** (۱) نصف پاؤ (۲) تھوڑا بہت۔ کچھ۔ کسی قدر۔
**آدھا تیتر۔ آدھا بٹیر۔** (مثل) (۱) ان میل۔ بے جوڑ (۲) بدانتظامی اور بدسلیقگی۔
**آدھا رہ جانا۔** بہت دُبلا ہو جانا۔
**آدھا ساجھا۔** برابر کی شرکت۔
**آدھا سی سی۔** آدھے سر کا درد۔
**آدھا کر دینا۔** (۱) بہت کم کر دینا (۲) دُبلا کر دینا (۳) شرمندہ کر دینا۔
**آدھا ہو جانا۔** بہت دُبلا ہو جانا۔
**آدھے پیٹ۔** نصف خوراک۔ جتنی بھوک ہو اس کا آدھا۔
**آدھے کا ساجھی۔** برابر کا شریک۔
**آدھے گاؤں دِوالی۔ آدھے گاؤں ہولی۔** (مثل) اپنی اپنی الگ رائے ہونا۔
**آدھے میں میاں محمدی، آدھے میں سارا گاؤں۔** (مثل) آدھا خود لینا اور باقی آدھا گھر کے سب لوگوں کو دینا۔
**آدھواں آدھ** (آ۔ دھوں۔ آدھ) (ہ۔ صفت) نصفا نصف۔ برابر کے دو حصّے۔
**آدھی** (آ۔ دھی) (ہ۔ صفت) آدھا کی تانیث۔
**آدھی بات۔** ناتمام بات۔ ادھوری بات۔
**آدھی بات نہ اُٹھنا۔** ذرا سی ناگوار بات برداشت نہ کرنا۔
**آدھی بات نہ پوچھنا۔** ذرا قدر نہ کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ توجّہ نہ کرنا۔ بے عزّت سمجھنا۔
**آدھی بات نہ سُننا۔** بے توجّہی برتنا۔ شان کے خلاف ذرا سی بات بھی نہ سُننا۔
**آدھی چھوڑ کر ساری کو دَوڑنا۔** (مثل) تھوڑی چیز پر قناعت نہ کر کے ساری کو ہتھیانے کی کوشش کرنا۔
**آدھی رات ادھر، آدھی رات اُدھر۔** آدھی رات کا وقت۔
**آدھی رات ڈھلنا۔** آدھی رات بیت جانا۔
**آدھی کو چھوڑ ساری کو دھاوے، آدھی رہے نہ ساری پاوے۔** (مثل) لالچ میں آکر تھوڑی چیز کے بجائے ساری حاصل کرنے کی کوشش کرنا لیکن ساری ملنے کی بجائے آدھی بھی ہاتھ سے نکل جانا۔
**آدیش** ۔ (آ۔ دیش) (س۔ ا۔ مذکر) حکم۔ ہدایت۔ ارشاد۔
**آدینہ** ۔ (آ۔ دی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذکر) جمعہ۔

## آ ۔ ڈ

**آڈٹ** ۔ (AUDIT) (آ۔ ڈٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) محاسبہ کرنا۔ حساب جانچنا۔ جانچ۔ تنقیح حساب۔ سرکاری حساب کی تنقیح کرنا۔
**آڈٹنا** ۔ (آ۔ ڈٹ۔ نا) (ہ۔ مص) آمر تیرد ہونا۔ آجھٹنا۔ آدھمکنا۔
**آڈیٹر** ۔ (AUDITOR) (آ۔ ڈی۔ ٹر) (انگ۔ ا۔ مذکر) محاسب محتسب۔ حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

## آ ۔ ذ

**آذار** ۔ (آ۔ ذار) (ف۔ ا۔ مذکر) چھٹا رُومی مہینہ۔ چیت یا مارچ کا مہینہ۔
**آذر** ۔ (آ۔ ذر) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) شمسی سال کا نواں مہینہ پوس یا جنوری کے مطابق۔ (۲) آگ۔
**آذر پرست۔** آتش پرست۔ مجوسی۔
**آذرماہ۔** شمسی سال کا نواں مہینہ جب آفتاب برج قوس میں ہوتا ہے۔

## آ ۔ ر

**آر** ۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) لوہے کی پتلی کیل جو سانٹے یا پینٹھے میں لگی ہوتی ہے۔ (۲) بچھو یا بھڑ کا ڈنگ (۳) چمڑا چھیدنے کا سُوا یا سُتاری (۴) کلمات کے آخر میں مصدری اور کبھی فاعلیت کے معنی دیتا ہے جیسے جھنکار، سُنار۔
**آر لگانا۔** آر چبھونا۔ سُست آدمی کو اُبھارنا۔
**آرا** ۔ (ف) آراستن (سنوارنا) مصدر کا اسم فاعل یعنی سنوارنے والا مرکّبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جہاں آرا۔ چمن آرا وغیرہ۔
**آرا** (ع۔ ا۔ مؤنث) رائے کی جمع۔ مشورے۔ خیالات۔
**آرا** ۔ (آ۔ را) (اُرد۔ ا۔ مذکر) فارسی لفظ ارّہ کا مترادف۔ (۲) لوہے کا ایک دانتے دار اوزار جس سے لکڑی چیری جاتی ہے۔
**آرا چلانا۔** (۱) آرے سے چیرنا (۲) بہت ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔
**آرا کش۔** آرے سے لکڑی چیرنے کا پیشہ کرنے والا۔ (صحیح ارّہ کش)
**آرا کشی۔** آرا چلانا۔ لکڑیاں چیرنے کا پیشہ۔
**آرے چلانا۔** (۱) آرے سے چیرنا (۲) ظلم کرنا۔
**آرے سے چیرنا** (۱) آرے سے ٹکڑے کرنا (۲) سخت سزا دینا۔
**آراستگی** ۔ (آ۔ راس۔ تہ۔ گی) (ف۔ ا۔ مؤنث) زیبائش۔ سجاوٹ۔ تکلّف۔ زیب و زینت۔
**آراستہ** ۔ (آ۔ راس۔ تہ) (ف۔ صفت) (۱) سجایا ہوا۔ سنوارا ہوا۔ سنگار کیا ہوا (۲) تیار۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے درست۔ لیس۔
**آراستہ پیراستہ۔** (۱) سجا سجایا۔ درست۔ بنا سنورا۔ ترتیب سے (۲) مسلّح۔ ہتھیار بند۔ لیس۔
**آراضی** ۔ (آ۔ را۔ ضی) دیکھیے اراضی۔
**آرام** ۔ (آ۔ رام) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) قرار۔ اطمینان (۲) چین۔ راحت۔ آسائش (۳) استراحت۔ نیند (۴) صحت۔ شفا۔ تندرستی۔ تخفیف مرض۔ افاقہ (۵) فرصت۔ چھٹی۔ وقفہ (۶) فائدہ نفع۔ حاصل۔
**آرام پانا۔** (۱) سُکھ پانا۔ خوش ہونا۔ راحت پانا (۲) صحت پانا۔

Marfat.com

(۲) فرصت پانا۔
آرام پسند۔ سُست۔ کاہل۔
آرامِ جاں۔ جان کی راحت۔ معشوق۔ محبُوب۔ دل آرام۔
آرام چوکی۔ آرام کرنے کے لیے لکڑی کا چھوٹا تخت۔
آرام رساں۔ چین دینے والا۔ آسائش پہنچانے والا۔
آرام طلب۔ (۱) آرام چاہنے والا۔ (۲) کاہل۔ سُست۔
آرام کُرسی۔ ایک قسم کی بڑی تکیہ دار کُرسی۔
آرام گاہ۔ آرام کرنے کی جگہ۔ خواب گاہ۔
آرام میں ہیں۔ (۱) سوتے ہیں (۲) شکر کرتے ہیں۔
آرام ہو جانا۔ (۱) شکر ہو جانا۔ چین ہونا (۲) صحت پانا۔ تکلیف دُور ہونا۔
آرائش۔ (آ۔ را۔ اِش) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) زیبائش۔ سجاوٹ۔ بناؤ سنگھار (۲) کاغذ کی پھول دار ٹٹیاں۔ پھُول۔ ابرق کنول جھاڑ فانوس وغیرہ جو بارات کے ساتھ لے جاتے ہیں۔
آرپار۔ (آر۔ پار) [ہ۔ صفت] یہ کنارا اور وہ کنارا۔ یہ سرا اور وہ سرا۔ دونوں رُخ
آرتھوگرافی۔ (ARTHROGRAPHY) (آر۔ تھو۔ گ۔ را۔ فی) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) گرامر کا وہ حصّہ جو الفاظ کے تلفظ بتاتا ہے (۲) عمارت کا ایستادہ نقشہ۔
آرتی۔ (آر۔ تی) [س۔ ا۔ مؤنث] پُوجا کی ایک قسم جس میں دیوتاؤں کے سامنے چراغ گھیا دیا پھرایا جاتا ہے۔
آرٹ۔ (ART) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) ہُنر۔ فن (۲) سلیقہ۔ ڈھب (۳) عیاری۔ مکاری۔ حکمت عملی۔
آرٹسٹ (ARTIST) (آر۔ ٹسٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر] صناع۔ مصوّر۔ کاریگر۔ فن کار۔ نقاش۔
آرٹیکل (ARTICLE) (آر۔ ٹی۔ کل) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) مضمون (۲) دفعہ۔ کسی تحریر کا جزو یا حصّہ
آرٹیکلز آف وار (ARTICLES OF WAR) وہ مجموعۂ قوانین جو افواج کے انتظام اور سزاؤں وغیرہ سے متعلق ہو۔ ضابطہ جنگ۔ آئینِ لشکری۔
آرچ بشپ (ARCHBISHOP) (آرچ۔ ب۔ شپ) [انگ۔ ا۔ مذکر] لاٹ پادری۔ پادریوں کا اعلیٰ افسر۔
آرد۔ (آ۔ رد) [ف۔ ا۔ مذکر] آٹا۔ چُون۔ پسان۔
آرڈر۔ (ORDER) (آر۔ ڈر) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ فرمائش (۲) درجہ۔ مرتبہ (۳) اعزازی سلسلہ (۴) نظم۔ (۵) امن و امان (۶) ہُنڈی۔ حکم ادائی۔
آرڈر بک۔ (ORDER BOOK) (۱) حکم لکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں خریدار وہ چیزیں تحریر کرے جو وہ مول لینا چاہتا ہے۔
آرڈر دینا، کرنا۔ کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش کرنا۔
آرڈر لینا۔ (۱) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش لینا (۲) حکم حاصل کرنا۔
آرڈنری (ORDINARY) (آر۔ ڈی۔ ن۔ ری) [انگ۔ صفت] معمولی۔
آرڈی نینس۔ (ORDINANCE) (آر۔ ڈی۔ نینس) [انگ۔ ا۔ مذکر] وہ ضابطہ جو حکومت ملکی خدمت کے پیشِ نظر وقتی طور پر نافذ کر دیتی ہے۔
آرزو۔ (آر۔ زو) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خواہش۔ تمنا۔ چاہ (۲) مراد۔ مقصد۔ مطلب۔
آرزو بر آنا۔ مراد پُوری ہونا۔ امید حاصل ہونا۔
آرزو ٹپکنا۔ دلی خواہش کا نہ چھپنا۔ تمنا کے آثار ظاہر ہونا۔

آرزو خاک میں مل جانا۔ مایوس ہو جانا۔ ناکام ہو جانا۔
آرزو عیب نہیں۔ کسی چیز کی خواہش کرنے میں بُرائی نہیں۔
آرزو کا خون ہونا۔ خواہش کا پُورا نہ ہونا۔
آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔ منت اور التجا کرنا۔
آرزو گور میں لے جانا۔ زندگی میں تمنا پُوری نہ ہونا۔
آرزو مند۔ خواہش مند۔ شائق۔ مشتاق۔
آرزو مندی۔ امیدواری۔ خواہش۔
آرزو نکلنا۔ مراد پُوری ہونا۔ مطلب بر آنا۔ خواہش پُوری ہونا۔
آرزوئے خام۔ وہ آرزو جس کا بر آنا ممکن نہ ہو۔ خیالِ خام۔
آرسی۔ (آر۔ سی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) آئینہ (۲) ایک زیور جو عورتیں ہاتھ کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ اس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔
آرسی تو دیکھو۔ اپنی صورت تو دیکھو۔
آرسی مصحف دکھانا۔ عقد کے بعد دُولہا اور دُلھن کو آئینہ اور قرآن دکھانے کی رسم۔ دُولہا دُلھن کو ایک دُوسرے کا منہ دکھانا۔
آرکیسٹرا (ORCHESTRA) (آر۔ کیسٹ۔ را) [انگ۔ ا۔ مذکر] سازندوں کا طائفہ۔
آرگن۔ (ORGAN) (آر۔ گن) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) ارگن باجا۔ (۲) آلہ۔ اوزار (۳) واسطہ۔ رابطہ۔ ترجمان۔
آرمیڈا۔ (ARMADA) (آر۔ مے۔ ڈا) [انگ۔ ا۔ مذکر] جنگی جہازوں کا بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں فلپ دوم شاہ ہسپانیہ نے انگلستان پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کیا تھا۔
آرندہ۔ (آ۔ رن۔ دہ) [ف۔ صفت] لانے والا۔
آروغ۔ (آ۔ روغ) [ف۔ ا۔ مذکر] ڈکار
آرہنا۔ (آ۔ رہ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) آپہنچنا۔ چلے آنا۔ (۲) گر پڑنا۔ (۳) آبسنا۔ آباد ہونا۔
آری۔ (آ۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) لکڑی چیرنے کا ایک اوزار۔ (۲) ایک لوہے کی کیل جو بیل ہانکنے کے پینے کی نوک میں لگی رہتی ہے (۳) جُوتا سینے کا سُوا۔ ستاری۔
آرے۔ (آ۔ رے) [ف] کلمۂ ایجاب۔ بے شک۔ ہاں۔
آرے بلے کرنا۔ ہاں ہاں کرنا۔ ٹالنا۔ حیلے بہانے کرنا۔
آریہ۔ (آ۔ ریہ) [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) بزرگ۔ معزز (۲) وہ قدیم قوم جس کی نسل کے لوگ پاکستان۔ ہندوستان۔ ایران اور یورپ میں آباد ہیں (۳) کاشتکار۔ کھیتی کرنے والا۔ ڈھور چرانے والا۔ (۴) آریہ قوم کی زبان۔
آریہ سماج (۱) آریہ مذہب یا آریہ لوگوں کے اعتقاد و طریق پر چلنے والی ہندو جماعت (۲) پنڈت دیانند سرسوتی کی پیرو جماعت۔
آریہ ورت۔ آریوں کے رہنے کی جگہ۔ ہندوستان۔

## آ۔ ڑ

آڑ۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) اوٹ۔ حفاظت۔ بچاؤ (۲) معاون۔ مددگار۔ ضامن (۳) سہارا۔ ٹیک۔ ستون (۴) رکاوٹ۔ اٹکاؤ۔ باڑھ (۵) کاجل کی ایک ترچھی لکیر جو ہندو عورتیں بندی کے

Marfat.com

پیچھے ماتھے پر کھینچ دیتی ہیں (۲) ممانعت۔ روک۔
آڑ پکڑنا۔ اوٹ میں آنا۔ سہارا لینا۔ پناہ لینا۔ بہانا کرنا۔
آڑ کرنا۔ پردہ کرنا۔
آڑ لینا۔ پناہ لینا۔ کسی چیز کی اوٹ میں ہونا۔
آڑ ہونا۔ حجاب ہونا۔ اوٹ ہونا۔ پردہ ہونا۔
آڑے (آ جانا) آنا۔ (۱) بیچ میں پڑنا۔ حائل ہونا (۲) پشت پناہ ہونا۔
آڑے ہاتھوں لینا۔ لتاڑنا۔ قائل و معقول کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
**آڑا**۔ (آ۔ڑا) (ہ۔ صفت) (۱) ترچھا۔ ٹیڑھا (۲) ایک دھاری دار کپڑا۔
آڑا ترچھا۔ ٹیڑھا بانکا۔
آڑا ترچھا ہونا۔ (۱) ٹیڑھا بانکا ہونا (۲) بگڑنا۔ ناراض ہونا۔
آڑا چوتالا۔ موسیقی میں ایک تال۔
آڑا گوڑی۔ کشتی کا ایک پیچ۔ حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کر اس کا پاؤں زمین سے اکھاڑ دینا۔
**آڑو**۔ (آ۔ڑو) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک مشہور پھل۔ شفتالو۔
**آڑھت**۔ (آ۔ڑھت) (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) دکان یا کوٹھی جہاں سوداگروں کا مال کمیشن لے کر بیچا جاتا ہے (۲) دلالی۔ ایجنسی کمیشن۔ دلالی پر فروخت۔
آڑھت دار۔ آڑھت پر کام کرنے والا۔ دلال
**آڑھتی۔ آڑھتیا**۔ (آڑھ۔ تی) (آڑھ۔ ت۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) آڑھت کی دکان رکھنے والا۔ کمیشن پر لوگوں اور بیوپاریوں کا مال بیچنے والا۔ تحوک فروش۔
**آڑی**۔ (آ۔ڑی) (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) ٹیڑھی ترچھی (۲) (مذکر) حمایتی۔ مددگار (۳) جب لڑکے دو جماعتیں بن کر کھیلتے ہیں تو ہر جماعت کا ایک سردار ہوتا ہے۔ باقی اس کے آڑی کہلاتے ہیں۔
آڑی ترچھی سنانا۔ بُرا بھلا کہنا۔
آڑی کرنا۔ (۱) زرکوبی کی اصطلاح میں طولاً ورق کوٹ کر صفا کرنا (۲) کھیل میں دوست بنانا۔

---

# آ۔ز

---

**آز**۔ (ف۔ ا۔ مؤنث) حرص۔ طمع۔ لالچ۔
**آزاد**۔ (آ۔زاد) (ف۔ صفت) (۱) بری (۲) خودمختار۔ فارغ (۳) بے غم۔ بے قید (۴) کنوارا۔
آزاد رو۔ آزادہ رو (۱) آزاد طبیعت والا۔ (۲) وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔ خود مختار۔ بے تعصب۔ (۳) فقیر (۴) نڈر۔ بے خوف
آزاد طبع۔ (۱) وہ شخص جس کی طبیعت میں آزادی ہو۔ (۲) بے خوف طبیعت رکھنے والا۔ صاف گو۔
آزاد کا سونٹا۔ (۱) آزاد فقیر کا ڈنڈا۔ (۲) منہ پھٹ۔ اکھڑ۔ بے باک۔
آزاد کا قشقہ۔ ماتھے پر آزاد فقیر ہونے کی نشانی۔ آزاد فقیر ماتھے پر الف بنا لیتے ہیں۔
آزاد کرنا۔ (۱) رہا کرنا۔ چھٹکارا دینا۔ خلاصی دینا۔ (۲) نوکری سے جواب دینا۔
آزاد مرد۔ نڈر۔ بے خوف۔ کھرا اور صاف گو آدمی۔

آزاد منش۔ وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔ وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے۔ صاف گو۔
آزاد نامہ۔ وہ نوشتہ یا دستاویز جو غلام کی آزادی کے لیے لکھی جائے۔
آزاد ہونا۔ (۱) رہا ہونا (۲) خودمختار ہونا (۳) بے پروا ہونا۔ بے شرم ہونا۔
**آزادانہ**۔ (آ۔زا۔دا۔نہ) (ف۔ صفت) آزادی کے ساتھ۔ کسی روک ٹوک کے بغیر۔
آزادانہ وضع۔ (۱) آزاد فقیروں کا طور طریق (۲) نوابشوں کی وضع۔
**آزادی**۔ (آ۔زا۔دی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) رہائی۔ چھٹکارا (۲) خودمختاری۔ بااختیاری۔ بے پروائی۔
آزادی کا (خط) کاغذ۔ رہائی کا پروانہ۔
**آزار**۔ (آ۔زار) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) بیماری (۲) تکلیف۔ ایذا۔ جنجال۔ بکھیڑا۔ (۳) فارسی مصدر آزاریدن (دکھ دینا) کا اسم فاعل، یعنی ستانے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل آزار۔
آزار دینا۔ دکھ دینا۔ ستانا۔
**آزاری**۔ (آ۔زا۔ری) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) بیماری (۲) (صفت) بیمار (۳) حاصل مصدر، ستانا۔ دکھ دینا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے آزاری یعنی دل دکھانا۔
**آزر**۔ (آ۔زر) (ع۔ ا۔ مذکر) حضرت ابراہیم کے چچا کا نام، جو بت تراش تھے۔
**آزردگی**۔ (آ۔زر۔دہ۔گی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) خفگی۔ ناخوشی۔ ناراضی۔ (۲) بگاڑ۔ رنجش۔ ملال (۳) اداسی۔ غمگینی۔
**آزردہ** (آ۔زر۔دہ) (ف۔ صفت) ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ رنجیدہ جمع آزردگان
آزردہ خاطر۔ اداس۔ غمگین۔ خفا۔
**آزغہ۔ آزوغہ** (آ۔ز۔غہ) (آ۔زو۔غہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) تھوڑی سی غذا۔ (۲) کم خوراک (۳) پرند کا چوگا۔
**آزما**۔ (آز۔ما) (ف) فارسی مصدر آزمودن (آزمانا) کا اسم فاعل یعنی آزمانے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے صبر آزما۔
آزما لینا۔ جانچ لینا۔ امتحان کر لینا۔ خوب دیکھ بھال لینا۔
**آزمانا**۔ (آز۔ما۔نا) (آزمص) جانچنا۔ امتحان کرنا۔ پرکھنا۔
**آزمائش** (آز۔ما۔ئش) (ف۔ ا۔ مؤنث) جانچ پڑتال۔ امتحان۔ تجربہ۔
آزمائش کرنا۔ آزمانا۔ پرکھنا۔ جانچنا۔
**آزمائشی**۔ (آز۔ما۔ئ۔شی) (ف۔ صفت) امتحانی۔
**آزمودہ**۔ (آز۔مو۔دہ) (ف۔ صفت) جانچا ہوا۔ آزمایا ہوا۔
آزمودہ را آزمودن جہل است۔ (مثل) آزمائے ہوئے کو آزمانا غلطی ہے۔
آزمودہ کار۔ (۱) تجربہ کار۔ ہنرمند۔ مشّاق (۲) عقل مند۔ چالاک مستعد۔

---

# آ۔س

---

**آس**۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) امید (۲) خواہش۔ آرزو۔ بھروسہ۔ سہارا۔

Marfat.com

**آس اولاد** - بال بچے - بیٹا بیٹی۔

**آس اولاد والی** - صاحب اولاد عورت۔

**آس بندھنا** - اُمید بندھنا - توقع ہونا۔

**آس بجھنا** - اُمید چھوڑ دینا - آرزو سے ہاتھ دھو لینا۔

**آس تکنا** - انتظار کرنا - راہ دیکھنا۔

**آس دینا** - اُمید بندھوانا - ڈھارس بندھانا۔

**آس مُراد** - (۱) آل اولاد (۲) دھن دولت۔

**آس مُراد والی** - (۱) آل اولاد والی - (۲) دھن دولت والی عورت۔

**آس ہونا** - (۱) اُمید ہونا - بھروسہ ہونا (۲) حمل ہونا۔

**آسا** - [آ - سا] [ھ - ا - مؤنث] (۱) اُمید - آشا (۲) اُمیدوار۔

**آسا جیئے نراسا مرے** - [مثل] اُمیدوار اُمید کے سہارے پر جیتا ہے اور مایوس مر جاتا ہے۔

**آسا** - [آ - سا] [ف] مانند - مثل۔

**آسان** - [آ - سان] [ف - صف] سہل - سہی۔

**آسانی** - [آ - سا - نی] [ف - ا - مؤنث] (۱) سہولت (۲) آرام - آسائش - راحت۔

**آسائش** [آ - سا - ئش] [ف - ا - مؤنث] راحت - آرام - سُکھ۔

**آس پاس** - [آس - پاس] [ھ] (۱) اردگرد - قرب و جوار - گردو پیش (۲) پاس پڑوس۔

**آس پاس برسے - دلّی پڑی ترسے** - [مثل] اغیار فائدہ اُٹھائیں اور حقدار محروم رہیں۔

**آس پاس پھرنا** - طواف کرنا - صدقے ہونا۔

**آس پاس ہونا** - اردگرد ہونا - نزدیک ہونا۔

**آستان - آستانہ** - [آس - تان] [آس - تا - نہ] [ف - ا - مذکر] (۱) چوکھٹ - ڈیوڑھی - دروازہ (۲) بزرگوں کے مزار اور دفتر کا دروازہ۔

**آستاں بوس** - (۱) چوکھٹ چومنے والا (۲) عقیدت مند - خادم۔

**آستاں بوسی** - (۱) چوکھٹ چومنا - (۲) خدمت گاری (۳) کسی بزرگ سے نیاز حاصل کرنا۔

**آستائی** - [آس - تا - ئی] [ھ - ا - مؤنث] (۱) کسی گیت کا ابتدائی ٹکڑا۔ (۲) خیال کو بھی آستائی کہتے ہیں۔

**آستین** - [آس - تین] [ف - ا - مؤنث] شیروانی - کوٹ - کرتے یا قمیص وغیرہ کی بانہہ۔

**آستین چڑھانا** - (۱) آستین اُوپر کھینچنا - (۲) کام کے لیے مستعد ہونا - (۳) لڑنے مرنے کو تیار ہونا - (۴) ذبح کرنے پر آمادہ ہونا۔

**آستین کا سانپ** - چھپا ہوا دشمن - دوستی کے پردے میں دشمنی کرنے والا۔

**آستین میں سانپ پالنا** - [مثل] دشمن کی پرورش کرنا - اپنے بدخواہ کو اپنے پاس رکھنا۔

**آسرا** - [آس - را] [ھ - ا - مذکر] (۱) سہارا (۲) بھروسہ - آس - اُمید - (۳) وسیلہ - توقع۔

**آسرا تکنا** - (۱) سہارا ڈھونڈھنا - پناہ چاہنا - (۲) راہ دیکھنا - انتظار کرنا۔

**آسرا لینا** - پناہ لینا - حمایت چاہنا - مدد ڈھونڈھنا۔

**آسمان** - [آس - مان] [ف - ا - مذکر] (۱) چکی کی مانند (۲) فلک - آکاش۔

**آسمان پر اُڑنا** - (۱) اِترانا - شیخی مارنا (۲) بلند پروازی کرنا۔

**آسمان پر تھوکنا** - (۱) ایسی حرکت کرنا جس سے اپنی ہی ذلت ہو (۲) بڑوں کا منہ چڑانا۔

**آسمان پر چڑھا کے اُتارنا** - [مثل] عزت بڑھا کے گھٹانا۔

**آسمان پر چڑھانا** - (۱) مرتبہ بخشنا (۲) حد سے زیادہ تعریف و توصیف کرنا (۳) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا۔

**آسمان پر ہونا** - (۱) بلند مرتبہ ہونا (۲) مغرور ہونا

**آسمان پھٹ پڑنا** - قہر الٰہی نازل ہونا۔

**آسمان تھرّانا** - (۱) شدید ظلم ہونا - (۲) واقعۂ عظیم ہونا۔

**آسمان ٹوٹ پڑنا، ٹوٹنا** - سخت آفت آنا - غضب نازل ہونا۔

**آسمان جاہ** - (۱) آسمان کی طرح بلندی والا (۲) بہت عزت والا۔

**آسمان زمین ایک کر دینا، کر ڈالنا** - [مثل] (۱) ہل چل ڈال دینا۔ (۲) بے حد کوشش کرنا۔

**آسمان زمین ایک ہونا** - زمانہ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔

**آسمان زمین کا فرق** - بہت بڑا فرق۔

**آسمان زمین کے قلابے ملانا** - (۱) انتہا درجے کی کوشش کرنا (۲) بہت جھوٹ بولنا - گپ مارنا۔

**آسمان سر پر اُٹھانا** - بہت غل مچانا - اُودھم مچانا۔

**آسمان سے باتیں کرنا** - (۱) نہایت بلند ہونا - (۲) بہت مغرور ہونا۔

**آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا** - (۱) اونچی سرکار سے کام نکل گیا مگر معمولی اہل کار کی مخالفت سے رُک گیا - (۲) ایک مصیبت سے چھوٹا دوسری میں جا پھنسا۔

**آسمان سے گرنا** - (۱) آسمان سے نیچے آنا (۲) اونچے مرتبے سے گرنا (۳) مفت ہاتھ آنا - بے وقعت ہونا۔

**آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے** - [مثل] کسی نیک آدمی پر بدی لگانے سے اپنے ہی اوپر بدنامی آتی ہے۔

**آسمان کے تارے توڑنا** - (۱) ناممکن اور دشوار کام کرنا - نہایت سخت اور مشکل بات میں کامیاب ہونا (۲) عیاری کرنا۔

**آسمان میں تھگلی لگانا** - (۱) آسمان میں پیوند لگانا - جہاں کوئی نہ پہنچے وہاں پہنچنا - (۲) چالاکی کرنا - فریبی ہونا۔

**آسمان میں چھید کرنا** - نہایت عیاری اور چالاکی کرنا۔

**آسمان میں چھید ہو جانا** - لگاتار مینہ برسنا۔

**آسمان و زمین کے پردے میں نہیں** - نایاب ہے - عنقا ہے۔

**آسمانی** - [آس - ما - نی] [ف - صف] (۱) آسمان کا - آبی - نیلا - ہلکا نیلا۔ (۲) اوپری - بالائی (۳) ناگہانی - اچانک (۵) [مؤنث] بھنگ - شراب - تاڑی۔

**آسمانی پلانا** - بھنگ یا تاڑی پلانا - نشہ پلانا۔

**آسمانی تیر** - (۱) ہوائی تیر - وہ تیر جو آسمان کی طرف کر کے چھوڑتے ہیں۔ (۲) بے فائدہ کام جس کا نتیجہ کچھ نہ ہو۔

**آسمانی دھکا** - غیبی صدمہ - بلائے ناگہانی۔

**آسمانی کتاب** - کتاب الٰہی - وہ کتاب جو خدا تعالٰی کی طرف سے پیغمبروں پر نازل ہوئی ہو۔

**آسمانی گولا** - (۱) وہ صدمہ جس کا وقت معلوم نہ ہو - قہر الٰہی (۲) برف - اولے وغیرہ جن سے اچانک صدمہ پہنچے۔

**آسن** - [آ - سن] [ھ - ا - مذکر] (۱) بیٹھک (۲) بیٹھنے کی حالت - (۳) ران کے نیچے کا حصہ (۴) جانگھ (۵) ڈابھ یا اُون کی بنی ہوئی

Marfat.com

چیز مثل کمبل یا بستر جس پر ہندو لوگ پوجا پاٹ کرتے وقت بیٹھتے ہیں۔ گدی۔ مسند (۶) جوگیوں کی چوراسی بیٹھکیں (۷) مباشرت کرنے کا طریقہ۔ (۸) سوار کے بیٹھنے کا طریقہ۔ (۹) ہاتھی کی وہ جگہ جہاں مہاوت بیٹھتا ہے۔

آسن اُکھڑنا۔ سوار کا اپنی جگہ سے ہل جانا۔ گھوڑے پر جما نہ رہنا۔

آسن باندھنا۔ رانوں میں کسنا۔ دونوں زانوؤں کے بیچ میں دبا لینا۔

آسن تلے آنا۔ (۱) ران تلے آنا۔ سواری دینا۔ (۲) جسم کا بوجھ اٹھانا۔ (۳) تابع ہونا۔ فرماں برداری کرنا۔ قابو میں آنا۔

آسن جمانا۔ (۱) گھوڑے وغیرہ پر جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ قیام کرنا۔ رہنے لگنا۔ (۳) قابو کرنا۔

آسن جوڑنا۔ آسن سے آسن جوڑنا۔ رانوں کے بل بیٹھنا۔ ران سے ران ملا کر بیٹھنا۔

آسن لگانا۔ (۱) جوگیوں کا اڈا کر بیٹھنا۔ (۲) رات گزارنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔

آسن مارنا۔ مار کر بیٹھنا (۱) جوگیوں کا عبادت کے واسطے کسی جگہ جم کر بیٹھنا (۲) ایک ہی بیٹھک سے بیٹھنا۔ (۳) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ (۴) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔

**آسودگانِ خاک**۔ (آ۔ سو۔ دَ۔ گا۔ ن۔ خاک) (ف۔ ا۔ مذکر) خاک میں آرام کرنے والے۔ اہلِ قبور۔ مرحومین۔

**آسودگی**۔ (آ۔ سو۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) امن و امان۔ آرام راحت (۲) دولت مندی۔ مرفہ الحالی۔

**آسودہ**۔ (آ۔ سو۔ دہ) (ف۔ صفت) (۱) آرام کرنے والا (۲) مطمئن۔ (۳) خوش حال (۴) مدفون۔ مرحوم۔ جمع آسودگان۔

آسودہ حال۔ خوش حال۔ مال دار۔ امیر۔

آسودہ خاطر۔ آسودہ دل۔ فارغ البال۔ بے فکر۔ بے غم۔

**آسیا**۔ (آ۔ س۔ یا) (ف۔ ا۔ مذکر) چکی۔

**آسیب** (آ۔ سیب) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) صدمہ (۲) نقصان (۳) خوف (۴) دُکھ۔ آزار۔ تکلیف۔ الم۔ مصیبت (۵) جن۔ پری۔ دیو۔ پریت۔ سایہ۔

آسیب آنا۔ (۱) صدمہ پہنچنا۔ آفت آنا۔ ضرر پہنچنا۔ چوٹ لگنا۔ (۲) جن۔ بھوت کا ستانا۔

آسیب اتارنا۔ جن اتارنا۔ بھوت بھگانا۔

آسیب زدہ۔ آسیب کا مارا ہُوا۔ بھوت پریت کا ستایا ہُوا۔

آسیب کا اثر۔ آسیب کا خلل۔ آسیب کا دخل۔ جن بھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔

آسیب کا سر پر کھیلنا۔ عوام میں قاعدہ ہے کہ جب آسیب کسی طرح نہیں چھوڑتا تو آسیب زدہ کے سامنے پھول اور خوشبو رکھ کر اور بخور سلگا کر اُسے نذر دیتے ہیں۔ اُس وقت آسیب زدہ خوب سر ہلاتا ہے اور کھیلنا اچھلنا ہے۔

**آسیبی**۔ (آ۔ سے۔ بی) (ف۔ صفت) آسیب زدہ۔

آسیبی مکان۔ وہ مکان جس میں بھوت پریت کا گزر ہو۔

## آ - ش

**آش**۔ (ف۔ ا۔ مؤنث) شوربا۔ شوربا۔ رقیق غذا۔

آش پکانا۔ (۱) شوربا پکانا (۲) کسی کے خلاف سازش کرنا۔ (۳) ٹھیک بنانا۔ درست کرنا۔ ٹھیک نکالنا۔

آش پلاؤ۔ ایک قسم کا جو کا پلاؤ جو مریض کو دیا جاتا ہے۔

آش جو۔ جو کا جوش دیا ہُوا پانی۔

**آشا**۔ (آ۔ شا) (س۔ ا۔ مؤنث) اُمید۔ آرزو۔

**آشام**۔ (آ۔ شام) فارسی مصدر آشامیدن (پینا) کا اسم فاعل بمعنی پینے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے خون آشام۔

**آشتی**۔ (آش۔ تی) (ف۔ ا۔ مؤنث) صلح۔ دوستی۔ اتفاق۔

**آشرم**۔ (آش۔ رم) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) رشیوں اور سادھوؤں کے رہنے کی جگہ۔ مٹھ۔ (۲) مدرسہ (۳) جنگل۔ درختوں کا جھنڈ۔ (۴) برہمن کی زندگی کا ایک حصّہ۔

**آشفتگی**۔ (آ۔ شف۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) پریشانی (۲) پراگندگی (۳) حیرانی (۴) دیوانہ پن۔

**آشفتہ**۔ (آ۔ شف۔ تہ) (ف۔ صفت) پریشان۔ سراسیمہ۔ پراگندہ۔ بدحواس۔ جمع: آشفتگان

آشفتہ بیان۔ یاوہ گو۔ فضول باتیں کرنے والا۔

آشفتہ بیانی۔ یاوہ گوئی۔ بکواس۔

آشفتہ حال۔ آشفتہ دل۔ آشفتہ خاطر۔ پریشان حال۔ خراب خستہ (کنایۃً) عاشق۔

آشفتہ حالی۔ پریشان حالی۔ پراگندگی۔

آشفتہ سر۔ سڑی۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔

آشفتہ سری۔ دیوانگی۔ جنون۔ پاگل پن۔

آشفتہ طبع۔ آشفتہ مزاج۔ پریشان خاطر۔

آشفتہ مُو۔ (۱) جس کے بال بکھرے ہُوئے ہوں۔ (۲) غمگین۔ پریشان حال۔

آشفتہ نوا۔ جس کی آواز یا نالہ و فریاد سے پریشانی کا اظہار ہو۔

آشفتہ نوائی۔ پریشان کر دینے والا نالہ و فریاد۔ پریشانی کا اظہار۔

**آشکار۔ آشکارا**۔ (آش۔ کار) (آش۔ کا۔ را) (ف۔ صفت) ظاہر۔ نمایاں۔ کھلا ہُوا۔ واضح۔ فاش۔

آشکارا ہونا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔

**آشنا** (آش۔ نا) (ف۔ صفت۔ ا۔ مذکر و مؤنث) (۱) واقف کار۔ شناسا۔ جان پہچان والا۔ ملاقاتی (۲) غیر مرد یا عورت جو ایک دوسرے سے ناجائز تعلق رکھے۔

**آشنائی**۔ (آش۔ نا۔ ای) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) شناسائی۔ دوستی۔ محبت۔ (۲) مرد و عورت کا ناجائز تعلق۔

آشنائی کُلا تا سبق۔ (مثل) لڑکی دوستی سبق تک ہے۔ مطلب پرست اور خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔

**آشوب**۔ (آ۔ شوب) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) ہل چل۔ فتنہ و فساد۔ پریشانی۔ شور و غوغا (۲) بکھیڑا۔ غدر۔ بلوہ (۳) آنکھ دُکھنا۔

آشوب اٹھانا۔ فتنہ و فساد برپا کرنا۔

آشوب چشم۔ آنکھ دُکھنا۔

آشوب زمانہ (روزگار) (۱) زمانے کا فتنہ (۲) (کنایۃً) معشوق۔

آشوب گاہ۔ فتنہ و فساد کا مقام۔

آشوب محشر۔ (۱) ہنگامۂ قیامت (۲) بہت زیادہ شور و غوغا۔

Marfat.com

**آشیاں۔** (آش۔یاں) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) گھونسلا (۲) نشیمن
**آشیاں اُٹھانا۔** (۱) گھونسلا چھوڑنا (۲) جگہ تبدیل کرنا۔
**آشیاں باندھنا۔** گھونسلا بنانا۔
**آشیاں بنانا۔** (۱) گھونسلا بنانا (۲) مکان بنانا۔
**آشیانہ۔** دیکھیے آشیاں۔
**آشیرباد۔** (آ۔شیر۔باد) (ہ۔ا۔ مؤنث) دُعائے خیر۔

## آ۔ص

**آصف۔** (آ۔صف) (عبرانی۔ا۔ مذکر) (۱) جمع کرنا (۲) حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام (۳) (مجازاً) ہر لائق وزیر۔
**آصف الدولہ۔** دولت، سلطنت کا آصف یعنی حضرت سلیمانؑ کے وزیر کے ہم رتبہ۔
**آصف جاہ۔** (۱) آصف کے مرتبے والا (۲) بعض امراء کا لقب۔ فرمانروائے حیدر آباد دکن کا لقب۔
**آصف خانی۔** ایک قسم کا شلوکہ یا واسکٹ۔
**آصفی۔ آصفیہ۔** (آ۔صَ۔فی) (آ۔صَ۔فی۔یَہ) (ف۔صفت) آصف کی طرف منسوب۔

## آ۔غ

**آغا۔** (آ۔غا) (ت۔ا۔ مذکر) (۱) آقا۔ مالک (۲) بڑا بھائی (۳) کابلیوں و مغلوں کا خطاب۔
**آغا میری دائی سب سیکھی سکھائی۔** مثل (اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو سب گنوں پوری ہو۔ نہایت چالاک و ہوشیار ہو۔
**آغا مینا۔** (۱) بنگالہ کی مینا جس کے منہ سے آواز بہت صاف نکلتا ہے (۲) وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے (۳) خوش آواز، خوش گلو۔
**آغاز۔** (آ۔غاز) (ف۔ا۔ مذکر) شروع۔ ابتدا۔ عنوان۔
**آغاز انجام جاننا۔** اوّل و آخر کا علم ہونا۔
**آغاز انجام نہ سوچنا۔** بے سوچے سمجھے کام کر بیٹھنا نتیجہ کا خیال نہ کرنا۔
**آغاز بد کا انجام بد ہے۔** (مثل) جس کام کی ابتدا بُری ہو اس کی انتہا بھی بُری ہوتی ہے۔
**آغاز کرنا۔** شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ پہل کرنا۔
**آغاز ہونا۔** شروع ہونا۔ پہل ہونا۔
**آغشتہ۔** (آ۔غش۔تہ) (ف۔صفت) لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔
**آغوش۔** (آ۔غوش) (ف۔ا۔ مذکر و مؤنث) گود۔ بغل۔
**آغوش آباد ہونا۔** گود گرم ہونا۔ محبوب بغل میں ہونا۔
**آغوش پھیلانا۔** گود میں لینے کو بڑھنا۔
**آغوش خالی ہونا۔** (۱) کسی کا گود سے نکل جانا (۲) بچہ مرجانا۔ بے اولاد ہو جانا۔
**آغوش کا پروردہ۔** گود کا پالا۔ گودوں میں پرورش کیا ہوا۔ اولاد۔
**آغوش کھولنا۔** گود پھیلانا
**آغوش گرم کرنا۔** (۱) گود میں آنا (۲) پیار سے گود میں لینا۔
**آغوش مادر میں سونا۔** (۱) ماں کی گود میں سونا (۲) آرام اور چین کی حالت میں ہونا۔
**آغوش میں آنا۔** گود میں آنا۔ ہم کنار ہونا۔
**آغوش میں لینا۔** بغل میں لینا۔ بغل گیر ہونا۔
**آغوش وا ہونا۔** گود کھلنا۔
**آغوں۔** (آ۔غوں) (ف۔ا۔ مؤنث) دُودھ پیتے بچے کی آواز۔
**آغوں سے غٹے۔** دُودھ پی کر میاں ہوتے غٹے۔ دودھ پلانے والی انا بچے کو یہ کہہ کر بہلاتی اور دودھ پلاتی ہے۔
**آغوں کرنا۔** دودھ پیتے بچے کا آواز نکالنا۔

## آ۔ف

**آفات۔** (آ۔فات) (ع۔ا۔ مؤنث) آفت کی جمع مصیبتیں۔
**آفات آسمانی، سماوی۔** آسمانی حادثات۔ آندھی۔ طوفانی بارش۔ بجلی، اولے، پالا۔ برفباری وغیرہ۔
**آفات ارضی۔** زمین سے پیدا ہونے والی مصیبتیں۔ سیلاب۔ آتش فشانی وغیرہ۔
**آفاق۔** (آ۔فاق) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) اُفق کی جمع۔ آسمان کے کنارے (۲) شمار، دُنیا (اردو میں واحد مستعمل ہے)۔
**آفاق گیر۔** (۱) دُنیا کو فتح کرنے والا (۲) دُنیا پر چھا جانے والا۔
**آفاقی۔** (آ۔فا۔قی) (ع۔صفت) ساری دُنیا کا۔ عالم گیر۔
**آفت۔** (آ۔فت) (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) مصیبت۔ صدمہ (۲) ظلم (۳) مشکل (۴) غضب الٰہی۔ وبا۔ قحط۔ حوادث وغیرہ (۵) نا انصافی۔ بے ایمانی (۶) ناگوار طبع (۷) غل۔ شور۔ فتنہ (۸) غصہ (۹) صفت۔ شوخ۔ چالاک۔ فتنہ انگیز۔
**آفت آنا۔** (۱) مصیبت آنا (۲) وبا پھیلنا۔ قحط پڑنا۔
**آفت اُٹھانا۔** (۱) مصیبت جھیلنا (۲) غل کرنا (۳) فساد برپا کرنا۔
**آفت پڑنا۔** (۱) قہر نازل ہونا۔ مصیبت آنا (۲) صدمہ پہنچنا (۳) مشکل پڑنا۔
**آفت توڑنا۔** (۱) غضب ہونا (۲) ظلم کرنا (۳) شور و غل کرنا۔
**آفت ٹالنا۔** مصیبت دُور ہونا۔
**آفت ٹوٹنا۔** (۱) مصیبت پڑنا۔ صدمہ یا بلا نازل ہونا (۲) غل ہونا (۳) شور ہونا (۴) جھگڑا ہونا۔
**آفت جان۔** (۱) جان کا روگ۔ بلائے جان (۲) مجازاً معشوق۔
**آفت ڈھانا۔** (۱) ستم توڑنا (۲) ہنگامہ کرنا۔ شور کرنا۔
**آفت رسیدہ۔** مصیبت زدہ۔ دکھیا۔
**آفت زدہ۔** آفت کا مارا۔ تباہ حال۔
**آفت سر پر لینا۔** مصیبت اپنے ذمے لینا۔ جھگڑے میں پڑنا۔
**آفت سماوی۔** دیکھیے آفات سماوی۔
**آفت سہنا۔** مصیبت سہارنا۔ دکھ برداشت کرنا۔
**آفت کا۔** (۱) بے حد۔ بہت زیادہ (۲) بہت شریر۔
**آفت کا پرکالہ۔** (۱) آفت کا ٹکڑا یا چنگاری شوخ و شنگ۔ (۲) شریر

Marfat.com

(۳) بہت ذہین۔ (مجازاً) معشوق۔
**آفت کا ٹکڑا**۔ بدذات۔ بہت شریر۔
**آفت کا مارا**۔ ستم زدہ۔ مصیبت کا شکار۔
**آفت کی پڑیا**۔ پوٹ۔ عیار۔ دغاباز۔ شریر۔
**آفت مچانا**۔ (۱) غل مچانا (۲) غضب ڈھانا (۳) دنگا کرنا۔
**آفت ہے**۔ بڑا چالاک اور عیار ہے۔ نہایت شریر اور فتنہ انگیز ہے بڑا ذہین ہے۔

**آفتاب**۔ (آف۔تاب) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) سورج (۲) دھوپ۔ (۳) شراب کا پیالہ (۴) گنجفہ اور تاش کے ایک پتّے کا نام جو سب سے پہلے کھیلا جاتا ہے (۵) (کنایۃً) یکتا۔ لاجواب معشوق۔
**آفتاب آمد دلیلِ آفتاب**۔ (مثل) ظاہر بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں۔
**آفتاب بام**۔ دیکھیے آفتاب لب بام۔
**آفتاب پرست**۔ (۱) آفتاب کی پرستش کرنے والا۔ (۲) نیلوفر کا پھول (۳) گرگٹ (۴) سورج مکھی۔
**آفتاب ڈھلنا**۔ سورج کا مغرب کی طرف جھکنا۔ دن کا زوال شروع ہونا۔
**آفتاب سر پر آنا**۔ دوپہر ہونا۔ بارہ بجے کا وقت ہونا۔
**آفتاب سرِ کوہ**۔ (۱) ڈوبنے کے قریب آفتاب (۲) (کنایۃً) مرنے کے قریب۔
**آفتاب کا ایک نیزے (سوا نیزے) پر آنا**۔ (۱) قیامت آنا۔ (۲) سخت تکلیف اور نہایت گرمی کا اظہار۔
**آفتاب کا مغرب سے نکلنا**۔ مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ قیامت کے قریب آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا۔ قربِ قیامت۔
**آفتاب کو (چراغ) دیا دکھانا**۔ تجربہ کار آدمی کو کام کے ڈھنگ بتانا۔ قابل کے سامنے ناقابل کا شیخی بگھارنا۔
**آفتاب لبِ بام**۔ (۱) قریبِ غروب آفتاب (۲) نہایت بُڑھا۔ چراغِ سحری۔
**آفتابِ محشر**۔ (۱) قیامت کے دن کا سورج۔ وہ سورج جو قیامت کے دن سوا نیزے پر ہوگا۔ (۲) نہایت گرم اور تیز سورج (۳) معشوق۔ نہایت حسین۔ خوب صورت۔
**آفتابہ**۔ (آف۔تا۔بہ) (ف۔ا۔ مذکر) ٹونٹی دار، دستہ لگا ہوا لوٹا۔
**آفتابہ لے کر کھڑے ہونا**۔ (۱) منہ ہاتھ دھلانے کے واسطے پانی لے کر کھڑا ہونا۔ (۲) غلام بننا۔ خدمت گار بننا۔
**آفتابی**۔ (آف۔تا۔بی) (ف۔صفت) (۱) آفتاب سے منسوب (۲) وہ چیز جو دھوپ میں خشک ہوئی ہو (۳) گول۔ مدوّر (۴) چمکدار (۵) (مؤنث) ایک قسم کی آتش بازی۔
**آفتابی چہرہ**۔ گول چہرہ۔
**آفتابی دائرہ**۔ بالکل گول دائرہ (دائرے کی دو قسمیں ہیں۔ آفتابی اور بیضوی۔ بیضوی دائرہ انڈے کی شکل کا ہوتا ہے)
**آفتابی گلقند**۔ وہ گلقند جو دھوپ میں رکھ کر تیار کیا جائے۔
**آفریدگار**۔ (آف۔ری۔دہ۔گار) (ف۔صفت) پیدا کرنے والا۔ خالق۔
**آفریدگان**۔ (آف۔ری۔دہ۔گان) (ف۔صفت) آفریدہ کی جمع۔ پیدا کیے ہوئے۔ مخلوق۔

**آفریدہ**۔ (آف۔ری۔دہ) (ف۔صفت) پیدا کیا گیا۔ مخلوق۔
**آفریدی**۔ (آف۔ری۔دی) (ف۔ا۔ مذکر) پٹھانوں کی ایک قوم۔
**آفریں**۔ (آف۔ریں) (ف۔ا۔ مذکر) شاباش۔ کلمۂ تحسین و مبارک باد۔ واہ وا۔ مرحبا۔ کیا کہنا۔
آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ تو۔ تیری مردانہ ہمت کے شاباش ہے
**آفریں صد آفریں**۔ واہ وا پر واہ وا۔ صد رحمت (مدح و ذم دونوں کے لیے)
**آفریں کرنا**۔ شاباشی دینا۔ واہ وا کرنا۔ سراہنا۔
**آفریں ہے**۔ کیا کہنا ہے۔ شاباش ہے۔
**آفرینش**۔ (آف۔ری۔نش) (ف۔ا۔ مؤنث) پیدائش۔ مخلوق۔ دنیا۔
**آفرینندہ**۔ (آف۔ری۔نن۔دہ) (ف۔صفت) پیدا کرنے والا۔ (مراد خداوند تعالیٰ)
**آفس**۔ (OFFICE) آ-فس) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) دفتر (۲) فرضِ منصبی۔ مخصوص کام یا خدمت (۳) عہدہ۔ منصب۔
**آفندی** (آ-فن۔دی) (ت۔ا۔ مذکر) صاحب۔ بزرگ۔ محترم۔ آقا۔ مالک۔ عثمانی دور میں ترکی میں چھوٹے افسروں کا لقب۔
**آفیسر**۔ (OFFICER) آ-فی۔سر) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) افسر۔ حاکم۔ عہدہ دار (۲) اہل کار۔ عامل۔

# آ-ق

**آقا**۔ (آ-قا) (ت۔ا۔ مذکر) (۱) مالک۔ صاحب (۲) خاوند۔ (۳) حاکم۔
**آقائے ولی نعمت**۔ خداوند نعمت۔ سرکار۔

# آ-ک

**آک**۔ (ہ۔ا۔ مذکر) ایک درخت کا نام جسے مدار اور اکوا بھی کہتے ہیں۔
**آک کی بڑھیا**۔ (۱) وہ روئی جو آک کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے (۲) بہت بوڑھی عورت۔
**آکا**۔ (آ-کا) (ت۔ا۔ مذکر) (۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ خطاب۔ میاں۔ صاحب وغیرہ کی جگہ۔
**آکا بھائی**۔ ادب اور پیار سے بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔
**آکاس**۔ دیکھیے آکاش۔
**آکاش**۔ (آ-کاش) (س۔ا۔ مذکر) آسمان۔ خلا۔
**آکاش بیل**۔ امر بیل جس کی جڑ نہیں ہوتی۔
**آکاش وانی**۔ غیبی آواز۔ آسمانی آواز۔ الہام۔ مکاشفہ۔
**آکسیجن** (OXYGEN) آک۔سی۔جن) (انگ۔ا۔ مؤنث) ایک بے رنگ اور بے ذائقہ گیس، جو زندگی کے لیے ضروری ہے۔

Marfat.com

آکھر۔ (آ۔کھر) (ہ۔ا۔مؤنث) اچھرایوں کے رہنے کی جگہ۔ شیر کا مسکن۔

آکھلاپن۔ (آ۔کھ۔لا۔پن) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) گھوڑے کی کود پھاند۔ (۲) شوخی۔ شرارت۔

# آ۔گ

آگ (ہ۔ا۔مؤنث) (۱) آتش (۲) جلن۔ گرمی (۳) کام کا شوق یا جذبہ (۴) محبت (۵) دشمنی (۶) مستی۔ شہوت (۷) آتشک (۸) بھڑک۔ پیاس (۹) جھگڑا۔ (۱۰) بلا۔ آفت (۱۱) حسد۔ غصّہ (۱۲) (صفت) کھولتا ہوا۔ گرم (۱۳) مزاجاً گرم (۱۴) سرخ۔ دہکتا ہوا۔ انگارا (۱۵) تیز مزاج غضب ناک (۱۶) مہنگا۔

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے۔ (مثل) تھوڑی آگ اور کمزور دشمن کو بھی حقیر نہ سمجھنا چاہیے۔

آگ ببولا۔ (۱) دہکتا ہوا۔ لال۔ سرخ (۲) غصّے میں بھرا ہوا۔

آگ بجھانا۔ (۱) آگ پر پانی ڈالنا (۲) جھگڑا مٹانا۔ (۳) خواہش پوری کرنا (۴) حسد نکالنا۔ دشمنی نکالنا (۵) پیاس بجھانا۔ بھوک مٹانا۔ پیٹ بھرنا۔

آگ برسنا۔ (۱) نہایت تیز گرمی پڑنا۔ (۲) سخت گولہ باری ہونا۔

آگ بگولا۔ دیکھیے آگ ببولا۔

آگ بھبھوکا۔ دیکھیے آگ بگولا۔

آگ بھری ہونا۔ (۱) سوز و گداز ہونا (۲) جلن ہونا (۳) دشمنی ہونا۔ (۴) گرم مزاج ہونا (۵) پُر شہوت ہونا (۶) آتشک ہونا۔

آگ بھڑکانا۔ (۱) آگ کو ہوا دے کر مشتعل کرنا (۲) فساد بڑھانا۔ (۳) غصّہ دلانا۔ (۴) شوق بڑھانا۔ بے قرار کرنا۔

آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے۔ (مثل) دو مخالف چیزیں ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں۔

آگ پانی کا بیر۔ آگ اور پانی کی طبیعت میں ضد ہے۔ فطری مخالفت۔

آگ پانی کا کھیل۔ (۱) جب کوئی چیز پکانے میں بگڑ جائے تو کہتے ہیں کہ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے (۲) آگ پانی سے چلنے والی کلیں۔

آگ پانی میں لگانا۔ دیکھیے پانی میں آگ لگانا۔

آگ پر تیل چھڑکنا، ڈالنا۔ (۱) آگ اور بھڑکانا (۲) جھگڑے کو اور زیادہ کرنا۔ غصّے کو تیز کرنا۔

آگ پر لوٹنا۔ (۱) بہت بیقرار ہونا۔ تڑپنا (۲) حسد سے جلنا۔

آگ پڑنا۔ (۱) سخت دھوپ ہونا (۲) بُرا لگنا۔ جلنا (۳) گرانی ہونا۔

آگ پھانکنا۔ (۱) جھوٹ بولنا (۲) مبالغہ کرنا۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔ بہتان لگانا (۳) حسد کرنا (۴) گراں قیمت پر کوئی چیز خریدنا۔

آگ پھوس میں بیر ہے۔ (مثل) (۱) آگ اور پھوس کا ساتھ ممکن نہیں۔ (۲) جوان مرد اور عورت کا ایک جگہ رہ کر پاک رہنا محال ہے۔

آگ تلووں سے لگنا۔ (۱) تلووں میں جلن ہونا۔ (۲) نہایت غصّے ہونا (۳) آتش رشک بھڑکنا۔

آگ جانے لُہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے۔ (مثل) اچھائی برائی سے کیا غرض میں تو حکم کی تعمیل کروں گا۔

آگ دکھانا۔ آگ لگانا۔ فلیتہ دینا۔ سُلگانا یا سلگانا۔

آگ دہکانا۔ آگ جلانا۔

آگ دینا۔ (۱) جلانا۔ آگ لگانا۔ (۲) مُردہ کو جلانا۔

آگ سُلگانا۔ (۱) آگ روشن کرنا۔ (۲) لگائی بجھائی کرنا۔

آگ سُلگنا۔ (۱) آگ جلنا۔ آگ سے دھواں نکلنا (۲) سوزِ عشق ہونا۔ جلن ہونا۔

آگ سے پانی ہو جانا۔ (۱) غصّے کا دھیما پڑ جانا۔ خفگی باقی نہ رہنا۔ (۲) نرم یا ملائم ہو جانا۔

آگ کا باغ۔ (۱) سُنار کا انگیٹھا۔ آتش دان۔ (۲) آتش بازی (۳) بہت سی دیگوں کا پکنا (۴) آتش نمرود جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے باغ بن گئی تھی۔

آگ کا پتنگا۔ شرارہ۔ چنگاری۔ جلتا ہوا کوئلہ۔

آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے۔ (مثل) (۱) آگ کے جلے کو سینکنا مفید پڑتا ہے۔ علاج بالمثل (۲) جس چیز سے نقصان ہوتا ہے کبھی اسی سے فائدہ بھی ہو جاتا ہے (۳) بد کے ساتھ بدی سے پیش آنے پر اسے سمجھ آتی ہے۔ جیسے کو تیسا۔

آگ کا کھیل۔ (۱) آتش بازی (۲) پکانے ریندھنے کا کام۔

آگ کجلانا۔ آگ کا ٹھنڈا ہو جانا۔

آگ کھانا انگارے اگلنا۔ (مثل) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ جیسا بونا ویسا کاٹنا۔ بدی کے عوض بدی۔

آگ کھانے منہ جلے، اُدھار کھائے پیٹ۔ (مثل) جیسے آگ کھانے سے منہ جلتا ہے اسی طرح قرض سے پیٹ بھر کر سخت تکلیف ہوتی ہے۔

آگ کہتے منہ نہیں جلتا۔ (مثل) کسی چیز کا نام لینے سے اس کا اثر نہیں ہوتا۔ زہر کا نام لینے سے آدمی نہیں مرتا۔

آگ کے لُوکے اُٹھنا۔ (۱) آگ کے شعلے بلند ہونا (۲) جی جلنا (۳) گرم زمین سے پانی چھڑکنے کے وقت بھبکے اٹھنا۔

آگ کے مول۔ بہت قیمتی۔ گراں۔

آگ لگا (کے) کر پانی کو دوڑنا۔ جھگڑا اٹھا کر بظاہر مٹانے کی کوشش کرنا۔ لڑائی کروا کر صلح کے درپے ہونا۔ زخم دے کر ہمدردی ظاہر کرنا۔

آگ لگانا۔ (۱) آگ دینا۔ جلانا۔ (۲) سوزش پیدا کرنا۔ جلن ڈالنا (۳) شوق بڑھانا۔ سوزِ محبت کو ابھارنا۔ رنج دینا (۴) رشک دلانا۔ حسد دلانا۔ (۵) غصّہ دلانا (۶) لڑائی کروانا (۷) آفت برپا کرنا۔ شرارت کرنا (۸) مہنگا سودا لانا۔ (۹) نقصان دینا۔ نہیں کرنا۔ (۱۰) چھوڑنا۔ لعنت بھیجنا۔ (۱۱) ضائع کرنا۔ (۱۲) بڑے بڑے کام کرنا (۱۳) بگاڑنا۔ بد وضع کر دینا۔ (۱۴) غیبت کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ (۱۵) خاطر میں نہ لانا۔ ذلیل سمجھنا (۱۶) لال لال پھولوں کا باغ کھلانا۔ لالہ زار بنانا۔

آگ لگاؤ۔ (۱) جلانے والا۔ دُکھ دینے والا (۲) لڑائی کرا دینے والا۔

Marfat.com

**آگ لگاؤں**۔ نفرت ظاہر کرنے کے لیے۔ چُولھے میں ڈالوں۔
**آگ لگائے تماشا دیکھے**۔ (مثل) اُس عیّار اور مکّار شخص کے متعلق کہتے ہیں جو فساد کرا کے تماشا دیکھے۔
**آگ لگ جائے**۔ جل جائے۔ غارت ہو۔ مر جائے۔ ناپید ہو۔ عورتوں کا یہ تکیہ کلام بھی ہے۔
**آگ لگ جانا۔ لگنا**۔ (۱) جل اُٹھنا۔ جل جانا (۲) جھُلسنا (۳) اُجڑنا۔ (۴) غائب ہونا۔ کھو یا جانا (۵) موت آنا (۶) نہایت بھڑک لگنا (۷) عشق بھڑکنا۔ (۸) بے چین ہونا۔ (۹) رشک ہونا۔ حسد ہونا (۱۰) بُرا لگنا (۱۱) خفا ہونا۔ کُڑھنا۔ (۱۲) سوزش ہونا۔ مرچیں لگنا۔ جھلّا جانا۔ (۱۳) سُرخ پھُولوں کا کِھلنا۔ بہت سے چراغ جلنا (۱۴) بہت مہنگا ہونا۔ قحط پڑنا (۱۵) دھاک ہونا۔ شہرہ ہونا۔ (۱۶) رخصت ہونا۔ دفع ہونا (۱۷) بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔
**آگ لگے**۔ (۱) بددُعا۔ برباد ہو۔ غارت ہو جائے۔
**آگ لگے پر بِلی کا مُوت ڈھونڈنا**۔ (مثل) ایسے وقت کوشش کرنا۔ خطرۂ عظیم میں کیاب اور ناممکن الحصول چیزوں کی طرف توجہ دینا۔
**آگ لگے پر پانی کہاں** (مثل) (۱) غصّے میں سمجھ، ہوش اور صبر نہیں رہتا۔ (۲) محبت اور حرص کے جوش میں عقل اور غیرت نہیں رہتی۔
**آگ لگے پر کنواں کھودنا**۔ (مثل) صدمہ پہنچنے کے بعد اس کا تدارک کرنا۔ فضول اور بے وقت کام کرنا۔
**آگ لگے تو بُجھے جل سے، جل میں لگے تو بُجھے کیسے**۔ (مثل) بچّے کی اصلاح کی جا سکتی ہے مگر عادی مجرم کسی طرح درست نہیں ہو سکتا۔
**آگ لینے آنا**۔ (۱) آگ مانگنے آنا (۲) آکر جلدی چلا آنا۔
**آگ میں آگ لگانا**۔ (۱) رنجیدہ کو اور صدمہ دینا۔ (۲) فساد میں اور فساد کرنا۔ (۳) غصّے میں اور غصّہ دلانا۔
**آگ میں جلنا**۔ (۱) آگ میں بھُننا (۲) سوزشِ عشق میں جلنا۔
**آگ میں جھونک دینا۔ جھونکنا**۔ (۱) دیدہ و دانستہ بلا میں پھنسا دینا۔ (۲) کسی لڑکی کو ایسے گھر میں بیاہ دینا جہاں اس کو ہر گھڑی تکلیف پہنچے (۳) سخت ایذا دینا۔
**آگ نہ اُگل لعل اُگل**۔ (مثل) بُری باتیں چھوڑ، اچھی باتیں کر۔
**آگ ہو جانا۔ ہونا**۔ (۱) گرم ہو جانا۔ جل اُٹھنا (۲) غصّے میں لال ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
**آگا**۔ (آ۔گا) ہ۔ ا۔ مذکر۔ (۱) کسی چیز کا اگلا حصّہ۔ سامنا (۲) پوشاک کا وہ حصّہ جس سے جسم کا اگلا رُخ ڈھکے (۳) استقبال۔ آئندہ (۴) انجام۔ آخرت۔
**آگا پیچھا**۔ (۱) لباس کا اگلا پچھلا حصّہ (۲) انسان کا پس و پیش (۳) ہر کام کی ابتدا و انتہا۔ آغاز و انجام۔
**آگا پیچھا دیکھنا۔ سوچنا**۔ آغاز و انجام پر نگاہ رکھنا۔
**آگا تاگا لینا**۔ خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔
**آگا دیکھا نہ پیچھا**۔ آغاز سوچا نہ انجام۔ بُرا بھلا کچھ بھی نہ سوچا۔
**آگا دیکھ کے**۔ (۱) آنکھیں کھول کر۔ سامنے دیکھ کر (۲) احتیاط کے ساتھ۔ سمجھ بُوجھ کے ساتھ۔
**آگاہ** (آ۔گاہ) ف۔ صفت۔ خبردار۔ واقف۔ جاننے والا۔
**آگاہی** (آ۔گا۔ہی) ف۔ امؤنث۔ واقفیت۔ خبر۔ علم۔

**آگہ**۔ (آ۔گہ) آگاہ کا مخفف۔
**آگہی**۔ (آ۔گ۔ہی) آگاہی کا مخفف۔
**آگے**۔ (آ۔گے) (م) (۱) پیچھے کی ضد (۲) سامنے (۳) جیتے جی زندگی میں (۴) اس کے پیچھے۔ اس کے بعد (۵) آگے کو۔ (۶) فرق (۷) پہلے (۸) زیادہ (۹) گود میں (۱۰) آئندہ۔ اس کے بعد (۱۱) دوبارہ (۱۲) دُوسرا۔ اور تب۔ پھر (۱۳) زیادہ۔ سوا۔ (۱۴) پیشتر۔ سابق میں۔ اگلے زمانے میں۔ اس سے پہلے (۱۵) ہاتھ کے نیچے۔ قریب۔ نیچے۔ نیابت میں۔
**آگے آگرہ پیچھے لاہور** (مثل) غلط راستے پر پڑے ہیں۔
**آگے آگے**۔ (۱) آگے کی تاکیدی صورت (۲) آئندہ کو۔ زمانہ مستقبل میں۔ رفتہ رفتہ۔ چند روز میں۔
**آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا**۔ (مثل) جس لیاقت کا اُستاد ہوتا ہے شاگرد بھی ویسی ہی لیاقت کا ہوتا ہے۔
**آگے آگے ہونا**۔ پیش پیش ہونا۔
**آگے آنا**۔ (۱) سامنے آنا۔ (۲) نزدیک آنا۔ (۳) سامنا کرنا (۴) آڑے آنا۔ کام آنا (۵) واقع ہونا۔ ظاہر ہونا (۶) پاداش پانا۔ بھوگنا۔
**آگے آیت**۔ بات ختم ہوئی۔ فقرہ پُورا ہُوا۔ بس۔
**آگے بڑھنا**۔ (۱) آگے چلنا۔ (۲) لڑنے کے واسطے سامنے ہونا (۳) دُور نکل جانا۔ پرے چلا جانا۔ (۴) ترقی کرنا۔ سبقت لے جانا (۵) استقبال کرنا (۶) چلا جانا۔
**آگے پیچھے**۔ (۱) سامنے اور عقب میں۔ مقابل اور غائب میں (۲) ایک کے بعد ایک۔ لگاتار۔ قطار در قطار۔ (۳) دیر سویر (۴) بے ترتیب۔ الٹ پلٹ۔
**آگے پیچھے سب چل بسیں گے، سب کو موت کا مزہ چکھنا ہے**۔
**آگے پیچھے نہ ہونا**۔ تن تنہا ہونا۔ بے وارث ہونا۔
**آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں، پیچھے دیکھتے آنکھیں پھُوٹیں**۔ (مثل) (۱) جہاں پر کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے دونوں میں خرابی ہو۔ وہاں بولتے ہیں (۲) مجبوری و معذوری۔
**آگے چل کر**۔ آئندہ۔ مستقبل میں۔ کچھ دن بعد
**آگے خدا کا نام**۔ (۱) خدا کے نام کے سوا اور کچھ نہیں (۲) بس ختم ہے (۳) اس کے آگے کچھ نہیں۔
**آگے خیریت ہے**۔ آئندہ کچھ نہیں ہے۔ بس ختم۔
**آگے دوڑ پیچھے چھوڑ**۔ (مثل) ایک کام تمام نہیں ہُوا کہ دُوسرا شروع کر دیا۔
**آگے دیکھ کے**۔ (۱) سامنے نظر کر کے (۲) سنبھل کر۔ دیکھ بھال کر۔
**آگے دیکھیے کیا ہوتا ہے**۔ نہیں معلوم آئندہ کیا ہونے والا ہے۔
**آگے ڈالنا**۔ (۱) سامنے رکھ دینا۔ رُوبرُو ڈال دینا (۲) گزارہ کے واسطے بیوہ عورت کی روپیہ سے مدد کرنا۔
**آگے سے**۔ (۱) سامنے سے (۲) پہلے سے۔ ابتدا سے۔
**آگے سے ہوتی آئی ہے**۔ قدیم سے دستور ہے۔ پُرانی رسم ہے۔
**آگے قسمت**۔ آئندہ جو نصیب میں ہو۔
**آگے کا قدم پیچھے پڑنا**۔ (۱) پیچھے ہٹنا۔ (۲) تنزّل کرنا۔ گھٹنا (۳) رعب چھا جانا۔ گھبرا جانا۔
**آگے کرنا**۔ (۱) سامنے کرنا (۲) پیش کرنا۔
**آگے کنواں پیچھے کھائی**۔ (مثل) دونوں طرف سے خطرہ۔ کام کرنے

Marfat.com

میں بھی خرابی ہے اور نہ کرنے میں بھی۔

**آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا۔** سب سے اچھا کمہار کا گدھا۔ (مثل) جس کا والی وارث کوئی نہ ہو۔ نتھا۔ نکھٹو۔

**آگے ہاتھ پیچھے بات۔** (مثل) اس قدر غریب ہے کہ تن پر کپڑا بھی نہیں۔ ایک ہاتھ آگے اور ایک پیچھے لگا ہُوا ہے۔

**آگے ہونا۔** (۱) آگے بڑھنا (۲) عورت کا اپنے رشتہ داروں کے سامنے ہونا۔ پردہ نہ ہونا۔ (۳) لڑنے کو کھڑا ہو جانا۔ مقابلہ کرنا۔

**آگے ہی پہلے ہی۔** اوّل ہی۔ اوّل ہی سے۔

**آگیا۔** (آ۔گ۔یا) (س۔ امؤنث) (۱) فرمان۔ ہدایت (۲) اجازت۔ حکم۔

**آگیا پانا۔** حکم بجالانا۔ فرماں برداری کرنا۔

**آگیا دینا۔** (۱) حکم دینا۔ ہدایت کرنا۔ ۲۔ اجازت دے دینا۔

---

# آ۔ل

---

**آل۔** (ع۔ امؤنث) (۱) اولاد۔ بیٹے۔ پوتے (۲) کنبہ

**آل اولاد۔** بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ نواسا نواسی۔

**آل پیمبر۔ آل رسول۔ آل نبی۔** رسول مقبولؐ کی بیٹی کی اولاد۔ سادات۔

**آل عبا۔** وہ لوگ جن پر رسول اکرمؐ نے اپنی کملی ڈال کر محبت ظاہر فرمائی یعنی حضرت علیؓ و فاطمہؓ و حسنؓ و حسینؓ رضی اللہ عنہم۔

**آل و اطفال۔** بال بچے۔ پوتا پوتی۔ نواسا نواسی۔

**آل۔** (ہ۔ امذکر) (۱) ایک درخت جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے (۲) لمبا گھیا (۳) (مؤنث) پیاز کی پتی اور ڈنٹھل (۴) نمی۔ تری۔

**آل کا رنگ۔** لال رنگ۔ وہ سُرخ رنگ جو آل درخت کی جڑ سے نکلتا ہے۔

**آل۔** (ا۔ ALL) (انگ۔ صفت) کُل۔ سب۔ جملہ۔ تمام۔

**آلا۔** (آ۔لا) (ہ۔ صفت) (۱) گیلا۔ تر۔ نم (۲) ہرا زخم (۳) (امذکر) دیوار میں چراغ یا کسی چیز کے رکھنے کی جگہ۔ طاق (۴) آلا اودل کا قصہ (۵) لمبی چوڑی داستان (۶) گتکہ بازوں کی اصطلاح میں دونوں طرف سر کرنا۔

**آلا گانا۔** (۱) اپنا جھینکنا سنانا۔ اپنا رونا رونا (۲) ایک ہی داستان گئے جانا۔

**آلا بالا۔** (آ۔لا۔با۔لا) (ہ۔ امذکر) (۱) ٹال مٹول۔ دم دلاسا۔ بہانہ (۲) چال فریب (۳) سستی۔ کاہلی۔

**آلا بالا بتانا دینا** (بتانا) (۱) ٹال دینا (۲) فریب دینا۔ دھوکہ دینا۔

**آلاپ** (آ۔لاپ) (س۔ امؤنث) (۱) آواز۔ نغمہ (۲) گانے میں سروں کا اونچا کرنا۔ تان۔ سُر۔ گیت۔ نیز دیکھیے الاپ۔

**آلات۔** (آ۔لا۔ت) (ع۔ امذکر) آلہ کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار۔

**آلاتِ حرب۔** لڑائی کے ہتھیار۔

**آلاتِ کشاورزی۔** کھیتی باڑی کے اوزار۔

**آلام۔** (آ۔لام) (ع۔ امذکر) الم کی جمع۔ رنج و غم۔

**آلان۔** (آ۔لان) (س۔ امذکر و مؤنث) (۱) وہ کڑا یا زنجیر جس سے ہاتھی کا پاؤں باندھا جاتا ہے (۲) ہاتھی کی پیٹھ کا گدا۔

**آلائش** (آ۔لا۔ئش) (ف۔ امؤنث) (۱) آلودگی۔ غلاظت۔ میل کچیل (۲) پھوڑے کی پیپ اور لہو (۳) مواد (۴) انتڑیوں کے اندر بھرا ہُوا فضلہ۔

**آلپٹنا۔** (آ۔ل۔پٹ۔نا) (ہ۔ مص) آکر چمٹ جانا۔

**آلت۔** (آ۔لت) (ف۔ امذکر) (۱) آلہ۔ اوزار۔ ہتھیار (۲) جہاز کی رسی (۳) برتن (۴) عضو تناسل۔

**آل تمغا** (آل۔تم۔غا) (ت۔ف۔ امذکر) (۱) سُرخ مہر (۲) مجازاً فرمانِ شاہی۔ بادشاہی مُہر (۳) معافی یا جاگیر کی سند۔

**آلتی پالتی۔** (آل۔تی۔پال۔تی) (ہ۔ امؤنث) ایک قسم کی بیٹھک۔ چار زانو۔

**آلتی پالتی مارنا۔** چار زانو بیٹھنا۔

**آلسی۔** (آل۔سی) (ہ۔ صفت) سست۔ کاہل۔ ڈھیلا۔

**آلسی سدا روگی۔** سست آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔

**آلکس** (آل۔کس) (ہ۔ امؤنث) (۱) سستی۔ کاہلی۔ کسل (۲) نیند غنودگی۔ اونگھ۔

**آلکس آنا۔** سستی آنا۔ ماندگی معلوم ہونا۔ نیند آنا۔

**آلکسی۔** (آل۔ک۔سی) (ہ۔ امؤنث) سستی۔ کاہلی۔

**آلکسیا۔** (آل۔ک۔س۔یا) (ہ۔ صفت) (۱) کاہل۔ سست (۲) مجنون۔

**آلگنا۔** (آ۔لگ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) قریب تر ہونا (۲) لگاتار میں چمٹے رہنا (۳) جڑ جانا۔ چمٹنا۔

**آلو۔** (آ۔لو) (ہ۔ امذکر) ایک مشہور ترکاری۔

**آلو۔** (آ۔لو) (ف۔ امذکر) ایک پھل۔ اردو میں مرکب استعمال ہوتا ہے جیسے آلو بخارا۔ شفتالو۔

**آلو بخارا۔** ایک قسم کا شیریں و ترش پھل جو بخارا سے منسوب ہے۔

**آلوچہ۔** آلو بخارے سے مشابہ ایک ترش میوہ۔

**آلود۔** (آ۔لود) (ف۔ صفت) لتھڑا ہُوا۔ مرکبات میں بطور لاحقے کے استعمال ہوتا ہے جیسے خون آلود۔

**آلودگی۔** (آ۔لو۔دگی) (ف۔ امؤنث) (۱) ناپاکی۔ گندگی (۲) گرد کا بیٹھا (۳) گنہگاری۔ پاپ۔

**آلودہ۔** (آ۔لو۔دہ) (ف۔ صفت) (۱) لتھڑا ہُوا۔ بھرا ہُوا۔ ناپاک نجس۔ پلید (۲) مبتلا۔ پھنسا ہُوا (۳) گناہ گار۔ پاپی۔

**آلودہ دامن۔ آلودۂ عصیاں۔ آلودۂ گناہ۔** گناہ گار۔

**آلودہ کرنا۔** بھرنا۔ لتھیڑنا۔ سانا۔

**آلوشفتالو۔** (آ۔لو۔شف۔تا۔لو) (ف۔ امذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔

**آلہ۔** (آ۔لہ) (ع۔ امذکر) اوزار۔ ہتھیار۔ ذریعہ۔ جمع: آلات۔

**آلۂ تناسل۔** نسل بڑھانے کا عضو۔ ذکر۔ عضو تناسل۔

**آلۂ تنفس** (۱) سانس لینے کا آلہ (۲) وہ عضو جن کے ذریعہ سانس لی جاتی ہے۔

**آلۂ کار۔** کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔

Marfat.com

آلی (آ - لی) (ہ - صفت) (۱) تر - گیلی - نم - (۲) باکرہ - خام - کچی - (۳) (مونث) سکھی - سہیلی -

آلے بالے (آ - لے - با - لے) (ہ - ا - مونث) حیلے - حوالے بہانے - ٹال مٹول -

# آ - م

آم (ہ - ا - مذکر) منطقہ حارہ کا ایک مشہور اور لذیذ پھل - انبہ -

آم بوؤ آم کھاؤ املی بوؤ املی کھاؤ - (مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے -

آم پال رکھنا، ڈالنا - ایک خاص طریقے سے گدرائے ہوئے آموں کو گرم چیز میں دبانا تا کہ پک جائیں -

آم پھلنا - آم کا درخت میں لگنا - آم کی فصل ہونا -

آم ٹپکنا - آم کا پختہ ہو کر ڈال سے گرنا -

آم چوسنا - پختہ آم کو نرم کرکے اس کا رس چوسنا -

آم ڈھل جانا - آم کا رکھے رکھے زیادہ ملائم ہو کر بے مزا ہو جانا -

آم کا ٹپکا لگنا - درختوں سے پک کر آم ٹپکنا شروع ہونا -

آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے - (مثل) اپنے مطلب سے مطلب ہے - حجت سے کوئی غرض نہیں -

آم کھائے پال کا - خربوزہ کھائے ڈال کا - پانی پیئے تال کا - ان چیزوں کے صحیح استعمال کا طریقہ یہی ہے - یہ اسی صورت میں لذیذ ہوتی ہیں -

آم کے آم گٹھلی کے دام - (مثل) آم کھائے گٹھلیوں کو بیچ کر دام وصول کیے - کسی کام میں ہر صورت سے نفع ہونا - دوہرا فائدہ ہونا -

آم میں (بور) مور آنا - آم کے درخت میں پھول ہونا -

آماج (آ - ماج) (ف - ا - مذکر) نشانہ - ہدف -

آماجگاہ - نشانہ کی جگہ -

آمادگی - (آ - ما - دَ - گی) (ف - ا - مونث) رضامندی - مستعدی -

آمادہ - (آ - ما - دہ) (ف - صفت) رضامند - مستعد - تیار -

آمادۂ فساد - فساد کرنے پر تیار - فسادی - جھگڑالو -

آماس - (آ - ماس) (ف - ا - مذکر) سُوجن - ورم -

آمال - (آ - مال) (ع - ا - مونث) امل کی جمع - امیدیں -

آمد - (آ - مد) (ف - ا - مونث) (۱) آنا - تشریف لانا - از خود خیال آنا - بلا تکلف مضمون ذہن میں آنا - بے ساختگی (۲) آمدنی - (۳) حاصل - یافت -

آمد آمد - آنے کا چرچا - آنے کا ذکر - جلد آنے کی توقع -

آمد آمد پھیلنا - آنے کی خبر مشہور ہونا -

آمد برآمد کے دن - رُت پھرنے کا زمانہ - فصل تبدیل ہونے کا وقت - موسم بدلنے کے دن -

آمد سخن - کلام کا بلا تکلف ذہن میں آنا -

آمدم برسر مطلب - اب میں اصل مطلب بیان کرتا ہوں -

آمد والا - وہ شخص جس کو بڑی یافت ہو - آمدنی والا -

آمد و خرچ - آمدنی اور خرچ -

آمد و رفت - (۱) آنا جانا (۲) میل ملاپ - تعلق (۳) ٹریفک -

آمد و رفت ہونا - راہ و رسم رہنا - آتے جاتے رہنا -

آمد و رفت لگی رہنا - آنے جانے کا تار بندھا رہنا -

آمد و شُد - (۱) آمد و رفت (۲) رہگزر (۳) راہ و رسم -

آمدن - (آ - مَ - دن) (ف - مص) (۱) آنا (۲) (اُر) آمدنی - یافت -

آمدن بہ ارادت رفتن بہ اجازت - (مثل) اپنی خوشی سے آنا دوسرے کی خوشی سے جانا -

آمدنی - (آ - مَد - نی) (ف - ا - مذکر) حاصل - فائدہ - بچت - نفع

آمدنی کا موسم (۱) وہ دن جن میں غلہ یا سوداگری کا مال آتا ہے - دساور آنے کے دن (۲) نفع کا زمانہ -

آمدنی کے سر سہرا ہے - (مثل) آمدنی ہی سے سارا ٹھاٹھ درست ہوتا ہے -

آمدہ - (آ - مَ - دہ) (ف - صفت) آیا ہوا -

آمر - (آ - مِر) (ع - صفت - و - ا - مذکر) حاکم - حکم دینے والا - مطلق العنان ڈکٹیٹر -

آمرانہ - (آ - مِ - را - نہ) (ف - صفت) منسوب بہ آمر - حاکمانہ -

آمرزش - (آ - مُر - زِش) (ف - ا - مونث) بخشش -

آمرزگار - (آ - مُرز - گار) (ف - صفت) بخشنے والا - معاف کرنے والا - خدا تعالیٰ

آمرزگاری - (آ - مُرز - گا - ری) (ف - ا - مونث) بخشش -

آمریت - (آ - مِ - ری - یت) (ع - ا - مونث) آمر یا ڈکٹیٹر کا منصب مطلق العنانی - کُلی اختیار و اقتدار -

آملنا - (آ - مل - نا) (اُر - مص) (۱) مل جانا (۲) لپٹ جانا - بغل گیر ہونا -

آملہ - آ - مَ - لہ (ف - ا - مذکر) آنولہ - ایک ترش پھل -

آملیٹ - (OMELET) (آم - لیٹ) (انگ - ا - مذکر) انڈوں کا چیلا -

آمنا سامنا - (آم - نا - سام - نا) (ہ - ا - مذکر) (۱) مقابلہ - مڈبھیڑ (۲) لڑائی -

آمنا و صدقنا (آ - من - نا - و - صد - دق - نا) (ع) (۱) ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی (۲) بجا ہے - درست ہے -

آمنے سامنے (آم - نے - سام - نے) (ہ) ایک دوسرے کے آگے - ایک دوسرے کے مقابل -

آمنے سامنے ہونا - رُوبرُو ہونا - مقابل ہونا -

آموختنی (آ - موخ - ت - نی) (ف - صفت) سیکھنے کے لائق - سکھانے کے قابل -

آموختہ - (آ - موخ - تہ) (ف - ا - مذکر) پڑھا ہوا سبق - سیکھا ہوا -

آموختہ پڑھنا، پھیرنا - پڑھے ہوئے کو دہرانا -

آموز (آ - موز) فارسی مصدر آموختن (سیکھنا، سکھانا) کا اسم فاعل - یعنی سیکھنے والا یا سکھانے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سبق آموز، نصیحت آموز -

آموزش - (آ - مو - زِش) (ف - ا - مونث) سکھائی -

آموزگار - (آ - موز - گار) (ف - صفت - و - ا - مذکر) سکھانے والا - اُستاد - معلم -

آمیختہ - (آ - میخ - تہ) (ف - صفت) ملایا ہوا -

آمیز - (آ - میز) فارسی مصدر آمیختن (ملنا - ملانا) کا اسم فاعل - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے کم آمیز -

آمیزش - (آ - مے - زش) (ف - ا - مونث) ملاوٹ - ملونی -

آمیزش ہونا - (۱) میل ہونا (۲) یک ذات ہونا (۳) گھل مل جانا -

Marfat.com

میل جول ہو جانا۔

**آمیزہ**۔ (آ۔ مے۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذکر) محلول (دواؤں کا)۔ دو یا دو سے زائد چیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات نہ ہوں۔ مکسچر (MIXTURE)

**آمین**۔ (آ۔ مین) (ع ا) (۱) اے خدا ایسا ہی ہو۔ خدا دعا قبول کرے۔ (۲) ختم قرآن شریف کی تقریب۔

آمین آمین۔ آمین کا تاکیدی فقرہ۔

آمین آمین ہونا۔ (۱) امن چین ہونا (۲) خوشیاں منانا۔ مراد بر آنا۔

آمین اللہ۔ (۱) خدا یوں ہی کرے۔ خدا قبول کرے۔ (۲) خدا کی پناہ۔ خدا نہ کرے۔ توبہ۔ نعوذ باللہ۔

آمین پڑھنا۔ ختم قرآن کے بعد جو کچھ دعائیہ اشعار پڑھے جاتے ہیں۔ اُسے آمین پڑھنا کہتے ہیں۔

آمین کہنا۔ (۱) دعا مانگنے کے بعد لفظ آمین زبان پر لانا (۲) قبول کرنا۔ ماننا (۳) ہاں میں ہاں ملانا۔

آمین کہنے والے۔ ہاں میں ہاں ملانے والے۔ خوشامدی۔

## آ۔ ن

**آن**۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) قسم۔ عہد۔ سوگند (۲) بڑوں کی رسم کے خلاف (۳) ضد (۴) عادت (۵) آرزو۔ تمنا (۶) خاطر۔ پاس۔ خوشی۔ مرضی (۷) شرم۔ حیا (۸) آبرو۔ عزت۔

آن توڑنا۔ (۱) قول قرار توڑنا۔ قسم توڑ دینا۔ (۲) رسم کے خلاف کرنا۔

آن جانا۔ بات خراب ہونا۔ آبرو جانا۔

آن رہ جانا۔ بات رہ جانا۔ آبرو رہ جانا۔

**آن**۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) شان و شوکت (۲) ادا۔ معشوقانہ چھب (۳) وضع۔ ڈھنگ (۴) غرور۔ گھمنڈ۔

آن بان۔ شان و شوکت۔ ٹھاٹ۔ بانکپن۔

آن بان سے رہنا۔ شان و شوکت سے بسر کرنا۔

آن بان والا۔ (۱) شان و شوکت والا (۲) وضع دار۔ غیرت دار۔

آن نکلنا۔ معشوقانہ انداز پیدا ہونا۔ حسن و خوبی کا چمکنا۔

**آن**۔ (ع۔ ا۔ مونث) وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ ساعت۔

آن کا مہمان۔ کوئی دم کا مہمان۔ جلد دنیا سے جانے والا۔

آن کی آن میں۔ آناً فاناً۔ ذرا سی دیر میں۔

آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔

آن واحد میں۔ ایک آن میں۔ لمحے بھر میں۔

**آن** (ہ) آنا کا مخفف۔

آن بننا۔ مصیبت پڑنا۔ بلا نازل ہونا۔ آپھنسنا۔

آن پڑنا۔ (۱) یکایک آگرنا۔ ایکا ایکی وارد ہونا (۲) بے کوشش ہاتھ لگنا۔ (۳) ٹوٹ پڑنا۔ حملہ کرنا (۴) مصیبت پڑنا۔ (۵) پھنسنا۔ گرفتار ہونا (۶) کسی کے سر پر بوجھ پڑنا (۷) پناہ میں آنا۔ قدموں میں آجانا۔

آن پہنچنا۔ داخل ہونا۔ کنارے لگنا۔ آجانا۔

آن لینا۔ آلینا۔ آکر مل جانا۔

آن ملنا۔ آجانا۔ مل جانا۔

آن نکلنا۔ آنکلنا۔

**آں**۔ (ف۔ ض۔ اشارہ) (وزن غنہ) وہ۔

آنجناب۔ جناب والا۔ عالی قدر۔ مخاطب کو بجائے آپ تعظیماً آنجناب کہتے ہیں۔

آنحضرتؐ۔ آں سرورؐ۔ وہ بزرگ۔ وہ سردار۔ تعظیماً پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے بجائے نام کی جگہ بولتے ہیں۔

آں دفتر را گاؤ خورد۔ اُس دفتر کو بیل کھا گیا۔ ایسی چیز کے متعلق کہتے ہیں جس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا ہو۔

آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک۔ (مثل) جس کا حساب صاف ہو اسے پڑتال کا خوف نہیں۔

آں قدح بشکست و آں ساقی نماند (مثل) وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ پلانے والا نہ رہا۔ وہ زمانہ ہی نہ رہا۔ وہ صحبتیں ہی نہ رہیں۔

**آنا**۔ (آ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جانا کی ضد۔ آپہنچنا۔ نازل ہونا۔ حاضر ہونا۔ نمودار ہونا۔ داخل ہونا (۲) واقف ہونا۔ جاننا۔ سیکھ لینا (۳) مائل ہونا۔ راغب ہونا (۴) دُکھنا۔ پُرآشوب ہونا۔ (آنکھ کے لیے مستعمل ہے)

آنا جانا۔ (۱) آمد و رفت (۲) میل ملاپ۔ میل جول۔

**آنا**۔ (آ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) روپے کا سولھواں حصہ۔ چار پیسے کا سکہ۔ اکنی (۲) حصہ۔ بھاگ۔ قسمت۔

آنا پائی۔ حبہ حبہ۔ بالکل۔ ایک ایک پیسہ۔

آنا پائی سے چکانا۔ ایک ایک پائی ادا کر دینا۔ بے باق کر دینا۔

آنا نہ پائی نری پاؤں گھسائی۔ بے کار دوڑ دھوپ۔ مفت کی محنت۔

**آناً فاناً**۔ (آ۔ نن۔ فا۔ نن) (ع۔ تابع فعل) ایکا ایکی۔ جھٹ پٹ۔

**آنا کانی**۔ (آ۔ نا۔ کا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) سنی ان سنی کرنے کی حالت۔ نہ دھیان دینے کی حالت (۲) ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔

آنا کانی (دینا) کرنا۔ سُنی ان سُنی کرنا۔ دھیان نہ دینا۔

**آنب**۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) آم۔

**آنبا ہلدی**۔ (آں۔ با۔ ہل۔ دی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک قسم کی سُرخ ہلدی۔ آما ہلدی۔

**آنت**۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) انتڑی (۲) کنایۃً لمبی چیز۔

آنت اُترنا۔ بڑھ جانا۔ ایک بیماری جس میں آنت فوطوں میں اُتر آتی ہے اور اس سے آدمی کے خصیوں میں درد ہوتا ہے۔

آنت کی آنت۔ بہت لمبی چیز۔ طول طویل بات۔

آنتوں کا بل کھلنا۔ بہت سی بھوک کے بعد خوب ڈٹ کر کھانا۔

آنتوں میں بل پڑنا۔ پیٹ میں درد شروع ہو جانا۔

آنتیں الٹ جانا۔ قے ہونا۔ بہت ابکائیاں آنا۔

آنتیں سوکھنا۔ بھوک کے مارے انتڑیوں کا سوکھ جانا۔ فاقہ کشی کرنا۔

آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں۔ (مثل) بھوک کے مارے خاتمہ ہونے لگا۔ نہایت بھوک لگ رہی ہے۔

آنتیں کوستی ہیں۔ بھوک سے آنتیں فریاد کرتی ہیں۔ بہت

Marfat.com

زیادہ بھوک لگی ہے۔

آنتیں گلے آنا۔ آنتیں گلے میں آنا۔ مصیبت میں پڑنا۔ بلا میں مبتلا ہونا۔

آنتیں مُوسنا۔ بھوکا رہنا۔ بھوک کی برداشت رہنا۔

آنٹ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) ہتھیلی میں انگوٹھے اور انگلی کے درمیان کی جگہ (۲) داؤں۔ قبضہ پیچ (۳) دشمنی (۴) گرہ۔ گانٹھ (۵) پولا۔ گٹھا۔

آنٹ پڑنا (۱) گرہ پڑنا (۲) دل میں فرق آنا۔ دشمنی ہونا۔

آنٹ سانٹ۔ سازش۔ توڑ جوڑ۔ باہمی صلاح اور مشورے۔

آنٹ لگانا۔ (۱) روک پیدا کرنا (۲) چاندی کو تپا کر کھوٹا کھرا پہچاننا۔

آنٹ نکلنا۔ دل کا فرق نکلنا۔ دل صاف ہونا۔

آنٹی۔ (آں۔ ٹی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) گٹھا۔ پولا۔ (۲) سُوت یا ریشم کی لچھی (۳) لڑکوں کے کھیلنے کی گلی (۴) کشتی کا ایک پیچ جس میں ٹانگ اڑا کر حریف کو چت کرتے ہیں۔

آنٹی دینا۔ لگانا۔ مارنا (۱) اڑنگا مارنا۔ حریف کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر اسے گرا دینا۔

آنٹی کاٹنا۔ کشتی میں آنٹی لگنے پر اس کی کاٹ کرنا۔

آنچ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) گرمی (۲) شعلہ (۳) آگ (۴) تاؤ۔ جوش (۵) مادری جوشش۔ ماتا (۶) صدمہ۔ چوٹ (۷) نقصان (۸) دھار۔ روشنی (۹) شہرت۔ جوش۔ خواہش (۱۰) لالچ (۱۱) مصیبت۔ (۱۲) بھوک کی آگ۔

آنچ آنا۔ (۱) صدمہ پہنچنا۔ چوٹ لگنا (۲) نقصان ہونا (۳) عیب آنا۔

آنچ دکھانا۔ گرم کرنا۔ جلانا

آنچ کڑی ہونا۔ تیز آگ ہونا۔

آنچ نہ آنے دینا۔ (۱) آسیب یا صدمہ نہ پہنچنے دینا (۲) نقصان یا ضرر نہ ہونے دینا۔

آنچیں نکلنا۔ شعلے اٹھنا۔

آنچل۔ (آں۔ چل) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دوپٹے کا سرا۔ اوڑھنی کا پلو۔ دامن کا کنارہ۔ گھونگھٹ (۲) پستان۔ چُوچی۔

آنچل پلو۔ مقیش کی جھالر جو بھاری جوڑوں کے دوپٹے اوڑھنی وغیرہ کے کناروں پر ٹانکتے ہیں۔

آنچل پھاڑنا۔ (۱) آنچل کترنا (۲) ٹونا ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا جس عورت کے بچے نہیں جیتے وہ بچہ والی عورت کا آنچل کتر لیتی ہے اور اس کو جلا کر کھا لیتی ہے۔ جس سے حسب اعتقاد اُس کے بچے تو مر جاتے ہیں اور کھانے والی کے زندہ رہتے ہیں۔

آنچل ڈالنا۔ عورتوں میں ایک رسم ہے۔ جب دُولھا نکاح کے بعد دُلھن کے گھر ادائے رسوم کے لیے جانے لگتا ہے تو اس کی بہنیں دروازے سے اپنے بھائی کے سر پر آنچل ڈال کر صدر مقام تک لے جاتی ہیں اور اس آنچل ڈالنے کا نیگ ان کو دیا جاتا ہے۔

آنچل سر پر ڈالنا۔ (۱) دوپٹہ سر پر ڈالنا (۲) آرسی مصحف کی رسم کے وقت دولھا دُلھن کے سر پر شریا کپڑا ڈالنا۔

آنچل میں بات باندھنا۔ (۱) بات پلّے باندھنا (۲) کسی کی نصیحت یا قول کو یاد رکھنا۔

آنچل میں باندھنا۔ (۱) پلّے میں باندھنا۔ دوپٹہ میں گرہ لگانا۔ (۲) کسی چیز کو دینے کے لیے ہر وقت اپنے پاس رکھنا۔ (۳) یاد رکھنے کے لیے آنچل میں گرہ دے لینا۔ یاد رکھنا۔

آندھی۔ (آں۔ دھی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) تیز ہوا کا طوفان جھکڑ۔ گرد و غبار (۲) (صف) بہت تیز چلنے والا۔ چالاک۔

آندھی آنا۔ جھکڑ چلنا۔ اندھیاؤ آنا۔

آندھی اٹھنا۔ طوفان اٹھنا۔

آندھی جائے مینہ جائے۔ چاہے کچھ بھی ہو۔ ہر حالت میں۔

آندھی چڑھنا۔ آندھی اٹھنا۔

آندھی چھانا۔ آندھی کا غبار چھانا۔

آندھی حضرت بی بی کے دامن میں باندھی۔ (مثل) آندھی آنے کے وقت جاہل عورتیں یہ کہہ کر چلاتی ہیں۔ ان کے عقیدے سے اس طرح آندھی چلی جاتی ہے۔

آندھی کاٹنا۔ افسوں پڑھ کے انگلی سے آندھی روکنا۔

آندھی کا کوا۔ کوا آندھی کی حالت میں نہ کہیں بیٹھ سکتا ہے نہ اڑ سکتا ہے۔ مصیبت کا مارا۔ نہایت پریشان حال۔

آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا۔ آتے ہی جلدی سے رخصت ہو گیا۔

آندھی کے آم۔ (۱) آندھی کے گرے ہوئے آم (۲) بہت سستی چیز۔ (۳) چند روزہ۔ تھوڑے دن کے۔

آنر۔ (HONOUR) (آ۔ نر) (انگ۔ا۔ مونث) عزت بڑائی۔ مرتبہ۔

آنریبل۔ (HONOUZABLE) ذی عزت۔ صاحب مرتبہ۔

آنریری۔ (HONORARY) (آن۔ رے۔ ری) (انگ۔ صف) (۱) اعزازی۔ امتیازی (۲) بلا تنخواہ کام کرنے والا۔ اعزازی خدمت انجام دینے والا۔

آنسو۔ (آں۔ سُو) (ہ۔ا۔ مذکر) اشک۔ وہ پانی جو تکلیف یا خوشی میں آنکھوں سے جاری ہو جاتا ہے۔

آنسو آنا۔ آنسو بھر آنا۔ آنسو ٹپک پڑنا۔

آنسو بہانا۔ رونا۔ گریہ زاری کرنا۔

آنسو بھر آنا۔ آنکھوں میں پانی بھرنا۔ آبدیدہ ہونا۔

آنسو بھر لانا۔ آبدیدہ ہونا۔ آنکھوں سے پانی بہانا۔

آنسو بہنا۔ آنکھوں سے پانی جانا۔ رونا۔

آنسو تھمنا۔ رونا تھمنا۔ تسلی اور تشفی ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔

آنسو پونچھنا۔ (۱) آنکھوں کا پانی خشک کرنا۔ (۲) تسلی دینا۔ تسکین بخشنا۔ ڈھارس بندھانا۔

آنسو (پی جانا) پینا۔ ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔ نہ رونا۔

آنسو تھمنا۔ رونا موقوف ہونا۔ رونا بند ہونا۔

آنسو ٹپک پڑنا۔ کسی صدمہ کے اثر سے رو پڑنا۔

آنسو خشک ہونا۔ آنسو سوکھنا۔

آنسو ڈھال۔ گھوڑوں کی ایک بیماری جس سے ان کی آنکھوں سے ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے۔

آنسو کی دھار۔ آنسوؤں کا تار۔ پے در پے آنسو نکلنا۔

آنسو کی لڑی۔ (۱) آنسوؤں کا تار (۲) مسلسل آنسو بہنا۔

آنسو گرانا۔ (۱) ماتم کرنا۔ پُرسا دینا۔ رونا (۲) تعزیت کرنا۔

Marfat.com

آنسو گیس ۔ (TEAR GAS) ایک قسم کی گیس جس سے آنکھ میں مرچیں سی لگتی ہیں اور پانی بہنے لگتا ہے۔ بے قابو ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے پولیس استعمال کرتی ہے۔
آنسو نکل (آنا، پڑنا)۔ آنسو ٹپک پڑنا۔ بے اختیار آنسو گرنا۔
آنسو نکلنا۔ آنسو بہنا۔
آنسوؤں سے منہ دھونا۔ زار زار رونا۔ بہت رونا۔
آنسوؤں کا تار (بندھنا، چلنا)۔ زار و قطار رونا۔
آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا۔ مسلسل رونا۔
آنسوؤں کی جھڑی لگنا۔ مسلسل روتے رہنا۔
آنسوؤں کے تار باندھنا۔ برابر آنسو بہاتے جانا۔
آنسوؤں کے دریا میں نہانا۔ بہت زیادہ رونا۔
آنسہ ۔ (آ ۔ نِ ۔ سہ) (ع ۔ صف) کنواری لڑکی ۔ مس۔
آنک ۔ (س ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) نشان (۲) حرف (۳) بات (۴) حصہ (۵) چھکڑے یا بیل گاڑی کی بلیوں کے نیچے دبا ہوا لکڑی کا مضبوط ڈھانچہ جس میں پہیے کی دُھری ڈالی جاتی ہے (۹) ہندسہ ۔ نمبر (۱۰) سکہ ۔ حروف سکہ ۔ ضرب سکہ (۱۱) اندازہ ۔ اٹکل۔
آنکڑا ۔ (آنک ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) عدد ۔ گنتی کا نشان (۲) پیچ (۳) مویشیوں کی ایک بیماری (۴) کانٹا ۔ ہُک ۔ لوہے کا کانٹا ۔ آنکڑی لکڑی۔
آنکس ۔ (آں ۔ کس) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ہاتھی کو ہانکنے کا آلہ۔
آنکنا ۔ (آنک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) اندازہ کرنا ۔ تخمینہ کرنا (۲) منتر پڑھ کر پھونکنا ۔ عمل یا منتر سے زہریلے جانور کے کاٹے کا اثر دور کرنا۔
آنکو ۔ (آں ۔ کُو) (ہ ۔ صف) آنکنے والا ۔ اندازہ لگانے والا۔
آنکھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چشم ۔ بینائی کا آلہ (۲) نظر ۔ بینائی (۳) اشارہ ۔ غمزہ (۴) توجہ (۵) امتیاز ۔ پہچان (۶) مہارت ۔ مشق (۷) اولاد (۸) اندازہ ۔ تخمینہ (۹) امید ۔ آسرا (۱۰) پاس مروت (۱۱) بالغ نظری (۱۲) گنے اور بانس کی گانٹھ میں جو کونپل یا شاخ پھوٹتی ہے (۱۳) گھٹنے کی چپنی یا پالی کے پاس کے گڑھے (۱۴) آسیب ۔ سایا۔
آنکھ آنا۔ آشوبِ چشم ہونا۔ آنکھیں دُکھنا۔
آنکھ اُبل آنا۔ آنکھ کے آشوب کا زور کرنا۔
آنکھ اُٹھا کر دیکھنا۔ (۱) نظر بھر کر دیکھنا۔ نظر ملا کر دیکھنا۔ (۲) التفات کی نظر سے دیکھنا۔ توجہ کرنا۔
آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا۔ (۱) نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) خاطر میں نہ لانا بے قدری کرنا (۳) غرور سے متوجہ نہ ہونا (۴) نادم ہونا شرمانا۔
آنکھ اُٹھانا۔ (۱) نظر اونچی کرنا۔ آنکھ سامنے کرنا (۲) باز رہنا۔ درگزر کرنا۔ دست بردار ہونا۔
آنکھ اُٹھ نہ سکنا۔ شرم کے مارے آنکھ اونچی نہ ہونا۔
آنکھ اوجھل، پہاڑ اوجھل۔ آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ۔ (مثل) جو چیز آنکھ سے پوشیدہ ہو وہ گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں وہ اگر قریب بھی ہو تب بھی دور ہے۔
آنکھ اونچی نہ ہونا۔ شرم سے آنکھ نہ اُٹھنا۔

آنکھ بچا کر کچھ کرنا۔ نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چھپا کر کوئی کام کرنا۔
آنکھ بچی مال دوستوں کا۔ (مثل) ذرا سی نظر چوکی اور چیز غائب ہوئی۔
آنکھ بدل جانا۔ (۱) اگلی سی بات نہ رہنا۔ (۲) بے مروتی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔
آنکھ بند کر کے کچھ دے دینا۔ (۱) بے دیکھے بھالے دے دینا (۲) پوشیدہ سلوک کرنا۔ (۳) جی کڑا کر کے کچھ دے دینا۔
آنکھ بند کر لینا، کرنا۔ دیکھیے آنکھیں بند کرنا۔
آنکھ بند کیے چلے جاؤ۔ (۱) بے کھٹکے چلے جاؤ (۲) سیدھے چلے جاؤ۔
آنکھ بند (ہو جانا، ہونا)۔ دیکھیے آنکھیں بند ہونا۔
آنکھ (آنکھیں) بنوانا۔ (۱) آنکھ کی پتلی کو صاف کرانا (۲) شیشے یا پتھر کی آنکھ بنوانا۔
آنکھ بھر آنا۔ آنکھوں میں آنسو آ جانا۔
آنکھ بھر کر کے دیکھنا۔ گہری نگاہ سے دیکھنا۔
آنکھ بیٹھ جانا۔ آنکھ پھوٹ جانا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھ پڑنا۔ (۱) گرفت کرنا۔ قابلِ اعتراض لفظ کو فوراً دیکھ لینا۔ (۲) نگاہ پڑنا۔ (۳) شوقیہ نگاہ پڑنا (۴) لالچ سے دیکھنا (۵) حسد کی نگاہ پڑنا۔ رشک سے دیکھنا (۶) توجہ کی نظر پڑنا (۷) اتفاقیہ نظر پڑنا (۸) ذلت اور حقارت کی نگاہ پڑنا (۹) عاشق ہونا۔
آنکھ پلٹنا۔ نظر پھرنا۔ نگاہ بدلنا۔
آنکھ (آنکھیں) پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا۔ (۱) بڑے غور سے دیکھنا (۲) حیرت کی نگاہ سے دیکھنا (۳) پیار کی نظر سے دیکھنا۔
آنکھ پر پٹی باندھنا۔ دیکھیے آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
آنکھ (پھر جانا، پھرنا)۔ (۱) نگاہ پھرنا۔ رُخ بدلنا (۲) دشمن ہونا۔ بیزار ہو جانا۔ خفا و ناراض ہونا۔
آنکھ پھڑکنا۔ خود بخود پلک یا پپوٹے میں حرکت ہونا۔ پپوٹوں کا جنبش کرنا۔
آنکھ پھوٹی پیڑ گئی۔ (مثل) بلا سے ایک دفعہ نقصان تو ہوا مگر آئے دن کا جھگڑا تو مٹ گیا۔
آنکھ (آنکھیں) پھیرنا، پھیر لینا۔ (۱) بے مروت ہو جانا (۲) مرنا۔ دنیا سے گزرنا۔
آنکھ پیدا کرنا۔ دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا۔
آنکھ (آنکھیں) توتے (طوطے) کی طرح بدل لینا۔ بے مروتی کرتے دیر نہ لگنا۔
آنکھ (آنکھیں) ٹھنڈی کرنا۔ تسلی و تشفی دینا۔ دل خوش کرنا۔
آنکھ ٹیڑھی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔ ترش روئی سے پیش آنا۔
آنکھ چُرا جانا۔ آنکھ بچا جانا۔ کترا جانا۔
آنکھ چُرا کر دیکھنا۔ دوسرے کی نگاہ بچا کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔
آنکھ چُرا کر کچھ کرنا۔ نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چوری چھپے کام کرنا۔
آنکھ چُرانا۔ (۱) اغماض کرنا (۲) غرور، شرم یا کراہیت کی وجہ سے دیکھنا۔
آنکھ (آنکھیں) چُندھی ہونا۔ بیماری کے سبب آنکھ پوری نہ کھلنا۔ آشوبِ چشم ہونا۔

Marfat.com

آنکھ چُرکنا۔ نظر بچنا۔ غافل ہونا۔
آنکھ چُھپا لینا۔ آنکھ چُھپانا۔ (۱) نہ دیکھنا۔ شرم کرنا (۲) پرانی واقفیت کو فراموش کرنا۔ (۳) مغرور ہونا۔
آنکھ (آنکھیں) خیرہ ہونا۔ آنکھوں میں چکا چوند ہو جانا۔
آنکھ دُکھنا۔ جس کی آنکھیں دُکھنے آئی ہوں۔ آشوب چشم والا۔
آنکھ دکھانا، دکھلانا۔ (۱) گھور کر دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ چشم نمائی کرنا۔ گھُرکی دینا (۳) اشارہ و کنایہ کرنا (۴) علاج کی غرض سے معالج کو آنکھوں کا معائنہ کرانا۔
آنکھ رکھنا۔ (۱) پیار کی نظر سے دیکھنا۔ محبت رکھنا۔ (۲) آس کرنا۔ اُمید رکھنا۔
آنکھ (آنکھیں) روشن ہونا۔ کسی کو دیکھ کر خوش ہونا۔ دیکھ کر مسرور ہونا۔
آنکھ سے آنکھ ملانا۔ (۱) آنکھ چار کرنا (۲) برابری کرنا (۳) محبت کرنا۔
آنکھ سے دیکھ کے کچھ کرنا۔ سوچ سمجھ کے کوئی کام کرنا۔ دیکھ بھال کر کرنا۔
آنکھ سے کاجل چرانا۔ انتہائی چالاکی کرنا۔ اس طرح چرانا کہ کسی کو خبر تک نہ ہو۔
آنکھ سے گرنا۔ نظر سے گرنا۔ ذلیل و خوار ہونا۔
آنکھ سے لہو ٹپکنا۔ آنکھ سے خون جاری ہونا۔ رونے میں مبالغہ کے لیے بولتے ہیں۔
آنکھ سینکنا، سیکنا۔ دیکھیے آنکھیں سینکنا۔
آنکھ سے نہ دیکھنا۔ نظر نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔
آنکھ شرمانا۔ حیا کرنا۔ لاج کرنا۔
آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا۔ (مثل) بے وقوف مالدار، نادان فضول خرچ۔
آنکھ کا پردہ۔ (۱) آنکھ کی جھلی (۲) آنکھ کا محافظ۔ آنکھ کی لاج۔
آنکھ کا تِل۔ وہ سیاہ نقطہ جو آنکھ کی پتلی کے بیچ میں ہوتا ہے۔
آنکھ کا جالا۔ جھلی جو آنکھ کی پتلی پر آجاتی ہے۔
آنکھ کا ڈھیلا۔ دیدہ۔
آنکھ کا کاجل چرانا۔ چوری کے فن میں یکتا ہونا۔ کمال حاصل ہونا۔
آنکھ کان سے درست ہے۔ جس جانور میں کوئی عیب نہ ہو اس کی نسبت بولا جاتا ہے۔
آنکھ کھٹکنا۔ آنکھ میں درد ہونا۔
آنکھ کھل جانا، کھلنا۔ (۱) جاگ اُٹھنا۔ نیند سے بیدار ہو جانا۔ (۲) عبرت حاصل کرنا۔ (۳) حقیقت حال معلوم ہونا۔ (۴) آنکھ میں روشنی آجانا۔
آنکھ کھولنا۔ (۱) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ (۲) ہوش سنبھالنا (۳) پیدا ہونا۔
آنکھ کی بدی (برائی) بھووں کے آگے۔ کسی شخص کا عیب یا قصور اس کے عزیز یا دوست کے آگے بیان کرنا۔
آنکھ کی پتلی۔ (۱) مردمک چشم (۲) لاڈلا۔ نہایت پیارا۔
آنکھ کی پتلی پھر جانا، پھرنا۔ علامت مرگ ظاہر ہونا۔
آنکھ (آنکھوں) کی ٹھنڈک۔ وہ عزیز دوست یا پیارا جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔
آنکھ کی حیا۔ آنکھ کا لحاظ۔
آنکھ کی کیچڑ۔ وہ کثافت جو آنکھ کے کوئوں میں جمع ہو جاتی ہے۔
آنکھ کے آگے۔ آنکھ کے سامنے (۱) آنکھ کے روبرو۔ (۲) موجودگی میں۔
آنکھ گرم کرنا۔ نظارہ بازی کرنا۔
آنکھ لجانا۔ شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔ لحاظ کرنا۔ مروت کرنا۔
آنکھ لجائی دہی بھوئی پرائی۔ (مثل) لڑکی کے عزیز و اقارب پیغام بھیجنے پر لڑکے کے عزیزوں سے آنکھیں نیچی کر لیتے ہیں تو اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ انھیں ناتا منظور ہے۔
آنکھ لڑانا۔ (۱) آنکھ ملانا (۲) گھورنا۔ لگاوٹ سے دیکھنا۔ (۳) عاشق ہونا۔
آنکھ لڑ جانا (لڑنا)۔ شیفتہ ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہو جانا۔
آنکھ لگانا۔ (۱) آشنائی کرنا (۲) سونا (۳) تاک میں رہنا۔
آنکھ للچانا۔ جی للچانا۔ خواہش مند ہونا۔
آنکھ للچائی ہوئی پڑنا۔ (۱) نہایت محبت سے دیکھنا۔ پیار اور بے تابی سے دیکھنا (۲) حرص یا لالچ کی نظر سے دیکھنا۔
آنکھ مارنا۔ (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ پلک مارنا۔ (۲) کسی کام سے کرنے کو آنکھ سے منع کرنا (۳) غمزہ کرنا۔
آنکھ مچ جانا۔ (۱) آنکھ بند ہو جانا۔ (۲) مر جانا۔
آنکھ مچکانا۔ بار بار آنکھ کو کھولنا اور بند کرنا۔ پلکیں مارنا۔
آنکھ مچولی۔ آنکھ مچولا۔ آنکھ مچونی۔ بچوں کا ایک کھیل۔
آنکھ ملانا۔ (۱) متوجہ ہونا۔ آنکھ لڑانا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ (۲) سامنے ہونا (۳) ملاقات کرنا۔
آنکھ ملنا۔ (۱) مقابل ہونا (۲) نگاہ لڑنا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ مُندنا۔ (۱) آنکھ بند ہونا (۲) سونا (۳) مر جانا (۴) بے خبر ہونا۔
آنکھ مُوند کے کام کرنا۔ بے دیکھے بھالے کوئی کام کرنا۔
آنکھ مُوندنا۔ (۱) آنکھ بند کرنا (۲) سونا (۳) بے خبر ہونا (۴) مر جانا۔
آنکھ میلی کرنا۔ (۱) بے مروت ہو جانا (۲) تیوری پر بل لانا۔
آنکھ میلی نہ ہونا۔ رنج نہ کرنا۔ کسی صدمے سے متاثر نہ ہونا۔
آنکھ میں خار ہونا۔ ناگوار ہونا۔ آنکھوں کو بُرا لگنا۔
آنکھ میں سُرمے کی تحریر کھینچنا۔ آنکھوں میں ہلکا سا سُرمہ لگانا۔
آنکھ میں (کھب جانا) کھبنا۔ نظر پہ چڑھنا۔ پسند آجانا۔
آنکھ میں کھٹکنا۔ آنکھ میں چبھنا۔ ناگوار رہنا۔
آنکھ میں مروت نہ ہونا۔ بے مروت ہونا۔ طوطا چشم ہونا۔
آنکھ (آنکھوں) میں ہرنی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا۔ آنکھوں کا بہت خوبصورت ہونا۔
آنکھ میں نیل ہے اور اس میں نیل نہیں۔ (مثل) کسی چیز کی صفائی اور ستھرے پن کے متعلق مبالغہ کے طور پر کہتے ہیں۔
آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا۔ اندھا کرنا (نیل کی سلائی پھیرنے سے آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں)۔
آنکھ ناک سے درست ہونا۔ بے عیب ہونا۔ تندرست ہونا۔
آنکھ نہ پڑنا۔ نظر نہ پڑنا۔ توجہ نہ کرنا۔ خیال نہ کرنا۔
آنکھ نہ پسیجنا۔ (۱) آنسو نہ نکلنا (۲) رحم نہ کرنا۔

Marfat.com

**آنکھ نہ ٹھہرنا۔** نظر نہ جمنا۔ تاب نہ لانا۔ چکا چوندی لگنا۔

**آنکھ نہ جمنا۔** نظر قائم نہ رہ سکنا۔ روشنی یا چمک کی تاب نہ لانا۔

**آنکھ نہ جھپکنا۔** (۱) پلک سے پلک نہ لگنا۔ نیند نہ آنا۔ (۲) شرمندہ نہ ہونا۔ احسان نہ اٹھانا (۳) بے باک ہونا۔ دلیرانہ مقابلہ کرنا۔

**آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ۔** (مثل) لیاقت کچھ نہیں اور دعوے بڑے بڑے۔

**آنکھ نہ ناک بنّو چاند سی۔** (مثل) بدصورتی کی حالت میں سنگار کرنے کی دُھن۔ آنکھ ناک نہ ہوتے ہوئے بھی سنگار کے ذریعہ خوب صورت بننے کی کوشش۔

**آنکھ نیچی (کرنا، ہونا)۔** (۱) آنکھ سامنے نہ کرنا (۲) لجانا۔ شرمانا۔

**آنکھ والا۔** (۱) آنکھیں رکھنے والا (۲) پہچاننے پرکھنے والا۔ جوہر شناس (۳) صاحب بصیرت۔

**آنکھ ہے۔** نظر ہے۔ نیت ہے۔ ارادہ ہے۔ خواہش ہے۔ پسند ہے۔

**آنکھوں آنکھوں میں۔** نظروں نظروں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں۔

**آنکھوں آنکھوں میں چُرا لینا۔** چپکے سے اُڑا لینا۔ کسی چیز کو جھپٹ لینا۔

**آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو جانا۔** ساری رات جاگتے کٹنا۔

**آنکھوں پر (آؤ) آیئے۔** } تشریف لایئے۔
**آنکھوں پر (بیٹھو) بیٹھیے۔** } جم جم آیئے۔

**آنکھوں پر بٹھانا۔** نہایت عزت اور احترام کرنا۔ بعد مدارات کرنا۔

**آنکھوں پر پٹی باندھنا۔** (۱) قتل کرتے وقت اپنی آنکھیں بند کر لینا (۲) غافل اور بے خبر ہونا (۳) بے درد اور بے مروت ہو جانا۔

**آنکھوں پر پردے (پردہ) پڑنا۔** (۱) غفلت کرنا۔ خیال نہ رہنا (۲) بیوقوف بن جانا۔ دھوکا کھا جانا (۳) کچھ نہ سوجھنا۔

**آنکھوں پر ٹھیکری (رکھ لینا، رکھنا)۔** (۱) بے مروتی کرنا۔ دیدہ و دانستہ اغماض کرنا (۲) بے حیا بننا۔

**آنکھوں پر جگہ دینا۔** کمال محبت اور حسن عقیدت سے بٹھانا۔

**آنکھوں پر رکھنا۔** محبت کرنا۔ پیار کرنا۔

**آنکھوں پر قدم رکھیں۔** شوق سے آئیں۔ آپ کے قدم سر آنکھوں پر۔

**آنکھوں پر (پہ) قدم لینا۔** نہایت عزت سے استقبال کرنا۔

**آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا۔** جھینپ جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔

**آنکھوں تلے پھرنا۔** آنکھوں میں بسنا۔ خیال میں پھرنا۔

**آنکھوں (دیکھا، دیکھی)۔** چشم دید۔

**آنکھوں دیکھتے۔** (۱) جان بوجھ کر (۲) دیکھتے دیکھتے (۳) اپنے زیر ملاحظہ ہیں۔

**آنکھوں دیکھی مکھی نہیں نگلی جاتی۔** (۱) جان بوجھ کر نقصان نہیں کیا جاتا (۲) جان بوجھ کر خلاف عزت کام نہیں کیا جاتا۔

**آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک۔** (مثل) ہر طرح عیش و آرام۔ سراپا راحت و موجب آرام۔

**آنکھوں سے۔** نہایت خوشی سے۔ دل و جان سے۔

**آنکھوں سے اوجھل ہونا۔** نظر سے چھپ جانا۔ سامنے سے کہیں چلے جانا۔

**آنکھوں سے پاؤں لگانا۔** حسن عقیدت اور فرط محبت سے کسی کے پاؤں کو اپنی آنکھوں سے رگڑنا۔

**آنکھوں سے پردہ اُٹھ جانا۔** (۱) غفلت دُور ہو جانا (۲) لاعلمی دُور ہو جانا۔

**آنکھوں سے تلوے سہلانا۔** تلووں سے آنکھیں ملنا۔ انتہائی محبت کا اظہار کرنا۔

**آنکھوں سے لگا رکھنا، لگا کر رکھنا۔** بہت عزیز رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

**آنکھوں سے لگانا۔** بہت قدر کرنا۔ تعظیم اور ادب سے لینا۔

**آنکھوں سے نور جاتا رہنا۔** اندھا ہو جانا۔

**آنکھوں سے نیل ڈھلنا۔** مرنے لگنا۔ مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا۔

**آنکھوں کا پانی ڈھلنا۔** بے حیا ہونا۔ بے شرم و بے لحاظ ہونا۔

**آنکھوں کا تارا۔** (۱) آنکھ کا تل (۲) نہایت پیارا۔ نہایت عزیز

**آنکھوں کا تیل نکالنا۔** دیدہ ریزی کرنا۔ باریک کام کرنا۔

**آنکھوں کو تلووں سے ملنا۔** کسی دشمن کی آنکھوں کو اپنے پیروں سے مسلنا۔ دشمنی کی حسرت نکالنا۔

**آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا۔** مرنے کے وقت پتلیاں آنکھ کے گوشوں میں چھپ جانا۔

**آنکھوں کی سوئیاں رہ گئی ہیں۔** آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئی ہیں۔ (مثل) تھوڑی سی تکلیف دُور ہونی باقی رہ گئی ہے۔

**آنکھوں کے آگے۔** روبرو۔ نظر کے سامنے۔

**آنکھوں کے آگے پلکوں کی بُرائی کرنا۔** دیکھیے آنکھ کی بدی بھووں کے آگے۔

**آنکھوں کے آگے پھر جانا۔** آنکھوں کے تلے پھر جانا۔

**آنکھوں کے نیچے پھر جانا۔** آنکھوں کے نیچے پھرنا۔ تصور میں کسی بات کا ہو بہو سامنے

**آنکھوں کے آگے تارے (چھٹکنا، چھوٹنا)۔** صدمے یا ضعف سے چکر آ جانا۔ تارے سے نظر آنا۔

**آنکھوں کے آگے چاندنا ہونا۔** تیورا جانا۔ تارے نظر آ جانا۔ شدت ضعف کے باعث آنکھوں کے سامنے چمکتے ذرّے نظر آنا۔

**آنکھوں کے آگے ناک، سوجھے کیا خاک۔** (مثل) اپنے سامنے ہوتے ہوئے نظر نہ آنا۔ اپنا اور اپنے پیاروں کا عیب نہ دکھائی دینا۔ بیوقوفی کے اظہار کے لیے طنزاً کہا جاتا ہے۔

**آنکھوں کے اندھے نام چشم روشن (نین سکھ)۔** غلط نام یا غلط تعریف۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔ اس نادان کی نسبت کہتے ہیں جو دانا بنے۔

**آنکھوں کے ترمرے۔** وہ تارے جو جگر، ضعف یا صدمے کے باعث آنکھوں کے آگے نظر آتے ہیں۔

**آنکھوں کے ڈورے۔** آنکھوں کی لال لال رگیں۔ جو نشے یا خمار سے پیدا ہو جاتی ہیں۔

Marfat.com

آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا۔ ضعف یا کمزوری سے آنکھوں میں تاریکی چھا جانا۔
آنکھوں کے سامنے رہنا۔ آنکھوں سے دُور نہ ہونا۔ ہر وقت رُوبرو رہنا۔
آنکھوں کے ناخن لو۔ غفلت دُور کرو۔ کچھ پرکھ پیدا کرو۔ آنکھیں کھولو۔
آنکھوں میں۔ نظروں میں۔ نگاہوں میں۔
آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھنا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔ بے حیائی سے دیکھنا۔
آنکھوں میں بسنا۔ آنکھ میں سمانا۔ بھانا۔ پسند آنا۔
آنکھوں میں پھر جانا، پھرنا۔ نقشہ سامنے آجانا۔ کسی چیز کا سماں یاد آجانا۔
آنکھوں میں تکلے چبھونا۔ آنکھیں پھوڑنا۔ نہایت تکلیف دینا۔ دشمن سے بدلہ لینا۔
آنکھوں (کے آگے) میں ٹیسو پھولنا۔ آنکھوں میں سرسوں پھولنا۔ ہر چیز زرد ہی زرد نظر آنا۔ آنکھوں میں زردی چھا جانا۔
آنکھوں میں (جان، جی) آنا۔ (۱) سارے جسم سے روح کا کھنچ کر آنکھوں میں آجانا۔ مرنے کے قریب پہنچنا (۲) آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔ کسی چیز کو دیکھ کر راحت پہنچنا۔
آنکھوں میں جان اٹکنا (ٹھہرنا۔ ہونا)۔ آنکھوں میں دم آجانا۔ دیکھیے آنکھوں میں جان آنا نمبرا۔
آنکھوں میں جچنا (۱) آنکھوں میں تلنا۔ نظر پر چڑھنا (۲) بھلا لگنا۔ پسند آنا (۳) سمجھ میں آنا۔
آنکھوں میں جہان (دُنیا) اندھیر ہونا۔ غم یا رنج کے باعث کچھ نہ دکھائی دینا۔
آنکھوں میں جہان (زمانہ۔ عالم) سیاہ ہونا۔ شدتِ غم کے باعث ہر طرف اندھیرا دکھائی دینا۔
آنکھوں میں چربی چھانا۔ (۱) آنکھوں پر پردہ پڑنا (۲) مغرور ہونا۔ (۳) اچھے بُرے میں تمیز نہ کرنا۔ (۴) مستی میں اندھا ہوجانا۔
آنکھوں میں حلقے پڑنا۔ کسی صدمے یا کمزوری کی وجہ سے آنکھوں میں گڑھے پڑ جانا۔
آنکھوں میں خار (گزرنا۔ لگنا، ہونا)۔ ناگوار گزرنا۔ طبیعت پر گراں معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔ باعثِ تکلیف ہونا۔
آنکھوں میں خاک۔ (۱) چشمِ بد دُور۔ خدا نظرِ بد سے بچائے۔ (۲) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں۔
آنکھوں میں خاک ڈالنا، جھونکنا۔ (۱) ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ فریب دینا (۳) غائب کر دینا۔ چرا لینا۔ اڑا دینا۔
آنکھوں میں خون (اترنا، اتر آنا)۔ بہت غصہ آنا۔ آنکھیں سُرخ ہو جانا۔ بھبھوکا ہونا۔
آنکھوں میں دم اٹکا ہونا۔ آنکھوں میں دم (آنا، ہونا)۔ دیکھیے آنکھوں میں جان اٹکنا۔
آنکھوں میں رات کاٹنا۔ ساری رات جاگتے گزارنا۔ نیند بالکل نہ آنا۔
آنکھوں میں رکھنا۔ نظروں میں رکھنا۔ نظر بندی میں رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ ناز اور لاڈ میں پالنا۔
آنکھوں میں سرسوں پھولنا۔ (۱) زردی ہی زردی دکھائی دینا (۲) ہر چیز بھلی معلوم ہونا۔ خوش ہونا۔ باغ باغ ہونا
آنکھوں میں سُرمہ (دینا) گھلانا۔ سُرمہ لگانا۔
آنکھوں میں سفیدی چھا جانا۔ اندھا ہو جانا (۲) نہایت پسند آنا۔
آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔ نظروں پہ چڑھنا۔ ہر وقت خیال رہنا
آنکھوں میں سوال و جواب ہونا۔ اشاروں میں بات چیت ہونا۔
آنکھوں میں طراوت آنا۔ آنکھوں میں تازگی آنا۔ آنکھوں میں ٹھنڈک آنا۔
آنکھوں میں کوٹ کوٹ کر موتی بھرے ہیں۔ (مثل) نہایت خوبصورت آنکھیں ہیں۔
آنکھوں میں (کھبنا، کھپنا)۔ نظروں میں سمانا۔ بھلا لگنا۔
آنکھوں میں کھٹکنا۔ بُرا لگنا۔
آنکھوں میں کھٹک ہونا۔ آنکھوں میں درد ہونا۔ چبھن ہونا۔
آنکھوں میں کہنا۔ اشارے سے بات کرنا۔
آنکھوں میں گھر کرنا۔ آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں سمانا۔ عزیز ہونا۔
آنکھوں ہی آنکھوں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں۔
آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا۔ سب کے سامنے چرا لینا۔ آنکھوں میں خاک ڈالنا۔ کمال چالاکی کرنا۔
آنکھیں آنا۔ آنکھیں دُکھنے آنا۔ آشوبِ چشم ہونا۔
آنکھیں اُمنڈنا۔ رونے کا جوش ہونا۔
آنکھیں اندر دھنس جانا۔ آنکھوں کے ڈھیلوں کا حلقے میں بیٹھ جانا۔
آنکھیں بچھانا۔ خاطر مدارات کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔
آنکھیں بڑی چیز ہیں۔ آنکھیں بڑی (دولت) نعمت ہیں۔ آنکھیں خدا کا بڑا انعام ہیں۔
آنکھیں بند کرکے کوئی کام کرنا۔ اندھے پن سے کام کرنا۔ بے تامل، بے سوچے سمجھے کام کرنا۔ جلدی سے کر بیٹھنا۔
آنکھیں بند کرنا۔ (۱) آنکھیں موندنا (۲) سونا (۳) مرنا (۴) غافل ہونا (۵) تصوّر باندھنا۔
آنکھیں بند ہونا۔ (۱) آنکھیں مچنا (۲) نیند آنا۔ غافل ہو جانا (۳) مر جانا (۴) نہایت بچہ ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
آنکھیں پانی ہو کر بہ جانا۔ اتنا رونا کہ آنکھیں خراب ہو جائیں۔
آنکھیں پٹ پٹانا۔ (پٹر پٹر مارنا) جلدی جلدی آنکھیں بند کرنا۔
آنکھیں پٹم ہونا۔ اندھا ہو جانا۔
آنکھیں پُر آب ہونا۔ آنکھوں میں آنسو آجانا۔
آنکھیں (پلٹ جانا) پلٹنا۔ (۱) بے مروّت ہو جانا۔ تیور بدل لینا (۲) مغرور ہونا۔
آنکھیں پونچھنا۔ تسلی دینا۔ ڈھارس بندھانا۔
آنکھیں پھٹنا۔ (۱) حیران ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔ (۲) مغرور ہونا (۳) آنکھوں میں درد ہونا۔
آنکھیں پھٹی ہوئی ہیں۔ بہت کچھ دیکھا ہے۔ تھوڑی سی چیز نظر

میں نہیں سماتی۔
**آنکھیں پھر جانا۔** (۱) علامت مرگ ظاہر ہونا (۲) بے مروت ہونا۔ مغرور ہونا (۳) تیوری چڑھالینا (۴) مخالف ہو جانا۔
**آنکھیں پھوٹ بہنا۔** بے اختیار آنسو جاری ہونا۔
**آنکھیں پھیر کے چل دینا۔** کترا کے نکل جانا۔ منہ پھیر کے چلے جانا۔
**آنکھیں پیچھے طوطے کی سی باتیں کرے مینا کی سی۔** (مثل) اس آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو میٹھی باتیں کرے اور بے مروت ہو ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔
**آنکھیں ترسنا۔** کسی چیز کے دیکھنے کو آنکھوں کا مشتاق ہونا۔
**آنکھیں ٹھنڈی رہیں۔** اپنی اولاد کی خوشیاں دیکھو اور ان کے دیدار سے ہمیشہ آنکھیں ٹھنڈی رہیں۔ (دعا)
**آنکھیں جاتی رہنا۔ آنکھیں پھوٹ جانا۔** اندھا ہو جانا۔
**آنکھیں جھپکنا۔** (۱) آنکھیں کھلنا اور بند ہونا۔ روشنی کی تاب نہ لانا۔ (۲) آنکھیں نیچی ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ لجانا۔
**آنکھیں جھکنا۔** (۱) شرمسار ہونا۔ شرم سے نیچی نگاہ رکھنا (۲) آنکھیں دکھنے آنا۔
**آنکھیں چار طرف (رکھنا) رہنا۔** چاروں طرف دیکھتے رہنا۔ چوکس رہنا۔ نگرانی رکھنا۔
**آنکھیں چار نہ کرنا۔** آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔ شرمانا۔
**آنکھیں چار ہونا۔** روبرو ہونا۔ دوچار ہونا۔ ملاقی ہونا۔
**آنکھیں چرانا۔** دیکھیے آنکھ چرانا۔
**آنکھیں چرنے گئی ہیں یا کیا آنکھیں غیر حاضر ہیں کیا دکھائی نہیں دے رہا۔** جب کوئی شخص اپنے سامنے کی چیز کو نہ دیکھے تو اس سے یہ کہتے ہیں۔
**آنکھیں چڑھنا۔ آنکھیں چڑھی ہوئی ہونا۔** آنکھوں میں شراب یا نیند کا خمار ہونا۔
**آنکھیں (چندھیا جانا) چندھیانا۔** چکاچوند ہونا۔ آنکھیں جھپک جانا۔
**آنکھیں چندھی ہونا۔** آنکھیں چھوٹی ہونا اور پوری نہ کھلنا۔
**آنکھیں چھت (سے) لگ جانا۔** (۱) آنکھیں اوپر چڑھ جانا۔
**آنکھوں کی پتلی پھر جانا۔** علامت مرگ ظاہر ہونا (۲) نہایت انتظار کرنا (۳) ٹکٹکی بندھ جانا۔ کسی چیز کو گھڑیوں تکتے رہنا۔
**آنکھیں (دکھانا) دکھلانا۔** (۱) غضب کی نگاہ سے دیکھنا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ غصہ کرنا (۲) سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا۔
**آنکھیں دکھنا۔ آنکھیں دکھنے آنا۔** آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ آنکھوں میں کھٹک ہونا۔ آنکھوں پر آشوب آنا۔
**آنکھیں دوڑانا۔** نظر ڈالنا۔ سب طرف دیکھنا۔ چاروں طرف دیکھنا
**آنکھیں (دیکھا کرنا) دیکھتے رہنا۔** (۱) لطف و عنایت کا امیدوار رہنا (۲) اطاعت پر اس طرح آمادہ رہنا کہ اشارہ ہو اور تعمیل کرے۔
**آنکھیں دیکھی ہیں۔** صحبت اٹھائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔
**آنکھیں ڈبڈبانا۔** آنسو آجانا۔ آبدیدہ ہونا۔
**آنکھیں ڈھونڈتی ہیں۔ آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔** دیکھنے کا بیحد اشتیاق ہے۔
**آنکھیں رو رو کے (لال) خون کبوتر کرنا۔** بہت رونا۔ جس سے آنکھیں سرخ ہو جائیں۔
**آنکھیں روشن کرنا۔** (۱) کسی عزیز یا بزرگ کے دیدار سے آنکھوں کو تازگی دینا (۲) اندھے کی آنکھوں کو علاج سے بینا کرنا۔
**آنکھیں زمین سے لگ گئیں۔** نہایت ندامت حاصل ہوئی۔ شرم کے مارے آنکھ نہ اٹھا سکا۔
**آنکھیں سفید ہونا۔** (۱) صدور یہ انتظار کرنا (۲) اندھا ہونا۔
**آنکھیں سینا۔** (۱) پلک سے پلک سی دینا (۲) کسی چیز پر ہر وقت آنکھیں لگائے رہنا۔
**آنکھیں سینکنا۔** (۱) پوٹلی بنا کر آنکھوں پر لگانا (۲) حسینوں کو گھورنا۔
**آنکھیں فرش راہ ہونا۔ قدموں کے نیچے آنکھیں بچھانا۔** (تعظیم و تواضع)
**آنکھیں قدموں پر ملنا۔ آنکھیں قدموں تلے بچھانا۔** کمال اخلاص اور محبت سے پیش آنا۔ بہت تواضع اور تکریم کرنا۔
**آنکھیں کور ہو جانا۔** اندھا ہو جانا۔
**آنکھیں کھل جانا۔** (۱) جاگ اٹھنا۔ ہوشیار ہو جانا (۲) حقیقت کھلنا۔ غفلت کا جاتا رہنا (۳) عبرت ہونا (۴) حیران ہو جانا۔
**آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔** (۱) سکتے کی حالت میں دم نکل گیا (۲) حیران ہو گیا۔ دم بخود ہو گیا۔
**آنکھیں کھلی ہونا۔** (۱) پوری آنکھیں بند نہ ہونا (۲) زندہ ہونا۔ صحیح و سلامت ہونا (۳) ہوشیار ہونا۔ چوکس ہونا۔
**آنکھیں کھونا۔** اندھا ہونا۔ بینائی زائل کرنا۔
**آنکھیں گدی میں ہونا۔** (۱) سامنے کی چیز دکھائی نہ دینا (۲) خود بینی کے نشے میں اندھا ہونا۔ اچھا برا نہ دیکھنا۔ بے سوچے سمجھے کوئی کام کر بیٹھنا۔
**آنکھیں گڑ جانا۔** کسی چیز کو برابر تکے جانا۔ نمیدوں کی طرح دیکھنا۔
**آنکھیں گلابی ہونا۔ آنکھیں سرخ ہونا۔** آنکھوں میں نشہ ظاہر ہونا۔
**آنکھیں لڑانا۔** دیکھیے آنکھ لڑانا۔
**آنکھیں لگنا۔** (۱) ٹکٹکی بندھنا۔ انتظار ہونا۔ راہ دیکھنا (۲) عشق ہونا۔
**آنکھیں لگی (رہنا) ہونا۔** (۱) ٹکٹکی بندھی ہونا (۲) منتظر رہنا۔ امیدوار رہنا دھیان لگا رہنا۔ راہ دیکھنا۔
**آنکھیں مٹکانا۔** آنکھیں گھمانا۔ آنکھیں نچانا۔
**آنکھیں مُوند لینا (مُوندنا)** (۱) آنکھیں بند کر لینا (۲) مر جانا (۳) بے خبر ہو جانا۔
**آنکھیں نکالنا۔** (۱) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ ڈانٹنا (۲) خنجر یا چھری کی نوک سے آنکھوں کو باہر نکال ڈالنا۔ اندھا کرنا۔
**آنکھیں نہ اٹھانا۔** شرمانا۔ حیا کرنا۔
**آنکھیں نہ ملانا۔** (۱) شرمانا (۲) متوجہ نہ ہونا۔
**آنکھیں نیلی پیلی کرنا۔** غصہ کرنا۔ تیوری چڑھانا
**آنکھیں ہونا۔** (۱) سبق حاصل ہونا (۲) حواس درست ہونا۔ ہوش آنا۔ عقل آنا۔
**آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔ آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آئی کھوٹ۔** (مثل) سامنے محبت ظاہر کرنا۔ اور پیچھے بالکل بدل جانا۔
**آنکھڑی** (آنکھ۔ ڑی) (ء۔ صف) آنکھ۔
**آنگن** (آں۔ گن) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) صحن (۲) انگنائی۔
**آنند** (آ۔ نند) (س۔ صف) (۱) راحت (۲) آرام (۳) چین
**آنند کے تار بجانا۔** بے فکری سے بسر کرنا۔ عیش و عشرت سے گزارنا۔

Marfat.com

آنند ہونا۔ خوش ہونا۔ مگن ہونا۔

**آنندی** ۔(آ۔ نَن۔ دی) (ہ۔ ا۔ مذکر) خوشی۔ شگفتگی۔

**آنو** ۔ (آن۔ او) (ہ۔ ا۔ مؤنث) ایک قسم کا چکنا سفید لیس دار مادہ جو پیچش میں پاخانہ کے ساتھ آتا ہے۔

**آنول** (آں۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مؤنث) وہ ٹکیا جو بچے کی پیدائش کے وقت اس کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ جھلی۔

آنول نال۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کی ناف انتڑی کی طرح بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ جس کو ڈنڈی بھی کہتے ہیں۔ دائی اُسے اسی وقت کاٹ ڈالتی ہے۔ اس کے اخیر میں ایک ٹکیا بھی لگی ہوتی ہے۔ اس کل ہیئت مجموعی کا نام آنول نال ہے۔

**آنولہ** ۔ (آں۔ وَ۔ لہ) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک کسیلا پھل۔ آملہ۔

آنولہ سار گندھک۔ صاف کی ہوئی گندھک۔ جس کا رنگ آنولے کے رنگ سے مشابہ ہوتا ہے۔

آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے۔ ناگوار نصیحت کا مزہ بعد میں معلوم ہوتا ہے۔

**آنہ** (آ۔ نہ) دیکھیے آنا۔

**آنی جانی** (ہ۔ صفت) بے ثبات۔ ناپائدار۔ فانی۔

**آئنتی پائنتی** (ہ۔ ا۔ مؤنث) سرہانے اور پاؤں کے نیچے کی جگہ۔

# آ ۔ و

**آوا** (آ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذکر) کمہار کی بھٹی۔ کمہاروں کے برتن پکانے کا گڑھا پجاوہ۔ بھٹا۔

آوا اتارنا۔ بھٹی سے پکے ہوئے برتن نکالنا۔

آوا بگڑنا۔ آوے کا آوا بگڑنا۔ (۱) تمام برتنوں کا بگڑنا۔ (۲) خاندان کا خاندان بگڑنا۔

آوا چڑھانا۔ بھٹی میں پکنے کے لیے برتن لگانا۔

آوے کا آوا خراب ہے۔ سارا خاندان خراب ہے۔

**آوا جائی** (ہ۔ ا۔ مؤنث) آمدورفت۔ آنا جانا۔

آوا جائی لگا رکھی ہے۔ (مثل) بے موقع اور بلا ضرورت آمدورفت۔

**آوادانی** ۔ (اُر۔ ا۔ مؤنث) (۱) بستی۔ آبادی۔ آبادانی (۲) رونق۔ گہما گہمی چہل پہل۔ (۳) بونی جوتی زمین۔

**آوارگی** (آ۔ وا۔ رَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) ابتری۔ پراگندگی (۲) بدمعاشی۔ شہدپن۔ گمراہی۔

**آوارہ** (آ۔ وا۔ رہ) (ف۔ صفت) (۱) بیہودہ۔ پریشان۔ واہی تباہی خراب و خستہ (۲) بدچلن۔ شہدا۔ غنڈا۔

آوارہ گرد۔ مارا مارا پھرنے والا۔ بدچلن۔

آوارہ گردی۔ بدچلنی۔ مارا مارا پھرنا۔

آوارہ وطن۔ مسافر۔ پردیسی۔

**آواز** ۔ (آ۔ واز) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) لفظ۔ بول۔ الاپ۔ پکار۔ صدا (۲) غل۔ چیخ۔ گونج (۳) فقیر کی صدا۔ پکار کر بھیک مانگنے کی صدا (۴) آہٹ۔ سنسناہٹ۔ جھنکار۔ دھماکا۔ دھن۔ راگ۔ لَے (۵) شہرہ۔ غلغلہ۔ رسائی۔ پہنچ۔ نیک نامی کا آوازہ۔

آواز اٹھانا۔ گانے میں آواز کا اونچا کرنا۔ اونچے سُر لگانا۔

آواز (اکھڑنا) اکھڑ جانا۔ آواز بے سُری ہو جانا۔

آواز بڑھانا۔ آواز بلند کرنا۔

آواز بند ہونا۔ بھاری ہونا۔ بھرّانا۔ بیٹھنا۔ آواز نہ نکلنا۔ گانے یا چلانے سے آواز کا پھٹ جانا۔

آواز پا۔ پاؤں کی آہٹ۔ پاؤں کی آواز۔

آواز پر آنا۔ پکارنے کے ساتھ ہی آنا۔

آواز پر کان (دھرنا) (رکھنا) لگانا۔ نہایت غور سے سننا۔ دھیان سے کر سننا۔ توجہ سے سننا۔

آواز پر گولی لگانا۔ دیکھے بغیر آواز پر نشانہ لگانا۔

آواز پر لگانا۔ جانوروں کو ایسا سدھانا کہ وہ آواز سنتے ہی پاس چلے آئیں۔ یا جو کام کرنے کو کہا جائے کرنے لگیں۔

آواز (پہ) پر لگنا۔ آواز پہچاننا۔ آواز پر بولنا۔ آواز پر آنا۔ ہل جانا۔ مانوس ہو جانا۔ بولی سمجھنا۔

آواز پڑنا۔ (۱) گلا بیٹھنا۔ آواز بھاری ہونا (۲) بُلانے کے لیے نام لے کر کسی کو پکارا جانا۔ عدالت میں کسی کے نام کی آواز بلند ہونا۔

آواز پیدا ہونا۔ آواز نکلنا۔

آواز تھرّانا۔ آواز کا نپنا۔

آواز جانا۔ آواز کا بیٹھنا۔

آواز جرس۔ آواز درا۔ گھنٹے کی آواز۔ قافلے کے پیچھے پیچھے گھنٹے کی آواز۔

آواز جکڑ جانا۔ نزلہ کی وجہ سے آواز صاف نہ نکلنا۔

آواز دہندہ۔ (۱) آواز دینے والا (۲) بولی بولنے والا۔ نیلام پکارنے والا۔

آواز دینا۔ (۱) پکارنا۔ بلانا۔ (۲) بولنا۔ بجنا۔

آواز سگاں کم نہ کند رزق گدا را۔ (مثل) کتوں کے بھونکنے سے گداگر کی خیرات بند نہیں ہوتی۔ بدباطن لوگوں کے باعث کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔

آواز صور۔ صور کی آواز جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل پھونکیں گے۔

آواز غیب۔ الہام کی آواز۔ آواز جو عالم غیب سے آئے۔

آواز قدم۔ پاؤں کی آہٹ۔

آواز کا پاٹ۔ آواز کی رسائی۔ آواز کی حد۔

آواز کا پاٹ نہ ملنا۔ آواز کا بہت بلند ہونا۔

آواز کرنا۔ (۱) پکارنا۔ آواز دینا (۲) بندوق چھوڑنا۔ توپ داغنا۔ (۳) ٹوٹنا۔ چٹخنا (۴) فقیر کا صدا دینا۔

آواز کسنا۔ سر تان کی آواز لگانا۔

آواز کھلنا، کھل جانا۔ آواز صاف ہونا۔

آواز گرنا۔ آواز کا ہلکا ہونا۔ نیچے سروں میں آواز ہونا۔

آواز گریہ۔ رونے کی آواز۔

آواز گوش آشنا ہونا۔ آواز کا پہلے سے سنا ہوا ہونا۔ آواز کی پہچان ہونا۔

آواز گوش زد ہونا۔ آواز سنائی پڑنا۔

آواز لڑنا۔ آواز ملنا۔ آواز کا ٹھپا کھانا۔ آواز میں آواز ملنا۔ ہم آہنگ ہو جانا۔

آواز لگانا۔ (۱) پکارنا (۲) پکار کے بیچنا (۳) صدا دینا۔ بھیک مانگنا۔ (۴) گانا۔ تان لگانا۔

آواز میں پتّی لگ جانا۔ کسی سبب سے آواز ٹھہر ٹھہر کے نکلنا۔

Marfat.com

آوازیں پیچ دینا۔ تان لیتے وقت خوب صورتی کے ساتھ آواز نکالنا۔
آواز نکلنا۔ (۱) صدا آنا (۲) مُنھ سے بات نکلنا۔
آواز نہیں چلتی۔ آواز کام نہیں دیتی۔
آواز ہونا۔ کسی چیز سے آواز نکلنا۔
آوازہ۔ (آ۔وا۔زہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) شہرہ۔ ناموری۔ دھوم (۲) شور (۳) طعنہ (۴) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ تڑاقا (۵) یاد۔
آوازہ بلند ہونا۔ (۱) مشہور ہونا۔ ناموری ہونا (۲) شور پیدا ہونا۔
آوازہ پہنچنا۔ شہرت پہنچنا۔
آوازہ پھیلنا۔ شہرت ہونا۔
آوازہ پھینکنا۔ آوازے پھینکنا۔ فقرہ کسنا۔ طعنہ دینا۔
آوازہ توازہ۔ بولی ٹھولی۔ طعنہ زنی۔ طعن تشنیع۔
آوازہ توازہ پھینکنا۔ طعن کرنا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔
آوازہ کرنا۔ (۱) پھٹکارنا۔ چٹخارنا (۲) بندوق یا توپ چھوڑنا۔
آوازہ کسنا۔ آوازے کسنا۔ طنز کرنا۔ چھیڑنا۔ فقرہ چُست کرنا۔
آواگون۔ (آ۔وا۔گ۔ون) [ہ۔ا۔مذکر] آنا جانا۔ ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق بار بار مرنے اور جنم لینے کا سلسلہ۔ تناسخ۔
آور۔ (آ۔ور) فارسی مصدر۔ آوردن (لانا) کا اسم فاعل یعنی لانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خواب آور۔
آورد۔ (آ۔ورد) [ف۔ا۔مذکر] تکلف اور بناوٹ۔
آوردہ۔ (آ۔ور۔دہ) [ف۔ا۔مذکر] لایا ہوا۔ متوسل۔ طفیلی۔
آویختہ۔ (آ۔ویخ۔تہ) [ف۔صفت] لٹکا ہوا۔ لپٹا ہوا۔ لٹکایا ہوا۔
آویزاں۔ (آ۔وے۔زاں) [ف۔صفت] لٹکا ہوا۔ معلق۔
آویزاں کرنا۔ لٹکانا۔
آویزش۔ (آ۔وے۔زش) [ف۔ا۔مؤنث] چپقلش۔ لڑائی۔ فساد۔
آویزہ۔ (آ۔وے۔زہ) [ف۔ا۔مذکر] کان کا زیور۔ بُندہ۔ بالا۔

## آ - ہ

آہ۔ [ف۔ا۔مؤنث] (۱) کلمۂ افسوس۔ ہائے۔ وائے۔ اُف (۲) سانس۔ دم۔ نفس۔
آہ اُٹھنا۔ دل سے آہ نکلنا۔
آہ آہ رہنا۔ ہائے ہائے ہوتی رہنا۔ کراہتے رہنا۔
آہ آہ کرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔
آہ بھر کر رہ جانا۔ کلیجہ تھام کر رہ جانا۔ صبر کرکے چُپ ہو رہنا۔
آہ بھرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔ افسوس کرنا۔
آہ پڑنا۔ بد دُعا کا اثر ہونا۔ مظلوم کا صبر پڑنا۔
آہ جگر۔ دل سے نکلی ہوئی ہائے۔
آہ خالی نہ جانا۔ فریاد کا با اثر ہونا۔
آہ سرد بھرنا۔ ٹھنڈے سانس بھرنا۔ اُوپر کے سانس لینا۔
آہ سَر کرنا۔ آہ بھرنا۔
آہِ سوزاں۔ جلانے والی آہ۔ آگ لگا دینے والی آہ۔
آہِ شب۔ وہ آہ جو مظلوم کے دل سے رات کو نکلے۔
آہ صد آہ۔ سینکڑوں آہیں۔ افسوس صد افسوس۔
آہ کرنا۔ آہ کھینچنا۔ کراہنا۔ نالہ و فریاد کرنا۔
آہ لگنا۔ آہ پڑنا۔ بد دُعا کا اثر ہونا۔
آہ لینا۔ کسی کو ستا کر اس کی آہ سُننا۔ بد دُعا لینا۔
آہِ نیم کش۔ وہ آہ جو پوری نہ بھری گئی ہو۔
آہ و بُکا۔ رونا پیٹنا۔ واویلا۔ رونا دھونا۔
آہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔ واویلا۔ رونا دھونا۔
آہ و فغاں۔ نالہ و فریاد۔
آہوں کا دُھواں۔ وہ بھاپ جو آہوں سے نکلے۔ مسلسل آہیں۔
آہا۔ (آ۔ہا) تعجب اور خوشی کا کلمہ۔
آہٹ (آ۔ہٹ) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) پاؤں کی آواز (۲) کھٹکا۔
آہٹ پانا۔ چلنے کی آواز سُن لینا۔ کھٹکا محسوس کر لینا۔
آہٹ پر کان ہونا۔ پاؤں کی آواز کا منتظر ہونا۔
آہٹ لینا۔ آواز پر کان رکھنا۔ ہوشیار رہنا۔
آہٹ ہونا۔ کھڑکا ہونا۔ کھٹکا ہونا۔
آہرن۔ (آہ۔رن) [ہ۔ا۔مذکر] سندان۔ نہائی جس پر لوہار لوہا پیٹتے ہیں۔
آہستگی۔ (آ۔ہس۔تہ۔گی) [ف۔ا۔مؤنث] دھیماپن۔ نرمی۔ سہولت۔ آسانی۔
آہستہ۔ (آ۔ہس۔تہ) [ف۔صفت] (۱) دھیما۔ نرم (۲) نرمی سے۔ ملائمت سے۔
آہستہ آہستہ۔ ہولے ہولے۔ دھیرے دھیرے۔ رفتہ رفتہ۔
آہن۔ (آ۔ہن) [ف۔ا۔مذکر] لوہا۔
آہن رُبا۔ چمبک پتھر۔ مقناطیس۔
آہنگر۔ لوہار۔
آہنگری۔ لوہار کا پیشہ۔
آہنگ۔ (آ۔ہنگ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) نغمہ۔ آواز (۲) قصد۔ ارادہ (۳) وقت۔
آہنی۔ آہنیں۔ (آہ۔نی۔ آہ۔نیں) [ف۔صفت] لوہے کی۔ لوہے کی بنی ہوئی۔
آہنی جگر۔ لوہے کے جگر والا۔ دلیر۔ بہادُر۔
آہنی ظروف۔ لوہے کے بنے ہُوئے برتن۔
آہو۔ (آ۔ہو) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ہرن (۲) عیب۔ نقص۔ بُرائی۔ جمع: آہواں۔
آہو برہ۔ ہرن کا بچہ۔
آہو چشم۔ ہرن جیسی آنکھ والا۔ مرگ نین۔
آہوئے حرم۔ (۱) مکۂ معظمہ کی ایک مقررہ حد میں رہنے والا ہرن جہاں شکار ممنوع ہے (۲) (کنایتاً) معشوق۔
آہوئے ختا۔ مقام ختا کا ہرن جو مشک کے لیے مشہور ہے۔
آہوئے زریں۔ آہوئے فلک۔ سنہرا ہرن۔ آسمان کا ہرن۔ (کنایتاً) سورج۔
آہوئے مشکی، مشکیں۔ مشک کے نافے والا ہرن۔

Marfat.com

آبے - (آ - بے) [اُر - ا - مؤنث] آہ - ہائے۔

# آ - ی

آئرش - ( IRISH ) (آ - اِ - رِش) [انگ - صفت] (۱) آئرلینڈ کا (۲) آئرلینڈ کا باشندہ (۳) آئرلینڈ کی زبان۔
آئل - ( OIL ) (آ - اِل) [انگ - ا - مذکر] تیل - روغن۔
آئل پیپر - ( OIL PAPER ) روغنی کاغذ جو پیکنگ وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔
آئل پینٹنگ - ( OIL PAINTING ) (۱) روغنی رنگوں کی مصوری - (۲) روغنی تصویر۔
آئل کلاتھ - ( OIL CLOTH ) روغنی کپڑا - موم جامہ۔
آئل کلر - ( OIL COLOUR ) روغنی رنگ جو پینٹنگ میں کام آتا ہے۔
آئندہ - دیکھیے آیندہ۔
آئنہ - (آ - اِ - نہ) [ف - ا - مذکر] آئینہ (نظم میں مستعمل ہے)
آؤ - (آ - او) (ہ) (۱) پیار اور محبت سے بلانے کا طریقہ (۲) آنا مصدر سے جمع امر حاضر۔
آؤ بھگت - خاطر تواضع - خیر مقدم۔
آؤ پڑوسن گھر کو بھی لے جاؤ - (مثل) کسی نفع کی امید پر (اپنی) گرہ سے بھی کچھ کھو بیٹھنے کے موقع پر عورتیں کہتی ہیں۔
آؤ پڑوسن لڑیں - دیکھیے آ پڑوسن لڑیں۔
آؤ تاؤ - رنگ ڈھنگ۔
آؤ جاؤ - (۱) چلت پھرت - (۲) آمد و رفت - آنا جانا۔
آؤ جاؤ گھر تمہارا، کھانا مانگے دشمن ہمارا - (مثل) کنجوس آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔
آؤ دیکھا نہ تاؤ - بغیر سمجھے بوجھے کام کرنا۔
آؤٹ - ( OUT ) (آ - ؤٹ) [انگ - صفت] (۱) باہر - خارج (۲) ظاہر
آؤٹ ڈور - ( OUT DOOR ) بیرونی - خارجی - (گھر کی چار دیواری سے) باہر کا - کھلی ہوا کا۔
آئی - (آ - ای) [ہ - ا - مؤنث] (۱) موت - قضا - آئی ہوئی چیز (۲) آنا مصدر سے ماضی (مؤنث) کا صیغہ۔
آئی بلا ٹلنا - آئی بلا سر سے ٹلنا - مصیبت آ کر دور ہو جانا۔
آئی بلا کو ٹال دینا - آفت کو دور کر دینا۔
آئی پہ نہ چوکے - جس بات کا مل ہوئے کر گزرے - یا کہہ ڈالے۔
آئی پر نہیں چوکتے ہیں - موقع ملنے پر خاموش نہیں رہتے۔
آئی تو روزی نہیں تو روزہ - (مثل) ملا تو کھایا نہیں تو فاقے سے۔
آئی ٹل جانا - آنے والی آفت کا نہ آنا۔
آئی کا - موت کا۔
آئی کسی میرے ماتھے - سارا الزام میرے ہی سر ہو گیا۔
آئی ہوئی نہیں ٹلتی - (مثل) آنے والی موت یا مصیبت آ کر رہتی ہے۔
آئی ہے جان کے ساتھ جاتے کی جان کے ساتھ - (مثل) پیدائشی عادت مرتے دم تک ساتھ رہتی ہے۔

آئے - (آ - ے) [ہ - فعل ماضی] آ گئے۔
آئے بھی تو کیا آئے - کسی کے ذرا سی دیر آ کر جانے کو کہتے ہیں۔
آئے پیر، بھاگے بیر - (مثل) بد لوگ نیکوں کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے
آئے تو کیا آئے - آنا نہ آنے کے برابر ہوا۔
آئے حواس جانا - ہوش جانا - حواس کھونا۔
آئے دن - ہر روز - نت - ہمیشہ - بار بار۔
آئے کی خوشی نہ گئے کا غم - (مثل) بے تعلقی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں - یا کسی چیز کے حاصل ہونے کی خوشی نہ جانے رہنے کا غم۔
آئے گئے - (۱) آنے جانے والے - (۲) مسافر۔
آئے گئے کا سودا - (مثل) مرنے کے لیے بالکل ہی تیار ہونا۔
آئے نہ آئے برابر - آنا نہ آنا ایک جیسا رہا۔
آئیڈیا - ( IDEA ) (آ - ای - ڈِ - یا) [انگ - ا - مذکر] خیال - تصور - فکر۔
آئین - (آ - ئین) [ف - ا - مذکر] (۱) قاعدہ - دستور العمل - قانون - ضابطہ - ملک کا بنیادی قانون - دستورِ اساسی - رواج - ریت (۲) زیب و زینت - آرائش۔
آئین بندی - آرائش جو کسی معزز مہمان کی آمد یا کسی اور تقریب کے موقع پر شہر میں کی جائے۔
آئینِ دیوانی - لین دین کا قانون - وہ قانون جو مالی معاملات سے متعلق ہو۔
آئینِ فوج داری - وہ قانون جس میں فساد اور لڑائی جھگڑے کی دفعات اور سزاؤں کا بیان ہو۔
آئینِ لشکری - فوج کے نظم و نسق کا قانون۔
آئینِ مال - قواعد مال گزاری - رسوم سرکاری - قانونِ خراج۔
آئینِ ملکی - کسی ملک کا بنیادی قانون۔
آئیں بائیں - آئیں - بائیں (۱) اناپ شناپ - لغو باتیں۔
آئیں بائیں شائیں - (۱) ٹال مٹول - بہانے (۲) فضول باتیں۔
آئینتی پائینتی - (ہ - ا - مؤنث) سرہانہ اور پائینتی - آس پاس - اِدھر اُدھر - سر اور پیر کی طرف۔
آئینہ - (آ - ای - نہ) [ف - ا - مذکر] (۱) منہ دیکھنے کا شیشہ - (۲) حیران (۳) روشن - ظاہر (۴) صاف - اُجلا۔
آئینہ اندھا ہو جانا، ہونا - آئینہ دھندلا پڑ جانا۔
آئینہ باطن - صاف دل۔
آئینہ بنا دینا - (۱) حیران کر دینا (۲) قلعی کر کے یا مانجھ کر چمکا دینا۔
آئینہ بن جانا - حیران ہو جانا - صاف و شفاف ہو جانا۔
آئینہ بندی کرنا - شیشہ وغیرہ سے مکان سجانا - آرائش کرنا۔
آئینہ تمثال - آئینے کی طرح شفاف - معشوق کے رخسار۔
آئینہ جڑنا - چوکھٹے میں آئینہ لگانا۔
آئینہ خانہ - وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں۔
آئینہ دار - (۱) جس کے پاس آئینہ ہو (۲) نائی - حجام - سنگار کرانے والا - (۳) عیب یا خوبی ظاہر کرنے والا۔
آئینہ داری - آئینہ دکھانے کی خدمت - خدمت گاری۔

Marfat.com

آئینہ دکھانا - (۱) شیشہ دکھانا۔ (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔
آئینہ رُخسار (رُخ) (اُرد) وہ شخص جس کے رُخسار آئینہ کی طرح چمکتے ہوں۔
آئینہ سازی - آئینہ گری - آئینے بنانے کا کام۔
آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا - ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔
آئینۂ سکندری - لوہے سے بنا ہوا آئینہ جس کی بابت کہتے ہیں کہ سکندر نے ایجاد کیا تھا۔
آئینہ سیما - آئینہ جیسی پیشانی والا - مراد معشوق۔
آئینہ کا جوہر - آئینہ کی چمک۔
آئینہ کر دینا - (۱) بالکل صاف کر دینا۔ چمکا دینا (۲) ظاہر کر دینا۔
آئینہ کی شکل - آئینہ کی طرح۔
آئینہ گر - آئینہ بنانے والا۔
آئینہ گری - آئینہ بنانے کا کام - آئینہ سازی۔
آئینہ میں مُنہ تو دیکھو - آئینہ میں صُورت تو دیکھو - آئینہ لے کے منہ تو دیکھو - ذرا اپنی شکل تو ملاحظہ کرو۔
آئینہ ہونا، ہو جانا - (۱) ظاہر ہونا (۲) صاف شفاف ہونا۔
آئینے میں بال آجانا، پڑ جانا - ضرب لگنے سے آئینے میں خفیف ساخط نمودار ہونا۔
آئینی - (آ - ای - نی) (ف - صف) آئین کے مطابق۔
آئیے - (آ - ای - یے) (اُر) تشریف لائیے - قدم رنجہ فرمائیے

# آ - ی

آیا - (آ - یا) (ہ - ا - مؤنث) (۱) دایہ - بچوں کو دُودھ پلانے والی انّا (۲) (ف) کلمہ استفہام (۳) (اُر) آگیا (۴) حاضر ہُوا (بلانے کے جواب میں)
آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی - (مثل) آدمی کا رزق اس کے ساتھ ہے۔
آیا کُتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا - (مثل) بے فکر اور غافل عورت کے متعلق کہاوت ہے۔
آیا گری - آیا کا پیشہ - دائی پنا۔
آیا گیا - (۱) آنے جانے والا (۲) مہمان - مسافر۔
آیا گیا ہونا - بھول جانا - فراموش ہو جانا۔
آیات - (آ - یات) (ع - ا - مؤنث) (۱) آیت کی جمع (۲) نشانیاں۔
آیاتِ متشابہات - قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح نہ ہوں۔
آیاتِ محکمات - وہ قرآنی آیات جن میں تاویل کی ضرورت نہیں۔
آیت - (آ - یت) (ع - ا - مؤنث) (۱) نشان (۲) فقرۂ قرآن - توریت یا انجیل (۳) حجت ظاہری - جمع آیات۔
آیت آنا - آیت اترنا - آسمان سے آیت اترنا۔
آیتِ سجدہ - قرآن شریف کی وہ آیت جسے پڑھنے اور سُننے سے سجدہ لازم ہو جاتا ہے۔
آیتِ لا - وہ آیت جس پر لا لکھا ہو - قاریوں نے ایسی آیت پر نہ ٹھہرنا بہتر خیال کیا ہے۔
آیتِ مطلق - وہ آیت جس پر قطعی ٹھہرنا پڑے - جس کے آگے گول دائرے کے سوا کوئی علامت نہ ہو۔
آیت نازل ہونا - خدا کی طرف سے اس کے رسول پر آیت آنا۔
آیت و حدیث ہے - وہ بات جس میں شک کی گنجائش نہ ہو - بالکل حق۔
آیندہ - (آ - یندہ) (ف - صف) (۱) آنے والا (۲) دوسری بار - پھر - پھر کبھی۔
آیندہ را اختیار بدست مختار (مثل) مانو نہ مانو - مختار ہو۔
آیندہ کو کان ہو گئے - آیندہ کے لیے احتیاط ہو گئی۔
آیوڈین - (IODINE) (آ - یو - ڈین) (انگ - ا - مؤنث) ایک کیمیائی عنصر جو دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔
آیہ - (آ - یہ) (ع - ا - مؤنث) آیت۔
آیۂ رحمت - (۱) قرآن مجید کی وہ آیت جس میں خدا کی رحمتوں کا ذکر ہے (۲) رحمت کا فرشتہ۔

Marfat.com

# ا

## ا - ب

**اب**۔ (ع۔ا۔ مذکر) باپ۔ والد
**اب وجد**۔ باپ دادا۔ خاندان کے بزرگ۔ جمع آباؤ اجداد۔
**اب**۔ (م) (۱) اس وقت۔ آج کل (۲) اس زمانہ میں (۳) اسی وقت فوراً (۴) آئندہ (۵) تھوڑی دیر پہلے (۶) اس حالت میں۔ اس مرحلے پر (۷) اُس وقت۔ تب۔
**اب اب کرکے**۔ تھوڑے دنوں سے۔ چند روز سے۔ حال میں۔
**اب اب کرنا**۔ ٹال مٹول کرنا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ آج کل کرنا۔
**اب اللہ ہی اللہ ہے**۔ سب سہارے ٹوٹ گئے۔ دنیوی تعلقات منقطع ہو گئے۔
**اب ایسا بھی کیا**۔ یہ بات نہیں ہو سکتی۔ یہ ممکن نہیں۔
**اب بھی میرا مُردہ تیرے زندہ پر بھاری ہے** (مثل) باوجود گئی گذری حالت کے میں تم سے طاقتور ہوں۔
**اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت** (مثل) موقع ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے سے کیا حاصل۔
**اب تب**۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ اِس وقت۔ اُس وقت۔
**اب تب لگنا** یا **ہونا**۔ مرنے کا وقت قریب آنا۔
**اب جا کر**۔ اتنے دن پیچھے۔
**اب جب میں**۔ آن کی آن میں۔ کوئی دن میں۔
**اب رنگ لائی گلہری** (مثل) اب اصل حقیقت ظاہر ہوئی۔
**اب سے**۔ اس وقت سے۔ آئندہ سے۔
**اب سے دُور** (دُور پار)۔ خدا نہ کرے۔ خدا پھر ایسا واقعہ نہ دکھائے
**اب کا**۔ اس وقت کا۔ اس زمانے کا۔ موجودہ۔ حال کا۔ اس مرتبہ کا۔
**اب کھائی تو کھائی، اب کھاؤں تو رام دہائی** (مثل) اب جو کچھ ہوا سو ہوا۔ آئندہ ایسا نہیں ہوگا۔ اس دفعہ چوک ہو گئی، آئندہ نہ ہوگی۔
**اب کی**۔ اس مرتبہ۔
**اب کی بات اب کے ہاتھ، جب کی بات جب کے ساتھ** (مثل) پہلے جو کچھ تھا وہ گذر گیا اب جو رنگ زمانے کا ہے اس کے موافق کرنا چاہیے۔
**اب کے**۔ اس مرتبہ، اس دفعہ۔ آئندہ زمانہ میں۔
**اب کے** (حساب، حسابوں)۔ اس زمانے کے مقابلے میں۔
**اب کیا تھا**۔ دیر ہی کیا تھی۔ فوراً۔
**اب نہ تب**۔ نہ اِس وقت، نہ پھر کبھی۔ کبھی نہیں۔
**اب وہ پانی ملتان بہ گیا**۔ جب کوئی موقع ہاتھ سے جاتا رہے یا کسی کام کا وقت گذر جائے تو یہ عبارت بولتے ہیں۔
**ابا** ۔ (اَب۔ با) (اُر۔ا۔ مذکر) (۱) باپ۔ خاندان کے بزرگ (۲) تعظیم کے لیے جیسے چچا ابا۔ خالو ابا۔
**اِبا** ۔ (اِ۔ با) (ع۔ا۔ مونث) انکار۔ نفرت۔ پرہیز۔ اختلاف۔ نافرمانی

**ابابیل** ۔ (اَ۔ با۔ بیل) (ع۔ا۔ مونث) ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا پرندہ
**ابابیلیا** ۔ (اَ۔ با۔ بیل۔ یا) (اُر۔ا۔ مذکر) ابابیل سے ملتا جلتا ایک قسم کا کبوتر
**اباحت**۔ (اِ۔ با۔ حت) (ع۔ا۔ مونث) اجازت۔ جائز کرنا۔ جواز۔
**اباحتی**۔ (اِ۔ با۔ حَ۔ تی) (ع۔ف۔ا۔ مذکر) حرام کو مباح اور جائز سمجھنے والا
**اباحی**۔ (اِ۔ با۔ حی) (ع۔ف۔ا۔ مذکر) اباحتی۔ اباحیہ فرقہ کا پیرو۔
**اباحیت**۔ (اِ۔ با۔ حی۔ یت) (ع۔ف۔صفت) فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل
**اباحیہ** ۔ (اِ۔ با۔ حی۔ یہ) (ع۔ف۔ا۔ مذکر) ایک فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ انسان میں گناہوں سے اجتناب اور فرائض کو بجا لانے کی قدرت نہیں۔ دنیاوی لذتوں کا قائل۔
**اُبال**۔ (اُ۔ بال) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) جوش۔ پھپک (۲) غصہ (۳) کف۔ جھین
**اُبال آنا**۔ اُٹھنا۔ اُبھنا۔ جوش آنا۔
**اُبالا**۔ (اُ۔ با۔ لا) (ہ۔ صفت) (۱) جوش دیا ہوا (۲) بے گھی کا سالن (۳) بے مزہ کھانا۔
**اُبالا سُبالا**۔ بے گھی اور مسالے کا۔ صرف اُبلا ہوا۔ بے مزہ۔
**اُبالنا**۔ (اُ۔ بال۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جوش دینا۔ کھولانا (۲) غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔
**اب ت ث**۔ (اَب۔ تَث) (ع۔ا۔ مذکر) عربی حروف تہجی اب۔ت۔ث
**ابتدا**۔ (اِب۔ تِ۔ دا) (ع۔ا۔ مونث) (۱) آغاز۔ شروع۔ اوّل۔ ازل (۲) نکاس۔ نکلنے کی جگہ۔ سِرا۔
**ابتدا ابتدا میں**۔ اوّل اوّل۔ شروع شروع میں۔
**ابتدا بگڑنا**۔ آغاز خراب ہو جانا۔ بچپن کی تربیت کا خراب ہونا۔
**ابتدا پڑنا**۔ بنیاد قائم ہونا۔
**ابتدا ڈالنا**۔ بنیاد رکھنا۔ آغاز کرنا۔
**ابتدا کرنا**۔ شروع کرنا۔ پہل کرنا۔
**ابتداءً**۔ (اِب۔ تِ۔ دا۔ اَن) (ع۔ تابع فعل) شروع شروع میں۔ پہلے پہل
**ابتدائی**۔ (اِب۔ تِ۔ دا۔ ئی) (ع۔ف۔ صفت) (۱) شروع کا۔ پہلو ٹھی کا (۲) قدیم۔ اصلی (۳) اصولی۔ بنیادی۔ تمہیدی۔
**ابتدائی تعلیم**۔ شروع کی تعلیم۔ پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم۔
**ابتدائی رسوم**۔ پہلا سرکاری حق۔ پہلا محنتانہ۔ زمینداری کا حق۔ شکرانہ۔ نذرانہ۔ فیس کورٹ کا حق۔ شروع کی رسمیں۔
**ابتدائی عدالت**۔ ماتحت عدالت۔ پہلی کچہری۔
**ابتدائی مدارس**۔ مدرسے جن میں شروع کی چار یا پانچ جماعتیں ہوتی ہیں
**ابتذال**۔ (اِب۔ تِ۔ ذال) (ع۔ا۔ مذکر) اخلاقی پستی۔ کمینہ پن۔ بے قدری۔ شاعری کا رکیک انداز۔
**ابتر**۔ (اَب۔ تَر) (ع۔ صفت) (۱) بدحال۔ منتشر (۲) لنڈورا (۳) علم عروض کے ایک زحاف کا نام (۴) گنجفہ میں بے میر کی بازی (۵) سانپ کی ایک قسم۔
**ابتر ہونا**۔ بگڑنا۔ بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا۔
**ابتری**۔ (اَب۔ تَ۔ ری) (ع۔ف۔ا۔ مونث) (۱) خرابی۔ بے ترتیبی۔ (۲) گڑبڑ (۳) گنجفہ یا تاش کے پتوں کی تقسیم میں غلطی۔
**ابتری پڑنا**۔ گڑبڑ ہونا۔
**ابتری ڈالنا**۔ خرابی ڈالنا۔ گڑبڑ کرنا۔

Marfat.com

اِبتِسام (اِب۔ تِ۔ سام) (ع۔ا۔ مذکر) مسکراہٹ۔ شگفتگی۔ تبسم۔
اِبتِلا (اِب۔ تِ۔ لا) (ع۔ا۔ مونث) (۱) آزمائش۔ امتحان (۲) مصیبت
اِبتِہاج (اِب۔ تِ۔ ہاج) (ع۔ا۔ مذکر) خوشی۔ مسرت۔
اُبٹن۔ اَبٹنا۔ اُبٹنا (اُب۔ ٹَن) (اُب۔ ٹَ۔ نا) (اُ۔ بٹ۔ نا) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک خوشبودار مسالا جو جسم کو صاف اور ملائم بنانے کے لیے ملا جاتا ہے۔
اُبٹن اُبٹنا کھیلنا۔ شادی میں جب دولہا دولہن کے اُبٹنا ملا جاتا ہے تو بیویاں دل لگی میں ایک دوسرے کے منہ پر اُبٹنا مل دیتی ہیں۔
اَبجد (اَب۔ جَد) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) حروف تہجی جو عربی میں اٹھائیس۔ فارسی میں بتیس اور اُردو میں پینتیس ہیں (۲) کسی علم یا فن کی ابتدائی باتیں۔
ابجد خواں۔ الف بے تے پڑھنے والا مُبتدی۔ نو آموز۔
ابجد کا قفل۔ ایک قسم کا قفل جو بغیر کنجی کے کھلتا اور بند ہوتا ہے۔ اس پر کچھ حروف لکھے ہوتے ہیں۔ قفل کے پینڈے گھمانے سے جب حرف خاص ترتیب پر آجاتے ہیں تو قفل کھل جاتا ہے اور اس کے خلاف عمل کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔
ابجد کے اعداد۔ عربی حروف ہجائی عددی قیمتیں۔
ابجد۔ ا۱۔ ب ۲۔ ج ۳۔ د ۴۔ ہوز۔ ہ ۵۔ و ۶۔ ز ۷۔ حطی۔ ح ۸۔ ط ۹۔ ی ۱۰۔ کلمن ک ۲۰۔ ل ۳۰۔ م ۴۰۔ ن ۵۰۔ سعفص۔ س ۶۰۔ ع ۷۰۔ ف ۸۰۔ ص ۹۰۔ قرشت۔ ق ۱۰۰۔ ر ۲۰۰۔ ش ۳۰۰۔ ت ۴۰۰۔ ثخذ۔ ث ۵۰۰۔ خ ۶۰۰۔ ذ ۷۰۰۔ ضظغ۔ ض ۸۰۰۔ ظ ۹۰۰۔ غ ۱۰۰۰۔
اَبخار (اَب۔ خار) (ع۔ا۔ مذکر) بخر کی جمع۔ بہت سے سمندر۔
اَبخِرات (اَب۔ خِ۔ رات) (ع۔ا۔ مذکر) ابخرہ کی جمع۔ بخارات بھاپیں
اَبخِرہ (اَب۔ خِ۔ رَہ) (ع۔ا۔ مذکر) بخار کی جمع۔ بخارات۔ بھاپیں۔
ابخرے اُٹھنا۔ بھاپیں اُٹھنا۔ دھواں نکلنا۔
ابخرے چڑھنا۔ بھاپ کا اوپر چڑھنا۔ دھواں اوپر اُٹھنا۔
ابخرے دماغ کو چڑھنا۔ دماغ میں گرمی کا اثر کر جانا۔ سودائی ہو جانا۔
اَبَد (اَ۔ بَد) (ع۔ا۔ مونث) ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو۔ دوام۔
ابدالآباد۔ ہمیشہ دوام۔
اِبدا (اِب۔ دا) (ع۔ا۔ مذکر) پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔ ظاہر کرنا۔
اَبدًا اَبَدا (اَب۔ دَا۔ اَ۔ بَدا) (ع) ہمیشہ ہمیشہ۔ قیامت تک۔
اِبداع (اِب۔ داع) (ع۔ا۔ مونث) اختراع۔ ایجاد۔ نئی چیز نکالنا۔
اَبدال (اَب۔ دال) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) اہل تصوف کے نزدیک اولیا کا وہ گروہ جس کے سپرد دنیا کا انتظام ہے۔ اولیاء اللہ کے درجات میں سے پانچواں طبقہ (۲) افغانوں کے ایک بزرگ کا مورث اعلیٰ۔
اَبدالی (اَب۔ دا۔ لی) (ف۔ا۔ مذکر) افغانوں کے ایک قبیلے سے منسوب
اَبدان (اَب۔ دان) (ع۔ا۔ مذکر) بدن کی جمع۔ بہت سے جسم۔
اَبدی (اَ۔ بَ۔ دی) (ع۔ صف) دائمی۔ ہمیشہ کا۔
اَبدیت (اَ۔ بَ۔ دی۔ یَت) (ع۔ا۔ مونث) ہمیشگی۔ بقا۔ دوام
اَبر۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) بادل۔ گھٹا۔ بدلی (۲) جوہر شمشیر اور وہ نشان جو ہتھیاروں وغیرہ پر تیزاب کے ذریعہ ڈالتے ہیں۔
ابرِ
ابرِ بہمن۔ شمسی مہینے بہمن
ابرِ بہار
ابرِ تیرہ۔ کالی گھٹا۔

ابرِ دریا بار۔ بہت برسنے والا بادل۔
ابرِ رحمت۔ رحمت کا بادل۔ وہ بادل جس کی بارش سے مخلوق کا بھلا ہو۔
ابرِ سیہ تاب۔ کالی گھٹا۔
ابرِ غلیظ۔ گہرا بادل۔ کالی گھٹا۔
ابرِ قبلہ۔ وہ بادل جو پچھم کی طرف سے اُٹھے۔
ابر کا ٹکڑا۔ ابر کا ٹکڑا۔
ابرِ کرم۔ (۱) بخشش کا بادل (۲) سخاوت کی زیادتی کا اظہار۔
ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑ ڈالنا (مثل) موہوم امید پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا۔
ابرِ کوہسار۔ ابرِ کہساری۔ وہ بادل جو پہاڑوں کی طرف سے اُٹھے۔
ابرِ مُردہ۔ اسفنج یا اسپنج۔
ابرِ نیساں۔ شمسی مہینے نیساں میں (جو کہ ستمبر کے مطابق ہوتا ہے) برسنے والا ابر۔ مشہور ہے کہ اس سے سیپی میں موتی۔ کیلے میں کافور۔ بانس میں بنسلوچن اور سانپ میں زہر مہرہ بنتا ہے۔
ابر و باد۔ پانی اور آندھی۔
اَبرا۔ اَبرَہ (اَب۔ را) (اَب۔ رَہ) (ف۔ا۔ مذکر) دوہرے کپڑے کی اوپری پرت۔
اَبرار (اَب۔ رار) (ع۔ا۔ مذکر) بر کی جمع۔ نیکوکار۔ پرہیزگار لوگ۔
اَبرَص (اَب۔ رَص) (ع۔ صف) سفید کوڑھ کا بیمار۔ کوڑھی۔
اَبرق۔ اَبرک (اَب۔ رَق) (اَب۔ رَک) (پہلا عربی۔ دوسرا ہندی۔ا۔ مونث) ایک قسم کی چمکیلی دھات۔
اَبرَن (اَب۔ رَن) (ہ۔ا۔ مذکر) زیور۔ گہنا۔
اَبرو (اَب۔ رُو) (ف۔ا۔ مونث) آنکھوں کے اوپر والے ہلال شکل کے بال۔ بھوں۔
ابرو پر میل نہ آنا۔ ذرا بھی صدمے کا اثر نہ ہونا۔
ابرو تاننا۔ غصے میں بھویں اُوپر چڑھانا۔
ابرو کمان۔ وہ شخص جس کے ابرو کمان کی طرح ہوں۔ خوبصورت۔
ابرو کے خم کھلنا۔ غصہ اتر جانا۔
ابرو میں بل آنا یا پڑنا۔ تیوری چڑھنا۔ غصہ آنا۔
ابرو میں چین آنا۔ ابرو میں بل آنا۔
ابروئے پیوستہ۔ وہ بھویں جو ایک دوسرے سے ملی ہوں۔
ابروئے فلک۔ ہلال۔ پہلی رات کا چاند۔
اَبری (اَب۔ ری) (ف۔ا۔ مونث) ایک قسم کا رنگ دار کاغذ جس پر ابر کے سے نشان بنے ہوتے ہیں۔ اور اسے کتابوں کی جلدوں پر لگاتے ہیں۔
اَبرِیشَم (اَب۔ رے۔ شَم) (ف۔ا۔ مذکر) کچا ریشم۔
اَبسنا۔ (اُ۔ بس۔ نا) (ہ۔ مص) بگڑنا۔ سڑنا۔ ذائقے میں فرق آجانا۔
اَبصار (اَب۔ صار) (ع۔ا۔ مذکر) بصر کی جمع۔ آنکھیں یا علوم۔
اِبطال (اِب۔ طال) (ع۔ا۔ مذکر) باطل کرنا۔ جھوٹا کرنا۔
اَبعاد (اَب۔ عاد) (ع۔ا۔ مذکر) بُعد کی جمع۔ دوریاں۔ فاصلے۔ کسی چیز کی پیمائش یا وزن کی حد لمبائی۔ چوڑائی۔ موٹائی۔ گہرائی۔ حجم۔ رقبہ وغیرہ۔
ابعادِ ثلاثہ۔ تین بُعد یعنی لمبائی۔ چوڑائی اور گہرائی۔
اُبکائی (اُب۔ کا۔ ئی) (ہ۔ا۔ مونث) قے۔ متلی۔
اُبکائی آنا۔ متلی ہونا۔ قے آنا۔
اُبکائی لگنا۔ بار بار قے آنا۔ متلی ہونا۔

Marfat.com

اُبل آنا - (اُ-بل-آ-نا) (ہ-مص) (۱) جوش مارنا (۲) سوجنا - آشوب ہوجانا۔
ابلا - (اَب-لا) (س-ا-مونث) کمزور عورت - نازک عورت۔
ابلا پری - نازک اندام اور خوبصورت عورت۔
ابلاغ - (اِب-لاغ) (ع-ا-مذکر) پہنچانا - بھیجنا۔
اُبل پڑنا، چلنا - (ہ-مص) (۱) بہت خفا ہونا (۲) اوچھے پن سے بھید نہ چھپا سکنا - حد سے باہر نکلنا (۳) کثرت سے ہونا (۴) کسی سیل کے کا اُبل جانا۔
اُبل جانا - (اُبل-جا-نا) (ہ-مص) جوش کھا جانا - چھلک پڑنا۔
ابلق - (اَب-لَق) (ع-صف) (۱) چتکبرا (۲) دو رنگا گھوڑا (۳) کوڑھی۔
ابلق ایام - سابق لیل و نہار - رات دن۔
ابلق چشم - خوبصورت آنکھوں والا۔
ابلق روزگار - رات دن۔
ابلقا - ابلقہ - (اَب-لَ-قا) (اَب-لَ-قہ) (ار-ا-مذکر) مینا سے ملتا جلتا ایک پرند جس کے پر سیاہ اور پیٹ سفید ہوتا ہے۔
اُبلنا - (اُ-بل-نا) (ہ-مص) (۱) اُمنڈنا - جوش کھا کر کناروں سے باہر نکلنا (۲) مغرور ہونا۔
ابلہ - (اَب-لہ) (ف-صف) - نادان - بیوقوف - احمق۔
ابلہ فریبی - دغا - مکر۔
ابلہی - (اَب-لَ-ہی) (ف-ا-مونث) سادگی - بیوقوفی۔
ابلیس - (اِب-لیس) (ع-ا-مذکر) (۱) خدا کی رحمت سے ناامید (۲) شیطان (۳) خبیث (۴) شریر۔
ابن - (ع-ا-مذکر) بیٹا - فرزند - پسر۔
ابن السبیل - مسافر - راہی۔
ابن الوقت - زمانہ ساز - وہ شخص جو مقتضائے وقت کام کرتا ہو۔
ابن مریم - بی بی مریم کے بیٹے حضرت عیسٰی علیہ السلام۔
ابنا - (اَب-نا) (ع-ا-مذکر) ابن کی جمع - بیٹے۔
ابنائے جنس - ہم جنس - ایک ہی جنس کے۔
ابنائے جہاں - اولاد آدم۔
ابنائے زمانہ - زمانے کے لوگ - زمانہ ساز لوگ۔
ابنائے وطن - اہل وطن - دیس کے لوگ۔
ابو - (اَب-بو) (ار-ا-مذکر) پیار سے باپ کو کہتے ہیں۔
ابو - (اَ-بُو) (ع-ا-مذکر) (۱) باپ - پدر (۲) صاحب - مالک - کنیت کی علامت
ابو البشر - انسان کا باپ - حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت۔
ابو القاسم - حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت۔
ابو الہول - ہیبت کا باپ - ایک خیالی جانور جس کا چہرہ شکل عورت کے اور جسم شیر کی مانند ہے۔
ابوبکرؓ - مسلمانوں کے خلیفۂ اول کی کنیت۔
ابوتراب - مٹی کا باپ - حضرت علیؓ کی کنیت۔
ابواب - (اَب-واب) (ع-ا-مذکر) (۱) باب کی جمع - دروازے (۲) کتاب کے حصے۔
ابواب مَل - سرباری مالگزاری۔
اُبھار - (اُ-بھار) (ہ-ا-مذکر) (۱) اونچائی جو کسی چیز کے پھولنے یا اُبھرنے سے ظاہر ہو - اٹھان - نمو (۲) ظہور۔
اُبھارنا - (اُ-بھار-نا) (ہ-مص) (۱) اکسانا (۲) سہارا دینا - اونچا کرنا (۳)
بھڑکانے جانا (۴) بہکانا (۵) ڈوبتے کو سنبھالنا۔
ابہام - (اِب-ہام) (ع-ا-مذکر) (۱) انگوٹھا (۲) گول مول بات کہنا (۳) ادب میں ایک صنعت کا نام
اُبھرنا - (اُ-بھر-نا) (ہ-مص) (۱) اوپر آنا (۲) پھوٹنا (۳) جوان ہونا (۴) خود کھا کر نکلنا (۵) رفو چکر ہونا (۶) ظاہر ہونا (۷) الگ ہونا۔
ابھی - (اَ-بھی) (ہ) (۱) اسی وقت - فوراً (۲) اب تک۔
ابھی ابھی - اسی وقت - فوراً - اسی دم۔
ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا (مثل) کسی کے لڑکپن، نادانی اور ناتجربہ کاری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
ابھی دلّی دور ہے (مثل) ابھی مقصد پورا ہوتا نظر نہیں آتا - اس مقام پر بولتے ہیں جہاں کسی بات کو بہت زمانہ باقی ہو۔
ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے (مثل) ابھی بچے ہو - ناتجربہ کار ہو
ابھی سے (۱) اسی وقت سے (۲) پیشتر سے - قبل از وقت۔
ابھی کی - اس وقت کی - موجودہ حالت کی۔
ابھی کیا ہے - ابھی ہوا کیا ہے - معاملہ ختم نہیں ہوگیا - اسی پر خاتمہ نہیں ہے۔
ابے - (اَ-بے) (ہ) ارے - او - اپنے سے بہت چھوٹی عمر یا کم درجے والے کو مخاطب کرنے کا ایک طریقہ۔
ابے تبے کرنا - بدتہذیبی سے پیش آنا - بیہودگی کرنا۔
ابیات - (اَب-یات) (ع-ا-مذکر) بیت کی جمع - اشعار (۲) بہت سے گھر۔
ابیر - (اَ-بیر) (ہ-ا-مذکر) ابرک کا برادہ جو ہولی میں یا خوشی کے وقت ہندو آپس میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں۔
ابیض - (اَب-یَض) (ع-صف) اُجلا - سفید۔

## ا - پ

اُپاڑنا - (اُ-پاڑ-نا) (ہ-مص) اکھاڑنا - زمین سے درخت یا پودا الگ کرنا۔
اپالو (APOLLO) (اَ-پا-لو) (یو-ا-مذکر) یونانی دیو مالا میں روشنی جوانی - موسیقی اور مردانہ حسن کا دیوتا - سورج دیوتا۔
اپاہج - (اَ-پا-ہج) (ہ-صف) (۱) لولا لنگڑا - لنجا - چلنے پھرنے سے معذور
اپائنٹ منٹ (APPOINTMENT) (اَ-پا-ئنٹ-منٹ) (انگ-ا-مذکر) تقرر - تعین۔
اُپائے - (اُ-پا-ئے) (س-ا-مذکر) تدبیر - ترکیب۔
اُپج - (اُ-پج) (ہ-ا-مونث) (۱) اُگنا (۲) نئی بات - ایجاد۔
اُپج کی لینا - (۱) نئی بات نکالنا (۲) نئی تان لگانا (۳) جدت پیدا کرنا۔
اُپدیش - (اُپ-دیش) (ہ-ا-مذکر) (۱) نصیحت - مشورہ - نیک صلاح (۲) تعلیم - وعظ (۳) تجویز - ہدایت۔
اپرادھ - (اَپ-را-دھ) (س-ا-مذکر) (۱) پاپ - قصور - جرم (۲) بھول - چوک۔
اپرادھی - (اَپ-را-دھی) (س-صف) پاپی - مجرم۔
اپرنٹس (APPRENTICE) (اَپ-رن-ٹس) (انگ-ا-مذکر)

Marfat.com

ملازمت کا امیدوار ۔ شاگرد۔

**اپریل** (APRIL) (اَپ ۔ رَیل) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) انگریزی سال کا چوتھا مہینہ

**اپریل فول** (APRIL FOOL) پہلی اپریل کو دوسرے کو احمق بنانے کی رسم

**اپڑنا** ۔ (اُ ۔ پڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) اکھڑنا ۔ نشان پڑنا۔

**اپسرا** (اَپ ۔ سَ ۔ را) (س ۔ ا ۔ مونث) (۱) جنت کی پری ۔ اندر کی سبھا میں ناچنے والی پری ۔ (۲) پہاڑ، جنگل یا سمندر کی پری۔

**اپلا** ۔ (اُپ ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کنڈا ۔ گوبر ۔ ایندھن کے لیے گوبر کے سکھائے ہوئے ٹکڑے (۲) تھاپی (۳) بد قطع ۔ بھدا۔

**اپلائی** (APPLY) (اَپ ۔ لا ۔ ئی) (انگ ۔ شعر) درخواست کرنا ۔ عرضی دینا

**اپلی کیشن** (APPLICATION) (اَپ ۔ لی ۔ کے ۔ شَن) (انگ ۔ ا ۔ مونث) درخواست ۔ عرضی۔

**اپنا** ۔ (اَپ ۔ نا) (ہ ۔ ص) (۱) میرا ۔ ہمارا (۲) ذاتی ۔ خاص (۳) تمہارا (۴) رشتہ کا ۔ بھائی برادر ۔ اولاد (۵) ہمدرد ۔ دوست (۶) مقبوضہ ۔ زرخرید

اپنا اپنا ۔ جدا ۔ جدا ۔ الگ الگ ۔ ہر ایک کا۔

اپنا اپنا پرایا پرایا (مثل) عزیز سے لاکھ لڑائی ہو پھر بھی عزیز ہے اور غیر کتنا ہی دم بھرے لیکن عزیز کے برابر نہیں ہو سکتا۔

اپنا اپنا جی ۔ اپنی اپنی طبیعت یا رائے۔

اپنا اپنا راستہ رستہ لینا ۔ اپنی اپنی طرف چلے جانا۔

اپنا اپنا کرنا اپنا اپنا بھرنا (مثل) جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔

اپنا اپنا ہی ہے پرایا پرایا ہی ہے (مثل) (۱) عزیز عزیز ہی ہے غیر غیر ہے (۲) اپنی چیز پر پورا اختیار ہوتا ہے غیر کی چیز پر کیا اختیار۔

اپنا الو سیدھا کرنا ۔ اپنا مطلب نکالنا ۔ اپنا کام بنانا ۔ احمق بنا کر لینا۔

اپنا الو کہیں نہیں گیا (۱) ہمارا مطلب ہر حال میں نکل ہی آئے گا (۲) کوئی نفع اٹھائے یا نقصان ہم اپنے ٹکے سیدھے کر ہی لیں گے۔

اپنا بھی خدا ہے ۔ جب کسی طرف سے مایوسی ہو تو کہتے ہیں یعنی اگر فلاں نے یا تم نے مدد نہیں کی آخر خدا ہمارا کام کر دے گا۔

اپنا بیگانہ یا پرایا ۔ بیگانہ و یگانہ ۔ عزیز و غیر۔

اپنا پن ۔ اپنایت ۔ یگانگت۔

اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں ۔ جو اپنی تن پروری کرے اور دوسروں کی خبر نہ لے۔

اپنا پیسہ (سونا) کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش (مثل) اپنی ہی اولاد لائق نہیں تو دوسروں کی کیا شکایت۔

اپنا توشہ اپنا بھروسہ (مثل) اپنا بندوبست خود کرنا چاہیے ۔ دوسرے کے بھروسے پر نہ رہنا چاہیے۔

اپنا ٹھکانہ (کرنا) کر لینا ۔ اپنے گزارے کی تدبیر کرنا ۔ اپنے لیے کوئی جگہ تلاش کرنا ۔ اپنے رہنے کی جگہ پیدا کرنا۔

اپنا جی ۔ اپنی طبیعت یا خواہش۔

اپنا حساب کر لو (۱) اپنا معاملہ صاف کرو ۔ اپنا لین دین چکا لو (۲) نوکری چھوڑ دو۔

اپنا خون پینا ۔ غم و رنج سہنا ۔ پیچ و تاب کھانا۔

اپنا راستہ لو ۔ اپنے کام سے کام ۔ جاؤ چلے جاؤ۔

اپنا سکہ پرایا پیکھ (مثل) اپنی چیز حفاظت سے رکھنا اور دوسرے کی عیب جو کرنا۔

اپنا ہی رونا رونا ۔ دل کا رنج ظاہر کرنا ۔ اپنا ہی درد بیان کرتے رہنا۔

اپنا سا ۔ مقابل ۔ خود جیسا۔

اپنا سا منہ لے کر رہ جانا ۔ خفیف ہونا ۔ سوال پورا نہ ہونے کی شرم سے چپ رہ جانا ۔ جس بات کا دعوی ہو اس سے شرمندگی اٹھانا ۔ بات کا جواب نہ بن پڑنا۔

اپنا سر ۔ کچھ نہیں ۔ خاک نہیں ۔ ذرا بھی نہیں۔

اپنا سر پیٹو ۔ اپنے کیے کا خمیازہ بھگتو ۔ اپنی کرنی پر پشیمان ہو

اپنا سر کھاؤ ۔ جو مرضی ہو کرو ۔ بات نہیں سنتے تو تم جاؤ۔

اپنا سلام ہے ۔ ہم تو دور بھاگتے ہیں ۔ جاتے ہیں ۔ پرہیز کرتے ہیں۔

اپنا سمجھو ۔ تکلف نہ کرو ۔ غیر نہ سمجھو۔

اپنا کام کرو ۔ اپنے کام سے کام رکھو ۔ پرے ہو۔

اپنا کر لینا ۔ (۱) قبضے میں لے آنا ۔ مال مار لینا (۲) موافق بنا لینا۔

اپنا کہا کرنا ۔ اپنی رائے پر چلنا ۔ کسی کی نہ ماننا۔

اپنا کیا آگے آیا (مثل) برے فعل کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔

اپنا کیا پانا ۔ اپنے فعل کی سزا بھگتنا ۔ کیفر کردار کو پہنچنا۔

اپنا گوشت کھانا ۔ مجبوری کے عالم میں غصہ آنا۔

اپنا گھر بھرنا ۔ کسی کی دولت کو اپنے قبضہ میں لانا۔

اپنا گھر جاننا ۔ اپنا گھر سمجھنا ۔ غیر نہ سمجھنا۔

اپنا لہو پینا ۔ رنج و غم سہنا ۔ پیچ و تاب کھانا

اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا (مثل) عزیز لاکھ دکھ دے پھر بھی اس کو رحم آ ہی جاتا ہے۔

اپنا مال اپنی چھاتی تلے ۔ اپنی چیز کی خود ہی پوری پوری حفاظت ہو سکتی ہے ۔ مال عرب پیش عرب۔

اپنا منہ (تھوا تو) بنوا لیجئے ۔ دیکھیے منہ بنوا رکھو۔

اپنا نام بدل ڈالیں ۔ ضرور ایسا ہی ہو گا ۔ اگر ایسا نہ ہو تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں ۔ شرط اور دعویٰ کے موقع پر کہتے ہیں

اپنا ہاتھ کٹوا ڈالوں ۔ شرط اور دعوے کے ساتھ کہتا ہوں کہ ایسا ضرور ہو گا۔

اپنا ہی مال جانے آپ ہی چور کہلانے (مثل) اپنا ہی نقصان اور اپنی ہی بدنامی۔

**اپنانا** ۔ (اَپ ۔ نا ۔ نا) (ہ ۔ مص) اپنا کرنا ۔ اپنی ملکیت بنانا ۔ اپنی طرف کرنا

**اپنائیت** (اَپ ۔ نا ۔ اِ ۔ یَت) (ہ ۔ صف) (۱) یگانگت ۔ عزیزداری قرابت (۲) واحد معاملہ۔

**اپنڈے سائی ٹس** (APPENDICITIS) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے التہاب زائدہ۔

**اپنشد** ۔ (اُپ ۔ نِ ۔ شَد) (ہ ۔ ا ۔ مونث) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں ویدوں کا انتخاب درج ہے۔

**اپنی** ۔ (اَپ ۔ نی) (ہ ۔ ص) اپنا کی تانیث ۔ ذاتی۔

اپنی آبرو اپنے ہاتھ (مثل) انسان وہ کام ہی نہ کرے جس سے آبرو میں فرق آئے۔

اپنی آگ میں آپ جلنا ۔ رشک و حسد اور غصے سے آپ ہی چھکنا ۔ کسی کو خوشحال دیکھ کر رنجیدہ ہونا۔

اپنی اپنی بولیاں بولنا ۔ ہر ایک کا الگ راگ ظاہر کرنا ۔ اپنے اپنے مطلب کی کہنا۔

اپنی اپنی پڑنا ۔ نفسی نفسی ہونا ۔ اپنا اپنا خیال ہونا ۔ اپنی اپنی مصیبت

Marfat.com

میں گرفتار ہونا۔
اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (مثل) ہر شخص الگ الگ راہ پر ہے۔
اپنی اپنی (کہنا، گاتا) - اپنا اپنی رائے کا اظہار کرنا۔ اپنا مطلب ظاہر کرنا۔
اپنی اصل (اصالت) پر آ جانا۔ اپنی ذات کے موافق کوئی کام کرنا۔ کمینہ قوم کا کوئی بُرا کام کرنا۔
اپنی اور تیری جان ایک کر دوں گا۔ تجھے مار ڈالوں گا۔ اور اپنے آپ کو بھی ہلاک کر لوں گا۔
اپنی بات اپنے ہاتھ۔ (مثل) انسان اپنا وقار خود قائم رکھتا ہے۔ اسے کوئی ایسی بات نہ کرنا چاہیے۔ جس سے بے عزتی ہو۔
اپنی بات پر (آ جانا، آنا) اپنے کہے پر اڑ جانا۔ ضد کرنا۔
اپنی بات کا ایک ہے۔ بات کا پکا ہے۔ عہد کا نباہنے والا ہے۔
اپنی بساط تو دیکھو۔ پہلے اپنی لیاقت یا طاقت دیکھو پھر یہ کام کرنا۔
اپنی بلا اور کے سر دھرنا۔ اپنی مصیبت دوسرے کے سر ڈالنا۔
اپنی بلا سے۔ ہم کو کچھ پرواہ نہیں۔
اپنی بھوک کھانا اپنی نیند سونا (مثل) دیکھیے اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا۔
اپنی پڑی ہے۔ اپنی ہی فکر ہے۔
اپنی بیڑی پرائی بائیں (مثل) اپنی مصیبت تو مصیبت ہے۔ دوسرے کی مصیبت نہیں۔
اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے۔ اپنی جان بچانے کی سب کوشش کرتے ہیں۔ خطرہ کے کام سے ہر ایک جان چراتا ہے۔
اپنی جگہ۔ اپنے عوض۔ اپنے بدلے میں۔
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو (مثل) اپنے تھوڑے سے فائدے کے لیے مجھ غریب کا اتنا بڑا نقصان کرتے ہو۔
اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو۔ اپنا سا حال دوسروں کا بھی جانو۔ دکھ کو دکھ سمجھو۔ انصاف کرو۔
اپنی خبر لینا۔ اپنے گریبان میں منہ ڈالنا۔ اپنے حال کو دیکھنا۔
اپنی دفعہ۔ اپنا نمبر آنے پر۔ اپنی بار۔
اپنی دوزخ کو بھرنا۔ اپنا پیٹ بھرنا۔ خود غرضی کرنا۔
اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا (مثل) سب سے الگ ہو کر رہنا۔ کسی کی رائے نہ ماننا۔
اپنی ذات سے اچھے ہیں۔ خود اچھے ہیں۔
اپنی راہ (جانا، لگنا)۔ اپنی راہ لینا۔ اپنے کام میں معروف رہنا۔
اپنی راہ لو (یا) لیجیے۔ اپنا کام کرو۔ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دو۔
اپنی سی بہت (کر لی، کی)۔ امکان بھر کوشش کرلی۔ اپنی طرف سے بہت سی کرلی۔
اپنی سی کر دیکھنا۔ اپنی سی کر گزرنا۔ حتی المقدور کوشش کرنا۔ کوئی کسر نہ چھوڑنا۔
اپنی سی بنا ہنا۔ اپنے امکان بھر وضع داری کا برتاؤ کرنا۔
اپنی طرف خیال کرنا۔ اپنی طرف دھیان کرنا۔ اپنی طرف دیکھنا۔ اپنے مرتبے، عزت اور بڑائی کا لحاظ رکھنا۔
اپنی طرف سے۔ آپ ہی۔ اپنے ذہن سے۔ اپنی طبیعت سے۔
اپنی عزت اپنے ہاتھ۔ (مثل) دیکھیے اپنی بات اپنے ہاتھ۔
اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی معلوم ہوتی ہے (مثل) ہر شخص اپنی عقل اور دوسرے کی دولت کو بہت زیادہ خیال کرتا ہے۔
اپنی عمر سے مرنا۔ عمر طبعی کو پہنچ کر مرنا۔
اپنی غرض کو۔ اپنے مطلب کی خاطر۔
اپنی غرض کو گدھے چراتے ہیں (مثل) غرض مند کو ذلیل سے ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے۔
اپنی کر کے نہ رکھنا (۱) کسی چیز یا دولت کو حفاظت سے نہ رکھنا (۲) عورت کو اپنا موافق نہ بنا لینا۔
اپنی کرنی اپنی بھرنی (مثل) جو جیسا کرے گا ویسا پائے گا۔
اپنی کرنی کرنا۔ اپنی ضد پر اڑا رہنا۔ جو ٹھان لینا وہی کر گزرنا۔
اپنی کل میں مست ہونا۔ اپنی کھال میں مست ہونا۔ اپنے حال میں خوش ہونا۔ خوشی میں مگن رہنا۔
اپنی کہو نہ اوروں کی سنو۔ نہ اپنا خیال ظاہر کرنا نہ دوسرے کی بات سننا۔
اپنی کہی نہ اوروں کی سنی۔ چپ چاپ مر گئے۔ کچھ کہنے سننے بھی نہ پائے۔
اپنی گاتا۔ صرف اپنی کہنا۔
اپنی گرہ کا (سے) کیا جاتا ہے۔ ہمارا کیا ہرج ہوتا ہے۔ ہمارا کیا نقصان ہے۔
اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے (مثل) اپنے گھر پر کمزور کو بھی حوصلہ ہوتا ہے۔
اپنی مونچھ منڈوا ڈالیں۔ اگر ایسا نہ ہوگا تو ہم اپنی مونچھیں منڈوا دیں گے۔ دعویٰ چھوڑ دیں گے۔
اپنی ناک چوٹی میں گرفتار۔ اپنے بناؤ سنگار میں معروف۔
اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی (مثل) اپنی بدنامی اور ذلت ہو کر بھی دوسرے کو اگر تھوڑا نقصان پہنچ جائے تو خوش ہونا۔
اپنی نظر میں۔ اپنی جانچ میں۔ اپنے انداز سے میں۔
اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا۔ اپنی نیند سونا اپنی نیند اٹھنا۔ آزادی سے بسر کرنا جب جی چاہے سو رہنا۔ جب دل میں آئے کھا لینا۔ بے غم رہنا۔
اپنی والی۔ امکان بھر۔ جہاں تک ہو سکے۔ حتی المقدور۔
اپنی والی پر آنا (۱) کسی بات پر اڑ جانا۔ اپنی بات کی پچ کرنا۔ (۲) اپنی لیاقت اور حیثیت کا اظہار کرنا۔
اپنی ہی گاتا۔ دیکھیے اپنی گاتا۔
اپنے (اَپ۔ نے) (ہ۔ ص) (۱) عزیز۔ یگانے (۲) ملو کہ (۳) خاص۔ خود (۴) اپنے دم کے۔ اپنے تعلق کے۔
اپنے آپ۔ خود ہی۔ اپنی ذات سے۔
اپنے آپے سے گزر جانا۔ بے حد مغرور ہونا۔ غصے یا غرور میں بدحواس ہو جانا۔
اپنے آپ کو۔ اپنی ذات کو۔
اپنے آپ کو کھینچنا۔ الگ تھلگ رہنا۔ غرور کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔
اپنے آگے کسی کو نہیں گنتے۔ اپنے برابر کسی کو نہیں سمجھتے۔ خود پسند اور مغرور بن جانا۔
اپنے اپنے حال میں مست ہیں۔ کسی کو کسی کی فکر نہیں۔ ہر شخص اپنے حال میں مگن ہے۔
اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں۔ اپنے گھر کا ہر شخص کو اختیار ہے۔
اپنے گھر کے سب مالک ہیں۔ اپنے گھر چوہا بھی شیر ہے۔
اپنے اللہ سے پائے۔ (بددعا) خدا سمجھے۔ خدا اس کی سزا دے۔

Marfat.com

اپنے اُوپر لے لینا۔ اپنے اوپر اوڑھ لینا۔ کسی کی برائی یا قصور کو اپنے ذمے لے لینا۔
اپنے بھاویں۔ اپنے نزدیک۔ اپنے حساب‌وں۔
اپنے بیروں کو کوئی کھٹے نہیں بتاتا۔ (مثل) اپنی چیز کو کوئی بھی خراب نہیں کہتا۔
اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا۔ بغیر کسی امداد کے اپنا کام خود چلانا۔ خود اپنا کفیل ہونا۔
اپنے پاؤں چلنا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔ بغیر سہارے کے چلنا۔
اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا۔ (مثل) اپنا برا آپ کرنا۔ خود ہی اپنا نقصان کر لینا۔
اپنے پر۔ اپنی ذات پر۔
اپنے پرائے کی سمجھ۔ یگانے بیگانے کی پرکھ۔
اپنے پیر کو مان۔ واسطہ دلانے کی جگہ کہتے ہیں بجائے اپنے مرشد یا بڑے کی قسم ہے۔
اپنے تئیں۔ آپ کو۔ اپنی ذات کو۔ اپنے کو۔
اپنے جامے سے باہر ہونا۔ دیکھیے جامے سے باہر ہونا۔
اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو۔ (مثل) تمہیں دوسرے کی کیا پڑی ہے۔ اپنی خبر لو۔
اپنے چلتے۔ اپنے مقدور بھر۔ حتی الوسع۔
اپنے حساب۔ اپنی دانست میں۔ اپنے نزدیک۔
اپنے حق میں کانٹے بونا۔ اپنے حق میں زہر کرنا۔ اپنے لیے برائی کرنا۔ وہ کام کرنا جو خود کو نقصان پہنچائے۔
اپنے خدا کو مان۔ خدا کا خیال کر کے بات کر۔ خدا کا واسطہ دینے کو کہتے ہیں۔
اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کو کیا دوش۔ (مثل) اپنی چیز میں برائی ہو تو برائی نکالنے والے پر کیا الزام۔
اپنے دل پر ہاتھ دھرو (دھر دیکھو)۔ اپنی حالت کا اندازہ کرو۔
اپنے دم سے اچھے ہیں۔ دیکھیے اپنی ذات سے اچھے ہیں۔
اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے۔ (مثل) اپنی چیز کو کوئی بھی برا نہیں کہتا۔
اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا یا ڈھائی چاولوں کی کھچڑی الگ پکانا۔ سب کی رائے سے الگ رائے رکھنا۔ کسی کے کہے پر عمل نہ کرنا۔
اپنے ڈھب کا۔ اپنے رنگ کا۔ اپنے مطلب کے موافق۔
اپنے رنگ میں رنگنا۔ اپنے جیسا کر لینا۔
اپنے زور میں آپ آ رہنا۔ (۱) ایسی بے موقع زور آزمائی کرنا کہ آدمی خود ہی گر پڑے (۲) اپنے زعم میں کوئی ایسا کام کر بیٹھنا جو آپ ہی کو نقصان پہنچائے۔
اپنے ساتھ لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔
اپنے سائے سے وحشت کرنا (ہونا)۔ حد سے زیادہ وہمی ہونا۔
اپنے سائے سے بچنا۔ دوسروں سے بہت بدکنا۔ میل ملاقات میں احتیاط کرنا۔
اپنے سر آفت (بلا) لینا۔ اپنے سر مصیبت لینا۔ اپنے اوپر تکلیف گوارا کرنا۔ کسی مشکل کام کو اپنے ذمے لینا۔
اپنے سر اوڑھ لینا۔ اپنے سر لے لینا۔ دیکھیے اپنے اوپر لے لینا۔

اپنے سے بہتر خدا۔ (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے برابر کسی کو نہ سمجھے۔
اپنے فرض سے ادا ہونا۔ جو بات اپنے ذمے واجب ہو اس کو کر لینا۔
اپنے قدم کی خیر منانا۔ اپنی بہتری چاہنا۔ اپنا نفع چاہنا۔
اپنے کام سے کام۔ اپنے مطلب سے مطلب۔ اپنی غرض سے غرض۔
اپنے کو۔ اپنی ذات کو۔
اپنے کو اپنے کا پاس ہونا۔ دوستوں اور عزیزوں کو ایک دوسرے کا خیال ہونا۔
اپنے کہے کا ہے۔ بڑا ضدی ہے۔ جو جی میں آتا ہے وہی کرتا ہے۔
اپنے کہے کی لاج ہونا۔ اپنے قول کا لحاظ ہونا۔
اپنے کیے پر پچھتانا۔ خود ہی کوئی فعل کر کے پشیمان ہونا۔
اپنے کیے کا علاج نہیں۔ اپنے کیے کا کیا علاج۔ اپنی کی ہوئی غلطی یا برائی کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔
اپنے کیے کو پانا۔ اپنے کیے کا مزہ چکھنا۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ بد اعمالی کی سزا ملنا۔
اپنے کیے کو رونا۔ غلطی کر کے پشیمان ہونا۔
اپنے کیے کی سزا پانا۔ جیسا کیا ہے اس کے بدلے میں سزا پانا۔ بد فعل کی سزا پانا۔
اپنے گریبان میں منہ ڈالنا، ڈال کر دیکھنا۔ اپنے عیب دیکھنا۔ اپنے کیے پر گردن نیچی کرنا۔
اپنے گھر آئے ہوئے کتے کو بھی نہیں دھتکارتے۔ (مثل) مہمان کیسا ہی کم حیثیت ہو اس سے برا برتاؤ نہیں کرنا چاہیے۔
اپنے گھر پر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے۔ (مثل) اپنے مکان میں ہر ایک دلیر ہوتا ہے۔ اپنے دروازے پر کتا بھی شیر ہوتا ہے۔
اپنے گھر کی راہ لو۔ چلے جاؤ۔ جاؤ۔
اپنے لکھے کو رونا۔ اپنی قسمت کا گلہ شکوہ کرنا۔
اپنے مزے کے آگے کچھ نہیں سوجھتا۔ (مثل) اپنے فائدے اور اپنی نفسانی خواہش اور اپنی زبان کے ذائقے کے آگے نیک و بد اور جائز و ناجائز کی تمیز نہیں رہتی۔
اپنے مطلب کا۔ خود غرض۔
اپنے مطلب کی (۱) اپنے مطلب کی بات (۲) خود غرض عورت
اپنے مطلب کے ہیں۔ خود غرض ہیں۔ اپنی غرض کے آشنا ہیں۔
اپنے منہ پر طمانچے مارنا۔ اپنے کیے پر پشیمان ہونا۔
اپنے منہ سے کہنا۔ خود کہنا۔
اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔ (مثل) اپنی تعریف خود کرنا۔
اپنے میں۔ اپنے بدن میں۔ اپنے جسم میں۔
اپنے نام کا ایک ہے۔ آفت کا پرکالہ ہے۔ بڑا ضدی ہے۔
اپنے نزدیک۔ اپنے حساب
اپنے وقت کا ارسطو (افلاطون) ہے۔ بڑا دانا ہے، بہت عقل مند ہے۔
اپنے وقت کا حاتم ہے۔ بہت بڑا سخی ہے۔
اپنے وقت کا رستم ہے۔ بہت بہادر ہے۔
اپنے وقت کا سکندر ہے۔ بہت خوش نصیب اور اقبال مند ہے۔
اپنے وقت کا لال بجھکڑ۔ (مثل) بے وقوف مگر عقل کا دعوی۔

Marfat.com

**اپنے ہاتھ کا** (۱) اپنے آپ کرنے کا (۲) اپنے ہاتھ کا لکھا، بنایا یا کیا ہوا۔
**اپنے ہاتھ ہے۔** اپنے اختیار میں ہے۔ اپنے اختیار سے ہے۔
**اپنے ہاتھوں۔** اپنے آپ۔ بالارادہ۔ آپ سے۔ دیدہ و دانستہ۔
**اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا۔** اپنی موت کا آپ سامان کرنا۔ خود برباد ہونا۔
**اپنے ہاتھوں خراب ہونا۔** اپنی تباہی خود لانا۔
**اپنے ہاتھوں کانٹے بونا۔** اپنی بربادی کے سامان خود پیدا کرنا۔
**اپنے ہی تک رکھنا۔** دوسرے سے نہ کہنا۔ اپنے ہی جی میں رکھنا۔
**اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے۔** اپنوں کی ذات سے فساد پیدا ہوا ہے۔

**اپھارا / اپھار / اپھرا / اپھرا** (اُ - پھا - را) [ہ - ا - مذکر] پیٹ پھولنا۔
**اپھان** (اُ - پھان) [ہ - ا - مذکر] اُبلنا۔ آنچ یا گرمی پاکر پھین کے ساتھ اوپر اٹھنا۔
**اپھرا** (اُ - پھ - را) [ہ - صف] پھولا ہوا۔ معدہ بھرا ہوا۔ غرور سے پھولا ہوا
**اپھر جانا** (اُ - پھر - جانا) [ہ - مص] (۱) پیٹ پھولنا۔ اتنا کھا لینا کہ سانس پھولنے لگے (۲) کھا پی کر سیر ہو جانا (۳) مغرور ہو جانا۔
**اپھرنا** (اُ - پھر - نا) [ہ - مص] (۱) پھولنا۔ ہوا بھرنا (۲) موٹا ہونا (۳) مغرور ہونا۔ نازاں ہونا۔
**اپھن جانا** (اُ - پھن - جانا) [ہ - مص] اُبل جانا۔ جوش آ جانا۔
**اپھننا** (اُ - پھن - نا) [ہ - مص] (۱) اُبلنا۔ آنچ یا گرمی سے پھین کے ساتھ اوپر اٹھنا (۲) اُمنڈنا۔
**اپیل** (اَ - پیل) (APPEAL) [انگ - ا - مذکر و مونث] چھوٹے حاکم کے فیصلے کے خلاف بڑے حاکم کے پاس درخواست کرنا۔ مرافعہ۔
**اپیل بحال ہونا۔** اپیل کا منظور ہونا۔
**اپیل خارج / مسترد ہونا۔** اپیل کا نامنظور ہونا۔
**اپیل داخل کرنا۔** اپیل کرنا۔ حاکم بالا کے پاس مقدمہ لے جانا۔
**اپیل گزار۔** اپیل داخل کرنے والا۔
**اپیل متنافف۔** ایک دوسرے کے خلاف اپیل۔

## ا - ت

**اتا** - (اَ - تا) [ت - ا - مذکر] باپ۔ والد۔
**اتابک** (۱) بزرگ باپ (۲) شاہانہ خطاب۔ شیراز کے ترک بادشاہوں کا لقب۔
**اتاترک** (۱) ترکوں کا باپ (۲) مصطفیٰ کمال پاشا کا لقب۔
**اتا پتا** (اَ - تا - پ - تا) [ہ - ا - مذکر] نشانی۔ علامت۔ پتا (اتا تابع مہمل ہے)۔
**اتا پتا کہنا۔** نشانی بتانا۔ ظاہر کرنا۔
**اُتار** - (اُ - تار) [ہ - ا - مذکر] (۱) ڈھلاؤ۔ نشیب (۲) ترش۔ زدہ (۳) کمی۔ تنزل۔
**اُتار چڑھاؤ** (۱) اونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ مد و جزر (۲) کمی بیشی۔
**اُتار چڑھاؤ (بتانا) دینا۔** فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔
**اُتار چڑھاؤ کی باتیں۔** فریب کی باتیں۔ چالیں۔

**اُتار لینا** (۱) اونچی جگہ سے نیچے اتار دو جگہ دینا۔ ٹھہرا لینا (۲) ننگا کر دینا۔ چھین لینا۔ لے لینا (۳) پھاڑ ڈالنا (۴) نقل کر لینا (۵) کاٹ ڈالنا۔ توڑ ڈالنا (۶) گرانا۔ معزول کرنا (۷) گھسنا۔ مٹا دینا۔
**اُتار ہونا۔** نشہ اترنا۔ کسی چیز کا کمی یا گراوٹ کی طرف آنا۔
**اُتارا** (اُ - تا - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) ڈیرہ ڈالنے یا ٹکنے کا نام (۲) اترنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ مقام (۳) ندی پار کرنے کی حالت (۴) صدقہ۔ وہ گھاٹ
**اُتارا اتارنا۔** صدقہ اتارنا۔
**اُتارن** (اُ - تا - رَن) [ہ - ا - مونث] پہنا ہوا لباس۔ پہنا ہوا پرانا۔
**اُتارنا** (اُ - تار - نا) [ہ - مص] (۱) اونچی جگہ سے نیچی جگہ لانا (۲) دریا کے پار لے جانا (۳) بدن سے لباس جدا کرنا (۴) نثار کرنا (۵) تصویر کھینچنا (۶) نقل کرنا (۷) جدا جدا کرنا (۸) ٹھہرانا (۹) ذلیل کرنا (۱۰) معزول کرنا (۱۱) نکلنا (۱۲) نازل کرنا (۱۳) ڈھانا (۱۴) غصہ نکالنا (۱۵) گھٹانا (۱۶) داخل کرنا (۱۷) کسی عضو کا اُس کی اصلی جگہ سے اکھاڑنا (۱۸) پیوست کرنا (۱۹) ادا کرنا (۲۰) ذہن نشین کرنا (۲۱) موندنا۔
**اُتاق** (اُ - تاق) [ف - ا - مذکر] خیمہ۔ ڈیرہ۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔
**اتالیق** (اَ - تا - لیق) [ت - ا - مذکر] استاد۔ تربیت دینے والا۔ سدھانے والا۔
**اتالیقی** (اَ - تا - لی - قی) [ت - ا - مونث] استادی۔ معلمی۔ علم سکھانے کا کام۔
**اتائی** - (اَ - تا - ای) [ہ - صف] بے استاد۔ جس نے کسی فن یا علم کو باقاعدہ حاصل نہ کیا ہو یا وہ اس کا آبائی پیشہ نہ ہو۔
**اتباع** - (اِت - تِ - باع) [ع - ا - مذکر] پیروی کرنا۔ پیروی۔
**اتحاد** - (اِت - تِ - حاد) [ع - ا - مذکر] (۱) یگانگت۔ ملاپ۔ دوستی۔ ایکا (۲) محبت۔ اخلاص۔
**اتحادی** - (اِت - تِ - حا - دی) [ع - صف و ا - مذکر] (۱) اتحاد سے متعلق (۲) ساتھی۔ حلیف (۳) باہمی معاہدہ سے وابستہ۔ متحد۔ معاہدین
**اُتر** - (اُت - تر) [س - ا - مذکر] (۱) شمال (۲) جواب (۳) ایک راگ گیت (۴) پچھلا۔ بعد کا۔
**اُتر جاؤ کر دکھن، وہی کرم کے لچھن** (مثل) جہاں بھی جاؤ قسمت اپنے ساتھ ہے۔
**اُترا** - (اُت - را) [ہ - صف] (۱) اُترا ہوا (۲) معزول (مرکبات میں مستعمل ہے)۔
**اُترا شحنہ مردک نام** (مثل) عہدے سے علیحدہ ہونے پر عزت نہیں رہتی۔
**اُترا ہوا** (۱) بیتا ہوا (۲) باسی۔ زوال پذیر۔ برسیدہ۔
**اُتر آنا** (اُ - تر - آنا) [ہ - مص] (۱) آمادہ ہونا (۲) اوپر سے نیچے آنا۔
**اترانا** (اِت - را - نا) [ہ - مص] گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ نازاں ہونا۔
**اترا ہٹ** (اِت - را - ہَٹ) [ہ - ا - مونث] گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔
**اُترائی** - (اُت - را - ای) [ہ - ا - مونث] (۱) نشیب (۲) دریا سے پار ہونے کا محصول (۳) پہاڑ سے اترنے کا علاقہ۔
**اترائے پھرنا** (اِت - را - ئے - پھرنا) [ہ - مص] اینٹھنا۔ ناز کرتے پھرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
**اُتر پڑنا** [ہ - مص] (۱) کسی کے بھی یا کسی مصیبت پر آمادہ ہو جانا (۲) ٹھہرنا۔ ٹھہر جانا۔
**اُترتا چاند** [ہ - صف] آخر ماہ۔ ڈھلتا ہوا ماہ۔ چاند کا آخری حصہ۔

Marfat.com

اُتری برسات - نکلتی برسات - برسات کا آخری زمانہ۔

اُتری ندی کنارے ڈھائے (مثل) انسان کا جب کچھ بس نہیں چلتا تو غریب کو ستاتا ہے۔

اُترجانا - (اُ - تر - جا - نا) (ہ - مص) (۱) اُوپر سے نیچے آ جانا - ڈھل جانا (۲) دُبلا ہو جانا (۳) ناپسند ہو جانا - (۴) خراب ہو جانا۔

اَترسوں - (اَ - تر - سوں) (ہ - ا - مذکر) (۱) آنے والے پرسوں کے آگے کا دن (۲) گزرے ہوئے پرسوں سے پہلے کا دن۔

اُترکے - (اُ - تر - کے) (ہ) گھٹ کے - کم تیچے۔

اُتر گئی لوئی پھر کیا کرے گا کوئی (مثل) جب بے شرمی اختیار کی تو پھر کسی کا کیا ڈر ہے - بے حیا آدمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

اُترن - (اُ - ت - رن) (ہ - ا - مذکر) (۱) پہنے ہوئے پرانے کپڑے (۲) لوہے یا پتھر کی پٹی جو دروازے میں لگائی جاتی ہے۔

اُترن پُترن - اُتارے ہوئے پرانے کپڑے - پرانا لباس۔

اُترنا - (اُ - تر - نا) (ہ - مص) (۱) اوپر سے نیچے آنا (۲) گھٹنا (۳) جوڑ، نس یا ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۴) کسی اثر کا دور ہونا (۵) سوت سے تیار ہونے والی کوئی چیز مکمل ہونا - (۶) ایسی چیز کا تیار ہونا جو اوزار وغیرہ سے تیار کی جائے (۷) نرخ کا کم ہونا (۸) ڈیرہ کرنا - ٹھہرنا (۹) گھٹنا (۱۰) پھلوں کا پکنے پر توڑا جانا (۱۱) پہنے ہوئے کپڑے بدن سے الگ ہونا (۱۲) کسی باجے کی کسن کا ڈھیلا ہو جانا (۱۳) جنم لینا (۱۴) کشتی یا لڑائی کے لیے اکھاڑے یا میدان میں آنا (۱۵) پار ہونا (۱۶) سوار ہونا اور چڑھنا کی ضد۔

اُترنگ - (اُ - ت - رنگ) (ہ - ا - مذکر) وہ لکڑی جو دروازے میں اُوپر کی طرف چوکھٹ میں لگائی جاتی ہے۔

اُتروانا - (اُ - تر - وا - نا) (ہ - مص) کسی دوسرے سے کوئی چیز اتارنے میں امداد یا حکم۔

اُتری پچھل - (اُ - ت - ری - پچھل) (ہ - ا - مذکر) تیرچھلا - ہر جھیڑا اور آلہ کا مرکب۔

اُتری بھوتی - (ہ - صف) چھوڑی ہوئی - استعمال کی ہوئی۔

اُتری ہوئی پالے پڑی (مثل) (۱) پرانا جوتا (۲) بے وقت - حقیر آدمی یا عورت (۳) نظروں سے گری ہوئی بے قدر اور بے حقیقت چیز۔

اِتصال - (اِ - ت - صال) (ع - ا - مذکر) ملاپ - نزدیکی - کسی کام کا لگاتار ہونا۔

اِتصالِ حقیقی - بالکل ایک جان ہو جانا - ترت کر ملنا۔

اِتفاق - (اِ - ت - فاق) (ع - ا - مذکر) (۱) موافقت - میل جول - اتحاد - یکجہتی - دوستی (۲) اچانک - دفعتہً - یکایک۔

اتفاقِ حسنہ - اچھا موقع - مبارک اتفاق۔

اتفاقِ رائے - رائے کا متفق ہونا - ایک رائے۔

باتفاق سے - (۱) کسی موقع پر کبھی کبھی (۲) بلا اتفاق (۳) اچانک۔

اِتفاقاً - (اِ - ت - فا - قن) (ع - تابع فعل) اچانک - ناگاہ - یکایک۔

اِتفاقات - (اِ - ت - فا - قات) (ع - ا - مذکر) اتفاق کی جمع - حادثات - واقعات۔

اِتفاقی - (اِ - ت - فا - قی) (ع - صف) ایک دم اچانک - جو بات اتفاق سے ہو جائے۔

اتفاقی خرخرہ - وہ خبر یا شگوفہ جو خود بخود زمین سے اُگتا ہے (۲) خود رو گھاس کی مانند۔

اِتفاقیہ - (اِ - ت - فا - قی - یہ) (ع - صف) اچانک - اتفاق سے۔

اِتقا - (اِ - ت - قا) (ع - ا - مذکر) پرہیزگاری - گناہ سے بچنا - پرہیز کرنا۔

اتقیا - (اَ - ت - قِ - یا) (ع - ا - مذکر) تقی کی جمع - پرہیزگار لوگ۔

اِتلاف - (اِ - ت - لاف) (ع - ا - مذکر) بربادی - ضائع کرنا - تلف کرنا۔

اِتم - (اَ - تَم) (ع - صف) پورا - مکمل۔

اُتم - (اُ - تم) (س - صف) (۱) سب سے اچھا - سب سے بڑا - سب سے بھلا (۲) کامل - پورا - تمام تر۔

اُتم سے اُتم ملے اور ملے نیچ سے نیچ - پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ (مثل) شریف شریف سے اور رزیل رذیلوں سے ملتے ہیں - جو جیسا ہوتا ہے اسے ویسا ہی ملتا ہے۔

اُتم کھیتی مدھم بیوپار - نکھد چاکری بھیک ندار (مثل) کاشتکاری سب سے افضل ہے - اس کے بعد تجارت اور نوکری تو بھیک مانگنے کے برابر ہے۔

اُتم گانا مدھم بجانا - گانے کا درجہ اعلیٰ ہے اُس کے بعد بجانے کا۔

اِتمام - (اِ - ت - مام) (ع - ا - مذکر) (۱) تمام کرنا - انجام کو پہنچانا (۲) کامل تکمیل۔

اِتمامِ حجت - (۱) حجت کا پورا ہونا - فیصلہ کرنا - معاملہ طے کرنا - جھگڑا مٹانا (۲) انتہائی کوشش کرنا۔

اِتنا - (اِت - نا) (ہ - صف) (۱) اس قدر - اس قسم کا (۲) اس درجہ - یہاں تک - اس قابل۔

اتنا پکا کر باسی تھکا (مثل) (۱) کھانا اتنا زیادہ پکایا کہ باسی ہو کر خراب ہو گیا (۲) بات اتنی بڑھ گئی کہ بڑی رسوائی ہوئی۔

اتنا سا فتنہ - ننھی سی فتنی (۱) مکار بچہ یا بچی (۲) چھوٹی سی یا معمولی بات جس کے باعث کوئی جھگڑا ہو۔

اتنا سا منہ نکل آیا (۱) چہرہ اتر گیا - نہایت کمزور اور دُبلا ہو گیا (۲) شرمندہ ہو گیا۔

اتنے سے اتنا کر دینا - (۱) چھوٹے سے بڑا کر دینا - بڑھانا - بڑا کرنا۔

اتنے سے اتنا ہونا - (۱) چھوٹے سے بڑا ہونا (۲) غریب سے مالدار ہونا۔

اتنے میں - اس عرصہ میں - اس عرصہ میں - ناگاہ - اتفاق سے۔

اُتنا - (اُت - نا) (ہ - صف) (۱) اُس قدر - اُس درجہ - اُس حد تک۔

اِتنی - (اِت - نی) (ہ - صف) (۱) اس قدر۔

اتنی سی جان گز بھر کی زبان (مثل) چھوٹا منہ بڑی بات - چھوٹی عمر میں زبان درازی۔

اتنی ہی تھی - اسی قدر تھی۔

اتنی ہی لکھی تھی - اتنی ہی عمر تھی۔

اُتنی - (اُت - نی) (ہ - صف) اُس قدر۔

اَتو - (اَ - تو) (ت - ا - مذکر) (۱) وہ آلہ جس سے کپڑوں پر نقش و نگار کرتے اور بیل بوٹے بناتے ہیں (۲) کشیدہ کاری - بیل بوٹے۔

اتو کرنا - مارتے مارتے جسم ادھیڑ دینا۔

اتو ساز - اتو کرنے والا - کپڑے پر نقش و نگار بنانے والا۔

اتو کرنا (۱) کپڑے پر پھول کاڑھنا (۲) چھڑی سے بدن ادھیڑ دینا - سختی کرنا۔

اتو گر - اتو گر - اتو کا کام کرنے والا۔

اِتوار - (اِت - وار) (ہ - ا - مذکر) ہفتہ اور پیر کے درمیان کا دن - یکشنبہ

Marfat.com

**اِتہاس** (اِ-تِ-ہاس) [س-ا-مونث] تاریخ۔ حکایت۔

**اِتہام** (اِت-تِ-ہام) [ع-ا-مذکر] تہمت۔ الزام۔ بہتان۔ دوش۔

اتہام دینا۔ اتہام رکھنا۔ اتہام لگانا۔ تہمت لگانا۔

**اتھاہ** (اَ-تھاہ) [س-صف] جس کی تھاہ نہ ہو۔ بہت ہی گہرا۔

**اتھک** (اَ-تھک) [ہ-صف] نہ تھکنے والا۔ بڑا محنتی۔

**اُتھل۔ اُتھلا** (اُ-تھَل۔ اُتھ-تھَل۔ اُتھ-لا) [ہ-صف] (۱) کم گہرا (۲) چھچھورا (۳) چھل تھرو (۴) [ا-مذکر] کم گہرا برتن۔

**اُتھل پتھل**۔ اُلٹ پلٹ۔ اوپر نیچے۔

اُتھل پتھل کرنا۔ اُلٹ پلٹ کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔

**اتیاچار** (اَت-تیا-چار) [س-ا-مذکر] ظلم۔ زیادتی۔

# ا-ٹ

**اٹاچی** (اَ-ٹا-چی) (ATTACHE) [انگ-ا-مذکر] سفارت خانے کا عہدیدار۔

**اٹارنی** (ATTORNEY) [انگ-ا-مذکر] ایسا وکیل جو صرف مقدمہ مرتب کر کے بیرسٹر یا وکیل کر دے اور خود بحث نہ کرے۔

**اٹاری** (اَ-ٹا-ری) [ہ-ا-مونث] بالاخانہ۔ چھت سے اوپر کا مکان۔

**اٹ سٹ**۔ [ہ-صف] (۱) سازش۔ جوڑ توڑ (۲) ملاقات۔ تعلق۔

اٹ سٹ لڑنا، ہونا۔ سازش ہونا۔ آشنائی ہونا۔ سازوباز ہونا۔

**اٹک**۔ (اَٹک) [ہ-ا-مذکر] (۱) رکاوٹ۔ اڑچن۔ جھجک۔ اٹکاؤ (۲) مقام۔

اٹک کر رہ جانا۔ رکاوٹ سے آگے نہ بڑھنا۔ ٹھہر جانا۔ رُک جانا

**اٹکانا** (اَٹ-کا-نا) [ہ-مص] (۱) روکنا۔ ٹھہرانا (۲) پھنسانا۔ الجھانا۔ ڈال رکھنا (۳) تھوڑی دیر کے لیے چننا۔ اُلجھانا (۴) مصروف کرنا۔ مشغول کرنا۔

**اٹکاؤ** (اَٹ-کا-او) [ہ-ا-مذکر] روک۔ رکاوٹ۔ اڑچن۔ دیر۔ التوا۔

اٹکاؤ ہونا۔ رکاوٹ یا مزاحمت ہونا۔

**اٹکل** (اَٹ-کل) [ہ-ا-مونث] (۱) اندازہ۔ قیاس۔ تخمینہ (۲) سلیقہ۔ شعور۔ تمیز (۳) پرکھ۔ شناخت۔

اٹکل باز۔ تاڑنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ بھانپنے والا۔

اٹکل پچو۔ خیال۔ قیاس۔ اوٹ پٹانگ۔ بغیر اندازے کے۔

اٹکل پچو تیر (مقرر) مقام۔ اوٹ پٹانگ۔ بے سوچی سمجھی بات، بازی ہوائی۔

اٹکل سے۔ اندازے سے۔

**اٹکنا** (اَٹک-نا) [ہ-مص] (۱) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ تھمنا (۲) پھنسنا۔ جھگڑنا ہونا۔ بحث کرنا (۳) لڑنا جھگڑنا۔ اُلجھنا۔

**اٹکن بٹکن** (اَٹ-کَن-بَٹ-کَن) [ہ-ا-مذکر] چھوٹے بچوں کا ایک کھیل۔

اٹکن بٹکن کھیلنا۔ فضول کام کرنا۔

**اٹکھیل** (اَٹ-کھے-لی) [ہ-ا-مونث] (۱) خرام ناز (۲) شوخی۔ چنچل پن۔

اٹکھیل چال۔ مستانہ چال۔ خرام ناز۔

اٹکھیلیاں کرنا۔ نازو نخرہ کرنا۔ الھڑ پنے کی حرکتیں کرنا۔

اٹکھیلیوں سے چلنا۔ ناز سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ خراماں خراماں چلنا۔

**اٹکی رہنا** (اَٹ-کی-رہ-نا) [ہ-مص] کام بند ہونا۔ حاجت پوری نہ ہونا۔

**اٹل**۔ (اَ-ٹل) [ہ-صف] (۱) نہ ٹلنے والا۔ ناگزیر (۲) مست۔ بے پروا۔

**اٹلس**۔ (ATLAS) اَٹ-لس [انگ-ا-مذکر] ملکوں کے نقشوں کی کتاب۔

**اٹم**۔ (اَ-ٹم) [ہ-ا-مذکر] تودہ۔ ڈھیر۔ انبار۔

**اٹنگ** (اَٹنگ) [ہ-صف] وہ کپڑا جو پہننے میں اونچا یا چھوٹا ہو۔

**اٹنگا**۔ [ہ-صف] بدقطع۔ ٹخنوں سے اونچا۔ قد سے چھوٹا کپڑا۔

**اٹواٹی کھٹواٹی** (اَٹ-وا-ٹی-کھٹ-وا-ٹی) [ہ-ا-مونث] (۱) کھاٹ کھٹولا (۲) اور ڈھنا بچھونا۔

اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑنا۔ سوگ منانا۔ غصے یا غم کے باعث چارپائی پر الگ پڑا رہنا۔

**اٹوٹ** (اَ-ٹوٹ) [ہ-صف] (۱) نہ ٹوٹنے والا۔ لاینفک جو علیحدہ نہ ہو سکے۔ (۲) لگاتار۔ مسلسل۔

**اٹوک** (اَ-ٹوک) [ہ-صف] بلا روک ٹوک۔

**اٹھ** - [ہ-صف] آٹھ کا مخفف۔

**اٹھ پہری** (۱) جو ہر وقت اپنے کام پر مستعد رہے (۲) وہ تپ جو آٹھوں پہر چڑھی رہے (۳) نگہبان (۴) سحری کھائے بغیر روزہ رکھنا۔

اٹھ پہلا۔ آٹھ کونے والا۔ جس میں آٹھ گوشے ہوں۔

اٹھوارہ۔ آٹھ دن کا وقت۔

اٹھوانسا (۱) وہ بچہ جو آٹھ مہینے میں پیدا ہو جائے (۲) وہ کھیت جو اساڑھ سے ماگھ تک بار بار جوتا جاتا رہے اور جس میں ایکھ بوئی جائے۔

**اٹھا**۔ (اَٹھ-ٹھا) [ہ-ا-مذکر] تاش کا ایک پتا جس پر آٹھ نشان بنے ہوتے ہیں۔

**اُٹھا** (اُ-ٹھا) [ہ] اُٹھ بیٹھا (مرکبات میں مستعمل ہے۔)

اُٹھا بیٹھی۔ اُٹھ بیٹھ۔ گھڑی اٹھنا گھڑی بیٹھنا۔

اُٹھا بیٹھی لگا رکھنا۔ لگاتار اٹھنا بیٹھنا۔ بےکلانہ بیٹھنا۔

اُٹھا دینا (۱) اٹھا کر دینا (۲) بوجھ سر یا کندھے پر رکھوا دینا (۳) مجلس یا محفل سے نکال دینا (۴) کوئی کام چھوڑ بیٹھنا (۵) خرچ کر دینا۔ (۶) دیوار کھڑی کر دینا (۷) پردہ اونچا کر دینا۔

اٹھا رکھنا (۱) سنبھال رکھنا (۲) ملتوی رکھنا۔

اٹھا لانا (۱) لے آنا۔ جھپٹ کر لے آنا۔ بلا لانا (۲) خرید لانا۔

اٹھا لے جانا (۱) کسی چیز کو لے جانا (۲) لاش کو لے جانا۔

اٹھا لینا (۱) اونچا کر لینا (۲) تعمیر کر لینا (۳) ہاتھ میں لے لینا (۴) خرچ میں لے لینا (۵) برداشت کر لینا (۶) جدا کر لینا۔ ہٹا لینا (۷) ذمہ دار ہو جانا۔ اپنے اوپر لے لینا (۸) مار ڈالنا۔

اُٹھا مارنا۔ زمین پر چت گرا دینا۔ پٹخ دینا۔ پچھاڑنا۔

Marfat.com

**اٹھارہ**۔ (اُٹھ۔ ٹھا۔ رَہ) (ہ۔ صف) دس اور آٹھ۔
**اِٹھاسی**۔ (اِ۔ ٹھا۔ سی) (ہ۔ صف) اسی اور آٹھ۔
**اُٹھان**۔ (اُ۔ ٹھان) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) اٹھنے کی حالت۔ بڑھنے کا ڈھنگ (۲) اُبھار (۳) چوپایوں کی ایک بیماری جس میں وہ بیٹھ کر اٹھ نہیں سکتے۔
**اُٹھان کا**۔ اونچا اٹھنے والا۔ اونچا اڑتا ہوا۔
**اُٹھان ہونا**۔ بالیدگی ہونا۔ جسم کا ترقی کرنا۔
**اُٹھانا**۔ (اُ۔ ٹھا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لیٹے ہوئے کو بٹھانا یا بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا (۲) اونچا کرنا (۳) نکالنا (۴) کوئی چیز کسی جگہ سے ہٹانا (۵) تعمیر کرنا (۶) چگنا (۷) جھکانا (۸) صرف کرنا (۹) موقوف کرنا (۱۰) برپا کرنا (۱۱) ملتوی کرنا (۱۲) ہٹانا (۱۳) سہنا (۱۴) چھوڑ دینا۔ باقی سکھانا (۱۵) سے لینا (۱۶) پکڑنا (۱۷) دے دینا (۱۸) چرا لینا۔
**اُٹھانوے**۔ (اُ۔ ٹھان۔ وے) (ہ۔ صف) نوے اور آٹھ۔
**اٹھاون**۔ (اُٹھ۔ ٹھاؤن) (ہ۔ صف) پچاس اور آٹھ۔ ستاون کے بعد کا عدد۔
**اُٹھاؤ**۔ (اُ۔ ٹھا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذکر) اُٹھان۔ ترقی۔
**اُٹھاؤُو**۔ (اُ۔ ٹھا۔ او) (ہ۔ صف) (۱) اٹھانے والا (۲) فضول خرچ۔
**اُٹھاؤ چولہا**۔ آدمی جو ایک جگہ جم کر نہ رہے۔ خانہ بدوش۔
**اٹھائیس**۔ (اُ۔ ٹھائیس) (ہ۔ صف) بیس اور آٹھ۔
**اُٹھائی گیرا**۔ (اُ۔ ٹھا۔ ای۔ گی۔ را) (ہ۔ صف) اُچکا۔ آنکھ بچا کر چھوٹی چھوٹی چیزیں چرا لینے والا۔ جیب کترا۔
**اُٹھک بیٹھک**۔ (اُٹھ۔ بیٹھ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) اٹھا بیٹھی۔ بار بار اٹھنا بیٹھنا (۲) ایک قسم کی سزا جو استاد شاگردوں کو دیا کرتے ہیں۔
**اُٹھ بیٹھنا**۔ (اُٹھ۔ بیٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جاگ اٹھنا۔ بیدار ہو جانا (۲) بیٹھے سے کھڑا ہو جانا (۳) تندرست ہو جانا۔
**اُٹھتا بیٹھتا**۔ (اُٹھ۔ تا۔ بیٹھ۔ تا) (ہ۔ صف) گرتا پڑتا۔ بدرجہ بجد۔
**اٹھتّر**۔ (اُٹھ۔ تر) (ہ۔ صف) ستر اور آٹھ۔
**اُٹھتی**۔ (اُٹھ۔ تی) (ہ۔ صف) (۱) اُٹھتی ہوئی۔ کھڑی ہوتی ہوئی (۲) اُبھرتی ہوئی (۳) ختم ہوتی ہوئی (۴) شروع ہوتی ہوئی۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)
**اُٹھتی جوانی**۔ آغاز جوانی۔ شباب کا آغاز۔
**اُٹھتی کونپل**۔ (۱) نئی اور بڑھتی ہوئی ٹہنی (۲) نوجوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔
**اُٹھتے**۔ (اُٹھ۔ تے) (ہ۔ صف) کھڑے ہوتے ہوئے۔
**اُٹھتے بیٹھتے**۔ (۱) گرتے پڑتے (۲) دم لے لے کر۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ بتدریج (۳) بے توجہی سے۔ بے دلی سے (۴) ہر وقت۔
**اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات**۔ (مثل) ہر وقت بے عزتی۔ نہایت ذلت کے ساتھ۔
**اُٹھ جانا**۔ (اُٹھ۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چلا جانا۔ رخصت ہو جانا (۲) مر جانا (۳) خرچ ہو جانا (۴) کسی رواج یا رسم کا موقوف ہو جانا۔ عمل یا حکومت بدل جانا۔
**اُٹھ کر پانی نہیں پیا جاتا**۔ بے حد کاہل، ضعف اور ناتوانی کے موقع پہ بولتے ہیں۔
**اُٹھ کھڑا ہونا**۔ (۱) چلنے کو تیار ہونا (۲) قائم ہونا (۳) نکلنا۔ اُبھرنا۔ (۴) کسی مرض کا پیدا ہونا (۵) لڑنے کو تیار ہونا (۶) بیماری سے صحت پانا۔
**اُٹھلانا**۔ (اِٹھ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اترانا (۲) نخرہ کرنا (۳) مستی دکھانا (۴) چھیڑنے کے سبب جان بوجھ کر انجان بننا۔
**اُٹھلاہٹ**۔ (اِٹھ۔ لا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) ناز۔ نخرہ۔
**اُٹھنا**۔ (اُٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کھڑا ہونا (۲) اونچا ہونا (۳) جاگنا (۴) چلنا (۵) برپا ہونا (۶) آغاز ہونا (۷) نشو و نما پانا (۸) پرواز کرنا (۹) خرچ ہونا (۱۰) زمین کا اجارہ پر جانا (۱۱) اچار کا ترشی پر آ جانا (۱۲) مرنا (۱۳) تیار ہونا (۱۴) ہونا جیسے درد وغیرہ اٹھنا۔
**اُٹھنا بیٹھنا**۔ نشست و برخاست۔ صحبت۔ میل ملاقات۔
**اُٹھ نہ سکنا**۔ (۱) کھڑا نہ ہو سکنا (۲) برداشت نہ ہو سکنا (۳) جواب نہ بن پڑنا۔
**اُٹھنی**۔ (اُٹھ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) آٹھ آنے کا سکہ۔ آدھا روپیہ۔
**اُٹھوانا**۔ (اُٹھ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کھڑا کروانا۔ کسی جگہ سے نکلوانا (۲) تعمیر کروانا۔ بنوانا (۳) خرچ کروانا۔
**اُٹھی پیٹھ آٹھوں دن**۔ (مثل) کام کا وقت ہاتھ سے نہ دینا چاہیے اس لیے کہ اگر نکل جائے تو پھر مشکل سے ہاتھ آئے گا۔
**اَٹی**۔ (اَٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مونث) اٹیرن پر لپیٹا ہوا سوت یا اُون۔ لچھا (۲) پولا۔ گٹھا۔ گیہوں کی بالوں کا مٹھا (۳) پگڑی۔
**اٹیرن**۔ (اَ۔ ٹے۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سوت کی اٹی بنانے کا آلہ (۲) ڈبلا پن (۳) پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک پیچ کا نام (۴) گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔
**اٹیرنا**۔ (اَ۔ ٹیر۔ نا) (ہ۔ مص) اٹیرن سے سوت کی اٹی بنانا۔ سوت لپیٹنا۔

## اث

**اثاث البیت**۔ (اَ۔ ثا۔ ثل۔ بَیت) (ع۔ ا۔ مذکر) اسباب خانہ داری۔ گھر کا سامان۔
**اثاثہ**۔ (اَ۔ ثا۔ ثہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا (۲) سرمایہ۔ اسباب۔ کپڑا لتا وغیرہ۔ سامان جو جمع کیا ہوا ہو۔
**اِثبات**۔ (اِث۔ بات) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) ثابت کرنا۔ تصدیق (۲) اقرار۔
**اثبات جرم**۔ جرم ثابت کرنا۔
**اثر**۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) سنت نبوی۔ حدیث کی قسموں میں سے ایک قسم (۲) تاثیر (۳) نشان (۴) کھنڈر (۵) کھوج (۶) قابو۔ اختیار (۷) نتیجہ۔ فائدہ۔
**اثر آنا**۔ تاثیر پیدا ہونا۔
**اثر بخشنا**۔ تاثیر پیدا کرنا۔
**اثر پڑنا**۔ اثر ہونا۔
**اثر پذیر**۔ اثر قبول کرنے والا۔
**اثر دکھانا**۔ تاثیر ظاہر کرنا۔
**اثر ڈالنا**۔ (۱) تاثیر پیدا کرنا (۲) زور ڈالنا۔
**اثر رکھنا**۔ (۱) اپنی ذات میں کسی طرح کی خاصیت رکھنا (۲) کارگر ہونا۔ تاثیر رکھنا (۳) قابو رکھنا۔

Marfat.com

اثر کرنا (۱) تاثیر ہونا (۲) سرایت کرنا۔ بیٹھنا۔ گھسنا (۳) رنگ جمانا۔
اثر ہونا (۱) تاثیر ہونا۔ رنگ جمنا (۲) جی میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔
اَثقال۔ (اَث۔ قال) [ع ۔ ا۔ مذکر] ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ وزن۔
اَثمار۔ (اَث۔ مار) [ع ۔ ا۔ مذکر] ثمر کی جمع۔ پھل۔ خوشے۔ میوے۔
اَثنا۔ (اِث۔ نا) [ع] وقفہ۔ درمیان۔ بیچ۔ دوران۔
اثنائے تحریر۔ تحقیقات کے دوران میں۔
اثنا عشر۔ (اِث۔ نا۔ عَ۔ شَر) [ع ۔ صف] بارہ۔ اصطلاحاً بارہ امام علیہم السلام۔
اثنا عشری۔ اثنا عشریہ۔ شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کو مانتا ہے۔ امامیہ۔
اَثیر۔ (اَ۔ ثیر) [ع ۔ صف] (۱) عالی بلند۔ آسمان (۲) اثیر۔
اَثیم۔ (اَ۔ ثیم) [ع ۔ صف] گنہگار۔ عاصی۔ مجرم۔ خاطی۔

## ا ـ ج

اِجابت۔ (اِ۔ جا۔ بَت) [ع ۔ ا۔ مونث] (۱) جواب دینا (۲) منظوری۔ قبولیت (۳) دفع براز (۴) پاخانہ۔
اِجارہ۔ (اِ۔ جا۔ رَہ) [ع ۔ ا۔ مذکر] (۱) کسی چیز کی تجارت پر بلا شرکت غیرے قبضہ (۲) اُجرت پر دینا (۳) کرایہ۔ ٹھیکہ (۴) ذمہ۔ حکومت۔ قبضہ۔
اجارہ اُجاڑنا۔ ٹھیکے کا کام خراب ہونا ہے۔
اجارہ باندھنا۔ قبضے میں لانا۔ قبضہ کرنا۔
اجارہ دار (۱) وہ شخص یا ادارہ جس کو کسی چیز کی تجارت کا بلا شرکت غیرے حق حاصل ہو (۲) ٹھیکیدار۔ مالک۔
اجارہ داری۔ کسی تجارت پر بلا شرکت غیرے قبضہ۔
اجارہ کار۔ زمین یا مکان وغیرہ کو کرایہ پر دینے والا۔
اجارہ کرنا (۱) ٹھیکے پر کوئی کام ٹھہرانا (۲) ذمہ داری کرنا۔ اقرار کرنا۔
اجارہ کیا ہے۔ ٹھیکہ نہیں ہے۔ کچھ ذمہ داری نہیں ہے۔
اجارہ نامہ۔ کرایہ نامہ۔
اجارے لینا۔ ٹھیکے پر لینا۔
اُجاڑ۔ (اُ۔ جاڑ) [ہ ۔ صف] ویران۔ غیر آباد۔ جنگل۔ آباد کی ضد۔
اجاڑ صورت۔ بدصورت۔ بدنما۔
اُجاڑنا۔ (اُ۔ جاڑ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ویران کرنا۔ برباد کرنا (۲) اکھاڑنا۔
اُجاڑو۔ (اُ۔ جا۔ ڑو) [ہ ۔ صف] برباد کرنے والا۔
اِجازت۔ (اِ۔ جا۔ زت) [ع ۔ ا۔ مونث] حکم۔ ارشاد۔ منظوری۔
اجازت طلب۔ اجازت چاہنے والا۔
اجازت نامہ۔ وہ تحریر جس کے ذریعے کسی بات کی اجازت دی گئی ہو۔
اِجارہ۔ (اِ۔ جا۔ رَہ) [ع ۔ ا۔ مذکر] بے دام اجارہ داری۔
اُجاگر۔ (اُ۔ جا۔ گر) [ہ ۔ صف] (۱) روشن (۲) ظاہر۔
اُجالا۔ (اُ۔ جا۔ لا) [ہ ۔ ا۔ مذکر] نور۔ روشنی۔ چمک۔
اُجالا ہونا (۱) روشنی ہونا۔ دن نکلنا (۲) لٹ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔
اُجالنا۔ (اُ۔ جال۔ نا) [ہ ۔ مص] چمکانا۔ نکھارنا۔ میل نکالنا۔
اجانب۔ (اَ۔ جا۔ نِب) [ع ۔ ا۔ مذکر] اجنبی کی جمع۔ بیگانے۔ اجنبی۔

اِجتماع۔ (اِج۔ تِ۔ ماع) [ع ۔ ا۔ مذکر] جمع۔ بھیڑ۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اجتماع ضدین۔ اجتماع نقیضین۔ دو مخالف چیزوں کی یکجائی۔
اِجتماعی۔ (اِج۔ تِ۔ ما۔ عی) [ع ۔ صف] منسوب بہ اجتماع۔ پورے طور پر۔ مجموعی طور پر۔
اِجتماعیت۔ (اِج۔ تِ۔ ما۔ عی۔ یت) [ع ۔ ا۔ مونث] (۱) ایک جگہ اکٹھا ہونا (۲) ایک نظریہ جس کی رو سے ملکیت انفرادی نہیں اجتماعی ہونی چاہیے۔
اِجتناب۔ (اِج۔ تِ۔ ناب) [ع ۔ ا۔ مذکر] (۱) پرہیز کرنا (۲) علیحدگی۔ پرہیز۔
اِجتہاد۔ (اِج۔ تِ۔ ہاد) [ع ۔ ا۔ مذکر] (۱) کوشش کرنا۔ ٹھیک راہ ڈھونڈنا (۲) ایجاد۔ نئی بات (۳) فقہ اسلامی کی اصطلاح میں قرآن و حدیث اور اجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا اخذ کرنا۔
اَجداد۔ (اَج۔ داد) [ع ۔ ا۔ مذکر] جد کی جمع۔ باپ دادا۔ بزرگ۔
اُجڈ۔ (اُ۔ جَڈ) [ہ ۔ صف] (۱) گنوار۔ بے وقوف (۲) جاہل۔ احمق۔
اجڈپن۔ بے ہودہ پن۔ گنوار پن۔
اَجر۔ [ع ۔ ا۔ مذکر] نیک کام کا عوض۔ ثواب۔ انعام۔
اجر جائز۔ کارنامہ جائز۔ مقتضائے۔
اجر غیر ممنون۔ بے نقصان ثواب۔ ایسا بدلہ جس پر احسان نہ جتایا جائے۔
اِجرا۔ (اِج۔ را) [ع ۔ ا۔ مذکر] جاری کرنا۔ شروع کرنا۔ کام چلانا۔
اجرائے ڈگری۔ ڈگری کا جاری کرنا۔
اجرائے سفینہ۔ گواہ کے نام طلبی کے واسطے سمن جاری کرنا۔
اَجرام۔ (اَج۔ رام) [ع ۔ ا۔ مذکر] جرم کی جمع۔ جسم۔ ستاروں اور ہوا بہرات کے جسم۔
اجرام فلکی۔ سورج۔ چاند۔ ستارے وغیرہ۔
اُجرت۔ (اُج۔ رَت) [ع ۔ ا۔ مونث] مزدوری۔ کام کا عوض۔
اجرت خالص۔ نقد مزدوری۔ کسی کام کا عوض نقدی کی صورت میں۔
اُجڑا۔ (اُج۔ ڑا) [ہ ۔ صف] (۱) ویران۔ برباد (۲) لٹا پٹا۔ تباہ حال شدہ۔ غارت شدہ (۳) خانہ خراب (مرکبات میں مستعمل ہے)
اُجڑا پُجڑا۔ لٹا پٹا۔ برباد۔ ویران۔
اجڑا گھر بسا رہنا (۱) غیر آباد اور پریشان حال کو آباد اور مطمئن کر دینا (۲) رنڈوے کا نکاح کرا دینا۔
اُجڑنا۔ (اُ۔ جَڑ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ویران ہونا (۲) تباہ ہونا۔
اُجڑوانا۔ (اُ۔ جَڑ۔ وا۔ نا) [ہ ۔ مص] لٹوانا۔ برباد کرانا۔ ویران کرانا۔
اُجڑی۔ (اُج۔ ڑی) [ہ ۔ صف] (۱) تباہ۔ برباد (۲) تباہ ہوگئی۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)
اُجڑی بات۔ کسی بات کی بابت بیزاری اور نفرت سے کہتے ہیں۔
اَجزا۔ (اَج۔ زا) [ع ۔ ا۔ مذکر] جزو کی جمع۔ حصے۔ ٹکڑے۔
اجزا خانہ۔ عطاری کی دکان۔
اجزائے ترکیبی۔ ٹکڑے جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو۔
اجزائے متناسب۔ وہ اجزا جو اپنی اصل صورت میں متناسب ہوں۔

Marfat.com

لحاظ سے موزوں ہوں اور اُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی نہ پائی جائے

اجساد - (اَ-ج-ساد) (ع-ا-مذکر) جسد کی جمع۔ بہت سے جسم۔
اجسام - (اَ-ج-سام) (ع-ا-مذکر) جسم کی جمع۔ بہت سے جسم۔
اجگر - (اَ-ج-گر) (ہ-ا-مذکر) (۱) اژدہا (۲) بڑی بھاری چیز۔
اجل - (اَ-جَل) (ع-ا-مونث) (۱) وقت (۲) موت۔ قضا۔
اجل رسیدہ (گرفتہ) - وہ شخص جس کی موت آئی ہو۔ موت کے پھندے میں پھنسا ہوا۔
اجل سر پر سوار ہے - خطرناک کام کرنے لگا ہے۔ موت کو دعوت دے رہا ہے۔
اجل سر پر کھیلنا - موت کا آ پہنچنا۔ ایسا کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو۔
اجل طبعی - طبعی موت۔ حادثے کی موت کی ضد۔
اجل کا تمانچہ۔ اجل کا تھپیڑا - مہلک ضرب۔ مہلک مرض۔
اَجَل - (اَ-جَل) (ع-صف) بہت بزرگ۔ ذی شان۔
اجلا - (اُج-لا) (ہ-صف) (۱) صاف۔ سفید (۲) دھوبی۔
اجلاپن - صفائی۔ چمک۔ روشنی۔ رونق۔
اِجلاس - (اِج-لاس) (ع-ا-مذکر) حاکم کے مقدمات کرنے کی جگہ۔ کچہری۔ دربار۔ جلسہ۔ نشست۔
اجلاس کامل - وہ اجلاس جس میں اجلاس کے کل ارکان شامل ہوں۔
اجلاس کرنا - دربار کرنا۔ کچہری کرنا۔
اجلاس واحد - ایک کمرے میں ایک ہی جج کا کچہری کرنا۔
اِجلال - (اِج-لال) (ع-ا-مذکر) بزرگی۔ شکوہ۔ منزلت۔
اَجِلّہ - (اَ-جِل-لَہ) (ع-ا-مذکر) جلیل کی جمع۔ بڑے لوگ۔
اُجلی - (اُج-لی) (ہ-صف) (۱) اچھی۔ سفید۔ صاف (۲) دھوبن۔
اُجلی گزران - اچھی خوراک اور اچھے لباس سے بسر کرنا۔
اِجماع - (اِج-ماع) (ع-ا-مذکر) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ اتفاق رائے۔
اِجمال - (اِج-مال) (ع-ا-مذکر) تفصیل کی ضد۔ اختصار جسے سمجھنے میں ذرا دقت ہو۔ عبارت کم اور مطلب زیادہ۔
اِجمالی - (اِج-ما-لی) (ع-صف) (۱) مشترکہ جس میں حصہ کشی نہ کی گئی ہو (۲) مبہم۔ گول۔ مختصر۔
اَجمل - (اَج-مَل) (ع-صف) بہت خوبصورت۔ حسین و جمیل۔
اجناس - (اَج-ناس) (ع-ا-مونث) (۱) جنس کی جمع۔ غلّہ (۲) چیزیں۔ اشیاء۔
اجنبی - (اَج-نَ-بی) (ع-صف) (۱) پردیسی۔ مسافر (۲) ناواقف
اجنبیت (اَج-نَ-بی-یت) (ع-ا-مونث) بیگانگی۔ غیریت۔ واقفیت نہ ہونا۔
اجوائن - (اَج-وا-اِن) (ہ-ا-مونث) ایک دوا کا نام۔
اُجرت - (اُج-رَت) (ع-ا-مذکر) مزدوری۔ کام کا بدلہ۔ اجرت۔ کرایہ
اجوف - (اَج-وَف) (ع-صف) (۱) کھوکھلا (۲) صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے عین کلمے میں حرفِ علت (و-ا-ی) ہو۔
اجہل - (اَج-ہَل) (ع-صف) بڑا جاہل۔ بہت ہی اجڈ۔ نہایت بے وقوف۔
اجی - (اَ-جی) (ہ) اے جناب۔ اے حضرت۔ اے صاحب۔
اجی لیں - اے صاحب لیجئے دیکھیے۔ حضرت ختم بھی کیجیے۔

اُجیالا - (اُج-یا-لا) (ہ-ا-مذکر) روشنی۔ رونق۔ چمک۔ اُجالا۔
اُجیالی - (اُج-یا-لی) (ہ-ا-مونث) (۱) اجیالا کی تانیث (۲) گھوڑے کی اندھیری۔
اجیت - (اَ-جیت) (ہ-صف) جسے کوئی جیت نہ سکے۔ ناقابلِ فتح۔
اجیٹن - انگریزی لفظ (ADJUTANT) ایڈجوٹنٹ کا اردو بنایا ہوا (ا-مذکر) (۱) فوجی عہدے کا نام (۲) سارس کی قسم کا ایک پرندہ۔
اجیر - (اَ-جیر) (ع-ا-مذکر) مزدور۔ محنتی۔
اجیرن - (اَ-جی-رَن) (ہ-صف) (۱) ناگوار۔ بارِ خاطر۔ دوبھر (۲) وہ بات جس سے طبیعت اُکتا جائے۔ وہ کام جو مشکل سے تمام ہو۔

# ا - چ

اُچاٹ - (اُ-چاٹ) (ہ-صف) بیزار۔ اکتایا ہوا۔ اُداس۔
اُچاٹ دینا۔ اُچاٹ کر دینا - کسی کو برداشتہ خاطر کر دینا۔
اُچاٹ ہونا - (۱) دل ہٹ جانا۔ برداشتہ خاطر ہو جانا (۲) اُڑ جانا (نیند)
اُچاٹنا - (اُ-چاٹ-نا) (ہ-مص) برداشتہ خاطر کرنا۔ دل ہٹانا۔
اچار - (اَ-چار) (ہ-ا-مذکر) کسی پھل یا ترکاری کا مرکب جسے تیل سرکے یا پانی اور مسالے سے تیار کیا جائے۔
اچار اُٹھنا - اچار کا ترش ہو کر تیار ہو جانا۔
اچار پڑنا - پھل وغیرہ کا سرکے، پانی یا تیل میں گلنے اور ترش ہونے کے لیے ڈالا جانا۔
اچار ڈالنا - (۱) اچار بنانا (۲) بے ضرورت کسی چیز کو مدت تک رکھ چھوڑنا (۳) کسی شخص کو زیادہ دیر تک بٹھلانا۔
اچار (نکال دینا، نکالنا) - خوب مارنا۔ بے انتہا مارنا۔
اَچانک - (اَ-چا-نَک) (ہ-صف) (۱) یکایک۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔
اُچٹانا - (ہ-مص) (۱) اکھیڑ دینا (۲) نشانے پر نہ لگنے دینا (۳) اڑانا۔ دور کرنا (۴) بکھیرنا (۵) بھڑکانا۔
اُچٹتا سا - ادھورا سا۔ نشانے پر لگتا ہوا۔
اُچٹتا ہوا - ادھورا۔ سرسری۔ نشانے پر ٹھیک نہ لگتا ہوا۔
اُچٹ جانا - (اُ-چَٹ-جا-نا) (ہ-مص) اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ اُچھل جانا۔ پھٹ جانا۔ بدک جانا۔
اُچٹنا - (اُ-چَٹ-نا) (ہ-مص) (۱) لگی ہوئی چیز کا اُکھڑنا (۲) بدکنا (۳) برداشتہ خاطر ہونا (۴) پورا ہاتھ نہ پڑنا (۵) نشانہ پر نہ لگنا۔
اُچک - (اُ-چَک) (ہ-ا-مونث) (۱) اُبھار۔ بلندی (۲) جست۔ پھلانگ
اُچک پھاند - کود پھاند۔ جست۔
اُچک کر - (۱) کود کر (۲) اوپر اُٹھ کے۔
اُچک لے جانا - اڑا لے جانا۔ چھین کر لے جانا۔
اُچک لینا - اڑا لینا۔ چھین لینا۔
اُچکا - (اُ-چَک-کا) (ہ-صف) - بدمعاش۔ اٹھائی گیرا۔ جیب کترا۔ چور۔
اُچکاپن - بدمعاشی۔ چوری۔ بدچلنی۔
اُچکانا - (اُچ-کا-نا) (ہ-مص) (۱) اٹھانا۔ اوپر کرنا (۲) دفعتہً اٹھا لینا۔ اُبھارنا (۳) چھینا۔ چرانا۔ چھپا کر لے آنا (۴) بھگا لانا۔

Marfat.com

**اچکن** (اَچ - کَن) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کا مردانہ پہناوا - بٹن دار انگا - شیروانی۔

**اُچکنا** (اُ - چک - نا) [ہ - مص] (۱) اُچھلنا - کودنا (۲) لپکنا - جھپٹنا (۳) لے اُڑنا - لے بھاگنا (۴) اوپر ہی اوپر لے لینا (۵) اُڑنا - بلند ہونا - دوڑنا - بھاگنا۔

**اچنبا - اچنبھا** (اَ - چَم - با) (اَ - چَم - بھا) [ہ - ا - مذکر] حیرت - تعجب - حیرانی۔

**اچنبھا آنا - اچنبھا گزرنا - اچنبھا ہونا** - حیرت ہونا - تعجب آنا۔

**اچنبھے میں رہنا** - تعجب میں رہنا - متحیر ہو جانا۔

**اچوک** (اَ - چُوک) [ہ - صف] - جو نہ چوکے - جو خالی نہ جائے - جو ٹھیک بیٹھے - جو صحیح نتیجہ دکھائے۔

**اچھا** (اَچ - چھا) [ہ - صف] (۱) بہتر - ٹھیک (۲) تندرست (۳) مبارک (۴) مفید - موافق (۵) (طنزاً) بے ڈھب - بُرا۔

**اچھا بھلا** - تندرست - بھلا چنگا - بے عیب۔

**اچھا پن** - نیکی - بھلائی۔

**اچھا خاصا** (۱) صحیح سالم - بھلا چنگا - تندرست - بے عیب (۲) بہت ٹھیک - درست - جیسا چاہیئے۔

**اچھا رہنا** (۱) مرضی کے موافق کام بن پڑنا (۲) تندرست رہنا۔

**اچھا کرنا** (۱) تندرست کرنا (۲) خوب کرنا - مناسب کرنا۔

**اچھا کہنا** (۱) تعریف کرنا - اچھے الفاظ سے یاد کرنا (۲) عمدہ شعر کہنا۔

**اچھا لگنا** - بھلا معلوم دینا - پسند خاطر ہونا۔

**اچھا ہوا** (۱) خوب ہوا (۲) (طنزاً) بُرا ہوا۔

**اچھا ہونا** (۱) تندرست ہونا (۲) مرضی کے موافق ہونا (۳) خوش خلق ہونا۔

**اچھا ہی اچھا ہے** - ہر طرح آرام ہے - چین ہی چین ہے۔

**اچھے آئے** (۱) خوب آئے - خوب وقت پر آئے (۲) (طنزاً) واہ کیا کہنا۔

**اچھے اچھوں** (۱) بڑے بڑوں (۲) نامی گرامیوں۔

**اچھے اچھے** - ذی علم - دولت مند - حسین - زبردست اور بہادر آدمی۔

**اچھے حالوں گزرنا** - آرام سے بسر ہونا۔

**اچھے دن آنا** - خوش اقبالی کے دن آنا - نصیب جاگنا۔

**اچھے رہے** (۱) مزے میں رہے (۲) سبحان اللہ - واہ۔

**اچھے سے پالا پڑا ہے** - بے ڈھب آدمی سے سابقہ ہوا ہے۔

**اچھے وقت** - عین ضرورت کے وقت - عین موقع پر۔

**اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے** (مثل) (ظاہر میں) اچھے ہیں لیکن واسطہ پڑنے پر حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

**اچھیا** - (اِچ - چھیا) [ہ - ا - مونث] خواہش - چاہت - مرضی - آرزو - تمنا۔

**اُچھال چھکا** (اُ - چھال - چھک - کا) [ہ - ا - مونث] - فاحشہ - چھنال عورت۔

**اُچھالنا** (اُ - چھال - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کو اوپر پھینکنا - اُچکانا (۲) ظاہر کرنا - مشہور کرنا۔

**اچھائی** (اَچ - چھا - ای) [ہ - ا - مونث] اچھا پن - خوب صورتی۔

**اچھر** (اَچ - چھر) [ہ - ا - مذکر] (۱) حرف (۲) بول - لفظ - کلمہ۔

**اُچھل پڑنا** (اُ - چھل - پڑنا) [ہ - مص] (۱) بہت خوف یا خوشی کے مارے بے اختیار اپنی جگہ سے اچھل جانا (۲) غصے میں آگ ہو جانا۔

**اُچھل کود** (اُ - چھل - کود) [ہ - ا - مونث] کھیل کود - اُچھل۔

**اُچھلنا** (اُ - چھل - نا) [ہ - مص] (۱) اُبھرنا (۲) وجد کرنا (۳) جوش پلٹنا (۴) ناز و غرور کرنا - کسی کے بل بوتے پر اتراتا - کودنا۔

**اُچھلنا کودنا** (۱) کود پھاند کرنا (۲) جوش میں آنا (۳) بہت غصہ ظاہر کرنا۔

**اُچھو** - (اُچ - چھو) [ہ - ا - مونث] کھانسی جو سانس کی نالی میں پانی وغیرہ جانے سے آنے لگتی ہے - پھندا۔

**اچھو آنا - لگنا - ہونا** - گلے میں پانی یا کھانے کا پھندا پڑنا۔

**اچھوانی** - (اَچ - چھوا - نی) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کا حریرہ جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔

**اَچھوت** (اَ - چھوت) [ہ - صف] (۱) بغیر چھوا ہوا - کورا (۲) [مذکر] ہندوؤں میں وہ ادنیٰ قومیں جن کے ہاتھ کا چھوا کھانا پانی اونچی ذات کے ہندو استعمال نہیں کرتے - شودر - بھنگی - چمار وغیرہ۔

**اَچھوتا** (اَ - چھو - تا) [ہ - صف] (۱) بغیر چھوا - بے ہاتھ لگا (۲) غیر مستعمل - نیا (۳) نیاز نذر کا - ولی یا دیوتا کے نام کا - پاک ستھرا۔

**اَچھوتی** (اَ - چھو - تی) [ہ - صف] (۱) بغیر چھوئی ہوئی - نذر و نیاز کی (۲) کنواری۔

**اچھوتی کوکھ** - وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو۔

**اچھی** (اَچ - چھی) [ہ - صف] اچھا کی تانیث (۱) خوشامد اور پیار کا لفظ - پیاری - مہربان (۲) نیک (۳) تندرست۔

**اچھی بات ہے** - [ہ - صف] (۱) خوب بات ہے (۲) (طنزاً) نازیبا بات ہے۔

**اچھی خاصی** - بھلی چنگی - تندرست۔

**اچھی راہ** - نیک صلاح۔

**اچھی طرح** - (۱) خاطر خواہ - خوب - جیسا چاہیئے (۲) خیر و عافیت اور چین سے۔

**اچھی کٹنا** - آرام و آسائش کے ساتھ بسر ہونا - عزت و آبرو سے بسر ہونا۔

**اچھی کہی** - طنز و تعریض کا کلمہ - اچھی بات نہیں ہے۔

## ا - ح

**احاد** (اَ - حاد) [ع - ا - مذکر] احد کی جمع - اکائیاں - ایک سے نو تک کی گنتی یا ہندسے۔

**احادیث** (اَ - حا - دِیث) [ع - ا - مونث] حدیث کی جمع (۱) باتیں خبریں (۲) پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال۔

**اِحاطہ** (اِ - حا - طہ) [ع - ا - مذکر] (۱) گھیرا - حلقہ - چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ (۲) پریزیڈنسی - صوبہ - سرکل (۳) گروہ - منڈلی۔

**احاطہ کرنا** (۱) گھیرنا - حصار کرنا (۲) حد باندھنا۔

**اِحبّا** - (اَ - حِب - با) [ع - ا - مذکر] حبیب کی جمع - دوست - عزیز۔

**احباب** (اَح - باب) [ع - ا - مذکر] حبیب کی جمع - بہت سے دوست یار۔

**احبار** (اَح - بار) [ع - ا - مذکر] حبر کی جمع (۱) یہودیوں کے علما (۲) عقلمند لوگ۔

**احتباس** (اِح - تِ - باس) [ع - ا - مذکر] (۱) روک (۲) بند ہونا۔

**احتجاب** (اِح - تِ - جاب) [ع - ا - مذکر] چھپنا - پردہ میں ہونا۔

**احتجاج** (اِح - تِ - جاج) [ع - ا - مذکر] اعتراض - حجت - انکار۔

**احتجاجی** (اِح - تِ - جا - جی) [ع - صف] احتجاج سے منسوب - احتجاج سے متعلق۔

**احتراز** (اِح - تِ - راز) [ع - ا - مذکر] پرہیز - کنارہ کشی - علیحدگی۔

Marfat.com

اِحتراق (اِح - تِ - راق) [ع - ا - مذکر] (۱) گرمی کی شدت (۲) جلنا - سوزش (۳) کسی سیارے کا آفتاب کے ساتھ ایک برج میں ہونے کے سبب اُس کی شعاعوں میں چھُپ جانا۔
اِحترام (اِح - تِ - رام) [ع - ا - مذکر] حرمت - عزت - آؤ بھگت۔
اِحتساب (اِح - تِ - ساب) [ع - ا - مذکر] حساب - جانچ پڑتال۔
اِحتشام (اِح - تِ - شام) [ع - ا - مذکر] شان و شوکت - لاؤ لشکر۔
اِحتکار (اِح - تِ - کار) [ع - ا - مذکر] ناجائز ذخیرہ اندوزی۔
اِحتلام (اِح - تِ - لام) [ع - ا - مذکر] خواب میں ناپاک ہونا۔
اِحتمال (اِح - تِ - مال) [ع - ا - مذکر] شک - وہم۔
احتمالِ قانونی - قانون کی رُو سے کوئی گمان یا قیاس۔
اِحتیاج (اِح - تِ - یاج) [ع - ا - مونث] حاجت - ضرورت۔
اِحتیاط (اِح - تِ - یاط) [ع - ا - مونث] (۱) بچاؤ (۲) پرہیز - چوکسی (۳) دور اندیشی۔
اِحتیاطاً (اِح - تِ - یا - طن) [ع - صف] احتیاط کے طور پر ہوشیاری سے - دور اندیشی سے۔
اَحَد (اَ - حَد) [ع - صف] (۱) ایک - اکیلا (۲) خدا تعالےٰ کا صفاتی نام۔
اَحَدُ الاَمرَین - دو باتوں میں سے ایک۔
اَحَدُ الطَّرَفَین، اَحَدُ الفَرِیقَین - دو گروہوں میں سے ایک۔
اَحَدُ المُتَخاصِمَین - مقدمے کے دو فریقوں میں سے ایک۔
اَحَدی (اَ - حَ - دی) [ع - ا - مذکر] (۱) یکّا (۲) جلال الدین اکبر کے وہ ملازم جو مالگزاری وصول کرنے کا کام کرتے تھے (۳) [صف] سست - کاہل۔
احدی بیل - نخس - نکھٹو - بہت ہی سست - کاہلوں کا کاہل۔
اَحرار (اَح - رار) [ع - ا - مذکر] حُر کی جمع - آزاد لوگ۔
اِحراق (اِح - راق) [ع - ا - مذکر] جلانا - جلنا۔
اِحرام (اِح - رام) [ع - ا - مذکر] (۱) مقدس جگہوں سے خانہ کعبہ کی زیارت کرنے تک چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کر لینا (۲) بدن ڈھانکنے کے لیے بے سلے کپڑے استعمال کرنا۔
احرام باندھنا - حرم میں جانے کی شرطیں بجا لانا - خانہ کعبہ کے قریب پہنچ کر بعض حلال اور مباح چیزوں کو اپنے اوپر حرام کر لینا۔
اَحزاب (اَح - زاب) [ع - ا - مذکر] حِزب کی جمع (۱) گروہ - جماعتیں (۲) فوجیں۔
اَحزان (اَح - زان) [ع - ا - مذکر] حُزن کی جمع - غم - اندوہ۔
اِحساس (اِح - ساس) [ع - ا - مذکر] حواسِ خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے کچھ معلوم کرنا۔
اِحسان (اِح - سان) [ع - ا - مذکر] (۱) نیکی - اچھا سلوک - بھلائی - مہربانی (۲) شکر۔
احسان اُتارنا - سلوک کے بدلے سلوک کرنا - بھلائی کا عوض کرنا۔
احسان اُٹھانا - ممنون ہونا - احسان لینا - شکر گزار رہنا۔
احسان جتانا - سلوک کا ذکر زبان پر لانا - اپنا سلوک یاد دلانا۔
احسان دھرنا، رکھنا - ممنون بنانا - شکر گزار بنانا۔
احسانِ عظیم - بہت بڑا احسان۔
احسان فراموش - احسان بھلا دینے والا۔

احسان فراموشی - احسان بھُلا دینا۔
احسان کھینچنا - احسان لینا۔
احسان گردن سے اُترنا - احسان کا بدلہ دے دینا۔
احسان لیجیے جہان کا نہ احسان لیجیے شاہ جہان کا (مثل) دنیا بھر کا احسان اٹھا لینا چاہیے مگر کسی دولت مند کا یا امیر رشتہ دار کا احسان نہ اٹھانا چاہیے۔
احسان مند - ممنون - شکر گزار - احسان ماننے والا۔
احسان مندی - احسان ماننا۔
احسان ناشناس - جو احسان نہ مانے۔
احسان ناشناسی - احسان نہ ماننا۔
احسان ہے - شکر ہے - کرم ہے۔
اِحسانات (اِح - سا - نات) [ع - ا - مذکر] احسان کی جمع۔
اَحسَن (اَح - سَن) [ع - صف] بہت اچھا - بہت نیک - بہت خوب۔
احسنِ تقویم - عمدہ طور سے درست کرنا - مراد انسان۔
اَحسَنت (اَح - سَنت) [ع - ا - مونث] مرحبا - آفرین - شاباش - واہ واہ (عربی میں اَحسَنتَ تھا - جس کے معنی تو نے بہت اچھا کیا ہیں فارسی والوں نے "ت" ساکن کر کے شاباش وغیرہ کے معنی میں استعمال کیا ہے۔)
اَحسَنت کہنا - تعریف کرنا - تحسین و آفرین کرنا - مرحبا کہنا - شاباش دینا۔
اِحصا (اِح - صا) [ع - ا - مذکر] شمار کرنا - ضبط کرنا۔
اِحصار (اِح - صار) [ع - ا - مذکر] گھیرنا - حصار میں لانا۔
اِحضار (اِح - ضار) [ع - ا - مذکر] (۱) حاضر کرنا (۲) طلبی کا حکم نامہ۔
احضار بالجبر - جبر سے حاضر کرنا - بالجبر طلب کرنا۔
اَحَق (اَ - حَق) [ع - صف] زیادہ حق دار۔
اَحقَر (اَح - قَر) [ع - صف] زیادہ حقیر - نہایت ذلیل - فدوی - بندہ (بعض لوگ انکسار سے اپنی بابت یہ لفظ استعمال کرتے ہیں)
احقر العباد - سب بندوں سے زیادہ حقیر - ناچیز (عموماً انکسار کے طور پر متکلم اپنے لیے استعمال کرتا ہے)۔
اَحکام (اَح - کام) [ع - ا - مذکر] حکم کی جمع - ارشادات - فرامین - حکم نامے۔
احکامِ درمیانی - ضمنی احکام - آخری فیصلے سے پہلے کے احکام۔
احکامِ مستزاد - مزید احکام - غیر ضروری احکام۔
احکامِ ناطق - قطعی اور یقینی احکام۔
اَحکَم (اَح - کَم) [ع - صف] (۱) بہت مضبوط (۲) بڑا حاکم۔
اَحکَمُ الحاکِمین - سب حاکموں سے بڑا حاکم - حاکموں کا حاکم - خدا تعالیٰ۔
اَحمَد (اَح - مَد) [ع - صف] بہت تعریف اور حمد و ثنا کرنے والا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک۔
احمد پارینہ - ایسا شخص جو جیسا ایک سال پہلے تھا ویسا ہی اب ہو۔
احمد کی پگڑی محمود کے سر (مثل) ایک سے لے کر دوسرے کا پورا کرنا، کسی کا مواخذہ کسی اور سے کرنا۔
احمد کی داڑھی بڑی یا محمود کی (مثل) فضول باتیں - بیکار بحث۔
اَحمَدی (اَح - مَ - دی) [ع - صف] (۱) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو (۲) سونے کا ایک سکہ جو سلطان ٹیپو کے زمانے میں جاری ہوا (۳) احمد شاہ کا سکہ جو اس نے دہلی میں جاری کیا۔
اَحمَدیہ (اَح - مَ - دی - یہ) [ع - صف - و - ا - مذکر] (۱) احمد سے منسوب (۲) ایک فرقہ جس کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی تھے۔

Marfat.com

احمر۔ (اَح۔مَر) (ع۔صف) بہت سرخ۔لال۔
احمق۔ (اَح۔مَق) (ع۔صف) مورکھ۔بے وقوف۔نادان۔ناسمجھ۔
احمق الذی۔ بے وقوف۔نادان۔اُجڈ۔
احمق الناس۔ انسانوں میں سب سے زیادہ بے وقوف۔
احمق بنانا۔ (۱) کسی کو بے وقوف بنانا (۲) دھوکا دینا۔چالاکی کرنا۔
احمق پن۔ احمق پنا۔بے وقوفی۔نادانی۔حماقت۔
احناف۔ (اَح۔ناف) (ع۔ا۔مذکر) حنفی کی جمع۔امام ابو حنیفہؒ کے پیرو۔
احوال۔ (اَح۔وال) (ع۔ا۔مذکر) حال کی جمع۔کیفیتیں۔حالات (اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے)
احوال پرسی۔ حال پوچھنا۔خیر و عافیت دریافت کرنا۔
احول۔ (اَح۔وَل) (ع۔صف) بھینگا۔جس کو ایک کے دو نظر آئیں۔
احیا۔ (اِح۔یا) (ع۔ا۔مذکر) (۱) زندہ کرنا۔جان ڈالنا (۲) کسی چیز کو دوبارہ رائج کرنے کی کوشش کرنا۔
احیاءُ العلوم۔ (۱) علوم کو زندہ کرنا (۲) حضرت امام غزالی کی مشہور تصنیف۔

## ا-خ

اخ۔ (ع۔ا۔مذکر) بھائی۔برادر۔
اخاہ۔ (اَخ۔خاہ) (ا۔کلمۂ تعجب) بہت خوب۔آہا۔
اخبار۔ (اَخ۔بار) (ع۔ا۔مذکر) خبر کی جمع (۱) خبریں (۲) خبر کا کاغذ۔پرچہ۔ملک کا روزنامچہ۔
اخبار کے فرشتے۔ کراماً کاتبین۔
اخبار میں آنا۔ (۱) کسی بات کا حدیث شریف میں مذکور ہونا (۲) روزنامچہ میں لکھا ہونا۔
اخبار نویس۔ خبریں لکھنے والا۔ایڈیٹر۔نامہ نگار۔
اخبار نویسی۔ صحافت۔اخبار کا کام۔ایڈیٹری۔
اخباری۔ (اَخ۔با۔ری) (ف۔صف) (۱) اخبار سے متعلق (۲) (مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جو علما کی تقلید نہیں کرتا۔
اخبث۔ (اَخ۔بَث) (ع۔صف) سب سے بڑا خبیث۔
اخت۔ (ع۔ا۔مونث) بہن۔ہمشیرہ۔
اختتام۔ (اِخ۔تِ۔تام) (ع۔ا۔مذکر) خاتمہ۔آخر۔انجام۔
اختتام پر آنا۔ پہنچنا۔تمام ہونے کے قریب آجانا۔
اختتام کو پہنچنا۔ پورا ہوجانا۔ختم ہوجانا۔
اختر۔ (اَخ۔تَر) (ف۔ا۔مذکر) تارا۔ستارا۔سیارہ۔
اختر دُنبالہ دار۔ دُم دار ستارہ۔
اختر سوختہ۔ جلا ہوا ستارہ۔بری تقدیر۔منحوس۔
اختر شماری۔ تارے گننا۔انتظار میں جاگنا۔بے چینی سے رات کاٹنا۔
اختر شناس۔ ستاروں کی چال کا علم جاننے والا۔نجومی۔منجم۔
اختراع۔ (اِخ۔تِ۔راع) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نئی بات نکالنا۔ایجاد کرنا۔طبیعت سے نئی بات پیدا کرنا۔ (۲) ایجاد۔
اختر بختر۔ اختر انجر۔ (اَخ۔تَر۔بَخ۔تَر۔اَخ۔تَر۔اَن۔جَ۔را) (اُر۔ا۔مذکر) اوڑھنا بچھونا۔استر بستر۔بدھنا بوریا۔
اختصار۔ (اِخ۔تِ۔صار) (ع۔ا۔مذکر) (۱) کم کرنا۔گھٹانا (۲) خلاصہ۔
اختلاج۔ (اِخ۔تِ۔لاج) (ع۔ا۔مذکر) دھڑکنا۔بے چین ہونا۔بیقرار ہونا (عام طور پر دل کا دھڑکنا مراد ہوتا ہے)
اختلاج قلب۔ ایک مرض جس میں دل زور زور سے دھڑکتا ہے۔
اختلاط۔ (اِخ۔تِ۔لاط) (ع۔ا۔مذکر) (۱) میل جول۔پیار۔اخلاص (۲) محبت کی گرم جوشی۔
اختلاط کی باتیں۔ پیار اور محبت کی باتیں۔
اختلاف۔ (اِخ۔تِ۔لاف) (ع۔ا۔مذکر) (۱) خلاف ہونا (۲) فرق۔تفاوت (۳) دشمنی (۴) ضد۔تعصب۔
اختلاف رائے۔ رائے کی ناموافقت۔
اختلاف طبائع۔ طبیعتوں کی ناموافقت۔طبیعتوں کا فرق۔
اختلال۔ (اِخ۔تِ۔لال) (ع۔ا۔مذکر) خلل میں ڈالنا۔
اختلال حواس۔ حواس میں فتور آنا۔بدحواسی۔
اختہ۔ (اَخ۔تہ) (ف۔صف) (۱) وہ چوپایہ جس کے بیضے نکال ڈالے گئے ہوں۔بدھیا۔خصی (۲) خواجہ سرا۔
اختہ بیگی۔ وہ شخص جس سے جانوروں کے اختہ کرنے کی خدمت لی جائے۔
اختیار۔ (اِخ۔تِ۔یار) (ع۔ا۔مذکر) (۱) اچھا سمجھنا۔پسند کرنا (۲) قبول۔منظور (۳) اجازت۔روا۔جائز (۴) قدرت۔قبضہ (۵) حکومت۔
اختیار بدست مختار (مثل) حکومت حاکم کے ہاتھ ہے صاحب اختیار جو چاہے سو کرے۔
اختیار چلنا۔ زور چلنا۔قابو ہونا۔
اختیار سماعت۔ مقدمہ سننے کا اختیار۔
اختیار سے باہر ہونا۔ (۱) بے خود ہونا۔آپے میں نہ ہونا (۲) امکان میں نہ ہونا۔قابو میں نہ ہونا (۳) نافرمان ہوجانا۔
اختیار لینا، لے لینا۔ (۱) اجازت لینا۔منظوری لینا (۲) اجازت یا منظوری واپس لے لینا۔
اختیار ہے۔ آپ مختار ہیں۔آپ جانیں اور آپ کا کام جو چاہے کیجیے۔
اختیارات۔ (اِخ۔تِ۔یا۔رات) (ع۔ا۔مذکر) اختیار کی جمع۔
اختیارات ابتدائی۔ ابتدائی سماعت کے اختیار۔
اختیارات انفکاک رکن۔ گرو توڑنے کے اختیارات۔
اختیاری۔ (اِخ۔تِ۔یا۔ری) (ع۔ا۔مونث) (۱) بس کی۔قابو کی (۲) امکان کی (۳) لازمی کی ضد۔غیر ضروری۔
اخذ۔ (ع۔ا۔مذکر) لے لینا۔پکڑنا۔اختیار کرنا۔لینا۔
اخذ بالجبر۔ زبردستی لینا۔بلا رضامندی لینا۔
اخذ کرنا۔ لینا۔چننا۔اختیار کرنا۔بات میں سے بات نکالنا۔
اخریٰ۔ (اُخ۔را) (ع۔ا۔مونث) (۱) آخری (۲) پچھلی۔
اخراج۔ (اِخ۔راج) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نکاس (۲) خرچ۔صرف (۳) شہر بدر کرنا۔باہر کرنا۔الگ کرنا۔
اخراجات۔ (اِخ۔را۔جات) (ع۔ا۔مذکر) اخراج کی جمع۔بہت سے خرچ۔
اخروٹ۔ (اَخ۔روٹ) (اُر۔ا۔مذکر) ایک قسم کا میوہ (ہندی اکھروٹ)
اخروی۔ (اُخ۔رَ۔وی) (ع۔صف) آخرت کی بابت۔اگلے جہان کے متعلق۔
اخضر۔ (اَخ۔ضَر) (ع۔صف) ہرا۔سبز۔
اخفا۔ (اِخ۔فا) (ع۔ا۔مذکر) پوشیدہ کرنا۔چھپانا۔
اخفش۔ (اَخ۔فَش) (ع۔صف) (۱) چندھا (۲) ایک بہت بڑے

Marfat.com

نحوی ابوالحسن سعید کا لقب۔

**اخگر**۔(اَخ۔گَر) [ف۔ا۔ مونث] چنگاری۔

**اِخلاص**۔(اِخ۔لاص) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) خلوص۔ خالص (۲) عبادت بے ریا (۳) دوستی (۴) میل ملاپ (۵) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔

اخلاص مند۔ مخلص۔ دوست۔ خیرخواہ۔ یارِ صادق۔

اخلاص مندی۔ خیرخواہی کے ساتھ دوستی۔ خلوص۔

اخلاص میں آنا۔ (۱) ناز کرنا۔ نخرہ جتانا (۲) اترانا۔

**اَخلاط**۔(اَخ۔لاط) [ع۔ا۔ مذکر] خِلط کی جمع۔

اخلاطِ اَربعہ۔ چار خلطیں یعنی صفرا۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔

اخلاطِ فاسدہ۔ بگڑے ہوئے خلط۔

**اَخلاف**۔(اَخ۔لاف) [ع۔ا۔ مذکر] خلف کی جمع (۱) پیچھے آنے والے۔ بعد میں آنے والے (۲) اولاد۔

**اَخلاق**۔(اَخ۔لاق) [ع۔ا۔ مذکر] خُلق کی جمع (۱) عادتیں (۲) ملنساری۔ کشادہ پیشانی۔ آؤ بھگت۔

اخلاقِ حسنہ۔ عمدہ عادتیں۔

اخلاقِ فاضلہ۔ اچھی عادتیں۔

اخلاقِ مُعاشرت۔ باہم ایک جگہ رہنے سہنے کے آداب۔

**اخلاقیات**۔(اَخ۔لا۔قی۔یات) [ع۔ا۔ مذکر] اُصولِ اخلاق۔ علم الاخلاق تعلیم و تربیت کا وہ شعبہ جس کے ذریعے اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے۔

**اِخوان**۔(اِخ۔وان) [ع۔ا۔ مذکر] (بکسر اوّل) اخ کی جمع۔ بھائی برادران سگے بھائی (بفتح اوّل) اخ کا تثنیہ۔ دو بھائی۔

اِخوان الشیاطین۔ شیطان کے بھائی بند۔ شریر لوگ۔

اِخوان الصفا۔ بھلے لوگ۔ اچھے لوگ۔ پاک دل لوگ۔

**اُخوّت**۔(اُخ۔وَت) [ع۔ا۔ مونث] برادری۔ بھائی بندی۔

**اخوند**۔(اَ۔خُون) [ف۔ا۔ مذکر] صاحب۔ مالک۔

**اخی**۔(اَ۔خی) [ع۔ا۔ مذکر] میرا بھائی۔

**اخیافی**۔(اَخ۔یا۔فی) [ع۔ صفت] وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ اور ماں ایک ہو۔

**اخیر**۔(اَ۔خیر) [ع۔ صفت] پچھلا۔ آخر کا۔ آخری۔ تمام۔ انتہا۔ حد۔

اخیر کو۔ انجام کار۔

اخیر وقت۔ ہر چیز کے خاتمے کا وقت۔ بڑھاپے کا زمانہ (کنایتاً) نزع کا وقت۔

## ا - د

**ادا**۔(اَ۔دا) [ف۔ا۔ مونث] (۱) انداز۔ ناز (۲) اشارہ (۳) قرینہ (۴) طریقہ۔ ڈھنگ (۵) عادت۔

ادا بند۔ وہ شاعر جو معشوق کی ادائیں کلام میں اس طرح باندھے کہ آنکھوں میں تصویر کھنچ جائے۔

ادا بندی۔ معشوق کی ادائیں کلام میں باندھنا۔

ادا شناس۔ ایما، اشارے یا قرینے سے عندیہ پہچاننے والا۔

ادا فہم۔ ادا شناس۔

ادا کار (۱) ڈرامے یا فلم میں کام کرنے والا۔ نقال۔ سوانگیا۔ ایکٹر (۲) ڈرامے میں کام کرنے والی عورت ایکٹریس۔

ادا کارانہ۔ ادا کاری سے منسوب۔ ایکٹنگ سے متعلق۔

ادا کاری۔ ڈرامے میں کام کرنا۔ سوانگ۔ ایکٹنگ۔

ادا نکالنا۔ ناز و انداز ایجاد کرنا۔

**ادا**۔(اَ۔دا) [ع۔ا۔ مونث] (۱) پورا کرنا (۲) بے باق (۳) دینا۔ اتارنا

ادا شدہ حصے۔ کسی لمیٹڈ کمپنی کے وہ حصے جن کی رقم ادا کر دی گئی ہو۔

ادا شدہ سرمایہ۔ کسی لمیٹڈ کمپنی کے اعلان شدہ سرمائے کا وہ حصہ جو جمع ہو چکا ہو۔

ادا کنندہ۔ رقم یا محصول ادا کرنے والا۔ (PAYER)

ادائے دَین۔ قرض کی ادائگی۔

ادائے شہادت۔ گواہی دینا۔

ادائے لگان۔ لگان ادا کرنا۔

ادائے مال گزاری۔ لگان ادا کرنا۔

**اِدارات**۔(اِ۔دا۔رات) [ع۔ا۔ مذکر] اِدارہ کی جمع بہت سے ادارے

اِدارات قانونی۔ کسی قانون کے ماتحت قائم کی ہوئی مجلسیں۔

**اِدارت**۔(اِ۔دا۔رَت) [ع۔ا۔ مونث] ایڈیٹری۔ رسالہ، اخبار، کتاب وغیرہ مرتب کرنا۔

**اِدارہ**۔(اِ۔دا۔رَہ) (۱) دفتر۔ محکمہ (۲) نظام۔ ضبط۔

ادارۂ بلدیہ۔ دفتر میونسپل بورڈ۔ سٹی کارپوریشن۔

ادارۂ قلمی۔ محکمہ مال۔

ادارۂ نظامی۔ محکمۂ فوج۔

**اداریہ**۔(اِ۔دا۔ری۔یَہ) [ع۔ا۔ مذکر] اخبار کے ایڈیٹر کا اپنا خاص مضمون مقالۂ افتتاحیہ۔ ایڈیٹوریل۔ لیڈنگ آرٹیکل۔

**اُداس**۔(اُ۔داس) [ہ۔ صفت] (۱) غمگین۔ رنجیدہ (۲) ویران (۳) بے رونق۔

**اُداسا**۔(اُ۔دا۔سا) [ہ۔ صفت] (۱) آزاد فقرا اپنی اصطلاح میں بستر کو کہتے ہیں۔ بستر سے اور اوڑھنے بچھونے کو کہتے ہیں۔

اُداسا کسنا۔ سامان سفر باندھنا۔ ارادۂ سفر کرنا۔

اُداسا کھینچنا۔ ہر طرف سے قطع تعلق کر کے ایک طرف دھیان لگانا۔

**اُداسی**۔(اُ۔دا۔سی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) غمگینی (۲) ویرانی (۳) فقیروں کا ایک فرقہ جو گرو نانک صاحب کے بیٹے کا پیرو ہے۔

اُداسی برسنا۔ غمگینی یا پریشانی ظاہر ہونا۔ بے رونقی معلوم ہونا۔

اُداسی پھیلنا۔ سناٹا ہو جانا۔ بے رونقی ہو جانا۔

اُداسی چھانا۔ اُداسی کی حالت طاری ہونا۔

**اَدامَ**۔(اَ۔دامَ) [ع] ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رکھے۔

اَدام اللہ فیضہم۔ اللہ تعالیٰ ان کے فیض کو ہمیشہ رکھے۔

**اُداہٹ**۔(اُ۔دا۔ہٹ) [ہ۔ا۔ مونث] اُودا پن۔ بینگنی رنگ۔

**ادائگی**۔ ادائیگی۔(اَ۔دا۔اِ۔گی۔اَ۔دا۔ای) [ف۔ا۔ مونث] رقم، محصول یا لگان وغیرہ کا ادا ہونا۔

**اَدب**۔(اَ۔دَب) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا (۲) حفظ مراتب۔ لحاظ (۳) تہذیب۔ شائستگی (۴) علم زبان جس میں نحو۔ لغت۔ عروض۔ انشا۔ معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں۔

ادب آداب۔ تہذیب۔ شائستگی۔ تمیز۔ لحاظ۔ حفظِ مراتب۔

ادب آموز (۱) ادب سکھانے والا (۲) وہ شخص جو ادب سیکھے ہوئے ہو

ادب آموزی۔ ادب سکھانا۔ تعلیم دینا۔

Marfat.com

اَدَبُ العالیہ۔ اعلیٰ درجے کا ادب (CLASSIC)
ادب خانہ۔ پاخانہ۔ بیت الخلا۔
اُدَبا ۔(اُ۔دَ۔با) (ع۔ا۔ مذکر) ادیب کی جمع (۱) ادب سکھانے والے۔ (۲) انشا پرداز لوگ۔ شعرا۔
اِدبار ۔(اِد۔بار) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) پیٹھ دکھانا (۲) دولت کا منہ موڑنا۔ (۳) بدنصیبی (۴) نحوست (۵) شکست (۶) تنزل۔ افلاس۔
ادبدا کر یا کے ۔(اَد۔ب۔دا کر) کے) (ہ۔ تابع فعل) (۱) خواہ مخواہ۔ ضرور (۲) ضد سے۔ شرارت سے (۳) جان بوجھ کے۔ دانستہ۔
ادبدا کے کرنا۔ جان کر کرنا۔ ضد سے کرنا۔
اَدَبی ۔(اَ۔دَ۔بی) (ع۔ صف) ادب سے منسوب۔ ادب سے متعلق۔
اَدَبِیَّت ۔(اَ۔دَ۔بی۔یَت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) تمیز۔ تہذیب۔ زبان دانی۔ (۲) ادبی شان۔
اِدخال ۔(اِد۔ خال) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) داخل کرنا (۲) درج رجسٹر کرانا۔
اِدرار ۔(اِد۔رار) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) بہنا۔ جاری ہونا (۲) کھل کر پیشاب آنا۔
اِدراک ۔(اِد۔راک) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) پانا۔ دریافت کرنا (۲) عقل فہم
اَدرک ۔(اَد۔رَک) (ف۔ا۔ مونث) ایک قسم کی خوشبودار جڑ جو خشک ہو جانے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔
اِدّعا ۔(اِد۔دِعا) (ع۔ا۔ مذکر) دعویٰ کرنا۔ بے دلیل بات کہنا۔ اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو۔
ادعائے ملکیت۔ مالک ہونے کا دعویٰ کرنا۔
اَدعِیہ ۔(اَد۔عِ۔یَہ) (ع۔ا۔ مونث) دعا کی جمع۔ دعائیں۔
اَدعیۂ ماثورہ۔ وہ دعائیں جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔
اِدغام ۔(اِد۔غام) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا (۲) ادب میں ایک صنعت کا نام۔
اَدَق ۔(اَ۔دَق) (ع۔ صف) نہایت باریک۔ نہایت مشکل۔ دقیق۔ کٹھن
اَدلا ۔(اَد۔لا) (ا۔ مذکر) بڑے حلال جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت (اصل عول عضلہ)
ادلا بدلا۔ اَدَل بَدَل ۔(اَد۔لا۔بَد۔لا۔اَ۔دَل۔ب۔دَل) (ہ۔ا۔ مذکر) عوض۔ معاوضہ۔ اُلٹ پھیر۔ ایک چیز دے کر اس کے دوسری چیز لینا۔
اَدنیٰ ۔(اَد۔نا) (ع۔ صف) (۱) کمینہ۔ چھوٹے درجہ کا۔ ہیچ (۲) تھوڑا (۳) فقیر۔ مفلس۔
اَدوار ۔(اَد۔وار) (ع۔ا۔ مذکر) دَور کی جمع۔ گردشیں۔
ادوان۔ ادوائن ۔(اَد۔وان۔اَد۔وا۔اِن) (ہ۔ا۔ مونث) وہ رسی جو چارپائی کی پائنتی کی طرف اس کے کسا رہنے کے لیے ڈالتے ہیں۔
اَدوِیہ ۔(اَد۔وِ۔یَہ) (ع۔ا۔ مونث) دوا کی جمع۔ دوائیں۔
ادھ ۔(ہ۔ صف) آدھے کا مخفف۔ نصف۔
ادھ بیچ۔ نصف فاصلہ۔ درمیان کا حصہ۔
ادھ پئی۔ ایک سیر کے آٹھویں حصہ کا تول۔ دو چھٹانک۔
ادھ سیرا۔ نصف سیر کا باٹ۔
ادھ کچرا (۱) آدھا کچا۔ آدھا پکا پھل۔ گدر (۲) آدھا کٹا اور پسا ہوا۔
ادھ کچلا۔ جو پوری طرح کچلا نہ ہو۔
ادھ مرا۔ ادھ موا۔ آدھا مرا ہوا۔ نیم جان۔

اَدّھا ۔(اَد۔دھا) (ہ۔ صف) (۱) نصف (۲) مذکر شراب کی آدھی بوتل (۳) لڑکوں میں کھیل کے وقت ایک قسم کی شرط۔
اُدھار ۔(اُ۔دھار) (ہ۔ا۔ مذکر) قرض۔
اُدھار بیوپار۔ قرض سے کاروبار کرنا۔
اُدھار پٹہ (LEND-LEASE) وہ تجارتی سمجھوتہ جس کے تحت امریکہ نے دوسری جنگ عظیم میں اتحادی طاقتوں کو مال اور سامانِ جنگ فراہم کیا اور معاوضے میں عارضی طور پر اُن کے بعض علاقوں پر قبضہ کر لیا۔
اُدھار کھاتہ۔ وہ کتاب یا رجسٹر جس میں واجب الادا رقم کا اندراج ہو۔
اُدھار کھانا (۱) قرض کھانا۔ قرض لینا (۲) دشمن ہونا۔ در پے ہونا۔
اُدھار کھائے ہیں۔ اُدھار کھائے ہوئے ہیں۔ ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ ہر وقت مستعد بیٹھے ہیں۔ در پے ہیں۔
اِدھر ۔(اِ۔دھر) (ہ) اس جانب۔ اس طرف۔ ورے۔
ادھر اُدھر۔ جہاں تہاں۔ یہاں وہاں۔ آس پاس۔
ادھر سے اُدھر کرنا (۱) کسی چیز کو غائب کر دینا۔ چرا لینا (۲) ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ دینا۔ بے ترتیب کر دینا۔
ادھر سے اُدھر ہونا (۱) کسی چیز کا بے موقع یا بے ٹھکانے ہو جانا۔ سرک جانا۔ تلپٹ ہو جانا۔ غائب ہو جانا۔
ادھر کنواں اُدھر کھائی۔ (مثل) ہر طرح نقصان۔ ہر صورت مشکل۔
ادھر کی اُدھر کرنا۔ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
ادھر کی دنیا اُدھر ہونا۔ انقلاب عظیم ہونا۔ دنیا پلٹ جانا۔
ادھر کی نہ ادھر کی یہ بلا کدھر کی (مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔
ادھر کے نہ اُدھر کے۔ دین کے نہ دنیا کے۔ دوست کے نہ دشمن کے۔ مردود خلائق۔
ادھر ہاتھ (دینا) لانا۔ جب کسی بات کی داد لینی منظور ہوتی ہے تو خوشی کا اظہار کرنے کے لیے مصافحہ کرتے وقت کہتے ہیں۔
ادھر ہونا یا اُدھر ہونا (۱) ایک طرف ہو جانا۔ کسی ایک کی طرفداری کرنا (۲) مر جانا یا بچ جانا۔
اُدھر ۔(اُ۔دھر) (ہ) اُس طرف۔ اُس جانب۔ پرے۔
اُدھر سے (۱) اس طرف سے۔ اُن کی جانب سے (۲) غیب سے۔ خدا کی طرف سے۔
اُدھراج ۔(اُ۔دھ۔راج) (س۔ا۔ مذکر) مہاراجہ۔ شہنشاہ۔
اُدھڑنا ۔(اُ۔دھڑ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) ٹانکا ٹوٹنا (۲) کھل جانا (۳) کھال اُترنا (۴) چھت یا پرستش کھلنا (۵) بہت مار کھانا۔
ادہم ۔(اَد۔ہَم) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) مشکی گھوڑا (۲) بلخ کے ایک مشہور بادشاہ کا لقب جو تخت سلطنت چھوڑ کر فقیر بن گئے تھے ابراہیم ادہم۔
اُدھم ۔(اُ۔دھم) (ہ۔ا۔ مذکر) شور و غل۔ ہنگامہ۔
اُدھم اٹھانا۔ اُدھم جوتنا۔ اُدھم کرنا۔ اُدھم مچانا۔ شور و غل مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
اُدھمی ۔(اُ۔ دھ۔می) (ہ۔ صف) اُدھم مچانے والا۔
اُدھورا ۔(اُ۔دھو۔را) (ہ۔ صف) آدھا۔ ناقص۔
اُدھورا پڑنا۔ پورا نہ پڑنا۔
اُدھوڑی ۔(اُ۔دھو۔ڑی) (ہ۔ا۔ مونث) گائے بھینس کا چمڑا۔

Marfat.com

**اَدھوڑی اُستر** - وہ جوتا جس کے استر میں ادھوڑی اور اوپر پنری لگی ہو
**اِدھیراج** (اَ-دھی-راج) (ہ-ا-مذکر) راجوں کا راجا - مہاراجا -
**اَدھیڑ** (اَ-دھیڑ) (ہ-صف) بڑھاپے اور جوانی کے درمیان کا - ڈھلتی عمر کا۔
**اُدھیڑ بُن** (اُ-دھیڑ-بُن) (ہ-ا-مونث) (۱) ادھیڑنا اور بُننا۔ (۲) سوچ بچار - غور و فکر۔
**اُدھیڑنا** (اُ-دھیڑ-نا) (ہ-مص) (۱) ٹانکے الگ کرنا (۲) پٹی ہوئی چیز کی چھت اکھاڑنا - (۳) پرزے چننا (۴) مارنا - پیٹنا - کھال اتارنا۔ (۵) راز فاش کرنا۔
**اَدیان** (اَ-دیان) (ع-ا-مذکر) دین کی جمع - مذاہب۔
**اَدیب** (اَ-دیب) (ع-ا-مذکر) (۱) ادب سکھانے والا - اتالیق۔ (۲) علم ادب جاننے والا - زبان دان۔
**اَدیبانہ** (اَ-دی-بانہ) (ع-صف) ادیب سے منسوب
**اَدیبہ** (اَ-دی-بہ) (ع-ا-مونث) علم ادب جاننے والی - زبان دان عورت۔
**اَدیم** (اَ-دیم) (ع-ا-مذکر) (۱) ادھوڑی - چمڑا (۲) سطح زمین۔

## ا-ڈ

**اَڈا** - (اَڈ-ڈا) (ہ-ا-مذکر) (۱) بیٹھک (۲) کارچوبی بنانے کا مستطیل چوکھٹا (۳) ٹھہرنے کی جگہ (۴) چکلا (۵) چڑیوں کے پنجرے کے اندر لکڑی یا لوہے کی چھڑ جو بیٹھنے کے لیے لگائی جاتی ہے (۶) بنے ہوئے کپڑے یا گوٹے کناری کا تھان (۷) نواڑ بننے کا لکڑی کا بنا ہوا ایک خاص قسم کا چوکھٹا۔
**اِڈیٹر** - (EDITOR) (اِ-ڈی-ٹر) (انگ-ا-مذکر) اخبار یا رسالے کو مرتب کرنے والا - مدیر۔
**اِڈیٹوریل** - (EDITORIAL) (اِ-ڈی-ٹو-ری-یل) (انگ-ا-مذکر) مقالۂ افتتاحیہ - اداریہ۔
**اِڈیشن** (EDITION) (اِ-ڈی-شن) (انگ-ا-مذکر) (۱) طبع - چھاپا (۲) جوڑ - جمع -
**اڈیشنل** (ADDITIONAL) (اَ-ڈی-شَ-نَل) (انگ-صف) بڑھا ہوا - اضافہ کیا گیا - زائد - فالتو۔

## ا-ذ

**اَذان** (اَ-ذان) (ع-ا-مونث) (۱) کان میں خبر یا آواز پہنچانا (۲) نماز کے واسطے بلانے کی صدا (۳) مرغ کی بانگ۔
اذان دینا - اذان کہنا - بانگ دینا۔
**اُزبک** (اُز-بک) (ت-ا-مذکر) تاتاری ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
**اِذعان** (اِذ-عان) (ع-ا-مذکر) (۱) فرماں برداری - اطاعت (۲) یقین کرنا - اعتبار - بھروسہ۔
**اذکار** (اَذ-کار) (ع-ا-مذکر) ذکر کی جمع (۱) بیانات (۲) قصے - کہانیاں (۳) وظائف و اوراد - وظیفے۔

**اَذکیا** (اَذ-کِ-یا) (ع-صف-و-ا-مذکر) ذکی کی جمع - ذہین اور ہوشیار لوگ۔
**اِذن** (ع-ا-مذکر) حکم - اجازت - پروانگی۔
اِذنِ عام - (۱) اجازت (۲) وہ اجازت جو میت کا وارث جنازہ کی نماز کے بعد ضروری کام والوں کو چلے جانے کے لیے دیتا ہے
**اَذہان** (اَذ-ہان) (ع-ا-مذکر) ذہن کی جمع - عقل - سمجھ - ادراک۔
**اَذِیّت** (اَ-ذی-یت) (ع-ا-مونث) ایذا - دکھ - تکلیف۔

## ا-ر

**اِرادت** (اِ-را-دت) (ع-ا-مونث) - عقیدت - اعتقاد۔
ارادت مند - معتقد - اعتقاد رکھنے والا۔
ارادت مندی - اعتقاد - یقین۔
**اِرادہ** (اِ-را-دہ) (ع-ا-مذکر) (۱) قصد - عزم (۲) مرضی۔
ارادہ باندھنا - ارادہ کرنا - قصد کرنا - منصوبہ باندھنا۔
ارادہ بندھنا - قصد ہونا۔
ارادہ رکھنا - قصد رکھنا - نیت رکھنا۔
**اِرادی** (اِ-را-دی) (ع-صف) اختیاری - ارادہ سے متعلق۔
**اراروٹ** (اَ-را-روٹ) (انگ-ا-مذکر) ایک قسم کی غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی اور بچوں اور مریضوں کو پانی یا دودھ میں پکا کر دی جاتی ہے۔
**اَراضی** (اَ-را-ضی) (ع-ا-مونث) ارض کی جمع (۱) زمین (۲) کھیت۔ (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)
اراضی افتادہ - بے کاشت اور غیر آباد زمین۔
اراضی بندوبستی - وہ زمین جس کا بندوبست کیا گیا ہو۔
اراضی خالصہ - خالص سرکاری زمین
اراضی دریا برآمد - وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے ظاہر ہو جائے
اراضی دریا برد - وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو۔
اراضی سکنی - وہ اراضی جس پر رہنے سہنے کے مکانات بناتے ہیں۔
اراضی شاملات، شاملاتی - گاؤں کی مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔
اراضی شور - کلر زمین جس میں کھار کے باعث کاشت نہ ہو سکے۔
اراضی معافی - وہ زمین جس کی مالگزاری معاف ہو۔
اراضی نوتر دُد - نئی کاشت کی ہوئی زمین۔
اراضی وقف - وہ زمین جو کار خیر کے لئے چھوڑی گئی ہو۔
**اَراضیات** (اَ-را-ضی-یات) (ع-ا-مونث) اراضی کی جمع۔
**اَرَاکین** (اَ-را-کین) (ع-ا-مذکر) رکن کی جمع الجمع (۱) ستون (۲) ممبران
**اَرَب** (اَ-رَب) (ہ-صف) سو کروڑ۔
ارب کھرب - بے شمار - لا انتہا دولت۔
**اَرباب** (اَر-باب) (ع-ا-مذکر) رب کی جمع (۱) صاحب - مالک (۲) پالنے والے۔
ارباب خبث - (کنایۃً) منطقی لوگ۔
ارباب دولت - دولت والے۔
ارباب سخن - شعرا۔
ارباب عدالت - عدالت کے عہدہ دار۔

Marfat.com

**اربابِ عشرت** ۔ محفلِ عشرت کے شریک ۔ ناچ رنگ دیکھنے والے
**اربابِ قلم** ۔ (۱) لکھنے پڑھنے والے لوگ (۲) مصنف ۔
**اربابِ معنی** ۔ حقیقت شناس ۔ عارف ۔
**اربابِ نشاط** ۔ ناچنے گانے والے ۔
**اربابِ ہمّم** ۔ ہمت والے ۔ فراخ حوصلہ ۔
**اربع** ۔ (اَر ۔ بَع) [ع ۔ صف] چار ۔
**اربع عناصر** ۔ چار عنصر ۔ مٹی ہوا ۔ آگ ۔ پانی ۔
**اربعہ** ۔ (اَر ۔ بَ ۔ عَہ) [ع ۔ صف] چار
**اربعہ متناسبہ** ۔ حساب کا ایک قاعدہ جس میں تین معلوم عددوں کے ذریعے چوتھا نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے ۔
**اربعین** ۔ (اَر ۔ بَ ۔ عین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چالیس (۲) چالیس دن ۔ چلّہ ۔
**ارتباط** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ باط) [ع ۔ ا ۔ مذکر] میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔
**ارتجال** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ جال) [ع] (۱) جلدی کرنا (۲) بغیر سوچے جلدی بولنا ۔
**ارتحال** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ حال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] رحلت کرنا ۔ مر جانا ۔
**ارتداد** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ داد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مرتد ہونا ۔ اسلام چھوڑنا ۔
**ارتسام** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ سام) [ع ۔ ا ۔ مذکر] نقش و نگار کرنا ۔ نقاشی کرنا ۔
**ارتعاش** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ عاش) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کانپنا ۔ رعشہ ۔
**ارتفاع** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ فاع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بلندی ۔ اُبھار ۔
**ارتفاع پیما** ۔ بلندی ناپنے والا ۔ ایک آلہ جس کی مدد سے ہوا باز زمین سے بلندی کا اندازہ کرتے ہیں ۔ (ALTIMETER)
**ارتقا** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ قا) [ع ۔ صف] (۱) اُوپر چڑھنا (۲) بتدریج ترقی کرنا
**ارتقائی** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ قا ۔ ای) [ع ۔ صف] ترقی پذیر ۔ ارتقا سے متعلق ۔
**ارتکاب** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ کاب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اختیار کرنا ۔ عمل کرنا ۔ (۲) جرم کرنا ۔
**ارتکابِ جرم** ۔ جرم کرنا ۔
**ارتکاز** ۔ (اِر ۔ تِ ۔ کاز) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک جگہ اکٹھا ہونا ۔ ایک مرکز پر جمع ہونا ۔
**اَرتھمیٹک** (ARITHMETIC) (اَر ۔ تھ ۔ مے ۔ ٹِک) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] علمِ حساب ۔ علم حساب کی کتاب ۔
**ارتھی** ۔ (اَر ۔ تھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] ہندوؤں کا جنازہ ۔
**ارتھی نکلے** (بد دعا) مر جائے ۔ جنازہ نکلے ۔
**ارث** ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] میراث ۔ ترکہ ۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اُس کے وارث کو ملے ۔
**ارج** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) قدر و قیمت (۲) جوہر ۔ لیاقت (۳) شان و شوکت ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔
**ارجمند** ۔ بلند رتبہ ۔ عزت والا ۔
**ارجاع** ۔ (اِر ۔ جاع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دائر کرنا (۲) رجوع کرنا ۔
**ارجاعِ نالش** ۔ نالش دائر کرنا ۔
**ارجنٹ** (URGENT) (اَر ۔ جنٹ) [انگ ۔ صف] نہایت ضروری تاکیدی ۔ فوری ۔ طلب ۔
**ارحم** ۔ (اَر ۔ حَم) [ع ۔ صف] زیادہ رحم کرنے والا ۔ بہت مہربانی کرنے والا
**ارحم الراحمین** ۔ مہربانوں کا مہربان ۔ اللہ تعالیٰ ۔
**اَرد** ۔ (اَ ۔ رَد) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] اُڑد ۔ ماش ۔
**اُرد پر سفیدی** ۔ بہت قلیل مقدار میں ۔
**اُرد کے آٹے کی طرح اینٹھنا** (مثل) بہت اکڑنا ۔ خواہ مخواہ اکڑنا ۔

**اردا بیگنی** ۔ (اُر ۔ دا ۔ بیگ ۔ نی) [ہ ۔ ت ۔ ا ۔ مونث] (۱) باوردی اور ہتھیار بند عورت جو شاہی حرم سرا کے دروازے پر پہرہ دیتی تھی ۔
**اردلی** ۔ انگریزی آرڈرلی (ORDERLY) کا مورّد ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیادہ ۔ ساتھ رہنے والا سپاہی (۲) ہرکارہ ۔
**اردلی بازار** ۔ بادشاہ اور حکام کے دورے میں ساتھ رہنے والا بازار ۔
**اردلی سارجنٹ** ۔ قلاوار ۔ جمعدار ۔ دار روغہ ۔
**اردلی میں چلنا** ۔ حاکم کی سواری کے ساتھ چلنا ۔
**اردلی میں رہنا** ۔ حاکم کی سواری کے ساتھ رہنا ۔
**اُردو** ۔ (اُر ۔ دُو) [ت ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لشکر ۔ لشکرگاہ (۲) (مونث) پاک و ہند کی وہ زبان جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے ۔ لشکری زبان ۔
**اُردو بازار** ۔ لشکر کا بازار ۔ چھاؤنی کا بازار ۔ صدر بازار ۔
**اُردوئے معلّٰی** ۔ دلی کی اعلیٰ زبان جو قلعہ شاہی میں بولی جاتی تھی
**اُردی بہشت** ۔ (اُر ۔ دی ۔ بِ ۔ ہِشت) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایرانیوں کا دوسرا مہینہ جو ہندی جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے ۔
**ارزاں** ۔ (اَر ۔ زاں) [ف ۔ صف] سستا ۔ کم قیمت ۔
**ارزاں بعلت گراں بحکمت** ۔ (مثل) کم قیمت میں کوئی نہ کوئی عیب اور بیش قیمت میں کوئی نہ کوئی وصف ضرور ہوتا ہے ۔
**ارزانی** ۔ (اَر ۔ زا ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) سستا پن (۲) کثرت ۔ زیادتی ۔ (۳) کم قدری ۔
**ارزق** ۔ (اَر ۔ زَق) غلط ہے ۔ دیکھیے اَزرَق ۔
**ارژنگ** ۔ (اَر ۔ ژنگ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چین کے مشہور مصور مانی کا نگار خانہ (۲) چین کے ایک مشہور مصور کا نام ۔
**ارسال** ۔ (اِر ۔ سال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بھیجنا ۔ روانگی ۔
**ارسطو ۔ ارسطاطالیس** ۔ (اَ ۔ رَس ۔ طو ۔ اَ ۔ رَس ۔ طا ۔ طا ۔ لیس) [یو ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کامل و فاضل شخص (۲) یونان کا مشہور فلسفی جو سکندر کا استاد و مشیر تھا ۔
**ارسلان** ۔ (اَر ۔ سَ ۔ لان) [ت ۔ ا ۔ مذکر] شیر ۔
**ارشاد** ۔ (اِر ۔ شاد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہدایت (۲) حکم ۔
**ارشاد بجا لانا** ۔ حکم کی تعمیل کرنا ۔
**ارشاد فرمانا / کرنا** ۔ حکم دینا ۔ کہنا ۔
**ارشد** ۔ (اَر ۔ شَد) [ع ۔ صف] نہایت ہدایت یافتہ ۔
**ارض** ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] زمین ۔
**ارضِ مقدس** (۱) پاک زمین (۲) فلسطین ۔
**ارض و سما** ۔ زمین و آسمان ۔
**ارضی** ۔ (اَر ۔ ضی) [ع ۔ صف] زمینی ۔ زمین کا ۔ زمین سے متعلق ۔
**ارضیات** ۔ (اَر ۔ ضِی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] زمین کے طبقوں کا علم ۔ علم طبقات الارض (GEOLOGY)
**ارغنون** ۔ (اَر ۔ غَ ۔ نون) [یو ۔ ا ۔ مذکر] ارگن باجا ۔
**ارغوان** ۔ (اَر ۔ غَ ۔ وان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] سرخ اور نارنجی رنگ ۔ ایک سرخ رنگ کے پھول کا نام ۔
**ارغوانی** ۔ (اَر ۔ غَ ۔ وا ۔ نی) [ف ۔ صف] لال رنگ کا ۔ نہایت سرخ ۔ نارنجی رنگ کا ۔
**ارفع** ۔ (اَر ۔ فع) [ع ۔ صف] (۱) نہایت بلند (۲) عالی مرتبہ ۔
**ارقام** ۔ (اِر ۔ قام) [ف ۔ ا ۔ مذکر] تحریر کرنا ۔
**ارکان** ۔ (اَر ۔ کان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] رکن کی جمع (۱) تھم ۔ ستون (۲)

Marfat.com

جماعت کے ممبر (۳) وہ امور جن پر خاص دینی و دُنیوی مسائل کا مدار ہو۔
ارکانِ (دولت) سلطنت۔ وزرا۔ اُمرا۔ سلطنت کے حکام۔
ارگن۔ (ORGAN) (اَر۔ گن) (انگ۔ا۔مذکر) ایک باجہ
ارل۔ (EARL) (انگ۔ا۔مذکر) نواب۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیر کا خطاب۔
اِرم۔ (اِ۔رَم) (ع۔ا۔مذکر) (۱) شداد کی بنائی ہوئی بہشت کا نام (۲) (مجازاً) بہشت۔ جنت۔
ارمان۔ (اَر۔مان) (ف۔ا۔مذکر) (۱) آرزو۔ خواہش (۲) شوق (۳) افسوس۔
ارمان بھرا۔ ارمان بھری۔ آرزوؤں اور حسرتوں سے پُر۔
ارمان جی کے جی میں رہنا۔ حسرت رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا
ارمان (رہ جانا) رہنا۔ حسرت رہ جانا۔ جی کی جی میں رہنا۔
ارمغان۔ (اَر۔مُ۔غان) (ف۔ا۔مذکر) تحفہ۔ نذر۔ (بضم و فتح ثالث دونوں صحیح ہے)
ارنا۔ (اَر۔نا) (ہ۔صفت) جنگلی۔
ارنا بھینسا۔ جنگلی بھینسا۔
ارنڈ۔ (اَ۔رَنڈ) (ہ۔ا۔مذکر) ایک درخت جس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔
ارنڈ خربوزہ۔ ایک قسم کا پھل۔ پپیتا۔
ارنڈ کی جڑ۔ (۱) ارنڈ کے پیڑ کی جڑ (۲) نہایت ناپائدار چیز
ارنڈی۔ (اَ۔رَن۔ڈی) (ہ۔ا۔مونث) ارنڈ کا بیج جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔
ارِنی۔ (اَ۔رِ۔نی) (ع) دکھا مجھے۔ (حضرت موسیٰ نے کوہِ طور پر خدا سے درخواست کی تھی۔ ربِّ ارنی۔ الٰہی مجھے اپنا جلوہ دکھا۔ جواب ملا۔ لن ترانی۔ تو مجھے نہ دیکھ سکے گا)۔
ارواح۔ (اَر۔واح) (ع۔ا۔مونث) (۱) رُوح کی جمع (۲) اندرونی خواہش۔ (اردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے)
ارواح بھٹکنا۔ کسی چیز کی تلاش میں جان بے کل رہنا۔
ارواح (بھرنا) بھر جانا۔ نیت بھرنا۔ جی بھرنا۔
ارواح پڑی رہنا۔ نیت پڑی رہنا۔ دھیان پڑا رہنا۔
ارواح (پھر جانا) پھرنا۔ جی بیزار ہونا۔ نیت بھر جانا۔
اروی۔ (اَر۔وی) (ہ۔ا۔مونث) ایک لیسدار ترکاری جو جڑ کی قسم سے ہے۔ گھئیاں۔
ارہ۔ (اَر۔رَہ) (ف۔ا۔مذکر) لکڑی چیرنے کا اوزار۔ آرا۔
ارہر۔ (اَر۔ہر) (ہ۔ا۔مونث) ایک غلہ جس کی دال پکا کر کھاتے ہیں۔
اری۔ (اَ۔ری) (ہ۔ا) کلمۂ خطاب۔ کم رتبہ عورت کے لئے۔
ارے۔ (اَ۔رے) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کلمۂ ندا و خطاب۔ اے او (کم رتبہ شخص کے لئے) (۲) کلمۂ تعجب۔
اُریب۔ (اُ۔ریب) (ف۔صفت) آڑا۔ ترچھا۔
اُریب کی باتیں۔ پیچیدہ باتیں۔ فریب کی باتیں۔
اُریب کی چال۔ دغا و فریب کی بات۔
اُریبواں۔ (اُ۔ریب۔واں) (ف۔صفت) آڑا۔ ترچھا۔

## ا - ڑ

اڑ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ضد۔ ہٹ۔ پیچ (۲) رُکنا۔ ثقالت۔
اڑ بیٹھنا۔ ضد کرنا۔ اصرار کرنا۔
اڑ جانا۔ (۱) ضد کرنا (۲) جم جانا۔ رُک جانا۔
اڑ کر لینا۔ دھرنا دے کر لینا۔ بے وصول کیے نہ چھوڑنا۔
اڑ کھڑا ہونا۔ راستہ روک کر کھڑا ہونا۔
اڑ کے بیٹھنا۔ جم کر بیٹھنا۔
اڑاڑا۔ (اَ۔ڑا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مکان یا دیوار گرنے کی آواز (۲) دریا کا کڑاڑا۔
اڑاڑا دھم۔ اڑاڑا دھڑیم۔ اڑاڑا دھوں۔ کسی چیز کے بے تحاشا گرنے کی آواز۔
اڑاڑا کر کے گرنا۔ دھماکے سے گرنا۔ مکان کا بلند آواز سے گرنا۔
اُڑا آنا۔ بہت جلد آنا۔
اُڑا پھرنا۔ ہوا میں اِدھر اُدھر گشت کرنا۔
اُڑا جانا۔ (۱) تیز تیز جانا (۲) اُڑتے ہوئے جانا (۳) ٹال جانا (۴) کھائی جانا۔
اُڑا دینا۔ (۱) مشہور کر دینا (۲) موقوف کر دینا (۳) چوری کر لینا۔ (۴) خرچ کر ڈالنا (۵) اُدھیڑنا۔
اُڑا لانا۔ (۱) ہوا کی مدد سے کسی چیز کو بالا بالا لانا۔ (۲) چالاکی سے کوئی چیز حاصل کرنا۔
اُڑا لینا۔ (۱) چُرا لینا (۲) اس طرح سے جانا کہ معلوم نہ ہو۔ (۳) ہو بہو نقل کر لینا۔
اِڑان۔ (اِ۔ڑان) (ہ۔ا۔مذکر) تھم۔ ستون۔
اُڑان۔ (اُ۔ڑان) (ہ۔ا۔مونث) (۱) پرواز۔ اُڑنا (۲) پھلانگ۔ جست۔
اُڑان گھائی۔ (۱) بندھی ہوئی چوٹیں (۲) انگلیوں کی جڑ کا حصہ۔ (۳) شعبدہ بازی۔ چالاکی۔
اُڑان گھائی بتانا۔ انٹی مارنا۔ دھوکہ دینا۔
اڑانا۔ (اَ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) اٹکانا۔ پھنسانا (۲) روکنا۔ حائل کرنا (۳) شامل کرنا (۴) (مذکر) بڑا اور موٹا تھم۔
اُڑانا۔ (اُ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پرواز کرانا (۲) کاٹنا۔ الگ کرنا (۳) ہو بہو نقل کرنا (۴) چرا کر لانا۔ مفت حاصل کرنا (۵) اکھاڑنا۔ بچنے نہ دینا (۶) اَن سُنی کرنا (۷) ضائع کرنا (۸) فضول خرچی کرنا (۹) بے جا تعریف کرنا (۱۰) بھگا لے جانا (۱۱) رونق بڑھانا۔ زینت بخشنا۔ جان ڈالنا۔ روپ دینا۔ خوش ذائقہ بنانا مزے دار بنانا۔ (۱۲) جھٹکانا۔ جھلنا۔ نکالنا (۱۳) برسانا۔ پھٹکنا۔ (۱۴) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ چرچا پھیلانا (۱۵) چپٹ کرنا۔ (۱۶) مٹانا۔ خارج کرنا (۱۷) اُدھیڑنا (۱۸) گانا (۱۹) اُچھلنا۔ پریشان کرنا (۲۰) پھینکنا۔ چھٹکنا (۲۱) بے جا تعریف کرنا۔
اڑا ہونا۔ (اَ۔ڑا۔ ہونا) (ہ۔مص) ضد پر قائم رہنا۔ حائل ہونا۔
اُڑاؤ۔ (اُ۔ڑا۔ؤ) (ہ۔صفت) اُڑانے والا۔ فضول خرچ۔ اُڑاؤ کھاؤ۔ فضول خرچ۔ کھانے لٹانے والا۔

Marfat.com

اڑبنگا۔ اَڑ۔بن۔گا۔ (و۔صفت) (۱) ٹیڑھا ترچھا (۲) ضدی (۳) [مذکر] روک۔ آڑ۔ (۴) جھمیلا۔ بکھیڑا۔ رخنہ

اُڑ جھنبیری ساون آیا [و۔مثل] کسی کو اتفاقاً دولت مل جائے اور وہ پھولے ہوئے اُڑانے لگے تو طنزاً کہتے ہیں۔ یعنی دن میں خوب مزے کر لے۔

اڑتالیس۔ (اَڑ۔تا۔لیس) چالیس اور آٹھ۔

اُڑتی (اُڑ۔تی)۔ (و۔صفت) (۱) اُڑتی ہوئی (۲) تول میں کچھ کم۔ (مرکبات میں)

اُڑتی بیٹھک۔ دونوں پاؤں کو سمیٹ کر اُٹھتے بیٹھتے ہوئے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا۔

اُڑتی بیماری۔ وہ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے۔ متعدی مرض۔

اُڑتی پڑتی خبر۔ افواہ۔

اُڑتی تول۔ کم تولنا

اُڑتی چڑیا کو پہچاننا۔ اُڑتی چڑیا کے پر گننا۔ کمال نظرباز ہونا۔ دل کی بات سمجھ جانا۔ بھانپنا۔ تیز پہچاننا۔ قیافہ شناس ہونا۔

اُڑتی سی خبر) افواہ۔ بازاری اور بے تحقیق بات۔ گپ۔

اڑتیس۔ (اَڑ۔تیس) (و۔صفت) تیس اور آٹھ

اُڑ جانا۔ (اُڑ۔جا۔نا) (و۔مص) (۱) اُڑ کر چلا جانا (۲) بھاگ جانا (۳) غائب ہو جانا (۴) رنگ جاتا رہنا یا پھیکا پڑ جانا (۵) کٹ جانا۔ جدا ہو جانا (۶) مٹ جانا (۷) غارت ہو جانا۔

اُڑ چلنا۔ (اُڑ۔چل۔نا) (و۔مص) (۱) اِترانا۔ مغرور ہونا (۲) اوقات سے باہر قدم رکھنا (۳) بدچلنی اختیار کرنا

اڑچن۔ (اَڑ۔چن) (و۔ا۔مونث) رکاوٹ۔ تعطل۔ بحران

اڑدو۔ (اُ۔ڑدو) (و۔ا۔مذکر) دیکھیے اُردو

اُڑس۔ (اُ۔ڑس) (و۔ا۔مذکر) (۱) بکھل (۲) اُڑسنا کا امر

اُڑس بیٹھنا۔ (و۔مص) اٹکا بیٹھنا۔ گھس بیٹھنا۔ داخل کر بیٹھنا۔

اڑسٹھ۔ (اَڑ۔سٹھ) (و۔صفت) ساٹھ اور آٹھ

اُڑسنا۔ (اُڑ۔س۔نا) (و۔مص) گھسیڑنا۔ داخل کرنا۔

اُڑ کے۔ (اُڑ۔کے) (و۔تابع فعل) (۱) پرواز کر کے اچھل کے (۲) زیادہ سے زیادہ (۳) تیزی سے

اُڑ کے (کر) کہاں جاؤ گے۔ بچ کر کہاں جاؤ گے۔

اُڑ کے لگنا۔ ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جانا۔

اُڑ کے منہ میں پھیل نہیں گئی ہے۔ کچھ نہیں کھایا ہے۔

اُڑگیا (اُڑ۔گ۔یا) (و۔صفت) اُجڑ گیا۔ خانہ خراب۔ ناپید

اُڑن (اُ۔ڑن) (و۔صفت) (۱) اُڑنے والا (۲) ناپید ہو جانے والا۔

اُڑن پھل۔ وہ فرضی پھل جس کے کھانے سے اُڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

اُڑن جوگا۔ نٹ جانے کے قابل۔ مرنے جوگا۔

اُڑن چھو ہونا۔ ناپید ہونا۔ غائب غلہ ہونا۔

اُڑن فاختہ۔ سیدھا سادہ۔ بُدھو۔

اُڑن کھٹولا۔ اُڑنے والا تخت۔ تخت رواں۔

اُڑن گھائی۔ دیکھیے اُڑان گھائی۔

اڑنا۔ (اَڑ۔نا) (و۔مص) (۱) مزاحم ہونا (۲) ڈٹنا (۳) جھگڑنا (۴) ضد کرنا (۵) داؤں پر لگانا یا رکھنا (۶) دخل دینا۔ (۷) آمادہ ہونا (۸) جم جانا۔ جنبش نہ کرنا۔

اُڑنا۔ (اُڑ۔نا) (و۔مص) (۱) پرواز کرنا (۲) کٹ کر علیحدہ ہو جانا۔ (۳) چوری ہونا (۴) بہت جلد صرف ہو جانا (۵) بھاگ جانا۔ (۶) مٹنا (۷) اُدھڑنا (۸) گانا (۹) اُچھلنا (۱۰) ویرانی ہونا۔ (۱۱) تباہ و برباد ہونا (۱۲) جلنا (۱۳) مشہور ہونا (۱۴) رنگ جاتا رہنا (۱۵) پریشان ہونا (۱۶) عیش و عشرت کرنا (۱۷) تیز چلنا (۱۸) تمسخر مذاق ہونا۔

اُڑناگن) ناگنی۔ (اُڑ۔نا۔گن) نا۔گ۔نی) (و۔ا۔مونث) (۱) سانپن جو اُڑ کے کاٹتی ہے (۲) (مجازاً) جھگڑالو عورت

اڑبنگ۔ (اَ۔ڑبنگ) (و۔ا۔مذکر) ڈھیر۔ انبار

اڑبنگ بڑبنگ۔ (۱) بے تکی باتیں (۲) ٹیڑھا (۳) لڑکوں کا کھیل

اڑنگا۔ (و۔ا۔مذکر) (۱) کشتی کا ایک پیچ جس سے حریف کو اس کی ٹانگ میں اپنی اڑی ٹانگ آنکڑی کی طرح مار کر گرا دیتے ہیں (۲) روک۔ مزاحمت۔ رخنہ۔

اڑنگا لگانا۔ رخنہ ڈالنا۔ حائل ہونا۔

اڑنگے پر۔ (چڑھانا) مارنا۔ اڑنگے پر چڑھا کر مارنا۔ داؤں پر چڑھانا۔ فریب دے کر قابو میں لانا۔

اڑواڑ (اَڑ۔واڑ) (و۔ا۔مونث) ٹیکن۔ ٹیک۔ ستون

اڑوس پڑوس (اَ۔ڑوس۔پ۔ڑوس) (و۔ا۔مذکر) آس پاس۔

اڑوسی پڑوسی (اَ۔ڑو۔سی۔پ۔ڑو۔سی) (و۔ا۔مذکر) ہمسایہ

اڑھانا۔ (اَ۔ڑھا۔نا) (و۔مص) اوڑھنا کا متعدی المتعدی

اڑھائی (اَ۔ڑھا۔ای) (و۔صفت) دو اور آدھا۔ ڈھائی

اڑھائی اچھر۔ مختصر مگر نہایت پر تاثیر باتیں۔

اڑھائی چاول الگ کھانا (پکانا) (مثل) اپنی لئے سب سے الگ رکھنا۔

اڑھائی چلو لہو پینا) پی لینا۔ مار ڈالنا۔

اڑھائی دن سقے نے بھی بادشاہت کی ہے (مثل) نظام سقے کی طرف اشارہ ہے جس نے ہمایوں کی جان بچائی تھی اور اس کے عوض ہمایوں نے اسے ڈھائی دن کے لیے بادشاہ بنا دیا تھا۔

اڑھائی دن کی بادشاہت (مثل) تھوڑے دنوں کی حکومت۔

اڑھائی گھڑی کی موت آئے فوراً مر جائے۔

اڑی (اَ۔ڑی) (و۔ا۔مونث) (۱) مشکل۔ تنگی (۲) ضرورت (۳) قمار بازوں کی اصطلاح میں مشکل داؤں۔

اڑی باز۔ (۱) یار باز۔ (۲) فریبی۔ دغاباز۔

اڑی مشکل۔ مشکل میں مشکل۔

اڑی اڑی طاق پر بیٹھی (و۔مثل) رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔

اڑے وقت (اَ۔ڑے۔وقت) (و۔ا۔مذکر) مصیبت کے وقت۔

اُڑے اُڑے پھرتے ہو (و) دکھائی نہیں دیتے۔ ملتے نہیں۔

اڑیل۔ (اَ۔ڑیل) (و۔صفت) اڑ جانے والا۔ ضدی۔ سرکش۔

Marfat.com

## ا-ز

**از**۔ (ف-حرف جر) سے۔
**ازاں جملہ**۔ سب میں سے۔
**از بر**۔ حفظ۔ نوکِ زبان۔
**از برائے خدا**۔ خدا کے لیے۔
**از بس**۔ (۱) بہت۔ نہایت (۲) نتیجہ۔ غرض و غایت۔
**از حد**۔ نہایت۔ بے حد۔ حد سے زیادہ۔
**از خرداں خطا و از بزرگاں عطا** (مثل) چھوٹوں سے غلطی ہوتی ہے۔ بڑوں کا کام بخش دینا ہے۔
**از خود**۔ (۱) آپ سے۔ اپنے آپ۔ خود بخود (۲) قصداً (۳) بلا سہارے۔
**از خود رفتگی**۔ آپے سے باہر ہونا۔ بےخودی۔
**از خود رفتہ**۔ آپے سے باہر۔ دیوانہ۔ بےخود۔ متوالا۔
**از دیدہ دُور، از دل دُور** (مثل) جو نظر سے دور ہو وہ دل سے بھی دُور ہو جاتا ہے۔
**از راہِ محبت**۔ پیار کے طریق سے۔ دوستی کے طور پر۔
**از رُوئے**۔ کسی چیز کی بنیاد پر۔ بر بنا۔
**از سر تا پا**۔ سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
**از سرِ نو**۔ نئے سرے سے۔
**از غیب**۔ غیب سے۔
**از غیبی**۔ (۱) نامعلوم طریقہ سے (۲) خدا کی طرف سے غیب سے
**از غیبی دھکا**۔ آسمانی بلا۔ آفت سماوی۔
**از غیبی (گولہ) مار**۔ وہ مصیبت جو یکایک آجائے۔
**از کار رفتہ**۔ نکما۔ کام کے ناقابل۔
**از ماست کہ بر ماست** (مثل) ہم پر جو مصیبت آئی ہے وہ اپنے ہی ہاتھوں کی لائی ہوئی ہے۔
**اِزار** (اِ-زار) (ع-ا-مونث) پاجامہ۔ شلوار
**اِزار بند**۔ ناڑا۔ کمربند
**اِزار بند کا رشتہ**۔ اِزار بندی رشتہ۔ جورُو کی طرف کا رشتہ۔ سسرالی رشتہ۔
**اِزار سے باہر ہو جانا**۔ جامے سے باہر ہونا۔
**اِزار میں ڈال کر پہن لینا**۔ کسی کا ڈر نہ ہونا۔ خیال میں نہ لانا۔
**اِزالہ** (اِ-زا-لہ) (ع-ا-مذکر) زائل کرنا۔ مٹانا
**ازالۂ بکر**۔ کنوارپن کھونا۔
**ازالۂ حیثیت عُرفی**۔ آبرو ریزی کرنا۔ شہرت عام بگاڑنا۔
**اُزبک** (اُز-بک) (ت-ا-مذکر) ترکوں کے ایک قبیلے کا نام۔
**اِزدحام** (اِز-دِ-حام) (ع-ا-مذکر) بھیڑ۔ مجمع۔
**اِزدواج** (اِز-دِ-واج) (ع-ا-مذکر) نکاح کرنا۔
**اِزدیاد** (اِز-دِ-یاد) (ع-ا-مذکر) زیادہ ہونا۔ کثرت۔
**اَزرق** (اَز-رق) (ع-صفت) نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔
**ازرق چشم**۔ کرنجا۔ گربہ چشم۔ نیلی آنکھ والا۔
**ازکیا** (اَز-کِ-یا) (ع-ا-مذکر) زکی کی جمع (۱) اچھی نشوونما پانے والے (۲) ستھرے لوگ۔

**ازل** (اَ-زَل) (ع-ا-مونث) (۱) وہ زمانہ جس کی کوئی ابتدا نہ ہو (۲) مخلوق کی پیدائش کا دن۔ (۳) آغاز۔
**ازلی** (اَ-زَ-لی) (ع-صفت) ہمیشہ سے۔ دوامی
**ازمنہ** (اَز-مِ-نہ) (ع-ا-مذکر) زمانہ کی جمع۔ زمانے
**ازواج** (اَز-واج) (ع-ا-مذکر) (۱) زوج کی جمع۔ جوڑیاں (شوہر اور بیوی) (۲) (مونث) زوجہ کی جمع۔ بیویاں۔
**ازواجِ مطہرات**۔ (۱) پاک بیبیاں (۲) سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں۔
**ازہر** (اَز-ہَر) (ع-صفت) نہایت چمکیلا۔

## ا-ژ

**اژدر** (اَژ-دَر) (ف-ا-مذکر)۔ اژدہا۔ بڑا سانپ۔
**اژدرِ موسیٰ**۔ حضرت موسیٰ کا وہ عصا جو اژدہا بن جاتا تھا۔
**اژدہا** (اَژ-دَ-ہا) (ف-ا-مذکر) اژدر۔ اجگر۔ بڑا سانپ۔
**اژدہے کے منہ سے پھرے** (مثل) بڑی مصیبت سے نجات پائی۔
**اژدہے کے منہ میں پاؤں رکھنا** (مثل) خطرناک جگہ جانا۔
**اژدہے کے منہ میں جھونکنا**۔ موذی کے حوالے کرنا۔ خطرناک جگہ بھیج دینا۔
**اژدہے کے منہ میں ہاتھ (دینا) ڈالنا**۔ خطرناک کام کرنا نہایت موذی اور ضرر رساں شخص کو چھیڑنا۔
**اژدھات** (اَژ-دھات) (ف-ا-مونث) ہفت جوش یعنی سونے۔ چاندی۔ تانبے۔ پیتل۔ رانگ۔ جست اور لوہے کی مرکب دھات۔

## ا-س

**اِس** (ہ-اشارۂ قریب اور ضمیر حاضر) یہ۔ یہی۔
**اِس برتے پہ تتا پانی** (مثل) نااہلیت پر لیاقت کا دعوی۔ نامردی پر مردی کا اظہار۔
**اِس پر بھی**۔ باوجود اس کے۔ اتنا کچھ ہو لینے کے بعد بھی۔
**اِس پر نہ پھولو**۔ اس بات پر گھمنڈ نہ کرو۔ اس پہ نہ پھولو۔
**اِس پہ نہ جاؤ**۔ یہ خیال نہ کرو۔ اس پر توجہ نہ دو۔
**اِس کان سن کے اُس کان اُڑا دینا**۔ کوئی توجہ نہ کرنا۔ کہنا نہ ماننا۔
**اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا** (مثل) بےکاری میں چیزوں کی الٹ پھیر کرتے رہنا۔ بےفائدہ کام کرنا۔
**اِس کو کیا کہتے ہیں**۔ تعجب اور حیرت کے موقع پر بطور سوال کے مستعمل ہے۔
**اِس گھر کا باوا آدم نرالا ہے** (مثل) یہاں کا طریقہ سب سے عجیب ہے۔
**اِس مرض کا طوطا میں نہیں پالتا**۔ میں اس بکھیڑے میں نہیں پڑتا۔

Marfat.com

اِس میں کچھ فی ہے۔ اس میں کوئی چال ہے۔
اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے۔ ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے۔
اُس۔(ہ۔ اشارۂ بعید) وہ۔ وہی۔
اُس کی قدرت کے کارخانے ہیں۔ خدا کی شان کے جلوے ہیں۔
اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں۔ خدا کا قہر ناگہانی ہوتا ہے۔
اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں۔ بندوں کو دینے کے لیے خدا کے پاس بے شمار ذرائع ہیں۔
اُس کے منہ کی۔ کسی کی زبان سے نکلی ہوئی بات۔
اساتذہ۔(اَ۔ سا۔ تِ۔ ذَہ)(ع۔ا۔مذکر) استاذ کی جمع۔ اُستاد
اُسارا۔ (اُ۔ سا۔ را)(ہ۔ا۔مذکر) چھپّر۔ سائبان۔
اساڑھ۔(اَ۔ سا۔ ڑھ)(ہ۔ا۔مذکر) ہندی کا چوتھا مہینہ۔ برسات کا پہلا مہینہ۔
اساڑھی۔(اَ۔ سا۔ ڑھی)(ہ۔ا۔مونث)(۱) فصلِ ربیع۔ گیہوں، جَو، چنا وغیرہ (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔
اساس۔(اَ۔ ساس)(ع۔ا۔مونث) بنیاد۔ نیو۔ جڑ۔
اساسی(اَ۔ سا۔ سی)(ع۔صفت) بنیادی۔
اساطیر(اَ۔ سا۔ طیر)(ع۔ا۔مونث) اُسطارہ اور اُسطورہ کی جمع۔ قصے کہانیاں۔
اساطیرُالاوّلین۔ اگلے لوگوں کے قصے کہانیاں۔
اسالیب۔(اَ۔ سا۔ لیب)(ع۔ا۔مذکر) اسلوب کی جمع۔ طریقے۔ طرزیں۔
اسامی۔(اَ۔ سا۔ می)(ع۔ا۔مذکر) اسم کی جمع الجمع (۱) نام (۲) لوگ (۳) کسان۔ کاشت کار (۴) گاہک۔ خریدار (۵) عہدہ۔ نوکری (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)
اسامی بلا حقِ دخیل کاری۔ وہ اسامی جو دخل یابی کا حق نہ رکھتی ہو
اسامی (بنانا) ٹھگنا۔ بے وقوف بنا کر فائدہ اٹھانا۔
اسامی شکمی۔ ماتحت کاشت کار۔ چھوٹا کسان۔ وہ شخص جسے اپنی طرف سے ساجھی کریں۔
اسامی غیر موروثی۔ غیر موروثی کاشت کار۔ وہ کسان جس کا دوامی حق نہ ہو۔
اسامی مستقل۔ وہ کاشت کار جو زمین پر دخل پانے کا مستحق ہو۔
اسامی موروثی۔ دوامی کاشت کار۔ وہ کسان جو کاشتکاری کے باعث وراثت کا حق پیدا کرلے۔
اسامی وار۔ اسامیوں کے ناموں کی ترتیب سے۔
اسانید۔(اَ۔ سا۔ نید)(ع۔ا۔مونث) اسناد کی جمع۔ وہ کتابیں جن میں حدیثیں مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں مثلاً بخاری۔ مسلم وغیرہ۔
اساوری۔(اَ۔ سا۔ وَ۔ ری)(ہ۔ا۔مونث)(۱) ایک راگنی (۲) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
اسپ(ف۔ا۔مذکر) دیکھیے اسپ۔
اسباب۔(اَس۔ باب)(ع۔ا۔مذکر) سبب کی جمع۔ (۱) وجہیں۔ وسیلے (۲) ضرورت کا سامان۔ اثاثہ۔ معنی ۲ میں بطور واحد مستعمل ہے۔

اسبابِ مانعِ ارث۔ ایسے سبب جو ورثہ لینے سے روک دیں۔
اسباط (اَس۔ باط)(ع۔ا۔مونث) سبط کی جمع۔ پوتے۔ پوتیاں۔ دوہتے دوہتیاں
اسباق (اَس۔ باق)(ع۔ا۔مذکر) سبق کی جمع۔
اسبغول۔ اسپغول (اَسپ۔ غول۔ اسپ۔ غول)(ع۔ا۔مذکر) ایک مشہور دوا جس سے لعاب نکلتا ہے۔
اسپ۔(ف۔ا۔مذکر)(۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا مہرہ۔
اسپات۔(اِس۔ پات)(ہ۔ا۔مذکر) فولاد۔
اسپتال۔(اِس پَ۔ تال)(انگریزی لفظ HOSPITAL کا مورّد۔ا۔مذکر) شفاخانہ۔ ہسپتال۔
اِسپرٹ۔(SPIRIT)(اِس۔ پِ۔ رِٹ)(انگ۔ا۔مونث)(۱) رُوح۔ نفس (۲) ست (۳) شراب (۴) حوصلہ۔ ہمت۔
اسپرنٹو۔(ESPERANTO)(اِس۔ پَ۔ رَن۔ ٹو)(انگ۔ا۔مونث) ایک زبان جو ڈاکٹر زمن ہاف نے اہلِ یورپ کے مشترکہ استعمال کے لیے بنائی تھی۔
اِسپرنگ۔(SPRING)(اِس۔ پِ۔ رِنگ)(انگ۔ا۔مونث) پیچ دار کمانی۔
اِسپند۔(اِس۔ پَند)(ف۔ا۔مذکر) کالا دانہ۔ ایک قسم کا تخم۔ جو عورتیں نظرِ بد دفع کرنے کی غرض سے جلاتی ہیں۔ ہرن، ہرمل۔
اسپی۔(اَس۔ پی)(ف۔صفت) گھوڑے سے متعلق۔
اسپی طاقت۔(۱) گھوڑے کی طاقت (۲) (علم سکون و حرکت) اتنی طاقت جس سے 550 پونڈ وزن ایک سکنڈ میں ایک فٹ اٹھایا جا سکے۔ ہارس پاور (HORSE POWER)
اسپی عرض البلد۔ کرۂ زمین کا وہ حصہ جو عرض البلد شمالی ۳۰ درجہ اور ۳۵ درجہ کے درمیان ہے (HORSE LATITUDES)
اِسپیچ۔(SPEECH)(اِس۔ پیچ)(انگ۔ا۔مونث)۔ تقریر۔ لیکچر۔
اِسپیڈ۔(SPEED)(اِس۔ پیڈ)(انگ۔ا۔مذکر)(۱) رفتار (۲) قوتِ کار۔
اِسپیشل۔(SPECIAL)(اِس۔ پے۔ شل)(انگ۔صفت)(۱) خاص۔ مخصوص (۲) غیر معمولی (جیسے اسپیشل ٹرین وغیرہ)
اِسپیشلسٹ۔(SPECIALIST)(اس۔ پے۔ شَ۔ لِسٹ)۔ (انگ۔صفت۔ا۔مذکر) ماہرِ خصوصی۔
اِسپیکر۔(SPEAKER)(اِس۔ پی۔ کَر)(انگ۔ا۔مذکر)(۱) تقریر کرنے والا۔ مقرر (۲) اسمبلی کا صدر۔
اُستا۔(اُس تا)(ف۔ا۔مونث) آتش پرستوں کے پیشوا زرتشت کی تصنیف ژند کی شرح۔
اِستاد۔(اِس تاد)(ف۔ا۔مذکر)(۱) خیمے کا کھڑا ہونا (۲) خیمے اور شامیانے کی چوب۔ ستون۔
اُستاد۔(اُس تاد)(ف۔ا۔مذکر)(۱) معلم۔ گرو۔ ماسٹر (۲) تجربہ کار۔ کامل فن (۳) چالاک۔ ہوشیار۔
اِستادگی (اِس۔ تا۔ دگی)(ف۔ا۔مونث)(۱) کھڑے ہونے کی حالت۔ کھڑا ہونا (۲) مضبوطی۔ پائداری۔

Marfat.com

اِستادہ۔(اِس۔تا۔دَہ) [ف۔صفت] کھڑا ہُوا۔
اُستادی۔(اُس۔تا۔دی) [ف۔ا۔مونث] (۱) اُستاد ہونا۔ ہنرمندی۔ مشّاقی (۲) چالاکی۔
اُستاذ۔(اُس۔تاذ) [ع۔ا۔مذکر] ۔ مدرّس۔ اُستاد۔
اُستاذ الانام۔ دُنیا بھر کا اُستاد۔ اُستادِ روزگار۔
اُستاذی۔(اُس۔تا۔ذی) [ع] ۔ میرا اُستاد۔
اُستانی۔(اُس۔تا۔نی) [اُ۔ا۔مونث] (۱) معلّمہ (۲) اُستاد کی بیوی
اِستبداد۔(اِس۔تب۔داد) [ع۔ا۔مذکر] ظلم و جور سے حکومت کرنا۔ مطلق العنانی۔
اِستبدادی۔(اِس۔تب۔دا۔دی) [ع۔صفت] مطلق العنان حکومت سے متعلق۔ نظامِ استبداد کا حامی۔ رجعت پسند۔
اِستبدادیت۔(اِس۔تب۔دا۔دی۔یت) [ع۔ا۔مونث] خود رائی پن۔ مطلق العنان نظامِ حکومت (۲) ظلم و جور۔
اِستثنا۔(اِس۔تث۔نا) [ع۔ا۔مذکر] (۱) جُدا کرنا (۲) کسی عام حکم سے کسی شخص یا چیز کو علیحدہ کرنا۔
اِستجابت۔(اِس۔ت۔جا۔بت) [ع۔ا۔مونث] قبولیت
اِستحالہ۔(اِس۔ت۔حا۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] حالت تبدیل ہوجانا۔ شکل و صُورت اور خاصیت کا بدل جانا۔
اِستحسان۔(اِس۔تح۔سان) [ع۔ا۔مذکر] پسندیدگی۔ اچھا جاننا۔
اِستحصال۔(اِس۔تح۔صال) [ع۔ا۔مذکر] حاصل کرنا۔
اِستحصال بالجبر۔ زبردستی حاصل کرنا۔
اِستحصالِ ناجائز۔ خلاف قانون طریق پر حاصل کرنا۔
اِستحقار۔(اِس۔تح۔قار) [ع۔ا۔مذکر] حقارت سے دیکھنا۔ نفرت کرنا۔
اِستحقاق۔(اِس۔تح۔قاق) [ع۔ا۔مذکر] حق طلب کرنا۔ سزاوار ہونا۔ حق۔ دعویٰ۔ قابلیت۔
اِستحقاقِ ترکہ۔ ورثے کا حق۔
اِستحقاقِ تشخیص۔ جمعبندی کی جانچ پڑتال۔
اِستحقاقِ حفاظت خود اختیاری۔ اپنی جان یا مال کے بچاؤ کا حق
اِستحقاقِ شفع۔ حق شفع۔ ہمسائگی کا حق۔
اِستحقاقِ شفع بربنائے جار و خلیط۔ ہمسائگی اور شرکت کی بنا پر خریداری کا حق۔
اِستحقاقِ نالش۔ قانوناً نالش کرنے کا حق۔
اِستحکام۔(اِس۔تح۔کام) [ع۔ا۔مذکر] (۱) مضبوطی۔ پختگی (۲) استقلال۔ قیام۔
اِستخارہ۔(اِس۔ت۔خا۔رہ) [ع۔ا۔مذکر] نیکی کی توفیق مانگنا۔ اصطلاح شرع میں کسی بات کے کرنے نہ کرنے میں ایک خاص طریق پر خدا تعالےٰ سے اشارہ چاہنا۔
اِستخارہ آنا۔ اِستخارہ کا راہ دینا۔ فال کا حسبِ مراد نکلنا
اِستخراج۔(اِس۔تخ۔راج) [ع۔ا۔مذکر] (۱) نکالنا۔ چھانٹنا (۲) علیحدہ کرنا (۳) بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقموں کو تفریق کرنا
اِستخفاف۔(اِس۔تخ۔فاف) [ع۔ا۔مذکر] (۱) خِفّت

سُبکی (۲) بے وقر جاننا۔
اِستخلاص۔(اِس۔تخ۔لاص) [ع۔ا۔مذکر] (۱) آزاد کرانا۔ آزادی چاہنا (۲) رہائی۔ آزادی۔
اُستخواں۔(اُس۔تُخ۔واں) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ہڈی (۲) گٹھلی۔
اُستخواں فروشی۔ مَرے ہوئے باپ دادا کی بدولت عزّت چاہنا۔
اِستدراج۔(اِس۔تد۔راج) [ع۔ا۔مذکر] (۱) خلاف معمول کام ۔ غیرمسلم سے خرقِ عادات افعال کا ظاہر ہونا۔
اِستدراک۔(اِس۔تد۔راک) [ع۔ا۔مذکر] سمجھنا۔ ذہن نشین کرنا۔
اِستدعا۔(اِس۔تد۔عا) [ع۔ا۔مونث] ۔ درخواست۔
اِستدلال۔(اِس۔تد۔لال) [ع۔ا۔مذکر] ۔ (۱) دلیل۔ ثبوت۔ (۲) دلیل چاہنا۔ دلیل لانا۔
اَستر۔(اَس۔تر) [ف۔ا۔مذکر] ۔ دوہرے کپڑے کے نیچے کی تہ۔ مطلق تہ۔ جیسے چُونے وغیرہ کا استر۔
استرکاری۔ چونے کی لپائی۔ گچ کاری۔
اِستراحت۔(اِس۔ت۔را۔حت) [ع۔ا۔مونث] آرام۔ راحت
اِسترخا۔(اِس۔تر۔خا) [ع۔ا۔مذکر] ۔ ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا ڈھیلاپن۔
اِسترداد (اِس۔تر۔داد) [ع۔ا۔مذکر] رد کرنا واپس کرنا۔
اِستردادِ نیلام۔ نیلام کا توڑ دینا۔
اُسترہ۔(اُس۔ت۔رہ) [ف۔ا۔مذکر] ۔ بال مونڈنے کا اوزار۔
اُسترہ لینا۔ ناف کے نیچے کے بالوں کا مونڈنا۔ پاکی لینا۔
اِستری (اِست۔ری) [ہ۔ا۔مونث] ۔ عورت۔ بیوی
استری دھن۔ غیرمنقولہ جائداد جو عورت کو ماں باپ یا خاوند سے ملے۔ بیوی کا مال۔
اِستری۔(اِس۔ت۔ری) [ہ۔ا۔مونث] لوہے یا پیتل کا اوزار جسے گرم کرکے کپڑے کی سلوٹیں نکالتے ہیں۔
اِستسقا۔(اِس۔تس۔قا) [ع۔ا۔مذکر] (۱) پانی مانگنا۔ تشنگی۔ (۲) ایک بیماری جس سے پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ اور پیاس بہت لگتی ہے۔
اِستشہاد (اِس۔تش۔ہاد) [ع۔ا۔مذکر] طلبِ شہادت۔ گواہی چاہنا۔
اِستشہاد نامہ۔ سند۔ ٹھپوا۔
اِستصواب۔(اِس۔تص۔واب) [ع۔ا۔مذکر] مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا۔
استصوابِ رائے عامہ۔ مشورائے عام۔ کسی خاص مسئلے کے بارے میں عوام سے بلاواسطہ رائے لینا (REFERENDUM · PLEBISCITE)
اِستطاعت۔(اِس۔ت۔طا۔عت) [ع۔ا۔مونث] قدرت۔ طاقت بساط۔
اِستعارات۔(اِس۔ت۔عا۔رات) [ع۔ا۔مذکر] ۔ استعارہ کی جمع۔
اِستعارہ (اِس۔ت۔عا۔رہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) مانگ لینا (۲) علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم جس میں کسی لفظ کے مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے۔ اور بغیر حرف تشبیہ کے حقیقی معنی کو مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
اِستعارہ بالتصریح۔ اگر مشبّہ کا ذکر کریں اور مشبہ کو چھوڑ دیں یا

Marfat.com

مضاف مشبہ بہ موجود ہو اور مضاف الیہ غیر موجود تو اس صورت میں استعارہ بالتصریح ہوگا۔

اِستعارہ بالکنایہ - اگر مشبہ بہ کو چھوڑ کر مشبہ کا ذکر کریں تو اس کو استعارہ بالکنایہ کہتے ہیں۔

اِستعانت - (اِس-تِ-عا-نَت) [ع-ا-مونث] (۱) مدد (۲) مدد مانگنا۔

اِستعجاب - (اِس-تِع-جاب) [ع-ا-مذکر] تعجب - حیرانی۔

اِستعداد - (اِس-تِع-داد) [ع-ا-مونث] لیاقت - قابلیت۔

اِستعفا - (اِس-تِع-فا) [ع-ا-مذکر] (۱) معافی مانگنا (۲) نوکری کرنے سے معافی مانگنا۔

اِستعمار - (اِس-تِع-مار) [ع-ا-مذکر] نوآبادی - کسی مقام پر قابض ہوکر اس کی آبادی بڑھانا۔

اِستعمال - (اِس-تِع-مال) [ع-ا-مذکر] - کام میں لانا - برتنا۔

اِستعمالی - (اِس-تِع-مالی) [ف-صفت] (۱) برتا ہوا - پرانا (۲) کام میں لانے کی چیز (۳) (مذکر) ایک قسم کا عمدہ اور باریک چاول۔

اِستغاثہ - (اِس-تِ-غا-ثہ) [ع-ا-مذکر] داد - فریاد - دعویٰ

اِستغراق - (اِس-تِغ-راق) [ع-ا-مذکر] محویت - کسی خیال میں ڈوب جانا۔

اِستغراقِ فصل - فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا۔

اِستغفار - (اِس-تِغ-فار) [ع-ا-مذکر] (۱) بخشش چاہنا (۲) توبہ

اَستغفِرُ اللہ - (اَس-تَغ-فِ-رُل-لاہ) [ع] (۱) میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں (۲) توبہ، نفرت یا کسی فعل سے انکار کی جگہ بولتے ہیں۔

اِستغنا - (اِس-تِغ-نا) [ع-ا-مذکر] بے پروائی - بے نیازی - بے فکری۔

اِستفادہ - (اِس-تِ-فا-دَہ) [ع-ا-مذکر] فائدہ حاصل کرنا۔

اِستفاضہ - (اِس-تِ-فا-ضہ) [ع-ا-مذکر] فیض پانا - فائدہ اٹھانا۔

اِستفتا - (اِس-تِف-تا) [ع-ا-مذکر] - مسئلہ پوچھنا - فتوے چاہنا

اِستفراغ - (اِس-تِف-راغ) [ع-ا-مذکر] قے - اُلٹی۔

اِستفسار - (اِس-تِف-سار) [ع-ا-مذکر] دریافت کرنا - پوچھنا۔

اِستفہام - (اِس-تِف-ہام) [ع-ا-مذکر] دریافت کرنا۔

اِستقامت - (اِس-تِ-قا-مَت) [ع-ا-مونث] استقلال - مستقیم ہونا - کسی امر پر مضبوط رہنا - سیدھا ہونا۔

اِستقبال - (اِس-تِق-بال) [ع-ا-مذکر] (۱) پیشوائی - کسی کے لینے کے لیے تعظیماً آگے بڑھنا (۲) زمانہ آئندہ

اِستقرار - (اِس-تِق-رار) [ع-ا-مذکر] ٹھہرنا - قرار پکڑنا - طے پانا۔

اِستقراریہ ڈگری - (اُر-ا-مونث) - خاص شرط پر ٹھہری ہوئی ڈگری۔

اِستقلال - (اِس-تِق-لال) [ع-ا-مذکر] (۱) قیام مضبوطی مستقل مزاجی (۲) سلطنت یا قوم کا خود مختار ہونا۔

اِستمداد - (اِس-تِم-داد) [ع-ا-مونث] - مدد چاہنا - امداد طلب کرنا۔

اِستمرار - (اِس-تِم-رار) [ع-ا-مذکر] ہمیشہ رہنا - دوام۔

اِستمراری - (اِس-تِم-را-ری) [ع-صفت] - دوامی - ہمیشہ کے لیے۔

استمراری بندوبست - بندوبست دوامی ہمیشہ کا بندوبست

استمراری پٹا - ایسا پٹا جو ہمیشہ کے لیے دیا جائے۔

اِستناد - (اِس-تِ-ناد) [ع-ا-مذکر] - سند میں پیش کرنا - سند لانا۔

اِستنباط - (اِس-تِن-باط) [ع-ا-مذکر] نتیجہ اخذ کرنا - چھانٹنا۔

اِستنجا - (اِس-تِن-جا) [ع-ا-مذکر] پیشاب پاخانے کے بعد نجاست سے اپنے آپ کو پاک کرنا طہارت

استنجا لڑنا - قارورہ ملنا - موافقت اور دوستی ہونا۔

استنجے کا ڈھیلا (۱) وہ ڈھیلا جس سے استنجا سکھاتے ہیں - (۲) نکما - ناکارہ۔

اِستوا - (اِس-تِ-وا) [ع-ا-مذکر] (۱) برابری - ہمواری - (۲) یکساں ہونا۔

اُستوار - (اُس-تُ-وار) [ف-صفت] مضبوط - پائیدار۔

اُستواری - (اُس-تُ-وا-ری) [ف-ا-مونث] مضبوطی - پائیداری

اِستوائی - (اِس-تِ-وا-ای) [ع-صفت] خط استوا سے منسوب خط استوا کے علاقے کا۔

اِستھان - (اِس-تھان) [س-ا-مذکر] جگہ - مقام - مسکن۔

اِستہزا - (اِس-تِہ-زا) [ع-ا-مذکر] ہنسی مذاق - ہنسی اڑانا۔

اِستیصال - (اِس-تی-صال) [ع-ا-مذکر] بیخ کنی - جڑ سے اکھیڑنا۔

اِستیعاب - (اِس-تی-عاب) [ع-ا-مذکر] ساری چیز لینا - کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کو شروع سے آخر تک پڑھنا۔

اِستیلا - (اِس-تی-لا) [ع-ا-مذکر] غلبہ - غالب ہونا۔

اِسٹابری - (STRAWBERRY) (اِس-ٹا-بَ-ری) [انگ-ا-مونث] ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اس کا پھل جو بہدانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِسٹاپ - (STOP) (اِس-ٹاپ) [انگ-ا-مذکر] اڈا - ٹھہرنے کی جگہ۔

اِسٹاپ پریس - (STOP PRESS) وہ تازہ ترین خبریں جو اخبار چھپتے وقت شامل کی جائیں۔

اِسٹار - (STAR) (اِس-ٹار) [انگ-ا-مذکر] (۱) ستارہ (۲) ستارے جیسی کوئی شے (مثلاً تمغہ وغیرہ)۔

اِسٹارٹ - (START) (اِس-ٹارٹ) [انگ-ا-مذکر] ابتدا - آغاز (کام یا دوڑ)

اِسٹاف - (STAFF) (اِس-ٹاف) [انگ-ا-مذکر] (۱) عملہ - محکمہ کے ملازمین (۲) ڈنڈا - لاٹھی۔

اِسٹاک - (STOCK) (اِس-ٹاک) [انگ-ا-مذکر] (۱) ذخیرہ مال - سامان تجارت اور پیشے وغیرہ کا)

Marfat.com

(۲) کسی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ (۳) تمسک۔

اسٹاک ایکس چینج (STOCK EXCHANGE) وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

اسٹاک ٹیکنگ۔ (STOCK TAKING) دکان کے سامان کا جائزہ۔

اِسٹاکسٹ (STOCKIST) (اِس-ٹا-کِسٹ) (انگ-ا-مذکر) تھوک فروش (کسی خاص مال کا)

اِسٹال۔ (STALL) (اِس-ٹال) (انگ-ا-مذکر) (۱) میلے یا بازار میں عارضی دکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں۔ سینما میں سب سے پچھلی نشستیں۔

اِسٹام-اِسٹامپ (اِس-ٹام-اِس-ٹامپ) (انگریزی سٹیمپ (STAMP) کا مورّد-ا-مذکر) (۱) مہر-چھاپ (۲) دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ جس پر سکہ مع قیمت چھپا ہوتا ہے۔

اِسٹائل (STYLE) (اِس-ٹا-ال) (انگ-ا-مذکر) (۱) طرز-اسلوب (۲) اسلوب بیان۔ طرز ادا (۳) وضع-انداز-قسم (۴) شکل-ساخت۔ نمونہ۔

اِسٹپل (STIPPLE) (اِس-ٹِ-پل) (انگ-ا-مذکر) نقطوں سے تصویر بنانا۔ نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری۔

اِسٹرلنگ (STERLING) (اِس-ٹر-لِنگ) (انگ-ا-مذکر) برطانوی سکّہ۔

اِسٹریٹ (STREET) (اِس-ٹریٹ) (انگ-ا-مونث) گھر بنے کی سڑک-گلی-سڑک۔

اِسٹریچر (STRETCHER) (اِس-ٹرے-چَر) (انگ-ا-مذکر) وہ تختہ جس پر لٹا کر بیمار کو ہسپتال وغیرہ لے جاتے ہیں۔

اِسٹنٹ (STUNT) (اِس-ٹنٹ) (انگ-ا-مذکر) کار نمایاں-وہ کام جس سے اپنا کمال دکھانا مقصود ہو۔

اِسٹو (STEW) (اِس-ٹو) (انگ-ا-مذکر) گوشت آلو اور پیاز وغیرہ کا دم پخت سالن۔

اِسٹو (STOVE) (اِس-ٹوو) (انگ-ا-مذکر) ولایتی چولھا۔

اِسٹوڈینٹ (STUDENT) (اِس-ٹو-ڈینٹ) (انگ-ا-مذکر) طالب علم۔

اِسٹوڈیو (STUDIO) (اِس-ٹو-ڈِ-یو) (انگ-ا-مذکر) (۱) فوٹوگرافی کا کمرہ یا دکان (۲) فلم کمپنی کا کارخانہ (۳) ریڈیو اسٹیشن کا کمرہ جہاں سے تقریریں، گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔

اِسٹور (STORE) (اِس-ٹور) (انگ-ا-مذکر) (۱) ذخیرہ (۲) بڑی دکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہوں۔

اِسٹوری (STORY) (اِس-ٹو-ری) (انگ-ا-مونث) قصہ-کہانی۔

اِسٹول۔ (STOOL) (اِس-ٹول) (انگ-ا-مذکر) تپائی

اِسٹیٹ (STATE) (اِس-ٹیٹ) (انگ-ا-مونث) ریاست-ملک۔

اِسٹیج (STAGE) (اِس-ٹیج) (انگ-ا-مذکر) (۱) چبوترہ-(۲) تماشاگاہ کا وہ چبوترا جہاں ڈراما کھیلا جاتا ہے (۳) مرحلہ-دَور۔

اِسٹیچو (STATUE) (اِس-ٹے-چو) (انگ-ا-مذکر) مجسمہ-مورت

اِسٹیڈیم (STADIUM) (اِس-ٹے-ڈِ-یَم) (انگ-ا-مذکر) ورزشی کھیلوں کا میدان۔

اِسٹیشن (STATION) (اِس-ٹے-شَن) (انگ-ا-مذکر) قیام گاہ-ٹھہرنے کی جگہ-ٹھکانا-چوکی-اڈا۔

اِسٹیشنر (STATIONER) (اِس-ٹیش-نَر) (انگ-ا-مذکر) قلم۔ کاغذ و دوات وغیرہ بیچنے والا۔

اِسٹیشنری (STATIONERY) (اِس-ٹیش-نَ-ری) (انگ-ا-مونث) سامانِ تحریر-کاغذ-قلم-دوات وغیرہ۔

اِسٹیل (STEEL) (اِس-ٹیل) (انگ-ا-مذکر) اسپات-فولاد۔

اِسٹیم (STEAM) (اِس-ٹیم) (انگ-ا-مونث) بھاپ دُخان۔

اسٹیم انجن (STEAM ENGINE) دخانی انجن۔

اِسٹیمر (STEAMER) (اِس-ٹی-مَر) (انگ-ا-مذکر) دخانی کشتی یا چھوٹا جہاز۔

اِسٹیمیٹ (ESTIMATE) (اِس-ٹی-میٹ) (انگ-ا-مذکر) تخمینہ-اندازہ-جانچ۔

اِسٹینڈ (STAND) (اِس-ٹینڈ) (انگ-ا-مذکر) (۱) مقام (۲) میز-گھڑونچی (۳) گاڑیوں کا اڈا۔

اِسٹینڈرڈ (STANDARD) (اِس-ٹین-ڈرڈ) (انگ-ا-مذکر)-(۱) معیار (۲) (صفت) مستند-مانا ہوا۔

اِسٹینسل (STENCIL) (اِس-ٹین-سِل) (انگ-ا-مذکر) دھات کی پتلی سی تختی جس میں کاٹ کر حروف یا نقش وغیرہ بنا دیے جاتے ہیں- اور اس کے ذریعے کسی سطح پر نقاشی کی جاتی ہے۔ نقش ساز تختی۔

اِسٹینوگرافر (STENOGRAPHER) (اِس-ٹے-نو-گ-را-فر) (انگ-ا-مذکر) مختصر نویس۔

اِسٹینوگرافی (STENOGRAPHY) (اِس-ٹے-نو-گ-را-فی) (انگ-ا-مونث) مختصر نویسی۔

اَسَد-(اَ-سد) (ع-ا-مذکر)-(۱) شیر (۲) ایک آسمانی برج کا نام۔

اسدُاللہ- خدا کا شیر- امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔

اسرار-(اِس-رار) (ع-ا-مذکر) سر کی جمع- بھید- پوشیدہ باتیں۔

اِسراف-(اِس-راف) (ع-ا-مذکر) فضول خرچی۔

اِسرافیل-(اِس-را-فیل) (ع-ا-مذکر) ایک مقرب فرشتے کا نام جس کو قیامت کے دن صُور پھونکنے کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔

اِسرائیل-(اِس-را-ایل) (ع-ا-مذکر) (۱) رات کو آنے والا۔ (۲) حضرت یعقوب علیہ السلام کا دوسرا نام کیونکہ آپ رات کو پیدا ہوئے تھے (۳) یہودیوں کا وطن۔

Marfat.com

اِسرائیلی - (اِس - را - ای - لی) (ع - صفت) اسرائیل سے منسوب حضرت اسرائیل کی اولاد - یہودی -

اِسِسٹنٹ (ASSISTANT) (ا - سِس - ٹَنٹ) (انگ - ا - مذکر) مددگار - معاون -

اِسطبل - (اِس - طَبل) (ع - ا - مذکر) دیکھیے اصطبل -

اُسطرلاب - (اُس - طُر - لاب) (ع - ا - مذکر) دیکھیے اصطرلاب -

اُسطوخودوس - (اُس - طو - خُو - دُوس) (یو - ا - مذکر) ایک دوا کا نام -

اَسفل - (اَس - فَل) (ع - صفت) نہایت نیچا - انتہا کا ذلیل -

اَسفلُ السافلین - دوزخ کا سب سے نیچا یعنی ساتواں طبقہ - ہاویہ -

اِسفنج (اِس - فَنج) (ع - ا - مذکر) ابرِ مردہ - ایک سمندری مخلوق - اس کی بناوٹ ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے -

اِسفندیار (اِس - فَن - دِ - یار) (ف - ا - مذکر) (۱) قدرتِ حق - لطفِ خدا (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام -

اِسقاط (اِس - قاط) (ع - ا - مذکر) (۱) گرانا (۲) حمل گرانا -

اِسقاطِ حمل - حمل کا گر جانا - حمل ضائع کرنا -

اَسقام - (اَس - قام) (ع - ا - مذکر) سقم کی جمع - عیوب - برائیاں -

اِسقربوط - (اِس - قَر - بُوط) (ع - ا - مذکر) ایک مرض جو کسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے - داءُ الخفر (SCURVY)

اُسقف - (اُس - قُف) (ع - ا - مذکر) - لاٹ پادری - لارڈ بشپ -

اِسکاٹ - (SCOT) (اِس - کاٹ) (انگ - ا - مذکر) - اسکاچ - اسکاٹ لینڈ کا باشندہ -

اسکاٹ لینڈ یارڈ (SCOTLAND YARD) لندن کی خفیہ پولیس -

اِسکاچ (SCOTCH) (اِس - کاچ) (انگ - صفت) (۱) اسکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں کے متعلق (۲) (مونث) اسکاٹ لینڈ کی انگریزی بولی (۳) (مذکر) اسکاٹ لینڈ کا باشندہ -

اِسکاوٹ (SCOUT) (اِس - کا - وُٹ) (انگ - ا - مذکر) (۱) ایک عالمگیر جماعت جس کا مقصد لڑکوں میں خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے (۲) وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات مہیا کرنے کی خاطر بھیجے جاتے ہیں -

اِسکرپٹ (SCRIPT) (اِس - کِ - رِپٹ) (انگ - ا - مذکر) تحریر - مسودہ -

اِسکرٹ (SKIRT) (اِس - کرٹ) (انگ - ا - مذکر) لہنگا - سایا (یورپی عورتوں کا)

اِسکرین (SCREEN) (اِس - کرین) (انگ - ا - مونث) (۱) پردہ (۲) ٹٹی - آڑ - اوٹ -

اِسکور (SCORE) (اِس - کور) (انگ - ا - مذکر) (۱) وہ نمبر جو کوئی کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرے (۲) بیسی - کوڑی -

اِسکول (SCHOOL) (اِس - کُول) (انگ - ا - مذکر) مدرسہ -

اسکول ٹیچر (SCHOOL TEACHER) استاد یا استانی -

اسکول ماسٹر (SCHOOL MASTER) استاد - معلم

اسکول مسٹرس (SCHOOL MISTRESS) استانی - معلمہ

اِسکویش (SQUASH) (اِس - کْ - وِیش) (انگ - ا - مذکر) (۱) عرق - شربت (۲) ایک کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے -

اِسکیچ (SKETCH) (اِس - کیچ) (انگ - ا - مذکر) (۱) تصویر کا خاکہ (۲) خلاصہ - مسودہ - مختصر مضمون -

اِسکیم (SCHEME) (اِس - کیم) (انگ - ا - مونث) (۱) تجویز - منصوبہ (۲) چال - سازش -

اِسکینڈل (SCANDAL) (اِس - کین - ڈل) رسوائی - تہمت - شرمناک واقعہ -

اَسلاف - (اَس - لاف) (ع - ا - مذکر) سلف کی جمع - اگلے وقتوں کے لوگ - بزرگ -

اِسلام - (اِس - لام) (ع - ا - مذکر) (۱) اطاعت کرنا (۲) مسلمانوں کا دین

اِسلامی - (اِس - لا - می) (ع - صفت) اسلام کا - اسلام سے متعلق (مذکر) مسلم - مسلمان -

اَسلحہ - (اَس - لِ - حَہ) (ع - ا - مذکر) سلاح کی جمع - لڑائی کے ہتھیار -

اسلحہ خانہ - ہتھیار خانہ - سلاح خانہ -

اَسلم - (اَس - لَم) (ع - صفت) نہایت محفوظ -

اُسلوب - (اُس - لُوب) (ع - ا - مذکر) طریقہ - طرز - روش -

اِسم - (ع - ا - مذکر) نام - وہ کلمہ جس سے کسی شخص - جانور - جگہ یا چیز کو پہچانا جائے -

اسمِ آلہ - وہ اسم جو اوزار یا ہتھیار کے معنی دے (قلم - چاقو - بندوق وغیرہ)

اسمِ استفہام - وہ اسم جس کے ذریعہ کوئی بات پوچھی جائے - جیسے کیا - کون - کہاں ؟

اسمِ اشارہ - وہ اسم جس سے کسی کی طرف اشارہ کیا جائے - جیسے وہ - یہ - ان -

اسمِ اعظم - خداوند تعالٰے کے ناموں میں سے ایک بزرگ تر نام -

اسمِ بامسمّٰی - جیسا نام ویسے گن - وہ شخص جس کا نام اس کے اوصاف کو ٹھیک ٹھیک ثابت کرے -

اسمِ تصغیر - وہ اسم جس میں چھٹائی کے معنی پائے جائیں جیسے پہاڑی - کٹورہ - دیگچی وغیرہ)

اسمِ جامد - وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو نہ اس سے کچھ بنے - جیسے کٹورا - گھی -

اسمِ جلالی - اللہ تعالٰے کا وہ نام جس میں شانِ جلالی کا اظہار ہو جیسے قہار و جبار -

اسمِ جمالی - اللہ تعالٰے کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اظہار

Marfat.com

اسمِ جنس - وہ اسم جو کسی پوری جنس کے لیے بولا جائے جیسے ہرن - فاختہ -

اسمِ حالیہ - وہ اسم جس سے فاعل یا مفعول کی حالت معلوم ہو جیسے دوڑتا ہوا - مارتا ہوا -

اسمِ ذات - وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دوسری چیزوں سے الگ سمجھی جائے - اور اس سے کوئی وصف معلوم نہ ہو جیسے ہاتھی - گھوڑا -

اسمِ صفت - وہ اسم جس سے کسی شخص یا چیز کی خصوصیت خوبی یا برائی ظاہر ہو جیسے سچا - جھوٹا - کالا - گورا -

اسمِ ضمیر - وہ اسم جو بجائے نام کے استعمال کیا جائے - جیسے ہم - تم - وہ -

اسمِ ظرف - وہ اسم جس میں زمانہ یا جگہ کے معنی پائے جائیں - زمانے کے معنی ہوں تو ظرفِ زمان اور جگہ کے معنی ہوں تو ظرفِ مکان کہیں گے (صبح - شام - دن - رات - گھر - مدرسہ وغیرہ)

اسمِ عدد - وہ اسم جس سے تعداد یا گنتی ظاہر ہو جیسے دس بارہ

اسمِ عَلَم - وہ اسم جو کسی خاص شخص یا چیز کا نام ہو (صدیق - ہارون - راوی - چاند وغیرہ)

اسمِ فاعل - وہ اسم جو مصدر سے بنے اور فاعل کے معنی دے جیسے آنے والا - جانے والا -

اسمِ معرفہ - وہ اسم جو کسی خاص شخص - مقام یا چیز کا نام ہو جیسے حامد - لاہور -

اسمِ مفعول - وہ اسم جو مصدر سے بنے اور مفعول کے معنی دے جیسے گِرا ہوا - مرا ہوا -

اسمِ مکبّر - وہ اسم جس میں بڑائی کے معنی پائے جائیں جیسے پگڑی سے پگڑ - چھتری سے چھتر - بات سے بتنگڑ -

اسمِ موصول - وہ اسم ناتمام کہ جب تک اس کے ساتھ ایک جملہ مذکور نہ ہو کسی جملے کا جزوِ تام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا - یعنی اکیلا نہ فاعل ہو سکتا ہے نہ مفعول - نہ مبتدا نہ خبر - جیسے جو - جس - اس کے بعد جو جملہ آتا ہے - اُسے صلہ کہتے ہیں - جیسے

جو غنی ہیں احتیاجِ بیش و کم رکھتے نہیں

اسمِ نکرہ - وہ اسم جو ایک ہی قسم کی تمام چیزوں پر بولا جائے جیسے آدمی - کتاب -

اسم نویسی (۱) ناموں کی فہرست (۲) وہ کاغذ جو نسبت کے رقعے سے پہلے لکھا جاتا ہے (۳) رجسٹر میں درج کرنا -

اسم نویسی گواہان - (۱) گواہوں کی فہرست (۲) گواہوں کو حاضر کرنے کی درخواست -

اسم وار - نام بنام - گوشوارہ جس میں ناموں کے مطابق اندراج

اسما - (اَس - ما) [ع - ا - مذکر] اسم کی جمع - بہت سے نام

اسماءُ الرِّجال (۱) لوگوں کے نام (۲) احادیث کے راویوں کے نام -

اِسماعیلی - (اِس - ما - عی - لی) [ع - صفت - ا - مذکر] (۱) امام جعفر صادق کے فرزند حضرت اسماعیل کے فرقے سے متعلق (۲) امام اسماعیل کا پیرو -

اِسماعیلیہ - اِسمٰعیلیہ - (اِس - ما - عی - ل - یہ) [ع - ا - مذکر] اہلِ تشیّع کے فرقہ امامیہ کا ایک گروہ جو امام جعفر صادق کے چھوٹے صاحبزادے حضرت موسیٰ کاظم کی بجائے آپ کے بڑے صاحبزادے حضرت اسماعیل کو آپ کا جانشین مانتا ہے (صفت) حضرت امام اسمٰعیل سے متعلق -

اَسمبلی (ASSEMBLY) (اَ - سمب - لی) [انگ - ا - مذکر] جرگہ انجمن - مجلس (خصوصاً مجلسِ شوریٰ یا مجلس قانون ساز)

اِسمگلر (SMUGGLER) (اِس - مگ - لر) [انگ - ا - مذکر] خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنے والا - چنگی چور -

اِسمگل کرنا (SMUGGLE) (اِس - مگل - کر - نا) [ا - ف - مص] خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنا - چنگی ادا کیے بغیر مال لے جانا -

اِسمگلنگ (SMUGGLING) (اِس - مگ - لنگ) [انگ - ا - مونث] خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنا

اِسمی - (اِس - می) [ع - صفت] (۱) اسم کے متعلق - نام کے متعلق (۲) اسم وار - نام بنام -

اسناد - (اَس - ناد) [ع - ا - مذکر] سند کی جمع - سندیں - دستاویزیں - سرٹیفکیٹ -

اسوار - (اَس - وار) [ف - ا - مذکر] سوار - سواری پر چڑھنے والا

اسوانسی - (اَس - واں - سی) [ہ - ا - مونث] زمین ناپنے کا پیمانہ جو بِسوانسی کا بیسواں حصّہ ہوتا ہے -

اسَوج - (اَ - سَوج) [ہ - ا - مذکر] ہندی ساتواں مہینہ - آسن کنوار کا مہینہ -

اسود - (اَس - وَد) [ع - صفت] کالا - سیاہ رنگ کا -

اسود و احمر (۱) سیاہ اور سرخ (۲) بحیرہ اسود اور بحیرہ قلزم (۳) عرب و عجم

اُسوہ - (اُس - وہ) [ع - صفت] (۱) نمونہ - مثال (۲) چال ڈھال - ڈھنگ

اسوۂ حسنہ - اچھا نمونہ -

اِسہال - (اِس - ہال) [ع - ا - مذکر] (۱) پتلا پاخانہ - دست - (۲) پیٹ چلنا

اسہل - (اَس - ہل) [ع - صفت] نہایت سہل بہت آسان -

اسّی - (اَس - سی) [ہ - صفت] ستر اور دس -

اِسی - (اِ - سی) [ہ] اس ہی کا مخفف - یہی -

اسی آن - ابھی - اسی وقت - اسی لمحہ میں -

اسی برتے پر - اسی لیاقت پر - اسی دولت پر - اسی حوصلے پر -

اِسے (اِ - سے) [ہ] یہ - حرفِ اشارہ -

اسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ (مثل) دونوں ہم شکل ہیں - کچھ فرق نہیں -

اسیر (اَ - سیر) [ع - ا - مذکر] قیدی - بندی -

اسیرِ سلطانی - شاہی قیدی - نظربند -

اسیسر (ASSESSOR) (اَ - سے - سر) [انگ - ا - مذکر] (۱) تشخیص کرنے والا (۲) ثالث - پنچ (۳) وہ اشخاص جو

Marfat.com

قتل کے مقدمات میں کارروائی مقدمہ سننے کے بعد سیشن جج کو رائے دیتے ہیں۔ یہ لوگ عوام میں سے مقرر کیے جاتے ہیں (۲) بلدیات میں ٹیکس لگانے کے لیے لوگوں کی ملکیت اور جائداد کا اندازہ کرنے والے حکّام۔

# ا-ش

اُوشا-(اُ-شا) [س-ا-مونث] (۱) طلوعِ سحر-پَو پھٹنے کا وقت (۲) کام دیو کے بیٹے انیرودھ کی بیوی۔

اِشارات-(اِ-شا-رات) [ع-ا-مذکر] اشارہ کی جمع - رمزیں- کنائے۔

اِشارَت-(اِ-شا-رَت) [ف-ا-مونث] (۱) ایما- اشارہ - (اصل عربی اِشارۃ)۔

اِشارہ-(اِ-شا-رَہ) [ع-ا-مذکر] رمز- کنایہ- ایما-

اشارہ پانا- منشا معلوم کرنا- عندیہ بھانپ لینا-

اشارہ چلنا- آنکھ سے اشارہ ہونا- رمز و کنایہ ہونا-

اشارہ کرنا (۱) ایما کرنا- آنکھ، بھوؤں یا کسی اور عضو کے وسیلہ سے دل کی بات ظاہر کرنا (۲) مجملاً یا کنایۃً کسی بات کو تحریر و تقریر میں ظاہر کرنا (۳) بھڑکانا- بہکانا-

اشارے پر چلنا- کسی کے حسبِ منشا کام کرنا- کسی کے ایما پر چلنا-

اشارے پر لگانا- ایسی تربیت دینا کہ اشارہ پا کر حکم بجا لائے-

اِشاریہ-(اِ-شا-ریَہ) [ع-ا-مذکر] کسی کتاب کے مضامین کی تفصیلی فہرست- حروفِ تہجی کے اعتبار سے-

اِشاعت-(اِ-شا-عت) [ع-ا-مونث] (۱) شائع کرنا- پھیلانا- شہرت دینا (۲) طبع- ایڈیشن (EDITION)

اِشباع-(اِش-باع) [ع-ا-مذکر] (۱) حرکت کو اس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف- زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہو جائے (۲) علم عروض میں حرفِ دخیل کی حرکت کا نام۔

اِشتباہ-(اِش-تِ-باہ) [ع-ا-مذکر] (۱) مشابہ ہونا- دو چیزوں کا اس طرح ہم شکل ہونا کہ دھوکا ہو جائے (۲) گمان- شبہ- شک-

اُشتر- (اُش-تر) [ف-ا-مذکر] اُونٹ

اِشتراک-(اِش-تِ-راک) [ع-ا-مذکر] شرکت- ساجھا-

اِشتراکی-(اِش-تِ-را-کی) [ع-صفت] (۱) اشتراکیت سے منسوب- سوشلزم سے متعلق (۲) [ا-مذکر] اشتراکیت کا پیرو- سوشلسٹ

اِشتراکیت-(اِش-تِ-را-کی-یت) [ع-ا-مونث] - (۱) اجتماعیت (۲) ساجھا- شرکت (۳) ایک اعتدال پسند نظریۂ حیات جس کے مطابق ذرائع پیداوار پر عوام کی مشترکہ ملکیت ہونی چاہیے۔ سوشلزم

اِشتعال-(اِش-تِ-عال) [ع-ا-مذکر] (۱) شعلہ اٹھانا- بھڑکنا (۲) تنازعہ- جوش- غصہ-

اِشتعالِ طبع- طبیعت میں جوش اور غصے کی بھڑک-

اِشتعالک-(اِش-تِ-عا-لک) [ف-ا-مونث] (۱) ننھا سا شعلہ (۲) جوش- غصہ-

اِشتقاق-(اِش-تِ-قاق) [ع-ا-مذکر] (۱) کسی شے کو پھاڑ کر کچھ نکالنا (۲) اصطلاحِ علم صرف میں ایک کلمے سے دُوسرا کلمہ بنانا-

اِشتمال-(اِش-تِ-مال) [ع-ا-مذکر] شامل کرنا- ملانا-

اِشتمالِ اراضی- زمین کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو یک جا کرنا تاکہ کاشت میں آسانی ہو-

اِشتمالی-(اِش-تِ-ما-لی) [ع-صفت] اشتمالیت سے منسوب (مذکر) اشتمالیت کا پیرو- کمیونسٹ-

اِشتمالیت (اِش-تِ-ما-لی-یَت) [ع-ا-مونث] (۱) مساوی ہونا (۲) ایک انقلابی نظریۂ حیات جو نجی ملکیت کے خلاف ہے- اس کی رُو سے ملک کے تمام وسائل پیداوار پر ریاست (عوام) کا قبضہ ہونا چاہیے- اور ہر فرد کو اس کی ضرورت کے مطابق حصہ ملنا چاہیے - کمیونزم -

اِشتہا-(اِش-تِ-ہا) [ع-ا-مونث] (۱) خواہش (۲) بھوک-

اِشتہار-(اِش-تِ-ہار) [ع-ا-مذکر] (۱) مشہور کرنا - (۲) نوٹس- اعلان (۳) وہ چھپا ہوا کاغذ جس کے ذریعے کسی چیز کی شہرت کی جائے-

اِشتہاری-(اِش-تِ-ہا-ری) [ف-صفت] (۱) اشتہار سے منسوب (۲) وہ مجرم جس کے پکڑنے کے لیے اشتہار دیا گیا ہو-

اِشتیاق-(اِش-تِ-یاق) [ع-ا-مذکر] شوق آرزو- تمنا-

اَشٹمی -(اَش-ٹ-می) [س-ا-مونث] ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ-

اَشجار-(اَش-جار) [ع-ا-مذکر] شجر کی جمع - بہت سے درخت-

اَشخاص (اَش-خاص) [ع-ا-مذکر] شخص کی جمع- لوگ-

اَشد - (اَ-شد) سخت تر- نہایت شدید-

اَشرار-(اَش-رار) [ع-ا-مذکر] شریر کی جمع-

اَشراف-(اَش-راف) [ع-ا-مذکر] (۱) شریف کی جمع- (۲) عزت دار لوگ (۳) مہذب اور شائستہ لوگ - (اُردو میں واحد بھی مستعمل ہے)

اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے (مثل) شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے اور کمینہ سر چڑھتا ہے۔

اَشرافیہ-(اَش-را-فی-یَہ) [ع-ا-مونث] حکومت اُمرا- جب چند مخصوص اور بااثر لوگ ہی اقتدارِ اعلیٰ کے مالک ہوتے ہیں- خواص کی حکومت -

اِشراق-(اِش-راق) [ع-ا-مذکر] (۱) آفتاب طلوع ہونا- آفتاب نکلنے کا وقت یا اس وقت کی نماز (۲) حکمت- روشن ضمیری- تزکیۂ نفس۔

اِشراقیین-(اِش-را-قی-یین) [ع-ا-مذکر] حکما کا وہ گروہ جو کشف کے ذریعے شاگردوں کو درس دیتے ہوئے

Marfat.com

تسلیم کیا کرتا ہے۔

**اَشرَف** - (اَش-رَف) [ع - صفت] بہت شریف - بزرگ ترین۔

**اشرف الاشراف** - شریفوں کا شریف - نہایت شریف۔

**اشرف المخلوقات** - (۱) ساری مخلوق سے بزرگ تر (۲) آدمی - انسان۔

**اَشرَفی** - (اَش-رَ-فی) [ف - ا - مؤنث] (۱) سونے کا ایک سکہ - مہر - دینار - پونڈ - ساورن - گنی (۲) ایک بوٹی کا نام۔

**اشرفی بوٹی** - (۱) اشرفی کی قد و قامت کی بوٹیاں جو کمخواب یا دوسری قسم کے چھینٹ کے کپڑے پر بنی ہوتی ہیں (۲) ایک بوٹی کا نام جس کا پھول اشرفی کی مانند زرد اور گول ہوتا ہے۔

**اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مہر** (مثل) فضول مصارف پر تو ہاتھ کھولیں - مگر ضروری اخراجات میں بخل کیا جائے۔

**اَشعار** - (اَش-عار) [ع - ا - مذکر] شعر کی جمع۔

**اِشعاع** - (اِش-عاع) [ع - ا - مذکر] شعاع ڈالنا - ضوفگنی۔

**اَشعَر** - (اَش-عَر) [ع - صفت] (۱) زیادہ شعر کہنے والا۔ (۲) بہت اور لمبے بالوں والا۔

**اَشعَری** - (اَش-عَ-ری) [ع - صفت] بہت لمبے بالوں والا [ا - مذکر] ایک آدمی جو پیدا ہوا تو اس کے سارے جسم پر لمبے لمبے بال تھے۔

**اشعریہ** - (اَش-عَ-ری-یہ) [ع - ا - مذکر] حکمائے اسلام کا ایک طبقہ۔

**اَشغال** - (اَش-غال) [ع - ا - مذکر] شغل کی جمع - مشغلے - کام۔

**اُشغُلا** - (اُش-غُ-لا) [اُ - ا - مذکر] فساد کی بات جھوٹ (اصل عربی اُشغُولہ)

**اشغلا اٹھانا** - طوفان اٹھانا - بہتان لگانا۔

**اشغلا چھوڑنا** - چٹکلا چھوڑنا - کوئی بات بنا کر دو آدمیوں کو لڑوا دینا۔

**اَشفاق** - (اَش-فاق) [ع - ا - مذکر] شفقت کی جمع - مہربانیاں - عنایتیں۔

**اَشقِیا** - (اَش-قِ-یا) [ع - ا - مذکر] شقی کی جمع - بے رحم۔

**اَشک** - [ف - ا - مذکر] آنسو - ٹسوا۔

**اشکبار** - آنسو برسانے والا - رونے والا۔

**اشکباری** - آنسو برسانا - رونا۔

**اشکِ جگر سوز** - جگر کو جلانے والا آنسو - گرم آنسو۔

**اشکِ شادی** - وہ آنسو جو فرطِ مسرت سے آنکھوں میں آجائیں۔

**اشکِ شوئی** (۱) آنسو پونچھنا - روتے کی آنکھ پونچھنا - تسلی دینا۔

**اشکِ کباب** - وہ پانی جو آگ پر رکھنے سے کباب میں سے نکلتا ہے۔

**اَشکال** - (اَش-کال) [ع - ا - مؤنث] شکل کی جمع - شکلیں - صورتیں۔

**اِشکال** - (اِش-کال) [ع - ا - مذکر] مشکل - دشواری۔

**اشکال پیش آنا** - دشواری پیش آنا۔

**اَشلوک** - (اَش-لوک) [ہ - ا - مذکر] (۱) شعر - بیت - (۲) حمد - نعت۔

**اَشنان** - (اَش-نان) [ہ - ا - مذکر] غسل - نہانا۔

**اَشوک** - (اَ-شوک) [س - ا - مذکر] (۱) ایک درخت کا نام۔ (۲) قدیم ہندوستان کے ایک مشہور راجا کا نام۔

**اشوک منجری** - راگ کا ایک سُر جس میں ۲۸ حروف ہوتے ہیں۔

**اَشہاد** - (اَش-ہاد) [ع - ا - مذکر] شاہد کی جمع - گواہ۔

**اَشہب** - (اَش-ہَب) [ع - ا - مذکر] (۱) سیاہ رنگ کا گھوڑا - جس میں سفیدی غالب ہو - سبز گھوڑا (۲) گھوڑا۔

**اَشہَر** - (اَش-ہَر) [ع - صفت] زیادہ مشہور

**اَشیا** - (اَش-یا) [ع - ا - مؤنث] شے کی جمع - چیزیں۔

**اشیائے صَرف** - روزمرہ استعمال کی چیزیں (CONSUMER'S GOODS)

## ا-ص

**اِصابَت** (اِ-صا-بَت) [ع - ا - مؤنث] (۱) رسائی - پہنچ - (۲) ٹھیک بات کہنا - صحیح نتیجے پر پہنچنا۔

**اصالت** (اَ-صا-لت) [ع - ا - مؤنث] اصلیت - پیدائشی خاصیت - قومی اثر۔

**اصالت پر (آجانا) جانا** (۱) قدرتی یا خاندانی اثر دکھانا (۲) کمینہ پن پر اتر آنا۔

**اصالتاً** - (اَ-صا-لَ-تَن) [ع - تابع فعل] بذاتِ خود - بلا وسیلہ - خود آپ۔

**اصالتاً حاضری** (کسی وکیل کے بغیر) خود حاضر ہونا۔

**اصحاب** - (اَص-حاب) [ع - ا - مذکر] صاحب کی جمع (۱) ہم نشین - دوست (۲) والے (اصحاب غرض وغیرہ) (۳) وہ بزرگ جنہوں نے بحالتِ ایمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور ایمان پر فوت ہوئے۔

**اصحابُ الاُخدود** - خندق والے - یمن کا بادشاہ ذونواس اور اس کے پیروکار جنہوں نے اپنے ملک کے عیسائیوں کو خندق میں زندہ دفن کرا دیا تھا۔

**اصحابُ الشمال** - بائیں طرف والے جن کی صفیں تختِ ربّ العالمین کے بائیں طرف ہوں گی - دوزخی لوگ۔

**اصحابُ الفرائض** - اصحابُ الفروض - فقہ میں وہ وارث جن کے حصے قرآن مجید نے متعین کر دیئے ہیں۔

**اصحاب المیراث** - حنفی فقہ کی رو سے وہ وارث جن کو اصحاب الفرائض کے بعد حصہ ملتا ہے۔

**اصحابُ الیمین** - داہنی طرف والے لوگ بہشت والے لوگ۔

**اصحاب صُفّہ** - صحابہ کرام کا ایک گروہ جو ہر وقت عبادتِ الٰہی میں مصروف رہتا تھا۔

**اصحاب فیل** - ہاتھی والے - ابرہہ شاہ حبشہ اور اس کا لشکر

Marfat.com

جو ہاتھیوں پر چڑھ کر خانۂ کعبہ ڈھانے آیا تھا۔

**اصحابِ کہف**۔(۱) صاحبانِ غار (۲) مسلمانوں کے عقیدے میں وہ پانچ، سات یا نو آدمی جو ہزاروں سال سے کہف یعنی غار میں سو رہے ہیں۔ اور قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے۔

**اِصرار**۔ (اِص۔رار) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ہٹ۔ ضد (۲) تاکید۔

**اِصطِباغ**۔ (اِص۔طِ۔باغ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) رنگنا۔ مذہب میں لانا (۲) عیسائی مذہب اختیار کرتے وقت سر پہ پانی چھڑکنے کی رسم ادا کرنا۔ بپتسمہ۔

**اِصطَبل**۔ (اِص۔طَبل) [ع۔ا۔مذکر] گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ۔

**اُصطُرلاب**۔ (اُص۔طُر۔لاب) [یو۔ا۔مذکر] ایک آلہ جس سے ستاروں کی بلندی۔ مقام اور رفتار دریافت کرتے ہیں۔

**اِصطِلاح**۔ (اِص۔طِ۔لاح) [ع۔ا۔مونث] کسی علمی یا فنی گروہ کا کسی لفظ کے عام معنوں کے علاوہ کوئی خاص مفہوم مقرر کر لینا۔ مرادی معنی۔

**اِصطِلاحات**۔ (اِص۔طِ۔لا۔حات) [ع۔ا۔مونث] اصطلاح کی جمع۔

**اِصطِلاحی**۔ (اِص۔طِ۔لا۔حی) [ع۔صفت] منسوب بہ اصطلاح۔ کسی خاص مفہوم اور محاورے کے متعلق۔

**اصغر**۔ (اَص۔غَر) [ع۔صفت] نہایت چھوٹا۔

**اصفہان نصفِ جہان**۔ [ف۔مثل] (ایران کا شہر) اصفہان آدھی دنیا کے برابر ہے۔ کسی زمانے میں یہ شہر بہت آباد تھا۔)

**اصفیا**۔ (اَص۔فِ۔یا) [ع۔ا۔مذکر] صفی کی جمع۔ برگزیدہ لوگ۔ چنے ہوئے لوگ۔ پاک باطن لوگ۔

**اصل**۔ [ع۔ا۔مونث] (۱) بنیاد۔ جڑ (۲) منبع۔ سرچشمہ۔ مادہ۔ (۳) بیج (۴) ست۔ عطر (۵) سرشت۔ جبلت (۶) حقیقت۔ اصلیت (۷) نسب۔ خاندانی اثر (۸) سبب۔ (۹) سرمایہ۔ پونجی (۱۰) ذات (۱۱) کتاب کی عبارت۔ متن۔ (۱۲) [صفت] اول۔ مقدم (۱۳) ٹھیک۔ واقعی (۱۴) خالص۔ کھرا۔

**اصل السوس**۔ ایک قسم کی جڑ جو دوا میں کام آتی ہے۔ ملٹھی۔

**اصلِ اصول**۔ جڑوں کی جڑ۔ اصل بات۔ حقیقی اور بنیادی شے۔ علتِ غائی۔

**اصل بد از بدی خطا نہ کند**۔ [مثل] بد ضرور بدی کرتا ہے۔

**اصل خیر ہے**۔ خیریت ہے۔ بخیر۔ سلامتی ہے

**اصل سے خطا نہیں**۔ [مثل] شریف برائی نہیں کر سکتا اور رذیل سے بھلائی نہیں ہوتی۔

**اصلا**۔ (اَص۔لا) [ع] مطلقاً۔ ہرگز۔ کبھی۔ کسی حالت میں۔ بالکل۔

**اصلاً**۔ (اَص۔لَن) [ع۔تمیز فعل] اصل کے اعتبار سے۔

**اِصلاح**۔ (اِص۔لاح) [ع۔ا۔مونث] (۱) صحت۔ درستی (۲) ترمیم۔ تصحیح (۳) طب کی اصطلاح میں ادویہ کو مناسب مزاج پر لانا (۴) [ا۔ا۔مونث] حجامت۔

**اصلاح بنوانا**۔ حجامت بنوانا۔ خط بنوانا۔

**اِصلاحات**۔ (اِص۔لا۔حات) [ع۔ا۔مونث] اصلاح کی جمع۔ (۱) درستیاں۔ ترمیمیں (۲) سیاسی اصطلاح میں حکومت کی وہ اصلاحیں جو نظامِ حکومت کی خرابیاں دور کر کے رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے کی جائیں (REFORMS)

**اصلوں**۔ (اَص۔لوں) [ا۔ر] بالکل۔ مطلق۔ اصل میں۔

**اصلی**۔ (اَص۔لی) [ع۔صفت] (۱) حقیقی۔ ذاتی۔ پیدائشی (۲) مقدم۔ اول (۳) عمدہ۔ سچ۔ واقعی۔

**اصلیت**۔ (اَص۔لی۔یَت) [ع۔ا۔مونث] حقیقت۔ اصل بات۔

**اَصَم**۔ (اَ۔صَم) [ع۔صفت] بہرا۔ کانوں سے بٹ۔

**اصناف**۔ (اَص۔ناف) [ع۔ا۔مونث] صنف کی جمع۔ انواع قسمیں۔ طرحیں۔

**اصنام**۔ (اَص۔نام) [ع۔ا۔مذکر] صنم کی جمع (۱) پتھر وغیرہ کے بت (۲) (مجازاً) معشوق۔

**اصوات**۔ (اَص۔وات) [ع۔ا۔مذکر] صوت کی جمع۔ آوازیں۔

**اُصُول**۔ (اُ۔صُول) [ع۔ا۔مذکر] اصل کی جمع (۱) جڑیں۔ بنیادیں (۲) قاعدہ۔ طور طریقہ۔ دستور (ان معنوں میں اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)

**اصول باندھنا**۔ قاعدہ مقرر کرنا۔

**اصول کلام**۔ علم کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔

**اصول موضوعہ**۔ قائم کیے ہوئے قاعدے۔ مقرر کیے ہوئے اصول۔

**اُصُولی**۔ (اُصُو۔لی) [ع۔صفت] (۱) کسی قاعدے یا قانون کے تحت (۲) [مذکر] مسلمانوں کا ایک فرقہ جو تقلید مجتہد کا قائل ہے۔

**اصیل**۔ (اَ۔صیل) [ع۔صفت] (۱) خالص نسل کا۔ عالی خاندان۔ (۲) [ا۔مونث] ماما۔ خادمہ۔

## ا-ض

**اِضافت**۔ (اِ۔ضا۔فَت) [ع۔ا۔مونث] (۱) نسبت۔ لگاؤ۔ (۲) ایک کلمے کا دوسرے کلمے سے لگاؤ جو فارسی اور عربی الفاظ میں مضاف کے نیچے زیر لگانے اور اردو میں مضاف الیہ کے آگے کا، کی، کے لگانے سے ظاہر کیا جاتا ہے (جیسے غلام زید یا زید کا غلام)

**اِضافہ**۔ (اِ۔ضا۔فَہ) [ع۔ا۔مذکر] ترقی۔ زیادتی۔

**اِضافی**۔ (اِ۔ضا۔فی) [ع۔صفت] (۱) نسبتی۔ زائد (۲) غیر اصلی۔

**اِضافیت**۔ (اِ۔ضا۔فی۔یَت) [ع۔ا۔مونث] تلازم۔ نسبتی یا اضافی ہونا۔

**اَضحیٰ**۔ (اَض۔حیٰ) [ع۔ا۔مونث] قربانی۔ قربانی کا دن۔

**اضحوکہ**۔ (اُض۔حو۔کہ) [ع۔ا۔مذکر] جس سے ہنسی آئے۔ مضحکہ خیز چیز۔

Marfat.com

**اُضحیہ** - (اُض - حِ - یَہ) [ع - ا - مونث] قربانی کا جانور۔
**اضداد** - (اَض - داد) [ع - ا - مونث] ضد کی جمع - متضاد چیزیں۔
**اِضطراب** - (اِض - طِ - راب) [ع - ا - مذکر] بے قراری - بے چینی۔
**اِضطرابی** - (اِض - طِ - را - بی) [ع - ت - ا - مونث] (۱) اضطراب - عجلت (۲) (صفت) اضطراب سے متعلق۔
**اِضطرار** - (اِض - طِ - رار) [ع - ا - مذکر] بے اختیاری - مجبوری۔
**اِضطراری** - (اِض - طِ - را - ری) [ع - ت - ا - مونث] (۱) ناچاری - مجبوری (۲) (صفت) اضطرار سے منسوب۔
**اضعاف** - (اَض - عاف) [ع - صفت] ضعف کی جمع - دُگنا - تگنا وغیرہ۔
**اِضعاف** - (اِض - عاف) [ع - ا - مذکر] دُگنا کرنا - دونا کرنا۔
**اضغاث احلام** - (اَض - غا - ث - اَح - لام) [ع - ا - مذکر] پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ ہو۔
**اضلاع** - (اَض - لاع) [ع - ا - مذکر] ضلع کی جمع (۱) خطۂ زمین - صوبے کا حصہ (۲) اشکال کے خطوط - مثلث یا مربع و مستطیل وغیرہ کی حدیں۔
**اِضلال** - (اِض - لال) [ع - ا - مذکر] گمراہ کرنا۔
**اِضمار** - (اِض - مار) [ع - ا - مذکر] کلام میں اسم کی جگہ ضمیر استعمال کرنا۔
اضمار قبل الذکر - کسی اسم کے ذکر سے پہلے اس کے لیے ضمیر لانا۔
**اِضمحلال** - (اِض - مِح - لال) [ع - ا - مذکر] پژمردگی - سستی - افسردگی۔

## ا - ط

**اطاعت** - (اِ - طا - عت) [ع - ا - مونث] بندگی - فرمانبرداری۔
**اَطاق** - (اَ - طاق) [ت - ا - مذکر] کمرہ - حجرہ - دالان۔
**اطال** - (اَ - طال) [ع - فعل ماضی] لمبا کرے - بڑھائے۔
اطال اللہ عمرہٗ - خدا اس کی عمر بڑھائے۔
**اِطالوی** - (اِ - طال - وی) [ع - صفت] اطالیہ (اٹلی) سے منسوب - اٹلی کا باشندہ۔
**اطبا** - (اَ - طِب - با) [ع - ا - مذکر] طبیب کی جمع - حکیم - ڈاکٹر۔
**اطراف** - (اَط - راف) [ع - ا - مونث] طرف کی جمع - سمتیں - طرفیں۔
**اِطریفل** - (اِط - ری - فل) - اتری پھل کا معرب - دیکھیے اتری پھل۔
**اطعمہ** - (اَط - عِ - مَہ) [ع - ا - مذکر] طعام کی جمع - کھانے۔
**اطفال** - (اَط - فال) [ع - ا - مذکر] طفل کی جمع - بال بچے۔

**اِطلاع** - (اِط - طِ - لاع) [ع - ا - مونث] (۱) آگاہی - خبر - رپورٹ (۲) نوٹس - اعلان - اشتہار۔
اطلاع نامہ - وہ چٹھی جو خبر دینے کے لیے بھیجی جائے - پروانہ - حکم نامہ۔
**اِطلاعاً** - (اِط - طِ - لا - عَن) [ع - تابع فعل] برائے اطلاع۔
**اِطلاعی** - (اِط - طِ - لا - عی) [ع - ت - صفت] خبر دینے والی - آگاہ کرنے والی (چٹھی نوٹس یا خبر وغیرہ) وہ چیز جو کسی کے متعلق اطلاع دے۔
**اِطلاق** - (اِط - لاق) [ع - ا - مذکر] جاری کرنا - بولا جانا - استعمال ہونا۔
اطلاق نویس - سمنوں کے اجرا اور خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر۔
**اطلس** - (اَط - لَس) [ع - ا - مذکر] ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
**اِطمینان** - (اِط - مِی - نان) [ع - ا - مذکر] دل جمعی - ڈھارس - تسلی - دلاسا۔
**اطناب** - (اَط - ناب) [ع - ا - مذکر و مونث] طُنُب کی جمع - طنابیں - تنبو کی رسیاں۔
**اِطناب** - (اِط - ناب) [ع - ا - مذکر] بات کو طول دینا۔
**اطوار** - (اَط - وار) [ع - ا - مذکر] طور کی جمع - وضع - ڈھنگ - طریقے - چال چلن۔
**اطہر** - (اَط - ہَر) [ع - صفت] بہت پاک۔

## ا - ظ

**اظلال** - (اَظ - لال) [ع - ا - مذکر] ظل کی جمع - سائے۔
**اِظہار** - (اِظ - ہار) [ع - ا - مذکر] (۱) ظاہر کرنا - ظاہر ہونا (۲) بیان - حقیقت (۳) وہ بیان جو عدالت میں دیا جائے۔
اظہارِ حلفی - قسمیہ گواہی۔
اظہار دینا - عدالت میں گواہی دینا - بیان لکھوانا
اظہارِ قانونی - قانون کی رو سے درست گواہی۔
اظہار نامہ - عدالت کا سمن۔
اظہار نویس - وہ محرر جو بیان اور شہادت لکھتا ہے۔
**اَظہر** - (اَظ - ہَر) [ع - صفت] خوب ظاہر - نہایت واضح۔
اظہر من الشمس - سورج سے زیادہ ظاہر - ظاہر اور عیاں۔

## ا - ع

**اِعادہ** - (اِ - عا - دَہ) [ع - ا - مذکر] لوٹانا - دہرانا - بار بار کرنا۔
**اعاظم** - (اَ - عا - ظِم) [ع - ا - مذکر] اعظم کی جمع - بہت بڑے لوگ۔
**اِعانت** - (اِ - عا - نت) [ع - ا - مونث] مدد - سہارا۔

Marfat.com

**اِعتبار**۔ (اِع۔تِ۔بار) (ع۔ا۔مذکر) (۱) بھروسہ۔ ساکھ۔ (۲) یقین (۳) لحاظ (اس اعتبار سے وہ تم سے اچھا ہے)

اعتبار آنا۔ یقین ہونا۔

اعتبار اُٹھ جانا۔ اعتبار جاتا رہنا۔ اعتماد نہ رہنا۔ ساکھ نہ رہنا۔

اعتبار نامہ۔ سند۔ سرٹیفکیٹ۔

**اِعتباری**۔ (اِع۔تِ۔باری) (ع۔صف) معتبر۔ بھروسے کے لائق۔

**اِعتدال**۔ (اِع۔تِ۔دال) (ع۔ا۔مذکر) نہ کمی نہ زیادتی۔ درمیانی درجہ۔

**اِعتذار**۔ (اِع۔تِ۔ذار) (ع۔ا۔مذکر) عذر کرنا۔ عذر خواہی۔

**اِعتراض**۔ (اِع۔تِ۔راض) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نکتہ چینی۔ گرفت (۲) حجت۔ مخالفت۔

اعتراض اٹھانا (۱) نکتہ چینی کرنا (۲) نکتہ چینی کا جواب دینا۔

اعتراض جڑنا۔ اعتراض جمانا۔ اعتراض کرنا۔

**اِعتراضات**۔ (ع۔ا۔مذکر) اعتراض کی جمع۔

**اِعتراف** (اِع۔تِ۔راف) (ع۔ا۔مذکر) اقرار کرنا۔ مان لینا۔

**اِعتزال**۔ (اِع۔تِ۔زال) (ع۔ا۔مذکر) گوشے میں بیٹھنا۔ علیحدگی۔

**اِعتصام**۔ (اِع۔تِ۔صام) (ع۔ا۔مذکر) (۱) مضبوطی سے پکڑنا (۲) پرہیزگار ہونا۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔

**اِعتقاد**۔ (اِع۔تِ۔قاد) (ع۔ا۔مذکر) عقیدہ۔ یقین۔ ایمان۔

اعتقاد اُٹھ جانا۔ یقین نہ رہنا۔ عقیدہ جاتا رہنا۔

اعتقاد رکھنا۔ یقین رکھنا۔ معتقد ہونا۔

**اِعتقادات**۔ (ع۔ا۔مذکر) اعتقاد کی جمع۔

**اِعتقادی**۔ (اِع۔تِ۔قا۔دی) (ع۔صف) اعتقاد سے متعلق۔

**اِعتکاف** (اِع۔تِ۔کاف) (ع۔ا۔مذکر) نفس کو دنیاوی لذائذ سے باز رکھنا۔ مسجد میں معینہ مدت کیلئے گوشہ نشین ہونا۔

**اِعتماد**۔ (اِع۔تِ۔ماد) (ع۔ا۔مذکر) اعتبار۔ بھروسا۔ یقین۔

**اِعتنا**۔ (اِع۔تِ۔نا) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ہمدردی کرنا۔ (۲) پروا کرنا۔ غور و پرداخت کرنا۔

**اِعجاز**۔ (اِع۔جاز) (ع۔ا۔مذکر) معجزہ۔ کرامت۔

اعجاز بیان۔ (بغیر اضافت) جادو بیان۔ نہایت فصیح البیان (۲) (با اضافت) کلام کا معجزہ۔ تقریر کا جادو۔

اعجازِ عیسوی) مسیحائی (۱) حضرت عیسیٰ کا معجزہ جن کے دم سے بیمار تندرست اور مُردے زندہ ہو جاتے تھے (۲) بیمار کو تندرست کرنا۔

**اُعجوبہ**۔ (اُع۔جو۔بَہ) (ع۔ا۔مذکر) عجیب شے۔ انوکھی چیز۔

اعدا۔ (اَع۔دا) (ع۔ا۔مذکر) عدو کی جمع۔ دشمن۔ مخالف۔

اعداد۔ (اَع۔داد) (ع۔ا۔مذکر) عدد کی جمع۔ گنتی۔ ہندسہ۔ رقم۔

اعدادِ متباین۔ وہ طاق ہندسے جنہیں کوئی ہندسہ پورا تقسیم نہ کرسکے۔

اعدادِ متداخل۔ وہ ہندسے جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کرسکے۔ جفت اعداد۔

اعدادِ متماثل۔ ایک دوسرے سے مشابہ عدد (۲۔۴ وغیرہ)

اعدادِ متوافق۔ وہ ہندسے جو دوسرے ہندسوں کو پورا تقسیم کرسکیں۔

اعداد و شمار۔ شماریات۔ کسی ملک کے باشندوں کی تعداد اور ان کے پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات۔ کسی ملک کی صنعتی۔ تجارتی۔ تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں وغیرہ کے متعلق مجمل اطلاعات (STATISTICS)

**اعراب**۔ (اَع۔راب) (ع۔ا۔مذکر) بدّو۔ عرب کے صحرانشیں۔

**اِعراب**۔ (اِع۔راب) (ع۔ا۔مذکر) زبر۔ زیر۔ پیش کی علامتیں۔

**اعرابی**۔ (اَع۔را۔بی) (ع۔ا۔مذکر) عرب کا بدّو۔ گنوار اُجڈ۔

**اِعراض**۔ (اِع۔راض) (ع۔ا۔مذکر) منہ پھیرنا۔ بچنا۔ رُوگردانی۔

**اعراف**۔ (اَع۔راف) (ع۔ا۔مذکر) (۱) دوزخ اور بہشت کے درمیان کا مقام (۲) قرآن کی ایک سورت کا نام۔

**اِعزاز** (اِع۔زاز) (ع۔ا۔مذکر) عزت۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔

**اَعزازات**۔ (ع۔ا۔مذکر) اعزاز کی جمع۔

**اِعزازی**۔ (اِع۔زا۔زی) (ع۔صف) (۱) تعریفی۔ ستائشی (۲) عزت بڑھانے والا (۳) تحفۃً۔ ہدیۃً۔

**اعزہ**۔ (اَ۔عِز۔زہ) (ع۔ا۔مذکر) عزیز کی جمع۔ رشتے دار

**اعصاب**۔ (اَع۔صاب) (ع۔ا۔مذکر) عصب کی جمع۔ پٹھے۔

**اعصابی**۔ (اَع۔صا۔بی) (ع۔صف) اعصاب سے متعلق۔

اعصابی جنگ۔ سرد جنگ۔ ایسی جنگ جس میں دو مخالف ملک یا بلاک سیاسی میدان میں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کریں۔

**اعضا**۔ (اَع۔ضا) (ع۔ا۔مذکر) عضو کی جمع۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ

اعضا شکنی۔ جوڑوں میں درد ہونا۔ بدن ٹوٹنا۔

اعضائے رئیسہ۔ اہم اعضا۔ دل۔ دماغ۔ جگر وغیرہ۔

**اِعطا**۔ (اِع۔طا) (ع۔ا۔مذکر) بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ دینا

**اَعظم**۔ (اَع۔ظَم) (ع۔صف) نہایت بڑا۔ بزرگ تر۔

**اعلا**۔ دیکھیے اعلیٰ۔

**اِعلا**۔ (اِع۔لا) (ع۔ا۔مذکر) بلند کرنا۔

اعلائے کلمۃ الحق (۱) خدا کا پیغام شائع کرنا (۲) حق بات با آوازِ بلند کہنا۔

**اعلام**۔ (اَع۔لام) (ع۔ا۔مذکر) عَلَم کی جمع۔ جھنڈے۔

**اِعلامیہ** (اِع۔لا۔مِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذکر) اعلان۔ سرکاری اعلان۔

**اِعلان**۔ (اِع۔لان) (ع۔ا۔مذکر) مشہور کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔

**اِعلانات**۔ (ع۔ا۔مذکر) اعلان کی جمع۔

**اَعلیٰ**۔ (اَع۔لا) (ع۔صف) بہت بلند۔ بہت اونچا۔ بلند مرتبہ۔

Marfat.com

اعلیٰ علیین۔ بہشت کا سب سے بڑا درجہ۔
اعمال۔(اَع۔مال) [ع۔ا۔مذکر] عمل کی جمع (۱) کام۔ افعال (۲) وظائف۔
اعمال نامہ۔(۱) وہ رجسٹر جس میں کراماً کاتبین انسان کے بُرے بھلے کام لکھتے رہتے ہیں (۲) وہ رجسٹر جس میں سرکاری ملازموں کی کارگزاریاں لکھی جاتی ہیں۔
اعنی۔(اَع۔نی) [ع] میں مراد رکھتا ہوں۔ میری یہ مراد ہے۔
اعوان۔(اَع۔وان) [ع۔ا۔مذکر] عون کی جمع۔ بہت سے حامی اور مددگار۔
اعیان (اَع۔یان) [ع۔ا۔مذکر] عین کی جمع (۱) آنکھیں (۲) چشمے (۳) امرا و وزرا۔ سرکردہ لوگ۔

## ا - غ

اغذیہ۔(اَغ۔ذِ۔یَہ) [ع۔ا۔مونث] غذا کی جمع۔
اغراض۔(اَغ۔راض) [ع۔ا۔مذکر۔مونث] غرض کی جمع۔ مقاصد۔ ارادے۔
اغلاط۔(اَغ۔لاط) [ع۔ا۔مذکر۔مونث] غلط کی جمع۔ بھول چوک۔ خطائیں۔
اِغلاق۔(اِغ۔لاق) [ع۔ا۔مذکر] کلام کو مشکل کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔
اِغلام۔(اِغ۔لام) [ع۔ا۔مذکر] لواطت کرنا۔ خلافِ وضع فطری۔
اغلب۔(اَغ۔لَب) [ع۔صفت] زیادہ غالب۔ یقین کے قریب۔ ضرور۔ یقینی۔
اغل بغل۔(اَ۔غل۔بَ۔غل) [اُ] اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔
اغلط۔(اَغ۔لط) [ع۔صفت] بہت غلط۔
اِغماز۔(اِغ۔ماز) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ناز کرنا۔ غمزہ (۲) غرور۔ گھمنڈ۔
اِغماض۔(اِغ۔ماض) [ع۔ا۔مذکر] روگردانی کرنا۔ چشم پوشی
اغنیا۔(اَغ۔نِ۔یا) [ع۔ا۔مذکر] غنی کی جمع۔ دولت مند لوگ۔
اِغوا۔(اِغ۔وا) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بہکانا (۲) بہکا کر بھگا لے جانا۔
اغیار۔(اَغ۔یار) [ع۔ا۔مذکر] غیر کی جمع (۱) اجنبی۔ بیگانے (۲) دشمن۔ رقیب۔

## ا - ف

اُف۔[ع] (۱) آہ۔ اوہ (حیرت، درد یا رنج کے اظہار کے لیے) (۲) افسوس۔
اُف تیرا کاٹا جیسے۔ سخت ظالم، مردم آزار یا فریبی کی نسبت کہتے ہیں۔
اُف کر دینا۔(۱) جلا کر خاکستر کر دینا (۲) اُجاڑ دینا۔ تباہ کر دینا
اُف نہ کرنا، نکالنا۔(۱) سانس نہ نکالنا۔ صدمہ کے باوجود منہ سے آہ نہ نکالنا (۲) کچھ نہ بولنا۔ شکایت زبان پہ نہ لانا۔
اُف ہو جانا۔ خاک اُڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ جل کر راکھ ہو جانا۔ مِٹ جانا۔
اِفادات۔[ع۔ا۔مذکر] اِفادہ کی جمع۔
اِفادہ۔(اِ۔فا۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] فائدہ پہنچانا۔
افادۂ عام۔ سب کو فائدہ پہنچانا۔
افاضل۔(اَ۔فا۔ضِل) [ع۔ا۔مذکر] افضل کی جمع۔ عالم و فاضل لوگ۔
افاعیل (اَ۔فا۔عیل) [ع۔ا۔مذکر] علمِ عروض کے ارکان جن سے بحریں بنائی جاتی ہیں۔
افاغنہ۔(اَ۔فا۔غِ۔نَہ) افغان کی جمع پٹھان لوگ۔
اِفاقہ۔(اِ۔فا۔قَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ہوش میں آنا (۲) مرض میں کمی۔
اِفتا۔(اِف۔تا) [ع۔ا۔مذکر] فتویٰ دینا۔
اُفتاد۔(اُف۔تاد) [ف۔ا۔مونث] (۱) مصیبت (۲) اچانک سانحہ (۳) بنیاد۔ ابتدا (۴) فطرت۔ طبیعت۔
اُفتاد پڑنا۔ حادثہ پیش آنا۔ مصیبت آنا۔
اُفتادگی۔(اُف۔تا۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مونث] عاجزی۔ خاکساری۔ افلاس۔
اُفتادہ۔(اُف۔تا۔دَہ) [ف۔صفت] (۱) گرا پڑا۔ درماندہ۔ (۲) بغیر جوتی ہوئی ناکارہ زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔
اُفتاں و خیزاں۔(اُف۔تاں و خے۔زاں) [ف۔تابع فعل] (۱) گرتے پڑتے۔ بدحواسی کی حالت میں (۲) بہت مشکل سے۔
اِفتتاح۔(اِف۔تِ۔تاح) [ع۔ا۔مذکر] کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ بے نقاب کرنا۔
اِفتتاحی۔(اِف۔تِ۔تا۔حی) [ع۔صفت] افتتاح سے منسوب۔ شروع کا۔
اِفتتاحیہ۔(اِف۔تِ۔تا۔حِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) اخبار کا اداریہ۔ ایڈیٹوریل (۲) [صفت] افتتاح سے منسوب۔
اِفتخار۔(اِف۔تِ۔خار) [ع۔ا۔مذکر] فخر۔ عزت۔ ناز۔ گھمنڈ۔
اِفترا۔(اِف۔تِ۔را) [ع۔ا۔مذکر] تہمت۔ بہتان۔ جھوٹا الزام۔
افترا باندھنا۔ تہمت لگانا۔ بہتان باندھنا۔
افترا پرداز۔ تہمت لگانے والا۔ الزام لگانے والا۔
افترا پردازی۔ بہتان لگانا۔ الزام دینا۔ تہمت رکھنا۔
اِفتراق (اِف۔تِ۔راق) [ع۔ا۔مذکر] جدائی پیدا کر دینا۔ اختلاف۔
افتیمون (اَف۔تی۔مون) [ع۔ا۔مونث] آکاس بیل۔ امر بیل۔ ایک دوا۔
افراتفری (اَف۔را۔تَف۔ری) [اُر۔ا۔مونث] افراط و

Marfat.com

تفریط کا معرّب) ہل چل۔ تہلکہ۔ پریشانی۔ کھلبلی۔
**افراد**۔ (اَف۔ راد) [ع۔ ا۔ مذکر] فرد کی جمع۔ لوگ۔
**اِفراط**۔ (اِف۔ راط) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات (۲) حدِ اعتدال سے بڑھ جانا۔
**افراطِ زر**۔ (۱) روپے پیسے کی زیادتی (۲) ملک میں سکّے کا پھیلاؤ زیادہ ہو جانا۔
**اِفراط و تفریط**۔ کمی بیشی۔ غیر معتدل حالت۔
**افرنجی**۔ (اَف۔ رَن۔ جی) [معرّب۔ ا۔ مذکر] فرنگی۔ یورپ کا باشندہ۔
**افرنجیت**۔ (اَف۔ رَن۔ جِ۔ یَت) [معرّب۔ ا۔ مونث] فرنگی پن۔
**افروختہ**۔ (اَف۔ روخ۔ تہ) [ف۔ صفت] (۱) جلتا ہوا۔ جلا بُھنا (۲) روشن۔
**افروز**۔ (اَف۔ روز) فارسی مصدر افروختن (جلانا۔ روشن کرنا) کا اسمِ فاعل بمعنی روشن کرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے)
**افریقی**۔ (اَف۔ ری۔ قی) [ع۔ صفت] (۱) براعظم افریقہ سے منسوب (۲) افریقہ کا باشندہ۔
**افزا**۔ (اَف۔ زا) فارسی مصدر افزودن (بڑھانا) کا اسمِ فاعل بمعنی بڑھانے والا (مرکبات میں مستعمل ہے)
**افزائش**۔ (اَف۔ زا۔ ئش) [ف۔ ا۔ مونث] بیشی۔ زیادتی۔
**افزوں**۔ (اَف۔ زُوں) [ف۔ صفت] زیادہ۔ بڑھ کر۔ بہت۔
**افزونی**۔ (اَف۔ زُو۔ نی) [ف۔ ا۔ مونث] زیادتی۔
**افسانوی**۔ (اَف۔ سا۔ نَ۔ وی) [ف۔ صفت] افسانے سے منسوب۔
**افسانویت**۔ (اَف۔ سا۔ نَ۔ وی۔ یت) [ف۔ ا۔ مونث] افسانہ پن۔
**افسانہ**۔ (اَف۔ سا۔ نہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) داستان (۲) جھوٹی بات (۳) سرگزشت۔ روئداد (۴) طویل بات (۵) ذکر۔ مذکور۔ چرچا۔
**افسانہ گو**۔ افسانہ کہنے والا۔ داستان گو۔
**افسانہ گوئی**۔ کہانی کہنا۔ داستان گوئی۔
**افسانہ نگار، نویس**۔ افسانہ لکھنے والا۔
**افسانہ نگاری، نویسی**۔ افسانہ لکھنا۔
**افسر**۔ (اَف۔ سَر) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) سردار۔ عہدہ دار۔ (۲) تاج۔
**افسردگی**۔ (اَف۔ سُر۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مونث] کملاہٹ۔ پژمردگی
**افسردہ**۔ (اَف۔ سُر۔ دہ) [ف۔ صفت] مرجھایا ہوا۔ غمگین۔ اداس۔
**افسردہ خاطر، دل**۔ رنجیدہ۔ بجھے ہوئے دل والا۔
**افسری**۔ (اَف۔ سَ۔ ری) [ف۔ ا۔ مونث] حکومت۔ سرداری
**افسنطین**۔ (اَف۔ سَن۔ طِین) [یو۔ ا۔ مذکر] ایک دوا کا نام
**افسوس**۔ (اَف۔ سوس) [ف۔ ا۔ مذکر] پچھتاوا۔ رنج۔ قلق۔ صدمہ۔
**افسوس آنا**۔ قلق ہونا۔ ندامت ہونا۔
**افسوس (کرنا) کھانا**۔ رنج کرنا۔
**افسوس ناک**۔ افسوس سے بھرا ہوا۔ قابلِ افسوس۔
**افسوں**۔ (اَف۔ سُوں) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) جادو (۲) فریب۔ مکر
**افسوں (پھونکنا) کرنا**۔ (۱) جادو کرنا (۲) بہکانا۔
**اِفشا**۔ (اِف۔ شا) [ع۔ ا۔ مذکر] ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا۔
**افشائے راز**۔ بھید کھلنا۔ پردہ فاش ہونا۔
**افشاں**۔ (اَف۔ شاں) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) چاندی سونے کا برادہ یا بقیش کی باریک کترن جو عورتیں بالوں پر چھڑکتی یا ماتھے پر چُنتی ہیں (۲) جو چیز چھڑکی جائے (۳) فارسی مصدر افشاندن (چھڑکنا۔ بکھیرنا) کا اسمِ فاعل بمعنی چھڑکنے والا۔ بکھیرنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے)
**افشاں اترنا**۔ چنی ہوئی افشاں کا چھٹ جانا۔
**افشاں چُننا**۔ ماتھے پر افشاں لگنا۔
**افشانی**۔ (اَف۔ شا۔ نی) [ف۔ صفت] افشاں سے منسوب۔ (مونث) چھڑکنا۔ بکھیرنا۔
**افشانی کاغذ**۔ وہ کاغذ جس پر رنگ یا افشاں چھڑکی ہوئی ہو۔
**افشردہ**۔ (اَف۔ شُر۔ دہ) [ف۔ صفت] نچوڑا ہوا (مذکر) وہ شربت جو پھل وغیرہ نچوڑ کر بنایا جائے۔
**اَفصح**۔ (اَف۔ صَح) [ع۔ صفت] بہت فصیح۔ نہایت خوش کلام۔
**افضال**۔ (اَف۔ ضال) [ع۔ ا۔ مذکر] فضل کی جمع۔ کرم۔ مہربانیاں۔
**اِفضال**۔ (اِف۔ ضال) [ع۔ ا۔ مذکر] مہربانی کرنا۔ کرم۔ فیض۔
**افضل**۔ (اَف۔ ضَل) [ع۔ صفت] بزرگ ترین۔ بہترین۔
**افضلیت**۔ (اَف۔ ضَ۔ لی۔ یَت) [ع۔ ا۔ مونث] بزرگی۔ فضیلت۔
**افطار**۔ (اِف۔ طار) [ع۔ ا۔ مذکر] روزہ کھولنا۔
**اِفطاری**۔ (اِف۔ طا۔ ری) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) وہ چیز جس سے روزہ کھولیں۔ (۲) روزہ کھولنا۔
**افعال**۔ (اَف۔ عال) [ع۔ ا۔ مذکر] فعل کی جمع (۱) کام۔ اعمال (۲) مشتقاتِ مصدر جن میں زمانہ پایا جائے (۳) تاثیریں۔ خواص۔
**افعی**۔ (اَف۔ عی) [ع۔ ا۔ مذکر] ناگ
**افعی سیرت**۔ سانپ کی خصلت والا۔ ضرر رساں شخص۔
**افغان**۔ (اَف۔ غان) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) افغانستان کا باشندہ۔ پٹھان (۲) فریاد۔ فغاں (اس معنی میں تانیث کو ترجیح ہے)
**اُفق**۔ (اُ۔ فُق) [ع۔ ا۔ مذکر] وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ۔
**اُفقی**۔ (اُ۔ فُ۔ قی) [ع۔ صفت] (۱) افق سے متعلق۔ افق کے قریب (۲) افق کے متوازی (۳) چپٹا۔ مسطح۔
**افکار**۔ (اَف۔ کار) [ع۔ ا۔ مذکر] فکر کی جمع (۱) فکریں۔ پریشانیاں (۲) شعرا کا کلام۔ اشعار۔
**افکارِ عالیہ**۔ (۱) بلند خیالات (۲) بلند رتبہ شاعر کا کلام۔
**افگار**۔ (اَف۔ گار) [ف۔ صفت] زخمی۔ مجروح۔ گھایل۔

Marfat.com

**اَفگن** (اَف۔ گَن) فارسی مصدر اَفگندن (ڈالنا۔ پچھاڑنا) کا اسم فاعل بمعنی ڈالنے والا۔ پچھاڑنے والا (مرکبات میں آتا ہے)

**اَفگندہ** (اَف گَن۔ دَہ) [ف۔ صف] (۱) گرا ہُوا۔ (۲) عاجز۔ شکستہ۔

**اِفلاس** (اِف۔ لاس) [ع۔ ا۔ مذکر] مفلسی۔ تنگ دستی۔ غریبی۔

**افلاطون** (اَف۔ لا۔ طُون) [یو۔ ا۔ مذکر] (۱) نہایت چوڑے چکلے سینہ والا شخص (۲) یونان کے ایک بہت بڑے حکیم کا نام جو بقراط کا شاگرد اور ارسطو کا استاد تھا۔

**افلاک** (اَف۔ لاک) [ع۔ ا۔ مذکر] فلک کی جمع۔ آسمان۔

**افواج** (اَف۔ واج) [ف۔ ا۔ مونث] فوج کی جمع۔

**افواہ** (اَف۔ واہ) [فوہ کی جمع] (اُردو میں واحد مستعمل ہے) بازاری خبر۔ بے اصل بات۔ گپ۔ (عربی میں مذکر ہے اُردو میں مونث)۔

**اُفوہ** (اُف۔ فوہ) [اُ] تعجب۔ تاسف یا کثرت درد کے اظہار کے لیے زبان سے نکلنے والی آواز۔

**اِفہام** (اِف۔ ہام) [ع۔ ا۔ مذکر] سمجھانا۔

**افیم** (اَ۔ فیم) [اُ۔ ا۔ مونث] افیون۔ مشہور زہریلی اور نشیلی چیز جو پوست کے دودھ کو منجمد کر کے بنائی جاتی ہے۔

افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر۔ (مثل) افیمی آدمی از خود رفتہ اور بے کار ہو جاتا ہے۔ اس لیے افیم امیر یا فقیر ہی کھا سکتا ہے۔

**افیمچی** (اَ۔ فیم۔ چی) [اُ۔ صف۔ و۔ ا۔ مذکر] افیون کا عادی۔

**افیمن** (اَ۔ فی۔ مَن) [اُ۔ ا۔ مونث] وہ عورت جو افیون کا نشہ کرے۔

**افیمی** (اَ۔ فی۔ می) [اُ۔ صف] افیمچی۔

**افیون** (اَف۔ یُون) [ع۔ ا۔ مونث] افیم۔ تریاک۔

افیون چڑھنا۔ افیم کے نشے کا زور ہونا۔

افیون کا جوگا۔ افیون کا میل اور فضلہ جو گھولنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

افیون کا گھولا۔ پانی میں گھلی ہوئی افیون۔

افیون گھلنا، گھولنا۔ افیون گھول کر پینے کے لیے تیار کرنا۔

**افیونی** (اَف۔ یُو۔ نی) [ع۔ ف۔ ا۔ مذکر] افیمی۔

افیونی جنونی۔ افیونی پاگل سا ہوتا ہے۔

## ا۔ق

**اقارب** (اَ۔ قا۔ رِب) [ع۔ ا۔ مذکر] اقرب کی جمع۔ رشتہ دار۔ اعزا۔

**اِقالہ** (اِ۔ قا۔ لَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) بیع کو مسترد کرنا۔ (۲) معافی چاہنا۔

**اقالیم** (اَ۔ قا۔ لیم) [ع۔ ا۔ مونث] اقلیم کی جمع۔ ممالک۔ سلطنتیں۔

**اِقامت** (اِ۔ قا۔ مَت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) قیام۔ قرار۔ (۲) وطن۔ مسکن (۳) تکبیر نماز با جماعت۔

اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔ قیام کرنے والا۔

**اقانیم** (اَ۔ قا۔ نیم) [ع۔ ا۔ مذکر] اقنوم کی جمع (۱) اصل۔ بنیادیں (۲) مقدس تثلیث کے افراد۔

اقانیم ثلاثہ۔ تثلیث کے افراد (خدا۔ عیسیٰ۔ روح القدس)

**اِقبال** (اِق۔ بال) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) زمانے کا موافق ہونا۔ (۲) اقرار۔ اعتراف۔

اقبالِ دعویٰ۔ مخالف کے دعویٰ کو تسلیم کر لینا۔

اقبال کرنا۔ اقرار کرنا۔ اعتراف کرنا۔

اقبال مند۔ خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔

اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔

**اِقبالی** (اِق۔ با۔ لی) [ع۔ صف] اقبال کرنے والا۔ جس نے اپنے کرتوت کا اعتراف کر لیا ہو۔

**اِقبالیات** (اِق۔ با۔ لِی۔ یات) [اُ۔ ا۔ مونث] حکیم الامت علامہ اقبال کے نظریات اور ان سے متعلق لٹریچر۔

**اِقتباس** (اِق۔ تِ۔ باس) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) چھانٹنا۔ چننا۔ اخذ کرنا۔ (۲) چنا ہُوا کلام (۳) روشنی لینا۔

**اِقتباسات** [ع۔ ا۔ مذکر] اقتباس کی جمع۔

**اِقتدا** (اِق۔ تِ۔ دا) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) پیروی کرنا (۲) امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔

**اِقتدار** (اِق۔ تِ۔ دار) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) زور۔ مقدرت۔ طاقت۔ بڑائی (۲) اختیار۔ حکومت۔ مرتبہ۔

اقتدارِ جائز۔ وہ اقتدار جو قانوناً درست ہو۔

**اِقتران** (اِق۔ تِ۔ ران) [ع۔ ا۔ مذکر] نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔

**اِقتصاد** (اِق۔ تِ۔ صاد) [ع۔ ا۔ مذکر] میانہ روی۔ اعتدال سے کام لینا۔

**اِقتصادی** (اِق۔ تِ۔ صا۔ دی) [ع۔ صف] اقتصاد سے متعلق۔ مالی۔ معاشی۔

**اِقتصادیات** (اِق۔ تِ۔ صا۔ دِ۔ یات) [ع۔ ا۔ مونث] معاشیات۔ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔

**اِقتضا** (اِق۔ تِ۔ ضا) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) خواہش کرنا (۲) تقاضا۔ ضرورت۔

**اقدار** (اَق۔ دار) [ع۔ ا۔ مونث] قدر کی جمع۔ قدریں۔

**اَقدام** (اَق۔ دام) [ع۔ ا۔ مذکر] قدم کی جمع۔

**اِقدام** (اِق۔ دام) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) قدم بڑھانا۔ پیش قدمی کرنا (۲) ارتکاب۔ عمل (۳) ارادہ۔

اقدامِ خود کشی۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرنا۔

اقدامِ قتل۔ کسی کے مار ڈالنے کا قصد کرنا۔

اقدامِ قتلِ عمد۔ جان بوجھ کر کسی کو قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔

**اقدامات** [ع۔ ا۔ مذکر] اقدام کی جمع۔

**اَقدس** (اَق۔ دَس) [ع۔ صف] بہت پاک۔ اطہر۔

**اِقرار** (اِق۔ رار) [ع۔ ا۔ مذکر] ہاں۔ منظور۔ قول قرار۔ عہد و پیمان۔

Marfat.com

اقرارِ جُرم اصلاحِ جُرم۔(مثل) جرم کا مان لینا اس کی سختی کو کم کرتا ہے۔
اقرارِ صالح۔(۱) صحیح اقرار (۲) حلفی بیان
اقرار نامہ۔(۱) اقرار کی تحریر (۲) وہ دستاویز جس میں کسی بات کا وعدہ لکھا ہو
اِقراری۔(اِق - را - ری) (ع۔صف) اقبالی۔ اعتراف کرنے والا۔
اقران۔(اَق۔ران) (ع۔ا۔مذکر) (۱) قرین کی جمع۔ ہم عصر لوگ۔ معاصرین (۲) قرن کی جمع۔ زمانے۔
اقرب۔(اَق۔رَب) (ع۔صف) بہت نزدیک۔
اقربا۔(اَق۔رِ۔با) (ع۔ا۔مذکر) قریب کی جمع۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔
اقساط۔(اَق۔ساط) (ع۔ا۔مذکر) قسط کی جمع۔ قسطیں۔ حصے۔
اقسام۔(اَق۔سام) (ع۔ا۔مونث) قسم کی جمع۔ قسمیں۔ انواع۔
اقصیٰ۔(اَق۔صا) (ع۔صف) بہت دُور۔ بیت المقدس۔
اقطاب۔(اَق۔طاب) (ع۔ا۔مذکر) قطب کی جمع۔
اقطاع۔(اِق۔طاع) (ع۔ا۔مذکر) قطع کی جمع۔ ٹکڑے۔
اقل (اَ۔قل) (ع۔صف) بہت تھوڑا۔ حقیر۔
اقلِ درجہ۔ کم سے کم۔
اقل قلیل۔ تھوڑے کا بھی بہت تھوڑا۔ قلیل ترین۔
اقلیت۔(اَ۔قل۔لی۔یت) (ع۔ا۔مونث) (۱) تھوڑا ہونا۔ (۲) کسی ملک میں کوئی خاص گروہ۔ جس کی تعداد دوسروں سے کم ہو۔
اُقلیدس۔(اُق۔لے۔دِس) (یو۔ا۔مذکر) (۱) کلید ہندسہ یعنی ہندسہ کا کھولنے والا (۲) ایک یونانی حکیم کا نام جس کے نام سے علم جیومیٹری کی بنیاد پڑی (۳) اشکالِ ریاضی اور ہندسے کا علم۔
اِقلیم۔(اِق۔لیم) (ع۔ا۔مونث) ولایت۔ ملک۔
اُقنوم۔(اُق۔نوم) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ہر چیز کی اصل بنیاد۔ (۲) دینِ مسیحی میں خدا کا ہر جُزو (باپ بیٹے اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں) جمع: اقانیم
اِقوا۔(اِق۔وا) (ع۔ا۔مذکر) اعراب کی تبدیلی سے قافیے کا بدل جانا جو کہ علم قافیہ کا ایک عیب ہے۔
اقوال۔(اَق۔وال) (ع۔ا۔مذکر) قول کی جمع۔ باتیں۔ مقولے
اقوام۔(اَق۔وام) (ع۔ا۔مذکر) قوم کی جمع۔ قومیں۔ گروہ

## ا - ک

اک۔(و۔صف) ایک کا مخفف۔
اک بارگی (۱) دفعتاً۔ اچانک۔ ناگہاں (۲) ایک دم۔ اکٹھا۔
اک تارا (۱) ایک قسم کا باریک کپڑا (۲) ایک تار کا تنبورا۔
اک تالا۔ طبلے کی ایک گت۔
اک ترا۔ بخار جو ایک روز بیچ آئے۔
اک خدائی۔ ساری دنیا۔ تمام لوگ۔
اک دَرا۔ ایک دَر کا دالان۔
اک دم۔ دفعتاً۔ اچانک۔
اک سار۔ ایک قسم کے۔ یکساں۔ برابر۔ ہموار۔
اک گونہ۔ کسی قدر۔ تھوڑا سا۔
اک نظر دیکھنا۔ تھوڑی دیر دیکھنا۔
اِکّا۔(اِک۔کا) (و۔ا۔مذکر) (۱) ایک گھوڑے کی گاڑی (۲) گنجفہ کا ایک ورق یا تاش کا وہ پتہ جس میں ایک بوٹی ہو (صف) (۳) اکیلا۔ تنہا (۴) یکتا۔ بے نظیر۔
اکّا دُکّا۔ اکیلا دکیلا۔ ایک آدھ۔ بہت کم۔ خال خال
اکابر (اَ۔کا۔بِر) (ع۔صف) اکبر کی جمع۔ بڑے لوگ۔ مقتدر آدمی۔
اکاڈمی۔(اَ۔کا۔ڈ۔می) (معرب۔ا۔مونث) دیکھیے اکیڈمی۔
اِکارت۔(اَ۔کا۔رَت) (و۔صف) بے فائدہ۔ ضائع۔ بیکار۔
اکاسرہ۔(اَ۔کا۔سِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذکر) کسریٰ کی جمع۔ قدیم شاہانِ ایران کا لقب۔
اِکاسی (اِ۔کا۔سی) (و۔صف) اسّی کے بعد کا عدد۔
اکال۔(اَ۔کال) (و۔ا۔مذکر) (۱) بے وقت (۲) قحط۔ گرانی (۳) توڑا۔ کمی۔
اکالی (اَ۔کا۔لی) (و۔ا۔مذکر) (۱) سکھوں کا ایک فرقہ (۲) اس فرقے کا آدمی۔
اِکانوے۔(اِ۔کان۔وے) (و۔صف) نوّے کے بعد کا عدد
اکاؤنٹ (ACCOUNT) (اَ۔کا۔اُنٹ) (انگ۔ا۔مذکر) حساب کتاب۔
اکاؤنٹنٹ (ACCOUNTANT) (اَ۔کا۔اُن۔ٹنٹ) (انگ۔ا۔مذکر) محاسب۔ حساب کی پڑتال کرنے والا۔
اکاؤنٹنٹ جنرل (ACCOUNTANT GENERAL) محکمہ حساب و کتاب کا اعلیٰ افسر۔
اِکائی۔(اِ۔کا۔ای) (و۔ا۔مونث) (۱) ایک (۲) شمار کا پہلا درجہ۔ ریاضی میں ایک سے نو تک ہر ہندسہ اکائی شمار کیا جاتا ہے۔
اکبر۔(اَک۔بَر) (ع۔صف) بہت بڑا۔
اکتالیس۔(اِک۔تا۔لیس) (و۔صف) چالیس اور ایک۔
اُکتانا۔(اُک۔تا۔نا) (و۔مص) دل برداشتہ ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ آنا۔
اِکتساب (اِک۔تِ۔ساب) (ع۔ا۔مذکر) کمانا۔ ذاتی محنت سے حاصل کرنا۔
اِکتشاف۔(اِک۔تِ۔شاف) (ع۔ا۔مذکر) کسی نامعلوم بات کا دریافت ہونا۔
اِکتشافات۔(اِک۔تِ۔شافات) (ع۔ا۔مذکر) اکتشاف کی جمع۔ ایجادات۔ معلومات۔ تحقیقات۔
اکتشافاتِ جدیدہ۔ جدید معلومات۔ نئی تحقیقات۔
اِکتفا۔(اِک۔تِ۔فا) (ع۔ا۔مذکر) کفایت کرنا۔ کافی سمجھنا۔
اکتفا کرنا۔ کافی ہونا۔ بس کرنا۔ قناعت کرنا۔

Marfat.com

اکتوبر (OCTOBER) (اِک - تو - بر) (انگ - ا - مذکر) سنِ عیسوی کے دسویں مہینے کا نام۔
اِکتیس - (اِک - تیس) (ہ - صفت) تیس کے بعد کا عدد۔
اِکٹھا - (اِ - کٹھ - ٹھا) (ہ - صفت) جمع کیا ہُوا - فراہم - ایک ساتھ۔
اکثر - (اَک - ثر) (ع - صفت) بہت زیادہ (تابع فعل) بارہا - عموماً - عام طور پر - کبھی کبھی۔
اکثر اوقات - اِبا - بیشتر - ہمیشہ
اکثر کرکے - بیشتر - بارہا۔
اکثریت - (اَک - ثَ - ری - یَت) (ع - ا - مونث) (۱) زیادتی - کثرت (۲) کسی ملک میں وہ گروہ جو تعداد میں دوسروں سے زیادہ ہو۔
اِکرام - (اِک - رام) (ع - ا - مذکر) (۱) کرم - بخشش (۲) عزت - تعظیم۔
اِکراہ - (اِک - راہ) (ع - ا - مذکر) گھن - نفرت - کراہت۔
اکرم - (اَک - رَم) (ع - صفت) بہت کریم - بہت مہربان - بہت بخشنے والا۔
اکڑ - (اَ - کڑ) (ہ - ا - مونث) (۱) مروڑ - بل (۲) گھمنڈ (۳) سرکشی۔
اکڑ باز - مغرور - شیخی خورا۔
اکڑ بازی - شیخی - غرور۔
اکڑ جانا - (۱) اینٹھ جانا - سخت ہو جانا (۲) بگڑ بیٹھنا۔
اکڑ فوں - غرور - گھمنڈ - شیخی۔
اکڑ نکالنا - شیخی نکالنا - مار پیٹ کر سیدھا کر دینا۔
اکڑاؤ - (اَک - ڑا - ؤ) (ہ - ا - مذکر) اینٹھن - کھنچاؤ۔
اکڑنا - (اَ - کڑ - نا) (ہ - مص) (۱) سوکھ کر سکڑنا اور کڑا ہونا (۲) ٹھٹھرنا (۳) چھاتی کو ابھارنا (۴) گھمنڈ دکھانا - (۵) ضد کرنا۔
اُکڑوں (اُک - ڑوں) (ہ - صفت) ایک بیٹھک پاؤں کے تلوے زمین پر اور بوجھ پاؤں پر۔
اُکسانا - (اُک - سا - نا) (ہ - مص) (۱) ابھارنا - اشتعال دینا - (۲) بھڑکانا (۳) روشنی تیز کرنے کے لیے چراغ کی بتی آگے بڑھانا۔
اِکسائز (EXCISE) (اِک - سا - ئز) (انگ - ا - مذکر) چنگی وغیرہ کا محصول۔
اکسائز ڈپارٹمنٹ (EXCISE DEPARTMENT) آبکاری کا محکمہ
اِکسپرٹ (EXPERT) (اِکس - پرٹ) (انگ - صفت) ماہر - مشاق۔
اکسپورٹ (EXPORT) (ایکس - پورٹ) (انگ - ا - مذکر) ملک کا تجارتی مال جو باہر بھیجا جائے - مال برآمد - برآمد۔
اِکسٹرا (EXTRA) (اِکس - ٹ - را) (انگ - صفت) فالتو - ضرورت سے زائد۔
اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (EXTRA ASSISTANT COMMISSIONER) زائد مددگار کمشنر۔

اِکسٹھ - (اِک - سٹھ) (ہ - صفت) ساٹھ کے بعد کا عدد۔
اِکسیر - (اِک - سیر) (ع - ا - مونث) (۱) وہ شے جو تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بنا دے - رسائن (۲) لازمی اثر کرنے والی دوا۔
اکسیر گر - کیمیا گر۔
اِکفا - (اِک - فا) (ع - ا - مذکر) عیوب قافیہ میں سے ایک عیب - قافیے کا حرف روی بدل جانا۔
اکفر - (اَک - فَر) (ع - صفت) نہایت کافر - سخت کافر۔
اکل - (ع - ا - مذکر) کھانا - غذا۔
اکل حلال - حلال روزی۔
اکل و شرب - کھانا پینا۔
اکل (اَ - کل) (ہ - صفت) اکیلا - تنہا۔
اکل کھرا - (۱) سب سے الگ رہنے والا - بے مروت (۲) بدمزاج۔
اِکلوتا - (اِک - لَو - تا) (ہ - صفت) اپنے ماں باپ کا ایک ہی بیٹا۔
اِکلوتی - (اِک - لو - تی) (ہ - صفت) اکلوتا کا مونث۔
اکمل (اَک - مَل) (ع - صفت) بڑا کامل - نہایت ماہرِ فن۔
اکناف - (اَک - ناف) (ع - ا - مذکر) کنف کی جمع - طرفیں - سمتیں۔
اِکنالجمنٹ (ACKNOWLEDGMENT) (اِک - نا - لج - منٹ) (انگ - ا - مونث) رسید - اقرار۔
اُکھاڑ - (اُ - کھاڑ) (ہ - ا - مونث) (۱) اکھاڑنے کا عمل (۲) کشتی کا ایک داؤں۔
اکھاڑ پچھاڑ - (۱) درہمی برہمی (۲) چغلی - غیبت (۳) اِدھر کی چیز اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کرنا۔
اکھاڑا - (اَ - کھا - ڑا) (ہ - ا - مذکر) (۱) وہ جگہ جو کشتی لڑنے کے لیے بنائی گئی ہو - دنگل (۲) سادھوؤں کی منڈلی (۳) تماشا دکھانے والوں یا گانے بجانے والوں کی منڈلی (۴) ناچ رنگ کی محفل۔
اکھاڑا جمنا - (۱) کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا (۲) کسی مقام پر بہت سے آدمیوں کا جمع ہونا۔
اُکھاڑنا - (اُ - کھاڑ - نا) (ہ - مص) (۱) جڑ سے کھودنا (۲) الگ کرنا (۳) دل برداشتہ کرنا (۴) نکالنا (۵) کسی کی صحبت سے خارج کرنا (۶) نوچنا - کھسوٹنا۔
اِکھتّر - (اِ - کھت - تَر) (ہ - صفت) ستّر کے بعد کا عدد۔
اکھٹا - (اِ - کھٹ - ٹا) (ہ - صفت) دیکھیے اکٹھا۔
اکہرا - (اِ - کہ - را) (ہ - صفت) ایک پرت کا - ایک تہ کا۔
اکہرا بدن - پتلا جسم - چھریرا جسم۔
اکہری - (اِ - کہ - ری) (ہ - صفت) اکہرا کی تانیث۔
اکہری سواری - ڈولی یا پینس میں ایک شخص کا سوار ہونا۔
اکھڑ - (اَکھ - کھڑ) (ہ - صفت) سخت مزاج - اُجڈ - بدتمیز - جھگڑالو۔
اکھڑپن - (اَکھ - کھڑ - پَن) (ہ - صفت) اجڈپن - بدتمیزی - سخت مزاجی۔

Marfat.com

اکھڑپن کی لینا۔ جہالت اور اُجڈپن کا کام کرنا۔
اُکھڑا اُکھڑا۔ (اُکھ۔ڑا۔ اُکھ۔ڑا) (ہ۔ صفت) (۱) اپنی جگہ سے الگ (۲) الگ الگ (۳) رنجیدہ
اُکھڑا اُکھڑا رہنا۔ اُکھڑے اُکھڑے رہنا۔ دور دور رہنا۔ میل ملاپ نہ رکھنا۔ ناراض رہنا
اُکھڑنا۔ (اُ۔کھڑ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) جڑ سے الگ ہونا (۲) عضو کا جوڑ سے جدا ہونا (۳) بیزار ہونا (۴) سانس کا سلسلہ آمد و رفت ٹوٹ جانا (۵) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا (۶) آواز کا بے تال اور بے سُرا ہو جانا (۷) اچٹ جانا (۸) ٹوٹنا۔ ڈھے جانا (۹) کھلنا۔ الگ ہونا (۱۰) کھدنا۔
اُکھڑوانا۔ (اُ۔کھڑ۔وا۔نا) (مص) اکھڑنا کا متعدی المتعدی۔
اُکھڑی اُکھڑی۔ (اُکھ۔ڑی۔ اُکھ۔ڑی) (ہ۔ صفت) اُکھڑا اُکھڑا کی تانیث۔
اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا (۱) بے دلی سے باتیں کرنا (۲) انمل بے جوڑ گفتگو کرنا
اکھِل (اَ۔کھل) (س۔ صفت) تمام۔ کل۔ پورا۔ مکمل۔
اُکھل (اُ۔کھل) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے اُکھلی۔
اُکھلی۔ (اُکھ۔لی) (ہ۔ا۔ مونث) لکڑی کا ایک برتن جس میں دھان وغیرہ ڈال کر کوٹتے ہیں۔ تاکہ چھلکا الگ ہو جائے۔
اکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) کا کیا ڈر (مثل) جب کوئی خطرے کا کام اپنے ذمے لے لیا تو کسی کے ڈرانے دھمکانے کا کیا ڈر۔
اکھنڈ۔ (اَ۔کھنڈ) (س۔ صفت) (۱) جس کے ٹکڑے نہ ہوں۔ پورا (۲) کم سن۔
اکھوٹ۔ اکھوٹا (اَ۔کھوٹ۔ اَ۔کھو۔ٹا) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) چکی کی کیلی جس پر اُوپر کا پاٹ گھومتا ہے (۲) لکڑی یا لوہے کا ڈنڈا جس پر چرخی یا گراری گھومتی ہے۔
اکھولا۔ (اَ۔کھو۔لا) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے اکولا۔
اُکھیڑ۔ (اُ۔کھیڑ) (ہ۔ا۔ مونث) دیکھیے اکھاڑ۔
اکھیڑ مارنا (۱) داؤں مارنا۔ پیچ کرنا (۲) مخالفت کرنا۔
اُکھیڑنا۔ (اُ۔کھیڑ۔نا) (ہ۔ مص) دیکھیے اکھاڑنا۔
اِکی۔ (اِک۔کی) (ہ۔ا۔ مونث) تاش کا وہ پتہ جس میں ایک بوٹی ہو۔ اکا۔
اِکے دُکے۔ (اِک۔کے۔ دُک۔کے) (ہ۔ صفت) اکیلے دکیلے۔ تنہا تنہا۔
اکید۔ (اَ۔کید) (ع۔ صفت) محکم۔ مضبوط (تاکید کے ساتھ بولتے ہیں)
اکیڈمی (ACADEMY) (اَ۔کے۔ڈ۔می) (انگ۔ا۔ مونث) علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکادمی۔ اکادیمیہ۔
اکیس (اِک۔کیس) (ہ۔ صفت) بیس کے بعد کا عدد۔
اکیلا (اَ۔کے۔لا) (ہ۔ صفت) (۱) تنہا (۲) یکتا۔ لاثانی۔
اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔ (مثل) تنہا آدمی سے کسی بڑے کام کا انجام پانا غیر ممکن ہے۔
اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا (مثل) اکیلے آدمی سے کوئی بات نہیں بن پڑتی۔ اکیلا آدمی نہ دکھ سہار سکتا ہے نہ عیش و آرام کا مزہ پا سکتا ہے۔
اکیلے اکیلے۔ تنہا۔ الگ الگ۔
اکیلے دُکیلے۔ ایک دو آدمی۔ یکہ و تنہا۔
اکیلے دکیلے کا اللہ بیلی (مثل) تنہا آدمی کا خدا ہی مددگار ہوتا ہے۔
اکیلی۔ (اَ۔کے۔لی) (ہ۔ صفت) اکیلا کی تانیث۔
اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی (مثل) تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔
اکیلی جان۔ تن تنہا۔ جس کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو

## ا - گ

اگاڑی (اَ۔گا۔ڑی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) آگے کا حصہ (۲) گھوڑے کے اگلے پیروں کی دو رسیاں جو دائیں بائیں کھونٹیوں سے باندھی جاتی ہیں۔ پچھاڑی کی ضد۔ (۳) (تابع فعل) آگے آگے جا کر۔ پہلے۔ شروع میں۔ سامنے
اُگال۔ (اُ۔گال) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) پیک (۲) اُگلی ہوئی چیز۔
اگالدان۔ پیک دان۔ تھوکنے کا برتن۔
اُگانا۔ (اُ۔گا۔نا) (ہ۔ مص) جمانا۔ پیدا کرنا (۲) روشن کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اُگاہنا۔ (اُ۔گاہ۔نا) (ہ۔ مص) وصول کرنا۔ لوگوں سے ان کے وعدے کے مطابق غلہ یا روپیہ اکٹھا کرنا۔
اُگاہی۔ (اُ۔گا۔ہی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) مختلف لوگوں سے وعدے کے مطابق غلہ یا روپیہ کی وصولی۔ روپیہ وصول کرنے کا کام (۲) وصول کیا ہوا روپیہ پیسہ (۳) زمین کا لگان (۴) ایک قسم کا روپے کا لین دین۔
اگد۔ (اَ۔گد) (ہ۔ا۔ مونث) ہاتھی کو تیز چلانے اور آگے بڑھانے کی آواز۔
اگر۔ (اَ۔گر) (ہ۔ا۔ مونث) عودِ ہندی۔ ایک قسم کی لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے۔
اگربتی۔ وہ بتی جو اگر کی لکڑی پیس کر بنائی جاتی ہے۔
اگردان۔ اگرسوز۔ وہ ظرف جس میں اگر کی بتیاں لگا کر جلاتے ہیں۔
اگر۔ (اَ۔گر) (ف۔ حرف شرط) جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔
اگرچہ۔ ہرچند۔ باوجودیکہ۔ گوکہ۔
اگر مگر۔ لیت و لعل۔ حیلہ حوالہ۔
اگڑ دھگڑ (اَگڑ۔ دھگڑ) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) دھڑنے کی سی آواز (۲) (صفت) بدن کا بھاری اور بھدا آدمی۔
اگروال۔ (اَگ۔گر۔وال) (ہ۔ا۔ مذکر) بنیوں کی ذات۔
اگڑا۔ (اَگ۔ڑا) (ہ۔ا۔ مونث) جوار، باجرے وغیرہ کی بال جس میں سے دانہ جھاڑ لیا گیا ہو۔ کھکھڑی۔ اکھرا۔
اگڑ بگڑ۔ (اَ۔گڑ۔ بَ۔گڑ) (ہ۔ صفت) بے سر پیر کا۔ اول جلول۔

Marfat.com

**اگڑم بگڑم** (اَگ - ڑَم - بَگ - ڑَم) [ہ - صفت] (۱) بے کار - بے معنی (باتیں) (۲) اُلٹی جلی - گڈمڈ (۳) [مذکر] فضول چیزیں۔

**اِگزکٹو** (اِگ - زِک - ٹیو) (EXECUTIVE) [انگ - صفت] انتظامی۔

**اگست** (اَ - گَست) (AUGUST) [انگ - ا - مذکر] سن عیسوی کا آٹھواں مہینہ۔

**اُگل آنا - اُگل پڑنا** - [ہ - مص] (۱) نگلی ہوئی چیز کا منہ سے باہر آنا (۲) تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا (۳) دل کی بات کا ظاہر کرنا۔

**اُگل دینا** - دیکھیے اُگلنا۔

**اگلا** - (اَگ - لا) [ہ - صفت] (۱) آگے کا (۲) پہلے کا (۳) گزشتہ (۴) آئندہ (۵) ہوشیار - چلتا ہوا۔

**اگلا پچھلا** پہلا اور آخری - آئندہ اور گزرا ہوا۔

**اگلے زمانے والے - اگلے لوگ** (۱) پہلے وقتوں کے لوگ - متقدمین (۲) [مجازاً] بھولے بھالے - سادہ لوح۔

**اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی** (مثل) نہایت بدانتظامی ہے۔

**اگلے نے کیا پچھلے پر آئی** - (مثل) بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی۔

**اگل پچھل** (اَ - گَل - پَ - چھَل) [ہ - ا - مونث] (۱) آگے پیچھے (۲) پس و پیش (۳) گھوڑے کی جوڑی بجائے برابر جوڑنے کے آگے پیچھے جوڑنا۔

**اُگلنا** - (اُ - گَل - نا) [ہ - مص] (۱) تھوک دینا (۲) ہضم کیا ہوا مال بے بس ہو کر واپس کرنا (۳) بھید کھول دینا۔

**اُگلوانا - اُگلانا** - (اُ - گَل - وا - نا - اُگ - لا - نا) [ہ - مص] (۱) منہ سے نکلوانا (۲) اقبال کرانا (۳) ہضم کئے ہوئے مال کو نکلوانا۔

**اُگلے تو اندھا - کھائے تو کوڑھی** (مثل) مشہور ہے کہ اگر سانپ چھچھوندر کو اگل دے تو اندھا اور کھا جائے تو کوڑھی ہو جاتا ہے۔ کرنا نہ کرنا دونوں صورتوں کا ناممکن ہونا۔

**اگن** - (اَ - گَن) [ہ - ا - مذکر] (۱) آگ (۲) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ۔

**اگن باؤ** - (۱) گھوڑوں کا ایک مرض جس میں ان کی کھال اُدھڑ جاتی ہے اور رونگٹے گر جاتے ہیں (۲) گرمی - آتشک۔ (۳) بادسموم۔

**اگن بوٹ** - اسٹیمر - دخانی کشتی۔

**اگن چڑیا** - آگ کا کیڑا جسے سمندر بھی کہتے ہیں۔

**اگنی** - (اَ - گن) [س - صفت] اناڑی - بے ہنر - پھوہڑ۔

**اُگنا** - (اُگ - نا) [ہ - مص] ظاہر ہونا - نمو پانا - پیدا ہونا۔

**اگنی** - (اَگ - نی) [ہ - ا - مونث] آگ۔

**اگنی بان** - وہ تیر جن سے آگ لگائی جاتی تھی۔

**اگواڑا** - (اَگ - وا - ڑا) [ہ - ا - مذکر] مکان کا سامنے والا حصہ - پچھواڑے کی ضد۔

**اگوائی** - (اَگ - وا - ئی) [ہ - ا - مونث] (۱) پیشوائی - استقبال۔ (۲) راہنمائی۔

**اگولا** - (اَ - گو - لا) [ہ - ا - مذکر] گنے کے اوپر کا حصہ جو پھیکا ہوتا ہے۔

**اگھن** - (اَ - گھن) [ہ - ا - مذکر] ہندی سال کا نواں مہینہ جو تقریباً نصف نومبر سے نصف دسمبر تک رہتا ہے۔

**اگھور** - (اَ - گھور) [س - صفت] (۱) ہیبت ناک (۲) [مذکر] شیو جی کا ایک لقب۔

**اگھور پنتھ** - ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ جو شیو جی کا پجاری ہے۔ اور پاخانہ پیشاب اور کھانے پینے کی چیزوں میں تمیز نہیں کرتا۔

**اگھوری** (اَ - گھو - ری) [ہ - صفت] اگھور پنتھ کا فرد (۲) لالچی - پیٹو۔

# ا - ل

**الا** - (اَ - لا) [ع - حرف تنبیہ] ہوشیار ہو - خبردار ہو۔

**اِلّا** - (اِل - لا) [ع] مگر - لیکن - بجز - سوا۔

**اِلّا الذّی نہ اِلّا الذّی** - نہ ادھر کا نہ اُدھر کا - مذبذب۔

**اِلّا اللہ** - (۱) مگر اللہ - کلمہ طیبہ کا جز (۲) اہلِ ذکر بزرگوں کا وظیفہ۔

**اِلّا ماشاء اللہ** - (۱) مگر جو کچھ چاہا اللہ نے (۲) [مجازاً] شاذ و نادر - کہیں کہیں۔

**الابلا** - (اَ - لا - بَ - لا) [اَر - ا - مونث] بُری سے بُری چیز - وبال - مصیبت۔

**الا بلا بر گردنِ مُلّا** (مثل) سارا وبال مُلّا کی گردن پر۔

**الاوں بلاوں صحنک سرکاوں** (مثل) چکنی چپڑی باتیں کرکے مطلب نکالنا۔

**الاپ** - (اَ - لاپ) [ہ - ا - مونث] آواز کا اتار چڑھاؤ - تان - سُر۔

**الاپنا** - (اَ - لاپ - نا) [ہ - مص] سُر کھینچنا - تان لگانا - گانا۔

**الاٹ مینٹ** (اَ - لاٹ - مینٹ) (ALLOTMENT) [انگ - ا - مونث] (۱) حصہ مقررہ - مفوضہ (۲) بٹوارا - (۳) نامزدگی - تعیّن۔

**اِلاچا** - (اِ - لا - چا) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا منقّش کپڑا جو ریشم اور سوت ملا کر بنایا جاتا ہے۔ (ن) لاچا۔

**الاچا بیگ** (۱) کٹھ پتلی کے تماشے میں ایک دُبلی پتلی مضحکہ خیز شکل کا نام (۲) سُوکھا - دُبلا اور بدقطع شخص۔

**الاچی - اِلائچی** - (اِ - لا - چی - اِ - لا - اِ - چی) [ہ - ا - مونث] ایک خوشبودار چھوٹے سے پھل کا نام جس کے دانے خوشبو کے لیے کھانے یا گرم مصالحہ اور پان وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ بڑی الائچی اور چھوٹی الائچی۔

**الائچی (الائچی) دانہ** - الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھی ہوئی مٹھائی۔

Marfat.com

اَلار۔ (اُ۔ لار) [ہ۔ صفت] پچھلے حصے میں بوجھ زیادہ ہونے کے باعث گاڑی کا اگلا حصہ اُوپر کو اُٹھ جانا۔
الاراسی۔ (اَ۔ لا۔ را۔ سی) [ہ۔ صفت] بے پروا۔ بے فکر۔ لااُبالی۔
الاراسی کا کارخانہ۔ بے پروائی کا کام۔ بے ترجیبی کا کارخانہ۔
الارم (ALARM) (اَ۔ لا۔ رم) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) خطرے سے آگاہی (۲) گھنٹی۔ گھڑی کی جگانے والی گھنٹی۔
اِلاسٹک (ELASTIC) (اِ۔ لاس۔ ٹِک) [انگ۔ ا۔ مونث] لچک دینے والی چیز۔ ربڑ کا بنا ہوا فیتہ۔
اُلاغ۔ (اُ۔ لاغ) [ت۔ ا۔ مونث] (۱) چھوٹی کشتی۔ (۲) ڈاک کا گھوڑا۔ خر بارکش۔
اَلاَقارِب کالعقارب۔ [ع۔ مثل] عزیز بچھو کی طرح نیش زنی کرتے ہیں۔ عزیزوں ہی سے زیادہ تکلیف پہنچتی ہے۔
اَلاَمان۔ (اَل۔ اَ۔ مان) [ع] امن چاہنا (۱) پناہ بخدا (۲) (مونث) امن۔ پناہ۔ رحم۔
الامان کہنا۔ پناہ مانگنا۔
اَلآن۔ (اَل۔ آن) [ع۔ ابھی۔ اسی وقت۔
اَلاِنتظارُ اَشدُّ مِنَ المَوت۔ [ع۔ مثل] انتظار کی تکلیف موت سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔
اُلانگنا۔ اُلانگھنا۔ (اُ۔ لانگ۔ نا۔ اُ۔ لانگھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کسی چیز کے اُوپر سے اس طرح گزر جانا کہ اس پر پاؤں نہ پڑے۔ (۲) چابک سواروں کی اصطلاح میں گھوڑے پر اوّل مرتبہ چڑھنا۔
اُلاہنا۔ (اُ۔ لاہ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) شکوہ (۲) بدنامی۔ (۳) سرزنش۔
الاہنا دینا۔ (۱) شکوہ کرنا (۲) الزام دینا۔
الاؤ۔ (اَ۔ لا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذکر] آگ کا ڈھیر۔
الاؤنس (ALLOWANCE) (اَ۔ لا۔ اُنس) [انگ۔ ا۔ مذکر] بھتا۔ زائد خرچ۔
الباب۔ (اَل۔ باب) [ع۔ ا۔ مونث] لُب کی جمع۔ عقلیں۔
البتّہ۔ (اَل۔ بت۔ تا) [ع۔ تابع فعل] (۱) بے شک۔ ضرور۔ بے شبہ (۲) ہاں۔ بہتر (۳) مگر۔ اِلّا۔ لیکن۔
البتہ البتہ۔ ضرور۔ ضرور۔
ال بل۔ (اَل۔ بَل) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) غرور (۲) کج بحثی۔ (۳) صدقے۔ قربان۔
ال جاؤں بل جاؤں جھگڑے کے وقت ٹل جاؤں [مثل] یوں تو صدقے قربان جاتے ہیں۔ لیکن وقت پڑنے پر شکل بھی نہیں دکھاتے۔
البم (ALBUM) (اَل۔ بَم) [انگ۔ ا۔ مذکر] تصویریں رکھنے کی بیاض۔ مرقع۔
البیلا۔ (اَل۔ بے۔ لا) [ہ۔ صفت] (۱) چھیلا۔ بانکا (۲) آزاد مزاج۔ (۳) انوکھا (۴) بھولا بھالا۔

البیلاپن۔ بانکپن۔
البیلی۔ (اَل۔ بے۔ لی) [ہ۔ صفت] البیلا کی تانیث۔
البیلی چال۔ مستانہ چال۔
الپاکا۔ اِلپکا۔ (ALPAKA) (اَل۔ پا۔ کا۔ اَل۔ پ۔ کا) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) امریکہ کا ایک جانور جس کے بال لمبے اور اون کی طرح ملائم ہوتے ہیں (۲) الپاکا کا اون (۳) ایک کپڑا جو ریشم یا سوت اور الپاکا کا اون ملا کر بنایا جاتا ہے۔
اِلتباس۔ (اِل۔ تِ۔ باس) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) یکسانیت کے سبب شبہ پڑنا (۲) ہم شکل ہونا۔
اِلتجا۔ (اِل۔ تِ۔ جا) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) آرزو کرنا (۲) منت سماجت (۳) عرض۔ گزارش۔ درخواست۔
التجا کرنا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔
اِلتزام۔ (اِل۔ تِ۔ زام) [ع۔ ا۔ مذکر] کسی بات کو لازم کر لینا۔
اِلتفات۔ (اِل۔ تِ۔ فات) [ع۔ ا۔ مونث] توجہ۔ رغبت۔ دھیان۔
اِلتماس۔ (اِل۔ تِ۔ ماس) [ع۔ ا۔ مذکر] درخواست۔ عرض گزارش۔
التماس پذیرا ہونا۔ گزارش منظور ہونا۔
التمش۔ (اَل۔ تَ۔ مِش) [ت۔ ا۔ مذکر] (۱) آگے کی فوج۔ ہراول (۲) خاندانِ غلامان کے بادشاہ شمس الدین کا لقب (صحیح۔ اَل تَمش)
التمغا۔ (اَل۔ تَم۔ غا) [ت۔ ا۔ مذکر] (۱) سرخ مہر (۲) (مجازاً) زبان شاہی (۳) معافی یا جاگیر کی سند۔
اِلتوا۔ (اِل۔ تِ۔ وا) [ع۔ ا۔ مذکر] آئندہ پر اٹھا رکھنا۔ ملتوی کرنا۔
اِلتہاب۔ (اِل۔ تِ۔ ہاب) [ع۔ ا۔ مذکر] شعلہ بھڑکنا۔ آگ مشتعل ہونا۔
التہاب زائدہ۔ ایک مرض جس میں اندھی آنت سوج جاتی ہے۔ اور اس میں سوزش ہوتی ہے (APPENDICITIS)
اِلتیام۔ (اِل۔ تِ۔ یام) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) زخم بھرنا۔ (۲) باہم ملنا۔
التیام پانا۔ التیام دینا۔ زخم بھرنا۔
اُلٹ۔ (اُ۔ لَٹ) [ہ۔ صفت] (۱) برعکس۔ مخالف (۲) ٹیڑھا۔ (۳) اوندھا (۴) برگشتہ (۵) خلافِ قاعدہ۔ خلافِ معمول (۶) واپس۔
الٹ آنا۔ پلٹ آنا۔ جہاں سے چلے وہیں آکر گرنا۔
الٹ پڑنا (۱) پلٹا کھانا (۲) پلٹ کر حملہ کرنا (۳) خفے ہونا۔ (۴) مخالف ہو جانا (۵) اوندھا ہو جانا (۶) خلافِ امید نتیجہ برآمد ہونا۔
الٹ پلٹ۔ درہم برہم۔ الٹا سیدھا۔ بے ترتیب۔
الٹ پھیر۔ الٹی سیدھی بات۔ چکر کی بات۔
الٹ پھیر۔ (۱) ہیر پھیر (۲) مکر و فریب (۳) گالی گلوچ۔ تکرار۔

Marfat.com

**الٹ جانا**۔ (۱) پلٹ جانا (۲) اُلٹ جانا (۳) اوندھا ہو جانا (۴) منحرف ہو جانا (۵) گر پڑنا (۶) خلاف ہونا۔ مکر جانا۔
**الٹ دینا**۔ (۱) ادھر سے اُدھر کر دینا (۲) الٹا دینا (۳) چت کو پٹ کر دینا (۴) تباہ کر دینا۔
**الٹ کے جواب دینا**۔ (۱) پیام کا جواب لا دینا (۲) ترکی بہ ترکی جواب دینا۔
**اُلٹا** (اُل۔ٹا) [ ہ۔ صفت] (۱) اوندھا (۲) خلاف (۳) واپس۔
**اُلٹا پانسا پڑنا** (۱) ہار جانا (۲) کوشش رائگاں جانا۔
**الٹا پلٹا** (۱) بے ترتیب۔ تلے اوپر (۲) بے ڈھنگا۔ اوندھا۔
**الٹا پلٹی**۔ پھیر پھار۔ ادھر کا ادھر کرنا۔
**الٹا پھر آنا**۔ جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ پہنچتے ہی واپس آجانا۔
**الٹا توا**۔ نہایت کالا۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگا۔
**الٹا ٹانگنا**۔ ٹانگیں باندھ کے سر کے بل لٹکانا۔ سخت سزا دینا۔
**الٹا جواب دینا**۔ ٹیڑھا جواب دینا۔
**الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے**۔ (مثل) اپنے کرتوت پر شرمانے کے بجائے ٹوکنے والے کو آنکھیں دکھانا۔
**الٹا زمانہ**۔ بُرا زمانہ۔ کلجگ۔
**الٹا سبق پڑھانا**۔ خلاف بات سکھانا۔ بہکانا۔
**الٹا سیدھا**۔ بے قاعدہ۔ بے ترتیب۔ جا بے جا۔
**الٹا لٹکانا**۔ الٹا ٹانگنا۔
**الٹا لیا جائے نہ سیدھا**۔ جہاں کوئی شخص کسی طرح قابو میں نہ آئے اور نہ قائل ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں۔
**الٹے استرے سے سر مُنڈوانا** (مثل) بڑی ذلت کی سزا دینا۔
**الٹے بانس بریلی کو** (مثل) برعکس بات۔ حماقت کا کام۔ بے فائدہ کام۔
**الٹے پاؤں پھرنا**۔ فوراً واپس ہونا۔ جلد پلٹ جانا۔ ترت لوٹنا۔
**الٹے پاؤں چلنا**۔ پشت کی طرف چلنا۔
**الٹے پھر آنا**۔ فوراً پلٹ آنا۔
**الٹے سر ہو جانا**۔ خوش ہونے کے بجائے ناراض ہو جانا۔ مفت میں پیچھے پڑ جانا۔
**الٹے سیدھے**۔ حق ناحق۔ جا بے جا۔
**الٹے قدم پڑنا**۔ آگے جانے کے بجائے پیچھے پلٹنا۔
**الٹے گدھے پر چڑھانا**۔ ملزم کا سر منڈوا کر اور گدھے کی دُم کی طرف منہ کر کے سارے شہر میں گھمانا۔
**الٹے ہاتھ کا (داؤں)** کھیل (کرتب) بہت آسان۔ نہایت سہل۔
**اُلٹانا**۔ (اُل۔ٹا۔نا) [ ہ۔ مص ] (۱) پلٹانا (۲) اور کا اور کرنا یا کہنا (۳) پھیرنا۔ دوسری حالت میں رکھنا۔
**اُلٹنا**۔ (اُ۔لٹ۔نا) [ ہ۔ مص ] (۱) پلٹنا۔ اوندھا کرنا (۲) پلٹانا (۳) تہ و بالا کرنا (۴) بدل دینا (۵) پچھاڑنا (۶) اجاڑنا (۷) بار بار کہنا (۸) انڈیلنا (۹) چڑھانا۔ منڈھانا
**اُلٹی**۔ (اُل۔ٹی) [ ہ۔ صفت] اُلٹا کی تانیث (۱) خلاف (۲) مخالف (۳) اوندھی (۴) [مونث] قے۔
**الٹی آنتیں گلے پڑنا**۔ لینے کے دینے پڑنا۔ نیکی کا بدلہ بدی میں ملنا۔
**الٹی بات**۔ خلاف بات۔ بے ڈھنگی بات۔ بے جا بات۔
**الٹی پٹی پڑھانا** (۱) غلط سبق پڑھانا۔ بہکانا (۲) دل پھیر دینا۔
**الٹی پلٹی باتیں**۔ بے قرینہ باتیں۔ بے ڈھنگی باتیں۔
**الٹی تقدیر**۔ الٹا نصیبا۔ بد قسمتی۔
**الٹی چھری سے حلال کرنا**۔ نہایت ظلم کرنا۔ بڑی زیادتی کرنا۔
**الٹی ریت**۔ رسم کے خلاف بات۔ دستور کے خلاف بات۔
**الٹی سمجھ**۔ حماقت۔ نافہمی۔ بے عقلی
**الٹی سمجھے نہ سیدھی**۔ کسی طرح نہیں مانتا۔ ضدی ہے۔
**الٹی سیدھی باتیں کرنا**۔ بے تکی بات کہنا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔
**الٹی سیدھی سنانا**۔ بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔
**الٹی سیدھی ہانکنا**۔
**الٹی سیفی**۔ (۱) الٹی تلوار (۲) دعائے بد (۳) وہ جلالی وظیفہ جو دشمن کی تباہی یا ہلاکت کے لیے پڑھا جائے اور خود عامل پر اُس کا اثر ہو جائے۔
**الٹی کرنا**۔ قے کرنا۔
**الٹی کھیر کی**۔ بھسنڈ دوں کی بڑ۔
**الٹی کھوپری کی اندھا گیان** (مثل) احمق۔ اندھی کھوپری میں اندھی عقل
**الٹی کھوپری کا**۔ کج فہم۔ کوڑ مغز۔ اوندھی سمجھ کا۔
**الٹی گنگا بہانا**۔ خلاف دستور کام کرنا۔
**الٹی مالا پھیرنا**۔ خلاف دستور کرنا۔ کسی کی ہلاکت کے لئے کچھ پڑھنا۔
**الٹی مت**۔ دیکھئے الٹی سمجھ۔
**الٹی ہوا چلنا**۔ خلاف دستور کام ہونا۔ الٹا زمانہ آنا
**الٹی میٹم** (اَل۔ٹی۔مے۔ٹم) (ULTIMATUM) (انگ۔ا۔ مذکر) مشروط اعلان جنگ۔ آخری انتباہ۔ وہ آخری تجاویز یا شرائط جنہیں فریق ثانی منظور نہ کرے۔ تو شرائط پیش کرنے والا فریق اس سے اعلان جنگ کر دیتا ہے یا اس سے تعلقات منقطع کر لیتا ہے۔
**الجبرا**۔ (اَل۔جب۔را) (ع۔ا۔ مذکر) علم جبر و مقابلہ۔ ریاضی کی ایک شاخ۔
**الجوع**۔ (اَل۔جُوع) (ع۔ا۔ مذکر) اشتہا بھوک (بھوک کی شدت کا اظہار کرنے کے لیے بولتے ہیں)
**اُلجھانا**۔ (اُل۔جھا۔نا) (ہ۔ مص) (۱) پھنسانا (۲) جھگڑے میں ڈالنا (۳) پیچ در پیچ کرنا (۴) کام سے لگانا (۵) لڑوانا (۶) شادی کرانا (۷) فریب میں لانا (۸) باتوں میں لگانا (۹) تھوڑی دیر کے واسطے کپڑے کو پہننا (۱۰) کسی کام میں روک پیدا کرنا (۱۱) بحث کرانا (۱۲) لپیٹنا (۱۳) کسی کام میں دیر لگانا۔ التوا میں ڈالنا۔
**اُلجھاؤ۔ اُلجھاوا**۔ (اُل۔جھا۔او۔ اُل۔جھا۔وا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) بکھیڑا۔ مشکل۔ جنجال (۲) جھگڑا (۳) پھندا۔

گتھی۔ پیچ۔

**اُلجھ پڑنا** ۔ (اُ۔ لجھ۔ پڑ۔ نا)، (اُر۔ مص) بحث کرنے لگنا۔ جھگڑا کرنا۔

**اُلجھ جانا** ۔ (اُ۔ لجھ۔ جا۔ نا)، (اُر۔ مص) (۱) گتھی پڑ جانا۔ (۲) مشغول ہو جانا۔

**اُلجھ جائے گا تو سلجھ جائے گا** ۔ (مثل) بیاہ ہونے پر ٹھیک ہو جائے گا۔

**اُلجھن** (اُل۔ جھن)، (ہ۔ ا۔ مونث) گھبراہٹ۔ کشمکش۔ بے چینی۔ پریشانی۔

**اُلجھانا** (اُ۔ لجھ۔ نا)، (ہ۔ مص) (۱) پھنسنا (۲) تکرار کرنا (۳) گرہ در گرہ ہونا (۴) اٹکنا (۵) بکھیڑے میں پڑنا (۶) لپٹنا (۷) کام سے لگنا (۸) دیر کرنا (۹) دقت میں پڑنا۔ (۱۰) اٹک اٹک کر پڑھنا۔

**اُلجھیڑا** ۔ (اُل۔ جھے۔ ڑا)، (ہ۔ ا۔ مذکر) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کشمکش۔ مصیبت۔

**الجھیڑے میں پھنسنا** ۔ بلا میں پھنسنا۔

**الحاج** ۔ (اَل۔ حاج)، (ع۔ ا۔ مذکر) حاجی۔

**الحاح** ۔ (اِل۔ حاح)، (ع۔ ا۔ مذکر) گڑگڑانا۔ منت کرنا۔

**اِلحاد** ۔ (اِل۔ حاد)، (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) سیدھے راستے سے کترا جانا۔ (۲) دینِ حق سے پھر جانا۔

**الحاصل** ۔ (اَل۔ حا۔ صِل)، (ع۔ تابع فعل) آخر کار۔ مختصر یہ کہ۔

**اِلحاق** ۔ (اِل۔ حاق)، (ع۔ ا۔ مذکر) شامل ہونا۔ ملنا۔ داخل ہونا۔

**الحال** ۔ (اَل۔ حال)، (ع۔ تابع فعل) ابھی۔ اسی وقت۔ فی الحال۔

**اِلحان** ۔ (اِل۔ حان)، (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا (۲) لے۔ سُر (۳) (بفتح اول) لحن کی جمع۔ لَحنیت۔

**الحذر** ۔ (اَل۔ حَ۔ ذَر)، (ع) الامان۔ خدا کی پناہ۔ خبردار

**الحذر** (کرنا)، مانگنا۔ پناہ مانگنا۔

**الحفیظ** ۔ (اَل۔ حَ۔ فیظ)، (ع۔ صف) (۱) حفاظت کرنے والا (۲) پناہ۔ خدا بچائے۔

**اَلحق** ۔ (اَل۔ حَق)، (ع۔ تابع فعل) (۱) فی الحقیقت (۲) بے شک۔ درست۔

**الحمد** ۔ (اَل۔ حمد)، (ع۔ ا۔ مونث) (۱) سب تعریفیں۔ (۲) سورہ فاتحہ۔

**الحمد للہ** ۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ خدا کا شکر ہے۔

**الخ** ۔ (اَ۔ لخ)، (ع) الیٰ آخرہٖ کا مخفف۔ آخر تک۔ تمام (جب کسی عبارت کا تھوڑا سا حصہ لکھ کر باقی کو بخوفِ طوالت نہیں لکھتے تو الخ لکھ دیتے ہیں)۔

**الخاموشی نیم رضا** ۔ (مثل) چپ ہونے میں بھی ایک قسم کی رضامندی پائی جاتی ہے۔

**اِلَرجی** ۔ (اِ۔ لَر۔ جی) (ALLERGY)، (انگ۔ ا۔ مونث) ایک اعصابی بیماری جس میں بعض غذائیں مثلاً انڈا۔ دودھ

اور مچھلی یا چیزیں بعض لوگوں پر برا اثر ڈالتی ہیں۔ ان کے ذہن میں یہ خیال بیٹھ جاتا ہے کہ وہ ان کے لیے ضرر رساں ہیں۔

**اِلزام** ۔ (اِل۔ زام)، (ع۔ ا۔ مذکر) تہمت۔ بہتان۔

**الزام آنا** ۔ قصوروار ٹھہرنا۔

**الزام اٹھانا** ۔ اپنے سر پر بدنامی لینا۔

**الزام (تھوپنا) دینا** ۔ عیب لگانا۔ تہمت دھرنا۔

**الزام (دھرنا) رکھنا** (۱) قصوروار ٹھہرانا (۲) تہمت لگانا۔

**الزام لگانا** ۔ تہمت دھرنا۔ مجرم ٹھہرانا۔

**الزام لگنا** ۔ ملزم قرار دیا جانا۔

**الزام لینا** ۔ اپنے اوپر بدنامی لینا۔

**اِلزامات** ۔ (اِل۔ زا۔ مات)، (ع۔ ا۔ مذکر) الزام کی جمع۔

**اَلسانا** ۔ (اَل۔ سا۔ نا)، (ہ۔ مص) سست ہونا۔ اونگھنا۔

**اَلَست** ۔ (اَ۔ لَسْتُ)، (ع۔ ا۔ حرف استفہام۔ لستُ واحد متکلم) کیا نہیں ہوں میں۔ اشارہ ہے قرآن مجید کی آیت اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ۔ کی طرف۔

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ** (اَس۔ سَ۔ لا۔ مُ۔ عَ۔ لے۔ کُمْ)، (ع) تم پر سلامتی ہو۔

**السِنَہ** ۔ (اَل۔ سِ۔ نَہ)، (ع۔ ا۔ مونث) لسان کی جمع۔ زبانیں۔

**السی** ۔ (اَل۔ سی)، (ہ۔ ا۔ مونث) ایک پودا اور اس کے بیج کا نام۔ اس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے۔

**اِلصاق** ۔ (اِل۔ صاق)، (ع۔ ا۔ مذکر) ملانا۔ چسپاں کرنا۔ چپکانا۔

**اَلطاف** ۔ (اَل۔ طاف)، (ع۔ ا۔ مذکر) لطف کی جمع۔ مہربانیاں نوازشیں۔

**الطاف نامہ** ۔ مہربانی کا خط۔ نوازش نامہ۔

**العبد** ۔ (اَل عَبد)، (ع۔ ا۔ مذکر) بندہ۔ فدوی (عام طور پر دستاویزوں اور رسیدوں کے نیچے دستخط کرنے سے پہلے لکھتے ہیں)

**العطش** ۔ (اَل۔ عَ۔ طَش)، (ع۔ ا۔ مونث) (۱) پیاس (۲) پیاس کی شدت کے موقع پر بولتے ہیں۔

**العظمۃ للہ** ۔ (ع) بزرگی اللہ کے لیے ہے۔ قدرت الٰہی کی عظمت پر حیرت ظاہر کرنے یا کسی خوفناک چیز سے پناہ مانگنے کے لیے کہتے ہیں۔

**الغرض** ۔ (اَل۔ غَ۔ رَض)، (ع۔ تابع فعل) قصہ مختصر۔ الحاصل۔

**الغوزہ** ۔ (اَل۔ غو۔ زہ)، (ع۔ ا۔ مذکر) ایک قسم کی دوہری بانسری۔

**الغوزہ ملغوزہ** ۔ پیٹ کی انتڑیاں اور فضلہ وغیرہ۔

**الغیاث** ۔ (اَل۔ غِ۔ یاث)، (ع) فریاد ہے۔ دہائی ہے۔

**الف** (ع۔ صف) ہزار۔ دس سو

**الف لیلہ** (۱) ہزار راتیں (۲) عربی کی ایک مشہور داستان۔

**اَلِف** (اَ۔ لِف)، (ع۔ ا۔ مذکر) عربی۔ فارسی۔ اردو کے حروف تہجی کا پہلا حرف۔

**الف اللہ** (۱) بے لاگ (۲) اکیلا (۳) غریب (۴) آزاد فقیروں

کاٹیکہ جو ناک کی نوک سے سر کے بالوں تک سیدھا کھینچ دیتے ہیں۔
**الف بے** - الف بے تے - حروفِ تہجی - الف سے یے تک حروف۔
**الف بے - تے پڑھانا** (۱) بچّے کو ابتدائی قاعدہ پڑھانا (۲) ناسمجھ اور بے وقوف کو کوئی بات سمجھانا۔
**الف کھینچنا** - آزاد فقیر بننا (آزاد فقیر ماتھے پر الف اللہ کا بنا لیتے ہیں)
**الف کے نام بے نہیں جانتے** - بالکل اَن پڑھ ہیں۔
**الف مقصورہ** - وہ الف جس پر مد نہ ہو۔
**الف ممدودہ** - مد والا الف - وہ الف جسے کھینچ کر پڑھا جائے۔
**الف ہونا** - چراغ پا ہونا - گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔
**الفابیٹ** (ALPHABET) (اَل - فا - بیٹ) [انگ - ا - مذکر] حروفِ تہجی۔
**الفاظ** - (اَل - فاظ) [ع - ا - مذکر] لفظ کی جمع۔
**اُلفت** - (اُل - فت) [ع - ا - مونث] پیار - محبت۔
**الفت جتانا** - محبت کا اظہار کرنا۔
**الفت کا بندہ** - محبت کا غلام۔
**الفِراق** - (اَل - فِ - راق) [ع] جدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمہ۔
**الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی** - (مثل) موٹے آدمی کو مذاق سے کہتے ہیں۔
**الفقر فخری** (اَل - فق - رُ - فخ - ری) [ع] (۱) فقر میرے لیے باعثِ فخر ہے - پیغمبر اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کی مشہور حدیث (۲) (مجازاً) فقیری میں خوش رہنا۔
**اِلقا** - (اِل - قا) [ع - ا - مذکر] ڈالنا - وہ بات جو خدا دل میں ڈال دے۔
**القا ہونا** - غیب سے کوئی بات دل میں آنا۔
**القاب** - (اَل - قاب) [ع - ا - مذکر] لقب کی جمع - وہ خطاب جو مکتوب الیہ کے لیے خط کے آغاز میں لکھے جاتے ہیں۔
**القصّہ** - (اَل - قِص - صہ) [ع] حاصلِ کلام - قصّہ مختصر - غرضیکہ - یعنی۔
**القط** - (اَل - قط) [ع] (۱) غلط - بے موقع (۲) کاٹ دینا - موقوف کر دینا۔
**القط کرنا** - ترکِ تعلق کرنا - نکال دینا۔
**القلی** - (اَل - قَ - لی) [ع - ا - مونث] سجی - ایک قسم کا کھار۔
**اِلکُحل** - (اَل - کُ - حَل) [ع - ا - مونث] شراب - اسپرٹ۔
**الکسانا** - (اَل - کَ - سا - نا) [ہ - مص] کاہلی آنا - سستی محسوس کرنا۔
**الکسی - الکس** (اَل - کَ - سی - اَل - کَس) [ہ - ا - مونث] کاہلی - سستی۔
**الکسی آنا** - سستی محسوس ہونا - کاہلی سے کام کو جی نہ چاہنا۔
**اَلکن** - (اَل - کن) [ع - صفت] ہکلا۔
**الکھ** - (اَ - لکھ) [ہ - ا - مذکر] (۱) بے پتا - بے نشان پوشیدہ مراد خدا تعالیٰ (۲) جوگیوں کا سلام۔
**الکھ پرش کی مایا** - کہیں دھوپ کہیں سایا (مثل) خدا کی قدرت ہے کہ کسی کو امیر کیا کسی کو غریب - کہیں شادی ہے کہیں غمی۔
**الکھ جگانا** - (۱) خدا کا نام لینا - مناجات کرنا (۲) خدا کا نام لے کر مانگنا۔
**الکھ دھاری** - ایک قسم کے ہندو فقیر جو خدا کے سوا کسی کو نہیں مانتے۔
**الگ** - (اَ - لگ) [ہ - صفت] (۱) علیحدہ (۲) دُور (۳) بے سہارا (۴) اکیلا (۵) مستثنیٰ (۶) بے تعلق (۷) اچھوتا - (۸) محفوظ (۹) صاف - بے لاگ (۱۰) [فعل] پرے ہٹ - رستہ لے (۱۱) چپکے سے - آہستہ۔
**الگ الگ** - جدا جدا - پرے پرے - پراگندہ - تتر بتر۔
**الگ تھلگ** (۱) جدا - علیحدہ - تنہا (۲) محفوظ - اچھوتا۔
**الگ کرنا** - (۱) علیحدہ کرنا (۲) تراشنا (۳) کھرنا سلجھانا (۴) موقوف کرنا (۵) چننا (۶) نکالنا (۷) فروخت کرنا (۸) نمٹنا (۹) توڑنا (۱۰) چھپانا (۱۱) چرا لینا (۱۲) ہٹانا - سرکانا (۱۳) ترک کرنا۔
**الگ ہونا** (۱) جدا ہونا (۲) ٹوٹنا (۳) موقوف ہونا (۴) ہٹنا - سرکنا۔
**الگ ہی الگ** - دُور ہی دُور - اکیلے اکیلے۔
**الگنی** - (اَل - گ - نی) [ہ - ا - مونث] کپڑے لٹکانے کی رسی یا ڈوری۔
**الگنی پر ڈالنے کے قابل ہو گئے** - بہت ہی لاغر ہو گئے۔
**اللہ** (اَل - لاہ) [ع - ا - مذکر] معبود - خدا کا اسمِ ذات۔ (۱) اے خدا - الٰہی (۲) واہ - آہ - آہا۔
**اللہ آمین سے پالنا** - دعائیں مانگ مانگ کر پرورش کرنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
**اللہ آمین کا** - دعاؤں اور التجاؤں کا - ناز پروردہ۔
**اللہ آمین کرنا** - غور و پرداخت کرنا - خیر و خوبی کی دعا مانگنا۔
**اللہ اٹھا لے** - موت آ جائے - مر جائے۔
**اللہ اکبر** (۱) خدا بہت بڑا ہے - تکبیر (۲) تعجب - عظمت - شکوے شکایت - مبالغے اور فخر کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔
**اللہ اللہ** - (۱) کلمۂ تعجب (۲) کلمۂ تحسین (۳) شکوے شکایت کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں (۴) بعض فقرا کا سلام۔
**اللہ اللہ خیر سلّا** - فراغت ہوئی - فرصت ملی - اور کچھ نہیں
**اللہ اللہ کر کے** - خدا خدا کر کے - بڑی مشکل سے۔
**اللہ اللہ کرنا** (۱) خدا کا نام لینا (۲) صبر و توکل کرنا۔
**اللہ اللہ کرو** (۱) خدا کا نام لو (۲) جھوٹ نہ بولو۔
**اللہ بس باقی ہوس** - اللہ کے سوا باقی سب ہیچ ہے۔
**اللہ بسم اللہ کرنا** - کمال غور و پرداخت کرنا - مرادیں ماننا۔
**اللہ بیلی** - اللہ نگہبان - خدا حافظ۔

Marfat.com

اللہ توکّلی - (۱) خدا پر بھروسہ (۲) اتفاق سے۔ اتفاقاً۔
اللہ توکّل کارخانہ ہے - توکّل پر بسر اوقات ہے۔ بے پروائی ہے۔
اللہ دے اور بندہ لے۔ کسی بات کی کثرت خصوصاً کسی کے بے انتہا غصّہ ہونے پر کہتے ہیں۔
اللہ رکھے - (۱) خدا سلامت رکھے (۲) سلامتی سے۔ ماشاءاللہ چشمِ بد دور۔
اللہ رکھے تو کون چکھے - (مثل) جسے اللہ صحیح سالم رکھنا چاہے اسے کون مار سکتا ہے۔
اللہ رے - کلمۂ تعجب جو کسی چیز کی زیادتی یا خوبی پر دلالت کرے۔
اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی - (مثل) اُف تیری بے حیائی۔
اللہ رے میں - واہ رے میں۔ میرا کیا کہنا ہے۔
اللہ سے لو لگی ہے۔ خدا کی طرف دھیان ہے۔ خدا سے اُمید ہے۔
اللہ شاہد ہے۔ خدا گواہ ہے۔ قسم کی جگہ کہتے ہیں۔
اللہ غنی۔ اظہارِ عظمت میں مبالغہ پر لوگ کسی صدمہ یا تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔
اللہ کا بندہ - (۱) خدا کا غلام (۲) آدمی (۳) نیک شخص (۴) (طنزاً) بے وقوف۔
اللہ کا گھر - (۱) خانہ کعبہ (۲) مسجد (۳) دل۔
اللہ کا نام لو - (۱) خدا خدا کرو (۲) جھوٹ نہ بولو (۳) اب صبر کرو۔
اللہ کا نام محمد کا کلمہ - (۱) کچھ بھی موجود نہیں ہے - (۲) بالکل محتاجی ہے۔
اللہ کا نام ہے - کچھ پاس نہیں ہے - کچھ موجود نہیں ہے۔
اللہ کا نور - (۱) خدا کی تجلّی (۲) نہایت حسین (۳) فرشتہ صورت (۴) داڑھی۔
اللہ کو پیارا ہوا۔ خدا نے اٹھا لیا۔ مر گیا۔
اللہ کو سونپنا - (۱) خدا کے سپرد کرنا (۲) رخصت کے وقت خدا حافظ کہنا۔
اللہ کو منہ دکھانا ہے۔ کسی کو بداعمالیوں سے منع کرتے وقت کہتے ہیں کہ باز آجاؤ ایک دن خدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔
اللہ کی امان۔ خدا بچائے۔ خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔
اللہ کی امان پیغمبر کا سایہ - خدا اپنی حفاظت میں رکھے۔ پیغمبر اور پیغمبر کا کرم شامل رہے۔ سفر کرنے کے وقت کی دعا۔
اللہ کی پناہ - خدا محفوظ رکھے۔
اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری۔ علانیہ ڈھٹائی اور بے حیائی سے کسی بیہودہ فعل کرنے کے وقت کہتے ہیں۔
اللہ کی سنوار - اعتراض یا ڈانٹ ڈپٹ کا کلمہ۔
اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں - (مثل) خدا اس طرح ظلم کی سزا دیتا ہے جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا۔
اللہ کے گھر سے پھرنا - مر کے بچنا۔

اللہ کے لوگ۔ اللہ لوک۔ وہ شخص جو دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو۔ سادہ لوح۔
اللہ مارا۔ خدائی خوار۔ بدبخت۔ مصیبت زدہ۔ راندۂ درگاہ۔
اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی (مثل) دونوں ایک جیسے ہیں۔ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہے۔
اللہ میاں کی بھینس (مثل) (۱) سیاہ رنگ کا ایک کیڑا جو بہت سخت جان ہوتا ہے (۲) سیاہ فام موٹا آدمی۔
اللہ میاں کی گائے۔ نہایت بھولا بھالا اور نیک آدمی۔
اللہ والا (۱) درویش۔ بزرگ۔ ولی (۲) فقیر۔
اللہ ہی اللہ ہے - (۱) خدا کی ذات کے سوا سب ہیچ ہے (۲) کلمۂ تعریف (۳) مسلمان فقیروں کی صدا۔
اَلل ٹپ (پچّو) - (اَ - لَل - ٹَپ (ٹپ - پُو) (ہ۔ صفت) اٹکل پچو۔ بے ٹھکانے کا۔
اللّے تللّے - (اَ۔ لَل - لے - تَ - لَل - لے) (ہ - ا - مذکر) فضول خرچی۔ عیش و عشرت۔
اللّے تللّے کرنا - خوب مزے اڑانا۔ روپیہ برباد کرنا۔
اللّے تللّے ہونا - بے دریغ صرف کرنا۔ عیش و عشرت میں گزارنا۔
اَلَم (اَ - لَم) (ع - ا - مذکر) رنج۔ غم۔ دکھ۔
الماری - (اَل ما ری) (پُر - ا - مؤنث) وہ لمبا دراز دار صندوق جس میں کتابیں برتن یا کپڑے رکھتے ہیں۔ دیوار میں پٹ دار تختے۔
الماس - (اَل - ماس) (ت - ا - مذکر) ہیرا۔ ایک قیمتی جواہر
المان - (اَل - مان) (ع - ا - مذکر) جرمنی۔
المانی۔ المانوی (ع۔ صفت) جرمنی کا باشندہ۔ جرمنی سے منسوب۔
المختصر - (اَل - مُخ - تَ - صَر) (ع) الحاصل۔ القصّہ۔ مختصر یہ کہ۔
المدد - (اَل - مَ - دَد) (ع) مدد کر۔ سہارا دے۔ آسرا دے
الست - (اَل - مست) (ا - صفت) مدہوش۔ بدمست۔ سرشار۔
المُضاعف - (اَل - مُ - ضا - عَف) (ع - صفت) دوگنا۔ دوچند۔
المعنیٰ فی بطن الشاعر (ع - مثل) معنی شاعر کے پیٹ میں۔ نہایت دقیق اور بے معنی شعر پر طنزاً کہتے ہیں۔
الم غلم - (اَل - لَم - غَل - لَم) (ا - ا - مذکر) (۱) بکنی اور بیکا چیزیں (۲) فضول اور بیہودہ بات (۳) اٹ سٹ۔
المکتوب نصف الملاقات (مثل) خط آدھی ملاقات کے برابر ہوتا ہے۔
اَلَم نشرح - (اَ - لَم - نَش - رَح) (ع) (۱) کیا ہم نے نہیں کھولا۔ (۲) قرآن شریف کی ایک سورت۔ اس سورت کی پہلی آیت کے پہلے دو لفظ (۳) آشکارا۔ ظاہر۔
المنّۃ للّٰہ - (اَل - مِن - نَ - تُ - لِل - لاہ) (ع) (۱) احسان اللہ کے واسطے ہے (۲) خدا کا شکر کرنا۔
المیہ - (اَل - مِی - یَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) دردناک واقعہ۔ ایسی نظم، نثر یا ڈرامہ جس کا انجام ہولناک ہو۔ ٹریجیڈی

Marfat.com

(۳) (صفت) المناک - درد انگیز۔

**اَلنّادِرُ کالمعدُوم** (ع) بہت کم دستیاب ہونے والی چیز نہ ہونے کے برابر ہے۔

**اُلّو** (اُل - لو) (ہ - ا - مذکر) (۱) چیل کی قسم کا ایک پرندہ جو ویرانوں اور کھنڈروں میں رہتا ہے۔ (۲) بے وقوف۔ احمق۔

**اُلّو بولنا** - ویرانہ ہونا۔ آبادی نہ رہنا۔

**اُلّو پھنسنا** - کسی بے وقوف کا قابو میں آنا۔ فریب کھا جانا۔

**اُلّو کا پٹھا** - نہایت بے وقوف۔ نرا احمق

**اُلّو کا گوشت کھایا ہے** - بے وقوف ہو گئے ہو۔

**اُلّو کا گوشت کھلانا** - احمق بنانا۔

**اُلّو کی خاصیت رکھنا** - منحوس ہونا۔ بہت زیادہ تنہائی پسند ہونا

**اُلّو کی دُم فاختہ** - نہایت بے وقوف۔

**اَلواح** - (اَل - واح) (ع - ا - مذکر) لوح کی جمع - پتھر کی تختیاں۔

**اَلوان** - (اَل - وان) (ع - ا - مذکر) لون کی جمع (۱) بہت سے رنگ - قسمیں (۲) (اُ - مذکر) رنگین پشمینہ - اُونی چادر۔

**اَلوِداع** - (اَل - وِ - داع) (ع - ا - مونث) رخصت - سلام رخصت۔

**اَلول کلول** - (اَ - لول - کَ - لول) (ہ - ا - مذکر) کھیل کود

**الومینیم** - دیکھیے ایلومینیم۔

**اُلُوہِیّت** - (اُ - لو - ہی - یت) (ع - ا - مونث) خدائی - خداوندی - ربانیت۔

**اِلٰہ** - (اِ - لاہ) (ع - ا - مذکر) اللہ - خدا۔

**الٰہُ العالمین** - تمام جہانوں کا معبود۔

**اِلٰہا** - (اِ - لا - ہا) (ع) اے خدا - یا اللہ۔

**اِلہام** - (اِل - ہام) (ع - ا - مذکر) خدا کی طرف سے دل میں آئی ہوئی بات - اِلقا۔

**اِلہامی** - (اِل - ہا - می) (ع - صفت) الہام سے متعلق - وحی کا۔

**الھڑ** - (اَل - ھڑ) (ہ - صفت) (۱) من موجی - بے پرواہ - نادان (۲) چھوٹی عمر کا - کمسن (۳) وہ بچھڑا جس کے دانت نہ نکلے ہوں۔

**الھڑپن، پنا** - کمسنی - نادانی - بھولا پن۔

**اُلہنا** - (اُ - لَ - نا) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے اُلانا۔

**اِلٰہی** - (اِ - لا - ہی) (ع - ا - مذکر) میرے اللہ - اے میرے خدا

**الٰہی خرچ** - شاہی خرچ - اسراف - فضول خرچی

**الٰہی گز** - اکبر بادشاہ کا چلایا ہوا گز جو ۳۳ انچ کا ہوتا تھا اور عمارت ناپنے میں اب تک کام آتا ہے۔

**اِلٰہیات** - (اِ - لا - ہی - یات) (ع - ا - مذکر) علم الٰہی فلسفہ حکمت - وہ علم جس میں خدا کے وجود اور ذات و صفات سے بحث کی جاتی ہے۔

**اِلی الآن** - (اِ - لل - آن) (ع) ابھی تک - اس وقت تک۔

**اُلیچنا** - (اُ - لیچ - نا) (ہ - مص) پانی پھینکنا - ہاتھ یا برتن سے پانی اچھال کر دوسری طرف ڈالنا۔

**اِلیکٹرک** (ELECTRIC) (اِ - لیک - ٹِ - رک) (انگ - صفت) بجلی کے متعلق - بجلی کا - برقی۔

**اِلیکشن** (ELECTION) (اِ - لیک - شن) (انگ - ا - مذکر) - انتخاب - چناؤ۔

**اُلیل** - (اُ - لیل) (ہ - صفت) (۱) بے دانت کا بچھڑا (۲) الھڑ ناتجربہ کار۔

**الیم** - (اَ - لیم) (ع - صفت) دردناک۔

# ا - م

**اُمّ** - (ع - ا - مونث) ماں - والدہ۔

**اُمُّ الامراض** - بیماریوں کی ماں - کھانسی - زکام یا قبض۔

**اُمُّ الخبائث** - برائیوں کی ماں - شراب۔

**اُمُّ الصبیان** - بچوں کی مسان کی بیماری۔

**اُمُّ القریٰ** - شہروں کی ماں - مکہ معظمہ۔

**اُمُّ الکتاب** - (۱) کتابوں کی ماں - قرآن شریف (۲) سورۂ فاتحہ یعنی الحمد۔

**اُمُّ الوَلَد** - وہ کنیز جس کی اپنے آقا سے اولاد پیدا ہوئی ہو۔

**اَمّا** - (اَم - ما) (ع) لیکن - پر - مگر۔

**امّا بعد** - اس کے بعد - بعد ازاں۔

**اِمارت** - (اِ - ما - رت) (ع - ا - مونث) دولت مندی - حکومت۔

**اَمّارہ** - (اَم - ما - رہ) (ع - صفت) (۱) بدی کی طرف رغبت دلانے والا - بُری بات کا حکم دینے والا - سرکش - ظالم۔

**اَماکن** - (اَ - ما - کن) (ع - ا - مذکر) مکان کی جمع - جگہیں - مقامات۔

**اماکنِ شریفہ، مقدسہ** - زیارت گاہیں - مقدس مقامات۔

**اِمالہ** (اِ - ما - لہ) (ع - ا - مذکر) (۱) مائل کرنا (۲) علم صرف کی اصطلاح میں الف یا ہائے ہوز کو یے سے بدلنا - جیسے رکاب سے رکیب یا بندہ سے بندے۔

**اِمام** (اِ - مام) (ع - ا - مذکر) (۱) پیشوا (۲) نماز پڑھانے والا (۳) تسبیح کے دانوں کے اوپر کا لمبا دانہ۔

**امام باڑہ** - وہ عمارت جس میں شہدائے کربلا کی یاد میں مجلسیں اور تعزیہ داری ہوتی ہے۔

**امام ضامن کا روپیہ** - وہ سکہ جو مسافر کے بازو پر حفاظت سے پہنچنے کے خیال سے امام ضامن کے نام پر باندھا جاتا ہے۔

**امام ناطق** - حضرت امام جعفر صادق کا لقب۔

**اِمامت** - (اِ - ما - مت) (ع - ا - مونث) (۱) رہنمائی (۲) جماعت کو نماز پڑھانے کا کام یا پیشہ۔

**اِمامیہ** - (اِ - ما - می - یَہ) (ع - صفت) اہل تشیع جو صرف بارہ اماموں کو مانتے ہیں۔

**اَمان** - (اَ - مان) (ع - ا - مذکر) (۱) پناہ - حفاظت (۲) آرام۔

**اَمّاں** - (اَم - ماں) (ہ - ا - مونث) ماں - والدہ۔

Marfat.com

امانت – (اَ۔ ما۔ نت) (ع۔ ا۔ مونث) سپرد کی ہوئی چیز۔ تحویل

امانت دار – (۱) امین۔ مانت دار (۲) امانت رکھنے والا۔ (۳) ایمان دار۔

امانت گزار – وہ شخص جو کوئی چیز امانت میں رکھے۔

امانت میں خیانت – کسی کی رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا۔

امانت نامہ – امانت رکھنے کی دستاویز۔

امانی – (اَ۔ ما۔ نی) (ف۔ ا۔ مونث) وہ کام جو اپنے طور پر کرایا جائے۔ ٹھیکہ کی ضد۔

امانی آبادی اجاڑو اجاڑ (مثل) امانی میں کام اچھا ہوتا ہے اور ٹھیکہ میں خراب ہو جاتا ہے۔

اماوس – (اَ۔ ما۔ وَ۔ س) (س۔ ا۔ مونث) پاکھ کی پندرھویں تاریخ قمری مہینے کا آخری دن۔

امبر – (اَم۔ بَر) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) چادر (۲) آسمان (۳) بادل (۴) راجہ کی پوشاک۔

امبیا – (اَمب۔ یا) (ہ۔ ا۔ مونث) کیری۔ کچا آم۔

امپائر (UMPIRE) (اَم۔ پا۔ یَر) (انگ۔ ا۔ مذکر) مقابلے کے کھیلوں کا فیصلہ کرنے والا۔

امپورٹ (IMPORT) (اِم۔ پور۔ ٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) تجارتی مال جو دساور سے آئے۔ درآمد کیا ہوا مال۔

امپیریل (IMPERIAL) (اِم۔ پی۔ ری۔ یَل) (انگ۔ صفت) شاہی۔ بادشاہی۔

اُمّت – (اُم۔ مَت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) گروہ۔ جماعت (۲) پیرو۔

اُمّتِ مرحومہ – وہ امت جس پر اللہ کی رحمت ہو۔ مسلمان۔

امتثال – (اِم۔ تِ۔ ثال) (ع۔ ا۔ مذکر) حکم ماننا۔ تعمیلِ حکم۔

امتثالِ امر – حکم کی تعمیل۔

امتحان – (اِم۔ تِ۔ حان) (ع۔ ا۔ مذکر) آزمائش۔ جانچ۔

امتداد – (اِم۔ تِ۔ داد) (ع۔ ا۔ مذکر) درازی۔ لمبائی۔ مدت۔

امتزاج – (اِم۔ تِ۔ زاج) (ع۔ ا۔ مذکر) ملاوٹ۔ آمیزش۔ ہم آہنگی۔

امتزاج کیمیائی – کئی چیزوں کو ملا کر ایک نئی شے تیار کرنا۔

امتلا – (اِم۔ تِ۔ لا) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پُر ہونا۔ معدے کا غذا سے پُر ہونا (۲) جی متلانا۔ بدہضمی۔

امتناع – (اِم۔ تِ۔ ناع) (ع۔ ا۔ مذکر) روک۔ ممانعت۔ مناہی۔

امتنان – (اِم۔ تِ۔ نان) (ع۔ ا۔ مذکر) احسان کرنا۔

اُمّتی – (اُم۔ مَ۔ تی) (ع۔ صفت) امت کے لوگ۔ فرقے کے آدمی۔

امتیاز – (اِم۔ تِ۔ یاز) (ع۔ ا۔ مذکر) فرق۔ تمیز۔ شناخت۔

امتیاز نامہ – لائسنس

امتیازی – (اِم۔ تِ۔ یا۔ زی) (ع۔ صفت) ترجیحی۔

امتیازی حقوق – وہ رعایتیں جو کسی گروہ یا شخص کو اس کے عہدہ اور منصب کی وجہ سے حاصل ہوں اور اسے دوسروں سے ممتاز بنا دیں۔

امٹ – (ہ۔ صفت) نہ مٹنے والا۔ غیر فانی۔ لازوال

امثال – (اَم۔ ثال) (ع۔ ا۔ مونث) مثل اور مثل کی جمع (۱) کہاوتیں (۲) ہم صورت۔ ہم شکل۔

امثلہ – (اَم۔ ثِ۔ لَہ) (ع۔ ا۔ مونث) مثال کی جمع: مثالیں۔

امجانا – (اَم۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) شل ہو جانا۔ اعضاء کا بھاری ہو جانا۔

امجد – (اَم۔ جَد) (ع۔ صفت) نہایت بزرگ۔

امچور – (اَم۔ چُور) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سکھائے ہوئے کچے آم کی پھانکیں۔ آم کی کھٹائی (۲) سوکھا۔ جھریاں پڑا ہوا آدمی۔

امداد – (اِم۔ داد) (ع۔ ا۔ مونث) مدد۔ حمایت۔ اعانت۔

امدادِ باہمی – باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

امدادی – (اِم۔ دا۔ دی) (ع۔ صفت) مدد کیا ہوا۔ سہارا دیا ہوا۔

امر – (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) حکم۔ فرمان (۲) بات۔ فعل (۳) معاملہ۔

امر بالمعروف – نیک کاموں کا حکم۔

امرِ تنقیح طلب – وہ امر جس میں کسی چیز کی تفصیل یا تشریح مطلوب ہو۔

امرِ غیر متعلقہ – وہ بات جو مقدمے کی بحث سے خارج ہو۔

امر و نہی – حکم اور ممانعت۔ کرنے اور نہ کرنے کے کام

اَمر – (اَ۔ مَر) (ہ۔ صفت) نہ مرنے والا۔ لافانی۔

امر بیل – ایک بیل جس کی جڑ نہیں ہوتی۔ آکاش بیل۔

اُمرا – (اُ۔ مَ۔ را) (ع۔ ا۔ مذکر) امیر کی جمع۔ دولت مند۔ معززین۔

امراض – (اَم۔ راض) (ع۔ ا۔ مذکر) مرض کی جمع۔ بیماریاں۔

امرت – (اَم۔ رِت) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) اکسیر۔ آبِ حیات (۲) شہد۔

امرت دھارا – آبِ حیات

امرت سار – (۱) مکھن (۲) گھی۔

امرتی – (اِم۔ رِ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک مٹھائی۔

امرد – (اَم۔ رَد) (ع۔ صفت) نوجوان لڑکا جس کے خط نہ نکلا ہو۔

امرس – (اَم۔ رس) (ہ۔ ا۔ مذکر) آم کے رس کی سوکھی ہوئی مربع تہ۔ اماوٹ۔

امرود – (اَم۔ رُود) (ف۔ ا۔ مذکر) ایک پھل۔

امروز – (اِم۔ روز) (ف) آج۔ آج کا دن۔

امروز و فردا – (۱) آج کل (۲) ٹال مٹول (۳) عنقریب۔

امریکی – (اَم۔ ری۔ کی) (اَ۔ صفت) امریکہ سے متعلق۔ امریکہ کا باشندہ۔

اُمڑنا – (اُ۔ مَڑ۔ نا) دیکھیے اُمنڈنا۔

امزجہ – (اَم۔ زِ۔ جَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) مزاج کی جمع۔

اُمس – (اُ۔ مَس) (ہ۔ ا۔ مونث) گھمس۔ حبس۔ گھٹی ہوئی گرمی۔

امساک – (اِم۔ ساک) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کنجوسی (۲) رکاوٹ (۳) قحط۔

اِمسال۔ (اِم۔سال) (ف) اس سال۔ اب کے برس۔
اِمشب۔ (اِم۔شب) (ف) آج کی رات۔ اس رات۔
امصار۔ (اَم۔صار) (ع۔ا۔مذکر) مصر کی جمع۔ بہت سے شہر۔
امعا۔ (اَم۔عا) (ع۔ا۔مونث) انتڑیاں۔
اِمعان۔ (اِم۔عان) (ع۔ا۔مذکر) گہری نظر۔ خوب سوچنا۔
اَمکا ڈھمکا۔ (اَم کا۔ ڈھم۔کا) (ہ) یہ وہ۔ ایسا ویسا۔ ایرا غیرا۔
اِمکان۔ (اِم۔کان) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ممکن ہونا (۲) مجال۔ طاقت۔
اِمکانات (ع۔ا۔مذکر) امکان کی جمع۔
اَمکنہ۔ (اَم۔کِ۔نہ) (ع۔ا۔مذکر) مکان کی جمع۔ مکانات
اَمل۔ (اَ۔مل) (ہ۔ا۔مذکر) نشہ (سوائے شراب)
اَمل۔ (اَ۔مل) (ع۔ا۔مذکر) امید۔ آرزو۔ خواہش۔
اِملا۔ (اِم۔لا) (ع۔ا۔مونث) (۱) رسم الخط (۲) یاد سے لکھنا (۳) لکھوانا۔
املاک۔ (اَم۔لاک) (ع۔ا۔مونث) مِلک کی جمع۔ جائداد
امل بید۔ (اَ۔مل۔بید) (ہ۔ا۔مذکر) لیموں کی ایک نہایت ترش قسم۔
اَملتاس۔ (اَ۔مل۔تاس) (ہ۔ا۔مذکر) ایک لمبی پھلی جس کا مغز مسہل کے لیے دیا جاتا ہے۔ خیار شنبر۔
املی۔ (اَم۔لی) (ہ۔صفت) افیونی۔ جھگڑالو۔ چرسی۔
اِملی۔ (اِم۔لی) (ہ۔ا۔مونث) ایک ترش پھل۔ تمر ہندی۔
اُمم۔ (اُ۔مم) (ع۔ا۔مذکر) امت کی جمع۔ امتیں۔
امن۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) چین۔ سکون و آرام (۲) صلح۔ پناہ۔ حفاظت۔
امن چین۔ آرام و اطمینان۔
امن و امان۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ آرام
اُمنڈنا۔ (اُ۔منڈ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جوش پر آنا (۲) گھر آنا۔ (۳) طغیانی پر آنا۔
اُمنگ۔ (اُ۔منگ) (ہ۔ا۔مونث) جوش۔ ولولہ۔ شوق۔ ترنگ
امنگ پر۔ امنگوں پر۔ ترنگ میں بھرا ہوا۔ مستی میں۔
امووا۔ (اَم۔وا) (ہ۔ا۔مذکر) آم
اموات۔ (اَم۔وات) (ع۔ا۔مونث) موت اور میت کی جمع۔ موتیں۔
امواج۔ (اَم۔واج) (ع۔ا۔مونث) موج کی جمع۔ لہریں۔
اموال۔ (اَم۔وال) (ع۔ا۔مذکر) مال کی جمع۔ مال و دولت
اُمور۔ (اُ۔مور) (ع۔ا۔مذکر) امر کی جمع۔ بہت سے کام۔
امور ملکی۔ وہ کام یا باتیں جو ملک سے متعلق ہوں۔
اَمول۔ (اَ۔مول) دیکھیے انمول
اُموی۔ (اُ۔مَ۔وی) (ع۔صفت) بنی امیہ کی طرف منسوب۔
اُمّہات۔ (اُم۔مہ۔ات) (ع۔ا۔مونث) ام کی جمع۔ مائیں۔
امہاتِ سفلی۔ زمین کے چاروں عناصر۔ ہوا۔ پانی۔ خاک۔ آگ
امہاتِ علوی۔ علوم۔ نفوس۔ ارواح۔
اُمّی۔ (اُم۔می) (ع۔ا۔مونث) ماں۔ والدہ۔

اُمّی۔ (اُم۔می) (ع۔صفت) بلا پڑھا لکھا۔ ان پڑھ۔
امیبا۔ (AMOEBA) اَ۔مے۔با) (انگ۔ا۔مذکر) بدبو۔ ایک قسم کا ایک خلوی کیڑا جو صرف خوردبین سے دکھائی دیتا ہے۔ سائنسدانوں کے بقول زندگی کی ابتدا اسی جانور سے ہوئی۔
اُمیٹھنا۔ (اُ۔میٹھ۔نا) (ہ۔مص) مروڑنا۔ بل دینا۔ اینٹھنا۔
اِمی ٹیشن (IMITATION) اِ۔می۔ٹے۔شن) (انگ۔ا۔مذکر) مصنوعی جواہر۔ ملمع۔
امی جمی۔ (اَ۔می۔جَ۔می) (ہ۔ا۔مونث) اطمینان کی حالت۔ امن۔ امان۔
اُمید۔ (اُم۔مید) (ف۔ا۔مونث) (۱) آرزو۔ توقع۔ آس۔ (۲) حمل۔
امید بر آنا۔ آرزو پوری ہونا
امید بر لانا۔ آرزو پوری کرنا
امید سے ہونا۔ عورت کا حاملہ ہونا
امید گاہ۔ امید کی جگہ
امیدوار۔ امید رکھنے والا۔ آرزومند
امید و بیم۔ امید اور ڈر۔ دبدا۔
امیدوارانہ۔ آرزومندانہ۔ امیدوار کے طور پر۔
امیدواری (۱) آرزومندی (۲) آئندہ ملازمت کی امید میں کام کرنا۔
امیر۔ (اَ۔میر) (ع۔صفت) (۱) حکم دینے والا۔ حاکم۔ (۲) مالدار۔
امیر الامرا۔ (۱) امیروں کا امیر۔ بہت بڑا رئیس (۲) مغل حکومت میں ایک معزز خطاب۔
امیر البحر۔ بحری فوجی بیڑے کا افسر اعلےٰ۔
امیر المومنین۔ مسلمانوں کا سردار۔ خلیفۂ وقت۔
امیرزادہ۔ امیر کا لڑکا۔ رئیس زادہ۔
امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دم بھاری۔ (مثل) امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا پسند نہیں۔
امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنائے۔ (مثل) غریب کو امیر کے پڑوس میں دکھ ہی دکھ ہوتا ہے۔ مالدار ہمسایہ سے دکھ پہنچتا ہے۔
امیر لشکر۔ فوج کا سردار۔
امیرانہ۔ (اَ۔می۔را۔نہ) (ع۔ف۔صفت) امیر کی مانند امیر کی مثل۔
امیری (اَ۔می۔ری) (ع۔ا۔مونث) (۱) سرداری (۲) دولت مندی۔
امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی۔ (مثل)۔ دولت مندی اور غریبی کا اثر بڑی مدت تک جاتا ہے
امیری کارخانہ ہے۔ رئیسانہ ٹھاٹ ہے۔
امین۔ (اَ۔مین) (ع۔صفت) (۱) امانت رکھنے والا (۲) ایماندار (۳) ایک عہدے کا نام۔

Marfat.com

# ا-ن

ان (س) (۱) بنا۔ بغیر (۲) اور۔ دوسرا (۳)، (مذکر) - اناج - غلہ -
ان بدھا۔ بغیر چھید کیا ہوا۔ بے سوراخ -
ان بن - ناموافقت - بگاڑ - رنجش -
ان پانی - دانہ پانی - کھانا پینا -
ان پڑھ - ناخواندہ - اُمّی
ان جان - اجنبی - بے گانہ - ناواقف
ان جل - کھانا - پانی - دانہ پانی -
ان جیو کھا - بنا جو کھا ہوا - بنا تولا ہوا
ان داتا - روزی دینے والا - آقا - مالک
ان دیکھا (۱) بن دیکھا (۲) مخفی - غائب -
ان سُنی (۱) نہ سُنی ہوئی (۲) عجیب
ان سُنی کرنا - جان بوجھ کر سُنی ہوئی بات کو بے سُنی کرنا یا ٹالنا -
ان کا کیڑا - غلہ کھانے والا انسان -
ان کہی - جو بات کہنے کے قابل نہ ہو - برا بھلا
ان گھڑ - (۱) بن گھڑا - بے ڈول (۲) ناشائستہ - جاہل اناڑی - بے تکا -
ان گھڑت بات - بے تکی - اول جلول بات
ان مِل (۱) بے میل - بے تکا (۲) بے گانہ خو - غیر جنس -
ان ملا - بے گانہ خو - جو مِل جل کے نہ رہے -
ان ملی - بے جوڑ - بے ربط کلام
ان مول - بے بہا - بیش قیمت -
ان میل - بے جوڑ -
ان ہونت - نہایت غریبی -
ان ہونی - نہ ہونے والی - غیر ممکن -
ان ہونی ہوتی نہیں اور ہونی ہون ہار (مثل) نہ ہونے والی بات نہیں ہو سکتی اور ہونے والی ہو کر رہتی ہے -
اِن (ہ - ض) اس کی جمع - جمع اور تعظیم کے لیے بولتے ہیں -
ان تلوں میں تیل نہیں (مثل) بہت بے مروّت اور بے فیض ہیں یہاں کام نہیں بنے گا -
ان دنوں - آج کل - فی الحال
ان سوتوں کیا جھنگا ہے - اس طرح حاصل ہو تو کچھ مضائقہ نہیں
اُن (ہ - ض) اُس کی جمع -
انا (ہ - آن - نا) (ت - ا - مونث) دایہ - دودھ پلانے والی عورت
انا (اَ - نا) (ع - ض) میں - ضمیر واحد متکلم -
انا الحق - میں خدا ہوں - حضرت منصور محویت کے عالم میں یہ کہہ اُٹھے تھے -
اِنابت (اِ - نا - بت) (ع - ا - مونث) رجوع کرنا - قائم مقام کرنا -
انابیب (اَ - نا - بیب) (ع - ا - مونث) انبوب کی جمع - نرکل کی پوریں -
انابیب شعری - بال جیسی باریک پوریں - سوراخ جیسے بتی بیں ہوتے ہیں -

اناپ شناپ (اَ - ناپ - شَ - ناپ) (ہ - صفت) اوٹ پٹانگ
اناتھ (ہ - اَ - ناتھ) (س - صفت) - (۱) بغیر مالک کا (۲) جس کا کوئی پالنے والا نہ ہو - بے سہارا -
اِناث (اِ - ناث) (ع - ا - مونث) انثیٰ کی جمع - عورتیں -
اَناج (اَ - ناج) (ہ - ا - مذکر) غلہ - جنس -
اناج کا دشمن - وہ شخص جو کھاتا تو زیادہ مگر کام کچھ نہ کرے
اناجیل (اَ - نا - جیل) (ع - ا - مونث) انجیل کی جمع -
اناجیل اربعہ - متی - مرقس - لوقا اور یوحنا کی چار انجیلیں -
انار (اَ - نار) (ف - ا - مذکر) (۱) ایک پھل کا نام (۲) ایک قسم کی آتشبازی -
انار دانہ (۱) ترش اناروں کے سکھائے ہوئے دانے (۲) ایک قسم کے چارخانے کپڑے کا نام
انارکسٹ (ANARCHIST) (اَ - نار - کِسٹ) (انگ - ا - مذکر) انتہا پسند - مزاجی - شخصی سلطنت کا دشمن - بے نظمی کا حامی -
انارکی (ANARCHY) (اَ - نار - کی) (انگ - ا - مونث) بے نظمی - حکومت کا نہ ہونا - قانون کا تعطل -
اناڑی (اَ - نا - ڑی) (ہ - صفت) ناسمجھ - انجان - ناتجربہ کار - بے سلیقہ -
اناڑی پن - حماقت - ناتجربہ کاری -
اناڑی کا سونا بارہ باٹ (مثل) ناتجربہ کار کسی کام سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا -
اُناسی (اُ - نا - سی) (ہ - صفت) ستّر اور نو -
اِنّا للہ و انّا الیہ راجعون (ع) تحقیق ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں - یہ آیت مصیبت یا کسی کے مرنے کی خبر سن کر پڑھتے ہیں -
انام (اَ - نام) (ع - ا - مذکر) خلقت - مخلوق - دنیا - موجودات
انانیت (اَ - نا - نی - یت) (ع - ا - مونث) خودی - غرور - مطلق العنانی -
اناؤنسر (ANNOUNCER) (اَ - نا - ؤن - سر) (انگ - ا - مذکر) اعلان کرنے والا -
انبار (اَم - بار) (ف - ا - مذکر) ڈھیر - ذخیرہ - تودہ -
انبساط (اِم - بِ - ساط) (ع - ا - مونث) کھلنا - خوشی -
انبوہ (اَم - بوہ) (ف - ا - مذکر) مجمع - بھیڑ - کثرت - زیادتی -
انب (اَم - ب) (ف - ا - مذکر) آم -
انبیا (اَم - بِ - یا) (ع - ا - مذکر) نبی کی جمع - رسول - پیغمبر
انبیا (اَم - بِ - یا) (ہ - ا - مونث) کیری - کچا آم -
انت (س - ا - مذکر) اخیر - خاتمہ - انجام -
انت بُرے کا برا - انت بھلے کا بھلا (مثل) بُرے کا انجام برا اور اچھے کا انجام اچھا ہوتا ہے -
انت کال - موت کا وقت - آخری وقت -
اُنتالیس (اُن - تا - لیس) (ہ - صفت) تیس اور نو
انتباہ (اِن - تِ - باہ) (ع - ا - مذکر) آگاہی - خبردار کرنا
انتخاب (اِن - تِ - خاب) (ع - ا - مذکر) چناؤ - پسند کرنا

Marfat.com

پھاننا۔
اِنتخابات۔(ع۔ا۔مذکر) انتخاب کی جمع۔
اَنتَر۔(اَن۔تَر)(ہ۔ا۔مذکر) (۱) فاصلہ۔فرق (۲) دل۔(۳) بھید۔راز۔
انترجامی۔(۱) ہر چیز کا اندر۔روح اعلیٰ (۲) برہما۔شیوجی۔
انتر منتر۔جادو۔ٹونا۔جھاڑ پھونک
اِنترا (اِن۔تَ۔را)(ہ۔ا۔مذکر) ٹیک۔بند۔بول۔ٹیپ
انتڑی (اَنت۔ڑی)(ہ۔ا۔مونث) آنت۔
انتڑیوں کے بل کھولنا۔بہت دن بعد کھانا ملنے پر خوب پیٹ بھر کر کھانا۔
انتڑیوں میں بل پڑنا (۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) مارے ہنسی کے پیٹ دُکھنے لگنا۔
اِنتساب۔(اِن۔تِ۔ساب)(ع۔ا۔مذکر) (۱) منسوب کرنا۔(۲) لگاؤ۔تعلق۔
اِنتشار۔(اِن۔تِ۔شار)(ع۔ا۔مذکر) (۱) پراگندگی۔تتر بتر ہونا۔پریشانی۔فکر (۲) شہوت۔
اِنتصاف۔(اِن۔تِ۔صاف)(ع۔ا۔مذکر) (۱) انصاف پانا۔(۲) نصف ہونا۔
اِنتظار۔(اِن۔تِ۔ظار)(ع۔ا۔مذکر) (۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا۔امید۔
اِنتظام۔(اِن۔تِ۔ظام)(ع۔ا۔مذکر) (۱) اہتمام۔بندوبست (۲) ترتیب۔آراستگی (۳) قاعدہ۔ضابطہ۔
اِنتظامیہ (اِن۔تِ۔ظا۔مِ۔یہ)(ع۔ا۔مذکر) حکومت کا ایک شعبہ جو مجلس قانون ساز کے بنائے ہوئے قوانین کو ملک میں نافذ کرتا اور ان پر عمل کراتا ہے۔(EXECUTIVE)
اِنتفاع۔(اِن۔تِ۔فاع)(ع۔ا۔مذکر) (۱) فائدہ اٹھانا۔(۲) منافع۔فائدہ۔آمدنی۔حاصل
اِنتقاد۔(اِن۔تِ۔قاد)(ع۔ا۔مذکر) (۱) نقد لینا (۲) پرکھنا۔تنقید کرنا۔
اِنتقاض۔(اِن۔تِ۔قاض)(ع۔ا۔مذکر) توڑ دینا۔
انتقاض شرط۔شرط توڑ دینا۔
انتقاض معاہدہ۔معاہدہ توڑ دینا۔
اِنتقال۔(اِن۔تِ۔قال)(ع۔ا۔مذکر) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلنا۔بدلی (۲) موت۔وفات۔
انتقال اراضی۔زمین دوسرے کے نام منتقل کرنا
انتقال بہی۔وہ بہی جس میں انتقال جائداد کا حساب لکھا جاتا ہے
انتقال جائداد۔جائداد کا ایک شخص کے قبضہ سے دوسرے شخص کے قبضے میں جانا۔
انتقال ذہنی۔ایک بات سے دوسری بات کی طرف ذہن کا جانا۔
انتقال رہن۔رہن کی تبدیلی۔رہن در رہن۔گرو در گرو۔
اِنتقام۔(اِن۔تِ۔قام)(ع۔ا۔مذکر) بدلہ۔عوض۔پاداش۔
اِنتقاماً۔(اِن۔تِ۔قا۔ما۔نہ)(ع۔صفت) بدلہ لینے کے طور پر۔
اِنتقامی۔(اِن۔تِ۔قا۔می)(ع۔صفت) انتقام سے متعلق۔
اِنتہا (اِن۔تِ۔ہا)(ع۔ا۔مونث) اخیر۔حد۔انجام۔خاتمہ۔

انتہا پسند۔کسی کام یا چیز کی انتہا چاہنے والا۔
انتہا پسندانہ۔انتہا پسندی کی مانند۔
انتہا پسندی۔انتہا پسند کرنا۔
انتہا کا۔پہلے درجے کا۔
اِنتہائی۔(اِن۔تِ۔ہا۔ای)(ع۔صفت) آخری۔
انتہائی نقطے۔وہ نقطے جو جبر و مقابلہ کے علم میں خطوط کے ختم کرنے والے ہوں۔
اَنتی۔(اَن۔تی)(ہ۔ا۔مونث) کان میں پہننے کا عورتوں کا ایک زیور۔
اُنتیس (اُن۔تیس)(ہ۔صفت) بیس اور نو۔
اَنٹا۔(اَن۔ٹا)(ہ۔ا۔مذکر) (۱) افیون کی بڑی گولی (۲) سوت یا ریشم کا پھار (۳) بڑی کوڑی (۴) بلیرڈ (۵) لوہے کا کوٹھا۔
انٹا غفیل۔بے ہوش۔بے سُدھ۔
اِنٹر۔(INTER) (اِن۔ٹَر)(انگ۔صفت) درمیانی۔
انٹر میڈیٹ (INTERMEDIATE) درمیانی درجہ۔ایف اے
اِنٹرویو۔(INTERVIEW) (اِن۔ٹَر۔وِ۔یو)(انگ۔ا۔مذکر) (۱) باضابطہ ملاقات (۲) اخبار کے نمائندے کا کسی سے مل کر سوال جواب کرنا۔
انٹ کانسنٹ۔(اَنٹ۔کا۔سَنٹ)(ہ۔صفت) اوٹ پٹانگ بے ہودہ۔
اَنٹی۔(اَن۔ٹی)(ہ۔ا۔مونث) (۱) دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ۔گھائی (۲) گانٹھ (۳) دھوتی کا وہ حصہ جو کمر کے گرد باندھتے ہیں (۴) سوت یا ریشم کی لچھی۔
انٹی باز (باز) (۱) جواریوں کی اصطلاح میں وہ شخص جو انگلیوں کی درمیانی جگہ میں کوئی چیز چھپا لے (۲) چالاک۔فریبی۔
انٹی پر چڑھ جانا۔قابو میں آجانا۔دھوکہ میں آجانا۔
انٹی دینا۔گردنی دینا۔گردن ناپنا۔
انٹی کرنا (۱) سوت لپیٹ کر انٹی بنانا (۲) کسی کا مال اُڑا لینا۔
انٹی مارنا (۱) جوا کھیلتے وقت کوڑی کو انگلیوں کے بیچ میں چھپا لینا (۲) دھوکہ دے کر چیز اڑا لینا۔(۳) کم تولنا۔ڈنڈی مارنا۔
اُنثیٰ۔(اُن۔ثا)(ع۔ا۔مونث) عورت۔زن۔
اُنثیین۔(اُن۔ثَ۔یین)(ع۔ا۔مذکر) ہر دو۔دونوں خصیے
انجام۔(اَن۔جام)(ع۔ا۔مذکر) نتیجہ۔خاتمہ۔آخر۔انتہا۔
انجام بخیر ہونا۔(۱) خاتمہ اچھا ہونا (۲) ایمان کے ساتھ مرنا۔
انجام پانا۔تکمیل کو پہنچنا۔پورا ہونا۔
انجام دینا۔انجام کرنا۔بجا لانا۔کام کر دینا۔
انجام سوچنا۔دور اندیشی کرنا۔نتیجے پر نظر کرنا۔
انجام کار۔آخر کار۔آخر کو۔الغرض۔
انجام کو پہنچنا۔مکمل ہونا۔مکمل ہو جانا۔
اِنجذاب۔(اِن۔جِ۔ذاب)(ع۔ا۔مذکر) جذب کرنا یا ہونا۔
انجر پنجر۔(اَن۔جَر۔پَن۔جَر)(ہ۔ا۔مذکر) بدن کے جوڑ۔ہڈی پسلی۔

Marfat.com

انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔ اعضا کا تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا۔
انجم۔ (اَن۔ جُم) (ع۔ ا۔ مذکر) نجم کی جمع۔ ستارے۔
انجم شناس۔ نجومی۔
انجماد۔ (اِن۔ جِ۔ ماد) (ع۔ ا۔ مذکر) جمنا۔ ٹھوس ہونا۔
انجمن۔ (اَن۔ جُ۔ مَن) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) مجلس۔ محفل۔ سبھا (۲) کمیٹی
انجن (اَن۔ جَن) (ہ۔ ا۔ مذکر) سُرمہ۔ کاجل۔
انجن سار۔ سُرمگیں۔
انجن سارنا۔ سُرمہ لگانا۔
انجن ہاری۔ (۱) آنکھ کی پلک کے کنارے کی پھنسی۔ گہانجنی (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہاری یا بلنا بھی کہتے ہیں۔
اِنجن (ENGINE) (اِن۔ جن) (انگ۔ ا۔ مذکر) مشین۔ بھاپ کی کل۔
انجیر۔ (اَن۔ جیر) (ف۔ ا۔ مذکر) ایک مشہور پیڑ اور اس کا پھل۔
اِنجیل۔ (اِن۔ جیل) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) مژدہ۔ خوش خبری۔ عیسائیوں کی مقدس کتاب۔
اِنجینیر (ENGINEER) (اِن۔ جی۔ نی۔ یَر) (انگ۔ ا۔ مذکر) تعمیرات یا مشینوں کا کام جاننے والا۔
اِنچ (INCH) (انگ۔ ا۔ مذکر) فٹ کا بارھواں حصہ۔
اِنچارج (INCHARGE) (اِن۔ چارج) (انگ۔ ا۔ مذکر) وہ شخص جس کے اہتمام میں کوئی چیز یا انتظام ہو۔ (۲) قائم مقام۔
اُنچاس۔ (اُن۔ چاس) (ہ۔ صفت) چالیس اور نو۔
اُنچاؤ۔ (اُن۔ چا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذکر) بلندی۔ اونچائی۔
اُنچائی۔ (اُن۔ چا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مونث) بلندی۔
انچھر۔ (اَن۔ چھر) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) جادو کے بول۔ منتر (۲) حرف۔
انچھر پڑھ کے مارنا۔ جادو کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونکنا۔
اِنحراف۔ (اِن۔ حِ۔ راف) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پھر جانا (۲) انکار۔ نافرمانی۔
انحراف معاہدہ۔ اقرار سے پھر جانا۔
انحصار۔ (اِن۔ حِ۔ صار) (ع۔ ا۔ مذکر) گھرنا۔ سمانا۔ موقوف ہونا
انحطاط۔ (اِن۔ حِ۔ طاط) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کم ہونا۔ (۲) کمی۔ گھٹاؤ۔
اِنحلال۔ (اِن۔ حِ۔ لال) (ع۔ ا۔ مذکر) کسی مرکب شے کے عناصر ترکیبی کا الگ الگ ہونا۔
انخلا۔ (اِن۔ خِ۔ لا) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کٹا ہوا ہونا۔ (۲) خالی کرنا۔
انداز۔ (اَن۔ داز) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) قیاس (۲) طریقہ۔ وضع۔ (۳) معشوقانہ لگاوٹ (۴) اعتدال۔ مقدار معین (۵) نمونہ۔ بیانہ۔
انداز اڑانا۔ کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا۔ حاصل کر لینا۔
انداز بھگنا۔ شان پائی جانا۔ ڈھنگ نکلنا۔
اندازہ (اَن۔ دا۔ زَہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) اٹکل۔ تخمینہ (۲)
(۳) مانند (۴) حد اعتدال۔ پیمانہ (۵) مقدور۔
اندازہ پانا۔ اٹکل ملنا۔
اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
اَندام۔ (اَن۔ دام) (ف۔ ا۔ مذکر) جسم۔ بدن۔
اندام نہانی۔ شرمگاہ۔ فرج۔
اَندر۔ (اَن۔ دَر) (ف۔ ظرف) اندرون۔ بھیتر۔
اندر کی سانس اندر باہر کی سانس باہر (مثل) دہشت یا حادثے سے سانس کا رک جانا۔
اِندر (اِن۔ دَر) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) دیوتاؤں کا راجہ۔ بہشت کا راجہ۔ (۲) مینہ برسانے والا دیوتا (۳) گرج۔ بجلی۔
اندر جو۔ ایک درخت کا پھل جو جو کے ہم شکل ہوتا ہے۔
اندر کا اکھاڑا۔ راجہ اندر کی محفل
اِندراج (اِن۔ دِ۔ راج) (ع۔ ا۔ مذکر) درج ہونا۔ لکھا جانا۔
اِندراین (اِن۔ دِ۔ را۔ اِن) (ف۔ ا۔ مونث) حنظل۔ پھر پھیندوا۔
اندراین پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں (مثل) ظاہر اچھا ہے باطن خراب۔ صورت اچھی ہے سیرت خراب ہے۔
اندراین کا پھل (۱) ایک نہایت کڑوا پھل (۲) بدمزاج (۳) دشمنی ڈالنے والا۔
اندرسا (اَن۔ دَر۔ سا) ایک مٹھائی۔
اندرون۔ (اَن۔ دَ۔ رُون) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) اندر۔ بیچ (۲) دل۔ باطن۔
اندرون خانہ۔ گھر میں۔ باہم۔ آپس میں۔
اندرونی۔ (اَن۔ دَ۔ رُو۔ نی) (ف۔ صفت) اندر کی۔ داخلی۔
اندک۔ (اَن۔ دَک) (ف۔ صفت) کم۔ ذرا۔ تھوڑا۔
اِندمال۔ (اِن۔ دِ۔ مال) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) زخم بھرنا (۲) تسلی۔ اطمینان۔
اندوختہ۔ (اَن۔ دوخ۔ تَہ) (ف۔ صفت) جمع کیا ہوا۔ بچا ہوا۔
اندوز۔ (اَن۔ دوز) (ف) فارسی مصدر اندوختن (جمع کرنا) کا اسم فاعل بمعنی جمع کرنے والا۔ مرکبات میں آتا ہے۔ جیسے لطف اندوز
اندوہ۔ (اَن۔ دوہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) رنج۔ غم (۲) فکر و تردد۔
اندوہگین۔ رنجیدہ۔ مغموم۔
اندوہناک۔ رنج سے بھرا ہوا۔ غمناک۔
اندھا (اَن۔ دھا) (ہ۔ صفت) نابینا۔ جسے دکھائی نہ دیتا ہو۔
اندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر کے اپنوں ہی کو دے (مثل) اپنے رشتہ داروں کو ہر طرح فائدہ پہنچانے والے کی نسبت کہتے ہیں۔
اندھا بنانا۔ آنکھ میں دھول ڈالنا۔ دھوکہ دینا۔
اندھا بننا۔ جان بوجھ کر کسی بات پر دھیان نہ دینا۔ دانستہ دھوکا کھانا۔
اندھاپن۔ (۱) بصارت کا نہ ہونا (۲) جہالت۔ بے وقوفی۔
اندھا جانے آنکھوں کی سار (مثل) آنکھوں کی قدر اندھا ہی جان سکتا ہے۔
اندھا دھند (۱) بڑا اندھیرا (۲) ظلم۔ گڑبڑ (۳) بغیر سوچ بچار کے

Marfat.com

بے احتیاطی سے (۴) بے ٹھکانے۔ بے حساب۔

**اندھا راجہ چوپٹ نگری** (مثل) ظالم اور بے وقوف بادشاہ کے راج میں ملک برباد ہو جاتا ہے۔

**اندھا کنواں** - (۱) وہ کنواں جس میں پانی نہ ہو (۲) لڑکوں کا ایک کھیل۔

**اندھا کیا جانے بسنت** ۔ لالے کی بہار (مثل) جس میں تمیز کا مادہ ہی نہ ہو وہ کسی چیز کی قدر کیا جانے۔

**اندھا کیا چاہے دو آنکھیں** (مثل) ضرورت مند ہمیشہ اپنی حاجت روائی چاہتا ہے۔

**اندھا گائے بہرا بجائے** (مثل) ناقابل لوگوں کا مجمع - نالائقوں کی مجلس۔

**اندھا ملا ٹوٹی مسجد** - (مثل) ناقص کو ناقص ہی چیز ملتی ہے۔

**اندھا ہونا** (۱) نابینا ہونا (۲) گمراہ ہونا (۳) نشہ یا جوشِ جوانی میں بدمست ہونا (۴) دیکھ کر نہ چلنا۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔

**اندھوں میں کانا راجہ** (مثل) بے وقوفوں میں ذرا عقل رکھنے والا لائق سمجھا جاتا ہے۔

**اندھے کی لکڑی** ۔ لاٹھی (۱) سہارا - آسرا (۲) اکلوتا لڑکا۔ بڑھاپے کا سہارا۔

**اندھے کے آگے روئیے اپنے بھی نین کھوئیے** (مثل) نااہل کو نصیحت کرنا مفت کی دردسری ہے۔

**اندھے کے ہاتھ بٹیر لگنا** (مثل) کسی شخص کو اس کی حیثیت یا لیاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جانا۔

**اندھو کھوپڑی** - (اَندھ - کھوپ - ڑی) (ہ - صفت) بیوقوف۔ نا سمجھ۔

**اندھی** - (اَن - دھی) (ہ - صفت) آنکھوں سے معذور عورت نابینا عورت۔

**اندھی آنت** - فالتو آنت جو بڑی آنت کے اوپر لگی ہوتی ہے (APPENDICITIS) نیز دیکھیے التہاب زائدہ۔

**اندھیار** - (اَندھ - یار) (ہ - ا - مذکر) اندھیرا۔ تاریکی۔

**اندھیارا** - (اَندھ - یا - را) (ہ - ا - مذکر) اندھیرا۔

**اندھیاری** - (اَندھ - یا - ری) (ہ - ا - مونث) تاریکی۔

**اندھیر** - (اَن - دھیر) (ہ - ا - مذکر) (۱) ظلم - ستم (۲) بے انصافی بدنظمی (۳) دغا - بے ایمانی (۴) سیاہی - تاریکی۔

**اندھیر ڈھانا** - کمال ظلم کرنا۔

**اندھیر کرنا / مچانا** - بے انصافی کرنا - ظلم کرنا۔

**اندھیر کھاتا** - (۱) حساب کتاب میں گڑبڑ (۲) بے ایمانی۔ (۳) ظلم۔

**اندھیر نگری چوپٹ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا** (مثل) بے قانون بادشاہت - جہاں حاکم کی بے پروائی سے لوٹ مچی ہو۔

**اندھیر ہونا** - (۱) بے حد تاریکی ہونا (۲) ظلم ہونا (۳) بے انصافی ہونا

**اندھیرا** - (اَن - دھے - را) (ہ - ا - مذکر) تاریکی - (صفت) تاریک - سیاہ

**اندھیرا چھانا** - تاریکی ہو جانا۔

**اندھیرا گھُپ** - نہایت تاریکی۔

**اندھیرے اُجالے** - دیر سویر - موقع بے موقع - وقت بے وقت۔

**اندھیرے گھر کا اُجالا** (۱) اکلوتا بیٹا (۲) نہایت پیارا جس کی ذات سے گھر کی رونق ہو۔

**اندھیرے منہ** - بہت سویرے - تڑکے ہی۔

**اندھیری** - (اَن - دھے - ری) (ہ - ا - مونث) (۱) آندھی (۲) تاریکی (۳) (صفت) تاریک (۴) (مونث) پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھ دیتے ہیں۔

**اندھیری رات / گھٹا** ، چھانا (۱) تاریکی چھانا (۲) کالی گھٹا کے سبب اندھیرا ہو جانا۔

**اندیش** (اَن - دیش) (ف) فارسی مصدر اندیشیدن کا اسم فاعل بمعنی سوچنے والا - فکر کرنے والا - مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے دُوراندیش۔

**اندیشہ** (اَن - دے - شہ) (ف - ا - مذکر) (۱) فکر - سوچ (۲) خوف - کھٹکا۔

**اندیشہ ناک** - پُر خطر - خوفناک۔

**انڈا** (اَن - ڈا) (ہ - ا - مذکر) بیضہ۔

**انڈوں پر ہے** - انڈے دے رہی ہے یا انڈے سیتی ہے۔

**انڈے بچوں میں بچے گھر بیٹے** (مثل) کوئی چیز کہیں اور کوئی کہیں - بدانتظامی۔

**انڈے بچے** - لڑکے بالے - آل اولاد۔

**انڈے سینا** - انڈوں سے بچے نکالنے کے لیے پرندوں کا انڈوں پر بیٹھنا۔

**انڈے سیوے فاختہ اور کوّے بچے کھائیں** (مثل) محنت کوئی کرے مزے کوئی اڑائے۔

**انڈے کا شہزادہ** - وہ شخص جو کبھی گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ ناتجربہ کار۔

**انڈر** (UNDER) (اَن - ڈر) (انگ - تابع فعل) (۱) نیچے - تحت - زیر (صفت) (۲) ماتحت (۳) نائب۔

**انڈر آرم** (UNDER ARM) (۱) (کرکٹ) گیند جو ہاتھ نیچا کر کے پھینکی جائے (۲) (ٹینس) اسٹروک جو ہاتھ نیچا کر کے مارا جائے۔

**انڈر سیکرٹری** (UNDER SECRETARY) نائب معتمد

**انڈر گراؤنڈ** (UNDERGROUND) (۱) زمین دوز۔ (۲) روپوش۔

**انڈر ویئر** (UNDERWEAR) زیر جامہ - پاجامہ وغیرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔

**اِنڈنٹ** (INDENT) (اِن - ڈنٹ) (انگ - ا - مذکر) سرکاری تحریر جس میں سامانِ رسد کا مطالبہ ہو۔

**اِن ڈور پیشنٹ** (INDOOR PATIENT) (اِن - ڈور - پے شنٹ) (انگ - ا - مذکر) وہ مریض جو ہسپتال میں داخل ہو۔

**انڈی** (اَن - ڈی) (س - ا - مونث) (۱) رینڈی - رینڈ کے پھل کا بیج (۲) ارنڈ کا پیڑ (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

**اِنڈیکس** (INDEX) (اِن - ڈیکس) (انگ - ا - مذکر) فہرست ضمیمہ - اشاریہ۔

**اُنڈیلنا** - (اُن - ڈیل - نا) (ہ - مص) اوندھانا - اُلٹنا - لنڈھانا۔

Marfat.com

اِنڈین (INDIAN) اِن - ڈ - یَن (انگ ـ صف) - ہندوستان کا - ہندوستانی -
انڈین پینل کوڈ (INDIAN PENAL CODE) تعزیراتِ ہند -
انڈین سول سروس (INDIAN CIVIL SERVICE) ہندوستان کی اعلیٰ ملکی ملازمت جس کا مخفف آئی سی ایس ہے -
انڈین کونسل (INDIAN COUNCIL) دیکھیے کونسل آف انڈیا -
اِنزال - اِن - زال (ع - ا - مذکر) (۱) اُترنا - اُتارنا (۲) منی نکلنا -
اِنس - (ع - ا - مذکر) انسان - آدمی
اِنس وجان - انسان اور جن -
اُنس - (ع - ا - مذکر) محبت - پیار - رغبت - میل جول -
اَنساب (اَن - ساب) (ع - ا - مذکر) نسب کی جمع - نسبیں - خاندان - شجرے -
اِنسان - اِن - سان (ع - ا - مذکر) (۱) آدمی (۲) محبت رکھنے والا (۳) آنکھ کی پُتلی -
انسان بنانا - اچھی تربیت دینا - مہذب بنانا -
اِنسانی - اِن - سانی (ع - صف) منسوب بہ انسان -
اِنسانیت (اِن - سا - نی - یت) آدمیت - تمیز - شعور -
انسانیت (برتنا) سے پیش آنا - اخلاق و تہذیب سے بات چیت کرنا -
اِنسائیکلو پیڈیا (ENCYCLOPAEDIA) (اِن - سا - ای - ک - لو - پی - ڈ - یا) (انگ - ا - مذکر و مونث) قاموس - قاموس العلوم - دائرۃ المعارف - وہ کتاب حوالہ جس میں جملہ علوم و فنون کے متعلق معلومات درج ہوں -
اَنسب - (اَن - سَب) (ع - صف) زیادہ مناسب - بہت ٹھیک -
اِنسپکٹر (INSPECTOR) (اِنس - پِک - ٹر) (انگ - ا - مذکر) معائنہ کرنے والا - دیکھ بھال کرنے والا -
انسپکٹر جنرل (INSPECTOR GENERAL) اعلیٰ نگران -
اَنسٹھ (اَن - سٹھ) (ہ - صف) پچاس اور نو -
اِنسٹی ٹیوٹ - انسٹی چیوٹ (INSTITUTE) (اِنس - ٹی - ٹیوٹ - اِنس - ٹی - چیوٹ) (انگ - ا - مذکر) ادارہ - محکمہ -
انسٹی ٹیوشن (INSTITUTION) (اِنس - ٹی - ٹیو - شن) - (انگ - ا - مونث) علمی مجلس - اصولوں یا قاعدوں کا ضابطہ - ادارہ -
اِنسداد (اِن - س - داد) (ع - ا - مذکر) روک - تھام -
اُنسیت (اُن - سی - یت) (ع - ا - مونث) محبت - مہر - حُب -
اِنشا (اِن - شا) (ع - ا - مونث) (۱) عبارت لکھنا (۲) طرزِ تحریر (۳) کوئی بات پیدا کرنا - وہ کتاب جس میں خط و کتابت کے قواعد اور خطوط ہوں
انشا پرداز - مضمون نگار - ادیب
انشا پردازانہ - ادیب کی مانند - عبارت آرائی کی شان والی -
انشا پردازی (۱) مضمون نگاری (۲) مضمون لکھنے کا طریقہ -
اِنشاء اللہ تعالیٰ - (ع) اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا -
انشائیہ (اِن - شا - ایہ) (ع - صف) انشا سے منسوب - نحو کی اصطلاح میں وہ جملہ جس میں سچ جھوٹ کا احتمال نہ ہو -
اِنشراح - (اِن - شِ - راح) (ع - ا - مذکر) کھلنا - ظاہر ہونا -
اِنشقاق - (اِن - شِ - قاق) (ع - ا - مذکر) شق ہونا - ٹوٹ کر الگ ہونا -
اِنشورنس (INSURANCE) (اِن - شو - رِنس) (انگ - ا - مونث) بیمہ -
اَنصار - (اَن - صار) (ع - ا - مذکر) ناصر کی جمع (۱) مددگار (۲) مدینہ کے وہ باشندے جنھوں نے سردارِ دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کی تھی -
انصاری - (اَن - صا - ری) (ع - صف) جماعت انصار کا فرد - انصار سے منسوب -
اِنصاف - (اِن - صاف) (ع - ا - مذکر) (۱) عدل (۲) دو ٹکڑے کرنا (۳) فیصلہ کرنا -
انصاف کا خون کرنا - انصاف نہ کرنا - ظلم کرنا -
اِنصرام - (اِن - صِ - رام) (ع - ا - مذکر) بندوبست - انتظام -
اِنضباط - (اِن - ضِ - باط) (ع - ا - مذکر) (۱) پیوستگی - مضبوطی - (۲) ضابطہ - ڈھنگ -
انضباطِ اوقات - وقت کی تقسیم - وقت کی پابندی - وقت کا تعین -
اِنضمام - (اِن - ضِ - مام) (ع - ا - مذکر) ملنا - پیوست ہونا - وصل ہونا -
اِنطباع - (اِن - طِ - باع) (ع - ا - مذکر) چھپنا - طبع ہونا - نقش ہونا -
اِنطباق - (اِن - طِ - باق) (ع - ا - مذکر) جڑنا - باہم ملنا -
اِنعام - (اِن - عام) (ع - ا - مذکر) بخشش - بدلہ - اجر - معاوضہ -
انعام و اکرام - خلعت - عزت - عطیات وغیرہ -
اِنعطاف - (اِن - عِ - طاف) (ع - ا - مذکر) لوٹنا - پھرنا - جھکنا -
اِنعقاد - (اِن - عِ - قاد) (ع - ا - مذکر) منعقد ہونا - بندھنا -
اِنعکاس - (اِن - عِ - کاس) (ع - ا - مذکر) (۱) عکس جھلکنا - (۲) سایہ - عکس -
اَنفاس - (اَن - فاس) (ع - ا - مذکر) نفس کی جمع - سانسیں - دم -
اِنفراد (اِن - فِ - راد) (ع - ا - مذکر) اکیلا ہونا - تنہا ہونا -
اِنفرادی (اِن - فِ - را - دی) (ع - صف) شخصی - ذاتی -
اِنفرادیت - (اِن - فِ - را - دی - یت) (ع - ا - مونث) (۱) خودی - انانیت (۲) (عمرانیات) ایک نظریہ جس کی رُو سے افراد کو فکر و عمل کی آزادی ہونی چاہیئے -
اِنفساخ (اِن - فِ - ساخ) (ع - ا - مذکر) فسخ ہونا - ٹوٹ جانا -
انفساخِ معاہدہ - معاہدے کا ٹوٹ جانا -
اِنفصال - (اِن - فِ - صال) (ع - ا - مذکر) (۱) جدا ہونا (۲) طے پانا -
اِنفعال - (اِن - فِ - عال) (ع - ا - مذکر) شرمندگی - شرمندہ ہونا

Marfat.com

**اِنفکاک** (اِن-فِ-کاک) (ع-ا-مذکر) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔
**انفکاکِ رہن**۔ روپیہ ادا کرکے رہن کی ہوئی جائداد واپس لینا۔
**اِنفلوئنزا** (INFLUENZA) (اِن-فْ-لُو-ایِن-زا) (انگ-ا-مذکر) وبائی زکام۔ فلُو
**اِنفینٹری** (INFANTRY) (اِن-فینٹ-ری) (انگ-ا-مونث) پیادہ فوج۔ پیدل پلٹن۔
**اِنقباض** (اِن-قِ-باض) (ع-ا-مذکر) (۱) سکڑنا۔ بھینچنا۔ (۲) قبض۔
**اِنقسام** (اِن-قِ-سام) (ع-ا-مذکر) حصّہ حصّہ ہونا۔ منقسم ہونا۔
**اِنقضا** (اِن-قِ-ضا) (ع-ا-مذکر) مدت پُوری ہونا۔ گزرنا۔
**اِنقطاع** (اِن-قِ-طاع) (ع-ا-مذکر) کاٹا ہوا ہونا۔ کٹ جانا۔
**اِنقلاب** (اِن-قِ-لاب) (ع-ا-مذکر) (۱) تغیر و تبدّل۔ (۲) زمانہ کا چکر کھانا۔ پُرانے سیاسی یا معاشی نظام کی جگہ نئے نظام کا نفاذ۔
**انقلابِ آسماں**۔ انقلابِ دہر۔ انقلابِ زمانہ۔ آسمان کا چکر۔ زمانے کی گردش۔ وقت کی کایا پلٹ۔
**اِنقلابات** (ع-ا-مذکر) انقلاب کی جمع۔
**اِنقلابی** (اِن-قِ-لابی) (ع-صفت) (۱) انقلاب سے منسوب (۲) انقلاب برپا کرنے والا۔
**اِنقیاد** (اِن-قِ-یاد) (ع-ا-مذکر) (۱) تابع ہونا (۲) فرماں برداری۔ پابندی۔
**اِنکار** (اِن-کار) (ع-ا-مذکر) (۱) منظور نہ کرنا (۲) منع کرنا۔
**اِنکسار** (اِن-کِ-سار) (ع-ا-مذکر) ٹوٹ جانا۔ عاجزی۔ خاکساری۔
**اِنکشاف** (اِن-کِ-شاف) (ع-ا-مذکر) کھولنا۔ کھلنا۔
**انکم ٹیکس** (INCOME-TAX) (اِن-کم-ٹیکس) (انگ-ا-مذکر) آمدنی پر سرکاری محصول۔
**انکھڑی** (آنکھ-ڑی) (ہ-ا-مونث) آنکھ۔
**انکھڑیاں** (آنکھ-ڑیاں) (ہ-ا-مونث) انکھڑی کی جمع۔
**انکھوا** (آنکھ-وا) (ہ-ا-مذکر) (۱) آنکھوا انکُر۔ کلّا کونپل (۲) ایک پکوان۔
**انکھیارا** (آنکھ-یا-را) (ہ-ا-مذکر) آنکھوں والا۔
**انکھیاں** (آنکھ-یاں) (ہ-ا-مونث) آنکھیں۔
**انگ** (ہ-ا-مذکر) (۱) بدن (۲) بند۔ عضو۔ جوڑ۔
**انگا** (اَن-گا) (ہ-ا-مذکر) انگرکھا۔ جامہ۔ لبادہ۔
**انگارا** (اَن-گا-را) (ہ-ا-مذکر) (۱) جلتا ہوا بڑا کوئلہ (۲) نہایت سُرخ۔ چمکتا ہوا۔
**انگاروں پر لوٹنا**۔ رشک اور حسد میں جلنا۔ تڑپنا۔
**انگارے اُگلنا**۔ سخت باتیں منہ سے نکالنا۔
**انگبین** (اَنگ-بین) (ع-ا-مذکر) شہد۔ عسل۔
**انگرکھا** (اَنگ-رَ-کھا) (ہ-ا-مذکر) ایک قسم کا مردانہ لباس۔ لبادہ
**انگریز** (اَنگ-ریز) (اُر-ا-مذکر) انگلستان کا باشندہ۔
**انگریزی** (اَنگ-رے-زی) (اُر-ا-مونث) (۱) انگریزوں کی زبان (۲) انگلستان سے متعلق۔
**انگڑائی** (اَنگ-ڑا-ای) (ہ-ا-مونث) ہاتھوں کا کھینچنا۔ جسم کے بالائی حصّے کا تناؤ۔ خمیازہ۔
**انگڑائی توڑنا**۔ سستی اتارنا۔ انگڑائی لینا۔
**انگڑ کھنگڑ** (اَن-گڑ-کھَن-گڑ) (ہ-صفت) پرانا اسباب۔ کاٹھ کباڑ۔
**انگشت** (اَن-گشت) (ف-ا-مونث) انگلی۔
**انگشت بدنداں ہونا**۔ دانتوں میں انگلی دینا۔ حیرت۔ تعجب۔ افسوس یا حسرت کا اظہار کرنا۔
**انگشتِ شہادت**۔ سیدھے ہاتھ کی انگوٹھے کے پاس والی انگلی۔
**انگشتِ نر**۔ انگوٹھا
**انگشت نمائی**۔ بدنامی۔ رسوائی۔
**انگشتانہ** (اَن-گُش-تا-نہ) (ف-ا-مذکر) دھات کی بنی ہوئی ٹوپی جسے کپڑا سیتے وقت انگلی میں پہن لیتے ہیں۔
**انگشتری** (اَن-گُش-تَ-ری) (ف-ا-مونث) انگوٹھی۔
**انگل** (اُن-گل-اَن-گل) (ہ-ا-مذکر) انگلی کی چوڑائی کی مقدار
**انگلش** (ENGLISH) (اِنگ-لش) (انگ-صفت) انگلستان کا۔ انگریزی زبان۔
**انگلی** (اُنگ-لی) (ہ-ا-مونث) انگشت۔
**انگلی پکڑانا**۔ انگلی پکڑا کے چلانا۔
**انگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا** (مثل) ذرا منہ لگانے پر سر چڑھنا۔
**انگلیاں چٹکانا**، چٹخانا۔ انگلیوں کی سستی دور کرنا۔
**انگلی دانت تلے دبانا**۔ حیران ہونا۔ افسوس کرنا
**انگلی رکھنا**۔ اعتراض کرنا۔ عیب نکالنا۔
**انگلی کرنا**۔ پریشان کرنا۔ ستانا۔
**انگلیاں اٹھانا**۔ اشارہ کرنا۔ رسوا کرنا۔
**انگلیاں اٹھنا**۔ رسوا ہونا
**انگلیاں کاٹنا**۔ تاسف کے ساتھ حیران ہونا۔
**انگلیاں کانوں میں دینا**۔ بیزاری کا اظہار کرنا۔
**انگلیاں نچانا**۔ بدتہذیبی۔ مسخرہ پن۔ چلبلاپن۔
**انگلیوں پر نچانا**۔ بہت تنگ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
**انگنائی** (اَنگ-نا-ای) (ہ-ا-مونث) آنگن۔ صحن۔
**انگوٹھا** (اَن-گو-ٹھا) (ہ-ا-مذکر) ہاتھ اور پیر کی پہلی اور سب سے موٹی انگلی۔
**انگوٹھا چومنا**۔ خوشامد کرنا۔ ازحد محبت کرنا۔
**انگوٹھا دکھانا** (۱) خاطر میں نہ لانا۔ چڑانا (۲) انکار کرنا۔ صاف جواب دینا۔
**انگوٹھی** (اَن-گو-ٹھی) (ہ-ا-مونث) انگشتری
**انگوچھا** (اَن-گو-چھا) (ہ-ا-مذکر) (۱) بدن پونچھنے کا کپڑا۔ تولیا (۲) چھوٹی دھوتی۔
**انگور** (اَن-گور) (ف-ا-مذکر) (۱) ایک شیریں میوہ۔ تاک۔ عنب (۲) زخم کا کھرنڈ۔
**انگور بندھنا**، ابھرنا۔ گھاؤ بھر کر کھرنڈ بننا۔
**انگور پھٹ جانا**۔ بھرے ہوئے زخم کا تڑق جانا۔
**انگور شفا**۔ ایک بوٹی جس کی جڑ اور پتیاں مسے اور درد کو

Marfat.com

دُور کرتی ہیں۔
انگور کھٹے ہیں۔ (مثل) میسّر نہیں اس لیے خراب ہیں۔ کسی چیز کے حاصل نہ ہونے پر اس میں عیب نکالنا
انگوری ٹٹیاں۔ بانس کی ٹٹیاں جن پر انگور کی بیلیں چڑھاتے ہیں۔
انگوری۔ (اَن۔گُو۔ری) (ف۔صف) (۱) انگور سے بنا ہوا۔ (۲) انگوری رنگ کا۔ ہلکا رنگ۔
انگیا۔ (اَنگ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) چولی۔ عورتوں کا ایک پہناوا سینہ بند۔
انگیٹھی۔ (اَن۔گی۔ٹھی) (ہ۔ا۔مونث) آگ رکھنے کا برتن۔
انگیز۔ (اَن۔گیز) (ف۔ا۔مونث) برداشت۔
انگیز۔ (اَن۔گیز) (ف) فارسی مصدر انگیختن (بھڑکانا۔ اُٹھانا) کا اسم فاعل۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے فتنہ انگیز۔
انناس۔ (اَ۔نَن۔ناس) (پُر۔ا۔مذکر) ایک لمبوترا پھل
انوار۔ (اَن۔وار) (ع۔ا۔مذکر) نور کی جمع۔ روشنی۔ اُجالا۔
انواع۔ (اَن۔واع) (ع۔ا۔مذکر) نوع کی جمع۔ قسمیں۔
انوپ۔ (اَ۔نُوپ) (ہ۔صفت) بے مثال۔ بے نظیر۔ یکتا۔ لاثانی۔
انور۔ (اَن۔وَر) (ع۔صفت) بہت روشن۔ نہایت نُورانی۔
انوکھا۔ (اَ۔نو۔کھا) (ہ۔صفت) نرالا۔ نادر۔ سب سے الگ۔
انوکھاپن۔ نرالاپن۔
اُنھ۔ (اُن۔ھ) (ہ) بے پروائی اور نفرت کا کلمہ۔
انہار۔ (اَن۔ہار) (ع۔ا۔مونث) نہر کی جمع۔ نہریں۔
اُنھتّر۔ (اُ۔نھت۔تَر) (ہ۔صفت) ساٹھ اور نو۔
انہدام۔ (اِن۔ہِ۔دام) (ع۔ا۔مذکر) ڈھانا۔ گرانا۔ مسمار کرنا
انہزام۔ (اِن۔ہِ۔زام) (ع۔ا۔مذکر) تتر بتر ہونا۔ شکست کھانا۔
انہضام۔ (اِن۔ہِ۔ضام) (ع۔ا۔مذکر) ہضم ہونا۔
انہماک۔ (اِن۔ہِ۔ماک) (ع۔ا۔مذکر) مصروفیت۔ محویت
انھوریاں۔ (اَ۔نھو۔ر۔یاں) (ہ۔ا۔مونث) گرمی دانے۔
انھیں۔ (اِ۔نھیں) (ضمیر) قریبی اشارہ۔ ان کو۔
اُنھیں۔ (اُ۔نھیں) (ضمیر) دُور کا اشارہ۔ اُن کو۔
انی۔ (اَ۔نی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) برچھی کی نوک (۲) جوتے کی نوک۔
انیائے۔ (اَن۔نِ۔یا۔اے) (ہ۔ا۔مذکر) بے انصافی۔ ظلم۔ اندھیر۔
انیس۔ (اَ۔نیس) (ع۔صفت) اُنس رکھنے والا۔ دوست۔ ہمدم۔
اُنیس۔ (اُن۔نیس) (ہ۔صفت) دس اور نو۔
اُنیس بیس۔ تھوڑا سا۔ معمولی سا۔
اُنیسواں۔ (اُن۔نیس۔واں) (ہ۔صفت) گنتی میں اُنیس کی جگہ پر آنے والا۔
انیق۔ انیقہ (اَ۔نیق۔اَ۔نی۔قہ) (ع۔صفت) خوب۔ نادر۔ عجیب۔
انیمیا (ANAEMIA) (اَ۔نی۔م۔یا) (انگ۔ا۔مذکر) جسم میں خون کی کمی۔ ایک مرض۔

## ا ۔ و

او۔ حرفِ ندا۔ اے۔ ارے۔
اواخر۔ (اَ۔وا۔خِر) (ع۔ا۔مذکر) آخر کی جمع (۱) حصے۔ خاتمے۔ آخری حصے (۲) قمری مہینے کے آخری دس دن۔
آوازہ توازہ۔ (آ۔وا۔زہ۔ت۔وا۔زہ) (اُرد۔ا۔مذکر) طعن تشنیع۔ بولی ٹھولی۔
اوامر۔ (اَ۔وا۔مِر) (ع۔ا۔مذکر) امر کی جمع۔ احکام۔
اوائل۔ (اَ۔وا۔اِل) (ع۔صفت) اوّل کی جمع۔ ابتدا۔ آغاز۔ پہلے حصے۔
اوائل عمر۔ ابتدائے عمر۔ بچپن۔ لڑکپن۔ کم سنی۔
اُوب۔ (ہ۔ا۔مونث) گھبراہٹ۔ اُکتاہٹ۔
اوباش۔ (اَو۔باش) (ع۔صفت) بُوش کی خلاف قیاس جمع۔ لچا۔ غنڈہ۔ بدمعاش۔ اُردو میں واحد بھی مستعمل ہے۔
اوباشی۔ (اَو۔با۔شی) (ف۔ا۔مونث) بدمعاشی۔ بدچلنی۔ عیاشی۔
اُوبنا۔ (اُوب۔نا) (ہ۔مص) اُکتانا۔ گھبرانا۔
اُوپر۔ (اُو۔پَر) (ہ) (۱) نیچے کی ضد (۲) پر۔ سہارے بھروسے پر۔
اوپر اوپر (۱) بالا بالا۔ چپکے چپکے (۲) بے اثر۔
اوپر تلے۔ نیچے اوپر۔ پے در پے۔ لگاتار۔
اوپر تلے کے۔ وہ بچے جن کے بیچ میں کوئی بچہ پیدا نہ ہو۔
اوپر سے (۱) اونچے سے (۲) اس کے علاوہ (۳) تنخواہ کے علاوہ رشوت۔
اوپر والا (۱) خدا (۲) نیا چاند (۳) نوکر چاکر (۴) اجنبی۔
اوپر والے (۱) غیر (۲) حکام (۳) کوٹھے پر رہنے والے۔
اوپر والیاں (۱) پریاں۔ چڑیلیں (۲) (۱)۔ اصیلیں۔
اوپر ہی اوپر۔ بالا بالا۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ۔
اُوپری۔ (اُو۔پ۔ری) (ہ۔صفت) (۱) اوپر کا (۲) باہر کا (۳) دکھاوٹی (۴) اجنبی۔
اوپری دل سے۔ ظاہرا طور سے۔ دکھاوے کو۔
اوپیرا (OPERA) (او۔پے۔را) (انگ۔ا۔مذکر) غنائی تمثیل۔ وہ ناٹک جس میں موسیقی کا اثر غالب ہو۔
اَوتاد۔ (اَو۔تاد) (ع۔ا۔مذکر) (۱) میخیں (۲) اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ۔
اَوتار۔ (اَو۔تار) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ہندوؤں کے عقیدے میں خدا کا کسی جسم میں داخل ہو کر مخلوق کی اصلاح کے لیے دنیا میں آنا۔ (۲) (صفت) نیک۔ ولی۔ خدا رسیدہ آدمی۔
اوٹ (ہ۔ا۔مونث) (۱) روک۔ پردہ۔ آڑ۔ نقاب (۲) پناہ۔ حمایت (۳) پیچھے۔ پوشیدہ (۴) گھات (۵) گاڑی کے اٹھنگنے کی لکڑی۔

Marfat.com

اوٹا (او۔ ٹا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پرشے کی دیوار (۲) کپاس اوٹنے والا آدمی (۳) کپاس اوٹنے کی چرخی۔
اوٹانا (او۔ ٹا۔ نا) [ہ۔ مص] کھولانا۔ دُودھ یا کسی اور رقیق چیز کا خوب گرم کرنا۔
اُوٹ پٹانگ (اُوٹ۔ پ۔ ٹانگ) [ہ۔ صف] مہمل۔ بے معنی۔ بے ہودہ۔
اوٹن (او۔ ٹن) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) اُبال۔ تاؤ (۲) تمباکو کاٹنے کی چھری (۳) چرخی کے دو ڈنڈے جن کے گھومنے سے روئی میں سے بنولے الگ ہو جاتے ہیں۔
اوٹنا (اوٹ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بیلنا۔ روئی کو بنولوں سے جُدا کرنا۔
اوٹنی (اوٹ۔ نی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) کنگھی یا چمچ (۲) کپاس اوٹنے کی چرخی۔ بیلنی۔
اوج [ع۔ا۔ مونث] (۱) اونچائی (۲) شان۔ عروج۔
اوج موج — خوش حالی۔ فارغ البالی۔ بلند اقبالی
اَوجاع (او۔ جاع) [ع۔ا۔ مذکر] وجع کی جمع۔ درد۔
اوجھ [ہ۔ا۔ مذکر] چوپایوں کا معدہ۔ پیٹ۔
اوجھڑی (اوجھ۔ ڑی) [ہ۔ا۔ مونث] جانوروں کا معدہ۔ اوجھ۔
اوجھل (او۔ جھل) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) آڑ۔ پردہ۔ (۲) پوشیدہ۔
اوچھا (او۔ چھا) [ہ۔ صف] (۱) کم ظرف۔ کمینہ (۲) اوھورا (۳) اُتھلا۔ چھوٹا (۴) کم گہرا۔
اوچھا پن۔ چھچھورا پن۔ کم ظرفی۔
اوچھا ہاتھ پڑنا۔ ہلکا ہاتھ پڑنا جس سے چوٹ کم آئے۔
اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے۔ کم ظرف کا احسان کبھی نہ لینا چاہیے۔
اوچھی پونجی خصم کو کھائے (مثل) تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں اصل بھی برباد ہو جاتا ہے۔
اُوخویشتن گم است کرا رہبری کند (مثل) جو شخص خود بھٹکا ہوا ہے۔ وہ کس کی رہبری کر سکتا ہے۔
اُودا (اُو۔ دا) [ہ۔ صف] سُرخی لیے ہوئے کالے رنگ کا۔
اُودا ہٹ (اُو۔ دا۔ ہٹ) [ہ۔ا۔ مونث] بینگنی رنگ کا ہونا۔
اُودبلاؤ (اُود۔ ب۔ لاؤ) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بلی سے مشابہ ایک جانور جو دریاؤں کے کنارے رہتا ہے۔
(۲) بے وقوف آدمی۔
اُودھم (اُو۔ دھم) [ہ۔ا۔ مذکر] شور و شر۔ ہنگامہ۔ فساد
اودھم اٹھانا۔ اودھم جوتنا۔ اودھم مچانا۔ ہنگامہ و فساد برپا کرنا۔ جھگڑا اٹھانا۔ نہایت غل و شور کرنا۔
اُودھمی (اُو۔ دھ۔ می) [ہ۔ صف] جھگڑالو۔ فسادی۔ شریر۔
اُور [ہ] (۱) دو لفظوں کو ملانے والا لفظ (۲) دُوسرا (۳) زیادہ (۴) پھر (۵) صرف۔ فقط (۶) یا۔ وا (۷) نیا (۸) علاوہ (۹) پر۔ بلکہ سوا (۱۰) غیر (۱۱) خلاف۔ برعکس۔
(۱۲) ہاں۔ یوں ہی ہے۔
اور تو اور۔ حیرت کی بات یہ ہے۔ اَوروں کو جانے دو۔
اور سنو۔ ابھی ٹھہرو۔ یہ تازہ بات ہوئی۔ اسے لو۔ دیکھو۔
اور سے اور (ہو جانا) ہونا۔ حالت پلٹ جانا۔ ترقی یا تنزل ہونا۔
اور عالم میں ہونا۔ اور رنگ میں ہونا۔ آپ میں نہ ہونا۔
اوروں کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اوروں کو نصیحت کرے۔ مگر خود عمل نہ کرے۔
اور کے نام انڈے بچے ہمارے نام کڑک۔ (مثل) اوروں سے سلوک کرتے ہو ہم سے نہیں۔ غیر مزے کریں۔ اپنے بھوکے مریں۔
اور کیا۔ یہی بات ہے۔ ٹھیک۔ بے شک۔
اور [ہ] (۱) سمت (۲) شروع (۳) کنارہ (۴) حمایت (۵) حد۔ انتہا۔
اوراد (اَو۔ راد) [ع۔ا۔ مذکر] وِرد کی جمع۔ وظائف۔
اوراق (اَو۔ راق) [ع۔ا۔ مذکر] ورق کی جمع۔
اُوور (OVER) (او۔ وَر) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) (کرکٹ) ایک طرف کے بولر کی گیند پھینکنے کی باری جس میں چھ گیندیں پھینکی جاتی ہیں۔ (۲) (مباراۃ کا اعلان) ایک باری ختم ہو گئی۔
اوور ایکٹنگ (OVERACTING) (ڈراما) پارٹ میں ضرورت سے زیادہ اداکاری دکھانا۔
اوور کوٹ (OVER COAT) پاؤں تک لمبا کوٹ جو جاڑوں میں پہنتے ہیں۔
اوور ہال (OVERHAUL) مشین کے کل پرزوں کی صفائی اور مرمت۔
اُوریا (اُو۔ ر۔ یا) [ہ۔ا۔ مذکر] ایک قسم کی سلائی۔
اورنگ (اَو۔ رنگ) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) شاہی تخت۔
(۲) ایک پھول کا نام۔
اورنگ زیبی پھوڑا۔ مغلئی پھوڑا۔ کاربنکل۔
اَوریب (اَو۔ ریب) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) ترچھی چال۔
(۲) کپڑے کی ترچھی کاٹ۔
اوریجنل (ORIGINAL) (او۔ ری۔ جی۔ نل) [انگ۔ صف] طبعزاد۔ ابتدائی۔
اورے دھورے (او۔ رے۔ دھو۔ رے) [ہ] آس پاس۔ اردگرد۔
اوڑھانا (او۔ ڑھا۔ نا) [ہ۔ مص] ڈھانکنا۔ کسی کے بدن پر کپڑا ڈالنا۔
اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (مثل) بے غیرتی لا دلی تو اب کس کی پروا ہے۔ بے حیا اور بے شرم کے متعلق کہتے ہیں۔
اوڑھ لینا (اوڑھ لے۔ نا) [ہ۔ مص] کپڑا بدن پر ڈال لینا۔ پورا کرنا۔ اپنے ذمے لے لینا۔
اوڑھنا (اوڑھ۔ نا) (۱) کپڑے کو بدن پر لپیٹنا۔ (۲) ذمے

Marfat.com

لینا (۳) (ا۔ مذکر) دوپٹا۔ چادر یا۔
اوڑھنا بچھونا۔ لحاف۔ تو شک۔ اوڑھنا بستر
اوڑھنا بچھونا بنا لینا۔ کسی چیز کو ہر وقت کام میں لانا۔
اوڑھنی۔ (اوڑھ۔نی) (ہ۔ا۔ مونث) چھوٹا دوپٹا۔
اوڑھوں کہ بچھاؤں (ہ) کسی کام کا نہیں۔ فضول ہے۔ بے کار ہے۔
اَوزار۔ (اَو۔زار) (ع۔ا۔ مذکر) وزر کی جمع۔ آلات۔ ہتھیار۔
اَوزان (اَو۔زان) (ع۔ا۔ مذکر) وزن کی جمع۔ باٹ بٹے۔
اوس۔ (ہ۔ا۔ مونث) شبنم
اوس (پڑنا) پڑ جانا۔ (۱) شبنم گرنا (۲) کملانا۔ بجھنا۔ جوش فرو ہونا (۳) شرمندہ ہونا (۴) رونق نہ رہنا۔
اوس چاٹنے پیاس نہیں بجھتی۔ ذرا سی چیز سے آسودگی نہیں ہوتی۔
اوس سی پڑنا۔ بے رونقی چھانا۔ اُداسی برسنا۔
اَوسان۔ (اَو۔سان) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ہوش و حواس (۲) جرأت۔ حوصلہ۔
اوسان اُڑ جانا۔ عقل کا چکرانا۔ گھبرا جانا۔
اوسان ٹھکانے ہونا۔ حواس درست ہونا۔
اوسان خطا ہو جانا۔ حواس بجا نہ رہنا۔
اوسان گم ہونا۔ حواس جاتے رہنا۔
اوسان میں آنا۔ اوسانوں میں آنا۔ ہوش میں آنا۔
اُوسر۔ (اُو۔سر) (ہ۔صفت) بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہوتا ہو۔
اَوسط۔ (اَو۔سَط) (ع۔صفت) بیچ کا۔ درمیانی
اَوشدھالیہ۔ (اَوشدھ۔آ۔لِ۔یَہ) (س۔ا۔ مذکر) دواخانہ۔
اَوصاف۔ (اَو۔صاف) (ع۔ا۔ مذکر) وصف کی جمع۔ خوبیاں۔
اَوصیا۔ (اَو۔صِ۔یا) (ع۔ا۔ مونث) وصی کی جمع۔ وہ لوگ جنہیں وصیت کی گئی ہو۔
اَوضاع۔ (اَو۔ضاع) (ع۔ا۔ مونث) وضع کی جمع۔ ڈھنگ۔ افعال و کردار۔
اَوطان۔ (اَو۔طان) (ع۔ا۔ مذکر) وطن کی جمع۔ دیس۔
اَوقات۔ (اَو۔قات) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) وقت کی جمع۔ زمانے (۲) (اُر۔ا۔ مونث) حیثیت۔ بساط۔
اَوقات بسری۔ گزر اوقات۔ گزران
اَوقات تلخ ہونا۔ بُری طرح زندگی بسر ہونا۔
اوقات کیا ہے۔ حیثیت کیا ہے۔ حقیقت کیا ہے۔
اَوقاف (اَو۔قاف) (ع۔ا۔ مذکر) وقف کی جمع۔
اوک (ہ۔ا۔ مونث) چلّو۔
اوکنا (اوک۔نا) (ہ۔ مصدر) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔
اُوکھ (ہ۔ا۔ مونث) ایکھ۔ گنا۔ پونڈا
اوکھلی (اوکھ۔لی) (ہ۔ا۔ مونث) لکڑی یا پتھر کی بنی اور زمین میں گڑی ہوئی کونڈی جس میں غلہ وغیرہ موسل سے کوٹتے ہیں۔
اوکھلی میں سر دینا۔ جان بوجھ کر خطرہ میں پڑنا۔
اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) سے کیا ڈر (مثل) جب ایک خطرناک کام شروع کر دیا تو تکلیف سے کیا ڈرنا۔
اَوّل۔ (اَوْ۔وَل) (ع۔صفت) (۱) پہلا۔ مقدم (۲) ابتدا۔ (۳) بہتر۔ اعلیٰ۔
اَوّل آخر (۱) ابتدا۔ انتہا (۲) باپ دادا۔ آل اولاد۔
اَوّل اَوّل۔ پہلے پہلے۔ ابتدا میں۔
اَوّل خویش بعدہٗ درویش (مثل) پہلے اپنے اعزہ کے ساتھ سلوک کرنا چاہیے۔ اس کے بعد غیروں سے۔
اَوّل طعام بعدہٗ کلام۔ کھانا باتوں پر مقدم رکھنا چاہیے۔
اولا۔ (او۔لا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) بخارات کے جمے ہوئے قطرے جو برف کی شکل میں آسمان سے گرتے ہیں (۲) شکر یا قند سے بنائے ہوئے لڈو (۳) نہایت سرد۔
اولا ہو جانا۔ نہایت ٹھنڈا ہو جانا۔
اَوّلاً۔ (اَوْ۔وَ۔لَن) (ع۔ تابع فعل) سب سے پہلے۔
اَولاد۔ (اَو۔لاد) (ع۔ا۔ مونث) ولد کی جمع۔ بال بچے۔ نسل۔
اولادِ اناث۔ بیٹیاں۔
اولادِ ذکور۔ بیٹے
اولادِ صحیح النسب۔ حلال کی اولاد
اَولتی۔ (اَول۔تی) (ہ۔ا۔ مونث) کھپریل یا چھپر کا وہ حصہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔
اُول جلول۔ (اُول۔جَ۔لُول) (اُر۔صفت) بیہودہ۔ بے ڈھنگا۔
اُول فول بکنا (اُول۔فُول۔بک۔نا) (اُر۔مصدر) بے ہودہ باتیں کرنا۔
اَولملا (اَول۔ما) (اُر۔ا۔ مذکر) (۱) انتڑیوں میں قیمہ بھر کے پکانا (۲) جسم کو گرم پانی میں ڈال کر کھال اتارنا۔
اولمپک (OLYMPIC) (او۔لم۔پک) (انگ۔صفت) یونان کے ایک میدان اولمپیا سے منسوب جہاں ہر چوتھے سال اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے ہوا کرتے تھے۔
اولمپک کھیل (OLYMPIC GAMES) (۱) اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے تھے۔ (۲) زمانہ حال کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے ہیں۔
اُولو (اُ۔لو) (ع) مالکان۔ صاحبان
اولوالابصار۔ صاحب بصیرت۔ دانا۔ سمجھ دار
اولوالالباب۔ صاحبانِ عقل۔ شعور والے۔
اولوالامر۔ صاحبانِ حکم۔ بااختیار لوگ۔
اولوالعزم۔ صاحبانِ عزم و ارادہ۔ عالی حوصلہ۔ بہادر۔
اولوالعزمانہ۔ اولوالعزم کی طرح
اولوالعزمی۔ بلند ہمتی۔
اَولیٰ۔ (اَو۔لا) (ع۔صفت) بہتر۔
اولیٰ تر۔ زیادہ بہتر
اولیٰ ترین۔ سب سے بہتر
اَولیا۔ (اَو۔لِ۔یا) (ع۔صفت) ولی کی جمع۔ صاحب۔ مالک دوست (اصطلاحاً) اہل اللہ۔ خدا رسیدہ۔ بھولا بھالا آدمی

Marfat.com

اولیاءُاللہ - وہ لوگ جنہیں قربِ خداوندی حاصل ہے۔
اولیا کے گھر بھوت - (مثل) نیکوں کے گھر بد۔
اَوّلیت - اَو - وَ - لی - یَت) (ع - ا - مونث) اوّل ہونا۔ فوقیت۔
اولیل - اولول (اُو - بیل - اُ - وُل) (ہ - ا - مونث) دیکھیے اَبیل۔
اَوّلین - اَو - وَ - لِین) (ف - صفت) پہلا - اگلے لوگ - پہلے زمانے والے۔
اوم - (س - ا - مذکر) ایشور کا سب سے مقدس نام۔
اُون (ہ - ا - مذکر) پشم۔
اُونٹ - (ہ - ا - مذکر) شتر۔
اونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا - (مثل) اتنا بڑا ہو گیا مگر تمیز نہ آئی۔
اونٹ برابر ڈیل بڑھایا پاپوش بھر عقل نہ آئی - (مثل) اتنا بڑا ڈیل اور عقل ذرا نہیں۔
اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے - (مثل) اس جگہ کہتے ہیں - جہاں کوئی شخص کام کرتے وقت بڑبڑاتا ہو۔
اونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے اپنے سے اونچا کسی کو نہیں جانتا - (مثل) اپنے سے زبردست کا مقابلہ ہونے پر اپنی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔
اونٹ دیکھیے کس (کل) کروٹ بیٹھتا ہے - (مثل) دیکھیے کیا ظہور میں آئے اور کیا نتیجہ ہو۔
اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی - (مثل) بے ڈھنگے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کی کوئی بھی بات ٹھکانے کی نہ ہو۔
اونٹ سے تھے پٹا مٹنگا ہے - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب معمولی کام کے ساتھ کوئی بڑا الجھیڑا ہوتا ہے۔
اونٹ کٹارا - ایک خار (۱) جھاڑی جو اونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے۔
اونٹ کے گلے میں بلی - (مثل) (۱) بے میل رشتہ (۲) بیجا الجھاوا۔
اونٹ کے منہ (کا) میں زیرہ - (مثل) بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کو دینا۔ کسی چیز کا ضرورت سے بہت کم ہونا۔
اونٹ گاؤ - زرافہ
اَونٹانا - (اَون - ٹا - نا) (ہ - مص) (۱) جوشش دینا - کھولانا۔ (۲) غصہ میں جلانا۔
اَونٹنا - (اَونٹ - نا) (ہ - مص) (۱) کھولنا - جوشش کھانا۔ (۲) غصہ میں جلنا۔
اُونٹنی - اُونٹ - نی) (ہ - ا - مونث) مادہ اُونٹ - سانڈنی ناقہ
اُونچ - (ہ - ا - مونث) اُونچا - اُوپر اٹھا ہوا - بڑا اچھا۔
اونچ نیچ (۱) اونچا - نیچا - اتار چڑھاؤ (۲) نیک و بد - نفع نقصان۔
اونچ نیچ بتانا - دکھانا - سمجھانا - نیک و بد جتانا۔
اونچ نیچ ہو جانا - خرابی پڑ جانا - قباحت واقع ہونا۔
اونچا - (اُون - چا) (ہ - صفت) (۱) بلند (۲) لمبا (۳) امیر (۴) عالی مرتبہ۔
اونچا سننا - سنائی دینا - کم سننا - بہرا ہونا۔
اونچا گھر - گھرانہ - امیر گھر - معزز خاندان۔
اونچا نیچا - ناہموار۔
اُونچا ہاتھ - بالادست - مخیر - بافیض۔
اونچی (اُون - چی) (ہ - صفت) اونچا کی تانیث۔
اونچی اسامی - مالدار اسامی
اونچی دکان پھیکا پکوان - (مثل) خوب سجی ہوئی دکان مگر مال خراب نام مشہور مگر اصل میں ذلیل۔
اونچی ناک والا - بڑا مغرور - شیخی خورا - طنزاً بے غیرت۔
اونچی ناک ہونا (۱) معزز ہونا (۲) ہمسروں میں آبرو پانا۔
اَوندھا (اَوں - دھا) (ہ - صفت) (۱) اُلٹا (۲) منقلب (۳) ٹیڑھا۔ (۴) احمق۔
اوندھا کرنا (۱) اُلٹنا - پٹ کرنا (۲) مغلوب کر لینا (۳) نشہ میں مدہوش کرنا۔
اوندھے منہ گرنا (۱) منہ یا پیٹ کے بل گرنا - الٹا گرنا - آگے کو گرنا (۲) زک اٹھانا - ذلیل ہونا - مات کھانا - پچھڑنا - (۳) بے طرح راغب ہونا۔
اَوندھانا - (اَوں - دھا - نا) (ہ - مص) الٹ دینا - پٹ کر دینا۔
اوندھ جانا - اَوندھنا - (ہ - مص) پٹ ہو جانا - اُلٹ جانا۔
اَوندھی - (اَوں - دھی) (ہ - صفت) (۱) چت - اُلٹی (۲) غلط
اوندھی (سمجھ) عقل - بے عقلی - حماقت۔
اوندھی کھوپڑی اُلٹی مت - احمق کی بے وقوفی کی نسبت کہتے ہیں
اوندھی کھوپڑی کا - بے وقوف - احمق۔
اَونس (OUNCE) (ع - ا - مذکر) پونڈ کا سولھواں حصہ۔
اُونگھ (ہ - ا - مونث) نیند کی جھپکی - غنودگی۔
اُونگھتا (اُونگھ - تا) (ہ - صفت) نیند میں جھومتا ہوا۔
اونگھتا جائے سوتے کی خبر لائے - (مثل) ماہر کی چیز کی علامتوں سے اس کا انجام معلوم ہو جاتا ہے سست نوکر کی نسبت بولتے ہیں۔
اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ - (مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں کسی کام کرنے کو خود جی نہ چاہے اور دوسرے کے منع کرنے سے باز رہے۔ جہاں کوئی شخص کسی بات پر پہلے سے آمادہ ہو اور پھر کرنے کو ایک حیلہ بھی ہو جائے۔
اُونگھنا - اُونگھ - نا) (ہ - مص) جھپکی لینا (۱) غافل ہونا (مجازاً) سست کام کرنا۔
اُونہہ - (ہ - ا - مونث) (۱) کراہنے کی آواز (۲) کلمۂ نفرت۔ بلا سے۔ کیا پرواہ ہے۔
اُونی - اُو - نی) (ہ - صفت) اُون کا پشمینے کا۔
اَونے پَونے - (اَو - نے - پو - نے) (ہ - صفت) کم قیمت پر
اوہ (ہ) کیا پرواہ ہے - کچھ فکر نہیں۔
اَوہام - (او - ہام) (ع - ا - مذکر) وہم کی جمع - ذہنی تصور۔
اوہو - آہو (او - ہو - او - ہو) کلمۂ تعجب - آہا - خوب۔
اوہوت (او - ہوت) (د) بازاری لوگ کسی کو پکارنے کے لیے بولتے ہیں۔
اوہی - اوئی - (او - ہی - او - ئی) (د) عورتوں کا تکیہ کلام ہے جو اکثر ناز نخرے - دہشت - تکلیف یا تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہیں۔

Marfat.com

اویر (اَ-ویر) (ہ) - عرصہ - دیر -
اویر سویر - جلدی یا دیر میں - وقت بے وقت -

## ا - ہ

اہالی (اَ-ہا-لی) (ع-ا-مذکر) اہل کی جمع - صاحبان - کام والے لوگ -
اہالی موالی - مصاحبین - نوکر چاکر -
اِہانت (اِ-ہا-نت) (ع-ا-مونث) توہین - ہتک - ذلت - بے عزتی -
اِہتزاز (اِہ-تِ-زاز) (ع-ا-مذکر) (۱) جھومنا (۲) خوشی سے وجد کرنا (۳) ہوا کا چلنا -
اِہتمام (اِہ-تِ-مام) (ع-ا-مذکر) انتظام - بندوبست -
اہرام (اَہ-رام) (ع-ا-مذکر) ہرم کی جمع - مخروطی شکل کی عمارتیں -
اہرمن (اَہ-رَ-مَن) (ف-ا-مذکر) آتش پرستوں کا بدی کا خدا -
اہرن (اَہ-رَن) (ہ-ا-مذکر) سندان - لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں -
اہل (ع-ا-مذکر) (۱) صاحب - مالک (۲) خاندان (۳) لائق - قابل (۴) شریف -
اہل اللہ - اللہ والے - بزرگانِ دین -
اہلِ باطن، دل - وہ لوگ جن کا دل صاف ہو - صاحب کشف و کرامات -
اہلِ بیت (۱) کنبہ کے لوگ (۲) خصوصاً رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے کنبہ کے لوگ - جن سے حضرت محمد رسول اللہ، علیؓ - فاطمہؓ - حسنؓ - حسینؓ مراد ہیں -
اہلِ تسنن - اہل سنت والجماعت -
اہلِ تشیع - شیعہ لوگ -
اہلِ حرفہ - پیشہ ور - کاری گر -
اہلِ خانہ (۱) گھر کے لوگ (۲) بیوی
اہلِ دول - دولت مند - مال دار - امیر
اہلِ رائے - دانش مند لوگ -
اہلِ رزم - فوجی لوگ -
اہلِ زبان - زبان دان - زبان کا ماہر -
اہلِ سخن - شاعر -
اہلِ سنت - سنی فرقہ کے لوگ - اہلِ تسنن -
اہلِ قلم - منشی - مضمون نگار -
اہلِ کار - کارندہ - عملہ - محرر وغیرہ -
اہلِ کتاب (۱) کتاب والے (۲) ان پیغمبروں کے پیرو جن پر آسمانی کتاب اتری - یہودی - عیسائی اور مسلمان وغیرہ -
اہلِ محلہ - محلہ والے -
اہلِ مد - کسی ایک پیشے کا کام کرنے والا - جس کے متعلق مسئلوں کی ترتیب اور مسائل کا فتات کی تعمیل ہوتی ہے -
اہلِ نظر (۱) نظر والے (۲) حسن پرست (۳) نقاد (۴) صاحب بصیرت لوگ -
اہل و عیال - بال بچے - گھر کے لوگ -
اہلِ ہنر - ہنر مند - کام کے جاننے والے -
اہلاً و سہلاً و مرحباً (اَہ-لَن-وَ-سَہ-لَن-وَ-مَر-حَ-بَن) (ع) تو اپنے عزیزوں میں آیا ہے - تو نے نرم زمین کی سیر کی - اور تیری جگہ فراخ ہے - یعنی تیرا آنا مبارک ہے خوش آمدید
اہلیت (اَہ-لی-یَت) (ع-ا-مونث) (۱) لیاقت - قابلیت - (۲) سمجھ - تمیز -
اہلیہ (اَہ-لِ-یَہ) (ع-ا-مونث) گھر والی - بیوی -
اہم - (اَ-ہَم) (ع-صفت) (۱) نہایت ضروری (۲) بہت مشکل - کٹھن -
اہمیت (اَہَم-می-یَت) (ع-ا-مونث) ضرورت - وقعت - منزلت -
اہیر (اَ-ہیر) (ہ-ا-مذکر) گوالا - ہندوؤں کی ایک ذات -
اہیرن - اہیرنی - اہیری (ہ-ا-مونث) (۱) گوالن (۲) اہیر قوم کی عورت -

## ا - ھ

اِئتلاف (اِ-ءِ-تِ-لاف) (ع-ا-مذکر) (۱) میل ملاپ - محبت (۲) بے تکلفی (۳) خط و کتابت -
ائمہ - (اَ-ءِم-مَہ) (ع-ا-مذکر) امام کی جمع (۱) پیشوا - (۲) پیش امام -

## ا - ی

اَے (ف) حرفِ ندا -
اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست (مثل) اے ہوا یہ سب تیرا ہی لایا ہوا ہے - یہ سارا فساد تمہارا ہی اٹھایا ہوا ہے -
اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی (مثل) اے طبیعت کی تیزی تو میرے لیے مصیبت بن گئی - یعنی اپنی ہی ذہانت و لیاقت اپنے لیے مصیبت کا باعث بن گئی -
اے زر تو خدا نہ و لیکن بخدا - ستار عیوب و قاضی الحاجاتی (مثل) اے زر تو خدا نہیں ہے - لیکن خدا کی قسم تو عیبوں کو چھپانے والا اور ضرورتوں کو پورا کرنے والا ہے -
ایاز قدر خود بشناس (مثل) ایاز اپنی حقیقت پہچان - اپنی حیثیت کا خیال کر کے بات کرنی چاہیے -
ایاغ - (اَ-یاغ) (ت-ا-مذکر) پیالہ - جام - ساغر -
ایال - (اَ-یال) (ف-ا-مذکر) (۱) گھوڑے کی گردن کے لمبے لمبے بال - جانور کی گردن کے لمبے بال -
ایام - (اَی-یام) (ع-ا-مذکر) (۱) یوم کی جمع - دن (۲) زمانہ (۳) حیض کے دن -

Marfat.com

ایامِ اسود۔ تاریک دن۔ قمری مہینے کی ۲۷۔۲۸۔۲۹ تاریخیں۔
ایامِ بیض۔ روشن دن۔ قمری مہینے کی تیرھویں۔ چودھویں اور پندرھویں تاریخ۔
ایام سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔
اَیبک (اَے۔ بک) (ت۔ ا۔ مذکر) (۱) غلام (۲) قاصد۔ (۳) بُت۔ صنم۔
ایپرن (APRON) (اَیپ۔ رَن) (انگ۔ ا۔ مذکر) پیش بند وہ کپڑا جو کام کرتے وقت لباس کی حفاظت کے لیے آگے باندھ لیتے ہیں۔
ایتام (اَے۔ تام) (ع۔ صفت) یتیم کی جمع۔ وہ بچے جن کے باپ مر گئے ہوں۔
ایتر۔ (اِی۔ تر) (ف۔ صفت) کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔
ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں یا بھیتر (مثل) اس کم ظرف کی نسبت کہتے ہیں جس کو اپنی حیثیت سے بڑھ کر دولت اور مرتبہ حاصل ہو جائے۔
ایتلاف (اِے۔ تِ۔ لاف) (ع۔ ا۔ مذکر) دیکھیے ائتلاف۔
ایتھر (ETHER) (ای۔ تھر) (انگ۔ ا۔ مذکر) ایک مائع چیز جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ ایک مادّہ جو ماہرین طبعیات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے۔
ایٹم (ATOM) (اَے۔ ٹم) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) ذرّہ۔ (۲) جوہر۔ (۳) وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرّہ یا مادّہ جو حکمائے قدیم کی رائے میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا تھا اور وہ اسے جزو لایتجزی کہتے تھے۔ مگر جدید سائنس نے اسے توڑ کر اس سے عظیم طاقت حاصل کی ہے۔
اَیٹمی (اَے۔ ٹ۔ مِی) (ATOMIC) کا مورد۔ صفت) ایٹم سے متعلق۔ جوہری۔
ایٹمی طاقت۔ جوہری توانائی۔ وہ طاقت جو ایٹم سے حاصل کی جائے۔
ایٹ ہوم (AT HOME) (انگ) مکان میں۔ گھر پر دعوت کھلانا۔
ایٹی کیٹ (ETIQUETTE) (اے۔ ٹی۔ کیٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) آدابِ مجلس۔
ایثار (اِی۔ ثار) (ع۔ ا۔ مذکر) دوسرے کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا۔
ایجاب (اِی۔ جاب) (ع۔ ا۔ مذکر) منظور کرنا۔ قبول کرنا۔
ایجاب و قبول۔ نکاح کے وقت دولھا دلھن کی میاں بیوی بننے کی منظوری۔
ایجاد۔ (اِی۔ جاد) (ع۔ ا۔ مذکر) نئی بات پیدا کرنا۔ اختراع۔
ایجاد بندہ اگرچہ گندہ۔ جب کوئی اپنی بیہودہ ایجاد کی تعریف کرتا ہے تو اس جگہ طنز سے کہتے ہیں۔
ایجاز۔ (اِی۔ جاز) (ع۔ ا۔ مذکر) چھوٹا کرنا۔ مختصر کرنا۔
ایجنٹ (AGENT) (انگ۔ ا۔ مذکر) گماشتہ۔ آڑھتی۔
ایجنڈا (AGENDA) (اے۔ جن۔ ڈا) (انگ۔ ا۔ مذکر) (کسی جلسے کا) کارروائی نامہ۔ کسی انجمن یا جماعت کی وہ گشتی چٹھی جو اس کے اجلاس سے قبل تمام ارکان کو بھیجی جاتی ہے۔ اور اس میں وہ تمام امور درج ہوتے ہیں جن پر اجلاس میں بحث کی جاتی ہے۔
ایجنسی (AGENCY) (اے۔ جن۔ سی) (انگ۔ ا۔ مذکر) کمیشن۔ آڑھت (وہ دوکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو)
ایجی ٹیشن (AGITATION) (اے۔ جی۔ ٹے۔ شن)۔ (انگ۔ ا۔ مذکر) ستیہ گرہ۔ شورش۔ تحریک۔
ایچ پیچ (ہ۔ صفت) چکر۔ مکر و فریب۔
ایڈریس (ADRESS) ایڈ۔ ریس) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) پتہ (۲) سپاسنامہ۔
اَیڈوانس (ADVANCE) (اَیڈ۔ وانس) (انگ۔ ا۔ مذکر) زرِ پیشگی۔ پیشگی۔
ایڈوکیٹ (ADVOCATE) (اَیڈ۔ وو۔ کیٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) وکیل۔ ہائی کورٹ میں پیش ہونے والا۔ وکیل۔
ایڈوکیٹ جنرل۔ سرکاری وکیل جو صوبائی یا مرکزی حکومت کی جانب سے ہائی کورٹ میں پیش ہو۔
ایڈیٹر (EDITOR) دیکھیے اڈیٹر۔
ایڈیشن (EDITION) دیکھیے اڈیشن۔
ایڈی کانگ (AIDE-DE-CONG) (اے۔ ڈی۔ کانگ) (انگ۔ ا۔ مذکر) حاکم اعلیٰ کے ماتحت حکم بردار افسر۔ مصاحب۔
ایذا (اِی۔ ذا) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) دُکھ دینا۔ (۲) تکلیف۔ دُکھ۔
ایرا پھیری (اے۔ را۔ پھے۔ ری) (ہ۔ ا۔ مونث) ہیرا پھیری۔ لوٹ پلٹ۔ بار بار جانا۔
ایراد۔ (اِی۔ راد) (ع۔ ا۔ مذکر) اعتراض۔ عیب جوئی۔
ایرا غیرا (اَے۔ را۔ غَے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) اجنبی۔
ایرا غیرا نتھو خیرا۔ کم حقیقت آدمی۔ ادنیٰ حیثیت والا میرا کوئی۔
ایران توران کرنا (محاورہ) زمین و آسمان کے قلابے ملانا۔
ایرانی (اِی۔ را۔ نی) (ف۔ صفت) ایران سے منسوب۔ ایران کا باشندہ۔
ایر پھیر (ایر۔ پھیر) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) بار بار مال کی خرید و فروخت (۲) چالاکی۔ فریب۔
ایرے پھیرے (اے۔ رے۔ پھے۔ رے) (ہ۔ ا۔ مذکر) بار بار آنا جانا
اَیرے غیرے (اَے۔ رے۔ غے۔ رے) (ہ۔ ا۔ مذکر) اجنبی۔ کم حیثیت۔
ایریا (AREA) (ایر۔ یا) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) اراضی (۲) رقبہ۔ علاقہ۔
ایریل (AERIAL) (ایر۔ یل) (انگ۔ صفت) (۱) فضائی ہوائی (۲) (مذکر) وائرلیس یا ریڈیو کا وہ تار جو فضا سے ہوائی لہریں وصول کرتا ہے۔
ایڑ (ہ۔ ا۔ مونث) مہمیز۔ ایڑی
ایڑ لگانا، کرنا، مارنا۔ پاؤں کی ایڑی سے گھوڑے کو دوڑنے

Marfat.com

کا اِشارہ کرنا۔
ایڑی (اے۔ ڑی) (ہ۔ا۔مونث) ٹخنے کے نیچے پیر کی گدّی کا حصّہ۔ جوتے کا پچھلا حصّہ۔
ایڑی چوٹی پہ سے وارنا (قربان کرنا) حقیر و ذلیل سمجھنا۔
ایڑی چوٹی کا پسینہ (ایک کر دینا) بہا دینا۔ بہت زیادہ کوشش کرنا۔
ایڑی سے چوٹی تک (۱) سر سے پاؤں تک (۲) اوّل سے آخر تک۔
ایڑی کا پسینہ سر کو آنا۔ حد سے زیادہ دوڑ دھوپ کرنا۔
ایڑیاں رگڑنا (۱) نہایت مصیبت کے ساتھ زندگی گزارنا (۲) جانکنی کی اذیت اٹھانا۔
ایزاد (ای۔ زاد) (ا۔ا۔مذکر) دیکھیے ازدیاد۔
ایزادی (ای۔ زا۔ دی) (ا۔ا۔مونث) زیادتی۔
ایزد (اے۔ زد) (ف۔ا۔مذکر) اللہ تعالیٰ۔ خدائے کریم۔
ایزدی (اے۔ ز۔ دی) (ف۔صفت) ایزد سے منسوب۔ خدائی۔
ایسا (اے۔ سا) (ہ) اس قسم کا۔ اس ڈھنگ کا۔ اس طرح کا۔ اس قدر۔
ایسا تیسا۔ کینہ۔ نالائق۔ (کلمۂ حقارت)
ایسا نہ ہو۔ خدا نہ کرے۔ خدانخواستہ۔ مبادا۔
ایسا ویسا (۱) بُرا بھلا (۲) ادنیٰ (۳) بے اعتبار۔ نکمّا (۴) بے ہودہ۔
ایس۔ اے۔ وی (SENIOR ANGLO VERNACULAR) سینیر اینگلو ورنیکلر کا مخفف۔ ایک امتحان جسے دسویں جماعت کے بعد پاس کرنے سے امیدوار اسکول میں مدرس ہو سکتا ہے۔
ایسٹ انڈیا کمپنی (EAST INDIA COMPANY) (انگ۔ا۔مونث) مشرقی ہند کمپنی۔ انگلستان کے تاجروں کی وہ جماعت جو ملکہ الزبتھ اول کے زمانے میں بغرضِ تجارت پہلے مشرقی ہند میں آئی۔ پھر رفتہ رفتہ تمام ملک پر قبضہ کر لیا۔
ایسٹر (EASTER) (ایس۔ ٹر) (انگ۔ا۔مذکر)۔ عیسائیوں کے اعتقاد میں حضرت عیسیٰؑ کے قبر سے اٹھنے کا دن۔ عیسائیوں کا ایک تہوار جو ۲۱ مارچ یا اس کے بعد کے اتوار کو حضرت عیسیٰ کے وفات کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے
ایسڈ (ACID) (اے۔ سِڈ) (انگ۔ا۔مذکر) تیزاب۔ کھٹائی۔ ترشی۔
ایسوسی ایشن (ASSOCIATION) (اے۔ سو۔ سی۔ اے۔ شن) (انگ۔ا۔مونث) انجمن۔ سبھا۔ بزم۔ مجلس۔
ایسی (اے۔ سی) (ہ) اس قسم کی۔ اس نمونے کی۔
ایسی تیسی کرنا (۱) بھلا بُرا کہنا (۲) کام بگاڑ دینا۔
ایسی ویسی۔ رسمی۔ بے حقیقت۔
ایسے (اے۔ سے) (ہ) اس ڈھنگ سے۔ اس طرح سے۔
ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں۔ لعن طعن کرتے ہیں۔ بُرا جانتے ہیں۔
ایسے کہاں کے ہیں۔ ایسے کیا سرخاب کے پر لگے ہیں۔ کون سی خصوصیت ہے۔

ایسے کیا لعل لگے ہیں۔ ایسی کون عجیب بات ہے۔
ایسے غائب جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ ایسے گئے کہ پتہ تک نہ لگا۔
ایسے میں۔ اس حالت میں۔ ایسے موقع پر۔ اس دوران میں۔
ایسے ویسے۔ معمولی۔ کم درجہ کے۔
ایسے ہی۔ اسی طرح۔ بغیر کسی وجہ یا سبب کے۔
ایسے ہی بھولے ہیں۔ نادان نہیں ہیں۔ بڑے ہوشیار اور چالاک ہیں۔
ایشو (ISSUE) (ای۔ شو) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) اجرا۔ (۲) شمارہ (اخبار وغیرہ کا) (۳) متنازع فیہ مسئلہ۔
ایشور (ایش۔ ور) (س۔ا۔مذکر) پرمیشور۔ بھگوان۔ اللہ۔
ایشیائی (ایش۔ یا۔ ای) (ف۔صفت) براعظم ایشیا سے نسبت رکھنے والی کوئی شے۔ ایشیا کا باشندہ۔
ایصال (ای۔ صال) (ع۔ا۔مذکر) (۱) پہنچانا۔ ملانا۔ (۲) وصول کرنا۔
ایصالِ ثواب۔ ثواب پہنچانا۔
ایصالِ حرارت۔ علمِ طبعی میں وہ عمل جس کے ذریعے سے گھاس یا نیال اشیاء میں حرارت ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جاتی ہے۔
ایصالِ مالگزاری۔ مالگزاری وصول کرنا۔ یا داخل کرنا۔
ایضاً (اے۔ ضن) (ع) وہی۔ بشرح صدر۔ اسی طرح کا۔ بجنسہٖ۔
ایطا (ای۔ طا) (ع۔ا۔مذکر) (۱) پامال کرنا (۲) اصطلاح عروض میں ایک ہی قافیے کو لفظاً و معناً ایک شعر کے دونوں مصرعوں میں لانا۔
ایطائے جلی۔ شعر میں قافیے کی خوب واضح تکرار۔ شعر کے دونوں مصرعوں کے قافیے کو لفظاً و معناً مکرّر لانا۔
ایطائے خفی۔ شعر کے جن قافیوں میں تکرار کی طرف ذہن فوراً منتقل نہ ہو۔
ایفا (ای۔ فا) (ع۔ا۔مذکر) پورا کرنا۔ وفا کرنا۔ ادا کرنا۔
ایفائے عہد۔ عہد پورا کرنا۔ قول و قرار کا پورا کرنا۔
ایف۔ اے (FIRST ARTS) فرسٹ آرٹس کا مخفف۔ بی اے سے نیچے کا درجہ۔
ایقان (ای۔ قان) (ع۔ا۔مذکر) یقین ہونا۔
ایک (اَیک) (ہ۔صفت) (۱) واحد۔ ایک عدد (۲) دوسرا (۳) بڑا نہایت (۴) صرف۔ تنہا (۵) منتخب (۶) کوئی۔ یکساں۔ متحدہ برابر (۷) متفق (۸) تمام۔
ایک آدھ۔ اکا دکا۔ کوئی کوئی۔ خال خال۔
ایک آن۔ ایک لمحہ۔
ایک آنچ کی کسر رہ گئی۔ ذرا سا نقص باقی رہ گیا۔ تھوڑی کمی رہ گئی۔
ایک آنکھ (۱) ذرا۔ بالکل (۲) برابر۔
ایک آنکھ نہ بھانا۔ ذرا پسند نہ آنا۔ بالکل نہ بھانا۔
ایک آوے کے برتن ہیں (مثل) سب ایک جیسے ہیں۔
ایک انار سو بیمار (مثل) ایک چیز کے بہت سے خواہش مند۔

Marfat.com

ایک انڈا وہ بھی گندہ (مثل) ایک بیٹا وہ بھی نالائق تھوڑی اور خراب چیز۔

ایک اور ایک گیارہ۔ دو آدمیوں میں بھی اتفاق ہو تو بڑا کام ہو جاتا ہے۔

ایک ایک۔ ہر ایک سب۔ فرداً فرداً۔ باری باری۔

ایک ایک کا منہ (تکنا) دیکھنا۔ (۱) حیرت اور حسرت کے عالم میں ہونا (۲) ہر ایک سے امید رکھنا۔ محتاجی کا عالم۔

ایک ایک کرکے (۱) رفتہ رفتہ۔ چن چن کر (۲) سب۔ (۳) فرداً فرداً۔

ایک ایک کی چار چار لگانا۔ مبالغے کے ساتھ چغلی کھانا۔

ایک ایک گھڑی (بھاری) پہاڑ ہونا۔ ایک ایک لمحہ مشکل سے گذرنا۔

ایک ایک گھڑی گننا۔ وقت شماری کرنا۔ شدتِ انتظار کا اظہار۔

ایک اینٹ کے لیے مسجد ڈھانا۔ تھوڑے سے فائدے کے لیے بہت سا نقصان گوارا کرنا۔ دنیا کے واسطے دین کھونا۔

ایک بات (۱) ادنیٰ و سہل کام (۲) واحد معاملہ (۳) ٹھیک قیمت (۴) پختہ اور معقول بات۔

ایک بات میں۔ ذرا سی جنبش لب میں۔ ادنیٰ سے اشارے میں۔

ایک بات ہزار منہ۔ اس جگہ کہتے ہیں۔ جب کسی امر میں ہر شخص نئی بات کہے۔

ایک بار (۱) بار کی جا ایک دفعہ۔ ایک مرتبہ (۲) دفعتاً۔ اچانک۔

ایک بازار بند ہونا۔ یک چشم ہونا۔ کانا ہونا

ایک پانی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے۔ ایک شخص کی بدچلنی سے گھر کا گھر بدنام یا برباد ہو جاتا ہے۔

ایک پاؤں کہیں ایک کہیں۔ ایک جگہ قیام نہیں ہے۔

ایک پاؤں اندر (گھر میں) ایک پاؤں باہر۔ لگاتار اندر باہر آنا جانا۔

ایک پر ایک۔ اوپر نیچے۔ لگاتار۔ متواتر

ایک پل میں۔ ایک لمحے میں۔ فوراً

ایک پنتھ دو کاج (مثل) ایک تدبیر میں دو کام انجام پانا۔

ایک پیٹ کے۔ حقیقی بھائی بہن۔

ایک پیچا (۱) ایک پیچ کا (۲) ایک قسم کی پگڑی۔

ایک ترکش کے تیر ہیں۔ ایک آوے کے برتن ہیں۔ آرام دینے والا کوئی نہیں۔ سب دکھ دینے والے ہیں۔

ایک تندرستی ہزار نعمت (مثل) تندرستی سب نعمتوں سے بہتر ہے۔

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے۔ ناداری اور بے کسی میں تھوڑا سا سہارا بھی بہت غنیمت معلوم ہوتا ہے۔

ایک تو۔ اوّل تو۔ پہلے تو۔

ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پہ آئی بہار (مثل) آوارہ کے لیے آوارگی کا سامان بھی مہیا ہو گیا۔

ایک تو چوری اس پہ سینہ زوری (مثل) قصور کرکے الٹا ڈھٹائی کی باتیں کرنا۔

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا (مثل) ایک تو بُرے تھے ہی دوسرے اور بھی برائی کے اسباب مہیا ہو گئے۔

ایک جان دو تن۔ ایک جان دو قالب۔ کمال اتحاد اور انتہا کی دوستی۔

ایک جان کرنا۔ ملا کر ایک کرنا۔ ایک حال کرنا۔

ایک جان ہزار امید۔ ایک جان ہزار ارمان۔ زندگی بھر آدمی کے ساتھ ہزاروں امیدیں لگی رہتی ہیں۔

ایک جان ہونا۔ کئی چیزوں کا بالکل مل جانا۔

ایک جا تُلنا۔ برابر جاننا۔ یکساں جاننا۔

ایک جہان کی تکلیف۔ تمام دنیا کی مصیبت۔

ایک چپ ہزار سکھ۔ خاموش رہنے میں بڑا سکھ ہے۔

ایک چنے کی دو دالیں ہیں (۱) نہایت متفق ہیں (۲) بالکل ہم شکل ہیں۔

ایک چھوڑ دو دو۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں ایک کی جگہ دو ہوں۔

ایک حال پر بسر ہونا۔ ایک حال میں گذرنا

ایک حساب سے۔ ہر ایک پہلو سے۔ ایک وجہ سے۔

ایک حمام میں سب ننگے (مثل) جتنے ہیں سب کا ایک ہی رنگ ہے۔ سب ایک ہی حال میں گرفتار ہیں۔

ایک در بند ہزار در کھلے (مثل) ایک ذریعہ ختم ہونے پر خدا اور بہت سے ذریعے پیدا کر دیتا ہے۔

ایک دم۔ بلا توقف۔ برابر۔ لگاتار۔

ایک دم ہزار دم۔ جب تک سانس باقی رہے بڑی امید ہے۔

ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن کا بلائے جان (مثل) ایک دو دن مہمان کی تواضع ہو سکتی ہے۔ پھر وبال معلوم ہوتا ہے۔

ایک دو۔ تھوڑے سے۔ چند۔

ایک ڈال (۱) ایک ڈال کا۔ ایک ہی طرح کا (۲) ایک ہی ٹکڑے کا بنا ہوا۔

ایک ڈوبے تو جگ بچائے یہاں تو سب جگ ڈوبا جائے۔ (مثل) ایک شخص خطا پر ہو تو اور لوگ سمجھا کر اس کو راہ پر لائیں۔ یہاں تو سب کے سب عقل کے دشمن ہیں۔ کون کس کی اصلاح کرے۔

ایک (ذات) راس۔ ایک جنس۔ ایک قسم۔

ایک ذات کرنا۔ حل کرنا۔ باہم خوب ملا دینا۔

ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے۔ چہرے کا رنگ فق ہے منہ پر ہوائیاں چھوٹ رہی ہیں۔

ایک زبان۔ ہم زبان۔ ایک ساتھ

ایک زمانہ۔ تمام عالم۔ ساری دنیا۔

ایک سا۔ ایک سال۔ برابر۔ یکساں۔

ایک سانچے کے ڈھلے ہیں۔ سب ایک ہی سے ہیں۔

ایک سر ہزار سودا۔ ایک دم کے پیچھے ہزاروں جھگڑے۔

ایک سورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (مثل) اکیلا آدمی چاہے کیسا ہی لائق اور ہمت والا ہو اس کام کو انجام نہیں دے سکتا جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہے۔

ایک سی۔ یکساں۔ ایک ہی طرح کی۔

ایک سے ایک۔ بہتر سے بہتر

Marfat.com

ایک سے دن نہ رہنا۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔ زمانہ کا انقلاب۔
ایک شیر بارہ سے سو لومڑیاں یا گیدڑ کھاتے ہیں۔ (مثل) ہمت والا ایک اپنی کمائی سے بہت سے کمزوروں کی مدد کرتا ہے۔
ایک طرح۔ ایک طرح پر۔ ایک حالت سے۔ ایک وضع سے۔
ایک طرح پر گزرنا۔ یکساں گزرنا۔ ایک حالت پر بسر ہونا۔
ایک طرح کا۔ ایک قسم کا۔
ایک عالم۔ سارا جہان۔ تمام دنیا۔
ایک عالم ہے۔ عجیب بہار ہے۔ طرفہ کیفیت ہے۔ نرالا جوبن ہے۔
ایک عمر۔ تمام عمر۔ عرصۂ دراز۔
ایک قلم۔ یک لخت۔ بالکل۔ برابر۔ ایک زبان۔
ایک کا منہ تنکے سے بھرا جا سکتا ہے سو کا منہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا۔ (مثل) ایک شخص کی کار برآری تو ہر طرح سے ہو سکتی ہے۔ مگر بہت سے لوگوں کی تھوڑی تھوڑی حاجت روائی بھی مشکل ہے۔
ایک کان بہرا ایک کو نکا کر لینا۔ کسی کی طرف سے بالکل بے خبر ہو جانا۔ مطلق التفات نہ کرنا۔
ایک کا ہو رہنا۔ ایک کے سوا دوسرے کی طرف مائل نہ ہونا۔
ایک کرے دس بھریں۔ ایک شخص خطا کرے اور اس کا خمیازہ سب کو اٹھانا پڑے۔
ایک کنارے ہونا۔ ایک طرف ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔
ایک کو ایک کھائے جاتا ہے۔ ایک دوسرے سے رشک و حسد کرتا ہے۔
ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔ (مثل) ہر کسی سے وعدہ۔ ہر ایک سے اقرار۔
ایک کہو گے تو دس سنو گے۔ تھوڑی سی بدزبانی کرکے بہت کچھ سننا پڑے گا۔
ایک کی (دس دس) سو سو سنانا۔ ذرا سی بات پر بہت برا بھلا کہنا۔ جو پیغام دیا جائے اس میں مبالغہ کرکے پہنچانا۔
ایک مت۔ ایک رائے۔
ایک مچھلی سارے تالاب (جل) کو گندہ کرتی ہے (مثل) ایک شخص کی نالائقی سے سارے خاندان پر حرف آتا ہے۔
ایک مشت۔ اکٹھا۔
ایک میان میں دو تلواریں یا چھریاں نہیں رہ سکتیں (مثل) ایک چیز کے دو برابر کے خواستگار مل کر نہیں رہ سکتے۔
ایک منہا۔ ایک منہ کا۔ ایک منہ والا۔
ایک نشد دو شد (مثل) ایک کے بعد دوسری عجیب بات کا واقع ہونا۔
ایک نظر دیکھنا۔ ایک بار یا سرسری طور پر دیکھ لینا۔
ایک نظر سے دیکھنا۔ سب سے ایک ہی طرح سے پیش آنا۔
ایک نہ ایک۔ کوئی نہ کوئی۔
ایک نہ چلنا (۱) کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا (۲) کچھ اثر نہ ہونا۔
ایک نہ (سننا) ماننا۔ ذرا دھیان نہ دینا کوئی بات قبول نہ کرنا۔
ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی (مثل) محبت یا عداوت دونوں طرف سے ہوتی ہے (۲) صرف ایک فریق کی زیادتی سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

ایک (ہو جانا) ہونا۔ متفق ہو جانا۔ سازش کر لینا۔ مل جانا۔
ایک ہی ہوئی۔ لاجواب بات کہی
ایک ہے۔ بے مثل ہے۔ فرد ہے۔ اپنا جواب نہیں رکھتا۔
ایکا۔ (ا۔ ے۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] میل۔ اتفاق۔ سازباز
ایکا ایک۔ ایکا ایکی۔ اچانک۔ یکایک۔ ایک دم۔
ایکادشی (اے۔ کا۔ د۔ شی) [ہ۔ ا۔ مونث] چاند کی گیارھویں تاریخ
ایکٹ (ACT) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) عمل۔ کارروائی (۲) قانون جو مجلس قانون ساز نے مقرر کیا ہو (۳) ڈرامے کا ایک حصہ۔ باب۔
ایکٹر۔ (ACTOR) (ایک۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذکر] اداکار۔ نقال۔
ایکٹریس (ACTRESS) (ایکٹ۔ ریس) [انگ۔ ا۔ مونث] اداکار عورت۔ تماشا کرنے والی عورت۔
ایکٹنگ۔ (ACTING) (ایک۔ ٹنگ) [انگ۔ ا۔ مونث] اداکاری۔
ایکسپورٹ (EXPORT) (ایکس۔ پورٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) نکاسی (۲) مال برآمد۔
ایکسچینج (EXCHANGE) (ایکس چینج) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) باہمی تبادلہ۔ ادلا بدلا (۲) ہنڈی کا لین دین۔
ایکس ریز (EX-RAYS) (ایکس۔ ریز) [انگ۔ ا۔ مذکر] لاشعاعیں۔ نامعلوم شعاعیں۔ ایک قسم کی خاص شعاعیں جنہیں رونتجن نامی جرمن سائنس دان نے اتفاقیہ طور پر دریافت کیا تھا۔ یہ شعاعیں غیر شفاف اجسام میں سے بھی گزر جاتی ہیں۔ اور ان کی مدد سے انسانی جسم کے اندرونی اعضا کے فوٹو لیے جاتے ہیں۔
ایکونائٹ (ACONITE) (اے۔ کو۔ نائٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا زہر۔
ایکھ۔ [ہ۔ ا۔ مونث] گنا۔ پونڈا۔
ایل۔ ایل۔ بی (L.L.B.) [انگ] (BACHELOR OF LAW) بیچلر آف لا کا مخفف۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان۔
ایل ایل۔ ڈی (L.L.D.) [انگ] (DOCTOR OF LAW) ڈاکٹر آف لا کا مخفف۔ قانون میں سب سے اعلیٰ ڈگری۔
ایلچی (ایل۔ چی) [ت۔ ا۔ مذکر] قاصد۔ پیغامبر۔ سفیر۔
ایلچی گری۔ سفارت۔ وکالت۔ رسالت۔
ایلوا۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] گھیکوار کے گودے کا خشک کیا ہوا رس۔ مصبر
ایلومینیم (ALUMINIUM) (اے۔ لو۔ می۔ نی۔ یم) [انگ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کی دھات کا نام۔
ایما (ای۔ ما) [ع۔ ا۔ مذکر] اشارہ۔
ایما لینا۔ عندیہ یا منشا دریافت کرنا۔
ایما ہونا۔ اشارہ ہونا۔ منشا ہونا۔
ایمان (ای۔ مان) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ماننا (۲) امان دینا۔ (۳) عقیدہ۔ مذہب۔
ایمان دار (۱) دیندار (۲) دیانت دار (۳) سچا۔
ایمانداری۔ صداقت۔ راست بازی۔ دیانت داری۔
ایمان لگتی۔ حق حق۔ سچی بات۔
ایمان کی کہنا۔ ایمان لگتی کہنا۔ سچی بات کہنا۔ خدا لگتی کہنا۔

Marfat.com

ایمان لانا، لے آنا - (۱) ماننا۔ تسلیم کرنا (۲) بھروسہ کرنا (۳) خدا اور مذہب پر یقین لانا۔

ایم - آر - اے - ایس (MEMBER OF ROYAL ACADEMY OF SCIENCE) (انگ) ممبر آف رائل اکیڈمی آف سائنس کا مخفف۔ سائنس کی شاہی مجلس کا رکن۔

ایم - او - ایل (MASTER OF ORIENTAL LANGUAGES) (انگ) ماسٹر آف اورینٹل لینگویجز کا مخفف - مشرقی زبانوں کی اعلیٰ ڈگری -

ایم اے (MASTER OF ARTS) (انگ) ماسٹر آف آرٹس کا مخفف۔ تعلیم کی ایک اعلیٰ ڈگری -

ایم - ایس - سی (انگ) (MASTER OF SCIENCE) ماسٹر آف سائنس کا مخفف -

ایم ایل اے - (انگ) (MEMBER LEGISLATIVE ASSEMBLY) ممبر لیجسلیٹو کونسل کا مخفف۔ قانون ساز کونسل کا رکن -

ایم - این - اے (MEMBER NATIONAL ASSEMBLY) کا مخفف - پاکستان کی مجلس قانون ساز کا ممبر۔

ایم - بی - بی - ایس - (انگ) (BACHELOR OF MEDICINE AND B. S. SURGERY) کا مخفف - ڈاکٹری کی یونیورسٹی کی ڈگری۔

ایم پی - (MEMBER OF PARLIAMENT) پارلیمنٹ کا ممبر

ایم - پی - اے - پاکستان کی صوبائی اسمبلی کا ممبر (MEMBER PROVINCIAL ASSEMBLY) کا مخفف -

ایم - ڈی (DOCTOR OF MEDICINE) کا مخفف - ڈاکٹری کی سب سے بڑی ڈگری -

ایمفی تھیٹر - (AMPHITHEATRE) (ایم - فی - تھے - ٹر) - (انگ - ا - مذکر) (۱) اکھاڑا (۲) وہ عمارت یا اکھاڑا جو قدیم زمانے میں رومیوں نے شہر روم میں تعمیر کیا تھا اور جس میں وہ وحشی جانوروں کی لڑائیاں دیکھتے تھے -

ایمن - (اے - مَن) (ع - صفت) (۱) داہنی جانب (۲) مبارک - میمون -

امونیا - (اے - مو - نی - یا) (انگ + مذکر) (AMMONIA) چونے اور نوشادر کا مرکب -

ایمہ - (اے - مَہ) (ت - ا - مذکر) معافی - جاگیر -

این - (ف) یہ -

ایں خانہ تمام آفتاب است (مثل) (۱) یہ سارا ہی گھر روشن ہے - (۲) یہ گھر کا گھر لائق ہے (طنزاً) یہ پورا گھر نالائق ہے -

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند (مثل) کیا کہنا ہے یہ کام تمہیں سے ہو سکتا ہے - اور مرد ایسا ہی کرتے ہیں - کسی اہم کام کے انجام دینے والے کے تحسین و آفرین کے طور پر کہتے ہیں -

ایں گل دیگر شگفت (مثل) یہ دوسرا پھول کھلا - کوئی نئی بات واقع ہونے پر کہتے ہیں -

این و آں (۱) یہ اور وہ (۲) چون و چرا (۳) ہر کس و ناکس -

این و آں کرنا - دلیلیں نکالنا - حجت کرنا - بحث کرنا -

ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر (مثل) (۱) محبت میں دوسرے غموں پر ایک یہ بھی غم ہے (۲) مصیبت پر مصیبت آنے کے موقع پر بولتے ہیں -

کے موقع پر بولتے ہیں -

ایں ہم بچہ شتر است (۱) یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے (۲) یہ بھی اسی گروہ کا ہے - یہ بھی اسی قبیل کا ہے -

ایں ہم بر سر علم (مثل) بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی -

اینٹ - (ا - ی - مونث) مٹی کے پکے ہوئے ٹکڑے جن سے دیوار بنائی جاتی ہے -

اینٹ سے اینٹ بجا دینا، بجانا - ڈھا دینا - برباد کرنا - گرانا -

اینٹھ - (ہ - ا - مونث) غرور - بل - اکڑ -

اینٹھ رکھنا (۱) کینہ رکھنا - بل رکھنا (۲) دبا رکھنا - ہتیا لینا -

اینٹھ کر چلنا - اکڑ کر چلنا - غرور سے چلنا - اترا کر چلنا -

اینٹھ لینا - چھین لینا - زبردستی لے لینا -

اینٹھے باز، خاں - زیادہ اکڑ دکھانے والا -

اینٹھن (ای - ٹھَن) (ہ - ا - مونث) مروڑ - بل - کھنچاؤ - تشنج -

اینٹھنا (اینٹھ - نا) (ہ - مص) (۱) بٹنا - مروڑنا (۲) روٹھنا - آزردہ ہونا (۳) دھوکا دیکر لینا (۴) اکڑ دکھانا -

اینچ - (ہ - ا - مونث) (۱) کشش (۲) پھیلاؤ - دباؤ -

اینچ پینچ (۱) الجھاؤ (۲) مکر فریب -

ایندھن (ایں - دھن) (ہ - ا - مذکر) جلانے کی چیزیں -

اینڈا (ایں - ڈا) (ہ - صفت) (۱) ٹیڑھا (۲) (مذکر) تخمینہ - اندازہ

اینڈا اینڈا پھرنا - اتراتے پھرنا -

اینڈا بینڈا - الٹا سیدھا - آڑا ترچھا -

اینڈنا (اینڈ - نا) (ہ - مص) (۱) بل کھانا (۲) انگڑائی لینا (۳) گھمنڈ کرنا -

اینڈوا - اینڈوی (اینڈ - وا - اینڈ - وی) (ہ - ا - پہلا مذکر - دوسرا مونث) مونج وغیرہ کی بنی ہوئی چھوٹی گول گدی جسے بوجھ اٹھاتے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں -

اینڈی بینڈی (ایں - ڈی - بیں - ڈی) (ہ - صفت) (۱) آڑی ٹیڑھی (۲) ناشائستہ - سخت و سست - بری بھلی -

اینگلو انڈین (ANGLO INDIAN) (اینگ - لو - اِن - ڈِ - یَن) (انگ - صفت) دوغلا - آدھا انگریز آدھا ہندوستانی -

اینگلو عربک (ANGLO ARABIC) انگریزی عربی -

اینگلو ورنیکلر (ANGLO VERNACULAR) دیسی اور انگریزی -

ایوارڈ (AWARD) (اے - وارڈ) (انگ - ا - مذکر) (۱) عدالتی فیصلہ - حکم (۲) جرمانہ - سزا وغیرہ (جو عدالت سے دلائی جائے)

ایوان (اے - وان) (ف - ا - مذکر) محل - مکان -

ایوان تجارت - انجمن تجار - تجارت پیشہ لوگوں کی انجمن -

ایوان ہائے پارلیمنٹ - وہ مکان جہاں عوام کے نمائندے بیٹھ کر قانون بناتے ہیں -

ایہام (ای - ہام) (ع - ا - مذکر) (۱) وہم میں ڈالنا - (۲) اصطلاح شعر میں وہ صنعت جس میں شاعر اپنے کلام میں ایک ایسا لفظ لائے جس کے دو معنی ہوں - ایک اس مقام کے قریب دوسرا بعید - لیکن شاعر بعید سے مراد لے -

Marfat.com

# ب

**ب** (بے) (مونث) اُردو۔ فارسی اور عربی کا دُوسرا اور ہندی کا تیئیسواں حرف۔ حسابِ ابجد میں اس کے دو عدد مقرر ہیں۔ یہ حرف فارسی ترکیب میں مفتوح اور عربی میں مکسور ہوتا ہے۔

**بَ** (بالفتح) (ف۔ حرفِ جر) (۱) ساتھ (۲) لیے (۳) سے (۴) قسم (۵) مطابق (۶) اندر (۷) اُوپر (۸) مقابل۔ (کسی لفظ کے شروع میں آتی ہے۔ جب تنہا آتی ہے تو اس کا املا بہ ہوتا ہے)
**باجرا** ۔ کسی حکم کے نافذ کرنے یا عمل میں لانے سے۔ (ب۔ اجرا)
**باجلاس** ۔ اجلاس میں۔ کچہری میں۔ پیشی میں۔ (ب۔ اجلاس)
**باستثنا** ۔ چھوڑ کے۔ الگ کر کے۔ جدا کر کے۔ (ب۔ استثنا)
**بافراط** ۔ کثرت سے۔ بہت زیادہ۔ وافر۔ (ب۔ افراط)
**بایں** ۔ اس کے ساتھ۔ (ب۔ ایں)
**بایں ریش و فش** ۔ یہ ڈاڑھی اور یہ طرّہ اور ایسی حرکتیں۔
**بایں ہمہ** ۔ ان تمام باتوں کے باوجود۔
**بتراضیِ طرفین** ۔ فریقین کی رضامندی سے۔
**بجز** ۔ سوا۔ مگر۔ بغیر۔
**بجہت** ۔ وجہ سے۔ بسبب۔ بوجہ۔
**بچشم** ۔ سر آنکھوں پر۔
**بحال** ۔ اصلی حالت پر (ب۔ ح کے تحت دیکھیے)
**بحساب** ۔ اس حساب سے۔
**بحضور** ۔ پیشی میں۔ رُوبرُو۔ سامنے۔
**بحق** ۔ حق میں۔ حد میں۔
**بحکم** ۔ حکم سے۔ ارشاد سے۔
**بخدا** ۔ خدا کی قسم۔
**بخلاف** ۔ برعکس۔ برخلاف۔ اس کے اُلٹ۔
**بخوبی** ۔ اچھی طرح۔ پُوری طرح۔ عمدگی سے۔
**بخیر** ۔ خیریت کے ساتھ۔ اچھی طرح۔
**بخیر و عافیت** ۔ خیریت سے۔ اچھی طرح۔
**بدرجۂ غایت** ۔ حد سے زیادہ۔ انتہا تک۔
**بدرجہا** ۔ بہت زیادہ۔ کہیں زیادہ۔
**بدست** ۔ (۱) ہاتھ میں (۲) بذریعہ۔
**بدستور** ۔ دستور کے مطابق۔ قاعدے کے موافق۔
**بدقت** ۔ مشکل سے۔ دُشواری سے۔
**بدولت** ۔ سبب سے۔ ذریعے سے۔ اقبال سے (مجازاً) آسرا۔
**بدوں** ۔ بغیر۔ بجز۔ سوا۔
**بدیں** ۔ بایں۔ اس سے۔
**بذاتِ خود** ۔ خود بخود۔ آپ ہی۔ اپنے دم سے۔
**بروئے** ۔ (۱) مُنہ پر۔ سامنے (۲) بمطابق۔ بلحاظ۔
**بزور** ۔ طاقت سے۔ زبردستی۔ جبراً۔ حکماً۔
**بسبب** ۔ سبب سے۔ وجہ سے۔ اس کارن۔
**بسفر رفتنت مبارک باد بسلامت روی و باز آئی** ۔ تمہارا سفر پر جانا مُبارک ہو۔ سلامتی سے جاؤ اور پھر (سلامتی سے) واپس آؤ۔

**بسر و چشم** ۔ سر آنکھوں پر۔ بڑی خوشی سے۔
**بشرحِ صدر** ۔ (۱) جو کچھ اُوپر لکھا ہے وہی یہاں بھی سمجھیے۔ ایضاً (۲) دل یا سینے کی صفائی سے۔
**بشرطیکہ** ۔ اس شرط پر۔
**بشمول** ۔ شامل کر کے۔ ساتھ۔ سے۔
**بصد** ۔ سیکڑوں۔ (کثرت کے اظہار کے لیے)۔
**بصراحت** ۔ وضاحت سے۔ صاف طور پر۔
**بصورت** ۔ صورت میں۔ حال میں۔ وجہ سے۔
**بصورتِ دیگر** ۔ اگر کوئی دوسری صورت پیش آئی۔
**بصیغہ** ۔ مد میں۔ ضمن میں۔ سلسلے میں۔
**بصیغۂ دیوانی** ۔ دیوانی میں۔
**بضد** ۔ ہٹ پر۔ ضد پر۔ مُصر۔ اڑا ہُوا۔
**بطرز** ۔ انداز سے۔ طریقے سے۔
**بطرف** ۔ جہت میں۔ سمت میں۔
**بطریق** ۔ طریقے سے۔ انداز سے۔
**بطور** ۔ طرز سے۔ طریقے سے۔
**بطورِ خود** ۔ اپنی طرف سے۔ آپ ہی آپ۔
**بطوعِ خاطر** ۔ رضامندی سے خوشی سے۔
**بطیبِ خاطر** ۔ رضا و رغبت سے۔ رضامندی سے۔
**بظاہر** ۔ ظاہر میں۔ دیکھنے میں۔
**بعوض** ۔ بجائے۔ بدلے میں۔
**بعونِ خدا** ۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔
**بقدرِ ضرورت** ۔ ضرورت اور حاجت کے مطابق۔
**بقول** ۔ کہنے کے مطابق۔ قول کے مطابق۔
**بقول شخصے** ۔ کسی کے کہنے کے مطابق۔
**بقیدِ حیات** ۔ زندگی کی قید میں۔ زندہ۔
**بکار** ۔ کام سے۔ کام کا۔
**بلطائف حیل۔ بلطائف الحیل** ۔ حیلے بہانے سے۔ کسی اچھی تدبیر سے۔
**بمدارج** ۔ درجہ بدرجہ۔
**بمراتب** ۔ مرتبوں کے لحاظ سے۔ درجہ بدرجہ۔
**بمنزلہ** ۔ بجائے۔ قائم مقام۔
**بموجب** ۔ مُطابق۔ موافق۔
**بنا راضی** ۔ برخلاف (قانونی)
**بنام** ۔ نام پر۔
**بہر حال** ۔ بہر طور۔ بہر کیف۔ ہر حالت میں۔ ہر طریقے سے۔
**بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیداست** ۔ جہاں جائیں مصیبت کا سامنا ہو ہی جاتا ہے۔
**بہر صورت** ۔ ہر انداز میں۔ ہر شکل سے۔

Marfat.com

بہرطور - ہر طرح - ہر طریقے سے -
بہرعنوان - ہر طریقے سے - ہر طرح -
بہرکس وناکس - ہر شخص کو خواہ وہ اچھا ہو یا بُرا -
بہیئت مجموعی - مجموعی حیثیت سے -
بیک بینی و دو گوش - ایک ناک اور دو کان سے - تن تنہا - بغیر کسی ساز و سامان کے - خالی ہاتھ -
بیک کرشمہ دو کار - بیک کرد و دو فاختہ (مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جہاں ایک تدبیر سے دو کام بن جائیں -
ب (بالکسر) [ع - حرف جر] (۱) ساتھ (۲) سے (۳) اندر (۴) قریب (۵) پر (۶) مطابق -
بالآخر - آخرکار - آخر میں -
بالاتفاق - اتفاق کے ساتھ - متفقہ طور پر -
بالاجماع - ساری جماعت کی رضامندی سے -
بالاجمال - مختصر طور پر - اختصار کے ساتھ -
بالارادہ - ارادے سے - قصداً -
بالاشتراک - شرکت سے - ساجھے میں -
بالتحقیق - تحقیق سے - یقینی - بے شک - (بت تحقیق) -
بالتخصیص - خاص کر - خصوصیت سے (بت تخصیص) -
بالتصریح - صراحت سے - صاف صاف (بت تصریح)
بالتفصیل - تفصیل سے - کھول کر (بت تفصیل)
بالجبر - زبردستی - جبراً -
بالجملہ - ساری بات کا حاصل یہ ہے - حاصل کلام -
بالخاصہ - اپنی خصوصیت سے - اپنے اثر سے -
بالخصوص - خاص کر - خاص طور سے -
بالخیر - خیر سے - اچھی طرح - اچھے طریقے سے -
بالذات - اپنی ذات سے - بے شرکت غیرے (بذات)
بالضرور - ضروری - یقیناً (بعض ضرور)
بالعکس - برعکس - برخلاف - اُلٹ -
بالعموم - عام طور پر - عموماً -
بالفرض - فرض کرتے ہوئے - مانتے ہوئے - تسلیم کرکے -
بالفعل - اس وقت - اب - فی الحال -
بالقابہ - اپنے تمام القاب و اعزاز کے ساتھ (ممدوح کے القاب بہت سے ہوں تو اختصار کے لیے یہ کلمہ بولتے ہیں)
بالقصد - ارادے سے - قصداً - جان بوجھ کر -
بالقوہ - (۱) قوت اور طاقت سے (۲) منطق کی اصطلاح (اس قوت سے جو ابھی وجود میں نہیں آئی لیکن آسکتی ہے -
بالکل - سارا - سب - تمام - پوری طرح سے - ہو بہو -
بالکنایہ - اشارے سے - رمز کے طور پر -
باللہ - اللہ کی قسم -
بالمشافہہ - روبرو - آمنے سامنے -
بالمضاعف - (۱) دوگنا (۲) کئی گنا -
بالمقابل - (۱) آمنے سامنے - موجودگی میں (۲) مقابلہ میں -
بالمقطع - بغیر بھاؤ تاؤ کے - چکا کر - چکتا - اکٹھا -
بالمواجہہ - آمنے سامنے - بالمشافہہ -
بالواسطہ - وسیلے سے - کسی کی وساطت سے -

بالیقین - یقینی طور پر - یقیناً -
بتمامہ - بالکل - سب - تمام (بتمامے ہی)
بجنسہ - (۱) جوں کا توں - ہو بہو (۲) دراصل - ویسا ہی - (ب - جنس - ہی)
بحمداللہ - بحمدہ - اللہ کی تعریف کے ساتھ - خدا کے فضل سے -
بذاتہ - اپنی ذات سے - بنفس نفیس - آپ - خود -
بعینہٖ - ہو بہو - ویسا ہی - جوں کا توں - بالکل وہی -
بفضلہ - بفضلہ تعالیٰ - خدائے برتر کے فضل و کرم سے -

# ب - ا

باف - حرف ربط (۱) ساتھ (۲) باوجود (۳) والا (۴) مطابق -
باآبرو - عزت والا - آبرو رکھنے والا -
باآنکہ - باوجود اس کے - اس کے ہوتے ہوئے -
بااثر - (۱) اثر والا - تاثیر رکھنے والا (۲) صاحب رسوخ -
بااخلاص - خلوص والا - سچی دوستی رکھنے والا -
باادب - (۱) ادب سے (۲) ادب کرنے والا -
باادب بانصیب بے ادب بے نصیب - (مثل) ادب کرنے والا خوش نصیب اور گستاخ بدبخت ہوتا ہے -
باایں ہمہ - (دیکھیے بایں ہمہ)
باتدبیر - (۱) سوچ بچار والا - مدبر - منتظم (۲) دانا -
باتمیز - تمیز دار - مہذب - خوش سلیقہ -
باحیا - (۱) حیادار (۲) نیک -
باخبر - (۱) خبر رکھنے والا - واقف - عقل مند (۲) ہوشیار -
باخدا - خدا پرست - عبادت گزار - نیک -
باشعور - عقل مند - سلیقہ مند - ہوشیار -
باضابطہ - دستور کے مطابق - حسب قانون -
باطہارت - (۱) پاکی کے ساتھ (۲) غسل کیے ہوئے -
باعمل - (۱) عمل کرنے والا (۲) اچھے کام کرنے والا -
بافراغت - اطمینان سے - آرام کے ساتھ - تسلی سے -
باقاعدہ - (۱) قاعدے اور قانون کے مطابق (۲) موقع سے - صحیح -
باقرینہ - قاعدے سے - سلیقے کے ساتھ -
باکمال - کمال رکھنے والا - کامل - ماہر -
بامراد - مراد حاصل کیے ہوئے - کامیاب -
بامروت - (۱) خوش اخلاق (۲) سخی - فیاض -
بامزہ - (۱) مزے دار - لذیذ (۲) دلچسپ -
بامسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام (مثل) ہر ایک سے دوستی کسی سے دشمنی نہیں - مرنجاں مرنج -
بانصیب - اچھی قسمت والا - خوش قسمت - بھاگوان
بانوا - (۱) آواز والا (۲) دولت والا (۳) مسلمان فقیروں کا ایک گروہ -
باوجود - باوصف - پر بھی -
باوضع (۱) خوش اخلاق (۲) وضع کا پابند (۳) نباہ کرنے والا -
باوفا (۱) وفادار (۲) قول کا سچا (۳) خیر خواہ - نمک حلال -

Marfat.com

**باوقار** (۱) عزت والا (۲) وقار سے ۔ عزت سے ۔
**باہمہ و بے ہمہ** ۔ سب سے ملا ہوا اور سب سے الگ ۔ آزاد ۔ شریف ۔
**باہمیں مردماں ببایدساخت** ۔ انھی لوگوں کے ساتھ نباہ کرنا چاہیے خواہ اچھے ہوں خواہ بُرے ۔
**باب** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دروازہ (۲) کتاب کا حصّہ (۳) بابت ۔ متعلق (۴) دربار (۵) لائق ۔
**باب اجابت** ۔ دُعا قبول ہونے کا دروازہ ۔
**باب عالی** (۱) اونچی بارگاہ (۲) عثمانی عہد میں حکومت کے دارالوزرا کا نام ۔
**باب وا ہونا** ۔ دروازہ کھلنا ۔
**بابا** [ف ۔ ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) باپ ۔ دادا (۲) بزرگ (۳) خطاب کا عام لفظ جسے فقیر استعمال کرتے ہیں (۴) محبت سے بچوں کو بھی اس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں ۔
**بابت** (با ۔ بت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بارہ (۲) صیغہ (۳) واسطہ (۴) معاملہ (۵) نسبت (۶) بدلہ ۔ مزدوری ۔
**بابڑ** (با ۔ بڑ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک قسم کی گھاس جس سے بان بناتے ہیں ۔
**بابر** (با ۔ بر) [ت ۔ ا ۔ مذکر] شیر ببر ۔
**بابڑنگ** (دیکھیے باؤبڑنگ)
**بابل** (با ۔ بل) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) باپ (۲) وہ گیت جو لڑکی کی رخصتی کے وقت گاتے ہیں ۔
**بابلی** (با ۔ ب ۔ لی) [ع ۔ صفت] عراق قدیم کے شہر بابل سے متعلق ۔ بابل کا
**بابن** (BOBBIN) (با ۔ بن) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ڈوری ۔ باریک فیتہ جو سپاہیوں کے کوٹوں پر لگایا جاتا ہے (۲) ریل کتنا ۔ سلائی مشین کا وہ پُرزہ جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں ۔
**بابو** (با ۔ بو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) شہزادہ (۲) بچہ (۳) کلرک ۔ منشی ۔
**بابی** [ع ۔ صفت] (۱) باب کا (۲) بابی فرقے کا پیرو ۔ اس فرقے سے متعلق
**باپ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) والد (۲) بزرگ ۔
**باپ بنانا** (۱) بزرگ ماننا (۲) مطلب نکالنے کے لیے چاپلوسی کرنا ۔
**باپ بنیا اور پوت نواب** (مثل) باپ کوڑی کوڑی جوڑتا ہے ۔ بیٹا فضول خرچی کرتا ہے ۔
**باپ بھکاری پوت بھنڈاری** (مثل) (۱) باپ بھیک مانگ کر جمع کرتا ہے اور بیٹا خزانے لُٹاتا ہے ۔
**باپ تک جانا** ۔ باپ تک پہنچنا ۔ بڑوں کو گالی دینا ۔
**باپ مارے کا بیر** ۔ قدیم دشمنی ۔ پُرانی عداوت ۔
**باپ نہ ماری پدڑی بیٹا تیر انداز** ۔ باپ تو بزدل اور نامرد تھا ۔ بیٹا بہادر بنتا ہے ۔
**باپو** (با ۔ پو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) باپ (۲) بزرگ ۔
**بات** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) آواز (۲) لفظ ۔ قول (۳) کہاوت (۴) حال (۵) قصہ (۶) اقرار (۷) پیام (۸) شکوہ (۹) الزام (۱۰) سبب (۱۱) ساکھ (۱۲) نکتہ (۱۳) خوبی (۱۴) کلام (۱۵) عہد (۱۶) مقصد (۱۷) راز ۔ بھید (۱۸) ڈھنگ (۱۹) موقع ۔
**بات آنا** (۱) الزام آنا (۲) شادی کا پیغام آنا (۳) بول چال کر سکنا ۔
**بات بات میں** (۱) ہر بات میں (۲) ہر لحظہ (۳) بالکل ۔
**بات بدلی** ۔ ساکھ بدلی ۔ وعدہ خلافی سے سارا اعتبار جاتا رہتا ہے ۔
**بات بڑھانا** (۱) بات کو طول دینا (۲) جھگڑا بڑھانا (۳) کسی بات کی تائید کرنا (۴) عزت دینا ۔
**بات بننا** (۱) کامیاب ہونا (۲) عزت یا نام و مرتبہ ملنا ۔
**بات پانا** (۱) مطلب سمجھ جانا (۲) عمدگی اور بھلائی کو دیکھنا ۔
**بات پچنا** ۔ بات کا پوشیدہ رکھا جانا ۔ بات ہضم ہونا ۔
**بات پر** (۱) بولنے پر (۲) عزت پر (۳) ضد پر ۔
**بات پر بات چلنا** ۔ ایک ذکر کے سلسلے میں دوسرا ذکر نکلنا ۔
**بات پر جانا** ۔ کسی کے کہے پر اعتماد کرنا ۔ دم میں آنا ۔
**بات پر کان رکھنا** ۔ غور سے سُننا ۔
**بات پکڑنا** (۱) نقص نکالنا (۲) کسی شخص کو اس کے قول سے قائل کرنا ۔
**بات پکی کرنا** (۱) معاملہ پختہ کرنا (۲) پختہ اقرار کرنا ۔
**بات پلٹنا** (۱) کہہ کے مکر جانا (۲) کسی سے جو سُننا اس کو ویسے ہی الفاظ میں جواب دینا ۔
**بات پلے باندھنا** ۔ نصیحت کو یاد رکھنا ۔
**بات پوچھنا** (۱) حال دریافت کرنا (۲) خبر لینا ۔ خاطر کرنا ۔
**بات پوچھنا' بات کی جڑ پوچھنا** ۔ بال کی کھال نکالنا ۔
**بات پہنچنا** ۔ بات معلوم ہو جانا ۔ بات کا کانوں تک پہنچ جانا ۔
**بات پھینکنا** ۔ آوازہ کسنا ۔ طعنہ مارنا ۔
**بات پی جانا** ۔ ضبط کرنا ۔
**بات پیدا کرنا** (۱) خوبی پیدا کرنا (۲) بہانہ کرنا (۳) کمال حاصل کرنا ۔
**بات پیش نہ جانا** ۔ بحث میں دوسرے کو قائل نہ کر سکنا ۔
**بات تاڑنا** ۔ انداز سے معاملے کو سمجھنا ۔ بات کا پتا لگا لینا ۔
**بات تلخ ہونا** ۔ بات کا دل پر گراں گزرنا ۔
**بات تہ کر رکھنا** ۔ گفتگو کو ملتوی کر دینا ۔
**بات تھل کی نہ بیڑے کی** ۔ وعدہ کبھی پورا نہیں کیا ۔
**بات ٹھہرانا** (۱) کسی امر کا طے کرنا (۲) نسبت ٹھہرانا ۔
**بات جانا** (۱) اعتبار جاتا رہنا (۲) ساکھ نہ رہنا ۔
**بات جی کو لگنا** (۱) بات کا اچھا معلوم ہونا (۲) ذہن نشین ہونا ۔
**بات چبا چبا کے کرنا** (۱) اصل بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) ہولے ہولے کہنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرکے کہنا (۳) اترانا ۔
**بات چٹکیوں میں اڑانا** ۔ ہنسی میں ٹالنا ۔
**بات چلانا** ۔ تذکرہ کرنا ۔ ذکر چھیڑنا ۔
**بات چھڑنا** ۔ گفتگو شروع ہونا ۔
**بات چیت** (۱) بول چال (۲) میل جول (۳) عہد و پیمان ۔
**بات دُہرانا** ۔ ایک بات کو دوبارہ کہنا ۔ بار بار کہنا ۔
**بات ڈبونا** ۔ اعتبار کھونا ۔ وقار مٹانا ۔ کام بگاڑنا ۔
**بات ڈھال کے کہنا** ۔ اشارے کنائے میں کہنا ۔
**بات رفت گزشت ہونا** ۔ بات ٹل جانا ۔ بات کا بھول میں پڑنا ۔
**بات رکھ لینا** (۱) کہا مان لینا (۲) آبرو بچا لینا (۳) وقت پر کام دینا ۔
**بات رہ جاتی ہے** ۔ وقت نکل جاتا ہے ۔ مصیبت کی گھڑی گزر جاتی ہے لیکن ضرورت کے وقت کام نہ آنے والا یاد رہ جاتا ہے ۔
**بات رہ جانا** (۱) آبرو رہ جانا (۲) یادگار باقی رہ جانا (۳) شکوہ رہ جانا ۔
**بات زہر لگنا** ۔ بات زہر ہونا ۔ بہت بُرا لگنا ۔
**بات سمجھانا** (۱) کسی امر سے واقف کرنا (۲) نکتہ بتانا ۔ مضمون بتانا ۔
**بات سرسبز ہونا** ۔ بات کا کامیاب ہونا ۔ درخواست منظور ہونا ۔
**بات سُننے کا دماغ ہونا** ۔ بات سُننے کی برداشت رکھنا ۔
**بات سوجھنا** (۱) خیال میں نیا مضمون آنا (۲) سوال کا جواب سوجھ جانا ۔

Marfat.com

**بات سہنا** - کڑی بات برداشت کرنا -
**بات سے بات نکلنا** - دیکھیے بات میں سے بات نکلنا -
**بات سے پھرنا** - بدعہدی کرنا - قول سے پھر جانا -
**بات کا بتنگڑ کرنا، بنانا** - ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا -
**بات کا پورا - بات کا پکا - بات کا دھنی - بات کا سچا** - اپنے کہے کو پورا کرنے والا - وعدے کا سچا -
**بات کاٹنا** - کسی کی بات میں بول پڑنا -
**بات کا چوکا آدمی ڈال کا چوکا بندر پھر سنبھلتا نہیں** (مثل) جو شخص موقع پر چوک جاتا ہے وہ پھر اس کی تلافی نہیں کر سکتا - جس طرح بندر کے ہاتھ سے درخت کی ٹہنی چھوٹ جائے تو وہ گر پڑتا ہے -
**بات کان پڑنا** - بات سنائی دینا -
**بات کان میں پڑنا** - گوش گزار ہونا -
**بات کان میں پھونک دینا، ڈال دینا** (۱) باخبر کر دینا (۲) کسی کے کان میں آہستہ سے کوئی بات کہنا -
**بات کا کچا، ہیٹا** - بے اعتبار - ناقابلِ اعتبار -
**بات کرسی نشین ہونا** - بات ٹھیک بیٹھنا - بات کا تسلیم کیا جانا -
**بات کرنے میں پھول جھڑنا** - شیریں کلام ہونا -
**بات کو آنچل میں باندھنا** - کسی قول کو یاد رکھنا -
**بات کو چکر دینا** - بات کو سیدھی طرح بیان نہ کرنا -
**بات کھٹائی میں پڑنا** - کام میں دیر لگ جانا -
**بات کھٹکنا** - بات دل میں چبھنا -
**بات کھونا** - بے آبرو ہونا - عزت گنوانا -
**بات کہی اور پرائی ہوئی** (مثل) بھید ظاہر کر کے انسان بے بس ہو جاتا ہے -
**بات کی بات میں** - ایک لمحے میں - آناً فاناً
**بات کی تاب لانا** - بدزبانی کو برداشت کرنا -
**بات کی گرفت ہونا** - اعتراض ہونا - نکتہ چینی ہونا -
**بات کے شاخسانے** - بات کے مختلف پہلو -
**بات گرہ، گانٹھ میں باندھنا** - بات کو خوب یاد رکھنا -
**بات گول کرنا، ٹالنا** - صاف صاف نہ بتانا -
**بات گھڑنا** - جی سے بات بنانا - خلافِ واقعہ کہنا -
**بات کی کرکری ہونا** - بات کا بھول بھلا جانا -
**بات لاکھ کی کرنی خاک کی** (مثل) باتیں بنانے میں اُستاد لیکن عملاً کچھ نہیں -
**بات لانا** (۱) نسبت کا پیغام لانا (۲) الزام لگانا -
**بات لگانا** (۱) چغلی کرنا - کان بھرنا (۲) منگنی ٹھہرانا (۳) تہمت لگانا -
**بات مُنہ سے نکلی پرائی ہوئی** - راز مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتا ہے
**بات مُنہ سے نہ نکالنا** - شکوہ نہ کرنا - صبر کرنا -
**بات مُنہ سے نہ نکلنا** - لاجواب ہونا - عاجز ہونا -
**بات میں** - لمحہ بھر میں - فوراً - ترت -
**بات میں پیچ نکالنا** - نکتہ چینی کرنا - اعتراض کرنا -
**بات میں رخنے نکالنا** - نکتہ چینی کرنا - نقص نکالنا -
**بات میں سے بات نکلنا** - کوئی نازک پیرایہ نکلنا - ایک بات سے دوسری بات نکلنا -
**بات میں تی نکالنا** - اعتراض کرنا - عیب نکالنا -
**بات میں قند گھولنا** - ہنسی مذاق سے باتوں کو پُرلطف بنانا -

**بات نکالنا** (۱) تذکرہ کرنا (۲) مضمون پیدا کرنا (۳) تدبیر نکالنا -
**بات نہ پوچھنا** - خبر نہ لینا - خاطر تواضع نہ کرنا -
**بات ہلکی ہونا** - دوسروں کی نظر میں بے وقعت ہونا - قدر گھٹنا
**بات ہیٹی ہونا** - عزت میں فرق آنا - ساکھ بگڑنا -
**باتوں باتوں میں** - اثنائے کلام میں - دورانِ گفتگو میں -
**باتوں کا باغ لگانا** (۱) لچھے دار باتیں کرنا (۲) فضول باتیں کرنا -
**باتوں کا تار جھاڑ باندھنا** - لگاتار بولے جانا -
**باتوں کا دھنی** - باتیں کرنے میں اُستاد - باتونی -
**باتوں میں آنا** - کہنے کا یقین کر لینا - فریب کھانا -
**باتوں میں اُڑانا** (۱) ہنسی میں ٹالنا (۲) فریب دینا -
**باتوں میں دھر لینا** - لاجواب کرنا - قائل کرنا -
**باتوں میں لگانا** - دیکھیے بات میں لگانا -
**باتیں آنا** - عقل آنا - چالاک ہو جانا -
**باتیں بگھارنا** (۱) جھوٹ بولنا (۲) شیخی مارنا -
**باتیں چھانٹنا** (۱) جھوٹی باتیں کرنا (۲) طعنے مارنا -
**باتیں سنانا** - بُرا بھلا کہنا - طعنے دینا -
**باتیں ملانا** - ہاں میں ہاں ملانا - جی ہاں جی ہاں کرنا -
**باتیں ہیں** - دھوکے ہیں - ڈھکوسلے ہیں - دھمکیاں ہیں -
**باتیں ہی باتیں ہیں** - کہنا ہی کہنا ہے حقیقت کچھ نہیں -
**باتون - باتونی - باتونیا** (با - تون، با - تو - نی، با - تو - نِ - یا) [ہ - صف] بہت باتیں بنانے والا - بکواسی - بکی
**باٹ** [ہ - ا - مذکر] (۱) وزن تولنے کے بٹے (۲) [مؤنث] راستا -
**باٹ پیمانہ** - مال تجارت کی جانچ پڑتال کرنے کا آلہ -
**باٹ دیکھنا** (۱) بٹے کی جانچ پڑتال کرنا (۲) انتظار کرنا -
**باٹ مارنا** - راستا کھوٹا کرنا - نقصان پہنچانا -
**باج** [ف - ا - مذکر] خراج - محصول - زرِ مالگزاری -
**باج دار - باج گیر** - محصول جمع کرنے والا سرکاری افسر - کلکٹر
**باج گزار** - محصول دینے والا - رعیت -
**باجا** (با - جا) [ہ - ا - مذکر] بجنے کی چیز - ساز -
**باجا گاجا** - گانا بجانا - ڈھول ڈھمکا -
**باجپئی** (باج - پ - ئی) [ہ - ا - مذکر] برہمنوں کی ایک قسم -
**باجرا** (باج - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) مجازاً ننھی ننھی بوندیں (۳) نہایت باریک کٹی ہوئی چھالیا -
**باجری** (باج - ری) [ہ - ا - مؤنث] چھوٹی قسم کا باجرا -
**باجنا** (باج - نا) [ہ - مص] (۱) بجنا (۲) مشہور ہونا - موسوم ہونا -
**باجی** (با - جی) [ت - ا - مؤنث] (۱) آپا - بہن (۲) اپنے سے بڑی خاتون -
**باچھ** [ہ - ا - مؤنث] (۱) ہونٹوں کا کونا (۲) لگان (۳) جمعبندی کھاتا -
**باچھیں کھل جانا** (۱) قہقہہ لگانا (۲) نہایت خوش ہونا -
**باختر** (باخ - تر) [ف - ا - مذکر] (۱) مشرق (۲) مغرب (عموماً مشرق ہی کے معنی میں مستعمل ہے) -
**باد** [ہ - ا - مذکر] (۱) دستوری - دلالی (۲) مقدمہ (۳) زیادتی (۴) بحث - جھگڑا -
**باد** [ف - ا - مؤنث] ہوا -
**باد آبستنی** - وہ ہوا جس سے پودوں میں پھل وغیرہ لگتے ہیں -
**بادبان** - وہ کپڑا جو کشتی کی رفتار کو تیز کرنے اور اس کا رُخ موڑنے کے لیے لگاتے ہیں -

Marfat.com

بادبانِ اَخضر (کنایۃً) آسمان
بادبانی - بادبان سے چلنے والا (جہاز وغیرہ)
بادبہار - بادِ بہاری - موسمِ بہار کی ہوا -
بادپیما (۱) ہوا کی طرح تیز چلنے والا (گھوڑا) (۲) بیہودہ گو شخص (۳) ہوا کا دباؤ یا وزن ناپنے کا آلہ - مقیاس الہوا (AEROMETER)
بادِ تُند - جھکڑ - تیز ہوا - آندھی - طوفان باد -
بادخایہ - ایک بیماری جس سے گھوڑے کے فوطے بڑھ جاتے ہیں -
بادخزاں - پت جھڑ کی ہوا -
بادخواں - خوشامدی -
بادخور - بادخورہ - گنج - بیماری جس سے گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں -
بادرفتار (۱) ہوا کی طرح تیز چلنے والا (۲) مجازاً نہایت تیز گھوڑا -
بادرَیز - چھت کا ہوادان -
بادِ شُرنج - ایک بیماری -
بادِ سَموم - بہت گرم ہوا - لُو -
بادسَنج - بے فائدہ کام کرنے والا - بیہودہ گو -
بادسیر (۱) تیز گھوڑا (۲) مغرور شخص -
بادشُرط - دیکھیے بادِ موافق -
بادِ صبا (۱) صبح کے وقت کی ٹھنڈی ہوا (۲) نسیم - پُروا -
بادِ صَرصَر - تیز و تُند ہوا -
بادفتق - ایک مرض جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں -
بادفرنگ - آتشک -
بادفروش - باتونی - خوشامدی -
بادکش (۱) ہلکانے والا پنکھا جس کو رسّی لگا کر ہلاتے ہیں (۲) روشندان -
بادگرد - بگولا -
بادِ مخالف (۱) آگے بڑھنے سے روکنے والی ہوا (۲) آندھی -
بادِ مُراد - بادِ موافق - وہ ہوا جو آگے بڑھنے میں مدد دے -
بادنما - وہ آلہ جس کے ذریعے ہوا کا رُخ معلوم کرتے ہیں -
بادِ ہوائی - بیہودہ - بے معنی - بے کار - نکما -
بادام (با - دام) [ف - ا - مذکر] ایک خشک میوہ -
بادامی (با - دا - می) [ف - صفت] (۱) بادام کے رنگ کا - ہلکا زرد (۲) [ا - مونث] چھوٹی سی مخروطی ڈبیا (۳) [مذکر] خواجہ سرا (۴) ایک قسم کا چاول -
بادَرَنج (باد - رنج) بادرنگ کا معرب -
بادرنگ (باد - رنگ) [ف - ا - مذکر] (۱) ایک قسم کا کھیرا (۲) ترنج -
بادشاہ - بادشہ (باد - شاہ، باد - شہ) [ف - ا - مذکر] (۱) سلطان (۲) سردار - اُستاد - صحیح لفظ پادشاہ ہے۔
بادشاہزادہ - بادشاہ کا بیٹا -
بادشاہزادی - بادشاہ کی بیٹی -
بادشاہانہ (باد - شا - ہا - نہ) [ف - صفت] (۱) بادشاہوں سے متعلق (۲) بادشاہوں کے لائق -
بادشاہت (باد - شا - ہت) [ف - ا - مونث] راج - سلطنت -
بادشاہی (باد - شا - ہی) [ف - ا - مونث] (۱) سلطنت (۲) [صفت] بادشاہ کا -
بادشاہی سند - شاہی فرمان - شاہی سرٹیفکیٹ -

بادَل (با - دل) [ہ - ا - مذکر] ابر - گھٹا -
بادل اُمنڈنا - بادل گھر کے آنا - گھٹا چھانا -
بادل پھٹنا - ابر کُھلنا - مطلع صاف ہونا -
بادل چھانا - بادلوں کا آنا -
بادل چھٹنا - آسمان کُھل جانا -
بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا (مثل) امید بر آنے کے آثار دیکھ کر نقصان کر بیٹھنا -
بادل کھلنا - آسمان کا بادلوں سے صاف ہو جانا -
بادل گھر آنا - بادل گھرنا - آسمان پر بادلوں کا جمع ہونا -
بادلا - بادلہ (باد - لا، باد - لہ) [ہ - ا - مذکر] (۱) سونے چاندی کا تار جس سے گوٹا وغیرہ بناتے ہیں (۲) زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی سونے کے تاروں سے بُنا جاتا ہے - زربفت -
بادمُہرہ (باد - مُہ - رہ) [ف - ا - مذکر] (۱) سانپ کا مُہرہ جو سانپ کے کاٹے کے لیے تریاق ہے -
بادنجان (با - دن - جان) [ع - ا - مذکر] بینگن -
بادہ (با - دہ) [ف - ا - مذکر] شراب - مے - خمر -
بادہ پرست - بادہ پیما - بادہ خوار - بادہ کش - بادہ گسار - بادہ نوش شراب پینے والا - شرابی -
بادہ پرستی - بادہ پیمائی - بادہ خواری - بادہ کشی - بادہ گساری - بادہ نوشی - شراب خوری -
بادی (با - دی) [ف - صفت] (۱) ہوا پیدا کرنے والا (۲) ٹھنڈا (۳) [مونث] برودت اور ریاح پیدا کرنے والا مادہ (۴) بائی گٹھیا -
بادی (با - دی) [ع - صفت] (۱) شروع (۲) شروع کرنے والا -
بادی النظر - سرسری نظر سے - ابتدائی نظر میں - دیکھتے ہی -
بادیان (با - دِ - یان) [ف - ا - مونث] سونف -
بادیانِ رُومی - انیسون - ایک دوا کا نام -
بادِیہ (با - دِ - یہ) [ع - ا - مذکر] صحرا - بیابان - جنگل - دشت -
بادیہ پیما - بادیہ گرد - جنگل میں پھرنے والا -
بادِیہ (با - دِ - یہ) [ف - ا - مذکر] بڑا پیالہ - بڑا کٹورا -
باڈی (با - ڈی) [انگ - ا - مونث] (BODY) (۱) جسم (۲) دھڑ یا ڈھانچہ (کسی چیز کا) (۳) آدمی - شخص (۴) جماعت - انجمن -
باڈی بلڈر (BODY BUILDER) (۱) تن ساز - ورزش سے جسم بنانے والا (۲) موٹر وغیرہ کا ڈھانچا بنانے والا -
باڈی بلڈنگ (BODY BUILDING) (۱) جسم بنانے کا عمل یا پیشہ (۲) گاڑیوں کے ڈھانچے بنانے کا عمل یا پیشہ -
باڈی گارڈ (BODY GUARD) محافظ دستہ (کسی شخص کا) -
بار [ہ - ا - مونث] (۱) عرصہ (۲) نوبت - مرتبہ (۳) گھر کے ساتھ بطور تابع بمعنی اہل و عیال -
بار [ع - ا - مذکر] (۱) نیکی کرنے والا - نیکوکار (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام -
بار [ف - ا - مذکر] (۱) بوجھ - اسباب (۲) رسائی (۳) نوبت - مرتبہ (۴) اجازت (۵) قرض (۶) پھل (۷) عدالت - دربار (۸) [صفت] جلیل - بزرگ (۹) باریدن (برسانا) کا اسم فاعل بمعنی برسانے والا - مرکبات میں (گہربار) (۱۰) کار کے ساتھ بطور تابع (کاروبار) (۱۱) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے (جوئے بار)

Marfat.com

بار آور (۱) پھل لانے والا (۲) نتیجہ خیز۔
بار الٰہ۔ بار خدا (۱) خدا کی جناب (۲) اے بزرگ خدا۔
بار الٰہا۔ بار خدایا۔ اے خدائے بزرگ۔
بار بار۔ گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ لگاتار۔
بار بٹا لینا۔ ذمہ داری میں شریک ہونا۔
بار بٹائی۔ غلّے کے اندازے سے حصّہ فصل کا تقسیم کرنا۔
بار بردار۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ قلی۔ پانڈی۔
بار برداری (۱) بوجھ اٹھانا (۲) مزدوری (۳) بوجھ ڈھونے کے ذرائع۔
بار تردید۔ اعتراض کو رد کرنے کا ذمہ۔ جواب دہی کی ذمہ داری۔
بار ثبوت۔ ثابت کرنے کا ذمہ۔ ثبوت دینے کی ذمہ داری۔
بار ثبوت کا منتقل کرنا۔ ثبوت کی ذمہ داری دوسرے فریق پر ڈالنا۔
بار خاص (۱) خاص اجازت (۲) دربار خاص۔
بار خاطر۔ ناگوار۔ خلاف طبع۔ ناپسند۔
بار دانہ (۱) کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) فوج کے کھانے پینے کا سامان (۳) سوداگری کے سامان کی بوریاں اور صندوق وغیرہ (۴) باورچی خانے کا سامان۔
بار رہن۔ گروی ہونے کا بوجھ۔ کسی چیز کو گرو رکھنے کی رقم۔
بار عام۔ عام اجازت۔ دربار عام۔
بار کش۔ بوجھ کھینچنے والا۔ سامان لے جانے والا۔
بارگاہ۔ اجلاس کی جگہ۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار کا مقام۔
باروَر۔ دیکھیے بار آور۔
بارہا (بار کی جمع) بار بار۔ کئی بار۔ کئی مرتبہ۔ اکثر۔ بہت دفعہ۔
باریاب۔ اجازت پانے والا۔ ملاقات کرنے والا۔
باریابی۔ بارگاہ میں حاضری۔ دربار میں داخلہ۔
بار [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) وکیلوں کی جماعت (۲) مجرم کا کٹہرا (۳) شراب خانہ۔
بار ایٹ لا (BAR-AT-LAW) بیرسٹر ایٹ لا کا مخفف۔
بار ایسوسی ایشن (BAR ASSOCIATION) وکیلوں کی جماعت۔
بار روم (BAR ROOM) وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرہ (کچہری میں)۔
بارات (با۔ رات) دیکھیے برات۔
باران (با۔ ران) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) مینہ۔ بارش (۲) [صفت] برسنے والا۔
باران دیدہ (۱) وہ جس پر مینہ پڑ چکا ہو (۲) تجربہ کار۔
باران رحمت۔ رحمت کی بارش۔
باران کیر۔ چھجا۔
بارانی (با۔ را۔ نی) [ف۔ صفت] (۱) جس کی سرسبزی بارش پر منحصر ہو۔ (۲) [مونث] بارانی زمین (۳) وہ چغہ یا کرتہ جو بارش کا بچاؤ کرتا ہے۔ برساتی۔
بارانی زمین۔ وہ زمین جس کی زراعت صرف مینہ سے ہوتی ہو۔
باربر (BARBER) (بار۔ بر) [انگ۔ ا۔ مذکر] نائی۔ حجام۔ اصلاح ساز۔
بارتنگ (بار۔ تنگ) [ف۔ ا۔ مذکر] ایک دوا۔
بارد (با۔ رد) [ع۔ صفت] سرد۔ ٹھنڈا۔
بارڈر (BORDER) (بار۔ ڈر) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) حد (۲) حصار (۳) کنارہ۔
بارش (با۔ رش) [ف۔ ا۔ مونث] مینہ۔ برکھا۔ برشکال۔
بارک (BARRACK) (با۔ رک) [انگ۔ ا۔ مذکر] فوجیوں کے رہنے کے مکانات۔
بارک ماسٹر (BARRACK MASTER) فوجی مکانات کا محافظ و مہتمم۔
بارکَ اللّٰہ (با۔ رَ کل۔ لاہ) [ع] اللہ تجھے برکت دے۔
بارگی (بار۔ گی) [ف۔ ا۔ مونث] دفعہ۔ عرصہ۔ مرتبہ (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے ایکبارگی۔ فوراً)۔
بارندہ (با۔ رن۔ دہ) [ف۔ صفت] برسنے والا۔
باروت۔ بارود (با۔ رُوت، با۔ رُود) [ف۔ ا۔ مونث] گندھک شورے اور کوئلے وغیرہ کا مرکب جس سے توپ وغیرہ چھوڑتے ہیں۔
بارود خانہ (۱) بارود جمع کرنے کا مقام (۲) بارود بنانے کا مقام۔
بارہ (با۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) معاملہ (۲) بار۔ دفعہ۔
بارہ (با۔ رہ) [ہ۔ صفت] دس اور دو۔
بارہ ابھرن سولہ سنگھار۔ عورتوں کا پورا سنگھار۔
بارہ امام۔ مسلمانوں کے فرقہ امامیہ کے بارہ پیشوایان دین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت سے ہوئے ہیں (۱) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (۲) امام حسنؑ (۳) امام حسینؑ (۴) امام زین العابدینؑ (۵) امام باقرؑ (۶) امام جعفر صادقؑ (۷) امام موسیٰ کاظمؑ (۸) امام رضاؑ (۹) امام محمد تقیؑ (۱۰) امام علی نقیؑ (۱۱) امام حسن عسکریؑ (۱۲) امام مہدیؑ۔
بارہ باٹ (۱) بارہ راستے (۲) (مجازاً) پریشان (۳) متفرق (۴) بیکار (۵) مختلف الرائے (۶) برباد۔
بارہ بارہ چوبیس کوس۔ بہت دور تک۔
بارہ برس تک فقیری اور امیری کی بو نہیں جاتی (مثل) عادت بہت عرصے کے بعد بدلتی ہے۔
بارہ برس دلی میں رہے مگر بھاڑ ہی جھونکا کیے (مثل) اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ نہ سیکھا۔ اچھے لوگوں کے پاس رہ کر بھی ترقی نہ کی۔
بارہ برس کے پیچھے گھورے کے بھی دن پھرتے ہیں (مثل) پریشانی اور مصیبت کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا۔
بارہ پتھر (۱) چھاؤنی یا شہر کی وہ حدود جن کو بارہ ستونوں سے گھیرتے ہیں۔
بارہ خانوادے۔ فقرا کے بارہ فرقے۔
بارہ دری (۱) بارہ دروازوں والا مکان (۲) (مجازاً) ہوادار مکان۔
بارہ سنگا۔ ایک قسم کا ہرن جس کے شاخ در شاخ سینگ ہوتے ہیں۔
بارہ ماسہ۔ بارہ ٹکڑوں کا ہندی گیت جس میں عورت بارہ مہینوں کے فراق کے مصائب کا ذکر کرتی ہے۔
بارہ ماسی (۱) ایسا درخت جو سارا سال سرسبز اور بار ور رہے (۲) ایسا قلی جو مستقل خدمت کرے۔
بارہ مہینے (۱) تمام سال (۲) ہمیشہ۔ سدا۔ عمر بھر۔
بارہ مہینے تیس دن۔ ہر وقت۔ ہر ساعت۔ ہمیشہ۔
بارہ وفات (۱) ربیع الاوّل کا مہینا (۲) ربیع الاوّل کے وہ ابتدائی بارہ دن جن میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم بیمار رہے اور وفات پائی۔
باری (با۔ ری) [ع۔ صفت] (۱) پیدا کرنے والا۔ خالق (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
باری تعالیٰ۔ خداوند تعالیٰ۔ بزرگ و برتر خدا۔
باری (با۔ ری) [اُر۔ ا۔ مونث] (۱) موقع۔ نمبر۔ دفعہ (۲) پھیرا۔ چکّر

Marfat.com

(۳) کھڑکی۔ دریچہ (۴) (مذکر) ہندوؤں کی ایک ذات۔
باری باری۔ اپنے اپنے نمبر پر۔
باری کا بخار۔ باری کا تپ۔ وہ تپ جو ایک دن چھوڑ کر آئے۔ اکترہ۔
بارے (با۔رے) [ف] (۱) لیکن (۲) الغرض۔ آخرکار۔ آخرالامر۔
باریک (با۔ریک) [ف۔صفت] (۱) پتلا۔ مہین (۲) مشکل (۳) تحقیق
باریک بات۔ لطیف بات۔ نکتہ۔
باریک بین۔ تیز فہم۔ باریک باتیں سمجھنے والا۔
باریک بینی۔ تیز فہمی۔ بات کی تہ کو سمجھنا۔
باریک کام۔ دقیق کام۔ نازک اور دیدہ ریزی کا کام۔
باریکہ (با۔ری۔کہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) باریک بالوں کا قلم جس سے مصور باریک خط کھینچتے ہیں (۲) حاشیہ (۳) وہ باریک خط جو جدول کے علاوہ کتاب کے صفحات کے کناروں پر ہوتا ہے۔
باریکی (با۔ری۔کی) [ف۔ا۔مونث] (۱) پتلا پن (۲) نکتہ (۳) نزاکت۔
باریکیاں نکالنا (۱) موشگافی کرنا۔ اچھائیوں کی تلاش کرنا۔ لطیف مضمون نکالنا۔ نازک باتیں نکالنا۔
باڑ۔ باڑھ (ہ۔ا۔مونث) (۱) دھار (۲) کنارہ۔ حاشیہ (۳) چڑھاؤ (۴) جوش (۵) قطار (۶) احاطہ (۷) سامنے (۸) ایک دم بہت سی توپوں یا بندوقوں کی بوچھاڑ۔
باڑھ اُڑانا۔ باڑھ جھاڑنا۔ باڑھ چھوڑنا۔ باڑھ مارنا۔ ایک ساتھ کئی توپیں یا بندوقیں داغنا۔
باڑ باندھنا (۱) کانٹوں یا جھاڑی سے گھیرنا (۲) حد بندی کرنا۔
باڑھ پر آنا۔ زور پر آنا۔ نمو ہونا۔
باڑھ پر چڑھانا (۱) دھار تیز کرنا (۲) آمادہ کرنا (۳) طبیعت کو تیز کرنا (۴) دم دلانا
باڑھ پہ رکھنا (۱) نشانے پر رکھنا (۲) اشتعال دینا۔ تیز کرنا۔
باڑھ داغنا۔ کئی توپوں یا بندوقوں کا ایک ساتھ چھوڑنا۔
باڑھ رکھنا۔ دھار تیز کرنا۔
باڑھ کرجانا۔ دھار کند ہوجانا۔
باڑا (با۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) احاطہ۔ چار دیواری (۲) خانقاہ (۳) جنگل۔ میدان (۴) دنگل۔
باڑھیا (باڑھ۔یا) [ہ۔ا۔مذکر] دھار تیز کرنے والا۔ سان پر رکھنے والا۔ صیقل گر۔
باڑی (با۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) رہنے کی جگہ (۲) باغیچہ
باز (ف۔ا۔مذکر) (۱) شکرا (۲) (تابع فعل) دوبارہ۔ واپس (۳) (صفت) کھیلنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے کبوتر باز (۴) کھلا ہوا۔ وا
باز آمدم بر سر مطلب۔ میں پھر اصلی بات کی طرف آیا ہوں۔
باز آنا (۱) واپس آنا (۲) کسی بات کو چھوڑ دینا (۳) توبہ کرنا۔
بازپرس۔ پوچھ گچھ۔ تحقیقات۔ محاسبہ۔
بازپس۔ بازپسیں۔ پیچھے بیٹھنے والا۔ واپس ہونے والا۔ آخری۔
بازخواست۔ جواب طلبی۔ مطالبہ۔ واپس مانگنا۔
بازخواہ۔ جواب طلب کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔
باز دعویٰ۔ دعویٰ سے دست بردار ہونا۔
باز دہی۔ واپسی۔ واپس دینا۔
باز رکھنا۔ روکنا۔ منع کرنا۔
بازگشت۔ واپسی۔ لوٹنا۔ پلٹنا۔
بازگیری۔ چستی۔

بازیاب۔ پھر پانے والا۔ دوبارہ حاصل کرنے والا۔
بازیابی۔ پھر پانا۔ دوبارہ حاصل کرنا۔
بازیافت۔ کھوئی ہوئی چیز کی دست یابی۔ بازیابی۔
بازار (با۔زار) [ف۔ا۔مذکر] (۱) دکانوں کا سلسلہ۔ منڈی (۲) نرخ (۳) ساکھ (۴) بکری۔ خرید و فروخت۔
بازار اُتر جانا۔ بھاؤ گر جانا۔
بازار اُٹھ جانا۔ بازار بند ہوجانا۔
بازار بٹا۔ کٹوتی۔ منہائی (DISCOUNT ; COMMISSION)
بازار بڑھنا۔ نرخ چڑھ جانا۔ قیمت کا زیادہ ہوجانا۔
بازار ٹھنڈا (سرد) ہونا۔ بکری نہ ہونا یا کم ہونا۔
بازار چمکنا۔ دیکھیے بازار گرم ہونا۔
بازار دکھانا۔ کسی چیز کو بیچنے کے لیے بازار لے جانا۔
بازار دیکھنا۔ بازار میں سودا لینے جانا۔ بازار میں کسی سودے کو تلاش کرنا۔
بازار کا بھاؤ۔ بازار کا مول۔ (۱) بازار کا عام نرخ (۲) واجبی قیمت۔
بازار کا چلن۔ بازار کا دستور۔ خرید و فروخت کا اخلاقی ضابطہ۔
بازار کی گالی کس کی؟ جو پھر کے دیکھے اُس کی۔ بازار کی گالی جس نے سُنی اس پر پڑی (مثل) بازار میں جو شخص گالی دینے والے کو پھر کر دیکھے گا لوگ سمجھیں گے کہ اسی کو گالی دی گئی ہے (۲) جو کسی عام الزام یا طعن کا جواب دے گا لوگ سمجھیں گے کہ وہی اس طعن یا الزام کا ہدف ہے۔
بازار کی مٹھائی۔ آسانی سے مل جانے والی چیز۔
بازار گرم ہونا۔ بازار چمکنا (۲) زیادہ مانگ ہونا۔
بازار گرنا (۱) نرخ گھٹنا (۲) بے قدری ہونا۔
بازار لگانا (۱) منڈی لگانا (۲) دکان کھولنا (۳) چیزوں کا پھیلانا۔ (۴) بھیڑ کرنا۔
بازار مندا ہونا۔ بکری کم ہونا۔
بازار میں آگ لگنا۔ غلہ گراں ہونا۔ چیزوں کا مہنگا ہونا۔
بازارو (با۔زا۔رو) [ا۔صفت] (۱) وہ چیز جو جلدی بک جائے۔ عام بکری کی چیز (۲) نمائشی چیز۔ بکاؤ۔ بری چیز۔
بازاری (با۔زا۔ری) [ف۔ا۔مذکر] (۱) بازار سے متعلق (۲) عام آدمی (۳) اوباش۔
بازاری قیمت۔ بازار کا بھاؤ۔ عام بھاؤ۔
بازاری گپ۔ (اُردو) لوگوں کی جھوٹی اُڑائی ہوئی بات۔
بازو (با۔زو) (ف۔ا۔مذکر) (۱) کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ ڈنڈ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پر ہوتے ہیں (۳) (مجازاً) مددگار (۴) دائیں بائیں کی فوج (۵) مرثیہ خوانوں کا جوڑی دار (۷) دروازے کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔
بازو بند۔ بازو پر باندھنے کا زیور۔
بازو پھڑکنا۔ کسی دوست کے ملنے کا شگون۔
بازو تولنا (۱) اُڑنے کے لیے مستعد ہونا (۲) آمادہ ہونا۔
بازو دعویٰ۔ بازو عورت (۱) وہ دعویٰ جو عورت کے خاوند کے ساتھ نہ رہنے کی صورت میں اسے ہمراہ رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے (۲) عورت کا تاوان۔
بازو کی مچھلی۔ بازو کا گوشت جو کسی قدر اُبھرا ہوا ہوتا ہے۔
بازی (با۔زی) [ف۔ا۔مونث] (۱) کھیل تماشا (۲) دھوکا (۳)

Marfat.com

شرط کی رقم ۔
**بازی اُٹھنا** ۔ کھیل ختم ہونا ۔
**بازی بدنا** ۔ شرط لگانا ۔ داؤ لگانا ۔
**بازی گاہ** ۔ کھیلنے کی جگہ ۔ کھیل کا میدان ۔
**بازی گر** ۔ تماشا دکھانے والا ۔ شعبدہ باز ۔ نٹ ۔
**بازی گری** (۱) شعبدہ بازی (۲) چالاکی ۔ فریب ۔
**بازی لگانا** ۔ شرط لگانا ۔
**بازی لے جانا** ۔ غالب آجانا ۔ فتح پانا ۔ جیت جانا ۔
**بازی ہاتھ آنا / رہنا** ۔ کامیاب ہونا ۔ جیت جانا ۔
**بازیچہ** (با ۔ زی ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کھیل تماشا کھلونا ۔
**بازیچۂ اطفال** ۔ بچوں کا کھیل ۔
**باس** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بُو (۲) بدبُو (۳) خوشبو ۔
**باسمتی** (۱) خوشبو والا (۲) ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول ۔
**باس** (BOSS) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] آقا ۔ سیٹھ ۔ افسر ۔
**باسٹھ** (با ۔ سٹھ) [ہ ۔ صفت] ساٹھ اور دو ۔
**باسط** (با ۔ سط) [ع ۔ صفت] (۱) فراخی دینے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔
**باسک ۔ باسکی** (با ۔ سک / با ۔ س ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ سانپ جس پر ہندو زمین کو قائم خیال کرتے ہیں ۔ سانپوں کا بادشاہ ۔ شیش ناگ ۔
**باسکٹ** (BASKET) (باس ۔ کٹ) [انگ ۔ ا ۔ مونث] ٹوکری ۔ پٹاری
**باسلیق** (با ۔ س ۔ لیق) [یو ۔ ا ۔ مونث] ایک رگ کا نام جو دل اور جگر میں سے ہوتی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے ۔
**باسن** (با ۔ سن) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] برتن ۔ ظرف ۔ بھانڈا ۔
**باسور** (با ۔ سور) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا مسا جو مقعد میں ہوتا ہے ۔
**باسی** (با ۔ سی) [ہ ۔ صفت] (۱) رات کا بچا ہوا (۲) مُرجھایا ہوا (۳) باشندہ ۔
**باسی بچے نہ کُتا کھائے** [مثل] نہ بچا کر رکھا جائے نہ بیکار کرکے پھینکنا پڑے جتنی آمدنی اتنا ہی خرچ ۔
**باسی تباسی** ۔ دو تین دن کا رکھا ہوا کھانا ۔
**باسی عید** ۔ عید کا دوسرا دن ۔ ٹر ۔
**باسی کڑھی میں اُبال آنا** [مثل] بڑھاپے میں جوانوں کا سا جوش آنا ۔
**باسی منہ** ۔ نہار منہ ۔ صبح کچھ کھائے بغیر ۔
**باشد** (با ۔ شد) [ف] ہو ۔ ہُوا کرے ۔ کچھ بھی ہو ۔ پروا نہیں ۔
**باشندگان** (با ۔ شن ۔ د ۔ گان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] باشندہ کی جمع ۔
**باشندہ** (با ۔ شن ۔ دہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ساکن ۔ رہنے والا ۔
**باشہ** (با ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک شکاری پرندے کا نام ۔
**باصر** (با ۔ صر) [ع ۔ صفت] دیکھنے والا ۔ بینائی رکھنے والا ۔
**باصرہ** (با ۔ ص ۔ رہ) [ع ۔ صفت] (۱) دیکھنے والی (۲) [مونث] دیکھنے کی قوت
**باطل** (با ۔ طل) [ع ۔ صفت] (۱) غلط ۔ بے اصل ۔ ناحق (۲) بیہودہ ۔ نکما ۔
**باطن** (با ۔ طن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پوشیدہ چیز ۔ اندرونی حصہ (۲) پیٹ (۳) دل ۔ ضمیر ۔
**باطنی** (با ۔ ط ۔ نی) [ع ۔ صفت] (۱) پوشیدہ ۔ اندرونی [مذکر] (۲) فرقہ باطنیہ کا پیرو ۔
**باطنیہ** (با ۔ ط ۔ نی ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک سیاسی فرقے کا نام جس کا ایک لیڈر حسن بن صباح تھا (۲) [صفت] باطن سے منسوب ۔ باطنی
**باعث** (با ۔ عث) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وجہ ۔ سبب (۲) حقیقت بُنیاد ۔

**باعث کھلنا** ۔ وجہ معلوم ہو جانا ۔ سبب ظاہر ہونا ۔
**باغ** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پھلواڑی ۔ چمن (۲) [مجازاً] بال بچے ۔
**باغِ ابراہیم** ۔ وہ باغ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کو ڈال دیا تھا اور وہ خدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی ۔
**باغ باغ** ۔ نہایت خوش ۔ بہت خوش و خرم ۔
**باغبان** ۔ مالی ۔ باغ کا محافظ ۔
**باغبانی** (۱) باغ کی حفاظت (۲) مالی کا کام ۔
**باغِ رضوان** ۔ جنت ۔ بہشت ۔
**باغ قالی ۔ باغ قالین** (۱) وہ بیل بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں (۲) تماشہ ۔ خیال ۔
**باغ قدس** ۔ بہشت
**باغوان** ۔ دیکھیے باغبان ۔
**باغ و بہار** (۱) آراستہ ۔ بارونق (۲) [مجازاً] ہنس مکھ ۔ خوش مزاج ۔
**باغات** (با ۔ غات) [ف ۔ ا ۔ مذکر] باغ کی جمع عربی قاعدے سے ۔
**باغاتی** (با ۔ غا ۔ تی) [ف ۔ صفت] باغ کا ۔ باغ سے متعلق ۔
**باغچہ ۔ باغیچہ** (باغ ۔ چہ / با ۔ غی ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] باغ کی تصغیر ۔ چھوٹا سا باغ ۔
**باغی** (با ۔ غی) [ع ۔ صفت و ا ۔ مذکر] (۱) بغاوت کرنے والا (۲) نافرمان ۔
**باف** [ف ۔ صفت] بُننے والا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے زرباف ۔ نورباف ۔
**بافت** [ف ۔ ا ۔ مونث] بُنائی ۔ بناوٹ ۔
**بافتہ** (باف ۔ تہ) [ف ۔ صفت] (۱) بُنا ہوا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے زربافتہ (۲) [مذکر] ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) ایک قسم کے کبوتروں کا رنگ ۔
**بافندگی** (با ۔ فن ۔ د ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بُننے کا کام (۲) بُنائی ۔
**بافندہ** (با ۔ فن ۔ دہ) [ف ۔ صفت و ا ۔ مذکر] کپڑا بُننے والا ۔
**باقر** (با ۔ قر) [ع ۔ صفت] بہت بڑا عالم ۔
**باقرخانی** ۔ ایک قسم کی روغنی چپاتی ۔
**باقی** (با ۔ قی) [ع ۔ صفت] (۱) بچی ہوئی چیز (۲) ہمیشہ موجود رہنے والا (۳) خدا وند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
**باقی جمع** ۔ معاملے کی رقم جو گزشتہ سالوں کے معاملے میں سے باقی ہو ۔
**باقی دار** ۔ جس پر کوئی مطالبہ باقی ہو ۔
**باقی دارد** ۔ باقی چہ ہی ۔ باقی آیندہ ۔
**باقی غیر ممکن الوصول** ۔ وہ بقایا جس کا وصول کرنا غیر ممکن ہو ۔
**باقی ماندہ** ۔ باقی بچا ہُوا ۔ باقی رہا ہُوا ۔
**باقی نام اللہ کا** ۔ خدا کے سوا کوئی ہمیشہ زندہ رہنے والا نہیں ۔
**باقیات** (با ۔ قی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مونث] باقی کی جمع (۱) وہ رقمیں جو وصول نہ ہوئی ہوں (۲) باقی ماندہ چیزیں یا ترکہ ۔
**باقیاتِ حساب رواں** ۔ چلتے حساب کا بقایا ۔
**باقیاتُ الصالحات** (۱) ایسے نیک کام جن کا ثواب ہمیشہ ملتا رہتا ہے ۔ (۲) صدقۂ جاریہ (۳) نیک اولاد ۔
**باک** [ف ۔ ا ۔ مذکر] خوف ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔
**باکرہ** (با ۔ ک ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مونث] دوشیزہ ۔ کنواری لڑکی ۔
**باکس** (BOX) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بکس ۔ صندوق (۲) تھیئٹر وغیرہ میں مخصوص نشست گاہ (۳) سنتری یا سگنل والے کی کاٹھ کوٹھڑی
**باکس آفس** (BOX OFFICE) تھیئٹر کا ٹکٹ گھر ۔
**باکسر** (BOXER) (باک ۔ سر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مُکے باز ۔

Marfat.com

**باکسنگ** (BOXING) (باک سِنگ) [انگ - ا - مونث] مُکّے بازی (کھیل)۔

**باگ** [ہ - ا - مونث] لگام - راس - عنان -

**باگ اُٹھانا** (۱) باگ ہاتھ میں لینا (۲) [کنایۃً] گھوڑا دوڑانا - چل پڑنا -

**باگ چھوڑ دینا** (۱) گھوڑے کو اس کی مرضی پر جانے دینا (۲) [مجازاً] آزاد کر دینا - نگرانی اُٹھا لینا -

**باگ ڈال دینا** - باگ چھوڑ دینا -

**باگ ڈور** - وہ رسّی جو سائیس گھوڑے کی لگام میں ڈال کر اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے -

**باگ ڈھیلی کرنا** (۱) باگ کو ڈھیلا چھوڑ دینا تاکہ گھوڑا اپنی مرضی کے مطابق چلے (۲) [مجازاً] کسی شخص کو آزاد چھوڑ دینا (۳) توجہ نہ کرنا -

**باگڑ بِلّا** [ہ - ا - مذکر] (۱) بگڑ کا بِلّا - وہ پُتلا جو جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا بڑا بِلّا -

**باگھ** [ہ - ا - مذکر] شیر - چیتا -

**باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں** [مثل] چھوٹے بڑے دونوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے -

**باگیسری** (با - گیس - ری) [ہ - ا - مونث] ایک راگنی -

**بال** [ہ - ا - مونث] (۱) گیہوں وغیرہ کا خوشہ - بالی (۲) [س - ا - مذکر] بچّہ (۳) مُو - رُواں (۴) وہ خط جو کسی صدمے سے شیشے یا چینی میں پڑ جاتا ہے - مصری کا تاگا -

**بال آنا** (۱) شگاف پیدا ہونا (۲) خوشہ نکلنا (۳) بدن پر بال اُگنا -

**بال بال** (۱) ہر ایک بال (۲) بالکل (۳) تھوڑے فرق سے -

**بال بال بچنا** - حادثے کی لپیٹ میں آتے آتے بچ جانا -

**بال باندھنا** (۱) غلاموں کی مانند (۲) تابع و مطیع -

**بال باندھا چور** - پورا چور - مشّاق چور -

**بال برابر** (۱) ذرا سا (۲) نہ ہونے کے برابر -

**بال بنانا** (۱) کنگھی کرنا (۲) حجامت بنانا -

**بال بیکا نہ ہونا** - ذرا بھی صدمہ نہ پہنچنا - آنچ نہ آنا -

**بال پکنا** (۱) بال سفید ہونا - بڑھاپا آنا (۲) خوشے کا پختہ ہونا -

**بال توڑ** - پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے -

**بال خورہ** - ایک مرض جس سے بدن کے بال جھڑ جاتے ہیں -

**بال رکھنا** - بال بڑھانا -

**بال صفا** - بال اُڑانے والی دوا -

**بال کمانی** - گھڑی کے اندر کا چھوٹا سا سپرنگ -

**بال کھڑے ہونا** - رونگٹے کھڑے ہونا - ڈر معلوم ہونا -

**بال کی کھال نکالنا** (۱) بہت باریکی نکالنا (۲) نکتہ چینی کرنا -

**بال لینا** - اُسترا لینا - پاک لینا -

**بال ہتیا** (۱) بچّوں کا قتل کرنا (۲) حمل گرانا -

**بال ہٹ** - بچّوں کی ضد -

**بال** [ف - ا - مذکر] (۱) پرندوں کے بازو (۲) پَر -

**بال و پر نکالنا** (۱) اُڑنے لگنا (۲) زیرِ پَر سے نکالنا (۳) مقابلے پر آنا -

**بال** (BALL) [انگ - ا - مونث] (۱) گیند (۲) اُون یا سُوت کا گولہ (۳) گولی (بندوق وغیرہ کی) (۴) مجلس رقص -

**بال بیرنگ** (BALL-BEARINGS) وہ دھرا جس میں رگڑ کم کرنے کے لیے گولیاں لگا دی جاتی ہیں -

**بال رُوم** (BALL-ROOM) ناچ گھر - رقص گاہ -

**بال** [ع - ا - مذکر] حال - دل - دماغ -

**بالا** (با - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کان میں پہننے کا ایک زیور (۲) ایک کیڑا (۳) بچّہ (لڑکا کے ساتھ لڑکے بالے) -

**بالا** (با - لا) [ف - ا - مذکر] (۱) اوپر کا حصّہ - چوٹی (۲) قد و قامت (۳) [صفت] اونچا - بلند (۴) [تابع فعل] اُوپر -

**بالا بالا** - اُوپر ہی اُوپر - الگ ہی الگ - پوشیدہ پوشیدہ -

**بالا بتانا** - اُوپر ہی اُوپر ٹالنا - بہانہ کرنا -

**بالا خانہ** - مکان کے اُوپر کا کمرہ - چوبارہ - کوٹھا - اٹاری -

**بالا دست** - زبردست - با اختیار - اعلیٰ (حاکم وغیرہ) -

**بالا دینا** - دیکھیے بالا بتانا -

**بالا نشین** (۱) میرِ مجلس (۲) کرسی نشین - معزّز -

**بالائے طاق رکھنا** - بھلا دینا -

**بالاپن** (با - لا - پن) [ہ - ا - مذکر] بچپن -

**بالائی** (با - لا - ای) [ف - صفت] (۱) اُوپر کی (۲) بالائی حصّہ (۳) [مونث] ملائی -

**بالائی آمد** - بالائی آمدنی - بالائی یافت - رشوت - کمیشن -

**بالٹی** (بال - ٹی) [ہ - ا - مونث] آہنی جست یا لوہے کا ڈول -

**بال چھڑ** (بال - چھڑ) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کی خوشبودار گھاس -

**بالشت** (با - لِشت) [ف - ا - مذکر] بارہ اُنگل کا پیمانہ - کھلے ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک کا فاصلہ -

**بالشتیا** (با - لش - ت - یا) [ف - ا - مذکر] بالشت کے برابر آدمی - بونا -

**بالشوزم** (BOLSHEVISM) (بال - شو - ازم) [انگ - ا - مونث] روسی کمیونسٹوں کی تحریک -

**بالشویک** (BOLSHEVIK) (بال - شے - وک) [انگ - ا - مذکر] انقلاب پسند - روسی کمیونسٹ پارٹی کا رکن -

**بالغ** (با - لغ) [ع - ا - مذکر] (۱) پہنچا ہوا - پورا (۲) جوان -

**بالغ نظر** - ذہین - سمجھ دار - تجربہ کار

**بالغہ** (با - ل - غہ) [ع - ا - مونث] جوان عورت - پوری عورت -

**بالک** (با - لک) [س - ا - مذکر] (۱) بچّہ - بالا (۲) کم عمر - نادان -

**بالکا** (بال - کا) [ہ - ا - مذکر] (۱) جوگی کا چیلا - مرید (۲) شاگرد (۳) بچّہ -

**بالکپن** (با - لک - پن) [ہ - ا - مذکر] بچپن - بالاپن -

**بالکونی** (BALCONY) (بال - کو - نی) [انگ - ا - مونث] (۱) بالاخانے کا برآمدہ (۲) نشستوں کی وہ قطار جو شہ نشینوں پر ہو (سینما وغیرہ میں) -

**بالم** (با - لم) [ہ - ا - مذکر] (۱) خاوند - شوہر (۲) عاشق -

**بالنگو** (با - لن - گو) [ف - ا - مذکر] ایک دوا - بادرنگ -

**بالو** (با - لو) [ہ - ا - مذکر] ریت - ریگ -

**بالوشاہی** - ایک مٹھائی -

**بالی** (با - لی) [ہ - صفت] (۱) چھوٹی (۲) [مونث] بھولی بچّی (۳) گندم وغیرہ کا خوشہ -

**بالی عمر** - لڑکپن کی عمر -

**بالی** (با - لی) [س - ا - مونث] کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ -

**بالیدگی** (با - لی - دگی) [ف - ا - مونث] (۱) افزائش (۲) روئیدگی -

**بالین** (با - لین) [ف - ا - مذکر] (۱) تکیہ (۲) سرہانا -

**بام** [ہ - ا - مونث] سانپ کی شکل کی مچھلی -

Marfat.com

**بام** [ف - ا - مذکر] (۱) بالاخانہ ۔ کوٹھا (۲) صبح ۔ سویرا ۔
**بام داد** ۔ بام داداں (۱) صبح سویرا (۲) صبح کو ۔ صبح سویرے
**بام** (BALM) [انگ - ا - مذکر] (۱) مرہم (۲) خوشبودار پانی جو بعض درختوں سے نکلتا ہے اور طبی خواص رکھتا ہے ۔
**بامن** (با - من) (۱) دیکھیے براہمن (۲) بونا ۔ ٹھگنا (۳) وشنو کا پانچواں اوتار ۔
**بان** [ف] اسما کے آخر میں آ کر محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے فیلبان ۔ نگہبان ۔ ہندی میں اس کا متبادل "وان" ہے ۔
**بان** [ہ - ا - مونث] (۱) عادت ۔ ڈھنگ (۲) [مذکر] جوار ۔ مد (۳) ہندوؤں میں شادی سے پہلے کی ایک رسم (۴) تیر ۔ راکٹ (۵) مونج وغیرہ کی رسی جس سے چارپائی بنتے ہیں ۔
**بانا** (با - نا) [ہ - ا - مذکر] (۱) لباس (۲) وضع (۳) وہ تار جن سے کپڑے بنتے ہیں (۵) ایک قسم کا ہتھیار ۔
**بانات** (با - نات) [ا - ا - مونث] ایک قسم کا موٹا گرم اونی کپڑا ۔
**بانبی** (بان - بی) [ہ - ا - مونث] سانپ کا بل ۔
**بانٹ** [ہ - ا - مونث] (۱) حصہ ۔ بٹوارہ (۲) حاصل قسمت ۔
**بانٹنا** (بانٹ - نا) [ہ - مص] تقسیم کرنا ۔ حصہ لگانا ۔ بخرہ کرنا ۔
**بانجھ** [ہ - ا - مونث] (۱) وہ عورت جس کے بچے پیدا نہ ہوں (۲) بنجر زمین ۔
**باندھ** [ہ - ا - مونث] (۱) قید (۲) پشتہ ۔ بند ۔
**باندھنا** (باندھ - نا) [ہ - مص] (۱) بندش کرنا (۲) گرہ لگانا (۳) لگانا (۴) بیٹھنا (۵) مقرر کرنا ۔ ٹھہرانا (۶) پکڑنا ۔ گرفتار کرنا ۔
**باندی** (بان - دی) [ہ - ا - مونث] لونڈی ۔ کنیز ۔ چھوکری ۔
**بانڈ** (BOND) [انگ - ا - مذکر] (۱) معاہدہ (۲) بندھن ۔
**بانس** [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک لمبا اور لچکدار درخت جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے (۲) سوا تین گز کا پیمانہ جس سے کھیتوں کو ناپتے ہیں ۔
بانس پر چڑھانا (۱) بدنام کرنا (۲) تعریف کرنا ۔ مشہور کرنا ۔
بانس واڑی ۔ بانسوں کا جنگل ۔
**بانسا** (بان - سا) [ہ - ا - مذکر] (۱) دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی (۲) ریڑھ کی ہڈی (۳) ایک درخت جس کے پتوں سے سبز رنگ نکالتے ہیں ۔
بانسا پھر جانا ۔ بانسا ٹیڑھا ہو جانا (موت کی ایک علامت)
**بانسری ۔ بانسلی** (بانس - ری ۔ بانس - لی) [ہ - ا - مونث] نے ۔ مرلی ۔
**بانسی** (بان - سی) [ہ - ا - مونث] (۱) جلی قسم کا نرسل جس سے حقے کے نیچے بناتے ہیں (۲) ایک قسم کا پتھر ۔
**بانک** [ہ - ا - مونث] (۱) ٹیڑھا پن (۲) خم (۳) نیچ جس کا پھل خمدار ہوتا ہے (۴) ایک قسم کی چوڑی (۵) دریا کا خم (۶) گاڑی کے پہیے کے بیرونی طرف کی ایک ٹیڑھی اور لمبی لکڑی جو پہیے کو گاڑی میں سے رکھتی ہے (۷) فنون سپہ گری کی ایک قسم کی ورزش ۔
**بانکا** (بان - کا) [ہ - صف] (۱) ٹیڑھا (۲) البیلا (۳) بہادر (۴) اکڑ لچا ۔ شہدا ۔ نڈر ۔
**بانکپن** (بانک - پن) [ہ - ا - مذکر] (۱) ٹیڑھا پن (۲) البیلاپن ۔ شہدا پن (۳) سرکشی
**بانکی** (بان - کی) [ہ - صف] بانکا کی تانیث ۔
بانکی ادا ۔ انداز معشوقانہ ۔
**بانگ** [ف - ا - مونث] (۱) آواز (۲) اذان (۳) مرغ کی آواز ۔
بانگِ جرس ۔ گھنٹی کی آواز ۔
بانگِ درا ۔ قافلے کی رخصت کے وقت گھنٹی کی آواز ۔

**بانگر** (بان - گر) [ہ - ا - مذکر] اونچی ہموار زمین ۔ کھادر کی ضد ۔
**بانگڑو** (بانگ - ڑو) [ہ - صف] بے وقوف ۔ احمق ۔ بے تمیز ۔
**بانگی** - (بان - گی) [ا - ا - مذکر] بانگ دینے والا ۔
**بانگی** (بان - گی) [ہ - ا - مونث] نمونہ ۔
**بانو** (با - نو) [ف - ا - مونث] بیگم ۔ بیوی ۔ شہزادی ۔ خاتون ۔ ملکہ ۔
**بانوے** (بان - وے) [ہ - صف] نوّے اور دو ۔
**بانہہ** [ہ - ا - مونث] (۱) بازو (۲) [کنایۃً] سہارا ۔ مددگار ۔
بانہہ پکڑنا (۱) مدد کرنا (۲) روکنا (۳) زور آزمائی کرنا ۔
**بانی** (با - نی) [ہ - ا - مونث] (۱) آواز (۲) وعظ ۔ تقریر (۳) فقیروں کی صدا (۴) رباعی کی طرز کے ہندی گیت (۵) قول (اصل سنسکرت وانی)
**بانی** (با - نی) [ع - صف و ا - مذکر] (۱) بنیاد رکھنے والا (۲) موجد ۔
بانی فساد ۔ فسادیوں کا سرغنہ ۔ مفسد ۔ فسادی ۔
بانی کار (۱) کام کا موجد (۲) بہت چالاک ۔ فساد کی جڑ ۔
**باوا** (با - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) باپ (۲) درویش (۳) مرشد ۔ استاد ۔
**باوا آدم** ۔ حضرت آدمؑ ۔
باوا آدم نرالا ہونا ۔ سب سے الگ ڈھنگ ہونا ۔
باوا کا ۔ موروثی ۔ جدی ۔
باوا مر گئے تو بیل بٹیں گے ۔ [مثل] امید موہوم کی نسبت بولتے ہیں ۔
**باور** (با - ور) [ف - ا - مذکر] یقین ۔ بھروسا ۔ اعتماد ۔ اعتبار ۔
**باورچن ۔ باورچنی** (با - ور - چن ۔ با - ور - چ - نی) [ا - ا - مونث] باورچی کی تانیث ۔
**باورچی** (با - ور - چی) [ف - ت - ا - مذکر] کھانا پکانے والا ۔ رسویا ۔ طباخ ۔
باورچی خانہ ۔ مطبخ ۔ رسوئی ۔ کھانا پکانے کی جگہ ۔
باورچی گری ۔ کھانا پکانے کا فن یا پیشہ ۔
**باورا** (با - و - را) دیکھیے باولا ۔
**باولا** (باو - لا) [ہ - صف] دیوانہ ۔ پاگل ۔
**باولی** (باو - لی) [ہ - صف] (۱) دیوانی (۲) [مونث] پکا کنواں جس کے اندر سیڑھیاں ہوتی ہیں (۳) [ہ - ف - مونث] وہ پرند جس کے ذریعے پرندوں کو شکار کی مشق کرائی جاتی ہے (۴) فریب ۔
**باون** (با - ون) [ہ - صف] پچاس اور دو ۔
باون تولے پاؤ رتی [مثل] جیسے کا تیسا ۔ بجنسہ ۔ جوں کا توں ۔ ٹھیک ۔
باون گزا (۱) لمبا ۔ دراز قامت (۲) فسادی ۔ شریر ۔
**باہ** [ع - ا - مونث] قوت مردمی ۔
**باہ** [ہ - ا - مذکر] معاملہ ۔ واسطہ ۔ تعلق ۔ کام ۔
**باہر** - (با - ہر) [ع - صف] روشن ۔ واضح ۔ ظاہر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔
**باہر** (با - ہر) [ہ - تابع فعل] (۱) بیرون ۔ خارج ۔ کھلے میدان میں (۲) پرائے میں (۳) [صف] علیحدہ ۔
باہر باہر ۔ (۱) اوپر ہی اوپر (۲) دور دور ۔ الگ الگ ۔
باہر جانا ۔ (۱) سفر کو جانا (۲) احاطے سے نکل جانا ۔
باہر کا ۔ (۱) اجنبی ۔ غیر (۲) دیہاتی ۔
باہر کرنا ۔ (۱) نکال دینا (۲) چھوڑنا ۔ قطع تعلق کرنا ۔
باہر کی ہوا لگنا ۔ (۱) خارجی اثر قبول کرنا (۲) [کنایۃً] آوارہ ہونا ۔
باہر میاں ہفت ہزاری گھر میں بیوی کرموں ماری [مثل] میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں اور بیوی قسمیوں کو روتی ہے ۔

Marfat.com

باہر والا (۱) ہوٹل یا چائے خانہ کا ملازم جو باہر جائے وغیرہ لے کر جائے (۲) خاکروب - مہتر - بھنگی - حلال خور -
باہری باہر - دیکھیے باہر باہر -
باہم (با - ہم) [ف - تابع فعل] ساتھ ساتھ - یکجا - بالاتفاق -
باہم دگر - ایک دوسرے کے ساتھ - آپس میں -
باہمی (با - ہ - می) [ف - صف] آپس کا - ساتھ کا -
باہنا (با ہ - نا) [ہ - مص] (۱) پھیلانا - کھولنا (۲) ہل چلانا - بونا (۳) پیچھے پڑنا (۴) کنگھی کرنا (۵) داخل کرنا -
بائع (با - ئع) [ع - صف و ا - مذکر] بیچنے والا -
بائن (با - ئن) [ع - صف] جدا کر دینے والی - ایسی طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے - رجعی کی ضد -
باؤ (با - ؤ) [ہ - ا - مونث] (۱) ہوا (۲) گھمنڈ (۳) پاد (۴) آتشک -
باؤ بڑنگ [مونث] ایک دوا کا نام -
باؤ سُول - درد ریح -
باؤ گولا - وہ درد جو کل میں ہوا بھر جانے سے ہوتا ہے - درد قولنج -
بائی (با - ئی) [ہ - ا - مونث] (۱) رانی - بیگم (۲) بہن (۳) گانے والی عورت (۴) ریح - پاد (۵) اینٹھن (۶) سرسام -
بائیس (با - ئیس) [ہ - صف] بیس اور دو -
بائیکاٹ (BOYCOTT) (با - ئی - کاٹ) [انگ - ا - مذکر] قطع تعلق - مقاطعہ - حقہ پانی بند کرنا -
بائیں (با - ئیں) [ہ - صف] بایاں کا مونث - اُلٹی - کھبی -
بائیں آنکھ پھڑکنا - بائیں آنکھ کے پپوٹے میں حرکت ہونا جو بدشگونی سمجھی جاتی ہے -
بایاں (با - یاں) [ہ - صف] اُلٹا - کھبا - [مذکر] وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ سے بجایا جاتا ہے -
بائیں ہاتھ کا داؤں [کھیل - کام - کرتب] بہت آسان کام - نہایت سہل کام -
باید و شاید (با - ید - و - شا - ید) [ف] جیسا چاہیے - نہایت مناسب

## ب - ب

بب (BIB) [انگ - ا - مذکر] وہ چھوٹا سا کپڑا جو ننھے بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ہے تاکہ لباس خراب نہ ہو -
ببر (ب - بر) [ع - ا - مذکر] ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں -
ببوا (ب - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) مٹی یا پلاسٹک کا پتلا جس سے بچے کھیلتے ہیں (۲) (پیار سے) بچہ - لڑکا -
ببول (ب - بول) [ہ - ا - مذکر] ایک خاردار درخت - کیکر - مغیلاں
ببولا (ب - بو - لا) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے - بگولا -

## ب - پ

بپا (ب - پا) [ف - صف] برپا - کھڑا - قائم -

بپت - بپتا (ب - پت - ب پ - تا) [ہ - ا - مونث] بلا - مصیبت - آفت - دکھ - تکلیف -
بپت پڑنا - بپتا پڑنا - مصیبت آنا -
بپتسما (ب - پت - س - ما) [انگ (BAPTISM) سے ماخوذ - ا - مذکر] اصطلاح عیسائی مذہب کی ایک رسم جس میں بچے کے پیدا ہونے پر اس کے سر پر مقدس پانی کے چھینٹے ڈالے جاتے ہیں اور اسے عیسائی مان لیا جاتا ہے -
بپھارا (ب - پھا - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) بھاپ (۲) پسینہ لانے والی دوا -
بپھرنا (ب - پھر - نا) [ہ - مص] (۱) ضد کرنا - مچلنا (۲) جوش میں آنا -

## ب - ت

بت [ف - ا - مونث] ایک قسم کی مرغابی (بط اسی کا معرب ہے) -
بَت [ہ - ا - مونث] بات کا مخفف -
بت بنا - جھوٹی باتیں کرنے والا - باتونی - چرب زبان -
بُت [ہ - ا - مذکر] (۱) پانسہ پھینکنے کا تختہ (۲) مُکا - گھونسا -
بُت [ف - ا - مذکر] (۱) مورتی (۲) [مجازاً] معشوق (۳) [صف] چپ - خاموش (۴) احمق -
بت پرست - مورتی پوجنے والا -
بت پرستی - بتوں کی پوجا - مورتی پوجا -
بت تراش - مورتی بنانے والا -
بت تراشی - مورتیاں بنانے کا کام -
بت خانہ - بت کدہ - مندر - مورتی پوجا کی جگہ -
بت خانۂ آذر - مجوسیوں کا آتش کدہ -
بت شکن - بت توڑنے والا - موحد -
بتا (بت - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) فریب (۲) حیلہ - دھوکا (۳) گھونسا -
بتا بتانا (دینا) (۱) دھوکا دینا (۲) ٹالنا -
بتے بازی - حیلہ سازی - فریب دہی -
بتاسا - بتاشا (ب - تا - سا، ب - تا - شا) [ہ - ا - مذکر] (۱) حباب - بلبلا (۲) ایک قسم کی شیرینی (۳) آتش بازی کا چھوٹا انار -
بتاسے کا قفل - ایک چھوٹا سا گول تالا - گول قفل -
بتاسے کی طرح بیٹھ جانا (۱) بتاشے کی طرح گھل جانا (۲) دفعۃً کمزور ہو جانا - بیماری میں گھل جانا -
بتانا (ب - تا - نا) [ہ - مص] (۱) کہنا - جتانا (۲) دکھانا (۳) ظاہر کرنا (۴) اشارہ کرنا (۵) سمجھانا (۶) سکھانا - پڑھانا -
بِتانا (ب - تا - نا) [ہ - مص] گزارنا - بسر کرنا -
بتاؤں (ب - تا - اوں) [ہ] (۱) بھولی (۲) بھاؤں (۳) ململ (۴) دکھاؤں؟ (۵) [مذکر] بینگن -
بتسا (بت - سا) [ہ - ا - مذکر] چاول کی ایک قسم -
بتلانا (بت - لا - نا) [ہ - مص] دیکھیے بتانا -
بتنگڑ (ب - تن - گڑ) [ہ - ا - مذکر] مبالغہ - ذرا سی بات کو طول دینا -
بتول (ب - تول) [ع - صف] (۱) کنواری (۲) [مونث] حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب -
بتھوا (بتھ - وا) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا ساگ جو گیہوں کے ساتھ

Marfat.com

پیدا ہوتا ہے ۔

**بتی** (بَت ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) فتیلہ (۲) سُوت کی ڈوری جو چراغ میں جلائی جاتی ہے اور زخم میں بھی رکھی جاتی ہے (۳) موم یا چربی کی شمع ۔ دیا (۴) لاکھ، اگر، صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ (۵) وہ چولات کا گوشت جو بیچھ کی پٹھی کے دونوں جانب ہوتا ہے ۔

**بتی اُکسانا** ۔ روشنی بڑھانے کے لیے چراغ کی بتی کو آگے بڑھانا ۔

**بتی بٹنا** (۱) روئی کا غذ یا کپڑے کا لپیٹنا (۲) بتی بنانا ۔

**بتی دکھانا** (۱) بندوق، توپ یا گولا چھوڑنا (۲) روشنی دکھانا ۔

**بتیس** (بَت ۔ تیس) [ہ ۔ صفت] تیس اور دو ۔

**بتیس اُبرن** ۔ بتیس زیور ۔ بتیس گہنے ۔

**بتیس دانتوں میں زبان** [مثل] دشمنوں سے گھرا ہوا ۔

**بتیس دھار** ۔ ماں کا دودھ ۔

**بتیس دھار ہو کر نکلنا** ۔ بتیس زخموں کے راستے سے نکلنا (بددعا)

**بتیسا** (بت ۔ تی ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا مقوی حلوا جو عورتیں بچہ جننے کے بعد بتیس دوائیں ڈال کر کھاتی ہیں (۲) ایک مٹھائی ۔

**بتیسی** (بت ۔ تی ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] آدمی کے دانتوں کی دونوں لڑیاں ۔

**بتیسی بجنا** ۔ دانت بجنا ۔ کپکپانا ۔

**بتیسی بند ہونا** ۔ حالت غشی میں دانتوں کا جکڑ جانا ۔

**بتیسی دکھانا** (۱) بیہودہ ہنسنا ۔ منہ چڑانا (۲) عاجزی کرنا ۔

## ب ۔ ٹ

**بٹ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گرہ (۲) بل ۔ سلوٹ (۳) بٹا (۴) پگڈنڈی ۔ باٹ کا مخفف (۵) وہ سوجن جو کسی ضرب کی وجہ سے ہو جاتی ہے (۶) اوجھڑی کا موٹا موٹا گوشت (۷) کشمیریوں کی ایک ذات ۔

**بٹ مار** ۔ لٹیرا ۔ ڈاکو ۔ راہزن ۔

**بٹ ماری** ۔ رہزنی ۔ ڈاکا ۔

**بٹا** (بٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تولنے کا وزن ۔ باٹ (۲) کٹوتی ۔ گھاٹا (۳) فرق (۴) دھبا ۔ عیب (۵) مسالہ پیسنے کا پتھر (۶) زیور رکھنے کا ڈبا (۷) پیتل کی لٹیا ۔

**بٹا دینا** ۔ کمی بیشی کرنا ۔

**بٹا سٹا** (۱) ایک قسم کی نسبت (۲) سازش (۳) تبادلہ ۔ لین دین ۔

**بٹا لگنا** (۱) کمی ہونا (۲) عیب لگنا ۔

**بٹے باز** (۱) دغا باز (۲) بازی گر ۔ شعبدہ باز ۔

**بٹے بازی** ۔ چالاکی ۔ شعبدہ بازی ۔ دغابازی ۔

**بٹے پر خریدنا** ۔ نفع نقصان پر خریدنا ۔

**بٹے کھاتے** ۔ قابل وصول رقم ۔

**بٹے کھاتے لکھنا** ۔ بٹے کھاتے میں ڈالنا ۔ کسی رقم کو ناقابل وصول قرار دینا ۔

**بٹالین** (بَ ۔ ٹا ۔ لی ۔ اَن) (BATTALION) [انگ ۔ ا ۔ مونث] فوجی دستہ جس میں ہزار کے لگ بھگ سپاہی ہوتے ہیں ۔

**بٹانا** (بَ ۔ ٹا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تقسیم کرنا (۲) دوسری طرف کرنا (خیال)

**بٹائی** (بَ ۔ ٹا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پائے (۲) غلہ تیار ہو کر بٹنے کا موسم (۳) کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت (۴) رسّی بٹنے کی اُجرت ۔

**بٹائی دار** ۔ مالک سے فصل کا حصہ بانٹنے والا ۔ کاشتکار ۔

**بٹلر** (بَٹ ۔ لَر) (BUTLER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] خانساماں ۔ رکابدار ۔

**بٹلوہی ۔ بٹلوئی** (بٹ ۔ لو ۔ ہی ۔ بٹ ۔ لو ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مونث] پیتل کا وہ برتن جس میں پانی بھرتے یا دودھ دوہتے ہیں ۔

**بٹن** (بَ ۔ ٹَن) (BUTTON) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بوتام ۔ گھنڈی ۔ تکمہ ۔

**بٹنا** (بٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تقسیم ہونا (۲) متفرق ہونا (۳) لپیٹنا (۴) ایک طرف سے دوسری طرف ہونا (خیال)

**بٹوا** (بٹ ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پیسے وغیرہ رکھنے کا جیبی کیسہ ۔

**بٹوا سا منہ** ۔ چھوٹا سا منہ ۔ غنچہ سا دہن ۔

**بٹوارا** (بٹ ۔ وا ۔ را) حصہ ۔ تقسیم ۔ بانٹ ۔

**بٹوارا خانگی** ۔ نجی تقسیم ۔ آپس کی تقسیم ۔

**بٹوارا سرکاری** ۔ سرکاری طور پر جائداد غیر منقولہ کی تقسیم ۔

**بٹوارا غیر مکمل** ۔ مالگزاری ادا کرنے والی جائداد کی اس طرح تقسیم کہ ہر حصے کی مالگزاری الگ الگ نہ ہو ۔

**بٹوارا مکمل** ۔ کسی محال، موضع یا پٹی کی اس طرح تقسیم کہ ہر حصے کی مالگزاری الگ الگ ہو جائے ۔

**بٹوانا** (بٹ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تقسیم کرانا (۲) بل دلوانا ۔ بٹوانا ۔

**بٹوائی** (بٹ ۔ وا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بٹنے کی اُجرت ۔

**بٹورا** (ب ۔ ٹو ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سوکھے اُپلوں کا ڈھیر ۔

**بٹورے میں اُپلے ہی نکلیں گے** [مثل] بُروں سے بُرے ہی پھل ظاہر ہوں گے ۔

**بٹورنا** (ب ۔ ٹور ۔ نا) [ہ ۔ مص] جمع کرنا ۔ سمیٹنا ۔ اکٹھا کرنا ۔

**بٹونا** (ب ۔ ٹو ۔ نا) [ہ ۔ مص] بکھیرنا ۔ چھڑکنا ۔

**بٹھا رکھنا** (ب ۔ ٹھا ۔ رکھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کنوارا رکھنا (۲) شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا (۳) بیکار رکھنا ۔ گھر پر رکھنا ۔

**بٹھانا** (ب ۔ ٹھا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بیٹھنا کا متعدی ۔ کھڑا کرنا کی ضد (۲) داخل کرانا (مدرسے میں) (۳) درست کرنا ۔ رواں کرنا (۴) آنا رنا ۔ پیوست کرنا (۵) ٹھیک جگہ پر لگانا (۶) کام پر لگانا (۷) مادہ پرندکو انڈوں پر چھوڑنا ۔

**بٹھلانا** (بٹھ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بٹھانا ۔

**بٹی** (بٹ ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چھوٹا پھل (۲) ناریل کا گولا ۔

**بٹیا** (بٹ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چھوٹا باٹ (۲) پگڈنڈی (۳) ناریل کی گری ۔

**بٹیا** (بِٹ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بیٹی کی تصغیر ۔

**بٹیر** (ب ۔ ٹیر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر و مونث] تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ ۔

**بٹیر باز** ۔ بٹیر پالنے اور لڑانے والا ۔

**بٹیر کا تیہ جانا** ۔ دانہ نہ ملنے کی وجہ سے بٹیر کا دبلا ہو جانا ۔

## ب ۔ ج

**بجا** (بَ ۔ جا) [ف ۔ صفت] (۱) درست ۔ جائز (۲) ٹھیک ۔ مناسب موقع پر ۔

Marfat.com

بجا آوری ۔ تعمیل حکم ۔ انجام دہی ۔
بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو [مثل] جس بات کو دُنیا ٹھیک کہتی ہو اُسے ٹھیک سمجھنا چاہیے ۔
بجا لانا ۔ تعمیل حکم کرنا ۔ انجام دینا ۔ کہنے کے موافق کرنا ۔
**بجاج** (بَ ۔ جاج ۔ بج ۔ جاج) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بزاز کا بگاڑ (۲) ہندوؤں کی ایک ذات ۔
**بجار** (بِ ۔ جار) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سانڈ (۲) ہٹا کٹا ۔ خوب تندرست آدمی ۔
**بجانا** (بَ ۔ جا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) باجے کی آواز نکالنا (۲) پورا کرنا (۳) خدمت کرنا (۴) مارنا ۔
**بجائے** (بَ ۔ جا ۔ ئے) [ف ۔ تابع فعل] (۱) بدلے میں (۲) قائم مقام کے طور پر ۔
**بج بجانا** (بج ۔ بَ ۔ جا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہو جانا کہ اس میں بلبلے اُٹھیں ۔ سڑ جانا ۔ بس جانا ۔
**بجٹ** (BUDGET) (بَ ۔ جٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] میزانیہ ۔ کل جمع خرچ کا حساب ۔
**بجرا** (بَج ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی گول اور خوبصورت کشتی ۔
**بجر بٹو** (بَ ۔ جر ۔ بٹ ۔ ٹو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سیاہ جنگلی پھل (۲) ایک قسم کا کھلونا ۔
**بجرنگ** (بج ۔ رنگ) [س ۔ ا ۔ مذکر] ہنومان کا لقب ۔
**بجری** (بج ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) سنگ ریزہ (۲) اولوں کی بوچھار ۔
**بجلی** (بج ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) برق ۔ برقی قوت (۲) آم کی گٹھلی کا مغز (۳) عورتوں کے کان کا ایک زیور (۴) [صفت] چالاک ۔ پھرتیلا ۔
بجلی گرانا ۔ آفت ڈھانا ۔ صدمہ پہنچانا ۔
بجلی گرنا (۱) آسمانی بجلی کے شعلے کا کسی کو جلا دینا (۲) [مجازاً] آفت آنا ۔ صدمہ پہنچنا ۔
**بجنا** (بج ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) آواز نکلنا (۲) مشہور ہونا (۳) [مذکر] دلالوں کی اصطلاح میں ایک روپیہ (۴) [صفت] آواز دینے والا ۔ بجنے والا ۔
**بجو** (بج ۔ جو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک گوشت خور جانور جس کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں (۲) [مجازاً] چھوٹی آنکھوں والا آدمی ۔ چالاک آدمی ۔
**بجوانا** (بج ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بجانا کا متعدی ۔
**بجوگ** (بِ ۔ جوگ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) منحوس ستاروں کا طالع میں قِران (۲) جُدائی ۔ مصیبت ۔ صدمہ ۔ حادثہ (۳) بدنصیبی ۔ (اصل سنسکرت وجوگ)
**بجوگی** (بِ ۔ جو ۔ گی) [ہ ۔ صفت] بدنصیب ۔ مصیبت زدہ ۔
**بجھا بجھا** (بُ ۔ جھا ۔ بُ ۔ جھا) [ہ ۔ صفت] (۱) بجھا ہوا (۲) افسردہ ۔ غمگین ۔
**بجھارت** (بُ ۔ جھا ۔ رت) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) معمّا (۲) حساب کا تصفیہ ۔
**بجھانا** (بُ ۔ جھا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) آگ پر پانی ڈالنا (۲) گل کرنا (۳) آب دینا (۴) چاندی، سونے یا اینٹ کو آگ میں لال کر کے پانی میں ڈالنا (۵) تشنگی مٹانا (۶) ٹھنڈا کرنا (۷) پہیلی حل کرانا (۸) دھیما کرنا ۔ ملائم کرنا ۔
**بجھایا پانی** (بُ ۔ جھا ۔ یا ۔ پا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ پانی جس میں سونے یا لوہے کو خوب تپا کر ڈالا گیا ہو ۔
**بجھ بجھول** (بُجھ ۔ بُ ۔ جھو ۔ ول) [ہ ۔ ا ۔ مونث] پہیلی ۔ بجھارت ۔ چیستان ۔
**بجھنا** (بُجھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا (۲) تپتی ہوئی اینٹ یا لوہے وغیرہ کا پانی میں سرد ہونا (۳) سیری ہونا (۴) مایوس ہونا (۵) دھیما ہونا ۔ نرم پڑنا ۔
**بجھوتا** (بُ ۔ جھو ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حساب فہمی (۲) معاملات پیداوار کا اوسط ۔
**بجھوّل** (بُ ۔ جھو ۔ ول) [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے بجھ بجھول ۔
**بجھی بجھی** (بُ ۔ جھی ۔ بُ ۔ جھی) [ہ ۔ صفت] بجھا بجھا کی تانیث ۔

# ب ۔ چ

**بچ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] ایک مشہور کڑوی دوا ۔
**بچا** (بَ ۔ چا) [ہ ۔ صفت] (۱) باقی رہا ہوا ۔ باقی ماندہ ۔ بقیہ (۲) بچنا کا ماضی مطلق ۔
بچا بچایا ۔ بچا کھچا ۔ باقی ماندہ ۔ بچا ہوا ۔ بقیہ ۔
بچا بچا جانا (۱) زد سے بچ جانا (۲) مقابلے سے ہٹ جانا ۔
بچا لانا ۔ چھڑا لانا ۔
**بچّا** (بُچ ۔ چا) [ہ ۔ صفت] کان کٹا ۔ چھوٹے کانوں والا ۔
**بچار** (بِ ۔ چار) [ہ ۔ ا ۔ مونث] سوچ ۔ غور ۔ فکر ۔ خیال ۔
**بچارا** (بے ۔ چا ۔ را) [اُر ۔ صفت] دیکھیے بے چارہ ۔
**بچالی** (بَ ۔ چا ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] ایک قسم کی گھاس ۔
**بچانا** (بَ ۔ چا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) محفوظ رکھنا ۔ پناہ دینا (۲) ایک رُخ کو کرنا (۳) جمع کرنا (۴) نجات دینا ۔ چھڑانا ۔
**بچاؤ** (بَ ۔ چا ۔ ؤ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حفاظت ۔ پناہ ۔ سلامتی (۲) حفاظت کی جگہ ۔
**بچپن** (بچ ۔ پن) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] لڑکپن ۔ کم عمری ۔ صغر سنی ۔
بچپن کرنا ۔ نادانی کرنا ۔
**بچپنا** (بچ ۔ پ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بچپن ۔
**بچت** (بَ ۔ چت) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بچا کر رکھی ہوئی چیز (۲) نفع (۳) بقیہ ۔
**بچکانا** (بچ ۔ کا ۔ نا) [اُر ۔ صفت] بچوں کا ۔ بچوں کا سا ۔
**بچکانی** (بچ ۔ کا ۔ نی) [اُر ۔ صفت] (۱) بچکانا کی تانیث (۲) [مونث] چھوٹی لڑکی (۳) نابالغ کی پالی ہوئی لڑکی ۔
**بچگی** (بچ ۔ چ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] کم سنی ۔ نابالغی ۔
**بچن** (بَ ۔ چن) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بات (۲) عہد و پیمان (اصل سنسکرت وچن)
بچن دینا ۔ قول کرنا ۔ عہد و پیمان کرنا ۔ زبان دینا ۔
بچن ہارنا (۱) زبان دینا ۔ اقرار کرنا (۲) قول سے پھرنا ۔
**بچنا** (بچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) الگ رہنا (۲) باقی رہنا (۳) رہائی پانا (۴) نفع ہونا ۔
**بچو** (بچ ۔ چو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بچہ کی تصغیر ۔
**بچولیا** (بِ ۔ چو ۔ لی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پنچ (۲) دلال ۔ مصالح (۳) فیصلہ کرنے والا ۔
**بچونگڑا** (بَ ۔ چونگ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بچہ (۲) [صفت] نادان ۔ بے وقوف ۔
**بچہ** (بچ ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) طفل (۲) نادان شخص ۔
بچہ دان ۔ رحم ۔
بچہ کشی ۔ بال ہتیا ۔ بچے کا قتل ۔
بچوں کا کھیل (۱) آسان کام (۲) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۳) فضول بات ۔

Marfat.com

**بچے پھرانا** - جانوروں کا اپنے بچوں کو چرگا دینا -
**بچے کچے** - لڑکے بالے - چھوٹے بڑے بچے -
**بچے نکلوانا** - پرندکو انڈوں پر بٹھانا تاکہ بچے نکل آئیں -
**بچھ بچھ جانا** [ہ - مص] (۱) انکسار کرنا (۲) بہت تواضع و مدارات کرنا -
**بچھانا** (ب - چھا - نا) [ہ - مص] (۱) فرش کرنا (۲) زمین پر لٹانا -
**بچھڑا - بچھڑو** (بچھ - ڑا / بچھ - ڑو) [ہ - ا - مذکر] گائے کا بچہ
**بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے** [مثل] ہر شخص اپنے حمایتی پر گھمنڈ کرتا ہے -
**بچھڑا ہُوا** (بچھ - ڑا - ہُ - وا) [صفت] (۱) گم شدہ (۲) جُدا - الگ -
**بچھڑ جانا - بچھڑنا** [ہ - مص] (۱) جُدا ہونا (۲) پیچھے رہ جانا (۳) کھو جانا -
**بچھنا** (بچھ - نا) [ہ - مص] (۱) فرش ہونا (۲) انکساری کرنا (۳) محبت کرنا -
**بچھو** (بچھ - چھو) [ہ - ا - مذکر] (۱) کژدم - عقرب (۲) ایک پہاڑی پودا جس جس کا پتا چھو جانے سے بچھو کے کاٹنے کی طرح جلن ہوتی ہے -
**بچھو کا منتر نہ جانے سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے - بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بِل میں ہاتھ ڈالے** [مثل] چھوٹا کام تو کر نہیں سکتے بڑے کام میں دخل دینے لگے -
**بچھوا** (بچھ - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بچھو (۲) چھوٹا بچہ (۳) ایک زیور -
**بچھوانا** (بچھ - وانا) [ہ - مص] فرش کرانا -
**بچھونا** (ب - چھو - نا) [ہ - ا - مذکر] بستر -
**بچھونا بچھانا** - بچھونا کرنا - فرش کرنا -
**بچھیا** (بچھ - یا) [ہ - ا - مونث] گائے کا مادہ بچہ -
**بچھیرا** (ب - چھے - را) [ہ - ا - مذکر] گھوڑے کا نر بچہ -
**بچھیری** (ب - چھے - ری) [ہ - ا - مونث] گھوڑے کا مادہ بچہ -
**بچی** (بچ - چی) [ہ - ا - مونث] (۱) چھوٹی لڑکی (۲) وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں - ڈاڑھی کا امام -
**بچی** (بچ - چی) [ہ - صفت] کان کٹی -

# ب - ح

**بحار** (ب - حار) [ع - ا - مذکر] بحر کی جمع - سمندر - بحور -
**بحال** (ب - حال) [ف - صفت] (۱) اصل حالت پر (۲) سابق کی طرح (۳) اچھی حالت میں - خوش (۴) شفا یافتہ -
**بحال رکھنا** - قائم رکھنا - بدستور رکھنا -
**بحال ہونا** - (۱) تندرست ہونا (۲) پھر اسی عہدے پر مقرر ہونا -
**بحالی** (ب - حا - لی) [ف - ا - مونث] (۱) افاقہ - طبیعت کی درستی (۲) پھر اسی عہدے پر تقرر (۳) قبضے کی واپسی (۴) فرحت - تازگی -
**بحث** [ع - ا - مونث] (۱) مباحثہ - حجت - مناظرہ (۲) جھگڑا -
**بحث واقعاتی** - ایسی بحث جو واقعات مقدمہ سے متعلق ہو -
**بحثنا** (بحث - نا) [اُ - مص] بحث کرنا - تکرار کرنا -
**بحر** [ع - ا - مذکر] (۱) مہاساگر - بڑا سمندر (۲) شعر کا وزن -
**بحران** (بح - ران) [ع - ا - مذکر] (۱) بیماری کے زور کا دن (۲) تنقل ازیچ
**بحری** (بح - ری) [ع - صفت] بحر سے منسوب - سمندری -
**بحری بیڑا** - سمندری جنگی جہازوں کا قافلہ -
**بحری رو** - سمندر کی لہر کا وہ باقاعدہ بہاؤ جو مسلسل کسی سمت کو جاری رہتا ہے -
**بحریہ** (بح - ری - یہ) [ع - ا - مونث] (۱) جنگی جہازوں کا بیڑا (۲) بحری فوج
**بحور** (بُ - حُور) [ع - ا - مذکر] بحر کی جمع -
**بحیرہ** (بُ - حے - رہ) [ع - ا - مذکر] بحر کی تصغیر - چھوٹا سمندر -

# ب - خ

**بخار** (بُ - خار) [ع - ا - مذکر] (۱) دھواں - بھاپ (۲) حرارت (۳) غصہ - رنج - کدورت - غبار -
**بخارات** (بُ - خا - رات) [ع - ا - مذکر] بخار کی جمع - ابخرے -
**بخاری** (بُ - خا - ری) [ف - صفت] (۱) شہر بخارا سے منسوب (۲) بخارا کا باشندہ -
**بخت** [ف - ا - مذکر] حصہ - نصیب - بھاگ - قسمت -
**بخت آزمائی** (۱) تقدیر آزمانا - نصیب کا پرکھنا (۲) کوشش - جدوجہد -
**بخت آور (بختاور)** خوش نصیب - خوش قسمت -
**بخت آوری (بختاوری)** خوش نصیبی - اقبال مندی -
**بخت اڑ گئے ملندی رہ گئی** - [مثل] (۱) ریاست یا جاگیر تو جاتی رہی محض نام باقی رہ گیا ہے (۲) گرہ میں پیسہ نہیں نواب بنے پھرتے ہیں -
**بخت الٹنا - بخت پھرنا** - قسمت کا ناموافق ہونا -
**بخت خفتہ** - سوئی ہوئی قسمت - بدنصیبی -
**بخت رسا** - اقبال مندی - خوش نصیبی -
**بخت واژوں** - اوندھی قسمت - بگڑا ہوا نصیب -
**بخت یار (بختیار)** خوش نصیب - نصیبے والا - اقبال مند -
**بخت یاری (بختیاری)** - خوش بختی - خوش نصیبی -
**بختوں جلی** (۱) بدقسمت عورت (۲) بے اولاد عورت (۳) رانڈ -
**بختوں کے ملیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا** [مثل] بدنصیبی میں اچھا کام بھی خراب ہو جاتا ہے -
**بختی** (بخ - تی) [ف - ا - مذکر] (۱) ایک قسم کا بڑا اونٹ (۲) تیز رفتار اونٹ -
**بخت** (بخ - تے) [اُ - ا - مذکر] بھنے ہوئے چنے جن پر چھلکا نہ ہو -
**بخرا - بخرہ** (بخ - را / بخ - رہ) [ف - ا - مذکر] حصہ - بھاگ -
**بخش** [ف - صفت] (۱) معاف کرنے والا (۲) دینے والا (مرکبات میں مستعمل ہے) (۳) [مذکر] حصہ (۴) عطیہ - وظیفہ (۵) اُدر / خانے کا پورا حصہ جو تقریبات میں بانٹا جاتا ہے -
**بخش دینا** (۱) مفت دے دینا (۲) معاف کر دینا -
**بخشائش** (بخ - شا - ئش) [ف - ا - مونث] گناہ کی معافی -
**بخشش** (بخ - شش) [ف - ا - مونث] (۱) انعام (۲) معافی - درگزر -
**بخشش نامہ** - ہبہ نامہ - وہ دستاویز جس کے ذریعے کوئی جائداد بلا معاوضہ کسی کو دی جائے -
**بخشنا** (بخش - نا) [اُ - مص] (۱) عطا کرنا (۲) معاف کرنا (۳) ثواب پہنچانا -
**بخشندہ** (بخ - شن - دہ) [ف - صفت] بخشنے والا -
**بخشوانا** (بخش - وانا) [اُ - مص] معاف کرانا - عفو کرانا -
**بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا** [اُ - مثل] مجھے آپ کی عنایت نہیں چاہیے - میں تو یوں ہی اچھا ہوں (اس موقعے پر بولتے ہیں جب

Marfat.com

مخالف بھلائی کے پردے میں بُرائی کرنے کا ارادہ رکھتا ہو) ۔
بخشی (بَخ ۔ شی) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (١) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب کتاب رکھنے والا عہدیدار ۔ چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا (٢) سپہ سالار ۔
بخشی خانہ ۔ فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے کا دفتر ۔
بُخل (ع ۔ ا ۔ مذکر] (١) لالچ ۔ حرص (٢) کنجوسی ۔ تنگ دلی ۔
بُخَلا (بُ ۔ خَ ۔ لا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بخیل کی جمع ۔
بخور (بُ ۔ خُور) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوشبو نکلتی ہے ۔ عُود، لوبان وغیرہ ۔
بخیل (ب خِیل) [ع ۔ صفت] کنجوس ۔ تنگ دل ۔
بخیلی (بَ ۔ خی ۔ لی) [ف ۔ ا ۔ مونث] کنجوسی ۔
بخیہ (بَخ ۔ یَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی مضبوط سیون ۔
بخیہ اُدھڑنا (١) ٹانکے کھلنا (٢) راز فاش ہونا (٣) [مجازاً] طاقت ختم ہو جانا ۔
بخیے اُدھیڑنا (١) ٹانکے کھولنا (٢) راز فاش کرنا ۔ حقیقت ظاہر کرنا ۔

# ب ۔ د

بَد [ہ ۔ ا ۔ مونث] (١) پھوڑا جو چڈوں میں نکلتا ہے (٢) ماہی گیروں کی اصطلاح] ذخیرہ ۔
بَد [ف ۔ صفت] (١) بُرا ۔ خراب (٢) نحس (٣) شریر ۔
بد آموز ۔ (١) بُری باتیں سکھانے والا (٢) جس نے بُری تعلیم پائی ہو ۔
بد آئین ۔ وہ شخص جسے کسی اصول کا پاس نہ ہو ۔
بد اچھا بدنام بُرا [مثل] رُسوا اور بدنام ہونا بدکار ہونے سے بھی زیادہ خراب ہے ۔
بد اختر ۔ بدنصیب ۔
بد اخلاق ۔ ناشائستہ ۔ نالائق ۔ بُری عادت والا ۔
بد اسلوب (١) بے ڈھنگا ۔ بُری شکل کا (٢) بدچلن ۔ بدکردار ۔
بد اصل (١) پاجی (٢) بدذات ۔ کم اصل ۔
بد اطوار ۔ بُرے چال چلن کا ۔ بُرے ڈھنگوں کا ۔
بد اعتقاد ۔ جس کا عقیدہ خراب ہو ۔
بد اعمال ۔ بدچلن ۔ بُرے کام کرنے والا ۔
بد اعمالی ۔ بدچلنی ۔ بدمعاشی ۔
بد امنی ۔ گڑبڑ ۔ انتشار ۔ بغاوت ۔
بد انتظامی ۔ بدعملی ۔ اندھیر ۔ انتظام کی خرابی ۔
بد اندیش ۔ بُرا چاہنے والا ۔ مخالف ۔ دشمن ۔
بد باطن ۔ کینہ پرور ۔ بُرے دل والا ۔
بد بخت ۔ بدنصیب ۔ بدقسمت ۔
بد بلا ۔ (١) نہایت شریر ۔ ظالم (٢) بڑی بھاری چڑیل ۔
بد بو ۔ سڑاند ۔ خراب بُو ۔
بد پرہیز ۔ پرہیز نہ کرنے والا ۔ بے احتیاط ۔
بد پرہیزی ۔ بے احتیاطی ۔
بدتر ۔ زیادہ خراب ۔ بہت بُرا ۔ بہت خراب ۔
بدچلن ۔ بداطوار ۔ بدکار ۔ بدوضع ۔
بدچلنی ۔ بدکرداری ۔
بدحال ۔ بُری حالت والا ۔ بدحیثیت ۔
بدحواس (١) بے ہوش ۔ بے حواس (٢) حیران پریشان ۔
بدخط ۔ جس کا خط خراب ہو ۔
بدخطی ۔ بُری لکھائی ۔
بدخلق ۔ بدمزاج ۔ اکھڑ ۔ بُرے اخلاق کا ۔
بدخو ۔ بُری خصلت والا ۔
بدخوابی (١) ڈراؤنا خواب (٢) احتلام (٣) بے چینی ۔ نیند نہ آنا ۔
بدخواہ ۔ بُرا چاہنے والا ۔ دشمن ۔ بیری ۔ مخالف ۔
بدخواہی ۔ دشمنی ۔ بیر ۔ مخالفت ۔
بددعا ۔ کوسنا ۔
بددل (١) ناخوش ۔ ناراض (٢) دل برداشتہ ۔
بددماغ (١) چڑچڑا ۔ نک چڑھا ۔ نازک مزاج (٢) مغرور ۔ گھمنڈی
بددماغی (١) غرور ۔ گھمنڈ (٢) نازک مزاجی ۔ چڑچڑاپن ۔
بددیانت ۔ خیانت کرنے والا ۔ دغاباز ۔ بے ایمان ۔
بددیانتی ۔ بے ایمانی ۔ خیانت ۔ دغابازی ۔
بدذات (١) کمینہ ۔ کم ذات (٢) شریر (٣) سفلہ ۔ پاجی ۔
بدذاتی ۔ شرارت ۔ کمینگی ۔
بدراہ ۔ بدوضع ۔ بدچلن ۔ بدکار ۔ گمراہ ۔
بدرنگ (١) خراب رنگ کا (٢) رنگ اُڑا ہوا ۔
بدزبان ۔ گستاخ ۔ گالی گلوچ بکنے والا ۔
بدزیب ۔ بے ڈول ۔ نازیبا ۔ نامعقول ۔
بدسلوکی ۔ بُرا برتاؤ ۔ بُری طرح پیش آنا ۔
بدسے بدنام بُرا ۔ [مثل] بد ہونے سے بدنام ہونا بُرا ہے ۔
بدشگونی ۔ نحوست ۔ بدفالی ۔
بدصورت ۔ بُری شکل والا ۔ بدشکل ۔
بدصورتی ۔ بُری صورت ۔ خراب شکل ۔
بدطینت ۔ بُری عادت والا ۔ بدخصلت ۔ بدمزاج ۔
بدظن ۔ شکی ۔ بدگمان ۔
بدعملی ۔ اندھیر ۔ بدنظمی ۔ بدانتظامی ۔
بدعنوانی ۔ بے ضابطگی ۔ بدانتظامی ۔
بدعہد ۔ بے وفا ۔ قول سے پھر جانے والا ۔ وعدہ خلاف ۔
بدعہدی ۔ بے وفائی ۔ وعدہ خلافی ۔ دغابازی ۔
بدفرجام ۔ وہ شخص جس کا انجام بخیر نہ ہو ۔
بدفعلی ۔ بدکاری ۔ حرام کاری ۔ بدچلنی ۔
بدقماش ۔ بدچلن ۔ بدوضع ۔
بدکار ۔ فاسق ۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔
بدکاری ۔ حرام کاری ۔ بدچلنی ۔ بدفعل ۔
بدکردار ۔ بدعمل ۔ بدچلن ۔
بدکیش (١) بے دین (٢) بدخو ۔
بدگمان ۔ بُرا گمان رکھنے والا ۔ بُرا خیال رکھنے والا ۔
بدگمانی ۔ بے جا شبہ ۔ بدظنی ۔ خیال فاسد
بدگو ۔ گالیاں بکنے والا ۔ بُری باتیں کہنے والا ۔
بدگوشت ۔ وہ زائد گوشت جو کسی مادۂ فاسد کی وجہ سے پیدا ہو جاتا
بدگوہر ۔ بدذات ۔ بداصل ۔ کمینہ ۔

Marfat.com

بدگوئی - غیبت - چغلی - بُرائی - جھوٹ -
بدلحاظ - بے شرم - بے حیا - گستاخ -
بدلحاظی - بے شرمی - حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا - گستاخی -
بدلگام (۱) وہ گھوڑا جو لگام کو نہ مانے (۲) [مجازاً] بے ادب -
بدمزاج - چڑچڑا - غصہ ور - تند خُو -
بدمزاجی - ترش روئی - تند خوئی - چڑچڑاپن -
بدمزگی (۱) بدذائقہ پن (۲) رنجش - مخالفت -
بدمزہ - بے سواد - بدذائقہ -
بدمست (۱) مدہوش - مست - نشے میں چُور (۲) پُرشہوت (۳) شریر -
بدمستی (۱) مدہوشی (۲) شہوت پرستی (۳) شرارت -
بدمعاش (۱) وہ شخص جس کی معاش بُرے کاموں پر منحصر ہو (۲) حرام خور - لُچا -
بدمعاشی - شرارت - حرام خوری - بدذاتی - بدچلنی -
بدمعاملگی - (۱) لین دین کی صفائی نہ رکھنا (۲) بدعہدی - کھوٹاپن -
بدمعاملہ - (۱) لین دین کا کھوٹا - بے ایمان - بددیانت (۲) بدعہد -
بدنام - رسوا - وہ شخص جس کی نسبت کوئی خراب شہرت ہو -
بدنام کنندۂ نکو نامے چند - نیک ناموں کو بدنام کرنے والا -
بدنامی - رسوائی - ذلت - بُری شہرت -
بدنسل - کمینہ - خراب نسل کا -
بدنصیب - کم بخت - بدقسمت -
بدنظر - بُری نظر سے دیکھنے والا -
بدنما - بدزیب - بھونڈا - بدشکل - بُرا - بھدا -
بدنہاد - بدخُو - بُری عادت والا -
بدنیت (۱) بُرے ارادے والا (۲) لالچی -
بدنیتی - نیت کی خرابی -
بدوضع (۱) بدچلن - بداطوار (۲) بدصورت - بھونڈا -
بدہضمی - سُوئے ہضم - غذا کا ہضم نہ ہونا -
بدہیئت - بدصورت - بدشکل - معیوب صورت والا -
بدا (ب - دا) [ہ - صفت] لکھا شدہ - مقدر - قسمت میں لکھا ہوا -
بدابدی (۱) [illegible] (۲) بحث - تکرار - ضدم ضدا -
بداہت (ب - دا - ہت) [ع - ا - مونث] (۱) فی البدیہہ بات کہنا (۲) بلاتامل واقعہ (۳) یقینی ہونا - صریحی ہونا -
بدائع (ب - دا - ئع) [ع - ا - مذکر] بدیع کی جمع - عجائبات - نئی چیزیں -
بداولے کے للا (ب - دا - ولے کے - ل - لا) [ہ - صفت] نادان - کم عقل - احمق -
بدبدانا (بُد - بُدا - نا) [ہ - مص] چُپکے چُپکے کہنا -
بدخشی (ب - دَخ - شی) [ف - صفت] (۱) بدخشانی - شہر بدخشاں سے منسوب (۲) بدخشاں کا باشندہ -
بدر [ع - ا - مذکر] چودھویں رات کا چاند -
بدر (بَ - دَر) [ف - صفت] بیرون - باہر -
بدررو - پانی باہر جانے کا راستا - موری -
بدر کرنا - نکالنا - خارج کرنا (شہر - ملک کے ساتھ)
بدر نویس - ان رقموں کا لکھنے والا جو حساب میں قابلِ اعتراض ہوں -
بدر نویسی (۱) حساب کی جانچ پڑتال (۲) ملازمین دفتر کے جہالات کی فہرست (۳) مطالبہ کے وجہ جو کمی کی بنا پر حکام سے مواخذہ کیا جاتا ہے -
بدر بدر (بُ - دَر - بُ - دَر) [ہ - تابع فعل] آہستہ آہستہ -
بدر بدر کرنا - آہستہ آہستہ بُرا بھلا کہنا -

بدرقہ (بَد - رَ - قَہ) [ف - ا - مذکر] (۱) رہنما - ہم سفر (۲) سہارا - وسیلہ (۳) اصلاح (۴) سپاہ - محافظ (۵) ترکیب - تدبیر -
بدرہ (بَد - رَہ) [ع - ا - مذکر] تھیلی - ہمیانی - توڑا -
بدری (بَد - ری) [اُ - ا - مونث] چھوٹی تھیلی -
بدعت (بِد - عَت) [ع - ا - مونث] (۱) دین میں کوئی نئی بات نکالنا (۲) نیا رسم و رواج
بدعتی (بِد - عَ - تی) [ف - ا - مذکر] (۱) مذہب میں نیا طریقہ نکالنے والا (۲) بُری رسم جاری کرنے والا (۳) فساد پھیلانے والا -
بدکانا (بِد - کا - نا) [ہ - مص] گھوڑے کو ڈرانا - بھڑکانا - چمکانا -
بدکنا (بِ - دَک - نا) [ہ - مص] ڈر کر چونکنا - بھڑکنا - چمکنا -
بدل (بَ - دَل) [ع - ا - مذکر] (۱) عوض (۲) اُجرت -
بدلِ اشتراک - اخبار کی خریداری کا چندہ -
بدل جانا (۱) پھر جانا - تبدیل ہو جانا (۲) وعدہ خلافی کرنا -
بدل لینا - ایک چیز دے کر دوسری چیز لے لینا -
بدلِ ما یتحلل - جسم میں اس چیز کا عوض جو تحلیل ہو گئی ہو -
بدلا - بدلہ (بَد - لا - بَد - لَہ) [اُ - ا - مذکر] (۱) عوض - معاوضہ (۲) اجر (۳) صلہ -
بدلا اُتارنا - عوض کرنا - احسان اُتارنا -
بدلا لینا - عوض لینا - قصاص لینا - انتقام لینا -
بدلانا (بَد - لا - نا) [اُ - مص] تبدیل کرانا -
بدلنا (بَ - دَل - نا) [اُ - مص] (۱) تبادلہ کرنا (۲) پلٹنا (۳) تبدیل ہونا -
بدلی (بَد - لی) [اُ - ا - مونث] (۱) تبدیلی - منتقلی - ایک شخص کے کام پر دُوسرے کا جانا (۲) بادل کی تصغیر - بادل کا ٹکڑا -
بدن (بَ - دَن) [ع - ا - مذکر] (۱) تن - جسم (۲) شرمگاہ - ستر -
بدن بگڑ جانا - جذام یا کوڑھ ہو جانا -
بدن پر نہیں لتا پان کھائیں البتہ [مثل] غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ -
بدن پھیکا ہونا - بخار ہونا - حرارت ہونا -
بدن تختہ ہو جانا - بدن اکڑ جانا -
بدن توڑنا (۱) انگڑائیاں لینا (۲) ورزش کرنا -
بدن ٹوٹنا - اعضا شکنی ہونا - کسمساہٹ ہونا -
بدن چُرانا - شرم سے جسم کو سکیڑنا -
بدن ملوانا - جسم کی مالش کرانا -
بدن میں آگ لگنا (۱) بدن میں گرمی محسوس ہونا (۲) نہایت غصہ آنا -
بدن میں مرچیں لگنا - غصے کی شدت سے بے تاب ہونا - جھنجلانا -
بدنا (بَد - نا) [ہ - مص] (۱) شرط لگانا - اقرار کرنا (۲) خاطر میں لانا - گننا -
بدنی (بَ - دَ - نی) [ع - صفت] جسمانی - بدن سے متعلق -
بدو (بَ - دُو) [ع - ا - مونث] (۱) ابتدا - شروع (۲) جنگل - صحرا -
بدو (بَد - دُو) [اُ - ا - مذکر] (۱) بدوی - عرب کے خانہ بدوش لوگ (۲) [صفت] بدنام -
بدوی (بَ - دَ - وی) [ع - ا - مذکر] خانہ بدوش عرب (۲) [صفت] صحرا کا - جنگل سے متعلق -
بدھ [س - ا - مذکر] (۱) سیارہ عطارد (۲) چہار شنبہ -
بدھائی (بَ - دھا - ئی) [ہ - ا - مونث] (۱) خوشی کا گیت (۲) خوشی (۳) مبارکباد (۴) وہ انعام جو بچہ پیدا ہونے کی خوشی میں دائی وغیرہ کو دیتے ہیں -

Marfat.com

بدھنا (بد ھ - نا) [ہ - ا - مذکر] لوٹا - ٹونٹی والا برتن -
بدھنا (بد ھ - نا) [ہ - مص] (۱) بھنسنا - پیوست ہو جانا (۲) سوراخ ہونا -
بدھنی (بد ھ - نی) [ہ - ا - مونث] مٹی کی ٹونٹی دار لٹیا -
بدھو (بد ھ - دُھو) [ہ - ا - مذکر] بے وقوف - نادان - نرا - کم عقل -
بدھوا (بد ھ - وا) [ہ - ا - مونث] بیوہ (اصل سنسکرت ودھوا)
بدھی (بد ھ - دھی) [ہ - ا - مونث] (۱) پھولوں کا ہار (۲) تلوار کا گہرا زخم (۳) چھڑی یا کوڑے کی مار کا نشان (۴) چیکا جو گھیے میں ڈالتے ہیں (۵) گلے میں پہننے کا ایک زیور (۶) چمڑے کا ڈورا جس کے ذریعے برمے کو گھماتے ہیں (۷) اُسترا تیز کرنے کا چمڑا -
بدھیاں ڈالنا - مار مار کے کھال پر چوٹ کے نشان ڈال دینا -
بُدھی (بُ - دھی) [ہ - ا - مونث] دانائی - عقل - سمجھ - فہم - گیان -
بدھیا (بدھ - یا) [ہ - ا - مونث] (۱) فوطے نکلا ہوا بیل (۲) دو خصانہ کرنا -
بدھیا بیٹھنا (۱) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا (۲) نقصان ہونا - دیوالہ نکلنا -
بدی (ب - دی) [ف - ا - مونث] (۱) بُرائی - بدخواہی (۲) غیبت -
بدیا (بد - دِ - یا) [ہ - ا - مونث] (۱) علم - ہنر (۲) چالاکی - دھوکا (۳) علم کی دیوی (۴) جادو - (اصل سنسکرت وِدّیا)
بدیس (ب - دیس) [ہ - ا - مذکر] پردیس (اصل سنسکرت ودیش) -
بدیسی (ب - دے - سی) [ہ - صفت] (۱) غیر ملک کا (۲) [مذکر] پردیسی مسافر - اجنبی - (اصل سنسکرت ودیشی) -
بدیع (ب - دیع) [ع - صفت] (۱) موجد (۲) نادر (۳) نو ایجاد شے -
بدیہہ (ب - دیہ) [ع - صفت] (۱) صریح - ظاہر (۲) برجستہ -
بدیہہ گوئی - برجستہ کہنا - بے غور و فکر کے کہنا - برمحل کہنا -
بدیہی (ب - دی - ہی) [ع صفت] وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو - ظاہر -
بدیہیات (ب - دی - ہی - یات) [ع - ا - مونث] بدیہہ کی جمع - وہ باتیں جن میں غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے -

## ب - ڈ

بُڈھا (بُڈ ھ - ڈھا) [ہ - صفت و ا - مذکر] بوڑھا - عمر رسیدہ شخص -
بُڈھا پھونس - بہت بوڑھا -
بُڈھا ٹھڈا - بہت بوڑھا -
بُڈھرا یا بُڈھری (بُڈ ھ - را - بُڈ ھ - ری) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کی خوشبودار گھاس -
بُڈھی (بُڈ ھ - ڈھی) [ہ - صفت] بُڈھا کی تانیث - بوڑھی -
بُڈھی گھوڑی لال لگام [مثل] بڑھاپے میں جوانی کے سے ٹھاٹ -

## ب - ذ

بذل [ع - ا - مذکر] انعام - بخشش - جود و سخا -
بذلہ (بذ - لہ) [ع - ا - مذکر] لطیفہ - چٹکلا -
بذلہ سنج - بذلہ گو - خوش طبع - لطیفہ گو - ہنس مکھ -

## ب - ر

بر [ہ - ا - مذکر] (۱) انتخاب - پسند (۲) منگیتر - شوہر (۳) کپڑے کی چوڑائی عرض (۴) مراد (۵) دُعا - اشیرباد - برکت -
بر دکھوا - شادی سے قبل سسرال میں منگیتر کی رونمائی -
بر دینا - شادی کر دینا -
بر مانگنا (۱) مُراد مانگنا (۲) منگنی کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کا تقاضا کرنا -
بر [ف] (۱) اُوپر (۲) باہر (۳) حفظ (از کے ساتھ) (۴) غالب (۵) بعض کلمات کے شروع میں زائد بھی ہوتا ہے جیسے برعکس - برجستہ وغیرہ (۶) [مذکر] پھل (۷) کپڑے کا عرض (۸) سینہ (۹) [صفت] مصدر بُردن کا اسم فاعل یعنی اُٹھانے والا - لے جانے والا - مرکبات میں مستعمل ہے جیسے نامہ بر - دل بر -
برآمد (۱) باہر آنے کا فعل - ظہور (۲) روانگی (۳) وہ اشیا جو بیرونی ممالک کو بھیجی جائیں - ایکسپورٹ (۴) خرچ (۵) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے -
برآمدہ (۱) بالا خانہ (۲) سائبان -
برآنا - کامیاب ہونا - کام پورا ہونا - حاصل ہونا -
برآورد - تخمینے کی فرد - بل - تنخواہ کا کاغذ - گوشوارہ -
برافروختہ (۱) آگ پر رکھا ہوا - جلتا ہوا (۲) غصے میں بھرا ہوا -
برانداز (۱) ڈولی وغیرہ کا پردہ - نقاب (۲) پائیدان (۳) برباد کرنے والا -
برانگیختہ - بھڑکایا ہوا - مشتعل -
برپا - پاؤں پر قائم - برقرار - ٹھہرا ہوا -
برتر - بہتر - افضل -
برتری - فضیلت - عمدگی - بھلائی - بزرگی - بہتری -
برجستہ - بروقت - بے ساختہ - برمحل - بے تکلف -
برحق - ٹھیک - درست - صحیح - بجا -
برخاست - ملازمت سے علیحدہ - برطرف - موقوف - ختم -
برخاستگی - برطرفی - موقوفی - رخصت -
برخلاف - اُلٹا - مخالف -
برخوردار (۱) زندگی کا پھل کھانے والا (۲) بیٹا - فرزند -
برخوردارانہ - بیٹے کی طرح - سعادت مندی سے -
برخورداری (۱) سعادت مندی (۲) اولاد کی کثرت -
برداشت (۱) صبر - تحمل (۲) جانوروں کی نگہبانی (۳) قرض پر سودا لینا -
برداشت خانہ - وہ مکان جس میں مال و اسباب رکھتے ہیں -
برداشتہ (۱) اُٹھایا ہوا (۲) ہٹایا ہوا -
برداشتہ خاطر - اُچاٹ - بیدل - رنجیدہ - گھبرایا ہوا -
برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر [مثل] زبان پر اللہ کا نام اور دل میں بیلوں اور گدھوں کا خیال - دل میں کچھ - زبان پر کچھ -
بر سرِ فرزند آدم ہرچہ آید بگذرد [مثل] انسان پر جو گزرتی ہے وہ اسے سہہ لیتا ہے -
برسرِ مطلب - اصل مقصد پر -
برطرف - موقوف - جدا - علیحدہ -
برطرفی - موقوفی - علیحدگی -

Marfat.com

**برعکس** - برخلاف - اُلٹ -
**برعکس نہند نام زنگی کافور** [مثل] اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس میں وہ صفت نہ پائی جائے جس سے وہ منسوب ہو -
**برگزیدہ** - منتخب - چنا ہُوا -
**برگشتگی** - پھرنا - انحراف - بغاوت -
**برگشتہ** - پھرا ہُوا - منحرف -
**برگشتہ ایام** - برگشتہ اختر - برگشتہ طالع - بدقسمت - بدنصیب -
**برلانا** - پُورا کرنا - انجام کو پہنچانا (آرزو - تمنا کے ساتھ)
**برمحل** - موقع پر - ایسے وقت پر - برجستہ -
**برملا** - کُھلم کُھلا - کھلے خزانے - علانیہ -
**برومند** - پھل کھانے والا - پھل لانے والا - فائدہ حاصل کرنے والا -
**برومندی** - کامیابی -
**بَرّ** [ع - ا - مذکر] (۱) خشکی (۲) جنگل - بیابان -
**برِّ اعظم** - خشکی کا وہ بڑا حصہ جس میں بہت سے مُلک ہوں -
**بِرّ** [ع - ا - مونث] نیکی - بخشش -
**بُرّ** [ہ - ا - مونث] (۱) فرج (۲) کپڑے کے اُوپر کا رُواں -
**بُرا** (بُ - را) [ہ - صفت] (۱) خراب - نکمّا - بدمزہ (۲) ناشائستہ (۳) بدذات - شریر (۴) دشمن - مخالف -
**بُرا آزار** - دِق کا مرض - سِل کا مرض -
**بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسہ وقت پر کام آتا ہے** [مثل] وقت پر اپنی بُری اور معمولی چیز بھی کار آمد ثابت ہوتی ہے -
**بُرا سا مُنہ بنانا** - چہرہ ایسا بنانا جس سے ظاہر ہو کہ کوئی بات ناگوار ہوئی ہے -
**بُرا ماننا** - خفا ہونا - ناراض ہونا - آزردہ خاطر ہونا -
**بُرے دن** - مصیبت کے دن -
**بُرے کی جان کو رونا** - ظلم پر صبر کرنا - ظالم کی شکایت کرنا -
**برابر** (بَ - را - بَر) [ف - صفت] (۱) مساوی - ہم عمر - ہم پایہ (۲) یکساں (۳) پُورا (۴) سیدھا (۵) پہلو - جانب - مقابل (۶) ترتیب وار - مسلسل (۷) ایک ساتھ - بے روک (۸) نصفا نصفی (۹) ہمیشہ (۱۰) نزدیک -
**برابر اُترنا** - یکساں ہونا - تول میں برابر ہونا -
**برابر اُٹھ جانا، اُٹھنا** - بازی کا بغیر ہار جیت ختم ہونا -
**برابر برابر** (۱) پہلو بہ پہلو - پاس پاس (۲) مسلسل - ترتیب وار - باقاعدہ (۳) نصفا نصفی (۴) ساتھ ساتھ - کنارے -
**برابر چھوٹنا** - کشتی میں فریقین کا کسی کو ہرا نہ سکنا -
**برابر سرابر** (۱) یکساں - مساوی (۲) بے باق -
**برابر سے جواب دینا** - ترکی بترکی جواب دینا -
**برابر کا** (۱) ہم قد (۲) جوڑ کا (۳) قریب کا (۴) ہم عمر - یکساں - مساوی -
**برابر میں** - ساتھ ساتھ - پاس پاس -
**برابری** (بَ - را - بَ - ری) [ف - ا - مونث] (۱) ہمسری - مقابلہ - (۲) ہمواری -
**برات** (بَ - رات) [ف - ا - مونث] (۱) حصہ (۲) فرمان (۳) وہ تحریر جس کے ذریعے تنخواہ ملے -
**برات عاشقاں برشاخِ آہو** [مثل] اُمید موہوم - اس موقعے پر بولتے ہیں - جہاں مقصد برآری کا امکان نہ ہو -

**برات** (بَ - رات) [ہ - ا - مونث] (۱) دُولھا کی سواری کا جلوس (۲) انبوہ - ازدحام (۳) گنجفہ کی ایک بازی کا نام -
**برات پیچھے دھونسا، عید پیچھے ٹر** [مثل] موقع گزر جانے پر کوئی بات یا کام کرنا -
**برات چڑھنا** - دُولھا کا جلوس کے ساتھ دُلھن کے گھر جانا -
**براتی** (بَ - را - تی) [ہ - ا - مذکر] دُولھا کے ہمراہی -
**براجمان** (بِ - راج - مان) [ہ - صفت] (۱) روشن (۲) عظیم الشان (۳) دربار میں بیٹھنے والا (۴) صدرِ مجلس (اصل سنسکرت وِراجمان)
**براجنا** (بِ - راج - نا) [ہ - مص] - رونق افروز ہونا - تشریف لانا -
**برادر** (بِ - را - دَر) [ف - ا - مذکر] (۱) بھائی (۲) ہم مذہب - ہم قوم (۳) ہم پیشہ -
**برادرِ اخیافی** - وہ بھائی جن کے باپ جُدا جُدا اور ماں ایک ہو -
**برادرِ اعیانی** - سگا بھائی -
**برادرِ بطنی** - ماں جایا سوتیلا بھائی - اخیافی بھائی -
**برادر پرور** - عزیزوں پر مہربانی کرنے والا -
**برادرِ توام** - جڑواں بھائی -
**برادرِ حقیقی** - سگا بھائی - برادرِ اعیانی -
**برادرِ خواندہ** - مُنہ بولا بھائی -
**برادرِ رضاعی** - دُودھ شریک بھائی - کوکر -
**برادر زادہ** - بھائی کا بیٹا - بھتیجا -
**برادر زادی** - بھتیجی - بھائی کی بیٹی -
**برادرِ علاتی** - وہ بھائی جو ایک باپ سے ہوں مگر مائیں جُدا جُدا ہوں -
**برادرِ نسبتی** (۱) سالا (۲) بہنوئی -
**برادرانہ** (بِ - رادَ - را - نہ) [ف - تابع فعل و صفت] بھائی کی طرح - آپس کا -
**برادری** (بِ - را - دَ - ری) [ف - ا - مونث] (۱) ذات (۲) بھائی بندی -
**بُرادہ** (بُ - را - دَہ) [ف - ا - مذکر] (۱) لکڑی یا کسی دھات کا چُورا جو آری یا ریتی سے نکلتا ہے (۲) سفوف - چُورا -
**براڈ کاسٹ کرنا** (BROADCAST) (بِ - راڈ - کاسٹ - کرنا) [انگ - اُر - مص] ریڈیو سے نشر کرنا
**براڈ کاسٹنگ** (BROADCASTING) (بِ - راڈ - کاس - ٹنگ) [انگ - ا - مونث] ریڈیو پر پروگرام نشر کرنے کا عمل -
**براز** (بَ - راز) [ع - ا - مذکر] فضلہ - گُو - پائخانہ - میلا -
**براعت** (بَ - را - عَت) [ع - ا - مونث] روشنی - فصاحت - کمال -
**براعتُ الاستہلال** - علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جس میں ایسے الفاظ یا جملے شروع میں لاتے ہیں جن سے تمام عبارت کے اصل مضمون کا پتا چلتا ہو -
**بَرّاق** (بَر - راق) [ع - صفت] (۱) چمکدار (۲) بجلی کی طرح تیز رفتار (۳) ہوشیار - مشّاق (۴) تیز ذہن (۵) صاف شفاف -
**بُراق** (بُ - راق) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ بہشتی چوپایہ جس پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم (شبِ معراج) سوار ہو کر آسمان پر تشریف لے گئے تھے (۲) تصویر جس کا دھڑ گھوڑے کا اور چہرہ آدمی کا سا ہوتا ہے -
**بَرّال** (بَر - رال) [ف - صفت] بہت کاٹ کرنے والا - بہت تیز -
**بَرّانا** (بَر - را - نا) [ہ - مص] بکنا - بے معنی گفتگو کرنا - بڑبڑانا -

Marfat.com

**برانچ** (BRANCH) (ب۔ رانْچ) [انگ۔ا۔ مونث] شاخ۔ شعبہ۔
**برانڈ** (BRAND) (ب۔ رانڈ) [انگ۔ا۔ مذکر] تجارتی مارکہ۔ خاص قسم کا مال۔
**برانڈی** (بَ۔ رَاں۔ ڈی) [انگ۔ا۔ مونث] انگریزی شراب کی ایک قسم۔ مونٹا کوٹ۔ برساتی۔
**براہیٹ** (بَر۔ رَا۔ ہَٹ) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) فضول گپ شپ (۲) سوتے میں بڑبڑانا۔
**براہمن** (بَ۔ رَاہ۔ مَن) [س۔ا۔ مذکر] عالم۔ ہندوؤں کی سب سے اونچی ذات۔
**براہمنی** (بَ۔ رَاہ۔ مَ۔ نی) [س۔ا۔ مونث] براہمن کی بیوی۔ براہمن ذات کی عورت۔
**براہمہ** (بَ۔ رَا۔ ہِ۔ مَہ) [ف۔ا۔ مذکر] برہمن کی فارسی کی جمع۔
**براہین** (بَ۔ رَا۔ ہِین) [ع۔ا۔ مذکر و مونث] بُرہان کی جمع۔ دلائل۔
**براءت** (بَ۔ رَا۔ اَت) [ع۔ا۔ مونث] نجات۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ صفائی۔
**براؤن** (BROWN) (بَ۔ رَا۔ اُن) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) بھورا رنگ یا روغن (۲) [صفت] بھورے رنگ کا۔ خاکی۔ بادامی۔
**بُرائی** (بُ۔ رَا۔ ای) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) بدی (۲) نقصان۔ خرابی۔ (۳) غیبت (۴) بدگوئی (۵) الزام۔ بہتان۔
**بُرائی آگے آنا**۔ بُرائی کی سزا ملنا۔ کیے کی سزا بھگتنا۔
**برائے** (بَ۔ رَا۔ اے) [ف۔ حرفِ ربط] (۱) لیے (۲) وسیلے سے۔ برکت سے۔
**برائے بیت**۔ ضرورت شعری کے سبب۔ زائد۔ حشو۔ بیکار۔
**برائے خدا**۔ خدا کے لیے۔ فی سبیل اللہ۔
**برائے نام**۔ صرف نام کے طور پر۔ یونہی۔ فرضی۔
**برایا** (بَ۔ رَا۔ یَا) [ع۔ا۔ مونث] بریّہ کی جمع۔ مخلوق۔ جہان۔ دُنیا۔
**بَرباد** (بَر۔ باد) [ف۔ صفت] تباہ۔ ویران۔ خراب۔ ضائع۔ تلف۔
**بربادی** (بَر۔ با۔ دی) [ف۔ا۔ مونث] تباہی۔ ویرانی۔ خرابی۔
**بربری** (بَر۔ بَ۔ رِی) [ع۔ صفت] (۱) علاقہ بربر (شمالی افریقہ) سے متعلق (۲) [مذکر] اس علاقے کا باشندہ (۳) [مونث] اس علاقے کی بکری۔
**بربری خانہ**۔ بکریوں کے رہنے کی جگہ۔ باڑا۔
**بربریت** (بَر۔ بَ۔ رِی۔ یَت) [ع۔ا۔ مونث] وحشی پن۔ خونخواری۔
**بربط** (بَر۔ بَط) [ف۔ا۔ مونث] ایک قسم کا ساز۔ عود۔
**برت** [ہ۔ا۔ مذکر] روزہ۔ صوم (اصل سنسکرت وَرت)
**برتا** (بَر۔ تا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) طاقت (۲) بھروسا (۳) حوصلہ۔
**برتاؤ۔ برتاوا** (بَر۔ تا۔ او، بَر۔ تا۔ وا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) میل جول (۲) سلوک (۳) رواج۔ دستور۔ ڈھنگ۔ وضع۔ طریقہ۔
**برتن** (بَر۔ تَن) [ہ۔ا۔ مذکر] ظرف۔ باسن۔
**برتن بھانڈے**۔ ظروف۔ بہت سے برتن۔
**برتنا** (بَر۔ تَ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) استعمال کرنا (۲) تجربہ کرنا (۳) خرچ کرنا۔ (۴) نباہنا (۵) برتاؤ کرنا۔
**برتھ کنٹرول** (BIRTH CONTROL) (بَرتھ کَنٹ۔ رول) [انگ۔ا۔ مذکر] پیدائش پر کنٹرول۔ ضبطِ نسل۔ ضبطِ تولید۔
**برج بھاشا۔ برج بھاکا**۔ برج کی بول چال۔ متھرا اور بندرابن کی زبان۔
**بُرج** [ع۔ا۔ مذکر] (۱) گنبد (۲) راس یعنی ستارے کا مقام۔ دائرۂ آسمان کا فرضی طور پر بارھواں حصہ۔
**بُرجِ آبی**۔ بُرج سرطان۔ بُرج عقرب اور بُرج حوت۔
**بُرجِ آتشی**۔ بُرج حمل۔ بُرج اسد اور بُرج قوس۔
**بُرجِ اسد**۔ آسمان کا وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر شیر کی شکل میں واقع ہیں۔
**بُرجِ بادی**۔ بُرج جوزا۔ بُرج میزان اور بُرج دلو۔
**بُرجِ حمل**۔ آسمان کے بُرجوں میں سے پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہے۔
**بُرجِ خاکی**۔ بُرج ثور۔ بُرج سنبلہ اور بُرج جدی۔
**بُرجی** (بُر۔ جی) [ع۔ا۔ مونث] بُرج کی تصغیر۔ چھوٹا بُرج۔
**برجیس** (بِر۔ جیس) [ف۔ا۔ مذکر] ایک ستارہ جو چھٹے آسمان پر ہے۔ مشتری۔ قاضی فلک۔
**برچھا** (بَر۔ چھا) [ہ۔ا۔ مذکر] بھالا۔ بلم۔ نیزہ۔
**برچھک** (بِر۔ چھک) [ہ۔ا۔ مذکر] بُرج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں بُرج۔
**برچھی** (بَر۔ چھی) [ہ۔ا۔ مونث] چھوٹا بھالا۔ بلم۔ نیزہ۔
**بُرد** [ع۔ا۔ مونث] ایک قسم کی چادر یا کمل۔
**بُردِ یمانی**۔ یمن کی چادر۔
**بُرد** [ف۔ا۔ مونث] (۱) لے جانے یا اٹھانے کا عمل (۲) نفع۔ رشوت (۳) شرط (۴) شطرنج کی بازی میں بادشاہ کا اکیلا رہ جانا۔
**بُردبار**۔ برداشت کرنے والا۔ صابر۔ متحمل (یہ اُردو ترکیب ہے)۔
**بُردباری**۔ تحمل۔ صبر۔ برداشت۔ سہار۔
**برد مارنا**۔ بازی جیتنا۔
**بردار** [ف۔ صفت] مصدر برداشتن کا اسم فاعل یعنی اٹھانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے حکم بردار۔
**برداری** (بَر۔ دا۔ ری) [ف۔ا۔ مونث] اُٹھانا۔ اٹھانے کا عمل۔
**بردہ** (بَر۔ دَہ) [ف۔ا۔ مذکر] غلام۔ داس۔ بندہ۔
**بردہ فروش**۔ غلاموں کی تجارت کرنے والا۔
**بردہ فروشی**۔ غلاموں کی سوداگری۔
**برزخ** (بَر۔ زَخ) [ع۔ا۔ مذکر و مونث] (۱) آڑ۔ پردہ (۲) مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ (۳) دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز۔
**برس** (بَ۔ رَس) [ہ۔ا۔ مذکر] سال۔ سنہ (اصل سنسکرت ورش)
**برس کے برس دن**۔ وہ خوشی یا جشن کا دن جو سال بھر کے بعد آتا ہے۔ سالانہ تہوار کا دن۔
**برس گانٹھ**۔ سالگرہ۔
**برسویں دن**۔ ہر سال۔ سال میں ایک بار۔
**برسابرس** (بَر۔ سا۔ بَ۔ رَس) [ہ۔ تابع فعل] ہر سال۔ سدا برس۔
**برسات** (بَر۔ سات) [ہ۔ا۔ مونث] بارش کا موسم۔ برکھا رُت۔
**برساتی** (بَر۔ سا۔ تی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) گھوڑوں یا اونٹوں کی ایک بیماری جو برسات میں ہو جاتی ہے (۲) سائبان (۳) وہ فصل جو برسات کے موسم میں تیار ہو یا بوئی جائے (۴) بارش سے بچنے کا کوٹ (۵) [صفت] برسات سے متعلق۔
**برسام** (بَر۔ سام) [ف۔ا۔ مذکر] ایک بیماری جس میں پھیپھڑوں میں پانی بھر جاتا ہے۔
**برسانا** (بَر۔ سا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بارش کرنا (۲) دانے کو ہوا میں اُڑا کر بھوسا علیحدہ کرنا۔
**برساؤ** (بَر۔ سا۔ اُو) [ہ۔ صفت] برسنے والا۔ برسنے کا۔
**برس پڑنا** (بَ۔ رَس۔ پَڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گالیاں دینا۔ سخت غصے ہونا (۲) مینہ کا یکایک برسنا۔

Marfat.com

**برسنا** (بَر۔سْ۔نا) [ہ۔مص ل] (۱) مینہ پڑنا (۲) خشک ہونا (۳) کسی شے کا کثرت سے ہونا۔
**برسی** (بَر۔سی) [ہ۔ا۔مونث] مُردے کے سال پورا ہونے کی فاتحہ خوانی۔
**برشا** [ف۔ا۔مذکر] ایک مرکب دوا کا نام جس کا جزو اعظم افیون ہے۔ برشتا۔
**برش** (BRUSH) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) موقلم (۲) کُوچی (۳) کپڑے وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔
**برش** (بُر۔رِش) [ف۔ا۔مونث] تیزی۔ کاٹ۔
**برشتہ** (بِ۔رِش۔تہ) [ف۔صف] بھُونا ہُوا۔ بریاں۔
**برشگال** (بَرش۔گال) [ف۔ا۔مونث] برسات۔ بارش۔ (فارسی والوں نے اسے ہندی برش کال سے بنایا ہے)
**برص** (بَ۔رَص) [ع۔ا۔مذکر] سفید کوڑھ۔ ایک مرض (سفید و سیاہ دو طرح کا ہوتا ہے)
**برف** [ف۔ا۔مونث] (۱) جما ہُوا پانی (۲) پالا (۳) [صف] نہایت سفید بہت ٹھنڈا۔
**برف کا زمانہ**۔ وہ وقت جب دُنیا برف سے ڈھکی پڑی تھی۔
**برفاب** (بَر۔فاب) [ف۔ا۔مذکر] سرد پانی جو برف کے گھلنے سے نکلتا ہے۔
**برفانی** (بَر۔فا۔نی) [ف۔صف] (۱) برف سے متعلق (۲) نہایت سرد۔
**برفی** (بَر۔فی) [ف۔ا۔مونث] ایک قسم کی مٹھائی۔
**برق** [ع۔ا۔مونث] (۱) آسمانی بجلی (۲) مصنوعی بجلی (۳) [صف] تیز۔ چالاک۔
**برق خاطف**۔ بجلی کی چمک جو آنکھ کو خیرہ کر دے۔
**برق خرام**۔ برق رفتار۔ تیز رفتار۔
**برق دم**۔ تیز دھار والی (تلوار وغیرہ)۔
**برق دم ہونا** (۱) مستعد ہونا۔ تیز ہونا (۲) چمکدار ہونا۔
**برق ربا**۔ بجلی کا کنڈکٹر۔ آسمانی بجلی کو زمین میں اُتار دینے والا آلہ۔
**برق زدہ** (۱) بجلی کا جلایا ہُوا (۲) وہ جس پر بجلی گری ہو۔
**برق نما**۔ ایک آلہ جس کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر برقی بار ہے یا نہیں اور اگر ہے تو منفی ہے یا مثبت (ELECTROSCOPE)
**برق وش**۔ بجلی کی طرح۔ شوخ۔ چمکیلا۔
**برقاب** (بَر۔قاب) [ف۔ا۔مونث] پانی سے نکال ہوئی بجلی۔ ہائیڈرو الیکٹرسٹی۔
**برقع** (بُر۔قَع) [ع۔ا۔مذکر] (۱) نقاب (۲) وہ کپڑا جسے عورتیں پردے کے لیے سر سے پاؤں تک اوڑھتی ہیں۔
**برقع اُٹھانا** (۱) منہ سے نقاب ہٹانا (۲) راز فاش کرنا۔
**برقنداز** (بَر۔قَن۔داز) [ت۔ا۔مذکر] (۱) بندوقچی۔ چپڑاسی۔ سپاہی (۲) اردلی۔ محافظ۔
**برقی** (بَر۔قی) [ع۔صف] برق سے منسوب۔ بجلی کا۔
**برقی اکائی**۔ وہ مقررہ اکائی جس سے صرف شدہ بجلی کی مقدار معلوم ہوتی ہے
**برقی رو**۔ بجلی کی لہر جو جنبش دینے سے اجسام میں سے فوراً گزرتی ہے۔ (ELECTRIC CURRENT)
**برقیہ** (بَر۔قی۔یَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) تار ٹیلیگرام (۲) الیکٹران (ELECTRON)
**برکات** (بَ۔رَ۔کات) [ع۔ا۔مونث] برکت کی جمع۔
**برکت** (بَ۔رَ۔کَت) [ع۔ا۔مونث] (۱) کثرت (۲) نعمت کی زیادتی خوش قسمتی جو انہیں راس آ گئی سمجھتے ہیں۔
**برکت اُٹھنا**۔ برکت اُٹھ جانا۔ برکت جاتا۔ نحوست آنا۔ رونق نہ رہنا۔

**برکت دینا**۔ ترقی دینا۔ بڑھانا۔
**برکت کے دن**۔ وہ زمانہ جب چیزیں سستی ملتی ہوں۔
**برکت ہے**۔ فقیروں کو کچھ دینا مقصود نہ ہو تو عورتیں کہتی ہیں۔
**برکنا** (بَ۔رَک۔نا) [ہ۔مص ل] چھڑکنا۔ ڈالنا۔ بکھیرنا۔ چھینٹا لگانا۔
**برکھو** [ہ۔ا۔مذکر] آسمان کے دوسرے بُرج کا نام۔ بُرج ثور۔
**برکھا** (بَر۔کھا) [ہ۔ا۔مونث] بارش۔ برسات (اصل سنسکرت ورشا)
**برکھا رُت**۔ برسات کا موسم۔
**برکی** (بَرَ۔کی) [ہ۔ا۔مونث] چٹکی بھر سفوف۔
**برگ** [ف۔ا۔مذکر] (۱) پتّا۔ ورق (۲) سامان۔ توشہ۔
**برگ تنبول**۔ پان۔
**برگ ریز**۔ پتّے گرانے والا۔ موسمِ خزاں۔ پت جھڑ۔
**برگ سبز** (۱) سبز پتّا (۲) [مجازاً] کم مقدار۔ حقیر چیز (۳) پان۔
**برگ سبز است تحفہ درویش** [مثل] سبز پتّا فقیر کا ہدیہ ہے۔ تحفہ یا ہدیہ پیش کرتے وقت انکسار سے کہا جاتا ہے۔
**برگ و بار**۔ پھل اور پتّے۔
**برگ و ساز**۔ ساز و سامان۔ زندگی کا سامان۔
**برگا** (بَر۔گا) [ہ۔ا۔مذکر] چھوٹی لکڑی۔ چھوٹی کڑی۔
**برگد** (بَر۔گد) [ہ۔ا۔مذکر] بڑ کا درخت۔ بڑ۔
**برگد کی ڈاڑھی**۔ برگد کے وہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں۔
**برما** (بَر۔ما) [ہ۔ا۔مذکر] لکڑی میں چھید کرنے کا اوزار۔ سُنبا۔
**برمانا** (بَر۔ما۔نا) [ہ۔مص ل] برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔
**برمانا** (بَر۔ما۔نا) [ہ۔مص] (۱) معین کرنا (۲) دق کرنا۔ ستانا۔
**برن** (بَ۔رَن) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) رنگ۔ نقشہ۔ بدن (۲) ذات قوم۔ فرقہ۔ نسل (۳) مذہب (اصل سنسکرت ورن)
**برنا** (بُر۔نا) [ف۔صف] جوان۔ نوعمر۔
**برنائی** (بُر۔نا۔ئی) [ف۔ا۔مونث] جوانی۔
**برنج** (بِ۔رِنج) [ف۔ا۔مذکر] (۱) چاول (۲) پیتل۔
**برنج کابلی**۔ باؤ رنگ۔ (برنج کابلی)
**برنج مُشک** (فرہنگ) ایک دوا کا نام۔ جو تلسی اور ریحان کی قسم سے ہے۔
**برنجن** (بِ۔رَن۔جَن) [ف۔ا۔مونث] سونے چاندی کی چوڑی۔
**برنجی** (بِ۔رَن۔جی) [ف۔ا۔مذکر] (۱) پیتل کا برتن (۲) چھوٹی کیل۔
**بروا** (بَر۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) خراب قسم کی ریتلی زمین (۲) ایک راگنی کا نام۔
**بروا** (بِر۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) پودا (۲) درخت۔
**بُرُوت** (بُ۔رُوت) [ف۔ا۔مونث] مونچھ۔
**بُرُوج** (بُ۔رُوج) [ع۔ا۔مذکر] بُرج کی جمع
**برودت** (بُ۔رُو۔دَت) [ع۔ا۔مونث] سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔
**بروکر** (BROKER) (بِ۔رو۔کر) [انگ۔ا۔مذکر] دلال۔ ایجنٹ
**بروگ** (بِ۔روگ) [ہ۔ا۔مذکر] جدائی۔ فراق۔ ہجر۔
**بروگن** (بِ۔رو۔گن) [ہ۔ا۔مونث] فراق زدہ عورت۔
**بروگی** (بِ۔رو۔گی) [ہ۔ا۔مذکر] فراق زدہ مرد۔
**برون** (بِ۔رُون) [ف] بیرون کا مخفف
**برہ** (بَرَّہ) [ف۔ا۔مذکر] بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ۔ بزغالہ

Marfat.com

برہ فلک - برجِ حمل -
برہ (بِ - رَہ) [ہ - ا - مذکر] (۱) ہجر - جدائی - فراق (۲) جدائی کا گیت
برہا (بِر - ہا) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے برہ -
برہان (بُر - ہان) [ع - ا - مونث] قطعی دلیل - پکی دلیل -
برہسپت (بِ - رَہس - پت) [س - ا - مذکر] (۱) ایک ستارے کا نام - مشتری (۲) جمعرات -
برہم - برہما (بِ - رَہم، بِ - رَہ - ما) [س - ا - مذکر] ربّ الارباب - قادرِ مطلق - خالقِ کائنات - مبداءِ عالم - خدائے تعالیٰ - مذہبِ ہنود۔
برہمچاری (۱) وہ شخص جو علم وید حاصل کرنے کے لیے سیاحی کرے (۲) ایشور کا متلاشی (۳) [مجازاً] تارکُ الدنیا -
برہم (بَر - ہَم) [ف - صف] (۱) رنجیدہ - ناراض (۲) بے ترتیب - پریشان -
برہمن (بِ - رَہ - مَن) دیکھیے براہمن -
برہمو سماج (بِ - رَہ - مو - سَ - ماج) [ہ - ا - مذکر] ہندوؤں کا ایک مکتبۂ فکر جس کی بنیاد ۱۸۳۰ء میں راجہ رام موہن رائے نے بنگال میں رکھی -
برہمی (بَر - ہَ - می) [ف - ا - مونث] (۱) ابتری - گڑبڑ - خرابی (۲) خفگی - ناراضی -
برہن (بِرہَن) [ہ - ا - مونث] مجبورہ - بیوگی - فرقت زدہ عورت -
برہنگی (بِ - رَہ - نَ - گی) [ف - ا - مونث] عُریانی - ننگا پن -
برہنہ (بِ - رَہ - نَہ) [ف - صف] ننگا - عُریاں - کھلا ہوا -
بری (بَ - ری) [ہ - ا - مونث] ساچق کا سامان - میوہ - پارچہ وغیرہ جو دولہا کی جانب سے دلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے -
بری (بَ - ری) [ع - صف] (۱) آزاد - چھوٹا ہوا (۲) بے گناہ - بےقصور -
بری الذمہ - ذمہ داری سے محفوظ - جواب دہی سے مستثنیٰ -
برّی (بَر - ری) [ع - صف] خشکی کا - زمین سے متعلق -
بُری (بُ - ری) [ہ - صف] بُرا کی تانیث -
بُری سنانا - ناگوار بات کی - بُری خبر سُنانا -
بُری طرح پیش آنا - سختی سے برتاؤ کرنا -
بُری گت - بُری حالت -
بریاں (بِر - یاں) [ف - صف] بھنا ہوا -
بریانی (بِر - یا - نی) [ف - ا - مونث] ایک قسم کا پلاؤ -
بریت (بَ - ری - یت) [ع - ا - مونث] رہائی - آزادی - سبکدوشی - بے قصور ہونا -
برید (بَ - رید) [ف - ا - مذکر] (۱) قاصد - پیغام بر - ایلچی (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک -
برید فلک (۱) چاند (۲) برجِ زحل (۳) مریخ -
بریشم (بَ - رے - شم) [ف - ا - مذکر] ابریشم - ریشم -
بریک (BRAKE) (بِ - ریک) [انگ - ا - مذکر] (۱) گاڑی روکنے کا آلہ (۲) بریک کا ڈبا - گارڈ کا ڈبا -
بریکٹ (BRACKET) (بِ - رے - کٹ) [انگ - ا - مذکر] (۱) قوسین - ( ) ' [ ] ' { } جن میں جملۂ معترضہ یا مشکوک عبارت بند کی جاتی ہے (۲) دیوار میں لگی ہوئی چھوٹی الماری - دیوار گیری یا کھونٹی دیوار (جو گلدان وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار میں بنا دیتے ہیں) -
بریگیڈ (BRIGADE) (بِ - ری - گیڈ) [انگ - ا - مذکر] (۱) کوئی منظم جماعت (۲) سب ڈویژن - فوج کا ایک حصہ -

بریگیڈیر (BRIGADIER) (بِ - ری - گے - ڈِ - یر) [انگ - ا - مذکر] بریگیڈ کا سالارِ اعلیٰ -
بریل (BRAILLE) (بِ - رے - ل) [انگ - ا - مذکر] اندھوں کے لیے ایک نظامِ تحریر و طباعت -
بریں (بَ - ریں) [ف - صف] (۱) اعلیٰ - بلند - برتر (۲) بر ایں - اس پر -
بریں عقل و دانش بباید گریست [مثل] ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے -
بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست [مثل] اس خوش خبری پر اگر جان بھی قربان کر دوں تو جائز ہے -
بریہ (بَ - ری - یہ) [ع - ا - مونث] مخلوق - خلق اللہ -

## ب - ڑ

بڑ [ہ - ا - مونث] (۱) ایک درخت - برگد (۲) بکواس - جھک (۳) بڑا کا مخفف -
بڑبولا (۱) بڑا بول بولنے والا - شیخی مارنے والا (۲) زیادہ بولنے والا -
بڑپیٹا / پیٹو (۱) بڑے پیٹ والا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص - لالچی -
بڑدنتا - بڑے بڑے دانتوں والا -
بڑکنا - بڑے کان والا -
بڑکنی - بڑے کانوں والی -
بڑمکھی / منہی (۱) بڑے منہ والی - بڑی مکھ والی (۲) سوتی -
بڑنکا - بڑی ناک والا -
بڑا (بَ - ڑا) [ہ - صف] (۱) بزرگ - کلاں - بڑی (۲) لمبا (۳) اونچا - معزز - امیر (۵) بہت (۶) بھاری (۷) بلند حوصلہ (۸) عمر میں زیادہ (۹) [ا - مذکر] مونگ، ارد وغیرہ کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیا، جسے دہی میں ڈال کر بھی کھاتے ہیں - بھلا -
بڑا بول - شیخی - غرور - تکبر -
بڑا بول آگے (پیش) آنا - غرور کی سزا ملنا - مغرور کا ذلیل ہونا -
بڑا بول، قاضی کا پیادہ ایک نہ ایک دن آگے آئے گا [مثل] مغرور بہت جلد ذلیل ہوتا ہے - غرور کی سزا بہت جلد ملتی ہے -
بڑا پتھر ہے - بڑا ظالم ہے - بڑا سنگ دل ہے -
بڑا تیر مارا (طنزاً) بہت بڑا کام کیا - بہت ہمت کی -
بڑا دل ہے - بڑا حوصلہ ہے - بڑی ہمت ہے -
بڑا دن - کرسمس -
بڑا کرنا (۱) بلند کرنا - تاننا (۲) جوان کرنا (۳) عزت دینا (۴) تمہید کرنا - (۵) بجھانا (چراغ) -
بڑا گھر (۱) امیر گھرانا (۲) قید خانہ -
بڑے بول کا سر نیچا [مثل] مغرور ذلیل ہوتا ہے - شیخی باز بے عزت ہوتا ہے -
بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ [مثل] بڑے تو بدمعاش تھے ہی، چھوٹے ان سے بڑھ کر نکلے -
بڑاپا - بڑپّن (بَ - ڑا - پا، بَ - ڑپ - پن) [ہ - ا - مذکر] بزرگی - عظمت - بڑائی -

Marfat.com

**بڑائی** (ب - ڑا - ای) [ہ - ا - مؤنث] (۱) عظمت - بزرگی (۲) کشادگی (۳) موٹائی (۴) تعریف (۵) لمبائی (۶) برتری (۷) غرور -

**بڑبڑانا** (بڑ - ب - ڑا - نا - بڑ - بُ - ڑا - نا) [ہ - مص] چپکے چپکے کہنا - زیر لب کچھ کہنا - چپکے چپکے پڑھنا -

**بڑبڑیا** (بڑ - بڑ - یا) [ہ - صفت] بڑ ہانکنے والا - بکی جھکی - بیہودہ گو -

**بڑبھس** (بڑ - بھس) [ہ - ا - مؤنث] بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا - بوالہوسی -

**بڑوَلی** (ب - ڑو - لی) [ہ - ا - مؤنث] بڑ کے درخت کا پھل -

**بڑھاپا** (ب - ڑھا - پا) [ہ - صفت] پیری - کہن سالی - پیرانہ سالی -

**بڑھا چڑھا** [ہ - صفت] نامی گرامی - زیادہ اچھا - بالاتر -

**بڑھا چڑھا کر** - مبالغہ کے ساتھ -

**بڑھا دینا** [ہ - مص] (۱) آگے کھسکانا (۲) بُجھا دینا (چراغ)

**بڑھانا** (ب - ڑھا - نا) [ہ - مص] (۱) زیادہ کرنا - بڑا کرنا (۲) لمبا کرنا (۳) پھیلانا (۴) کھینچنا (۵) اونچا کرنا (۶) آگے لانا (۷) تعریف میں مبالغہ کرنا (۸) امیر کرنا (۹) اُٹھانا - اُتارنا (۱۰) چراغ بجھانا (۱۱) چٹکی کو اونچا کرنا (۱۲) دستر خوان سامنے سے اُٹھانا -

**بڑھاوا** (ب - ڑھا - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) زیادتی (۲) جھوٹی تعریف (۳) لالچ (۴) خوشامد (۵) دام - فریب -

**بڑھاؤ** (ب - ڑھا - او) [ہ - ا - مذکر] زیادتی - ترقی -

**بڑھ بڑھ کے بولنا** [ہ - مص] شیخی مارنا - بات کاٹ کر باتیں کرنا - گستاخی کرنا - اپنی لیاقت اور حیثیت سے زیادہ گفتگو کرنا -

**بڑھتی** (بڑھ - تی) [ہ - صفت] (۱) فاضل - فالتو (۲) [مؤنث] زیادتی - ترقی -

**بڑھ جانا** [ہ - مص] (۱) زیادہ ہو جانا (۲) ترقی کرنا (۳) آگے نکل جانا -

**بڑھ چڑھ کے** [ہ - صفت] بہتر - برتر - فائق - بالاتر -

**بڑھ چلنا** [ہ - مص] گستاخ اور مغرور ہو جانا -

**بڑھ کر - بڑھ کے** [ہ - صفت] (۱) زیادہ - افزوں (۲) اعلیٰ - برتر -

بڑھ کے لینا - پیشوائی کرنا -

**بڑہل** (بڑ - ہل) [ہ - ا - مذکر] ایک درخت کا نام جس کا پھل گول اور زرد ہوتا ہے -

**بڑھنا** (بڑھ - نا) [ہ - مص] (۱) بلند ہونا (۲) حجم اور ضخامت میں زیادہ ہونا (۳) لمبا ہونا (۴) حد سے گزرنا (۵) زیادہ ہونا (۶) طاقتور ہونا (۷) ترقی کرنا (۸) پیش قدمی کرنا (۹) چراغ گل ہونا (۱۰) دکان بند ہونا

**بڑھوتری** (ب - ڑھو - تری) [ہ - ا - مؤنث] (۱) زیادتی (۲) ترقی (۳) منافع -

**بڑھئی** (ب - ڑھئی) [ہ - ا - مذکر] (۱) ترکھان (۲) کھٹ بڑھئی -

**بڑھیا** (بڑھ - یا) [ہ - صفت] اعلیٰ درجے کا - اعلیٰ قسم کا - بیش قیمت -

**بڑھیا** (بڑھ - یا) [ہ - صفت و - ا - مؤنث] (۱) بوڑھی عورت (۲) آگ

بڑھیا آفت کی پڑیا - فتنہ انگیز بوڑھی عورت -

بڑھیا کا کاتا - ایک قسم کی لچھے دار مٹھائی -

بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا - [مثل] ایک بار کا نقصان آیندہ کے خطروں کی تمہید ہے -

**بڑھیل** (ب - ڑھیل) [ہ - صفت] [تحقیر] بہت بوڑھی عورت -

**بڑی** (ب - ڑی) [ہ - صفت] (۱) بڑا کی تانیث - بزرگ (۲) [ا - مؤنث] مونگ یا اُرد کی دال سے بنی ہوئی ٹکیہ جس کا سالن پکاتے ہیں -

بڑی آنت - وہ آنت جس سے فضلہ خارج ہوتا ہے -

بڑی اسامی - مالدار شخصیت - امیر ہستی -

بڑی الائچی - سیاہی مائل سُرخ الائچی جو گرم مسالے میں استعمال ہوتی ہے -

بڑی بات (۱) مشکل بات - امر محال (۲) عمدہ اور اچھی بات -

بڑی بہو (۱) بڑے بیٹے کی بیوی (۲) [تحقیراً] بے وقوف بہو -

بڑی چیز (۱) قرآن شریف (۲) غیر معمولی (۳) قیمتی (۴) جسیم - بھاری - لمبی چوڑی (۵) نایاب - قابل تعریف -

بڑی ناک والا - عزت والا - غیرت والا -

بڑیاں توڑنا - پھاج یا بوریا وغیرہ پر بڑیاں بنانا - کیوڑیاں بنانا -

# ب - ز

**بُز** [ف - ا - مؤنث] بکرا - بکری - گوسفند -

بُز اخفش - مشہور نحوی اخفش کا بکرا - بے سمجھے گردن ہلانے والا بے وقوف -

بُز دل - والا - ڈرپوک - بے ہمت - کم حوصلہ -

بُزدلی - ڈرپوک پن - نامردی - کم ہمتی -

بُز غالہ (۱) بکری کا بچہ (۲) جنگلی یا پہاڑی بکرا -

**بزّاز** (بز - زاز) [ع - ا - مذکر] کپڑا بیچنے والا -

**بزازا** (بز - زا - زا) [ا - ا - مذکر] کپڑا منڈی - کلاتھ مارکیٹ -

**بزّازی** (بز - زا - زی) [ف - ا - مؤنث] پارچہ فروشی - کپڑا بیچنے کا پیشہ -

**بزرقطونا** (ب - زر - ق - طو - نا) [ف - ا - مذکر] اسبغول -

**بُزُرگ** (بُ - زُرگ) [ف - صفت] (۱) بڑا (۲) بڑی عمر کا (۳) سیانا (۴) معزز (۵) عارف - ولی (۶) آباؤ اجداد (۷) [طنزاً] شریر - بدمعاش -

بزرگ داشت - خاطر داری -

بزرگ منش - اچھی عادت والا - بزرگانہ طبیعت رکھنے والا -

بزرگوار - بزرگ کی مانند - بزرگ -

بزرگواری - عظمت - بزرگی - بڑائی -

**بُزُرگانہ** (بُ - زُر - گا - نہ) [ف - صفت و تابع فعل] بزرگ سے منسوب - بزرگوں کی طرح - بزرگوں کے لائق -

**بُزُرگی** (بُ - زُر - گی) [ف - ا - مؤنث] بڑائی - عزت - عظمت - شرافت -

بزرگی بعقل است نہ بسال [مثل] بزرگی عقل پر موقوف ہے عمر پر نہیں

**بزلہ** (بز - لہ) [ف - ا - مذکر] دیکھیے بذلہ -

**بزم** [ف - ا - مؤنث] سبھا - محفل - مجلس -

بزم آرا - مجلس آراستہ کرنے والا - صاحب مجلس - میر مجلس -

بزم افروز - مجلس کو رونق بخشنے والا -

بزم سخن - شعر خوانی کی محفل - مشاعرہ -

بزم گاہ - عیش کی جگہ - مجلس کی جگہ -

بزم ماتم - غم کی مجلس -

بزم نشاط - خوشی کی مجلس - مجلس رقص و سرود -

**بزن** (ب - زن) [ف - ا - مذکر] قتل - قتل کا حکم - قتل عام -

بزن بولنا - قتل عام کا حکم دینا - حملہ کرنا -

بزن کرنا - قتل عام کرنا -

**بزنس** (BUSINESS) (بز - نس) [انگ - ا - مؤنث] (۱) پیشہ - شغل - کاروبار (۲) کام - فرض منصبی -

Marfat.com

# ب ـ س

بس [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] قابو ۔ زور ۔ طاقت ۔ اختیار ۔ مجال ۔
بس چلنا ۔ اختیار ہونا ۔ قبضہ ہونا ۔ زور چلنا ۔
بس میں کرنا ۔ بس میں لانا (۱) قابو میں لانا ۔ زیر کرنا (۲) فریفتہ کرنا ۔
بس [ ف ۔ صفت ] (۱) کافی ۔ بہت (۲) فقط (۳) یعنی امر چپ رہو ۔
بس کرنا ۔ ختم کرنا ۔ رک جانا ۔ موقوف کرنا ۔
بس کرو ۔ جانے دو ۔ ٹھہرو ۔ ختم کرو ۔
بس کہ (۱) چونکہ (۲) القصہ ۔ حاصل کلام ۔ غرض کہ ۔
بِس [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) زہر (۲) عیب (۳) جھگڑا (۴) [ صفت ] شریر ۔ فتنہ پرداز ۔
بس اُگلنا (۱) زہر تھوکنا (۲) بُرا کہنا (۳) جھگڑا کھڑا کرنا ۔ چغلی کھانا ۔
بس بھری (۱) زہر بھری (۲) کینہ ور ۔ فسادی ۔
بس کی پُڑیا (گانٹھ) (۱) زہر قاتل (۲) شریر ۔ مفسد (۳) کینہ ور ۔
بس گھولنا ۔ زہر پھیلانا ۔ فتنہ و فساد پھیلانا ۔
بسا (بَ ۔ سا) [ ف ۔ صفت ] بہت ۔ اکثر ۔
بسا اوقات ۔ بہت دفعہ ۔ اکثر مرتبہ ۔
بساط (بِ ۔ ساط) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) بستر ۔ فرش (۲) چوسر اور شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا تختہ (۳) سرمایہ (۴) حوصلہ ۔ ہمت ۔ وسعت ۔ قدرت ۔
بساط خانہ ۔ وہ مقام جہاں بساطی بیٹھتے ہیں ۔ بساطیوں کا بازار ۔
بساط سے باہر ۔ مقدور سے زیادہ ۔
بساط کیا ہے ۔ حیثیت کیا ہے ۔ ہستی کیا ہے ۔
بساطی (بِ ۔ سا ۔ طی) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] خردہ فروش ۔ چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا ۔
بسالت (بَ ۔ سا ۔ لت) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] دلیری ۔ بہادری ۔
بسالٹ (BASALT) (بَ ۔ سالٹ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] گہرا سبز یا سیاہی آتش انگیز پتھر جس میں بالعموم کھردرے رت ہوتے ہیں ۔
بسان (بَ ۔ سان) [ ف ۔ حرف تشبیہ ] مانند ۔ مثل ۔ مشابہ ۔
بسانا (بَ ۔ سا ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) آباد کرنا ۔ معمور کرنا (۲) مستقر کرنا ۔
بساند ۔ بسانڈ (بَ ۔ ساند ۔ بَ ۔ سانڈ) [ ہ ۔ ا ۔ مونث ] بُو ۔ گوشت یا مچھلی وغیرہ کی بُو ۔
بساندا (بَ ۔ ساں ۔ دا) [ ہ ۔ صفت ] بدبودار ۔ بدمزہ (مونث کے لیے بساندی) ۔
بسائط (بَ ۔ سا ۔ ئط) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] بسیط کی جمع ۔ اربع عناصر ۔
بست [ ہ ۔ ا ۔ مونث ] اسباب (تنہا مستعمل نہیں ۔ چیز بست کہتے ہیں)
بست [ ف ] بستہ کا مخفف (۱) بندھا ہوا (۲) بند (۳) جما ہوا ۔
بست و کشاد ۔ بند اور کھلا ہوا ۔ حل و عقد ۔
بِست [ ف ۔ صفت ] بیس (۲۰)
بست و بست کا تعویذ ۔ ایک قسم کا نقش ۔
بُستان (بُس ۔ تان) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] بوستان کا مخفف ۔ باغ ۔
بستان پیرا ۔ باغ کو کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنے والا ۔
بستان سرا ۔ وہ مکان جس میں باغیچہ لگا ہوا ہو ۔
بستانی (بُس ۔ تا ۔ نی) [ ف ۔ صفت ] بوستان سے منسوب ۔ باغ کا ۔
بستر (بِس ۔ تر) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] بچھونا ۔ فرش ۔
بستر بچھانا ۔ بستر کرنا ۔ بستر لگانا (۱) بچھونا بچھانا (۲) قیام کرنا ۔
بستر سے پیٹھ لگ جانا ۔ صاحب فراش ہو جانا ۔ بہت بیمار ہونا ۔
بسترا (بِس ۔ تَ ۔ را) [ اُر ۔ ا ۔ مذکر ] بچھونا ۔ بستر ۔
بستگی (بَس ۔ تَ ۔ گی) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) بندش ۔ باندھنا (۲) آراستگی (۳) پیوند لگانا ۔
بستنی (بَس ۔ تَ ۔ نی) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) غلاف ۔ پنجرے یا ستار وغیرہ کی پوشش (۲) وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھ کر رکھیں ۔
بستہ (بَس ۔ تہ) [ ف ۔ صفت ] (۱) بندھا ہوا ۔ جما ہوا (۲) [ مذکر ] بچوں کا جزدان ۔
بستی (بَس ۔ تی) [ اُر ۔ ا ۔ مونث ] گاؤں ۔ قصبہ ۔ آباد جگہ ۔
بسر (بَ ۔ سَر) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] گزر ۔
بسر اوقات ۔ گزر بسر ۔ وقت کاٹنا ۔ وقت گزارنا ۔
بسر کرنا (۱) گزر کرنا (۲) نباہنا ۔
بِسَر (بِ ۔ سَر) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] بھول ۔
بسر جانا ۔ بھول جانا ۔ چوک جانا ۔ یاد نہ رہنا ۔
بِسرا (بِس ۔ را) [ ہ ۔ صفت ] بھولا ہوا ۔
بسرام (بِس ۔ رام) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) آرام ۔ سکھ (۲) ٹھہراؤ ۔ توقف ۔
بسرانا (بِس ۔ را ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] بھلانا ۔ دل سے اتارنا ۔
بسط [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] فراخی ۔ کشادگی ۔ شرح ۔ تفصیل ۔ تشریح ۔
بسکٹ (بِس ۔ کُٹ) [ ۔ ا ۔ مذکر ] ایک قسم کی میٹھی یا نمکین ٹکیا ۔
بسم اللہ (بِس ۔ مِل ۔ لاہ) [ ع ] (۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مخفف ۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں (۲) مکتب نشینی کی رسم ۔
بسم اللہ کا گنبد ۔ (۱) جائے پناہ ۔ حفاظت کا مقام (۲) ابتدائی منزل ۔
بسم اللہ کرنا ۔ (۱) شروع کرنا (۲) کھانا تناول کرنا ۔
بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا (۱) پناہ میں رہنا (۲) ناتجربہ کار ہونا ۔
بسم اللہ ہی غلط ۔ ابتدا ہی غلط ۔ چھوٹتے ہی غلط ۔
بسمل (بِس ۔ مِل) [ ف ۔ صفت ] بسم اللہ اللہ اکبر کا مخفف جو جانور ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں (۱) زخمی (۲) تڑپنے والا (۳) [ مجازاً ] عاشق ۔
بسنا (بَس ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) رہنا ۔ آباد ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) مستقل ہونا ۔
بِسنا (بِس ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] سڑنا ۔ بدبودار ہونا ۔ باس دینا ۔
بسنت (بَ ۔ سنت) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر و مونث ] (۱) بہار کا موسم ۔ بہار کا ایک تہوار (۲) بسنت کے موسم میں گائے جانے والے گیت (۳) ایک راگ (۴) سرسوں کے پھول ۔
بسنت پنچمی ۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جو ماگھ سُدی پنچمی کو منایا جاتا ہے ۔
بسنت پھولنا (۱) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا (۲) زردی چھانا ۔
بسنتی (بَ ۔ سن ۔ تی) [ ہ ۔ صفت ] (۱) زرد ۔ زعفرانی (۲) [ مونث ] زرد رنگ (۳) ہلکی پیلی دری ۔ بسنت والی ۔
بسواس (بِس ۔ واس) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] بھروسہ ۔ اعتماد ۔ یقین ۔
بسوانسی (بِس ۔ واں ۔ سی) [ ہ ۔ ا ۔ مونث ] بسوے کا بیسواں حصہ ۔
بسورنا (بِ ۔ سور ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] رونے کی شکل بنانا ۔ رونے کا ارادہ کرنا ۔
بسولا (بَ ۔ سو ۔ لا) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] تیشہ ۔ لکڑی چھیلنے کا ایک اوزار ۔
بسولی (بَ ۔ سو ۔ لی) [ ہ ۔ ا ۔ مونث ] چھوٹا بسولا ۔ تیشہ [illegible]

Marfat.com

کا اوزار ۔
**بسوہ** (بس ۔ وَہ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بیگھہ کا بیسواں حصہ ۔
**بسیار** (بس ۔ یار) [ف ۔ صف] بہت زیادہ
**بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے** [فقل] بہت سفر کرنے سے تجربہ ہوتا ہے ۔ تجربے سے آدمی ہوشیار ہوتا ہے ۔
**بسیار گو** ۔ بڑ بولا ۔ بکی ۔ بَقّی ۔
**بسیرا** (بَ ۔ سے ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] شب باشی ۔ قیام ۔ رات کو ٹھہرنے کی جگہ ۔
**بسیرا کرنا/لینا** ۔ رات کو ٹھہرنا ۔ درختوں پر پرندوں کا رات کو رہنا ۔
**بسیرے کا وقت** ۔ سرِ شام ۔ گھونسلے میں جانے کا وقت ۔
**بسیط** (بَ ۔ سیط) [ع ۔ صف] (۱) کشادہ (۲) غیر مرکب (۳) (مونث) عروض کی ایک بحر ۔
**بسیندھا** (بَ ۔ سیں ۔ دھا) [ہ ۔ صف] بدبودار ۔ سڑا ہوا ۔ بُسا ہوا ۔

## ب ۔ ش

**بشارت** (بِ ۔ شا ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) خوش خبری (۲) الہام
**بشاش** (بَش ۔ شاش) [ع ۔ صف] خوش و خرم ۔ مسرور ۔ مگن ۔ تروتازہ ۔
**بشاشت** (بَ ۔ شا ۔ شَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) خوشی (۲) فرحت (۳) خندہ رُوئی ۔
**بشپ** (BISHOP) (بِ ۔ شَپ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بڑا پادری ۔ دینِ عیسوی کا مجتہد ۔
**بشر** (بَ ۔ شَر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] آدمی ۔ انسان ۔
**بشرہ** (بَش ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چہرہ ۔ مکھڑا (۲) حلیہ ۔ قیافہ ۔
**بشریٰ** (بُش ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) خوشخبری (۲) بشیر کی تانیث ۔
**بشری** (بَ ۔ شَ ۔ ری) [ع ۔ صف] انسان سے منسوب ۔ انسانی ۔
**بشریت** (بَ ۔ شَ ۔ ری ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] آدمیت ۔ انسانیت
**بشیر** (بَ ۔ شیر) [ع ۔ صف] (۱) خوشخبری دینے والا (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صفاتی نام ۔

## ب ۔ ص

**بصارت** (بَ ۔ صا ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] نظر ۔ بینائی ۔ آنکھ کی روشنی ۔
**بصائر** (بَ ۔ صا ۔ اِر) [ع ۔ ا ۔ مونث] بصیرت کی جمع ۔
**بصر** (بَ ۔ صَر) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) نظر ۔ بینائی (۲) [مجاز؟] آنکھ ۔
**بصل** (بَ ۔ صَل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پیاز ۔
**بصیر** (بَ ۔ صیر) [ع ۔ صف] (۱) دیکھنے والا (۲) دانا (۳) خدا کا ایک صفاتی نام ۔
**بصیرت** (بَ ۔ صی ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] بینائی ۔ دل کی بینائی ۔ دانائی ۔ آگاہی ۔ رائے ۔ خیال ۔

## ب ۔ ض

**بضاعت** (بِ ۔ ضا ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) دولت ۔ سامان (۲) پونجی ۔ حصہ ۔
**بضعہ** (بَض ۔ عَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] گوشت کا ٹکڑا ۔

## ب ۔ ط

**بط** [ع ۔ ا ۔ مونث] ایک آبی جانور ۔ بطخ ۔
بطِ مے ۔ شراب کی صُراحی ۔
**بطحا** (بط ۔ حا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] فراخ اور کشادہ زمین ۔ مراد مکہ معظمہ ۔
**بطخ** (بَ ۔ طَخ ۔ بَط ۔ طَخ) [اُر ۔ ا ۔ مونث] پاتو بط ۔
**بطخا** (بَط ۔ خا) [اُر ۔ ا ۔ مذکر] نر بط ۔
**بطخی** (بط ۔ خی) [ف ۔ ا ۔ مونث] بازو کی کُشتی ۔
**بطریق** (بط ۔ ریق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پادریوں کا سردار (۲) آتش پرستوں کا پیشوا ۔
**بُطلان** (بُط ۔ لان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تردید ۔ ضائع ہونا ۔ باطل ہونا ۔
**بطل** (بَ ۔ طَل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بہادر (۲) ہیرو ۔
**بطن** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیٹ ۔ شکم (۲) کسی چیز کا اندرونی حصہ ۔
**بطناً بعد بطن** (بَط ۔ نَن ۔ بَع ۔ دَ ۔ بَط ۔ نِن) [ع ۔ ف] نسلاً بعد نسل ۔ پشت در پشت ۔ خاندانی ۔ موروثی ۔
**بطنی** (بَط ۔ نی) [ع ۔ صف] بطن سے منسوب ۔ پیٹ کا ۔
**بطون** (بُ ۔ طون) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بطن کی جمع (۲) اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے بمعنی راز ۔ بھید ۔ حال ۔ ارادہ ۔
**بطی** (بَ ۔ طی) [ع ۔ صف] دیر کرنے والا ۔
**بطی الحرکت** ۔ وہ جو آہستہ آہستہ حرکت کرے ۔

## ب ۔ ع

**بعث** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بھیجنا ۔ پیغام پر بھیجنا (۲) مُردے کو زندہ کرنا (۳) قیامت ۔
**بعث و نشر** ۔ روزِ قیامت ۔ جس روز انسان قبروں سے اُٹھائے جائیں گے اور پھر پھیلا دیے جائیں گے (نشر بمعنی پھیلانا)
**بعثت** (بِع ۔ ثَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) رسالت ۔ پیغمبر کا بھیجا جانا (۲) رسالت کا زمانہ خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ۔
**بعد** [ع] پیچھے ۔ آخر ۔
بعد از خرابیٔ بسیار ۔ بڑی خرابی کے بعد ۔ بڑی مشکل سے ۔
بعد از مرگ واویلا ۔ کسی کام کے ہو چکنے کے بعد شور مچانا ۔
**بُعد** [ع ۔ ا ۔ مذکر] دُوری ۔ فاصلہ ۔ مسافت ۔
**بُعد المشرقین** ۔ پورب پچھم کی دُوری ۔ بہت زیادہ فرق ۔
**بعض** [ع ۔ صف] چند ۔ متعدد ۔ مختلف ۔ کوئی ۔
**بعید** (بَ ۔ عید) [ع ۔ صف] دُور ۔ فاصلے پر ۔ علٰحدہ ۔
**بعید العقل** ۔ عقل کے خلاف ۔ سمجھ میں نہ آنے والا ۔
**بعید القیاس** ۔ قیاس کے خلاف ۔

Marfat.com

## ب ۔ غ

بغچہ (بُغ ۔ چہ) [ت ۔ ا ۔ مذکر] بقچہ ۔ گٹھڑی ۔
بغچی (بُغ ۔ چی) [ار ۔ ا ۔ مونث] بقچے کی تانیث ۔ چھوٹی گٹھڑی ۔ پوٹلی ۔
بغدا (بُغ ۔ دا) [ف ۔ ا ۔ مذکر] قصابوں کا قیمہ کوٹنے کا چھرا ۔
بغدی (بُغ ۔ دی) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک اعلیٰ نسل کا اونٹ ۔
بغض [ع ۔ ا ۔ مذکر] نفرت ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ کینہ ۔ حسد ۔
بغض للّہی ۔ خدا واسطے کا بیر ۔ ناحق کی دشمنی ۔
بغضی (بُغ ۔ ضی) [ف ۔ صفت] بغض رکھنے والا ۔ کینہ ور ۔
بغل (ب ۔ غل) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) شانے کے نیچے کا حصہ (۲) پہلو ۔ جانب ۔ کروٹ (۳) برابر ۔ ایک طرف ۔
بغل گرم کرنا ۔ پہلو میں لیٹنا ۔
بغل گند ۔ بغل کی بدبو ۔ ایک بیماری ۔
بغل گیر ہونا ۔ گلے لگنا ۔ ہم آغوش ہونا ۔
بغل گیری (۱) گلے ملنا (۲) کشتی کے ایک داؤ کا نام ۔
بغل میں بیٹھنا ۔ کسی کے پہلو میں بیٹھنا ۔
بغل میں چھری منہ میں رام رام [مثل] ظاہر میں دوست باطن میں دشمن ۔
بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا [مثل] چیز تو پاس ہے اور دنیا بھر میں تلاش کی جاتی ہے ۔
بغلیں بجانا (۱) کسی کے دکھ یا مصیبت پر خوش ہونا (۲) خوشی میں اچھلنا ۔
بغلیں جھانکنا (۱) شرمندہ ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا (۳) پریشان ہونا ۔
بغلول (بُغ ۔ لول) [ار ۔ صفت] کوڑ مغز ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔
بغلی (بغ ۔ لی) [ف ۔ صفت] (۱) پہلو کا (۲) ایک طرف کا (۳) خوشنما کمر ہلانے کا ایک طریقہ (۴) کشتی کے ایک داؤ کا نام (۵) وہ تکیہ جو بغل میں رکھتے ہیں ۔
بغلی ڈوبنا ۔ حریف کی بغل میں سے نکل کر اسے پکڑ لانا ۔
بغلی گور ۔ ایک قسم کی قبر ۔ لحد ۔
بغلی گھونسا (۱) آستین کا سانپ (۲) قریبی دشمن ۔
بغیا (بُغ ۔ یا) [ار ۔ ا ۔ مونث] چھوٹا سا باغ ۔ باغیچہ ۔

## ب ۔ ف

بفا (ب ۔ فا) [ف ۔ ا ۔ مونث] وہ بھوسی جو انسان کے سر سے نکلتی ہے ۔
بفر اسٹیٹ (BUFFER STATE) (بَ ۔ فر ۔ اِس ۔ ٹیٹ) [انگ ۔ ا ۔ مونث] فاصل ریاست جو دو متخاصم مملکتوں کے درمیان ہو ۔

## ب ۔ ق

بقا (ب ۔ قا) [ع ۔ ا ۔ مونث] قیام ۔ ہمیشگی ۔ دوام ۔ پائداری ۔
بقال (بَق ۔ قال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سبزی فروش (۲) [مجازاً] بنیا ۔
بقایا (ب ۔ قا ۔ یا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بقیہ کی جمع ۔ واجب الادا چیز ۔ جو کچھ خرچ کرنے کے بعد بچ جائے ، اردو میں بطور واحد مستعمل ہے ۔
بقایا تقاوی ۔ اس روپے کا بقیہ جو کاشتکاروں کو امداد کے لیے دیا جاتا ہے
بقچہ (بُق ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے بغچہ ۔
بقر (ب ۔ قر) [ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث] گائے ۔ بیل ۔
بقر عید ۔ عید الاضحیٰ ۔
بقعہ (بُق ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خانقاہ (۲) زمین کا ایسا ٹکڑا جو اور ٹکڑوں سے ممتاز ہو (۳) جگہ ۔ گھر ۔
بقعۂ نور ۔ نور کا گھر ۔
بقیہ (ب ۔ قی ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بچا کھچا ۔ بچا ہوا ۔
بقیۃ السیف ۔ وہ لوگ جو قتل ہونے سے بچ جائیں ۔

## ب ۔ ک

بک [ہ ۔ ا ۔ مونث] بڑ ۔ بکواس ۔ بے کار بات ۔ فضول گوئی ۔
بک بک ۔ بکواس ۔ بیہودہ گفتگو ۔ فضول باتیں ۔
بُک (BOOK) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) کتاب (۲) لکھنے کی کاپی ۔
بُک اسٹال (BOOKSTALL) کتابوں کی عارضی دکان ، جو میلوں ٹھیلوں یا کسی خاص جگہ لگائی جائے ۔
بُک بائنڈر (BOOK BINDER) جلد ساز ۔
بُک پوسٹ (BOOK POST) ایسا پلندہ جس کی دونوں طرفیں کھلی ہوں اور اسے بذریعہ ڈاک پیکٹ کے طریق پر بھیجا جائے ۔
بُک سیلر (BOOK SELLER) کتب فروش ۔
بُک کرنا (۱) کسی کا پتا لکھ لینا (مال بھیجنے کے لیے) (۲) کسی کے لیے نشست محفوظ کرنا (ریل یا تھیئٹر وغیرہ میں) ۔
بُک کیپنگ (BOOK KEEPING) حساب کتاب رکھنے کا علم ۔
بکا (بُ ۔ کا) [ع ۔ ا ۔ مونث] چیخ پکار ۔ گریہ وزاری ۔ فریاد ۔ دہائی ۔
بکا (بَک ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] مشکی ۔ نپ ۔
بکارت (ب ۔ کا ۔ رت) [ع ۔ ا ۔ مونث] دوشیزگی ۔ کنوارپن ۔
بکان ۔ بکائن (ب ۔ کان ، ب ۔ کا ۔ ان) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک درخت کا نام جس کی پتی نیم کی طرح ہوتی ہے ۔ (پن) دریک ۔
بکاول (ب ۔ کا ۔ ول) [ف ۔ ا ۔ مذکر] باورچی ۔ خانساماں ۔
بکاؤ (ب ۔ کا ۔ ؤ) [ہ ۔ صفت] بکری کا ۔ قابل فروخت ۔
بکتر (بَک ۔ تر) [ف ۔ ا ۔ مذکر] لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ ۔ زرہ ۔
بکٹ (ب ۔ کٹ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ابھر ۔ چنگل ۔
بکٹا (بَک ۔ ٹا ، ب ۔ کٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ مقدار جو چنگل میں آجائے ۔
بکٹا بھرنا ۔ بکٹا مارنا ۔ چنگل مارنا ۔ نوچنا ۔
بکر [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) دوشیزگی ۔ کنوارپن (۲) ہر نیا کام ۔
بکرا (بَک ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بکری کا نر ۔
بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی ۔ بدکاری کب تک چھپ سکتی ہے ۔ بکرا جو ذبح ہونے کی چیز ہے ایک نہ ایک دن ذبح ہوگا ۔

Marfat.com

**بکرم** (BUCKRUM) (بک ۔ رَم) [انگ ۔ ا ۔ مونث] کوٹ وغیرہ کی آستینوں میں تہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا ۔
**بکری** (بک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بکرا کی مادہ ۔ بُز مادہ (۲) [مجازاً] مسکین طبع ۔
**بکری نے دُودھ دیا وہ بھی مینگنیوں بھرا** [مثل] کام کر کے پھر خراب کر دینا ۔ اس کے نہ کرنے سے نہ کرنا اچھا تھا ۔
**بِکری** (بک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] فروخت ۔ حاصل فروخت ۔
**بکس** (بَ ۔ کَس) [انگ باکس (BOX) کا مخفف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صندوق ۔ پیٹی (۲) ڈبیا ۔ ڈبا (نیز دیکھیے باکس)
**بکسا** (بک ۔ سا) [ہ ۔ صف] (۱) کسیلا ۔ کڑوا ۔ تلخ (۲) [مذکر] بکس صندوق ۔
**بکساہٹ** (بک ۔ سا ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] کسیلا پن ۔
**بکسُوا** (بک ۔ سُ ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ لوہے کا کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کے لیے حلقہ لگا رہتا ہے ۔
**بُکّل** (بُک ۔ کَل) [ہ ۔ ا ۔ مذکر و مونث] دوپٹے کی لپیٹ ۔
**بکل مارنا** ۔ دوپٹہ وغیرہ اوڑھ کر ایک سرا پیٹھ کی طرف ڈال دینا ۔
**بُکم** [ع ۔ صف] ابکم کی جمع ۔ گونگے ۔
**بکنا** (بک ۔ نا) [ہ ۔ مص] بکواس کرنا ۔ بک بک کرنا ۔
**بکنا** (بک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) فروخت ہونا (۲) مطیع ہونا ۔ غلام بننا ۔
**بکنگ آفس** (BOOKING OFFICE) (بُ ۔ کنگ ۔ آ ۔ فس) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹکٹ گھر ۔
**بکنگ کلرک** (BOOKING CLERK) (بُ ۔ کنگ ۔ ک ۔ لرک) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹکٹ بابو ۔ ٹکٹ بیچنے والا ۔
**بکواس** (بک ۔ واس) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بک بک ۔ فضول باتیں ۔
**بکواسی** (بک ۔ وا ۔ سی) [ہ ۔ صف] بہت بکنے والا ۔
**بکوانا** (بک ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بیچنا کا متعدی ۔
**بکوائی** (بک ۔ وا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بیچنے کی اُجرت ۔
**بکولی** (بَ ۔ کو ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے ۔
**بکھان** (بَ ۔ کھان) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تعریف (۲) تشریح (۳) نصیحت (اُردو میں صرف ذم کے پہلو سے مستعمل ہے)
**بکھان ڈالنا** ۔ کسی کا پوشیدہ حال کھول کر بیان کرنا ۔
**بکھان کرنا** ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ پوشیدہ حال بتا دینا ۔
**بکھاننا** (بَ ۔ کھان ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) راز کھولنا (۲) گالی دینا ۔
**بکھر جانا** (بکھ ۔ را ۔ جا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) منتشر ہو جانا (۲) گرا پڑنا (۳) قابو سے باہر ہونا ۔ ہاتھوں سے نکل جانا ۔
**بکھرنا** (بِ ۔ کھر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) منتشر ہونا (۲) خستہ ہونا (۳) بچھڑنا ۔
**بکھیر** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) وہ چیز جو بکھیری جائے (۲) وہ روپیہ پیسہ جو شادی کے موقع پر دولہا کے سر پر سے نچھاور کیا جاتا ہے ۔
**بکھیرنا** (بِ ۔ کھیر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پھیلانا ۔ گرانا (۲) منتشر کرنا ۔ پراگندہ کرنا ۔
**بکھیڑا** (بَ ۔ کھے ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) الجھاؤ (۲) جھگڑا ۔ ہنگامہ (۳) پھیلاؤ (۴) مال اسباب (۵) کام (۶) اندیشہ ۔
**بکھیڑا چکانا** ۔ جھگڑا ختم کرنا ۔ معاملہ طے کرنا ۔ اندیشہ دُور کرنا ۔
**بکھیڑا ڈالنا** ۔ جھگڑا ڈالنا ۔ خرابی ڈالنا ۔ کام بڑھانا ۔
**بکھیڑے میں ڈالنا** ۔ جھگڑے میں ڈالنا ۔ عذاب میں پھنسانا ۔

**بکّی** (بک ۔ کی) [ہ ۔ صف] بکواسی ۔ بہت باتیں کرنے والا ۔
**بُکّی** (بُک ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ کپڑا جو بغل کے نیچے سے کندھے پر لا کر باندھ دیتے ہیں ۔

# ب ۔ گ

**بگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] باگ کا مخفف ۔ لگام ۔ عنان ۔
**بگ ٹُٹ** (۱) باگ ٹوٹی ہوئی ۔ باگ چھوٹی ہوئی (۲) سرپٹ ۔ بہت تیز ۔
**بگاڑ** (بِ ۔ گاڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خرابی ۔ رنجش ۔ دشمنی (۲) نقصان (۳) کھوٹ ۔ نقص (۴) خطا (۵) روگ (۶) نااتفاقی ۔
**بگاڑنا** (بِ ۔ گاڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) خراب کرنا (۲) رنجش پیدا کرنا (۳) نقصان پہنچانا (۴) بہکانا ۔
**بگاڑو** (بِ ۔ گا ۔ ڑو) [ہ ۔ صف] (۱) بگاڑنے والا (۲) فضول خرچ (۳) دشمنی کرنے والا ۔
**بِگانا** (بِ ۔ گا ۔ نا) [ف ۔ صف] بیگانہ کا بگڑا ہوا ۔ اجنبی ۔
**بِگانی** (بِ ۔ گا ۔ نی) [ف ۔ صف] بگانا کی تانیث ۔
**بگانی کھیتی پہ جھینگر ناچے** [مثل] پرائے مال پر فخر کرنا ۔
**بگڑ** (بَ ۔ گڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چاول کی ایک قسم ۔
**بگڑا** (بگ ۔ ڑا) [ہ ۔ صف] بگڑا ہوا ۔ ناقص ۔ ناکارہ ۔
**بگڑا شاعر مرثیہ گو بگڑا گویا مرثیہ خواں** [مثل] ادنیٰ شاعر مرثیہ کہتا اور معمولی گویا مرثیہ پڑھنا اختیار کر لیتا ہے ۔
**بگڑا وقت** ۔ مصیبت کا زمانہ ۔ مصیبت ۔
**بگڑے دل کا** (۱) دل جلا (۲) نڈر ۔ بیباک ۔ ہر ایک سے اُلجھنے والا ۔
**بگڑ بیٹھنا** (بِ ۔ گڑ ۔ بیٹھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ناراض ہو جانا (۲) باغی ہو جانا (۳) لڑ پڑنا ۔
**بگڑنا** (بِ ۔ گڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) خراب ہونا (۲) باغی ہونا (۳) خفا ہونا ۔ بپھر بیٹھنا (۴) مٹنا (۵) ٹوٹ پھوٹ جانا ۔
**بگڑی** (بگ ۔ ڑی) [ہ ۔ صف] بگڑا کی تانیث ۔ خراب شدہ ۔
**بگڑی بات بنانا** ۔ خراب معاملہ کو سُدھارنا ۔
**بگڑی بن جانا** ۔ خراب حالت کا دُرست ہو جانا ۔
**بگڑی زبان** ۔ وہ زبان جو سخت کلامی کی عادی ہو ۔
**بِگل** (بِ ۔ گل) [انگ (BUGLE) کا مورد ۔ ا ۔ مذکر] قرنا ۔ ترم ۔
**بگلا** (بگ ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک سفید آبی پرند (۲) [صف] نہایت سفید ۔
**بگلا بھگت** ۔ وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں شریر ہو ۔
**بگلے کا پر** ۔ بہت سفید ۔
**بگولا** (بَ ۔ گو ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] گرد باد ۔ ہوا کا چکر ۔
**بگھار** (بَ ۔ گھار) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر داغ دیا گیا ہو (۲) داغ دیا ہُوا پیاز یا مسالا ۔
**بگھارنا** (بَ ۔ گھار ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بھونکنا (۲) داغ دینا ۔ بھوننا (۳) شراب پی کر حقہ پینا (۴) اچاروں کو تیل کے اوپر دو برتنوں میں رکھ کر اور پسا ہُوا نمک ڈال کر اس طرح ہلانا کہ چھل چھٹ جائیں اور نمک پیوست ہو جائے ۔
**بگھی** (بگھ ۔ گھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) گھوڑا گاڑی (۲) ایک قسم کی گھی جو

Marfat.com

کھوڑے کو بہت ستاتی ہے ۔
**بگھیل۔بگھیلا** (ب۔گھیل'ب۔گھے۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) راجپوتوں کے ایک قبیلے کا نام (۲) شیر کا بچہ ۔

# ب۔ل

**بل** [س۔ا۔مذکر] (۱) زور۔ طاقت (۲) [ہ۔ا۔مذکر] پیچ و تاب۔ مروڑ (۳) ٹیڑھ (۴) سمت (۵) فرق۔ دُوری (۶) غرور (۷) قربانی۔ نذر (۸) بھنبھس (۹) رنجش (۱۰) ایک راجا کا نام جسے سری کرشن جی نے پاتال میں بھیج دیا تھا ۔
**بل آنا** (۱) زور آنا (۲) پیچ پڑنا (۳) ٹیڑھا ہونا (۴) فرق پڑنا (۵) شکن پڑنا۔
**بل بوتا** ۔ زور۔ طاقت ۔
**بل پڑنا** (۱) شکن پڑنا (۲) رنجش ہونا (۳) مروڑی پڑنا (۴) فرق پڑنا ۔
**بل دار** ۔ مُڑا ہُوا۔ پیچیدہ۔ خمیدہ۔ آڑا۔ ترچھا ۔
**بل دینا** (۱) بٹنا (۲) مروڑنا (۳) نذر چڑھانا ۔
**بل ڈالنا** (۱) شکن ڈالنا (۲) فرق ڈالنا ۔
**بل کھانا** (۱) پیچ و تاب کھانا (۲) ٹیڑھا ہو جانا (۳) اکڑنا۔ اینٹھنا ۔
**بل نکالنا** (۱) کجی دُور کرنا (۲) سزا دینا (۳) سیدھا کرنا (۴) صحیح کرنا ۔
**بلوان** ۔ بلونت ۔ زور آور۔ طاقت ور ۔
**بلہار** ۔ **بلہاری** ۔ صدقے۔ قربان ۔
**بل** (BILL) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) فرد حساب (۲) مسودۂ قانون (۳) چھوٹے چھوٹے اشتہار جو بانٹے جائیں (۴) ہنڈی ۔
**بل** [ہ۔ا۔مذکر] سوراخ۔ چھید۔ حشرات الارض کے رہنے کا سوراخ ۔
**بل ڈھونڈنا** ۔ چھپنا۔ رُوپوش ہونا ۔
**بلا** (ب۔لا) [ع۔ا۔مونث] (۱) مصیبت۔ غضب (۲) چڑیل (۳) چست و چالاک (۴) سخت | خوفناک (۵) بہت۔ نہایت ۔
**بلا پالنا** ۔ بکھیڑے کی چیز لگا رکھنا ۔
**بلا چٹ** ۔ الم غلم تناپ کھانے والا ۔
**بلا سے** ۔ کیا پروا ہے ۔
**بلا کا** (۱) غضب کا۔ بے حد (۲) چالاک (۳) سخت ۔
**بلا کش** ۔ آفت جھیلنے والا۔ مصیبت برداشت کرنے والا ۔
**بلا لوں** ۔ قربان ہو جاؤں۔ صدقے ہو جاؤں ۔
**بلا لینا** (۱) صدقے جانا (۲) نہایت پیار کرنا ۔
**بلا نوش** (۱) بہت شراب پینے والا (۲) جو سب کچھ کھا جانے والا ۔
**بلائے آسمانی** ۔ ناگہانی مصیبت۔ قہر خدا ۔
**بلائے بے درماں** ۔ لاعلاج مصیبت ۔
**بلائے جان** ۔ جی کا جنجال ۔
**بلائیں لینا** ۔ واری جانا۔ صدقے قربان ہونا۔ پیار کرنا ۔
**بَلّا** (بل۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ڈنڈا۔ کرکٹ اور ٹینس وغیرہ کھیلنے کا آلہ ۔
**بلا** (ب۔لا) [ا ر] بغیر۔ سوا۔ بنا۔ بن (یہ کلمہ اردو والوں کا بنایا ہوا ہے۔ اکثر فصحا نے اس سے احتراز کیا ہے) ۔
**بلا ارادہ** ۔ ارادے کے بغیر۔ قصد کے بغیر ۔
**بلا اشتباہ** ۔ بے شبہ۔ شک و شبہ کے بغیر ۔
**بلا اکراہ و اجبار** ۔ زبردستی کے بغیر۔ اپنی خوشی سے ۔

**بِلّا** (بل۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] بلی کا نر ۔
**بُلا بھیجنا** (بُ۔لا۔بھیج۔نا) [ہ۔مص] بُلوانا۔ طلب کرنا ۔
**بلاٹنگ پیپر** (BLOTTING PAPER) (بی۔لا۔ٹنگ۔پے۔پر) [انگ۔ا۔مذکر] سیاہی چوس۔ جاذب ۔
**بلاد** (ب۔لاد) [ع۔ا۔مذکر] بلدہ کی جمع۔ شہر۔ قصبے ۔
**بلاغ** (ب۔لاغ) [ع۔ا۔مذکر] پہنچانا ۔
**بلاغت** (ب۔لا۔غت) [ع۔ا۔مونث] فصیح کلام حسب موقع گفتگو ۔
**بُلاق** (بُ۔لاق) [ت۔ا۔مذکر] ناک میں پہننے کا ایک زیور ۔
**بلاک** (BLOCK) (ب۔لاک) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) لکڑی کا کندہ (۲) چھپائی کے سانچے کا قالب (۳) کسی چیز کا بھاری ٹکڑا (۴) سلسلۂ عمارات ۔
**بُلانا** (بُ۔لا۔نا) [ہ۔مص] طلب کرنا۔ پکارنا۔ آواز دینا ۔
**بُلاوا** (بُ۔لا۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) طلب۔ دعوت۔ طلبی (۲) خواہش ۔
**بِلاول** (ب۔لا۔ول) [ہ۔ا۔مونث] رات کو گانے کی ایک راگنی ۔
**بِلاؤ** (ب۔لا۔او) [ہ۔ا۔مذکر] گربۂ نر۔ بلا ۔
**بلاؤز** (BLOUSE) (ب۔لا۔ؤز) [انگ۔ا۔مذکر] عورتوں کی انگی جو وہ ساڑی کے نیچے پہنتی ہیں ۔
**بلب** (BULB) [انگ۔ا۔مذکر] قمقمہ۔ برقی قمقمہ ۔
**بلبل** (بل۔بل) [ف۔ا۔مذکر] عندلیب۔ ایک خوش آواز پرند ۔
**بلبل شیراز** ۔ شیخ سعدیؒ کا لقب ۔
**بلبل ہزار داستان** ۔ خوش بیان۔ شیریں کلام ۔
**بلبلا** (بل۔بُ۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) حباب (۲) ناپائیدار چیز ۔
**بلبلا اُٹھنا** (بل۔بے۔لا۔اُٹھ۔نا) [ہ۔مص] بیقرار ہو جانا ۔
**بلبلانا** (بل۔ب۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) اونٹ کا آواز نکالنا (۲) مستی میں بکنا (۳) غصے میں بکنا جھکنا ۔
**بلبلانا** (بل۔بے۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) تڑپنا (۲) بے حد مشتاق ہونا (۳) گڑگڑانا ۔
**بل بل جانا** (بل بل۔جانا) [ہ۔مص] واری جانا۔ بلائیں لینا۔ نثار ہونا ۔
**بل بے** (بل۔بے) [ا ر] کلمۂ استعجاب و تحسین۔ واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا ۔
**بلتوڑ** (بل توڑ) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے بال توڑ ۔
**بلٹی** (بل۔ٹی) [انگ (BILLET) کا مصغر۔ا۔مونث] چھوٹا بل۔ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے ۔
**بلد** (ب۔لد) [ع۔ا۔مذکر] شہر۔ نگر۔ بستی ۔
**بلدہ** (بل۔دہ) [ع۔ا۔مذکر] شہر۔ نگر۔ بستی۔ قصبہ ۔
**بلدیہ** (بل۔دی۔یہ) [ع۔ا۔مونث] میونسپلٹی۔ میونسپل کارپوریشن ۔
**بلڈاگ** (BULLDOG) (بُل۔ڈاگ) [انگ۔ا۔مذکر] بڑے سر کا خوفناک کتا ۔
**بلسان** (بل۔سان) [ع۔ا۔مذکر] مصر کے ایک مشہور درخت کا نام جس کی لکڑی عود بلسان۔ بیج حب بلسان اور بیجوں سے نکلا ہوا تیل روغن بلسان کہلاتا ہے ۔
**بُلغاء** (بُل۔غا۔اء) [ع۔ا۔مذکر] بلیغ کی جمع۔ فاضل لوگ۔ عالم ۔
**بلغم** (بل غم) [ع۔ا۔مذکر] کف۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط ۔

Marfat.com

**بلغمی** (بل - غ - می) [ع - صف] (۱) بلغم پیدا کرنے والی چیز (۲) وہ جسم جس میں بلغمی خلط زیادہ ہو (۳) موٹا - پھُسپھُسا -
**بلکنا** (ب - لک - نا) [ہ - مص] (۱) رونا - بلبلانا (۲) بے قرار ہونا -
**بلکہ** (بل - کہ) [ع - ف] (۱) بلکہ بھی - سوا - اس سے بھی بڑھ کر (۲) شاید -
**بلّلا** (ب - ل - لا) [ہ - صف] احمق - لغو - بیہودہ - بے سلیقہ -
**بلّلے پن کی باتیں** - بے وقوفی کی باتیں -
**بلّلی** (ب - ل - لی) [ہ - صف] بللا کی تانیث -
**بلم - بلما** (ب - لم - بل - ما) [ہ - ا - مذکر] (۱) خاوند - خصم (۲) عاشق -
**بَلَم** (ب - لم) [ہ - ا - مذکر] (۱) بھالا - نیزہ (۲) عصا - نشان -
**بلم بردار** (۱) نیزہ والا (۲) وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے عصا لے کر چلتا ہے - نشان لے کر چلنے والا -
**بُلند** (بُ - لند) [ف - صف] اُونچا - عالی - برتر - (بفتح اوّل بھی صحیح ہے)
**بلند اختر** - بلند طالع - خوش نصیب -
**بلند پایہ** - عالی مقام - اُونچے رُتبے والا -
**بلند پرواز** (۱) اُونچا اُڑنے والا (۲) عالی خیال -
**بلند پروازی** (۱) اُونچا اُڑنا (۲) عالی دماغی (۳) خودستائی -
**بلند قامت** - اُونچے قد والا -
**بلند نظر** - بڑے حوصلے والا - عالی ہمت
**بُلندی** (بُ - لن - دی) [ف - ا - مونث] (۱) اونچائی - بڑائی - برتری (بفتح اوّل بھی صحیح ہے)
**بلندی و پستی** [مجازاً] اونچائی اور نیچائی - آسمان و زمین -
**بلوا - بلوہ** (بل - وہ) [ہ - ا - مذکر] ہنگامہ - فساد - بغاوت -
**بلو بک** (BLUE BOOK) (ب - لو - بک) [انگ - ا - مونث] (۱) پارلیمنٹ کی رپورٹیں اور کاغذات (۲) خاص نوٹ بک -
**بلوانا** (بل - وا - نا) بُلانا کا متعدی -
**بلوٹا** (ب - لو - ٹا) [ہ - ا - مذکر] بِلّی کا بچہ -
**بلور** (بل - لَور - ب - لور) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک چمکدار معدنی جوہر (۲) [صف] صاف - شفاف - چمک دار -
**بلوری - بلورین** (بل - لو - ری بل - لو - رین) [ف - صف] بلور کی بنی ہوئی -
**بلوط** (بل - لُوط) [ع - ا - مذکر] ایک قسم کا درخت - سیتا بریچھ -
**بلوغ - بلوغت** (بُ - لوغ - بُ - لو - غت) [ع - ا - پہلا مذکر دوسرا مونث] جوانی - شباب - کمال - حد کو پہنچنا -
**بلونا** (ب - لو - نا) [ہ - مص] متھنا - کھنگولنا -
**بلونی** (ب - لو - نی) [ہ - ا - مونث] وہ ظرف جس میں دودھ متھتے ہیں -
**بلی** (ب - لی) [ہ - صف] طاقت ور - مضبوط - زور والا -
**بلی** (بل - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) لمبا بانس (۲) لکڑی کا تھم (۳) ناؤ کھینے کا بانس -
**بلیوں پانی ہونا** - دریا میں بہت زیادہ پانی ہونا -
**بلی** (بل - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) ایک چھوٹا سا جانور - گربہ (۲) وہ چھوٹی لکڑی جو کواڑوں میں اس غرض سے لگائی جاتی ہے کہ دونوں پٹ بند کرکے اس کو چڑھا دیں تو پھر کواڑ خود نہ کھلیں -
**بلی الانگنا** (۱) بلی کا سامنے ہو کر گزرنا جو منحوس سمجھا جاتا ہے (۲) آمادۂ فساد ہونا (۳) بے سبب غصے ہونا -

**بلی سے چھیچھڑوں کی رکھوالی** [مثل] چور کو امین بنانا -
**بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹنا** [مثل] اُس چیز کا مل جانا یا ہو جانا جس کا سان گمان نہ ہو -
**بلی کے خواب میں چھیچھڑے** [مثل] ہر شخص اپنے ہی مطلب کی سوچتا ہے -
**بلی لوٹن** - بالچھڑ - ایک خوشبودار گھاس جس کی خوشبو بلی کو پسند ہے -
**بلیٰ** (ب - لا) [ع] ہاں -
**بلے** (ب - لے) [ف] ہاں - سچ ہے - درست ہے -
**بلیات** (ب - ل - یات) [ع - ا - مونث] بلیہ کی جمع - بلائیں - مصیبتیں -
**بلیٹن** (BULLETIN) (بُ - لی - ٹن) [انگ - ا - مذکر] سرکاری اطلاع - اہم واقعات یا بیمار کی کیفیت کی اطلاع -
**بلیچنگ پوڈر** (BLEACHING POWDER) ب - لی - چنگ - پو - ڈر [انگ - ا - مذکر] رنگ کاٹ سفوف -
**بلیڈ** (BLADE) (ب - لیڈ) [انگ - ا - مذکر] دھار - چاقو وغیرہ کا پھل -
**بلیرڈ** (BILLIARD) (بل - یرڈ) [انگ - ا - مذکر] ایک قسم کا کھیل -
**بلیزر** (BLAZER) (ب - لے - زر) [انگ - ا - مذکر] ایک خاص کپڑے کا رنگین کوٹ (کھلاڑیوں کا)
**بلیغ** (ب - لیغ) [ع - صف] (۱) کامل (۲) فاضل (۳) حسب موقع گفتگو کرنے والا -
**بلیک میلر** (BLACKMAILER) (ب - لیک - مے - لر) [انگ - ا - مذکر] افشائے راز کی دھمکی دے کر رشوت لینے والا -
**بلیک میل کرنا** (BLACKMAIL) [اُ - مص] افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنا -
**بلیک میلنگ** (BLACKMAILING) [انگ - ا - مونث] افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنے کا عمل -
**بلیلہ** (ب - لے - لہ) [ف - ا - مذکر] ایک دوا کا نام - بہیڑا -
**بلیہ** (ب - لی - یہ) [ع - ا - مونث] بلا - مصیبت - آفت - آزمائش -

## ب - م

**بم** [ف - ا - مونث] راگ یا باجے کی اُونچی آواز -
**بم** [ہ - ا - مونث] (۱) چشمہ (۲) شور (۳) نقارہ (۴) بگھی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے -
**بم چخ** - شور و غل -
**بم** [انگ (BOMB) کا مورد - ا - مذکر] گولا - بم کا گولا -
**بمبار** - بم برسانے والا ہوائی جہاز (BOMBER)
**بمباری** - بم برسانا (خصوصاً ہوائی جہاز سے) -
**بم کا گولا** (۱) بم (۲) [مجازاً] ناگہانی مصیبت -
**بمبا** (بم - با) [ہ - ا - مذکر] منبع - چشمہ - نہر - نالی - نل -
**بمبو** (بم - بو) [انگ - ا - مذکر] (۱) بانس - بم (۲) ناؤ اور بجرے کی لکڑی
**بمبو کاٹ** - ایک قسم کی گاڑی (BAMBOO CART)

Marfat.com

بمپر (BUMPER) بَم۔پَر [انگ۔ا۔مذکر] موٹر کا آگر روک جو انجن کے آگے لگا ہوتا ہے۔

# ب۔ن

بَن [ہ۔ا۔مذکر] (۱) جنگل (۲) صحرا۔ بیابان (۳) باڑی (۴) کپاس کا پودا۔
بن باس۔ جنگل میں جا کر رہنا سہنا۔ دیس نکالا۔ جلاوطنی۔
بن باسی۔ جنگل میں رہنے والا۔ آبادی سے باہر رہنے والا۔
بن بلاؤ۔ جنگلی بلا۔ گربۂ دشتی۔ بیابانی بلا۔
بن مانس (۱) وحشی انسان (۲) انسانی صورت سے مشابہ بندر۔ گوریلا۔
بِن [ع۔ا۔مذکر] بیٹا۔ ابن کا مخفف۔
بِن [ہ] سوا۔ بجز۔ بغیر۔
بن آئی۔ ناگہانی موت۔
بن بیاہا۔ کنوارا۔
بن داموں غلام (۱) مفت کا غلام (۲) نہایت فرماں بردار۔
بن مارے کی توبہ۔ ناحق کی فریاد۔ بے جا فریاد۔
بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک [مثل] بغیر سوال کیے قیمتی چیز مل جاتی ہے لیکن جس کی طلب ہو مانگنے سے بھی نہیں ملتی۔
بُن [ع۔ا۔مذکر] قہوہ۔ کافی۔
بُن [ف۔ا۔مونث] جڑ۔
بُن گوش۔ کان کی لو۔ کنپٹیا۔
بُن مو۔ بال کی جڑ۔
بَن آنا (بن۔آ۔نا) [ہ۔مص] (۱) قسمت کھل جانا (۲) موقع ملنا (۳) مطلب بر آنا۔
بنا۔ بنا ہُوا۔ [ہ۔صف] (۱) مرکب (۲) تیار (۳) طے شدہ (۴) نقلی۔ جعلی (۵) بے بُنیاد۔ خیالی۔ وہمی۔
بنا بنایا۔ ٹھیک۔ درست۔ تیار۔ مکمل۔
بنا ٹھنا۔ سنگار کیے ہوئے۔ بنا سنورا۔ ٹھیک ٹھاک۔ سجا سجایا۔
بنا رہنا (۱) زندہ رہنا (۲) موجود رہنا (۳) برقرار رہنا۔ آباد رہنا (۴) اقبال و دولت کی ترقی ہونا۔
بنا لینا (۱) تیار کر لینا (۲) انتظام کر لینا۔
بنّا (ب۔نا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) دُولہا۔ نوشہ (۲) پیارا۔ لاڈلا۔
بِنا (ب۔نا) [ہ] بِن۔ بغیر۔ بجز۔
بِنا (ب۔نا) [ع۔ا۔مونث] (۱) جڑ۔ بُنیاد (۲) سبب (۳) آغاز۔ ابتدا
بنا بریں۔ اس بُنیاد پر۔ اس لیے۔ اس وجہ سے۔
بناءً علیہ۔ اس بنا پر۔ اس وجہ سے۔ اس لیے۔
بنائے دعویٰ۔ استغاثہ کا باعث۔ دعویٰ کی وجہ۔
بنائے مخاصمت (۱) وہ فعل جس سے نالش کرنے کا حق پیدا ہو (۲) لڑائی جھگڑے کی بنیاد۔
بنات (ب۔نات) [ع۔ا۔مونث] بنت کی جمع۔ بیٹیاں۔
بنات النعش۔ سات ستاروں کا جھمکا۔ عقد ثریا۔
بناسپتی (ب۔نا س۔پ۔تی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) نباتات (۲) گھاس پات۔
بُنا گوش (ب۔نا۔گوش) [ف۔ا۔مونث] کان کی لو۔

بَنان (ب۔نان) [ع۔ا۔مذکر] بنانہ کی جمع۔ انگلیوں کے سرے۔
بنانا (ب۔نا۔نا) [ہ۔مص] (۱) تیار کرنا (۲) آراستہ کرنا (۳) تعمیر کرنا (۴) ہنسی اُڑانا (۵) اصلاح کرنا (۶) ایجاد کرنا (۷) پکانا۔
بناوٹ (ب۔نا۔وٹ) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ساخت (۲) تصنع (۳) دکھلاوا (۴) جھوٹ۔ مکر و فریب۔ جعل سازی۔
بُناوٹ (بُ۔نا۔وٹ) [ہ۔ا۔مونث] بُننے کی وضع۔
بناوٹی (ب۔نا۔و۔ٹی) [ہ۔صف] مصنوعی۔ دکھاوے کا۔
بناؤ (ب۔نا۔او) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) آراستگی۔ سجاوٹ (۲) دوستی۔ موافقت۔
بناؤ سنگار۔ آرائش۔ آراستگی۔
بن بیٹھنا [ہ۔مص] (۱) تیار ہو جانا (۲) دولت مند ہو جانا۔
بن پڑنا [ہ۔مص] (۱) موقع ہاتھ آنا (۲) کامیابی ہونا (۳) سمجھ میں آنا۔
بِنت [ع۔ا۔مونث] لڑکی۔ دُختر۔ بیٹی۔
بنت البحر۔ جل پری۔
بنت العنب۔ انگور کی بیٹی۔ شراب۔
بنتی (بن۔تی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) معذرت (۲) التجا (۳) منت سماجت
بنج [ہ۔ا۔مذکر] (۱) خرید و فروخت۔ تجارت (۲) رشتہ (۳) پیشہ۔ کسب۔
بنج کریں گے بانیے اور کریں گے ریس بنج کیا تھا جاٹ نے رہ گئے سو کے تیس۔ [مثل] بیوپار کرنا بنیوں کا کام ہے۔ ہر شخص کو اپنا پیشہ کرنا چاہیے۔ دُوسروں کی ریس کرنے سے نقصان ہوتا ہے۔
بنجارا (بن۔جا۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) غلّے کا سوداگر (۲) سوداگر۔ بیوپاری۔
بنجارن (بن۔جا۔رن) [ہ۔ا۔مونث] بنجارے کی بیوی۔
بنجاری (بن۔جا۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) بنجارے کی عورت (۲) بنجاروں کا ڈیرا (۳) سوداگری۔ تجارت۔
بن جانا [ہ۔مص] (۱) تیار ہونا۔ درست ہونا (۲) ایجاد ہونا (۳) قائم رہنا (۴) امیر ہونا (۵) آراستہ ہونا (۶) بیوقوف ٹھہرنا (۷) بھیس بدلنا۔
بنجر (بن۔جر) [ہ۔ا۔مونث] (۱) غیر مزروعہ زمین (۲) ناقابل کاشت زمین۔
بنجر جدید۔ وہ زمین جس میں چار سال تک لگاتار کوئی جنس پیدا نہ ہو۔
بنجر خارج الجمع۔ وہ غیر مزروعہ زمین جس کا معاملہ نہ لیا جائے۔
بنجر قدیم۔ وہ زمین جو پچھلے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے۔
بنچ (BENCH) [انگ۔ا۔مونث] (۱) بیٹھنے کے لیے بنا تختہ جس کے پیچھے پلنگ لگے ہوتے ہیں (۲) جج۔ حکام عدالت۔
بند [ف۔ا۔مذکر] (۱) جوڑ۔ عضو (۲) گرہ (۳) روک۔ پشتہ (۴) مسدس کا بند (۵) ڈور (۶) قید (۷) ٹیپ کا مصرعہ یا شعر (۸) [صفت] مسدود (۹) مقفل (۱۰) رکا ہوا (۱۱) افسردہ (۱۲) الجھا ہوا۔ تنگ۔
بند سوالات۔ سوالات کی وہ فرد جو بغرض استفسار حالات مقدمۂ متدائرہ کسی شخص کے پاس جوابات دینے کی غرض سے بذریعہ عدالت بھیجی جائے۔
بند و کشاد۔ بند کرنا اور کھولنا۔ حل و عقد۔ انتظام۔
بند مہینہ۔ وہ مہینہ جس میں تیے اور دست جاری نہ ہوں۔
بنڈ (BUN) [انگ۔بن] کا متبدل۔ ا۔مذکر] ایک قسم کا انگریزی کیک۔
بُندا (بُن۔دا) [ہ۔ا۔مذکر] کان کا ایک زیور۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔
بندال (بن۔دال) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک قسم کی تلخ گھاس جو دوا کے طور

Marfat.com

پر کام آتی ہے (۲) ایک قسم کا پھل ـ
**بندال پھلا** ـ بندال ڈوڈا ـ بندال کا پھل ـ
**بندر** (بَن ـ دَر) [ہ ـ ا ـ مذکر] ایک مشہور جانور ـ بوزنہ ـ میمون ـ
**بندر بانٹ** ـ ایسی تقسیم جس میں تقسیم کرنے والے کا فائدہ ہو اور جن کی چیز ہے وہ گھاٹے میں رہیں ـ
**بندر کا پھوڑا، گھاؤ** (۱) اچھا نہ ہونے والا زخم (۲) دُور نہ ہونے والی مصیبت ـ
**بندر کو مل ہلدی کی گرہ پنساری بن بیٹھا** [مثل] چھچھورا آدمی ذرا سی چیز پر بہت اترانے لگتا ہے ـ
**بندر کیا جانے ادرک کا سواد** [مثل] ناقدرا اچھی چیز کی قدر نہیں کرسکتا ـ
**بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا** [مثل] رذیل کو شریفوں کی پوشاک ـ نالائقوں کی تعریف کرنا ـ حقیر اور ذلیل شخص کو عزت دینا ـ
**بندر ـ بندر گاہ** [ف ـ ا ـ مذکر و مونث] جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ـ
**بندریکی ـ بندریا** (بَن ـ دَ ـ رِی ' بَن ـ دَر ـ یا) [ہ ـ ا ـ مونث] بندر کی مادہ ـ
**بندش** (بَن ـ دِش) [ف ـ ا ـ مونث] (۱) گرہ ـ بندھن (۲) خیال (۳) تدبیر (۴) بناوٹ (۵) ترتیب الفاظ (۶) باندھنے کا فعل یا کیفیت ـ
**بندکی** [ہ ـ ا ـ مونث] (۱) بُند کی تصغیر (۲) چھوٹے چھوٹے نقطے (۳) چھینٹے ـ
**بندگان** (بَن ـ دَ ـ گان) [ف ـ ا ـ مذکر] بندہ کی جمع ـ غلام ـ خادم ـ ملازم ـ
**بندگان عالی** (۱) اعلانسان حضور [تعظیماً] حضور ـ خداوند دولت ـ
**بندگی** (بَن ـ دَ ـ گی) [ف ـ ا ـ مونث] (۱) عبادت (۲) آداب تسلیم (۳) خدمت ـ نوکری ـ غلامی ـ
**بندگی بیچارگی** ـ تابعداری میں اپنا کچھ اختیار نہیں رہتا ـ
**بندوبست** (بَن ـ دو ـ بَست) [ف ـ ا ـ مذکر] (۱) انتظام (۲) ضابطہ قاعدہ (۳) زمین کی حد بندی اور انتظام تحصیلات ـ
**بندوبست اسامی وار** ـ وہ بندوبست جو اسامیوں کی ترتیب سے ہو ـ
**بندوبست استمراری** ـ دائمی بندوبست ـ ایک بار مالگذاری قائم کرنا ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ مالگذاری کی تشخیص کردینا ـ
**بندوبست دیہی** ـ زمین کے کاغذات تیار کرنا ـ مالگذاری تشخیص کرنا ـ محصول لگانا ـ زمین کی حیثیت اور پیداوار کا اندازہ کرنا ـ
**بندوبست سرسری** ـ عارضی بندوبست جو قانونی بندوبست کے لیے کیا جائے ـ
**بندوبست قانونی** ـ وہ بندوبست جس کی جمع کی تشخیص اول مرتبہ کی جائے اور کاغذات حقیت پہلی دفعہ تیار کیے جائیں ـ
**بندوق** (بَن ـ دُوق) [ع ف ـ ا ـ مونث] (۱) گولی (۲) [ار] وہ لوہے کی نلی جس میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں ـ تفنگ ـ
**بندوق چھتیانا** ـ بندوق کو چھاتی سے لگا کر نشست باندھنا ـ
**بندوق سر ہونا** ـ بندوق چلنا ـ
**بندوقچی** (بَن ـ دُوق ـ چی) [ار ـ ا ـ مذکر] بندوق رکھنے والا ـ قراول ـ بندوق چلانے والا ـ
**بندہ** (بَن ـ دہ) [ف ـ ا ـ مذکر] (۱) غلام (۲) نوکر (۳) نیازمند ـ خاکسار (۴) انسان (۵) عابد ـ
**بندۂ آزاد** (۱) آزاد کیا ہوا غلام (۲) ایسا شخص جو مذہبی قیود اور ضروریات زندگی سے بے پروا ہو ـ
**بندہ بشر** ـ انسان ـ
**بندہ بشر ہے** ـ سہو اور خطا انسان کی فطرت میں ہے ـ

**بندۂ بے دام** ـ بندۂ بے درم ـ بندۂ بے زر ـ مفت کا غلام ـ
**بندہ پرور** (۱) غلام کو پالنے والا (۲) حضور ـ جناب ـ حضرت ـ
**بندہ پروری** ـ غلام پالنے کا عمل ـ احسان ـ عنایت ـ
**بندۂ درگاہ** (۱) ملازم شاہی (۲) نیازمند (۳) خادم ـ غلام ـ
**بندہ زادہ** ـ غلام کی اولاد ـ غلام کا بچہ ـ
**بندۂ زر** ـ روپیہ کا غلام ـ لالچی ـ حریص ـ
**بندۂ ناچیز** ـ حقیر ـ بے وقعت شخص ـ
**بندہ نواز** ـ غلام کو عزت دینے والا ـ مالک ـ مختار ـ حاکم ـ
**بندہ نوازی** ـ بندہ پروری ـ مہربانی ـ عنایت ـ
**بندھا** (بَن ـ دھا) [ہ ـ صفت] جکڑا ہوا ـ اٹکا ہوا ـ مقررہ ـ
**بندھا خرچ** ـ خرچ جس کی مقدار معین ہو ـ
**بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر** [ہ ـ مثل] جو کچھ ہاتھ آگیا وہی سب کچھ ہے (۲) انسان ہنر والا ہے تو انسان ہے ورنہ حیوان ـ
**بندھن** (بَن ـ دھن) [ہ ـ ا ـ مذکر] (۱) بندش ـ پٹی (۲) روک ـ اٹکاؤ (۳) لگاؤ وہ رسی یا فیتہ جس سے کوئی چیز باندھیں ـ
**بندھنا** (بَندھ ـ نا) [ہ ـ مص] (۱) گرہ لگنا (۲) پابند ہونا (۳) گرفتار ہونا (۴) مقرر ہونا (۵) شعر کا ٹھیک اور درست ہونا (۶) ضابطہ میں آنا ـ معمول کے مطابق کام کرنا ـ
**بندھنا** (بِندھ ـ نا) [ہ ـ مص] (۱) سوراخ ہونا ـ چھدنا (۲) پرویا جانا ـ
**بندھوانا** (بَندھ ـ وا ـ نا) [ہ ـ مص] باندھنا کا متعدی ـ
**بندھی** (بَن ـ دھی) [ہ ـ صفت] (۱) معمولی ـ مقررہ (۲) باندھی ہوئی ـ
**بندی** (بَن ـ دی) [ار ـ ا ـ مونث] (۱) لونڈی ـ باندی (۲) عاجزہ ـ خادمہ
**بندی** (بَن ـ دی) [ہ ـ ا ـ مذکر] قیدی ـ اسیر ـ
**بندی خانہ** ـ قید خانہ ـ جیل ـ زندان ـ
**بندی** (بَن ـ دی) [ف ـ ا ـ مونث] (۱) باندھنا ـ کسنا ـ روکنا ـ بند کرنا ـ جوڑنا (مرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے)
**بندی** (بِن ـ دی) [ہ ـ ا ـ مونث] (۱) صفر ـ نقطہ (۲) نشان (۳) قشقہ ـ تلک ـ
**بنڈا** (بَن ـ ڈا) [ہ ـ ا ـ مذکر] (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) نصف دُم کتا ـ
**بنڈل** (BUNDLE) (بَن ـ ڈل) [انگ ـ ا ـ مذکر] پلندہ ـ گٹھڑی ـ
**بنڈی** (بَن ـ ڈی) [ہ ـ ا ـ مونث] آستینوں کے بغیر کُرتی یا کوٹ ـ
**بنس** [ہ ـ ا ـ مذکر] (۱) اولاد ـ نسل ـ خاندان (۲) بانس کا مخفف ـ
**بنس پھوڑا** ـ بانس یا بید سے کام کرنے والا ـ
**بنسلوچن** ـ طباشیر ـ ایک دوا جو بانس کی گرہوں سے نکلتی ہے ـ
**بنسواڑی** ـ بانسوں کا جنگل ـ
**بنسی** (بَن ـ سی) [ہ ـ ا ـ مونث] (۱) بانسلی ـ بانسری ـ مرلی (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈوری اور کانٹا ـ
**بنصر** (بِن ـ صر) [ع ـ ا ـ مونث] بیچ کی انگلی اور چھنگلیا کی درمیانی انگلی ـ
**بنفشہ** (بَ ـ نَف ـ شہ) [ف ـ ا ـ مونث] ایک خودرو بوٹی جو نزلہ و زکام وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے ـ
**بنفشی** (بَ ـ نَف ـ شی) [ف ـ صفت] بنفشہ کے رنگ کا ـ ارغوانی ـ
**بنفشی شعاعیں** ارغوانی رنگ کی شعاعیں جو ایک خاص آلے کے ذریعے سورج سے اخذ کی جاتی ہیں ـ
**بنک** (BANK) [انگ ـ ا ـ مذکر] دیکھیے بینک ـ
**بنکارنا** (بَن ـ کار ـ نا) [ہ ـ مص] (۱) غل مچانا (۲) ڈینگ مارنا ـ شیخی بگھارنا ـ

Marfat.com

**بنک** [ف - ا - مونث] بھنگ -
**بنگالن** (بن - گا - لن) [ہ - ا - مونث] بنگال کی رہنے والی عورت -
**بنگالی** (بن - گا - لی) [ہ - صفت] (۱) بنگال سے منسوب (۲) [مذکر] بنگال کا باشندہ (۳) [مونث] بنگال کی زبان -
**بُنگاہ** (بُن - گاہ) [ف - ا - مونث] جگہ - مکان - اسباب رکھنے کی جگہ -
**بنگش** (بن - گش) [ہ - ا - مذکر] کشمیر کے قریب علاقہ بنگش کا باشندہ -
**بنگلا** (بنگ - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بنگال کا پان (۲) کوٹھی -
**بنگی** (بن - گی) [ہ - ا - مونث] (۱) ایک قسم کا تمبو (۲) [صفت] ایز جس کے -
**بننا** (بن - نا) [ہ - مص] (۱) تیار ہونا (۲) آراستہ ہونا (۳) تعمیر ہونا (۴) ایجاد ہونا (۵) دولت مند ہونا (۶) احمق بننا (۷) مشکل پیش آنا -
**بننا ٹھننا** - سنورنا - بناؤ سنگار کرنا -
**بُننا** (بُن - نا) [ہ - مص] کپڑا تیار کرنا - جیاں موزے وغیرہ بنانا -
**بن نہ آنا - بن نہ پڑنا** (اُر - مص) (۱) بندوبست نہ ہو سکنا - کام نہ بننا (۲) مجبور ہونا (۳) جواب نہ دے سکنا -
**بنّو** (بن - نو) [اُر - ا - مونث] بانو کا مخفف (۱) بیوی (۲) دُلھن (۳) بھولی - لاڈلی -
**بنوانا** (بن - وا - نا) [ہ - مص] بنانا کا متعدی -
**بُنوانا** (بُن - وا - نا) [ہ - مص] بُننا کا متعدی -
**بنوائی** (بن - وا - ای) [ہ - ا - مونث] بنوانے کی اُجرت -
**بُنوائی** (بُن - وا - ای) [ہ - ا - مونث] بُننے کی اُجرت -
**بنوٹ** (بن - نوٹ) [ہ - ا - مونث] فنِ سپہ گری کی ایک قسم -
**بنولا** (ب - نو - لا) [ہ - ا - مذکر] کپاس کا بیج - پنبہ دانہ -
**بنی** (ب - نی) [ہ - ا - مونث] (۱) دُلھن (۲) [صفت] بنی ہوئی - تیار - موافق -
**بنی بنائی بات** - طے شدہ معاملہ - سُدھرا ہوا معاملہ -
**بنی رہنا** - قسمت کا موافق رہنا -
**بنی کے سب ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں** [مثل] خوش اقبالی میں سب یار ہیں، بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں -
**بنی** (ب - نی) [ع - ا - مذکر] بنین کا مخفف - بیٹے - اولاد - نسل -
**بنی آدم** - آدم علیہ السلام کی اولاد - انسان -
**بنی اسرائیل** - اسرائیل (حضرت یعقوبؑ) کی اولاد - یہود -
**بنی جان** - جنات کی نسل اور قوم -
**بنی عم** - چچیرے بھائی -
**بنی نوع انسان** (انسان البشر) - انسان - انسان کی اولاد -
**بنیا** (بن - یا) [ہ - ا - مذکر] (۱) آٹا دال بیچنے والا (۲) [صفت] کنجوس -
**بنیا جس کا یار اُس کو دُشمن کیا درکار** [مثل] قرض دینے والا سب سے بڑا دشمن ہوتا ہے - بنیے کی دوستی میں دشمنی ہے -
**بنیے سے سیانا سو دیوانہ** [مثل] لین دین کے معاملے میں بنیے سے بڑھ کر کوئی ہوشیار بنے تو دیوانہ سمجھو -
**بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے** [مثل] عقلمند آدمی کا کوئی کام فائدے سے خالی نہیں ہوتا -
**بنیے کی کمائی، مکان یا بیاہ نے کھائی** [مثل] بنیے کی آمدنی مکان بنوانے یا بیاہ رچانے پر خرچ ہوتی ہے -
**بُنیاد** (بُن - یاد) [ف - ا - مونث] (۱) جڑ - نیو (۲) طاقت - بساط - حوصلہ -
**بُنیادی** (بُن - یا - دی) [ف - صفت] (۱) اصل - حقیقی (۲) ابتدائی -

**بنیان** (بن - یان) [اُر - ا - مونث] ایک لباس جو کرتے کے نیچے پہنا جاتا ہے -
**بُنیان** (بُن - یان) [ع - ا - مونث] نیو - بُنیاد -
**بنیٹی - بنیٹھی** (ب - نے - ٹی - ب - نے - ٹھی) [ہ - ا - مونث] ایک لاٹھی جس کے سروں پر کپڑا لپٹا ہوتا ہے اور اسے آگ لگا کر پھراتے ہیں - ایک ورزش -
**بنیٹھی پھینکنا** (ہلانا) - بنیٹھی کی ورزش کرنا -
**بنیتی** (ب - نے - تی) [ہ - ا - مونث] بنیا کی تانیث - بنیے کی جورو -

# ب - و

**بُو** [ف - ا - مونث] (۱) مہک (۲) بدبو (۳) خبر - راز (۴) نشان - اثر -
**بُوباس** (۱) جسم یا پھول کی خوشبو (۲) سُراغ - کھوج (۳) انداز - طور - ڈھنگ -
**بُو بسنا** - بُو کا سما جانا -
**بُو** [ع - ا - مذکر] ابُو کا مخفف - باپ -
**بوالعجب** (۱) بازی گر (۲) انوکھا (۳) حیران (۴) احمق -
**بوالفضول** - بکواسی - وہ شخص جو بیٹھا باتیں بنایا کرے -
**بوالہوس** (۱) لالچی (۲) خواہشات کا بہت سخت حریص -
**بوالہوسی** - بہت زیادہ حرص - نفسانی خواہشات پر زیادہ چلنا -
**بوتراب** - حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت -
**بُوا** (بُ - وا) [ہ - ا - مونث] (۱) بہن (۲) باپ کی بہن - پھوپھی -
**بوار** (ب - وار) [ہ - ا - مذکر] بونے کا موسم -
**بواسیر** (ب - وا - سیر) [ع - ا - مونث] باسور کی جمع - مقعد کی پھنسیاں -
**بُوانا** (بُ - وا - نا) [ہ - مص] بونا کا متعدی -
**بوائلر** (بوا - ا - لر) (BOILER) [انگ - ا - مذکر] گرم پانی کا برتن جو کسی مشین میں لگا ہوتا ہے اور جس میں بھاپ بنتی ہے -
**بُوائی** (بُ - وا - ای) [ہ - ا - مونث] (۱) بیج بونے کا موسم (۲) بیج بونے کا عمل -
**بوبک** (بو - بک) [ہ - صفت] (۱) بوڑھا (۲) نابالغ (۳) بیوقوف -
**بوبو** (بو - بو) [ہ - ا - مونث] (۱) بہن (۲) وہ بوڑھی کنیز جس کی گود میں بچے نے پرورش پائی ہو -
**بوتا** (بو - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) درخت کا تنا (۲) نرسے یا خشے کی نلی -
**بُوتا** (بُو - تا) [ہ - ا - مذکر] بل - طاقت - زور - مقدور - حیثیت -
**بُوتام** [انگ (BUTTON) کا مورد - ا - مذکر] گھنڈی - تکمہ -
**بوتل** (بو - تل) [انگ (BOTTLE) کا مورد - ا - مونث] شیشہ - مینا -
**بوتل کا نشہ** [کنایتاً] شراب کا نشہ -
**بوتہ** (بو - تہ) [ف - ا - مذکر] (۱) مٹی کا برتن جس میں سونے چاندی کو پگھلایا جاتا ہے (۲) اونٹ کا بچہ (۳) چھوٹا درخت -
**بوتۂ خاک** (۱) مٹی کا برتن (۲) [کنایتاً] قالبِ انسانی - آدمی کا بدن -
**بُوتھ** (BOOTH) [انگ - ا - مذکر] کرکٹ وغیرہ کا عارضی سائبان -
**بوٹ** [ہ - ا - مذکر] کچے سبز چنے -
**بوٹ پلاؤ** - پلاؤ جس میں کچے چنوں کی دال ملا کر پکاتے ہیں -
**بُوٹ** (BOOT) [انگ - ا - مذکر] انگریزی جوتا -

Marfat.com

**بوٹ** (BOAT) [انگ - ا - مونث] کشتی - ناؤ -
**بوٹا** (بُو - ٹا) [ہ - ا - مذکر] (۱) پودا (۲) گلکاری جھاڑ - پھول پتی -
**بوٹا سا قد** - چھوٹا اور خوب صورت قد -
**بوٹی** (بو - ٹی) [ہ - ا - مونث] گوشت کا ٹکڑا -
**بوٹی بوٹی پھڑکنا** (۱) عضو عضو کا حرکت کرنا (۲) شوخ و شنگ ہونا -
**بوٹی توڑنا** (۱) زور سے چٹکی لینا (۲) آنکا نوچنا -
**بوٹی چڑھنا** - موٹا ہونا - بدن پر گوشت آنا -
**بوٹیاں توڑنا - بوٹیاں کاٹنا - بوٹیاں نوچنا** (۱) جسمانی سزا دینا - کونا (۲) طعنے دینا -
**بوٹیاں کھانا** (۱) ستانا (۲) فکر میں مبتلا ہونا (۳) گوشت کے تکے کھانا -
**بُوٹی** (بُو - ٹی) [ہ - ا - مونث] (۱) جڑی - پودا (۲) دوا (۳) بھنگ (۴) چھوٹا پھول -
**بوجھ** [ہ - ا - مذکر] (۱) وزن - بار (۲) گٹھڑی (۳) پاسنگ (۴) فکر - خیال (۵) وقت - مشکل (۶) حصہ -
**بوجھ بٹائی** - اناج کا گٹھڑیوں میں باندھنا -
**بُوجھ** [ہ - ا - مونث] فہم - سمجھ - دانش - فراست - عقل - تمیز -
**بوجھ بجھکڑ** (۱) ہوشیار (۲) [طنزاً] نادان جو عقلمند بنے -
**بوجھ بجھوّل** - پہیلی - معمّا - چیستاں -
**بوجھل** (بو - جھل) [ہ - صفت] (۱) بھاری (۲) لدا ہوا -
**بوجھنا** (بُوجھ - نا) [ہ - مص] (۱) سمجھنا (۲) جاننا (۳) پوچھنا (۴) شمار کرنا (۵) فال نکالنا -
**بُوچا** (بُو - چا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کیکر کی چھال کا وہ بُرادہ جو ادھوڑی سکنے کے بعد رہ جاتا ہے (۲) [صفت] کن کٹا - بے کان کا - (۳) بے شرم -
**بُوچڑ** (بُو - چڑ) [انگ (BUTCHER) کا مورّث - ا - مذکر] قصائی -
**بوچھار - بوچھاڑ** (بو - چھار - بو - چھاڑ) [ہ - ا - مونث] (۱) مینہ کا کثرت سے جھٹکے کے ساتھ پڑنا - مینہ کا ہوا کے تھپیڑے سے ترچھا برسنا (۲) کثرت - زیادتی -
**بُوچھاڑی** (بُو - چھا - ڑی) [ہ - ا - مونث] سائبان جو بوچھاڑ سے بچنے کے لیے مکان کے سامنے ڈالتے ہیں -
**بُوچی** (بُو - چی) [ہ - صفت] (۱) کن کٹی (۲) منڈے کان والی - بے حیا عورت -
**بود** [ف - ا - مونث] وجود - قیام - ہستی -
**بود و باش** - سکونت - قیام -
**بودا** (بو - دا) [ہ - صفت] (۱) بُزدل (۲) کمزور (۳) پھُس پھُسا - فرسودہ -
**بودم بے سوال** [ف] سوال کے بغیر بودم یعنی بوم - اُلّو -
**بودھ** [س - ا - مذکر] (۱) معرفت - علم (۲) بدھ مذہب کا پیرو -
**بودی** (بو - دی) [ہ - صفت] بودا کی تانیث -
**بودی بات** - اوچھی اور ہلکی بات - رتبے سے گری ہوئی بات -
**بور** [ہ - ا - مونث] (۱) خیرات کرنا (۲) پھاوڑا (۳) بھوسی - چوکر (۴) خرابی -
**بُور بُور** - ٹکڑے ٹکڑے - پاش پاش - دھجی دھجی -
**بور کے لڈو** (۱) بھوسی میں کھانڈ ملا کر بنائے ہوئے لڈو (۲) دھوکا -
**بور کے لڈو کھائے تو پچھتائے اور نہ کھائے تو پچھتائے** [مثل] اس کام جس کے کرنے پر افسوس ہو اور نہ کرنے پر حسرت ہو -

**بور** (BORE) [انگ - صفت] بیزار کرنے والا - مغز چٹ -
**بورا** (بو - را) [ہ - ا - مذکر] تھیلا - بڑی بوری -
**بُورا** (بُو - را) [ہ - ا - مونث] (۱) شکر سفید - کھانڈ (۲) بُرادہ - چُورن سفوف -
**بُورانی** (بُو - را - نی) [ف - ا - مونث] بینگن اور دہی ملا کر بنایا ہوا سالن -
**بورڈ** (BOARD) [انگ - ا - مذکر] (۱) لکڑی کا تختہ (۲) مجلس - ارکانِ مجلس -
**بورڈ آف ڈائرکٹرز** (BOARD OF DIRECTORS) کسی بینک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی -
**بورڈنگ ہاؤس** (BOARDING HOUSE) [انگ - ا - مذکر] مدرسے کا اقامت خانہ - دار الاقامہ
**بورژوا** (BOURGEOISIE) (بور - ژ - وا) [انگ - ا - مذکر] (۱) شہری متوسط طبقہ (۲) سماجی قدر و منزلت رکھنے والے صاحب جائداد لوگ
**بورژوائی** (بُر - ژ - وا - ای) [ہ - صفت] صاحب ثروت لوگوں سے منسوب
**بورسٹل انسٹی ٹیوٹ** (BORSTAL INSTITUTE) (بور - سٹل - انس - ٹی - ٹیوٹ) [انگ - ا - مذکر] کم سن مجرموں کا تادیب خانہ - جیل
**بوری** (بو - ری) [ہ - ا - مونث] چھوٹا بورا -
**بوریا** (بو - ر - یا) [ف - ا - مذکر] چٹائی -
**بوریا باندھنا - سنبھالنا** - کوچ کرنا - کوچ کی تیاری کرنا -
**بوریا بغل میں دابنا** [مجازاً] چلے جانا -
**بوڑ - بوڑھا** [ہ - صفت] بوڑھی -
**بوڑھا** (بُو - ڑھا) [ہ - صفت و ا - مذکر] (۱) بڈھا (۲) ضعیف مرد -
**بوڑھا بوبک** - بڑھاپے میں جوانی کے انداز - حریص بوڑھا -
**بوڑھا چونچلا** - بڑھاپے کا غمزہ - نخرا -
**بوڑھا چونڈا** - بوڑھی عورت کے سفید بال - پیرانہ سال عورت -
**بوڑھا خرانٹ** - ہوشیار و تجربہ کار بوڑھا -
**بوڑھا طوطا** - بڑی عمر کا بیوقوف آدمی -
**بوڑھا گھاگ** - جہاں دیدہ بوڑھا - چالاک - خرانٹ -
**بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں؟** [مثل] بوڑھے آدمی علم حاصل نہیں کر سکتے -
**بوڑھے منہ مہاسے لوگ چلے تماشے** [مثل] بڑھاپے میں جوانی کی باتیں -
**بوڑھی** (بُو - ڑھی) [ہ - صفت] بوڑھا کی تانیث -
**بوڑھی عید** - رمضان کے تیس روزوں کے بعد آنے والی عید -
**بوڑھی گھوڑی لال لگام** - بڑھاپے میں جوانوں کا سا بناؤ سنگار -
**بوزنہ - بوزینہ** (بوز - نہ - بو - زی - نہ) [ف - ا - مذکر] بندر - میمون -
**بوستان** (بوس - تان) [ف - ا - مذکر] باغ -
**بوس و کنار** (بو - سو - کِ - نار) [ف - ا - مذکر] چومنا اور بغل میں لینا -
**بوسہ** (بو - سہ) [ف - ا - مذکر] چوما چاٹی - پیار - پپّی -
**بوسہ بازی** - چوما چاٹی - بوسے لینا دینا -
**بوسہ دینا** (۱) چومنا (۲) چھوانا - پیار کروانا -
**بوسہ گاہ** - وہ مقام جسے چوما جائے -
**بوسیدگی** (بو - سی - دَ - گی) [ف - ا - مونث] پرانا پن -
**بوسیدہ** (بو - سی - دہ) [ف - صفت] پھٹا پرانا - گلا سڑا - ٹوٹا پھوٹا -
**بوشا** (بوش - ا) [ف - ا - مذکر] (۱) گھوڑے کا ایک مرض (۲) پھیپھڑے (۳) کھانسی (۴) بدشکل عورت (۵) بلغم کا پھوڑا -

Marfat.com

بوقلموں (بُو۔قَل۔مُوں) [ف۔صف] رنگا رنگ۔ عجب آمیز۔
بوقلمونی (بُو۔قَل۔مُو۔نی) [ف۔امونث] رنگا رنگی۔
بوکا (بو۔کا) [ہ۔ا۔مذکر] ٹوکری یا چمڑے کا ڈول جس سے پانی نکالتے ہیں۔
بوکھلانا (بوکھ۔لا۔نا) [ہ۔مص] گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔
بوکھلاہٹ (بوکھ۔لا۔ہٹ) [ہ۔امونث] گھبراہٹ۔ بدحواسی۔
بوگس (BOGUS) (بو۔گس) [انگ۔صف] مصنوعی۔ بناوٹی۔
بوگی (BOGIE) (بو۔گی) [انگ۔امونث] ریل کا ڈبا۔
بول [ع۔ا۔مذکر] پیشاب۔ موت۔
بول و براز۔ پیشاب۔ پاخانہ۔
بول [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بات۔ قول (۲) حکم (۳) گیت کا ٹکڑا۔ (۴) طعن۔
بول اُٹھنا (۱) بات کرنے لگنا۔ کہہ دینا (۲) اچانک اُٹھنا۔
بول بالا ہونا (۱) بات بڑی ہونا (۲) اقبال یاور ہونا۔ ترقی ہونا۔
بول جانا (۱) ختم ہونا (۲) جواب دے دینا۔ مرجانا (۳) چلا اُٹھنا (۴) حواس باختہ ہوجانا (۵) دیوالہ نکل جانا (۶) برداشت نہ رہنا۔
بول چال (۱) بات چیت (۲) روزمرہ بولنے کا طریقہ (۳) میل ملاپ (۴) تکرار۔ بحث۔
بول سُنانا (۱) باتیں سنانا (۲) طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
بول مارنا۔ طعنے دینا۔ سنی ان سنی کرنا۔
بولا چالی (بو۔لا۔چا۔لی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) بات چیت (۲) جھگڑا (۳) دوستی۔
بولانا (بو۔لا۔نا) [ہ۔مص] بدحواس ہوجانا۔
بولر (BOWLER) (بو۔لر) [انگ۔ا۔مذکر] گیند پھینکنے والا۔
بولنا (بول۔نا) [ہ۔مص] (۱) بات کرنا (۲) بجنا (۳) بتانا (۴) حقے کا آواز دینا۔
بولنگ (BOWLING) (بو۔لنگ) [انگ۔ا۔مونث] گیند پھینکنے کا عمل۔
بولنگ کریز (BOWLING CREASE) وہ خط جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے۔
بولی (بو۔لی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گفتگو۔ زبان (۲) جانوروں کی آواز (۳) نیلام کی آواز (۴) طعن و تشنیع۔
بولی ٹھولی۔ آوازے توازے۔ طعن و تشنیع۔
بولیاں بولنا (۱) اپنی اپنی آوازیں نکالنا۔ اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا (۲) آوازے کسنا۔
بوم [ف۔ا۔مذکر] اُلّو۔
بوم خصلت۔ ویرانہ پسند۔ منحوس۔
بونا (بو۔نا) [ہ۔صف] پستہ قد۔ ٹھنگنا۔
بونا (بو۔نا) [ہ۔مص] تخم ریزی کرنا۔ بیج ڈالنا۔ بوائی کرنا۔
بونا جوتنا۔ کھیت میں بیج ڈالنا اور ہل چلانا۔
بونٹ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بوٹ۔ سبز چنے (۲) چھوٹا مضبوط گھوڑا۔
بوند [ہ۔ا۔مونث] (۱) قطرہ (۲) ایک قسم کا کپڑا۔
بوند بوند تالاب بھرتا ہے [مثل] تھوڑا تھوڑا بہت ہوجاتا ہے۔
بوند بھر۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ بہت کم۔
بوندا باندی (بوں۔دا۔باں۔دی) [ہ۔ا۔مونث] تھوڑی تھوڑی بارش۔ ترشح۔
بوندی (بوں۔دی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) چھوٹی بوند (۲) ایک مٹھائی کا نام۔
باؤنڈری (BOUNDARY) (باؤنڈ۔ری) [انگ۔ا۔مونث] (۱) حد۔ باڑھ (۲) حد بندی۔
بونس (BONUS) (بو۔نس) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) انعام جو ملازمین کو اُجرت کے علاوہ دیا جائے (۲) زائد منافع جو کمپنی کے حصے داروں کو ملے۔
بونگا (بوں۔گا) [ہ۔صف] بیوقوف۔ احمق۔ بے محل بات کرنے والا۔
بونگی (بوں۔گی) [ہ۔صف] بونگا کی تانیث۔ بیوقوف عورت۔
بونی (بو۔نی) [ہ۔ا۔مونث] بیج بونے کا موسم۔ بیج بونے کا کام۔
بوہرا (بوہ۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ساہوکار (۲) ایک مسلمان تاجر قوم۔
بوہنی (بوہ۔نی) [ہ۔ا۔مونث] پہلی بکری۔ وہ رقم جو دن میں پہلے پہل ملے۔
بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا [مثل] بے مشقت کام بن گیا۔

## ب - ھ

بِہ [ف۔صف] اچھا۔ عمدہ۔
بہتر (۱) زیادہ اچھا (۲) کسی بات یا حکم کے جواب میں۔ بہت خوب۔
بہترین۔ سب سے اچھا۔
بھاؤ (بھا۔ؤ) [ف۔ا۔مذکر] مول۔ دام۔ قیمت۔
بھابی۔ بھابھی [ہ۔ا۔مونث] بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔
بھاپ [ہ۔ا۔مونث] دُھواں۔ بخارات۔
بھاپ بھرانا۔ پرندوں کا منہ سے اپنے بچوں کے پیٹ میں ہوا پھونکنا۔
بھات [ہ۔ا۔مذکر] اُبلے ہوئے چاول۔ خشکہ۔
بھات چھوڑا جاتا ہے ساتھ نہیں چھوڑا جاتا [مثل] باوضع لوگ نقصان گوارا کرلیتے ہیں لیکن مروت ترک نہیں کیا کرتے۔
بھاٹ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) خوشامدی (۲) گیت بنانے یا سنانے والا (۳) وہ برہمن جن کا کام خاندانی شجرے یاد رکھنا اور بیاہ وغیرہ کے موقع پر لوگوں کو سنانا ہوتا ہے۔
بھاٹا (بھا۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) تنزل۔ اُتار (۲) پتھر۔ روڑا (۳) جنگلی
بھاجی (بھا۔جی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) پکا ہوا ساگ یا ترکاری (۲) حصہ بخرا۔
بہادر (بہ۔ا۔دُر) [ف۔صف] (۱) جوانمرد۔ شجاع۔ سورما (۲) دلیر۔
بہادری (بہ۔ا۔دُری) [ف۔ا۔مونث] دلیری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔
بھادوں (بھا۔دوں) [ہ۔ا۔مذکر] ہندی سال کا پانچواں مہینا جو نصف اگست سے نصف ستمبر تک رہتا ہے۔
بھادوں سے پیچھے تو پھر ملیں گے [مثل] اگر بھادوں میں زندہ رہے تو پھر ملیں گے (بھادوں میں اکثر وبائیں پھیلتی ہیں)۔
بھادوں کی بھرن۔ بھادوں کے مہینے کی بارش جس سے تالاب اور کھیت بھر جاتے ہیں۔
بھار [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بوجھ۔ وزن (۲) ناگوار۔ اجیرن۔
بہار (بہ۔ار) [ف۔ا۔مونث] (۱) بسنت رُت۔ موسم ربیع (۲) نارنج کا پھول (۳) لطف۔ رونق (۴) خوشی۔ شباب (۵) سرسبزی (۶) سیر۔ تفریح۔
بہار پر آنا (۱) جوبن پر آنا۔ جوان ہونا (۲) پھولوں کا کھلنا۔

Marfat.com

بہار دکھانا ۔ سماں دکھانا ۔ کیفیت دکھانا ۔
بہار کھلنا ۔ رونق ہونا ۔
بہار لوٹنا (۱) عیش کرنا (۲) تماشا دیکھنا (۳) تباہ کرنا ۔
**بہاراں** (بَ ۔ ہا ۔ راں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] موسم بہار (الف نون زائد ہے) ۔
**بُہارن** (بُ ۔ ہا ۔ رَن) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جھاڑن ۔ جھاڑنے کا کپڑا ۔
**بُہارنا** (بُ ۔ ہار ۔ نا) [ہ ۔ مص] جھاڑو دینا ۔ صاف کرنا ۔
**بُہارُو** (بُ ۔ ہا ۔ رُو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جھاڑو کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے ۔
**بُہاری** (بُ ۔ ہا ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] جھاڑن ۔ جھاڑو ۔
**بِہاری** (بِ ۔ ہا ۔ ری) [ہ ۔ صفت] (۱) ہندوستان کے صوبہ بہار سے منسوب (۲) [مذکر] بہار کا باشندہ (۳) کرشن جی کا نام ۔
**بھاری** (بھا ۔ ری) [ہ ۔ صفت] (۱) وزنی ۔ بوجھل (۲) ناگوار (۳) منحوس (۴) بیش قیمت (۵) غالب (۶) مشکل ۔
بھاری آواز ۔ موٹی آواز جو قدرتی طور پر بھدی ہو ۔
بھاری بھرکم (۱) موٹا تازہ (۲) عزت والا (۳) بُردبار ۔ متین ۔ باوقار ۔
بھاری پتھر ۔ وزنی پتھر [مجازاً] وزنی چیز ۔ قابو سے باہر ۔
بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا ۔ مشکل کام کر دست بردار ہو جانا ۔
بھاری رات ۔ تکلیف دہ رات ۔ غم کی رات ۔ لمبی رات ۔
**بھاڑ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ چولھا جس میں چنے بھونتے ہیں (۲) بھٹی (۳) تنور ۔
بھاڑ جھونکنا (۱) بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالتے رہنا (۲) ذلیل و خوار ہونا (۳) بےمزہ رہنا ۔ کوئی فن یا ہنر نہ جاننا ۔
بھاڑ سا بھُننا ۔ کثرت سے قتل ہونا ۔
بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا [مثل] کم مصیبت سے نکال کے زیادہ مصیبت میں ڈال دیا ۔
بھاڑ میں جھونکنا (۱) آگ میں ڈالنا (۲) ضائع کرنا (۳) نام نہ لینا ۔
**بھاڑا** (بھا ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کرایہ ۔ محصول ۔ اُجرت ۔
بھاڑے کا ٹٹو (۱) کرائے کا گھوڑا (۲) [مجازاً] وہ شخص جو اُجرت پر کام کرے ۔
**بھاشا** (بھا ۔ شا) [س ۔ ا ۔ مونث] (۱) زبان ۔ بولی (۲) روزمرہ کی گفتگو ۔
**بھاکا بھاکھا** (بھا ۔ کا ۔ بھا ۔ کھا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے بھاشا ۔
**بھاگ** (بَ ۔ ہاگ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] ایک راگنی ۔
**بھاگ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حصہ ۔ ٹکڑا (۲) قسمت (۳) ورثہ ۔
بھاگ بھری (۱) خوش نصیب عورت (۲) [طنزاً] بدقسمت عورت ۔
بھاگ جاگنا ۔ بھاگ کھلنا ۔ بھاگ لگنا ۔ قسمت کا اچھا ہونا ۔
بھاگوان (۱) اقبال مند (۲) دولت مند (۳) نیک (۴) سعادت مند ۔
**بھاگا بھاگ ۔ بھاگم بھاگ ۔ بھاگوں بھاگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بھاگنے کا عمل (۲) [تابع فعل] تیزی اور جلدی سے ۔ جھپٹ کر ۔
بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہی سہی [ہ ۔ مثل] جاتی ہوئی چیز یا ڈوبی ہوئی رقم کا جو حصہ بھی مل جائے غنیمت ہے ۔
بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے [ہ ۔ مثل] بزدل اور نامرد شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بہادری کی لاف مارے گر کر کچھ نہ سکے ۔
بھاگ جانا [ہ ۔ مص] (۱) فرار ہو جانا (۲) ہمت ہار دینا (۳) بےعقلی کرنا ۔
**بھاگڑ** (بھاگَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بے سروسامانی سے بھاگنا ۔
بھاگ کھڑا ہونا [ہ ۔ مص] چل دینا ۔ فرار ہو جانا ۔
**بھاگنا** (بھاگ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) فرار ہونا (۲) پرہیز کرنا (۳) بےوفائی کرنا ۔
**بھال** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) راجپوتوں کی ایک ذات (۲) برچھی کا پھل (۳) تیر کی نوک (۴) دیکھ کے ساتھ بطور تابع (دیکھ بھال) ۔
**بھالا** (بھا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] برچھا ۔ نیزہ ۔
**بھالنا** (بھال ۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھنا ۔ تلاش کرنا (دیکھنا کے ساتھ بطور تابع) ۔
**بھالو** (بھا ۔ لُو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ریچھ ۔
**بھان** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سورج (۲) اُجالا (۳) [مونث] ریزگاری ۔
**بھانا** (بھا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پسند آنا ۔ بھلا لگنا (۲) راس آنا ۔
**بہانا** (بَ ۔ ہا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پانی گرانا (۲) پانی میں ڈالنا (۳) ضائع کرنا (۴) سستا بیچنا ۔
**بھانپنا** (بھانپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) صورت سے جانچ لینا (۲) تاڑنا (۳) غور سے دیکھنا ۔
**بھانت** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) طرح ۔ قسم (۲) انداز ۔ طور ۔ طریقہ ۔ رنگ ڈھنگ ۔
بھانت بھانت کا ۔ طرح طرح کا ۔ الگ الگ وضع قطع کا ۔
بھانت بھانت کی بولیاں بولنا ۔ اپنی اپنی رائے کے مطابق باتیں کرنا مختلف آوازیں نکالنا ۔
**بھانجا** (بھان ۔ جا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بہن کا بیٹا ۔ ہمشیرزادہ ۔
**بھانجی** (بھان ۔ جی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بہن کی بیٹی ۔ خواہرزادی ۔
**بھانجی** (بھان ۔ جی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) مزاحمت (۲) بُرائی (۳) چغلی ۔
بھانجی خور (۱) کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا ۔ چغل خور ۔
بھانجی مارنا (۱) رخنہ ڈالنا (۲) چغلی کھانا ۔
**بھانڈ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نقال ۔ مسخرا (۲) جھوٹی تعریف کرنے والا ۔
**بھانڈا** (بھان ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مٹی کا برتن (۲) بھید ۔ راز ۔
بھانڈا پھوڑ ۔ راز فاش کرنے والا ۔ پیٹ کا ہلکا ۔ چغل خور ۔
بھانڈا پھوڑنا (۱) راز فاش کرنا (۲) عیب کھولنا ۔
**بھانگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] بھنگ ۔
**بھانمتی** (بھان ۔ مَ ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مداری (۲) دھوکا باز ۔ فریبی ۔ شعبدہ باز ۔
**بھانویں** (بھاں ۔ ویں) [ہ] (۱) نزدیک ۔ حساب میں (۲) توجہ (۳) خواہ ۔ چاہے ۔
**بہانہ** (بَ ۔ ہا ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حیلہ ۔ ٹال مٹول (۲) دھوکا (۳) سبب ۔
بہانہ جو ۔ بہانہ ڈھونڈنے والا ۔ حیلہ گر ۔ دھوکے باز ۔
بہانہ جوئی ۔ حیلہ کی تلاش ۔
بہانہ خور ۔ مکار ۔ بہانہ بنانے والا ۔ فریبی ۔
بہانہ ساز ۔ حیلہ کرنے والا ۔
بہانے موت حیلے رزق [مثل] موت کا کوئی سبب ہوتا ہے اور رزق پہنچنے کا کوئی حیلہ ہوتا ہے ۔
**بھاوج** (بھا ۔ وَج) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بھائی کی بیوی ۔
**بہائم** (بَ ۔ ہا ۔ ءِم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بہیمہ کی جمع ۔ چوپائے ۔ مویشی ۔
**بھاؤ** (بھا ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حالت (۲) قیمت (۳) نرخ (۴) ناز و ادا ۔
بھاؤ اُترنا ۔ قیمت گھٹنا ۔ سستا ہونا ۔
بھاؤ بتانا (۱) حالت ظاہر کرنا (۲) نرخ بتانا (۳) ناچ گانے میں ہاتھوں آنکھوں یا دوسرے اعضا کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا ۔

Marfat.com

**بھاؤ تاؤ** (۱) نرخ۔ قیمت (۲) کیفیت۔ حالت۔
**بھاؤ تیز ہو جانا**۔ قیمت چڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔ گراں ہونا۔
**بھاؤ چڑھنا**۔ قیمت بڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔
**بھاؤ کرنا**۔ قیمت طے کرنا۔ مول کا فیصلہ کر لینا۔
**بھاؤ گرنا**۔ بھاؤ گھٹنا۔ قیمت کم ہو جانا۔
**بہاؤ** (ب۔ ہا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ڈھلاؤ۔ روانی (۲) چڑھاؤ۔ طغیانی
**بھائی** (بھا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) برادر حقیقی (۲) رشتہ کا بھائی (۳) دوست۔
**بھائی بند**۔ ہم قوم۔ ہم مذہب۔ رفیق۔ رشتہ دار۔
**بھائی بندی** (۱) برادری۔ رشتہ داری (۲) یگانگت۔
**بھائی چارا** (۱) یکجہتی دوستی (۲) میل جول۔
**بہائی** (ب۔ ہا۔ ای) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) بہاء اللہ کے مذہب کا پیرو (۲) [صف] اس مذہب سے متعلق۔
**بھائیں** (بھا۔ یں) [ہ۔ صف] خوفناک۔ ہیبت ناک۔ ڈراؤنا۔
**بھائیں بھائیں کرنا**۔ بے آبادی کی وجہ سے جگہ کا خوفناک معلوم ہونا۔
**بھبک** (بھ۔ بک) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) نہایت گرم بھاپ (۲) شعلے کی بھڑک (۳) تیز بدبو۔ تعفن۔
**بھبک اُٹھنا**۔ نہایت گرم ہو جانا۔ بھڑک جانا۔
**بھبکا** (بھب۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) عرق کھینچنے کا ظرف (۲) تعفن۔
**بھبکنا** (بھ۔ بک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) نہایت گرم ہونا (۲) غرّانا۔ غصہ ہونا۔
**بھبکی** (بھب۔ کی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] گھُڑکی۔ دھمکی۔
**بھبکی دینا**۔ بھبکیاں دینا۔ غصے کی شکل بنا کر ڈرانا۔ دھمکانا۔
**بھبکی میں آجانا**۔ ڈر جانا۔ دھمکی میں آجانا۔
**بھبوت۔ بھبھوت** (بھ۔ بوت۔ بھ۔ بھوت) [ہ۔ ا۔ مؤنث] وہ راکھ جو جوگی سنیاسی لوگ اپنے بدن پر ملتے ہیں۔
**بھبوت رمانا** (۱) فقیروں کا اپنے جسم پر راکھ ملنا (۲) جوگ لینا۔
**بہبود** (بہ۔ بود) [ف۔ ا۔ مؤنث] بہتری۔ نفع۔ فائدہ۔ بھلائی۔
**بھبوکا** (بھ۔ بو۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) آگ کا شعلہ۔ انگارہ (۲) [صف] دہکتا ہوا (۳) غضب ناک (۴) نہایت سُرخ۔ چمکدار۔
**بھپارا** (بھ۔ پا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جوش دی ہوئی دوا (۲) بھاپ۔ دھونی۔
**بھپارا دینا** (۱) بھاپ دینا (۲) سینک دینا۔
**بھپک** (بھ۔ پک) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے بھبک۔
**بُہت** (ب۔ ہُت) [ہ۔ صف] (۱) زیادہ۔ نہایت (۲) [تابع فعل] کثرت سے۔
**بہت اچھا** (۱) بہت بہتر (۲) کیا مضائقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔
**بہت بڑی عمر ہے**۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی شخص کا ذکر ہو وہ آجائے۔
**بہت دن چڑھنا**۔ آفتاب بلند ہو جانا۔ خوب دھوپ نکل آنا۔
**بہت دنوں یاد کرنا**۔ عرصے تک پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
**بہت رات آئی**۔ رات کا کافی حصہ گزر گیا۔
**بہت قریب زیادہ رقیب**۔ قرابتی کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔
**بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں** [مثل] زیادہ دوستی اور بے تکلفی میں بُرائی ہو جاتی ہے۔
**بہت مٹھوں میں ایک ناک والا نکّو** [مثل] بہت سے عیب والوں میں ایک بے عیب بھی عیب والا سمجھا جاتا ہے۔

**بہت تھا کاتتے ہو**۔ بڑے غرور سے کام لیتے ہو۔
**بہت ہو گا**۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا۔
**بہتا** (بہ۔ تا) [ہ۔ صف] جاری۔ بہتا ہوا۔ تیرتا ہوا۔
**بہتے پانی میں ہاتھ دھونا۔ بہتے دریا میں ہاتھ دھونا۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا**۔ اچھے حالات سے فائدہ اٹھانا۔ کسی کی فیاضی سے فائدہ حاصل کرنا۔
**بھتّا** (بھت۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) اُبلے ہوئے چاول۔ خشکہ (۲) خوراک۔ سفر خرچ (۳) وہ رقم جو ملازم کو تنخواہ کے علاوہ ملے۔ الاونس۔
**بھتا خیمہ**۔ خیمے کا سفر خرچ۔
**بُہتات** (ب۔ ہُ۔ تات) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کثرت۔ زیادتی۔ افراط۔ فراوانی
**بُہتان** (بہُ۔ تان) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) تہمت۔ افترا۔ الزام (۲) بدنامی۔
**بہتان باندھنا۔ بہتان جوڑنا۔ بہتان دھرنا۔ بہتان دینا۔ بہتان رکھنا۔ بہتان لگانا**۔ الزام لگانا۔ عیب دھرنا۔
**بہتر** (ف۔ صف) بہ کے تحت دیکھیے۔
**بہتّر** (ب۔ ہت۔ تر) [ہ۔ صف] (۱) ستر اور دو (۲) اظہار کثرت کے لیے۔
**بہتری** (بہ۔ تَ۔ ری) [ف۔ ا۔ صف] (۱) بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ فائدہ (۲) فضیلت۔ بڑائی۔ بزرگی۔
**بھُتنا** (بھُت۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] بھوت۔ ناپاک روح۔ پلید۔ خبیث۔
**بھُتنی** (بھُت۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چڑیل۔ بلا (۲) [مجازاً] بھدی اور بدصورت عورت۔
**بھتّی** (بھت۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کسی کے مرنے پر عزیزوں کے گھر سے آیا ہوا کھانا۔
**بھتی کھانا** (۱) کسی کے مرنے پر اس کے قریبی رشتہ دار کے گھر سے آئی ہوئی روٹی کھانا (۲) ماتم کرنا۔
**بھتیج** (بھ۔ تیج) [ہ۔ ا۔ مذکر] بھتیجا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
**بھتیج بہو**۔ بھتیجے کی بیوی۔
**بھتیج داماد**۔ بھتیجی کا خاوند۔ بھائی کی بیٹی کا شوہر۔
**بھتیجا** (بھ۔ تی۔ جا) [ہ۔ ا۔ مذکر] بھائی کا بیٹا۔ برادر زادہ۔
**بھتیجی** (بھ۔ تی۔ جی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بھائی کی بیٹی۔
**بہتیرا** (ب۔ ہُ۔ تے۔ را) [ہ۔ صف] زیادہ۔ بہت۔ کافی۔
**بہتیرے پاؤں پیٹے**۔ بہت کوشش کی۔ بڑی مشقت کی۔
**بہتیری** (ب۔ ہُ۔ تے۔ ری) [ہ۔ صف] بہتیرا کی تانیث۔
**بھٹ** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) غار۔ کھوہ (۲) سانپ کا بل (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ (۴) چولھا۔ بھٹی۔
**بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹے کان** [مثل] وہ چیز یا دولت کس کام کی جس سے تکلیف پہنچے۔
**بھٹ تیتر**۔ ایک قسم کا تیتر جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔
**بھٹّا** (بھٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] اینٹ یا چونا پکانے کی بھٹی۔ پژاوہ۔
**بُھٹّا** (بھُٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] جوار مکی وغیرہ کی بالی۔ بھٹا۔
**بھٹا سا اُڑانا**۔ ایک ہی ضرب میں کاٹ دینا۔
**بھٹاچارج۔ بھٹاچاریا** (بھٹ۔ ٹا۔ چارج۔ چا۔ ریہ) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) محقق عالم (۲) بنگالی برہمنوں کا ایک بڑا خطاب۔
**بھٹک** (بھ۔ ٹک) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) گمراہی (۲) اکڑے ہوئے لوہے کی ٹھنک (۳) [صف] فوراً۔ جلدی۔

Marfat.com

**بھٹکا پھرنا** [ہ۔ مص] اُڑا اُڑا ڈول پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

**بھٹکانا** (بھٹ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) دھوکا دینا (۲) ڈانواڈول پھرانا۔ گمراہ کرنا۔

**بھٹکتے پھرنا** [ہ۔ مص] (۱) حیران اور سرگرداں پھرنا (۲) تلاش کرنا۔ (۳) گم ہونا۔

**بھٹکنا** (بھٹ۔ کنا) [ہ۔ مص] (۱) راہ بھولنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) کسی کو ڈھونڈتے پھرنا (۴) بے چین اور بے قرار ہونا۔

**بھٹناگر** (بھٹ۔ نا۔ گر) [ہ۔ ا۔ مذکر] کائستھوں کی ایک گوت۔

**بھٹنی** (بھٹ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) مرپیتان (۲) ٹھگ۔

**بھٹی** (بھٹ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) لوہاروں کا آتشدان۔ بڑا چولھا (۲) دھوبیوں کا آتشدان جس پر کپڑے رکھ کر انھیں بھاپ دیتے ہیں۔ (۳) کارخانۂ شراب (۴) راجپوتوں کی ایک گوت۔

**بھٹی پر چڑھانا** (۱) بھٹی گرم کرنا (۲) کپڑوں یا کسی شے کو صاف کرنے کے لیے اسے آگ پر پکانا۔

**بھٹیارا** (بھٹ۔ یا۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) نانبائی (۲) سرائے کا مالک۔

**بھٹیارپن** (بھٹ۔ یار۔ پن) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بدزبانی (۲) کمینہ پن۔

**بھٹیار خانہ** (بھٹ۔ یار۔ خا۔ نہ) [ہ۔ ا۔ مذکر] سرائے۔

**بھٹیارن۔ بھٹیاری** [ہ۔ ا۔ مونث] بھٹیارے کی بیوی۔

**بھٹیاریوں کی سی لڑائی** [مثل] (۱) سخت لڑائی (۲) معمولی بات پر جھگڑا۔

**بہجت** (بہ۔ جت) [ع۔ ا۔ مونث] خوشی۔ شادمانی۔ تازگی۔ سرور۔

**بھجن** (بھج۔ جن) [س۔ ا۔ مذکر] وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو۔ حمد۔ ثنا۔

**بھجنا** (بھج۔ نا) [ہ۔ مص] اسم جپنا۔ تسبیح پڑھنا۔ جپنا۔ پوجا کرنا۔

**بھجنگ** (بھج۔ جنگ) [ہ۔ صف] (۱) نہایت کالا (۲) [مذکر] کالا سانپ۔

**بھجنگا** (بھج۔ جن۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے (۲) نہایت سیاہ۔

**بھجوانا** (بھج۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] بھیجنا کا متعدی المتعدی۔

**بھجیا** (بھج۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بھنے ہوئے دانے (۲) بھنے بھنے دانوں کے ستو بناتے ہیں (۳) پکا ہوا ساگ۔

**بھچا** (بھچ۔ چا) [ہ۔ صف] تنگ۔ دبا ہوا۔

**بھچنا** (بھچ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹھنسنا (۲) دبنا۔ بھچنا (۳) مجبور ہونا۔ مٹنا۔

**بھد** [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) کسی چیز کے ریت یا کسی نرم چیز پر گرنے کی آواز (۲) ذلت۔ بے وقعتی۔ بدنامی۔

**بھدا** (بھد۔ دا) [ہ۔ صف] (۱) بہت موٹا (۲) بدصورت (۳) کاہل۔

**بہدانہ** (بہ۔ دا۔ نہ) [ہ۔ ا۔ مذکر] بہی کا بیج۔ ایک مشہور دوا کا نام۔

**بھدرا** (بھد۔ را) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) جوتش کی رو سے منحوس دن یعنی چاندکی دوسری، ساتویں اور بارھویں تاریخ (۲) کسی عزیز کی موت پر سر، مونچھ، ڈاڑھی وغیرہ کا منڈانا (۳) [مونث] سری کرشن جی کی ایک استری کا نام۔

**بھدی** (بھد۔ دی) [ہ۔ صف] بھدا کی تانیث۔

**بھر** [ہ۔ صف] (۱) تمام۔ کل (۲) تھوڑا (۳) اندازہ (۴) ہندوؤں کی ایک گوت۔

**بھر آنا** (۱) زخم مندمل ہو جانا (۲) رقت طاری ہونا۔ رحم آنا (۳) لبریز ہونا۔

**بھر پانا** (۱) وصول کرنا (۲) باز آنا (۳) نجات پانا (۴) کیے پر پچھتانا۔

**بھر پائی**۔ پورے داموں کی رسید۔

**بھرپور**۔ پورا۔ تمام۔ کمال۔ اچھی طرح۔

**بھرپیٹ**۔ اچھی طرح۔ جی بھر کے۔

**بھر دینا** (۱) لبریز کر دینا (۲) نقصان پورا کرنا (۳) آسودہ کر دینا (۴) آلودہ کرنا (۵) دے دینا (۶) سیراب کرنا۔

**بھر لینا** (۱) پُر کر لینا (۲) وصول کر لینا۔

**بھرمار**۔ کثرت۔ بہتات۔

**بھرا** (بھر۔ را) [ہ۔ صف] (۱) بھرا ہوا۔ آباد (۲) موٹا تازہ۔

**بھرا بھرا**۔ آباد۔

**بھرا پُرا** (۱) آسودہ۔ آباد (۲) صاحب اولاد (۳) خوش نصیب۔

**بھرا گھر** (۱) آباد گھر (۲) اسباب خانہ داری سے بھرا ہوا مکان۔

**بھرے بھرے**۔ تیار موٹے تازے۔

**بھرے بیٹھے ہیں۔ بھرے ہوئے ہیں** (۱) خفا ہیں (۲) شکوے سے پُر ہیں (۳) رونے کو تیار ہیں۔

**بھرے کو بھرنا**۔ کھاتے پیتے پر احسان کرنا۔

**بھرے میں بھرنا**۔ دولت میں دولت ملانا۔

**بھڑا** (بھڑ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ترغیب (۲) دھوکا (۳) کبوتروں کے یکبارگی اُڑنے کی آواز۔

**بھڑا دینا** (۱) جھانسا دینا (۲) کبوتروں کو یکبارگی اُڑانا۔

**بھڑے پر چڑھانا** (۱) جھانسے میں لانا (۲) تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کرنا۔

**بہرا** (بہ۔ را) [ہ۔ صف و ا۔ مذکر] وہ شخص جو سُن نہ سکے۔

**بھڑاٹا** (بھڑ۔ را۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔

**بہرام** (بہ۔ رام) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ (۲) عراق کے ایک بادشاہ کا نام جسے گورخر کے شکار کا بہت شوق تھا۔ اسے عام طور پر بہرام گور کہتے ہیں۔

**بھرانا** (بھر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا۔ (۲) پُر کرانا۔

**بھرّانا** (بھر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] گلا بیٹھ جانا۔ آواز بھاری ہونا۔

**بھراؤ** (بھر۔ را۔ او) [ہ۔ ا۔ مذکر] بھرتی۔ گڑھے وغیرہ بھرنے کی حالت۔

**بھرائی** (بھر۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) بھرنے کا فعل (۲) بھرانے کی اُجرت۔

**بھربھرا** (بھر۔ بھ۔ را) [ہ۔ صف] (۱) خستہ۔ کرارا (۲) بکھرا ہوا۔

**بھربھری** (بھر۔ بھ۔ ری) [ہ۔ صف] بھربھرا کی تانیث۔ خستہ۔

**بھرت** [ہ۔ ا۔ مونث] ایک مرکب دھات کا نام جو جست، تانبے اور سیسے سے مرکب ہوتی ہے۔

**بھرتا** (بھر۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذکر] اُبلے ہوئے یا چولھے میں جھلسائے ہوئے پھل، دال، ترکاری وغیرہ جنھیں چھیل کر اور بھون بگھار کر سالن کے طور پر تیار کیا جائے۔

**بھرتا کر دینا** (۱) کسی چیز کو کُوٹ کر ریزہ ریزہ کر دینا (۲) (مجازاً) بہت مارنا۔

**بھرتی** (بھر۔ تی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) بھراؤ (۲) محکمہ جہاں سپاہی وغیرہ نوکر رکھے جاتے ہیں (۳) تکمیل (۴) بے کار اسباب۔

**بھرتی کا شعر**۔ معمولی شعر جسے صرف غزل پوری کرنے کے لیے داخل کیا گیا ہو۔

**بھرتی کا مال** (۱) سوداگری کا مال (۲) وہ مال جو بہت قیمتی نہ ہو۔ معمولی مال۔

**بھرتی کرنا**۔ نوکر رکھنا۔ کسی محکمے میں داخل کرنا۔

Marfat.com

**بھرشٹ** (بھ۔رشٹ) [س۔ صف] (۱) ذلیل (۲) بے دین (۳) پلید (۴) ناپاک۔
**بُھرکس** (بُھر۔کس) [ہ۔ مذکر] ریزہ۔ چُورا۔
**بھرکس نکالنا** (۱) مار مار کر ہڈی پسلی توڑ دینا۔ کچومر نکالنا (۲) چُورا چُورا کرنا۔
**بھرم** (بھ۔رم) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) ساکھ (۲) دھوکا (۳) شہرت (۴) راز۔
**بھرم کھل جانا، کھلنا** (۱) بھید ظاہر ہونا (۲) اعتبار اُٹھنا (۳) نام میں بٹّا لگنا۔
**بھرمانا** (بھر۔ما۔نا) [ہ۔ مص] بہکانا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔
**بھرن** (بھ۔رن) [ہ۔ا۔ مونث] زور شور کی بارش۔
**بھرنا** (بھر۔نا) [ہ۔ مص] (۱) پُر کرنا۔ پُر ہونا (۲) لتھیڑنا (۳) نباہنا (۴) تاوان ادا کرنا (۵) سیر ہونا (۶) برداشت کرنا (۷) چغل کھانا (۸) [مذکر] قرض (۹) روزانہ کے مصارف۔
**بھرنا بھرنا** (۱) کسی کا خرچ برداشت کرنا۔ کفالت کرنا (۲) مصیبت جھیلنا۔
**بھرنی** (بھر۔نی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) بانا (۲) جُلاہوں کا ایک آلہ۔ نالی۔
**بھروانا** (بھر۔وا۔نا) [ہ۔ مص] بھرنا کا متعدی۔
**بھروپ** (بہ۔روپ) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) دھوکا (۲) سوانگ۔
**بھروپ بھرنا، لانا** سانگ بنانا۔ نئی حالت میں نظر آنا۔
**بھروپیا** (بہ۔رو۔پیا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) نقال (۲) مکار اور فریبی شخص۔
**بھرہ** (بہ۔رہ) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) نصیب۔ قسمت (۲) حصہ۔ بھاگ۔
**بھرہ مند۔ بھرہ ور۔ بھرہ یاب** خوش قسمت۔ فائدہ اُٹھانے والا۔
**بھرہ مندی** خوش حالی۔ اقبال مندی۔ خوشی۔
**بھری** (بہ۔ری) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) ایک شکاری پرندہ [صف] وہ عورت جس کی قوت سامعہ جاتی رہے۔
**بھری** (بھ۔ری) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) روپیہ بھر کا ایک وزن (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) [صف] بھری ہوئی۔ آباد۔
**بھری برسات** برسات کا موسم۔ زور کی بارش۔ بارش کا سماں۔
**بھری ڈگری، جوانی مانجھا ڈھیلا** [مثل] اس نوجوان کی نسبت کہتے ہیں جو سستی یا پست ہمتی کا اظہار کرے۔
**بھری رکعت** وہ رکعت جس میں الحمد کے ساتھ کوئی سورت ملائیں۔
**بھری گودی خالی ہونا** [کنایہ] شیر خوار اولاد کا مر جانا۔
**بھری مجلس، محفل میں** (۱) سب لوگوں کے سامنے (۲) پوری مجلس میں۔
**بھڑ** [ہ۔ا۔ مونث] (۱) زنبور۔ تتیا۔ زنبور (۲) ڈپ۔ ڈھیموں۔ دھموڑی۔
**بھڑ کا چھتا** (۱) بھڑوں کے رہنے کا گھر (۲) [مجازاً] ایسا شخص جسے چھیڑ کر بچنا بچانا مشکل ہو جائے۔
**بھڑ کے چھتّے کو چھیڑنا، بھڑ کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا** مفسد لوگوں کو چھیڑنا۔
**بھڑا دینا** [ہ۔ مص] مقابلہ کرا دینا۔ لڑائی کرا دینا۔
**بھڑاس** (بھ۔ڑاس) [ہ۔ا۔ مونث] دل کا غبار۔ کینہ۔ عداوت۔
**بھڑاس نکالنا** (۱) جی کا بخار نکالنا (۲) دل کا ذکر بیان کرنا۔
**بھڑبھڑانا** (بھڑ۔بھ۔ڑا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) بھڑ بھڑ کرنا (۲) طبلہ بجانا۔
**بھڑبھڑیا** (بھڑ۔بھڑ۔یا) [ہ۔ صف] (۱) فضول باتیں کرنے والا (۲) پیٹ کا ہلکا۔
**بھڑبھونجا** (بھڑ۔بھون۔جا) [ہ۔ا۔ مذکر] بھاڑ جھونکنے والا۔
**بھڑبھونجن** (بھڑ۔بھون۔جن) [ہ۔ا۔ مونث] بھڑبھونجا کی مونث۔

**بھڑ پڑنا** (بھڑ۔پڑ۔نا) [ہ۔ مص] الجھ پڑنا۔ بحث کرنے لگنا۔
**بھڑ جانا** (بھڑ۔جا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) لڑ پڑنا (۲) گتھ جانا۔
**بھڑک اُٹھنا** (۱) جل پڑنا (۲) غصے ہونا (۳) چمک جانا (۴) رونق پا جانا۔
**بھڑک دار** (۱) چمکیلا (۲) بارونق۔ خوب صورت۔
**بھڑکانا** (بھڑ۔کا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) آگ کو تیز کرنا (۲) غصہ دلانا (۳) ڈرانا۔
**بھڑکنا** (بھڑک۔نا) [ہ۔ مص] (۱) جل اُٹھنا (۲) چونکنا۔ خوف کھانا (۳) غصے ہونا (۴) اعصاب کا کھنچ جانا۔
**بھڑ کے بیٹھنا** قریب قریب بیٹھنا۔ زانو بہ زانو بیٹھنا۔
**بھڑکیلا** (بھڑ۔کی۔لا) [ہ۔ صف] چمکیلا۔ بھڑک دار۔
**بھڑنا** (بھڑ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ملنا۔ بالکل نزدیک ہونا (۲) مقابلہ کرنا (۳) ٹکرانا۔
**بھڑوا** (بھڑ۔وا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) دیوث (۲) بے غیرت۔ بے حیا۔
**بُھس** [ہ۔ا۔ مذکر] بھوسا۔ اناج کا چھلکا۔ بھوسا۔ بھوسی۔
**بُھس بھروانا** کھال کھنچوا کر اس میں بھس بھروانا۔ ایک قدیم سزا۔
**بُھس کے مول ملیدہ** قیمتی چیز کا نہایت سستے داموں فروخت ہونا۔
**بُھس ملانا** (۱) اناج میں بھوسا ملانا (۲) [مجازاً] خرابی پیدا کرنا۔
**بُھس میں چنگاری، چنگی بی ٹوال جمالو دور کھڑی** [مثل] لڑائی کرا کے الگ ہو جانا۔
**بھسم** (بھ۔سم) [ہ۔ا۔ مذکر] راکھ۔ خاک۔
**بہشت** (بہ۔ہشت) [ف۔ا۔ مذکر و مونث] جنت۔
**بہشت بریں** سب سے اعلیٰ درجہ کی جنت۔
**بہشت شدّاد** شداد ایک بادشاہ گزرا ہے جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور ایک باغ تیار کرایا تھا جسے وہ بہشت کہتا تھا۔
**بہشت کا جانور** [مجازاً] مور۔ طاؤس۔
**بہشت کا میوہ** [مجازاً] انار۔ انجیر۔
**بہشت میں لات مارنا** (۱) نیکوں کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۲) ماں باپ سے بدسلوکی کرنا (۳) خدا کی نعمتوں کی ناشکری کرنا۔
**بہشتن** (بہ۔ہش۔تن) [ف۔ا۔ مونث] بہشتی کی تانیث۔
**بہشتی** (بہ۔ہش۔تی) [ف۔ صف] (۱) بہشت کا رہنے والا (۲) بھلا آدمی (۳) [ا۔ مذکر] ماشکی۔ سقا۔
**بھق بھق** [ہ۔ا۔ مونث] (۱) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (۲) بھبکا۔
**بہک** (بہ۔ہک) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) گمراہی (۲) بدمستی۔
**بہک اُٹھنا** (۱) نشے میں بکنا (۲) بڑبڑانا (۳) غلطی کرنا۔
**بہک چلنا** (۱) اترانا (۲) حد سے تجاوز کرنا (۳) بہکانے میں آنا۔ مست ہونا۔
**بھک** [ہ۔ا۔ مونث] (۱) اُڑ جانے والی چیز (۲) پُھرا۔
**بھک سے اُڑ جانا** بارود والی چیز کا آگ لگنے سے اُڑ جانا۔
**بھک** [ہ۔ا۔ مونث] بھیک کا مخفف۔
**بھک منگا** (۱) بھیک مانگنے والا (۲) غریب (مونث بھک منگی)
**بُھکّا** (بُھک۔کا) [ہ۔ صف] بھوکا کا مخفف۔
**بھکّڑ پیٹا** (۱) بہت کھانے والا (۲) لالچی۔
**بھکاری** (بھ۔کا۔ری) [ہ۔ا۔ مذکر] فقیر۔ منگتا۔ گداگر۔
**بہکانا** (بہ۔کا۔نا) [ہ۔ مص] (۱) فریب دینا (۲) بھگا لے جانا (۳) غلطی کرانا (۴) بھڑکانا (۵) امید بندھانا (۶) بدگمانی کرنا۔
**بہکاوا** (بہ۔کا۔وا) [ہ۔ا۔ مذکر] دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔

Marfat.com

بھکاوے میں آنا (۱) دھوکے میں آنا (۲) حمایت پر پھُولنا۔
**بھگت** [س۔ا۔مذکر] (۱) عابد (۲) پرہیزگار۔ متقی (۳) پجاری۔
**بھگتی** (بھگ۔تی) [س۔ا۔مونث] (۱) عبادت (۲) عقیدت۔
**بھگراند۔بھگرابند** (بھگ۔راند بھگ۔را۔بند) [ہ۔ا۔مونث] ناگوار بُو۔
**بھکشا** (بھک۔شا) [س۔ا۔مونث] (۱) بھیک (۲) مانگ۔طلب۔
**بھکشو** (بھک۔شو) [س۔ا۔مذکر] (۱) بھیک پر بسر کرنے والا (۲) بُدھ مت کا درویش۔
**بھکنا** (بَ۔بک۔نا) [ہ۔مص] (۱) بھٹکنا (۲) دھوکا کھانا (۳) ہذیان بکنا (۴) اکھڑنا (۵) اَڑنا۔
**بھکنا** (بھُک۔نا) [ہ۔مص] گھُس جانا۔چُبھنا۔
**بہکی بہکی باتیں کرنا** [ہ۔مص] بے سروپا باتیں کرنا۔
**بھگا** (بھگ۔گا) [ہ۔صف] وہ جانور جو لڑائی میں اپنے مقابل سے بھاگ گیا ہو۔
**بھگانا** (بھ۔گا۔نا) [ہ۔مص] (۱) دوڑانا (۲) ورغلا کر لے جانا (۳) شکست دینا۔
**بھُگت** (بھُ۔گت) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے بھگت۔
**بھُگت لینا** (بھُ۔گت۔لے۔نا) [ہ۔مص] (۱) بدلہ لینا (۲) وصول کرنا (۳) سزا دینا (۴) کردار کو پہنچانا۔
**بھگتان** (بھگ۔تان) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) سزا (۲) قرضہ کی بے باقی۔
**بھُگتانا** (بھُگ۔تا۔نا) [ہ۔مص] (۱) ادا کرنا۔انجام کو پہنچانا (۲) تعمیل کرنا (۳) بے باق کرنا (۴) فیصلہ کرنا (۵) حساب کرنا (۶) تقسیم کرنا۔
**بھُگتنا** (بھُ۔گت۔نا) [ہ۔مص] (۱) ختم ہونا۔پُورا ہونا۔انجام کو پہنچنا (۲) برداشت کرنا۔سہارنا (۳) بے باق ہونا (۴) بھرنا۔بھُگتنا (۵) فیصلہ ہونا (۶) نباہنا (۷) تاوان دینا (۸) سمجھنا۔
**بھگتی** (بھگ۔تی) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے بھکتی۔
**بھگدڑ** (بھگ۔دڑ) [ہ۔ا۔مونث] بھاگنے کی ہلچل۔افراتفری۔
**بھگندر** (بھ۔گن۔در) [س۔ا۔مذکر] ناسُور۔ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد میں یا اس کے آس پاس ہوتا ہے۔
**بھگوڑ** (بھگ۔گو) [ہ۔صف] بھگوڑا۔بزدل۔
**بھگوان** (بھگ۔وان) [ہ۔ا۔مذکر] خدائے تعالیٰ۔پرمیشور۔ایشور۔
**بھگو بھگو کے لگانا (مارنا)** [ہ۔مص] (۱) بھگو بھگو کر جُوتیاں مارنا (۲) سخت لعنت ملامت کرنا۔
**بھگوتی** (بھگ۔و۔تی بھ۔گو۔تی) [س۔ا۔مونث] دیوی۔دُرگا دیوی۔
**بھگوڑا** (بھ۔گو۔ڑا) [ہ۔صف و۔ا۔مذکر] ڈرپوک۔بھاگ جانے والا۔
**بھگونا** (بھ۔گو۔نا) [ہ۔مص] تر کرنا۔گیلا کرنا۔
**بھلا** (بھ۔لا) [ہ۔صف] (۱) عمدہ۔مناسب (۲) نیک (۳) انوکھا۔دلکش (۴) تندرست (۵) [کلمۂ تنبیہ]
**بھلا آپ۔بھلا صاحب** [طنزاً] کیا مضائقہ ہے۔
**بھلا چنگا**۔تندرست۔اچھا خاصا۔صحیح سالم
**بھلا مانس** (۱) مہذب شخص (۲) ملنسار (۳) شریف (۴) صاف دل۔
**بھلے آدمی کو ایک بات بھلے گھوڑے کو ایک چابک** [مثل] سمجھدار کو ایک بات کی نصیحت کافی ہے۔
**بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے** [مثل] بظاہر تو سب لوگ ایک جیسے ہی ہیں۔ اچھے یا بُرے کا فرق صرف اعمال سے ہے۔
**بھلے دن**۔اچھا زمانہ۔خوشحالی کا وقت۔
**بھلے کا زمانہ نہیں** [مثل] (۱) نیکی کرنے کا وقت نہیں (۲) سیدھے آدمی کے لیے مصیبتیں ہی مصیبتیں ہیں۔
**بھلے کو**۔خوب ہوا۔اچھا ہوا۔خیر ہوئی۔
**بھلے کی**۔فائدے کی۔
**بہلانا** (بَہ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کھیل میں لگانا۔خوش کرنا (۲) دھوکا دینا۔
**بھُلانا** (بھُ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) یاد نہ رکھنا (۲) دھوکا دینا۔
**بھُلاوا** (بھُ۔لا۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] مغالطہ۔دھوکا۔فریب۔
**بہلاوا** (بَہ۔لا۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] تفریح۔دل خوش کرنے کا مشغلہ۔
**بھلاواں** (بھ۔لا۔واں) [ہ۔ا۔مذکر] ایک پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
**بھلائی** (بھ۔لا۔ای) [ہ۔ا۔مونث] (۱) نیکی (۲) خیر خواہی (۳) فائدہ (۴) خوبی۔عُمدگی۔سلوک۔
**بھل بھل** (بھل۔بھل) [ہ۔ا۔مونث] پانی کے بکثرت گرنے کی آواز۔
**بھُل بھُلانا** (بھُل۔بھُ۔لا۔نا) [ہ۔مص] بھُول میں کسی چیز کو بھُولنا۔
**بھُلکڑ** (بھُ۔لک۔کڑ) [ہ۔صف] بھُول جانے والا۔غبی۔کندذہن
**بھلمنساہت** (بھل۔من۔سا۔ہت) [ہ۔ا۔مونث] شرافت۔آدمیت۔
**بھلمنسائی۔بھلمنسی** (بھل۔من۔سا۔ای بھل۔من۔سی) [ہ۔ا۔مونث] انسانیت۔
**بہلنا** (بَہ۔ل۔نا) [ہ۔مص] (۱) تفریح ہونا (۲) دُوسری طرف جی لگ جانا۔
**بہلی** (بَہ۔لی) [ہ۔ا۔مونث] یکّے کی مانند بیلوں کی چھوٹی گاڑی۔
**بھلی** (بھ۔لی) [ہ۔صف] بھلا کی تانیث۔اچھی۔
**بھلی چلائی** (۱) خوب کہا (۲) بے فائدہ ہے۔
**بہم** (بَ۔ہم) [ف] باہم کا مخفف۔اکٹھے۔ساتھ ساتھ۔
**بہم دیگر**۔ایک دوسرے کے ساتھ۔
**بھمبو** (بھم۔بو) [ہ۔صف] بہت موٹی اور بھدی عورت۔
**بہمن** (بَہ۔من) [ف۔ا۔مذکر] (۱) زہن (۲) برستا ہوا بادل (۳) ایرانی گیارھواں مہینا (۴) [مونث] آنکھ بُوٹی۔
**بہن** (بَ۔ہن) [ہ۔ا۔مونث] ہمشیرہ۔
**بہن کے گھر بھائی کُتا، سسرے جنوائی کُتا** [مثل] بہن کے گھر بھائی اور خسر کے گھر داماد کے پڑ رہنے سے ان کی عزت نہیں ہوتی۔
**بہنا** (بَہ۔نا) [ہ۔مص] (۱) جاری ہونا۔رواں ہونا (۲) پھیل جانا (۳) برباد ہونا۔پریشان ہونا۔
**بہناپا** (بَہ۔نا۔پا) [ہ۔ا۔مذکر] دوستی۔سہیلی پن۔بہن بننا۔
**بھُننا** (بھُن۔نا) [ہ۔مص] (۱) بریاں ہونا (۲) تپنا (۳) حسد کرنا (۴) روپے وغیرہ کا خردہ ہونا۔
**بھنّانا** (بھن۔نا۔نا) [ہ۔مص] (۱) بڑبڑانا (۲) طیش میں آنا۔گھبرانا۔
**بھُنانا** (بھُ۔نا۔نا) (۱) بریاں کرانا (۲) روپیہ پیسا تڑوانا۔
**بھُنائی۔بھُنوائی** (بھُ۔نا۔ای بھُن۔وا۔ای) [ہ۔ا۔مونث] (۱) بھُنانے کی اُجرت (۲) بٹّا۔کٹوتی۔
**بھنبھوڑنا۔بھنجھوڑنا** (بھم۔بھوڑ۔نا بھم۔بھوڑ۔نا) [ہ۔مص] درندہ جانور کا کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔پھاڑنا۔نوچنا۔

Marfat.com

بھنبھنانا (بھن۔بھ۔نا۔نا) [ہ۔مص] (۱) مکھیوں کے اُڑنے کی آواز نکلنا (۲) ناک میں بولنا۔
بھنبھناہٹ (بھن۔بھ۔نا۔ہٹ) [ہ۔ا۔مونث] مکھیوں کے اُڑنے کی آواز۔
بھنبھیری۔بھنبیری (بھم۔بھی۔ری، بھم۔بی۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک پروار برساتی کیڑا (۲) ایک تیز پھرنے والا کھلونا (۳) [صفت۔مجازاً] تیز دوڑنے والا۔پھرتیلا۔
بھنڈار (بھن۔ڈار) [ہ۔ا۔مذکر] گودام۔ذخیرہ۔سٹور۔
بھنڈارا (بھن۔ڈا۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) فقیروں کا لنگر (۲) کھوپڑی (۳) پیٹ۔
بھنڈاری (بھن۔ڈا۔ری) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بھنڈار کا مالک (۲) گودام کا داروغہ۔
بھنڈی (بھن۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] ایک ترکاری کا نام۔
بھنک (بھ۔نک) [ہ۔ا۔مونث] (۱) دھیمی آواز (۲) اُڑتی ہوئی خبر (۳) مکھیوں کی آواز۔
بھنکار (بھن۔کار) [ہ۔ا۔مونث] (۱) مکھیوں یا بھِڑوں کا ہجوم (۲) مکھیوں یا بھِڑوں کی آواز۔
بھنکارنا (بھن۔کار۔نا) [ہ۔مص] کسی چیز کو بے احتیاطی سے رکھنا کہ مکھیاں اس پر بیٹھیں۔
بھنکنا (بھ۔نک۔نا) [ہ۔مص] (۱) مکھیوں کا بھنبھنانا (۲) سُست بیٹھنا (۳) میلا کچیلا رہنا۔غلیظ رہنا۔
بھنگ [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک قسم کی نشیلی پتی (۲) بربادی۔
بھنگ رہنا۔مست رہنا۔بدحواس رہنا۔پریشان رہنا۔
بھنگا (بھن۔گا) [ہ۔ا۔مذکر] ایک چھوٹا سا کیڑا۔
بھنگا سا۔ضعیف۔لاغر۔کمزور۔
بھنگڑ (بھن۔گڑ) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بھنگ پینے والا (۲) اُگنی۔بکراسی۔
بھنگڑ خانہ۔بھنگ پینے کا اڈّا۔
بھنگم (ب۔ہن۔گم) [ہ۔صفت] بے ہنگم کا مخفف۔بے ڈول۔
بھنگن [ہ۔ا۔مونث] (۱) بھنگ پینے والی (۲) مہترانی۔خاکروب۔
بھنگی (بھن۔گی) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بھنگ پینے والا (۲) مہتر۔خاکروب۔
بہنگی (بہن۔گی) [ہ۔ا۔مونث] وہ لکڑی جس کے دونوں طرف رسیاں لٹکتی ہیں جن پر بوجھ لاد کر کندھے پر اُٹھا کر لے جاتے ہیں۔
بھُننا (بھُن۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے بھُنا۔
بھنور [ہ۔ا۔مذکر] (۱) پانی کا چکر۔گرداب (۲) بلا۔دُکھ۔
بھنور جال۔دُنیا کے جھگڑے بکھیڑے۔
بھنور کلی۔لوہے یا پیتل وغیرہ کا حلقہ جو کتّے یا بکری وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں۔کنڈی۔
بہنوئی (بہ۔نو۔ای) [ہ۔ا۔مذکر] بہن کا خاوند۔دولھا بھائی۔
بہنّی (بہ۔نّی) [ہ۔ا۔مونث] دکان کھولنے کے بعد پہلی بِکری۔
بھنیج۔بھنیجا (بھ۔نیج، بھ۔نے۔جا) [ہ۔ا۔مذکر] بہن کا بیٹا۔بھانجا۔
بھنیج بہو۔بھانجے کی بیوی۔
بھنیج داماد۔بھانجی کا خاوند۔
بہنیلی (بہ۔نے۔لی) [ہ۔ا۔مونث] سہیلی۔مُنہ بولی بہن۔
بہو (بَ۔ہُو) [ہ۔ا۔مونث] بیٹے کی جورو۔

بہو بیٹی تکنا۔غیر عورت پر بُری نظر ڈالنا۔
بہو رہی کنواری ساس رہی بواری۔بہو آئی بیاہی پڑ گئی خواری۔ [مثل] منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر مدارات کی جاتی ہے لیکن بیاہ کے بعد جھگڑے فساد شروع ہو جاتے ہیں۔
بہولانا۔بیٹا بیاہنا۔
بھُوآ (بھُو۔آ) [ہ۔ا۔مونث] باپ کی بہن۔پھوپھی۔
بہوار (بہ۔وار) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے بیوپار اور بیوہار۔
بھُوبل (بھُو۔بل) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گرم راکھ (۲) ریت۔خاک۔
بھُوپالی (بھُو۔پا۔لی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک راگنی کا نام (۲) [صفت] بھوپال سے نسبت رکھنے والا۔
بھُوت [س۔ا۔مذکر] (۱) جِن۔پریت۔ناپاک رُوح (۲) [صفت] سر ہو جانے والا (۳) بدشکل۔
بھُوت اُتارنا (۱) خبیث رُوح کو دفع کرنا (۲) غصّے سے نجات دلانا۔
بھُوت پریت۔خبیث رُوحیں۔
بھُوت (چڑھنا) سوار ہونا [کنایۃً] سخت غصّہ آنا۔
بھُوتی (بھُوت۔ی) [ہ۔ا۔مونث] بھُوت کی تانیث۔بھُتنی۔
بھُوٹیا (بھُو۔ٹ۔یا) [ہ۔صفت] (۱) بھُوٹان کا رہنے والا (۲) ناٹے قد کا۔
بھُوج [س۔ا۔مذکر] (۱) کھانا (۲) دعوت (۳) ایک درخت۔
بھُوج پتر۔بھوج درخت کے پتے۔قدیم زمانے میں انھیں بجائے کاغذ کے استعمال کرتے تھے۔
بھوجائی۔بھوجی (بھو۔جا۔ای، بھو۔جی) [ہ۔ا۔مونث] بھاوج۔
بھوجن (بھو۔جن) [ہ۔ا۔مذکر] کھانا۔کھانے کی چیز۔
بھوچک۔بھوچکّا (بھو۔چک، بھو۔چک۔کا) [ہ۔صفت] (۱) بدحواس (۲) حیران۔
بھور [ہ۔ا۔مونث] صبح۔تڑکا۔علی الصباح۔
بھُورا (بھُو۔را) [ہ۔صفت] (۱) مٹیالا۔زردی مائل سیاہ (۲) [مذکر] نیلا کبوتر جس کا کوئی پَر سفید نہ ہو۔
بھُوری (بھُو۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک قسم کی روٹی جو گرم راکھ پر پکائی جاتی ہے (۲) [صفت] بھُورا کی تانیث۔
بھُوڑ [ہ۔ا۔مونث] ریگستان۔ریتیلی زمین۔
بھُوسا (بھُو۔سا) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے بھُس۔
بھُوسی (بھُو۔سی) [ہ۔ا۔مونث] بھُوسا کی تانیث۔
بھُوک [ہ۔ا۔مونث] (۱) کھانے کی خواہش۔اشتہا (۲) خواہش۔
بھُوک (اُڑنا) بھاگنا۔کھانے کی خواہش جاتی رہنا۔
بھُوک پیاس (۱) کھانے پینے کی ضرورت (۲) غریبی۔فقر و فاقہ۔
بھُوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا [مثل] سخت بھُوک میں انسان کو جو کچھ مل جائے کھا لیتا ہے اور سخت نیند میں ہر جگہ سو جاتا ہے۔
بھُوک مرنا۔بھُوک جاتی رہنا۔
بھُوکا (بھُو۔کا) [ہ۔صفت] (۱) جسے بھُوک لگی ہو (۲) حاجت مند (۳) فاقہ کش (۴) کنگال۔
بھُوکا (بھُوکوں) مرنا۔فاقہ کشی کرنا۔
بھُوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہیے۔ (یعنی) فاقہ کش شریف اور آسودہ حال کمینہ خطرناک ہوتا ہے۔

Marfat.com

**بھوکی** (بھُو-کی) [ہ-صفت] بھوکا کی تانیث۔
**بھوگ** [ہ-ا-مذکر] (۱) کھانا (۲) دیوتاؤں کا چڑھاوا (۳) خوشی۔ آرام (۴) بدلہ۔ نتیجہ
**بھوگنا** (بھوگ-نا) [ہ-مص] (۱) مزے اڑانا (۲) برداشت کرنا۔ (۳) بدلہ پانا
**بھُول** [ہ-ا-مونث] سہو و نسیان۔ چُوک۔
**بھُول بھلیاں** (۱) پیچ در پیچ راستے کا مکان (۲) گورکھ دھندا۔
**بھُول چُوک** - (۱) فراموشی (۲) غلطی۔ قصور۔
**بھُول چُوک لینی دینی** - کمی بیشی لی دی، بہ سے کی۔
**بھُول کے نہ کرنا** - کبھی نہ کرنا۔ کسی حال میں نہ کرنا۔
**بھُولا** (بھُو-لا) [ہ-صفت] (۱) وہ جو بھول جائے (۲) غافل (۳) گزشتہ۔
**بھُولا بسرا** (چُوکا) - یاد سے اُترا ہُوا۔ ذہن سے ہٹا ہُوا۔
**بھُولا بھٹکا** - راستا بھُولا ہُوا۔ راستا کھویا ہُوا۔
**بھُولا چُوکا** (۱) خراب حافظہ (۲) بھُولا ہُوا کام یاد آنا۔
**بھُولے بھٹکے** - کبھی کبھی۔ راستا بھُول کر۔ بھُولے چُوکے۔
**بھولا** (بھو-لا) (۱) سیدھا سادا (۲) ناتجربہ کار۔
**بھولا بھالا** [ہ-صفت] (۱) سیدھا سادا (۲) ناتجربہ کار۔
**بھولا پن**- بھولپن (۱) سادگی (۲) نادانی (۳) ناتجربہ کاری۔
**بھُولنا** (بھُول-نا) [ہ-مص] (۱) یاد نہ رہنا۔ دھیان نہ رکھنا (۲) غلطی کرنا (۳) بھٹکنا۔ کھو جانا (۴) دھوکا کھانا (۵) غرور کرنا۔
**بھولی** (بھو-لی) [ہ-صفت] بھولا کی تانیث۔ سیدھی سادی۔ نادان۔
**بھولی بھالی صورت** - وہ شکل جس سے بھولاپن ٹپکے۔
**بھولی بھالی باتیں** - بچوں کی سی باتیں۔ پیاری پیاری باتیں۔
**بھُوم** [س-ا-مونث] (۱) زمین (۲) دنیا (۳) جگہ۔ وطن۔
**بھُومی** (بھُو-مِی) [ہ-ا-مونث] دیکھیے بھُوم
**بھوں** [ہ-ا-مونث] (۱) ابرو (۲) بھدی آواز (۳) کُتّے کی آواز۔
**بھَوَن** (بھَ-وَن) [س-ا-مذکر] (۱) مقام (۲) دیوی کا استھان۔
**بھونپو** (بھوں-پُو) [ہ-ا-مذکر] (۱) نرسنگھا۔ سنکھ۔ پھُکنی (۲) بھدی آواز۔
**بھونچال** (بھوں-چال) [ہ-ا-مذکر] زلزلہ۔ بھونچال۔ زمین کا لرزہ۔
**بھونچکا** (بھوں-چک-کا) [ہ-صفت] دیکھیے ہکّا بکّا۔
**بھوندو** (بھوں-دُو) [ہ-صفت] سادہ لوح۔ بے وقوف۔ احمق۔
**بھونڈا** (بھوں-ڈا) [ہ-صفت] (۱) بدصورت (۲) بدوضع۔ بے ڈول
**بھونڈا پن**- بھونڈاپنا (۱) بدصورتی۔ بدشکلی (۲) بدتمیزی۔
**بھونڈا نخرہ** - بیجا ناز۔ نخرہ۔ بھدی اور نامعقول ادا۔
**بھونڈی** (بھوں-ڈی) [ہ-صفت] بھونڈا کی تانیث۔ بدشکل۔ بھدی۔
**بھونڈی باتیں** - بدتمیزی کی باتیں۔ واہیات باتیں۔
**بھونرا** (بھوں-را) [ہ-ا-مذکر] (۱) ایک سیاہ پردار کیڑا (۲) بہت کالا آدمی
**بھونری** (بھوں-ری) [ہ-ا-مونث] (۱) بھونرے کی مادہ (۲) بالوں کا چکر جو جسم پر ہوتا ہے اور منحوس خیال کیا جاتا ہے۔
**بھونکنا** (بھونک-نا) [ہ-مص] (۱) کتّے کا چلّانا (۲) بکنا (۳) غل مچانا۔
**بھونکنا** (بھونک-نا) [ہ-مص] (۱) گھونپنا (۲) موٹی موٹی سلائی کرنا۔
**بھُوننا** (بھُون-نا) [ہ-مص] (۱) تلنا (۲) جلانا (۳) تنگ کرنا۔
**بھَئی** (بھ-ئی) [ہ-ا-مذکر] بھائی کا مخفف (طرز خطاب)

**بہی** (ب-ہی) [ہ-ا-مونث] رجسٹر جس میں حساب وغیرہ لکھتے ہیں۔
**بہی خسرہ** - روزنامچہ۔
**بہی دھروڑ** - پر لکھے ہوئے حساب کی بہی۔
**بہی کھاتا** - روزنامچہ۔ نام بنام آمد و خرچ کا حساب۔
**بِہی** (ب-ہی) [ہ-ا-مونث] ایک پھل جو سیب سے مشابہ ہے۔
**بھی** [ہ] نیز۔ اور۔ علاوہ۔ زیادہ۔
**بھَے** [ہ-ا-مذکر] ڈر۔ اندیشہ
**بھیّا** (بھی-یا) [ہ-ا-مذکر] بھائی۔
**بھیّا چارہ** (۱) بھائی چارہ (۲) شرکت۔ شاملات۔
**بھیّا چارہ غیر مکمل** - شاملات کی زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔
**بھیانک** (بھِ-یا-نک) [ہ-صفت] (۱) ڈراؤنا (۲) ڈرا ہُوا (۳) ویران
**بھیتر** (بھی-تر) [ہ-صفت] (۱) پوشیدہ (۲) اندر۔ درمیان۔
**بھینٹ** [ہ-ا-مونث] (۱) ٹکراؤ (۲) ملاقات (۳) نذرانہ (۴) قربانی۔
**بھیجا** (بھے-جا) [ہ-ا-مذکر] مغز۔ دماغ۔ گُودا۔
**بھیجا پکنا** - کسی کی بک بک سے دماغ کا پریشان ہونا۔ دردِ سر ہونا۔
**بھیجا کھانا** - باتیں کر کر کے دماغ پریشان کرنا۔ سمع خراشی کرنا۔
**بھیجنا** (بھیج-نا) [ہ-مص] روانہ کرنا۔ چلتا کرنا۔ ارسال کرنا۔
**بھیچنا** (بھیچ-نا) [ہ-مص] (۱) دبانا۔ بھینچنا (۲) مسلنا۔
**بھید** [ہ-ا-مذکر] (۱) راز (۲) سراغ۔ پتا (۳) پہیلی۔
**بھید لینا** (۱) راز معلوم کرنا۔ عندیہ لینا (۲) پتا لگانا۔
**بھیدی** (بھے-دی) [ہ-صفت] (۱) بھید جاننے والا (۲) کھوجی جاسوس۔
**بھیروں** (بھے-روں) [ہ-ا-مذکر] (۱) شو جی کا اوتار (۲) چھ راگوں میں سے ایک راگ (۳) [مجازاً] کالا آدمی۔
**بھیروں ناچنا** (۱) ملک میں جنگ پڑنا (۲) اُجاڑ ہونا۔ کام بگڑ جانا۔
**بھیرویں** (بھے-رویں) [ہ-ا-مونث] (۱) بھیروں کی استری (۲) ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
**بھیڑ** [ہ-ا-مونث] (۱) انبوہ۔ ہجوم (۲) مصیبت۔ آفت۔
**بھیڑ بھاڑ** (۱) آفت۔ زیادتی (۲) ٹھٹھ وہ حال جو ہو۔
**بھیڑ بھڑکا** - بھیڑ بھاڑ۔ دھوم دھام
**بھیڑ** [ہ-ا-مونث] (۱) میش۔ بھیڑی (۲) سیدھا سادہ مسکین آدمی
**بھیڑ جہاں جائے گی وہیں مُنڈے گی** (۱) غریب آدمی جہاں بھی جائے گا نقصان ہی رہے گا (۲) مالدار آدمی کو ہر جگہ ہی خرچ کرنا پڑے گا۔
**بھیڑ چال** - بے سوچے سمجھے دیکھا دیکھی کام کرنا۔
**بھیڑ کی لات ٹخنوں تک** [مثل] کمزور کی بساط ہی کیا، کمزور کی سختی سے بھی کسی کو تکلیف نہیں پہنچ سکتی۔
**بھیڑا** (ب-ہے-ڑا) [ہ-ا-مذکر] بہیلا۔ ایک قسم کی ہڑ
**بھیڑنا** (بھیڑ-نا) [ہ-مص] (۱) دروازہ بند کرنا (۲) حوالے کرنا۔
**بھیڑنی** (بھیڑ-نی) [ہ-مونث] بھیڑیے کی مادہ۔
**بھیڑی** (بھے-ڑی) [ہ-ا-مونث] بھیڑ۔
**بھیڑیا** (بھے-ڑیا) [ہ-ا-مذکر] ایک درندہ۔ گرگ۔
**بھیس** [ہ-ا-مذکر] (۱) ہیئت۔ وضع (۲) طور۔ ڈھنگ (۳) سوانگ۔
**بھیس بدلنا** (۱) سوانگ بھرنا (۲) ہیئت بدلنا۔
**بھیک** [ہ-ا-مونث] گدائی۔ خیرات۔ سوال۔
**بھیک کا ٹکڑا** - خیرات کا لقمہ۔ گدائی کی روٹی۔

Marfat.com

بھیک کا ٹھیکرا (۱) پچلول ۔ مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ ۔
بھیگا (بھی ۔ گا) [ہ ۔ صف] گیلا ۔ تر ۔
بھیگنا (بھیگ ۔ نا) [ہ ۔ مص] گیلا ہونا ۔ تر ہونا ۔ نم دار ہونا ۔
بھیگی (بھی ۔ گی) [ہ ۔ صف] بھیگا کی تانیث ۔ گیلی ۔ تر ۔
بھیگی بلی بتانا ۔ بہانہ کرنا ۔ ٹالنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔
بھیگی بلی ہو جانا ۔ عاجز ۔ نہایت غریب ۔ مسکین صورت ۔
بھیل [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ہندوستان کی ایک قدیم نسل کے لوگ جو راجپوتانہ اور دکن میں پائے جاتے ہیں ۔
بھیلی (بھے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] گڑ کا گول اور بڑا ڈلا ۔
بھینٹ [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے بھیٹ ۔
بھینچنا (بھینچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے بھیچنا ۔
بھینس [ہ ۔ ا ۔ مونث] گاؤمیش ۔ بھینسے کی مادہ ۔
بھینس کے آگے بین بجائے بھینس کھڑی پگرائے [مثل] بیوقوف کے سامنے گنڈ دکھانا یا دانائی کی باتیں کرنا فضول ہے ۔
بھینسا (بھیں ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بھینس کا نر ۔
بھینسا داد ۔ بڑا اور سخت داد جو فساد خون سے ہوتا ہے ۔
بھینسا گوگل ۔ ایک قسم کا گوند جو دواؤں میں ڈالا جاتا ہے ۔
بھینسا لسن ۔ ایک بڑا لشان جو جلد پر پڑ جاتا ہے ۔
بھینگا (بھیں ۔ گا) [ہ ۔ صف] (۱) آنکھ دبا کر دیکھنے والا (۲) ایک کو دو دیکھنے والا ۔ احول ۔
بھینگی (بھیں ۔ گی) [ہ ۔ صف] بھینگا کی تانیث ۔
بھینی (بھی ۔ نی) [ہ ۔ صف] ہلکی ۔ مدھم ۔ نرم ۔ لطیف ۔
بھینی بھینی بو ۔ پھولوں کی ہلکی ہلکی خوشبو ۔

## ب ۔ ی ۔ ے

بی [ا ۔ مونث] (۱) بی بی کا مخفف (۲) بیوی ۔ بیگم ۔
بی بی (۱) بیگم ۔ خانم ۔ خاتون ۔ شریف زادی (۲) گھر والی (۳) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب ۔
بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے [مثل] بڑے کی خطا پر چھوٹے کی کم بختی ۔ اپنی خطا کو نوکر یا خادم کے سر تھوپنا ۔
بی بی کا باتر ۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز کا کھانا ۔
بی بی کا کونڈا ۔ جلیبیاں جن پر حضرت فاطمہؓ کی نیاز ہوتی ہے ۔
بی بی کی صحنک ۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا جو مٹی کی کوری رکابی میں ڈال کر کھلایا جائے ۔
بے [ہ] بے کا مخفف ۔
بے [ہ ۔ ف] حرف نفی ۔ بغیر ۔ بنا ۔ سوا ۔
بے آب و رنگ ۔ بے رونق ۔
بے آزار ۔ بے ضرر ۔
بے احتیاط ۔ جو احتیاط نہ کرے ۔ غیر محتاط ۔
بے اختیار (۱) بے بس (۲) بے بس (۳) خود بخود ۔
بے اختیاری ۔ مجبوری ۔ بے چارگی ۔ کمزوری ۔
بے ادب (۱) گستاخ ۔ شریر (۲) ناشائستہ ۔ غیر مہذب ۔
بے ادب بے نصیب با ادب بانصیب [مثل] جو بزرگوں کا ادب نہ کرے وہ بے نصیب رہتا ہے اور جو ادب کرے وہ خوش قسمت ہوتا ہے ۔
بے ادبی ۔ گستاخی ۔ بے تمیزی ۔ شوخی و شرارت ۔
بے اشتباہ ۔ بے شک ۔ یقینی ۔
بے اصل (۱) بے بنیاد (۲) خلاف ۔ غلط ۔ بے حقیقت ۔
بے اعتبار ۔ جس پر اعتبار نہ ہو ۔ ناقابل اعتبار ۔
بے اعتدالی (۱) حد سے بڑھنا ۔ بدپرہیزی (۲) ناانصافی ۔
بے اعتنائی ۔ بے پروائی ۔
بے اندازہ (۱) بے حد (۲) بے قیاس ۔ بے اٹکل ۔
بے ایمان (۱) بے دین (۲) بددیانت (۳) جھوٹا ۔
بے ایمانی (۱) بے دینی (۲) بددیانتی (۳) فریب ۔ جھوٹ ۔
بے باق ۔ کچھ باقی نہ ہونا ۔ چکتا ۔
بے باق کرنا (۱) حساب صاف کرنا (۲) چکانا ۔ نمٹانا ۔
بے باک (۱) بے خوف (۲) بہادر (۳) شوخ (۴) بے ادب ۔
بے باکانہ ۔ بیباکی سے ۔ شوخی سے ۔
بے باکی (۱) شوخی ۔ شرارت ۔ بے حیائی (۲) بہادری ۔
بے بال و پر (۱) بے یار و مددگار (۲) کمزور (۳) جس کے بازو اور پر نہ ہوں ۔
بے بدل ۔ لاثانی ۔ بے نظیر ۔ جس کی مثال نہ ہو ۔
بے برگ (۱) پتوں کے بغیر (۲) [مجازاً] محتاج ۔ بے نوا ۔
بے برگ و نوا ۔ عاجز ۔ بے سروسامان ۔
بے بس (۱) مجبور (۲) بے قابو ۔ بے اختیار ۔
بے بسی ۔ بے کسی ۔ بے اختیاری ۔
بے بلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے [مثل] بے طلب کوئی کہیں نہیں جاتا ۔
بے بہا (۱) انمول (۲) نفیس ۔ عجیب و غریب ۔
بے بھاؤ کی پڑنا ۔ بہت مار پڑنا ۔
بے بہرہ (۱) محروم (۲) آوارہ ۔ خراب (۳) بدتمیز
بے پر (۱) لنڈمنڈ (۲) بے بس ۔ غریب (۳) کمزور ۔
بے پردگی (۱) بے شرمی (۲) بے حجابی (۳) بھید کا اظہار ۔
بے پردہ (۱) بغیر برقع (۲) کھلم کھلا ۔
بے پر کی اڑانا ۔ غلط بات کہنا ۔ بے بنیاد خبر مشہور کرنا ۔
بے پروا (۱) غافل ۔ بے فکر (۲) دولت مند (۳) بے غرض ۔ مستغنی ۔
بے پوچھے گچھے ۔ بغیر دریافت کیے ۔ بے اجازت ۔
بے پیر ۔ بے پیرا (۱) جس کا پیر و مرشد نہ ہو ۔ جس کا کوئی استاد نہ ہو ۔ (۲) بے ایمان (۳) بے رحم (۴) بے ہنر ۔ بے کمال ۔
بے پیندی کا بدھنا (۱) وہ بدھنا جس میں پیندی نہ ہو (۲) [مجازاً] ڈھلمل یقین
بے تاب (۱) کمزور (۲) بے چین ۔ بے قرار ۔
بے تابانہ (۱) گھبرایا ہوا (۲) بلاتامل ۔ فوراً ۔ بہت جلد ۔
بے تابی (۱) بے چینی ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی ۔ شتابی ۔
بے تاثیر (۱) بے اثر (۲) بے فیض ۔ بے فائدہ ۔
بے تالا ۔ وہ شخص جو گانے میں تال سے باہر ہو جائے ۔
بے تامل ۔ بے اندیشہ ۔ بے دھڑک ۔ بے فکر ۔
بے تحاشا (۱) بے حواس (۲) اندھادھند (۳) بے حد ۔

Marfat.com

بے ترتیب - بے سلسلہ - بے قاعدہ -
بے تردّد (۱) بغیر اندیشے کے (۲) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی گئی ہو -
بے تعلّق - کنارہ کش - علیحدہ -
بے تعویق - بلا تامل - بلا توقف -
بے تقصیر (۱) بے قصور (۲) ناحق - بے وجہ -
بے تُک - اَنمل - بے جوڑ - بے موقع -
بے تُکا - ناموزوں - بے جوڑ - (مؤنث کے لیے بے تُکی) -
بے تکان (۱) بے تکلف (۲) لگاتار - مسلسل -
بے تکلف (۱) بناوٹ کے بغیر (۲) بے دھڑک - بے ساختہ (۳) سیدھا سادا (۴) رانڈواں -
بے تکلفی - بے حجابی - محرم راز ہونا - ہم رنگی - آزادی -
بے تمیز (۱) بے ادب (۲) جاہل (۳) فرق نہ کرنے والا -
بے تھاہ - نہایت گہرا - بے پایاں -
بے ثبات - ناپائدار - بودا - کمزور - متزلزل -
بے جا (۱) بے موقع - بے وقت (۲) نامناسب (۳) ناحق -
بے جان (۱) مُردہ (۲) نحیف - کمزور -
بے جگری - بے پروائی - بہادری -
بے جوڑ (۱) غیر موزوں (۲) وہ برتن یا چیز جس میں جوڑ نہ لگا ہو -
بے چارہ (۱) بے بس (۲) غریب (۳) لاعلاج -
بے چگون - بے مثل - جس کی صفات تک عقل کی رسائی نہ ہو - (خدا)
بے چوبہ - وہ خیمہ جس میں چوب نہیں لگائی جاتی [مجازاً] آسمان -
بے چوں - بے مثل - بے نظیر -
بے چون وچرا - کسی عذر کے بغیر -
بے چین - بے قرار - بے آرام - بے کل -
بے چینی - بے قراری - بے آرامی - پریشانی - بے کلی -
بے حال (۱) خراب (۲) ماندہ - بیمار (۳) کمزور (۴) مفلس -
بے حجاب (۱) بے پردہ (۲) بے شرم (۳) بے تکلف -
بے حد - بے انتہا - بے شمار - بے اندازہ - بہت زیادہ -
بے حُرمت کرنا - ذلیل کرنا - رسوا کرنا -
بے حُرمتی - بے عزتی - ذلت - خواری -
بے حس - جو حرکت نہ کر سکے - جس میں تمیز یا احساس باقی نہ ہو -
بے حس وحرکت (۱) غیر متحرک (۲) حیران - ششدر -
بے حساب - بے شمار - لاتعداد - بے انتہا -
بے حقیقت (۱) جس کی کوئی حقیقت نہ ہو (۲) خیالی -
بے حمیت - بے شرم - بے غیرت -
بے حیا (۱) بے شرم - بے غیرت (۲) بے ادب - گستاخ - بدلحاظ بدکار - بدچلن -
بے حیائی رد بلا [مثل] بے حیا کو عزت کی کچھ پروا نہیں ہوتی -
بے حیائی - بے شرمی - بے غیرتی -
بے حیائی کا بُرقع منہ پر لینا - بے حیائی کا جامہ پہننا (۱) بے شرمی کا نقاب چہرے پر ڈالنا (۲) بہت ڈھیٹ اور بے حیا ہو جانا -
بے خانماں - بے گھر - بے وطن -
بے خطر - نڈر - بے خوف - محفوظ - مطمئن -

بے خوابی - نیند نہ آنا -
بے خود - آپ سے بے خبر - از خود رفتہ - مدہوش - سرشار -
بے خودی (۱) بے ہوشی - از خود رفتگی (۲) سرشاری - مستی -
بے خورد وخواب (۱) بغیر کھانے اور سونے کے (۲) [مجازاً] بے قرار
بے داد - ظلم وستم - بے انصافی (داد بمعنی انصاف)
بے دادگر - ظالم - بے انصاف -
بے دادگری - ظلم - بے انصافی -
بے داغ (۱) بے عیب - بے گناہ (۲) بے نشان -
بے دال کا بُودم - دیکھیے بودم بے دال -
بے دام - بے قیمت - مفت -
بے دانہ (۱) وہ پھل جس میں بیج نہ ہو (۲) ایک قسم کا انار -
بے دخل - خارج - محروم - غیر قابض -
بے دخلی - خارج کرنا - محرومی - اخراج -
بے درد (۱) بے رحم - سنگ دل - کٹر (۲) [مجازاً] معشوق -
بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی [مثل] ظالم دوسرے کے دکھ درد کو محسوس نہیں کرتا - ظالم کو مظلوم پر رحم نہیں آتا -
بے دردی - ظلم - بے رحمی - سنگ دلی -
بے درنگ (۱) دیر لگائے بغیر - فوراً (۲) تیز - چالاک -
بے دریغ (۱) بغیر رنج اور افسوس کے (۲) بلا توقف - فوراً سے -
بے دست وپا (۱) ہاتھ پاؤں بغیر - اپاہج (۲) مجبور -
بے دلی - افسردگی -
بے دم (۱) بے جان (۲) کمزور (۳) بڈّھا (۴) تھکا ماندہ
بے دماغ - نازک مزاج - زود رنج - ناخوش -
بے دُولھا کی برات - بے معنی جلسہ - بے مطلب اجتماع -
بے دھڑک (۱) بے خوف (۲) بے تامل (۳) بہادر -
بے دیکھے بھالے - بے سوچے سمجھے - آزمائے بغیر -
بے دین - بے ایمان - بد مذہب -
بے ڈول - بے ڈھنگا - بھونڈا - بدزیب - ناموزوں -
بے ڈھب (۱) بے طرح (۲) بے موقع (۳) بے ڈھنگا (۴) عجیب (۵) زبردست - دلیر (۶) دشوار - خطرناک -
بے ڈھنگا (۱) بے سلیقہ (۲) ناشائستہ - بدنما (۳) بدچلن -
بے ڈھنگی - بے ڈھنگا کی تانیث -
بے ذوق - بے مزہ - پھیکا - بے لطف -
بے راہ (۱) گمراہ (۲) بے اصول (۳) بے جا (۴) ناجائز -
بے راہ رو - غلط رستے پر چلنے والا - بدچلن ہونا -
بے رابطہ (۱) بے تعلق (۲) بے موقع -
بے رحم - سخت ظالم - نامہربان - سنگ دل -
بے رُخی - بے مروّتی - بے التفاتی - بے توجہی -
بے رنگ (۱) بے موقع (۲) بے لطف -
بے روزگار - جس کا کمائی کا کوئی ذریعہ نہ ہو - بے کار -
بے روزگاری - کمانے کا کوئی ذریعہ نہ ہونا - بے کاری -
بے ریا (۱) بلا تصنع (۲) سیدھا اور صاف آدمی -
بے ریش (۱) داڑھی کے بغیر (۲) ناتجربہ کار - کم عمر -
بے رِشتہ - رشتے کے بغیر - وہ موتی جس میں سوراخ نہ ہوں -

Marfat.com

بے زبان (۱) گونگا (۲) کم گو (۳) باحیا (۴) مظلوم (۵) حیوان ۔
بے زر ۔ مفلس ۔ غریب ۔ کنگال ۔
بے زر عشق میں ٹیں [مثل] بغیر زر کے عشق عاشقی نہیں چلتی ۔
بے زری ۔ افلاس ۔ احتیاج ۔ محتاجی ۔
بے ساختگی ۔ سادگی ۔ بناوٹ نہ ہونا ۔
بے ساختہ (۱) خود بخود ۔ برجستہ ۔ بلاتامل (۲) قدرتی ۔ سادہ ۔
بے ساختہ پن ۔ سادہ پن ۔ بے تکلفی ۔ برجستگی ۔ بے ساختگی ۔
بے سامانی ۔ بے زری ۔ مفلسی ۔ اسباب و آلات کا نہ ہونا ۔
بے سُدھ ۔ بے ہوش ۔
بے سُرا ۔ بے تالا ۔ بد آواز ۔
بے سروپا (۱) پریشان (۲) بے معنی ۔ غلط ۔ جھوٹ ۔
بے سروسامان ۔ مفلس ۔ فقیر ۔ کنگال ۔ محتاج ۔
بے سلیقہ ۔ بے شعور ۔ بے تمیز ۔ بے ڈھنگا ۔ پھوہڑ ۔
بے سُود ۔ بے فائدہ ۔ رائگاں ۔
بے شعور ۔ بے عقل ۔ بے تمیز ۔ نادان ۔
بے شک (۱) بے شبہ (۲) ٹھیک ۔ صحیح (۳) لازمی ۔ ضروری ۔
بے شمار (۱) بے حساب (۲) بکثرت ۔ زیادہ ۔
بے صبر ۔ بے صبرا ۔ جو صبر نہ کر سکے ۔ بے چین ۔ مضطرب ۔
بے صبری ۔ بے قراری ۔ بے اطمینانی ۔ گھبراہٹ ۔
بے ضابطگی ۔ بے قاعدگی ۔
بے ضابطہ ۔ بے قاعدہ ۔ خلاف قانون ۔ بے طریقہ ۔
بے طرح (۱) بُری طرح (۲) بے حد (۳) خلافِ دستور (۴) وہ غزل جو مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے ۔
بے طلب (۱) بے مانگے (۲) بے اجازت ۔
بے عزت ۔ ذلیل ۔ خوار ۔ بدنام ۔ بے آبرو ۔
بے عقل ۔ ناسمجھ ۔ کم فہم ۔ نادان ۔
بے عنوانی ۔ بے قاعدگی ۔ بے ضابطگی ۔ بد انتظامی ۔
بے عیب (۱) پاک ۔ صاف (۲) عمدہ ۔ اچھا ۔ کھرا ۔
بے عیب ذات خُدا کی ۔ خدا تعالیٰ کی ذات میں کسی قسم کا عیب نہیں اور کوئی فرد بشر ایسا نہیں جس میں کوئی نہ کوئی نقص موجود نہ ہو ۔
بے غرض ۔ خواہش نہ رکھنے والا ۔ بے تعلق ۔ بے پروا ۔
بے غل و غش (۱) بلا تکلف ۔ اندھا دھند (۲) بے پروائی سے (۳) بلا محنت و تکلیف ۔
بے غیرت ۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے حمیت ۔
بے غیرتی پر کمر باندھنا ۔ بے حیائی پر آمادہ ہونا ۔ بے شرم بن جانا ۔
بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا ۔ بے غیرتی کا جامہ پہننا ۔ بے غیرت بن جانا ۔
بے فصل ۔ بے وقت ۔ موسم کے خلاف ۔
بے فصل کی بہار ۔ وہ بہار جو موسم کے خلاف ہو ۔
بے فیض (۱) کنجوس (۲) وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ ہو ۔
بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے [مثل] جس سے اپنا مطلب پورا نہ ہو وہ کسی کام کا نہیں ۔
بے قابو (۱) قابو سے باہر (۲) آزاد ۔ خود مختار ۔
بے قاعدہ ۔ اصول کے خلاف ۔ بے ترتیب ۔ قاعدے کے خلاف ۔
بے قدر (۱) بے عزت (۲) قدر نہ کرنے والا ۔ ناشکرا ۔

بے قرار ۔ بے صبر ۔ بے تاب ۔ بے چین ۔
بے قیاس (۱) خیال سے باہر (۲) لاانتہا ۔ بہت ۔ بے شمار ۔
بے قید (۱) آزاد ۔ خود مختار (۲) جو کسی پابندی کو اختیار نہ کرے ۔
بے کار (۱) نکما (۲) ناقص (۳) بے روزگار ۔
بے کار مباش کچھ کیا کر ۔ کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر [مثل] خالی رہنے سے کپڑوں کا ادھیڑ کر سینا ہی اچھا ہے ۔ آدمی کو کچھ شغل ضرور چاہیے ۔
بے کاری ۔ بے روزگاری ۔ نکما پن ۔
بے کراں (۱) نہایت وسیع (۲) بے کنارہ ۔
بے کس (۱) ساتھی کے بغیر ۔ اکیلا (۲) محتاج ۔
بے کسی ۔ اکیلا پن ۔ بے مددگاری ۔ عاجزی ۔ لاچاری ۔
بے کل ۔ بے چین ۔ بے قرار ۔ بے تاب ۔
بے کلی ۔ بے چینی ۔ بے قراری
بے کم و کاست ۔ بالکل درست ۔ ٹھیک ٹھیک ۔
بے گماں ۔ بے شک ۔ بے شبہ ۔
بے لاگ (۱) بے لاگ لپیٹ ۔ صاف ستھرا ۔ پاک (۲) بے تعصب ۔
بے لحاظ (۱) بے شرم ۔ بے غیرت (۲) شوخ ۔ بے ادب ۔
بے لُطف ۔ بے مزہ ۔ بے لذت ۔ بے ذائقہ ۔
بے لگام (۱) منہ زور ۔ سرکش (۲) [کنایۃً] گستاخ ۔ منہ پھٹ ۔
بے لگاؤ (۱) بے جوڑ ۔ بے ربط (۲) بے لاگ ۔
بے لوث ۔ خالص ۔ بے آمیزش ۔
بے لیے دیے ۔ بغیر صرف کرنے کے ۔ بغیر خرچ کیے ۔
بے مایہ کی توبہ ۔ خواہ مخواہ کا رونا ۔ بے بیٹھے رونا دھونا ۔
بے مایگی ۔ مفلسی ۔ دولت اور مایہ کا نہ ہونا ۔
بے مایہ ۔ بے دولت ۔ مفلس ۔ غریب ۔
بے محابا ۔ بے خوف ۔ بے دھڑک ۔ بلا تامل ۔
بے محل ۔ بے موقع ۔ بے جا ۔ نامناسب ۔
بے مروت (۱) لحاظ نہ کرنے والا ۔ طوطا چشم (۲) نامہربان ۔ بے درد ۔ ظالم ۔
بے مزگی (۱) بے لطفی (۲) رنجیدگی ۔
بے مزہ (۱) بے لطف (۲) ناساز (۳) ناراض ۔ خفا ۔
بے مصرف ۔ بے فائدہ ۔ بے جا ۔ نامناسب ۔
بے معنی ۔ مہمل ۔ لغو ۔ بیہودہ ۔ بے سروپا ۔
بے مغز ۔ خالی ۔ کھوکھلا ۔
بے مقدور ۔ غریب ۔ مفلس ۔ بے حیثیت ۔
بے منت (۱) بے احسان (۲) بے نیاز (۳) بے محنت (۴) بلا غور و خوض ۔
بے مُہار ۔ آزاد ۔ بے روک ۔
بے مہر ۔ بے محبت ۔ بے رحم ۔
بے مہری ۔ بے محبتی ۔ بے رُخی ۔ بے توجہی ۔
بے نام ۔ گمنام ۔
بے نام و نشان ۔ بے پتا ۔ بے ٹھکانا ۔
بے نظیر ۔ لاثانی ۔ بے بدل ۔ بے مثال ۔ بے مثل ۔
بے نقط ۔ وہ لفظ جس پر کوئی نقطہ نہ ہو ۔ غیر منقوط ۔
بے نقط سُنانا ۔ بے انتہا گالیاں دینا ۔ بے تعداد طعنے دینا ۔
بے نمک (۱) پھیکا (۲) رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا ۔

Marfat.com

بے ننگ و ناموس (۱) بے شرم (۲) بد چلن ۔ آزاد ۔
بے نوا ۔ بے سامان ۔ فقیر ۔ بے کس ۔
بے نیاز ۔ بے پروا ۔ بے غرض ۔ مستغنی ۔
بے نیازی (۱) بے پروائی ۔ استغنا (۲) آزادی ۔ خود مختاری ۔
بے نیل مرام ۔ ناکام و نامراد ۔ مقصد حاصل کیے بغیر (نیل بمعنی پہنچنا اور مرام بمعنی غرض ۔ مطلب) ۔
بے وارثا ۔ جس شخص کا کوئی مددگار نہ ہو ۔
بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول [مثل] لاوارث چیز کی فکر کسی کو نہیں ہوتی ۔
بے وفا (۱) وعدہ پورا نہ کرنے والا (۲) بے مروت ۔
بے وفائی (۱) بد عہدی (۲) دغا بازی (۳) بدکاری ۔
بے وقت ۔ بے موقع ۔ بے محل ۔ اوبر سویر ۔
بے وقت کی راگنی ، شہنائی ۔ بے موقع کام ۔
بے وقری ۔ بے عزتی ۔ ذلت ۔ خواری ۔ رسوائی ۔
بے وقوف ۔ بے عقل ۔ احمق ۔ نادان ۔
بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں ؟ [مثل] بے وقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان نہیں ہوتی ۔
بے وقوفی ۔ نادانی ۔ حماقت ۔ بے عقلی ۔ جہالت ۔
بے ہمت (۱) کم حوصلہ (۲) کاہل (۳) بزدل ۔
بے ہمتا ۔ بے مثل ۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو ۔
بے ہمہ و باہمہ (۱) خداوند پاک جو سب کا مددگار ہے اور کسی کا محتاج نہیں (۲) ایسا شخص جو تعلقات دنیوی اور جھگڑے فساد سے الگ رہ کر تمام لوگوں سے میل جول رکھے ۔
بے ہنر ۔ بے ہنرا ۔ جسے کوئی کام نہ آتا ہو ۔ نکما ۔ پھوہڑ ۔
بے ہنگام ۔ بے وقت ۔
بے ہنگم ۔ بے ڈول ۔ غیر موزوں ۔ بد زیب ۔ بھونڈا ۔
بے ہودگی ۔ پھوہڑ پن ۔ بے ڈھنگا پن ۔ نادانی ۔ ناشائستگی ۔
بے ہودہ ۔ خراب ۔ نکما ۔ بے فائدہ ۔ ناجائز ۔
بے ہودہ گو ۔ فضول بکنے والا ۔
بے ہودہ گوئی ۔ غیر مہذب گفتگو ۔ فضول باتیں ۔
بے یار و مددگار ۔ بے سہارا ۔ بے کس ۔ اکیلا ۔
بیا (بے ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ ۔
بیابان (بے ۔ یا ۔ بان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ریگستان ۔ جنگل ۔ ویرانہ ۔
بیاباں گرد ۔ بیاباں نورد ۔ جنگلوں میں پھرنے والا ۔
بیابانی (بے ۔ یا ۔ با ۔ نی) [ف ۔ صف] جنگلی ۔ جنگل میں پھرنے والا ۔
بیاج (بے ۔ یاج) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سود ۔ نفع ۔ زیادتی ۔
بیاج خور (۱) سود خوار (۲) ناجائز مال کھانے والا ۔
بیاسی (بے ۔ یا ۔ سی) [ہ ۔ صف] اسی اور دو ۔
بیاض (بے ۔ یاض) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) سفیدی (۲) یادداشت کی کاپی ۔ پاکٹ بک (۳) وہ کتاب جس میں اشعار لکھتے ہیں ۔
بیاکل (بے ۔ یا ۔ کل) [ہ ۔ صف] بے کل ۔ بے چین ۔ بے قرار ۔ متفکر ۔
بیالیس (بے ۔ یا ۔ لیس) [ہ ۔ صف] چالیس اور دو ۔
بیان (بے ۔ یان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قول ۔ گفتگو ۔ وعظ (۲) گواہی (۳) ایک علم جس میں تشبیہ ۔ استعارہ ۔ مجاز ۔ کنایہ وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے ۔

بیان امر واقعی ۔ ٹھیک ٹھیک بات کا اظہار ۔
بیان بدلنا ۔ کہے ہوئے کے خلاف کہنا ۔
بیان تائیدی ۔ کسی کی تائید میں گواہی ۔
بیان تحریری (۱) وہ تحریر جو مدعا علیہ عرضی دعوی کے جواب میں داخل عدالت کرتا ہے (۲) وہ بیان جو لکھا گیا ہو ۔
بیان تقریری ۔ زبانی بیان ۔
بیان دعوی ۔ ثبوت دعوی ۔ صورت حال ۔ حقیقت حال ۔
بیان ضمنی ۔ وہ بیان جو اصل مطلب کے درمیان یونہی آ جائے ۔
بیان سے باہر ہونا ۔ مفصل کیفیت ادا نہ ہو سکنا ۔
بیان کر کے رونا ۔ مردے کی خوبیاں بیان کر کے رونا ۔
بیان کرنا (۱) کہنا (۲) سرگزشت دہرانا (۳) بین کرنا ۔
بیانا (بے ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ مص] جننا ۔ مویشی کا بچہ دینا ۔
بیاہ (بے ۔ یاہ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] شادی ۔ عقد ۔ نکاح ۔ ا ص ۔ وواہ ۔
بیاہ رچانا (۱) شادی کا سامان کرنا (۲) خوشی منانا ۔
بیاہ نہیں کیا براتیں تو دیکھی ہیں [مثل] اگرچہ خود یہ کام نہیں کیا اوروں کو کرتے تو دیکھا ہے ۔
بیاہا (بے ۔ یا ۔ ہا) [ہ ۔ صف] نکاح شدہ ۔ شادی شدہ (مرد) ۔
بیاہتا (بے ۔ یاہ ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ بیوی جسے شرعی طور پر عقد میں لایا گیا ہو ۔ منکوحہ ۔
بیاہنا (بے ۔ یاہ ۔ نا) [ہ ۔ مص] شادی کرنا ۔
بیاہی (بے ۔ یا ۔ ہی) [ہ ۔ صف] شادی شدہ (عورت) ۔
بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے [مثل] لڑکی کا شادی کے بعد گھر میں رکھنا ایسا ہے جیسے ہاتھی کا باندھنا ۔ یعنی مصارف بہت زیادہ ہوتے ہیں ۔
بی ۔ اے (B. A.) [انگ ۔ صف] بیچلر آف آرٹس (BACHELOR OF ARTS) کا مخفف ۔ جس نے چودھویں جماعت کا امتحان پاس کر کے ڈگری حاصل کی ہو ۔ گریجویٹ ۔
بی ۔ ایس ۔ سی (B. Sc.) [انگ ۔ صف] بیچلر آف سائنس (BACHELOR OF SCIENCE) کا مخفف ۔ جس نے سائنس میں بی ۔ اے کیا ہو ۔
بے بی (BABY) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بچہ ۔
بیت [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) گھر ۔ حویلی ۔ مکان ۔ محل (۲) شعر ۔
بیت الحرام (۱) خانہ کعبہ (۲) حرم معظمہ (۳) وہ احاطہ جہاں قتل ، شکار اور خونریزی منع ہے ۔
بیت الحزن (۱) غم کدہ ۔ رنج کا مقام (۲) (مجازاً) عاشق کے رہنے کی جگہ ۔
بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔ رفع حاجت کرنے کی جگہ ۔
بیت العتیق (۱) پرانا مکان (۲) خانہ کعبہ ۔
بیت العلوم ۔ کالج ۔ یونیورسٹی ۔
بیت العنکبوت ۔ مکڑی کا جالا ۔
بیت الغزل ۔ غزل کی جان ۔ غزل کا بہترین شعر ۔
بیت المال (۱) مال گھر ۔ سرکاری خزانہ (۲) وہ مال جس میں عام لوگوں کا حق ہو اور جس سے مستحق کو مدد دی جائے ۔
بیت المعمور (۱) آباد گھر (۲) (اصطلاحاً) خانہ کعبہ کے عین اوپر آسمان

Marfat.com

پر خانۂ خدا جہاں فرشتے عبادت کرتے ہیں۔
**بَیتُ المُقَدّس** (۱) پاک گھر (۲) [مجازاً] خانۂ خدا (۳) مسجد اقصیٰ۔
**بَیتُ اللّٰہ** (۱) خانۂ کعبہ (۲) مکۂ معظمہ (۳) مسجد۔
**بَیت بازی** ۔ شعروں سے مقابلہ کرنا۔
**بیتال** (بے۔تال) [ہ۔ا۔مذکر] بُھوت۔پلید۔نجس رُوح۔بلا۔آسیب۔
**بیتنا** (بیت۔نا) [ہ۔مص] (۱) گزرنا (۲) رفع دفع ہونا (۳) واقع ہونا۔
**بیتی** (بی۔تی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گزری ہوئی بات (۲) سرگزشت۔کہانی۔
**بیٹ** (BAT) [انگ۔ا۔مذکر] بَلّا۔کرکٹ کھیلنے کا آلہ۔
**بیٹ** [ہ۔ا۔مونث] (۱) پرندوں کا گُوہ (۲) ایک قسم کا نمک جس میں گندھک ملی ہوتی ہے۔
**بیٹا** (بے۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) فرزند۔لڑکا (۲) بیٹے کی طرح عزیز۔
بیٹا بنانا ۔ متبنّیٰ کرنا۔لے پالک بنانا۔
**بیٹری** (BATTERY) (بے۔ٹ۔ری) [انگ۔ا۔مونث] (۱) برقی مورچہ (۲) دھاتوں کا تیزابی سلسلہ (۳) توپ خانہ۔
**بیٹھا** (بے۔ٹھا) [ہ۔صفت] بیٹھا ہُوا۔
بیٹھا بنیا کیا کرے، اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں دھرے [مثل] بے کار آدمی فضول کام کرنے لگتا ہے۔
بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا ۔ فوراً مر جانا۔
**بیٹھ رہنا** [ہ۔مص] (۱) صبر کرنا (۲) دیر لگانا (۳) ہمت ہارنا (۴) چُھپ ہو جانا (۵) دست بردار ہو جانا (۶) ہار جانا۔
**بیٹھک** (بے۔ٹھک) [ہ۔ا۔مونث] (۱) نشست گاہ (۲) چبیدی۔ تلا (۳) بیٹھنے کا طریقہ (۴) ورزش کی قسم (۵) پریوں اور جنوں وغیرہ کی حاضرات۔
**بیٹھنا** (بیٹھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بیٹھ جانا (۲) لاگت آنا (۳) کام بگڑ جانا (۴) وزن کا اترنا (۵) داخل ہونا (۶) درست ہونا (۷) صبر کرنا (۸) گھل جانا (۹) ہمت ہارنا (۱۰) پرندوں کے متعلق انڈے سینا (۱۱) شطرنج کے متعلق مُہرے کا گھر پر رکھنا (۱۲) تخت نشین ہونا۔
**بیٹھواں** (بیٹھ۔واں) [ہ۔صفت] بیٹھا ہُوا۔چپٹا۔
**بیٹھے بٹھائے** [ہ۔تابع فعل] (۱) خواہ مخواہ (۲) اچانک۔دفعتہً۔
**بیٹھے بیٹھے** [ہ۔تابع فعل] (۱) بہت دیر تک (۲) اچانک (۳) بلا وجہ۔
بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے [مثل] بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائداد ہو ختم ہو جاتی ہے۔
بیٹھے بیٹھے سُوکھ جانا ۔ انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔
بیٹھے سے بیگار بھلی [مثل] بیکار رہنے کے بجائے کچھ کرنا چاہیے۔
**بیٹی** (بے۔ٹی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) دختر (۲) بہو۔
بیٹی دینا (۱) بیٹی بیاہنا۔بیٹی کی شادی کرنا (۲) داماد بنانا۔
**بیج** (BADGE) [انگ۔ا۔مذکر] نشان۔
**بیج** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) تخم (۲) اصل۔بُنیاد (۳) نطفہ۔
بیج بونا (۱) تخم ریزی کرنا (۲) کسی بات کی بُنیاد ڈالنا (۳) سبب بننا۔
بیج پڑنا (۱) تخم پاشی ہونا۔بُنیاد پڑنا (۲) نطفہ پڑنا۔
بیج دار ۔ بہت بیجوں والا۔جس میں کثرت سے بیج ہوں۔
بیج ڈالنا ۔ تخم ریزی کرنا۔
بیج کھاد ۔ وہ غلّہ جو کاشتکاروں کو کاشت اور خوراک کے لیے دیا جاتا ہے۔

بیچ مارا جانا ۔ تباہ ہونا۔برباد ہونا۔غارت ہونا۔
**بیچک** (بی۔چک) [ہ۔ا۔مذکر] مال کی فرد۔مال کی فہرست جس میں ہر چیز کا نرخ، قیمت اور میزان درج ہو۔بیجک۔
**بیچنا** (بیچ۔نا) (۱) [ہ۔ا۔مذکر] بچھا (۲) [ہ۔مص] ابُنا۔
**بیچ** (BATCH) [انگ۔ا۔مذکر] جتھا۔گھان۔
**بیچ** [ہ] (۱) درمیان میں۔اندر۔مابین (۲) [ہ۔ا۔مذکر] وسط۔مرکز (۳) فرق۔فاصلہ (۴) باہم۔بایک دِگر۔آپس میں۔
بیچ بچاؤ (۱) تصفیہ (۲) جھگڑا چکانا (۳) ملاپ۔
بیچ کا ۔ منجھلا۔درمیانی۔متوسط۔
بیچ کھیت (۱) کھیت کا مرکز (۲) میدان کے بیچ میں۔موقع پر (۳) علانیہ (۴) میدان جنگ (۵) ضرور۔لازمی۔
بیچ کی انگلی ۔ انگشت درمیانہ۔درمیانی انگلی۔
بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے [مثل] ہر بات میں اعتدال اچھا ہوتا ہے۔
بیچ کی بات ۔ درمیان کا معاملہ۔باہمی گفتگو۔
بیچ میں آجانا ۔ حائل ہو جانا۔دوران میں آجانا۔
بیچ میں بول اُٹھنا ۔ دو شخصوں کی گفتگو میں تیسرے کا دخل دینا۔
بیچ میں پڑنا (۱) بیچ بننا (۲) ذمہ لینا۔حمایت کرنا (۳) راستے میں آنا۔
بیچ میں ڈالنا ۔ حَکَم کرنا۔ثالث کرنا۔
بیچ میں سان لینا ۔ بے وجہ کسی جھگڑے میں کسی کو شریک کر لینا۔
بیچوں بیچ ۔ عین وسط میں۔عین درمیان۔
**بیچلا** (بی۔چا) [ہ۔ا۔مذکر] ہوّا۔بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔
**بیچ کھانا** [ہ۔مص] (۱) بیچ کر کھا لینا (۲) ضائع کر دینا۔
**بیچنا** (بیچ۔نا) [ہ۔مص] (۱) فروخت کرنا (۲) ہُنڈی کی پُشت پر بیچا لکھ دینا۔
**بیخ** [ف۔ا۔مونث] (۱) اصل۔جڑ (۲) بُنیاد۔نیو۔
بیخ کنی کرنا ۔ جڑ سے اُکھاڑنا۔نیست و نابود کر دینا۔
بیخ و بُن ۔ بیخ و بُنیاد۔جڑ اور بُنیاد۔
بیخ و بُن سے اُکھڑ جانا ۔ بالکل اُکھڑ جانا۔جڑوں سے اُکھڑنا۔
**بید** ۔ دیکھیے وید۔
**بید** ۔ دیکھیے وید۔
**بید** [ف۔ا۔مذکر] ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں لچک دار ہوتی ہیں۔
بید انجیر ۔ ارنڈ کا درخت۔
بید باف ۔ بید کا کام کرنے والا۔بید کی ٹوکریاں بنانے والا۔
بید بافی ۔ بید کا کام کرنا۔بید کی ٹوکریاں بنانے کا فن۔
بید کی طرح کانپنا ۔ خوف کے مارے تھر تھر کانپنا۔بید کی طرح لرزنا۔
بید مجنوں ۔ ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں جھکی رہتی ہیں۔
بید مشک ۔ ایک قسم کا درخت جس کا عرق بطور دوا فرحتِ دل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
**بیدار** (بے۔دار) [ف۔صفت] ہوشیار۔چوکنا۔جاگتا ہُوا۔
بیدار بخت ۔ خوش نصیب۔اقبال مند۔
بیدار مغز ۔ عالی دماغ۔عقلمند۔سمجھدار۔
**بیداری** (بے۔دا۔ری) [ف۔ا۔مونث] ہوشیاری۔عقل۔جاگنے کی حالت۔

Marfat.com

بیدانت ۔ دیکھیے ویدانت ۔
بیداتھر (بے۔دا۔تھ) [ہ۔صفت و ا۔مذکر] بے کے تحت دیکھیے ۔
بیدک ۔ دیکھیے ویدک ۔
بیئر (BEER) (بی۔اَر) [انگ۔ا۔مونث] ایک قسم کی شراب ۔
بیر [ہ۔ا۔مذکر] (۱) دشمنی ۔ عداوت ۔ کینہ (۲) بدلہ ۔ معاوضہ ۔
بیر باندھنا ۔ عداوت پر تل جانا ۔ مخالفت پر اڑنا ۔
بیر بسانا ۔ دشمنی مول لینا ۔ دشمنی ۔
بیر پڑنا ۔ عداوت ہو جانا ۔ دشمنی ہونا ۔
بیر [ہ۔صفت] دیکھیے وِیر ۔
بیر [ہ۔ا۔مذکر] ایک قسم کا پھل ۔ بیری کے درخت کا پھل ۔
بیرا (بی۔را) [ہ۔ا۔مذکر] بھائی ۔ عزیز ۔ خویش ۔
بیرا (بے۔را) [انگ بیرر (BEARER) کا مورد۔ا۔مذکر] (۱) خدمت گار (۲) ہوٹل کا ملازم ۔
بیراج (BARRAGE) (بے۔راج) [انگ۔ا۔مذکر] بند ۔ پشتہ ۔
بیراگ (بے۔راگ) [ہ۔ا۔مذکر] نفس کشی ۔ ترک دنیا ۔
بیراگن (بے۔را۔گن) [ہ۔ا۔مونث] جوگن ۔ فقیرنی ۔
بیراگی (بے۔را۔گی) [ہ۔ا۔مذکر] تارک الدنیا ۔ جوگی ۔
بیربہوٹی ۔ بیربہوٹی (بیر۔بہ۔وٹی ۔ بیر۔بہ۔و۔ٹی) [ہ۔ا۔مونث] ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔
بیرسٹر (BARRISTER) (بے۔رس۔ٹر) [انگ۔ا۔مذکر] وہ وکیل جس نے ولایت سے وکالت کی ڈگری حاصل کی ہو ۔
بیرسٹر ایٹ لا (BARRISTER-AT-LAW) بیرسٹر ۔ بار ایٹ لا ۔
بیرم (بے۔رم) [ت۔ا۔مذکر] (۱) عید (۲) جشن (۳) پرمار (بڑھئی کا اوزار) ۔
بیرن (بی۔رن) [ہ۔ا۔مذکر] بھائی ۔ برادر ۔
بیرن (بے۔رن) [ہ۔ا۔مونث] دشمن عورت ۔ بدخواہ عورت ۔
بیرنگ (بے۔رنگ) [انگ (BEARING) کا مورد۔صفت] وہ مال یا خط وغیرہ جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو ۔
بیرنگ آنا ۔ خالی آنا ۔ ناکام واپس پھرنا ۔
بیروزہ (بے۔رو۔زہ) [ف۔ا۔مذکر] ایک قسم کا مادہ جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے ۔ گندہ بیروزہ ۔
بیرومیٹر (BAROMETER) (بے۔رو۔می۔ٹر) [انگ۔ا۔مذکر] باد پیما ۔ مقیاس الہوا ۔
بیرون (بے۔رون) [ف] باہر ۔
بیرون جات ۔ شہر کے باہر کی آبادیاں ۔ قصبے ۔ دیہات ۔
بیرون جاتی ۔ دیہاتی ۔
بیری (بے۔ری) [ہ۔ا۔مذکر] دشمن ۔ بدخواہ ۔ مخالف ۔
بیری (بے۔ری) [ہ۔ا۔مونث] بیر کا درخت ۔
بیریئر (BARRIER) (بے۔ری۔اَر) [انگ۔ا۔مذکر] روک ۔ باڑھ ۔ جنگلا ۔
بیڑا (بے۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کشتی ۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھا جس کے ذریعے سے دریا پار کرتے ہیں (۲) جہازوں یا کشتیوں کی قطار (۳) رسالہ ۔ فوج ۔ جتھا ۔
بیڑا پار کرنا ، لگانا (۱) کشتی وغیرہ کو سلامتی کے ساتھ کنارے پر پہنچانا (۲) مصیبت دور کرنا ۔ آڑے آنا ۔

بیڑا پار ہونا (۱) ناؤ یا جہاز کا سلامتی کے ساتھ منزل مقصود پر پہنچنا (۲) مشکل آسان ہونا (۳) خاتمہ ہونا ۔ انجام کو پہنچنا ۔
بیڑا (بی۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] گلوا ۔ گلوری ۔ بنا یا ہوا پان ۔
بیڑا اٹھانا (۱) عہد کرنا (۲) آمادہ ہونا ۔ مستعد ہونا ۔
بیڑی (بے۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) لوہے کی زنجیر جو مجرموں اور ہاتھی گھوڑے وغیرہ کو ڈالتے ہیں (۲) چمڑے کا ڈول یا ٹوکرا جس سے کھیتوں کو پانی دیتے ہیں (۳) [کنایتہ] جورو ۔ بچے ۔ دنیوی تعلقات ۔
بیڑی (بی۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) پان کی گلوری (۲) ایک قسم کا دیسی چرٹ ۔
بیزار (بے۔زار) [ف۔صفت] متنفر ۔ ناخوش ۔ خفا ۔ ناراض ۔
بیزاری (بے۔زا۔ری) [ف۔ا۔مونث] نفرت ۔ خفگی ۔ پریشانی ۔
بیس [ہ۔صفت] دس اور دس ۔
بیس بسوے (۱) ایک بیگھہ (۲) سارا کا سارا ۔ کل (۳) غالباً ۔ یقیناً ۔
بیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا [مجازاً] بہت جگہ نوکری کرنا ۔
بیساکھ (بے۔ساکھ) [ہ۔ا۔مذکر] ہندی مہینا جو ۱۳ اپریل سے ۱۳ مئی تک رہتا ہے ۔
بیساکھی (بے۔سا۔کھی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) مشہور تہوار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو منایا جاتا ہے (۲) وہ لاٹھی جس کی امداد سے لنگڑے لولے چلتے ہیں ۔
بیستون (بے۔س۔تون) [ف۔ا۔مذکر] ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھودا تھا ۔
بیسن (بے۔سن) [ہ۔ا۔مذکر] چنے کی دال کا آٹا ۔
بیسنی (بے۔س۔نی) [ہ۔صفت] بیسن والی ۔ بیسن کی بنی ہوئی ۔
بیسوا (بیس۔وا) [ہ۔ا۔مونث] رنڈی ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔
بیسواں (بیس۔واں) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کسی کے مرنے کے بیسویں دن کھانا پکوا کر مسکینوں کو کھلانے کی رسم (۲) [صفت] بیس عدد والا (۳) ابیر
بیسی (بی۔سی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) کوڑی (۲) غلہ ناپنے کا پیمانہ (۳) [صفت] بیس سال کی ۔
بیسی کھیسی ساٹھا پاٹھا [مثل] عورت بیس سال کی عمر میں کمزور ہو جاتی ہے اور مرد ساٹھ برس کی عمر تک جوان رہتا ہے ۔
بیش (ف) زیادہ ۔ افزوں ۔
بیش از بیش ۔ بہت زیادہ ۔ زیادہ سے زیادہ ۔ غایت درجہ ۔
بیش بہا ۔ بھاری قیمت کا ۔ قیمتی ۔ بڑھیا ۔
بیش تر (۱) اکثر ۔ زیادہ تر (۲) بارہا ۔
بیش قرار ۔ معقول ۔
بیش قیمت (۱) بہت قیمت والا ۔ قیمتی (۲) نفیس ۔ عمدہ ۔
بیش و کم ۔ کم یا زیادہ ۔ کچھ نہ کچھ ۔
بیشہ (بے۔شہ) [ف۔ا۔مذکر] جنگل ۔ بیابان ۔
بیشی (بے۔شی) [ف۔ا۔مونث] زیادتی ۔ افزونی ۔ بڑھوتری ۔
بیعن [ع۔ا۔مذکر] دستخط ۔
بیضا (بے۔ضا) [ع۔صفت] روشن ۔ سفید ۔
بیضاوی (بے۔ضا۔وی) [ف۔صفت] (۱) شہر بیضا کا رہنے والا (۲) [مذکر] ایک مشہور مفسر قرآن عبداللہ بن عمر (۳) [مونث] ان کی تفسیر ۔

Marfat.com

**بیضوی** (بے۔ض۔وی) [ع۔صفت] انڈے کی مانند۔ انڈے کی طرح گول۔
**بیضہ** (بے۔ضہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) انڈا (۲) فوطہ۔ خصیہ۔
**بیضۂ نوروز**۔ ماہ فروردین کی پہلی تاریخ (جو مارچ کی بارھویں تاریخ ہوتی ہے) پارسی اس دن جشن مناتے ہیں اور بچے بازی لگا کر انڈوں سے کھیلتے ہیں۔
**بیطار** (بے۔طار) [ع۔ا۔مذکر] سلوتری۔ مویشیوں کا ڈاکٹر۔
**بیع** [ع۔ا۔مونث] بکری۔ فروخت۔
**بیع بالمراتب**۔ بامنافع بکری۔
**بیع بالوفا**۔ وہ سودا جس میں میعاد مقررہ پر روپیہ ادا کرنے سے چیز واپس مل جائے ورنہ مبیع خریدار کی ہو جائے۔ شرطی بیع کا پورا ہو جانا۔ بیع کا پورا ہو جانا۔
**بیع سلطانی**۔ جو بیع بادشاہ کے حکم سے ہو۔
**بیع شرطی**۔ وہ بکری جو کسی شرط کے پورا ہونے پر موقوف ہو۔ کچی بیع۔
**بیع قطعی**۔ پکی بکری۔ مستقل بیع۔ فروخت کامل۔
**بیع کرنا** (۱) خریدنا (۲) بیچنا۔
**بیع ناقص**۔ وہ بیع جس کے بیچنے کا فیصلہ ملتوی رہے۔
**بیع نامہ**۔ قبالہ۔ کسی چیز کی فروخت کی دستاویز۔
**بیع نمائشی**۔ دکھاوے کی اور فرضی بیع۔
**بیع و شریٰ**۔ خرید و فروخت۔ لینا اور بیچنا۔
**بیعانہ** (بے۔عا۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] سائی۔ وہ رقم جو کسی سودے کو پکا کر کے ساری قیمت ادا کرنے سے پہلے بائع کو دی جائے اور حساب بیباق کرتے وقت وضع کر لی جائے۔
**بیعت** (بے۔عت) [ع۔ا۔مونث] (۱) اطاعت کا عہد (۲) مرید بننا۔
**بیکا** (بی۔کا) [ہ۔صفت] (۱) ٹیڑھا (۲) ترچھا۔
**بی کام** (BACHELOR OF COMMERCE) کا مخفف [انگ۔صفت] وہ شخص جس نے کامرس میں بی۔اے کیا ہو۔ فاضل تجارت۔
**بیکر** (BAKER) (بے۔کر) [انگ۔ا۔مذکر] نانبائی۔ روٹی پکانے والا۔ بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا۔
**بیکری** (BAKERY) (بے۔ک۔ری) [انگ۔ا۔مونث] ڈبل روٹی بسکٹ وغیرہ بنانے کا تنور یا کارخانہ۔
**بیکنٹھ** (بے۔کنٹھ) [ہ۔ا۔مذکر] بہشت۔ جنت۔
**بیکنٹھ باشی**۔ مرحوم۔ مغفور۔ جنت آشیان۔
**بیگ** [ت۔ا۔مذکر] صاحب۔ امیر۔ سردار۔ مغلوں کا خطاب۔
**بیگ** (BAG) [انگ۔ا۔مذکر] تھیلا۔ بورا۔
**بیگار** (بے۔گار) [ف۔ا۔مونث] اُجرت کے بغیر کام لینا۔ جبراً کسی کو کام پر لے جانا۔
**بیگار ٹالنا**۔ بے دلی اور عدم توجہی سے کوئی کام کرنا۔
**بیگار و کا کام** [ف] بے دلی کا کام۔ مفت کا کام۔
**بیگاری** (بے۔گا۔ری) [ف۔ا۔مذکر] (۱) بیگار میں کام کرنے والا (۲) بے دلی سے کام کرنے والا۔
**بیگانگی** (بے۔گا۔نہ۔گی) [ف۔ا۔مونث] غیریت۔ اجنبیت۔ بے تعلقی۔
**بیگانہ** (بے۔گا۔نہ) [ف۔صفت] غیر۔ پرایا۔ اجنبی۔
**بیگانہ خو**۔ جس کی سرشت میں میل جول نہ ہو۔ اکھڑ۔ غیر مانوس۔
**بیگانہ وار**۔ بیگانہ وش۔ اجنبی کی طرح۔

**بیگانی** (بے۔گا۔نی) [ف۔صفت] بیگانہ کی تانیث۔
**بیگم** (بے۔گم) [ت۔ا۔مونث] بیگ کی تانیث۔ خاتون۔ بانو۔
**بیگمی** (بے۔گ۔می) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ایک قسم کے نفیس چاول (۲) ایک قسم کا کافوری عمدہ پان۔
**بیگھہ** (بی۔گھ) [ہ۔ا۔مذکر] زمین کی ایک مقدار۔ چار کنال یا ۲۰ مرلے۔
**بیل** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) نرگاؤ (۲) [مجازاً] بے وقوف۔ احمق۔
**بیل** [ہ۔ا۔مونث] وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں (۲) وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھتے ہیں (۳) نچھاور۔ صدقہ (۴) وہ انعام جو ارباب نشاط کو دیا جائے (۵) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام (۶) آل و عیال۔ نسل۔
**بیل بوٹا**۔ نقش و نگار۔
**بیل دار**۔ وہ چیز جس میں بیل یا بیلیں بنی ہوں۔
**بیل منڈھے چڑھنا** (۱) شادی کا وقت آنا (۲) مراد کو پہنچنا۔
**بیل** [ف۔ا۔مذکر] زمین کھودنے کا اوزار۔ بیلچہ۔
**بیلدار**۔ وہ شخص جس کا پیشہ زمین کھودنا ہو۔ محکمہ نہر کے کارندے جو گڑھے وغیرہ بھرتے ہیں۔
**بیلا** (بے۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بڑا کٹورا (۲) ایک قسم کا باجا (۳) جنگل جو دریا کے کنارے ہو (۴) وہ نقدی جو بیاہ شادی وغیرہ کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے۔ بیل (۵) یاسمین۔ چنبیلی کی قسم کا ایک پودا۔
**بیلٹ** (BALLOT) (بے۔لٹ) [انگ۔ا۔مذکر] قرعہ اندازی۔ پوشیدہ رائے دہندگی۔
**بیلٹ بکس** (BALLOT BOX) ووٹ کی پرچیاں جمع کرنے کا صندوق۔
**بیلچہ** (بیل۔چہ) [ف۔ا۔مذکر] چھوٹی کدال۔ چھوٹا پھاوڑا۔
**بیلن** (بے۔لن) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) لکڑی کا وہ مدور اوزار جس سے روٹی یا پوری کو بڑھاتے ہیں (۲) پتھر کا وہ گول ڈھول نما اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے یا چونہ وغیرہ پیستے ہیں۔
**بیلنا** (بیل۔نا) [ہ۔مص] (۱) بیلن سے روٹی وغیرہ کو پھیلانا (۲) روئی سے بنولے وغیرہ علیحدہ کرنا (۳) [مذکر] روئی سے بنولے علیحدہ کرنے کا آلہ (۴) گنے کا رس نکالنے کا کولھو۔
**بیلنس** (BALANCE) (بے۔لنس) [انگ۔ا۔مذکر] باقی۔ بچت۔
**بیلنس شیٹ** (BALANCE SHEET) چٹھا۔ واصل باقی۔ روشن باقی۔
**بیلون** (BALLOON) (بے۔لون) [انگ۔ا۔مذکر] غبارہ۔
**بیلی** (بے۔لی) [ہ۔ا۔مذکر] نگہبان۔ محافظ۔ مددگار۔ ساتھی۔
**بیم** [ف۔ا۔مذکر] خوف۔ خطر۔ اندیشہ۔ ڈر۔
**بیما** (بی۔ما) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے۔ بیمہ۔
**بیمار** (بی۔مار) [ف۔صفت] (۱) مریض۔ روگی (۲) عاشق۔
**بیمار پرسی**۔ عیادت۔ بیمار کا حال پوچھنا۔ بیمار کی خبر لینا۔
**بیماری** (بی۔ما۔ری) [ف۔ا۔مونث] (۱) روگ۔ مرض (۲) عادت۔ لت۔
**بیماری سے اٹھنا**۔ بیماری سے صحت پانا۔
**بیمہ** (بی۔مہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ٹھیکا۔ ضمانت۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر مال پہنچانے کی ذمہ داری (۲) مقررہ مدت یا مر جانے پر معینہ رقم بھر دینے کی ذمہ داری۔ انشورنس۔

Marfat.com

**بَین** [ع - ا - مذکر] مُردے کی خوبیاں بیان کر کے رونا - نوحہ -
**بَین** [ع - ا - مذکر] (۱) درمیان - بیچ (۲) فاصلہ - فرق -
**بَین الاقوامی** - مختلف اقوام کے درمیان - مختلف اقوام کا -
**بَین السطور** - سطروں کے بیچ کا فاصلہ - سطروں کے درمیان -
**بَین بَین** (۱) متوسط - درمیانی - بیچ کا (۲) ملا جُلا -
**بِین** [ف - صفت] دیکھنے والا (مرکبات میں مستعمل ہے) -
**بِین** [ہ - ا - مونث] مُنہ سے بجانے کا ایک ساز -
**بَیِّن** (بَے - یِن) [ع - صفت] ظاہر - صاف - آشکار -
**بِینا** (بی - نا) [ف - صفت] (۱) دیکھنے والا (۲) دانا - ہوشیار -
**بَیِّنات** (بَے - یِ - نات) [ع - ا - مونث] بَیِّنہ کی جمع - روشن دلائل (۲) گواہان صادق (۳) ایک قسم کی ابجد کا حساب -
**بِینائی** (بی - نا - ئی) [ف - ا - مونث] (۱) بصارت - آنکھ کی روشنی (۲) دانائی -
**بینجنی** (بین - جَ - نی) [ا - صفت] (اُردو) بینگن کے رنگ کا -
**بینچ** (BENCH) [انگ - ا - مذکر] دیکھیے بنچ -
**بینڈھنا** (بینڈھ - نا) [ہ - مص] (۱) سوراخ کرنا - چھید کرنا (۲) بیٹھنے دینا -
**بینڈ** (BAND) [انگ - ا - مذکر] (۱) گروہ - منڈلی (۲) خصوصاً باجے والوں کی (۳) بینڈ باجا -
**بینڈ ماسٹر** (BANDMASTER) باجے والوں کا افسر -
**بینڈا** [ہ - ا - مونث] سرکنڈوں یا نرسلوں کا گٹھا -
**بینڈا** (بیں - ڈا) [ہ - صفت] (۱) ترچھا - آڑا (۲) سخت بے ڈھب (۳) بھدا - اکھڑ (۴) [مذکر] وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے تاکہ دروازہ کھل نہ سکے -
**بینڈی** (بیں - ڈی) [ہ - صفت] بینڈا کی تانیث - ٹیڑھی - ترچھی -
**بینش** (بی - نِش) [ف - ا - مونث] (۱) نظر - دیکھنے کی طاقت (۲) دانائی -
**بینک** (BANK) [انگ - ا - مذکر] لین دین کی کوٹھی - ساہوکارا -
**بینک ریٹ** (BANK RATE) شرح سُود - بیاج -
**بینک کار** (۱) مہاجن - ساہوکار (۲) بینک کا منتظم - انگریزی بینکر سے اُردو بنایا گیا ہے -
**بینک کاری** - مذکر - ساہوکاری - بینک سے متعلق کاروبار - انگریزی بینکنگ سے اُردو بنایا گیا ہے
**بینک کریڈٹ** (BANK CREDIT) قرض ساکھ - بینک سے وہ سمجھوتا جس کی رُو سے ضمانت دینے پر قرض لیا جا سکے -
**بینک نوٹ** (BANK NOTE) بینک کا کاغذی سکہ - نوٹ -
**بینکر** (BANKER) [انگ - ا - مذکر] دیکھیے بینک کار -
**بینگن** (بیں - گن) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کی ترکاری -

**بینتنا** (بین - تنا) [ہ - مص] اُچھٹنا - علیحدہ کرنا - چھانٹنا -
**بینندہ** (بی - نن - دہ) [ف - صفت] دیکھنے والا - دانا شخص -
**بیں ہتھا** (بیں - ہتھ - تھا) [ہ - صفت و ا - مذکر] بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا - کھبا -
**بیں ہتھی** (بیں - ہتھ - تھی) [ہ - صفت و ا - مونث] کھبی -
**بینی** (بی - نی) [ا - ا - مونث] (۱) وہ لمبی لکڑی جو کواڑ میں اس لیے لگاتے ہیں کہ بند کرتے وقت بیچ میں جھری نہ رہے (۲) کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اوپر آجاتا ہے -
**بینی** (بی - نی) [ف - ا - مونث] ناک -
**بینی بُریدہ** - ناک کٹا - نکٹا -
**بینی پاک** - ناک صاف کرنے کا رومال -
**بینیٔ کوہ** - پہاڑ کی چوٹی - قلۂ کوہ -
**بیوپار** (بی - یو - پار) [ہ - ا - مذکر] (۱) تجارت (۲) لین دین (۳) معاملہ - دیکھیے بیوپار -
**بیوپاری** (بے - یو - پا - ری) [ہ - ا - مذکر] سوداگر - بنجارا - تاجر -
**بُیوت** (بُ - یوت) [ع - ا - مونث] بیت کی جمع - مکانات -
**بُیوتات** (بُ - یو - تات) [ع - ا - مونث] بیت کی جمع الجمع -
**بیورو** (BUREAU) (بے - یو - رو) [انگ - ا - مذکر] سرکاری محکمہ - دفتر -
**بیوگی** (بے - وَ - گی) [ف - ا - مونث] بیوہ ہو جانا - بیوہ ہونے کی حالت - رنڈاپا -
**بیونت** (بے - یونت) [ہ - ا - مذکر] (۱) کاٹ - تراش (۲) اندازہ - ناپ (۳) حساب - تقسیم (۴) موقع - ڈھب -
**بیونتنا** (بے - یونت - نا) [ہ - مص] تراشنا - کاٹنا - قطع کرنا -
**بیوہ** (بے - وہ) [ف - ا - مونث] رانڈ - ودھوا -
**بیوہ قابض** - وہ بیوہ جو اپنے خاوند کی جائداد پر قابض ہو -
**بیوہار** (بے - یو - ہار) (س ویوہار) دیکھیے بیوپار -
**بیوی** (بی - وی) [ا - ا - مونث] (۱) زوجہ (۲) گھر کی مالکن -
**بیوی کا غلام** - زن مرید - عورت کے اشاروں پر چلنے والا -
**بیوی نیک بخت دمڑی کی دال تین وقت** (مثل) نیک عورت کفایت شعاری کرتی ہے
**بیوی وارے باندی لٹاوے گھر کی بلا باہر نہ جاوے** (مثل) صدقہ وخیرات کا گھر ہی میں رکھنا - کسی کے نہایت بخل پر بولتے ہیں -
**بیہڑ** (بے - ہڑ) [ہ - صفت و ا - مونث] (۱) ناہموار زمین (۲) جنگل - چراگاہ -

Marfat.com

# پ

پ۔ پے) اُردو اور فارسی کا تیسرا ہندی کا اکیسواں حرف۔ ابجد کے حساب میں اس کے تین عدد مقرر ہیں۔

## پ - ا

**پا** (ہ) بعض صفات کے آخر میں آکر اسم کے معنی دیتا ہے جیسے بڑھاپا۔ مُٹاپا۔ بڑاپا۔ پچھتاپا۔ جلاپا وغیرہ۔

**پا** (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) پاؤں۔ (۲) نیچے (۳) قوت۔ مضبوطی۔ (۴) بنیاد (نیز دیکھیے پائے)

**پا انداز**۔ ربڑ یا مونج کا ٹکڑا جو دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنے کے لیے بچھا دیتے ہیں۔

**پا بجولاں**۔ پاؤں میں زنجیر (۲) مقید (۳) مجبور

**پا بدستِ دگرے، دست بدستِ دگرے**۔ (۱) پاؤں ایک کے ہاتھ میں، ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں (۲) کشاں کشاں (۳) جبر سے۔

**پا بر رکاب**۔ جانے پر آمادہ۔ چلنے پر مستعد۔

**پا برہنہ**۔ ننگے پاؤں۔

**پا بزنجیر**۔ جس کے پیروں میں زنجیر پڑی ہوئی ہو۔

**پا بگل**۔ (۱) کیچڑ میں پاؤں (۲) قیدی۔ بے بس۔ حیران۔

**پابند**۔ (۱) نوکر (۲) محکوم (۳) گرفتار۔ بندھا ہوا (۴) قائم۔ مضبوط۔ (۵) بیڑی۔ زنجیر (۶) وہ رسی جس سے گھوڑے کے پچھلے پاؤں باندھتے ہیں۔ (۷) کسی بات پر قائم رہنے والا۔ (۸) رسی۔ جال۔

**پابندی** (۱) روک تھام (۲) بندش (۳) ملازمت (۴) قید۔ (۵) استقلال (۶) بیڑی (۷) لحاظ۔ خیال (۸) عادت۔

**پابوس**۔ (۱) قدم چومنے والا (۲) جھکنے والا (۳) تسلیم کرنے والا (۴) خوشامدی۔

**پابوسی**۔ (۱) پاؤں چومنا (۲) جھکنا (۳) تواضع۔ تعظیم۔

**پاپوش**۔ جوتا۔

**پاپوش پر مارنا** (۱) ذلیل اور ہیچ سمجھنا (۲) خاطر میں نہ لانا۔

**پاپوش سے۔ پاپوش کی نوک سے**۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔

**پاپوش کاری**۔ جوتیاں پڑنا۔

**پاپوش کے برابر نہ سمجھنا**۔ نہایت حقیر اور ذلیل سمجھنا۔

**پا پیادہ**۔ پیدل۔ سواری کے بغیر۔ پاؤں پاؤں۔

**پاتابہ**۔ پائے تابہ۔ (۱) چمڑا جو جوتے کے اندر ڈالا جاتا ہے۔ (۲) کپڑے کا بنا ہوا جوتا جو موزے کے اوپر پہنتے ہیں۔ جراب

**پاجامہ**۔ پائے جامہ۔ لباس جو جسم کے نچلے حصے پر پہنا جاتا ہے۔

**پاجامے سے باہر ہو جانا**۔ نکل پڑنا۔ آپے سے باہر ہو جانا۔ بہت خفا ہونا۔

**پاجامے میں ڈال کر پہن لینا**۔ گستاخ ہو جانا۔ ادب لحاظ نہ کرنا۔

**پاخانہ**۔ (۱) جائے ضرورت (۲) براز۔ گُو۔

**پا در رکاب**۔ دیکھیے پا بر رکاب۔

**پا در گل**۔ دیکھیے پا بگل۔

**پا در ہوا**۔ بے بنیاد۔

**پازیب**۔ پائے زیب (۱) پاؤں کی زینت (۲) پاؤں کا ایک زیور۔

**پا شکستہ**۔ چلنے پھرنے سے معذور۔ بے بس۔

**پاشویہ**۔ پاؤں دھونا۔ پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔

**پاکوب**۔ ناچنے والا۔

**پامال**۔ (۱) روندا ہوا۔ پاؤں سے مسلا ہوا (۲) برباد۔ ویران۔

**پامالی**۔ (۱) پاؤں سے روندنا (۲) تباہی۔ بربادی۔

**پامرد**۔ ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ باہمت۔ مددگار۔ معاون۔

**پامردی**۔ (۱) استقلال۔ مضبوطی (۲) ہمت۔ بہادری (۳) طاقت۔

**پاموز**۔ کبوتر۔ مرغ اور دوسرے پرند جن کے پاؤں کو پروں نے موزوں کی طرح ڈھک رکھا ہو۔

**پایاب**۔ پانی میں پیادہ چلے جانے کا راستہ۔ کم گہرا پانی۔ گھاٹ۔

**پاپ** (س۔ ا۔ مذکر) (۱) گناہ۔ جرم۔ (۲) عذاب۔ مصیبت۔ (۳) بدی۔ عیب (۴) ظلم۔ جبر۔ سختی۔

**پاپ کاٹنا**۔ (۱) جھگڑا چکانا (۲) قرضہ ادا کرنا۔

**پاپ کٹنا**۔ جھگڑا دور ہونا۔ مصیبت کٹنا۔

**پاپ کی پوٹ**۔ گناہوں کی گٹھڑی۔

**پاپا**۔ (PAPA) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) باپ (۲) پوپ۔

**پاپڑ** (پا۔ پڑ) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) اُڑد۔ مونگ۔ چنے وغیرہ کے میدے کی نہایت پتلی مسالہ دار چپاتی جو تیل میں تلی جاتی ہے۔ [صف] بہت پتلا۔ سوکھا (۳) نہایت کم زور۔

**پاپڑ بیلنا۔ پاپڑ پیٹنا**۔ (۱) مصیبت برداشت کرنا (۲) دن گزارنا (۳) پاپڑ بنانا۔

**پاپڑا** (پاپ۔ ڑا) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک درخت کا رونگیا (۲) ڈھاک کا پھل۔

**پاپلین** (POPLIN) (پاپ لین) [انگ۔ ا۔ مونث] ایک قسم کا کپڑا۔

**پاپن۔ پاپنی** (پا۔ پن) (پاپ۔ نی) [ا۔ صف] (۱) گنہگار عورت (۲) ظالم عورت۔

**پاپی** (پا۔ پی) [ا۔ صف] (۱) گنہگار۔ مجرم (۲) ظالم (۳) بے رحم (۴) بدکار۔

**پاپی کی ناؤ ڈوبی پر ڈوبی**۔ برائی کا نتیجہ ضرور برا ہوتا ہے۔

**پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے**۔ (مثل) گنہگار کو اس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔

**پات** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پتا۔ برگ (۲) کان میں پہننے کا زیور۔

**پات پات ڈال ڈال**۔ ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔

**پاتال** (پا۔ تال) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) ہندو دیو مالا کے مطابق زمین کے سات طبقوں میں سے سب سے نیچے کا طبق جہاں ناگ رہتے ہیں تحت الثریٰ (۲) دوزخ (۳) غار۔

Marfat.com

**پاتھر** (پا۔تھر) [ہ۔ا۔مذکر] پتھر۔ سنگ۔ حجر۔

**پاتھنا** (پاتھ۔نا) [ہ۔مص] تھاپنا۔ بنانا۔ ڈھالنا۔ تھوپنا۔

**پاتی** (پا۔تی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) چٹھی۔ خط (۲) پیغام۔ (۳) پتہ۔ نشان۔

**پاٹ** (POT) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) برتن۔ ظرف۔ (۲) پاخانے کا طشت۔

**پاٹ** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) چوڑائی (۲) چکی کا پتھر (۳) تخت (۴) پٹڑا (۵) کولھو بیلن کی لمبی لکڑی جس میں جوا باندھ کر بیل جوتے جاتے ہیں (۶) الاپ۔ تان (۷) کپڑے کی ایک طرف کا کنارہ۔

پاٹ دار آواز۔ بلند آواز۔ دور تک جانے والی آواز۔

**پاٹنا** (پاٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) ڈھانپنا۔ چھت ڈالنا (۲) چھپانا (۳) ڈھیر کرنا (۴) مالا مال کرنا (۵) بہت دینا (۶) سینچنا (۷) گڑھے کو بھرنا۔

**پاٹھ** [س۔ا۔مذکر] (۱) سبق (۲) وظیفہ۔ عبارت (۳) متن مضمون۔

**پاٹھ شالا**۔ مدرسہ۔ سکول۔ مکتب۔ پڑھنے کا مکان۔

**پاٹھا** (پا۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) جوان۔ پٹھا (۲) پہلوان (۳) ہاتھی کا بچہ۔

**پاٹھک۔ پاٹھی** (پا۔ٹھک، پا۔ٹھی) [س۔ا۔مذکر] (۱) استاد (۲) واعظ (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ جو رزمیہ نظمیں اور پُران پڑھتے ہیں۔

**پاجانا** [ہ۔مص] (۱) حاصل کر لینا (۲) بات سمجھ لینا (۳) بھگتنا۔

**پاجی** (پا۔جی) [ف۔صف] (۱) کمینہ۔ رذیل (۲) بدمعاش۔ شہدا پاجی بہ طوافِ کعبہ حاجی نشود۔ کمینہ حج کرنے سے حاجی نہیں بن جاتا۔

پاجی پنا۔ پاجی پن۔ (۱) کمینگی۔ رذالت (۲) بدمعاشی۔

**پاجیانہ** (پا۔جی۔یا۔نہ) [ف۔صف] رذیلوں کی طرح کا۔

**پاچھنا** (پاچھ۔نا) [ہ۔مص] پچھنے لگانا۔ گودنا۔ چوکے لگانا۔ نشتر لگانا۔

**پاد** [ہ۔ا۔مذکر] پھسکی۔ گوز۔

**پاداش** (پا۔داش) [ف۔ا۔مونث] نتیجہ۔ سزا۔ بدلہ۔ عوض۔ مکافات۔

**پادری** (پاد۔ری) [پُر۔ا۔مذکر] عیسائی مذہب کا پیشوا۔ اسقف۔

**پادشاہ۔ پادشہ** (پاد۔شاہ، پاد۔شہ) [ف۔ا۔مذکر] بادشاہ سلطان۔

پادشاہ زادہ۔ (۱) بادشاہ کا بیٹا۔ شہزادہ (۲) بادشاہی خاندان کا۔

پادشاہ سلامت۔ (دعائیہ القاب) سلطان زندہ رہے۔

**پادشاہی** (پاد۔شا۔ہی) [ف۔ا۔مونث] (۱) بادشاہت (۲) بادشاہ سے منسوب۔

**پادنا** (پاد۔نا) [ہ۔مص] (۱) گوز مارنا (۲) گھبرانا۔ جُنبش دینا۔

**پار** [س۔ف۔ا۔مذکر] (۱) گزرا ہوا سال (۲) جھیل یا دریا کا دوسرا کنارہ (۳) آخری حد۔ تمام۔ ختم۔

پار اترنا (۱) دریا عبور کرنا (۲) ختم کرنا (۳) چھٹکارا پانا (۴) ادا کرنا (۵) کامیاب ہونا (۶) مرنا۔

پارسال۔ پچھلے سال۔ سالِ گزشتہ۔

پار کرنا۔ (۱) ادھر سے اُدھر کرنا (۲) سوراخ کرنا (۳) باہر نکالنا (۴) بازی جیتنا۔ فتح پانا (۵) بسر کرنا۔ نباہنا۔

پار لگانا (۱) دوسرے کنارے پر پہنچانا۔ نجات دینا۔ کامیابی حاصل کرنا۔

پار ہو جانا۔ پار ہونا۔ (۱) عبور کرنا (۲) کسی چیز سے گزرنا (۳) کام ہو جانا (۴) ختم ہو جانا (۵) بچ جانا۔

**پارا** (پا۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) سیماب۔ ایک رقیق دھات (۲) [صف] بے چین۔

پارا اڑانا۔ گرمی پہنچا کر پارے کو گیس بنا دینا۔

پارا پلانا۔ وزنی کرنا۔ بھاری کرنا۔ بوجھل کرنا۔

پارا مارنا۔ پارے کو کشتہ کرنا۔

پارے کا کافور۔ پارے کا کشتہ۔

پارے کا کشتہ۔ دواؤں کے ساتھ ملا کر پارے کو آگ دیتے ہیں اس طرح پارہ خاک ہو جاتا ہے اُسے کشتہ کہتے ہیں۔

**پاربتی۔ پاروتی** (پار۔بے۔تی)۔ (پار۔و۔تی) [س۔ا۔مونث] (۱) پہاڑ کی بیٹی (۲) درگا۔ شیوجی کی بیوی کا ایک نام۔

**پارٹ** (PART) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) حصہ۔ جزو (۲) حصے کا کام (۳) ایکٹر کا کام (۴) ایکٹر کے مکالمے۔

**پارٹنر** (PARTNER) (پارٹ۔نر) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) ساتھی۔ رفیق (۲) شریک۔ ساجھی۔

**پارٹی** (PARTY) (پار۔ٹی) [انگ۔ا۔مونث] (۱) جماعت (۲) دعوت۔ جلسہ (۳) فریق (۴) شریک۔ معین۔

**پارچہ** (پار۔چہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) کپڑا (۲) لباس (۳) ٹکڑا (۴) کچا ٹکڑا (۵) گوشت کا ٹکڑا (۶) مچان۔

پارچہ باف۔ کپڑا بننے والا۔ جولاہا۔

پارچہ بافی۔ کپڑا بننا۔ جولاہے کا پیشہ۔

پارچہ فروش۔ کپڑا بیچنے والا۔

**پارس** [ف۔ا۔مذکر] ملک ایران۔ فارس۔ ہوشنگ بادشاہ کے بیٹے کا نام جس کے نام پر ایران کو پارس کہتے ہیں۔

**پارس** (پا۔رس) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ دھات کو چھو کر سونا بنا دیتا ہے۔ اکسیر۔

**پارسا** (پار۔سا) [ف۔صف] متقی۔ پرہیزگار۔

**پارسائی** (پار۔سا۔ای) [ف۔ا۔مونث] نیکی۔ پاکی۔ پرہیزگاری۔

**پارسل** (PARCEL) (پار۔سل) [انگ۔ا۔مذکر] ڈھیر۔ پلندا۔ وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر اور اوپر سے باندھ کر ڈاک یا ریل کے ذریعے بھیجتے ہیں۔

**پارسی** (پار۔سی) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ایک قوم جس کا بانی زرتشت (زرتشت) تھا (۲) گبر۔ آتش پرست۔ مجوسی (۳) فارس (ایران) کا بادشاہ (۴) [صف] فارس سے منسوب (۵) [مونث] فارسی زبان۔

**پارک** (PARK) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) احاطہ یا گھرا ہوا مقام جو شہریوں کی سیر و تفریح کے لیے ہو (۲) وسیع باغ۔

**پارلیمان** (پار۔ل۔مان) انگریزی پارلیمنٹ (PARLIAMENT)

Marfat.com

کا موزوں۔ ا۔ مؤنث] کسی آزاد ملک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز۔

**پارلیمانی** (پار۔ لی۔ مانی) [آر۔ صف] (۱) پارلیمان سے متعلق پارلیمان کا وضع کردہ یا منظور کردہ (۲) پارلیمان کے شایان شان (زبان۔ الفاظ وغیرہ) (PARLIAMENTARY)

**پارلیمانی حکومت** (PARLIAMENTARY GOVERNMENT) وہ جمہوری نظام حکومت جس میں حکومت پارلیمان کے سامنے جوابدہ ہوتی ہے۔

**پارلیمنٹ** (PARLIAMENT) (پار۔ لی۔ منٹ) [انگ۔ مؤنث] دیکھیے پارلیمان۔

**پارلیمنٹری** (PARLIAMENTARY) (پار۔ لی۔ منٹ۔ ری) [انگ۔ صف] دیکھیے پارلیمان۔

**پارہ** (پا۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) پارچہ۔ ٹکڑا۔ پُرزہ۔ قاش۔ (۲) پیوند (۳) پتھر کی چھوٹی سی دیوار۔

پارہ پارہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔ پرخچے اُڑانا۔

پارۂ جگر۔ (۱) جگر کا ٹکڑا (۲) بہت عزیز۔ بیٹے کا ٹکڑا۔

پارہ دوز۔ (۱) ٹکڑوں کو جوڑنے والا (۲) درزی (۳) موچی۔

پارے کی دیوار۔ گارے کے بغیر اینٹوں یا پتھروں کی دیوار۔

**پارینہ** (پا۔ ری۔ نہ) [ف۔ صف] پُرانا۔

**پاڑھ** [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) مچان (۲) سیڑھی۔ بانس اور لکڑی سے تیار کیا ہوا وہ چبوترہ جس پر معمار بیٹھ کر دیوار چنتے اور سفیدی یا پلستر کرتے ہیں (۳) پھانسی کا تختہ۔

**پاڑھا**۔ (پا۔ ڑھا) [ہ۔ ا۔ مذکر] چیتل۔ ایک قسم کا ہرن۔

**پاژند**۔ (پا۔ ژند) [ف۔ ا۔ مذکر] پارسیوں کی مذہبی کتاب ژند کی تفسیر۔

**پاس** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خیال۔ لحاظ (۲) طرفداری (۳) پہرہ۔ چوکی۔

پاسِ آبرو۔ عزت کا لحاظ۔ حُرمت کا خیال۔

پاسِ ادب۔ ادب کا خیال۔ ادب کا لحاظ۔

پاسِ انفاس۔ ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ جاری ہونا۔

پاسبان۔ رکھوالا۔ نگہبان۔ پہرے دار۔ چوکیدار۔

پاسبانی۔ رکھوالی۔ نگہبانی۔ پہرہ۔ چوکیداری۔

پاسِ خاطر۔ لحاظ۔ رعایت۔

پاسداری۔ (۱) لحاظ۔ مروت۔ ادب (۲) حمایت (۳) رکھوالی۔

پاس کرنا۔ لحاظ کرنا۔ رعایت کرنا۔

پاسِ نمک۔ کھانا کھانے کا لحاظ۔ ملازم رہنے کا لحاظ۔

**پاس**۔ (PASS) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) راہداری کا ٹکٹ۔ اجازت نامہ۔ منظوری کی چٹھی۔ (۲) کامیابی۔

پاس بک (PASS BOOK) بہی۔ حساب کی کتاب

پاسپورٹ (PASSPORT) پروانۂ راہداری۔

پاس ہونا۔ کامیاب ہونا۔ امتحان میں پورا اُترنا۔

**پاس**۔ (ہ) (۱) نزدیک (۲) قبضے میں۔ ملکیت میں۔

پاس پاس (۱) قریب قریب (۲) گرداگرد (۳) بھڑ کر۔ مل کر۔

پاس پڑوس۔ (۱) ارد گرد۔ قرب و جوار۔ آس پاس (۲) ہمسائگی۔

پاس تک نہ پھٹکنا۔ نزدیک بھی نہ جانا۔

**پاسا** (پا۔ سا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) قرعہ (۲) پہلو۔ طرف (۳) چوسر کی بازی میں وہ شش پہل ٹکڑا جسے کھلاڑی پھینکتے ہیں۔

پاسا اُلٹا پڑنا (۱) بازی ہار جانا (۲) مطلب حاصل نہ ہونا۔

پاسا پڑنا۔ (۱) داؤں لگنا۔ جیت ہونا (۲) اقبال یاور ہونا۔

پاسا پلٹنا۔ پاسا اُلٹنا (۱) ہار ہونا (۲) شکست ہوتے ہوتے فتح ہونا (۳) مفلس سے اقبال مند ہونا۔ انقلاب ہونا۔

پاسا پھینکنا۔ (۱) قرعہ ڈالنا (۲) قسمت آزمانا۔

**پاستان**۔ (پاس۔ تان) [ف۔ صف] پُرانا۔ قدیم۔ گزرا ہُوا۔

**پاسنجر** (PASSENGER) (پا۔ سن۔ جر) [انگ۔ ا۔ مذکر] مسافر۔ سواری۔

**پاسنگ** (پا۔ سنگ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) جُزوی۔ تھوڑا سا۔ کچھ نہیں (۲) فرق۔ ترازو کے پلڑوں کا فرق (۳) ترازو کے پلڑوں کی کمی بیشی کو پورا کرنے کی غرض سے جو وزن ترازو کی ڈنڈی سے باندھا جاتا ہے یا کم وزن پلڑے میں ڈالا جاتا ہے۔

پاسنگ بھی نہیں (۱) کچھ بھی نہیں (۲) بہت کم ہے (۳) برابر نہیں۔

**پاش** [ف] فارسی مصدر۔ پاشیدن کا اسم فاعل یعنی چھڑکنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے آب پاش (۲) [صف] پریشان۔ تتر بتر۔

**پاشا**۔ [ت۔ ا۔ مذکر] حاکم۔ گورنر۔ سردار۔ ترکی سرداروں کا خطاب۔

**پاشی** (پا۔ شی) [ف] فارسی مصدر پاشیدن کا حاصل مصدر یعنی چھڑکنا (مرکبات میں، جیسے آب پاشی)۔

**پاک** [ف۔ صف] (۱) صاف۔ نجاست سے بری۔ طاہر (۲) بے گناہ (۳) بے تعلق (۴) محفوظ۔ بری (۵) جائز (۶) نیک (۷) نہایت۔ بہت (۸) آزاد۔ بے باک (۹) بے باق۔ ادا۔

پاک باز۔ (۱) صفائی سے کھیلنے والا۔ ایماندار کھلاڑی (۲) صاف دل۔ سچا (۳) مجرد۔ آزاد (۴) بھنگڑوں کی اصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی۔

پاک داماں۔ پاک دامن (۱) باعصمت۔ پارسا (۲) بیوی۔

پاک دامنی۔ پاک دامانی۔ عفت۔ عصمت۔ پارسائی۔

پاک صاف (۱) بہت ستھرا (۲) بے تعلق۔ بے لوث (۳) نیک (۴) اچھوتا (۵) خالص

**پاکٹ** (POCKET) (پا۔ کٹ) [انگ۔ ا۔ مؤنث] جیب

پاکٹ بک۔ (POCKET BOOK) جیب میں رکھنے کی نوٹ بک۔

**پاکستانی** (پا۔ کس۔ تا۔ نی) [ف۔ صف] پاکستان سے متعلق پاکستان کی کوئی چیز۔ پاکستان کا باشندہ۔

**پاکھنڈ** (پا۔ کھنڈ) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بدعت۔ نقص۔ جھگڑا (۲) ڈھکوسلا (۳) تصنع (۴) بدمعاشی۔ چالاکی۔

**پاکھنڈی** (پا۔ کھن۔ ڈی) [ہ۔ صف] بدعتی۔ ریاکار۔ فریبی۔ شریر۔

Marfat.com

**پاکی** - (پا-کی) [ف - ا - مونث] (۱) طہارت (۲) پرہیزگاری (۳) نیکی (۴) ناف کے نیچے کے بالوں کی صفائی۔

**پاکی لینا** - ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا۔ استرا لینا۔

**پاکیزگی** - (پا-کی-زَ-گی) [ف - ا - مونث] صفائی۔ ستھرائی۔ طہارت۔

**پاکیزہ** - (پا-کی-زہ) [ف - صف] (۱) ستھرا۔ طاہر (۲) بے نقص (۳) عمدہ (۴) بے جرم۔

**پاکیزہ صورت** - حسین۔ خوب صورت۔ گورا چٹا۔

**پاگل** - (پا-گل) [ہ - صف] (۱) دیوانہ (۲) احمق۔

**پاگل پن** - (۱) دیوانگی۔ جنون (۲) حماقت۔

**پاگل خانہ** - وہ عمارت جہاں پاگل رکھے جاتے ہیں۔

**پاگلوں کے سینگ ہوتے ہیں** - (مثل) پاگلوں کی کوئی خاص نشانی نہیں وہ باتوں اور حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

**پال** - [ہ - ا - مذکر] (۱) چھوٹا خیمہ (۲) بادبان (۳) گھاس پھوس وغیرہ جس میں کچے پھل کو پکانے کے لیے رکھتے ہیں (۴) کبوتروں کی جفتی۔

**پال ڈالنا** - (۱) گدرائے ہوئے میوے کو پھونس میں دبانا (۲) عرصہ تک رکھ چھوڑنا۔

**پالا** - [ہ - ا - مذکر] (۱) کہر۔ جمی ہوئی شبنم (۲) بہت ٹھنڈ (۳) جماعت (۴) بازی۔ جیت (۵) تعلق (۶) اکھاڑا (۷) تودۂ خاک جو کبڈی میں حد فاصل ہوتا ہے (۸) [صف] پالا ہوا۔ پروردہ۔

**پالا پڑنا** - (۱) کام پڑنا (۲) واسطہ ہونا (۳) ملاقات ہونا (۴) برف گرنا (۵) بہت ٹھنڈ ہونا۔

**پالا پوسا** - پرورش لیا۔ پرورش کیا ہوا۔ پالا ہوا۔

**پالاگن** - (پا-لا-گن) [ہ - ا - مونث] (۱) پاؤں پڑنا (۲) آداب۔ تسلیم (۳) اپنے سے بڑے کو سلام کرنا۔

**پالان** - (پا-لان) [ف - ا - مذکر] (۱) وہ گدگدا کپڑا جو گدھے یا اونٹ کی پیٹھ کے بچاؤ کے لیے اس کی پشت پر ڈالتے ہیں (۲) خوگیر۔

**پالتو** - (پال-تو) [ہ - صف] پالا ہوا۔ سدھایا ہوا۔

**پالتی۔ پالتھی** - (پال-تی) (پال-تھی) [ہ - ا - مونث] آلتی پالتی۔ پاؤں کو موڑ کر اور گھٹنوں کو آگے کر کے چوتڑوں کے بل بیٹھنا۔

**پالتی مار کر بیٹھنا** - چار زانو بیٹھنا۔

**پالسی** - (POLICY) (پا-ل-سی) [انگ - ا - مونث] (۱) مصلحت۔ تدبیر (۲) دوراندیشی (۳) اصول سیاسی۔

**پالش** - (پا-لش) [انگ - ا - مذکر و مونث] (۱) روغن۔ روپ (۲) جلا۔ چمک (۳) صیقل۔ صفائی (۴) [illegible] مال۔

**پالک** - (پا-لک) [ہ - ا - مونث] (۱) ایک قسم کا ساگ (۲) پلنگ۔ چارپائی (۳) [صف] پالنے والا سرپرست (۴) پالا ہوا۔ پروردہ۔

**پالک جوہی** - ایک قسم کی گھاس۔

**پالکی** - (پال-کی) [ہ - ا - مونث] پینس۔ نفس۔ ڈولی۔

**پالکی نشین** - (۱) پالکی میں بیٹھنے والا (۲) امیر۔ حاکم۔

**پالن** - (پا-لن) [س - ا - مذکر] (۱) تربیت۔ تعلیم (۲) دیکھ بھال۔ نگرانی۔

**پالن ہار** - پالنے والا۔ دیکھ بھال یا پرورش کرنے والا۔

**پالنا** - (پال-نا) [ہ - مص] (۱) پرورش کرنا (۲) [مذکر] پنگوڑا۔ جھولا۔

**پالنا پوسنا** - پرورش کرنا۔ تربیت کرنا۔

**پالی** - (پا-لی) [ہ - ا - مونث] (۱) شمال مشرقی ہندوستان کی قدیم زبان (۲) پرندوں کی لڑائی کی مقررہ جگہ۔ پرندوں کی لڑائی۔

**پالی باہر ہونا** - (۱) بٹیر کا ڈر کر بھاگ جانا (۲) ہار مان لینا۔

**پالیز** - (پا-لیز) [ف - ا - مذکر] فالیز۔ سبزہ زار۔ خربوزہ۔ ککڑی کا کھیت۔

**پام** - (PALM) [انگ - ا - مذکر] (۱) ناریل۔ کھجور۔ درخت جن کے پتے چوڑے لمبے اور بے شاخ ہوتے ہیں (۲) ہتھیلی۔

**پامسٹ** - (پا-مسٹ) (PALMIST) [انگ - ا - مذکر] ہاتھ کی لکیروں سے حالات بتانے والا۔ فراست الید کا ماہر۔

**پامسٹری** - (پا-مسٹ-ری) (PALMISTRY) [انگ - ا - مونث] سامدرک۔ ہاتھ کی لکیروں سے حالات بتانے کا علم۔

**پان** - [ہ - ا - مذکر] (۱) برگ تنبول۔ ایک قسم کا پتہ (۲) جوتے میں ایڑی کی طرف لگا ہوا چمڑے کا ٹکڑا (۳) شانوں کے اوپر باندھنے کا چھلا (۴) تاش کا پتہ جس پر پان کی شکل بنی ہو (۵) پان کی مانند نقش و نگار (۶) پانچ کا مخفف۔

**پان دان** - پان رکھنے کا ڈبہ یا پٹاری۔

**پان دینا** - (۱) پان کھلانا (۲) محبت کرنا (۳) خاطر داری کرنا (۴) رخصت کرنا (۵) سگائی منظور کرنا۔

**پانسو** - پانچ سیکڑے۔ پنج صد۔

**پانصد** - پانچ سو۔ پانسو۔

**پانصدی** - مغلوں کے عہد کا ایک منصب جس منصب دار کو اتنی جاگیر ملتی تھی کہ وہ پانچ سو سپاہیوں کا خرچ برداشت کر سکتا تھا۔

**پان کا بیڑا** - پان کی گلوری۔

**پان کا لاکھا** - پان کا رنگ جو ہونٹوں پر جمایا جائے۔

**پان** - (PAN) [انگ] سابقہ بمعنی ہمہ۔ سب۔ کل۔ [illegible] پین۔

**پان اسلامک** - (PAN ISLAMIC) ہمہ اسلامی۔ کل اہل اسلام کا۔

**پان افریکن** - (PAN AFRICAN) ہمہ افریقی۔ کل اہل افریقہ کا۔

**پانا** - (پا-نا) [ہ - مص] (۱) پتہ لگنا۔ دریافت ہونا (۲) وصول کرنا۔ ہاتھ آنا (۳) سمجھنا (۴) واپس لینا (۵) چھیڑنا۔

**پانچ** - [ہ - صف] (۱) چار اور ایک (۲) چالاک۔ تجربہ کار۔

**پانچ اندری** - حواس خمسہ۔

**پانچ جوتیاں اور حقے کا پانی** - جب کوئی شخص بہت زیادہ مانگتا ہے تو حقارت سے اسے کہتے ہیں۔

**پانچ ہاتھ کی زبان** - زبان دراز۔ گستاخ۔ بہت بولنے والا۔

**پانچواں** - (پانچ-واں) [ہ - صف] پنجمیں۔ پنجم۔

**پانچوں** - (پان-چوں) [ہ - صف] پانچ کے پانچ۔ پانچ۔

Marfat.com

پانچوں انگلیاں برابر (یکساں) نہیں ہوتیں [مثل] (۱) ہر انگلی میں فرق ہے (۲) سب آدمی یکساں نہیں۔
پانچوں انگلیاں۔ پانچوں چراغ۔ [مثل] بہت لائق ہے۔
پانچوں انگلیاں گھی میں ہیں۔ [مثل] (۱) سب کام ہاتھ میں ہے۔ سب کچھ قابو میں ہے۔ (۲) بڑے عیش میں ہیں۔
پانچوں پانڈے، چھٹے نارائن [مثل] (۱) پانچ پانڈو اور چھٹے کرشن جی۔ وہاں برتے ہیں جہاں کسی کے اتفاقیہ آجانے پر بہت خوشی ہو (۲) مشورے میں برکت ہے۔ کرشن جی پانڈوں کے صلاح کار تھے۔
پانچوں تر ہیں۔ مثل کام خوب بن رہا ہے۔ مطلب حاصل ہے۔
پانچوں سواروں میں نام لکھوانا۔ پانچویں سواروں میں ہونا [مثل] خواہ مخواہ ناموروں کے زمرہ میں اپنے آپ کو شامل کرنا۔ لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا۔
پانچوں عیب شرعی۔ چوری۔ زنا۔ جھوٹ۔ جوا۔ شراب۔
پانچوں ہتھیار۔ ڈھال۔ تلوار۔ برچھی۔ تیر۔ کمان۔
پانڈو۔ (پاں۔ ڈو) [س۔ ا۔ مذکر] راجہ پانڈو کی اولاد۔ پانڈو کا خاندان۔
پانڈے۔ (پاں۔ ڈے) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پنڈت۔ برہمن۔ استاد۔ معلم (۲) برہمنوں کا ایک خطاب۔
پانڈے جی پچھتاؤ گے پھر وہی چنے کی کھاؤ گے [مثل] کہنا نہ سنوگے تو آخر کو پچھتاؤ گے۔
پانزدہ۔ (پانز۔ دہ) [ف۔ صف] پندرہ۔ ۱۵۔
پانزدہم۔ (پانز۔ دہم) [ف] پندرھواں۔
پانسا۔ دیکھیے پاسا۔
پانو۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] قدم۔ پیر۔
پانہ۔ (پا۔ نہ) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت درز میں رکھتا ہے۔ پھانہ (۲) وہ آلہ جسے موچی جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔
پانی۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) آب۔ ماء۔ جل (۲) بارش (۳) عرق۔ پسینہ۔ (۴) منی (۵) شراب (۶) لحاظ۔ غیرت (۷) آنسو۔ (۸) رطوبت (۹) کم زور (۱۰) جرأت۔ ارادہ۔ استقلال۔ (۱۱) [صف] پتلا۔ سیال (۲) نرم۔
پانی آنا۔ (۱) مینہ برسنا (۲) گھٹنا اٹھنا (۳) موتیا بند ہو جانا۔ (۴) آنسو بہنا (۵) زخم سے رطوبت خارج ہو جانا۔
پانی اترنا۔ (۱) بارش ہونا (۲) موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا۔ (۳) پانی کا دریا یا جھیل میں کم ہو جانا۔
پانی بجھانا۔ دھات یا اینٹ کو گرم کرکے پانی میں ڈال دینا۔
پانی برسنا۔ مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔
پانی بھرنا۔ (۱) کنوئیں وغیرہ سے پانی لانا (۲) برتن کو پانی سے پُر کرنا (۳) عاجزی کرنا (۴) غلام ہونا۔ خدمت کرنا۔
پانی پانی کرنا۔ (۱) شرمندہ کرنا (۲) پگھلانا۔ پتلا کرنا (۳) پانی مانگنا
پانی پانی ہونا۔ (۱) شرمندہ ہونا (۲) بھیگنا (۳) پتلا ہونا (۴) بہت زیادہ پانی برسنا۔

پانی پڑنا۔ (۱) مینہ برسنا (۲) پھوڑے یا چھالے کا پک جانا۔
پانی (پھر جانا) پھرنا۔ (۱) حقیر ہو جانا (۲) خراب ہو جانا۔ ضائع ہونا (۳) زیور پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا (۴) برتن کا قلعی ہونا۔
پانی پھونکنا۔ (۱) پانی دم کرنا (۲) حقہ کا زائد پانی پھونک کر نکالنا۔
پانی پھیر دینا۔ (۱) محنت برباد کرنا (۲) احسان بھول جانا۔ (۳) کام بگاڑ دینا۔
پانی پی پی کر کوسنا۔ بے انتہا بددعا دینا۔ بہت کوسنا۔
پانی توڑنا۔ (۱) پانی گھٹانا (۲) پانی کاٹ لینا (۳) بند یا نہر سے پانی چھوڑنا۔
پانی چرانا۔ (۱) زخم کا پانی جذب کرنا (۲) اپنے کھیت میں ناجائز طور پر پانی لے جانا (۳) حاملہ ہونا۔
پانی چوانا۔ قطرہ قطرہ پانی گرانا۔ بوند بوند پانی ٹپکانا۔
پانی دکھانا۔ جانور کو پانی پلانا یا پانی کے پاس لے جانا۔
پانی دینا۔ (۱) آب پاشی کرنا۔ سینچنا (۲) کسی کو پانی دینا یا پلانا۔
پانی سر سے (اونچا ہونا) گزرنا (۱) سخت آفت نازل ہونا۔ (۲) کسی بات کی انتہا ہو جانا (۳) معاملے کا طول پکڑ جانا۔
پانی کھونا۔ گرم پانی میں ٹھنڈا ملا کر معتدل کرنا۔
پانی کا (بتاشہ) بلبلا۔ (۱) حباب (۲) بے حقیقت۔ بے اصل۔ فانی
پانی کاٹنا۔ (۱) ایک نالی سے دوسری نالی میں پانی لینا (۲) تیرتے وقت ہاتھوں سے پانی ہٹانا۔
پانی کر دینا۔ (۱) نہایت آسان کر دینا (۲) غصے کو دھیما کرنا۔ شرمندہ کر دینا۔
پانی کی لکیر۔ ناپائیدار۔ عارضی۔ بودی۔
پانی کے مول۔ بہت سستا۔ کوڑیوں میں۔ مفت۔
پانی لینا۔ (۱) پانی حاصل کرنا (۲) استنجا کرنا۔
پانی مرنا۔ (۱) پانی جذب ہونا (۲) خرابی کا ظاہر ہونا (۳) کم اصل ہونا (۴) شرمندہ ہونا۔
پانی میں آگ لگانا۔ (۱) چغل کھانا (۲) دوستوں میں لڑائی کرانا۔ (۳) فتنہ و فساد برپا کرنا (۴) شعبدہ بازی کرنا (۵) ناممکن بات کر دکھانا۔
پانی نہ مانگنا۔ (۱) یکایک مر جانا (۲) سانس نہ لینا۔
پانی ہو جانا۔ (۱) سخت چیز کا رقیق ہونا (۲) دشوار کام کا آسان ہونا (۳) شرم سے پسینے پسینے ہونا (۴) نرم پڑ جانا۔
پاور۔ (پا۔ وَر) (POWER) [انگ۔ ا۔ مؤنث] طاقت۔ قوت
پاور ہاؤس (POWER HOUSE) بجلی گھر۔
پائپ (پا۔ اِپ) (PIPE) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) نرسنگی۔ نے۔ (۲) نَے۔ نالی (۳) حقے کی نَے۔
پائریا (پا۔ ئے۔ ریا) (PYORRHOEA) [انگ۔ ا۔ مذکر] دانتوں کی ایک بیماری۔ سیلانِ صدیدی۔
پائلٹ (پا۔ ئے۔ لٹ) (PILOT) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) ہوا باز (۲) جہاز ران (۳) رہبر۔ کسی بڑے حاکم کے آگے موٹر سائیکل پر چلنے والا۔
پائندہ۔ (پا۔ اِن۔ دہ) [ف۔ صف] قائم رہنے والا۔
پاؤ۔ (پا۔ ؤ) [ہ۔ ا۔ مذکر] ربع۔ چوتھائی۔ چوتھا حصہ۔ ¼۔

Marfat.com

پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی ۔ (مثل) تھوڑی سی حیثیت میں بڑا کرّوفر۔
پاؤلا ۔ چونی ۔ روپیہ کا چوتھا حصہ ۔ چار آنے کا سکہ۔
پاؤلی ۔ پاؤلا کی تانیث ۔ چونی ۔ چار آنے کا سکہ
پاؤں (پا ۔ اوں) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیر ۔ قدم (۲) بنیاد (۳) دخل ۔ قبضہ (۴) استحکام (۵) انجام (جمع پاؤں)
پاؤں اُتر جانا ۔ (۱) پاؤں میں موچ آجانا (۲) پاؤں ہٹ جانا ۔ (۳) پاؤں بیچا پڑ جانا (۴) پاؤں دھنس جانا۔
پاؤں اٹھا کے جانا ۔ جھٹ پٹ جانا ۔ تیزی سے جانا۔
پاؤں اڑانا ۔ (۱) دخل دینا ۔ بیچ میں پڑنا ۔ مزاحم ہونا (۲) پاؤں لگانا
پاؤں اُکھاڑنا ۔ (۱) بھگا دینا ۔ شکست دینا ۔ جگہ سے ہٹا دینا۔
پاؤں اُکھڑ جانا ۔ (۱) ہٹ جانا ۔ بھاگ نکلنا (۲) شکست تسلیم کرنا (۳) ہمت ہارنا۔
پاؤں آگا پڑنا ۔ آگے جانے کو جی نہ چاہنا ۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔
پاؤں باہر نکالنا ۔ (۱) حد سے باہر جانا (۲) حیثیت سے زیادہ بات کرنا (۳) اترانا (۴) آوارہ ہونا (۵) گھر سے باہر جانا۔
پاؤں بڑھانا ۔ (۱) جلدی جلدی چلنا (۲) اپنی حد سے بڑھنا۔
پاؤں بھاری ہونا ۔ حاملہ ہونا۔
پاؤں پاؤں ۔ (۱) پیروں سے (۲) چلتے ہوئے۔
پاؤں پر پاؤں رکھنا ۔ (۱) پیروی کرنا ۔ تقلید کرنا (۲) پاؤں کو پاؤں سے دبانا۔
پاؤں پڑنا ۔ پاؤں پر سر رکھنا ۔ نہایت عاجزی کرنا۔
پاؤں پسارنا (۱) پاؤں پھیلانا (۲) ضد کرنا (۳) انتقال کرنا ۔ (۴) آرام کرنا۔
پاؤں پکڑنا ۔ (۱) مدد چاہنا ۔ معافی مانگنا (۲) پناہ میں آنا ۔ (۳) تعظیم کرنا۔
پاؤں پھنسنا ۔ (۱) کسی چیز میں پاؤں اٹک جانا (۲) کسی معاملے میں پھنس جانا۔
پاؤں پھیلانا ۔ (۱) مچلنا ۔ ضد کرنا (۲) لالچ کرنا۔
پاؤں پیچھے ہٹنا ۔ (۱) بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا (۲) ثابت قدمی میں فرق آنا۔
پاؤں تلے چیونٹی کی قتال (مثل) بہت کم زور ۔ بے بس۔
پاؤں تلے کی زمین (سرک) نکل جانا ۔ (۱) ہوش اُڑ جانا ۔ (۲) کانپنا (۳) نہایت ڈرنا۔
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا ۔ دیکھیے ۔ پاؤں تلے کی زمین نکل جانا۔
پاؤں تلے ملنا ۔ (۱) روندنا (۲) تکلیف دینا (۳) تباہ و برباد کرنا۔
پاؤں توڑ کر بیٹھنا ۔ (۱) ناامید ہونا (۲) ہمت ہارنا (۳) صبر کرنا ۔ (۴) گوشہ نشین ہو جانا (۵) کاہل ہو جانا۔
پاؤں توڑنا ۔ (۱) پاؤں توڑ ڈالنا (۲) فضول آنا جانا (۳) حیران کرنا (۴) دوڑ دھوپ کرنا۔
پاؤں ٹکانا (۱) ٹھہرنا (۲) دم لینا (۳) قدم رکھنا (۴) قبضہ کرنا ۔ (۵) ٹھکانا بنانا (۶) جستجو تلاش کرنا (۷) آرام کرنا۔
پاؤں جمانا ۔ (۱) قبضہ کرنا (۲) ہمت کرنا (۳) سہارا ڈھونڈنا
(۴) امیدوار ہونا (۵) تعلق پیدا کرنا۔
پاؤں چلنا ۔ (۱) بچے کا اپنے قدموں سے چلنا (۲) پیدل چلنا۔
پاؤں دھو دھو کر پینا ۔ (۱) بہت عزت کرنا (۲) خوشامد کرنا۔
پاؤں ڈگمگانا ۔ پاؤں کا لغزش کرنا ۔ ہمت ہارنا۔
پاؤں رہ جانا ۔ (۱) تھک کر چور ہو جانا (۲) عاجز ہونا (۳) ٹانگیں ناکارہ ہو جانا۔
پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا (۱) لرزہ ہونا ۔ کانپنا (۲) بے چین ہونا ۔ (۳) سفر میں رہنا (۴) نہایت مصروف ہونا (۵) گھمنڈ ہونا۔
پاؤں کی بیڑی ۔ (۱) زنجیر ۔ قید ۔ پابندی (۲) بال بچے ۔ گھروالی۔
پاؤں کی جوتی ۔ (۱) پاپوش ۔ جوتا (۲) بیوی (۳) خادم ۔ غلام (۴) حقیر شخص ۔ کمین ۔ ہیچ۔
پاؤں کی جوتی سر کو لگنا ۔ (۱) کمینے کا منہ لگنا (۲) اپنے کو شریف کے برابر درجہ ملنا۔
پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (مثل) (۱) بہت بیمار ہیں (۲) بہت بوڑھے ہیں۔
پاؤں گھسنا (۱) زیادہ دوڑ دھوپ کرنے کے باعث پاؤں تھکنا (۲) بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا۔
پاؤں میں بیڑی پڑنا (۱) شادی ہونا (۲) منگنی ہونا (۳) قید ہونا۔
پاؤں میں سر دینا ۔ نہایت عاجزی کرنا ۔ بے حد خوشامد کرنا۔
پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے ۔ کونسی مجبوری ہے ۔ نہ جانے یا نہ آنے کا کیا سبب ہے۔
پاؤں میں مہندی لگنا ۔ عذر ہونا ۔ وجہ ہونا ۔ عذر لنگ ہونا۔
پاؤں نکالنا ۔ (۱) حد سے باہر قدم رکھنا (۲) سرکشی کرنا۔
پاؤں نہ دھلوانا ۔ اپنی خدمت کے قابل نہ سمجھنا ۔ خاطر میں نہ لانا۔
پاؤنڈ (POUND) (پا ۔ اُنڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک انگریزی سکہ (۲) ایک انگریزی وزن جو آدھ سیر کے قریب ہوتا ہے۔
پائی (پا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) آنے کا بارھواں حصہ (۲) اناج کا ایک پیمانہ۔
پائے ۔ (پا ۔ اے) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پاؤں ۔ پگ ۔ قدم ۔ پا۔
پائے تخت ۔ ریاست کا صدر مقام ۔ دارالسلطنت۔
پائے ثبات ۔ ثابت قدمی ۔ استقلال۔
پائدار ۔ مضبوط ۔ پختہ ۔ پکا ۔ دیرپا ۔ مستحکم۔
پائداری ۔ استحکام ۔ مضبوطی۔
پائدان ۔ (۱) کفش (۲) جوتی اتارنے کی جگہ (۳) گاڑی کی وہ جگہ جس پر پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔
پائے رفتن نہ جائے ماندن ۔ نہ جانے کی طاقت نہ رہنے کی جگہ ۔ نہ جاتے بن پڑے نہ ٹھہرتے۔
پائے کاشت ۔ وہ کاشت جو دوسری جگہ کا آدمی کسی گاؤں میں کرے۔
پائے گدا لنگ نیست ۔ ملک خدا تنگ نیست (مثل) مانگنے والے کے لیے سارا جہان پڑا ہے جہاں چاہے مانگتا پھرے۔
پائے مال ۔ دیکھیے پامال۔
پائے مالی ۔ دیکھیے پامالی۔

Marfat.com

**پائیں** ۔ (پا ۔ ئیں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] نیچے ۔ پائنتی ۔
**پائیں باغ** ۔ محلے کے نیچے کا باغ ۔ مکان کے پیچھے کا باغ
**پائینتی** ۔ (پا ۔ ئیں ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصہ ۔
**پائینچہ** ۔ (پا ۔ ئیں ۔ چہ) [ا ۔ مذکر] پاجامے کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے ۔ (فارسی پائچہ) ۔
**پایاں** (پا ۔ یاں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] آخر ۔ انجام ۔
**پایل** ۔ (پا ۔ یل) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پازیب ۔ ایک زیور ۔ (۲) پاؤں کے بل پیدا ہونے والا بچہ (۳) تیز رو ہاتھی ۔
**پایہ** ۔ (پا ۔ یہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پاؤں ۔ قدم (۲) ستون ۔ سیڑھی ۔ قدمچہ (۳) درجہ ۔ رتبہ (۴) چوپائے کا پاؤں ۔
**پایۂ تخت** ۔ راج دھانی ۔ دارالحکومت ۔
**پایۂ ثبوت کو پہنچنا** ۔ ثابت ہونا ۔

---

## پ ۔ ب

---

**پبلشر** (PUBLISHER) (پب ۔ لِ ۔ شر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] کتاب یا اخبار کا شائع کرنے والا ۔
**پبلک** (PUBLIC) (پب ۔ لک) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) عوام (۲) عام ۔ تمام ۔ سب جملہ ۔
**پبلک انسٹرکشن** (PUBLIC INSTRUCTION) تعلیم عامہ ۔ محکمہ تعلیم کا صدر دفتر ۔
**پبلک پراسیکیوٹر** (PUBLIC PROSECUTOR) سرکاری وکیل گورنمنٹ کی طرف سے کسی مقدمہ کی پیروی کرنے والا ۔
**پبلک سروس** (PUBLIC SERVICE) سرکاری ملازمت ۔
**پبلک سروس کمیشن** (PUBLIC SERVICE COMMISSION) وہ بورڈ جو سرکاری عہدیداروں کا انتخاب کرتا ہے ۔
**پبلک ورکس** (PUBLIC WORKS) امورِ عامہ ۔ تعمیرات کا محکمہ

---

## پ ۔ پ

---

**پیپرمنٹ** (PEPPERMINT) (پپ ۔ پر ۔ منٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] پودینہ کا ست ۔
**پپڑ** (پپ ۔ پڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دیوار کی پلستر کا وہ حصہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے (۲) پاپڑ ۔
**پپڑا** (پپ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پاپڑا ۔ ایک پودا (۲) چھلکا پھال ۔
**پپڑانا ۔ پپڑا جانا** ۔ (پپ ۔ ڑا ۔ نا) ، (پپ ۔ ڑا ۔ جانا) (ا ۔ لازم) بالائی حصہ خشک ہو جانا ۔ کھرنڈ بندھ جانا ۔
**پپڑی** ۔ (پپ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) خشکی ۔ کھرنڈ ۔ اوپر کا خشک پرت ۔ سوکھا پوست (۲) حلوا سوہن کی ایک قسم ۔
**پپڑی آنا** ۔ اوپر کا حصہ خشک ہو کر پرت کی شکل ہو جانا ۔
**پپڑی جمنا** ۔ (۱) پپڑانا ۔ خشک ہو جانا (۲) پرت جمنا ۔
**پپلی** ۔ (پپ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) لمبی پیپل (۲) ایک قسم کی بوٹی ۔
**پپوٹا** ۔ (پپ ۔ پو ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] آنکھ کا غلاف ۔ نیام چشم پشت چشم ۔
**پپولنا** ۔ (پپ ۔ پول ۔ نا) [ہ ۔ مص] چچوڑنا ۔ چیز کو منہ میں پھرانا ۔ بے دانت لگائے رس چوسنا ۔
**پپیا** ۔ (پپ ۔ پی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سیٹی بجانے کا کھلونا ۔ سیٹی
**پپیتا** ۔ (پپ ۔ پی ۔ تا) [پ ۔ ا ۔ مذکر] ارنڈ ۔ ایک درخت اور اس کا پھل ۔
**پپیانا** (پپ ۔ یا ۔ نا) [ہ ۔ مص] پیپ پڑ جانا ۔ ریم پڑ جانا ۔
**پپیہا** ۔ (پپ ۔ پی ۔ ہا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] زرد رنگ کا ایک خوش آواز پرندہ ۔

---

## پ ۔ ت

---

**پت** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) عزت (۲) ساکھ (۳) مالک شوہر (۴) شرم (۵) پات کا مخفف ۔ پتہ (۶) چاشنی ۔
**پت جھڑ** ۔ خریف ۔ خزاں ۔ پتوں کے جھڑنے کا موسم ۔
**پت** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] صفرا ۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط ۔ (۲) زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے
**پُت** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پوت کا مخفف ۔ پسر ۔ بیٹا ۔
**پِتا** ۔ (پِ ۔ تا) [س ۔ ا ۔ مذکر] باپ ۔ والد ۔ پدر ۔
**پتا** ۔ (پَ ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نشان ۔ کھوج (۲) مقام (۳) حلیہ اشارہ ۔
**پتے کی بات** ۔ (۱) چھپی ہوئی بات (۲) کام کی بات ۔
**پتے کی سنانا** ۔ (۱) راز فاش کرنا ۔ ٹھیک ٹھیک کہنا (۲) چوٹ کرنا ۔
**پتّا** ۔ (پت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) برگ ۔ پات (۲) ورق (۳) کان کا ایک زیور ۔
**پتا کھڑکا بندہ سرکا** (کھٹکا) [مثل] چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں ۔ جو خطرہ محسوس کرتے ہی بھاگ جائے ۔
**پتّا** ۔ (پت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جگر کے نیچے ایک چھوٹی تھیلی جس میں پت جمع رہتی ہے ۔ خلط صفرا کا مقام (۲) حوصلہ (۳) غصہ ۔ گرمی (۴) غیرت (۵) خواہش نفسانی ۔
**پتا پانی ہونا** (۱) غصہ فرو ہونا (۲) امنگ نہ رہنا ۔
**پتا مارنا** ۔ (۱) جوش کو قابو کرنا (۲) دل پہ جبر کرنا (۳) ہمت کرنا ۔ (۴) محنت کرنا ۔
**پتائی** ۔ (پت ۔ تا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پوتنا (۲) پوتنے کی مزدوری ۔
**پتر** [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پتا (۲) پرچہ ۔ خط (۳) ورق (۴) پرندے کے بازو (۵) تیر کا پر ۔
**پترا** ۔ (پت ۔ تر ۔ ما) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جنتری (۲) ورق (۳) دھات کا ٹکڑا ۔
**پترول** ۔ (پٹ ۔ رول) [(PATROL) کا مورد ۔ ا ۔ مذکر] رات

Marfat.com

گزشت کرنے والی گارد۔

**پتری** ۔ (پَت۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چٹھی ۔ خط (۲) زائچہ کنڈلی (۳) چھوٹا ورق۔

**پُتری** ۔ (پُت ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] بیٹی ۔ دختر۔

**پتلا** ۔ (پَت ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) رقیق ۔ سیّال (۲) باریک ۔ مہین (۳) دُبلا۔

**پتلا حال ہونا** (۱) بُرا حال ہونا (۲) بیمار ہونا (۳) نہایت کمزور ہونا۔

**پُتلا** ۔ (پُت ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بُت ۔ مورتی (۲) بڑی گڑیا۔

**پتلون** (پَت۔ لُون) [انگریزی PANTALOON کا مخفف ۔ ا ۔ مؤنث] مغربی طرز کا پاجامہ

**پتلی** ۔ [ہ ۔ صف] (۱) باریک ۔ مہین (۲) پتلا کی تانیث ۔ رقیق (۳) دُبلی۔

**پتلی دال کھانے والا** ۔ کم زور ۔ بودا ۔ کم ہمت۔

**پُتلی** ۔ (پُت ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پُتلا کی تانیث (۲) گڑیا (۳) آنکھ کا گول سیاہ حصّہ (۴) گھوڑے کے تلوے کا اُبھار (۵) مشین۔

**پُتلیاں پھر جانا** (۱) دیدوں کا اوپر کو ہو جانا جو موت کی علامت ہے۔

**پُتلیاں نچانا** (۱) پُتلیوں کا تماشا کرنا (۲) آنکھیں مٹکانا۔

**پتنا** (پَت ۔ نا) [ہ ۔ مص] سفیدی ہونا ۔ قلعی ہونا۔

**پتنگ** ۔ (پَ ۔ تنگ) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گُڈّی (۲) پروانہ ۔ پتنگا (۳) ایک درخت جس کی لکڑی سرخ ہوتی ہے (۴) سورج۔

**پتنگ بازی** ۔ پتنگ کا کھیل ۔ کنکوے اُڑانا۔

**پتنگا** ۔ (پَ ۔ تنگا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پروانہ (۲) چنگاری۔

**پتنگے لگنا** ۔ (۱) مرچیں لگنا ۔ حسد ہونا (۲) آگ بگولا ہونا۔

**پتنی** ۔ (پَت ۔ نی) [س ۔ ا ۔ مؤنث] بیوی۔

**پتوار ۔ پتوال** (پَت ۔ وار) (پَت ۔ وال) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کشتی کا دُنبالہ ۔ کشتی کا رُخ موڑنے کی لکڑی (۲) انڈوا ۔ کھبا۔

**پتھ** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] راستہ ۔ سڑک ۔ شاہراہ۔

**پتھر** ۔ (پَتھ ۔ تھر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سنگ ۔ حجر (۲) ہیرا ۔ یاقوت وغیرہ (۳) صف ۔ بھاری (۴) نہایت ۔ بہت (۵) مشکل (۶) بے رحم (۷) کند ذہن ۔ بے وقوف۔

**پتھر بن جانا** ۔ (۱) خاموش ہو جانا (۲) گونگا بننا (۳) سنگ دل ہو جانا (۴) سنگ ہو جانا (۵) سخت ہو جانا۔

**پتھر پانی ہونا** (۱) ظالم کو ترس آنا (۲) مصیبت گزر جانا۔

**پتھر پڑنا** ۔ (۱) پتھر برسنا ۔ اولے پڑنا (۲) مصیبت آ جانا (۳) قحط پڑنا (۴) عقل و فہم کا جاتے رہنا۔

**پتھر پسیجنا ۔ پتھر پگھلنا** (۱) پتھر میں نمی آنا (۲) سخت دل کا نرم ہونا۔ بخیل آدمی کا کچھ دینے پر آمادہ ہونا۔

**پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا** ۔ چھٹکارا پانا ۔ بری الذمہ ہونا ۔ بے فکر ہونا۔

**پتھر چٹا** (۱) وہ زر کو ساتھ پر رکھنے والا ۔ اوزار کو پتھر پر گھسنے والا (۲) کنجوس (۳) سانپ کی ایک قسم (۴) مچھلی کی ایک قسم (۵) گھاس کی ایک قسم۔

**پتھر چٹانا** ۔ دھار تیز کرنا ۔ پتھر پر رگڑنا ۔ پتھر پر گھسنا۔

**پتھر چلنا** ۔ پتھروں کی بوچھاڑ ہونا۔

**پتھر چھاتی پہ دھرنا** (۱) صبر کرنا (۲) برداشت کرنا ۔ سہنا۔

**پتھر ڈھونا** (۱) سخت محنت کرنا (۲) فضول کام کرنا۔

**پتھر سا پھینک مارنا** (۱) سختی سے جواب دینا ۔ دل شکن جواب دینا (۲) گستاخی سے بولنا۔

**پتھر سے سر (پھوڑنا) مارنا** (۱) بے وقوف کو سمجھانا (۲) بے فائدہ کوشش کرنا (۳) بہرے یا گونگے سے بات کرنا (۴) بے وفا سے دوستی کرنا۔

**پتھر کا جگر** ۔ (۱) سخت کلیجہ (۲) بے رحم (۳) سنگ دل۔

**پتھر کا چھاپا** ۔ (۱) لیتھو گراف (۲) پتھر پر حروف ابھار کر چھاپنے کا آلہ۔

**پتھر کا دل** ۔ (۱) سنگ دل ۔ بے رحم (۲) مضبوط ۔ بے خوف۔

**پتھر کی لکیر** ۔ (۱) نہ مٹنے والی چیز ۔ نہ بھولنے والی بات (۲) مضبوط ۔ پائیدار۔

**پتھر مارنا** (۱) سنگسار کرنا (۲) سخت کلامی کرنا۔

**پتھر مارے نہیں مرتا** ۔ (مثل) نہایت سخت جان ہے ۔ بہت بے حیا ہے ۔ انتہائی بے شرم ہے۔

**پتھر میں جونک نہیں لگتی** (مثل) (۱) بخیل پیسہ خرچ نہیں کرتا (۲) بُروں پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

**پتھر ہونا ۔ ہو جانا** ۔ (۱) کٹھن ہونا ۔ سخت ہونا (۲) بھاری ہونا (۳) منجمد ہونا (۴) چل پھر نہ سکنا (۵) بہرا ہونا (۶) اندھا ہونا (۷) بے کار ہونا (۸) بے رحم ہونا (۹) چپ ہو جانا۔

**پتھرا جانا ۔ پتھرانا** ۔ (پتھ ۔ را ۔ جا ۔ نا) (پتھ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پتھر ہو جانا ۔ سخت ہو جانا (۲) آنکھ کا نور جاتے رہنا۔

**پتھراؤ** ۔ (پتھ ۔ را ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پتھروں کی بوچھاڑ۔

**پتھری** ۔ (پتھ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سنگ ریزہ ۔ سنگ مثانہ (۲) اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا آلہ (۳) پرند کا ایک عضو جس میں پتھر وغیرہ ہضم ہو جاتے ہیں۔

**پتھریلا** ۔ (پتھ ۔ ری ۔ لا) [ہ ۔ صف] پتھر ملا ہوا ۔ سنگ آمیز ۔ پتھر کا۔

**پتھریلی** (پتھ ۔ ری ۔ لی) [ہ ۔ صف] پتھریلا کی تانیث۔

**پتھی** (پَتھ ۔ تھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پیاز کی گٹھی۔

**پتی** ۔ (پَت ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا پتا ۔ کونپل (۲) سبزی ۔ بھنگ ۔ بوٹی (۳) حصّہ ۔ ساجھا (۴) پترا ۔ ٹکڑا۔

**پتی دار** ۔ شریک ۔ ساجھی ۔ حصّہ دار۔

**پتی** ۔ (پِت ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پت کی خرابی ۔ صفرا کا بگاڑ۔

**پتی اُچھلنا** ۔ صفرا کے بگاڑ کا جسم پر نمایاں ہونا ۔ دوڑ نے نکلنا۔

**پتی** ۔ (پَ ۔ تی) [س ۔ ا ۔ مذکر] شوہر ۔ خاوند ۔ سوامی ۔ مالک

**پتی ورتا** ۔ (۱) پاک دامن ۔ باعصمت (۲) خاوند کی وفادار۔

**پتیل** ۔ (پَ ۔ تیل) [ہ ۔ صف] (۱) باریک ۔ پتلا (۲) چھدرا بنا ہوا۔

**پتیل** [ف ۔ ا ۔ مذکر] چراغ کی بتی۔

**پتیل سوز** ۔ شمع دان۔

**پتیلا** ۔ (پَ ۔ تی ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیگچہ ۔ بڑی دیگچی ۔ دھات کا برتن۔

**پتیلی** ۔ (پَ ۔ تی ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیگچی ۔ دھات کی ہانڈی۔

---

## پ ۔ ٹ

Marfat.com

**پَٹ** [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) کواڑ (۲) اوندھا ۔ اُلٹا (۳) نقاب ۔ اوٹ۔ (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) فوراً (۶) چوڑائی ۔ پاٹ۔ (۷) تخت ۔ گدی۔

**پٹ بھیڑنا** ۔ کواڑ بند کرنا۔

**پٹ پڑنا** (۱) خلاف ہونا ۔ غلط ہونا (۲) تدبیر یا کسی حربے کا بے اثر ہونا (۳) ناکام ہو جانا۔

**پٹ کھولنا** ۔ دروازہ کھولنا ۔ گھونگٹ اُٹھانا ۔ پردہ ہٹانا۔

**پٹا** ۔ ( پَ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] گدکے کا کھیل ۔ سپہ گری کی ایک قسم۔

**پٹا باز** ۔ پٹّے باز ۔ (۱) پٹے کا کھلاڑی (۲) ایک کھلونا۔

**پٹے کا ہاتھ دکھانا یا نکالنا** ۔ (۱) ہاتھوں کو اس طرح حرکت دینا جیسے پٹے میں دیتے ہیں (۲) (مجازاً) جھوٹی دھمکی دینا۔

**پٹا** ۔ ( پٹ ۔ ٹا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) گلوبند ۔ طوق (۲) اجارہ نامہ ٹھیکہ نامہ (۳) تختہ ۔ پٹڑا (۴) مخمل وغیرہ کی جوتی کے پتے جن پر کام بنا ہو (۵) کمر میں باندھنے کا کپڑا ۔ جیسا سپیٹی (۶) تیگ ۔ انعام ۔ رواج ۔ حق الخدمت۔

**پٹا اتارنا** ۔ (۱) پیٹی اتار لینا ۔ برخاست کرنا (۲) جانور کو چھوڑ دینا (۳) کام سے علیحدگی حاصل کرنا۔

**پٹا تڑانا** ۔ (۱) بے زار ہونا (۲) بھاگ جانا ۔ بھاگنے کا ارادہ کرنا (۳) زنجیر توڑنا ۔ رسّا توڑنا۔

**پٹا خانگی** ۔ نج کا پٹا یا اجارہ۔

**پٹا میعادی** ۔ وہ پٹا ( ٹھیکہ زمین ) جو محدود مدت کے لیے دیا جائے۔

**پٹا لکھوا لینا** ۔ قول و قرار کر لینا ۔ معاہدہ کر لینا۔

**پٹاپٹی** ۔ ( پَ ۔ ٹا ۔ پَ ۔ ٹی ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] ایک دھاری دار کپڑا۔

**پٹاپڑنا** ۔ ( پَ ۔ ٹا پڑ ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] کثرت سے ہونا۔

**پٹاخ** ۔ ( پَ ۔ ٹاخ ) [ اُرد ۔ ا ۔ مؤنث ] پٹاخے ۔ بندوق یا چھڑ وغیرہ کی آواز ۔ ( اصل ہندی پٹاک )

**پٹاخ سے بولنا** ۔ تڑت بولنا ۔ بلاتوقف فوراً جواب دینا ۔ زور سے بولنا۔

**پٹاخا** ( پَ ۔ ٹا ۔ خا ) [ اُرد ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) پٹاخا ( آتش بازی کی ایک قسم (۲) بندوق کی ٹوپی (۳) چنچل ۔ چالاک معشوق ( اصل ہندی پٹاکا )

**پٹارا** ( پَ ۔ ٹا ۔ را ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] بید کی لکڑی یا بانس کا بنا ہوا بکس

**پٹاری** ( پَ ۔ ٹا ۔ ری ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] بید یا بانس کی بنی ہوئی صندوقچی (۲) ایک کیڑا جو جواروں میں پیدا ہوتا ہے۔

**پٹاش** ( POTASH ) پَ ۔ ٹاش ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] ایک آتش گیر مادہ ۔ کھار ۔ سجی۔

**پٹاک** ۔ ( پَ ۔ ٹاک ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] ( دیکھیے پٹاخ )

**پٹاکا** ( پَ ۔ ٹا ۔ کا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] ( دیکھیے پٹاخا )

**پٹانا** ۔ ( پَ ۔ ٹا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] (۱) وصول کرنا (۲) آب پاشی کرنا ۔ چھت ڈلوانا (۳) سودا کرنا ۔ معاملہ کرنا۔

**پٹاؤ** ۔ ( پَ ۔ ٹا ۔ او ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) پوشش ۔ چھت (۲) آب پاشی

**پٹخنا** ( پَ ۔ ٹخ ۔ نا ) (۱) دیکھیے پٹکنا (۲) پھینکنا۔

**پٹخنی** ( پَٹ ۔ خ ۔ نی ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] (۱) زمین پر دے مارنا (۲) زمین پر دے مارنے کی آواز ۔ ( اصل ہندی پٹکنی اور پٹکنا )

**پٹخنیاں دینا** ۔ بار بار زمین پر دے مارنا۔

**پٹخنیاں کھانا** ۔ پچھاڑیں کھانا ۔ گر گر پڑنا ۔ تڑپنا۔

**پٹر پٹر** ( پَ ۔ ٹر ۔ پَ ۔ ٹر ) [ ہ ۔ تابع فعل ] (۱) ترشاق بڑاق بے تکلف تڑک (۲) آنکھ ملا کر ۔ آنکھیں کھول کر۔

**پٹرا ۔ پٹڑا** ۔ ( پَٹ ۔ را ) ( پٹ ۔ ڑا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) تختہ ۔ چوکی۔ (۲) کپڑے دھونے کا تختہ یا پتھر کی سل (۳) پٹیلا ۔ سہاگہ۔

**پٹڑا پھیرنا** (۱) صفایا کر دینا ۔ لوٹ لینا (۲) سہاگہ پھیرنا۔

**پٹڑا کر دینا** (۱) تباہ کر دینا (۲) ہموار کر دینا۔

**پٹرول** ( PETROL ) پٹ ۔ رول ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] مٹی کا صاف کیا ہوا تیل جس سے موٹر چلتی ہے ۔ انجن کا تیل۔

**پٹری ۔ پٹڑی** ۔ ( پٹ ۔ ری ) ( پٹ ۔ ڑی ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] (۱) چھوٹا تختہ ۔ لوح (۲) سڑک کا کنارا ۔ حاشیہ ۔ میڈھ (۳) روش (۴) پٹری ۔ پٹی (۵) ران ۔ زانو (۶) کھپریل کا کھپرا۔

**پٹس** ۔ ( پٹ ۔ ٹس ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] (۱) ماتم ۔ کہرام (۲) زدو کوب۔

**پٹ سن** ۔ ( پٹ ۔ سن ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] ایک پودا جس سے سن نکالتے ہیں۔

**پٹکا** ( پٹ ۔ کا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) پیٹی ۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹہ۔ (۲) مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔

**پٹکنا** ۔ ( پَ ۔ ٹک ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] دے مارنا ۔ گرانا۔

**پٹکنی** ( پَ ۔ ٹک ۔ نی ) [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] دیکھیے پٹخنی ۔

**پٹم** ۔ ( پَ ۔ ٹم ) [ ہ ۔ صف ] بند ۔ مُندا ہوا۔

**پٹم ہونا** (۱) اندھا ہونا (۲) چوپٹ ہونا۔

**پٹن** ( پٹ ۔ ٹن ) [ س ۔ ا ۔ مذکر ] گھاٹ ۔ آبادی ۔ بستی۔

**پٹنا ۔ پٹ جانا** ( پٹ ۔ نا ) ( پٹ ۔ جا ۔ نا ) [ اُرد ۔ مص ] (۱) وصول ہونا (۲) سودا پٹنا ۔ معاملہ ہونا (۳) چھا یا جانا (۴) آب پاشی ہونا (۵) بھرنا ۔ پُر ہونا ۔ بکثرت ہونا۔

**پٹنا** ( پٹ ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] مار کھانا۔

**پٹو** ( پٹ ۔ ٹو ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] ایک قسم کا اُونی کپڑا۔

**پٹوا** ( پٹ ۔ وا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] جوتے اور زیور وغیرہ میں ڈورے ڈالنے والا ۔ علاقہ بند۔

**پٹواری** ( پٹ ۔ وا ۔ ری ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] گاؤں کا حساب کتاب رکھنے والا ۔ محاسب دہ۔

**پٹوانا** ۔ ( پٹ ۔ وا ۔ نا ) [ اُرد ۔ مص ] (۱) وصول کرانا ۔ دلانا (۲) سودا کرانا ۔ معاملہ کرانا (۳) چھت ڈلوانا (۴) آب پاشی کرانا (۵) بھرانا ۔ پُر کرانا۔

**پٹوانا** ( پٹ ۔ وا ۔ نا ) [ ہ ۔ مص ] مار کھلوانا۔

**پٹولا** ( پَ ۔ ٹو ۔ لا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] ریشم کا کپڑا۔

**پٹہ** ( پٹ ۔ ٹہ ) ( دیکھیے پٹا ۔

**پٹھ** [ ہ ۔ ا ۔ مؤنث ] پٹھا ۔ جانور کی پیٹھ اور دُم کا درمیانی حصہ۔

**پٹھا** ۔ ( پٹھ ۔ ٹھا ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) پہلوان (۲) بدن کے وہ ریشے جن کے ذریعے اعضا حرکت کرتے اور پھیلتے ہیں ۔ عصب (۳) پاٹھا ۔ نوجوان (۴) کتاب کے دونوں طرف جو موٹا کاغذ جلد کے لیے لگاتے ہیں۔

Marfat.com

**پٹھا** (پٹھ۔ ٹھا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) جانور کا جوان بچّہ (۲) رگ۔ ایک۔ واحد
**پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا** - پاس نہ آنے دینا۔ دور بھاگنا (۲) راضی نہ ہونا (۳) بدکنا۔ گھبرانا۔
**پٹھان** (پ۔ ٹھان) [ا۔ مذکر] (۱) افغان۔ خان (۲) پاکستان کی مغربی سرحد کے علاقوں میں رہنے والے لوگ۔
**پٹھانی** (پ۔ ٹھا۔ نی) [ا۔ مؤنث] پٹھان کی تانیث۔
**پٹھو** (پٹھ۔ ٹھو) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) دم چھلا۔ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا (۲) ساتھی۔ مددگار (۳) غلام۔ خوشامدی۔
**پٹھور** (پ۔ ٹھور) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) چوزہ (۲) نوجوان بکرا
**پٹھوری** - (پ۔ ٹھوری) [ہ۔ا۔ مؤنث] نوجوان بکری۔
**پٹھی - پیٹھی** (پٹھ۔ ٹھی) (پی۔ ٹھی) [ہ۔ا۔ مؤنث] دُھلی اور پسی ہوئی دال۔
**پٹھے** (پٹھ۔ ٹھے) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پٹھا کی جمع (۲) سر کے دونوں طرف کے بال۔
**پٹھیا** (پٹھ۔ یا) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) بکری۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کا مادین جوان بچّہ (۲) نو عمر لڑکی۔ نوخیز لڑکی۔
**پٹی** (پٹ۔ ٹی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) دھجی (۲) ٹکڑا (۳) سربند۔ بندھن (۴) گاؤں کا چھوٹا حصّہ (۵) پٹی جو چارپائی کے دو جانب لگی ہوتی ہے (۶) صف۔ قطار (۷) پلی دوڑ (۸) ماتھے پر گوند وغیرہ سے جمائے ہوئے بال (۹) تختی۔ لوح (۱۰) سبق (۱۱) دھوکا۔ ترغیب (۱۲) لنگوٹ (۱۳) حاشیہ۔ گوٹ۔ پٹری۔
**پٹی پڑھانا** (۱) سبق پڑھانا۔ سکھانا (۲) بہکانا۔ ورغلانا۔
**پٹی دار** (۱) پٹی کا مالک۔ گاؤں کا شریک (۲) پتنگ جس میں آڑی پٹیاں ہوتی ہیں۔
**پٹی داری** - حصّہ داری۔ شرکت۔ پتی داری۔ ساجھا۔
**پٹی داری ناکمل** - وہ پٹی داری جس میں کچھ اراضی تقسیم شدہ ہو اور کچھ مشترک۔
**پٹی دینا** - (۱) بہکانا (۲) گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔
**پٹی وار** - حصّہ رسد کے مطابق۔ حصّے کے موافق۔
**پٹیاں جمانا** (۱) بالوں کو ماتھے کے دونوں طرف جمانا (۲) پتھر کی سلوں کو چھت یا دیواروں میں لگوانا۔
**پٹیے** - (پٹ۔ ٹیے) [ہ۔ا۔ مذکر] دیکھیے پٹّے نمبر ۲۔
**پٹیل** (پ۔ ٹیل) [ہ۔ا۔ مذکر] گاؤں یا علاقے کا سردار۔ مکھیا۔
**پٹیلا** - (پ۔ ٹے۔ لا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) بانسوں کی لکڑیوں کو باندھ کر سطح آب پر بنا ہوا چبوترہ جو کشتی کی جگہ کام دیتا ہے (۳) کھیت میں پھیرنے کا تختہ۔ سہاگا۔
**پٹیلنا** (پ۔ ٹیل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جیتنا (۲) کمانا (۳) پیٹنا۔ مارنا (۴) شکست دینا۔
**پٹیمن** - (پ۔ ٹیمن) [ا۔ مذکر] (۱) دیکھیے پڈنگ (۲) کھڑکی کی دراڑوں کو بند کرنے کا مسالا۔ لکڑی۔

---

## پ - ج

---

**پجاری** (پ۔ جا۔ ری) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) عبادت کرنے والا (۲) مجاور (۳) مجازاً بتوں کی پوجا کرنے والا۔
**پجاوا** (پ۔ جا۔ وا) دیکھیے پزاوہ۔
**پجنا** - (پج۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پرستش کیا جانا (۲) مانا جانا۔
**پجوانا** (پج۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] عبادت کرانا۔ پرستش کرانا۔

---

## پ - چ

---

**پچ** [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) حمایت۔ رعایت (۲) تعصّب۔ ضد (۳) کوشش (۴) پانچ کا مخفف۔
**پچ پہلو مجسّم** - وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں۔
**پچ درہ** - پانچ دروں کا مکان۔
**پچ دھات** - پانچ دھاتوں کا مرکب جس کے گھنٹے بنتے ہیں۔
**پچ رنگ، پچ رنگا** - پانچ رنگ کا۔ رنگا رنگ کا۔
**پچ کرنا** - (۱) طرف داری کرنا۔ رعایت کرنا (۲) ضد کرنا (۳) کوشش کرنا۔ بات پر اڑے رہنا۔
**پچ گنا** - پانچ سے ضرب دیا ہوا۔
**پچ لڑا** - پانچ لڑیوں کا۔
**پچ لونا** - (۱) پانچ نمکوں سے بنا ہوا چورن (۲) پانچ مزوں کا۔
**پچ لینا** - حمایت کرنا۔ طرف داری کرنا۔
**پچ منزلا** - پانچ منزل کا مکان۔
**پچ میل** - (۱) پانچ قسم کا (۲) پانچ دھاتوں کا۔
**پچارا** - (پ۔ چا۔ را) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پوتا کرنے کی کوچی۔ برش (۲) سفیدی وغیرہ کی پتلی تہ۔
**پچارا پھیرنا** - (۱) سفیدی کرنا۔ پوتنا (۲) صاف کرنا۔ مٹانا (۳) اکسانا۔ ابھارنا۔
**پچاس** (پ۔ چاس) [ہ۔ صف] پانچ دہائی۔ پنجاہ۔
**پچاسنواں** (پ۔ چاس۔ واں) [ہ۔ صف] پنجاہم۔
**پچاسوں** (پ۔ چا۔ سوں) [ہ۔ صف] (۱) پچاس کے پچاس (۲) بہت۔ بکثرت۔
**پچاسی** (پ۔ چا۔ سی) [ہ۔ صف] پانچ اوپر اسی۔
**پچانا** (پ۔ چا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہضم کرنا۔ سہارنا (۲) چٹ کرنا۔ کھا جانا۔
**پچانوے** (پ۔ چان۔ وے) [ہ۔ صف] نوّے اور پانچ۔
**پچاؤ** (پ۔ چا۔ او) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) ہضم کی طاقت (۲) برداشت۔
**پچ پچا** (پچ۔ پ۔ چا) [ہ۔ صف] (۱) وہ کچا کھانا جس کا پانی خشک نہ ہوا ہو (۲) نرم۔ ڈھیلا۔
**پچپچانا** (پچ۔ پ۔ چا۔ نا) [ہ۔ مص] رطوبت سے بھرا ہونا
**پچپچاہٹ** (پچ۔ پ۔ چا۔ ہٹ) [ہ۔ا۔ مؤنث] پچپچانے کی کیفیت۔
**پچپن** (پچ۔ پن) [ہ۔ صف] پانچ اوپر پچاس
**پچتانا** (پچ۔ تا۔ نا) [ہ۔ مص] دیکھیے پچھتانا۔
**پچتاوا** (پچ۔ تا۔ وا) [ہ۔ا۔ مذکر] دیکھیے پچھتاوا۔
**پچر** (پچ۔ چر) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) روک۔ مزاحمت (۲) میخ۔ کھونٹی

Marfat.com

**پچکار** (پچ ۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چمکار ۔ پیار (۲) دلاسا۔
**پچکارنا** (پچ ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چمکارنا (۲) تسلی دینا۔
**پچکاری** (پچ ۔ کا ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چمکاری ۲ پیار کی آواز۔
**پچکاری دینا** ۔ جانور یا بچے کو پیار کرنے کے لیے بلانا۔
**پچکاری** (پچ ۔ کا ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) رنگ پاشی کا آلہ (۲) فوارہ (۳) منہ سے پان کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا۔
**پچکانا** (پچ ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] دبانا ۔ بھینچنا ۔ دھنسا
**پچکنا** (پ ۔ چک ۔ نا) [ہ ۔ مص] دبنا ۔ پچکنا ۔ دھنسنا۔
**پچنا** (پچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ہضم ہونا (۲) برداشت ہونا (۳) طرف داری کرنا (۴) بہت کوشش کرنا (۵) چوری کا پتا نہ لگنا۔
**پچنا** (پچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] دبنا ۔ پچک جانا۔
**پچوترا** ۔ (پ ۔ چوت ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پانچ فی صدی رقم جو عموماً مالیہ میں زیادہ لی جاتی ہے۔
**پچھاڑ** ۔ (پ ۔ چھاڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] شکست ۔ پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔
**پچھاڑیں کھانا** ۔ (۱) لوٹنا ۔ تڑپنا ۔ گر گر پڑنا (۲) غش کھانا۔
**پچھاڑنا** (پ ۔ چھاڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) شکست دینا چت کرنا (۲) مات کرنا ۔ ہرانا (۳) بے حال کر دینا (۴) ہار دلانا۔
**پچھاڑی** (پ ۔ چھا ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیچھے ۔ عقب میں (۲) غیر حاضری (۳) پاؤں میں باندھنے کی رسی۔
**پچھتانا** (پچھ ۔ تا ۔ نا) [ہ ۔ مص] پشیمان ہونا ۔ افسوس کرنا۔
**پچھتاوا** (پچھ ۔ تا ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] حسرت ۔ پشیمانی ۔ افسوس۔
**پچھتر** (پ ۔ چھت ۔ تر) [ہ ۔ صف] پانچ اوپر ستر۔
**پچھڑنا** (پ ۔ چھڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) جدا ہونا (۲) بیمار ہونا (۳) شکست کھانا (۴) پیچھے رہ جانا۔
**پچھلا** ۔ (پچھ ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیچھے کا (۲) پڑھا ہوا۔
**پچھلا پہر** ۔ رات کا آخری حصہ۔
**پچھلے پاؤں پھرنا** (۱) اپنے قدموں لوٹنا (۲) پسپا ہونا۔
**پچھلے پہر۔ پچھلے پہرے** ۔ رات کا آخری حصہ۔
**پچھل پائی** (پ ۔ چھل ۔ پا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) جس کے پاؤں کا رخ پیچھے کو ہو (۲) چڑیل (۳) جادوگرنی۔
**پچھلی** (پچھ ۔ لی) [ہ ۔ صف] آخری ۔ آخرکی۔
**پچھلی رات** ۔ آخر شب ۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔
**پچھم** (پچھ ۔ چھم) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] مغرب ۔ س ۔ پشچم۔
**پچھم جاؤ کہ دکن** ۔ وہی کرم کے پھل [مثل] روزی کی تلاش میں جہاں چاہو جاؤ جو قسمت میں ہوگا وہی ملے گا۔
**پچھمی** (پچھ ۔ چھ ۔ می) [ہ ۔ صف] مغرب کی ۔ مغربی۔
**پچھنا** ۔ (پچھ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) استرا ۔ نشتر (۲) فصد گودنا۔
**پچھنے دینا** ۔ (۱) پچھنے لگانا ۔ گودنا ۔ فصد لینا (۲) طعنے دینا۔
**پچھوا** (پچھ ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پچھم کی ہوا۔
**پچھواڑ ۔ پچھواڑا** ۔ (پچھ ۔ واڑ) (پچھ ۔ وا ۔ ڑا) گھر کی پشت۔ مکان کی پیٹھ۔

**پچھوانا** (پچھ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] کسی دوسرے کے ذریعے پوچھنا۔
**پچھوائی** (پچھ ۔ وا ۔ ای) دیکھیے پچھوا۔
**پچھیت** (پ ۔ چھیت) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] مکان کے پیچھے کی دیوار۔
**پچی** (پچ ۔ چی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پچیر (۲) جوڑ ۔ پیوند (۳) بالصق جڑا ہوا (۴) مضبوط (۵) ہم آواز
**پچی کاری** ۔ جواہر اور رنگ دار پتھروں کا کام ۔ جڑاؤ کام ۔ مرصع سازی (۲) چونے اور سیمنٹ کا مضبوط کام۔
**پچیس** (پچ ۔ چیس) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پانچ اوپر بیس۔
**پچیسواں** (پچ ۔ چیس ۔ واں) [ہ ۔ صف] پچیس سے نسبت رکھنے والا ۔ بست و پنجم۔
**پچیسی** ۔ (پچ ۔ چی ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چوسر ۔ ایک کھیل جو سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

## پ ۔ خ

**پخ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) شرط ۔ اٹکاؤ (۲) جھگڑا ۔ دقت (۳) بک بک ۔ شور (۴) فالتو چیز ۔ بیکار کی علت۔
**پخ لگانا** ۔ (۱) جھگڑا لگانا (۲) تکرار کرنا (۳) شرط لگانا۔
**پخ مچانا** ۔ (۱) شور کرنا (۲) بے ہودہ بکنا ۔ مذاق کرنا۔
**پخ نکالنا** ۔ (۱) نقص ظاہر کرنا (۲) اعتراض کرنا ۔ تکرار پیدا کرنا۔
**پخت** [ف ۔ ا ۔ مؤنث] پکنے کا فعل۔
**پخت و پز** ۔ (۱) پکانا ۔ ریندھنا (۲) ٹھیک ٹھاک ۔ مضبوط (۳) طے (۴) وعدہ ۔ قول و قرار (۵) بات چیت۔
**پختگی** (پخ ۔ تہ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مضبوطی ۔ پکا پن (۲) پھل وغیرہ کا پک جانا (۳) بلوغت (۴) تجربہ کاری۔
**پختہ** ۔ (پخ ۔ تہ) [ف ۔ صف] (۱) مضبوط ۔ پائیدار (۲) تجربہ کار (۳) بالغ (۴) کامل ۔ پورا (۵) طے شدہ (۶) پکا ہوا۔
**پختہ کار** ۔ تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ واقف کار ۔ ہنرمند۔
**پختہ کاری** ۔ تجربہ کاری ۔ مشاقی۔
**پختہ کرنا** ۔ (۱) مضبوط کرنا ۔ پکانا (۲) جانچ کرنا (۳) طے کرنا ۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۴) تجربہ کار بنانا (۵) مکمل کرنا (۶) خامی دور کرنا۔
**پختہ مغز** ۔ عقل مند ۔ ہوشیار۔
**پختو** (پخ ۔ تو) [پش ۔ ا ۔ مؤنث] پشتو زبان۔
**پختون** (پخ ۔ تون) [پش ۔ ا ۔ مذکر] پٹھان قوم۔

## پ ۔ د

**پدا** (پد ۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ایک چھوٹی سی چڑیا ۔ پھدکی (۲) [مجازاً] حقیر ۔ کم طاقت۔
**پدے کی ضامنی** ۔ ناقابل اعتبار آدمی کی ضمانت۔
**پدانا** (پد ۔ دا ۔ نا) [ہ ۔ مص] تھکانا ۔ ہرانا ۔ عاجز کرنا۔

Marfat.com

**پدر** (پِ۔ دَر) [ف۔ ا۔ مذکر] باپ۔ والد (بفتح اول بھی صحیح ہے)
**پدرانہ** (پِ۔ دَ۔ را۔ نہ) [ف۔ صف] باپ کی طرح۔ باپ سے منسوب۔
**پدرم سلطان بود** ۔ [مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی اپنے باپ دادا کے متعلق شیخی بگھارے (میرا باپ بادشاہ تھا)۔
**پدری** (پِ۔ دَ۔ ری) [ف۔ صف] (۱) باپ کی (۲) موروثی۔
**پدڑی** (پِد۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے پِدّی۔
**پدم** (پَ۔ دم) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) گول چکر دار نشان جو آدمی کی انگلیوں پر ہوتا ہے (۲) کنول (۳) ہاتھی کی کھال کے نشان (۴) علم ہندسہ میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے۔
**پدمنی** ۔ (پَد۔ م۔ نی) [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) کنول (۲) عورتوں میں اوّل درجے کی خوب صورت اور نازک عورت۔
**پدھارنا** (پَ۔ دھار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تشریف لانا (۲) تشریف لے جانا (۳) بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔
**پدھان** (پَ۔ دھان) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے پردھان۔
**پدّی** (پِد۔ دی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا۔ چڑیا کی مادہ۔
**پدید۔ پدیدار** (پَ۔ دید) (پَ۔ دی۔ دار) [ف۔ صف] صاف۔ عام بات۔ واضح۔ آشکارا۔ کھلا۔

## پ۔ ڈ

**پڈنگ** (PUDDING) (پُ۔ ڈِنگ) [انگ۔ ا۔ مؤنث] ایک انگریزی میٹھا کھانا۔ پڈنگ۔

## پ۔ ذ

**پذیرہ** ۔ (پَ۔ ذِیرہ) دیکھیے پزیرہ۔
**پذیرا** ۔ (پَ۔ ذی۔ را) دیکھیے پزیرا۔
**پذیرائی** (پَ۔ ذی۔ را۔ ای) دیکھیے پزیرائی۔

## پ۔ ر

**پر** [ہ] ۱ اُوپر کا مخفف (۲) لیکن (۳) کیونکہ (۴) علامتِ مفعول کے طور پر۔
**پَر** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) پتا (۲) پرندوں کے پنکھ (۳) تیر کے بازو (۴) (مجازاً) قوت۔ طاقت۔
**پرافشاں** ۔ (۱) پر جھاڑتا ہُوا (۲) پریشان۔ بے تاب (۳) پھڑپھڑاتا ہُوا۔
**پر باندھنا** (۱) پروں کو باندھنا (۲) مجبور کرنا (۳) کمزور ہونا۔
**پر پرزوں سے درست ہونا** ۔ (۱) بالغ ہونا (۲) بناؤ سنگار کرنا (۳) تیار ہونا۔ مسلح ہونا (۴) مقابلے پر آمادہ ہونا۔
**پر پرزے نکالنا** ۔ (۱) ہوشیار ہونا (۲) شرارت پر آمادہ ہونا۔
**پر جلنا** ۔ (۱) طاقت نہ رہنا (۲) خوف ہونا۔ مرعوب ہونا (۳) پہنچ نہ سکنا۔
**پر دار** ۔ پر والا۔ پرند
**پر شکستہ** ۔ پر ٹوٹا ہُوا۔ مصیبت زدہ۔ بے سہارا۔
**پر تینچ کرنا** ۔ پروں کو کترنا۔
**پر کا کوا بنا دینا** ۔ حد سے زیادہ مبالغہ کرنا۔
**پرِ کاہ** ۔ گھاس کا پتا۔ بہت ہلکا و حقیر۔
**پر لگنا** ۔ (۱) بال و پر پیدا ہو جانا (۲) اترانا۔ شیخی مارنا۔
**پر لینا** ۔ پر کاٹنا۔ پر کترنا۔ پر تینچ کرنا۔
**پر و بال نکالنا** ۔ (۱) شعور ہونا۔ تمیز آنا (۲) جوبن نکالنا (۳) شرارت پر آنا۔
**پُر** ۔ [ف۔ صف] (۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۲) مکمل۔ بھرپور۔ با فراط۔
**پُر آب** (۱) پانی سے بھرا ہُوا (۲) آنسوؤں سے بھرا ہُوا۔
**پُر آشوب** ۔ فتنہ انگیز۔ فساد سے بھرا ہُوا۔
**پُر پیچ** ۔ پیچیدہ۔ مشکل۔
**پُر تکلف** ۔ تکلف سے بھرا ہُوا۔ بہت آراستہ۔
**پُر خم** ۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔
**پُر درد** ۔ درد سے بھرا ہُوا۔
**پُر سوز** ۔ درد بھرا۔
**پُر شکم** ۔ پیٹ بھرا۔ آسودہ۔
**پُر شکوہ** ۔ شان و شوکت والا۔ عظیم الشان۔
**پُر فریب** ۔ دغا باز۔ دھوکے باز۔
**پُر فضا** ۔ کشادہ۔ بارونق۔ خوش منظر۔ سرسبز۔
**پُر فن** ۔ چالاک۔ ہوشیار۔
**پُر کار** ۔ (۱) مرصع۔ سادہ کی ضد (۲) دبیز۔ گاڑھا۔ موٹا۔ دَل دار (۳) دانا۔ ہوشیار۔
**پُر گو** ۔ بہت باتیں کرنے والا۔ باتونی۔
**پُر گوئی** ۔ بہت باتیں بنانا۔ بہت بولنا۔
**پُر مغز** ۔ عمدہ مضمون سے بھرا ہُوا۔ عالمانہ۔
**پُر ملال** ۔ رنجیدہ۔ رنج سے بھرا ہُوا۔
**پُر نم** ۔ تر۔ بھیگی ہوئی یا بھیگا ہُوا۔
**پُر نور** ۔ روشن۔ چمک دار۔
**پرا** ۔ (پَ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) صف۔ قطار۔ سلسلہ (۲) ٹکڑی۔ گروہ۔
**پرا باندھنا** ۔ قطار بنانا۔ صف بستہ ہونا۔
**پرا جمانا** ۔ صف بنانا۔ قطار قائم کرنا۔
**پُرا** ۔ (پُ۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] محلہ۔ ٹولہ۔ بستی۔ پاڑہ۔
**پرابلم** ۔ (PROBLEM) ۔ (پ۔ راب۔ لم) [انگ۔ ا۔ مذکر] قضیہ۔ مسئلہ۔ امرِ دشوار۔
**پراپرٹی** (PROPERTY) (پ۔ را۔ پَر۔ ٹی) [انگ۔ ا۔ مؤنث] جائداد۔ جاگیر۔ املاک۔
**پراپرٹی ٹیکس** (PROPERTY-TAX) جائداد کا ٹیکس۔
**پرات** ۔ (پَ۔ رات) [ہ۔ ا۔ مؤنث] طشت۔ لگن۔ تھال۔
**پراٹھا** ۔ (پَ۔ را۔ ٹھا) [ہ۔ ا۔ مذکر] گھی میں پکی ہوئی روٹی۔

Marfat.com

**پراچین** (پ۔ را۔ چین) [س۔ صف] (۱) پرانا (۲) قدیم۔

**پرارتھنا**۔ (پ۔ رار۔ تھ۔ نا) [س۔ ا۔ مؤنث] دعا۔ عرض یا التماس۔

**پراسپکٹس** (PROSPECTUS) (پ۔ راس۔ پک۔ ٹس) [انگ۔ ا۔ مذکر] وہ رسالہ یا کتابچہ جس میں کسی تعلیمی یا تجارتی ادارے کی خصوصیات اور ضوابط درج ہوں۔

**پراسچت** (پ۔ راس۔ چت) دیکھیے پرایشچت

**پراکرت** (پ۔ را۔ کرت) [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) سنسکرت سے نکلی ہوئی کوئی مقامی بولی یا زبان (۲) گنوارو زبان۔

**پراکسی** (PROXY) [انگ۔ ا۔ مؤنث] مختار نامہ۔ اپنی جگہ کسی اور کو ووٹ دینے یا کوئی اور کام کرنے کا اختیار دینا۔

**پراگندگی** (پ۔ را۔ گن۔ د۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] پریشانی۔ حیرانی۔ انتشار۔ تشویش۔ تردد۔ تفکر۔ تذبذب۔

**پراگندہ** (پ۔ را۔ گن۔ دہ) [ف۔ صف] پریشان۔ حیران۔ منتشر۔

پراگندہ روزی، پراگندہ دل۔ مفلس ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔

**پرال** (پ۔ رال) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بھس۔ غلہ نکالے ہوئے دھان کا ڈنٹھل۔ پیال۔

**پرامپٹر** (PROMPTER) (پ۔ رامپ۔ ٹر) [انگ۔ ا۔ مذکر] (تھیٹر) وہ شخص جو اسٹیج کے پیچھے بیٹھ کر ایکٹروں کی ساعت کرتا ہے۔ اور جہاں وہ اٹکتے ہیں لقمہ دیتا ہے۔

**پرامیسری نوٹ** (PROMISSARY NOTE) (پ۔ را۔ می۔ س۔ ری۔ نوٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر] تمسک۔ وہ تحریر جو روپیہ ادا کرنے کے متعلق کسی سے خاص وقت تک کے لیے لکھوائی جائے۔

**پَران** (پَ۔ ران) فارسی مصدر پریدن کا اسم فاعل یعنی اڑنے والا

**پران** (پ۔ ران) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) دم۔ سانس (۲) روح۔

پران تج دینا۔ پران تجنا۔ (۱) مرجانا (۲) گھبرا جانا۔ بہت ڈرنا۔

پران چھوڑنا۔ (۱) دم نکلنا (۲) جو صدمہ زیر علم ہو خشک ہونا۔

پران لینا۔ (۱) قتل کرنا (۲) ستانا۔ تنگ کرنا۔

**پُران** (پ۔ ران) [س۔ صف] (۱) پرانا۔ قدیم (۲) (مذکر) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں وید کے مسائل کو تمثیلی قصوں اور کہانیوں سے واضح کیا گیا ہے۔

**پُرانا** (پ۔ را۔ نا) [ہ۔ صف] (۱) کہنہ۔ قدیم (۲) فرسودہ۔ بوسیدہ (۳) پختہ۔ تجربہ کار۔

پرانا خرانٹ۔ (۱) نہایت بڈھا (۲) نہایت تجربہ کار۔

پرانا دھرانا۔ بوسیدہ۔ دیرینہ۔ پارینہ۔ کہنہ۔ فرسودہ۔ نکما۔

پرانا گھاگ۔ بہت خرانٹ اور تجربہ کار۔

**پُرانی**۔ (پ۔ را۔ نی) [ہ۔ صف] پرانا کی تانیث۔

پرانی کھوپڑی (۱) بوڑھا آدمی (۲) تجربہ کار (۳) اگلے وقتوں کا۔

**پراویڈنٹ فنڈ** (PROVIDENT FUND) (پ۔ را۔ وی۔ ڈنٹ فنڈ) [انگ۔ ا۔ مذکر] وہ رقم جو ملازم کی تنخواہ میں سے وضع کی جاتی ہے اور ملازمت کے خاتمے پر اسے واپس ملتی ہے۔

**پراچہ** (پ۔ را۔ چہ) [ف۔ صف] (۱) بزاز (۲) ایک قوم جو جوتیاں وغیرہ بنا کر فروخت کرتی ہے۔

**پرائز** (PRIZE) (پ۔ رائز) [انگ۔ ا۔ مذکر] انعام جو مقابلہ

**پرائمری** (PRIMARY) (پ۔ را۔ ئم۔ ری) [انگ۔ صف] (۱) ابتدائی۔ اول۔ پہلا۔ سب سے پہلا (۲) اصلی۔

**پرائی**۔ (پ۔ را۔ ئی) [ہ۔ صف] پرایا کی تانیث۔

پرائی بات۔ دوسرے کی بات۔ دوسرے کا معاملہ۔

**پرائیویٹ**۔ (PRIVATE) (پ۔ را۔ ئی۔ ویٹ) [انگ۔ صف] (۱) نجی۔ خانگی (۲) غیر سرکاری (۳) ذاتی (۴) خفیہ۔ بصیغۂ راز۔

**پرایا** (پ۔ را۔ یا) [ہ۔ صف] غیر کا۔ اور کا۔ دوسرے کا۔ بیگانہ۔

پرایا دھن۔ دوسرے کا مال۔ بیٹی۔

پرایا سر دیوار کی برابر (مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی دوسرے کی تکلیف کی پرواہ نہ کرے۔

پرائے بردے آزاد کرنا۔ دوسروں کے مال پر فیاضی کرنا۔

پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹائی (مثل) دوسرے کو نقصان پہنچانے کے لیے خود بدنام ہوا۔

پرائے مال پر یا حسین (مثل) حلوائی کی دکان پر دادا جی کی فاتحہ۔

**پرایشچت** (پ۔ را۔ یش۔ چت) [س۔ ا۔ مذکر] گناہوں کا کفارہ۔

**پربال** (پَر۔ بال) [ف۔ ا۔ مذکر] آنکھوں کے اندر پیدا ہو جانے والے بال۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکیں گر جاتی ہیں اور پپوٹوں کے اندر بال نکل آتے ہیں۔ پربال

**پربت** (پَر۔ بت) [ہ۔ ا۔ مذکر] پہاڑ۔ کوہ۔

**پربھات** (پَر۔ بھات) [س۔ ا۔ مذکر] صبح۔ سحر۔

**پربھو**۔ (پَر۔ بھو) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) مالک (۲) خدا۔ پرمیشور۔

**پرپوتا** (پَر۔ پو۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذکر] بیٹے کا پوتا۔

**پرپوتی** (پَر۔ پو۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بیٹے کی پوتی۔

**پرت** (پ۔ رت) [ہ۔ ا۔ مذکر] ورق۔ طبق۔ چھلکا۔ تہ۔ پوست۔

**پرتا** (پَر۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) اوسط (۲) مناسبت (۳) موزونیت

**پرتاپ** (پَر۔ تاپ) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) سخت گرمی (۲) نور تجلی۔ شان و شوکت (۳) مرتبہ (۴) فضیلت (۵) سخاوت۔

**پرتال** (پَر۔ تال) دیکھیے پڑتال۔

**پرتگالی** (پُر۔ ت۔ گا۔ لی) [ف۔ صف] پرتگال سے متعلق۔ پرتگال کی کوئی شے۔ پرتگال کا باشندہ یا زبان۔

**پرتگیا** (پ۔ رَ۔ تگ۔ یا) [س۔ ا۔ مؤنث] اجازت۔ منظوری۔ وعدہ۔ عہد۔

**پرتلا** (پَر۔ تَ۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] پیٹی جو تلوار لٹکانے کے لیے کندھے پر ڈالتے ہیں۔ چوڑا تسمہ۔ کمرپٹکا۔

**پرتو** (پَر۔ تو) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) عکس۔ پرچھائیں (۲) روشنی

پرتو افگن۔ پرتو فگن۔ شعاع ڈالنے والا۔ روشنی ڈالنے والا۔

**پرتھوی** (پَر۔ تھ۔ وی) [س۔ ا۔ مؤنث] زمین۔ دنیا۔ ارض بھومی۔ عالم۔

**پرتھی** [ہ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے پرتھوی۔

**پرتی** (پَر۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] غیر مزروعہ زمین۔ بن جتی اراضی۔

**پرجا** (پَر۔ جا) [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) رعایا (۲) کرایہ دار۔ غیر کی جگہ میں بسنے والا (۳) مخلوق۔ پبلک (۴) نسل۔ خاندان۔

Marfat.com

**پرچ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پیالی ۔ طشتری ۔
**پرچار** (پَر ۔ چار) [س ۔ ا ۔ مذکر] اشاعت ۔ تبلیغ ۔
**پرچارک** (پَر ۔ چا ۔ رَک) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مبلّغ (۲) نقیب ۔
**پرچانا** (پَر ۔ چانا) [ہ ۔ مص] (۱) راضی کرنا (۲) پھسلانا (۳) مائل کرنا ۔ موہنا (۴) بس میں لانا ۔
**پرچم** (پَر ۔ چَم) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پھریرا ۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے ۔
**پرچون** (پَر ۔ چُون) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] آٹا ۔ دال ۔ نمک ۔ مرچ ۔ تیل ۔ تمباکو وغیرہ ۔ وہ چیزیں جو آٹے کے ساتھ لازمی ہوں ۔
**پرچونی** (پَر ۔ چُو ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] آٹا دال بیچنے کا کام ۔
**پرچونیا** (پَر ۔ چُو ۔ نِ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آٹا ۔ دال وغیرہ بیچنے والا (۲) بنیا ۔ بقال (۳) خردہ فروش ۔
**پرچہ** (پَر ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خط ۔ چٹھی (۲) لکھا ہوا کاغذ ۔ اخبار ۔ رسالہ (۳) پُرزہ ۔ ٹکڑا (۴) خبر ۔ اطلاع ۔
پرچۂ الماس ۔ ہیرے کا ٹکڑا ۔
پرچہ چاک کرنا ۔ پولس میں ابتدائی رپورٹ کا لکھا جانا ۔
پرچہ گزرنا ۔ (۱) خبر پہنچنا (۲) عرضی دیا جانا ۔ نالش ہونا (۳) مخبری ہونا (۴) چغلی ہونا ۔
پرچہ نویس ۔ (۱) مخبر ۔ جاسوس (۲) مؤرخ ۔ واقعات لکھنے والا ۔
پرچہ نویسی ۔ (۱) مخبری ۔ جاسوسی (۲) خبر رسانی ۔ تاریخ نویسی وقائع نگاری ۔ تحریری اطلاع دینا ۔ اخبار نویسی ۔
**پرچھانواں ۔ پرچھاواں** (پَر ۔ چھاں ۔ واں) (پَر ۔ چھا ۔ واں) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سایہ ۔ عکس (۲) عادت ۔ اثر ۔ رنگ ڈھنگ ۔
**پرچھاواں پڑنا** ۔ (۱) سایہ پڑنا ۔ عکس پڑنا (۲) کسی کا ڈھنگ اختیار کرنا ۔
**پرچھائیں** (پَر ۔ چھا ۔ ئیں) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چھاؤں ۔ عکس ۔ سایہ ۔
پرچھائیں پڑنا (۱) عکس پڑنا ۔ سایہ پڑنا (۲) صحبت کا اثر آجانا ۔
پرچھائیں سے بھاگنا ، ڈرنا ۔ (۱) سائے سے خوف کھانا ۔ (۲) عادت سے خوف کھانا (۳) بہت ڈرپوک ہونا ۔ نفرت کرنا ۔
پرچھائیں نہ پانا ۔ نشان نہ پانا ۔ کھوج نہ پانا ۔ پتہ نہ پانا ۔
**پرچھتی ۔ پرچھتی** (پَر ۔ چھت ۔ تی) (پَر ۔ چھ ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چھپر سے اٹک چھپر جو منڈیروں وغیرہ پر پانی کے بچاؤ کے لیے رکھتے ہیں ۔
**پرچی** (پَر ۔ چی) [ا ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پرچہ کی تانیث (۲) وہ کاغذ جس پر انتخاب کے وقت امیدوار کا نام لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں (۳) مقدمے کی تاریخ کا کاغذ ۔
**پرخاش** (پَر ۔ خاش) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] رنگ ۔ لڑائی ۔ نااتفاقی
**پرخچے** (پَر ۔ خَ ۔ چے) [ا ۔ ا ۔ مذکر] پرزے ۔ ٹکڑے ۔
پرخچے اُڑانا ۔ پرزے پرزے کرنا ۔ دھجیاں کرنا ۔
**پرداخت** (پَر ۔ داخت) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پرورش ۔ (۲) مدد ۔ سہارا (۳) حفاظت ۔ دیکھ بھال ۔
**پرداختہ** (پَر ۔ داخ ۔ تہ) [ف ۔ صف] آراستہ کیا گیا ۔ سنوارا ہوا ۔
**پردادا** ۔ (پَر ۔ دا ۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] باپ کا دادا ۔ دادا کا باپ ۔
**پردادی** (پَر ۔ دا ۔ دی) پردادا کی بیوی ۔ باپ کی دادی ۔

**پرداز** (پَر ۔ داز) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ابتدا (۲) آراستگی (۳) کشیدہ (۴) تصویری (۵) رنگ ڈھنگ ۔ طور طریق (۶) فارسی مصدر پرداختن کا اسم فاعل بمعنی پورا کرنے والا یا لینے والا (مرکبات میں جیسے کارپرداز ۔ فتنہ پرداز)
**پردہ** (پَر ۔ دَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اوٹ ۔ گھونگھٹ (۲) چلمن (۳) دوپٹا (۴) انگرکھے کا سینہ (۵) سطح (۶) بھید (۷) راگ ۔ باجوں کے سُر کے مقام (۸) پیٹ وغیرہ کی جھلی (۹) طبقہ ۔ پرت (۱۰) کوے اور پسلیوں کا درمیانی گوشت ۔
پردہ پڑنا یا پڑجانا (۱) اوٹ ہونا ۔ حجاب ہونا (۲) چھپ جانا (۳) بیوقوف ہوجانا ۔
پردہ پوش ۔ (۱) برائی کو چھپانے والا (۲) پردہ دار ۔
پردہ پوشی ۔ (۱) عیب پوشی (۲) رازداری ۔
پردۂ چشم ۔ آنکھ کا پردہ ۔
پردہ چھوڑنا ۔ (۱) چلمن گرانا (۲) چہرہ ڈھانپنا (۳) نقاب اُتارنا ۔
پردہ دار ۔ (۱) رازدار ۔ بھید رکھنے والا (۲) پردہ کرنے والا (۳) واقف حال ۔ بھیدی (۴) بھیدوں کو پوشیدہ رکھنے والا ۔
پردہ داری ۔ عیب پوشی ۔
پردہ در ۔ (۱) بھانڈا پھوڑنے والا ۔ عیبوں کو ظاہر کرنے والا (۲) مخبر ۔ چغل خور ۔
پردہ دری ۔ عیب نمائی ۔ جاسوسی ۔ مخبری ۔ افشائے راز ۔
پردہ ڈالنا ۔ (۱) عیب چھپانا ۔ بھید چھپانا (۲) چلمن ڈالنا (۳) گھونگٹ کرنا ۔
پردہ رکھنا ۔ (۱) پردہ کرنا ۔ چھپانا (۲) رازدار ہونا ۔ مخفی رکھنا ۔
پردۂ ظلمت ۔ تاریکی کا پردہ ۔ اندھیرا ۔
پردۂ غیب ۔ عالم باطن ۔ نیچے اور اوپر کے جبڑوں کا درمیانی پردہ ۔
پردہ فاش کرنا ۔ بھانڈا پھوڑنا ۔ عیب کھولنا ۔ قلعی کھولنا ۔
پردۂ ناموس ۔ (۱) عصمت کا پردہ (۲) حجاب (۳) عزت ۔ آبرو ۔
پردہ نشین ۔ (۱) پردے میں بیٹھنے والی (۲) پاک دامن ۔
پردے بٹھانا ۔ گھر سے باہر نہ جانے دینا ۔ پردہ کرانا ۔
پردے پردے میں ۔ (۱) چوری چھپے (۲) بے خبری میں (۳) خفیہ ۔
پردے کی بات ۔ راز کی بات ۔ خفیہ معاملہ ۔
پردے کی بُو بُو ، بی بی ۔ (۱) پردہ نشین (۲) پاک دامن عورت
پردے میں پوچھنا ۔ اس طرح پوچھنا کہ مخاطب کو پوچھنے کا مقصد معلوم نہ ہو سکے ۔
**پردھان** (پَر ۔ دھان) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] صدر ۔ مکھیا ۔ چودھری
**پردیس** (پَر ۔ دیس) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] غیر وطن ۔ دوسرا ملک (اصل سنسکرت پردیش) ۔
پردیس بسانا ۔ دوسرے وطن جا بسنا ۔ ترک وطن کرنا ۔
**پردیسن** (پَر ۔ دے ۔ سَن) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پردیس کی رہنے والی ۔
**پردیسی** (پَر ۔ دے ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پردیس کا رہنے والا
**پرزہ** (پُر ۔ زہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چیتھڑا ۔ ٹکڑا (۲) عضو ۔ جزو (۳) پرندوں کے چھوٹے چھوٹے باریک پر (۴) کسی مشین کا چھوٹا حصہ ۔
پرزے پرزے اُڑانا ۔ (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) خوب مارنا ۔
**پرس** (PURSE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بٹوا ۔

**پُرس** (ف) فارسی مصدر پُرسیدن کا حاصل مصدر۔ پوچھنے کا عمل اردو میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بازپُرس۔

**پُرسا** (پُر۔سا) دیکھیے پُرسہ۔

**پرساد** (پَر۔ساد) [س۔ا۔مذکر] تحفہ۔ نذر نیاز۔ دیوتاؤں کا چڑھاوا۔

**پرسال** (پَر۔سال) [ف۔ا۔مذکر] گزشتہ سال۔

**پُرساں** (پُر۔ساں) فارسی مصدر پرسیدن کا اسم فاعل یعنی پوچھنے والا۔ دریافت کرنے والا (۲) مددگار

**پُرسانِ حال** (۱) حال پوچھنے والا (۲) مددگار۔ سہارا دینے والا۔

**پرست** (پَر۔ست) فارسی مصدر پرستیدن کا اسم فاعل یعنی پوجنے والا (مرکبات میں جیسے خدا پرست)

**پرستار** (پَ۔رَس۔تار) [ف۔ا۔مذکر] (۱) پوجا کرنے والا۔ پُجاری (۲) نوکر۔ غلام۔

**پرستان** (پَ۔رِس۔تان) [ف۔ا۔مذکر] (۱) پریوں کا ملک (۲) اندر کا اکھاڑہ (اصل فارسی پریستان)

**پرستش** (پَ۔رَس۔تِش) [ف۔ا۔مؤنث] عبادت۔ پوجا۔

**پرستش گاہ** (۱) عبادت کی جگہ (۲) مسجد۔ مندر۔

**پُرسِش** (پُر۔سِش) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) پوچھ گچھ۔ تفتیش۔ جواب طلبی (۲) خبرگیری۔

**پرسشِ حال**۔ حال پوچھنا۔ کیفیت دریافت کرنا۔

**پرسش کرنا** (۱) پوچھ گچھ کرنا۔ بازپُرس کرنا۔ جواب طلب کرنا (۲) خبر گیری کرنا۔

**پرسنل** (PERSONAL) پَر۔س۔نَل [انگ۔ا۔مذکر] ذاتی۔ نجی۔

**پرسنل اسسٹنٹ** (PERSONAL ASSISTANT) وہ عہدیدار جو کسی افسر کے مددگار یا سکرٹری کی حیثیت سے کام کرے۔

**پرسوت** (پَر۔سُوت) [س۔ا۔مذکر] (۱) عورتوں کے اندام نہانی سے سفید پانی کا بہنا (۲) ایام زچگی کی ایک بیماری۔

**پرسوں** (پَر۔سوں) [ہ] آج سے تیسرا دن۔ اگلا یا پچھلا۔

**پُرسہ** (پُر۔سہ) [ف۔ا۔مذکر] ماتم پُرسی۔ تعزیت۔

**پُرسہ دینا**۔ ماتم پرسی کرنا۔ تعزیت کرنا۔

**پُرش** (پُ۔رُش) [س۔ا۔مذکر] (۱) انسان۔ آدمی۔ مرد (۲) ایشور۔ خدا۔ آتما۔

**پرشاد** (پَر۔شاد) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے پرساد۔

**پرکار** (پَر۔کار) [ف۔ا۔مذکر] دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

**پرکالہ** (پَر۔کا۔لہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ٹکڑا۔ حصّہ (۲) چنگاری۔ شعلہ (۳) آئینہ۔ شیشے کا ٹکڑا۔

**پرکھ** (پَ۔رَکھ) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) شناخت۔ تمیز (۲) معیار۔ کسوٹی۔ جانچ۔

**پَرکھا** (پَر۔کھا) [ہ۔ا۔مذکر] بڑے بوڑھے۔ باپ دادا۔

**پرکھنا** (پَ۔رَکھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پہچاننا (۲) جانچنا۔ آزمانا (۳) آنکنا (۴) سنبھالنا۔ گننا۔

**پرگنات۔ پرگنہ جات**۔ (پَر۔گَ۔نات) (پَر۔گَنہ۔جات) [ف۔ا۔مذکر] پرگنہ کی جمع دیہات۔

**پرگنہ** (پَر۔گَ۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ضلع۔ وہ علاقہ جو ایک قانون کے تحت ہو۔ وہ محدود حصّہ ضلع جس پر ایک ضلع دار افسر ہو۔ جاگیر۔

**پرگنہ دار**۔ ضلع دار۔ پرگنہ کا افسر

**پرگنہ وار**۔ پرگنہ کے حساب سے۔

**پرلا** (پَر۔لا) [ہ۔صف] اس طرف کا۔ سب سے آخر کا۔

**پرلے درجے کا**۔ بے حد۔ انتہائی۔

**پرلے سرے کا** (۱) بڑا بدمعاش (۲) حد درجے کا۔

**پرلوک** (پَر۔لوک) [س۔ا۔مذکر] عالم بالا۔ دوسرا جہان۔

**پرلی** (پَر۔لی) [ہ] اُدھر کی۔ اس طرف کی۔

**پرماتما** (پَ۔رَم۔آت۔ما) [س۔ا۔مذکر] رُوحِ کائنات۔ اعلیٰ روح۔ خدا۔ احکم الحاکمین

**پرمٹ** (PERMIT) پَر۔مِٹ [انگ۔ا۔مذکر] اجازت نامہ۔

**پرمل** (پَر۔مَل) [س۔ا۔مذکر] (۱) کھیلیں۔ بھنی ہوئی جوار مکئی باجرا وغیرہ کے دانے (۲) ایک قسم کا خوشبودار چاول۔

**پرمیشور** (پَ۔رَم۔ایش۔وَر) [س۔ا۔مذکر] خدائے تعالیٰ رب الارباب۔

**پرنالا** (پَر۔نا۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] کوٹھے یا بالا خانے کی موری نالی۔

**پرنالی** (پَر۔نا۔لی) [ہ۔ا۔مؤنث] پرنالہ کی تصغیر۔ چھوٹی نالی۔

**پرنام** (پَر۔نام) [س۔ا۔مذکر] آداب۔ سلام

**پرنانا** (پَر۔نا۔نا) [ہ۔ا۔مذکر] ماں کا دادا۔ نانا کا باپ۔

**پرنانی** (پَر۔نا۔نی) [ہ۔ا۔مؤنث] پرنانا کی بیوی۔

**پرنٹر** (PRINTER) پ۔رِن۔ٹر [انگ۔ا۔مذکر] چھاپنے والا۔ طبع کرنے والا۔

**پرنٹنگ** (PRINTING) پ۔رِن۔ٹِنگ [انگ۔مص] چھاپنے کا عمل۔ طبع کرنا۔

**پرنٹنگ پریس** (PRINTING PRESS) مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

**پرندہ** (پَ۔رِن۔دہ) [ف۔ا۔مذکر] اڑنے والا۔ طائر۔ پکھیرو۔

**پرندِ آبی**۔ وہ پرندے جو پانی میں سے مچھلیاں پکڑ پکڑ کر کھاتے۔

**پرندہ** (پَ۔رِن۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] اڑنے والا جانور۔

**پرندہ پر نہیں مار سکتا**۔ کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔

**پرنسپل** (PRINCIPAL) پ۔رِن۔سِ۔پَل [انگ۔ا۔مذکر] اسکول کالج کا مدرس اعلیٰ یا افسر اعلیٰ۔

**پرنیاں** (پَر۔نِ۔یاں) [ف۔ا۔مذکر] ایک پھولدار ریشمی کپڑا۔ دیبا۔

**پروا** (پَر۔وا) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) رغبت۔ توجہ۔ ضرورت (۲) فکر۔ اندیشہ۔

**پُروا** (پُر۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] پورب کی ہوا۔ صبا۔

**پروار** (پَر۔وار) دیکھیے پریوار۔

**پرواز** (پَر۔واز) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) اڑان (۲) فخر۔

**پروال** (پَر۔وال) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے پربال۔

**پروان** (پَر۔وان) [ہ۔صف و ا۔مذکر] (۱) کامیاب۔ پورا۔ بالغ (۲) ٹھیک۔ درست (۳) داوبان کا ڈنڈا۔

Marfat.com

پروان چڑھانا۔ پال پوس کر بڑا کرنا۔ مراد کو پہنچانا۔

**پروانجات** ۔ (پَر۔ وا۔ نَ۔ جات) [ف۔ا۔ مذکر] پروانہ کی جمع۔ حکم نامے۔ اجازت نامے۔ کئی فرمان۔

**پروانگی** (پَر۔ وا۔ نَ۔ گی) [ف۔ا۔ مؤنث] اجازت۔ حکم۔

**پروانہ** (پَر۔ وا۔ نَہ) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) پتنگا (۲) اجازت نامہ۔ حکم نامہ۔

پروانۂ تلاشی۔ گھر کی تلاشی کا وارنٹ۔

پروانۂ راہداری۔ وہ اجازت نامہ جس کے ذریعے سے ایک ملک سے دوسرے ملک میں سفر کیا جا سکے۔ پاسپورٹ۔

پروانۂ گرفتاری۔ گرفتاری کا حکم نامہ۔ وارنٹ گرفتاری۔

پروانہ وار۔ پروانے (پتنگے) کی طرح۔

پروانہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ جان دینا۔

**پروائی** (پُر۔ وا۔ ئی) [ہ۔ا۔ مؤنث] دیکھیے پُروا

**پروبیشن** (PROBATION) (پ۔ رو۔ بے۔ شن) [انگ۔ا۔ مذکر] کسی عارضی ملازم یا امیدوار کی اہلیت کی آزمائش۔ مجرم کی میعاد سے پہلے امتحاناً رہائی۔

**پروبیشنر** (PROBATIONER) (پ۔ رو۔ بیش۔ نَر) [انگ۔ا۔ مذکر] کام سیکھنے والا شخص۔ وہ عارضی ملازم جس کی کارکردگی کی آزمائش منظور ہو۔

**پروپرائٹر** (PROPRIETOR) (پ۔ رو۔ پ۔ را۔ ئ۔ ٹر) [انگ۔ا۔ مذکر] مالک۔

**پروپیگنڈا** (PROPAGANDA) (پ۔ رو۔ پے۔ گن۔ ڈا) [انگ۔ا۔ مذکر] اشاعت۔ تبلیغ۔ تشہیر۔ ڈھنڈورا۔

**پروتا** (پَ۔ رو۔ تا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بیٹے کا بیٹا (۲) آٹا۔ گڑ۔ پان وغیرہ جو کسی تقریب پر خدمتی لوگوں کو دیا جاتا ہے۔

**پروتی** (پَ۔ رو۔ تی) [ہ۔ا۔ مؤنث] بیٹے کی بیٹی۔

**پروٹسٹنٹ** (PROTESTANT) (پ۔ رو۔ ٹس۔ ٹنٹ) [انگ۔ا۔ مذکر] عیسائیوں کا وہ فرقہ جو پوپ کو نہیں مانتا۔

**پروٹین** (PROTEIN) (پرو۔ ٹین) [انگ۔ا۔ مؤنث] حیوانی و نباتاتی خوراک کا ایک اہم جزو۔ دیکھیے

**پروڈکشن** (PRODUCTION) (پ۔ رو۔ ڈک۔ شن) [انگ۔ا۔ مؤنث] پیداوار (صنعتی، ادبی وغیرہ)۔

**پروڈیوسر** (PRODUCER) (پرو۔ ڈیو۔ سر) [انگ۔ا۔ مذکر] پیدا کرنے والا۔ پیش کرنے والا

**پرور** (پَر۔ وَر) فارسی مصدر پروردن کا اسم فاعل بمعنی پرورش کرنے والا (مرکبات میں جیسے بندہ پرور)

**پروردگار** (پَر۔ وَر۔ دِ۔ گار) [ف۔ا۔ مذکر] پالنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

**پرورده** (پَر۔ وَر۔ دَہ) [ف۔ا۔ مذکر] پلا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔

**پرورش** (پَر۔ وَ۔ رِش) [ف۔ا۔ مؤنث] (۱) پالنا (۲) تعلیم و تربیت۔

**پروری** (پَر۔ وَ۔ ری) [ف۔ا۔ مؤنث] پرورش۔ پالنا پوسنا۔

**پروس** (پَ۔ روس) دیکھیے پڑوس۔

**پروسنا** (پَ۔ روس۔ نا) [ہ۔ مص] مہمانوں کے آگے کھانا چُننا۔

**پروف** (PROOF) [انگ۔ا۔ مذکر] مسودہ۔ خاکہ۔ سب سے پہلا چھپا ہوا کاغذ جو بغرض اصلاح دکھایا جاتا ہے۔

پروف ریڈر۔ (PROOF READER) اصل مسودے کی نقل پڑھ کر درست کرنے والا۔ مصحح۔

**پروفیسر** (PROFESSOR) (پ۔ رو۔ فے۔ سر) [انگ۔ا۔ مذکر] مدرس اعلیٰ۔ وہ استاد جو کالج کے لڑکوں کو پڑھاتا ہے۔

**پروگرام** (PROGRAMME) (پ۔ رو۔ گ۔ رام) [انگ۔ا۔ مذکر] ترتیب۔ سلسلہ۔ طریقہ۔ نقشۂ عمل۔ اوقات کا تقرر۔

**پرول** (PAROLE) (پے۔ رول) [انگ۔ا۔ مؤنث] (۱) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرے والے کو بتائے جاتے ہیں تاکہ کوئی شخص اسے دھوکا نہ دے سکے (۲) قیدی کا حلف نامہ یا وعدہ کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آ جائے گا۔

**پرولتاری** (PROLETARY) (پ۔ رول۔ تا۔ ری) [انگ۔ صف] (۱) محنت کشوں کا حامی۔ حامیٔ عوامیت۔

**پرولتاریہ** (PROLETARIAT) (پ۔ رول۔ تا۔ ری۔ یہ) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) عوام الناس (۲) مفلس اور غریب لوگ۔ طبقۂ مزدوراں۔

**پرونا** (پ۔ رو۔ نا) [ہ۔ مص] سوراخ دار چیزیں ڈورا ڈالنا۔

**پرونوٹ** (PRONOTE) (پ۔ رو۔ نوٹ) [انگ۔ا۔ مذکر] روپے کے لین دین کی یادداشت۔ رقعہ جو قرض لینے والا لکھ کر دیتا ہے۔

**پروہت** (پ۔ رو۔ ہت) [س۔ا۔ مذکر] مذہبی کاموں کا انتظام کرنے اور کرانے والا۔

**پرویز** (پَر۔ ویز) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) قیمتی (۴) نہایت اعلیٰ (۵) خسرو ثانی۔ شاہ ایران کا لقب جو ملکہ شیریں کا شوہر تھا۔

**پروین** (پَر۔ وین) [ف۔ا۔ مذکر] عقدِ ثریا۔ سات ستاروں کا جھرمٹ۔

**پَرہ۔ پرہ** (پَ۔ رَہ، پَ۔ رَہ) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) قطار (۲) دامن۔ کنارہ۔ جانب۔

**پرہیز** (پَر۔ ہیز) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) احتیاط۔ اجتناب (۲) تقویٰ (۳) ناجائز اور حرام چیزوں سے دوری۔

پرہیزگار (۱) محتاط۔ بچنے والا (۲) متقی۔

پرہیزگاری۔ احتیاط کرنا۔ بچنا

**پرہیزی** (پَر۔ ہے۔ زی) [ف۔ صف] جس سے پرہیز کیا جائے۔ جو بیمار کے موافق ہو۔

**پری** (پَ۔ ری) [ف۔ا۔ مؤنث] اُڑنے والی افسانوی عورت [صف] حسین۔ رنگیلی۔ بہت خوبصورت۔

پری پیکر (۱) جس کا بدن پری کا سا ہو (۲) نہایت خوبصورت۔

پری چہرہ (رخسار۔ رُو)۔ خوب صورت۔ حسین۔

پری خانہ۔ جہاں حسینوں کا جمگھٹا ہو۔ پریوں کا اکھاڑا۔

پری زاد۔ (۱) پری کی اولاد (۲) نہایت خوبصورت۔

Marfat.com

پری شمائل - پری کی مانند حسین -
پری طلعت - خوب صورت - حسین -
پری کا سایہ - پری کا آسیب - پری کا اثر -
پری وش - نہایت خوب صورت - بہت حسین -
پریوں کا اکھاڑا - پریوں کے آنے کا مقام - معشوقوں کی تفریح اور ان کے اکٹھا ہونے کا مقام -
پڑنگی (پ - ری) [ف - ا - مؤنث] بھر جانا -
پرے (پ - رے) [ہ - ا - مذکر] (۱) پرا کی جمع - صفیں - قطاریں (۲) دوسرے کنارے - اس جانب (۳) دور - فاصلے پر -
پرے بٹھانا - (۱) الگ بٹھانا (۲) حقیر کرنا (۳) ہرا دینا -
پرے پرے - (۱) الگ الگ - دور دور (۲) الگ ہٹ -
دور رہ - نفرت کا اظہار (۲) بلا اطلاع - بغیر ملے - بلا اجازت (۳) لاعلمی میں -
پریت (پ - ریت) [س - ا - مؤنث] محبت - پیار - دوستی - میل جول -
پریت نہ جانے جات کجات - محبت میں ذات پات کی پرواہ نہیں ہوتی -
پریتم (پ - ری - تم) [ہ - ا - مذکر] (۱) معشوق - دل بر (۲) خاوند -
پریڈ (PARADE) (پ - ریڈ) [انگ - ا - مؤنث] (۱) قواعد جنگی تربیت (۲) قطار - صف -
پریس (PRESS) (پ - ریس) [انگ - ا - مذکر] (۱) دبانے کی مشین (۲) مطبع - چھاپہ خانہ -
پریس مین (PRESSMAN) چھاپنے والا -
پریس کی مشین چلانے والا -
پریشان - (پ - رے - شان) [ف - صف] (۱) حیران - سرگرداں مضطرب (۲) منتشر - پراگندہ -
پریشان حال - مفلس (۲) بے روزگار -
پریشان خاطر - ملول - رنجیدہ - اداس - فکرمند - متفکر -
پریشانی (پ - رے - شا - نی) [ف - ا - مؤنث] (۱) حیرانی - فکر (۲) دکھ - مصیبت (۳) انتشار - پراگندگی -
پریکٹس (PRACTICE) (پ - ریک - ٹس) [انگ - ا - مؤنث] (۱) مشق - معمول (۲) مہارت (۳) وکیل - ڈاکٹر وغیرہ کا پیشہ کام -
پریکٹیشنر (PRACTITIONER) - (پ - ریک - ٹی - شن - نر) [انگ - ا - مذکر] پیشہ ور (خصوصاً طبیب) -
پریکٹیکل (PRACTICAL) - (پ - ریک - ٹی - کل) [انگ - ا - مذکر] عملی - عملی تجربات کا امتحان -
پریم (پ - ریم) [س - ا - مذکر] (۱) پیار - محبت (۲) دوستی -
پریمی (پ - رے - می) [ہ - صف] (۱) محبت کرنے والا - (۲) دوست -
پریمیم (PREMIUM) - (پ - رے - می - ام) [انگ - ا - مذکر] (۱) وہ رقم جو بیمہ کرانے والا معینہ اوقات میں بیمہ کمپنی کو ادا کرتا ہے - (۲) انعام - صلہ - بخشش - منافع -
پریوار (پ - ری - وار) [س - ا - مذکر] خاندان - کنبہ -

پریوی کونسل (PRIVY COUNCIL) (پ - ری - وی - کون - سل) [انگ - ا - مؤنث] انگلستان کے بادشاہ کی خاص مجلس مشاورت - اس کا فیصلہ ناطق اور آخری ہوتا ہے -

## پ - ڑ

پڑا - (پ - ڑا) [ہ - صف] (۱) گرا - افتادہ (۲) لیٹا ہوا (۳) بیمار - (۴) پڑنا کا ماضی مطلق -
پڑا پایا (۱) مفت ہاتھ آیا - سستا مل گیا (۲) بے محنت و مشقت ملا - زمین پر پڑا ہوا مل گیا -
پڑا رہنا - ایک حالت میں رہنا - بے حرکت رہنا -
پڑا ملنا - مفت ملنا - راستے وغیرہ میں گرا ہوا ملنا -
پڑا - (پ - ڑا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بڑی پڑیا (۲) طبلہ یا ڈھولک وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا -
پڑاؤ - (پ - ڑا - او) [ہ - ا - مذکر] ٹھہرنے کی جگہ - منزل - چوکی - سرائے -
پڑاؤ ڈالنا - پڑ رہنا - ٹھہر جانا - چھاؤنی ڈال دینا -
پڑت (پ - ڑت) [ہ - ا - مؤنث] (۱) قیمت خرید (۲) میزان - بازار کا بھاؤ -
پڑتا (پڑ - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) شرح - لگان (۲) حصہ رسدی -
پڑتال (پڑ - تال) [ہ - ا - مؤنث] جائزہ - مقابلہ - نظرثانی - جانچ -
پڑتالنا (پڑ - تال - نا) [ہ - مص] دوبارہ سنبھالنا - نظرثانی کرنا جانچنا -
پڑجانا - (پڑ - جا - نا) [ہ - مص] (۱) گر پڑنا - لیٹ جانا (۲) تھم جانا (۳) بیمار ہو جانا (۴) زمین مزروعہ کا بے کاشت رہ جانا -
پڑ رہنا (پڑ - رہ - نا) [ہ - مص] لیٹ رہنا - سو رہنا -
پڑنا (پڑ - نا) [ہ - مص] (۱) ہونا - جیسے واسطہ پڑنا (۲) برسنا جیسے پانی پڑنا (۳) پٹنا - واقع ہونا (۴) درج ہونا (۵) دخل دینا - ضمانت دینا (۶) خیال ہونا (۷) لیٹنا - سونا - (۸) بسنا - رہنا (۹) لازم ہونا (۱۰) گرفتار ہونا (۱۱) بریا جانا (۱۲) نازل ہونا (۱۳) گھٹنا (۱۴) آنا جیسے جل پڑنا -
پڑوس (پ - ڑوس) [ہ - ا - مذکر] ہمسائیگی - قرب و جوار -
پڑوسن (پ - ڑو - سن) [ہ - ا - مؤنث] ہمسائی -
پڑوسی (پ - ڑو - سی) [ہ - ا - مذکر] ہمسایہ -
پڑوسی کے مینہ برسے گا تو بوچھاڑ یہاں بھی آوے گی (مثل) ہمسایوں کو فائدہ ہوگا تو ہمیں بھی کچھ نہ کچھ نفع پہنچ جائے گا -
پڑھا دینا [ہ - مص] (۱) علم سکھا دینا (۲) بہکا دینا - بدظن کر دینا -
پڑھا لکھا [ہ - صف] پڑھا لکھا - تعلیم یافتہ - خواندہ -
پڑھانا (پ - ڑھا - نا) [ہ - مص] تعلیم دینا - سکھانا -
پڑھائی (پ - ڑھا - ئی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) تعلیم (۲) طریقہ تعلیم (۳) اُستاد کی تنخواہ - پڑھانے کی اجرت -
پڑھ چھتر (پڑھ - چھ - تر) [ہ - صف] پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا - کند ذہن -

Marfat.com

**پڑھنا** (پَڑھ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) تعلیم پانا (۲) مطالعہ کرنا (۳) جادو کرنا۔
**پڑھنت** (پ۔ ڑھَنت) [ہ۔ ا۔ مؤنث] جادو۔ ٹونا۔ گنڈا تعویذ۔
**پڑھوانا**۔ (پَڑھ۔ وانا) [ہ۔ مص] تعلیم دلوانا۔
**پڑھیں فارسی بیچیں تیل**۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل [مثل] شریف ہو کر ذلیل کام اختیار کرنا۔
**پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل** [مثل] جانتے کچھ بھی نہیں اور قابل بنتے ہیں۔
**پڑیا** (پُڑ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کاغذ کی پوٹلی۔ چھوٹا پُلندا۔

## پ۔ز

**پزاوہ** (پ۔ زا۔ وہ) [ف۔ ا۔ مذکر] آوا۔ بھٹا۔
پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا۔ سب کا سب خراب ہو جانا۔
**پذیر**۔ (پ۔ ذِیر) فارسی مصدر۔ پذیرفتن کا اسم فاعل بمعنی لینے والا۔ قبول کرنے والا (مرکبات میں جیسے دل پذیر)۔
**پذیرا** (پ۔ ذِی۔ را) [ف۔ صف] قبول کرنے والا۔ قبول کیا گیا۔
**پذیرائی**۔ (پ۔ ذِی۔ را۔ ای) [ف۔ ا۔ مؤنث] قبولیت۔ منظوری۔
**پذیری** (پ۔ ذِی۔ ری) [ف۔ ا۔ مؤنث] پذیرفتن کا حاصل مصدر۔ لینا۔ قبول کرنا (مرکبات کے آخر میں آتا ہے)

## پ۔ژ

**پژمردگی** (پژ۔ مُر۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] افسردگی۔ اداسی کملاہٹ۔
**پژمردہ** (پژ۔ مُر۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذکر] افسردہ۔ کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔
پژمردہ خاطر (۱) مایوس طبع۔ مردہ طبیعت (۲) رنجیدہ۔ مغموم۔

## پ۔س

**پس** [ف] (۱) پیچھے۔ بعد (۲) پھر۔ علاوہ (۳) پس۔ اس وجہ سے۔ اس لیے۔ آخر کار (۴) لیکن۔ بہرحال۔
پس انداز (۱) بچا ہوا (۲) منافع (۳) جمع کیا ہوا۔
پس پشت ڈالنا۔ بے پروائی کرنا۔
پس خوردہ۔ بچا ہوا۔ جھوٹا۔ سامنے کا باقی کھانا۔
پس غیبت۔ پیٹھ پیچھے۔ غیر حاضری میں۔
پس ماندہ (۱) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا (۲) وارث (۳) بقایا۔ بچت۔
پس مُردن۔ مرنے کے بعد۔
پس منظر۔ کسی منظر، تصویر یا بیان کا وہ حصہ جو ہر پہلو سے اُسے نمایاں کرنے میں مدد دے۔
پس و پیش (۱) آگا پیچھا (۲) نیک و بد (۳) نفع نقصان (۴) سوچ بچار (۵) تشویش (۶) انجام (۷) حیلہ
**پسارنا**۔ (پ۔ سار۔ نا) [ہ۔ مص] پھیلانا۔ کھولنا۔
**پسائی**۔ (پ۔ سا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پیسنے کی مزدوری۔
**پسپا** (پَس۔ پا) [ف۔ صف] پیچھے ہٹا ہوا۔ شکست خوردہ۔
**پسپائی** (پَس۔ پا۔ ای) [ف۔ ا۔ مؤنث] پیچھے ہٹنا۔ ہار۔ شکست
**پست** ۔ [ف۔ صف] (۱) نیچا (۲) کمینہ۔ ذلیل
پست خیال۔ رذیل خیال کا آدمی۔
پست فطرت۔ کمینہ۔ ذلیل۔
پست قد۔ ٹھنگنا۔ بونا۔ چھوٹے قد کا۔
پست کرنا (۱) مات دینا۔ ہرانا (۲) تھکا دینا (۳) نیچا کرنا (۴) توڑ دینا (ہمت)۔
پست و بلند۔ اونچا نیچا۔
پست ہمت۔ بزدل۔ کم حوصلہ۔ کم ہمت۔
پست ہمتی۔ کم ہمتی۔ بزدلی۔
**پستان**۔ (پِس۔ تان) [ف۔ ا۔ مؤنث] چھاتی عورت کی۔ چوچی۔
**پستک** (پُس۔ تک) [س۔ ا۔ مؤنث] کتاب۔ پوتھی۔ گرنتھ۔
**پستول**۔ (پِس۔ تَول) (PISTOL) پس۔ ٹل کا مورد۔ ا۔ مذکر] طمنچہ۔ قرابین۔ ریوالور۔
**پستہ** (پِس۔ تہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) سبز رنگ کا ایک میوہ (۲) ایک چھوٹے قد کے کتے کی قسم۔
**پستئی** (پِس۔ تَ۔ ای) [ف۔ صف] پستے کی رنگت کا سبز رنگ۔
**پستی**۔ (پَس۔ تی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) کمینگی (۲) نچائی
**پسر**۔ (پ۔ سَر) [ف۔ ا۔ مذکر] بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔
پسر خواندہ۔ متبنّےٰ۔ گود لیا ہوا لڑکا۔ منہ بولا بیٹا۔
پسر زادہ۔ بیٹے کا بیٹا۔ پوتا۔ نبیرہ
پسر صحیح النسب۔ حلال اولاد۔ بیٹا۔
پسر صلبی۔ سگا بیٹا۔
**پسرنا** (پ۔ سَر۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھیلنا (۲) ضد کرنا (۳) لیٹ جانا۔
**پسر ہٹا**۔ (پ۔ سَر۔ ہَٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] پنساریوں کا بازار
**پسلی**۔ (پس۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پہلو کی ہڈی۔
پسلی پھڑکنا۔ یاد آجانا۔ خبر ہو جانا۔ معلوم ہو جانا۔
پسلی چلنا کا آزار۔ بچوں کی ایک بیماری۔ پسلی کا درد۔ مسان۔
**پسنا**۔ (پِس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) دلا جانا۔ پیسا جانا (۲) تباہ و برباد ہو جانا۔ مصیبت میں پھنسنا۔
**پسند**۔ (پ۔ سَند) [ف۔ ا۔ مؤنث] رغبت۔ انتخاب۔ خواہش ترجیح۔
**پسندا**۔ (پ۔ سَن۔ دا) [اُر۔ ا۔ مذکر] گوشت کے کچلے ہوئے پارچے کا کباب۔
**پسندیدگی**۔ (پ۔ سَن۔ دی۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] مرضی پسند آنا۔
**پسندیدہ**۔ (پ۔ سَن۔ دی۔ دہ) [ف۔ صف] چُنا ہوا۔ مقبول۔

Marfat.com

**پِسنہارا** (پِ ۔ سَن ۔ ہا ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] آٹا پیسنے والا۔
**پِسنہاری** ۔ (پِ ۔ سَن ۔ ہا ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] آٹا پیسنے والی عورت۔
**پِسّو** (پِس ۔ سُو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک پردار زہریلا کیڑا۔
**پِسوانا** (پِس ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ متعدی] آٹا کرنا ۔ چُور چُور کرانا۔
**پِسوائی** ۔ (پِس ۔ وا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پیسنے کی اُجرت ۔ پسائی
**پِسیجنا** ۔ (پَ ۔ سِیج ۔ نا) [ہ ۔ متعدی] (۱) پسینا آنا (۲) ملائم ہونا ۔ رحم کھانا (۳) دھیان دینا۔
**پَسیری** (پَ ۔ سے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے پنسیری۔
**پَسِیں** ۔ (پَ ۔ سِیں) [ف ۔ صفت] قدیم ۔ آخر کار۔
**پَسینا** ۔ (پَ ۔ سی ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] عرق ۔ پانی جو مسامات جسم سے نکلے۔
**پسینا چھوٹنا** (۱) مسامات سے نمی خارج ہونا (۲) شرمانا ۔ لاجواب ہونا۔
**پسینے پسینے ہونا** ۔ (۱) عرق عرق ہونا (۲) شدید محنت یا گرمی کے باعث پسینہ آنا (۳) شرمندہ ہونا۔

## پ ۔ ش

**پُشت** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیٹھ (۲) پیچھے (۳) سہارا (۴) نسل۔
**پُشت بر پُشت** ۔ پُشت در پُشت ۔ (۱) نسل در نسل (۲) قدیم سے
**پُشت پناہ** (۱) معاون ۔ مددگار (۲) جائے پناہ ۔ ملجا و ماویٰ۔
**پُشت دکھانا** ۔ لڑائی سے بھاگ جانا ۔ پیٹھ دکھانا۔
**پُشتا پُشت** ۔ پُشتہا پُشت ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] کئی پشتوں سے ۔ پیڑھی در پیڑھی۔
**پُشتارہ** ۔ (پُش ۔ تا ۔ رہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بوجھ ۔ گٹھا (۲) ڈھیر انبار۔
**پَشتو** ۔ (پَش ۔ تو) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] پختو ۔ افغانی زبان ۔ کابلی بولی
**پُشتہ** ۔ (پُش ۔ تہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مٹی کا ڈھیر ۔ بند (۲) وہ چمڑا یا کپڑا جس سے کتاب کی پشت کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں۔
**پُشتہ بندی** (۱) بند باندھنا (۲) دیوار یا کنارے کو مضبوط کرنا۔
**پُشتی** ۔ (پُش ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مضبوطی (۲) تائید ۔ حمایت طرف داری (۳) ٹیک (۴) حفاظت ۔ نگہبانی۔
**پُشتیبان** (۱) ساتھی ۔ مددگار (۲) پشتیبان ۔ وہ لکڑی جو پیچھے کی جانب پائیداری کے لیے کوارڈ ۔ تختہ ۔ کشتی ۔ جہاز وغیرہ میں لگائی جائے۔
**پُشتینی** ۔ (پُش ۔ تے ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] موروثی ۔ خاندانی کڑیاں۔
**پَشم** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بال ۔ رُواں ۔ اون (۲) موئے زہار (۳) بے حقیقت ۔ بے کار چیز۔
**پَشمینہ** ۔ (پَش ۔ می ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] اونی کپڑا ۔ اون کا کپڑا
**پِشواز** ۔ (پِش ۔ واز) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] ساریہ ۔ ناچنے کی پوشاک
**پَشہ** ۔ (پَش ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مچھر (۲) بے حقیقت اور بودی چیز۔
**پَشیمان** ۔ (پَ ۔ شے ۔ مان) [ف ۔ صفت] (۱) شرمندہ (۲) پچھتانے والا۔
**پَشیمانی** ۔ (پَ ۔ شے ۔ ما ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] شرمندگی ۔ ندامت افسوس۔

## پ ۔ ک

**پَکّا** (پَک ۔ کا) [ہ ۔ صفت] (۱) پکا ہوا (۲) تجربہ کار ۔ عمر رسیدہ (۳) مضبوط ۔ پختہ (۴) پورا ۔ بالغ (۵) بے نقص ۔ بے عیب (۶) مستند وثیقہ۔
**پکا پکایا** ۔ (۱) بے محنت ۔ بے کوشش (۲) درست ۔ تیار ۔ مکمل
**پکا پن** (۱) مضبوطی ۔ پختگی (۲) چالاکی۔
**پکا پھوڑا** (۱) مواد بھرا ہوا پھوڑا (۲) دُکھیا ۔ غم زدہ۔
**پکا پھوڑا ، ٹھیس لگی اور پھوٹا** [مثل] پوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کرنا شروع کر دیا۔
**پکا پینسا** ۔ بہت ہوشیار ۔ نہایت تجربہ کار ۔ گرگ باراں دیدہ۔
**پکا چٹھا** ۔ (۱) پختہ بہی کا حساب (۲) آمد و خرچ کے حساب کی فہرست
**پکا کاغذ** ۔ مستند قانونی تحریر ۔ اسٹام کا کاغذ۔
**پکا کرنا** (۱) مستقل کرنا (۲) مضبوط کرنا (۳) ذہن نشین کرنا۔
**پکا ہونا** ۔ معاملہ طے ہو جانا ۔ کام مضبوط ہو جانا۔
**پُکار** ۔ (پُ ۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) نالش ۔ شکایت ۔ فریاد (۲) شور و غل (۳) بلاوا ۔ حاضری (۴) ضرورت (۵) مانگ (۶) ڈھنڈورا (۷) اطلاع ۔ اعلان۔
**پکار پڑنا** ۔ (۱) شہرت ہونا (۲) تلاش ہونا۔
**پکار دینا** (۱) آواز دینا (۲) اطلاع دینا (۳) ڈھنڈورا پیٹنا۔
**پکار کے** ۔ (۱) کھلم کھلا ۔ علانیہ (۲) غل سے (۳) جو شخص کے (۴) اطلاع دے کر۔
**پُکارنا** ۔ (پُ ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ متعدی] (۱) بلانا (۲) غل مچانا (۳) خبر کرنا (۴) یاد کرنا (۵) فریاد کرنا۔
**پکانا** ۔ (پَ ۔ کا ۔ نا) [اُردو ۔ متعدی] (۱) پختہ کرنا ۔ ریندھنا (۲) ٹھیک کرنا ۔ طے کرنا (۳) مضبوط کرنا (۴) رٹنا ۔ یاد کرنا۔
**پکاؤ** ۔ (پَ ۔ کا ۔ اُو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پکنے کے قریب۔
**پکائی** ۔ دیکھیے پکوائی۔
**پکچر** ۔ (PICTURE) (پِک ۔ چَر) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تصویر ۔ سینما۔
**پکچر ہاؤس** (PICTURE HOUSE) نگار خانہ ۔ سینما گھر
**پکڑ** ۔ (پَ ۔ کڑ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گرفت (۲) داؤ ۔ کشتی (۳) بحث ۔ حجت (۴) بیگار ۔ طلبی (۵) باز پرس ۔ نکتہ چینی۔
**پکڑ بلانا** ۔ گرفتار کر لینا ۔ زبردستی بلانا۔
**پکڑ دھکڑ** ۔ (۱) گرفتاری (۲) دوڑ دھوپ (۳) جبر ۔ سختی ۔ ظلم۔
**پکڑ کرنا** ۔ داؤں پیچ کرنا۔
**پکڑ لانا** ۔ (۱) گرفتار کر لانا ۔ قبضے میں لانا (۲) داؤں کرنا۔
**پکڑانا** ۔ پکڑوانا ۔ (پَک ۔ ڑا ۔ نا) (پَ ۔ کڑ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ متعدی] (۱) گرفتار کرانا (۲) حوالے کرنا ۔ ہاتھ میں ہاتھ دینا۔
**پکڑنا** ۔ (پَ ۔ کڑ ۔ نا) [اُردو ۔ متعدی] (۱) لینا (۲) گرفتار کرنا (۳) تلاش کرنا (۴) اعتراض کرنا ۔ ٹوکنا (۵) روکنا ۔ بند کرنا (۶) شروع کرنا۔

Marfat.com

برابر ہونا۔ برابر میں پہنچنا (۶) گزارنا۔ بسر کرنا۔
**پکنا**۔ (پک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پختہ ہونا۔ کھانا بننا (۲) مکمل ہونا۔ درست ہونا (۳) تجربہ کار ہونا۔ بڑھاپا آنا (۴) بالغ ہونا (۵) پیپ پڑنا (۶) طے ہونا۔ مقرر ہونا۔
**پکنک** (PICNIC) پک۔ نک [انگ۔ ا۔ مؤنث] گھر سے باہر کسی پُر فضا مقام پر تفریحی کھانا پینا۔
**پکوان**۔ (پک۔ وان) [ہ۔ ا۔ مذکر] پکا ہُوا کھانا۔ پوری کچوری وغیرہ۔
**پکوانا**۔ (پک۔ وا۔ نا) تیار کرانا۔ کھانا تیار کرانا۔ پختہ کرانا۔
**پکوائی**۔ (پک۔ وا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کھانا پکانے کی اُجرت۔
**پکوڑا**۔ (پ۔ کوڑا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بیسن کی تلی ہوئی بڑی پھلکی (۲) کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو۔
**پکوڑے تلنا** (۱) بیسن کی پھلکیاں تیار کرنا (۲) تک بندی کرنا۔
**پکوڑی**۔ (پ۔ کو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بیسن کی بنی ہوئی گول۔ چھوٹی پھلکی۔
**پکھال**۔ (پ۔ کھال) [ہ۔ ا۔ مؤنث] کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر جانور پر لادتے ہیں۔ بڑی مشک۔
**پکھاوج**۔ (پ۔ کھا۔ وَج) [ہ۔ ا۔ مؤنث] مردنگ۔ ایک قسم کی ڈھولک۔
**پکھاوجی**۔ (پ۔ کھا۔ وَ۔ جی) [ہ۔ ا۔ مذکر] پکھاوج بجانے والا۔
**پکھراج** (دیکھو۔ پُکھراج) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا زرد۔ نیلا یا سبز قیمتی پتھر۔
**پکھیرو**۔ (پ۔ کھے۔ رو) [ہ۔ ا۔ مذکر] پرندہ۔ پنچھی۔
**پکی**۔ (پک۔ کی) [ہ۔ صف] پکی بات۔ طے شدہ بات۔ یقینی بات۔ پکا کی تانیث۔
**پکی پیداوار** (۱) جنس جو پختہ آتی ہے (۲) وہ نکاسی جو کاشت کاری کے مصارف مجرا دے کر بچی ہو۔
**پکی پیسی** (۱) پکی پکائی (۲) تجربہ کار عورت۔
**پکی عمر**۔ پختہ عمر۔ بڑھاپا۔
**پکی کرنا**۔ (کر لینا) مضبوط کرنا۔ کسی بات کا پختہ کرنا۔

## پ۔گ

**پگ**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] پاؤں۔ قدم۔ چرن۔
**پگ ڈنڈی**۔ وہ راستہ جو پیدل چلنے سے بن جاتا ہے۔ پٹیا۔
**پگاہ**۔ (پ۔ گاہ) [ف۔ ا۔ مؤنث] صبح۔ سحر۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور۔
**پگڑی**۔ (پگ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) دستار۔ عمامہ۔ صافہ (۲) (۳) آبرو۔ ننگ (۴) ناجائز رقم جو مکان یا دکان کرایہ پر لیتے وقت ادا کی جائے۔
**پگڑی اتارنا** (۱) بے عزتی کرنا (۲) ٹھگنا۔ لوٹنا۔
**پگڑی اچھالنا** (۱) ذلیل کرنا (۲) ہنسی اڑانا۔
**پگڑی باندھنا** (۱) عزت دینا (۲) جانشین بنانا (۳) دستار باندھنا (۴) ہنر کا استاد اور فن کا ماہر تسلیم کرنا (۵) سردار بنانا۔
**پگڑی بدلنا** (۱) بھائی بنانا (۲) دوست بنانا۔
**پگڑی رکھنا** (۱) صافہ پہننا (۲) عزت رکھنا (۳) عمامہ گرو رکھنا (۴) عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا۔
**پگڑی کی شرم رکھنا**۔ آبرو رکھنا۔
**پگلا**۔ (پگ۔ لا) [ہ۔ صف] (۱) پاگل کی تصغیر۔ باؤلا۔ دیوانہ
**پگلانا، پگھلانا**۔ (پگ۔ لا۔ نا) (پگھ۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرم کرنا۔ کسی ٹھوس مادے کو گرم کر کے سیال بنانا (۲) گلانا۔ (۳) نرم بنانا (۴) رحم دل بنانا۔ مہربان بنانا۔ راضی کرنا۔
**پگلنا، پگھلنا**۔ (پ۔ گل۔ نا) (پ۔ گھل۔ نا) ٹھوس مادے کا گرمی سے سیال ہو جانا (۲) گداز ہونا۔ گھلنا (۳) نرم ہونا (۴) مہربان ہونا۔ راضی ہونا۔
**پگوڈا** (PAGODA) پ۔ گو۔ ڈا [پر۔ ا۔ مذکر] مخروطی شکل کا بدھ مندر۔
**پگیا**۔ (پگ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پگڑی کی تصغیر۔ چھوٹی پگڑی۔

## پ۔ل

**پَل**۔ [س۔ ا۔ مذکر] (۱) پلک جھپکانے کا وقفہ۔ سیکنڈ۔ آن۔ لمحہ۔ دم (۲) ایک تولے کا سواں حصہ ($\frac{1}{100}$)
**پل بھر میں**۔ ذرا سی دیر میں۔ فوراً۔ پلک جھپکتے۔
**پُل**۔ [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ تعمیر جو دریا، ندی یا نالے کے پار سے گزرنے کے لیے بنائی جاتی ہے (۲) کثرت۔ افراط۔
**پل باندھنا** (۱) پانی یا نشیب کے اوپر سے گزرنے کے لیے راستہ بنانا (۲) مبالغہ کرنا (۳) لگاتار کوئی کام کرنا۔
**پل صراط**۔ مسلمانوں کے عقیدے میں دوزخ کے اوپر وہ پل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے نیک لوگ آسانی کے ساتھ اس کے اوپر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بُرے آدمی دوزخ میں گر پڑیں گے۔
**پلا** (پل۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) دامن۔ آنچل (۲) حمایت۔ سہارا۔ (۳) تھیلا (۴) پلڑا (۵) کواڑ (۶) دوری۔ فرق۔
**پلا بھاری ہونا** (۱) ایک پلے کا وزن دوسرے سے زیادہ ہونا۔ (۲) زیادہ زور ہونا (۳) طاقت ور یا دولت مند ہونا (۴) بہت گنہگار ہونا۔
**پلا چھڑانا** (۱) بے باق کرنا۔ جدا ہونا (۲) پیچھا چھڑانا (۳) آنچل اُدھیڑ لینا۔
**پلا لینا** (۱) آنکھ پر کپڑا رکھ کر رونا (۲) دامن پکڑنا (۳) پیچھے پڑنا۔ (۴) سہارا لینا۔
**پلے باندھنا** (۱) حوالے کرنا (۲) نکاح میں دینا۔ عقد میں لانا۔ (۳) گرہ میں لگانا (۴) یاد رکھنا۔
**پلے پڑنا** (۱) ذمے ہونا۔ واسطہ پڑنا (۲) قبضے میں آنا۔ حصے میں آنا (۳) نکاح میں آنا۔ (۴) سمجھ میں آنا۔
**پلے دار**۔ قلی۔ مزدور۔ بوجھ اٹھانے والا۔
**پلے سے باندھنا**۔ دیکھیے پلے باندھنا۔
**پلے نہ پڑنا** (۱) وصول نہ ہونا (۲) سمجھ میں نہ آنا۔
**پلے ہونا**۔ قبضے میں ہونا۔ گرہ میں ہونا۔ پاس ہونا۔

Marfat.com

**پِلا** ۔ (پ ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] کتّے کا بچہ۔ بڑا پِلّا۔ بڑی پِلی۔

**پِلّا** ۔ (پِل ۔ لا) [س ۔ ا ۔ مذکر] کتّے کا چھوٹا بچہ۔

**پِلانا** ۔ (پ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کوئی سیّال مادہ پینے کے لیے دینا۔ (۲) داخل کرنا ۔ جذب کرانا۔

**پُلاؤ** ۔ (پُ ۔ لا ۔ او) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گوشت مسالہ اور گھی میں پکا ہوا چاول۔

**پِلائی** ۔ (پ ۔ لا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) انّا ۔ دایہ

**پلائی وُڈ** (PLYWOOD) (پ ۔ لا ۔ ای ۔ وُڈ) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] پرت دار لکڑی جو پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی جائے۔

**پِل پڑنا** ۔ (پِل ۔ پڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دفعتہً حملہ کرنا (۲) دھکیلنا ریلا دینا (۳) کام میں بے حد مصروف ہونا ۔ بیر ہو جانا۔

**پِلپِلا** ۔ (پِل ۔ پ ۔ لا) [ہ ۔ صف] نرم ۔ ملائم ۔ پچپچا۔

**پِلپِلانا** ۔ (پِل ۔ پ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] پلپلا کرنا ۔ ملائم کرنا ۔ نچوڑنا۔

**پِلپِلاہٹ** ۔ (پِل ۔ پ ۔ لا ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] نرمی ۔ ملائمت

**پِلپِل** ۔ (پِل ۔ پِ ۔ ل) [ہ ۔ صف] نرم ۔ پلپلی۔

**پِلتھا** (پِل ۔ تھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پلتھی۔

**پَلتھی** ۔ (پَل ۔ تھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا طریقہ۔

**پَلٹ** ۔ (پَ ۔ لَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گردش ۔ چکر (۲) [صف] الٹا ۔ واپس۔

پلٹ آنا ۔ واپس آنا۔

پلٹ جانا ۔ پھر جانا ۔ مکر جانا۔

پلٹ کے نہ دیکھنا (۱) پیچھے مڑ کر نہ دیکھنا (۲) خبر نہ لینا۔

**پَلٹا** ۔ (پَل ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بدلہ ۔ انتقام (۲) گھر جنی (۳) انقلاب چکر۔

پلٹا دینا ۔ الٹ پلٹ کرنا ۔ بدل دینا۔

**پُلٹس** (POULTICE) (پُل ۔ ٹِس) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] لیپ ضماد ۔ پٹری ۔ پھوڑا پکانے کی دوا جو پکا کر لگائی جائے۔

**پَلٹن** (پَل ۔ ٹَن) (PLATOON) کا مورد [ا ۔ مؤنث] پیادہ فوج کا دستہ۔

**پَلٹنا** ۔ (پَ ۔ لٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پلٹا کھانا ۔ لوٹنا (۲) واپس ہونا (۳) زبان بدلنا (۴) دیکھیے الٹنا۔

**پلٹی** ۔ (پَل ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پلٹا کی تانیث

پلٹیاں کھانا ۔ (۱) چکر کھانا (۲) قلابازیاں کھانا۔

**پَلڑا** ۔ (پَل ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ترازو کا وہ حصّہ جس پر سامان یا باٹ رکھا جائے (۲) کنارہ ۔ گوشہ ۔ بیل ۔ پلا۔

**پلستر** (پَ ۔ لَس ۔ تر) (PLASTER) کا مورد [ا ۔ مذکر] (۱) استرکاری کا مسالہ ۔ کہگل گچکاری (۲) لیپ ۔ ضماد ۔ مرہم۔

**پَلَک** ۔ (پَ ۔ لَک) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مژہ ۔ مژگان آنکھ کے بال (۲) آن ۔ لحظہ ۔ دقیقہ ۔ ثانیہ ۔ لمحہ ۔ دم۔

پلک جھپکنا ۔ پلک مارنا ۔ ذرا نیند آنا۔

پلک جھپکنے میں ۔ فوراً ۔ ذرا سی دیر میں۔

پلک سے پلک نہ لگنا ۔ مطلق نیند نہ آنا۔

پلک مارنا ۔ آنکھ جھپکنا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔

پلکوں سے نمک چننا ۔ از حد مشکل کام کرنا۔

**پلمبر** (PLUMBER) (پَ ۔ لَم ۔ بَر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سیسہ گر۔ (۲) کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمت کرتا ہے ۔ نل ساز۔

**پَلنا** (پَل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پرورش پانا (۲) نرم ہونا۔

**پِلنا** ۔ (پِل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کچلا جانا ۔ دبایا جانا (۲) کچل کر عرق نکلنا (۳) پِل پڑنا ۔ حملہ کرنا۔

**پُلندا** ۔ (پُ ۔ لَن ۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پیکٹ ۔ بنڈل ۔ گٹھڑی

**پَلنگ** (پَ ۔ لنگ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چیتا

**پَلَنگ** ۔ (پَ ۔ لَنگ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] چارپائی ۔ مسہری ۔ کھاٹ۔

پلنگ پوش ۔ چادر ۔ پلنگ اور بستر ڈھکنے کا کپڑا۔

پلنگ توڑ ۔ پلنگ پر پڑا رہنے والا ۔ بے کار شخص ۔ کاہل۔

**پلنگڑی** ۔ (پَ ۔ لَنگ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پلنگ کی تصغیر چھوٹی چارپائی۔

**پَلّو** ۔ (پَل ۔ لو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دامن ۔ آنچل ۔ کنارہ ۔ حاشیہ۔

**پَلوانا** ۔ (پَل ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] پرورش کرانا۔

**پِلوانا** ۔ (پِل ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) نوش کرانا (۲) تیل نکلوانا۔ رس نکلوانا۔

**پلوٹو** (PLUTO) (پلو ۔ ٹو) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) یونانی اور رومی علم الاصنام میں عالم اسفل کا دیوتا ۔ یم راج (۲) ایک سیارہ جو سنہ ۱۹۳۰ء میں دریافت ہوا تھا۔

**پَلوٹھا** ۔ (پَ ۔ لو ۔ ٹھا) [ہ ۔ صف] پہلا بچہ ۔ پہلوٹھی کا بچہ۔

**پلوٹھی کا** (ہ ۔ صف) دیکھیے پلوٹھا۔

**پِلّہ** ۔ (پِل ۔ لہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] زینہ ۔ درجہ ۔ مرتبہ۔

**پَلی** ۔ (پَ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تیل یا گھی نکالنے کا آلہ ۔ تیر کا چمچہ

پلی پلی جوڑنا ۔ بوند بوند اکٹھا کرنا ۔ کوڑی کوڑی جوڑنا۔

**پلیتہ** ۔ (پَ ۔ لی ۔ تہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بتّی ۔ فتیلہ (۲) تعویذ (۳) توڑا ۔ بٹے ہوئے بارود میں بھرا ڈورا جس میں آگ لگا کر توپ یا بندوق چھوڑی جاتی ہے۔

پلیتہ چاٹ جانا ۔ (۱) گھی یا تیل وغیرہ کا دیگچی یا کڑاہی میں آگ کی تیزی سے جل اٹھنا (۲) توپ کا بتی دینے پر نہ چلنا۔

پلیتہ دینا ۔ بتی دکھانا ۔ توڑا لگانا ۔ آگ لگانا۔

**پلیتھن** ۔ (پَ ۔ لے ۔ تھن) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خشک ۔ سوکھا آٹا ۔ جس کی مدد سے روٹی بڑھائی اور چوڑی کی جاتی ہے (۲) وہ پھوک جو آٹے سے میدہ نکالنے کے بعد باقی رہتا ہو۔

پلیتھن نکالنا ۔ بہت مارنا ۔ بھوسا نکال دینا۔

**پلیٹ** (PLATE) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] رکابی ۔ بھتالی ۔ طشتری۔

**پلیٹ فارم** (PLATFORM) (پ ۔ لیٹ ۔ فارم) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سطح چبوترہ ۔ وہ چبوترہ جس کے متصل ریل گاڑی ہوتی ہے یا جس پر کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔

**پلیٹینم** (PLATINUM) (پ ۔ لے ۔ ٹی ۔ نم) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قیمتی دھات۔

**پلید** ۔ (پَ ۔ لید) [ف ۔ صف] (۱) گندہ ۔ نجس ۔ غلیظ (۲) بھوت پریت۔

**پلیڈر** (PLEADER) (پ ۔ لی ۔ ڈر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] وکیل عدالت میں مدعی یا مدعا علیہ کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا۔

Marfat.com

**پلیگ** (PLAGUE) (پ ۔ لیگ) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] طاعون۔
**پلین** ۔ (پ ۔ لین) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تجویز ۔ منصوبہ (۲) زمین یا عمارت کا نقشہ ۔ خاکہ
**پلین** (PLANE) (پ ۔ لین) [انگ ۔ صف] (۱) سادہ (۲) ہموار۔

## پ ۔ م

**پمپ** (PUMP) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زمین سے پانی نکالنے کا آلہ (۲) ہوا بھرنے کا آلہ (۳) ایک قسم کی جوتی۔
**پمفلٹ** (PAMPHLET) (پم ۔ ف ۔ لٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] رسالہ ۔ چھوٹی کتاب۔
**پمن گیہوں** ۔ (پم ۔ من ۔ گے ۔ ہوں) [ا ر ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا لوچ دار اور مضبوط گندم ۔ گٹھیا گندم۔

## پ ۔ ن

**پن** [ہ ۔ لاحقہ] مصدری علامت جیسے بانپن ۔ اوچھاپن ۔ بعض اوقات سن و سال اور درجے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ جیسے بچپن کہیں نسبت کے موقع پر مستعمل ہوتا ہے ۔ جیسے گنبدپن (۲) پانی کا مخفف ۔ پان کا مخفف ۔ پانچ کا مخفف۔
پن چکی ۔ پانی کی چکی ۔ پانی سے چلنے والی چکی۔
پن ڈبیا (۱) مرغابی (۲) غوطہ خور ۔ ڈبکی لگانے والا۔
پن ڈبی (۱) پانی کا ایک پرند (۲) غوطہ خور (۳) آبدوز کشتی۔
پنسال ۔ پنسار ۔ (۱) جھیل ۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا پیمانہ
پنسالی (پس ۔ محکمہ نہر کا ملازم جو زرعی زمینوں کے پانی کا حساب رکھتا ہے
پنسیری ۔ (۱) پانچ سیر کا باٹ (۲) وہ دیگچہ جس میں پانچ سیر کھانا پکے۔
پن کپڑا ۔ پانی کا بھیگا ہوا کپڑا۔
پن کٹی ۔ ایک ذات جس کے لوگ پان کے لیے پان کرتے ہیں۔
پن کوا ۔ سیاہ رنگ کا پرندہ جو پانی میں ڈوب کر مچھلی پکڑتا ہے۔
**پنگھٹ** (۱) پانی بھرنے کی جگہ (۲) گھاٹ۔
پنواڑی ۔ پان بیچنے والا ۔ مؤنث کے لیے پنواڑن
**پن** ۔ (PIN) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] گھنڈی والی سوئی۔
**پن** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خیرات ۔ صدقہ (۲) نیک کام ۔ بھلائی
**پنا** ۔ (پن ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زمرد ۔ سبز رنگ کا قیمتی پتھر (۲) آم یا املی کا گاڑھا شربت (۳) ورق ۔ پتا (۴) جوتے کا بالائی حصہ (۵) سونے کا ورق۔
**پنا** ۔ (پ ۔ نا) [ہ] بعض الفاظ کے آخر میں آ کر مصدر یا سن و سال کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے بہنا ۔ بچپنا۔
**پناہ** ۔ (پ ۔ ناہ) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) امن ۔ حفاظت ۔ نگرانی ۔ بچاؤ (۲) حمایت ۔ امداد (۳) سایہ ۔ چھاؤں۔
پناہ بخدا ۔ خدا کی پناہ ۔ اللہ کی امان۔
پناہ گاہ ۔ امن کا مقام ۔ عافیت کی جگہ ۔ مامن ۔ ملجا۔
پناہ گیر ۔ حفاظت میں آنے والا ۔ پناہ میں آنے والا۔
**پناہ مانگنا** ۔ (۱) حفاظت چاہنا (۲) دور رہنا (۳) دہائی دینا ۔ فریاد کرنا۔
**پنبہ** ۔ (پم ۔ بہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کپاس ۔ روئی۔
**پنبہ بگوش** ۔ (۱) کان میں روئی ڈالے ہوئے (۲) غافل (۳) بات نہ سننے والا (۴) بنا ہوا بہرا۔
پنبہ دانہ ۔ بنولا۔
پنبہ دہن ۔ (۱) منہ میں روئی ٹھونسے ہوئے (۲) خاموش ۔ کم سخن۔
**پنپنا** ۔ (پ ۔ نپ ۔ نا) [ہ ۔ مصدر] (۱) سرسبز ہونا (۲) ترقی کرنا (۳) کمزوری دور ہونا۔
**پنتھ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] فرقہ ۔ ملت ۔ مذہب ۔ دین ۔ گروہ
**پنتھی** ۔ (پن ۔ تھی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مذہبی ۔ دیندار (۲) مذہب یا ایک جماعت کا۔
**پنج** ۔ [ف ۔ صف] (۱) پانچ (۲) سات سال کا گھوڑا۔
پنج آیت ۔ سورۂ فاتحہ اور چاروں قل۔
پنج تن ۔ رسول اکرمؐ ۔ حضرت علیؓ ۔ حضرت فاطمہؓ ۔ حضرت امام حسنؓ حضرت امام حسینؓ۔
پنج روزہ ۔ (۱) پانچ دن کا (۲) چند دن کا (۳) ہفتہ بھر کی زندگی ۔ جس میں ایک روز دنیا میں آنے کا ایک دن جانے کا کم کر کے پانچ روز باقی رہتے ہیں۔
پنج سورہ ۔ قرآن مجید کی پانچ سورتوں کا مجموعہ۔
پنج شاخہ ۔ (۱) لوہے وغیرہ کا بنا ہوا پنجہ ۔ جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں ان پر بتیاں چڑھا کر روشن کرتے اور جلوس میں ساتھ لے چلتے ہیں۔
پنج شنبہ ۔ جمعرات۔
پنج عیب شرعی ۔ چوری ۔ حرام کاری ۔ شراب خوری ۔ جوا ۔ جھوٹ بولنا۔
پنجگانہ ۔ پانچوں وقت کی نماز۔
پنج گوشہ ۔ پانچ کونے والا ۔ پانچ کنارے والا۔
پنج ند ۔ پانچ دریاؤں والا ۔ مغربی پاکستان کا وہ مقام جہاں پانچ دریا ملتے ہیں۔
پنج نوبت ۔ پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے محل پر بجائی جاتی ہے۔
**پنجاہ** (پن ۔ جاہ) [ف ۔ صف] پچاس۔
**پنجر** ۔ (پن ۔ جر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈھانچہ ۔ قالب (۲) پسلی۔
**پنجرا** ۔ پنجرہ ۔ (پنج ۔ را ۔ پنج ۔ رہ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] قفس ۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر۔
**پنجم** ۔ (پن ۔ جم) [ف ۔ صف] پانچواں۔
**پنجہ** (پن ۔ جہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پانچ چیزوں کا مرکب ۔ ہاتھ پاؤں کی انگلیاں ۔ چنگل ۔ پنج شاخہ (۲) منشی (۳) پاخانہ صاف کرنے کی ہڈی یا ٹھیکرا۔
پنجۂ آفتاب ۔ پنجۂ خورشید ۔ سورج کی کرنیں۔
پنجہ کرنا ۔ پنجہ لڑانا ۔ پنجے میں پنجہ ڈال کر زور آزمانا۔
پنجہ کش ۔ (۱) پنجہ کرنے والا (۲) پنجے سے شکار کرنے والا جانور (۳) لوہے کا پنجہ جس سے پنجہ لڑانے کی مشق کرتے ہیں۔
پنجہ مارنا ۔ (۱) چنگل مارنا ۔ جھپٹا مارنا (۲) چھین جھپٹ کرنا۔
پنجۂ نگاریں ۔ محبوب کا ہاتھ ۔ سجا ہوا ہاتھ۔

Marfat.com

**پنجوں کے بل چلنا** (۱) ایڑیوں کو اونچا کر کے انگلیوں پر چلنا (۲) اترا کر چلنا۔ غرور کرنا۔

**پنجے (جمانا)** گاڑنا۔ قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ پاؤں جمانا۔

**پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا**۔ سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔

**پنچی** ۔ (پن۔ جی) [ف۔ ا۔ مؤنث] پنج شاخہ۔ بتیاں جلانے کا آلہ۔ جس کی ہر شاخ میں بتیاں لگا کر روشن کرتے ہیں۔

**پنچیرا** ۔ (پن۔ چے۔ را) [ہ۔ ا۔ مذکر] قلعی گر۔ برتن میں جوڑ لگانے والا۔

**پنجیری** ۔ (پن۔ جی۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) پانچ چیزوں مثلاً سوجی۔ گھی۔ سونٹھ۔ گوند۔ میوہ سے مرکب تبرک حلوا۔ (۲) گوند مکھانے جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔

**پنچ** ۔ [س۔ ا۔ مذکر] (۱) پانچ کا مخفف (۲) پنچایت کرنے والے۔ ثالث۔ برادری کا چودھری (۳) درمیانی آدمی۔ بچولیا۔ دلال۔

**پنچ سلطانی**۔ بادشاہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا ثالث۔

**پنچ فیصلہ**۔ پنچوں کا فیصلہ۔ برادری کا حکم۔

**پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی** ۔ (مثل) جو سب کی رائے ہو اسی سے اتفاق کرنا اچھا ہے۔

**پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا** (مثلاً) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جسے لوگ کتنا ہی سمجھائیں لیکن وہ اپنی ضد نہ چھوڑے۔

**پنچایت** ۔ (پن۔ چا۔ یت) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) پنچوں کی کمیٹی۔ برادری کی مجلس (۲) صلاح مشورہ۔ ثالثی (۳) ہجوم۔ مجمع۔

**پنچایت جوڑنا** ۔ (۱) پنچوں کو جمع کرنا (۲) برادری کو کھانا کھلانا (۳) بڑا بنانا۔ ہجوم کرنا۔

**پنچایت خانگی**۔ گھر کی پنچایت جس میں لوگ اپنے جھگڑے چکاتے ہیں۔

**پنچایت راج** ۔ عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی حکومت

**پنچایت سرکاری**۔ سرکار کی مقرر کی ہوئی پنچایت۔

**پنچایت نامہ** ۔ پنچوں کا تحریری فیصلہ۔

**پنچایتی** ۔ (پن۔ چا۔ یی۔ تی) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پنچایت کا مقرر کیا ہوا (۲) ساری برادری کا (۳) وقف۔ شاملاتی۔ شرکت کا۔ (۴) عوامی۔

**پنچم** ۔ (پن۔ چم) [س۔ ا۔ مذکر] پانچواں۔ سات سروں میں سے ایک سر۔

**پنچمی** ۔ (پن۔ چ۔ می) [س۔ ا۔ مؤنث] چاند کی پانچویں تاریخ

**پند** ۔ [ف۔ ا۔ مؤنث] نصیحت۔ ہدایت۔ بھلی بات۔

**پندار** ۔ (پن۔ دار) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خیال۔ تصور (۲) تکبر۔ غرور۔

**پندرہ** ۔ (پن۔ د۔ رہ) [ہ۔ صفت] دس اور پانچ۔

**پندرواڑہ** ۔ (پن۔ در۔ وا۔ ڑہ) [ہ۔ ا۔ مذکر] پندرہ دن۔

**پنڈ** ۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پنڈا۔ بدن۔ جسم (۲) بستی۔ گاؤں۔ (۳) گولہ۔ لڈو۔

**پنڈ چھٹنا** ۔ (۱) چھٹکارا۔ چھٹنا۔ آزادی ملنا (۲) بے تعلق ہونا (۳) علیحدہ ہونا۔

**پنڈا** ۔ (پن۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) گولا (۲) جسم۔ بدن۔

**پنڈا پھیکا ہونا** ۔ بدن گرم ہونا۔ ہلکا ہلکا بخار ہونا۔

**پنڈال** ۔ (پن۔ ڈال) [ہ۔ ا۔ مذکر] خیمہ۔ شامیانہ۔ عارضی مکان جو جلسے کے لیے بانس بلی اور کپڑے سے تیار کیا جائے۔

**پنڈت** ۔ (پن۔ ڈت) [س۔ صفت و ا۔ مذکر] (۱) عالم (۲) معلم۔ ہندو مذہب کا عالم (۳) جوتشی۔

**پنڈتانی** ۔ (پن۔ ڈ۔ تا۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پنڈت کی بیوی۔

**پنڈلی** ۔ (پنڈ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ساق۔ گوڑ۔ ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ٹانگ کا حصہ۔

**پنڈول** ۔ (پن۔ ڈول) [ہ۔ ا۔ مؤنث] وہ سفید مٹی جو دیواروں پر پھیرتے ہیں۔

**پنڈولم** ۔ (پن۔ ڈو۔ لم) [انگ۔ ا۔ مذکر] گھڑی کا لنگر۔

**پنساری ہٹا** ۔ (پن۔ سار۔ ہٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] پنساریوں کا بازار۔

**پنساری** ۔ (پن۔ سا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مذکر] عطار۔ نمک مرچ بیچنے والا۔

**پنسل** (PENCIL) (پن۔ سل) [انگ۔ ا۔ مؤنث] سُرمے جیسے کا قلم۔

**پنسیری** ۔ (پن۔ سے۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پن کے تحت دیکھیے

**پنشن** ۔ (PENSION) (پن۔ شن) [انگ۔ ا۔ مؤنث] وظیفہ امداد۔ وہ رقم جو نوکری سے ریٹائر ہونے کے بعد ماہ بماہ ملے۔

**پنشنر** (PENSIONER) (پن۔ شن۔ نر) [انگ۔ ا۔ مذکر] وظیفہ پانے والا۔

**پنکچر** (PUNCTURE) (پنک۔ چر) [انگ۔ ا۔ مذکر] سوراخ چھید۔

**پنکھ** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بازو۔ پر۔ بال۔

**پنکھا** ۔ (پن۔ کھا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ہوا جھلنے کا آلہ۔ بیجنا۔ بادکش۔

**پنکھا جھلنا** ۔ پنکھا کرنا۔ بادکش کھینچنا۔

**پنکھڑی** ۔ (پنکھ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) پھول کی پتی۔ (۲) بازو۔ پنکھ۔ پر۔

**پنکھیا** ۔ (پن۔ کھ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پنکھا کی تصغیر۔ چھوٹا پنکھا۔

**پنکی** (پن۔ کی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) افیون کے نشے کی حالت۔ پینک (۲) مذکر۔ وہ شخص جو پینک کے نشے میں ہو۔

**پنگ پانگ** (PING PONG) [انگ۔ ا۔ مذکر] مغربی کھیل جو میز پر چھوٹے بلّے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں۔

**پنگورا۔ پنگوڑا** ۔ (پنگو۔ را۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ہنڈولا۔ جھولا۔ گہوارہ۔ پالنا۔

**پننا** ۔ (پن۔ نا) [ہ۔ مص] روئی کو صاف کرنا یا دھننا۔

**پنپنا** ۔ (پن۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ملامت کرنا (۲) بے عزتی کرنا۔

**پنواڑن** [ہ۔ ا۔ مؤنث] پن کے تحت دیکھیے۔

**پنواڑی** ۔ (پن۔ وا۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مذکر] پن کے تحت دیکھیے۔

**پنوانا** ۔ (پن۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] روئی صاف کرانا یا دھنوانا۔

**پنپوانا** ۔ (پن۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] بُرا بھلا کہلوانا۔ لعن طعن کرانا۔

**پنہاں** ۔ (پن۔ ہاں) [ف۔ صفت] چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

**پنی** (پن۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) رانگ وغیرہ کے ورق (۲)

Marfat.com

ایک قسم کی لمبی گھاس جو چھپروں پر ڈالی جاتی ہے۔

**پنی** - (پن - نی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) چاول کے آٹے اور گڑ کا لڈو۔ (۲) بھنے ہوئے گیہوں اور گڑ کا لڈو۔

**پنیا** - (پن - یا) [ہ - صف] (۱) پانی کا (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

**پنیا سانپ** - پانی کا سانپ۔ وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہے۔

**پنیانا** - (پن - یا - نا) [ہ - مص] (۱) پانی سے تر کرنا۔ آبپاشی کرنا (۲) تر ہونا۔ پانی نکلنے لگنا۔

**پنیر** - (پ - نیر) [ف - ا - مذکر] (۱) دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادہ (۲) نچوڑا ہوا دہی۔

**پنیر مایہ** - (۱) جانور کے بچے کے پیٹ میں جما ہوا دودھ (۲) جس کی لاگ سے پھاڑا ہوا دودھ۔

**پنیری** - (پ - نی - ری) [ہ - ا - مؤنث] (۱) پودوں کا ذخیرہ۔ (۲) بھٹے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے۔

---

# پ - و

---

**پو** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) نور کا تڑکا۔ سویرا (۲) نرد بازوں کی اصطلاح میں ایک کے معنی میں ہے (۳) سبیل (۴) پاؤ کا مخفف۔

پو بارہ - (۱) پانسے کے داؤ میں ایک پو کا حاصل (۲) فتح۔

پو بارہ ہونا - (۱) جیت ہونا۔ داؤ لگنا (۲) نصیب کھلنا۔ قسمت جاگنا۔

پو پھٹنا - صبح صادق ہونا۔ تڑکا ہونا۔ سپیدی ہونا۔

پو سیرا - پو سیری۔ پاؤ سیر کا باٹ۔ پووا۔

**پوا** - (پو - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) چوتھائی۔ چار چھٹانک کا باٹ۔ (۲) پاؤ سیر (۳) وہ بوتل جس میں پاؤ سیر سیال چیز سما سکے۔

**پوائی** - (پ - وا - ای) [ہ - ا - مؤنث] (۱) جوتی کا ایک پاؤں (۲) زنجیر۔ بیڑی۔

**پوپ** (POPE) [انگ - ا - مذکر] رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری۔ پاپائے روم۔

**پوپلا** - (پو - پ - لا) [ہ - صف] جس کے دانت گر گئے ہوں۔

پوپلے سے ہڈی نہیں ٹوٹتی - [مثل] کم زور سے سخت کام نہیں ہو سکتا۔

**پوت پوکھڑ** - [ہ - ا - مذکر] (۱) کانچ کے دانے (۲) باری نوبت۔

**پوت** - [س - ا - مذکر] بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند (س) پتر۔

پوت بہو - پوتے کی بہو۔

پوت کے پاؤں پالنے میں دیکھے جاتے ہیں [مثل] برے بھلے آثار بچپن ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں۔

پوتوں پھلے - کثرت سے بچے پیدا ہوں (دعا)۔

**پوتا** - (پو - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بیٹے کا بیٹا۔ (۲) پچارا۔ کوچی۔ برش (۳) سفیدی۔ سفید مٹی (۴) لگان۔ مزروعہ زمین کا محصول۔

پوتا پھیرنا - دیوار وں کو سفیدی لگانا۔

**پوتر** - (پ - وتر) [س - صف] پاک۔ صاف۔

**پوتڑا** - (پوت - ڑا) [ہ - ا - مذکر] شبہانچ۔ وہ کپڑا جو بچے کے پوتڑوں پر باندھا جاتا ہے تاکہ بستر پاخانے سے خراب نہ ہو۔

پوتڑوں کے رئیس (۱) امیر۔ نواب۔ خاندانی رئیس۔ امیر ابن امیر۔ نواب۔

**پوتنا** - (پوت - نا) [ہ - مص] (۱) کوچی پھیرنا۔ پوتا پھیرنا (۲) کوچی۔ پوتا۔

**پوتھی** - (پو - تھی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) کتاب (۲) لہسن کی گانٹھ۔

**پوتی** - (پو - تی) [ہ - ا - مؤنث] بیٹے کی بیٹی۔

**پوسٹ** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) گٹھڑی۔ پشتارہ (۲) دو دروں کے درمیان کی سادی جگہ (۳) پیادہ جس میں مرد و پھیلا جاتا ہے (۴) زیادتی۔ کثرت۔

**پوٹا** - (پو - ٹا) [ہ - ا - مذکر] (۱) جانوروں کا معدہ (۲) بساط۔ حیثیت (۳) پرندوں کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں۔

**پوٹاش** (POTASH) (پو - ٹاش) [انگ - ا - مذکر] دیکھیے پٹاش۔

**پوٹلی** - (پوٹ - لی) [ہ - ا - مؤنث] تھیلی۔ گانٹھ۔ چھوٹی سی گٹھری۔

**پوجا** - (پو - جا) [س - ا - مؤنث] (۱) عبادت۔ عزت۔ خراج عقیدت (۲) خدمت (۳) نذر۔ نیاز۔

پوجا پاٹ - عبادت۔ پرستش۔

**پوجیہ** - (پوج - یہ) [س - صف] عزت یا پرستش کے لائق بزرگ۔

**پوجنا** - (پوج - نا) [ہ - مص] (۱) پرستش کرنا (۲) عزت کرنا۔ (۳) بے جا خرچ کرنا۔

**پوچ** - [ت - صف] (۱) بے معنی۔ مہمل (۲) خالی۔ بے مغز۔

**پوچھ** [ہ - ا - مؤنث] (۱) پرسش۔ تفتیش (۲) ضرورت۔ خواہش۔ (۳) آؤ بھگت۔

پوچھ پاچھ۔ پوچھ گچھ - (۱) استفسار۔ تفتیش۔ تحقیق (۲) خاطر

پوچھا پاچھی - [ہ - ا - مؤنث] پوچھ گچھ۔

پوچھنے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے - [مثل] محنت و جستجو سے انسان کامیاب ہو ہی جاتا ہے۔

**پوچھنا** - (پو - چھ - نا) [ہ - مص] (۱) تحقیق کرنا (۲) دریافت کرنا (۳) جواب چاہنا (۴) آؤ بھگت کرنا (۵) مشورہ کرنا۔ طلب کرنا (۶) خبر لینا۔ مدد کرنا (۷) توجہ کرنا۔

پوچھو زمین کی تو کہے آسمان کی - [مثل] سوال کچھ۔ جواب کچھ۔

**پود** - [ف - ا - مؤنث] (۱) وہ پودا جو ایک جگہ بو کر دوسری جگہ لگایا جا سکے (۲) نسل۔ خاندان۔

پود (جمانا) لگانا - (۱) بنیاد قائم کرنا۔ مقصد حاصل کرنے کی سبب کرنا (۲) ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (۳) تعلق قائم کرنا۔

**پود** [ف - ا - مذکر] بانا جسے تانے میں ڈال کر کپڑا بنتے ہیں۔

**پودا** (پود) [ہ - ا - مذکر] (۱) نونہال۔ نیا پیڑ (۲) بچہ۔ نوزائیدہ (۳) ڈوری جو جیل کی ڈنڈی میں باندھتے ہیں۔

**پودنا** - (پود - نا) [ہ - ا - مذکر] (۱) پدا۔ پدّی کا۔ ایک چھوٹا سا پرند (۲) ٹھگنا۔ بونا (۳) بے حقیقت۔ حقیر۔

Marfat.com

پوناسا ۔ (۱) ذرا سا ۔ چھوٹا سا (۲) بے حقیقت ۔
پودینہ ۔ (پو ۔ دی ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی تیز خوشبودار بوٹی ۔ پودنا ۔
پوڈر ۔ (پو ۔ ڈر) (POWDER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] برادہ سفوف چورا ۔ ایک سفوف جو چہرے پر لگاتے ہیں ۔
پور [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) انگل ۔ انگل کا جوڑ (۲) [مذکر] گنے ۔ بانس وغیرہ کی دو گرہوں کے درمیان کا فاصلہ ۔
پور پور ۔ (۱) انگلی کی ہر گانٹھ (۲) ہر ایک پور تک ۔ بند بند ۔
پور ۔ [ہ ۔ ا مذکر] بستی ۔ آبادی ۔ گاؤں ۔ قصبہ ۔ محلہ ۔
پور [ہ ۔ صف] بھرا ہوا ۔ پورا ۔ کافی ۔
پور پڑنا ۔ دیکھیے پورا پڑنا ۔
پورا ۔ (پو ۔ را) [ہ ۔ صف] (۱) مکمل (۲) ہوشیار ۔ تجربہ کار (۳) ٹھیک ۔ بجا ۔ تلا (۴) کل ۔ سب (۵) کافی وافی (۶) لبا لب ۔
پورا اترنا ۔ (۱) تول میں درست ہونا (۲) امتحان میں کامیاب ہونا ۔
پورا پڑنا ۔ (۱) کافی ہونا ۔ کمی پوری ہونا (۲) اچھی طرح گزر ہونا ۔
پورا ہونا ۔ (۱) کافی ہونا (۲) انجام کو پہنچنا (۳) ٹھیک ہونا ۔ خالی ہونا (۴) بے کم و کاست ہونا (۵) مکمل ہونا (۶) بھرپور ہونا ۔ (۷) کامیاب ہونا ۔
پورب ۔ (پو ۔ رب) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مشرق (۲) وہ علاقہ جو گنگا کے مشرق میں واقع ہے ۔ (س پورو)
پورب جاؤ یا دکھن ، وہی کرم کے لچھن ۔ دیکھیے پچھم جاؤ یا دکھن ۔
پوربی ۔ (پور ۔ بی) [ہ ۔ صف] (۱) پورب کا ۔ گنگا کے مشرقی علاقے کا رہنے والا (۲) وہ زبان جو پورب میں بولی جاتی ہے ۔
(۳) ایک راگنی جو مغرب سے پہلے گائی جاتی ہے ۔ (س پورو)
پوربیا ۔ (پو ۔ ر ۔ بیا) [ہ ۔ صف] دیکھیے پوربی نمبر ۱ ۔
پورٹ (PORT) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بندرگاہ (۲) ایک میٹھی شراب ۔
پورٹ ٹرسٹ (PORT TRUST) بندرگاہوں کے انتظام کی مجلس ۔
پورٹیبل ۔ (پورٹ ۔ ایبل) (PORTABLE) [انگ ۔ صف] جس کو اٹھا کر لے جا سکیں ۔
پورشن ۔ (پور ۔ شن) (PORTION) [انگ ۔ ۔ مذکر] حصہ ۔ جزو ۔ ٹکڑا ۔
پورن ۔ [س ۔ صف] پورا ۔ مکمل ۔ کامل ۔ تمام ۔
پورن سوراجیہ ۔ کامل آزادی ۔ خود اختیاری ۔
پورن ماشی ۔ چاند کے پورا ہونے کی تاریخ ۔ چودھویں رات ۔
پوری ۔ (پو ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] گنے یا بانس وغیرہ کا وہ حصہ جو دو گرہوں کے بیچ میں ہوتا ہے ۔ پور
پوری ۔ (پو ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تلی ہوئی روٹی (۲) [صف] ساری (۳) اچھوتی بستی ۔
پوڑا ۔ (پو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] کھانڈ اور ریسے کے قوام کا ٹکڑا ۔
پوز (POSE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مصنوعی انداز ۔ کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے (خصوصاً تصویر کھنچوانے کے لیے)
پوزیشن ۔ (پو ۔ زی ۔ شن) (POSITION) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) حالت ۔ انداز (۲) مورچہ (۳) حیثیت (۴) رتبہ ۔ عہدہ ۔
پوس ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] فصلی سن کا دسواں مہینہ جو تقریباً دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے جنوری کی پندرہ تک رہتا ہے ۔
پوست ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چمڑا ۔ کھال ۔ چھلکا (۲) خشخاش کا ڈوڈا ۔
پوست اتارنا ، کھینچنا ۔ کھال کھینچنا ۔ کھال اتارنا ۔
پوست کندہ ۔ (۱) کھال اترا ہوا (۲) صاف صاف ۔ کھلم کھلا ۔ علانیہ ۔
پوستی ۔ (پوس ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سست ۔ کاہل (۲) احمق (۳) وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیے ۔
پوستین ۔ (پوس ۔ تین) [ف ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث] کھال کا کوٹ ۔
پوسٹ (POST) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ڈاک ۔ چٹھی (۲) عہدہ (۳) چوکی ۔
پوسٹ آفس ۔ (POST OFFICE) ڈاک خانہ ۔ ڈاک کا دفتر ۔
پوسٹ کارڈ ۔ (POST CARD) ڈاک کا خط ۔
پوسٹ ماسٹر ۔ (POST MASTER) ڈاک خانے کا افسر ۔
پوسٹ ماسٹر جنرل (POST MASTER GENERAL) صوبہ بھر کے ڈاک خانوں کا اعلیٰ افسر ۔
پوسٹ مین (POSTMAN) چٹھی رساں ۔ ڈاک کا ہرکارہ ۔ ڈاکیہ ۔
پوسٹر (POSTER) (پوس ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اشتہار (جو شارع عام پر لگایا جائے) (۲) (رگبی) وہ گیند جو سیدھی گول پوسٹ پر سے گزر جائے ۔
پوسٹل آرڈر (POSTAL ORDER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی ہنڈی جو ڈاک خانہ روپیہ لے کر دیتا ہے اور وہ روپیہ دوسرے شہر میں رہنے والا آدمی ہنڈی دکھا کر وہاں کے ڈاک خانے سے حاصل کر سکتا ہے ۔
پوسٹل گائیڈ (POSTAL GUIDE) (پوس ۔ ٹل ۔ گائیڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ڈاک کی ہدایات ۔ ڈاک خانے کے قواعد کی کتاب ۔
پوسٹ مارٹم (POST MORTEM) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مرنے کے بعد لاش کا طبی معاینہ ۔
پوسنا ۔ (پوس ۔ نا) [ہ ۔ مص] پرورش کرنا ۔ پالنا ۔ تعلیم و تربیت کرنا ۔
پوش [ف] (۱) پیش شو کا مخفف ۔ ہٹو ۔ بچو (۲) مصدر پوشیدن کا اسم فاعل یعنی چھپانے والا ۔ پہننے والا (مرکبات میں جیسے پاپوش ۔ سیاہ پوش وغیرہ) ۔
پوشاک ۔ (پو ۔ شاک) [ف ۔ ا ۔ مذکر] لباس ۔ پارچہ ۔ پہناوا ۔
پوشش ۔ (پو ۔ شش) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) لباس ۔ پوشاک (۲) غلاف ۔
پوشی [ف] فارسی مصدر پوشیدن (چھپانا) کا حاصل مصدر مرکبات میں مستعمل ہے جیسے چشم پوشی ۔
پوشیدگی ۔ (پو ۔ شی ۔ دگی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] تنہائی ۔ گوشہ نشینی ۔ پردہ ۔ چھپانا ۔

Marfat.com

**پوشیدہ** - (پو - شی - دہ) [ف - صف] (۱) چھپا ہوا (۲) در پردہ - غائب -
**پوکر** - (پو - کر) (POKER) [انگ - ا - مذکر] تاش کا ایک کھیل -
**پوکھر** - (پو - کھر) [ہ - ا - مذکر] (۱) تالاب - جوہڑ (۲) پچیسی بازی میں ایک ضرب -
**پول** (POLE) [انگ - ا - مذکر] (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) پولینڈ کا باشندہ -
**پول** [ہ - ا - مذکر] کھوکھلا پن - خلا -
**پولا** - (پو - لا) [ہ - صف] (۱) خالی - کھوکھلا (۲) نرم - ملائم (۳) ہلکا -
**پولا** - (پُو - لا) [ہ - ا - مذکر] گٹھا - گڈا - پھونس کا گٹھا -
**پولاد** - (پو - لاد) [ف - ا - مذکر] (۱) فولاد (۲) مضبوط - پکا - سخت -
**پولٹ بیورو** - (POLIT BUREAU) (پو - لٹ - بیو - رو) [انگ - ا - مذکر] پولیٹیکل بیورو (POLITICAL BUREAU) کا مخفف، کمیونسٹ پارٹیوں کا مرکزی ادارہ -
**پولنگ** (POLLING) (پو - لنگ) [انگ - ا - مؤنث] رائے دینے کے لیے رائے دہندگان کا کسی خاص جگہ جمع ہونا - رائے دہندگی -
**پولنگ اسٹیشن** - (POLLING STATION) وہ مقام جہاں رائے دہندگان اپنا ووٹ ڈالتے ہیں -
**پولنگ بوتھ** (POLLING BOOTH) انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی جگہ -
**پولو** (POLO) (پو - لو) [انگ - ا - مؤنث] ایک کھیل جو لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں چوگان -
**پولی** [ہ - صف] پولا کی تانیث - کھوکھلی - خالی -
**پولی** - (پُو - لی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) پولا کی تانیث - چھوٹا گڈا - چھوٹا پولا -
**پولیس** - (POLICE) (پو - لیس) [انگ - ا - مؤنث] وہ محکمہ جو انسداد جرائم اور امن عامہ قائم رکھنے کا کام کرتا ہے - تھانے کے ملازمین -
**پولیس سٹیشن** (POLICE STATION) تھانہ - پولیس کی چوکی -
**پولیٹیکل** - (POLITICAL) (پو - لی - ٹی - کل) [انگ - صف] سیاسی -
**پولیٹیکل ایجنٹ** (POLITICAL AGENT) سیاسی کارندہ -
**پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ** (POLITICAL DEPARTMENT) [انگ - ا - مذکر] شعبہ سیاسی - وہ محکمہ جس کا تعلق سیاسی امور اور تعلقات خارجہ سے ہو -
**پون** - [ہ - صف] تین چوتھائی - ¾
**پون** - (پَ - وَن) [س - ا - مؤنث] (۱) ہوا - باد (۲) روح - سانس -
**پونا** - (پو - نا) [ہ - ا - مذکر] (۱) تین چوتھائی (۲) تین چوتھائی کا پہاڑہ (۳) کھنڈا - ٹوٹا چاول (۴) اقلیم -
**پونجی** - (پُوں - جی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) دولت - سرمایہ - اصل زر - جائداد (۲) بساط - حوصلہ -
**پونچا** - (پوں - چا) [ہ - ا - مذکر] ساڑھے پانچ کا پہاڑہ -
**پونچھ** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) دُم (۲) دُم چھلا - طفیلی - پیچھے لگو -
**پونچھن** - (پوں - چھن) [ہ - ا - مذکر] (۱) صفائی - وہ کپڑا جس سے کوئی چیز صاف کی جائے (۲) بقیہ - بچا کھچا - کھرچن -
**پونچھنا** - (پوں - چھ - نا) [ہ - مص] صاف کرنا - مٹی جھاڑنا -
**پونڈ** (POUND) [انگ - ا - مذکر] (۱) انگریزی سکہ (۲) بیس شلنگ (۳) انگریزی وزن جو سولہ اونس کے برابر ہوتا ہے - آدھ سیر کے قریب -
**پونڈا** - (پوں - ڈا) [ہ - ا - مذکر] گنا - موٹا گنا -
**پونگا** - (پوں - گا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کھوکھلا بانس - بانس کی خالی پوری (۲) [صف] خالی -
**پونگی** - (پوں - گی) [ہ - ا - مؤنث] بین -
**پونی** - (پُو - نی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) روئی کی بتی جو کاتنے کی غرض سے بنائی جاتی ہے (۲) مقدار قلیل - ذرا سی -
**پونے** - (پو - نے) [ہ - صف] کل میں سے چوتھائی نکال کر جو باقی بچے - ¾
**پوہ** - [ہ - ا - مذکر] پوس کا مہینہ -
**پوئیا** - (پو - ا - یا) [ف - ا - مذکر] (۱) تیز - سبک (۲) گھوڑے کی دُلکی چال -

## پ - ہ

**پہ** - (پے) [ف] (۱) پر کا مخفف - لیکن - مگر - بلکہ (۲) اوپر - نظم میں مستعمل ہے -
**پھاپا کٹنی - پھاپھا کٹنی** - [ہ - صف و - مؤنث] نہایت عیار اور چالاک عورت - دلالہ - کٹنی -
**پھاٹک** - (پھا - ٹک) [ہ - ا - مذکر] (۱) بڑا دروازہ (۲) کانجی ہاؤس - احاطہ -
**پہاڑ** - (پَ - ہاڑ) [ہ - ا - مذکر] (۱) پربت - کوہ - جبل (۲) [صف] بھاری - مشکل - لمبا - اونچا - وسیع - مرتفع -
پہاڑ ٹوٹنا - پہاڑ ٹوٹ پڑنا - سخت رنج و غم کی شدت ہونا -
پہاڑ سا دن - بہت بڑا دن -
پہاڑ سی رات - لمبی رات -
پہاڑ کاٹنا - مشکل کام کرنا - دشوار کام کرنا -
پہاڑ کی گھاٹی - درۂ کوہ - پہاڑی راستہ -
پہاڑ گزرنا - ناگوار ہونا - ناپسند ہونا - دشوار گزرنا - دوبھر ہونا -
پہاڑ ہو جانا - مشکل ہونا - کٹھن ہونا - دشوار ہونا - دوبھر ہونا -
**پہاڑا** - (پَ - ہا - ڑا) [ہ - ا - مذکر] ضرب کا گُر - گنتی کا قاعدہ - ذہنی ضرب -
**پہاڑی** - (پَ - ہا - ڑی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) چھوٹا پہاڑ - ڈونگری (۲) پہاڑی زبان (۳) ایک راگنی (۴) پہاڑ سے نسبت رکھنے والا (۵) پہاڑی علاقہ کا رہنے والا -
**پھاڑنا** - (پھاڑ - نا) [ہ - مص] (۱) چیرنا (۲) جھنجھوڑنا - کاٹنا (۳) قطع کرنا (۴) الگ کرنا - جدا کرنا -
**پھاگ** - [ہ - ا - مذکر] ہولی (۲) خوشی - عیش (۳) ایک ٹکری - راگ رنگ -
**پھاگ کھیلنا** - (۱) ہولی منانا - خوشی کرنا (۲) عیش اڑانا - رنگ

Marfat.com

رلیاں منانا۔

**پھاگن**۔ (پھا۔گن) [س۔ ا۔ مذکر] ہندوؤں کے سال کا گیارھواں مہینہ۔ اخیر فروری سے وسط مارچ تک کا زمانہ۔ (بفتح چہارم بھی صحیح ہے)

**پھال**۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) زمین جوتنے کا آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے (۲) پھاہیا۔ پھاری (۳) پتر کی ڈک

**پھالا** [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے پھال نمبرا۔

**پھالی**۔ (پھا۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے پھال نمبرا۔

**پھانا**۔ (پھا۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ لکڑی جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لیے رکھتے ہیں (۲) وہ لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جو آرا کش لکڑی چیرنے میں درز کشادہ کرنے کے لیے اس میں رکھتے ہیں۔ پچڑ۔

**پھاند**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جال۔ پھندا (۲) پھلانگ۔

**پھاندنا**۔ (پھاند۔ نا) [ہ۔ مص] کودنا۔ پھلانگنا۔ جست کرنا۔

**پھاندی**۔ (پھان۔ دی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] گنوں کا بنڈل۔

**پھانس** [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) لکڑی کا ریشہ۔ تنکا (۲) خلش۔ اندیشہ۔ فکر۔

پھانس کھٹکنا۔ پھانس چبھنے سے درد ہونا۔

پھانس لگنا۔ (۱) تنکا چبھ جانا۔ ریشہ گڑ جانا (۲) تکلیف ہونا۔

**پھانسنا**۔ (پھانس۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرفتار کرنا (۲) دھوکا کرنا (۳) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ داؤ کرنا (۴) کنوئیں میں ڈول ڈالنا۔

**پھانسی**۔ (پھان۔ سی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) پھندا۔ بند (۲) گردن میں رسی ڈال کر گلا گھونٹنے کا عمل۔ سزائے موت۔ سولی۔

پھانسی کی ٹکٹکی۔ لکڑی کا وہ ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے۔

پھانسی (لگنا) ہونا۔ سولی لگنا۔ پھانسی پر چڑھایا جانا۔

**پھانک**۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] قاش۔ ٹکڑا۔ (پھل کا)۔

**پھانکنا**۔ (پھانک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سفوف یا دانہ ایک دم منہ میں ڈال لینا (۲) جلد کھانا (۳) زیادہ خرچ کرنا (۴) جلد جلد بولنا (۵) جھوٹ اڑانا۔

**پھانکی**۔ (پھان۔ کی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے۔ (۲) پھل کا ٹکڑا یا پھانک۔

**پھاوڑا**۔ (پھا۔ اُ۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذکر] کدال۔ بیلچہ۔ مٹی کھودنے کا آلہ۔

**پھاوڑی**۔ (پھا۔ اُ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چھوٹا پھاوڑا (۲) ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی (۳) جوگیوں کی ٹیڑھی لکڑی۔

**پھاہا۔ پھایا**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] کپڑا جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں۔

**پھب** [ہ۔ ا۔ مؤنث] زیب۔ زینت (۲) ادا (۳) تناسب (۴) خوبصورتی۔

**پھبتا**۔ (پھب۔ تا) [ہ۔ صف] موزوں۔ زیبا۔ مناسب۔ لائق۔

**پھبتی**۔ (پھب۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] مثال۔ مضحکہ خیز تشبیہ۔

پھبتی اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔

پھبتی سوجھنا۔ مناسب ظریفانہ تشبیہ کا خیال میں آنا۔

پھبتی کہنا۔ ظریفانہ تشبیہ دینا۔

**پھبن**۔ (پھب۔ بَن) [ہ۔ ا۔ مؤنث] زیبائش۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ تناسب۔

**پھبنا**۔ (پھب۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سجنا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا (۲) ٹھیک ہونا

**پھپا**۔ (پھپ۔ پا) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے پھوپا۔

**پھپس**۔ (پھپ۔ پس) [ہ۔ صف] (۱) پھولا ہوا۔ موٹا (۲) وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو۔

**پھپولا۔ پھپھولا**۔ (پھپ۔ پو۔ لا) (پھپ۔ پھو۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] چھالا۔ آبلہ۔

پھپھولے پھوٹنا۔ (۱) آبلوں کا پانی نکلنا (۲) دل ٹھنڈا ہونا۔ (۳) دل کی بھڑاس نکلنا۔

**پھپھوندنا**۔ (پھپ۔ پھوند۔ نا) [ہ۔ مص] پھپھوندی لگنا۔

**پھپھوندی**۔ (پھپ۔ پھوں۔ دی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] وہ جراثیم جو رطوبت کے باعث کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتے ہیں۔

**پھپھی**۔ (پھپ۔ پھی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے پھوپھی۔

**پھپیا ساس**۔ (پھپ۔ یا۔ ساس) [ہ۔ ا۔ مؤنث] خسر کی بہن۔

**پھپیا سسرا**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] خسر کی بہن کا خاوند۔

**پھپیرا**۔ (پھپ۔ پے۔ را) [ہ۔ صف] پھپھی کا بیٹا۔

**پھپیری**۔ (پھپ۔ پے۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پھپھی کی بیٹی۔

**پھٹ** (ہ) جھٹ۔ فوراً۔ ذرا۔

پھٹ سے۔ جلدی سے۔ فوراً۔ بلا تامل۔

**پھٹ**۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ تف۔

**پھٹا**۔ (پھٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] لکڑی کا تختہ۔

پھٹے میں پاؤں دینا۔ بلا وجہ دخل دینا۔

**پھٹا پرانا**۔ (پھٹ۔ ٹا۔ پ۔ رانا) [ہ۔ ا۔ مذکر] استعمال شدہ کپڑا۔ کہنہ پوشاک۔

**پھٹ پڑنا**۔ (پھٹ۔ پڑنا) [اُر۔ مص] (۱) ایک بارگی بہت موٹا ہو جانا (۲) شدت سے ہونا۔ کثرت سے کسی بات کا ہونا۔

**پھٹپھٹانا**۔ (پھٹ۔ پھٹ۔ ٹا۔ نا) [ہ۔ مص] پروں کو تیزی سے حرکت دینا۔ کریہہ آواز پیدا کرنا۔

**پھٹکا**۔ (پھٹ۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] بتاشے کی شکل کا بسکٹ۔

**پھٹکار**۔ (پھٹ۔ کار) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) لعنت۔ ملامت۔ دھتکار (۲) آمیزش۔ چاشنی (۳) بد دعا۔

پھٹکار برسنا۔ چہرے کا نور نہ رہنا۔ بے رونقی اور اداسی ہونا۔

پھٹکار لگنا۔ بد دعا لگنا۔ دھتکار پڑنا۔

**پھٹکارنا**۔ (پھٹ۔ کار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) لعنت ملامت کرنا (۲) برا بھلا کہنا۔

**پھٹکر**۔ (پھٹ۔ کر) [ہ۔ صف] علیحدہ کرنا۔

**پھٹکری**۔ (پھٹ۔ ک۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ایک معدنی مادہ

Marfat.com

**پھٹکل** - (پَھٹ - کَل) [ہ - صف] (۱) واحد - اکیلا (۲) علیحدہ (۳) ریزگاری -

**پھٹکن** - (پَھٹ - کَن) [ہ - ا - مذکر] اناج کا بھوسا جو پھٹکنے سے نکلتا ہے -

**پھٹکنا** - (پَھٹ - کَ - نا) [ہ - مص] (۱) چھاج سے صاف کرنا (۲) موجود ہونا (۳) بھولے سے چلا جانا ہو [۔ مذکر] ایک کانسہ جس میں غلّہ رکھ کر پھٹکتے ہیں -

**پھٹکنے نہ دینا** - پاس نہ آنے دینا -

**پھٹکی** - (پَھٹ - کی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) نقطہ - قطرہ (۲) خون یا پیپ کی جمی ہوئی بوند (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (۴) کسی محلول مادّے کا غیر محلول ذرّہ -

**پھٹنا** - (پَھٹ - نا) [ہ - مص] (۱) شق ہونا (۲) ٹکڑے ہونا (۳) شگاف ہونا (۴) اجزا کا جدا ہونا (۵) بیزار ہونا - نفرت ہونا -

**پھٹے حال** - (پَھٹے - حال) [ا ہ - صف] خراب حالت میں - سخت مفلسی اور عسرت میں - پھٹے کپڑوں میں -

**پہچان** - (پہ - چان) [ہ - ا - مؤنث] (۱) واقفیت - شناسائی (۲) تمیز - سمجھ (۳) نشانی - علامت -

**پہچاننا** - (پہ - چان - نا) [ہ - مص] (۱) جاننا - شناخت کرنا (۲) معلوم کرنا - سمجھنا -

**پھدکنا** - (پُھد - ک - نا) [ہ - مص] (۱) اچھلنا - کودنا (۲) خوش ہونا -

**پھدکی** - (پُھد - کی) [ہ - ا - مؤنث] ایک چھوٹی سی چڑیا -

**پہر** - (پ - ہر) [ہ - ا - مذکر] دن رات کے چوبیس گھنٹوں کا آٹھواں حصّہ -

**پہر بجنا** - ہر پہر گزرنے پر نوبت یا گھنٹے کا بجنا -

**پہر رات جانا** - ایک پہر رات گزرنا -

**پھر** - [ا ہ] (۱) دوبارہ (۲) اس کے بعد (۳) تب - تو (۴) پھرنا کا امر - چل - سیر کر - گھوم -

**پھر بھی موچی کے موچی رہے** - [مثل] کچھ ترقی نہیں کی حالت بدستور رہی -

**پھر جانا** - (۱) واپس ہو جانا (۲) مڑنا - ٹیڑھا ہونا (۳) بدل جانا - بیوفائی کرنا (۴) ہو کر چلا جانا - گھومنا -

**پھر سے** - نئے سرے سے -

**پُھر** [ہ - ا - مؤنث] اڑنے کی آواز -

**پُھر سے اُڑ جانا** - جھٹ اڑ جانا - فوراً اڑ جانا - یک دم اڑ جانا -

**پہرا** - (پَہ - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) نگہبانی - رکھوالی (۲) تحویل - حراست (۳) زمانہ (۴) گشت - سپاہیوں کا پھیرا -

**پہرا بیٹھنا** - (۱) نگرانی ہونا - چوکی بیٹھنا (۲) حراست میں لینا -

**پہرا دینا** - (۱) نگرانی کرنا - رکھوالی کرنا (۲) حراست میں رکھنا -

**پہرے دار** - سنتری - چوکیدار - محافظ - دربان - رکھوالا -

**پِھرانا** - (پِھ - را - نا) [ہ - مص] (۱) گھمانا - سیر کرانا (۲) پریشان کرنا - پھیرے کرانا (۳) واپس کرانا - ناپسند کرنا -

**پھرپھرانا** - (پَھر - پَھ - را - نا) [ہ - مص] ہلنا جلنا - حرکت کرنا - اڑنا -

**پھرپھری** - (پَھر - پَھ - ری) [ہ - ا - مؤنث] کپکپی - تھرتھری - لرزہ - پھریری -

**پھرت** - (پَھ - رت) [ہ - ا - مذکر] (۱) حرکت (۲) چلت - پھرت - پکڑ لینا - ناچنا -

**پھرتا** - (پِھر - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) پھیراؤ (۲) بٹّا - دلالی - کمیشن -

**پھرتی** - (پُھر - تی) [ہ - ا - مؤنث] چالاکی - چستی - تیزی -

**پھرتیلا** - (پُھر - تی - لا) [ہ - صف] چست - چالاک - تیز -

**پھرکی** - (پِھر - کی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) چکّی - گرّی (۲) ایک گھومنے والا کھلونا -

**پھرنا** - (پِھر - نا) [ہ - مص] (۱) ٹہلنا - سیر کرنا (۲) گھومنا - چکر لگانا (۳) تبدیل ہونا (۴) متوجہ ہونا (۵) پاخانہ کرنا (۶) ٹیڑھا کرنا (۷) مکرنا (۸) چکر آنا -

**پھروانا** [ہ - مص] پھرنا کا متعدی المتعدی -

**پھریری** - (پَھ - رے - ری) [ہ - صف] نمی پانے کے بعد خشک ہونے والی -

**پھریرا** - (پَھ - رے - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) جھنڈا - پرچم - نشان (۲) [صف] تقریباً خشک -

**پُھریری** - (پُھ - رے - ری) [ہ - ا - مؤنث] (۱) تھرتھری - لرزہ - کپکپی (۲) روئی کا پھایا (۳) جوش - امنگ - لہر - موج -

**پھڑ** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) جوا کھیلنے کا اڈا (۲) وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں (۳) گاڑی کا بم (۴) توپ کی گاڑی - چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے -

**پھڑپھڑانا** - (پَھڑ - پَھ - ڑا - نا) [ہ - مص] (۱) تڑپنا - بےچین ہونا (۲) پروں کو پھڑپھڑانا -

**پھڑپھڑاہٹ** [ہ - ا - مؤنث] تڑپ - بےچینی - اضطراب -

**پھڑک** - (پَھ - ڑک) [ہ - ا - مؤنث] (۱) بےقراری - بےچینی (۲) تپش (۳) دھڑکن - حرکت - تڑپ -

**پھڑک اٹھنا** - (۱) بےتاب ہونا (۲) کوئی اچھی بات دیکھ کر یا سن کر متاثر ہونا -

**پھڑک جانا** - (۱) تڑپ جانا - بےچین ہو جانا (۲) فریفتہ ہو جانا -

**پھڑکانا** - (پَھڑ - کا - نا) [ہ - مص] بےچین کرنا - تڑپانا -

**پھڑکنا** - (پَھ - ڑک - نا) [ہ - مص] (۱) بےچین ہونا - تڑپنا (۲) فریفتہ ہونا - خواہش کرنا (۳) دھڑکنا - حرکت کرنا -

**پھڑکتا ہوا** - [ہ - صف] (۱) برجستہ - باموقع (۲) شوخ - چلبلا -

**پھڑوانا** - (پَھڑ - وا - نا) [ہ - مص] پھاڑنا کا متعدی المتعدی -

**پھڑیا** - (پَھڑ - یا) [ہ - ا - مؤنث] چھوٹا پھوڑا - پھنسی -

**پھس پھسا** - [ہ - صف] (۱) ملائم - نرم (۲) پھیکا - بدمزہ -

**پھسڈی** - (پَھ - سڈ - ڈی) [ہ - صف] (۱) آخری - پیچھے رہا ہوا (۲) برا ہوا - پست (۳) ناقص (۴) محروم -

**پُھس پُھسر** - (پُھس - پُھس) [ہ - ا - مؤنث] کھسر پھسر - کانا پھوسی -

**پھسکڑا** - (پَھ - سک - ڑا) [ہ - ا - مذکر] آلتی پالتی مار کر بیٹھنے کی حالت -

**پھسکڑا مار کر بیٹھنا** - پھیل کر بیٹھنا - بےتکلف ہو کر بیٹھنا -

**پھسلانا** - (پِھس - لا - نا) [ہ - مص] کھسکانا - رپٹانا -

Marfat.com

**پھسلانا** ۔ (پھ۔ س۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بہلانا (۲) دھوکا دینا (۳) راغب کرنا (۴) راضی کرنا ۔ منانا۔

**پھسلاوا** ۔ (پھ۔ س۔ لا۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بہلاوا ۔ بہکاوا (۲) دھوکا۔

**پھسلن** ۔ (پھ۔ سلن) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) رپٹن (۲) پاؤں پھسلنے کی جگہ۔

**پھسلنا** ۔ (پھ۔ سل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ڈھلکنا ۔ رپٹنا (۲) راغب ہونا [صف] (۳) رپٹواں ۔ وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں۔

**پھکڑ** ۔ (پھک۔ کڑ) [ہ۔ ا۔ مذکر] گالی گلوچ ۔ ناشائستہ گفتگو۔

**پھکڑباز** ۔ ہزلیات بکنے والا ۔ گندی گفتگو کرنے والا۔

**پھکنا** ۔ (پھک۔ نا) [ہ۔ مص] مرنا ۔ ضائع ہونا۔

**پھنکنا** ۔ (پھنک۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) مثانہ ۔ غبارہ (۲) جلنا (۳) غارت ہونا۔

**پھنکنی** ۔ (پھن۔ کنی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دھونکنی ۔ پھونک کر آگ جلانے کا آلہ۔

**پھکوانا** ۔ (پھک۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] پھکنا کا متعدی المتعدی۔

**پھنکوانا** ۔ (پھنک۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] پھونکنا کا متعدی المتعدی۔

**پھکیت** ۔ (پھ۔ کیت) [ہ۔ ا۔ مذکر] پٹا کھیلنے والا ۔ گتکا باز۔

**پھکیتی** ۔ (پھ۔ کے۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پٹے کا کھیل ۔ گتکا ۔ پھکیتی کا ہنر۔

**پہل** ۔ (پ۔ ہل) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ابتدا ۔ شروع (۲) لڑائی کا آغاز کرنا (۳) کونا ۔ گوشہ (۴) جانب۔

پہل کرنا ۔ ابتدا کرنا ۔ شروع کرنا ۔ آغاز کرنا۔

**پھل** ۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ثمر ۔ میوہ (۲) فال ۔ تعبیر (۳) نتیجہ ۔ نفع (۴) نسل (۵) دھار (۶) اجر ۔ عوض (۷) پھال ۔ پھالا (۸) حاصل قسمت۔

پھل پھلاری ۔ پھل پھول ۔ سبزی ترکاری۔

پھل دار ۔ ثمردار ۔ میوہ دار ۔ پھل لانے والا۔

پھل لگنا ۔ (۱) پھل آنا (۲) نتیجہ نکلنا (۳) تلوار یا چاقو لگنا۔

پھل ملنا ۔ (۱) صلہ پانا (۲) کیے کی سزا پانا ۔ عوض پانا۔

**پہلا** ۔ (پہ۔ لا) [ہ۔ صف] (۱) شروع کا ۔ ابتدائی (۲) پرانا۔

**پھلا** ۔ (پھل۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) مکئی کی کھیل (۲) پھولا ۔ آنکھ کی پھلی۔

**پھلا پھولا** ۔ [ہ۔ صف] (۱) نصیبے والا (۲) ہرا بھرا (۳) سرسبز و شاداب۔

**پھلانا** ۔ (پھ۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھونک بھرنا ۔ موٹا کرنا (۲) مغرور کرنا۔

**پھلانگ** ۔ (پھ۔ لانگ) [ہ۔ ا۔ مؤنث] چھلانگ ۔ زقند ۔ جست۔

**پھلانگنا** ۔ (پھ۔ لانگ۔ نا) [ہ۔ مص] چھلانگ مارنا ۔ جست کرنا۔

**پھلاہی** ۔ (پھ۔ لا۔ ہی) [ہ۔ ا۔ مذکر] لکڑی کی قسم کا ایک درخت۔

**پھلجھڑی** ۔ (پھل۔ جھ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) وہ آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں (۲) چنچل خوبصورت ۔ فتنہ پرداز۔

**پھلروا** ۔ (پھ۔ لر۔ وا) [ہ۔ صف] پھول جیسا ۔ نازک ۔ خوب صورت۔

**پھلکا** ۔ (پھل۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) آبلہ (۲) پھل دھار (۳) ڈنٹھل۔

**پھلکا** ۔ (پھل۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ہلکا ۔ سبک (۲) توے پر پکی ہوئی پتلی روٹی جس کے بھاپ کی وجہ سے دو پرت ہو جائیں ۔ ہلکی پھولی ہوئی چپاتی۔

**پھلکی** ۔ (پھل۔ کی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پھلوری ۔ پکوڑی۔

**پھلنا** ۔ (پھل۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) پھل لگنا (۲) بدن پر پھنسیاں نکلنا (۳) صاحب اولاد ہونا ۔ دولت مند ہونا (۴) خوش قسمت ہونا (۵) نافع ہونا۔

پھلنا پھولنا ۔ (۱) پھل لگنا (۲) نسل بڑھنا ۔ خوش حال ہونا ۔ ترقی کرنا۔

**پہلو** ۔ (پہ۔ لو) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) کروٹ ۔ بغل ۔ زانو ۔ بازو (۲) طرف ۔ سمت (۳) نگینے یا الماس کی کٹی ہوئی چپٹی سطح (۴) گوشہ ۔ کنارہ (۵) تکیہ ۔ سہارا (۶) صورت ۔ تدبیر ۔ نکتہ ۔ موقع ۔ ڈھب (۷) روبرو ۔ آگے۔

پہلو بچانا ۔ کنارہ کرنا ۔ علیحدہ ہو جانا ۔ حیلہ نکالنا ۔ تدبیر کرنا۔

پہلو بدلنا ۔ (۱) کروٹ لینا (۲) انداز بدلنا (۳) حیلہ کرنا۔

پہلو تہی کرنا ۔ کنارہ کشی کرنا ۔ کترانا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ سہارا نہ دینا ۔ اجتناب کرنا۔

پہلودار ۔ (۱) گوشے والی (۲) سہارا دینے والی ۔ سہارے والی (۳) دو رخی ۔ کنایہ کی (۴) مشتبہ ۔ مبہم (بات)۔

پہلو میں بیٹھنا ۔ صحبت میں رہنا ۔ پاس رہنا ۔ قریب رہنا۔

پہلو نکالنا ۔ تدبیر سوچنا ۔ موقع نکالنا ۔ ڈھب بنانا۔

**پھلوا** ۔ (پھل۔ وا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا پان۔

**پھلواری ۔ پھلواڑی** ۔ (پھل۔ وا۔ ری) (پھل۔ وا۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) پھولوں کا باغ (۲) بال بچے۔

**پہلوان** ۔ (پہ۔ ل۔ وان) [ف۔ ا۔ مذکر] کشتی کے فن سے واقف۔

**پہلوانی** ۔ (پہ۔ ل۔ وا۔ نی) [ف۔ ا۔ مؤنث] ورزش ۔ زور کشتی۔

**پہلوٹھا ۔ پہلونٹھا** ۔ (پہ۔ لو۔ ٹھا) (پہلون۔ ٹھا) [ہ۔ صف] دیکھیے پلوٹھا۔

**پہلوٹھی کا** ۔ [ہ۔ صف] دیکھیے پلوٹھی کا۔

**پہلوی** ۔ (پہ۔ ل۔ وی) [ف۔ ا۔ مؤنث] پرانی فارسی زبان۔

**پھلی** ۔ (پھ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بیجوں کی قدرتی تھیلی۔

**پھلی** ۔ (پھل۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے (۲) چائے میں ڈالنے کی ایک خوشبودار دوا۔

**پہلی** ۔ (پہ۔ لی) [ہ۔ صف] ابتدائی ۔ سابقہ ۔ پہلا کی تانیث۔

پہلی بسم اللہ ہی غلط [مثل] شروع ہی سے کام خراب۔

**پہلے** ۔ (پہ۔ لے) [ہ۔ صف] (۱) شروع میں (۲) مقدم ۔ افضل ۔ بہتر ۔ اچھا ۔ عمدہ۔

پہلے پہل ۔ اوّل ۔ اوّل ۔ شروع شروع ۔ ابتدا میں۔

Marfat.com

**پھلیر** ۔ (پھ۔ لیر) [ہ ۔ صف] سفید رنگ جس میں سیاہ یا سیاہ میں سفید۔ گل دار گائے یا بیل جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

**پھلیل** ۔ (پھ۔ لیل) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] خوشبودار تیل۔ پھولوں میں بسائے ہوئے تلوں کا تیل۔

**پھن** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سانپ کا پھیلا ہوا سر۔

**پہن** ۔ (پَ ۔ ہَن) (پہنن) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) عرض (۲) کشادگی۔

**پہن** ۔ (پَہ۔ ہن) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ دودھ جو محبت کے جوش سے ماں کی چھاتیوں میں بھر آئے (۲) جھاگ کف۔

**پہنا** ۔ (پَہ۔ نا) [ف ۔ صف] عریض۔ چوڑا۔ فراخ۔ بڑے پنے کا۔

**پہنانا** ۔ (پَہ۔ نا۔ نا) [ہ ۔ مص] پہننا کا متعدی المتعدی۔

**پہناوا** ۔ (پَہ۔ نا۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لباس (۲) زیور (۳) اوڑھنے پہننے کا رواج اور طریق۔

**پہنائی** ۔ (پَہ۔ نا۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چوڑائی۔ عرض۔ وسعت گھیر۔ پھیلاؤ (۲) پہنانے کی اُجرت۔

**پھنپھنانا** ۔ (پھن۔ پھ۔ نا۔ نا) [ہ ۔ مص] غصہ کرنا۔ سانپ کا پھنکارنا۔

**پہنچ** ۔ (پَ۔ ہنچ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) رسائی۔ دخل (۲) رسید اطلاع۔

**پہنچا** ۔ (پَ ۔ ہوں۔ چا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کلائی (۲) پہنچنا کا ماضی۔

پہنچا ہوا ۔ (۱) باریاب (۲) وصول شدہ ۔ آیا ہوا (۳) خدا رسیدہ ولی (۴) آگاہ ۔ تجربہ کار۔

**پہنچانا** ۔ (پَ ۔ ہوں۔ چا۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) داخل کرنا۔ باریاب کرانا (۲) بھیجنا۔ لے جانا۔ لے جا کر دینا۔

**پہنچنا** ۔ (پَ ۔ ہنچ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) باریاب ہونا۔ داخل ہونا۔ (۲) متصل ہونا (۳) خفا۔ آنا۔ جانا (۴) واقف ہونا (۵) سوجھنا (۶) کامل بننا (۷) پختہ کار بننا (۸) خدا رسیدہ ہونا (۹) سرایت کرنا (۱۰) قبضہ کرنا۔

**پہنچی** ۔ (پَ ۔ ہوں۔ چی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے۔

**پھندا** ۔ (پھن۔ دا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) رسی، دھاگے یا تار کا حلقہ (۲) دام۔ جال۔

پھندا پڑنا (لگنا) ۔ (۱) گرہ پڑ جانا (۲) حلق میں پھانسا پڑنا۔

پھندے میں (پڑنا) پھنسنا ۔ (۱) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ قید ہو جانا۔

**پھندنا** ۔ (پھُن۔ د۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پھُبا۔ تاگے یا ریشم کا گچھا جو ٹوپی وغیرہ میں لگایا جاتا ہے۔

**پھندیت** ۔ (پھُن۔ دَیت) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ پالتو جانور جو اپنے ہم جنسوں کو جال میں پھنسائے۔

**پھنسانا** ۔ (پھن۔ سا۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) اُلجھانا۔ پیشانا (۲) اٹکانا (۳) پکڑوانا (۴) جال میں پکڑنا۔

**پھنساؤ** ۔ (پھن۔ سا۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] اُلجھاؤ۔ اُلجھیڑا۔ بکھیڑا۔

**پھنسنا** ۔ (پھنس۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) اُلجھنا۔ اٹکنا (۲) گرفتار ہونا۔

**پھنسی** ۔ (پھن۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چھوٹا پھوڑا۔ دانہ جو جسم پر نکل آئے۔

**پھنکا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک دفعہ کے پھانکنے کی مقدار۔ پھنکا۔

پھنکا (لگانا) مارنا ۔ ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔

**پھنکار** ۔ (پھُن۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز۔

**پھنکنا** ۔ (پھنک۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے پھکنا۔

**پھُنکنا** ۔ (پھُنک۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے پھُکنا نمبر ۲۔

**پھنکنی** ۔ (پھُنک۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے پھکنی۔

**پھنکوانا** ۔ (پھنک۔ وا۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے پھکوانا۔

**پھُنکوانا** ۔ (پھُنک۔ وانا) [ہ ۔ مص] پھونکنا کا متعدی المتعدی۔

**پھنکی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔

**پھُنگی** ۔ (پھُن۔ گی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] شاخ کا سرا۔ ناک کی نوک۔

**پہننا** ۔ (پَہ۔ ہن۔ نا) [ہ ۔ مص] کپڑا بدن پر ڈالنا۔ زیور بدن پر سجانا۔ زیب تن کرنا۔

**پھُننگ** ۔ (پھُ۔ ننگ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چوٹی۔ درخت کی چوٹی (۲) ناک کا سرا۔

**پھنی** ۔ (پھ۔ نی) [ہ ۔ صف] (۱) پھن والا (۲) ایک قسم کا سانپ (۳) گوٹا بننے کا آلہ۔

**پھنی** ۔ (پھُن۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے پھانا۔

**پھوار** ۔ (پھُو۔ وار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ہلکا ہلکا مینہ۔ ننھی ننھی بوندوں کی بارش (۲) ایک قسم کا جالی دار باریک کپڑا۔

**پھوپا۔ پھوپھا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پھوپھی کا شوہر۔

**پھوپیس** ۔ (پھُو۔ پیس) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پھوپھیا ساس۔

**پھوپھی** ۔ (پھُو۔ پھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] باپ کی بہن۔

**پھوٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) نااتفاقی۔ بگاڑ (۲) خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر کھل جاتا ہے۔

پھوٹ آنا ۔ باہر نکل آنا۔ نمودار ہونا۔

پھوٹ بہنا ۔ (۱) رو پڑنا (۲) پھوڑا پھوٹ کر مواد جاری ہونا۔ سیال مادے کا بند توڑ کر نکل جانا (۳) بھید کھل جانا۔

پھوٹ پڑنا ۔ نااتفاقی ہونا۔ دشمنی ہونا۔ جدائی ہونا۔

پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔ زار زار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔

پھوٹ ڈالنا ۔ باہم دشمنی کرا دینا۔ جدائی کرانا۔

پھوٹ نکلنا ۔ (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا (۲) توڑ کر نکل جانا۔ (۳) پھوڑے کا پک کر پھوٹ بہنا (۴) راز کھلنا۔

**پھوٹا** ۔ (پھُو۔ ٹا) [ہ ۔ صف] ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

**پھوٹنا** ۔ (پھُوٹ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ٹوٹنا (۲) کھلنا (۳) پھنسیاں نکلنا (۴) ظاہر ہونا (۵) پتے نکلنا (۶) پھٹنا (۷) خبر پھیلنا۔ (۸) زخم کا پھٹ کر آماس نکلنا۔

**پھوٹی** ۔ (پھُو۔ ٹی) [ہ ۔ صف] ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ۔

پھوٹی آنکھ نہ بھانا ۔ ذرا بھی گوارا نہ ہونا۔ بُرا لگنا۔

پھوٹی کوڑی نہ ہونا ۔ بالکل مفلس و قلاش ہونا۔

پھوٹے منہ سے ۔ بُرے منہ سے۔ بددلی سے۔

**پھوڑا** ۔ (پھو۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دنبل۔ بڑی اور موٹی پھنسی۔

**پھوڑنا** ۔ (پھوڑ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) توڑنا (۲) ظاہر کرنا۔

Marfat.com

**پھوس** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سوکھی گھاس ۔ پرانی گھاس (۲) نہایت بوڑھا مرد (۳) جلد جل جانے والا ہلکا تمباکو ۔

**پھوسڑا ۔ پھوسیڑا** ۔ (پھوس ۔ ڑا) (پھوس ۔ یڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ (۲) تخم ۔ اولاد ۔

**پھوک** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) فضلہ جو کسی چیز کے نچوڑ لینے کے بعد بچے (۲) [صفت] خالی ۔ کھوکھلا (۳) بدذائقہ ۔ سیٹھا ۔

**پھوکا** ۔ (پھو ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہلکا ۔ تنک (۲) جس میں طاقت نہ ہو ۔

**پھوکٹ** (پھو ۔ کٹ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مفت کی چیز ۔ بے قیمت چیز (۲) نکما یا نالائق شخص (۳) مفت ۔

پھوکٹ کا ۔ مفت کا ۔ بے دام ۔

**پھوگ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پھوک ۔

**پھول** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گل (۲) شگوفہ (۳) نقش و نگار (۴) عورت کی جلی ہوئی ہڈیوں کی راکھ (۵) کانسی (۶) ہندوؤں کا تیجا ۔ مسلمان مُردوں کی فاتحہ خوانی کی رسم (۷) جسم پر سفید داغ ۔ (۸) سال کے سوکھے ہوئے پتے (۹) شراب (۱۰) کسی ٹکلی چیز کے ابھار سکنے سے ہونے والی (۱۱) نوک ۔ دھار (۱۲) [صفت] ہلکا ۔ سبک ۔ خوب صورت ۔

پھول جھڑنا ۔ (۱) پھولوں کا درخت سے گرنا (۲) میٹھے بول بولنا (۳) چراغ اور آتش بازی میں سے پھول نکلنا ۔

پھول چڑھانا ۔ تربت یا مورت پر پھول رکھنا ۔

پھول چُننا ۔ (۱) پھول توڑنا (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں تیجے کے دن مُردے کی ہڈیاں مرگھٹ سے چن کر گنگا بھیجتے تھے ۔

پھول سا ۔ نہایت سبک ۔ خوبصورت ۔

پھول کاڑھنا ۔ کپڑے پر سوئی تاگے سے پھول بنانا ۔

پھول کا ہنسنا ۔ پھول کھلنا ۔ پھول کا شگفتہ ہونا ۔

پھول کترنا ۔ (۱) چراغ کا گل کترنا (۲) اوکھا کام کرنا ۔

پھول کھلانا ۔ پھول کو مرجھانا ۔

پھول کھلنا ۔ (۱) شگفتہ ہونا (۲) پیدا ہونا ۔

پھول کی چھڑی نہیں لگائی (چھوائی) ۔ کبھی نہیں مارا ۔

پھول گوبھی ۔ وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے ۔ ایک قسم کا کرم کلا ۔

پھول لانا ۔ درخت میں پھول لگنا ۔ پھول نمودار ہونا ۔

پھول والوں کی سیر ۔ دہلی کا سالانہ میلہ جو برسات کے موسم میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مزار پر پھول والے منعقد کرتے تھے ۔

پھول ہونا ۔ فاتحہ اور سوم کی رسوم کا ادا ہونا ۔ تیجا ہونا ۔

پھولوں کا گہنا ۔ (۱) پھولوں کا زیور (۲) اطلاع چیچک ۔

پھولوں کی بدھی ۔ گردن میں پہننے کا پھولوں کا ایک زیور ۔

پھولوں کی چھڑی ۔ وہ لکڑی جس میں پھولوں کے ہار بنتی کھیلنے کے لیے لگاتے ہیں ۔

**پھونل** ۔ [ہ] سوجی ہوئی جگہ ۔

**پھولا** ۔ (پھو ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آنکھ کی پھلی (۲) بجھا پھولا (۳) مرونی کا گالا (۴) کابل ۔

**پھولا** ۔ (پھو ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پرندوں کا ایک مرض (۲) سفیدی کا نشان جو گھوڑوں کے پٹھوں ٹانگوں یا ران پر ہوتا ہے ۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے (۳) [صفت] پھولا ہوا ۔

پھولا پھولا پھرنا ۔ خوش خوش پھرنا ۔ بے فکری سے گھومنا ۔

پھولا نہ سمانا ۔ نہایت خوش ہونا ۔ خوشی کے مارے پھولے جانا ۔

**پھولنا** ۔ (پھول ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سوجنا ۔ ہوا بھرنا (۲) ابھرنا (۳) کھلنا (۴) موٹا ہونا (۵) مغرور ہونا (۶) خوش ہونا ۔

پھولنا پھلنا ۔ (۱) درخت کا سرسبز ہونا (۲) دولت مند اور صاحب اولاد ہونا ۔ بامراد ہونا ۔

**پھولو پھلو** [ہ ۔ کلمۂ دعائیہ] خوش رہو ۔

**پھونس** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پھوس ۔

**پھونسڑا** ۔ (پھونس ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پھوسڑا ۔

**پھونک** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] وہ ہوا جو زور سے منہ سے نکالی جائے ۔

پھونک پھونک کر پاؤں (قدم) رکھنا ۔ (۱) آہستہ آہستہ چلنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا ۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا ۔

پھونک دینا ۔ (۱) جلا دینا (۲) بہکا دینا (۳) حقے کا پانی نکالنا (۴) پھیلا دینا ۔

پھونک مارنا ۔ (۱) زور سے منہ سے ہوا نکالنا (۲) بجھانا (۳) جادو کرنا (۴) جلانا ۔ سلگانا ۔

پھونک نکل جانا ۔ سانس نکل جانا ۔ ہوا نکل جانا ۔

**پھونکنا** ۔ (پھونک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) پھونک مارنا (۲) جلانا (۳) نوحہ کرنا (۴) بہکانا ۔ شائع کرنا ۔

**پھوہا ۔ پھویا** ۔ (پھو ۔ ہا) (پھو ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] روئی کا ٹکڑا ۔ گالے کا ٹکڑا ۔

**پھوہار** ۔ (پھو ۔ ہار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے پھوار ۔

**پھوہڑ** ۔ (پھو ۔ ہڑ) [ہ ۔ صفت] (۱) سگھڑ کی ضد ۔ بدسلیقہ (۲) بے وقوف ۔

پھوہڑپن ۔ (۱) بدسلیقگی (۲) بے ہنری (۳) بے وقوفی ۔

**پھوئی ۔ پھئی** ۔ (پھو ۔ ئی) (پھ ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پھپھوندی (۲) گھی کا پھول جو تا دیتے وقت اوپر آجاتا ہے (۳) بوند ۔ پھوار ۔

پھوئیاں ۔ پھونیاں ۔ قطرہ ۔ قطرہ ۔ کم کم ۔ تھوڑا تھوڑا ۔

**پہیا** ۔ (پ ۔ ہی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حلقہ ۔ چکر ۔ چرخی (۲) گاڑی کا وہ حصہ جو زمین پر چلتا ہے ۔

**پھیپھڑا** ۔ (پھیپھ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک عضو جس سے سانس لیتے ہیں ۔

**پھیٹا ۔ پھینٹا** ۔ (پھے ۔ ٹا) (پھیں ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سر سے باندھنے کا دوپٹہ ۔ پگڑی ۔ دستار ۔

**پھیٹنا ۔ پھینٹنا** ۔ (پھیٹ ۔ نا) (پھینٹ ۔ نا) [ہ ۔ مص] ملانا ۔ ایک جان کرنا ۔ حل کرنا (۲) مارنا ۔

**پھیر** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چکر ۔ گھماؤ (۲) فاصلہ (۳) انقلاب (۴) ہیچ ۔ فریب (۵) الٹ بھاؤ ۔ بکھیڑا ۔

پھیر بدل ۔ عوض ۔ معاوضہ ۔ اَدل بدل ۔

پھیر پڑنا ۔ (۱) چکر پڑنا (۲) فرق ہونا ۔

پھیر پھار ۔ (۱) ہیر پھیر ۔ الٹ پلٹ (۲) پیچ ۔ چال ۔ فریب ۔

پھیر دینا ۔ (۱) واپس کر دینا (۲) رخ موڑنا ۔

Marfat.com

**پھیرے میں آنا** ۔ چکر میں آنا ۔ گردش میں آنا ۔
**پھیرا** ۔ (پھے ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گشت ۔ دورہ (۲) موڑ ۔ گھماؤ (۳) حلقہ ۔ دائرہ (۴) آسیب کا عمل (۵) ناشتہ جو بچوں کو کسی سے پھیر دیتے ہیں (۶) جوتا نا پے کا پیمانہ ۔
**پھیرے ڈالنا** ۔ (۱) نکاح کرنا (۲) کسی کام کے لیے بار بار جانا ۔
**پھیرنا** ۔ (پھیر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چکر دینا ۔ پھرانا (۲) واپس کرنا (۳) موڑنا (۴) رنگ چڑھانا ۔ قلعی کرنا (۵) دہرانا (۶) رد کرنا (۷) چھونا (۸) سیر کرانا (۹) پلٹنا ۔ بدلنا (زبان)
**پھیری** ۔ (پھے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] گشت ۔ چکر ۔
**پھیری پھرنا** ۔ بیچنے یا بھیک مانگنے جانا ۔ گشت لگانا ۔
**پھیری والا** ۔ (۱) وہ شخص جو گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچے ۔ بساطی (۲) وہ فقیر جو محلوں میں پھیری لگائے ۔
**پھیکا** ۔ (پھی ۔ کا) [ہ ۔ صف] (۱) بے نمک (۲) بدمزہ (۳) ہلکا ۔ مدھم (۴) اداس (۵) روکھا ۔ بداخلاق ۔
**پھیکا پڑ جانا** ۔ (۱) بے آب ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا ۔ اداس ہو جانا ۔
**پھیکا پھیکا** ۔ خفیف سا بخار ۔
**پھیکی** ۔ (پھی ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پھیکا کی مؤنث ۔
**پھیلانا** ۔ (پھے ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بچھانا (۲) پھیلا کرنا (۳) کھولنا (۴) بانٹنا (۵) حساب کرنا (۶) منتشر کرنا (۷) بکھیرنا (۸) چڑھا کرنا
**پھیلاؤ** ۔ (پھے ۔ لا ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چوڑائی ۔ وسعت ۔ (۲) درازی (۳) اندازہ ۔ مقدار ۔ تخمینہ ۔
**پھیلنا** ۔ (پھیل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بچھنا ۔ فرش ہونا (۲) فراخ ہونا ۔ کھلنا (۳) مشہور ہونا (۴) بکھرنا (۵) بڑھنا (۶) ضد کرنا (۷) موٹا ہونا ۔
**پہیلی** ۔ (پ ۔ ہے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] بجھارت ۔ چیستان
**پہیلی بوجھنا** ۔ پہیلی کا حل بتانا ۔ چیستان حل کرنا ۔
**پھین** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جھاگ ۔ کف (۲) رطوبت جو منہ سے نکلے ۔
**پھینچنا** ۔ (پھینچ ۔ نا) [ہ ۔ مص] صابون کے بغیر کپڑے دھونا ۔ کھنگالنا ۔
**پھینکنا** ۔ (پھینک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ڈالنا ۔ گرانا (۲) بکھیرنا (۳) سرپٹ دوڑانا (۴) اچھالنا (۵) ضائع کرنا ۔ (۶) کھینا (دیتا)
**پھینی** ۔ (پھے ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] گھی میں تلی ہوئی لچھے دار میدے کی روٹی ۔ جسے گرم دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں ۔

## پ ۔ ی

**پی** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پیا
**پیلی** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] چربی
**پے** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پٹھا (۲) تانت (۳) قدم ۔ نشان ۔ (۴) کا بیخ فعل پیچھے (۵) واسطے ۔ وسیلے سے ۔ طفیل میں ۔
**پے بہ پے** ۔ پے در پے ۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔ متواتر ۔

**پیسے** ۔ [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تنخواہ (۲) مزدوری ۔
**پیا** ۔ (پ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) محبوب (۲) شوہر
**پیا جسے چاہے وہی سہاگن** ۔ [مثل] (۱) سہاگن اصل میں وہی ہے جس سے خاوند محبت کرے ۔ محبت اور خوش قسمتی سے کسی کی قدر ہوتی ہے ۔
**پیا پیتیہ** ۔ (پی ۔ یا) (پی ۔ یہ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پپیہا ۔
**پیادہ** ۔ (پ ۔ یا ۔ دہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیدل (۲) شطرنج کا (۳) ہرکارہ ۔ چپراسی ۔
**پیادہ پا** ۔ پیدل
**پیادہ محاصل** ۔ (۱) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر مقرر کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اس کے خرچ پر رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لیے مقرر کیا جائے ۔
**پیار** ۔ (پ ۔ یار) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) محبت (۲) ناز (۳) ناتا ۔ تعلق (۵) بوسہ (۶) دوستی (۷) التفات ۔ مہربانی ۔
**پیار آنا** ۔ محبت کا جوش ہونا ۔
**پیارا** ۔ (پ ۔ یا ۔ را) [ہ ۔ صف] (۱) لاڈلا ۔ چہیتا (۲) عزیز (۳) خوب صورت (۴) قابل قدر ۔
**پیاروں پیٹی** ۔ وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں (یہ بد دعا)
**پیارنگا** ۔ (پ ۔ یا ۔ رن ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک دوا ۔
**پیاری** ۔ (پ ۔ یا ۔ ری) [ہ ۔ صف] پیارا کی تانیث ۔
**پیاری پیاری باتیں** ۔ میٹھی میٹھی باتیں ۔ بھولی بھولی باتیں
**پیاز** ۔ (پ ۔ یاز) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] ایک ترکاری ۔
**پیازا** (PIAZZA) (پ ۔ یا ۔ زا) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] چوک ۔ منڈی ۔
**پیازی** ۔ (پ ۔ یا ۔ زی) [ف ۔ صف] (۱) پیاز سے منسوب (۲) گلابی (۳) ایک نہایت ہلکی اور خوش رنگ لعل ۔
**پیاس** ۔ (پ ۔ یاس) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تشنگی (۲) تمنا ۔ آرزو ۔
**پیاس بجھانا** ۔ (۱) پانی پلا کر تسلی دینا (۲) خواہش پوری کرنا
**پیاس لگنا** ۔ پانی کی خواہش ہونا ۔ تشنگی ہونا ۔
**پیاس مارنا** ۔ پانی کی خواہش کو روکنا ۔ تشنگی کو برداشت کرنا ۔
**پیاسا** ۔ (پ ۔ یا ۔ سا) [ہ ۔ صف] (۱) تشنہ (۲) خواہش مند (۳) مشتاق ۔
**پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا** ۔ [مثل] طالب مطلوب کے پاس جاتا ہے مطلوب طالب کے پاس نہیں آتا ۔
**پیاسی** ۔ [ہ ۔ صف] پیاسا کی تانیث ۔
**پیال** ۔ (پ ۔ یال) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پھوس ۔ پرال ۔
**پیالہ** ۔ (پ ۔ یا ۔ لہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کٹورا ۔ ساغر (۲) توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ (۳) عرس ۔ فاتحہ سوم (۴) فقیروں کے یہاں فقیروں کی دعوت ۔
**پیالہ اٹھانا** ۔ گداگری اختیار کرنا ۔
**پیالہ بجنا** ۔ دور دورہ ہونا ۔ ترقی ہونا ۔
**پیالہ بھرنا** ۔ (۱) پیالہ کو پر کرنا (۲) زندگی کے دن پورے کرنا ۔
**پیالہ ہونا** ۔ (۱) عرس ہونا (۲) مرنا (۳) آزادوں کے تکیے میں آزادوں کی دعوت ہونا ۔

Marfat.com

پیالی۔ (پ۔ یا۔ لی) [ار۔ا۔ مذکر] چھوٹا پیالہ۔
پیام۔ (پ۔ یام) [ف۔ا۔ مذکر] پیغام۔ سندیسا۔
پیام بَر۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔
پیام سلام۔ (۱) دوسرے کی معرفت سوال جواب (۲) نسبت کا پیام
پیامی۔ (پ۔ یا۔ می) [ف۔ا۔ مذکر] پیام لے جانے والا قاصد۔
پیانسٹ۔ (PIANIST) (پ۔ یا۔ نسٹ) [انگ۔ا۔ مذکر] پیانو بجانے والا۔
پیانو۔ (PIANO) (پ۔ یا۔ نو) [انگ۔ا۔ مذکر] ایک مغربی باجا۔
پیاؤ۔ (پ۔ یا۔ او) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل۔
پیپ۔ [س۔ا۔ مؤنث] مواد۔ مادہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑ جاتا ہے۔
پیپا۔ (پی۔ پا) [ار۔ا۔ مذکر] (پرتگال پ۔ پا) لکڑی یا دھات کا برتن۔
پیپر (PAPER) (پے۔ پر) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) کاغذ (۲) پرزہ۔ پرچہ۔ اخبار۔ گزٹ۔
پیپر ویٹ (PAPER WEIGHT) کاغذوں کو دبانے کا وزن کاغذ داب۔ وزنا۔
پیپل۔ (پی۔ پل) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) ایک سایہ دار درخت (۲) [مؤنث] ایک پھل جو دوا کے کام آتا ہے فلفل دراز۔
پیپلا مور۔ پیپلا مول۔ پیپلا مونڈ۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] مرچ کی جڑ۔ دار فلفل۔
پیپلی۔ (پیپ۔ لی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا چھوٹا درخت۔
پییت۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] محبت۔ دوستی۔ اخلاص۔
پییت کی ریت نرالی۔ دوستی کا انداز ہی نرالا ہے۔
پییت نہ جانے جات کجات [مثل] محبت میں ذات نہیں دیکھی جاتی۔ محبت میں ذات پات کی قید نہیں۔
پیتابا۔ پیتاوا۔ (پے۔ تا۔ با) (پے۔ تا۔ وا) [آر۔ا۔ مذکر] (۱) چیتھڑا جس کو جوتے میں رکھتے ہیں (۲) پائتابہ۔ موزہ۔
پیترا۔ (پیت۔ را) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) کشتی کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ۔ (۲) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ سراغ۔
پیترا بدلنا۔ کشتی کے وقت قاعدے کے موافق پاؤں رکھنا اور اٹھانا۔ فن سپہگری دکھانا۔
پیتل۔ (پی۔ تل) [ہ۔ا۔ مذکر] برنج۔ زرد رنگ کی دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے۔
پیتلی۔ (پیت۔ لی) [ہ۔ صفت] (۱) پیتل کا۔ برنجی۔ (۲) زرد۔ پیلا۔
پیتم۔ (پی۔ تم) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) محبوب (۲) نہایت پیارا۔
پیٹ۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) شکم۔ بطن (۲) رحم (۳) معدہ (۴) حمل (۵) خلا (۶) توپ کا وہ حصہ جہاں گولہ رکھا جاتا ہے (۷) گنجائش۔ سمائی (۸) حوصلہ (۹) اندرون۔ باطن۔ بھید (۱۰) دانے کا اندرونی حصہ (۱۱) ہوس۔

پیٹ اُبھرنا۔ پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا۔
پیٹ باندھنا۔ خواہش سے کم کھانا۔ بھوک ضبط کرنا۔
پیٹ بجانا۔ خوشی منانا۔ خوش ہونا۔
پیٹ بھرا۔ (۱) شکم سیر (۲) فارغ البال (۳) خود مختار (۴) مغرور۔
پیٹ بھرنا۔ (۱) سیر ہونا (۲) گزران کرنا (۳) اکتانا (۴) آسودہ ہونا۔
پیٹ بھرے کی باتیں۔ دولت مندی کی باتیں جھگڑے کی باتیں۔
پیٹ پالنا۔ (۱) مشکل سے کما کر کھانا (۲) پیٹ بھرنا۔
پیٹ پر پتھر باندھنا۔ فاقے کرنا۔
پیٹ پونچھن۔ پیٹ کھرچن۔ آخری اولاد۔
پیٹ پیٹھ سے لگنا۔ بہت دبلا ہونا۔ نہایت بھوکا ہونا۔
پیٹ کا پردہ۔ آنتوں کی جھلی۔ اوجھڑی۔
پیٹ کاٹنا۔ (۱) کفایت کرنا (۲) کم کھا کر گزر کرنا۔
پیٹ کا دھندا۔ محنت۔ مزدوری۔ فکر معاش۔
پیٹ کا کتا۔ نہایت لالچی۔ بندۂ شکم۔
پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا۔ تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ پر سب کی نگاہ پڑتی ہے۔
پیٹ کا ہلکا۔ (۱) وہ شخص جسے بات نہ پچے (۲) اوچھا۔ کم ظرف۔
پیٹ کی (آگ) آنچ۔ (۱) ماں کی محبت (۲) اولاد (۳) بھوک۔
پیٹ کی آگ بجھانا۔ کھانا کھانا۔
پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت۔ [مثل] نہایت ضعیف العمر۔
پیٹ میں بات نہ سمانا۔ بھید نہ چھپا سکنا۔
پیٹ میں بل پڑنا (ہنسی کے باعث) پیٹ میں ٹھسکی پڑنا۔
پیٹ میں (بیٹھنا) گھسنا پیٹ میں گھسنا۔ اپنے مطلب کے لیے کسی کو دوست بنانا۔ دوست بن کر مطلب نکالنا۔ خوشامد کرنا۔
پیٹ میں چوہوں کا قلا بازیاں کھانا۔ [مثل] بھوک سے بیقرار ہونا۔
پیٹ میں چوہے (چھوٹنا) دوڑنا۔ (۱) خوف کے باعث بے قرار ہونا (۲) بھوک سے بے قرار ہونا۔
پیٹ میں داڑھی ہونا۔ کمسنی میں عقلمندی کی باتیں کرنا۔
پیٹ میں گھوڑے دوڑنا۔ قراقر ہونا۔ پیٹ میں گڑ بڑ ہونا۔
پیٹ میں ہول سمانا۔ پیٹ میں ہول سی اٹھنا۔ پریشان ہونا۔ بہت گھبرانا۔
پیٹا۔ (پے۔ ٹا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) گولائی۔ محیط (۲) کنکوے کی ڈور کا جھول (۳) تقریباً۔ تخمیناً (۴) دریا کے بہنے کا راستہ (۵) تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ (۷) اوجھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) فاصلہ (۱۰) قابو۔ بس۔
پیٹ پیٹ کر [ہ] (۱) بڑی مشکل سے (۲) مار مار کر
پیٹنا۔ (پیٹ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مارنا۔ کوٹنا (۲) ماتم کرنا (۳) حاصل کرنا۔ (۴) بڑا چاہنا۔
پیٹنٹ (PATENT)۔ (پے۔ ٹنٹ) [انگ۔ا۔ مذکر] رجسٹری شدہ ایجاد جس کو دوسرا نہ بنا سکے۔ مستند۔
پیٹو۔ (پے۔ ٹو) [ہ۔ صفت] بہت کھانے والا۔ بسیار خور

Marfat.com

**پِٹیُو** ۔ (پِی ۔ ٹُو) [ہ ۔ صف] ماتم میں سینہ اور سر بہت کوٹنے والا۔

**پِیٹھ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پُشت (۲) حمایت ۔ مدد (۳) سہارا ۔ پناہ (۴) پیچھے ۔

**پیٹھ پر کا** ۔ وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہُوا ہو۔

**پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا** ۔ شاباش دینا ۔ ہمت بندھانا۔

**پیٹھ پر ہونا** ۔ (۱) مددگار ہونا (۲) ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا ہونا۔

**پیٹھ پھیرنا** ۔ (۱) جانا (۲) مرنا (۳) لڑائی سے بھاگنا (۴) دوسری طرف منہ کر لینا۔

**پیٹھ پیچھے** ۔ (۱) غیبت میں ۔ غیر حاضری میں (۲) مرنے کے بعد۔

**پیٹھ ٹھونکنا** ۔ شاباش دینا ۔ ہمت بندھانا ۔ دلاسا دینا۔

**پیٹھ دکھانا** ۔ (۱) لڑائی سے بھاگ جانا (۲) سفر کو جانا۔

**پیٹھ دینا** ۔ (۱) منہ موڑنا (۲) لڑائی سے بھاگ جانا (۳) مر جانا۔

**پیٹھ سیدھی کرنا** ۔ آرام کرنا۔

**پیٹھ لگنا** ۔ (۱) پیٹھ میں زخم ہو جانا (۲) کشتی میں چت ہو جانا۔ چت ہونا ۔ چپک جانا۔

**پیٹھا** ۔ (پے ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک پھل۔

**پیٹھی** ۔ (پِی ۔ ٹھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ماش اور مونگ وغیرہ کی پانی میں بھیگی ہوئی دال۔

**پیٹی** ۔ (پے ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پٹکا ۔ کمر بند (۲) نقدی وغیرہ رکھنے کا صندوقچہ (۳) خرجین ۔ جامہ دانی۔

**پیٹی اُترنا** ۔ سپاہی کا موقوف ہو جانا۔

**پیجامہ** ۔ (پے ۔ جا ۔ مہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پاجامہ۔

**پیچ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بل ۔ لپیٹ (۲) چوڑی ۔ حلقہ (۳) چکر ۔ پھیر (۴) خم (۵) مروڑ (۶) عقدہ (۷) ایک قسم کا کھیل (۸) مشکل (۹) فریب (۱۰) کشتی کا داؤ (۱۱) دبانے کی کل (۱۲) پگڑی کی لپیٹ (۱۳) کنکووں کی آپس میں کشمکش۔

**پیچ پڑنا** ۔ (۱) اُلجھنا (۲) سخت مشکل پیش آنا (۳) ایک پتنگ کا دوسرے پتنگ سے اُلجھنا۔

**پیچ دار** ۔ (۱) بل دار (۲) پیچیدہ ۔ مشکل ۔ دقیق۔

**پیچ در پیچ** ۔ بل پہ بل پڑا ہُوا ۔ نہایت پیچیدہ (۲) نہایت مشکل۔

**پیچ کرنا** ۔ (۱) کشتی کا داؤں کرنا ۔ دھوکا دینا (۲) پتنگ لڑانا۔

**پیچ کھانا** ۔ (۱) بل کھانا (۲) دل ہی دل میں غصہ کرنا۔

**پیچ کھیلنا** ۔ (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا۔

**پیچ لڑانا** ۔ کنکوے لڑانا۔

**پیچ میں آنا** ۔ (۱) مصیبت میں پھنسنا (۲) دھوکے میں پھنسنا۔

**پیچ و تاب** ۔ (۱) بل (۲) غصہ (۳) بے قراری (۴) فکر و اندیشہ

**پیچ و خم** ۔ چکر ۔ بل ۔ پھیر۔

**پیچ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔

**پیچاں** ۔ (پے ۔ چاں) [ف ۔ صف] بل کھایا ہوا ۔ پیچیدہ۔

**پیچش** ۔ (پے ۔ چش) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] مروڑ ۔ آنو آنا۔

**پیچک** ۔ (پے ۔ چک) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] لپٹے ہوئے سوت کی ڈلی۔

**پیچکش** ۔ (پیچ ۔ کش) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پیچ کھولنے کا اوزار۔

**پیچھو** ۔ (پِی ۔ چھُو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا آڑو ۔ زرد آلو۔

**پیچواں** ۔ (پیچ ۔ واں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا حقہ۔

**پیچھا** ۔ (پِی ۔ چھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پچھلا حصہ ۔ پُشت (۲) تعاقب۔

**پیچھا چھڑانا** ۔ نجات حاصل کرنا ۔ چھٹکارا پانا ۔ جان بچانا۔

**پیچھا کرنا** ۔ (۱) تعاقب کرنا (۲) دِق کرنا ۔ ستانا (۳) درپے ہونا۔

**پیچھے** ۔ (پِی ۔ چھے) [ہ ۔ صف] (۱) بعد میں ۔ عقب میں (۲) غیر حاضری میں (۳) پھر (۴) وجہ سے (۵) ہر ایک ۔ فی (۶) پچھلی طرف (۷) اس کے بعد (۸) مرنے کے بعد۔

**پیچھے پڑنا** ۔ (۱) سر ہونا (۲) ستانا

**پیچھے پھرنا** ۔ لَوٹنا ۔ واپس ہونا ۔ مُڑنا۔

**پیچھے پیچھے** ۔ (۱) تھوڑی دیر بعد ۔ عنقریب (۲) ساتھ ساتھ۔

**پیچھے ڈالنا** ۔ (۱) تعاقب کرنا (۲) پیچھے دوڑنا (۳) جمع کرنا۔

**پیچھے سے** ۔ (۱) پُشت سے (۲) بعد ازاں ۔ تھوڑی دیر بعد۔

**پیچیدگی** ۔ (پے ۔ چی ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) لپیٹ ۔ مروڑ ۔ بل (۲) بکھیڑا (۳) جھگڑا۔

**پیچیدہ** ۔ (پے ۔ چی ۔ دہ) [ف ۔ صف] (۱) لپٹا ہُوا (۲) مشکل۔

**پیخال** ۔ (پے ۔ خال) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] بیٹ ۔ پرند کا فضلہ۔

**پیخانہ** ۔ (پے ۔ خا ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پاخانہ۔

**پیدا** ۔ (پے ۔ دا) [ف ۔ صف] (۱) ظاہر (۲) جنا ہُوا (۳) موجود (۴) آمدنی ۔ کمائی (۵) ایجاد ۔ اختراع۔

**پیداوار** ۔ (۱) زراعت و صنعت کا حاصل (۲) وہ چیز جو کھیت میں اُگے ۔ یا کارخانے میں تیار ہو۔

**پیداوارِ خودرو** ۔ وہ پیداوار جو بونے جوتنے بغیر اُگ آئے۔

**پیدائش** ۔ (پے ۔ دا ۔ اِش) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] جنم ۔ خلقت ۔ نشو و نما ۔ زیست۔

**پیدائشی** ۔ (پے ۔ دا ۔ اِ ۔ شی) [ف ۔ صف] اصلی ۔ فطری ۔ خلقی۔

**پیدل** ۔ (پے ۔ دل) [ہ ۔ صف] (۱) پیادہ (۲) شطرنج کا وہ ادنیٰ مہرہ جو ایک گھر سیدھا چلتا اور ترچھا مارتا ہے (۳) پیادوں کی فوج۔

**پیدل اور سوار کا کیا ساتھ** [مثل] امیر اور غریب کا کیا جوڑ۔

**پیڈ** (PAD) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سیاہی چوس ۔ جاذب (۲) جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا تختہ (۳) بوٹ صاف کرنے کی چھوٹی گدی (۴) کپڑے کی گدی۔

**پیڈل** (PADDLE) (پے ۔ ڈل) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بائیسکل ، پیانو اور سینے کی مشین کا وہ نچلا حصہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

**پیر** ۔ [ف ۔ صف] (۱) بوڑھا (۲) [ا ۔ مذکر] مرشد ۔ ولی ۔ بزرگ (۳) اُستاد ۔ شریروں کا اُستاد (۴) سوموار۔

**پیر بھائی** ۔ ایک پیر کے مرید۔

**پیر تو آپ ہی در ماندہ شفاعت کس کی کریں** [مثل] جو خود محتاج ہے وہ دوسروں کو کیا نفع پہنچائے گا۔

**پیرِ خرابات** (۱) شراب خانے کا مالک (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں مرشدِ کامل۔

Marfat.com

**پیرزادہ** ۔ (۱) مُرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے ان بزرگوں سے پیری مریدی ہوتی چلی آرہی ہو۔
**پیرزال** ۔ بوڑھی عورت ۔ بڑھیا ۔
**پیرشو پیاموز** ۔ [مثل] انسان کو چاہیئے کہ ساری عمر سیکھتا رہے ۔
**پیرفرتوت** ۔ بہت بوڑھا ۔
**پیرفلک** ۔ پُرانا ہونے کی وجہ سے آسمان کو کہتے ہیں ۔
**پیرکرنا** ۔ مرشد بنانا ۔ ہادی تسلیم کرنا ۔
**پیرکنعان** ۔ (کنایتاً) حضرت یعقوب علیہ السلام ۔
**پیرمغاں** ۔ (۱) آتش پرستوں کا پیشوا (۲) شراب بیچنے والا ۔
**پیرمن خس است اعتقادِ من بس است** ۔ [مثل] پیر کچھ نہیں نہ ہو اعتقاد بڑی چیز ہے ۔
**پیرنا بالغ** ۔ وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچوں کی سی باتیں کرے ۔
**پیرو مُرشد** ۔ (۱) بزرگ ۔ اُستاد (۲) گرو
**پَیر** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قدم ۔ پاؤں (۲) سُراغ ۔ کھوج (۳) غلہ صاف کرنے کی جگہ (۴) صاف نہ کئے ہوئے غلے کا ڈھیر
**پیر بھاری ہونا** ۔ حاملہ ہونا ۔
**پیروں پڑنا** ۔ (۱) پاؤں پر سر رکھنا ۔ خوشامد کرنا (۲) آداب بجالانا ۔
**پیروں میں مہندی لگنا** ۔ عذر بے جا کرنا ۔ نامناسب حیلہ تراشنا ۔
**پیرا** ۔ (پے ۔ را) فارسی مصدر پیراستن کا اسم فاعل بمعنی آراستہ کرنے والا مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے چمن پیرا ۔
**پیراستہ** ۔ (پے ۔ راس ۔ تہ) [ف ۔ صف] سجا ہوا ۔ آراستہ ۔
**پیراشوٹ** ۔ (PARACHUTE) پے ۔ را ۔ شوٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] محافظ چھتری جس کی مدد سے انسان ہوائی جہاز سے کود کر زمین پر پہنچتا ہے ۔
**پیرافین** (PARAFFIN) پے ۔ را ۔ فین) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک بے رنگ موم جیسی چیز جو پٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ہے ۔
**پیراک** ۔ (پے ۔ راک) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] تیراک ۔
**پیراکی** ۔ (پے ۔ را ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تیراکی ۔
**پیراگراف** ۔ (پے ۔ را ۔ گ ۔ راف) (PARAGRAPH) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو ۔
**پیران** ۔ (پی ۔ ران) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پیر کی جمع ۔ بوڑھے بزرگ ۔
**پیران پیر** ۔ پیروں کے پیر ۔ حضرت عبدالقادر جیلانی کا لقب ۔
**پیران نمے پرند مریداں مے پرانند** ۔ [مثل] پیر تو نہیں اُڑتے مرید اُڑاتے ہیں پیروں کی کرامتیں مرید مشہور کرتے ہیں ۔
**پیرانہ** ۔ (پی ۔ را ۔ نہ) [ف ۔ صف] پیر سے منسوب ۔
**پیرانہ سالی** ۔ پیرانہ سری ۔ بڑھاپا ۔
**پیراہن** ۔ (پے ۔ را ۔ ہن) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کپڑا ۔ پوشاک ۔ لباس ۔
**پیراؤ** ۔ (پے ۔ را ۔ او) [ہ ۔ صف] ڈوباؤ پانی ۔ تیرنے کے قابل پانی ۔
**پیرائی** ۔ (پے ۔ را ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳) پیراکی ۔
**پیرایہ** ۔ (پے ۔ را ۔ یہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زینت ۔ زیور (۲) لباس ۔ پوشاک (۳) طرز ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔
**پَیرنا** ۔ (پَیر ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تیرنا (۲) کسی فن میں ماہر ہوجانا ۔ (۳) خنجر ۔ تلوار ۔ چھری کا آر پار ہوجانا ۔
**پیرو** ۔ (پے ۔ رَو) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پیچھے چلنے والا ۔ مقلد ۔ مرید ۔ چیلا ۔
**پیروکار** ۔ کسی کی طرف سے پیروی کرنے والا ۔ وکیل ۔
**پیروکارِ سرکاری** ۔ سرکاری وکیل ۔
**پیروڈی** (PARODY) ۔ (پے ۔ رو ۔ ڈی) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] کسی مصنف کی عبارت ، نظم یا اسلوب بیان وغیرہ کی مضحک نقل ۔
**پیروز** ۔ (پی ۔ روز) [ف ۔ صف] دیکھیے فیروز ۔
**پیرول** (PAROLE) (پے ۔ رول) کسی قیدی کو کسی ضرورت کے لیے کچھ وقت تک کے لیے رہا کردینا ۔
**پیروی** ۔ (پے ۔ رَ ۔ وی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تقلید (۲) فرمانبرداری (۳) کوشش ۔ مقدمے کی پیروی ۔
**پیرہن** ۔ (پے ۔ رَ ۔ ہَن) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پیراہن کا مخفف ۔
**پَیری** ۔ (پَے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) غلہ جو صاف کرتے وقت باقی رہے ۔ اناج کا بھوسا ملا ہوا ڈھیر (۲) پازیب ۔
**پیری** ۔ (پی ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بڑھاپا (۲) مرید بنانے کا پیشہ (۳) چالاکی ۔
**پیری وصد عیب چنیں گفتہ اند** ۔ بڑھاپا سو عیبوں کے برابر ہے ۔
**پیریڈ** (PERIOD) (پیریڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مدت ۔ دور (۲) زمانہ کا کوئی حصہ ( صدی ۔ سنہ ۔ سال ) ۔
**پیڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) درخت ۔ شجر (۲) پودا ۔ پیتا ۔
**پیڑ پھل سے پہچانا جاتا ہے** ۔ انسان کی گفتگو یا عمل سے اس کی شرافت اور رذالت کا پتہ چل جاتا ہے ۔
**پیڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] درد ۔
**پیڑا** ۔ (پے ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گندھے ہوئے آٹے کا ایک روٹی کے برابر گولا (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳) سخت گول گول
**پیڑا** ۔ (پی ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پیڑ ۔
**پیڑو** ۔ (پے ۔ ڑو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ناف سے نیچے کا حصہ ۔
**پیڑھا** ۔ (پی ۔ ڑھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] کرسی نما کھٹولا ۔
**پیڑھی** ۔ (پی ۔ ڑھی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کھٹولی (۲) نسل پشت (۳) قرابت ۔
**پیڑھی در پیڑھی** ۔ (۱) نسلاً بعد نسل ۔ باپ دادا سے (۲) موروثی ۔
**پیزار** ۔ (پے ۔ زار) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] جوتی ۔ کفش ۔ پاپوش ۔
**پیزار پر مارنا** ۔ حقیر جاننا ۔ بے حقیقت سمجھنا ۔ پروا نہ کرنا ۔
**پیزار سے** ۔ جوتی سے ۔ بلا سے ۔ کیا پروا ہے ۔
**پیزار کی نوک پر** ۔ پیزار کی نوک سے ۔ پاپوش سے ۔ کیا پروا ہے ۔
**پیس** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تاش کے پتے تقسیم کرنا (۲) محنت ۔
**پیسا** ۔ (پے ۔ سا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) روپیہ کا سولہواں حصہ (۲) دولت ۔
**پیسا اُڑانا** ۔ روپیہ برباد کرنا ۔ فضول خرچی کرنا ۔
**پیسا پیسا کرکے جمع کرنا** ۔ بڑی محنت اور کنجوسی سے روپیہ

Marfat.com

جمع کرنا۔
پیسے دھڑی ۔ پیسے کی پانچ سیر ۔ بہت سستی ۔
پیسے والا ۔ دولت مند ۔ مال دار ۔ امیر ۔
**پیسٹری** (PASTRY) ۔ (پیسٹ ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک انگریزی مٹھائی ۔
**پیسنا** ۔ (پیس ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سفوف کرنا (۲) رگڑنا (۳) تباہ کرنا (۴) سخت محنت یا مصیبت برداشت کرنا ۔
**پیش** ۔ [ف ۔ تابع فعل] (۱) آگے ۔ سامنے (۲) پہلے ۔ قبل ۔ آئندہ (۳) [ا ۔ مذکر] ضمہ ۔ وہ علامت جو کسی حرف کے اوپر نصف واؤ کی آواز کے لیے لکھتے ہیں (۴) انگرکھے کی اگاڑی (۵) تسبیح کا وہ دانہ جو سب دانوں کے اُوپر ہوتا ہے ۔
پیش آنا ۔ (۱) آگے آنا ۔ ظہور میں آنا (۲) برتاؤ کرنا ۔
پیش از مرگ واویلا ۔ [مثل] تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا ۔
پیش ازیں ۔ اس سے پہلے ۔ اس سے آگے ۔
پیش امام ۔ امام ۔ نماز پڑھانے والا ۔
پیش بند ۔ زیر بند ۔ وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں ۔
پیش بندی ۔ دُور اندیشی ۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا ۔
پیش بین ۔ دُور اندیش ۔ عاقبت اندیش ۔
پیش بینی ۔ مآل اندیشی ۔ دور اندیشی ۔
پیش پا افتادہ ۔ (۱) نہایت معمولی ۔ سامنے کی بات (۲) واضح ۔ آشکارا ۔
پیش پیش ۔ آگے آگے ۔
پیشتر ۔ پہلے ۔ بہت پہلے ۔
پیش (جانا) چلنا ۔ (۱) قابو چلنا ۔ کارگر ہونا (۲) سبقت لے جانا ۔
پیش خدمت ۔ (۱) خدمت گار (۲) خادمہ ۔ ماما (۳) ہرکارہ (۴) ہراول ۔
پیش خیمہ ۔ (۱) امیر کا خیمہ اور سامان جو فوج کی روانگی سے پہلے اگلی منزل کو بھیجا جاتا ہے (۲) کسی واقعہ کی تمہید (۳) ہرکارہ ۔ پیادہ ۔ ملازم (۴) مقدمۃ الجیش ۔ ہراول ۔
پیش دست ۔ (۱) آگے کام کرنے والا ۔ اسسٹنٹ ۔ نائب (۲) سبقت کرنے والا ۔
پیش دستی ۔ سبقت
پیش رو ۔ آگے آگے چلنے والا ۔ [illegible] کرنے والا ۔
پیش قبض ۔ (۱) خنجر ۔ چھرا ۔ کٹار (۲) کشتی کے ایک پیچ کا نام ۔
پیش قدمی ۔ (۱) بڑھ کے کام کرنا ۔ پہل (۲) حملہ (۳) دلیری ۔
پیش کار ۔ (۱) مددگار ۔ نائب (۲) نائب سررشتہ دار ۔ مسل خواں ۔
پیش کرنا ۔ سامنے کرنا ۔ حاضر کرنا ۔ آگے رکھنا ۔
پیش کش ۔ (۱) بھینٹ ۔ نذر (۲) ہدیہ ۔ تحفہ (۳) محصول ۔ خراج ۔
پیش گاہ ۔ (۱) سامنے ۔ رُوبرو ۔ حضور (۲) دربار ۔ صدر ۔ اجلاس
پیش گوئی ۔ کسی بات کی پہلے سے خبر دینا ۔ پیشین گوئی ۔
پیش نظر ۔ پیش نگاہ ۔ نگاہ کے سامنے ۔
پیش نماز ۔ امام ۔ نماز پڑھانے والا ۔
پیش نہاد ۔ (۱) مدنظر (۲) نمونہ ۔ مثال (۳) رسم ۔ رواج ۔

**پیشاب** ۔ (پے ۔ شاب) [ف ۔ ا ۔ مذکر] بول ۔ مُوت ۔
پیشاب خطا ہونا ۔ ڈر سے مُوت نکل جانا ۔ بہت خوف کھانا ۔
پیشاب کرنا ۔ پیشاب نہ کرنا ۔ ازحد حقیر سمجھنا ۔ بالکل خاطر میں نہ لانا ۔
پیشاب نکلنا ۔ (۱) مُوت دینا (۲) ڈرنا ۔ خوف سے کانپنا ۔
**پیشانی** ۔ (پے ۔ شا ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ماتھا ۔ جبیں (۲) قسمت (۳) سرنامہ ۔ القاب (۴) کاغذ کا بالائی حصّہ جو عبارت سے اُوپر خالی چھوڑ دیا جائے ۔
پیشانی پر شکن (بل) پڑنا ۔ چہرے سے رنج ظاہر ہونا ۔ بگڑنا ۔
پیشانی کا خط ۔ پیشانی کی تحریر ۔ تقدیر کا لکھا ہُوا ۔ نوشتہ ۔ قسمت ۔
**پیشگی** ۔ (پیش ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] وہ رقم جو کسی معاملے میں پہلے دے دی جائے ۔ بیعانہ ۔ سائی ۔
**پیشوا** ۔ (پیش ۔ وا) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) رہنما ۔ امام (۲) مرہٹوں کے سردار کا لقب ۔
**پیشواز** ۔ (پیش ۔ واز) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے پشواز ۔
**پیشوائی** ۔ (پیش ۔ وا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) رہبری ۔ رہنمائی (۲) استقبال ۔
**پیشہ** ۔ (پے ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ہُنر ۔ فن ۔ کام ۔ دھندا ۔ روزگار ۔
پیشہ ور ۔ (۱) کسی قسم کا کام کرنے والا (۲) تاجر ۔ دکاندار (۳) [illegible]
**پیشی** ۔ (پے ۔ شی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) حضوری (۲) زیر تجویز مقدمے کی سماعت کی تاریخ ۔
پیشی کا (محرر یا) منشی ۔ وہ شخص جو حاکم کے سامنے کاغذات پیش کرے ۔ مسل خواں ۔ پیش کار ۔
**پیشین** ۔ (پے ۔ شین) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پہلا ۔ قدیم زمانے کا ۔ اگلا ۔
پیشین گوئی ۔ آئندہ واقعہ کی خبر دینے کا عمل ۔ پیش گوئی ۔
**پیغام** ۔ (پے ۔ غام) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے پیام ۔
**پیغمبر** ۔ (پے ۔ غم ۔ بر) [ف ۔ ا ۔ مذکر] رسول ۔ نبی ۔ پیمبر ۔
**پیغمبری** ۔ (پے ۔ غم ۔ ب ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] نبوت ۔ رسالت ۔ پیمبری ۔
پیغمبری وقت پڑنا ۔ سخت مصیبت نازل ہونا ۔
**پیک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] قاصد ۔ ہرکارہ ۔ نامہ بر ۔ چٹھی رساں ۔
پیک (نظر) نگاہ ۔ پیک کا نظر اور نگاہ سے استعارہ کرتے ہیں ۔
**پیک** (PACK) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مال و اسباب کو باندھنا ۔
**پیک** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پان کا رنگین تھوک (۲) کھیت کی تیار نسل (۳) بوتلوں میں رقیق شے بھرنے کا آلہ ۔
پیکدان ۔ اُگالدان ۔
**پیکار** ۔ (پے ۔ کار) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جنگ (۲) حاصل ۔ نتیجہ
**پیکان** ۔ (پے ۔ کان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] برچھی یا بھالے وغیرہ کی انی ۔
**پیکٹ** (PACT) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] معاہدہ ۔ عہدنامہ
**پیکٹ** (PACKET) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] چھوٹا بنڈل ۔
**پیکر** ۔ (پے ۔ کر) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] چہرہ ۔ شکل ۔ صورت ۔

Marfat.com

**پیکر** (PACKER) (پے-کر) [انگ-ا-مذکر] اسباب بند کرنے والا۔ سامان پیک کرنے والا۔

**پیل** -[ہ-ا-مذکر] (۱) دھکا۔ ریلا۔ (دھکا پیل) (۲) پیلنا کا حاصل مصدر۔

**پیل** -[ف-ا-مذکر] دیکھیے فیل۔

**پیل ڈالنا**۔ پھل ڈالنا۔ پھوڑ کر نکال دینا۔

**پیلا** -(پی-لا) [ہ-صفت] زرد۔ زعفرانی۔

**پیلنا** -(پیل-نا) [ہ-مص] (۱) دھکیلنا (۲) کولھو میں پیلنا (۳) داخل کرنا (۴) ڈنشر کرنا۔

**پیلو** -(پی-لو) [ہ-ا-مذکر] ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی مسواک بناتے ہیں (۲) ایک راگنی (۳) فیل مرغ۔

**پیلہ** -(پی-لہ) [ف-ا-مذکر] (۱) ریشم کا کیڑا (۲) شطرنج کا مہرہ۔ پیل۔

**پیلی** -(پی-لی) [ہ-ا-مؤنث] پیلا کی تانیث۔

**پیما** -(پے-ما) [ف] فارسی مصدر پیمودن کا اسم فاعل بمعنی ناپنے والا۔ تولنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے آب پیما وغیرہ۔

**پیمان** -(پے-مان) [ف-ا-مذکر] عہد۔ قسم۔ شرط۔ وعدہ۔

**پیمان شکن**۔ عہد توڑنے والا۔

**پیمانہ** -(پے-مانہ) [ف-ا-مذکر] (۱) گلاس۔ پیالہ (۲) ناپنے کا آلہ۔

**پیمانہ لبریز ہونا**۔ (۱) پیالہ بھر جانا (۲) زندگی ختم ہونا۔

**پیمائش** -(پے-ما-اش) [ف-ا-مؤنث] ناپ۔ زمین کا ناپ۔

**پیمبر** -(پ-یم-بر) [ف-ا-مذکر] رسول۔ نبی۔ پیغمبر۔

**پیمبری** -(پ-یم-ب-ری) [ف-ا-مؤنث] نبوت۔ رسالت۔ پیغمبری۔

**پینا** -(پی-نا) [ہ-مص] (۱) نوش کرنا (۲) حقے کا دم لگانا (۳) چوسنا (۴) جھیلنا۔ برداشت کرنا۔

**پینتالیس** -(پین-تا-لیس) [ہ-صفت] پانچ اوپر چالیس۔

**پینترا** -(پینت-را) [ہ-ا-مذکر] دیکھیے پیترا۔

**پینتیس** -(پین-تیس) [ہ-صفت] پانچ اوپر تیس۔

**پینٹ** (PAINT) [انگ-ا-مذکر] رنگ۔ روغن۔

**پینٹر** (PAINTER) (پین-ٹر) [انگ-ا-مذکر] (۱) مصور۔ نقاش (۲) رنگ ساز۔

**پینٹری** (PAINTRY) (پینٹ-ری) [انگ-ا-مؤنث] وہ کوٹھڑی جس میں کھانے پینے کی چیزیں اور برتن رکھے جاتے ہیں۔

**پینٹنگ** (PAINTING) [انگ-ا-مؤنث] (۱) مصوری نقاشی (۲) رنگ سازی۔

**پینٹھ** -[ہ-ا-مؤنث] آٹھویں روز کا بازار۔ روز بازار۔ ہاٹ۔

**پینڈا** -(پین-ڈا) [ہ-ا-مذکر] تلا۔ برتن کا نچلا حصہ۔ کسی چیز کا نیچے کا حصہ۔

**پینڈے کا ہلکا**۔ بات کا کچا۔ غیر مستقل مزاج۔

**پینڈی** -(پین-ڈی) [ہ-ا-مؤنث] (۱) توپ یا بندوق کی کوٹھی (۲) گاجر یا مولی کی جڑ (۳) کسی چیز کا نچلا حصہ۔

**پینڈولم** (PENDULUM) (پین-ڈو-لم) [انگ-ا-مذکر] گھڑی یا گھنٹے کا لٹکن یا لنگر۔

**پینس** -(پی-نس) [ہ-ا-مذکر] (۱) پالکی۔ نفس (۲) ناک کی ایک بیماری کا نام۔

**پینس** (PENCE) [انگ-ا-مذکر] ایک انگریزی سکہ۔ شلنگ کا بارھواں حصہ۔

**پینسٹھ** -(پین-سٹھ) [ہ-صفت] پانچ اوپر ساٹھ۔

**پینک** -(پی-نک) [ہ-ا-مؤنث] وہ غنودگی جو افیون یا پوست کے نشے سے ہوتی ہے۔

**پینک میں آنا**۔ نشہ میں اونگھنا۔ افیون کا نشہ چڑھنا۔

**پینگ** -[ہ-ا-مؤنث] (۱) جھولے کا لمبا جھونک (۲) جھولے کی رسی (۳) ایک قسم کی چڑیا۔

**پینگ بڑھانا**۔ (۱) جھولے کا لمبا جھونک لینا (۲) میل جول بڑھانا۔

**پینگوئن** (PENGUIN) (پینگ-ون) [انگ-ا-مذکر] ایک بحری پرندہ۔

**پینی** (PENNY) (پے-نی) [انگ-ا-مؤنث] دیکھیے پینس۔

**پیوست** -(پے-وست) [ف-صفت] ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔

**پیوستہ** -(پے-وس-تہ) [ف-صفت] (۱) ملا ہوا (۲) ایک جان۔

**پیوسی** -(پ-یو-سی) [ہ-ا-مؤنث] گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ بوہلی۔ کھیس۔

**پیوند** -(پے-وند) [ف-ا-مذکر] (۱) بندش۔ بستگی (۲) چیپی۔ جوڑ۔ ایک ہم جنس درخت کی شاخ کا دوسرے ہم جنس درخت سے جوڑ۔

**پیوند زمین**۔ مر کر زمین میں دفن ہونا۔

**پیوندی** -(پے-وندی) [ف-ا-مذکر] (۱) وہ درخت جس میں پیوند لگایا گیا ہو (۲) پیوند والے درخت کا پھل (۳) دوغلا۔

**پیویلین** (PAVILION) (پے-وی-لی-ان) [انگ-ا-مذکر] (۱) شہ نشین (۲) خوش نما بنگلہ خصوصاً وہ جو کرکٹ کے میدان کے پاس کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لیے بنا دیا جاتا ہے (۳) بڑا چوبی دار خیمہ۔

**پیہم** -(پے-ہم) [ف-تابع فعل] لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔

**پیہو** -(پی-ہو) [ہ-ا-مذکر] پپیہے کی آواز۔

**پیئی** -(پے-ای) [ہ-ا-مؤنث] پاؤ کا مخفف۔

Marfat.com

# ت

[ت۔ مؤنث] اُردو و فارسی حروف تہجی کا چوتھا، عربی کا تیسرا اور ہندی کا سولھواں حرف حساب ابجد میں اس کے چار سَو عدد مقرر ہیں۔

## ت۔ا

**تا۔** [ف] (۱) تک۔ بل۔ پیچ (۲) تک۔ جس وقت تک۔ جب۔ جب تک۔ تاکہ۔ اس لیے کہ۔ اگر (۳) مانند۔

**تا امکان۔** مقدور بھر۔ جہاں تک طاقت ہے۔

**تا اینکہ۔** یہاں تک کہ۔

**تا بہ اَوجِ فلک۔** (۱) آسمان کی بلندی تک (۲) بہت اُونچا۔

**تا بہ (حیات) زیست۔** جیتے جی۔ عمر بھر جب تک زندگی ہے۔

**تا بہ کے۔** تا کے۔ کب تک۔

**تا بہ مقدور۔** تا مقدور۔ جہاں تک ممکن ہو۔ حتی الامکان۔

**تا تریاق از عراق آوردہ شود، مار گزیدہ مُردہ شود۔** [مثل] جب تک عراق سے تریاق آئے۔ سانپ کا کاٹا مر جائے گا۔

**تا تو بمن میرسی، من بخدا می رسم۔** [مثل] جب تک تیرے پاس پہنچے میں خدا کے پاس پہنچ چکا ہوں گا۔ یعنی مر جاؤں گا۔

**تا چند۔** کب تک۔

**تا حال۔** اس وقت تک۔ اب تک۔

**تا دم زیست۔** تا زندگی۔ تا زیست۔ عمر بھر۔ زندگی تک۔

**تاکہ۔** بہ ایں وجہ۔ اس لیے کہ۔ اس واسطے کہ۔

**تا مرد سخن نگفتہ باشد۔ عیب و ہنرش نہفتہ باشد۔** جب تک آدمی بات نہ کرے، اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں۔

**تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا۔** جب تک کوئی اصلیت نہیں ہوتی۔ خواہ مخواہ لوگ بہت کچھ بڑھا کر نہیں کہتے۔

**تا وقتیکہ۔** اس وقت تک۔ جب تک۔

**تاہم۔** پھر بھی۔ اس پر بھی۔

**تاب۔** [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) روشنی۔ رونق (۲) گرمی (۳) پیچ و خم (۴) طاقت۔ (۵) برداشت (۶) رنج (۷) جلانا (۸) فارسی مصدر تابیدن کا اسم فاعل بمعنی چمکانے والا (مرکبات میں جیسے جہانتاب۔ آہن تاب)۔

**تاب دادہ۔** مروڑا ہُوا۔ بل دیا ہُوا۔

**تاب دار۔** (۱) روشن۔ چمکتا ہُوا (۲) پیچ دار۔ خمدار۔

**تاب دان۔** روشن دان۔ روزن دیوار۔

**تاب دینا۔** (۱) روشن کرنا (۲) تیز کرنا (۳) مروڑنا۔

**تاب ضبط نہ رہنا۔** ضبط کی طاقت نہ رہنا۔

**تاب کار۔** گرم تاب۔ شعاع زن جس میں گرم تابی سے برق پیما وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو۔

**تاب کاری۔** گرم تابی۔ شعاع زنی۔

**تاب مقاومت نہ لانا۔** مقابلے کی طاقت نہ رکھنا۔

**تابناک۔** (۱) روشن۔ چمکیلا (۲) پیچیدہ۔

**تاب نہ لانا۔** برداشت نہ کرسکنا۔ گھبرا جانا۔

**تاب و تواں** (۱) مجال۔ قدرت (۲) ظرف۔ حوصلہ۔ صبر۔

**تاباں۔** (تا۔ باں) [ف۔ صف] (۱) روشن۔ نورانی (۲) پیچیدہ۔ خمدار۔

**تابانی۔** (تا۔ با۔ نی) [ف۔ ا۔ مؤنث] روشنی۔ نور۔ چمک

**تابڑ توڑ۔** (تا۔ بڑ۔ توڑ) [ہ۔ صف] متواتر۔ لگاتار۔ پیہم۔ اُوپر تلے

**تابستان۔** (تا۔ بِس۔ تان) [ف۔ ا۔ مذکر] گرمی۔ موسم گرما۔

**تابستانی۔** (تا۔ بِس۔ تا۔ نی) [ف۔ صف] موسم گرما سے منسوب۔

**تابش۔** (تا۔ بِش) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) حرارت (۲) دھوپ کی چمک۔ روشنی۔

**تابش آفتاب۔** سورج کی گرمی۔ دُھوپ کی چمک۔

**تابع۔** (تا۔ بع) [ع۔ صف] ماتحت۔ مطیع۔ فرماں بردار۔

**تابعدار۔** لغوی معنی۔ تابع رکھنے والا۔ مطیع و فرمانبردار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ (غلط العام)

**تابعداری۔** (۱) فرمانبرداری۔ اطاعت (۲) ملازمت۔

**تابع فرمان۔** حکم کا تابع۔ فرمانبردار۔

**تابع مرضی مالک۔** (قانون) وہ کاشت کار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو۔

**تابع مُہمل۔** وہ بے معنی لفظ جو بامعنی لفظ کے ساتھ بولا جائے جیسے سچ مچ اور جھوٹ موٹ میں مچ اور موٹ۔

**تابعی۔** (تا۔ بِ۔ عی) [ع۔ ا۔ مذکر] وہ مسلمان جس نے اصحاب رسول اللہؐ کو دیکھا ہو۔

**تابعین۔** (تا۔ بِ۔ عین) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) تابع (۲) تابعی کی جمع (۳) مسلمانوں کا وہ گروہ جس نے اصحاب رسول اللہ کی زیارت کی ہو۔

**تابلو** (TABLEAU) (تا۔ ب۔ لو) [انگ۔ ا۔ مذکر] کسی واقعے یا کہانی کی خاموش اداکاری۔

**تابندہ۔** (تا۔ بن۔ دہ) [ف۔ صف] چمکتا ہُوا۔ روشن۔ نورانی۔

**تابندگی۔** (تا۔ بن۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] روشنی۔ چمک۔

**تابوت۔** (تا۔ بُوت) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ صندوق جس میں مُردے کی نعش رکھتے ہیں (۲) لاش۔ جنازہ (۳) ایک قسم کا تعزیہ۔

**تابیدہ۔** (تا۔ بی۔ دہ) [ف۔ صف] (۱) بل کھایا ہُوا (۲) تاباں۔ روشن۔

**تاپ۔** [س۔ ا۔ مؤنث] (۱) حرارت (۲) تپ۔ بخار (۳) تکلیف (۴) غصہ۔

**تاپ تلی۔** ورم طحال۔ تلی کا بڑھ جانا۔

**تاپ چڑھنا۔** بخار ہونا۔

**تاپ ٹھنڈا۔** پارے کا بخار۔ لرزہ۔

**تاپنا۔** (تاپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرمی پہنچانا۔ سینکنا (۲) دھوپ کھانا۔

Marfat.com

**تاتا تھئی - تا تا تھیا** - [ہ - ا - مؤنث] ایک کلمہ جس کو ناچنے والے تال پر آنے کے لیے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں۔

**تاتاری** [ت - صف] تاتار کا باشندہ یا چیز۔ تاتار سے منسوب۔

**تاثر** - (ت - ا - ث - ثر) [ع - ا - مذکر] اثر قبول کرنا۔ اثر۔

**تاثرات** - (ت - آ - ث - ثرات) [ع - ا - مذکر] تاثر کی جمع۔

**تاثیر** - (تا - ثیر) [ع - ا - مؤنث] (۱) نشان (۲) نتیجہ (۳) اثر۔ خاصیت۔

**تاج** [ع - ا - مذکر] (۱) شاہی ٹوپی (۲) کلغی - پرند کی چوٹی (۳) فقیروں کی خاص قسم کی ٹوپی (۴) کھنٹے کا ایک رنگ (۵) مکان کا چھجا۔ دیوار کی کلغی - وہ نقش دار برجی جو کسی دیوار یا مکان کے اوپر بنا دیتے ہیں۔

**تاج بخش** - شہنشاہ - وہ بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے۔

**تاج بخشی کرنا** - سلطنت بخشنا - بادشاہی دینا۔

**تاج پوشی** - تاج پہننا۔

**تاج خروس** - (۱) مرغ کے سر کی کلغی (۲) ایک قسم کا سرخ پھول۔

**تاجدار** - بادشاہ - صاحب تاج - تاج والا۔

**تاجداری** - سلطنت - ملک - حکومت۔

**تاج شمع** - شمع کا شعلہ۔

**تاج فیروزہ** - کیخسرو کا تاج۔

**تاجور** - بادشاہ - صاحب تاج۔

**تاجوری** - بادشاہی۔

**تاج ہدہد** - ہدہد کی کلغی۔

**تاجر** - (تا - جر) [ع - ا - مذکر] سوداگر - تجارت کرنے والا - بیوپاری۔

**تاجری** - (تا - جری) [ف - ا - مؤنث] سوداگری - تجارت کا پیشہ۔

**تاخت** - [ف - ا - مؤنث] (۱) لوٹ - تباہی (۲) حملہ - دھاوا۔

**تاخت و تاراج کرنا** - برباد کرنا - لوٹ لینا - تہس نہس کرنا۔

**تاخر** - (تا - آ - خ - خر) [ع - ا - مذکر] (۱) پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا۔

**تاخیر** - (تا - خیر) [ع - ا - مؤنث] (۱) پیچھے چھوڑنا (۲) ڈھیل توقف - دیر۔

**تادیب** - (تا - دیب) [ع - ا - مؤنث] (۱) تنبیہ (۲) ادب سکھانا (۳) علم زبان سکھانا۔

**تادیبی** - (تا - دی - بی) [ف - صف] تنبیہ سے متعلق۔

**تادیبی کارروائی** - ایسی کارروائی جس سے نظم و ضبط قائم رہے - انضباطی کارروائی۔

**تار** - [ف - ا - مذکر] (۱) دھاگا (۲) دھات وغیرہ کا لمبا ڈورا - (۳) تانا بانا (۴) سلسلہ (۵) قوام کا چیپ (۶) تار برقی - (۷) وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے (۸) [صف] سیاہ۔

**تار باراں** - مینہ کے پانی کا سلسلہ۔

**تار باندھنا** - کسی کام کو مسلسل کرنا - سلسلہ باندھنا۔

**تار برقی** - (۱) وہ تار جو بجلی کی قوت سے ایک جگہ سے دوسری جگہ خبر پہنچائے (۲) وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے۔

**تار بندھنا** - (۱) کسی کام کا پے در پے ہونا (۲) قوام کا چیپ دار ہونا۔

**تار بتار** - تتر بتر - پریشان۔

**تار تار** - (۱) ٹکڑے ٹکڑے - ریزہ ریزہ (۲) ہر ایک تار۔

**تار تلا** - پرانی زری۔

**تار تورٹ** - کارچوبی کام - ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر ہوتا ہے۔

**تار ٹوٹنا** - (۱) سلسلہ ٹوٹنا - سانس بند ہو جانا (۲) چلتے کام میں ہرج واقع ہونا۔

**تار دیکھنا** - قوام یا چاشنی کی تیاری کا حال معلوم کرنا۔

**تار دینا** - تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔

**تار عنکبوت** - مکڑی کا جالا۔

**تار کش** - سونے چاندی کے تاروں کو کھینچ کر لمبا اور باریک کرنے والا۔

**تار کشی** - تار کھینچنے کا کام یا پیشہ۔

**تار گھر** - وہ جگہ جہاں سے تار کے ذریعہ خبر روانہ ہوتی ہے۔

**تار مسطر** - وہ دھاگا جو مسطر میں لکیریں کھینچنے کے لیے لگاتے ہیں۔

**تار نفس** - سانس کا سلسلہ۔

**تار (نگہ) نگاہ** - نظر - نگاہ کا سلسلہ۔

**تار نہ ٹوٹے** - کام نہ رکے - سلسلہ نہ بند ہو۔

**تار و پود** - تانا بانا۔

**تارا** - (تا - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) ستارا (۲) آنکھ کی پتلی (۳) ترمرا۔ جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آئے۔

**تارا منڈل** - (۱) تاروں کا حلقہ یا کنڈل (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

**تارا ہو جانا** - نہایت بلند اور اونچا ہو جانا۔

**تاروں کی انجمن** - بہت تارے - ستاروں کا جمگھٹا۔

**تاروں کی چھاؤں** - (۱) تاروں کی روشنی (۲) پچھلی رات - تڑکے سے پہلے۔

**تاروں کی محفل** - (۱) تاروں کا جھنڈ (۲) نورانی محفل (۳) (مجازاً) حسینوں کا مجمع۔

**تاروں کی گرہ** - چند ستاروں کے ایک جگہ جمع ہو جانے کا اثر۔

**تارے توڑنا** - (۱) ایسا کام کرنا جو دوسروں سے نہ ہو سکے۔ (۲) عیاری کرنا۔

**تارے چھٹکنا** - (۱) مطلع صاف ہو کر تاروں کا نکل آنا (۲) تارے چمکنا۔

**تارے دکھائی دینا** - (۱) دماغی صدمے یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آنا (۲) مصیبت پڑ جانا - چھکے چھوٹ جانا۔

**تارے کھلنا** - صاف رات میں تارے نکلنا۔

**تارے گننا** - (۱) اختر شماری کرنا (۲) نہایت پریشانی میں رات کاٹنا۔

**تاراج** - (تا - راج) [ف - ا - مذکر] لوٹ - غارت - بربادی۔

**تاراجگاہ** - لوٹ کی جگہ۔

**تاراج گر** - غارت گر۔

**تارپیڈو** (TORPEDO) (تار - پی - ڈو) [انگ - ا - مذکر] جہاز غرق کرنے کا ایک ہتھیار۔

**تارپین** - (تار - پین) [TURPENTINE کا مورّد - ا - مذکر] گندہ بیروزہ۔

**تارپین کا تیل** - گندے بیروزے کا تیل۔

Marfat.com

**تارک** ۔ (تا ۔ رِک) [ع ۔ صف] چھوڑنے والا ۔ ترک کرنے والا۔

**تارکُ الدّنیا** ۔ وہ شخص جس نے دنیوی تعلقات ترک کر دیے ہوں

**تارکول** (TAR COAL) (تار ۔ کول) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹنگ کا تیل۔

**تاریخ** ۔ (تا ۔ رِیخ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مہینے کا ایک دن (۲) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۳) وہ کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور آدمیوں کے حالات اور ان کے عہد کے واقعات درج ہوں (۴) جملے ۔ شعر یا فقرے ۔ جن کے عدد نکالنے سے مادہ تاریخ نکل آئے (۵) روایات ۔ قصے ۔ افسانے (۶) جنگ نامے ۔

**تاریخِ ارجاع** ۔ مقدمہ دائر ہونے یا اپیل درخواست گزرنے کی تاریخ ۔

**تاریخِ اسکندری** ۔ وہ سنہ جو ۳۱۲ ق ۔ مسیح سے شروع ہوتا ہے ۔

**تاریخ پڑنا** ۔ مقدمے کی سماعت کے لیے تاریخ مقرر ہونا۔

**تاریخ ٹھہرنا** ۔ نسبت ، بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن مقرر ہونا۔

**تاریخ چڑھانا** ۔ کاغذات پر تاریخ لکھنا۔

**تاریخ چسپانی** ۔ مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کا ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کرنا۔

**تاریخ دینا** ۔ پیشکار عدالت کا کاغذ پر مقدمے کی تاریخ لکھ کر مقدمہ داروں کو دینا۔

**تاریخ ڈالنا** ۔ مقدمے کی سماعت کے لیے دن مقرر کرنا۔

**تاریخ ظہور بنائے دعوٰی** ۔ دعوٰی کا سبب قائم ہونے کی تاریخ۔

**تاریخ کہنا** ۔ کسی واقعے کو نظم یا نثر میں بہ حساب ابجد ظاہر کرنا جس سے واقعہ مذکور کا سن معلوم ہو سکے ۔

**تاریخ لکھنا** ۔ (۱) دیکھیے تاریخ کہنا (۲) کاغذات پر تاریخ تحریر کرنا (۳) تاریخ کی کتاب تصنیف کرنا ۔

**تاریخ مقررہ** ۔ وہ دن جو کسی خاص کام کے لیے مقرر کیا جائے۔

**تاریخ وار** ۔ ہر تاریخ کا ۔ تاریخ کے حساب سے ۔ سلسلہ وار۔

**تاریخی** ۔ (تا ۔ ری ۔ خی) [ف ۔ صف] تاریخ سے منسوب۔

**تاریک** ۔ (تا ۔ ریک) [ف ۔ صف] سیاہ ۔ کالا۔

**تاریک دل** ۔ سیاہ دل ۔ بدباطن ۔ کینہ پرور۔

**تاریکی** ۔ (تا ۔ ری ۔ کی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سیاہی ۔ اندھیرا (۲) دھندلاپن ۔

**تاریکی چھانا** ۔ اندھیرا ہو جانا ۔

**تاریکیِ شب** ۔ رات کا اندھیرا۔

**تاڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کھجور کی قسم کا ایک درخت جس سے تاڑی نکلتی ہے (۲) [ا ۔ مؤنث] فراست ۔ سمجھ (۳) تاڑنا کا حاصل مصدر

**تاڑ باز** ۔ (۱) زود فہم ۔ سمجھ دار (۲) عورتوں کو گھورنے والا۔

**تاڑ بازی** ۔ (۱) فہم ۔ فراست (۲) نظر بازی ۔ نظارہ بازی۔

**تاڑ (جانا) لینا** ۔ بھانپ لینا ۔ قیافے سے پہچان لینا۔

**تاڑ کا سا قد** ۔ بہت لمبا قد۔

**تاڑنا** ۔ (تاڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سمجھ جانا ۔ بھانپنا (۲) ڈانٹنا (۳) تولنا ۔

**تاڑی** ۔ (تا ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تاڑ کا نشہ آور رس (۲) کنار کا قبضہ ۔

**تاز** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) دوڑ بھاگ (۲) حملہ ۔ چڑھائی ۔ لشکر کشی ۔

**تازگی** ۔ (تا ۔ زِ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سرسبزی ۔ طراوت ۔ (۲) جدت ۔ نیاپن ۔ رونق ۔

**تازہ** ۔ (تا ۔ زہ) [ف ۔ صف] (۱) نیا ۔ نو بہ نو (۲) ہرا ۔ سرسبز (۳) موٹا (۴) تندرست ۔

**تازہ بہ تازہ** ۔ نو بہ نو ۔ (۱) نیا ۔ جدید (۲) گرما گرم ۔ (۳) نیا سوجھا ہوا ۔

**تازہ دم** ۔ مستعد ۔ چست ۔ تکان اترا ہوا ۔

**تازہ شگوفہ** ۔ (۱) نئی کلی (۲) نئی بات ۔ انوکھی بات (۳) نئی شرارت۔

**تازہ شگوفہ (پھولنا) کھلنا** ۔ (۱) انوکھی بات ہونا (۲) بدنامی کی بات ہونا ۔

**تازہ شگوفہ چھوڑنا** ۔ انوکھی بات کہنا ۔

**تازہ کار** ۔ (۱) نیا کام کرنے والا (۲) عجیب ۔

**تازہ کرنا** ۔ (۱) تازگی بخشنا (۲) یاد دلانا (۳) حقے کا پانی بدلنا۔

**تازہ گل (پھولنا) کھلنا** ۔ دیکھیے تازہ شگوفہ کھلنا ۔

**تازہ مشق** ۔ نومشق ۔ نوسیکھ ۔ مبتدی ۔

**تازہ وارد** ۔ نووارد ۔ حال کا آیا ہوا ۔

**تازہ و تر** ۔ تر و تازہ ۔ ہرا بھرا ۔ شاداب و شگفتہ۔

**تازہ ولایت** ۔ (۱) نووارد ۔ پردیسی (۲) وہ شخص جو دوسرے کی زبان نہ سمجھے (۳) بے وقوف ۔ سادہ لوح ۔

**تازہ ہونا** ۔ (۱) ہرا ہونا (۲) جان آنا (۳) سستانا (۴) موٹا ہونا ۔ پھولنا (۵) نیا ہونا ۔ حال کا ہونا ۔

**تازی** ۔ (تا ۔ زی) [ف ۔ صف] (۱) عربی (۲) عرب کا گھوڑا یا شکاری کتا (۳) عربی زبان (۴) وہ حروف جو عجمی نہ ہوں (۵) [ا] تازہ کی تانیث ۔ باسی کی ضد ۔

**تازی بات** ۔ نئی بات ۔ نیا معاملہ ۔

**تازی پر بس نہ چلا ۔ ترکی کے کان اینٹھے** ۔ [مثل] زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**تازی خانہ** ۔ کتوں کا طویلہ ۔

**تازی کتا** ۔ (۱) پتلی کمر کا شکاری کتا (۲) عربی کتا ۔

**تازی نژاد** ۔ عربی نسل کا (گھوڑا) ۔

**تازیانہ** ۔ (تا ۔ زِ ۔ یا ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کوڑا ۔ چابک ۔ قمچی ۔

**تازیانہ ہونا** ۔ تنبیہ ہونا ۔ چابک پڑنا ۔

**تاس** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] بڑا طشت ۔ تسلا ۔ تاشہ ۔

**تاسف** ۔ (تَ ۔ اَس ۔ سُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] افسوس ۔ حسرت ۔ پچھتاوا ۔ رنج ۔

**تاسہ** ۔ (تا ۔ سہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا ظرف ۔

**تاسیس** ۔ (تا ۔ سیس) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بنیاد رکھنا (۲) علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے خاور اور باور کا الف (۳) علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو ۔ جیسے علیم و حکیم (علیم کے معنی جاننے والا ۔ اور حکیم کے معنی جاننے والا اور کرنے والا) ۔

**تاش** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زربفت ۔ بادلہ (۲) پتوں کا کھیل (۲) طشت ۔

Marfat.com

تاش پر مُرغ کا بچہ۔ [مثل] بے جوڑ بات۔
تاشا۔ تماشہ۔ (تا۔ شا۔ تا۔ شہ) [اُر۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تماشہ۔
تافتہ (تاف۔ تہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔ استبرق (۲) ایک خاص رنگ کا گھوڑا یا کبوتر (۳) [صفت] روشن (۴) گرم (۵) بل دیا ہوا۔
تاقی۔ (تا۔ قی) [ت۔ صفت] (۱) وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں (۲) [مؤنث] ایک قسم کی ٹوپی۔
تاک۔ [ف۔ ا۔ مذکر] انگور کی بیل
تاک۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) انتظار (۲) نشانہ (۳) نگرانی (۴) مشق۔ گھات۔
تاک جھانک۔ نظر بازی۔ گھورا گھاری۔
تاک رکھنا۔ (۱) گھات میں لگے رہنا (۲) پیچھے سے دیکھ رکھنا۔ (۳) جانچ رکھنا۔
تاک کر۔ (۱) سیدھ باندھ کر (۲) موقع دیکھ کر۔
تاک کر آنا۔ غور کر کے آنا۔ کسی کو دیکھ کر آنا۔
تاک کر مارنا۔ شست باندھ کر نشانہ لگانا۔ نشانہ نہ چوکنا۔
تاک لگانا۔ (۱) گھات لگانا۔ موقع تاکنا (۲) دانت رکھنا (۳) تلاش میں رہنا۔
تاک لینا۔ خبر لینا۔ وقت پر پہنچنا۔ وقت پر مہیا کرنا۔ نگرانی کرنا۔
تاک میں رہنا۔ تلاش میں رہنا۔ وقت کا انتظار کرنا۔ گھات میں رہنا۔
تاک میں ہونا۔ منتظر رہنا۔ داؤ لگائے رہنا۔
تاکنا۔ (تاک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گھورنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ (۲) پہلے سے جانچ رکھنا (۳) جھانکنا (۴) تاڑنا۔ پہچاننا۔ (۵) نشانہ باندھنا (۶) انتظار کرنا (۷) پسند کرنا (۸) کسی چیز کی خواہش کرنا (۹) تلاش کرنا۔
تاکو۔ (تا۔ کو) [ہ۔ صفت] گھات میں رہنے والا۔ گھورنے والا۔
تاکو بے بھاگو۔ موقع پا کر بھاگنے والا۔ اُچکا۔ چور۔ اٹھائی گیرا۔
تاکید۔ (تا۔ کید) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) اصرار۔ ضد (۲) تقاضا۔ کوشش (۳) بار بار کہنا۔ زور دینا (۴) مضبوط کرنا۔
تاکید اکید۔ سخت حکم۔ سخت اصرار۔
تاکید بلیغ۔ پوری تاکید۔ سخت تاکید۔
تاکید شدید۔ سخت تاکید۔
تاکیداً۔ (تا۔ کی۔ دَن) [ع] نہایت اصرار سے۔ زور ڈال کر۔
تاکیدی۔ (تا۔ کی۔ دی) [ع۔ ف۔ صفت] (۱) ضروری (۲) اصرار کا۔
تاکیدی حکم۔ ضروری حکم۔ سخت حکم۔
تاگا۔ (تا۔ گا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ڈورا۔ دھاگا۔ سوت کا تار۔
تاگا (پرونا) ڈالنا۔ سوئی میں تاگا پرونا۔
تاگڑی۔ (تاگ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] زنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے کمر میں باندھتے ہیں۔
تال۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) تالاب (۲) [س۔ ا۔ مؤنث] تاڑ کا پیڑ (۳) گانے بجانے کا وزن (۴) مجیرے کی جوڑی۔ چینی کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو ڈھولک یا طبلے کے ساتھ بجاتے ہیں۔ (۵) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا۔
تال بے تال۔ بے سُرا۔
تال (پڑنا) دینا۔ گانے میں وزن اور سُر قائم رکھنے کے لیے تال بجانا۔
تال ٹھونکنا۔ خم ٹھونکنا۔
تال سے بے تال ہونا۔ سُر تال سے اُکھڑ جانا۔ سُر سے بے سُر ہو جانا۔
تال مکھانا۔ کنول گٹے کا بیج۔
تال میل۔ (۱) موافقت (۲) راہ و رسم۔ میل جول۔
تال میل کھانا۔ (۱) موافقت ہونا۔ مناسبت ہونا (۲) تال کا سُر کے ساتھ مل جانا۔
تالا۔ (تا۔ لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] قفل۔
تالاب۔ (تا۔ لاب) [ف۔ ا۔ مذکر] پانی کا بڑا حوض۔ تال۔
تآلف۔ (تَ۔ اَل۔ لُف) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) باہم محبت کرنا [illegible]۔
تألم۔ (تَ۔ اَل۔ لُم) [ع۔ ا۔ مذکر] دُکھ پانا۔ اَلم سہنا۔
تالو۔ (تا۔ لو) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) منہ کے اندر کی چھت (۲) دماغ کے اوپر کی سطح۔ چندیا (۳) گھوڑے کا ایک عیب۔
تالو آنا۔ تالو میں ورم ہو جانا۔
تالو اٹھانا۔ بچہ پیدا ہوتا ہے تو دائی انگلیوں سے اس کے تالو کو درست کرتی ہے۔
تالو بگڑنا۔ آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا۔
تالو سے زبان نہ لگنا۔ چپ نہ رہنا۔ برابر باتیں کیے جانا۔
تالو لٹکنا۔ بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے کچھ نیچے آ جانا۔
تالی۔ (تا۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چابی (۲) دونوں ہتھیلیوں کے بجانے کی آواز۔
تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ [مثل] محبت یا لڑائی ایک طرف سے نہیں ہوتی۔
تالی بجنا۔ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔
تالی پیٹنا۔ (۱) ہنسی اُڑانا (۲) شاباش دینا۔ داد دینا۔
تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ [مثل] لڑائی یا محبت دونوں طرف ہی سے ہوتی ہے۔
تالی دینا۔ ذلیل کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔
تالیاں بجانا۔ (۱) خوشی منانا (۲) ذلیل کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔
تالیف۔ (تا۔ لیف) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) دو چیزوں کو باہم ملانا یا جمع کرنا (۲) مختلف کتابوں سے مضامین چن کر نئے پیرائے میں ترتیب دینا (۳) دوستی پیدا کرنا۔
تالیفِ قلوب۔ دلجوئی کرنا۔ آدمیوں کے دلوں کو ہاتھ میں لینا۔
تالیف کرنا۔ کتاب مرتب کرنا۔
تالیفی۔ (تا۔ لی۔ فی) [ع۔ ف۔ صفت] (۱) تالیف سے منسوب (۲) ترکیبی (۳) کیمیاوی طریقے سے بنا ہوا۔
تالیفی قابلیت۔ کسی چیز میں ترکیب پانے کی استعداد۔
تالیفی قاعدہ۔ کسی چیز کو ترکیب دینے کا طریقہ۔
تام۔ [ع۔ صفت] کل۔ پورا۔ تمام۔ مکمل۔
تام۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] تانبا۔

Marfat.com

تامچینی - مینا کاری کیا ہوا تانبا۔
**تام جان - تام جھام - تام دان - تان جان** - [اُ - ا - مذکر] ہوا دار - ایک قسم کی پالکی۔
**تامڑا** - (تام - ڑا) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے تانبڑا۔
**تامل** - (تا - مِل) [ہ - ا - مؤنث] (۱) ایک زبان جو علاقہ مدراس میں بولی جاتی ہے (۲) ایک قوم جو جنوبی ہند میں آباد ہے۔
**تأمّل** - (تَ - اَم - مُل) [ع - ا - مذکر] (۱) سوچ بچار - فکر (۲) وقفہ (۳) شک - تذبذب۔
**تام لوٹ - تام لیٹ** - (تام - لو - ٹ) (تام - لیٹ) [اُ - ا - مذکر] ٹین کا لوٹا - جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی ٹین کا ڈونگا۔
**تان** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) الاپ - تال (۲) پلنگ - پالکی گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ (۳) تاننا کا امر۔
تان اُڑانا - گانے میں سُروں کو خوب صورت انداز سے ادا کرنا۔
تان بھرنا - گانے میں بعض سُروں کو تکرار کر کے زبان سے نکالنا۔
تان پلٹنا - علم موسیقی کی اصطلاح میں مختلف انداز سے تان لینا۔
تان توڑنا - (۱) گیت کا سم پر لا کر ختم کرنا (۲) طعنہ دینا (۳) ختم کرنا۔
تان کی جان - (۱) اصل بات (۲) حاصل مدعا - خلاصۂ مقصد۔
تان کے - کھینچ کر - خوب زور سے جما کر۔
تان لینا - (۱) موسیقی: تان بھرنا (۲) اوڑھ لینا (۳) کھینچ لینا۔
**تانا** - (تا - نا) [ہ - ا - مذکر] (۱) سوت کے دھاگے جو کپڑا بُننے میں لمبائی کی طرف ہوں (۲) [فعل] تاؤ دینا - تپانا (۳) جانچنا (۴) گرم کرنا - پگھلانا۔
تانا بانا - وہ دھاگے جو کپڑا بُننے میں عرض و طول میں دیئے جاتے ہیں - تار و پود۔
تانا بانا اُدھیڑ دینا - (۱) کام خراب کر دینا (۲) سارا بھید کھول دینا۔
**تاناشاہ** - (تا - نا - شاہ) [اُ - صفت] (۱) انتہائی نازک مزاج (۲) دکن کا ایک نازک مزاج بادشاہ (ابوالحسن تاناشاہ)۔
**تانبا** - (تان - با) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک دھات - مس (۲) گوشت کا تکا جو شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں۔
تانبا سا - تانبے کے رنگ کا - گلابی - کم سُرخ - سُرخی مائل۔
تانبا سا آسمان ہو جانا - بارش کا نہ ہونا - قحط کے آثار نمودار ہونا۔
تانبا کار - ٹھٹھیرا۔
تانبے کا تار نہیں - نہایت مفلس ہے۔
**تانب چون** - (تانب - چون) [ہ - ا - مذکر] تانبے کا بُرادہ۔
**تانبڑا** - (تانب - ڑا) [ہ - ا - مذکر] (۱) یاقوت کی قسم کا ایک ارزاں جواہر (۲) گنجے کی کھوپڑی (۳) [صفت] تانبے کے رنگ کا - گہرا سُرخ۔
**تانت** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) بھیڑ بکری وغیرہ کی انتڑی جو بٹ کر کمان اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) جلاہے وغیرہ کا ریچھ (۳) دھاگا - ریشہ۔
تانت باجی، راگ بوجھا - [مثل] قرینے ہی سے مطلب پہچان لیا جاتا ہے۔
تانت سا - تانت کی طرح نہایت دُبلا - نحیف۔
**تانتا** - (تان - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) قطار - سلسلہ (۲) مجمع (۳) نسل - خاندان۔

تانتا لگنا - (۱) سلسلہ جاری ہونا (۲) قطار بندھنا۔
**تانتوا** - (تانت - وا) [ہ - ا - مذکر] نفق - آنت اُترنے کی بیماری۔
**تانتیا** - (تانت - یا) [ہ - صفت] دُبلا پتلا - لانبا اور دُبلا۔
**تانگا** - (تان - گا) [ہ - ا - مذکر] گھوڑے سے چلنے والی دو پہیے کی سواری گاڑی۔
**تاننا** - (تان - نا) [ہ - فعل] (۱) پھیلانا - بڑھانا (۲) کسنا - کھینچنا (۳) دور کرنا (۴) مقدمہ دائر کرنا (۵) قید کرنا (۶) بھیجنا - روانہ کرنا۔
**تانی** - (تا - نی) [ہ - ا - مؤنث] تانا - تار۔
**تانیث** - (تا - نیث) [ع - ا - مؤنث] مؤنث ہونا - مؤنث بنانا۔
**تاوان** - (تا - وان) [ف - ا - مذکر] (۱) جرمانہ - قصاص - کفارہ (۲) وہ رقم جو شکست خوردہ حکومت فاتح کو بطور خرچہ ادا کرتی ہے۔
تاوانِ جنگ - وہ رقم جو شکست خوردہ ملک فاتح ملک کو ادا کرتا ہے۔
تاوان بھرنا، دینا - جرمانہ ادا کرنا۔
تاوان نامہ - وہ دستاویز جو ادائے تاوان کے سلسلے میں تحریر کی جائے۔
**تاویل** - (تا - ویل) [ع - ا - مؤنث] (۱) شرح - بیان (۲) ظاہری مطلب سے کسی بات کو پھیر دینا - حیلہ شرعی - عذر - بچاؤ کی دلیل۔
تاویل بن (آنا) پڑنا - کوئی عذر سوجھنا - بچاؤ کی کوئی صورت نظر آنا۔
**تأہل** - (تَ - اَہ - ہُل) [ع - ا - مذکر] شادی کرنا - بیوی بچوں والا ہونا۔
**تائب** - (تا - ئب) [ع - صفت] توبہ کرنے والا - گناہ سے پلٹنے والا۔
**تاؤ** - (تا - اُو) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے تاپا۔
**تاؤ** - (تا - ؤ) [ہ - ا - مذکر] (۱) گرمی (۲) تیزی - تیغ (۳) کسی دھات کو آگ میں تپانا (۴) غصہ - غضب (۵) مروڑ - پیچ (۶) کاغذ کا تختہ۔
تاؤ آنا - (۱) دھات کا آنچ سے سُرخ ہو جانا (۲) جوش کھانا (۳) چاشنی کا پکنے پر آ جانا (۴) غصہ آنا۔
تاؤ بگڑنا - (۱) پکنے میں جوش خراب ہو جانا (۲) موقع نکل جانا۔
تاؤ بند - کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کو تاؤ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہ ہو۔
تاؤ پر تاؤ آنا - غصے پر غصہ آنا - بہت غصہ آنا۔
تاؤ پیچ ہونا - جوش پر ہونا۔
تاؤ دیکھیں نہ بھاؤ - بغیر سوچے سمجھے کام کرتے ہیں۔
تاؤ دینا - (۱) گرم کرنا (۲) غصہ دلانا (۳) بل دینا۔
تاؤ کھانا - (۱) سُرخ ہو جانا (۲) جوش کھانا (۳) بل کھانا (۴) پگھلنا (۵) غصہ آنا۔
تاؤ لگنا - (۱) آنچ لگنا (۲) زیادہ گرمی کا اثر ہونا۔
تاؤ میں آنا - جوش میں آنا - غصے میں بھرنا۔
**تائی** - (تا - ئی) [ہ - ا - مؤنث] باپ کے بڑے بھائی کی بیوی - بڑی چچی۔
**تائید** - (تا - ئید) [ع - ا - مؤنث] (۱) تقویت (۲) حمایت - طرف داری (۳) استحکام دعوٰی کی دستاویز۔

Marfat.com

تائیدِ ایزدی۔ خدا کی مدد۔
تائیدِ ربانی۔ دیکھیے تائیدِ ایزدی۔
تائیدِ غیبی۔ غیب سے مدد۔ خدا کی مدد۔
تائیدِ کلام۔ سخن پروری۔ بات کی پچ۔
تائیدِ مزید۔ زیادہ مدد۔ کسی بات کی موافقت جو ایک کے بعد دوسرا کرے۔
تائیدِ یزدانی۔ خدا کی مدد۔
تائیدی۔ (تا۔ ای۔ دی) [ع۔ ف۔ صف] امدادی۔
تائیدی شہادت۔ وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔
تایا۔ (تا۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذکر] باپ کا بڑا بھائی۔ بڑا چچا۔
تایا جانا۔ (تا۔ یا۔ جانا) [ہ۔ مص] (۱) گرم کیا جانا۔ پگھلایا جانا۔ (۲) آزمایا جانا۔

## ت۔ب

تب [ہ] (۱) پھر (۲) بعد میں (۳) اس وقت (۴) اس پر۔ اس حالت میں (۵) اس لیے۔ اس سبب سے (۶) تو۔
تب بھی۔ (۱) پھر بھی۔ تاہم۔ اس پر بھی (۲) اس کے باوجود۔
تب تک۔ جب تک۔ اس وقت تک۔
تب تو۔ پھر تو۔
تب سے۔ اس وقت سے۔
تب ہی۔ تبھی۔ (۱) اسی وقت۔ فوراً (۲) اس لیے۔ اس وجہ سے۔
تب ہی تو۔ اسی لیے۔ اسی وجہ سے
تب ہی سے۔ اسی وقت سے۔
تَپ۔ [ف۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے تپ۔
تبادُل۔ (تَ۔ با۔ دُل) [ع۔ ا۔ مذکر] بدلنا۔ تبدیل کرنا۔
تبادلِ سزا۔ ایک سزا کا دوسری سزا سے بدل دینا۔
تبادِلہ۔ (تَ۔ با۔ دِ۔ لَہ) [ا۔ ا۔ مذکر] (۱) بدل۔ عوض (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ بدلی۔ (ع تبادُل کا مورد ہے)۔
تبادلۂ خیالات۔ کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اشخاص کا باہم اظہارِ خیال (صحیح تبادلۂ خیالات)۔
تبار۔ (تَ۔ بار) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خاندان (۲) ذات۔ لوگ (۳) نسل۔ اولاد۔
تبارا۔ (تِ۔ با۔ را) [ا۔ صف] (۱) تیسری دفعہ (۲) تین دروازوں کا کمرہ۔
تبارک۔ (تَ۔ با۔ رَک) [ع۔ صف] (۱) بڑا۔ عالی۔ بزرگ (۲) [مؤنث] مسلمانوں کی ایک رسم رجب کے مہینے میں جمعرات یا جمعہ کو سورۂ تبارک چالیس مرتبہ پڑھ کر مُردوں کو بخشتے ہیں اور میدے کی روٹیاں تقسیم کرتے ہیں۔
تبارک الذی (۱) بزرگ ہے وہ ذات (۲) کلام مجید کا ایک پارہ۔
تبارک اللہ۔ بزرگ ہے اللہ تعالیٰ (تعجب کے وقت کہتے ہیں)۔
تبارک کی روٹی۔ روٹی جو تبارک کے موقع پر تقسیم کی جائے
تباسی۔ (تِ۔ با۔ سی) [ہ۔ صف] تین روز کی رکھی ہوئی۔ تین روز کی باسی۔
تباشیر۔ (تَ۔ با۔ شیر) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک دوا۔ بنسلوچن۔ (۲) اجالا۔ صبح کا ذب کی روشنی۔
تباغُض۔ (تَ۔ با۔ غُض) [ع۔ ا۔ مذکر] باہم بغض رکھنا۔ عداوت رکھنا۔
تباہ۔ (تَ۔ باہ) [ف۔ صف] (۱) برباد۔ ویران (۲) ضائع۔ خراب۔
تباہ حال۔ شکستہ حال۔ ذلیل حالت میں۔
تباہ کاری۔ (۱) تباہ کرنا۔ بربادی (۲) بدکاری۔
تباہی۔ (تَ۔ با۔ ہی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) بربادی۔ خرابی۔ ویرانی (۲) ذلت۔ رسوائی (۳) مصیبت۔ بلا۔
تباہی آنا۔ آفت آنا۔ بلا نازل ہونا۔
تباہی کا مارا۔ مصیبت کا مارا۔ تباہ حال۔ کم بخت۔
تباین۔ (تَ۔ با۔ یُن) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) فرق۔ اختلاف (۲) جدائی (۳) ضد۔ مخالفت (۴) عدم مطابقت۔ ناموافقت۔
تبحُّر۔ (تَ۔ بَحْ۔ حُر) [ع۔ ا۔ مذکر] کسی علم یا فن میں سمندر کی طرح بے پایاں ہونا۔ کسی چیز میں کمال حاصل ہونا۔
تبحرِ علمی۔ نہایت علم و فضل۔
تبخال۔ تبخالہ۔ (تَب۔ خال) (تَب۔ خا۔ لَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تپ خالہ۔
تبختُر۔ (تَ۔ بَخْ۔ تُر) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ناز سے چلنا (۲) فخر و غرور۔
تبخیر۔ (تَب۔ خیر) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) بھاپ (۲) ہلکا سا بخار۔ وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے اور جسم کو قدرے گرما دیتے ہیں (۳) پانی کا بھاپ بن کر اُڑنا۔
تبدُّل۔ (تَ۔ بَد۔ دُل) [ع۔ ا۔ مذکر] بدل۔ تغیّر۔ بدلنا۔
تبدیل۔ (تَب۔ دیل) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ کرنا (۲) تغیر۔ بدل (۳) ہیر پھیر۔
تبدیلِ آب و ہوا۔ بحالیِ صحت کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔
تبدیلِ ناجائز۔ دستاویز وغیرہ میں کچھ بدل دینا۔ جعلسازی۔
تبدیلِ ہیئت۔ صورت بدلنا۔ بھیس بدلنا۔
تبدیلی۔ (تَب۔ دی۔ لی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) بدلی۔ ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا (۲) نوکری پر ایک سپاہی یا پہرہ دار کی جگہ دوسرے کا آنا (۳) ایک حالت سے دوسری حالت ہونا (۴) تغیر۔ تبدُّل۔ فرق۔
تبر۔ (تَ۔ بَر) [ف۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کی کلہاڑی۔
تبرّا۔ (تَ۔ بَر۔ را) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) نفرت۔ بیزاری (۲) لعن طعن۔
تبرّا بھیجنا۔ نفرت کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ گالیاں دینا۔
تبرّا کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔
تبرّے بازی۔ (۱) لعن طعن کرنا (۲) جھگڑا بازی۔
تبرّائی۔ (تَ۔ بَر۔ را۔ ای) [ع۔ صف] تبرّا کرنے والا۔
تبرُّع۔ (تَ۔ بَر۔ رُع) [ع۔ ا۔ مذکر] بخشنا۔ دینا۔ کسی کو ذاتی منفعت کی امید کے بغیر دینا۔
تبرُّک۔ (تَ۔ بَر۔ رُک) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ چیز جس میں برکت

Marfat.com

ہونے کا اعتقاد ہو (۲) تحفہ (۳) نیاز فاتحہ کی چیز۔
**تبرک ہو جانا**۔ کسی چیز کا ذرا ذرا کرکے تقسیم ہو جانا۔
**تبرکاً**۔ (تَ ۔ بَرْ ۔ رُ ۔ کَن) [ع] برکت کے ساتھ۔ برکت کے طور پر۔
**تبرکاً و تیمناً**۔ خیر و برکت کے لحاظ سے۔
**تبرکات**۔ (تَ ۔ بَرْ ۔ رُ ۔ کات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بزرگانِ دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں۔ بزرگوں کے آثار۔
**تبرید**۔ (تَب ۔ رِید) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ٹھنڈا کرنا۔ ترو تازہ کرنا (۲) ٹھنڈی دوا۔ وہ دوا یا شربت جو مسہل کے بعد اس کی حرارت کو دور کرنے کے لیے دیتے ہیں۔
**تبسم**۔ (تَ ۔ بَس ۔ سُم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مسکراہٹ۔
**تبسم (افشاں) پاش**۔ مسکرانے والا۔ مسکراتا ہوا۔
**تبسم برق**۔ بجلی کی چمک۔
**تبسم گل**۔ گل کا کھلنا۔
**تبسم مینا**۔ صراحی سے شراب نکلنے کی آواز۔
**تبصرہ**۔ (تَب ۔ صِ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تصریح۔ تفصیل۔ توضیح۔
**تبع**۔ (تَ ۔ بَع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا۔
**تبع تابعین**۔ وہ مسلمان جنہوں نے تابعین کو دیکھا۔
**تبعیت**۔ (تَب ۔ عِی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیروی۔ تقلید۔
**تبغیض**۔ (تَب ۔ غِیض) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] بغض پیدا کرنا۔
**تبلیغ**۔ (تَب ۔ لِیغ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پہنچانا (۲) احکامِ شریعت پہنچانا۔ خدا کا حکم پہنچانا۔
**تبنّی ۔ تبنیت**۔ (تَ ۔ بَن ۔ نی) ۔ (تَب ۔ نِ ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] متبنّیٰ بنانا۔ گود لینا۔ لے پالک بنانا۔
**تبویب**۔ (تَب ۔ وِیب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کتاب کو باب میں تقسیم کرنا۔
**تبہ**۔ (تَ ۔ بَہ) [ف ۔ صف] تباہ کا مخفف۔
**تبیان**۔ (تِب ۔ یان) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ظاہر کرنا۔
**تبیین**۔ (تَب ۔ یِین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] بیان کرنا۔

# ت ۔ پ

**تپ**۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گرمی۔ تاپ۔ جوش (۲) بخار۔
**تپ آنا**۔ (۱) بخار آنا (۲) (مجازاً) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
**تپ بلغمی**۔ وہ بخار جو بلغم کے تعفن سے لاحق ہو۔
**تپ ٹوٹنا**۔ بخار اتر جانا۔
**تپ چڑھنا**۔ (۱) بخار چڑھنا (۲) (مجازاً) ڈرنا۔
**تپ چہارم**۔ چوتھیا بخار۔
**تپ خالہ**۔ وہ چھالہ جو ہونٹوں پر بخار کی گرمی سے پڑ جائے۔
**تپ خزاں**۔ وہ بخار جو موسم خزاں میں آئے۔

**تپ خلطی**۔ وہ بخار جو اخلاط کی عفونت یا ان کے جوش سے ہو۔
**تپ دروں**۔ (۱) اندر کی گرمی (۲) عشق۔
**تپ دق**۔ تپ کہنہ۔ پرانا بخار جو عموماً پھیپھڑوں کے خراب ہونے کی وجہ سے آتا ہے۔
**تپ زدہ**۔ جس کو بخار آتا ہو۔
**تپ زرد**۔ ایک قسم کا بخار جس سے یرقان ہو جاتا ہے۔
**تپ سرخ**۔ ایک قسم کا بخار جو متعدی ہوتا ہے۔ لال بخار۔
**تپ سوداوی**۔ وہ بخار جو سودا کی عفونت سے ہوتا ہے۔
**تپ کاہی**۔ ایک قسم کا بخار جو پیٹ میں گرد و غبار پہنچنے سے ہو جاتا ہے۔ اس میں دمے کی علامات بھی ہوتی ہیں۔
(HAYFEVER)
**تپ کہنہ**۔ پرانا بخار۔
**تپ لرزہ**۔ وہ بخار جو لرزے کے ساتھ ہو۔
**تپ (محرق) محرقہ**۔ میعادی بخار۔
**تپ (کا) موت جانا**۔ بخار اتر جانے کے بعد ہونٹوں پر چھالے پڑ جانا۔
**تپ نزلی**۔ نزلے کا بخار۔
**تپ نزلی وبائی**۔ انفلوئنزا
**تپ نوبت**۔ باری کا بخار۔
**تپ وبائی**۔ وبائی بخار۔ جنگلی بخار۔ انفلوئنزا۔
**تپ ورمی**۔ وہ بخار جو ورم سے ہو جائے۔
**تپ**۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) عبادت۔ ریاضت (۲) گرمی کا موسم۔ سخت گرمی۔
**تپاک**۔ (تَ ۔ پاک) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گرم جوشی (۲) آؤ بھگت (۳) اخلاص (۴) محبت۔
**تپاک سے پیش آنا / ملنا**۔ گرمجوشی سے ملنا۔ آؤ بھگت کرنا۔
**تپاں**۔ (تَ ۔ پاں) [ف ۔ صف] (۱) گرم جلتا ہوا (۲) تڑپتا۔
**تپانا**۔ (تَ ۔ پا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گرم کرنا (۲) سونے چاندی کو تاؤ دینا۔
**تپانچہ**۔ (تَ ۔ پاں ۔ چَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] تھپڑ۔ تھپیڑا۔
**تپانچہ جڑنا ۔ (دینا ۔ لگانا ۔ مارنا)**۔ تھپڑ مارنا
**تپانچہ کھانا**۔ منہ پر تھپڑ لگنا۔
**تپائی**۔ (تِ ۔ پا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تین پایوں کی چوکی۔ چھوٹی میز۔
**تپڑ**۔ (تَپ ۔ پَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ٹاٹ کی گدی جس پر بیٹھتے ہیں۔
**تپڑ الٹ دینا**۔ دیوالہ نکال دینا۔
**تپسوی**۔ (تَ ۔ پَس ۔ وی) [س ۔ ا ۔ مذکر ۔ صف] تپسیا کرنے والا۔
**تپسیا**۔ (تَ ۔ پَس ۔ یا) [س ۔ ا ۔ مؤنث] عبادت۔ سخت ریاضت۔ گناہوں کا کفارہ۔
**تپش**۔ (تَ ۔ پِش) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گرمی۔ حرارت (۲) سوزش (۳) بیقراری۔ بے چینی۔
**تپک**۔ (تَ ۔ پَک) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پھوڑے کا درد میں جلن۔

Marfat.com

تپکنا۔ (تَ۔پک۔نا) [ہ۔مص] ٹیس پڑنا۔ ٹپک ہونا۔
تپن۔ (تَ۔پَن) [س۔ا۔مونث] جلن۔ گرمی۔ سوزش۔
تپنا۔ (تپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) گرم ہونا (۲) جلنا۔ دہکنا (۳) دھونی رمانا۔
تپنچہ۔ (تَ۔پَن۔چہ) [ت۔ا۔مذکر] پستول۔
تپنچہ چلانا۔ داغنا، سَر کرنا۔ مارنا۔ تپنچہ کا گھوڑا دبانا۔

## ت۔ت

تتّا۔ (تَت۔تا) [ہ۔صف] (۱) گرم۔ جلتا ہوا (۲) تیز مزاج (۳) بہادر۔
تتّا تاؤ۔ (۱) جب تنور گرم کیا جائے تو اس کی ابتدائی گرمی کو تتّا تاؤ کہتے ہیں۔ اس میں روٹی اچھی طرح نہیں پکتی (۲) (۲) زائد فوراً۔ جلد۔
تتّا تو۔ (۱) گرم توا (۲) بات بات پر لڑنے والا۔ لڑاکا۔ جھگڑالو فسادی۔ تفصیل۔
تتّے توے پر قسم کھانا۔ جلتے ہوئے توے پر پاؤں رکھ کر قسم کھانا۔ سخت قسم کھانا۔
تتبّع۔ (تَ۔تَب۔بُع) [ع۔ا۔مذکر] تقلید۔ پیروی۔
تتر بتر۔ (تِت۔تر۔بِت۔تر) [ہ۔صف] الگ الگ۔ جدا جدا۔ منتشر۔ پراگندہ۔ بے ترتیب۔ بکھرا ہوا۔ پریشان۔
تتری۔ (تَ۔تَ۔ری) [ف۔صف] دیکھیے تاتاری۔
تتری۔ (تِت۔ری) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے تتلی۔
تتلا۔ (تُت۔لا) [ہ۔صف] دیکھیے توتلا۔
تتلانا۔ (تُت۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) لکنت کرنا (۲) صاف نہ بولنا۔ ش۔ ڑ وغیرہ کی جگہ ت۔ د بولنا۔
تتلی۔ (تِت۔لی) [ہ۔ا۔مونث] ایک خوبصورت پردار کیڑا۔
تتمہ۔ (تَ۔تِم۔مہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بقیہ۔ بچا ہوا (۲) ضمیمہ۔ خاتمہ۔ کتاب کا وہ حصہ جو آخیر میں لگا دیتے ہیں۔
تتمۂ بیان تحریری۔ تحریری بیان کا ضمیمہ۔
تتمۂ چالان۔ وہ چالان جو نامکمل چالان کے بعد مقدمے کی تفتیش ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا جائے۔
تتمۂ وصیت نامہ۔ وصیت نامے سے متعلق دستاویز جس میں وصیت نامے کے مطالب کی توضیح یا اس میں اضافہ یا تبادلہ کیا جائے۔
تتو تھمبو۔ (تَت۔تو۔تھم۔بو) [ہ۔ا۔مونث] روک تھام دم دلاسا۔ بیچ بچاؤ۔
تتہرا۔ تتہیڑا۔ (تَت۔ہَ۔را) (تَ۔تہ۔یڑا) (تَ۔تیڑا) [ہ۔ا۔مذکر] پانی گرم کرنے کا برتن۔
تتیا۔ (تَ۔تی۔یا) [ہ۔ا۔مونث] (۱) لال رنگ کی بھڑ (صف) (۲) تیز۔ چالاک (۳) ذہین۔ ذکی۔
تتیا کا ناچ نچانا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔
تتیا مرچ۔ ایک قسم کی چھوٹی سی نہایت تیز مرچ۔

## ت۔ٹ

تٹ۔ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ساحل۔ کنارہ (۲) ڈھال۔ اُتار۔ جھکاؤ (۳) افق (۴) کھیت۔

## ت۔ث

تثلیث۔ (تَث۔لیث) [ع۔ا۔مونث] (۱) تین حصّوں میں تقسیم کرنا (۲) مسیحی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی (۱) باپ (۲) بیٹا (۳) روح القدس۔ (۴) نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔
تثنیہ۔ (تَث۔نی۔یہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) دوگنا۔ دونا کرنا۔ (۲) صیغہ جس میں دو سمجھے جائیں۔

## ت۔ج

تج۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) دارچینی کا درخت (۲) دارچینی۔
تجار۔ (تُج۔جار) [ع۔ا۔مذکر] تاجر کی جمع۔ سوداگر لوگ۔
تجارب۔ (تَ۔جا۔رِب) [ع۔ا۔مذکر] تجربہ کی جمع۔
تجارت۔ (تِ۔جا۔رَت) [ع۔ا۔مونث] سوداگری۔ بیوپار۔
تجارتی۔ (تِ۔جا۔رَ۔تی) [ف۔صف] تجارت سے متعلق۔
تجارتی شہر۔ وہ شہر جہاں تجارت کی منڈی یا منڈیاں ہوں۔
تجارتی مال۔ سوداگری کا سامان۔
تجارتی منڈی۔ وہ مقام جہاں کسی چیز کی تجارت ہو۔
تجاری۔ (تِ۔جا۔ری) [ہ۔ا۔مونث] باری کا بخار۔ تیسرے دن کا بخار۔
تجاوز۔ (تَ۔جا۔وُز) [ع۔ا۔مذکر] (۱) حد سے بڑھنا (۲) بے راہ ہو جانا (۳) خلاف ورزی (۴) فرق۔
تجاہل۔ (تَ۔جا۔ہُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) انجان بننا۔ ٹالنا۔ (۲) چشم پوشی (۳) بے پروائی۔
تجاہلِ عارفانہ۔ جان بوجھ کر انجان بننا۔
تجدّد۔ (تَ۔جد۔دُد) [ع۔ا۔مذکر] نیا ہونا۔
تجدید۔ (تج۔دید) [ع۔ا۔مونث] (۱) ایجاد۔ اختراع (۲) نئے سرے سے کام شروع کرنا (۳) کایا پلٹ۔
تجدید بنالے دعوے۔ بنالے دعوے کو نئے سرے سے پیش کرنا۔
تج دینا۔ [ہ۔مص] دیکھیے تجنا۔
تجربات۔ (تج۔رِ۔بات) [ع۔ا۔مذکر] تجربہ کی جمع۔
تجرباتی۔ (تج۔رِ۔با۔تی) [ف۔صف] آزمائشی۔ تجربے سے متعلق۔

Marfat.com

**تجرباتی نفسیات** - وہ نفسیات جو تجربے پر مبنی ہو نہ کہ نقل و روایات پر۔
**تجربہ** - (تج - رِ - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) آزمائش - امتحان - جانچ پرکھ (۲) واقفیت۔
**تجربہ کار** - واقف کار - ہوشیار - آزمودہ کار - ماہر۔
**تجربہ کاری** - واقفیت - مہارت۔
**تجربہ گاہ** - مکان جس میں سائنس کے تجربے کیے جاتے ہیں۔ دار التجربہ - معمل۔
**تجرّد** - (تَ - جَر - رُد) [ع - ا - مونث] (۱) تنہائی - اکیلا رہنا (۲) شادی نہ کرنا - ترکِ دنیا۔
**تجرید** - (تَج - رِید) [ع - ا - مونث] (۱) برہنگی - عریانی (۲) تنہائی - (۳) کتاب میں اعراب اور نقطے نہ دینا۔ (۴) علم بیان کی ایک صنعت جس میں زوائد کو دور کر کے صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں۔
**تجریدی** - [ع - صفت] (۱) تجرید سے متعلق - خیالی - قیاسی (۲) مشکل - پیچیدہ۔
**تجریدی آرٹ** - جدید مصوری اور مجسمہ سازی جس میں مصور تکنیکی شکلوں اور دوسری علامتوں کے ذریعے اظہارِ خیال کرتا ہے۔
**تجزی** - (تَ - جَز - زی) [ع - ا - مونث] الگ الگ کرنا - تقسیم کرنا۔
**تجزیہ** - (تَج - زِ - یہ) [ع - ا - مذکر] (۱) تقسیم کرنا (۲) تحلیل کرنا۔ کسی مرکب کے عناصر ترکیبی جدا جدا کرنا۔
**تجسّس** - (تَ - جَس - سُس) [ع - ا - مذکر] تلاش - جستجو - کھوج۔
**تجلّا** - (تَ - جَل - لا) [ع - ا - مذکر] (۱) چمک - روشنی (۲) جلوہ۔
**تجلّی** - (تَ - جَل - لی) [ع - ا - مونث] (۱) ظاہر ہونا (۲) چمک روشنی (۳) شان و شوکت - جلال (۴) جلوہ - جھلک۔
**تجلّی ریز** - روشنی پھیلانے والا۔
**تجلّی زار - تجلّی کدہ - تجلّی گاہ** - وہ جگہ جہاں خوب روشنی ہو۔
**تجلّیِ طور** - وہ نور جو حضرت موسیٰ کو کوہِ طور پر نظر آیا تھا۔
**تجلّی کو تکرار نہیں** - [مثل] جو بات عیاں ہو اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔
**تجمّل** - (تَ - جَم - مُل) [ع - ا - مذکر] (۱) شان و شوکت - (۲) عظمت - وقار - جلال (۳) دھوم دھام۔
**تجمّلِ شاہانہ** - بادشاہی شان و شوکت - شاہانہ کرّ و فر۔
**تجنا** - (تَج - نا) [ہ - مص] چھوڑنا - ترک کرنا - دست بردار ہونا۔
**تجنیس** - (تَج - نیس) [ع - ا - مونث] (۱) ایک جیسا ہونا - ہم جنس بنانا (۲) مشابہت - مطابقت (۳) علم بدیع میں دو لفظوں کا لفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔
**تجنیسِ تام** - اس میں ایک قسم کے الفاظ مختلف معنی میں استعمال ہوتے ہیں - جیسے کام بمعنی مقصد و تالو۔
**تجنیسِ خطی - تجنیسِ محرّف** - اس میں الفاظ ایک قسم کے مگر اعراب اور نقطے مختلف ہوتے ہیں - جیسے خام - جام۔
**تجوری** - (تِ - جَو - ری) [ہ - ا - مونث] لوہے کی الماری جس میں قیمتی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

**تجوید** - (تَج - وید) [ع - ا - مونث] (۱) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا (۲) قرآن شریف کو پڑھنے کا فن۔
**تجویز** - (تَج - ویز) [ع - ا - مونث] (۱) رائے - تدبیر (۲) فیصلہ (۳) بندوبست (۴) غور و فکر (۵) منصوبہ - جتن۔
**تجویزِ آخر - تجویزِ روئداد** - مقدمے کا اس کے واقعات کی مدد سے فیصلہ ہونا۔
**تجویزِ اثباتِ جرم** - جرم کی نسبت فیصلہ کہ کس نے کیا ہے۔
**تجویز پاس کرنا** - تجویز منظور کرنا۔
**تجویزِ جدید - تجویزِ ثانی** - نئے سرے سے مقدمہ سننا۔
**تجویزِ ثالثی** - ثالثی - فیصلہ - درمیانی فیصلہ۔
**تجویز طلب** - جس کا فیصلہ زیرِ غور ہو۔
**تجویز کرنا** - (۱) فیصلہ کرنا (۲) منتخب کرنا (۳) مقرر کرنا (۴) تدبیر کرنا (۵) سمجھنا - قرار دینا (۶) معاملہ منظوری کے لیے مجلس میں پیش کرنا۔
**تجویز یک طرفہ** - ایک فریق کی باتیں سن کر اس کے حق میں فیصلہ کر دینا۔
**تجویزنا** - (تَج - ویز - نا) [اُر - مص] تجویز کرنا۔
**تجویزی** - (تَج - وی - زی) [ف - صفت] تجویز کیا ہوا - ثابت کیا ہوا - تعین کیا ہوا۔
**تجھ** - [ہ - ض] تو اور تیرے کی بدلی ہوئی حالت ضمیر واحد حاضر۔
**تجھ (بن) بنا** - بغیر تیرے۔
**تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو** - [مثل] تو دوسروں کے کام میں کیوں ٹانگ اڑاتا ہے - اپنے کام سے کام رکھ۔
**تجھ مجھ** - ہر کوئی - اپنا بیگانہ - ہر کس و ناکس۔
**تجھے** - (تُ - جھے) [ہ - ض] تجھ کو۔
**تجھے کیا** - تو کیوں دخل دیتا ہے۔
**تجہیز** - (تَج - ہیز) [ع - ا - مونث] (۱) تیار کرنا - آراستہ کرنا۔ (۲) مردے کو دفن کے لیے تیار کرنا۔
**تجہیز و تکفین** - مردے کے کفن دفن کا انتظام - مردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔
**تجہیل** - (تَج - ہیل) [ع - ا - مونث] نادان بنانا یا کہنا۔

# ت - ح

**تحارج** - (تَ - حا - رُج) [ع - ا - مذکر] چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔
**تحاریک** - (تَ - حا - ریک) [ع - ا - مونث] تحریک کی جمع۔
**تحائف** - (تَ - حا - ئف) [ع - ا - مذکر] تحفہ کی جمع۔
**تحت** - [ع - ا - مذکر] (۱) نیچے کا حصہ (۲) قبضہ - اختیار - تصرف (۳) [صفت] نیچے - زیر - تلے۔
**تحت الارض** - (۱) زمین کے نیچے (۲) زمین کے نیچے کا حصہ۔
**تحت الثریٰ** - زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ - پاتال۔
**تحت اللفظ - تحت لفظی** - (۱) حرف بحرف (۲) لفظی ترجمہ۔

Marfat.com

(۳) ترنم کے بغیر شعر پڑھنا۔

**تحتِ تصرف۔ تحتِ حکومت۔ تحتِ فرمان۔** (۱) زیرِ حکم۔ ماتحت (۲) محکومیت۔ تابعداری۔

**تحتانی۔** (تَح۔ تا۔ نی) [ع۔ صفت] (۱) نیچے والا یا نیچے والی (۲) وہ حرف جس کے نیچے نقطے ہوں۔

**تحجّر۔** (تَ۔ حَج۔ جُر) [ع۔ ا۔ مذکر] پتھر کی طرح سخت ہونا۔

**تحدیث۔** (تَح۔ دِیث) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) بات کہنا (۲) خبر کرنا۔

**تحدّی۔** (تَ۔ حَد۔ دی) [ع۔ ا۔ مؤنث] لڑائی کرنا۔ للکارنا۔

**تحدید۔** (تَح۔ دِید) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حد باندھنا (۲) پابندی۔

**تحذیر۔** (تَح۔ ذِیر) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) ڈرانا (۲) ہوشیار کرنا۔

**تحرّک۔** (تَ۔ حَر۔ رُک) [ع۔ ا۔ مذکر] ہلنا۔ حرکت دینا۔

**تحرّی۔** (تَ۔ حَر۔ ری) [ع۔ ا۔ مؤنث] قبلہ کی سمت معلوم نہ ہونے پر اپنے خیال سے کسی سمت کو قبلہ جان کر منہ کرنا۔

**تحریر۔** (تَح۔ رِیر) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) لکھنا (۲) عبارت۔ مضمون (۳) خط (۴) دستاویز (۵) کوئی لکیر یا ہلکا نقش کھینچنا (۶) لکھنے کا ڈھنگ (۷) تصنیف۔ تالیف (۸) آزاد کرنا۔

**تحریرِ اجازتی۔** مقروض اور قرض خواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ مؤخر الذکر اپنا روپیہ مقروض رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے۔

**تحریرِ ظہری۔** وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھ دیتے ہیں۔

**تحریری۔** (تَح۔ ری۔ ری) [ف۔ صفت] لکھا ہوا۔ قلم کیا ہوا۔

**تحریری (حکم) فرمان۔** وہ حکم جو لکھ کر دیا جائے۔

**تحریص۔** (تَح۔ رِیص) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) لالچ دینا (۲) لالچ۔ (۳) اغوا۔ بہکاوا۔

**تحریف۔** (تَح۔ رِیف) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا (۲) ترجمہ کرنے میں ارادتاً اصل معنوں سے مختلف کرنا (۳) قلم کو ترچھا قط لگانا۔

**تحریفات۔** [ع۔ ا۔ مؤنث] تحریف کی جمع۔

**تحریک۔** (تَح۔ رِیک) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) ہلانا۔ حرکت۔ جنبش (۲) تجویز۔ کسی بات کو شروع کرنا (۳) اشتعال۔ ترغیب (۴) مرض کی شکایت (۵) ہوا کا چلنا۔

**تحریکِ اعتماد۔** کسی پارلیمانی ادارے کی طرف سے حکومت کی حکمتِ عملی کی تائید۔ اعتماد کا ووٹ۔

**تحریکِ التوا۔** مجلس قانون ساز کے کسی زیرِ بحث مسئلے کے متعلق کسی رکن کی طرف سے اعتجاجاً یہ تحریک کہ مجلس کے اجلاس کو معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دیا جائے۔

**تحریم۔** (تَح۔ رِیم) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حرام کرنا۔ ممانعت کرنا۔ (۲) عزت کرنا (۳) نیت باندھ کر پہلی دفعہ نماز میں اللہ اکبر کہنا۔

**تحسّس۔** (تَ۔ حَس۔ سُس) دیکھیے تجسس۔ ج۔

**تحسین۔** (تَح۔ سِین) [ع۔ ا۔ مؤنث] تعریف۔ آفرین۔ مرحبا۔

**تحسینِ ناشناس۔** ناواقف کی واہ وا۔ ایسے شخص کی طرف سے شاباش۔ جسے کچھ واقفیت نہ ہو۔

**تحشیہ۔** (تَح۔ شِی۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذکر] حاشیہ لکھنا۔ حاشیہ چڑھانا۔

**تحصیل۔** (تَح۔ صِیل) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) جمع کرنا (۳) خراج۔ محصول۔ مال گذاری (۴) فائدہ (۵) تحصیلدار کا علاقہ (۶) تحصیل دار کی کچہری۔

**تحصیل حاصل۔** (۱) موجود چیز کی کاوش (۲) بے سود بات۔

**تحصیلدار۔** محکمہ مال کا ایک افسر جو مال گزاری وصول کرتا ہے۔

**تحصیلداری۔** (۱) تحصیلدار کا کام (۲) تحصیل دار کا عہدہ۔

**تحصیلِ علم۔** علم حاصل کرنا۔

**تحصیل کرنا۔** (۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) جمع کرنا۔ کمانا۔

**تحصیل وار۔** تحصیل بہ تحصیل۔ ایک ایک تحصیل کر کے۔

**تحصیلنا۔** (تَح۔ صِیل۔ نا) [ع۔ معن] حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ جمع کرنا

**تحصیلوانا۔** (تَح۔ صِیل۔ وا۔ نا) [آر۔ معن] اکٹھا کرانا۔

**تحفجات۔** (تُح۔ فَ۔ جات) [ف۔ ا۔ مذکر] تحفہ کی جمع۔ جمع تحائف۔

**تحفظ۔** (تَ۔ حَف۔ فُظ) [ع۔ ا۔ مذکر] بچاؤ۔ حفاظت۔ احتیاط۔

**تحفگی۔** (تُح۔ فَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) خوبی (۲) برتری۔

**تحفہ۔** (تُح۔ فہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ہدیہ۔ سوغات (۲) نذر۔ پیشکش (۳) انعام (۴) [صفت] انوکھا۔ عجیب (۵) عمدہ۔ بہتر۔ نفیس۔

**تحفۂ حقیر۔** حقیر تحفہ۔ ناچیز تحفہ۔

**تحفۂ معجون۔** انوکھا آدمی۔ عجیب شخص (طنزاً) مسخرہ۔

**تحقیر۔** (تَح۔ قِیر) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حقیر سمجھنا (۲) نفرت۔ حقارت۔ بے قدری۔ ذلت۔ بے حرمتی۔

**تحقیرِ عدالت۔** دیکھیے توہینِ عدالت۔

**تحقیق۔** (تَح۔ قِیق) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) اصلیت معلوم کرنا (۲) درستی (۳) تفتیش (۴) سچائی (۵) یقین (۶) تصدیق (۷) [صفت] درست۔ ٹھیک۔ یقینی۔

**تحقیق کرنا۔** دریافت کرنا۔ حقیقت معلوم کرنا۔ کھوج لگانا۔

**تحقیقات۔** (تَح۔ قی۔ قات) [ع۔ ا۔ مؤنث] تحقیق کی جمع۔ سراغ رسانی۔ جھوٹ سچ کا ثبوت۔ جانچ پڑتال (اردو میں مفرد ہے)۔

**تحقیقاتِ ابتدائی۔** بیانات وغیرہ کا تحریر کرنا۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ مقدمہ کی سماعت کے لیے ثبوت کافی ہے یا نہیں۔

**تحقیقاتِ مقدمہ۔** مقدمے کی تفتیش یا دریافت۔

**تحقیقاتِ موقع۔** وہ تفتیش جو مقامِ وقوع پر ہو۔

**تحقیقی۔** (تَح۔ قی۔ قی) [ع۔ صفت] یقینی۔ دریافت شدہ۔ درست۔

**تحکّم۔** (تَ۔ حَک۔ کُم) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حکم کرنا۔ حکومت کرنا (۲) زبردستی۔ زور آوری۔

**تحکیم۔** (تَح۔ کِیم) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حکم بنانا (۲) حکم۔ طاقت۔ قوت (۳) ثالثی۔ پنچایت۔

**تحلیل۔** (تَح۔ لِیل) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حل کرنا (۲) گھل جانا (۳) ہضم ہونا (۴) دبلا ہونا (۵) مرجانا (۶) سڑنا۔ گلنا۔

**تحلیل کرنا۔** (۱) ہضم کرنا (۲) گھٹانا (۳) حل کرنا (۴) دبلا ہونا۔

**تحمّل۔** (تَ۔ حَم۔ مُل) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) برداشت۔ بردباری۔ سہار (۲) نرمی۔ حلم۔

Marfat.com

تحمّل کا یارا نہ ہونا۔ برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
تحمید۔ (تَح ۔ مِید) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تعریف ۔ حمد (۲) الحمد پڑھنا۔
تحمید و تقدیس۔ (۱) تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا (۲) حمد اور قدس کی آیتیں پڑھنا۔
تحویل۔ (تَح ۔ وِیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سپردگی، حوالگی، قبضہ (۲) مال گزاری کا روپیہ (۳) مال (۴) ایک قسم کی رقم کو دوسری قسم کی رقم میں لے جانا۔ جیسے آنے کے روپے (۵) کسی ستارے کا ایک برج سے دوسرے برج میں آنا۔
تحویلِ امانتی۔ وہ مال جو امانت کے طور پر رکھوایا جائے۔
تحویلِ تصرّف۔ امانت میں خیانت۔
تحویلدار۔ خزانچی۔ امین۔ جس کے پاس تحویل رہے۔
تحویل میں دینا۔ کسی کے سپرد کرنا۔ امانت رکھنا۔
تحویل میں لینا۔ قبضے میں لینا۔
تحیات۔ (تَ ۔ حی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تحیت کی جمع۔
تحیت ۔ تحیّہ۔ (تَ ۔ حی ۔ یت) ۔ (تَ ۔ حی ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سلام کرنا (۲) دعا ۔ برکت۔
تحیّر۔ (تَ ۔ حی ۔ یُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تعجب ۔ حیرت ۔ اچنبھا۔

## ت ۔ خ

تخالف۔ (تَ ۔ خا ۔ لُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) باہم مخالف ہونا (۲) مخالفت ۔ تنازع ۔ خصومت ۔ دشمنی ۔ لاگ ۔ بیر۔
تخت۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی (۲) مسند ۔ چوکی۔
تختِ آبنوسی (۱) آبنوس کا بنا ہوا تخت (۲) کنایۃً شب ہجراں۔
تختِ بخت۔ راج ۔ سہاگ ۔ عیش و آرام۔
تخت پر بیٹھنا۔ تخت نشین ہونا ۔ بادشاہ ہونا۔
تخت پوش۔ تخت پر ڈالنے کی چادر (تخت پر بچھانے کا فرش)۔
تخت چھوڑنا۔ بادشاہی ترک کرنا ۔ سلطنت چھوڑنا۔
تختِ رواں۔ (۱) ہوا دار ۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا تھا (۲) اُڑن کھٹولا (۳) وہ تخت جس پر شادیوں میں قسمانی بجتی یا طوائفیں ناچتی ہوئی نکلتی ہیں۔
تختِ (سلیمان، سلیمانی)۔ (۱) وہ تخت جس پر حضرت سلیمان بیٹھ کر اڑا کرتے تھے (۲) ایک پہاڑ جو مضافات کشمیر میں ہے
تخت سے اُتارنا۔ بادشاہی سے ہٹا دینا۔
تختِ طاؤس۔ شاہجہان بادشاہ کا تخت ۔ اس پر ایک مور پر پھیلائے کھڑا تھا۔
تختِ عاج (۱) ہاتھی دانت کا تخت (۲) کنایۃً دن (۳) محبوب کی ساق بلوریں۔
تخت کا تختہ ہونا (۱) بادشاہی کا جاتا رہنا (۲) تباہ ہو جانا۔
تخت گاہ۔ دارالسلطنت ۔ راجدھانی۔
تخت نشین۔ تخت پر بیٹھنے والا ۔ بادشاہ۔
تخت نشینانِ خاک (۱) خاک پر بیٹھنے والے (۲) فقرا۔
تخت نشینی۔ تخت سلطنت پر بیٹھنا ۔ بادشاہ بننا۔

تخت یا تختہ۔ [مثل] کامیابی یا موت ۔ شاہی تخت یا میت کے غسل کا تختہ۔
تختہ۔ (تَخ ۔ تہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پٹڑا ۔ لکڑی کا ٹکڑا (۲) کاغذ کا تاؤ (۳) جہاز کا فرش (۴) زمین یا باغ کا ٹکڑا (۵) بورڈ (۶) چمن ۔ کھیت (۷) وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں۔
تختہ الٹنا (۱) آباد جگہ کا ویران ہونا (۲) حکومت جاتی رہنا۔
تختہ بند۔ (۱) قید کیا ہوا (۲) قید (۳) وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔
تختہ بندی۔ (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار (۲) چمن بندی۔ پھولوں کے تختوں کا قرینے سے بنا ہونا۔
تختہ پل۔ وہ پل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں کہ اسے جب چاہیں اپنی طرف کھینچ لیں ۔ کل دار پل۔
تختہ تابوت۔ وہ تختہ جس پر مُردے کو لے جاتے ہیں ۔ ارتھی۔
تختہ (تعلیم) مشق (۱) وہ تختی جس پر لڑکے مشق کرتے ہیں ۔ لوح (۲) وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے۔
تختہ سیاہ۔ بلیک بورڈ ۔ سیاہ تختہ جس پر لکھ کر طلبا کو سمجھاتے ہیں۔
تختہ مسقّح۔ ایک قسم کی میز جس پر نقشہ کشی کرتے ہیں۔
تختہ نرد۔ شطرنج وغیرہ کی بساط۔
تختہ ہو جانا۔ اکڑ جانا ۔ بدن کا سخت ہو جانا۔
تختی۔ (تَخ ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا تختہ (۲) لوح ۔ لکڑی کا چھوٹا تختہ جس پر بچے مشق کرتے ہیں (۳) تانبے یا چاندی کا وہ نقشین ٹکڑا جو بچوں کے گلے میں نظر بد کے لیے ڈال دیتے ہیں (۴) چھاتی ۔ کمر (۵) چھپ۔
تخادیع۔ (تَخ ۔ دیع) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] فریب دینا ۔ دھوکا دینا۔
تخرجہ۔ (تَخ ۔ رِجہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مادۂ تاریخ میں سے اعداد گھٹا کر صحیح تاریخ نکالنا۔
تخریب۔ (تَخ ۔ ریب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] خراب کرنا ۔ اجاڑنا۔
تخریج۔ (تَخ ۔ ریج) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] خارج کرنا ۔ نکالنا۔
تخصیص۔ (تَخ ۔ صیص) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] خصوصیت ۔ خاص کرنا۔
تخصیصی۔ (تَخ ۔ صی ۔ صی) [ف ۔ صف] خصوصیت کا۔
تخطیہ۔ (تَخ ۔ طِ ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] غلطی پکڑنا ۔ نقص نکالنا۔
تخفیف۔ (تَخ ۔ فیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کمی ۔ گھٹاؤ۔
تخفیفِ تصدیع۔ تکلیف کم کرنا ۔ ملاقات کے بعد رخصت ہونے پر کہتے ہیں۔
تخفیفِ جرم۔ جرم کا ہلکا کرنا ۔ چھوٹے جرم والی دفعہ عائد کرنا۔
تخفیفِ جمع۔ تخفیف لگان ۔ لگان میں کمی۔
تخفیف کرنا (۱) گھٹانا (۲) نوکروں کو کم کرنا۔
تخفیف میں آنا۔ (۱) کمی میں آنا ۔ برخاستگی میں آنا (۲) ٹوٹ جانا (عہدہ کا)۔
تخفیف میں لانا۔ کمی کرنے کے لیے کسی ملازم کو برطرف کرنا
تخیُّل۔ (تَ ۔ خیُ ۔ یُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] لمبو کھلاپن۔
تخلّص۔ (تَ ۔ خل ۔ لُص) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چھٹکارا ۔ بچاؤ (۲) شاعر کا وہ مختصر نام جو اشعار میں مستعمل ہو۔
تخلّف۔ (تَ ۔ خل ۔ لُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وعدہ خلافی کرنا۔

Marfat.com

**تخلّل**۔ (تَ۔خَل۔لُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) جھگڑا۔ خلل اندازی (۲) مزاحمت۔
**تخلّلِ آسودگیِ عامِ خلائق**۔ عام لوگوں کے آرام میں خلل اندازی۔
**تخلیل**۔ (تَخ۔لِیل) [ع۔ا۔مؤنث] وضو کے وقت ڈاڑھی میں انگلیاں ڈالنا۔ خلال کرنا۔
**تخلیہ**۔ (تَخ۔لِ۔یَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) تنہائی (۲) خالی کرنا۔
**تخم**۔ [ف۔ا۔مذکر] (۱) بیج (۲) انڈا (۳) خصی (۴) اولاد (۵) نطفہ
**تخمِ بالنگو**۔ تخم ملنگاں۔ تخم ریحان کی قسم کا ایک بیج۔
**تخمِ بد**۔ بد اصل۔ بدذات۔ کمینہ۔
**تخم پاشی**۔ بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔
**تخم تاثیر صحبت کا اثر**۔ [مثل] نطفہ اور صحبت اثر کیے بغیر نہیں رہتے۔
**تخم ریزی**۔ بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔
**تخم ریحاں**۔ نازبو کا بیج۔
**تخم کتان**۔ السی کا بیج۔ سن کا بیج۔
**تخم مرغ**۔ مرغی کا انڈا۔
**تخمہ**۔ (تُخ۔مہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) قے جو بدہضمی یا غذا کے فساد سے ہوتی ہے (۲) بدہضمی۔ گرانی۔ سوء ہضم۔
**تخمہ نکلنا**۔ کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسوں کا نکلنا۔
**تخمی**۔ (تُخ۔مِی) [ف۔صفت] درخت یا پھل جو قلمی نہ ہو۔
**تخمیر**۔ (تَخ۔مِیر) [ع۔ا۔مؤنث] خمیر ہونا۔ خمیر اٹھانا۔
**تخمیناً**۔ (تَخ۔مِی۔نَن) [ع] (۱) اندازے سے۔ اٹکل سے۔
**تخمینہ**۔ (تَخ۔مِی۔نَہ) [ف۔ا۔مذکر] اندازہ۔ قیاس۔ سرسری حساب۔
**تخویف**۔ (تَخ۔وِیف) [ع۔ا۔مؤنث] خوف۔ دھمکی دینا
**تخویف مجرمانہ**۔ ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے ڈرانا۔
**تخییل**۔ (تَخ۔یِیل) [ع۔ا۔مؤنث] خیال۔
**تخیّل**۔ (تَ۔خَی۔یُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) قوت متخیلہ۔ وہ قوت جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے سامنے کھڑی کر دے (۲) تصور۔ خیال۔
**تخیّلات**۔ (تَ۔خَی۔یُ۔لات) [ع۔ا۔مذکر] تخیّل کی جمع۔

## ت۔د

**تدابیر**۔ (تَ۔دا۔بِیر) [ع۔ا۔مؤنث] تدبیر کی جمع۔
**تداخل**۔ (تَ۔دا۔خُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ایک دوسرے میں داخل ہونا (۲) بار بار کھانے کی وجہ سے بدہضمی ہونا۔
**تدارک**۔ (تَ۔دا۔رُک) [ع۔ا۔مذکر] (۱) تلافی۔ سزا۔ سرزنش جرمانہ وغیرہ جس سے کسی ناجائز فعل کا انسداد ہو (۲) ناجائز فعل کے روکنے کا انسداد (۳) اپائے۔ چارہ۔
**تدارک کرنا**۔ (۱) سزا دینا (۲) بندوبست کرنا۔
**تداول**۔ (تَ۔دا۔وُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) باری سے کرنا (۲) ایک دوسرے کو پکڑوانا (۳) روایت نقل۔
**تداوی**۔ (تَ۔دا۔وِی) [ع۔ا۔مؤنث] علاج کرنا۔ دوا دارو کرنا۔
**تدبّر**۔ (تَ۔دَب۔بُر) [ع۔ا۔مؤنث] غور کرنا۔ دور اندیشی۔
**تدبیر**۔ (تَد۔بِیر) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) کسی کام کی ابتدا و انتہا سوچنا (۲) علاج۔ جتن (۳) سوچ بچار (۴) رائے۔ تجویز۔ (۵) حکمت۔ چالاکی۔
**تدبیر (الٹا) الٹی ہونا**۔ منصوبہ بگڑ جانا۔ جو سوچا ہو اس کے خلاف ہونا۔
**تدبیر بن نہ (آنا) پڑنا**۔ (۱) تدبیر کارگر نہ ہونا (۲) کچھ نہ سوجھنا۔
**تدبیر پیش جانا**۔ تجویز کارگر یا باثر ہونا۔ بن آنا۔
**تدبیر چلنا**۔ تدبیر کا اثر ہونا۔
**تدبیر سلطنت**۔ سلطنت کا انتظام۔
**تدبیر سوجھنا**۔ تجویز خیال میں آنا۔
**تدبیر فاسد**۔ شرارت۔ فریب۔ سازش۔
**تدبیر کارگر ہونا**۔ تدبیر کا با اثر ہونا۔ ترکیب بن پڑنا۔
**تدبیر کنند بندہ۔ تقدیر کنند خندہ**۔ [مثل] انسان تدبیر کرتا ہے تقدیر ہنستی ہے۔ جو قسمت میں ہوگا وہی ہوگا۔
**تدبیر گر**۔ خوب سوچنے والا۔ تجویز نکالنے والا۔
**تدبیر لڑانا**۔ (۱) ربط پیدا کرنا (۲) کوشش کرنا۔
**تدبیر منزل**۔ انتظام خانہ داری۔
**تدرا**۔ (تِ۔د۔را) [ہ۔صفت] تین در کا دالان۔
**تدرو**۔ (تَ۔دَرو) [ف۔ا۔مذکر] دیکھیے تذرو۔
**تدریج**۔ (تَد۔رِیج) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) آہستہ آہستہ ہونا۔ درجہ بدرجہ ہونا (۲) درجہ۔ سلسلہ۔
**تدریجی**۔ (تَد۔رِی۔جی) [ف۔صفت] درجہ بدرجہ۔ آہستہ آہستہ زینہ بزینہ۔
**تدریس**۔ (تَد۔رِیس) [ع۔ا۔مؤنث] درس دینا۔ تعلیم۔
**تدفین**۔ (تَد۔فِین) [ع۔ا۔مؤنث] دفن کرنا۔ کفن دفن۔
**تدقیق**۔ (تَد۔قِیق) [ع۔ا۔مؤنث] غور و فکر۔ باریک بات نکالنا۔
**تدویر**۔ (تَد۔وِیر) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) گول بنانا (۲) قرآن شریف کا نہ بہت آہستہ نہ بہت جلدی پڑھنا۔
**تدوین**۔ (تَد۔وِین) [ع۔ا۔مؤنث] تالیف کرنا۔ جمع کرنا۔ مرتب کرنا۔
**تدھارا**۔ (تِ۔دھا۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) وہ جگہ جہاں تین دریا ملتے ہوں (۲) تھوہر کی قسم کا ایک پودا۔
**تدہین**۔ (تَد۔ہِین) [ع۔ا۔مؤنث] تیل لگانا۔
**تدیّن**۔ (تَ۔دَی۔یُن) [ع۔ا۔مذکر] (۱) دینداری (۲) دیانتداری۔

## ت۔ذ

**تذبذب**۔ (تَ۔ذَب۔ذُب) [ع۔ا۔مذکر] (۱) شک و شبہ۔ (۲) کشمکش۔ پیچ۔ تردد۔ دھکڑ پکڑ۔
**تذرو**۔ (تَ۔ذَرو) [ف۔ا۔مذکر] چکور کی طرح کا ایک خوبصورت

Marfat.com

ایرانی پرندہ۔
**تذکار** ۔ (تذ۔کار) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بیان۔ ذکر (۲) یاد۔
**تذکرتاً** ۔ (تذ۔کِ۔رَ۔تن) [ع۔ مذکر] کے طور پہ۔ یادداشت کے طور پہ۔
**تذکرہ** ۔ (تذ۔کِ۔رَہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ذکر۔ چرچا (۲) یادداشت یادگار۔ بیان (۳) سرگزشت۔ سوانح عمری۔
**تذکیر** ۔ (تذ۔کیر) [ع۔ا۔مؤنث] مذکر ہونا۔ مرد ہونا۔
**تذلیل** ۔ (تذ۔لیل) [ع۔ا۔مؤنث] ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔
**تذہیب** ۔ (تذ۔ہیب) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) سونے کا پانی چڑھانا (۲) سنوارنا۔

---

## ت۔ر

**تر** ۔ [ف۔صف] (۱) گیلا (۲) تازہ (۳) سبز (۴) نرم (۵) چکنا۔ گھی ٹپکتا ہوا (۶) تھڑا ہوا (۷) عمدہ۔ پرلطف (۸) ڈھیلا ڈھالا (۹) تفضیل بعض کی علامت (بہتر وغیرہ)۔
**تر بتر** ۔ (۱) پانی ٹپکتا ہوا (۲) گھی ٹپکتا ہوا (۳) شرابور (۴) لتھڑا ہوا۔
**تر بند** ۔ گیلی پٹی۔
**تر بندی** ۔ گیلی پٹی باندھنا۔
**تر دامن** ۔ (۱) لتھڑے ہوئے دامن والا (۲) گنہگار۔ مجرم۔
**تر دامنی** ۔ گنہگاری۔
**تر دماغ** ۔ (۱) عقل مند۔ ہوشیار (۲) مسرور۔ مست۔
**تر دماغی** ۔ (۱) سرور۔ تازگی (۲) عقل۔ شعور۔
**تر زبان** ۔ فصیح۔ خوش بیان۔
**تر زبانی** ۔ خوش بیانی۔ فصاحت۔
**تر کرنا** ۔ بھگونا۔ گیلا کرنا۔
**تر لقمہ۔ تر مال۔ تر نوالہ** ۔ عمدہ غذا۔ کھانے کی اچھی چیز۔
**تر و تازہ** ۔ (۱) تازہ اترا ہوا پھل یا ترکاری (۲) بارونق۔ آباد (۳) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ شاداب۔
**تر و خشک زمانہ** ۔ دنیا کا نشیب و فراز۔ آرام اور تکلیف۔
**ترا** ۔ (تَ۔را) [ہ۔ا۔مذکر] ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں۔
**تراب** ۔ (تُ۔راب) [ع۔ا۔مؤنث] مٹی۔ زمین۔
**ترابی** ۔ [ف۔صف] مٹی کا۔
**تراجم** ۔ (تَ۔را۔جم) [ع۔ا۔مذکر] ترجمہ کی جمع۔
**ترادف** ۔ (تَ۔را۔دُف) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ایک کے بعد دوسرے کا جانا (۲) تسلسل (۳) ہم معنی ہونا۔ مترادف ہونا [صفت] مسلسل وار۔ متواتر۔
**ترارا** ۔ (تَ۔را۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) چھلانگ۔ جست (۲) پھرتی۔ چستی (۳) تیزی (۴) ترنگ۔ نشہ۔
**ترارا بھرنا** ۔ (۱) چھلانگ مارنا (۲) سرپٹ جانا۔
**تراز** ۔ (تَ۔راز) [ف۔ا۔مذکر] (۱) کپڑے کے نقش (۲) زینت و آرائش۔
**ترازو** ۔ (تَ۔را۔زو) [ف۔ا۔مؤنث و مذکر] (۱) تلا۔ تکڑی۔
**ترازو (ہو جانا) ہونا** ۔ (۱) دونوں طرف برابر ہونا (۲) ایک جتنا آر پار ہونا۔
**تراسی** ۔ (تِ۔را۔سی) [ہ۔صف] تین اوپر اسی۔
**تراش** ۔ (تَ۔راش) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) کتر۔ بیونت۔ کاٹ چھانٹ (۲) کاٹنے کا ڈھنگ (۳) اختراع۔ ایجاد (۴) ڈھنگ (۵) بناؤ سنگار (۶) پھانک قاش (۷) قاش یا کھینچنے کے پتوں کی کاٹ (۸) تراشیدن کا اسم فاعل بمعنی کاٹنے والا۔ جیسے سنگ تراش۔
**تراش خراش** ۔ (۱) کاٹ چھانٹ (۲) زیب و زینت۔
**تراشنا** ۔ (تَ۔راش۔نا) [اُردو۔مص] (۱) کاٹنا۔ چھیلنا۔ کترنا (۲) قاش اتارنا (۳) حجامت بنانا (۴) گنجفہ یا تاش کے پتے کاٹنا (۵) بات بنانا۔
**تراشہ** ۔ (تَ۔را۔شہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) چھیپین۔ کترن (۲) فولادی اوزار جس سے سنگتراش پتھر تراشتے ہیں (۳) قاش۔
**تراشی** ۔ (تَ۔را۔شی) [ف] کاٹنا۔ ایجاد کرنا (مرکبات میں جیسے سنگ تراشی۔ الزام تراشی)۔
**تراشیدہ** ۔ (تَ۔را۔شی۔دہ) [ف۔صف] چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔
**تراضی** ۔ (تَ۔را۔ضی) [ع۔ا۔مؤنث] خوش ہونا۔ رضامندی۔
**تراضی طرفین** ۔ فریقین کا راضی ہونا۔
**تراکیب** ۔ (تَ۔را۔کیب) [ع۔ا۔مذکر و مؤنث] ترکیب کی جمع۔
**ترامیم** ۔ (تَ۔را۔میم) [ع۔ا۔مؤنث] ترمیم کی جمع۔
**ترانا** ۔ (تِ۔را۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے تیرانا۔
**ترانوے** ۔ (تِ۔ران۔وے) [ہ۔صف] تین اوپر نوے۔
**ترانہ** ۔ (تَ۔را۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) نغمہ (۲) ایک خاص قسم کا گیت (۳) ایک نئے راگ۔
**ترانہ پرداز۔ ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سنج** ۔ (۱) ترانہ گانے والا (۲) گانے والا۔ موسیقار۔
**تراوت** ۔ (تَ۔را۔وت) [اُردو۔ا۔مؤنث] دیکھیے طراوت۔
**تراوش** ۔ (تَ۔را۔وش) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) ٹپکنا۔ بہنا (۲) اشارے کنایے سے ظاہر ہونا۔ انداز سے معلوم ہونا۔
**تراویح** ۔ (تَ۔را۔وِیح) [ع۔ا۔مؤنث] ترویح کی جمع نماز سنت کی وہ بیس رکعتیں جو ماہ رمضان میں عشا کے بعد اور وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔
**ترائی** ۔ (تَ۔را۔ئی) [ہ۔ا۔مذکر] وہ جگہ جہاں تین رستے آ کر ملیں۔
**ترائی** ۔ (تَ۔را۔ئی) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) وہ زمین جو کسی دریا یا ندی وغیرہ کے قریب ہو (۲) مرطوب زمین (۳) وہ علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے۔
**ترب** [ہ۔ا۔مذکر] سارنگی وغیرہ کا تار جو اصل یعنی باج کے تار کی مدد کے لیے ہوتا ہے۔
**تربت** ۔ (تُر۔بت) [ع۔ا۔مؤنث] قبر۔ گور۔ مزار۔
**تربد** ۔ (تُر۔بُد) [ف۔ا۔مؤنث] ایک مسہل دوا جڑ کا۔
**تربوز** ۔ (تَر۔بُوز) [ف۔ا۔مذکر] ایک پھل۔

Marfat.com

**ترپھر** - (تِر - پھر) [ہ - صف] غصے سے بھرا ہوا - ناراض -
**تربیت** - (تَر - بِ - یَت) [ع - ا - مؤنث] (۱) پرورش - پالنا (۲) تعلیم و تہذیب - تعلیم اخلاق -
**تربیت نا اہل را چوں گردگان بر گنبد است** - نالائق کو تربیت کرنا ایسا ہے جیسا کہ گنبد پر اخروٹ پھینکنا کہ نہیں ٹھہر سکتا -
**تربیع** - (تَر - بِیع) [ع - ا - مؤنث] (۱) چار حصوں میں تقسیم کرنا - مربع یا مستطیل بنانا (۲) نوے درجے کا زاویہ - زاویۂ قائمہ -
**ترپال** - (تِر - پال) [اَ - ا - مذکر] (TARPAULIN کا بگڑا ہوا) وہ ٹاٹ جس پر رال چڑھائی گئی ہو اس میں پانی سرایت نہیں کرتا -
**ترپائی** - (تُر - پا - ئی) [اَ - ا - مؤنث] بخیے کے اوپر کی سیون -
**ترپن** - (تِر - پَن) [ہ - صف] پچاس اور تین -
**ترپین** - (تُر - پِن) [اَ - ا - مؤنث] ایک قسم کی سلائی -
**ترپنا** - (تُ - رَپ - نا) [ہ - مص] سیون پر ایک اور سلائی کرنا - کپڑے کے سرے کو دبا کر سینا -
**ترپھلا** - (تِر - پھَ - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ہڑ - بہیڑہ اور آملہ (۲) [صف] تین پھل کا -
**ترت** - (تُ - رَت) [ہ - صف] فوراً - جلد - ابھی - اسی وقت -
**ترت پھرت** - (۱) پھرتی - تیزی - طراری (۲) بہت جلد -
**ترت دام مہا پُن** - [مثل] فوراً مزدوری یا قیمت دینا ثواب کا کام ہے -
**ترت دان مہا کلیان** - [مثل] فوراً خیرات کرنا نجات کا باعث ہے -
**ترتیب** - (تَر - تِیب) [ع - ا - مؤنث] (۱) درجہ بدرجہ رکھنا (۲) سجاوٹ (۳) انتظام - صف بندی (۴) طریقہ - ڈھنگ (۵) جنس واری - سلسلہ بندی (۶) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدے کا نام -
**ترتیب سے** - قاعدے سے - قرینے سے - سلسلہ وار -
**ترتیب وار** - سلسلہ وار - موقع بموقع - درجہ بدرجہ -
**ترتیل** - (تَر - تِیل) [ع - ا - مؤنث] قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کر کے ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا -
**ترجانا - ترنا** - (تَر - جا - نا) (تَر - نا) [ہ - مص] (۱) بیڑا پار (۲) نیک نام ہونا - عالی رتبہ پانا (۳) نجات حاصل کرنا -
**ترجمان** - (تَر - جُ - مان) [ع - ا - مذکر] (۱) شارح - مفسر (۲) کسی مقرر کی تاریخ کا فی البدیہہ ترجمہ کرنے والا (۳) وہ شخص جو دو مختلف زبانیں بولنے والے افراد کے درمیان رابطہ کا کام کرے -
**ترجمانی** - (تَر - جُ - ما - نی) [ف - ا - مؤنث] (۱) شرح - تفسیر - تعبیر (۲) ترجمان کا کام -
**ترجمہ** - (تَر - جُ - مَہ) [ع - ا - مذکر] ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کیا ہوا -
**ترجی** - (تَ - رَج - جی) [ع - ا - مؤنث] ایسی چیز کی اُمید جس کا حاصل ہونا آسان ہو -
**ترجیح** - (تَر - جِیح) [ع - ا - مؤنث] فوقیت - فضیلت - برتری -
**ترجیح بلا مرجح** - بلا وجہ فوقیت دینا -
**ترجیح دینا** - فضیلت دینا - فوقیت دینا - بہتر سمجھنا -
**ترجیح رکھنا** - فضیلت رکھنا - اچھا ہونا - فوقیت رکھنا -
**ترجیع** - (تَر - جِیع) [ع - ا - مؤنث] (۱) پھیرنا (۲) رجوع کرنا - کسی کی طرف متوجہ ہونا -
**ترجیع بند** - شاعر کے چند ایسے بند جو بحر میں موافق اور قافیے میں مختلف ہوں - اس طرح نظم کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کے آخر میں آئے اور ہر بند کے آخری شعر کے مضمون سے موافقت کرے -
**ترچھا** - (تِر - چھا) [ہ - صف] (۱) ٹیڑھا (۲) مخالف - بانکا (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا استر لگایا جاتا ہے -
**ترچھاپن** - بانکپن - ترچھا ہونا -
**ترچھا دیکھنا** - (۱) کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) بھینگا ہونا -
**ترچھا لگنا** - (۱) ٹیڑھا ہو کر لگنا (۲) ٹیڑھا معلوم ہونا -
**ترچھی** - (تِر - چھی) [ہ - صف] ترچھا کی تانیث -
**ترچھی آنکھ - ترچھی نظر - ترچھی نگاہ** - (۱) قہر کی نظر - غصے کی نگاہ (۲) نگاہ ناز -
**ترحم** - (تَ - رَح - حُم) [ع - ا - مذکر] رحم - ترس - مہربانی -
**ترخیص** - (تَر - خِیص) [ع - ا - مؤنث] رخصت - اجازت -
**ترخیم** - (تَر - خِیم) [ع - ا - مؤنث] (۱) نرم کرنا (۲) اصطلاح نحو میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف یا جزو یا لفظ کو دور کرنا - جیسے مانند سے مان -
**تردد** - (تَ - رَد - دُد) [ع - ا - مذکر] (۱) فکر - اندیشہ (۲) پس و پیش - تذبذب (۳) مشقت - کام (۴) کاشتکاری -
**تردد نا جائز** - خلافِ قانون کاشت - ناجائز کاشت -
**تردید** - (تَر - دِید) [ع - ا - مؤنث] رد کرنا - جواب دینا -
**ترس** - [ف - ا - مذکر] ڈر - خوف - دہشت -
**ترس** - [ہ - ا - مذکر] (۱) رحم (۲) خوف خدا -
**ترس آنا** - رحم آنا -
**ترس کھانا** - رحم کرنا -
**ترسا** - (تَر - سا) [ف - ا - مذکر] (۱) نصرانی (۲) آتش پرست -
**ترسا ترسا کر دینا** - [ہ - مص] تھوڑا تھوڑا دینا - شوق دلا کر تھوڑا سا دینا -
**ترسا ترسا کر مارنا** - [ہ - مص] (۱) شوق دلا کر نہ دینا (۲) بڑی تکلیف سے مارنا -
**ترسان** - (تَر - سان) [ف - صف] خوف زدہ - ڈرا ہوا - خائف -
**ترسان و ہراساں** - خوف زدہ - دہشت زدہ -
**ترسانا** - (تَر - سا - نا) [ہ - مص] (۱) للچانا - امید دلا کر نا امید کرنا (۲) خواہش سے کم دینا - ضرورت کے موافق نہ دینا -
**ترسٹھ** - (تِر - سَٹھ) [ہ - صف] تین اوپر ساٹھ -

Marfat.com

**ترسنا** ۔ (تَ ۔ رَس ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) خواہش مند ہونا (۲) ایسی چیز کی امید رکھنا جو ہاتھ نہ آ سکے (۳) بے چین ہونا (۴) محتاج ہونا ۔ تنگ ہونا ۔

**ترسول** ۔ (تِر ۔ سُول) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تین نوک کا نیزہ یا بھالا (۲) شوجی کا ہتھیار ۔

**ترسیل** ۔ (تَر ۔ سِیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] بھیجنا ۔ روانہ کرنا ۔

**ترش** ۔ [ف ۔ صف] (۱) کھٹا (۲) ناخوش (۳) بدمزاج ۔

**ترش رُو** ۔ (۱) ناخوش (۲) بددماغ ۔ چڑچڑا ۔ بدخو ۔

**ترش رُوئی** ۔ بدمزاجی ۔

**ترشح** ۔ (تَ ۔ رَش ۔ شُح) [ع ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث] (۱) ظاہر ۔ آشکارا (۲) تقاطر ۔ بوندا باندی ۔

**ترشح ہونا** ۔ (۱) ظاہر ہونا ۔ پایا جانا (۲) بوندا باندی ہونا ۔

**ترشنا** ۔ (تَ ۔ رَش ۔ نا) [ہ ۔ مص] چاقو یا چھری سے کٹنا ۔

**ترشی** ۔ (تُر ۔ شی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] کھٹاس ۔ کھٹائی ۔

**ترشیح** ۔ (تَر ۔ شِیح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] شاعری کی ایک صنعت جس میں شعر اس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ترتیب وار تمام مصرعوں کے پہلے حرف ملانے سے کوئی نام یا عبارت بن جاتی ہے ۔

**ترصد** ۔ (تَ ۔ رَص ۔ صُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) انتظار ۔ امید ۔ آس ۔

**ترصیع** ۔ (تَر ۔ صِیع) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) جواہر جڑنا (۲) شاعری کی ایک صنعت جس میں دونوں مصرعوں کے الفاظ بالترتیب ہموزن ہوتے ہیں ۔

**ترغیب** ۔ (تَر ۔ غِیب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) رغبت دلانا (۲) اکسانا (۳) شوق ۔ خواہش ۔ ذیفتگی (۴) اغوا ۔ بہکاوا ۔

**ترفع** ۔ (تَ ۔ رَف ۔ فُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بلندی چاہنا ۔ بڑائی (۲) غرور ۔

**ترفہ** ۔ (تَ ۔ رَف ۔ فُہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دولت مندی ۔ آسودگی ۔

**ترقب** ۔ (تَ ۔ رَق ۔ قُب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] امید ۔ توقع ۔

**ترقی** ۔ (تَ ۔ رَق ۔ قی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) آگے بڑھنا (۲) اونچا ہونا (۳) زیادتی ۔ اضافہ (۴) بلندی ۔ برتری ۔

**ترقی پذیر** ۔ بڑھنے والا ۔ ترقی قبول کرنے والا ۔

**ترقی پسند** ۔ (۱) آگے بڑھنے والا ۔ ترقی کا خواہاں ۔ قدامت پسند کی ضد (۲) [اصطلاحاً] اشتراکی ۔ اشتمالی ۔

**ترقی خواہ** ۔ ترقی چاہنے والا ۔

**ترقیم** ۔ (تَر ۔ قِیم) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) لکھنا (۲) تحریر ۔

**ترک** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چھوڑنا (۲) دست برداری (۳) وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے (۴) وہ کلمہ جو صفحے کے اخیر میں لکھا جائے اور پھر اگلے صفحے کی ابتدا میں لکھا جائے ۔

**ترکِ ادب** ۔ بے ادبی ۔ گستاخی ۔ بدتہذیبی ۔

**ترکِ اَولیٰ** ۔ اس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے ۔

**ترکِ حیوانات** ۔ ان چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں ۔ جیسے گوشت ۔ دودھ ۔ دہی وغیرہ ۔

**ترکِ دُنیا** ۔ خلوت گزینی ۔ فقیر ہو جانا ۔

**ترکِ عادت** ۔ کسی عادت کو چھوڑ دینا ۔

**ترکِ لذّات** ۔ آرام و آسائش کی چیزیں چھوڑ دینا ۔

**ترک لگانا** ۔ اجزا کو ترتیب دینا ۔

**ترکِ موالات** ۔ (۱) کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا (۲) عدم تعاون ۔

**ترکِ وطن** ۔ اپنا دیس چھوڑ دینا ۔ ہجرت ۔

**ترک** ۔ (تَ ۔ رَک) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] شہتیر ۔

**ترک** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تاتار یا ترکستان کا باشندہ (۲) سپاہی (۳) مسلمان (۴) محبوب ۔

**ترک بچہ** ۔ (۱) ترک کا لڑکا (۲) حسین نوجوان ۔

**ترک تازہ** ۔ (۱) سپاہی ۔ تلنگا (۲) لٹیرا ۔ قزاق ۔

**ترک تازی** ۔ (۱) لوٹ مار ۔ تاخت ۔ دھاوا (۲) دوڑ دھوپ ۔

**ترکِ چین** ۔ ترکِ روز ۔ ترکِ روزگار ۔
**ترکِ فلک** ۔ ترکِ گردوں ۔ ترکِ نیم روز } آفتاب ۔ سورج ۔

**ترک سوار** ۔ مسلمان سپاہی جو گھوڑے پر سوار ہو ۔

**ترکاری** ۔ (تَر ۔ کا ۔ ری) [اُرد ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بھاجی ۔ سبزی (۲) [ہندو] گوشت ۔

**ترکاری بنانا** ۔ (۱) سبزی پکانا (۲) گوشت پکانا ۔

**ترکان** ۔ (تُر ۔ کان) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] تُرک کی جمع ۔ ترک لوگ ۔

**ترکانِ چرخ** ۔ سات سیارے ۔ زہرہ ۔ مشتری ۔ زحل ۔ عطارد ۔ مریخ ۔ شمس ۔ قمر ۔

**ترکانہ** ۔ (تُر ۔ کا ۔ نہ) [ف ۔ صف] ترک کی طرح ۔ ترکی ۔

**ترکٹا** ۔ (تِر ۔ کٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سونٹھ ۔ پیپل اور کالی مرچ کا سفوف جو ہاضمے کے لیے بناتے ہیں ۔

**ترکش** ۔ (تَر ۔ کش) [ف ۔ ا ۔ مذکر] تیر رکھنے کا خول ۔ تیردان ۔

**ترکمان** ۔ (تُرک ۔ مان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ترکوں کی ایک قوم ۔

**ترکن** ۔ (تُر ۔ کن) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ترک قوم کی عورت (۲) سپاہی کی جورو ۔

**ترکنی** ۔ (تُر ۔ ک ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] وہ عورت جو شاہی محل میں پہرا دیا کرتی تھی ۔ قلماقنی ۔

**ترکہ** ۔ (تَر ۔ کہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ جائیداد جو انسان مرنے پر چھوڑے (۲) ورثہ ۔ میراث ۔

**ترکہ بلا وصیت نامہ** ۔ وہ ترکہ جس کے متعلق مرنے والے نے کوئی وصیت نہ کی ہو ۔

**ترکۂ پدری** ۔ باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب ۔

**ترکے میں آنا** ۔ ورثے میں ملنا ۔

**ترکے میں چھوڑنا** ۔ مرتے پیچھے مال و جائداد چھوڑنا ۔

**ترکی** ۔ (تُر ۔ کی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ترکوں کی بولی (۲) غرور ۔ بہادری (۳) [مذکر] ترکستان کا گھوڑا (۴) ترکستان کا باشندہ (۵) [صف] ترکستان یا ترک کے متعلق ۔

**ترکی بہ ترکی جواب دینا** ۔ (۱) جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا (۲) سخت جواب دینا ۔

**ترکی پیٹے تازی کا نپے** ۔ [مثل] ایک کو سزا ملے دوسرا دل پر اثر ہو ۔

**ترکی تمام شد ہونا** ۔ (۱) گھمنڈ جاتا رہنا (۲) کچھ نہ باقی رہنا ۔

Marfat.com

۴ ساری بہادری نکلنا۔

**تَرکِیب** - (تَر - کِیب) [ع - ا - مؤنث] (۱) کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب کرنا (۲) بناوٹ۔ ساخت۔ تناسب (۳) کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ (۴) ڈھنگ طور تدبیر (۵) اصطلاح نحو میں جملے کے ہر لفظ کے متعلق بتانا کہ وہ اسم ہے صفت یا فعل اور ان کا باہمی تعلق کیا ہے۔

**تَرکِیب بَند** - نظم کی ایک قسم۔ جس میں ہر بند کا آخری شعر جدا ہوتا ہے۔

**تَرکِیب سُوجھنا** - طریقہ خیال میں آنا۔ تدبیر سوجھنا۔

**تَرکِیب کَرنا** - (۱) تدبیر کرنا (۲) بنانا۔ ملانا۔ مرکب کرنا (۳) انتظام کرنا (۴) جملے کے الفاظ کی اقسام اور تعلقات بتانا۔

**تَرکِیب نِکالنا** - ڈھنگ نکالنا۔ طریقہ سوچنا۔

**تَرکِیبی** - (تَر - کی - بی) [ف - صف] (۱) مرکب۔ بنا ہوا۔ ملا ہوا (۲) بناوٹی۔ مصنوعی۔ ساختہ۔

**تِرلوک** - (تِر - لوک) [س - ا - مذکر] (۱) تین عالم۔ آسمان زمین اور پاتال (۲) کائنات۔

**تُرَم** - (تُ - رَم) [ہ - ا - مذکر] بگل۔ ترئی۔ منہ سے بجانے کا آلہ۔

**تُرَم باز خاں** - شیخی باز خاں۔

**تُرَم کی سلامی** - فوج کی سلامی جو بگل کے ساتھ لی جاتی ہے۔

**تِرمِرا** - (تِر - مِ - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) چکنائی کا دھبا۔ جو پانی یا شوربے پر آ جاتا ہے (۲) وہ تارا جو صدمۂ دماغی یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اڑتا ہوا نظر آتا ہے۔

**تِرمِراہَٹ** - (تِر - مِ - را - ہَٹ) [ہ - ا - مؤنث] چندھیانا۔

**تَرمِیم** - (تَر - مِیم) [ع - ا - مؤنث] (۱) اصلاح۔ درستی (۲) تغیر و تبدل۔

**تَرمِیمات** - (تَر - مِی - مات) [ع - ا - مؤنث] ترمیم کی جمع۔ ترامیم۔

**تُرَنت** - (تُ - رَنت) [ہ - صف] دیکھیے تُرت۔

**تُرَنج** - (تُ - رَنج) [ف - ا - مذکر] (۱) چکوترا۔ ایک قسم کا بڑا میوہ (۲) کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں۔

**تُرَنجبِین** - (تُ - رَنج - بِین) [ع - ا - مؤنث] قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح جم جاتی ہے۔ مَن (فارسی ترانگبین کا معرب)۔

**تَرَنگ** - (تَ - رَنگ) [س - ا - مؤنث] (۱) لہر۔ اُمنگ۔ جوش (۲) نشے کی حرکت (۳) وہم (۴) شیخی۔ لاف و گزاف۔

**تَرَنگ آنا** - (۱) جوش پیدا ہونا (۲) طبیعت میں لہر اٹھنا۔

**تَرَنُّم** - (تَ - رَن - نُم) [ع - ا - مذکر] (۱) گانا (۲) گنگنانا۔ الاپ۔

**تَروَر** - (تَر - وَر) [ہ - ا - مذکر] ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے اور پھول اور بیج دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

**تَروِیج** - (تَر - وِیج) [ع - ا - مؤنث] رواج دینا۔ اشاعت کرنا۔

**تِروَیدی** - (تِر - وے - دی) [س - ا - مذکر] (۱) وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں (۲) برہمنوں کی ایک قسم۔

**تُرہی یا تُرئی - تُرہی** - [ہ - ا - مؤنث] بگل۔ ترم۔ ایک قسم کی لمبی نفیری۔

**تُرئی** - (تُ - رَئی) [ہ - ا - مؤنث] ایک ترکاری۔ توری۔

**تَری** - (تَ - ری) [ف - ا - مؤنث] (۱) رطوبت۔ نمی (۲) بحر۔ سمندر۔

**تِری** - (تِ - ری) [ہ - ض] تیری کا مخفف۔

**تِری آواز مکے اور مدینے** - تیری دور دور شہرت ہو۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔

**تِریا** - (تِر - یا) [ہ - ا - مؤنث] عورت۔ استری۔ لگائی۔

**تِریا چرِتّر** - عورتوں کے مکروفریب۔

**تِریا راج** - (۱) عورتوں کی حکومت (۲) بیوی کی حکومت۔

**تِریا ہَٹ** - عورت کی ضد۔

**تِریاق** - (تِر - یاق) [ع - ا - مذکر] (۱) زہر مہرہ۔ زہر کی دوا (۲) کنایۃً افیون۔

**تِریاک** - (تِر - یاک) [ف - ا - مذکر] دیکھیے تریاق۔

**تِتَّر بِتَّر** - (تِت - تَر - بِت - تَر) [ہ - صف] جدا جدا۔ منتشر۔

**تریتا** - (تِ - رے - تا) [س - ا - مؤنث] ہندوؤں کا دوسرا جگ جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا بتایا جاتا ہے۔

**تِرَیسَٹھ** - (تِ - رے - سَٹھ) دیکھیے تِرسَٹھ۔

## ت - ڑ

**تَڑ** - [ہ - ا - مذکر] تھپڑ کی آواز۔ ضرب کی آواز۔ چٹاخ۔

**تَڑ سے - تَڑ سے** - (۱) تڑاق سے (۲) گستاخی سے۔ فوراً

**تَڑا تَڑ** - (تَ - ڑا - تَڑ) [ہ - ا - مؤنث] (۱) متواتر آواز (۲) لگاتار مارنے کی آواز (۳) مینہ کی بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز (۴) چٹاخ۔ پٹاخ۔ جلد جلد۔

**تَڑاخا** - (تَ - ڑا - خا) [اُر - ا - مذکر] (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی چیز کا قحط (۳) شدت کی گرمی۔

**تَڑاق** - (تَ - ڑاق) [اُر - ا - مؤنث] (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخ (۳) پٹاخے یا بندوق کی آواز۔

**تَڑاق پَڑاق / تَڑاق** - (۱) جلد جلد۔ متواتر۔ تڑاتڑ (۲) منہ در منہ۔ بے باکانہ (۳) چلبلا۔

**تَڑاقا** - (تَ - ڑا - قا) [اُر - ا - مذکر] (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخا (۳) بندوق چلنے کی آواز (۴) ذائقے کی آواز۔ چٹخارا (۵) بجلی کا کڑکا (۶) گرمی کی شدت (۷) پیاس کی شدت (۸) کسی چیز کا قحط۔

**تَڑاقے کا** - (۱) زور کا (۲) بھرپور (۳) مزے دار۔ چٹپٹا۔

**تَڑاقے کی دُھوپ** - بہت تیز دھوپ۔

**تُڑانا** - (تُ - ڑا - نا) [ہ - مص] (۱) چھڑانا (۲) توڑ ڈالنا (۳) روپیہ بھنانا۔

**تَڑَپ** - (تَ - ڑَپ) [ہ - ا - مؤنث] (۱) بے قراری (۲) پھرتی

Marfat.com

(۳) اچھل کود (۴) جلدی (۵) چمک دمک (۶) بے حد خواہش (۷) تڑپنا کا حاصل مصدر۔
**تڑپ اُٹھنا**۔ بے چین ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا۔
**تڑپ کر**۔ (۱) گھبرا کر۔ بے چین ہو کر (۲) جلدی سے۔
**تڑپا دینا**۔ (تڑ۔پا۔دے۔نا) [ہ۔متع] (۱) بے قرار کر دینا (۲) ہنسا دینا۔ لٹا دینا۔
**تڑپانا**۔ (تڑ۔پا۔نا) [ہ۔مص] (۱) بے چین کرنا (۲) ترسانا (۳) کدانا (گھوڑے کا)۔
**تڑپڑ**۔ (تڑ۔پڑ) [اُر۔ا۔مؤنث] (۱) کسی کے جواب میں بغیر توقف کے کچھ کہنا (۲) تڑ بڑ۔ جلد جلد۔
**تڑپن**۔ (تڑ۔پن) [ہ۔ا۔مؤنث] بے چینی۔ بے کلی۔
**تڑپنا**۔ (تڑ۔ تڑپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بے قرار ہونا (۲) پھڑکنا (۳) جست لگانا (۴) بے حد مشتاق ہونا۔
**تڑتڑ**۔ (تڑ۔تڑ) [اُر۔ا۔مؤنث] (۱) بندوق یا پٹاخوں کی آواز (۲) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) جلد جلد۔
**تڑتڑانا**۔ (تڑ۔ت۔ڑا۔نا) [ہ۔مص] تڑتڑ کی آواز دینا، تڑخنا (۲) متواتر بوندوں کے گرنے کی آواز ہونا (۳) غصے ہونا (۴) ڈینگ مارنا (۵) درد کرنا۔ ٹیس مارنا۔
**تڑخنا، تڑقنا**۔ (ت۔ڑخ۔نا) (ت۔ڑق۔نا) [اُر۔مص] (۱) پھٹنا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا (۳) بگڑ کر بولنا۔
**تڑکا**۔ (تڑ۔کا) [ہ۔ا۔مؤنث] صبح۔ فجر۔ سویرا۔ علی الصباح۔
**تڑکا ہونا**۔ (۱) صبح ہونا (۲) صدمۂ دماغی کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا (۳) بے حد مار کھانا (۴) صفایا ہونا۔
**تڑنا**۔ (تڑ۔نا) [ہ۔مص] توڑا جانا۔
**تڑوانا**۔ (تڑ۔وا۔نا) [ہ۔مص] توڑنا کا متعدی۔
**تڑی**۔ (ت۔ڑی) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) مار پیٹ (۲) فریب دھوکا (۳) نقصان۔ گھاٹا (۴) دھمکی۔ دھونس۔
**تڑی دینا**۔ (۱) دھمکانا (۲) دھوکا دینا (۳) الّو بنانا۔
**تڑی میں آنا**۔ (۱) دھوکا کھانا (۲) دھونس میں آنا۔

## ت۔ز

**تزک**۔ (تُ۔زُک) [ت۔ا۔مذکر و مؤنث] (۱) انتظام۔ ترتیب (۲) قاعدہ۔ قانون (۳) ضابطۂ لشکر، ضابطۂ مجلس (۴) شان و شوکت (۵) روزنامچۂ شاہی۔
**تزک و احتشام**۔ شان و شوکت۔
**تزکیہ**۔ (تز۔کِ۔یہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) پاک کرنا (۲) پاکی۔ صفائی۔
**تزکیۂ نفس**۔ نفس کو پاک کرنا۔
**تزلزل**۔ (ت۔زل۔زُل) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) ہلنا (۲) زلزلہ۔ بھونچال (۳) لرزش۔ جنبش (۴) ہیل۔ گڑبڑ۔
**تزلزل بیانی**۔ بیانات میں لغزش کھانا۔
**تزلزل عقائد**۔ عقیدے میں فرق آ جانا۔

**تزوج**۔ (ت۔زَو۔وُج) [ع۔ا۔مذکر] شادی کرنا۔
**تزویج**۔ (تز۔ویج) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) شادی کرنا (۲) نکاح۔
**تزویر**۔ (تز۔ویر) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) فریب۔ دھوکا (۲) جھوٹ۔
**تزئین**۔ (تز۔ئین) [ع۔ا۔مؤنث] آرائش۔ زیب و زینت۔

## ت۔س

**تِسالا**۔ (تِ۔سالا) [ہ۔صفت] تین برس کا۔
**تسامح**۔ (ت۔سا۔مُح) [ع۔ا۔مذکر] (۱) اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو (۲) ذو معنی بات کہنا (۳) سہو۔ غلطی۔
**تساوی**۔ (ت۔سا۔وی) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) برابری۔ مساوات (۲) مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانیت۔
**تساہل**۔ (ت۔سا۔ہُل) [ع۔ا۔مذکر] سستی۔ غفلت۔ آلکسی۔
**تسبیح**۔ (تس۔بیح) [ع۔ا۔مذکر] (۱) سو دانوں کی مالا (۲) الحمد اللہ کہنا (۳) ورد۔ وظیفہ۔
**تسبیح پڑھتے رہنا**۔ کسی کی یاد میں رہنا۔ ہر وقت خدا کو یاد کرنا۔
**تسبیح پڑھنا، پھیرنا**۔ وظیفہ کرنا۔ مالا جپنا۔
**تسبیح پڑھی جانا**۔ بار بار کسی کا نام لیا جانا۔
**تسبیح خواں**۔ تسبیح پھیرنے والا۔ ذاکر۔
**تسبیح خوانی**۔ وظیفہ پڑھنا۔
**تسبیح سلیمانی**۔ سنگِ سلیمانی کے دانوں کی تسبیح۔
**تسبیح فاطمہؓ**۔ وہ وظیفہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو ہر نماز فرض کے بعد پڑھنے کے لیے فرمایا تھا۔ اس میں سبحان اللہ ۳۳ بار، الحمد للہ ۳۳ بار، اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ ہے۔
**تسخیر**۔ (تس۔خیر) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) تابع کرنا (۲) گھیرنا (۳) قابو میں لانا۔
**تسدیس**۔ (تس۔دیس) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) چھ بنانا۔ چھ میں تقسیم کرنا (۲) شش پہلو شکل بنانا (۳) دو سیاروں کا منظر جب ان کا فاصلہ ۶۰ درجے کا ہو۔
**تسطیر**۔ (تس۔طیر) [ع۔ا۔مؤنث] سطر بندی کرنا۔ لکھنا۔
**تسکین**۔ (تس۔کین) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) آرام دینا (۲) تسلی۔ دلاسا (۳) اصطلاح قواعد میں حرف کو ساکن کرنا۔
**تسکین بخش**۔ تسلی دینے والا۔ اطمینان دینے والا۔
**تسلا**۔ (تس۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] پرات۔ تانبے یا پیتل کا تشت۔
**تسلسل**۔ (ت۔سل۔سُل) [ع۔ا۔مذکر] (۱) سلسلہ۔ لڑی (۲) لگاتار ہونا۔
**تسلط**۔ (ت۔سل۔لُط) [ع۔ا۔مذکر] حکومت۔ قبضہ۔ قابو۔
**تسلط (بٹھانا) جمانا**۔ حکومت قائم کرنا۔ قبضہ کرنا۔
**تسلی**۔ (ت۔سل۔لی) [ع۔ا۔مؤنث] دلاسا۔ خاطر جمع۔ تسکین۔
**تسلیم**۔ (تس۔لیم) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) سلام کرنا (۲) سپرد کرنا۔

Marfat.com

(۲) ماننا۔
تسلیم بجالانا۔ سلام کرنا۔ آداب عرض کرنا۔
تسلیم عرض ہے۔ سلام کرتا ہوں۔
تسلیم کرنا۔ (۱) قبول کرنا (۲) آداب بجالانا۔
تسلیمات۔ (تَس۔ لی۔ مات) [ع ۔ا۔ مؤنث] تسلیم کی جمع مگر اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ آداب۔ سلام۔
تسمہ۔ (تَس۔ مہ) [ت ۔ا۔ مذکر] (۱) چمڑے کا پتلا اور لمبا ٹکڑا۔ (۲) جوتے کا فیتا۔
تسمیہ۔ (تَس۔ مِی۔ یہ) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) نام رکھنا (۲) بسم اللہ کہنا۔
تسنن۔ (تَ۔ سَن۔ نُن) [ع ۔ا۔ مذکر] سُنّی ہونا۔
تسنیم۔ (تَس۔ نیم) [ع ۔ا۔ مؤنث] بہشت کی ایک نہر۔
تسو۔ (تَ۔ سُو) [ہ ۔ا۔ مذکر] ڈیڑھ انچ۔ گز کا چوبیسواں حصہ۔
تسواسی۔ (تَس۔ واس۔ سی) [ہ ۔ا۔ مؤنث] بسواسی کا بیسواں حصہ۔
تسوید۔ (تَس۔ وید) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) لکھنا (۲) سیاہ کرنا (۳) مسودہ تحریر کرنا۔ خاکہ تیار کرنا۔
تسویہ۔ (تَس۔ وِ۔ یہ) [ع ۔ا۔ مذکر] برابر کرنا۔ ٹھیک کرنا۔
تسہیل۔ (تَس۔ ہیل) [ع ۔ا۔ مؤنث] سہل کرنا۔ آسانی۔

## ت ۔ ش

تشابہ۔ (تَ۔ شا۔ بُہ) [ع ۔ا۔ مذکر] مطابقت۔ مشابہت۔ یکسانی۔
تشاکل۔ (تَ۔ شا۔ کُل) [ع ۔ا۔ مذکر] باہمی مشابہت۔ ہم شکل ہونا۔
تشبہ۔ (تَ۔ شَب۔ بُہ) [ع ۔ا۔ مذکر] مانند ہونا۔ مثل ہونا۔
تشبیب۔ (تَش۔ بیب) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) عاشقانہ مضامین بیان کرنا (۲) شعرا کی اصطلاح میں قصیدے کی ابتدا میں عاشقانہ مضامین نظم کرنا۔
تشبیہ۔ (تَش۔ بیہ) [ع ۔ا۔ مؤنث] مشابہت دینا۔ تمثیل۔ ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند ٹھہرانا۔
تشبیہات۔ (تَش۔ بی۔ ہات) [ع ۔ا۔ مؤنث] تشبیہ کی جمع
تشت۔ [ف ۔ا۔ مذکر] تسلا۔ پرات۔ بڑا لگن۔ طشت۔
تشت از بام ہونا۔ مشہور ہونا۔ ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔
تشت زر (زریں)۔ (کنایۃً) آفتاب۔ سورج۔
تشتت۔ (تَ۔ شَت۔ تُت) [ع ۔ا۔ مذکر] پراگندگی۔ پریشانی۔
تشتری۔ (تَش۔ تَ۔ ری) [ف ۔ا۔ مؤنث] چھوٹی رکابی۔
تشخص۔ (تَ۔ شَخ۔ خُص) [ع ۔ا۔ مذکر] امتیاز۔ ممتاز ہونا۔
تشخیص۔ (تَش۔ خیص) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) ٹھہرانا۔ معین کرنا (۲) مرض کا پہچاننا (۳) پہچان (۴) جائزہ۔
تشخیص جمع بندی۔ مال گزاری کی رقم کا معین کرنا۔
تشخیص خام۔ کچا اندازہ۔
تشخیص لگان۔ لگان مقرر کرنا۔
تشدد۔ (تَ۔ شَد۔ دُد) [ع ۔ا۔ مذکر] سختی۔ زیادتی۔ جبر۔
تشدید۔ (تَش۔ دید) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا۔ جیسے تکلّف کا لام (۲) حرف مشدد کی علامت۔
تشرع۔ (تَ۔ شَر۔ رُع) [ع ۔ا۔ مذکر] شرع کی پابندی۔
تشریح۔ (تَش۔ ریح) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) کھول کر بیان کرنا (۲) تفسیر۔ وضاحت۔
تشریح الابدان۔ انسانی جسم کی ساخت کا علم۔
تشریح گاہ۔ جراحی اور طبابت کی عینی و عملی تعلیم کی جگہ۔
تشریحات۔ [ع ۔ا۔ مؤنث] تشریح کی جمع۔
تشریحی۔ (تَش۔ ری۔ حی) [ع ۔صف] تفصیلی۔ واضح۔
تشریف۔ (تَش۔ ریف) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) عزت کرنا (۲) بزرگی۔ شرف۔ عزت (۳) خلعت۔
تشریف آوری۔ آنا۔ آمد۔
تشریف ارزانی فرمانا۔ کسی بزرگ کا آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔
تشریف رکھنا۔ (۱) بیٹھنا (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔
تشریف لے جانا۔ رخصت ہونا۔ سدھارنا۔ جانا۔
تشریک۔ (تَش۔ ریک) [ع ۔ا۔ مؤنث] شرکت۔ حصہ داری۔
تشطط۔ (تَ۔ شَط۔ طُط) [ع ۔ا۔ مذکر] حد سے بڑھ جانا۔
تشفی۔ (تَ۔ شَف۔ فی) [ع ۔ا۔ مؤنث] تسلی۔ تسکین۔ دلجمعی۔
تشکک۔ (تَ۔ شَک۔ کُک) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) شبہ کرنا (۲) شک۔ شبہ۔
تشکل۔ (تَ۔ شَک۔ کُل) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) شکل پکڑنا (۲) وضع (۳) علم ہیئت میں ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب
تشکیک۔ (تَش۔ کیک) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) شک میں ڈالنا (۲) شک۔ شبہ۔
تشکیل۔ (تَش۔ کیل) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) شکل بنانا (۲) ساخت۔ ترکیب۔ بناوٹ۔ خاکہ بنانا۔
تشنج۔ (تَ۔ شَن۔ نُج) [ع ۔ا۔ مذکر] اینٹھن۔ عضلات جسمانی کا کھنچ جانا۔
تشنگی۔ (تِش۔ نَ۔ گی) [ف ۔ا۔ مؤنث] (۱) پیاس (۲) کنایۃً شدت آرزو۔ شدت شوق۔
تشنہ۔ (تِش۔ نَہ) [ف ۔صف] (۱) پیاسا (۲) خواہش مند۔ مشتاق۔ (فارسی میں بفتح تا ہے)۔
تشنۂ خوں۔ جانی دشمن۔ خون کا پیاسا۔
تشنۂ دیدار۔ دیکھنے کا خواہش مند۔
تشنہ کام۔ پیاسا۔
تشنہ کامی۔ ناکامی۔
تشنہ کرنا۔ (۱) پیاسا کرنا۔ خواہش مند کرنا (۲) کسی دھات میں قوت جاذبہ پیدا کرنا۔
تشنہ لب۔ (۱) نہایت پیاسا (۲) ناکام۔
تشنہ لبی۔ پیاس۔
تشنیع۔ (تَش۔ نیع) [ع ۔ا۔ مؤنث] طعنہ۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا۔

Marfat.com

**تشویش** ۔ (تَش ۔ وِیش) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] پریشانی ۔ بے قراری ۔ فکر
**تشویش میں پڑنا** ۔ فکر میں ہونا ۔ سوچ میں پڑنا ۔
**تشویق** ۔ (تَش ۔ وِیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] شوق دلانا ۔ شوق ۔
**تشویہ** ۔ (تَش ۔ وِیَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بھوننا (۲) دوا گرم بھوبل میں بھُلسنا ۔
**تشہد** ۔ (تَ ۔ شَہ ۔ ہُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کلمۂ شہادت پڑھنا ۔
**تشہیر** ۔ (تَش ۔ ہِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مشہور کرنا ۔ سربازار رُسوا کرنا ۔
**تشیع** ۔ (تَ ۔ شَی ۔ یُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شیعہ ہونا ۔

# ت ۔ ص

**تصادم** ۔ (تَ ۔ صا ۔ دُم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] باہم ٹکرانا ۔
**تصاعد** ۔ (تَ ۔ صا ۔ عُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اوپر چڑھنا (۲) بخار بننا
**تصانیف** ۔ (تَ ۔ صا ۔ نِیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تصنیف کی جمع ۔
**تصاویر** ۔ (تَ ۔ صا ۔ وِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تصویر کی جمع
**تصحیح** ۔ (تَص ۔ حِیح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) صحیح کرنا (۲) صحت درستی ۔
**تصحیف** ۔ (تَص ۔ حِیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) لکھنے میں غلطی کرنا (۲) الفاظ کے اعراب اس طرح بدل دینا کہ ان کا تلفظ بدل جائے ۔
**تصدق** ۔ (تَ ۔ صَد ۔ دُق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صدقہ دینا (۲) قربانی ۔ خیرات (۳) صدقے ۔ نثار (۴) بدولت ۔ وجہ سے ۔
**تصدق کا تیل ۔ تصدق کے ماش** ۔ یہ دو چیزیں عموماً صدقہ میں دی جاتی ہیں ۔
**تصدق کرنا** ۔ صدقہ کرنا ۔ کوئی چیز وارنا ۔ خیرات دینا ۔
**تصدق ہونا** ۔ نثار ہونا ۔ قربان ہونا ۔
**تصدیع** ۔ (تَص ۔ دِیع) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) دردِ سر (۲) دکھ تکلیف ۔
**تصدیعہ** ۔ (تَص ۔ دی ۔ عَہ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تکلیف دُکھ ۔ زحمت ۔
**تصدیق** ۔ (تَص ۔ دِیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سچ کرنا ۔ صداقت ۔ سچ ہونے کی تائید (۲) ثبوت ۔ اثبات ۔
**تصرف** ۔ (تَ ۔ صَر ۔ رُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کام میں ہاتھ ڈالنا ۔ دخل دینا (۲) قبضہ ۔ اختیار (۳) خرچ (۴) اپنی طرف سے کچھ شامل کرنا یا بنا دینا (۵) خرقِ عادت ۔ کرامت (۶) استعمال ۔ عمل ۔
**تصرف بیجا** ۔ (۱) ناجائز قبضہ (۲) غبن ۔
**تصرف میں لانا** ۔ (۱) خرچ کرنا (۲) غبن کرنا (۳) استعمال کرنا ۔
**تصرف میں ہونا** ۔ استعمال میں ہونا ۔
**تصرفات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] تصرف کی جمع ۔
**تصریح** ۔ (تَص ۔ رِیح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) واضح کرنا (۲) تشریح ۔ شرح ۔ تفصیل ۔ توضیح ۔

**تصریحات** ۔ (تَص ۔ ری ۔ حات) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تصریح کی جمع ۔
**تصریحی** ۔ (تَص ۔ ری ۔ حی) [ع ۔ ا ۔ صفت] واضح ۔ صاف ۔
**تصریف** ۔ (تَص ۔ رِیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مصدر کی گردان کرنا (۲) پھیرنا ۔ بدلنا ۔
**تصغیر** ۔ (تَص ۔ غِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا کرنا (۲) تخفیف (۳) وہ اسم ذات جس میں چھوٹے کے معنی پائے جائیں جیسے کتاب سے کتابچہ ۔
**تصفیہ** ۔ (تَص ۔ فِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صاف کرنا (۲) صفائی ۔ تصفیہ (۳) بے باقی (۴) فیصلہ ۔
**تصفیۂ حساب** ۔ حساب کی صفائی ۔
**تصفیہ طلب امور** ۔ وہ امور جن کا فیصلہ کرنا ہو ۔
**تصفیہ نامہ** ۔ فیصلے کی تحریر ۔
**تصلیب** ۔ (تَص ۔ لِیب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سولی دینا (۲) صلیب کا نشان بنانا ۔
**تصنع** ۔ (تَ ۔ صَن ۔ نُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بناوٹ ۔ ساخت (۲) دکھاوا (۳) فریب ۔
**تصنیف** ۔ (تَص ۔ نِیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کتاب لکھنا مضمون بنانا ۔ طبیعت سے کوئی بات نکالنا ۔
**تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں** ۔ مصنف ہی اپنی کتاب کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے ۔
**تصنیفات** ۔ (تَص ۔ نی ۔ فات) [ع ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث] تصنیف کی جمع ۔ تصانیف ۔
**تصور** ۔ (تَ ۔ صَو ۔ وُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دل میں تصویر بنانا (۲) دھیان ۔ خیال (۳) منطق میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا ۔
**تصوف** ۔ (تَ ۔ صَو ۔ وُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پشمینہ پہننا (۲) اصطلاحاً ، علم معرفت (۳) دل سے خواہشوں کو دور کر کے خدا کی طرف دھیان لگانا (۴) تزکیۂ نفس کا طریقہ ۔
**تصویر** ۔ (تَص ۔ وِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) صورت بنانا (۲) مورت ۔ شبیہ ۔ فوٹو (۳) [صفت] نہایت خوبصورت ۔
**تصویر آنکھوں (کے تلے) میں پھرنا** ۔ ہر وقت کسی کا خیال تصور یا دھیان رہنا ۔
**تصویر اتارنا** ۔ دیکھیے تصویر کھینچنا ۔
**تصویر بن جانا (ہو جانا)** ۔ بت بن جانا ۔ حیران ہو جانا ۔
**تصویر خیالی** ۔ کسی کی شکل جو خیال میں دکھائی جائے ۔
**تصویر (قالی) قالین** ۔ (۱) قالین کے نقش و نگار (۲) خاموش ۔
**تصویر کا اَپہ** ۔ تصویر کا سایہ ۔ تصویریں سامنے کر کے ظاہر کرنا ۔
**تصویر کا دوسرا رُخ** ۔ (۱) تصویر کی دوسری طرف (۲) کسی چیز یا بات کا دوسرا پہلو ۔
**تصویر کھینچ دینا** ۔ اس طرح بیان کرنا کہ واقعات کا نقشہ سامنے آ جائے ۔
**تصویر کھینچنا** ۔ فوٹو لینا ۔ شبیہ اتارنا ۔
**تصویر گِلی** ۔ مٹی کی مورتی ۔ مٹی کا بت ۔
**تصویر (ہو جانا) ہو کر رہ جانا** ۔ حیران ہو جانا ۔ چپ ہو جانا ۔

Marfat.com

# ت ۔ ض

**تضاد** ۔ (تَ ۔ ضاد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ضد ۔ مخالفت (۲) نظم اور نثر کی ایک صنعت جس میں مخالف الفاظ جمع کیے جاتے ہیں ۔
**تضاعُف** ۔ (تَ ۔ ضا ۔ عُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دوگنا ہونا ۔ دو چند ۔
**تضحیک** ۔ (تَض ۔ حیک) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ہنسی اُڑانا ۔ (۲) ہنسی ۔ رسوائی ۔
**تضرُّع** ۔ (تَ ۔ ضَر ۔ رُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] رونا ۔ گڑگڑانا ۔
**تضعیف** ۔ (تَض ۔ عیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] دوگنا کرنا ۔
**تضمین** ۔ (تَض ۔ مین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ملانا ۔ شامل کرنا (۲) اصطلاح شاعری میں دوسرے کے شعر پر مصرع یا بند لگانا ۔
**تضییع** ۔ (تَض ۔ ییع) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] ضائع کرنا ۔ گنوانا ۔ (صحیح تضییع) ۔
**تضییعِ اوقات** ۔ وقت گنوانا ۔ عمر رائیگاں کرنا ۔

# ت ۔ ط

**تطابُق** ۔ (تَ ۔ طا ۔ بُق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مطابقت ۔ مناسبت ۔ موافقت ۔
**تطاوُل** ۔ (تَ ۔ طا ۔ وُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دست درازی (۲) ظلم ۔
**تطبیق** ۔ (تَط ۔ بیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] مطابقت ۔ موافقت ۔
**تطوُّع** ۔ (تَ ۔ طَو ۔ وُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] فرض سے زیادہ کام کرنا ۔
**تطویل** ۔ (تَط ۔ ویل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] لمبا کرنا ۔
**تطہیر** ۔ (تَط ۔ ہیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] پاک کرنا ۔

# ت ۔ ظ

**تظلُّم** ۔ (تَ ۔ ظَل ۔ لُم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) فریاد (۲) ظلم ۔ جور ۔

# ت ۔ ع

**تعارُض** ۔ (تَ ۔ عا ۔ رُض) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک دوسرے کے مقابل ہونا ۔ آپس میں جھگڑنا (۲) برابری کرنا ۔
**تعارُف** ۔ (تَ ۔ عا ۔ رُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک دوسرے کو پہچاننا (۲) شناسائی ۔ واقفیت ۔ جان پہچان ۔
**تعاقُب** ۔ (تَ ۔ عا ۔ قُب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پیچھے جانا ۔ پیچھا کرنا ۔
**تعالِی** ۔ (تَ ۔ عالِی) [ع] بلند ہو ۔ بزرگ ہو ۔ برتر ہو ۔
**تعالیٰ** ۔ (تَ ۔ عا ۔ لا) [ع ۔ صفت] بلند ۔ برتر ۔ عالی ۔
**تعالی اللہ** ۔ (کلمۂ تعجب وتحسین) (۱) خدا بزرگ ہے (۲) سبحان اللہ ۔ واہ وا ۔
**تعاوُن** ۔ (تَ ۔ عا ۔ وُن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک دوسرے کی مدد کرنا ۔
**تعب** ۔ (تَ ۔ عَب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) محنت ۔ مشقت (۲) سختی ۔ تکلیف (۳) تھکاوٹ ۔ تکان ۔ ماندگی ۔
**تعبُّد** ۔ (تَ ۔ عَب ۔ بُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عبادت کرنا ۔ پرستش ۔
**تعبیر** ۔ (تَع ۔ بیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بیان کرنا ۔ عبارت میں لانا (۲) خواب کا نتیجہ بیان کرنا (۳) تشریح ۔ توضیح ۔
**تعبیر گو** ۔ خواب کا نتیجہ بتانے والا ۔
**تعجُّب** ۔ (تَ ۔ عَج ۔ جُب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] اچنبھا ۔ تحیر ۔ حیرت ۔
**تعجیل** ۔ (تَع ۔ جیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] جلدی کرنا ۔ جلدی ۔ شتابی ۔
**تعجیلی** ۔ (تَع ۔ جی ۔ لی) [ع ۔ ف ۔ صفت] تعجیل سے متعلق ۔ تیزی سے ۔
**تعجیلی تار** ۔ وہ تار جسے جلدی بھیجا جائے ۔ ارجنٹ تار ۔
**تعجیلی تقسیم** ۔ وہ ڈاک جو خاص ہرکارے کے ذریعے جلد بھیجی جائے ۔
**تعجیلی مراسلہ** ۔ وہ مراسلہ جو بلاتاخیر فوراً بھیجا جائے ۔
**تعداد** ۔ (تَع ۔ داد) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گنتی ۔ شمار (۲) اندازہ ۔ تخمینہ ۔
**تعدُّد** ۔ (تَ ۔ عَد ۔ دُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تعداد میں زیادہ ہونا ۔
**تعدُّدِ ازدواج** ۔ تعدّدِ ازواج ۔ بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا ۔ چند زنی ۔ چند شوہری ۔
**تعدّدِ شوہری** ۔ تعدّدِ شوئی ۔ ایک عورت کا بیک وقت کئی مردوں سے شادی کرنا ۔ چند شوہری ۔
**تعدِّی** ۔ (تَ ۔ عَد ۔ دی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) حد سے بڑھ جانا (۲) ظلم ۔ ستم (۳) نا انصافی ۔
**تعدیل** ۔ (تَع ۔ دیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] برابر کرنا ۔ درست کرنا ۔
**تعدیلِ ارکان** ۔ ارکانِ نماز کا ٹھیک طور سے ادا کرنا ۔
**تعدیہ** ۔ (تَع ۔ دِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] فعل لازم کو متعدی بنانا ۔
**تعذیب** ۔ (تَع ۔ ذیب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] عذاب دینا ۔ دکھ دینا ۔
**تعرُّض** ۔ (تَ ۔ عَر ۔ رُض) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مزاحمت کرنا ۔ روک ۔ مزاحمت ۔
**تعریب** ۔ (تَع ۔ ریب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا ۔
**تعریض** ۔ (تَع ۔ ریض) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کنائے سے بات کہنا ۔
**تعریف** ۔ (تَع ۔ ریف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ثنا ۔ توصیف ۔ مدح (۲) کسی چیز کا حلیہ بیان کرنا (۳) صفت ۔ پہچان ۔
**تعریفِ مجہول بالمجہول** ۔ کسی نامعلوم بات کو نامعلوم بات سے پہچنوانا ۔
**تعریف کرتے منہ سوکھنا** ۔ بہت زیادہ تعریف کرنا ۔

Marfat.com

**تعریف کے پُل باندھنا** - بے انتہا تعریف کرنا۔
**تعریفی** - (تَع - رِی - فی) [ع - ف - صفت] قابلِ تعریف۔
**تعزیت** - (تَع - زِ - یَت) [ع - ا - مؤنث] ماتم پُرسی - پُرسا - ماتم۔
**تعزیت نامہ** - ماتم پُرسی کا خط۔
**تعزیر** - (تَع - زِیر) [ع - ا - مؤنث] (۱) سزا دینا (۲) تنبیہ - سرزنش۔
**تعزیرات** - (تَع - زِی - رات) [ع - ا - مؤنث] تعزیر کی جمع - سزائیں۔
**تعزیراتِ پاکستان** - پاکستان میں فوجداری قانون کی سزائیں۔
**تعزیراتِ ہند** - غیر منقسم ہندوستان کے فوجداری قانون کی سزائیں۔
**تعزیری** - (تَع - زِی - ری) [ع - ف - صفت] سزا سے متعلق۔
**تعزیری کارروائی** - ایسی کارروائی جو سزا دینے کے لیے کی جائے۔
**تعزیہ** - (تَع - زِ - یہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ماتم پُرسی (۲) حضرت امام حسین اور اہلبیت رضی اللہ عنہم کی تربتوں کی نقل جو محرم کے دنوں میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔
**تعزیہ اٹھانا** - تعزیے دفن کرنے کے لیے لے جانا۔
**تعزیہ ٹھنڈا ہونا** - (۱) تعزیے کا دفن ہونا (۲) کسی مشہور اور بڑے آدمی کا مر جانا (۳) دیوالہ نکل جانا۔
**تعزیہ داری** - تعزیہ بنانا اور ماتم وغیرہ کا انتظام کرنا۔
**تعشق** - (تَ - عَش - شُق) [ع - ا - مذکر] (۱) چاہ - عشق (۲) اشتیاق - تمنا۔
**تعصب** - (تَ - عَس - صُب) [ع - ا - مذکر] (۱) حمایت - طرف داری - پچ - ہٹ (۲) بے جا حمایت۔
**تعصبات** - [ع - ا - مذکر] تعصب کی جمع۔
**تعطل** - (تَ - عَط - طُل) [ع - ا - مذکر] بے کار ہونا - خالی ہونا۔
**تعطیل** - (تَع - طِیل) [ع - ا - مؤنث] کام سے فارغ کرنا - چھٹی۔
**تعطیلِ (عام) عامہ** - عام چھٹی۔
**تعظیم** - (تَع - ظِیم) [ع - ا - مؤنث] بڑا جاننا - عزت - حرمت۔
**تعظیم بجا لانا** - (۱) عزت کرنا (۲) آداب بجا لانا۔
**تعظیم دینا** - کسی کے آنے پر کھڑے ہو جانا - استقبال کرنا۔
**تعظیم سے پیش آنا** - عزت کرنا - اخلاق سے ملنا۔
**تعظیم کاریگراں معاف** - کام میں مشغول آدمی کے لیے مالک کی تعظیم معاف ہوتی ہے - اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کام کرتا ہوا اُٹھ نہ سکے۔
**تعفن** - (تَ - عَف - فُن) [ع - ا - مذکر] سڑاند - بدبو - عفونت۔
**تعقل** - (تَ - عَق - قُل) [ع - ا - مذکر] سمجھنا - سوچنا - غور کرنا۔
**تعقیب** - (تَع - قِیب) [ع - ا - مؤنث] (۱) نماز پڑھنے کے بعد وظیفے کے لیے بیٹھنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا۔
**تعقید** - (تَع - قِید) [ع - ا - مؤنث] (۱) گرہ دینا - پوشیدہ بات کہنا (۲) اصطلاح علمِ معانی میں الفاظ کا اپنے صحیح مقام سے آگے پیچھے ہو جانا۔
**تعقیدِ لفظی** - لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں دقت ہو۔
**تعقیدِ معنوی** - ایسا لفظ استعمال کرنا جس سے شاعر کی مراد کچھ اور ہو مگر محلِ استعمال میں کچھ اور معنی دے رہا ہو۔
**تعلق** - (تَ - عَل - لُق) [ع - ا - مذکر] (۱) لگاؤ (۲) رشتے داری (۳) میلان (۴) الفت (۵) سروکار - واسطہ (۶) ملازمت - خدمت۔
**تعلقِ خاطر** - دل کا لگاؤ - میلانِ طبع۔
**تعلق دار** - دیکھیے تعلقہ دار۔
**تعلق رکھنا** - میل جول رکھنا - سروکار رکھنا۔
**تعلقِ ناجائز** - بغیر بیاہ شادی کے مرد و عورت کا جنسی تعلق۔
**تعلقات** - [ع - ا - مذکر] تعلق کی جمع - واسطے - عزیز داریاں۔
**تعلقات اچھے ہونا** - آپس میں الفت پیار ہونا۔
**تعلقاتِ دُنیاوی** - گھر بار کی فکریں - دنیا کے بکھیڑے۔
**تعلقات ضعیف ہونا** - الفت کم ہو جانا - دوستی کم ہو جانا۔
**تعلقہ** - (تَ - عَل - لُ - قہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ملکیت - جائداد (۲) ضلع (۳) زمینداری - علاقہ - جاگیر۔
**تعلقہ دار** - تعلقہ کا مالک - بہت بڑا مالک۔
**تعلقہ داری** - تعلقہ کا مالک ہونا۔
**تعلم** - (تَ - عَل - لُم) [ع - ا - مذکر] علم پڑھنا سیکھنا۔
**تعلی** - (تَ - عَل - لی) [ع - ا - مؤنث] شیخی - ڈینگ۔
**تعلی پر آنا** - تعلی کی لینا - شیخی مارنا - ڈینگ مارنا۔
**تعلی کرنا** - شیخیاں مارنا - لاف و گزاف کرنا۔
**تعلیق** - (تَع - لِیق) [ع - ا - مؤنث] (۱) ایک چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا (۲) لٹکانا - دیر لگانا۔
**تعلیقہ** - (تَع - لِی - قہ) [ع - ا - مذکر] مال و اسباب کی ضبطی - مکان کی قرقی۔
**تعلیل** - (تَع - لِیل) [ع - ا - مؤنث] (۱) وجہ بیان کرنا (۲) توجیہ دلانا (۳) قواعد میں اعراب و حروف تبدیل کرنا۔
**تعلیم** - (تَع - لِیم) [ع - ا - مؤنث] (۱) سکھانا - ادا تلقین - ہدایت - تربیت۔
**تعلیم (پانا) حاصل کرنا** - (۱) علم سیکھنا (۲) تربیت پانا۔
**تعلیمِ نسواں** - عورتوں کی تعلیم۔
**تعلیم یافتہ** - پڑھا لکھا - تربیت یافتہ۔
**تعلیمات** - (تَع - لی - مات) [ع - ا - مؤنث] تعلیم کی جمع۔
**تعلیمی** - (تَع - لی - می) [ع - ف - صفت] تعلیم کا - تعلیم سے متعلق۔
**تعلیمی ادارہ** - وہ مجلس جو لوگوں کی تعلیم کا انتظام کرے۔
**تعلیمی حالت** - علمیت - علمی قابلیت۔
**تعمق** - (تَ - عَم - مُق) [ع - ا - مذکر] (۱) غور کرنا (۲) گہرائی - باریک بینی۔
**تعمیر** - (تَع - میر) [ع - ا - مؤنث] (۱) عمارت بنانا (۲) بناوٹ (۳) عمارت۔
**تعمیرات** - [ع - ا - مؤنث] تعمیر کی جمع۔
**تعمیل** - (تَع - میل) [ع - ا - مؤنث] (۱) عمل کرنا (۲) حکم بجا لانا۔
**تعمیلِ حکم** - حکم بجا لانا - فرمان کی بجا آوری۔
**تعمیلِ سمن** - (قانون) سرکاری پروانۂ طلبی کی تعمیل۔
**تعمیل کنندہ** - تعمیل کرنے والا - حکم بجا لانے والا۔
**تعمیلِ معاہدہ** - کسی معاہدے کی بجا آوری۔
**تعمیم** - (تَع - میم) [ع - ا - مؤنث] عام کرنا - ہر ایک کو شامل کرنا۔

Marfat.com

تعمیہ ۔ (تع ۔ مِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مادۂ تاریخ کی کمی کسی حرف لفظ یا فقرے سے پوری کر دینا۔
تعوّذ ۔ (تَ ۔ عَوْ ۔ وُذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] اعوذ باللہ کہنا۔
تعویذ ۔ (تع ۔ وِیذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ کاغذ یا تختی جس پر اعداد یا اسمائے الٰہی کی خانہ پُری کر کے حصولِ مراد یا حفاظت کے لیے گلے میں ڈالتے ہیں (۲) اینٹوں یا پتھر کا نشان جو قبر کے اوپر بناتے ہیں (۳) گلے کا ایک زیور۔
تعویذ بنانا ۔ کسی کو ہر وقت پاس رکھنا۔
تعویذِ لحد ۔ تعویذ کی شکل جو قبر کے درمیان بنی ہوتی ہے۔
تعویذی ۔ (تع ۔ وی ۔ ذی) [ف ۔ صفت] تعویذ سے متعلق تعویذ کی مانند۔
تعویق ۔ (تع ۔ وِیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ڈھیل ۔ دیر (۲) ٹال مٹول۔
تعہّد ۔ (تَ ۔ عَہ ۔ ہُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وعدہ ۔ عہد (۲) عہد نامہ ۔ پٹا۔
تعیّش ۔ (تَ ۔ عَی ۔ یُش) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عیش کرنا ۔ عیش کا سامان مہیا کرنا۔
تعیّشات ۔ (تَ ۔ عَی ۔ یُ ۔ شات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تعیش کی جمع (۱) تکلفات (۲) سامانِ عیش و راحت۔
تعیّن ۔ (تَ ۔ عَی ۔ یُن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مقرر کرنا ۔ معین کرنا
تعیّنِ دعویٰ ۔ دعوے کا مقرر کرنا۔
تعیّنات ۔ (تَ ۔ عَی ۔ یُ ۔ نات) دراصل عربی لفظ تعیّن کی جمع ہے مگر اردو میں بطور صفت مستعمل ہے بمعنی مقرر۔ متعیّن۔
تعیّنات ہونا ۔ مقرر ہونا ۔ ڈیوٹی پر لگنا۔
تعیّناتی ۔ (تَ ۔ عَی ۔ یُ ۔ نا ۔ تی) [ا ۔ ا ۔ مؤنث] تقرری۔
تعیین ۔ (تع ۔ یِین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] مخصوص کرنا ۔ تخصیص۔

## ت ۔ غ

تغار ۔ تغارا ۔ (تَ ۔ غار ۔ تَ ۔ غا ۔ را) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲) وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونا بھگونے کے لیے بناتے ہیں۔
تغاری ۔ (تَ ۔ غا ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کونڈا۔ (۲) مٹی یا لوہے کا وہ برتن جس میں خمیر شدہ چونا رکھا جاتا ہے۔
تغافل ۔ (تَ ۔ غا ۔ فُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جان بوجھ کر غفلت کرنا۔
تغافل پسند ۔ تغافل پیشہ ۔ تغافل شعار ۔ غفلت شعار ۔ تغافل شیوہ ۔ تغافل کیش ۔ } بے پروا ۔ غافل
تغافل (پسندی) شعاری ۔ بے التفاتی ۔ کم توجہی۔
تغایُر ۔ (تَ ۔ غا ۔ یُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] باہم متغایر ہونا ۔ غیریت ۔ فرق ۔ تمیز۔
تغذیہ ۔ (تغ ۔ ذِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] غذا دینا ۔ خوراک ۔ غذا۔
تغزّل ۔ (تَ ۔ غَز ۔ زُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] غزل کہنا۔
تغلُّب ۔ (تَ ۔ غَل ۔ لُب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] غبن ۔ خیانت۔
تغلیط ۔ (تغ ۔ لِیط) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] غلطی سے منسوب کرنا۔
تغمّا ۔ (تغ ۔ ما) دیکھیے تمغا۔
تغیّر ۔ (تَ ۔ غَی ۔ یُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بدلنا ۔ تبدیل ہونا ۔ حالت ۔ انقلاب۔
تغیر و تبدل ۔ ادل بدل۔
تغیّرات ۔ (تَ ۔ غَی ۔ یُ ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تغیر کی جمع ۔ تبدیلیاں۔
تغییر ۔ (تغ ۔ یِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] حالت بدل دینا۔

## ت ۔ ف

تُف ۔ [ع] (۱) تھوک (۲) کلمۂ نفرین ۔ لعنت ۔ ملامت۔
تُف ہے تیری اوقات پر ۔ لعنت ہے تیرے اطوار پر۔
تفاخُر ۔ (تَ ۔ فا ۔ خُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] فخر جتانا ۔ غرور کرنا۔
تفاریق ۔ (تَ ۔ فا ۔ رِیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تفریق کی جمع۔
تفاسیر ۔ (تَ ۔ فا ۔ سِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تفسیر کی جمع۔
تفاصیل ۔ (تَ ۔ فا ۔ صِیل) [ع ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث] تفصیل کی جمع ۔ تفصیلات۔
تفاوُت ۔ (تَ ۔ فا ۔ وُت) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) فاصلہ ۔ فرق (۲) اختلاف۔
تفاوت ہونا ۔ (۱) جدا ہونا (۲) فرق ہونا۔
تفاؤل ۔ (تَ ۔ فا ۔ ءُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] فال نکالنا ۔ شگون لینا۔
تفتہ ۔ (تَف ۔ تَہ) [ف ۔ صفت] (۱) بہت گرم (۲) بے قرار (۳) مرجھایا ہوا۔
تفتہ جگر ۔ تفتہ دل ۔ (۱) دل جلا (۲) آتشِ عشق سے جلا ہوا۔
تفتیش ۔ (تَف ۔ تِیش) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھان بین ۔ کھوج (۲) تحقیقات ۔ پوچھ گچھ۔
تفحُّص ۔ (تَ ۔ فَح ۔ حُص) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جستجو ۔ تلاش ۔ ٹوہ۔
تفرقہ ۔ (تَف ۔ رِ ۔ قَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] اختلاف ۔ پھوٹ ۔ نااتفاقی۔
تفرقہ (انداز) پرداز ۔ پھوٹ یا جدائی ڈالنے والا۔
تفریح ۔ (تَف ۔ رِیح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] دل کی خوشی ۔ سیر ۔ فرحت۔
تفریحِ طبع ۔ دل بہلاوا ۔ خوشی ۔ دل لگی ۔ ہنسی۔
تفریحاً ۔ (تَف ۔ ری ۔ حَن) [ع] ازروئے تفریح ۔ ہنسی سے ۔ مذاقاً۔
تفریس ۔ (تَف ۔ رِیس) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا۔
تفریط ۔ (تَف ۔ رِیط) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کسی کام میں کمی کرنا۔
تفریق ۔ (تَف ۔ رِیق) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) علیحدگی (۲) کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانا (۳) تمیز (۴) جدائی۔
تفسیر ۔ (تَف ۔ سِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تشریح ۔ وضاحت (۲) اصطلاحاً قرآن شریف کی شرح۔
تفصیل ۔ (تَف ۔ صِیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) علیحدہ کرنا (۲) تشریح (۳) فہرست (۴) کیفیت ۔ بیان ۔ تذکرہ۔
تفصیلاً ۔ (تَف ۔ صی ۔ لَن) [ع ۔ تابع فعل] مفصل طور پر ۔ وضاحت سے۔

Marfat.com

**تفصیلات** ۔ (تَف ۔ صی ۔ لات) [ع ۔ا ۔ مؤنث] تفصیل کی جمع۔
**تفصیلی** ۔ (تَف ۔ صی ۔ لی) [ع ۔ صفت] مفصل ۔ وضاحت کیا ہوا۔
**تفضّل** ۔ (تَ ۔ فَض ۔ ضُل) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) برتری (۲) مہربانی
**تفضیل** ۔ (تَف ۔ ضیل) [ع ۔ا ۔ مؤنث] ترجیح دینا ۔ فضیلت دینا۔
**تفضیلِ بعض** ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض پر فضیلت دی جائے ۔ جیسے خوش تر۔
**تفضیلِ کُل** ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو سب پر ترجیح دی جائے ۔ جیسے بہترین ۔ سب سے اچھا۔
**تفضیلِ نفسی** ۔ ذاتی فضیلت ۔ صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کی صرف صفت بیان کی جائے ۔ کسی پر ترجیح نہ دی جائے ۔ جیسے اچھا۔
**تفقّد** ۔ (تَ ۔ فَق ۔ قُد) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) مہربانی (۲) تلاش ۔ جستجو۔
**تفقّہ** ۔ (تَ ۔ فَق ۔ قُہ) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) علم فقہ جاننا (۲) عقل مند ہونا۔
**تفکّر** ۔ (تَ ۔ فَک ۔ کُر) [ع ۔ا ۔ مذکر] سوچ ۔ بچار ۔ فکر ۔ اندیشہ۔
**تفکّرات** ۔ (تَ ۔ فَک ۔ کُ ۔ رات) [ع ۔ا ۔ مؤنث] تفکر کی جمع۔
**تفنگ** ۔ (تُ ۔ فَنگ) [ف ۔ا ۔ مؤنث و مذکر] (۱) ایک لمبی نالی جس میں سے پھونک کے ذریعے تیر یا کنکر پھینکتے ہیں (۲) ہوائی بندوق ۔
**تفنگ انداز** ۔ (۱) تفنگ کے استعمال کا ماہر (۲) وہ فاصلہ جہاں تک تیر ، کنکر یا چھرا پہنچے ۔
**تفنگ کا پیالہ** ۔ وہ مقام جہاں بندوق کا گھوڑا گرتا ہے ۔
**تفنگ کا توڑا** ۔ توڑے دار بندوق کا وہ پرزہ جس میں فلیتہ رکھ کر بارود کو آگ دیتے ہیں۔
**تفنّن** ۔ (تَ ۔ فَن ۔ نُن) [ع ۔ا ۔ مذکر] چہل ۔ دل لگی ۔ ہنسی مذاق۔
**تفنّنِ طبع** ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔ تفریح ۔ مشغلہ۔
**تفوّق** ۔ (تَ ۔ فَو ۔ وُق) [ع ۔ا ۔ مذکر] برتری ۔ فوقیت ۔ بڑائی
**تفویض** ۔ (تَف ۔ ویض) [ع ۔ا ۔ مذکر] سپردگی ۔ حوالگی ۔ تحویل۔
**تفہّم** ۔ (تَ ۔ فَہ ۔ ہُم) [ع ۔ا ۔ مذکر] خود سمجھنا۔
**تفہیم** ۔ (تَف ۔ ہیم) [ع ۔ا ۔ مؤنث] سمجھانا ۔ جمع ۔ تفہیمات ۔

## ت ۔ ق

**تقابل** ۔ (تَ ۔ قا ۔ بُل) [ع ۔ا ۔ مذکر] مقابلہ ۔ آمنے سامنے کھڑے ہونا ۔
**تقارُب** ۔ (تَ ۔ قا ۔ رُب) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) پاس پاس ہونا (۲) علم عروض کی ایک بحر کا نام ۔
**تقاریب** ۔ (تَ ۔ قا ۔ ریب) [ع ۔ا ۔ مؤنث] تقریب کی جمع۔
**تقاریر** ۔ (تَ ۔ قا ۔ ریر) [ع ۔ا ۔ مؤنث] تقریر کی جمع ۔
**تقاضا** ۔ (تَ ۔ قا ۔ ضا) [ف ۔ا ۔ مذکر] (۱) طلب ۔ تاکید (۲) خواہش ۔ (ع تقاضی) ۔
**تقاضائے (سِن) عمر** ۔ عمر کی خواہشات کے مطابق۔
**تقاضائے وقت** ۔ وقت اور زمانے کے مناسبِ حال۔
**تقاضائی** ۔ (تَ ۔ قا ۔ ضا ۔ ئی) [ف ۔ا ۔ مذکر] تقاضا کرنے والا۔

**تقاطُر** ۔ (تَ ۔ قا ۔ طُر) [ع ۔ا ۔ مذکر] پے در پے قطرے گرنا۔
**تقاطُع** ۔ (تَ ۔ قا ۔ طُع) [ع ۔ا ۔ مذکر] منقطع ہونا ۔ ایک دوسرے کو کاٹنا۔
**تقاوی** ۔ (تَ ۔ قا ۔ وی) [ع ۔ا ۔ مؤنث] وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے بطور امداد کاشتکاروں کو دیا جاتا ہے
**تقاویم** ۔ (تَ ۔ قا ۔ ویم) [ع ۔ا ۔ مذکر و مؤنث] تقویم کی جمع ۔ جنتریاں
**تقدّس** ۔ (تَ ۔ قد ۔ دُس) [ع ۔ا ۔ مذکر] پاکیزگی ۔ پاکی۔
**تقدس مآب** ۔ پاکیزہ ۔ پاک ۔ بزرگ ۔ پرہیزگار۔
**تقدس و تعالیٰ** ۔ پاک اور برتر (خدا) صحیح تقدّس و تعالیٰ۔
**تقدّم** ۔ (تَ ۔ قد ۔ دُم) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) آگے بڑھنا (۲) ترجیح (۳) افضلیت ۔ فوقیت
**تقدیر** ۔ (تق ۔ دیر) [ع ۔ا ۔ مؤنث] قسمت ۔ نصیب ۔ بخت ۔ مقدر۔
**تقدیر آزمانا** ۔ قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔
**تقدیر اُلٹنا** ۔ (بگڑنا ۔ پلٹنا) ۔ بد اقبال ہونا ۔ حالات کا موافق نہ رہنا۔
**تقدیر پھرنا** ۔ (۱) اقبال نہ رہنا (۲) با اقبال ہونا ۔ بھلے دن آنا۔
**تقدیر (جاگنا) چمکنا** ۔ وقت کا موافق ہونا ۔ بھلے دن آنا۔
**تقدیر سے** ۔ خوش قسمتی سے ۔ اتفاقیہ۔
**تقدیر کا بدا** ۔ نصیبوں کا لکھا ۔ نوشتۂ تقدیر۔
**تقدیر کا برگشتہ ہونا** ۔ تقدیر کا اُلٹ جانا ۔ وقت کا پھر جانا۔
**تقدیر کا پھیر** ۔ قسمت کا چکر ۔ بدنصیبی۔
**تقدیر کا دھنی** ۔ خوش قسمت شخص ۔ صاحب نصیب۔
**تقدیر کا سکندر** ۔ نہایت خوش قسمت ۔ بہت خوش اقبال۔
**تقدیر کا کھوٹا** ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب۔
**تقدیر کا کھیل** ۔ قسمت کے کرشمے ۔ قسمت کی باتیں۔
**تقدیر کا لکھا** ۔ نوشتۂ ازلی ۔ کرم ریکھ۔
**تقدیر کا لکھا پورا ہونا** ۔ جو قسمت میں ہو وہ ہو جانا۔
**تقدیر کا ہیٹا** ۔ تقدیر کا کھوٹا ۔ بدنصیب ۔ بدبخت۔
**تقدیر کو رونا** ۔ بدقسمتی کا شکوہ کرنا۔
**تقدیر کھُل جانا** ۔ (۱) تقدیر چمکنا (۲) شادی ہو جانا۔
**تقدیر کی یاوری** ۔ نصیبے کی امداد ۔ خوش قسمتی۔
**تقدیر لڑنا** ۔ قسمت کا سازگار ہونا ۔ تقدیر کا موافق ہونا۔
**تقدیر میں لکھا ہونا** ۔ قسمت میں ہونا۔
**تقدیر والا** ۔ خوش نصیب ۔
**تقدیر یاور ہونا** ۔ قسمت مددگار ہونا۔
**تقدیری** ۔ (تق ۔ دی ۔ ری) [ع ۔ ف ۔ صفت] تقدیر کے متعلق ۔ قسمت کا۔
**تقدیری (امر)** معاملہ ۔ ہونی ۔ ہونے والی بات۔
**تقدیس** ۔ (تق ۔ دیس) [ع ۔ا ۔ مؤنث] (۱) پاکیزگی (۲) پاکی بیان کرنا۔
**تقدیم** ۔ (تق ۔ دیم) [ع ۔ا ۔ مؤنث] (۱) پیش کرنا (۲) ترجیح دینا (۳) فوقیت ۔ برتری (۴) پیش قدمی۔
**تقدیم و تاخیر** ۔ پہلے کو پیچھے اور پیچھے کو پہلے کر دینا ۔ آگے پیچھے کرنا۔
**تقرّب** ۔ (تَ ۔ قر ۔ رُب) [ع ۔ا ۔ مذکر] نزدیکی ۔ قرب۔
**تقرّر** ۔ (تَ ۔ قر ۔ رُر) [ع ۔ا ۔ مذکر] (۱) مقرر کرنا (۲) ملازمت نوکری۔

Marfat.com

**تقریب**۔ (تَق۔ رِیب) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) باعث۔ سبب۔ (۲) شادی بیاہ یا اور کوئی رسم جب رشتے دار جمع ہوں۔ (۳) بہیت (۴) سفارش (۴) موقع محل۔

**تقریباً**۔ (تَق۔ رِی۔ بَن) [ع] تخمیناً۔ قریب قریب۔

**تقریبات**۔ (تَق۔ رِی۔ بات) [ع۔ا۔ مؤنث] تقریب کی جمع رسوم۔ اجتماعات۔

**تقریر**۔ (تَق۔ رِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) بیان۔ گفتگو (۲) بحث مباحثہ (۳) وعظ۔ تذکرہ۔

**تقریری**۔ (تَق۔ رِی۔ رِی) [ع۔ف۔ صف] زبانی۔

**تقریظ**۔ (تَق۔ رِیظ) [ع۔ا۔ مؤنث] کتاب اور مصنف کی تعریف۔

**تقسیم**۔ (تَق۔ سِیم) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) بانٹنا (۲) بٹوارا۔

**تقسیم مختصر**۔ چھوٹی تقسیم۔ اعداد کی تقسیم کا ایک مختصر طریقہ۔

**تقسیم مرکب**۔ وہ تقسیم جس میں مقسوم کوئی رقم یا ناپ ہو۔

**تقسیم مکمل**۔ (۱) پوری پوری تقسیم (۲) اعداد کی وہ تقسیم جس میں کچھ باقی نہ بچے۔

**تقسیم نامہ**۔ وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو۔

**تقصیر**۔ (تَق۔ صِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) کوتاہی۔ کمی (۲) خطا۔ قصور (۳) سہو۔ بھول چوک۔

**تقصیر معاف**۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب سننے والے کی ناگواری کا اندیشہ ہو۔

**تقصیر (مند) وار**۔ قصوروار۔ مجرم۔ گنہگار۔ ملزم۔

**تقطیر**۔ (تَق۔ طِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) قطرہ قطرہ چپکانا (۲) ٹپکنا۔

**تقطیع**۔ (تَق۔ طِیع) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) شعر کے اجزا کو بحر کے اوزان پر وزن کرنا (۳) الف بے تے کے وہ حصے جن میں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھاتے ہیں (۴) کتاب کا سائز۔ کاغذ کی لمبائی چوڑائی۔

**تقلب**۔ (تَ۔ قَل۔ لُب) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) پھیرنا۔ الٹ پھیر۔ تبدیلی (۲) حیاتیات کی اصطلاح میں تبدیلی نوع۔ انقلاب نوعی۔

**تقلید**۔ (تَق۔ لِید) [ع۔ا۔ مؤنث] پیروی۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔

**تقلیدی**۔ (تَق۔ لی۔ دی) [ع۔ صف] نقل کیا ہوا۔ نقلی۔

**تقلیل**۔ (تَق۔ لِیل) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) کم کرنا (۲) کمی۔ قلت۔

**تقلیل قدر زر**۔ زر (سکہ) کی قیمت گھٹانا۔

**تقویٰ**۔ (تَق۔ وا) [ع۔ا۔ مذکر] خدا کا خوف۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔

**تقویت**۔ (تَق۔ وِ۔ یَت) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) طاقت (۲) تسلی (۳) مدد۔

**تقویت دل**۔ حوصلہ۔ تسلی۔ تسکین۔ دل کی مضبوطی۔

**تقویم**۔ (تَق۔ وِیم) [ع۔ا۔ مؤنث] جنتری۔ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں۔ ستاروں کے مقامات اور گہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔ کیلنڈر۔

**تقویم (پارہ) پارینہ**۔ (۱) پرانی جنتری (۲) بیکار چیز۔ (۳) کنایۃً بڈھی۔

**تقویمی**۔ (تَق۔ وی۔ می) [ع۔ صف] جنتری سے متعلق۔

**تقویمی مہینہ**۔ شمسی مہینہ۔

**تقی**۔ (تَ۔ قی) [ع۔ صف] خدا سے ڈرنے والا۔ پرہیزگار۔

**تقیہ**۔ (تَ۔ قِی۔ یَہ) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) خدا کا ڈر۔ پارسائی (۲) وہ راز جو دل میں رکھا جائے اور کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے (۳) کوئی بات جو ڈر کی وجہ سے کی جائے۔

# ت۔ک

**تک**۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) بڑی ترازو (۲) [حرف جار] پاس۔ نزدیک (۳) حد اور فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے۔

**تک**۔ [ہ۔ا۔ مذکر و مؤنث] (۱) قافیہ (۲) وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے۔ زٹل۔

**تک بندی**۔ (۱) ایسے شعر جن کا وزن وغیرہ درست نہ ہو (۲) تکوں۔

**تک (جوڑنا) ملانا**۔ قافیہ ملانا۔

**تک میں تک ملانا**۔ (۱) قافیہ ملانا (۲) وہ گیت گانا جو دوسرا گا رہا ہو (۳) متفق ہونا۔

**تکا**۔ (تِک۔ کا) [ا۔ا۔ مذکر] گوشت کا ٹکڑا۔ بوٹی یا چھوٹی بوٹی۔

**تکا بوٹی کرنا**۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

**تکا**۔ (تُک۔ کا) [ا۔ا۔ مذکر] وہ تیر جس میں بھال نہ ہو۔

**تکا فضیحتی**۔ [ا] تو تو میں میں۔ جھگڑا۔ تکرار۔

**تکالیف**۔ (تَ۔ کا۔ لِیف) [ع۔ا۔ مؤنث] تکلیف کی جمع۔

**تکان**۔ (تَ۔ کان) [ا۔ا۔ مؤنث] تھکن۔ ماندگی۔ کسل مندی۔

**تکان اتارنا**۔ (۱) تھکاوٹ رفع کرنا (۲) تازہ دم ہونا۔

**تکان ہونا**۔ (۱) تھک جانا (۲) سستی ہونا۔

**تکبر**۔ (تَ۔ کَب۔ بُر) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) بڑائی کا اظہار (۲) غرور۔ گھمنڈ۔

تکبر عزازیل را خوار کرد ⎫
به زندان لعنت گرفتار کرد ⎭ غرور نے شیطان کو ذلیل کیا اور لعنت کے طوق میں گرفتار کیا۔ تکبر ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

**تکبیر**۔ (تَک۔ بِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] اللہ اکبر کہنا۔ خدا کی بڑائی کرنا۔

**تکبیر اولیٰ** ⎫ نماز کی پہلی تکبیر۔
**تکبیر تحریمہ** ⎭ وہ تکبیر جسے کہہ کر نماز شروع کرتے ہیں۔

**تکثیف**۔ (تَک۔ ثِیف) [ع۔ا۔ مؤنث] گاڑھاپن۔ کثافت۔

**تکدر**۔ (تَ۔ کَد۔ دُر) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) مکدر ہونا۔ گدلا ہونا (۲) گدلاپن (۳) دل کی پریشانی۔

**تکذیب**۔ (تَک۔ ذِیب) [ع۔ا۔ مؤنث] جھٹلانا۔

**تکرار**۔ (تِک۔ رار) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) بار بار کہنا (۲) حجت (۳) جھگڑا۔

**تکریم**۔ (تَک۔ رِیم) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) عزت کرنا (۲) خاطر تواضع۔

**تکڑا**۔ (تَگ۔ ڑا) [ہ۔ صف] (۱) مضبوط۔ قوی (۲) موٹا تازہ۔

**تکڑی**۔ (تَک۔ ڑی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) چھوٹی ترازو (۲) تکڑا کی تانیث۔ مضبوط طاقت ور عورت۔

**تکسیر**۔ (تَک۔ سِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) حساب میں حاصل آگے لے جانا (۳) اس طرح تقسیم کرنا کہ کسر آ جائے (۴) اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو۔

**تکفیر**۔ (تَک۔ فِیر) [ع۔ا۔ مؤنث] کفر کا فتویٰ دینا۔ کافر کہنا۔

Marfat.com

**تکفین** ۔ (تک۔فین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کفن دینا۔
**تکّل** ۔ (تک۔ کل) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک قسم کا پتنگ۔
**تکلا** ۔ (تک۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت کُوکڑی بنتی جاتی ہے۔
**تکلّف** ۔ (ت۔ کل۔ لف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا (۲) بناوٹ۔ تصنع (۳) غیریت برتنا (۴) تامل۔ ہچکچاہٹ۔
**تکلّف برتنا** ۔ ظاہرداری برتنا۔ غیروں کا سا برتاؤ کرنا۔
**تکلّف برطرف** ۔ بے تکلف۔ بلا تصنع۔ کھلے طور پر۔
**تکلّفات** ۔ (ت۔ کل۔ لُ۔ فات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تکلّف کی جمع۔
**تکلّفاتِ رسمی** ۔ ظاہری نمائش۔ ظاہرداری کی باتیں۔
**تکلّفاتِ لایعنی** ۔ فضول ٹھاٹ۔ بیکار ظاہرداریاں۔
**تکلّفاتِ مجلس** ۔ آدابِ مجلس۔
**تکلّم** ۔ (ت۔ کل۔ لم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بات کرنا (۲) گفتگو۔
**تکلیف** ۔ (تک۔ لیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) دکھ (۲) مصیبت (۳) ناداری (۴) دشواری۔ دقت۔
**تکلیف مالایطاق** ۔ ایسی تکلیف جو برداشت نہ کی جا سکے۔
**تکملہ** ۔ (تک۔ مِ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ضمیمہ۔ تتمہ۔
**تکمہ** ۔ (تک۔ مہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گھنڈی [اَر] وہ حلقہ جس میں گھنڈی لگائی جائے (۲) کبوتروں کا ایک مرض۔
**تکمیل** ۔ (تک۔ میل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پورا کرنا (۲) تمام انجام۔
**تکمیل پانا** ۔ مکمل ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
**تکمیل تفتیش** ۔ مقدمے سے متعلق کوئی معاملہ دریافت کیے بغیر نہ چھوڑنا۔
**تکمیل تمسک** ۔ تمسک کی قانونی شرائط کا پورا ہو جانا۔
**تکمیل رہن** ۔ رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا۔
**تکمیل مسل** ۔ مسل کے نقائص کو رفع کرنا۔
**تکمیل مقدمہ** ۔ مقدمے کا مکمل طور پر ختم ہو جانا۔
**تکنا** ۔ (تک۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) دیکھنا (۲) ٹکٹکی باندھنا (۳) امید رکھنا (۴) انتظار کرنا (۵) کوئی چیز اُڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا۔ دانت رکھنا۔
**تکنیک** ۔ (TECHNIQUE) دیکھیے ٹکنیک۔
**تکوا** ۔ (تک۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] تکلا۔
**تکونا** ۔ (ت۔ کو۔ نا) [ہ ۔ صف] تین کونے والا۔ مثلث۔ تکونٹا۔
**تکوین** ۔ (تک۔ وین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔
**تکھنٹا۔ تکھونٹھا** ۔ [ہ ۔ صف] تکونا۔ تین کونے والا۔
**تکیہ** ۔ (تک۔ یہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آرام کی جگہ (۲) سرہانے رکھنے کی چیز (۳) بھروسا (۴) فقیروں کے رہنے کی جگہ (۵) قبرستان۔
**تکیہ کرنا** ۔ (۱) بھروسا کرنا (۲) امید رکھنا۔
**تکیہ کلام** ۔ وہ لفظ جو گفتگو کے دوران میں عادت کے طور پر بار بار بولا جائے۔
**تکیہ لگانا** ۔ (۱) دیوار یا کسی چیز کے سہارے بیٹھنا (۲) بھروسا کرنا۔

# ت۔گ

**تگ** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] دوڑنا۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے تگ و دو۔
**تگ و پو۔ تگ و تاز۔ تگ و دو** ۔ (۱) دوڑ دھوپ۔ سعی (۲) جستجو۔
**تگاپو** ۔ (ت۔ گا۔ پو) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] تگ و دو۔ دوڑ دھوپ۔
**تگڈا۔ تگڈم** ۔ (ت۔ گڈ۔ ڈا) ۔ (ت۔ گڈ۔ ڈم) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تین چیزوں یا آدمیوں کا میل۔
**تگڑا** ۔ (تگ۔ ڑا) [ہ ۔ صف] دیکھیے تکڑا۔
**تگڑی** ۔ (تگ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تاگڑی کا مخفف (۲) تگڑا کی تانیث۔
**تگنا** ۔ (تگ۔ نا) [ہ ۔ صف] سہ چند۔ تین گنا۔
**تگنی** ۔ (تگ۔ نی) [ہ ۔ صف] تگنا کی تانیث۔ تین گنی (۲) [ا ۔ مؤنث] ایک سُر۔
**تگنی کا ناچ نچانا** ۔ حیران و پریشان کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔
**تگّی** ۔ (تگ۔ گی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیٹھ پر چڑھنا (۲) تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوں۔

# ت۔ل

**تَل** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تلے۔ نیچے۔ نیچے کا حصہ۔
**تلپٹ** ۔ (۱) نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ (۲) تباہ۔ برباد۔
**تلچھٹ** (مؤنث) وہ چیز جو مائع کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے۔ گاد۔
**تِل** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا تخم جس سے تیل نکلتا ہے۔ (۲) خال۔ سیاہ نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) ذرہ۔
**تل اوٹ پہاڑ اوٹ** ۔ [مثل] ظاہر میں مشکل مگر آسان۔
**تل تل کا (حساب) لینا** ۔ رتی رتی کا حساب۔
**تل چٹا** ۔ (مذکر) ایک قسم کا جھینگر۔
**تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا** ۔ بہت ہی بھرا ہوا ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔
**تلوں میں تیل نہ ہونا** ۔ مروت نہ ہونا۔ محبت نہ ہونا۔
**تلا** ۔ (ت۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جوتی کا نچلا حصہ (۲) تہ۔ پیندا۔
**تلا لگانا** ۔ جوتی کے نیچے کے حصے میں چمڑا لگانا۔
**تِلا** ۔ (ت۔ لا، تل۔ لا) [اَر ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گوٹا کناری وغیرہ۔ طلا (۲) پگڑی کا زریں سہرا۔
**تُلا** ۔ (تُ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ترازو (۲) برج میزان (۳) تلنا کی ماضی۔
**تلا دان** ۔ (مذکر) وزن برابر خیرات۔ ایک قسم کی خیرات۔
**تلا ہونا** ۔ جوش سے آمادہ ہونا۔
**تلازم** ۔ (ت۔ لا۔ زم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] باہم لازم ہونا۔
**تلازمہ** ۔ (ت۔ لا۔ ز۔ مہ) [اَر ۔ ا ۔ مذکر] مضمون کی رعایت سے الفاظ کا استعمال۔ اصل میں تلازم ہے۔

Marfat.com

**تلاش** ۔ (تَ ۔ لا ۔ ش) [ت ۔ ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کوشش (۲) ڈھونڈ ڈھانڈ۔ جستجو (۳) تحقیقات ۔ کھوج ۔
**تلاش (روزگار) معاش** ۔ روزی تلاش کرنا ۔ ملازمت وغیرہ ڈھونڈنا۔
**تلاشی** ۔ (تَ ۔ لا ۔ شی) [ت ۔ اُر ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گم شدہ چیز کے لیے کپڑوں یا گھر بار کی ٹٹول (۲) مال مسروقہ کے لیے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی پڑتال (مذکر) ڈھونڈنے والا۔
**تلاطُم** ۔ (تَ ۔ لا ۔ طُم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) موجوں کا زور ۔ پانی کے تھپیڑے (۲) موج ۔ لہر (۳) جوش ۔ ولولہ۔
**تلاطُم امواج** ۔ موجوں کا زور ۔ طوفان۔
**تلافی** ۔ (تَ ۔ لا ۔ فی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] نقصان کا عوض ۔ مکافات۔
**تلافی مافات** ۔ ضائع شدہ امر کا معاوضہ۔
**تلامذہ** ۔ **تلامیذ** ۔ (تَ ۔ لا ۔ مِ ۔ ذَہ) ۔ (تَ ۔ لا ۔ میذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تلمیذ کی جمع ۔ شاگرد ۔ طالب علم۔
**تُلانا** ۔ (تُ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] دیکھیے تلوانا ۔
**تِلاوت** ۔ (تِ ۔ لا ۔ وَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پڑھنا (۲) (اصطلاحاً) قرآن شریف پڑھنا۔
**تُلائی** ۔ (تُ ۔ لا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تولنے کا کام (۲) تولنے کی اجرت ۔
**تلبیس** ۔ (تَل ۔ بیس) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] فریب ۔ چھل بل ۔ دغا۔
**تلبیس سکہ** ۔ جھوٹا سکہ بنانا۔
**تلبیس شخصی** ۔ فریب دینے کے لیے کسی شخص کا روپ دھارنا۔
**تلبیس لباس** ۔ دھوکا دینے کے لیے سرکاری وردی یا اور کوئی لباس پہننا۔
**تلبیہ** ۔ (تَل ۔ بِ ۔ یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حج میں لبیک کہنا۔
**تلپٹ** ۔ (تَل ۔ پَٹ) [ہ ۔ صف] تل کے تحت دیکھیے ۔
**تلخ** ۔ [ف ۔ صف] (۱) کڑوا (۲) بدمزہ (۳) ناگوار۔
**تلخ بات** ۔ (مؤنث) ناگوار بات ۔ کڑوی بات ۔
**تلخ جواب** ۔ (مذکر) سخت جواب ۔ ناگوار جواب ۔
**تلخ زبان** ۔ بدزبان آدمی ۔
**تلخ کام** ۔ (۱) بدمزہ (۲) ناکام ۔ مجازاً عاشق ۔
**تلخ کامی** ۔ (مؤنث) ناکامی ۔ نامرادی ۔
**تلخ کرنا** ۔ (۱) کڑوا کرنا (۲) بدمزہ کرنا ۔ ناگوار بنانا۔
**تلخ مزاج** ۔ بدخو ۔ تندخو ۔ تیز مزاج ۔
**تلخ و ترش** ۔ (۱) کڑوا کسیلا (۲) (مجازاً) دنیا کی محنت و مشقت ۔
**تلخ ہونا** ۔ ناخوش ہو جانا ۔ بدمزہ ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔
**تلخاب** ۔ **تلخابہ** ۔ (تَل ۔ خاب) (تَل ۔ خا ۔ بَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کڑوا پانی ۔
**تلخہ** ۔ (تَل ۔ خہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] خلط صفراوی کا تپ ۔
**تلخی** ۔ (تَل ۔ خی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کڑواہٹ ۔ ترشی (۲) تیزی ۔ دشمنی ۔
**تلخیص** ۔ (تَل ۔ خیص) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) خلاصہ کرنا (۲) خلاصہ
**تلذُّذ** ۔ (تَ ۔ لَذ ۔ ذُذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لذت حاصل کرنا ۔ (۲) مزہ ۔ تلطف ۔
**تلسی** ۔ (تُل ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ایک پودا ۔ نازبو (۲)

ایک عورت کا نام جس پر کرشن جی عاشق تھے اور انھوں نے اسے پودا بنا دیا تھا۔
**تلطُّف** ۔ (تَ ۔ لَط ۔ طُف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مہربانی ۔ عنایت ۔ لطف و کرم ۔
**تلغراف** ۔ (تِل ۔ غ ۔ راف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] انگریزی ٹیلیگراف کا معرب ۔
**تلف** ۔ (تَ ۔ لَف) [ع ۔ صف] (۱) برباد ۔ تباہ (۲) گم ۔ ضائع ۔
**تلفُّظ** ۔ (تَ ۔ لَف ۔ فُظ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] لفظ کا منہ سے ادا کرنا ۔
**تلقین** ۔ (تَل ۔ قین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تعلیم و تربیت (۲) نصیحت ۔ ہدایت (۳) امامیہ مذہب میں مردے کو قبر میں اتارنے کے وقت مخصوص آیتیں پڑھنا ۔
**تلک** ۔ (تَ ۔ لَک) [ہ ۔ ق] تک ۔
**تِلک** ۔ (تِ ۔ لَک) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک درخت کا نام (۲) ایک قسم کا محصول (۳) قشقہ (۴) گدی نشینی کی رسم (۵) ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے (۶) روپیہ جو دلہن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے (۷) پیدائشی نشان ۔ تل (۸) ایک قسم کی زنانہ پوشاک ۔
**تِلک دھاری** ۔ وہ شخص جو روزانہ تلک لگائے ۔
**تَلی** ۔ (تَ ۔ لِی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دھار ۔
**تلمّذ** ۔ (تَ ۔ لَم ۔ مُذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شاگرد ہونا ۔
**تلملانا** ۔ (تِل ۔ مِ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بے چین ہونا ۔ تڑپنا ۔ بفتح اوّل و سوم بھی صحیح ہے ۔
**تلملاہٹ** ۔ (تِل ۔ مِ ۔ لا ۔ ہَٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] بے قراری ۔ بے چینی ۔
**تلمیح** ۔ (تَل ۔ میح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کلام میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا ۔
**تلمیحات** ۔ [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تلمیح کی جمع ۔
**تلمیذ** ۔ (تِل ۔ میذ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شاگرد ۔ چیلا (فارسی میں بالکسر)
**تلمیذ الرحمٰن** ۔ خدا کا شاگرد ۔ مجازاً شاعر ۔
**تلنا** ۔ (تَل ۔ نا) [ہ ۔ مص] گھی یا تیل میں کوئی چیز پکانا ۔
**تُلنا** ۔ [ہ ۔ مص] (۱) وزن کیا جانا (۲) کسی بات پر آمادہ ہونا ۔
**تِلنگا** ۔ (تِ ۔ لَن ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تلنگانہ کا رہنے والا (۲) فوج کا سپاہی (۳) ایک قسم کا پتنگ (۴) بدتہذیب ۔ اجڈ
**تلوا** ۔ (تَل ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ ۔ کف پا ۔
**تلوا (کھجانا) کھجلانا** ۔ کف پا میں خارش ہونا جو سفر کا شگون سمجھا جاتا ہے ۔
**تلوا نہ (ٹکنا) لگنا** ۔ ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا ۔
**تلووں سے آگ لگنا** ۔ سخت غصہ آنا ۔ برافروختہ ہونا ۔
**تلووں سے آنکھیں ملنا** ۔ نہایت عاجزی کرنا ۔
**تلووں سے لگنا** ۔ (۱) بے قرار ہونا (۲) غصہ آنا ۔
**تلووں سے ملنا** ۔ پامال کرنا ۔ روندنا ۔ خاک میں ملانا ۔
**تلوے چاٹنا** ۔ نہایت خوشامد کرنا ۔

Marfat.com

**تلوے چھلنی ہو جانا** ۔ (۱) بہت چلنے سے تلووں کا زخمی ہو جانا (۲) کسی کام کے لیے نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔
**تلوے سہلانا** ۔ خوشامد کرنا۔
**تلوے گھس جانا** ۔ بہت پھرنا۔ بہت سفر کرنا۔
**تلوار** ۔ (تَل ۔ وار) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تیغ ۔ سیف۔
**تلوار اٹھانا** ۔ (۱) تلوار ہاتھ میں لینا (۲) لڑائی کے لیے تیار ہونا۔
**تلوار باندھنا** ۔ تلوار کمر میں لگانا۔
**تلوار بند** ۔ وہ شخص جو تلوار باندھے رہے۔
**تلوار سونتنا** ۔ تلوار کھینچنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔
**تلوار کا دھنی** ۔ بہادر ۔ سورما۔
**تلوار کا قبضہ** ۔ (مذکر) تلوار کا دستہ۔
**تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے (بات) زبان کا نہیں بھرتا** [مثل] طعن و تشنیع کا اثر دل پر سے کبھی نہیں جاتا کسی کی رنج وہ بات کبھی نہیں بھولتی۔
**تلوار کا ہاتھ** ۔ (مذکر) تلوار کا حملہ۔
**تلوار کے گھاٹ اتارنا** ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کر ڈالنا۔
**تلوار کے ہاتھ** ۔ (مذکر) تلوار چلانے کے طریقے ۔ تلوار کے حملے۔
**تلوار مارے ایک بار ｝ احسان مارے بار بار** [مثل] احسان کی شرمندگی بہت زیادہ ہوتی ہے۔
**تلوار میان (نیام) میں کرنا** ۔ (۱) تلوار کو غلاف میں رکھنا (۲) لڑنے سے باز رہنا۔
**تلواروں پر رکھ لینا** ۔ تلواروں سے حملہ کرنا۔
**تلواریا** ۔ (تَل ۔ وا ۔ ر ۔ یا) [ہ ۔ صفت] تلوار چلانے والا شمشیر زن۔
**تلوانا** ۔ (تَل ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] تلنا کا متعدی المتعدی۔
**تلوانا** ۔ (تُل ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] تولنا کا متعدی المتعدی
**تلوائی** ۔ (تُل ۔ وا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تلائی ۔ تولنے کی اجرت۔
**تلوّن** ۔ (تَ ۔ لَو ۔ وُن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) رنگ بدلنا (۲) ایک حالت یا بات پر قائم رہنا ۔ چھچھورپن ۔ اوچھاپن۔
**تلوّن مزاج** ۔ جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔
**تلوّن مزاجی** ۔ (مؤنث) غیر مستقل مزاجی ۔ بے استقلالی۔
**تلویا** ۔ (تُل ۔ وی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] تولنے والا ۔ تولا دار۔
**تلیین** ۔ (تَل ۔ یِین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نرم کرنا (۲) اصطلاح طب میں قبض دور کرنا ۔ اجابت کھلنا۔
**تلی** ۔ (تَ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] پیندا ۔ پیندی۔
**تلی** ۔ (تِ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تل جن سے تیل نکلتا ہے۔
**تلی کا تیل** ۔ (مذکر) میٹھا تیل۔
**تلے** ۔ (تَ ۔ لے) [ہ] (۱) اوپر کی ضد ۔ نیچے ۔ زیر ۔ تحت
**تلے آنا** ۔ (۱) نیچے آنا (۲) محکوم ہونا (۳) کسی چیز کے نیچے دب جانا (۴) کسی چیز کے سائے میں آجانا۔
**تلے اوپر** ۔ (۱) زیر و زبر ۔ اوپر نیچے (۲) پے در پے ۔ لگاتار (۳) ایک کے اوپر ایک ۔ یکے بعد دیگرے۔
**تلے اوپر کے** ۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں۔
**تلے کی سانس تلے اوپر کی سانس اوپر رہ جانا** ۔ حیران رہ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
**تلیا** ۔ (تَ ۔ لَیا) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] چھوٹا تالاب۔

**تلیٹی** ۔ (تَ ۔ لے ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تلا ۔ پیندا (۲) دامن کوہ (۳) نچلا فرش (۴) نواحی ۔ اطراف۔
**تلے دانی** ۔ (تِ ۔ لے ۔ دا ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] سینے پرونے کا سامان وغیرہ رکھنے کی چھوٹی تھیلی۔
**تلیر** ۔ (تَل ۔ یَر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک چھوٹا سا پرندہ۔

## ت م

**تم** ۔ [ہ] تو کی جمع ۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں۔
**تم آپ** ۔ تم خود (تاکید کے لیے)۔
**تم بھی کیا ہو** ۔ عجیب آدمی ہو۔
**تم جانو تمہارا کام جانے** ۔ [مثل] جو چاہو کرو ۔ میں دخل نہیں دینے کا۔
**تم ڈال ڈال ہم پات پات** ۔ ہم تم سے زیادہ چالاک ہیں۔
**تمہیں تم ہو** ۔ تمہارا بڑا رسوخ ہے ۔ تم سب کچھ ہو۔
**تماثل** ۔ (تَ ۔ ما ۔ ثُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) برابر ہونا (۲) مشابہ ہونا
**تماچا** ۔ تماچہ ۔ دیکھیے تپانچہ۔
**تمادی** ۔ (تَ ۔ ما ۔ دِی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) عرصہ دراز (۲) قانون میں میعاد ۔ جس کے گزرنے کے بعد دیوانی نالش کا اختیار نہ رہے ۔ حد سماعت مقدمۂ دیوانی۔
**تمادی ایام** ۔ میعاد کا گزر جانا۔
**تمادی عارض ہونا** ۔ اتنی مدت گزر جانا کہ دعویٰ دائر کرنے کا حق نہ رہے۔
**تمازت** ۔ (تَ ۔ ما ۔ زَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] گرمی ۔ شدت کی گرمی۔
**تمازت آفتاب** ۔ سورج کی گرمی۔
**تماشا** ۔ (تَ ۔ ما ۔ شا) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دید ۔ نظارہ (۲) لطف (۳) کھیل (۴) ہنگامہ (۵) مذاق (۶) عجیب بات (۷) نمائش (۸) سوانگ ۔ ناٹک۔
**تماشا بنانا** ۔ (۱) ہنسی اڑانا (۲) سوانگ بنانا ۔ نقل کرنا۔
**تماشا بن جانا** ۔ ایسا ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں ۔ قابل تضحیک ہو جانا۔
**تماشا (تماش) بین** ۔ (۱) تماشا دیکھنے والا (۲) عیاش ۔ بدکار۔ (اردو میں تماش)۔
**تماشا (تماش) بینی** ۔ (۱) تماشا دیکھنا (۲) عیاشی ۔ بدکاری۔ (اردو میں تماش بینی مستعمل ہے۔
**تماشا خانہ** ۔ تماشا کدہ ۔ تماشا گاہ ۔ (مذکر) (۱) تماشے کی جگہ ۔ ناچ گھر ۔ تھیٹر ۔ اکھاڑا (۲) سیرگاہ۔
**تماشا کرنا** ۔ ناٹک کرنا ۔ سوانگ بھرنا ۔ کرتب دکھانا۔
**تماشا ہونا** ۔ (۱) عجیب بات ہونا (۲) ناٹک وغیرہ ہونا (۳) مزہ ہونا (۴) مسخرہ ہونا ۔ انوکھا بننا۔
**تماشے کا** ۔ عجیب ۔ انوکھا۔
**تماشے کی بات** ۔ عجیب یا انوکھی بات۔
**تماشائی** ۔ (تَ ۔ ما ۔ شا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مذکر] تماشا دیکھنے والا

Marfat.com

**تماش بین** - تماشا کے تحت دیکھیے۔
**تمام** - (تَ - مام) [ع - صف] (۱) کل - سب (۲) مکمل (۳) اخیر۔ ختم۔
**تمام تر** - (۱) مکمل طور پر (۲) مطلق۔ محض۔ بالکل۔
**تمام شد** - ختم ہو گیا۔
**تمام عیار** - خالص - بے میل - جو کسوٹی پر پورا اترے۔
**تمام کرنا** - (۱) ختم کرنا - پورا کرنا (۲) مار ڈالنا۔
**تمام و کمال** - (۱) مکمل - سب کا سب - پورے طور سے (۲) کھول کے - واضح طور پر۔
**تمانا** - (تَ - ما - نا) [ہ - مص] روئی یا اُون کو صاف کرانا۔ پنجوانا۔
**تمائی** - (تَ - ما - ئی) [ہ - ا - مؤنث] روئی صاف کرنے کی مزدوری۔
**تمباکو** - (تَم - با - کو) [ہ - ا - مذکر] مشہور پودا۔ جس کے پتے حقے میں پیتے اور پان کے ساتھ کھانے میں کام آتے ہیں۔
**تمبو** - (تَم - بُو) [ہ - ا - مذکر] خیمہ۔ شامیانہ۔
**تمبول** - (تَم - بول) [ف - ا - مذکر] دیکھیے تنبول۔
**تمبولا** (TOMBOLA) (تَم - بولا) [انگ - ا - مذکر] مغربی طرز کا جوا۔ لاٹری۔
**تمت** - (تَم - مت) [ع] ختم ہوئی - پوری ہوئی۔
**تمتع** - (تَ - مت - تع) [ع - ا - مذکر] (۱) فائدہ حاصل کرنا (۲) استعمال کرنا (۳) فائدہ - نفع۔
**تمتعاتِ دنیوی** - (تَ - مت - تُ - عات - دُن - یَ - وی) [ع - ا - مذکر] دنیا کے فائدے۔
**تمتمانا** - (تَم - تَ - ما - نا) [ہ - مص] دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سرخ ہو جانا۔
**تمتماہٹ** - (تَم - تَ - ما - ہٹ) [ہ - ا - مؤنث] گرمی یا بخار کی وجہ سے چہرے کی سرخی۔
**تمثال** - (تِم - ثال) [ع - ا - مؤنث] (۱) صورت (۲) فرمانِ شاہی۔
**تمثال گر** - مصور۔ نقاش۔
**تمثیل** - (تَم - ثیل) [ع - ا - مؤنث] (۱) تشبیہ دینا (۲) تشبیہ - مثال - نظیر (۳) مشابہت - مطابقت (۴) ڈراما۔
**تمثیلاً** - (تَم - ثی - لن) [ع] مثال کے طور پر - تشبیہ کے طور پر۔
**تمدن** - (تَ - مد - دُن) [ع - ا - مذکر] مل کے رہنے کا طریقہ - طرزِ معاشرت۔
**تمر** - (تَ - مر) [ع - ا - مذکر / مؤنث] کھجور۔
**تمرِ ہندی** - (۱) املی (۲) املی کا درخت۔
**تمرد** - (تَ - مر - رُد) [ع - ا - مذکر] (۱) بغاوت (۲) گستاخی - نافرمانی۔
**تمرد شعاری** - سرکشی کرنا - گستاخی کرنا۔
**تمرین** - (تَم - رین) [ع - ا - مؤنث] عادت ڈالنا - خوگر کرنا (۲) مشق۔
**تمسخر** - (تَ - مس - خُر) [ع - ا - مذکر] مسخرہ پن - ہنسی - مذاق - ٹھٹھول۔
**تمسک** - (تَ - مس - سُک) [ع - ا - مذکر] (۱) گرفت (۲) وہ تحریر جو قرض کی سند میں قرض دار قرض خواہ کو لکھ دیتا ہے۔
**تمسکِ مناط دعویٰ** - وہ تمسک جس پر دعوے کی بنیاد ہو۔

**تمسکات** - [ع - ا - مذکر] تمسک کی جمع۔
**تمغا** - (تَم - غا) [ت - ا - مذکر] (۱) مہرِ سلطانی (۲) سونے اور چاندی کا بنا ہوا نشان جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے۔ (۳) ڈپلومہ - نشان جو یونیورسٹی یا کالج وغیرہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔
**تمکنت** - (تَم - کَ - نت) [ع - ا - مؤنث] (۱) قدرت - اختیار - حکومت (۲) غرور (۳) شان و شوکت۔
**تمکین** - (تَم - کین) [ع - ا - مؤنث] (۱) طاقت (۲) مرتبہ (۳) عزت۔
**تملق** - (تَ - مل - لُق) [ع - ا - مذکر] خوشامد - چاپلوسی۔
**تملیک** - (تَم - لیک) [ع - ا - مؤنث] کسی کو کسی چیز کا مالک کر دینا۔
**تملیک نامہ** - مالک بنانے کی تحریر۔
**تمن** - (تُ - مَن) [ت - ا - مذکر] (۱) تومان کا مخفف - پلٹن - سو سواروں کا دستہ (۲) ایک طلائی سکہ۔
**تمن دار** - رسالدار - رسالے کا کمان دار۔
**تمن داری** - رسالے کی کمان - رسالداری۔
**تمنا** - (تَ - من - نا) [ع - ف - ا - مؤنث] خواہش - آرزو (ع - تمنّی)۔
**تمنائے دلی بر آنا** - دل کی خواہش پوری ہونا۔
**تمنچہ** - (تَ - مَن - چہ) [ت - ا - مذکر] پستول - طمنچہ۔
**تموج** - (تَ - مَو - وُج) [ع - ا - مذکر] لہریں اٹھنا۔
**تمول** - (تَ - مَو - وُل) [ع - ا - مذکر] دولت مندی - مال داری۔
**تمھارا** - [ہ - ض] تم سب کا - آپ کا۔
**تمھارا سر تمھارا کلیجا** - جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں کہا جاتا ہے۔
**تمھارے منہ میں گھی شکر** (مثل) کوئی حسبِ خواہش بات کرے تو کہتے ہیں۔
**تمھاری** - (تُ - مھا - ری) [ہ - ض] تم سب کی - آپ کی۔
**تمہید** - (تَم - ہید) [ع - ا - مؤنث] (۱) کسی مضمون کی اٹھان - کسی بات کا آغاز (۲) دیباچہ۔
**تمہید اٹھانا** - کسی مضمون یا کسی بات کا عنوان شروع کرنا۔
**تمہیدیں باندھنا** - فضول باتیں پیش کرنا - بے معنی عذرات پیش کرنا۔
**تمہیدی** - (تَم - ہی - دی) [ع - صف] شروع کا - ابتدائی۔
**تمیز** - (تَ - میز) [ف - ا - مؤنث] عربی تمییز کا مخفف (۱) شناخت - جانچ (۲) فرق - امتیاز (۳) عقل - ہوش (۴) ادب - قاعدہ (۵) عقلِ سلیم (۶) علمِ نحو میں وہ الفاظ جو کسی اسم یا فقرے سے شک یا ابہام رفع کریں۔
**تمیز دار** - ذی شعور - لائق - ہوشیار - با تہذیب۔

# ت - ن

Marfat.com

**تن** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) جسم۔ بدن (۲) شخص۔ آدمی۔ فرد۔
**تن آساں**۔ آرام طلب۔
**تن آسانی**۔ آرام طلبی۔
**تن آور**۔ تناور۔ موٹا تازہ۔ عظیم الجثہ۔
**تن بدن**۔ سارا بدن۔ تمام بدن۔
**تن بدن کا ہوش نہ ہونا**۔ (۱) اپنے آپ سے بے خبر ہونا (۲) دیوانہ ہونا۔
**تن بدن کی خبر نہ رہنا**۔ محو ہو جانا۔ بے خبر ہو جانا۔
**تن بدن میں آگ (پھنکنا) لگنا**۔ سخت غصہ آنا۔
**تن بہ تقدیر**۔ اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔
**تن بے جاں**۔ مُردہ۔ لاش۔ نعش۔
**تن پرست**۔ جسم کو پُوجنے والا۔ جو ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہے۔
**تن پرستی**۔ ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنا۔
**تن پرور**۔ تن کو پالنے والا۔ آرام طلب۔
**تن پروری**۔ (۱) آرام طلبی۔ عیش پرستی (۲) خود غرضی۔
**تن پر نہیں لتّا مستی سے البتّہ**۔ [مثل] مفلسی میں آرائش کا خیال۔
**تن پھنکنا**۔ بدن جلنا۔ بخار ہونا۔
**تن تنہا**۔ اکیلا۔ تنہا۔
**تن دُرست**۔ بھلا چنگا۔ صحیح و سالم۔ صحت مند۔
**تندرستی**۔ صحت۔ سلامتی۔ طبیعت کی درستی۔ خیر و عافیت۔
**تندرستی ہزار نعمت ہے**۔ [مثل] صحت سے بہتر کوئی چیز نہیں۔
**تن دہی**۔ (۱) سعی۔ کوشش (۲) محنت۔ جانفشانی۔ جفاکشی۔
**تن زیب**۔ (۱) ایک قسم کا کپڑا (۲) ایک قسم کی صدری۔
**تن سُکھی تو من سُکھی**۔ [مثل] صحت اچھی ہو تو دل بھی خوش رہتا ہے۔
**تن سے (کو) لگنا**۔ (۱) فکر ہونا۔ خیال ہونا (۲) دل پر اثر ہونا۔
**تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی**۔ [مثل] بہت غریب ہے۔
**تن من**۔ جسم و جان۔ روح و قالب۔
**تن من دھن وارنا**۔ ہر چیز فدا کرنا۔
**تن من سے**۔ دل و جان سے۔ پوری کوشش سے۔
**تن من کی سُدھ بُدھ نہ رہنا**۔ (۱) بدحواس ہو جانا (۲) مدہوش ہو جانا۔
**تن و توش**۔ بدن اور توانائی۔ قوت۔
**تن و توش کا آدمی**۔ فربہ اور طاقتور شخص۔ مضبوط بدن کا آدمی۔
**تَن**۔ [ہ۔ ا۔ مؤنث] گھاس۔ جس سے پنکھے بناتے ہیں۔
**تُن**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک درخت جس کی لکڑی سُرخ ہوتی ہے۔ (۲) تن کا پھول جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں۔
**تنا**۔ (تَ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] درخت کا دھڑ۔ تنہ۔
**تنا**۔ (تن۔ نا) [ہ۔ مص] دیکھیے تننا۔
**تناتنی**۔ (تَ۔ نا۔ تَ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] اَن بن۔ کشیدگی۔
**تناریری**۔ (تَ۔ نا۔ ری۔ ری) [ہ۔ مؤنث] (۱) چند معین لَے جو گویے استعمال کرتے ہیں (۲) جھگڑا۔ تکرار (۳) بے رغبت کا گانا۔
**تناریری (لگا رکھنا) لگانا**۔ (۱) بے وقت کا راگ گانا (۲) جھگڑا لگانا۔
**تنازع**۔ (تَ۔ نا۔ زُع) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) جھگڑا۔ فساد (۲) رنجش۔ عداوت۔
**تنازع للبقا**۔ (مذکر) زندہ رہنے کے لیے کشمکش۔
**تنازعہ**۔ (تَ۔ نا۔ زُ۔ عہ) [اُردو۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تنازع۔
**تناسب**۔ (تَ۔ نا۔ سُب) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) باہم نسبت رکھنا (۲) باہمی تعلق۔ موافقت۔ مطابقت۔ حساب میں دو نسبتوں کا برابر ہونا۔
**تناسب اعضا**۔ اعضا کا اپنے اپنے موقع اور انداز سے ایک دوسرے کے مناسب ہونا۔
**تناسخ**۔ (تَ۔ نا۔ سُخ) [ع۔ ا۔ مذکر] روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ آواگون۔
**تناسل**۔ (تَ۔ نا۔ سُل) [ع۔ ا۔ مذکر] نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا۔
**تنافر**۔ (تَ۔ نا۔ فُر) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) نفرت کرنا (۲) علم معانی میں ایسے الفاظ کا یکجا لانا۔ جن کا تلفظ ثقیل ہو۔
**تناقض**۔ (تَ۔ نا۔ قُض) [ع۔ ا۔ مذکر] ایک دوسرے کی ضد ہونا۔ ناموافقت۔ ضد۔
**تناور**۔ (تَ۔ نا۔ وَر) [ف۔ صف] تن کے تحت دیکھیے۔
**تناول**۔ (تَ۔ نا۔ وُل) [ع۔ ا۔ مذکر] کھانا کھانا۔
**تناول فرمانا**۔ کھانا نوش فرمانا۔ طعام کھانا
**تننا**۔ (تَن۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) زخم کا پھٹا پڑنا (۲) کھنچنا۔ کھنچنا۔
**تناہٹ**۔ (تَن۔ نا۔ ہَٹ) [ہ۔ ا۔ مؤنث] دو کھنچاؤ جو ورم کی وجہ سے ہوتا ہے۔
**تنا ہونا**۔ (تَ۔ نا۔ ہو۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کھنچا ہوا ہونا (۲) اکڑا ہونا۔ (۳) ضد پر ہونا۔
**تناؤ**۔ (تَ۔ نا۔ اُو) [ہ۔ ا۔ مذکر] کھنچاؤ۔ کشیدگی۔
**تنباکو**۔ (تَم۔ با۔ کُو) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تمباکو۔
**تنبو**۔ (تَم۔ بُو) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تمبو۔
**تنبور۔ تنبورا**۔ (تَم۔ بُور) ۔ (تَم۔ بُو۔ را) [ف۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا باجا۔ ایک قسم کا چھوٹا ڈھول۔
**تنبورچی**۔ (تَم۔ بُور۔ چی) [اُردو۔ ا۔ مذکر] تنبور بجانے والا۔
**تنبول**۔ (تَم۔ بول) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پان (۲) شادی کی ایک رسم جس میں عزیز و اقارب حسبِ مقدور نقدی دیتے ہیں
**تنبول آنا**۔ لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔
**تنبولن**۔ (تَم۔ بو۔ لَن) [ہ۔ ا۔ مؤنث] پنواڑن۔ پان بیچنے والی عورت۔
**تنبولی**۔ (تَم۔ بو۔ لی) [ہ۔ ا۔ مذکر] پان بیچنے والا پنواڑی۔
**تنبہ**۔ (تَ۔ نَب۔ بُہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) آگاہی۔ تنبیہ (۲) آگاہی۔ خبرداری۔
**تنبیہ**۔ (تَم۔ بیہ) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) سرزنش۔ فہمائش (۲) نصیحت (۳) خبرداری۔ آگاہی (۴) تاکید۔
**تنتر**۔ (تَن۔ تَر) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک شاستر (۲) منتر۔ جادو۔ ٹونا۔
**تنتی**۔ (تَن۔ تُ۔ تی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک قسم کا تار والا ساز (۲) ایک کھلونا جس میں سارنگی کی مانند تار لگا ہوتا ہے۔
**تن جانا**۔ (تَن۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) کھچ جانا (۲) ناراض ہو جانا۔

Marfat.com

تنجیم ۔ (تَن-جِیم) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) علم نجوم (۲) ستاروں سے سعد و نحس بتانا۔
تنخواہ ۔ (تَن-خاہ) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مشاہرہ ۔ ماہانہ (۲) روپیہ جو ملازمت کے صلے میں دیا جائے۔
تنخواہ دار ۔ تنخواہ پانے والا ۔ ملازم ۔ نوکر۔
تند ۔ [ف ۔ صفت] (۱) تیز (۲) غضب ناک (۳) سخت (۴) تلخ ۔
تند خو ۔ بدمزاج ۔ بدخو ۔ چڑچڑا۔
تند خوئی ۔ بدمزاجی ۔ تیز مزاجی۔
تند رفتار ۔ تیز رفتار ۔ تیز چلنے والا۔
تند زبان ۔ جلد جلد بولنے والا۔
تند فہم ۔ تیز فہم۔
تند مزاج ۔ تیز مزاج ۔ معمولی بات پر بھڑک اٹھنے والا۔
تندور ۔ (تَن-دُور) [اُر ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے تنور۔
تندی ۔ (تُن-دی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تیزی (۲) چڑچڑاپن (۳) سختی ۔ غصہ (۴) بدمزاجی۔
تندیل ۔ (تُن-دِیل) [اُر ۔ صفت] توندوالا ۔ بڑے پیٹ والا
تنزل ۔ (تَ-نَز-زُل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زوال ۔ کمی ۔ تخفیف ۔ اترنا (۲) درجہ گھٹنا۔
تنزہ ۔ (تَ-نَز-زُہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خالص ہونا ۔ عیب سے پاک ہونا (۲) سیر ۔ تفریح (۳) خوشی ۔ فرحت۔
تنزہات ۔ (تَ-نَز-زُہات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تنزہ کی جمع بے عیبی ۔ خوبیاں ۔ سیریں ۔ تفریحیں۔
تنزیل ۔ (تَن-زِیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) نازل کرنا ۔ اتارنا (۲) وحی ۔ الہام (۳) قرآن مجید۔
تنزیہہ ۔ (تَن-زِیہہ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) عیب سے پاک کرنا ۔ صاف کرنا (۲) پاکی ۔ صفائی۔
تنسیخ ۔ (تَن-سِیخ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) منسوخ کرنا
تنسیخ تبنیت ۔ متبنّٰی بنانے کو منسوخ کرنا۔
تنصیف ۔ (تَن-صِیف) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] دو برابر حصے کرنا۔
تنظیم ۔ (تَن-ظِیم) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) موتی پرونا (۲) انتظام ۔ بندوبست (۳) منظم جماعت۔
تنعم ۔ (تَ-نَع-عُم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
تنفر ۔ (تَ-نَف-فُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نفرت ۔ کراہت ۔ گھن۔
تنفس ۔ (تَ-نَف-فُس) [ع ۔ ا ۔ مذکر] سانس لینا ۔ دم لینا۔
تنفسی ۔ (تَ-نَف-فُسی) [ع ۔ ف ۔ صفت] سانس سے متعلق۔
تنفسی اعضا ۔ آلات تنفس جسم کے وہ حصے جو سانس سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ناک اور پھیپھڑے وغیرہ۔
تنفسی امراض ۔ سانس کی بیماریاں۔
تنقیح ۔ (تَن-قِیح) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) خالص کرنا (۲) تفتیش ۔ تحقیق (۳) قانون میں وہ سوال جو امور متنازعہ کو فیصلہ کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔
تنقیح امور تصفیہ طلب ۔ فیصلہ طلب امور کی صفائی و وضاحت۔
تنقیح طلب ۔ جس میں تفتیش کی ضرورت ہو۔

تنقیحات ۔ [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تنقیح کی جمع۔
تنقید ۔ (تَن-قِید) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ایسی جانچ جو کھرا کھوٹا میں تمیز کرے (۲) تبصرہ ۔ نکتہ چینی۔
تنقیدات ۔ [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تنقید کی جمع۔
تنقیص ۔ (تَن-قِیص) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کم کرنا ۔ گھٹانا (۲) نقصان ۔ کمی (۳) اعتراض ۔ نقص نکالنا۔
تنقیہ ۔ (تَن-قِی-یَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صاف کرنا (۲) مقدمات کا فیصلہ کرنا (۳) جلاب لینا۔
تنقیہ دماغ ۔ دواؤں سے دماغ کو صاف کرنا۔
تنک ۔ (تُ-نُک) [ف ۔ صفت] (۱) ذرا سا (۲) کمزور (۳) بے حقیقت۔
تنک مزاج ۔ نازک مزاج ۔ چڑچڑا ۔ زود رنج ۔ تند خو ۔ تیز مزاج۔
تنک مزاجی ۔ نازک مزاجی ۔ تند خوئی ۔ زود رنجی۔
تنکا ۔ (تِن-کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سوکھی گھاس کا ٹکڑا (۲) کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا (۳) (مجازاً) ذرا سی چیز (۴) بہت کمزور ۔ نازک۔
تنکا بھی نہ توڑ سکنا ۔ (۱) نہایت کمزور ہونا (۲) کاہل ہو جانا۔
تنکا نہ توڑنا ۔ کچھ نہ کرنا۔
تنکا نہ رہنا ۔ کچھ پاس نہ رہنا ۔ صفایا ہو جانا۔
تنکا ہو جانا ۔ بہت دبلا ہو جانا۔
تنکے چننا ۔ (۱) گھبرا جانا (۲) پاگل ہو جانا۔
تنکے کا احسان ۔ تھوڑا سا احسان۔
تنکے کا سہارا ۔ تھوڑی سی مدد ۔ ذرا سی امداد۔
تنکیر ۔ (تَن-کِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] اسم نکرہ بنانا۔
تنگ ۔ [ف ۔ صفت] (۱) سکڑا ہوا (۲) چست (۳) کم ۔ قلیل (۴) مفلس (۵) عاجز (۶) مشکل (۷) غمگین (۸) (مذکر) زین کسنے کا سوت کا تسمہ (۹) تھیلا۔
تنگ آنا ۔ (۱) عاجز آنا (۲) بیزار ہونا (۳) تھک جانا۔
تنگ ترش ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ رنجیدہ ہونا۔
تنگ حال ۔ غریب ۔ مفلس ۔ محتاج ۔ نادار ۔ تباہ حال۔
تنگ حالی ۔ غربت ۔ مفلسی ۔ ناداری۔
تنگ حوصلگی ۔ (۱) کم ظرفی ۔ کمینگی (۲) کم ہمتی۔
تنگ حوصلہ ۔ پست حوصلہ ۔ کم ظرف ۔ اوچھا۔
تنگ دست ۔ مفلس ۔ غریب ۔ محتاج ۔ نادار۔
تنگ دستی ۔ مفلسی ۔ غربت ۔ ناداری۔
تنگ دل ۔ (۱) کم ظرف ۔ کمینہ (۲) کنجوس ۔ بخیل (۳) کم حوصلہ۔
تنگ دلی ۔ (۱) کم ظرفی (۲) بخل (۳) کم حوصلگی۔
تنگ دہن ۔ چھوٹے منہ کا ۔ غنچہ دہن۔
تنگ رہنا ۔ (۱) کم آمدنی زیادہ خرچ ہونا (۲) پریشان رہنا۔
تنگ ظرف ۔ کم ظرف ۔ کم حوصلہ ۔ اوچھا۔
تنگ کرنا ۔ (۱) ستانا (۲) عاجز کرنا (۳) چست کرنا۔
تنگنائے ۔ (۱) تنگ رستہ ۔ تنگ کوچہ (۲) قبر۔
تنگ و تاریک ۔ چھوٹی جگہ جہاں اندھیرا ہو۔
تنگی ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کوتاہی ۔ کمی (۲) مفلسی (۳) مشکل (۴) کنجوسی (۵) کم ظرفی۔
تنگی ترشی ۔ کفایت شعاری ۔ تکلیف کے ساتھ۔

Marfat.com

**تنگی ہونا** ۔ (۱) تکلیف ہونا (۲) آمدنی میں کمی ہونا ۔
**تننا** ۔ (تَن ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کھنچنا (۲) پھیلنا (۳) اکڑنا (۴) ناراض ہونا ۔ کھنچنا ۔ تانا ۔
**تنور ۔ تنور** ۔ (تَ ۔ نُور) (تن ۔ نُور) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک گول لمبوترا مٹی کا برتن جسے گڑھے میں لگا کر روٹیاں پکاتے ہیں (۲) روٹی وغیرہ پکانے کا مقام ۔
**تنور جھونکنا** ۔ تنور گرم کرنا ۔ تنور میں ایندھن ڈالنا ۔
**تنوع** ۔ (تَ ۔ نَوْ ۔ وُع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] قسم قسم کا ہونا ۔ گوناگونی ۔
**تنومند** ۔ (تَ ۔ نُو ۔ مَند) [ف ۔ صفت] مضبوط بدن ۔ قوی جسم ۔ موٹا ۔
**تنومندی** ۔ (تَ ۔ نُو ۔ مَن دی) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) قوت ۔ (۲) موٹاپا ۔
**تنویر** ۔ (تَن ۔ وِیر) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] روشنی ۔ نور ۔ چمک ۔
**تنوین** ۔ (تَن ۔ وِین) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] کسی حرف پر دو زیر یا زبر یا پیش لگانے سے نون کی آواز پیدا کرنا ۔
**تنہ** ۔ (تَ ۔ نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] درخت کا دھڑ ۔ تنا ۔
**تنہا** ۔ (تَن ۔ ہا) [ف ۔ صفت] (۱) اکیلا (۲) لاثانی (۳) صرف ۔ فقط (۴) بطاق (۵) الگ ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔
**تنہا خوری** ۔ اکیلے کھا لینا ۔
**تنہائی** ۔ (تَن ۔ ہا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) علیحدگی ۔ مفارقت (۲) اکیلا رہنا ۔

---

# ت ۔ و

---

**تو** ۔ [ہ] (۱) تب ۔ پس (۲) حاصل کلام (۳) پھر ۔ اس حالت میں ۔
**تو بھی** ۔ باوجودیکہ ۔ پھر بھی ۔ تاہم ۔
**تو پھر** ۔ اس وقت ۔ اس حالت میں ۔
**تو کیا** ۔ کچھ نہیں ۔ کچھ نقصان نہیں ۔ کچھ مضائقہ نہیں ۔
**تو کیا ہوا** ۔ کچھ نہیں ہوا ۔ کچھ فائدہ نہیں ہوا ۔
**تُو** ۔ [ہ] (۱) حرفِ خطاب ۔ جو کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے (۲) پیار اور بے تکلفی سے بھی استعمال کرتے ہیں (۳) خدائے تعالےٰ کو بھی تو سے خطاب کرتے ہیں ۔
تو بھی رانی میں بھی رانی [مثل]
کون بھرے پن گھٹ پہ پانی } جہاں سب نخوت ہوں اور کام سے جی چرائیں تو کہتے ہیں ۔
**تو تڑاق کرنا** ۔ (۱) بد زبانی کرنا (۲) گستاخی سے پیش آنا ۔
**تو تکار** ۔ بد زبانی ۔ زبان درازی ۔ گالی گلوچ ۔
**تو تو میں میں** ۔ (۱) جھگڑا ۔ فساد (۲) گالی گلوچ ۔
**تو چل میں چل** ۔ ایک ایک کر کے کھسکنے یا آنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔
**تو ڈال ڈال میں پات پات** ۔ [مثل] میں تجھ سے بھی زیادہ ہوشیار ہوں ۔
**تو کھول میرا لکھنا میں گھر سنبھالوں اپنا** ۔ [مثل] جب نئی دلہن گھر کے کاموں میں دخل دینے لگے تو ساس کہتی ہے ۔
**تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کام** ۔ [مثل] تو اپنا کام کر تجھے کیا ۔

آن سے کیا تعلق ۔
**توا** ۔ (تَ ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں (۲) ٹھیکرے کا گول ٹکڑا جسے چلم میں تمباکو کے اوپر رکھتے ہیں (۳) [صفت] بے حد سیاہ ۔ بہت کالا ۔
**تواب** ۔ (تَو ۔ واب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] توبہ منظور کرنے والا ۔ خدائے تعالیٰ ۔
**توابع** ۔ (تَ ۔ وا ۔ بِع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تابع کی جمع ۔ پیرو ۔ ماتحت ۔
**تواتر** ۔ (تَ ۔ وا ۔ تُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پے در پے ۔ برابر ۔ لگاتار ۔
**توارث** ۔ (تَ ۔ وا ۔ رُث) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ورثہ پانا ۔ (۲) وراثت ۔
**توارد** ۔ (تَ ۔ وا ۔ رُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) باہم ایک جگہ اترنا (۲) دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سوجھنا ۔
**تواریخ** ۔ (تَ ۔ وا ۔ رِیخ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تاریخ کی جمع ۔
**توازن** ۔ (تَ ۔ وا ۔ زُن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہم وزن ہونا ۔ (۲) موازنہ کرنا ۔
**توازنِ تجارت** ۔ تجارت میں افراط و تفریط کا نہ ہونا ۔
**توازنِ حسابات** ۔ تاصفات اور کے جمع اور خرچ کو برابر کرنا ۔
**توازنِ درآمد و برآمد** ۔ درآمد اور برآمد کا اعتدال ۔
**تواضع** ۔ (تَ ۔ وا ۔ ضُع) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) خاطر مدارات ۔ (۲) مہمان نوازی ۔
**تواضع سمرقندی** ۔ جھوٹی خاطر تواضع ۔
**توافق** ۔ (تَ ۔ وا ۔ فُق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اتفاق ۔ میل (۲) علم حساب میں ایسے دو اعداد کا تعلق ۔ جن کو تیسرا عدد پورا تقسیم کر سکے ۔
**توالد** ۔ (تَ ۔ وا ۔ لُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] اولاد پیدا کرنا ۔
**توالد و تناسل** ۔ اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا ۔
**توالی** ۔ (تَ ۔ وا ۔ لی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] متواتر ۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔
**توام** ۔ (تَو ۔ اَم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جڑواں بچے ۔
**توان** ۔ (تَ ۔ وان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] طاقت ۔ زور ۔ قدرت ۔ بخت ۔
**توانا** ۔ (تُ ۔ وا ۔ نا) [ف ۔ صفت] (۱) زور آور (۲) تنومند ۔ بلا کش ۔
**توانائی** ۔ (تُ ۔ وا ۔ نا ۔ ای) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] طاقت ۔ زور ۔ قوت ۔
**تونگر** ۔ (تُ ۔ وَن گر) [ف ۔ صفت] دولتمند ۔ امیر ۔ مالدار ۔
**تونگری** ۔ (تُ ۔ وَنگ ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] دولتمندی ۔ مالداری ۔
**توبڑا** ۔ (تو ب ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو کھانا کھلاتے ہیں (۲) [حقارتاً] منہ ۔
**توبڑہ چڑھائے رکھنا** ۔ ہر وقت منہ پھلائے رکھنا ۔
**توبہ** ۔ (تَو ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) استغفار (۲) افسوس ۔ پچھتاوا (۳) کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد (۴) زنہار ۔
**توبۃ النصوح** ۔ سچی توبہ ۔
**توبہ تلا** ۔ واویلا ۔ فریاد ۔ ہائے وائے ۔
**توبہ توبہ** ۔ نفرت ۔ پچھتاوا یا مقام عبرت و تاسف پر بولتے ہیں ۔

Marfat.com

**توبہ شکن**۔ توبہ توڑنے والا۔
**توبہ ہے**۔ اب نہیں کروں گا۔ باز آتا ہوں۔
**توبیخ**۔ (تو۔بیخ) [ع۔ا۔مؤنث] ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔
**توپ**۔ [ت۔ا۔مؤنث] (۱) گولہ چلانے کا آلہ (۲) بہت موٹا آدمی۔
**توپ پر رکھنا**۔ کسی شخص کو توپ کے منہ پر باندھ دینا۔
**توپ (چلانا) چھوڑنا**۔ گولہ مارنا۔
**توپچی**۔ (مذکر) توپ چلانے والا۔ گولہ انداز۔
**توپ خانہ**۔ (مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں (۲) بہت توپیں مع سامان۔
**توپ داغنا**۔ توپ چلانا۔
**توپ دم (کر دینا) کرنا**۔ توپ کے منہ پر باندھ کر اڑانا۔
**توپنا**۔ (توپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) گڑھا بند کرنا (۲) زمین پر گاڑنا۔
**توت**۔ [ہ۔ا۔مذکر] ایک درخت اور اس کا پھل شہتوت۔
**توتا**۔ (تو۔تا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) طوطا۔ مٹھو۔ ایک خوش رنگ پرندہ (۲) توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔
**توتا پالنا**۔ (۱) کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے۔ (۲) کوئی بیماری مول لے لینا۔
**توتا چشم**۔ بے مروت۔ بے وفا۔
**توتا چشمی**۔ (مؤنث) بے مروتی۔ بے وفائی۔
**توتے اڑ جانا**۔ گھبرا جانا۔ اوسان خطا ہو جانا۔
**توتے کی سی آنکھیں (بدلنا) پھیرنا**۔ دفعتہً بے مروت ہو جانا
**توتلا**۔ (تو۔ت۔لا) [ہ۔صف] وہ آدمی جس کی زبان موٹی ہونے کے باعث الفاظ صاف نہ نکل سکیں۔
**توتلا پن**۔ (مذکر) زبان موٹی ہونے اور الفاظ صاف نہ نکلنے کا مرض۔ تتلا کر بولنا۔
**توتی**۔ (تو۔تی) [ت۔ا۔مذکر] ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ
**توتی بولنا**۔ (۱) کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا (۲) دور دورہ ہونا۔
**توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے**۔ (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے چھوٹے آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پوچھتا۔
**توتیا**۔ (تو۔تی۔یا) [ہ۔ا۔مذکر] نیلا تھوتھا۔
**توتیا**۔ (تو۔تی۔یا) [ع۔ا۔مذکر] سرمہ۔ سرمے کا پتھر۔
**توجہ**۔ (تو۔وَج۔جُہ) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) رجحان۔ رغبت۔ میلان (۲) خیال۔ لحاظ (۳) مہربانی۔ عنایت۔
**توجہ باطن**۔ کسی کی اصلاح نفس کے لیے اس کے دل پر روحانی اثر ڈالنا۔
**توجہ مبذول ہونا**۔ کسی طرف توجہ کرنا۔ متوجہ ہونا۔
**توجیہ**۔ (تو۔جیہ) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) وجہ بیان کرنا (۲) دلیل وجہ (۳) حلیہ۔
**توجیہ نویس**۔ حلیہ لکھنے والا۔
**توحش**۔ (تَ۔وَح۔حُش) [ع۔ا۔مذکر] وحشت۔ نفرت۔
**توحید**۔ (تو۔حید) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا (۲) وحدانیت۔

**تودہ**۔ (تو۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ڈھیر۔ انبار۔ پشتہ۔ ٹیلا (۲) مٹی کا نشان یا ڈھیر۔
**تودۂ خاک**۔ مٹی کا ڈھیر۔
**تورات**۔ (تو۔رات) [ع۔ا۔مؤنث] وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔ (معرب۔ تورا)۔
**تورّع**۔ (تَ۔وَر۔رُع) [ع۔ا۔مذکر] زہد۔ پرہیزگاری۔ اتقا۔
**تورہ**۔ (تُ۔رَہ) [ت۔ا۔مذکر] (۱) قانون۔ دستور العمل (۲) وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا (۳) حکم شاہی۔
**تورہ**۔ (تو۔رَہ) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) مختلف کھانوں کے خوان (۲) خوان میں لگے ہوئے قسم قسم کے کھانے (۳) امیر۔ نواب۔ وزیر (۴) غرور (۵) عزت۔ حیثیت۔
**توری**۔ (تو۔ری) [ہ۔ا۔مؤنث] ایک قسم کی ترکاری۔
**توریت**۔ (تو۔ریت) [ف۔ا۔مؤنث] دیکھیے تورات۔
**توڑ**۔ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ٹوٹ پھوٹ (۲) جواب (۳) علاج (۴) شگاف (۵) توڑنے کی قوت (۶) دہی کا پانی (۷) چیز کی قیمت کا فیصلہ چکوتا۔
**توڑ پر**۔ ضد پر۔ جواب میں۔
**توڑ (پھوڑ) تاڑ**۔ (مؤنث) (۱) ٹوٹ پھوٹ (۲) خرابی۔ تخریب۔
**توڑ جوڑ**۔ (مذکر) (۱) داؤ پیچ (۲) کاٹ چھانٹ (۳) چال بازی۔
**توڑ (دینا) ڈالنا**۔ دیکھیے توڑنا۔
**توڑ کرنا**۔ (۱) وار کا رد کرنا (۲) حساب صاف کرنا۔
**توڑ کسر**۔ حساب کا ایک قاعدہ۔ کسر عام۔
**توڑ لینا**۔ (۱) الگ کر لینا۔ اپنی طرف کر لینا (۲) توڑنا۔
**توڑا**۔ (تو۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کمی۔ قلت (۲) نقصان (۳) بندوق داغنے کا فتیلہ (۴) اشرفیوں یا روپوں کی تھیلی (۵) توڑنا کا ماضی۔
**توڑا پڑنا**۔ کمی ہونا۔ قحط ہونا۔
**توڑا مروڑی**۔ (۱) چھینا جھپٹی (۲) توڑنا مروڑنا۔
**توڑے دار بندوق**۔ وہ بندوق جو فتیلے کے ذریعے سے چھوڑی جائے۔
**توڑنا**۔ (توڑ۔نا) [ہ۔مص] (۱) شکستہ کرنا (۲) جدا کرنا (۳) ڈھانا (۴) رد کرنا (۵) کنویں میں سے اتنا پانی نکالنا کہ ریت آنے لگے (۶) پانی بغیر باری کے نکال لینا (۷) قطع تعلق کر لینا (۸) پھول وغیرہ چننا (۹) نقب لگانا (۱۰) دست کھینا (۱۱) ایسی بات کہنا کہ مخاطب جواب نہ دے سکے (۱۲) بگاڑنا (۱۳) اپنی طرف کر لینا (۱۴) قفل شکستہ کر کے کھولنا (۱۵) نقصان پہنچانا (۱۶) (روپیہ) بھنانا (۱۷) (حکم) موقوف کر دینا (۱۸) دشیاں بانٹ کھانا (۱۹) (قسم وعدہ وغیرہ) پورا نہ کرنا (۲۰) (قانون حکم وغیرہ کے) برخلاف کام کرنا (۲۱) ٹانگیں بہت چلنا (۲۲) علم حساب میں بڑی رقم کو چھوٹے اجزاء میں کرنا۔
**توڑی**۔ (تو۔ڑی) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) ادائی کا پودا (۲) رائی کا بیج (۳) سرسوں (۴) ایک راگنی کا نام۔
**توڑی**۔ (تو۔ڑی) (واو معروف) [ہ۔ا۔مؤنث] گیہوں یا جو کا بھس۔ چارا۔
**توزک**۔ [ت۔ا۔مذکر و مؤنث] دیکھیے تزک۔

Marfat.com

**توزیع** ۔ (تَو۔زِیع) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) پراگندہ کرنا۔ بانٹنا (۲) جمع بندی۔ فرد ملکان (۳) محکمے کا نقشہ۔
**توزیعِ حال** ۔ ہر مہینے کا حساب۔ جس میں ہر مالک کا زر مطالبہ اور تحصیل اور باقی درج ہو۔
**توس** ۔ [انگریزی TOAST کا مورد ۔ا۔ مذکر] ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔
**توسّط** ۔ (تَ۔وَس۔سُط) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) درمیان۔ بیچ۔ (۲) ذریعہ۔ وسیلہ۔
**توسّل** ۔ (تَ۔وَس۔سُل) [ع ۔ا۔ مذکر] ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ۔
**توسن** ۔ (تَو۔سَن) [ف ۔ا۔ مذکر] گھوڑا۔ اسپ۔
**توسنِ (قلم) کِلک** ۔ قلم کو توسن سے استعارہ کرتے ہیں۔
**توسیع** ۔ (تَو۔سِیع) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) وسیع کرنا۔ بڑھانا (۲) وسعت۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔
**توش** [ف ۔ا۔ مذکر] (۱) طاقت (۲) بدن (۳) مسافروں کا کھانا۔
**توشدان** ۔ (مذکر) توشہ دان۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں۔
**توشک** ۔ (تو۔شک) [ف ۔ا۔ مؤنث] روئی دار بستر۔ گدیلا۔ گبھا۔
**توشک خانہ** ۔ وہ جگہ جہاں سامان خانہ داری رہتا ہے۔
**توشہ** ۔ (تو۔شَہ) [ف ۔ا۔ مذکر] (۱) زادِ راہ۔ وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے جاتے (۲) وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور اسے دفن کرنے کے بعد فقرا میں تقسیم کر دیتے ہیں (۳) کسی ولی یا بزرگ کی فاتحہ کا کھانا جو عرس کے دن تقسیم کیا جاتا ہے۔
**توشہ خانہ** ۔ (مذکر) دیکھیے توشک خانہ۔
**توشۂ عاقبت** ۔ (مذکر) آخرت کا سامان۔ اعمالِ نیک۔
**توشے کی روٹی** ۔ کھانا جو میت کے دفن کرنے پر تقسیم کرتے ہیں۔
**توشیح** ۔ (تَو۔شِیح) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) کھانا (۲) علم بیان کی ایک صنعت جس میں شعروں کا پہلا حرف یا مصرعوں کے شروع کا ایک ایک لفظ لینے سے کوئی عبارت بن جائے۔
**توصیف** ۔ (تَو۔صِیف) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) خوبی بیان کرنا (۲) صفت۔ خوبی۔
**توضیح** ۔ (تَو۔ضِیح) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) کھول کے بیان کرنا۔ (۲) شرح۔ وضاحت (۳) قانون، مالگذاری کا نقشہ۔
**توطّن** ۔ (تَ۔وَط۔طُن) [ع ۔ا۔ مذکر] وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا۔
**توغّل** ۔ (تَ۔وَغ۔غُل) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) ایک کام میں بہت لگا رہنا (۲) دھن۔ لگن۔
**توفیر** ۔ (تَو۔فِیر) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) زیادتی۔ بہتات (۲) بچت باقی۔
**توفیق** ۔ (تَو۔فِیق) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) خدائے تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا (۲) خدا کی مہربانی (۳) طاقت۔ حوصلہ۔
**توفیقِ خیر** ۔ نیک کاموں کی ہمت۔
**توفیق ہونا** ۔ ہمت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

**توقّع** ۔ (تَ۔وَق۔قُع) [ع ۔ا۔ مؤنث] امید۔ بھروسہ۔ آس۔
**توقّعات** ۔ [ع ۔ا۔ مؤنث] توقع کی جمع۔
**توقّف** ۔ (تَ۔وَق۔قُف) [ع ۔ا۔ مذکر] دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔
**توقّف پذیر ہونا** ۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
**توقیر** ۔ (تَو۔قِیر) [ع ۔ا۔ مؤنث] عزت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم۔
**توقیع** ۔ (تَو۔قِیع) [ع ۔ا۔ مؤنث] (۱) شاہی دستخط (۲) شاہی فرمان۔
**توکّل** ۔ (تَ۔وَک۔کُل) [ع ۔ا۔ مذکر] بھروسہ کرنا۔ اپنے کام کو کسی کے حوالے کرنا (۲) اپنے عجز کا اقرار کرنا (۳) کسی کو وکیل بنانا۔
**توکّل بخدا** ۔ خدا پر بھروسا کرنا۔
**توکّل پر بیٹھنا** ۔ توکل پر گذارہ کرنا۔ **توکّل کر لینا** ۔ (۱) اپنے سب کام خدا پر چھوڑ دینا (۲) بیکار بیٹھنا۔ خالی بیٹھنا۔
**توکّلاً** ۔ (تَ۔وَک۔کُ۔لَن) [ع] توکل پر۔ اللہ پر بھروسہ کر کے۔
**توکّلتُ علی اللہ** ۔ میں نے خدا پر بھروسہ کیا۔ اس وقت بولتے ہیں جب سب کچھ چھوڑ کر خدا پر بھروسا کر کے صبر کر لیتے ہیں۔
**تول** ۔ [ہ ۔ا۔ مذکر و مؤنث] (۱) وزن۔ جانچ (۲) مقررہ وزن۔
**تولّا** ۔ (تَ۔وَل۔لا) [ع ۔ا۔ مذکر] محبت۔ اُلفت۔ پیار۔
**تولا۔ تولہ** ۔ (تو۔لا) [ہ ۔ا۔ مذکر] بارہ ماشے کا وزن۔
**تولہ بھر** ۔ وزن میں ایک تولہ۔
**تولہ بھر کی آرسی یا نئی بولے فارسی** } [مثل] تھوڑا سلوک کر کے بہت احسان جتانے کے موقع پر کہتے ہیں شیخی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔
**تولا ماشہ** ۔ غیر مستقل مزاج۔
**تولائی** ۔ (تَ۔وَل۔لا۔ئی) [ع ۔صفت] (۱) محبت رکھنے والا شخص (۲) شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے۔
**تولّد** ۔ (تَ۔وَل۔لُد) [ع ۔ا۔ مذکر] (۱) پیدا ہونا (۲) پیدائش۔ جنم۔
**تولنا** ۔ (تول۔نا) [ہ ۔مص] (۱) وزن کرنا۔ جانچ لینا (۲) امتحان کرنا
**تولیا** ۔ (تو۔لِ۔یا) [انگ ۔ا۔ مذکر] لمبا رومال جس سے ہاتھ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں۔ انگریزی (TOWEL) سے اُردو بنا لیا گیا۔
**تولیت** ۔ (تَو۔لِ۔یَت) [ع ۔ا۔ مؤنث] انتظام۔ سربراہی۔ نگرانی
**تولید** ۔ (تَو۔لِید) [ع ۔ا۔ مؤنث] پیدا کرنا۔ پیدائش۔
**تومار** ۔ (تُو۔مار) [اُردو ۔ا۔ مذکر] خطوں کا مجموعہ جو بچوں کے پڑھنے کے لیے آپس میں جوڑ دیتے ہیں۔
**تومڑی** ۔ (تُوم۔ڑی) [ہ ۔ا۔ مؤنث] ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں (۲) سپیروں کی بین۔
**تومنا** ۔ (تُوم۔نا) [ہ ۔مص] (۱) روئی صاف کرنا (۲) عیب کھولنا
**تونبا** ۔ (تُوں۔با) [ہ ۔ا۔ مذکر] ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اور خشک کر کے کشکول بناتے ہیں۔
**تونبی** ۔ (تُوں۔بی) [ہ ۔ا۔ مؤنث] (۱) چھوٹا کشکول (۲) چھوٹا کدو۔
**توند** ۔ [ہ ۔ا۔ مؤنث] بڑا پیٹ۔
**تونگر** ۔ (تَ۔وَن۔گَر) [ف ۔صفت] دیکھیے توانگر۔
**توہّم** ۔ (تَ۔وَہ۔ہُم) [ع ۔ا۔ مذکر] وہم۔ وسواس۔ شک گمان۔
**توہّمات** ۔ (تَ۔وَہ۔ہُ۔مات) [ع ۔ا۔ مذکر] توہم کی جمع۔
**توہین** ۔ (تَو۔ہِین) [ع ۔ا۔ مؤنث] ہتک۔ بے عزتی۔ ذلت۔
**توہینِ عدالت** ۔ عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ حاکم کے سامنے

Marfat.com

کہہ دینا یا کوئی ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر ہو۔
**توری**۔ (تو۔ری) [ہ۔ا۔ مؤنث] ایک قسم کی بیل جو درختوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔

# ت - ہ

**تہ**۔ [ف۔ا۔ مؤنث] (۱) نچلا حصہ۔ تلی (۲) تھاہ (۳) پیندا (۴) نکتہ باریکی (۵) فرش۔ سطح (۶) نیچے۔ تلے۔
**تہ بازاری**۔ (مؤنث) محصول جو وہ لوگ دیتے ہیں جن کی دکان بازار میں نہیں ہوتی اور وہ مال زمین وغیرہ پر رکھ کر بیچتے ہیں۔
**تہ بہ تہ**۔ (۱) ہر تہ میں (۲) ایک کے نیچے ایک تہ (۳) طبق در طبق۔
**تہ بند**۔ (مذکر) لنگی۔
**تہ بندی**۔ (مؤنث) (۱) کتاب کی جز بندی (۲) وہ رنگ جو کپڑے کو اصلی رنگ سے پہلے دیتے ہیں۔
**تہ پانا**۔ اصل مطلب کو پالینا۔ حقیقت دریافت کر لینا۔
**تہ پیچ**۔ (مذکر) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔
**تہ تیغ کرنا**۔ تلوار سے قتل کرنا۔
**تہ جمانا**۔ ایک چیز کے اوپر دوسری چیز رکھنا۔ اوپر تلے رکھنا۔
**تہ خاک**۔ زمین کے نیچے۔
**تہ خاک و خوں کرنا**۔ قتل کر دینا۔ جان سے مار ڈالنا۔
**تہ خانہ**۔ (مذکر) وہ مکان جو سطح زمین کے نیچے بنایا جائے۔
**تہ دام آنا**۔ جال میں پھنسنا۔ گرفتار ہونا۔
**تہ دل سے**۔ بہ نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے۔
**تہ (دیگ) دیگی**۔ (مؤنث) کھرچن۔ نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔
**تہ دینا**۔ (۱) نیچے اوپر رکھنا (۲) اصل رنگ سے پہلے ہلکا رنگ دینا (۳) استر لگانا (۴) کچے پھلوں کو پھونس کی تہ میں رکھنا۔
**تہ کرنا**۔ (۱) ٹھیک طور سے لپیٹنا (۲) فیصلہ کرنا (۳) ترک کرنا۔
**تہ کی بات**۔ اصل بات۔ گر۔
**تہ نشین**۔ (۱) تہ میں بیٹھنے والا (۲) دل میں بیٹھ جانے والا (۳) تلچھٹ۔
**تہ و بالا**۔ زیر و زبر۔ نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ۔
**تھاپ**۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) تھپیڑ (۲) طبلے کی آواز۔
**تھاپنا**۔ (تھاپ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) پا تھنا۔ اُپلے بنانا (۲) پوجا کرنا۔
**تھاپی**۔ (تھا۔پی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) تھپکی (۲) کمہار کا اوزار جس سے وہ برتن گھڑتا ہے (۳) معمار کا اوزار جس سے وہ مٹی یا چونا کوٹتا ہے (۴) چھوٹا اُپلا۔
**تھال**۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بڑی تھالی۔ خوان۔ طباق (۲) لڑکیوں کا ایک کھیل۔
**تھالا**۔ (تھا۔لا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا (۲) وہ گڑھا جس میں درخت لگایا جائے۔
**تھالی**۔ (تھا۔لی) [ہ۔ا۔ مؤنث] تشتری۔ رکابی۔
**تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے** } **تھالی پھینکو تو سر ہی پر گرے** } بہت ہجوم ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

**تھالی کا بینگن**۔ رکابی مذہب۔ وہ جو لالچ کے باعث کبھی کسی طرف ہو۔ کبھی کسی طرف۔
**تھامنا**۔ (تھام۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ہاتھ سے پکڑنا (۲) سہارا دینا (۳) روکنا (۴) ٹھہرانا (۵) حفاظت کرنا۔ بچانا۔
**تھان**۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) جگہ۔ موقع (۲) مکان (۳) طویلہ۔ اصطبل (۴) کپڑے۔ ریشم۔ گوٹے وغیرہ کا معینہ لمبائی کا ٹکڑا (۵) ایک عدد سکہ۔
**تھانگ**۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) گم شدہ چیز کا موقع (۲) چوروں کا مقام (۳) مال مسروقہ کا پتا (۴) کھوج (۵) سازش۔
**تھانگ لگانا**۔ (۱) چوروں کو پناہ دینا (۲) چوروں کا پتا لگانا۔
**تھانگی۔ تھانگیا**۔ (تھاں۔گی) (تھاں۔گ۔یا) [ہ۔ صفت] (۱) چوروں کا مددگار (۲) مال مسروقہ لینے والا شخص (۳) سراغی کھوجی۔
**تھانولا**۔ (تھا۔نو۔لا) [ہ۔ا۔ مذکر] درخت کا تھالا۔
**تھانہ**۔ (تھا۔نہ) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پولیس کی چوکی (۲) گاؤں میں زمیندار کا مکان۔
**تھانہ بٹھانا**۔ پہرا بٹھانا۔ چوکی بٹھانا۔
**تھانے دار**۔ (مذکر) تھانے کا افسر۔ سب انسپکٹر پولیس۔ کوتوال۔
**تھانیداری**۔ (مؤنث) تھانیدار کا عہدہ یا منصب۔
**تھاہ**۔ [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) پانی کی تہ کی زمین (۲) گہرائی (۳) پتہ ٹھکانا (۴) انتہا۔ انجام (۵) منشا (۶) گھاٹ۔
**تھاہ لانا**۔ گہرائی دریافت کرنا۔
**تھاہ لینا**۔ (۱) عندیہ یا منشا معلوم کرنا (۲) بھید لینا۔
**تہائی**۔ (ت۔ہا۔ئی) [ہ۔ا۔ مؤنث] تیسرا حصہ۔
**تھپنا**۔ (تھپ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) گوبر۔ گارے وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) الزام لگنا۔ ذمے پڑنا۔
**تھپیڑ**۔ (تھ۔پیڑ) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) طمانچہ (۲) تیز ہوا کا جھونکا۔
**تھپک**۔ (تھ۔پک) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) تھپکی۔ تھاپ۔
**تھپکنا**۔ (تھ۔پک۔نا) [ہ۔ مص] (۱) بچے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا تاکہ وہ سو جائے (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا (۳) چمکارنا (۴) منانا۔ ٹھنڈا کرنا (۵) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔
**تھپکی**۔ (تھپ۔کی) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) وہ ضرب جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹھ پر لگائیں (۲) کشتی کا ایک داؤں۔
**تھپکی دینا**۔ حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ سے ضرب لگانا کہ ہتھیار چھٹ پڑے (۲) کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا (۳) چمکارنا۔
**تھپنا**۔ (تھپ۔نا) [ہ۔ مص] (۱) تھوپا جانا (۲) مٹی کا لیس ہونا (۳) الزام لگنا۔ ذمے پڑنا۔
**تھپیڑ۔ تھپیڑا**۔ (تھ۔پیڑ) (تھ۔پے۔ڑا) [ہ۔ا۔ پہلا مؤنث دوسرا مذکر] (۱) طمانچہ (۲) تیز ہوا کا جھونکا (۳) موجوں کی ضرب (۴) وہ ظرف جس پر آٹے کی لوئی بڑھاتے ہیں۔
**تہتر**۔ (ت۔ہت۔تر) [ہ۔ صفت] تین اوپر ستر۔
**تھتکار**۔ (تھت۔کار) [ہ۔ا۔ مؤنث] (۱) تھو تھو۔ نفرت (۲) تھوکنے کی آواز۔
**تھتکار دینا**۔ دھتکار دینا۔ نکال دینا۔

Marfat.com

**تھتکارا** ۔ (تھت ۔ کا ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تھو تھو کرنے کے قابل ۔ نام نہ لینے کے قابل (۲) دور دور ۔ پھٹکار ۔ نکالا ہوا ۔ حسان (۳) مردود ۔ نالائق ۔
**تھتکارا ہو جانا** ۔ بچوں کو ماں کی بیماری ہو جانا ۔
**تھتکارنا** ۔ (تھت ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تھو تھو کرنا (۲) نفرت ظاہر کرنا ۔
**تہجّد** ۔ (تَ ۔ ہَج ۔ جُد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) رات کو جاگنا (۲) نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے ۔
**تہجّد گزار** ۔ آدھی رات کے بعد اٹھ کر نماز پڑھنے والا ۔
**تہجّی** ۔ (تَ ۔ ہَج ۔ جی) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] ہجے کرنا ۔ حروف ہجا کا پڑھنا ۔
**تہدید** ۔ (تَہ ۔ دید) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] تنبیہ ۔ سرزنش ۔ دھمکی ۔
**تہذیب** ۔ (تَہ ۔ ذیب) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] شائستگی ۔ خوش خلقی ۔
**تہذیب اخلاق** ۔ اخلاق کی درستی ۔ خوش اخلاقی ۔ انسانیت ۔
**تہذیب یافتہ** ۔ تربیت یافتہ ۔ تعلیم یافتہ ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔
**تہرا** ۔ (تِہ ۔ را) [ہ ۔ صف] (۱) تگنا (۲) تین تہ کا (۳) تین لڑ کا ۔
**تہرانا** ۔ (تِہ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) تیسری دفعہ لینا (۲) کسی چیز کو تیسری دفعہ کرنا (۳) تین تہیں کرنا ۔
**تھرانا** ۔ (تھر ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کانپنا (۲) بہت خوف کھانا ۔
**تھر تھر** ۔ (تھر ۔ تھر) [ہ ۔ صف] کانپتا ہوا ۔ لرزاں ۔
**تھر تھر کانپنا** ۔ سردی ۔ خوف یا بخار سے جسم کا کپکپانا ۔
**تھرتھرانا** ۔ (تھر ۔ تھر ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کانپنا ۔ لرزنا (۲) خوف کھانا ۔
**تھرتھراہٹ** ۔ (تھر ۔ تھر ۔ را ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] لرزہ ۔ کپکپی ۔
**تھرتھری** ۔ (تھر ۔ تھ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تھرتھراہٹ (۲) جاڑے کا بخار ۔ لرزہ ۔
**تھرتھری چھوٹنا** ۔ کانپ ۔ تھرتھرانا ۔ لرزنا ۔
**تھرڈ** (THIRD) [انگ ۔ صف] تیسرا ۔ سوم ۔
**تھرڈ کلاس** (THIRD CLASS) تیسرا درجہ ۔ درجہ سوم ۔
**تھرکنا** ۔ (تھ ۔ رک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ... کا حرکت کرنا (۲) ناچنا ۔
**تھرمامیٹر** (THERMOMETER) ۔ تھر ۔ ما ۔ می ۔ ٹر [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مقیاس الحرارت ۔ حرارت ناپنے کا آلہ ۔
**تہری** ۔ (تِہ ۔ ری) [ہ ۔ صف] تہرا کا مؤنث ۔ تین تہی ۔
**تھڑ** ۔ [ہ ۔ صف] تھوڑا کا مخفف ۔ مرکبات میں آتا ہے ۔ جیسے
**تھڑ جانا** ۔ تھڑنا (۱) کم ہونا (۲) ختم ہونا ۔
**تھڑ دلا** ۔ (۱) کم ظرف (۲) بزدل ۔ ڈرپوک ۔ کم حوصلہ ۔
**تھڑا** ۔ (تھ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چبوترہ ۔ دکان یا مکان کے آگے کا چبوترہ ۔
**تھڑی** ۔ (تھُ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تھڑی ۔ لعنت ملامت (۲) بے عزتی (۳) نفرت سے تھوکنا ۔
**تھڑی تھڑی ہونا** ۔ رسوائی ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ لعنت ملامت ہونا ۔
**تہس نہس** ۔ (تَ ۔ ہَس ۔ نَ ۔ ہَس) [ہ ۔ صف] تباہ ۔ برباد ۔ اجاڑ ۔

**تھکا** ۔ (تھ ۔ کا) [ہ ۔ صف] ماندہ ۔ عاجز ۔ شکستہ ۔
**تھکا اونٹ سرائے کو تکتا (دیکھتا) ہے** ۔ مثل ۔ تھکا ہوا آدمی سہارا تکتا ہے ۔ تھکا ہوا دلی چھٹکارا حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔
**تھکا بیل** ۔ (۱) بیکار ۔ کام چور ۔ مجہول ۔ نکما ۔ سست ۔
**تھکا مارنا** ۔ (۱) تنگ کرنا (۲) عاجز کر دینا ۔
**تھکا ماندہ** ۔ **تھکا ہارا** ۔ بہت تھکا ہوا ۔
**تھکا فضیحتی** ۔ (تھک ۔ کا ۔ فَ ۔ ضی ۔ حَ ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) بے عزتی ۔ کان کھولتی (۲) بے عزتی (۳) جھگڑا ۔ فساد ۔
**تھکانا** ۔ [ہ ۔ مص] (۱) ماندہ کر دینا ۔ ہرا دینا ۔ تنگ کر دینا ۔ دق کرنا ۔
**تھکاوٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تھکن ۔ ماندگی ۔
**تھکتھکانا** ۔ (تھک ۔ تھ ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] تھوڑی سے بچنے کسی بڑی بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا ۔
**تھکن** ۔ (تھ ۔ کن) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] تکان ۔ ماندگی ۔
**تھکن اتارنا** ۔ تکان دور کرنا ۔ سستانا ۔
**تھکنا** ۔ (تھک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) شل ہونا ۔ ماندہ ہونا (۲) عاجز ہونا (۳) مایوس ہونا (۴) بوڑھا ہونا ۔ طاقت نہ رہنا (۵) ہمت ہارنا (۶) رک جانا ۔
**تھکوانا** ۔ (تھک ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کسی سے تھوک ڈلوانا (۲) ذلیل کرنا ۔
**تھگلی** ۔ (تھگ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کپڑے کا ٹکڑا (۲) پیوند ۔ جوڑ (۳) تھوڑی سی جگہ یا کان ۔
**تھگلی لگانا** ۔ (۱) کپڑے میں پیوند لگانا (۲) رسائی حاصل کرنا (۳) دور دراز مقام کی خبر لانا (۴) نہایت چالاکی یا ہوشیاری کا کام کرنا ۔
**تھل** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خشک زمین (۲) جگہ (۳) ... (۴) ریگستان (۵) دریا ۔
**تھلتھل** ۔ (تھل ۔ تھل) [ہ ۔ صف] (۱) ڈھیلا (۲) ... والا ۔
**تھلتھل کرنا** ۔ **تھلتھلانا** ۔ (۱) ہلنا (۲) موٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا (۳) ... پانی کی وجہ سے ...
**تہلکہ** ۔ (تَہ ۔ لُ ۔ کہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہلاکت (۲) تباہی (۳) ... شور ۔ خوف ۔ وحشت ۔ خوف ۔
**تہلکہ پڑنا** ۔ **پڑنا** ۔ **پڑنا** ۔ شور مچنا ۔ آفت برپا ہونا ۔
**تھلی** ۔ (تھ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ریگستان کی زمین ۔
**تھلیاں** ۔ (تھ ۔ لیاں) [ہ ۔ مص] ... سے نکلنے ... کے ... کا ...
**تہلیل** ۔ (تَہ ۔ لیل) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] لا الٰہ الا اللہ کہنا ۔
**تھم** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ستون (۲) درخت (۳) ...
**تھم تو سہی** ۔ ذرا ٹھہر ۔ ایسی کیا جلدی ہے ۔
**تھمانا** ۔ (تھ ۔ ما ۔ نا) [ہ ۔ مص] ... ہاتھ میں دینا ۔ پکڑانا ۔
**تہمت** ۔ (تُہ ۔ مت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] ... بہتان ۔ الزام ۔
**تہمت تراشنا** ۔ **جوڑنا** ۔ **دھرنا** ۔ عیب ... الزام دینا ۔ رکھنا ۔ لگانا ۔ بہتان باندھنا ۔

Marfat.com

تہمتی ۔ (تُہ ۔ مَ ۔ تی) [ف ۔ صف] (۱) وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے (۲) تہمت لگانے والا۔
تہمد ۔ (تَہ ۔ مَد) [آر ۔ ا ۔ مذکر] تہ بند کا بگڑا ہُوا۔
تھمنا ۔ (تھَم ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) رُکنا ۔ بند ہونا (۲) ٹھہرنا۔
تھن ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] گائے ۔ بھینس ۔ بکری وغیرہ کے پستان۔
تھن تلے کا دُودھ ۔ تازہ دوہا ہُوا دُودھ۔
تہنیت ۔ (تَہ ۔ نِ ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] مبارکباد ۔ مبارکباد دینا یا لینا۔
تہنیت نامہ ۔ (مذکر) مبارکباد کا خط۔
تہنید ۔ (تَہ ۔ نید) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا۔
تھنیلا ۔ (تھَ ۔ نے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سوجن جو ضرب یا بیماری سے عورتوں کے پستان میں ہو جاتی ہے (۲) سُوجے ہوئے پستان۔
تھو ۔ [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تھوکنے کی آواز (۲) تُف ۔ لعنت۔
تھو تھو ۔ (۱) بار بار تھوکنے کی آواز (۲) تُف ۔ لعنت (۳) نوج ۔ خدا نہ کرے۔
تھو تھو ہونا ۔ بدنامی ہونا ۔ بے عزتی ہونا۔
تہوار ۔ (تِہ ۔ وار) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] خوشی کا دن ۔ مذہبی تقریب کا دن۔
تھوبڑ ۔ تھوبڑا ۔ (تھو ۔ بڑ) ۔ (تھو ۔ بَ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے توبڑا۔
تھوپنا ۔ (تھوپ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کھٹا کرنا (۲) کسی کے ذمہ ڈال دینا (۳) گنواروں کی طرح روٹی پکانا (۴) کوئی چیز جلدی جلدی بنانا (۵) اُپلے تھاپنا (۶) الزام لگانا۔
تھوتنی ۔ (تھوت ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] گھوڑے یا اونٹ کا منہ۔
تھوتنی (پھلانا) سُجانا ۔ ناراض ہونا ۔ خفا ہونا۔
تھوتھا ۔ (تھو ۔ تھا) [ہ ۔ صف] (۱) کھوکھلا ہُوا ۔ اندر سے خالی (۲) کُند (۳) بے معنی ۔ فضول (۴) دُم کٹا سانپ (۵) نیلا تھوتھا۔
تھوتھا چنا باجے گھنا ۔ (مثل) کمینہ آدمی بہت شیخی مارتا ہے۔
تھوتھنی ۔ (تھوتھ ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دیکھیے تھوتنی۔
تھوتھی ۔ (تھو ۔ تھی) [ہ ۔ صف] تھوتھا کی تانیث۔
تھوتھی بات ۔ بے معنی اور لغو بات۔
تہوّر ۔ (تَ ۔ ہَو ۔ وُر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مردانگی ۔ دلیری ۔ شجاعت۔
تہوّر شعار ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر۔
تھورنا ۔ (تھور ۔ نا) [ہ ۔ مص] (حقارتاً) کھانا نگلنا ۔ ٹھونسنا۔
تھوڑا ۔ [ہ ۔ صف] (۱) خفیف ۔ ناکافی (۲) قدرے ۔ قلیل۔
تھوڑا بہت ۔ کم و بیش ۔ کسی قدر ۔ کچھ۔
تھوڑا تھوڑا ۔ ذرا ذرا ۔ کم کم۔
تھوڑا تھوڑا کرکے ۔ آہستہ آہستہ ۔ رفتہ رفتہ ۔ ذرا ذرا کرکے۔
تھوڑا تھوڑا ہونا ۔ خفیف ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔ نادم ہونا۔
تھوڑا (جاننا) سمجھنا ۔ کم سمجھنا ۔ بے وقعت سمجھنا۔
تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔ نہایت قلیل۔
تھوڑا کرنا ۔ کم کرنا ۔ گھٹانا۔
تھوڑا لکھا بہت جاننا ۔ خط کے اخیر میں اس وقت لکھتے ہیں جب کسی آدمی کو کوئی کام کرنے کے لیے تاکید کی جائے۔

تھوڑا ہی ۔ ہرگز نہیں ۔ کبھی نہیں ۔ بالکل نہیں۔
تھوڑا ہے ۔ (۱) کم ہے (۲) (استفہامیہ) کم نہیں ۔ کافی ہے۔
تھوڑے دنوں سے ۔ کچھ عرصے سے ۔ حال میں ۔ چند روز سے۔
تھوڑی ۔ (تھوڑی) [ہ ۔ صف] تھوڑا کی تانیث۔
تھوڑی پونجی کھسّوں کھانے ۔ (مثل) تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں گھاٹا رہتا ہے۔
تھوڑی سی ۔ ذرا سی ۔ کسی قدر ۔ مختصر۔
تھوڑی سی رہ گئی ہے ۔ عمر کا بڑا حصہ گزر چکا ہے ۔ کم باقی ہے۔
تھوک ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کثرت (۲) ڈھیر (۳) جماعت ۔ جتھا (۴) اکٹھا (۵) نقدی ۔ روکڑ (۶) میزان (۷) حصہ (۸) پٹہ ۔ بند ۔ قبضہ۔
تھوک بست ۔ پیمائش کرکے حد باندھنا ۔ حد بندی۔
تھوک بندی ۔ اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔
تھوک فروش ۔ اکٹھا مال بیچنے والا۔
تھوک فروشی ۔ (مؤنث) اکٹھا مال بیچنا۔
تھوک قیمت ۔ (مؤنث) اکٹھے مال کی قیمت۔
تھوک ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پانی جو منہ سے نکلتا ہے ۔ لعاب دہن۔
تھوک دینا ۔ (۱) منہ سے تھوک پھینکنا (۲) چھوڑ دینا ۔ عاق کر دینا (۳) تھکتے کر جانے دینا۔
تھوک (کر) کے چاٹنا ۔ وعدہ کرکے مکر جانا ۔ کوئی چیز دے کر واپس لے لینا۔
تھوک لگانا ۔ (۱) لعاب سے چپکانا (۲) ذلیل کرنا (۳) فریب دینا۔
تھوکنا ۔ [ہ ۔ مص] (۱) تھوک نکالنا (۲) ذلیل سمجھنا (۳) لعنت ملامت کرنا۔
تھوکوں بھی نہیں ۔ سخت نفرت سے ۔ اسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا۔
تھوہر ۔ (تھو ۔ ہَر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک خاردار زہریلا پودا۔
تھئی ۔ (تھَ ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیوں یا پاپڑوں کا ڈھیر (۲) لادی ۔ تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔
تھئی تھئی ۔ (تھَ ۔ ئی ۔ تھَ ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) تال ۔ سم ۔ آواز جو گویے نکالتے ہیں (۲) ناچنے گانے کی آواز ۔ تھاپ کی آواز۔
تہی ۔ (تِ ۔ ہی) [ف ۔ صف] خالی ۔ جس میں کوئی چیز نہ ہو۔
تہی دست ۔ خالی ہاتھ ۔ مفلس ۔ غریب۔
تہی دستانِ قسمت ۔ بدقسمت لوگ۔
تہی دستی ۔ (مؤنث) مفلسی ۔ ناداری ۔ غربت۔
تہی دماغ ۔ جاہل ۔ بے وقوف۔
تہی مغز ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ سادہ لوح۔
تھیٹر ۔ (THEATER) (تھے ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تماشاگاہ (۲) ناچ گھر (۳) ناٹک ۔ تماشا۔
تھیٹریکل ۔ (THEATRICAL) (تھیٹ ۔ رِ ۔ کل) [انگ ۔ صف] تھیٹر سے متعلق۔
تھیلا ۔ (تھے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بڑی تھیلی ۔ بورا۔
تھیلی ۔ (تھے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) چھوٹا تھیلا (۲) توڑا۔
تھیلی کا منہ کھول دینا ۔ بہت خرچ کرنا ۔ بہت فیاضی کرنا۔
تھینکس ۔ (THANKS) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] شکریہ ۔ بہت سے

Marfat.com

شکریہ۔
تھینک یو (THANK YOU) [انگ] آپ کا شکریہ۔
تھیوری۔ (THEORY) (تھیو۔ری) [انگ۔ا۔مؤنث] قیاس خیال۔ اندازہ۔ اصول۔ نظریہ۔
تھیوسوفی (THEOSOPHY) [انگ۔ا۔مذکر] یہ عقیدہ یا اصول کہ ہر شخص بلا واسطہ خدا کی معرفت وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔
تہیّہ۔ (تہ۔یّ۔یہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) مستعدی۔ آمادگی۔ (۲) سامان۔

# ت۔ی

تیا۔ (تی۔یا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گنجفے کا وہ پتا جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں (۲) چوسر کا وہ داؤ جس میں تین پڑیں۔ تین کانے (۳) تین کی ضرب۔
تیا پانچا کرنا۔ (۱) تقسیم کرنا (۲) جھگڑا چکانا (۳) بیچ ڈالنا۔
تیار۔ (تی۔یار) [ع۔صفت] (۱) مستعد۔ آمادہ (۲) پورا (۳) موٹا تازہ (۴) قابل استعمال (۵) پکا ہوا (۶) جوان (۷) آراستہ۔
تیار کرنا۔ (۱) آمادہ کرنا (۲) درست کرنا۔ مکمل کرنا (۳) بہم پہنچانا۔ (۴) کھانا پکانا (۵) پالنا۔ سدھانا (۶) موٹا کرنا۔ طاقتور بنانا۔
تیاری۔ (تی۔یا۔ری) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) آمادگی (۲) درستی۔ آراستگی (۳) انتظام۔
تیاری کرنا۔ (۱) کہیں جانے کا سامان کرنا (۲) کسی کی آؤ بھگت کا انتظام کرنا۔ کوئی کام کرنے کے لیے سامان مہیا کرنا۔
تیاگ۔ (ت۔یاگ) [ہ۔ا۔مذکر] چھوڑنا۔ کنارہ کش ہونا۔
تیاگ کرنا۔ چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔
تیاگنا۔ (ت۔یاگ۔نا) [ہ۔مص] چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
تیاگی۔ (ت۔یا۔گی) [ہ۔صفت] (۱) چھوڑنے والا۔ وہ شخص جو مذہبی وجوہ سے دنیا چھوڑ دے (۲) سادھو۔
تیتالیس۔ تینتالیس۔ (تے۔تا۔لیس)۔ (تین۔تا۔لیس) [ہ۔صفت] تین اوپر چالیس۔
تیتر۔ (تی۔تر) [ہ۔ا۔مذکر] ایک قسم کا پرندہ۔
تیتری۔ (تیت۔ری) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) تیتر کی مادہ (۲) بھنبیری (۳) ایک دوا۔
تیتیس۔ تینتیس۔ (تے۔تیس)۔ (تین۔تیس) [ہ۔صفت] تین اوپر تیس۔
تیج۔ [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) مہینے کی تیسری تاریخ (۲) ایک ہندو تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔
تیج تہوار۔ کوئی تہوار۔ تیج بار کی شیرینی۔
تیجا۔ (تی۔جا) [ہ۔صفت] (۱) تیسرا (۲) مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن۔ فاتحہ سوم۔
تیج پات۔ (تیج۔پات) [ہ۔ا۔مذکر] ایک خوشبودار پتا۔
تیر۔ [ف۔ا۔مذکر] (۱) خدنگ۔ ناوک۔ بان (۲) ایرانیوں کا چوتھا مہینہ (۳) سیدھی لکڑی (۴) عطارد۔ دبیر فلک (۵) طعن و تشنیع (۶) ہر مہینے کا تیرھواں دن۔

تیر افگن۔ تیر چلانے والا۔
تیر افگنی۔ (مؤنث) تیر چلانے کا فن۔ تیر مارنا۔
تیر انداز۔ تیر چلانے والا سپاہی۔ تیر چلانے کا ماہر۔
تیر اندازی۔ (مؤنث) تیر چلانے کا فن۔ ناوک افگنی۔
تیر برسانا۔ بہت سے تیر چلانا۔
تیر بہدف۔ (۱) عین نشانے پر (۲) سریع الاثر۔
تیر ترازو ہونا۔ تیر کا نصف اندر، نصف باہر ہونا۔
تیر تفنگ۔ تفنگ کا چھرا۔
تیر تکوں پر گزارہ (گزران) ہونا۔ باقاعدہ روزگار نہ ہونا۔
تیر چلانا۔ (۱) تیر پھینکنا (۲) کار عظیم کرنا۔
تیر تکلی۔ وہ تیر جو لوٹ نہ خطا نہ کرے۔
تیر خدنگ۔ درخت خدنگ کا بنا ہوا تیر۔
تیر دان۔ ترکش۔
تیر زن۔ تیر چلانے والا۔
تیر زنی۔ (مؤنث) تیر اندازی۔
تیر سحر۔ (۱) صبح کی آہ (۲) بددعا (۳) صبح کاذب کی روشنی۔
تیر فلک۔ عطارد۔ بدھ۔
تیر قضا۔ قضا کا تیر۔ موت۔
تیر کا خطا کرنا۔ تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔ نشانہ چوکنا۔
تیر کمان سے نکلنا۔ تیر کا چلنا۔ تیر کا چھوٹنا۔
تیر کھانا۔ تیر کا زخم کھانا۔ تیر لگنا۔
تیرگر۔ تیر بنانے والا۔
تیرگری۔ (مؤنث) تیر بنانے کا پیشہ۔
تیر لگنا۔ تیر کا نشانے پر پہنچنا۔ نشانہ لگنا۔
تیر مارنا۔ تیر چلانا۔
تیر مژگاں۔ مژگاں کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیر ناوک۔ (۱) چھوٹا تیر (۲) تیر جو نالی سے چلایا جائے۔
تیر نگاہ۔ نگاہ کا تیر۔ معشوق کی نگاہ کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیر نہیں تکا ہی سہی۔ اچھی چیز نہیں تو بری ہی سہی۔
تیر ہوائی۔ (۱) تیر جو ہوا میں چھوڑا جائے (۲) بے کار۔ فضول۔
تیر (ہو جانا) ہونا۔ غائب ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ بھاگ جانا۔
تیر۔ [ہ۔صفت] گزرا ہوا۔
تیر ہو جانا۔ بسر ہو جانا۔ ختم۔ گزر جانا۔
تیرا۔ (تے۔را) [ہ۔ض] (۱) تو کے لیے کلمۂ خطاب (۲) اس سے خدا کو بھی خطاب کرتے ہیں۔
تیرا دامن میرا ہاتھ۔ تیرا دامن پکڑوں گا تجھ سے لوں گا۔
تیرا میرا۔ (۱) اپنے بیگانے کا (۲) جھگڑا۔ تو تو میں میں۔
تیرے صدقے میں۔ (۱) تمہارے طفیل۔ تمہاری وجہ سے (۲) تجھ پر تصدق ہو کر۔
تیرے منہ میں خاک۔ عورتیں کسی کے منہ سے بری بات سن کر کہتی ہیں۔
تیرے منہ میں گھی شکر۔ خوشی کی خبر سن کر کہتی ہیں۔
تیراک۔ (تے۔راک) [ہ۔ا۔مذکر] شناور۔ پیراک۔
تیراک ہی ڈوبتے ہیں۔ جو آدمی کسی کام میں مہارت رکھتا ہے اسی سے چوٹ کھاتا ہے۔
تیراکی۔ (تے۔را۔کی) [ہ۔ا۔مؤنث] تیرنے کا فن۔ شناوری۔ پیراکی۔

Marfat.com

تَیرانا۔ (تے۔را۔نا) [ہ۔ مص] پانی پر چلانا۔
تَیراؤ۔ (تے۔را۔آو) [ہ۔صف] پانی کا تیرنے کے قابل ہونا۔
تَیراؤ پانی۔ گہرا پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔
تِیرتھ۔ (تی۔رَتھ) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) نہانے کی جگہ (۲) مقدس مقام یا مندر جہاں لوگ یاترا کے لیے جائیں (۳) درشن۔ زیارت (۴) گھاٹ (س تیرتھ)
تِیرتھ جاترا۔ کسی مقدس مقام پر جانا۔ زیارت۔
تِیر جانا۔ (تیر۔جا۔نا) [ہ۔مص] (۱) کسی دھاردار آلے کا جسم کے پار ہو جانا (۲) گولی کا جسم سے پار ہو جانا (۳) گھس جانا۔ (۴) نگاہ کا ایک سرے سے دوسرے سرے تک چلا جانا۔
تِیرگی۔ (تی۔رَ۔گی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) سیاہی۔ تاریکی (۲) ترش۔
تِیرگیٔ بخت۔ بدقسمتی۔ قسمت کی خرابی۔
تیرگی چھانا۔ اندھیرا ہونا۔
تیرگیٔ شب۔ رات کی تاریکی۔
تَیرنا۔ (تَیر۔نا) [ہ۔مص] (۱) پیرنا (۲) شناوری (۳) ماہر ہونا۔ واقف ہونا (۴) تیزو دیکھیے تیر جانا۔
تیرہ۔ (تے۔رَہ) [ہ۔صف] تین اوپر دس۔
تیرہ تیزی۔ صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم علیل ہوئے تھے صفر کا مہینہ۔
تِیرہ۔ (تی۔رَہ) [ف۔صف] کالا۔ سیاہ۔
تیرہ اَبر۔ (مذکر) سیاہ بادل۔
تیرہ بخت (روز۔ روزگار) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب
تیرہ بختی۔ (مؤنث) بدقسمتی۔ بدبختی۔
تیرہ درُوں۔ سیاہ دل۔ بے ایمان۔ کافر
تیرہ دل۔ سیاہ دل۔ ظالم۔ شریر۔ شقی القلب۔
تیرہ و تار۔ بہت تاریک۔ اندھیرا گھپ۔
تیرھواں۔ (تیرہ۔واں) [ہ۔صف] تیرھویں نمبر یا درجے پر۔
تیرھویں۔ (تیرہ۔ویں) [ہ۔صف] تیرھواں کی تانیث۔
تیری۔ (تے۔ری) [ہ۔ض۔ مؤنث] تیرا کی تانیث۔
تیری آواز مکے اور مدینے۔ اللہ تیری بات کو مبارک کرے۔
تیری کرنی تیرے آگے۔ میری کرنی میرے آگے (مثل) جیسا تو نے کیا ہے۔ اس کا تجھے بدلہ ملے۔ جیسا میں نے کیا ہے ویسا مجھے صلہ ملے۔
تیز۔ [ف۔ صف] (۱) دھاردار (۲) تیغ (۳) جلد (۴) چالاک۔ ذہین (۵) شدید۔ سخت (نظر کی صفت میں) باریک بیں (۶) زخم یا آنکھ میں لگنے والا (۷) بہتر۔ بڑھ کر (۸) جوشیلا (۹) مہنگا۔ گراں۔
تیز دست۔ جلد جلد کام کرنے والا۔
تیز دستی۔ (مؤنث) جلد جلد ہاتھ چلانا۔ جلدی کام کرنا۔
تیز (رفتار) رَو۔ (۱) جلد چلنے والا (۲) چالاک۔ پھرتیلا۔
تیز (رفتاری) رَوی۔ (مؤنث) جلد چلنا۔ جلدی۔ بے تابی۔ عجلت۔
تیز زبان (۱) جلدی جلدی گفتگو کرنے والا۔ (۲) منہ پھٹ۔
تیز طبع۔ ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار۔
تیز طبعی۔ (مؤنث) ذہانت۔ ذکاوت۔ ہوشیاری۔
تیز فہم۔ جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔ ذکی۔

تیز فہمی۔ (مؤنث) جلدی سمجھنے کی قوت۔
تیز کرنا۔ (۱) دھار نکالنا (۲) زیادہ کرنا (۳) ناراض کرنا (۴) قوت بڑھانا۔ غصہ دلانا۔
تیز گام۔ جلد چلنے والا۔ تیز رفتار۔
تیز گامی۔ (مؤنث) جلد چلنا۔
تیز مزاج۔ تند۔ غصیل۔ زود رنج۔
تیز مزاجی۔ (مؤنث) تندی۔ غصیلا پن۔
تیز و تُند۔ (۱) بہت تیز (۲) مدہوش کر دینے والی (شراب)
تیز ہونا۔ (۱) دھار نکالی جانا (۲) خفا ہونا (۳) مہنگا ہونا (۴) شدید ہونا (گرمی وغیرہ)۔
تیزاب۔ (تے۔زاب) [ف۔ ا۔ مذکر] ایک سیال مرکب۔ نہایت ترش۔ ایسڈ (ACID)
تیز پات۔ (تیز۔پات) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے تیج پات۔
تیزی۔ (تے۔زی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) تندی (۲) گرم مزاجی (۳) گرمی (۴) ضرورت۔ خواہش (۵) مہنگائی (۶) لگنے والی دوا کا اثر (۷) دھاردار ہونا۔
تیزی کا چاند۔ صفر کے مہینے کا چاند۔
تیزی کرنا۔ (۱) جلدی کرنا (۲) چالاکی کرنا (۳) شوخی کرنا۔
تیس۔ [ہ۔صف] دس اوپر بیس۔
تیس دن۔ تیسوں دن (۱) مہینہ بھر (۲) کنایۃً۔ ہر روز۔ آئے دن (۳) ہمیشہ۔ سدا۔ نت۔ دائم۔
تیس روزہ۔ مہینہ۔
تیس مار خاں۔ (مذکر) (طنزاً) بہادر آدمی۔
تیسوں کلام۔ (مذکر) قرآن شریف۔ جس کے تیس پارے ہیں۔
تیسا۔ (تے۔سا) [ہ۔صف] اس طرح کا ویسا۔
تیسرا۔ (تیس۔را) [ہ۔صف] (۱) دو کے بعد کا (۲) تین سے نسبت رکھنے والا۔
تیسرا آتار۔ (۱) جزو المکعب۔ مکعب۔ مول (۲) کسی رقم کا تیسرا آتار وہ عدد جس کو تین دفعہ ضرب دینے سے اصل رقم نکل آئے جیسے آٹھ کا تیسرا آتار دو ہے۔ دو کو تین دفعہ آپس میں ضرب دو تو آٹھ آ جائے گا۔
تیسرا پہر۔ دوپہر کے بعد کا پہر۔ سہ پہر۔
تیسرا چڑھاؤ۔ مکعب۔ کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دیں تو جو رقم آئے جیسے دو کا تیسرا چڑھاؤ آٹھ ہے۔
تیسری۔ (تیس۔ری) [ہ۔صف] (۱) تیسرا کی تانیث (۲) تین دفعہ ہل چلی ہوئی زمین (۳) مہینے کا تیسرا دن۔
تیسرے۔ (تیس۔رے) [ہ۔صف] تین کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے۔
تیشہ۔ (تے۔شہ) [ف۔ ا۔ مذکر] بڑھیوں کا ایک اوزار بسولہ۔
تیغ۔ [ف۔ ا۔ مؤنث] تلوار۔ شمشیر۔
تیغ آزمائی۔ (مؤنث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
تیغ ابرو۔ (مؤنث) ابرو کا استعارہ تیغ سے کرتے ہیں۔
تیغ بُرّاں۔ (مؤنث) کاٹنے والی تلوار۔
تیغ بکف۔ ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے۔ لڑنے کو تیار۔
تیغ بے دریغ۔ تلوار جو فوراً نکال جائے۔

Marfat.com

تیغ (دو دستی) دو دَم۔ وہ تلوار جس کے دونوں طرف دھار ہو۔
تیغ رواں۔ جلد کاٹنے والی تلوار۔
تیغ زن۔ تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔
تیغ زنی۔ (مؤنث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔
تیغ فلک۔ (مؤنث) (۱) مریخ (۲) آسمان (۳) سورج کی کرنیں۔
تیغ قلم۔ (مؤنث) قلم کی تیزی کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیغ کوہ۔ (مؤنث) پہاڑ کی چوٹی۔
تیغ ناز۔ (مؤنث) ناز و انداز کی تلوار۔ محبوب کی ناز و ادا کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔
تیغ ہلالی۔ (مؤنث) ہلال کی طرح خمیدہ تلوار۔ اس سے ابرو کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
تیغا۔ (تے - غا) [ت - ا - مذکر] (۱) کشتی کا ایک داؤ (۲) محراب یا دروازے کا چُنا جانا (۳) چھوٹی تلوار۔
تیغچہ۔ (تے - غَہ) [ف - ا - مذکر] چھوٹی تلوار۔
تیقّن۔ (ت - یَق - قُن) [ع - ا - مذکر] (۱) یقین کرنا (۲) یقین۔ اعتبار۔
تیکھا۔ (تی - کھا) [ہ - صفت] (۱) تیز (۲) ذہین (۳) تیز مزاج (۴) چمک دار (۵) حسین (۶) شوخ۔
تیکھا پن۔ (مذکر) (۱) شوخی۔ چلبلاہٹ۔ چنچلاہٹ (۲) کج ادائی روکھا پن۔
تیکھی۔ (تی - کھی) [ہ - صفت] تیکھا کی تانیث۔ البیلی۔ بانکی۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔
تیکھی چتون۔ ترچھی نظر۔ ٹیڑھی نگاہ۔
تیل۔ [ہ - ا - مذکر] روغن جو بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔
تیل پیلنا۔ کولھو میں بیج ڈال کر تیل نکالنا۔
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ [مثل] ابھی استقلال دو۔ دیکھو کیا ہوتا ہے۔
تیل ڈالنا (۱) تیل لگانا (۲) کسی چیز میں تیل ٹپکانا۔
تیل نکالنا۔ (۱) بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا (۲) بہت کام لینا بہت کمزور کر دینا۔
تیل (نکل جانا) نکلنا۔ (۱) بیجوں سے تیل حاصل ہونا (۲) طاقت ضائع ہونا (۳) دوالہ نکل جانا۔
تیلن۔ (تے - لن) [ہ - ا - مؤنث] (۱) تیلی کی بیوی (۲) تیلی قوم کی عورت۔
تیلی۔ (تے - لی) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک قوم جو تیل نکالتی ہے (۲) اس قوم کا ایک فرد (۳) تیل بیچنے والا۔
تیلی تنبولی۔ (مذکر) تیل اور پان بیچنے والے لوگ۔ نیچ ذات کے لوگ۔
تیلی کا بیل۔ وہ شخص جو رات دن محنت کرتا رہے۔
تیلی کا تیل جلے مشعلچی کی مفت کٹے } [مثل] خرچ کسی کا ہو اور
تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل جلے } کڑھے کوئی۔
تیلیا۔ (تے - لی - یا) [ہ - صفت] (۱) تیل کے رنگ کا میلا، چکنا (۲) ایک سیاہی مائل رنگ۔
تیلیا سرنگ۔ سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔ کمیت گھوڑا
تیلیا سہاگہ۔ ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں چکنا ہوتا ہے۔
تیلیا کاکریزی۔ گہرا اودا رنگ۔

تیلیا کمیت۔ سیاہی مائل کمیت گھوڑا۔
تیلیا مونگیا۔ بہت سیاہی مائل سبز رنگ۔
تیلی۔ (تی - لی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) سلائی (۲) پنجرے کا تار۔
تیمار۔ (تی - مار) [ف - ا - مذکر] (۱) مریض کی خبرگیری (۲) علاج معالجہ (۳) ہمدردی۔ بیمار پرسی۔
تیماردار۔ بیمار کی دیکھ بھال کرنے والا۔
تیمارداری۔ (مؤنث) (۱) بیمار کی خدمت۔ ہمدردی (۲) علاج معالجہ۔
تیمم۔ (تَ - یَم - مُم) [ع - ا - مذکر] پانی نہ ملے تو بجائے وضو کے دونوں ہتھیلیاں مع انگلیوں کے پھیلا کر پاک مٹی یا کسی اور چیز پر جس سے مٹی چھنتی ہو مارتے ہیں اور اس کے بعد منہ اور بازوؤں پر پھیرتے ہیں۔
تیمن۔ (تَ - یَم - مُن) [ع - ا - مذکر] (۱) با برکت ہونا (۲) برکت حاصل کرنا۔
تیمنا و تبرکاً۔ برکت اور تبرک کے طور پر۔
تین۔ [ہ - صفت] دو اور ایک۔
تین پانچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ دغا بازی کرنا۔
تین تیرا۔ تتر بتر۔
تین تیرہ بارہ باٹ۔ ضائع۔ برباد۔ تباہ۔
تین حرف بھیجنا (۱) لعنت بھیجنا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔
تین رقمی قانون۔ (مذکر) (علم حساب) اربعہ متناسبہ۔
تین میں نہ تیرہ میں۔ (۱) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نہایت معمولی حیثیت کا ہو۔
تینتالیس۔ (تین - تا - لیس) [ہ - صفت] دیکھیے تیتالیس۔
تینتیس۔ (تین - تیس) [ہ - صفت] دیکھیے تیتیس۔
تیتر ا۔ (تیں - تْ - را) [ہ - صفت] وہ بیٹا جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو۔
تیتری۔ (تیں - تْ - ری) [ہ - صفت] وہ بیٹی جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔
تیندوا۔ (تیں - دُوا) [ہ - ا - مذکر] ایک درندہ۔ چیتے کی قسم کا۔
تینوں۔ (تی - نوں) [ہ - صفت] تین کے تین۔
تیور۔ (تے - وَر) [ہ - ا - مذکر] (۱) چتون (۲) چہرے کا طور (۳) بھوں (۴) پیشانی۔
تیور بدل جانا۔ بے مروت ہو جانا۔ نگاہیں پھر جانا۔
تیور برے نظر آنا۔ نگاہ بد معلوم ہونا۔
تیور بگڑنا (۱) پہلی سی نظر نہ رہنا (۲) نگاہوں سے خفگی ظاہر ہونا۔
تیور (پہچاننا) تاڑ جانا۔ قیافے سے مزاج کا حال معلوم ہونا۔
تیور دیکھنا۔ عندیہ معلوم کرنا۔ مزاج کی کیفیت دیکھنا۔
تیور میلے ہونا۔ چہرے یا نگاہ سے ناراضی ظاہر ہونا۔
تیورا کر گرنا۔ [ہ - مص] چکرا کر گر پڑنا۔ بے ہوش ہو جانا۔
تیورانا۔ (تیو - را - نا) [ہ - مص] آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ غشی کی حالت ہونا۔
تیوری۔ (تِ - یو - ری) [ہ - ا - مؤنث] نظر۔ چتون۔ نگاہ۔ پیشانی۔
تیوری (بدلنا، چڑھانا) میں بل ڈالنا۔ خفے ہونا۔
تیوری (چڑھنا) میں بل پڑنا۔ ماتھے پر شکن پڑنا۔ آزردہ ہونا۔
تیوہار۔ (تِ - یو - ہار) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے تہوار۔
تیہ۔ تیہا۔ (تیہ)۔ (تے - ہا) [ہ - ا - مذکر] (۱) غصہ۔ غضب (۲) تیزی۔ جوش۔ حرارت۔
تیئیس۔ (تے - ئیس) [ہ - صفت] تین اوپر بیس۔

Marfat.com

# ٹ

ٹ (ٹے) ۔ مونث ، اُردو حروف تہجی کا پانچواں اور ہندی زبان کا گیارھواں حرف ۔ فارسی اور عربی زبانوں میں نہیں ہے ۔ اسے تائے ثقیلہ اور تائے ہندی بھی کہتے ہیں ۔ حساب ابجد میں اس کے اعداد چار سو ہیں ۔ بعض کلمات کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتا ہے ۔ جیسے سجاوٹ ۔ بناوٹ ۔

## ٹ ۔ ا

**ٹاپ** [ہ ۔ ا ۔ مونث ] (۱) گھوڑے کا سُم (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب (۳) وہ آواز جو گھوڑے کے چلنے یا دوڑنے میں زمین پر سُم پڑنے سے نکلتی ہے (۴) مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا (۵) چارپائی کے پلنگ کا گرد جو پروائے پر رکھا جاتا ہے (۶) انگدہ کا نچلا موٹا حصہ (۷) قرشی حُقّے کا نچلا پھیلاؤ حصہ (۸) وہ لکڑی جس سے دھونسا یا ڈُبل بجاتے ہیں ۔

**ٹاپ دار** ۔ آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا ۔ موٹے سرے کا ۔

**ٹاپا** ۔ (ٹا ۔ پا ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) مرغیوں کا کھانچا (۲) لکڑی کی جالیدار چوکھٹ جو بچوں کے پنگوڑے پر ڈھانکتے ہیں (۳) ایک قسم کی کشتی جس پر چوکھٹ دار ڈھکنا ہو ۔

**ٹاپتا پھرنا** (ٹاپ ۔ تا ۔ پھرنا ) [ہ ۔ مص ] (۱) مارا مارا پھرنا (۲) جھکتا پھرنا ۔

**ٹاپتا رہ جانا** [ہ ۔ مص ] (۱) کسی چیز کی آرزو یا انتظار میں بیٹھا رہ جانا (۲) کوئی چیز نہ ملنے کی وجہ سے دل مار کر بیٹھ جانا ۔

**ٹاپنا** (ٹاپ ۔ نا ) [ہ ۔ مص ] (۱) کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا ۔ ڈھونڈنا (۲) انتظار کرنا (۳) پھاندنا (۴) گھوڑے کا اگلے پاؤں کو زمین پر مارنا ۔

**ٹاپو** ۔ (ٹا ۔ پُو ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] جزیرہ ۔

**ٹاٹ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) سن کا بنا ہوا کپڑا ۔ بوری کا کپڑا (۲) بونٹ کا سبز خول ۔

**ٹاٹ باف** ۔ گوٹی پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والا ۔ زردوز ۔

**ٹاٹ باقی ہونا** ۔ کام دار ہونا ۔

**ٹاٹ کا لنگوٹا نواب سے یاری** (مثل ) مفلسی میں امیروں سے دوستی ۔

**ٹاٹا** (TATA) (ٹا ۔ ٹا ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] خدا حافظ ۔ بچوں کی بولی ۔

**ٹارٹری** (TATRI) (ٹار ۔ ٹری ) [ انگ ۔ ا ۔ مونث ] کریم آف ٹارٹر کا مخفف ۔ وہ مسالہ جس سے خمیر اٹھاتے ہیں ۔

**ٹار** (TAR) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] گندہ بروزہ ۔ تارکول ۔ کول تار ۔

**ٹارچ** (TORCH) [ انگ ۔ ا ۔ مونث ] مشعل ۔

**ٹاس** (TOSS) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] سکے کو اُچھال کر اس امر کا فیصلہ کرنا کہ کون کس کام کو پہلے شروع کرے ۔

**ٹافی** (TOFFEE) [ انگ ۔ ا ۔ مونث ] ایک انگریزی مٹھائی ۔

**ٹاکی** (TALKIE) [ انگ ۔ ا ۔ مونث ] بولتی فلم ۔

**ٹال** [ہ ۔ ا ۔ مونث ] (۱) جلانے کی لکڑی کی دوکان (۲) اناج یا بھس کا ذخیرہ (۳) گائے یا ہاتھی کے گلے کی گھنٹی (۴) ٹالم ٹول ۔ بہانہ سازی ۔

**ٹال دینا** (۱) کسی کو بہانہ بنا کر رخصت کر دینا (۲) سُنی اَن سُنی کر دینا ۔

**ٹال مٹول** ۔ ٹالم ٹول کرنا (۱) دیر لگانا (۲) بہانے کرنا ۔

**ٹالا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] حیلہ ۔ حوالہ ۔ بہانہ ۔ تاویل ۔

**ٹالا بالا** ( مذکر ) آج کل آج کل کرنا ۔ بہانہ سازی ۔

**ٹالا بالا بتانا** ، دینا ) (۱) ٹالنا (۲) حیلے حوالے کرنا (۳) دیر لگانا ۔

**ٹالے نہ ٹلنا** ۔ ٹالنے کی انتہائی کوشش کے باوجود نہ جانا ۔

**ٹالنا** (ٹال ۔ نا ) [ہ ۔ مص ] (۱) ملتوی کرنا (۲) حیلے حوالے کرنا (۳) دیر لگانا (۴) دھوکا دینا ۔

**ٹالی** [ہ ۔ ا ۔ مونث ] (۱) چوپایوں کے گلے کی چھوٹی گھنٹی (۲) دلالوں کی اصطلاح میں نصف روپیہ ۔

**ٹامک ٹوئیے مارنا** [ہ ۔ مص ] اندازے سے کام کرنا ۔

**ٹامی** (TOMMY) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] گورہ فوج کا سپاہی ۔

**ٹامی گن** (TOMMY GUN) چھوٹی مشین گن ۔

**ٹانٹ** [ہ ۔ ا ۔ مونث ] آدمی کی کھوپڑی ۔ چندیا ۔

**ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا** (۱) مفلس ہو جانا (۲) ہو کنا ۔ حوادث زمانہ کا شکار ہونا (۳) بہت جوتے لگنا ۔

**ٹانٹ پر بال نہ ہونا** ۔ مزید مصیبتیں اور تکلیفیں اٹھانے کے قابل نہ ہونا ۔ مزید جوتیاں کھانے سے پناہ مانگنا ۔

**ٹانٹ کھجانا** ۔ پٹنے کو جی چاہنا ۔

**ٹانڈ** ۔ **ٹانڈھ** [ہ ۔ ا ۔ مونث و مذکر ] (۱) مچان (۲) چبوترا (۳) دیوار میں لگا ہوا تختہ (۴) کڑا جو بازو پر پہنا جاتا ہے ۔

**ٹانڈا** ۔ (ٹان ۔ ڈا ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) قافلہ ۔ سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب (۳) تجارت کا مال (۴) خاندان (۵) مویشیوں کی قطار ۔

**ٹانڈا لادنا** ۔ **ٹانڈا لدنا** ۔ **ٹانڈا لد جانا** (۱) مال تجارت لادنا ۔ گھر کا سامان اور بیوی بچوں کو لے کر کہیں چلے جانا (۲) مر جانا ۔

**ٹانسل** (TONSIL) (ٹان ۔ سِل ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] گلے کی گلٹی ۔ کوا ۔

**ٹانک** (TONIC) (ٹا ۔ نک ) [ انگ ۔ ا ۔ مذکر ] مقوی دوا ۔

**ٹانک** [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) جواہرات تولنے کا وزن جو چوبیس رتی کا ہوتا ہے ۔ (مونث ) (۲) حصہ ۔ پتی (۳) جانچ ۔ اندازہ (۴) ٹانکنے کا فعل ۔

**ٹانک رکھنا** ۔ **ٹانک لینا** ۔ یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا ۔ نوٹ کر لینا ۔

**ٹانکا** (ٹان ۔ کا ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) سوئی کے دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے کے اندر گھس کر باہر نکلنا (۲) زخم کا ایک مرتبہ بخیہ کرنا (۳) دھات جوڑنے کا مسالا (۴) کپڑے ، چمڑے یا دھات کا جوڑ ۔

**ٹانکا اُدھڑ جانا** (۱) سلائی اُدھڑ جانا (۲) تباہ و برباد ہو جانا ۔

Marfat.com

(۳) بھید کھل جانا ۔

**ٹانکا بھرنا یا بھرتا** (۱) بھٹا پرانا مرمت کرنا (۲) زخم سینا (۳) عیب پوشی کرنا (۴) مصیبت میں تسلی دینا ۔

**ٹانکا ٹوٹنا** (۱) سیون ادھڑنا (۲) زخم کی سیون کا دھاگا ٹوٹنا (۳) کھیرا جانا ۔

**ٹانکا چھالنا** (۱) کسی ٹوٹے ہوئے زیور یا برتن وغیرہ کا ٹانکا کاٹ کر توڑ دینا (۲) کسی سے روپیہ کاٹ لینا ۔

**ٹانکا لگانا** (۱) پیوند لگانا (۲) زخم سینا (۳) ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور میں ٹانکے سے جوڑ لگانا (۴) دو آدمیوں میں دوستی کرانا ۔ نسبت کرنا ۔ شادی کرانا ۔

**ٹانکا مارنا** (۱) موٹی سلائی کرنا (۲) جلدی جلدی سینا (۳) کھونپنا ۔

**ٹانکنا** ٹانک ۔ نا [ہ ۔ ف ۔ متعدی] (۱) سینا (۲) موتی یا چکا موتی ٹانکے سے لگانا (۳) زخم سینا (۴) جوڑنا ، سینا (۵) تحتی کرنا (۶) ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور کو جھالنا (۷) لکھنا ۔ درج کرنا ۔

**ٹانگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) جسم کا وہ حصہ جو ران کی جڑ سے پاؤں تک ہے (۲) کبوتروں کی اصطلاح میں چوتھائی حصہ ۔

**ٹانگ اڑانا** (۱) پاؤں پھنسانا (۲) بے ضرورت دخل دینا (۳) روکنا آگے چلنے نہ دینا ۔

**ٹانگ برابر** ۔ چھوٹا سا ۔ ذرا سا ۔

**ٹانگ تلے (نیچے) سے نکل جانا** ۔ ہار مان لینا ۔ مغلوب ہو جانا ۔

**ٹانگ تلے (نیچے) سے نکالنا** (۱) نیچا دکھانا ۔ ہرانا (۲) اطاعت کروانا ۔

**ٹانگ توڑنا** (۱) ہیچ کر دینا (۲) کسی زبان کی معمولی شد بد پر وہ زبان لکھنے بولنے کی کوشش کرنا ۔

**ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا** ۔ اپنے پاس سے جانے نہ دینا ۔ پہلو میں بٹھانا ۔

**ٹانگ لینا** (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کتے کا کاٹنے کے لیے لپکنا (۳) پیچھے پڑنا ۔

**ٹانگوں کا جواب دے دینا** ۔ آگے چلنے کی طاقت نہ رہنا ۔

**ٹانگیں رہ جانا** (۱) تھک کر چور ہو جانا (۲) سوکھے کی بیماری کی وجہ سے ٹانگیں سوکھ جانا ۔

**ٹانگنا** ٹانگ ۔ نا [ہ ۔ ف ۔ متعدی] (۱) لٹکانا (۲) پھانسی دینا ۔

**ٹاور** (TOWER) ٹا ۔ ور [انگ ۔ ا ۔ مذکر] برج ۔ مینار ۔ لاٹھ ۔

**ٹائپ** (TYPE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف (۲) نمونہ (۳) وضع ۔ نمونہ ۔ نقشہ ۔

**ٹائپ رائٹر** [مذکر] ٹائپ کرنے والی مشین ۔

**ٹائپسٹ** (TYPIST) ٹائی ۔ پسٹ [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹائپ کرنے والا ۔ ٹائپ رائٹر پر کام کرنے والا ۔

**ٹائٹل** (TITLE) ٹا ۔ ئٹل [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) عنوان (۲) سرخی (۳) پیشانی (۴) سرورق (۵) القاب ۔ خطاب ۔ عہدہ ۔

**ٹائر** (TYRE) ٹا ۔ ئر [انگ ۔ ا ۔ مذکر] پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ ۔

**ٹائل** (TILE) ٹا ۔ ئل [انگ ۔ ا ۔ مونث] پکی مٹی کی پتلی تختی جو عمارت کی دیواروں اور فرش پر لگائی جاتی ہے ۔

**ٹائم** (TIME) ٹا ۔ ئم [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وقت (۲) ابکاری کی اصطلاح : پوری مدت ۔ میعاد ۔ قطعی ۔

**ٹائم بم** (TIME BOMB) [مذکر] ایسا بم جو مقررہ وقت پر پھٹے ۔

**ٹائم پیس** (TIME PIECE) چھوٹا گھنٹہ ۔

**ٹائم ٹیبل** (TIME TABLE) [مذکر] نقشہ تقسیم اوقات ۔

**ٹائم کیپر** (TIME KEEPER) [مذکر] وقت کا حساب رکھنے والا ۔ مزدوروں کا ۔

**ٹاؤن** (TOWN) ٹا ۔ ؤن [انگ ۔ ا ۔ مذکر] قصبہ ۔ شہر ۔

**ٹاؤن ہال** (TOWN HALL) [مذکر] شہر کی وہ عمارت جس میں میونسپل کمیٹی وغیرہ کا دفتر ہو ۔

**ٹائی** (TIE) ٹا ۔ ئی [انگ ۔ ا ۔ مونث] ریشمی یا سوتی فیتہ جو قمیص کے کالر کے ساتھ پہنتے ہیں ۔

**ٹائیفائیڈ** (TYPHOID) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] میعادی بخار ۔

**ٹائیں ٹائیں** [ہ ۔ ا ۔ مونث] بکواس ۔ طوطے کی آواز ۔

**ٹائیں ٹائیں فش** ۔ بکواس بہت نتیجہ کچھ نہیں ۔

## ٹ ۔ ب

**ٹب** (TUB) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ناند ۔

**ٹبا** ٹب ۔ با [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ٹیلا ۔ اونچی جگہ ۔

**ٹبر** ٹب ۔ بر [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خاندان ۔ کنبہ ۔ قبیلہ (۲) مال اسباب (۳) گھر کا خرچ (۴) انتظام کا بار یا ذمہ داری ۔

## ٹ ۔ پ

**ٹپ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ٹپکنے کی آواز ۔ بوندیں گرنے کی آواز (۲) [مذکر] گاڑی کا سائبان ۔ ہڈ (۳) ٹپے کی دو تکوں میں سے ایک تک ۔

**ٹپ ٹپ** [مونث] کسی سیال چیز کے بوند بوند گرنے کی آواز ۔

**ٹپ** (TIP) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) انعام ۔ بخشش (۲) گھوڑ دوڑ سے پہلے جیتنے والے گھوڑے کے بارے میں خفیہ اطلاع ۔

**ٹپا** ٹپ ۔ پا [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کود ۔ پھاند (۲) زد ۔ بندوق کی گولی کی (۳) دور دور کا بخیہ (۴) ایک قسم کا گیت (۵) ڈاک خانہ (۶) ضلع یا پرگنے کا حصہ (۷) مقام ۔

**ٹپا کھانا** ۔ گولی یا گیند وغیرہ کا کسی چیز سے ٹکرا کر اچھلنا ۔

**ٹپے ٹوئی** ۔ تلاش ۔ تجسس ۔ ڈھونڈ ۔

**ٹپانا** ٹ ۔ پا ۔ نا [ہ ۔ متعدی] کدانا ۔ چھلانگ لگوانا ۔

**ٹپر** ٹپ ۔ پر [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چھپر جو بڑے اونٹ چھکڑے پر ڈال دیا جاتا ہے ۔

**ٹپس** ٹپ ۔ پس [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) وسیلہ ۔ سہارا (۲) اتفاق ۔ میل جول ۔

**ٹپک** ٹ ۔ پک [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پانی کے قطرے لگاتار

Marfat.com

کرنے کی آواز (۴) زخم کی ٹیس یا چمک۔ تپک۔ پھڑک۔
**ٹپک پڑنا** (۱) فریفتہ ہو جانا (۲) چونا۔ رِسنا (۳) کود پڑنا (۴) یکایک اوپر سے آ گرنا۔
**ٹپکا** (ٹپ۔ کا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) لگاتار بُوندیں گرنا (۲) چھت سے پانی ٹپکنا (۳) بارش کے قطرے (۴) پیڑ کا پکا آم جو از خود گرے۔ (۵) ایسا شخص جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے۔
**ٹپکا لگنا** (۱) چونا۔ رِسنا (۲) آموں کا لگاتار درختوں سے گرنا (۳) چھری لگنا۔
**ٹپکے کا** (۱) گرا ہُوا (۲) پکا ہُوا۔
**ٹپکانا** (ٹپ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرانا (۲) بوند بوند کر کے پانی گرانا (۳) نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔
**ٹپکاؤ** (ٹپ۔ کا۔ او) [ہ۔ ا۔ مذکر] ٹپکنے کا عمل۔ عرق کشی۔
**ٹپکنا** (ٹ۔ پک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چونا۔ رِسنا (۲) عرق نکلنا۔ نچڑنا (۳) بخوبی ظاہر ہونا۔ نظر آنا (۴) پکّے پھل کا از خود زمین پر گرنا (۵) پھوڑا پھوٹنا (۶) سپاہیوں کا زخمی ہو کر گرنا (۷) پرندوں کا بلندی سے گرنا (۸) کسی کی طرف مائل ہونا (۹) فکر کے وقت شعر ہو جانا۔
**ٹپن** (ٹ۔ پن) [ا۔ ا۔ مذکر] دیکھیے ٹفن۔
**ٹپنا** (ٹپ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) اُچھلنا۔ کودنا (۲) پھاند جانا۔

## ٹ ۔ ٹ

**ٹٹا** (ٹٹ۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) بڑی ٹٹی (۲) اوٹ۔ چھپنے کی جگہ۔
**ٹٹ پونجیا** (ٹٹ۔ پُون۔ جی۔ یا) [ہ۔ صفت و۔ ا۔ مذکر] (۱) تھوڑی پُونجی والا (۲) چھوٹا سوداگر۔
**ٹٹ خارنا** (ٹٹ۔ خار۔ نا) دیکھیے ٹٹکارنا۔
**ٹٹ خاری** (ٹٹ۔ خا۔ ری) دیکھیے ٹٹکاری۔
**ٹٹروں ٹوں** (ٹٹ۔ رُوں۔ ٹوں) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) فاختہ اور قُمریوں کی آوازیں (صفت) (۲) اکیلا۔ تن تنہا۔
**ٹٹڑی** (ٹٹ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) کھوپڑی (۲) ٹٹی۔ باڑھ۔
**ٹٹکارنا** (ٹٹ۔ کار۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لیے مُنہ سے آواز نکالنا (۲) حیلے حوالے کر کے ٹالنا۔
**ٹٹکاری** (ٹٹ۔ کا۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) وہ آواز جو جانوروں کو ہانکتے وقت مُنہ سے نکالتے ہیں (۲) زبانی جمع خرچ (۳) اشارا۔ سیٹی۔
**ٹٹکاری پر لگنا** (۱) سیٹی کی آواز پر آنا (۲) مانوس ہونا (۳) مطیع ہونا۔
**ٹٹو** (ٹٹ۔ ٹو) [ہ۔ ا۔ مذکر] چھوٹے قد کا گھوڑا۔
**ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ۔** (مثل) عقلمند اشارے پر کام کرتا ہے۔ بیوقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔
**ٹٹوانی** (ٹٹ۔ وا۔ نی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ٹٹو کی مادہ۔
**ٹٹول** (ٹ۔ ٹول) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) تلاش۔ ڈھونڈ (۲) لمس۔
**ٹٹول کرنا۔** چھان بین کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔
**ٹٹولنا** (ٹ۔ ٹول۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا (۲) عندیہ لینا (۳) پرکھنا۔ آزمانا۔
**ٹٹی** (ٹٹ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہُوا چھوٹا ٹٹا (۲) آڑ۔ پردہ (۳) پاخانہ (۴) شکار کھیلنے کی اوٹ (۵) بانس کا ٹھاٹر جس پر چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں۔
**ٹٹی کا آئینہ** (مذکر) ایک قسم کا چپٹا قلعی دار شیشہ۔
**ٹٹی کی آڑ (اوٹ) میں شکار کرنا (کھیلنا)** کسی نیک کام کے پردے میں کوئی بُرا کام کرنا۔
**ٹٹیری** (ٹ۔ ٹی۔ ری) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک پرند (۲) ایک کھلونا (۳) (کنایۃً) لاغر آدمی۔

## ٹ ۔ چ

**ٹچا** (ٹچ۔ چا) [ہ۔ صفت] اوچھا۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔
**ٹچی** [ہ۔ صفت] ٹچا کی مؤنث۔

## ٹ ۔ خ

**ٹخنا** (ٹخ۔ نا) [ہ۔ ا۔ مذکر] گٹا۔ پاؤں کی وہ اُبھری ہوئی ہڈی جو ٹانگ اور پاؤں کے پیچھے کے جوڑ پر ہوتی ہے۔
**ٹخنوں ٹخنوں پانی۔** اتنا اتھلا پانی کہ اس میں صرف پاؤں ڈوبیں۔

## ٹ ۔ ڈ

**ٹڈا** (ٹڈ۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا پردار کیڑا۔
**ٹڈی** (ٹڈ۔ ڈی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ایک قسم کا پردار کیڑا جو درختوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔
**ٹڈی دل** (مذکر) (۱) ٹڈیوں کا بھاری لشکر (۲) لوگوں کا ہجوم۔ ازدحام۔

## ٹ ۔ ر

**ٹر** [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) چیخ (۲) مینڈک کی آواز (۳) بکواس (۴) عید کے دوسرے دن کا میلا (۵) شیخی (۶) گستاخی۔ ٹراپن (۷) (مذکر) بڑی قسم کا بگلا۔
**ٹرا** (ٹر۔ را) [ہ۔ صفت] ٹرانے والا۔ بکواسی۔
**ٹراپن** (مذکر) بکواس۔ بک بک۔
**ٹرافی** (TROPHY) (ٹر۔ را۔ فی) [انگ۔ ا۔ مؤنث] فتح کا نشان کھیل یا مباحثہ کے مقابلے میں جیتا ہوا۔ بڑا کپ۔
**ٹرالی** (TROLLEY) (ٹر۔ را۔ لی) [انگ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ٹھیلا۔ گاڑی (۲) وہ پھرکی جس سے بجلی کے تار لگا کر ٹرام وغیرہ چلاتے ہیں (۳) وہ گاڑی جو ریل کی پٹڑی پر چلاتے

Marfat.com

ہیں (۳) وہ پہیہ دار میز جس پر چائے کا سامان اور پھل وغیرہ رکھے جاتے ہیں ۔

**ٹراٹا** (ٹَر - را - ٹا) [ہ - صِ] (۱) بک بک کرنا (۲) غل مچانا (۳) مینڈک کا آواز نکالنا ۔

**ٹرانس پورٹ** (TRANSPORT) [انگ - ا - مونث] باربرداری ۔ سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔

**ٹرانس فارمر** (TRANSFORMER) [انگ - ا - مذکر] برقی رو کی طاقت کو گھٹانے بڑھانے والی مشین ۔

**ٹرانس میٹر** (TRANSMETER) [انگ - ا - مذکر] ارسال کرنے والا ۔ پیغام بھیجنے والا (آلہ) ۔

**ٹراؤٹ** [انگ - ا - مونث] ایک قسم کی مچھلی ۔

**ٹرائی سکل** (TRICYCLE) [انگ - ا - مونث] تین پہیوں کی بائیسکل ۔

**ٹربائن** (TURBINE) [انگ - ا - مونث] پہیہ یا چرخ جو پانی بجلی یا بھاپ سے چلتا ہے ۔ پن چکی ۔ پرخاب ۔

**ٹرپ** (TRIP) (ٹ - رِپ) [انگ - ا - مونث] سفر ۔ سیاحت

**ٹرٹر** [ہ - ا - مونث] (۱) بک بک ۔ جھک جھک (۲) مینڈک کی آواز

**ٹرٹرانا ۔ ٹرٹر کرنا** [ہ - صِ] بک بک کرنا ۔

**ٹرخانا** [ہ - صِ] (۱) ٹالنا (۲) بہانہ کرنا ۔ بالا بتانا ۔

**ٹرسٹ** (TRUST) (ٹ - رسٹ) [انگ - ا - مذکر] (۱) جائداد جو زیر تولیت ہو (۲) کئی تجارتی کمپنیوں کا مشترکہ کاروبار ۔ وقف ۔

**ٹرسٹی** (TRUSTEE) (ٹ - رس - ٹی) [انگ - ا - مذکر] جس کے سپرد کسی ادارے کا انتظام ہو ۔ متولی ۔

**ٹرف** (TURF) [انگ - ا - مذکر] وہ میدان جہاں گھاس اگائی گئی ہو ۔

**ٹرک** (TRUCK) [انگ - ا - مذکر] مال ڈھونے کی لاری ۔

**ٹرکانا** (ٹر - کا - نا) [ہ - صِ] دیکھیے ٹرخانا ۔

**ٹرم** (TERM) [انگ - ا - مونث] تعلیمی سال کے تین تین ماہ کے چار حصوں میں سے ایک حصہ ۔ ایک مقررہ مدت ۔

**ٹرمپ (کارڈ)** (TRUMP) [انگ - ا - مذکر] ترپ ۔

**ٹرمی نس ۔ ٹرمی نل** (TERMINUS) (TERMINAL) [انگ - ا - مذکر] ریلوے یا بس کا آخری سٹیشن ۔

**ٹرن** (TURN) [انگ - ا - مذکر] کھیل کی باری ۔ باری ۔

**ٹرنک** (TRUNK) (ٹ - رنک) [انگ - ا - مذکر] لوہے کا بکس ۔

**ٹرنک کال** (TRUNK CALL) [انگ - ا - مونث] ٹیلیفون پر کسی دوسرے شہر یا ملک سے بلاوا ۔ بیرونجات کو ٹیلیفون کرنا ۔

**ٹروٗ** (ٹر - رو) [ہ - ا - مذکر] (۱) مینڈک (۲) ایک کھلونا جسے گھمایا جائے تو اس میں سے مینڈک کی آواز نکلتی ہے ۔

**ٹرے** (TRAY) (ٹ - رے) [انگ - ا - مونث] کشتی ۔ خوانچہ ۔ طباق ۔

**ٹریجڈی** (TRAGEDY) (ٹ - رے - جے - ڈی) [انگ - ا - مونث] (۱) المیہ نظم یا نثر (۲) ایسا ڈراما جس کا انجام المناک ہو (۳) مصیبت ۔ آفت ۔

**ٹریڈ** (TRADE) [انگ - ا - مونث] تجارت ۔ کاروبار ۔

**ٹریڈ مارک** (TRADE MARK) [انگ - ا - مذکر] (۱) تجارتی نشان جو موجد اپنی مصنوعات کے لیے مقرر کرے (۲) کاروباری خصوصیت ۔

**ٹریڈ یونین** (TRADE UNION) [انگ - ا - مونث] کسی صنعتی یا کاروباری ادارے سے متعلق کارکنان کی انجمن جو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے قائم کریں ۔

**ٹریس** (TRACE) [انگ - ا - مذکر] (۱) چربہ ۔ خاکہ (۲) کھوج ۔ نشان ۔

**ٹریسنگ** (TRACING) (ٹ - رے - سنگ) [انگ - ا - مونث] چربہ اتارنا ۔ چربہ اتارنے کا فن ۔

**ٹریفک** (TRAFFIC) (ٹ - رے - فِک) [انگ - ا - مونث] آمد و رفت ۔ آدمیوں اور گاڑیوں وغیرہ کا سڑکوں پر سے گزرنا ۔

**ٹریکٹر** (TRACTOR) (ٹ - ریک - ٹر) [انگ - ا - مذکر] زمین جوتنے کی مشین ۔

**ٹریلر** (TRAILER) (ٹ - رے - لر) [انگ - ا - مذکر] فلم کا نمونہ ۔

**ٹریم** (TRAM) (ٹ - ریم) [انگ - ا - مونث] بجلی یا تیل سے چلنے والی گاڑی جو شہروں میں سڑک پر لوہے کی پٹڑی پر چلتی ہے ۔

**ٹرین** (TRAIN) (ٹ - رین) [انگ - ا - مونث] ریل گاڑی ۔

**ٹریننگ** (TRAINING) (ٹ - رے - ننگ) [انگ - ا - مونث] اصطلاحی ۔ تربیت ۔

**ٹریننگ اسکول** (TRAINING SCHOOL) وہ اسکول جس میں کسی پیشے یا حرفت کی تربیت دی جائے ۔

**ٹریننگ کالج** (TRAINING COLLEGE) [مذکر] استادوں کو پڑھانے کے طریقے سکھانے کا کالج ۔ استادوں کی تربیت گاہ ۔

## ٹ - ڑ

**ٹڑمونہا ۔ ٹڑ منہا** (ٹڑ - مُوں - ہا - ٹڑ - مُں - ہا) [ہ - صف] ٹیڑھے منہ والا ۔ جس کا منہ ٹیڑھا ہو ۔

**ٹڑمونہی ۔ ٹڑمنہی** [ہ - صف] ٹڑمونہا کی تانیث ۔

## ٹ - س

**ٹسر** (ٹ - سر) [ہ - ا - مونث] (۱) کچا ریشم ۔ ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا ریشم (۲) اس ریشم کا کپڑا ۔

**ٹسر ٹسر رونا** (ٹ - سر - ٹ - سر - رو - نا) [ہ - صِ] پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔

**ٹس سے مس نہ ہونا** [ہ - صِ] (۱) ذرا بھی جنبش نہ کرنا (۲) کہے جانے کے باوجود اپنی بات پر اڑے رہنا (۳) تیز آنچ پر بھی نہ پگھلنا ۔

Marfat.com

**ٹسک** (ٹ - سَک) [ہ - ا - مونث] (۱) ٹیس - کسک (۲) ہُوک -
**ٹسکا** (ٹس - کا) [ہ - ا - مذکر] بچوں کی کھانسی -
**ٹسکا لگنا** - ایسی کھانسی ہونا جس سے گلے سے کھر کھر کی آواز نکلتی ہے -
**ٹسکنا** (ٹ - سَک - نا) [ہ - مص] (۱) ہلنا جلنا (۲) نرم پڑنا (۳) چاول کا گل جانا (۴) درد محسوس ہونا (۵) متاثر ہونا -
**ٹسکنا** (ٹ - سَک - نا) [ہ - مص] چپکے چپکے رونا - (بچوں کا) بسورنا -
**ٹسوے** (ٹس - وے) [ہ - ا - مذکر] جھوٹ موٹ کے آنسو -
**ٹسوے بہانا** - جھوٹ موٹ رونا - دکھاوے کا رونا -

# ٹ - ش

**ٹشو پیپر** (TISSUE PAPER) (ٹِ - شُو - پے - پر) [انگ - ا - مذکر] باریک کاغذ جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لیے لگا دیتے ہیں -

# ٹ - ف

**ٹفن** (TIFFIN) (ٹ - فِن) [انگ - ا - مذکر] تیسرے پہر کا کھانا -
**ٹفن کیریر** (TIFFIN CARRIER) ناشتہ دان -

# ٹ - ک

**ٹک** [ہ - صفت و تابع فعل] (۱) ذرا - کچھ - تھوڑا سا (۲) تھوڑی دیر کے لیے - ذرا سی دیر کے لیے -
**ٹک ٹک دیدم - دم نہ کشیدم** (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص حیرت کی شدت یا کسی اور وجہ سے تکتا رہ جائے اور جس کام پر اسے اعتراض کرنا چاہیے تھا وہ اس کی آنکھوں کے سامنے ہو جائے -
**ٹکا** (ٹ - کا) [ہ - ا - مذکر] (۱) دو پیسے کا سکہ - ادھنا (۲) روپیہ نقدی -
**ٹکا پاس نہ ہونا** - مفلس ہونا - غریب ہونا - ننگا بھوکا ہونا -
**ٹکا سا جواب دینا** (۱) صاف انکار کر دینا (۲) گستاخانہ جواب -
**ٹکے ٹکے بکنا** - بہت سستا ہونا -
**ٹکے سیدھے کرنا** - کام پورا کیے بغیر اُجرت لے لینا -
**ٹکے کا آدمی - ٹکے ٹکے کے آدمی** - کم حیثیت - بے رتبہ آدمی -
**ٹکے کی اوقات** - مفلسی - غریبی - چھوٹی حیثیت -
**ٹکا رہنا** - [ہ - مص] اپنی جگہ نہ چھوڑنا (۲) کسی جگہ ٹھہرا رہنا -
**ٹکانا** (ٹ - کا - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کو دوسری چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا رکھنا (۲) مکان یا ہوٹل وغیرہ میں ٹھہرانا (۳) مارنا -
**ٹکاؤ** (ٹ - کا - او) [ہ - ا - مذکر] (۱) قیام (۲) ٹھہراؤ - قرار (۳) مضبوطی -
**ٹکٹ** (TICKET) (ٹِ - کَٹ) [انگ - ا - مذکر] (۱) کاغذ کا وہ مستطیل ٹکڑا جو کسی چیز کے دام یا کرایہ لے کر بطور رسید دیا جائے (۲) ڈاک کا اسٹامپ (۳) اجازت نامہ (۴) الیکشن میں بطور امیدوار کھڑے ہونے کے لیے پارٹی کی طرف سے اجازت نامہ -
**ٹکٹ چسپاں - ٹکٹ دار** - جس پر ڈاک کے ٹکٹ لگے ہوئے ہوں
**ٹکٹکی** (ٹِک - ٹ - کی) [ہ - ا - مونث] (۱) لکڑی یا لوہے کا ایک ڈھانچا جس کے ساتھ مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوڑے یا بید مارتے ہیں - وہ تین لکڑیاں جن سے ملزم کو باندھ کر سزائے تازیانہ دیتے ہیں (۲) چھپکلی (۳) تاک - نظر - نظارہ - دونوں ٹ مکسور اور مفتوح دونوں طرح آتی ہیں -
**ٹکٹکی باندھنا (لگانا)** کسی کی طرف برابر دیکھے جانا - گھورتے رہنا -
**ٹکٹکی سے باندھنا** - لکڑیوں کے ساتھ باندھ کر مارنا - کوڑے لگانا -
**ٹک جانا** [ہ - مص] (۱) ٹھہر جانا (۲) عارضی قیام کرنا (۳) صبر کرنا -
**ٹکر** (ٹک - کر) [ہ - ا - مونث] (۱) تصادم (۲) دھکا - ٹھیس (۳) نقصان - گھاٹا (۴) مقابلہ (۵) برابری - مشابہت -
**ٹکر اٹھانا - ٹکر جھیلنا** (۱) چوٹ سہنا - سختیاں اٹھانا (۲) نقصان برداشت کر لینا (۳) اپنے سے زبردست سے مقابلہ کرنا -
**ٹکر کھانا** - لڑ جانا - ٹکرا جانا -
**ٹکر لڑنا** - سر سے سر ٹکرا جانا -
**ٹکر لگنا** (۱) کسی چیز سے ٹکرا جانا (۲) صدمہ پہنچنا -
**ٹکر لینا** (۱) مقابلہ کرنا (۲) کشتی میں پہلوانوں کا سر ٹکرانا (۳) ہاتھیوں کا ایک دوسرے کے ٹکر مارنا (۴) صدمہ سہنا -
**ٹکر مارنا** (۱) سر مارنا (۲) مقابلہ کرنا (۳) ٹکر لگانا -
**ٹکریں مارنا** (۱) کسی چیز سے سر ٹکرانا (۲) بے دلی سے سجدے کرنا (۳) بے فائدہ کوشش کرنا -
**ٹکرا جانا** [ہ - مص] (۱) مقابلہ ہو جانا (۲) اتفاقاً مل جانا (۳) ٹکر کھانا -
**ٹکرانا** (ٹک - را - نا) [ہ - مص] (۱) ٹکر ہو جانا (۲) ٹکر کرا دینا (۳) لڑ جانا - بھڑ جانا (۴) ڈھونڈنا (۵) حیران و سرگرداں پھرنا -
**ٹکر ٹکر** (ٹ - کَر - ٹ - کَر) دیکھیے ٹکر ٹکر -
**ٹکڑ** (ٹ - کڑ) [ہ - ا - مذکر] (ٹکڑا کا مخفف) - روٹی کا ٹکڑا -
**ٹکڑ خور** - دوسروں کا بچا کھچا کھا کر گزارا کرنے والا -
**ٹکڑ گدا** (مذکر) وہ فقیر جو گھر گھر مانگتا پھرے -
**ٹکڑا** (ٹک - ڑا) [ہ - ا - مذکر] (۱) حصہ (۲) پرزہ (۳) ریزہ (۴) لقمہ (۵) قطعہ (۶) روزی (۷) پیراگراف (۸) شق -
**ٹکڑا میسر نہ آنا** - روٹی نہ ملنا - بھوکوں مرنا -
**ٹکڑا نہ توڑنا** (۱) بالکل نہ کھانا (۲) کسی خاص بات یا معاملے کو شامل گفتگو کیے بغیر بات نہ کرنا (۳) کسی خاص شخص کی شرکت یا سہارے کے بغیر قدم نہ اٹھانا -
**ٹکڑوں پر پڑنا** - مفت کی روٹیاں کھانا - دوسروں کی کمائی پر گزر کرنا -
**ٹکڑوں پر پلا ہوا** - جس نے بچپن سے کسی غیر کی روٹی کھائی ہو -
**ٹکڑے اڑنا** (۱) دھجی دھجی ہونا (۲) چھوٹے یا مسالے سے زبان کٹنا (۳) پاش پاش ہونا - پارہ پارہ ہونا -

Marfat.com

**ٹکڑے پکانا**۔ سُوکھی روٹی یا نان پاؤ (ڈبل روٹی) یا شیرمال کے ٹکڑے دُودھ گھی اور شکر میں پکانا۔
**ٹکڑے توڑنا**۔ مفت کی روٹیاں کھانا۔ طفیلی ہونا۔
**ٹکڑے ٹکڑے کرنا**۔ پُرزے پُرزے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔
**ٹکڑے کرنا** (۱) حصّے کرنا۔ بانٹنا (۲) توڑنا (۳) پُرزے پُرزے کرنا۔
**ٹکڑے لگانا** (۱) حصّے جوڑنا (۲) کسی حصّے میں اپنی طرف سے اضافے کرنا۔
**ٹکر ٹکر** (ٹ۔کر۔ٹ۔کر) [ہ۔ تابع فعل] حیرت سے۔ حسرت سے۔
**ٹکر ٹکر دیدم**۔ دم نہ کشیدم۔ دیکھیے ٹک ٹک دیدم۔
**ٹکر ٹکر دیکھنا**۔ حیرت سے دیکھنا۔ حسرت یا شوق سے دیکھنا۔
**ٹکڑی** (ٹک۔ڑی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) شیشے کا ٹکڑا (۲) پرندوں کا غول (۳) جتھا۔ گروہ (۴) فوج کا دستہ (۵) کپڑے کا تھان۔
**ٹکسال** (ٹک۔سال) [ہ۔ ا۔ مونث] وہ جگہ جہاں سکے ڈھالے جاتے ہیں۔
**ٹکسال باہر** (۱) وہ سکہ جو ٹکسال میں تیار نہ ہُوا ہو (۲) غیر مستند یا متروک الفاظ (۳) وہ محاورات جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں۔ (۴) وہ اہلِ فن جو کسی فن میں کسی اُستادِ کامل کا شاگرد نہ ہو۔
**ٹکسال چڑھنا** (۱) روپے کا ٹکسال میں بننا یا پرکھے جانے کے لیے دینا (۲) کسی علم یا فن میں کمال حاصل کر لینا (۳) بے حیائی میں پختہ ہو جانا۔
**ٹکسالی** (ٹک۔سا۔لی) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ٹکسال کا داروغہ۔ مینٹ ماسٹر (۲) [صفت] جس پر ٹکسال کا ٹھپّا لگا ہُوا ہو۔ کھرا (۳) اچھا۔ چُنا ہُوا (۴) مانا ہُوا۔
**ٹکسالی بات**۔ [مونث] کھری۔ سچّی۔ پکّی۔ تُلی بات۔
**ٹکسالی روپیہ** [مذکر] وہ روپیہ جو ٹکسال میں بنا ہو۔ کھرا روپیہ۔
**ٹکسالی زبان** [مونث] اہلِ زبان کی تسلیم کی ہوئی فصیح اور مستند زبان۔
**ٹکنا** (ٹک۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹانکا جانا۔ سیا جانا (۲) گوٹا۔ موتی۔ قیتش وغیرہ لگنا (۳) ریتی کا ٹانکا لگنا۔
**ٹکنا** (ٹک۔نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹھہرنا۔ رُکنا۔ وقتی طور پر قیام کرنا (۲) سہارے سے کھڑا ہونا (۳) ترشیں ہونا۔
**ٹکوا** (ٹک۔وا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک اوزار جس سے چاک کاٹتے ہیں۔
**ٹکوانا** (ٹک۔وا۔نا) [ہ۔ مص] ٹانکنا کا متعدی المتعدی۔
**ٹکور** (ٹ۔کور) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) پھوسی یا ریت کی گرم پوٹلی سے چوٹ کو سینکنے کا عمل (۲) پلٹس۔
**ٹکور کرنا**۔ چوٹ کو سینکنا۔
**ٹکورنا** (ٹ۔کور۔نا) [ہ۔ مص] سینکنا۔ ٹکور کرنا۔
**ٹکھائی۔ ٹکھیائی** (ٹک۔ھا۔ئی۔ ٹک۔ھیا۔ئی) [ہ۔ ا۔ مونث] اُڑنے والی کی کسبی۔
**ٹکی** (ٹک۔کی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) ٹکیا (۲) تھوڑی آمدنی (۳) فائدہ۔
**ٹکیا** (ٹک۔یا) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) چھوٹی روٹی (۲) قرص۔ گول۔
**ٹکیا چور ٹی**۔ بددیانت ملازمہ۔
**ٹکیت۔ ٹکیتا** (ٹ۔کیت۔ ٹ۔کے۔تا) [ہ۔ صفت] مال دار۔ دولت مند جس کے پاس ٹکا روپیہ پیسہ ہو۔

# ٹ۔ل

**ٹل جانا۔ ٹلنا** (ہ۔ مص) (۱) جگہ سے ہٹ جانا (۲) گزر جانا (۳) بھاگ جانا (۴) چشم پوشی کرنا (۵) کسی کام سے باز رہنا۔
**ٹلی لی** (ٹ۔لی۔ل۔لی) [ہ۔ ا۔ مونث] ہاتھ کی درمیانی اُنگلی دوسری کو چڑانے کے لیے نچاتے وقت چلا چلا کر بولتے ہیں۔

# ٹ۔م

**ٹماخ۔ ٹماک** (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) عورتوں کا بناؤ سنگار (۲) شان و شوکت (۳) غرور۔ نخوت۔
**ٹمبر** (TIMBER) (ٹم۔بر) [انگ۔ ا۔ مونث] عمارتی لکڑی۔
**ٹمبر مرچنٹ** (TIMBER MERCHANT) عمارتی لکڑی بیچنے والا۔
**ٹمپریچر** (TEMPERATURE) (ٹم۔پ۔رے۔چر) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) درجہ حرارت۔ گرمی اور سردی کی کیفیت یا درجہ (۲) موسم۔
**ٹم ٹم** (ٹم۔ٹم) [انگ۔ ا۔ مونث] دو پہیوں کی انگریزی گاڑی۔ انگریزی لفظ (TANDEM) کا مخفف۔
**ٹم ٹم** (ٹم۔ٹم) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) ہلکی ہلکی بارش۔ پھوار (۲) ہلکی سی آواز۔
**ٹمٹمانا** (ٹم۔ٹ۔ما۔نا) [ہ۔ مص] (۱) جھلملانا (۲) چراغ بجھنے کو ہونا (۳) ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔
**ٹمٹماہٹ** (ٹم۔ٹ۔ما۔ہٹ) [ہ۔ ا۔ مونث] ہلکی روشنی۔

# ٹ۔ن

**ٹن** [ہ۔ ا۔ مونث] گھنٹے یا دھات کے کسی برتن کی آواز (۲) غرور (۳) شیخی۔
**ٹن** (TON) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) ۲۸ من کا وزن۔ ۲۲۴۰ پونڈ وزنی سامان تولنے کا پیمانہ (۲) جہاز کی اندرونی وسعت اور باربرداری کی گنجائش کا پیمانہ۔
**ٹنٹا** (ٹن۔ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ تکرار۔
**ٹنٹے باز**۔ فسادی۔ جھگڑالو۔
**ٹنٹا** (ٹن۔ٹا) دیکھیے ٹنڈا۔
**ٹنڈ** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ لکڑی جسے کاٹ دیا گیا ہو (۲) درخت کا ایسا تنا جس پر شاخیں نہ ہوں (۳) کٹا ہُوا ہاتھ (۴) کٹی ہوئی دُم۔
**ٹنڈا** (ٹن۔ڈا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک ترکاری۔
**ٹنڈا** (ٹن۔ڈا) [ہ۔ صفت و ا۔ مذکر] (۱) وہ آدمی جس کے ہاتھ نہ ہوں یا جس کا ایک ہی ہاتھ ہو۔ لنجا (۲) بکری کا چھوٹا بچہ جو اُڑس لیا جاتا ہے۔
**ٹنڈر** (TENDER) (ٹن۔ڈر) [انگ۔ ا۔ مذکر] ٹھیکے کی درخواست جس میں نرخ کی تفصیل دی گئی ہو۔
**ٹنڈی** (ٹن۔ڈی) [ہ۔ ا۔ مونث و صفت] (۱) ناف (۲) ٹنڈا کا مونث۔

Marfat.com

ٹنڈیرا (ٹن۔ڈے۔را) [ہ۔ا۔مذکر] سازوسامان۔اسباب۔

ٹنکچر (TINCTURE) (ٹنک۔چر) [انگ۔ا۔مذکر] ایک جراثیم کش دوا جو زخموں پر لگائی جاتی ہے۔

ٹنکنا (ٹنک۔نا) [ہ۔مص] دیکھیے ٹکنا۔

ٹنکن (س۔ا۔مذکر) سہاگا۔ایک معدن۔

ٹنگ [ہ۔ا۔مونث] ٹانگ کا مخفف۔

ٹنگا (ہ۔صف) پیروں والا۔(مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ "ایک ٹنگا" ایک ٹانگ کا) (مونث) ایک قسم کی گھاس۔

ٹنگانا [ہ۔مص] دیکھیے ٹنگوانا۔

ٹنگڑی (ٹنگ۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹانگ کی تصغیر۔چھوٹی ٹانگ۔

ٹنگڑی پر اڑانا۔اڑنگا لگانا۔ٹانگ مار کر گرا دینا۔

ٹنگنا (ٹنگ۔نا) [ہ۔مص] لٹکنا۔آویزاں ہونا۔

ٹنگوانا (ٹنگ۔وا۔نا) [ہ۔مص] ٹنگنا کا متعدی المتعدی۔

ٹنٹیاں (ٹوٹیاں۔ٹمٹیاں) (ٹن۔ٹی۔یاں) [ہ۔صف] بہت چھوٹا۔ بزاج ٹھنکنا۔

ٹنیاں (ٹمنیاں) طوطا۔چھوٹی نسل کا طوطا۔چھوٹے قد کا طوطا۔

## ٹ - و

ٹوبا (ٹو۔با) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) لمبی سلائی۔لمبا ٹانکا (۲) غوطہ خور جو کنویں میں اتر کر چیز نکالے۔

ٹوپ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) بڑی ٹوپی (۲) ہیٹ۔خود (۳) غلاف پوشش۔کور (۴) ایک قطرہ (۵) پھل کا چارہ (۶) بدھ مذہب کی مقدس عمارت۔

ٹوپا (ٹو۔پا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ٹانکا۔سیون (۲) روئی دار ٹوپی۔کنٹوپ (۳) اناج ناپنے کا ایک پیمانہ۔

ٹوپنا (ٹوپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) دفن کرنا (۲) درخت کی شاخ زمین میں لگانا (۳) ہاتھ سے بیج بونا (۴) لٹکانا (۵) کچی سلائی کرنا (۶) ٹھونسنا۔

ٹوپی (ٹو۔پی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) کلاہ۔تاج (۲) بندوق کا پٹاخا جس پر گھوڑا لگنے سے آگ پیدا ہوتی ہے (۳) شکاری جانور کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی (۴) حشفہ (۵) حقے کی چلم پر رکھنے کا ٹین کا برتن۔

ٹوپی اتارنا (۱) ٹوپی سر سے جدا کرنا (۲) بے عزتی کرنا۔

ٹوپی اچھالنا۔(۱) خوشی ظاہر کرنا (۲) بُرے بُرے پکارنا۔

ٹوپی بدل بھائی۔ایسا دوست جس سے بہت گہرا تعلق ہو۔

ٹوپی بدلنا۔بھائی چارہ قائم کرنا۔

ٹوپی دار۔وہ اسلحہ جس میں بارود ڈال کر اور ٹوپی چڑھا کر چلایا جائے۔

ٹوپی دار بندوق (توپ پستول) ایسی بندوق (توپ یا پستول) جسے ٹوپی چڑھا کر چلایا جائے۔

ٹوپی والا (۱) احمد شاہ ابدالی اور نادر شاہ درانی کی فوجوں کے سپاہی جو سرخ ٹوپی پہن کر آتے تھے (۲) فرنگی۔یورپین (۳) محبوب۔

ٹوتھ برش (TOOTH BRUSH) [انگ۔ا۔مذکر] دانت صاف کرنے کا برش۔

ٹوٹ [ہ۔ا۔مونث] (۱) شکستگی۔پھوٹ (۲) وہ عبارت یا فقرہ جو رہ گیا ہو اور بعد میں حاشیے پر درج کر دیا گیا ہو (۳) ہرج۔نقصان (۴) کمی۔فرق۔

ٹوٹ پڑنا (۱) دفعتاً حملہ کرنا (۲) کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہونا (۳) دفعتاً آجانا۔پل پڑنا۔

ٹوٹ پھوٹ (مونث) شکستگی۔ٹکڑے۔ریزے۔چورا۔ریزگی۔

ٹوٹ جانا (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (۲) نڈھال ہو جانا (۳) تباہ ہو جانا (۴) علیحدہ ہو جانا (۵) ہڈیوں یا جوڑوں میں درد محسوس کرنا (۶) کنویں میں پانی نہ رہنا۔

ٹوٹ کر (ٹوٹ کے) گرنا۔دیکھیے ٹوٹ پڑنا۔

ٹوٹا (ٹو۔ٹا) [ہ۔صف] (۱) ٹوٹا ہوا (۲) ناقص (۳) تھکا ماندہ (۴) مفلس۔

ٹوٹا پڑنا (۱) اوپر تلے گرنا (۲) ہجوم ہونا۔بھیڑ ہونا۔

ٹوٹا پھوٹا (۱) شکستہ (۲) معمولی درجے کا (۳) نامکمل۔

ٹوٹا (ٹو۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) نقصان۔گھاٹا۔کمی (۲) بانس کا ٹکڑا (۳) سگریٹ یا موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا (۴) کارتوس (۵) معاوضہ۔ہرجانہ (۶) چاول کا چورا۔

ٹوٹا اٹھانا۔ٹوٹا سہنا۔خسارہ اٹھانا۔نقصان اٹھانا۔

ٹوٹا بھر دینا۔ٹوٹا دینا۔خسارہ پورا کر دینا۔تاوان بھرنا۔معاوضہ دینا۔

ٹوٹا پڑنا۔ٹوٹا ہونا (۱) کمی ہونا (۲) نقصان ہونا۔

ٹوٹرو (ٹوٹ۔رو) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک قسم کا پرندہ (۲) بھنگ کا پھوک۔

ٹوٹکا (ٹوٹ۔کا) [ہ۔ا۔مذکر] جادو۔ٹونا۔طلسم۔سحر۔

ٹوٹل (TOTAL) (ٹو۔ٹل) [انگ۔ا۔مذکر] مجموعہ۔تمام۔میزان کل۔

ٹوٹن (ٹو۔ٹن) [ہ۔ا۔مونث] (۱) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ (۲) چورا۔ٹکڑے (۳) ان بن کے بعد میل جول۔

ٹوٹنا (ٹوٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھوٹنا۔شکستہ ہونا (۲) مل کر حملہ کرنا (۳) شدت سے متوجہ ہونا (۴) علیحدہ ہونا (۵) تنگ آنا (۶) قلت پیدا ہونا (۷) کمزور ہو جانا (۸) مفلس ہو جانا (۹) جوڑوں میں درد ہونا (۱۰) رقم بقایا میں پڑنا (۱۱) واقع ہونا۔نازل ہونا (۱۲) فاسد ہو جانا۔

ٹوٹی (ٹو۔ٹی) [ہ۔صف] ٹوٹا کی تانیث۔

ٹوڈی (TOADY) (ٹو۔ڈی) [انگ۔ا۔مذکر] خوشامدی۔جی حضوری۔

ٹوڈی بچہ۔حاکموں کا جی حضوریا۔حکومت پرست۔خوشامدی۔

ٹور (TOUR) [انگ۔ا۔مذکر] دورہ۔سیر و سیاحت۔

ٹورسٹ (TOURIST) (ٹو۔رسٹ) [انگ۔ا۔مذکر] سیاح۔

ٹورنامنٹ (TOURNAMENT) (ٹور۔نا۔منٹ) [انگ۔ا۔مذکر] ورزشی اور دیگر اقسام کے کھیلوں کا سالانہ مقابلہ۔

ٹوری (TORY) [انگ۔ا۔مذکر] برطانیہ کی قدامت پرست جماعت یا فرد۔

Marfat.com

**ٹوڑی** (ٹو-ڑی) [ہ-ا-مونث] ایک راگنی - پودکا - ٹوڈی -
**ٹوسٹ** (TOAST) [انگ-ا-مذکر] (۱) ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا - توس - جام صحت -
**ٹوک** [ہ-ا-مذکر] (۱) نظر گزر (۲) پوچھ گچھ (۳) روک - ممانعت -
**ٹوک دینا** (۱) روک ٹوک کرنا (۲) غلطی جتا دینا (۳) روک دینا -
**ٹوک** (ہ-ا-مذکر) (۱) ٹکڑا - حصہ - پارچہ (۲) ذرہ - ریزہ -
**ٹوکا** (ٹو-کا) [انگ-ا-مذکر] گنڈاسا -
**ٹوکرا** (ٹوک-را) [ہ-ا-مذکر] (۱) بانس یا جھاؤ کا بنا ہوا چھابا (۲) کشتی (۳) پچیسی کی ہاری ہوئی بازی (۴) بوجھ - بار -
**ٹوکری** (ٹوک-ری) [ہ-ا-مونث] چھوٹا ٹوکرا - جھلی - چھابڑی -
**ٹوکری ڈھونا** محنت مزدوری کرنا - قلی کا کام کرنا -
**ٹوکن** (TOKEN) (ٹو-کن) [انگ-ا-مذکر] لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر نمبر لگے ہوتے ہیں اور شناخت کے لیے استعمال ہوتا ہے -
**ٹوکنا** (ٹوک-نا) [ہ-مص] (۱) روکنا - کوئی بات یا کام نہ کرنے دینا (۲) پوچھ گچھ کرنا (۳) للکارنا (۴) معترض ہونا (۵) وجہ معلوم کرنا (۶) حسد کرنا - نظر لگانا (۷) [ہ-ا-مذکر] پانی بھرنے کا بڑا سا پتیلا - کلسا -
**ٹول** (TOOL) [انگ-ا-مذکر] (۱) اوزار (۲) سڑک کا محصول
**ٹولا** (ٹو-لا) [ہ-ا-مذکر] (۱) محلہ - کوچہ (۲) چیزوں کا سیٹ (۳) ضرب - مار یا ضرب کا نشان -
**ٹولی** (ٹو-لی) [ہ-ا-مونث] (۱) گروہ - جتھا - جماعت (۲) پتھر کی سل -
**ٹوم** [ہ-ا-مونث] (۱) گہنا پاتا - زیور (۲) خوبصورت یا مالدار عورت -
**ٹوم چھلا** (مذکر) (۱) (ایک) قسم کا زیور -
**ٹونا** (ٹو-نا) [ہ-ا-مذکر] (۱) جادو - منتر - جادوگری (۲) ایک قسم کا گیت جو شادی کی تقریب میں ڈومنیاں گاتی ہیں -
**ٹونا ٹوٹکا** (مذکر) جنتر منتر - جادو - تعویذ - گنڈا -
**ٹونا ہائی - ٹونہائی** (مونث) جادوگرنی -
**ٹونٹا** (ٹوں-ٹا) [ہ-ا-مذکر] دیکھیے ٹوٹا -
**ٹونٹی** (ٹوں-ٹی) [ہ-ا-مونث] (۱) لوٹے کی نلی دار گردن (۲) نل کا منہ -
**ٹونڈی** (ٹوں-ڈی) [ہ-ا-مونث] ٹنڈی - ناف -
**ٹونگنا** (ٹونگ-نا) [ہ-مص] ایک ایک دانہ اٹھا کے کھانا -
**ٹوہ** [ہ-ا-مونث] (۱) تلاش - جستجو - کھوج (۲) ٹٹول - دیکھ بھال -
**ٹوہ رکھنا** (۱) حال معلوم کرتے رہنا (۲) تلاش میں رہنا -
**ٹوہ لگانا** - کھوج لگانا - پتا لگانا - سراغ لگانا -
**ٹوہ لینا** (۱) کسی کا عندیہ معلوم کرنا (۲) پتا لگانا
**ٹوہ میں رہنا** (۱) تلاش میں رہنا (۲) عیب ڈھونڈنے کے درپے رہنا -
**ٹوہنا** (ٹوہ-نا) [ہ-مص] (۱) تلاش کرنا (۲) عندیہ معلوم کرنا (۳) ٹٹولنا -
**ٹوہیا** (ٹو-ہیا) [ہ-ا-مذکر] تلاش کرنے والا - کھوجی - جاسوس
**ٹوئل** (TWILL) (ٹ-وِل) [انگ-ا-مذکر] ایک قسم کا دو سوتی کی مانند سوتی کپڑا -

**ٹویڈ** (TWEED) (ٹ-ویڈ) [انگ-ا-مذکر] کھردرا موٹا اونی کپڑا -

# ٹھ - ہ

**ٹھاٹ - ٹھاٹھ** [ہ-ا-مذکر] (۱) ڈھنگ - انداز - طور طریقہ - (۲) شان و شوکت (۳) سجاوٹ (۴) بہتات - افراط (۵) ہجوم - جلوس (۶) ساز و سامان (۷) منصوبہ - تجویز (۸) بانس کا جو کھٹا جس پر چھپر رکھتے ہیں (۹) پٹا بازوں کا پینترا (۱۰) کبوتر کا خوشی میں پھڑ پھڑانا (۱۱) مرغ کی چال ڈھال (۱۲) ستار نواز کا ستار کی کھونٹیاں کسنا (۱۳) راگ کا خاص انداز -
**ٹھاٹ باٹ** (مذکر) شان و شوکت - آن بان -
**ٹھاٹ باندھنا** (۱) چھپر کے لیے جو کھٹا باندھنا (۲) پٹا بازوں کا قاعدے سے کھڑا ہونا (۳) راگ کو قاعدوں کے مطابق قائم کر لینا -
**ٹھاٹ بدلنا** (۱) پینترا بدلنا (۲) نئی طرز اختیار کرنا (۳) شان و شوکت کے اظہار کا نیا پیرایہ اختیار کرنا -
**ٹھاٹ پڑا رہ جانا** - مال اسباب اس دنیا میں رہ جانا -
**ٹھاٹ سے آنا** - شان سے آنا - اہتمام سے آنا -
**ٹھاٹ کرنا** (۱) سجاوٹ کرنا (۲) کبوتر کا خوشی میں پر مارنا (۳) مرغ کا اکڑ کر چلنا (۴) عیش کرنا -
**ٹھاٹھیں مارنا** - پانی کا اونچی اونچی پُر شور موجیں مارنا -
**ٹھاٹا** [ہ-ا-مذکر] (۱) بیل کا کوہان (۲) وہ کپڑا جو چور ڈاکو اس لیے منہ پر باندھتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں (۳) وہ کپڑا جو ڈاڑھی کی مانگ نکال کر اسے دائیں بائیں کلوں پر جمانے کے لیے باندھتے ہیں -
**ٹھاٹر - ٹھاٹر** (ٹھا-ٹر) [ہ-ا-مذکر] (۱) بانس کا ڈھانچا ٹٹی (۲) کبوتروں اور مرغوں کا ڈربا (۳) روشنیوں کی ٹٹی جو تقریبات پر کھڑی کی جاتی ہے -
**ٹھاٹر بندی** (مونث) روشنیوں کی ٹٹی باندھنا -
**ٹھار** [ہ-ا-مذکر] (۱) برف - پالا (۲) اوس (۳) قصد - حملہ -
**ٹھاکر** (ٹھا-کر) [ہ-ا-مذکر] (۱) دیوتا - پرماتما (۲) مالک - سردار (۳) زمیندار (۴) راجپوت (۵) عزت و احترام کا لفظ حضرت جناب -
**ٹھاکر دوارہ** - مندر - پوجا کرنے کی جگہ -
**ٹھکرانی** (ٹھاک-رانی) [ہ-ا-مونث] دیکھیے ٹھکرانی -
**ٹھان لینا** (ٹھان-لے-نا) [ہ-مص] پکا ارادہ کر لینا - عہد کر لینا -
**ٹھاننا** - (ٹھان-نا) [ہ-مص] پکا ارادہ کرنا - عزم بالجزم کرنا -
**ٹھپا** (ٹھپ-پا) [ہ-ا-مذکر] (۱) چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ (۲) سکہ - نقش (۳) مہر - ڈائی (۴) سانچہ (۵) وہ نشان جو ٹھپے سے لگے -
**ٹھپا لگانا** (۱) نقش کرنا (۲) چھاپنا (۳) نشان لگانا -
**ٹھٹ - ٹھٹھ** [ہ-ا-مذکر] بھیڑ - ازدحام - ہجوم - انبوہ - جمگھٹ -
**ٹھٹ کے ٹھٹ** - گروہ کے گروہ - زبردست بھیڑ - بھیڑ بھاڑ -

Marfat.com

ٹھٹا۔ٹھٹھا (ٹھَٹ۔ٹا۔ٹھٹھ۔ٹھا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ہنسی مذاق (۲) قہقہہ۔
ٹھٹا لگانا (مارنا) (۱) قہقہہ مارنا (۲) ہنسی اُڑانا۔
ٹھٹے باز۔ مسخرا۔ خوش طبع۔ ظریف۔
ٹھٹے بازی (مونث) ہنسی مذاق۔ خوش طبعی۔ مسخراپن۔
ٹھٹے میں اُڑانا (اُڑا دینا) ہنسی میں اُڑا دینا۔ کوئی اہمیت نہ دینا۔
ٹھٹھر۔ٹھٹھر (ٹھَٹ۔ٹر۔ٹھٹھ۔ٹھر) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے ٹھاٹ اور ٹھاٹر۔
ٹھٹرانا۔ٹھٹھرانا (ٹھَٹ۔رانا۔ٹھٹھ۔رانا) [ہ۔مص] (۱) ٹھنڈا کر دینا (۲) بڑھنے نہ دینا (۳) پالے سے مروا دینا۔
ٹھٹرہٹ۔ٹھٹھراہٹ [ہ۔ا۔مذکر] شدت کی ٹھنڈ۔ سردی سے سُن ہو جانا۔
ٹھٹرنا۔ٹھٹھرنا (ٹھ۔ٹر۔نا۔ٹھٹھ۔ٹھر۔نا) [ہ۔مص] (۱) سردی سے اکڑنا (۲) سردی کی وجہ سے کپکپانا۔ ٹھنڈا ہو جانا (۳) بڑھنے سے رک جانا۔ سکڑنا۔ مرجھانا۔
ٹھٹک۔ٹھٹھک (ٹھٹ۔ٹک۔ٹھٹھ۔ٹھک) [ہ۔ا۔مونث] اُرک کر کھڑے ہو جانے، حیران کھڑے رہ جانے کی حالت یا کیفیت
ٹھٹک ٹھٹک کے۔ رک رک کے۔ ہچکچاہٹ کے ساتھ۔
ٹھٹکنا۔ٹھٹھکنا (ٹھٹ۔ٹک۔نا۔ٹھٹھ۔ٹھک۔نا) [ہ۔مص] (۱) اچانک رُکنا (۲) حیران ہو کر ٹھہر جانا (۳) تامل کرنا (۴) ہچکچانا۔ پیچھے ہٹنا۔
ٹھٹول (ٹھ۔ٹول) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ہنسی مذاق۔ چھیڑ (۲) خوش طبعی۔ ظرافت۔ ٹھٹے باز۔ مسخرا۔
ٹھٹولپن (مذکر) ہنسی مذاق۔ ٹھٹول۔
ٹھٹولی (ٹھ۔ٹو۔لی) [ہ۔ا۔مونث] ٹھٹولپن۔
ٹھٹولی کرنا۔ مذاق کرنا۔ تمسخر کرنا۔ چہلیں کرنا۔
ٹھٹیرا۔ٹھٹھیرا (ٹھٹ۔ٹے۔را۔ٹھٹھ۔ٹھے۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کسیرا۔ پیتل تانبے وغیرہ کے برتن بنانے والا (۲) جوارے یا باجرے کا ڈنٹھل۔
ٹھٹیرا بازار (مذکر) بازار جس میں ٹھٹیروں کی دکانیں ہوں۔ کسیرا بازار
ٹھٹیری (ٹھٹ۔ٹے۔ری) [ہ۔ا۔مونث] ٹھٹیرے کی بیوی۔ کسیرن۔
ٹھڈا (ٹھڈ۔ڈا) (۱) پتنگ یا کنکوے کی بیچ کی کھپچی (۲) کمر کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔
ٹھڈی (ٹھڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) دیکھیے ٹھوڑی (۲) بھُنے ہوئے اناج کا دانہ جو کھلنے سے رہ گیا ہو۔
ٹھر [ہ۔ا۔مونث] سردی۔ پالا۔ انتہائی ٹھنڈ۔
ٹھرا (ٹھر۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گھٹیا دیسی شراب (۲) انگیا یا موہرے کے بند (۳) کچی اینٹ (۴) دہرا جوتا (۵) سُوت کی رسّی۔
ٹھرر۔ٹھرک (ٹھ۔رر۔ٹھ۔رک) [ہ۔ا۔مذکر] خراٹا۔ خرخر۔
ٹھس [ہ۔صفت] (۱) کند ذہن (۲) سست (۳) ٹھوس۔ بھاری (۴) کھوٹا روپیہ (۵) مندی (۶) ٹھونس ٹھونس کر بھرا گیا ہو۔
ٹھسا (ٹھس۔سا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گھمنڈ (۲) نخرہ۔ زیب و زینت (۳) ٹھپہ۔ سانچا۔ چھاپا (۴) شان و شوکت۔ ٹھاٹ باٹ۔

ٹھسانا [ہ۔مص] زیادہ کھلا دینا۔
ٹھسک (ٹھ۔سک) [ہ۔ا۔مونث] (۱) کھانسی کی آواز۔ خشک کھانسی (۲) شان و شوکت (۳) ناز و انداز (۴) غرور۔
ٹھسکا (ٹھس۔کا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کھانسی کی آواز (۲) تھوڑی تھوڑی کھانسی۔
ٹھسکنا (ٹھ۔سک۔نا) [ہ۔مص] مٹی کے برتن کا دوسرے برتن سے ٹکرانے کی وجہ سے تھوڑا سا ٹوٹ جانا۔
ٹھسکنا (ٹھ۔سک۔نا) [ہ۔مص] نیچے کا بے آواز رونا۔
ٹھسنا (ٹھس۔نا) [ہ۔مص] (۱) پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا (۲) خوب ٹھونس ٹھونس کے بھرنا۔
ٹھسنا (ٹھس۔نا) [ہ۔مص] بھرنا۔ سمانا۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں بڑی کوشش اور زور آزمائی کے بعد سمانا۔
ٹھسوانا (ٹھس۔وا۔نا) [ہ۔مص] ٹھونس ٹھونس کر بھروانا۔
ٹھکانا (ٹھ۔کا۔نا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) مقام (۲) پتا۔ نشان (۳) مکان (۴) اڈا (۵) انتظام۔ بندوبست۔ نوکری۔
ٹھکانا کرنا (۱) کسی جگہ رہنے لگنا (۲) شادی کرنا (۳) بندوبست کرنا۔
ٹھکانے سے بیٹھنا (۱) ادب اور سلیقہ سے بیٹھنا (۲) کہیں مستقل رہائش اختیار کرنا (۳) کسی آرام دہ مکان میں مستقل طور پر سکونت رکھنا۔
ٹھکانے سے رکھ دینا۔ مناسب جگہ پر رکھ دینا۔
ٹھکانے سے لگانا (۱) مناسب جگہ پہنچا دینا (۲) مناسب موقع پر رکھ دینا۔ صحیح مصرف میں لانا۔
ٹھکانے کا۔ قرینے کا۔ ڈھب کا۔ موزوں۔ مناسب۔ برمحل۔
ٹھکانے لگانا (۱) کامیابی کی منزل پر پہنچا دینا (۲) مار ڈالنا (۳) ختم کر دینا (۴) رائیگاں نہ کرنا (۵) شادی کروا دینا (۶) جگہ سے خرچ کرنا (۷) کسی کام کو پورا کر دینا (۸) ملازم کرا دینا (۹) چیز مناسب جگہ کھپانا یا رکھنا۔
ٹھکانے لگنا (۱) خرچ ہونا (۲) مراد کو پہنچنا (۳) ضائع نہ ہونا۔
ٹھکائی [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹھونکنے کا عمل (۲) مار پیٹ۔
ٹھکرانا (ٹھک۔را۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹھوکر مارنا (۲) روندنا (۳) چھوڑ دینا۔ حقیر سمجھ کر الگ ہو جانا (۴) انکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔
ٹھکرائی۔ٹھکرائن (ٹھ۔ک۔رائی۔ٹھ۔ک۔رائن) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹھاکر کی بیوی (۲) سپاہی کی عورت۔ دیوی (۳) نائن۔
ٹھکنا (ٹھک۔نا) [ہ۔مص] (۱) مار کھانا (۲) گڑنا۔ اندر گھسنا (۳) پچھڑنا (۴) شکست کھانا (۵) نقصان اُٹھانا (۶) قید ہونا (۷) دائر ہونا (عرضی مقدمہ وغیرہ)
ٹھکوانا (ٹھک۔وا۔نا) [ہ۔مص] ٹھکنا کا متعدی المتعدی۔
ٹھگ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ٹھگنے والا۔ لٹیرا۔ چور۔ جعل ساز (۲) یار مار۔
ٹھگ بازی (مونث) (۱) رہزنی (۲) دغا فریب۔ جعل سازی۔
ٹھگ بدیا (مونث) (۱) ٹھگی کا علم (۲) مکاری۔ عیاری۔ فریب دہی۔
ٹھگ لانا۔ دھوکا دے کر مال لے آنا۔
ٹھگ لینا۔ فریب دے کر مال ہتھیا لینا۔ دھوکے سے چیز لے لینا
ٹھگنا (ٹھگ۔نا) [ہ۔مص] (۱) لوٹنا (۲) فریب سے دوسرے کا مال لے لینا (۳) مہنگے داموں بیچنا۔ کم داموں خرید لینا۔

Marfat.com

**ٹھگنی** (ٹھگ۔نی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹھگوں میں کی عورت (۲) عیّار۔ مکّارہ (۳) کٹنی۔

**ٹھگوانا** (ٹھگ۔وانا) [ہ۔مص] ٹھگنا کا متعدی المتعدی۔

**ٹھگی** (ٹھ۔گی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹھگوں کا پیشہ (۲) پولیس کا وہ محکمہ جو ٹھگوں کو پکڑتا تھا۔

**ٹہل** (ٹ۔ہل) [ہ۔ا۔مونث] (۱) خدمت گزاری (۲) ملازمت (۳) خدمت۔ فرض (۴) محنت (۵) گھر کا کام (۶) چہل قدمی۔

**ٹہل جانا** (۱) چلا جانا (۲) ٹل جانا۔ بھاگ جانا (۳) مرجانا۔

**ٹہل کرنا** ۔ خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔

**ٹہل نہ ٹکوری لاؤ کچوڑی موری** (مثل) خدمت تو کچھ بھی نہیں کی معاوضہ مانگنے کو تیار ہیں۔ کام چور۔

**ٹہلانا** (ٹہ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) چہل قدمی کرانا (۲) گھوڑوں کو پھیرا دینا (۳) ٹالنا (۴) غائب کرنا (۵) خارج کرنا۔ موقوف کرنا۔

**ٹہلنا** (ٹ۔ہل۔نا) [ہ۔مص] (۱) چہل قدمی کرنا (۲) رخصت ہونا۔ ٹلنا (۳) مرجانا۔

**ٹہلنی** (ٹ۔ہل۔نی) [ہ۔ا۔مونث] خادمہ۔ ملازمہ۔

**ٹہلوا** (ٹ۔ہل۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] خدمت گار۔ سیوک۔ نوکر۔

**ٹھلیا** (ٹھل۔یا) [ہ۔ا۔مونث] پانی رکھنے کا مٹی کا چھوٹا برتن۔ گگری۔

**ٹھمری** (ٹھم۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ایک قسم کا گیت (۲) افراد (۳) ہندی شاعری کی ایک بحر۔

**ٹھمک** (ٹھ۔مک) [ہ۔ا۔مونث] (۱) مستانہ چال (۲) نازک چنچل چال۔

**ٹھمک ٹھمک** ۔ مٹک مٹک کر۔ ناز و انداز سے۔ نخرے سے۔

**ٹھمکا** (ٹھم۔کا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) مٹک۔ جسم کو مٹکانا (۲) [صفت] ٹھگنا۔

**ٹھمکنا** (ٹھ۔مک۔نا) [ہ۔مص] (۱) مٹکنا (۲) بن ٹھن کر چلنا۔

**ٹھمکی** (ٹھم۔کی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ہلکا سا جھٹکا (۲) ٹھمکا کا مونث۔

**ٹھمکی دینا** ۔ ٹھمکی لگانا۔ پتنگ کو جھٹکے دے دے کر ٹھہرا رکھنا۔

**ٹھنٹا** (ٹھن۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] ۔ موٹی اور بڑی شاخ۔ گدّا۔

**ٹھنٹھ** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایسا گدّا یا درخت جو سوکھ چکا ہو (۲) کٹا ہوا ہاتھ۔

**ٹھنڈ** [ہ۔ا۔مونث] سردی۔ خنکی۔

**ٹھنڈ پڑنا** ۔ ہلکی ہلکی سردی ہونا۔ گلابی جاڑے ہونا۔ خنکی ہونا۔

**ٹھنڈا** (ٹھن۔ڈا) [ہ۔صفت] (۱) سرد (۲) دھیما۔ بُرد بار۔ حلیم (۳) کم گو۔ خاموش طبع (۴) نامرد (۵) کاہل (۶) بے جان (۷) کاروباری مندا (۸) سنگ دل (۹) مطمئن (۱۰) بجھا ہوا چراغ (۱۱) ساکن۔ خاموش۔

**ٹھنڈا پڑنا** (۱) سرد ہونا (۲) مندا ہونا (۳) غصہ دھیما ہونا۔

**ٹھنڈا کرکے کھانا** (۱) سوچ سمجھ کر کام کرنا (۲) فوری جوابی کارروائی نہ کرنا۔

**ٹھنڈا کرنا** (۱) سرد کرنا (۲) چراغ وغیرہ بجھانا (۳) غصہ دھیما کرنا (۴) مار ڈالنا (۵) دشمن کو نقصان پہنچا کر خوشی حاصل کرنا (۶) پیاس بجھانا (۷) تعزیے کو دفن کرنا۔

**ٹھنڈا کھائے گرم سے نہائے۔ سائے میں سوئے اس کا بری پچھواڑے رہ جائے** ۔ (مثل) ٹھنڈی خوراک کھانے، گرم پانی سے نہانے اور سائے میں سونے سے انسان کی تندرستی بنی رہتی ہے۔ چنانچہ اس کے دشمنوں کو خوش ہونے کا موقع نہیں ملتا۔

**ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے** ۔ (مثل) دھیمے مزاج کا آدمی تیز مزاج آدمی کو زیر کر لیتا ہے۔

**ٹھنڈا لیمپ** ۔ ایسا لیمپ یا جھول جو آگ کے بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے۔

**ٹھنڈے پہرے** ۔ صبح سویرے۔ صبح ہی صبح۔

**ٹھنڈے ٹھنڈے جانا۔ ٹھنڈے ٹھنڈے سدھارنا** (۱) صبح سویرے روانہ ہو جانا (۲) آرام سے جانا۔

**ٹھنڈے دل سے** ۔ صبر و سکون سے۔ غصے کے بغیر۔

**ٹھنڈے سانس بھرنا** ۔ آہیں بھرنا۔ سرد آہیں کھینچنا۔

**ٹھنڈائی** (ٹھن۔ڈا۔ئی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) وہ دوائی جو گرمی کا اثر زائل کرنے کے لیے دی جاتی ہے (۲) بھنگ بادام وغیرہ کا مشروب۔

**ٹھنڈک** (ٹھن۔ڈک) [ہ۔ا۔مونث] (۱) سردی (۲) فرحت۔ تازگی (۳) راحت۔ آرام۔ چین۔ تسلی۔

**ٹھنڈک پڑنا** (۱) جلن دور ہونا (۲) دل ٹھنڈا ہونا۔ چین آجانا۔ مراد بر آنا۔

**ٹھنڈی** (ٹھن۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) چیچک (ان معنوں میں ٹھنڈیاں استعمال ہوتا ہے) (۲) [صفت] سرد (۳) بے ذوق (۴) نامراد۔

**ٹھنڈی آگ** (مونث) (۱) مراد (۲) برف۔ اولا۔ یخ۔

**ٹھنڈی مار** (مونث) اندرونی ضرب۔ میٹھی مار (۲) شکیل آدمی و ہنس ہنس کر چوٹ لگانا۔

**ٹھنڈی مٹی** (مونث) (۱) جس پر کسی بات کا اثر نہ ہو (۲) ایسا جسم جو قوت کی عام رفتار سے نہ بڑھے (۳) نرتا نہ۔ زنخا۔

**ٹھنڈی نکلنا** ۔ چیچک نکلنا۔

**ٹھنسانا۔ ٹھنسوانا** [ہ۔مص] دیکھیے ٹھسانا۔ ٹھسوانا۔

**ٹھنکانا** (ٹھن۔کا۔نا) [ہ۔مص] ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔ ضرب لگانا۔

**ٹھنکنا** (ٹھ۔نک۔نا) [ہ۔مص] ٹھن ٹھن کی آواز ہونا۔

**ٹھنکنا** (ٹھ۔نک۔نا) [ہ۔مص] (۱) بچے کا آہستہ آہستہ رونا (۲) بچوں کی طرح رونا اور مچلنا۔

**ٹھنگنا** (ٹھنگ۔نا) [ہ۔صفت] چھوٹے قد کا۔ بونا۔ ناٹا۔

**ٹھنگنی** (ٹھنگ۔نی) [ہ۔صفت] چھوٹے قد کی عورت۔

**ٹھننا** (ٹھن۔نا) [ہ۔مص] (۱) بن ٹھن ہونا (۲) قرار پانا (۳) دل میں پختہ ارادہ ہونا۔

**ٹھنی** (ٹھہ۔نی) [ہ۔ا۔مونث] شاخ۔ ڈالی۔

**ٹھور** [ہ۔ا۔مونث] (۱) ٹھکانا۔ موقع۔ جگہ (۲) مقررہ جگہ۔ اڈہ (۳) پتا۔ نشان۔ سراغ۔ کھوج۔

**ٹھور بے ٹھور** ۔ موقع بے موقع۔ جا بے جا۔

**ٹھور ٹھکانا** (مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں سکونت ہو (۲) رہنے کی جگہ۔

**ٹھوڑی** (ٹھو۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] ٹھڈی۔ ذقن۔ زنخداں۔

**ٹھوڑی پر ہاتھ دھر (رکھ) کر بیٹھنا** ۔ سوچ میں پڑا ہونا۔

**ٹھوڑی پکڑنا** (۱) منانا (۲) خوشامد کرنا۔

**ٹھوڑی تارا** (مذکر) ٹھوڑی کا تل۔

**ٹھوڑی میں ہاتھ دینا** ۔ خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔

**ٹھوس** [ہ۔صفت] ۔ بھرا ہوا۔ جس میں خلا یا خالی جگہ نہ ہو۔ سخت۔

**ٹھوک ٹھوکا** [ہ۔ا۔مذکر] ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔

Marfat.com

**ٹھوک بجا کے** (۱) اچھی طرح دیکھ بھال کے ۔ کھرا کھوٹا دیکھ کے ۔ (۲) علانیہ ۔ کھلم کھلا ۔

**ٹھوکا** (ٹ ۔ ہو ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] اشارہ جو انگلی یا ہاتھ کی ضرب سے کیا جائے ۔

**ٹھوکر** (ٹھو ۔ کر) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) وہ چوٹ جو پاؤں میں راستے کے روڑے یا پتھر وغیرہ سے لگے (۲) ایسی ضرب جو پاؤں کے پنجے یا ایڑی سے قصداً ماریں (۳) چوٹ ۔ صدمہ (۴) لات (۵) کھٹا ۔ نقصان (۶) وہ پتھر یا روڑا جو سڑک میں ابھرا ہوا ہو (۷) پشتہ (۸) ریل کے انجن کے آگے لگا ہوا آہنی جھاڑ (۹) ریل گاڑی کے دونوں سروں پر لوہے کے دو آلے جن کی وجہ سے ٹکر کے وقت ڈبوں کو نقصان نہیں پہنچتا (۱۰) ریلوے لائن کے سرے کا پشتہ ۔

**ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا ۔ ٹھوکر پہ ٹھوکر لگنا** (۱) لگاتار صدمے اٹھانا (۲) نقصان پہ نقصان ہونا ۔

**ٹھوکر پہ مارنا** ۔ حقیر سمجھنا ۔ ذلیل سمجھنا ۔

**ٹھوکر کھانا** (۱) پاؤں میں کسی سخت چیز کی ٹکر لگنا (۲) نقصان اٹھانا (۳) بھولنا ۔ دھوکا کھانا (۴) سبق ملنا ۔

**ٹھوکر لگانا** (۱) لات مارنا (۲) حقیر سمجھنا (۳) اڑنگا لگانا ۔

**ٹھوکر لگنا** (۱) پاؤں میں چوٹ آنا (۲) صدمہ پہنچنا (۳) نقصان اٹھانا ۔

**ٹھوکر مارنا** (۱) لات مارنا (۲) حقیر سمجھنا (۳) چھوڑ دینا (۴) قبول نہ کرنا ۔

**ٹھوکروں (پر) میں پڑا رہنا** ۔ بے عزتی اور ذلت کی حالت میں رہنا ۔

**ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا** ۔ نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا ۔

**ٹھوکریں کھانا** (۱) بھٹکنا (۲) دھکے کھانا (۳) در بدر پھرنا (۴) تکلیف اٹھانا (۵) رسوا ہونا ۔ کثرت سے نقصان اٹھانا (۶) غلطی پہ غلطی کرنا ۔

**ٹھوکریں کھلانا ۔ کھلوانا** (۱) ذلیل کروانا (۲) در بدر پھرانا ۔

**ٹھوکنا** (ٹھوک ۔ نا) [ہ ۔ ف م] (۱) مارنا (۲) گاڑنا (۳) کوٹنا (۴) پیٹنا ۔ تھپ تھپانا ۔ شاباش دینا (۵) کھٹکھٹانا (۶) دعوی کرنا (۷) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا ۔ کاٹھ میں پاؤں دینا (۸) طبلہ بجانا (۹) قفل لگانا یا جڑنا (۱۰) گھسیڑنا یا داخل کرنا ۔

**ٹھوٹھا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے ٹھنٹھ اور ٹھنڈ ۔

**ٹھونس ٹھانس** [ہ ۔ ا ۔ مونث] کسی چیز کو زبردستی کسی ایسی چیز میں بھرنا جس میں گنجائش کم ہو ۔

**ٹھونسنا** (ٹھونس ۔ نا) [ہ ۔ ف م] (۱) دبا کر بھرنا (۲) گھسیڑنا (۳) ندیدوں کی طرح کھانا (۴) زبردستی کھلانا ۔

**ٹھونگنا** (ٹھونگ ۔ نا) [ہ ۔ ف م] دیکھیے ٹھونکنا ۔

**ٹھونگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چونچ (۲) بیچ کی انگلی دوہری کرنے کا عمل ۔

**ٹھونگ مارنا** (۱) بیچ کی انگلی دوہری کرکے مارنا (۲) چونچ مارنا ۔

**ٹھونگا** (ٹھوں ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے ٹھونگ ۔

**ٹھہرانا** (ٹھہ ۔ را ۔ نا) [ہ ۔ ف م] (۱) روکنا ۔ کھڑا کرنا (۲) طے کرنا (۳) تجویز کرنا (۴) کسی جگہ یا مکان میں اتارنا ۔ مہمان کرنا (۵) مشہرہ باندھنا (۶) مہیا کرنا (۷) قائم کرنا ۔

**ٹھہراؤ** (ٹھہ ۔ را ۔ او) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مقام ۔ ٹھکانا (۲) سکون (۳) وقفہ (۴) تجویز یا قرارداد ۔

**ٹھہر ٹھہر کے** [ہ ۔ تابع فعل] رک رک کر پھونک پھونک کر قدم رکھتے ہوئے ۔ احتیاط کے ساتھ ۔ رک رک کے ۔

**ٹھہرنا** (ٹھہ ۔ ر ۔ نا) [ہ ۔ ف ل] (۱) رکنا ۔ تھم جانا ۔ قیام کرنا (۲) پانی منجمد ہونا (۳) قرار پانا (۴) طے ہونا (۵) دیر کرنا (۶) تہ نشین ہونا (۷) اضطراب کم ہونا (۸) مقابلے پر ڈٹے رہنا (۹) کام کرتے کرتے رک جانا (۱۰) خرچ نہ ہونا (۱۱) قائم رہنا (۱۲) نوبت آنا (۱۳) طبیعت بحال ہونا ۔

**ٹھیا** (ٹھی ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] اڈا ۔ جگہ ۔ مقام ۔ گدی ۔ ٹھکانا ۔ سہارا ۔

**ٹھیٹ ۔ ٹھیٹھ** [ہ ۔ صفت] (۱) خالص ۔ اصل (۲) روزمرہ کی بولی

**ٹھیرانا ۔ ٹھیراؤ ۔ ٹھیرنا** [ہ ۔ ف م] دیکھیے ٹھہرانا ۔ ٹھہراؤ ۔ ٹھہرنا ۔

**ٹھیس** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ہلکی سی رگڑ (۲) دھکا ۔ ٹھوکر ۔ صدمہ ۔ چوٹ ۔

**ٹھیک** [ہ ۔ صفت] (۱) صحیح ۔ سچ ۔ بجا ۔ منصفانہ (۲) موزوں (۳) ہو بہو ۔ بعینہ (۴) پورا پورا (۵) مرضی کے مطابق (۶) درست ۔ فٹ (۷) مستقل ۔ طے شدہ (۸) بھروسے کا (۹) ضرورت کے مطابق (۱۰) باقاعدہ (۱۱) مناسب شکل میں (۱۲) [مذکر] پتا ۔ نشان (۱۳) ٹھور ٹھکانا (۱۴) صحیح میزان (۱۵) یقین (۱۶) وقت ۔ خبر (۱۷) اعتبار (۱۸) [مونث] فقیروں کا آگ جلانے کا برتن ۔

**ٹھیک آنا** (۱) عین موقع پر آنا (۲) کپڑے کا بدن پر موزوں ہونا (۳) سوال کا جواب درست ہونا (۴) صحیح جگہ پر آ پہنچنا ۔

**ٹھیک بنانا** (۱) سزا دینا (۲) درست کرنا (۳) اصلاح کرنا ۔

**ٹھیک ٹھاک** (۱) ہر طرح سے درست (۲) ٹھور ٹھکانا (۳) سہارا ۔ روزگار (۴) مرمت ۔ درستی ۔

**ٹھیک ٹھور** ۔ وہ جگہ جہاں کوئی چیز مناسب طور سے رکھی جانی چاہیے

**ٹھیک ٹھیک** (۱) ہو بہو (۲) بالکل سچ ۔ بے کم و کاست (۳) ٹھیک کام کرنے کی تاکید (۴) ندا ٹھیک ہے ٹھیک ہے!

**ٹھیک رہنا** (۱) نیک چلن رہنا (۲) اچھا سلوک کرتے رہنا (۳) اچھی حالت میں رہنا (۴) خراب نہ ہونا ۔

**ٹھیک ہونا** (۱) درست ہونا (۲) فٹ ہونا (۳) سزا مل جانا ۔ آدمی بن جانا ۔

**ٹھیک** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) اڑواڑ ۔ ٹیک (۲) پیندا ۔ تلا (۳) پچر (۴) ڈھیری ۔ انبار ۔

**ٹھیک نکل جانا** (۱) پیندا یا پیندی نکل جانا (۲) گھبرا جانا ۔

**ٹھیکا** (ٹھے ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اجارہ ۔ کنٹریکٹ (۲) طبلے یا ڈھولک کی تھاپ سے راگ کا ساتھ دینا (۳) ٹھہرنے کی جگہ ۔

**ٹھیکا دینا** ۔ کسی چیز یا زمین کو پٹے یا اجارے پر دینا ۔

**ٹھیکا لینا** (۱) اجارہ لینا (۲) ذمہ لینا ۔

**ٹھیکے دار** ۔ وہ شخص جو ٹھیکا لے ۔ اجارہ دار ۔

**ٹھیکے کا کام پھیکا** ۔ (مثل) جو کام ٹھیکے پر کرایا جائے وہ اچھا نہیں ہوتا ۔

**ٹھیکرا** (ٹھیک ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مٹی کے برتن کا ٹکڑا (۲) حقارت سے مٹی کے برتن بھانڈے (۳) (انکسار یا تحقیر سے) مکان یا جائداد (۴) روزی کا وسیلہ ۔

**ٹھیکرا پھوڑنا** ۔ تہمت لگانا ۔ الزام دینا ۔ بہتان لگانا ۔

**ٹھیکری** (ٹھیک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ٹھیکرا کی تصغیر (۲)

Marfat.com

مٹی کا توا ۔
**ٹھیلی** [ٹھے ۔ لی] [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سہارا (۲) غلہ رکھنے کی جگہ (۳) دم لینے کے لیے بوجھ سے اتار کر جس چیز کے سہارے رکھیں ۔
**ٹھیلا** [ٹھے ۔ لا] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دو پہیوں کی اسباب لادنے کی گاڑی (۲) ہاتھوں سے دھکیلی جانے والی گاڑی ۔
**ٹھیلنا** [ٹھیل ۔ نا] [ہ ۔ ف ۔ ص] (۱) دھکیلنا (۲) کہنی مارنا ۔
**ٹھینگا** [ٹھیں ۔ گا] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہاتھ کا انگوٹھا (۲) لاٹھی ۔
**ٹھینگا دکھانا** (۱) انگوٹھا دکھانا (۲) فرمائش نہ ماننا (۳) چڑانا ۔
**ٹھینگے سے** ۔ بلا سے ۔ کچھ پروا نہیں ۔

# ٹ ۔ ی

**ٹی** (TEA) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] چائے ۔
**ٹی پارٹی** (TEA PARTY) مؤنث ۔ چائے کی دعوت ۔
**ٹی ۔ اے** (T A) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹریولنگ الاؤنس (TRAVELLING ALLOWANCE) کا مخفف ۔ بھتا ۔ سفر خرچ ۔
**ٹی ۔ بی** (T. B) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹیوبرکولوسس (TUBERCULOSIS) کا مخفف ۔ تپ دق ۔ دق کی بیماری ۔
**ٹیپ** (TAPE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سوت اور پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی ۔
**ٹیپ ریکارڈر** (TAPE RECORDER) مذکر ۔ گراموفون کے قسم کی ایک مشین جس کی پٹیوں میں آواز بھری اور دہرائی جا سکتی ہے ۔
**ٹیپ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) اونچی سے اونچی الاپ (۲) تحریک قرار نامہ (۳) مسدس کی تیسری بیت ۔ مخمس یا مثلث وغیرہ کی آخری بیت (۴) ماتھے کا زیور (۵) فوج کا دستہ (۶) تیغے میں مقابل کے ایک پتے کو اپنے دو پتوں سے مارنا (۷) ترجیع ۔ دھول (۸) پکی عمارت میں اینٹوں کی درزوں کو چونے یا سیمنٹ سے بھرنے کا عمل (۹) صف ۔ عمدہ ۔ چیدہ ۔
**ٹیپ ٹاپ** مؤنث (۱) آرائش (۲) خود نمائی (۳) شان و شوکت ۔
**ٹیپ کا بند** ۔ مسدس ۔ مخمس یا مثلث کی آخری بیت ۔ اصل مطلب ۔
**ٹیپنا** [ٹیپ ۔ نا] [ہ ۔ ف ۔ ص] (۱) دبانا (۲) لکھ لینا (۳) الاپنا (۴) تیغے میں دو پتوں سے ایک پتا جیتنا (۵) روپیہ وصول کرنا ۔
**ٹیٹک ٹھا** [ٹی ۔ ٹک ۔ ٹھا] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جھمیلا ۔ جھگڑا ۔
**ٹیٹو** [ٹے ۔ ٹو] (TATTOO) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے ٹٹو ۔
**ٹی ۔ ٹی** (T. T) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (TRAVELLING TICKET COLLECTOR) کا مخفف ۔ چلتی گاڑی میں ٹکٹ دیکھنے والا ۔
**ٹیچر** [ٹی ۔ چر] (TEACHER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مدرس ۔ معلم ۔
**ٹیچنا** [ٹیچ ۔ نا] [ہ ۔ ف ۔ ص] (۱) پرندوں کا چہچہانا (۲) تیتے کا بولنا ۔
**ٹیڑھ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ٹیڑھا پن ۔ کجی ۔ خم ۔ خطا روی (۲) اکڑ ۔ غرور (۳) شرارت ۔ سرکشی ۔
**ٹیڑھ نکالنا** (۱) کجی دور کرنا (۲) آستانہ ماننا کر اکڑ ناحق بول جائے ۔
**ٹیڑھا** [ٹے ۔ ڑھا] [ہ ۔ صفت] (۱) جو سیدھا نہ ہو ۔ خمدار (۲) مخالف ۔ برگشتہ (۳) بدمزاج (۴) ناراض (۵) اکھڑ (۶) نادان (۷) شرارت پسند ۔
**ٹیڑھا بیڑھا ۔ بیڑا** (۱) خمدار (۲) بگڑا ہوا ۔ برگشتہ ۔
**ٹیڑھا پن** مذکر (۱) کجی (۲) غلط روی (۳) شرارت ۔
**ٹیڑھا سوال** مذکر ۔ مشکل سوال ۔
**ٹیڑھا میڑھا** ۔ دیکھیے ٹیڑھا بیڑا ۔
**ٹیڑھا وقت** مذکر ۔ برا وقت ۔ مصیبت اور پریشانی کا زمانہ ۔
**ٹیڑھا ہونا** (۱) پیچیدہ ہونا (۲) خفا ہونا ۔ اکڑنا ۔
**ٹیڑھی** [ٹے ۔ ڑھی] [ہ ۔ صفت] ٹیڑھا کا مؤنث ۔
**ٹیڑھی آنکھ** مؤنث ۔ دشمنی کی نظر ۔ غصے کی نظر ۔
**ٹیڑھی باتیں** مؤنث ۔ ایسی گفتگو جس سے ناراضی یا خفگی ظاہر ہو ۔ مخالفانہ انداز گفتگو ۔
**ٹیڑھی ترچھی سنانا** (۱) برا بھلا کہنا (۲) گستاخی یا سختی سے جواب دینا ۔
**ٹیڑھی ٹوپی** مؤنث (۱) بانکپن کی نشانی (۲) غرور اور تکبر کا نشان ۔
**ٹیڑھی سیدھی** ۔ کڑوی اور میٹھی ۔ کڑوی اور نرم باتیں ۔
**ٹیڑھی کھیر** [مثل] مشکل کام ۔ جو کام نہ ہو سکے ۔
**ٹیڑی** [ٹی ۔ ڑی] [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ٹڈی ۔
**ٹیس** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ۔ وہ درد جو رک رک کر ہوتا ہے ۔ تپک ۔
**ٹیس اٹھنا ۔ ٹیس مارنا ۔ ٹیسنا** ۔ درد کرنا ۔ تپکنا ۔
**ٹیسٹ** (TEST) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] امتحان ۔ جانچ ۔ آزمائش ۔
**ٹیسٹ میچ** (TEST MATCH) دو ملکوں کی باقاعدہ ٹیموں کا کرکٹ ۔ ہاکی وغیرہ کا مقابلہ ۔
**ٹیسو** [ٹے ۔ سو] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈھاک کا پھول (۲) ایک خیالی بہادر کا نام جسے دسہرے کے دنوں میں لڑکیاں ہر گھر لے جاتی ہیں اس کا گیت گاتے پھرتے ہیں (۳) ٹیسو کا گیت ۔
**ٹیک** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) سہارا (۲) ستون (۳) گیت کا مصرع ۔
**ٹیک** (TEAK) [ملیالم ۔ ا ۔ مؤنث] جنوب مشرقی ایشیا کی ایک قیمتی اور پائیدار لکڑی ۔
**ٹیکا** [ٹی ۔ کا] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تلک ۔ قشقہ ۔ بندی (۲) دھبا ۔ داغ (۳) ماتھے کا ایک زیور (۴) شادی بیاہ کے موقع کی ایک خاص رسم (۵) بازو یا جسم کے کسی حصے پر کسی دوا کو اندر داخل کرنا ۔ انجکشن ۔
**ٹیکا کروانا ۔ لگوانا** ۔ انجکشن لگوانا ۔ سوئی لگوانا ۔
**ٹیکا لگانا** (۱) ماتھے پر بندی لگانا (۲) سوئی لگانا (۳) دھبا یا داغ لگانا ۔
**ٹیکر ۔ ٹیکرا** [ٹی ۔ کر ۔ ٹیک ۔ را] [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ٹیلا (۲) پہاڑی کی ڈھلوان سطح ۔
**ٹیکس** (TAX) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) محصول (۲) لگان ۔
**ٹیکس بالواسطہ** ۔ ایسا ٹیکس جو براہ راست وصول نہ کیا جائے (INDIRECT TAX)
**ٹیکس مترائد** ۔ ایسا ٹیکس جس میں اضافہ ہوتا رہے ۔ (PROGRESSIVE TAX)

Marfat.com

**ٹیکس مُتناسب** ۔ ایسا ٹیکس جو مقدار وغیرہ کے مُطابق لگایا جائے یا وصول کیا جائے (PROPORTIONATE TAX)۔

**ٹیکسٹائل** (TEXTILE) (ٹیکس۔ٹا۔ئل) [انگ۔صف] (۱) کپڑا بُننے سے متعلق (۲) [مذکر] کپڑا۔

**ٹیکسٹائل مِل** (TEXTILE MILL) کپڑے کا کارخانہ۔

**ٹیکسی** (TAXI) (ٹیک۔سی) [انگ۔ا۔مونث] کرائے کی موٹر کار۔

**ٹیکَن** (ٹے۔کَن) [ہ۔ا۔مونث] جس چیز کی ٹیک لگائی جائے اڑواڑ۔ سہارا۔

**ٹیکنا** (ٹیک۔نا) [ہ۔مص] (۱) ٹکانا۔ سہارا لینا (۲) داؤں پر لگانا۔

**ٹیکنالوجی** (TECHNOLOGY) (ٹیک۔نا۔لو۔جی) [انگ۔ا۔مونث] (۱) صنعتی فنون کا علم (۲) فنون کے ارتقا کا مطالعہ۔

**ٹیکنی شِیَن** (TECHNICIAN) (ٹیک۔نی۔شی۔اَن) [انگ۔ا۔مذکر] مستری۔ کسی فن کا ماہر۔

**ٹیکنیک** (TECHNIQUE) (ٹیک۔نیک) [انگ۔ا۔مونث] (۱) فنون کا نظریہ (۲) طرزِ ادا (۳) ہُنرمندی۔ فنی طریق اظہار۔

**ٹیکنیکل** (TECHNICAL) (ٹیک۔نی۔کل) [انگ۔صف] کسی خاص فن یا علم کے متعلق۔ صنعت وحرفت کا۔

**ٹیکنی کلر** (TECHNICOLOUR) (ٹیک۔نی۔کَ۔لَر) [انگ۔ا۔مذکر] رنگین فلم سازی جس میں مختلف رنگ الگ الگ مگر بیک وقت نظر آئیں۔

**ٹیگ** (TAG) [انگ۔ا۔مذکر] ڈورا جو دفتری کاغذات میں پرویا جاتا ہے۔

**ٹیلا** (ٹی۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] مٹی کا بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔ بھٹا۔ ٹیکرا۔

**ٹیلر** (TAILOR) (ٹے۔لَر) [انگ۔ا۔مذکر] درزی۔

**ٹیلی پرنٹر** (TELEPRINTER) (ٹے۔لی۔پرِن۔ٹر) [انگ۔ا۔مذکر] برقی مشین جس کے ذریعے پیغامات ٹائپ شدہ تحریر میں وصول ہوں۔

**ٹیلی پیتھی** (TELEPATHY) (ٹے۔لی۔پے۔تھی) [انگ۔ا۔مونث] روحانی ربط۔ اِشراق۔

**ٹیلی فون** (TELEPHONE) (ٹے۔لی۔فون) [انگ۔ا۔مذکر] ایک برقی آلہ جس کے ذریعے دُور دراز فاصلے تک گفتگو کر سکتے ہیں۔

**ٹیلیگراف** (TELEGRAPH) (ٹے۔لی۔گ۔راف) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) تار برقی (۲) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنے کا ساز و سامان۔

**ٹیلیگرام** (TELEGRAM) (ٹے۔لی۔گ۔رام) [انگ۔ا۔مذکر] برقیہ۔ تار کی خبر۔ خبر یا پیغام جو بذریعہ تار برقی بھیجا گیا ہو۔

**ٹیلی وژن** (TELEVISION) (ٹے۔لی۔وِ۔ژن) [انگ۔ا۔مذکر] ایک قسم کا ریڈیو جس میں آواز کے ساتھ صورت بھی دکھائی دیتی ہے۔

**ٹیم** (TEAM) [انگ۔ا۔مونث] مل کر کام کرنے یا کھیلنے والوں کی جماعت۔

**ٹیم ورک** (TEAMWORK) وہ کام جو مل کر کیا جائے۔ مُتفقہ کوشش۔

**ٹیمپل** (TEMPLE) (ٹیم۔پَل) [انگ۔ا۔مذکر] مندر۔ معبد۔

**ٹیم ٹام** (ٹیم۔ٹام) [ہ۔ا۔مونث] ٹیپ ٹاپ۔ سج دھج۔ زینت۔

**ٹین** (TIN) [انگ۔ا۔مذکر] ایک سفید نرم دھات۔ رانگ۔ قلعی۔ لوہے کی پتلی پتلی چادریں جن پر قلعی کی گئی ہوتی ہے۔

**ٹیں** [ہ۔ا۔مونث] طوطے کے چیخنے کی آواز۔

**ٹیں ٹیں** (۱) طوطے کا بار بار چیخنا (۲) بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔

**ٹیں ہو جانا** ۔ مر جانا۔

**ٹینٹ** (TENT) [انگ۔ا۔مذکر] خیمہ۔ شامیانہ۔ چھولداری۔

**ٹینٹ** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کی پھلی (۳) کپاس کا ڈوڈا۔

**ٹینٹوا** (ٹین۔ٹ۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] گلا۔ حلق۔

**ٹینٹوا دبانا** (۱) گلا گھونٹنا (۲) سخت تقاضا کرنا۔

**ٹینس** (TENNIS) (ٹے۔نِس) [انگ۔ا۔مونث] ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیندوں اور تانت کے بلّوں سے کھیلا جاتا ہے۔

**ٹینک** (TANK) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) تالاب (۲) حوض (۳) انجن کا وہ حصہ جس میں پانی بھر لیتے ہیں (۴) آہن پوش موٹر گاڑی جس میں توپیں لگی ہوتی ہیں۔

**ٹینکر** (TANKER) [انگ۔ا۔مذکر] تیل ڈھونے یا لے جانے والا جہاز۔

**ٹینی** (ٹے۔نی) [ہ۔صف] پستہ قد۔ بونا۔ چھوٹے قد کی مُرغی یا مُرغا وغیرہ۔

**ٹیوب** (TUBE) (ٹ۔یُوب) [انگ۔ا۔مونث] نلکی۔ نال۔

**ٹیوب ویل** (TUBE WELL) [مذکر] نل کنواں۔

**ٹیوٹر** (TUTOR) (ٹ۔یُو۔ٹر) [انگ۔ا۔مذکر] گھر پر پڑھانے والا۔

**ٹیوشن** (TUTION) (ٹ۔یُو۔شن) [انگ۔ا۔مونث] گھر پر پڑھائی۔ سکول کی باقاعدہ پڑھائی کے علاوہ پڑھائی۔

Marfat.com

# ث

ثے ۔ (ع ۔ مونث) اُردو کا چھٹا ۔ فارسی کا پانچواں اور عربی کا چوتھا حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے ۵۰۰ عدد ہیں ۔

## ث ۔ ا

**ثابت** (ثا ۔ بت) [ع ۔ صف] (۱) پُورا ۔ سارا ۔ جو ٹُوٹا ہُوا نہ ہو (۲) قائم ۔ مُستقل (۳) مضبوط (۴) تصدیق شدہ (۵) یقینی (۶) صحیح ۔ درست (۷) وہ ستارہ جو گردش نہ کرے ۔ (۸) عالموں نے سال کے مہینوں کو جن تین قسموں ثابت مُنقلب ذوجسدین میں تقسیم کیا ہے ان میں سے پہلی قسم کے مہینے ۔

**ثابت قدم** (۱) مستقل مزاج ۔ عہد کا پکا (۲) باحوصلہ (۳) مضبوط مستقل ۔

**ثابت قدمی** (مونث) مُستقل مزاجی ۔ استقلال ۔

**ثابت ہونا** ۔ تحقیق ہو جانا ۔ ثبوت مل جانا ۔

**ثاقب** (ثا ۔ قب) [ع ۔ صف] چمکیلا ۔ روشن ۔ چمک دار ۔ درخشاں ۔

**ثالث** (ثا ۔ لث) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پنچ ۔ حکم ۔ [صف] (۲) تیسرا ۔

**ثالث بالخیر** ۔ ایسا پنچ جو کسی کی طرف داری یا رورعایت نہ کرے ۔

**ثالث حصری** ۔ ایسا ثالث جس کو فریقین نے معاملے کے فیصلے کا پورا اختیار دے دیا ہو ۔

**ثالث نامہ** ۔ پنچ کا لکھا ہُوا فیصلہ ۔ وہ کاغذ جس میں فریقین کسی شخص کو اپنا ثالث ماننے کا اقرار کریں ۔

**ثالثی** (ثا ۔ لِ ۔ ثی) [ع ۔ ا ۔ مونث] پنچایت ۔

**ثانوی** (ثا ۔ ن ۔ وی) [ع ۔ صف] ثانی کی طرف منسوب ۔ دوئمی ۔ سکنڈری ۔

**ثانی** (ثا ۔ نی) [ع ۔ صف] (۱) دُوسرا ۔ [ا ۔ مذکر] (۲) مانند نظیر ۔ مقابل ۔ جوڑ ۔

**ثانی الحال** ۔ دُوسرے وقت ۔ پھر ۔ دوسری دفعہ ۔ بعد ازاں ۔

**ثانی الملاحظہ** ۔ نظرثانی ۔ دوسری دفعہ پڑتال ۔

**ثانیا** ۔ (ثا ۔ نِ ۔ یَن) [ع ۔ صف] دوبارہ ۔ دوسری مرتبہ ۔ مکرر ۔

**ثانیہ** (ثا ۔ نِ ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پل ۔ لحظہ ۔ سیکنڈ ۔ دقیقہ ۔

## ث ۔ ب

**ثبات** (ث ۔ بات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قیام ۔ قرار (۲) پائیداری (۳) استقلال ۔

**ثباتِ رائے** ۔ رائے کی مضبوطی ۔ استحکامِ رائے ۔

**ثبت** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) نقش (۲) تحریر ۔ نوشتہ ۔

**ثبت کرنا** (۱) دستخط کرنا (۲) درج کرنا ۔ لکھنا (۳) مُہر لگانا ۔

**ثبوت** (ث ۔ بوت) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دلیل ۔ سچائی (۲) شہادت ۔ گواہی ۔

**ثبوتِ استحقاق** ۔ حق دار ہونے کا ثبوت ۔

**ثبوتِ بدیہی یا بادی النظر** ۔ ایسا ثبوت جو ظاہر میں صحیح معلوم ہو ۔

**ثبوتِ تردیدی** ۔ ایسا ثبوت جو گواہی کو جھٹلانے کے لیے پیش کیا جائے ۔

**ثبوتِ ضمنی** ۔ وہ ثبوت جو دوسرے کسی ثبوت کے ضمن میں آ جائے ۔

**ثبوتِ قانونی** ۔ قانون کے مطابق دعوے کی تصدیق کی شہادت ۔

**ثبوتِ لسانی** ۔ زبانی ثبوت ۔

**ثبوتِ مسل** ۔ جو ثبوت مقدمے کی مندرجہ کارروائی سے دیا جائے ۔

## ث ۔ ر

**ثروت** (ثر ۔ وت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) تونگری ۔ دولت مندی (۲) حکومت ۔ رسُوخ ۔

**ثریٰ** (ث ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زمین کے نیچے کی مٹی ۔ (۲) گیلی مٹی ۔

**ثُریا** (ث ۔ رَی ۔ یا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں ۔ پروین ۔ سات سہیلیوں کا جھمکا ۔

## ث ۔ ع

**ثعلب مصری** (ثع ۔ لب ۔ مص ۔ ری) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک درخت کی جڑ جو لونڈی کے مشابہ ہے اور بطور دوا استعمال ہوتی ہے ۔

## ث ۔ ق

**ثقات** (ث ۔ قات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ثقہ کی جمع ۔ معتبر لوگ ۔

**ثقافت** (ث ۔ قا ۔ فت) [ع ۔ ا ۔ مونث] تہذیب ۔ کلچر ۔

**ثقالت** (ث ۔ قا ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) بدہضمی کی وجہ سے طبیعت بوجھل ہونا (۲) گرانی ۔ بھاری پن ۔

**ثقل** [ع ۔ ا ۔ مذکر] گرانی ۔ بوجھ ۔

**ثقلِ سماعت** (مذکر) اُونچا سُننے کی بیماری ۔

**ثقلین** (ث ۔ قَ ۔ لین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دونوں جہان انسان اور جن ۔

**ثقہ** (ث ۔ قہ) [ع ۔ صف] معتبر ۔ معتمد آدمی ۔

**ثقیل** (ث ۔ قیل) [ع ۔ صف] (۱) ناقابلِ ہضم ۔ دیر ہضم (۲) بھاری ۔

Marfat.com

## ث ۔ ل

**ثُلاثی** (ثُ۔لا۔ثی) [ع۔صف] (۱) مثلث۔تین پہلوؤں والا۔ (۲) سہ حرفی۔
**ثُلث** [ع۔ا۔مذکر] تیسرا حصّہ۔ایک تہائی۔

## ث ۔ م

**ثُمَّ** (ثُم۔مَ) [ع۔حرف عطف] بعد۔پیچھے۔پھر۔
**ثِمار** (ثِ۔مار) [ع۔ا۔مذکر] ثمر کی جمع۔
**ثَمَر** (ثَ۔مَر) [ع۔ا۔مذکر] (۱) پھل۔میوہ (۲) فائدہ پیداوار۔حاصل۔آمد (۳) نتیجہ (۴) بدلہ۔عوض۔
**ثمرِ اُمید۔ثمرِ مُراد**۔جس چیز کی آرزو ہو۔جس کی خواہش ہو۔
**ثمرِ بہشت**۔آم کی ایک قسم۔
**ثمر پانا**۔کوشش کا پھل ملنا۔کامیابی حاصل کرنا۔
**ثمرَوَر۔ثمردار**۔پھل دار۔بارور۔
**ثَمَرات** (ثَ۔مَ۔رات) [ع۔ا۔مذکر] ثمرہ کی جمع۔
**ثَمَرہ** (ثَ۔مَ۔رہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) حاصل۔فائدہ (۲) عوض۔
**ثَمَن** (ثَ۔مَن) [ع۔ا۔مذکر] قیمت۔قدر۔مول۔
**ثُمن**۔(ثُمُن۔ثُ۔مُن) [ع۔ا۔مذکر] آٹھواں حصّہ۔

## ث ۔ ن

**ثنا** (ثَ۔نا) [ع۔ا۔مونث] تعریف۔مدح۔حمد و نعت۔
**ثنا خواں۔ثناگر۔ثناگستر۔ثناگو**۔تعریف کرنے والا۔مدّاح۔

## ث ۔ و

**ثواب** (ثَ۔واب) [ع۔ا۔مذکر] (۱) نیک کام کا بدلہ جو دوسری دُنیا میں ملے گا۔انعام۔اُجرت۔جزا (۲) بھلائی۔نیکی۔
**ثواب بخشنا**۔اپنا کمایا ہُوا ثواب دوسرے کو دے دینا۔
**ثواب کمانا**۔نیک کام کرنا۔
**ثوابت** (ثَ۔وا۔بت) [ع۔ا۔مذکر] ثابت کی جمع۔وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے۔
**ثَوب** [ع۔ا۔مذکر] کپڑا۔لباس۔پوشاک۔
**ثَور** [ع۔ا۔مذکر] (۱) بیل (۲) آسمان کا دوسرا بُرج جو گائے کی شکل کا ہے۔

## ث ۔ ی

**ثِیاب** (ثِ۔یاب) [ع۔ا۔مذکر] ثَوب کی جمع۔لباس۔پوشاک۔
**ثَیِّبہ** (ثَیْ۔یِ۔بہ) [ع۔صف] شادی شدہ عورت جو باکرہ نہ ہو۔

Marfat.com

# ج

ج - (جیم) [مذکر و مونث] اُردو کا ساتواں، فارسی کا چھٹا، عربی کا پانچواں اور ہندی کا آٹھواں حرف۔ حساب ابجد میں اس کے تین عدد ہیں۔

## ج - ا

**جا** [ف ۔ ا ۔ مونث] جائے کا مخفف۔ جگہ۔ مقام۔ ٹھکانہ۔
**جابجا** ۔ ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ ہر مقام پر۔
**جا بے جا** ۔ (۱) موقع بے موقع۔ (۲) بُرا بھلا۔
**جا سے** ۔ (۱) سچی بات۔ (۲) برمحل بات۔ موقع کی بات۔
**جا ضرور** ۔ جائے ضرور۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔
**جانشین** ۔ (۱) قائم مقام (۲) نائب سلطنت (۳) ولی عہد۔
**جانشینی** ۔ نیابت۔ ولی عہدی۔ قائم مقامی۔
**جانماز** ۔ نماز پڑھنے کا فرش۔ مصلّی۔
**جا** (ہ ۔ ض) جو جس۔
**جا کو راکھے سائیاں، مار نہ سا کے کوئے** (مثل) جس کو خدا بچائے اُسے کوئی نہیں مار سکتا۔ جسے خدا رکھے اُسے کون چکھے۔
**جاب** (JOB) [انگ ۔ ا ۔ مونث] ۔ کار خدمت۔ فرض منصبی۔ اسامی۔
**جاب ورک** ۔ (JOB WORK) متفرق کام جس کی اُجرت فوراً دے دی جائے۔
**جابر** (جا ۔ بر) [ع ۔ صفت] (۱) جبر کرنے والا۔ ظالم (۲) مطلق العنان۔
**جابھی** ۔ (ہ) بیزاری، ناپسندیدگی یا شکایت کا کلمہ۔
**جاپ** [س ۔ ا ۔ مونث و مذکر] وظیفہ۔ ورد۔ پاٹھ۔
**جاپا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بچے کی پیدائش یا زچگی۔
**جاپانی** (جا ۔ پا ۔ نی) [ا ۔ صفت] جاپان سے نسبت رکھنے والا ۔ (مونث) جاپانی زبان۔
**جاپانی مال** ۔ سستا، گھٹیا اور ناپائدار مال۔
**جات** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ذات (۲) فرقہ۔ قبیلہ (۳) نسل (۴) جتا۔
**جات پات** (۱) حسب نسب۔ ذات پات (۲) نسل (۳) برادری۔
**جات پات پوچھے نہ کوئے ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے** ۔ (مثل) خدا کے ہاں ذات پات کی کوئی پرسش نہیں جو خدا کی عبادت کرتا ہے وہ خدا کو پیارا ہوتا ہے۔
**جاتا رہنا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) کھو جانا (۲) نکل جانا۔ پھیرے کرنا۔ (۳) رفع ہو جانا (۴) مر جانا۔
**جاترا** ۔ (جات ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) سفر۔ مقدس مقامات کی زیارت کے لیے سفر۔ (س ۔ یاترا)
**جاتری** ۔ (جات ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تیرتھ پر جانے والا۔ زائر۔ (۲) مسافر۔ (س ۔ یاتری)۔
**جاتی** ۔ (جا ۔ تی) [س ۔ ا ۔ مونث] ۔ دیکھیے جات۔
**جاتے جاتے** ۔ (ہ) (۱) چلتے وقت۔ رخصت ہونے کے موقع پر۔ (۲) رفتہ رفتہ۔ چلتے چلتے۔
**جاٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ہندوؤں کی ایک ذات جس کا پیشہ کاشتکاری ہے (۲) اس ذات کا ایک فرد (۳) بھولا بھالا آدمی۔
**جاجت** ۔ (جا ۔ جت) [ہ ۔ ا ۔ مونث] جیم کی تختی جو بچوں کو اس لیے پڑھائی جاتی ہے کہ جیم کو دوسرے حرفوں سے ملانا سیکھیں۔
**جاجم** ۔ (جا ۔ جم) [ہ ۔ ا ۔ مونث] چھپا ہوا یا بیل بوٹے دار کپڑا۔
**جا چکنا** ۔ (جا ۔ چک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) چلے جانا (۲) کبھی نہ جانا (طنزاً)
**جا دبوچنا** ۔ (جا ۔ د ۔ بوچ ۔ نا) [ا ۔ مص] پکڑ لینا۔
**جادو** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] منتر۔ افسوں۔ سحر۔ ٹونا۔
**جادو اتارنا** ۔ جادو منتر کا اثر دور کرنا۔
**جادو اثر** ۔ جس کا اثر فوراً ہو۔ جو فوراً کارگر ہو۔
**جادو بیان** ۔ جس کی تقریر یا کلام میں تاثیر ہو۔ سحر البیان۔
**جادو ٹونا** ۔ افسوں۔ سحر۔ منتر۔
**جادو جگانا** ۔ (۱) جادو آزمانا۔ جادو کا عمل کرنا (۲) جادو تازہ کرنا۔
**جادو رقم** ۔ جس کی تحریر میں جادو جیسا اثر ہو۔
**جادوگر** ۔ جو جادو کرنا جانتا ہو۔ ساحر۔ سیانا۔
**جادوگرنی** ۔ جادوگر کی تانیث۔
**جادوگری** ۔ جادو کرنے کا فن۔ جادو کا علم۔ ساحری میں ڈالنے والا کام یا عمل۔
**جادو نظر** ۔ جادو نفس۔ جادو نگاہ۔ محبوب۔
**جادو نگار** ۔ جس کی تحریر تاثیر میں ڈوبی ہوئی ہو۔
**جادو وہ جو سر چڑھ کے بولے** ۔ (مثل) بات وہ جس کا مخالف بھی اقرار کرے۔ تدبیر وہ جو کارگر ہو کے رہے۔
**جادو بنسی** ۔ (جا ۔ دو ۔ بن ۔ سی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] چندر بنسی راجپوتوں کے خاندان کی ایک شاخ۔ کرشن جی اسی خاندان سے تھے۔
**جادہ** ۔ (جا ۔ دہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) راستہ۔ سڑک (۲) طریقہ۔ رواج۔
**جادۂ اطاعت** ۔ تابع داری کا طریقہ۔ فرماں برداری۔
**جادۂ مستقیم** ۔ سیدھا راستہ۔ راہِ حق۔
**جاذب** (جا ۔ ذب) [ع ۔ صفت] (۱) جذب کرنے والا۔ (۲) پُرکشش (۳) [مذکر] وہ کاغذ جو سیاہی چوس لے۔ بلاٹنگ پیپر۔
**جاذبہ** (جا ۔ ذ ۔ بہ) [ع ۔ صفت ۔ و ۔ ا ۔ مونث] (۱) جذب کرنے والی۔ (۲) قوت کے ساتھ کھینچنے کی طاقت۔
**جار** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پڑوسی (۲) لفظ کے آخری حرف پر زیر دینے والا حرف۔
**جار، مجرور** ۔ (۱) کھینچنے والا اور وہ جو کھنچے (۲) وہ حرف جو زیر یا کسرہ دے اور وہ حرف جس پر زیر یا کسرہ دیا جائے۔
**جار ملحق** ۔ وہ ہم سایہ جس کی جائیداد یا مکان حق شفع کی ہوئی جائیداد کے متصل ہو۔
**جار** (GAR) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مٹی یا شیشے کا مرتبان۔
**جارجیٹ** ۔ (GEORGETTE) ۔ (جار ۔ جٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

**جارح۔** (جا۔ رح) [ع۔ صفت] نشتر لگانے والا (۱)۔ مذکر) حملہ کرنے والا۔ حملے میں پہل کرنے والا۔

**جارحانہ۔** (جا۔ رحا۔ نہ) [ع۔ صفت] جس سے زخم لگے یا نقصان پہنچے۔

**جارحیت** (جا۔ ر۔ حی۔ یت) [ف۔ ا۔ مؤنث] دوسرے ملک پر بلاوجہ حملہ۔ ناجائز چڑھائی

**جاروب۔** (جا۔ روب۔) [ف۔ ا۔ مؤنث] جھاڑو۔ بہاری۔

جاروب کش۔ جھاڑو دینے والا خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔

جاروب کشی۔ جھاڑو دینا۔ خاکروب کا کام

**جاری۔** [ع۔ صفت] (۱) رواں۔ بہتا ہُوا۔ (۲) مستعمل۔ نافذ۔ مروجہ۔ (۳) لگا تار۔ مسلسل

جاری شدہ۔ (۱) جاری کیا ہُوا۔ (۲) نافذ۔ رائج۔

**جاریہ۔** (جا۔ ر۔ یہ) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) لونڈی۔ باندی (۲) بیٹی۔

**جاڑا۔** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) سردی (۲) سردی کا موسم (۳) بخار۔ تپ ولرزہ۔

جاڑا پڑنا۔ سردی پڑنا۔ سردی زیادہ ہونا۔

جاڑا چڑھنا۔ کپکپی کے ساتھ سردی کے ساتھ بخار چڑھنا۔

جاڑا لگنا۔ سردی یا ٹھنڈ معلوم ہونا۔ ٹھنڈ لگنا۔

جاڑے کی چاندنی۔ بے فائدہ چیز۔

**جاز۔** [انگ۔ ا۔ مذکر] (JAZZ) ایک طرح کا نغمہ اور ناچ۔

**جازم۔** (جا زم) [ف۔ ا۔ مؤنث] دیکھیے جاجم۔

**جاسوس۔** (جا۔ سوس) [ع۔ ا۔ مذکر] مخبر۔ بھیدی

**جاسوسی۔** (جا۔ سو۔ سی) [ع۔ ف۔ ا۔ مؤنث] مخبری۔ بھید معلوم کرنا۔

**جاکٹ** (جا۔ کٹ) [انگریزی (JACKET) کا بگاڑ۔ ا۔ مؤنث] چھوٹا کوٹ۔ کمری۔ کرتی۔ نیمہ آستین۔

**جاکڑ۔** (جا۔ کڑ) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ چیز جو دکاندار سے کمیشن پر فروخت کرنے کے لیے لی جائے۔ (۲) واپسی کی شرط پر خریدی ہوئی چیز۔

جاکڑ بہی۔ وہ بہی جس میں واپسی کی شرط والی بکری کی یادداشتیں لکھی جائیں۔

**جاکی۔** (جا۔ کی) [انگ۔ ا۔ مذکر] (JOCKEY) پیشہ ور چابک سوار۔ گھڑ دوڑ میں گھوڑے پر سوار ہونے والا۔

**جاگ۔** [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) جاگنا (۲) بے خوابی (۳) ہوشیاری

جاگ اُٹھنا۔ جاگ پڑنا۔ جاگ جانا۔ سوتے سے اُٹھ جانا۔ بیدار ہو جانا۔ چونک پڑنا۔

جاگ ہو جانا۔ سب لوگوں کا جاگ جانا ہوشیار ہو جانا

**جاگت۔** (جا۔ گت) [ہ۔ ا۔ مؤنث] بیداری۔ ہوشیاری۔ چوکسی۔

**جاگرتی۔** (جا۔ گر۔ تی) [س۔ ا۔ مؤنث] جاگت۔ بیداری۔

**جاگنا۔** (جاگ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بیدار ہونا (۲) بیدار رہنا (۳) ہوشیار ہو جانا۔ (۴) تازہ ہو جانا۔

**جاگیر۔** (جا۔ گیر) [ف۔ ا۔ مؤنث] وہ زمین جو بادشاہ یا حکومت کی طرف سے انعام کے طور پر دی جائے۔

جاگیر اہتمام۔ لشکر کے اخراجات کے لیے بخشی گئی جاگیر۔

جاگیردار۔ وہ شخص جسے حکومت کی طرف سے جاگیر ملے۔ تعلقدار۔

جاگیر دوام۔ وہ جاگیر جو نسلاً بعد نسل خاندان میں رہے۔

جاگیر بحال۔ منظور شدہ جاگیر۔

جاگیر منصب۔ وہ جاگیر جو کسی عہدے کے ساتھ ملے۔

**جال۔** [س۔ ا۔ مذکر] (۱) پھندا۔ دام (۲) سوراخ دار چیز۔ حلقوں والی چیز (۳) جالی کا کام (۴) پیلو کا درخت (۵) جادو۔ طلسم

جال بچھانا۔ جال ڈالنا۔ گرفتار کرنے کی تدبیر کرنا۔ کسی کو پھانسنے کے لیے فریب کرنا۔

جال پھینکنا۔ (۱) مچھلیاں پکڑنے کے لیے پانی میں جال ڈالنا (۲) کسی کو پھانسنے کے لیے چال چلنا۔

جال دار۔ (۱) پھندے دار۔ جس میں جال ہو۔ (۲) ململ۔ تن سکھ۔ یا کرتی اور ایسا نفیس کپڑا جس پر جال کی شکل میں نفیس بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔

**جالا۔** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) باریک تار جو مکڑی تنتی ہے۔ تار عنکبوت (۲) آنکھ کی بیماری (۳) مٹی کا بڑا گھڑا۔ (۴) ایک قسم کی گھاس جو کھانڈ صاف کرنے کے کام آتی ہے۔

جالا (جالے) لینا۔ (۱) آنکھ کا جالا چھڑانا۔ (۲) دیواروں پر سے مکڑی کے جالے صاف کرنا۔

**جالی۔** (جا۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) خانہ دار کپڑا یا ایسی چیز جس میں سوراخ ہوں۔ (۲) کشیدہ (۳) لوہے کے تاروں کا بنا ہُوا جال (۴) جھلی (۵) نقاب یا بنا ہُوا کپڑا جو عورتیں بالوں پر ڈالتی ہیں (۶) چھینکا (۷) پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پڑ جاتا ہے۔ (۸) سوراخ دار توا جو چولھوں یا انگیٹھیوں میں راکھ گرنے کے لیے لگاتے ہیں (۹) سخت ریشے جو کدو میں پکنے کے بعد پڑتے ہیں۔

جالی پڑنا۔ کیری میں گٹھلی کا سخت ہونا۔

جالی کاڑھنا۔ جالی نکالنا۔ جالی کا کام کرنا۔ کپڑے وغیرہ پر کام بنانا۔

جالی لوٹ۔ ایک قسم کا باریک انگریزی کپڑا۔ بابی نٹ۔

**جالینوس۔** (جا۔ لی۔ نو۔ س) [ع۔ ا۔ مذکر] یونان قدیم کے ایک حکیم کا نام۔ اس کا اصلی نام کلاڈیس گیلن تھا۔

**جام۔** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) پیالہ۔ ساغر۔ پیمانہ (۲) آئینہ۔

جام پیما۔ پیالہ ناپنے والا یعنی شرابی۔

جام جم۔ جام جمشید۔ جام جہاں نما۔ (۱) وہ روایتی پیالہ جس میں جمشید تمام حالات کا عکس دیکھ لیتا تھا۔

جام چلنا۔ شراب کا دور چلنا۔

جام خانہ۔ شیش محل۔

جام سفال۔ مٹی کا پیالہ۔

جام صحت پینا۔ دوستوں، حاکموں یا مشاہیر کی صحت سلامتی اور کامیابی کے لیے محفلوں میں شراب پینا۔

**جام۔** (JAM) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) مربا (۲) راب۔

**جامپھل۔** [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک پھل جو سیب کے برابر ہوتا ہے اور دوا و غذا میں کام آتا ہے۔

**جامد۔** (جا۔ مد) [ع۔ صفت] (۱) جما ہُوا۔ (۲) ٹھوس (۳) پتھر (۴) وہ لفظ جس سے نہ تو کوئی لفظ نکلے اور نہ وہ کسی سے نکلا ہو۔

**جامدانی۔** (جام۔ دانی) [ف۔ ا۔ مؤنث] جامہ دانی کا مخفف۔ (۱) ایک قسم کا کپڑا جس پر پھول بنے ہوتے ہیں۔ (۲) کپڑوں کی گٹھڑی (۳) چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے

Marfat.com

رکھتے ہیں (۴) شیشے۔ ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں کوڑا بھر کر رکھتے ہیں۔

**جامع۔** (جا۔ مع) [ع۔ صف] (۱) جمع کرنے والا۔ تکمیل کرنے والا۔ (۲) مکمل۔ تمام۔ ہمہ گیر۔ (۳) وہ مسجد جس میں نماز پڑھی جائے

**جامع العلوم۔** انسائیکلوپیڈیا۔ مخزن العلوم۔ وہ کتاب جس میں تمام علمی و فنی معلومات درج ہوں۔

**جامع الکمالات۔** (۱) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں۔ (۲) جو تمام علوم و فنون کا ماہر ہو۔

**جامع اللغات۔** مذکر و مؤنث۔ ایسا لغت جس میں ہر لفظ مل جائے۔

**جامع مسجد۔** مؤنث۔ وہ بڑی مسجد جس میں نماز جمعہ ہوتی ہے۔

**جامعہ۔** (جا۔ م۔ عہ) [ع۔ ا۔ مؤنث] یونیورسٹی۔

**جامعیت۔** (جا۔ م۔ ی۔ یت) [ع۔ ا۔ مؤنث] ہمہ گیری جس میں سب کچھ آگیا ہو۔

**جاملنا۔** (جا۔ مل۔ نا) [ہ۔ مص] آکر شامل ہو جانا۔ شریک ہو جانا۔

**جامن۔** (جا۔ من) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک پھل اور اس کا درخت۔ (۲) وہ دہی یا چھاچھ جسے دہی جمانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**جامہ۔** (جا۔ مہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) پوشاک۔ لباس۔ (۲) ایک قسم کا لباس جسے شرفا اور اہل دربار پہنا کرتے تھے

**جامۂ احرام۔** وہ لباس جس کو حاجی حج سے پہلے خاص مقام سے پہن لیتے ہیں۔

**جامہ پوش۔** لباس پہنے ہوئے۔

**جامہ تلاشی۔** (مؤنث) کپڑوں کا جھاڑا۔

**جامہ زیب۔** وہ شخص جس کے جسم پر ہر وضع کا لباس بھلا معلوم ہو۔

**جامہ ندارم دامن از کجا آرم۔** اصل چیز ہی نہیں ہے فروعات کا کیا ذکر۔

**جامہ وار۔** (مؤنث) (۱) ایک قسم کی پھول دار چھینٹ۔ (۲) پھول دار پشمینے کی چادر

**جامے سے باہر ہونا۔** (۱) خوشی یا غصے میں آپے سے باہر ہو جانا۔ (۲) بہت اترانا۔ فخر کرنا۔

**جامے سے نکلا پڑنا۔** بہت زیادہ اترانا۔

**جامے میں پھولا نہ سمانا۔** بہت زیادہ خوش ہونا۔

**جامے میں رہنا۔** حواس میں رہنا۔ آپے میں رہنا۔

**جامی۔** (جا۔ می) [ف۔ صف] (۱) خراسان کے شہر جام سے منسوب۔ اس شہر کا باشندہ یا اس سے متعلق کوئی چیز۔

**جان۔** [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) روح (۲) زندگی (۳) طاقت (۴) حوصلہ (۵) جوہر۔ عطر (۶) نہایت عزیز چیز (۷) خوبی۔ (۸) بزرگوں کے لیے تعظیم اور پیار کا کلمہ۔

**جان آجانا** (۱) طاقت آنا (۲) پنپ جانا (۳) رونق آنا (۴) تسکین پانا۔

**جان آفرین۔** جان ڈالنے والا۔ خدا۔

**جاں باز۔** جان پر کھیل جانے والا۔ دلیر۔

**جاں بازی۔** جان پر کھیلنا۔ دلیری۔ شجاعت۔

**جان بچی لاکھوں پائے۔** (مثل) (۱) زندہ سلامت رہنا ہی بڑی دولت ہے۔ (۲) مصیبت سے پیچھا چھوٹا۔ عذاب سے نجات ملی۔

**جان بحق تسلیم ہونا۔** مر جانا۔ فوت ہو جانا۔

**جان بخش۔** تازگی دینے والا جس سے جان سی پڑ جائے۔

**جاں بخشی۔** (مؤنث) (۱) معافی (۲) قتل یا پھانسی کے مستحق کو چھوڑ دینا۔

**جاں بر۔** محفوظ۔ زندہ سلامت۔

**جاں بر ہونا۔** مرتے مرتے بچ جانا۔ محفوظ رہنا۔

**جاں بلب۔** مرنے کے قریب۔ قریب مرگ۔

**جان پر آبننا۔** (۱) سخت مصیبت ہونا۔ (۲) اتنی سخت تکلیف ہونا جس سے مرنے کا اندیشہ ہو۔

**جان پر بن جانا (بننا)**، جان خطرے میں ہونا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔

**جان پر کھیلنا (کھیل جانا)**، (۱) ایسا کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو۔ (۲) کوئی مقصد حاصل کرنے کے لیے مرنے پر آمادہ ہو جانا۔

**جان پڑنا۔** (۱) زندگی کے آثار نظر آنا۔ (۲) طاقت آ جانا (۳) کام کی رفتار تیز ہو جانا۔ (۴) ہرا ہونا۔ (۵) فرحت محسوس ہونا۔

**جان پڑی ہونا** (کسی شخص، چیز یا معاملے میں) (کسی کی) فکر لگی رہنا۔ (کسی کی طرف) خیال لگا ہونا (کسی کا) ہر وقت دھیان آنا۔

**جان پہ گذرنا۔** تکلیف یا اذیت میں ہونا۔ جان پر بننا۔

**جان توڑ کر۔** نہایت محنت سے۔ بہت کوشش سے۔

**جان جاں۔** جان جاناں۔ بہت عزیز۔ پیارا۔ معشوق۔

**جان جائے پر آن نہ جائے۔** (مثل) عزت میں کسی حالت میں فرق نہیں آنا چاہیے۔ ہر قیمت پر قائم رہنی چاہیے۔

**جان جائے کہ رہے۔** (مثل) کتنا ہی نقصان کیوں نہ اٹھانا پڑے۔ کسی مقصد، یا نظریہ کو کسی حالت میں نہ چھوڑنے کا ارادہ

**جان جلانا۔** (۱) رنج دینا (۲) رنج سہنا۔

**جان جوکھوں۔** جان جوکھم۔ خطرہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔

**جان جہاں۔** محبوب۔

**جان چرانا۔** کام سے بچنا۔ ٹالنا۔ پہلو تہی کرنا۔

**جان چھپانا۔** بہانے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ چھپتے پھرنا۔

**جان چھڑانا۔** پیچھا چھڑانا۔ پھندے سے بچ نکلنا۔

**جان چھڑکنا۔** فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔

**جان چھوٹنا۔** (۱) نجات ملنا (۲) تکلیف سے آزاد ہو جانا۔

**جان چھوڑنا۔** (۱) پیچھا چھوڑنا۔ (۲) ہمت ہارنا۔ (۳) مر جانا۔

**جان دار۔** (۱) ذی روح۔ جان رکھنے والا۔ (۲) طاقت ور۔ (۳) حوصلے والا۔ (۴) چست چالاک۔ (۵) دولت مند۔

**جان دو بھر ہونا۔** زندگی وبال معلوم ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا

**جان دینا۔** جان دے دینا۔ (۱) مر جانا۔ (۲) کنجوسی کرنا۔ (۳) دوسرے کے پیچھے مر جانا۔

**جان ڈالنا۔** (۱) روح ڈالنا۔ (۲) تازہ دم کرنا۔ (۳) ترقی دینا۔

**جان رہے یا نہ رہے۔** دیکھیے جان جائے کہ رہے۔

**جان سپار۔** اپنی جان دوسرے کو سونپنے والا۔ عاشق۔

**جان سپر کرنا۔** دوسرے کو بچانے کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔

Marfat.com

**جاں ستاں**۔ جان لینے والا۔
**جاں ستانی**۔ (مؤنث) جان لینا۔ ہلاک کر دینا۔ ظلم و ستم۔
**جاں سوختہ**۔ جس کی جان جل گئی ہو (مجازاً) عاشق۔
**جاں سوز**۔ دل جلانے والا۔ ایذا دینے والا۔ تکلیف دہ۔
**جاں سوزی**۔ (مؤنث) جان جلانا۔ دل جلانا۔ تکلیف دینا۔ یا اٹھانا۔
**جان سُوکھنا**۔ خوف معلوم ہونا۔ ڈر لگنا۔
**جان سُولی پر ہونا**۔ (۱) کسی بات کا اندیشہ ہونا۔ (۲) انتظار میں ہونا۔ (۳) بے چینی اور اضطراب ہونا۔
**جان سے بیزار ہونا**۔ جان سے تنگ آنا (ہونا)۔ دیکھیے جان دُوبھر ہونا۔
**جان سے جانا**۔ (۱) مرنا۔ (۲) کسی بیماری یا حادثے کی نذر ہونا۔
**جان سے دُور**۔ جب مخاطب یا مذکورہ شخص کا ذکر کسی ایسے شخص کے ذکر کے ساتھ کیا جا۔ یا جو مر چکا ہو یا مصیبت میں ہو تو اس موقعے پر یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔
**جان سے گذرنا**۔ جان سے گذر جانا۔ مر جانا۔
**جان سے مار ڈالنا**۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔
**جان سے ہاتھ اٹھانا**۔ جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا (دھونا) (۱) مرنے پر آمادہ ہونا۔ (۲) زندگی سے مایوس ہو جانا۔
**جانِ شیریں**۔ پیاری جان۔ عزیز زندگی۔
**جانِ عالم**۔ دنیا کی جان۔ محبوب۔
**جاں فرسا**۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔
**جاں فزا**۔ دل خوش کرنے والا۔ مسرت انگیز۔
**جاں فشاں**۔ جان چھڑکنے والا۔ دوسرے کے لیے جان دینے والا۔
**جاں فشانی**۔ (مؤنث) (۱) جان چھڑکنا۔ (۲) محنت۔ کوشش۔ (۳) سرگرمی۔
**جان کا بیری**۔ جان کا دشمن۔ جان کا لاگو۔ جان کا لیوا۔ جانی دشمن۔ ایسا شخص جو قتل کے درپے رہے۔
**جان کا جنجال**۔ (مذکر) تکلیف دہ۔ ناگوار۔ وبالِ جان۔ مصیبت۔
**جان کا خواہاں ہونا**۔ قتل کی فکر میں ہونا۔
**جان کا روگ**۔ جان کا عذاب۔ (مذکر) ایسا مرض جس نے جینا وبال کر دیا ہو۔
**جاں کاہ**۔ (۱) جس سے جان گھُل جائے۔ (۲) تکلیف دہ۔ (۳) محنت طلب۔
**جاں کاہی**۔ (مؤنث) (۱) محنت۔ مشقت۔ (۲) تکلیف۔ دُکھ۔
**جاں کندنی (کنی)** (مؤنث) (۱) نزع کی حالت۔ دم توڑنا۔ (۲) اذیت۔
**جان کو آ جانا**۔ جان کو آنا۔ بہت غصے ہونا۔
**جان کو رونا (کلپنا)**۔ صبر کر بیٹھنا۔ جس سے تکلیف پہنچی ہے اسے کوسنا۔
**جان کھا جانا (کھانا)** ستانا۔ ناک میں دم کرنا۔
**جان کھا لینا**۔ (۱) تقاضوں سے ناک میں دم کرنا۔ (۲) تنگ کرنا۔ (۳) بہت زیادہ باتیں کر کے بیزار کر دینا۔
**جان کھپانا**۔ بہت زیادہ محنت کرنا۔ فکر کرنا۔

**جان کھونا**۔ (۱) رنج کرنا۔ (۲) مر جانا۔
**جان کی امان**۔ (۱) جاں بخشی۔ معافی (۲) رہائی۔ (۳) نجات۔
**جان کی پڑی ہونا**۔ جان بچانے کی فکر ہونا۔
**جان کے پیچھے عذاب لگانا**۔ کوئی مصیبت اپنے سر لے لینا۔
**جان کے لالے پڑنا**۔ جینے کی اُمید نہ رہنا۔
**جاں گداز**۔ جان کو گھلانے والا
**جاں گدازی**۔ (مؤنث) جان گھلنا۔
**جاں گسل**۔ جان کو گھٹانے والا۔
**جان لبوں پر آنا**۔ مرنے کے قریب ہونا۔ عالمِ نزع میں ہونا۔
**جان لڑا دینا (لڑانا)**۔ (۱) مرنے کو تیار ہو جانا۔ (۲) بے حد کوشش کرنا۔
**جان لینا**۔ (۱) مار ڈالنا۔ (۲) تنگ کرنا۔ (۳) عاجز کر دینا۔
**جان لیوا**۔ (۱) جو جان لے لے۔ (۲) جانی دشمن۔
**جان مار کر کام کرنا**۔ بہت محنت سے کام کرنا۔
**جان مارنا**۔ (۱) محنت سے کام کرنا۔ (۲) تکلیف پہنچانا۔
**جانِ مَن**۔ میری جان۔
**جان میں جان آنا (پڑنا)** (۱) اطمینان ہو جانا۔ چین آ جانا۔ (۲) ہمت بندھنا۔ (۳) خوشی حاصل ہونا۔
**جاں نثار**۔ جان قربان کرنے والا۔ وفادار۔
**جاں نثاری**۔ (مؤنث) جان فدا کرنا۔
**جان نکلنا**۔ (۱) دم نکلنا۔ مرنا۔ (۲) گھبرانا۔ (۳) ہمت ہارنا۔
**جاں نواز**۔ (۱) جان پر مہربانی کرنے والا۔ (۲) کنایتاً معشوق۔
**جاں نوازی**۔ (مؤنث) جان پروری۔ جان پر مہربانی کرنا۔
**جان نہ ہونا**۔ کمزور ہونا۔ طاقت نہ ہونا۔ سکت نہ ہونا۔
**جان وارنا**۔ جان قربان کرنا۔ جان نثار کرنا۔
**جان و دل سے**۔ نہایت خوشی سے۔ بخوشی۔
**جاں باز**۔ جان پر کھیلنے والا۔ جان دینے والا۔
**جان ہلکان کرنا**۔ (۱) بہت زیادہ کام لینا یا کرنا۔ (۲) تکلیف دینا (۳) تکلیف برداشت کرنا۔
**جان ہوا ہونا**۔ جان نکلنا۔ بہت زیادہ ڈرنا۔
**جان ہونا**۔ (۱) طاقت ہونا۔ کس بل ہونا۔ (۲) زندگی باقی ہونا۔
**جان ہے تو جہان ہے**۔ (مثل) دنیا کے سارے مزے جیتے جی کے ہیں۔
**جان** ہ (ہ۔ا۔ مؤنث)۔ واقفیت۔ پہچان۔ آگہی۔
**جان بوجھ کر**۔ عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔ ارادتاً
**جان پڑنا**۔ معلوم ہونا۔ نظر آنا۔ محسوس ہونا۔ خیال آنا۔
**جان پہچان**۔ (مؤنث) واقفیت۔ شناسائی۔ صاحب سلامت۔
**جان جانا**۔ (۱) واقف ہونا۔ (۲) پہچان کر لینا۔ پہچان جانا۔
**جان کار**۔ (۱) واقفیت رکھنے والا۔ ماہر۔ (۲) شناسا۔ جان پہچان کا۔
**جان کاری** (مؤنث) (۱) واقفیت۔ مہارت (۲) شناسائی۔
**جان کر**۔ جان کے۔ دانستہ۔ عمداً۔ قصداً۔ جانتے بوجھتے۔
**جان لینا**۔ (۱) واقف ہو جانا (۲) پہچان لینا (۳) تسلیم کر لینا (۴) قائل ہونا (۵) خیال کرنا (۶) تاڑ لینا۔
**جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام** (مثل) کوئی شخص جان پہچان کے بغیر ہی واقفیت جتانے لگے تو اس موقعے پر یہ مثل کہی

Marfat.com

جاتی ہے۔
**جاآن** - [ع - ا - مذکر] (۱) جن (۲) جنّوں اور پریوں کا جدِ اعلیٰ -
**جانا** - [ہ - مص] روانہ ہونا - سدھارنا - نکلنا -
**جانا اپنے بس - آنا پرائے بس** (مثل) اپنی خوشی سے جانا - دوسرے کی مرضی سے واپس آنا -
**جانا بوجھا** - (جا - نا - بُو - جھا) [ہ - صف] جس سے اچھی طرح واقفیت ہو -
**جاناں** - (جا - نا - ں) [ف - صف] محبوب -
**جانانہ** (جا - نا - نَہ) [ف - صف] جاناں سے نسبت رکھنے والی چیز -
**جانب** - (جا - نِب) [ع - ا - مؤنث] (۱) طرف - سمت (۲) پہلو (۳) ایک طرف کا یا باہر کا حصہ (۴) فریق - دھڑا (۵) حصہ
**جانب دار** - (۱) طرف دار - حمایتی (۲) جو دو فریقوں میں سے ایک کا بے جا پاس کرے -
**جانب دارانہ** - وہ رویہ جس میں ایک فریق کی حمایت کی جائے
**جانب داری** - (مؤنث) (۱) طرف داری - حمایت (۲) ایک فریق کی پاس داری (۳) پیچ -
**جانب سے** - طرف سے - بجائے
**جان بل** - (JOHN BULL) جان بُل [انگ - ا - مذکر] انگریز قوم - انگریز -
**جانبین** - (جا - نِ - بَین) [ع - ا - مذکر] طرفین - فریقین - دونوں طرف کے آدمی -
**جانبین سے** - دونوں جانب سے - دونوں فریقوں کی طرف سے
**جانچ** - [ہ - ا - مؤنث] پرکھ - پڑتال - اندازہ - شناخت -
**جانچ پرکھ** - (مؤنث) آزمانا - آنکنا -
**جانچ پڑتال** - اندازہ کرنا - گنتی کرنا -
**جانچنا** - (جا - نچ - نا) [ہ - مص] (۱) تخمینہ کرنا (۲) پرکھنا (۳) معلوم کرنا - پہچاننا (۴) حساب کی پڑتال کرنا - (۵) تولنا -
**جا نکلنا** - (جا - نِ - کل - نا) [ہ - مص] اتفاقاً جا پہنچنا -
**جانگ** [ہ - ا - مؤنث] دیکھیے جانگھ -
**جانگلو** - (جا - نگ - لُو) [ہ - صف] (۱) گنوار - وحشی (۲) غیر مہذب - اجڈ - (۳) احمق - بے وقوف -
**جانگلی** - (جا - نگ - لی) [ہ - ا - مذکر] (۱) جنگلی - وحشی (۲) دیہاتی -
**جانگھ** - [ہ - ا - مؤنث] ران - زانو -
**جانگھیا جانگیا** - (جا - نگھ - یا) (جا - نگ - یا) [ہ - ا - مذکر] کچھا - لنگوٹ -
**جاننا** - (جان - نا) [ہ - مص] واقف ہونا - آگاہ ہونا - معلوم کرنا - سمجھنا -
**جاننا بوجھنا** - واقف ہونا - پوری معلومات رکھنا - پہچاننا -
**جانور** - (جان - وَر) [ف - ا - مذکر] (۱) جان دار - حیوان - (۲) [صف] بے وقوف - احمق -
**جانی** - [ف - صف] (۱) جان کے متعلق (۲) [مذکر] معشوق - (۳) اماں، ابا جیسے الفاظ کے ساتھ بولا جانے والا محبت کا لفظ -
**جانی دشمن** - (مذکر) ایسا دشمن جو جان کے درپے ہو -

**جانیے** - [ہ] (۱) گویا فرض کرو - یوں سمجھو (۲) خبر نہیں - پتہ نہیں - جانیے میری بلا مجھے کیا خبر -
**جاوتری** - (جا - وِت - رِی) [ہ - ا - مؤنث] جائفل کا پوست -
**جاوِد - جاوِداں - جاوِدانہ** - [ف - صف] جاوید - جاویداں اور جاویدانہ کے مخففات -
**جاوید** - (جا - وِید) [ف - صف] دائمی - ہمیشہ رہنے والا - پائندہ -
**جاویداں** - (جا - وی - داں) [ف - صف] دیکھیے جاوید -
**جاویدانہ** - (جا - وی - دا - نہ) [ف - صف] دیکھیے جاوید -
**جاویدانی** - (جا - وی - دا - نی) [ف - صف] دیکھیے جاوید -
**جاہ** - [ف - ا - مؤنث] (۱) مرتبہ - رتبہ (۲) عظمت - شان -
**جاہ و جلال** - (مذکر) رعب داب - شان و شوکت - عظمت -
**جاہ و حشم** - (مؤنث) (۱) شان و شوکت - ٹھاٹھ باٹ (۲) لاؤ لشکر -
**جاہ و منزلت** (منصب) بزرگی - شان - عظمت - وقار - رتبہ
**جاہل** - (جا - ہِل) [ع - صف] (۱) ان پڑھ (۲) وحشی - غیر مہذب - (۳) ناواقف - ناآشنا - انجان -
**جاہلیت** - (جا - ہ - لی - یَت) [ع - ا - مؤنث] (۱) جہالت (۲) ملک عرب میں ظہورِ اسلام سے قبل کا زمانہ -
**جابی** - (جا - بی) [ہ - ا - مؤنث] دیکھیے جوری -
**جاپھل** - (جا - پھل) [ہ - ا - مذکر] جائفل - ایک مشہور پھل -
**جائداد** - (جا - ء - داد) [ف - ا - مؤنث] (۱) مکان - زمین - مال و اسباب (۲) مال - اسباب (۳) پونجی - اثاثہ -
**جائدادِ آبائی** - باپ دادا کی پیدا کی ہوئی جاگیر یا اراضی -
**جائدادِ اراضی** - زمین یا مکانات جو قبضے میں ہوں -
**جائدادِ استمراری** - جاگیر جو دائمی ہو -
**جائدادِ سکنی** - رہنے کی جائداد - مکانات
**جائدادِ غیر منقولہ** - وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹائی نہ جا سکے - جیسے مکان - زمین وغیرہ
**جائدادِ متعلقہ خاندان** - وہ جائداد جو سارے خاندان کی ملکیت ہو - جدی جائداد -
**جائدادِ مستغرقہ** - وہ جائداد جو رہن وغیرہ میں ڈوب جائے
**جائدادِ مشفوعہ** - وہ جائداد جس پر حقِ شفع کا عمل کیا جائے
**جائدادِ مکسوبہ** - وہ جائداد جو مالک نے اپنی کمائی سے بنائی ہو
**جائدادِ مشمولہ** - ایسی جائداد جو رہن یا گروی ہو -
**جائدادِ منقولہ** - وہ جائداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جا سکیں جیسے روپیہ وغیرہ -
**جائز** - (جا - ء - ِز) [ع - صف] (۱) صحیح - مناسب - برحق - (۲) مطابقِ شرع - قانون کی حدود میں مباح (۳) اولاد اصلی سگا - (۴) مستند (۵) قابلِ قبول -
**جائز الاعتراض** - اعتراض یا نکتہ چینی کے قابل -
**جائز ولی** - (مذکر) جو شرعاً یا قانوناً سرپرست تسلیم کیا جاتا ہو -
**جائزہ** - (جا - ء - زہ) [ع - ا - مذکر] (۱) جانچ پڑتال (۲) حاضری گنتی - شمار (۳) درستی کا نشان - پڑتال کی علامت
**جائزہ لینا** - (۱) پڑتالنا - جانچنا (۲) ذہن میں تولنا - (۳) حساب کتاب چیک کرنا - (۴) سامان وغیرہ کا شمار کرنا -
**جائی** - [ہ - ا - مؤنث] بیٹی - لڑکی - دختر -

Marfat.com

**جائے** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] جگہ ۔ مقام ۔ ٹھکانہ ۔
**جائے اُستاد خالی ست** ۔ (مثل) استاد پھر بھی استاد ہے ۔ اُستاد کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے ۔
**جائے اعتراض** ۔ نقص نکالنے یا عیب نکالنے کی گنجائش ۔
**جائے اندیشہ** ۔ (۱) خطرے کا مقام (۲) خوف کی وجہ ۔
**جائے پناہ** ۔ امن کی جگہ ۔
**جائے تنگ است و مرداں بسیار** ۔ (مثل) جگہ یا گنجائش کم آدمی زیادہ ۔
**جائے دم زدن نیست** ۔ شکایت زبان پر لانے کا موقع نہیں
**جائے سے** ۔ جائے سر ۔ (۱) مناسب موقع پر (۲) صحیح مقام پر ۔
**بجا** ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ مناسب ۔ واجب ۔
**جائے ضرور** ۔ دیکھیے جا ضرور ۔
**جایا** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بیٹا ۔ فرزند ۔ پسر ۔ پوت ۔

# ج ۔ ب

**جَب** ۔ [ہ] جس وقت ۔ جس صورت میں ۔ جوں ہی ۔ تب
**جب اپنی اُتار لی تو دوسرے کی اُتارتے کیا دیر لگتی ہے** ۔ (مثل) جو خود ذلیل ہے وہ دوسروں کو ذلیل کرنے سے کیوں ہچکچائے گا ۔
**جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی** ۔ (مثل) جب بے حیائی اختیار کر لی تو پھر کسی کی کیا پروا ۔
**جب باڑھ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے** ۔ (مثل) جہاں ستانے والے اپنے ہی ہوں وہاں یہ ضرب المثل کہی جاتی ہے ۔
**جب باوا جی مریں گے تو بیل بٹیں گے** ۔ (مثل) کسی کام کو کسی ایسے کام پر موقوف رکھنا جس کے عمل میں آنے کا سردست کوئی امکان نہ ہو ۔
**جب تب** ۔ (مؤنث) کبھی کبھی ۔ گاہ گاہ
**جب تک** ۔ جب تلک ۔ جس وقت تک ۔ تاوقتے کہ ۔
**جب تک اُونٹ پہاڑ تلے نہیں آتا سمجھتا ہے مجھ سے اونچا کوئی نہیں** ۔ (مثل) جب تک اپنے سے زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے ۔
**جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی** ۔ (مثل) مانگے بغیر کچھ نہیں ملتا ۔
**جب تک سانس تب تک آس** ۔ (مثل) مرتے دم تک زندگی کی اُمید لگی رہتی ہے ۔
**جب تو** ۔ اس لیے ۔ اس وقت ۔ تو ۔ تب تو ۔
**جب جب** ۔ ہر گاہ ۔ جس وقت ۔
**جب چنے تھے تب دانت نہ تھے ۔ جب دانت ہوئے تب چنے نہیں** ۔ (مثل) ایسے موقع پر کہی جاتی ہے جب انسان کو یہ ملال ہو کہ چیز موجود تھی تو اس سے فائدہ اٹھانے کے ذرائع نہ تھے ۔ ذرائع میسر آئے تو چیز نہیں ۔
**جب خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے** ۔ (مثل) خدا دیتے پر آتا ہے تو بے وسیلے اور بے ذریعے دیتا ہے
**جب سے** ۔ جس وقت سے ۔
**جب کا** ۔ (۱) اُس وقت کا ۔ (۲) گذشتہ (۳) آخر کا ۔ آخری ۔
**جب کہ** ۔ جس وقت ۔ جب ۔
**جب کہیں جا کے** ۔ بڑی مشکل سے ۔ بہت دقت سے ۔
**جب ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیا** ۔ (مثل) جب ایک دفعہ غلط کام شروع کر دیا تو پھر اس میں شرم کیسی ۔
**جب نہ تب** ۔ وقتاً فوقتاً ۔ وقت بے وقت ۔
**جب ہم جانتے** ۔ لطف تو جب تھا ۔
**جب ہی تبھی** ۔ اسی وقت ۔ عین اسی وقت ۔ جوں ہی کہ
**جب ہی تو** ۔ اس لیے ۔ اس وجہ سے ۔ اسی باعث ۔
**جبّار** ۔ (جب ۔ بار) [ع ۔ صفت] (۱) جبر کرنے والا ۔ ظالم ۔ جابر ۔ (۲) زبردست (۳) (ال کے ساتھ) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
**جِبال** ۔ (ج ۔ بال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جبل (پہاڑ) کی جمع ۔
**جَبر** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ظلم ۔ ستم (۲) زور ۔ طاقت (۳) حساب میں کسروں کا انحصار کرنا (۴) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ لینا ۔
**جبر سے** ۔ زبردستی ۔ بہ زور ۔
**جبر مجبرانہ** ۔ (مذکر) ایسا جبر جو قانوناً جائز ہو ۔
**جبر و تعدی** ۔ (مذکر) زبردستی ۔ جور و جفا ۔ ظلم و ستم ۔
**جبر و مقابلہ** ۔ (مذکر) ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات اور حروف کے ذریعہ عمل کیا جاتا ہے ۔ اور معلوم مقداروں کے وسیلے سے مجہول مقداریں معلوم کی جاتی ہیں ۔
**جبراً** ۔ (جب ۔ رَن) [ع ۔ تابع فعل] زبردستی ۔ مجبور کر کے ۔
**جبراً و قہراً** ۔ چار و ناچار ۔ مجبوراً ۔
**جبرائیل ۔ جبرئیل ۔ جبریل** ۔ (جب ۔ رائیل ۔ جب ۔ ئیل ۔ جب ۔ ریل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو پیغمبروں کے پاس خدا کی طرف سے وحی لے کر آیا کرتے تھے ۔
**جبروت** ۔ (جب ۔ روت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) قدرت (۲) عظمت ۔ جاہ و جلال ۔ (۳) (مذکر) عظمت و جلال کا عالم ۔
**جبریہ** ۔ (جب ۔ ری ۔ یہ) [ع ۔ صفت] (۱) مجبور کر کے ۔ زبردستی (۲) (مذکر) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں ۔
**جبڑا** ۔ (جب ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] منہ کی ہڈی کا وہ حصہ جس میں دانت جڑے ہوتے ہیں ۔ کلا ۔
**جبڑا توڑ** ۔ منہ توڑ ۔ کلا توڑ ۔ زبردست ۔ زوردار ۔
**جبڑی** ۔ (جب ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک مہلک بیماری جس میں جبڑے بند ہو جاتے ہیں ۔ یا بتیسی جکڑی جاتی ہے ۔
**جبل** ۔ (ج ۔ بل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پہاڑ ۔ کوہ
**جبلّت** ۔ (ج ۔ بل ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] سرشت ۔ فطرت ۔ اصلی طبیعت ۔ خلقت ۔
**جبلّی** ۔ (ج ۔ بل ۔ لی) [ع ۔ صفت] فطری ۔ پیدائشی ۔ اصلی ۔ جبلّی ۔
**جُبن ۔ جبن** ۔ (ج ۔ بن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بزدلی ۔
**جبّہ** ۔ (جب ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] چوغہ ۔

Marfat.com

**جَبْہَہ** - (جَب - بَہ) [ع - ا - مذکر] پیشانی - ماتھا - جبین -
جبہہ سا - ماتھا رگڑنے والا - خوشامد کرنے والا -
جبہہ سائی - (مؤنث) ماتھا رگڑنا - پاؤں پڑنا - ناک رگڑنا -
**جَبِیا** - (جب - یا) [ہ - ا - مؤنث] جیب کی تصغیر - زبان
**جَبِین** - (جَ - بِین) [ع - ا - مؤنث] پیشانی - ماتھا -
جبین سا - جبین فرسا - ماتھا رگڑنے والا -
جبین سائی - جبین فرسائی - (مؤنث) ماتھا رگڑنا - عجز - انکساری - خوشامد -

# ج - پ

**جَپ** - [س - ا - مؤنث] (۱) عبادت (۲) جادو (۳) مالا جپنا - (۴) وظیفہ پڑھنا (۵) رٹنا - کوئی لفظ یا کلمہ بار بار دہرانا
جپ تپ - (مؤنث) عبادت - پوجا - ریاضت -
جپ جی - (مؤنث) سکھوں کی مقدس کتاب گرنتھ صاحب کا پہلا حصہ جس میں خدا کی حمد ہے -
**جپا کرنا** - (جَ - پا - کر - نا) [ہ - مص] رٹنا - بار بار پڑھنا - مالا جپنا
**جِپسَم** - [انگ - ا - مذکر] (GYPSUM) ایک پتھر یا دھات جس سے پلاسٹر آف پیرس تیار ہوتا ہے -
**جِپسی** - (جِپ - سی) [انگ - ا - مذکر] (GYPSY) خانہ بدوش
**جَپنا** - (جَپ - نا) [ہ - مص] (۱) پوجا کرنا - تسبیح پڑھنا (۲) رٹنا -

# ج - ت

**جَتا** - [ہ - صفت] جتنا کا مخفف -
**جتانا جتا دینا - جتلانا** - [ہ - مص] (۱) آگاہ کرنا - خبردار کرنا (۲) تاکید کرنا (۳) یاد دلانا (۴) کان کھولنا - فہمائش کرنا -
**جتانا - جتلانا** - [ہ - مص] دیکھیے جتوانا
**جتانا** [ہ - مص] دیکھیے جتوانا
**جتاؤ** - (جَ - تا - ؤ) [ہ - ا - مؤنث] قابل کاشت - بونے جوتنے کے قابل
**جتائی** - (جَ - تا - ئی) [ہ - ا - مؤنث] کھیت میں ہل چلانا - زمین کی کاشت کرنا -
**جُت جانا** - [ہ - مص] (۱) گھوڑے کا گاڑی میں یا زمین کا شیلے یا ہل میں جوت دیا جانا (۲) کسی کام میں بہ تن لگ جانا -
**جَتَن** - (جَ - تَن) [ہ - ا - مذکر] (۱) کوشش - دوڑ دھوپ (۲) تدبیر - تجویز (۳) علاج - دوا - (س - یتن)
**جُتنا** - (جُت - نا) [ہ - مص] (۱) گھوڑے - بیل وغیرہ کا گاڑی یا ہل میں لگایا جانا (۲) کھیت میں ہل چلنا (۳) کسی کام میں مشغول ہونا - (۴) جا بجڑنا -
**جِتنا** - (جِت - نا) [ہ - صفت] جس قدر - جو کچھ -
جتنا اوپر ہے اتنا ہی نیچے ہے - (مثل) شرارت پسند اور مفسد آدمی کے بارے میں کہتے ہیں - جتنا ظاہر میں ہے اتنا ہی باطن میں ہے -
جتنا چلے اتنا جھکے - (مثل) آدمی کی حیثیت جتنی اونچی ہو اسے اتنا ہی جھک کر ملنا چاہیے
جتنا چھانو گے اتنا ہی کرکرا (مثل) جتنی زیادہ چھان بین کرو گے اتنے ہی عیب کھلیں گے -
جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا - (مثل) (۱) چھوٹا دشمن اور بھی زیادہ نقصان پہنچاتا ہے (۲) چھوٹی چیز اچھی نہیں نکلتی -
جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہو گا - (مثل) کسی چیز پر یا کسی کام میں جتنا زیادہ خرچ کیا جائے گا - وہ چیز یا کام اتنا ہی اچھا ہو گا -
**جِتنی** - (جِت - نی) [ہ - ا - مؤنث] جس قدر - جو کچھ - جتنا کی تانیث
جتنی چادر دیکھو اتنے پاؤں پسارو (پھیلاؤ) - اپنی حیثیت او بساط کے مطابق خرچ کرنا چاہیے -
**جِتنے** - (جِت - نے) [ہ - ا - مذکر] جو کچھ - جس قدر - جتنا کی جمع -
جتنے کالے اتنے میرے باپ کے سالے - (مثل) کوئی شخص بڑے آدمیوں سے اپنا رشتہ یا تعلق ظاہر کرے تو اس وقت یہ مثل کہتے ہیں -
جتنے منہ اتنی باتیں - (مثل) ہر شخص اپنی اپنی کہتا ہے -
**جِتوانا** - [ہ - مص] فتح دلوانا - جیت کرا دینا -
**جُتوانا** - [ہ - مص] (۱) ہل چلوانا - کاشت کروانا (۲) گھوڑے وغیرہ کو گاڑی میں لگوانا -
**جَتھا** - (جَ - تھا) [ہ - ا - مؤنث] (۱) گروہ - جماعت
**جَتیانا** - (جت - یا - نا) [ہ - مص] جوتے مارنا -

# ج - ٹ

**جَٹ** - [ہ - ا - مذکر] جاٹ
**جُٹ** - [ہ - ا - مذکر] (۱) جوڑی (۲) دو متحد او متفق آدمی یا چیزیں (۳) ثانی - ہم سر - نظیر -
**جَٹا** - (جَ - ٹا) [ہ - ا - مؤنث] (۱) گندھے یا الجھے ہوئے بال (۲) برگد یا اس قسم کے دوسرے درختوں کی ڈاڑھی (۳) ایسی جڑ جو باہر کی طرف نکل آئی ہو (۴) رسی -
جٹا دھاری - جٹا جوٹ - (۱) وہ شخص جس کے سر پر جٹا ہو (۲) سادھو - (۳) شوجی کا لقب (۴) پرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں - (۵) زعفران - کیسر -
جٹا ماسی (مانسی) (مؤنث) بال چھڑ - سنبل الطیب -
**جُٹنا** - (جُٹ - نا) [ہ - مص] (۱) جڑ جانا - مل جانا - گتھ جانا (۲) لپٹنا (۳) سازش کرنا (۴) پیچھے پڑنا - سر ہونا -
**جِٹھانی** - (جِ - ٹھا - نی) [ہ - ا - مؤنث] جیٹھ کی بیوی -
**جَٹنی** - (جَٹ - نی) [ہ - ا - مؤنث] جاٹ کی بیوی -
**جُٹی** - (جُٹ - ٹی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) سوکھے تمباکو کی گڈی (۲) روٹیوں کی گڈی (۳) اوپر تلے رکھے ہوئے روپے پیسے -
**جَٹی** - (جَ - ٹی) [انگ - ا - مؤنث] (GETTY) (۱) وہ بند یا پُل جو بندرگاہ کی حفاظت کے لیے ستونوں پر سمندر کے اندر تک بنا دیا جائے (۲) وہ پل جس پر جہاز سے اتر کر کنارے پر آتے ہیں -

Marfat.com

## ج - ث

**جُثّہ** - (جُث - ثہ) [ع - ا - مذکر] (۱) تن - بدن - جسم (۲) جسامت -

## ج - ج

**جج** - (JUDGE) [انگ - ا - مذکر] (۱) منصف - قاضی - حاکم عدالت -
(۲) مبصر - پرکھنے والا -
**جج بیٹھنا** - کسی مقدمے کے سلسلے میں جج کا خاص طور سے تقرر ہونا -
**جج کرنا** - جانچ کرنا - سوچ بچار کے بعد فیصلہ کرنا -
**ججمان** - (جَج - مان) [ہ - ا - مذکر] برہمنوں یا نائیوں کی اسامی جس کا وہ پشتوں سے کام کرتے آرہے ہوں - مخدوم - آقا - مربی -
**ججمانی** - (جَج - مانی) [ہ - ا - مؤنث] (۱) وہ رقم جو ججمان برہمنوں اور نائیوں وغیرہ کو دے (۲) ججمان ہونے کی حیثیت (۳) ججمان کی جوری -
**ججی** - (جَج - جی) [ا - ا - مؤنث] (۱) جج کا عہدہ (۲) جج کی کچہری (۳) جج کے فرائض -

## ج - چ

**جچا تلا** - (جَ - چا - تُ - لا) [ہ - صفت] ٹھیک - درست - پورے وزن کا - تجربے اور آزمائش کے موافق -
**جچنا** - (جَچ - نا) [ہ - مص] (۱) جانچا جانا - پرکھا جانا (۲) قیمت کا اندازہ کیا جانا (۳) اچھا ثابت ہونا - نظر پر چڑھنا -
**جچی تلی** - (ہ - صفت) جچا تلا کی تانیث -

## ج - ح

**جحیم** - (جَ - حیم) [ع - ا - مؤنث] (۱) دہکتی ہوئی آگ (۲) دوزخ - دوزخ کی آگ -

## ج - د

**جد** - [ع - ا - مذکر] باپ کا باپ - دادا -
**جد اعلیٰ** - پردادا -
**جد امجد** - (۱) پردادا (۲) حضرت آدمؑ -
**جدّ** - [ع - ا - مؤنث] کوشش - دوڑ دھوپ - سعی - بہادری - جانفشانی -
**جد و جہد** - کوشش - دوڑ دھوپ - سعی - جتن - پیروی -
**جدا** - (جُ - دا) [ف - صفت] (۱) علیحدہ - الگ (۲) تنہا - اکیلا (۳) بچھڑا ہوا -
**جدا جدا** (۱) الگ الگ (۲) مختلف - متفرق (۳) ایک ایک کر کے -
**جدا کرنا** - (۱) الگ کرنا - علیحدہ کرنا (۲) کاٹنا - توڑنا (۳) تعلق توڑنا -
(۴) چھڑانا (۵) تمیز کرنا -

**جداگانہ** - (جُ - دا - گا - نہ) [ف - صفت] الگ الگ - متفرق - علیحدہ علیحدہ -
**جدال** - (جِ - دال) [ع - ا - مؤنث] (۱) لڑائی بھڑائی (۲) جھگڑا - بحث -
**جدائی** - (جُ - دا - ئی) [ف - ا - مؤنث] علیحدگی - مفارقت - فراق -
**جدت** - (جِد - دَت) [ع - ا - مؤنث] نیاپن - تازگی - نیا ہونا -
**جدل** - (جَ - دَل) [ع - ا - مذکر] (۱) لڑائی - جنگ (۲) جھگڑا - بحث -
**جدوار** - (جَد - وار) [ف - ا - مؤنث] نربسی - دافع زہر بوٹی -
**جدول** - (جَد - وَل) [ع - ا - مؤنث] (۱) وہ خط جو صفحے کے گرد کھینچا جائے (۲) نقشہ - فہرست (۳) وہ خط جو صفحے کے اختتام پر سرخ یا سیاہ کھینچا جائے -
**جدول بندی** - (مؤنث) خانہ وار ترتیب -
**جدول کش** - کتاب کے صفحات پر لکیریں کھینچنے کا آلہ - رول - فٹ -
**جدولی** - (جَد - وَ - لی) [ع - صفت] لکیر دار - لکیریں کھینچی ہوئیں -
**جدہ** - (جَد - دَہ) [ع - ا - مؤنث] (۱) دادی (۲) نانی -
**جدھر** - (جِ - دھر) [ہ - صفت] جہاں - جس جگہ - جس طرف - جہاں کہیں
**جدی** - (جَد - دی) [ع - صفت] (۱) ایک دادا کی اولاد - (۲) آبائی - موروثی -
**جدی** - (جَ - دی) [ع - ا - مذکر] (۱) زمین کے گرد ایک قیاسی دائرہ جو خط استوا کے متوازی اس سے ۲۳½ درجہ جنوب میں ہے اور خط جدی کہلاتا ہے - قطبی تارا (۲) آسمان کا ایک برج جو بکرے کی شکل کا نظر آتا ہے -
**جدید** - (جَ - دید) [ع - صفت] (۱) نئی - نیا - تازہ (۲) عروض میں ایک بحر کا نام -

## ج - ذ

**جذام** - (جُ - ذام) [ع - ا - مذکر] کوڑھ -
**جذامی** - (جُ - ذا - می) [ع - صفت] مریض جذام - کوڑھی -
**جذب** - [ع - ا - مذکر] (۱) کشش - کھچاوٹ (۲) چوسنا (۳) وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لیے مخصوص ہے -
**جذب مقناطیسی** - (مذکر) مقناطیس کی کشش -
**جذبات** - (جَذ - بات) [ف - ا - مذکر] جذبہ کی جمع -
**جذباتی** - (جَذ - با - تی) [ف - صفت] (۱) جو دوسروں کی باتوں کا جلد اثر لے (۲) جو جلد غصے میں آجائے (۳) جذبات پرست -
**جذبہ** - (جَذ - بَہ) [ع - ا - مذکر] دل کا جوش - ولولہ -
**جذر** - [ع - ا - مذکر] (۱) علم ریاضی میں کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ ضرب سے حاصل ہوتا ہے (۲) مادہ - اصل (۳) بنیاد - بنا - مبدا - اصلیت -
**جذر اصم** - وہ عدد جس کا جذر نہ نکل سکے -
**جذر الکعب** - کوئی عدد اس رقم کا جذر الکعب کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو -
**جذر المال** - وہ عدد اس رقم کا جذر المال کہلاتا ہے جو اس کو اسی کے ساتھ چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو -
**جذر ناطق** - کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے -
**جذر نکالنا** - دوسرے درجے کا نمبر معلوم کرنا -

Marfat.com

## ج - ر

**جَر** - [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کھینچاؤ (۲) کسرہ (۳) بنیاد (۴) نچلا حصہ۔
**جرِ ثقیل** - (مذکر) بھاری بوجھ کھینچنے اور اٹھانے کا آلہ۔
**جُراب** - (جُر ۔ راب) [ع ۔ ا ۔ مونث] موزہ
**جُرأت** - (جُر ۔ ات) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) دلیری۔ شجاعت (۲) حوصلہ۔
جرأت دکھانا۔ بہادری کا کام کرنا۔
**جراثیم** - (جَ ۔ را ۔ ثیم) [ف ۔ ا ۔ مذکر] جرثومہ کی جمع۔
جراثیم کُش۔ جس سے جراثیم ہلاک کیے جائیں۔
**جَرّاح** - (جَر ۔ راح) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وہ شخص جو زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرے۔ زخموں کو چیر پھاڑ کرنے والا۔ سرجن۔
**جراحت** - (جَ ۔ را ۔ حت) [ع ۔ ا ۔ مونث] زخم۔ گھاؤ۔
**جرّاحی** - (جر ۔ را ۔ حی) [ع ۔ ا ۔ مونث] جراح کا پیشہ۔ زخموں کا علاج۔
**جرّار** - (جر ۔ رار) [ع ۔ صف] (۱) بہت بھاری یا کثیر لشکر۔ (۲) بہادر۔
**جرائد** - (جَ ۔ را ۔ اِد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جریدہ کی جمع۔
**جرائم** - (جَ ۔ را ۔ اِم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جرم کی جمع۔ بہت سے جُرم۔
جرائم پیشہ۔ جو جرم کرنے کو اپنا پیشہ بنالے۔ عادی مجرم۔
**جرثومہ** - (جر ۔ ثو ۔ مہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وہ چھوٹا کیڑا جو خوردبین کے بغیر نظر نہیں آتا اور جس سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔
**جرثومیات** - (جر ۔ ثو ۔ م ۔ یا ۔ ت) [ع ۔ ا ۔ مونث] علم جراثیم۔ (BACTERIOLOGY)
جرثومیات دان۔ ماہر علم جراثیم۔ (BACTERIOLOGIST)
**جرثومیاتی** - (جر ۔ ثو ۔ م ۔ یا ۔ تی) [ع ۔ صف] علم جراثیم سے متعلق۔
**جَرح** - [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زخم۔ گھاؤ (۲) وہ سوالات جو ایک فریق دوسرے سے حقیقت یا سچائی معلوم کرنے کے لیے کرے
جرح کرنا۔ فریق مخالف کے وکیل یا گواہ سے سوالات کرنا۔
**جرس** - (جَ ۔ رَس) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گھنٹا۔ گھڑیال (۲) وہ گھنٹہ جو قافلے میں روانگی کے وقت بجایا جاتا ہے (۳) بانگ درا۔
**جرسی** - (JERSEY) (جر ۔ سی) [انگ ۔ ا ۔ مونث] اونی بنیان۔
**جرعہ** - (جُر ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] گھونٹ۔
جرعہ کش۔ جرعہ نوش۔ گھونٹ گھونٹ کرکے پینے والا
جرعہ کشی۔ (مونث) گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔
**جرگہ** - (جر ۔ گہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آدمیوں کا مجمع (۲) گروہ (۳) پنچایت (۴) سرحدی قبائلی علاقے میں، وہ جماعت جو سنگین مقدمات یا اہم معاملات کے بارے میں فیصلہ دیتی ہے۔
جرگہ آنا۔ پٹھانوں کی جماعت یا وفد کا کسی افسر کے پاس آنا۔
جرگہ بٹھانا۔ جرگہ بلانا۔ کسی مقدمے یا معاملے کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لیے جرگہ مقرر کرنا۔
جرگہ بندی۔ (مونث) پنچایت قائم کرنا۔ جرگہ بنانا۔
جرگہ بیٹھنا۔ کسی مقدمے کے فیصلے کے لیے جرگہ کی نشست ہونا۔
**جرم** - (GERM) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حیوانات اور نباتات کی ابتدائی شکل (۲) کسی بیماری کے بہت کیڑے (۳) اصل آغاز۔
**جِرم** - [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جسم۔ تن (۲) نورانی یا لطیف جسم۔
**جُرم** - [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قصور (۲) گناہ (۳) خلاف قانون حرکت۔
جرم خفیف۔ معمولی جرم۔ جو جرمانے بھرنے سے معاف ہوجاتا ہے۔
جرم سنگین (شدید) سخت جرم۔ بڑا جرم۔
جرم کا ارتکاب کرنا۔ جرم کرنا۔ قابل سزا کام کرنا۔
جرم کا اقدام۔ جرم کرنے کی کوشش۔
جرم کبیرہ۔ سنگین جرم۔
جرم واجب القتل۔ جرم جس کی سزا میں مجرم کو پھانسی دی جائے۔
**جُرمانا (نہ)** (جُر ۔ ما ۔ نا) [ف ۔ ا ۔ مذکر] وہ روپیہ جو کسی جرم یا غلطی کی پاداش میں وصول کیا جائے۔ ڈنڈ۔ تاوان۔
جرمانہ بھرنا۔ ڈنڈ دے دینا۔ تاوان کی رقم ادا کر دینا۔
**جرمن** (GERMAN) (جر ۔ من) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] جرمنی کا باشندہ۔ جرمنی کی زبان۔ جرمنی سے منسوب۔
جرمن سلور (GERMANSILVER) (مونث) ایک مرکب دھات جو چاندی کی مانند سفید ہوتی ہے۔
**جرمیات** - (جُر ۔ می ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] علم تفتیش جرائم۔
**جرنل** - (JOURNAL) (جر ۔ نل) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) روزنامچہ (۲) روزنامہ یا روزانہ اخبار۔
**جرنلزم** - (JOURNALISM) (جر ۔ نل ۔ ازم) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] صحافت۔ اخبار نویسی۔
**جرنلسٹ** - (JOURNALIST) (جر ۔ نَ ۔ لِسٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] صحافی۔ اخبار نویس۔
**جُروا** - (جُر ۔ وا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] جورو کی تصغیر (۱) بیوی (۲) لگائی۔
**جری** - (جَ ۔ ری) [ع ۔ صف] نڈر۔ بہادر۔ شجاع۔
**جریان** - (جر ۔ یان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بہاؤ۔ روانی (۲) ایک مرض جس میں پیشاب کے ساتھ، لعدمیں یا پہلے منی نکلتی ہے۔ (اردو میں بکسر جیم مستعمل ہے)
جریان خون۔ خون بہنا۔ خون نکلنا۔
جریان شکم۔ پیچش۔ اسہال۔ دست آنا۔
**جریب** - (جَ ۔ ریب) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) زمین ناپنے کا ایک خاص پیمانہ (۲) لاٹھی (۳) گیہوں تولنے کا پیمانہ جو چوبیس سیر کے برابر ہوتا ہے (۴) زمین کا ایک بیگھے کے برابر ناپ (۵) ریشم کی وہ ڈوری جس سے بادشاہوں کے جلوس کے ساتھ فاصلہ ناپا کرتے تھے۔
جریب پھینکنا۔ جریب سے زمین کی پیمائش۔
جریب کش۔ وہ شخص جو جریب کھینچے۔ پیمائش کرنے والا۔
جریب کشی۔ (مونث) (۱) جریب کش کا پیشہ یا عہدہ (۲) پیمائش اراضی۔
**جریدہ** - (جَ ۔ ری ۔ دہ) [ع ۔ صف] (۱) اکیلا۔ تنہا۔ مجرد (۲) لکڑی جس پر شمار کے نشان بنے ہوئے ہوں (حساب کا دفتر (۴) بہی حساب کی کتاب، اخبار۔

## ج - ڑ

**جڑ** - [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بیخ۔ بن (۲) بنیاد۔ بنا۔ اصل۔

Marfat.com

جڑ بنیاد۔ جڑ بیخ۔ جڑ پیڑ (مؤنث) بیخ و بُن۔ بیخ و بنیاد۔
جڑ پکڑنا۔ (۱) جم جانا۔ مضبوط ہو جانا (۲) پودے کا زمین میں جم جانا۔
جڑ کاٹنا۔ (۱) برباد کرنا (۲) کسی شخص یا کاروبار کی ترقی کے بنیادی ذرائع پر چوٹ لگانا۔
جڑاؤ۔ (جَ۔ ڑا۔ اُو) [ہ۔ صفت] جواہرات سے جڑا ہوا۔ مرصّع۔
جڑائی۔ (جَ۔ ڑا۔ ای) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) جڑوانے کا کام (۲) جڑنے کی مزدوری۔
جڑنا۔ (جَڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جوڑنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز میں بٹھانا (۳) مارنا (۴) نالش کرنا (۵) غیبت کرنا (۶) شکایت کرنا۔
جُڑنا۔ (جُڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۲) پیوند ہونا (۴) شامل ہونا (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا (۶) جمع ہونا (۷) گاڑی وغیرہ میں جُتنا
جُڑواں۔ (جُڑ۔ واں) [ہ۔ صفت] (۱) دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔ توام بچے (۲) دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں۔
جڑوانا۔ (جڑ۔ وا۔ نا) [ہ۔ مص] جواہرات یا نگینے لگوانا۔
جڑی۔ (جَ۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو (۲) مرچ کنٹھ کی جڑ جو سانپ کے کاٹنے پر زہر مہرے کا کام دیتی
جڑی بوٹی۔ (مؤنث) کسی درخت کے وہ جڑ پھول اور پتے وغیرہ جو دوا کے کام آتے ہیں۔
جڑیا۔ (جڑ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) زیورات میں جواہرات وغیرہ جڑنے والا (۲) جوہری (۳) آشنا۔ یار۔
جڑیلا۔ (جَ۔ ڑی۔ لا) [ہ۔ صفت] وہ مرغی شلجم یا چقندر جس میں جڑیں نکل آئی ہوں۔

## ج۔ز

جز۔ (ف) سوائے۔ علاوہ۔ بدون۔ قطع نظر۔ بغیر۔
جُز۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حصہ (۲) ۱۶ صفحے یا ۸ ورق کا مجموعہ۔
جز بندی۔ (مؤنث) کتاب کے اجزا کو جلد بندی کے لیے سینا۔
جزدان۔ (مذکر) بستہ جس میں کتاب رکھی جائے۔
جز رس۔ (۱) کنجوس (۲) کفایت شعار (۳) ذہین۔ نکتہ رس۔
جز رسی۔ (مؤنث) (۱) کنجوسی (۲) کفایت شعاری (۳) ذہانت۔
جزو و کل۔ (۱) کل چیز (۲) ہر ایک بات (۳) پورے کا پورا۔
جزو بدن ہونا۔ خوراک کا ہضم ہو کر خون میں شامل ہونا۔
جزو لایتجزّیٰ۔ (مذکر) وہ چیز جس کے مزید ٹکڑے یا اجزا نہ ہو سکیں مادے کا سب سے چھوٹا حصہ جو آگے تقسیم نہ ہو سکے جوہر لکم۔
جزو لاینفک۔ (مذکر) وہ حصہ جو علیحدہ نہ ہو سکے۔
جزا۔ (جَ۔ زا) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) نیکی کا بدلہ جو آخرت میں ملے گا۔ ثواب (۲) صلہ (۳) انعام۔ اجر (۴) صرف و نحو میں فقرے کا شرط کے بعد آنے والا حصہ (۵) نتیجہ۔ پھل۔ حاصل۔
جزاک اللہ (۱) خدا تجھے اس نیکی کا صلہ دے (۲) شاباش۔ مرحبا۔
جزائر۔ (جَ۔ زا۔ ئر) [ع۔ ا۔ مذکر] جزیرہ کی جمع
جز بز۔ [ف۔ صفت] (۱) ناراض۔ خفا (۲) آزردہ۔ کبیدہ خاطر (دیکھیے جز)

جزر۔ [ع۔ ا۔ مذکر] سمندر کے پانی کا اتار۔
جزر و مد۔ جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش کے سبب سمندر میں آتا چڑھاؤ۔
جزع۔ (جَ۔ زع) [ع۔ ا۔ مؤنث] بے صبری۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔
جزع فزع۔ رونا پیٹنا۔ گریہ و زاری۔
جزم۔ [ع۔ صفت] (۱) پکا۔ مضبوط (۲) حرف کو ساکن کرنا (۳) حرف ساکن پر ڈالی جانے والی علامت۔
جزو۔ [ف۔ ا۔ مذکر] دیکھیے جز۔
جزوی۔ جزئی۔ (جز۔ وی۔ جز۔ ای) [ع۔ صفت] (۱) خال خال (۲) کچھ۔ چند (۳) خاص۔ مخصوص (۴) (مؤنث) بہت تھوڑی سی (۵) ایک خاص بات۔
جزئیات۔ جزویات۔ (جز۔ ای۔ یات۔ جز۔ وی۔ یات) [ع۔ ا۔ مذکر] جزوی کی جمع (۱) فروعات (۲) حصے (۳) چھوٹے چھوٹے امور۔
جزیرہ۔ (جَ۔ زی۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذکر] خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔ ٹاپو۔ دیپ۔
جزیرہ نما۔ (مذکر) خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی ہو۔
جزیہ۔ (جز۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) اسلامی حکومت میں غیر مسلم پر سالانہ محصول (۲) خراج۔ ٹیکس۔

## ج۔س

جس۔ [س۔ ا۔ مذکر] (۱) گن۔ خوبی (۲) اثر۔ برکت۔ طاقت (۳) شہرت (۴) ساکھ (۵) آبرو۔ وقار (۶) نیک نامی (۷) ثواب (۸) لیاقت۔
جس۔ [ہ۔ ضمیر] جو۔ وہ۔ اس۔ جونسا۔
جس برتن میں کھانا اسی میں چھید کرنا۔ (مثل) کمینہ آدمی جس سے فائدہ اٹھاتا ہے اسی کے ساتھ بدی کرتا ہے۔
جس پر۔ (۱) تو بھی (۲) پھر بھی (۳) بعد ازاں۔ تب۔ پھر۔
جس تس۔ ہر ایک۔ یگانہ و بیگانہ۔ ہر قسم کا۔
جس تن لاگے وہی تن جانے۔ جس پر مصیبت پڑی ہو وہی اس کا حال جانتا ہے۔
جس جس۔ ہر شخص۔ ہر چیز۔ ہر ایک۔
جس جگہ۔ جہاں کہیں۔ جہاں۔
جس دم۔ جب۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ ہر گاہ۔
جس دیس جیسے وا ہو کی سی کیجیے۔ اونٹ بلیا لے گئی تو ہاں جی ہاں کیجیے (مثل) (۱) انسان کو چاہیے جیسا موقع دیکھے ویسی بات کرے (۲) آدمی جہاں ہے اُسے وہیں کی ریت اور رسم و رواج کی پیروی کرنی چاہیے
جس قدر۔ جتنا۔ مقدار ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔ (مثل) جو کام جانتا ہو وہی کر سکتا ہے۔ اناڑیوں کے کرنے سے جگ ہنسائی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
جس کا کھانا اسی پر غرّانا۔ (مثل) جس سے فائدہ اٹھانا اسی پر غصہ کرنا۔

Marfat.com

جس کا کھائیے اس کا گائیے (مثل) یہ ضرب المثل خوشامدی زبان پر بھی جاتی ہے کیونکہ وہ جس سے فائدہ اُٹھاتا ہے۔ اس کی جا و بے جا ہاں میں ہاں ملاتا ہے۔
جس کو پیا چاہے وہی سہاگن (مثل) (۱) جسے خاوند پسند کرے اسے ہی سہاگن سمجھنا چاہیے (۲) جسے حاکم لوگ پسند کرتے ہیں۔ وہی مزے میں رہتا ہے (۳) جس کے حال پر خدا کی مہربانی ہو اس کی زندگی آرام سے گزرتی ہے۔
جس کو راکھے سائیاں مار نہ سکے کوئے۔ بال نہ بیکا کر سکے سب جگ بیری ہوئے۔ (مثل) جس کو خدا سلامت رکھتا ہے۔ اُسے کوئی نہیں مار سکتا۔ جس کا اللہ نگہبان ہو اسے کسی کی دشمنی نقصان نہیں پہنچا سکتی۔
جس کی لاٹھی اُس کی بھینس۔ (مثل) جس کے پاس طاقت ہوتی ہے وہی قابض ہو جاتا ہے۔
جس کے ہاتھ ڈوئی اُس کا سب کوئی (مثل) جو کھلاتا پلاتا رہتا ہے لوگ اسی کا ساتھ دیتے ہیں۔
جس نے جھوٹ کنا سکھایا اُسی کو کاٹنے دوڑے (مثل)۔ احسان فراموش اور محسن کش آدمی پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔
جس نے کی بے حیائی، اُس نے کھائی دودھ ملائی۔ جس کی شرم اُس کے پھوٹے کرم (مثل) بے حیا انسان مزے میں رہتا ہے۔ جو شرم کرتا ہے وہ محروم رہ جاتا ہے۔
جس ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں (مثل) جس سے فائدہ اُٹھانا، اُسی کو نقصان پہنچانا۔
جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے (مثل) جس پر خدا کی مہربانی ہو اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔
**جسارت** ۔ (جَ۔ سا۔ رت) [ع۔ ا۔ مؤنث] بہادری۔ مردانگی۔ بے باکی۔
**جسامت** ۔ (جَ۔ سا۔ مَت) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) جسیم ہونا (۲) مٹاپا۔ فربہی (۳) عرض۔ طول۔ عمق (۴) ڈیل ڈول۔
**جست** ۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک دھات کا نام۔ جستا۔
**جست** ۔ [ف۔ ا۔ مؤنث] چھلانگ۔ پھاند۔ قلانچ۔ چوکڑی۔
جست بھرنا۔ چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔
جست وخیز۔ اچھلنا کودنا۔ قلانچ مارنا۔ طرارے بھرنا۔
**جستجو** ۔ (جُست۔ جو) [ف۔ ا۔ مؤنث] ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تلاش۔
**جستہ جستہ** ۔ (جَس۔ تہ جَس۔ تہ) [ف۔ صفت] کم کم۔ کہیں کہیں سے۔
**جسٹس** ۔ (جَس۔ ٹِس) (JUSTICE) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) عدالت العالیہ کا جج (۲) انصاف۔ عدل۔
**جسد** ۔ (جَ۔ سَد) [ع۔ ا۔ مذکر] بدن۔ تن۔ جسم۔
**جسم** [ع۔ ا۔ مذکر] بدن۔ تن۔ پنڈا۔ ڈیل۔
**جسمانی** ۔ (جِس۔ ما۔ نی) [ع۔ صفت] (۱) جسم سے متعلق۔ بدنی (۲) مادّی۔
**جسمانیت** ۔ (جِس۔ ما۔ نی۔ یت) [ع۔ ا۔ مؤنث] جسم ہونے کی حالت۔
**جسمی** ۔ (جِس۔ می) [ع۔ صفت] جسم کے متعلق۔ بدنی۔ جسمانی۔
**جسیم** ۔ (جَ۔ سیم) [ع۔ صفت] تنومند۔ موٹا۔ فربہ۔

# ج ۔ ش

**جشن** ۔ [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خوشی کا جلسہ یا محفل (۲) خوشی کا دن (۳) عیش و نشاط (۴) کامرانی۔ لہر بہر۔
جشن کرنا (منانا)۔ خوشی منانا۔ ناچ رنگ کی محفل رچانا۔

# ج ۔ ع

**جعد** ۔ (ع۔ ا۔ مؤنث) (۱) سر کے بالوں کی لٹ (۲) چوٹی۔ جوڑا۔
جعدِ مشکیں۔ گھونگریالے سیاہ بال۔ سیاہ چوٹی۔
**جعفر** ۔ (جَع۔ فَر) [ع۔ ا۔ مذکر] دریا
**جعفری** ۔ (جَع۔ فَ۔ ری) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) ایک قسم کا گیندا (۲) خالص سونا (۳) حضرت امام جعفر سے منسوب۔
**جعل** ۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) دھوکا (۲) تلبیس (۳) نقلی چیز کو اصلی ظاہر کرنا۔
جعل بنانا (جعل کرنا)۔ (۱) جھوٹی دستاویز تیار کرنا (۲) جھوٹے دستخط یا مہر بنانا (۳) کسی چیز کی نقل کرنا۔
جعل ساز۔ (۱) دھوکے باز۔ (۲) شریر۔ بدمعاش
جعل سازی۔ (مؤنث) دھوکے بازی۔
**جعلی** ۔ (جَع۔ لی) [ع۔ صفت] (۱) نقلی۔ مصنوعی (۲) جھوٹی۔
**جعلیا** ۔ (جَع۔ ل۔ یا) [اردو۔ صفت] جعل ساز۔ فریبی۔

# ج ۔ غ

جُغادری۔ دیکھیے جُگادری۔
**جغرافیائی** ۔ (جُغ۔ را۔ فِ۔ یا۔ ئی) [ف۔ صفت] جغرافیہ کے متعلق
**جغرافیہ** ۔ (جُغ۔ را۔ فِ۔ یہ) [یو۔ ا۔ مذکر] وہ علم جو سطح زمین، اُس کی آبادی نباتات اور حیوانات کے حالات بتائے۔

# ج ۔ ف

**جفا** ۔ (جَ۔ فا) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) ظلم۔ زیادتی۔ ناانصافی (۲) سختی [ع] (۱) پیٹ۔ بدتمیزی
جفا پیشگی۔ جفا جوئی۔ جفا شعاری۔ جفا کاری۔ جفا گستری۔ (مؤنث) (۱) وہ ہتھکنڈے جن سے ظلم اور ناانصافی کی جائے (۲) معشوق کی زیادتیاں۔
جفا پیشہ۔ جفا جو۔ جفا شعار۔ جفا کار۔ جفا گستر۔ (۱) ظالم۔ انصاف نہ کرنے والا۔ ستانے والا (۲) معشوق
جفا جھیلنا۔ ظلم برداشت کرنا۔
جفا طلب۔ محنت مشقت چاہنے والا۔ مشکل کام
جفاکش۔ (۱) محنتی جو بے تکان محنت مشقت کرے (۲) سختیاں

Marfat.com

برداشت کرنے والا۔

**جفاکشی**۔ (مؤنث) (۱) ظلم و ستم محنت و مصیبت۔ (۲) فاقہ کشی

**جُفت**۔ [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) دو چیزیں۔ جوڑا (۲) جوتے (۳) ہم سر۔ ہم پایہ (۴) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو جائے۔

**جُفت ساز**۔ (مذکر) موچی۔ جوتے بنانے والا۔

**جفت سازی**۔ (مؤنث) (۱) جوتے بنانے کا پیشہ۔ موچی کا کام (۲) تیر ابجانا۔

**جِفتہ**۔ (جِف۔ تہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) شکن (۲) داغ (۳) شگاف۔

**جِفتے پڑنا**۔ (۱) شکنیں پڑنا۔ جھریاں پڑنا (۲) دُھلے ہوئے کپڑے کا تار تار ہونا (۳) عزت میں فرق آنا۔ سبکی ہونا۔

**جُفتی**۔ (جُف۔ تی) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) نر اور مادہ کا ملنا (۲) دونا جو درمیان سے دوہرا ہو جاتا ہے (غلط العام جِفتی)

**جُفتی کرنا**۔ جُفتی کھانا۔ نر اور مادہ کا ملنا۔

**جَفر**۔ (جَ۔ فر) [ع۔ ا۔ مذکر] ایک علم جس سے غیب کا حال بتایا جاتا ہے۔

## ج۔ک

**جکڑ بند**۔ (جَ۔ کڑ۔ بند) [ہ۔ صفت] (۱) مضبوط بندھا ہوا (۲) تنا ہوا۔ (۳) [ا۔ مذکر] گرفت۔ پکڑ (۴) گٹھیا۔ وجع المفاصل۔

**جکڑ جانا**۔ (جَ۔ کڑ۔ جا۔ نا) [ہ۔ مص] اینٹھنا۔ اکڑ جانا۔

**جکڑنا**۔ (جَ۔ کڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) مضبوط باندھنا (۲) مشکیں باندھنا۔

## ج۔گ

**جگ** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) دنیا۔ کائنات (۲) مخلوق۔

**جگ بیتی**۔ (مؤنث) (۱) جو اور لوگوں پر گذری یا گذر رہی ہے۔ (۲) زمانے کی حالت (۳) قصہ۔ کہانی۔ دنیا کی سرگذشت۔

**جگ ہنسائی**۔ (مؤنث) دنیا کا ہنسنا۔ عام رسوائی۔ بدنامی۔

**جگ ہنسائی کرنا۔ جگ ہنسائی ہونا**۔ کوئی ایسی حرکت سرزد ہونا جس پر لوگوں کو ہنسنے یا ذلیل و رسوا کرنے کا موقع مل جائے

**جگ**۔ (JUG) [انگ۔ ا۔ مذکر] قرابہ۔ صراحی۔ پانی رکھنے کا ہو نٹے والا برتن۔

**جُگ**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) زمانہ۔ عہد (۲) پشت۔ مدت (۳) ہمیشہ (۴) چوسر کے کھیل میں دو کا ایک خانے میں اکٹھے ہو جانا (۵) وہ دوڑا جو گوٹا یا کپڑا بننے والے تاروں کو ایک دوسرے سے جُدا رکھنے کے لیے تانے میں ڈالتے ہیں۔ (۶) پانچ ہزار سال کا عرصہ (۷) پیمائش کا ایک پیمانہ جو چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے۔

**جُگ جُگ**۔ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔

**جُگ جُگ جیو**۔ عمر بڑی ہو۔ ہمیشہ جیتے رہو۔ (دُعا)

**جگادری**۔ (جَ۔ گا۔ د۔ ری) [ہ۔ صفت] (۱) بہت پرانا انسان یا حیوان۔ گھاگ (۲) پرانا اور قدآور (بندر)۔

**جگالنا**۔ (جُ۔ گال۔ نا) [ہ۔ مص] چوپایوں کا اپنے پیٹ یا معدے میں سے چارہ منہ میں لاکر چبانا۔

**جگالی**۔ (جُ۔ گا۔ لی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں لاکر چبانا۔

**جگالی کرنا**۔ (۱) دیکھیے جگالنا (۲) مزاحًا اس شخص کے بارے میں بولتے ہیں جو بے کار بیٹھا کھاتا رہے۔

**جگانا**۔ (جُ۔ گا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) نیند سے اٹھانا (۲) ہوشیار کرنا (۳) روشن کرنا (۴) پھیکے یا مدھم حروف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا (۵) سونے نہ دینا۔

**جگت**۔ (جَ۔ گت) [س۔ ا۔ مذکر] (۱) دنیا۔ جہان (۲) (مؤنث) کنوئیں کی مینڈھ (۳) انسان۔ حیوان (۴) بند۔ پشتہ۔

**جگت استاد**۔ (۱) بہت بڑا کاریگر (۲) ماہر استاد۔

**جگت گرو**۔ دنیا کا استاد۔ بڑا عالم و فاضل۔

**جُگت**۔ (جُ۔ گت) [ہ۔ ا۔ مؤنث] (۱) جوڑ توڑ۔ سازش۔ استادی۔ کارستانی۔ چالاکی (۲) منصوبہ (۳) طرز۔ ڈھنگ (۴) دانائی۔ حکمت (۵) تعلق۔ رشتہ (۶) سمجھوتا (۷) رسم۔ رواج (۸) ذومعنی بات۔ طنز۔

**جُگت باز**۔ (۱) چٹکلے چھوڑنے والا (۲) ایسا شخص جو ذومعنی زبان بولے۔

**جُگت بازی**۔ (مؤنث) لطیفہ گوئی۔ بذلہ سنجی۔ ذومعنی الفاظ بولنا۔

**جُگت بولنا**۔ دیکھیے جگت بازی۔

**جُگت لڑانا۔ جُگت لگانا**۔ تدبیر چلانا۔ راہ و رسم پیدا کرنا۔

**جُگتی۔ جُگتیا**۔ (جُ۔ گ۔ تی۔ جُ۔ گ۔ تِ۔ یا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جگت باز (۲) چالاک۔

**جِگر**۔ (جِ۔ گر) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) کلیجہ (۲) جی۔ جان (۳) طاقت۔ حوصلہ (۴) لُب لباب۔ جوہر (۵) معشوق (۶) اولاد (۷) قریبی عزیز رشتہ دار یا دوست احباب۔

**جگر آب ہونا**۔ (۱) کسی بات یا واقعے کا گہرا اثر لینا (۲) سخت صدمہ پہنچنا (۳) ہمت ٹوٹنا (۴) خوفزدہ ہونا۔

**جگر افگار**۔ (فگار) جس کا کلیجہ زخمی ہو۔ دل شکستہ۔

**جگر بند**۔ (مذکر) (۱) دل۔ تلی پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ مراد۔ بیٹا (۲) معشوق۔

**جگر پارہ**۔ (مذکر) (۱) کلیجے کا ٹکڑا (۲) بیٹا۔ فرزند۔

**جگر تاب**۔ (۱) کلیجہ گرم کرنے والا (۲) عزیز۔ معشوق۔

**جگر تفتہ**۔ (۱) جس کا کلیجہ جل چکا ہو (۲) جو عشق میں گرفتار ہو۔ (۳) بد ذوق۔

**جگر تھام کے بیٹھنا**۔ کوئی ایسی بات یا واقعہ سننے کے لیے خود پر قابو پانا جو صدمہ پہنچانے والی ہو۔

**جگر جگر دیگر دیگر**۔ اپنا اپنا ہی ہے۔ غیر پھر غیر ہوتا ہے۔

**جگر چاک**۔ جس کا دل صدمے سے کٹ چکا ہو۔

**جگر خراش**۔ کلیجہ چھیلنے والا۔ نہایت رنجیدہ۔

**جگر دوز**۔ کلیجہ چھلنی کرنے والا۔ درد انگیز۔

**جگر رکھنا**۔ حوصلہ رکھنا۔

**جگر سوختگی**۔ (مؤنث) دل جلاپن۔

Marfat.com

**جگر سوختہ۔** جس کا دل جلا ہوا ہو۔ دل جلا۔

**جگر سوز۔** (۱) دل جلانے والا۔ ہمدرد۔ غمگسار (۲) رنج دینے والا (۳) دل جلا۔ جسے رنج یا صدمہ پہنچا ہو۔

**جگر سوزی۔** (مونث) کلیجہ جلانا۔ ہمدردی۔

**جگر شق ہونا۔** (۱) رنج یا خوف کی شدت سے کلیجہ پھٹ جانا (۲) سخت صدمہ پہنچنا۔

**جگر کاوی۔** (۱) سخت الجھن (۲) محنت مشقت۔ جانفشانی

**جگر کباب ہونا۔** (۱) دل جل جانا (۲) کسی ناپسندیدہ بات پر بہت زیادہ غصہ آنا (۳) پیچ و تاب کھانا۔

**جگر گوشہ۔** (۱) جگر کا ٹکڑا یعنی فرزند (۲) عزیز۔

**جگر لہو ہونا۔** انتہائی صدمے سے طاقت برداشت کا جواب دے جانا

**جگر منہ کو آنا۔** ناقابلِ برداشت صدمہ ہونا۔ سخت دکھ ہونا۔

**جگر ہونا۔** حوصلہ ہونا اور لوہا پایا جانا۔

**جگرا۔** (جگ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) ہمت۔ جرأت دلیری۔ دل گردہ۔ کلیجا۔

**جگر جگر کرنا۔** (جگ۔ گر۔ جگ۔ گر۔ کرنا) (ہ۔ مص) اتنا زیادہ چمکنا کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا جائیں۔

**جگری۔** (جگ۔ ری) (ف۔ صفت) (۱) جگر سے تعلق رکھنے والا (۲) اندرونی (۳) دلی۔ سچا (۴) اپنا۔ رشتہ دار (۵) سرخی مائل سیاہ رنگ کا۔

**جُگل۔** (جُگ۔ گل) (ہ۔ صفت) دو۔ جوڑا۔

**جُگل جوڑی۔** دو جانی یا دو بہنیں جو تقریباً ہم عمر ہوں۔

**جگ مگ۔** (ہ۔ ا۔ مونث) آنکھیں چندھیانے والی روشنی چمک۔

**جگ مگ جگ مگ کرنا۔** بہت تیز روشنی دینا۔ چمکنا دمکنا۔

**جگمگانا۔** (جگ۔ مگ۔ گانا) (ہ۔ مص) روشن کرنا۔ روشن ہونا۔ چمکنا۔

**جگمگاہٹ۔** (جگ۔ مگ۔ گا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) چمک دمک آب و تاب (۲) رونق۔ تیز روشنی۔

**جگن ناتھ۔** (جگ۔ گن۔ ناتھ) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) دنیا کا مالک (۲) کرشن جی اور وشنو جی کا ایک نام

**جگنو۔** (جگ۔ نو) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک اڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی نکلتی ہے۔

**جگنی۔** (جگ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) گلے کا ایک زیور (۲) جگنو (۳) پنجابی زبان کا ایک مشہور گیت۔

**جگہ۔** (جگ۔ گہ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ٹھکانا۔ مقام (۲) گنجائش۔ سمائی (۳) خدمت۔ عہدہ (۴) علاقہ۔

**جگہ بنانا۔** (۱) گنجائش نکالنا (۲) موقع پیدا کرنا (۳) مکان بنانا۔

**جگہ جگہ۔** ہر جگہ۔ جہاں تہاں۔ جابجا۔

**جگہ جگہ ہونا۔** ہر جگہ ہونا۔ کثرت سے ہونا۔

**جگہ چھوڑنا۔** (۱) مقام چھوڑنا (۲) ہٹنا۔ سرکنا (۳) نوکری یا علاقہ چھوڑنا۔

**جگہ دلانا۔** (۱) نوکری دلانا (۲) رہنے کے لیے زمین دلوانا

**جگہ دینا۔** (۱) ٹھہرانا بٹھانا (۲) ملازمت دینا (۳) اپنے مکان یا دکان کا ایک حصہ رہائش یا کاروبار کے لیے دے دینا۔

**جگہ رکنا۔** (۱) گنجائش نہ رہنا (۲) خالی ملازمت پر کسی اور کا تقرر ہو جانا۔

# ج۔ل

**جَل۔** (س۔ ا۔ مذکر) پانی۔ آب۔

**جل پان۔** (مذکر) ناشتا۔ تھوڑا سا کھانا پینا۔

**جل پری۔** (مونث) ایک روایتی یا خیالی مخلوق جس کا چہرہ عورت جیسا اور باقی جسم مچھلی کا سا ہوتا ہے

**جل ترنگ۔** (مونث) (۱) ایک باجا (۲) پانی کی موج یا لہر۔

**جل ترئی۔ جل توری۔** (مونث) ایک قسم کی مچھلی

**جل تھل۔** (۱) وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو (۲) دلدل۔

**جل تھل (ایک) ہونا۔ بھرنا۔** اتنا زیادہ مینہ برسنا کہ ہر طرف پانی ہی پانی دکھائی دے۔ ہر جگہ پانی ہی پانی ہونا۔

**جل دھارا۔** (مذکر) پانی کی دھار۔ پانی کی دھار۔

**جل کاگ۔** (۱) آبی کوا (۲) ماہی گیر۔ غوطہ خور۔

**جل ککڑ۔** (۱) پانی کا پرندہ۔ مرغابی (۲) بات بات پر غصے ہونے والا۔

**جل کوا۔** پانی کا کوا۔

**جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی۔** (مثل) ہر شخص کا کاروبار اپنی ہی قوم میں ہو سکتا ہے۔ ہر چیز اپنی جگہ پر یا اپنے ماحول ہی میں اچھی معلوم ہوتی ہے۔

**جل مانس۔** (۱) پانی کا آدمی۔ مرد آبی (۲) ایک قسم کا بندر۔

**جَلّ۔** (جل۔ ل) (ع۔ صفت) بڑا۔ عظیم۔ بزرگ۔

**جل تو جلال تو آئی بلا کو ٹال تو۔** (مثل) اے خدا بلاؤں سے محفوظ رکھ۔ یہ دعا ایسے موقعے پر وِردِ زبان ہوتی ہے۔ جب کوئی ایسی آفت آ پڑے جسے ٹالنا انسانی کوشش سے ناممکن ہو۔

**جل جلالہٗ۔** اس خدا کی عظمت اور شان بڑی ہے۔

**جل شانہٗ۔** دیکھیے جل جلالہٗ

**جل و علیٰ۔** خدائے بزرگ و برتر۔

**جُل۔** (ہ۔ ا۔ مذکر) دھوکا۔ جھانسا۔ دم۔ چھل۔

**جل باز۔** دھوکا دینے والا۔ فریبی۔ دغاباز۔

**جلا۔** (جَ۔ لا) (ہ۔ صفت) (۱) جلا ہوا (۲) تنگ آیا ہوا (۳) غصے کی حالت میں۔

**جلا بھنا۔** غصے میں جلا ہوا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔

**جلا تن۔ جلے تن۔** (۱) بدزبان (۲) تند خو (۳) چڑچڑا (۴) حاسد۔

**جلا دینا۔** (۱) آگ لگانا یا سلگانا (۲) چھیڑنا۔ ستانا۔ (۳) چراغ روشن کرنا۔

**جلا کر خاک کرنا۔** (۱) اتنا جلانا کہ بالکل خاک ہو جائے (۲) تباہ کر دینا (۳) غصہ دلا کر پیچ و تاب کھانے پر مجبور کر ڈالنا۔

**جلے پاؤں کی بلی۔** وہ عورت جسے جگہ جگہ پھرنے کی عادت ہو

**جلے پر نون چھڑکنا۔ جلے پر نون (نمک) لگانا۔** تکلیف پہنچے ہوئے آدمی کو چڑا کر اور زیادہ تکلیف پہنچانا۔

**جلے پھپھولے پھوڑنا۔** (۱) شکوے شکایت سے دل کا غبار نکالنا (۲) بدلہ لینا۔ دلی بغض یا عناد ظاہر کرنا۔

**جِلا۔** (جِ۔ لا) (ع۔ ا۔ مونث) صفائی۔ روشنی۔ چمک۔

Marfat.com

جلا دینا۔ جلا کرنا۔ چمکانا۔ اُجالنا۔ صیقل کرنا۔
جلا کار۔ چمکانے والا۔ اُجالنے والا۔ صیقل گر۔
جلا کاری۔ زیورات یا برتنوں کو چمکانے کا پیشہ۔ صیقل گری۔
**جُلّاب**۔ (جُل۔لاب) [ع۔ا۔مذکر] ایسی دوا جس سے دست آئیں۔
جلّاب لینا۔ مُسہل لینا۔ دستوں کی دوائی استعمال کرنا۔
**جلّابی**۔ (جَل۔لا۔بی) [ا ر۔ا۔مذکر] جُلّاب بیچنے والا۔ وہ شخص جس نے مسہل لے رکھا ہو۔
جلاپا۔ (جَ۔لا۔پا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) رنج۔ غم (۲) رشک۔ حسد۔ عداوت۔
جلاپے خور۔ حسد کرنے والا۔
**جل اُٹھنا**۔ (جَل۔اُٹھ۔نا) [ہ۔مص] بھڑک اُٹھنا۔ شعلے دینے لگنا۔
**جلاٹین**۔ ( ) (جَ۔لا۔ٹین) [انگ۔ا۔مؤنث] ایک لیس دار مادّہ جو جانوروں کی ہڈی۔ کھال وغیرہ سے نکلتا ہے۔ سریش ماہی۔
**جلّاد**۔ (جَل۔لاد) [ع۔ا۔مذکر] (۱) پھانسی دینے والا (۲) بے رحم۔ بے درد۔
جلّادِ فلک۔ سیارہ مریخ۔ منگل جس سے نجومیوں کے نزدیک قتل و خون اور جنگ و جدل کا تعلق ہے۔
**جلّادی**۔ (جَل۔لا۔دی) [ف۔ا۔مؤنث] بے رحمی۔ سنگ دلی۔
**جلال**۔ (جَ۔لال) [ع۔ا۔مذکر] (۱) عظمت (۲) شان و شوکت۔ (۳) رعب داب (۴) طاقت (۵) غصّہ (۶) تیزی۔ تندی۔
جلال آجانا یا آنا۔ (۱) غصّہ آجانا (۲) جوش آجانا۔
جلال برسنا۔ (۱) دبدبہ یا رعب ظاہر ہونا (۲) غصّہ ٹپکنا۔
**جلالت**۔ (جَ۔لا۔لت) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) بزرگی۔ بڑائی (۲) شان و شوکت (۳) دبدبہ (۴) جوش۔
**جلالی**۔ (جَ۔لا۔لی) [ع۔صف] (۱) قہاری کی صفت (۲) درویشوں کا ایک سلسلہ جو سید جلال الدین بخاری سے شروع ہوا (۳) تمام شمسی مہینوں کا نام (۴) [صف] جلال والا (۵) خوفناک۔ غضب ناک (۶) وہ دعا، تعویذ یا عمل جس سے خدا کی شان قہاری ظاہر ہونے کی خواہش ہو۔
**جلانا**۔ (جَ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آگ لگانا۔ سلگانا۔ چراغ روشن کرنا۔ (۲) غصّہ دلانا (۳) چڑانا (۴) تنگ کرنا۔ ستانا۔
**جِلانا**۔ (جِ۔لا۔نا) [ہ۔مص] (۱) زندہ کرنا (۲) تازگی بخشنا (۳) موت سے بچانا (۴) دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اس کو اصلی حالت پر لے آنا۔
**جلا وطن**۔ (جَ۔لا۔وَ۔طن) [ف۔صف] جو وطن سے نکلا یا نکالا ہوا ہو۔
جلا وطن کرنا۔ دیس نکالا دینا۔ شہر بدر کرنا۔
**جلا وطنی**۔ (جَ۔لا۔وَ۔طَ۔نی) [ف۔ا۔مؤنث] دیس نکالا۔ ملک چھوڑ دینا۔
**جلاہا**۔ (جُ۔لا۔ہا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) برِّعظیم پاک و ہند کی ایک مسلمان قوم جو کپڑا بننے کا کام کرتی ہے (۲) کپڑا بننے والا۔
جلاہن۔ جلاہی۔ (جُ۔لا۔ہن۔جُ۔لا۔ہی) [ہ۔ا۔مؤنث] جلاہے کی بیوی (۲) جلاہا قوم کی عورت۔
**جلب**۔ [ع۔ا۔مذکر] حاصل کرنا۔
جلبِ زر۔ روپیہ حاصل کرنا۔ روپیہ گھسیٹنا
جلبِ منفعت۔ نفع حاصل کرنا۔
**جل بُجھنا**۔ (جَل۔بُجھ۔نا) [ہ۔مص]۔ جل کر خاک ہو جانا۔ راکھ ہو جانا
**جلبلانا**۔ (جَل۔بَ۔لا۔نا) [ہ۔مص] غصّے میں آجانا۔
**جل بُھن جانا**۔ (جَل۔بُھن۔جا۔نا) [ہ۔مص] پیچ و تاب کھانا۔
جل بُھن کر کوئلہ (راکھ۔ کباب) ہو جانا۔ [ہ۔مص] بہت زیادہ غصّے ہونا۔
**جلد**۔ [ف۔صف] فوراً۔ جھٹ پٹ۔
جلد باز۔ (۱) جلدی کرنے والا (۲) بے موقع عجلت کرنے والا۔
جلد بازی۔ (مؤنث) (۱) جلدی کرنا (۲) تیزی۔ پھرتی۔ بے تابی۔ عجلت۔
جلد۔ [ع۔ا۔مؤنث] (۱) کھال۔ چمڑا (۲) [ف۔ا۔مؤنث] کتاب کا پٹھا۔ (۳) کتاب کی جز بندی اور سلائی وغیرہ (۴) کوئی کتاب
جلد ساز۔ کتابوں کی جلد باندھنے والا۔
جلد سازی۔ (مؤنث) جلد باندھنے کا پیشہ۔
**جلدی**۔ (جِل۔دی) [ع۔صف] جلد کے متعلق۔ چمڑے کی بیماری یا اس کی کوئی شے۔
**جلدی**۔ (جَل۔دی) [ف۔ا۔مؤنث] (۱) فوراً (۲) پھرتی سے۔
جلدی پڑنا۔ (۱) جلدی ہونا (۲) گھبراہٹ ہونا۔
جلدی پکا سو سڑا۔ جو کام غیر ضروری جلدی یا تیزی سے کیا جائے اس کا نتیجہ بُرا نکلتا ہے۔
جلدی کا مارا۔ جلد باز۔ جو غیر ضروری طور پر جلدی کرے۔
جلدی کام شیطان کا۔ کام کرنے کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اس میں جلدی نہ کی جائے۔
جلدی مچانا۔ جلدی کی تاکید کرنا یا جلدی کرنے کے لیے شور مچانا۔
**جلسہ**۔ (جَل۔سہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) مجمع (۲) اجلاس۔ بیٹھک (۳) محفل۔ مجلس (۴) نماز میں سجدہ کر کے پہلی مرتبہ بیٹھنا (۶) نماز سے پہلے خطبہ دیتے میں خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا۔
جلسۂ استراحت۔ نماز میں دو سجدوں کے بعد کھڑا ہونے سے پہلے ذرا دیر بیٹھنا۔
جلسۂ خطیبی۔ خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا۔
جلسۂ عدالت۔ عدالت کا اجلاس۔
جلسہ گاہ۔ وہ جگہ جہاں جلسہ کیا جائے۔
**جلق**۔ (جَ۔لق) [ع۔ا۔مذکر] ہتھ رس۔ مشت زنی۔
**جلن**۔ (جَ۔لن) [ہ۔ا۔مؤنث] (۱) جلنے کی حالت۔ سوزش (۲) گرمی (۳) غصّہ۔ حسد (۴) کینہ۔ دشمنی۔
**جلنا**۔ (جَل۔نا) [ہ۔مص] (۱) آگ لگنا (۲) روشن ہونا (۳) بھُننا۔ جھُلسنا (۴) راکھ ہونا (۵) سوزش ہونا (۶) پودوں وغیرہ کا پالے سے مر جانا (۷) حسد کرنا (۸) ناراض ہونا (۹) رنج اٹھانا۔ (۱۰) مرچ یا کسی اور تیز چیز سے زبان کو تکلیف ہونا۔
جلنا بُھننا۔ پیچ و تاب کھانا۔ آزردہ ہونا۔

Marfat.com

**جلنا**۔ جلنا کے ساتھ بطور تابع مہمل استعمال کیا جاتا ہے۔
**جلندر۔ جلندھر**۔ (ج۔ لن۔ د۔ ج۔ لن۔ دھر) [ہ۔ ا۔ مذکر] پیٹ میں پانی پڑ جانے کا مرض۔ استسقا۔
**جلو**۔ (ج۔ لَو) [ت۔ ا۔ مؤنث] (۱) کوتل گھوڑا۔ وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیے سجا کر لے جاتے ہیں (۲) زینت۔ ٹھاٹھ۔ شاہی مراتب۔ شان و شوکت (۳) ہمراہی۔ معیت۔
**جلوخانہ**۔ [مذکر] (۱) صحن۔ ڈیوڑھی (۲) وہ میدان جو صدر دروازے کے سامنے ہو۔
**جلوت**۔ (جَل۔ وَت) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) باہر۔ سب کے سامنے (۲) مجمع (۳) ظاہر ہونا۔
**جلوس**۔ (ج۔ لُو۔ س) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) بہت سے لوگوں کا کسی خاص موقع پر اکٹھے ہو کر بازاروں سے گزرنا (۲) بادشاہوں یا امیروں کی سواری (۳) تخت نشینی (۴) ساز و سامان۔ کر و فر (۵) بیٹھنا۔ نشست۔
**جلوسی**۔ (ج۔ لُو۔ سی) [ع۔ صفت] (۱) شاہی تخت نشینی سے نسبت رکھنے والا (۲) سامان جلوس (۳) وہ ملازم لوگ جو شاہی جلوس کے ساتھ ہوں۔
**جلوہ**۔ (جَل۔ وہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) سامنے آنا۔ نمودار ہونا۔ دیدار (۲) (ف) نور۔ رونق (۳) وہ رسم جس میں دولہا دلہن کا آمنے سامنے بیٹھ کر آئینے میں ایک دوسرے کی صورت دیکھنا (۴) صوفیوں کی وہ حالت جو خلوہ (خلوت) کے اندر بیٹھنے کے بعد ہوتی ہے۔
**جلوہ آرا، افروز ہونا۔ جلوہ (دکھانا) فرما ہونا۔ جلوہ گر، نما ہونا**۔ (۱) ناز و نخرے کے ساتھ سامنے آنا (۲) اپنے کو کسی خاص انداز سے دکھانے کے لیے منظر عام پر نمودار ہونا۔
**جلوہ آرائی**۔ [مؤنث] جلوہ آرا ہونے کی حالت یا کیفیت۔
**جلوہ کناں**۔ (۱) جو جلوہ دکھا رہا ہو (۲) ظاہر۔ نمایاں (۳) روشن۔
**جلوہ گاہ**۔ [مذکر] (۱) وہ جگہ جہاں جلوہ دکھایا یا دیکھا جائے (۲) تماشا گاہ۔
**جلوہ گری (نمائی)**۔ [مؤنث] (۱) نمود (۲) شان و شوکت (۳) اپنے آپ کو دکھانا۔
**جلی**۔ (جَ۔ لی) [ع۔ صفت] (۱) روشن۔ واضح (۲) موٹا لکھا ہوا (۳) وہ حرف جو صاف طور سے بولا جائے۔
**جلی قلم**۔ (۱) موٹا قلم (۲) موٹے قلم کی عبارت یا لکھائی۔
**جلیبا**۔ (جَ۔ لے۔ با) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) شہتوت (۲) بڑی جلیبی۔
**جلیبی**۔ (جَ۔ لے۔ بی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] ایک مشہور مٹھائی۔
**جلیس**۔ (جَ۔ لیس) [ع۔ ا۔ مذکر] ساتھی۔ رفیق۔ ہم نشین۔
**جلی کٹی**۔ (جَ۔ لی۔ کَ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] طعن و تشنیع۔
**جلی کٹی باتیں**۔ ایسی باتیں جن سے حسد کی بو آئے۔ دشمنی کی باتیں۔
**جلی کٹی سنانا**۔ (۱) برا بھلا کہنا (۲) دشمنی اور عداوت ظاہر کرنا۔
**جلیل**۔ (جَ۔ لیل) [ع۔ صفت] (۱) بڑا۔ بزرگ (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**جلیل القدر**۔ بڑی شان والا۔ نہایت معزز۔
**جلیلہ**۔ (جَ۔ لی۔ لہ) [ع۔ صفت] جلیل کا مؤنث۔

# ج - م

**جم**۔ [ف۔ ا۔ مذکر] ایران کے ایک بادشاہ جمشید کا مخفف۔
**جم جاہ**۔ جمشید بادشاہ کے رتبے کا۔ بڑا حشمت۔
**جم**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ملک الموت (۲) موت۔ قضا (۳) ناگہانی آفت۔
**جم دوت**۔ ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔
**جماد**۔ (جَ۔ ماد) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) جس چیز میں بڑھنے کی قوت نہ ہو۔ بے جان چیز (۲) پتھر۔ معدنی۔
**جمادات**۔ (جَ۔ ما۔ دات) [ع۔ ا۔ مذکر] جماد کی جمع۔ بے جان چیزیں۔ دھات پتھر وغیرہ۔
**جمادی الآخرہ۔ جمادی الاخریٰ**۔ (جُ۔ ما۔ دل۔ آ۔ خِ۔ رہ۔ جُ۔ ما۔ دل۔ اُخ۔ را) [ع۔ ا۔ مذکر] اسلامی سال کا چھٹا مہینہ۔
**جمادی الاولیٰ**۔ (جُ۔ ما۔ دل۔ اُو۔ لا) [ع۔ ا۔ مذکر] اسلامی سال کا پانچواں مہینہ۔
**جمار**۔ (جِ۔ مار) [ع۔ ا۔ مذکر] وہ سنگ ریزے جو حاجی لوگ حج کے مناسک ادا کرتے وقت پھینکتے ہیں۔
**جماع**۔ (جِ۔ ماع) [ع۔ ا۔ مذکر] مباشرت۔ مجامعت۔
**جماعت**۔ (جَ۔ ما۔ عت) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) پارٹی۔ گروہ۔ تنظیم (۲) مجلس (۳) سلسلہ۔ زمرہ (۴) فرقہ (۵) کلاس (۶) صف نماز (۷) انجمن۔
**جماعت سے کرامت ہے**۔ (مثل) (۱) بہت سے آدمیوں کے مل کر کام کرنے سے کامیابی ہوتی ہے (۲) جتنے رفیق زیادہ ہوں اتنا ہی زیادہ رعب رہتا ہے۔
**جماعت کھڑی ہو جانا**۔ نمازیوں کا امام کے پیچھے صف باندھ کر نماز شروع کر دینا۔
**جماعت ہونا**۔ نمازیوں کا امام کے پیچھے صف باندھ کر نماز پڑھنا۔
**جمال**۔ (جَ۔ مال) [ع۔ ا۔ مذکر] حسن۔ خوبی۔ روپ۔ خوبصورتی۔
**جمال گوٹا**۔ (جَ۔ مال۔ گو۔ ٹا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک گرم اور خشک پھل جو دست آور ہوتا ہے۔
**جمالی**۔ (جَ۔ ما۔ لی) [ع۔ صفت] (۱) شان رحمت کی تجلی (۲) وہ اسم جو جلالی نہ ہو (۳) [مذکر] ایک قسم کا سودا یا خربوزہ (۴) عاملوں اور صوفیوں کی اصطلاح میں نباتات۔
**جمانا**۔ (جَ۔ ما۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سیال چیز کو منجمد کرنا (۲) جوڑنا۔ چپکانا (۳) ڈھیر لگانا (۴) بنیاد مضبوط کرنا (۵) بٹھانا (۶) مارنا (۷) گاڑنا (۸) رسوخ پیدا کرنا (۹) ذہن نشین کرنا (۱۰) مشق کرنا۔
**جماہی۔ جمائی**۔ (جَ۔ ما۔ ہی۔ جَ۔ ما۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مؤنث] انگڑائی۔ جسم میں ذرا تناؤ آ کر منہ کا کھل جانا۔
**جماہیر**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] جمہور کی جمع۔
**جماؤ**۔ (جَ۔ ماؤ) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جمنے کی خاصیت۔ جمنے کی حالت (۲) ٹھہراؤ۔ قیام (۳) جمگھٹ (۴) پختگی (۵) بھیڑ۔
**جمبوری**۔ (JAMBOREE) (جَم۔ بو۔ ری) [انگ۔ ا۔ مؤنث] جشن۔ رنگ رلیاں۔

Marfat.com

**جمپ**۔ (JUMP) [انگ۔ ا۔ مؤنث] جست۔ چھلانگ۔

**جمپر**۔ (JUMPER) (جم۔ پر) [انگ۔ ا۔ مؤنث] (۱) عورتوں کی ڈھیلی ڈھالی کرتی (۲) کرتے کی ڈھیلی ڈھالی کرتی جو ملت پہنتے ہیں۔

**جم جم**۔ [ف۔ صفت] (۱) سدا۔ ہمیشہ (۲) خدا مبارک کرے۔

**جمخانہ**۔ (GYMKHANA) (جم۔ خانہ) [انگ۔ ا۔ مذکر] کھیل اور تفریح کی جگہ۔ گیند خانہ۔ کلب۔

**جمرہ**۔ (جم۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حج کے دوران میں کنکری مارنا (۲) آگ کی چنگاری (۳) آتشک۔

**جمشید**۔ (جم۔ شید) (ف۔ ا۔ مذکر) ایران کا ایک مشہور بادشاہ کہتے ہیں اس نے ایک ایسا پیالہ (جامِ جم) بنوایا تھا جس میں ساری دُنیا کے حالات نظر آتے تھے۔

**جمع**۔ [ع۔ ا۔ مذکر و مؤنث] (۱) کل۔ تمام۔ اکٹھا (۲) میزان (۳) گروہ جماعت (۴) اصل سرمایہ۔ پونجی (۵) لاگت (۶) محصولات۔ آمدنی (۷) مالگذاری (۸) حساب کتاب کے رجسٹر کا وہ صفحہ جس میں آمدنی کی رقم درج کی جاتی ہے (۹) ریاضی کے تین بنیادی قاعدوں میں سے ایک قاعدہ (۱۰) ڈھیر (۱۱) ذخیرہ۔ خزانہ۔

**جمع الجمع**۔ کسی لفظ کی دُہری جمع جیسے رقوم کی جمع رقومات۔

**جمع بندی**۔ (۱) لگان کا حساب کتاب۔ فرد لگان (۲) زمین کی پیداوار (۳) سرکاری مال گذاری (۴) تخمینہ مال گذاری یا لگان۔

**جمع بھرنا**۔ مال گذاری کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا۔

**جمع خرچ**۔ (۱) آمدنی اور اخراجات (۲) آمد و خرچ کا حساب۔

**جمع ضدین**۔ دو ایسی چیزوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں۔

**جمع مرکب**۔ رقموں کی جمع۔ پیمائش کی جمع۔

**جمعدار**۔ (ج۔ مع۔ دار) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) مزدوروں سے کام لینے والا (۲) ایک فوجی عہدہ (۳) پولیس کا ہیڈ کانسٹیبل (۴) بہشتی۔ ماشکی (۵) بھنگی۔

**جمعداری**۔ (ج۔ مع۔ داری) [ف۔ ا۔ مؤنث] (۱) جمعدار کا کام (۲) جمعداری کا عہدہ۔

**جمعرات**۔ (ج۔ مع۔ رات) [اُر۔ ا۔ مؤنث] جمعہ سے ایک دن پہلے کا روز۔ پنجشنبہ۔

**جمعہ**۔ (جم۔ عہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) جمعرات کے بعد کا دن۔ یوم الجمعہ (۲) جمعے کی نماز۔

**جمعہ جمعہ آٹھ دن** (روز) کی پیدائش۔ (مثل) اُس موقعے پر کہتے ہیں جب کوئی چھوٹی عمر کا چالاکی یا گستاخی کرے۔

**جمعیت**۔ (جم۔ عی۔ یت) [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) جماعت۔ مجمع (۲) فوج (۳) اکٹھا ہونا (۴) اطمینان۔

**جمعیت اکٹھا کرنا**۔ (۱) لشکر جمع کرنا (۲) مجمع کر لینا۔

**جمعیت خاطر**۔ تسلی۔ اطمینان۔ بے فکری۔

**جم غفیر**۔ (جم۔ مِ۔ غ۔ فیر) [ع۔ ا۔ مذکر] زبردست ہجوم۔

**جم کر لڑنا**۔ (جم۔ کر۔ لڑ۔ نا) [ف۔ مص] لڑائی میں قدم پیچھے نہ ہٹانا۔

**جم گھٹ۔ جم گھٹا**۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] انبوہ۔ ہجوم۔

**جمل**۔ (ج۔ مَل) [ع۔ ا۔ مذکر] اونٹ۔ شتر۔ ناقہ۔

**جملہ**۔ (جم۔ لہ) [ع۔ صفت۔ و۔ ا۔ مذکر] (۱) تمام۔ سب (۲) میزان (۳) کلموں کا مجموعہ جو مطلب ادا کرے۔

**جملہ اسمیہ**۔ وہ جملہ جو دو اسموں سے مرکب ہو جیسے زید قابل ہے۔

**جملہ انشائیہ**۔ وہ جملہ جس کے سننے سے سامع کو معلوم ہو کہ کہنے والا کچھ خواہش رکھتا ہے۔

**جملہ خبریہ**۔ وہ جملہ جس کے سننے سے سامع کو معلوم ہو کہ کہنے والا کسی ماجرے کی خبر دیتا ہے۔

**جملہ شرطیہ**۔ وہ جملہ جو شرط کے جواب میں واقع ہو۔ اگر تم آؤ گے تو میں تمھارے ساتھ چلوں گا۔

**جملہ معترضہ**۔ وہ زائد فقرہ یا بات جسے ہٹا دینے سے مطلب میں کوئی فرق نہ آئے۔

**جملہ معطوفہ**۔ وہ جملہ جو پہلے جملے پر عطف ہو۔ جیسے زید پڑھتا ہے اور بکر لکھتا ہے۔

**جمنا**۔ (جم۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) سیال چیز کا منجمد ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) چسپاں ہونا۔ چپکنا (۴) جگہ پکڑ لینا (۵) پکا ہونا (۶) اٹل ہونا۔ ڈٹنا (۷) مستقل ہونا (۸) ٹھیک آنا (۹) تہ میں بیٹھنا (۱۰) ذہن نشین ہونا (۱۱) دل پر اثر ہونا (۱۲) مشق ہونا۔ اطمینان ہونا۔

**جمناسٹک**۔ (GYMNASTIC) (جم۔ ناس۔ ٹک) [انگ۔ ا۔ مذکر] ورزش۔ ورزشی کرتب۔ ورزش سے متعلق۔

**جمنازیم**۔ (GYMNASIUM) (جم۔ نا۔ زیم) [انگ۔ ا۔ مذکر] جمناسٹک گھر۔ ورزش گاہ۔

**جمود**۔ (جُ۔ مود) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) جم جانا (۲) تعطل۔ جبری التوا۔

**جمہور**۔ (جم۔ ہور) [ع۔ ا۔ مذکر] پبلک۔ عوام۔ قوم۔

**جمہوری**۔ (جم۔ ہو۔ ری) [ع۔ صفت] جس کا تعلق عوام سے ہو۔ عوامی۔

**جمہوری ریاست** (حکومت) وہ ملک جس میں عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں کی حکومت ہو۔

**جمہوریت**۔ (جم۔ ہو۔ ری۔ یت) [ع۔ ا۔ مؤنث] وہ نظام حکومت جس میں عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی جماعت حکومت چلاتی ہے اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔

**جمیل**۔ (جَ۔ میل) [ع۔ صفت] حسین۔ خوبصورت۔

**جمیلہ**۔ (جَ۔ می۔ لہ) [ع۔ صفت] جمیل کا مؤنث۔ خوبصورت۔ (عورت)

## ج۔ن

**جن**۔ [ہ۔ ضم] (۱) جس کی جمع (۲) واحد کے لیے بطور تعظیم استعمال ہوتا ہے۔

**جن** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک پوشیدہ مخلوق جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق آگ سے پیدا کی گئی ہے (۲) [صفت] ضدی (۳) عام انسانوں سے زیادہ کام کرنے والا (۴) مستقل مزاج (۵) شہ زور۔

**جن اتار دینا**۔ (۱) آسیب دُور کر دینا (۲) غصہ دُور کر دینا (۳)

Marfat.com

مزاج درست کر دینا۔
**جن چڑھنا۔** (۱) آسیب کا اثر ہونا (۲) غصہ چڑھنا (۳) ضد ہونا۔ پیچ کرنا (۴) خبط ہونا۔
**جن سوار ہونا۔** (۱) غصہ ہونا (۲) آسیب ہونا۔ (۳) مگن ہونا۔
**جن شیشے میں اُتارنا۔** (۱) عامل جن کو انسان کے سر سے اتار کر شیشے میں بند کر لیتے ہیں (۲) ضدی یا سرکش آدمی کو رام کرنا۔
**جن کا سایہ۔** جن کا اثر۔ جن کا سر پر سوار ہونا۔ آسیب۔
**جن۔** (GIN) [انگ۔ مؤنث] سفید رنگ کی تیز شراب۔
**جنا۔** (جَ۔ نا) [ہ۔ مذکر] (۱) آدمی۔ شخص (اس جن) (۲) [صفت] پیدا شدہ۔ جنا ہوا۔
**جناب۔** (جَ۔ ناب) [ع۔ مذکر] (۱) حضرت۔ حضور۔ قبلہ (۲) [مؤنث] درگاہ۔ آستانہ۔ (۳) پناہ گاہ۔
**جنابِ اقدس۔** عالی جناب۔ حضورِ پاک۔
**جنابِ عالی۔** عالی جناب۔ حضرت سلامت۔
**جنابت۔** (جَ۔ نا۔ بت) [ع۔ مؤنث] وہ ناپاکی جو صحبت کرنے یا احتلام سے ہو۔
**جنات۔** (جِن۔ نات) [ع۔ مذکر] جن کی جمع۔
**جناتی۔** (جِن۔ نا۔ تی) [ع۔ ف۔ صفت] جنات سے منسوب۔
**جناتی زبان۔** ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے۔
**جناح۔** (جَ۔ ناح) [ع۔ مؤنث] بازو۔ پر۔ پنکھ۔
**جنازہ۔** (جَ۔ نا۔ زہ) [ع۔ مذکر] (۱) لاش (۲) تابوت۔ ارتھی۔
**جنان۔** (جِ۔ نان) [ع۔ مؤنث] جنت کی جمع۔ بہشتیں۔
**جنانا۔** (جَ۔ نا۔ نا) [ہ۔ متعدی] دیکھیے جنوانا۔
**جنائی۔** (جَ۔ نا۔ ئی) [ہ۔ مؤنث] (۱) بچہ جنانے کی اجرت (۲) بچہ جنانے والی۔ دائی۔
**جُنباں۔** (جُم۔ باں) [ف۔ صفت] ہلتا ہوا۔
**جُنبانی۔** (جُم۔ با۔ نی) [ف۔ مؤنث] ہلانے کا فعل۔ حرکت۔
**جُنبش۔** (جُم۔ بش) [ف۔ مؤنث] حرکت۔ گردش۔ ہلنا جلنا۔
**جنبش دینا۔** جھنجھوڑنا۔ ہلانا۔ حرکت میں لانا۔
**جنبہ۔** (جَم۔ بہ) [ع۔ مذکر] (۱) حمایت۔ طرفداری (۲) طرف۔ پہلو۔
**جنبہ داری۔** [مؤنث] طرف داری۔ حمایت۔
**جنت۔** (جَن۔ نت) [ع۔ مؤنث] (۱) باغ (۲) بہشت۔
**جنت آشیانی۔ مکانی۔** جس کو جنت میں جگہ دی گئی۔ مرحوم۔
**جنت الماویٰ۔** آرام کا باغ۔ بہشت۔
**جنت شداد۔** وہ جنت جو بابل کے بادشاہ شداد نے بنائی تھی۔
**جنت عدن۔** وہ باغ جنت جس میں حضرت آدم کو شجر ممنوعہ کا پھل چکھنے سے پہلے رکھا گیا۔
**جنت نشان۔** (۱) مرحوم (۲) جنت جیسا۔
**جنتا۔** (جَن۔ تا) [س۔ مؤنث] (۱) عوام (۲) گروہ۔ جماعت۔
**جنتر۔** (جَن۔ تر) [ہ۔ مذکر] (۱) آلہ۔ اوزار۔ آلہ جر ثقیل (۲) جادو ٹونا (۳) رصدگاہ (۴) علم نجوم کا کوئی نقشہ (۵) دھوپ گھڑی (۶) جنتری۔
**جنتر منتر۔** (۱) نظر بندی۔ شعبدہ بازی (۲) فریب کاری۔ (۳) ٹونا ٹوٹکا (۴) رصدگاہ۔

**جنتری۔** (جَنت۔ ری) [ہ۔ مؤنث] (۱) تقویم (۲) لوہے کی سوراخ دار پلیٹ جس میں سونے یا چاندی کے تار ڈال کر انھیں لمبا کرتے ہیں (۳) وہ کتاب جس میں نجومی ستاروں کی گردش کا سالانہ حال تاریخ وار درج کرتے ہیں۔
**جنتی۔** (جَن۔ تی) [ہ۔ مؤنث] (۱) جننے والی۔ ماں (۲) پیدائش۔
**جنتی۔** (جَن۔ نَ۔ تی) [ع۔ صفت] جنت سے منسوب (۱) جنت میں جانے والا (۲) مرحوم (۳) بھولا (۴) بہرا۔
**جنٹلمین۔** (GENTLEMAN) [انگ۔ مذکر] (۱) شریف آدمی (۲) مغرب زدہ انسان۔
**جنجال۔** (جَن۔ جال) [ہ۔ مذکر] (۱) مصیبت۔ بلا (۲) بکھیڑا (۳) مشکل۔ دقت (۴) حیرانی۔
**جنجال میں پڑنا یا پھنسنا۔** (۱) مصیبت میں پڑنا (۲) کسی جھگڑے میں الجھ جانا۔
**جنجالی۔** (جَن۔ جا۔ لی) [ہ۔ صفت] جھگڑالو۔ مصیبت ڈالنے والا۔
**جنجر۔** (GINGER) (جِن۔ جر) [انگ۔ مؤنث] ادرک۔
**جنرل۔** (GENERAL) (جن۔ رل) [انگ۔ مذکر] (۱) سب سے بڑا فوجی افسر (۲) [صفت] عام۔
**جنرل پوسٹ آفس** (GENERAL POST OFFICE) بڑا ڈاک خانہ۔
**جنرل مرچنٹ۔** (GENERAL MERCHANT) ایسا سوداگر یا دوکاندار جس کے ہاں استعمال کی ہر چیز ملتی ہو۔
**جنرلیسمو۔** (GENERALISSINO) (جن۔ رلیس۔ مو) [انگ۔ مذکر] متحدہ بری و بحری فوج کا سپہ سالار۔
**جنریٹر۔** (GENERATOR) (جن۔ رے۔ ٹر) [انگ۔ مذکر] (۱) پیدا کرنے والا (۲) گیس۔ بجلی وغیرہ پیدا کرنے والی مشین۔
**جنس۔** [ع۔ مؤنث] (۱) ذات۔ نوع۔ صنف (۲) چیز (۳) اسباب۔ سوداگری کا مال (۴) سامان۔ اثاثہ (۵) غلہ (۶) نسل۔ خاندان (۷) تذکیر و تانیث (۸) منطق فلسفے میں جس کے تحت چند نوعیں ہوں۔
**جنس خانہ۔** [مذکر] گودام۔ کٹھا۔ ڈپو۔
**جنس وار۔** (۱) تقسیم یا نوع کے مطابق قسموں کو سامنے رکھ کر فصلوں کی تقسیم (۲) وہ نقشہ جو پٹواری لوگ کاشت جنس کی اقسام کے متعلق تفصیل وار پیش کرتے ہیں۔
**جنسی۔** (جِن۔ سی) [ع۔ صفت] (۱) جنس کے متعلق (۲) مرد و عورت کے باہمی جسمانی تعلق کے بارے میں۔
**جنسیات۔** [ع۔ مذکر] وہ علم جس میں مرد و عورت کے جسمانی تعلق سے بحث کی جاتی ہے۔ اعضائے تولید کا علم۔
**جنسیت۔** (جِن۔ سی۔ یت) [ع۔ مؤنث] ہم جنس ہونا۔ ایک سا ہونا۔
**جنکشن۔** (JUNCTION) (جنک۔ شن) [انگ۔ مذکر] (۱) ملنے کی جگہ (۲) ایسا ریلوے اسٹیشن جہاں دو سے زیادہ لائنیں آکر ملتی ہوں۔
**جنگ۔** [ف۔ مؤنث] لڑائی۔ دشمنی۔ عداوت۔
**جنگ آزمودہ۔** جس کو جنگ کا تجربہ ہو۔ بہادر۔ دلیر۔
**جنگ جو۔** لڑاکا۔ لڑائی کرنے کے بہانے ڈھونڈنے والا۔
**جنگ جوئی۔** [مؤنث] (۱) لڑنے جھگڑنے کی عادت (۲) لڑنے کے بہانے ڈھونڈنا۔
**جنگ زرگری۔** دکھاوے کی لڑائی۔ ملی بھگت کی لڑائی۔

Marfat.com

**جنگ گاہ** (جنگاہ) (مذکر) میدانِ جنگ ۔ لڑائی کا میدان ۔
**جنگ و جدال** (جدل) (مؤنث) لڑائی ۔ معرکہ ۔ مار کٹائی ۔
**جنگل** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) درختوں کی کثرت کا مقام (۲) صحرا (۳) بنجر اور ویران جگہ (۴) چراگاہ ۔
**جنگل بُوٹی** ۔ جنگل کا ٹنا ۔
**جنگل بیابان** ۔ ایسا جنگل جو بالکل ویرانہ ہو ۔
**جنگل بچھ یا** (جانا) پاخانے جانا ۔ بیت الخلا جانا ۔
**جنگل میں منگل** ۔ ویرانے میں رونق یا عیش و عشرت ۔ ویرانے میں چہل پہل ۔
**جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا** ۔ (۱) کام ایسا ہونا چاہیے جسے سب دیکھیں (۲) نمود کا کام ایسی جگہ کرنا جہاں شہرت نہ ہو سکے ۔
**جنگل ہو جانا** (۱) ویرانہ ہو جانا ۔ غیر آباد ہو جانا (۲) خودرو درختوں کا بکثرت اُگ آنا ۔
**جنگلا** ۔ (جنگ ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لکڑی کی کھپچیوں یا لوہے کی سلاخوں کا وہ فریم جو دروازے ۔ باڑھ یا کٹہرے کے طور پر لگاتے ہیں (۲) گوٹے کناری کا حاشیہ (۳) بیابان صحرا ۔
**جنگلی** ۔ (جنگ ۔ لی) [ہ ۔ صفت] (۱) جنگل کا (۲) وحشی (۳) بدتمیز ۔ گنوار ۔
**جنگی** ۔ [ف ۔ صفت] (۱) جنگ کا (۲) قابلِ جنگ (۳) فوجی (۴) [مذکر] سپاہی ۔ لشکری ۔
**جنگی بیڑا** ۔ بحری فوج کے جہاز ۔
**جنگی لاٹ** ۔ سپہ سالار ۔ کمانڈر انچیف ۔
**جنم** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیدائش (۲) زندگی ۔
**جنم اشٹمی** ۔ (مؤنث) بھادوں بدی کی آٹھویں تاریخ اس دن کرشن جی کے جنم لینے کی خوشی منائی جاتی ہے ۔
**جنم اندھا** ۔ **جنم کا اندھا** ۔ پیدائشی اندھا ۔ مادر زاد اندھا ۔
**جنم بھومی** ۔ (مؤنث) پیدائش کی جگہ ۔ آبائی وطن ۔
**جنم پتر** ۔ **جنم پتری** (پہلا مذکر دوسرا مؤنث) وہ کاغذ جس پر بچے کی پیدائش کا وقت ، دن اور مہینہ لکھا جاتا ہے (اس میں پیدائش کے وقت ستاروں کی حالت کا نقشہ بھی بنواتے ہیں ۔ اسی سے بچے کی تقدیر کا زائچہ تیار کیا جاتا ہے)
**جنم پٹا** ۔ عمر بھر کا اقرار نامہ ۔
**جنم جلا** ۔ **جنم جلی** ۔ بدنصیب مرد ۔ بدنصیب عورت ۔
**جنم جنم** ۔ سدا ۔ ہمیشہ ۔
**جنم داتا** ۔ (۱) خدا (۲) باپ (۳) جس نے کوئی کام شروع کیا ہو یا اس کی بنیاد ڈالی ہو ۔ آغاز کرنے والا ۔ بانی ۔
**جنم دن** ۔ (مذکر) پیدائش کا دن ۔ سالگرہ ۔
**جنم روگی** ۔ پیدائشی بیمار ۔ دائم المریض ۔
**جنم کنڈلی** ۔ (مؤنث) زائچہ ۔ چھوٹی جنم پتری ۔
**جنم کے اندھے نام نین سکھ** ۔ (مثل) قابلیت صفر دعوٰی بہت ۔
**نام کے کم بخت نام بختاور سنگھ** ۔ (مثل) مقدر کے لحاظ سے پیدائشی بدنصیب ہیں مگر نام ایسا ہے جیسے بڑے خوش نصیب ہیں ۔
**جنم گھٹی** ۔ (مؤنث) (۱) وہ گھٹی جو بچے کو پیدا ہوتے ہی دی جاتی ہے ۔

(۲) وہ چیز جس کی کسی کو مدت سے عادت چلی آ رہی ہو ۔
**جنم لینا** ۔ پیدا ہونا ۔
**جنم مرن** ۔ (مذکر) زندگی اور موت ۔
**جنم میں تھوکنا** ۔ (۱) عیب لگانا (۲) لعنت ملامت کرنا
**جنمی** ۔ (جن ۔ می) [ہ ۔ صفت] (۱) پیدائشی ۔ قدرتی (۲) زندہ چیز ۔
**جننا** ۔ (جن ۔ نا) [ہ ۔ مص] بچہ پیدا کرنا ۔ بچے کو جنم دینا ۔
**جننگ فیکٹری** [GINNING FACTORY] [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] روئی سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ ۔
**جننگ مشین** [GINNING MACHINE] روئی اوٹنے کی کل ۔
**جنوانا** ۔ (جن ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] بچہ پیدا کرانا ۔ دائی کا کام کرنا ۔
**جنوائی** ۔ (جن ۔ وا ۔ ئی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] دائی کی فیس ۔ جنائی ۔
**جنوائی** ۔ **جوائی** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بیٹی کا شوہر ۔ داماد ۔
**جنوب** ۔ (جَ ۔ نُوب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دکھن ۔ دکن ۔
**جنوباً** ۔ (جَ ۔ نُو ۔ بَن) [ع ۔ صفت] جنوب کی طرف
**جنوبی** ۔ (جَ ۔ نُو ۔ بی) [ع ۔ صفت] دکھن سے متعلق ۔
**جنود** ۔ (جُ ۔ نُود) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جند کی جمع ۔ لشکر ۔ فوجیں ۔
**جنوری** ۔ (جن ۔ وَ ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] JANUARY انگریزی سال کا پہلا مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے ۔
**جنون** ۔ (جُ ۔ نُون) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دیوانگی ۔ پاگل پن (۲) طیش (۳) کسی چیز کی دُھن ۔
**جنون چڑھنا** (سوار ہونا) (۱) پاگل ہونا (۲) غصہ آنا ۔ طیش آنا ۔
**جنون دوری** ۔ ایسا جنون جو ہر وقت نہ رہتا ہو ۔
**جنونی** ۔ (جُ ۔ نُو ۔ نی) [ع ۔ صفت] (۱) دیوانہ ۔ پاگل (۲) غصیل ۔
**جنھوں** ۔ (جِن ۔ ھوں) [ہ ۔ ض] جن کی جمع یا جمع الجمع ۔
**جنھیں** ۔ (جِن ۔ ھیں) [ہ ۔ ض] جن کو ۔ جن لوگوں کو ۔ جن باتوں کو ۔
**جنی** ۔ (جَ ۔ نی) [س ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) عورت (۲) بیوی (۳) ماں ۔ (۴) بہو (۵) ملازمہ (۶) بیٹی ۔ سہیلی ۔
**جنے** ۔ (جَ ۔ نے) [ہ] (۱) لفظ جانے کا مخفف ۔ گویا ۔ جیسے (۲) خبر نہیں (۳) جنا (بمعنی فرد) کی جمع ۔ کئی آدمی ۔ افراد ۔
**جنین** ۔ (جَ ۔ نِین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پیٹ کا بچہ ۔
**جنیو** ۔ (جَ ۔ نیو) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ بٹا ہوا دھاگہ جسے ہندو بدھی کی طرح گلے میں ڈالے رہتے ہیں ۔
**جنیو کا ہاتھ** ۔ پٹے یا تلوار کا وہ ہاتھ جو مقابل کے سینے پر آڑا یا ترچھا مارا جاتا ہے ۔

## ج ۔ و

**جَو** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک غلہ (۲) تھوڑا سا ۔ قلیل (۳) انچ کا تیسرا حصہ (۴) انگلیوں کی پوروں کا نشان ۔
**جَو بھر** ۔ ذرا سا ۔ قدرے قلیل ۔
**جَو جَو** ۔ ذرا ذرا سا ۔ رتی رتی ۔
**جُو** ۔ [ف ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) ندی ۔ نہر (۲) [صفت] ڈھونڈنے والا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے جنگجو ۔
**جو** ۔ [ہ ۔ حرف صلہ] (۱) جو شخص ۔ جو چیز ۔ جو بات (۲) [اسم ظرف] جس

Marfat.com

قدر۔ جتنا (۳) (صفت) جو کوئی۔ جونسا۔ جو کچھ (۴) (حرف شرط) اگر۔ بشرطیکہ (۵) اچانک (۶) (اسم موصول) جس وقت۔ جب کہ۔

جو پھل چکھا نہیں وہی میٹھا۔ ان دیکھی چیز کی قدر خواہ مخواہ ہوتی ہے۔

جو پہلے مارے سو میر۔ (مثل) جو موقع نکلتے ہی فائدہ اُٹھالے وہی کامیاب رہے گا (۲) جو مقابلے یا لڑائی میں چھوٹتے ہی مار بیٹھے گا وہ جیت جائے گا۔

جو جاگے (گا) سو پائے (گا) (مثل) جو ہوشیار اور چوکنا رہے گا وہ فائدہ اُٹھا جائے گا۔

جو جو۔ (کلمۂ تخصیص) بہت سی چیزوں میں سے چند چیزیں۔

جو دم ہے غنیمت ہے۔ ی کی زندگی جیسے یا جس رنگ میں گذر رہی ہے اچھا ہے۔

جو دوڑ کر چلا وہی گرا۔ (مثل) جو شخص کسی کام میں ضرورت سے زیادہ تیزی یا جلد بازی دکھاتا ہے وہ نقصان اُٹھاتا ہے۔

جو کرے سو بھرے۔ (مثل) (۱) جس نے نقصان کیا وہی ہرجانہ دے (۲) جو برا کرتا ہے وہی سزا پاتا ہے۔

جو کسی کے لیے کنواں کھودتا ہے۔ اس کے لیے کھائی تیار ہے۔ (مثل) جو کوئی کسی اور کو نقصان پہنچانے کی سوچتا ہے قدرت اس کو نقصان پہنچاتی ہے۔

جو کل ہونا ہے آج ہو جائے۔ (۱) جلدی ہونا۔ عجلت یا گھبراہٹ ہونا (۲) کام جلد ختم کرنے کی تاکید۔

جو کہ۔ (۱) چونکہ۔ اگرچہ (۲) کلمۂ وضاحت یا تفصیل۔

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔ (مثل) شیخی بگھارنے والے نکمے ہوتے ہیں۔

جو گڑ دینے سے مرے۔ اُسے زہر کیوں دیا جائے۔ (مثل) جو کام نرمی سے نکل سکتا ہو اس میں سختی نہیں کرنی چاہیے۔ (۲) جو شخص اچھے سلوک سے رام ہو رہا ہو اس کے ساتھ بدسلوکی نہیں کرنی چاہیے۔

جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے۔ اولاد کی جتنی محبت ماں کے دل میں ہوتی ہے اتنی اور کسی کے دل میں نہیں ہوتی۔ کوئی اور عورت ماں سے زیادہ محبت جتائے تو وہ دھوکے باز ہے۔

جو ہو سو ہو۔ (۱) جو کچھ مشکل آئے برداشت کریں گے (۲) جو کچھ ہونا ہے ہو جائے گا (۳) کچھ کیوں نہ ہو۔

جَو۔ (ع۔ا۔ مذکر) آسمان اور زمین کا درمیانی فاصلہ۔

جُوا۔ (جُو۔آ) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) وہ لکڑی جو بیل یا گاڑی کھینچنے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قمار بازی۔

جوا ڈال دینا۔ (۱) ہمت ہار دینا (۲) تھک جانا۔

جوا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا۔ داؤں لگانا۔ پانسہ پھینکنا۔

جوئے خانہ۔ (مذکر) وہ جگہ جہاں جوا ہوتا ہو۔ قمار خانہ۔

جواب۔ (ع۔ جو۔ا ب) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) جو کچھ لکھ کر یا زبانی پوچھا جائے اس کے بارے میں بتائی گئی بات (۲) جوڑا۔ جفت۔ (۳) (ریاضی کی اصطلاح میں) سوال کا حل (۴) ہم سر۔ جوڑ کا۔ ثانی (۵) سلام کیا جائے تو اس کے جواب میں سلام۔ (۶) (قانونی اصطلاح میں) تردید (۷) انکار (۸) بدلہ (۹) برطرفی۔ علیحدگی۔

جواب الجواب۔ جواب کا جواب۔ ایسا جواب جس سے موصولہ جواب رد ہو۔

جواب باصواب۔ مناسب اور معقول جواب۔

جواب پانا۔ (۱) برطرف ہونا (۲) بدلہ ملنا (۳) سوال کا جواب ملنا۔ خط کا جواب آنا (۴) انکار ہونا۔

جواب پڑھنا۔ (مرثیہ خوانوں یا سوز خوانوں کی اصطلاح میں) مرثیے کے پہلے مصرع کو دہرانا۔

جواب ترکی بہ ترکی۔ سخت بات کا سخت جواب دینا۔

جواب تک نہ دینا۔ ناراضی کی وجہ سے بات تک نہ کرنا۔

جواب تلخ۔ جواب میں کڑوی یا ناگوار بات کہنا۔

جواب جاہلاں باشد خموشی۔ (مثل) جاہلوں کی باتوں پر خاموش رہنا چاہیے۔

جواب دعوٰی۔ دعوٰی کا قانونی جواب۔ مدعا علیہ کی جانب سے تحریری جواب۔

جواب دِہ۔ (۱) ذمہ دار۔ بازپرس کے قابل (۲) مدعا علیہ۔

جواب دِہی۔ (مؤنث) (۱) ذمہ داری (۲) عدالت میں مدعا علیہ کی طرف سے پیروی۔

جواب دہی سے بری کرنا۔ (۱) ذمہ دار قرار نہ دینا (۲) مقدمے کی پیروی کی پابندی ہٹا دینا۔

جواب دے جانا۔ (۱) کسی چیز کا بے کار ہو جانا (۲) کسی آدمی کا کام کرنے سے انکار کر جانا (۳) عاجز ہو جانا۔

جواب دے دینا۔ (۱) موقوف کر دینا (۲) چھوڑ دینا (۳) قطعی انکار کر دینا (۴) ساتھ چھوڑ دینا۔

جواب دینا۔ (۱) جو بات یا سوال پوچھی جائے اس کے بارے میں بتانا (۲) خط کا جواب لکھنا (۳) سلام کے جواب میں سلام کرنا (۴) پیغام کے جواب میں پیغام بھیجنا (۵) عدالت میں فریق مخالف کے الزامات کا جواب دینا (۶) برطرف کرنا (۷) نامنظور کرنا (۸) بیکار ہو جانا (۹) گستاخی سے کلام کرنا۔

جواب سوال۔ (۱) بحث مباحثہ (۲) تکرار۔

جواب شافی۔ تسلی بخش جواب۔ پورا جواب۔

جواب شرط۔ (صرف و نحو) جزا۔

جواب صاف۔ صاف انکار۔ مطلق انکار۔

جواب طلب۔ (۱) دریافت یا بازپرس کرنے کے قابل (۲) رسید کے قابل۔

جواب طلبی۔ (مؤنث) مواخذہ۔ بازپرس کے سلسلے میں کی گئی کارروائی۔

جواب قطعی۔ ایسا جواب جس کے بعد کچھ کہنے سننے کی گنجائش نہ رہے۔

جواب ملنا۔ (۱) انکار ہونا (۲) برطرف ہونا (۳) بدلہ ملنا (۴) خط سلام یا سوال کا جواب پانا۔

جواب ندارد۔ جواب نہ ملنا۔ جواب نہ آنا۔

جواب نہ رکھنا۔ جواب نہ ہونا۔ لاثانی ہونا۔

جواب ہونا۔ (۱) ہمسر ہونا۔ جیسے کو تیسا ہونا (۲) برطرف کیا جانا۔

Marfat.com

**جواباً**۔ (ج-وا-بن) [ع] جواب میں۔ بجواب۔

**جوابی**۔ (ج-وا-بی) [اُ-امذکر] (۱) مرثیہ خوانی کے دوران جو شخص ہر بند پورا ہونے پر پہلا مصرعہ اُٹھائے (۲) مدعا علیہ (۳) نظیر۔ مثال (۴) [صفت] جھگڑالو۔ حجتی (۵) جواب طلب خط یا تار (دوسرا کارڈ یا تار کی ڈبل فیس برائے جواب)۔

جوابی حملہ۔ (مذکر) دشمن پر پلٹ کر حملہ کرنا۔

**جواد**۔ (ج-واد) [ع-ا-مذکر] (۱) سخی (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**جوار**۔ (ج-وار۔ جَ-وار) [ع-ا-مذکر] پڑوس۔ ہمسایہ (اُردو میں قرب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ قرب و جوار)۔

**جُوار**۔ (جُ-وار) [ہ-ا-مونث] (۱) ایک غلے کا نام (۲) سمندر کی لہروں کا آنا۔ جزر۔

جوار بھاٹا۔ (مذکر) سمندر کا آتار چڑھاؤ۔

**جوارح**۔ (جَ-وا-رِح) [ع-ا-مذکر] جارحہ کی جمع۔ انسان کے ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا۔ (اُردو میں اعضاء و جوارح بولتے ہیں)۔

**جوارش**۔ (جَ-وا-رِش) [ع-ا-مونث] فارسی لفظ گوارش کا معرب۔ ہاضمے کی ایک خوش ذائقہ دوا۔

**جُواری**۔ (جُ-وا-ری) [ہ-ا-مذکر] جُوا کھیلنے والا۔ قمار باز۔

**جواز**۔ (جَ-واز) [ع-ا-مذکر] (۱) اجازت (۲) جائز ہونا۔

جواز ہونا۔ (۱) قانونی طور پر درست ہونا (۲) قابلِ اجازت ہونا۔

**جواکھار**۔ (جَ-وا-کھار) [ہ-ا-مذکر] جَو کی راکھ سے حاصل کیا ہوا شورہ۔

**جوالا**۔ (جَ-وا-لا) [س-ا-مذکر] (۱) شعلہ (۲) روشنی (۳) آگ (۴) گرمی۔

جوالا مکھی۔ (مونث) وہ پہاڑ جس میں سے آگ نکلتی ہو۔ آتش فشاں پہاڑ۔

**جوامع**۔ (جَ-وا-مِع) [ع-ا-مذکر] جامعہ کی جمع۔ یونیورسٹیاں۔

**جوان**۔ (جَ-وان) [ف-صفت] (۱) مرد یا عورت جو لڑکپن کے دور سے نکل چکا ہو (۲) بہادر (۳) سیانا (۴) [مذکر] سپاہی (۵) طاقت ور آدمی (۶) بالغ مرد یا عورت۔

جوان بخت۔ خوش نصیب۔ اقبال مند۔

جوان جہان۔ جس پر جوانی کا عالم پوری طرح جوان۔

جوان سال۔ جس کی اُٹھتی جوانی ہو۔ نوعمر۔ نوجوان۔

جوان مرد۔ (۱) بہادر۔ شہ زور (۲) سخی (۳) بلند حوصلہ۔

جوان مردی۔ (مونث) (۱) بہادری (۲) سخاوت۔ فیاضی۔

جوان مرگ۔ جوانا مرگ۔ (۱) جوانی میں مرنے والا (۲) بددعا، جلدی مرنے کے قابل۔

جوان مرنا۔ یعنی جوانی میں مر جانا۔

**جوانانِ چمن**۔ [ف-ا-مذکر] جوانان جمع جوان۔ باغ کے نوخیز درخت۔

**جوانب**۔ (جَ-وا-نِب) [ع-ا-مونث] جانب کی جمع۔ طرفیں۔

**جوانی**۔ (جَ-وا-نی) [ف-ا-مونث] (۱) شباب (۲) طرفگی۔

جوانی پھٹ پڑنا۔ جوانی پھٹی پڑنا۔ جوانی کا زوروں پر ہونا۔

جوانی دیوانی۔ مثل۔ جوانی کے زمانے میں انسان کو اچھا برا نہیں سوجھتا۔

جوانی ڈھل جانا۔ جوانی ختم ہو جانا۔

جوانی کا عالم۔ (مذکر) (۱) جوانی کی حالت (۲) جوانی کا زمانہ۔

جوانی میں مانجھا ڈھیلا۔ جوانی میں سستی اور کاہلی۔

**جواہر**۔ (جَ-وا-ہِر) [ع-ا-مذکر] جوہر کی جمع۔ (اُردو میں واحد بھی بولا جاتا ہے) قیمتی پتھر۔ الماس۔ یاقوت۔ لعل۔ ہیرا وغیرہ۔

جواہر جڑنا۔ (۱) کسی چیز میں جواہرات خوبصورتی سے لگانا (۲) بہت خوبصورت لکھنا۔

جواہر خانہ۔ (مذکر) وہ جگہ جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں۔

جواہر میں تولنا۔ قدر کرنا۔ وقعت کرنا۔

جواہر نگار۔ (۱) مرصع۔ جڑاؤ (۲) خوش خط۔ بہت اچھا لکھنے والا۔

**جواہرات**۔ (جَ-وا-ہِ-رات) [ع-ا-مذکر] جوہر کی جمع الجمع۔

**جوبلی**۔ (JUBILEE) (جو-ب-لی) [انگ-ا-مذکر] (۱) جشن سالگرہ (۲) پچیس یا پچاس برس کے بعد منائی جانے والی تقریب۔

**جوبن**۔ (جو-بَن) [ہ-ا-مذکر] (۱) حسن (۲) اُٹھتی جوانی (۳) رونق، بہار (۴) پستان۔

جوبن پر آنا۔ جوبن پر ہونا۔ (۱) بارونق ہونا (۲) حسن کا زیادہ سے زیادہ دلکش شکل اختیار کرنا (۳) بہار پر آنا۔ سرسبز ہونا (۴) جوانی کا آغاز ہونا۔

جوبن پھٹا پڑنا۔ حسن میں نہایت اضافہ ہونا۔

جوبن ڈھلنا۔ (۱) جوانی ختم ہونا (۲) رونق نہ رہنا۔

**جُوت**۔ [ہ-ا-مذکر] جُوتا کا مخفف۔

**جوت**۔ [ہ-ا-مونث] (۱) روشنی (۲) آنکھ کا نور۔ بصارت (۳) رونق (۴) شعلہ (۵) چراغ (۶) دولت (۷) رُوح۔

جوت جگانا۔ (۱) چراغ روشن کرنا (۲) کسی نیک کام کا آغاز کرنا (۳) مُورتوں کی حاضرات کرنا۔

**جوت**۔ [ہ-ا-مذکر] (۱) وہ تسمہ جس سے گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتا جاتا ہے (۲) ہل کے بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا بندھا ہے (۳) آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس والا تسمہ (۴) ترازو کے پلڑوں کا تسمہ (۵) جہاز کے رستے (۶) ہل یا گاڑی میں بیلوں کا جوتنا (۷) کھیتی باڑی (۸) کاشت شدہ زمین (۹) وہ ٹکڑا جسے کاشتکار خود کاشت کرے (۱۰) لگان۔

جوت جمع۔ لگان۔ وہ روپیہ جو کاشتکار ادا کرے۔

جوت دار۔ ہل چلانے والا کاشتکار۔ مزارع۔

جوت دینا۔ (۱) بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگانا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا (۳) کام میں لگانا (۴) ہل چلانا۔

**جوتا**۔ (جو-تا) [ہ-ا-مذکر] (۱) کاشتکار (۲) ہل جوتنے والا (۳) اسامی۔ کسان (۴) ہم بستر ہونے والا (۵) حدِ فاصل۔ تقسیم دیوار (۶) گردن کے پاس کے پیچھے۔

**جُوتا**۔ (جُو-تا) [ہ-ا-مذکر] (۱) پاپوش۔ کفش (۲) مجازاً نقصان (۳) طنزاً احسان۔ سلوک۔

جُوتا اٹھا لینا (اٹھانا)۔ (۱) مارنے کے ارادے سے جُوتا ہاتھ میں سنبھالنا۔ گستاخی کرنا (۲) جُوتا چرانا۔

جُوتا اُچھلنا۔ چلنا۔ (۱) فریقین کا ایک دوسرے پر جوتیوں سے حملہ کرنا (۲) دنگا فساد۔ لڑائی جھگڑا۔

جُوتا پڑنا۔ (۱) جوتوں کی مار پڑنا (۲) نقصان ہونا (۳) منہ توڑ جواب

Marfat.com

پانا (۴) پتلے پہ دبلا پڑنا۔
**جوتا پیزار** (جوتم پیزار) (مونث) جوتیوں سے لڑائی۔ دنگا فساد۔ مار پیٹ۔
**جوتا چلنا۔** (۱) جوتم پیزار ہونا (۲) جوتے کا کافی عرصے تک نہ ٹوٹنا۔
**جوتا دینا۔** (۱) جوتا پیش کرنا (۲) جوتا مارنا (۳) بے عزتی کرنا۔
**جوتا الٹنا۔** نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔
**جوتا مارنا۔** (۱) جوتے سے مارنا (۲) ملامت کرنا (۳) احسان کر کے شرمندہ کرنا۔
**جوتے اٹھانا۔** تابع داری کرنا۔ اطاعت کرنا۔
**جوتے سے خبر لینا۔** جوتوں سے مارنا۔
**جوتری۔** (ج۔ وت۔ ری) [ہ۔ ا۔ مونث] جائفل کا چھول۔ جاوتری۔
**جوتش۔** (جو۔ تش) [ہ۔ ا۔ مونث] دیکھیے جیوتش۔
**جوتشی۔** (جو۔ ت۔ شی) [ہ۔ ا۔ مونث] دیکھیے جیوتشی۔
**جوتنا۔** (جو۔ ت۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) بیلوں کو ہل یا گاڑی میں لگانا۔ (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا (۳) کام میں لگانا (۴) ہل چلانا
**جوتی۔** (جو۔ تی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) ترازو کی رسی یا وہ رسی جس میں ترازو کے پلے اور ڈنڈی بندھی ہوتی ہے (۲) وہ رسی جو بیل کی گردن میں جوئے کو روکنے کے واسطے باندھی جاتی ہے۔
**جوتی۔** (جو۔ تی) [ہ۔ ا۔ مونث] جوتا کا مونث۔ پیزار۔ کفش۔
**جوتی پر مارنا۔** حقیر سمجھنا۔
**جوتی خورا۔** وہ شخص جو مار پیٹ سے راضی رہے۔
**جوتی سے۔** جوتی کی نوک سے۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔
**جوتی کی نوک پر مارنا۔** (۱) ٹھکرانا (۲) ذلیل سمجھنا (۳) خاطر میں نہ لانا۔
**جوتی کے برابر نہ سمجھنا۔** ذرا بھی خاطر میں نہ لانا۔
**جوتیاں اٹھانا۔** (۱) کسی بزرگ کی خدمت کرنا (۲) عقیدت کے اظہار کے طور پر کسی کی جوتیاں اٹھا کر ساتھ ساتھ چلنا (۳) ذلت کا کام کرنا۔
**جوتیاں بغلوں میں (دبا) مارنا۔** (۱) جوتیاں بغل میں چھپانا (۲) چال جانا (۳) دبک کر نکل جانا۔
**جوتیاں توڑنا۔** دوڑ دھوپ کرنا۔ کوشش کرنا۔
**جوتیاں چٹخاتے پھرنا۔** (۱) آوارہ پھرنا (۲) بے مقصد ادھر ادھر مارے مارے پھرنا (۳) خراب ہوتے پھرنا۔
**جوتیاں سر پر رکھنا۔** (۱) عقیدت کا اظہار کرنا (۲) خوشامد کرنا۔
**جوتیاں سیدھی کرنا۔** (۱) بڑوں کی خدمت کرنا (۲) تعظیم بجا لانا۔
**جوتیاں کھانا۔** (۱) جوتیوں سے پٹنا (۲) برا بھلا سننا (۳) خفت اٹھانا۔
**جوتیاں گانٹھنا۔** جوتوں کی مرمت کرنا۔
**جوتیاں مارنا۔** (۱) ذلیل کرنا (۲) جوتیوں کی مار مارنا۔
**جوتیوں سمیت آنکھوں میں (گھسنا) بیٹھنا۔** (۱) ناقابل اعتبار بات کا ڈھٹائی سے انکار کیے جانا (۲) خواہ مخواہ جھٹلائے جانا۔ (۳) آنکھوں میں دھول جھونکنا۔
**جوتیوں کا صدقہ۔** کسی کے طفیل کام ہونے پر اس وقت کہتے ہیں جب احسان ماننے کا اظہار کیا جائے۔
**جوتیوں میں بیٹھنا۔** (۱) سب سے خراب جگہ ملنا (۲) محفل میں ادنیٰ سمجھا جانا۔

**جوتیوں میں دال بٹنا۔** (۱) پھوٹ پڑنا (۲) لڑائی جھگڑا ہونا۔
**جوٹھا (جوٹھا)** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پس خوردہ۔ بچا ہوا کھانا (۲) بچا ہوا: جو برتن جس میں کسی نے کھایا ہو۔
**جود۔** [ع۔ ا۔ مذکر] بخشش۔ سخاوت۔ فراخ دلی۔ کرم۔
**جودت** (جو۔ دت) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ذکاوت۔ ذہانت (۲) لیاقت۔
**جوڈیشل۔** (JUDICIAL) (جو۔ ڈی۔ شل) [انگ۔ صفت] عدالتی۔ متعلق بہ عدالت۔ عدالت کا۔
**جوڈیشل اختیارات۔** (مذکر) دیوانی و فوجداری اختیارات۔
**جوڈیشل کارروائی۔** (مونث) دیوانی و فوجداری مقدمات کی کارروائی۔
**جور۔** [ع۔ ا۔ مذکر] ظلم۔ ستم۔ بے تمیزی۔ جفا۔
**جور استاد بہ ز مہر پدر۔** (مثل) استاد کی سختی باپ کے پیار سے اچھی ہے کیونکہ اس سے بچہ سیکھتا ہے۔
**جورو۔** (جو۔ رو) [ہ۔ ا۔ مونث] بیوی
**جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا۔** ایسا شخص جس نے شادی نہ کی ہو جس کا آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔
**جوڑ۔** [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) دو جفت (۲) برابر کا ہم پلہ (۳) رفیق (۴) ہم شکل (۵) گرہ (۶) تعلق۔ ستاروں کا میل (۷) میزان۔ جمع کا قاعدہ (۸) فریب (۹) تہمت (۱۰) نسبت (۱۱) ہم رنگ اور ہم سلسلہ برتن (۱۲) پیوند (۱۳) جھال (۱۴) جوڑی۔ پوری (۱۵) اعضا کے ملنے کی جگہ۔
**جوڑ بٹھانا۔** (۱) چول بٹھانا۔ جوڑ ملانا (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو اس کی جگہ پر بٹھانا (۳) حساب کی میزان درست کرنا۔
**جوڑ توڑ۔** (۱) داؤں پیچ۔ سازش (۲) بندھان (۳) ترکیب تدبیر (نیز دیکھیے توڑ جوڑ)
**جوڑ جوڑ۔** ہر ایک جوڑ۔ ہر ایک عضو۔ بند بند۔
**جوڑ دار۔** جڑا ہوا یا پیوند لگا ہوا جس میں جوڑ ہو۔
**جوڑ کا۔** برابر کا۔ مقابلے کا۔
**جوڑ ملنا۔** (۱) برابر کا جوڑا (۲) پیوند مل جانا (۳) ڈھب ملنا
**جوڑا۔** (جو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک سی دو چیزیں۔ جفت (۲) نر اور مادہ (۳) میاں بیوی (۴) رفیق (۵) مقابلے کا آدمی (۶) پوری پوشاک (۷) دونوں جوتیاں (۸) کھرٹ ملی ہوئی دھات (۹) (صفت) دوسرا۔ ثانی۔
**جوڑا۔** (جو۔ ڑا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) سر کے بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اور سادھو گدی پر دے لیتے ہیں (۲) پرند کی کلغی (۳) تنی ہری سی جو برتنوں کے نیچے پہیے کی شکل میں لگی جاتی ہے۔ اینڈوی۔
**جوڑا باندھنا۔** بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا۔
**جوڑا کھولنا۔** بالوں کی گرہ جو گدی پر باندھی گئی ہو کھول دینا۔
**جوڑنا۔** (جوڑ۔ نا) [ہ۔ مص] ملانا۔ گانٹھنا۔ پیوند لگانا (۲) جمع کرنا (۳) میزان دینا (۴) حساب لگانا (۵) روپیہ بچا کر رکھنا (۶) جوتنا (۷) آگ یا دیا جلانا (۸) دوستی کرنا (۹) گرہ لگانا (۱۰) جتھا بنانا (۱۱) شامل کرنا (۱۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھنا (۱۳) تسلی دینا۔
**جوڑی۔** (جو۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) برابر کے دو شخص یا چیزیں (۲)

Marfat.com

دو گھوڑوں کی گاڑی (۳) پھیرے ۔ (۴) دونوں طبلے۔
جوڑی دار ۔ (۱) دوست (۲) دو ایسے آدمی جو کسی کام کو مل کر کرتے ہوں۔
جَوز ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اخروٹ (۲) ناریل (۳) جائفل ۔
جَوزا ۔ (جَو ۔ زا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تیسرا آسمانی بُرج جو دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے ۔
جُوس ۔ (JUICE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] رس ۔ عرق ۔ افشُردہ ۔
جوش ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اُبال (۲) ہیجان (۳) ولولہ ۔ ترنگ (۴) تیزی (۵) زیادتی ۔ زور (۶) مستی (۷) سرگرمی ۔ شوق (۱۰) طغیانی ۔
جوش آنا ۔ (۱) اُبال آنا (۲) غصہ آنا (۳) لہر آنا ۔ ولولہ پیدا ہونا ۔
جوش جوانی ۔ جوانی کا ولولہ ۔
جوش دینا ۔ اُبالنا ۔ کھولانا اوٹانا ۔
جوش (کھانا) مارنا ۔ (۱) کھولنا (۲) زیادتی ہونا ۔
جوش میں آنا ۔ (۱) اُبلنا (۲) چڑھاؤ پر آنا (۳) غصے میں آنا (۴) شوق پیدا ہونا ۔
جوش میں لانا ۔ بھڑکانا ۔ اُکسانا ۔ برانگیختہ ہونا ۔
جوش و خروش ۔ (۱) ہیجان (۲) بہت زیادہ غصہ (۳) غل شور ۔
جوشاندہ (جو ۔ شان ۔ دہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک مرکب جوش دی ہوئی دوائی جو نزلہ دُور کرنے کے لیے دی جاتی ہے ۔ کاڑھا ۔
جوشِش ۔ (جو ۔ شِش) [ف ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے جوش ۔
جوشَن ۔ (جو ۔ شَن) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زرہ ۔ بکتر (۲) بازو کا ایک زیور ۔
جُوع ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] بھوک ۔ گرسنگی ۔
جوع الارض ۔ زمین کی ہوس ۔ زیادہ سے زیادہ ملک اپنے قبضے میں رکھنے کی ہوس ۔
جوع البقر ۔ (گائے جیسی بھوک) ایک بیماری جس میں کھانے کے باوجود بھوک معلوم ہوتی ہے ۔
جَوف ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیٹ (۲) کھوکھلاپن (۳) گڑھا ۔
جوق ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) آدمیوں کا گروہ (۲) پرندوں کا پرا ۔ جھلڑ ۔ جھنڈ ۔
جوق جوق ۔ جوق در جوق ۔ گروہ کے گروہ ۔ پرے کے پرے ۔
جوکر ۔ (JOKER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مسخرہ (۲) تاش کا جوکر پتا جو زائد ہوتا ہے ۔
جوکھم ۔ (جو ۔ کھم) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) مشکل کام (۲) خطرہ ۔ اندیشہ (۳) بیش قیمت چیزیں ۔ بیمہ (۴) نقصان (۵) مصیبت ۔
جوکھوں ۔ (جو ۔ کھوں) [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے جوکھم
جوکھوں اُٹھانا ۔ نقصان برداشت کرنا ۔
جوکھوں کا کام ۔ (۱) ایسا کام جس میں خطرہ نظر آرہا ہو (۲) دلیری کا کام ۔
جوکھوں میں پڑنا ۔ خطرے میں پڑنا ۔
جوکھوں میں ڈالنا ۔ خطرے میں ڈالنا ۔ نقصان کے کام میں اُلجھانا
جوگ ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) موقع محل ۔ نیک ساعت (۲) چاند کی منزلیں (جو ۲۷ ہیں) (۳) ستاروں کا ملاپ (۴) تعلق جوڑ (۵) جوڑنا (۶) ساتھ لگنا (۷) دائرے کے بہت سے ان ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں (۸) ریاضت (۹) کفارہ ۔
جوگ سادھنا ۔ (۱) جوگی بننا (۲) کسی ایک چیز یا بات پر خیال جمانے کی کوشش کرنا (۳) سارا وقت عبادت میں گذارنا ۔
جوگ لینا ۔ جوگی بننا ۔ فقیری لینا ۔ ترکِ دُنیا کرنا ۔
جوگا ۔ (جو ۔ گا) [ہ ۔ صفت] (۱) لائق ۔ قابل (۲) موافق ۔ موزوں (۳) حسبِ موقع (۴) [ا ۔ مذکر] افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے ۔
جوگن ۔ (جو ۔ گن) [ہ ۔ ا ۔ مونث] جوگی کی تانیث ۔
جوگی ۔ (جو ۔ گی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ مرد جس نے دنیا ترک کرکے فقیری لے لی ہو (۲) ہندو فقیر (۳) جادوگر ۔ شعبدہ باز ۔
جوگیا ۔ (جو ۔ گِ ۔ یا) [ہ ۔ صفت] (۱) گیروا رنگ (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا کبوتر ۔
جولاں ۔ (جو ۔ لاں) [ف ۔ ا ۔ مونث] بیڑی یا زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں ۔
جَولان ۔ (جَو ۔ لان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کودپھاند (۲) گھوڑے کو چکر دینا (۳) حرکت ۔ گردش ۔
جولان گاہ ۔ (۱) گھوڑ دوڑ کی جگہ (۲) گھوڑے کُدانے یا چکر دینے کی جگہ ۔
جولانی ۔ (جَو ۔ لا ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) طبیعت کی روانی (۳) پھرتی ۔ چستی ۔
جولائی ۔ (JULY) (جو ۔ لا ۔ ئی) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] انگریزی سال کا ساتواں مہینا ۔
جُون ۔ (JUNE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] انگریزی سال کا چھٹا مہینا ۔
جُون ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) وضع ۔ بھیس ۔ حلیہ (۲) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق انسان کی چوراسی لاکھ زندگیوں میں سے ایک زندگی جو وہ نجات پانے تک قالب بدل بدل کر دنیا میں آکر گذارتا ہے (۳) پیدائش (۴) زمانہ ۔ وقت ۔
جُون (بدلنا) پلٹنا ۔ (۱) ظاہری شکل تبدیل کرنا (۲) ہندوؤں کے عقیدے میں انسان کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا ۔ موت کے بعد پھر پیدا ہو جانا ۔
جُوں ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ کیڑے جو بالوں یا کپڑوں میں پیدا ہو جاتے ہیں ۔
جوں کی چال ۔ (مونث) نہایت آہستہ یا سُست چال ۔
جوئیں پڑنا ۔ سر کے بالوں یا کپڑوں وغیرہ میں جوئیں ہو جانا ۔
جُوں ۔ [ہ ۔ حرف تشبیہ] جیسے ۔ مانند ۔ مثل ۔ زبان ۔
جوں توں ۔ (۱) جس طرح بھی ہو سکا ۔ یا ہو سکے ۔ کسی نہ کسی طرح نہایت مشکل سے ۔ بہ ہزار دقت ۔
جُوں توں کرکے ۔ (۱) کسی نہ کسی طرح سے (۲) بڑی مُشکل سے ۔
جُوں جُوں ۔ (۱) جس قدر ۔ جہاں تک جب تک (۲) جیسے جیسے ۔
جوں کا توں ۔ جوں کی توں (۱) جیسا پہلے تھا ویسا ہی ۔ سابقہ یا اصل حالت پر (۲) پُورا ۔ تمام ۔ کامل ۔
جُوں ہی ۔ جیسے ہی ۔ جس وقت ۔ اسی وقت ۔ فوراً ۔ معاً ۔
جُونا ۔ (جُو ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گھاس یا بال کا لچھا جو برتن مانجھنے کے کام آتا ہے (۲) لکڑیوں یا گھاس کا گٹھا باندھنے کے کام آنے والی گھاس کی رسی ۔

Marfat.com

**جون پور کا قاضی** - [ا - مذکر] بیوقوف یا احمق آدمی۔ جون پور کا ایک قاضی جو احمق مشہور تھا۔

**جون سا** - (جَون - سا) [ہ - ض] جو۔ جو کوئی۔ جو شخص۔

**جونک** - [ہ - ا - مؤنث] پانی کا وہ چار پانچ انچ لمبا کیڑا جسے فاسد خون نکالنے کے لیے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں۔

**جونک ہو کے لپٹنا، چمٹنا** - (۱) اس طرح چمٹنا کہ چھڑانا مشکل ہو جائے (۲) کسی کے پیچھے پڑ جانا۔ کوئی کام کرنے کا مصمم ارادہ کر لینا۔

**جونکیں لگوانا** - جسم سے جونکیں چمٹا کر فاسد خون خارج کرنا۔

**جونیئر** - [JUNIOR] (جُو - نِ - یَر) [انگ - صفت] (۱) چھوٹا یا چھوٹی (۲) ادنیٰ (۳) عہدے یا مرتبے میں دوسروں سے کم۔

**جوہر** - (جَو - ہَر) [ع - ا - مذکر] (۱) قیمتی پتھر (۲) خلاصہ۔ عطر۔ ست (۳) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو۔ ایٹم (۴) [ف] تلوار یا فولاد کے نقوش جن سے اس کی خوبی یا عمدگی ظاہر ہوتی ہے۔ (۵) خاصیت۔ خوبی (۶) ہنر۔ کمال (۷) بھید (۸) چالاکی (۹) آئینے کی آب و تاب (۱۰) [س] خودکشی (۱۱) لڑتے لڑتے مارے جانا۔

**جوہر دکھانا** - (۱) ہنر یا لیاقت ظاہر کرنا (۲) شرافت کا مظاہرہ کرنا (۳) عیاری سے کام لینا۔

**جوہر فرد** - (۱) مادے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا (۲) بے نظیر موتی۔

**جوہر کرنا** - راجپوتوں کا جنگ میں اپنی بیوی بچوں کو ہلاک کر کے دشمن سے لڑتے ہوئے جان دے دینا۔

**جوہر کھلنا** - (۱) خوبی یا ہنر کا اظہار ہونا (۲) اصلیت یا بھلائی برائی معلوم ہو جانا (۳) (طنزاً) نالائقی ظاہر ہونا۔

**جوہر لطیف** - (۱) پاکیزہ جوہر (۲) ایسا نفیس مادہ جو انسانی آنکھ کو نظر نہ آ سکے (۳) عقل۔

**جوہر نکالنا** - (۱) ست نکالنا (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔

**جوہری** - (جَو - ہَ - رِی) [ف - ا - مذکر] (۱) جواہرات کا سوداگر۔ (۲) کسی چیز کی خوبی یا عیب کی پرکھ رکھنے والا (۳) [صفت] جوہر سے متعلق۔ ایٹمی۔ ایٹم کا۔

**جوہری توانائی** - دیکھیے ایٹمی طاقت۔

**جوہڑ** - (جَو - ہَڑ) [ہ - ا - مذکر] کچا تالاب۔ بارانی تالاب۔

**جوہی - جوئی** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) چنبیلی جیسے خوشبودار پھول جو اس سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی کو نقصان پہنچاتا ہے۔

**جویندہ** - (جو - یِن - دَہ) [ف - صفت] ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔

**جویندہ یابندہ** - (مثل) جو ڈھونڈتا ہے وہ پا لیتا ہے۔

**جوئے** - (جُو - اے) [ف - ا - مؤنث] ندی۔ نہر۔ جُو۔

**جوئبار** - ایسی نہر جس میں بہت سی نہریں آ کر مل جاتی ہیں۔

**جوئے شیر** - وہ نہر جو فرہاد (کوہکن) نے شیریں کے لیے پہاڑ میں کھودی تھی۔

**جوئے شیر لانا** - مشکل کام یا تقریباً ناممکن کام انجام دینا۔

**جویا۔ جویاں** - (جو - یا۔ جو - یاں) [ف - صفت] ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔

**جوئیں** - (جُو - وِیں) [ف - صفت] جو کی۔ جو سے بنی ہوئی۔

# ج ہ

**جھابا** - (جھا - با) [ہ - ا - مذکر] (۱) تیل یا گھی رکھنے کا چمڑے کا برتن (۲) روٹیاں رکھنے کا خوانچہ جو لکڑی کے پتلے تختوں یا تیلیوں وغیرہ کا ہوتا ہے۔

**جھابر - جھابڑ** - [ہ - ا - مؤنث] (۱) دل دل۔ وہ زمین جہاں دل دل ہو (۲) نشیبی علاقہ جس میں پانی کھڑا ہو جائے (۳) جوہڑ۔

**جھابڑ جھلا** - (۱) ڈھیلا ڈھالا ہونا (۲) بدہیئت آدمی۔

**جھاپڑ** - (جھا - پَڑ) [ا - ا - مذکر] تھپڑ۔ طمانچہ۔

**جہات** - (جِ - ہات) [ع - ا - مذکر و مؤنث] جہت کی جمع۔ سمتیں۔ اطراف۔

**جہاد** - (جِ - ہاد) [ع - ا - مذکر] (۱) کوشش۔ جدوجہد (۲) دین کی حمایت کے لیے ہتھیار اٹھانا۔

**جہادِ اصغر** - کافروں کے خلاف ہتھیار اٹھانا۔

**جہادِ اکبر** - نفس کو مارنا۔ ایسی ریاضت کرنا جس سے جسم گھلے۔

**جھاڑ** - [ہ - ا - مذکر] (۱) جھاڑی (۲) فانوس (۳) ایک قسم کی آتش بازی (۴) پنج شاخہ مشعل (۵) باتوں کا سلسلہ (مینہ کی جھڑی)

**جھاڑ باندھنا** - (۱) لگاتار بولے جانا (۲) مینہ کا لگا تار برسنا۔

**جھاڑ پونچھ** - [مؤنث] صفائی۔ جھاڑنا پونچھنا۔

**جھاڑ پھونک** - [مؤنث] (۱) جادو ٹونا کرنے کا عمل (۲) شعبدہ بازی۔

**جھاڑ جھنکاڑ** - [مذکر] (۱) خاردار درخت اور جھاڑیاں۔ گھاس پھونس (۲) گھسیٹواں خط

**جھاڑ دینا** - (۱) منتر پڑھ کر پھونکنا (۲) صفائی کرنا (۳) مارنا (۴) فہمائش کرنا۔

**جھاڑ ڈالنا** - (۱) غصہ اتارنا (۲) فہمائش کرنا (۳) وصول کر لینا (۴) سارا برتن خالی کر دینا۔

**جھاڑ لینا** - (۱) نفع کما لینا (۲) صفائی کر لینا (۳) برتن میں سے چیز کی پوری مقدار نکال لینا۔

**جھاڑ ہو کر لپٹنا** - پیچھا نہ چھوڑنا۔ بری طرح پیچھے پڑ جانا۔

**جھاڑا** - (جھا - ڑا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کانٹے دار درخت۔ کوڑا کرکٹ (۲) پاخانہ (۳) جامہ تلاشی (۴) منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل

**جھاڑا (پھرنا) جانا** - پاخانہ پھرنا۔ قے کرنا۔

**جھاڑا لینا** - تلاشی لینا۔

**جھاڑن** - (جھا - ڑَن) [ہ - ا - مؤنث] (۱) وہ کپڑا جس سے گرد و غبار جھاڑتے ہیں (۲) جھاڑنے کا عمل۔

**جھاڑن پونچھن** - (۱) وہ چیز جو صفائی کرنے سے نکلے (۲) مجازاً آخری بچہ۔

**جھاڑنا** - [ہ - مص] (۱) صاف کرنا۔ پونچھنا۔ جھٹکنا (۲) پیڑ پر سے پتے، پھول یا پھل گرانا (۳) مارنا (۴) فیر کرنا (۶) کنگھی کرنا (۷) دم کرنا (۸) چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹) پرندے کا پر گرانا (۱۰) پھٹکارنا۔ سرزنش کرنا۔

**جھاڑنا جھٹکنا** - (۱) جھاڑ دینا۔ (۲) جو کچھ کسی کے پاس ہو اس سے لے لینا۔

**جھاڑو** - [ہ - ا - مؤنث] ایک آلہ جس سے کوڑا کرکٹ صاف

Marfat.com

کرتے ہیں۔ جاروب۔ بُہاری۔
جھاڑو پھرنا (پھر جانا)۔ بربادی ہونا۔ صفایا ہو جانا۔ کچھ نہ بچنا۔
جھاڑو تارا۔ (مذکر) دم دار ستارہ۔ دنبالہ دار ستارہ۔
جھاڑو دینا۔ (۱) صفائی کرنا (۲) صفایا کرنا (۳) سب چٹ کر جانا (۴) اپنی نحوست سے تباہ کر دینا۔
**جھاڑی**۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) چھوٹے کانٹے دار درخت (۲) وہ جگہ جہاں چھوٹے قد کے کانٹے دار درخت ہوں (۳) جھڑ بیری۔
**جہاز**۔ (ج۔ ہاز) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) بہت بڑی کشتی (۲) (صفت) بہت بڑا۔ بہت وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔
جہاز ران۔ جہاز چلانے والا۔ ملّاح۔
جہاز رانی۔ (مونث) جہاز چلانا۔ جہاز چلانے کا پیشہ
جہاز کا جہاز۔ بہت بڑا۔ وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔
جہاز کا لنگر انداز ہونا۔ جہاز کا رکنا یا ٹھہرنا۔
**جہازی**۔ (ص۔ا۔ مذکر) (۱) جو لوگ جہاز چلانے کے ذمہ دار ہوں۔ (۲) وہ لوگ جو جہاز میں بیٹھے ہوں
**جھاگ**۔ (ہ۔ا۔ مذکر) وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے زور یا ابال آنے سے پیدا ہوتے ہیں اور بہت زیادہ غصے اور جوش کی حالت میں آدمی کے منہ سے بھی نکلا کرتے ہیں۔ کف۔ پھین
جھاگ لانا۔ غصے یا جوش کی حالت میں منہ سے تھوک اُڑانا۔
**جُہّال**۔ (ع۔ا۔ مذکر) جاہل کی جمع۔ اَن پڑھ لوگ۔ اُجڈ۔ بے وقوف۔
**جھال**۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) مرچ وغیرہ کی تیزی۔ (۲) جھیل (۳) موج۔ ترنگ (۴) بڑی اور چوڑی ٹوکری (۵) مینہ یا اولوں کی یکبارگی ہلکی سی بوچھاڑ (۶) (مذکر) دھات کا جوڑ۔ ٹانکا (۷) حسد۔ غصہ (۸) (صفت) تیز۔ کڑوا (جھل جھال میں مخفف کر کے جھل بولتے ہیں)
جھال آنا۔ (۱) طوفان آنا (۲) دفعتہ مینہ پڑنا یا اولے گرنا۔
**جھالا**۔ (جھا۔ لا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ایسا مینہ جو ایک جگہ برسے مگر اس کے قریب کے دوسرے مقامات پر نہ برسے (۲) عورتوں کا کانوں کا ایک زیور جو موتیوں کی لڑیوں سے بنایا جاتا ہے
**جہالت**۔ (ج۔ ہا۔ لت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) بے علمی (۲) بے وقوفی (۳) بے رحمی۔
**جھالر**۔ (جھا۔ لر) (ہ۔ا۔ مونث) حاشیہ۔ کنارا۔ پلّہ۔
جھالردار۔ وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو۔
**جھالنا**۔ (جھال۔ نا) (ہ۔ مصدر) ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا۔
**جھام**۔ (ہ۔ا۔ مذکر) پھاوڑے کی شکل کا ایک آلہ جس سے کنوئیں میں سے مٹی نکالتے ہیں
**جہاں**۔ (ج۔ ہاں) (ہ۔ حرف شرط۔ اسم موصول) (۱) جس جگہ۔ جس مقام پر (۲) جس وقت۔ جس گھڑی۔
جہاں اور درخت نہیں وہاں ارنڈ بھی درخت ہے۔ (مثل) جہاں بڑے نہیں ہوتے وہاں چھوٹے ہی بڑے سمجھے جاتے ہیں۔
جہاں تک۔ جب تک۔ جس حد تک۔ جتنا مقدور ہو۔
جہاں تک (بنے) ہو سکے۔ جب تک یا جس حد تک ممکن ہو اپنے مقدور بھر۔ جہاں تک بس چلے۔ جب تک حالات ساتھ دیں۔
جہاں تمہارا پسینہ گرے وہاں خون گرائیں۔ وفاداری اور جاں نثاری کا اظہار کرنے کے لیے کہتے ہیں۔
جہاں تہاں۔ ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ جگہ جگہ۔ اِدھر اُدھر۔
جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا۔ (مثل) بدقسمت آدمی کہیں بھی چلا جائے پریشان اور محروم رہتا ہے۔
جہاں جہاں۔ جس جس جگہ۔ جن جن مقام پر۔
جہاں چار برتن ہوتے ہیں کھٹکتے بھی ہیں (جہاں چار باسن ہوں گے وہیں کھڑکیں گے) (مثل) جہاں چند آدمی ہوتے ہیں وہاں تکرار بھی ہو جاتی ہے۔
جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات۔ (مثل) مطلبی آدمی لالچ سے کام کرتا ہے جہاں فائدہ دیکھتا ہے وہیں بیٹھا رہتا ہے۔
جہاں سُقّیا ناس وہاں سوا ستیاناس۔ (مثل) جب بربادی ہی ہو گئی تو اس کا کیا رونا کہ تھوڑی ہوئی یا بہت۔
جہاں سوئی نہ جائے وہاں موسل گھسیڑنا۔ (مثل) (۱) ناقابل برداشت زیادتی یا زبردستی کرنا (۲) ایسا جھوٹ بولنا جو وہم و گمان میں نہ آ سکے۔
جہاں کہیں۔ جس جگہ۔ جس مقام پر۔ جس موقع پر
جہاں کی تہاں۔ (۱) کہیں کی کہیں۔ بے جگہ (۲) اسی جگہ۔ وہیں
جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی۔ (مثل) (۱) جہاں کھانے کو ملے وہاں کھانے والے ضرور آئیں گے (۲) اپنی مرغوب چیز پر سبھی ٹوٹ کر گرتے ہیں۔
جہاں گل (ہوگا) ہے وہاں خار بھی (ہوگا) ہے۔ (مثل) راحت کے ساتھ تکلیف اور خوشی کے ساتھ رنج لگا ہوا ہے
جہاں گنج وہاں رنج۔ (مثل) مالدار لوگوں کو دولت کی وجہ سے تکلیف پہنچتی ہے۔
**جہان**۔ (ج۔ ہان) (ف۔ا۔ مذکر) دُنیا۔ عالم۔
جہانِ آب و گِل۔ پانی اور مٹی کی دُنیا۔ مادی دنیا۔
جہاں آرا۔ دنیا کو آراستہ کرنے والا۔
جہاں آفریں۔ جہاں کو پیدا کرنے والا۔ خدائے تعالےٰ
جہانبان۔ (۱) دنیا کی حفاظت کرنے والا (۲) زبردست حکمران
جہانبانی۔ (مونث) بادشاہت۔
جہاں بیں۔ دنیا دیکھنے والا۔ جہاندیدہ۔
جہاں پناہ۔ بادشاہ۔ حاکم وقت۔
جہاں تنگ ہونا۔ مصیبتوں کا ہجوم ہونا۔ دنیا میں رہنا مشکل ہونا۔
جہاں دار۔ دنیا رکھنے والا۔ بادشاہ۔ حاکم وقت۔
جہاں داری۔ (مونث) بادشاہت۔ حکومت۔
جہاں دیدہ۔ جہان دیکھا ہوا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔
جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ۔ (مثل) تجربہ کار آدمی دوسروں کو بے وقوف بنانے کے لیے بہت جھوٹ بولا کرتے ہیں۔
جہانِ رنگ و بو۔ خوبصورت دنیا۔
جہاں سوز۔ دُنیا کو جلانے والا۔
جہاں سے اُٹھ جانا۔ جہان سے گزر جانا۔ مرجانا۔
جہاں سے ہاتھ اُٹھانا۔ گوشہ نشینی اختیار کر لینا۔
جہاں گرد۔ دنیا بھر میں پھرنے والا۔ ملک ملک گھومنے والا سیاح۔
جہاں گیر۔ دنیا کو فتح کرنے والا

Marfat.com

**جہاں گیری**۔ (مونث) (۱) ہاتھوں میں پہننے کا ایک جڑاؤ زیور (۲) حکومت۔ سلطنت (۳) لاکھ یا کلپٹ کی چوڑی جو نور جہاں کی ایجاد بتائی جاتی ہے۔

**جہاں نما**۔ (۱) دنیا دکھانے والا آئینہ (۲) اونچا مینار (۳) اونچا شاہی خیمہ۔

**جہانیاں جہاں گشت**۔ (۱) ساری دنیا میں پھرنے والا (۲) ایک ولی کا لقب۔

**جھانپ**۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بانس کا ٹوکرا یا خوان پوش (۲) ڈیوڑھی کے آگے کا سائبان (۳) بانس کے جو کھٹے کا پردہ۔ (۴) بگھی کا ٹپ۔

**جھانٹ**۔ (۱) موٹے زہار (۲) ادنیٰ یا بے حقیقت چیز۔

**جھانجھ۔ جھانجھہ**۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) غصہ۔ طیش (۲) تندی (۳) بے صبری (۴) خواہش (۵) پاؤں کا ایک زیور (۶) طشتریاں یا تھالیاں جن کے بیچ میں ڈورا پڑا ہوتا ہے اور جو ڈھول کے ساتھ بجائی جاتی ہیں۔

**جھانجن۔ جھانجھن** (جھاں۔جن۔ جھاں۔جھن) [ہ۔ا۔ مونث] پاؤں کا ایک زیور۔

**جھانسا**۔ (جھاں۔سا) [ہ۔ا۔ مذکر] دھوکا۔ فریب۔

**جھانسا بتانا (دینا)**۔ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چال کھیلنا

**جھانسے میں آنا**۔ فریب میں آنا۔

**جھانسے باز**۔ دھوکے باز۔ فریبی۔ دغا باز۔

**جھانک**۔ [ہ۔ا۔ مونث] چوری چوری دیکھنا۔ دزدیدہ نظر۔

**جھانکا جھانکی۔ جھانکا جھونکی**۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) دروازے کھڑکی یا روزن میں سے دیکھ کر جلدی سے ہٹ جانا (۲) تھوڑی دیر کے لیے آنا

**جھانکڑ**۔ (جھاں۔کڑ) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) کانٹے دار درخت یا جھاڑی۔ (۲) [صفت] دُبلا۔ لاغر۔

**جھانکنا**۔ (جھانک۔نا) [ہ۔مص] (۱) چھپ کر دیکھنا (۲) دروازے یا کھڑکی سے باہر سر نکال کر دیکھنا (۳) توجہ کے لیے آنا

**جھانکی**۔ (جھاں۔کی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) نظارہ (۲) جھلک (۳) تماشا۔ نمائش (۴) روزن۔ سوراخ۔

**جھانواں**۔ (جھاں۔واں) [ہ۔ا۔ مذکر] کھردری اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا جس سے ہاتھ پاؤں کو رگڑ کر میل اتارتے ہیں۔

**جھاؤ**۔ (جھا۔ؤ) [ہ۔ا۔ مذکر] ایک قسم کا پودا جو دریا کے کنارے پیدا ہوتا ہے اور جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔

**جھائیں**۔ (جھا۔ئیں) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) سایہ (۲) وہ عکس جو شیشے کو سورج کے سامنے کرنے سے پڑتا ہے (۳) عکس یا شبیہ (۴) آئینے کا داغ (۵) چہرے کا داغ (۶) چاند کے دھبے۔

**جھائیں مائیں**۔ (مذکر) بچوں کا ایک کھیل۔

**جھائیاں پڑ جانا، پڑنا**۔ ہلکے ہلکے سیاہ دھبے پڑ جانا۔

**جھبا**۔ (جھب۔با) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) پھندنا (۲) گچھا (۳) آویزہ (۴) بڑے بڑے کان۔

**جھبرا**۔ (جھب۔را) [ہ۔صفت] بڑے بڑے بالوں والا حیوان۔

**جھپ**۔ [ہ] (۱) فوراً۔ جلد (۲) لپٹنا۔ جھپٹنا (۳) جھپکی کا تازیانہ (۴) کود۔ چھلانگ [صفت] جلد باز۔ تیز۔

**جھپ جھپ۔ جھپا جھپ**۔ جلدی جلدی تیزی سے

**جھپ سے**۔ فوراً۔ چٹکی بجانے میں۔

**جھپ کھانا**۔ پتنگ کا بلندی کے بل گر پڑنا۔ کنکوے کا الٹ کر گرنا

**جھپاک**۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) جلدی پھرتی (۲) چالاکی (۳) جلد۔ فوراً۔

**جھپاک سے**۔ جلدی سے۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔

**جھپاکا**۔ [ہ۔ا۔ مذکر] جلدی جلدی ہاتھ چلانا۔ جلدی جلدی آنا جانا۔

**جھپاکا مارنا**۔ کوئی کام بہت جلد کرنا۔

**جھپٹ**۔ (جھ۔پٹ) [ہ۔ا۔ مونث] دوڑ۔ زقند۔ چھلانگ۔

**جھپٹ کر آنا**۔ حملہ کرنا۔

**جھپٹ لینا**۔ (۱) چھین لینا (۲) دوڑ کر پکڑ لینا۔

**جھپٹ میں آجانا**۔ بھاگتے ہوئے آدمی یا جانور سے ٹکرا کر گرنا۔

**جھپٹا**۔ (جھ۔پٹ۔ٹا) [ہ۔ا۔ مذکر] کسی پرندہ یا حیوان کا اچانک کسی چیز پر آ گرنا اور اسے چھین کر لے جانا۔ پنجہ مارنا۔

**جھپٹا مارنا**۔ چنگل مارنا۔ پنجہ مارنا۔

**جھپٹنا**۔ (جھ۔پٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) حملہ کرنا (۲) جلد جانا (۳) چھیننا (۴) ہاتھ مارنا۔

**جھپک**۔ (جھ۔پک) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) شرم (۲) پلکوں کا کھلنا اور بند ہو جانا۔

**جھپک جانا**۔ (۱) نیند کی وجہ سے آنکھیں بند ہو جانا (۲) شرما جانا

**جھپکنا**۔ (جھ۔پک۔نا) [ہ۔مص] (۱) آنکھیں بند ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔

**جھپکی**۔ (جھپ۔کی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) اونگھ (۲) ذرا سی دیر کے لیے آنا۔

**جھپکی لینا**۔ تھوڑی دیر کے لیے سو رہنا۔

**جھپیٹ**۔ (جھ۔پیٹ) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) جن پری کا سایہ۔ آسیب (۲) صدمہ (۳) دوڑ۔

**جھپیٹ کھانا**۔ دھکا لگنا۔ چوٹ کھانا۔

**جھپیٹ میں آنا**۔ (۱) کسی دوڑتے ہوئے انسان یا حیوان کی زد میں آنا (۲) دھکا لگنا (۳) بھوت پریت یا جن پری کا سایہ ہونا۔

**جہت**۔ (ج۔ہت) [ع۔ا۔ مونث] (۱) سمت۔ طرف (۲) وجہ۔ سبب

**جھٹ** [ہ۔صفت] جلدی سے۔ فوراً۔

**جھٹ پٹ**۔ بہت جلد۔ فوراً۔ بلا توقف۔

**جھٹ سے**۔ فوراً۔ پھرتی سے۔ جلدی سے۔

**جھٹ پٹا**۔ (جھٹ۔پ۔ٹا) [ہ۔ا۔ مذکر] سورج ڈوبنے کا وقت۔ وہ وقت جب دن ختم ہو کر رات شروع ہوتی ہے۔ دونوں وقت ملنا۔

**جھٹ پٹا وقت**۔ جھٹ پٹے کا وقت۔ آفتاب غروب ہونے کا وقت۔ سورج ڈوبنے کے وقت کا اندھیرا۔

**جھٹکا**۔ (جھٹ۔کا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) صدمہ (۲) ٹکر (۳) مصیبت (۴) جانور کو گردن پر تلوار کا ہاتھ مار کر ذبح کرنا (۵) نقصان۔

**جھٹکا اٹھانا**۔ (۱) صدمہ اٹھانا (۲) نقصان اٹھانا۔

Marfat.com

جھٹکا دینا۔ (۱) کسی کو زور سے ہلانا (۲) صدمہ پہنچانا۔
جھٹکا کرنا۔ جانور کی گردن پر تلوار کا ہاتھ مار کر اسے جدا کرنا۔
جھٹکا کھانا۔ (۱) مصیبت اُٹھانا۔ بیماری اُٹھانا (۲) ٹھیک چلتے چلتے پلٹ جانا (۳) جھٹکے کا گوشت کھانا۔
جھٹکنا۔ (جھ۔ ٹک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جھاڑنا (۲) زور سے ہلانا (۳) صدمہ پہنچانا (۴) لاغر ہونا (۵) چھیننا۔ ہتھیانا۔
جھٹلانا۔ (جھُٹ۔ لا۔ نا) [ہ۔ مص] جھوٹ ثابت کرنا۔
جھجر۔ (جھج۔ جَر) [ہ۔ا۔ مذکر] پانی رکھنے کا مٹی کا کھلیا برتن۔
جھجری۔ (جھج۔ ری) [ہ۔ا۔ مونث] پانی رکھنے کا مٹی کا ایک برتن چھوٹا جھجر۔
جھجک۔ (جھ۔ جَک) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) شرم۔ حجاب (۲) خوف۔ (۳) گھبرا کر پیچھے ہٹنا۔ ہچکچاہٹ۔ تامل۔
جھجک جانا۔ (۱) ایک دم چونک پڑنا (۲) ڈر جانا (۳) رک جانا۔ (۴) وہم کرنا۔
جھجک نکلنا۔ (۱) مانوس ہو جانا (۲) حجاب جاتا رہنا (۳) خوف نہ رہنا۔
جھجک ہونا۔ (۱) حجاب ہونا (۲) تکلف ہونا (۳) ہچکچانا۔
جھجکنا۔ (جھ۔ جک۔ نا) [ہ۔ مص] ڈرنا۔ شرم کرنا۔
جھد۔ [ع۔ا۔ مونث] کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ (بضمِ اول نیز بفتحِ اول)
جھد للبقا۔ زندگی کی کشمکش زندہ رہنے کے لیے کشمکش۔
جھر۔ [ع۔ا۔ مذکر] اُونچی آواز سے پڑھنا۔
جھر۔ [ہ۔ا۔ مونث] کپڑا یا کاغذ پھٹنے کی آواز۔
جھر جھر کر ڈالنا۔ دھجیاں کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔
جھراٹا۔ (جھر۔ را۔ ٹا) [ہ۔ا۔ مذکر] کاغذ یا کپڑے کے پھاڑے جانے کی آواز۔
جھرجھرا۔ [ہ۔ صفت] (۱) ایسا کپڑا جس کے تار ایک دوسرے سے فاصلے پر ہوں (۲) پتلا۔ باریک۔
جھُرجھُری۔ [ہ۔ا۔ مونث] لرزہ۔ کپکپی۔
جھُرمٹ۔ (جھُر۔ مُٹ) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) بھیڑ۔ ہجوم (۲) جلسہ رقص (۳) فوجوں کی صف بندی (۴) مصنوعی جنگ (۵) چادر سے سر منہ لپیٹ لینا۔
جھرنا۔ (جھر۔ نا) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) آبشار (۲) ایک قسم کی بڑی چھلنی (۳) حلوائیوں کا سوراخوں والا کفگیر (۴) پانی صاف کرنے کی چھلنی۔
جھروکا۔ (جھ۔ رو۔ کا) [ہ۔ا۔ مذکر] کھڑکی۔ دریچہ۔ روشندان۔
جھری۔ (جھ۔ ری) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) درز۔ شگاف (۲) پانی کا وہ گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رس کر پانی جمع ہو جائے۔
جھُرّی۔ (جھُر۔ ری) [ہ۔ا۔ مونث] وہ شکن یا سلوٹ جو بڑھاپے میں کھال ڈھیلی ہونے سے پڑتی ہے۔
جھُرّیاں پڑنا۔ بڑھاپے سے کھال کے مرجھانے کی وجہ سے سلوٹیں پڑنا۔
جھڑ۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) لگاتار بارش۔ جھڑی (۲) تفل کا کھٹکا (۳) جھاڑی (۴) گالیوں کی بھرمار (۵) مسلسل باتیں۔ (۶) پیچھے کرنا۔

جھڑ بدلی۔ وہ بادل جس سے مینہ کی جھڑی لگے۔ ساون کی بدلی۔
جھڑبیری۔ (مونث) ایک جنگلی جھاڑی جس میں چھوٹے چھوٹے سرخ رنگ کے بیر لگتے ہیں۔
جھڑبیری کا کانٹا۔ (کنایۃً) ایسا شخص جو گلے پڑ جائے۔
جھڑ لگنا۔ مینہ کی جھڑی بندھنا۔ لگاتار بارش ہونا۔
جھڑپ۔ (جھ۔ ڑپ) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) ہلکی سی لڑائی۔ جھپٹ۔ (۲) تیزی۔ غصہ (۳) شعلہ۔
جھڑپ کرا دینا۔ آپس میں لڑا دینا۔
جھڑپ ہو جانا (ہونا) (۱) تکرار ہونا (۲) مرغوں کا لڑنا۔
جھڑجھڑانا۔ [ہ۔ مص] (۱) درخت کو پھل یا سوکھے پتے گرانے کی غرض سے زور زور سے ہلانا (۲) دروازے کے کواڑوں کو کھلوانے کے لیے جھنجوڑنا (۳) ناراض ہونا۔
جھڑکنا۔ (جھ۔ ڑک۔ نا) [ہ۔ مص] گھُرکنا۔ دھتکارنا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا۔
جھڑکی۔ [ہ۔ا۔ مونث] گھُرکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دھمکی۔
جھڑکیاں پڑنا۔ لتاڑ پڑنا۔ سرزنش ہونا۔
جھڑکیاں کھانا۔ گھُرکیاں سننا۔ لتاڑ پڑنا۔
جھڑن۔ (جھ۔ ڑن) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) درخت سے پھل گرنا۔ (۲) پرندے کے پر جھڑنا (۳) آدمی یا پرندے کے بال گرنا۔ (۴) جو کچھ جھاڑنے کے بعد ہاتھ آئے (چھیلن۔ کترن۔ وغیرہ) (۵) فائدہ (۶) کھرچن (۷) اوپر کی آمدنی (۸) چراغ کا گل۔
جھڑنا۔ (جھڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گرنا (۲) نفع ہونا (۳) صفائی ہونا (۴) منتر پھونکا جانا (۵) انزال ہونا۔
جھڑوس۔ (جھ۔ ڑوس) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بوڑھا۔ خرانٹ (۲) بے غیرت۔
جھڑی۔ (جھ۔ ڑی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) لگاتار بارش (۲) آنسوؤں کی قطار
جھڑی باندھنا (لگانا)۔ (۱) لگاتار رونا (۲) مینہ کا برسے جانا تار نہ ٹوٹنا
جھڑی لگنا۔ لگاتار بارش ہونا۔ متواتر مینہ برسنا۔
جھک۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) بکواس۔ بک بک (۲) جنون۔ (۳) بیہودگی (۴) بکراند (۵) [مذکر] غصہ (۶) جھگڑا۔ (۷) [صفت] صاف۔ اُجلا (۸) روشن۔ چمکدار۔
جھک کر دینا۔ (۱) خوب چمکا دینا (۲) صاف کر دینا۔
جھک مارنا۔ (۱) بیہودہ بکنا (۲) بیہودگی کرنا (۳) بے وقوفی کرنا۔ (۴) ہاتھ ملنا۔
جھکا جھک۔ (جھ۔ کا۔ جھک) [ہ۔ صفت] (۱) اُجلا۔ خوب سفید۔ (۲) روشن۔ چمکیلا۔
جھُکانا۔ (جھُ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) ٹیڑھا کرنا۔ ترچھا کرنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) (تول میں) پلڑا نیچا کرنا (۴) سرنگوں کرنا۔
جھُکاؤ۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) خم (۲) توجہ۔ رجحان۔
جھک جھک۔ (جھک جھک) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) بک بک (۲) زبانی تکرار۔

Marfat.com

**جھک کر ملنا۔** [ف۔ مص] انکسار اور اخلاق سے ملنا۔
**جھکڑ۔** (جھک۔ کڑ) [ف۔ ا۔ مذکر] آندھی۔
**جھکڑ چلنا۔** آندھی آنا۔
**جھکنا۔** (جھک۔ نا) [ف۔ مص] (۱) خم ہونا۔ ترچھا ہونا (۲) عاجزی سے ملنا (۳) مصروف ہونا (۴) جھگڑنا (۵) تعظیم کرنا (۶) نیند سے آنکھیں بوجھل ہونا۔
**جھکورا۔** (جھ۔ کو۔ را) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) ہوا کا تیز جھونکا (۲) پانی کی ایسی لہر جو دور تک جائے (۳) بارش کا تیز چھینٹا۔
**جھکولا۔** (جھ۔ کو۔ لا) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) حرکت کرنا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔ (۲) لہر اٹھنا۔ جھکورا (۳) غوطہ۔
**جھکولے دینا۔** (۱) غوطے دینا (۲) اِدھر اُدھر پھرانا۔
**جھکولے کھانا۔** (۱) غوطے کھانا (۲) زمانے کا گرم و سرد دیکھنا۔
**جھکولے لگنا۔** (۱) تلخ تجربہ ہونا (۲) معمولاتِ زندگی میں فرق آنا۔
**جھکولے لینا۔** غوطے کھانا۔ ڈبکیاں لگانا۔
**جھکی۔** (جھک۔ کی) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) بکواسی۔ زیادہ بولنے والا۔ (۲) تکرار کرنے والا۔
**جھگڑا۔** (جھگ۔ ڑا) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) فساد (۲) لڑائی (۳) حجت۔ بحث (۴) بکھیڑا۔
**جھگڑا اٹھانا۔** پیدا کرنا۔ تنازعہ شروع کرنا۔ جھگڑے کی شروعات کرنا۔
**جھگڑا پاک ہونا (چکنا)۔** (۱) فساد مٹ جانا (۲) مر جانا (۳) معاملے طے ہو جانا۔
**جھگڑا چکانا۔** (۱) جھگڑا ختم کرنا (۲) کسی معاملے کا بخیر و خوبی طے ہو جانا۔
**جھگڑا کھڑا کرنا۔** فساد کرنے کا موقع پیدا کرنا۔
**جھگڑا مول لینا۔** کسی قضیے یا تنازعے میں اُلجھ جانا۔
**جھگڑا نکالنا۔** تکرار کی بات نکالنا۔
**جھگڑے لگے ہونا۔** بہت سے خرخشے اور کاروبار پیچھے لگے ہونا۔
**جھگڑالو۔** (جھگ۔ ڑا۔ لو) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) فسادی (۲) حجتی۔ شریر۔
**جھگڑ بیٹھنا۔** [ف۔ مص] لڑائی کر لینا۔ لڑ پڑنا۔
**جھگڑ پڑنا۔** [ف۔ مص] تکرار کر لینا۔ لڑائی کرنا۔
**جھگڑنا۔** (جھ۔ گڑ۔ نا) [ف۔ مص] (۱) فساد کرنا (۲) تکرار کرنا (۳) اڑنا۔
**جہل۔** [ع۔ مذکر و مونث] (۱) جہالت۔ بے علمی (۲) جاہلانہ ضد۔
**جہلِ مرکب۔** دوہری جہالت۔ جاہل ہونا مگر خود کو عالم فاضل سمجھنا۔
**جھل۔** [ف۔ ا۔ مونث] (۱) غصہ۔ طیش (۲) حسد (۳) شدید خواہش (۴) تیز روشنی (۵) تپش (۶) [صفت] روشن۔
**جُہَلا۔** (جُ۔ ہَ۔ لا) [ع۔ ا۔ مذکر] جاہل کی جمع۔
**جھلا۔** (جھل۔ لا) [ف۔ صفت] (۱) بدمزاج (۲) تیز۔ کڑوا (۳) [مذکر] بڑا لوکرا۔ چھابا۔
**جُھلانا۔** [ف۔ مص] (۱) جھولے میں بٹھا کر جھونٹے دینا (۲) ٹالنا۔ جھوٹی امید دلانا۔
**جھلانا۔** (جھل۔ لا۔ نا) [ف۔ مص] (۱) غصے ہونا (۲) جلن ہونا (۳) جھلی چوٹ کا اثر ہونا۔
**جھلجھل۔** (جھل۔ جھل) [ف۔ ا۔ مذکر] روشنی۔ چمک دمک۔
**جھلجھلانا۔** (جھل۔ جھ۔ لا۔ نا) [ف۔ مص] (۱) چمکنا (۲) جلنا (۳) دیر تک صدمہ رہنا۔
**جھلجھلاہٹ۔** (جھل۔ جھ۔ لا۔ ہٹ) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) چمک (۲) وہ کیفیت جو زخم پر نمک وغیرہ چھڑکنے یا تیز مرچ چکھنے سے محسوس ہوتی ہے۔ چرچراہٹ۔ سوزش۔ جلن۔
**جھلڑ۔** (جھل۔ لڑ) [ف۔ ا۔ مذکر] پرندوں کا غول۔ جھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔
**جھلسنا۔** (جھ۔ لس۔ نا) [ف۔ مص] (۱) جلنا۔ جھلکنا (۲) جلانا (۳) غصے ہونا۔
**جھلک۔** (جھ۔ لک) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) چمک۔ تجلی (۲) آب و تاب (۳) عکس (۴) مشابہت (۵) تھوڑی دیر کے لیے دکھانا۔
**جھلک دکھانا۔** دم بھر کے لیے شکل دکھانا۔ ایک لمحے کے لیے نظر آنا۔
**جھلکنا۔** (جھ۔ لک۔ نا) [ف۔ مص] (۱) عکس ظاہر ہونا (۲) چمکنا۔ جلوہ دکھانا (۳) ظاہر ہونا۔
**جھلکی۔** (جھل۔ کی) [ف۔ ا۔ مونث] ہلکی سی جھلک۔ وہ جلوہ جو پوری طرح نہ دکھایا گیا ہو۔
**جھلمل۔** (جھل۔ مل) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) جگمگاہٹ (۲) پانی پر چراغوں کی روشنی یا سورج کی شعاعیں پڑنے کی کیفیت (۳) ستاروں کا کم چمکنا۔
**جھلمل جھلمل کرنا۔** جگمگانا۔ ٹمٹمانا۔
**جھلملانا۔** (جھل۔ مَ۔ لا۔ نا) [ف۔ مص] چراغ یا ستاروں کا ٹمٹمانا۔
**جھلملی۔** (جھل۔ مَ۔ لی) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) جھری دار کواڑ یا کھڑکی۔ چلمن (۲) کان کا ایک زیور (۳) دھیمی دھیمی چمک۔ ہلکی چاندنی۔
**جھلنا۔** (جھل۔ نا) [ف۔ مص] (۱) پنکھا کرنا (۲) ٹانکا یا پیوند لگنا (۳) برف میں ٹھنڈا کرنا۔ شورے میں لگانا۔
**جھلنگا۔** (جھ۔ لن۔ گا) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) ٹوٹی ہوئی چارپائی کا جھولا (۲) [صفت] لاغر۔ دبلا۔
**جھلوانا۔** (جھل۔ وا۔ نا) [ف۔ مص] (۱) ہوا کرانا (۲) برتن یا زیور میں ٹانکا یا جوڑ لگوانا۔
**جھلوائی۔** (جھل۔ وا۔ ای) [ف۔ ا۔ مونث] جھلوانے کی اُجرت۔ زیور یا برتن میں ٹانکا لگوانے کی مزدوری۔
**جھلّی۔** [ف۔ ا۔ مونث] جھلا کی تانیث۔
**جھلّی۔** [ف۔ ا۔ مونث] (۱) انسان اور حیوان کے گوشت کا باریک پوست (۲) پیٹ کے اندر باریک پوست یا پردہ۔ غشا (۳) آنکھ کا باریک جالا (۴) [صفت] باریک۔ پتلی۔
**جھم جھم۔** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) بارش کے لگاتار برسنے پڑنے کی آواز (۲) لباس کی چمک دمک۔
**جھمجھمانا۔** (جھم۔ جھ۔ ما۔ نا) [ف۔ مص] چمکنا۔ جگمگانا۔
**جھمکا۔** (جھم۔ کا) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں۔ عقدِ ثریا (۲) کانوں کا ایک زیور۔
**جھمورا۔** (جھ۔ مو۔ را) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) بالوں والا حیوان (۲) وہ بچہ جو مداریوں کے ساتھ ہوتا ہے۔
**جھمیلا۔** (جھ۔ مے۔ لا) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) ناپسند حالات۔

Marfat.com

**جھنجھٹ ۔ جھنجھٹ** ۔ (جھن ۔ جھٹ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جھگڑا ۔ تکرار ۔ (۲) قضیہ ۔ حجت (۳) بکھیڑا ۔ الجھن ۔ دقت ۔

**جھنجلانا ۔ جھنجھلانا** ۔ (جھن ۔ جھ ۔ لا ۔ نا) [ہ ۔ مص] غصہ ہونا ۔ پیچ و تاب کھانا ۔

**جھنجلاہٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) غصہ (۲) پیچ و تاب ۔

**جھنجوڑنا ۔ جھنجھوڑنا** ۔ (جھن ۔ جوڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] کسی کو جگانے کے لیے زور سے ہلانا ۔

**جھنجھری** ۔ (جھن ۔ جھ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] سوراخ دار توا یا آہنی جالی جو انگیٹھی میں راکھ گرنے کے لیے لگاتے ہیں (۲) سوراخ دار دیوار جو مساجد اور کمروں میں ہوا اور روشنی کی غرض سے بناتے ہیں ۔

**جھنجھنا** ۔ (جھن ۔ جھ ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بچوں کا ایک کھلونا ۔

**جھنجھنانا** ۔ (جھن ۔ جھ ۔ نا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) بجنا ۔ جھنکار پیدا ہونا ۔ (۲) کسی عضو کے سو جانے یا سُن ہو جانے سے سوئیاں سی چبھنا ۔

**جھنجھناہٹ** ۔ (جھن ۔ جھ ۔ نا ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] جھن جھن ہونا ۔ سنسناہٹ ۔ سوزش ۔ جلن ۔

**جھنجھنیاں** ۔ (جھن ۔ جھن ۔ یاں) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بیڑیاں ۔

**جھنجھنیاں پہنانا** ۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا ۔ قید کرنا ۔

**جھنجھی** ۔ (جھن ۔ جھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ کوڑی جس میں اوپر کا حصہ گھس جانے یا ٹوٹ جانے کی وجہ سے چھید ہو گیا ہو ۔

**جھنجھی کوڑی نہ ہونا** ۔ مفلس اور قلاش ہونا ۔

**جھنڈ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آدمیوں کی بھیڑ ۔ حیوانات کا گلہ (۲) بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں (۳) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال ۔

**جھنڈ کے جھنڈ** ۔ (۱) بہت سے جھنڈ (۲) غول کے غول ۔ ٹھٹ کے ٹھٹ

**جھنڈا** ۔ (جھن ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] علم ۔ نشان ۔ پرچم ۔

**جھنڈا اڑانا** ۔ جھنڈا اونچا کرنا ۔ جھنڈے کو فضا میں لہرانا ۔

**جھنڈا گاڑنا** ۔ (۱) جھنڈا زمین میں آتارنا (۲) فتح کرنا ۔ قبضہ کرنا ۔

**جھنڈا نیچا کرنا (جھکانا)** ۔ بادشاہ وقت یا کسی بڑے افسر کی موت کے موقع پر ماتم کے لیے جھنڈے کا کپڑا نیچے اتار دینا ۔

**جھنڈے پر چڑھانا** ۔ (۱) بدنام کرنا (۲) کسی خاص مقصد سے مشہور کرنا ۔

**جھنڈی** ۔ (جھن ۔ ڈی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] چھوٹا جھنڈا ۔

**جھنڈی دکھانا** ۔ (۱) لائن کلیر دینا (۲) انکار کرنا

**جھنک** ۔ (جھنک) [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ آواز جو گھنگرو وغیرہ بجنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

**جھنکار** ۔ (جھن ۔ کار) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) شیشے یا دھات وغیرہ کے برتن ٹوٹنے یا ٹکرانے کی آواز (۲) تلواریں ٹکرانے کی آواز (۳) پازیب یا چھاگن کی جھن جھن (۴) جھینگر کا بولنا (۵) مور کا کوکنا ۔

**جھنکارنا** ۔ (جھن ۔ کار ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) مور کا کوکنا (۲) جھینگر کا بولنا (۳) میٹھے میٹھے سُروں میں گانا ۔

**جھنکاڑ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] سوکھے ہوئے بغیر پتے کے درخت (اردو

میں جھاڑ جھنکاڑ مستعمل ہے) ۔

**جہنم** ۔ (جَ ۔ ہن ۔ نم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دوزخ ۔

**جہنم کا نمونہ** ۔ (۱) دوزخ کی مثال (۲) مصیبت کی جگہ ۔

**جہنم میں جائے** ۔ بیزاری کے موقع پر یہ بد دعا دیتے ہیں ۔

**جہنم واصل کرنا** ۔ دشمن کو قتل کر دینا ۔

**جہنمی** ۔ (جَ ۔ ہن ۔ نَ ۔ می) [ع ۔ صف] دوزخ میں جانے والا ۔ دوزخی ۔

**جھوٹ** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جو سچ نہ ہو ۔ دروغ (۲) کھوٹ (۳) پس خوردہ

**جھوٹ برابر پاپ نہیں** ۔ (مثل) جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے ۔

**جھوٹ بولنا** ۔ غلط کہنا ۔ واقعے کے خلاف بیان کرنا ۔

**جھوٹ پکڑنا** ۔ جھوٹی بات تاڑ لینا ۔ جھوٹ کی گرفت کر لینا ۔

**جھوٹ جاننا** ۔ اعتبار نہ کرنا ۔ باور نہ کرنا

**جھوٹ سچ** ۔ ایسی بات جس میں جھوٹ شامل ہو ۔ من گھڑت ۔ غلط بیانی ۔ تہمت ۔

**جھوٹ سچ لگانا** ۔ (۱) جھوٹی سچی جڑنا (۲) کان بھرنا ۔ جھوٹی شکایتیں کرنا ۔ (۳) بہکانا ۔ بدگمان کرنا ۔

**جھوٹ کا پل باندھنا** ۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنا ۔

**جھوٹ کا دفتر** ۔ (۱) جھوٹی باتیں (۲) جھوٹے الزامات (۳) جھوٹے قصے ۔

**جھوٹ کو سچ کر دکھانا** ۔ جھوٹی بات کو بیان یا عمل کے ذریعے سچ ثابت کر دینا ۔

**جھوٹ کی پوٹ** ۔ (۱) ایسا شخص جو بڑی کثرت سے جھوٹ بولتا ہو (۲) بالکل جھوٹ ۔ سراسر جھوٹ ۔

**جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے** ۔ (مثل) جھوٹی بات بے بنیاد ہوتی ہے ۔

**جھوٹ موٹ** ۔ یوں ہی ۔ ہنسی سے ۔ مذاق سے ۔

**جھوٹ موٹ کے** ۔ جھوٹے ۔ ظاہری ۔ دکھاوے کے لیے ۔

**جھوٹا** ۔ (جھو ۔ ٹا) [ہ ۔ صف] (۱) جھوٹ بولنے والا ۔ دروغ گو ۔ (۲) سچ کے خلاف ۔ خلاف اصل (۳) کھوٹا (۴) جعلی ۔ نقلی (۵) (مذکر) کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک یا کسی کے آگے کا برتن ۔ بچ رہا ۔

**جھوٹا بنانا** ۔ (۱) جھوٹا قرار دینا (۲) جھوٹ پکڑ کر دکھانا ۔

**جھوٹا بننا** ۔ (۱) بات سچ نہ نکلنا (۲) دروغ گو قرار پانا ۔

**جھوٹا پڑنا** ۔ (۱) وعدہ خلاف ہونا (۲) استعمال کے قابل نہ رہنا ۔

**جھوٹا ٹھہرنا** ۔ غلط بیانی ثابت ہو جانا ۔

**جھوٹا کام** ۔ (مذکر) زری کا وہ کام جو کھرے مسالے سے نہ بنایا گیا ہو ۔

**جھوٹا کرنا** ۔ (۱) جھٹلانا (۲) کسی چیز میں سے تھوڑا سا کھا لینا ۔

**جھوٹا لپاٹی** ۔ (۱) سخت جھوٹ بولنے والا (۲) مکار ۔ دغاباز ۔

**جھوٹا موتی** ۔ (مذکر) مصنوعی موتی ۔ مری موتی ۔

**جھوٹا ہونا** ۔ کسی کی بات سچ نہ نکلنا ۔

**جھوٹوں کا بادشاہ** ۔ وہ شخص جو بہت زیادہ جھوٹ بولتا ہو ۔

**جھوٹے کا منہ کالا ، سچے کا بول بالا** ۔ (مثل) جھوٹے آدمی کی ہر جگہ بے عزتی ہوتی ہے ۔ سچے آدمی کی عزت کی جاتی ہے ۔

**جھوٹے کو گھر تک پہنچانا** ۔ جھوٹے آدمی کو قائل کر دینا ۔ کسی کو

Marfat.com

منوا دینا کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔
**جھوٹے منہ پوچھنا۔** ظاہرداری سے دریافت حال کرنا۔
**جھوٹوں۔** (جھو۔ ٹوں) (اُردو) (۱) جھوٹ موٹ۔ یونہی سی (۲) ظاہرداری کے لیے
**جھوٹوں (بات) نہ پوچھنا۔** ظاہرداری یا دکھاوے کے لیے بھی نہ پوچھنا۔ ظاہری مدارات بھی نہ کرنا۔
**جھوٹی۔** (جھو۔ ٹی) (ہ۔ صفت) (۱) ایسی بات جو سچ نہ ہو (۲) جھوٹ بولنے والی عورت۔
**جھوٹی سچی لگانا (ہانکنا)۔** جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
**جھوک۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) ٹیڑھاپن۔ خمیدگی (۲) دھکا۔ ریلا (۳) جھولے کی پینگ (۴) ترازو کا ایک پلڑا۔ (۵) تول۔ وزن۔
**جھوک سنبھالنا۔** (۱) جھکولے کو سہارنا (۲) ہوا کے ریلے یا زور کو روکنا (۳) نقصان برداشت کرنا۔
**جھوکا۔** (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ہوا کا ایسا ریلا جس سے دھکا لگے (۲) نیند کی وجہ سے گرنے لگنا۔
**جھوکے آنا۔** نیند کی وجہ سے گر پڑنا۔
**جھوکنا۔** (جھوک۔ نا) (ہ۔ متعدی) (۱) تنور یا بھاڑ کو ایندھن ڈال کر گرم کرنا (۲) برباد کرنا (۳) بری جگہ شادی کرنا۔ (۴) خطرے میں ڈالنا۔
**جھول۔** (ج۔ جُول) (ا۔ صفت) سخت جاہل۔ نادان۔
**جھول۔** (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ڈھیلاپن (۲) ہاتھی کا جھوٹتے ہوئے چلنا (۳) طبع (۴) ایک دفعہ میں کئی بچوں کا جننا۔
**جھول آنا۔** (۱) چست نہ رہنا (۲) بھینس کا بیانے کے قریب ہونا۔
**جھول بٹھانا۔** مرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔
**جھول پڑنا۔** (۱) کپڑے کا جسم پر ٹھیک نہ آنا (۲) کسی چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔
**جھول پھیرنا۔** طبع چڑھانا
**جھول نکالنا۔** (۱) مرغی کے بچے نکالنا (۲) شکن یا ڈھیلاپن دور کرنا۔ (۳) بچے نکلوانا۔
**جھول۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) ہاتھی یا دوسرے حیوانات پر ڈالنے کا کپڑا (۲) ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔
**جھولا۔** (ہ۔ا۔ مذکر) درخت یا کسی چیز میں پڑی ہوئی رسی جس پر بیٹھ کر جھولیں۔
**جھولا جھلانا۔** کسی کو جھولے پر بٹھا کر پینگ دینا
**جھولا جھولنا۔** جھولے پر بیٹھ کر پینگ بڑھانا
**جھولا ڈالنا۔** جھولنے کے لیے رسی درخت یا کسی چیز میں ڈالنا
**جھولا۔** (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) تھیلا (۲) فالج۔ لقوہ (۳) گرم ہوا یا لو جس سے چاول اور اناج کو نقصان پہنچتا ہے
**جھولنا۔** (جھول۔ نا) (ہ۔ لازم) (۱) پینگ بڑھانا (۲) ہلنا (۳) (مذکر) ہنڈولا۔ جھولا۔
**جھولی۔** (جھو۔ لی) (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) چھوٹی تھیلی (۲) وہ کپڑا جس کے چاروں کونے باندھ کر فقیر گلے میں ڈال لیتے ہیں
**جھولی بھرنا۔** (۱) کوئی چیز جھولی میں ڈالنا (۲) مراد پوری کرنا۔
**جھولی ڈالنا۔** (۱) بھیک مانگنا (۲) نوزائیدہ بچے کو کسی بزرگ کی گود میں دینا
**جھومر۔** (جھو۔ مر) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ماتھے کا ایک زیور (۲) ایک قسم کا ناچ (۳) ایک گیت (۴) مجمع
**جھومنا۔** (جھوم۔ نا) (ہ۔ لازم) (۱) لہرانا (۲) لڑکھڑانا (۳) اونگھنا (۴) بادلوں کا جمع ہونا۔
**جھونپڑا۔** (جھونپ۔ ڑا) (ہ۔ا۔ مذکر) چھپر یا پھوس کا کچا مکان۔
**جھونپڑوں میں رہنا محلوں کے خواب دیکھنا۔** (مثل) حیثیت نیچی خیالات اونچے۔
**جھونپڑی۔** (جھونپ۔ ڑی) (ہ۔ا۔ مؤنث) جھونپڑا کی تصغیر۔ جھگی۔
**جھونٹا۔** (جھوں۔ ٹا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) پینگ (جھولے کی) (۲) عورت کے سر کے بال (۳) بھینس کا بچہ۔
**جھونٹا لینا۔** پینگ لینا۔
**جھونٹے گھسوٹنا۔** سر کے بال نوچنا۔ سر کے بال پکڑ کر جھٹکے دینا۔
**جھونجھ۔ جھونجھ۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) خواہش۔ چاٹ۔ چسکا (۲) جھنجل (۳) گھونسلا۔
**جھونجل۔ جھونجھل۔ یا جھوں جھل۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) غصہ۔ جھنجلاہٹ
**جھونجل آتارنا۔** (۱) غصہ اتارنا (۲) عداوت نکالنا
**جھونک۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) دیکھیے جھوک۔
**جھونکا۔** (جھوں۔ کا) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے جھوکا۔
**جھونکنا۔** (جھونک۔ نا) (ہ۔ متعدی) دیکھیے جھوکنا
**جھیپ۔ جھینپ۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) شرمندگی۔ ندامت۔
**جھیپ چڑھنا۔** شرمندگی محسوس کرنا۔
**جھیپ مٹانا۔** شرمندگی دور کرنا۔
**جھیپنا۔ جھینپنا۔** (جھیپ۔ نا۔ جھینپ۔ نا) (ہ۔ لازم) شرمانا۔ آنکھ چرانا۔
**جہیز۔** (ج۔ ہیز) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) اسباب۔ سامان (۲) وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں ماں باپ کی طرف سے دیا جائے۔
**جہیز میں آنا۔** لڑکی کو شادی پر ماں باپ کی طرف سے سامان و اسباب ملنا۔
**جھیل۔** (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوا ہو (۲) دلدل (۳) نیچی زمین جس پر پانی کھڑا رہے۔
**جھیلنا۔** (جھیل۔ نا) (ہ۔ متعدی) (۱) برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) ہضم کرنا۔
**جھینکنا۔** (جھینک۔ نا) (ہ۔ متعدی) (۱) شکایت کرنا (۲) رکھ رکھ کر رونا (۳) رونا دھونا (۴) افسوس کرنا۔
**جھینگا۔** (جھیں۔ گا) (ہ۔ا۔ مؤنث) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی
**جھینگر۔** (جھیں۔ گر) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کا کیڑا۔

## ج - چ

**جی۔** (ج۔ ای) (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) چھوٹا جَو (۲) چاول کی چھوٹی ہری پود۔

Marfat.com

# ج - ی

جی (ہ) (۱) ہاں۔ بلے (۲) جناب۔ حضرت (۳) درست۔ بجا۔ (۴) کسی نام کے بعد) بطور تعظیم (۵) طنزاً۔ بیشک۔ ایسا ہی ہے۔
جی حضوری۔ خوشامدی۔ کاسہ لیس۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔
جی ہاں۔ (۱) یہ کلمہ کسی کے جواب میں کہتے ہیں (۲) طنز) ہم اصل حقیقت جانتے ہیں۔
جی۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) جان۔ سانس (۲) زندگی (۳) دل۔ طبیعت (۴) آپ۔ بذاتِ خود (۵) جرأت۔ مردانگی (۶) ذی روح (۷) طاقت (۸) محبت۔
جی آجانا (آنا) (۱) محبت ہو جانا (۲) کسی کام کی خواہش ہونا۔
جی اچاٹ ہو جانا۔ کسی کام سے بیزار ہو جانا۔ دل نہ لگنا۔
جی اچھا ہونا۔ بیمار کا روبصحت ہونا۔
جی اُلٹ جانا (اُلٹنا) (۱) دل گھبرانا (۲) دیوانہ یا پاگل ہو جانا۔
جی اُلجھنا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔
جی اندر سے بیٹھا جانا۔ طبیعت کا گرا جانا۔ دل گھبرانا۔
جی اُوپر تلے ہونا۔ (۱) متلی معلوم ہونا (۲) دل گھبرانا۔
جی بٹنا۔ (۱) دل بہلنا (۲) دھیان اور طرف ہو جانا۔
جی بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔ دل سرد ہو جانا۔ ولولہ باقی نہ رہنا۔ کوئی خواہش یا ارمان دل میں نہ رہنا۔
جی بحال ہونا۔ طبیعت ٹھیک ہونا۔ بیماری کا اثر دُور ہونا۔
جی بُرا ہونا۔ (۱) طبیعت بگڑنا (۲) رنجیدہ ہونا۔
جی بڑھانا۔ ہمت افزائی کرنا۔ حوصلہ بڑھانا۔
جی بھر آنا۔ (۱) ترس یا رحم کھانے کی وجہ سے رقت طاری ہو جانا۔ (۲) کسی شخص یا واقعے کو یاد کر کے رونے کو دل چاہنا۔
جی بھر جانا (۱) سیر ہو جانا (۲) اُکتا جانا۔
جی بھر کر۔ سیر ہو کر حسبِ خواہش۔ پوری طرح۔
جی بہلنا۔ دل لگنا۔ دلچسپی ہو جانا۔
جی بیٹھا جانا۔ نڈھال ہو جانا۔ اُداس ہونا۔
جی پڑنا۔ (۱) زندہ ہو جانا (۲) کسی چیز میں خیال لگا رہنا۔
جی پھر جانا۔ اُکتا جانا۔ بیزار ہو جانا۔ گھن آنے لگنا۔
جی ترسنا۔ (۱) کسی چیز کو دل چاہنا (۲) کسی کی آرزو کرنا۔
جی جان سے فدا (قربان) ہونا۔ کسی کے لیے جان دینے کو تیار
جی جانا۔ (۱) مر جانا (۲) زندہ ہو جانا۔
جی جانتا ہے۔ دل ہی کو معلوم ہے کہ کیا گزری ہے۔
جی چاہنا۔ (۱) للچانا (۲) کسی چیز کی خواہش ہونا۔ مشتاق ہونا۔
جی چھوڑ دینا۔ (۱) نا اُمید ہونا (۲) مر جانا۔
جی دار (۱) بہادر۔ من چلا (۲) دم خم رکھنے والا۔ ہمت والا۔
جی داری۔ (مؤنث) ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ بہادری۔ دلیری۔
جی سے جانا۔ مر جانا۔ دم نکل جانا۔ انتقال ہو جانا۔
جی کرنا۔ (۱) ہمت کرنا (۲) کسی چیز کو جی چاہنا۔
جی کڑا کرنا۔ (۱) ہمت کرنا (۲) ناگوار بات یا سختی کو دل پر جبر کر کے جھیل جانا۔
جی کو روگ لگنا۔ کوئی فکر مول لے لینا۔ کسی اُلجھن میں پڑ جانا۔
جی کو لگنا۔ (۱) دل پر اثر کرنا (۲) اچھا معلوم ہونا۔ پسند آنا۔
جی کو مارنا۔ خواہشات کو ضبط کرنا۔ من مارنا۔
جی کھٹّا ہونا۔ (۱) بیزار ہونا (۲) نفرت ہونا (۳) مایوسی ہونا۔
جی للچانا۔ خواہش ہونا۔ رغبت ہونا۔
جی میں آنا۔ (۱) ذہن میں آنا (۲) جی چاہنا۔ کسی چیز کی خواہش ہونا۔
جی۔ او۔ سی۔ (G.O.C) جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مخفف فوج کا افسرِ اعلیٰ۔
جی۔ پی۔ او۔ (G.P.O) جنرل پوسٹ آفس کا مخفف۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاک خانہ۔
جَے۔ (س۔ ا۔ مؤنث) (۱) فتح۔ نصرت (۲) ترقی۔ عروج (۳) شاباش۔ زندہ باد۔
جیا۔ (ج۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) جان۔ جی۔
جیب۔ (ع۔ ا۔ مؤنث) (۱) گریبان (۲) کیسہ۔ پاکٹ (عربی میں بروزن عیب اور اُردو فارسی میں بروزن سیب۔
جیب خاص۔ خزانے کی وہ رقم جو صرف بادشاہ کے مصارف میں آئے
جیب خرچ۔ (مذکر) ایسا خرچ جو مقررہ اخراجات کے علاوہ ہو
جیب کترا (مذکر) جیب کاٹنے والا۔
جیب کترنا۔ (۱) دوسرے کی جیب کاٹ کر رقم نکالنا (۲) ناجائز نفع لینا۔ گاہک یا فریقِ ثانی کو لوٹنا
جیب گھڑی۔ (مؤنث) جیب میں رکھنے کی چھوٹی گھڑی۔ جیبی گھڑی۔
جیب میں پڑے ہونا۔ قابو میں ہونا۔ کوئی اہمیت نہ رکھنا۔
جیب۔ جیبھ۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) زبان۔
جیبی۔ (جے۔ بی) (اُ۔ صفت) (۱) جیب کا (۲) جیب کے لیے
جیبی کتاب۔ (مؤنث) اتنی چھوٹی کتاب کہ جیب کے اندر آ جائے۔ پاکٹ سائز کی کتاب۔
جیت (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) کامیابی (۲) فتح (۳) غلبہ
جیتا۔ (جی۔ تا) (ہ۔ صفت) (۱) زندہ۔ جاندار (۲) زیادہ۔ بیش۔
جیتا جاگتا۔ صحیح سلامت۔ زندہ۔ تندرست۔
جیتا رہنا۔ (۱) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا (۲) لمبی عمر پانا۔
جیتا گاڑنا۔ (۱) زندہ دفن کر دینا (۲) سخت تکلیف میں مبتلا کر دینا۔
جیتا لہو۔ تازہ خون۔ تازہ تازہ لہو۔
جیتا نہ چھوڑنا۔ زندہ نہ رہنے دینا۔ کسی نہ کسی ترکیب سے ہلاک کر دینا۔
جیتے جی۔ (۱) زندگی میں (۲) عمر بھر۔ تمام عمر۔ جب تک جیتے۔
جیتے جی مر جانا۔ (۱) تباہ ہو جانا (۲) سخت صدمہ پہنچنا (۳) کسی کام کا نہ رہنا۔ قدرتی صلاحیتوں سے محروم ہو جانا۔
جیتنا۔ جیت۔ نا (ہ۔ مص) (۱) فتح کرنا (۲) غالب آنا۔ (۳) کامیاب ہونا۔
جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی۔ (مثل) جان بوجھ کر ایسا کام نہیں کیا جاتا جس میں نقصان ہو۔
جیٹھ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) شوہر کا بڑا بھائی (۲) ہندی سال کا دوسرا مہینا۔
جیٹھانی۔ (جے۔ ٹھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مؤنث) دیکھیے جٹھانی۔
جیجا۔ (جی۔ جا) (ہ۔ ا۔ مؤنث) بہن کا خاوند۔ بہنوئی۔

Marfat.com

**جیجی** ۔ (جی جی) [ہ ۔ا ۔ مؤنث] بہن ۔
**جیّد** ۔ (جیّ ۔ یِد) [ع ۔ صفت] (۱) خالص (۲) نیک (۳) برگزیدہ طاقت ور (۴) بھاری ۔
**جیسا** ۔ (جے ۔ سا) [ہ ۔ صفت] (۱) جس طرح کا جس صورت کا (۲) جس ڈھنگ کا ۔
**جیسا تیسا** ۔ جس طرح یا وضع کا ممکن ہو، ویسا ہی ۔ نہ بھلا نہ بُرا ۔
**جیسا چاہیے** ۔ (۱) پسند کے مطابق (۲) مناسب او موزوں ۔ (۳) موقع محل کے مطابق ۔
**جیسا دیس ویسا بھیس** ۔ (مثل) جس ملک میں رہنے کا اتفاق ہو وہاں کے طور طریقے کی پابندی کرنی چاہیے ۔
**جیسا راجا ویسی پرجا** ۔ (مثل) جیسا حاکم وقت ہوتا ہے ویسی اس کی رعایا ہوتی ہے ۔
**جیسا کرنا ویسا بھرنا** ۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے ۔ (مثل) انسان جیسا کرتا ہے ویسا ہی نتیجہ نکلتا ہے بدی کا بدلہ بد اور نیکی کا نیک ۔
**جیسا کہ** ۔ جس طرح کہ ۔
**جیسا منہ ویسا تھپڑ** ۔ (مثل) کوئی کام کرتا ہے ویسا ہی پھل ملتا ہے ۔
**جیسے بنے** ۔ جس طرح ممکن ہو جس طرح ہو سکے ۔
**جیسے پیٹھ دکھلاتے ہو ایسے ہی منہ بھی دکھاتا** ۔ (دُعا) خدا تمہیں زندہ و سلامت واپس لائے ۔
**جیسے تیسے** ۔ (۱) جس طرح بن پڑے (۲) مشکل ۔ تکلیف سے ۔
**جیسے کا تیسا** ۔ جوں کا توں ۔ بعینہٖ
**جیسے کو تیسا** ۔ بُرے آدمی کو بُرا آدمی ہی ملتا ہے ۔
**جیسی** ۔ (جے ۔ سی) [ہ ۔ صفت] جس طرح کی جیسی توقع کی ۔
**جیسی روح ویسے فرشتے** ۔ (مثل) انسان خود بُرا ہو تو اپنے ہی جیسے بُرے لوگ اور بُری چیزیں پسند کرتا ہے ۔
**جیسی کرنی ویسی بھرنی** ۔ (مثل) جیسا کام کرو گے ویسا نتیجہ نکلے گا ۔
**جیسی نیّت ویسی مُراد** ۔ بُری نیّت سے کیا ہوا کام بگڑ جاتا ہے ۔ اچھی نیّت سے کیا جائے تو سنورتا ہے ۔
**جیش** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ ۔

**جیغہ** ۔ (جی ۔ غہ) [ت ۔ ا ۔ مذکر] ایک مرصّع زیور جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے ۔ کلغی ۔
**جیل** ۔ (JAIL) [انگ ۔ ا ۔ مذکر و مؤنث] قید خانہ ۔ زندان ۔
**جیل خانہ** ۔ [ا ۔ مذکر] قید خانہ ۔ زندان ۔
**جیلر** ۔ (جے ۔ لَر) (JAILER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] جیل کا داروغہ ۔
**جیلی** ۔ (جے ۔ لی) (JELLY) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک قسم کی غذا جو گوشت اور پھلوں سے تیار کی جاتی ہے ۔
**جیلی** ۔ (جے ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گھاس اکٹھی کرنے کا آلہ ۔ (۲) پیٹ کے اوپر کی چربی دار جھلّی ۔
**جین** [س ۔ ا ۔ مذکر] ہندوستان کے ایک مذہب کا نام جو پانچویں صدی قبل مسیح میں نکلا تھا ۔
**جینا** ۔ (جی ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) زندہ رہنا (۲) زندگی گذارنا ۔ [ا ۔ مذکر] زندگی ۔ زیست ۔ حیات ۔
**جینے کے لالے پڑنا** ۔ زندگی کی امید نہ رہنا ۔
**جینی** ۔ (جے ۔ نی) [س ۔ ا ۔ مذکر] جین مت کا ماننے والا
**جینیس** ۔ (GENIUS) (جی ۔ نی ۔ اس) [انگ ۔ صفت] نہایت ہوشیار اور ذہین ۔ اعلیٰ صلاحیتوں کا مالک ۔ نابغہ ۔
**جیو** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زندگی (۲) روح (۳) جان دار ۔ ذی روح ۔
**جیوتش** ۔ (جیو ۔ تِش) [س ۔ ا ۔ مؤنث] علم نجوم ۔
**جیوتشی** ۔ (جیو ۔ ت ۔ شی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ماہر علم نجوم ۔ نجومی (س ۔ جیوتش)
**جیوٹ** ۔ (جی ۔ وٹ) [ہ ۔ صفت] دلیر ۔ بہادر ۔
**جیوٹ** ۔ (JUTE) (ج ۔ یُوٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] پٹ سن ۔
**جیوری** ۔ (JURY) (جیو ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] چیدہ اشخاص کی وہ جماعت جو مقدمے کی سماعت میں عدالت کی امداد کرتی ہے
**جیوڑا** ۔ (جیو ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) دل ۔ جی ۔ (۲) مرضی ۔ منشا ۔
**جیوش** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] جیش کی جمع ۔ فوجیں
**جیومیٹری** ۔ (GEOMETRY) (جیو ۔ میٹ ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مؤنث] وہ علم جس میں لائنوں ۔ زاویوں ۔ سطحوں اور جسموں کے متعلق خصوصیات او پیمائش کا حال بیان کیا جاتا ہے ۔ علم اقلیدس
**جیون** ۔ (جی ۔ ون) [س ۔ ا ۔ مذکر] زندگی ۔ وجود ۔

Marfat.com

# چ

چ (چے) (ف - مونث) اُردو کا آٹھواں فارسی کا ساتواں اور ہندی کا چھٹا حرف اسے جیم فارسی بھی کہتے ہیں - عربی میں یہ حرف نہیں ہے - حروف ابجد میں یہ جیم سمجھا جاتا ہے اور اس کے تین عدد ہی شمار کیے جاتے ہیں -

## چ - ا

چابک (چا - بک) (ف - صف - چا - مذکر) (۱) تیز - پھرتیلا - چست - چالاک - ہشیار - چوکس (۲) کوڑا - تازیانہ - ہنٹر -
چابک دست - وہ آدمی جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو - مشاق -
چابک دستی (مونث) چالاکی - ہشیاری - کاریگری - چابک سوار - گھوڑا سدھانے والا - ماہر اور مشاق گھڑسوار -
چابک سواری (مونث) گھوڑے سدھانے کا ہنر یا پیشہ -
چابکی (چاب - کی) (ف - ا - مونث) چالاکی - تیزی - پھرتی - چستی -
چابنا (چاب - نا) (ہ - مص) دیکھیے چبانا -
چابی (چا - بی) (ہ - ا - مونث) کنجی - تالی - کلید -
چاپ (ہ - ا - مونث) پاؤں کی آہٹ -
چاپ (ف - ا - مذکر) چھاپنا - چھپنا - چھاپ -
چاپلوس (چاپ - لوس) (ف - صف) خوشامدی -
چاپلوسی (چاپ - لو - سی) (ف - ا - مونث) خوشامد - بے جا تعریف -
چاٹ (ہ - ا - مونث) (۱) چسکا (۲) عادت - چٹکارا (۳) خواہش آرزو (۴) چاٹنا کا امر -
چاٹ پر لگانا - کسی کو مزے سے آگاہ کرنا - کسی چیز کا عادی بنا دینا
چاٹ پڑنا - چسکا پڑ جانا - لت پڑنا -
چاٹ جانا - چاٹ چاٹ کر کھا جانا - صاف کر دینا - ختم کر دینا -
چاٹ لگنا - چسکا پڑنا - عادت پڑنا -
چاٹنا (چاٹ - نا) (ہ - مص) کسی پتلی چیز کو زبان سے چاٹ کر کھانا -
چاٹی (چا - ٹی) (ہ - ا - مونث) دودھ رکھنے یا دہی جمانے کا مٹی کا بڑا برتن -
چاچا (ہ - ا - مذکر) باپ کا بھائی - چچا -
چاچی (چا - چی) (ہ - ا - مونث) چچا کی بیوی - چچی -
چادر (چا - در) (ف - ا - مونث) (۱) پلنگ پر بچھانے کا کپڑا - (۲) شال (۳) لڑیوں میں گندھے ہوئے پھول جو قبر پر ڈالے جاتے ہیں (۴) دھات کے لمبے چوڑے اور پتلے پترے (۵) پانی کی چوڑی دھار -
چادر اتارنا - عزت اتارنا - بے پردہ کرنا -
چادر اڑھانا (۱) کسی کے سر پہ چادر ڈالنا (۲) بیوہ سے نکاح کرنا -
چادر تان کر سونا (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) اطمینان سے زندگی گزارنا -
چادر چڑھانا - کسی بزرگ کے مزار پہ کپڑے یا پھولوں کی چادر ڈالنا -
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا - اپنی حیثیت کے مطابق کام کرنا -
چادر ڈالنا - دیکھیے چادر اڑھانا -
چادرا (چا - د - را) (ف - ا - مذکر) بڑی چادر -
چار - (ف - و - صف) (۱) تین اور ایک - دو اور دو - (۲) دو چند -
چار آدمی - چند آدمی - دو چار جیسے ہنس - پنچ -
چار آئینہ - ایک قسم کا زرہ بکتر -
چار ابرو کا صفایا - سر - بھوؤں - مونچھوں اور ڈاڑھی کا منڈا دینا -
چار بالش (بالشت) (مذکر) (۱) گاؤ تکیہ (۲) تخت - مسند - (۳) عناصر اربعہ دنیا
چار پائی - (مونث) کھاٹ - پلنگ -
چار پائی پر پڑنا (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا -
چار پائی سے پیٹھ لگ جانا (۱) کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ پر زخم ہو جانا - (۲) بیمار کا بہت کمزور ہو جانا -
چار پائی کاٹ دینا - بیمار اٹھنے بیٹھنے سے معذور ہو جائے تو اس کے پاخانہ پھرنے کے لیے چارپائی کا بان کاٹ دینا -
چار پائی میں کان نکلنا - چارپائی میں سیل یا نمی کے باعث خم آ جانا -
چار پایہ - چوپایہ - ڈھور ڈنگر وغیرہ -
چار پہر دن - پورا دن -
چار پہر رات - پوری رات -
چار پیر - (۱) امام حسنؑ (۲) امام حسینؑ (۳) خواجہ حسن بصریؒ (۴) کمیل ابن زیاد -
چار پیسے - (مذکر) مال - دولت -
چار پیسے سے خوش - کھاتا پیتا - آرام سے زندگی گزارنے والا -
چار تال (مذکر) چوتالا طبلہ بجانے میں ایک تال -
چار تخم (مذکر) ریحان - اسبغول - بالنگو اور خرفہ کے بیج
چار جامہ (مذکر) گھوڑے کی زین -
چار چاند لگنا - عزت بڑھنا - شان و شوکت بڑھنا - خوب صورتی بڑھنا -

Marfat.com

**چار چسپلو خون** (ن) **بڑھنا**۔ نہایت خوش ہونا۔
**چار چوٹ کی مار** (مونث) (ع) سخت مار۔ شدید ضرب۔
**چار حرف بھیجنا**۔ لعنت کرنا۔
**چار خانہ** (مذکر) (۱) خانہ دار کپڑا (۲) شطرنج کی بساط میں درمیان کے چار خانے۔
**چار دانگ** (۱) چاروں طرف (۲) دنیا کا چھٹا حصہ۔
**چار دن**۔ تھوڑے دن۔ چند روز۔ ذرا سی مدت۔
**چار دن کی چاندنی** (مونث) چند روزہ بہار۔ عارضی رونق۔
**چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ** (رات) (مثل) چند روزہ عیش ہے۔ اور پھر وہی تکلیف۔ چند روز کی رونق پھر وہی بے رونقی۔
**چار دیواری** (مونث) شہر پناہ۔ فصیل۔ گھیرا۔ احاطہ
**چار زانو بیٹھنا**۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
**چار سُو**۔ چاروں طرف۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
**چار شنبہ**۔ (مذکر) بدھ۔
**چار عنصر**۔ آگ۔ پانی۔ ہوا۔ مٹی۔
**چار قدم** (۱) تھوڑا فاصلہ (۲) بہت نزدیک۔ تھوڑے فاصلے پر۔
**چار قل**۔ قرآن مجید کے تیسویں پارے کی چار سورتیں جو لفظ قل سے شروع ہوتی ہیں۔
**چار کھونٹ**۔ دنیا کے چاروں طرف۔ تمام دنیا۔
**چار گنا**۔ چوگنی۔
**چار گوشہ**۔ چوکھونٹی چیز۔
**چار مذہب**۔ اہل سنت کے چار مسلک: (۱) حنفی (۲) حنبلی (۳) شافعی (۴) مالکی۔
**چار مغز**۔ خربوزہ۔ کدو۔ تربوز اور کھیرے کے بیجوں کا مغز۔
**چار میں**۔ غیروں میں۔ لوگوں میں۔
**چار ہاتھ** (۱) لمبائی میں چار ہاتھ (۲) قیاسی پیمائشیں۔
**چار ہاتھ کی زبان ہونا**۔ بہت زبان دراز ہونا۔ گستاخ ہونا۔
**چار یار**۔ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے چار بڑے صحابی: حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ۔
**چار**۔ (ف۔ا۔ مذکر) چارہ کا مخفف۔ علاج۔ تدبیر۔
**چار و ناچار**۔ مجبوراً۔ زبردستی۔
**چارا** (چا۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) چوپایوں کی سبز خوراک (۲) وہ چیز جو مچھلی شکار کرنے کی غرض سے کانٹے میں لگائی جاتی ہے (۳) چھوٹا پودا۔
**چارٹ** (CHART) (انگ۔ا۔ مذکر) نقشہ۔ خاکہ۔ جدول۔
**چارٹر** (CHARTER) (چار۔ ٹر) (انگ۔ا۔ مذکر) سند۔ پروانہ۔ منشور۔ فرمان۔
**چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ** (CHARTERED ACCOUNTENT) سند یافتہ محاسب۔
**چارج**۔ (CHARGE) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) خدمت۔ فرض (۲) الزام۔ تہمت (۳) حملہ۔ دھاوا۔
**چارج شیٹ**۔ فرد جرم۔

**چارکول** (CHARCOLE) (چار کول) (انگ۔ا۔ مذکر) لکڑی کا کوئلہ۔
**چاروں** (چا۔ روں) (ہ۔ صف) چار کے چار۔
**چاروں** (خانے) **شانے چت**۔ پوری طرح بچھڑ جانا۔ شکست کھانا۔
**چاروں ورن** (مذکر) ہندوؤں کی چار ذاتیں۔ برہمن۔ چھتری۔ ویش۔ شودر۔
**چاروں وید**۔ (مذکر) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابیں۔ رگ۔ یجر۔ سام۔ اتھروید۔
**چارہ**۔ (چا۔ رہ) (ف۔ا۔ مذکر) علاج۔ تدبیر۔
**چارہ پرداز**۔ چارہ کرنے والا۔
**چارہ جوئی** (مونث) استغاثہ یا دعویٰ کرنا۔ نالش و فریاد کرنا۔
**چارہ ساز** (گر)۔ کام بنانے یا کرنے والا۔ معالج۔
**چارہ سازی** (گری) (مونث) (۱) امداد (۲) علاج۔ معالجہ۔
**چاشت** (ف۔ا۔ مذکر) (۱) پہر دن چڑھے کا وقت۔ (۲) صبح کا کھانا۔ حاضری (۳) ایک نماز جو پہر دن چڑھے پڑھتے ہیں۔
**چاشنی** (چاش۔ نی) (ف۔ا۔ مونث) (۱) ذائقہ (۲) شربت کا تار۔ قوام۔ شیرہ۔
**چاق** (ت۔ صفت) (۱) تندرست (۲) چالاک۔ چست۔
**چاق چوبند**۔ تیز طرار۔ ہوشیار۔ تندرست۔
**چاقو** (چا۔ قو) (ت۔ا۔ مذکر) قلمتراش۔ کاٹنے والا ایک آلہ
**چاک** (ف۔ صفت) (۱) کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا (۲) دامن یا آستین کا کھلا ہوا حصہ
**چاک چاک**۔ ٹکڑے ٹکڑے۔
**چاک کرنا**۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ پرزے کرنا۔ چیتھڑے اڑانا۔
**چاک گریبان**۔ گریبان کا کھلا ہوا حصہ۔
**چاک** (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) کمہار کا پہیا جسے چکر دے کر برتن بناتے ہیں (۲) کنوئیں کی چرخی۔
**چاک** (CHALK) (انگ۔ا۔ مذکر) کھریا مٹی۔ کھریا۔
**چاکر** (چا۔ کر) (ف۔ا۔ مذکر) نوکر۔ خادم۔
**چاکری**۔ (چا۔ کَ۔ ری) (ف۔ا۔ مونث) نوکری۔ خدمتگاری
**چاکسو** (چاک۔ سُو) (ف۔ا۔ مذکر) ایک قسم کے سیاہ بیج۔
**چاکلیٹ** (CHOCOLATE) (چاک۔ لیٹ) (انگ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کی مغربی مٹھائی۔
**چال** (ہ۔ا۔ مونث) (۱) رفتار۔ حرکت (۲) روش۔ رویہ (۳) طور و طریق (۴) شطرنج کے مہرے یا چوسر کی نرد کو ایک گھر سے دوسرے گھر میں لے جانا (۵) مکر۔ فریب۔
**چال اڑانا**۔ پیروی کرنا۔ نقل اتارنا۔
**چال باز**۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ فریبی۔
**چال بازی** (مونث) چالاکی۔ عیاری۔ فریب۔ شرارت۔ چھل۔
**چال چلن** (مذکر) طور طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔ روش۔ رویہ عادت۔
**چال چلنا** (۱) برتاؤ کرنا (۲) فریب دینا (۳) وضع اختیار کرنا (۴) شطرنج یا چوسر وغیرہ میں مہرہ چلنا (۵) تدبیر کارگر ہونا

Marfat.com

چال دکھانا۔ (۱) چلا جانا (۲) گھوڑے کا رفتار دکھانا۔

چال ڈھال۔ (مونث) رفتار۔ گفتار۔ طرز و روش۔ طور طریقہ۔ انداز۔

چالا۔ (چا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) رخصت۔ کوچ (۲) نئی نویلی دلھن کا سسرال سے شادی کے بعد اوّل چار بار میکے جانا۔

چالاک۔ (چا۔ لاک) (ف۔ صفت) (۱) پھرتیلا (۲) ہوشیار۔ ذہین (۳) مکار۔ فریبی۔

چالاکی۔ (چا۔ لا۔ کی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) پھرتی۔ تیزی (۲) ہوشیاری۔ دانائی (۳) عیاری۔ مکاری۔

چالاکی سے۔ فریب سے۔ دھوکے سے۔

چالان (چا۔ لان) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) بھیک۔ بھیجی ہوئی اشیاء کی فہرست (۲) مرسلہ اشیاء کی رسید (۳) پروانۂ راہداری (۵) روانگی (۶) ملزم کو منصف کے روبرو پیش کرنا (۷) ایک محکمے سے دوسرے محکمے کو منتقلی۔

چالان ہونا۔ قانون کی خلاف ورزی پر عدالت میں حاضر ہونے کا حکم ملنا۔

چالو (چا۔ لو) (ہ۔ صفت) چلنے والا۔ رواں۔ رائج۔

چالیس (چا۔ لیس) (ہ۔ صفت) بیس اور بیس۔

چالیس سیرا (۱) من بھر کا (۲) بھاری (۳) ٹھیک۔ خالص۔

چالیسا۔ چالیسیا۔ (چا۔ لی۔ سا، چالی۔ سی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) چالیس برس کی عمر کا آدمی (۲) پہلوان جس نے چالیس پہلوانوں کو پچھاڑا ہو (۳) ایک چورن جس میں چالیس دوائیں استعمال کرتے ہیں۔ (۴) چہلم کا فاتحہ۔

چالیسواں (چا۔ لیس۔ واں) (ہ۔ صفت) (۱) وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو (۲) چالیس سے نسبت رکھنے والا (۳) چہلم۔ فاتحۂ چہلم۔

چام (ہ۔ ا۔ مذکر) چمڑا۔ کھال۔

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے۔ (مثل) کسی کو صورت عزیز نہیں ہوتی کام اور خدمت سے وقعت اور عزت ہوتی ہے۔

چام کے دام (۱) وہ چمڑے کا روپیہ جو نظام سقے نے اپنے مختصر عہد حکومت میں سونے کی کیل جڑ کر چلایا تھا (۲) کوئی چیز جو سستی خریدی جائے۔

چامہ (۔۔ مہ) (ف۔ ا۔ مذکر) شعر۔ غزل۔

چانپ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) بندوق کا وہ پرزہ جو کندے اور نال باہم جوڑتا ہے۔ (۲) مصنوعی دانتوں کی کمانی (۳) کمان۔ شکنجہ۔

چانپ[(۲)] (CHOP) (۔۔ کا مورد ۔۔ ا۔ مونث) بھیڑ یا بکرے کی گوشت کے لوتھڑے مع ہڈی جنہیں بھون کر کھاتے ہیں۔

چانٹا۔ (چاں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذکر) تھپڑ۔ دھول۔ دھپا۔ تمانچہ۔

چانٹا رسید کرنا۔ مارنا۔ تھپڑ مارنا۔

چانٹی (چاں۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مونث) وہ محصول جو پیشہ وروں سے وصول کیا جائے۔

چاند (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) قمر۔ ماہتاب (۲) ڈھال کا آہنی اور برنجی پھول (۳) ایک زیور (۴) جانوروں کی پیشانی کا سفید بڑا ٹیکا (۵) تاج (۶) وہ گول نشان جو چاند ماری کے لیے لگایا جاتا ہے (۷) مہینا (۸) (مونث) کھوپڑی۔ چندیا۔

چاند پر خاک نہیں پڑتی۔ بھلے بُرے نہیں ہو سکتے۔

چاند تارا (مذکر) (۱) ہلال اور ستارے کی تشبیہ (۲) پھول دار ململ (۳) ایک قسم کا کنکوا جس پر چاند تارے کی شکل بنی ہوتی ہے (۴) پاکستانی پرچم کا نشان۔

چاند چڑھنا (۱) چاند کا اونچا ہونا (۲) مہینا پورا ہونا (۳) چاند دکھائی دینا۔

چاند رات (مونث) وہ رات جس میں ہلال نکلتا ہے۔

چاند کا تھوکا منہ پر آتا ہے۔ نیک آدمی پر تہمت لگانے والا خود ذلیل ہوتا ہے۔

چاند کا ٹکڑا۔ نہایت حسین انسان۔ ماہ پارہ۔

چاند کا کھیت کرنا۔ چھٹکی ہوئی چاندنی ہونا۔

چاند کدھر سے نکلا۔ آج تم ادھر بھول پڑے ؟

چاند کو گہن (گرہن) لگنا (۱) اچھی چیز میں عیب کا پیدا ہو جانا۔ (۲) حسن میں نقص واقع ہو جانا۔ (۳) بہت سی خوبیوں کے باوصف ایک آدھ عیب بھی ہونا۔

چاند کھلانا۔ ارمان نے کرچی چاہنا۔

چاند گنجی ہونا۔ سر پہ بال نہ رہنا۔

چاند گہن (گرہن) چاند پر زمین کا سایہ پڑنے کے باعث چاند پر سورج کی روشنی نہ پڑنا۔

چاند گہن میں آنا۔ چاند کو گہن لگنا۔

چاند ماری (۱) بندوق یا تیر چلانے کی مشق (۲) وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جاتی ہے۔ (۳) وہ نشانہ جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ہے۔

چاند محاق میں ہونا۔ چاند کا گھٹنا۔ یہ پندرھویں رات سے شروع ہوتا ہے۔

چاند ہونا۔ رویت ہلال ہونا۔ پہلی رات کا چاند نظر آنا۔

چاندن (چاں۔ دن) (ہ۔ ا۔ مذکر) چاندنی رات کے پندرہ دن۔

چاندنا (چاند۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) روشنی (۲) چاندنی رات کا زمانہ۔ زیبائش۔ رونق (۳) ایک قسم کا سفید بازو یا پروں والا کبوتر۔

چاندنی (چاند۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) چاند کی روشنی (۲) ایک قسم کا سفید پھول (۳) سفید چادر۔

چاندنی (چٹکنا) چھٹکنا۔ چاندنی پھیلنا۔ روشنی پھیلنا۔

چاندنی ڈھلنا۔ چاندنی کا ہلکا ہونا یا زوال پر آنا۔

چاندنی رات (مونث) قمری مہینے کی چودھویں، پندرھویں اور سولھویں رات۔ شب مہتاب۔

چاندنی کا کھیت (مذکر) چھٹکی ہوئی چاندنی۔

چاندنی کھلنا۔ چاندنی پھیلنا۔ چاندنی چٹکنا۔

چاندی (چاں۔ دی) (ہ۔ ا۔ مونث) نقرہ۔ سیم۔ ایک سفید قیمتی دھات۔ (۲) کامیابی۔ فائدہ۔ (۳) مال۔ دولت

چاندی بنانا (۱) ہوس کار کا تانبے یا کسی ہلکی دھات کو چاندی کر دینا (۲) کام درست کرنا (۳) فائدہ حاصل کرنا۔

Marfat.com

چاندی خانہ (مذکر) وہ مکان جہاں چاندی کے برتن بنتے ہیں۔
چاندی کا ورق (مذکر) چاندی کا کُٹا ہوا نہایت باریک پتر۔
چاندی ہونا (۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا۔
چانڈو (چاں۔ ڈو) (ہ۔ ا۔ مذکر) دیکھیے چنڈو۔
چانس (CHANCE) (انگ۔ ا۔ مذکر) اتفاق۔ موقع۔ امکان۔ باری۔
چانسلر (CHANCELLOR) (چانس۔ لر) (انگ۔ ا۔ مذکر) یونیورسٹی کا سب سے اعلیٰ عہدہ دار۔
چاول۔ (چا۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) ایک غلہ۔ دھان (۲) وہ دانہ یا گری جو کسی نباتات یا غلے سے نکالی جائے (۳) ایک رتی کا آٹھواں حصہ۔
چاہ (ف۔ ا۔ مذکر) کنواں۔ غار۔ گڑھا۔
چاہ بابل۔ شہر بابل کا ایک کنواں جس کی بابت کہتے ہیں کہ ہاروت ماروت دونوں فرشتے وہاں قید ہیں۔
چاہ خس پوش (۱) وہ کنواں جسے چھپانے کے لیے گھاس پھوس سے ڈھک دیا گیا ہو۔ (۲) مکر۔ فریب۔
چاہ ذقن (زنخدان) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہ غبغب۔ رخساروں کا گڑھا۔
چاہ کن را چاہ در پیش (مثل) برائی کرنے والا خود برائی کا شکار ہو جاتا ہے۔
چاہ نخشب۔ وہ کنواں جس سے حکیم ابن مقنع نے چاند نکالا تھا۔
چاہ یوسف۔ ملک شام میں طبریہ کے قریب وہ کنواں جس میں حضرت یوسفؑ کے سوتیلے بھائیوں نے انھیں پھینکا تھا۔
چاہ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) خواہش۔ آرزو (۲) محبت۔ دوستی (۳) اشتیاق (۴) مزہ۔ لطف (۵) حاجت (۶) مانگ۔
چاہت (چا۔ ہت) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) خواہش۔ طلب (۲) محبت۔ پیار۔
چاہنا (چاہ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) محبت کرنا (۲) پسند کرنا (۳) ... کرنا (۴) مانگنا۔ درخواست کرنا۔
چاہی (چا۔ ہی) (ف۔ صف) (۱) وہ زمین جسے کنوئیں کا پانی سیراب کرتا ہے (۲) کنوئیں سے منسوب۔
چاہیتی (چا۔ ہی۔ تی) (ہ۔ صف) دیکھیے چہیتی
چاہے۔ (۱) خواہ۔ مرضی ہو تو۔ اگر خواہش ہو۔
چاہیے (۱) باید۔ شاید (۲) مناسب۔ موزوں (۳) مطلوب ہے۔ (لکھنؤی بر خلاف دہلوی اور پنجابیوں کے جمع کے ساتھ بھی چاہیے بولتے ہیں)
چاؤ (چا۔ ؤ) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) شوق۔ آرزو (۲) نخرہ۔ لاڈ۔
چاؤ چوچلا۔ ناز نخرہ۔ لاڈ پیار۔
چاؤ میں آنا۔ کسی کی محبت کے سبب مغرور ہو جانا۔ نخرے کرنا۔
چاؤش (چا۔ ؤش) (ت۔ ا۔ مذکر) چوب دار۔ عصا بردار۔ نقیب۔
چائے (چا۔ ئے) (ت۔ ا۔ مونث) ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر پیتے ہیں۔
چائے پانی (مذکر) (۱) ہلکا ناشتہ (۲) رشوت
چائے دان۔ وہ برتن جس میں چائے کا عرق رکھا جاتا ہے۔

چائیں مائیں (چا۔ ایں۔ ما۔ ایں) (ہ۔ ا۔ مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔

# چ ۔ ب

چبا جانا (چ۔ با۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) کھا جانا۔ دانتوں سے کچل ڈالنا۔
چبا چبا کر باتیں کرنا۔ (ہ۔ مص) تکلف سے باتیں کرنا۔ صاف نہ بولنا۔
چبانا (چ۔ با۔ نا) (ہ۔ مص) دانتوں سے پیسنا۔ دانتوں سے کچلنا۔
چبک (چ۔ بک) (ہ۔ ا۔ مونث) ٹیس۔ درد۔ پیڑ۔
چبکنا (چ۔ بک۔ نا) (ہ۔ مص) ٹیس مارنا۔ زخم کا درد کرنا۔
چبلا (چ۔ بل۔ لا) (ہ۔ مص) (۱) چھچھورا۔ سفلہ۔ (۲) مسخرا۔ شرارتی۔
چبلاپن (مذکر) چھچھورا پن۔ سفلہ پن۔ مسخرا پن۔ شرارت۔
چبلی (چ۔ بل۔ لی) (ہ۔ صف) چبلا کی تانیث۔ شریر۔ مسخری۔
چبنی (چب۔ نی) (ہ۔ صف) جو چبائی جائے۔
چبنی ہڈی (مونث) کرکری ہڈی۔ وہ ہڈی جو بھربھری اور پتلی ہو۔
چبوانا (چب۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) چبانا کا متعدی المتعدی۔
چبوترا (چ۔ بو۔ ت۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) مربع یا مستطیل اونچی بنائی ہوئی جگہ جس پر لوگ اٹھتے بیٹھتے ہیں (۲) کوتوالی۔
چبھتی بات (چبھ۔ تی۔ بات) (ہ۔ ا۔ مونث) ایسی بات جو دوسرے کے دل کو ناگوار ہو۔ پتے یا بھید کی بات۔
چبھن (چ۔ بھن) (ہ۔ ا۔ مونث) کھٹک۔ درد۔ کسک۔
چبھنا (چبھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسکنا (۲) کھٹکنا۔ ناگوار گزرنا (۳) دل پر اثر ہونا۔
چبھونا (چ۔ بھو۔ نا) (ہ۔ مص) بھونکنا۔ پیوست کرنا۔
چبینا (چ۔ بی۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) غلے کے بھنے ہوئے دانے (۲) کوئی چبائی جانے والی چیز۔
چبینی (چ۔ بی۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) بھنے ہوئے دانے (۲) خشک خوراک۔ تلی ہوئی دال۔ شکر پارے وغیرہ۔

# چ ۔ پ

چپ (ف۔ صف) (۱) بایاں۔ بائیں طرف (۲) دو رنگ کا۔
چپ و راست۔ دائیں۔ بائیں۔
چپ (ہ۔ ا۔ مونث) خاموشی۔
چپ باندھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
چپ (چاپ) چپاتے۔ خاموشی سے چپکے چپکے۔ خفیہ۔

Marfat.com

چُپ چُپ (۱) خاموش (۲) خاموش رہ
چُپ شاہ کا روزہ۔ ایک منت جس میں چپ رہا جاتا ہے
چُپ سادھنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔
چُپ کرنا (۱) خاموش کرنا۔ لاجواب کرنا (۲) خاموش ہونا۔
چُپ لگ جانا۔ کسی بات کا جواب نہ دینا۔
چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ جواب نہ دے سکنا۔
چَپّا (چَپ۔ پا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) چار اُنگل کی جگہ (۲) چار بالشت۔
چَپّا بھر۔ ا۔ چار اُنگل (۲) چار بالشت۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
چپّا چپّا چھان ڈالنا۔ ہر جگہ تلاش کرنا۔
چَپاتی۔ چ۔ پا۔ تی [ہ۔ ا۔ مونث] پتلی روٹی۔ پھلکا۔
چپاتی بڑھانا۔ چپاتی کو مٹھی کے زور سے بڑا کرنا۔
چپاتی سا پیٹ۔ نرم اور پیٹھ کے ساتھ لگا ہوا پیٹ۔
چَپَت (چ۔ پَت) [ہ۔ ا۔ مونث] تھپڑ۔ چانٹا۔
چپت رسید کرنا۔ دھرنا۔ لگانا۔ مارنا۔ چانٹا مارنا۔ تھپڑ مارنا۔
چَپٹا۔ (چَپ۔ ٹا) [ہ۔ صفت] چوڑا۔ چکلا۔ دبا ہوا (۲) [مذکر] وہ شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو۔
چِپٹانا (چِپ۔ ٹا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گلے سے لگا لینا (۲) چپکانا۔
چِمٹ جانا۔ چمٹنا [ہ۔ مص] (۱) لپٹ جانا (۲) چپکنا۔ مل جانا۔
چَپٹی (چَپ۔ ٹی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) طبق زنی (۲) [صفت] چپٹا کی تانیث۔
چپ چپا۔ (چپ۔ چ۔ پا) [ہ۔ صفت] لیس دار۔ چیپ دار۔
چپ چپانا۔ (چپ۔ چ۔ پا۔ نا) [ہ۔ مص] چپکنا۔ لیس دار ہونا۔
چپ چپاہٹ چپ چ۔ پا۔ ہٹ [ہ۔ ا۔ مونث] چیپ۔ لیس۔
چَپراس۔ (چَپ۔ راس) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) چپراسی کی پیٹی (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے (۳) چوڑی گوٹ (۴) کشتی کا ایک داؤں (۵) قصابوں کی اصطلاح میں ران کے پیچھے کا گوشت۔
چپراس پہننا، لگانا۔ چپراسی ہونا۔ چپراسی کا عہدہ حاصل ہونا۔
چپراس مارنا۔ حریف کی پنڈلی پر پاؤں کی ضرب لگانا۔
چَپراسی (چَپ۔ را۔ سی) [ہ۔ ا۔ مذکر] وہ شخص جو چپراس باندھے۔ اردلی۔ پیادہ۔ سپاہی۔
چپڑ چپڑ چ۔ پڑ۔ چ۔ پڑ [ہ۔ ا۔ مونث] کتے کے پانی پینے کی آواز۔
چپڑ چپڑ باتیں کرنا۔ بے سوچے سمجھے گفتگو کرنا۔ بک بک کرنا۔
چپڑ قنا تیا۔ چ۔ پڑ۔ ق۔ نا۔ ت۔ یا [ا۔ صفت] نوابی۔ کمینہ۔ ذلیل۔
چُپڑنا (چ۔ پڑ۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) گھی لگانا (۲) روغن لگانا (۳) عیب چھپانا (۴) خوشامد کرنا۔
چُپڑی۔ چُپ۔ ڑی [ہ۔ صفت] روغن لگی ہوئی۔
چپڑی روٹی۔ وہ روٹی جس پر گھی لگا ہو۔
چپقلش (چپ۔ ق۔ لش) [ت۔ ا۔ مونث] (۱) تلوار کی لڑائی (۲) جھگڑا۔ فساد (لام کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں)۔
چپک (چ۔ پک) [ہ۔ ا۔ مونث] چپ چپاہٹ۔ لیس۔ چیپ۔
چُپکا (چُپ۔ کا) [ہ۔ صفت] (۱) خاموش (۲) عیّار۔
چپکانا۔ (چپ۔ کا۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چسپاں کرنا۔ لیس دار چیز سے جوڑنا۔ (۲) نوکری دلانا (۳) تعلق پیدا کر دینا۔
چپکنا چ۔ پک۔ نا [ہ۔ مص] (۱) چسپاں ہونا۔ جُڑنا (۲) روزگار سے لگ جانا (۳) آشنائی ہونا۔
چپکوانا۔ چ۔ پک۔ وا۔ نا [ہ۔ مص] چپکانا کا متعدی المتعدی۔
چُپکی (چُپ۔ کی) [ہ۔ ا۔ مونث] خاموشی۔
چپکے (چپ۔ کے) [ہ] آہستہ سے۔ خاموشی۔
چپکے چپکے رونا۔ یوں رونا کہ آواز نہ نکلے۔
چپکے سے کہنا۔ آہستہ سے کہنا۔
چپّل چپلی (چپ۔ پل۔ چپ۔ لی) [ہ۔ ا۔ مونث] ایک قسم کا جوتا۔
چپن (چپ۔ پن) [ہ۔ ا۔ مذکر] ہنڈی کا ڈھکنا۔
چپنی (چپ۔ نی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) چھوٹا چپن (۲) گھٹنے کے سامنے کی ہڈی۔
چپّو۔ چپ۔ پو [ہ۔ ا۔ مذکر] کشتی کھینے کا ڈنڈا۔
چپو (چلانا، مارنا) کشتی کھینا۔
چپّی۔ چپ۔ پی [ہ۔ ا۔ مونث] اعضا کی مالش۔ ہاتھ پاؤں دبانا۔
چپیٹ (چ۔ پیٹ) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) تماشا (۲) خفیف چوٹ۔ دھکا (۳) ناگہانی آفت (۵) نقصان۔ گھاٹا۔

## چ-ت

چِت [ہ۔ صفت] (۱) پشت کے بل۔ سینے کے رُخ (۲) (مونث) نظر۔ چتون (۳) دل۔
چت بھی میری پٹ بھی میری۔ ہر طرح اپنا ہی فائدہ ڈھونڈنا۔
چت چور (۱) معشوق (۲) دل موہ لینے والا۔
چت کرنا (۱) پچھاڑنا (۲) پیٹ کے بل گرانا۔
چت لیٹنا۔ پیٹھ کے بل لیٹنا۔
چت رہو جانا، ہونا۔ (۱) پچھڑنا (۲) مرجانا (۳) نشے میں ہونا (۴) غشی میں ہونا (۶) ہار جانا۔
چِتا۔ چ۔ تا [س۔ ا۔ مونث] لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مُردے کو جلاتے ہیں۔
چَتر۔ [ف۔ ا۔ مذکر] چھاتا۔ بڑی چھتری
چتر شاہی۔ بادشاہی چھتری
چترائی (چ۔ ت۔ را۔ ئی) [ہ۔ ا۔ مونث] دانائی۔ چالاکی۔ ہنرمندی۔
چت کبرا (چت۔ کب۔ را) [ہ۔ صفت] (۱) داغ دار۔

Marfat.com

(۲) سفید و سیاہ رنگ ۔ ابلق ۔
چِتلا (چِت ۔ لا) (ہ ۔ صفت) چت کبرا ۔ داغ دار ۔
چِتوَن (چِت ۔ وَن) [ہ ۔ ا ۔ مونث] نظر ۔ نگاہ ۔ تیوری ۔
چِتوَن پر میل آنا ۔ خفا ہونا ۔ ناگوار گزرنا ۔
چِتوَن چڑھانا ۔ تیوری چڑھانا ۔
چِتوَن کہے دیتی ہے ۔ نگاہ سے معلوم ہوتا ہے ۔ نظر سے ظاہر ہے ۔
چیتھڑا ۔ چیتھڑا ۔ (چیتھ ۔ ڑا ۔ چیتھ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دھجی ۔ پرانے کپڑے کا ٹکڑا ۔ گودڑ ۔ لیرا ۔
چیتھڑے لگانا ۔ پیوند پر پیوند لگانا
چیتھڑے لگنا ۔ مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا ۔
چِتی (چِت ۔ تی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بندکی ۔ دھبا ۔ نشان ۔
چِتی دار ۔ داغدار ۔
چِتیرا (چِ ۔ تے ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دھات کے برتنوں کو مل کر صاف کرنے یا ان پر نقش و نگار بنانے والا ۔

## چ ۔ ٹ

چٹ (ہ ۔ تابع فعل) (۱) فوراً ۔ اسی وقت (۲) [مونث] کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) رگڑ (۴) چاٹ لینا ۔
چٹ پٹ ۔ (۱) فی الفور (۲) بہت جلد (۳) یکایک ۔ ناگاہ ۔
چٹ پٹ (ہونا) ہو جانا ۔ ناگہانی موت ہو جانا ۔
چٹ چٹ بلائیں لینا ۔ دونوں ہاتھوں سے اس طرح بلائیں لینا کہ انگلیوں کے چٹخنے سے آواز پیدا ہو ۔
چٹ (کر جانا) کرنا ۔ (۱) سب کچھ کھا جانا (۲) برباد کرنا ۔ ہضم کر جانا ۔
چٹ منگنی پٹ بیاہ (مثل) کسی کام کا جلدی سے ہو جانا ۔
چِٹ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) کاغذ کا ٹکڑا ۔ کاغذ مستطیل یا چوکور پرچہ جو دواؤں کی شیشیوں وغیرہ پر چسپاں کیا جاتا ہے (۲) ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ ۔ (۳) زمین جو مستطیل شکل کی ہو ۔
چٹا ۔ (چٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چیلا ۔ شاگرد (۲) تہمت (۳) ڈھیر ۔
چِٹا ۔ (چِٹ ۔ ٹا) (ہ ۔ صفت ۔ سفید ۔ گورا ۔ اُجلا ۔
چٹاپٹی (چ ۔ ٹا ۔ پ ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) مار مار ۔ لوٹ پر لوٹ ۔ (۲) تاش کا ایک کھیل ۔
چٹاپٹی پڑنا ۔ کثرت سے موتیں واقع ہونا ۔
چٹاپٹی کا گوٹ ۔ (مونث) مختلف رنگ کا حاشیہ یا گوٹ ۔
چٹاخ چٹاک ۔ [آ ۔ ا ۔ مونث] کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز ۔
چٹاخ پٹاخ ۔ (چ ۔ ٹاخ ۔ پ ۔ ٹاخ) (آ ۔ تابع فعل) تڑاق پڑاق ۔ تڑاتڑ ۔

چٹاخا ۔ چٹاکا ۔ [آ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ آواز جو لکڑی کے ٹوٹنے یا بند میں پھٹنے سے ظاہر ہو (۲) [صفت] شدت ۔ کثرت
چٹان ۔ (چ ۔ ٹان ۔ چٹ ٹان) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بڑی سل ۔ بڑا اور چوڑا پتھر (۲) پتھریلی زمین ۔
چٹانا ۔ (چ ۔ ٹا ۔ نا) [ہ ۔ ف ۔ ص] (۱) چاٹنا کا متعدی ۔ (۲) (کنایۃً) رشوت دینا ۔
چٹائی (چ ۔ ٹا ۔ ای) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بوریا ۔ گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش ۔
چٹ پٹ ۔ (چٹ ۔ پٹ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ (۲) کم قیمت دوا میں جو تجربہ کار عورتیں بیماروں اور بچوں کو دیتی ہیں ۔
چٹ پٹا ۔ (چٹ ۔ پ ۔ ٹا) [ہ ۔ ... نمک ۔ مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا مزیدار ۔ چٹیلا
چٹ پٹی (چٹ ۔ پ ۔ ٹی) [ہ ۔ صفت ... چٹ پٹا کی تانیث
چٹخارا ۔ (چٹ ۔ خا ۔ را) [آ ۔ ا ۔ مذکر] وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزا لینے سے نکلتی ہے ۔
چٹخارے بھرنا (لینا) ۔ کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا ۔ ہونٹ چاٹنا ۔
چٹخانا ۔ (آ ۔ مص) (۱) انگلیوں کی آواز پیدا کرنا ۔ نکالنا (۲) علیحدہ کرنا ۔ ترک کرنا ۔ (۳) توڑنا ۔
چٹخنا ۔ (چ ۔ ٹخ ۔ نا) [آ ۔ مص] (۱) چلا جانا (۲) دانے کو آگ پر ڈالنے سے آواز پیدا ہونا (۳) انگلیوں کی آواز ہونا ۔ (۴) شق ہونا ۔ پھوٹ جانا ۔
چٹخنی ۔ (چٹ ۔ خ ۔ نی) [آ ۔ ا ۔ مونث] (۱) دروازے کے روکنے کی چیز (۲) پرندے پکڑنے کی خاطر جو چیز جال میں لگائی جاتی ہے ۔
چٹک (چ ۔ ٹک) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چمک دمک ۔ بھڑک ۔ (۲) تیز رنگ (۳) دھوپ کی تیزی (۴) پھڑکی (؟) ٹوٹنے کی آواز ۔
چٹک مٹک ۔ (۱) غرور (۲) ناز نخرا ۔ نخرے کی چال
چٹخا (چٹ ۔ خا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مٹھی بھر آٹا (۲) چٹکی ۔
چٹکلا ۔ (چٹ ۔ ک ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لطیفہ (۲) کم قیمت پر اثر دوا (۳) عجیب چیز ۔
چٹکلا چھوڑنا (۱) لطیفہ کہنا (۲) شگوفہ چھوڑنا ۔
چٹکنا ۔ (چ ۔ ٹک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کلی کا کھلنا ۔ (۲) دیکھیے چٹخنا ۔
چٹکنی (چٹ ۔ ک ۔ نی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھئے چٹخنی ۔
چٹکی (چٹ ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) انگلیوں سے پکڑ کر گوشت ملنا ۔ بکٹا (۲) مٹھی بھر چیز (۳) بندوق کے پیالے کا سرپوش (۴) انگشت نر کو انگشت وسطی کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا (۵) دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں ۔ (۶) قبضہ ۔ گرفت ۔
چٹکی بجاتے میں ۔ ذرا سی دیر میں ۔ آن کی آن میں ۔ فوراً ۔
چٹکی بجانا ۔ انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا ۔
چٹکی بھر ۔ جتنا چٹکی میں سما جائے ۔ تھوڑا سا ۔

Marfat.com

چٹکی بھر میں - فوراً - لمحہ بھر میں۔

چٹکی بھرنا - (۱) انگوٹھے اور انگلی سے جسم کا گوشت مسلنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا - طعنہ زنی کرنا (۳) سر کو چٹکیوں سے دبانا۔

چٹکی چٹکی - تھوڑا تھوڑا۔

چٹکی کاٹنا / لینا - چٹکی بھرنا۔

چٹکیاں لینا (۱) چبھتی ہوئی بات کہنا - (۲) ایسا کام کرنا جس سے دوسروں کو ایذا ہو۔

چٹکیوں پر اڑانا - (۱) حقیر خیال کرنا (۲) روپے کا پرکھنا۔

چٹکیوں میں اڑانا - خاطر میں نہ لانا - ہنسی اڑانا - ذلیل و خوار کرنا۔

چٹکیوں میں کام لینا - آناً فاناً کام کرنا - بہت جلد کوئی کام کرنا۔

چٹکیلا - (چَٹ - کی - لا) (و - صفت) (۱) چمک دار - بھڑکیلا (۲) خوش ذائقہ - چٹ پٹا۔

چٹکیلی (چَٹ - کی - لی) (و - صفت) چٹکیلا کی تانیث۔

چٹلا (چُٹ - لا) (و - ا - مذکر) (۱) سونے چاندی کا گچھا سا جو عورتیں چوٹی پر باندھتی ہیں (۲) مصنوعی بال جو عورتیں جوڑے میں لگا لیتی ہیں۔

چٹنی (چَٹ - نی) (و - ا - مذکر) (۱) چاٹنے کی چیز (۲) چٹ پٹی چیز۔

چٹنی کر دینا / کرنا (۱) کھا جانا (۲) پیس ڈالنا - مار ڈالنا۔

چٹوانا - (چَٹ - وا - نا) (و - مص) چاٹنا کا متعدی۔

چٹور - چٹورا - (چَ - ٹور - چَ - ٹو - را) (و - صفت) (۱) چٹو - اڑاؤ - کھاؤ (۲) لذیذ کھانوں کا شوقین (۳) آٹا، چاول رکھنے کا برتن۔

چٹوراپن - چٹورپن - (مذکر) کھانے کا شوق - زبان کا مزہ۔

چٹوری (چَ - ٹو - ری) (و - صفت) چٹورا کی تانیث - کھانے میں فضول خرچی کرنے والی۔

چٹھا - (چِٹھ - ٹھا) (و - ا - مذکر) (۱) قبض الوصول - تنخواہ کی کتاب (۲) چندے یا روزنامچوں کی کتاب (۳) تنخواہ یا اُجرت جو روزانہ یا ہر ماہ تقسیم کی جائے (۴) کچا حساب - (۵) کاغذ کا پلندہ۔

چٹھا بانٹنا - تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔

چٹھا باندھنا - (۱) فہرست حساب مرتب کرنا - اسباب کی فرد بنانا (۲) اندازہ کرنا - تخمینہ کرنا۔

چٹھی (چِٹھ - ٹھی) (و - ا - مونث) خط - مراسلہ - رُقعہ۔

چٹھی رساں - ڈاکیا۔

چٹی (چَٹ - ٹی) (و - ا - مونث) (۱) جُرمانہ - تاوان (۲) نقصان (۳) خرچ۔

چٹی بھرنا - (۱) تاوان دینا - (۲) نقصان اٹھانا۔

چٹی - (چِٹ - ٹی) (و - صفت) چٹا کی تانیث - سفید - گوری۔

چُٹیا - (چُٹ - یا) (و - ا - مونث) (۱) چوٹی کی تصغیر - لمبے بال جو ہندو سر منڈانے یا بال کٹوانے پر درمیان میں یا ایک طرف چھوڑ دیتے ہیں (۲) چونڈا - جوڑا۔

چٹے بٹے (چَٹ - ٹے - بَٹ - ٹے) (و - ا - مذکر) (۱) بچوں کے کھلونے (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھاتا ہے

چٹے بٹے لڑانا - (۱) شعبدہ بازی دکھانا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔

چٹے بٹے ہونا - ایک جیسا ہونا۔

چٹیل - (چَٹ - یَل) (و - صفت) وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو۔

## چ - چ

چچا - (چَ - چا) (و - ا - مذکر) باپ کا چھوٹا بھائی - چاچا۔

چچا چور بھتیجا قاضی - (مثل) حاکم ملزم ایک ہی خاندان کے ہیں۔

چچازاد بھائی - چچیرا بھائی - چچا کا بیٹا۔

چچازاد بہن - چچیری بہن - چچا کی بیٹی۔

چچڑی - (چِچ - ڑی) (و - ا - مونث) خون پینے والا ایک کیڑا۔

چچڑی ہو کر (چمٹنا) لپٹنا - پیچھا نہ چھوڑنا - ہر وقت ساتھ لگے رہنا۔

چچوڑنا - (چَ - چوڑ - نا) (و - مص) (۱) بچے کا چھاتیوں کو چوسنا (۲) گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔

چچی - (چَ - چی) (و - ا - مونث) چچا کی بیوی۔

چچیا - (چَچ - یا) (و - صفت) چچا سے منسوب۔

چچیا ساس - خاوند یا بیوی کی چچی۔

چچیا سسر - خاوند یا بیوی کا چچا۔

چچیرا - (چَ - چے - را) (و - صفت) (۱) چچا کا - (۲) چچازاد (بھائی)

چچیری - (چَ - چے - ری) (و - صفت) چچازاد (بہن)

چچیرے - (چَ - چے - رے) (و - صفت) وہ رشتے دار جو چچا کی اولاد ہوں۔

چچینڈا - (چَ - چیں - ڈا) (و - ا - مذکر) ککڑی کی شکل کی ایک ترکاری۔

## چ - خ

چخ - (ف - ا - مونث) (۱) زبانی جھگڑا - تکرار - (۲) مخالفت۔

چخ چخ - (۱) لفظی تکرار (۲) لڑائی میں بٹیروں کے بولنے کی آواز۔

چخوانا - (چِخ - وا - نا) (و - مص) چخنا کا متعدی۔

چخے - (چَ - خے) (اُر - کلمۂ نفرت) - چل دور ہو - پرے ہٹ۔

## چ - ڈ

**چڈا۔** (چَڈ۔ ڈا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ران کے اُوپر کا جوڑ۔ جانگھ (۲) مسخرہ آدمی۔
**چڈھی** (چَڈ۔ ڈھی) [ہ۔ ا۔ مونث] پیٹھ کی سواری۔
**چڈھی چڑھانا۔** پیٹھ پر لینا۔ پیٹھ کی سواری دینا۔
**چڈھی چڑھنا۔** پشت کی سواری لینا۔
**چڈھی دینا۔** پیٹھ کی سواری دینا۔
**چڈھی لینا۔** پیٹھ کی سواری لینا۔

## چ - ر

**چر۔** [ہ۔ ا۔ مونث] سُوکھے پتوں کے ٹوٹنے کی آواز۔
**چرمر ہونا۔** سوکھی ہوئی چیز کا چُورا چُورا ہو جانا۔
**چرا۔** (چِ۔ را) [ف۔ تابع فعل] کیوں۔ کس لیے۔ کس طرح
چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی۔ دانا آدمی کو ایسا کام نہیں کرنا چاہیے۔ جس سے پچھتانا پڑے۔
**چراغ۔** (چِ۔ راغ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) دیا۔ شمع (۲) (مجازاً) بیٹا۔ (۳) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا۔
**چراغ آسمان۔** سورج۔ آفتاب۔
**چراغ اُٹ کر دینا۔** دیا بجھا دینا۔
**چراغ اکسانا۔** چراغ کی بتی اونچی کرنا۔
**چراغ بتی کا وقت۔** شام کا وقت۔
**چراغ بتی ہونا۔** دیا جلنا۔ روشنی کا سامان ہونا۔
**چراغ بجھانا، بڑھانا،** چراغ گل کرنا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا۔
**چراغ بڑا ہونا۔** چراغ بجھ جانا۔
**چراغ پا ہونا** (۱) گھوڑے کا الف ہونا (۲) خفا ہونا۔
**چراغ تلے اندھیرا** (مثل) منصف حاکم کے قریب میں ظلم ہونا۔ غیروں کو فائدہ پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔
**چراغ تہِ داماں۔** دامن (۱) چراغ کو ہوا سے یا ویسے ہی بجھنے سے بچانے کیلیے دامن کے پیچھے کر لینا (۲) محفوظ۔
**چراغ ٹھنڈا کرنا۔** چراغ بجھانا۔
**چراغ جلے۔** سرِشام۔ جھٹ پٹے کے وقت۔
**چراغ چرخِ چہارم۔** آفتاب۔ حضرت عیسیٰؑ۔
**چراغ چشم۔** بیٹا۔
**چراغ خاموش کرنا۔** چراغ بجھانا۔
**چراغ دان۔** شمعدان۔
**چراغ (دکھانا) دکھلانا۔** رستے میں روشنی دکھانا۔ چراغ ہمراہ لے کر جانا۔
**چراغ سحری۔** (۱) چراغ جو صبح کو بجھنے کے قریب ہو۔ (۲) قریب مرگ۔
**چراغ سے چراغ جلتا ہے۔** ایک دوسرے سے کسب فیض کیا جاتا ہے۔

**چراغ عالم افروز۔** دیا جو ساری دنیا کو روشن کرے۔ سورج۔
**چراغ کا ہنسنا۔** چراغ کی لو سے چنگاریاں نکلنا۔ چراغ سے جلتے تیل کا ٹپکنا۔
**چراغ گل پگڑی غائب۔** آنکھ بچی اور مال اُڑا لیا۔
**چراغ گل کرنا۔** چراغ بجھانا۔
**چراغ لے کر ڈھونڈنا۔** بہت تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔
**چراغ میں بتی پڑنا۔** چراغ جلنا۔ شام ہونا۔
**چراغاں۔** (چِ۔ را۔ غاں) [ف۔ ا۔ مذکر] چراغوں کا اکٹھا جلنا۔ بہت سے چراغ جلنا۔ دیپ مالا۔
**چراغی۔** (چِ۔ را۔ غی) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار پر روشنی کے لیے دی جائے۔ (۲) نذرانہ۔ رشوت۔
**چراگاہ۔ چراگہ۔** [ف۔ ا۔ مونث] وہ جگہ جہاں جانوروں کو چرایا جاتا ہے۔ گھاس کا میدان۔ سبزہ زار۔
**چُرالینا۔ چُرانا۔** [ہ۔ مص] (۱) چوری کرنا۔ اُڑا لینا۔ (۲) موہ لینا۔ (۳) اغماض کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔
**چرانا۔** (چَ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا (۲) دھوکا دینا۔ بیوقوف بنانا۔ (۳) کسی سے مجبوراً کام کرانا۔
**چَرّانا۔** (چَر۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] زخم کا پھٹنا۔ دوا خشک ہو جانے سے زخم کا درد کرنا۔
**چرائند۔ چرائندہ۔** (چَ۔ رائِن۔ د۔ چَ۔ رائِن۔ دہ) [ہ۔ ا۔ مونث] چمڑے بال یا ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بو۔
**چرائندہ۔ چرائندہ** (چَ۔ راں۔ دہ۔ چَ۔ رائِن۔ دہ) [ہ۔ صفت] (۱) بدبودار (۲) بدمزاج۔
**چرائتا۔** (چِ۔ را۔ ئے۔ تا) [ہ۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں جو مصفیٰ خون ہوتی ہیں۔
**چرائی۔** (چَ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) مویشی چرانے کے لیے جنگل لے جانا (۲) چراگاہ (۳) محصول یا مزدوری جو چرائی کے لیے دی جائے۔
**چرائی۔** (چِ۔ را۔ ای) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) لکڑی کا کٹنا (۲) لکڑی کٹوانے کی مزدوری
**چرب۔** [ف۔ صفت] (۱) موٹا۔ چکنا۔ (۲) چست۔ مُرغن (۳) زیادہ۔ تیز۔
**چرب زبان۔** (۱) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا (۲) خوشامدی
**چرب زبانی** [مونث] چاپلوسی۔ خوشامد۔ شیریں کلامی
**چرب غذا** [مذکر] وہ غذا جس میں چربی یا گھی زیادہ ہو
**چرب کرنا۔** گھی یا تیل لگانا۔ گھی میں بھوننا۔
**چربانا۔** (چَر۔ با۔ نا) [ہ۔ مص] چرب کرنا۔
**چرب آنک۔ چرب آنک** (چَرب۔ آنک۔ چَرب۔ آنک) [ہ۔ صفت] چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار۔ گستاخ۔ زبان دراز۔
**چربہ۔** (چَر۔ بہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) دفتی کا غذ موم جامہ۔ (۲) خاکہ۔ کاغذ یا پوست آہو کو چرب کر کے کسی نقش یا تصویر پر رکھ کر ہو بہو نقل اتارنا۔

Marfat.com

چربہ اُتارنا - (۱) خاکہ اُتارنا (۲) انداز اُڑانا -
چربی - (چَر - بی) (ف - ا - مونث) وہ سفید چکنا مادہ جو بدن میں گوشت پر جم جاتا ہے - (۲) چکنائی - روغن -
چرپانا - (چَر - پ - یا - نا) (اُ - مص) فربہ ہونا - موٹا ہونا -
چرپرا - (چَر - پ - را) (ہ صفت) تیز - تند - گرم - مسالے دار -
چرپرانا - (چَر - پ - را - نا) (ہ - مص) مرچیں لگنا -
چرپراہٹ - (چَر - پ - را - ہٹ) (ہ - اِ - مونث) - (۱) تندی - تیزی - مرچوں کا لگنا (۲) سوزش - جلن -
چرتر - (چ - ر - تر) (س - ا - مذکر) چھل - چال بازی - عورتوں کا مکر فریب -
چُرٹ - (انگ - ا - مذکر) سگار -
چرچ (CHURCH) (انگ - ا - مذکر) گرجا - کلیسا - عیسائیوں کی عبادت گاہ -
چرچ آف انگلینڈ برطانیہ کا کلیسا جو پوپ کے اقتدار کا منکر ہے -
چرچا - (چَر - چا) (ہ - ا - مذکر) (۱) تذکرہ - شہرت (۲) گفتگو مشورہ - (۳) بحث مباحثہ -
چرچا پھیلنا - کسی بات کا مشہور ہونا -
چرچا کرنا ذکر کرنا -
چرچا ہونا (۱) افواہ اڑنا - شہرت ہونا (۲) بُرائی کے ساتھ ذکر ہونا -
چرچرانا - (چَر - چ - را - نا) (ہ - مص) لکڑی کا ٹوٹنا - (۲) جلن کرنا -
چرچراہٹ - (چَر - چ - را - ہٹ) (ہ - ا - مونث) - چرچرانے کا فعل -
چرخ - (ف - ا - مذکر) (۱) کنوئیں یا پن چکی کا پہیا (۲) کمہار کا چاک - (۳) خراد (۴) آسمان (۵) گردش (۶) گردش کرنے والی چیز (۷) وہ آلہ جس پر ظروف کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں (۸) ایک سفید رنگ کا باز (۹) لکڑ بگڑ -
چرخ بے پیر - اپنی بدنصیبی کا باعث آسمان کو خیال کرتے ہیں اس لیے بے پیر کا لفظ تحقیراً اضافہ ہے -
چرخ پیر - بوڑھا آسمان -
چرخ چلنا - کنواں چلنا -
چرخ دوّار - پھرنے والا آسمان -
چرخ دولابی - آسمان -
چرخ زبریں - چوتھا آسمان جہاں حضرت عیسٰی کا قیام ہے اور جس پر سورج ہے -
چرخ فلک - عرش -
چرخ کبود - نیلا آسمان -
چرخ کھانا - (۱) چکر کھانا - (۲) دھات کا پگھل جانا -
چرخ ہنڈولا - ایک آلہ جس پر بچوں کو بٹھا کر چکر دیتے ہیں -
چرخاب - (چَر - خاب) (ف - ا - مونث) ایک قسم کی پن چکی جس سے بجلی پیدا کی جاتی ہے -
گرداب -

چرخہ (چَر - خہ) (ف - ا - مذکر) (۱) سوت کاتنے کا آلہ - (۲) (صفت) پرانی چیز (۳) کمزور - بوڑھا -
چرخہ پونی (مونث) (۱) چرخہ اور اس کے کاتنے کا سامان (۲) عورت کا ہنر -
چرخہ پونی کرنا - چرخہ کات کر گزارا کرنا - چرخہ کاتنا
چرخہ کاتنا - (۱) چرخے پر تاگا بنانا (۲) چرخہ چلانے کا کام کرنا
چرخہ ہو جانا - ضعیف ہو جانا - نحیف ہو جانا -
چرخے کی مال - (۱) ڈورا جو چرخے پر رہتا ہے (۲) در بدر پھرنے والا - (۳) دبلا - کمزور -
چرخی - (چَر - خی) (ف - ا - مونث) (۱) روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ (۲) ایک قسم کی آتشبازی (۳) پانی کھینچنے کا پہیا (۴) پھرکی (۵) ڈوریا یا دلہ لپیٹنے کا اوزار -
چرس - (چ - رَس) (ہ - ا - مذکر) (۱) چمڑے کا بڑا ڈول (۲) ایک نشہ آور چیز جسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں -
چرسا - (چَر - سا) (ہ - ا - مذکر) (۱) بیل یا بھینسے کا چمڑہ - (۲) ادھوڑی -
چرسا بھر زمین - تھوڑی سی زمین - اتنی زمین جس پر بیل کا چمڑہ آسکے -
چرسی - (چَر - سی) (ہ صفت - وا - مذکر) چرس کا نشہ کرنے والا -
چرغ - (ف - ا - مذکر) (۱) لگڑ بگڑ - تیندوا (۲) شکرے یا باز کی مانند ایک شکاری پرندہ -
چرغہ - (چَر - غہ) (اُ - ا - مذکر) کوئلے پر سینکا ہوا مرغ مسلّم -
چرک - (ف - ا - مذکر) - (۱) غلاظت (۲) پیپ (۳) زنگ -
چرکا - (چَر - کا) (ہ - ا - مذکر) (۱) ہلکا سا زخم (۲) نقصان - (۳) گرم لوہے سے داغ دینا -
چرکا دینا ، لگانا - (۱) زخم لگانا (۲) داغ دینا (۳) نقصان پہنچانا -
چرکا کھانا (۱) زخم کھانا (۲) نقصان اٹھانا -
چرکٹا - (چَر - کَ - ٹا) (ہ - ا - مذکر) ہاتھی کا چارہ لانے والا - (۲) کمینہ -
چرکنا - (چ - رَک - نا) - (ہ - مص) تھوڑا سا ہگنا -
چرکین (چِر - کین) (ف صفت) میلا - گندہ - غلیظ -
چرم - (ف - ا - مذکر) چمڑہ - کھال - پوست - ادھوڑی -
چرمراہٹ - (چَر - م - را - ہٹ) (ہ - ا - مونث) - جلن - سوزش - تپک -
چرمی - (چَر - می) (ف - صفت) کھال کا - چمڑے کا -
چرمینہ (چَر - می - نہ) (ف - صفت) کھال کا بنا ہوا - چرمی -
چرمینہ دوز - موچی -
چرمینہ فروش - سوداگر چرم -
چرن - (چ - رَن) (س - ا - مذکر) (۱) پاؤں - قدم (۲) پاپوش - (۳) ستون (۴) منزل - مرحلہ -
چرن لینا - (۱) پاؤں چھونا (۲) پاؤں پڑنا -
چرنوں میں ہونا - خدمت میں رہنا -
چرنا - (چَر - نا) (ہ - مص) (۱) جانوروں کا گھاس کھانا - چگنا - (۲) (مذکر) اُونچا پاجامہ جو نوکروں یا ملازموں کو پہناتے ہیں - گھٹنا -

Marfat.com

چرنا۔ (چر۔نا) (ہ۔مص) دو ٹکڑے ہو جانا (لکڑی یا کپڑے کا)
چرند۔ چرندہ۔ (چَ۔رَنْد۔ چَ۔رَن۔دَہ) (ف۔ا۔مذکر) چرنے والا جانور۔ بفتح دوم نیز بکسر دوم۔
چُرنے۔ (ہ۔ا۔مذکر) بچوں کے معدے میں جو کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔
چُرنے لگنا۔ (۱) مقعد میں کیڑوں کا رینگنا (۲) ناگوار گزرنا۔
چَروانا۔ (چَر۔وا۔نا) مویشیوں کو چرائی پر بھیجنا۔
چِروانا۔ (چِر۔وا۔نا) (ہ۔مص) لکڑیاں دو ٹکڑے کروانا۔
چرواہا۔ (چَر۔وا۔ہا) (ہ۔ا۔مذکر) مویشی چرانے والا۔
چرواہی۔ (چَر۔وا۔ہی) (ہ۔ا۔مونث)۔ چرواہا کی تانیث۔
چَروائی۔ (چَر۔وا۔ای) (ہ۔ا۔مونث) مویشی چرانے کی اُجرت۔
چِروائی۔ (چِر۔وا۔ای) (ہ۔ا۔مونث) لکڑی چروانے کی مزدوری۔
چرونجی۔ (چ۔رون۔جی) (ہ۔ا۔مونث) ایک درخت اور اس کا پھل۔
چری۔ (چَ۔ری) (ہ۔ا۔مونث) (۱) باجرا۔ مکی۔ جوار کے ہرے پودے جو جانوروں کو کتر کر کھلائے جاتے ہیں۔ (۲) جانوروں کا گھاس کھانا۔

## چ ۔ ڑ

چڑ۔ چڑھ۔ (ہ۔ا۔مونث) ناگوار بات یا کوئی ایسی چیز جس کا سننا اور دیکھنا ناگوار ہو۔
چڑ نکالنا۔ چھیڑ نکالنا۔ غصّہ دلانا۔
چڑا (چ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) چڑیا کا مذکر۔
چڑانا۔ (چ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) دق کرنا۔ غصّہ دلانا۔
چڑچڑا (چڑ۔چ۔ڑا) (ہ۔صفت) زود رنج۔ وہ آدمی جس کا مزاج بیماری مفلسی وغیرہ سے بگڑا ہوا ہو
چڑچڑاپن (مذکر) چڑچڑاہٹ۔ بدمزاجی۔
چڑچڑاہٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) غصیلاپن۔ بدمزاجی
چڑچڑی۔ (ہ۔صفت) چڑچڑا کی تانیث
چڑنا۔ (چڑ۔نا) (ہ۔مص) خفا ہونا طیش میں آنا۔
چڑھ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) اونچائی۔ بلندی۔ (۲) حملہ (۳) چڑھنا کا امر۔
چڑھ آنا۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔
چڑھ بیٹھنا۔ (۱) سوار ہو جانا۔ (۲) قابو پا جانا۔
چڑھ جا بیٹا سولی، رام بھلی کرے گا۔ جو دوسروں کو غلط راستے پر چلائے اس کے متعلق کہتے ہیں۔
چڑھ جانا۔ (۱) حملہ کرنا (۲) سوار ہو جانا (۳) رعب دینا۔
چڑھ چڑھ کے بولنا۔ زور سے بولنا۔
چڑھ دوڑنا۔ فوراً جانا۔ حملہ کرنا۔
چڑھا جانا۔ (ہ۔مص) سب پی جانا۔

چڑھا دینا۔ (ہ۔مص) (۱) مغرور کر دینا۔ عزت دینا (۲) لگا دینا۔ (۳) گراں کرنا (۴) سوار کر دینا۔
چڑھا لانا۔ (ہ۔مص) فوج یا بہت سے آدمی لے کر آنا۔
چڑھا لینا۔ (ہ۔مص) سارا پی لینا۔
چڑھانا۔ (ہ۔مص) (۱) نیچے سے اُوپر لے جانا (۲) تعریف میں مبالغہ کرنا (۳) پی جانا (۴) سوار کرنا (۵) کسی بزرگ کے مزار پر رکھنا (۶) لگانا۔ جڑنا۔
چڑھاوا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) نذر۔ نیاز (۲) بری کا زیور۔ کپڑا۔
چڑھا ہُوا ہونا۔ (ہ۔مص) (۱) اونچا ہونا (۲) جھنگا ہونا۔ (۳) دریا میں پانی کا زیادہ ہونا (۴) آسیب ہونا۔
چڑھاؤ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چڑھاوا (۲) قیمت کی زیادتی (۳) عروج (۴) طغیانی (۵) بیشی (۶) دریا کے اوپر کی طرف۔ (۷) حملہ۔
چڑھاؤ اتار۔ (۱) مدوجزر (۲) ترقی و تنزل۔ (۳) زیر و بم۔
چڑھائی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) بلندی۔ (۲) حملہ۔
چڑھتا۔ (ہ۔صفت) بڑھتا ہوا جوش پر آتا ہوا۔
چڑھتا بھاؤ۔ (مذکر) قیمت کی زیادتی۔ گرانی۔
چڑھتے چاند۔ (۱) مہینے کا شروع۔ (۲) اگلے مہینے کے شروع میں۔
چڑھتی۔ (ہ۔صفت) چڑھتا کی تانیث۔ (۱) زیادتی (۲) برتری (۳) فائدہ۔
چڑھتی جوانی۔ جوانی کی ابتدا۔
چڑھنا۔ (ہ۔مص) (۱) نیچے سے اُوپر جانا (۲) سوار ہونا۔ (۳) بڑھنا (۴) حملہ کرنا (۵) ترقی کرنا (۶) گراں ہونا۔ (۷) طغیانی ہونا (۸) سانس پھولنا۔
چڑھیت۔ (چ۔ڑھیت) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چڑھنے والا۔ (۲) وہ سوار جو گھوڑے کا مالک نہ ہو
چڑی (چ۔ڑی) (ہ۔ا۔مونث) چڑیا۔
چڑی مار۔ (مذکر) صیاد۔ پرندے پکڑنے والا۔
چڑیا۔ (چڑ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) چڑے کی مادہ۔ پرندہ۔ (۲) چوبغلا (۳) آزاربند ڈالنے کی جگہ (۴) انگیا کی کٹوریوں کے درمیان کی سلائی (۵) بیڈمنٹن کی گیند۔
چڑیا کا دودھ۔ ناممکن بات۔ عنقا چیز۔
چڑیا گھر (مذکر) جہاں قسم قسم کے جانور ہوں۔
چڑیل۔ (چ۔ڑیل) (ہ۔ا۔مونث) (۱) بھتنی۔ ڈائن (۲) (مجازاً) لڑاکا عورت (۳) گندی یا بدصورت عورت

## چ ۔ س

چُسانا (ہ۔مص) پلانا۔ کسی چیز کا رس زبان یا ہونٹوں سے چسوانا۔
چسپاں۔ (چَس۔پاں) (ف۔صفت) (۱) چپکا ہوا۔ (۲) موزوں۔ ٹھیک۔

Marfat.com

چسپاں کرنا ۔ لگانا ۔ چپکانا ۔ موزوں کرنا ۔
چسپیدگی ۔ (چس ۔ پی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مونث) چپکنا چپک ۔
چسپیدہ ۔ (چس ۔ پی ۔ دَہ) (ف ۔ صفت) چپکا ہوا ۔ چمٹا ہوا ۔
چُست ۔ (ف ۔ صفت) (۱) پھرتیلا ۔ چالاک (۲) تنگ (۳) موزوں ۔ (۴) مضبوط ۔
چست و چالاک ۔ تندرست اور ہوشیار ۔
چُستہ ۔ (چُس ۔ تَہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) جما ہوا دُودھ (۲) بڑی آنت کا آخری تیسرا حصّہ ۔
چُستی (چُس ۔ تی) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) پھُرتی ۔ چالاکی ۔ (۲) دلیری ۔
چسٹر ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذکر) بڑا کوٹ جو سردیوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (CHESTER)
چسک ۔ (چ ۔ سَک) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) ٹیس (۲) گوٹا کناری کی باریک تحریر جو کوٹ کے پیچھے ٹانکتے ہیں ۔
چسکا ۔ (چس ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) زبان کا مزہ ۔ چاٹ ۔ (۲) خواہش (۳) عادت ۔ لت ۔
چسکنا ۔ (چ ۔ سَک ۔ نا) (ہ ۔ مص) میٹھا میٹھا درد ہونا ۔
چسکی ۔ (چس ۔ کی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) گھونٹ (۲) گھلی ہوئی افیون کا گھونٹ ۔
چسکی لگانا ۔ افیون پینا ۔
چُسنا ۔ (چُس ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) چُوسا جانا (۲) طاقت ضائع ہونا (۳) (ا ۔ مذکر) بچوں کا چوسنے کا کھلونا ۔
چُسنی ۔ (چُس ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چُوسنی ۔ بچوں کے چوسنے کا کھلونا ۔
چُسوانا ۔ (چُس ۔ وا ۔ نا) (ہ ۔ مص) چُسانا ۔

## چ - ش

چشتی (چش ۔ تی) (ف ۔ صفت) (۱) چشت کا باشندہ ۔ (۲) صوفیا کا ایک مشہور سلسلہ جو خواجہ معین الدین چشتی سے چلتا ہے ۔
چشم ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) آنکھ (۲) آس ۔ امید ۔
چشم بد دُور ۔ (دعا) نظر بد دُور ہو ۔ نظر نہ لگے ۔
چشم براہ ۔ منتظر ۔ نگراں ۔
چشم بیمار ۔ اَدھ کھلی آنکھ ۔ خمار آلودہ آنکھ ۔
چشم بینا ۔ دیکھنے والی آنکھ ۔ تیز فہم ۔ تیز نظر ۔
چشم پُر آب ۔ چشم پُرنم ۔ روتی ہوئی آنکھ ۔
چشم پوشی ۔ (مونث) دیکھ کر ٹال جانا ۔ درگزر کرنا ۔
چشم تر ۔ رونے والی آنکھ ۔
چشم داشت ۔ امید ۔ آس ۔ توقع ۔
چشم زخم ۔ بُری نظر کا اثر ۔ آزار نظر بد ۔
چشم زدن میں ۔ بہت جلد ۔ فوراً ۔
چشم ما روشن ۔ دل ما شاد ۔ بسر و چشم ۔ آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک ۔ اظہار خوشنودی ۔
چشم نمائی (مونث) تنبیہ ۔ جھڑکی ۔ سرزنش ۔ ملامت ۔
چشم نیم باز ۔ چشم نیم خواب ۔ ادھ کھلی یا شرمیلی آنکھ ۔
چشم و ابرو ۔ اشارے ۔ انداز ۔
چشم و ابرو سے جان لینا ۔ اشارے سے پہچان لینا ۔
چشم و چراغ ۔ عزیز ۔ پیارا ۔ فرزند ۔
چشمک ۔ (چش ۔ مک) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) آنکھ کا اشارہ ۔ (۲) رنجش ۔ مخالفت ۔
چشمک زنی ۔ طعنہ زنی کرنا ۔ طنز کرنا ۔
چشمہ ۔ (چش ۔ مہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پانی کا سوتا (۲) عینک ۔
چشمۂ آفتاب ۔ سورج ۔
چشمۂ حیواں ۔ چشمۂ خضر ۔ آب حیات کا روایتی چشمہ ۔
چشمہ زار ۔ چشمہ سار ۔ جس علاقے میں چشمے بہت ہوں ۔
چشمۂ سلسبیل ۔ بہشت میں ایک نہر ۔
چشیدہ ۔ (چ ۔ شی ۔ دَہ) (ف ۔ صفت) (۱) چکھا ہوا ۔ (۲) تجربہ کار ۔

## چ - غ

چُغا ۔ (ت ۔ ا ۔ مذکر) عبا ۔ جبہ ۔ چوغہ ۔
چغتائی ۔ (چغ ۔ تا ۔ ای) (ف ۔ صفت) (۱) چغتا سے منسوب جو چنگیز خاں کا بیٹا تھا ۔ (۲) چغتا کی اولاد میں سے خاندان مغلیہ سے ذی بارن ہے جو کا نام مشہور ہے ۔
چُغد ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) اُلّو ۔ اُلو کی ایک چھوٹی قسم ۔
چغد بول جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔
چُغل (چُ ۔ غل) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پیٹھ پیچھے کسی کی بد گوئی کرنے والا (۲) وہ کنکر جسے چلم میں تمباکو کے نیچے رکھتے ہیں ۔
چغل خور ۔ غیبت کرنے والا ۔
چغل خوری (مونث) غیبت ۔ لُترپن ۔
چُغلی ۔ (چُغ ۔ لی) (ف ۔ ا ۔ مونث) غیبت ۔ کسی کی برائی کرنا ۔
چغلی کھانا ۔ غمازی کرنا ۔ غیبت کرنا ۔ بُرائی کرنا ۔

## چ - ف

چفتی ۔ (چف ۔ تی) (ف ۔ ا ۔ مونث) چپٹی لکڑی جس سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں ۔

## چ - ق

چق (ت ۔ ا ۔ مونث) چلمن ۔ بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں

Marfat.com

کا پردہ ۔
**چق ماق ۔ چق مق** ۔ (ت ۔ ا ۔ مذکر و مونث) ایک پتھر جس سے آگ نکلتی ہے ۔
**چق ماق جھاڑنا** ۔ چق ماق سے آگ نکالنا ۔
**چقندر** ۔ (چ ۔ قن ۔ دَر) (ت ۔ ا ۔ مذکر) ایک ترکاری ۔

# چ ۔ ک

**چک** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) اراضی ۔ قطعہ زمین (۲) زمین کا جھگڑا (۳) پھیر ۔ جماؤ ۔
**چک برار** ۔ لگان وصول کرنے والا ۔
**چک بست** ۔ (۱) چکوں میں تقسیم شدہ ریاست (۲) چک کا مالک ۔
**چک بندھنا** ۔ (۱) کسی چیز کا زیادہ ہونا (۲) پھیر پڑنا ۔
**چک بندی** (مونث) اراضی کی حد بندی ۔
**چک ٹکڑا** ۔ (مذکر) زمین کا ایک خاص حصّہ ۔
**چک نامہ** ۔ (مذکر) ایک دستاویز جس میں اراضی کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست ہوتی ہے ۔
**چک** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) جھٹکا (۲) چلمن (۳) کمر کا درد (۴) قصاب ۔
**چک آنا** ۔ کمر میں جھٹکا آنا ۔
**چکا** ۔ (چک ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پتھروں وغیرہ کی ناپ کے لیے گول یا چوکور ڈھیر (۲) جما ہوا ۔ منجمد ۔
**چکا دہی** ۔ جما ہوا دہی ۔
**چکا (چوندھ) چوندھی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) آنکھ کا روشنی کے باعث جھپکنا (۲) تعجب ۔ حیرت ۔
**چکا چوندھ (آنا) لگنا** ۔ چندھیا جانا ۔
**چکارا** ۔ (چ ۔ کا ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا چھوٹا ہرن (۲) چھوٹی سارنگی ۔
**چکاری** ۔ (چ ۔ کا ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چاکری (۲) چوری کا ایک عمل ۔
**چکاں** ۔ (ف ۔ صفت) مصدر چکیدن کا اسم فاعل بمعنی گرانے والا ۔ چھڑکنے والا ۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے ۔ جیسے خوں چکاں ۔
**چکانا** ۔ (ہ ۔ مص) قیمت ٹھہرانا ۔ فیصلہ کرنا ۔ بھگتانا ۔
**چکتا** ۔ (چ ۔ کت ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) گوشت کا ٹکڑا ۔ (۲) گول نشان (۳) زخم کا نشان (۴) کاٹے کا نشان ۔
**چکتا** ۔ (ہ ۔ صفت) مقرر ۔ فیصل شدہ ۔ معیّنہ ۔
**چکتا کر لینا** ۔ چکانا ۔
**چکتی** ۔ (چک ۔ تی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چمڑے کا چھوٹا گول ٹکڑا ۔ (۲) ٹکیا ۔ (۳) دنبے کی چوڑی دم ۔
**چکٹ ۔ چکٹا** ۔ (چک ۔ کٹ (چک ۔ ٹا) (ہ ۔ صفت) (۱) میلا ۔ کچیلا (۲) چکنا ۔
**چکٹ جانا** ۔ چکٹنا ۔ میلا ہونا ۔ چکناہٹ اور میل سے بھرا ہونا ۔

**چکر** ۔ (چک ۔ کر) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دائرہ ۔ حلقہ (۲) گاڑی کا پہیا ۔ (۳) کمہار کا چاک (۴) ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی پر باندھتے ہیں (۵) بھنور (۶) بگولا (۷) کولہو (۸) گول سڑک ۔ (۹) گردش (۱۰) سر کا گھومنا (۱۱) حیرت (اس چکرا) ۔
**چکر آنا** ۔ سر گھومنا ۔ غش آنا ۔
**چکر باندھنا** ۔ (۱) حلقہ باندھنا (۲) کسی چیز کو اس طرح گھمانا کہ دائرے کی شکل بن جائے ۔
**چکر دینا** ۔ (۱) پھرانا (۲) لمبے راستے سے چلانا (۳) پریشان کرنا ۔ (۴) گھوڑے کو پھیرنا ۔
**چکر کاٹنا** ۔ بار بار آنا جانا ۔ پھیرے کرنا ۔ گردش کرنا ۔
**چکر کھانا** (۱) گھومنا (۲) تیورانا (۳) گھبرا جانا ۔
**چکر لگانا** ۔ ما ۔ نا ۔ گردش کرنا ۔ گشت کرنا ۔ بار بار آنا جانا ۔
**چکر میں (آنا) ہونا** ۔ مصیبت میں پھنسنا ۔ پریشان ہونا ۔
**چکر میں ڈالنا** ۔ (۱) مصیبت میں پھنسانا (۲) حیران کرنا ۔ (۳) راستہ بھلانا ۔
**چکرا جانا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) گھبرا جانا (۲) سر کا چکر کھانا ۔
**چکرا دینا** ۔ (ہ ۔ مص) پریشان کر دینا ۔
**چکرانا** ۔ (ہ ۔ مص) (۱) گھومنا ۔ (۲) گھبرانا ۔ غش کھانا ۔
**چکلا** ۔ (چک ۔ لا) (ہ ۔ صفت) (۱) گول (۲) چوڑا (۳) (ا ۔ مذکر) وہ گول پتھر جس پر روٹی بیلتے ہیں (۴) علاقہ (۵) رنڈیوں کے رہنے کا مقام (۶) چکی کا پاٹ ۔
**چکلا بندی** ۔ (۱) حد بندی (۲) صوبے کو حصوں میں تقسیم کرنا ۔
**چکلان** ۔ (چک ۔ لان) (ہ ۔ ا ۔ مونث) چوڑائی ۔
**چکلی** ۔ (چک ۔ لی) (ہ ۔ صفت) (۱) چوڑی (۲) (ا ۔ مونث) چرخی ۔
**چکما** ۔ (چک ۔ ما) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دھوکا ۔ (۲) نقصان ۔ (۳) ایک کھیل ۔
**چکما دینا** ۔ دھوکا دینا ۔
**چکما کھانا** ۔ دھوکا کھانا ۔
**چکماک ۔ چکمک** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) دیکھیے چق ماق ۔ چق مق ۔
**چکن** ۔ (چ ۔ کن) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) کشیدہ کاری ۔ (۲) بیل بوٹوں والا کپڑا ۔
**چکن دوزی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) چکن بنانے کا کام ۔
**چکنا** ۔ (چک ۔ نا) (ہ ۔ صفت) (۱) تیل لگا ہوا (۲) چربی دار ۔ موٹا (۳) پالش کیا ہوا (۴) خوب صورت (۵) رونق دار (۶) بے حیا ۔ (۷) پھسلواں ۔
**چکنا چپڑا** ۔ (۱) تیل لگا ہوا (۲) خوش پوش (۳) بنا ٹھنا ۔
**چکنا کرنا** ۔ (۱) تیل لگانا (۲) صاف کرنا ۔
**چکنا گھڑا** ۔ بے حیا ۔ بے غیرت ۔ بے شرم ۔
**چکنا** ۔ (چک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) ختم ہونا ۔ تمام ہونا (۲) قیمت طے ہونا ۔
**چکنا چور** ۔ (ہ ۔ صفت) ٹکڑے ٹکڑے ۔ پرزے پرزے ۔
**چکناہٹ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چکنا پن (۲) صفائی ۔
**چکنائی** (ہ ۔ ا ۔ مونث) تیل ۔ گھی ۔ روغن ۔ چربی ۔
**چکنی** ۔ (چک ۔ نی) (ہ ۔ صفت) چکنا کا مونث (۱) روغنی ۔

Marfat.com

(۲) صاف ستھری ۔چمک دار۔
چکنی چپڑی باتیں۔ خوشامد یا چاپلوسی کی باتیں۔
چکنی ڈلی ۔ (مونث) ایک قسم کی چھالیہ جسے دُودھ میں پکا کر بناتے ہیں۔
چکنی مٹی۔ (مونث) ایک قسم کی مٹی جو پینے کے کام آتی ہے
چکوا ۔ (چک ۔وا) [ہ ۔ا ۔ مذکر] سُرخاب ۔ایک پرند۔
چکوتا ۔ (چ ۔کو ۔تا) [ہ ۔ا ۔ مذکر] (۱) فیصلہ ۔ (۲) بے باقی۔
چکوترا ۔ (چ ۔کو ۔ت ۔را) [ہ ۔ا ۔ مذکر] نارنج کی قسم کا ایک پھل۔
چکور ۔ (چ ۔کور) [ہ ۔ا ۔ مذکر] تیتر کے قسم کا ایک خوشنما پرند۔
چکوری ۔ (چ ۔کو ۔ری) [ہ ۔ا ۔ مونث] چکور کی مادہ۔
چکوی ۔ (چک ۔وی) [ہ ۔ا ۔ مونث] سُرخاب کی مادہ
چکھانا ۔ (چ ۔کھانا) [ہ ۔ مص] تھوڑا سا کھلا دینا۔
چکھنا ۔ (چکھ ۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) ذرا سا کھانا (۲) ذائقہ یا چاشنی دیکھنا ۔ لذت اٹھانا (۳) سزا پانا۔
چکی ۔ [ہ ۔ا ۔ مونث] (۱) ایک کھلونا ۔چسہ کی (۲) چکوا کی مادہ۔
چکیتی آڑو ۔ (مذکر) گول آڑو۔
چکی ۔ (چک ۔ کی) [ہ ۔ا ۔ مونث] (۱) آٹا پیسنے کا آلہ (۲) گھٹنے کی ہڈی (۳) بندوق کے پیچھے لگانے جانے والی لکڑی (۴) لکڑی یا دھات کا گول ٹکڑا۔
چکی پیس کر گزارہ کرنا ۔ محنت مزدوری کرکے پیٹ پالنا۔
چکی پیسنا ۔ (۱) چکی چلانا (۲) مصیبت بھگتنا ۔ (۳) کسی کام کو مدت تک کیے جانا۔
چکی ٹلنا ۔ چکی کو کھُردرا کرنا۔
چکی رہانا ۔ چکی کو کھردرا کرنا۔
چکی کا پاٹ (مذکر) چکی کا اُوپر کا ٹکڑا۔
چکیدہ ۔ (چ ۔کی ۔دہ) [ف ۔ صفت] ٹپکا ہوا مقطر۔

## چ ۔ گ

چگانا ۔ [ہ ۔ مص] پرندوں کو دانہ کھلانا۔
چگنا ۔ [ہ ۔ مص] پرندوں کا چونچ سے دانہ کھانا
چگونگی ۔ (چ ۔گو ۔ن ۔گی) [ف ۔ا ۔ مونث] (۱) کیفیت ۔ اصلیت (۲) خاصیت (۳) حقیقت۔
چگونہ ۔ (چ ۔گو ۔نہ) [ف ۔] کس طرح ۔ کس صورت یا شکل میں۔

## چ ۔ ل

چل ۔ [ہ] کلمۂ تنفر ۔ہٹ ۔ دُور ہو (۲) چلنا کا امر (۳) چل کے ساتھ بطور تابع۔
چل بسنا ۔ مر جانا۔
چل پڑنا ۔ (۱) روانہ ہونا (۲) شروع ہونا (۳) رواج ہو جانا
چل جانا ۔ (۱) پھٹ جانا (۲) بسر ہو جانا ۔گزر جانا۔
چل پیچ ۔ چل پیچھے ۔ہٹ ۔ دُور ہو ۔ چلا جا۔
چل چلاؤ ۔ (مذکر) سفر ۔ کوچ ۔ آخری وقت۔
چل دینا ۔ (۱) بھاگ جانا (۲) فوت ہو جانا۔
چل کھڑا ہونا ۔ روانہ ہونا
چل نکلنا ۔ (۱) حد سے بڑھنا (۲) اِترا جانا ۔ (۳) روانہ ہو جانا۔
چُل ۔ [ہ ۔ا ۔ مونث] (۱) کھجلی (۲) بے قراری ۔ بے چینی۔
چل اٹھنا ۔ کھجلی ہونا۔
چل مٹانا ۔ خارش دُور کرنا
چلا جانا ۔ [ہ ۔ مص] (۱) روانہ ہونا (۲) جاری رہنا ۔ (۳) دیر تک رہنا۔
چلا چلی ۔ [ہ ۔ا ۔ مونث] (۱) چل چل (۲) سفر کی تیاری۔
چلانا ۔ (چ ۔لا ۔نا) [ہ ۔ مص] (۱) ہانکنا ۔ روانہ کرنا (۲) جاری کرنا (۳) کاروبار کرنا (۴) حرکت دینا (۵) استعمال کرنا۔
چلّانا [چل ۔لا ۔نا] (۱) چیخنا (۲) رونا (۳) غصہ کرنا۔
چلاؤ ۔ (چ ۔لا ۔ؤ) [ف ۔ا ۔ مذکر] بے گوشت کا پلاؤ ۔ نمکین خشکہ۔
چلاہٹ ۔ (چل ۔لا ۔ہٹ) [ہ ۔ا ۔ مونث] چیخ ۔پکار ۔ فریاد
چلبلا ۔ (چل ۔ب ۔لا) [ہ ۔ صفت] نچلا نہ رہنے والا ۔ شوخ ۔ چالاک۔
چلبلا پن یا چلبلاہٹ (مونث) شوخی ۔ چنچل پن۔
چلبلانا ۔ [ہ ۔ مص] بے چین ہونا ۔ شوخی کرنا۔
چلبلی ۔ [ہ ۔ صفت] چلبلا کی تانیث۔
چلپاسہ ۔ (چل ۔پا ۔سہ) [ف ۔ا ۔ مونث] چھپکلی۔
چلتا ۔ (چل ۔تا) [ہ ۔ صفت] (۱) بہتا ہوا (۲) مروّج (۳) چالاک (۴) بھاگتا ہوا (۵) کارگر ۔ پُر اثر۔
چلتا بننا ۔ چلتا ہونا ۔ بھاگ جانا۔
چلتا پُرزہ ۔ چالاک اور مستعد آدمی۔
چلتا کرنا ۔ (۱) روانہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) کارروائی کے قابل کرنا ۔ (۴) کسی کا کام نکال دینا (۵) تیز کرنا۔
چلتا ہوا (۱) کارگر ۔ پُر اثر (۲) چالاک ۔ ہوشیار (۳) چلتا ہونا کا ماضی۔
چلتا ہونا ۔ (۱) کھسک جانا ۔ بھاگ جانا ۔ (۲) رائج ہونا ۔ (۳) جاری ہونا۔
چلتے بیل کے آر لگانا ۔ کام کرنے والے کو روکنا ۔ ناحق کسی کو تنگ کرنا۔
چلتے پھرتے نظر آؤ ۔ رخصت ہو جاؤ ۔ رفوچکر ہو جاؤ
چلتے چلتے ۔ روانہ ہوتے وقت ۔ دوران سفر میں۔
چلتے ہاتھ ۔ جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے ۔ جب تک قابو حاصل ہے۔

Marfat.com

**چلت پھرت** (چ۔لت۔پھ۔رت) [ہ۔ا۔مونث] (۱) پھرتی۔ چالاکی۔ (۲) رفتار۔ گردش۔ حرکت
**چلتر** ۔ [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے چرتر۔
**چلتہ** ۔ (چل۔تہ) [ف۔ا۔مذکر] زرہ بکتر۔
**چلتی** ۔ (چل۔تی) [ہ۔صفت] (۱) چلنے والی۔ (۲) چالاک عورت
**چلتی پھرتی چھاؤں** ۔ مونث۔ جلد ختم یا گزر نے والی چیز۔
**چلتی کا نام گاڑی ہے** ۔ (مثل)۔ جب تک کام بنا رہے اس وقت تک نام بنا رہتا ہے۔
**چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا** ۔ ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔
**چلتی ہوا سے لڑنا** ۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا۔
**چلتی ہوئی بات** ۔ مونث۔ وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے
**چل چلاتی** ۔ (چل۔چ۔لا۔تی) [ہ۔صفت] نہایت گرم۔ جلانے والی۔
**چلچلاتی دھوپ** ۔ مونث۔ سخت تیز دھوپ۔
**چلچلانا** ۔ (چل۔چ۔لا۔نا) [ہ۔فعل] جھلانا
**چل چلاؤ** ۔ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) روا روی (۲) سفر۔ کوچ۔
**چلغوزہ** ۔ (چل۔غو۔زہ) [ف۔ا۔مذکر] ایک قسم کا خشک میوہ۔ صنوبر کا پھل۔
**چلم** ۔ (چ۔لم) [ہ۔ا۔مونث] آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقے پر رکھ کر دم لگاتے ہیں۔
**چلم بردار** ۔ حقہ پلانے والا ملازم۔
**چلم بھرنا** ۔ (۱) چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا (۲) گھٹیا خدمت کرنا
**چلم پینا** ۔ (۱) حقہ پینا۔ (۲) گانجا یا چرس پینا۔
**چلمچی** ۔ (چ۔لم۔چی) [ت۔ا۔مونث] ہاتھ منہ دھونے کا برتن۔
**چلمن** ۔ (چل۔من) [ہ۔ا۔مونث] چق۔ تیلیوں کا بنا پردہ۔
**چلمن چھوڑنا** ۔ چلمن کا پردہ ڈالنا۔
**چلن** ۔ (چ۔لن) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) چال۔ وضع (۲) رسم رواج (۳) عادت (۴) اطاعت شعاری۔
**چلن بگڑنا** ۔ عادت و اطوار خراب ہونا۔
**چلن سیکھنا** ۔ دوسرے کی وضع اختیار کرنا۔
**چلن ہونا** ۔ رواج ہونا۔
**چلنا** ۔ (چل۔نا) [ہ۔فعل] (۱) حرکت کرنا (۲) روانہ ہونا (۳) رواج پانا (۴) جاری ہونا (۵) مسکنا (۶) نشہ ہونا (۷) ... (۸) لڑائی ہونا (۹) آگے بڑھنا (۱۰) بندوق یا توپ چھٹنا (۱۱) کارگر ہونا (۱۲) رواں ہونا۔
**چلنی** ۔ (چل۔نی) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے چھلنی۔
**چلو** ۔ (چل۔لو) [ہ۔ا۔مذکر] ہاتھ کی اس طرح کی مٹھی جس میں پانی یا کوئی اور پتلی چیز لی جاسکے۔
**چلو بھر** ۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
**چلو بھر پانی میں ڈوب مر** ۔ غیرت دلانے کا کلمہ۔
**چلوؤں لہو بڑھنا** ۔ بہت خوش ہونا۔
**چلوؤں لہو خشک ہونا** ۔ بہت رنج ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔
**چلوانا** (چل۔وا۔نا) [ہ۔فعل] چلنا کا متعدی المتعدی۔
**چلوانا** ۔ (چل۔وا۔نا) [ہ۔فعل] چلانا کا متعدی۔
**چلہ** ۔ (چل۔لہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) کمان کی تانت (۲) چالیس دن کا عرصہ (۳) چالیس روز کا عمل (۴) وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو۔ (۵) زچہ کا چالیسواں دن نہانا۔
**چلہ کھینچنا (کاٹنا۔ کھینچنا)** چالیس دن کسی گوشہ میں بیٹھ کر عمل یا وظیفہ پڑھنا۔
**چلہ چڑھانا** ۔ تانت کو کمان کے اوپر لگانا۔ تیر کو تانت میں لگانا۔
**چلے کی سردی** ۔ مونث۔ سخت سردی۔ پوس ماگھ کی سردی
**چلیپا** ۔ (چ۔لی۔پا) [ف۔ا۔مونث] (۱) صلیب (۲) سولی۔ (صفت) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔

## چ - م

**چم** ۔ [ہ۔ا۔مذکر] چام کا مخفف۔ چمڑا۔
**چمار** ۔ (چ۔مار) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) موچی (۲) جوتیاں سینے یا کام کرنے والا۔
**چمارن۔ چماری** ۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) چمار کی بیوی (۲) چمار برادری کی عورت۔
**چمبک** ۔ (چم۔بک) [س۔ا۔مذکر] مقناطیس۔ آہن ربا۔
**چمپا** ۔ (چم۔پا) [ہ۔ا۔مونث] ایک قسم کا درخت جس کا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔
**چمپاکلی** ۔ مونث۔ گلے کا ایک زیور۔
**چمپت** ۔ (چم۔پت) [ہ۔صفت] غائب۔
**چمپت ہونا** ۔ رخصت ہونا۔ چل چلا جانا۔
**چمپئی** ۔ (چم۔پ۔ئی) [ہ۔صفت] سونے یا چمپے کی سی رنگت کا۔
**چمپینزی** ۔ (انگریزی CHIMPANZEE) (چم۔پین۔زی) [ا۔مذکر] (۱) بندر (۲) افریقہ کا لنگور جو انسان کے مشابہ ہوتا ہے
**چمٹا** ۔ (چم۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] دست پناہ۔ آگ پکڑنے کا آلہ
**چمٹانا** ۔ [ہ۔فعل] (۱) چپکانا (۲) لپٹانا۔ گلے سے لگانا۔
**چمٹنا** ۔ (چ۔مٹ۔نا) [ہ۔فعل] (۱) چپکنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) لپٹنا۔
**چمٹی** ۔ (چم۔ٹی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) چھوٹا چمٹا (۲) چٹکی چٹکی لینا۔ چٹکی کاٹنا۔
**چمچ** ۔ (چ۔مچ) [ہ۔ا۔مونث] (۱) بڑی ڈنڈی والی ایک قسم کا چمچہ یا (۲) [ف۔ا۔مذکر] چمچہ۔
**چمچا** ۔ (چم۔چا) [ہ۔صفت] چمچی کی طرح نرم ہونے والا۔ چمچہ کا تعلق رکھنے والا۔
**چمچمانا** (چم۔چ۔ما۔نا) [ہ۔فعل] چمکنا
**چمچماہٹ** ۔ [ہ۔ا۔مونث] چمک۔
**چمچہ** ۔ (چم۔چہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) پتلی چیز پینے کا آلہ (۲) ڈوئی۔

Marfat.com

چمچی - (چَم-چی) (ہ-ا-مونث) چھوٹا چمچہ - کتھا چونا لگانے کا چھوٹا سا آلہ -
چمرخ - (چَم-رُخ) (اُر-ا-مونث) (۱) چمڑے یا مونجھ کی پتلی سی چیز جس کے اندر تکلا پھرتا ہے (۲) (صفت) دبلا - پتلا - کمزور -
چمڑا - (چَم-ڑا) (ہ-ا-مذکر) کھال - پوست - جلد
چمڑی - (چَم-ڑی) (ہ-ا-مونث) چمڑا کی تصغیر - کھال - پوست -
چمڑی جائے دمڑی نہ جائے - (مثل) اس بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو جان دیدے مگر پیسہ خرچ نہ کرے -
چمک - (چَ-مک) (ہ-ا-مونث) (۱) روشنی (۲) ترقی کرتا ہوا درد -
چمک اٹھنا - (۱) غصہ ہو جانا - جوش میں آجانا (۲) درد اٹھنا (۳) روشن ہو جانا -
چمک دار - چمکیلا - درخشاں - جگمگاتا -
چمک دمک (مونث) جھلک - آرائش - زیب و زینت - تابش -
چمکار - (چُم-کار) (ہ-ا-مذکر) پیار - دلاسا -
چمکارنا - (چُم-کار-نا) (ہ-مص) پیار کرنا - دلاسا دینا -
چمکانا - (چَم-کا-نا) (ہ-مص) (۱) صیقل کرنا (۲) بھڑکانا (۳) گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا -
چمکنا - (چَ-مک-نا) (ہ-مص) (۱) روشنی دینا (۲) نام پانا - رونق پانا (۳) بھڑکنا - ڈرنا (۴) خوب بکری -
چمکوانا - (چَ-مک-وا-نا) (ہ-مص) صیقل کرنا - آب دلانا
چمکی - (چَم-کی) (ہ-ا-مونث) (۱) چھوٹا مقیش (۲) وہ ستارے جو سلمے اور تیج بت پر دوکا ٹانکے جاتے ہیں -
چمکیلا - (چَم-کی-لا) (ہ-صفت) چمک دار - چمکتا ہوا -
چمکیلی - (چَم-کی-لی) (ہ-صفت) چمکیلا کی تانیث -
چمگادڑ - چمگیدڑ - (چَم-گا-دَڑ) (چَم-گی-دَڑ) (ہ-ا-مونث) ایک پرند جو دن بھر چھتوں یا درختوں کی شاخوں میں الٹا لٹکا رہتا ہے اور رات کو اڑتا ہے - شپرہ -
چمن - (چَ-مَن) (ف-ا-مذکر) وہ جگہ جہاں سبزہ اور پھول وغیرہ بوئیں - گلزار - پھلواری -
چمن آرا - چمن بند - چمن پیرا - چمن طراز - باغبان -
چمن بندی (مونث) - باغ لگانا -
چمن زار - چمنستان - (مذکر) پھولوں کا قطعہ - پھلواری - گلزار -
چمنی - (CHIMNEY) (چِم-نی) (انگ-ا-مونث) دھات یا شیشے کی لمبی نالی - دودکش -
چمیلی - (چَ-مے-لی) (ہ-ا-مونث) دیکھیے چنبیلی -

## چ - ن

چنا - (چَ-نا) (ہ-ا-مذکر) نخود - بونٹ - اناج -
چنار - (چَ-نار) (ف-ا-مذکر) ایک بے ثمر درخت جس کی پتیاں انسان کے پنجہ کے مشابہ ہوتی ہیں -
چناں چنیں - چنان و چنین (ف) (۱) ایسا ویسا - اس طرح اس طرح (۲) لن ترانی (۳) نقص - عیب (۴) تکرار -
چناں چنیں کرنا - باریکیاں چھانٹنا - بحث کرنا - نقص نکالنا -
چنانچہ - (چُ-ناں-چہ) (ف) جیسا کہ - مثلاً - اس طرح - اس طور سے -
چناؤ - (چُ-نا-او) (ہ-ا-مونث) انتخاب - الکشن -
چنائی - (چُ-نا-ای) (ہ-ا-مونث) اینٹ پتھر سے دیوار اٹھانا
چنبر - (چَم-بر) (ف-ا-مذکر) (۱) سرپوش (۲) چلم کا ڈھکنا (۳) گردن کی ہنسلی -
چنبر چرخ - آسمان کا دور -
چنبک - (چَم-بک) (ہ-ا-مذکر) دیکھیے چپک -
چنبل - (چَم-بل) (اُر-ا-مذکر) (۱) بھیک کا پیالہ (۲) حقہ کا سرپوش (۳) ایک بیماری -
چنبیلی - (چَم-بے-لی) (ہ-ا-مونث) ایک خوشبودار پھول - سمن -
چنت - (چِن-نت) (ہ-ا-مونث) سلوٹ - کپڑے وغیرہ کی شکن -
چنتا - (چِن-تا) (ہ-ا-مونث) فکر - اندیشہ - ڈر -
چنچل - (چَن-چل) (ہ-صفت) نچلا نہ بیٹھنے والا - شوخ - بے چین -
چنچنا - (چِن-چ-نا) (ہ-صفت) بدمزاج - چڑچڑا -
چنچنانا - (چِن-چ-نا-نا) (ہ-مص) چیں چیں کرنا - رونا -
چنچنی - (چِن-چ-نی) (ہ-صفت) چنچنا کی تانیث -
چنچنے - (چِن-چ-نے) (ہ-ا-مذکر) وہ کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں پیدا ہو جاتے ہیں - چرنے -
چنچنے لگنا - ناگوار گزرنا - مرچیں لگنا -
چند - (ف-صفت) (۱) کچھ - قلیل - تھوڑے - کئی -
چند بار - کئی بار - کئی مرتبہ -
چند روزہ - ناپائدار - بے ثبات - فانی - عارضی -
چندا - (چَن-دا) (ہ-ا-مذکر) چاند -
چنداں - (چَن-داں) (ہ-ا-مذکر) اس قدر - زیادہ - بہت -
چنداں مضائقہ نہیں - (۱) کوئی بات نہیں - کوئی حرج نہیں - (۲) پرواہ نہیں -
چندر - (س-ا-مذکر) چاند - مہتاب -
چندر بنسی (مذکر) آریوں کے ایک خاندان کا نام جو اپنے آپ کو چاند دیوتا کی اولاد کہتا ہے -
چندرما - چاند - ماہ - ماہتاب -
چندرہار (مذکر) گلے کا ایک زیور -
چندری (چُن-دَری) (ہ-ا-مونث) دیکھیے چنری -
چندن (چَن-دَن) (س-ا-مذکر) صندل - صندل کی لکڑی
چندہ - (چَن-دَہ) (ف-ا-مذکر) وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لئے جمع کیا جائے -
چندھا - (چُن-دھا) (ہ-صفت) وہ شخص جس کی آنکھیں

Marfat.com

روشنی کی تاب نہ لا سکیں۔
چُندھی۔ (ہ۔صف) چُندھا کی تانیث۔
چندھیانا۔ (چُندھ۔یا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تیز روشنی کے باعث آنکھیں خیرہ ہو جانا۔ (۲) حیرت زدہ ہونا
چندی۔ (چن۔دی) (ہ۔ا۔مونث) چھوٹا ٹکڑا۔ پُرزہ۔
چندے۔ (چن۔دے) (ف) (۱) کچھ دیر (۲) کچھ روز۔ (۳) کچھ عرصہ۔
چندے آفتاب، چندے ماہتاب۔ حسن و جمال میں سُورج اور چاند کے برابر۔
چندیا۔ (چن۔دِ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کھوپڑی (۲) چھوٹی سی روٹی۔
چندیا پر بال نہ چھوڑنا۔ لُوٹ لُوٹ کر کھا جانا۔
چندیا کھجانا۔ سر کھجانا۔ جوتیاں کھانے کو جی چاہنا۔
چُن دینا۔ (چُن۔دے۔نا) (ہ۔مص) ترتیب دینا۔
چنڈال۔ (چن۔ڈال) (س۔ا۔مذکر) (۱) ہندوستان کا ایک کم ذات قبیلہ (۲) اس قبیلے کا ایک فرد (۳) وہ شخص جس کی ماں برہمن اور باپ شودر ہو (۴) (صف) بد ذات۔ بخیل۔
چنڈال چوکڑی (مونث) مفسدوں کا گروہ۔
چنڈالنی۔ (چن۔ڈال۔نی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) چنڈال قبیلے کی عورت (صف) کمینی۔
چنڈو (چن۔ڈو) (ہ۔ا۔مذکر) چانڈو۔ ایک قسم کا نشہ۔
چنڈو باز۔ چنڈو پینے کا عادی۔
چنڈو خانہ۔ (مذکر) چنڈو پینے کی جگہ۔
چنڈول۔ (چن۔ڈول) (ہ۔ا۔مذکر) ایک خوش آواز پرندہ۔
چنڈول۔ (چن۔ڈول) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔ (۲) مٹی کا ایک کھلونا۔
چُنری۔ (چُن۔ری) (ہ۔ا۔مونث) رنگ برنگ دوپٹہ۔
چنگ۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) ستار کی قسم کا ایک باجا (۲) ایک قسم کا کنکوا۔
چنگا۔ (ہ۔صف) اچھا۔ تندرست۔ توانا۔
چنگاری۔ (ہ۔ا۔مونث) آگ کا شرارہ۔
چنگاری (چھوڑنا) ڈالنا۔ فتنہ انگیزی کرنا۔ آگ لگانا لڑائی کرنا۔
چنگال (ف۔ا۔مذکر) دیکھیے چنگل۔
چنگل۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) آدمی یا جانور کا پنجہ (۲) مٹھی۔ ہاتھ۔
چنگل مارنا۔ پنجہ مار کر پکڑنا۔
چنگھاڑ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ہاتھی کی آواز (۲) شور و غل۔
چنگھاڑ مارنا۔ مہیب آواز نکالنا۔ ہاتھی کا چیخنا۔
چنگھاڑنا۔ (ہ۔مص) ہاتھی کا گرجنا (۲) مور کا بولنا۔
چنگی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) چٹکی بھر (۲) شہری محصول جو باہر سے مال لانے پر لگایا جاتا ہے۔ ٹیکس۔
چنگیر (ہ۔ا۔مونث) (۱) پھولوں کی ٹوکری (۲) تھال کا سرپوش (۳) روٹیاں رکھنے کا برتن۔
چُننا۔ (چُن۔نا) (ہ۔مص) (۱) انتخاب کرنا۔ چھانٹنا (۲) روزہ رکھنا (۳) سلیقہ سے رکھنا (۴) نوچنا (۵) چُگنا (۶) کپڑے میں چُنٹ ڈالنا۔
چُنندہ (چ۔نن۔دہ) (ہ۔صف) چیدہ۔ منتخب۔ چُنا ہوا۔ (چنیدہ کا بگاڑ)
چُن لینا (ہ۔مص) انتخاب کر لینا۔
چُنوانا۔ (ہ۔مص) جڑوانا۔ اکٹھا کرانا۔ سمٹوانا۔
چنور۔ (ہ۔ا۔مذکر) مورچھل۔ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اڑاتے رہیں۔
چُنی۔ (چُن۔نی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) سُرخ چھوٹا سا نگ (۲) چھوٹا دوپٹہ۔
چُنیا۔ (چُن۔یا) (ہ۔ا۔مونث) چھوٹی۔ ذراسی۔
چنیا بطخ۔ (مونث) ایک قسم کی چھوٹی بطخ۔
چنیا بیگم۔ (مونث) افیون
چنیا گوند۔ مذکر۔ ڈھاک کا گوند۔
چنیدہ۔ (چ۔نی۔دہ) (ف۔صفت) چیدہ۔ منتخب۔ چنا ہوا۔
چنیں۔ (چ۔نیں) (ف) ایسا۔ ایسی۔

## چ - و

چَو۔ (ہ۔صف) چار۔ چار (مرکبات میں مستعمل ہے)
چوبارا۔ (مذکر) مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوں۔
چوبائی (مونث) چوطرفی ہوا۔ چاروں طرف کی ہوا
چوبغلا (مذکر) چوغے یا انگرکھے کے بغل کے نیچے کا حصہ جس میں چار جوڑ ہوتے ہیں۔
چوبولا۔ چار مصرعوں کا ہندی گیت۔
چوبیس۔ چار اور بیس۔
چوپال (مونث) گاؤں کا وہ بیٹھک نما مکان جس میں لوگ بیٹھتے یا مسافر ٹھہرتے ہیں۔
چوپائی۔ چوپئی۔ (مذکر) چار مصرعوں کی نظم۔ رُباعی۔
چوپایہ (مذکر) چار پاؤں کا مویشی۔ حیوانِ مطلق۔
چوپٹ۔ چاروں دروازے کھلے ہوئے۔
چوپٹ ہونا۔ (۱) غارت ہونا۔ خراب ہونا (۲) پڑھا لکھا بھلا دینا (۳) دروازے کھل جانا۔
چوپڑ۔ (مونث) چوسر جیسی (۲) چوسر کی بساط
چوپہل۔ چار پہلو کا۔
چوپہلا۔ (مذکر) ایک قسم کا مربع ڈولا۔ محافہ جس کو کہار اٹھاتے ہیں
چوپھلا۔ چار پھل کا (گھونپا) چاقو۔
چوپہیا (۱) چار پہیوں کا (۲) چار پہیوں کی گاڑی۔
چوتارا (مذکر) (۱) چار تار کا بنا ہوا (۲) ایک قسم کا باجا۔
چوتالا۔ (مذکر) چار تال کا۔ طبلہ بجانے کا ایک طریق۔
چوتنہ۔ چار تنوں کا۔
چوتہی (مونث) ایک قسم کا سوتی بستر جس کو چار تہہ کر کے بچھاتے ہیں۔

Marfat.com

چوحدہ (مذکر) وہ نشان جو چار گاؤں کی زمین ملنے کی جگہ بنایا جاتا ہے
چوحدی - چاروں حدیں۔
چودَس (مونث) چاند کی چودھویں تاریخ۔
چودہ - چار اوپر دس۔
چودہ خانوادے - سلسلۂ صوفیا کی چودہ شاخیں جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلی ہیں۔
چودہ طبق (مذکر) سات طبقے زمین اور سات طبقے آسمان۔
چودہ طبق روشن ہو جانا - عقل اور فراست بڑھ جانا۔
چودھواں - چودہ سے نسبت رکھنے والا۔ چودھویں نمبر کا۔
چودھواں معصوم (مذکر) حضرت امام مہدی۔
چودھویں - چودہ سے نسبت رکھنے والی۔
چودھویں رات (مذکر) چاند کی وہ رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے۔
چودھویں کا چاند - (مذکر) (۱) بدر - ماہِ کامل - (۲) نہایت خوب صورت۔
چوراسی - چار اوپر اسی - (۲) جھانجن۔
چورانوے - چار اوپر نوے۔
چوراہا - سب کے سامنے - کھلم کھلا - سرِ بازار۔
چوراہے میں - سب کے سامنے - کھلم کھلا - سرِ بازار۔
چورس - (۱) ہموار - مسطح (۲) مربع - چوکور۔
چورسی - بنساریکھانوں کا ایک اوزار۔
چورنگ - ایک وار میں سے چار ٹکڑے کرنا - تلوار کا وار - تلوار کا ہاتھ۔
چوسٹھ - چار اوپر ساٹھ۔
چوسر (مذکر) (۱) چپیسی (۲) بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں۔
چوسرباز - چوسر کا کھلاڑی - نردباز۔
چوکڑی (مونث) (۱) ہرن کی قلانچ (۲) چار گھوڑوں کی بگھی۔ (۳) ایک زیور (۴) حدیبت۔
چوکڑی بھرنا - ہرن یا گھوڑے کا اُچھلنا - کودنا - قلانچیں مارنا
چوکڑی بھول جانا - سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - ہوش نہ رہنا۔
چوکس - چاروں طرف سے خبردار - چوکنا (۲) وہ شخص جو اپنے کام میں ہوشیار ہو - (۳) تول میں پورا - ٹھیک۔
چوکسی (مونث) ہوشیاری - نگہبانی - خبرداری۔
چوکنا - ہوشیار - خبردار - بیدار مغز - باخبر۔
چوکور - چوکون - چوکونا - (۱) مربع - (۲) نہایت موٹا آدمی۔
چوکھٹ (مونث) دروازہ کی چار لکڑیاں جن میں پٹ لگائے جاتے ہیں۔
چوکھٹا (مذکر) (۱) تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم (۲) دروازے کی لکڑیاں جن میں کواڑ لگاتے ہیں۔
چوکھونٹ (۱) چاروں طرف (۲) ہر طرف - ہر سمت۔
چوکھونٹا - چار گوشہ - چار پہلو - مربع۔
چوگرد - چاروں طرف۔
چوگنا - چہار چند
چوگوشیا - (مونث) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار گوشے ہوتے ہیں۔
چوگھڑا (مذکر) (۱) چار خانوں کا بکس جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں۔ (۲) ساچق کی آرائش کی تھلیاں۔
چوماس - چوماسا - (مذکر) برسات کے چار مہینے - برسات - (۲) برسات کا گیت۔
چومکھ (مونث) چار بتی کا چراغ۔
چومکھا - (۱) چار منہ کا (۲) چار بتی کا چراغ (۳) پٹے کا ہاتھ جو چاروں طرف پھرایا جاتا ہے - (۴) وہ جھگڑا باز جو اکیلا چار کو جواب دے۔
چومکھی - (۱) چومکھا کی تانیث (۲) ایک درخت کا بیج۔
چومکھی لڑنا - (۱) حریف سے چاروں طرف لڑنا (۲) کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا۔
چومنزلا - (مذکر) چار منزل کا مکان۔
چونتیس - چار اوپر تیس۔
چونسٹھ - دیکھیے چوسٹھ۔
چوہتر - چار اوپر ستر۔
چوہٹا - (مذکر) (۱) چوک (۲) وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں۔
چوہرا - چار تہوں کا۔
چو (ف) حرفِ شرط چوں کا مخفف۔
چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی - جب کعبہ ہی کفر کا مسکن بن جائے تو اسلام کہاں جائے گا - جس شخص سے زیادہ نیکی کی امید تھی وہی ناانصاف نکلا۔
چوا - (چو - وا) [ہ - ا - مذکر] (۱) گنجفہ اور تاش کا وہ پتا جس پر چار نشان ہوں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر۔
چوالیس - (چَ - وا - لیس) [ہ - صفت] چار اوپر چالیس۔
چوانا (چ - وا - نا) [ہ - مص] منہ میں ٹپکانا - نچوڑنا۔
چوب - [ف - ا - مونث] (۱) لکڑی (۲) لاٹھی - چھڑی۔
چوب چینی - (مونث) ایک خوشبودار دوا۔
چوب دار - (مذکر) نقیب - وہ نوکر جو عصا لے کر امیروں کے آگے آگے چلتا ہے۔
چوبا - [ف - ا - مذکر] (۱) میخ - کیل (۲) میٹھے چاول جن میں میوہ وغیرہ لگا کر شادی میں بھیجتے ہیں - تشکرانہ۔
چوبچہ (چو - بَچ - چہ) [ف - ا - مذکر] چھوٹا حوض - گندے پانی کا گڑھا - (چاہ بچہ کا بگاڑ)۔
چوبی - (چو - بی) [ف - صفت] لکڑی کا بنا ہوا
چوبے [ہ - ا - مذکر] (۱) چار ویدوں کا عالم - برہمن (۲) پیشوا۔
چوبیں (چو - بیں) [ف - صفت] لکڑی کا۔
چوبال - ح کے تحت دیکھیے۔
چوپان ] ہ - ا - مذکر] چرواہا - گڈریا - پاسبان۔
چوپانی ] ہ - ا - مونث] چرواہے کا کام - نگہبانی۔
چوتھ - [ہ - ا - مونث] (۱) چوتھا حصہ (۲) ہندی مہینے کی چوتھی تاریخ (۳) آمدنی کا چوتھائی جو مرہٹے بطور خراج وصول کرتے تھے۔
چوتھا - [ہ - صفت - وا - مذکر] چہارم۔

Marfat.com

چوتھے پانچویں۔ گاہ بگاہ۔ کبھی کبھی۔
چوتھائی۔ (ہ۔ا۔ مونث) چوتھا حصہ۔
چوتھی (ہ۔ا۔ مونث) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے۔
چوتھی کا جوڑا (مذکر) وہ بھاری جوڑا جو دلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔
چوتھی کھیلنا۔ چوتھی کے روز دلہن کے گھر جاکر پھولوں کی چھڑیاں، سبز ترکاریاں اور میووں کو ایک دوسرے پر پھینکنا۔
چوتھیا۔ (چَو۔ تھی۔ یا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) چوتھے روز کا بخار (۲) نمبردار۔ زمیندار۔
چوٹ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) ضرب (۲) دکھ۔ صدمہ (۳) وار۔ حملہ (۴) طعن (۵) جوڑ۔ مقابل (۶) داؤ۔ گھات (۷) نقصان۔ ضرر۔
چوٹ آنا (۱) ضرب آنا (۲) صدمہ پہنچنا۔
چوٹ بچانا۔ حریف کی ضرب کو اپنے اوپر نہ آنے دینا۔
چوٹ خالی جانا۔ وار خالی جانا۔ نشانہ چوکنا۔
چوٹ کرنا۔ (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ضرب پہنچانا (۲) حملہ کرنا (۳) داؤں کرنا (۴) طعنہ دینا۔
چوٹ کھانا۔ (۱) زخمی ہونا (۲) صدمہ اٹھانا۔
چوٹ لگنا۔ ضرب لگنا۔
چوٹٹا۔ (چوٹ۔ ٹا) (ہ۔ا۔ مذکر) چور۔ اٹھائی گیرا۔
چوٹٹی۔ (چوٹ۔ ٹی) (ہ۔ا۔ مونث) چور عورت۔
چوٹٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی۔ (مثل) کسی خائن کے سپرد امانت کا کام کرنا۔
چوٹی۔ (چو۔ ٹی) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیے جاتے ہیں۔ (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے بال (۳) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ۔ قلۂ کوہ (۴) وہ پر جو پرندوں کے سر پر ابھرے (۵) کلس۔ کنگرہ۔
چوٹی رکھنا۔ سر پر منت کے بال رکھنا۔
چوٹی کا۔ اوّل درجے کا چیدہ۔ چنا ہوا۔
چوٹی کرنا (گوندھنا) بال سنوارنا
چوٹی کی بات۔ نہایت عمدہ بات۔ اعلیٰ درجے کی بات۔
چوچلا۔ (چو۔ چ۔ لا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) نخرہ۔ (۲) ناز کی باتیں۔ لاڈ۔ پیار۔
چوچلا (بگھارنا) کرنا۔ ناز کرنا۔
چوچی (چُو۔ چی) (ہ۔ا۔ مونث) پستان۔ چھاتی۔ تھن۔
چودھرات۔ (چو۔ دھ۔ رات) (ہ۔ا۔ مونث) چودھری کا عہدہ۔ نمبرداری۔ سرداری۔ چودھری کا حق یا فیس۔
چودھری۔ (چو۔ دھ۔ ری) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) نمبردار۔ مقدم گاؤں کا سردار (۲) زمینداروں کا ایک خطاب۔
چودھرانی۔ چودھرائن (ہ۔ا۔ مونث) چودھری کی بیوی۔
چور۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دُزد۔ سارق۔ دوسروں کا مال اٹھا لے جانے والا (۲) ناسور (۳) پوشیدہ سوراخ (۴) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد چھوٹ جائے۔ دزدِ حنا۔

(۵) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا جسے کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں (۶) ( ) خفیہ۔ پوشیدہ۔
چور بازاری (مونث) خفیہ طور پر مہنگے داموں بیچنا۔
چور بالو۔ (مونث) ریگِ رواں۔ سراب۔
چور بدن (مذکر) وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو۔
چور پر مور پڑنا۔ چور کے گھر میں خود ہی چوری ہونا۔ ٹھگ کا ٹھگا جانا۔
چور پہرا (مذکر) خفیہ پہرا۔ پوشیدہ پاسبانی۔
چور تھانگ (مذکر) وہ شخص جو چوری کا مال لیتا ہو۔
چور چرا دے اور گردن ہلا دے۔ (مثل) برا کام کرکے مکر جانے والے کے متعلق بولتے ہیں۔
چور چکار (مذکر) چور۔ اچکا۔ بدمعاش۔ گرہ کٹ۔
چور چوری سے جاتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔ (مثل) عادت چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے۔ بری عادت نہیں جاتی۔
چور دروازہ (مذکر) گھر کا وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو۔
چور راستہ۔ (مذکر) غیر متعارف راستہ۔ پوشیدہ راستہ۔
چور سے کہے چوری کر ساہ سے کہے تیرا گھر لٹا (چور سے کہیں موس ساہ سے کہیں جاگ) (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدرد بنے۔
چور کا بھائی گٹھ کترا۔ (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جب کوئی شخص عیب دار کی طرفداری کرتا ہے۔ بد کا ساتھی بد
چور کو گھر تک پہنچانا۔ معاملہ کو انتہا تک پہنچانا۔
چور کی داڑھی میں تنکا۔ (مثل) چور اپنی حرکات سے پہچانا جاتا ہے
چور کے پیر کہاں (مثل) چور میں استقلال نہیں ہوتا۔ ذرا کھٹکا پاکر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔
چور کے گھر مور۔ (مثل) چالاک کو دھوکا دینے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
چُور۔ (ہ۔ صفت) (۱) ٹکڑے ٹکڑے (۲) بدمست۔ متوالا سرشار۔
چُور ہو جانا۔ چُور چُور ہو جانا۔ (۱) ریزہ ریزہ ہو جانا (۲) تھک جانا۔
چُورا۔ (چُو۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) برادہ۔ ریزہ۔
چُورما۔ (چُور۔ ما) (ہ۔ا۔ مذکر) ملیدہ۔
چُورن۔ (چُو۔ رن) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کا ہاضم سفوف۔ (۲) چٹکی۔ چٹکی۔
چُورنا۔ (چُور۔ نا) (ہ۔ ص) ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھی یا کسی رقیق چیز میں ڈبونا۔
چوری (چو۔ ری) (ہ۔ا۔ مونث) سرقہ۔ دُزدی۔
چوری اور چترائی۔ ایک تو چوری کرنا۔ دوسرے حیلہ بازی دکھانا۔
چوری اور (سر) سینہ زوری۔ (مثل) اپنے قصور پر نادم ہونے کے بجائے الٹے سرکشی کرنا۔
چوری جانا۔ سرقہ ہو جانا۔

Marfat.com

چوری چوری - چُھپے چُھپے - درپردہ -
چوری چھپے - درپردہ - خفیہ طور پر - چپکے سے - بے خبری میں۔
چوری سے - (۱) چھپا کر - (۲) چپکے سے - بے خبری میں -
چوری کا گُڑ میٹھا ہوتا ہے - (مثل) مفت کا مال سب کو پیارا ہوتا ہے -
چوری لگانا - چوری کا الزام لگانا
چوڑا - (چو - ڑا) (ہ - صفت) فراخ - کشادہ -
چوڑا چکلا - لمبا چوڑا - پھیلا ہوا - فراخ
چُوڑا - (چُو - ڑا) (ہ - ا - مذکر) لاکھ کی بڑی بڑی چوڑیاں -
چوڑان - (ہ - ا - مونث) چوڑائی - عرض - فراخی - کشادگی -
چوڑاؤ - (ہ - ا - مذکر) پھیلاؤ - دریا کا پاٹ -
چوڑائی - (ہ - ا - مونث) عرض - فراخی - کشادگی -
چُوڑھا - (ہ - ا - مذکر) (۱) جنگی - (۲) چمار
چُوڑھی - (ہ - ا - مونث) بھنگن - چُوڑھے کی بیوی -
چوڑی - (ہ - صفت) چوڑا کی تانیث - چکلی -
چُوڑی - (ہ - ا - مونث) (۱) لاکھ، کانچ یا سونے چاندی کا حلقہ جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں - (۲) وہ پیچ جو کسی پُرزے میں کٹا ہو -
چُوڑی دار پاجامہ (مذکر) وہ تنگ پاجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں -
چوڑیاں پہننا (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) نامردی اختیار کرنا -
چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - (۱) چوڑیاں توڑنا (۲) خاوند کے مر جانے پر چوڑیاں توڑ دینا -
چُوزہ (چُو - زہ) (ہ - ا - مذکر) (۱) مرغی کا بچہ (۲) نوعمر - خوردسال (لڑکا - لڑکی)
چوس ڈالنا - (ہ - مص) اس قدر چوس لینا کہ خشک ہو جائے -
چُوسنا (چُو - س - نا) (ہ - مص) (۱) ہونٹ اور زبان سے کسی چیز کا عرق پینا (۲) نچوڑنا -
چُوسنی - دیکھیے چُسنی -
چوغہ - (ف - ا - مذکر) دیکھیے چُغہ -
چوک (ہ - ا - مذکر) (۱) مربع میدان (۲) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں (۳) سامنے کے چار دانتوں کی لڑی -
چُوک (ہ - ا - مونث) (۱) بھول - خطا (۲) ایک قسم کا کھٹا ساگ (۳) (صفت) نہایت کھٹا -
چوک جانا - بھول جانا - سہو کرنا -
چوکا - (چو - کا) (ہ - ا - مذکر) (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی - (۲) مربع پتھر یا اینٹ (۳) کھانا پکانے کا مقام - (۴) چار یکساں چیزیں -
چُوکا - (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا کھٹا ساگ -
چوکر (ہ - ا - مذکر) بھوسی (گیہوں وغیرہ کی)
چوکڑی - (ہ - ا - مونث) چو کے تحت دیکھیے -
چوکنا (چُوک - نا) (ہ - مص) (۱) بھولنا - غلطی کرنا (۲) نشانے پر نہ بیٹھنا -
چوکھا - (چو - کھا) (ہ - صفت) (۱) خالص - کھرا (۲) عمدہ -
چوکی - (چو - کی) (ہ - ا - مونث) (۱) چھوٹا تخت (۲) پہرا - پاسبانی (۳) پڑاؤ (۴) باری (۵) خدمت (۶) جادو (۷) نیاز (۸) قوالوں کا گروہ -
چوکی بٹھانا (۱) پہرا بٹھانا - نگہبانی کرنا (۲) جادو کرنا -
چوکی بھرنا - (۱) باری باری پہرہ دینا (۲) گھر میں یا کسی قبر پر قوالی کرنا (۳) نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جا کر دعا مانگنا -
چوکیدار - پاسبان - محافظ - نگہبان -
چوکیدارا - چوکیداروں کا ٹیکس -
چوکیداری - (۱) پاسبانی - نگہبانی - (۲) چوکیدارا -
چوکیا سہاگا - (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا عمدہ سہاگا -
چوگا - (چو - گا) (ہ - ا - مذکر) پرندوں کی غذا - دانہ
چوگان - (چو - گا - ن) (ف - ا - مذکر) (۱) گیند کا بلّا (۲) گھوڑے پر چڑھ کر گیند کا کھیل - پولو -
چُول - (ہ - ا - مونث) (۱) لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے - (۲) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے -
چُول بیٹھ جانا - پورا ہو جانا - ذرا کے کا مطابق ہونا - متفق ہو جانا -
چُولیں ڈھیلی ہو جانا - سست ہو جانا - تھک جانا -
چولا - (چو - لا) (ہ - ا - مذکر) (۱) جسم - قالب (۲) ایک قسم کی پوشاک جو دُولھن کو برات کے روز پہناتے ہیں (۳) چولی - انگرکھے کا بالائی حصہ -
چولا بدلنا (۱) رُوح کا ایک جسم سے دُوسرے جسم میں حلول کرنا - (۲) وضع قطع میں فرق آنا -
چولائی - (چو - لا - ای) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کا ساگ -
چُولھا - (ہ - ا - مذکر) آتش دان - آگ جلنے کی جگہ -
چولھا پھونکنا، جھونکنا - (حقارت یا طعنے سے) کھانا پکانا - آگ جلانا -
چُولھے آگ نہ گھڑے پانی - (مثل) نہایت افلاس -
چُولھے سے نکلا کڑاہی میں گرا - (مثل) ایک مصیبت سے چھوٹا دوسری میں پڑا - آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا -
چُولھے میں (پڑے) جائے - آگ لگے - خاک میں ملے بلا سے -
چولی - (ہ - ا - مونث) (۱) انگرکھے کے دامن سے اُوپر کا حصہ - (۲) انگیا -
چولی دامن کا ساتھ - (مثل) لازم و ملزوم - وہ دو آدمی یا چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں -
چُوما - (چُو - ما) (ہ - ا - مذکر) بوسہ - پیار -
چوما چاٹی (مونث) بوس و کنار - ناز و نیاز - اختلاط -
چوم چاٹ کے چھوڑنا - (۱) اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے خیال سے باز آنا - (۲) کام نکال کر چھوڑنا -
چُومنا - (چُوم - نا) (ہ - مص) بوسہ لینا - پیار کرنا -
چومنا چاٹنا (۱) چوما چاٹی کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا - (۳) تعظیم کرنا -
چُوں - (ف) (۱) جب (۲) مانند (۳) کس طرح (۴) کس لیے -

Marfat.com

چونکہ - کیوں کہ - اس لیے -
چون وچرا - (مونث) حیلہ بہانہ - اگر مگر - بحث تکرار -
چُون - (ہ - ا - مونث) آٹا - آرد -
چوں - (ہ - ا - مونث) خفیف آواز -
چوں چوں - (۱) چڑیوں کی آواز - (۲) گاڑی کے چلنے کی آواز -
چوں چوں کا مربّہ - (مذکر) مختلف چیزوں کا مجموعہ -
چوں نہ کرنا - اُف نہ کرنا - انکار نہ کرنا - خاموش رہنا -
چَوَن - (چَو - وَن) (ہ - صفت) چار اوپر پچاس
چونا - (چو - نا) (ہ - مص) (۱) برسنا - ٹپکنا - (۲) پھل کا پک کر آپ سے آپ زمین پر گر پڑنا -
چُونا - (چُو - نا) (ہ - ا - مذکر) (۱) قلعی - سفیدی (۲) (ہ - صفت) (تیز - تند (کھٹاس) -
چونا گچ - ایک قسم کا مضبوط چونا جو معمولی چونے میں ملا کر پلستر کے کام میں لاتے ہیں -
چونا لگانا - (۱) پان میں چونا لگانا (۲) زک دینا - چکمہ دینا -
چونچ - (ہ - ا - مونث) (۱) منقار (۲) نوک - سرا -
چونچ سنبھالو - بند کرو - زبان روکو - بدزبانی نہ کرو -
چونچال - (چَوں - چال) (ہ - صفت) ہوشیار - چالاک - مستعد -
چونچلا - دیکھیے چوچلا -
چوندھ - (ہ - ا - مونث) چندھیاہٹ - خیرگی چشم -
چوندھیانا - (ہ - مص) دیکھیے چُندھیانا -
چونڈا - (چَوں - ڈا) (ہ - ا - مذکر) (۱) سر کے لمبے بالوں کا گچھا جو عورتیں سر پر لا کر باندھ لیتی ہیں (۲) پرندوں کی چھوٹی کلغی -
چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا - (مثل) ناتجربہ کار نہیں -
چونری - (چَوں - ری) (ہ - ا - مونث) مورچھل -
چونسٹھ - دیکھیے چوسٹھ -
چونک - (ہ - ا - مونث) وحشت - بھڑک - جھجک -
چونک اٹھنا - (۱) دفعتہً گھبرا کر جاگ اٹھنا (۲) چوکنا ہو جانا - گھبرا جانا -
چونک پڑنا - یکایک خواب سے بیدار ہونا - غفلت سے ہوشیار ہونا -
چونکنا - (چَوں - کنا) (ہ - مص) (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا - (۲) بھڑکنا (۳) غفلت سے ہوشیار ہونا - چوکنا ہونا - (۴) گھبرانا - ہکا بکا ہونا -
چونگا - (چَوں - گا) (ہ - ا - مذکر) (۱) خوشامد (۲) بانس کا نل - نلی -
چَوَنی - (چَ - وَن - نی) (ہ - ا - مونث) روپے کا چوتھا حصّہ - چار آنے کا سکّہ -
چُونی - (چُو - نی) (ہ - ا - مونث) وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے -
چوہا - (ہ - ا - مذکر) (۱) موش - ایک چھوٹا سا جانور (۲) ناک کا سوکھا ہوا میل -
چوہے دان - (مذکر) چوہے پکڑنے کا پنجرہ -
چوہے کے ہاتھ ہلدی لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا (مثل) کم ظرف تھوڑی سی پونجی مل جانے پر اترانے لگتا ہے -
چوہان - (چو - ہان) (ہ - ا - مذکر) سورج بنسی راجپوتوں کی ایک گوت -
چوہڑا - (چُوہ - ڑا) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے چوڑھا -
چوہیا - (چُو - ہی - یا) (ہ - ا - مونث) چوہا کی تانیث -
چویا - (چو - یا) (ہ - ا - مذکر) (۱) دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی جھر جھر کر ٹھہر جائے (۲) دال کا چھلکا - (۳) کچی چھوٹی امّلی -

## چ - ہ

چہ - (ف) ایک لاحقہ جو فارسی اسما کے آخر میں آ کر تصغیر کے معنی دیتا ہے - جیسے باغیچہ - دیگچہ -
چَہ - (ف - ا - مذکر) (۱) چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا (۲) ہل کے دونوں سرے -
چہ بچہ - (مذکر) دیکھیے چوبچہ -
چہ - (ف) حرف استفہام و استعجاب - کیا -
چہ خوش بچا نباشد - (کلمۂ طنز) کیوں نہیں - اچھے رہے - کیا کہنا ہے - بے شک اسی قابل ہو -
چہ داند بوزنہ لذتِ ادرک - (مثل) بندر کیا جانے ادرک کا مزہ - ناقدرشناس اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا -
چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد - (مثل) وہ چور کتنا دلیر ہے جو ہاتھ میں چراغ لیے ہو - چوری اور سینہ زوری -
چہ گوشہ - دیکھیے چگوشہ -
چہ معنی دارد - کیا سبب ہے - کیا وجہ ہے - کیا باعث ہے -
چہ میگوئیاں - (مونث) قیاس آرائیاں - رائے زنی - گپ شپ -
چھ - (چِھ) - (ہ - صفت) پانچ اور ایک -
چھماہی - (مونث) فاتحہ جو مرنے کے بعد چھٹے مہینے ہوتی ہے - (۲) (صفت) ششماہی -
چھاپ - (ہ - ا - مونث) مُہر - ٹھپا - نشان - علامت -
چھاپ لگانا - مُہر لگانا - ٹھپا لگانا -
چھاپا - (چھا - پا) (ہ - ا - مذکر) (۱) مُہر - ٹھپا (۲) چھاپنے کا آلہ (۳) شبخون (۴) نقشہ - تصویر (۵) سانچا ڈھالنے کا ظرف (۶) اخبار - چھپی ہوئی چیز -
چھاپا مارنا - شبخون مارنا - رات کو غنیم پر چڑھ کر قتلِ عام کرنا -
چھاپے خانہ - (مذکر) مطبع - پریس -
چھاپنا - (چھاپ - نا) (ہ - مص) (۱) مُہر لگانا (۲) نقش کرنا - طبع کرنا - (۳) مشہور کرنا -
چھاتا - (ہ - ا - مذکر) (۱) چھتری (۲) چوڑا سینہ - (۳) پتنگ کا سینہ -
چھاتا فوج - (مونث) ہوائی جہاز سے چھتریوں کے ذریعے اترنے والی فوج -

Marfat.com

**چھاتی** - [ہ - ا - مونث] (۱) سینہ - پستان (۲) جرأت - حوصلہ -
**چھاتی پر پتھر رکھنا** - سخت دلی اختیار کرنا - صبر کرنا -
**چھاتی پر سانپ (پھرنا) لوٹنا** (۱) سخت افسوس ہونا - (۲) نہایت صدمہ گزرنا - (۳) رشک آنا -
**چھاتی پر مونگ دلنا** - کسی کے سامنے ایسا فعل کرنا جو اُسے ناگوار ہو -
**چھاتی پکڑ کر رہ جانا** - دل مسوس کر رہ جانا - دل ہی دل میں غم و افسوس کرکے رہ جانا -
**چھاتی پھٹنا** - (۱) دل پر صدمہ گزرنا (۲) رشک ہونا - حسد ہونا -
**چھاتی پیٹنا** - (۱) ماتم کرنا (۲) حسد کرنا (۳) غصہ کرنا
**چھاتی دینا** - بچے کو دودھ پلانا -
**چھاتی سے لگانا** - سینے سے چمٹانا - پیار کرنا - گلے سے لگانا -
**چھاتی کوٹنا** (۱) سینہ کوبی کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر جلنا -
**چھاتی مسوسنا** - (۱) افسوس کرنا - صدمہ اٹھانا - (۲) دل دکھانا -
**چھاج** - [ہ - ا - مذکر] (۱) غلہ پھٹکنے کا آلہ (۲) بگھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اُوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے -
**چھاج بولے تو بولے چھلنی بھی بولی جس میں بہتر سو چھید** (مثل) جو خود عیب دار ہے - وہ بے عیب کی کیا برابری کرے گا -
**چھاجوں برسنا** - کثرت سے بارش ہونا - موسلا دھار مینہ برسنا -
**چھاچھ** - [ہ - ا - مونث] (۱) وہ سفید پانی جو دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے - لسّی (۲) وہ ترش سفید دودھ جو گھی گرم کرنے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے -
**چہار** - (چ - ہار) [ف - صفت] چار -
**چہار چند** - چوگنا -
**چہار درہم** - چودھواں -
**چہار سُو** - چاروں طرف -
**چہار شنبہ** - (مذکر) بدھ کا دن -
**چہارم** - (چ - ہا - رم) [ف - صفت] چوتھا - چوتھائی
**چھاگل** - (چھا - گل) [ہ - ا - مونث] (۱) چھوٹی سی مشک - (۲) مٹی کا وہ برتن جس میں مسافر پانی بھر لیتے ہیں - (۳) پچھاجن -
**چھال** - [ہ - ا - مونث] درخت کے اوپر کا پوست - چھلکا -
**چھالا** - [ہ - ا - مذکر] (۱) آبلہ - پھپھولا (۲) وہ داغ جو تلوار کے لوہے پر یا شیشے میں ہوتا ہے -
**چھالیا** - (چھا - لی - یا) [ہ - ا - مونث] سپاری - ڈلی -
**چھان** - [ہ - ا - مونث] (۱) تحقیقات (۲) چھانن - بھوسی -
**چھان بین** - چھان پھٹک (مونث) تحقیق - تجسس - دریافت - کھوج -
**چھان ڈالنا** (مارنا) کمال تلاش اور جستجو کرنا -
**چھانا** [ہ - مص] (۱) پاٹنا - چھت بنانا (۲) بادلوں کا ہجوم کرنا - (۳) غالب ہونا - طاری ہونا -
**چھانٹ** - [ہ - ا - مونث] (۱) قطعہ (۲) ریزگی (۳) چھیچھڑے (۴) کترن (۵) انتخاب (۶) کتر بیونت - قطع و برید -
**چھانن** - (چھان - نن) [ہ - ا - مونث] وہ چیز جو چھاننے سے بچ رہے -
**چھانٹنا** - (چھانٹ - نا) [ہ - مص] (۱) چننا - انتخاب کرنا (۲) شاخ کا کاٹنا (۳) سر کے بال کترنا (۴) مختصر کرنا (۵) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۶) چرب زبانی کرنا -
**چھاننا** - (چھان - نا) [ہ - مص] (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا (۲) صاف کرنا - (۳) پرکھنا (۴) تحقیقات کرنا (۵) ڈھونڈنا -
**چھاؤنی** - [ہ - ا - مونث] (۱) چھاؤں کرنے کی چیز (۲) لشکر گاہ - کیمپ - سپاہیوں کی بارکیں -
**چھاؤنی چھانا** (ڈالنا) (۱) ڈیرہ ڈالنا (۲) مقام کرنا (۳) کیمپ ڈالنا -
**چھائیں** - [ہ - ا - مونث] - دیکھیے چھاؤں -
**چھایا** - (چھا - یا) [س - ا - مونث] سایہ - چھاؤں -
**چھب** - [ہ - ا - مونث] (۱) آرائش - زیب زینت (۲) ناز و انداز (۳) خوب صورتی -
**چھبڑی** - (چھب - ڑی) [ہ - ا - مونث] چھوٹا ٹوکرا -
**چھبیس** - (چھب - بیس) [ہ - صفت] چھ اور بیس -
**چھبیلا** - (چھ - بی - لا) [ہ - صفت] چھب والا - رنگیلا - خوش اندام -
**چھبیلی** - [ہ - صفت] چھبیلا کی تانیث -
**چُھپا** - [ہ - صفت] پوشیدہ - مخفی (بضم اول بھی آیا ہے)
**چھپا رستم** - (۱) وہ شخص جو اپنے ہنر اور کمال میں پورا ہو مگر لوگوں پر ظاہر نہ ہو (۲) چھپا شریر -
**چھپا رکھنا** - پوشیدہ رکھنا - پنہاں رکھنا -
**چھپاکا** - [ہ - ا - مذکر] (۱) پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز - (۲) چھینٹا -
**چُھپانا** - (بکسر اول و بضم اول) [ہ - مص] پوشیدہ رکھنا - مخفی کرنا - ڈھانکنا -
**چھپائی** - (چھ - پا - ای) [ہ - ا - مونث] (۱) چھاپا - (۲) چھاپنے کی اجرت -
**چھپر** - (چھپ - پر) [ہ - ا - مذکر] (۱) پھوس کا سائبان - (۲) برساتی پانی کا گڑھا جس میں سنگھاڑے اور کنول لگے ہوتے ہیں -
**چھپر پھاڑ کر دینا** - بے وسیلے رزق پہنچانا - گھر بیٹھے دینا -
**چھپر کھٹ** (مذکر) وہ پلنگ جس کے اوپر چھتری ہو -
**چھپکا** - (چھپ - کا) (۱) پانی کا بڑا چھینٹا - (۲) کبوتر پکڑنے کا چھوٹا سا جال - (۳) ایک زیور (۴) لوہے کا وہ چوڑا پترا جو کنڈی میں ٹھوک کر بند کر دیا جاتا ہے -
**چھپکلی** - (چھپ - ک - لی) [ہ - ا - مونث] ایک رینگنے والا جانور جو اکثر دیواروں پر رہتا ہے - چلپاسہ (۲) دبلی پتلی عورت -
**چھپن** - (چھپ - پن) [ہ - صفت] چھ اوپر پچاس -
**چھپنا** - (چھپ - نا) [ہ - مص] - طبع ہونا - چھپنا -
**چُھپنا** - (چھپ - نا) [ہ - مص] (۱) مخفی ہونا (۲) پردہ کرنا

Marfat.com

(بکسر اوّل بھی صحیح ہے)
**چھپوانا**۔ (ہ۔ مص) طبع کرانا۔
**چھت**۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) سقف۔ سائبان (۲) کوٹھا۔
(۳) چھت گیری۔
**چھت ٹپکنا**۔ چھت چونا۔ چھت سے پانی ٹپکنا۔
**چھت گیری** (مونث) وہ کپڑا جو چھت کے نیچے لگاتے ہیں تاکہ خاک دھول نہ گرے۔
**چھتنا**۔ (چھت۔ نا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دُور تک پٹا ہوا راستہ۔
(۲) مکھیوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر۔
**چھتر**۔ (س۔ا۔ مذکر) (۱) بڑا چھاتا۔ چتر (۲) شامیانہ۔
**چھتری**۔ (چھت۔ ری) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) چھوٹا چھاتا (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا ٹھٹھر (۳) ایک قسم کا گنبد دار محل (۴) ڈولی کے اوپر کا ٹھٹھر۔ (۵) ہندوؤں کی ایک ذات۔
**چھتیانا**۔ (چھت۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) بندوق سے نشست باندھنا۔
**چھتیس**۔ (چھت۔ تیس) (ہ۔ صفت) چھ اوپر تیس۔
**چھتیسا**۔ (چھت۔ تی۔ سا) (ہ۔ صفت) مکار۔ عیار۔ چھتیس ہنر جاننے والا۔
**چھتیسی**۔ (چھت۔ تی۔ سی) (ہ۔ صفت) اوباش عورت۔
**چھٹ**۔ (ہ) (۱) بجز۔ سوا۔ (۲) چھوٹا ہوا۔ علیحدہ۔ (۲) چھوٹا کا مخفف۔
**چھٹ بھیا**۔ (مذکر) ادنیٰ اور نیچ قوم کا آدمی۔
**چھٹ پن**۔ چھٹ پنا۔ (مذکر) خوردی۔ بچپن۔ لڑکپن۔
**چھٹا ہوا**۔ منتخب۔ چیدہ۔ بڑا بدمعاش)
**چھٹاپا**۔ (چھٹ۔ ٹا۔ پا) (ہ۔ا۔ مذکر) چھوٹاپن۔
**چھٹانک** (چھ۔ ٹانک) (ہ۔ا۔ مونث) سیر کا سولھواں حصہ پانچ تولہ۔
**چھٹکا**۔ (چھٹ۔ کا) (ہ۔ صفت) چھوٹا۔
**چھٹکارا**۔ (چھٹ۔ کا۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) رہائی۔ خلاصی۔ فرصت۔
**چھٹکنا** (چھ۔ ٹک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بکھرنا۔ پھیلنا۔ (۲) تاروں کا کھلنا۔
**چھٹنا**۔ (چھٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) صاف ہونا۔ مواد یا طبع نکلنا (۲) دبلا ہونا (۳) منتخب ہونا (۴) ترشنا۔
**چھٹنا**۔ (چھٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) آزاد ہونا (۲) دست لگنا (۳) موقوف ہونا (۴) بچنا۔ باقی رہنا (۵) دفعا۔ سر ہونا (۶) جدا ہونا۔
**چھٹنکی** (ہ۔ا۔ مونث) پانچ تولہ کا باٹ۔
**چھٹوانا** (چھٹ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رہا کرانا (۲) جُدا کرنا (۳) موقوف کرانا۔
**چھٹی**۔ (چھٹ۔ ٹی) (ہ۔ صفت) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والی (۲) (مونث) بچہ پیدا ہونے کے چھ دن بعد کی رسم۔
**چھٹی کا دودھ یاد آنا** (مثل) مصیبت میں گزشتہ آرام و عیش کا یاد آنا۔
**چھٹی**۔ (چھٹ۔ ٹی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) تعطیل۔ رخصت۔ فرصت (۲) برطرفی (۳) مرنا (۴) چھٹکارا۔
**چھٹے چھ ماہے**۔ (ہ) گاہے گاہے۔ کبھی کبھی۔
**چھجا**۔ (چھج۔ جا) (ہ۔ا۔ مذکر) چھت کے آگے بڑھا ہوا حصہ جو بارش سے حفاظت یا دھوپ کے بچاؤ کے لیے ہوتا ہے۔
**چھچھڑا** (چھچھ۔ ڑا) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے چھیچھڑا۔
**چہچہا**۔ (چہ۔ چ۔ ہا) (ہ۔ا۔ مذکر) خوش آلحانی۔ پرندوں کا خوشی میں آ کر بولنا۔
**چہچہانا**۔ (چہ۔ چ۔ ہا۔ نا) (ہ۔ مص) نغمہ سرائی کرنا۔ چہکنا۔ (۲) خوشی میں آکر بولنا (۳) پرندوں کا گانا۔
**چہچہاہٹ** (چہ۔ چ۔ ہا۔ ہٹ) (ہ۔ا۔ مونث) نغمہ سرائی۔ پرندوں کا بولنا۔
**چھچھلتی ہوئی**۔ (ہ۔ صفت) (۱) دوسری چیز کو چھو کر گزرتی ہوئی (۲) سرسری
**چھچھورا** (چھ۔ چھو۔ را) (ہ۔ صفت) کم ظرف۔ کمینہ۔ پیٹ کا ہلکا۔
**چھچھوراپن**۔ چھچھورپن (مذکر) سفلہ پن۔ کمینہ پن۔
**چھچھوری**۔ (ہ۔ صفت) چھچھورا کی تانیث۔
**چھچھوندر**۔ (چھ۔ چھوں۔ در) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) ایک قسم کا چوہا جس کے جسم سے بُو آتی ہے (۲) ایک قسم کی آتشبازی۔
**چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل**۔ (مثل) کم رتبہ آدمی کا اچھی چیز استعمال کرنا۔
**چھدا** (چھد۔ دا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) الزام۔ بہتان۔ (۲) شکوہ۔
**چھدام**۔ (ہ۔ا۔ مونث) دمڑی۔
**چھدرا** (چھد۔ را) (ہ۔ صفت) جھر جھرا۔ چھید دار۔ (ترق فرق سے۔
**چھدری**۔ (ہ۔ صفت) چھدرا کی تانیث۔
**چھدنا**۔ (چھد۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سوراخ ہونا (۲) چبھنا۔
**چھرا**۔ (چھر۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) بندوق کی چھوٹی گولی۔ (۲) سنگریزے۔
**چُھرا**۔ (ہ۔ا۔ مذکر) بڑا چاقو۔ گوشت کاٹنے کا ہتھیار۔
**چہرہ**۔ (چہ۔ رہ) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) صورت (۲) سامنے کا رُخ۔ (۳) حلیہ۔ خد و خال۔
**چہرہ اتر جانا** (اترنا) چہرہ بے رونق ہو جانا۔ نقاہت ہونا۔ اداس ہونا۔
**چہرہ مُہرہ**۔ (مذکر) شکل و صورت۔ خط و خال۔
**چہرے پر ہوائیاں اُڑنا**۔ رنگ فق ہو جانا۔ گھبرا جانا۔
**چھری**۔ (چھُ۔ ری) (ہ۔ا۔ مونث) لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا۔
**چھری بھونکنا**۔ چھری مارنا۔
**چھری پھیرنا**۔ ذبح کرنا۔
**چھری تلے دم لینا**۔ مصیبت برداشت کرنا۔

Marfat.com

چھریرا۔ (چھَ۔رے۔را) (ہ۔صفت) دبلا پتلا۔ لمبا۔
چھڑ۔ (ہ۔ا۔مذکر) لمبا بانس۔
چھڑا۔ (چھَ۔ڑا) (ہ۔صفت) (۱) تنہا۔ مجرّد (۲) (مذکر) ایک قسم کا پاؤں کا کڑا (۳) کان کا ایک زیور۔
چھُڑانا۔ (چھُ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آزاد کرانا (۲) جدا کرانا (۳) ترک کرانا۔
چھڑکاؤ۔ (چھِڑ۔کا۔او) (ہ۔ا۔مذکر) زمین پر پانی چھڑکنا
چھڑکنا۔ (چھِڑ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر زمین کو تر کرنا (۲) نثار کرنا
چھڑکوانا۔ (چھِڑ۔ڑک۔وا۔نا) (ہ۔مص) چھڑکنا کا متعدی المتعدی۔
چھڑنا۔ (چھَڑ۔نا) (ہ۔مص) اُوکھلی میں غلّہ کوٹنا۔ غلّہ کوٹ کر صاف کرنا۔
چھِڑنا۔ (ہ۔مص) (۱) شروع ہونا (۲) بجنا۔
چھڑوانا۔ (چھَڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) چھڑنا کا متعدی المتعدی۔
چھڑی۔ (چھَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) پتلی لکڑی (۲) وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے (۳) (صفت) اکیلی۔ کنواری۔
چھکا۔ (چھَ۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو صحن وغیرہ میں لگایا جاتا ہے۔ (۲) داغ۔ چرکا۔
چھکا۔ (چھِک۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چھے کا منسوب۔ (۲) گنجفے یا تاش کا پتا جس پر چھ علامتیں ہوں۔
چھکے پنجے بھول جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔
چھکے چھوٹنا۔ گھبرا جانا
چھکار (چھَ۔کار) (ہ۔ا۔مونث) چڑیوں کی چہچہاہٹ۔
چھکڑنا۔ (ہ۔مص) دیکھیے چھکنا۔
چھکڑا۔ (چھَک۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بڑی گاڑی۔ گَڈا (۲) وہ سواری وغیرہ جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں۔
چھکڑی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) چوسر کا ایک داؤں۔ تینوں پانسوں میں دو دو صفر آنا (۲) وہ چھ گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جتے ہوں (۳) چھوٹا چھکڑا۔
چھکنا۔ (چَ۔ہک۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے چہچہانا۔
چھل۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) مکر۔ فریب (۲) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔
چھل بے۔ (مذکر) دم۔ دھوکا۔ فریب۔
چھل بل۔ (مذکر و مونث) شوخی۔ چالاکی۔ فریب۔ حیلہ
چھل۔ (چُ۔ہل) (ہ۔ا۔مونث) ہنسی۔ دل لگی۔
چھل باز۔ ظریف۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔
چِہل۔ (چِ۔ہل) (ف۔صفت) چالیس۔
چہل ابدال۔ (مذکر) وہ چالیس بزرگ جنہیں خدا نے انتظامِ عالم کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا ہے۔
چہل چراغ۔ (مذکر) ایک قسم کا بڑا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں۔
چہل قدمی۔ (مونث) ہوا خوری کرنا۔ ٹہلنا۔
چہل کاف۔ (مونث) ایک دعا جس میں چالیس کاف ہوتے ہیں۔
چھلّا۔ (چھَل۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) حلقہ۔ کڑا (۲) انگوٹھی۔ (۳) ایک پنجابی گیت۔
چھلانگ۔ (چھَ۔لانگ) (ہ۔ا۔مونث) جست۔ زقند۔ پھلانگ۔
چھلاوا۔ (چھَ۔لا۔وا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چھل دینے والا۔ آسیب۔ غول بیابانی۔ (۲) شوخ۔ طرار۔
چہل پہل۔ (ہ۔ا۔مونث) رونق۔ آبادی۔ لوگوں کی آمد و رفت۔
چھلکا۔ (چھِل۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) پوست۔ چھال۔
چھلکانا۔ (چھَل۔کا۔نا) (ہ۔مص) بھری ہوئی صراحی وغیرہ کو حرکت دے کر پانی وغیرہ گرانا۔
چھلکتا ہوا۔ (ہ۔صفت) لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔
چھلکنا۔ (چھَ۔لک۔نا) (ہ۔مص) رقیق چیز کا برتن میں لبالب ہو کر گر پڑنا۔
چہلم۔ (چِہ۔لم) (ف۔صفت) (۱) چالیسواں۔ چالیس سے منسوب (۲) (مذکر) چالیسویں کا فاتحہ۔
چھلنا۔ (چھَل۔نا) (ہ۔مص) (۱) فریب دینا (۲) (مذکر) بڑی چھلنی۔
چھِلنا۔ (ہ۔مص) پوست اُتر جانا۔ کھال اُدھڑ جانا۔ رگڑ لگنا
چھلنی۔ (چھَل۔نی) (ہ۔ا۔مونث) چھاننے کا آلہ۔ غربال۔
چھلنی کیا بولے جس میں بہتّر سو چھید۔ (مثل) جس میں خود نقائص ہوں وہ دوسروں میں کیا نقص نکالے گا۔
چھلنی ہو جانا۔ بہت سے چھید ہو جانا۔
چھلوری۔ (چھِ۔لو۔ری) (ہ۔ا۔مونث) انگلی یا ناخون کے اندر کا چھالا۔
چھلّی۔ (چھَل۔لی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) چھلکا (۲) مکئی کا بھٹا۔
چھلیا (چھَل۔یا) (ہ۔صفت) فریبی۔ دھوکے باز۔
چھم چھم۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) مینہ برسنے کی آواز (۲) گھنگروؤں کی آواز۔
چھن۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز (۲) روپے کی آواز (۳) گھنگرو کی آواز (۴) کنگن۔ (۵) ایک قسم کی ٹِک بندی۔
چھُن۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کڑکڑاتے تیل میں گیلی چیز پڑنے کی آواز (۲) گھنگرو کی آواز۔
چھنا۔ (چھِن۔نا) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے چھلنا نمبر ۲
چھنال۔ (چھِ۔نال) (ہ۔صفت) بدکار عورت۔
چھنال پن۔ چھنال پنا۔ (مذکر) دیکھیے چھنالا۔
چھنالا۔ (ہ۔ا۔مذکر) عورت کی بدکاری۔
چھنٹنا۔ (چھَنٹ۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے چھٹنا۔

Marfat.com

چھپھنانا - (چھن - چھ - نا - نا) (ہ - مص) چھن چھن کی آواز نکالنا۔
چھند - (ہ - ا - مذکر) (۱) فریب - مکر (۲) (مونث) ایک قسم کی ہندی نظم۔
چھنگا - (ہ - صفت) چھ انگلیوں والا۔
چھنگلی - چھنگلیا - (چھنگ - لی + چھنگ - لی - یا) - (ہ - ا - مونث) سب سے چھوٹی انگلی۔
چھننا - (چھن - نا) (ہ - مص) (۱) چھانا جانا (۲) سوراخ سوراخ ہونا۔
چھننا - (چھن - نا) (ہ - مص) چھین لیا جانا - محروم کیا جانا۔
چھنوانا - (چھن - وا - نا) (ہ - مص) چھاننا کا متعدی المتعدی
چھنوانا - (چھین - وا - نا) (ہ - مص) چھیننا کا متعدی المتعدی۔
چھو - (ہ - ا - مونث) (۱) پڑھ کر پھونکنے کی آواز (۲) جادو۔
چھومنتر - (مذکر) جادو - ٹونا۔
چھو ہو جانا - ہوا ہو جانا - رخصت ہو جانا۔
چھوا چھو - (ہ - ا - مونث) دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز۔
چھوارا - (چھو - وا - را) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے چھوہارا۔
چھوانا - (ہ - مص) مس کرنا - لگانا (ہاتھ وغیرہ)۔
چھوت - (ہ - ا - مونث) (۱) مس - چھواؤ (۲) ناپاکی - پلیدی۔
چھوٹ - (ہ - ا - مونث) (۱) رہائی (۲) فرصت - چھٹکارا - (۳) کمی۔
چھوٹا - (ہ - صفت) (۱) کوتاہ - تنگ (۲) خرد - کم عمر - (۳) ادنیٰ۔
چھوٹا استنجا - (مذکر) پیشاب کے بعد ڈھیلے سے تری خشک کرنا یا پانی سے دھونا۔
چھوٹا پا - (مذکر) دیکھیے چھٹاپا۔
چھوٹا منہ بڑی بات - (مثل) اپنی لیاقت سے زیادہ بات کرنا - حوصلے سے زیادہ بات کرنا۔
چھوٹے بڑے - (مذکر) (۱) امیر غریب (۲) بچے بوڑھے۔
چھوٹتے ہی - (ہ - تابع فعل) فوراً - اسی وقت۔
چھوٹنا - (ہ - مص) آزاد ہونا - کھلنا (نیز دیکھیے چھٹنا)
چھوٹی - (ہ - صفت) چھوٹا کی تانیث۔
چھوٹی الائچی - (مونث) سفید الائچی۔
چھوٹی بات - (مونث) گھٹیا بات۔
چھوچھک - (ہ - ا - مونث) زچہ خانے کی ایک رسم - چھٹی۔
چھوچھو - (ہ - ا - مونث) دایہ - کھلائی - وہ عورت جو لڑکیوں کی خدمت کے لیے مقرر ہوتی ہے۔
چھوڑا - (ہ - ا - مذکر) چھوکرا - لڑکا۔
چھوڑ آنا - (ہ - مص) کسی مقام پر پہنچا آنا۔
چھوڑ بلی چوہا اللہ درا ہی بھلا - (مثل) جو نقصان کر دیا سو کر دیا - اب تو پیچھا چھوڑ دو۔
چھوڑنا - (ہ - مص) (۱) نجات دینا - رہا کرنا (۲) معاف کرنا (۳) ترک کرنا (۴) طلاق دینا (۵) دوڑانا۔
چھوکرا - (چھوک - را) (ہ - ا - مذکر) لڑکا۔
چھوکری - (ہ - ا - مونث) لڑکی - چھوری۔
چھولا - (ہ - ا - مذکر) چنا۔
چھولداری - (چھول - دا - ری) (فا - ا - مونث) چھوٹا سا خیمہ۔
چھونا - (ہ - مص) ہاتھ لگانا - مس کرنا۔
چھوہارا - (ہ - ا - مذکر) خشک کھجور۔
چھوئی موئی - (ہ - ا - مونث) (۱) ایک بوٹی جس کے پتے ہاتھ لگانے سے مرجھا جاتے ہیں (۲) (صفت) نہایت نازک - بہت حساس۔
چھہتر - (چھ - ہت - تر) (ہ - صفت) چھ اوپر ستر۔
چھی - (ہ - ا - مونث) نفرت کا کلمہ - تھو تھو۔
چھیاسٹھ - (چھیا - سٹھ) (ہ - صفت) چھ اوپر ساٹھ۔
چھیاسی - (چھیا - سی) (ہ - صفت) چھ اوپر اسی۔
چھیالیس - (چھیا - لیس) (ہ - صفت) چھ اوپر چالیس۔
چھیانوے - (چھیان - وے) (ہ - صفت) چھ اوپر نوے
چھیپ - (ہ - ا - مونث) (۱) دھبا - چھاپ (۲) ایک قسم کا میوہ۔
چھیتا - (چ - ہی - تا) (ہ - صفت) نہایت عزیز - بہت پیارا۔
چھیتی - (چ - ہی - تی) (ہ - صفت) چھیتا کی تانیث۔
چھیج - (ہ - ا - مونث) کسی چیز کو بار بار توڑنے، سوکھنے یا رگڑنے سے اس میں کمی واقع ہونا۔
چھیجنا - (چھیج - نا) (ہ - مص) کم ہونا - گھٹنا۔
چھیچھڑا - چھیچھڑا - (ہ - ا - مذکر) گوشت کا نکما حصہ چھیچھڑا۔
چھید - (ہ - ا - مذکر) (۱) سوراخ (۲) بل
چھیدنا - (ہ - مص) سوراخ کرنا۔
چھیڑ - (ہ - ا - مونث) (۱) گدگدی (۲) ہنسی مخول (۳) چڑانے کی بات (۴) مخالفت (۵) کسی باجے کی حرکت۔
چھیڑ چھاڑ - (مونث) (۱) ہنسی مذاق (۲) لڑائی کے لیے اکسانا۔
چھیڑ خانی (مونث) (۱) دل لگی (۲) خواہ مخواہ کی لڑائی۔
چھیڑنا - (ہ - مص) - (۱) گدگدانا - (۲) چڑانا (۳) مذاق کرنا (۴) خواہ مخواہ لڑنے کے لیے آمادہ کرنا (۵) ذکر کرنا (۶) کریدنا (۷) الاپنا۔
چھیل - (ہ - صفت) رنگیلا - بنا ٹھنا۔
چھیل چھبیلا - بانکا - چھیلا - طرحدار۔
چھیلا - (چھے - لا) (ہ - صفت وا - مذکر) رنگیلا - بانکا۔
چھیلن - (چھی - لن) (ہ - ا - مونث) تراشہ جو کوئی چیز چھیلنے سے نکلے۔
چھیلنا - (چھیل - نا) (ہ - مص) (۱) پوست اتارنا (۲) کھرچنا۔
چھینا جھپٹی چھینا جھپٹ - (ہ - ا - مونث) زبردستی چھیننا۔

Marfat.com

نوچا کھسوٹی۔
چھینٹ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) بُوند ۔ قطرہ (۲) ایک قسم کا بیل بوٹے والا کپڑا (۳) داغ ۔ دھبّا۔
چھینٹا ۔ (چھِین ۔ ٹا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پانی کا چلّو کسی پر ڈالنا (۲) ہلکی بارش (۳) چنڈو کا دم۔
چھینٹا (چھینٹے) پڑنا ۔ ہلکی سی بارش ہونا۔
چھینٹا دینا ۔ کسی پر چلّو بھر پانی پھینکنا یا چھڑکنا۔
چھینٹے اڑانا ۔ (۱) چلّو بھر بھر کر کسی پر پانی پھینکنا (۲) کسی چیز سے پانی اچھالنا یا اچھالنا کہ اس سے دوسرا بھیگ جائے۔
چھینک ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) وہ آواز جو ناک سے زکام یا سلسلاہٹ کے باعث نکلے۔
چھینک مارنا ۔ چھینکنا ۔ چھینک کا آنا۔
چھینکا ۔ (چھِین ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) وہ جالی یا برتن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے لیے چھت میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں۔
چھین لینا ۔ (ہ ۔ مص) زبردستی لے لینا ۔ جھپٹ لینا۔
چھیننا ۔ (چھِین ۔ نا) (ہ ۔ مص) زبردستی لے لینا۔
چھینی ۔ (چھے ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) لوہا کاٹنے کا اوزار ۔ ٹانکی۔

# چ - ی

چِیاں ۔ (چ ۔ یاں) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) املی کا بیج۔
چِیاں سا (سی) چھوٹا سا ۔ چھوٹی سی۔
چیپ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) لیس (۲) لاسا (۳) پیپ (۴) رطوبت جو پکے ہوئے آموں سے نکلتی ہے۔
چیپ دار ۔ لیس دار ۔ چپکتا ہوا۔
چیپڑ ۔ (چی ۔ پڑ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) آنکھ کا میل جو باہر آ کر جم جاتا ہے۔
چیپنا ۔ (چیپ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) چپکانا ۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا (۳) لگا کر رکھا دینا۔
چیپی (چے ۔ پی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) کاغذ کی کترن جو چپکائی جائے۔
چیت ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ہندی سال کا بارھواں مہینہ۔
چیتا ۔ (چے ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) خیال ۔ فہم ۔ سمجھ ۔ حافظہ۔
چیتا (چی ۔ تا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) شیر کی قسم کا ایک درندہ ۔ گلدار (چیتے کی سی کمر ۔ پتلی کمر۔)
چیتل (چی ۔ تل) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ایک قسم کی بِیل گاؤ۔
چیتنا ۔ (چیت ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) ہوشیار ہونا ۔ جاگنا (۲) سمجھ میں آنا۔
چیتھڑا ۔ (چیتھ ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) کپڑے کا ٹکڑا ۔ لیر ۔ چیتھڑا لگا۔
چیتھڑے لگنا ۔ پھٹے ہوئے کپڑے پہننا ۔ بہت مفلس ہونا۔
چیٹک ۔ (چے ۔ ٹک) (ہ ۔ ا ۔ مونث) لگن ۔ رغبت ۔ شوق
چیچڑی ۔ (چیچ ۔ ڑی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) کیڑا جو کتے اور گائے بھینس کے بدن میں لگ جاتا ہے۔
چیچک ۔ (چے ۔ چک) (ہ ۔ ا ۔ مونث) سیتلا ۔ ماتا۔
چیچک رُو ۔ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
چیخ ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) چلّاہٹ ۔ زور کی آواز (۲) چنگھاڑ (۳) شور و غل۔
چیخ اٹھنا ۔ چلّا اٹھنا ۔ بلبلانا ۔ زور کی آواز نکالنا۔
چیخ مارنا ۔ چلّانا ۔ زور سے آواز نکالنا۔
چیخم چاخ مچنا ۔ (ہ ۔ مص) ۔ شور و غل ہونا۔
چیخم دھاڑ مچانا ۔ (ہ ۔ مص) ہنگامہ برپا کرنا ۔ شور کرنا۔
چیخنا ۔ (چیخ ۔ نا) (ہ ۔ مص) چلّانا ۔ شور کرنا۔
چیدہ ۔ (چی ۔ دہ) (ف ۔ صفت) چُنا ہوا ۔ منتخب۔
چیدہ چیدہ ۔ عمدہ عمدہ ۔ اچھے اچھے۔
چیر ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) شگاف (۲) زخم (۳) دھجی۔
چیر پھاڑ ۔ عمل جراحی ۔ چیرنا اور پھاڑنا۔
چیئر ( ) (انگ ۔ ا ۔ مونث) (۱) کرسی (۲) کرسیٔ صدارت۔
چیئرمین (CHAIRMAN) (مذکر) صدر ۔ میر مجلس۔
چیئرز (CHEERS) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) نعرے ۔ واہ وا۔
چیرا ۔ (چی ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) شگاف (۲) زخم۔
چیرا دینا (لگانا) (۱) شگاف کرنا (۲) زخم لگانا ۔ نشتر مارنا۔
چیرنا (چیر ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) پھاڑنا ۔ ٹکڑے کرنا ۔ (۲) شگاف دینا۔
چیرہ ۔ (چی ۔ رہ) (ف ۔ صفت) زور آور ۔ غالب ۔ بہادر
چیرہ دست ۔ (۱) زبردست ۔ طاقتور (۲) ظالم۔
چیرہ دستی ۔ مونث) (۱) غلبہ ۔ طاقت (۲) ظلم۔
چیڑ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیودار کی قسم کا ایک جنگلی درخت۔
چیز ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) شے (۲) جنس ۔ اسباب ۔ (۳) مٹھائی۔
چیز بست ۔ اسباب ۔ سامان ۔ اثاثہ۔
چیستان (چیس ۔ تان) (ف ۔ ا ۔ مونث) پہیلی ۔ معمّا ۔ بجھارت
چیف (CHIEF) (انگ ۔ صفت) اعلیٰ ۔ افضل ۔ خاص۔
چیف جسٹس ۔ (CHIEF JUSTICE) عدالت عالیہ کا بڑا جج۔
چیف کورٹ (CHIEF COURT) عدالت عالیہ۔
چیک (CHECK) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) چار خانہ کا کپڑا۔
چیک (CHEQUE) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) درشنی ہنڈی ۔ نقدی ملنے کا پرچہ جو کسی بنک وغیرہ کے نام لکھا جائے۔
چیکٹ ۔ (چی ۔ کٹ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) چراغ کی گاد (۲) تیل کی گاد (۳) (صفت) میلا کچیلا ۔ سیاہ۔
چیل ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) ایک مشہور پرندہ
چیل جھپٹا (مذکر) (۱) جھپٹا مار کر لے جانا ۔ (۲) لڑکوں کا ایک کھیل۔
چیل کا انڈا چھوڑنا ۔ سخت گرمی ہونا۔
چیل کا موت ۔ (مذکر) نایاب چیز۔

Marfat.com

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں۔ (مثل) فضول خرچ ہمیشہ تہی دست رہتا ہے۔

چیلا۔ (چے۔لا) (ہ-ا-مذکر) شاگرد۔ مُرید۔

چیلنج۔ (CHALLENGE) (انگ-ا-مذکر) (۱) مقابلے کے لیے بُلانا۔ دعوتِ مبارزت (۲) سنتری کا کسی کو روکنا۔

چیلی۔ (چے۔لی) (ہ-ا-مونث) مُریدنی۔ شاگرد عورت۔

چیمبر۔ (CHAMBER) (چَیم۔بَر) (انگ-ا-مذکر)۔ کمرہ۔ ایوان۔ ادارہ۔

چیمبر آف کامرس (CHAMBER OF COMMERCE) (مذکر) ایوانِ تجارت۔

چیمپئن۔ (CHAMPION) (چیم۔پی۔آن) میرِ میدان۔ کھیل میں سب پر سبقت لے جانے والا۔

چَین۔ (ہ-ا-مذکر) آرام۔ راحت۔ سُکھ۔ اطمینان۔

چین آنا۔ قرار آنا۔ اطمینان ہونا۔

چین پڑنا۔ اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔

چین سے۔ آرام سے۔ بے فکری سے۔

چین (CHAIN) (انگ-ا-مونث) زنجیر۔

چِین۔ (ف-ا-مونث) (۱) سلوٹ۔ شکن (۲) مصدر چیدن کا اسم فاعل یعنی چننے والا (مرکبات میں، جیسے نکتہ چیں)

چیں بہ جبیں ہونا۔ ماتھے پر بل ڈالنا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔

چیں۔ (ہ-ا-مونث) چڑیا کی آواز۔

چیں بلا دینا۔ ہرا دینا۔ عاجز کر دینا۔

چیں بول جانا (بولنا) ہار ماننا۔ عاجز ہونا۔

چیں چپڑ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

چِینا۔ (چی۔نا) (ہ-صفت) (۱) چین سے منسوب۔ چین کا۔ (۲) (مذکر) چین کا باشندہ (۳) ایک قسم کا غلہ۔

چینا گوند۔ (مذکر) ڈھاک کا گوند۔

چینگنا۔ (چینگ۔نا) (ہ-مص) بہت آہستہ آہستہ کھانا۔

چِینی۔ (چی۔نی) (ہ-صفت) (۱) چین سے منسوب۔ چین کا (۲) (مذکر) چین کا باشندہ (۳) (مونث) سفید شکر (۴) چین کی مٹی (۵) چین کی زبان۔

چیونٹا۔ (چیوں۔ٹا) (ہ-ا-مذکر) چیونٹی کا نر۔

چیونٹی۔ (چیوں۔ٹی) (ہ-ا-مونث) مور۔ ایک ننھا سا کیڑا۔

چیونٹی کا پر نکلنا۔ چیونٹی کو پر لگنا۔ چیونٹی کے پر نکلنا (۱) زوال کا وقت قریب آنا (۲) موت کا وقت قریب آنا۔

چیونٹیاں لگنا۔ دھوپ کی تیزی کے باعث بدن میں سوئیاں سی چبھنا۔

Marfat.com

# ح

ح ۔ (حے) ۔ (ع ۔ مؤنث) اُردو کا نواں ۔ فارسی کا آٹھواں اور عربی کا چھٹا حرف ۔ اسے حائے حطّی ۔ حائے مُہملہ اور حائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں ۔ ابجد کے حساب میں اس کے آٹھ عدد مقرر ہیں ۔

## ح-ا

**حاتِم** ۔ (حا ۔ تِم) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) قبیلۂ طے کا مشہور سردار (۲) (صفت) سخی ۔ فیاض ۔

**حاتم کی گور پر لات مارنا** ۔ (۱) حاتم کو سخاوت میں مات کر دینا (۲) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت کا کوئی کام ہو جانا ۔ (طنزاً کہا جاتا ہے) ۔

**حاجات** ۔ (ع ۔ ا ۔ مؤنث) حاجت کی جمع ۔

**حاجِب** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دربان ۔ چوبدار (۲) پردہ (۳) ابرو ۔ بھوں ۔

**حاجت** ۔ (ع ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) خواہش ۔ ضرورت (۲) اُمید ۔ آرزو ۔

**حاجت برآری کرنا** ۔ ضروریات پوری کر دینا

**حاجت بر آنا** ۔ مراد پوری ہونا ۔

**حاجت رفع کرنا** ۔ (۱) کسی کا کام نکالنا (۲) پاخانے جانا ۔

**حاجت روا** ۔ ضرورت پوری کرنے والا ۔

**حاجت روائی** ۔ (مؤنث) حاجت پوری کر دینا ۔ کسی کا کام کر دینا ۔

**حاجت مشاطہ نیست روئے دلآرام را** ۔ خوبصورت کو بناؤ سنگار کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

**حاجت مند** ۔ محتاج ۔ ضرورت والا ۔ خواہش مند ۔

**حاجت ہونا** ۔ (۱) ضرورت ہونا (۲) پاخانہ آنا ۔

**حاجتی** ۔ (حا ۔ جَ ۔ تی) (ا ۔ ا ۔ مؤنث) وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر بیٹھے بیٹھے پیشاب کر لیتے ہیں (۲) (صفت) ضرورت مند ۔

**حاجز** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پردہ ۔ آڑ (۲) (صفت) حائل ہونے والا

**حاجی** ۔ (حا ۔ جی) (ع ۔ ا ۔ مذکر) حج کرنے والا ۔

**حاجی الحرمین** ۔ وہ شخص جس نے مکہ معظمہ کا حج کیا ہو اور مدینہ منورہ میں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزارِ مقدس کی زیارت بھی کر آیا ہو ۔

**حادِث** ۔ (حا ۔ دِث) (ع ۔ صفت) قدیم کی ضد ۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہوئی ہو ۔ فانی ۔

**حادثہ** ۔ (حا ۔ دِ ۔ ثہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) واردات ۔ واقعہ ۔ صدمہ ۔ سانحہ

**حادّہ** ۔ (حاد ۔ دہ) (ع ۔ صفت) (۱) تیکھا ہوا (۲) وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا یعنی نوّے درجے سے کم ہو ۔

**حاذِق** ۔ (ع ۔ صفت) کامل ۔ اپنے فن میں ماہر (عموماً طبیب کی صفت میں مستعمل ہے) ۔

**حار** ۔ (ع ۔ صفت) (۱) حرارت رکھنے والا (۲) گرم ۔

**حارِث** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) کاشتکار ۔ کھیتی باڑی کرنے والا ۔

**حارِج** ۔ (ع ۔ صفت) روکنے والا ۔ مزاحمت کرنے والا ۔

**حارّہ** ۔ (حار ۔ رَہ) (ع ۔ صفت) گرم ۔

**حاسِد** ۔ (ع ۔ صفت) حسد کرنے والا ۔ بدخواہ ۔

**حاسّہ** ۔ (حاس ۔ سہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) محسوس کرنے کی قوت ۔

**حاشا** ۔ (ع) حرفِ تردید ۔ ہرگز نہیں ۔ (انکار لو ۔ لاعلمی کے لیے بطور قسم کے استعمال ہوتا ہے) ۔

**حاشا ثم حاشا** ۔ (۱) نہیں اور ہرگز نہیں (۲) ہرگز نہیں ۔ ہرگز نہیں ۔

**حاشا للہ ۔ حاشا و کلّا** ۔ (۱) خدا نہ کرے ۔ خدا کی پناہ ۔ ہرگز نہیں ۔ (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا عہد ۔

**حاشیہ** ۔ (حا ۔ شِ ۔ یَہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کنارہ ۔ گوٹ (۲) کتاب یا ورق کے چاروں طرف کا خالی حصّہ (۳) شرح جو کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جائے ۔ فٹ نوٹ ۔

**حاشیہ چڑھانا** ۔ (۱) گوٹ لگانا (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا (۳) کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا ۔

**حاشیہ چھوڑنا** ۔ لکھتے وقت چاروں طرف کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا

**حاشیہ لگانا** ۔ لکھتے وقت چاروں طرف جگہ چھوڑنے کے لیے کاغذ پر سطریں کھینچنا ۔

**حاشیہ نشین** ۔ (۱) پاس بیٹھنے والا (۲) مُصاحب ۔

**حاشیے کا گواہ** ۔ (مذکر) (۱) وہ گواہ جو کسی دستاویز کے حاشیے پر دستخط کرے (۲) اہم گواہ ۔

**حاصِل** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کسی چیز کا نتیجہ (۲) آمدنی ۔ بکری (۳) پیداوار ۔ نتیجہ ۔ فائدہ (۴) مطلب ۔ خلاصہ ۔

**حاصل بازار** ۔ آمدنی جو منڈی یا میلے کی دکانوں سے بطور محصول وصول ہو ۔

**حاصل تفریق** ۔ منہائی کے بعد باقی بچنے والی رقم ۔

**حاصل تقسیم** ۔ (۱) خارج قسمت (۲) وہ رقم جو تقسیم کے بعد باقی بچے ۔

**حاصل جمع** ۔ میزان ۔ وہ رقم جو جمع کرنے سے آئے ۔

**حاصل ضرب** ۔ وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو ۔

**حاصل کلام** ۔ القصہ ۔ الغرض ۔ خلاصۂ کلام ۔ حاصل مقصد ۔

**حاصل مصدر** ۔ وہ لفظ جو کسی فعل کی کیفیت ، اثر یا نتیجہ ظاہر کرے ۔ عموماً مصدر میں بعد حذف علامت مصدر کچھ تغیر کرکے بناتے ہیں ۔ مثلاً جلنا مصدر سے حاصل مصدر جلن ۔

**حاصل نہ حصول** ۔ بے فائدہ ۔ فضول ۔ بے نتیجہ ۔

**حاضِر** ۔ (ع ۔ صفت) (۱) موجود ۔ سامنے (۲) آمادہ ۔

**حاضر باش** ۔ حاضر رہنے والا ۔ موجود رہنے والا ۔

**حاضر باشی** ۔ (مؤنث) موجودگی ۔ حاضری ۔

**حاضر جواب** ۔ بات سنتے ہی فوراً معقول جواب دینے والا ۔

**حاضر جوابی** ۔ (مؤنث) موزوں جواب دینے کی صلاحیت ۔

**حاضر ضامنی** ۔ (مؤنث) کسی شخص کو عدالت میں پیش کرنے کی ضمانت ۔

**حاضر کرنا** ۔ لا کر پیش کرنا ۔ بلا کر لانا ۔

Marfat.com

**حاضر و ناظر**۔ موجود اور دیکھنے والا (خدا کی صفت)
**حاضر ہونا**۔ موجود ہونا۔ پیش ہو جانا۔ سامنے ہونا۔
**حاضرات**۔ [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) حاضر کی جمع مؤنث۔ حاضر عورتیں (۲) جن بھوت وغیرہ جمع کرنے کا جلسہ جو عامل کرتے ہیں۔
**حاضرات کرنا**۔ بھوت پریت کو جمع کر کے اُن سے پوشیدہ حال معلوم کرنا۔
**حاضراتی**۔ (اُر۔ ا۔ مذکر) جن۔ بھوت۔ پریت کو بلانے والا عامل۔
**حاضری**۔ [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) موجودگی۔ حاضر ہونا (۲) وہ کھانا یا نقدی جو میت والوں کو اُن کے رشتہ دار دیتے ہیں (۳) ناشتا (۴) کباب۔ شیرمال وغیرہ جس پر شہدائے کربلا خصوصاً حضرت عباس کی فاتحہ دلاتے ہیں (۵) نام کا پکارا جانا۔ گنتی ہونا۔
**حاضری اصالتاً**۔ خود حاضر ہونا۔
**حاضری دینا**۔ (۱) موجودگی کی اطلاع دینا (۲) میت کے گھر جانا یا نقدی پہنچانا (۳) صبح کا کھانا کھلانا
**حاضری لگانا یا لینا**۔ موجود اشخاص کے نام کے سامنے اُن کی موجودگی کا نشان لگانا۔
**حاضری میں کھڑا رہنا**۔ خدمت میں ہر وقت موجود رہنا۔
**حاضرین**۔ (حا۔ ضِ۔ ریں) [ع۔ ا۔ مذکر] حاضر کی جمع۔ موجود لوگ
**حافظ**۔ [ع۔ صفت] (۱) حفاظت کرنے والا (۲) وہ شخص جسے قرآن پاک حفظ ہو (۳) (کنایتہً) نابینا (۴) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام
**حافظِ حقیقی**۔ اصلی نگہبان۔ خدائے تعالیٰ۔
**حافظہ**۔ (حا۔ فِ۔ ظہ) [ع۔ مذکر] (۱) قوت یادداشت (۲) (مؤنث) عورت جس نے قرآن پاک حفظ کر لیا ہو۔
**حاکم**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حکومت کرنے والا۔ حکم کرنے والا (۲) بادشاہ (۳) آقا۔
**حاکم با اختیار**۔ پورے اختیارات والا حاکم۔ اعلیٰ مجسٹریٹ۔
**حاکم بالا (اعلیٰ)**۔ افسر اعلیٰ۔ بڑا حاکم۔
**حاکم دیوانی**۔ سب جج۔ لین دین کے مقدمات سننے والا
**حاکم فوجداری**۔ مجسٹریٹ۔ لڑائی جھگڑے کے مقدمات سننے والا۔
**حاکم ضلع**۔ ضلع کا سب سے بڑا حاکم۔ ڈپٹی کمشنر
**حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے ڈرنا چاہیے**۔ (مثل) خواہ مخواہ حاکم کے سامنے نہیں آنا چاہیے۔ نہیں معلوم کس بات پر بگڑ جائے جس طرح گھوڑے کے پیچھے کھڑے ہونا بھی خطرے سے خالی نہیں۔ نہیں معلوم کب دولتی مار دے
**حاکم سے تین شحنہ کے تو**۔ (مثل) حاکم کم لیکن اس کے ماتحت اس سے زیادہ رشوت لیتے ہیں۔
**حاکمانہ**۔ (حا۔ کِ۔ ما۔ نہ) [ف۔ صفت] حاکم کی طرح۔
**حاکمی**۔ (حا۔ کِ۔ می) [ف۔ ا۔ مؤنث] حکومت۔ سرداری۔ حکمرانی۔
**حال**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) موجودہ زمانہ (۲) حالت۔ کیفیت (۳) حیثیت (۴) وجد۔ بیخودی (۵) ذکر۔ بیان (۶) طاقت۔ سکت (۷) ابھی۔ فی الحال۔
**حال آنا (کھیلنا)**۔ راگ سن کر وجد آنا۔ رقت طاری ہونا۔
**حال آنکہ (حالانکہ)**۔ باوجودیکہ۔ یہ حال ہوتے ہوئے بھی۔
**حال بے حال ہونا**۔ بُری حالت ہونا۔ خراب خستہ ہونا
**حال پتلا ہونا**۔ (۱) مالی حالت خراب ہونا (۲) صحت خراب ہونا۔
**حال پر رونا آنا**۔ کسی کی خراب حالت دیکھ کر افسوس ہونا۔
**حال پوچھنا**۔ مزاج پرسی کرنا۔ حقیقت یا سرگذشت دریافت کرنا۔
**حال غیر ہونا**۔ حالت خراب ہونا۔ حالت خطرناک ہونا۔
**حالت کھل جانا**۔ اصل حالت ظاہر ہو جانا۔ قلعی کھل جانا۔
**حال میں**۔ موجودہ زمانے میں۔ ابھی۔
**حالا**۔ (ع) اسی وقت۔ ابھی۔
**حالات**۔ (حا۔ لات) [ع۔ ا۔ مذکر] حالت کی جمع۔
**حالت**۔ [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) گت۔ کیفیت (۲) جان۔ طاقت (۳) واردات جو انسان پر گذرے۔
**حالتِ نزع**۔ مرتے دم کی حالت۔ جان کنی کا عالم
**حالی**۔ (حا۔ لی) [ف۔ صفت] حال کا۔ وقتی۔
**حالی موالی**۔ (مذکر) ہم نشین۔ ساتھی
**حالیہ**۔ (حا۔ لِ۔ یہ) [ع۔ صفت] ابھی کا۔ حال کی یا حال کا۔
**حامد**۔ [ع۔ صفت] تعریف کرنے والا۔
**حامض**۔ [ع۔ صفت] ترش۔ کھٹا۔
**حامل**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] بوجھ اٹھانے والا۔ کسی چیز کو لے جانے والا۔
**حاملِ وحی**۔ وحی پہنچانے والا حضرت جبرئیلؑ۔
**حاملہ**۔ (حا۔ مِ۔ لہ) [ع۔ صفت] عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو۔
**حامی**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] حمایتی۔ مددگار۔
**حاوی**۔ [ع۔ صفت] (۱) گھیرنے والا۔ احاطہ کرنے والا (۲) غالب۔ چھایا ہوا (۳) کسی فن میں ماہر۔
**حائل**۔ [ع۔ صفت] بیچ میں آنے والا۔ روکنے والا۔

## ح - ب

**حَب**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) گولی۔ دانہ (۲) تخم۔ بیج۔
**حُب**۔ [ع۔ ا۔ مؤنث] (۱) محبت۔ الفت (۲) دوستی۔ اشتیاق۔
**حُبُّ الوطن**۔ (مؤنث) وطن کی محبت۔
**حب کا عمل**۔ (مذکر) وہ دُعا یا عمل جس سے باہم محبت پیدا ہو۔
**حباب**۔ (حُ۔ باب) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) پانی کا بلبلہ (۲) شیشے کے گولے جو آرائش کے لیے مکانوں میں لگائے جاتے ہیں (۳) روشنی کے باریک کنول۔
**حباب آسا**۔ بلبلے کی طرح ناپائدار۔ بلبلے جیسا۔ فانی
**حباب سا**۔ باریک۔ پتلا۔ ذرا سا۔
**حبالہ**۔ (حِ۔ بالہ) [ع۔ ا۔ مذکر] رسی۔ جال۔ پھندا
**حبالۂ عقد**۔ نکاح کا پھندا۔ شادی۔ بیاہ۔
**حَبَّذا**۔ (حب۔ بَ۔ ذا) [ع] کلمۂ تحسین۔ واہ وا۔ مرحبا۔ شاباش۔
**حبس**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) قید (۲) گھٹن۔ ہوا کا بند ہو جانا۔
**حبس البول**۔ پیشاب کا بند ہو جانا یا تکلیف سے آنا۔
**حبس بے جا**۔ ناجائز قید۔ خلاف قانون گرفتاری۔
**حبس دم**۔ (۱) سانس رکنا۔ سانس کو قابو میں رکھنا (۲) دمہ کا مرض۔
**حبس دوام بعبور دریائے شور**۔ عمر قید۔ ہمیشہ کے لیے کالے

Marfat.com

پانی (۱) اندیشان بھیجنا۔
**حبس ہونا**۔ ہوا کا بند ہو جانا۔
**حبسیات**۔ (حَب ۔سی۔یات) (ع ۔ا۔مؤنث) قید سے نسبت رکھنے والی اشیاء خصوصاً وہ نظمیں جو قید خانے میں کوئی شاعر لکھے۔
**حبشن**۔ (حَب ۔شَن) (اُ ۔ا۔مؤنث) (۱) حبشہ کی رہنے والی عورت۔ (۲) کالی کلوٹی عورت۔
**حبشی**۔ (حَ ۔بَ ۔شی) (ع ۔ا۔مذکر) (۱) حبش کا رہنے والا (۲) (صف) کالا کلوٹا۔
**حَبل**۔ (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) رسی (۲) رگ۔
**حَبلُ المتین**۔ (۱) مضبوط رسی (۲) پکا وسیلہ۔
**حَبلُ الورید** (۱) شہ رگ (۲) (مجازاً) بہت قریب۔
**حُبُوب**۔ (ع ۔ا۔مذکر) حب کی جمع۔ گولیاں
**حَبّہ**۔ (حَب ۔بَہ) (ع ۔ا۔مذکر) دانہ۔
**حَبّہ بھر**۔ بالکل ذرا سا۔ قلیل مقدار۔
**حبّہ حبّہ وصول پانا**۔ کوڑی کوڑی وصول ہو جانا۔ کچھ بقایا نہ چھوڑنا۔
**حبیب**۔ (حَ ۔بیب) (ع ۔ا۔مذکر) دوست۔ معشوق۔
**حبیبِ خدا**۔ خدا کا پیارا۔ مراد رسول خدا محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

## ح - ت

**حتّٰی**۔ (حَت ۔تا) (ع) یہاں تک۔ اس قدر۔ جب تک۔ جہاں تک۔
**حتّٰی الامکان**۔ حتّٰی المقدور۔ حتّٰی الوسع۔ بساط بھر۔ جہاں تک ہو سکے۔
**حتمی**۔ (حَت ۔می) (ع ۔صف) مستقل۔ مضبوط۔ پکا۔

## ح - ج

**حج**۔ (ع ۔ا۔مذکر) (۱) وقت مقررہ پر مکہ معظمہ میں بیت اللہ کی زیارت کرنا (۲) ارکانِ اسلام میں سے ایک رُکن۔
**حجِ اصغر**۔ چھوٹا حج۔ جو ایامِ حج کے علاوہ اور دنوں میں ادا ہو۔ عمرہ۔
**حجِ اکبر**۔ بڑا حج۔ وہ حج جو جمعہ کے دن ہو۔
**حجاب**۔ (ع ۔ا۔مذکر) (۱) پردہ۔ اوٹ (۲) حیا۔ شرم۔ لحاظ۔
**حجاب آنا**۔ شرم آنا۔ حیا آنا۔
**حجاب اُٹھنا**۔ (۱) پردہ اُٹھنا (۲) بے غیرت (شرم) نہ ہونا۔
**حجابات**۔ (ع ۔ا۔مذکر) حجاب کی جمع۔
**حُجّاج**۔ (حُج ۔جاج) (ع ۔ا۔مذکر) حاجی کی جمع۔ حاجی لوگ۔
**حجازی**۔ (حِ ۔جا۔زی) (ع ۔صف) (۱) عرب کے صوبہ حجاز سے متعلق (۲) حجاز کا رہنے والا۔
**حجّام**۔ (حَج ۔جام) (ع ۔ا۔مذکر) نائی۔ حجامت کرنے والا۔
**حجامت**۔ (ع ۔ا۔مؤنث) سر مونڈنے، بال کاٹنے یا ڈاڑھی مونڈنے کا عمل (۲) نائی کا پیشہ۔
**حجامت بنانا**۔ (۱) سر مونڈنا۔ بال کاٹنا (۲) لوٹ لینا۔ ٹھگ لینا
**حجب**۔ (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) چھپاؤ۔ پوشیدگی (۲) وحشت۔ جھجک
**حُجّت**۔ (حُج ۔جَت) (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) دلیل (۲) بحث۔ تکرار۔
**حُجّتُ الاسلام**۔ (۱) اسلام کی دلیل (۲) حضرت امام غزالی کا لقب
**حُجّتِ قاطع**۔ مضبوط دلیل۔
**حُجّت نکالنا**۔ اعتراض کرنا۔
**حُجّت کرنا**۔ تکرار کرنا۔ بحث کرنا۔
**حُجّتی**۔ (حُج ۔جَ ۔تی) (اُ ۔صف) جھگڑالو۔ لڑاکا۔
**حَجَر**۔ (حَ ۔جَر) (ع ۔ا۔مذکر) پتھر۔
**حجرِ اسود**۔ سیاہ پتھر جو خانہ کعبہ کی دیوار میں نصب ہے۔
**حجرِ الیہود**۔ ایک قسم کا پتھر جو زخموں کے بھرنے اور ٹھیک ہونے کے لیے بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے۔
**حُجرہ**۔ (حُج ۔رَہ) (ع ۔ا۔مذکر) کوٹھڑی۔ مسجد میں چھوٹا کمرہ۔ خلوت خانہ۔
**حجلہ**۔ (حَج ۔لَہ) (ع ۔ا۔مذکر) دلہن کا چھپرکھٹ۔ پردہ عروس۔
**حجم**۔ (ع ۔ا۔مذکر) جسامت۔ موٹائی۔ ضخامت

## ح - د

**حد**۔ (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) کنارہ۔ سرحد (۲) انتہا (۳) اقلیدس کے مقررہ اصول (۴) احاطہ (۵) سزا جو شریعت اسلامیہ کے مطابق دی جائے (۶) بہت۔ زیادہ۔
**حدِ بلوغ**۔ بالغ ہونے کی عمر
**حد سے بڑھنا**۔ حیثیت سے بڑھ چلنا۔ اپنی حیثیت سے باہر قدم رکھنا
**حد سے زیادہ**۔ حد سے باہر۔ بہت زیادہ۔ از حد۔
**حدِ فاصل**۔ وہ حد جو دو چیزوں کے درمیان آکر ان کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دے۔
**حد کرنا**۔ ایسی بات یا کام کر گزرنا کہ جس سے زیادہ ممکن نہ ہو۔
**حداثت**۔ (حَ ۔دا۔ثت) (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) نیاپن۔ نوجوانی (۲) آغاز۔
**حدّاد**۔ (حَد ۔داد) (ع ۔ا۔مذکر) (۱) لوہار (۲) جیل کا داروغہ۔
**حدّت**۔ (حِد ۔دت) (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) گرمی کی تیزی (۲) تندی (۳) زور۔ جوش۔
**حدث**۔ (حَ ۔دَث) (ع ۔ا۔مذکر) وضو ٹوٹ جانا۔
**حدوث**۔ (ع ۔ا۔مذکر) قدم کی ضد۔ پیدائش۔ وجود میں آنا۔
**حُدود**۔ (ع ۔ا۔مذکر و مؤنث) حد کی جمع۔ حدیں۔
**حُدودِ اربعہ**۔ (۱) چاروں سمتیں۔ مشرق۔ مغرب۔ شمال۔ جنوب (۲) وہ علاقے جو کسی علاقے کے چاروں طرف واقع ہوں۔
**حُدودِ اراضی**۔ زمین کی حد بندی۔
**حدودِ شرعی**۔ شرع اسلام کے مطابق سزائیں۔
**حُدی**۔ (حُ ۔دی) (ع ۔ا۔مذکر) عرب شتربانوں کا نغمہ۔
**حدیث**۔ (حَ ۔دیث) (ع ۔ا۔مؤنث) (۱) بات۔ نئی چیز۔ ذکر۔ قصہ۔

Marfat.com

تاریخ (۲) اصطلاحِ شرع میں حضور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے قول اور فعل کی خبر۔
**حدیثِ صحیح** ۔ معتبر حدیث۔ وہ حدیث جو قرآن اور عقل کے مطابق ہو اور جس کے راوی معتبر ہوں۔
**حدیثِ ضعیف** ۔ وہ حدیث جس کے راوی معتبر نہ ہوں۔
**حدید** ۔ (حَ۔ دِید) [ع۔ا۔ مذکر] لوہا۔
**حدیقہ** ۔ (حَ۔ دی۔ قہ) [ع۔۔۔ مذکر] چار دیواری والا باغ۔

# ح۔ذ

**حذاقت** ۔ [ع۔ا۔ مونث] عقلمندی۔ دانائی۔
**حذر** ۔ [ع۔ا۔ مذکر] انکار۔ احتیاط۔ بچاؤ۔
**حذف** ۔ [ع۔ا۔ مذکر] الگ کرنا۔ نکالنا۔ لفظ سے کسی حرف یا عبارت سے کسی لفظ کو گرا دینا۔

# ح۔ر

**حُر** ۔ [ع۔ا۔ مذکر] آزاد۔
**حرارت** ۔ [ع۔ا۔ مونث] (۱) گرمی۔ حدت (۲) جوش۔ تیزی (۳) غصہ (۴) ہلکا بخار ہونا۔
**حرارتِ غریزی** ۔ بدن کی قدرتی گرمی۔
**حرارت ہونا** ۔ ہلکا بخار ہونا۔ جسم کا گرم ہونا۔
**حرارہ** ۔ [ع۔ ا۔ مذکر] جوش۔ گرمی۔ غلبۂ شوق۔ غصہ۔ تیزی۔ تندی۔
**حراست** ۔ (حِ۔ را۔ ست) [ع۔ا۔ مونث] (۱) نگرانی (۲) نظربندی۔ قید۔
**حراست میں رہنا** ۔ (۱) نگرانی میں رہنا (۲) حوالات میں رہنا
**حرّاف** ۔ (حَر۔ راف) [ع۔ا۔ صفت] (۱) مکار۔ فریبی (۲) عیار۔
**حرام** ۔ (حَ۔ رام) [ع۔ صفت] (۱) حلال کا متضاد (۲) حرمت والا۔ عظمت والا (۳) خلافِ شرع۔ ناجائز (۴) ناپاک۔ نجس۔
**حرام خور** ۔ (۱) مردار خور۔ رشوت خوار (۲) مفت خور (۳) نمک حرام بے وفا۔
**حرام خوری** ۔ (مونث) نمک حرامی۔ بے وفائی۔ مفت خوری۔ رشوت ستانی۔
**حرام زادہ۔ حرام کا** ۔ (۱) وہ شخص جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوا ہو۔ (۲) شہدا۔ بدذات۔
**حرام زادے کی رسی دراز** ۔ (مثل) بدمعاش بہت دیر تک زندہ رہتا ہے۔
**حرام زدگی** ۔ (مونث) (۱) حرام زادہ ہونے کی حالت (۲) شرارت۔ فتنہ پردازی۔
**حرام کار** ۔ بدکار۔
**حرام کاری** ۔ (مونث) بدکاری۔ بدفعلی۔
**حرام کر دینا** ۔ منع کر دینا۔ بدمزہ یا ناگوار کر دینا۔
**حرام مغز** ۔ (مذکر) وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی یا مہرہ ہائے پشت میں ہوتا ہے۔
**حرامی** ۔ (حَ۔ را۔ می) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) زنا کی اولاد (۲) بدذات۔
**حرب** ۔ [ع۔ا۔ مونث] لڑائی۔ جنگ۔
**حربہ** ۔ (حَر۔ بہ) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) حملہ (۲) لڑائی کا ہتھیار (۳) جست۔ جھپٹنا۔
**حربہ کرنا** ۔ وار کرنا۔ حملہ کرنا۔
**حربے ضربے** ۔ ہر وقت۔ گھڑی گھڑی۔ بار بار۔
**حرج** ۔ (حَ۔ رَج) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) تنگی۔ سختی (۲) نقصان (۳) تضییعِ اوقات۔ دیر۔ کمی۔
**حرز** ۔ [ع۔ا۔ مذکر] (۱) جائے پناہ (۲) تعویذ۔ جنتر منتر۔
**حرزِ جان بنانا** ۔ بہت عزیز سمجھنا۔ بے حد احتیاط سے رکھنا۔
**حرص** ۔ [ع۔ا۔ مونث] (۱) لالچ (۲) خواہش۔ تمنا۔ رغبت۔ ہوس۔
**حرصا حرصی** ۔ [اُر۔ا۔ مونث] دیکھا دیکھی۔ اوروں کو دیکھ کر خود بھی وہی کام کرنے لگنا یا اُس چیز کی خواہش کرنا۔
**حرف** ۔ [ع۔ا۔ مذکر] (۱) آواز کو ظاہر کرنے والا نشان (۲) علمِ صرف میں وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے ساتھ ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں (۳) بات (۴) نقص۔ عیب۔ طنز۔
**حرف آشنا** ۔ جو تھوڑا بہت پڑھ سکے۔ مبتدی۔ نو آموز۔
**حرف آنا** ۔ (۱) الزام لگنا۔ عیب لگنا (۲) تھوڑا سا لکھنا پڑھنا آنا۔
**حرف بحرف** ۔ ایک ایک حرف۔ لفظ بلفظ۔
**حرف پہچاننا** ۔ حروف میں تمیز کرنا۔ پڑھ لینا۔ حروفِ تہجی کو ذہن نشین کرنا۔
**حرفِ ربط** ۔ وہ حرف جو فعل کو اسم کے ساتھ ملائے (اور۔ یا)۔
**حرفِ ساکن** ۔ وہ حرف جس پر کوئی حرکت نہ ہو۔
**حرفِ شرط** ۔ وہ حرف جو ایک جملے کے مضمون کو دوسرے جملے کے مضمون سے متعلق کرے (اگر۔ مگر۔ تو)۔
**حرفِ شکایت** ۔ شکایت کی بات۔
**حرف شناس** ۔ ابجد خواں۔ حروفِ تہجی کو پہچان لینے والا۔
**حرفِ عطف** ۔ وہ حرف جس سے ایک چیز کا حکم دوسری چیز پر کیا جائے (پھر۔ بھی۔ نیز)
**حرفِ علت** ۔ تین حروف ہیں۔ (واؤ۔ الف۔ یا)
**حرف گیری** ۔ (مونث) نکتہ چینی۔ عیب لگانا۔
**حرفِ متحرک** ۔ وہ حرف جس پر اعراب ہو۔
**حرفِ مطلب** ۔ مطلب کی بات۔
**حرفِ ندا** ۔ وہ حرف جو بلانے کے لیے استعمال ہو (اے۔ او)۔
**حرفِ نفی** ۔ وہ حرف جو انکار کے لیے استعمال ہو۔ (نہ۔ نہیں)
**حرف و حکایت** ۔ گلہ شکوہ۔ بات چیت۔
**حرفت** ۔ (حِر۔ فت) [ع۔ا۔ مونث] (۱) پیشہ۔ کاریگری (۲) ہنر۔ علم (۳) چالاکی۔ عیاری
**حرفہ** ۔ (حِر۔ فہ) [ع۔ا۔ مذکر] پیشہ۔ صنعت۔ ہنر۔ کاریگری۔
**حرکات** ۔ (حَ۔ رَ۔ کات) [ع۔ا۔ مذکر و مونث] حرکت کی جمع۔ حرکتیں۔
**حرکات و سکنات** ۔ (۱) اُٹھنا بیٹھنا۔ چلنا پھرنا (۲) عادات و اطوار۔

Marfat.com

**حرکت** - (حَ - رَ - کَت) [ع - ا - مؤنث] (۱) جنبش - رفتار - چال - (۲) وطیرہ - تڑپ (۳) ناپسندیدہ بات (۴) سفر (۵) اعراب - زبر - زیر - پیش (۶) کام - کردار -
**حرکت کرنا** - (۱) ہلنا جلنا - چلنا (۲) بُرا کام کرنا - خطا کرنا (۳) نقصان کرنا -
**حرکت مذبوحی** - ذبح ہونے والے جانور کی طرح بے اختیاری کی حرکت - بے فائدہ حرکت -
**حرکت میں برکت ہے** - (مثل) کام کرنے ہی میں فائدہ ہے کام کرنے میں تو خدا مدد کرتا ہے -
**حرکی** - (حَ - رَ - کی) [ع - صفت] حرکت سے منسوب
**حرکی توانائی** - (مؤنث) وہ طاقت یا قوت جو کسی شے کے حرکت میں آنے سے پیدا ہو -
**حرکی نظریہ** - (مذکر) حرکت کا قانون -
**حرم** - (حَ - رَم) [ع - ا - مذکر] (۱) خانہ کعبہ کی چار دیواری - جہاں جاندار کا مارنا حرام ہے (۲) (مؤنث) زنانخانہ (۳) منکوحہ بیوی (۴) کنیز -
**حرم سرا** - (مؤنث) زنانخانہ - بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان -
**حرمان** - (حِر - مان) [ع - ا - مذکر] ناامیدی - مایوسی - بدقسمتی -
**حرمان نصیب** - بدقسمت جس کی قسمت میں محرومی ہو -
**حُرمت** - (حُر - مت) [ع - ا - مؤنث] عزت - آبرو - عظمت (۲) مذہب کی رُو سے حرام ہونا -
**حرمت بہا** - ہتک عزت کا تاوان - ہرجانہ ازالۂ حیثیت عُرفی -
**حرمل** - (حَر - مَل) [ع - ا - مذکر] کالا دانہ - اسپند - ایک جنگلی پودا -
**حرمین شریفین** - (حَ - رَ - مَین - شَ - رِی - فَین) [ع - ا - مذکر] مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ
**حُروف** - (حُ - رُوف) [ع - ا - مذکر] حرف کی جمع -
**حروف تہجی** - حروف ہجا - الف ب ت وغیرہ -
**حروف شمسی** - وہ حروف جن سے پہلے ال تلفظ میں نہ آئے جیسے عبدالرحیم میں ر اور والشمس میں ش -
**حروف قمری** - وہ حروف جن سے پہلے ال تلفظ میں آئے جیسے ابوالبرکات میں ب اور عبدالحسیب میں ح -
**حروف معجمہ** - حروف منقوطہ - وہ حروف جن پر ایک یا زیادہ نقطے ہوں - جیسے جابر میں ج اور ب -
**حروف مقطعات** - وہ حروف جو قرآن پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں -
**حروف مہملہ** - حروف غیر منقوطہ - وہ حروف جن پر کوئی نقطہ نہ ہو جیسے طمع میں -
**حُریت** - (حُر - ری - یت) [ع - ا - مؤنث] آزادی -
**حریر** - [ع - ا - مذکر] (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا -
**حریرہ** - (حَ - ری - رَہ) [ع - ا - مذکر] پتلی اور گاڑھی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے -
**حریری** - (حَ - ری - ری) [ع - صفت] (۱) ریشمی - ریشم کا (۲) باریک - پتلا -
**حریص** - (حَ - ریص) [ع - صفت] (۱) لالچی (۲) حاسد (۳) پیٹو -
**حریف** - (حَ - ریف) [ع - ا - مذکر] (۱) ہم پیشہ (۲) دشمن مقابل (۳) مقابلہ کرنے والا
**حریق** - (حَ - ریق) [ع - صفت] (۱) جلی ہوئی چیز - سوختہ (۲) آگ شعلہ -
**حریم** - (حَ - ریم) [ع - ا - مذکر] (۱) گھر کی چار دیواری (۲) خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار (۳) مکان - گھر -

## ح - ز

**حزب** - [ع - ا - مذکر] (۱) گروہ - جماعت (۲) وظیفے یا ورد کا حصہ -
**حزب اختلاف** - دیکھیے حزب مخالف -
**حزب اقتدار** - اسمبلی یا پارلیمنٹ میں سرکاری جماعت -
**حزب اللہ** - اللہ والوں کی جماعت -
**حزب مخالف** - پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حکومت کی مخالف جماعت -
**حزم** - [ع - ا - مذکر] احتیاط - تامل - اندیشی - مستعدی - خبرداری -
**حُزن** - [ع - ا - مذکر] رنج - ملال - غم -
**حزین** - (حَ - زِین) [ع - صفت] غمگین - رنجیدہ - ملول -

## ح - س

**حِس** [ع - ا - مؤنث] (۱) محسوس کرنے کی قوت (۲) جنبش - حرکت -
**حس باطنی** - محسوس کرنے کی اندرونی قوت -
**حس ظاہری** - محسوس کرنے کی بیرونی قوت - جیسے باصرہ دیکھنے کی اور سامعہ سننے کی قوت -
**حس مشترک** - ایک قوت جو حواس خمسہ کے ذریعے محسوس کی ہوئی صورتوں کو قبول کر کے ایک خزانے میں جمع کر دیتی ہے - یہ خزانہ خیال ہے -
**حساب** - (حِ - ساب) [ع - ا - مذکر] (۱) گنتی - شمار (۲) علم ریاضی کی ایک شاخ (۳) نرخ - قیمت (۴) قاعدہ - ڈھنگ (۵) لین دین (۶) سمجھ (۷) میزان - جوڑ (۸) حالت - کیفیت -
**حساب برابر کرنا** - جمع خرچ نکالنا - فیصلہ ہونا - کام ختم کر دینا -
**حساب بنانا** - آمد و خرچ کا حساب تیار کرنا - بل بنانا -
**حساب بے باق کرنا** - اگلا پچھلا سب حساب چکا دینا -
**حساب جمل** - ابجد کے عددوں کا حساب -
**حساب جو جو بخشش سو سو** - (مثل) حساب کوڑی کوڑی کا ہونا چاہیے بخشش اور انعام کا اختیار ہے جس قدر چاہیں دے دیں -
**حساب دان** - علم حساب کا ماہر -
**حساب دوستاں در دل** - (مثل) دوست دل ہی میں حساب کر لیتے ہیں - زبان پر نہیں لاتے - جو دے دیا سو دے دیا اور جو مل گیا سو مل گیا -
**حساب دینا** - حساب سمجھانا - چارج دے دینا - آمد و خرچ بتا دینا -
**حساب سے** - خیال سے - شرح سے - حساب کے مطابق -
**حساب سے باہر** - بے شمار - ان گنت - بے انتہا -

Marfat.com

حساب کتاب۔ لین دین۔ ربط ضبط۔
حساب لینا۔ حساب پوچھنا۔ پڑتال کرنا۔ آمد و خرچ کا جائزہ لینا۔
حساب میں نہ ہونا۔ کوئی حیثیت نہ رکھنا۔
حساب ہو جانا۔ نوکری سے برطرف ہو جانا۔
حساب ہونا۔ (۱) از روئے حساب یہ معلوم کرنا کہ کیا لینا دینا ہے۔ (۲) قیامت کے دن اچھے بُرے اعمال کی جانچ ہونا۔
حسابی۔ (ع۔ صف) حساب کی بابت۔ حساب کے متعلق۔
حُسّاد۔ (حس۔ ساد) (ع۔ ا۔ مذکر) حاسد کی جمع۔
حسّاس۔ (حس۔ ساس) زیادہ محسوس کرنے والا۔
حُسام۔ (ح۔ سام) (ع۔ ا۔ مونث) تلوار۔ شمشیر بُرّاں۔
حسّان۔ (حس۔ سان) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) بہت اچھا (۲) بڑا عقلمند۔
حَسَب۔ (ع) بموجب۔ مطابق۔ موافق۔
حسب توفیق۔ اپنی حیثیت کے مطابق۔
حسب حال۔ حال کے مطابق۔ موقع کے مناسب۔
حسب دستور۔ رواج کے مطابق۔
حسب دلخواہ۔ جیسا کہ دل چاہتا ہے۔ دلی منشا کے مطابق۔
حسب ذیل۔ نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق۔
حسب ضابطہ۔ حسب قاعدہ۔ قاعدے کے مطابق۔ قانون کی رو سے۔
حسب معمول۔ دستور کے مطابق۔ جیسا کہ روزانہ کوئی کرتا ہے۔
حسب موقع۔ جیسا موقع ہو۔
حَسَب۔ (ح۔ سَب) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) سلسلہ خاندان (۲) ماں کی طرف کا سلسلہ (۳) مال و جاہ کا شرف (۴) دینی بزرگی۔
حسب نسب۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
حسد۔ (ح۔ سَد) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) جلن۔ بدخواہی (۲) عداوت۔ بغض۔ کینہ۔
حسرت۔ (حس۔ رت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس۔ پشیمانی (۲) آرزو۔ ارمان۔ شوق۔
حسرت انگیز۔ (۱) جس کو دیکھ کر دل کے ارمان ابھر آئیں (۲) جس کو دیکھ کر افسوس ہو۔
حسرت برسنا (ٹپکنا)۔ حسرت ظاہر ہونا۔ افسوس کے آثار پائے جانا۔
حسرت بھرا۔ پُر ارمان۔ پُر شوق۔
حسرت رہ جانا۔ ارمان پورے ہوئے بغیر مر جانا۔
حسرت نکالنا۔ ارمان پورے کرنا۔ خواہش یا آرزو پوری کرنا۔
حَسَن۔ (ح۔ سَن) (ع۔ صف) نیک۔ اچھا۔ خوبصورت۔
حسنات۔ (ح۔ سَ۔ نات) (ع۔ ا۔ مونث) نیکیاں۔ بھلائیاں۔
حُسن۔ (ع) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) خوبی۔ عمدگی (۲) خوبصورتی (۳) رونق۔
حسن آرا۔ حسن کی شان بڑھانے والی۔
حسن اتفاق۔ (مذکر) بہتر موقع۔ اچھا محل۔
حسن اخلاق۔ خوش خلقی۔ ملنساری۔ تواضع۔
حسن انتظام۔ انتظام کی خوبی۔ خوش انتظامی۔
حسن بیان۔ خوش بیانی۔ کسی واقعہ یا منظر کو موثر طریق سے بیان کرنے کا وصف۔
حسن تدبیر۔ خوش تدبیری۔ عمدہ مشورہ۔
حسن تعلیل۔ ایک صنعت کا نام۔ شاعر اپنے تخیل سے کوئی بہن وجہ (علت) کسی چیز کی یا امر کی پیش کرتا ہے جو دراصل اس کی وجہ نہیں ہوتی۔
حسن سلوک۔ برتاؤ کی اچھائی۔ اچھا رویہ۔ اچھا اخلاق۔
حسن صبیح۔ دلکش گورا رنگ۔
حسن طلب۔ (۱) لطیف اشارہ کرکے کوئی شے مانگنا (۲) مانگنے کا اچھا پیرایہ۔
حسن ظن۔ نیک گمان۔ کسی کے متعلق اچھا خیال۔
حسن فرنگ۔ نہایت گورا رنگ۔ مغرب کے باشندوں کی خوبصورتی۔
حسن گلوسوز۔ انتہائی حسن۔
حسن مطلع۔ غزل یا قصیدے کا دوسرا مطلع
حسن معاملہ۔ لین دین کی صفائی۔
حسن ملیح۔ نمکین۔ ملاحت والا حسن۔
حسن یوسف۔ حد درجے کا حسین۔ حضرت یوسف کا حسن
حسنہ۔ (ح۔ سَ۔ نہ) (ع۔ ا۔ مونث) نیکی۔ بھلائی۔
حسنی۔ (ح۔ سَ۔ نی) (ع۔ صف) امام حسن سے نسبت رکھنے والا
حُسنیٰ۔ (حس۔ نا) (ع۔ ا۔ مونث) حسن کا مونث۔ اچھی۔ خوبصورت۔
حَسود۔ (ح۔ سُود) (ع۔ صف) حاسد۔
حُسود۔ (ح۔ سُود) (ع۔ ا۔ مذکر) حاسد کی جمع۔
حسیب۔ (ح۔ سیب) (ع۔ صف) حساب کرنے والا۔
حسین۔ (ح۔ سین) (ع۔ صف) خوبصورت۔ شکیل۔
حُسین۔ (ح۔ سَین) (ع۔ صف) حسن کی تصغیر (۱) خوبصورت (۲) نیک۔
حسینہ۔ (ح۔ سی۔ نہ) (ع۔ صف) (۱) حسین کا مونث (۲) (مونث) خوبصورت عورت
حسینی۔ (ح۔ سَی۔ نی) (ع۔ صف) حضرت امام حسین سے منسوب۔

## ح۔ش

حشر۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) قیامت۔ روز حساب (۲) غوغا۔ ہنگامہ۔ فتنہ۔ آفت۔
حشر برپا کرنا (توڑنا)۔ (۱) فساد اٹھانا۔ اودھم مچانا (۲) نہایت خفا ہونا (۳) بہت رونا پیٹنا۔
حشر کا وعدہ۔ (مذکر) جس وعدے کی زندگی بھر پورا ہونے کی امید نہ ہو۔
حشرات۔ (ح۔ شَ۔ رات) (ع۔ ا۔ مذکر) چھوٹے چھوٹے کیڑے جو زمین میں سوراخ کرکے رہتے ہیں یا برسات میں پیدا ہو جاتے ہیں۔
حشرات الارض۔ برساتی کیڑے۔ کیڑے مکوڑے۔
حشریات۔ (حش۔ ری۔ آت) (ع۔ ا۔ مذکر) کیڑوں کوڑوں کا علم۔ (ENTOMOLOGY)
حشفہ۔ (حَش۔ فہ) (ع۔ ا۔ مذکر) آلہ تناسل کی سُپاری۔

Marfat.com

حشم ۔ (ح ۔ شم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] نوکر چاکر ۔ خدمت گار ۔
حشمت ۔ (حَش ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) نوکر چاکر ۔ خدمت گاروں کا انبوہ (۲) بزرگی ۔ عظمت (۳) شان و شوکت (۴) ساز و سامان ۔ فوج و لشکر ۔
حشو ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بھرتی ۔ اندر بھرنے کی چیز (۲) زائد ۔ بیہودہ کلام
حشیش ۔ (حَ ۔ شیش) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] بھنگ ۔

## ح - ص

حصار ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) احاطہ ۔ چار دیواری ۔ شہر پناہ (۲) قلعہ
حصر ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] گھیرنا ۔ کسی چیز کا احاطہ کرنا ۔ منحصر کرنا ۔
حصص ۔ (حِ ۔ صَص) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حصہ کی جمع ۔ حصے ۔
حصن ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] قلعہ ۔ جائے پناہ ۔
حصول ۔ (حُ ۔ صُول) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حاصل ۔ فائدہ ۔ نفع ۔
حصہ ۔ (حِص ۔ صَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ٹکڑا (۲) تقسیم (۳) بخرہ (۴) درجہ (۵) علاقہ ۔ صیغہ ۔
حصہ بخرہ ۔ کسی چیز کی تقسیم ۔
حصہ دار ۔ شریک ۔ ساجھی ۔
حصہ داری ۔ (مؤنث) ساجھا ۔ شرکت ۔ زمین کی پٹی ۔
حصہ رسد ۔ حصہ رسدی ۔ (مذکر) جتنا جتنا حصے میں آئے ۔ تقسیم کے موافق ۔ بانٹ کے مطابق ۔
حصے کرنا ۔ تقسیم کرنا ۔ بانٹنا ۔
حصے میں آنا ۔ از روئے تقسیم کوئی شے ملنا ۔
حصین ۔ (حَ ۔ صِین) [ع ۔ صفت] مضبوط ۔ محفوظ ۔

## ح - ض

حضر ۔ (حَ ۔ ضَر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک جگہ قیام ۔ سفر کا متضاد ۔
حضرات ۔ (حَ ۔ ضَ ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حضرت کی جمع ۔
حضرت ۔ (حَض ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قرب ۔ درگاہ (۲) جناب ۔ حضور ۔ تعظیم کا لقب (۳) چالاک ۔ بدمعاش ۔
حضرت سلامت ۔ حضور ۔ عالی جناب ۔
حضری ۔ (حَ ۔ ضَ ۔ ری) [ع ۔ صفت] شہری لوگ ۔ بدوی کی ضد ۔
حضور ۔ (حُ ۔ ضُور) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) موجودگی ۔ حاضری (۲) جناب ۔ حضرت ۔ قبلہ (۳) دربار ۔ اجلاس (۴) روبرو ۔ سامنے ۔
حضور والا ۔ جناب عالی ۔
حضوری ۔ (حُ ۔ ضُو ۔ ری) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) حاضری ۔ قربت (۲) بادشاہی ۔ دربار ۔ اجلاس ۔

## ح - ظ

حظ ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لطف (۲) خوشی (۳) لذت ۔ ذائقہ ۔
حظ اُٹھانا ۔ لطف اُٹھانا ۔ لذت پانا ۔ مزے لوٹنا ۔
حظِ نفسانی ۔ حیوانی خوشی ۔

## ح - ف

حفاظ ۔ (حُف ۔ فاظ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حافظ کی جمع ۔
حفاظت ۔ (حِ ۔ فاظَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) نگرانی ۔ پاسبانی (۲) بچاؤ ۔ سلامتی ۔
حفاظتِ خود اختیاری ۔ (۱) اپنے آپ کو بچانا (۲) اپنی جان بچانے کے لیے دوسرے کو مار دینا یا زخمی کر دینا ۔
حفظ ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ازبر ۔ زبانی یاد (۲) ادب ۔ لحاظ (۳) حفاظت ۔
حفظِ امن ۔ امن قائم رکھنا ۔
حفظِ صحت ۔ حفظانِ صحت ۔ تندرستی کی محافظت ۔ صحت کا بچاؤ ۔ صحت کو برقرار رکھنے اور بیماری سے بچنے کے قواعد کا علم ۔
حفظ کرنا ۔ ازبر کرنا ۔ یاد کرنا ۔
حفظ ما تقدم ۔ (۱) بچاؤ جو پہلے سے کر لیا جائے (۲) کسی امر کی پیش بندی ۔
حفظِ مراتب ۔ مرتبے کا لحاظ ۔ پاس ادب ۔
حفیظ ۔ (حَ ۔ فیظ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) محافظ ۔ نگہبان (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

## ح - ق

حق ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سچ (۲) لائق ۔ واجب (۳) درست ۔ بجا (۴) ثابت ۔ قائم (۵) فرض (۶) جائز (۷) انصاف (۸) صلہ ۔ بدلہ (۹) مزدوری (۱۰) انعام ۔
حقِ آسائش ۔ آرام و آسائش کا وہ حق جس کی رُو سے کسی کا کوئی ہمسایہ اپنی ملک یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کر سکتا جس سے اُسے تکلیف یا نقصان پہنچے ۔
حق آشنا ۔ خدا پرست ۔ سچی اور حق بات کہنے والا ۔
حق ادا کرنا ۔ (۱) فرض ادا کرنا (۲) کسی کام کو ویسا ہی کرنا جیسا کرنا چاہیے ۔
حقِ ارجاع نالش ۔ نالش یا استغاثہ دائر کرنے کا حق ۔
حق اللہ ۔ اللہ تعالیٰ کا حق کہ اُسے واحد مانا جائے ۔
حق اللہ پاک ذات اللہ ۔ خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے ۔
حقِ تحصیل ۔ مال گزاری وصول کرنے کا حق جو نمبردار کو ملتا ہے ۔
حقِ السعی ۔ حق المحنت ۔ محنت کا حق ۔ مزدوری ۔
حق العباد ۔ بندوں کا حق ۔
حق الیقین ۔ اللہ تعالیٰ کو ول یا آنکھ سے دیکھنا ۔ اللہ پر پورا اعتقاد ۔ یقین ۔
حق بالذات ۔ خلقی یا پیدائشی حق ۔

Marfat.com

حق بجانب۔ سزاوار۔ لائق۔ حق پر۔
حق بحقدار رسید۔ (مثل) جس کا حق تھا اُسے مل گیا۔
حق بین۔ سچی بات پر نظر رکھنے والا۔ دوسرے کے حقوق کو پہچاننے والا
حق پرست۔ (۱) حق کی عبادت کرنے والا (۲) سچا اور نیک آدمی۔
حق پرستی۔ (مونث) انصاف۔ سچائی۔
حق تصنیف۔ وہ رقم جس کے عوض مصنف کسی کو اپنی کتاب چھاپنے کا حق دے دے۔
حق تعالیٰ۔ خدائے بزرگ و برتر۔
حق تلفی۔ (مونث) کسی کا حق مار لینا۔ بے انصافی۔
حق حق کرنا۔ (۱) خدا کا نام لینا (۲) انصاف کرنا۔
حق حلال۔ (۱) جائز۔ مباح (۲) صحیح۔ درست۔
حق دار۔ حق رکھنے والا۔ جس کا حق ہو۔
حق شفعہ۔ اپنے مکان سے ملے ہوئے مکان یا زمین سے ملی ہوئی زمین خریدنے کا قانونی طور پر فائق حق۔
حق شناسی۔ (مونث) (۱) حق پہچاننا (۲) قدر دانی۔ جوہر شناسی۔ انصاف۔
حق گو۔ سچ بات کہنے والا۔
حق گوئی۔ (مونث) سچ کہنا۔ انصاف کی بات کہنا۔
حق ناحق۔ بے سبب۔ خواہ مخواہ۔ یوں ہی۔
حق ناشناس۔ (۱) سچائی کو نہ پہچاننے والا (۲) ناشکرگزار۔
حق نمک ادا کرنا۔ آقا سے وفاداری کرنا۔ مالک کی خدمت بجا لانا۔
حق نیوش۔ سچی بات سننے والا۔ حق پسند۔
حقّا۔ (حق۔قا) [ف] سچ ہے۔ قسم خدا کی۔
حقارت۔ (ح۔قا۔رت) [ع۔ا۔مؤنث] ذلت۔ بے عزتی۔ نفرت۔
حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
حقانی۔ (حق۔قا۔نی) [ف۔صفت] حق سے نسبت رکھنے والا
حقانیت۔ (حق۔قا۔نی۔یت) [ف۔ا۔مؤنث] خدا کی طرف منسوب ہونا۔ سچائی۔ راستی۔ صداقت۔
حقائق۔ (ح۔قا۔اِق) [ع۔ا۔مذکر] حقیقت کی جمع۔
حُقنہ۔ (حق۔نہ) [ع۔ا۔مذکر] کسی دوا کی بتی یا پچکاری پاخانے کے مقام میں چڑھانا تاکہ پاخانہ آجائے۔
حُقُوق۔ (ح۔قُوق) [ع۔ا۔مذکر] حق کی جمع۔ فرائض۔ ذمہ داریاں۔
حقوق اللہ۔ اللہ کے حق بندوں پر۔
حقوق العباد۔ بندوں کے حق بندوں پر۔
حُقّہ۔ (حق۔قہ) [ع۔ا۔مذکر] تمباکو پینے کا آلہ۔ گڑگڑا۔ قلیان۔
حقہ بھرنا۔ چلم میں تمباکو جما کر آگ رکھنا۔
حقہ پانی بند کرنا۔ ذات برادری سے خارج کرنا۔
حقہ تازہ کرنا۔ حقے کا پانی بدلنا اور نیچے اور نے کو تر کرنا۔
حقیت۔ (حق۔قی۔یت) [ع۔ا۔مؤنث] حق۔ حق داری۔ ملکیت۔
حقیر۔ (ح۔قیر) [ع۔صفت] (۱) ادنیٰ (۲) ذلیل۔ بے قدر۔
حقیقت۔ (ح۔قی۔قت) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) اصل۔ بنیاد۔ (۲) بساط۔ حیثیت (۳) حالت۔ کیفیت (۴) سچائی (۵) مجاز کی ضد۔

حقیقت بین۔ اصلیت تاڑنے والا۔
حقیقت حال۔ واقعہ کی اصلیت۔
حقیقت کھل جانا۔ بھید ظاہر ہو جانا۔ اصل حال معلوم ہو جانا۔
حقیقتاً۔ (ح۔قی۔قَ۔تَن) [ع] واقعی۔ فی الحقیقت۔
حقیقی۔ (ح۔قی۔قی) [ف۔صفت] (۱) اصلی۔ جو بناوٹی نہ ہو (۲) کھرا۔ صاف (۳) سگا۔ سگی۔

# ح ک

حک۔ [ع۔ا۔مذکر] مٹانا۔ کھرچنا۔ چھیلنا۔ دور کرنا۔
حکّاک۔ (حک۔کاک) [ع۔ا۔مذکر] مُہر کھودنے والا۔ حرف کھودنے والا۔ نگینہ بنانے والا۔ موتی میں چھید کرنے والا۔
حُکّام۔ (حُک۔کام) [ع۔ا۔مذکر] حاکم کی جمع۔
حکایت۔ (ح۔کا۔یت) [ع۔ا۔مؤنث] کہانی۔ داستان۔ قصہ۔ بات۔
حکایتاً۔ (ح۔کا۔یَ۔تَن) [ع] ذکر کے طور پر۔ تذکرۃً۔
حَکَم۔ (حَ۔کَم) [ع۔ا۔مذکر] ثالث۔ پنچ۔ منصف۔
حِکَم۔ (حِ۔کَم) [ع۔ا۔مذکر] حکمت کی جمع۔
حُکم۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) فرمان۔ ارشاد (۲) فتویٰ (۳) اجازت۔ (۴) تاش کے پتوں میں کالے رنگ کے پان کے نشان۔
حکم امتناعی۔ کسی کام سے باز رکھنے کا حکم جو عدالت جاری کرتی ہے۔
حکم بجا لانا۔ کہنا ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔
حکم چلانا۔ حکومت کرنا۔ بیٹھے بیٹھے دوسروں سے کام لینا اور خود کام نہ کرنا۔
حکم حاکم مرگ مفاجات۔ حاکم اچانک جو حکم چاہے دے دیتا ہے اور موت کی طرح اٹل ہوتا ہے۔
حکم ران۔ حکم چلانے والا۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔
حکمرانی۔ (مونث) فرمانروائی۔ حکومت۔ بادشاہی۔
حکم کچہری۔ وہ حکم جو کسی رپورٹ یا درخواست کی پشت پر لکھا جائے۔
حکم قطعی۔ آخری فیصلہ۔ حکم ناطق۔
حکم لگانا۔ (۱) پختہ رائے ظاہر کرنا۔ دعویٰ جمانا (۲) قانونی دفعہ لگانا۔
حکم ناطق۔ قطعی حکم۔ آخری فیصلہ۔ اٹل فیصلہ۔
حکم نامہ۔ تحریری حکم۔ فرمان۔
حکماء۔ (حُ۔کَ۔ما) [ع۔ا۔مذکر] حکیم کی جمع۔ دانا لوگ۔ فلسفی۔
حکمت۔ (حِک۔مت) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) دانائی۔ عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم (۳) تدبیر (۴) (اُر) علاج معالجہ۔ طبابت۔
حکمت الٰہی۔ اللہ کی تدبیر۔ اللہ کی مرضی۔
حکمت عملی۔ (۱) تدبیر۔ ہوشیاری۔ دور اندیشی (۲) پالیسی۔
حکمت مدنی۔ شہری انتظام کے قوانین۔ انتظام شہری۔
حکمت کرنا۔ تدبیر کرنا۔ دانائی کرنا۔
حکمتی۔ (حِک۔مَ۔تی) [اُر۔صفت] (۱) چالاک۔ ہوشیار۔ (۲) فلسفی۔

Marfat.com

**حکمی** ۔ (حُک ۔ مِی) [ع ۔ ف ۔ صفت] (۱) یقینی (۲) بے خطا (۳) فرمانبردار (۴) ضروری (۵) ہمیشہ ۔
**حکومت** ۔ (حُ ۔ کُو ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] ملک کا انتظام کرنے والا ادارہ ۔ راج ۔ حکمرانی (۲) سختی ۔ زبردستی (۳) اختیار
**حکومتِ اُمرائی** ۔ امیر لوگوں کی کونسل کی حکومت ۔
**حکومتِ جمہوری** ۔ کسی ملک کے بالغ باشندوں کی رائے سے چنی ہوئی حکومت ۔ عوام کی منتخبہ حکومت ۔
**حکومتِ شخصی** ۔ ایک شخص کی مطلق العنان حکومت ۔
**حکیم** ۔ (حَ ۔ کِیم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دانا ۔ عقلمند (۲) فلسفی ۔ محقق (۳) (اُ ۔) طبیب ۔ ڈاکٹر ۔

## ح ۔ ل

**حل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کھولنا ۔ مشکل کام کو آسان کرنا (۲) تحلیل ہونا ۔ گھلانا (۳) حساب کے سوال کا عمل ۔
**حل پذیری** ۔ کسی مادّے کے گھلنے کی صلاحیت ۔
**حل کاری** ۔ ملمع سازی ۔ سونے چاندی کو پگھلا کر پھول پتے بنانا ۔
**حل کرنا** ۔ (۱) سلجھانا ۔ (۲) اجزا علیحدہ کرنا (۳) ملانا (۴) حساب کا سوال نکالنا ۔ پہیلی بوجھنا ۔
**حل و عقد** ۔ کھولنا باندھنا ۔ انتظام ۔
**حلاج** ۔ (حَل ۔ لاج) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دُھنیا ۔ روئی دھننے والا ۔
**حلال** ۔ (حَ ۔ لا ل) [ع ۔ صفت] (۱) حرام کا متضاد ۔ مباح ۔ جائز (۲) ذبح کیا ہوا ۔
**حلال خور** ۔ جائز روزی کمانے والا ۔ خاکروب ۔ بھنگی ۔
**حلال کرنا** ۔ (۱) شریعت کے مطابق ذبح کرنا (۲) بُری طرح مارنا پیٹنا (۳) جائز قرار دینا ۔
**حلالہ** ۔ (حَ ۔ لا ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] طلاق دی ہوئی عورت کا عارضی نکاح کرنا تاکہ دوسرے شخص سے نکاح کرنے کے بعد اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کر سکے ۔
**حلاوت** ۔ (حَ ۔ لا ۔ وت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) مٹھاس ۔ شیرینی (۲) ذائقہ ۔
**حلت** ۔ (حِل ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مؤنث] حلال ہونا ۔ جائز ہونا
**حَلف** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] قسم ۔ عہد ۔ (اردو میں بفتح اوّل و دوم غلط العام ہے) ۔
**حلف اُٹھانا** ۔ قسم کھانا ۔ قرآن اُٹھانا ۔
**حلف نامہ** ۔ لکھا ہوا حلفی بیان ۔
**حلفاً** ۔ (حَل ۔ فَن) ع ۔ صفت قسمیہ از روئے قسم ۔
**حُلفا** ۔ (حُ ۔ ل ۔ فا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حلیف کی جمع ۔
**حلفیہ** ۔ (حَل ۔ فی ۔ یہ) [ع ۔ صفت] از روئے حلف ۔ قسمیہ حلفاً ۔
**حلق** ۔ [ع ۔ مذکر] (۱) گلا ۔ ٹینٹوا (۲) گردن ۔
**حلق میں نوالہ پھنسنا (اٹکنا)** ۔ اچھی چیز کھاتے وقت اپنے عزیز یا دوست کا یاد آ جانا ۔ گلے سے لقمہ نہ اترنا ۔
**حلقوم** ۔ (حُل ۔ قوم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] گلا ۔ نرخرہ ۔ سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا ۔

**حلقہ** ۔ (حَل ۔ قہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دائرہ ۔ احاطہ (۲) مجلس ۔ جماعت (۳) لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کنڈا (۴) تکمہ ۔ گنڈی کا گھر (۵) علاقہ ۔ ضلع ۔
**حلقۂ انتخاب** ۔ وہ علاقہ جسے پارلیمنٹ ، اسمبلی یا کسی دوسرے انتخابی ادارے کے انتخاب کے موقع پر ایک وحدت قرار دیا جاتا ہے ۔
**حلقہ بگوش** ۔ جس کے کان میں چھلا پڑا ہوا ہو ۔ غلام ۔ فرمانبردار ۔
**حلقہ بگوشی** ۔ (مؤنث) غلامی ۔ اطاعت ۔
**حلقہ بندی** ۔ (مؤنث) چند علاقوں کو کسی مقصد کے تحت یکجا کر دینا ۔
**حلقہ ڈالنا** ۔ حصار باندھنا ۔ گھیرا ڈالنا ۔
**حلقی** ۔ (حَل ۔ قی) [ع ۔ صفت] حلق سے منسوب ۔ وہ چھ حروف جن کا مخرج حلق ہے (ح ۔ خ ۔ ع ۔ غ ہمزہ ۔ ہ) ۔
**حُلَل** ۔ (حُ ۔ لَل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] حلہ کی جمع ۔ بہشتی لباس ۔ جبہ ۔
**حِلم** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بُردباری (۲) نرم دلی ۔
**حلوا** ۔ (حَل ۔ وا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) شیرینی جو سوجی کو گھی میں بھوننے اور پھر چاشنی میں پکانے سے بنتی ہے (۲) [صفت] نرم چیز (۳) آسان کام ۔
**حلوا خوردن را روئے باید** ۔ (مثل) عزت کے لیے لیاقت ضروری ہے ۔ اچھی چیز کے لیے اس کا اہل ہونا ضروری ہے ۔
**حلوا سمجھنا** ۔ کسی کام کو آسان سمجھنا ۔
**حلوا سوہن** ۔ (اصل حلوا سوہان) ایک قسم کا سخت حلوا ۔
**حلوائے بے دود** ۔ پیڑ کا پکا میوہ ۔ نرم چارہ ۔ مفت کا مال ۔
**حلوائے تر** ۔ (۱) شیریں میوے (۲) وہ مزے دار چیز جو آسانی سے مل جائے ۔
**حلوے مانڈے سے کام رکھنا** ۔ ہر حالت میں اپنا فائدہ مدنظر رکھنا ۔
**حُلوان** ۔ (حُل ۔ وان) [ا ۔ ۔ مذکر] (۱) ملائم گوشت ۔ بکرے یا بیلے کا گوشت (۲) بھیڑ یا بکری کا دودھ پیتا بچہ (اصل ہے حلوان)
**حلوائی** ۔ (حَل ۔ وا ۔ ای) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مٹھائی بنانے اور بیچنے والا ۔
**حلوائی کی دکان اور دادا جی کا فاتحہ** ۔ (مثل) پرائے مال کو اپنا سمجھ کر بے دریغ خرچ کرنا ۔ دوسرے کی دولت پر مزے اڑانا ۔
**حُلول** ۔ (حُ ۔ لُول) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح داخل ہونا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے (۲) تناسخ ۔ آواگون ۔
**حُلّہ** ۔ (حُل ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] بہشتی لباس ۔ جامہ ۔ جبّہ ۔ چغہ ۔
**حلیف** ۔ (حَ ۔ لیف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مددگار ۔ رفیق جس نے دوسرے کی امداد کی قسم کھائی ہو (۲) دو فریق جنہوں نے ایک دوسرے کی امداد کا معاہدہ کیا ہو ۔
**حلیم** ۔ (حَ ۔ لیم) [ع ۔ صفت] (۱) بُردبار ۔ متحمل مزاج (۲) (مذکر) ایک قسم کا کھانا جو اناج ، گوشت اور مسالے ڈال کر پکایا جاتا ہے ۔ کھچڑا ۔
**حُلیہ** ۔ (حُل ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سراپا ۔ شکل و صورت ۔ خط و خال جو شناخت کے لیے لکھے جاتے ہیں (عربی میں بالکسر ہے)
**حلیہ بگاڑ دینا** ۔ (۱) ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے (۲) بُری حالت کر دینا ۔

Marfat.com

## ح - م

**حمار**۔ (حِ۔ مار) [ع۔ ا۔ مذکر] گدھا۔
**حماقت**۔ (حَ۔ ما۔ قت) [ع۔ ا۔ مونث] بے وقوفی۔ نادانی۔ احمق پن۔
**حمال**۔ (حَم۔ مال) [ع۔ ا۔ مذکر] بوجھ اٹھانے والا۔ قُلی۔ مزدور۔
**حمام**۔ (حَم۔ مام) [ع۔ ا۔ مذکر] گرمابہ۔ نہانے کی جگہ۔
**حمام میں سب ننگے**۔ ایک ہی برائی میں سب مبتلا۔
**حمامی**۔ (حَم۔ ما۔ می) [ع۔ ا۔ مذکر] نہلانے والا۔ غسل کرانے والا۔ حجام۔
**حمائل**۔ (حَ۔ ما۔ ئل) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) گلے میں ڈالنے کی چیز (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں لٹکا سکیں۔ (۳) ایک زیور۔
**حمایت**۔ (حِ۔ ما۔ یت) [ع۔ ا۔ مونث] طرفداری۔ امداد۔ سایہ۔ حفاظت۔
**حمایتی** (حِ۔ ما۔ یَ۔ تی) [ع۔ ف صفت] طرفدار۔ حامی۔ مددگار۔
**حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے**۔ (مثل) جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنیٰ ہونے کے باوجود بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے۔
**حمد**۔ [ع۔ ا۔ مونث] خدا کی تعریف۔
**حمرا**۔ (حَم۔ را) [ع۔ صفت] سرخ رنگ کی۔
**حمق**۔ (حُ۔ مق) [ع۔ ا۔ مذکر] بے وقوفی۔ نادانی۔
**حمقا**۔ (حُ۔ مَ۔ قا) [ع۔ صفت] احمق کی جمع۔
**حمل**۔ [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) بوجھ (۲) گربھ (۳) عورت کے پیٹ میں جو بچہ ہو۔
**حمل استقاط ہونا**۔ پیٹ گرنا۔ قبل از وقت مُردہ بچے کا پیدا ہونا۔
**حمل ٹھہرنا** (رہنا)۔ ہو جانا۔ عورت کے رحم میں نطفہ پڑ کر بچہ بننا۔
**حملہ**۔ (حَم۔ لہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) چڑھائی۔ دھاوا (۲) وار۔ حربہ۔ چوٹ۔
**حملہ آور**۔ بڑھ کر آنے والا۔ حملہ کرنے والا۔
**حمیت**۔ (حَ۔ می۔ یت) [ع۔ ا۔ مونث] غیرت۔ شرم۔ ننگ۔
**حمید**۔ (حَ۔ مید) [ع۔ صفت] (۱) تعریف کیا ہوا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
**حمیدہ**۔ [ع۔ صفت] حمید کی تانیث۔
**حمیرا**۔ (حُ۔ مے۔ را) [ع۔ ا۔ مونث] سرخ رنگ کی۔
**حمیم**۔ (حَ۔ میم) [ع۔ صفت] (۱) گرم (۲) دوست۔ رشتہ دار۔

## ح - ن

**حنا**۔ (حِ۔ نا) [ع۔ ا۔ مونث] مہندی
**حنا بندی** (مونث) (۱) شادی کی ایک رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے عمل میں آتی ہے اسے مہندی بھی کہتے ہیں (۲) مہندی لگانا۔ ہاتھوں پر مہندی باندھنا۔
**حنا کاچور**۔ وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے۔ ہاتھ کا وہ سفید حصہ جہاں مہندی نہ لگی ہو۔
**حنائی**۔ (حِ۔ نا۔ ئی) [ف۔ صفت] گیروا۔ زردی مائل سرخ رنگ۔
**حنائی کاغذ**۔ (مذکر) ایک قسم کا کاغذ جس کا رنگ حنا کے پھیکے اور ہلکے رنگ سے ملتا ہے۔
**حنبلی**۔ (حَم۔ بَ۔ لی) [ع۔ ا۔ مذکر] امام حنبل کا پیرو۔
**حنان**۔ (حَن۔ نان) [ع۔ ا۔ مذکر] بے حد رحمت والا۔ بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
**حنجرہ**۔ (حَن۔ جَ۔ رہ) [ع۔ ا۔ مذکر] نرخرہ۔ حلق۔ گلو۔
**حنظل**۔ (حَن۔ ظل) [ع۔ ا۔ مذکر] اندرائن کا پھل جو سخت کڑوا ہوتا ہے۔
**حنفی**۔ (حَ۔ نَ۔ فی) [ع۔ صفت] سُنّی مسلمانوں کی وہ جماعت جو امام ابوحنیفہؒ کی پیرو ہے۔ صادق۔ سچا۔
**حنوط**۔ (حَ۔ نوط) [ع۔ ا۔ مذکر] چند خوشبودار چیزوں کا ایک مرکب جو مُردے کو غسل دینے کے بعد اس پر ملتے ہیں۔
**حنیف**۔ (حَ۔ نیف) [ع۔ صفت] (۱) حضرت ابراہیمؑ کے دین کا ماننے والا۔ (۲) پکا مسلمان (۳) دین میں سچا۔

## ح - و

**حوا**۔ (حَو۔ وا) [ع۔ ا۔ مونث] باوا آدم کی بیوی۔ سب آدمیوں کی ماں۔
**حوادث**۔ (حَ۔ وا۔ دث) [ع۔ ا۔ مذکر] حادثہ کی جمع۔
**حواری**۔ (حَ۔ وا۔ ری) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب جو تعداد میں بارہ تھے (۲) وفادار۔ دوست
**حواس**۔ (حَ۔ واس) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حاسہ کی جمع۔ وہ قوتیں جو ادراک کرتی ہیں (۲) ہوش۔ اوسان۔
**حواس باختہ**۔ بے اوسان۔ گھبرایا ہوا۔ مخبوط الحواس۔
**حواس خمسہ**۔ (مذکر) پانچ حواس۔ دیکھنے، سننے، سونگھنے، چکھنے اور چھونے کی پانچ قوتیں۔
**حواشی**۔ (حَ۔ وا۔ شی) [ع۔ ا۔ مذکر] حاشیہ کی جمع (۱) کنارے (۲) ہم نشین (۳) یادداشتیں جو کتاب کے حاشیے پر لکھی جائیں۔
**حواصل**۔ (حَ۔ وا۔ صل) [ع۔ ا۔ مذکر] ایک سفید آبی پرندہ۔
**حوالات**۔ (حَ۔ وا۔ لات) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) تحویل۔ حراست۔ نظربندی (۲) وہ جگہ جہاں ملزم کو تا فیصلۂ مقدمہ نظربند رکھا جائے
**حوالات کرنا**۔ حوالات میں دینا۔ ملزم کو حراست میں رکھنا۔ نظربند کرنا۔
**حوالاتی**۔ (حَ۔ وا۔ لا۔ تی) [ا۔ ا۔ مذکر] حوالات میں رہنے والا۔ ملزم۔
**حوالہ**۔ (حَ۔ وا۔ لہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) سپردگی۔ تحویل (۲) پتہ۔ نشان۔
**حوالدار۔ حوالدار**۔ (مذکر) ہیڈ کانسٹیبل۔ پولیس اور فوج کا ایک عہدہ دار۔
**حوالے کرنا**۔ سپرد کرنا۔
**حوالی**۔ (حَ۔ وا۔ لی) [ع۔ ا۔ مونث] گردونواح۔ آس پاس۔
**حوالی شہر**۔ شہر کے اردگرد کا علاقہ۔
**حوالی موالی**۔ (مذکر) دوست۔ ساتھی۔ ہمراہی۔
**حوائج**۔ (حَ۔ وا۔ ئج) [ع۔ ا۔ مذکر و مونث] حاجت کی جمع

Marfat.com

حُوت۔ [ع۔ا۔مؤنث] (۱) بڑی مچھلی (۲) (مذکر) نظامِ شمسی کا بارھواں برج۔
حُور۔ [ع۔ا۔مؤنث] حَورا کی جمع۔ خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار ہوں گی۔
حوصلہ۔ (حَو۔صَ۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] جرأت۔ دلیری۔ ہمت۔
حوصلہ افزائی۔ (مؤنث) شاباش دینا۔ ہمت بڑھانا۔
حوصلہ مند۔ بلند ہمت۔ اولوالعزم۔
حوصلہ نکالنا۔ (۱) ارمان پورے کرنا۔ ہوس پوری کرنا (۲) خوب خرچ کرنا۔
حوصلے سے باہر۔ ہمت سے زیادہ۔
حوض۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) پانی جمع کرنے کا پکا گڑھا (۲) حاشیے کے اندر کی جگہ۔ متن۔
حویلی۔ (حَ۔وے۔لی) [ف۔ا۔مؤنث] بڑا مکان۔ محل سرا۔

## ح۔ی

حَیّ۔ [ع۔صفت] زندہ رہنے والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔
حیا۔ (حَ۔یا) [ع۔ا۔مؤنث] شرم۔ حجاب۔ لحاظ۔ غیرت۔
حیادار۔ غیرت مند۔ لحاظ والا۔ شرمیلا۔
حیا والا اپنی حیا سے ڈرا۔ بے حیا جانے مجھ سے ڈرا۔ (مثل) شریف آدمی کا اپنی عزت کی خاطر بدمعاش سے پہلوتہی کرنا اور بدمعاش کا اُسے دبتا جان کر زیادہ سر چڑھنا۔
حیات۔ (حَ۔یات) [ع۔ا۔مؤنث] زندگی۔ جان۔ زیست۔
حیاتِ ابدی (جاودانی)۔ ہمیشہ کی زندگی۔
حیات بخش۔ زندگی دینے والا۔
حیات پیمائی۔ شماریاتی طریقۂ کار کو حیاتیاتی اُمور پر استعمال کرنے کا علم۔ (BIOMETRY)
حیاتِ تازہ پانا۔ نئی زندگی پانا۔ خطرناک زندگی سے اچھا ہونا۔
حیاتِ مستعار۔ (۱) مانگے کی زندگی۔ ناقابلِ اعتبار زندگی۔ (۲) غریبانہ گذارہ۔
حیاتیات۔ (حَ۔یا۔تی۔آت) [ع۔ا۔مؤنث] جانوروں اور پودوں کا علم۔ (BIOLOGY)
حیاتین۔ (حَ۔یا۔تین) [ع۔ا۔مذکر] وہ کیمیاوی اجزا جو انسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں اور جن کی کمی خرابیٔ صحت کا باعث ہوتی ہے۔ وٹامن۔
حیثیت۔ (حَے۔ثی۔یت) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) بساط۔ مقدور (۲) آبرو۔ عزت (۳) جائداد۔ آمدنی (۴) رتبہ۔ درجہ (۵) اسلوب۔ طرز۔
حیثیت بگڑنا۔ غریب ہو جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ عزت جاتی رہنا۔
حیثیت سے بڑھ کر۔ بساط سے زیادہ۔ مقدور سے باہر۔
حیثیتِ عُرفی۔ بنی ہوئی عزت۔ مانی ہوئی حیثیت۔ ساکھ اعتبار۔
حیدر۔ (حَے۔دَر) [ع۔ا۔مذکر] شیر۔ حضرت علی کا لقب۔
حیدری۔ (حَے۔دَ۔ری) [ف۔صفت] حیدر سے منسوب۔ شیعوں کا ایک فرقہ۔
حیران (حَے۔ران) [ع۔صفت] ہکا بکا۔ حیرت زدہ۔ دنگ۔ متعجب
حیرانی۔ (حَے۔را۔نی) [ف۔ا۔مؤنث] حیرت۔ تعجب۔
حیرت۔ (حَے۔رَت) [ع۔ا۔مؤنث] اچنبھا۔ تعجب۔
حیرت آفریں۔ حیرت انگیز۔ حیرت پیدا کرنے والا۔ دنگ کر دینے والا۔
حیرت افزا۔ حیرانی بڑھانے والا۔
حیرت زدہ۔ حیران۔ بھونچکا۔ حیرت کا مارا ہوا۔
حیص بیص۔ [ع۔ا۔مؤنث] شور و غوغا۔ جھگڑا۔
حیض۔ [ع۔ا۔مذکر] وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ ماہواری۔
حیطہ۔ (حی۔طہ) [ع۔ا۔مذکر] چار دیواری۔ احاطہ۔
حیف۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) افسوس۔ ہائے (۲) ظلم و ستم۔ جبر
حیل۔ (حِ۔یَل) [ع۔ا۔مذکر] حیلہ کی جمع۔ بہانے۔
حیلہ۔ (حی۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بہانہ۔ مکر (۲) روزگار۔ کام۔
حیلہ باز (ساز، گر، جُو) (۱) مکار۔ فریبی (۲) کام چور۔
حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ ہیرا پھیری۔
حیلے رزق۔ بہانے موت۔ (مثل) رزق کوئی نہ کوئی کام کرنے سے ملتا ہے۔ موت کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔
حیلے لگنا۔ کسی کام پر لگ جانا۔
حِین۔ [ع۔ا۔مذکر] وقت۔ زمانہ۔ عرصہ۔
حینِ حیات۔ عمر بھر۔ جیتے جی۔
حیوان۔ (حَے۔وان) [ع۔ا۔مذکر] (۱) جاندار (۲) وحشی جانور
حیوانِ مطلق۔ (۱) جانور (۲) بے سلیقہ۔ بدتمیز۔
حیوانِ ناطق۔ بولنے والا جانور یعنی انسان۔
حیوانی۔ (حَے۔وا۔نی) [ع۔صفت] حیوان سے منسوب (۲) نفسانی۔ شہوانی۔
حیوانیات۔ (حَے۔وا۔نی۔آت) [ع۔ا۔مؤنث] جانوروں کی تاریخ، جسم کی ساخت اور عادات و اطوار کا علم۔
حیوانیت۔ (حَے۔وا۔نی۔یت) [ع۔ا۔مؤنث] (۱) حیوان کی خاصیت (۲) بے شرمی (۳) سنگ دلی۔

Marfat.com

# خ

خ - ختے [ع - مونث] اردو کا دسواں، فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے چھ سو عدد مقرر ہیں ۔

## خ - ا

**خاتم** (خا - تم) [ع - صفت] ختم کرنے والا ۔ اخیر یا انجام کو پہنچانے والا ۔ خاتم الانبیا ۔ خاتم المرسلین ۔ خاتم النبیین ۔ تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے ۔ آخری پیغمبر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

**خاتم** (خا - تم) [ع - ا - مونث] (۱) انگوٹھی (۲) چھاپ ۔ مہر ۔

**خاتم سلیمان** ۔ حضرت سلیمان کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم لکھا ہوا تھا ۔

**خاتمہ** (خا - تِ - مہ) [ع - ا - مذکر] (۱) انجام ۔ نتیجہ (۲) موت (۳) وہ عبارت جو اختتام پر لکھی جائے ۔

**خاتمہ بالخیر** (۱) نیک انجام (۲) اخیر وقت ایمان کی سلامتی کے ساتھ گزرنا (۳) کنایۃً مر جانا ۔

**خاتمہ ہونا** (۱) انجام کو پہنچنا ۔ پورا ہونا (۲) فوت ہونا ۔

**خاتون** [ت - ا - مونث] امیر زادی ۔ بیگم ۔

**خاتون جنت** ۔ جنت کی شہزادی حضرت فاطمہ زہرا کا لقب ۔

**خادم** [ع - ا - مذکر] ۔ خدمت کرنے والا ۔ نوکر ۔ ملازم ۔

**خادمان** [ت - ا - مذکر] خادم کی جمع ۔

**خادمانہ** (خا - دِ - ما - نہ) [ف - صفت] خادم کی مانند ۔

**خادمہ** (خا - دِ - مہ) [ع - ا - مونث] ملازمہ ۔ خادم کی تانیث

**خار** [ف - ا - مذکر] (۱) کانٹا ۔ پھانس (۲) مرغ کے پاؤں کا کانٹا (۳) حسد ۔ رشک ۔

**خاربست ۔ خاربند** (مونث) کانٹوں کی باڑھ ۔

**خارپشت** (مونث) سیہی ۔ ایک جنگلی جانور جس کے جسم پر کانٹے ہوتے ہیں ۔

**خاردار** ۔ کانٹوں والا ۔

**خارزار ۔ خارستان** (مذکر) کانٹوں کا جنگل ۔

**خار کھانا** ۔ حسد کرنا ۔ جلنا ۔ دشمنی کرنا ۔

**خار گزرنا** کھٹکنا ۔ معلوم ہونا ۔ برا لگنا ۔ ناگوار ہونا ۔

**خار مغیلاں** (مذکر) ببول یا کیکر کا کانٹا ۔

**خار و خس ۔ خار و خاشاک** (مذکر) کانٹا اور گھاس ۔ کوڑا کرکٹ ۔ کچرا ۔

**خار ہونا** (۱) ناگوار گزرنا ۔ برا معلوم ہونا (۲) حسد ہونا ۔ جلن ہونا ۔

**خارا** [ف - ا - مذکر] سخت پتھر ۔ نیلا پتھر ۔

**خارا شکن** ۔ پتھر توڑ دینے والا ۔

**خارا شگاف** ۔ پتھر میں شگاف ڈالنے والا ۔

**خارج** (خا - رِج) [ع - صفت] نکالا ہوا ۔ علیحدہ ۔ نکلا ہوا ۔

**خارج از بحث** (۱) جس کا بحث سے تعلق نہ ہو ۔ بحث سے الگ (۲) جملہ معترضہ ۔ فضول بات ۔

**خارج از عقل** (۱) عقل کے خلاف (۲) [صفت] احمق ۔ گاؤدی ۔

**خارج قسمت** ۔ وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو ۔ حاصل قسمت ۔

**خارج کرنا** (۱) نکالنا ۔ باہر کرنا (۲) مقدمے کے دعوے کو رد کر دینا ۔

**خارجیہ** (خا - رِ - جیہ) [ع - صفت] (۱) باہر کا (۲) [مذکر] وہ شخص یا چیز جو نکال دی جائے ۔ داخلہ کی ضد ۔

**خارجی** [ع - ا - مذکر] (۱) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علی کو نہیں مانتا (۲) [صفت] بیرونی ۔ باہر کا ۔

**خارش ۔ خارشت** [ف - ا - مونث] (۱) کھجلی (۲) ایک جلدی بیماری جس میں بدن پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں اور کھجلی ہوتی ہے ۔

**خارشی ۔ خارشتی** [ف - صفت] کھجلی والا جسے خارش ہو ۔

**خارق** (خا - رِق) [ع - صفت] پھاڑنے والا ۔

**خارق عادات** (مذکر) عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑ دینے والا ۔ انبیا کے معجزے ۔ اولیا کی کرامات ۔

**خازن** (خا - زن) [ع - ا - مذکر] (۱) خزانچی (۲) محافظ ۔ جمع کرنے والا ۔

**خاسر** [ع - صفت] (۱) نقصان اٹھانے والا (۲) ہارنے والا ۔

**خاشاک** [ف - ا - مذکر] کوڑا کرکٹ ۔

**خاص** [ع - صفت] (۱) ذاتی ۔ اپنا (۲) صرف ۔ محض (۳) عمدہ ۔ منتخب (۴) ٹھیک ٹھیک (۵) مرغوب ۔ منظور نظر ۔

**خاص دان** (مذکر) گلوریاں رکھنے کا برتن ۔

**خاص کر** ۔ خصوصاً ۔ خصوصیت سے ۔ خاص طور پر ۔

**خاص و عام** (مذکر) چھوٹے بڑے ۔ امیر و غریب ۔ سب لوگ ۔

**خاصا** [ا - صفت] (۱) خوب ۔ اچھا ۔ موزوں (۲) برا نہ بھلا ۔ درمیانی (۳) ایک قسم کا سوتی کپڑا (۴) امیروں کا کھانا (۵) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا ۔

**خاصا چننا** ۔ دستر خوان پر کھانے سجانا ۔

**خاصا رہا ۔ خاصے رہے** ۔ اچھے نکلے ۔ خوب رہا ۔

**خاصان** [ا - ا - مذکر] خاص لوگ ۔ خاص کی جمع ۔

**خاصہ** (خا - صہ) [ع - ا - مذکر] (۱) عادت (۲) صفت ۔ خاصیت (۳) ذاتی (۴) اعلیٰ ۔ نفیس (۵) خوب (۶) خصوصیت ۔ خاص وصف جو کسی میں پایا جائے ۔

**خاصی** [ا - صفت] (۱) اچھی (۲) بری نہ بھلی ۔ متوسط درجے کی ۔

**خاصیت** (خا - صی - یت) [ع - ا - مونث] (۱) مزاج ۔ عادت (۲) تاثیر (۳) صفت ۔ گن ۔

**خاطر** [ع - ا - مونث] (۱) جو دل میں گزرے (۲) دل (۳) جگر ۔ کلیجہ (۴) خیال ۔ دھیان (۵) ارادہ (۶) مرضی ۔ لحاظ (۷) آؤ بھگت (۸) مزاج (۹) پاسداری ۔ طرفداری (۱۰) لیے ۔ واسطے ۔

**خاطر جمع** (مونث) دل جمعی ۔ اطمینان ۔ تسکین ۔ تسلی ۔

**خاطر خواہ** ۔ حسب مرضی ۔ حسب منشا ۔ خواہش کے مطابق ۔

**خاطر داری** (مونث) تواضع ۔ مدارات ۔ آؤ بھگت ۔

**خاطر سے** ۔ لحاظ سے ۔ پاس سے ۔

**خاطر عاطر** ۔ پاکیزہ طبیعت ۔

**خاطر کرنا** (۱) آؤ بھگت کرنا ۔ مہمان نوازی کرنا (۲) دل جوئی کرنا ۔

Marfat.com

**خاطر مدارات** (مونث) آؤ بھگت۔ مہمان نوازی۔
**خاطر میں نہ لانا**۔ خیال نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔ پروا نہ کرنا۔
**خاطر ہونا**۔ آؤ بھگت ہونا۔ مدارات ہونا۔ تواضع ہونا۔
**خاطی** (ع۔ صفت) قصور یا خطا کرنے والا۔ مجرم۔
**خاقان** (ت۔ ا۔ مذکر) بڑا بادشاہ۔ چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب۔
**خاک** (ف۔ ا۔ مونث) (۱) مٹی۔ دھول (۲) زمین (۳) کچھ۔ ذرا (۴) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں (۵) راکھ (۶) کیونکر۔ کس طرح۔
**خاک آلودہ**۔ مٹی سے بھرا ہوا۔
**خاک اُڑانا**۔ (۱) گرد اُڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا۔
**خاک اُڑنا**۔ (۱) دُھول اُڑنا (۲) رُسوا ہونا (۳) تباہ ہونا۔ ویران ہونا
**خاک برسنا**۔ (۱) دُھول اُڑنا (۲) ویرانی برسنا۔
**خاک بسر**۔ پریشان حال۔ خراب و خستہ۔
**خاک پا**۔ (۱) پاؤں کے نیچے کی مٹی (۲) نہایت حقیر چیز۔ عاجز۔ مسکین
**خاک پڑے**۔ مٹ جائے (عورتیں کہتی ہیں)۔
**خاک پھانکنا**۔ (۱) آوارہ پھرنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) بہتان لگانا۔
**خاک چھاننا**۔ (۱) آوارہ پھرنا (۲) تباہ و برباد ہونا (۳) خوب تلاش کرنا
**خاک دان** (مذکر) (۱) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ (۲) راکھ دان (۳) دُنیا۔
**خاک ڈالنا**۔ رفع دفع کرنا۔ چھوڑنا۔
**خاک روب**۔ مہتر۔ بھنگی۔
**خاک سار**۔ مثل خاک۔ عاجز (متکلم اپنے لیے اظہار فروتنی کے واسطے استعمال کرتا ہے)۔
**خاک ساری** (مونث) فروتنی۔ عجز۔ انکسار۔ عاجزی۔
**خاک سیاہ ہو جانا**۔ جل کر راکھ ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔
**خاک شفا** (مونث) (۱) تندرست کر دینے والی مٹی (۲) کربلا کی خاک مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی خاک۔
**خاک کا پُتلا** (مذکر) آدمی۔ انسان۔
**خاک کا پیوند ہونا**۔ زمین میں دفن ہونا۔ خاک میں ملنا۔ مر جانا۔
**خاک کرنا**۔ (۱) جلا کر راکھ کرنا۔ تباہ کرنا (۲) کچھ نہ کرنا۔
**خاک میں ملانا**۔ (۱) تباہ کرنا (۲) ضائع کرنا (۳) مار ڈالنا (۴) ذلیل کرنا (۵) زمین کا پیوند کرنا۔
**خاک نائے** (مونث) خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے خشکی کے قطعات کو ملائے۔
**خاک نہیں**۔ کچھ نہیں۔
**خاک ہونا**۔ (۱) گل کر مٹی ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا (۲) کچھ نہ ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
**خاکستر** (خا۔ کس۔ تر) (ف۔ ا۔ مونث) راکھ۔ بھبھوت۔
**خاکسی** (خاک۔ سی) (ف۔ ا۔ مونث) خوب کلاں۔ ایک باریک تخم جو بخار کی دوا ہے۔
**خاکش بدہن** (ف) (۱) اس کے منہ میں خاک۔ کسی نے کوئی بُری بات کہی ہو تو اس کے متعلق کہتے ہیں (۲) اپنے منہ سے کوئی بُری بات نکلے یا نکالنے کا ارادہ ہو تو خاکم بدہن کہتے ہیں۔
**خاکہ۔ خاکا** (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے (۲) ڈھانچا۔ چربہ۔
**خاکہ اُتارنا / بنانا**۔ کچا نقشہ کھینچنا۔

**خاکہ اُڑانا**۔ (۱) نقل اُتارنا۔ نقشہ کھینچنا (۲) مضحکہ اُڑانا۔
**خاکہ کھینچنا**۔ (۱) کچا نقشہ بنانا (۲) تصویر کا نقشہ بنانا۔
**خاکی** (ف۔ صفت) (۱) خاک کا۔ خاک کی پیدائش۔ مجازاً انسان (۲) مٹیالا (۳) (ا۔ مذکر) فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے (۴) وہ پلٹن کے سپاہی جن کو گزشتہ کی جنگ میں انگریزوں نے خاکی وردی دی تھی۔
**خاکی انڈا** (مذکر) وہ انڈا جو مرغی جوڑا کھائے بغیر دے۔ ایسے انڈے سے بچہ نہیں نکل سکتا۔
**خاکی نہاد**۔ بہت خلیق۔ نرم دل۔
**خاکیاں** (خا۔ کِ۔ یاں) (ف۔ ا۔ مذکر) مسلمان درویشوں کی ایک برادری۔
**خاگینہ** (خا۔ گی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذکر) انڈوں کا سالن۔
**خال** (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) سیاہ تل جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے (۲) دور تکا کبوتر (۳) کاجل کا وہ نشان جو نظر بد سے بچانے کے لیے بچوں کے چہرے پر لگاتے ہیں (۴) ماموں۔ خالو۔
**خال خال**۔ اِکا دُکا۔ بہت کم۔ کہیں کہیں۔ شاذ و نادر۔ کوئی کوئی۔
**خالدی** (خا۔ ل۔ دی) (ع۔ صفت) خالد کی طرف منسوب۔
**خالد** (ع۔ صفت) ہمیشہ رہنے والا۔
**خالص** (ع۔ صفت) اصل۔ کھرا۔ صاف۔
**خالصہ** (خا۔ ل۔ صہ) (ع۔ صفت) (۱) خالص (۲) (مونث) سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو (۳) (پنجابی۔ مذکر) سکھ سردار۔ سکھوں کی فوج۔
**خالع** (خا۔ لع) (ع۔ صفت) خلع حاصل کرنے والی عورت۔
**خالق** (ع۔ صفت) (۱) پیدا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
**خالو** (ا۔ مذکر) خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا خاوند۔
**خالہ** (خا۔ لہ) (ا۔ مونث) ماں کی بہن۔
**خالہ جی کا گھر نہیں**۔ (مثل) آسان کام نہیں۔ ہنسی ٹھٹھا نہیں۔
**خالہ زاد بھائی**۔ خالہ کا بیٹا۔
**خالہ زاد بہن**۔ خالہ کی بیٹی۔
**خالی** (ع۔ صفت) (۱) جو بھرا ہوا نہ ہو۔ کھوکھلا (۲) صرف۔ محض (۳) اکیلا (۴) بے کار (۵) بے روزگار (۶) سُونا (۷) غیر آباد (۸) فارغ (۹) مسلمانوں کا گیارھواں مہینا ذیقعد (۱۰) بے اثر (۱۱) عاری۔ مبرا۔
**خالی بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس میں کرے** (مثل) کام کرنے والا بیکار نہیں بیٹھ سکتا۔ خواہ اسے فضول کام ہی کرنا پڑے۔
**خالی بیٹھنا**۔ بے کار رہنا۔
**خالی پیٹ**۔ نہار مُنہ۔ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔
**خالی جانا**۔ (۱) نشانہ پر نہ بیٹھنا (۲) بے اثر ہونا۔
**خالی خولی**۔ جس کی حقیقت کچھ نہ ہو۔ کھوکھلا۔
**خالی دینا**۔ (۱) دشمن کے وار سے اپنے آپ کو بچا لینا (۲) ٹال جانا۔
**خالی سے بیگار بھلی**۔ بیکار بیٹھنے سے کسی کا کام مفت کر دینا اچھا ہے۔
**خالی کا چاند**۔ ماہ ذیقعد۔ گیارھواں قمری مہینا۔
**خالی کرنا**۔ (۱) انڈیلنا۔ نکالنا (۲) بندوق چھوڑنا (۳) مکان سے قبضہ یا اسباب اٹھانا۔

Marfat.com

**خالی ہاتھ** (۱) مفلس (۲) محروم (۳) بلا نتیجہ - (۴) بغیر کوئی چیز لیے -

**خام** [ف - صف] (۱) کچا (۲) کمزور (۳) ناتجربہ کار (۴) باطل (۵) بند - سربستہ (۶) خالص - کھرا -

**خام آمدنی** (مونث) کل آمدنی جس میں سے خرچ وضع نہ کیا گیا ہو -

**خام تحصیل** (مونث) زمیندار یا ٹھیکہ دار کے توسط کے بغیر سرکاری لگان کی وصولی -

**خام خیالی** (مونث) غلط گمان - غلط خیال - جھوٹا خیال - وہم -

**خام رائے** (طبع - عقل) کچی سمجھ کا - بے وقوف - احمق -

**خام کار** - نادان - ناتجربہ کار -

**خام کرنا** - بند کرنا - آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا -

**خامس** (خا - مس) [ع - صف] پانچواں -

**خامشی** (خا - مُ - شی) [ف - ا - مونث] دیکھیے خاموشی -

**خاموش** [ف - صف] چپ - ساکت -

**خاموشی** [ف - ا - مونث] چپ - سکوت -

**خامہ** (خا - مہ) [ف - ا - مذکر] قلم - کلک -

**خامہ فرسائی** (مونث) لکھنا -

**خامی** [ف - ا - مونث] (۱) کچا پن (۲) نقص - کمی (۳) ناتجربہ کاری -

**خان** [ت - ا - مذکر] (۱) سردار - رئیس (۲) امیر رئیس کا لقب - پٹھانوں کا لقب -

**خان بہادر** - ایک عزت کا خطاب جو برطانوی سرکار کی طرف سے دیا جاتا تھا -

**خانخاناں** (مذکر) (۱) سرداروں کا سردار (۲) مغلیہ خاندان کے عہد میں سپہ سالار کا لقب -

**خانساماں** (مذکر) (۱) داروغہ (۲) صاحب لوگوں کو کھانا کھلانے والا (۳) باورچی -

**خان صاحب** (۱) انگریزوں کے عہد کا ایک معمولی خطاب (۲) عزت کا کلمہ -

**خاندان** [ف - ا - مذکر] (۱) گھرانا - کنبہ (۲) قبیلہ -

**خاندانی** [ف - صف] (۱) اچھے گھرانے کا - عمدہ نسل کا (۲) پرانا رئیس (۳) موروثی -

**خانقاہ** [ف - ا - مونث] (۱) درویشوں کے رہنے کی جگہ (۲) کسی درویش کا مزار -

**خانگی** (خان - گی) [ف - صف] (۱) گھریلو - گھر کا (۲) ذاتی (۳) [ا - مونث] وہ خانہ نشین عورت جو گھر بیٹھے کسب کرائے -

**خانگی معاملات** (مذکر) گھر کی باتیں - ذاتی معاملات -

**خانم** (خا - نم) [ت - ا - مونث] اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب - امیرزادی - بیگم -

**خانماں** (خان - ماں) [ف - ا - مذکر] گھر کا اسباب - مال و متاع -

**خانماں خراب** - تباہ - برباد -

**خانوادہ** (خان - وا - دہ) [ف - ا - مذکر] (۱) خاندان (۲) فقرا کا سلسلہ -

**خانہ** (خا - نہ) [ف - ا - مذکر] (۱) مکان (۲) کبوتروں یا مرغیوں کا دڑبا (۳) گھونسلا (۴) صندوقچے کے اندر کا حصہ (۵) شطرنج کی بساط کا ایک حصہ (۶) پیٹ (۷) انگوٹھی کی وہ جگہ جہاں نگینہ رکھتے ہیں -

**خانہ آباد** دولت زیادہ (۱) دعا - دولت وافر اور گھر بھرا رہے - (۲) تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش -

**خانہ آبادی** (مونث) خوش حالی - گھر کا بسنا - شادی -

**خانہ باغ** (مذکر) مکان کی چار دیواری کے اندر کا باغ -

**خانہ بدوش** (مذکر) (۱) آوارہ - بے ٹھکانا (۲) وہ قوم یا آدمی جس کا کوئی مستقل گھر نہ ہو - بنجارا -

**خانہ بدوشی** (مونث) آدمی کا بے گھر ہونا - بے ٹھکانے ہونا -

**خانہ برانداز** - گھر بار اجاڑ دینے والا -

**خانہ پری** (مونث) (۱) نقشہ بھرنا (۲) کسی کام کو فقط رسمی طور پر پورا کرنا -

**خانہ تلاشی** (مونث) گھر کی تلاشی -

**خانہ جنگی** (مونث) گھر کے جھگڑے - ملک کے اندر مختلف جماعتوں یا فرقوں کی لڑائی -

**خانہ خالی را دیو مے گیرد** - خالی گھر پر بھوت پریت قبضہ کر لیتے ہیں - گھر خالی نہیں رہنا چاہیے -

**خانہ خدا** (مذکر) خدا کا گھر - مسجد -

**خانہ خراب** (۱) اجڑا ہوا - تباہ و برباد (۲) آوارہ -

**خانہ خرابی** (مونث) گھر کی بربادی - تباہی -

**خانہ داری** (مونث) گھر بار کا کام کاج - گھر کے معاملات - انتظام و اہتمام خانہ -

**خانہ داماد** (مذکر) گھر داماد - داماد جو سسرال میں رہتا ہو -

**خانہ زاد** - مالک کے گھر میں پیدا ہونے والا غلام - لونڈی کا بچہ -

**خانہ ساز** - گھر کا بنا ہوا -

**خانہ شماری** (مونث) (۱) گھروں اور مکانوں کا شمار کرنا (۲) مردم شماری

**خانہ نشین** (۱) گوشہ نشین (۲) معطل - بے کار -

**خانہ ویرانی** (مونث) گھر کی تباہی - بربادی -

**خانے دار** - وہ چیز جس میں خانے بنے ہوں -

**خاور** (خا - ور) [ف - ا - مذکر] (۱) مشرق (۲) سورج -

**خاوری** (خا - و - ری) [ف - صف] مشرقی - مغربی - سورج سے منسوب -

**خاوند** (خا - وند) [ف - ا - مذکر] (۱) آقا - مالک (۲) شوہر -

**خائف** (خا - ئف) [ف - صف] ڈرنے والا - خوف کھانے والا -

**خائن** (خا - ئن) [ع - صف] خیانت کرنے والا - بد دیانت -

**خایہ** (خا - یہ) [ف - ا - مذکر] (۱) بیضہ - انڈا (۲) خصیہ - فوطہ -

**خایہ بردار** - خوشامدی - چاپلوس -

## خ - ب

**خباثت** (خ - با - ثت) [ع - ا - مونث] (۱) ناپاکی - گندگی (۲) برائی - بد باطنی - شرارت -

**خبائث** (خ - با - ئث) [ع - ا - مونث] خبث کی جمع (۱) گندگیاں ناپاکیاں (۲) برائیاں - برے کام -

**خبث** [ع - ا - مذکر] (۱) پلیدی - گندگی (۲) بد باطنی - شرارت -

Marfat.com

خُبثِ باطن ۔ بدباطنی ۔ بدنیتی ۔
خَبَر (خَ ۔ بَر) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) اطلاع ۔ آگاہی (۲) پیغام (۳)
افواہ (۴) حدیثِ نبوی (۵) پتا ۔ سراغ (۶) ہوش (۷) حال ۔
خبر پُوچھنا ۔ حال دریافت کرنا ۔ خیر و عافیت دریافت کرنا ۔
خبر پھیلنا ۔ کسی واقعہ کی اطلاع کا عام ہونا ۔
خبردار (۱) خبر رکھنے والا ۔ واقف (۲) ہوشیار ۔ چوکنا (۳) تنبیہ
کا کلمہ ۔ ہرگز ۔ زنہار ۔
خبر رساں ۔ خبر پہنچانے والا ۔ ایلچی ۔ قاصد ۔
خبر گرم ہونا ۔ کسی بات کا مشہور ہونا ۔
خبر گیری (مونث) (۱) دیکھ بھال (۲) مدد ۔ دستگیری ۔ اعانت ۔
خبر لینا (۱) مدد کو آنا ۔ دستگیری کرنا (۲) حال دریافت کرنا (۳)
مارنا ۔ سزا دینا (۴) نگرانی کرنا (۵) لعنت ملامت کرنا ۔
خبط [ع ۔ ا ۔ مذکر] سودا ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔
خبط سوار ہونا ۔ بیہودہ خیال دل میں سمانا ۔
خبط (ہو جانا) ہونا ۔ جنون ہونا ۔ غلط دُھن سمانا ۔
خبطی (خَب ۔ طی) [ع ۔ صفت] پاگل ۔ سودائی ۔ دیوانہ ۔ مجنون ۔
خبیث (خَ ۔ بیث) [ع ۔ صفت] (۱) ناپاک ۔ پلید (۲)
بدباطن ۔ شریر ۔
خبیر (خَ ۔ بیر) [ع ۔ صفت] (۱) خبر رکھنے والا ۔ دانا (۲)
خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

## خ ۔ ت

ختم [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) انجام ۔ انتہا (۲) قرآن شریف کے ختم ہونے کی
رسم (۳) فاتحہ ۔ نیاز ۔ قُل ۔
ختم کرنا (۱) انجام کو پہنچانا (۲) قتل کرنا ۔
ختم ہونا (۱) انجام کو پہنچنا (۲) فاتحہ ہونا (۳) مرجانا (۴) قرآن
ختم کرانا ۔
ختنہ (خَت ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] مسلمانوں اور یہودیوں کی ایک رسم
جس میں بچے کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے ۔ یہ سنتِ
ابراہیمی ہے ۔

## خ ۔ ج

خجالت (خِ ۔ جا ۔ لت) [ف ۔ ا ۔ مونث] عربی خجلت ۔ شرمساری
شرمندگی ۔ ندامت ۔
خجالت کھینچنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ نادم ہونا ۔
خجستہ (خُ ۔ جس ۔ تہ) [ف ۔ صفت] مُبارک ۔ مسعود ۔
خجستہ پے ۔ مُبارک قدم والا ۔
خجل (خَ ۔ جِل) [ع ۔ صفت] شرمندہ ۔ نادم ۔ شرمسار ۔
خجلت (خَج ۔ لت) [ع ۔ ا ۔ مونث] شرمندگی ۔ شرمساری ۔
ندامت ۔

## خ ۔ چ

خچاخچ (خَ ۔ چا ۔ خَچ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) تلواریں چلنے کی آواز (۲)
کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔
خچر (خَ ۔ چر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ دو غلا جانور جو گدھے اور گھوڑی
کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے ۔

## خ ۔ د

خد [ع ۔ ا ۔ مذکر] گال ۔ رخسار ۔ چہرہ ۔
خُدا [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خود ہی آنے والا اور موجود ہونے والا ۔
اللہ تعالیٰ (۲) مالک ۔ آقا ۔ صاحب ۔ خداوند ۔
خُدا بخشے ۔ خدا گناہوں کو معاف کرے (دعائے مغفرت)
خُدا پرست ۔ خدا کو پُوجنے والا ۔ حق پرست ۔
خُدا پنج انگشت یکساں نہ کرد (مثل) پانچوں انگلیاں برابر نہیں
ہوتیں ۔ سب انسان ایک سے نہیں ہوتے ۔
خُدا ترس (۱) خدا سے ڈرنے والا (۲) رحم دل ۔
خُدا حافظ ۔ کلمۂ دُعا جو کسی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں ۔ اللہ نگہبان
خدا خدا کرکے ۔ مشکل سے ۔ دقت سے ۔ دُشواری سے ۔
خدا خدا کرنا (۱) خدا کا نام لینا ۔ عبادت کرنا (۲) خدا سے
ڈرنا ۔ توبہ کرنا ۔ باز آنا ۔
خدا خیر کرے ۔ خطرے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ اللہ محفوظ رکھے ۔
خدا داد ۔ خدا کی دی ہوئی ۔ منجانب اللہ ۔ قدرتی ۔ فطری ۔
خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے ۔ (مثل) خدا جب دیتا
ہے تو بے سبب بھی دے دیتا ہے ۔
خدارا ۔ خدا کے لیے ۔ برائے خُدا ۔ از بہرِ خُدا ۔ خُدا کے واسطے ۔
خُدا رسیدہ (۱) اللہ تک پہنچا ہُوا ۔ اللہ والا (۲) نیک ۔ پرہیزگار
خُدا رکھے (کلمۂ دُعا) اللہ رکھے ۔ خدا اسے زندہ رکھے ۔ کسی
زندہ عزیز کا ذکر کرتے وقت کہتے ہیں ۔
خُدا سمجھے ۔ خُدا بدلہ لے ۔ خدا سزا دے ۔
خُدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے (مثل) خدا ہر شخص کو
اس کے حوصلے اور خرچ کے مطابق دیتا ہے ۔
خدا شناس ۔ اللہ کو پہچاننے والا ۔ نیک ۔ پارسا ۔
خدا کا نام لو (۱) اللہ اللہ کرو (۲) سچ بولو ۔ انصاف کرو ۔
خدا کی باتیں خدا ہی جانے (مثل) خدا کے بھیدوں کی کسی کو
خبر نہیں ۔ خدا کی حکمت خدا ہی کو معلوم ہے ۔
خدا کی دین (مونث) اللہ کی بخشش ۔ عطائے الٰہی ۔
خدا کی سنوار (مونث) خُدا کی مار ۔ خُدا سمجھے ۔
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی (مثل) اچانک سزا کہہ کر نہیں
آتی ۔ خدا ناگہانی سزا دیتا ہے ۔
خدا کی مار (۱) خدا کا غضب (۲) خدا کی لعنت ۔
خدا کے گھر سے پھرنا ۔ مرتے مرتے بچنا ۔
خدا گنجے کو ناخن نہ دے (مثل) خدا کم حوصلہ اور کمینے کو با اختیار

Marfat.com

نہ کرے ۔

**خُدا لگتی کہنا** - حق بات کہنا ۔ سچی بات کہنا ۔

**خُدا معلوم** - خدا جانے ۔ نہیں معلوم ۔ مجھے پتا نہیں ۔

**خُدا نہ کردہ** - خدا نہ کرے ۔ کسی امر کے واقع نہ ہونے کی خواہش ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔

**خُدا واسطے** - بے سبب ۔ ناحق ۔ بلا وجہ ۔ خواہ مخواہ ۔

**خُدا یاد آنا** (۱) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) خدا کی قدرت نظر آنا ۔

**خُدائے مجازی - خُداوندِ مجازی** (مذکر) (۱) بادشاہ ۔ حاکم ۔ (۲) شوہر ۔

**خُدّام** (ع ۔ خُد ۔ دام) (ج) (مذکر) خادم کی جمع ۔

**خُداوند** (ف ۔ خُدا ۔ وَند) (ف) (مذکر) (۱) مالک ۔ آقا ۔ صاحب (۲) اللہ تعالیٰ ۔

**خُدائی** (ف ۔ خُدا ۔ ئی) (ف) (مؤنث) (۱) خدا سے منسوب ۔ خدا کا (۲) شانِ خدا (۳) دُنیا ۔ جہان ۔

**خُدائی خوار** (۱) دُنیا بھر میں ذلیل (۲) آوارہ ۔ ذلیل و رسوا ۔

**خُدائی کا جھوٹا** - زمانے کا جھوٹا ۔ دُنیا بھر کا جھوٹا ۔

**خُدائی کارخانہ** (مذکر) خدا کا انتظام ۔

**خُدائی کرنا** - حاکمِ مطلق ہونا ۔

**خُدایا** (ف ۔ خُدا ۔ یا) (ف) اے خدا ! یا خدا ! ۔ اے میرے اللہ !

**خَدشہ** (ع ۔ خَد ۔ شہ) (ف) (مذکر) خوف ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔

**خَدع** (ع ۔ خَدع) (ف) (مذکر) فریب کرنا ۔ دھوکا دینا ۔

**خَدَم** (ع ۔ خَ ۔ دَم) (ج) (مذکر) خادم کی جمع ۔

**خِدمات** (ع ۔ خِد ۔ مات) (ج) (مؤنث) خدمت کی جمع ۔

**خِدمت** (ع ۔ خِد ۔ مت) (ف) (مؤنث) (۱) نوکری ۔ چاکری (۲) سامنے پاس (۳) کام کاج ۔

**خدمت سے عظمت ہے** (مثل) خدمت گزاری سے مرتبہ ملتا ہے ۔

**خدمت گار** - خدمت کرنے والا ۔ نوکر ۔ چاکر ۔ ٹہلوا ۔ سیوک ۔

**خدمتگاری** (مؤنث) نوکری ۔ چاکری ۔

**خدمت گزار** - خدمت کرنے والا ۔ نوکر ۔

**خدمت منصبی** (مؤنث) جو کام عہدے کی وجہ سے ادا کرنا پڑے ۔ کام متعلقہ ۔

**خِدْمَتی** (ع ۔ خِد ۔ مَ ۔ تی) (ف) (مذکر) (۱) خدمتگار (۲) کارکن (۳) نذرانہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے ۔

**خَدَنگ** (ف ۔ خَ ۔ دَنگ) (ف) (مذکر) (۱) ایک قسم کا چھوٹا تیر (۲) ایک مضبوط درخت جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں ۔

**خدیجہ** (ع ۔ خَ ۔ دی ۔ جہ) (ع) (مؤنث) رسولِ مقبول کی پہلی بیوی ۔

**خدیو** (ف ۔ خَ ۔ دیو) (ف) (مذکر) (۱) بادشاہ (۲) (۲) پہلے زمانے میں مصر کے بادشاہوں کا لقب (اردو میں بفتح اول مستعمل ہے)

## خ - ذ

**خُذ ما صَفا و دَع ما کَدِر** (مثل) جو صاف ہے وہ لے لو۔ جو گدلا ہے وہ چھوڑ دے ۔ معقول بات اختیار کرو اور بری بات ترک کر دو ۔

## خ - ر

**خَر** (ف) (مذکر) (۱) گدھا (۲) بے وقوف آدمی ۔

**خر دماغ** (۱) ضدی (۲) مغرور ۔ متکبر ۔ بد دماغ ۔

**خر دماغی** (مؤنث) غرور ۔ تکبر ۔ اکڑ پن ۔

**خر عیسےٰ** - حضرت عیسیٰ کی سواری کا گدھا ۔

**خرِ عیسےٰ اگر بمکہ رود ، چوں بیاید ہنوز خر باشد** (مثل) حضرت عیسیٰ کا گدھا مکے تک ہو آئے اس کی صورت و سیرت نہیں بدلے گی ۔ نالائق اصلاح نہیں ہو سکتی اگرچہ اچھوں سے اچھی صحبت میں رہے ۔

**خرمست - خرمستا** - (۱) نشہ جوانی سے مست (۲) نفس پرست (۳) بے وقوف ۔ احمق ۔

**خرمستی** (مؤنث) (۱) بدمستی ۔ نفس پرستی (۲) گدھے کی سی کودپھاند ۔

**خروار** (مذکر) گدھے کا بوجھ ۔ بارِ خر ۔

**خَراب** (ع ۔ خَ ۔ راب) (ع ۔ صفت) (۱) ویران ۔ اُجاڑ ۔ برباد (۲) خستہ ۔ بد (۳) رسوا (۴) بُرا ۔

**خراب آباد** (مذکر) (۱) تباہی کی جگہ (۲) دُنیا ۔

**خراب حال** - بُرے حال ۔ پریشان حال ۔ مفلس ۔

**خراب خستہ** - تباہ حال ۔

**خراب کرنا** (۱) بگاڑنا ۔ برباد کرنا (۲) پریشان کرنا (۳) عصمت اتارنا ۔

**خَرابات** (ع ۔ خَ ۔ را ۔ بات) (ع) (مؤنث) (۱) شراب خانہ (۲) جوئے خانہ (۳) شیخانہ کی جگہ (۴) بُت خانہ ۔

**خَراباتی** (ف ۔ صفت) (۱) شرابی (۲) جواری ۔

**خَرابہ** (ع ۔ خَ ۔ را ۔ بہ) ویرانہ ۔ کھنڈر ۔ ویرانہ ۔

**خَرابی** (ع ۔ خَ ۔ را ۔ بی) (ف) (مؤنث) (۱) ویرانی ۔ تباہی ۔ بربادی (۲) نقص (۳) بگاڑ (۴) مشکل ۔ دقت

**خَرّاٹا** (ف ۔ خَر ۔ را ۔ ٹا) (مذکر) وہ خر خر کی آواز جو بعض لوگوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے ۔

**خرّاٹے بھرنا (لینا)** سوتے میں خر خر کی آواز نکالنا ۔

**خَراج** (ع ۔ خَ ۔ راج) (ف) (مذکر) (۱) زمین کا محصول ۔ مالگزاری (۲) وہ روپیہ جو والی ریاست بادشاہ کو دے ۔ باج (۳) محل بندی ۔

**خراج گزار** (۱) خراج دینے والا ۔ باج گزار (۲) ماتحت بادشاہ یا رئیس ۔

**خَراد** (ف ۔ خَ ۔ راد) (ف) (مذکر) (۱) آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے ہیں (اردو میں تشدید کے بغیر مستعمل ہے)

**خراد چڑھنا (اُترنا)** (۱) درست ہونا ۔ سنورنا (۲) تجربہ کار ہونا ۔

**خَرّادی** (ف ۔ خَر ۔ را ۔ دی) (ف) (مذکر) خراد کا کام کرنے والا ۔

Marfat.com

**خراس** (خَ۔ راس) [ف۔ ا۔ مذکر] آٹا پیسنے کی بڑی چکی جس کو بیل اونٹ وغیرہ چلاتے ہیں۔

**خراش** (خَ۔ راش) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) چھیلن۔ رگڑ۔ ہلکا سا زخم جو رگڑ سے لگے (۲) [صفت] چھیلنے والا۔ زخم لگانے والا (مرکبات میں) جیسے دل خراش۔ دل کو زخمی کرنے والا۔ سمع خراش۔ سماعت کو زخمی کرنے والا۔

**خراشی** [ف۔ ا۔ مونث] چھیلنا۔ کھرچنا۔ زخمی کرنا۔

**خراطین** (خَ۔ رَ۔ طین) [ع۔ ا۔ مذکر] خراتین (ف) کا معرب۔ کیچوا۔

**خرافات** [ع۔ ا۔ مونث] خرافہ کی جمع۔ بیہودہ باتیں۔ بکواس۔

**خرام** (خَ۔ رام) [ف۔ ا۔ مذکر] ناز و ادا کی چال۔ مٹک چال۔

خرام ناز۔ نخرے کی چال۔ معشوقانہ چال۔

**خراماں خراماں** [ف۔ صفت] آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔ ٹہلتے ہوئے۔

**خرامی** (خَ۔ رامی) [ف۔ ا۔ مونث] آہستہ چلنے یا ٹہلنے کا عمل۔

**خرانٹ** (خُر۔ رانٹ) [ا۔ صفت] (۱) تجربہ کار (۲) بوڑھا آدمی۔

**خربوزہ۔ خربزہ** (خَر۔ بو۔ زہ) [ف۔ ا۔ مذکر] ایک شیریں پھل۔

خربوزہ چھری پر گرے یا چھری خربوزے پر نقصان خربوزے ہی کا ہے۔ (مثل) کمزور کی ہر حالت شامت ہے۔

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے (مثل) آدمی کو دیکھ کر آدمی رنگ اختیار کرتا ہے۔ صحبت کا بڑا اثر ہوتا ہے۔

**خرجی** (خُر۔ جی) [ا۔ مونث] جھولا۔ زنبیل۔ وہ تھیلا جو گھوڑے کی پیٹھ پر سامان کے لیے باندھ دیتے ہیں۔ (ع۔ خرج کا مترادف)

**خرچ** [ا۔ مذکر] (۱) صرف۔ لاگت (۲) روپیہ پیسہ (ع خرج)

خرچ اٹھانا۔ خرچ برداشت کرنا۔

خرچ اخراجات۔ مصارف۔

خرچ دینا (۱) صرف کے لیے روپیہ دینا (۲) مزدوری دینا۔ روزینہ دینا۔

**خرچنا** (خَر۔ چ۔ نا) [ا۔ مص] (۱) صرف کرنا (۲) کام میں لانا۔

**خرچنگ** (خَر۔ چَنگ) [ف۔ ا۔ مذکر] کیکڑا۔ سرطان۔

**خرچہ** (خَر۔ چہ) [ا۔ ا۔ مذکر] مقدمہ کا صرف۔ لاگت۔ خرچ۔

خرچہ بحساب رسدی۔ حصے کے مطابق خرچہ۔

خرچہ دلانا۔ مدعی یا مدعا علیہ کو اس کا صرف جو قانوناً جائز ہے دلایا جانا۔

**خرخشہ** (خَر۔ خَ۔ شہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) پریشانی۔

**خرد** [ف۔ صفت] (۱) چھوٹا۔ کم عمر (۲) کم قدر۔ کم حیثیت۔

خرد بین [مونث] وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دکھاتا ہے۔

خرد سال۔ کم عمر۔ کم سن۔

خرد سالی [مونث] کم عمری۔ کم سنی۔ بچپن۔ لڑکپن۔

**خرد** (خِ۔ رد) [ف۔ ا۔ مونث] عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔

خرد مند۔ عقل والا۔ دانا۔ سمجھ دار۔

خرد مندی [مونث] دانائی۔ عقلمندی۔ دانشمندی۔

**خردل** (خَر۔ دَل) [ع۔ ا۔ مونث] رائی۔

**خردہ** (خُر۔ دہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) ٹکڑا۔ ریزہ (۲) (۱) جھڑن۔ چھیچھن (۳) ریزگاری (۴) نکتہ۔ عیب (۵) فروخت۔

خردہ بیں۔ نکتہ چین۔

خردہ بینی [مونث] عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔

خردہ فروش۔ بساطی۔ پرچون بیچنے والا۔

خردہ فروشی۔ پھٹکل بیچنا۔

خردہ کرنا (۱) روپیہ بھنانا (۲) بیچنا۔ فروخت کرنا۔

خردہ گیر۔ عیب جو۔ نکتہ چین۔

خردہ گیری [مونث] نکتہ چینی۔

**خرس** [ف۔ ا۔ مذکر] ریچھ۔ بھالو۔

**خرسند** (خُر۔ سَند) [ف۔ صفت] خوش۔ شادماں۔ شاد۔

**خرسندی** (خُر۔ سَن۔ دی) [ف۔ ا۔ مونث] خوشی۔ شادمانی۔

**خرطوم** (خُر۔ طوم) [ع۔ ا۔ مونث] ہاتھی کی سونڈ۔

**خرفہ** (خُر۔ فہ) [ع۔ ا۔ مذکر] ایک بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں۔ سبز خرفہ کا ساگ پکاتے ہیں۔

**خرق** [ع۔ ا۔ مذکر] پھاڑنا۔ توڑنا۔

خرق عادت (۱) عادت اور قانون قدرت کے خلاف انوکھی بات (۲) ولی کی کرامت۔ نبی کا معجزہ۔

**خرقہ** (خِر۔ قہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) پیوند لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی (۲) درویشوں کا لباس۔

خرقہ پوش۔ گدڑی پہننے والا۔ درویش۔ صوفی۔

**خرگوش** (خَر۔ گوش) [ف۔ ا۔ مذکر] گدھے کے سے کان والا ایک تیز رفتار بلی کے برابر جانور۔

**خرم** (خُر۔ رَم) [ف۔ صفت] (۱) خوش۔ شادمان (۲) سرسبز۔

**خرما** [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) کھجور۔ چھوہارا (۲) کھجور کی شکل کی ایک مٹھائی۔

**خرمن** (خِر۔ مَن) [ف۔ ا۔ مذکر] کھلیان۔ غلے کا وہ ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو۔

خرمن ہستی۔ زندگی کا کھلیان۔ حیات۔ زیست۔

**خرمہرہ** (خَر۔ مُہ۔ رہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) سنکھ۔ ناقوس (۲) کوڑی (۳) گھونگھا۔

**خرمی** (خُر۔ رَمی) [ف۔ ا۔ مونث] خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔

**خروار** [ف۔ ا۔ مذکر] خر کے تحت دیکھیے۔

**خروج** (خُ۔ روج) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) نکاس۔ باہر نکلنا (۲) شورش۔ بغاوت۔ فتنہ۔

خروج کرنا۔ بغاوت کرنا۔

**خروس** (خُ۔ روس) [ف۔ ا۔ مذکر] مرغا۔

**خروش** (خَ۔ روش۔ خُ۔ روش) [ف۔ ا۔ مذکر] شور۔ غل۔ غوغا۔

**خرید** (خَ۔ رید) [ف۔ صفت] (۱) خریدی ہوئی (۲) [مونث] خریداری۔

**خرید و فروخت** [مونث] لین دین۔ بیع و شرا۔ مول لینا اور بیچنا۔

**خریدار** (خَ۔ ری۔ دار) [ف۔ صفت] (۱) مول لینے والا۔ گاہک

Marfat.com

(۲) طلب گار۔ خواہاں۔

**خریداری** [ف - ا - مونث] گاہکی۔ بکری۔

**خریدنا** (خ - رید - نا) [ا - فعل] مول لینا۔ خرید کرنا۔

**خریطہ** (خ - ری - طہ) [ع - ا - مذکر] (۱) تھیلی۔ کیسہ (۲) وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم جاتا ہے۔

**خریطی** (خ - ری - طی) [ا - مونث] (۱) چھوٹی تھیلی (۲) ٹلے دانی۔

**خریف** (خ - ریف) [ع - ا - مونث] ساونی۔ وہ فصل جس میں جوار، مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔ اساڑھ سے کاتک تک۔

## خ - ز

**خزاں** (خ - زاں) [ف - ا - مونث] (۱) پت جھڑ۔ وہ موسم جس میں پتے جھڑ کر پڑتے ہیں (۲) بے رونقی (یا لکسر بھی صحیح ہے)۔

**خزاں دیدہ** (رسیدہ) بے رونق۔ ویران۔ اُجڑا ہُوا۔

**خزانچی** (خ - زان - چی) [ف - ا - مذکر] خزانے کا نگراں۔

**خزانہ** (خ - زا - نہ) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ جگہ جہاں روپیہ جمع رہے (۲) ذخیرہ۔ گودام (۳) مال۔ دولت (عربی میں بالکسر ہے)۔

**خزانۂ عامرہ** - بھرا ہُوا خزانہ۔ شاہی خزانہ۔

**خزائن** [ع - ا - مذکر] خزانہ کی جمع۔

**خزف** (خ - زف) [ع - ا - مونث] ٹھیکری۔

**خزینہ** (خ - زی - نہ) [ف - ا - مذکر] خزانہ۔ مخزن۔

## خ - س

**خس** [ف - ا - مذکر] (۱) سوکھی گھاس۔ کوڑا کرکٹ (۲) ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو گرمی کے موسم میں ٹٹیاں بنانے کے کام آتی ہے۔

**خس خانہ** (مذکر) خس کی ٹٹیوں سے بنا ہُوا مکان۔

**خس کم جہاں پاک** (مثل) نالائق شخص کے کہیں چلے جانے پر کہتے ہیں۔ کوڑا اُٹھا تو صفائی ہوئی۔

**خس کی ٹٹی** - خس کی جڑوں سے بنا ہُوا چھپّر یا پردہ۔ [مونث]

**خس و خاشاک** (مذکر) (۱) کوڑا کرکٹ۔ خار و خس (۲) بُرا بھلا۔

**خسارہ** (خ - سا - رہ) [ع - ا - مذکر] نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔

**خسارہ اُٹھانا** - نقصان برداشت کرنا۔

**خساست** (خ - سا - ست) [ع - ا - مونث] (۱) کمینہ پن۔ کمینگی (۲) بخل۔ کنجوسی۔

**خسیت** (خس - سیت) دیکھیے خساست۔

**خستگی** (خس - تہ - گی) [ف - ا - مونث] (۱) شکستہ حالی (۲) مفلسی (۳) تھکن۔ تھکاوٹ (۴) زخمی ہونا۔

**خستہ** (خس - تہ) [ف - صفت] (۱) زخمی (۲) بدحال (۳) مفلس (۴) بھربھرا۔ خرخرا۔

**خستہ جگر، حال، خاطر، دل** - پریشان۔ دل شکستہ۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔

**خسر** (خ - سُر) [ف - ا - مذکر] سسر۔ خاوند یا بیوی کا باپ۔

**خسران** (خس - ران) [ع - ا - مذکر] نقصان۔ کمی۔ زیاں۔

**خسرو** (خس - رو) [ف - ا - مذکر] شہنشاہ۔ صاحب شوکت بادشاہ۔

**خسروانہ** (خس - رو - انہ) [ف - صفت] شاہانہ۔ بادشاہانہ۔

**خسرہ** (خس - رہ) [ا - مذکر] (۱) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست (۲) بچوں کی ایک بیماری جس میں بدن پر دانے سے نکلتے ہیں۔

**خسرہ آبادی** - گاؤں کے مکانات اور اُن کے مالکوں کی فہرست۔

**خسوف** (خ - سوف) [ع - ا - مذکر] چاند گہن۔

**خسیس** (خ - سیس) [ع - صفت] (۱) کمینہ (۲) بخیل۔ کنجوس۔

## خ - ش

**خشت** [ف - ا - مونث] اینٹ۔

**خشت باری** (مونث) اینٹ برسانا۔ روڑے پتھر پھینک کر مارنا۔

**خشخاش** (خش - خاش) [ف - ا - مونث] (۱) پوست کے دانے۔ تخم کوکنار (۲) وزن، چاول کا آٹھواں حصہ۔

**خشک** [ف - صفت] (۱) سوکھا۔ تر کی ضد (۲) بد اخلاق (۳) روکھا پھیکا (۴) بغیر بارش کے (۵) بے کچھ (۶) بلا سالن (۷) بغیر روغنی کے...

**خشک سالی** (مونث) قحط۔ سوکھا۔

**خشک و تر** - بُرا بھلا۔ خوب و زشت۔

**خشک ہونا** (۱) سوکھنا (۲) مُرجھانا (۳) دُودھ ختم ہو جانا (۴) ڈر سے سوکھ جانا۔

**خشکہ** (خش - کہ) [ف - ا - مذکر] اُبلے ہوئے چاول (۲) سوکھا آٹا جو روٹی بیلتے وقت لگاتے ہیں۔ پلیتھن۔

**خشکی** (خش - کی) [ف - ا - مونث] (۱) سوکھا پن۔ نمی نہ ہونا (۲) روکھا پن (۳) قحط (۴) خشک زمین (۵) وہ میل جو پوست سے سر میں پیدا ہو جاتا ہے۔

**خشم** [ف - ا - مذکر] غصہ۔ خفگی۔ طیش۔ عتاب۔

**خشم آلود، خشمگین** - خشمناک۔ غصے سے بھرا ہُوا۔ غضب ناک۔

**خشوع** (خ - شوع) [ع - ا - مذکر] عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔

**خشوع و خضوع** - گڑگڑانا اور رونا۔ الحاح و زاری۔

**خشونت** (خ - شو - نت) (۱) سختی۔ درشتی (۲) غصہ۔

**خشیت** (خش - یت) [ع - ا - مونث] ڈر۔ خوف۔

## خ - ص

**خصال** (خ - صال) [ع - ا - مونث] خصلت کی جمع۔ عادتیں۔

**خصائص** (خ - صا - ئص) [ع - ا - مذکر] خصیصہ کی جمع۔ خاصیتیں۔ عادات۔

**خصائل** (خ - صا - ئل) [ع - ا - مذکر] خصلت کی جمع۔

Marfat.com

**خصلت** (خَص۔ لَت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) خُو۔ عادت (۲) مزاج۔ سیرت۔

**خصم** (خَص۔ م) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) دشمن (۲) [ا۔ ف] آقا (۳) شوہر (اس معنی میں فتح اول و دوم ہے)۔

**خصم کرنا**۔ خاوند کرلینا۔ بیاہ کرلینا۔

**خصموں کھائی**۔ وہ عورت جس نے خاوند کا سکھ نہ دیکھا ہو۔

**خصمی** (ر ا۔ صفت) شوہر والی (مرکبات میں جیسے ست خصمی۔ سات شوہروں والی یعنی بدکار عورت)۔

**خُصوص** (خُ۔ صُوص) [ع۔ ا۔ مذکر] خاص ہونا۔ خاص۔ خصوصیت۔

**خُصوصاً** (خُ۔ صُو۔ صَن) [ع] خاص کر۔ علی الخصوص۔

**خصوصیات** [ع۔ ا۔ مونث و مذکر] خصوصیت کی جمع۔

**خصوصیت** (خُ۔ صُو۔ صی۔ یت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) خاص بات۔ خاص دلی (۲) ذاتی تعلق۔

**خُصومت** (خُ۔ صُو۔ مَت) [ع۔ ا۔ مونث] عداوت۔ دشمنی۔

**خصی** (خَص۔ سی) [ع۔ صفت] (۱) وہ جانور جس کے فوطے نکال دیے گئے ہوں۔ آختہ (۲) ہیجڑا۔ اُردو میں بتشدید صاد مستعمل ہے۔

**خصیہ** (خُص۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذکر] فوطہ۔ خایہ۔ بیضہ۔

## خ - ض

**خضاب** [ع۔ ا۔ مذکر] داڑھی اور سر کے بالوں کو رنگنے کی دوا۔ سفید بالوں کو سیاہ کرنے کی دوا۔ وسمہ۔

**خضر۔ خِضَر** (خِ۔ ضَر) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) ایک پیغمبر جن کی نسبت مشہور ہے کہ انھوں نے آب حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے (۲) رہنما۔ رہبر۔

**خضرِ راہ**۔ رہبر۔ رہنما۔

**خضر صورت**۔ سفید ریش۔ نیک صورت۔

**خضوع** (خُ۔ ضُوع) [ع۔ ا۔ مذکر] عاجزی۔ گڑگڑانا۔

## خ - ط

**خط** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) تحریر (۲) لکیر۔ لائن (۳) نامہ۔ چٹھی (۴) نوجوان مردوں کے چہرے پر کے شروع شروع کے نکلتے بال (۵) انداز تحریر (۶) حجامت۔

**خطِ آزادی**۔ وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھا جائے۔ آزادی کی سند۔

**خط آنا** (۱) رخساروں پر داڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا (۲) چٹھی آنا۔

**خطِ استوا**۔ وہ فرضی لکیر جو زمین کے گرد قطبین کے درمیان تسلیم کی جاتی ہے۔ یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے۔

**خط بڑھ جانا**۔ بالوں کا معمول سے زیادہ بڑا ہو جانا۔

**خط بنانا**۔ حجامت بنانا۔

**خطِ بندگی**۔ غلامی کی تحریر۔

**خطِ پیشانی** (نیز) خطِ سرنوشت۔ تقدیر کا لکھا۔

**خطِ تقدیر**۔ قسمت کا لکھا۔

**خطِ جدی**۔ وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجے جنوب کی طرف واقع ہے۔ جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا رات بڑی ہو جاتی ہے اور وہاں سردی زیادہ پڑنے لگتی ہے۔

**خطِ چلیپا**۔ صلیب نما خط۔

**خطِ حصار**۔ دائرہ جو جادوگر اپنے یا دوسرے کے گرد کھینچ لیتے ہیں۔

**خطِ سرطان**۔ وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ شمال کی طرف واقع ہے۔ جب آفتاب ادھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی ہو جاتی ہے۔

**خطِ شکستہ**۔ ایک قسم کا خط جو گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے اور جس کے حرف شکستہ ہوتے ہیں۔

**خطِ عمود۔ خطِ عمودی**۔ وہ سیدھی لکیر جو دوسری سیدھی لکیر کے ساتھ زاویہ قائمہ بنائے۔

**خطِ غبار**۔ نستعلیق تحریر کا ایک انداز جس میں جلی حروف کے درمیان باریک باریک نقطے لگائے جاتے ہیں۔

**خطِ کشیدہ**۔ وہ الفاظ جن کے اوپر یا نیچے لکیر کھینچ دی گئی ہو۔

**خط کھینچنا** (۱) قلم زد کرنا (۲) نشان کرنے کے لیے لکیر کھینچنا۔

**خطِ گلزار**۔ نستعلیق تحریر کا ایک طریقہ جس میں حروف جلی ہوتے ہیں اور ان کے بیچ میں پھول پتی بناتے ہیں۔ خطِ ریحان۔

**خطِ متوازی**۔ وہ دو خط جنھیں سیدھا کھینچتے چلے جائیں تو وہ آپس میں نہ ملیں۔

**خطِ محور**۔ زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے اور جس کے گرد زمین روزانہ گردش کرتی ہے۔ محور کے دونوں سرے قطبین کہلاتے ہیں۔

**خطِ مستقیم**۔ سیدھی لکیر۔ دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط۔

**خطِ منحنی**۔ ٹیڑھی لکیر۔

**خطِ نستعلیق**۔ وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے۔ اسی خط میں آج کل اُردو لکھی جاتی ہے۔

**خطِ نسخ** (۱) ایک عربی خط کا نام جسے خواجہ عماد الدین نے ایجاد کیا (۲) قلم زد کر دینے کا نشان۔

**خطِ نصف النہار**۔ وہ فرضی خط جو زمین کی سطح سے گزر کر قطبین کو ملاتا ہے۔

**خط و کتابت** (مونث) مراسلت۔ چٹھیاں جو ایک دوسرے کو لکھی جائیں۔

**خطا** [ع۔ ا۔ مونث] (۱) گناہ۔ جرم (۲) غلطی۔

**خطا کار**۔ خطاوار۔ گنہگار۔ مجرم۔

**خطا ہونا** (۱) غلطی ہونا۔ قصور ہونا (۲) بے ارادہ نکل جانا (جیسے پیشاب خطا ہونا) چوک جانا (جیسے نشانہ خطا ہونا)۔

**خطائے بزرگاں گرفتن خطا است** (مثل) بزرگوں پر اعتراض کرنا بڑی بے ادبی ہے۔

**خطاب** (خِ۔ طاب) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) کسی سے کلام کرنا (۲) سرکار کی طرف سے اعزازی نام عطا ہونا (۳) تعریف کے طور پر اچھا نام۔

Marfat.com

**خطابت** (ع ۔ ا ۔ مونث) خطبہ پڑھنا ۔ وعظ ۔ تقریر ۔
**خطاط** (خط ۔ طاط) (ع ۔ صف) خوش نویس ۔ کاتب ۔
**خطاطی** (خط ۔ طا ۔ طی) (ع ۔ ا ۔ مونث) خوش نویسی کا فن ۔ کتابت ۔
**خطائی** (ف ۔ صف) (۱) شہر خطا سے منسوب (۲) (مونث) ایک مٹھائی ۔
**خطایا** (خ ۔ طا ۔ یا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) خطا کی جمع ۔ خطائیں ۔
**خطباء** (خُ ۔ طَ ۔ با) (ع ۔ ا ۔ مذکر) خطیب کی جمع ۔
**خطبات** (خُط ۔ بات) خطبہ کی جمع ۔
**خطبہ** (خط ۔ بہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) وہ وعظ و نصیحت جو نماز جمعہ و عیدین میں سنائی جاتی ہے (۲) تقریر (۳) کتاب کا دیباچہ ۔
**خطبہ پڑھنا (دینا)** (۱) مجمع کے سامنے تقریر کرنا ۔ وعظ و نصیحت کی تقریر کرنا (۲) بادشاہ کا نام خطبے میں داخل کرنا ۔
**خطر، خطرہ** (خ ۔ طر) (خط ۔ رہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) خوف ۔ اندیشہ ۔ ڈر (۲) دشواری ۔ آفت ۔
**خطرناک** خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔ جس سے نقصان کا ڈر ہو ۔
**خطرے میں ڈالنا** جوکھوں میں ڈالنا ۔ بلا میں ڈالنا ۔ آفت میں پھنسانا ۔
**خطمی** (خط ۔ می) (ع ۔ ا ۔ مونث) گل خیرو ۔ ایک دوا ۔
**خطوط** (خ ۔ طوط) (ع ۔ ا ۔ مذکر) خط کی جمع ۔
**خطوط وحدانی** ہلالی ۔ دو وصلہ دار خط جن کے اندر کچھ لکھا جائے ہلالین ۔ قوسین ۔ بریکٹ ( ) ۔
**خطہ** (خط ۔ طہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) زمین کا گھرا ہوا حصہ ۔ ملک کا قطعہ (۲) ملک ۔ سرزمین ۔
**خطی** (خط ۔ طی) (ع ۔ صف) (۱) خط کی طرف منسوب (۲) تحریری ۔
**خطیب** (خ ۔ طیب) (ع ۔ صف) خطبہ پڑھنے والا ۔
**خطیر** (خ ۔ طیر) (ع ۔ صف) بڑا ۔ قیمتی ۔ بہت ۔

## خ ۔ ف

**خفا** (خ ۔ فا) (ع ۔ ا ۔ مونث) پوشیدگی ۔ راز ۔ پوشیدہ ہونا ۔
**خفا** (خ ۔ فا) (ف ۔ صف) ناراض ۔ ناخوش ۔ برہم ۔
**خفت** (خف ۔ فت) (ع ۔ ا ۔ مونث) ہلکا پن ۔ شرمساری ندامت ۔
**خفت اٹھانا** شرمندہ ہونا ۔ نادم ہونا ۔
**خفتہ** (خُف ۔ تہ) (ف ۔ صف) سویا ہوا ۔
**خفتہ را خفتہ کے کند بیدار** (مثل) سوئے ہوئے کو سویا ہوا کب جگا سکتا ہے ۔ غافل غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا ۔
**خفقان** (خ ۔ فَ ۔ قان) (خف ۔ قان) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دل کا دھڑکنا ۔ ایک بیماری کا نام جس میں دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے (۲) جنون ۔ سودا ۔ گھبراہٹ ۔
**خفقانی** (ع ۔ صف) خفقان میں مبتلا ۔ وحشت زدہ ۔
**خفگی** (خ ۔ ف ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مونث) ناراضی ۔ غصہ ۔
**خفی** (خ ۔ فی) (ع ۔ صف) (۱) پوشیدہ ۔ چھپا ہوا (۲) باریک ۔
**خفیف** (خ ۔ فیف) (۱) ہلکا (۲) ذلیل ۔ شرمندہ (۳) کم ۔ تھوڑا ۔
**خفیف ہونا** ذلیل ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔
**خفیفہ** (خ ۔ فی ۔ فہ) (ع ۔ صف) چھوٹی ۔
**خفیہ** (خُف ۔ یہ) (ع ۔ صف) پوشیدہ ۔ در پردہ ۔ چھپا ہوا ۔
**خفیہ پولیس** (مونث) وہ محکمہ سراغرسانی جس کا کام در پردہ پتہ لگانا ہے ۔ سی ۔ آئی ۔ ڈی ۔
**خفیہ راز** پوشیدہ خبر ۔ راز کی بات ۔
**خفیہ کارروائی** (مونث) چھپ چھپ کر کام کرنا ۔
**خفیہ نویس (نگار)** جاسوس ۔ مخبر ۔ پوشیدہ خبر دینے والا ۔

## خ ۔ ل

**خلا** (خ ۔ لا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) خالی جگہ (۲) زمین سے اوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کشش کا اثر نہیں ہوتا ۔
**خلا ملا** گہری دوستی ۔ خلوص ۔ میل جول ۔
**خلاص** (خ ۔ لاص) (ع ۔ ا ۔ مذکر) رہائی ۔ چھٹکارا ۔ خلاصی ۔ نجات ۔
**خلاص ہونا** (۱) آزاد ہونا (۲) ختم ہو جانا ۔
**خلاصہ** (خ ۔ لا ۔ صہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کسی چیز کا بہترین حصہ ۔ نچوڑ ۔ جوہر (۲) اختصار ۔
**خلاصہ یہ ہے** اصل مطلب یہ ہے ۔ حاصل کلام یہ ہے ۔ مختصر یہ کہ ۔
**خلاصی** (خ ۔ لا ۔ صی) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) رہائی ۔ چھٹکارا ۔ نجات (۲) (مذکر) خیمہ ایستادہ کرنے والا ملازم (۳) توپ خانہ یا جہاز کا کارندہ ۔
**خلاصی پانا** چھٹکارا پانا ۔ رہائی ہونا ۔
**خلاف** (خ ۔ لاف) (ع ۔ صف) (۱) الٹا ۔ مخالف ۔ برعکس (۲) (مذکر) جھوٹ (۳) اختلاف ۔
**خلاف آئین** ملک کے بنیادی قانون کی کسی دفعہ سے انحراف ۔ آئین کے برعکس ۔
**خلاف دستور** رواج یا معمول کے برعکس ۔
**خلاف شرع** قانون محمدی کے خلاف ۔ شریعت کے برعکس ۔
**خلاف طبع** طبیعت کے خلاف ۔ مزاج کے خلاف ۔
**خلاف عقل** عقل کے خلاف ۔
**خلاف قانون** قانون کے برعکس ۔
**خلاف قانون ہونا** حکومت کی طرف سے کسی جماعت، گروہ یا کتاب کو ناجائز قرار دیا جانا ۔
**خلاف قیاس** عقل کے خلاف ۔
**خلاف کہنا** (۱) مخالفت کی بات کہنا (۲) طبیعت کے ناموافق بات کہنا (۳) جھوٹ بولنا ۔
**خلاف ورزی** (مونث) برخلاف کام کرنا ۔ توڑنا ۔ مخالفت ۔
**خلاف وضع فطری** (مونث) اغلام ۔ لواطت ۔
**خلاف ہونا** مخالفت کرنا ۔ دشمن ہو جانا ۔
**خلافت** (خ ۔ لا ۔ فت) (ع ۔ ا ۔ مونث) نیابت ۔ خلیفہ کا عہدہ ۔ نبی یا پیر کی جانشینی ۔

Marfat.com

**خلاق** (خل۔ لاق) (ع۔ صف) بہت پیدا کرنے والا (مبالغہ کا صیغہ) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
**خلال** (خ۔ لال) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) دانت کریدنے کا آلہ، تنکا (۲) گنجفے یا تاش کی بازی میں شکست۔
خلال کرنا (۱) دانت کریدنا (۲) مات یا شکست دینا۔
**خلائق** (خ۔ لا۔ ئق) (ع۔ ا۔ مونث) خلق کی جمع، مخلوقات۔
**خلجان** (خ۔ ل۔ جان) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) فکر، اندیشہ (۲) خلش۔
**خلجی** (خل۔ جی) (ف۔ صف) مسیح قوم کے ترکوں سے منسوب۔
**خلخال** (خل۔ خال) (ع۔ ا۔ مونث) پازیب۔ پایل۔
**خلد** (ع۔ ا۔ مذکر) بہشت۔ جنت۔
خلد آشیاں۔ خلد مکانی۔ بہشت میں سکونت رکھنے والا (تعظیماً مرحوم متوفی بزرگوں کے متعلق کہتے ہیں)۔
خلد بریں۔ فردوس اعلیٰ۔ جنت کا سب سے اونچا طبقہ۔
**خلش** (خ۔ لش) (ف۔ ا۔ مونث) اُلجھن۔ کھٹک۔ اضطراب۔
**خلط** (ع۔ ا۔ مذکر) آمیزش۔ ملاوٹ۔
خلط مبحث۔ گفتگو کے درمیان غیر متعلق بات لے آنا۔
خلط ملط۔ گڈمڈ۔
**خلط** (ع۔ ا۔ مذکر) صفرا، سودا، خون، بلغم میں سے ہر ایک کو خلط کہتے ہیں۔
**خلع** (خ۔ لع) (ع۔ ا۔ مذکر) عورت کا مہر معاف کر کے طلاق لے لینا۔
**خلعت** (خل۔ عت) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ پوشاک جو بادشاہ یا اُمرا کی طرف سے بطور عزت افزائی ملے (۲) وہ نشان جو اُستاد اصلاح دیتے وقت عمدہ حرف پر لگا دیتے ہیں۔
خلعت فاخرہ۔ ایسا خلعت جو باعث فخر ہو۔
**خلف** (خ۔ لف) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پیچھے آنے والا (۲) جانشین، وارث (۳) سعادتمند بیٹا۔
خلف الرشید۔ خلف الصدق۔ فرماں بردار بیٹا۔ سچا جانشین۔
**خلفا** (خ۔ ل۔ فا) (ع۔ ا۔ مذکر) خلیفہ کی جمع۔
خلفائے راشدین۔ ہدایت والے خلیفہ۔ رسول اللہ کے چار جانشین حضرات ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ اور علیؓ۔
**خلق** (ع۔ ا۔ مونث) خلقت۔ دُنیا کے لوگ۔ مخلوق۔
**خلق** (ع۔ ا۔ مذکر) خو۔ عادت۔ خصلت۔
خلق محمدی۔ حضرت سرورِ کائنات کے اخلاق۔ بے مثل اخلاق۔
**خلقت** (خل۔ قت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) پیدائش (۲) سرشت [illegible] بفتح اول، مخلوق۔
**خلقی** (خل۔ قی) (ع۔ صف) [illegible] ذاتی۔ جبلی۔
**خلل** (خ۔ لل) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) رخنہ۔ سوراخ۔ درز (۲) خرابی۔ فتور۔ نقصان (۳) بے جا مداخلت۔
خلل آنا۔ پڑنا۔ خرابی پیدا ہونا۔
خلل انداز (۱) خلل ڈالنے والا۔ رخنہ انداز (۲) بے جا مداخلت کرنے والا۔
خلل اندازی (مونث) رخنہ اندازی۔ بے جا مداخلت۔
خلل دماغ (مذکر) دماغ کی خرابی۔ سودا۔ مالیخولیا۔ دیوانگی۔
**خلو** (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) خالی ہونا (۲) خلا۔ جوف۔

خلوئے معدہ۔ پیٹ کا خالی ہونا۔
**خلوت** (خل۔ وت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) تنہائی۔ گوشہ نشینی (۲) تنہائی کی جگہ (۳) خواب گاہ۔
خلوت پسند۔ تنہائی چاہنے والا۔ گوشہ نشین۔
خلوت خانہ، کدہ، سرا، گاہ (مذکر) تنہائی کی جگہ۔ علیحدگی کا مقام۔
خلوت صحیحہ (مونث) بیوی خاوند کا ہم بستری کے لیے تنہا ہونا۔
خلوت گزیں، نشین۔ تنہائی میں بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔
خلوت وجلوت میں۔ تنہائی میں اور سب کے سامنے۔
خلوت ہونا۔ اکیلا ہونا۔ تنہائی ہونا۔
**خلوتی** (خل۔ و۔ تی) (ع۔ صف) رازدار۔ دوست۔
**خلود** (خ۔ لود) (ع۔ ا۔ مذکر) ہمیشگی۔ دوام۔
**خلوص** (خ۔ لوص) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پاک صاف ہونا (۲) اخلاص۔ بے ریائی (۳) سچی دوستی۔
خلوص قلب۔ سچے دل سے۔
خلوص نیت۔ نیک نیتی۔ خالص نیت۔
**خلیا ساس** (ہ۔ ا۔ مونث) ساس کی بہن۔
**خلیج** (خ۔ لیج) (ع۔ ا۔ مونث) پانی کا وہ حصہ جو تین طرف خشکی سے اور ایک طرف سمندر سے ملا ہو۔
**خلیرا بھائی** (خ۔ لے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) خالہ کا بیٹا۔
**خلیفہ** (خ۔ لی۔ فہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پیغمبر صلعم کا قائم مقام۔ نائب (۲) بادشاہ (۳) (ہ) نائی۔ درزی۔ باورچی (۴) اُستاد کا بیٹا۔
خلیفۃ المسلمین۔ مسلمانوں کا خلیفہ۔
**خلیق** (خ۔ لیق) (ع۔ صف) اچھے اخلاق والا۔ خوش خلق۔
**خلیل** (خ۔ لیل) (ع۔ ا۔ مذکر) سچا دوست۔
خلیل اللہ (۱) خدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیم کا لقب۔
**خلیہ** (خل۔ یہ) (ع۔ ا۔ مونث) جسم کا مختصر ترین خانہ

## خ - م

**خم** (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) ٹیڑھ۔ کجی۔ ترچھاپن (۲) بل۔ پیچ۔ تاب (۳) موڑ۔ گھماؤ (۴) اُوپر کا بازو۔
خم ابرو۔ بھوؤں کی کجی۔
خم ٹھونکنا (۱) کشتی کے وقت بازو یا پٹھوں پر ہاتھ مارنا (۲) لڑنے کے لیے تیار ہو جانا۔
خم دار۔ ٹیڑھا۔ ترچھا سا۔ جھکا ہوا۔
خم دینا۔ ٹیڑھا کرنا۔
**خُم** (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) شراب کا مٹکا (۲) گنجفے کے کھیل میں وہ پتے جو تقسیم سے پہلے چھپا لیتے ہیں اور ایک ایک کر کے نکالتے ہیں۔
خم چڑھانا (۱) دھونے سے پہلے کپڑوں کو اُبالنا (۲) بہت شراب پینا۔ مٹکا بھر پی جانا۔
خمخانہ۔ خم کدہ (مذکر) شراب خانہ۔ مے خانہ۔ خرابات۔
خم کے خم۔ مٹکوں کے مٹکے۔ بہت زیادہ (شراب)۔
**خمار** (خ۔ مار) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) نشہ۔ کیف (۲) وہ حالت جب

Marfat.com

نشہ اترنے کے قریب درد سر ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں۔
**خمار آلود**۔ متوالا۔ مست۔ مخمور۔
**خماسی** (خُ۔ ما۔ سی) (ع۔ ا۔ مونث) پانچ حرفی لفظ۔
**خمر** (ع۔ ا۔ مونث) شراب۔
**خمس** (ع۔ صف) پانچ۔
**خمس** (ع۔ صف) (۱) پانچواں حصہ۔ خمس (۲) مال غنیمت کا پانچواں حصہ جو غربا اور اولاد رسول کے لیے وقف کیا جائے۔
**خمسہ** (خم۔ سہ) (ع۔ صف) (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا۔ پانچ (۲) (مذکر) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ پانچ مصرعوں کا ہو (۳) پانچ منظوم رسالوں کا مجموعہ۔
**خموش** (خ۔ موش) (ف۔ صف) خاموش کا مخفف۔ چپ۔
**خموشاں** (خ۔ مو۔ شاں) (ف۔ صف) چپ لوگ۔ مردے۔
**خموشی** (خ۔ مو۔ شی) (ف۔ ا۔ مونث) خاموشی کا مخفف۔ سکوت۔
**خمول** (خ۔ مول) (ع۔ ا۔ مذکر) گمنامی۔
**خمی** (خ۔ می) (ف۔ ا۔ مونث) جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن۔ کجی۔
**خمیازہ** (خم۔ یا۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) بدلہ۔ مکافات (۲) انگڑائی (۳) تشنج میں دست کر اعضا کو کھینچنا (۴) تکلیف (۵) پشیمانی۔ افسوس۔
**خمیازہ اٹھانا**۔ بھرنا۔ بھگتنا۔ کھینچنا (۱) بدلہ ملنا۔ سزا بھگتنا (۲) تکلیف پانا (۳) پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
**خمیدہ** (خ۔ می۔ دہ) (ف۔ صف) جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ کج۔
**خمیر** (خ۔ میر) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) گندھے ہوئے آٹے کو بہت دیر تک رکھی میں رکھ کر ترش کر لیتے ہیں اس کو خمیر کہتے ہیں (۲) سرشت۔ خلقت۔ مزاج۔ طبیعت۔
**خمیر اٹھنا**۔ خمیر کا تیار ہونا۔
**خمیر بگڑنا**۔ سرشت میں فرق آنا۔ ترکیب میں فرق ہو جانا۔
**خمیرہ** (خ۔ می۔ رہ) (ع۔ صف) (۱) خمیر اٹھا کر تیار کیا ہوا (۲) (مونث) یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا (۳) (مذکر) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔
**خمیری** (خ۔ می۔ ری) (ف۔ ا۔ مونث) وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں۔

## خ - ن

**خنازیر** (خ۔ نا۔ زیر) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) خنزیر کی جمع۔ سور (۲) ایک مرض کنٹھ مالا۔
**خناس** (خن۔ ناس) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) شیطان۔ مردود۔ ملعون (۲) (صف) بہکانے والا۔ شریر۔
**خناق** (خُ۔ ناق) (ع۔ ا۔ مذکر) گلے کی ایک بیماری۔ گلے کا ورم۔
**خنثیٰ** (خن۔ ثا) (ع۔ ا۔ مذکر) ہیجڑا۔ مخنث۔
**خنجر** (خن۔ جر) (ف۔ ا۔ مذکر) چھرے کی قسم کا ایک ہتھیار۔ کٹار۔
**خنجری** (خن۔ جَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) چھوٹی دف۔ ڈفلی (۲) (مذکر) ایک قسم کا کپڑا جس میں لہریے ہوں۔ کلیدوں کی دھاریاں۔
**خنخنا** (خن۔ خ۔ نا) (ا۔ صف) ناک میں بولنے والا۔
**خنخنانا** (ا۔ فعل) ناک میں بولنا۔
**خنداں** (خن۔ داں) (ف۔ صف) (۱) ہنستا ہوا (۲) شگفتہ۔
**خندق** (خن۔ دق) (ع۔ ا۔ مونث) کھائی۔ پرکھا۔
**خندہ** (خن۔ دہ) (ف۔ ا۔ مذکر) ہنسی۔
**خندۂ برق**۔ بجلی کی چمک۔
**خندہ پیشانی**۔ خندہ رو۔ ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ شگفتہ رو۔
**خندہ روئی** (مونث) بشاشت۔ شگفتگی۔ خوش مزاجی۔
**خندۂ زخم**۔ زخم کا ہنسنا یعنی کھل جانا۔
**خندۂ زیر لبی**۔ لبوں کی مسکراہٹ۔
**خندۂ صبح**۔ طلوع صبح ہونا۔
**خندۂ گل**۔ پھول کا کھلنا۔
**خندۂ مینا**۔ وہ آواز جو شیشے سے شراب انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔
**خنزیر** (خن۔ زیر) (ع۔ ا۔ مذکر) جنگلی سور۔
**خنصر** (خن۔ صر) (ع۔ ا۔ مونث) سب سے چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔
**خنک** (خ۔ نک) (ف۔ صف) ٹھنڈا۔ سرد۔
**خنکی** (خ۔ ن۔ کی) (ف۔ ا۔ مونث) ٹھنڈک۔ سردی۔

## خ - و

**خو** (ف۔ ا۔ مونث) عادت۔ خصلت۔
**خو بو**۔ عادت۔ خصلت۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔
**خو پذیر**۔ خوگر۔ خو گرفتہ۔ عادی۔
**خو پڑنا**۔ عادت پڑنا۔
**خوتے بد را بہانۂ بسیار** (مثل) بد عادت آدمی بہت سے بہانے بنایا کرتے ہیں۔
**خواب** (خا۔ ب) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) رؤیا۔ سپنا (۲) خیال۔ وہم (۳) (مونث) نیند۔ نوم۔
**خواب آلودہ**۔ نیند میں بھرا ہوا۔
**خواب آور**۔ نیند لانے والا یا لانے والی۔
**خواب پریشاں** (مذکر) الٹا پلٹا خواب۔
**خواب خرگوش** (مونث) خرگوش کی سی نیند۔ غفلت کی نیند۔ گہری نیند۔
**خواب کی باتیں**۔ خیالی باتیں۔ بے اصل باتیں۔ موہوم باتیں۔
**خواب گاہ** (مونث) سونے کا کمرہ۔ خلوت گاہ۔
**خواب و خور** (مذکر) سونا اور کھانا۔
**خواب و خور حرام ہونا**۔ کسی فکر یا تکلیف میں نیند آنا اور کھانا پینا چھوٹ جانا۔
**خواب و خیال** (مذکر) بے اصل باتیں جو خیال میں گزریں یا خواب میں نظر آئیں۔ بھولی ہوئی بات۔
**خواب ہو جانا**۔ خیال سے جاتا رہنا۔ معدوم ہو جانا۔
**خوابیدہ** (خا۔ بی۔ دہ) (ف۔ صف) سویا ہوا۔
**خواتین** (خ۔ وا۔ تین) (ع۔ ا۔ مونث) خاتون کی جمع۔ بیگمات۔
**خواجگان** (خا۔ جَ۔ گان) (ف۔ ا۔ مذکر) خواجہ کی جمع۔
**خواجہ** (خا۔ جہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) خداوند۔ آقا (۲) تورانیوں میں سادات کا لقب (۳) کشمیریوں کا لقب (۴) ہیجڑا۔ مخنث۔

Marfat.com

**خواجہ تاش** - ایک آقا کے نوکر - ایک مالک کے دو نوکر ہوں تو ان میں سے ہر ایک خواجہ تاش کہلاتا ہے -

**خواجہ سرا** (۱) زنان خانے میں کام کرنے والا مخنث (۲) ہیجڑا -

**خوار** (خ - وار) [ف - صفت] (۱) ذلیل - رسوا (۲) آوارہ - پریشان - خراب - خستہ (۳) مصدر خوردن کا اسم فاعل یعنی کھانے والا - پینے والا - (مرکبات میں) جیسے خون خوار - سود خوار -

**خوارج** (خ - وا - رج) [ع - ا - مذکر] خارجی کی جمع - حضرت علی کے مخالفین -

**خوارق** (خ - وا - رق) [ع - ا - مذکر] خارق کی جمع - خلاف عادت معجزے - کرامتیں -

**خواری** (خا - ری) [ف - ا - مونث] (۱) ذلت - رسوائی (۲) کھانا پینا (مرکبات میں) جیسے خون خواری -

**خواست** (خا - ست) [ف - ا - مونث] (۱) خواہش - چاہ (۲) التجا -

**خواستگار** - طلب گار - امیدوار -

**خواست گاری** (مونث) درخواست - عرض - التماس - خواہش - تمنا -

**خواص** (خ - واص) [ع - ا - مذکر] (۱) خاص کی جمع - بڑے لوگ (۲) خاصیتیں - اثرات (۳) ممتاز نوکر (۴) مصاحب (۵) (مونث) لونڈی - کنیز -

**خواصی** (خ - وا - صی) [ف - ا - مونث] (۱) خدمت (۲) مصاحبت (۳) عماری کی پچھلی نشست (۴) ہاتھی کا وہ حصہ جو بغل کی طرف ہوتا ہے -

**خواصیں** (خ - وا - صیں) [ا - مونث] خواص کی جمع - لونڈیاں جو بیگموں کی خدمت کرتی ہیں -

**خواں** (خاں) [ف - صفت] خواندن مصدر کا اسم فاعل یعنی پڑھنے والا - (مرکبات میں) جیسے غزل خواں -

**خوان** (خان) [ف - ا - مذکر] (۱) دسترخوان (۲) کھانا لانے اور لے جانے کا بڑا تھال - طباق -

**خوان پوش** - مذکر - خوان ڈھکنے کا کپڑا -

**خوانچہ** - مذکر - چھوٹا خوان یا سینی -

**خوانچہ فروش** - وہ پھیری والا جو تھال میں چیزیں رکھ کر بیچے -

**خوان یغما** - خوان یغما - عام لنگر -

**خوان نعمت** - لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان -

**خواندگی** (خاں - دگی) [ف - ا - مونث] پڑھنا - پڑھائی -

**خوانی** (خا - نی) [ف - ا - مونث] پڑھنا - گانا -

**خواندہ** (خاں - دہ) [ف - صفت] (۱) پڑھا لکھا (۲) بلایا ہوا - مدعو -

**خوانین** (خ - وا - نین) [ف - ا - مذکر] خان کی جمع -

**خواہ** (خاہ) [ف - کلمہ تردید] (۱) یا - چاہے - یا - (۲) [صفت] خواستن مصدر کا اسم فاعل یعنی چاہنے والا - خواہش مند - (مرکبات میں) جیسے بدخواہ - خیرخواہ -

**خواہ مخواہ** - خواہ نخواہ - خواہی نخواہی - ناچار - زبردستی - مجبوراً - طوعاً و کرہاً -

**خواہاں** (خا - ہاں) [ف - صفت] چاہنے والا - خواہشمند - طالب -

**خواہر** (خا - ہر) [ف - ا - مونث] بہن - ہمشیرہ -

**خواہر زادہ** - بہن کا بیٹا - بھانجا -

**خواہش** (خا - ہش) [ف - ا - مونث] (۱) آرزو - تمنا - ارمان (۲) رغبت - شوق (۳) مرضی (۴) مطلب - مدعا - مراد -

**خواہش مند** - آرزومند - خواہاں - طالب - شائق -

**خواہشات** (خا - ہِ - شات) [ف - ا - مونث] خواہش کی جمع -

**خواہی** (خا - ہی) [ف - ا - مونث] چاہنا (مرکبات میں) جیسے خیرخواہی -

**خوب** [ف - صفت] (۱) اچھا - عمدہ (۲) خوبصورت - نفیس -

**خوب تر** - زیادہ اچھا -

**خوب رو** - خوبصورت - حسین - شکیل - جمیل - سُندر -

**خوبصورتی** (مونث) حسن - جمال - سندرتا -

**خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو** (مثل) جب دو ہم خیال مل جاتے ہیں تو وقت اچھا گزرتا ہے -

**خوباں** (خو - باں) [ف - ا - مذکر] خوب کی جمع - بہت سے محبوب - (اس کا واحد مستعمل نہیں) -

**خوبانی** (خو - با - نی) [ف - ا - مونث] زرد آلو - ایک میوہ -

**خوب کلاں** (خوب - کَ - لاں) [ف - ا - مونث] ایک قسم کی خاکسی جس کا بیج دواؤں میں کام آتا ہے - خاکسی -

**خوبی** (خو - بی) [ف - ا - مونث] (۱) عمدگی - خوبصورتی (۲) ہنر - جوہر - گُن (۳) بڑائی - شرف -

**خوجہ** (خو - جہ) [ف - ا - مذکر] (۱) ہیجڑا (۲) مسلمانوں کی ایک تجارت پیشہ قوم -

**خوخیانا** (خو - خِ - یا - نا) [ا - مص] گھبکی دینا -

**خود** [ف - ا - مذکر] لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں -

**خود** (خُد) [ف - ضمیر] آپ - اپنے آپ - بذات خاص -

**خود آرا** (۱) اپنے آپ کو سنوارنے والا (۲) مغرور - متکبر -

**خود آرائی** (مونث) (۱) اپنے آپ کو بنانا سنوارنا (۲) غرور - گھمنڈ -

**خود اختیاری حکومت** (مونث) حکومت جس میں اختیار لوگوں کے ہاتھ میں ہو - جمہوری حکومت -

**خود بخود** (۱) آپ ہی آپ - از خود (۲) اپنے آپ -

**خود بدولت** - حضور - جناب - عالی جناب -

**خود بینی** (مونث) غرور - تکبر - گھمنڈ -

**خود پرستی** (مونث) غرور - تکبر -

**خود پسند** - خود رائے - متکبر -

**خود دار** (۱) رکھ رکھاؤ والا (۲) غیور - غیرت مند -

**خود داری** (مونث) (۱) رکھ رکھاؤ (۲) غیرت - عزت نفس -

**خود را فضیحت دیگراں را نصیحت** (مثل) خود برے کام کرنا اور دوسروں کو نصیحت کرنا -

**خود رائے** - اپنی رائے پر چلنے والا - کسی کی نہ ماننے والا -

**خود رائی** (مونث) اپنی ہی رائے پر چلنا - تکبر - خودسری -

**خود رو** (۱) بے بوئے اگا ہوا - اپنے آپ اگا ہوا (۲) بے قاعدہ -

**خود ساختہ** - اپنا بنایا ہوا - اپنا گھڑا ہوا -

**خود ستائی** (مونث) اپنے منہ میاں مٹھو بننا -

**خود سر** (۱) خود رائے - سرکش (۲) ضدی - ہٹیلا -

**خود سری** (مونث) (۱) خود رائی - سرکشی (۲) ضد - ہٹ -

**خود سے** - اپنے آپ - از خود - خود بخود -

Marfat.com

**خود غرض**۔ مطلبی۔ مطلب پرست۔
**خود غرضی** (مونث) مطلب پرستی۔
**خود غلط** (اشتا غلط) املا غلط۔ سرتاپا غلط۔
**خود فراموش**۔ اپنے آپ کو بھولنے والا۔
**خود کار**۔ اپنے آپ کام کرنے والی مشین۔ آٹومیٹک۔
**خود کاشت** (۱) وہ زمین جسے مالک خود بوتے بوئے (۲) وہ شخص جو اپنی زمین آپ ہی بوئے۔
**خود کام**۔ خود غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی۔
**خود کردہ را علاجے نیست** (مثل) اپنے کیے کا کوئی علاج نہیں۔
**خود کشی** (مونث) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
**خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ**۔ سب کچھ خود ہی۔ سب کچھ خود کرنے والا۔
**خود مختار**۔ آزاد۔ بااختیار۔
**خود مختاری** (مونث) بااختیار ہونا۔ آزادی۔
**خود نما** (۱) اپنی نمائش کرنے والا (۲) متکبر۔ شیخی خورہ۔
**خود نمائی** (مونث) (۱) اپنی نمود و نمائش (۲) شیخی۔ خود پسندی۔
**خودی** (خ۔ دی) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) انانیت۔ غرور۔ تکبر (۲) خود شناسی۔ معرفت نفس۔
**خور** (خر) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) خورشید کا مخفف۔ سورج (۲) گرگٹ (۳) مشرق (۴) شمسی ایرانی مہینے کا گیارھواں دن۔
**خور** [ف۔ صفت] (۱) مصدر خوردن کا اسم فاعل بمعنی کھانے والا۔ پینے والا۔ مرکبات میں جیسے بسیار خور۔ مردم خور وغیرہ دیکھیے خوار (۲) [مذکر] کھانا۔ غذا۔
**خورد و نوش** (مذکر) (۱) کھانا پینا (۲) دانہ پانی۔
**خوراک** (خو۔ راک) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) کھانا۔ غذا (۲) رسد۔ راشن (۳) دوا کی وہ مقدار جو ایک وقت میں پی جائے۔
**خورد** [ف۔ صفت] بمعنی چھوٹا۔ واؤ سے غلط ہے۔ دیکھیے خرد۔
**خوردا** (خر۔ دا) [ف۔ ا۔ مذکر] کھانا۔ طعام۔ غذا۔
**خورد برد** [مونث] کھا جانا۔ اڑانا۔ غبن۔ خیانت۔ بیجا تصرف۔
**خوردنی** (خر۔ د۔ نی) [ف۔ صفت] کھانے کے قابل۔ کھانے کی چیز۔
**خوردہ** (خر۔ دہ) [ف۔ صفت] (۱) کھایا ہوا (۲) [مذکر] تبرک۔
**خورسند** [ف۔ صفت] دیکھیے خرسند۔
**خورش** (خ۔ رش) [ف۔ ا۔ مونث] کھانا۔ طعام۔ خوراک۔
**خورشید** (خر۔ شید) [ف۔ ا۔ مذکر] سورج۔ آفتاب۔
**خوش** (خش) [ف۔ صفت] (۱) مسرور۔ شاداں۔ شادماں (۲) چنگا بھلا تندرست (۳) شاداب (۴) اچھا۔ عمدہ۔
**خوش آمدید**۔ آپ اچھے آئے۔ استقبالیہ الفاظ۔
**خوش آنا**۔ اچھا لگنا۔ پسند آنا۔ مرغوب ہونا۔
**خوش آیند**۔ بھلا معلوم ہونے والا۔ خوشگوار۔
**خوش اخلاق**۔ اچھی عادتوں والا۔ خوش خلق۔ خلیق۔
**خوش اخلاقی** (مونث) اچھی عادتوں کا ہونا۔
**خوش اسلوب**۔ خوش وضع۔ اچھے طریقے والا۔
**خوش اسلوبی** (مونث) اچھا طریق۔ اچھی طرز۔ عمدہ طریقہ۔
**خوش اقبال**۔ خوش نصیب۔ بختاور۔ اقبال مند۔

**خوش الحان**۔ اچھی آواز والا۔ سریلا۔ خوش گلو۔
**خوش الحانی** (مونث) سریلا پن۔
**خوش انتظامی** (مونث) عمدہ بندوبست۔
**خوش باش**۔ خوش رہنے والا۔ بے فکر۔
**خوش بخت**۔ خوش قسمت۔
**خوشبو** (مونث) اچھی بو۔ مہک۔ سگندھ۔
**خوشبودار**۔ اچھی بو والا۔ مہک والا۔
**خوش بیان**۔ خوش کلام۔ خوش تقریر۔ خوش گفتار۔
**خوش پوش**۔ عمدہ پوشاک پہننے والا۔
**خوش تدبیر**۔ اچھی تدبیر والا۔ منتظم۔
**خوش تقریر**۔ اچھا بیان کرنے والا۔ خوش گفتار۔
**خوش حال**۔ آسودہ حال۔ کھاتا پیتا۔ مال دار۔
**خوش حالی** (مونث) آسودگی۔ دولت مندی۔
**خوش خبری** (مونث) اچھی خبر۔ مژدہ۔ بشارت۔ نوید۔
**خوش خصال**۔ اچھی عادت والا۔
**خوش خط** (۱) عمدہ لکھا ہوا (۲) عمدہ لکھنے والا۔
**خوش خطی** (مونث) اچھا لکھنا۔ خوبصورت لکھنا۔
**خوش خلق**۔ اچھی خصلت والا۔ خلیق۔
**خوش خلقی** (مونث) خوش اخلاقی۔ اچھی خصلت۔
**خوش دامن** (مونث) ساس۔ بیوی کی ماں۔
**خوش ذائقہ**۔ لذیذ۔ مزیدار۔
**خوش رفتار**۔ اچھی چال والا۔ خوش خرام۔
**خوش سلیقہ**۔ اچھے سلیقے والا۔ باتمیز۔
**خوش طالع**۔ اقبال مند۔ اچھی تقدیر والا۔
**خوش طبع**۔ زندہ دل۔ ظریف۔ بامذاق۔
**خوش طبعی** (مونث) ظرافت۔ دل کی بشاشی۔ مذاق۔
**خوش فعلی**۔ چہل۔ مذاق۔ دل لگی۔
**خوش قسمت**۔ اچھی قسمت والا۔
**خوش قسمتی** (مونث) اچھی تقدیر۔ اچھا نصیب۔
**خوش کرنا** (۱) دل دینا (۲) شاد کرنا۔
**خوش گپیاں** (مونث) ہنسی مذاق کی باتیں۔
**خوش گزران**۔ اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا۔
**خوش گفتار**۔ اچھی گفتگو کرنے والا۔ خوش بیان۔
**خوش گلو**۔ سریلا۔ اچھی آواز والا۔
**خوش گوار** (۱) دل پسند (۲) خوش ذائقہ۔ پسندیدہ۔
**خوش نصیب**۔ اچھی قسمت والا۔ خوش طالع۔
**خوش نما**۔ خوبصورت۔ خوش منظر۔
**خوش نمائی** (مونث) خوبصورتی۔
**خوشنودی** (مونث) رضامندی۔ خوشی۔
**خوش نویس** (۱) اچھا لکھنے والا۔ خوشخط (۲) کاتب۔
**خوش نویسی** (مونث) (۱) خوش خطی (۲) کتابت۔
**خوش و خرم**۔ دل شاد۔ شاداں۔ مسرور۔
**خوش وقتی** (مونث) خوش نصیبی۔ شادمانی۔ خوشحالی۔
**خوشا** (خ۔ شا) [ف] مسرت کا کلمہ۔ بہت اچھے۔ خوب۔
**خوشامد** (خ۔ شا۔ مد) [ف۔ ا۔ مونث] چاپلوسی۔ جھوٹی تعریف۔

Marfat.com

خوشامد درآمد ۔ چاپلوسی ۔
خوشامد سے آمد ہے (مثل) خوشامد سے اکثر فائدہ ہُوا کرتا ہے ۔
**خوشامدی** (خ ۔ شا ۔ مَ ۔ دی) [ف ۔ صفت] جھوٹی تعریفیں کرنے والا ۔
**خوشہ** (خو ۔ شہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] گچھا ۔ اناج کی بالی ۔
خوشہ چیں (۱) وہ شخص جو کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے خوشے چن لیتا ہے (۲) دُوسروں کی تخلیق سے فائدہ اُٹھانے والا ۔
**خوشی** (خ ۔ شی) [ف ۔ مونث] (۱) سُرور ۔ شادمانی ۔ شگفتگی (۲) مرضی (۳) جشن ۔
خوشی خوشی سے ۔ اپنی مرضی سے ۔ رضامندی سے ۔
خوشی کرنا ، منانا ۔ خوش ہونا ۔
خوشی کے مارے باچھیں کھل جانا ۔ خوشی سے کھلکھلا کر ہنس پڑنا ۔
**خوض** [ع ۔ ا ۔ مذکر] سوچ ۔ فکر ۔ (غور کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے) ۔
**خوف** [ع ۔ ا ۔ مذکر] ڈر ۔ وحشت ۔ ہراس ۔ ہول ۔
خوف کرنا ، کھانا (۱) اندیشہ کرنا ۔ ڈرنا (۲) رحم کھانا ۔ ترس کھانا ۔
خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ خطرناک ۔
**خوک** [ف ۔ ا ۔ مذکر] سور ۔ خنزیر ۔
**خوگیر** (خوگیر) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زین کی بھرتی (۲) گدیلا ۔ گدا (۳) زین کے نیچے کا کپڑا ۔ نمدہ ۔
خوگیر کی بھرتی (۱) نکما اسباب (۲) نکمے آدمی (۳) بھرتی کے شعر ۔
**خول** (بروزن قول) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چھلکا (۲) اُوپر کا غلاف ۔ (۳) نیام ۔
خول دار ۔ وہ چیز جس میں بیچ کا حصہ خالی ہو ۔
**خون** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لہو (۲) قتل ۔
خون آشام ۔ خون پینے والا ۔ خونخوار ۔
خون آلودہ ۔ لہو میں بھرا ہُوا ۔ لہولہان ۔
خون بار ۔ خون برسانے والا یا والی ۔
خون بگڑنا ۔ خون کا خراب ہو جانا ۔ کوڑھ یا جذام ہو جانا ۔
خون بہا (مذکر) خون کی قیمت ۔ وہ نقدی جو مقتول کے وارث بوعوض خون لیں ۔ دیت ۔
خون بہانا ۔ کشت و خون کرنا ۔ قتل کرنا ۔ خون نکالنا ۔
خون پانی ایک کرنا ۔ خون پانی کی طرح بہانا ۔
خون پانی ہونا ۔ بے حد تکلیف پہنچنا ۔
خون پینا (۱) خون چوسنا (۲) قتل کرنا (۳) ستانا ۔ دق کرنا ۔
خون تھوکنا ۔ کسی صدمے یا مرض سے لہو کی قے کرنا ۔
خون جگر ۔ جگر کا خون (کنایۃً) غم ۔ غصہ ۔
خون جگر پینا (۱) غم و غصہ ضبط کرنا (۲) سخت مصیبت اُٹھانا ۔
خون جگر کھانا (۱) سخت محنت سے کوئی کام کرنا (۲) بے حد رنج و غم اُٹھانا ۔
خون چکاں ۔ جس سے خون ٹپکتا ہو ۔ خون ٹپکتا ہُوا ۔
خون خرابا (مذکر) کشت و خون ۔ خون ریزی ۔
خون خشک ہونا ۔ دم خشک ہونا ۔ خوف چھانا ۔ سہم جانا ۔
خونخوار (۱) خون پینے والا (۲) ظالم ۔ جلاد ۔ ستمگر (۳) خونریز ۔
خون دل پینا ۔ اندر ہی اندر غم کرنا ۔ پیچ و تاب کھانا ۔
خون رُلانا ۔ انتہا سے زیادہ رُلانا ۔ بہت ستانا ۔
خون ریز ۔ خون بہانے والا ۔

خونریزی (مونث) کشت و خون ۔ جنگ و جدل ۔ قتل و غارت ۔
خون سفید ہونا ۔ محبت جاتی رہنا ۔
خون سوار ہونا ۔ قتل کے درپے ہونا ۔
خون کا پیاسا ۔ جان کا لاگو ۔ جانی دشمن ۔ تشنۂ خون ۔
خون کا جوش ۔ وہ محبت جو خون کے رشتے سے عزیزوں رشتہ داروں میں ہوتی ہے ۔
خون کا دورہ (مذکر) خون کا جسم میں گردش کرنا ۔ دورانِ خون ۔
خون کرنا ۔ قتل کرنا ۔
خون کی بُو آنا ۔ دشمنی کی علامت ظاہر ہونا ۔
خون کے گھونٹ پینا ۔ غم و غصہ کو برداشت کرنا ۔ ضبط سے کام لینا ۔
خون گردن پر ہونا ۔ کسی کے قتل کا گناہ سر پر ہونا ۔
خون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا (مثل) ادنیٰ عمل سے بڑے درجے کا طالب ہونا ۔
خون لینا ۔ فصد کھولنا ۔
خون ملنا ۔ ایک خاندان یا کنبے سے ہونا ۔
**خوناب ۔ خونابہ** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خالص خون (۲) خون کے آنسو ۔ (خوناب اور خونابہ بھی بولتے ہیں) ۔
**خونی** [ف ۔ صفت] (۱) قاتل ۔ سفاک (۲) ظالم ۔ جلاد ۔
خونی دست (مذکر) لہو کے دست ۔ خونی پیچش ۔
**خونیں** (خُونِیں) [ف ۔ صفت] خون آلود ۔ خون سے متعلق ۔
**خویش** (خیش) [ف ۔ صفت] (۱) قریب کا ۔ رشتے کا ۔ اپنا ۔ (۲) [ض] خود ۔ آپ (۳) [ا] داماد ۔
خویش و اقارب ۔ عزیز ۔ رشتے دار ۔

## خ ۔ ہ

**خہے** (خ ۔ ہے) [ف ۔ کلمۂ تحسین] واہ ۔ مرحبا ۔ سبحان اللہ ۔ زہے ۔

## خ ۔ ی

**خیابان** (خ ۔ یا ۔ بان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پھلواڑی ۔ کیاری ۔
**خیار** (خ ۔ یار) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کھیرا ۔ ککڑی ۔
**خیارین** (خ ۔ یا ۔ رین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خیار کا تثنیہ ۔ کھیرے ککڑی دونوں ۔
**خیاط** (خی ۔ یاط) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کپڑے سینے والا ۔ درزی ۔
**خیال** (خ ۔ یال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تصور (۲) فکر ۔ اندیشہ (۳) غور و خوض (۴) [ا] سمجھ ۔ رائے (۵) منشا ۔ ارادہ (۶) توجہ (۷) وہم (۸) ایک راگ (۹) مضمون (۱۰) پاس ۔ لحاظ ۔
خیال باطل ۔ جھوٹا خیال ۔
خیال باندھنا ۔ تصور کرنا ۔ سوچنا ۔ کسی بات کا برابر خیال کرنا ۔
خیال بندی ۔ سلسلۂ خیالات ۔ خیالی تصویر ۔ سوچ ۔
خیال پر چڑھنا ۔ یاد آنا ۔ ذہن نشین ہونا ۔
خیال پڑنا ۔ خیال ہونا ۔ یاد آنا ۔ شبہ گزرنا ۔
خیال چھوڑنا ۔ کسی کے دھیان کو ترک کرنا ۔

Marfat.com

**خیالِ خام** ۔ کچا خیال ۔ بیہودہ خیال ۔
**خیال رکھنا** (۱) یاد رکھنا (۲) لحاظ رکھنا ۔
**خیال سے اُتر جانا** ۔ بھول جانا ۔ فراموش کر دینا ۔
**خیالِ فاسد** ۔ بُرا خیال ۔ بیہودہ خیال ۔
**خیال کرنا** (۱) سوچنا (۲) قیاس کرنا (۳) لحاظ کرنا (۴) غور کرنا ۔
**خیال میں نہ لانا** (۱) توجہ نہ کرنا ۔ لحاظ نہ کرنا ۔ کچھ نہ سمجھنا (۲) نہ ڈرنا ۔
**خیالات** (خَ ۔ یا ۔ لات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خیال کی جمع ۔
**خیالی** (خَ ۔ یا ۔ لی) [ف ۔ صف] وہمی ۔ قیاسی ۔ ظنی ۔
**خیالی پلاؤ پکانا** ۔ ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہوں ۔
**خیام** (خَیّ ۔ یام) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خیمہ بنانے والا ۔
**خیانت** (خِ ۔ یا ۔ نت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) دغا ۔ دھوکا (۲) غبن ۔ بددیانتی ۔ امانت میں چوری ۔
**خیانتِ مجرمانہ** ۔ وہ خیانت جو سرکاری جُرم میں داخل ہو ۔ اُس مال کو دبا لینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو ۔
**خیر** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) نیکی ۔ بھلائی (۲) برکت (۳) سلامتی ۔ تندرستی (۴) (طنزاً) ٹھیک ۔ درست ۔
**خَیرُالاُمُورِ اَوسَطُھا** (مثل) ہر کام کا اوسط بہتر ہے ۔ ہر کام میں میانہ روی اچھی ہے ۔
**خیر اندیش** ۔ بھلائی چاہنے والا ۔ خیر خواہ ۔ بہی خواہ ۔
**خیر باد** ۔ ایک کلمہ جو رخصت سفر کے وقت کہتے ہیں ۔ خدا حافظ ۔
**خیر باد کہنا** (۱) رخصت کرنا (۲) کسی چیز کو ترک کرنا ۔
**خیر باشد** (۱) خیر تو ہے؟ (کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں) ۔ تجاہل عارفانہ یا شکایت کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں ۔
**خیر برکت** ۔ خوشحالی اور سلامتی ۔
**خیر چاہنا** ۔ بھلائی چاہنا ۔ عافیت چاہنا ۔
**خیر خبر** (۱) اچھی خبر (۲) خیریت ۔
**خیر خواہ** ۔ بھلائی چاہنے والا ۔ خیر اندیش ۔ بہی خواہ ۔
**خیر خواہی** (مونث) بھلائی چاہنا ۔ بہتری چاہنا ۔ خیر اندیشی ۔
**خیر سلا** (عربی خیر و صلاح سے بگڑا ہوا) خیریت ۔
**خیر سے** (۱) صحیح سلامت (۲) (طنزاً) ماشاء اللہ!
**خیر سے کٹنا (گزرنا)** سلامتی سے بسر ہونا ۔
**خیر گزرنا (ہونا)** آفت سے بچنا ۔

**خیر مقدم** (مذکر) (۱) استقبال (۲) وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ کے تشریف لانے کے وقت کہا جاتا ہے ۔ خوش آمدید ۔
**خیر منانا** ۔ بھلائی چاہنا ۔ سلامتی چاہنا ۔
**خیر و عافیت** ۔ خیر سلا ۔ خیریت ۔ سلامتی ۔ تندرستی ۔
**خیر ہے؟ خیر تو ہے؟** اس جگہ بولتے ہیں جب کوئی بے محل یا بے وقت کوئی کام کرتا ہے ۔
**خیرات** (خَے ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مونث] خیر کی جمع ۔ نیکیاں ۔ بھلائیاں (۲) [ا ۔ ا] صدقہ ۔ دان ۔
**خیرات خانہ** (مذکر) محتاج خانہ ۔ لنگر خانہ ۔ دھرم شالہ ۔
**خیراتی** (خَے ۔ را ۔ تی) [ف ۔ صف] خیرات سے منسوب یا نسبت کا ۔
**خیرگی** (خی ۔ رَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) آنکھ کا چوندھیانا ۔ تاریکی (۲) بے حیائی ۔ شوخ چشمی ۔
**خیرو** (خَے ۔ رُو) [ف ۔ ا ۔ مذکر] گل خیرو ۔
**خیرہ** (خی ۔ رہ) [ف ۔ صف] (۱) تاریک (۲) بے حیا ۔
**خیریت** (خَے ۔ رِی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) نیکی ۔ بھلائی (۲) تندرستی ۔ سلامتی ۔ صحت ۔
**خیز** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) کود ۔ جست ۔ اُچھل (۲) (صف) خاستن مصدر کا اسم فاعل یعنی اُٹھانے والا ۔ اُٹھنے والا ۔ پیدا کرنے والا (مرکبات میں) جیسے سحر خیز ۔ مردم خیز ۔
**خیزاں** (خَے ۔ زاں) [ف ۔ صفت] اُٹھتا ہوا ۔ کھڑا ہوتا ۔ نکلتا ہوا ۔
**خیزش** (خَے ۔ زش) [ف ۔ ا ۔ مونث] اُٹھنا ۔ کودنا ۔
**خیزی** (خَے ۔ زی) [ف ۔ ا ۔ مونث] اُٹھنا ۔ اُٹھانا (مرکبات میں جیسے سحر خیزی ۔ فتنہ خیزی) ۔
**خیسانده** (خَے ۔ ساں ۔ دہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] دوا جو بھگو کر پی جائے ۔
**خیل** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بہت سے سوار ۔ بہت سے گھوڑے (۲) گروہ ۔
**خیلا** (خَے ۔ لا) [اُر ۔ صفت] لغو ۔ بیہودہ ۔ بیوقوف ۔
**خیلاپن** (مذکر) بے سلیقگی ۔ بے وقوفی ۔ حماقت ۔ نادانی ۔
**خیلے** (خَے ۔ لے) [ف ۔ صفت] بہت زیادہ ۔
**خیمہ** (خَے ۔ مہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تمبو ۔ ڈیرا ۔ خرگاہ ۔
**خیمہ استادہ ہونا** ۔ خیمہ لگانا ۔
**خیمہ دوز** ۔ تمبو سینے اور بنانے والا ۔ خیام ۔

Marfat.com

# د

د۔ (دال) [ع۔مونث] اُردو کا گیارھواں، فارسی کا دسواں، عربی کا آٹھواں اور ہندی کا اٹھارھواں حرف۔ اسے دالِ مہملہ بھی کہتے ہیں۔ ابجد کے حساب میں اس کے چار عدد مقرر ہیں۔

## د-ا

داب۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) بوجھ۔ دباؤ (۲) چھاپے کا نشان (۳) کل یا مشین سے ایک بار نکلنا (۴) عادت (۵) درخت یا پودے کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لیے دبائی جائے۔

داب بٹھانا۔ (۱) دباؤ ڈالنا (۲) رعب ڈالنا (۳) مطیع کرنا۔

داب بیٹھنا۔ (۱) زبردستی قبضہ کر لینا (۲) نیچے دبانا (۳) خیانت کرنا (۴) رعب پڑنا (۵) چڑھ بیٹھنا۔

داب دینا۔ (۱) دفن کر دینا۔ دبا دینا (۲) چھپا دینا (۳) رعب ڈالنا۔

داب رکھنا۔ (۱) دبانا۔ دبا کر رکھنا (۲) دبا کر نیچے رکھنا (۳) نہ دینا (۴) ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا۔

داب لینا۔ (۱) روپیہ مار لینا (۲) قابو کر لینا (۳) چھیننا۔

داب۔ [ف۔ا۔مذکر] داراب کا مخفف (۱) شان و شوکت (۲) دبدبہ (رعب کے ساتھ مستعمل ہے)۔

دابنا۔ (داب۔نا) [ہ۔متعدی] (۱) کسی شے کو زور سے نیچے بٹھانا (۲) دبانا۔ دبانا (۳) دفن کرنا (۴) چھیننا۔ دبوچنا (۵) مغلوب کرنا (۶) مار لینا۔ نہ دینا۔

داتا۔ [س۔صفت] (۱) دینے والا۔ سخی (۲) (مذکر) خدا۔

داتا کے دینے کے سو ہاتھ۔ [مثل] خدا جب دینے پر آتا ہے تو سو طرح سے دیتا ہے۔

داتن۔ (دا۔تن) [ہ۔ا۔مونث] مسواک۔

داخل۔ [ع۔صفت] (۱) اندر جانے والا۔ گھسنے والا (۲) گھسا ہوا (۳) شامل۔ ملحق (۴) بڑی زمین کے ساتھ تھوڑی زمین کی شمولیت (۵) ایشکل پیرد کی حوالگی۔

داخل حسنات ہونا۔ کسی اچھے کام میں شرکت کر کے ثواب حاصل کرنا۔

داخل خارج۔ (مذکر) سرکاری رجسٹر میں جائداد کے نئے مالک کے نام کا اندراج۔

داخل دفتر۔ (۱) شامل مسل (۲) مقدمہ یا درخواست کا خارج ہونا۔

داخل کرنا۔ (۱) اندر کرنا (۲) شامل کرنا (۳) روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا (۴) نام درج کرنا۔ بھرتی کرنا۔

داخل کنندہ۔ (۱) داخل کرنے والا (۲) ادا کرنے والا۔

داخل نامہ۔ (مذکر) (۱) وہ اقرارنامہ جس میں ملکیت دوسرے کے نام درج ہو (۲) دستاویز انتقال۔

داخلہ۔ (دا۔خ۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) روپیہ۔ مال گزاری، محصول یا چنگی کی رسید (۲) باریابی۔ رسائی۔ پہنچ (۳) داخل کرنے کی فیس (۵) مدرسے یا جماعت میں داخل ہونا (۶) (صفت) اندرونی۔ خارجہ کی ضد۔

داخلہ بہی۔ وہ رجسٹر یا کتاب جس میں داخلہ یا وصولی کی رسوم کی کیفیت درج ہوتی ہیں۔

داخلی۔ (دا۔خ۔لی) [ع۔ا۔مونث] (۱) اندرونی۔ اندر سے متعلقہ (۲) مشمولہ۔ ملحقہ (۳) نجی۔ گھریلو۔

داخلی موضع۔ (مذکر) چھوٹا موضع جو کسی بڑے موضع کا حصہ ہو۔

داد۔ [ہ۔ا۔مذکر] پھنسیوں کے وہ چٹے جو فسادِ خون کے باعث جسم پر ظاہر ہو جاتے ہیں اور ان میں کھجلی ہوتی ہے۔

داد۔ [ف۔ا۔مونث] (۱) انصاف (۲) بخشش (۳) آفرین۔ تحسین (۴) فریاد (۵) سزا۔

داد بخش۔ عادل۔ منصف۔

داد بخشی۔ (مونث) عدل و انصاف۔

داد بیداد۔ (مونث) فریاد۔ نالش۔ دہائی۔

داد پانا۔ (۱) انصاف کو پہنچنا (۲) تحسین حاصل کرنا۔

داد چاہنا۔ (۱) انصاف چاہنا (۲) تحسین چاہنا۔

داد خواہ۔ فریادی۔ مستغیث۔

داد خواہی۔ (مونث) (۱) فریاد (۲) انصاف چاہنا (۳) نالش۔ دعوے۔

داد دینا۔ کسی کے ہنر، کمال یا خوبی کی تعریف کرنا۔

داد رس۔ انصاف کو پہنچنے والا۔ منصف۔

داد رسی۔ (مونث) فریادرسی۔

دادِ سخن۔ بات یا شعر کی تعریف۔

دادِ شجاعت دینا۔ جنگ میں دلیری سے لڑنا۔

داد طلب۔ (۱) فریادی (۲) تعریف کا خواہش مند۔

دادِ عیش و نشاط دینا۔ خوب عیش کرنا۔

دادِ فریاد۔ (۱) نالش۔ استغاثہ (۲) فریاد۔

داد گستر۔ (۱) منصف (۲) خدا تعالےٰ (۳) منصف بادشاہ۔

داد گستری۔ (مونث) انصاف۔ داوری۔

داد لینا۔ تحسین حاصل کرنا۔

داد نہ فریاد۔ اندھیر ظلم۔

داد۔ [ف۔ا۔مونث] (۱) دینا (۲) تحفہ (۳) دی ہوئی (کوئی چیز)۔

داد و دہش۔ (مونث) (۱) بخشش (۲) فیاضی۔ سخاوت۔

داد و ستد۔ (مونث) (۱) لین دین (۲) باہمی حساب کتاب (۳) خرید و فروخت۔

دادا۔ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) باپ کا باپ (۲) بڑا بھائی (۳) بڑی عمر والا۔ بڈھا۔

دادا مر گیا ہے جب بیل بٹیں گے۔ [مثل] دادا کے مرنے پر جائداد تقسیم ہو گی۔ یہ ضرب المثل اس وقت بولی جاتی ہے

Marfat.com

جب کسی معاملہ میں تاخیر ظاہر کرنا مراد ہو۔
دادرا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) ایک قسم کا گیت (۲) حلق۔ تالو۔
دادنی۔ (دا۔ دَ۔ نی ا۔ [ف۔ا۔ مونث] (۱) وہ شے جو دینے کے قابل ہو۔ (۲) پیشگی روپیہ جو بعد ازاں ادا کرنا ہو۔
دادی۔ (دا۔ دی) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) باپ کی والدہ۔ (۲) بوڑھی عورت۔
دار۔ [ع۔ا۔ مذکر] خانہ۔ گھر۔ محلہ۔ سرا۔ جگہ۔ مقام۔
دار الآخرت۔ عاقبت۔ دوسری دنیا۔
دار الاسلام۔ وہ ملک جس میں اسلامی سلطنت ہو۔
دار الاقامۃ۔ (۱) رہنے کی جگہ (۲) کالج کا ہوسٹل۔ بورڈنگ ہاؤس۔
دار الامان۔ دار الامن۔ وہ مقام جہاں امن ہو۔
دار البقا۔ ہمیشہ رہنے کا گھر۔ اگلا جہان۔ آخرت۔
دار الحرب۔ وہ ملک جہاں غیر مسلموں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو مذہبی فرض ادا کرنے سے روکا جائے۔
دار الخلافہ۔ خلیفہ کے رہنے کا مقام۔
دار الحکومت۔ حکومت کا صدر مقام۔ راجدھانی۔
دار السلام۔ (۱) سلامتی کا گھر (۲) بہشت۔
دار السلطنت۔ بادشاہ کے رہنے کا مقام۔ پایہ تخت۔
دار الشفا ہسپتال شفا خانہ
دار الشوریٰ۔ مشورہ کرنے کی جگہ۔ وہ مقام جہاں مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد کیا جائے۔
دار الضرب ٹکسال
دار العلوم۔ (۱) تعلیم گاہ (۲) کالج (۳) یونیورسٹی۔
دار العمل۔ عمل کی جگہ (مراد دنیا)
دار الفنا۔ موت کا گھر (مراد دنیا)
دار القضا۔ قاضی کی کچہری۔ عدالت۔
دار الکتب۔ کتاب گھر۔ کتب خانہ۔ لائبریری۔
دار المحن۔ رنج والم کا گھر (مراد دنیا)
دار المطالعہ۔ مطالعہ کرنے کی جگہ ریڈنگ روم۔
دار المکافات۔ (۱) بدلہ ملنے کا گھر۔ عاقبت۔
دار الیتامیٰ۔ یتیموں کے رہنے کی جگہ۔ یتیم خانہ۔
دار۔ [ف۔ا۔ مونث] (۱) سُولی۔ پھانسی (۲) [صفت] داشتن کا اسم فاعل یعنی رکھنے والا۔ صاحب۔ آقا (مرکبات میں جیسے آب دار۔ حصّہ دار)
دار پر چڑھانا۔ پھانسی دینا۔
دار و گیر (مونث) (۱) پکڑ دھکڑ۔ پرسش۔ مواخذہ (۲) لڑائی کا شور۔ لے ہو (۳) مشکل۔ وقت۔ الجھیڑا۔
دار و مدار۔ انحصار۔ موقوف۔
دارا۔ [ف۔ا۔ مذکر] (۱) دیوتا (۲) آقا (۳) بڑا بادشاہ۔
دارائی۔ [ف صفت] ایران کے بادشاہ دارا سے منسوب۔ [مونث] (۱) ایک قسم کا کپڑا جسے دریائی بھی کہتے ہیں۔ (۲) حکومت۔
دارچینی۔ [ف۔ا۔ مونث] ایک درخت کی چھال جو دوا اور مسالے کے طور پر کام آتی ہے۔

دار فلفل۔ [ع۔ا۔ مونث] دیکھیے فلفل دراز۔
دارُو۔ (دا۔ رُو) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) دوائی (۲) علاج (۳) شراب۔
دارُو درمن۔ علاج معالجہ۔
دارُوئے بے ہوشی۔ وہ دوا جسے سنگھا کر بے ہوش کرتے ہیں۔
داروگی۔ داروغائی۔ (دا۔ روغ۔ گی) [ف۔ا۔ مونث]۔ (۱) داروغہ کا عہدہ (۲) نگہبانی (۳) سرداری۔ (۴) انتظام حکومت۔
داروغہ۔ (دا۔ رو۔ غہ) [ف۔ا۔ مذکر] (۱) محافظ۔ نگران۔ (۲) ملازموں کا سردار (۳) تھانہ دار۔
داروغہ آبکاری۔ نشے والی اشیاء کی خرید و فروخت کی نگرانی کرنے والا افسر۔
داروغہ پولیس۔ کوتوال یا تھانہ دار۔
داروغہ جیل۔ قید خانے کا افسر۔ جیلر۔
داروغہ صفائی۔ بھنگیوں کا داروغہ۔
داری۔ (دا۔ ری) [ف۔ا۔ مونث] رکھنا۔ قبضے میں کرنا۔ لینا۔ (مرکبات میں جیسے جہاں داری)
دارین۔ (دا۔ رَین) [ع۔ا۔ مذکر] دونوں جہان۔ دنیا و عقبیٰ۔
داڑھ۔ [ہ۔ا۔ مذکر] دیکھیے ڈاڑھ۔
داڑھا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] دیکھیے ڈاڑھا۔
داڑھی۔ [ہ۔ا۔ مونث] دیکھیے ڈاڑھی۔
داس۔ [س۔ا۔ مذکر] (۱) غلام (۲) نوکر (۳) شودر۔
داستان۔ (داس۔ تان) [ف۔ا۔ مونث] قصہ۔ کہانی۔ طویل افسانہ۔
داستان چھیڑنا۔ لمبا قصہ شروع کر دینا۔ سرگزشت سنانا۔
داستان گو۔ قصہ خوان۔ وہ شخص جو قصہ سنانے کا پیشہ اختیار کرے۔
داسی [س۔ا۔ مونث] (۱) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ (۲) ملازمہ
داشت۔ [ف۔ا۔ مونث] (۱) خبرگیری (۲) رکھ رکھاؤ۔
داشت کرنا۔ (۱) پرورش کرنا (۲) خبرگیری کرنا (۳) شائستہ تعلیم دینا۔
داشتنی۔ (داش۔ تَ۔ نی) [ف۔ا۔ مونث] رکھنے کے لائق
داشتہ۔ (داش۔ تہ) [ف۔ا۔ مونث] (۱) رکھی ہوئی شے (۲) بے نکاحی عورت۔
داشتہ آید بکار۔ گرچہ باشد سرمار۔ (مثل) رکھی ہوئی شے کام آ ہی جاتی ہے۔ چاہے وہ سانپ کا سر ہی کیوں نہ ہو۔
داعی۔ (دا۔ عی) [ع۔ صفت۔ا۔ مذکر] (۱) بلانے والا۔ دعوت دینے والا (۲) دعا کرنے والا (۳) مدعی۔ مستغیث (۴) وجہ۔ موجب۔
داعیٔ اجل کو لبیک کہنا۔ مرجانا۔
داعیہ۔ (دا۔ عِ۔ یہ) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) خواہش۔ (۲)

Marfat.com

دعوے ۔ درخواست ۔ نالش ۔ (مونث) دعوے کرنے والی عورت ۔

داغ ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دھبّا ۔ نشان ۔ (۲) رنج ۔ صدمہ ۔ (۳) نقص ۔ عیب ۔

داغ اُٹھانا ۔ رنج یا صدمہ برداشت کرنا ۔

داغ بیل ۔ (مونث) وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لیے لگاتے ہیں

داغ بیل ڈالنا ۔ کسی کام کی ابتدا کرنا ۔ کسی کام کی بنیاد رکھنا

داغِ جگر ۔ (۱) جگر کا زخم (۲) اولاد کے مرنے کا غم ۔

داغ دینا ۔ (۱) رنج دینا (۲) لوہے کو گرم کر کے جسم پر نشان بنانا (۳) جلانا ۔ (۴) توپ ، بندوق ، پستول کو سر کرنا ۔

داغ کرنا ۔ گرم کرنا ۔ بگھارنا ۔ کڑکڑانا ۔

داغ کھانا ۔ رنج اٹھانا ۔

داغ لگ جانا (لگنا) ۔ (۱) جلنا (۲) بدنام ہونا (۳) نشان لگنا ۔ عیب دار ہونا ۔

داغ لے جانا ۔ کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا ۔

داغ مٹانا ۔ کسی چیز کا نشان دور کرنا ۔

داغ ہونا ۔ (۱) بگھارا جانا (۲) نشان ہونا (۳) گرم لوہے کا نشان لگنا (۴) صدمہ ہونا (۵) جل کر زخمی ہونا ۔

داغا جانا ۔ (اُر ۔ مص) (۱) لوہے سے نشان کیا جانا ۔ (۲) توپ یا بندوق کا سر ہونا ۔

داغنا ۔ (داغ ۔ نا) (اُر ۔ مص) (۱) چرکا دینا (۲) گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۳) توپ ، بندوق یا پستول چھوڑنا ۔

داغی ۔ (ف ۔ صفت) (۱) داغدار (۲) عیب دار ۔ (۳) سزا یافتہ ۔

دافع ۔ (دا ۔ فِع) (ع ۔ صفت) دُور کرنے والا ۔ ہٹانے والا

دافعِ البلیّات ۔ بلاؤں کو دفع کرنے والا ۔ رکشا ینتا ، خدا تعالے ۔

دافعہ ۔ (دا ۔ فِ ۔ عَہ) (ع ۔ صفت) دُور کرنے والی ۔ غذا کے فضلے کو دُور کرنے والی قوت

داکھ ۔ (و ۔ ا ۔ مونث) انگور کی ایک قسم جس کا رنگ سیاہ ، یا سرخی مائل سیاہ ہوتا ہے ۔

دال ۔ (د ۔ ا ۔ مونث) دَلا ہوا اناج جو سالن کے طور پر پکایا جاتا ہے (۲) کھرنڈ ۔ (۳) آتشی شیشے کا عکس جس سے آگ سلگتی ہے ۔

دال بندھنا ۔ (۱) کھرنڈ بندھنا (۲) شعاعوں کا ایک جگہ اکٹھا ہونا ۔

دال خور ۔ دال کھانے والا ۔ بزدل ۔

دال دلنا ۔ اناج کو چکی میں ڈال کر دو ٹکڑے کرنا ۔

دال دلیا ۔ (مذکر) (۱) معمولی خوراک ۔ (۲) ماحضر

دال دلیا ہونا ۔ کچھ نہ کچھ کام بن جانا ۔

دال روٹی ۔ (۱) غریبانہ خوراک (۲) رزق ۔ روزی ۔

دال روٹی سے (آسودہ) خوش ۔ آسودہ حال ۔ خوش حال ۔

دال گلنا ۔ (۱) دال پک جانا (۲) کام بن جانا (۳) کسی جگہ دخل ہونا ۔

دال میں کچھ کالا ہے ۔ دال میں کالا کالا ہے ۔ کچھ خرابی ہے شک و شبہ کی بات ہے ۔ مشکوک معاملہ ہے ۔

دال نہ گلنا ۔ کامیابی نہ ہونا ۔

دال ۔ (ع ۔ صفت) (۱) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) (مونث) حرف د ۔

دال فے عین ہونا ۔ دفع ہونا ۔ دُور ہونا ۔ بھاگ جانا ۔

دالان ۔ (ف ۔ مذکر) بڑا اور لمبا کمرہ جس میں محراب دار دروازے ہوتے ہیں ۔

دام ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دمڑی ۔ کوڑی (۲) گنڈا ۔ پیسے کا پچیسواں حصہ (۳) بادشاہ اکبر کے عہد میں روپے کا چالیسواں حصہ (۴) قیمت ۔ نرخ (۵) دولت ۔ روپیہ ۔

دام آوے کام ۔ (مثل) روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے ۔

دام پٹ جانا ۔ قیمت طے ہو جانا ۔

دام چکانا ۔ بھاؤ ٹھہرانا ۔ قیمت طے کرنا ۔

دام دام ۔ کوڑی کوڑی ۔ پیسہ پیسہ ۔ کل رقم ۔

دام دینا ۔ قیمت ادا کرنا ۔ مول ادا کرنا ۔

دام کرائے کام ۔ (مثل) جو روپیہ خرچ کرے اسی کا کام ہوتا ہے ۔

دام کھرے کرنا ۔ نقد قیمت وصول کرنا ۔

دام ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) جال ۔ پھندا ۔

دام بچھانا ۔ پھندا لگانا ۔ جال لگانا ۔

دامِ بلا ۔ مصیبت کا پھندا ۔ مصیبت ۔

دامِ تزویر ۔ مکر کا جال ۔

دامِ فریب ۔ فریب کا پھندا ۔ دھوکے کا جال ۔

دام میں آنا ۔ فریب کھانا ۔ دھوکا کھانا ۔

دام میں پھنسانا ۔ جال میں پھنسانا ۔ بس میں لانا ۔

دائم ۔ (ع) ہمیشہ رہے ۔

دامَ اقبالہٗ ۔ اس کا اقبال ہمیشہ رہے ۔

دامَ ظلکم ۔ آپ کا سایہ ہمیشہ رہے ۔

دامَ ظلہٗ ۔ اس کا سایہ ہمیشہ رہے ۔

دامَ عنایتہٗ ۔ دامَ لطفہٗ ۔ اسکی عنایت ہمیشہ رہے ۔ اسکی مہربانی ہمیشہ رہے

دامَ ملکہٗ ۔ اس کا ملک ہمیشہ رہے

داماد ۔ (دا ۔ ماد) (ف ۔ ا ۔ مذکر) بیٹی کا شوہر ۔ جنوائی ۔

دامان ۔ (دا ۔ مان بالف ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے دامن ۔

دامن ۔ (دا ۔ مَن) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) آنچل ۔ پلو ۔ (۲) انگرکھے یا قبا کا وہ حصہ جو نیچے لٹکا رہتا ہے ۔ (۳) کور ۔ کنارہ ۔ حاشیہ (۴) تلیٹی ۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔

دامنِ امید ۔ خواہش ۔ آرزو

دامن بچانا ۔ (۱) الگ رہنا (۲) بے تعلق رہنا ۔

دامن بھرنا ۔ (۱) جھولی بھرنا (۲) مراد حاصل کرنا ۔

دامن پر دھبا لگنا ۔ الزام لگنا ۔

دامن پسارنا (پھیلانا) سوال کے لیے ہاتھ پھیلانا ۔ مانگنا ۔

دامن پکڑنا ۔ (۱) مانگنا ۔ (۲) تقاضا کرنا (۳) پناہ میں آنا ۔ (۴) روکنا ۔

دامن تھام لینا ۔ روکنا ۔ دامن پکڑنا ۔

Marfat.com

دامن جھاڑنا - (۱) دامن صاف کرنا (۲) کچھ پاس نہ رکھنا۔
دامن جھٹکنا - الگ ہونا۔ تعلق ترک کرنا۔
دامن چھڑانا - پیچھا چھڑانا۔ قطع تعلق کرنا۔
دامن سے بندھنا - (۱) کسی کا ہو رہنا۔ (۲) کسی سے شادی ہو جانا۔
دامنِ شب - شب کا آخری نصف حصّہ۔
دامنِ صبر - صبر۔ صبر کی طاقت۔
دامنِ قیامت - دامنِ محشر۔ قیامت کا میدان۔
دامن کشاں - (۱) فخریہ انداز سے چلتے ہوئے۔ (۲) ٹھکراتے ہوئے۔
دامن گیر - (۱) مدد چاہنے والا۔ (۲) مستغیث۔ مدّعی۔ (۳) روکنے والا۔
دامن گیر ہونا - (۱) مزاحم ہونا۔ متعرض ہونا (۲) سر رہنا۔ پیچھے پڑنا (۳) دعوے کرنا۔
دامنِ مژگان - پلکوں کا آخری حصّہ۔ سامنے والی نوکیں۔
دامنی - (دا۔مَ۔نی) [ف۔ا۔مونث] (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے پٹھے پر پڑا رہتا ہے۔ زین پوش (۲) باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں۔ (۳) فارسی لاحقہ جیسے پاک دامنی۔ تر دامنی۔
دان - [س۔ا۔مذکر] (۱) خیرات (۲) تحفہ۔ نذرانہ۔
دان پُن - صدقہ و خیرات۔
دان - [ف۔ا۔مذکر] (۱) لاحقہ بمعنی ظرف۔ رکھنے کی جگہ۔ جیسے قلمدان۔ شمعدان (۲) مصدر دانستن کا اسم فاعل۔ بمعنی جاننے والا (مرکبات میں) جیسے قدر دان۔ سائنس دان۔
دانا - (دا۔نا) [ف۔صفت] عقل مند۔ دانش مند۔ جاننے والا۔
دانا بینا - جاننے والا اور دیکھنے والا۔ عاقل۔ ہوشیار۔
دانا دشمن ناداں دوست سے بہتر ہے۔ [مثل] بیوقوف دوست کے ہاتھوں عموماً نقصان پہنچتا ہے۔
دانایانِ فرنگ - یورپ کے عقل مند۔
دانائی - [ف۔ا۔مونث] عقل۔ دانش۔ سمجھ بوجھ۔
دانائی ٹپکنا - عقل مندی ظاہر ہونا۔ ہوشیاری ظاہر ہونا۔
دانت - [ہ۔ا۔مذکر] (۱) دندان۔ (۲) خواہش۔ رغبت۔ (۳) دندانہ۔ دانتا۔
دانت بجنا - (۱) دانت کڑکڑانا۔ (۲) دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔
دانت بنانا - مصنوعی دانت تیار کرنا۔
دانت پیسنا - دانت کچکچانا۔ نہایت غصّے ہونا۔
دانت دیکھنا - عمر کی شناخت کرنا۔ (جانور کی)
دانت رکھنا - کسی چیز کو لینے کا ارادہ رکھنا۔
دانت سے زبان کاٹنا - کوئی بات کہہ کر پچھتانا۔
دانت کاٹی روٹی - بے حد دوستی۔
دانت کٹکٹانا - (کچکچانا) - نہایت خفا ہونا۔ غصّے سے دانت پیسنا۔

دانت کرکرے ہونا (۱) کرکراہٹ کے سبب دانتوں کا کام نہ دینا۔ (۲) عاجز ہونا۔ ہار ماننا۔
دانت کھٹّے ہونا - ہمّت ہارنا۔ عاجز ہونا۔ جی چھوٹ جانا۔
دانت مانجھنا - منجن سے دانت صاف کرنا۔
دانت نکالنا - (۱) شرمندہ ہو کر ہنسنا (۲) بدتمیزی سے ہنسنا۔ (۳) جوتی کے پھوڑے سے نکل آنا (۴) منت سماجت کرنا۔
دانت نکلنا - بچے کے دانت نمودار ہونا۔
دانت ہونا (۱) کسی چیز کی بہت خواہش ہونا (۲) در پے آزار ہونا (۳) دانتوں کا موجود ہونا۔
دانتوں تلے انگلی دابنا - (۱) متعجب ہونا (۲) افسوس کرنا۔
دانتوں کا چوکا - نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں۔
دانتوں میں انگلی دینا - دیکھیے دانتوں تلے انگلی دابنا۔
دانتا - (داں۔تا) [ہ۔ا۔مذکر] دندانہ۔ خار (کنگھی یا آرے وغیرہ کا)
دانتا کلکل - (مونث) جھگڑا۔ تکرار۔
دانتن - (داں۔تن) [ہ۔ا۔مونث] مسواک۔
دانتی - (داں۔تی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) بتیسی۔ دانتوں کا چوکا (۲) درانتی۔ ہنسیا (۳) آرے کا دندانہ۔
دانست - (دا۔نست) [ف۔ا۔مونث] (۱) واقفیت۔ علم۔ سمجھ۔ ادراک۔
دانستہ - (دا۔نس۔تہ) [ف۔تابع فعل] جان کر۔ جان بوجھ کر۔
دانش - (دا۔نش) [ف۔ا۔مونث] علم۔ عقل۔ سمجھ۔ بوجھ۔
دانش مند - عالم۔ عاقل۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔
دانش مندانہ - عقل مندوں کی طرح۔
دانش مندی - (مونث) دانائی۔ عقل مندی۔ فہم و فراست۔
دانش ور - عقل مند۔
دانش وری - (مونث) عقل مندی۔ دانائی۔ حکمت۔
دانگ - [ف۔ا۔مذکر] (۱) چھ رتی کا وزن۔ (۲) طرف۔ سمت۔
دانو - [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے داؤ اور داؤں۔
دانہ - (دا۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) اناج۔ غلّہ۔ (۲) بیج (۳) انگور وغیرہ کا پھل (۴) چھوٹی پھنسی۔ (۵) چھوٹے اور گول کنکر۔ (۶) پانسہ۔ چھوٹی چھوٹی کوڑیاں۔ (۷) گھی وغیرہ کا ذرّہ۔
دانہ بھرانا - پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں دانہ دینا۔ چوگا دینا۔
دانہ پانی - (۱) رزق (۲) قسمت۔
دانہ پانی اٹھنا - (۱) رزق ختم ہونا (۲) سفر پر مجبور رہنا۔
دانہ پانی حرام ہونا - کھانا پینا چھوٹ جانا۔
دانہ پڑنا - (۱) بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا۔ (۲) آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہو جانا۔

Marfat.com

دانہ دانہ کرنا - بکھیر دینا
دانہ دُنکا - (۱) تھوڑا سا دانہ (۲) گرے پڑے دانے۔
دانہ ڈالنا - (۱) پرندوں کو دانہ کھلانا (۲) کسی کو پھانسنے کا جتن کرنا۔
دانے دانے پر مُہر ہے - [مثل] (۱) جو دانہ جس کی قسمت کا ہو- اسی کو ملتا ہے (۲) جو رزق تقدیر میں لکھا ہو وہی ملتا ہے۔
دانے دانے کو محتاج - [مثل] بالکل مفلس۔
دانے نکلنا - (۱) چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا (۲) چیچک نکلنا۔
دانی - (دا- نی) [ہ-صفت] دان دینے والا- سخی- فیاض۔
دانی - [ف-ا-مونث] لاحقہ یعنی ظرف- رکھنے کی جگہ- جیسے سرمہ دانی۔
داور - (دا- وَر) [ف-ا-مذکّر] (۱) خدائے تعالےٰ- (۲) عادل بادشاہ- حاکم- جج۔
داورِ محشر - قیامت کے دن انصاف کرنے والا- خدا تعالیٰ۔
داوری - (دا- و- ری) [ف-ا-مونث] بادشاہت سلطنت
داہ - [ہ-ا-مونث] دیکھیے ڈاہ۔
داہنا - (داہ- نا) [ہ-صفت] سیدھا- دایاں- یمین- راست-
داہنے ہاتھ کو- داہنی طرف کو۔
داہنی - (داہ- نی) [ہ-صفت] سیدھی- دائیں۔
داہنی آنکھ پھڑکنا - داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا (مرد کے لیے اچھا اور عورت کے لیے برا شگون)
دائر - (دا- ئِر) [ع-صفت] (۱) چلنے والا (۲) دورہ کرنے والا (۳) زیرِ تجویز- درپیش۔
دائر کرنا - چلانا- سلسلہ شروع کرنا- رجوع کرنا۔
دائر و سائر - (۱) اپنے حلقہ اثر پر چھا جانے والا- دخیل- (۲) نافذ- جاری۔
دائرہ - (دا- ئِ- رَہ) [ع-ا-مذکّر] (۱) حلقہ- کنڈل- محیط- (۲) مجلس (۳) اقلیدس کی شکل (۴) خانقاہ- ڈیرہ- محلہ- (۵) ڈفلی- چنگ (۶) حرفوں کی گولائی جیسے ج یا ع کا دائرہ۔
دائرۂ اختیار - حلقۂ اختیار- وہ علاقہ جس میں کسی کو کسی قسم کا اختیار حاصل ہو۔
دائرۃ المعارف - معلوماتِ عامہ کی کتاب
دائرۂ قطبی - وہ فرضی خط جہاں سے قطب شمالی اور جنوبی کی حد شروع ہوتی ہے۔
دائرہ وسیع ہونا - رسوخ زیادہ ہونا- بہت سے لوگوں سے خلا ملا ہونا۔
دائم - (دا- ئِم) [ع] ہمیشہ- نت- سدا- مدام۔
دائم الحبس - عمر بھر کی قید۔
دائم الخمر - ہر وقت شراب پینے والا۔
دائم المریض - ہمیشہ بیمار رہنے والا۔
دائماً - (دا- ئِ- مَن) [ع] ہمیشہ سے- لگاتار۔
دائمی - (دا- ئِ- می) [ع- صفت] ہمیشگی والا- ابدی- (۲) ثبات والا- کبھی نہ بدلنے والا۔

دائن - (دا- اِن) [ع-صفت] قرض دینے والا- قرض خواہ۔
داؤ - (دا- اُو) [ہ-ا-مذکّر] (۱) فریب (۲) کشتی کا پیچ (۳) گھات- چال (۴) باری (۵) شرط- وہ چیز یا رقم جو جیتنے پر ملی جاتی ہے- (۶) پانسہ- قرعہ۔
داؤ پر چڑھانا - (۱) قابو میں لانا- (۲) فریب دینا- پیچ پر چڑھانا۔
داؤ پر لگانا - شرط پر رکھنا۔
داؤ پیچ - (۱) کشتی کے پیچ (۲) چال- فریب۔
داؤ چلنا - فریب دینا- چال چلنا۔
داؤ کرنا - (۱) فریب کرنا (۲) کشتی میں پیچ کرنا۔
داؤ گھات - خفیہ تدبیر- گھات- حیلہ۔
داؤد - (دا- اُود) [ع-ا-مذکّر] (۱) محبوب الٰہی- عزیز (۲) ایک مشہور پیغمبر جن پر کتاب زبور نازل ہوئی تھی۔
داؤدی - (دا- اُو- دی) [ف-ا-مذکّر] (۱) ایک پودا جس کا پھول گل داؤدی کہلاتا ہے- (۲) زرہ- (۳) [صفت] حضرت داؤد سے منسوب۔
داؤں - [ہ-ا-مذکّر] دیکھیے داؤ۔
دائی - (دا- ئی) [ہ-ا-مونث] (۱) دودھ پلانے والی- انّا- (۲) بچہ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت (۳) وہ جگہ جہاں آنکھ مچولی کھیلنے کے لیے بچے جمع ہوتے ہیں۔
دائی پلائی - انّا- دودھ پلانے والی عورت۔
دائی جنائی (۱) جنانے والی عورت (۲) ہوشیار عورت۔
دائی سے پیٹ چھپانا - رازداروں سے عیب یا راز چھپانا۔
دائی کھلائی - کھلانے والی عورت۔
دائی گیری - دیکھیے دایہ گیری۔
دائیں - (دا- ئیں) [ہ- تابع فعل] سیدھے ہاتھ کی طرف- داہنی طرف۔
دائیں بائیں - (۱) چپ و راست (۲) ادھر اُدھر۔
دائیں بائیں دیکھنا - ادھر ادھر دیکھنا- ہوشیار ہونا۔
دائیں بائیں کر دینا - چھپا دینا۔
دائیں - (دا- ئیں) [ہ-ا-مونث] (۱) توپ- بندوق- پٹاخہ چھوٹنے کی آواز (۲) بیلوں کو گاہنے کے لیے باندھنا (۳) بیلوں سے اناج گاہنا۔
دائیں چلانا - اناج گاہنا- کھلیان پر بیلوں کو چلانا۔
دایاں - (دا- یاں) [ہ-صفت] داہنا۔
دایاں پیر پلاؤں کی تو گھر ہی کا پیر منا ؤں گی - [مثل] محنتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے۔
دایہ - (دا- یَہ) [ہ-ا-مونث] دائی- انّا۔
دایہ گیری - [مونث] دایہ کا پیشہ- دایہ کا کام۔

## د-ب

دُب - [ع-ا-مذکّر] ریچھ۔
دُبِّ اصغر - چھوٹا ریچھ- قطبی تارہ کے قریب ترین ستارے جنہیں باہم ملانے سے چھوٹے ریچھ کی شکل بن جاتی ہے۔

Marfat.com

دُبِّ اکبر- بڑا ریچھ- قطبی تارے کی سیدھ پر واقع ہونے والے سات ستارے جنہیں باہم ملانے سے ایک بڑے ریچھ کی شکل بن جاتی ہے۔
دب جانا- (ہ-مص) (۱) کسی چیز کے نیچے آجانا (۲) رُعب میں آجانا۔ مغلوب ہو جانا۔
دبا- (دَ-با) (ہ-صفت) (۱) گڑا ہوا (۲) بھنچا ہوا (۳) ڈرا ہوا- رعب میں آیا ہوا (۴) قابو میں آیا ہوا۔
دبا بیٹھنا- (۱) دبوچ لینا (۲) مال مار لینا- قبضہ کر لینا۔
دبا دبایا- دبا ہوا- گڑا ہوا- چھپا ہوا۔
دبا دینا (۱) گاڑ دینا (۲) فرو کر دینا (۳) چھپا دینا۔
دبا لینا- (۱) مال مار لینا (۲) دبوچ لینا (۳) مغلوب کر لینا۔
دبے پاؤں- آہستہ آہستہ- چپکے چپکے۔
دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے- (مثل) تنگ آکر کمزور بھی مقابلہ پر تیار ہو جاتا ہے۔
دبا- (دَب-با) (ہ-ا-مذکر) درخت کی شاخ جس کو مٹی میں دبا دیتے ہیں کہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے۔
دبّاغ- (دَب-باغ) (ع-ا-مذکر) چمڑہ بنانے والا- چرم ساز۔
دباغت- (دِ-با-غت) (ع-ا-مونث) چمڑا کمانا- چمڑا کمانے کا فن۔
دبانا- (دَ-با-نا) (ہ-مص) (۱) چھپانا- دفن کرنا (۲) بیج بونا- (۳) زیر کرنا (۴) مال مارنا (۵) دباؤ ڈالنا- (۶) بدن کی چپی کرنا۔
دباؤ- (دَ-با-او) (ہ-ا-مذکر) (۱) بوجھ- زور- جبر- (۲) رُعب۔
دباؤ پڑنا- (۱) بوجھ پڑنا- زور پڑنا- (۲) جبر کیا جانا (۳) رُعب ڈالا جانا۔
دبدبہ- (دَب-دَ-بہ) (ف-ا-مذکر) رُعب- شان و شوکت۔
دبدبہ بٹھانا- رُعب جمانا۔
دبدھا- (دُب-دھا) (ہ-ا-مونث) (۱) شبہ- پس و پیش- (۲) گھبراہٹ (۳) وہم- وسوسہ۔
دبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام- (مثل) شکی آدمی ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے۔
دُبر- (دُ-بُر) (ع-ا-مونث) (۱) پیٹھ- پیچھا (۲) کسی چیز کا پچھلا حصہ (۳) چوتڑ۔
دبستان- (دَ-بِس-تان) (ف-ا-مذکر) سکول- مدرسہ۔
دبستانی- (دَ-بِس-تا-نی) (ف-ا-مذکر) (۱) طالب علم- (۲) (صفت) سکول کے متعلق۔
دبکانا- (دَب-کا-نا) (ہ-مص) (۱) چھپانا (۲) دھمکانا- ڈرانا۔
دبکنا- (دَ-بک-نا) (ہ-مص) (۱) چھپنا (۲) ڈرنا- (۳) سونے چاندی کے تاروں کو کوٹ کوٹ کر چوڑا کرنا۔
دُبلا- (دُب-لا) (ہ-ا-مذکر) پتلا- لاغر- منحنی- کمزور۔
دُبلاپن- لاغری- کمزوری۔
دُبلی- (دُب-لی) (ہ-ا-مونث) دُبلا کی تانیث۔

دبنا- (دَب-نا) (ہ-مص) (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا- (۳) چھپنا (۴) مغلوب ہونا (۵) پسنا بھنچنا (۶) فرو ہونا- رفع ہو جانا۔
دبنگ- دبنگا- (دَ-بنگ، دَ-بنگا) (ہ-ا-مذکر) ہٹا کٹا- زبردست۔
دبوچنا- (دَ-بوچ-نا) (ہ-مص) (۱) پکڑ لینا (۲) قابو میں کر لینا (۳) بھینچنا۔
دبور- (دَ-بُور) (ع-ا-مونث) پچھوا ہوا- بادِ صبا- بادِ نسیم۔
دبی- (دَ-بی) (ہ-صفت) دبا کی تانیث۔
دبی آگ اکھیڑنا (کریدنا) پرانے جھگڑے کو تازہ کرنا۔
دبی زبان سے کہنا- آہستہ سے کہنا- ڈرتے ڈرتے کہنا۔
دبیر- (دَ-بیر) (ع-ا-مذکر) (۱) مصنف (۲) منشی سیکرٹری۔
دبیر الملک- (۱) سیکرٹری آف سٹیٹ (۲) شاہی محرر (۳) عہد مغلیہ کا ایک خطاب۔
دبیر فلک- ستارہ عطارد۔
دبیز- (دَ-بیز) (ف-صفت) موٹا- گف- مضبوط۔
دبیل- (دَ-بیل) (ہ-صفت) (۱) ماتحت- تابع- (۲) کمزور۔

## د-ت

دَت- (س-صفت) (۱) دیا ہوا- عطا کیا ہوا (۲) (مذکر) کاشتکار ذات کے ہندوؤں کے نام کا جزو۔
دُت- (ہ) (۱) دُور- پرے- ہٹ (۲) کتے کو بھگانے کی آواز (۳) کلمۂ تحقیر۔
دُتکار- (ہ-ا-مونث) دیکھیے دُھتکار۔
دُتکارنا- (ہ-مص) دیکھیے دُھتکارنا۔
دتون- (دَ-تون) (ہ-ا-مونث) داتن- مسواک

## د-ج

دجّال- (دَج-جال) (ع-صفت) (۱) جھوٹا- (۲) مخالفِ مسیح- ایک جھوٹا شخص جو آخیر زمانے میں پیدا ہوگا- اور اس کو حضرت مسیحؑ قتل کریں گے۔
جمع: دجالین- دجاجلہ۔
دجل- (دَ-جل) (ع-ا-مذکر) فریب- جھوٹ۔

## د-خ

دُخان- (ع-ا-مذکر) (۱) دھواں (۲) بھاپ۔
دُخانی- (ع-صفت) (۱) دھوئیں سے متعلق (۲) بھاپ

Marfat.com

سے چلنے والا
دخانی جہاز - (مذکر) وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے۔
دُخت - (ف - ا - مونث) دختر کا مخفف - بیٹی۔
دُختِ رز - انگور کی بیٹی یعنی انگوری شراب۔
دُختر - (دُخ - تَر) (ف - ا - مونث) لڑکی - بیٹی۔
دُخترِ عم - چچا زاد بہن۔
دُخترِ عنب - انگور کی بیٹی یعنی شراب۔
دُخترِ نیک اختر - نیک نصیب والی بیٹی۔
دخل - (ع - ا - مذکر) (۱) رسائی (۲) قبضہ (۳) استعداد - سمجھ (۴) تاثیر (۵) مہارت (۶) اختیار (۷) مداخلت (۸) آمدنی - نفع۔
دخلِ بے جا - بے اجازت کسی کے مکان میں چلے جانا - مداخلتِ ناجائز۔
دخل پانا (۱) رسائی ہونا (۲) زمین کا قبضہ ملنا۔
دخل در معقولات - کسی معاملہ میں خواہ مخواہ مداخلت - بیچ میں بولنا۔
دخل دینا - (۱) بیچ میں بولنا (۲) مداخلت کرنا (۳) بیچ میں پڑنا (۴) قبضہ دینا۔
دخل رکھنا - ماہر ہونا - کامل ہونا۔
دخل نامہ - (مذکر) قبضے کی سند یا حکم - قابض ہونے کا سرکاری حکم۔
دخل یابی (مونث) (۱) قبضہ - تصرف - (۲) رسائی - پہنچ۔
دُخول - (ع - ا - مذکر) گھسیڑنا - داخل کرنا۔
دخیل - (دَ - خیل) (ع - صفت) (۱) دخل دینے والا (۲) باریاب پہنچنے والا (۳) قابض (۴) اختیار کردہ (۵) اصطلاح علم عروض میں وہ حرف جو الفِ تاسیس کے بعد نظم میں آئے۔
دخیل کار - (۱) سربراہ کار - (۲) کاشت کار جس کا قبضے کا حق ہو۔
دخیل کاری - (مونث) قبضہ - تصرف

## د - د

دَدا - (دَ - دا) (ف - ا - مونث) ملازمہ جو بچوں کی پرورش کرے - انا۔
دَدوڑا - (دَ - دو - ڑا) (ہ - ا - مذکر) دانے جو پھڑوں کے کاٹنے یا جوشِ خون کے باعث جلد پر نمایاں ہو جاتے ہیں۔
دُدھار - دُدھاری - (ہ - صفت) دودھ دینے والی۔
ددھیال - (دَدھ - یال) (ہ - ا - مذکر و مونث) دادا کا گھر - دادا کا خاندان۔
دُدھیل (دُ - دھیل) (ہ - صفت) دیکھیے دُودھیل۔
ددیا - (دَ - دیا) (ہ - صفت) دادا کا - دادا سے متعلق۔
ددیا سُسر - بیوی یا شوہر کا دادا۔
ددیا ساس (مونث) بیوی یا شوہر کی دادی۔

## د - ر

دَر - (ف - ا - مذکر) دروازہ - پھاٹک - چوکھٹ۔
دربان (مذکر) چوکیدار - پہرے دار - سنتری۔
دربانی (مونث) چوکیداری - پہرے داری۔
دربدر - (۱) آوارہ (۲) ہر ایک کے دروازے پر۔
دربند - (۱) دشوار گزار پہاڑی درہ (۲) سرحد کے قریب کا علاقہ جہاں فوج رکھی جائے (۳) قلعے کا دروازہ۔
دربندی - (مونث) (۱) تلاشی سے پہلے مکان کے دروازے بند کر دینا (۲) کارخانے کو مزدوروں کی مرضی کے خلاف بند کر دینا - (۳) قید۔
دردر - دربدر - جگہ جگہ۔
در در کی ٹھوکریں کھانا - مارا مارا پھرنا۔
درِ دولت - (۱) رئیس کا مکان (۲) دوسرے کے مکان کو عزت افزائی کے طور پر کہتے ہیں۔
در کا کتا - کسی کے گھر سے لے کر کھانے والا - (انتہائی عجز کے مقام پر بولتے ہیں)۔
در - (ف) بیچ - اندر - میں۔
درآمد (مونث) اندرون ملک آنے والی اشیاء - امپورٹ۔
درآمد و برآمد - (مونث) اندرون ملک آنے والی اشیاء اور بیرونِ ملک جانے والی اشیاء کی تجارت - امپورٹ ایکسپورٹ۔
درآنا - اندر آنا - داخل ہونا۔
درآں حالیکہ - اس صورت میں - اس حال میں۔
دراصل - اصل میں - واقعی۔
درانداز - (۱) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا (۲) چغل خور۔
دراندازی - (مونث) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینا - (۲) چغل خوری - (۳) بے جا مخالفت۔
درپردہ - (۱) خفیہ طور پر (۲) غائبانہ - پیٹھ پیچھے۔
درپے - (۱) گھات میں (۲) خواہاں۔
درپے آزار ہونا - ضرر پہنچانے کی تاک میں ہونا۔
درپیش - (۱) سامنے - روبرو (۲) زیرِ بحث - زیرِ تجویز۔
درحقیقت - حقیقت میں - اصل میں۔
درکار - ضروری - مطلوب۔
درکارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست (مثل) اچھا کام کرنے کے لیے استخارہ کرنے کی ضرورت نہیں - اچھے کام میں دیر نہیں کرنا چاہیے۔
درکنار - (۱) علاوہ (۲) جدا (۳) بغل میں۔
درگور - (۱) قبر میں (۲) مریض جو چند روز کا مہمان ہو۔
دروبست - بالکل - تمام۔
دریں - اس میں۔
دریں اثنا - اس عرصے میں۔
دریں چہ شک - اس میں کیا شک ہے۔
دریں صورت - اس صورت میں - اس حالت میں۔
دَر - (ہ - ا - مذکر) (۱) نرخ - بھاؤ (۲) عزت - آبرو - قدر۔

Marfat.com

دربندی (مونث) (۱) گاؤں کے مختلف نرخوں کی فہرست۔ (۲) نرخ جن پر مالگزاری کی تجویز ہو (۳) فصل کی قیمت کا تقرر۔

دُر۔ (س۔ صفت) (۱) خراب۔ بُرا۔ گھٹیا۔ (۲) دُور ہٹ۔ (کلمۂ تحقیر)۔

دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ دُھتکارنا۔

دُر دُر ہونا۔ دھتکار پڑنا۔

دُرگت۔ (مونث) بُری حالت۔

درگت بنانا۔ بُری حالت کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔

دُرّ۔ [ع۔ا۔ مذکر] موتی۔

دُرافشاں۔ (۱) موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان۔

دُرافشانی (مونث) (۱) موتی بکھیرنا۔ (۲) خوش بیانی۔

دُربار۔ موتی برسانے والا۔

دُردانہ۔ موتی کا ایک دانہ۔

دُرِّ شہوار۔ (۱) بہت بڑا موتی (۲) بادشاہوں کے قابل موتی۔

دُرِّ ناسفتہ۔ (۱) بغیر سوراخ کے موتی (۲) کنواری عورت۔

دُرِّ نایاب۔ بے مثل موتی۔

دُرِّ نجف۔ ایک قسم کا سفید شفاف پتھر جو نجف کی پہاڑیوں میں ملتا ہے۔

دُرِّ یتیم۔ وہ موتی جو سیپ کا پیٹ چاک کر کے نکالتے ہیں۔

دُرِّ یکتا۔ اکیلا موتی۔

درآمد۔ (ف۔ا۔ مونث) در (میں) کے تحت دیکھیے۔

درا۔ (دَ۔ را) (ف۔ا۔ مذکر) گھنٹا۔ جرس۔

دُرّاج۔ (دُر۔ راج) (ع۔ا۔ مذکر) تیتر۔

دراڑ۔ (دَ۔ راڑ) (ہ۔ا۔ مونث) شگاف۔ درز۔ رخنہ۔

دراز۔ [اَ۔ا۔ مونث] الگ کا بگاڑ میز وغیرہ کا خانہ۔

دراز (دَ۔ راز) (ف۔ صفت) (۱) لمبا۔ طویل (۲) پھیلا ہوا۔

دراز دست۔ (۱) لمبے ہاتھوں والا۔ (۲) ظالم۔ بے انصاف۔

دراز دستی۔ (مونث) ظلم و ستم۔ بے انصافی۔ زبردستی۔

دراز قد۔ لمبے قد والا۔ طویل القامت۔

دراز گوش۔ (مذکر) (۱) گدھا (۲) خرگوش۔

دراز ہونا۔ (۱) لمبا ہونا (۲) لیٹنا۔ سونا۔

درازی۔ (دَ۔ را۔ زی) [ف۔ا۔ مونث] لمبائی۔ طوالت۔

درانتی۔ (دَ۔ ران۔ تی) (ہ۔ا۔ مونث) گھاس کاٹنے کا اوزار

درانداز۔ (ف۔ صفت) در (میں) کے تحت دیکھیے۔

دُرّانی۔ (دُ۔ را۔ نی) (ف۔ا۔ مذکر) ایک افغان قبیلہ ابدالی۔

درایت۔ (دِ۔ را۔ یَت) [ع۔ا۔ مونث] عقل۔ سمجھ۔ دانش

دربار۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) بادشاہ کی مجلس۔ جشن (۲) شاہی کچہری (۳) وہ مکان جہاں بادشاہوں کی مجلس ہو۔ (۴) آستانہ۔ بارگاہ۔ محل (۵) مجلس جو بڑے افسر سرکاری طور پر منعقد کریں۔

دربارِ خاص (۱) وہ دربار جس میں اُمرا و رؤسا حاضر ہوں (۲) وہ عمارت جس میں اس قسم کا دربار لگے۔

دربار داری کرنا۔ (۱) سخت خوشامد کرنا (۲) حاضری دینا۔

دربارِ رسالت۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس۔

دربارِ عام۔ شاہی مجلس جس میں عام لوگوں کو اپنی فریاد پیش کرنے کی اجازت ہو۔

دربار کرنا (۱) بادشاہ کا وزیروں اور امیروں کا سلام لینا (۲) عدالت کرنا۔

درباری۔ (دَر۔ با۔ ری) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) ملازمانِ شاہی (۲) مصاحب (۳) (صفت) دربار سے نسبت رکھنے والا۔

دربان۔ (ف۔ا۔ مذکر) در (دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دربند۔ (در۔ بند) (ف۔ا۔ مذکر) در (دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دربندی (ف۔ا۔ مونث) در (دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دربندی۔ (ہ۔ا۔ مونث) در (نرخ) کے تحت دیکھیے۔

درپن۔ (دَر۔ پن) (س۔ا۔ مذکر) آئینہ

درپیش۔ (ف) در (میں) کے تحت دیکھیے۔

درج۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) تحریر (۲) اندراج۔

درج کرنا۔ شامل فہرست کرنا۔ رجسٹر پر چڑھانا۔ لکھنا۔

درجات۔ (دَ۔ رَ۔ جات) (ع۔ا۔ مذکر) درجہ کی جمع۔

درجن۔ (دَر۔ جن) (اَ۔ا۔ مونث) انگریزی کا بگاڑ (۱) بارہ (۲) ایک جنس کی بارہ چیزیں۔

درجہ۔ (دَ۔ رَ۔ جہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) سیڑھی (۲) قدم۔ (۳) چھت۔ منزل (۴) چبوترہ (۵) کمرہ۔ کوٹھڑی۔ (۶) تماشاگاہ یا ریل گاڑی وغیرہ کا حصّہ۔ کلاس۔ (۷) قسم (۸) مرتبہ (۹) عہدہ۔ (۱۰) جماعت (۱۱) گت۔ حالت۔

درجہ بدرجہ۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ قدم بہ قدم۔

درخت۔ (دَ۔ رَخت) (ف۔ا۔ مذکر) پیڑ۔ شجر۔ نہال۔ بوٹا۔

درخشاں۔ (دَ۔ رَخ۔ شاں) (ف۔ صفت) (۱) چمکتا ہوا (۲) تاباں۔

درخشانی۔ (دَ۔ رَخ۔ شا۔ نی) (ف۔ا۔ مونث)۔ چمک۔ روشنی۔

درخشندگی (دَ۔ رَخ۔ شن۔ دَ۔ گی) (ف۔ا۔ مونث) دیکھیے درخشانی۔

درخشندہ۔ (دَ۔ رَخ۔ شن۔ دَہ) (ف۔ صفت) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ نورانی۔

درخواست۔ (دَر۔ خاست) (ف۔ا۔ مونث) (۱) التماس۔ گزارش (۲) عرضی (۳) آرزو۔ تمنا۔

درخواست دینا۔ (۱) عرضی بھیجنا (۲) نالش کرنا۔

درخواست کرنا۔ التماس کرنا۔ گزارش کرنا۔

درخواست کنندہ۔ عرضی بھیجنے والا۔ درخواست کرنے والا۔

درخور۔ (دَر۔ خُر) (ف۔ صفت) لائق۔ سزاوار۔

درخورِ اعتنا۔ توجہ کے قابل۔

درد (ف۔ا۔ مذکر) (۱) تکلیف (۲) ٹیس۔ کسک۔ (۳) رحم۔ ترس۔

درد آشنا۔ درد سے واقف۔ ہمدرد۔

درد آگین۔ (۱) درد سے بھرا ہوا (۲) تکلیف دہ۔

Marfat.com

دردآلود - (۱) درد سے بھرا ہوا (۲) جسے سخت تکلیف ہو۔ (۳) درد سے بھرا ہوا۔
درد آنا - رحم آنا - ترس آنا۔
درد اٹھنا - کسی عضو میں درد محسوس ہونا۔
درد انگیز - درد پیدا کرنے والا - درد آمیز۔
درد بٹانا - دکھ میں شریک ہونا۔
درد جاننا - کسی کی تکلیف کو محسوس کرنا۔
دردِ دل - دلی صدمہ۔
دردِ زہ - بچہ پیدا ہونے کا درد۔
دردِ سر - (۱) سر کا درد (۲) دقت - مشکل۔
دردِ سر مول لینا - دردسری مول لینا - کوئی مشقت کا کام اپنے ذمہ لینا۔
دردسری (۱) تکلیف - مصیبت (۲) محنت مشقت کا کام۔
درد کرنا - تکلیف ہونا۔
درد کے مارے - درد یا تکلیف کی وجہ سے۔
دردمند - ہمدرد - غم گسار - غم خوار۔
دردمندی - (مونث) ہمدردی - غم گساری - رحم دلی - ترس۔
دردناک - (۱) درد بھرا (۲) رنج دہ۔
دُرد - (ف-ا-مونث) تلچھٹ - گاد۔
دُرد آشام (کش) - (۱) تلچھٹ پینے والا (۲) خوشہ چین - (۳) بڑا شرابی۔
دردرا - (دَر-دَ-را) (ہ-صفت) (۱) موٹا موٹا پیسا ہوا - دلا ہوا - دانہ دار (۲) دندانہ دار۔
درز - (ف-ا-مونث) (۱) دراڑ - شگاف (۲) سیون
درزن (دَر-زَن) (ف-ا-مونث) درزی کی بیوی۔
درزی - (دَر-زی) (ف-ا-مذکر) کپڑا سینے کا کام کرنے والا مرد۔
درس (ع-ا-مذکر) (۱) سبق - تعلیم (۲) وعظ - نصیحت۔
درس دینا - سبق دینا۔
درس و تدریس - پڑھنا پڑھانا۔
درس (دَرس + دَ-رَس) (ہ-ا-مذکر) (۱) نظارہ - (۲) درشن - دیدار۔
درس دکھانا - دیدار کرانا - درشن دینا۔
دُرست - (دُ-رُست) (ف-صفت) ٹھیک - بجا - صحیح - موزون
درست آنا (ہونا) ٹھیک ہونا - موزون ہونا۔
درست کرنا - (۱) ٹھیک کرنا (۲) سنوارنا (۳) گوشمالی کرنا۔
دُرستی - (دُ-رُس-تی) (ف-ا-مونث) (۱) موزونیت - صحت (۲) اصلاح - (۳) مرمت - ترمیم (۴) گوشمالی -
درسی - (دَر-سی) (ع-صفت) (۱) پڑھنے کے متعلق - (۲) نصابی۔
درسیات - (دَ-سی-یات) (ع-ا-مونث) اسکولوں میں پڑھنے پڑھانے سے متعلقہ اشیا - کتابیں۔
دُرشت - (دُ-رُشت) (ف-صفت) سخت - کرخت - کھردرا۔
درشت مزاج - تندمزاج۔
دُرشتی - (دُ-رُش-تی) (ف-ا-مونث) سختی - بدخلقی۔
درشتی سے پیش آنا - سختی سے پیش آنا - بدخلقی سے ملنا۔
درشن - (دَر-شن) (ہ-ا-مذکر) دیدار - نظارہ - زیارت
درشن (پانا) کرنا - (۱) دیدار کرنا (۲) ملاقات ہونا - ملنا۔
درشنی - (دَر-شَ-نی) (ہ-صفت) (۱) قابل دید (۲) خوب صورت (۳) فوراً قابل ادائیگی (۴) تحفۂ ملاقات -
درشنی ہنڈی - (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ہنڈی دکھاتے ہی مل جائے۔
دِرفش (دِ-رَفش) (ف-ا-مذکر) (۱) جھنڈا - پرچم - (۲) رومال جو سر پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے تھے (۳) روشنی - بجلی۔
درفش کاویانی (۱) ضحاک بادشاہ کے عہد میں ایران کے لوہار کاوہ کا انقلابی جھنڈا (۲) سرکشیہ کپڑا جو جھنڈے کے سرے پر لگایا جاتا تھا۔ (۳) ایران کے ساسانی بادشاہوں کا پرچم۔
درک (دَرک + دَ-رَک) (ع-ا-مذکر) (۱) عقل - سمجھ - تمیز (۲) دخل -
درک ہونا - واقفیت ہونا - علم ہونا -
درگاہ - (ف-ا-مونث) (۱) آستانہ - چوکھٹ (۲) خانقاہ -
درگاہِ الٰہی - خدا کا دربار۔
دُرگا - (دُر-گا) (س-ا-مونث) ہندوؤں کی ایک دیوی - بھوانی - پاربتی۔
درگاپوجا - (مونث) ہندوؤں کا ایک تہوار۔
دُرگت - (دُر-گت) (ہ-ا-مونث) دُر کے تحت دیکھیے۔
درگزر - (دَر-گُ-زَر) (ف-ا-مونث) (۱) معافی - چشم پوشی - (۲) بھلانا - چھوڑنا -
درگزر کرنا - (۱) چشم پوشی کرنا (۲) معاف کرنا (۳) بھلانا -
درگزرنا - (اُ-مص) معاف کرنا - چھوڑنا -
دِرَم - (ف-ا-مذکر) دیکھیے درہم۔
درمان - (دَر-مان) (ف-ا-مذکر) (۱) علاج - دوا دارو -
درماندگی - (دَر-ماں-دَ-گی) (ف-ا-مونث) (۱) مجبوری - (۲) تکلیف - مصیبت -
درماندہ - (دَر-ماں-دَہ) (ف-صفت) (۱) مصیبت زدہ - (۲) بے چارہ (۳) لاعلاج -
درمیان - (دَر-مِ-یان) (ف-ا-مذکر) (۱) بیچ - وسط - (۲) (تابع فعل) بیچ میں (۳) دوران میں -
درمیان آنا - (۱) بیچ میں پڑنا - مداخلت کرنا (۲) دو چیزوں کے بیچ میں آنا -
درمیان کا (کی) - بیچ کا - وسط کی -
درمیانی - (ف-صفت) (۱) بیچ کا - (۲) معمولی - نہ بہت اچھا نہ بہت برا (۳) اندرونی -
درند - (دَ-رِند) (ف-ا-مذکر) دیکھیے درندہ -
درندہ - (دَ-رِن-دَہ) (ف-صفت) (۱) پھاڑنے والا - چیرنے والا (۲) (مذکر) پھاڑ کھانے والا جانور -
درنگ - (دَ-رَنگ) (ف-ا-مونث) دیر - تامل - ڈھیل - تاخیر -
دروازہ - (دَر-وا-زَہ) (ف-ا-مذکر) در - کسی عمارت

Marfat.com

میں داخل ہونے کا راستہ ۔ پھاٹک ۔
دروبست ۔ (ف) در (میں) کے تحت دیکھیے ۔
دُرود ۔ (دُ ۔ رُود) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سلام ۔ دعا ۔ (۲) تسبیح ۔ اصطلاحاً وہ دعا اور سلام جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر پڑھا جائے ۔
دُرود بھیجنا ۔ (۱) صلوٰت پڑھنا (۲) تعریف کرنا ۔ تحسین کرنا ۔
دروغ ۔ (دَ ۔ رُوغ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) جھوٹ ۔ کذب ۔ بہتان ۔
دروغ بافی ۔ (مونث) جھوٹ کا تانا بانا بُننا ۔ جھوٹی بات بنانا ۔
دروغ برگردنِ راوی ۔ (مثل) جھوٹ کا گناہ بیان کرنے والے کے سر ہوتا ہے ۔
دروغ بیانی ۔ (مونث) جھوٹ بولنا ۔
دروغ حلفی ۔ (مونث) جھوٹی قسم ۔
دروغ گو ۔ جھوٹا ۔ کاذب ۔
دروغ گو را حافظہ نباشد ۔ (مثل) جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا جھوٹ بولنے والا اپنے بیان کی خود تردید کر دیتا ہے ۔
دروغ گوئی ۔ (مونث) جھوٹ بولنا ۔ بہتان تراشی ۔
دروغ گویم برروئے تو ۔ جھوٹ بولتا ہوں تیرے منہ پر ۔ اس وقت کہتے ہیں ۔ جب کوئی صریح جھوٹ بولے ۔
دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز ۔ (مثل) جس سچ سے فساد بڑھے اس سے وہ جھوٹ جس سے فساد مٹے بہتر ہے ۔
دُرُون ۔ (دُ ۔ رُون) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) اندرونی حصہ (۲) دل (۳) (تابع فعل) بیچ ۔ اندر ۔ میں ۔
دُرُون خانہ ۔ (مذکر) (۱) گھر کا اندرونی حصہ (۲) زنان خانہ ۔ (۳) (تابع فعل) اندر ہی اندر ۔
درویش ۔ (دَر ۔ ویش) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) فقیر ۔ (۲) خدا رسیدہ بزرگ (۳) مفلس ۔ مسکین ۔
درویش صفت ۔ وہ شخص جس میں درویشوں کی سی خوبیاں ہوں ۔
درویشانہ ۔ (دَر ۔ وے ۔ شا ۔ نہ) (ف ۔ صفت) فقیرانہ ۔ درویشوں کی مانند ۔
درویشی ۔ (دَر ۔ وے ۔ شی) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) درویشوں کا طریق (۲) فقیروں کی طرح رہنا (۳) مفلسی ۔ (۴) گدائی ۔
درہ ۔ (دَ ۔ رَہ ۔ دَر ۔ رہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ ۔ (۲) گھاٹی ۔
دُرّہ ۔ (دُر ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) چمڑے کا چابک ۔ تازیانہ ۔ کوڑا ۔
درہم ۔ (دِر ۔ ہَم) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) چاندی کا ایک سکہ ۔ (۲) ۳ ماشے ۴ رتی وزن (۳) نقدی ۔
درہم ۔ (دَر ۔ ہم) (ف ۔ صفت) (۱) گڈمڈ ۔ خلط ملط ۔ (۲) تتربتر ۔ تہ و بالا (برہم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔
درہم برہم ۔ الٹ پلٹ ۔ تہ و بالا ۔ گڈمڈ ۔
دری ۔ (دَ ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) شطرنجی (۲) موٹے سوتی کپڑے کا فرش (۳) غار ۔ وادی ۔

دری (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) مصدر دریدن کا حاصل مصدر یعنی پھاڑنا ۔ چاک کرنا (مرکبات میں جیسے پردہ دری (۲) (صفت) ۔ در (دروازہ) سے منسوب ۔ دروازہ والی (کوئی عمارت)
دریا ۔ (دَر ۔ یا) (ف ۔ ا ۔ مذکر) ندی ۔
دریا اترنا ۔ دریا کا پانی کم ہونا ۔
دریا برآر ۔ دریا برآمد ۔ (مذکر) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے ۔
دریا بُرد ۔ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو ۔
دریا بُرد ہونا ۔ (۱) غرق ہونا ۔ (۲) نیست و نابود ہونا ۔
دریا چڑھنا ۔ دریا کا طغیانی پر آنا ۔ سیلاب آنا ۔
دریا دل ۔ فیاض ۔ سخی ۔
دریا دلی ۔ (مونث) فیاضی ۔ سخاوت ۔
دریا کا پھیر ۔ (مذکر) دریا کا چکر ۔
دریا کوزے میں بند کرنا ۔ ناممکن کام کرنا ۔
دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر ۔ (مثل) جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا ۔
دریائے شور ۔ (۱) کالا پانی (۲) نمکین پانی کا دریا ۔
دریافت ۔ (دَر ۔ یافت) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) تفتیش ۔ تحقیق (۲) پوچھ ۔ استفسار ۔
دریافت طلب امر ۔ پوچھنے والی بات
دریافت کنندہ ۔ (۱) پوچھنے والا (۲) تفتیش کرنے والا ۔
دریائی ۔ (دَر ۔ یا ۔ ای) (ف ۔ صفت) (۱) دریا کا ۔ دریا سے منسوب ۔ (۲) (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔
دریائی گھوڑا ۔ دریا میں رہنے والا جانور جو گھوڑے سے مشابہ ہوتا ہے ۔
دریبہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ بہ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پانوں کا بازار ۔ (۲) پنواڑیوں کا محلہ ۔
دریچہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ چہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) کھڑکی ۔
دریدہ ۔ (دَ ۔ ری ۔ دَہ) (ف ۔ تابع فعل) (۱) پھٹا ہوا ۔ (۲) چیرا ہوا ۔
دریدہ دہن ۔ گستاخ ۔ بدزبان ۔
دریدہ دہنی ۔ (مونث) گستاخی ۔ بدزبانی ۔
دریغ ۔ (دَ ۔ ریغ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) تامل ۔ بخل ۔ انکار ۔ (۲) افسوس ۔ رنج ۔ آہ ۔
دریغ کرنا ۔ (۱) بخل کرنا (۲) کوتاہی کرنا (۳) افسوس کرنا ۔
دریغا ۔ (دَ ۔ رے ۔ غا) (ف ۔ ندا) افسوس ہے ۔ غم ہے ۔
دریوزہ ۔ (دَر ۔ یوز ۔ زہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) گدائی ۔ فقیری ۔ بھیک ۔
دریوزہ گر ۔ بھکاری ۔ گداگر ۔ فقیر ۔
دریوزہ گری ۔ (مونث) گداگری کا پیشہ ۔ بھیک مانگنا ۔

## د ۔ ڑ

دڑبا ۔ (دَڑ ۔ با) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) کابک ۔ کبوتروں یا مرغیوں کا گھر ۔

Marfat.com

ڈربے وڑبے - مرغیوں کو آواز دے کر ڈربے میں بند کرنا -
ڈھیل - (دَ ڑھ - یل) (ہ - صفت) لمبی داڑھی والا -

## د - ز

دُزد - (ف - ا - مذکر) چوری کرنے والا - چور -
دزد حنا - وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتی ہے -
دُزدی - (دُز - دی) (ف - ا - مونث) چوری -
دُزدیدہ - (دُز - دی - دَہ) (ف - تابع فعل) چرایا ہوا - چرائی ہوئی -
دُزدیدہ نگاہ (نظر) سے دیکھنا - کنکھیوں سے دیکھنا -

## د - س

دس - (ہ - صفت) نو سے اگلا عدد - دہ - عشر (۲) چند
دس گز کی زبان ہے - بہت زبان دراز ہے -
دس گنا - دہ چند -
دس میں - مجمع میں -
دِساور - (دِ - سا - وَر) (ہ - ا - مذکر) (۱) غیر ملک یا غیر ممالک - (۲) غیر ملک کی منڈی (۳) سوداگری کا مال جو غیر ملک سے آئے (۴) وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کے لیے جمع کریں - (درآمدات)
دساور آنا - باہر سے مال کا درآمد ہونا -
دساور کو بھرنا (بھیجنا) مال باہر بھیجنا - برآمد کرنا -
دِساوری - (دِ - سا - وَ - ری) (ہ - صفت) (۱) ممالک غیر کا - (۲) پردیسی (۳) (مذکر) ایک قسم کا کبوتر - (۴) ایک قسم کا پان -
دسپنا - (دَس - پَ - نا) دیکھیے دست پناہ -
دست - (ف - ا - مذکر) (۱) ہاتھ - پنجہ (۲) قدرت - قابو - فتح (۳) پتلے پاخانے - اسہال (۴) تعداد - مرغان شکاری کی گنتی کی اکائی - جیسے یک دست جرّہ باز - (۵) تمام - بالکل - پوری شے -
دست آنا - پتلے پاخانے آنا - اسہال ہونا -
دست آور - دست لانے والی دوا -
دست اندازی - (مونث) (۱) دخل - مداخلت (۲) مزاحمت - تعرض -
دستاویز - (مونث) (۱) تمسک - قبالہ - سند (۲) نوشتہ -
دست بدست - ہاتھوں ہاتھ - بہت جلد -
دست بدعا - دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے ہوئے -
دست بُرد - (۱) غبن - تصرف بے جا (۲) لوٹ مار -
دست بردار - چھوڑنے والا - باز آنے والا -
دست برداری - (مونث) (۱) علیحدگی - سبکدوشی - (۲) ترک کرنا -

دست بستہ - ہاتھ باندھ کر - ہاتھ جوڑ کر - منت کرکے -
دست بند - (۱) سونے چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے - (۲) ایک ناچ جس میں ہاتھ ملتے ہیں -
دست پاک - (۱) رومال (۲) تولیا - انگوچھا -
دست پناہ - (مذکر) چمٹا -
دستِ تاسف ملنا - افسوس سے ہاتھ ملنا -
دستِ خط (دستخط) - (مذکر) اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی - اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا نام -
دستِ خود دہانِ خود - (مثل) اپنا ہاتھ اور اپنا منہ - جتنا چاہو کھالو -
دست درازی - (مونث) (۱) مارپیٹ (۲) زیادتی (۳) مداخلت بے جا -
دستِ راست - (۱) دایاں ہاتھ (۲) فوج کا دایاں بازو - (۳) حامی - مددگار -
دست رس - (۱) پہنچ - رسائی (۲) بساط - قابلیت - (۳) مہارت - مشق -
دست رس حاصل ہونا - مہارت ہونا - مشق ہونا -
دستِ رنگین - مہندی لگے ہاتھ -
دستِ سوال - (۱) مانگنے والا (۲) مانگ - طلب -
دستِ سوال دراز کرنا - مانگنے کے لیے ہاتھ بڑھانا -
دستِ شفا - وہ ہاتھ جو صحت بخشے - اچھے طبیب کے لیے کہتے ہیں -
دستِ شفقت - پیار کا ہاتھ -
دستِ طلب - مانگنا - حاجت - ضرورت -
دستِ غیب - وہ آمدنی جو بغیر کسی ظاہری ذریعے کے حاصل ہو - (۲) غیبی ہاتھ (۳) غیبی امداد (۴) رشوت (۵) حرام کی کمائی -
دستِ قدرت - طاقت - اختیار - بس - ہاتھ -
دست کار - (۱) کاریگر (۲) وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو -
دست کاری - (مونث) (۱) ہنر - کاریگری - (۲) چابک دستی -
دست کشی - (مونث) ہاتھ کھینچ لینا - تعلق نہ رکھنا -
دست گاہ - (مونث) (۱) طاقت - قدرت - (۲) مہارت - مشق -
دست گیر - مددگار - حامی -
دست گیری - (مونث) مدد - معاونت - حمایت -
دست لگنا - متواتر دست آنا - اسہال ہونا -
دست مال - برتن صاف کرنے کا کپڑا - صافی -
دست نگر - محتاج - حاجت مند -
دست و پا - ہاتھ اور پاؤں -
دست و پا شکستہ - بے یار و مددگار - کمزور - ناتواں -
دست و گریباں ہونا - لڑنا - ہاتھا پائی کرنا -
دست یاب - میسر - موجود -
دستیاب ہونا - حاصل ہونا - وصول ہونا - میسر آنا -
دستار - (دَس - تا - ر) (ف - ا - مونث) پگڑی - عمامہ - پھینٹا -
دستار بدل - آپس میں پگڑیاں بدل کر بھائی بھائی بننے والے -

Marfat.com

**دستار بندی** - (مونث) مسلمان رؤسا کی ایک رسم جس میں مرنے والے رئیس کے بڑے بیٹے یا وارث کو پگڑی بندھاتے ہیں (۲) دینی مدرسے کے فارغ التحصیل طلبہ کے فضیلت کے طور پر پگڑی باندھنا۔

**دستارِ فضیلت** - وہ پگڑی جو تعلیم کی تکمیل پر باندھی جاتی ہے۔

**دستانہ** - (دس - تا - نَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا یا چمڑے کا غلاف (۲) ایک لوہے کی زرہ جو ہاتھ پر پہنتے تھے۔ (۳) تلوار کا قبضہ۔

**دستاویز** (ف - ا - مونث) دست کے تحت دیکھیے۔

**دسترخوان** - (دَس - تَر - خان) (ف - ا - مذکر) رومال یا چادر جس پر کھانا چنتے ہیں۔

**دسترخوان بڑھانا** - کھانے کے بعد دسترخوان اٹھانا۔

**دسترخوان چننا** - دسترخوان پر کھانے کی چیزیں رکھنا۔

**دستک** - (دَس - تَک) (ف - ا - مونث) (۱) تالی (۲) کسی چیز پر ہاتھ مار کر آواز نکلے (۳) دستہ (۴) پروانۂ راہداری۔ (۵) محصول (۶) مہری کاغذ جو حاکم کے حکم سے لکھا جائے (۷) سمن - وارنٹ - (۸) کمیشن - دستوری (۹) ترقی۔

**دستک آنا** - ترقی کا حکم نامہ آنا۔

**دستک دینا** - (۱) تالی بجانا (۲) دروازہ کھٹکھٹانا۔

**دستک لگانا** - (۱) محصول لگانا (۲) سمن دروازے پر چسپاں کرنا

**دستنبو** - (دس - تَم - بُو) (ف - ا - مذکر) چھوٹا پھل جو خوشبو کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

**دستور** - (دس - تُو - ر) (ف - ا - مذکر) (۱) طرز - روش۔ (۲) قاعدہ - آئین - (۳) رسم و رواج (۴) کمیشن - دستوری (۵) ضلع - (۶) پارسیوں کا مذہبی پیشوا۔

**دستور العمل** - (۱) قانون - قاعدہ (۲) رواج (۳) قانون کی کتاب (۴) سلطنت کا طریقہ - اصول۔

**دستور باندھنا** - (۱) قاعدہ مقرر کرنا (۲) معمول باندھنا عادت ڈالنا۔

**دستور ہونا** - رواج ہونا۔

**دستوری** - (دَس - تُو - ری) (ف - ا - مونث) وہ حق جو ملازم اپنے آقا کی خریداری کی بابت بیچنے والے سے لے۔ (۲) فیس - کمیشن (۳) اجازت - رخصت (۴) (صفت) آئینی - قانونی۔

**دستوری حکومت** - آئینی حکومت - ملکی آئین یا دستور کے مطابق ملک کا نظم و نسق۔

**دستہ** - (دس - تہ) (ف - ا - مذکر) (۱) لکڑی کا ٹکڑا جو کسی چیز یا اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لیے لگا ہو - (۲) مُوٹھ - قبضہ (۳) فوج کا ایک حصہ (۴) کاغذ کے چوبیس تختوں کی اکائی (۵) تیروں کا مٹھا۔

**دستی** - (دس - تی) (ف - صفت) (۱) ہاتھ کے متعلق (۲) ہاتھ کے ذریعہ (۳) (مونث) چھوٹا دستہ (۴) کشتی کا ایک داؤں۔

**دستی بھیجنا** - کسی کے ہاتھ کچھ بھیجنا۔

**دِسمبر** (DECEMBER) کا مورد - ا - مذکر) انگریزی سال کا بارھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

**دسواں** - (دَس - واں) (ہ - صفت) (۱) نویں کے بعد کا درجہ۔ دس سے متعلق (۲) (مذکر) میت کے دسویں دن کا فاتحہ۔

**دسوں** - (دَ - سوں) (ہ - صفت) دس - دس کے دس۔

**دسویں** - (دَس - ویں) (ہ - صفت) (۱) نویں کے بعد کی - دس سے تعلق رکھنے والی (۲) محرم کی دسویں تاریخ - عشرہ۔

**دُسہرا** - (دُ - سہ - را) (ہ - ا - مذکر) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

## د-ش

**دِشا** - (دِ - شا) (س - ا - مونث) طرف - جانب - سمت۔

**دشت** - (ف - ا - مذکر) (۱) جنگل صحرا

**دشت پیما** - جنگلوں میں پھرنے والا - بادیہ گرد۔

**دشت پیمائی** - (مونث) جنگلوں میں پھرنا - صحرانوردی۔

**دشتِ کربلا** - (۱) وہ صحرا جہاں امام حسینؓ شہید ہوئے (۲) سخت مصیبت کی جگہ۔

**دشت نورد** - جنگلوں میں پھرنے والا۔

**دشت نوردی** - جنگلوں میں پھرنا - دربدر پھرنا

**دشتی** - (دش - تی) (ف - صفت) جنگلی - صحرائی۔

**دُشٹ** - (س - صفت) بے رحم - ظالم۔

**دشمن** - (دُش - مَن) (ف - ا - مذکر) بیری - مخالف - عدو۔

**دشمن اگر قوی ست نگہبان قوی تر است** - (مثل) دشمن اگر زبردست ہے تو خدا جو نگہبان ہے - اس سے بھی زبردست ہے۔

**دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست** - خدا کا فضل شامل حال ہو تو دشمن کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

**دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد** - دشمن کو حقیر اور بیچارہ (کمزور) نہیں سمجھنا چاہیے۔

**دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے** - خود بیمار ہیں۔

**دشمنوں کے کان بہرے** - خدانخواستہ۔

**دشمنی** - (دُش - مَ - نی) (ف - ا - مونث) بیر - عداوت۔

**دشمنی رکھنا** - دشمن ہونا - عداوت رکھنا - بیر رکھنا۔

**دشمنی کرنا** - عداوت کرنا - مخالفت کرنا۔

**دشمنی نکالنا** - دشمن کو تکلیف دینا - بدلہ لینا

**دُشنام** - (دُش - نام) (ف - ا - مونث) گالی - گالی گلوچ۔

**دشنام طرازی** - گالی بکنا۔

**دشنہ** - (دَش - نہ) (ف - ا - مذکر) خنجر - کٹاری۔

**دشوار** - (دُش - وار) (ف - صفت) مشکل - کٹھن۔

**دشوار گزار** - وہ راستہ یا جگہ جہاں سے گزرنا مشکل ہو

**دشواری** - (دُش - وا - ری) (ف - ا - مونث) دقت - مشکل

Marfat.com

## د - ع

دُعا - [ع - ا - مونث] (۱) خدا سے مانگنا - التجا - مناجات (۲) دعا کی عبارت -
دُعا دینا - برکت کے الفاظ کہنا - اسیس دینا -
دُعا سلام کہنا - کسی کے ذریعہ دعائیہ پیغام بھیجنا -
دُعا کرنا - خدا سے درخواست کرنا - دعا مانگنا -
دُعا گو - (۱) دعا کرنے والا (۲) خیر خواہ بہتری چاہنے والا -
دُعا مانگنا - خدا سے بھلائی کی التجا کرنا -
دُعا مستجاب ہونا - دعا قبول ہونا -
دُعائے قنوت - دُعا جو نماز عشا میں وتروں کی تیسری رکعت میں پڑھتے ہیں -
دعاوی [ع - ا - مذکر] دعویٰ کی جمع -
دُعائیہ - (دُ - عا - ای - یَہ) [ع - صفت] دعا سے منسوب -
دعوت - (دَع - وَت) [ع - ا - مونث] (۱) بلانا (۲) کھانے کے لیے بُلانا (۳) ضیافت -
دعوتِ سمرقند - ایک دن پُرتکلف دعوت - دُوسرے دن فاقہ
دعوتِ شیراز - سادہ کھانا - بے تکلفی کی دعوت -
دعوتی - (دَع - وَ - تی) [اُر - صفت] دعوت سے متعلق -
دعویٰ - (دَع - وا) [ع - ا - مذکر] درخواست - مطالبہ - نالش -
دعوے دار - مدعی - نالشی - دعویٰ کرنے والا -
دعویٔ نبوت - نبی ہونے کا دعویٰ -

## د - غ

دغا - [ف - ا - مونث] (۱) دھوکا (۲) مکاری - بے ایمانی -
دغاباز - مکار - دھوکے باز - فریبی -
دغابازی - (مونث) مکاری -
دغا پیشہ - دغاباز - مکار
دغدغہ - (دَغ - دَ - غہ) [ع - ا - مذکر] (۱) خوف - (۲) خدشہ - کھٹکا -
دغنا - (دَغ - نا) [ہ - مص] (۱) بندوق یا توپ کا دغنا (۲) داغ دیا جانا (۳) چرکا لگنا -
دغوانا - (دَغ - وا - نا) [ہ - مص] (۱) کسی چیز کو داغ دلوانا - (۲) کسی بندوق یا توپ کو چلوانا -
دغیلا - (دَ - غی - لا) [ہ - صفت] (۱) داغ دار (۲) چوٹ لگایا گرا ہوا پھل (۳) عیب دار -

## د - ف

دف - [ف - ا - مذکر] ڈفلی - بجانے کا ایک ساز -

دفاتر - (دَ - فا - تِر) [ع - ا - مذکر] دفتر کی جمع -
دفان - (دَ - فا - ن) [ار - ا - مذکر] دفع -
دفان ہونا - دُور ہونا - دفع ہونا -
دفائن - (دَ - فا - اِن) [ع - ا - مذکر] دفینہ کی جمع - خزانے -
دفتر - (دَف - تَر) [ف - ا - مذکر] (۱) حساب کتاب کے کاغذ - کچہری کے کاغذات (۲) رجسٹر (۳) سرکاری رپورٹ یا نقشہ (۴) وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذات یا کتابیں رکھی جائیں (۵) وہ جگہ جہاں کاروبار کیا جائے (۶) طومار (۷) لمبی کہانی -
دفترِ اعمال - اعمالنامہ - وہ کتاب جس میں اعمال کی تفصیل درج ہو -
دفترِ روزگار - روزگار دلانے کا ادارہ (EMPLOYMENT EXCHANGE)
دفتر کھولنا (۱) دفتر کا کام جاری کرنا (۲) نیا دفتر بنانا (۳) سارا گزرا ہوا قصہ بیان کرنا (۴) کثرت سے بیان کرنا -
دفتر گاؤ خورد ہونا - دفتر نیست و نابود ہونا - کارخانہ درہم برہم ہونا -
دفتری - (دَف - تَ - ری) [ف - ا - مذکر] (۱) دفتر درست کرنے والا (۲) ایک اہلکار جو کلرک سے کم لیکن چپراسی سے ذرا اوپر ہوتا ہے -
دفتی - (دَف - تی) [ف - ا - مونث] (۱) جلد کے پٹھے - (۲) کاغذ رکھنے کے پٹھے (۳) جوہے کی کنگھی -
دفع - [ع - ا - مونث] (۱) دُور کرنا - ہٹانا - پرے کرنا (۲) رد کرنا
دفع الوقتی - (مونث) وقت ٹالنا - حیلے حوالے کرنا -
دفعات - (دَ فَ - عات) [ع - ا - مونث] دفع کی جمع -
دفعتہً - (دَف - عَ - تَن) [ع] (۱) یکایک - فوراً (۲) اچانک ناگہاں -
دفعہ - (دَف - عَہ) [ع - ا - مونث] (۱) باری - نوبت (۲) قانونی شق - قانون کا فقرہ یا نمبر (۳) مجموعہ - جماعت - زمرہ -
دفعدار - (مذکر) (۱) فوج کا ایک چھوٹا افسر (۲) چوکیداروں کا افسر -
دفعہ عاید کرنا - کوئی جرم قائم کرنا -
دفعیہ (دَف - عی - یَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) توڑ - علاج (۲) دفع کرنے کی تدبیر -
دفن - [ع - ا - مذکر] (۱) گاڑنا (۲) (صفت) گڑا ہوا - زمین میں چھپا ہوا -
دفنانا - (دَف - نا - نا) [اُر - مص] مُردے کو گاڑنا -
دفینہ - (دَ - فی - نَہ) [ف - ا - مذکر] گڑا ہوا خزانہ -

## د - ق

دِق - [ع - ا - مونث] (۱) ایک بیماری (۲) (صفت) تنگ - عاجز
دِق کرنا - چھیڑنا - ستانا - تنگ کرنا - حیران کرنا -

Marfat.com

دِق ہونا۔ (۱) تنگ ہونا (۲) دِق کے مرض میں مبتلا ہونا۔
دِقائق۔ (دَ۔قا۔اِق) (ع۔ا۔مذکر) دقیقہ کی جمع۔
دِقّت۔ (دِق۔قَت) (ع۔ا۔مذکر) (۱) باریکی (۲) مشکل۔ تکلیف۔
دقّت پسند۔ مشکل بات کو پسند کرنے والا۔
دقیانوسی۔ (دَق۔یا۔نو۔سی) (ع۔صفت) پرانا۔ قدیم۔ فرسودہ
دقیق۔ (دَ۔قیق) (ع۔ا۔مذکر) (۱) باریک (۲) مشکل کٹھن۔
دقیقہ۔ (دَ۔قی۔قَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) کوئی بہت چھوٹی چیز۔ (۲) باریکی (۳) گھنٹے کا ساٹھواں حصّہ۔ منٹ۔
دقیقہ اُٹھا نہ رکھنا۔ دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔

## د۔ک

دُکان۔ (دُک۔کان) (ع۔ا۔مونث) ہٹی۔ ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ فارسی اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے۔
دکان بڑھانا۔ دکان بند کرنا۔
دکان چلنا۔ خوب بِکری ہونا۔ خریداری ہونا۔
دکان دار۔ دکان کا مالک۔ تاجر۔
دکان داری (مونث) (۱) سودا بیچنے کا پیشہ (۲) چرب زبانی۔ (۳) روپیہ بٹورنے کا کاروبار۔
دکانداری کی باتیں کرنا۔ چرب زبانی کرنا۔
دکان کرنا۔ اشیاء بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔
دکان لگنا (۱) دکان کھلنا (۲) بکری کے لیے چیزیں لگنا۔
دکشنا۔ (دَک۔شِ۔نا) (س۔ا۔مونث) نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔
دکن۔ دکّن۔ (دَ۔کن دک۔کن) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے دکھن۔
دکھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) درد۔ تکلیف۔ رنج۔ عذاب۔ بیماری
دکھ اٹھانا۔ تکلیف اٹھانا۔ مصیبت بھرنا۔ بیماری جھیلنا۔
دکھ بسرانا۔ رنج بھلانا۔
دکھ بھرنا۔ دکھ جھیلنا۔ مصیبت اٹھانا۔ تکلیف سہنا۔
دکھ بھریں بی فاختہ کوے انڈے کھائیں۔ مصیبت کوئی اٹھائے اور فائدہ کوئی حاصل کرے۔
دکھ پانا۔ تکلیف اٹھانا
دکھ درد۔ آفتیں۔ مصیبتیں
دکھ درد کا شریک۔ رنج و غم کا ساتھی۔ ہمدرد
دکھ سکھ۔ رنج و راحت۔
دکھ سہنا۔ دکھ برداشت کرنا۔
دکھ کا مارا۔ مصیبت زدہ۔
دِکھانا۔ (ہ۔مص) (۱) نظر کرنا۔ پیش کرنا (۲) ملاحظہ کرانا
دکھلانے کے دانت ہیں۔ نمائشی باتیں ہیں
دُکھانا۔ (ہ۔مص) (۱) تکلیف دینا (۲) رنج دینا (۳) زخم کو چھیڑنا۔
دکھاوا۔ (ہ۔ا۔مذکر) نمود۔ نمائش۔ بناوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ
دکھاوٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے بناوٹ۔
دکھائی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ظہور۔ درشن (۲) نمائش۔ نمود۔ (۳) معاینہ۔ معاینہ کرنے کی اُجرت۔
دکھائی پڑنا (دینا) (۱) نظر آنا (۲) معلوم ہونا۔
دُکھتی (ہ۔صفت) تکلیف دینے والی۔
دکھتی رگ۔ (۱) اخلاقی کمزوری (۲) دل کا احساس۔
دُکھڑا۔ (دُکھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بیماری (۲) درد بھرا قصہ۔ گلہ شکوہ۔
دکھڑا رونا۔ مصیبت بیان کرنا
دِکھلانا۔ (دِکھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے دکھانا۔
دکھن۔ (دَکھ۔کھن) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) جنوب کی سمت۔ (۲) جنوبی ہندوستان۔ (س۔دکشن)
دُکھن (دُ۔کھن) (ہ۔ا۔مونث) درد۔ تکلیف۔
دِکھنا۔ (دِکھ۔نا) (ہ۔مص) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔
دُکھنا۔ (دُکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) درد ہونا (۲) غمگین ہونا۔
دُکھنے آنا۔ (ا۔مص) آنکھ کی تکلیف ہونا۔
دکھنی (دَکھ۔کھ۔نی) (ہ۔صفت) دکھن کا۔ جنوبی۔
دُکھی۔ (دُ۔کھی) (ہ۔صفت۔ وا۔مذکر) (۱) بیمار۔ (۲) مصیبت زدہ۔ رنجیدہ۔
دُکھیا۔ (دُکھ۔یا) (ہ۔صفت و ا۔مونث) غموں کی ماری عورت
دُکھیارا۔ (دُکھ۔یا۔را) (ہ۔صفت) دکھوں کا مارا ہوا۔
دُکھیاری (دُکھ۔یا۔ری) (ہ۔صفت) دکھوں کی ماری۔

## د۔گ

دُگاڑا۔ (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے دوگاڑا کے تحت۔
دُگانہ۔ (ف۔ا۔مذکر) دیکھیے دوگانہ کے تحت۔
دُگدھا۔ (دُگ۔دھا) (ہ۔ا۔مونث) دبدھا۔ شک۔ شبہ۔ تذبذب۔
دُگدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام۔ (مثل) تذبذب میں ناکامی ہوتی ہے۔
دِگر۔ (دِ۔گر) (ف۔صفت) (۱) دیگر کا مخفف۔ دوسرا۔ (۲) ایک بار اور۔
دگرگوں۔ اُلٹ پلٹ۔ تہ و بالا۔
دُگلا۔ (دُگ۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) روئی دار انگرکھا۔
دُگن۔ (دُ۔گن) (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے دوگن
دُگنا۔ (دُگ۔نا) (ہ۔صفت) دیکھیے دوگنا
دُگنی۔ (دُگ۔نی) (ہ۔صفت) دیکھیے دوگنی۔

## د۔ل

دل۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) موٹائی۔ (۲) فوج۔ جماعت۔ مجموعہ (۳) پتا۔ شگوفہ۔

Marfat.com

دُل بادل - (۱) بہت گہرا ابر (۲) بہت سی فوج -
دل دار - موٹا - دبیز -
دِل - (ف - ا - مذکر) (۱) قلب (۲) کسی شے کا باطن (۳) حوصلہ
(۴) جرأت (۵) خواہش - ہوس (۶) عندیہ (۷) مرضی -
(۸) سخاوت - (۹) وسط - مرکز -
دل آب آب ہونا - دل کا نرم ہونا -
دل آجانا - محبت ہو جانا -
دل آرا - دل کو آراستہ کرنے والا - محبوب -
دل آرام - دل کو آرام دینے والا - محبوب -
دل آزار - دل کو ستانے والا - ظالم -
دل آزاری (مونث) دل دکھانا - ظلم و ستم - ایذا رسانی -
دل آزردہ - رنجیدہ - ناخوش -
دلاور - بہادر - شجاع -
دلاوری - (مونث) بہادری - شجاعت -
دلآویز - دل لبھانے والا -
دل آویزی - (مونث) دل لبھانا -
دل آئینہ ہونا - دل پر نیک و بد خود بخود ظاہر ہو جانا -
دل اُچاٹ ہونا - جی اُکتانا - جی نہ لگنا -
دل افگار - رنجیدہ - غمگین -
دل اُکھڑ جانا - طبیعت کا اچاٹ ہو جانا - دل نہ لگنا -
دل الٹ پلٹ ہونا - دل کا گھبرانا - بے چین ہونا -
دل اور ہونا - خیال مختلف ہونا -
دل ایک ہونا - ہم خیال ہونا -
دل باغ باغ ہونا - بہت خوش ہونا -
دل بجھنا - امنگ جاتی رہنا - افسردہ ہونا -
دل بحال ہونا (۱) دل کی کدورت دور ہونا - (۲) دل کو
چین آنا -
دل بدست آور کہ حج اکبر است - (مثل) دل جوئی
کرنا حج اکبر کے برابر ہے -
دلبر - (۱) دل لے لینے والا (۲) محبوب -
دلبری (۱) دل کو موہ لینا - (۲) محبوبیت - پیارا ہونا -
دل بُرا کرنا - رنجیدہ ہونا
دل بُرا ہونا (۱) ناراض ہونا - جی کھٹا ہونا (۲) متلی ہونا -
دل برداشتگی - (مونث) (۱) نفرت - کراہیت - تنفر - (۲)
دل کا ہٹ جانا -
دل برداشتہ - جس کا دل ہٹ جائے - غمگین - آزردہ -
دل بڑھانا - حوصلہ دلانا - ہمت بندھانا -
دل بستگی - (مونث) دل لگنا - جی بہلنا -
دل بلیوں اچھلنا - بہت بے تاب ہونا - گھبرانا -
دل بند - (۱) پیارا - محبوب (۲) بیٹا -
دل بھر آنا - آنکھوں میں آنسو آنا - رقت ہونا -
دل بھر جانا - سیر ہو جانا - اُکتا جانا -
دل بھر کے - اچھی طرح - سیر ہو کر -
دل بہلنا - (۱) دل کا کسی کام میں مشغول ہونا (۲) پریشانی
دور ہونا -

دل بیٹھا جانا - کمزوری محسوس ہونا - اختلاج قلب کی حالت ہونا
دل پذیر - مرغوب - پسندِ خاطر -
دل پذیری - (مونث) رغبت - پسندیدگی -
دل پر نقش ہونا - کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا -
دل پر ہاتھ رکھنا - تسلی اور تسکین دینا
دل پسند - مرغوب - پسندیدہ -
دل پسیجنا - (۱) رحم آنا (۲) سخاوت پر آمادہ ہونا -
دل پکا کرنا - دل مضبوط کرنا - حوصلہ کرنا -
دل پک جانا - (۱) صدموں سے دل کو سخت رنج ہونا - (۲)
طعنے سن سن کر دل کو تکلیف ہونا -
دل پکڑ کر بیٹھ جانا - صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا -
دل پگھلنا - رحم آنا - ترس آنا -
دل پھٹا جانا - ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا -
دل پھر جانا - بیزار ہونا - کراہیت ہونا -
دل پھسلنا - دل کا بے اختیار مائل ہونا -
دل تلے اوپر ہونا - دل گھبرانا - پریشان ہونا -
دل تنگ - ملول - رنجیدہ - ناخوش -
دل توڑنا - مایوس کرنا -
دل تھام لینا - ضبط کرنا - دل کو قابو میں رکھنا -
دل تھوڑا ہونا - ہمت نہ ہونا - ہمت ٹوٹ جانا -
دل ٹٹولنا - مرضی دریافت کرنا -
دل ٹھکنا - اطمینان ہونا - تسکین ہونا -
دل ٹھنڈا ہونا - (۱) خوش ہونا (۲) تسلی ہونا - اطمینان ہونا -
دل ٹھہرنا - تسکین ہونا - صبر آ جانا -
دل جانا - عاشق ہونا -
دل جلا - عاشق - فریفتہ -
دل جلانا - (۱) سخت رنج دینا (۲) رشک دلانا -
دل جمنا - دل لگنا - کسی کام کو توجہ سے کرنا -
دل جمعی - تسلی - اطمینان -
دل جوئی (مونث) تسلی - تسکین -
دل چرانا - (۱) فریفتہ کر لینا - (۲) کام کرنے کو جی نہ چاہنا - (۳)
کوتاہی کرنا -
دلچسپ - (مونث) دل لبھانے والا - خوشنما - مزے دار -
دلچسپی - (مونث) (۱) شوق - رغبت - چاہت - (۲)
مزہ - لطف -
دل چھلنی کرنا - سخت رنج دینا -
دل چھوٹا ہونا - پست ہمت ہو جانا
دل چھوڑنا - ہمت ہارنا -
دل چھین لینا - عاشق بنا لینا -
دل حزیں - غم زدہ دل - مغموم دل -
دل خراش - تکلیف دینے والا -
دل خواہ - مرضی کے موافق - پسندیدہ -
دل خون ہونا - سخت رنجیدہ ہونا -
دل دادہ - عاشق - فریفتہ -
دل دار (۱) تسلی دینے والا - (۲) پیارا - محبوب -

Marfat.com

دل داری۔ (مونث) (۱) تسلی تسکین۔ (۲) ہمدردی۔ (۳) وفاداری۔
دل دریا۔ فیاض۔ سخی۔
دل دوز۔ دل پر اثر کرنے والا۔
دل دونیم ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔
دل دھک دھک کرنا۔ بیماری، ڈر یا اضطراب سے دل کی حرکت تیز ہو جانا۔
دل دھکڑ پکڑ ہونا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔ اضطراب ہونا۔
دل دھک سے ہو جانا۔ اچانک صدمہ ہونا۔
دل دہل جانا۔ خوف کھانا۔ ڈرنا۔
دل دہی۔ (مونث) تسلی۔ تشفی۔ دلاسا۔
دل دیکھنا۔ حوصلے کی آزمائش کرنا۔
دل دینا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دل ڈانواں ڈول ہونا۔ دل بے اختیار ہونا۔ دل قابو میں نہ ہونا۔
دل ڈوبنا۔ غشی طاری ہونا۔ کمزوری کی وجہ سے دل گرنا۔
دل رُبا۔ دل لے جانے والا۔ دلبر۔ معشوق۔
دل رُبائی۔ (مونث) دلبری۔ محبوبیت۔
دل رکھنا۔ (۱) آرزو پوری کرنا۔ (۲) تسلی کرنا (۳) حوصلہ رکھنا۔
دل ستاں۔ دل چھین لینے والا۔ معشوق۔
دل ستانی۔ (مونث) دل موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
دل سنبھلنا۔ دل کو قرار یا تسکین ہونا۔
دل سوختہ۔ دل جلا۔ غم زدہ۔ مصیبت زدہ۔
دل سوز۔ (۱) دل جلانے والا۔ درد انگیز (۲) ہمدرد (۳) سرگرم۔ مشتاق۔
دل سوزی۔ (مونث) (۱) ہمدردی۔ غم خواری (۲) اشتیاق۔ (۳) دل کا جلنا۔
دل سے۔ (۱) شوق سے۔ رغبت سے (۲) توجہ سے۔
دل سے اتارنا۔ نظروں سے گرانا۔ بے وقعت کر دینا۔
دل سے اتر جانا۔ بے وقعت ہو جانا۔
دل سے ملنا۔ خلوص اور محبت سے ملاقات کرنا۔
دل شاد۔ خوش۔ بشاش۔
دل شکستہ۔ رنجیدہ۔ افسردہ۔ مایوس۔
دل شکن۔ دل توڑنے والا۔ ہمت پست کرنے والا۔
دل شکنی۔ دل توڑنا۔ ہمت توڑنا۔
دل صد چاک۔ دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں۔
دل غنی ہونا۔ سخی ہونا۔ دل کا امیر ہونا۔
دل فریب۔ دل کو لبھا لینے والا۔ من موہن۔ دل رُبا۔
دل فریبی۔ (مونث) خوب صورتی۔ دل رُبائی۔ دل کو لبھانا۔ من موہ لینا۔
دل فگار۔ جس کا دل زخمی ہو۔ غمگین۔
دل کا ارمان نکلنا۔ آرزو پوری ہونا۔ حوصلہ نکلنا۔
دل کا بادشاہ۔ آزاد۔ خود مختار۔
دل کا بخار۔ غصہ۔ رنج۔ کدورت۔ ملال۔
دل کا بودا۔ کم ہمت۔ بزدل۔ پست حوصلہ۔

دل کا ٹکڑا۔ بہت پیارا۔ لختِ جگر۔
دل کا کنول کھلنا۔ خوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔
دل کا کھوٹا۔ دغاباز۔ فریبی۔
دل کرنا۔ (۱) سخاوت کرنا۔ (۲) جُرات کرنا (۳) خواہش ہونا۔ جی چاہنا۔
دل کش۔ دل کو کھینچنے والا۔ خوب صورت۔
دل کشا۔ دل کو خوش کرنے والا۔
دل کشی (مونث) دل کو لبھانا۔ دل کو اپنی طرف متوجہ کرنا۔
دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے۔
دل کھول کر۔ دل کھول کے۔ بے دھڑک۔ خاطر خواہ خوب
دل کی بھڑاس۔ رنج۔ غم۔ غصہ۔
دل کی دل میں رہنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔
دل کی کہنا۔ (۱) صاف بات ظاہر کر دینا (۲) وہ بات جو دوسرے کے دل میں ہو بتا دینا۔
دل کی گانٹھ (گرہ) رنج۔ شکوہ۔ شکایت۔
دل کی گرہ کھلنا۔ رنجش دُور ہونا۔
دل کی لگی۔ غم۔ رنج۔ عشق۔ دل کی چوٹ۔
دل کے پار ہونا۔ دل پر اثر کرنا۔ پورا اثر کرنا۔
دل کے پھپھولے (آبلے) پھوڑنا۔ (۱) بُرا بھلا کہہ کر دل کا غصہ نکالنا۔ رنج و غم کے باعث جلی کٹی باتیں کرنا۔ (۲) بدلا لینا۔
دل گداز۔ دل کو نرم کرنے والا۔
دل گردہ۔ (۱) حوصلہ۔ جرأت (۲) طاقت۔ (۳) برداشت۔
دل گرفتگی۔ (مونث) غم۔ رنج۔
دل گرفتہ۔ غمگین۔ مغموم۔
دل گیر۔ مغموم۔ غمگین۔ رنجیدہ۔
دل لگا رہنا۔ فکر رہنا۔ تشویش ہونا۔
دل لگانا۔ (۱) محبت کرنا (۲) کسی کام پر متوجہ ہونا۔
دل لگ جانا (۱) جی بہلنا۔ (۲) کسی کام میں مشغول ہو جانا (۳) محبت ہونا۔
دل لگی۔ (مونث) (۱) ہنسی۔ مذاق (۲) معمولی بات (۳) شغل۔ (۴) محبت۔
دل لگی باز۔ مسخرا۔
دل لوٹ پوٹ ہونا۔ (۱) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا (۲) بے قرار ہونا۔
دل لہو ہونا۔ سخت رنج ہونا۔ سخت صدمہ گزرنا۔
دل مارنا۔ خواہشوں کو روکنا۔ ضبط کرنا۔
دل مٹھی میں لینا۔ کسی کو قابو میں لینا۔ اپنا بنا لینا۔
دل مٹی ہونا۔ خواہش نہ رہنا۔
دل مچلنا۔ کسی چیز کی سخت خواہش ہونا
دل مرحوم۔ عاشق کا دل۔ نامراد دل۔
دل مسوس کر رہ جانا۔ کسی صدمہ کے باعث چپ رہ جانا۔
دل ملنا۔ دل مسوسنا۔ دل مروڑنا۔
دل ملنا۔ یک جان دو قالب ہونا۔ ہم خیال ہونا۔
دل موہ لینا۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔

Marfat.com

دل میلا کرنا - رنج کرنا -
دل میں آنا - خیال گزرنا -
دل میں جگہ کرنا - راہ و رسم بڑھانا -
دل میں چبھنا - اثر کرنا -
دل میں چٹکیاں لینا - طعنے دینا - دل دکھانا -
دل میں دل ڈالنا - اپنی بات کا دوسرے کو یقین دلانا -
دل میں ڈالنا - دوسرے کے ذہن میں ڈالنا - الہام ہونا - القا ہونا -
دل میں رکھنا - پوشیدہ رکھنا - ظاہر نہ کرنا -
دل میں فرق آنا - (۱) گمان گزرنا (۲) اعتبار اُٹھنا - (۳) شکر رنجی ہونا -
دل میں ہونا - (۱) ارادہ ہونا (۲) خواہش ہونا (۳) خیال ہونا -
دل ناصبور - بے چین دل - نہ صبر کرنے والا دل -
دل نشین - دل میں بیٹھنے والا - دل پر نقش ہو جانے والا
دل نواز - دل کو تسلی دینے والا - دوست - یار -
دل نوازی (مونث) (۱) تسلی - تشفی (۲) مہربانی عنایت -

دل ہی دل میں - اندر ہی اندر - چپکے چپکے -
دُلار - (ہ-ا-مذکر) لاڈ - پیار - محبت -
دُلارا - (ہ-صفت) پیارا - عزیز - لاڈلا -
دُلاری (ہ-صفت) دلارا کی تانیث -
دِلاسا - [ف-ا-مذکر] تسلی - تسکین (ف- دل آسا - دل کو تسکین دینے والا)
دلاسا دینا - تسلی دینا - ہمت بندھانا - جی بڑھانا -
دلّال - (دَل-لا ل) [ع-ا مذکر] (۱) سودا کرانے والا - آڑھتیا (۲) بھڑوا -
دلالت - [ع-ا-مونث] (۱) علامت - نشان (۲) سُراغ (۳) دلیل - ثبوت - (۴) رہنمائی (۵) اطلاق عاید ہونا -
دلالہ - (دل-لا-لہ) [ع-ا-مونث] کٹنی -
دلالی - [ع-ا-مونث] (۱) سودا کرانے کی اُجرت (۲) دلال کا پیشہ -
دِلانا - (ہ-مص) دیکھیے دلوانا -
دلاور - [ف-صفت] دل کے تحت دیکھیے -
دلاوری - [ف-ا-مونث] دل کے تحت دیکھیے -
دلائل - [ع-ا-مذکر] دلیل کی جمع -
دُلائی - (دُ-لا-ای) [ہ-ا-مونث] دیکھیے دولائی -
دُلتّی - (دُل-تی) [ہ-ا-مونث] جانور کی پچھلی دونوں لاتیں -
دُلتی چلانا (مارنا) - جانور کا پچھلی دونوں ٹانگیں ایک ساتھ اٹھا کر مارنا -
دلدر - (دَل-در) [ہ-ا-مذکر] (۱) محتاجی - تنگ دستی - (۲) نحوست گندگی -
دلدر دور ہونا - خوش حال ہو جانا - نحوست کا جاتا رہنا -
دلدل - (دَل-دَل) [ہ-ا-مونث] کیچڑ - گارا - دھسان
دُلدُل - (دُل-دُل) [ع-ا-مذکر] سیاہی مائل خچر جو حاکم اسکندریہ مقوقس نے رسول اللہؐ کی خدمت میں بھیجا - اور آپ نے حضرت علیؓ کو عطا فرمایا - (۲) ذوالجناح
دلدل سوار - حضرت علیؓ کا لقب -
دلدل نکالنا - محرم میں گھوڑے کا ماتمی جلوس نکالنا -
دَلدلی (دَل-دَ-لی) (ہ-صفت) دلدل والی -
دَلق - [ع-ا مونث] گدڑی -
دلق پوش - گدڑی پہننے والا - فقیر - درویش -
دُلکی - (دُل-کی) [ہ-ا مونث] گھوڑے کی ایک چال جس میں ایک وقت میں تین پاؤں اُٹھتے ہیں -
دلنا - (دَل-نا) [ہ-مص] موٹا موٹا پیسنا
دلو - [ع-ا-مذکر] (۱) ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں برج -
دِلوانا - (دِل-وا-نا) [ہ-مص] دلانا - عطا کرانا - سپرد کرانا -
دَلوانا - (دَل-وا-نا) [ہ-مص] موٹا موٹا پسوانا -
دلوائی - (دَل-وا-ئی) [ہ-ا-مونث] دلوانے کی اُجرت -
دُلہا - (دُل-ہا) [ہ-ا مذکر] دیکھیے دُولہا
دُلہن - (دُل-ہن) [ہ-ا-مذکر] دیکھیے دُولہن -
دِلی - [ف-صفت] (۱) قلبی - دل کا (۲) عزیز -
دَلیا - (دَل-یا) [ہ-ا-مذکر] (۱) دلا ہوا اناج (۲) موٹا پسا ہوا غلہ - کچا یا پکا ہوا -
دلیر - (دِ-لیر) [ف-صفت] (۱) بہادر (۲) بے خوف -
دلیرانہ - (دِ-لے-را-نہ) [ف-صفت] (۱) جرأت سے (۲) بے باکانہ (۳) گستاخانہ -
دلیری - (دِ-لے-ری) [ف-ا-مونث] (۱) بہادری - جرأت (۲) بے باکی -
دلیل - (دَ-لیل) [ع-ا-مونث] (۱) حجت (۲) ثبوت - شہادت -
دلیلِ کامل - پورا ثبوت -
دلیل لانا - ثبوت دینا -
دلیلِ ناقص - بودی بات - کمزور ثبوت -
دلیل - (دَ-لیل) [اُ-ا مونث] سزا - بیگار -
دلیل پڑنا - کھڑا رہنے یا چلنے اور قواعد کرنے کی سزا ملنا -
دلیل ہونا - پریشانی میں مبتلا ہونا - سخت میں تھکنا -

## د - م

دم - [ف-ا-مذکر] (۱) سانس (۲) پل - منٹ (۳) زندگی - (۴) رُوح (۵) ذات (۶) حقے کا کش (۷) کھانے کو دھیمی آگ پر رکھنا (۸) طاقت (۹) تلوار کی دھار (۱۰) دھوکا - فریب - (۱۱) افسوں - منتر
دم آجانا - جان آجانا - زندگی پیدا ہونا -
دم آخریں - نزع کا وقت - نزع -
دم آنا - پکنے کے قریب ہونا -
دم آنکھوں میں ہونا - حالتِ نزع میں ہونا -
دم اُکھڑنا - سانس کا بے قاعدہ چلنا -

Marfat.com

دم اُلٹنا۔ (۱) سانس رُکنا (۲) وقت نزع سانس کا بے قاعدہ ہونا (۳) دل گھبرانا۔
دم بخود۔ چُپ چاپ۔ ساکت وصامت۔
دم بخود ہونا۔ حیرت کا چپ رہ جانا۔ بالکل خاموش ہونا۔
دم بدم۔ (۱) ہر گھڑی۔ گھڑی گھڑی (۲) متواتر۔
دم بولانا۔ جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔
دم بھر۔ لحظہ بھر۔ تھوڑی دیر کے لیے۔
دم بھرانا۔ (۱) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا (۲) پہلوانوں کا اپنے شاگردوں کو زور کر کے تھکا دینا۔
دم بھرنا۔ (۱) ہر وقت کسی کو یاد کرنا (۲) محبت کا دعوے کرنا (۳) یقین کرنا۔ ایمان لانا۔
دم پخت۔ بھاپ میں پکا ہوا کھانا۔
دم پخت ہو کر رہ جانا۔ غصہ ضبط کر کے چُپ ہو رہنا۔
دم پر آنا۔ دیکھیے دم میں آنا نمبر ۲۔
دم پر چھوڑ دینا۔ کھانے کو دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔
دم پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ سانس پھولنا۔
دم پھونکنا۔ رُوح ڈالنا۔ جسم میں جان ڈالنا۔
دم تک۔ جیتے جی۔ زندگی بھر۔
دم توڑنا۔ سانس اُکھڑنا۔ مرجانا۔
دم تیغ۔ تلوار کی کاٹ۔
دم ٹوٹنا۔ (۱) تیراک یا بھاگنے والے کا سانس پھولنا۔ (۲) سانس اکھڑنا (۳) حالت نزع میں ہونا۔
دم جھانسا دینا۔ دھوکا دینا۔ جل دینا۔
دم چڑھنا۔ سانس چڑھنا۔ ہانپنا۔
دم خشک ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دم خم۔ (مذکر) (۱) طاقت۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی۔
دم خنجر۔ خنجر کی دھار۔
دم درود نہ ہونا۔ (۱) مرنے کے قریب ہونا۔ (۲) طاقت نہ ہونا۔
دم دلاسا۔ چکنی چپڑی باتیں۔ تسلی۔ تشفی۔ بہلاوا پھسلاوا۔
دم دینا۔ (۱) مرجانا۔ (۲) فریب دینا (۳) فریفتہ ہونا (۴) کھانے کو ہلکی آنچ پر رکھنا۔ (۵) تلوار کو آب دینا۔
دم رخصت۔ رخصت کا وقت۔
دم سادھنا۔ (۱) سانس روکنا۔ (۲) چُپ رہنا۔ (۳) حرکت نہ کرنا۔
دم ساز۔ (۱) راز دار (۲) ساتھ گانے والا۔ (۳) مشفق۔ (۴) دوست۔
دم سازی۔ (مونث) (۱) دوستی (۲) اتفاق (۳) سُروں کا میل
دم عیسیٰ۔ (۱) حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جس سے مُردہ زندہ ہو جاتا تھا (۲) صحت بخش۔ جان ڈالنے والا۔
دم غنیمت ہونا۔ قابل قدر ہونا۔ متبرک ہونا۔
دم قدم۔ (۱) زندگی۔ وجود (۲) سلامتی۔
دم قدم کی خیر۔ جان کی سلامتی۔ (فقیروں کی دُعا)
دم کرنا۔ دعا یا افسوں پڑھ کر پھونکنا۔
دم کشی۔ (مونث) (۱) سانس کھینچنا (۲) خاموشی۔
دم کے دم میں۔ تھوڑی سی دیر میں۔
دم کے ساتھ۔ زندگی بھر۔ تاحیات۔
دم گھٹنا۔ (۱) سانس رکنا۔ (۲) جی گھبرانا۔
دم لبوں پر آجانا۔ جان بلب ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔
دم لگانا۔ (۱) حقہ پینا (۲) چرس پینا۔
دم لینا۔ (۱) سانس لینا (۲) سستانا (۳) ٹھہرنا۔
دم لینے کی فرصت نہیں۔ بہت کم فرصت ہے۔
دم مارنا۔ (۱) بولنا (۲) شیخی مارنا۔ دعویٰ کرنا
دم مارنے کی جگہ نہیں۔ کچھ بس نہیں چلتا۔ کچھ کہا نہیں جاتا۔
دم مُردن۔ مرنے کے وقت۔ نزع کے وقت۔
دم میں آنا۔ (۱) دھوکا کھانا (۲) پھنسنے کے قریب ہونا۔
دم میں دم آنا۔ جان میں جان آنا۔ تسلی ہونا۔
دم نکالنا۔ (۱) جان نکالنا۔ (۲) ڈرا دینا۔
دم نکل جانا۔ (۱) جان نکلنا۔ (۲) ڈر جانا۔
دم نہ مارنا۔ (۱) چپ رہنا (۲) مان کر قائل ہو جانا۔ (۳) اُف نہ کرنا۔
دم نہ ہونا۔ (۱) طاقت نہ ہونا (۲) جان نہ ہونا۔
دم واپسیں۔ نزع کا وقت۔ آخری وقت۔
دم ہونا۔ (۱) بہت ہونا (۲) چاولوں کا پکنا۔
دم۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) خون (۲) جان۔ زیست۔
دم الاخوین۔ (۱) دو بھائیوں کا خون (۲) سُرخ رنگ کا ایک گوند جو اکثر رنگنے اور دوا کے کام آتا ہے۔
دُم۔ [ف۔ا۔مونث] (۱) پونچھ (۲) پچھلا حصہ۔
دُم بریدہ۔ دُم کٹا ہوا۔
دُم چھلا۔ (مذکر) (۱) وہ لمبا کاغذ جو تنکوے کے پچھلے سرے پر لگاتے ہیں (۲) وہ شخص جو کسی کے ساتھ ساتھ رہے۔
دُم دار۔ پونچھ والا۔
دُم دار تارا۔ وہ ستارہ جس کے پیچھے روشن لکیر ہوتی ہے۔
دُم دبا کر بھاگنا۔ ڈر کر بھاگ جانا۔
دُم دبانا۔ (۱) بھاگنا (۲) مغلوب ہونا۔
دُم ریز۔ (مذکر) آخر موسم پر یا دوسری بار پھل دینے والا درخت۔
دُم کے پیچھے پھرنا۔ ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے رہنا۔
دُم لگ گئی۔ نئی بات پیدا ہو گئی۔
دُم میں گھسنا۔ (۱) پناہ لینا (۲) خوشامد میں ہر وقت ساتھ رہنا (۳) بچے کا ماں کے پیچھے پیچھے رہنا۔
دُم ہلانا۔ دم کو حرکت دینا (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
دمادم۔ رق۔ا۔ دَم بدم۔ [ف] پے در پے۔ متواتر
دماغ۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) بھیجا۔ مغز (۲) عقل (۳) برداشت طاقت (۴) اوسان (۵) غرور۔
دماغ آسمان پر ہونا۔ مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔
دماغ اٹھانا۔ ناز اٹھانا۔

Marfat.com

دماغ اور ہونا۔ غرور ہونا۔
دماغ پھرنا۔ (۱) دماغ پریشان ہونا (۲) پاگل ہونا۔ باؤلا ہونا۔
دماغ تر ہونا۔ دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا۔
دماغ جھڑنا۔ غرور دُور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔
دماغ چاٹنا۔ بکواس کرنا۔ بہت بولنا۔
دماغ چٹ۔ بکواسی۔ وکی۔
دماغ چڑھنا۔ دولت کی فراوانی سے مغرور ہونا۔
دماغ چلا۔ مغرور۔
دماغ چوتھے آسمان پر ہونا۔ بہت مغرور ہونا۔
دماغ دار۔ مغرور۔ متکبّر۔ خود پسند۔ گھمنڈی۔
دماغ داری۔ (مونث) غرور۔ خود پسندی۔ تکبّر۔
دماغ درست ہونا۔ (۱) تکبّر کا دُور ہو جانا (۲) غصّہ دور ہونا۔
دماغ رکھنا۔ مغرور ہونا۔ اِترانا۔
دماغ سوزی۔ (مونث) دماغی محنت۔
دماغ عرش پر ہونا۔ مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔
دماغ کا خلل۔ جنون۔ سودا۔ پاگل پن۔
دماغ کرنا۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
دماغ کو چڑھ جانا۔ تنباکو یا شراب وغیرہ کے اثر سے سر گھومنے لگنا
دماغ کھا لینا۔ زیادہ باتیں کر کے پریشان کرنا۔
دماغ کی لینا۔ غرور کرنا۔
دماغ کے کیڑے جھاڑنا۔ سمجھاتے سمجھاتے یا باتیں کرتے ہوئے تھک جانا۔
دماغ میں بسنا۔ ذہن میں ہونا۔ خیال میں ہونا۔
دماغ نہ ہونا۔ برداشت نہ ہونا۔
دِماغی۔ (دِ۔ ما۔ غی) [ف۔ صفت] (۱) دماغ سے نسبت رکھنے والا (۲) مغرور (۳) خود پسند (۴) نازک مزاج۔
دمامہ۔ (دَ۔ ما۔ مَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] نقارہ۔
دُمچی۔ (دُم۔ چی) [اُ۔ ا۔ مونث] گھوڑے کے ساز کا وہ چمڑا جو دُم کے نیچے رہتا ہے۔
دمدمہ۔ (دَم۔ دَ۔ مَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] مصنوعی قلعہ۔ مورچہ
دمدمہ باندھنا (بنانا) مورچہ بندی کرنا۔
دمڑی۔ (دَم۔ ڑی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) چھدام۔ پیسے کا چوتھا حصّہ۔ (۲) زمین کا ایک ناپ۔ کچے پچیس بیگھے۔
دمڑی دمڑی۔ کوڑی کوڑی۔
دمڑی کا (کی)۔ بہت کم قیمت کا۔ معمولی۔
دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی۔ (مثل) اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ۔ وہ شے جس کے اُوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے۔
دمڑی کے تین تین۔ (مثل) نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔
دمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے۔ (مثل) دیکھیے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے۔
دمک۔ (دَ۔ مک) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) چمک (۲) چہرے یا سونے کی تمتماہٹ۔
دمکنا۔ (دَ۔ مک۔ نا) [ہ۔ مص] چمکنا۔ جھلکنا۔
دُمّل۔ (دُم۔ مَل) [ع۔ ا۔ مذکر] دیکھیے دُنبل۔
دمن۔ (دَ۔ مَن) [ف۔ ا۔ مذکر] ٹیلا۔ چھوٹی پہاڑی
دمنا۔ (دَم۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چمکنا (بجلی کا) (۲) لوہے کا ملائم ہونا۔
دُمنہا۔ (دُ۔ منہ۔ ہا) [ہ۔ ا۔ مذکر] دیکھیے دومنہا۔
دموی۔ (دَ۔ مَ۔ وی) [ع۔ صفت] خونی۔ خون کا۔
دموی مزاج۔ وہ شخص جس میں خون کی خلط بڑھ جائے۔
دمہ۔ (دَ۔ مَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) دھونکنی (۲) سانس کا روگ۔ ضیق النفس۔
دمہ دم کے ساتھ۔ (مثل) دمہ کا مرض مرتے دم تک نہیں جاتا۔
دمیدگی۔ (دَ۔ مِی۔ دَ۔ گی) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) ہوا کا چلنا۔ پھولوں کا کھلنا۔ شاخوں کا نکلنا۔ خوشبوؤں کا پھیلنا۔ (۲) خارش۔ جھائے۔ کوئی چیز جو بدن پر پھوٹے۔
دمیدہ۔ (دَ۔ می۔ دہ) [ف۔ صفت] کھلا ہوا۔ پھوٹا ہوا۔ کھلنے والا۔

## د-ن

دِن۔ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) روز۔ یوم (۲) صبح (۳) زمانہ۔ وقت۔ (۴) ساعت (۵) موسم۔
دِن آنا۔ (۱) رُت آنا (۲) موت کا وقت آنا (۳) حیض آنا (۴) بُرے دن آنا۔
دن بدن۔ روز بروز۔ ہر روز۔ رفتہ رفتہ۔ شدہ شدہ۔
دن بھر۔ تمام دن۔ تمام روز۔
دن پڑا ہے۔ ابھی بہت وقت باقی ہے۔
دن پورے کرنا۔ مصیبت کے دن کاٹنا۔ زندگی جوں توں بسر کرنا۔
دن پہاڑ ہو جانا۔ دن کاٹنا دشوار ہو جانا۔
دن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔ خوش حال ہونا۔
دن چڑھے۔ سورج نکلنے پر۔ آفتاب کے بلند ہو جانے پر۔
دن چھپنا۔ سُورج ڈوبنا۔ شام ہونا۔
دن دُونا رات چوگنا۔ زیادہ سے زیادہ۔ بہت زیادہ۔
دن دہاڑے۔ دن میں۔ سب کے سامنے۔ کھلے بندوں۔ علانیہ۔
دن ڈھلنا۔ سُورج کا زوال شروع ہو جانا۔
دن ڈھلے۔ دوپہر کے بعد۔
دن رات۔ شب و روز۔ چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔
دن رہے۔ شام سے کچھ پہلے۔
دن رین۔ دن رات۔
دن سے۔ دن چھپنے سے پہلے۔ سرِ شام۔
دن سیدھے ہونا۔ فارغ البال ہونا۔ بھلے دن آنا۔

Marfat.com

دن عید رات شب برات۔ رات دن عیش و نشاط۔
دن کاٹنا۔ مصیبت سے بسر کرنا۔
دن کو اونی اُونی رات کو چرخہ پونی۔ (مثل) بے وقت اور بے موقع کام کرنا۔
دن کو تارے نظر آنا۔ (۱) بہت تیز نظر ہونا (۲) سخت تاریکی ہو جانا۔
دن کے دن۔ اسی دن۔
دن گننا۔ انتظار کرنا۔
دن گنوانا۔ وقت ضائع کرنا۔ عمر برباد کرنا۔
دن گئے۔ وہ موقع گذر گیا۔
دن منانا۔ یادگار کے طور پر تقریب منانا۔
دن نکلنا۔ سورج نکلنا۔ صبح ہونا۔
دن ہوا ہونا۔ اچھا وقت گذر جانا۔ بھلا زمانہ گزر جانا۔
دنوں کا پھیر۔ (۱) زمانے کی گردش۔ (۲) ایام حیض کا گھٹنا بڑھنا۔

دنائیر۔ (دَ۔ نا۔ ئیر) (ع۔ مذکر) دینار کی جمع۔
دنائت۔ (دِ۔ نا۔ ئت) (ع۔ا۔ مونث) کمینہ پن۔ ذالت
دُنبالہ۔ (دُم۔ با۔ لہ) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) دُم۔ پیچھا۔ (۲) آنکھ کا کویہ۔ سُرمہ کی لمبی لکیر (۳) اچھوا۔ کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ۔
دُنبل۔ (دُم۔ بل) (ف۔ا۔ مذکر) پھوڑا۔
دُنبہ۔ (دُم۔ بہ) (ف۔ا۔ مذکر) گول، موٹی اور بھاری دم والا مینڈھا۔
دُند۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) بڑا نقارہ (۲) غل (۳) اندھیر۔ ظلم۔
دُند مچانا۔ (۱) شور مچانا (۲) ظلم ڈھانا۔
دندان۔ (ف۔ا۔ مذکر) دانت۔
دندان آنتیز کرنا۔ لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔
دندان ساز۔ مصنوعی دانت بنانے والا۔
دندان سازی۔ (مونث) مصنوعی دانت بنانا یا بنانے کا پیشہ
دندان شکن جواب دینا۔ منہ توڑ جواب دینا۔
دندانہ۔ (ف۔ا۔ مذکر) آرے کا دانہ۔
دندنانا۔ (دن۔ دنا۔ نا) (ہ۔ مص) مزے اڑانا۔ عیش کرنا
دنکا۔ (دُن۔ کا) (ہ۔ا۔ مذکر) اناج کا دانہ۔
دنگ۔ (ف۔ صف) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ ششدر۔ ہکا بکا۔
دنگ رہ جانا۔ حیران ہونا۔ متعجب ہو جانا۔
دنگا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) جھگڑا۔ فساد۔ ہنگامہ۔
دنگا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ شرارت کرنا۔
دنگل۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) اکھاڑہ (۲) بھیڑ۔ انبوہ۔ (۳) پہلوان کی جائے نشست۔
دنگل لڑنا۔ کشتی لڑنا۔
دنگل مارنا۔ کشتی جیتنا۔ فتح پانا۔
دِنوندا۔ (دِ۔ نوں۔ دا) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے۔
دنی۔ (دَ۔ نی) (ع۔ صف) کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔

دُنیا۔ (دُن۔ یا) (ع۔ا۔ مونث) (۱) کرۂ ارض۔ کائنات۔ (۲) لوگ (۳) بہت سی چیزیں۔
دنیا ادھر کی اُدھر ہو جانا۔ انقلاب عظیم ہونا۔
دنیا اندھیر ہو جانا۔ غم کے باعث کچھ نہ سوجھنا۔
دنیا بہ امید قائم۔ (مثل) انسان امید کے سبب زندگی بسر کرتا ہے۔
دنیا بھر کے۔ بہت سے۔
دنیا جہان۔ تمام عالم۔ ساری دنیا۔
دنیا دار۔ (۱) دنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا آدمی (۲) ظاہری اخلاق کا آدمی (۳) چالاک آدمی۔
دنیا داری۔ (مونث) (۱) دنیا کے دھندے (۲) بال بچے، رشتہ داریاں (۳) ملنساری میل جول۔
دنیا دیکھنا۔ تجربہ کار ہونا۔
دنیا ساز۔ ظاہرداری کرنے والا۔ دُنیا دار۔
دنیا سازی۔ (مونث) ظاہرداری کی باتیں۔ بناوٹ۔ نمائش۔
دنیا کے عیب۔ ہر قسم کی بُری باتیں
دنیا و مافیہا۔ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔
دنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا۔ کسی چیز کا ہوش نہ ہونا۔
دنیائے بے ثبات۔ یہ عالم جو فانی ہے۔
دنیائے دنی۔ کمینی دنیا۔
دُنیاوی۔ (دُن۔ یا۔ وی) (ع۔ صف) دنیا کا۔ دنیا سے نسبت رکھنے والا۔ دین کا اُلٹ۔
دُنیوی۔ (دُن۔ ی۔ وی) (ف۔ صف) دُنیاوی۔

## د - و

دَو۔ (ف۔ا۔ مونث) دویدن کا حاصل مصدر۔ دوڑنا۔
دو۔ (ف۔ صف) (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ (۲) جوڑا۔ جفت (۳) جدا۔ غیر (۴) چند۔
دوآب۔ دوآبہ۔ (مذکر) زمین جو دو دریاؤں کے درمیان ہو
دوآتشہ۔ (۱) وہ عرق یا شراب جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کشید کی جائے۔ (۲) تیز و تند۔
دوآتشہ پلانا۔ اشتعال دینا۔
دواسپہ۔ (مذکر) (۱) دو گھوڑوں کے جوت کی سواری (۲) دو گھوڑوں کی ڈاک۔
دو ایک۔ چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔
دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا۔ لاپرواہی سے سلام کرنا۔
دوانی۔ دونی۔ دو آنے کا سکہ۔
دو باتوں میں۔ چند فقروں میں۔
دو بار۔ دو دفعہ۔
دوبارہ۔ دوسری مرتبہ۔ دوسری دفعہ۔ مکرر۔
دو بالا۔ دُگنا۔ دو چند۔ دُونا۔
دو بول پڑھانا۔ نکاح پڑھانا۔
دو بیتی۔ (مونث) رباعی۔

Marfat.com

دوپٹا۔ (مذکر) (۱) دوپاٹ کا چادرا (۲) اوڑھنی (۳) وہ چادر جو مرد کمر میں باندھتے ہیں۔
دوپٹا بدلنا۔ بہناپا کرنا۔
دوپشتہ (۱) دونوں طرف چھپا ہوا۔ (۲) دورُخہ۔ دوطرفا۔
دوپلڑی۔ دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی۔
دوپہر۔ (۱) بارہ بجے دن کا وقت (۲) ایک پہر کا دوگنا۔
دوپیازہ۔ (مذکر) سالن جس میں دو دفعہ پیاز ڈالتے ہیں اور ترکاری نہیں ڈالتے۔
دوتا۔ دگنا۔ دُہرا۔
دوتارا۔ (مذکر) ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جس میں دو تار ہوتے ہیں۔
دوتہی۔ (مونث) وہ موٹا کپڑا جو دُہرا بچھایا جاتا ہے۔
دوٹوک۔ (۱) دو ٹکڑے (۲) صاف۔ کھرا (۳) فیصلہ کن۔
دوٹوک جواب دینا۔ صاف انکار کرنا۔ صاف جواب دینا۔
دوجہان۔ (مذکر) دنیا اور آخرت
دوجہان سے جانا۔ دین و دنیا برباد ہوجانا۔
دوچار۔ (۱) چند (۲) آمنے سامنے۔ ملاقی۔
دوچار گھڑی رات رہے۔ سحری کے وقت۔
دوچار ہاتھ رہ جانا۔ تھوڑا سا فاصلہ رہ جانا۔
دوچار ہونا۔ ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا۔
دوچت۔ دوچتا۔ (۱) خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا۔ متذبذب۔ (۲) پریشان۔ مضطرب۔
دوچشمی۔ (۱) وہ تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے۔ (۲) ہائے ہوز۔ مخلوط (ھ)۔
دوچلو۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
دوچند۔ دگنا۔ دونا۔ دوہرا۔
دوچوبہ۔ (۱) دوچوب والا۔ (۲) ایسا خیمہ جس میں دو ڈنڈے ہوں۔
دوحرف۔ مختصر۔ تھوڑا سا۔
دوحرف بھیجنا۔ لعنت بھیجنا۔ تعزیر کرنا۔
دوحرفی۔ بہت مختصر۔ وہ لفظ جس میں دو حرف ہوں۔
دودستی۔ (مونث) (۱) کشتی کا ایک پیچ۔ (۲) دو ہاتھ کا تلوار کا وار۔
دودلا۔ (۱) شکی۔ وہمی (۲) متفکر۔ حیران (۳) متذبذب۔
دودن۔ قلیل عرصہ۔ تھوڑا سا زمانہ۔
دودن کا مہمان۔ (۱) عارضی۔ فانی (۲) مرنے کے قریب۔
دودن کی چاندنی۔ (۱) حسن چند روزہ۔ (۲) عارضی خوبی۔
دودن میں۔ تھوڑی سی مدت میں۔
دودن نہ چلنا۔ جلد مر جانا۔ جوان مرجانا۔
دودو ہاتھ کرنا۔ (۱) لڑائی کرنا (۲) آزمائش کے لیے تھوڑی سی لڑائی کرنا۔
دودھارا۔ (مذکر) تیغ دو دم۔ دُہری دھار کی تلوار۔ (۲) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں۔ (۳) ایک قسم کی تصویر جس کی دوہری شاخیں ہوں۔
دودھاری تلوار۔ (مونث) وہ سیدھی تلوار جس کے دونوں طرف باڑھ ہو۔
دوراہا۔ (مونث) وہ جگہ جہاں دو راستے ملیں یا نکلیں۔
دورخا۔ (۱) دورُویہ (۲) دو پہلو والا (۳) منافق۔ دو رنگا۔
دورخی۔ (۱) تصویر جس میں دونوں رُخ نظر پڑیں (۲) ایک قسم کی کمان (۳) منافقانہ۔
دورسا۔ (مذکر) (۱) دو قسم کا ملا ہوا تمباکو (۲) خمیرہ تمباکو۔
دورنگا۔ (۱) دو رنگ کا (۲) ابلق (۳) منافق (۴) تلون مزاج۔
دوروزہ۔ عارضی۔ فانی۔
دورویہ۔ دونوں جانب سے۔ دونوں طرف سے۔
دوزانو۔ گھٹنوں کے بل۔
دوزانو بیٹھنا۔ گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔ ادب سے بیٹھنا۔
دوساکھی۔ دوساہی۔ دوسائی۔ دوفصلی۔ وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں۔ وہ زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو۔
دوسخنے۔ (مذکر) ایسے دو مصرعے جن کا جواب ایک ہو۔
دوسرا۔ دونوں جہاں۔
دوسوتی۔ (مونث) دو سُوت کا بنا ہوا کپڑا۔
دوسیری۔ (مونث) دو سیر کا باٹ۔
دوشاخہ۔ (۱) دو شاخ والا (۲) دو شاخوں کا شمع دان۔
دوشالہ۔ (مذکر) پشمینے کی دوہری چادر۔
دوشنبہ۔ (مذکر) پیر کا دن۔ سوموار۔
دوطرفہ۔ دوطرفی۔ دورُویہ۔ دونوں طرف کی۔
دوعملی۔ (مونث) (۱) دو شخصوں کی حکومت (۲) بدانتظامی۔
دوغزلہ۔ (مذکر) ایک بحر اور ایک ہی ردیف و قافیہ کی دو غزلیں۔
دوفٹا۔ (مذکر) ایک پیمانہ جس سے دو فٹ تک ناپا جاتا ہے۔
دوفصلی۔ وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے۔
دوقدم۔ (۱) تھوڑی دُور (۲) قریب۔ نزدیک۔
دوقدم آگے ہونا۔ سبقت لے جانا۔
دوکرنا۔ کاٹ دینا۔ دو حصے کرنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔
دوکوڑی کا۔ بے وقعت۔ گھٹیا۔ ذلیل۔
دوگاڑا۔ (مذکر) دونالی بندوق۔
دوگانہ۔ (۱) جڑواں یا دُہری چیز (۲) (مذکر) نماز کی دو رکعتیں۔ نمازِ شکرانہ۔
دوگن۔ (مونث) (۱) دوگنی آواز (۲) موسیقی میں دوسرے درجے کی آواز۔ دُون۔
دوگنا۔ دوچند۔ دُونا۔
دوگنی۔ دوگنا کی تانیث۔
دوگوشہ۔ (۱) دو قسم کا (۲) دونوں گال۔
دوگھڑی۔ تھوڑی دیر۔
دو گھڑی دن رہنا۔ تھوڑا سا دن باقی رہنا۔
دولتی۔ (مونث) گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اٹھا کر مارنا۔
دولتی پھینکنا۔ (جھاڑنا۔ چلانا۔ مارنا) لاتیں مارنا۔ لاتیں چلانا۔
دولڑا۔ (۱) دو دھاگوں والا (۲) ہار جس کی دو لڑیاں ہوں۔

Marfat.com

دوماہہ ۔ دو مہینے کی تنخواہ ۔
دو ملاؤں میں مرغی حرام ۔ (مثل) دو عہدیداروں میں کام بگڑ جاتا ہے ۔
دومنزلہ ۔ دو درجے کا مکان ۔
دومُنہا ۔ دومُنہی ۔ دو منہ کا ۔ دو منہ کا سانپ ۔
دونالی ۔ (مونث) وہ بندوق جس کی دو نالیاں ہوں ۔
دونو ۔ دونوں ۔ ہردو ۔
دونوں طرف ۔ (۱) دونوں جانب (۲) فریقین ۔
دونوں وقت ملنا ۔ شام ہونا ۔ جھٹ پٹا ہونا ۔
دونوں ہاتھ سے تالی بجنا ۔ فریقین کی مرضی سے جھگڑا یا صلح ہونا ۔
دو ورقی ۔ چھوٹی سی کتاب ۔
دو وقت ملنا ۔ شام ہونا ۔
دو وقتہ ۔ دونوں وقت ۔ صبح شام ۔
دوہتڑ ۔ دوہتھڑ ۔ (مذکر) دو ہاتھ جو اپنے یا کسی کے سینے پر منہ پر مارے جائیں ۔
دو ہی دن میں ۔ عرصہ قلیل میں ۔ کم وقفے میں ۔
دوا ۔ (دو ۔ آ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دُوجا ۔ دوسرا (۲) تاش کا وہ پتا جس میں دو نشان ہوں ۔ دُکی ۔ (۳) جوئے کے ایک داؤ کا نام (۴) دو کا ہندسہ ۔
دوا ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) (دوا ۔ دوائی) علاج معالجہ ۔
دواخانہ ۔ (مذکر) (۱) شفاخانہ (۲) دوا کی دوکان ۔
دوادارو ۔ (مونث) علاج معالجہ ۔ تیمارداری ۔
دوا راس آنا ۔ دوا کا موافق ہونا ۔
دوا کو نہ ملنا ۔ کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا ۔
دواب ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) دو کے تحت دیکھیے ۔
دوات ۔ (دَ ۔ وات) (ع ۔ ا ۔ مونث) سیاہی رکھنے کا ظرف ۔
دوّار ۔ (دَوّ ۔ وار) (ف ۔ صفت) (۱) گردش کرنے والا ۔ پھرنے والا (۲) بدلنے والا ۔
دُوار ۔ دُوارا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دروازہ (۲) وسیلہ (۳) آستانہ ۔ چوکھٹ ۔
دوازدہ ۔ (دَ ۔ واز ۔ دہ) (ف ۔ صفت) بارہ ۔
دوازدہ امام ۔ دیکھیے بارہ امام ۔
دِوالا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے دیوالا
دِوالی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) دیکھیے دیوالی ۔
دِوالیا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے دیوالیا ۔
دوام ۔ (دَ ۔ وام) (ع ۔ ا ۔ مذکر) ہمیشگی ۔
دوامی ۔ (ف ۔ صفت) دائمی ۔ ہمیشہ کے لیے ۔
دوامی بندوبست ۔ (مذکر) زمین کی مالگذاری کی وہ تشخیص اور اس سے متعلقہ انتظامات جو ہمیشہ کے لیے ایک ہی دفعہ کر دیے جائیں ۔
دوامی پٹا ۔ (مذکر) ایسا پٹا یا اجارہ جو ہمیشہ کے لیے ہو ۔
دوال ۔ (دَ ۔ وال) (ف ۔ صفت) دوڑتا ہوا ۔
دِوانہ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے دیوانہ ۔
دواوین ۔ (دَ ۔ وا ۔ وین) (ع ۔ ا ۔ مذکر) دیوان کی جمع ۔ شاعروں کے کلام کے مجموعے ۔
دِوائی ۔ (دَ ۔ وا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مونث) دوا ۔
دُوب ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) نرم گھاس ۔
دُو بدُو ۔ (ف) آمنے سامنے ۔ مدمقابل ۔ رُوبرو ۔
دوبدو ہونا ۔ مقابل ہونا ۔ سامنے ہونا ۔
دُوبھر ۔ (دُو ۔ بھر) (ہ ۔ صفت) (۱) دشوار ۔ مشکل (۲) ناگوار (۳) بوجھ ۔
دُوج ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) قمری ماہ کی دوسری اور سترھویں تاریخیں ۔
دُوجا ۔ (ہ ۔ صفت) دُوسرا ۔ ثانی ۔
دُود ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دھواں (۲) دُھند ۔ غبار ۔ (۳) بخارات ۔ بھاپ ۔
دُودِ چراغ ۔ چراغ کا دُھواں ۔
دُودکش ۔ دھواں نکلنے کا سُوراخ ۔ چمنی ۔
دُودمان ۔ (دُود ۔ مان) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) بڑا قبیلہ ۔ خاندان کنبہ (۲) نسل ۔ قوم ۔
دُودھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) شیر ۔ وہ سفید سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے ۔ (۲) درخت یا پودے کا گاڑھا رس ۔
دُودھ اترنا ۔ دُودھ کا تھن یا پستان میں آجانا ۔
دودھ بخشنا ۔ دُودھ پلانے کا حق معاف کرنا ۔
دُودھ بڑھانا ۔ بچے کا دُودھ چھڑانا ۔
دُودھ بھائی ۔ رضاعی بھائی ۔ دودھ شریک لڑکا ۔
دُودھ بھی دیا تو مینگنیوں بھرا ۔ جب کوئی شخص کافی حجر مجر کے بعد کوئی چیز دے اور اس میں عیب ہو تو کہتے ہیں
دُودھ پلائی ۔ (مونث) (۱) دایہ (۲) وہ نقدی جو دولہا کو دلھن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے ۔ یا [illegible] کے رشتہ دار دولھا کو دیتے ہیں ۔
دُودھ پھٹنا (۱) دُودھ کے اجزا الگ الگ ہونا (۲) دُودھ کا خراب ہوجانا ۔
دُودھ پیتا ۔ (۱) شیر خوار (۲) ننھا ۔ نادان ۔ بے سمجھ ۔
دُودھ چھڑانا ۔ ماں کا بچے کو اپنا دودھ دینا بند کر دینا ۔
دُودھ دوہنا ۔ گائے بھینس وغیرہ کا دُودھ نکالنا ۔
دُودھ ڈالنا ۔ بچے کا دُودھ کی قے کرنا ۔
دُودھ سا ۔ نہایت سفید ۔ دُودھ کی مانند ۔
دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے ۔ (مثل) کسی چیز سے ڈرا ہوا اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے ۔
دُودھ کا دودھ پانی کا پانی ۔ (مثل) جھوٹ اور سچ الگ الگ ۔ پورا پورا انصاف ۔
دُودھ کا سا اُبال ۔ جلد رفع ہو جانے والا جوش یا غصّہ ۔
دُودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا ۔ بے دخل کر دینا ۔ نکال دینا ۔ بے تعلق کر دینا ۔
دُودھ کے دانت ۔ وہ دانت جو بچے کے پہلے پہل اُگتے ہیں ۔
دُودھ کے دانت نہ ٹوٹنا ۔ کم عمر ہونا ۔
دُودھ ماں ۔ کھلائی ۔ انّا ۔

Marfat.com

دُودھ والا۔ دُودھ بیچنے والا۔ گوالا۔

دُودھوں نہاؤ پوتوں پھلو۔ دعا۔ ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو۔

دُودھیا۔ (دُو۔ دِھ۔ یا) (ہ۔ صفت) (۱) دُودھ سے بھرا ہوا (۲) دُودھ کا سا سفید۔

دُودھیل۔ (دُو۔ دِھیل) (ہ۔ صفت) دُودھ دینے والی۔

دودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی۔ (مثل) جس سے فائدہ ہو۔ اس کی کڑوی بات بھی سہنی پڑتی ہے۔

دَور۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) چکر۔ گردش (۲) حاشیہ۔ کنارہ (۳) باری (۴) زمانہ۔ عہد (۵) سبق کو بار بار دُہرانا (۶) حافظ کا قرآن شریف حفظ کرنا۔ (۷) محیط پھیلاؤ۔

دَور آنا۔ (۱) باری آنا (۲) شراب کا پیالہ آنا (۳) وقت آنا۔

دَور چلنا۔ شراب کا باری باری ہر ایک کے رُوبرو آنا۔

دَور دَورہ۔ (۱) حکومت۔ سلطنت (۲) رواج۔

دُور۔ (س۔ ف۔ صفت) (۱) بعید۔ فاصلے پر (۲) علیحدہ الگ۔ جدا۔

دور از کار۔ مطلب سے دُور۔ بے کار۔

دور افتادہ۔ جو فاصلے پر واقع ہو۔ بہت دور کا۔

دور اندیش۔ عقل مند۔ دانا۔

دور اندیشی۔ (مونث) عقل مندی۔ دانائی۔

دورباش۔ (۱) دور ہو (۲) (مذکر) ایک دو شاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے۔

دور بھاگنا۔ پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ الگ رہنا۔ دور رہنا۔

دوربین۔ (۱) دور اندیش (۲) (مونث) آلہ جس میں دور کی چیز بڑی اور نزدیک نظر آتی ہے۔

دوربینی۔ دور اندیشی۔

دور پار۔ خدا نہ کرے۔ خدانخواستہ۔

دور پہنچنا۔ (۱) دور چلا جانا (۲) بلند پروازی۔ دُور کی سوجھنا۔

دور دراز۔ (۱) بہت فاصلے پر۔ کالے کوسوں۔ (۲) بعید از قیاس۔

دُور دُور۔ کافی فاصلے پر۔

دور دور پہنچنا (۱) شہرت ہونا (۲) دُور کی سوجھنا۔

دُور دُور رہنا۔ کھنچے کھنچے رہنا۔ الگ رہنا۔

دوررس۔ (۱) دور تک پہنچنے والا۔ (۲) بلند خیال۔

دوررسی۔ (مونث) (۱) بلند خیالی (۲) دور تک پہنچنے کی قوت

دور کا۔ (۱) بعید (۲) ایسا رشتہ جو قریب کا نہ ہو۔ (۳) بعید از قیاس۔

دور کرنا۔ (۱) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) دفع کرنا۔

دور کی بات۔ (مونث) نکتہ۔ باریک بات۔

دور کی سوجھنا۔ (۱) کوئی باریک بات خیال میں آنا (۲) کوئی نکتہ سوجھنا۔

دور کی صاحب سلامت۔ (مونث) معمولی واقفیت۔

دور کی کوڑی لانا۔ کوئی نئی اور باریک بات کہنا۔

دور کی کہنا۔ (۱) معمولی سمجھ سے باہر کی بات کہنا (۲) سمجھ یا عقل کی بات کہنا۔

دور کی ہانکنا۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دُون کی لینا۔

دور کے ڈھول سہانے۔ (مثل) دُور کی سنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے۔ جب کسی چیز کی تعریف سنی ہو اور دیکھنے پر وہ اچھی ثابت نہ ہو تو اس وقت کہتے ہیں۔

دُور ہی سے سلام کرنا۔ بیزار ہونا۔ پناہ مانگنا۔

دوران۔ (دَو۔ ران) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) گردش۔ چکر۔ دورہ (۲) وقت۔ زمانہ۔ عمر (۳) انقلاب (۴) ہیر پھیر۔

دورانِ خون۔ جسم میں خون کی گردش۔

دورانِ سر۔ سر کا گھومنا۔ سر کا چکر۔

دوران میں۔ اثنا میں۔ عرصے میں۔

دَورہ۔ (دَو۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) چکر۔ گردش (۲) نوبت۔ باری (۳) شراب کا دور (۴) گشت۔ حکام کا اپنے علاقہ میں پھر کر حالات کا جائزہ لینا۔

دورہ پڑنا۔ مرض کا رہ رہ کر عود کر آنا۔

دُوری۔ (دُو۔ ری) (ف۔ ا۔ مونث) بُعد۔ فاصلہ۔

دَوڑ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) بھاگ (۲) پہنچ۔ رسائی (۳) کوشش۔ (۴) حملہ۔

دوڑ پڑنا۔ (۱) جلدی کرنا (۲) کسی مقام پر جلدی جانا۔

دوڑ جانا (۱) نفوذ کر جانا۔ پھیل جانا (۲) پولیس کا گرفتاری کے لیے جانا۔

دوڑ دھوپ۔ (مونث) (۱) محنت۔ مشقت (۲) کوشش۔ سعی۔

دَوڑنا۔ (دَو۔ ڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بھاگنا (۲) سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔

دوز۔ (ف) دوختن مصدر کا اسم فاعل یعنی سینے والا۔ چھیدنے والا۔ (مرکبات میں) جیسے زردوز۔ دل دوز

دوزخ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) جہنم۔ نرک۔ (۲) (کنایتہً) پیٹ۔ شکم۔

دوزخ بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔

دوزخ کا کُندہ۔ (مذکر) بڑا گنہگار۔

دوزخ کی آنچ۔ آتشِ جہنم۔ تیز آگ۔

دوزخ میں گھر کرنا۔ گناہ کر کے سزا کا مستحق ہونا۔

دوزخی۔ (دو۔ زَ۔ خی) (ف۔ صفت) جہنمی۔ گنہگار۔

دوزی۔ (ف۔ ا۔ مونث) سینا۔ چھیدنا (مرکبات میں جیسے زردوزی)

دوست۔ (ف۔ ا۔ مذکر) آشنا۔ یار۔ محبوب۔

دوست دار۔ خیرخواہ۔ ہمراز۔

دوست داری۔ (مونث) دوستی۔

دوست رکھنا۔ عزیز سمجھنا۔ پسند کرنا۔

دوست نما دشمن۔ ظاہر میں دوست۔ باطن میں دشمن۔

دوستانہ۔ (دوس۔ تا۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) یارانہ۔ دوستی (۲) (صفت) برادرانہ۔ دوست کا (۳) (تابع فعل) از رُوئے دوستی۔ دوست کی حیثیت سے۔

دوستی۔ (دوس۔ تی) (ف۔ ا۔ مونث) یارانہ۔ آشنائی۔

دوستی کا دم بھرنا۔ اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔

دُوسرا۔ (دُو۔ سَرا) (ہ۔ صفت) (۱) پہلے کے بعد کا۔ دوم۔

Marfat.com

ثانی (۲) غیر اجنبی۔
دُوسری بات نہ ہونا۔(۱) قیمت کا کم و بیش نہ ہونا۔(۲) زیادہ گفت گو نہ ہونا۔
دُوسری ماں۔سوتیلی ماں۔
دوش۔(س۔ا۔مذکر) قصور۔گناہ۔
دوش۔(ف۔ا۔مذکر) (۱) کندھا۔شانہ۔(۲) (تابع فعل) گذری ہوئی رات۔
دوش بدوش (۱) کندھے سے کندھا ملا کر (۲) متحد ہو کر۔
دوشالہ (دو۔شا۔لہ) (ف۔ا۔مذکر) پشمینہ کی دوہری چادر
دوشیزگی۔(دو۔شی۔زَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) کنوارپن بکارت۔
دوشیزہ۔(دو۔شی۔زہ) (ف۔ا۔مونث)۔کنواری۔باکرہ۔
دوغلا۔(دوغ۔لا) (ا۔صفت) (۱) دوفسلا۔وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں۔(۲) کم اصل۔کم ذات۔
دوغلی۔(ا۔صفت) دوغلا کی تانیث۔
دوغلی بات۔دورُخی بات۔
دُوَل۔(دُ۔وَل) (ع۔ا۔مذکر) (۱) دولت کی جمع (۲) بہت سی سلطنتیں (دال کے زیر سے بھی صحیح ہے۔)
دولائی۔(دو۔لا۔ای) (ہ۔ا۔مونث) جاڑوں میں اوڑھنے والا ایک دوہرا کپڑا۔
دَولت۔(ع۔ا۔مونث) (۱) دھن۔مال (۲) سلطنت۔حکومت۔
دولتِ حسن۔خوب صورتی۔
دولت خانہ (سرا۔کدہ) (مذکر) محل۔قصر۔مکان۔
دولتِ خداداد۔خدا کا دیا ہوا ملک۔
دولتِ دارین (کونین)۔دونوں جہاں کی نعمت۔
دولت سرا۔(مذکر) بادشاہ یا امیر کا محل۔
دولت مدار۔(صفت) وہ جگہ یا شخصیت جس پر دولت کا انحصار ہو۔
دولت مند۔امیر۔مالدار۔
دولت مندی۔(مونث) امیری۔مالداری۔
دُولہ۔دُولھا۔(ہ۔ا۔مذکر) (۱) وہ شخص جس کی شادی ہو رہی ہو۔نوشاہ۔بنرا (۲) خاوند۔شوہر۔
دُولھا بھائی۔بہن کا شوہر۔بہنوئی۔
دولھن۔(دُو۔لھن) (ہ۔ا۔مونث) وہ عورت جس کی شادی ہوئی ہو۔عروس۔
دُوم۔(دُ۔وم) (ف۔صفت)۔دوسرا۔دیگر۔ثانی۔
دُون۔(ہ۔صفت) (۱) دگنا۔(۲) (صفت) اونچے سُر کی آواز۔(۳) شیخی۔ڈینگ۔
دون کی (اڑانا) لینا۔(۱) شیخی بگھارنا (۲) خود ستائی۔
دُون۔(ف۔صفت) حقیر۔کمینہ۔
دون ہمت۔کم ہمت۔پست ہمت۔
دَونا۔(دَو۔نا) (ہ۔ا۔مذکر) پتوں کا پیالہ۔
دونا چڑھانا۔مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھاوا چڑھانا۔
دونا دینا۔حضرت علیؓ یا حضرت فاطمہؓ کی نیاز دینا۔
دونا ماننا۔نذر ماننا۔منت ماننا۔
دُونا۔(ہ۔صفت) (۱) دگنا۔دوچند (۲) دہرا۔
دونو۔دونوں۔(ہ۔صفت) دو کے تحت دیکھیے۔
دوہا۔(دو۔ہا)۔(ہ۔ا۔مذکر) دو مصرعوں کا ہندی شعر۔
دوہائی۔(ہ۔ا۔مونث) (۱) شور و غوغا (۲) کسی کو پکار کر مدد کے لیے بلانا (۳) داد خواہی۔استغاثہ۔
دوہائی پکارنا۔فریاد کرنا
دوہائی تہائی مچانا۔امداد کے لیے فریاد کرنا۔
دوہائی دینا۔(۱) کسی کا نام لے کر فریاد کرنا (۲) شور کرنا۔
دوہائی مانگنا۔پناہ مانگنا۔
دوہائی ہونا۔فریاد ہونا۔دوہائی! دوہائی! کی آواز ہونا۔
دوہائی ہے۔فریاد ہے۔
دوہتا۔(دوہ۔تا) (ہ۔ا۔مذکر) بیٹی کا بیٹا۔نواسا۔
دَوہتری۔(دَو۔ہت۔ری) (س۔ا۔مذکر) دیکھیے دوہتی
دوہتی۔(دوہ۔تی) (ہ۔ا۔مونث) بیٹی کی بیٹی۔نواسی۔
دوہرا۔(دوہ۔را) (ہ۔صفت) (۱) دوتہہ کا۔دگنا۔(۲) ٹیڑھا۔
دوہرانا۔(ہ۔مص) (۱) دوبارہ کہنا (۲) بار بار پڑھنا۔(۳) دوبارہ کرنا۔
دوہری۔(دوہ۔ری) (ہ۔صفت) دوہرا کا مونث۔
دوہنا۔(دوہ۔نا) (ہ۔مص) تھن سے دودھ نکالنا۔
دُوئی۔(دُو۔ای) (ہ۔ا۔مونث) (۱) دو سمجھنا۔(۲) غیریت۔(۳) جھگڑا۔اَن بن۔
دوئی کا پردہ اٹھنا۔غیریت مٹنا۔ایک ہونا۔
دُوئم۔(ف۔صفت) دیکھیے دُوم۔

## د۔ہ

دہ۔(ف۔صفت) دس۔
دہ چند۔دس گنا۔
دِہ۔(ف۔ا۔مذکر) گاؤں۔قریہ۔
دِہ بندی۔گاؤں کی مکمل فہرست اور مالگذاری کی تفصیل
دِہ خدا۔گاؤں والا۔نمبردار۔
دِہ۔(ف) مصدر دادن کا اسم فاعل یعنی دینے والا۔(مرکبات میں جیسے آرام دہ۔رنج دہ)
دِہات۔(ف۔ا۔مذکر) دیکھیے دیہات۔
دھات۔(ہ۔ا۔مونث) (۱) وہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی خصوصیت ہو۔جیسے سونا۔چاندی (۲) پیشاب کے ساتھ خارج ہونے والا سفید مادہ۔
دِہاتی۔(دِ۔ہا۔تی) (ہ۔صفت) دیکھیے دیہاتی۔
دھار۔(س۔ا۔مونث) (۱) کسی گرتی ہوئی سیال چیز کا تار (۲) تلوار کی باڑھ (۳) دریا کا وسط یا بہاؤ۔
دھار کا الٹ جانا۔باڑھ کند ہو جانا۔

Marfat.com

دھار دار - تیز - باڑھ والی -
دھار رکھنا - (۱) باڑھ رکھنا - (۲) تیز کرنا -
دھار لگانا (مارنا) - موتنا - پیشاب کرنا
دھارا - (دھا - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) چشمہ - سوتا - منبع - آبشار - پانی بہنے کی جگہ (۲) دریا کے وسط میں پانی کا بہاؤ -
دھارمک (دھار - مک) [ہ - صفت] (۱) مذہبی - (۲) پابند مذہب -
دھارن - (دھا - رن) [س - ا - مذکر] (۱) حصول (۲) ذمہ - (۳) پہناوا -
دھارن کرنا - اختیار کرنا -
دھارنا - (دھا - رنا) [ہ - مص] (۱) اختیار کرنا (۲) بھرنا (روپ) (۳) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا -
دھاری - (دھا - ری) [ہ - ا - مونث] (۱) لکیر - خط - (۲) نالی (۳) چھوٹا پشتہ (۴) فوج (۵) حد - کنارہ - [س - صفت] (۶) پکڑنے والا (۷) رکھنے والا -
دھاری دار - وہ شے جس پر خط پڑے ہوئے ہوں -
دہاڑ - (دَ - ہاڑ) [ہ - ا - مونث] (۱) شور (۲) گرج - شیر کی آواز -
دہاڑیں مارنا - زور زور سے رونا - چیخ چیخ کر رونا -
دھاڑ - [ہ - ا - مونث] ہجوم - انبوہ - مجمع - جتھا -
دھاڑ کی دھاڑ - مجمع - انبوہ - جم غفیر -
دھاڑ مارنا - (۱) ڈاکہ مارنا (۲) حملہ کرنا -
دہاڑنا - دھاڑنا - [ہ - مص] (۱) شیر کا گرجنا (۲) چلانا -
دہاڑی - (دَ - ہا - ڑی) [ہ - ا - مونث] ایک دن کی مزدوری
دھاک - [ہ - ا - مونث] (۱) شہرت - غلغلہ - دھوم - (۲) خوف (۳) رعب داب -
دھاک بیٹھنا (جمنا) - رعب قائم ہونا -
دھاک ہونا - (۱) شہرہ ہونا (۲) رعب ہونا -
دہاکا - (دَ - ہا - کا) [ہ - ا - مذکر] (۱) دس - دس کا مجموعہ (۲) دہائی (۳) نقصان (۴) صدمہ - غم - رنج -
دھاگا - (دھا - گا) [ہ - ا - مذکر] ڈورا - تاگا - تار -
دھام - [س - ا - مذکر] گھر - مکان -
دھامن - (دھا - من) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک قسم کا اژدہا - (۲) ایک قسم کا بانس (۳) ایک قسم کی عمدہ گھاس -
دہان - (دَ - ہان) [ف - ا - مذکر] (۱) منہ (۲) سوراخ -
دھان - [ہ - ا - مذکر] (۱) چاول کا پودا (۲) چھلکے دار چاول -
دھان پان - نازک اندام - دُبلا پتلا -
دھاندل - دھاندلی (دھان - دَل ، دھاند - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) جھگڑا - فساد (۲) بے ایمانی - دھوکا - فریب -
دھاندلی کرنا - (۱) دغابازی کرنا (۲) زبردستی کوئی چیز چھین لینا -
دھانس - [ہ - ا - مونث] (۱) تیز بُو جس سے کھانسی آنے لگے - (۲) خفیف کھانسی -

دھانس چڑھنا - بُو کا ناک میں پہنچ کر خراش پیدا کرنا -
دھانسنا - (دھانس - نا) [ہ - مص] مرچ وغیرہ کی بُو کی وجہ سے کھانسی اٹھنا -
دہانہ - (دَ - ہا - نہ) [ف - ا - مذکر] (۱) منہ - دہن (۲) سمندر یا جھیل میں دریا کے گرنے کا مقام (۳) وادی کا آغاز - (۴) لوہے کا ساز جو گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں - (۵) جولاہوں کا ایک اوزار -
دھانی - [ہ - صفت] دھان کے رنگ کا - ہلکے سبز رنگ کا -
دھاوا - [ہ - ا - مذکر] (۱) حملہ - چڑھائی (۲) دوڑ -
دھاوا بول دینا - حملہ کرنا -
دھاوا کرنا - چڑھائی کرنا
دھاوا مارنا - (۱) لمبا سفر طے کرنا (۲) یکایک حملہ کرنا -
دَہائی - (دَ - ہا - ئی) [ہ - ا - مونث] دس کے عدد کا مرتبہ دس کی وحدت -
دہائی - [ہ - ا - مونث] دیکھیے دوہائی -
دھب دھب - [ہ - ا - مونث] پاؤں کی آواز -
دھبا - (دھب - با) [ہ - ا - مذکر] (۱) داغ - ٹیکا - (۲) تہمت - عیب -
دھبا لگنا - (۱) داغ لگنا (۲) عیب لگنا - تہمت لگنا -
دھبدھبانا - (دھب - دھ - با - نا) [ہ - مص] پاؤں سے دھب دھب کی آواز نکالنا -
دھبڑ دھبڑ - (دھ - بڑ - دھ - بڑ) [ہ - ا - مونث] بھاری بھرکم پاؤں کی آواز - دھب - دھب -
دھپ - [ہ - ا - مونث] (۱) آواز - دھب - دھب (۲) بھاری بدن کے گرنے کی آواز (۳) تھپڑ - دھول - (۴) نقصان -
دھپا - (دھپ - پا) [ہ - ا - مذکر] (۱) تھپڑ (۲) دھوکا - (۳) فاصلہ -
دھت - [ہ - ا - مونث] (۱) عادت - لت - دُھن - (۲) ہاتھی کو بٹھانے کا ایک کلمہ -
دُھت - [ہ - صفت] (۱) نشے میں چُور - مخمور (۲) (کلمۂ نفرت) دُور ہو - پرے ہٹ -
دُھت تیرے کی - دُور ہو جا - چلا جا -
دُھتکار - (دُھت - کار) [ہ - ا - مونث] لعنت ملامت -
دُھتکارنا - (دُھت - کار - نا) [ہ - مص] (۱) نکالنا - ذلیل کرنا (۲) گھُڑکنا - جھڑکنا -
دُھتکاری - (دُھت - کا - ری) [ہ - ا - مونث] دیکھیے دھتکار -
دھتورا - (دَھ - تُو - را) [ہ - ا - مذکر] ایک پودا جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے -
دھتی - دھتیا - [ہ - ا - مذکر] جسے کوئی بُری عادت یا لت پڑ جائے -
دھج - [ہ - ا - مونث] (۱) انداز - طرز (۲) وضع قطع - پوشاک
دھج بدلنا - (۱) صورت بدلنا - طرز بدلنا (۲) پوشاک بدلنا (۳) ٹھاٹھ بدلنا -

Marfat.com

**دھجّی** - (دھج - جی) (ہ - امونث) کپڑے یا کاغذ کی کترن - پرزہ - چیتھڑا -
**دھجّی ہو جانا** - بہت دبلا ہونا -
**دھجیاں اڑنا** - (۱) پرزے پرزے ہونا (۲) سخت سزا ملنا -
**دھجیاں بکھیر دینا** - (۱) ادھیڑ دینا (۲) ذلیل کرنا (۳) افشا کرنا یا راز کرنا (۴) منتشر کرنا -
**دھجیاں لگنا** - (۱) نہایت غریب ہونا (۲) کپڑے پھٹ جانا -
**دھچکا** - (دھچ - کا) (ہ - امذکر) دیکھیے دھکا -
**دہر** - (ع - امذکر) (۱) وقت - زمانہ (۲) دنیا
**دھم** - (ہ) حرفِ اختصاص - اردو میں انحصار کے معنی دیتا ہے -
**دھر پکڑ** - مونث - گرفتاری -
**دھر پکڑنا** - جلدی سے پکڑ لینا - پھانس لینا -
**دھر کھسوٹنا** - رکھ لینا -
**دھر رگڑنا** - بری طرح رگڑنا - خوب ذلیل کرنا -
**دھر کے مروڑنا** - زور کر کے مروڑنا -
**دھر گھسیٹنا** - زور سے گھسیٹنا -
**دھر لینا** - (۱) رکھ لینا (۲) خوب خبر لینا -
**دھرا** - (ہ) رکھا ہوا -
**دھرا جانا** - پکڑا جانا - مصیبت میں پھنسنا -
**دھرا رہنا** - رکھا رہنا - بے کار پڑے رہنا -
**دھرا کیا ہے** - (۱) کیا خوبی ہے (۲) کچھ قوت نہیں (۳) کچھ موجود نہیں -
**دُھرا** - (دھ - را) (ہ - امذکر) لوہے کی سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے (۲) زمین کا محور (۳) ڈانڈا -
**دُہرا** - (دہ - را) (ہ - صفت) دیکھیے دوہرا -
**دہرانا** - دیکھیے دوہرانا -
**دھر پیٹ** - دھر بد - (ہ - امونث) ایک جنگ کی الف -
**دھرتا** - (س - امذکر) (۱) مددگار - محافظ - اردو میں صرف کے آخر میں استعمال ہے - کرتا دھرتا -
**دھرتی** - (ہ - امونث) (۱) زمین (۲) دنیا - (۳) نفس
**دھرتی ماتا** - زمین - مادر گیتی -
**دھرم** - (س - امذکر) (۱) ہنجار یا قانون (۲) فرض (۳) مذہب (۴) ایمان - عقیدہ - رسم و دستور - قاعدہ -
**دھرم پتنی** - مونث - دھرم کے بموجب بیاہی ہوئی عورت - بیوی -
**دھرم رکھشا** - مونث - دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا -
**دھرم شالہ** - مونث - خیراتی سرائے -
**دھرم سے** - (۱) ایمان سے (۲) قسم سے -
**دھرم شاستر** - مذکر - مذہبی قوانین کا مجموعہ - منو کی کتاب قوانین -
**دھرم کمانا** - (۱) نیک کام کر کے اگلے جنم کے لیے پن (ثواب) جمع کرنا (۲) مکتی - نجات حاصل کرنا -
**دھرماتما** - (دھرم - آت - ما) (ہ - صفت) پابند مذہب - دیندار -
**دھرمی** - (ہ - صفت) دیندار - مذہبی - متقی -

**دھرن** - (دھ - رن) (ہ - امونث) (۱) زمین (۲) بچہ دان (۳) ناف (۴) شہتیر -
**دھرن ٹلنا** - ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا -
**دھرنا** - (ہ - مص) (۱) رکھنا - ٹکانا (۲) سپرد کرنا - امانت رکھنا - (۳) جمع کرنا (۴) قبضہ کرنا - گرفتار کرنا (۵) غور سے سننا - (۶) (مذکر) بیٹھنے کا عمل - قرض خواہ کا مقروض کے دروازے پر -
**دھرنا دے کر بیٹھنا** - دھرنا دینا - جم کر بیٹھنا - مضبوط ارادہ کر کے بیٹھنا -
**دھروانا** - (ہ - مص) (۱) رکھوانا (۲) پکڑوانا -
**دھروہر** - (دھ - رو - ہر) (ہ - امونث) (۱) امانت - تحویل - (۲) گروی رکھی ہوئی چیز -
**دُھری** - (ہ - امونث) (۱) محور (۲) لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے -
**دہری** - (دہ - ری) (ہ - صفت) دیکھیے دوہری -
**دہریت** - (دہ - ری - یت) (ع - امونث) الحاد - خدا کو نہ ماننا -
**دہریہ** - (دہ - ری - یہ) (ع - امذکر) خدا کو نہ ماننے والا - ملحد - لامذہب -
**دھڑ** - (ہ - امذکر) (۱) سر اور ٹانگوں کے درمیان کا حصہ جسم (۲) (مونث) گرنے کی آواز -
**دھڑ رہ جانا** - جسم کا حرکت نہ کر سکنا - فالج ہونا -
**دھڑا** - (دھ - ڑا) (ہ - امذکر) (۱) وزن (۲) پانچ سیر کا وزن (۳) پاسنگ (۴) جماعت - فریق -
**دھڑا باندھنا** - (۱) پاسنگ سے کسی چیز کا وزن برابر کرنا - (۲) گروہ بندی کرنا -
**دھڑے بندی** - دھڑے بندی - مونث - گروہ بندی - جانبداری -
**دھڑام** - (دھ - ڑام) (ہ - امونث) بھاری چیز کے زمین یا پانی میں گرنے کی آواز -
**دھڑام سے** - زور سے - آواز کے ساتھ -
**دھڑ دھڑانا** - دھڑا دھڑ ڈانا (ہ - مص) (۱) دروازہ کھٹکھٹانا (۲) کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آواز نکالنا -
**دھڑک** - (دھ - ڑک) (ہ - امونث) (۱) بے قراری (۲) خوف
**دھڑکا** - (دھڑ - کا) (ہ - امذکر) خوف - ڈر -
**دھڑکا رہنا** - خوف ہونا - کھٹکا رہنا -
**دھڑکن** - (دھڑ - کن) (ہ - امونث) (۱) حرکت کرنا دل کا - اختلاج - بے چینی
**دھڑکنا** - (دھ - ڑک - نا) (ہ - مص) (۱) حرکت کرنا دل کا (۲) بے قرار ہونا
**دھڑلا** - (دھ - ڑلا) (ہ - امذکر) (۱) رعب داب (۲) زور - بہادری
**دھڑلے سے** - زور سے - علانیہ - بے باکانہ -
**دھڑی** - (دھ - ڑی) (ہ - امونث) (۱) پانچ سیر کا وزن - (۲) مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں -
**دھڑی جمنا** - ہونٹوں پر مسی کی تہ جمنا -

Marfat.com

دھڑیوں۔ کثرت سے۔ افراط سے۔
دُھسّا۔ (دُھس۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) موٹی اُون کی چادر۔ پشمینہ۔
دھسان۔ (دَھ۔سان) (ہ۔ا۔مونث) دلدل۔ کیچڑ جس میں پاؤں گھس جائیں۔
دھسانا۔ (دَھ۔سا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹھونسنا۔ گھسیڑنا۔ (۲) دلدل میں پھنسانا۔
دھسنا۔ (دَھس۔نا) (ہ۔مص) گھسنا۔ زمین کے اندر کی طرف جانا۔
دِہش۔ (دِ۔ہِش) (ف۔ا۔مونث) بخشش۔ انعام۔
دہشت۔ (دَہ۔شت) (ف۔ا۔مونث) ڈر۔ خوف۔ خطرہ
دہشت انگیز۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ بھیانک۔
دہشت زدہ۔ خوف کا مارا۔ ڈرا ہوا۔
دہشت سمانا۔ دل میں خوف سمانا۔
دہشت کھانا۔ (۱) ڈرنا (۲) رعب میں آنا۔
دہشت ناک۔ بھیانک۔ ڈراؤنا۔
دِہقان۔ (دِہ۔قان) (ف۔ا۔مذکر) (۱) گاؤں کا باشندہ۔ کسان (۲) گنوار۔
دِہقانیت۔ (دِہ۔قا۔نی۔یت) (ف۔ا۔مونث)۔ گنوارپن۔
دھک۔ (ہ۔صفت) (۱) حیران (۲) (مونث) چھوٹی جوں۔ لیکھ۔
دھک سے رہ جانا۔ حیران رہ جانا۔ بھونچکا رہ جانا۔
دھکا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) صدمہ (۲) لغت (۳) حادثہ۔ (۴) ضرر (۵) ہچکولا۔
دھکا پیل۔ (مونث) دھکم دھکا۔ ہجوم میں بہت دھکے لگنا۔
دھکا دینا۔ (۱) دھکیلنا (۲) صدمہ پہنچانا۔
دھکا لگنا۔ نقصان ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔ مصیبت آنا۔
دھکے دینا۔ (۱) گردن سے پکڑ کر نکال دینا۔ (۲) ہچکولے دینا۔
دھکے کھانا۔ مارا مارا پھرنا۔
دہکانا۔ (دَہ۔کا۔نا) (ہ۔مص) آگ روشن کرنا۔
دھکڑ پکڑ۔ (دَھ۔کڑ۔پ۔کڑ) (ہ۔ا۔مونث) (۱) پس و پیش۔ تذبذب۔ (۲) دھڑکن۔ بے قراری۔
دھکم دھکا۔ (دَھ۔کم۔دَھک۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) دھکے پر دھکا۔ دھکا پیل۔
دہکنا۔ (دَہک۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ کا بھڑکنا (۲) بدن کا گرم ہونا۔
دھکیانا۔ (دَھک۔یا۔نا) (ہ۔مص) دھکا دینا۔ ریلنا۔
دھکیل۔ (دَھ۔کیل) (ہ۔ا۔مذکر) دھکا۔ صدمہ۔
دھکیل دینا۔ (۱) دھکا دینا (۲) جگہ سے کھسکا دینا۔
دھکیلنا۔ (دَھ۔کیل۔نا) (ہ۔مص) دھکا دینا۔
دھگڑا۔ (دَھگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) شوہر۔ خاوند۔ (۲) یار۔ آشنا۔
دہل۔ (دَ۔ہَل) (ہ۔ا۔مونث) (۱) خوف۔ ڈر۔ تردد۔
گھبراہٹ (۲) دلدل۔
دہل جانا۔ ڈر جانا۔
دُہل۔ (ف۔ا۔مذکر) ڈھول۔ نقارہ۔
دہلا۔ (دَہ۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) تاش کا پتا جس پر دس نشان ہوں۔
دہلانا۔ (دَہ۔لا۔نا) (۱) ڈرانا (۲) ہلانا۔
دُھلانا۔ (ہ۔مص) کپڑے یا کسی شے کو پانی سے صاف کرانا۔
دُھلائی۔ (ہ۔ا۔مونث) کپڑے یا کسی دوسری شے کو دھونے کا عمل (۲) دھونے کی اُجرت۔
دُھل جانا۔ (ہ۔مص) کپڑوں یا کسی دوسری شے کا پانی سے صاف ہو جانا۔
دَھل دَھل۔ (ہ۔صفت) زور سے بجنے والا۔
دہلنا۔ (دَہ۔ل۔نا) (ہ۔مص) (۱) رعب کھانا۔ ڈرنا۔ (۲) زمین کا پھٹ جانا۔ یا جنبش میں آنا۔
دُھلوانا۔ (ہ۔مص) دیکھیے دُھلانا۔
دُھلوائی۔ (ہ۔ا۔مونث) کپڑے دُھلوانے کی اُجرت۔
دِہلوی۔ (دِہ۔لَ۔وی) (ا۔ر۔صفت) دہلی کا باشندہ۔ دہلی سے متعلق۔
دہلیز۔ (دَہ۔لیز) (ف۔ا۔مونث) (۱) چوکھٹ (۲) ڈیوڑھی۔
دہلیز کا کتا۔ (۱) پالتو کتا (۲) مفت خورا۔
دہم۔ (دَ۔ہُم) (ف۔صفت) دسواں۔
دھم۔ (ہ۔ا۔مونث) گرنے یا کودنے کی آواز۔
دھم سے۔ (۱) شور کرتے ہوئے (۲) یکایک۔ فوراً۔
دھما چوکڑی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) شور و غل۔ ہنگامہ (۲) کود پھاند۔
دھما چوکڑی مچانا۔ شور و غل کرنا۔ اُودھم مچانا۔
دھماکا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) گرنے یا کودنے کی آواز (۲) توپ یا بم کی آواز۔ (۳) ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں پر لادی جاتی تھی۔
دھمک۔ (دَھ۔مک) (ہ۔ا۔مونث) (۱) آہٹ۔ (۲) صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے (۳) ہلکا درد سر ٹیس۔
دھمکانا۔ (ہ۔مص) (۱) ڈرانا۔ ڈانٹنا (۲) سرزنش کرنا۔
دھمکنا۔ (دَھ۔مک۔نا) (ہ۔مص) (۱) خفیف درد سر ہونا۔ (۲) کوئی چیز کوٹنا (۳) یکایک کہیں پہنچ جانا۔
دھمکی۔ (دَھم۔کی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) خوف۔ (۲) گھڑکی۔
دھمکی میں آنا۔ ڈر جانا۔ رعب مان جانا۔
دھموکا۔ (دَھ۔مو۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مکا (۲) گھونسا۔ (۲) ایک قسم کا رَث۔
دَہن۔ (دَ۔ہَن) (ف۔ا۔مذکر) دہان کا مخفف۔ منہ۔
دہنِ سگ بہ لقمہ دوختہ بہ۔ (مثل) کتے کے منہ کو لقمے سے سی دینا بہتر ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کی ایذا دہی سے بچنے کے لیے اُسے کچھ دیں۔
دھن۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) مال۔ جائداد (۲) قسمت (۳)

Marfat.com

(۲) منطقۃ البروج کا نواں بُرج۔
دھن وان۔ دولت مند۔ امیر۔
دُھن۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) دھیان۔ خیال (۲) شوق (۳) گانے کی طرز۔ لَے۔
دھن سمانا۔ خیال بندھنا۔
دھن کا پکا۔ وہ شخص جو کسی خیال یا بات کے پیچھے لگ جائے۔
دھن لگنا۔ (۱) دھیان لگنا (۲) دھت ہونا۔
دھن ہونا۔ (۱) شوق ہونا (۲) خیال ہونا۔
دہنا۔ (دَہ۔نا) (ہ۔صفت) راست۔ سیدھا۔ دایاں۔
دھنا سیٹھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) نہایت دولت مند۔
دِہند۔ (دِ۔ہَند) (ف۔صفت)۔ دہندہ کا مخفف دینے والا
دھند۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کُہر (۲) اندھیرا (۳) ضعف بصارت۔
دھندا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کاروبار (۲) مصروفیت (۳) پیشہ۔
دہندگان۔ (دِ۔ہَن۔دَ۔گان) (ف۔صفت) دہندہ کی جمع۔ دینے والے۔
دُھندلا۔ (ہ۔صفت) (۱) تاریک (۲) ناصاف۔
دھندلاپن۔ (مذکر) (۱) اندھیرا (۲) کُہر کا سا عالم۔
دھندلا دکھائی دینا۔ صاف نظر نہ آنا۔ کم نظر آنا۔
دھندلے کا وقت۔ (۱) شام کی سیاہی (۲) صبح کاذب۔
دُھندلانا۔ (ہ۔مص) تاریک ہونا۔
دُھندلکا۔ (دُھن۔دَل۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) نور کا تڑکا۔
دِہندہ۔ (دِ۔ہَن۔دَہ) (ف۔صفت) دینے والا۔
دھنسنا۔ (دَھنس۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھسنا (۲) دلدل میں پھنسنا۔
دھنک۔ (دَھ۔نک) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کمان (۲) قوس قزح (۳) ایک قسم کی اوڑھنی (س) دھنش۔
دُھنکنا۔ (دُھ۔نک۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے دُھننا۔
دُھنکوانا۔ (دُھ۔نک۔وا۔نا) (ہ۔ا۔مونث)۔ رُوئی صاف کرانا۔
دُھنکی۔ (دُھن۔کی) (ہ۔ا۔مونث) روئی دھنکنے کا آلہ۔
دُھننا۔ (دُھن۔نا) (ہ۔مص) (۱) روئی صاف کرنا۔ (۲) مارنا پیٹنا۔
دھنی۔ (دَھ۔نی) (ہ۔صفت) (۱) دولت مند (۲) آقا۔ مالک۔
دھنیا۔ (دَھن۔یا) (ہ۔ا۔مذکر) ایک خوشبودار پودا جس کے پتے اور بیج کوٹ کر سالن میں ڈالے جاتے ہیں۔ کشنیز۔
دُھنیا۔ (دُھن۔یا) (ہ۔ا۔مذکر) رُوئی دُھنکنے والا۔
دہنیت۔ (دُہ۔نی۔یت) (ع۔ا۔مونث) چکنائی۔ چکناہٹ۔
دُھنیس۔ (دُھ۔نیس) (ہ۔ا۔مذکر) ایک بڑی چونچ کا پرندہ۔
دُھواں۔ (دُھو۔آں) (ہ۔ا۔مذکر) دُخان وہ بخارات جو کسی چیز کے جلنے سے پیدا ہوتے ہیں۔
دُھواں دار (۱) پُرجوش (۲) نہایت سیاہ (۳) دھوئیں سے بھرا ہوا۔
دھواں دار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔
دھواں دار تقریر۔ پُرجوش تقریر۔
دھواں دھار ہوجانا۔ سخت اندھیرا ہوجانا۔
دھواں دینا۔ جلنے سے دھواں پیدا کرنا۔
دھوئیں پانی کا شریک۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
دھوب۔ (ہ۔ا۔مذکر) دھونا۔ شوب۔
دھوبن۔ (دھو۔بن) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کپڑے دھونے والی عورت۔ دھوبی کی بیوی (۲) ایک قسم کا پرند۔
دھوبی۔ (دھو۔بی) (ہ۔ا۔مذکر) کپڑا دھونے والا
دھوبی پاٹ۔ دھوبی پٹڑا۔ (مذکر) (۱) وہ سِل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں (۲) کشتی کا ایک داؤں۔
دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا۔ (مثل) جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ نکما اور بے کار آدمی۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
دُھوپ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) سورج کی تیز روشنی (۲) ایک قسم کی خوشبو۔
دھوپ آنا۔ دھوپ پہنچنا۔ سورج کا سامنے آجانا۔
دھوپ پڑنا۔ گرمی ہونا۔ سخت دھوپ ہونا۔
دھوپ چھاؤں۔ (۱) اندھیرا۔ اُجالا (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں دو رنگ ملے ہوتے ہیں۔
دھوپ چھوڑنا۔ سورج کے آگے سے ہٹ جانا۔
دھوپ دکھانا (دینا)۔ کسی چیز کو دھوپ میں رکھ کر سکھانا۔
دھوپ کھانا۔ (۱) دھوپ میں بیٹھا رہنا۔ (۲) کسی چیز کو دھوپ لگنا۔
دھوپ گھڑی۔ (مونث) ایک آلہ جس پر دھوپ پڑنے سے مختلف نشانات مختلف اوقات ظاہر کرتے ہیں۔
دھوپ لگنا۔ دھوپ کا اثر کرنا۔
دھوپ میں بال سفید کرنا۔ بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔
دھوپ نکلنا۔ (۱) سورج چڑھنا (۲) سورج کا بادلوں میں سے نکلنا۔
دھوتی۔ (دھو۔تی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) سفید باریک لمبا کپڑا جو کمر سے باندھا جاتا ہے (۲) لنگی۔
دھوکا۔ (ہ۔ا۔مذکر) غلط فہمی۔ غلطی (۲) دغا۔ فریب۔
دھوکا اٹھانا۔ دھوکا کھانا۔
دھوکا دھڑی۔ دغا فریب۔
دھوکا دہی۔ (مونث) فریب دینا۔
دھوکا کھانا۔ (۱) غلطی کرنا (۲) فریب میں آنا۔
دھوکا ہونا۔ (۱) غلطی ہونا (۲) شبہ ہونا۔
دھوکے باز۔ دغا باز۔ فریبی۔ مکار۔
دھوکے بازی۔ (مونث) فریب۔ دغابازی۔
دھوکے کی ٹٹی۔ (مونث) (۱) فریب میں لانے والی یا مغالطہ دینے والی شے (۲) وہ ٹٹی جس کی آڑ میں شکار کھیلتے ہیں۔

Marfat.com

دھوکے میں۔ (۱) دھوکا کھا کر (۲) کسی اور کے گمان سے۔
دھوکے میں آنا۔ دھوکا کھانا۔
دھوکے میں رہنا۔ جھوٹی امید میں رہنا۔ جھوٹے دمسے پر یقین کرنا۔
دَھول۔ (ہ۔ا۔ مذکر و مونث) (۱) جوار کا بڑا پٹھا جسے چوستے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا گنا (۳) دھپ۔ تھپڑ۔
دھول دَھپّا۔ (مذکر) (۱) ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ (۲) چھیڑ چھاڑ۔
دُھول۔ (ہ۔ا۔ مونث) خاک۔ گرد۔ راکھ۔ مٹی۔
دھول اڑنا۔ (۱) خاک اڑنا (۲) تباہی مچنا۔
دَھولا۔ (دَھو۔ لا) (ہ۔ صفت) سفید۔ چمک دار۔
دھولاپن۔ (مذکر) سفیدی۔ چمک۔ صفائی۔
دھولے آجانا۔ سفید بال نکلنے شروع ہونا۔
دُھوم۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) شور و غل (۲) شہرت۔ غلغلہ (۳) ایک قسم کا چکن کا کام۔
دھوم دھام۔ زور شور (دھام تابع موضوع ہے)
دھوم دَھڑکا۔ (مذکر) ہنگامہ۔ شور۔ غلغلہ۔
دھوم مچانا۔ شور کرنا۔
دھوم مچنا۔ (۱) شہرت ہونا (۲) ہنگامہ برپا ہونا۔
دھوم ہونا۔ شہرت ہونا۔
دھونا۔ (دھو۔ نا) (ہ۔ مص) پانی سے صاف کرنا۔
دھونس۔ (ہ۔ا۔ مونث) دھمکی۔
دھونس میں آنا۔ ڈر جانا۔
دُھونسا۔ (دُھوں۔ سا) (ہ۔ا۔ مذکر) بڑا نقارہ۔
دُھونکنا۔ (دُھونک۔ نا) (ہ۔ مص) دھونکنی سے پھونکنا۔
دُھونکنی۔ (دُھونک۔ نی) (ہ۔ا۔ مونث) آگ پھونکنے کا چمڑے کا مشک کی شکل کا آلہ۔
دُھونی۔ (دُھو۔ نی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) خوشبو جلانا۔ دھواں اٹھنے کے لیے کوئی چیز آگ میں ڈالنا (۲) سادھوؤں کا الاؤ۔
دھونی رمانا۔ آگ کا الاؤ جلا کر سادھوؤں کی طرح بیٹھ جانا۔
دھونی لینا۔ ناک میں دُھواں لینا۔
دھووَن۔ (دھو۔ وَن) (ہ۔ا۔ مذکر) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔ اور اس میں کثافت آگئی ہو۔
دھویا جانا۔ (ہ۔ مص) بے شرم ہونا۔ بے باک ہونا۔
دھویا دیدہ۔ (ا۔ صفت) بے غیرت۔ بے حیا۔
دَہی۔ (دَ۔ ہی) (ہ۔ا۔ مذکر) جما ہوا دودھ۔
دہی جمانا۔ دودھ میں تھوڑی کھٹائی ڈالنا تاکہ دودھ جم جائے۔
دِہی۔ (دِ۔ ہی) (ف۔ا۔ مونث) دینے کا عمل۔ دینا۔ (مرکبات میں جیسے فریب دہی)
دھی۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) بیٹی (۲) سمجھ۔ عقل۔
دِھیان۔ (ہ۔ا۔ مذکر) خیال۔ توجہ۔ فکر۔ لحاظ
دھیان آنا۔ خیال آنا۔ یاد آنا۔
دھیان بٹنا۔ دوسری طرف متوجہ ہونا۔ خیال کا پراگندہ ہونا۔
دھیان بندھنا۔ کسی کا تصور بندھنا۔
دھیان پر چڑھنا۔ کسی بھولی بسری بات کا یاد آجانا۔
دھیان دوڑانا۔ یاد کرنے کی کوشش کرنا۔
دھیان دینا۔ توجہ سے کام کرنا۔ خیال کرنا۔
دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔
دھیان رہنا۔ خیال رہنا۔ یاد رہنا۔
دھیان سے۔ توجہ سے۔ سوچتے ہوئے۔
دھیان سے اترنا۔ یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔
دھیان کرنا۔ سوچنا۔ فکر کرنا۔ مراقبہ میں جانا۔
دھیان میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔ یاد آجانا۔
دھیان میں ہونا۔ یاد ہونا۔
دِھیرج۔ (دِھی۔ رَج) (ہ۔ صفت) تسلی۔ جرأت۔ حوصلہ۔ استقلال۔
دھیرج بندھانا۔ حوصلہ افزائی کرنا۔ تسلی دینا۔
دھیرج کرنا۔ صبر کرنا۔ ہمت کرنا۔
دِھیرے (دِھیرے دِھیرے) (ہ۔ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔
دھیرے سے۔ آہستہ سے۔
دھیلا۔ (دھے۔ لا) (ہ۔ا۔ مذکر) آدھا پیسہ۔
دھیلی۔ (دھے۔ لی) (ہ۔ا۔ مونث) اٹھنی۔
دِھیما۔ (دھی۔ ما) (ہ۔ صفت) سست۔ کاہل۔ نرم۔ آہستہ۔
دھیما بازار۔ (۱) مندا بازار (۲) ایسی منڈی جس کے نرخ آہستہ آہستہ گر یا چڑھ رہے ہوں۔
دِھینگ۔ دِھینگا۔ (ہ۔ صفت) موٹا تازہ آدمی۔
دھینگا مشتی۔ (مونث) ہاتھا پائی۔ دست درازی۔

## د - ی

دی۔ (ف۔ا۔ مذکر) گذرا ہوا کل۔
دیروز۔ گذرا ہوا کل۔
دیروزہ۔ گذرے ہوئے کل سے متعلق۔ گذشتہ۔
دِیشب۔ گذرے ہوئے کل کی رات۔
دَیا۔ (س۔ا۔ مونث) (۱) بخشش (۲) ہمدردی۔ رحمدلی۔
دِیا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) چراغ۔ دیپ (۲) دینا کا ماضی مطلق۔ دیا ہوا۔
دیا سلائی۔ (مونث) ماچس کی تیلی۔
دیا کھانا۔ کسی کی امداد پر بسر اوقات کرنا۔ کسی کا محتاج ہونا۔
دیا لیا۔ خدا کی راہ پر دیا ہوا۔ بھلائی۔ نیک سلوک۔
دِیار۔ (دِ۔ یار) (ع۔ا۔ مذکر) شہر۔ علاقہ۔ ملک۔
دِیا قوزہ۔ (دِ۔ یا۔ قو۔ زہ) (ف۔ا۔ مونث) (۱) ایک مرکب دوا (۲) خشخاش کا شربت۔
دیالو۔ (دِ۔ یا۔ لو) (ہ۔ صفت) سخی۔ فیاض۔
دِیانت۔ (دِ۔ یا۔ نت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) ایمانداری۔ (۲) امانت۔
دیانت دار۔ ایمان دار۔ راست باز۔

Marfat.com

دیانتداری - ایمانداری - راستی -
دیبا - (دی - با) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کا ریشمین کپڑا -
دیباچہ - دیباچہ - (ف - ا - مذکر) کتاب کا مقدمہ - پیش لفظ - تمہید -
دیپ - (ہ - ا - مذکر) (۱) چراغ (۲) روشنی - چمک - (۳) ایک راگ - دیپک - (۴) (س - ا - مذکر) جزیرہ - ٹاپو -
دیپ مالا - (مونث) چراغوں کی قطار - چراغاں -
دیپک - (دی - پک) (س - ا - مذکر) (۱) روشنی - چراغ - (۲) ایک قسم کا راگ جس کی تاثیر سے آگ لگ جاتی ہے -
دیت - (دِ - یَت) (ع - ا - مونث) (۱) خون - بہا (۲) جرمانہ -
دَیجور - (دَے - جُور) (ف - صفت) (۱) سیاہ - تاریک (۲) (مونث) اماوس کی رات (۳) سیاہ چیز -
دید - (ف - ا - مونث) (۱) نگاہ - نظر (۲) نظارہ (۳) دیدہ کا مخفف یعنی دیکھا ہوا (مرکبات میں، چشم دید)
دیدبان - (مذکر) وہ سوراخ جس میں سے تاک کر نشانہ لگاتے ہیں -
دیدہ شنید - دیکھی نہ سنی - عجیب - انوکھا - نادر - نایاب -
دیدار - (دی - دار) (ف - ا - مذکر) جلوہ - درشن - نظارہ -
دیدار بازی - (مونث) نظربازی - تاک جھانک -
دیدارُو - (دی - دا - رُو) (ہ - صفت) شکیل - وجیہہ -
دیدنی - (دی - دَ - نی) (ف - صفت) دیکھنے کے قابل -
دیدہ - (دی - دَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) آنکھ (۲) دیکھا ہوا (مصدر دیدن کا اسم مفعول) مرکبات میں، جیسے جہاں دیدہ -
دیدہ دلیر - بے باک - بے حیا -
دیدہ دلیری - (مونث) بے باکی - بے حیائی -
دیدہ ریزی - (مونث) باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے -
دیدہ دانستہ - جان بوجھ کر -
دیدہ ور - دانا - ہوش مند -
دیدہ وری - (مونث) دانائی - عقل مندی -
دیدہ ہوائی ہونا - بے باک ہونا - آوارہ ہونا -
دیدوں کی صفائی - (مونث) بے حیائی - بے شرمی -
دیدے کا پانی ڈھل جانا - بے حیا اور بے غیرت ہو جانا -
دیدے نکالنا - آنکھوں ہی آنکھوں میں خفگی کا اظہار کرنا -
دیر - (ف - ا - مذکر) مندر - بُت خانہ -
دیر - (ف - ا - مونث) وقفہ - عرصہ - تاخیر -
دیر آید درست آید - جو کام آہستہ اور سہولت سے ہو وہ اچھا اور درست ہوتا ہے -
دیرپا - پائیدار - مضبوط -
دیر سویر - (مونث) تاخیر اور جلدی -
دیر لگانا - تاخیر کرنا -
دیر ہونا - مقررہ وقت سے زیادہ عرصہ ہو جانا -
دیروز - (ف - ا - مذکر) دی کے تحت دیکھیے -
دیری - (دے - ری) (اُ - ا - مونث) تاخیر - دیر -

دیرینہ - (دے - ری - نہ) (ف - صفت) قدیم - پُرانا -
دیس - (ہ - ا - مذکر) (۱) ملک - علاقہ (س - دیش) (۲) ایک راگ جو نصف شب کے وقت گایا جاتا ہے -
دیس بدیس - اپنا ملک اور غیر ملک (س - دیش و دیش)
دیس نکالا - (مذکر) جلا وطن کر دینا -
دیسی - (دے - سی) (ہ - صفت) دیس سے متعلق - وطنی - (س - دیشی) -
دیش - (س - ا - مذکر) دیکھیے دیس -
دیشب - (ف - ا - مونث) دی کے تحت دیکھیے -
دیکھ بھال - (ہ - ا - مونث) (۱) نگرانی - بغور دیکھنا (۲) تلاش -
دیکھا - (ہ) (۱) آزما لیا ؟ کسی کو کسی بات سے منع کیا جائے اور وہ اُسے کرے تو بُرا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں - (۲) دیکھنا کی ماضی -
دیکھا بھالا - آزمودہ - جانا پہچانا - تجربہ کیا ہوا -
دیکھا چاہیئے - (۱) اُمید نہیں - دیکھیے شاید (۲) قابل تعریف سراہنے کے قابل - قابل دید -
دیکھا دیکھی - ایک دوسرے کی ریس سے کوئی کام کرنے لگنا -
دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ - (مثل) خواہ مخواہ واقفیت جتانا اور خوشامد کرنا -
دیکھا نہ سنا - لاثانی - عجیب - بے نظیر - انوکھا -
دیکھتا کیا ہے - (ہ) کیا تامل ہے ؟ کیا سوچ رہا ہے ؟
دیکھتے دیکھتے - (ہ) آنکھوں کے سامنے - آن کی آن میں
دیکھ لینا - (ہ - مص) آزما لینا - دیکھنا - سمجھنا -
دیکھنا - (دیکھ - نا) (ہ - مص) (۱) نگاہ کرنا (۲) غور کرنا سوچنا سمجھنا - (۳) ڈھونڈنا (۴) آزمانا - (۵) لحاظ کرنا - (۶) معاینہ کرنا -
دیکھنا بھالنا - (۱) غور سے دیکھنا - (۲) تلاش کرنا -
دیکھنے کو - برائے نام - بہت کم -
دیکھنے کی - نمائشی - مصنوعی - بے کار -
دیکھنے میں آنا - تجربہ ہونا - ظاہر ہونا -
دیکھو دیکھو - (ہ - کلمۂ ندا) خبردار رہو - ہوشیار رہو -
دیکھیے - (دیکھ - یے) (ہ) (۱) شاید - خدا جانے - (۲) دیکھنا چاہیے -
دیکھیے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے - (مثل) خدا جانے نتیجہ کیا ہو -
دیگ - (ف - ا - مونث) کھانا پکانے کا بہت بڑا برتن -
دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے - (مثل) بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے -
دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں (دیگ میں سے ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں) (مثل) ایک سے سب کی جانچ ہو جاتی ہے -
دیگچہ - (دیگ - چہ) (ف - ا - مذکر) دیگ سے چھوٹا پکانے کا برتن - پتیلا -
دیگچی - (دیگ - چی) (اُ - ا - مونث) پکانے کا چھوٹا برتن - پتیلی -

Marfat.com

دِیگر - (دی - گَر) (ف - صفت) (۱) دُوسرا - اور - دیمک - (دی - مک) (اُ - ا - مونث) چیونٹی کی شکل کا سفید کیڑا جو لکڑی - کتابوں وغیرہ کو کھا جاتا ہے -
دیمک لگنا - (۱) کسی چیز میں دیمک کا داخل ہونا (۲) گھن لگنا (۳) صحت میں فتور پڑنا -
دِین - (ع - ا - مذکر) مذہب - مسلک - ایمان -
دینِ پناہ - دین کا حامی - وہ حاکم جو دین کا معاون و محافظ ہو -
دینِ حنیفی - حضرت ابراہیمؑ کا دین - دینِ اسلام -
دین دار - مذہب کا پابند - متقی - پرہیزگار -
دین داری - (مونث) پرہیزگاری - شریعت کی پابندی -
دین دُنیا سے جانا - دونوں جہان کے فائدے سے محروم ہونا -
دین دنیا کی خبر نہیں - بالکل لاپروا ہے - بیہوش ہے -
دَین - (ہ - ا - مونث) (۱) بخشش - عطیہ (۲) دینا -
دَین - (ع - ا - مذکر) قرض - اُدھار -
دینا - (دے - نا) (ہ - مص) (۱) عطا کرنا - سونپنا - (۲) جننا - بچے نکالنا (۳) ادا کرنا -
دِینار - (دی - نا - ر) (ع - ا - مذکر) عرب میں سونے کا ایک سِکّہ -
دینارِ سُرخ - اشرفی - سونے کا سِکّہ -
دِینی - (ف - صفت) مذہبی - دین کا -
دینی باپ - وہ شخص جسے عیسائی بچے کو اصطباغ دینے کے وقت مذہبی لحاظ سے باپ بنائیں - رُوحانی باپ -
دینی بھائی - ہم مذہب - ہم مسلک - اپنے مذہب کا -
دِینیات - (دی - نی - یات) (ع - ا - مونث) دین کے متعلق - مذہب سے تعلق رکھنے والی باتیں - مذہبی علم -
دیو - (ف - ا - مذکر) (۱) ایک ڈراونا پیکرِ خیالی (۲) قوی ہیکل پہلوان -
دیو پیکر - دیو کا سا جسم رکھنے والا -
دیوزاد - دیو کا بیٹا - بلند قامت پہلوان -
دیو - (س - ا - مذکر) دیوتا - قابلِ پرستش بزرگ -
دیو داسی - (مونث) مندر میں رہنے والی کنواری پجارن -
دیوناگری - (مونث) سنسکرت رسم الخط -
دِیوا - (دی - وا) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے دیا -
دِیوار - (دی - وار) (ف - ا - مونث) (۱) اوٹ - پُختہ پردہ - (۲) حد - رکاوٹ -
دیوار اُٹھانا - اینٹ پتھر مٹی وغیرہ سے دیوار کھڑی کرنا -
دیوارِ بیچ - پڑوس - بہت قریب -
دیوار چُننا - دیوار بنانا -
دیوارِ قہقہہ - ایک دیوار جو چین کی سرحد پر بنی ہوئی ہے - کہتے ہیں جو اس کے اوپر سے نیچے کی طرف دیکھتا ہے بے اختیار ہنسنے لگتا ہے -
دیوار کھینچنا - (۱) حد بندی کرنا (۲) جُدا کرنا - الگ الگ کر دینا -
دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں (دیوار ہم گوش دارد) - (مثل) راز کی بات اکیلے میں بھی آہستہ کہنی چاہیے -
دیوار گیری - (مونث) (۱) دیوار میں لگانے کا لیمپ - (۲) خوشنمائی کے لیے دیوار پر لگانے کا کپڑا -
دِیوالا - (دی - وا - لا) (ہ - ا - مذکر) بیوپاری کا قرض ادا نہ کر سکنے کا اعلان -
دیوالا پٹنا (نکل جانا) - مفلس ہو جانا - کوڑی کوڑی کو محتاج ہو جانا -
دِیوالی - (ہ - ا - مونث) (۱) دیپ مالا - چراغاں (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں وہ لکشمی کی پوجا کرتے اور خوب روشنی کرتے ہیں - (س - دیپالی)
دِیوالیا - (دی - وا - لی - یا) (ہ - ا - مذکر) (۱) وہ شخص جس نے دیوالا نکال دیا ہو (۲) مفلس - غریب -
دِیوان - (ف - ا - مذکر) (۱) دربارِ شاہی - عدالت - (۲) وزیر - محکمۂ مال کا بڑا وزیر - (۳) دفترِ محاسبہ - مقامِ اجلاس - لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - نشست گاہ - (۴) شاعر کے کلام کا مجموعہ -
دیوانِ اعلیٰ - وزیرِ اعلیٰ -
دیوانِ خاص - (۱) شاہی خلوت خانہ (۲) شاہی دربار جہاں خاص خاص لوگوں کو جمع کیا گیا ہو -
دیوانِ خالصہ - مُہرِ سلطانی کا محافظ - معتمد الدولہ -
دیوان خانہ - نشست گاہ - ڈرائنگ روم -
دیوانِ عام - عام دربار -
دیوانگی - (دی - وان - گی) (اُ - صفت) پاگل پن - جنون -
دیوانہ - (ف - ا - مذکر) پاگل - مجنون - باؤلا -
دیوانہ بکارِ خویش ہوشیار - (مثل) دیوانہ اپنے مطلب کے لیے ہوشیار ہوتا ہے -
دیوانہ پن - (مذکر) دیکھیے دیوانگی -
دیوانہ را ہوئے بس است - (مثل) دیوانے کو چھیڑنے کے لئے ہو کہہ دینا کافی ہے -
دیوانہ ہونا - (۱) پاگل ہو جانا (۲) کسی خبط میں حد سے گزر جانا -
دِیوانی - (دی - وا - نی) (ف - ا - مونث) (۱) دیوان کا عہدہ - وزارت (۲) عدالتِ خفیفہ - (اُ - ا - مونث) - پاگل عورت -
دیوتا - (دیو - تا) (س - ا - مذکر) (۱) بھگوان کا پیغمبر (۲) (صفت) معصوم - بھلائی کرنے والا -
دِیوٹ - (دی - وٹ) (ہ - ا - مذکر) (۱) شمعدان -
دَیُّوث - (دَی - یُوث) (ع - ا - مذکر) بے غیرت - بھڑوا -
دیودار - (دیو - دار) (ہ - ا - مذکر) صنوبر - دیار -
دیور - (دے - وَر) (ہ - ا - مذکر) شوہر کا چھوٹا بھائی -
دیورانی - (ہ - ا - مونث) دیور کی بیوی -
دیول - (دے - وَل) (ہ - ا - مذکر) چھوٹا مندر -
دیوی - (دے - وی) (س - ا - مونث) دیوتا کی تانیث -
دیہ - (ف - ا - مذکر) گاؤں -
دیہات - (دے - ہات) (ا - ا - مذکر) دیہ کی جمع
دیہاتی - (دے - ہا - تی) (اُ - صفت) دیہات کا رہنے والا -
دیہی - (دی - ہی) (ف - صفت) گاؤں سے متعلق -
دیہیم - (دے - ہیم) (ف - ا - مذکر) - تاجِ شاہی - کلغی -

# ڈ

ڈ ۔ ڈال ۔[ہ ۔ مونث] اُردو کا بارھواں اور ہندی کا تیرھواں حرف ۔ ابجد کے حساب میں اس کے چار عدد مقرر ہیں ۔

## ڈ ۔ ا

**ڈاٹ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) سوراخ بند کرنے کی چیز ۔ کاگ (۲) محراب (۳) محراب کے درمیان کا پتھر ۔
**ڈار** [ہ ۔ ا مونث] (۱) پرندوں کا پرا (۲) جانوروں کا جھنڈ (۳) ہرنوں کی قطار ۔
**ڈاڑھ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] جبڑے کے موٹے دانت جن سے غذا چبائی جاتی ہے ۔
**ڈاڑھ گرم ہونا (کرنا)** کچھ کھانے کو مل جانا ۔ رشوت ملنا ۔
**ڈاڑھیں (مارنا)** مار مار کر رونا ۔ دیکھیے دہاڑیں مارنا ۔
**ڈاڑھا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لمبی اور بڑی ڈاڑھی (۲) بڑھی ہوئی اینٹیں جو آیندہ بننے والی دیوار کو ساتھ ملانے کے لیے کھلی چھوڑ دی جاتی ہیں (۳) باہر کو نکلا ہوا دانت ۔
**ڈاڑھی** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ٹھوڑی اور رخساروں کے بال ۔ ریش (۲) بڑ یا پیپل کے درخت کی جٹائیں ۔
**ڈاڑھی پیٹ میں ہونا** ۔ کم سنی میں عقلمند ہونا ۔ چھوٹی سی عمر میں بڑوں جیسی باتیں کرنا ۔
**ڈاڑھی چھوڑنا** ۔ ڈاڑھی بڑھانا ۔ لمبی ڈاڑھی رکھنا ۔
**ڈاڑھی رکھنا** ۔ ڈاڑھی منڈوانا ترک کر دینا ۔
**ڈاک** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چٹھی رسانی کا محکمہ (۲) سواری بدلنے کے مقامات (۳) خبر رسانی کا سلسلہ (۴) گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی ۔
**ڈاک آنا** ۔ خطوط آنا ۔ متواتر خبر ملنا ۔
**ڈاک بٹھانا** ۔ چوکی بٹھانا ۔ ہرکاروں کی آمد و رفت کا جاری رہنا ۔
**ڈاک بنگلہ** (مذکر) سرکاری افسروں کے ٹھہرنے کی جگہ ۔
**ڈاک خانہ** (مذکر) پوسٹ آفس ۔ ڈاک گھر ۔
**ڈاک گاڑی** (مونث) وہ گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے ۔ میل گاڑی ۔
**ڈاک** (DOCK) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] گودی ۔ بندر ۔
**ڈاک یارڈ** (DOCKYARD) بندرگاہ کے قریب کھلی جگہ جہاں جہاز کھڑے رہتے ہیں اور ان کی مرمت وغیرہ ہوتی ہے ۔
**ڈاکا** ۔ (ڈا ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈاکوؤں کا حملہ (۲) غارت گری ۔
**ڈاکا پڑنا** ۔ ڈاکوؤں کا حملہ آور ہونا ۔
**ڈاکا ڈالنا** ۔ ڈاکا مارنا ۔ لوٹ کر لے جانا ۔
**ڈاکٹر** (DOCTOR) (ڈاک ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) معالج ۔ طبیب ۔ جراح (۲) فاضل ۔ علامہ (تعلیمی اعزاز) ۔
**ڈاکٹرنی** (ڈاک ۔ ٹر ۔ نی) [انگ ۔ ا ۔ مونث] علاج کرنے والی ماہر عورت ۔
**ڈاکٹری** (ڈاک ۔ ٹ ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مونث] ڈاکٹر کا پیشہ ۔

طبابت ۔
**ڈاکو** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] لٹیرا ۔ رہزن ۔ قزاق ۔
**ڈاکیا** (ڈاک ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پوسٹ مین ۔ چٹھی رساں ۔
**ڈال** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ٹہنی (۲) آبپاشی کا ڈول (۳) ڈالنا کا امر ۔
**ڈال دینا** (۱) پھینک دینا ۔ گرا دینا (۲) متوجہ کر دینا ۔ لگا دینا ۔
**ڈال رکھنا** ۔ رکھ چھوڑنا ۔ دیر لگانا ۔ ملتوی رکھنا ۔
**ڈال کا پکا** ۔ پیڑ کا پکا ہوا پھل ۔
**ڈال کا ٹوٹا** ۔ ڈال سے خود بخود گرا ہوا پھل ۔ تازہ اور عمدہ پھل ۔
**ڈالا** ۔ (ڈا ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] موٹی شاخ ۔ ٹہنا ۔
**ڈالر** (DOLLAR) (ڈا ۔ لر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ریاستہائے متحدہ امریکا کا سکہ ۔
**ڈالنا** ۔ [ہ ۔ مص] (۱) گرانا ۔ پھینکنا (۲) رکھنا ۔ بنیاد رکھنا (۳) تقسیم کرنا (۴) ڈھال گھلنا (۵) بے نکاح عورت گھر لے آنا ۔
**ڈالی** (ڈا ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) شاخ ۔ ٹہنی (۲) ٹوکری جس میں پھول یا پھل سجا کر امرا کو پیش کیے جاتے ہیں ۔
**ڈانٹ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] جھڑکی ۔ دھمکی ۔
**ڈانٹ بتانا (دینا)** گھڑکنا ۔ جھڑکنا ۔
**ڈانٹ ڈپٹ** ۔ جھڑکی ۔ دھمکی ۔
**ڈانٹنا** [ہ ۔ مص] (۱) جھڑکنا ۔ گھڑکنا (۲) ڈرانا ۔
**ڈانڈ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ناؤ کھینے کا بانس ۔
**ڈانڈا** (ڈاں ۔ ڈا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سرحد (۲) لکڑی ۔ چھڑی (۳) کھیت کی مینڈھ (۴) ناپنے کا لمبا پیمانہ ۔
**ڈانس** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا بڑا مچھر ۔
**ڈانس** (DANCE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] رقص ۔ ناچ ۔
**ڈانسر** (DANCER) (ڈاں ۔ سر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر و مونث] رقاص ۔ رقاصہ ۔ ناچنے والا یا ناچنے والی ۔
**ڈانگ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پہاڑ کی اونچی چوٹی (۲) لاٹھی ۔
**ڈانواں ڈول** [ہ ۔ صفت] سرگرداں ۔ پریشان ۔ متذبذب ۔
**ڈانواں ڈول پھرنا** ۔ آوارہ اور بیکار پھرنا ۔ مارے مارے پھرنا ۔
**ڈاہ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] حسد ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔
**ڈائجسٹ** (DIGEST) (ڈا ۔ ای ۔ جسٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] خلاصہ ۔ انتخاب ۔ مجموعۂ مضامین ۔
**ڈائرکٹ** (DIRECT) (ڈا ۔ ا ۔ رکٹ) [انگ ۔ صفت] سیدھا ۔ راست ۔ مستقیم ۔
**ڈائرکٹ ایکشن** (DIRECT ACTION) (مذکر) راست اقدام ۔ عملی احتجاج ۔
**ڈائرکٹر** (DIRECTOR) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ناظم ۔ مہتمم ۔ تجارتی کمپنی کی جماعت منتظمہ کا رکن (۲) ہدایت کار (تھیٹر وغیرہ) ۔
**ڈائرکٹری** (DIRECTORY) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) دستور العمل

Marfat.com

(۲) کسی مقام کے باشندوں وغیرہ کے حالات کی کتاب (۳) (فرانس میں) پانچ حاکموں کی انقلابی مجلس عاملہ جو ۱۷۹۵ء سے ۱۷۹۹ء تک حکومت کرتی رہی۔
ڈائری (DIARY) [انگ۔ا۔مونث] روزنامچہ۔
ڈائس (DIAS) [انگ۔ا۔مذکر] چبوترا۔ شہ نشین۔
ڈائل (DIAL) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) گھڑی کا چہرہ (۲) ٹیلی فون کا نمبر ملانے کا حلقہ یا چکر۔
ڈائلاگ (DIALOGUE) [انگ۔ا۔مذکر] مکالمہ۔ گفتگو۔
ڈائمنڈ (DIAMOND) ڈا۔ا۔منڈ [انگ۔ا۔مذکر] الماس۔ ہیرا (۲) تاش میں اینٹ کا نشان۔
ڈائمنڈ جوبلی (DIAMOND JUBILEE) (مونث) ساٹھ سالہ جشن۔
ڈائن۔ ڈاین [ہ۔ا۔مونث] جادوگرنی، جو بچوں کا کلیجہ کھا جاتی ہے۔ بدصورت عورت۔
ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے [مثل] ظالم اور بدمعاش بھی پڑوسیوں کا کچھ لحاظ رکھتا ہے۔
ڈائنمو (DYNAMO) ڈا۔اے۔ن۔مو [انگ۔ا۔مذکر] برقی رو پیدا کرنے والی مشین۔
ڈایاگرام (DAIAGRAM) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) ہندسہ شکل (۲) خاکہ۔ نقشہ۔

## ڈ۔ب

ڈب [ہ۔ا۔مونث] (۱) جیب (۲) قبضہ (۳) کپّے بنانے کا چمڑا۔
ڈبا (ڈب۔با) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ڈھکنے والا چھوٹا صندوقچہ (۲) پسلی کا عارضہ جو بچوں کو ہوتا ہے۔
ڈباؤ (ڈ۔با۔ؤ) [ہ۔صف] ڈبو دینے کے قابل۔
ڈباؤ پانی۔ آدمی کے قد سے زیادہ پانی۔
ڈبڈبانا (ڈب۔ڈ۔با۔نا) [ہ۔مص] آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔
ڈبکی (ڈب۔کی) [ہ۔ا۔مونث] غوطہ۔
ڈبکی دینا۔ غوطہ دینا۔
ڈبکی کھانا۔ لگانا۔ مارنا۔ غوطہ لگانا۔
ڈبل (DOUBLE) ڈ۔بل [انگ۔صف] دوگنا۔ دوہرا۔ دو پرت کا۔
ڈبل پیسا۔ ادھنا۔ دو پیسے کے برابر تانبے کا بڑا سکہ جو انگریزی عہد میں رائج تھا۔
ڈبل روٹی۔ نان پاؤ۔ خمیری روٹی۔
ڈبل مارچ (DOUBLE MARCH) فوجی قواعد کے مطابق تیز چلنا۔
ڈبونا (ڈبو۔نا) [ہ۔مص] (۱) غوطہ دینا۔ پانی میں غرق کرنا (۲) تباہ و برباد کرنا۔
ڈبی (ڈب۔بی) [ہ۔ا۔مونث] چھوٹی ڈبیا۔
ڈبیا (ڈب۔یا) [ہ۔ا۔مونث] چھوٹی سی صندوقچی۔ چھوٹا ڈبا۔

## ڈ۔پ

ڈپارٹمنٹ (DEPARTMENT) [انگ۔ا۔مذکر] محکمہ۔ شعبہ۔
ڈپازٹ (DEPOSIT) ڈ۔پا۔زٹ [انگ۔ا۔مذکر] امانت۔ جمع کرنا۔
ڈپٹ (ڈ۔پٹ) [ہ۔ا۔مونث] (۱) دھمکی (۲) تیز رفتاری (۳) حملہ (۴) گھوڑے کی دوڑ۔
ڈپٹانا (ڈپ۔ٹا۔نا) [ہ۔مص] گھوڑا دوڑانا۔ پویہ دوڑانا۔
ڈپٹنا (ڈ۔پٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) تیز دوڑنا (۲) غصہ ظاہر کرنا (۳) دھمکانا (۴) حملہ کرنا (۵) ڈانٹنا۔
ڈپٹی (DEPUTY) (ڈپ۔ٹی) [انگ۔ا۔مذکر] نائب۔ مددگار۔
ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ (DEPUTY SUPERINTENDENT) ضلعی حاکم پولیس کا نائب۔ پولیس کا ایک افسر اعلیٰ جو محکمہ پولیس کے ایک سب ڈویژن کا حاکم ہوتا ہے۔
ڈپٹی کمشنر (DEPUTY COMMISSIONER) ضلع کا افسر اعلیٰ۔ کلکٹر۔
ڈپلوما (DIPLOMA) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) سند۔ جامعہ کی سند (۲) اعزازی سند۔
ڈپلومیسی (DIPLOMACY) [انگ۔ا۔مونث] فن سفارت۔ سیاسی حکمت عملی۔ جوڑ توڑ۔
ڈپو (DIPOT) ڈ۔پو [انگ۔ا۔مذکر] گودام۔ کوٹھی۔
ڈپوٹیشن (DEPUTATION) ڈ۔پو۔ٹے۔شن [انگ۔ا۔مذکر] (۱) وفد (۲) وہ عہدہ دار جو اپنے محکمے سے کسی دوسری جگہ عارضیاً بھیجا جائے۔

## ڈ۔ٹ

ڈٹ جانا [ہ۔مص] اَڑ کر بیٹھ جانا۔ مقابلہ پر تیار ہو جانا۔
ڈٹ کر کھانا [ہ۔مص] خوب سیر ہو کر کھانا۔
ڈٹنا (ڈٹ۔نا) [ہ۔مص] دیر تک ٹھہرے رہنا۔ مقابلہ پر جم جانا۔

## ڈ۔ر

ڈر [ہ۔ا۔مذکر] خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔
ڈر جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔
ڈر ڈر کے پاؤں رکھنا۔ جھجکتے ہوئے آگے بڑھنا۔
ڈر کر (ڈر کے)۔ خوف سے۔ خوف کے مارے۔
ڈرافٹ (DRAFT) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) خاکہ۔ مسودہ (۲) بینک سے روپیہ نکالنے کا تحریری حکم۔ چیک۔ ہنڈی (۳) ایک کھیل۔
ڈرافٹسمین (DRAFTSMAN) (مذکر) نقشہ نویس۔ خاکہ بنانے والا۔

Marfat.com

(عام طور پر ڈرافٹ بھی کہتے ہیں)۔
ڈراما (DRAMA) [انگ۔ ا۔ مذکر] سوانگ۔ ناٹک۔ تمثیل۔
ڈراماٹسٹ (DRAMATIST) ڈراما لکھنے والا۔
ڈرانا [ہ۔ مص] دھمکانا۔ خوف دلانا۔
ڈراوا [ہ۔ ا۔ مذکر] خوف۔ ڈر۔ دھمکی۔
ڈرائنگ (DRAWING) [انگ۔ ا۔ مونث] نقشہ کشی۔ نقشہ۔ خاکہ۔ تصویر (جو بے رنگ یا اکرنگی ہو)۔
ڈرائنگ روم (DRAWING ROOM) (مذکر) گول کمرہ۔ دیوان خانہ۔ ملاقات کا کمرہ۔
ڈرائنگ ماسٹر (DRAWING MASTER) (مذکر) نقشہ کشی یا تصویر کشی سکھانے والا۔
ڈراؤنا (ڈ۔را۔او۔نا) [ہ۔ صف] خوفناک۔ بھیانک۔
ڈراؤنی (ہ۔ صف) ڈراؤنا کی تانیث۔
ڈرائی (DRY) [انگ۔ صف] سوکھا۔ خشک۔
ڈرائی کلین (DRYCLEAN) پانی کے بغیر کیمیاوی ادویہ کی مدد سے صاف کرنا۔
ڈرائیور (DRIVER) [انگ۔ ا۔ مذکر] گاڑی چلانے والا۔ گاڑی بان۔ کوچ بان۔
ڈربی (DERBY) [انگ۔ ا۔ مونث] انگلستان کی سالانہ گھوڑ دوڑ۔
ڈرپوک (ڈر۔پوک) [ہ۔ صف] بزدل۔ کم ہمت۔ بودا۔
ڈرگ (DRUG) (ڈ۔رگ) [انگ۔ ا۔ مذکر] مفرد دوا۔
ڈرگسٹ (DRUGGIST) (ڈ۔رگ۔سٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر]۔ دواساز۔ عطار۔
ڈرل (DRILL) (ڈ۔رل) [انگ۔ ا۔ مونث] فوجی تربیت۔ قواعد۔
ڈرل ماسٹر (DRILL MASTER) قواعد سکھانے والا استاد۔
ڈرم (DRUM) (ڈ۔رم) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) ڈھول۔ تاشہ۔ نقارہ (۲) کان کا پردہ۔
ڈرنا (ڈر۔نا) [ہ۔ مص] خوف کھانا۔ دھمکی میں آنا۔
ڈریس (DRESS) (ڈ۔ریس) [انگ۔ ا۔ مذکر] لباس۔
ڈریسنگ (DRESSING) (ڈ۔رے۔سنگ) [انگ۔ ا۔ مونث] (۱) آراستگی (۲) مرہم پٹی۔
ڈریسنگ ٹیبل (DRESSING TABLE) (مونث) سنگار میز۔
ڈریسنگ روم (DRESSING ROOM) (مذکر) کپڑے پہننے کا کمرہ۔
ڈریسنگ گون (DRESSING GOWN) (مونث) ایک ڈھیلا ڈھالا چغہ جو صبح اٹھ کر یا نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے۔

## ڈ۔س

ڈسپلن (DISCIPLINE) (ڈ۔سی۔پ۔لن) [انگ۔ ا۔ مذکر] انضباط۔ ضبط و نظم۔
ڈسپنسری (DISPENSARY) (ڈس۔پن۔س۔ری) [انگ۔ ا۔ مونث] (۱) اسپتال۔ شفاخانہ (۲) دوا فروش کی دکان۔
ڈسپیچ (DESPATCH) (ڈس۔پیچ) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) روانگی۔ ارسال (۲) مراسلہ۔ سرکاری روبکار۔
ڈسپیچ رجسٹر (DESPATCH REGISTER) (مذکر) وہ رجسٹر جس میں باہر بھیجنے والی چٹھیوں کا اندراج ہو۔
ڈسٹرکٹ (DISTRICT) (ڈس۔ٹ۔رکٹ) [انگ۔ ا۔ مذکر] ضلع۔
ڈسٹرکٹ انسپکٹر (DISTRICT INSPECTOR) (مذکر) کسی محکمے کا انتظامیہ افسر جو پورے ضلع کے کام کے لیے ذمہ دار ہو۔
ڈسٹرکٹ بورڈ (DISTRICT BOARD) (مذکر) وہ جماعت یا محکمہ جو ضلعی امورِ عامہ کا انتظام کرے۔
ڈسٹرکٹ فنڈ (DISTRICT FUND) (مذکر) وہ روپیہ جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاموں کے لیے ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل میں رہتا ہے۔
ڈسٹرکٹ کونسل (مونث) ضلع کا انتظام کرنے والی جماعت۔ نئے نظام کے مطابق ڈسٹرکٹ بورڈ کے بجائے کام کرنے والی جماعت۔
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (DISTRICT MAJISTRET) پورے ضلع کا حاکم اعلیٰ۔ ڈپٹی کمشنر۔
ڈسٹری بیوٹر (DISTRIBUTER) [انگ۔ ا۔ مذکر] تقسیم کار۔ وہ شخص یا ادارہ جو تقسیم کاری کا کام کرے۔
ڈسٹلری (DISTILLERY) (ڈس۔ٹ۔ل۔ری) [انگ۔ ا۔ مونث] شراب کا کارخانہ۔ بھٹی۔
ڈسٹمپر (DISTEMPER) (ڈس۔ٹم۔پر) [انگ۔ ا۔ مذکر] رنگ و روغن کرنا۔ (دیوار وغیرہ پر)
ڈسچارج (DISCHARGE) [انگ۔ ا۔ مذکر] (۱) برطرفی۔ موقوفی (۲) اخراج۔ نکاس۔
ڈسکاؤنٹ (DISCOUNT) [انگ۔ ا۔ مذکر] کمیشن۔ بٹا۔ کٹوتی۔
ڈسمس (DISMISS) [انگ۔ صف] خارج۔ معزول۔ برطرف۔
ڈسمس کرنا۔ خارج کرنا۔ نہ سننا۔
ڈسمس ہونا۔ خارج ہونا۔ نامسموع ہونا۔
ڈسنا [ہ۔ مص] کسی زہریلے جانور کا کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا۔

## ڈ۔ف

ڈف [ا۔ ا۔ مذکر] دف۔
ڈفالی [ا۔ ا۔ مذکر] دف بجانے والا۔ ڈفالچی۔
ڈفلی (ڈف۔لی) [ا۔ ا۔ مونث] دف۔ ڈھولک۔
ڈفر (DUFFER) (ڈ۔فر) [انگ۔ صف] نالائق۔ بے وقوف۔

## ڈ۔ک

ڈکار (ڈ۔کار) [ہ۔ ا۔ مونث] معدے کی وہ ہوا جو منہ کے راستے خارج ہو۔
ڈکار لینا۔ معدے کی ہوا منہ سے خارج کرنا۔

Marfat.com

ڈکار نہ لینا ۔ ہضم کر جانا ۔ کسی چیز کا پتا نہ لگنے دینا ۔
ڈکارنا (ڈ۔کار۔نا) [ہ۔ مص] ڈکار لینا ۔
ڈکٹیٹر (DICTATOR) (ڈِک۔ٹے۔ٹر) [انگ ۔ ا۔ مذکر] آمر ۔ حاکمِ مطلق ۔ مطلق العنان حکمران ۔
ڈکرانا (ڈِک۔را۔نا) [ہ۔ مص] چلانا ۔ زور سے بولنا (بھینس وغیرہ کا) ۔
ڈکشنری (DICTIONARY) (ڈِک۔شَ۔نَ۔ری) [انگ ۔ ا۔ مونث] لغت ۔ فرہنگ ۔ قاموس ۔
ڈکوسنا (ڈ۔کوس۔نا) [ہ۔ مص] غٹ غٹ پی جانا ۔
ڈکیت (ڈ۔کیت) [ہ۔ ا۔ مذکر] لٹیرا ۔ رہزن ۔ ڈاکو ۔
ڈکیتی (ڈ۔کے۔تی) [ہ۔ ا۔ مونث] قزاقی ۔ رہزنی ۔

## ڈ۔گ

ڈگ [ہ۔ ا۔ مذکر] لمبا قدم ۔
ڈگ بھرنا ۔ لمبے قدم اٹھانا ۔ تیز چلنا ۔
ڈگڈگی (ڈُگ۔ڈُ۔گی) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) بندر والوں کی ڈفلی ۔ (۲) ڈونڈی ۔ کھنجری ۔
ڈگڈگی بجانا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ تشہیر کرنا ۔
ڈگڈگی پیٹنا ۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۔ تشہیر کرنا ۔ ڈونڈی پیٹنا ۔
ڈگر (ڈ۔گر) [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) راستا ۔ سڑک (۲) روش ۔ طریقہ ۔
ڈگری (DEGREE) (ڈِگ۔ری) [انگ ۔ ا۔ مونث] کامیابی کی سند ۔ درجہ ۔ منزل ۔
ڈگری کالج ۔ وہ کالج جہاں بی ۔ اے اور اس سے اوپر کی تعلیم دی جاتی ہو ۔
ڈگری [انگ ۔ ا۔ مونث] (DECREE کا بگڑا ہوا) حکم ۔ سرکاری فیصلہ ۔
ڈگری اجمالی ۔ مشترک ڈگری ۔
ڈگری اقبالی ۔ اقبال پر دی ہوئی ڈگری ۔
ڈگری پانا ۔ مقدمہ جیتنا ۔ فتح پانا ۔ قطعی فیصلہ حاصل کرنا ۔
ڈگری جاری کرنا ۔ حکم دینا ۔ فیصلہ کرنا ۔
ڈگری دار ۔ وہ شخص جس نے مقروض پر ڈگری حاصل کی ہو ۔
ڈگمگ (ڈگ۔مگ) [ہ۔ صف] ہلتا ہوا ۔ لرزاں ۔ کانپتا ہوا ۔
ڈگمگانا (ڈگ۔مگ۔گانا) [ہ۔ مص] ڈولنا ۔ کانپنا ۔ لرزنا ۔ لڑکھڑانا ۔
ڈگی (ڈگ۔گی) [ہ۔ ا۔ مونث] ڈگڈگی ۔ اعلان ۔ ڈھنڈورا ۔

## ڈ۔ل

ڈلا (ڈ۔لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] بڑا سا ٹکڑا ۔
ڈلا (ڈل۔لا) [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۲) [مونث] کشتی ۔ فریبی عورت ۔
ڈلنا (ڈل۔نا) [ہ۔ مص] گرنا ۔ کسی چیز میں پڑنا ۔
ڈلوانا (ڈل۔وا۔نا) [ہ۔ مص] ڈالنا کا متعدی المتعدی ۔

ڈلی (ڈ۔لی) [ہ۔ ا۔ مونث] کسی چیز کا چھوٹا ٹکڑا ۔
ڈلیا (ڈل۔یا) [ہ۔ ا۔ مونث] چھوٹی ٹوکری ۔

## ڈ۔م

ڈم (DIM) [انگ ۔ صف] دھندلا ۔ بے نور ۔ دھیمی ۔ مدھم ۔
ڈمرو (ڈم۔رُو) [س ۔ ا۔ مذکر] ڈگڈگی ۔ ڈھولک ۔
ڈمی (DUMMY) (ڈَمی) [انگ ۔ ا۔ مذکر] (۱) جعلی یا مصنوعی چیز (۲) [تاش] فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ہے اور اس کا ساتھی اسے کھیلتا ہے (۳) اخبار یا کتاب کا نمونہ ۔

## ڈ۔ن

ڈنٹھل [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) جڑوں والی سبزی کی وہ شاخ جس پر پھول آجاتے ہیں (۲) ٹہنی ۔
ڈنڈ [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) ڈنٹر ۔ بازو (۲) ایک قسم کی ورزش (۳) جرمانہ ۔ تاوان ۔
ڈنڈ بھرنا ۔ جرمانہ دینا ۔ تاوان بھرنا ۔
ڈنڈ پیلنا ۔ ڈنٹروں کی ورزش کرنا ۔
ڈنڈا [ہ۔ ا۔ مذکر] ہاتھ میں رکھنے کا سونٹا ۔ چھوٹی لاٹھی ۔
ڈنڈا ڈولی کرنا ۔ ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اوپر اٹھا لینا ۔
ڈنڈے بجاتے پھرنا ۔ آوارہ پھرتے رہنا ۔ بے مقصد پھرنا ۔
ڈنڈوت [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) سجدہ (۲) آداب ۔ تسلیم ۔ بندگی ۔
ڈنڈی [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) دستہ ۔ ہتھی (۲) وہ لکڑی جس میں ترازو کے دونوں پلڑے ڈوری سے آویزاں ہوتے ہیں (۳) آلۂ تناسل (۴) چھوٹا راستا (۵) لکیر ۔ دھاری
ڈنڈی مارنا ۔ چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا اور وزن کم تولنا ۔
ڈنر (DINNER) (ڈِ۔نر) [انگ ۔ ا۔ مذکر] عشائیہ ۔ رات کا کھانا ۔
ڈنٹر [ہ۔ ا۔ مذکر] ڈنڈ ۔ بازو ۔ ورزش کی ایک قسم ۔
ڈنک [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) کانٹا (۲) نیش (۳) نیب ۔
ڈنک مارنا (۱) کسی زہریلے جانور کا کاٹنا (۲) کسی دشمن کا آزار پہنچانا ۔
ڈنکا [ار ۔ ا۔ مذکر] (۱) نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ (۳) شہرت ۔
ڈنکا بجنا ۔ دھوم مچنا ۔ شہرت ہونا ۔
ڈنکے کی چوٹ کہنا ۔ کھلم کھلا کہنا ۔ صاف صاف کہہ دینا ۔
ڈنگر [ہ۔ ا۔ مذکر] مویشی ۔ حیوان ۔ چوپائے ۔

## ڈ۔و

ڈوائڈر (DIVIDER) (ڈِ۔وا۔اے۔ڈر) [انگ ۔ ا۔ مذکر] (۱) تقسیم کار (۲) [ریاضی] مقسوم علیہ (۳) پرکار جو ناپنے

Marfat.com

کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔
**ڈوب** [ہ - ا - مذکر] (۱) غوطہ - ڈبکی (۲) شوب (۳) کپڑے کو رنگ میں ڈبونا (۴) قلم کو سیاہی میں بھرنا ۔
**ڈوبا** [ہ - ا - مذکر] (۱) ڈبکی (۲) قلم کو روشنائی میں ڈبونا ۔
**ڈوبا بھرنا** - قلم کو سیاہی میں ڈبونا ۔
**ڈوبتے کو تنکے کا سہارا** - [مثل] مصیبت زدہ ذرا سے سہارے کو غنیمت جانتا ہے - مایوس آدمی کو ذرا سی مدد بھی کام دے جاتی ہے ۔
**ڈوبنا** (ڈوب - نا) [ہ - مص] (۱) غرق ہونا (۲) دریا برد ہونا (۳) غروب ہو جانا (۴) ضائع ہونا - نقصان ہونا ۔
**ڈوڈا** (ڈو - ڈا) [ہ - ا - مذکر] (۱) غول - سخت چھلکا جس کے اندر بیج ہوتے ہیں (۲) پوست، کپاس وغیرہ کا پھل ۔
**ڈور** [ہ - ا - مونث] دھاگا - سوت کی باریک رسی ۔
**ڈور پر لگانا** - راہ پر لانا - ڈھب پر لانا - مانوس کرنا ۔
**ڈورا** (ڈو - را) [ہ - ا - مذکر] دھاگا - تار ۔
**ڈورے ڈالنا** (۱) محبت میں تاگے ڈالنا (۲) پھانسنا - مائل کرنا ۔
**ڈوری** (ڈو - ری) [ہ - ا - مونث] (۱) دھاگا (۲) جریب ۔
**ڈوری ڈھیلی چھوڑنا** (۱) کسی کی طرف سے غفلت برتنا (۲) بے توجہ ہو جانا ۔
**ڈوریا** (ڈو - ریا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک باریک دھاری دار کپڑا (۲) کتوں کا نگہبان - شکاری کتوں کو سدھانے والا ۔
**ڈوگر** (ڈو - گر) [ہ - ا - مذکر] ہندوؤں اور مسلمانوں کی ایک ذات ۔
**ڈوگرا** (ڈوگ - را) [ہ - ا - مذکر] راجپوت قوم جو کشمیر میں آباد ہے ۔
**ڈول** [ہ - ا - مذکر] کنوئیں میں سے پانی نکالنے کا برتن ۔
**ڈول** [ہ - ا - مذکر] (۱) ڈھنگ - طریقہ - وضع قطع (۲) خاکہ (۳) شکل و صورت (۴) تخمینہ - اندازہ ۔
**ڈولا** (ڈو - لا) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کی گول پالکی - سکھپال ۔
**ڈولچی** (ڈول - چی) [ہ - ا - مونث] ڈول کی تصغیر - پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن ۔
**ڈولنا** (ڈول - نا) [ہ - مص] آوارہ پھرنا - منڈلانا - بھٹکنا ۔
**ڈولی** [ہ - ا - مونث] پردوں والی زنانہ سواری - محافہ ۔
**ڈوم** [ہ - ا - مذکر] میراثی - ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے ۔
**ڈوم پنا** [مذکر] (۱) ڈوم کا پیشہ (۲) بے جا خوشامد اور چاپلوسی ۔
**ڈومنی** (ڈوم - نی) [ہ - ا - مونث] (۱) میراثن - ڈوم کی بیوی - (۲) ایک مٹیالے رنگ کی چڑیا جسے ڈھنڈورچی کہتے ہیں ۔
**ڈونڈی** (ڈوں - ڈی) [ہ - ا - مونث] ڈھنڈورا - منادی - شہرت ۔
**ڈونڈی پیٹنا** (۱) کسی چھپے معاملہ کو شہرت دینا (۲) منادی کرنا ۔
**ڈونگا** (ڈوں - گا) [ہ - ا - مذکر] (۱) چھوٹی کشتی - بجرا (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار برتن (۳) سالن رکھنے کا برتن ۔
**ڈوئٹ** (DUET) (ڈو - اِٹ) [انگ - ا - مونث] دوگانا - وہ گانا جسے دو آدمی مل کر گائیں ۔
**ڈوئل** (DUEL) [انگ - ا - مونث] جھگڑا نمٹانے کے لیے دو شخصوں کی لڑائی (تلوار، پستول وغیرہ سے) ۔

**ڈوئی** (ڈو - ای) [ہ - ا - مونث] لکڑی کا بڑا چمچہ جس سے ہنڈیا پکاتے ہیں - کفگیر ۔
**ڈویژن** (DIVISION) (ڈ - وی - ژن) [انگ - ا - مذکر] (۱) فوج کا حصہ (۲) علاقہ - حصہ (۳) تقسیم ۔
**ڈویژنل** (DIVISIONAL) [انگ - صف] علاقے کا ۔
**ڈویژنل جج** (DIVISIONAL JUDGE) ایک علاقے کا جج ۔

# ڈ - ھ

**ڈھابا** (ڈھا - با) [ہ - ا - مذکر] (۱) اولتی (۲) چھجا (۳) پرچھتی (۴) مرغوں کو بند کرنے کا ٹاپا ۔
**ڈھاپنا** (ڈھاپ - نا) [ہ - مص] چھپا دینا - اوپر سے کپڑا یا برتن ڈال دینا ۔
**ڈھاٹا** (ڈھا - ٹا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کپڑے کی پٹی جو منہ چھپانے یا داڑھی بٹھانے کے لیے چہرے پر باندھی جائے (۲) کپڑا جو مردے کے منہ پر باندھا جائے ۔
**ڈھاٹا باندھنا** - منہ کے گرد پٹی باندھنا ۔
**ڈھارس** (ڈھا - رس) [ہ - ا - مونث] (۱) تسلی - تشفی (۲) سہارا - مدد ۔
**ڈھارس بندھنا** - ہمت تازہ ہو جانا - دل مضبوط ہونا - مطمئن ہو جانا ۔
**ڈھارس دینا** - حوصلہ افزائی کرنا - دلاسا دینا - ہمت بندھانا - تسلی دینا ۔
**ڈھاڑی** (ڈھا - ڑی) [ہ - ا - مذکر] میراثی - ڈوم ۔
**ڈھاک** [ہ - ا - مذکر] ایک درخت جس کے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں ۔
**ڈھاک پھولنا** (۱) ڈھاک میں پھول آنا جس سے تمام جنگل سرخ نظر آتا ہے (۲) ہر طرف سرخی ہی سرخی دکھائی دینا ۔
**ڈھاک کے تین پات** [مثل] (۱) سدا ایک حال پر رہنا (۲) ہمیشہ مفلس نظر آنا ۔
**ڈھاکا** [ہ - ا - مذکر] ڈھاک کا جنگل ۔
**ڈھال** [ہ - ا - مونث] (۱) نشیب - نیچی جگہ - ڈھلوان (۲) سپر ۔
**ڈھالنا** (ڈھال - نا) [ہ - مص] (۱) دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا (۲) اپنی طرف مائل کرنا ۔
**ڈھانا** [ہ - مص] (۱) گرانا - مسمار کرنا (۲) مٹانا - برباد کرنا ۔
**ڈھانپنا** [ہ - مص] چھپانا - ڈھکنا - پردہ ڈالنا ۔
**ڈھانچ - ڈھانچا** (ڈھاں - چا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بغیر بنی ہوئی چارپائی، کرسی وغیرہ کی چوکھٹ (۲) خاکہ - پنجر - ہڈیوں کا پنجر ۔
**ڈھانکنا** (ڈھانک - نا) [ہ - مص] دیکھیے ڈھانپنا ۔
**ڈھائی** (ڈھا - ای) [ہ - صف] اڑھائی - دو اور آدھا ۔
**ڈھائی گھڑی کی آنا** - ایک دم موت آنا - ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا ۔
**ڈھب** [ہ - ا - مذکر] (۱) ڈھنگ - طرز - طریقہ - روش (۲) موقع - صورت ۔
**ڈھب آنا** - طریقہ معلوم ہونا ۔

Marfat.com

ڈھب پر چڑھنا ۔ ہتھے چڑھنا ۔ قابو میں آنا ۔ بس میں آنا ۔
ڈھب سے ۔ موقع سے ۔ قرینہ سے ۔
ڈھب کا ہونا ۔ حسبِ مطلب ہونا ۔
ڈھبری (ڈھب ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] اینچ کے اُوپر کا لوہا جس کو پھیر کر پیچ کو کس دیتے ہیں ۔
ڈھٹائی [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بے حیائی (۲) ضد (۳) گستاخی ۔
ڈھچر (ڈھ ۔ چر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ہڈیوں کا ڈھانچ ۔
ڈھڈو (ڈھڈ ۔ ڈو) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بوڑھی عورت (۲) مٹیالے رنگ کی ایک چڑیا جسے ڈومنی بھی کہتے ہیں ۔
ڈھرا (ڈھ ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] وہ راستا جو رات دن چلتا ہے ۔ شارعِ عام ۔
ڈھرے پر چلنا ۔ ایک خاص طریقے یا اصُول پر عمل کرنا ۔
ڈھکنا (ڈھک ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سرپوش ۔ چپنی ۔ ڈھکن (۲) [ہ ۔ مص] چھپانا ۔ ڈھانکنا ۔ ڈھانپنا ۔
ڈھکوسلا (ڈھ ۔ کوس ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دھوکا (۲) بیہودہ اور مہمل بات ۔
ڈھکیلنا [ہ ۔ مص] دیکھیے دھکیلنا ۔
ڈھگا (ڈھگ ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دُبلا گھوڑا (۲) بیل (۳) [صف] بیوقوف ۔ احمق ۔
ڈھلان (ڈھ ۔ لان) [ہ ۔ ا ۔ مونث] ڈھال ۔ نشیب ۔ نیچی زمین ۔
ڈھلتی پھرتی چھاؤں کبھی اِدھر کبھی اُدھر [مثل] زمانہ اور دولت کبھی ایک حالت پر نہیں رہتے ۔ کبھی ایک کے پاس کبھی دوسرے کے ۔
ڈھلکانا (ڈھل ۔ کا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) لنڈھانا (۲) لُڑھکانا ۔ بہانا ۔
ڈھلکنا (ڈھ ۔ لک ۔ نا) [ہ ۔ مص] اُوپر سے نیچے آنا ۔ ٹپکنا ۔ بہنا ۔
ڈِھلمِل (ڈِھل ۔ مِل) [ہ ۔ صف] (۱) لڑکھڑاتا ہُوا (۲) مذبذب ۔
ڈِھلمِل یقین (۱) مذبذب (۲) ڈانواں ڈول ۔ ایمان کا کچا ۔
ڈھلنا (ڈھل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گھٹنا ۔ کم ہونا (۲) سانچے میں تیار ہونا (۳) لڑھکنا ۔ گزرنا ۔
ڈھلنا (ڈھل ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) مائل ہونا ۔ متوجہ ہونا (۲) لُڑھکا جانا ۔
ڈھلواں (ڈھل ۔ واں) [ہ ۔ صف] اپھسلواں ۔ جھکواں ۔
ڈھلوانا [ہ ۔ مص] سانچے میں بنوانا ۔
ڈھلوانا [ہ ۔ مص] بوجھ ایک سے دُوسری جگہ منتقل کروانا ۔ اروانا ۔
ڈھلوائی [ہ ۔ ا ۔ مونث] بوجھ اُٹھوا کر بھیجنے کی مزدوری ۔
ڈھنڈوانا [ہ ۔ مص] تلاش کرانا ۔
ڈھنڈورا (ڈھن ۔ ڈو ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈگڈگی (۲) منادی ۔ تشہیر ۔
ڈھنڈورا پیٹنا ۔ منادی کرنا ۔ تشہیر کرنا ۔ جابجا کہتے پھرنا ۔
ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں [مثل] چیز پاس ہوتے ہوئے اِدھر اُدھر تلاش کرتے پھرنا ۔
ڈھنڈورچی (ڈھن ۔ ڈور ۔ چی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] منادی کرنے والا ۔
ڈھنڈیا (ڈھنڈ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] تلاش ۔ جستجو ۔
ڈھنگ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) طریقہ ۔ طرز (۲) روش ۔ چال چلن (۳) وضع قطع (۴) ہُنر ۔ سلیقہ ۔
ڈھنگ اُڑانا ۔ رنگ اختیار کرنا ۔ نقل کرنا ۔
ڈھنگ کا ۔ موزوں ۔ مُناسب ۔ درست ۔
ڈھوانا (ڈھ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] گروانا ۔ مُنہدم کروانا
ڈھور [ہ ۔ ا ۔ مذکر] مویشی ۔ چوپائے ۔
ڈھول [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک مشہور ساز ۔ طبل ۔ مردنگ ۔
ڈھول ڈھمکا ۔ دھوم دھام ۔ دھوم دھڑکا ۔ باجا گاجا ۔
ڈھول کا پول ۔ اصل میں کچھ نہیں بڑا دکھاوا اور رُعب ۔
ڈھولا [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مشہور پنجابی عاشق (۲) ایک پنجابی عشقیہ گیت (۳) دھوکا دینے والا عاشق (۴) پیارا ۔ محبوب ۔
ڈھولک (ڈھو ۔ لک) [ہ ۔ ا ۔ مونث] چھوٹا ڈھول ۔ ڈھولکی ۔
ڈھولکی (ڈھو ۔ ل ۔ کی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] ڈھولک ۔
ڈھولنا [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈھول کی شکل کا گلے میں پہننے کا ایک زیور (۲) چھوٹی حمائل ۔
ڈھولی [ہ ۔ ا ۔ مونث] پانوں کا گٹھا جس میں زیادہ سے زیادہ ہزار اور کم سے کم دو سو پان ہوتے ہیں ۔
ڈھونا (ڈھو ۔ نا) [ہ ۔ مص] بوجھ اُٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ۔ لادنا ۔
ڈھونچا (ڈھوں ۔ چا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ساڑھے چار کا پہاڑا ۔
ڈھونڈ [ہ ۔ ا ۔ مونث] تلاش ۔ سُراغ ۔ جستجو ۔ کھوج ۔
ڈھونڈ ڈھانڈ ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ سراغ ۔ کھوج ۔
ڈھونڈ ڈھانڈ کر ۔ دیکھ بھال کر ۔ سراغ لگا کر ۔ تلاش کرکے ۔
ڈھونڈ نکالنا ۔ سراغ لگا لینا ۔
ڈھونڈنا [ہ ۔ مص] تلاش کرنا ۔ کھوج لگانا ۔
ڈھونگ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تماشا (۲) فریب ۔ ریاکاری ۔
ڈھونگ رچانا ۔ فریب کا جال پھیلانا ۔
ڈھے پڑنا ۔ ڈھے جانا [ہ ۔ مص] (۱) گر پڑنا ۔ مکان کا مسمار ہو جانا (۲) رہ پڑنا ۔ اتر پڑنا ۔
ڈھیٹ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ضدی ۔ سرکش ۔ اڑیل ۔ بیباک ۔
ڈھیر [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تودہ ۔ انبار (۲) بھیڑ ۔ مجمع (۳) بہتات ۔ کثرت ۔
ڈھیر ہو جانا (۱) تھک جانا (۲) مکان کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا ۔ (۳) انبار لگ جانا (۴) بے جان ہو کر گر پڑنا ۔
ڈھیرا (ڈھے ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر و صفت] (۱) بھینگا (۲) جمع کا نشان (الجبرے میں) ۔
ڈھیری (ڈھے ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) بھینگی عورت (۲) چھوٹا سا انبار (۳) گاؤں یا جائداد میں حصہ ۔
ڈھیل [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) دیر ۔ تامل ۔ سُستی (۲) مہلت ۔ لاپروائی (۳) بھول ۔
ڈھیل دینا ۔ (۱) ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا (۲) دانستہ چشم پوشی کرنا (۳) مہلت دینا ۔
ڈھیلا [ہ ۔ صف] (۱) سُست (۲) فراخ ۔ کُھلا ۔

Marfat.com

ڈھیلا پڑجانا (۱) چُست یا تنگ نہ رہنا (۲) نرم پڑجانا (۳) سُست یا کمزور ہوجانا ۔
ڈھیلا پن (مذکر) سُستی ۔ کاہلی ۔
ڈھیلا (ڈھے ۔ لا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ڈلا ۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا (۲) آنکھ کے اندر کا گول حصّہ ۔
ڈھیلا لینا ۔ پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے استنجا کرنا ۔
ڈھیلی (ڈھی ۔ لی) [ہ ۔ صف] ڈھیلا کا مونث ۔
ڈھینا (ڈھے ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گرنا ۔ منہدم ہونا (۲) دل چھوڑ دینا (۳) کمزور ہونا ۔
ڈھینکلی (ڈھینک ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی جس میں ڈول بندھا ہوتا ہے (۲) آڑی سلائی (۳) دھان کوٹنے کا آلہ (۴) قلا بازی ۔

# ڈ ۔ ی

ڈی ۔ ایس ۔ پی (D.S.P) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مخفف ۔
ڈیپارٹمنٹ [انگ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھو ڈیپارٹمنٹ ۔
ڈی ۔ سی (D.C) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ڈپٹی کمشنر کا مخفف ۔
ڈیڈ لیٹر آفس (DEAD LETTER OFFICE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ڈاک کا وہ دفتر جہاں لاوارث چٹھیاں بھیج دی جاتی ہیں ۔
ڈیرا (ڈے ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خیمہ (۲) عارضی قیام گاہ (۳) گھر ۔
ڈیرا ڈالنا ۔ رہائش کرلینا ۔ چھاؤنی ڈال لینا ۔ رہ پڑنا ۔
ڈیرا کرنا ۔ اُترنا ۔ رہنا ۔ ٹھہرنا ۔ عارضی قیام کرنا ۔
ڈیرے دار ۔ ڈیرے وال ۔ خوشحال طوائف ۔
ڈیری (DAIRY) (ڈے ۔ ری) [انگ ۔ ا ۔ مونث] شیر خانہ ۔ دودھ مکھن پنیر تیار کرنے کا کارخانہ ۔
ڈیری فارم (DAIRY FARM) (مذکر) دودھ دینے والے جانور پلنے کی جگہ ۔
ڈیڑھ [ہ ۔ صف] ایک اور آدھا ۱½ ۔
ڈیڑھ انگھر رٹھانا ۔ ترکیبیں بتانا ۔ ہوشیار کردینا ۔
ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا (۱) کسی کی رائے سے متفق نہ ہونا (۲) کسی کے ساتھ شرکت پسند نہ کرنا ۔ (عام طور پر اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا بولتے ہیں) ۔
ڈیزائن (DESIGN) (ڈِ ۔ زا ۔ ئن) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] نقشہ ۔ خاکہ ۔
ڈیزائنر (DESIGNER) (ڈی ۔ زا ۔ ئے ۔ نر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] خاکہ تیار کرنے والا ۔ نقشہ کش ۔
ڈیسک (DESK) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سکول کے بچوں کی ڈھلواں میز ۔
ڈیک (DECK) [انگ ۔ ا ۔ مونث] عرشۂ جہاز ۔ تختۂ جہاز ۔
ڈیکلریشن (DECLERATION) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بیان (۲) اعلان (۳) اقرار نامہ (۴) عرضی دعویٰ (۵) اخبار جاری کرنے کا اجازت نامہ
ڈیل [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جسم ۔ قد و قامت ۔
ڈیل ڈول (مذکر) قد و قامت ۔ تن و توش ۔ جسامت ۔
ڈیلٹا (DELTA) (ڈیل ۔ ٹا) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] تکونی زمین جو کسی دریا کے دہانے پر واقع ہو ۔
ڈیلر (DEALER) (ڈی ۔ لر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تقسیم کرنے والا (۲) بیوپاری ۔
ڈیلی (DAILY) (ڈے ۔ لی) [انگ ۔ صف] (۱) روزمرہ کا ۔ روزانہ (۲) [مذکر] روزنامہ ۔ روزانہ اخبار ۔
ڈیلی گیٹ (DELEGATE) (ڈے ۔ لی ۔ گیٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مختار ۔ وکیل ۔ نمائندہ ۔ مندوب ۔
ڈیلی گیشن (DELEGATION) (ڈے ۔ لی ۔ گے ۔ شن) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] جماعتِ مندوبین ۔ نمائندوں کی جماعت ۔
ڈیم (DAME) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پشتہ ۔ بند (۲) پانی جو بند کے ذریعہ روک دیا جائے ۔
ڈیمانسٹریٹر (DEMONSTRATOR) (ڈی ۔ مانس ۔ ٹرے ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مثال اور تجربے کے ذریعے تعلیم دینے والا ۔
ڈیمریج (DEMERAGE) (ڈیم ۔ ریج) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ریل یا جہاز کے حدود سے وقتِ مقررہ کے بعد مال لے جانے پر محصول ۔
ڈیموکریٹ (DEMOCRATE) (ڈے ۔ موک ۔ ریٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] جمہوریت پسند ۔
ڈیموکریسی (DEMOCRACY) (ڈے ۔ موک ۔ رے ۔ سی) [انگ ۔ ا ۔ مونث] جمہوریت ۔
ڈیمی (DEMY) (ڈے ۔ می) [انگ ۔ صف] آدھا ۔ نیم ۔ نصف ۔
ڈیمی آفیشل (DEMY OFFICIAL) نیم سرکاری خط ۔ اسے مختصر کرکے ڈی ۔ او بھی کہتے ہیں ۔
ڈین (DEAN) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بڑے گرجا کا افسرِ اعلیٰ ۔ بڑا پادری (۲) کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبہ کی نگرانی کی خدمت ہو (۳) یونیورسٹی کے کسی شعبے کا صدر ۔
ڈینگ [ہ ۔ ا ۔ مونث] شیخی ۔ تعلّی ۔ لاف زنی ۔
ڈینگ ہانکنا ۔ ڈینگ کی لینا ۔ ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔ اترانا ۔
ڈینگیا [ہ ۔ ا ۔ مذکر] شیخی خورا ۔ بڑبولا ۔
ڈیو (DUE) [انگ ۔ صف] (۱) واجب الادا (۲) لازم ۔
ڈیوٹی (DUTY) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) فرض ۔ کام (۲) چنگی کا محصول ۔
ڈیوڑھا [ہ ۔ صف] (۱) ایک اور آدھا (۲) ریل کا ڈیوڑھا درجہ ۔
ڈیوڑھی [ہ ۔ صف] ڈیوڑھا نمبر ۱ کا مونث ۔
ڈیوڑھی (ڈیو ۔ ڑھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) صدر دروازے کے سامنے کا کمرہ (۲) دہلیز ۔
ڈیوڑھی دار (مذکر) دربان ۔ پہرہ دار ۔ حاجب ۔
ڈیوک (DUKE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نواب ۔ رئیسِ اعظم (۲) انگریزی خطاب ۔

Marfat.com

# ذ

ذ (ذال) [ع ۔ مذکر] اُردو کا تیرھواں، فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف ۔ اسے ذالِ معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں ۔ ابجد کے حساب میں اس کے ۷۰۰ عدد مقرر ہیں ۔

## ذ ۔ ا

ذابح (ذا ۔ بح) [ع ۔ صفت] ذبح کرنے والا ۔ قربانی کرنے والا ۔
ذات [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) حقیقت ۔ مادہ (۲) شخصیت (۳) قسم ۔ نوع (۴) حیثیت (۵) قبیلہ ۔ برادری ۔ نسل ۔ (س ۔ جاتی) ۔
ذات الجنب (مذکر) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے ۔ پسلی کا درد ۔
ذاتُ الرّیح (مذکر) نمونیا کا مرض ۔
ذاتُ الصّدر (مذکر) سینے کا درد ۔ سینے کا ورم ۔
ذات باہر ۔ ذات سے نکالا ہُوا ۔
ذات پات (مونث) قوم ۔ قبیلہ ۔
ذات شریف (طنزاً) چالاک ۔ مفسد ۔ شرارتی ۔
ذات میں بٹا لگنا ۔ نسل میں عیب لگنا ۔
ذاتی [ع ۔ صفت] (۱) اصلی ۔ حقیقی (۲) شخصی ۔ نجی ۔ اپنی ۔
ذاتیات (ذا ۔ تی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مونث] کسی ذات سے متعلق باتیں یا نجی امور ۔
ذاکر [ع ۔ صفت] (۱) ذکر کرنے والا (۲) وہ شخص جو مجلس میں مصائبِ اہلِ بیت بیان کرتا ہے ۔
ذائقہ [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مزہ ۔ لذت (۲) لُطف ۔ چسکا (۳) [مونث] چکھنے کی قوت ۔
ذائقہ دار ۔ مزیدار ۔ لذیذ ۔

## ذ ۔ ب

ذبح [ع ۔ ا ۔ مذکر] شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا ۔
ذبیح (ذ ۔ بیح) [ع ۔ صفت] (ع) ذبح کیا ہُوا ۔ حلال کیا ہُوا ۔
ذبیح اللہ ۔ اللہ کے راستے میں ذبح کیا ہُوا ۔ حضرت اسماعیل کا لقب ۔
ذبیحہ (ذ ۔ بی ۔ حہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] قربانی کا جانور ۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہُوا جانور ۔

## ذ ۔ خ

ذخّار (ذخ ۔ خار) [ع ۔ صفت] (۱) طویل و عریض ۔ لمبا چوڑا (۲) جس میں بہت کچھ سما سکے ۔
ذخائر (ذ ۔ خا ۔ ئر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ذخیرہ کی جمع ۔
ذخیرہ (ذَ ۔ خی ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خزانہ (۲) گودام (۳) وہ جگہ جہاں پودوں کی پنیریاں اکٹھی کی جاتی ہیں ۔
ذخیرہ اندوز ۔ ذخیرہ کرنے والا ۔ مال روک کر مہنگے داموں بیچنے والا ۔
ذخیرہ اندوزی ۔ مہنگے داموں بیچنے کے لیے اشیاء کا ذخیرہ کر لینا ۔
ذخیرہ ہونا (۱) جمع ہونا (۲) گودام میں رکھا جانا (۳) پونجی ہونا ۔

## ذ ۔ ر

ذرا [اُر ۔ صفت] تھوڑا ۔ بہت کم ۔
ذرا ذرا (۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کُل ۔ تمام ۔
ذرا ذرا کر کے ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے ۔
ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔ چھوٹا سا ۔
ذرا سا مُنہ نکل آنا ۔ بیماری گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اُتر جانا ۔
ذرا کی ذرا ۔ تھوڑی دیر کے لیے ۔
ذرا میں ۔ تھوڑی سی دیر میں ۔
ذرّات (ذَر ۔ رات) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ذرّہ کی جمع ۔
ذراع [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بازو (۲) ایک ہاتھ ۔ ایک گز ۔
ذرائع (ذَ ۔ را ۔ ئع) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ذریعہ کی جمع ۔
ذرّہ (ذَر ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا ۔ ریزہ ۔
ذرّہ بھر ۔ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔
ذرّۂ بے مقدار ۔ بے وقعت شے ۔
ذرّہ ذرّہ ۔ تفصیل کے ساتھ ۔
ذرّے کو آفتاب بنانا ۔ ناچیز کو اعلیٰ مرتبے پر پہنچانا ۔
ذری [اُر ۔ صفت] ذرا ۔ تھوڑی ۔
ذرّیت (ذُر ۔ ری ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مونث] اولاد ۔ نسل ۔
ذریعہ (ذَری ۔ عہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وسیلہ ۔ واسطہ (۲) طفیل ۔ معرفت (۳) موقع ۔ سبب ۔
ذریعہ پیدا ہونا ۔ وسیلہ پیدا ہونا ۔ طریقہ نکل آنا ۔
ذریعہ نکالنا ۔ وسیلہ پیدا کرنا ۔
ذریعہ ہونا ۔ ذریعہ بننا ۔ وسیلہ ہونا ۔

## ذ ۔ ق

ذقن (ذَ ۔ قن) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ٹھوڑی ۔

## ذ ۔ ک

ذکا (ذَ ۔ کا) [ع ۔ ا ۔ مونث] ذہانت ۔ دانائی ۔ فراست ۔ عقلمندی ۔

Marfat.com

**ذَکاوت** [ع - ا - مؤنث] ذہن کی تیزی - ذہانت - تیز فہمی -
**ذَکَر** (ذَ-کَر) [ع - ا - مذکر] (۱) نر - مرد (۲) آلۂ تناسل -
**ذِکر** [ع - ا - مذکر] (۱) تذکرہ - چرچا (۲) زبان اور دل سے خدا کی یاد (۳) قرآن پاک کی تلاوت -
**ذکر آنا (چلنا - نکلنا - ہونا)** کسی کی بابت کچھ گفتگو ہونا - تذکرہ ہونا -
**ذکر چھیڑنا** - بات چیت ہونا - کسی بات کی ابتدا ہونا -
**ذکرِ حبیب** - معشوق کی باتیں - معشوق کا تذکرہ -
**ذکرِ خیر** - کسی کا اچھے الفاظ میں تذکرہ کرنا -
**ذُکور** (ذُ-کور) [ع - ا - مذکر] ذَکر کی جمع بہت سے مرد -
**ذَکی** [ع - صفت] تیز فہم - ذہین - ہوشیار - زیرک - زود فہم -
**ذَکیّہ** (ذَ-کی-یَہ) [ع - صفت] ذکی کی تانیث - تیز فہم عورت -

# ذ - ل

**ذَلالت** (ذَ-لا-لت) [ع - ا - مؤنث] (۱) ذلّت - رسوائی (۲) توہین (۳) کمینہ پن -
**ذِلّت** (ذِل-لت) [ع - ا - مؤنث] رسوائی - توہین - بدنامی -
**ذلت اٹھانا** - ذلیل و خوار ہونا - شرمندہ ہونا -
**ذلت ہونا** - رسوائی ہونا - ہتک ہونا - شرمندگی ہونا -
**ذَلیل** (ذَ-لیل) [ع - صفت] (۱) خوار (۲) رسوا - بدنام (۳) کمینہ -
**ذلیل کرنا** - رسوا کرنا - شرمندہ کرنا -

# ذ - م

**ذَم** [ع - ا - مؤنث] مذمّت - ہجو - بُرائی -
**ذم کا پہلو نکلنا** - بُرائی یا مذمت کی صورت ہونا -
**ذم کرنا** - ہجو کرنا -
**ذِمّہ** (ذِم-مہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ضمانت - کفالت (۲) عہد (۳) تحویل - امانت (۴) ہجوابدہی - مواخذہ (۵) فرض - نوکری (۶) وفاداری -
**ذمہ دار** - ضامن - کفیل - جوابدہ - فرض شناس -
**ذمہ دارانہ** - ذمہ داری کے ساتھ -
**ذمہ داری** (مؤنث) (۱) ضمانت - کفالت - فرض شناسی - جوابدہی ذمہ لینا (۲) تحویل میں لینا (۳) ہامی بھرنا -
**ذِمّی** (ذِم-می) [ع - ا - مذکر] غیر مسلم جو اسلامی سلطنت میں رہے اور جزیہ ادا کرے -

# ذ - ن

**ذَنب** (ذَنب) [ع - ا - مذکر] گناہ - قصور - جرم - بُرا کام -
**ذَنَب** (ذَ-نَب) [ع - ا - مذکر] (۱) دُم (۲) آخری سرا -
**ذُنوب** (ذُ-نوب) [ع - ا - مذکر] ذنب کی جمع گناہ -

# ذ - و

**ذُو** [ع - ا - مذکر] مالک - آقا - والا - صاحب -
**ذوارلعۃ الاضلاع** - چار پہلوؤں کا یا چار اضلاع والی شکل -
**ذواضعاف** - جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے تو اسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں -
**ذواضعاف اقل** - سب سے چھوٹا ذواضعاف - وہ عدد جو کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو - اس عدد کو ان عددوں کا ذواضعاف اقل کہتے ہیں -
**ذوالجلال** - صاحبِ جلال - دبدبے والا - خدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام -
**ذوالجناح** - پروں والا - حضرت امام حسینؓ کے اُس گھوڑے کا نام جس پر آپ معرکۂ کربلا میں سوار تھے -
**ذوالحجہ** - قمری سال کا بارھواں مہینا جس میں حج بیت اللہ اور عید الاضحیٰ کی تقاریب ہوتی ہیں -
**ذوالفقار** - حضرت علیؓ کی تلوار کا نام -
**ذوالقرنین** - دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا - ایک بادشاہ کا نام جس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے -
**ذوالمنن** - بخشش اور احسان کرنے والا - خدا کی صفت -
**ذو معنی** - دو معنوں والا - وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں (ذوالمعنیین کا بگاڑ) -
**ذو معنی کہنا** - ایسی بات کہنا جس کے کئی معنے نکلتے ہوں -
**ذَوات** (ذَ-وات) [ع - ا - مذکر] ذات کی جمع بمعنی صاحبان - مالکان -
**ذَوق** [ع - ا - مذکر] (۱) مزا - لطف (۲) شوق - خوشی -
**ذوق رکھنا** - شوق رکھنا -
**ذوقِ سلیم** - صحیح ذوق - درست مذاق -
**ذَوِی** [ع - ا - مذکر] ذُو کی جمع - مالکان - صاحبان -
**ذوی الارحام** - وہ رشتہ دار جو باپ کی طرف سے منسوب نہ ہوں -
**ذوی الفرائض** - شرعی وارث جن کے حصے مقرر ہیں -
**ذوی القربیٰ** - قرابت والے لوگ - رشتہ دار -

# ذ - ہ

**ذَہانت** (ذَ-ہا-نت) [ع - ا - مؤنث] ذہن کی تیزی - فوراً سمجھ جانے کا ملکہ -
**ذَہَب** (ذَ-ہَب) [ع - ا - مذکر] سونا -
**ذِہن** [ع - ا - مذکر] (۱) حافظہ - یاد (۲) سمجھ کی قوت - دانائی -
**ذہنِ رسا** - تیز ذہن -
**ذہن سے اتر جانا** - بھول جانا -

Marfat.com

ذہن کُند ہونا - غبی ہونا -
ذہن نشین - سمجھا ہُوا - یاد رکھا ہُوا - سمجھ میں آیا ہُوا -
ذِہنی (ذِہ - نی) [ع - صف] (۱) ذہن کے متعلق (۲) دماغی - عقلی -
ذِہنیت (ذِہ - نی - یَت) [ع - ا - مونث] طبیعت کا رجحان طبیعت کا میلان - مزاج -
ذَہین (ذَ - ہین) [ع - صفت] وہ جس کا ذہن تیز ہو - ذکی - ہوشیار -

## ذ - ی

ذی [ع - ا - مذکر] صاحب مالک - رکھنے والا - ذُو -
ذی آبرو - آبرو والا - عزت دار -
ذی اختیار - اختیار والا - حاکم -
ذی اِستعداد - (۱) قابل - لائق (۲) امیر - دولتمند -
ذی اقتدار - حکومت والا - اقتدار والا - حاکم -
ذی جاہ - مرتبے والا - افسر -
ذی حشم - صاحب حشمت - شان و شوکت والا -
ذی حِس - جاندار - احساس رکھنے والا -
ذی حیات - جان دار - زندہ -
ذی خِرَد - عقل مند - دانا -
ذی رُتبہ - عہدہ دار - صاحب منصب - افسر - حاکم -
ذی رُوح - جان دار -
ذی شان - شان و شوکت والا -
ذی شعُور - عقل مند - دانا - ہوشیار - سمجھ دار -
ذی عزت - عزت دار - معزز -
ذی قعدہ - سن ہجری کا گیارھواں مہینا -
ذی ہوش - سمجھدار - ہوشیار - ذہین - ہوش مند -
ذِیابیطس (ذِیا - بی - طِس) [ع - ا - مذکر] بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے -
ذَیل [ع - ا - مذکر] (۱) دامن نیچے کا حصہ (۲) وہ جو نیچے درج ہو (۳) علاقہ - حلقہ (۴) گروہ - زمرہ (۵) واسطہ - آڑ -
ذیل دار (مذکر) ایک سرکاری عہدہ دار جس کے حلقے میں کئی گاؤں ہوتے ہیں -
ذیل میں - تحت - نیچے -
ذیل وار - ذیل کے حساب سے -
ذَیلی - (ذَے - لی) [ت - صف] نچھلی - ضمنی - ماتحت -
ذیلی تقسیم (۱) نیچے کی تقسیم (۲) کمتر درجے کی تقسیم - سب ڈویژن -
ذیلی دفعہ (مذکر) قانونی وضاحت کی مزید وضاحت کے لیے ضمنی دفعات -
ذیلی تفصیلی - ماتحت -
ذیلی عنوان (مذکر) کسی مضمون کی ذیلی سُرخی -

Marfat.com

# ر

ر (رے) [ع-مونث] (۱) اُردو کا چودھواں فارسی کا بارھواں عربی کا دسواں اور ہندی کا ستائیسواں حرف۔ اسے رائے مُہملہ اور رائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ (۲) حساب ابجد میں اس کے دو سَو عدد مقرر ہیں۔

## ر - ا

را۔ [ت-حرف] (۱) کا۔ کو۔ سے۔ لیے اُردو میں اس کے مرکبات قضا را بمعنی اتفاقاً۔ ناگہانی۔ خدا را بمعنی خدا کے لیے مستعمل ہیں۔)
راب۔ (ہ-ا-مونث) شیرہ۔ پتلا گڑ۔
رابڑی۔ (راب-ڑی) (ہ-ا-مونث) دیکھیے ربڑی۔
رابطہ۔ (را-بِ-طہ) (ع-ا-مذکر) لگاؤ۔ تعلق۔ میل جول۔
رابع۔ (را-بِع) (ع صفت) چوتھا۔
رابعاً۔ (را-بِ-عَن) (ع-تابع فعل) چوتھی بار۔
رابعہ۔ (را-بِ-عہ) (ع-صفت) چوتھی۔
راپی۔ (ہ-ا-مونث) دیکھیے رانپی۔
رات۔ (ہ-ا-مونث) (۱) رین۔ شب (۲) اندھیرا۔ تاریکی۔
رات بس کر۔ رات کو قیام کرکے۔
رات بھاری ہونا۔ تکلیف اور مصیبت کی رات کا کاٹے نہ کٹنا۔
رات بھر۔ تمام شب۔ ساری رات۔
رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی۔ (مثل) محنت تو بہت کی مگر فائدہ نہ ہونے کے برابر ہوا۔
رات بھیگنا۔ رات کا سرد ہوجانا۔ آدھی رات گزرنا۔
رات پڑی ہے۔ بہت رات باقی ہے۔
رات تھوڑی سوانگ بہت۔ رات تھوڑی کہانی بہت۔ (مثل) (۱) فرصت کم ہے اور کام زیادہ (۲) عمر کم اور دنیا کے بکھیڑے بہت۔
رات تیر کرنا۔ رات گزارنا۔
رات جانا۔ رات گزرنا۔ رات تمام ہوجانا۔
رات دن۔ ہر وقت۔ شب و روز۔ آٹھوں پہر۔
رات دن برابر ہونا۔ (۱) ۲۱ مارچ اور ۲۳ ستمبر کو دن اور رات کی لمبائی پورے بارہ گھنٹے کی ہوتی ہے (۲) دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا۔ جو کام دن کو کرنا چاہیے وہی رات کو بھی کرنا۔
رات دن پیسا اور چپنی بھر اٹھایا۔ (مثل) بڑی مشقت کے بعد تھوڑا فائدہ۔
رات ڈھلنا۔ آدھی سے زیادہ رات گزر جانا۔
رات رہنا۔ (۱) رات باقی ہونا (۲) رات کو قیام کرنا۔
رات رہے۔ ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو۔
رات کٹ جانا۔ رات بسر ہوجانا۔
رات کی رات۔ صرف ایک رات۔
رات گئی بات گئی۔ (مثل) موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہوسکتا۔
رات گئے۔ ایسے وقت جب رات کا بڑا حصہ گزر چکا ہو۔
رات نہ بکھڑنا۔ رات ہونے سے پہلے مرجانا۔
راتوں رات۔ راتا رات۔ رات ہی رات میں۔ ایک رات میں
راتب۔ (را-تِب) (ع-ا-مذکر) (۱) کتے، بلی، ہاتھی کی روزانہ خوراک (۲) گھوڑے کو جو چیز معمولی دانے گھاس کے علاوہ دی جائے (۳) تنخواہ۔ پنشن۔ راشن۔
راتب باندھنا۔ معمول مقرر کرلینا۔
راٹھور۔ (را-ٹھور) (س-ا-مذکر) (۱) راجپوتوں کی ایک شاخ (۲) (صفت) مضبوط۔ پکا۔
راج۔ (ہ-ا-مذکر) (۱) سلطنت۔ حکومت (۲) اختیار۔ (۳) معمار۔
راج بہار۔ (مذکر) چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکالی جائے۔
راج پاٹ (مذکر) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت۔
راج پوت۔ (۱) شاہزادہ (۲) چھتری۔ راجا کی اولاد۔ ایک ذات جو راجگان قدیم کی اولاد سے کئی شاخوں اور گوتوں میں ہندو اور مسلمان دونوں میں موجود ہے۔
راج پھوڑا۔ (مذکر) وہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا ہے۔ اسے مغلئی، افغانی اور لاہوری پھوڑا بھی کہتے ہیں۔ کاربنکل۔
راج تلک۔ (مذکر) بادشاہت کا ٹیکا۔ وہ قشقہ جو راج گدی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔
راج دربار۔ (مذکر) دربار شاہی۔ بارگاہِ خسروی۔
راج دوت۔ (مونث) راجا کا ایلچی۔ کسی ملک کا سفیر۔
راج دہانی۔ (مونث) پایۂ تخت۔ دارالحکومت
راج کرنا۔ (۱) حکومت کرنا (۲) عیش سے زندگی بسر کرنا۔
راج کمار۔ (مذکر) راجا کا بیٹا۔ راجپوت۔ کنور۔ شہزادہ۔
راج کماری۔ (مونث) راجا کی بیٹی۔ شہزادی۔
راج کوی۔ (مذکر) (۱) درباری شاعر۔ ملک الشعراء
راج گدی۔ (مونث) تخت شاہی۔ تخت سلطنت۔
راج گرو۔ (مذکر) راجا کا مرشد۔
راج گری۔ راج گیری۔ (مونث) معماری۔ عمارت یا تعمیر کا کام۔
راج گھاٹ۔ (مذکر) راجا کے نہانے کا گھاٹ۔ بہت بڑا گھاٹ۔
راج نیتک۔ سیاسی۔
راج نیتی (مونث) سیاست۔ نظام حکومت۔
راج ہٹ، بالک ہٹ، تریا ہٹ، جوگی ہٹ۔ (مثل) راجا

Marfat.com

بچہ، عورت اور فقیر جو دل میں آئے کرتے ہیں - کسی کی نہیں مانتے۔

راج ہنس۔ (مذکر) (۱) بڑی بط - قاز (۲) گدھ کا ایک راجہ

راجا۔ (ہ - ا - مذکر) بادشاہ۔

راجح۔ (را - جح) (ع - صفت) بہتر - غالب - فائق۔

راجع۔ (را - جع) (ع - صفت) رجوع کرنے والا۔

راچھ۔ (ہ - ا - مذکر) (۱) جلاہوں کی دندانے دار کنگھی (۲) بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار (۳) لوہے کا ٹکڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔

راحت۔ (را - حَت) (ع - ا - مونث) (۱) آرام - آسائش (۲) محنت، تکلیف یا بے آرامی کا ختم ہو جانا - (۳) خوشی - مسرت۔

راحتِ جان۔ (۱) دل خوش کرنے والا - معشوق، بیوی یا اولاد (۲) (بلا اضافت) ایک قسم کا کھانا۔

راحلہ۔ (را - ح - لہ) (ع - ا - مذکر) سواری کا جانور۔

راحم۔ (را - حِم) (ع - صفت) رحم کرنے والا۔

رادفت۔ (را - د - فت) (ع - ا - مونث) صورِ اسرافیل کی دُوسری آواز۔

رادھا۔ (س - ا - مونث) رادھکا - کرشن جی کی ایک پیاری گوپی۔

راڑ۔ (ہ - ا - مونث) شور و غل - جھگڑا - فساد۔

راز۔ (ف - ا - مذکر) - بھید - پوشیدہ بات۔

رازدار۔ بھیدی - واقف کار - معتمد۔

رازداری۔ (مونث) بھید چھپانا - اخفائے راز۔

رازداں۔ بھید جاننے والا - واقف کار - دوست۔

رازِ سربستہ۔ رازِ نہفتہ - ایسا راز جو ابھی ظاہر نہ ہوا ہو۔

راز فاش کرنا۔ بھید کھولنا - پوشیدہ بات بیان کرنا۔

رازِ نہاں۔ خفیہ بھید - رازِ سربستہ۔

راز و نیاز۔ عاشق و معشوق کی پوشیدہ باتیں - ناز نخرہ۔

رازق۔ (ع - صفت) رزق دینے والا - پروردگار۔

رازی۔ (را - زی) (ف - ا - مذکر) شہر رے (ایران) سے منسوب۔

راس۔ (ع - ا - مذکر) (۱) سر (۲) سردار (۳) فرد (۴) راہو نیم ستارے کا عربی نام (۵) آسمانی برج - (۶) (قصابوں کی اصطلاح) بکریوں اور بھیڑوں وغیرہ کی تعداد (۷) (مونث) راوپے کی نوک (۸) خشکی کا وہ حصہ جو دُور تک پانی میں چلا گیا ہو۔

راس الجدی۔ آسمان پر وہ انتہائی شمالی نقطہ جہاں ۲۲ دسمبر کو سورج پہنچنے پر موسم سرما شروع ہوتا ہے۔

راس السرطان۔ وہ انتہائی جنوبی نقطہ جہاں ۲۱ جون کو سورج کے پہنچنے پر موسم گرما شروع ہوتا ہے۔

راس المال۔ پونجی - سرمایہ - اصل رقم۔

راس چکر۔ منطقۃ البروج - آسمان پر ایک خیالی چوڑا دائرہ جو زمین کی گردش کے خطے سے ۸ درجے تک دونوں طرف پھیلا ہوا ہے - تمام سیارے اس کے اندر ہیں - راس کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنہیں برج کہتے ہیں۔

راس۔ (ہ - ا - مونث) (۱) ڈھیر - کھلیان (۲) قسمت (۳) بچے کو گود لینا (۴) باگ - لگام (۵) سود - نفع۔

راس آنا۔ موافق آنا - سازگار ہونا۔

راس۔ (س - ا - مذکر) (۱) ناٹک جس میں کرشن جی اور ان کی گوپیوں کی نقل کی جاتی ہے (۲) کھیل تماشا۔

راس دھاری۔ (مذکر) وہ ناچنے والا شخص جو کرشن جی اور ان کی گوپیوں کے کھیل کی نقل کرتے ہیں۔

راس لیلا۔ (مونث) کرشن جی اور ان کی گوپیوں کا کھیل۔

راست۔ (ف - صفت) (۱) سیدھا - دایاں (۲) سچ - درست۔

راست باز۔ سچا - ایمان دار - دیانت دار۔

راست بازی۔ (مونث) ایمانداری - سچائی - دیانت داری۔

راست رو۔ (۱) سیدھا چلنے والا (۲) ایماندار۔

راست گفتار۔ (گو) سچ بولنے والا - صاف گو

راست گفتاری (گوئی) (مونث) سچ بولنا - صاف گوئی۔

راست معاملہ۔ وہ جو لین دین میں صاف اور ایماندار ہو۔

راستہ۔ (راس - تہ) (ف - ا - مذکر) (۱) سڑک (۲) ڈھنگ طریقہ۔

راستہ بتانا۔ (۱) راستہ دکھانا (۲) ہدایت کرنا (۳) ٹال دینا۔

راستہ بھٹکنا۔ دُوسرے راستے پر جا پڑنا - سیدھے راستے پر نہ رہنا۔

راستہ دکھانا۔ راہ بتانا - انتظار کروانا۔

راستہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

راستہ دینا۔ کسی کے گزرنے کے لیے راستہ چھوڑ دینا۔

راستہ لینا۔ روانہ ہونا - چلے جانا۔

راستہ ناپنا۔ چلے جانا - تھوڑی دیر کے لیے آنا۔

راستے پر لگا دینا۔ (۱) راستہ بتا دینا (۲) کام سے لگا دینا۔

راستی۔ (راس - تی) (ف - ا - مونث) (۱) سچائی - (۲) ایمان داری (۳) سیدھا ہونا۔

راستی پر آنا۔ (۱) سچ بولنا - (۲) سیدھے راستے پر آنا۔

راستی سے۔ (۱) ایمانداری سے (۲) انصاف سے - سچائی سے۔

راستی موجب رضائے خداست۔ سچائی سے خدا خوش ہوتا ہے۔

راسخ۔ (را - سِخ) (ع - صفت) پکا - مضبوط - اٹل۔

راسخ الاعتقاد۔ مضبوط عقیدے والا۔

راشد۔ (ع - صفت) سیدھے راستے پر چلنے والا - ہدایت یافتہ۔

راشن۔ (RATION) (انگ - ا - مذکر) مقررہ مقدار جو ایک بار ملے۔

راشن ڈپو۔ (RATION DEPOT) (مذکر) راشن کی دکان۔

راشن کارڈ۔ (RATION CARD) (مذکر) وہ پروانہ جس پر راشن کی مقدار اور کارڈ والے کا نام پتا درج ہو۔

راشی۔ (را - شی) (ع - صفت) رشوت دینے والا (رشوت لینے والے کے معنوں میں بھی مستعمل)

راضی۔ (را - ضی) (ع - صفت) خوش - رضامند۔

راضی برضا۔ خدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا۔

راضی خوشی۔ (۱) ٹھیک ٹھاک - تندرست (۲) رضامندی سے

Marfat.com

راضی نامہ - (مذکر) باہمی فیصلے کی وہ تحریر جو سرکار میں فریقین کی رضامندی سے داخل کی جاتی ہے - صلح نامہ -
راعی - (ع - ا - مذکر) چرواہا - رکھنا پتا ؛ بادشاہ -
راغ - (ف - ا - مذکر) (۱) پہاڑ کے پیچھے کا میدان (۲) جنگل -
راغب - (ع - صفت) مائل - خواہش مند -
رافت - (را - فت) (ع - ا - مونث) مہربانی -
رافضی - (را - ف - ضی) (ع - ا - مذکر) (۱) وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے - (۲) (مراداً) وہ پیروان حضرت علیؓ جنہوں نے جنگِ جمل میں آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا -
راقم - (ع - ا - مذکر) کاتب - لکھنے والا - نویسندہ -
راقم الحروف - لکھنے والا - نویسندہ -
راکب - (ع - ا - مذکر) جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا -
راکٹ - (انگ - ا - مذکر) بان - گول اور مخروطی شکل کا خود کار بم -
راکڑ - (را - کڑ) (ہ - ا - مونث) کم درجے کی زمین جس میں صرف خریف کی فصل بوئی جاتی ہے -
راکشس - (راک - شس) (س - ا - مذکر) جنگلوں میں رہنے والا وحشی آدمی - شیطان - بدروح -
راکع - (ع - صفت) رکوع کرنے والا - عبادت کرنے والا -
راکھ - (ہ - ا - مونث) خاکستر - بھوبل - کسی جلی ہوئی چیز کی خاک -
راکھ چھاڑنا - کوئلوں یا اُپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا -
راکھ سر پر ڈالنا - سخت غم کا اظہار -
راکھی - (ہ - ا - مونث) ڈورا جو ہندو سلونو کے تہوار میں اچھے شگون کے لیے کلائی پر باندھتے ہیں - رکھڑی -
راگ - (س - ا - مذکر) (۱) نغمہ - ترانہ - نَے - سُر - (۲) جھگڑا (۳) جوش - (۴) محبت -
راگ الاپنا - (۱) راگ گانا (۲) اپنی ہی کہے جانا -
راگ رنگ - (مذکر) رنگ رلیاں - عیش و عشرت - کھیل - تماشا -
راگ مالا - وہ کتاب جس میں راگ کے اصول اور مختلف راگنیوں کا بیان درج ہو - (۲) لمبا حقہ -
راگنی - (راگ - نی) (ہ - ا - مونث) (۱) راگ کی بیوی - راگ کا ہر شعبہ - (کل راگوں کی چھتیس راگنیاں ہیں) - (۲) بدکار عورت -
راگی - (را - گی) (ہ - ا - مذکر) (۱) کلاسیکی موسیقی کا ماہر - راگ راگنیوں کا استاد - (۲) عاشق (۳) (صفت) بدکار - آوارہ -
رال - (ہ - ا - مونث) (۱) لعاب دہن (۲) چیڑ کا گوند -
رال بہنا - منہ سے لعاب نکلنا -
رال ٹپکنا - (۱) منہ سے رطوبت کا نکلنا - (۲) منہ میں پانی بھر آنا - (۳) عاشق ہونا -
رام - (ف - صفت) تابع - مطیع - فرماں بردار -
رام کرنا - تابع کرنا - قابو میں لانا - راضی کرنا -

رام - (س - ا - مذکر) (۱) پرمیشور - پروردگار (۲) پرسرام - وشنو اور رام چندر جی کا خطاب (۳) (صفت) خوبصورت
رام پھل - (مذکر) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا ترشی مائل شریفہ -
رام ترئی - (مونث) ایک قسم کا کدو - گھیا -
رام رام - (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام (۲) توبہ توبہ -
رام رام جپنا - پرایا مال اپنا - (مثل) بظاہر پرہیزگاری اور باطن میں بے ایمانی -
رام رس - (۱) ذوقِ الٰہی (۲) نمک
رام کہانی - (مونث) رامائن - رام چندر کی داستان لمبی سرگذشت
رام کی مایا - خدا کے کھیل - فطرت - نیچر -
رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا - (مثل) خدا کی قدرت ہے - کہیں دُھوپ ہے کہیں چھاؤں - کہیں دُکھ ہے کہیں سُکھ -
رام کلی - ایک راگنی -
رام لیلا - (مونث) دسہرے کا میلا رام چندر جی کی فتوحات کی نقل جو ہندو دسہرے کے موقع پر کرتے ہیں -
رام ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی - (مثل) دونوں ایک جیسے بدمعاش -
رام نومی - (مونث) رام چندر جی کا جنم دن - ہندوؤں کا وہ تہوار جو چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے -
رامانندی - (را - ما - نن - دی) (ہ - ا - مذکر) ہندو فقیروں کا وہ گروہ جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا -
رامائن - (را - ما - ین) (ہ - ا - مونث) وہ رزمیہ نظم جو پہلے بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی میں رامچندر جی کے حالات میں لکھی -
رامش - (را - مش) (ف - ا - مونث) (۱) آرام - آسائش - (۲) خوشی - (۳) خوشی میں گانا (۴) نصیحت - صلاح - (۵) نمروں کا بیل -
رامش جان - ایک سُر کا نام -
ران - (ف - ا - مونث) ٹانگ کا گھٹنے سے اُوپر کا حصہ -
ران تلے آنا - (۱) زانو کے نیچے آنا - (۲) قابو میں آنا -
ران - (ف) مصدر راندن کا اسم فاعل یعنی چلانے والا - انتظام کرنے والا (مرکبات میں جیسے حکمران)
رانا - (ہ - ا - مذکر) (۱) چھوٹا راجا - ٹھاکر (۲) راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجا کے بیٹے کو ملتا ہے -
رانجھنا - (را نجھ - نا) (ہ - ص) گائے کا چلانا -
رانپی - (ران - پی) (ہ - ا - مونث) راپی - موچیوں کا ایک اوزار جس سے وہ چمڑا چھیلتے ہیں -
راندہ - (ران - دہ) (ف - صفت) نکالا ہوا - دھتکارا ہوا
راندۂ درگاہ - وہ شخص جو درگاہِ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا گیا ہو -
رانڈ - (ہ - ا - مونث) (۱) بیوہ عورت (۲) رنڈی - بیسوا - (۳) لونڈی -
رانڈ کا سانڈ - وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کر پلا ہو -

Marfat.com

نالائق بیٹا۔

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا۔ کھاوے بہت چلے تھوڑا۔ (مثل) نازپروردہ آدمی اور سوداگر کا گھوڑا دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ کام کی نہیں۔

رانگ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ایک نرم دھات۔ قلعی۔ (۲) ایک عمدہ قسم کا سیسہ۔

رانگا۔ (راں۔گا) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے رانگ۔

رانگڑ۔ رانگھڑ۔ (راں۔گڑ۔ راں۔گھڑ) (ہ۔ا۔مذکر) ایک نومسلم راجپوت قوم۔

رانی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ملکہ۔ راجا کی بیوی (۲) معزز ہندو عورتوں کا خطاب۔

رانی خاں کا سالا۔ (حقارتاً) رستم کا سالا۔ زبردست۔ متکبر۔

رانی روٹھے گی اپنا سہاگ لے گی۔ کیا کسی کا بھاگ لے گی۔ (مثل) رانی ناراض ہوگی تو اپنا ہی نقصان کرے گی۔ کسی کا نصیبہ نہیں چھین سکتی۔ کسی کے روٹھ جانے کی پروا نہ ہونے کے موقع پر یہ مثل بولتے ہیں۔

رانی کو باندی کہا، ہنس دی۔ باندی کو باندی کہا رو دی۔ (مثل) شریف کو کمینہ کہو تو وہ پروا نہیں کرتا۔ لیکن کمینے کو کمینہ کہو تو اُسے بُرا معلوم ہوتا ہے۔

راوت۔ (ہ۔صفت) (۱) بہادر (۲) (مذکر) راجپوتوں کی ایک قوم (۳) خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو دوسروں کا جوٹھا نہیں کھاتی۔

راول۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) سردار (۲) سپاہی (۳) برہمن (۴) جوگی (۵) جوتشی۔

راوی۔ (ع۔ا۔مذکر) روایت کرنے والا۔ نقل کرنے والا۔ ناقل۔ مورخ۔ مصنف۔

راہ۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) راستہ (۲) ڈھب۔ وضع (۳) میل جول (۴) موقع۔ محل۔ تدبیر۔

راہ بتانا۔ دیکھیے راستہ بتانا۔

راہ بر۔ (۱) ہادی۔ راہنما۔ پیشوا (۲) سردار۔ لیڈر۔

راہ بری۔ (مونث) راہنمائی۔ ہدایت۔ راستہ دکھانا۔

راہ پر آنا۔ کہنا ماننا۔ موافق ہو جانا۔ سیدھے راستے پر آجانا۔

راہ پر لانا۔ (۱) سیدھا راستہ بتانا (۲) ٹھیک بنانا (۳) راضی کرنا۔

راہ پر لگانا۔ اپنے ڈھب پر لے آنا۔ اپنی مرضی کے مطابق بنا لینا۔

راہ پڑے جانیے یا واہ پڑے جانیے۔ (مثل) بُرے آدمی کی اصلیت ہم سفر ہونے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے۔

راہ پیدا کرنا۔ راستہ دریافت کرنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ کسی کام میں واقفیت حاصل کرنا۔

راہ پیما۔ (مذکر) راہ رو۔ راستہ چلنے والا۔ مسافر۔

راہ تکنا۔ دیکھیے راہ دیکھنا۔

راہ چلتا۔ (مذکر) راہ گیر۔ مسافر۔ راہ رو۔

راہ دار۔ (مذکر) چوکیدار۔ سڑک کا رکھوالا۔ راستے کا محصول لینے والا۔

راہ داری۔ (مونث) راستے کا محصول۔ سڑکانہ۔

راہ داری کا پروانہ۔ (مذکر) وہ اجازت نامہ جو کسی حاکم کی طرف سے کسی شخص کے لیے راستے سے گزر جانے کی غرض سے محافظانِ راہ کے نام لکھا جائے۔

راہ دکھانا (دکھلانا) (۱) انتظار کرانا (۲) راستہ بتانا۔

راہ دیکھنا۔ دیکھیے راستہ دیکھنا۔

راہ دینا۔ دیکھیے راستہ دینا۔

راہِ راست۔ (مونث) سیدھا راستہ۔ صراطِ مستقیم۔

راہ راہ جانا۔ (۱) سیدھے رستے جانا (۲) چال چلن نیک رکھنا۔

راہ رو۔ (مذکر) راہ گیر۔ مسافر۔ راہی۔

راہ زن۔ (مذکر) لٹیرا۔ ڈاکو۔ بٹ مار۔ قزاق۔

راہ زنی۔ (مونث) قزاقی۔ ڈکیتی۔

راہ سر۔ راہ سے۔ ڈھنگ سے۔ سیدھی طرح۔ انصاف سے۔

راہ سے بے راہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنا۔

راہ طے کرنا۔ راستہ چلنا۔

راہِ فرار اختیار کرنا۔ بھاگ جانا۔

راہ کاٹنا۔ راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا۔ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے جانا۔

راہ کٹنا۔ منزل طے ہونا۔ راستہ پورا ہونا۔

راہ کھوٹی کرنا۔ (۱) چلنے میں دیر لگانا (۲) چلتے کام میں روڑا اٹکانا۔

راہ گزر۔ (مونث) راستہ۔ سڑک۔ شارع۔

راہ گیر۔ (مذکر) راہی۔ راہ رو۔ مسافر۔

راہ لینا۔ دیکھیے راستہ لینا۔

راہ میں آنکھیں بچھانا۔ نہایت عجز و تواضع سے استقبال کرنا۔

راہ میں بچھ جانا۔ بہت تواضع کرنا۔

راہ میں لینا۔ (۱) راستے میں آکر مل جانا۔ (۲) پیشوائی کرنا۔

راہ نامہ۔ (مذکر) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔

راہِ نجات۔ (مونث) (۱) چھٹکارے کا ڈھنگ (۲) بخشش کا ذریعہ۔

راہ نکالنا۔ (۱) راستہ بنانا (۲) تدبیر نکالنا۔ (۳) وسیلہ پیدا کرنا (۴) رسائی حاصل کرنا۔

راہ نما۔ (مذکر) ہادی۔ راستہ دکھانے والا۔ رہبر۔ لیڈر۔

راہ نمائی۔ (مونث) ہدایت۔ رہبری۔

راہ نورد۔ (مذکر) (۱) راستہ چلنے والا۔ تیز چلنے والا (۲) مسافر۔ راہ رو۔

راہ وار۔ (مذکر) (۱) گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا (۲) اچھا گھوڑا۔

راہ و ربط۔ راہ و رسم۔ (مونث) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ میل جول۔ آمد و رفت۔

راہ ہونا۔ (۱) محبت ہونا (۲) چلنے کو جگہ ہونا۔

راہب۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) عیسائی زاہد یا عابد (۲) تارک الدنیا

راہبہ۔ (ع۔ا۔مونث) عیسائی تارک الدنیا عورت۔

راہن۔ (را۔ہن) (ع۔ا۔مذکر) رہن کرنے والا۔ گروی رکھنے والا۔

راہنا۔ (راہ۔نا) (ہ۔مص) چکی کے پاٹوں کو لوہے کے اوزار سے کھردرا کرنا۔

راہو۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) دیو۔ بھوت (۲) ایک ستارہ۔ راس۔

راہی۔ (را۔ہی) (ف۔ا۔مذکر) مسافر۔ راہ رو۔ راہ گیر۔

رائتا۔ (را۔ء۔تا) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی خوراک جو بینگن،

Marfat.com

کدو وغیرہ کو اُبال کر دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔
**رائٹر** - (WRITER) (رائے - ٹر) [انگ - ا - مذکر] - (۱) محرّر کاتب (۲) مصنّف۔
**رائج** - [ع - صفت] (۱) جاری - رواں - عام (۲) دستور کے موافق۔
**رائج الوقت** - (۱) زمانے کا دستور یا فیشن (۲) جو جاری ہو سکے۔
**رائج کرنا** - جاری کرنا - رائج دینا۔
**رائحہ** - (را - اِ - حَہ) [ع - ا - مذکر] خوشبو۔
**رائفل** - (RIFLE) [انگ - ا - مونث] ایک نالی بندوق جس کے اندرونی حصے میں چھریاں بنی ہوتی ہیں - جس سے گولی چکر کھاتی ہوئی نکلتی ہے۔
**رائگان** - [ف ...] بے کار - فضول - اکارت۔
**رائلٹی** - (ROYALTY) [انگ - ا - مونث] معاوضہ جو ناشر مصنف کو یا کان کنی کا ٹھیکیدار زمیندار کو دے۔
**راؤ** - [ہ - ا - مذکر] (۱) کنور - راجا کا بیٹا (۲) ہندوؤں کے لیے ایک سرکاری خطاب۔
**راؤنڈ** - (ROUND) [انگ - ا - مذکر] (۱) دَور - پھیرا - روند (۲) چکر - دائرہ - (۳) (صفت) گول بیضوی۔
**راؤنڈ اباؤٹ** - (ROUND ABOUT) (مونث) وہ جگہ جہاں سے گاڑیوں کو چکر کاٹ کر جانا پڑتا ہے - چکر چوک۔
**رائی** - [ہ - ا - مونث] (۱) ایک قسم کی سرسوں - خردل (۲) ذرا سی مقدار۔
**رائی بھر** - ذرا سا - قدرے - قلیل۔
**رائی کا پہاڑ (پربت) بنانا** - بات کا بتنگڑ بنانا - چھوٹی سی بات کو بہت بڑھا دینا - بہت مبالغہ کرنا۔
**رائے** - [ع - ا - مونث] (۱) تجویز (۲) عقل (۳) خیال (۴) مشورہ (۵) قیاس۔
**رائے دہندہ** - رائے دینے والا - ووٹ دینے والا۔
**رائے دینا** - صلاح دینا - مشورہ دینا - تجویز بتانا۔
**رائے زنی** - (مونث) کسی امر کے بارے میں اظہار رائے۔
**رائے عامہ** - (مونث) پبلک کی رائے - عوام کا خیال۔
**رائے** - [ہ - ا - مذکر] (۱) راؤ - راجا (۲) شہزادہ - (۳) سردار (۴) ایک سرکاری خطاب۔

## ر - ب

**رب** - [ع - ا - مذکر] (۱) پالنے والا - پروردگار (۲) مالک - (۳) خدائے تعالیٰ۔
**رب الارباب** - تمام پالنے والوں کا پالنے والا۔
**رب العالمین** - جہانوں کا پالنے والا - کل عالم کا پروردگار۔
**رُب** - [ع - ا - مذکر] پکا کر گاڑھا کیا ہوا شربت جو جم لیا جائے۔
**ربا** - (ر - با) [ع - ا - مذکر] سود - بیاج۔
**رُبا** - [ف - صفت] مصدر رُبودن کا اسم فاعل یعنی چھیننے والا - (مرکبات میں جیسے دل رُبا)
**رباب** - (رَ - باب) [ع - ا - مذکر] ایک قسم کی سارنگی (فارسی میں بالفتح)
**رُباعی** - [ع - ا - مونث] وہ چار مصرعے جو اوزانِ مخصوص پر ہوں - چو مصرعہ - چوبولا۔
**رُباعی ترانہ** - وہ رُباعی جس کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔
**ربانی** - (رَب - با - نی) [ع - صفت] (۱) رب کی طرف منسوب (۲) علم الٰہی جاننے والا۔
**ربڑ** - (رَ - بڑ) (RUBBER) کا مخفف
**ربڑی** - (رَب - ڑی) [ہ - ا - مونث] گاڑھا کیا ہوا دودھ
**ربط** - [ع - ا - مذکر] (۱) بندش - لگاؤ - تعلق (۲) میل - ملاپ (۳) پیار - اخلاص۔
**ربط بڑھانا** - تعلق پیدا کرنا - دوستی بڑھانا - مشق بڑھانا۔
**ربط ضبط** - میل ملاپ - آمد و رفت - راہ و رسم۔
**ربط ہونا** - (۱) آشنائی ہونا (۲) عادت ہونا - مشق ہونا۔
**ربطی** - (رَب - طی) [ا - ا - مونث] جوڑ - تعلق (مرکبات میں جیسے بے ربطی)
**رُبع** - [ع - صفت و - ا - مذکر] چوتھا - چہارم - $\frac{1}{4}$ - چوتھا حصہ
**رُبع دائرہ** - (۱) شکل جو قوس اور ان دو نصف قطروں سے مصور ہو جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں۔ (۲) کوئی چیز (خصوصاً دھات کا ڈھلواں ٹکڑا) جس کی شکل ربع دائرہ کی سی ہو۔
**رُبع مسکون** - دنیا کا چوتھا حصہ جو خشکی پر ہے اور آباد خیال کیا جاتا ہے۔
**ربن** - (RIBBON) (رِ - بن) [انگ - ا - مذکر] فیتہ - پتلی لمبی پٹی۔
**ربوبیت** - (رُ - بو - بی - یَت) [ع - ا - مونث] پروردگاری۔
**ربوہ** - (رَب - وَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) تودہ - ٹیلا - (۲) (مراداً) بیت المقدس۔
**ربیب** - (رَ - بیب) [ع - ا - مذکر] سوتیلا بیٹا - بیوی کا بیٹا پچھلے خاوند سے۔
**ربیبہ** - (رَ - بی - بہ) [ع - ا - مونث] (۱) سوتیلی بیٹی (۲) بیوی کی بیٹی (۳) دودھ پلائی - جمع : ربائب -
**ربیع** - (رَ - بیع) [ع - ا - مونث] (۱) موسم بہار (۲) اساڑھی وہ فصل جو اکتوبر اور نومبر میں بوئی اور مارچ اور مئی میں کاٹی جاتی ہے۔
**ربیع الآخر، ربیع الثانی** - ربیع کا دوسرا اور عربی سال کا چوتھا مہینا
**ربیع الاوّل** - ربیع کا پہلا اور عربی سال کا تیسرا مہینا۔

## ر - پ

**رپٹ** - (رَ - پَٹ) [ہ - ا - مونث] (۱) پھسلن (۲) انگریزی

Marfat.com

لفظ رپورٹ (REPORT) کا بگاڑ۔ خبر۔ اطلاع۔ کسی جرم یا واقعہ کی خبر جو پولیس کو دی جائے۔
رپٹ۔ (انگ (RIVOT) کا بگاڑ) (ہ۔ا۔ مونث) کیل جس کی بلا ٹوپی والی سمت کو پیٹ کر چوڑا کر دیا جاتا ہے۔
رپٹانا۔ (رَپ۔ٹا۔نا) (ہ۔ مص) پھسلانا۔ دوڑانا۔
رپٹنا۔ (رَ۔پٹ۔نا) (ہ۔ مص) پھسلنا۔ لڑھکنا۔ کھسکنا۔
رُپلی۔ (رُ۔پَل۔لی) (ہ۔ا۔ مونث) روپے کی تصغیر بالتحقیر۔
رپورٹ (REPORT) (رَ۔پورٹ) (انگ۔ا۔ مونث) (۱) باضابطہ بیان۔ رُوداد (۲) اطلاع۔ رپٹ (۳) اخباری خبر۔
رپورٹر (REPORTER) (رَ۔پور۔ٹر) (انگ۔ا۔ مذکر) اطلاع دینے والا۔ خبر نگار۔ نامہ نگار (اخبار کا)۔
رُپہلی۔ (رُ۔پہ۔لی) (ہ۔ صفت) دیکھیے رُوپہلی۔
رُپیہ۔ (رُ۔پی۔یہ) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے رُوپیہ۔

## ر - ت

رت (ہ۔ا۔ مونث) رات کا مخفف۔
رت جگا۔ (مذکر) (۱) شب بیداری۔ خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا (۲) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتیں دلواتی ہیں۔
رُت۔ (ہ۔ا۔ مونث) فصل۔
رُت بدلنا۔ موسم کا تبدیل ہونا۔
رتنا۔ (رَ۔تنا) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں وغیرہ کے بور کو لگ جاتا ہے۔
رتالو۔ (رَ۔تا۔لو) (ہ۔ا۔ مذکر) اَروی کی مانند ایک قسم کی جڑ۔
رُتبہ۔ (رُت۔بہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) عہدہ۔ مرتبہ۔ (۲) عزت۔
رتبہ بڑھانا۔ ترقی دینا۔ درجہ زیادہ کرنا۔
رتبہ پانا۔ عزت حاصل کرنا۔ مرتبہ حاصل کرنا۔
رتبہ دار۔ مرتبے والا۔ صاحب حیثیت۔ ممتاز۔ اعلٰے عہدہ دار۔
رتن۔ (رَ۔تن) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) جواہرات۔ نگ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) منی (۴) عطر۔ ست۔
رتن پاک۔ اعلیٰ جواہر۔
رتن جوت (۱) ایک پودا جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سُرخ ہو جاتا ہے۔ (۲) آنکھوں کی ایک دوا۔
رتن دیپ۔ چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوں۔
رتن مالا۔ (۱) ہیروں کا ایک ہار (۲) ایک قسم کا پھول۔
رِتنا۔ (رِت۔نا) (ہ۔ مص) (۱) رتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا (۳) سارنگی بجنا۔

رِتوانا۔ (رِت۔وا۔نا) (ہ۔ مص) رتی سے صاف کرانا۔
رتوندھا۔ (رَ۔توں۔دھا) (ہ۔ا۔ مذکر) شب کوری۔ آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب رات کو دکھائی نہیں دیتا۔
رتوندھیا۔ (رَ۔توں۔دھ۔یا) (ہ۔ صفت) رتوندے کا مریض۔ شب کور۔
رتھ۔ (رتھ) (س۔ا۔ مذکر و مونث) (۱) ایک قسم کی گاڑی جس کے اُوپر برجی سی بنی ہوتی ہے۔ (۲) قلعہ۔
رتھوبان۔ رتھ وان۔ گاڑی بان۔ رتھ ہانکنے والا۔
رتی۔ (رَت۔تی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) بھاگ۔ نصیب۔ (۲) ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے۔ ماشے کا آٹھواں حصہ (۳) مقدار قلیل۔ ذرہ۔
رتی بھر۔ ذرا سا۔ حبہ بھر۔ قدرے۔ قلیل۔
رتی رتی۔ ذرا ذرا۔ ایک ایک حبہ۔ بالکل۔ تمام۔
رتیلا۔ (ہ۔ صفت) دیکھیے ریتلا۔
رتیلی۔ (ہ۔ صفت) دیکھیے ریتلی۔

## ر - ٹ

رٹ۔ (ہ۔ا۔ مونث) تکرار۔ ایک ہی بات کہے جانا۔
رٹ لگنا۔ کسی کام کا بار بار نام لینا۔ ایک بات کو بار بار کہنا۔
رِٹ۔ (WRIT) (انگ۔ا۔ مونث) عدالت کا حکم نامہ پروانہ عدالت۔
رِٹرننگ آفیسر (RETURNING OFFICER) (انگ۔ا۔ مذکر) ناظم انتخابات۔
رٹنا۔ (رَٹ۔نا) (ہ۔ مص) جپنا۔ بار بار کہنا۔ زبانی یاد کرنا۔
رٹو۔ (رَٹ۔ٹو) (اُ۔ صفت) رٹنے والا۔ رٹ کر یاد کرنے والا۔

## ر - ج

رجا۔ (ہ۔ صفت) (۱) سیر۔ پیٹ بھرا (۲) دولت مند۔ مالدار
رجا پُجا۔ (۱) رجا ہوا (۲) بھرا پُرا (۳) آباد (۴) دولتمند
رجا کیا جانے بھوکے کی سار۔ (مثل) پیٹ بھرے کو بھوکے کی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔
رجا۔ (ع۔ا۔ مونث) اُمید۔ آس۔ آسرا۔ آرزو۔
رجال (ع۔ا۔ مذکر) رجل کی جمع۔ لوگ۔ بہت سے مرد۔
رجال الغیب۔ مردانِ غیب۔ وساسول۔ وہ غیبی ہستیاں جو زمین کے گرد پھرتی ہیں۔
رجائی (ع۔ صفت) پُر اُمید۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا۔
رجائیت۔ (رَ۔جا۔ای۔یت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) اچھے خیال رکھنا۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنا (۲) آئندہ سے پُر ہونا

Marfat.com

**رَجَب** - (رَ-جَب) (ع - ا - مذکر) قمری سال کا ساتواں مہینہ۔
**رُجحان** - (رُج-حان) (ع - ا - مذکر) میلان۔ توجہ۔
**رُجحانات** - (رُج-حا-نات) (ع - ا - مذکر) رُجحان کی جمع۔
**رَجَز** - (رَ-جَز) (ع - ا - مونث) (۱) جنگ میں پڑھنے کے اشعار۔ (۲) عروض کی ایک بحر۔
**رجسٹر** - (REGISTER) (رَ-جِس-ٹَر) (انگ - ا - مذکر) یادداشت کی کتاب۔ حاضری کی کتاب۔ دفتر کی کتاب۔
**رجسٹرار** - (REGISTRAR) (رَ-جِس-ٹ-رار) (انگ - ا - مذکر) (۱) رجسٹر میں درج کرنے والا۔ (۲) رجسٹری کرنے والا (۳) محافظِ دفتر۔
**رجسٹرڈ** - (REGISTERED) (رَ-جِس-ٹَرڈ) رجسٹری کیا گیا۔ رجسٹر میں درج۔ وہ چیز جس کی قانون کے مطابق رجسٹری ہوئی ہو
**رجسٹری** - (رَ-جِس-ٹ-ری) انگ رجسٹریشن (REGISTRATION) کا مخفف - ا - مونث) (۱) ڈاک کے دفتر میں زائد محصول دے کر خط وغیرہ درج کرانا اور رسید لینا۔ (۲) داخلہ۔ اندراج فہرست۔
**رجسٹری شدہ** - دیکھیے رجسٹرڈ۔
**رجعت** - (رَج-عت) (ع - ا - مونث) (۱) واپسی۔ عود۔ (۲) عورت کو طلاق دینے کے بعد پھر اپنی زوجیت میں لانا۔ (۳) چاند اور سورج کے سوا کسی اور سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا۔
**رجعت قہقری** - اُلٹے پاؤں واپس ہونا۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا۔
**رَجُل** - (رَ-جُل) (ع - ا - مذکر) آدمی۔ مرد۔
**رَجم** - (ع - ا - مذکر) پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔ سنگ ساری۔
**رجماً بالغیب** - (رَج-مَن-بِل-غَیب) (ع - تابع فعل) بغیر سوچے سمجھے۔ اٹکل سے۔
**رجمنٹ** - (REGIMENT) (رَج-مَنٹ) (انگ - ا - مونث) پیدل سپاہیوں کا دستہ۔
**رَجنا** - (رَج-نا) (ہ - مص) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔
**رجواڑہ** - (رَج-وا-ڑہ) (ہ - ا - مذکر) راجا کا ملک۔ راجہ کی عملداری۔
**رُجوع** - (رُ-جوع) (ع - ا - مذکر و مونث) (۱) واپس ہونا۔ مڑنا (۲) راغب ہونا (۳) رغبت۔ میلان (۴) حاضر ہونا۔ (۵) گزارش یا اپیل عدالت میں۔
**رجوع کرنا** - (۱) مڑنا۔ پلٹ جانا (۲) کسی کے پاس جانا (۳) کسی طرف متوجہ ہونا (۴) عدالت میں دعویٰ کرنا۔
**رجوع ہونا** - مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔ پیش ہونا۔
**رُجولت - رُجولیت** - (رُجو-لت، رُجو-لی-یت) (ع - ا - مونث) مردمی۔ باہ۔ قوتِ تولید۔
**رُجوم** - (رُ-جوم) (ع - ا - مذکر) رجم کی جمع شہاب ثاقب۔
**رجھانا** - (ہ - مص) (۱) فریفتہ کرنا۔ لبھانا (۲) خوش کرنا۔
**رَجیم** - (ع - صفت) (۱) مردود۔ جھڑکا ہوا (۲) پتھر مارا ہوا۔

## ر - چ

**رچانا** - (ہ - مص) (۱) مقرر کرنا۔ تشریح کرنا (۲) منانا۔ خوشی منانا (۳) مہندی سے ہاتھ رنگنا (۴) مطر کرنا۔
**رچنا** - (رَچ-نا) (ہ - مص) (۱) سرایت کرنا (۲) مہندی کا رنگ لانا (۳) ہونا۔ خوشی کی ترتیب شادی۔ (۴) (س - مونث) شکل صورت (۵) گیت۔

## ر - ح

**رح** - (رح) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف۔
**رِحل** - (ع - ا - مونث) (۱) مسکن۔ منزل (۲) اسباب (۳) کوچ۔
**رَحل** - (ع - ا - مونث) لکڑی کی چیز جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں۔
**رحلت** - (رِح-لت) (ع - ا - مونث) (۱) کوچ۔ روانگی (۲) موت۔
**رحلت کرنا** - (۱) کوچ کرنا (۲) مرنا۔
**رحم** - (ع - ا - مذکر) (۱) کرم۔ مہربانی (۲) بخشش۔ (۳) ترس۔ ہمدردی۔
**رحم دل** - مہربان۔ ہمدرد۔ رقیق القلب۔
**رحم دلی** - (مونث) مہربانی۔ دردمندی۔ ہمدردی۔
**رِحم** - (ع - ا - مذکر) بچہ دان
**رحمان** - (رَح-مان) (ع - صفت) (۱) مہربانی کرنے والا۔ رحیم (۲) خداوند تعالیٰ کا اسم صفاتی۔
**رحمت** - (رَح-مَت) (ع - ا - مونث) (۱) کرم۔ مہربانی۔ (۲) درود و سلام (۳) کلمہ تحسین و آفرین۔ شاباش۔
**رحمت حق بہانہ می جوید** - (مثل) خدا کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے۔
**رحمت خدا کی** - آفرین ہے۔ شاباش آپ کا کیا کہنا۔
**رحیل** - (رَ-حیل) (ع - ا - مذکر) کوچ کرنا۔
**رحیم** - (رَ-حیم) (ع - صفت) (۱) مہربان (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔

## ر - خ

**رُخ** - (رُخ) (ف - ا - مذکر) (۱) رخسار۔ گال (۲) طرف۔ سمت (۳) ایک فرضی جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے۔ سیمرغ (۴) (اُس) کنایہ۔ حاشیہ (۵) شطرنج کا ایک مہرہ (۶) توجہ۔ التفات (۷) سامنا۔ آگا۔
**رُخ بدلنا (پھیرنا)** - (۱) منہ نہ لگانا (۲) سمت بدلنا۔ (۳) دوسری طرف ہو جانا۔
**رُخ کرنا** - (۱) منہ کرنا (۲) توجہ کرنا (۳) پھرنا۔ لوٹنا۔

Marfat.com

رَخت - (ف-ا-مذکر) (۱) اسباب (۲) لباس (۳) ساز و سامان (۴) (ا-ر) جوتی کا چمڑا (۵) ٹھاٹ - ہیئت۔
رختِ سفر باندھنا - سفر کی تیاری کرنا۔
رختِ سلامی - درباری لباس۔
رختِ عروس - جہیز۔
رختِ عُریانی پھاڑنا - بدن کو زخمی کرنا۔
رختِ ہستی - عقل - سمجھ۔
رُخسار - (رُخ-سار) (ف-ا-مذکر) گال - عذار۔
رُخسارہ - (رُخ-سا-رَہ) (ف-ا-مذکر) رخسار کا بالائی حصہ
رَخش - (ف-ا-مذکر) (۱) کرن (۲) بجلی (۳) گھوڑا - رستم کا گھوڑا۔
رَخشاں - (رَخ-شاں) (ف-صفت) چمکنے والا۔
رَخشندگی - (رَخ-شن-دَ-گی) (ف-ا-مونث) چمک - درخشانی
رَخشندہ - (رَخ-شن-دَہ) (ف-صفت) چمکیلا - روشن۔
رُخصت - (رُخ-صَت) (ع-ا-مونث) (۱) اجازت - منظوری - (۲) (ا-ر) روانگی - کوچ (۳) چھٹی (۴) وقفہ - مہلت (۵) جائیں؟ اجازت ہے؟
رخصتِ اتفاقی - غیر مقررہ رخصت۔
رخصت کرنا - (۱) اجازت دینا (۲) روانہ کرنا - بھیجنا - (۳) موقوف کرنا - (۴) ٹالنا۔
رُخصتانہ - (رُخ-صَ-تا-نہ) (ف-ا-مذکر) وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو۔
رُخصتی - (رُخ-صَ-تی) (ا-ر-ا-مونث) (۱) وداع - دلہن کی روانگی (۲) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے - سلامی (۳) چھٹی پر۔
رَخنہ - (رَخ-نہ) (ف-ا-مذکر) (۱) چھید - سوراخ - (۲) روزن - کھڑکی (۳) عیب (۴) فتنہ - فساد (۵) خلل۔
رخنہ اندازی - (مونث) بھانجی - تعرض - مزاحمت - خلل۔
رخنہ پڑنا - خلل پڑنا - جھگڑا پڑنا - عیب نکلنا۔
رخنہ ڈالنا - خلل پیدا کرنا - روڑا اٹکانا - بھانجی مارنا۔
رخنہ (رخنے) نکالنا - (۱) عیب نکالنا (۲) نکتہ چینی کرنا - (۳) عذر کرنا۔

## ر - د

رَدّ - (ع-ا-مذکر) (۱) واپس کرنا - موڑنا (۲) انکار - تردید - (۳) (ا-ر) قے۔
ردِّ بلا - مصیبت کا دور ہونا۔
ردِّ ثبوت - تردید - ثبوت کو توڑنا۔
ردِّ دعوت - دعوت نامنظور کرنا۔
ردِّ سلام - سلام کا جواب۔
ردِّ عمل - جوابی عمل - تاثیر و تاثر - اُلٹ کر اثر کرنا۔
ردّ و بدل - (۱) اُلٹ پلٹ (۲) واپس کرنا (۳) بدلنا۔
ردّ و قدح - حجت - بحث - تکرار۔
رِدا - (رِ-دا) (ع-ا-مونث) چادر۔
ردوا کھدوا - (رَد-وا-کھَد-وا) (ا-ر-ا-مذکر) (۱) بڑا کچا کھلا ہوا (۲) کمینہ
ردہ - (رَ-دَہ - رَد-دَہ) (ف-ا-مذکر) ایک چنائی کے بعد دوسری چنائی کے لیے اینٹ رکھنا (۲) (صفت) قطار۔
ردے جمانا (رکھنا) - اُوپر تلے رکھنا۔
رَدّی - (رَد-دی) (ف-صفت) (۱) خراب - ناکارہ - (۲) (مونث) خراب کاغذ - نکما کاغذ۔
ردی کرنا - بیکار کرنا۔
رَدیف - (رَ-دیف) (ع-ا-مونث) (۱) وہ شخص جو ایک گھوڑے یا اونٹ وغیرہ پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے اخیر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے (۳) پیچھے کی فوج۔
ردیف وار - حروفِ تہجی کی ترتیب سے۔

## ر - ذ

رذالپن - (رَ-ذال-پَن) (ا-ر-ا-مذکر) سفلہ پن - کمینگی - پاجی پن
رَذالت - (رَ-ذا-لَت) (ع-ا-مونث) کمینہ پن - اوچھاپن۔
رَذالہ - (رَ-ذا-لَہ) (ف-صفت) (۱) کمینہ - (۲) شریر - بدمعاش۔
رذالہ مست ہُوا خدا کو بھول گیا - (مثل) رذیل آدمی امیر ہو جائے تو خدا کو بھول جاتا ہے۔
رَذیل - (رَ-ذیل) (ع-صفت) سفلہ - کمینہ - پاجی

## ر - ڑ

رڑکنا - (رَڑَک-نا) (ہ-مص) کھٹکنا - چُبھنا۔
رڑکنا - (رِڑ-ک-نا) (ہ-مص) (۱) گڑگڑانا (۲) (دہی) بلونا۔

## ر - ز

رَز - (ف-ا-مذکر) (۱) انگور (۲) انگور کی بیل۔
رَزّاق - (رَز-زاق) (ع-صفت) (۱) رزق پہنچانے والا۔ (۲) خدا تعالےٰ کا صفاتی نام۔
رزّاقی - (ع-ا-مونث) رزق رسانی - رزق دینا۔
ریزروڈ (RESERVED) (انگ-صفت) مخصوص - محفوظ - جسے کوئی دوسرا استعمال میں نہ لاسکے۔
رِزق - (ع-ا-مذکر) (۱) روزی - خوراک (۲) وظیفہ

Marfat.com

رزق اُترنا۔ غیب سے رزق کا بندوبست ہو جانا۔
رزق اُڑ جانا۔ کھانے کو دانہ پانی میسر نہ آنا۔
رزق کا کیڑا۔ اناج کھانے والا (کنایۃً) انسان۔
رزق ہے نہ موت۔ بڑا بدقسمت ہے۔
رزلٹ (RESULT) (رِ۔زَلٹ) (انگ۔ا۔مذکر) نتیجہ۔ انجام۔
رزم۔ (ف۔ا۔مونث) جنگ۔ معرکہ۔
رزم گاہ۔ (مذکر) میدانِ جنگ۔
رزم و بزم۔ (مونث) میدانِ جنگ اور محفلِ عیش و نشاط۔ لڑائی اور عیش و عشرت کی جگہ۔
رزمیہ۔ (رَز۔م۔یَہ) (ف۔صفت) رزم سے نسبت رکھنے والا۔ (مونث) جنگی داستان یا نظم۔

## ر۔س

رس۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) شیرہ۔ عرق۔ شربت (۲) جوہر۔ ست (۳) منی (۴) مزہ۔ لطف۔ (۵) محبت۔ (۶) حُسن۔ (۷) شیرینی۔
رس اُترنا۔ گھوڑے کے منہ سے مواد کا پانی نکلنا۔
رس بھری۔ (۱) رس دار۔ خوش ذائقہ (۲) (مونث) بیری جیسا مزہ رکھنے والا ایک پھل۔ توتِ سندگی۔ (RASPBERRY)
رس ٹپکنا۔ جوشِ جوانی میں بھرنا۔ دُودھ ٹپکنا۔
رس دیے مرے تو بِس کیوں دیجیے۔ (مثل) جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے اس میں سختی نہیں کرنی چاہیے۔
رس کپور۔ رس کرپور۔ (مذکر) پارے کا جوہر جو پارے گندھک اور نمک سے بنایا جاتا ہے۔
رس۔ (ف) رسیدن مصدر کا اسم فاعل بمعنی پہنچنے والا۔ (مرکبات میں جیسے فریاد رس)
رسا۔ (ف۔صفت) دیکھیے رس (مرکبات میں) جیسے ذہن رسا)
رسّا۔ (رَس۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) موٹی رسّی۔
رسالت۔ (رِ۔سا۔لت) (ع۔ا۔مونث) پیغام بری۔ نبوت۔
رسالہ۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) چھوٹی سی کتاب (۲) مختلف حضرات کے مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے (۳) آٹھ سو یا ہزار سواروں کا دستہ۔
رسالدار۔ ایک رسالے کا افسر۔ سو سواروں کا افسر۔
رسالداری۔ (مونث) رسالے کی افسری۔ رسالداری کا عہدہ۔
رسان۔ (رَسان) (ا۔سا۔مونث) آہستگی۔ نرمی۔
رساں۔ (ف۔صفت) مصدر رسانیدن کا اسم فاعل بمعنی پہنچانے والا (مرکبات میں جیسے سوزنی رساں)۔
رساول۔ (رَ۔سا۔وَل) (ہ۔ا۔مونث) گنّے کے رس کی کھیر

رسائل۔ (رَ۔سا۔اِل) (ع۔ا۔مذکر) رسالہ کی جمع۔
رسائی۔ (رَ۔سا۔ئی) (ف۔ا۔مونث) پہنچ۔ گزر۔
رسائن۔ (رَ۔سا۔ئن) (س۔ا۔مذکر) وہ دوا جو پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی جائے۔ کیمیا۔ اکسیر۔
رسائن وِدّیا۔ (مونث) علم کیمیا۔
رسائنی۔ (رَ۔سا۔ئ۔نی) (س۔ا۔مذکر) کیمیاگر۔
رسپانڈنٹ (RESPONDENT) (رِس۔پان۔ڈنٹ) (انگ۔ا۔مذکر) جواب دہ۔ اپیلانٹ کا فریقِ ثانی۔
رستاخیز۔ رستخیز۔ (رُس۔تا۔خیز۔ رُست۔خیز) (ف۔ا۔مونث) (۱) قیامت (۲) ہنگامہ۔
رستگار۔ (رُست۔گار) (ف۔صفت) رہائی پانے والا۔
رستگاری۔ (رُست۔گا۔ری) (ف۔ا۔مونث) رہائی۔ نجات۔
رستم۔ (رُس۔تم) (ف۔ا۔مذکر) (۱) فارس کا ایک مشہور بہادر پہلوان (۲) (مجازاً) بہادر۔ شجاع۔ زبردست۔
رستم خاں۔ رستم خاں کا بچہ۔ رستم کا سالا۔ بہادر یا بڑے آدمی کی رشتہ داری پر شیخی مارنے والا۔ رانی خاں کا سالا۔
رستمی۔ (رُس۔تَ۔می) (ف۔ا۔مونث) مردانگی۔ بہادری۔
رستہ۔ (رَس۔تَہ) (ف۔ا۔مذکر) راستہ کا مخفف۔
رسد۔ (رَ۔سَد) (ف۔ا۔مونث) (۱) حصہ۔ نصیب (۲) جنس غلہ (۳) (اُر) ذخیرہ جو لشکر یا قافلے کے ہمراہ ہو (۴) راشن۔ زادِ راہ۔
رسد رسانی (مونث) اجناس وغیرہ کا کسی لشکر یا محکمے میں پہنچانا۔
رسک۔ (RISK) (انگ۔ا۔مذکر) خطرہ۔ خوف۔ جوکھوں۔
رسل۔ (رُ۔سُل) (ع۔ا۔مذکر) رسول کی جمع۔
رسم۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) نقش۔ تحریر (۲) (مجازاً) دستور۔ قانون۔ رواج (۳) (اُر) عادت۔ چال چلن (۴) تنخواہ۔ (۵) اُجرت (۶) (منطق) عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف۔
رسم اُٹھ جانا۔ چلن باقی نہ رہنا۔ طریقہ متروک ہو جانا۔
رسم الخط۔ (مذکر) طرزِ تحریر۔
رسم و رواج (مذکر) دستور۔ قاعدہ۔ ریت۔ رسم۔
رسمی۔ (رَس۔می) (ع۔صفت) عام۔ معمولی۔ درمیانی۔ رواجی۔
رسن۔ (رَ۔سَن) (ف۔ا۔مونث)۔ رسّی۔
رسنا۔ (رِس۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹپکنا۔ رَس رَس کر خفا ہونا۔
رسوا۔ (رُس۔وا) (ف۔صفت) ذلیل و خوار۔ بے عزت۔
رسوائی۔ (ف۔ا۔مونث) بدنامی۔ بے عزتی۔ ذلت۔
رسوب۔ (رُ۔سُوب) (ع۔ا۔مذکر) وہ چیز جو پانی شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہ میں بیٹھ جائے۔ دُرد۔ تلچھٹ۔
رسوت۔ (رَ۔سَوت) (ہ۔ا۔مونث) ایک تلخ دوا جو اکثر آنکھوں یا پھنسیوں کی دوا میں پڑتی ہے۔
رسوخ۔ (رُ۔سُوخ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) مضبوطی (۲) ثبات۔ استقلال (۳) (اُر) رسائی۔ ربط ضبط۔
رسول۔ (رَ۔سُول) (ع۔ا۔مذکر) (۱) بھیجا ہوا (۲) قاصد (۳) (اصطلاحاً) خدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر جو کتاب الٰہی بھی لائے۔
رسول شاہی (مذکر) آزاد منش فقرا کا ایک فرقہ جس کے بانی

Marfat.com

رسول شاہ نامی ایک درویش کامل تھے۔ یہ لوگ چار ابرو کا صفایا کرتے صرف ایک لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں۔

رسولی ۔ (ر ۔ سو ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) گلٹی ۔ وہ گرہ جو مواد سے ہو جاتی ہے۔

رسوم ۔ (ر ۔ سوم) (ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث) رسم کی جمع (۱) نشان نقوش (۲) قوانین ۔ عادتیں (۳) (ا ۔ ر) اسٹامپ کی فیس ۔ کورٹ فیس (۴) کسی حقِ زمینداری سے واجب الوصول محصول (۵) بکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری۔

رسوم اعلیٰ نمبردار ۔ نمبردار کا کمیشن اور رعایت۔

رسوم عدالت ۔ (۱) سرکاری خرچہ (۲) کورٹ فیس (۳) اسٹامپ

رسوم المحرفہ ۔ تجارت اور حرفہ کا محصول۔

رسوئی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) کھانا ۔ بھوجن (۲) چوکا ۔ باورچی خانہ

رسوئیا ۔ (ر ۔ سو ۔ ای ۔ یا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) باورچی ۔ کھانا پکانے والا

رسی ۔ (ر س ۔ سی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) رسن ۔ ریسمان ۔ موٹی اور لمبی ڈوری (۲) ایک پیمانہ جو سو فٹ لمبا ہوتا ہے ۔ (۳) (کنایۃً) سانپ ۔ ناگ۔

رسی بٹنا ۔ مونج یا سن وغیرہ کو بل دے کر رسی بنانا۔

رسی تڑانا ۔ بھاگنا ۔ آزادی چاہنا۔

رسی جل گئی پر بل نہیں گیا ۔ (مثل) (۱) دولت اور عزت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا (۲) سزا بھگتنے پر بھی بری عادت نہ گئی۔

رسی دراز ہونا ۔ (۱) رسی کا لمبا ہونا (۲) مہلت ملنا۔

رسی ڈھیلی چھوڑنا (۱) نگرانی کم کرنا (۲) چشم پوشی کرنا ۔ (۳) لگام ڈھیلی کر دینا۔

رسیا ۔ (ر س ۔ یا) (ہ ۔ صفت) (۱) مزہ لوٹنے والا ۔ (۲) رنگیلا ۔ وضعدار۔

رسید ۔ (ر ۔ سید) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) پہنچ ۔ رسائی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی تحریر (۳) پتا ۔ سراغ ۔ (۴) گنجفے کی بازی میں کسی کو سر پہنچنا۔

رسید تک نہ دینا ۔ اقرار نہ کرنا ۔ اقراری نہ ہونا۔

رسید کرنا ۔ مارنا ۔ جڑنا۔

رسیدگی ۔ (ر ۔ سی ۔ د گی) (ف ۔ مونث) پہنچنا ۔ ملنا۔

رسیدہ (ر ۔ سی ۔ دہ) (ف صفت) پہنچا ہوا (مرکبات میں جیسے خدا رسیدہ)

رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گزشت (مثل) مصیبت آ ئی تھی مگر ٹل گئی۔

رسیلا ۔ (ر ۔ سی ۔ لا) (ہ ۔ صفت) (۱) رس بھرا ۔ عرق دار ۔ (۲) شیریں اور مزے دار (۳) بانکا ۔ شیریں ادا۔

رسیلی ۔ (ر ۔ سی ۔ لی) (ہ ۔ صفت) رسیلا کا مونث۔

ریسیور (RECEIVER) (ر ۔ سی ۔ ور) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کسی جائداد کا سرکاری نگران (۲) ٹیلیفون کا وہ حصہ جس سے سنتے ہیں۔

## ر ۔ ش

رش ۔ (RUSH) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) اژدحام ۔ بہت بھیڑ۔

رشتہ ۔ (رش ۔ تہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) تاگا ۔ کاتا ہوا سوت ۔ (۲) قرابت ۔ رشتے داری ۔ ناتا (۳) تعلق ۔ لگاؤ۔

رشتہ ٹوٹنا ۔ بے تعلق ہو جانا ۔ تعلق منقطع ہونا۔

رشتۂ جان ۔ جان کا تعلق ۔ سانس۔

رشتہ دار ۔ اہل برادری ۔ عزیز۔

رشتہ داری ۔ (مونث) قرابت داری۔

رشتہ ناتا ۔ (مذکر) میل جول ۔ تعلق ۔ قرابت۔

رشحات ۔ (رش ۔ حات) (ع ۔ ا ۔ مذکر) رشحہ کی جمع۔

رشحہ ۔ (رش ۔ حہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پانی کا ٹپکنا (۲) بوند ۔ (۳) رس (۴) پسینہ۔

رشد ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ہدایت ۔ (۲) بالغ ہونا (۳) سچائی۔

رشک ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) غیرت (۲) رقابت (۳) یہ آرزو کہ جو چیز دوسرے کو حاصل ہے مجھے بھی مل جائے۔

رشک پری (حور ۔ قمر ۔ یوسف) ایسا خوب صورت جس کے حسن و جمال پر پری (حور) چاند اور حضرت یوسف کو بھی رشک آئے۔

رشوت ۔ (رش ۔ وت) (ع ۔ ا ۔ مونث) ناجائز نذرانہ۔

رشوت خوار (خور) رشوت کھانے والا ۔ رشوت لینے والا۔

رشوت ستانی ۔ (مونث) رشوت لینا ۔ ناجائز طریقے سے روپیہ حاصل کرنا۔

رشوت کھانا ۔ رشوت لینا ۔ ناجائز اجرت لینا۔

رشی ۔ (ر ۔ شی) (س ۔ ا ۔ مذکر) خدا پرست ۔ سادھو ۔ عابد جوگی ۔ درویش۔

رشید ۔ (ر ۔ شید) (ع ۔ صفت) (۱) ہدایت یافتہ (۲) سیدھی راہ دکھلانے یا پانے والا (۳) خدائے تعالیٰ کا نام۔

## ر ۔ ص

رصاص ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) قلعی ۔ سیسہ۔

رصد ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) دیکھنا ۔ مشاہدہ (ستاروں کا)

رصد گاہ ۔ (مونث) ستاروں کی گردش دیکھنے کی جگہ ۔ جنتر منتر۔

## ر ۔ ض

رض ۔ (ع) رضی اللہ عنہ کا مخفف ۔ خدا اُن سے راضی ہوا۔

رضا ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) خوشنودی ۔ مرضی (۲) اجازت ۔ مہلت (۳) وہ چھٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔

رضا بہ قضا ۔ جو خدا کی مرضی ہے اس پر راضی رہنا۔

Marfat.com

رضاکار - اپنی مرضی سے اپنے آپ کو خدمت ملک و قوم کے لیے پیش کرنے والا - والنٹیر -
رضامند - راضی - خوش - منظور کرنے والا -
رضامندی - (مونث) خوشنودی - منظوری -
رضائے مولیٰ از ہمہ اولیٰ - (مثل) خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے -
**رضاعت** - (رَ - ضا - عَت) [ع - ا - مونث] شیر خواری - دُودھ پلانا - بچوں کے دُودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے -
**رضاعی** - (رَ - ضا - عی) [ع - صفت] دُودھ شریک -
رضاعی بھائی - دُودھ شریک بھائی - کوکا -
**رضائی** - (رَ - ضا - ئی) [ا - ا - مونث] چھوٹا لحاف -
**رِضوان** - (رِض - وان) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک فرشتہ جو بہشت کا دربان اور موکل ہے (۲) بہشت - (۳) برکت (۴) رضامندی -
**رِضوی** - رِضویہ (رِض - وی - رِض - وی - یہ) [ع - صفت] امام علی رضاؓ سے نسبت رکھنے والا -

## ر - ط

**رَطب** - [ع - صفت] تر - تازہ - نرم -
رطب اللسان - بہت تعریف کرنے والا - مدّاح - تر زبان
رطب و یابس - تر و خشک - بُرا بھلا - نیک و بد -
**رِطل** - [ع - ا - مذکر] (۱) جام شراب (۲) آدھے سیر کا وزن -
**رطوبت** - (رُ - طو - بت) [ع - ا - مونث] (۱) تری - نمی - سیل (۲) تھوک (۳) نرمی - تازگی -
رطوبت اصلیہ - وہ تری جو خلقی طور پر عضو بدن میں ہوتی ہے
رطوبت پیما - رطوبت کا اندازہ کرنے والا آلہ
(HYGROMETRE)

## ر - ع

**رعایا** - (رَ - عا - یا) [ع - ا - مونث] (۱) رعیت کی جمع محکوم لوگ (۲) اسامی - کاشت کار -
**رعایت** - (رِ - عا - یت) [ع - ا - مونث] (۱) پاس - لحاظ - (۲) کمی - تخفیف (۳) رحم - نرمی (۴) ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ، تشبیہات اور استعارے پہلے لفظ کی مناسبت سے آسکتے ہیں -
**رعایتی** (رِ - عا - یَ - تی) [ع - صفت] (۱) وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے - (۲) سفارشی -
رعایتی پٹا - (مذکر) کاشتکاروں کو دی ہوئی رعایتی تحریر جس میں لگان کی تخفیف درج کی جاتی ہے -
رعایتی رخصت - (مونث) ایک قسم کی رخصت جو گیارہ مہینے کی نوکری کے بعد پوری تنخواہ پر دی جاتی ہے -
**رُعب** - [ع - ا - مذکر] (۱) ڈر - خوف (۲) دبدبہ - دھاک جلال
رعب باندھنا (بٹھانا) - خوف بٹھانا - دھاک بٹھانا -
رعب چھانا - خوف غالب ہونا - ہیبت آنا -
رعب داب - دبدبہ - شان و شوکت - جاہ و جلال -
رعب دار - (۱) شان و شوکت والا (۲) دبدبے والا -
رعب میں آنا - ڈر جانا -
**رعد** - [ع - ا - مذکر] (۱) بجلی کی کڑک (۲) بادلوں کا فرشتہ -
رعد و برق - بجلی اور کڑک -
**رعشہ** - (رَع - شَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) لرزہ - تھرتھراہٹ - کپکپی (۲) ایک بیماری جس سے خود بخود ہاتھ وغیرہ کانپتے ہیں -
**رعنا** - (رَع - نا) [ع - صفت] (۱) انداز سے چلنے والا - خوش خرام (۲) خوشنما - حسین - نازک - (۳) نرم -
**رعنائی** - (رَع - نا - ئی) [ف - ا - مونث] (۱) خوش خرامی - (۲) خوشنمائی - حسن -
**رُعونت** - (رُ - عو - نت) [ع - ا - مونث] (۱) غرور (۲) شیخی -
رعی بندہ - [ا - ا - مذکر] زمینوں کے نرخوں کا نقشہ -
**رعیت** - (رَ - عی - یت) [ع - ا - مونث] (۱) اسامی (۲) کاشتکار (۳) ملک کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں -
**رعیتی** - (رَ - عی - یَ - تی) [ف - صفت] (۱) رعیت کا - (۲) جو کاشتکار یا اسامی کو دی جائے - (۳ مونث) دخل کاری قبضہ کرایہ داری (۴) اطاعت (۵) زمین جس کی مالگذاری نقدی میں دی جائے - (۶) زمین جو براہ راست کاشتکار کو کاشت کے لیے دی جائے (۷) زمین جس پر کاشتکار رہے اور کاشت کرے -

## ر - غ

**رغبت** - (رَغ - بت) [ع - ا - مونث] (۱) خواہش (۲) رجحان (۳) شوق - پیار - چاؤ -
رغبت دلانا - کسی چیز کی طرف مائل کرنا -
رغبت رکھنا - خواہش ہونا -
رغبت کی آنکھ سے دیکھنا - پسند کرنا - خواہش کرنا -
**رغم** - [ع - ا - مذکر] نفرت - حقارت (اردو میں علی الرغم مستعمل ہے) -

## ر - ف

**رف** - (ROUGH) [انگ - صفت] (۱) کھردرا - نا ملائم ناہموار (۲) ابتدائی حالت میں - اندازے پر مبنی - تخمینی - (۳) کٹا پھٹا - ناموزوں - بھونڈا -
**رفاقت** - (رِ - فا - قت) [ع - ا - مونث] (۱) ساتھ -

Marfat.com

(۲) محبت - دوستی -
رفاقت سے منہ موڑنا - ساتھ چھوڑنا -
رفاقت کرنا - (۱) ساتھ دینا - ہمراہ رہنا (۲) خیر خواہی کرنا -
رِفاہ - (ع - ا - مونث) (۱) وہ کام جس سے لوگوں کو آرام ملے (۲) نیکی - بھلائی - بہتری -
رفاہِ عام (خلائق) عام لوگوں کی بھلائی -
رفاہی (اُ - صفت) عوام کی بھلائی سے متعلق (امور) -
رفت - ر - ف) (مصدر رفتن (جانا) کا ماضی مطلق) (۱) (مونث) جانا - (آمد کے ساتھ "آمد و رفت") - (۲) رفتہ کا مخفف گیا ہوا -
رفت گزشت (مونث) گئی گزری - رفع دفع -
رفت گزشت کرنا - خیال نہ کرنا - جانے دینا -
رفتار - (رَف - تار) (ف - ا - مونث) (۱) چال - (۲) چلن - روش -
رفتار اڑانا - چال یا وضع کی نقل کرنا -
رفتار و گفتار - چال یا وضع کی نقل کرنا -
رفتگاں - (رَفت - گاں) (ف - ا - مذکر) رفتہ کی جمع - گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ -
رفتگی - (رَفت - تَ - گی) (ف - ا - مونث) (۱) روانگی - (۲) نقصان -
رفتنی - (رَفت - تَ - نی) (ف - صفت) (۱) جانے کے قابل - جانے پر مجبور - (۲) جانے والا (۳) عارضی -
رفتہ - (رَفت - تہ) (ف - صفت) (۱) گیا ہوا (۲) مرا ہوا (۳) کھویا ہوا -
رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ - ہولے ہولے - بتدریج -
رفرف - (رَف - رَف) (ع - ا - مذکر) (۱) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام (۲) وہ جانور جس پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج براق کے بعد آسمانوں پر پہنچنے کے بعد سوار ہوئے تھے -
رفض - (ع - ا - مذکر) (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) اختلاف -
رفع - (ع - ا - مذکر) (۱) اٹھانا - اونچائی (۲) باز رہنا چھوڑنا (۳) ضمہ - پیش -
رفع حاجت - پیشاب پاخانہ کرنا -
رفع دفع - دور کرنا - معاف کرنا - باز رہنا -
رفع شر - فتنہ و فساد کا دفعیہ - جھگڑا نمٹانا -
رفع یدین - نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اٹھانا -
رفعت - (رِف - عت) (ع - ا - مونث) (۱) بلندی (۲) ترقی (۳) بزرگی - عزت -
رِفق - (ع - ا - مونث) نرمی - مہربانی -
رُفقا - (رُ - ف - قا) (ع - ا - مذکر) رفیق کی جمع - ساتھی - دوست -
رفو - (ع - ا - مذکر) پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا -
رفو چکر ہونا - بھاگ جانا - چل دینا - چرا ہونا -
رفو کرنا - کپڑے کے سوراخوں کو تاگوں سے بھرنا -
رفوگر - رفو کرنے والا - وہ شخص جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کرتا ہے -
رفوگری - رفو کرنے کا پیشہ - رفو کا کام -
رفیع - (ع - صفت) اونچا - بلند -
رفیع الدرجات - بڑے درجے یا رتبے والا -
رفیع الشان - بڑی شان یا رتبے والا -
رفیق - (رَ - فیق) (ع - ا - مذکر) (۱) ساتھی (۲) مصاحب (۳) دوست -
رفیقاں - (ف - ا - مذکر) رفیق کی فارسی جمع (عربی رفقا)

## ر - ق

رقابت - (رَ - قا - بَت) (ع - ا - مونث) (۱) مخالفت - چشمک (۲) ایک معشوق کے کئی عاشق ہونا -
رقابت کی آگ - وہ جلن جو رقابت کی وجہ سے ہو -
رقاص - (رَق - قاص) (ع - ا - مذکر) ناچنے والا شخص - (۲) گھنٹے کا لٹکن - (۳) گھڑی کا سپرنگ -
رقاصِ فلک - زہرہ ستارہ -
رقاصہ - (رَق - قا - صَہ) (ع - ا - مونث) ناچنے والی عورت -
رقاصی - (رَق - قا - صی) (ع - ا - مونث) (۱) ناچنا (۲) ناچنے کا پیشہ -
رقاع - (ع - ا - مذکر) (۱) رقعہ کی جمع (۲) ایک قسم کا خط جس کو ابن مقلہ خوش نویس نے ایجاد کیا تھا -
رقبہ - (رَق - بہ) (ف - ا - مذکر) (۱) گھری ہوئی زمین احاطہ (۲) گاؤں سے متعلق زمین (۳) (ریاضی) وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو -
رقبہ بندی - (مونث) کسی جائداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ -
رقبہ قابل تشخیص جمع - وہ رقبہ جس پر محصول ہوا ہونے کو ہو -
رقبہ مشتہرہ کمیٹی - (نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی) پانچ ہزار سے کم نفوس کی آبادی والے علاقوں کی کمیٹی -
رقبہ نکالنا - حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا -
رقت - (رِق - قت) (ع - ا - مونث) (۱) نرمی - پتلا پن (۲) رحمانیت، رونا (۳) (اُ) حال - وجد - دل بھر آنا -
رقت آمیز - رقت طاری کرنے والی بات -
رقت طاری ہونا - دل بھر آنا - رونے لگنا -
رقتِ قلب - دل کی نرمی - مہربانی -
رقص - (ع - ا - مذکر) (۱) اچھلنا - کودنا (۲) ناچ - مجرا -
رقصِ بسمل - ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا - تڑپنا -
رقص و سرود - ناچ رنگ - گانا بجانا - راگ رنگ -
رقصاں - (رَق - صاں) (ف - صفت) ناچنے والا حالت رقص میں -
رقطا - (رَق - طا) (ع - ا - مونث) ایک صنعت تحریر جس میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط ہوتا ہے -
رُقعات - (رُق - عات) (ع - ا - مذکر) رقعہ کی جمع خطوط -

Marfat.com

رُقعہ - (رُق - عَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) خط - چٹھی (۲) وہ چھپا یا لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا کسی خوشی کے موقع پر لوگوں کو بلانے کے لیے بھیجتے ہیں - (۳) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے لیے شجرہ اور حسب و نسب لکھ کر دلہن کے گھر جاتا ہے -
رقعہ آنا - (۱) نسبت کا پیغام آنا (۲) کسی تقریب کے موقع پر بلاوے کی چٹھی آنا -
رقم - (رَ - قَم) [ع - ا - مونث] (۱) تحریر - خط (۲) عدد - ہندسہ (۳) عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں - مثلاً ؔ سے تین کے لیے (۴) میزان (۵) مال - دولت - روپیہ -
رقم جمع - وصول شدہ رقم -
رقم سائر - رقم سوائے - متفرق رقم - وہ آمدنی جو زمیندار کو لگان کے علاوہ موصول ہوتی ہے -
رقم طراز - لکھنے والا - کاتب - محرر -
رقم کرنا - لکھنا - تحریر کرنا -
رقم ماری جانا - روپے کا نقصان ہو جانا -
رقم مشتبہ الوصول - وہ رقم جس کا وصول ہونا مشکوک ہو -
رقمی - (رَقَ - مِی) [ع - صفت] نشان کیا ہوا - لکھا ہوا -
رقوم - (رُ - قُوم) [ع جمع - ا - مونث] رقم کی جمع - روپیہ -
رقیب - (رَ - قِیب) [ع - ا - مذکر] (۱) نگہبان - محافظ - (۲) ہم پیشہ - حریف (۳) ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک (۴) خدا کا ایک صفاتی نام -
رقیباں - [ف - ا - مذکر] رقیب کی فارسی جمع -
رقیق - [ع - صفت] (۱) پتلا - لطیف (۲) نرم - ملائم -
رقیق القلب - نرم دل - وہ شخص جس کا دل جلد بھر آئے -
رقیم - (رَ - قِیم) [ع - ا - مذکر] (۱) تحریر - کتاب - خصوصاً وہ جس میں اصحاب کہف کا قصہ درج ہے (۲) ان کا کتا - (۳) ان کا گاؤں یا پہاڑ (۵) غار جس میں وہ سوئے تھے -
رقیمہ - (رَ - قِی - مَہ) [ع - ا - مذکر] چٹھی - رقعہ - خط -

## ر - ک

رکاب - (رِ - کاب) [ع - ا - مونث] (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکا رہتا ہے اور سوار اس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے - (۲) (مذکر) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا (۳) بڑی رکابی - طباق (۴) وہ لفظ جو ورق کے دوسرے صفحے کے نیچے اور صفحہ اول کی ابتدا میں لکھا جاتا ہے -
رکاب دار - (۱) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر (۲) باورچی (۳) وہ شخص جو اچار چٹنیاں مربے وغیرہ بنا کر بیچے -
رکاب دوال - وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے -
رکاب میں پاؤں رہنا - ہر وقت چلنے کے لیے تیار رہنا -
رکابی - [ت - ا - مونث] (۱) تھالی (۲) ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا -
رکابی چہرہ - چوڑا منہ - گول منہ -
رکابی مذہب - ہر دیگی چمچہ - طفیلی - خوشامدی - تھالی کا بینگن -
رکابی میں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ - (مثل) مطلب کا یار ہے -
رُکاوٹ - (رُ - کا - وَٹ) [ہ - ا - مونث] (۱) ٹھہراؤ - توقف (۲) حرج - مزاحمت
رُکاؤ - (رُ - کا - او) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے رکاوٹ -
رکت - [س - ا - مذکر] (۱) لہو - خون (۲) سرخ رنگ (۳) (صفت) رنگین (۴) بے حد مشتاق - فریفتہ -
رُک رُک کر - [ہ - تابع فعل] (۱) ٹھہر ٹھہر کر (۲) لکنت سے - ہکلا کر -
رکشا - (رَک - شا) [س - ا - مونث] حفاظت - پناہ - بچاؤ -
رکشا بندھن - (مذکر) (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) تہوار جس میں ہندو اپنے ہاتھوں پر راکھی باندھتے ہیں -
رکشا - (RICKSHA) (رِک - شا) [انگ - ا - مونث] ہلکی دو پہیوں کی چھتری دار گاڑی جسے آدمی کھینچتے ہیں -
رکعت - (رَک - عَت) [ع - ا - مونث] (۱) جھکاؤ (۲) نماز کا ایک حصہ کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک جس میں ایک رکوع آجائے -
رُکن - [ع - ا - مذکر] (۱) ستون - تھم (۲) ضروری حصہ (۳) (اُر) کارندہ - (۴) کسی جماعت کا ممبر (۵) عروض: وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے اوزان سے بنے -
رکن الدولہ - امیر - وزیر -
رکن رکین - بڑا رکن - مضبوط رکن
رکن یمانی - کعبہ شریف کے رکنوں میں سے ایک رکن -
رُکنا - (رُک - نا) [ہ - مص] (۱) ٹھہرنا - تھمنا (۲) باز رہنا (۳) پس و پیش کرنا (۴) بند ہونا -
رُکنیت - (رُک - نی - یت) [ع - ا - مونث] رکن ہونا - ممبری -
رُکوانا - (رُک - وا - نا) [ہ - مص] رکنا کا متعدی المتعدی -
رکوع - (رُ - کُوع) [ع - ا - مذکر] نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا -
رکھ - [ہ - ا - مذکر] جنگل - وہ جنگل جس میں سے عوام کو گھاس یا لکڑی کاٹنے کی ممانعت ہو -
رُکھ - [ہ - ا - مذکر] روکھ کا مخفف - درخت -
رکھا ہونا - [ہ - مص] (۱) کچھ موجود ہونا (۲) باقی رہنا
رُکھائی - [ہ - ا - مونث] (۱) روکھاپن - بے التفاتی (۲) بے مروتی -
رکھائی کی لینا - بد مزاجی ظاہر کرنا - بے پروائی کرنا -
رکھب - (رِ - کھب) [ہ - ا - مذکر] ایک سُر کا نام
رکھ رکھاؤ - [ہ - ا - مذکر] (۱) حفاظت - دیکھ بھال (۲) چلن - وضع داری -
رکھ کے کہنا - [ار - مص] کسی پر ڈال کر کوئی بات کہنا - اشارتاً کوئی بات کہنا -

Marfat.com

رکھ لینا۔ (اُ۔مص) (۱) لے لینا۔ قبول کر لینا۔ (۲) نزد پر رکھنا۔

رکھنا۔ (رَکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھرنا (۲) بچانا۔ (۳) جمع کرنا (۴) چھوڑنا (۵) رہن کرنا (۶) دبا لینا۔ مار لینا (۷) نصب کرنا۔ کھڑا کرنا (۸) انڈے دینا۔ (۹) حوالے کرنا۔ (۱۰) پرورش کرنا۔

رکھوا اس تقویے پہ دار و مدار۔ کر تو نقد اچھے نہ تیرہ اُدھار (اُ۔مثل) جو چیز فوراً مل جائے وہ اس اچھی چیز سے جس کا وعدہ کیا جائے بہتر ہے۔

رکھوالا۔ (رَکھ۔وا۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) محافظ۔ نگہبان۔ چوکیدار۔

رکھوالی۔ (رَکھ۔وا۔لی) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) محافظت۔ پاسبانی (۲) رکھوالا کا مونث۔

رکھوا لینا۔ (رَکھ۔وا۔لے۔نا) (ہ۔مص) واپس لینا۔ لے لینا۔ دھروا لینا۔

رکھوانا۔ (رَکھ۔وا۔نا) (ہ۔مص) رکھنا کا متعدی المتعدی

رکیک۔ (رَ۔کیک) (ع۔صفت) حقیر۔ ذلیل۔

رکین۔ (رَکین) (ع۔صفت) (۱) سنجیدہ۔ متین۔ (۲) استوار۔ مضبوط۔

## ر-گ

رگ۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) نس۔ نبض۔ جسم کی نلیاں جن میں خون رہتا ہے۔ (۲) پٹھا۔ عصب۔

رگ اترنا۔ آنت کا فوطے میں اتر آنا۔

رگ پہچاننے سے واقف ہونا۔ اصلیت سے واقف ہونا۔

رگ پھڑکنا۔ ماتھا ٹھنکنا۔ کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہونا۔

رگِ جان۔ وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے

رگِ جان سے نزدیک ہونا۔ بہت قریب ہونا۔

رگِ حمیت۔ غیرت یا حمیت کا جوش۔

رگ دبنا۔ (۱) ڈرنا۔ (۲) قابو میں ہونا۔

رگ رگ سے واقف ہونا۔ پوری طرح جاننا۔

رگ رگ میں۔ ہر رگ میں۔ رگوں میں۔ پورے بدن میں۔

رگ و پے۔ رگ پٹھا۔

رگ و پے میں دوڑ جانا۔ اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔

رگ و ریشہ۔ (۱) اصل۔ نسل (۲) خو بو (۳) بنیاد (۴) رگ پٹھا۔

رگ و ریشہ میں پڑا ہونا۔ کسی بری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا۔ گھٹی میں پڑنا۔

رگیں مرنا۔ (۱) رگوں کی قوت جاتی رہنا (۲) کمزور ہو جانا۔

رگیں نکل آنا۔ بہت دبلا ہونا۔

رگبی۔ (رَگ۔بی) (انگ۔ا۔مذکر) (RUGBY) فٹ بال کی ایک قسم جس میں کھلاڑی ہاتھ کو بھی استعمال کر سکتے ہیں اور اس کھلاڑی کو بھی پکڑ سکتے ہیں جو گیند لے جا رہا ہو۔

رگڑ۔ (رَ۔گڑ) (ہ۔ا۔مونث) (۱) نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے سے ہو جاتا ہے۔ (۲) خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے۔

رگڑ دینا۔ گھس دینا۔ مسل دینا۔

رگڑ رگڑ کر۔ مل مل کے۔

رگڑ کھانا۔ رگڑ لگنا۔ گھسا لگنا۔

رگڑا۔ (رَگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) خراش (۲) پیسنا (۳) چمکانا (۴) جھگڑا (۵) بھنگ گھوٹنا (۶) ایک قسم کا سُرمہ یا لیپ۔

رگڑا جھگڑا۔ فساد۔ بحث۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔

رگڑنا۔ (ہ۔مص) (۱) گھسنا۔ پیسنا۔ گھوٹنا (۲) مانجھنا۔ (۳) چمکانا (۴) ستانا۔

رگید۔ (رَ۔گید) (ہ۔ا۔مونث) پیچھا۔ تعاقب۔

رگید رگید کر۔ کھدیڑ کھدیڑ کر۔ مار پیٹ کر۔

رگیدنا۔ (رَگید۔نا) (ہ۔مص) پیچھا کرنا۔

## ر-ل

رلا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) بکھیڑا (۳) بھول۔

رلا ملا۔ ملا جلا۔

رلانا۔ (ہ۔مص) ملانا۔ آمیز کرنا۔ شامل کرنا۔

رُلانا۔ (ہ۔مص) (۱) رونا کا متعدی (۲) تنگ کرنا۔ دق کرنا۔

رل مل جانا۔ (ہ۔مص) ملنا۔ آمیز ہونا۔ مخلوط ہو جانا۔

رلنا۔ (رَل۔نا) (ہ۔مص) ملنا۔ آمیز ہونا۔ شامل ہونا۔

رُلنا۔ (رُل۔نا) (ہ۔مص) (۱) تباہ ہونا (۲) خوار ہونا (۳) رندہ پھرنا (۴) بکھرنا (۵) آوارہ ہو جانا (۶) کھو جانا۔

رلیاں۔ (رَل۔یاں) (ق۔ا۔مونث) خوشی (اب رنگ کے ساتھ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے)

## ر-م

رم۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) ڈر۔ خوف (۲) وحشت۔ نفرت۔ (۳) گریز۔ بھاگنا۔

رم بھول جانا۔ چوکڑی بھول جانا۔ گھبرا جانا۔

رم خوردہ (دیدہ۔ زدہ۔ کردہ) بھاگا ہوا۔ وحشت زدہ۔

رم کرنا۔ بھاگ جانا۔

ریم۔ (انگریزی لفظ ریم (REAM) کا موزوں۔ ا۔ مذکر)۔ کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل

رمال۔ (رَم۔مال) (ع۔ا۔مذکر) علم رمل کا ماہر۔ جوتشی۔ نجومی۔

رمالی۔ (رَم۔ما۔لی) (ع۔ا۔مونث) کرل۔ نجوم۔ جوتش۔

رمانا۔ (رَ۔ما۔نا) (ہ۔مص) (۱) رجھک) اختیار کرنا (۲) آگ

جلانا (جوگی کا)۔ (۳) رچانا۔
**رمبا** ۔ (رَم ۔ با) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] کھرپا۔
**رمپا** ۔ (رَم ۔ پا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے راپی۔
**رمتا** ۔ (رَم ۔ تا) [ہ ۔ صفت] چلتا پھرتا ۔ گھومنے والا ۔ آوارہ۔
**رمتا جوگی** ۔ پھرتا پھرانا جوگی ۔ سیاح ۔ درویش۔
**رم جھم** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مونث] بارش کی خفیف آواز
**رم جھم مینہ برسنا** ۔ آہستہ آہستہ مینہ برسنا۔
**رمز** ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) آنکھوں، بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ۔ غمزہ ۔ عشوہ (۲) ایما ۔ اشارہ (۳) راز ۔ معما ۔ پہیلی۔
**رمز آمیز** ۔ اشارہ ملی ہوئی ۔ اشارہ کی ۔ کنایہ کی (بات)۔
**رمز پھینکنا (مارنا)** ۔ (۱) اشارہ کنایہ کرنا (۲) بھید کی بات کہنا۔
**رمز شناس** ۔ اشارہ پہچاننے والا۔
**رمز کی باتیں (گھاتیں)** ۔ (۱) بھید کی باتیں (۲) اشارے کنائے کی باتیں (۳) نکتے کی باتیں۔
**رمضان** ۔ (رَ ۔ مَ ۔ ضان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جلانے والا (۲) مسلمانوں کا نواں قمری مہینا جس میں روزے رکھتے ہیں۔
**رمضان کے نمازی** ۔ چند روزہ نمازی۔
**رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی** ۔ (مثل) ظاہر دار کی نسبت بولتے ہیں۔
**رمضانی** ۔ (رَ ۔ مَ ۔ ضا ۔ نی) [ا ۔ صفت] (۱) ماہ رمضان کا (۲) رمضان کے متعلق (۳) جو رمضان میں پیدا ہوا ہو۔
**رمق** ۔ (رَ ۔ مَق) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) تھوڑی سی جان ۔ اخیر سانس (۲) ذرا سا (۳) چاشنی کا کچھ اثر۔
**رمل** ۔ [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک علم جس میں ہندسوں اور خطوط وغیرہ کے ذریعے غیب کی بات دریافت کرتے ہیں۔
**رمل** ۔ (رَ ۔ مَل) [ع ۔ ا ۔ مونث] علم عروض کی ایک بحر کا نام۔
**رمنا** ۔ (رَم ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گھومنا ۔ سیر کرنا (۲) [مذکر] مرغزار ۔ سبزہ زار (۳) شکار گاہ۔
**رُموز** ۔ (رُ ۔ موز) [ع ۔ ا ۔ مونث] رمز کی جمع۔
**رموزِ عاشقاں عاشق بداند** ۔ (مثل) ہم پیشہ ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں۔
**رموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند** ۔ (مثل) ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔
**رمی** ۔ (رَ ۔ می) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ۔ کوئی چیز پھینکنا۔
**رمی بالغیب** ۔ اٹکل پچو کوئی بات کہنا۔
**رمی جمار** ۔ کنکریاں پھینکنا (حاجی منیٰ میں پہنچ کر ایک مقام پر کنکریاں مارتے ہیں)
**رمی** ۔ [انگ ۔ ا ۔ مونث] تاش کا ایک کھیل۔
**رمیدگی** ۔ (رَ ۔ می ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بھاگنا (۲) وحشت ۔ نفرت۔
**رمیدہ** ۔ (رَ ۔ می ۔ دَہ) [ف ۔ صفت] (۱) بھاگا ہوا ۔ (۲) وحشی۔

# ر ۔ ن

**رن** ۔ [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) لڑائی ۔ جنگ ۔ رزم (۲) میدان جنگ ۔ (۳) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] جنگل ۔ بیابان۔
**رن بن** ۔ جنگل ۔ بیابان۔
**رن بولنا** ۔ میدان جنگ سے آوازیں آنا۔
**رن بھومی** ۔ (مونث) میدان جنگ۔
**رن پڑنا** ۔ (۱) جنگ ہونا (۲) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔
**رن جیت** ۔ فاتح ۔ جنگ جیتنے والا۔
**رن** ۔ (RUN) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) دوڑ ۔ جھپٹ۔ (۲) کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک کی دوڑ۔
**رن آؤٹ** (RUNOUT) کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دوسرے وکٹ تک دوڑتے ہوئے آؤٹ ہو جانا۔
**رنج** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) غصہ (۲) دُکھ (۳) غم ۔ ملال (۴) افسوس۔
**رنج آنا** ۔ ملال ہونا۔
**رنج اُٹھانا** ۔ صدمہ برداشت کرنا۔
**رنج پہنچانا** ۔ اذیت دینا ۔ ملول کرنا۔
**رنج دینا** ۔ آزردہ کرنا ۔ ستانا۔
**رنج سہنا (کھانا)** ۔ رنج برداشت کرنا۔
**رنج کھینچنا (کھینچنا)** ۔ رنج اٹھانا۔
**رنج و محن** ۔ دُکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ مصیبت۔
**رنجش** ۔ (رَن ۔ جِش) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بگاڑ ۔ (۲) غصہ ۔ خفگی۔
**رنجک** ۔ (رَن ۔ جک) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے لیے رکھی جاتی ہے (۲) چورن ۔ سفوف۔
**رنجک اڑانا** ۔ (۱) بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا ۔ (۲) تنبیہ دینا (۳) چمکانا۔
**رنجک چاٹ جانا** ۔ (۱) توپ یا بندوق کا سر نہ ہونا (۲) رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا۔
**رنجور** (رَن ۔ جُور) [ف ۔ صفت] (اصل میں رنج ور تھا) بیمار ۔ افسردہ۔
**رنجوری** ۔ (رَن ۔ جُو ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مونث] بیماری ۔ روگ
**رنجہ** ۔ (رَن ۔ جَہ) [ف ۔ صفت] (۱) رنجیدہ ۔ مغموم (۲) [مذکر] بڑی آہستگی کی چال یا طرز۔
**رنجیدگی** ۔ (رَن ۔ جی ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] رنجش ۔ ملال
**رنجیدہ** (رَن ۔ جی ۔ دَہ) [ف ۔ صفت] (۱) خفا ۔ ناراض ۔ (۲) اداس ۔ افسردہ۔
**رنجیدہ خاطر** ۔ ناخوش ۔ دُکھی ۔ ناراض۔
**رند** ۔ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیوار قلعہ یا شہر پناہ کے وہ سوراخ جو غنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے لیے چھوڑ

Marfat.com

دیتے ہیں۔
رِنْد۔ [ف۔ا۔مذکر] (۱) آزاد (۲) جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو (۳) شرابی (۴) آوارہ۔
رِند مَشرب۔ رند مشرب۔ (۱) آزاد (۲) اوباش۔
رِندانہ۔ (رِن۔دانَہ) [ف۔صفت] (۱) رند سے نسبت رکھنے والا۔ آزادانہ (۲) اوباشانہ۔
رَندنا۔ (رَنْد۔نا) [ہ۔مص] رندے سے چھیلنا۔
رُندنا۔ (رُنْد۔نا) [ہ۔مص] پامال ہونا۔
رَندہ۔ (رَن۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار۔
رندہ پھیرنا۔ لکڑی چھیلنا یا صاف کرنا۔
رِندھنا۔ (رِنْدھ۔نا) [ہ۔مص] پکنا۔ کھانا تیار ہونا۔
رِندی۔ (رِن۔دی) [ف۔ا۔مونث] (۱) مستی۔ بےخودی (۲) اوباشی
رنڈاپا۔ (رَن۔ڈا۔پا) [ہ۔ا۔مذکر] بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ
رنڈاپا کاٹنا (کٹنا) بیوگی کا زمانہ بسر ہونا۔
رنڈوا۔ (رَنْڈ۔وا) [ہ۔ا۔مذکر] وہ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو
رنڈی۔ [ہ۔ا۔مونث] کسبی۔ زنِ بازاری۔ طوائف۔
رنڈی باز۔ عیاش۔ تماش بین۔
رنڈیا۔ (رَنْڈ۔یا) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے رانڈ۔
رَن اَپ (رَن۔اَپ) RUN UP [انگ۔ا۔مذکر] کھلاڑی جو آخری مقابلے میں پہنچ کر ہار جائے۔
رَنگ۔ [ف۔ا۔مذکر] (۱) لون۔ فام (۲) نیلا۔ زرد اور سرخ اور ان کے مرکبات (۳) رنگت۔ روپ (۴) انداز۔ طرز۔ روش (۵) وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگتے ہیں۔ (۶) قسم۔ نوع (۷) بہار۔ رونق (۸) مانند۔ نظیر (۹) مزہ۔ لطف۔ (۱۰) خمار (۱۱) کھیل۔ کود (۱۲) ناچ۔ گانا (۱۳) کیفیت۔ حال (۱۴) خوشی۔ مسرت۔ (۱۵) گنجفے کی آٹھوں بازیوں کے نام (۱۶) چوسر کی آٹھوں نردوں کے نام (۱۷) تاش کی چاروں بازیوں کا نام (۱۸) ٹرپ۔ ٹرمپ۔
رنگ آمیزی۔ [مونث] (۱) رنگ سازی (۲) نقاشی۔ مصوری (۳) عبارت آرائی (۴) مبالغہ۔
رنگ آنا (چڑھنا)۔ رونق آنا۔
رنگ اترنا۔ (۱) رنگ جاتا رہنا (۲) چہرے کا متغیر ہوجانا۔
رنگ اُڑ جانا (اُڑنا) رنگ پھیکا پڑ جانا (کنایۃً) چہرے کا رنگ متغیر ہوجانا۔
رنگ افشانی۔ [مونث] رنگ چھڑکنا۔
رنگ اُکھڑنا۔ بے رونق ہونا
رنگ اور ہوجانا۔ رنگ بدل جانا۔
رنگ باندھنا۔ سماں باندھنا۔
رنگ بدل جانا۔ (۱) کسی چیز کے رنگ کا متغیر ہونا۔ (۲) وضع بدل جانا (۳) انقلاب ہونا۔
رنگ بدلنا (۱) ایک رنگ سے دوسرا رنگ تبدیل کرنا (۲) طرز بدلنا۔ (۳) انقلاب ہونا (۴) حالت بدلنا۔
رنگ برنگ۔ رنگا رنگ۔ (۱) مختلف رنگ (۲) مختلف اقسام۔ متنوع۔
رنگ بندھنا (۱) رونق پکڑنا۔ سماں چھانا (۲) زیبا ہونا۔
رنگ بھرنا۔ (۱) نقاشی کرنا۔ رنگ آمیزی کرنا (۲) کسی ظرف میں رنگ ڈالنا۔
رنگ بھنگ کرنا۔ مزہ کرکرا کرنا۔ لطف بگاڑنا۔
رنگ بے رنگ ہونا۔ حالت خراب ہوجانا۔
رنگ پاشی۔ [مونث] رنگ چھڑکنا۔
رنگ پر آنا (۱) رونق پر آنا۔ بہار پر آنا (۲) زوروں پر ہونا۔
رنگ پر ہونا۔ رونق یا بہار پر ہونا۔
رنگ پھیرنا۔ رنگ کرنا۔ وارنش کرنا۔
رنگ پھیکا پڑنا۔ (۱) رنگ مدھم ہونا (۲) رونق کم ہونا۔ (۳) بے لطف ہونا
رنگ ٹپکنا۔ (۱) رنگ کا تراوش کرنا (۲) خاص حالت ظاہر ہونا
رنگ جل جانا۔ رنگ کا سیاہ ہوجانا۔
رنگ جمانا۔ اثر ڈالنا۔ قابو کرلینا۔
رنگ جمنا (۱) اثر ہونا۔ چھا جانا (محفل پر) (۲) اعتبار پیدا ہونا۔ (۳) نظروں میں بھلا معلوم ہونا۔
رنگ چڑھانا (۱) رنگ نکالنے کے لیے کسم کو بھگو کر چوانا۔ (۲) رنگنا (۳) سماں باندھنا (۴) اپنا سا بنانا۔
رنگ چوکھا آنا۔ گہرا رنگ آنا۔
رنگ چہچہا ہونا۔ رنگ شوخ ہونا۔
رنگ دار۔ رنگین۔ رنگا ہوا۔
رنگ دگرگوں کرنا۔ (۱) خراب کیفیت پیدا کرنا (۲) رنگ بدلنا۔
رنگ ڈھنگ۔ [مذکر] چال چلن۔ برتاؤ۔ عادت۔ حالت۔ کیفیت۔
رنگ رچانا۔ (۱) کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا کرنا۔ (۲) رنگین بنانا۔
رنگ رچنا۔ رنگ کا بخوبی اثر کرنا۔ رنگت بیٹھنا۔
رنگ رلیاں [مونث] عیش و نشاط۔ مزہ۔ لطف۔ کھیل ملنا
رنگ رنگ سے۔ طرح طرح سے۔ وضع وضع سے۔
رنگ رنگ کا۔ طرح طرح کا۔ مختلف رنگ کا۔ مختلف وضع کا۔
رنگ رنگنا۔ (۱) کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا۔
رنگ رنگیلا۔ (۱) رنگین (۲) عیاش۔
رنگ رُوپ۔ [مذکر] (۱) آب و تاب (۲) حلیہ۔ خط و خال۔ چہرہ مہرہ۔
رنگ روپ دیکھ کر نہ بھولیے۔ (مثل) ظاہری صورت پر نہ جائیے۔
رنگ ریز [مذکر] کپڑا رنگنے والا۔ نیلاری۔
رنگ ریزی۔ [مونث] رنگ ریز کا کام۔ رنگنے کا پیشہ۔
رنگ زرد ہونا (سفید ہونا۔ فق ہونا) کسی سبب سے چہرے کی سرخی کا جاتا رہنا (۲) خون خشک ہوجانا۔
رنگ ساز [مذکر] (۱) رنگ یا وارنش کرنے والا (۲) مصور۔

Marfat.com

(۳) رنگنے بنانے والا۔
**رنگ فق ہونا۔** رنگ اُڑ جانا (چہرے کا) رنگ زرد ہونا۔
**رنگ کا۔** طرح کا۔ ڈھب کا
**رنگ کاٹنا۔** (۱) کھار یا ترشی سے کسی چیز سے رنگ کا جدا کرنا۔ (۲) دُوسرے کا جما ہوا اعتبار اُٹھانا۔
**رنگ کٹنا۔** (۱) رنگ زائل ہونا (۲) شرم سے رنگ کا متغیر ہونا (۳) (جو سرہاروں کی اصطلاح) گوٹ کا مارا جانا۔
**رنگ کچا ہونا۔** رنگ کا ناپائدار ہونا۔ رنگ کا اُڑ جانا۔
**رنگ کھلنا۔** (۱) کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا نمایاں ہونا۔ (۲) سیاہی مائل رنگ کا سفیدی مائل ہونا (۳) رنگ کا جوانی یا طاقت کی دوائی وجہ سے نکھرنا۔
**رنگ کھیلنا (ڈالنا)** خوشی کے موقع پر آپس میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا۔ ہولی کھیلنا۔
**رنگ لانا** (۱) رنگین ہونا۔ اچھا دکھائی دینا (۲) اثر دکھانا۔ مزہ چکھانا (۳) خبثِ باطن ظاہر کرنا۔ شورش برپا کرنا (۴) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پٹتے گھر میں آ کر اُٹھ جانا۔
**رنگ لینا۔** (۱) رنگنا (۲) کسی کو اپنے ڈھنگ پر بنا لینا۔
**رنگ ماند ہونا۔** رنگ پھیکا ہونا
**رنگ محل۔** (مذکر) عیش و عشرت کا گھر۔ عشرت گاہ۔
**رنگ ملنا۔** میل کھانا۔ یکساں ہونا۔
**رنگ میں بھنگ۔** خوشی میں بے لطفی۔
**رنگ نکھرنا۔** رنگ صاف ہونا۔
**رنگ و بو۔** رونق۔ عیش و عشرت۔
**رنگ و روغن۔** (۱) چمک دمک۔ خوب صورتی (۲) رنگینی
**رنگ۔** (RING) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) دائرہ۔ کنڈلی۔ (۲) (مونث) انگوٹھی۔
**رنگ لیڈر** (RING LEADER) (مذکر) سرغنہ۔ باغیوں کا سرگروہ
**رنگ ماسٹر** (RING MASTER) (مذکر) سرکس کا منتظم۔
**رنگانا۔ رنگوانا۔** (اُ۔ مص) رنگ کرانا۔ رنگت دلوانا۔
**رنگائی۔ رنگوائی۔** (اُ۔ا۔ مونث) رنگنے کی اُجرت۔
**رنگت۔** (اُ۔ا۔ مونث) (۱) چہرہ کا رنگ (۲) کپڑے کا رنگ (۳) رُوپ (۴) حالت۔ کیفیت۔
**رنگترا۔** (رنگ۔ ت۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی۔
**رنگروٹ۔** (رنگ۔ رُوٹ) (RECRUIT) کا مورد۔ا۔ مذکر) نیا سپاہی۔ نیا بھرتی کیا ہوا۔ نو آموز۔
**رنگنا۔** (رنگ۔ نا) (اُ۔ مص) (۱) رنگ کرنا (۲) اپنا سا بنانا۔
**رنگیلا۔** (اُ۔ صف) (۱) رنگین مزاج (۲) بانکا۔ عیاش۔
**رنگیلی۔** (اُ۔ صف) رنگیلا کا مونث۔
**رنگین۔** (ف۔ صف) (۱) رنگ دار (۲) (اُ) رنگیلا چھبیلا۔ (۳) خوش طبع (۴) دل پسند۔ خوش آئند۔
**رنگین ادا۔** طرح دار۔ خوش ادا۔
**رنگین مزاج۔** (۱) زندہ دل (۲) بانکا۔ عیش پسند۔
**رنگینی** (ف۔ا۔ مونث) (۱) تلوّن (۲) نمائش۔ بناؤ سنگار (۳) خوش مزاجی (۴) بانکپن۔

**رنگینیِ سخن۔** کلام کا رنگین ہونا
**رننگ کمنٹری** (RUNNING COMMENTARY) (انگ۔ا۔ مذکر) آنکھوں دیکھا حال فی البدیہہ بیان کرنا۔

## ر - و

**رَو۔** (اُ۔ا۔ مونث) (۱) پانی کا بہاؤ۔ دھارا (۲) جوش۔ ولولہ (۳) دُھن۔ خیال۔
**رَو۔** (ف۔ صف) مصدر رفتن کا اسم فاعل بمعنی چلنے والا (مرکبات میں) جیسے راہ رو۔
**رُو۔** (ف۔ صف) مصدر روئیدن کا اسم فاعل بمعنی اُگنے والا (مرکبات میں) جیسے خود رو۔
**رُو۔** (ف۔ا۔ مذکر) (۱) چہرہ (۲) سبب۔ وجہ (۳) بساط۔ سطح (۴) سامنا۔ آگا (۵) آبرو (۶) امید (۷) رعایت۔
**روبراہ۔** (۱) تیار۔ مستعد (۲) اصلاح کیا ہوا۔ درست۔
**روبرو۔** منہ در منہ۔ آمنے سامنے۔ مقابل۔
**روبرو کرنا** (۱) سامنے کرنا (۲) صورت دکھانا (۳) پیش کرنا۔
**روبکار۔** (مذکر) پیشی۔ عدالتی حکم۔ پروانہ
**روبکاری۔** (مونث) مقدمے کی پیشی۔
**روبصحت۔** صحت کی طرف مائل
**روپاک** (مذکر) رومال۔
**روپوش۔** چھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔
**روپوشی۔** (مونث) منہ چھپانا۔ غائب رہنا۔
**روداد۔** (مونث) (۱) کیفیت۔ حالت (۲) عدالت کی کارروائی (۳) وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو (۴) رپورٹ
**رودادِ مقدمہ۔** مقدمے کی کیفیت۔ عدالت کی کارروائی
**رودار۔** وجیہہ۔ شکیل۔ خوب صورت۔
**روداری** (مونث) (۱) وجاہت (۲) لحاظ۔ پاس۔
**رو در رو۔** منہ پر۔ علانیہ۔ کسی کے روبرو۔
**رو رعایت۔** پاس۔ لحاظ۔ طرف داری
**روسیاہ۔** کالا منہ۔ کالے منہ کا۔ شرمندہ۔ گنہگار۔
**روسیاہی۔** (مونث) ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔
**روشناس۔** جان پہچان والا۔ واقف کار۔
**روشناسی** (مونث) واقف کاری۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان۔
**روگرداں** (۱) منہ پھیرنے والا۔ ناراض (۲) بے دماغ (۳) کپڑا جس کا رُو اور پشت یکساں ہو۔
**روگردانی۔** (مونث) انحراف۔ منہ پھیرنا۔
**رُومال۔** (مذکر) (۱) کپڑے کا ٹکڑا جو منہ وغیرہ صاف کرنے کے کام آتا ہے۔ (۲) وہ اونی یا ریشمی کپڑا جو تکونا اوڑھا جاتا ہے۔
**رُومال جھلنا۔** مکھیاں اُڑانے یا ہوا دینے کے لیے رومال ہلانا۔
**رومالی۔** (مونث) (۱) اوڑھنی (۲) میانی کا کپڑا (۳) وہ کپڑا جو پہلوان بوقت ورزش باندھتے ہیں (۴) مگدر کی ایک ورزش۔

Marfat.com

روبالی سوئیاں۔ (مونث) بہت باریک سوئیاں جنہیں رومال میں باندھ کر کھولتے پانی میں غوطہ دے کر ٹپکا جائیں۔

رونما۔ جو منہ دکھائے۔ جو ظاہر ہو۔

رونما ہونا۔ ظاہر ہونا۔ وقوع پذیر ہونا۔

رونمائی۔ (مونث) (۱) منہ دکھائی (۲) وہ نقدی جو خاوند یا اس کے رشتے دار دلہن کو منہ دکھانے کی دیتے ہیں۔ منہ دکھائی۔ سلامی۔

روئے زمین۔ زمین کی سطح

روئے سخن۔ بات کا رخ۔ خطاب سخن۔

رویش بین حالش مپرس (مثل) صورت دیکھنے سے حال ظاہر ہے۔ دریافت کرنے کی ضرورت کیا۔

روا۔ (ر۔ وا) (ف۔ صفت) (۱) جائز۔ درست۔ (۲) مرکبات میں، پورا کرنے والا، جیسے حاجت روا (۳) جاری کرنے والا۔ نافذ کرنے والا، جیسے فرماں روا۔

روادار۔ جائز رکھنے والا۔ مباح رکھنے والا۔

رواداری۔ (مونث) کسی بات کو جائز رکھنا۔ عنایت۔ حلم۔

روا رکھنا۔ جائز رکھنا۔ منظور کرنا۔ ماننا۔

روا۔ (ر۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سوجی (۲) چاندی یا سونے کے دانے (۳) باریک دانہ (۴) چھرا جو پازیب میں آواز کے لیے ڈالتے ہیں۔

روابط۔ (ر۔ وا۔ بط) (ع۔ ا۔ مذکر) رابطہ کی جمع تعلقات

رواج۔ (ر۔ واج) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) عام دستور۔ رسم۔ (۲) ضابطہ۔ قاعدہ۔ معمول۔

رواجی۔ (ر۔ وا۔ جی) (ع۔ صفت) رسمی۔ معمولی۔ رائج۔

رواروی۔ (ر۔ وا۔ ر۔ وی) (ف۔ ا۔ مونث) بھاگم بھاگ۔ جلدی۔ تیزی

روانسا۔ (ر۔ وا۔ سا) (ہ۔ صفت) رونے پر آمادہ۔ روہانسا۔

رواق۔ (ر۔ واق۔ ر۔ واق) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) بڑا کمرہ۔ چھپری (۲) جامع ازہر (مصر) کے کمرے جہاں طلبہ رہتے ہیں۔

رواں (ف۔ صفت) (۱) جاری۔ بہتا ہوا (۲) تیز (۳) منجھا ہوا۔ (۴) معنی یا ہجے کے بغیر کسی کتاب کا سبق پڑھنا (۵) موجودہ (۶) (مونث) جان۔ نفس ناطقہ۔

رواں حساب۔ (مذکر) بینک کا وہ حساب جس میں سے روز روپیہ نکالنے کی کوئی قید یا پابندی نہ ہو

(CURRENT ACCOUNT)

رواں دواں۔ بھاگتا ہوا۔ تیزی سے چلتا ہوا۔

رواں کرنا۔ (۱) جاری کرنا (۲) مشق کرنا (۳) تیز کرنا۔

رُواں۔ (رُو۔ آں) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) رونگٹا۔ جسم کے باریک بال (۲) چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے میں ہوتے ہیں۔ (۳) ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک خار۔

رواں رواں کانپنا۔ نہایت خوف اور ڈر ہونا۔

روئیں دار۔ وہ چیز جس پر روئیں ہوں۔

روانسا۔ (ہ۔ صفت) دیکھیے روانسا۔

روانگی۔ (ر۔ واں۔ گی) (ف۔ ا۔ مونث) روانہ ہونا۔ ارسال۔ چالان۔

روانگی چٹھی۔ راہداری کا پروانہ۔

روانہ۔ (ر۔ وا۔ نہ) (ف۔ صفت) (۱) جانے والا۔ بھیجا ہوا (۲) گیا ہوا۔

روانہ ہونا۔ رخصت ہونا۔

روانی۔ (ر۔ وا۔ نی) (ف۔ ا۔ مونث) بہاؤ۔ تیزی۔

روائی۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) پورا کرنا (۲) نافذ کرنا (مرکبات میں) جیسے حاجت روائی۔

روایات۔ (ع۔ ا۔ مونث) روایت کی جمع

روایت۔ (ر۔ وا۔ یت) (ع۔ ا۔ مونث) کسی بات کی نقل۔ اظہار۔ حکایت۔ سرگزشت۔

روباہ۔ (ف۔ ا۔ مونث) لومڑی۔

روباہی۔ (ف۔ ا۔ مونث) فریب۔ چال۔ مکر۔ چھل

روبکار۔ (ف۔ ا۔ مذکر) روبکے تحت دیکھیے۔

روبل (ROUBLE) (روسی۔ ا۔ مذکر) روس کا سکہ۔

روبوٹ (ROBOT) (انگ۔ ا۔ مذکر) مشین کا بنا ہوا آدمی۔

رو بیٹھنا۔ (رو۔ بیٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) مایوس ہو جانا۔ کھو بیٹھنا۔

روپ۔ (س۔ ا۔ مذکر) (۱) صورت۔ شکل (۲) ڈھنگ۔ انداز۔ وضع (۳) آب و تاب۔ جلوہ (۴) سوانگ۔ (۵) چاندی۔ روپا کا مخفف۔

روپ بدلنا۔ بھیس بدلنا۔

روپ بھرنا۔ سوانگ بھرنا۔ صورت بدلنا۔

روپ دکھانا۔ درشن دینا۔ صورت بدلنا

روپ دھاری۔ (۱) بھیس بدلنا (۲) وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو۔

روپ رس۔ (مذکر) چاندی کا کشتہ

روپا۔ (رو۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) چاندی (۲) چھچھوندر

روپلی۔ (رو۔ پل۔ لی) (ہ۔ ا۔ مونث) (حقارتاً) روپیہ۔

روپہلا۔ (رو۔ پہ۔ لا) (ہ۔ صفت) چاندی کا بنا ہوا۔ یا چاندی کے رنگ کا۔ نقرئی۔

روپہلی۔ (ہ۔ صفت) روپہلا کا مونث۔

روپیا۔ روپیہ۔ (رو۔ پے۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک سکہ جس کے سولہ آنے ہوتے تھے (۲) سکہ جس کی قیمت سو پیسے ہیں (۳) دولت۔ نقدی۔ چاندی۔

روپیہ بھنانا (تڑوانا۔ خردہ کرانا) روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا۔

روپیہ پرکھن بار بار۔ آدمی پرکھن ایک بار۔ (مثل) روپے کو ہر بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہے

روپیہ پیسا۔ دھن۔ دولت۔ مال و زر۔

روپے کو روپیہ کماتا ہے۔ روپیہ خرچ کرنے سے اور روپیہ وصول ہوتا ہے۔

روپے کے چار آنے۔ سخت گھاٹا پڑنا۔ رقم کا چوتھائی رہ جانا

روپے والا۔ دولت مند۔ مال دار۔ تونگر۔ متمول۔

روتے پیٹتے۔ (ہ۔ امر۔ تابع فعل) آہ و فغاں کرتے۔

روتے کیوں ہو؟ کہا صورت ہی ایسی ہے (مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر وقت رونی صورت

بنائے رہتے۔

روتے گئے موئے کی خبر لائے۔ (مثل) جس بدشگونی سے گئے ویسی ہی بد خبر لائے۔

روٹ (ROUTE) (انگ-ا-مذکر) راستہ۔ راہ۔ طریق۔

روٹری کلب (ROTARY CLUB) (روٹ-ری-کَ-لَب) (انگ-ا-مذکر) ایک فلاحی انجمن جس کی شاخیں متعدد ممالک میں قائم ہیں۔

رُوٹھا۔ (ہ-صفت) خفا۔ ناراض۔

روٹھا روٹھی۔ روٹھا راٹھی (مونث) اَن بن۔ خفگی رنجیدگی

رُوٹھنا (رُوٹھ-نا) (ہ-مص) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔

روٹی۔ (ہ-ا-مونث) (۱) نان (۲) پھلکا کا کھانا۔ (۳) غذا۔ رزق (۴) وہ پھپھوندی جو روٹی کی طرح گولائی میں سرکے کی سطح پر جم جاتی ہے۔

روٹی اُڑ جانا۔ رزق ناپید ہو جانا۔

روٹی دال سے خوش۔ آسودہ۔

روٹی دینا (۱) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا۔ (۲) پرورش کرنا۔

روٹی ڈالنا۔ روٹی پکانا (توے پر)

روٹی سے لگنا۔ کاروبار سے لگنا۔ ملازمت ملنا۔

روٹی کپڑا۔ (مذکر) گزارہ۔ نان نفقہ۔

روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو۔ جس قدر جلد ممکن ہو سکے واپس آؤ۔

روٹیاں توڑنا۔ مفت کی روٹیاں کھانا۔ دوسرے کے سر کھانا

روٹیاں لگنا۔ (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) بقدر حیثیت کھانا کھانا

روٹیوں پر پڑنا۔ دوسرے کی کمائی کھانا۔

روٹین (ROUTINE) (رو-ٹین) (انگ-ا-مونث) (۱) معمول کا کام۔ بندھا ہوا کام۔ روز کا کام (۲) دستور۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔

رُوجی سُدوجیاں۔ (ہ-ا-مونث) وہ کیڑے جو پرند کے پروں میں پیدا ہوتے ہیں۔

رُوح۔ (ع-ا-مونث) (۱) جان۔ آتما (۲) (اُر) ست۔ جوہر (۳) دل (۴) اندرونی خواہش۔ نیت۔

روح افزا۔ تازگی بخشنے والا۔ رُوح کو قوت دینے والا۔

روح الامین۔ امانت دار روح۔ حضرت جبرئیل کا لقب۔

روح القدس۔ پاک روح۔ لقب حضرت جبرئیل۔ نیز وہ خدا کی پاک روح جو بی بی مریم میں پھونکی گئی تھی۔ جس سے حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے۔

روح اللہ۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو باپ کے بغیر پیدا ہوئے تھے۔

روح بھٹکنا (۱) کسی کے دیکھنے یا ملنے کو ترسنا (۲) جان کا جسم سے نکلنے کے بعد گمراہ ہونا (۳) روح کا آمد و رفت رکھنا۔

رُوح پرواز کرنا۔ (۱) جان نکلنا۔ (۲) نہایت ڈرنا۔

روح پھونکنا۔ (۱) کسی چیز میں جان ڈالنا (۲) رونق دینا۔

رُوح فرسا۔ رُوح کو تباہ کرنے والا۔ خوفناک۔ خطرناک۔

روح نکالنا۔ (۱) کسی چیز کا جوہر نکالنا (۲) جان نکالنا۔

رُوح و رواں۔ (مونث) رُوح اور رُوح (تاکید یا حسن کے لیے) وہ شخص جس پر کسی کام کا دارومدار ہو۔ (بعض کے نزدیک روح رواں (یعنی جاری وساری روح) بھی درست ہے)

رُوحی فداک۔ میری رُوح تجھ پر فدا ہو۔

رُوحانی۔ (ع-صفت) روح سے متعلق۔

رُوحانیت (رُو-حا-نی-یَت) (ع-ا-مونث) رُوحی قوت یا خاصیت۔

رُود (ف-ا-مذکر) ندی۔ نہر۔ نالا۔

رود بار۔ وہ مقام جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں پانی کا وہ بڑا حصہ جو تھوڑا آبنائے سے چوڑا ہوتا ہے اور دو سمندروں کو ملاتا ہے۔

رُوداد۔ (ف-ا-مونث) رو کے تحت دیکھیے۔

رُودہ۔ (رُو-دَہ) (ف-ا-مذکر) (۱) انتڑی (۲) ساز کی تانت (۳) بیل یا درخت کی شاخ۔

رودینا (رو-دے-نا) (ہ-مص) (۱) بے اختیار رونا (۲) ناراض ہونا (۳) عاجز ہونا (۴) مذاق وغیرہ برداشت نہ کرنا۔

روڈ (ROAD) (انگ-ا-مونث) سڑک۔ راستہ۔ شارع عام۔

روڑا۔ (ہ-ا-مذکر) (۱) مٹی یا اینٹ کا ٹکڑا (۲) کھتریوں کی ایک ذات۔

روڑا اٹکانا۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔

روڑی۔ (ہ-ا-مونث) (۱) پتھر یا چونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ (۲) گڑ کی بھیلی۔

روز (رُوز-روز) (ف-ا-مذکر) (۱) دن۔ بار۔ تاریخ (۲) دن بھر کی اُجرت (۳) وقت۔ زمانہ (۴) (تابع فعل) ہمیشہ۔ ہر روز۔ سدا۔

روز استفتاح (۱) خوشی کا دن (۲) رجب کی ۱۵ تاریخ۔

روز افزوں۔ آئے دن زیادہ۔ روزانہ ترقی۔

روز الست۔ وہ دن جب خدا اور انسان کے درمیان میثاق ہوا تھا۔

روز بندھنا۔ روز کے روز مزدوری کا دیا جانا۔

روز بد دکھانا۔ مصیبت و پریشانی میں ڈالنا۔

روز بروز۔ آئے دن۔ ہر روز۔ مسلسل۔ پے در پے۔

روز جزا۔ اعمال کا حساب پیش ہونے، بدلہ ملنے اور انصاف کا آخری دن۔ قیامت کا دن۔

روز حساب۔ روز حشر۔ روز شمار۔ روز قیامت۔ روز داد انصاف کا دن۔ اعمال کا بدلہ ملنے کا دن۔ قیامت کا دن۔

روز روز۔ آئے دن۔ ہر روز۔ ہمیشہ

روز روشن میں عین دن کے وقت۔ دن دہاڑے۔

روز سیاہ۔ مصیبت کا دن۔ ادبار و بد اقبالی کا زمانہ۔

Marfat.com

روزِ فراق - جدائی کا دن۔
روز کا قضیہ - ہر گھڑی کا جھگڑا۔
روز کنواں کھودنا، روز پانی پینا (مثل) جتنا کمانا اتنا ہی کھانا۔ روز کمانا۔
روز کی جھک جھک۔ (مؤنث) روز کی لڑائی۔ ہر دم کی دانتا کل کل۔
روز کی ہونا۔ آئے دن ہوتی رہنا
روزمرہ - (مذکر) (۱) ہر روز۔ ہمیشہ (۲) ہر روز کی گفتگو بول چال۔ محاورہ۔
روزنامچہ (مذکر) ہر روز کے حساب لکھنے کی کتاب۔ ڈائری۔
روزنامہ - روزانہ شائع ہونے والا اخبار۔
روز و شب (مذکر) رات دن۔ مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔
روزانہ - (ف۔ تابع فعل) (۱) ہر روز۔ ہمیشہ (۲) یومیہ۔ روز کا۔
روزگار - (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) زمانہ (۲) نوکری۔ پیشہ۔ (۳) کمائی (۴) قسمت۔
روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتا۔ (مثل) موقع ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے کہ شاید ہی دوبارہ ہاتھ آئے۔
روزگار سے لگنا۔ ملازم ہونا۔
روزگار لگنا۔ نوکری لگنا۔ نوکر ہونا۔ مزدوری لگنا۔
روزن - (رو۔ زن) (ف۔ ا۔ مذکر) سوراخ۔ روشندان شگاف۔
روزہ - (رو۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذکر) برت۔ صوم۔
روزہ افطار کرنا (کھولنا)، روزہ کا معینہ وقت گزرنے کے بعد کھانا پینا۔
روزہ بہلنا - روزہ کا وقت کسی مشغلے میں کٹنا۔
روزہ پر روزہ رکھنا - فاقے پر فاقہ کرنا۔
روزہ ٹوٹنا - روزہ جاتا رہنا (کھانے پینے وغیرہ سے)
روزہ دار - روزہ رکھنے والا۔ صائم۔
روزہ رکھنا (۱) مذہبی فرض کے بموجب مقررہ وقت پر کھانے پینے سے پرہیز کرنا (۲) فاقہ کرنا۔
روزہ کشائی (مؤنث) (۱) افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب
روزہ کھانا - ماہ رمضان کا روزہ نہ رکھنا۔
روزے بخشوانے گئے تھے نماز گلے پڑی۔ (مثل) ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی تو دوسری میں پھنسے۔
روزے خور۔ رمضان کے روزے نہ رکھنے والا شخص۔
روزے خور خدا کا چور (مثل) جو شخص روزے نہیں رکھتا وہ خدا کا گنہگار ہے۔
روزی - (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) رزق۔ حصہ۔ نصیب۔ (۲) روزگار۔ ملازمت۔
روزی دہ۔ روزی رساں۔ روزی دینے والا۔ خدا۔
روزی کا ٹھیکرا - معاش و بسر اوقات کا ذریعہ۔
روزینہ - (رو۔ زی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) روزانہ تنخواہ۔ روز کی مزدوری۔ یومیہ (۲) خوراک جو روزانہ دی جائے (۳) پنشن۔ وظیفہ۔

روزینہ دار۔ (۱) پنشن خوار (۲) تنخواہ دار۔ وظیفہ خوار۔
روستا - (روس۔ تا) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) گاؤں (۲) دہقان۔
روستائی (روس۔ تا۔ ئی) (ف۔ ا۔ مذکر) دہقان۔ گنوار۔
روش - (رَ۔ وِش) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) طور۔ طریقہ۔ رفتار۔ ڈھنگ۔ وضع (۲) باغ کی پٹری۔
روشن - (رو۔ شن) (ف۔ صفت۔ (۱) چمکتا ہوا۔ تاباں (۲) ظاہر۔ آشکارا۔
روشن چوکی۔ (مؤنث) ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی۔
روشن دان - (مذکر) وہ موکھا جو مکان میں روشنی آنے کے لیے بناتے ہیں۔ روزن۔
روشن دل۔ روشن ضمیر۔ عقل مند۔ عارف۔ صاحب دل صاحب بصیرت۔
روشن دماغ (۱) عالی دماغ (۲) کنایۃً ناس۔ ہلاس۔ نسوار۔
روشن سواد - خوش نویس۔
روشن ضمیری (مؤنث) (۱) فراست (۲) بصیرت۔ عرفان۔
روشنائی - (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) روشنی۔ اجالا۔ (۲) لکھنے کی سیاہی۔
روشنی - (روش۔ نی) (ف۔ ا۔ مؤنث) (۱) نور۔ چمک۔ (۲) بصارت (۳) رونق۔ آبادی (۴) چراغاں۔
روشنی طبع - ذہانت۔ طباعی۔
روضہ - (رو۔ ضہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) باغ۔ سبزہ زار (۲) وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو۔
روضہ خواں۔ معرکہ کربلا اور مصائب اہل بیت پڑھ کر سنانے والا۔
روضۂ رضواں۔ بہشت۔ باغ۔ فردوس بریں۔
روغن - (رو۔ غن) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) تیل۔ گھی۔ چکنائی۔ (۲) چمک دمک (۳) لاک۔ وارنش۔
روغن تلخ - روغن سیاہ۔ کڑوا تیل۔ السی کا تیل۔
روغن داغ - ایک قسم کا کڑھا جس میں گھی یا تیل گرم کرتے ہیں۔
روغن زرد - گھی۔
روغن قاز - راج ہنس کی چربی جو نہایت آب دار اور چکنی ہوتی ہے۔
روغن قاز ملنا (۱) مدد دینا (۲) خوشامد کر دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا۔
روغن کنجد۔ تل کا تیل۔ روغن شیریں۔ میٹھا تیل۔
روغن نفت - مٹی کا تیل۔ کروسین آئل۔
روغنی - (رو۔ غ۔ نی) (ف۔ صفت) (۱) گھی یا تیل سے چپڑا ہوا (۲) پالش یا وارنش کیا ہوا (۳) چکنی۔
روک - (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) آڑ (۲) مخالفت۔ مزاحمت (۳) احاطہ بندی (۴) بند (۵) مناہی (۶) روکنا کا امر۔
روک تھام (۱) انسداد (۲) وہ تدابیر جن سے مخالف یا بیماری وغیرہ بڑھنے نہ پائے (۳) روک ٹوک (۴) انسداد۔ (۵) عارضی بچاؤ۔
روک ٹوک - ممانعت۔ مزاحمت۔ پوچھ گچھ۔ باز رکھنا۔
روک روک کے - ٹھہرا ٹھہرا کے۔ احتیاط سے۔

Marfat.com

**روکڑ۔ روکڑی** ۔ (رو-کڑ۔ رو-کڑی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) روپیہ پیسہ۔ نقد۔ دھن دولت (۲) نقد روپیہ جو کسی کی تحویل میں ہو۔

**روکڑ بکری** ۔ (مونث) نقد بکری۔ نقد فروخت۔

**روکڑ بہی** (مونث) وہ کتاب جس میں نقد کا حساب درج ہو۔ کیش بک۔

**روکڑیا** ۔ (رو-کڑ-یا) (ہ۔ا۔ مذکر) خزانچی۔ تحویل دار۔

**روکنا** ۔ (ہ۔ مص) (۱) باز رکھنا کسی فعل یا خیال سے (۲) راستہ بند کرنا (۳) ٹھہرانا (۴) نہ دینا (۵) وار بچانا۔

**رُوکھ** ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) درخت۔ شجر۔

**رُوکھا** ۔ (ہ۔ صفت) (۱) خشک۔ بلا روغن (۲) سادہ (۳) بے لطف (۴) پھیکا (۵) کج اخلاق۔ بد خلق (۶) بے رحم۔

**رُوکھا پن** (مذکر) روکھائی۔ خشکی۔ کج خلقی۔ بد اخلاقی

**روکھا جواب** ۔ (مذکر) صاف انکار۔

**رُوکھی** ۔ (ہ۔ صفت) روکھا کی تانیث

**روکھی روٹی** ۔ (مونث) (۱) وہ روٹی جس کے ساتھ کھانے کی کوئی چیز نہ ہو (۲) (مونث) جو ملنسار نہ ہو۔

**رُوکھی روکھی باتیں** ۔ وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔

**روکھی سوکھی** ۔ بُری اور خراب غذا۔

**روگ** ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دُکھ۔ بیماری (۲) وبا۔

**روگ پالنا (لگا لینا)** (۱) بکھیڑے میں پڑنا (۲) بُری عادت ڈال لینا (۳) کوئی مرض پیچھے لگا دینا۔

**روگ راج** ۔ بیماریوں کا سردار۔ بڑا آزار۔ تپ دق۔

**روگ کا گھر** ۔ روگ کی جڑ۔ (۱) دُکھ کی پوٹ (۲) بیماری کا باعث۔

**روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی** ۔ (مثل) کھانسی تمام بیماریوں کی جڑ اور ہنسی دل لگی لڑائی کا سبب ہے۔

**روگی۔ روگیا۔ روگیلا** ۔ (ہ۔ صفت) (۱) دُکھی (۲) دائم المریض (۳) کوڑھی۔ جذامی۔

**رول** ۔ (ROLE) (انگ۔ا۔ مذکر) کار منصبی۔ مفوضہ کام۔ ایکٹر کا پارٹ۔

**رول** (ROOL) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی کے لیے ملازموں کے نمبروار نام لکھے ہوتے ہیں۔ (۲) فرد اسماء۔

**رول نمبر** (ROLL NUMBER) دفتر کے حساب سے جو نمبر ہو۔

**رُول** (RULE) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) قانون۔ دستور (۲) لکیر۔ جدول جو کتاب کے حاشیے پر کھینچا جائے (۳) (ر) لکیر یا کھینچنے کا گول ڈنڈا۔ جدول کش۔

**رولا** ۔ (رو-لا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) شور۔ غوغا (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ بلوہ۔

**رولا ڈالنا** (کرنا۔ مچانا) غل مچانا۔ بلوہ کرنا۔

**رولر** (RULER) (انگ۔ا۔ مذکر) لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔

**رولن** ۔ (رو-لن) (ہ۔ا۔ مونث) وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ چھلن۔

**رولنا** ۔ (رول-نا) (ہ۔ مص) (۱) پھٹکنا۔ چھاننا (۲) اکٹھا کرنا۔ بٹورنا (۳) چکنانا۔ رندہ کرنا۔

**رولنگ** (RULING) (رُو-لِنگ) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) سطروں کا نشان (۲) قانونی نظیر (۳) قطعی رائے۔ فیصلہ

**روم** ۔ (س۔ا۔ مذکر) رونگٹا۔ رواں۔ موئے تن۔

**رُوم** ۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) بازنطینی (عیسائی) مملکت جس کا صدر مقام قسطنطنیہ تھا (۲) ترکوں کی مملکت (۳) ایشیائے کوچک۔

**رُوم** (ROOM) (انگ۔ا۔ مذکر) کمرا۔ حجرہ۔ کوٹھڑی۔

**روماں** ۔ (ف۔ا۔ مذکر) رو کے تحت دیکھیے

**رومالی** ۔ (ا۔ا۔ مونث) رو کے تحت دیکھیے۔

**رُومان** ۔ (انگ رومینس (ROMANCE) کا مورد۔ا۔ مذکر) ادب کی وہ صنف جس میں حقیقی زندگی سے غیر متعلق واقعات بیان کیے جائیں۔ فرضی داستان۔ عشق و محبت کی داستان۔

**رُومانی** ۔ (ا۔ صفت) (۱) رومان سے متعلق (۲) رومان پسند۔ تخیل پرست۔ خیالی دنیا میں رہنے والا۔

**رومن** ۔ (رو-من) (ROMAN) (انگ۔ صفت) روم (اٹلی) کا باشندہ۔

**رومن کیتھولک** (مذکر) (ROMAN CATHOLIC) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پاپائے روم (پوپ) کو حضرت عیسیٰ کا جانشین مانتا اور اس کی پیروی کرتا ہے۔

**رومن کیرکٹر** (ROMAN CHARACTER) (مذکر) انگریزی حروف تہجی۔

**رُومی** ۔ (ع۔ صفت) (۱) روم (ایشیائے کوچک) کا باشندہ۔ (۲) روم سے متعلق۔

**رونا** ۔ (ر-ون-نا) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہے (۲) وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد، لانے والے کا نام، چیز کا نام، محصول درج ہو (۳) پروانہ راہداری۔

**رونا** ۔ (ہ۔ مص) (۱) آنسو بہانا (۲) واویلا کرنا۔ فریاد کرنا (۳) دکھ بیان کرنا۔ (۴) (مذکر) شکوہ۔ گلہ (۵) گریہ و زاری۔ ماتم (۶) (صفت) ہر بات پر رونے والا۔

**رونا آنا** ۔ دل بھر آنا۔ افسوس ہونا۔

**رونا پیٹنا** (مذکر) (۱) گریہ و زاری۔ ماتم۔ کہرام (۲) (مص) ماتم کرنا۔

**رونا دھونا** ۔ بہت رونا۔

**رونا رُلانا** ۔ خود رونا اور دوسروں کو رُلانا۔

**رونا رونا** ۔ دکھڑا بیان کرنا۔ شکوہ کرنا۔

**روتے کو آنکھی ہی اِتنے میں آ گیا بھائی** ۔ (مثل) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی۔ حمایتی آگیا تو سہارا پا کے زیادہ غل مچا دیا۔

**رونے کی جگہ** ۔ رونے کا مقام۔ افسوس کرنے کا مقام۔

**رَونْد** ۔ (۱) انگریزی راؤنڈ (ROUND) کا بگاڑ (ا۔ا۔ مونث) (۱) طلایہ۔ رات کا گشت۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا

Marfat.com

کا گشت (۲) وہ لوگ جو حاکم کی طرف سے اہلِ شہر کی نگہبانی کے لیے رات کے وقت گشت کرتے ہیں۔

رَونَق۔ (رَو-نَق) [ع-ا-مونث] (۱) چمک (۲) طراوت (۳) [ار] آبادی (۴) چہل پہل (۵) بہار۔ کیفیت۔

رونق آجانا۔ آب و تاب پیدا ہو جانا۔

رونق افروز۔ رونق بڑھانے والا۔

رونق افروز ہونا (رہونا)۔ تشریف لانا کسی بڑے آدمی کا۔

رونق افزا (ف-ا)۔ رونق بڑھانے والا۔

رونقِ محفل۔ (۱) محفل کی بہار (۲) (کنایۃً) حقہ۔

رونگٹا۔ (رو-نگ-ٹا) [ہ-ا-مذکر] رُواں۔ روم۔

رونگٹے کھڑے ہونا۔ (۱) سردی یا خوف کے باعث جسم کے رُوؤں کا کھڑا ہو جانا (۲) سہم۔ ڈرنا۔ کانپنا۔

رُونما۔ [ف-صفت] رو کے تحت دیکھیے۔

رونی۔ [ہ-صفت] رونا (صفت) کا تانیث۔

رونی صورت۔ ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہو۔

رُوہانسا۔ (رُو-ہاں-سا) [ہ-صفت] رونے پر آمادہ۔ روہاسا۔

روہانسی۔ (رُو-ہاں-سی) [ہ-صفت] روہانسا کا مونث۔

روہو۔ (رو-ہُو) [ہ-ا-مونث] ایک قسم کی مچھلی۔

روہیلا۔ (رو-ہی-لا) [ہ-ا-مذکر] پٹھانوں کی ایک ذات۔

رُوئی۔ [ہ-ا-مونث] (۱) پنبہ۔ صاف کی ہوئی کپاس (۲) (صفت) ملائم۔ نرم۔ گدگدا۔

روئی دار۔ وہ کپڑے جن کے اندر روئی بھری ہو۔

روئی دوئی (۱) سردی میں دوا فراد کا لپیٹ کر اور لحاف لیکر سونا (۲) روئی کی گرمی سے سردی میں تسکین ہوتی ہے۔

روئی کا پہل۔ (مذکر) دھنکی ہوئی روئی کا حصہ جو ہاتھ سے جوڑا گیا ہو۔

روئی کا گالا۔ (مذکر) (۱) روئی کا بڑا پھویا (۲) (صفت) نہایت سفید۔ ملائم اور ہلکی چیز۔

روئی کی طرح تُوم ڈالنا۔ ایک ایک عیب ظاہر کرنا۔ دھجیاں اڑا دینا۔

رُوئی کی طرح دھنکنا (کنایۃً) خوب مارنا۔ خوب پیٹنا۔

رُوئے۔ (رُو-ئے) [ف-ا-مذکر] رو۔ چہرہ۔

رُوئے شا... دیکھیے سہ وداد (رو کے تحت)

روئیدگی۔ (رو-ای-دَ-گی) [ف-ا-مونث] اُگنا۔ نباتات کا نمو۔

روئیدہ۔ (رو-ای-دَہ) [ف-صفت] اُگا ہوا۔ نمو یافتہ۔

روئیں۔ (رو-ایں) [ف-ا-مونث] (۱) دھات۔ کانسی (۲) (صفت) دھات کا۔

روئیں تن (۱) دھات کا بنا ہوا (۲) اسفندیار پسر گشتاسپ کا لقب (۳) جس کے جسم پر تیغ و تیر کارگر نہ ہو۔

روی۔ (رَ-وی) [ع-ا-مونث] قافیے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف۔

رُؤیا۔ [ع-ا-مذکر] خواب۔ سپنا۔

رؤیائے صادقہ۔ سچا خواب۔

رؤیت۔ (رُؤ-یَت۔ رو-یَت) [ع-ا-مونث] دیدار۔ نظارہ۔

رؤیتِ ہلال۔ پہلے دن کے چاند کا نظارہ آنا۔

رویّہ۔ (رَ-وی-یَہ) [ف-ا-مذکر] (۱) چال چلن۔ (۲) دستور۔ قاعدہ (۳) برتاؤ۔

## ر-ہ

رہ۔ [ف-ا-مذکر] راہ کا مخفف۔ راستہ۔

رہا۔ [ف-صفت] (۱) چھوٹا ہوا۔ نجات یافتہ۔ (۲) آزاد کیا گیا۔

رہا سہا۔ (رَ-ہا-سَ-ہا) [ار-صفت] بچا کچا۔

رہانا۔ (رَ-ہا-نا) [ہ-مص] پیچ یا سل کو کھردرا کرنا۔

رہائش۔ (رِہا-اِش) [ار-ا-مونث] (۱) قیام (۲) بود باش۔ سکونت۔

رہائی۔ (رِہا-ای) [ف-ا-مونث] نجات۔ مخلصی۔ آزادی۔

رُہبان۔ (رُہ-بان) [ع-ا-مذکر] راہب کی جمع۔

رہبانیت (رُہ-با-نی-یَت) [ع-ا-مونث] دنیا ترک کر دینا۔ (ر کی زیر سے بھی آتا ہے)۔

رہ پڑنا۔ [ہ-مص] رہ جانا۔ قیام پذیر ہونا۔

رہ تو سہی۔ [ار-تہدیدی جملہ] ٹھہر جا۔ ٹھہر تو جا۔

رَہٹ۔ (رَ-ہَٹ) [ہ-ا-مذکر] (۱) وہ چرخ جس کے ذریعے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔ (۲) ہنڈولا۔

رہٹ لگنا۔ بار بار آنا جانا۔ تار باندھنا۔

رہ جانا۔ [ار-مص] (۱) ٹھہر جانا۔ قیام کرنا (۲) کسی چیز کا چھوٹ جانا (۳) بچ رہنا (۴) باز رہنا۔ (۵) ناکامیاب ہونا (۶) کسی ایک مقام سے دوسرے مقام کو نہ جا سکنا۔ (۷) چوکنا۔ خطا کرنا (۸) ہار جانا (۹) ہاتھ پاؤں یا دھڑ شل ہو جانا (۱۰) رحم میں ٹھہرنا۔

رہ رہ کر۔ [ار-تابع فعل] ٹھہر ٹھہر کے۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔

رہڑو۔ (رہ-ڑو) [ہ-ا-مذکر] (۱) ایک قسم کا چھکڑا۔ (۲) پہیوں پر کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی۔

رہس۔ (رَ-ہَس) [س-ا-مذکر] (۱) چہل۔ دل لگی۔ (۲) کرشن جی اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ۔

رہن۔ (رَ-ہن) [ع-ا-مذکر] گرو۔ گروی۔ کفالت۔

رہنِ اراضی۔ زمین کا گرو رکھنا۔

رہنِ انتفاعی۔ وہ گرو جس میں فائدہ اٹھانے کی صورت ہو۔

رہن در رہن۔ گرو در گرو۔ ایک شخص سے کوئی شے رہن لے کر دوسرے کے پاس رہن کر دینا۔

رہنِ مُتمادی۔ مقررہ مدت تک کا گرو۔

رہنِ مطلق۔ دست بند حک۔

رہن نامہ۔ تمسک۔ وہ تحریر جو کوئی چیز کفالت میں دینے کی بابت اسٹامپ پر لکھ کر دی جائے۔

رہنا۔ (رَہ-نا) [ہ-مص] (۱) بسنا۔ ٹھہرنا (۲) باقی بچنا۔ چھوٹنا۔

Marfat.com

(۳) برقرار رہنا۔ چلنا (۴) قائم رہنا (۵) شل ہو جانا۔ (۶) بسر ہونا (۷) حساب میں آنا (۸) باقی رہنا۔ ذمّہ ہونا۔

رہنا سہنا۔ گزر بسر کرنا۔

رہن سہن۔ (ہ-ا-مذکر) زندگی بسر کرنے کا طور طریقہ۔

رہنے دینا۔ (ہ-مص) (۱) رکھ چھوڑنا۔ (۲) ہاتھ نہ لگانا (۳) جانے دینا۔

رہوار۔ (رَہ-وار) (ف-ا-مذکر) دیکھیے راہوار (راہ کے تحت)

رہے جھونپڑوں میں۔ خواب دیکھے محلوں کا (ا-مثل) ادنٰی ہو کر اعلٰی چیزوں کا حوصلہ۔ مفلسی میں امیری کی امنگ۔

رہے نام اللہ کا۔ خدا کے سوا سب فانی ہیں۔

رہین۔ (رَ-ہِین) (ع-صفت) گرو رکھی ہوئی شے۔ مرہون۔

رہینِ منّت۔ احسان مند۔ شکر گزار۔ ممنون۔

## ر-ؤ

رؤسا۔ (رُ-ؤَ-سا) (ع-ا-مذکر) رئیس کی جمع۔

رؤف۔ (رَ-ؤُف) (ع-صفت) بہت مہربان۔ بہت شفقت کرنے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔

رئی۔ (رَ-ای) (ہ-ا-مونث) بلونی۔ دہی بلونے کا آلہ۔

رئیس۔ (رَ-ئِیس) (ع-ا-مذکر) سردار۔ فرمانروا۔ دولت مند

رئیسہ۔ (رَ-ای-سَہ) (ع-صفت-ا-مونث) (۱) رئیس کی تانیث۔ سردار (۲) شہزادی۔ ملکہ (۳) مالدار عورت۔

## ر-ی

رے۔ ری۔ (ہ-ندا) اے یا اری کا مخفف (تنہا مستعمل نہیں مرکبات میں استعمال ہوتے ہیں جیسے اللہ رے! اف رے! اللہ ری!)

ریا۔ (ع-ا-مونث) ظاہرداری۔ زمانہ سازی۔ مکر و فریب۔ دھوکا۔

ریا کار۔ منافق۔ زمانہ ساز۔ مکار۔ فریبی۔

ریا کاری۔ (مونث) مکاری۔ فریب۔ نفاق۔

ریاح۔ (رِ-یاح) (ع-ا-مونث) ریح کی جمع۔

ریاحین۔ (رَ-یا-حِین) (ع-ا-مذکر) ریحان کی جمع۔

ریاست۔ (رِ-یا-سَت) (ع-ا-مذکر) (۱) سرداری۔ امارت (۲) راج۔ عملداری۔ حکومت۔

ریاست بے سیاست نہیں ہوتی۔ (مثل) حکومت کے لیے رعب لازم ہے۔

ریاض۔ (ع-ا-مذکر) (۱) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ۔ (۲) ریاضت۔

ریاضت۔ (رِ-یا-ضَت) (ع-ا-مونث) (۱) محنت۔ مشقت (۲) نفس کشی (۳) کسرت۔

ریاضت کش۔ رنج کش۔ سختی اٹھانے والا۔ تپسی۔

ریاضتی۔ (رِ-یا-ضَ-تی) (ف-صفت) (۱) جفاکش۔ محنتی (۲) (مذکر) زاہد۔ بیراگی۔ رشی۔ منی۔

ریاضی۔ (ع-ا-مونث) (۱) علم ہندسہ۔ علم حساب۔ جبر و مقابلہ (۲) (صفت) ریاضت کرنے والا۔

ریاضی دان۔ ریاضی جاننے والا۔

ریاضیاتی۔ (رِ-یا-ضِی-یا-تی) (ع-صفت) ریاضی کے متعلق۔

ریب۔ (ع-ا-مذکر) شک۔ شبہ۔

ری پبلک (REPUBLIC) (ری-پَب-لِک) (انگ-ا-مونث) جمہوریہ۔ جمہوری مملکت۔

ریپلیکا (REPLICA) (انگ-ا-مذکر)۔ (۱) تصویر، نقش وغیرہ کا مثنیٰ (جو مصوّر نے خود بنایا ہو) (۲) نقل کا اصل۔ ہو بہو نقل۔

ریت۔ (ہ-ا-مونث) بالو۔ ریگ۔

ریت گھڑی (SAN GLASS) ایک قسم کی گھڑی جو پرانے زمانے میں بنائی جاتی تھی۔

ریت۔ (ہ-ا-مونث) (۱) قاعدہ۔ قانون (۲) رسم رواج۔ (۳) طور طریق (۴) تجویز۔ تدبیر۔ ترکیب (۵) گمان کی شرح۔ پڑتا (۸) لین دین۔ بیوپار۔

ریت رسم۔ عورتوں میں وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولہا دلھن کے ساتھ برتی جاتی ہیں

ریتا۔ (رے-تا) (ہ-ا-مذکر) ریت۔ بالو۔

ریتل (رے-تل) (ہ-صفت) (۱) ریت والی۔ ریتلی (۲) (مونث) ریت والی زمین۔ بنجر۔

ریتلا۔ (ریت-لا) (ہ-صفت) ریت والا۔ کرکرا۔ بھربھرا۔

ریتلی۔ (ریت-لی) (ہ-صفت) ریتلا کا مونث۔

ریتنا۔ (ریت-نا) (ہ-مص) (۱) ریتی سے گھسنا۔ (۲) رندہ کرنا (۳) رگڑنا (۴) ریگ مال کرنا۔

ریتی۔ (رے-تی) (ہ-ا-مونث) (۱) سوہن۔ ریتنے کا اوزار (۲) دریا کے کنارے کی ریتلی زمین۔

ریتیلا۔ (رے-تی-لا) (ہ-صفت) دیکھیے ریتل۔ ریتلا اور ریتیلا

ریٹ (RATE) (انگ-ا-مذکر) نرخ۔ بھاؤ۔ شرح

ریٹائرڈ (RETIRED) (ری-ٹا-ارڈ) (انگ-صفت) (۱) گوشہ نشین (۲) مدت معینہ کے بعد ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا۔ پنشن یافتہ۔

ریٹائرمنٹ (RETIREMENT) (ری-ٹا-ار-منٹ) (انگ-ا-مونث) کنارہ کشی۔ سبکدوشی (ملازمت وغیرہ سے)

ریٹھا۔ (ری-ٹھا) (ہ-ا-مذکر) ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل۔

Marfat.com

ریٹیل (RETAIL) (ری - ٹیل) [انگ - ا - مذکر] خردہ فروشی - پھٹکل بیچنا -
ریجن (REGION) (ری - جن) [انگ - ا - مذکر] منطقہ - خطہ - علاقہ -
ریجنیل (REGIONAL) (ریج - نل) [انگ - صفت] علاقائی - خطے کا -
ریجھ - [ہ - ا - مونث] رغبت - چاہت -
ریجھنا - (ریجھ - نا) [ہ - مص] (۱) مائل ہونا (۲) عاشق ہونا -
ریچھ - [ہ - ا - مذکر] بھالو - خرس -
ریح (رع - ا - مونث) (۱) ہوا - باد - پون (۲) اپان وایو - گوز - پاد
ریحان (رے - حان) [ع - ا - مذکر] ایک خوشبودار پودا - نازبو (۲) تخم ریحان (۳) ایک قسم کا عربی خط
ریخ - [ا - ا - مونث] (۱) لکیر - ریکھا (۲) مسّی - منجن یا پانوں کے رنگ کا نشان جو دانتوں میں پڑ جاتا ہے -
ریختہ - (ریخ - تہ) [ف - صفت] (۱) پڑا ہوا - بکھرا ہوا - (۲) [مذکر] ملی ہوئی زبان - اُردو جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے (۳) اُردو کے اشعار (۴) مکان بنانے کا مسالا (۵) پختہ عمارت -
ریختی - (ریخ - تی) [ا - ا - مونث] وہ نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے -
ریڈ - (RED) [انگ - صفت] سُرخ -
ریڈ کراس سوسائٹی (مونث) انجمن صلیب احمر - ایک فلاحی جماعت جو جنگ میں زخمیوں کی اور امن میں بیماروں اور محتاجوں کی خدمت کرتی ہے -
ریڈر (READER) [انگ - ا - مذکر] (۱) پڑھنے والا - (۲) مصحح - پروف خواں (۳) مشق خواں - ناظر (جو بہ آواز پڑھنے پر مقرر ہو) (۴) [مونث] درسی کتاب -
ریڈنگ روم (READING ROOM) [انگ - ا - مذکر] دارالمطالعہ -
ریڈی (READY) (رے - ڈی) [انگ - صفت] (۱) تیار - لیس (۲) حاضر - موجود -
ریڈی میڈ (READY MADE) بنی بنائی - پہلے سے تیار (چیز) سلے سلائے کپڑے)
ریڈی ایٹر (RADIATOR) [انگ - ا - مذکر] (۱) آلۂ حرارت زا - گرمتاب (جس سے کمرے میں حرارت پھیلتی ہے) (۲) حرارت ربا - وہ آلہ جو موٹر کا انجن ٹھنڈا رکھتا ہے -
ریڈیکل (RADICAL) [انگ - صفت] آزاد خیال روشن خیال -
ریڈیم (RADIUM) [انگ - ا - مونث] ایک بیش قیمت دھات
ریڈیو (RADIO) [انگ - ا - مذکر] لاسلکی - بلا تار - بے تار کے برقی پیغام وصول کرنے والا آلہ - نشری آلہ -
ریڈیو ٹیلیگرام (RADIO TELEGRAM) لاسلکی پیام - بے تار کا پیغام -
ریڈیو سیٹ - (مذکر) وہ ڈبا یا بکس جس میں ریڈیو کی مشین لگی ہو -
ریڑھ - [ہ - ا - مونث] پیٹھ کے بیچ کی ہڈی -
ریز - [ف - صفت] (۱) مصدر ریختن کا اسم فاعل بمعنی بہانے والا - بکھیرنے والا (مرکبات میں جیسے خوں ریز) (۲) [ا - مونث] کسی چیز کا ٹکڑا (۳) پرند کا چہکنا -
ریز کرنا - (۱) خوشی میں باہم چہچہانا (۲) توتے یا مینا کے بچوں کا بولنے سے پہلے چیں چیں کرنا -
ریزر (RAZOR) (رے - زر) [انگ - ا - مذکر] اُسترا -
ریزرو (RESERVE) [انگ - ا - مذکر] (۱) فاضل چیز جو بوقت ضرورت کام آئے (۲) شئے محفوظ (۳) محفوظ فوج
ریزروائر (RESERVOIR) [انگ - ا - مذکر] تالاب - ذخیرۂ آب -
ریزروڈ (RESERVED) [انگ - صفت] محفوظ - مخصوص (نشست وغیرہ) -
ریزرویشن (RESERVATION) [انگ - ا - مونث] (نشست کا) محفوظ کرنا یا کیا جانا -
ریزش - (رے - زش) [ف - ا - مونث] (۱) ناک سے پانی بہنے کا مرض - زکام - نزلہ (۲) گرنا - جھڑنا -
ریزگاری - [ا - ا - مونث] خردہ - روپے کے حصے -
ریزگی - (رے - ز - گی) [ف - ا - مونث] (۱) ریزگاری - (۲) چھلن - کترن - ٹکڑا (۳) تھیلی کی چھانٹ -
ریزولیوشن (RESOLUTION) [انگ - ا - مذکر] قرارداد - تجویز -
ریزہ - (رے - زہ) [ف - ا - مذکر] (۱) ذرہ - ٹکڑا (۲) پرزہ - پارچہ (۳) کرچی - ذرہ -
ریزہ چینی - (مونث) ٹکڑے چننا -
ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے -
ریزۂ قلم - قلم کا تراشہ -
ریزی - [ف - ا - مونث] بہانا - بکھیرنا (مرکبات میں جیسے خوں ریزی -)
ریزیڈنٹ (RESIDENT) [انگ - ا - مذکر] پرانی راج میں وائسرائے کا ایجنٹ جو ریاستوں میں رہتا تھا -
ریزیڈنسی (RESIDENCY) [انگ - ا - مونث] وہ جگہ جہاں ریزیڈنٹ رہتا تھا -
ریس (RACE) [انگ - ا - مونث] (۱) دوڑ (۲) گھڑ دوڑ -
ریس کورس (RACE COURSE) میدان (گھڑ دوڑ کا)
ریس [ہ - ا - مونث] برابری - ہم چشمی (۲) رشک -
ریس بھلی جوس بُری (مثل) رشک اچھا اور حسد بُری چیز ہے -
ریسٹوراں (RESTAURANT) [انگ - ا - مذکر] طعام خانہ - چائے خانہ -
ریسٹ (REST) [انگ - ا - مذکر] آرام - نیند -
ریسٹ ہاؤس (REST HOUSE) (مذکر) ڈاک بنگلہ -

Marfat.com

قیام گاہ۔
ریسرچ (RESEARCH) (ری۔سَرچ) (انگ۔ا۔مونث) تحقیق۔
ریسماں۔ (ریس۔ماں) (ف۔ا۔مونث) رسّی۔ ڈور۔ دھاگا۔
ریسیور (RECEIVER) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) آواز وصول کرنے کا آلہ (۲) ٹیلی فون کا وہ آلہ جس سے آواز سنائی دیتی ہے۔ (۳) کسی مقروض یا دیوالیے کی جائداد کا سرکاری نگران۔
ریش۔ (ف۔ا۔مونث) ڈاڑھی۔
ریش بابا۔ انگور کی ایک قسم۔
ریش بچہ۔ ٹھوڑی کے بال۔
ریش خند۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔
ریش گاؤ (۱) بے وقوف۔ احمق (۲) لالچی۔
ریش۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) زخم (۲) (صفت) زخم کرنے والا۔ (مرکبات میں جیسے دل ریش)
ریشائیل (ری۔شا۔ایل) (ا۔صفت) بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا۔ (۲) (عبرانی۔ا۔مذکر) زبور میں ایک فرشتہ جس نے حضرت آدم کو تعلیم دی تھی۔
ریشم۔ (رے۔شَم) (ف۔ا۔مذکر) (۱) ابریشم کا مخفف۔ تار جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے (۲) اس تار کا کپڑا۔ حریر۔
ریشمی۔ (ریش۔می) (ا۔صفت) ریشم کا بنا ہوا۔ حریری۔
ریشہ۔ (رے۔شہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) ریشہ درخت کی (۲) پھونسڑا۔ سوت کا تار (۳) پھلوں کے تار (۴) نس۔ رگ۔
ریشہ خطمی۔ " ایک دوا (۲) رگ ریشہ، بہت ہنسنے والا۔ (۳) فریفتہ۔
ریشہ دار۔ وہ چیز جس میں سوت سا نکلے۔ پھونسڑے۔
ریشہ دوانی۔ (مونث) شرارت۔ فساد۔ سازش۔ جوڑ توڑ۔
ریفارم (REFORM) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) اصلاحات سیاسی (۲) اصلاح۔ درستی۔ ترقی۔
ریفارمر (REFORMER) (انگ۔ا۔مذکر) مصلح۔ درست کرنے والا۔ اصلاح پسند۔
ریفارمیٹری (REFORMATORY) (انگ۔ا۔مونث) تادیب خانہ۔ بچوں کا اصلاحی جیل۔
ریفرشمنٹ (REFRESHMENT) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) تر و تازگی۔ (۲) جو شے تفریح کے لیے کھائی پی جائے۔
ریفرشمنٹ روم (REFRESHMENT ROOM) (مذکر) قہوہ خانہ۔ وہ جگہ جہاں کچھ کھایا پیا جائے۔
ریفری (REFEREE) (انگ۔ا۔مذکر) حکم۔ پنچ (خصوصاً کھیلوں کا)۔
ریفری جریٹر (REFRIGERATOR) (انگ۔ا۔مذکر) خنک ساز۔ بجلی کی الماری جس میں ٹھنڈک کی وجہ سے چیزیں گلنے سڑنے سے محفوظ رہتی ہیں۔
ریفیوجی (REFUGEE) (انگ۔ا۔مذکر) سیاسی یا مذہبی تشدد کے باعث غیر ملک میں پناہ لینے والا۔ مہاجر شرنارتھی۔
ریکارڈ (RECORD) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) سرکاری روداد (۲) تاریخی دستاویز۔ یادگار۔ تاثر (۳) اعمال نامہ کسی چیز میں بہترین کارنامہ (۴) گراموفون کی پلیٹ۔
ریکارڈ آفس (RECORD OFFICE) (مذکر) محافظ خانہ۔ دفتر۔
ریکارڈ کیپر (RECORD KEEPER) (مذکر) محافظ دفتر۔
ریکٹ (RACKAT) (رے۔کِٹ) (انگ۔ا۔مذکر) ٹینس وغیرہ کا بلّا۔
ریکٹر (RECTOR) (ریک۔ٹر) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) حلقے کا پادری (۲) جامعہ یا مدرسے کا صدر۔ ناظم۔ شیخ۔
ریکھا۔ (رے۔کھا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) لکیر۔ تحریر۔ (۲) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ نصیب۔
ریگ۔ (ف۔ا۔مونث) ریت۔ بالو۔ سراب
ریگِ رواں۔ اڑنے والی ریت۔
ریگ زار۔ (مذکر) ریگستان۔
ریگ مال۔ (مذکر) ایک قسم کا شیشے کا کاغذ جس سے دھات وغیرہ صاف کرتے ہیں۔
ریگ ماہی (مونث) ریت کی مچھلی۔ سقنقور۔
ریگستان۔ (رے۔گِس۔تان) (ف۔ا۔مذکر) ریتلا میدان۔ صحرا۔
ریل۔ (REEL) (انگ۔ا۔مونث) پھرکی۔ پیچک۔
ریل۔ (RAIL) (انگ۔ا۔مونث) (۱) لوہے کی پٹڑی (۲) (مجاز) ریل گاڑی۔
ریلا۔ (رے۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) رَو۔ پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی (۲) دھکا (۳) دھارا (۴) بھیڑ۔ ہجوم۔
ریل پیل۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) دھکم دھکا۔ (۲) بہتات کثرت۔
ریلنا۔ (ریل۔نا) (ہ۔مص) دھکیلنا۔ سرکانا۔
ریلوے۔ (RAILWAY) (انگ۔ا۔مونث) (۱) ریل کی سڑک (۲) ریل کا محکمہ۔
ریلی۔ (RALLY) (رے۔لی) (انگ۔ا۔مونث)۔ فوج یا اسکاؤٹوں کا اجتماع۔
ریلے (RELAY) (ری۔لے) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) کسی دوسرے ریڈیو سٹیشن کے پروگرام کو نشر کرنا۔ (۲) کسی جلسے وغیرہ کی کاروائی کو ریڈیو سٹیشن تک پہنچانا اور پھر وہاں سے نشر کرنا۔
ریلیز (RELEASE) (انگ۔ا۔مونث) (۱) آزاد کرنا۔ چھوڑ دینا (۲) سینما کی فلم پہلی بار دکھانا۔
ریلیف (RELIEF) (انگ۔ا۔مونث) (۱) مدد۔ (۲) آرام۔ سکون۔
ریلیف فنڈ (RELIEF FUND) (مذکر) امدادی رقم۔
ریم۔ (ف۔ا۔مونث) پیپ۔ مواد۔

Marfat.com

**ریمارک** (REMARK) (انگ-ا-مذکر) رائے زنی۔ قیل وقال۔ رائے۔ قول۔
**ریمانڈ**۔ (REMAND) (انگ-ا-مذکر) مزید تفتیش تک حوالات میں رکھنا۔
**ریمائنڈر**۔ (REMINDER) (انگ-ا-مذکر) یاددہانی۔ تاکید
**رین** - (ہ-ا-مونث) رات۔ شب۔
**رین بسیرا** - (۱) شب باشی (۲) (مذکر) رات بسر کرنے کی جگہ۔
**رین چین** - (۱) رات کے مزے (۲) امن چین کی زندگی۔
**رینٹ**۔ (RENT) (انگ-ا-مذکر) کرایہ (مکان دکان وغیرہ کا)
**رینٹ کنٹرولر** (RENT CONTROLLER) مکان دکان کا کرایہ مشخص کرنے والا۔ نیز مالک مکان اور کرایہ دار کے تنازعات کا فیصلہ کرنے والا سرکاری افسر۔
**رینٹ**۔ (ہ-ا-مونث) ناک کی غلاظت۔
**رینج** (RANGE) (انگ-ا-مذکر) (۱) قطار (۲) چاندماری کا میدان (۳) مقام۔ دائرہ۔ حدبندی (۴) مار۔ فاصلہ (بندوق کا)۔
**رینجر** (RANGER) (رین-جر) (انگ-ا-مونث) سوار فوج۔
**رِیندھنا**۔ (ریندھ-نا) (ہ-مص) پکانا۔ کھانا تیار کرنا۔
**رینڈیر**۔ (REINDEER) (رین-ڈ-یر) (انگ-ا-مذکر) ایک قسم کا ہرن جس کو ٹھنڈی ممالک میں گاڑیوں کے آگے جوتتے ہیں۔
**رَینک**۔ (RANK) (انگ-ا-مذکر) عہدہ۔ منصب مرتبہ۔
**رینک اینڈ فائل** (RANK AND FILE) (۱) عام سپاہی نفرے (۲) (مجازاً) عوام۔
**رینک**۔ (ہ-ا-مونث) گدھے کی آواز۔ ڈھینچوں ڈھینچوں۔
**رینکنا**۔ (رینک-نا) (ہ-مص) گدھے کا بولنا۔ گدھے کی بولی بولنا۔
**رینگنا**۔ (رینگ-نا) (ہ-مص) کیڑوں کا چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

**ریِنی** (رے-نی) (ہ-ا-مونث) (۱) رنگ (۲) رنگ دینا۔ (۳) پھلوں یا پھولوں سے رنگ نکالنا (۴) وہ سدھا ہوا پرندہ جو راتوں کو بولتا ہے۔
**رینی بلبل** - تمام رات چہچہانے والا بلبل۔ بلبل شب آہنگ۔
**ریوالور**۔ (REVOLVER) (ری-وال-وَر) (انگ-ا-مذکر) کئی فیر کا پستول۔
**ریورنڈ**۔ (REVEREND) (رے-وِ-رنڈ) (انگ-صفت (۱) بزرگ۔ مقدس (۲) عیسائی پادریوں کا خطاب۔ (مخفف REV)
**ریوڑ**۔ (رے-وڑ) (ہ-ا-مذکر) بکریوں کا گلّہ۔ بھیڑوں کا غول۔
**ریوڑی**۔ (ہ-ا-مونث) وہ شیرینی جو شکر یا گڑ کے قوام سے بناتے اور اس پر تل لگاتے ہیں۔
**ریوڑی کے پھیر میں آنا** (پڑنا) (۱) کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) ناحق خرچہ ذمہ آپڑنا۔
**ریوند**۔ (رے-وَند) (ف-ا-مذکر و مونث) ایک پودا۔
**ریوند چینی** - (۱) چین کا ریوند (۲) ایک دست آور دوا۔
**ریونیو** (REVENUE) (انگ-ا-مذکر) مالیہ۔
**ریونیو آفیسر**۔ (REVENUE OFFICER) افسر مال۔
**ریویو**۔ (REVIEW) (رے-وِ-یو) (انگ-ا-مذکر) (۱) تبصرہ۔ تنقید (۲) معائنۂ افواج۔
**رِیہ** - (ر-یہ-ر-ی-یہ) (ع-ا-مذکر) پھیپھڑا۔
**ریہ** - (ہ-ا-مونث) ایک قسم کی کھاری مٹی۔ جو شکر صاف کرنے۔ کپڑا دھونے اور صابن بنانے کے کام آتی ہے۔ کھاری مٹی۔
**ریہرسل**۔ (REHEARSAL) (ری-ہر-سل) (انگ-ا-مونث) (۱) حفظ کیا ہوا بیان سنانا (۲) ڈرامے وغیرہ سے پہلے مشق کرنا۔
**ریہڑ**۔ (رے-ہڑ) (ہ-ا-مذکر) بنجر زمین جس میں ریہ ہو۔

Marfat.com

# ز

ز (زے) [ع - ا - مؤنث] اُردو کا سولھواں، فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف (۲) حساب ابجد میں اس کے سات عدد مقرر ہیں -

**ز** [ف - حرف جر] از کا مخفف - (شعروں میں استعمال ہوتا ہے - جیسے زلبں، زخودرفتہ) -

## ز - ا

**زا** [ف] (۱) زادن یا زادہ کا مخفف - پیدا شدہ (مرکبات میں، جیسے میرزا یعنی میرزادہ) (۲) بمعنی اسم فاعل جننے والا (مرکبات میں جیسے فتنہ زا) -
**زاج** [ف - ا - مذکر مؤنث] (۱) توتیا - ہیرا کسیس (۲) پھٹکری -
**زاج سفید** - پھٹکری -
**زاد** [ف - ا - مذکر] (۱) پیدائش (۲) نسل - پیڑھی -
**زاد بوم** - جائے پیدائش - جنم بھوم - وطن - دیس -
**زاد - زادہ** [ف - صفت] مصدر زادن کا مفعول بمعنی جنا ہُوا - (مرکبات میں، جیسے آدم زاد - شہزادہ) -
**زاد** [ع - ا - مذکر] توشہ - راستے کا خرچ -
**زادِ راہ** - راستے کا خرچ -
**زادِ عقبیٰ** - عمل نیک جو آخرت میں کام آئے -
**زادگی** (زادگی) [ف - ا - مؤنث] پیدائش - (مرکبات میں جیسے شہزادگی) -
**زادی** (زا - دی) [ف - صفت] جنی ہوئی - (مرکبات میں جیسے شہزادی) -
**زار** (CZAR) [انگ - ا - مذکر] شاہانِ رُوس کا لقب -
**زار** [ف - ا - مذکر] (۱) مکان - مقام (۲) افراط - بہتات (۳) نالہ وفریاد (۴) [صفت] بُری (۵) لاغر - ضعیف -
**زار زار** (زار و قطار) رونا - آٹھ آٹھ آنسو رونا - بہت رونا -
**زار و زبول** - خراب و خستہ -
**زار و نزار** (۱) کمزور - ناتواں (۲) [مذکر] آہ و فغاں -
**زاری** [ف - ا - مؤنث] (۱) رونا پیٹنا (۲) عجز و نیاز -
**زارینہ** (CZARINA) (زا - ری - نہ) [انگ - ا - مؤنث] رُوس کی ملکہ کا خطاب -
**زاغ** [ف - ا - مذکر] کوّا - کاگ -
**زال** [ف - صفت] (۱) بُوڑھا - سفید بالوں والا (۲) [مذکر] رستم کے باپ کا نام جس کے بال پیدائشی سفید تھے -
**زالِ کوژپشت** (۱) جھکی ہوئی کمر کی بڑھیا (۲) آسمان -
**زانو** (زا - نو) [ف - ا - مذکر] (۱) جانگھ (۲) ران (۳) گھٹنا -
**زانو بہ زانو** - زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا -
**زانو پر ہاتھ مارنا** (کنایۃً) (۱) تعجب کرنا (۲) کمال افسوس کرنا -
**زانو پیٹنا** - افسوس کرنا - رنج کرنا -
**زانوئے ادب تہ کرنا** - مؤدب بیٹھنا - شاگرد ہونا -
**زانوئے تلمذ تہ کرنا** - شاگرد ہونا -
**زانی** (زا - نی) [ع - ا - مذکر] زناکار مرد -
**زانیہ** (زا - نِ - یہ) [ع - ا - مؤنث] زناکار عورت - فاحشہ -
**زاویہ** (زا - وِ - یہ) [ع - ا - مذکر] (۱) کونہ - گوشہ (۲) (اقلیدس) دو خط مستقیم کے ایک نقطہ پر ملنے سے جو کونا پیدا ہو اسے زاویہ کہتے ہیں -
**زاویہ حادّہ** - وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو -
**زاویہ قائمہ** - وہ زاویہ جو پُورے نوّے درجے کا ہو -
**زاویہ منفرجہ** - وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو -
**زاہد** - [ع - ا - مذکر] (۱) دُنیا سے رغبت نہ رکھنے والا (۲) متقی - پرہیزگار -
**زاہدِ خشک** - وہ عابد جو ظاہری باتوں کا سختی سے پابند ہو مگر اس کا دل رُوحانی لذت سے محروم ہو - وہ عبادت گذار جس کے مزاج میں رُوکھا پن ہو -
**زاہدہ** (زا - ہِ - دہ) [ع - ا - مؤنث] پرہیزگار عورت -
**زائچہ** (زا - ئِ - چہ) [ف - ا - مذکر] (۱) جنم پتر - کنڈلی - وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں (۲) رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر کھینچتے ہیں -
**زائچہ (بنانا) کھینچنا** (۱) جنم پتری بنانا (۲) لگن کنڈلی کھینچنا -
**زائد** [ع - صفت] (۱) زیادہ - فضول (۲) بچا ہُوا (۳) فالتو -
**زائد المیعاد** - وہ معاملہ جس کی میعاد گزر چکی ہو -
**زائر** [ع - ا - مذکر] یاتری - زیارت کرنے والا - حج کو جانے والا -
**زائرین** [ع - ا - مذکر] زائر کی جمع -
**زائل** [ع - صفت] دُور ہونے والا - ٹلنے والا -
**زائیدہ** (زا - ئی - دہ) [ف] مصدر زائیدن کا اسم مفعول بمعنی پیدا کیا ہُوا - جنا ہُوا -

## ز - ب

**زبان** (زَ - بان - زُ - بان) [ف - ا - مؤنث] (۱) جیبھ - لسان (۲) بول چال - نطق - بولی (۳) اقرار - وعدہ (۴) بیان -
**زبان بدلنا** - بات کہہ کر مکر جانا -
**زبان بگاڑنا** - گالیوں کی عادت ہونا - زبان خراب ہونا -
**زبان بند کرو** - چُپ رہو - مت بکو -
**زبان بندی** [مؤنث] بولنے پر پابندی - بولنے کی ممانعت - خاموشی -
**زبان پر** - اقرار پر - وعدے پر -
**زبان پر آنا** (۱) بے سمجھے بُوجھے کہے جانا (۲) بات کہی جانا -
**زبان پر (چڑھ جانا) چڑھنا** (۱) ورد زبان ہونا - تکیہ کلام ہونا (۲) حفظ ہونا (۳) بولنے کی مشق ہونا -

Marfat.com

زبان پر (دھرنا، رکھنا) (۱) چکھنا (۲) تھوڑا سا کھانا -
زبان پہ لانا - کہنا - بولنا - بیان کرنا - ظاہر کرنا -
زبان پکڑنا (۱) بات کہنے سے روکنا (۲) بیچ میں بول پڑنا -
زبان پھیرنا - زبان بدلنا - قول سے پھرنا -
زبان تالو سے لگنا - چُپ نہ ہونا - بولے جانا -
زبانِ ترازو - ترازو کی سُوئی - وہ ڈوری جو ترازو کی ڈنڈی کے بیچ میں ہوتی ہے -
زبان تک لانا - کچھ کہنا - زبان پر لانا -
زبانِ تیغ سے جواب دینا - کسی بات کے جواب میں تلوار کھینچ لینا
زبان جتنے ایک بار ماں جنے بار بار (مثل) زبان کا اقرار ایک ہوتا ہے -
زبان چاٹنا - مزے دار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا -
زبان چار ہاتھ کی ہونا - زبان دراز ہونا - گستاخ ہونا -
زبان چلانا - بدتمیزی کی باتیں کرنا - بدزبانی کرنا -
زبان چلانے کی روٹی کھانا - چاپلوسی کرکے پیٹ پالنا -
زبانِ حال سے کہنا - بے کہے حالت سے ظاہر کرنا -
زبانِ خامہ - قلم کا وہ حصہ جس میں شگاف دیتے ہیں -
زبان خراب کرنا (۱) گالیاں دینا (۲) زبان سے بیہودہ الفاظ نکالنا -
زبانِ خلق کو نقارہ خدا سمجھو (مثل) جو بات مشہور ہو جائے وہ عموماً ہو کر ہی رہتی ہے -
زبان دان - کسی زبان کا ماہر - کسی زبان کو بخوبی جاننے والا -
زبان دانتوں تلے ہیں دابنا (۱) کچھ کہہ کر پچھتانا (۲) حیرت کرنا (۳) افسوس کرنا -
زبان دانی (مونث) کسی زبان میں مہارت -
زبان دراز (۱) بدزبان (۲) گستاخ - مُنہ پھٹ -
زبان درازی (مونث) (۱) بدزبانی (۲) گستاخی -
زبان دے کر پلٹنا - وعدہ کرکے انکار کر دینا -
زبان دینا - وعدہ کرنا -
زبان رکھنا - بولنے یا جواب دینے کی طاقت رکھنا -
زبان زد - مشہور و معروف -
زبان زدِ خاص و عام - ہر ایک کی زبان پر - سب میں مشہور -
زبان سمجھنا - بولی سمجھنا -
زبان سنبھال کے بولنا - احتیاط سے گفتگو کرنا -
زبان سنبھالو - بیہودہ نہ بکو - بدزبانی نہ کرو -
زبان سے خندق پار - شیخی ہی شیخی ہے کرکچھ نہیں سکتے -
زبان سے نکالنا - کہنا - بیان کرنا -
زبان سینا - خاموش رہنا - بات نہ کہنا -
زبان سے نکلی کوٹھوں چڑھی (مثل) بات مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے -
زبانِ شمع - شمع کی لو -
زبان شیریں ملک گیری زبان ٹیڑھی ملک بانکا (مثل) نرم زبانی سے بہت کام نکل جاتے ہیں - سخت کلامی سب کو دشمن بنا دیتی ہے -
زبان طعن (دراز کرنا، کھولنا) - طعن کرنا -
زبان فر فر چلنا - تیزی سے باتیں کرنا - جلد جلد زبان چلنا -
زبان قاصر ہونا - زبان عاجز ہونا - بات کہنے کی تاب نہ ہونا -

زبان قینچی (سی) کی طرح چلنا - بہت تیزی سے گفتگو کرنا -
زبان کا چٹخارا (چسکا، مزہ) مزے دار چیزیں کھانے کی لت - چٹورپن -
زبان کرنا - وعدہ کرنا -
زبان کو لگام دو - چُپ رہو - سمجھ کر بولو -
زبان کو مُنہ میں رکھنا (۱) زبان کو بس میں رکھنا (۲) چپ رہنا -
زبان کھلنا (۱) بولنے لگنا (۲) بدزبانی کرنا -
زبان کھلوانا - کسی کو اتنا تنگ کرنا کہ وہ جواب دینے یا بدزبانی کرنے پر مجبور ہو جائے -
زبان کھولنا (۱) بولنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) شکوہ کرنا -
زبان کھینچنا - گُدی کے پیچھے سے زبان نکالنا -
زبان کیلنا - افسوں یا منتر سے کسی کا مُنہ بند کرنا -
زبان (گھس جانا، گھسنا) - کہتے کہتے زبان تھک جانا -
زبانِ گوہر بار - موتی برسانے والی زبان - فصیح البیان -
زبان لینا - عہد لینا - وعدہ کرانا -
زبانِ معجز بیان - ایسی زبان جس سے نہایت عجیب و غریب مضامین ادا ہو سکیں -
زبانِ مقال - گفتگو کرنے کی زبان - زبان حال کی ضد -
زبان مُنہ میں نہ (رکھنا، ہونا) - جواب نہ دینا - چُپ رہنا -
زبان میں فرق ہونا - قول کا پابند نہ ہونا -
زبان میں قفل لگنا - خاموش رہنا - نہ بولنا -
زبان میں کانٹے پڑنا - سخت پیاس لگنا -
زبان ہارنا - وعدہ کرنا - عہد کرنا -
زبان ہلانا - بولنا -
زبان ہی حلال ہے زبان ہی مُردار ہے - زبان جو چاہے کہہ دے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دے -
زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم - میرے دوست کی زبان ترکی ہے اور میں ترکی نہیں جانتا - جب کسی کی بات سمجھ میں نہ آئے تو کہتے ہیں -
زبانہ (زَ - بَا - نَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) شعلہ - لو (۲) ترازو کی سُوئی -
زبانی (ف - صفت) (۱) مُنہ کی کہی ہوئی (۲) ظاہری بناوٹ کی (۳) حفظ - ازبر -
زبانی باتیں - وہ باتیں جو زبان سے کی جائیں اور ان پر عمل نہ کیا جائے -
زبانی پڑھنا - حفظ پڑھنا - بے دیکھے پڑھنا -
زبانی جمع خرچ (مذکر) خالی باتیں - عمل کچھ نہیں -
زبانی حساب - وہ حساب جو سوچ کر نہ لیا جائے - ذہنی حساب -
زبانی سُننا - حفظ سُننا - بغیر کتاب کے سُننا -
زبانی کہنا - ذکر کرنا - بذریعہ گفتگو کچھ سُنانا -
زبانی وعدہ (مذکر) وہ وعدہ جو زبان سے کیا جائے -
زبدہ (زُ - بْ - دَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) تازہ مکھن (۲) کسی چیز کا بہترین حصہ (۳) (صفت) چیدہ - منتخب -
زبدۃ الحکما (۱) حکیموں میں سے منتخب (۲) ایک ڈگری جو طبیبوں کو دی جاتی ہے -
زبدۃ السالکین - سالکوں میں برگزیدہ - بزرگوں کا لقب -
زبر (زَ - بَر) (ف - صفت) زبر کا مخفف (۱) اوپر - اونچا (۲) بالاتر (۳) (مذکر) فتحہ - وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے

Marfat.com

اُوپر آدھے الف کی آواز ظاہر کرنے کے لیے لگائی جائے ۔
**زبردست** - طاقت ور - توانا - قوی - غالب ۔
**زبردست کا ٹھینگا سر پر** [مثل] طاقتور سے زور نہیں چلتا ۔ اس کی ماننی پڑتی ہے ۔
**زبردست مارے اور رونے نہ دے** [مثل] اس وقت بولتے ہیں جب کوئی طاقت ور زیادتی کر کے شکوہ نہ کرنے دے ۔
**زبردستی** (مونث) (۱) جبر - ظلم - سختی - زیادتی (۲) ناحق ۔
**زبر ہونا** - غالب ہونا - فتح پانا - بھاری ہونا ۔
**زبرجد** [ع - ا - مذکر] ایک قسم کا زمرد - پنا ۔
**زبرجد ہندی** - پکھراج ۔
**زبس** (زَ - بَس) [ف - صف] ازبس - بہت ۔
**زبور** (زَ - بُور) [ع - ا - مونث] (۱) نوشتہ - کتاب (۲) وہ الہامی کتاب جو حضرت داؤد پر نازل ہوئی تھی ۔
**زبوں** (زَ - بُوں) [ف - صف] (۱) خوار - ذلیل (۲) بُرا - زشت - تباہ (۳) نحس - منحوس ۔

## ز - ٹ

**زٹل** (زَ - ٹَل) [ا - ا - مونث] (۱) بکواس - بڑ - بے معنی بات ۔ (۲) فضول قصہ ۔
**زٹل باز** - گپی - بکواسی - فضول کہانیاں کہنے والا ۔
**زٹل قافیہ** (مذکر) فضول و بے تکی باتیں - بے اصل باتیں ۔
**زٹل مارنا** - گپ ہانکنا - جھوٹی باتیں بکنا ۔
**زٹل ہانکنا** - گپ مارنا - جھوٹی سچی باتیں کرنا ۔
**زٹلی** (زَ - ٹَل - لی) [ا - صف] بکواسی ۔

## ز - ج

**زجاج** [ع - ا - مذکر] (۱) کانچ - شیشہ (۲) شیشے کا ٹکڑا ۔
**زجاجی** [ف - صف] شیشے کا بنا ہوا ۔
**زجر** [ع - ا - مونث] روک - ڈانٹ ڈپٹ - دھمکی - تنبیہ - جھڑکی ۔
**زجر و توبیخ** (مونث) ڈانٹ ڈپٹ - لعنت ملامت - جھڑکی - دھتکار ۔

## ز - چ

**زچ** [ف - صف] (۱) عاجز - تنگ - مجبور (۲) [مونث] شطرنج کے بادشاہ کی وہ حالت جب اس کے چلنے کے لیے کوئی گھر نہ ہو ۔
**زچ کر دینا** - مات کر دینا - مجبور کر دینا - عاجز کر دینا - قافیہ تنگ کر دینا ۔
**زچ ہو جانا** - ناک میں دم آ جانا - تنگ ہو جانا ۔
**زچگی** (زَ - چ - گی) [ف - ا - مونث] بچے کی پیدائش - بچہ جننے کے چالیس دن تک کی مدت ۔
**زچہ** (زَ - چہ - زَچّہ) [ف - ا - مونث] وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے ۔
**زچہ خانہ** (مذکر) وہ مقام جہاں بچہ پیدا ہوتا ہے ۔
**زچہ گیریاں** (مونث) زچہ خانہ کے گیت - وہ گیت جس میں بچے اور اس کی ماں کی تعریف ہوتی ہے ۔

## ز - ح

**زحاف** (زِ - حاف) [ع - ا - مذکر] عروض کے بحروں کے ارکان کا تغیر ۔
**زحل** (زُ - حَل) [ع - ا - مذکر] ایک سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے - سنیچر - کیواں ۔
**زحمت** (زَح - مَت) [ع - ا - مونث] دُکھ - تکلیف - مصیبت ۔
**زحمت اُٹھانا** - دُکھ بھوگنا - مصیبت بھرنا - تکلیف برداشت کرنا ۔

## ز - خ

**زخار** (زَخ - خار) [ع - صف] دیکھیے ذخار ۔
**زخم** [ف - ا - مذکر] (۱) گھاؤ - ناسور (۲) نقصان - ضرر ۔
**زخم ہرا ہونا** (۱) زخم تازہ ہونا (۲) پرانا رنج یاد آنا ۔
**زخم بھر آنا یا جانا** - زخم اچھا ہونا ۔
**زخم بھر چلنا** - زخم پر کھرنڈ آ جانا ۔
**زخم پر نمک چھڑکنا** (نمک چھڑکنا) (۱) ستاتے ہوئے کو ستانا (۲) نقصان یا تکلیف میں تعریض و تشنیع کرنا ۔
**زخم پکنا** - زخم میں پیپ پڑ جانا ۔
**زخم تازہ ہونا** (۱) نیا صدمہ ہونا (۲) کسی نئے حادثے پر پرانا رنج یاد آ جانا ۔
**زخم جگر** (۱) جگر کا زخم (۲) رنج - غم ۔
**زخم خنداں** (کنایۃً) کھلا ہوا زخم جو سیا نہ گیا ہو ۔
**زخم خوردہ** - مجروح - زخمی ۔
**زخم دوزی** (مونث) زخم میں ٹانکے لگانا - مرہم پٹی ۔
**زخم دینا** - گھائل کرنا - صدمہ پہنچانا - ضرر پہنچانا ۔
**زخم کا انگور** (مذکر) کھرنڈ ۔
**زخم کا چور** (کنایۃً) زخم کا باہر سے خشک اور اندر سے خراب ہونا ۔
**زخم کاری** (مونث) مہلک زخم ۔
**زخم کا مسکرانا (ہنسنا)** (کنایۃً) ٹانکے ٹوٹ جانے سے زخم کا کھل جانا ۔
**زخم کھانا** (۱) زخمی ہونا (۲) صدمہ اُٹھانا ۔
**زخم کھلنا** - زخم کا پھٹ جانا ۔
**زخم لگنا** - مجروح ہونا ۔
**زخم میں انگور آنا** - زخم پر کھرنڈ آ جانا ۔
**زخم میں شوف بھرنا** - زخم بھرنے کی غرض سے اس میں کپڑا یا روئی رکھ دینا ۔
**زخم ہرا ہونا** (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا (۲) گزشتہ صدمے یا حادثے کا

Marfat.com

یاد آجانا۔
**زخموں پر نمک** (پاشی کرنا، چھڑکنا) - دیکھیے زخم پر نمک چھڑکنا۔
**زخمہ** (زَخ - مہ) [ف - ا - مذکر] وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ مضراب -
**زخمی** (زَخ - می) [ف - صف] - گھائل - مجروح - چوٹ کھایا ہُوا۔

## ز - د

**زد** [ف - ا - مونث] (۱) مار - چوٹ (۲) نشانہ (۳) صدمہ - نقصان -
**زد پہ آنا** (چڑھنا - ہونا) ایسی جگہ ہونا جہاں نشانہ ٹھیک لگ سکے -
**زد پڑنا** - نقصان ہونا - خسارہ ہونا -
**زدوکوب** (مونث) مار پیٹ -
**زدگی** (زَد - گی) [ف - ا - مونث] چوٹ - ضرب - (مرکبات میں جیسے جوانردگی) -
**زدن** [ف - مص] (۱) مارنا (۲) جھپکنا (چشم زدن) -
**زدنی** (زَ - دَ - نی) [ف - صف] مارنے کے قابل - قتل کے لائق (مرکبات میں جیسے گردن زدنی) -
**زدہ** (زَ - دہ) [ف] (۱) مصدر زدن کا اسم مفعول بمعنی مارا ہُوا - ضرب رسیدہ (۲) مصیبت کا مارا (۳) بوسیدہ - گلا ہُوا - (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جیسے آفت زدہ) جمع زدگان -

## ز - ر

**زر** [ف - ا - مذکر] (۱) سونا - طلا (۲) دھن دولت (۳) پھول کا زیرہ (۴) سونے چاندی کے تار یا کلابتوں -
**زر آمدنی** (۱) آمدنی - مال گذاری (۲) فائدہ - نفع -
**زر احمر** - سونا -
**زر اصل** - راس المال - اصل سرمایہ -
**زر افشاں** - زر فشاں (۱) وہ کاغذ جس پر سونے کے ورق ریزہ ریزہ کرکے چھڑکے ہوتے ہیں اور جو تقریبات کے خطوط میں استعمال کیا جاتا ہے (۲) چمک دار -
**زر امانت** - وہ روپیہ جو کسی کے پاس امانت رکھا جائے -
**زرباف** (۱) زربفت بنانے والا (۲) تاروں کا بنا ہُوا کمخواب -
**زربافی** (مونث) سونے کے تار بنانا - زربفت بنانا -
**زر باقی** - بقایا - روپیہ جو بچ جائے -
**زربفت** - کمخواب - ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بنتے ہیں -
**زر بیعانہ** - وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کی خاطر پیشگی دیا جائے -
**زر پاک عیار** - خالص سونا - کھرا سونا -
**زر پرست** - لالچی - بخیل - روپے کا غلام -
**زرتار** - وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنائی گئی ہو -

**زرِ ثمن** - وہ روپیہ جو قیمت میں ملے -
**زرِ جعفری** - خالص سونا - جعفر برمکی وزیر ہارون رشید کی طرف منسوب جس نے صاف سونے کا استعمال کیا تھا -
**زرِ خالص** - خشک - وہ سونا جس میں ذرا بھی ملاوٹ نہ ہو -
**زرِ خرید** - روپیہ دے کر خریدا ہُوا (غلام یا لونڈی) -
**زرخیز** - سرسبز - شاداب - سونا اُگلنے والی (زمین) -
**زرخیزی** (مونث) سرسبزی - شادابی -
**زردار** - دولت مند - مال دار -
**زردوز** (۱) زری کا کام کرنے والا (۲) وہ چیز جس پر زری کا کام ہو -
**زردوزی** (مونث) سلمے ستارے کا کام -
**زرِ ڈگری** - وہ روپیہ جو دعویٰ کرنے والے کو عدالت دلائے -
**زر را زر می کشد** (مثل) روپیہ روپے کو کھینچتا ہے -
**زرِ رہن** - وہ روپیہ جس کے بدلے کوئی چیز رہن رکھی جائے -
**زر زمین زن جھگڑے کی جڑ ہیں** (مثل) ان تینوں کی وجہ سے فساد ہوتے ہیں -
**زرِ سرخ** (۱) سونا - طلا (۲) اشرفی (۳) گنجفہ کے تاش کا ایک رنگ -
**زرِ سفید** (۱) چاندی (۲) روپیہ -
**زرِ ضمانتی** - ضمانت کا روپیہ -
**زرِ طلا** (عیار) - خالص سونا -
**زرِ فاضل** - فالتو روپیہ - بقایا -
**زرِ قلب** - کھوٹا سونا - کھوٹا روپیہ -
**زر کا جوتا** - رشوت جو کسی کو دے کر کام نکالا جائے -
**زرکار** (۱) جس پر طلائی یا سنہری کام ہُوا ہو (۲) سنار -
**زرِ کامل عیار** - خالص سونا -
**زرِ کل** - اصل رقم مع سود - بیاج سمیت مُول -
**زرکوب** (۱) سونے چاندی کے ورق بنانے والا (۲) وہ چیز جس پر سونے کے پتر لگائے گئے ہوں -
**زرکوبی** (مونث) چاندی سونے کے ورق بنانا -
**زر کے آگے زور نہیں چلتا** (مثل) روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی کچھ نہیں کر سکتا -
**زرگر** - سنار -
**زرگری** (مونث) (۱) سنار کا پیشہ (۲) مصنوعی زبان جس میں ایک حرف یا دو حرفوں کے بعد بیچ میں زے لاکر بولتے ہیں (۳) جھوٹ موٹ کی لڑائی (جنگ کے ساتھ) -
**زرِ گل** - پھول کے اندر کا زیرہ -
**زرِ لگان** - زرِ مال گزاری - سرکاری لگان کا روپیہ -
**زرِ مبادلہ** - وہ سکہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے - (ڈالر - پونڈ) -
**زرِ معاوضہ** - ہرجانہ - وہ روپیہ جو کسی نقصان کے عوض دیا جائے -
**زرِ ناب** (۱) خالص سونا (۲) (کنایۃً) آفتاب -
**زرِ نقد** - نقد روپیہ - روکڑ -
**زرنگار** - وہ چیز جس پر سنہرا کام کیا ہو -
**زر نیست عشق ٹیں ٹیں** (مثل) مفلسی میں کچھ نہیں ہو سکتا -
**زرِ واصلات** - وہ نفع جو زمین رکھی ہوئی چیز سے حاصل ہو -

Marfat.com

**زربافتنی** ۔ روپیہ جو لینا ہو ۔ بقایا جو وصول کرنا ہو ۔ قرضہ ۔
**زراعت** (زِ۔رَا۔عَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] کھیتی باڑی ۔ کاشتکاری ۔
**زراعت پیشہ** ۔ جس کا پیشہ کاشتکاری ہو ۔ کاشتکار ۔ کسان ۔
**زرافہ** (زَ۔رَا۔فَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شترگاؤ ۔ لمبی گردن والا ایک وحشی جانور ۔ (GIRAFFE)
**زرتشت ۔ زردُشت** (زَر۔تُشت ۔ زَر۔دُشت) [ف ۔ ا ۔ مذکر] قدیم ایران کا مشہور فلسفی ۔ آتش پرستوں کا پیغمبر ، دینِ آتش پرستی کا بانی ۔
**زرد** [ف ۔ صف] پیلا ۔ سُنہرا ۔
**زرد آلو** (مذکر) خوبانی ۔ ایک قسم کا زرد آڑو ۔
**زرد آندھی** (مونث) آندھی جس کے گرد و غبار کا رنگ پیلا ہو ۔
**زرد پڑنا** ۔ خوف ، دہشت یا مرض کے سبب چہرہ یا جسم کا پیلا ہونا ۔
**زرد چوب** (مونث) ہلدی ۔
**زرد رُو** (۱) پیلے چہرے والا (۲) ڈرا ہُوا (۳) شرمندہ ۔
**زرد رُوئی** (مونث) (۱) شرمندگی ۔ خجالت (۲) ذلت ۔
**زردہ** (زَر۔دَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پِتہ ۔ صفرا (۳) میٹھے زرد رنگ کے چاول ۔ مُزعفر (۴) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۵) کبوتر جس کی آنکھیں زرد ہوتی ہیں ۔
**زردی** (زَر۔دی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) پیلا پن ۔ پیلاہٹ (۲) انڈے کی زردی (۳) یرقان (۴) اشرفی (۵) پھول کے اندر کا ریزہ ۔
**زرشک** (زِ۔رِشک) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک دوا کا نام ۔
**زرق برق** (زَرق ۔ بَرق) [ف ۔ صف] (۱) شان و شوکت والا ۔ ٹیپ ٹاپ والا ۔ آراستہ ۔ پیراستہ ۔
**زرہ** (زِ۔رَہ) [ف ۔ ا ۔ مونث] فولاد کا جالی دار کُرتا جو لڑائی میں پہنتے ہیں ۔
**زرہ پوش** ۔ وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہو ۔
**زری** [ف ۔ ا ۔ مونث] سونے کا تار ۔ کلابتون کا بنا ہُوا کپڑا ۔ بادلہ ۔ گوٹا کناری وغیرہ ۔
**زری باف** ۔ سونے کے تار بنانے والا ۔ گوٹا کناری بنانے والا ۔
**زریں** (زَر۔ریں) [ف ۔ صف] (۱) سونے کا بنا ہُوا (۲) سُنہرا ۔ جس پر زری کا کام کیا ہُوا ہو ۔
**زرینہ** (زَ۔ری۔نَہ) (زَر۔ری۔نَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] سونے کی بنی ہوئی چیزیں ۔

## ز۔ش

**زشت** [ف ۔ صف] بُرا ۔ بدشکل ۔ بدنما ۔ بھدا ۔ بھونڈا ۔
**زشت خُو** ۔ بُری عادت والا ۔ بدخصلت ۔ بدخو ۔
**زشت خوئی** (مونث) بدمزاجی ۔ بدخصلتی ۔
**زشت رُو** ۔ بدشکل ۔ بدصورت ۔

## ز۔ع

**زعفران** (زَع۔فَ۔رَان) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول ۔ کیسر ۔
**زعفران زار** (۱) زعفران کا کھیت (۲) وہ مقام جہاں زرد رنگ زرد پھول ہوں یا زرد فصل کھڑی ہو (۳) وہ جگہ جہاں پہنچ کر انسان کو بہت ہنسی آئے ۔ مشہور ہے کہ زعفران کے کھیت میں پہنچ کر انسان کو خود بخود ہنسی آنے لگتی ہے ۔
**زعفرانی** [ع ۔ صف] (۱) زعفران کے رنگ کا ۔ زرد ۔ کیسری ۔ (۲) زعفران کا ۔
**زعم ۔ زُعم** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گمان ۔ ظن (۲) غرور ۔
**زعما** (زُ۔عَ۔مَا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] زعیم کی ۔
**زعیم** (زَ۔عیم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] لیڈر ۔ سردار ۔

## ز۔غ

**زغال** (زُ۔غَال) [ف ۔ ا ۔ مذکر] کوئلہ ۔
**زغن** (زَ۔غَن) [ف ۔ ا ۔ مونث] چیل ۔
**زغند** (زَ۔غَند) [ف ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے زقند ۔

## ز۔ف

**زفاف** (زِ۔فَاف) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) دُلہن کی دُولھا کے گھر روانگی (۲) سُہاگ رات (ایسے موقع پر شبِ زفاف بولتے ہیں) ۔

## ز۔ق

**زقند** (زَقَند) [ف ۔ ا ۔ مونث] جست ۔ زغند ۔ چھلانگ ۔
**زقند لگانا (مارنا)** کُودنا ۔ پھاندنا ۔ جست لگانا ۔
**زقوم** (زَق۔قُوم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تھوہر (بلا تشدید قاف بھی مستعمل ہے) ۔

## ز۔ک

**زک** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) سُبکی ۔ خفت ۔ ذلت (۲) شکست (۳) نقصان ۔
**زک اُٹھانا (پانا ۔ کھانا)** (۱) شرمندگی اٹھانا (۲) ہار جانا ۔ ذلیل ہونا (۳) نقصان برداشت کرنا ۔
**زک دینا** (۱) ہرانا (۲) شرمندہ کرنا (۳) ذلیل کرنا ۔
**زکام** [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک بیماری جس میں ناک سے رطوبت بہنے لگتی ہے ۔
**زکام بگڑنا** ۔ نزلے کے پانی کا سڑ جانا ۔
**زکام پکنا** ۔ زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا ۔
**زکام ہونا** ۔ نزلہ ہونا ۔

Marfat.com

**زکوٰۃ** (زَ۔کات) [ع۔ا۔مونث] (۱) خیرات۔ صدقہ (۲) اسلام کا چوتھا فرض۔ مال کا چالیسواں حصّہ جو سال بھر کے بعد راہِ خُدا میں دیا جائے (۳) [ آر۔ عاملوں کی اصطلاح ] کسی اسم یا دُعا کا معیّنہ تعداد میں ان قیود کے ساتھ پڑھنا جو عاملوں نے مقرّر کیے ہیں۔ نقش کی بھی زکوٰۃ دیتے ہیں۔
**زکوٰۃِ حُسن**۔ خوبصورتی کا صدقہ۔ [کنایۃً] بوسہ۔
**زکی** (زَ۔کی) [ع۔صفت] (۱) پاک۔ نیک (۲) زکوٰۃ دینے والا۔

## ز۔ل

**زُلال** [ع۔ا۔مذکر] (۱) خالص پانی (۲) نتھرا ہُوا پانی (۳) سرد اور شیریں پانی۔
**زلزلہ** (زل۔زَ۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بھونچال۔ زمین کا کانپنا۔ (۲) لرزہ۔ جنبش۔ ہلچل۔
**زلزلہ آنا**۔ بھونچال آنا۔
**زلزلہ پڑجانا**۔ ہلچل پڑ جانا۔ کھلبلی مچنا۔ تہلکہ مچ جانا۔
**زُلف** [ف۔ا۔مونث] (۱) بالوں کا لچھا جو کان کے پاس کنپٹی پر لٹکتا ہے (۲) کاکُل۔ گیسو۔
**زُلفِ پریشاں**۔ بکھرے ہوئے بال۔
**زُلفِ تاب دار**۔ گھونگریلے بال۔
**زُلفِ رسا**۔ لمبی زُلف۔
**زُلفِ عنبریں**۔ خوشبودار بال۔
**زُلف کا سودا ہونا**۔ عاشق ہونا۔
**زُلفِ گرہ گیر**۔ اُلجھنے والی زُلف۔ پیچ دار زُلف۔
**زُلفیں چھوڑنا**۔ زُلفیں بڑھانا۔
**زُلفیں رکھنا**۔ زُلفیں لمبی کرنا۔
**زُلفی** (زُل۔فی) [ف۔ا۔مونث] (۱) دروازے کی زنجیر (۲) دروازے کا کھٹکا (۳) تلوار کی موٹھ۔
**زَلّہ** (زَل۔لہ) [ع۔ا۔مذکر] آگے کا بچا ہُوا کھانا۔ پس خوردہ۔
**زلّہ رُبا** (۱) کسی کا بچا ہُوا کھانے والا (۲) خوشہ چین۔ کسی سے فیض اٹھانے والا۔
**زلّہ رُبائی** (مونث) خوشہ چینی۔
**زُلیخا** (زُ۔لے۔خا) [ع۔ا۔مونث] (۱) حسین و جمیل عورت (۲) عزیزِ مصر کی بیوی جو حضرت یوسفؑ پر عاشق ہو گئی تھی۔
**زلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا عورت ہے یا مرد**۔ [مثل] ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو بے سمجھے بُوجھے پڑھتے ہیں یا بات کی تہ کو نہیں پہنچتے۔

## ز۔م

**زِمام** (زِ۔مام) [ع۔ا۔مونث] باگ۔ نکیل۔
**زمامِ اختیار** (حکومت) حکومت کی باگ ڈور۔ حکومت کا کام کاج۔

**زمان** (زَ۔مان) [ع۔ا۔مذکر] وقت۔ زمانہ۔ ساعت۔
**زمانہ** (زَ۔ما۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) حرکتِ فلکی کی مقدار۔ وقت۔ سماں (۲) عرصہ۔ مدّت (۳) موسم (۴) جُگ۔ قرن (۵) دَور۔ گردش (۶) دُنیا۔ عالم (۷) دُنیا کے لوگ (۹) [صرف] ماضی۔ حال۔ مستقبل میں سے ایک۔
**زمانہ با تو نہ سازد تو با زمانہ بساز** [مثل] اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تجھے زمانے کا ساتھ دینا چاہیے۔ اکثریت کسی رائے کے خلاف ہو تو اس کی رائے مان لینا چاہیے۔
**زمانہ برتنا**۔ تجربہ ہونا۔
**زمانہ بھر**۔ تمام دُنیا۔
**زمانے بھر کا** (کی) (۱) کُل جہان کا۔ ساری دُنیا کی (۲) پہلے درجے کا۔
**زمانہ بھر کا چھٹا ہُوا**۔ بہت بدمعاش۔ اوّل درجے کا لُچا۔
**زمانہ پر روشن ہونا**۔ سب کو معلوم ہونا۔
**زمانہ پھر جانا** (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف ہو جانا (۲) زمانہ بدل جانا۔
**زمانۂ جاہلیت**۔ عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ۔
**زمانۂ حال**۔ وہ زمانہ جو گزر رہا ہے۔ موجودہ زمانہ۔
**زمانہ دیکھ ڈالا ہے**۔ بڑا تجربہ کار ہے۔
**زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں**۔ بہت تجربہ کار ہیں۔
**زمانہ ساز**۔ ظاہردار۔ خود غرض۔ موقع پرست۔
**زمانہ سازی** (مونث) خوشامد۔ ظاہرداری۔ بناوٹ۔ مکّاری۔
**زمانہ سے اُٹھنا**۔ ناپید ہو جانا۔
**زمانے سے اُڑ جانا**۔ ناپید ہو جانا۔
**زمانہ گزرنا**۔ عرصہ ہونا۔ مدّت گزرنا۔
**زمانۂ ماضی**۔ گزرا ہُوا زمانہ۔
**زمانہ مبتلا ہونا**۔ بہت لوگوں کا ایک شخص پر عاشق ہونا یا کسی بات میں پھنسنا۔
**زمانۂ مستقبل**۔ وہ زمانہ جو آئے گا۔ آنے والا زمانہ۔
**زمانہ موافق ہونا**۔ نصیبا اچھا ہونا۔ طالع یاور ہونا۔
**زمانہ ہُوا**۔ عرصہ ہُوا۔ مدّت ہوئی۔
**زمانے سے نرالا**۔ سب سے الگ۔ عجیب۔
**زمانے کا پلٹا کھانا**۔ زمانے کا بدلنا۔ حالت بدلنا۔
**زمانے کا چلن**۔ وقت کا رسم و رواج۔ دُنیا کا طریقہ۔
**زمانے کا رونا**۔ لوگوں کا ماتم کرنا۔
**زمانے کا زمانہ**۔ ساری خلقت۔ پُوری دُنیا۔
**زمانے کے**۔ اپنے وقت کے۔ دُنیا بھر کے۔
**زُمرّد** (زُ۔مُر۔رُد) [ف۔ا۔مذکر] سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔
**زمرّد نگار**۔ زمرّدوں سے جڑا ہُوا۔
**زمرّدیں** (زُ۔مُر۔رُ۔دیں) [ف۔صفت] سبز رنگ کا۔ زمرّد کے رنگ کا۔
**زُمرہ** (زُم۔رہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) گروہ۔ جماعت (۲) بھیڑ۔ فوج۔
**زمزم** (زَم۔زَم) [ع۔ا۔مذکر] بیت اللہ کے کنوئیں کا نام۔
**زمزمہ** (زَم۔زَ۔مہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) نغمہ۔ ترانہ (۲) دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا۔

Marfat.com

**زمزمہ پرداز** (پیرا - خواں - سنج) راگ گانے والا ۔
**زمزمی** (زَم - زَ - می) [ع - ا - مونث] آب زمزم رکھنے کا برتن ۔
**زمستان** (زِ - مِس - تان) [ف - ا - مذکر] موسم سرما ۔ جاڑا ۔
**زمن** (زَ - مَن) [ع - ا - مذکر] وقت ۔ زمانہ ۔
**زمہریر** (زَم - ہَ - رِیر) [ع - ا - مذکر] (۱) نہایت سردی (۲) کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (۳) دوزخ کا طبقہ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا ۔
**زمین** (زَ - مِین) [ف - ا - مونث] (۱) دھرتی ۔ ارض (۲) غزل کی ردیف ۔ قافیہ اور وزن یا بحر (۳) [اُر] دُنیا ۔ خطہ ۔ مُلک (۴) خاک ۔ مٹی (۵) بُنیاد (۶) تہ ۔ طبقہ ۔ تل (۷) کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا رنگ ۔
**زمین آسمان ایک کر دینا** ۔ کسی چیز کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا ۔ کونا کونا چھان مارنا ۔ کمال کوشش کرنا ۔
**زمین آسمان جھنکانا** (۱) دربدر پھرانا (۲) دیوانہ بنانا ۔
**زمین آسمان کا فرق** ۔ بہت بڑا فرق ۔
**زمین آسمان کے قلابے ملانا** (۱) بہت مبالغہ کرنا (۲) شیخی مارنا ۔
**زمین اُٹھنا** (۱) زمین کا نچلے پڑ جانا (۲) زمین کا جوتا بویا جانا ۔
**زمین اُفتادہ** ۔ زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو ۔
**زمین بوس** ۔ وہ جو حاضر ہو کر اظہار ادب کے لیے زمین چومے ۔
**زمین بوسی** (مونث) سامنے حاضر ہو کر ادب سے زمین کو بوسہ دینا ۔
**زمین بیٹھنا** ۔ زمین کا دھنس جانا ۔
**زمین پامال ہونا** ۔ ایک بحر اور ردیف و قافیے میں پہلے سے بہت سی غزلیں ہونا ۔
**زمین پہ آ رہنا** ۔ گر پڑنا ۔
**زمین پہ پاؤں نہ دھرنا** (رکھنا) ۔ بہت اترانا ۔ بہت غرور کرنا ۔
**زمین پہ قدم نہ رکھنا** ۔ غرور کرنا ۔
**زمین پست ہونا** ۔ بحر اور ردیف و قافیہ کا اچھا نہ ہونا ۔
**زمین پکڑنا** (۱) جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ مستقل سکونت اختیار کرنا ۔
**زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں** ۔ نہایت شرمندگی یا زندگی سے بیزار ہو جانے کے وقت بولتے ہیں ۔ ناگہانی موت آ جائے ۔
**زمین دار** (۱) زمین کا مالک (۲) کاشتکار ۔
**زمین دار کی جڑ ہری** ۔ زمیندار ہمیشہ خوش حال رہتا ہے ۔
**زمین دار ہم سوانہ** ۔ وہ زمین دار جس کی اراضی کی حد دوسرے کی اراضی سے ملتی ہو ۔
**زمین داری** (مونث) (۱) زمینداری کا پیشہ (۲) اراضی ۔ پٹی (۳) زمین جو زمین دار کے قبضے میں ہو (۴) زمین دار کا عہدہ ۔
**زمین داری پٹا** ۔ ایک تحریر جس میں سرکار زمین داری کے حقوق عطا کرتی ہے ۔
**زمین داری جمع** ۔ مال گزاری جو زمیندار کو دینی پڑتی ہے ۔
**زمین دوز** ۔ زیر زمین ۔ زمین کے نیچے ۔
**زمین سخت ہے آسمان دور ہے** [مثل] سخت مصیبت اور بے بسی کے موقع پر کہتے ہیں ۔ نہ سختی کے باعث زمین میں سما سکتا ہوں نہ دوری کے سبب آسمان پر پہنچ سکتا ہوں ۔
**زمین سُست ہونا** ۔ شعر کی بحر وغیرہ کا چُست نہ ہونا ۔
**زمین شعر سنگلاخ ہے** ۔ شعر کی بحر اور وزن مشکل ہے ۔
**زمین شگفتہ ہونا** ۔ زمین شعر کا ایسا موزوں و مناسب ہونا کہ اچھے شعر موزوں ہوں ۔
**زمین شور سنبل بر نیارد** [مثل] کھاری والی زمین میں سنبل نہیں اُگتا ۔ بُرے آدمی سے کبھی نیکی کی امید نہیں ہوتی ۔
**زمین طرح کرنا** ۔ بحر اور قافیہ و ردیف کا معین ہونا ۔
**زمین غیر مزروعہ** ۔ وہ زمین جس میں کاشت نہ کی جائے ۔ بنجر زمین ۔
**زمین قند** ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔
**زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا** (نکل جانا) (۱) گھبرا جانا (۲) ہکا بکا ہو جانا ۔
**زمین کا پیوند ہونا** (۱) دفن ہونا (۲) فنا ہونا ۔
**زمین کا گز** ۔ بہت سفر کرنے والا ۔ آوارہ ۔
**زمین کا نہ آسمان کا** ۔ کہیں کا بھی نہیں ۔ نہ دین کا نہ دُنیا کا ۔
**زمین کو آسمان کر دینا** ۔ پست زمین شعر کو عالی بنا دینا ۔
**زمین کھا گئی کہ آسمان** ۔ جب کوئی چیز دفعتہً غائب ہو جاتی ہے تو اس کی نسبت کہتے ہیں ۔
**زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا** [مثل] سوال کچھ جواب کچھ ۔
**زمین کی طنابیں کھینچنا** ۔ مسافت کم ہو جانا ۔ فاصلہ تھوڑا ہو جانا ۔
**زمین مرہونہ** ۔ گروی رکھی ہوئی زمین ۔
**زمین مزروعہ** ۔ کاشت کی ہوئی زمین ۔
**زمین میں گڑ جانا** (۱) دفن ہونا (۲) نہایت شرمندہ ہونا ۔
**زمین ناپنا** (۱) سفر کرنا (۲) آوارہ پھرنا ۔
**زمین نکالنا** (۱) نئے ردیف و قافیے میں شعر کہنا (۲) دریا کا ہٹ جانا اور زمین قابل کاشت ہونا ۔
**زمین و زماں** ۔ تمام دُنیا ۔
**زمین وارا** (زَ - مِین - وا - را) [اُر - ا - مذکر] (۱) تھی زمین داری (۲) زمین داری زمین ۔
**زمین وارنی** (زَ - مِین - وا - رنی) [اُر - ا - مونث] زمین دار کی بیوی ۔
**زمینی** (زَ - مِی - نی) [ف - صف] زمین کی ۔ زمین کے متعلق ۔

## ز - ن

**زن** ۔ [ف - ا - مونث] (۱) عورت (۲) بیوی ۔
**زن مدخولہ** ۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ۔
**زن مُریدی** ۔ بیوی کا مطیع ۔
**زن منکوحہ** ۔ وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہُوا ہو ۔ بیاہتا بیوی ۔
**زن و شو** ۔ بیوی اور شوہر ۔ جورو خاوند ۔
**زن و فرزند** ۔ بیوی بچے ۔ اہل و عیال ۔
**زن** [ف] مصدر زدن کا فعل امر بمعنی مار ۔ پیٹ اور کبات میں جیسے تیغ زن ، راہزن ۔
**زن زن** ۔ [ف - ا - فعل] فوراً ۔ تیزی سے ۔
**زن سے** ۔ تیزی سے ۔

Marfat.com

**زِنا** (زِ۔نا) [ع۔ا۔مذکر] حرام کاری۔ بدکاری۔
**زنا بالجبر**۔ زبردستی اور ناجائز طور پر مجامعت کرنا۔
**زناکار**۔ زنا کرنے والا۔ زانی۔
**زناکاری** (مونث) بدکاری۔ حرام کاری۔
**زَنّاٹا** (زَن۔نا۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] کسی چیز کے ہوا میں زور سے گزرنے کی آواز۔
**زَناخ** (زَ۔ناخ) [ہ۔ا۔مونث] مُرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو دو شاخہ ہوتی ہے۔
**زَناخی** (زَ۔نا۔خی) [اُر۔مونث] سہیلی۔
**زُنّار** (زُن۔نار) [ف۔ا۔مذکر و مونث] (۱) وہ تاگا جو ہندو گلے اور بغل کے درمیان ڈالے رہتے ہیں۔ جنیو (۲) وہ تاگا یا زنجیر جو عیسائی، مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔
**زُنّار بند**۔ زُنّار دار۔ جنیو پہننے والا۔
**زناشوئی** (زَ۔نا۔شو۔ای) [ف۔ا۔مونث] میاں بیوی کے تعلقات۔
**زنان** (زَنان) [ف۔ا۔مونث] زن کی جمع۔ عورتیں۔
**زنان خانہ** (مذکر) حرم سرا۔ مکان کا وہ حصّہ جو عورتوں کے رہنے کے لیے مخصوص ہو۔
**زنانہ** (زَ۔نا۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ہیجڑا (۲) زنان خانہ۔
**زنانہ کرنا** (کروانا) (۱) مردوں کو ہٹا دینا تاکہ پردہ دار عورتیں آ جائیں (۲) ہیجڑا بنوانا۔
**زنانہ مکان** (مذکر) عورتوں کے رہنے کا مکان۔
**زنانی** (زَ۔نا۔نی) [اُر۔صفت] (۱) زن سے منسوب (۲) [مونث] عورت۔
**زنانی سواری** (مونث) عورت جو سواری میں بیٹھے۔
**زنبور** (زَم۔بور) [ع۔ا۔مذکر] (۱) بھِڑ۔ شہد کی مکھی (۲) سنسی (۳) چھوٹی توپ جو بادشاہوں کے ساتھ اونٹ پر رہتی تھی۔
**زنبورچی** (زَم۔بور۔چی) [ف۔ا۔مذکر] توپ چلانے والا۔
**زنبیل** (زَم۔بیل) [ف۔ا۔مونث] (۱) فقیروں کا کاسہ جو خشک کدو کا بنا ہو (۲) جھولی۔ تھیلی۔
**زنبیل عمرو عیار** (۱) ایک روایتی تھیلی جو عمرو عیار کے پاس تھی (۲) ایسا تھیلا جس میں بہت سی چیزیں سما جائیں۔
**زنجبیل** (زَنج۔بیل) [ع۔ا۔مونث] (۱) سونٹھ (۲) بہشت کی ایک نہر کا نام۔
**زنجیر** (زَن۔جیر) [ف۔ا۔مونث] (۱) دروازے کی کنڈی (۲) بیڑی (۳) لڑی۔ سلسلہ (۴) فیل کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے جیسے پچیس زنجیر فیل۔
**زنجیر داد**۔ وہ زنجیر جو نوشیرواں نے اپنے محل کے آگے گھنٹا باندھ کر لٹکائی تھی تاکہ فریادی اسے ہلا کر بادشاہ کو بلا سکیں۔
**زنجیر دار**۔ حلقے دار۔
**زنجیر در**۔ دروازے کے باہر کی کنڈی۔
**زنجیر دینا**۔ کنڈی لگانا۔
**زنجیر ڈالنا**۔ دیوانے یا قیدی کے ہاتھ پاؤں میں زنجیر باندھنا۔
**زنجیر عدل**۔ وہ زنجیر جو شہنشاہ جہانگیر نے اپنے محل میں اس لیے لٹکائی تھی کہ فریادی بادشاہ تک فریاد پہنچا سکیں۔ زنجیر داد۔

**زنجیریں پہننا**۔ قید ہونا۔
**زنجیرہ** (زَن۔جی۔رہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) کوئی چیز جو زنجیر کی شکل کی ہو (۲) بنا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) کپڑے وغیرہ پر کڑھا ہوا حلقہ دار سلسلہ۔ زنجیر دار سلائی۔
**زَنخا** (زَن۔خا) [اُر۔ا۔مذکر] ہیجڑا۔ زنانہ۔
**زَنخدان** (زَ۔نَخ۔دان) [ف۔ا۔مونث] ٹھوڑی۔
**زِندان** (زِن۔دان) [ف۔ا۔مذکر] قید خانہ۔ جیل۔
**زِندانی** (زِن۔دا۔نی) [ف۔ا۔مذکر] قیدی۔
**زِندیق** (زِن۔دیق) [ع۔ا۔مذکر] (۱) کفر۔ شرک (۲) منافقت
**زندگانی** (زِن۔دَگا۔نی) [ف۔ا۔مونث] زندگی۔
**زندگی** (زِن۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مونث] حیات۔ جینا۔
**زندگی آخر ہونا**۔ موت کا وقت قریب آنا۔
**زندگی بخش**۔ زندگی عطا کرنے والا۔
**زندگی بھر**۔ تمام عمر۔
**زندگی سے (بیزار) تنگ ہونا**۔ مرنے کو جی چاہنا۔
**زندگی سے ہاتھ اٹھانا**۔ مرنے کے لیے تیار ہونا۔ جینے سے مایوس ہونا۔
**زندگی سے ہاتھ دھونا**۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔ زندگی سے مایوس ہونا۔
**زندگی شرط ہے**۔ اگر جیتے رہے۔
**زندگی کے دن پورے کرنا**۔ عمر رنج و تکلیف میں گزارنا۔
**زندگی مستعار**۔ چند روزہ زندگی۔ حیات مستعار۔
**زندگی میں**۔ جیتے جی۔
**زندگی ہونا**۔ عمر ہونا۔ دیر تک زندہ رہنا۔
**زندہ** (زِن۔دہ) (۱) جیتا (۲) جاندار (۳) مشتعل۔ سُلگتی ہوئی۔
**زندہ باد**۔ جیتا رہے۔
**زندہ باش**۔ جیتے رہو۔ سلامت رہو۔
**زندہ پیر**۔ وہ بزرگ جو زندگی میں احترام و تعظیم کے لائق ہو۔
**زندہ جاوید**۔ ہمیشہ کے لیے زندہ۔ نہ مرنے والا۔ امر۔
**زندہ داران شب** (۱) وہ جو راتوں کو جاگتے ہیں۔ چوکیدار (۲) رات کو عبادت کرنے والے لوگ۔
**زندہ در گور**۔ سخت مصیبت میں جیتے جی گور میں۔
**زندہ دل**۔ خوش مزاج۔ ظریف۔
**زندہ دلی** (مونث) خوش طبعی۔ دل لگی۔ ظرافت۔ چہل۔
**زندہ کرنا** (۱) جلانا۔ زندگی بخشنا (۲) فرحت دینا۔
**زندہ نہ چھوڑنا**۔ مار ڈالنا۔
**زندہ ہونا** (۱) جی پڑنا (۲) کسی دھات کے کُشتے کا اپنی اصل حالت پہ آنا۔
**زِندیق** (زِن۔دیق) [ع۔ا۔مذکر] کتاب ژند کا معتقد۔ کافر۔ بے دین۔
**زنک** (ZINC) [انگ۔ا۔مذکر] جست۔ ایک قسم کی دھات۔
**زنک لوشن** (ZINC LOTION) آنکھ میں ڈالنے کا ایک عرق۔
**زنکوگرافی** (ZINCOGRAPHY) [انگ۔ا۔مونث] جست کی تختیوں پر چھاپنے کا فن۔
**زنگ** [ف۔ا۔مذکر] (۱) دھات کا میل۔ مورچہ (۲) خصوصاً

Marfat.com

لوہے کا میل ۔
**زنگ آلُود** (آلُودہ) خوردہ ۔ زنگ لگا ہُوا ۔
**زنگار** ۔ [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زنگ (۲) تانبے کا زنگ یا کساؤ (۳) نیلا تھوتھا جو تانبے آکسیجن اور گندھک سے مل کر بنتا ہے ۔
**زنگار کا پھاہا** [مذکر] وہ پھاہا جس پر مرہم زنگار لگایا گیا ہو ۔
**زنگاری** [صفت] زنگار کے رنگ کا ۔ سبز ۔ ہرا ۔
**زنگی** [ف ۔ صفت] حبشی ۔ شیدی ۔ زنجبار کا باشندہ ۔
**زنگی ہڑ** [مونث] کالی اور چھوٹی ہڑ ۔ ہلیلہ سیاہ ۔
**زنہار** (زِن ۔ ہار) [ف] (۱) پناہ ۔ بچاؤ (۲) ہرگز ۔ کبھی نہیں ۔ خبردار ۔

## ز ۔ و

**زوّار** (زَو ۔ وار) [ع ۔ صفت] زیارت کرنے والا ۔ زائر ۔ یاتری ۔
**زوال** (زَ ۔ وال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کمی ۔ اُتار (۲) تنزّل ۔ ادبار (۳) کم بختی (۴) سُورج کا نصف النّہار سے نیچے اُترنا ۔
**زوال پذیر** ۔ گھٹنے والا ۔ تنزّل قبول کرنے والا ۔
**زوال پر ہونا** (۱) گھٹنا (۲) سُورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا ۔
**زوال کا وقت** ۔ دوپہر سے ذرا بعد کا وقت ۔ دُھوپ ڈھلنے کا وقت ۔
**زوالِ ماہ** (قمر) چاند کا بدر کے بعد گھٹنا ۔ اندھیرا ۔ پاکھ ۔
**زوائد** (زَ ۔ وا ۔ ئد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] زائد کی جمع ۔ فضول اور بحث سے خارج باتیں ۔
**زوج** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جفت ۔ جوڑا (۲) بیوی خاوند میں سے کوئی ایک (۳) شوہر (۴) وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے ۔
**زوجہ** (زَوجَہ) [ع ۔ مونث] بیوی ۔
**زوجیت** (زَو ۔ جی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مونث] نکاح ۔ جورو بننا ۔ شوہر بننا ۔
**زوجیت میں لانا** ۔ بیوی بنانا ۔ عقد کرنا ۔
**زوجین** (زَو ۔ جَین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] زوج کا تثنیہ ۔ میاں بیوی ۔
**زود** [ف ۔ صفت] جلد ۔ شتاب ۔ فوراً ۔ ابھی ۔ معاً ۔
**زود آشنا** ۔ بہت جلد دوست بن جانے والا ۔
**زود پشیمان** ۔ بہت جلد پچھتانے والا ۔
**زود رس** ۔ تیز فہم ۔ بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا ۔
**زود رنج** ۔ جلد خفا ہو جانے والا ۔
**زود رنجی** [مونث] ذرا ذرا سی بات پر خفا ہو جانا ۔
**زود فربہ زود لاغر** ۔ جو راتے جلد جلد مرتے ۔
**زود فہم** ۔ تیز فہم ۔ ہوشیار ۔ ذکی ۔
**زود نویس** ۔ جلد جلد لکھنے والا ۔
**زود نویسی** [مونث] جلد جلد لکھنا ۔
**زُور** [ع ۔ ا ۔ مذکر] دغا ۔ فریب ۔ مکر ۔
**زور** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) طاقت (۲) اختیار ۔ بس (۳) ظلم ۔ (۴) کوشش (۵) محنت (۶) سہارا ۔ مدد (۷) وزن (۸) [مذکر] سہارا جو شطرنج کے ایک مہرے کو دوسرے سے ملتا ہے ۔

ہوتا ہے ۔
**زور آزمانا** (۱) طاقت کا امتحان کرنا (۲) قوت دکھانا ۔
**زور آزمائی** [مونث] طاقت آزمانا ۔ قوت دکھانا ۔
**زور آور** (۱) طاقت ور ۔ قوی (۲) زبردست ۔
**زور آوری** [مونث] طاقت ۔ توانائی ۔
**زورِ بازو** ۔ ذاتی قوت ۔ ہمّت ۔
**زور پر** (۱) ترقی پر ۔ کمال پر (۲) حوصلے پر ۔
**زور پڑنا** (۱) بوجھ پڑنا ۔ دباؤ پڑنا (۲) مجبور کیا جانا ۔
**زور پکڑنا** ۔ قوت حاصل کرنا ۔ زیادہ ہونا ۔
**زور توڑنا** (۱) قوت کم کرنا (۲) دباؤ کم کرنا (۳) گھمنڈ توڑنا ۔
**زور جتانا** (۱) رُعب ڈالنا (۲) طاقت ظاہر کرنا ۔
**زور چلنا** ۔ بس چلنا ۔ قابو چلنا ۔
**زوردار** (۱) پُرجوش (۲) طاقت ور ۔
**زور دینا** (۱) قوت دینا (۲) بوجھ ڈالنا (۳) شطرنج کے مہرے کو دوسرے مہرے کا سہارا دینا (۴) کسی لفظ کے تلفظ کو خاص لہجے سے ادا کرنا جس سے یہ ظاہر ہو کہ یہ لفظ قابلِ توجہ ہے ۔
**زور ڈالنا** (۱) مجبور کرنا ۔ دباؤ ڈالنا (۲) دبانا ۔ تنگ کرنا (۳) بوجھ ڈالنا ۔
**زور ڈھے جانا** ۔ غرور جاتا رہنا ۔
**زور زور سے** (۱) قوت سے (۲) تیزی سے (۳) سختی سے (۴) چلا چلا کے ۔
**زور شور** (۱) تیزی و تندی ۔ جوش و خروش (۲) زیادتی ۔
**زورِ طبع** ۔ نئے مضامین اور نئے خیالات پیدا کرنے کی قوت ۔
**زور ظلم** ۔ سختی ۔ زیادتی ۔
**زورِ قلم** ۔ لکھنے کی طاقت ۔ تحریر کا زور ۔
**زور کا** (۱) پُرجوش (۲) شدت کا (۳) بلند ۔
**زور کرنا** (۱) طاقت آزمانا (۲) دو پہلوانوں کا مشق کے لیے لڑنا (۳) زیادہ ہونا (۴) کوشش کرنا ۔
**زور لگانا** (۱) طاقت صرف کرنا (۲) کوشش کرنا (۳) دھکیلنا (۵) مدد کرنا ۔
**زور مارنا** ۔ نہایت کوشش کرنا ۔ سارا زور لگا دینا ۔
**زور میں آنا** ابھرنا ۔ پُوری قوت پر ہونا ۔
**زور نکال دینا** (۱) کمزور کر دینا (۲) غرور مٹا دینا ۔
**زور نہ چلنا** ۔ قابو نہ چلنا ۔
**زوروں پر ہونا** (۱) لگاتار ترقی ہونا (۲) بہت چہل پہل ہونا (۳) زیادہ ہونا ۔
**زوراز وری** [ف ۔ ا ۔ مونث] زبردستی ۔ ظلم ۔
**زوفا** [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کا پودا جس کے پھول اور پتے شربت وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں ۔
**زون** (ZONE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) منطقہ ۔ کرۂ ارض کے وہ پانچ حصّے جو استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں (۲) علاقہ ۔

## ز ۔ ہ

**زہ** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جننا (۲) بچہ ۔ اولاد (۳) کمان کا چلہ ۔ ہے

Marfat.com

مرحبا - بہت خوب -
**زُہّاد** (زُہ - ہاد) [ع - ا - مذکر] زاہد کی جمع -
**زِہار** (زِ - ہار) [ف - ا - مونث] شرم گاہ - پیڑو -
**زُہد** [ع - ا - مذکر] پرہیزگاری - تقویٰ -
**زَہر** [ف - ا - مذکر] (۱) وہ چیز جس کے کھانے سے انسان مر جائے - سم - بس - ہلاہل (۲) غصّہ - غضب (۳) [صفت] کڑوا (۴) ناگوار -
**زہر آب** (زہراب) (۱) پانی جس میں زہر ملا ہُوا ہو (۲) غم - غصّہ (۳) [کنایۃً] پیشاب -
**زہر آشام** (۱) زہر پینے والا (۲) جو زہر میں بُجھا ہو -
**زہر آگیں** (آلود - آلودہ) زہر سے بھرا ہُوا - زہریلا -
**زہر آمیز** - زہر ملا ہُوا -
**زہر اُگلنا** (۱) مُنہ سے زہر نکالنا (۲) کسی کی نسبت بُری باتیں کہنا (۳) اظہارِ قہر و غضب کرنا -
**زہر باد** (۱) ایک بیماری جس میں پھوڑے پھنسی کا زہر سارے بدن میں پھیل جاتا ہے (۲) ہاتھیوں اور گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں آلۂ تناسُل اور خُصیے سُوج جاتے ہیں -
**زہر چڑھنا** - زہر کا اثر ہونا -
**زہر خند** (مذکر) وہ ہنسی جو غصّے، ناگواری یا شرمندگی سے ہو -
**زہر دینا** - زہر کھلانا - زہر دے کر مارنا -
**زہر قاتل** - وہ زہر جس کے کھانے سے انسان مر جائے - مُہلک زہر -
**زہر کر دینا** (کر دینا) (۱) سخت کڑوا کر دینا (۲) ناگوار کر دینا -
**زہر کی پُڑیا** (چھُری) - گانٹھ (فتنہ انگیز - مُفسد - شریر -
**زہر کے سے گھونٹ** - بہت ناگوار -
**زہر لگنا** - بُرا لگنا - ناگوار گزرنا -
**زہر مار کرنا** - نامرغوب چیز کھانا - مجبوراً کوئی چیز کھانا -
**زہر مُہرہ** (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو زہر جذب کر لیتا ہے -
**زہر مُہرہ خطائی** - شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت زود اثر ہوتا ہے -
**زہر میں بُجھانا** - تلوار یا خنجر کی دھار کو آگ میں سُرخ کر کے زہر آلود پانی میں بُجھاتے ہیں - ان سے جو زخم ہوتے ہیں، ان میں زہر اثر کر جاتا ہے -
**زہر ہلاہل** - زہر قاتل - مُہلک زہر -
**زہر ہے** (۱) سم قاتل ہے - آزار رساں ہے (۲) تلخ ہے -
**زَہرا** (زَہ - را) [ع - صفت] (۱) روشن - چمکیلا (۲) حضرت فاطمہؓ کا لقب -
**زَہرہ** (زَہ - رہ) [ف - ا - مذکر] (۱) پِتّا - ایک اندرونی عُضو (۲) دلیری - قوّتِ مردانگی - ہمّت - حوصلہ -
**زہرہ آب ہونا** - پِتّا پانی ہونا - حوصلہ پست ہونا - خوف طاری ہونا -
**زہرہ پھٹنا** (۱) خوف ہونا (۲) حسد کرنا - جلنا -
**زُہرہ** (زُہ - رہ) [ع - ا - مونث] ایک سیارہ کا نام - ناہید - شُکر -
**زُہرہ جبیں** - زُہرہ کی طرح روشن پیشانی - خوبصورت - حسین -

**زہریلا** (زہ - ری - لا) [اُ - صفت] زہر سے بھرا ہُوا -
**زہریلی** (زہ - ری - لی) [اُ - صفت] زہریلا کا مونث -
**زہے** (زِ - ہے) واہ واہ - شاباش - مرحبا -
**زہے قسمت** (نصیب) واہ ری قسمت! خوش قسمتی -
**زَہیر** (زَ - ہیر) [ع - صفت] (۱) دُبلا - منحنی (۲) اُداس - پریشان -

# ز - ی

**زِیاد** (زِ - یاد) [ع - صفت] زیادہ کا مخفف -
**زِیادت** (زِ - یا - دت) [ع - ا - مونث] (۱) اصطلاح نحو میں ایک یا زیادہ حرفوں کا زیادہ کرنا جیسے جھیڑ چال سے جھیڑیا چال (۲) زیادتی -
**زیادتی** (زِ - یا - دَ - تی) [ف - مونث] (۱) کثرت - افراط (۲) ظلم - زبردستی -
**زیادتی کرنا** - جبر کرنا - سختی کرنا - زبردستی کرنا -
**زیادہ** (زِ - یا - دہ) [ع - صفت] افزوں - فاضل - بہت سوا - فالتو -
**زیادہ تر** - بیش تر - سوا - بہت زیادہ -
**زیادہ حدِ ادب** - خط یا عرضی کے اخیر میں لکھتے ہیں کہ زیادہ عبارت بڑھانے میں ادب مانع ہے -
**زیادہ ستانی** (مونث) (قانون) (۱) سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا (۲) زیادہ طلبی -
**زیادہ سے زیادہ** - بہت سے بہت - حد سے حد -
**زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں** (مثل) زیادہ دوستی یا بے تکلفی میں سخ ہوتا ہے -
**زیادہ ہے** (۱) برکت ہے - بہت ہے (۲) نہیں ہے -
**زِیارت** (زِ - یا - رت) [ع - ا - مونث] (۱) کسی متبرک مقام، چیز یا آدمی کا دیکھنا - حج - مقدس مقام کا نظارہ (۲) کسی بزرگ کا مقبرہ - آستانہ (۳) سلام (پڑھنا کے ساتھ)
**زیارتِ بزرگاں کفارۂ گناہ** (مثل) بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں -
**زیارت گاہِ خاص و عام** (۱) ایسی جگہ یا شخص جس کی ہر کوئی جا کر زیارت کرے (۲) مقبولِ عام -
**زِیاں** (زِ - یاں) [ف - ا - مذکر] ضرر - نقصان - خسارہ -
**زیاں کار** - نقصان دینے والا - مُضر -
**زیاں کاری** (مونث) نقصان پہنچانا -
**زیب** [ف - ا - مونث] آرائش - زینت - خوبصورتی (۲) [صفت] سجانے والا - (مرکبات میں جیسے تن زیب) -
**زیبِ تن کرنا** - کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا - پہننا - جسم پر لگانا -
**زیب دینا** - بھلا لگنا - شوبھا دینا - موزوں ہونا - سجنا -
**زیب و زینت** - آراستگی - سجاوٹ -
**زیبا** (زے - با) [ف - صفت] (۱) زیب دینے والا - سُندر - خوشنما - آراستہ - بنا سنورا - موزوں (۲) لائق - مناسب -

Marfat.com

**زیبائش** (زے۔با۔اِش) [ف۔ا۔مونث] آرائش۔زینت۔ سجاوٹ۔
**زیبائشی** [ف۔صف] آرائشی۔سجاوٹ کا۔
**زیبائی** [ف۔ا۔مونث] خوبی۔خوش نمائی۔
**زیبرا** (ZEBRA) (زیب۔را) [انگ۔ا۔مذکر] گدھے کی قسم کا ایک جانور جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں۔
**زیبندہ** (زے۔بِن۔دَہ) [ف۔صف] زیب دینے والا۔
**زیت** [ع۔ا۔مذکر] زیتون کا تیل۔
**زیتون** (زے۔تُون) [ع۔ا۔مذکر] ایک مشہور درخت کا نام۔
**زیچ** [ف۔ا۔مونث] (۱) معمار کا دھاگا (۲) جنتری۔
**زید** [ع۔ا۔مذکر] (۱) بڑھانا (۲) ایک فرضی نام (۳) ایک صحابیؓ کا نام۔
**زیدی** (زے۔دی) [ع۔صف] حضرت زیدؓ کی نسل سے۔
**زیر** [ف۔ا۔مذکر] (۱) نیچے۔تحت (۲) [صف] کمزور (۳) کمتر۔گھٹیا (۴) [مونث] کسرہ۔جر۔ایک نشان جو حروف کے نیچے دیا جاتا ہے (۵) مدھم آواز۔نیچا سُر (۶) سارنگی کا چھوٹا تار۔
**زیر بار** (۱) بوجھ سے دبا ہُوا (۲) احسان سے دبا ہُوا (۳) مقروض۔
**زیر باری** (مونث) (۱) قرضے میں مبتلا ہونا (۲) اخراجات کی وجہ سے پریشانی۔
**زیر بند** (مذکر) وہ تسمہ جو گھوڑے کی زین سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔گھوڑے کا تنگ۔
**زیر پیچ** (مونث) چھوٹی پگڑی جو بڑی پگڑی کے نیچے باندھتے ہیں۔
**زیر تجویز**۔کسی معاملے پر غور ہونا۔
**زیر جامہ** (مذکر) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔
**زیر حراست**۔گرفتار۔جو حوالات میں ہو۔
**زیر خاک**۔قبر میں۔زمین میں دفن۔
**زیر زمین**۔زمین کے نیچے۔قبر میں۔
**زیر سایہ** (۱) نزدیک (۲) پناہ میں۔ہمسائے میں۔

**زیر کرنا** (۱) فتح کرنا (۲) پچھاڑنا۔
**زیر لب**۔آہستہ (بات)
**زیر مشق** (مونث) وہ چمڑا جو لکھنے کی مشق کرتے وقت نیچے رکھ لیا جاتا ہے۔
**زیر نظر** (۱) نگاہ میں (۲) حراست میں۔زیر غور۔
**زیر نگیں**۔ماتحت۔تصرف میں۔
**زیر و بم** (۱) نیچا اور اونچا سُر (۲) طبلے یا نقارے کا دایاں یا بایاں رُخ۔
**زیر و زبر** (۱) تہ و بالا۔درہم برہم۔تباہ (۲) کسرہ اور فتحہ۔
**زیرک** (زی۔رَک) [ف۔صف] دانا۔عقل مند۔دانش مند۔
**زیرکی** (زی۔رَ۔کی) [ف۔ا۔مونث] عقل مندی۔دانائی۔
**زیرہ** (زی۔رَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) ایک خوشبودار بیج جو اکثر کھانوں میں ڈالا جاتا ہے (۲) پھولوں کی زردی۔زرگل۔
**زیریں** (زے۔ریں) [ف۔تابع فعل] نیچے کا۔تلے کا۔پائیں۔
**زیس** (ZEUS) (زی۔اَس) [یو۔ا۔مذکر] یونانیوں کا سب سے بڑا دیوتا۔کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
**زیست** [ف۔ا۔مونث] زندگی۔حیات۔عمر۔
**زین** [ع۔ا۔مذکر] زیب و زینت۔خوبصورتی۔سجاوٹ۔
**زین خان**۔عورتوں کا ایک فرضی جن۔
**زین** [ف۔ا۔مذکر] (۱) چار جامہ۔کاٹھی (۲) پالان۔کجاوہ۔
**زین پوش**۔کپڑا جو زین کے اوپر ڈالتے ہیں۔
**زین دھرنا** (کسنا۔کھینچنا) گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا۔
**زین ساز**۔زین بنانے والا۔
**زین سازی** (مونث) زین بنانے کا کام یا پیشہ۔
**زینت** (زی۔نت) [ع۔ا۔مونث] زیبائش۔خوبصورتی۔سجاوٹ۔
**زینت** (بخشنا) (دینا)۔سجانا۔مزین کرنا۔
**زینہ**۔(زی۔نَہ) [ف۔ا۔مذکر] سیڑھی۔
**زینہار** (زین۔ہار) [ف] دیکھیے زنہار۔
**زیور** (زے۔وَر) [ف۔ا۔مذکر] (زیب ور کا مخفف) زیب دینے والا۔گہنا پاتا۔
**زیورات** (زے۔وَ۔رات) [ف۔ا۔مذکر] زیور کی جمع۔گہنے۔

Marfat.com

# ژ

ژ- (ژے) (ف-ا-مونث) اُردو کا سترھواں اور فارسی کا چودھواں حرف۔ اسے زائے فارسی یا عجمی بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے سات عدد ہیں ۔

## ژ-ا

ژاژ- (ف-ا- مذکر) (۱) ایک کانٹوں دار جھاڑی۔ اونٹ کٹارا (۲) (مونث) بیہودہ بات۔
ژاژخا- بیہودہ گو۔ بکواسی۔
ژاژخائی- (مونث) بیہودہ گوئی۔ بکواس۔
ژالہ- (ژا-لہ) (ف-ا-مذکر) اولا۔
ژالہ باری- (مونث) اولوں کی بارش۔ اولے پڑنا۔

## ژ-ر

ژرف- (ف-صفت) گہرا۔ عمیق

## ژ-ن

ژند- (ف-ا-مذکر) (۱) گدڑی (۲) بزرگ (۳) (مونث) پارسیوں کے پیشوا زرتشت کی مقدس کتاب (۴) قدیم ایرانی زبان۔

## ژ-و

ژولیدگی- (ژو-لی-دَ-گی) (ف-ا-مونث) (۱) اُلجھاؤ (۲) پریشانی۔
ژولیدہ- (ژو-لی-دَہ) (ف-صفت) اُلجھا ہوا پریشان۔
ژولیدہ حال- پریشان حال۔ خستہ حال۔
ژولیدہ مُو- (۱) بکھرے ہوئے بال (۲) بکھرے یا اُلجھے ہوئے بالوں والا۔

Marfat.com

# س

س - (سِین) (ع - ا - مذکر) اُردو کا اٹھارھواں فارسی کا پندرھواں عربی کا گیارھواں اور ہندی کا تینتیسواں حرف۔ حسابِ ابجد میں اس کے ساٹھ عدد مقرر ہیں۔

## س - ا

سا - (ف) (۱) حرفِ تشبیہ بطور لاحقہ۔ ساں اور آسا کا مخفف۔ مثل مانند، جیسا (لڑکا سا۔ تم سا) (۲) مصدر ساییدن کا اسم فاعل بمعنی رگڑنے والا۔ چمکانے والا۔ (جیسے جبہ سا۔ پیشانی رگڑنے والا) (۳) (اُر) معتقد۔ ظاہر کرنے والا (۴) گویا۔

سا - (ہ) لاحقہ بمعنی (۱) بہت سے بے حد (۲) خاص۔ یہی۔ (صفات اور ضمائر کے ساتھ مل کر اسماء صفت بناتا ہے جیسے کالا سا۔ بہت سا۔ کون سا۔ حسنِ کلام کے لیے زاید بھی استعمال ہوتا ہے چھوٹا سا۔ کوئی سا۔)

سابر - (سا۔ بَر) (ہ - ا - مذکر) (۱) بارہ سنگھا۔ (۲) نقب زنی کا آلہ۔

سابر چمڑا - بارہ سنگھے یا ہرن کی کھال کا چمڑا جو سفید یا زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

سابع - (سا۔ بِع) (ع۔ صفت) ساتواں ہفتم۔

سابق - (ع - صفت) (۱) پہلا - اوّل - اگلے وقت کا (۲) سبقت لے جانے والا - بڑھا ہوا۔

سابق الذکر - جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہو - مذکورہ بالا -

سابق میں - گذشتہ زمانے میں۔

سابقاً (سا۔ بِ۔ قَن) (ع) (۱) قبل ازیں (۲) پہلی دفعہ۔

سابقہ - (سا۔ بِ۔ قہ) (ف - ا - مذکر) (۱) جان پہچان - دوستانہ (۲) واسطہ - معاملہ۔

سابقہ پڑنا (۱) واسطہ پڑنا (۲) لین دین ہونا (۳) واقفیت ہونا۔

سابقین - (سا۔ بِ۔ قِین) (ع - ا - مذکر) سابق کی جمع - گذشتہ زمانے کے لوگ - اگلے وقت کے لوگ۔

سابو تاژ (SABO TAGE) [انگ - ا - مذکر] تخریب - شرارت انگیزی - کسی کارخانے کے کارکنوں کا مشینوں کو توڑ پھوڑ دینا یا کوئی پرزہ بیکار کر دینا -

سابو دانہ - دیکھیے ساگو دانہ -

سات - (ہ - صفت) چھ جمع ایک کا عدد - ہفت -

سات پانچ - (مونث) (کنایۃً) چالاکی عیاری - مکر و فریب

سات پشت - (مونث) سات پیڑھی - تمام نسل -

سات پیڑھی - (مونث) دیکھیے سات پشت -

سات سمندر - (مذکر) دنیا کے سارے سمندر -

سات سمندر پار - بہت دُور - دُور دراز فاصلے پر -

سات سہیلیوں کا جُھمکا - (مذکر) پروین - عقدِ ثریا -

ساتا - (ہ - صفت) ساتھ (اب صرف نظم میں مستعمل ہے)

ساتواں ساتویں - (ہ - صفت) سات سے نسبت رکھنے والا

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا - بہت غرور کرنا - بڑا گھمنڈ کرنا -

ساتویں - (سات - ویں) (ہ - صفت) چھ کے بعد کی (تاریخ یا کوئی چیز)

ساتھ - (ہ - ا - مذکر) (۱) ہمراہ - شریک (۲) ہمراہی - شرکت - (۳) میل ملاپ -

ساتھ چھوٹنا - جدا ہونا - نااتفاقی ہو جانا -

ساتھ دینا - رفاقت کرنا - نباہنا - مدد دینا -

ساتھ رہنا - (۱) ہمراہ رہنا (۲) ایک گھر میں یا ایک جگہ رہنا۔

ساتھ کا کھیلا (کی کھیلی) بچپن کا دوست - بال پن کی سہیلی -

ساتھ لگا پھرنا - پیچھے پیچھے پھرنا - پیچھا نہ چھوڑنا -

ساتھ لینا - ہمراہ لینا - سنگ لینا -

ساتھ والا - ساتھی - ہمراہی - رفیق -

ساتھن - (سا - تھن) (ہ - ا - مونث) ساتھ والی - ساتھی کی عورت -

ساتھی - (سا - تھی) (ہ - ا - مذکر) (۱) رفیق - ہمراہی (۲) مددگار - حمایتی -

ساٹا - (سا - ٹا) (ہ - ا - مذکر) (۱) عوض معاوضہ (۲) ہنڈی کا باہمی لین دین -

ساٹن - (SATIN) (انگ - ا - مذکر) ایک قسم کا دبیز بھڑکیلا ریشمی کپڑا - اطلس -

ساٹھ - (ہ - صفت) انسٹھ جمع ایک -

ساٹھا - (ہ - ا - مذکر) ساٹھ برس کی عمر کا آدمی -

ساٹھا پاٹھا - ایسا آدمی جس کے ساٹھ برس کی عمر میں بھی قویٰ اچھے ہوں -

ساٹھا پاٹھا - بیسی کھیسی (مثل) مرد ساٹھ برس کی عمر تک قوی رہتا ہے - لیکن عورت بیس ہی برس کی عمر سے ڈھلنے لگتی ہے -

ساٹھی - (ہ - ا - مونث) ایک قسم کا سُرخ چاول جس کی فصل ساٹھ دن میں تیار ہو جاتی ہے -

ساجد - (ع - صفت) سجدہ کرنے والا -

ساجدہ - (سا - جِ - دَہ) (ع - صفت) سجدہ کرنے والی -

ساجھا - (ہ - ا - مذکر) کسی کام میں حصہ داری -

ساجھا بھلا نہ باپ کا اور ناؤ بھلا نہ باپ کا - (مثل) شراکت کسی کے ساتھ نہ کرنی چاہیے خواہ وہ اپنا باپ ہی کیوں نہ ہو - اور بچار کی گرمی اچھی نہیں ہوتی -

Marfat.com

ساجھے کی ہنڈیا چوراہے پر پھوٹتی ہے۔ (مثل) شرکت کے کاروبار میں جھگڑا ضرور ہوتا ہے۔

ساجھی۔ (ہ۔ا۔ مذکر) حصہ دار۔ شریک۔ پتی دار۔

ساچق۔ (سا۔ چق) (ت۔ا۔ مونث) برات سے ایک روز پہلے کی رسم جس میں دولہا کے یہاں سے دلہن کے لیے مٹھائی وغیرہ لے کر جاتے ہیں۔ (اس روز دلہن کے مہندی لگائی جاتی ہے)۔

ساحر۔ (ع۔ا۔ مذکر) جادوگر۔ جادو کرنے والا۔

ساحرانہ۔ (سا۔ ح۔ را۔ نہ) (ف۔ صفت) (۱) جادو کا اثر رکھنے والا (۲) سحر سے منسوب۔

ساحرہ۔ (سا۔ ح۔ رہ) (ع۔ا۔ مونث) جادوگرنی۔ ٹونہائی۔

ساحری۔ (سا۔ ح۔ ری) (ع۔ا۔ مونث) جادوگری۔ ٹونا۔

ساحل۔ (سا۔ حل) (ع۔ا۔ مذکر) سمندر یا دریا کا کنارہ۔

ساخت۔ (ف۔ا۔ مونث) (۱) بناوٹ۔ ترکیب۔ وضع۔ (۲) مکر۔ حیلہ۔

ساختگی۔ (سا۔ خ۔ تَ۔ گی) (ف۔ا۔ مونث) بناوٹ (مرکب مستعمل ہے جیسے بے ساختگی)۔

ساختہ۔ (سا۔ خ۔ تہ) (ف۔ صفت) مصدر ساختن کا اسم مفعول۔ (۱) گھڑا ہوا (۲) بنایا ہوا۔ تیار کیا ہوا۔

ساختہ پرداختہ۔ (۱) بنایا ہوا۔ آراستہ کیا ہوا (۲) کرتوت۔

سادات۔ (ع۔ا۔ مذکر) وہ لوگ جو حضرت علیؓ کی اولاد حضرت فاطمہؓ کے بطن سے ہیں۔ سید (سادہ) کی جمع الجمع۔

سادس۔ (سا۔ دِس) (ع۔ صفت) چھٹا۔ ششم۔

سادگی۔ (سا۔ دَ۔ گی) (ف۔ا۔ مونث) (۱) بے تکلفی۔ سادہ روئی (۲) صاف دلی (۳) بھولا پن۔ ناسمجھی۔ سیدھا پن۔

سادگی و پرکاری۔ بھولپن اور عیاری۔

سادہ۔ (سا۔ دَہ) (ف۔ صفت) (۱) کورا۔ بغیر لکھا (۲) بغیر ترکاری کا ترگوشت کا سالن (۳) جس میں زیبائش اور آرائش نہ ہو (۴) جس پر گوٹے کناری کا کام یا نقش و نگار نہ بنے ہوں (۵) بھولا بھالا (۶) صاف دل۔ بے ریا۔

سادہ پرکار۔ (کنایتاً) بھولا مگر عیار (محبوب)۔

سادہ پن۔ (مذکر) سادگی۔ بھولا پن۔

سادہ دل۔ صاف دل۔ بھولا۔

سادہ دلی۔ (مونث) (۱) بے وقوفی (۲) بھولا پن (۳) صاف دلی۔

سادہ کار۔ نفیس کام بنانے والا سنار۔

سادہ کاری۔ (مونث) سادہ کار کا پیشہ۔ سناری۔ زرگری۔

سادہ لوح۔ (۱) بے وقوف۔ نادان (۲) بھولا بھالا۔ سیدھا سادا۔

سادہ لوحی۔ (مونث) (۱) بے وقوفی۔ نادانی (۲) سادگی۔ بھولا پن۔

سادہ مزاج۔ جس کے مزاج میں بناوٹ یا تکلف نہ ہو۔

سادہ مزاجی۔ (مونث) صاف دلی۔ بے تکلفی۔ سادگی۔

سادہ ہندی۔ (مونث) (اصطلاح علم التعلیم) سادہ بل۔

سادھ۔ (ہ۔ صفت) (۱) نیک۔ پارسا (۲) جوگی۔

سادھنا۔ (سادھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) عادت ڈالنا (۲) مانوس کرنا (۳) تولنا۔ جانچنا (۴) روکنا۔ تھامنا (۵) اصلاح کرنا (۶) اختیار کرنا۔

سادھو۔ (سا۔ دھو) (س۔ صفت) (۱) پارسا۔ پرہیزگار۔ (۲) (ا۔ مذکر) جوگی۔ درویش۔

سادھو بچہ۔ (کنایتاً) مکار۔ عیار۔ دغاباز۔

سادی۔ (ہ۔ صفت) (۱) سادہ کا مونث (۲) (مونث) پتنگ کی وہ ڈور جس پر مانجھا نہ کیا گیا ہو۔

سار۔ (ف۔ لاحقہ) (۱) بھرا ہوا۔ پُر (جیسے کوہسار) (۲) مانند۔ مثل (جیسے خاکسار: خاک کی مانند) (۳) (مذکر) چوٹی۔ سر (جیسے نگوں سار یعنی سرنگوں) (۴) اونٹ۔

ساربان۔ اونٹ چلانے والا۔ سانڈنی سوار۔ شتربان۔

سار۔ (س۔ ہ۔ا۔ مذکر) (۱) لب لباب۔ جوہر (۲) قدر و قیمت (۳) طاقت (۴) اعتبار

سار جاننا۔ (۱) قدر کرنا۔ حقیقت جاننا (۲) کیفیت یا حالت معلوم کرنا۔

سارا۔ (ہ۔ صفت) کُل۔ تمام۔ سب۔ پورے کا پورا۔

سارا جاتا دیکھیے تو آدھا دیجے بانٹ۔ (مثل) اگر سارا مال ہاتھ سے نکل رہا ہو تو آدھا دے کر باقی بچا لینا چاہیے۔

سارا گھر سر پر اٹھا لینا۔ بہت غل مچانا۔ حد سے زیادہ شور مچانا۔

سارے جہان کا چھٹا ہوا۔ پکا بدمعاش۔ بڑا شہدا۔

سارٹیفکٹ۔ (انگ۔ا۔ مذکر) دیکھیے سرٹیفکٹ۔

سارجنٹ۔ (SERGEANT) (سار۔ جنٹ) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) فوج کا حوالدار۔ جمع دار (۲) دارو غہ۔ تھانے دار۔

سارجنٹ میجر (SERGEANT MAJOR) ایک فوجی عہدہ دار

سارس۔ (سا۔ رَس) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک سفید رنگ لمبی ٹانگوں والا آبی پرند۔

سارس کی سی جوڑی۔ پکے دوست جو ہر وقت اور ہر جگہ ساتھ رہتے ہوں۔

سارق۔ (سا۔ رِق) (ع۔ا۔ مذکر) چور۔ چرانے والا۔

سارنگ۔ (سا۔ رَنگ) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دیپک کی ایک راگنی (۲) شہد کی بڑی مکھی۔

سارنگی۔ (ہ۔ا۔ مونث) ایک قسم کا ساز۔

ساری۔ (ع۔ صفت) اثر کرنے والا۔ سرایت کرنے والا۔

ساری۔ (ہ۔ صفت) (۱) سارا کا مونث۔ کُل۔ تمام (۲) دیکھیے ساڑی۔

ساری خدائی۔ کل مخلوقات۔

ساری خدائی ایک طرف جورو کا بھائی ایک طرف۔ (مثل) زن مرید کے بارے میں کہا جاتا ہے

ساری خدائی کا جھوٹا۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا۔

ساری خدائی کا کام۔ بہت زیادہ کام۔ کام کی کثرت۔

ساری دیگ میں ایک ہی چاول ٹٹولتے (دیکھتے) ہیں۔ (مثل) جزو سے کل کا حال معلوم ہو جاتا ہے تھوڑے سے بہت کا پتا چل جاتا ہے۔

Marfat.com

**ساری رُت ممیائی ایک بچہ بیانی** - (مثل) دیکھیے اتنی مدت ممیائی
**ساری زلیخا پڑھی تو یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا عورت تھی یا مرد** (مثل) دیکھیے زلیخا پڑھی۔
**ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا** - عمر بھر فضول کام کرتے رہے
**سارے** - (ہ - صفت) کل - تمام (جمع کے لیے)
**ساڑھو** - (ہ - ا - مذکر) سالی کا خاوند - ہم زلف - ساندُو۔
**ساڑھی** - (ہ - ا - مونث) فصلِ ربیع جس میں گیہوں، جَو، چنا وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔
**ساڑھے** - (ہ - صفت) آدھا - نصف (ایک اور دو کے اعداد کے علاوہ باقی تمام اعداد کے سابقے کی شکل میں استعمال ہوتا ہے)
**ساڑی (ساڑھی)** (ہ - ا - مونث) ایک قسم کی لمبی دھوتی جسے عورتیں آدھی باندھتی اور آدھی اوڑھتی ہیں۔
**ساز** - (ف - ا - مذکر) (۱) سامان - اسباب (۲) باجا (۳) جنگ کے ہتھیار (۴) وہ سامان جو گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے کے لیے درکار ہوتا ہے۔ (۵) میل جول (۶) مصدر ساختن کا اسم فاعل معنی بنانے والا (مرکبات میں جیسے کارساز - کام بنانے والا)۔
**ساز باز** - (مونث) کسی کے خلاف گٹھ جوڑ کرنا - سازش کرنا
**سازگار** - موافق - مناسب - موزون۔
**ساز و سامان** - (۱) اسباب (۲) ضروریات۔
**سازش** - (ف - ا - مونث) (۱) کسی کی مخالفت کے لیے باہمی اتفاق (۲) خلافِ قانون تال میل۔
**سازشی** - (سا - زِ - شی) (ف - صفت) سازش کرنے والا۔
**سازندہ** - (سا - زن - دہ) (ف - ا - مذکر) ساز بجانے والا۔
**سازی** - (ف - ا - مونث) بنانا (مرکبات میں جیسے ملمع سازی)۔
**ساس** - (ہ - ا - مونث) بیوی یا شوہر کی ماں - خوش دامن۔
**ساس** - (SAUSE) (انگ - ا - مونث) (۱) شوربا۔ (۲) چٹنی۔
**ساس پان** - (SAUSE PAN) کڑچھا - چھوٹی کڑاہی جس میں دستہ لگا ہوتا ہے۔ (صحیح تلفظ ساس پَین)۔
**ساسانی** - (ف - صفت) قدیم شاہانِ ایران کا ایک خاندان جو ساسان بن بہمن کی اولاد سے تھا۔
**ساطع** - (سا - طِع) (ع - صفت) (۱) گھڑی - لمحہ - منٹ - (۱) اونچا - بلند (۲) چمکتا ہوا۔
**ساعات** - (ع - ا - مذکر) ساعت کی جمع۔
**ساعت** - (سا - عَت) (ع - ا - مونث) (۱) گھڑی - لمحہ - منٹ (۲) ڈھائی گھڑی - گھنٹا (۳) وقت (۴) معین وقت۔
**ساعتِ سعید** - نیک گھڑی - مبارک وقت۔
**ساعد** - (سا - عِد) (ع - ا - مذکر و مونث) (۱) بازو (۲) (ت) کلائی - پہنچا۔
**ساعدِ سیمیں** - چاندی کی سی کلائی - سفید کلائی۔
**سائی** - (سا - عی) (ع - صفت) کوشش کرنے والا دوڑ دھوپ کرنے والا۔
**ساغر** - (سا - غَر) (ف - ا - مذکر) شراب کا پیالہ - جام۔
**ساغر چلنا** - شراب کا دَور چلنا۔
**ساغر کش** - شراب پینے والا۔
**سافل** - (سا - فِل) (ع - صفت) (۱) پیچھے کا (۲) کمینہ۔ (۳) (ا - مذکر) نچلا حصّہ۔
**ساق** - (ع - ا - مونث) (۱) پنڈلی (۲) درخت کا تنہ۔
**ساقط** - (سا - قِط) (ع - صفت) (۱) گرا ہوا - (۲) نکما (۳) متروک - مسترد۔
**ساقط کرنا** (۱) (حمل) گرانا - (۲) مصرعے کو وزن یا بحر سے گرانا (۳) نامنظور کر دینا۔
**ساقط ہونا** - (۱) (حمل) گر جانا (۲) بحر یا وزن سے گرنا۔
**ساقول** - (ت - ا - مذکر) دیکھیے سابل۔
**ساقی** - (ع - ا - مذکر) (۱) شراب پلانے والا - (۲) (اُر) حقّہ پلانے والا۔
**ساقیِ ازل** - اللہ تعالیٰ۔
**ساقیِ کوثر** - (۱) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم - (۲) - حضرت علیؓ۔
**ساقیا** - (ف) اے ساقی (الف ندائیہ ہے)۔
**ساکت** - (سا - کِت) (ع - صفت) (۱) بے حرکت (۲) خاموش - دم بخود۔
**ساکٹ** - (SOCKET) (انگ - ا - مذکر) کسی چیز کا خانہ یا گھر۔
**ساکر** - (SOCKER) (انگ - ا - مذکر) فٹ بال کی ایک قسم جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگایا جاتا۔
**ساکن** - (ع - صفت) (۱) بے حرکت (۲) مقیم - باشندہ - (۳) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ حرف جس پر جزم ہو۔
**ساکنان - ساکنین** - (سا - کِ - نان) (سا - کِ - نین) (ع - ا - مذکر) ساکن کی جمع - باشندے۔
**ساکہ** - (سا - کہ) (ہ - ا - مذکر) وہ داستانیں جو ہندو اپنے بہادروں کے متعلق گاتے ہیں۔
**ساکھ** - (ہ - ا - مونث) (۱) اعتبار - بھرم (۲) نیکنامی (۳) (اصطلاح بنکاری) کسی کارخانے وغیرہ کا نام اعتبار کرنے اور اس کی ساکھ سے فائدہ اٹھانے کا حق۔
**ساکھ جانا** - اعتبار اٹھ جانا - بھروسا نہ رہنا۔
**ساکھ دار** - (اصطلاح بنک کاری) قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھنے والا۔
**ساکھ داری** - (مونث) (اصطلاح بنک کاری) قرضہ ادا کر سکنے کی طاقت۔
**ساکھ لاکھ سے اچھی** - (مثل) ساکھ دولت سے زیادہ کام دیتی ہے۔
**ساگ** - (ہ - ا - مذکر) سبزی ترکاری۔
**ساگ پات** - بھاجی ترکاری۔

Marfat.com

ساگر - (سا-گر) (س-ا-مذکر) سمندر - بحر -
ساگوان - (ساگ-وان) (ہ-ا-مذکر) دیکھیے ساگون -
ساگودانہ - (ہ-ا-مذکر) ایک قسم کا دانہ جو ساگو درخت کے تنے سے نکالا جاتا ہے اور ہلکی غذا ہونے کی وجہ سے بیماروں کو کھلایا جاتا ہے -
ساگون - (سا-گون) (ہ-ا-مونث) ایک مضبوط لکڑی کا درخت - ساگوان -
سال - (ہ-ا-مذکر) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کے تختے بنائے جاتے ہیں - ساکھو -
سال گرام - ایسی جگہ جہاں سال کے بہت سے درخت ہوں -
سال - (ف-ا-مذکر) (۱) برس (۲) عمر (۳) سنہ
سالِ الٰہی - سالِ فصلی - وہ سال جو وصولِ مالگزاری کے لیے فصلوں کے حساب سے اکبر کے زمانے میں ایجاد ہوا -
سال بسال - ہر برس - ہر سال -
سالِ بکرمی - راجہ بکرماجیت کا سال جو ۵۷ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے -
سال بھاری ہونا - (نجوم کی اصطلاح) سال منحوس ہونا -
سال بھر - تمام سال -
سالِ پیوستہ - پچھلے سے پچھلا برس -
سالِ تمام - اخیر سال -
سالِ تمامی - سالانہ کیفیت یا رپورٹ -
سالِ جلالی - وہ سنہ جو سلطان جلال الدین سلجوقی کے عہد میں ایجاد ہوا تھا -
سالِ جلوسی - وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی کے وقت سے شروع ہو کر اس کے عہد تک چلتا ہے -
سال حاصل - سالانہ پیداوار یا آمدنی -
سال خوردہ - (۱) پرانا - برتا ہوا (۲) بوڑھا - تجربہ کار -
سالِ رواں - موجودہ سال - وہ برس جو گزر رہا ہے -
سالِ رومی - وہ سنہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے روم میں رائج تھا -
سالِ ساکا - راجہ سالباہن کا سال جو ۷۸ء سے شروع ہوتا ہے -
سالِ شمسی - وہ سال جس کا حساب سورج کے گرد زمین کی گردش سے کیا جاتا ہے -
سالِ عیسوی - وہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے -
سالِ قمری - وہ سال جس کا حساب چاند کی گردش سے کیا جاتا ہے - سنہ ہجری، سنہ فصلی اور یہودیوں کا سال قمری سال ہیں -
سالِ کبیسہ - تیرہ مہینوں کا فصلی سال جو تین سال کے بعد آتا ہے - لوند کا سال -
سال گرہ - (مونث) جنم دن - برس گانٹھ -
سالِ ماسبق - پچھلا سال - گزشتہ سال -
سال نامہ - (مذکر) کسی اخبار یا رسالے کا وہ پرچہ جو اس کی سالگرہ پر خاص اہتمام سے شائع کیا جاتا ہے -
سالِ نو - نیا سال -
سال وار - ہر سال - سال بہ سال -
سال ہا سال - برس ہا برس - برسوں - کئی سال -
سالِ ہجری - وہ سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے سے مدینے کی جانب ہجرت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے -
سالا - (سا-لا) (ہ-ا-مذکر) بیوی کا بھائی -
سالار - (ف-ا-مذکر) سردار - افسر - رہنما - جرنل -
سالارِ جنگ - (۱) جرنیل - فوج کا بڑا افسر (۲) ایک خطاب -
سالارِ قافلہ - قافلے کا سردار - میرِ قافلہ -
سالارِ قوم - قوم کا سردار -
سالانہ - سالیانہ - (سال-یا-نہ) (ف-صفت) (۱) ہر سال - (۲) سال بسال کا (۳) (ا-مذکر) سال بسال ملنے والا وظیفہ -
سالک - (ع-ا-مذکر) (۱) راہ چلنے والا (۲) (تصوف کی اصطلاح) جو خدا کا قرب بھی چاہے اور فعلِ معاش بھی رکھتا ہو -
سالم - (ع-صفت) (۱) پورا - تمام - مکمل (۲) صحیح سلامت - (۳) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ صحیح لفظ جس میں کوئی حرفِ علت نہ ہو یا دوسرا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو (۵) (علم عروض) ایک رکن اور بحر کا نام -
سالم بیع - (قانونی اصطلاح) مکمل بیع -
سالمہ - (سا-لِ-مہ) (ع-ا-مذکر) دو یا دو سے زائد عناصر کے جوہروں (ATOMS) سے مرکب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرّہ (MOLECULE)
سالمی - (سا-لِ-می) (ع-صفت) سالمے سے متعلق -
سالمی انتشار - (مذکر) ذرات کا پراگندہ یا بکھرا ہوا ہونا - (MOLECULAR)
سالمی انعطافیت - (مونث) ذرّات کا مُڑنا - (MOLECULAR REFACTIVITY)
سالمی بلندی - (مونث) ذرّاتی اونچائی - (MOLECULAR ELEVATION)
سالمی بم باری - (مونث) ذرّاتی بم باری - (MOLECULAR BOMBARDMENT)
سالمی پیچیدگی - (مونث) ذرّات کا باہمی پیچیدہ تعلق - (MOLECULAR COMPLEXITY)
سالمی ضابطہ - (مذکر) ذرات کے وہ اصول اور قاعدے جو سب امکانی صورتوں پر حاوی ہوں - (MOLECULAR FORMULA)
سالمی طبیعیات - (مونث) ذرات کی ترکیب اور خواص کا علم - (MOLECULAR PHYSICS)
سالمیت - (سا-لِ-می-یت) (ع-ا-مونث) پورا ہونے کی حالت - یک جہتی - ناقابلِ تقسیم وحدت -

Marfat.com

سالن۔ (ہ۔ا۔ مذکر) پکی ہوئی ترکاری۔ دال۔ گوشت وغیرہ۔
سالوتری۔ (سا۔لو ت۔ ری) (ہ۔ا۔ مذکر) گھوڑوں اور چوپایوں کا علاج کرنے والا ڈاکٹر۔ وٹرنری سرجن۔
سالوس۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) دغا۔ فریب۔ (۲) (صفت) دغاباز۔ فریبی۔
سالویشن آرمی۔ (SALVATION ARMY) (انگ۔ا۔ مونث) مکتی فوج۔ عیسائیوں کی ایک مذہبی جماعت جو رُوحانی تسکین کی علمبردار ہے۔
سالہ۔ (ف۔صفت) برس کا (اعداد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے جیسے دوسالہ۔ صدسالہ)
سالی۔ (ہ۔ا۔مونث) بیوی کی بہن۔
سامان۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) اسباب (۲) تیاری۔ انتظام۔ (۳) اوزار (۴) ہتھیار (۵) آثار۔
سامُدرک۔ (سا۔مُد۔رک) (س۔ا۔ مذکر) پامسٹری۔ علم الید۔ ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھ کر انسان کے اچھے بُرے حالات بتا دینے کا علم۔
سامراج۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) شہنشاہیت (۲) نوآبادیات اور ماتحت سلطنتیں رکھنے کی پالیسی۔ امپیریلزم۔
سامراجی۔ (ہ۔صفت) (۱) سامراج سے متعلق۔ (۲) شہنشاہی حکومت کا حامی شہنشاہیت پسند۔
سامری۔ (سا۔م۔ ری) (ع۔ا۔مذکر) ایک یہودی جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اس کی پرستش کروائی تھی۔
سامری فن۔ (مذکر) جادوگر۔ ٹوٹکے باز۔
سامع۔ (سا۔مع) (ع۔ا۔ مذکر) سُننے والا۔ سماعت کرنے والا۔
سامعہ۔ (سا۔م۔عہ) (ع۔ا۔مونث) سُننے کی قوت۔
سامعین۔ (سا۔م۔عین) (ع۔ا۔ مذکر) سامع کی جمع۔ سُننے والے۔
سامنا۔ (سا۔م۔نا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ملنا (۲) مقابلہ۔ مڈھ بھیڑ۔ (۳) اگاڑی (۴) برابری (۵) رُو بہ رُو۔ مقابل۔
سامنا کرانا۔ کسی بات کی تصدیق کے لیے کہنے والے اور نقل کرنے والے کو رُو بہ رُو کرنا۔
سامنا کرنا۔ (۱) گستاخانہ جواب دینا (۲) جھگڑنا (۳) برابری کرنا (۴) لڑنے کے لیے آگے بڑھنا۔
سامنا ہونا۔ (۱) رُو بہ رُو ہونا۔ (۲) مقابلہ ہونا۔ ملاقات ہونا (۳) بے پردگی ہونا۔
سامنے کا۔ (۱) آگے کا (۲) برابر کا۔ حریف۔
سام وید۔ (سام۔ وید) (ہ۔ا۔ مذکر) ہندوؤں کے مقدس چار ویدوں میں سے دوسرا وید۔
سامنے۔ (سام۔ نے) (ہ۔ تابع فعل) (۱) آگے۔ رُو بہ رُو۔ میں۔ مقابل (۲) موجودگی میں۔ ہوتے ہوئے (۳) سیدھ میں۔
سامنے آنا۔ (۱) مقابل ہونا (۲) مُنہ دکھانا (۳) بدلہ ملنا۔
سامنے کی بات۔ جو بات موجودگی میں کہی گئی ہو۔ آنکھوں دیکھا حال۔
سامنے ہونا۔ (۱) مقابلہ کرنا (۲) گستاخی سے پیش آنا پردہ نہ کرنا۔
سامی۔ (ع۔ صفت) (۱) اُونچا۔ بلند (۲) سام کی نسل کے لوگ مثلاً یہودی۔ عرب وغیرہ۔
سان۔ (ہ۔ا۔مونث) دھار رکھنے کا پتھر۔
سان پر چڑھنا۔ دھار رکھی جانا۔
سان چڑھانا (دھرنا۔ رکھنا۔ لگانا) دھار تیز کرنا۔
سان۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) اشارہ (۲) نشان (۳) سُراغ۔
سان گمان۔ (۱) اشارہ کنایہ (۲) وہم وخیال۔ فکر و اندیشہ۔
سان نہ گمان۔ دفعتاً۔ اچانک۔
سانپ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) مار۔ افعی۔ ناگ۔
سانپ سا لوٹنا۔ بہت زیادہ بے تاب ہونا۔
سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے اپنے بل (بانبی) میں سیدھا جاتا ہے۔ (مثل) بُرا آدمی اور سب جگہ بُرائی کرتا ہے مگر اپنے گھر میں سیدھے طریقے سے رہتا ہے۔
سانپ سونگھ جانا۔ (۱) سانپ کا ڈس جانا (۲) چُپ سادھ لینا
سانپ کا بچہ سپولیا۔ بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے
سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے (مثل) دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے۔
سانپ کا من۔ (مذکر) سانپ کا منکا جس کی بابت مشہور ہے کہ جس کے ہاتھ لگ جائے اسے خوشحال بنا دیتا ہے۔
سانپ کا منتر۔ (مذکر) وہ منتر جس سے سانپ کا کاٹا اچھا ہو جاتا ہے۔
سانپ کھلانا۔ (۱) سانپ کو جادو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا (۲) خطرناک کام کرنا۔
سانپ کی چھتری۔ (مونث) ایک پودا۔ کھنبی۔ گگرمتا۔
سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا (ڈالنا۔ چھوڑنا) (۱) بیماری سے صحت پانا (۲) رنگ نکھرنا۔
سانپ کیلنا۔ منتر کے زور سے سانپ کے منہ کو بند کر دینا۔
سانپ کے منہ میں۔ سخت خطرے میں۔ خطرے کی جگہ میں۔
سانپ کے منہ میں چھچھوندر۔ نگلے تو اندھا۔ اُگلے تو کوڑھی۔ (مثل) ایسا کام جسے نہ کیا جا سکے نہ چھوڑا جا سکے۔
سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ (مثل) موذی آدمی کو اس طرح مارنا چاہیے کہ خود محفوظ رہے۔
سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو۔ (مثل) موقع ہاتھ سے کھو دیا اب پچھتایا کرو۔
سانپن۔ (سا۔ن۔پن) (ہ۔ا۔مونث) (۱) سانپ کی مادہ۔ ناگن۔ (۲) بھونری یا بالوں کی لکیر جو بعض مردوں اور عورتوں کی پیٹھ یا گھوڑے کی ایال کے نیچے ہوتی ہے اور منحوس سمجھی جاتی ہے۔
سانٹ۔ سانٹھ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) گانٹھ۔ گرہ (۲) سازش

Marfat.com

(۴) دشمنی (۴) اتفاق - ربط ضبط۔
سانٹ (لگانا)، ملانا - سازش کرنا۔
سانٹ لینا - گانٹھ لینا - سازش کرکے اپنے ساتھ ملا لینا۔
سانٹھنا - سانٹھنا - (سا نٹھ - نا) (ہ - مص)
(۱) ساتھ ملانا (۲) تنگی یا منسلک کرنا (۴) اُلجھانا (۵) گرہ لگانا۔
سانٹھے کی سگائی - (ہ - ا - مونث) ایسا رشتہ جس میں لڑکی لے کر لڑکی دی جائے۔
سانجھ - (ہ - ا - مونث) شام۔
سانجھ سویرے - صبح شام۔
سانچ - (ہ - ا - مذکر) سچ - حق - صداقت۔
سانچ کو آنچ نہیں (سانچ کو کیا آنچ) (مثل) سچ کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔
سانچا - (سان - چا) (ہ - ا - مذکر) (۱) لکڑی یا لوہے کا ڈھانچا۔ یا قالب (۲) رحم - بچہ دانی۔
سانچے میں ڈھالنا - کسی چیز کے قوام کو سانچے میں ڈال کر کسی خاص وضع یا شکل کا بنانا - کسی خاص وضع یا طرق کا بنا لینا۔
سانچے میں ڈھلا ہونا - خوش نما اور سڈول ہونا۔
سانچے میں ڈھل جانا - خود کو حالات کے مطابق بدل لینا۔
سانحات - (سا - نِ - حات) (ع - ا - مذکر) سانحہ کی جمع۔
سانحہ - (سا - نِ - حَہ) (ع - ا - مذکر) صدمہ پہنچانے والا واقعہ - حادثہ۔
سانڈ - (ہ - ا - مذکر) (۱) بجار (ایسا بیل جسے کسی دیوتا کے نام پر پُن کرکے آزاد چھوڑ دیا گیا ہو) (۲) وہ بیل یا گھوڑا جسے نسل کشی کے لیے رکھا جائے۔
(۳) (صفت) موٹا تازہ (۴) عیاش۔
سانڈا - (سان - ڈا) (ہ - ا - مذکر) گوہ کی قسم کا ایک جانور۔
سانڈنی - (سانڈ - نی) (ہ - ا - مونث) سواری کی اُونٹنی۔
سانڈنی سوار - (۱) وہ قاصد جو تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی پر بیٹھ کر خبریں یا پیغام لے جاتے - (۲) ناقہ سوار - شتر سوار۔
سانڈو - (ہ - ا - مذکر) دیکھیے سارڈو۔
سانس - (ہ - ا - مذکر و مونث) (۱) دم - نفس (۲) چھونک پھونکنے کا وقفہ (۳) بھاپ۔
سانس اکھڑنا - سانس قابو میں نہ رہنا جیسا کہ ہانپنے اور نزع کی حالت میں ہوتا ہے۔
سانس بھرنا - (۱) آہ بھرنا (۲) اوپر کو سانس کھینچنا (۳) دم چڑھنا (۴) زندگی کی بقیہ چند سانسیں لینا۔
سانس پھولنا - (۱) ہانپنا - (۲) دمے کا مرض ہونا۔
سانس ڈولنا - سانس کے آنے جانے میں فرق پڑنا۔
سانس چڑھنا - تھک جانا - ہانپنے لگنا - دم پھول جانا۔
سانس چلنا - (۱) سانس کا آنا جانا (۲) زندگی باقی ہونا۔

سانس روکنا - حبسِ دم کرلینا - دم روک لینا۔
سانس کا روگ - (مذکر) دمہ - ضیق النفس۔
سانس کھینچنا - لمبا یا گہرا سانس لینا - ٹھنڈی آہ بھرنا۔
سانس کے ساتھ آس ہے - (مثل) جب تک زندگی ہے مایوس نہیں ہونا چاہیے۔
سانس لینا - (۱) سانس کھینچنا (۲) دم لینا۔
سانس نہ لینا - (۱) چپ سادھ لینا - اُف نہ کرنا (۲) دم نہ لینا - لگاتار کام کیے جانا۔
سانسی - (سان - سی) (ہ - ا - مذکر) ایک مشہور خانہ بدوش اور جرائم پیشہ قوم۔
سانگ - (ہ - ا - مذکر) (۱) سوانگ - نقل - اداکاری - (۲) بھیس - بہروپ (۳) تماشا۔
سانگ بنانا - (۱) رُوپ بھرنا (۲) ہنسی اُڑانا۔
سانگ بھرنا - (۱) رُوپ بھرنا (۲) فریب دینا۔
سانگ دکھانا - (۱) بھیس بھر کر تماشا کرنا (۲) بہانہ یا مکر کرنا۔
سانگ کرنا - (۱) تماشا کرنا (۲) بھیس یا رُوپ بھرنا - (۳) مسخراپن کرنا۔
سانگی - (سان - گی) (ہ - ا - مذکر) سانگ بھرنے والا - نقال - بہروپیا۔
سان لینا - (اُر - مص) شریکِ حال کرلینا - شریکِ جرم کرنا۔
ساننا - (سا - نِ - نا) (ہ - مص) (۱) گوندھنا (۲) آلودہ کرنا۔
سانولا - (سا نْو - لا) (ہ - صفت) سیاہی مائل - ملیح - نمکین۔
سانولا (سنولا) جانا - رنگ سیاہی مائل ہوجانا۔
سانولا سلونا - سانولے رنگ کا (مرد)۔
سانولی - (سانْو - لی) (ہ - صفت) سانولا کی تانیث۔
سانولی صورت - نمکین چہرہ۔
سانی - (ہ - ا - مونث) کُٹی - بھُس اور کھلی ملا ہوا چارہ جو گایوں اور بھینسوں کو کھلاتے ہیں۔
سانیٹ (SONNET) (انگ - ا - مذکر) نظم کی ایک قسم جس میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں اور اس کی ایک خاص بحر ہوتی ہے۔
ساورن (SOVEREIGN) (سا - وَ - رِن) (انگ - ا - مذکر) (۱) انگلستان کا ایک طلائی سکہ - گنی - پونڈ - اشرفی۔
ساون - (ہ - ا - مذکر) ہندوستانی سال کا چوتھا مہینا - برسات کا مہینہ۔
ساون بھادوں - (مذکر) (۱) برسات کا پہلا اور دُوسرا مہینا (۲) دھوپ بھی بارش بھی (۳) وہ مکان جس میں چاروں طرف باریک باریک جالیاں لگی ہوں۔
ساون کی جھڑی پڑنا - زور سے بارش ہونا۔
ساون کی جھڑی - (مونث) ساون کے مہینے میں لگاتار بارش۔
ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سوجھتا ہے - (مثل) (۱) ہر شخص اپنی حالت کے مطابق سب کی حالت خیال کرتا ہے۔ (۲) جو کیفیت ایک دفعہ نظر میں سما جائے - وہی ہمیشہ پیش نظر رہتی ہے۔

Marfat.com

ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے ۔ (مثل) ہر حال میں یکساں ۔
ساونت ۔ (سا ۔ وَنت) [و ۔ صفت] بہادر ۔ دلیر ۔ (س ۔ سامنت) ۔
ساونی ۔ (سا ۔ وَ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) ایک پھول جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے (۲) فصل خریف (۳) وہ مٹھائی میوہ جو ساون کے مہینے میں جوڑے کے سامان کے ساتھ دولھا کے گھر سے دولھن کے ہاں بھیجا جاتا ہے ۔ (۴) ساون کے گیت ۔
ساہ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) تاجر ۔ سوداگر (۲) مہاجن ۔ ساہوکار (۳) صراف (۴) مالدار ۔ دولت مند (۵) بھلا مانس شریف
ساہل ۔ ساہول ۔ (سا ۔ ہَل) (سا ۔ ہُول) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ۔ لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس میں ڈوری باندھ کر معمار دیوار کی کجی کا پتہ چلاتے ہیں ۔ پنسال ۔
ساہو ۔ (سا ۔ ہُو) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سخی (۲) دیانت دار ۔ (۳) سوداگر ۔ دکان دار ۔
ساہوکار ۔ (مذکر) (۱) مہاجن ۔ بینکر (۲) صراف (۳) سود پر روپیہ چلانے والا ۔
ساہوکارا ۔ (مذکر) (۱) صرافہ (۲) ساہوکاروں کا بازار ۔ ایکس چینج (۳) صراف کا پیشہ ۔
ساہوکاری ۔ (مونث) (۱) سوداگری (۲) صراف کا پیشہ ۔
ساہی ۔ (سا ۔ ہی) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے سیہ ۔
سائبان ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) مکان یا خیمے کے آگے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لیے ٹین کی چادروں یا پھوس کا چھپر ۔
سائڈ (SIDE) (انگ ۔ ا ۔ مونث) (۱) طرف ۔ پہلو جانب (۲) کنارہ ۔ حاشیہ ۔ سرا ۔
سائر ۔ (سا ۔ اِر) (ع ۔ صفت) (۱) پھرنے والا ۔ سیر کرنے والا (۲) باقی بچا ہوا ۔ سب ۔ سارا ۔
سائر خرچ ۔ (مذکر) ہنگامی یا عارضی خرچ ۔ متفرق خرچ ۔
سائر دائر ۔ پھرنے والا ۔ گردش کرنے والا ۔
سائرن (SIREN) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے ۔ بھونپو ۔
سائز ۔ (SIZE) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) قد ۔ ڈیل ڈول (۲) ناپ (ڈیل ۔ جوتے کپڑے وغیرہ کا) ۔
سائفن ۔ (SIPHON) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) وہ ٹیڑھی نالی جس کے ذریعہ کسی اونچے برتن سے نیچے برتن میں سیال مادہ ڈالا جاتا ہے ۔
سائل ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سوال کرنے والا ۔ پوچھنے والا ۔ (۲) [ا ر] بھکاری ۔ (۳) درخواست دہندہ ۔
سائلین ۔ (سا ۔ اِ ۔ لین) (ع ۔ ا ۔ مذکر) سائل کی جمع ۔
سائن ۔ (SIGN) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) نشان ۔ علامت (۲) دستخط ۔
سائن بورڈ (SIGN BOARD) دکان یا سڑک کے نام کا (لکڑی یا ٹین کی چادر کا) تختہ ۔
سائن پوسٹ ۔ (مذکر) وہ پتھر یا تختہ جس پر سڑک کا نام اور راستہ بتانے والا نشان بنا ہوا ہو ۔
سائنس ۔ (SCIENCE) (انگ ۔ ا ۔ مذکر و مونث) (۱) علم (۲) منضبط علم ۔
سائنس دان ۔ سائنس کے کسی شعبے کا ماہر ۔
سائنسی ۔ [ا ر ۔ صفت] سائنس سے متعلق ۔
ساؤنڈ ۔ (SOUND) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) آواز ۔ صوت ۔
ساؤنڈ بکس (مذکر) گراموفون کا وہ پرزہ جس کے ذریعے سے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے ۔
ساؤنڈ پروف ۔ (SOUND PROOF) جس میں سے یا جہاں سے آواز باہر نہ آئے ۔
سائی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) بیعانہ ۔ پیشگی (۲) ناچنے گانے والوں کو پیشگی رقم ۔
سائیس ۔ (ا ر ۔ ا ۔ مذکر) گھوڑے کی خدمت اور دیکھ بھال کرنے والا ۔
سائیسی ۔ (سا ۔ ای ۔ سی) (ا ر ۔ ا ۔ مونث) گھوڑے کی رکھوالی اور خدمت کا پیشہ ۔
سائیکل ۔ (CYCLE) (انگ ۔ ا ۔ مونث) بائیسکل ۔ پاؤں سے چلانے کی دوپہیہ گاڑی ۔
سائیں ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) خدا (۲) آقا ۔ مالک (۳) شوہر (۴) بھکاری (۵) وہ کلمہ جس سے درویش ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہیں ۔
سائیں سائیں ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) ہوا کے چلنے کی آواز ۔ ہوا کی سرسراہٹ ۔
سائیں سائیں کرنا رہونا (۱) کمزوری کی وجہ سے جسم میں سنسنیاں دوڑنا ۔ (۲) ہوا کی وجہ سے درختوں کے پتوں میں سے آواز نکلنا ۔ (۳) وحشت باد برانی برسنا ۔
ساپا ۔ (پر ۔ ا ۔ مذکر) یورپ کی عورتوں کا لہنگا ۔
سایہ ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پرچھائیں ۔ پرتو ۔ عکس ۔ (۲) جن بھوت کا اثر ۔ آسیب (۳) [ا ر] حفاظت سرپرستی (۴) حمایت (۵) صحبت کا اثر (۶) مجوسوں کی اصطلاح ، سفید کیے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آجانے والی سیاہی (۷) علم کیمیا کی اصطلاح ، باہر کو نکلا ہوا ۔
سایہ اتارنا ۔ جن بھوت کا اثر دور کرنا ۔ آسیب دفع کرنا ۔
سایہ افگن ۔ سایہ ڈالنے والا ۔ حفاظت یا مدد کرنے والا ۔
سایۂ بال ہما ۔ فرضی پرند ہما کا سایہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس پر پڑ جائے وہ بادشاہ بن جائے ۔
سایہ پڑنا ۔ (۱) پرچھائیں یا عکس پڑنا ۔ (۲) صحبت کا اثر ہونا ۔
سایہ دار ۔ جس کے نیچے چھاؤں ہو ۔
سایہ ڈھلنا ۔ سورج کا مغرب کی طرف جھک جانا ۔
سایۂ عاطفت ۔ (۱) مہربانی کا سایہ (۲) حمایت ۔ مہربانی ۔
سایہ گستر ۔ مہربان ۔ مدد یا حمایت کرنے والا ۔

Marfat.com

سایہ ہو جانا۔ (۱) صحبت کا اثر ہو جانا (۲) آسیب زدہ ہو جانا۔
سائے تلے آنا۔ حفاظت میں آنا۔ پناہ میں آنا۔
سائے سے بھاگنا۔ ڈرنا، بھڑکنا۔ (۱) بہت زیادہ ڈرنا (۲) نفرت کرنا (۳) بدکنا۔ دُور دُور رہنا۔
سائے کی طرح ساتھ ساتھ پھرنا۔ ہر وقت ساتھ لگے رہنا۔
سائے میں آنا۔ (۱) چھاؤں میں آنا (۲) پناہ یا سرپرستی حاصل کرنا۔

---

# س - ب

---

سبّ۔ (ع۔ا۔ مذکر) گالی (تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ دیکھیے سبّ و شتم)۔
سب۔ (ہ۔ صفت) (۱) سارا۔ کُل (۲) ہر ایک (۳) ہر طرح کا (۴) بالکل۔ سراسر۔
سب ایک کشتی (ناؤ) میں سوار ہیں۔ سب کی حالت ایک سی ہے۔
سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔ (مثل) سب ایک جیسے شریر اور تکلیف دینے والے ہیں۔
سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے۔ (مثل) فضول خرچ آدمی موقع پر کچھ پاس نہ ہونے کی وجہ سے شرمندگی اٹھاتا ہے۔
سب سے بھلی چُپ (مثل) خاموشی سب سے بہتر ہے۔
سب طرح سے حاضر ہونا۔ ہر ممکن خدمت کے لیے تیار ہونا۔
سب کا سب۔ کُل۔ سارے کا سارا۔ تمام و کمال۔
سب کچھ۔ ہر ایک بات۔ ہر ایک چیز۔ ہر بات۔
سب کو ایک آنکھ دیکھنا۔ سب کو یکساں سمجھنا۔
سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا۔ (مثل) مرتبے اور حیثیت کا لحاظ نہ کر کے ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔
سب کوئی۔ ہر شخص۔ ہر ایک۔
سب کہنے کی باتیں ہیں۔ (۱) بناوٹی باتیں ہیں اصلیت کچھ نہیں (۲) خیالی باتیں ہیں جن پر عمل نہیں ہو سکتا۔
سب کے دیکھتے۔ سب کی موجودگی میں۔ اعلانیہ۔ کھلم کھلا۔
سب گنوں پورا (طنزاً) وہ شخص جس میں ساری برائیاں پائی جاتی ہوں۔
سب ہی (سبھی) سب کے سب۔ تمام۔ کُل۔
سب۔ (انگ۔ صفت) (SUB) نیچے۔ تلے۔ زیر۔ تحت۔ نائب۔ ماتحت (سبارڈینیٹ (SUBORDINATE) کا مخفف)
سب آفس۔ (SUB OFFICE) (مذکر) دفتر ماتحت۔
سب انسپکٹر (SUB INSPECTOR) (مذکر) انسپکٹر پولیس کا نائب۔

سب ایڈیٹر۔ (SUB EDITOR) ماتحت ایڈیٹر۔
سب جج۔ (SUB JUDGE) وہ حاکم دیوانی جو جج کے ماتحت ہوتا ہے۔
سب ججی۔ (مونث) (۱) سب جج کا عہدہ (۲) سب جج کا دفتر۔
سب ڈویژن۔ (SUB-DIVISION) (مذکر) ضلع کا ایک حصہ۔
سب ڈویژنل آفیسر۔ (SUB DIVISIONAL OFFICER) وہ افسر جو سب ڈویژن کا انچارج ہو۔
سب کمیٹی۔ (SUB COMMITTIE) (مونث) بڑی کمیٹی کے ارکان کی بنائی ہوئی چھوٹی کمیٹی۔
سب لیٹ۔ (SUBLET) (مذکر) کرایہ دار کا مکان اوروں کو کرائے پر اُٹھا دینا۔
سبا۔ (ع۔ا۔ مذکر) یمن میں ملکۂ بلقیس کے شہر کا نام۔
سبّابہ۔ (سَب۔ با۔ بہ) (ع۔ا۔ مونث) انگشت شہادت۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔
سِباق۔ (سِ۔ با۔ ق) (ع۔ا۔ مذکر) علم و حساب کی مہارت۔ سیاق کے ساتھ مل کر آتا ہے (سیاق و سباق)
سبائی۔ (ع۔ صفت) (۱) سبا (یمن) سے منسوب (۲) (مذکر) سبا کا باشندہ۔
سبَب۔ (سَ۔ بَب) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) وجہ۔ باعث۔ (۲) واسطے۔ لیے (۳) حجت۔ دلیل (۴) ذریعہ واسطہ (۵) رسی جو دو چیزوں کو ملائے (۶) (علم عروض) کلمۂ دو حرفی (۷) (فلسفے کی اصطلاح) وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود حاصل ہو۔
سبب کھلنا۔ وجہ ظاہر ہونا۔
سببیت۔ (سَ۔ بَ۔ بی۔ یَت) (ع۔ا۔ مونث) غرض و غایت۔ یہ اصول یا کلیہ کہ ہر شے کا سبب یا علت ہوتی ہے۔
سبت۔ (ع۔ا۔ مذکر) آرام اور عبادت کا دن جو مسلمانوں کے یہاں جمعہ، یہودیوں میں سنیچر اور عیسائیوں میں اتوار ہے۔
سُبحان (سُب۔ حان) (ع) (۱) خدا کو پاکی سے یاد کرنا۔ (۲) خداوند پاک۔
سُبحان اللہ (۱) اللہ پاک ہے (۲) میں اللہ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں۔ (اُ) تعجب۔ تحسین، یا طنز کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
سُبحہ۔ (سُب۔ حہ) (ع۔ا۔ مونث) تسبیح۔ مالا۔
سُبحہ گرداں۔ تسبیح پڑھنے والا۔
سبد۔ (سَ۔ بد) (ف۔ا۔ مذکر و مونث) (۱) ٹوکری (۲) بڑی ڈالی۔
سبز۔ (ف۔ صفت) (۱) ہرا (۲) کچا۔ تازہ تازہ۔
سبز باغ دکھانا۔ (۱) دھوکا دینا (۲) امیدیں دلانا۔

Marfat.com

سبز پری۔ (مونث) (۱) امانت کی اندر سبھا کا ایک نسوانی کردار۔ (۲) شراب (۳) خوب صورت عورت جو سبز رنگ کے لباس میں ہو۔
سبز پوش۔ (۱) سبز لباس والا (۲) (کنایتاً) زاہد (۳) ماتم گزار
سبز قدم۔ منحوس۔ نامبارک۔ شوم۔
سبز قدمی۔ (مونث) نحوست۔
سبزہ۔ (سَب۔ زَہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) روئیدگی نباتات (۲) زمرد (۳) (اُ۔) ہریاول۔ شادابی (۴) کان کا ایک زیور (۵) ایک قسم کا آم (۶) وہ گھوڑا جس کی سفیدی مائل بہ سیاہی ہو (۸) وہ سبزی جو ڈاڑھی مونچھوں کے بال نکلنے سے پہلے چہرے پر نمودار ہوتی ہے۔
سبزہ آغاز۔ جس کے ڈاڑھی مونچھیں نکلنی شروع ہوئی ہوں۔ نوجوان لڑکا۔
سبزہ آنا۔ ڈاڑھی مونچھ نکلنی شروع ہونا۔
سبزہ خط۔ ڈاڑھی مونچھیں نکلنے کی سبزی۔
سبزہ خوابیدہ۔ جھکی ہوئی سبز گھاس۔
سبزہ زار۔ جہاں دور دور تک ہری گھاس اگی ہوئی ہو۔
سبزۂ نوخاستہ (نوخیز)۔ نیا نیا اگا ہوا سبزہ۔
سبزی۔ (سَب۔ زی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) سبز رنگت۔ (۲) ہریالی (۳) ترکاری (۴) (اُ۔) بھنگ۔
سبزی خور۔ صرف ترکاریاں کھانے والا۔ گوشت سے پرہیز کرنے والا۔
سبزی فروش۔ (۱) ترکاریاں بیچنے والا۔ کنجڑا۔ (۲) بھنگ فروش۔
سبزی منڈی۔ (مونث) ترکاریوں کی منڈی۔
سبط۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) بیٹے بیٹی کی اولاد۔ پوتا۔ نواسا۔ (۲) یہودی قوم۔
سبطین۔ (سِب۔ طَین) (ع۔ ا۔ مذکر) دو پوتے یا نواسے۔ (۲) حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ۔
سبع۔ (ع۔ صفت) سات۔
سبع سیارہ۔ (مذکر) سات سیارے۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل۔ زہرہ۔ عطارد۔ شمس۔ قمر۔
سبع مثانی۔ (مونث) سورۂ فاتحہ جس میں سات آیتیں ہیں مثانی اس لیے کہتے ہیں کہ ہر دوگانے میں دوبار پڑھی جاتی ہے یا اس واسطے کہ دو دفعہ نازل ہوئی۔ ایک مرتبہ مکے میں دوسری مرتبہ مدینے میں۔
سبق۔ (سَ۔ بَق) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کتاب کا وہ حصہ جو شاگرد استاد سے بطور درس ایک مرتبہ میں پڑھے (۲) عبرت۔ نصیحت۔
سبق پڑھانا۔ (۱) درس دینا (۲) سکھانا (۳) بہکانا۔
سبق دینا۔ (۱) پڑھانا۔ سکھانا (۲) نصیحت کرنا (۳) سزا دینا۔
سبق لینا۔ (۱) آگے پڑھنا (۲) سیکھنا (۳) عبرت پکڑنا۔
سبق ملنا۔ (۱) سزا ملنا (۲) عبرت حاصل ہونا (۳) درس پانا۔
سبقت۔ (سَب۔ قَت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) کسی سے آگے نکل آنا (۲) پیش قدمی (۳) ترجیح۔ فوقیت۔ برتری۔ بڑائی۔ شرف۔
سبقت کرنا۔ پہل کرنا۔ ابتدا کرنا۔
سبقت لے جانا۔ فوقیت لے جانا۔ غالب آجانا۔
سُبک۔ (سُ۔ بُک) (ف۔ صفت) (۱) ہلکا۔ (۲) نازک (۳) باریک (۴) تیز۔ چست (۵) ذلیل۔ کم ظرف۔ رسوا (۷) شرمندہ (۸) بے تعلق۔ آزاد۔ (فارسی میں بفتح اول و ضم دوم ہے)
سبک (بار) بال۔ جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ اکیلا۔ چھڑا دم۔
سبک پا۔ تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔
سبک پائی۔ (مونث) تیز چال۔ تیز رفتاری۔
سبک پرواز۔ تیز اڑنے والا۔ جلدی جلدی پر مارنے والا۔
سبک دست۔ (۱) پھرتیلا (۲) جس کے ہاتھ میں لطافت ہو۔
سبک دوش۔ (۱) جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ فارغ البال (۲) جو فارغ کر دیا گیا ہو (۳) آزاد۔ بے تعلق (۴) بری الذمہ
سبک دوشی۔ (مونث) (۱) بے تعلقی (۲) کسی کام کی ذمہ داری سے دست برداری۔
سبک (رفتار) رَو۔ تیز چلنے والا۔
سبک (رفتاری) روی۔ (مونث) تیز چال۔
سبک سار۔ بے عزت۔ کمینہ۔ رذیل۔
سبک ساری۔ (مونث) (۱) چھچھورا پن (۲) ذلت۔
سبک سر۔ (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ (۲) احمق۔
سبک سری۔ (مونث) (۱) کمینہ پن (۲) حماقت۔
سبک سیر۔ تیز رفتار۔
سبک گام۔ تیز رفتار۔
سبک ہونا۔ (۱) شرمندہ ہونا (۲) نظروں سے گر جانا (۳) کسی چیز کا بناوٹ میں نفیس ہونا (۴) فارغ یا بری الذمہ ہونا۔
سُبکنا۔ (سُب۔ بَک۔ نا) (ہ۔ مص) سسکی بھرنا۔
سُبکی۔ (سُب۔ کی) (ہ۔ ا۔ مونث) سسکی۔
سبکیاں لینا۔ سسکیاں بھرنا۔ ہچکیاں لینا۔
سُبکی۔ (سُب۔ کی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) ہلکا پن (۲) خفت۔ (۳) ذلت۔ رسوائی (۴) نفاست۔
سبکی ہونا۔ خفت اٹھانا۔ ذلت ہونا۔
سبو۔ (سَ۔ بو) (ف۔ ا۔ مذکر) گھڑا۔ مٹکا۔
سبو بدوش۔ کاندھے پر گھڑا رکھے ہوئے۔
سبوس۔ (سَ۔ بوس) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) بھوسی۔ چوکر۔ (۲) سر کی خشکی۔
سبّ و شتم۔ (سَب۔ بو۔ شَتم) (ع۔ ا۔ مذکر) گالی گلوچ۔
سبھا۔ (سَ۔ بھا) (س۔ ا۔ مونث) (۱) محفل۔ جلسہ۔ (۲) انجمن۔ جماعت۔
سبھا پتی۔ (مذکر) میر محفل۔ میر مجلس۔ صدر جلسہ۔ سرپنچ۔
سُبھاؤ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) دیکھیے سوبھاؤ۔
سبیل۔ (سَ۔ بیل) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) راستہ (۲) طریقہ وسیلہ (۳) صورت۔ بندوبست (۴) وہ جگہ جہاں راہ گیروں کو مفت پانی پلایا جاتا ہے۔ پیاؤ۔

Marfat.com

سبیل کرنا۔ تدبیر کرنا۔ راہ نکالنا۔ بندوبست کرنا۔
سبیل لگانا۔ راہگیروں کے لیے پانی کا انتظام کرنا۔
سبیل نکالنا۔ (۱) وسیلہ پیدا کرنا (۲) طریقہ وضع کرنا۔

## س - پ

سپاٹ۔ (سَ۔ پاٹ) (ہ۔ صفت) (۱) ہموار۔ برابر۔ چٹیل۔ (۲) صاف۔ سادہ۔
سپاٹا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) جھپٹ۔ طرارہ۔ دوڑ۔ (۲) سیر تماشا۔
سپاٹا بھرنا (لگانا۔ مارنا) (۱) طرارہ بھرنا۔ دوڑ لگانا۔ (۲) پرندے کا اُڑ جانا۔
سپارا۔ (سِ۔ پا۔ رہ) (ف۔ ا۔ مذکر) سیپارہ کا مخفف۔
سُپاری۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ڈلی۔ چھالیہ (۲) حشفہ۔
سپاس۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) شکر گزاری (۲) تعریف۔ ستائش۔
سپاس گزار۔ (۱) شکریہ ادا کرنے والا (۲) ثنا خواں۔
سپاس گزاری۔ (مونث) احسان مندی کا اظہار۔ شکر گزاری۔
سپاس نامہ۔ (مذکر) تحریری اظہارِ شکر۔ ایڈریس۔
سپاہ۔ (ف۔ ا۔ مونث) فوج۔ لشکر۔
سپاہ (سپہ) سالار۔ فوج کا کمان دار۔ کمانڈر ان چیف
سپاہ (سپہ) گری۔ سپاہی کا کام یا پیشہ۔
سپاہی۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) فوجی۔ لشکری (۲) (اُ۔) پولیس کانسٹبل۔ سنتری۔
سپاہیانہ۔ (سِ۔ پا۔ ہ۔ یا۔ نہ) (ف۔ صفت) (۱) سپاہی کی طرح (۲) بہادری کے ساتھ۔
سِپر۔ (سِ۔ پر) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) ڈھال (۲) آڑ۔ روک (۳) پناہ۔ حفاظت۔
سپر انداز۔ (۱) سپر پھینکنے والا (۲) ہار ماننے والا۔
سپر اندازی۔ (مونث) (۱) ہتھیار ڈالنا۔ (۲) ہار ماننا۔
سپر (پھینکنا) ڈالنا۔ (۱) ہتھیار ڈالنا (۲) ہار ماننا۔
سپر ہونا۔ آڑے آنا۔ دیوار بن کر کھڑے ہونا۔
سپرٹ۔ ا (SPIRIT) دیکھیے اسپرٹ۔
سپر ٹیکس۔ ا (SUPERTAX) (انگ۔ ا۔ مذکر) مزید محصول۔ مزید ٹیکس۔
سُپُرد۔ (سُ۔ پُر۔ د) (ف۔ ا۔ مونث) حوالے کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ (اُردو میں بضم اول مستعمل ہے)۔
سپرد کرنا۔ (۱) حوالے کرنا (۲) حراست میں دینا۔
سُپُردگی۔ (سُ۔ پُر۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) تحویل (۲) حراست (۳) امانت
سپردگی میں لینا۔ (۱) قبضے میں لینا (۲) حراست میں لینا
سپرنٹنڈنٹ۔ ا (SUPERINTENDENT) (سُ۔ پَر۔ ن۔ ٹن۔ ڈنٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) ناظم۔ داروغہ۔ نگراں۔ محافظ۔ سربراہ کار۔
سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ ا (SUPERINTENDENT POLICE) ضلع پولیس کا انتظامی افسر۔
سپرنگ۔ ا (SPRING) دیکھیے اسپرنگ۔
سُپروائزر۔ (SUPERVISER) (سُ۔ پر۔ وا۔ ا۔ زر) (انگ۔ ا۔ مذکر) نگراں۔ نگہبان۔ مہتمم۔
سُپریم۔ ا (SUPREME) (سُ۔ پ۔ ریم) (انگ۔ صفت) اختیار رکھنے والا۔ سب سے بڑا
سپریم کورٹ (SUPREME COURT) اعلیٰ عدالت۔
سپڑ سپڑ۔ (سَ۔ پڑ۔ سَ۔ پڑ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) سپڑ سپڑ کے کھانے پینے کی آواز (۲) (کنایتہً) بے تیزی سے کھانے کی آواز۔
سپستان۔ (سِ۔ پس۔ تان) (ف۔ ا۔ مذکر) لسوڑا۔ لسوڑا
سپلائی۔ ا (SUPPLY) (انگ۔ ا۔ مونث) رسد۔ ذخیرہ۔ فراہمی۔
سپلیمنٹ۔ (SUPPLEMENT) (سَپ۔ لی۔ منٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) ضمیمہ۔ زائد مواد۔
سپنا۔ (سَپ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذکر) خواب۔ رویا۔
سپند۔ (سِ۔ پند) (ف۔ ا۔ مذکر) کالا دانہ۔ حرمل۔
سپوت۔ (سَ۔ پُوت) (ہ۔ ا۔ مذکر) سعادت مند بیٹا۔ سپوتوں کے کپوت اور کپوتوں کے سپوت۔ (مثل) بزدل کے ہاں نیک اور نیکوں کے ہاں بد اولاد ہوتی ہے۔
سپولیا۔ (سَ۔ پو۔ لِ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) سانپ کا بچہ۔
سپہ۔ (سِ۔ پہ) (ف۔ ا۔ مونث) سپاہ کا مخفف۔
سپہر۔ (سِ۔ پہر) (ف۔ ا۔ مذکر) آسمان۔
سپھل۔ (سَ۔ پھل) (س۔ صفت) کامیاب۔ بار آور۔ نفع بخش۔
سپیچ۔ ا (SPEECH) دیکھیے اسپیچ۔
سپید۔ (سِ۔ پید) (سُ۔ پید) (ف۔ صفت) (۱) سفید۔ (۲) گورا (۳) کورا۔ بن لکھا۔
سپید و سیاہ کا اختیار۔ پورا پورا اختیار۔ کلی اختیار۔
سپید و سیاہ کرنا۔ نیک یا بد جیسا چاہنا کرنا۔
سپیدہ۔ (سَ۔ پے۔ دہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) پھونکا ہوا جست (۲) سفید رنگ جو تصویروں میں بھرتے ہیں۔
سپیدہ دم۔ صبح کا وقت۔ نور کا تڑکا۔
سپیدۂ سحری (صبح)۔ وہ اُجالا جو طلوعِ آفتاب سے پہلے ہوتا ہے۔
سپیدی۔ (سَ۔ پے۔ دی) (اُ۔ ا۔ مونث) (۱) پتھر کا پھونکا ہوا چونا جس کو دیواروں پر پھیر کر قلعی کرتے ہیں (۲) روشنی اجالا۔ جرأت۔ قدر۔
سپیدی آنا۔ بال سفید ہونا۔ بڑھاپا آنا۔
سپیدی (پھیرنا) کرنا۔ دیوار یا عمارت پر چونا پھیرنا۔
سپیرا۔ (سَ۔ پے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) سانپ پکڑنے والا۔ سانپ کا تماشا دکھانے والا۔
سپیشل۔ ا (SPECIAL) دیکھیے اسپیشل۔
سپیشلسٹ (SPECIALIST) دیکھیے اسپیشلسٹ۔
سپیکر (SPEAKER) دیکھیے اسپیکر۔

Marfat.com

# س - ت

ست - [ہ - ا - مذکر] (۱) سچائی - سانچ - صدق - راستی - (۲) ایمان - دھرم یقین (۳) [صفت] سچ - صحیح - درست - بجا (۴) کھرا - سچا - (ر س - ستیہ) -
ست بچن (وچن) - [مذکر] سچی بات - سچا عہد -
ست جگ - [مذکر] (۱) ہندوؤں کے نزدیک دنیا کے چار قرنوں میں سے پہلا قرن جس میں سچائی ہی سچائی تھی - سچا زمانہ - دیوتاؤں کا زمانہ (۲) اوپر کی ساتویں دنیا - ملاءِ اعلیٰ -
ست ونتی - باعصمت - پارسا (بیوی) -
ست - [ہ - ا - مذکر] (۱) طاقت - زور (۲) ہمت - حوصلہ (۳) عطر - خلاصہ (۴) (اصطلاح علم کیمیا) جوہر - روح -
ست نکالنا - جوہر نکالنا - روح کھینچنا -
ست - [ہ - صفت] سات کا مخفف -
ست خصمی - (مونث) (۱) جو عورت بہت سے شوہر کر چکی ہو - (۲) وہ جائداد جس پر کسی فرد کا قبضہ نہ ہو بلکہ بہت سے لوگ ملکیت کے دعوے دار ہوں -
ست لڑا - (لڑی) - (۱) سات لڑی کا - ستایا رستی (۲) ایک زیور جس میں سات لڑیاں ہوتی ہیں -
ست ماسا - (مذکر) (۱) وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہو (۲) وہ رسم جو پہلے حمل کے ساتویں مہینے برتی جاتی ہے -
ست منزلہ - (مذکر) سات منزل کا مکان - ست کھنڈا -
ستا - (سَت - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) تاش کا وہ پتا جس پر سات نشان ہوں (۲) پاسے کے سات حصے (۳) کبیسی کی وہ سات کوڑیاں جو چت پڑیں -
ستار - [ف - ا - مذکر] طنبورے کی قسم کا ایک باجا (شروع میں اس میں صرف تین تار ہوتے تھے - اس لیے ستار (سہ تار) کہلایا)
ستار - (سَت - تار) [ع - صفت] (۱) چھپانے والا - ڈھانپنے والا - پردہ پوش (۲) خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام -
ستار العیوب - عیبوں کو ڈھانکنے والا - (خدا تعالےٰ)
ستارہ - (سِ - تا - رَہ) [ف - ا - مذکر] (۱) تارا - نجم - کوکب - (۲) قسمت - اقبال (۳) چاندی وغیرہ کے وہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو جوتوں، ٹوپیوں اور چنریوں وغیرہ پر لگائے جاتے ہیں (۴) سفید دھبا جو گھوڑے کے ماتھے پر ہو -
ستارہ اچھا ہونا - خوش نصیب ہونا -
ستارہ اوج پر ہونا - اقبال مندی کا دور ہونا -
ستارہ چمکنا - دن پھرنا - نصیبہ جاگنا -
ستارہ شناس - نجومی - اختر شناس -
ستارہ گردش میں ہونا - برے دن ہونا - نحوست طاری ہونا -
ستارہ ملنا - (۱) دو شخصوں کی راسوں یا ستاروں کے خواص ایک ہونا (۲) طبیعتیں ملنا -
ستارے کی گردش - مقدر کا چکر - بدبختی - نحوست - بدنصیبی -

ستاری (ستالی) - [ہ - ا - مونث] چمڑا چھیدنے کا آلہ - جو کفش دوزوں کے پاس ہوتا ہے -
ستاریا - (سِ - تا - ر - یا) [ہ - ا - مذکر] ستار بجانے والا -
ستاسی - (سَ - تا - سی) (سَت - تا - سی) [ہ - صفت] اسی اور سات -
ستاں - (سِ - تاں) [ف - صفت] مصدر ستادن کا اسم فاعل بمعنی لینے والا (مرکبات میں جیسے جاں ستاں)
ستان - [ف - ا - مذکر] استھان - جگہ - مقام (مرکبات میں) جیسے گلستان - پاکستان)
ستانا - (سَ - تا - نا) [ہ - مص] (۱) تنگ کرنا - (۲) تکلیف پہنچانا -
ستانوے - (سَت - تان - وے - سَ - تان - وے) [ہ - صفت] نوّے اور سات -
ستاون - (سَت - تا - وَن) [ہ - صفت] سات اور پچاس -
ستائش - (سِ - تا - اِش) [ف - ا - مونث] تعریف - حمد و ثنا -
ستائیس - (سَت - تا - ئیس) [ہ - صفت] سات اور بیس -
ستتر - (سِ - تت - تر) [ہ - صفت] ستر اور سات -
ستت جانا - [ہ - مص] دبلا ہو جانا - سوکھ جانا -
ستر - [ع - ا - مذکر] (۱) چھپانا (۲) مرد یا عورت کا وہ مقام جس پر پردہ واجب ہے - شرم گاہ (۳) پردہ - اوٹ - حجاب
ستر پوشی - (مونث) ستر یا شرمگاہ چھپانا -
ستر عورت - (۱) مرد یا عورت کے بدن کا وہ حصہ جس کا کھولنا معیوب ہے (۲) اس حصے کا چھپانا جس کا دکھانا باعث شرم ہے -
ستر - (سَت - تر) [ہ - صفت] سات دہائیاں -
ستر چوہے کھا کے بلی حج کو چلی - (مثل) اس شخص کے متعلق بولتے ہیں جو ساری عمر گناہ کرنے کے بعد آخر میں توبہ کرے -
ستر سنانا - بہت برا بھلا کہنا - بہت گالیاں دینا -
ستر ابہترا - [ہ - صفت] (۱) ستر بہتر سال کی عمر والا بہت بوڑھا -
سترواں - (سَت - تر - واں) [ہ - صفت] ستر کا صفت عددی ستر درجے کا - ستر نمبر کا -
سترویں - (سَت - تر - ویں) [ہ - صفت] ستر کی صفت عددی ستر درجے کی - ستر نمبر کی -
سترہ - (سَت - رَہ) [ہ - ا] دس اور سات -
سترہ - (سُت - رہ) [ع - ا - مذکر] لکڑی یا کوئی اور چیز (جو گز بھر سے کم اونچی نہ ہو) جسے نمازی اپنے سامنے رکھ لیتا ہے تاکہ گزرنے والا نماز ختم ہونے کا انتظار نہ کرے -
سترھواں - (سَ - تر - ھ - واں) [ہ - صفت] سترہ نمبر کا -
سترھویں - [ہ - صفت] (۱) سترہ نمبر کی (۲) ہندوؤں میں میت کی وہ رسم جو سترہ روز بعد کی جاتی ہے -
ستلی - (سُت - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) سن کی باریک ڈوری (۲) (صرافے کی اصطلاح) بیس روپے -
ستم - (سِ - تم) [ف - ا - مذکر] ظلم - زیادتی - بے انصافی -
ستم ایجاد - (۱) ظلم کی بنیاد ڈالنے والا (۲) (کنایتاً) محبوب
ستم پرور - (۱) ظالم - جفا کار (۲) بے انصاف -

Marfat.com

ستم توڑنا۔ بہت زیادہ ظلم کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔
ستم دیدہ (رسیدہ۔ زدہ۔ کش) مظلوم۔ ستایا ہوا۔
ستم ڈھانا۔ (۱) ظلم کرنا (۲) کوئی انوکھی بات یا حرکت کرنا۔
ستم شعار۔ (۱) جسے ظلم کرنے کی عادت ہو۔ (۲) (کنایتاً) محبوب۔
ستم ظریف۔ ہنس ہنس کر ظلم توڑنے والا۔
ستم ظریفی۔ (ا۔ مؤنث) مذاق مذاق میں ظلم کرنا (۲) ظلم میں مذاق کا پہلو رکھنا۔
ستم کرنا۔ ظلم کرنا (۲) کوئی انوکھی بات کرنا۔ کمال کرنا۔
ستم گار (گر۔ گستر) تکلیف دینے والا۔ ستانے والا۔
ستم گاری۔ (مؤنث) تشدد۔ زیادتی۔ ظلم۔ ایذا دہی۔
ستم ہونا۔ (۱) ظلم ہونا۔ غضب ہونا (۲) آفت نازل ہونا (۴) نہایت چالاک یا کسی فن میں یکتا ہونا (۵) عجیب اور انوکھا ہونا۔
ستمبر (س۔ تم۔ بر) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) انگریزی لفظ سپٹمبر (SEPTEMBER) کا مخفف (۲) انگریزی سال کا نواں مہینہ۔
ستنا (سُت۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دُبلا ہونا (۲) کھنچنا (۳) نچڑنا۔ بھنچنا (۴) نُچا جانا۔ کھسوٹا جانا۔
ستو۔ (سَت۔ تو) (ہ۔ ا۔ مذکر) بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔ جسے پانی اور شیرینی یا نمک ملا کر پیتے ہیں۔
ستو باندھ کر پیچھے پڑنا۔ سر ہو جانا۔ کام میں انتہائی محنت اور توجہ سے لگ جانا۔
ستوال۔ (سُت۔ وال) (ہ۔ صفت) پتلی۔ نازک۔
ستوانا۔ (سُت۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) صاف کروانا۔ نچڑوانا۔
ستوانسا۔ (سَت۔ واں۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ بچہ جو سات مہینے بعد پیدا ہوا ہو (۲) وہ رسم جو حمل کے ساتویں مہینے ادا کی جاتی ہے۔
ستودہ۔ (س۔ تو۔ دہ) (ف۔ صفت) تعریف کیا گیا۔ قابلِ تعریف۔
ستودہ صفات۔ اچھے اوصاف والا۔
ستون۔ (سُ۔ تون) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) کھمبا۔ لاٹھ۔ (۲) اہم رکن۔
ستہ۔ (سِت۔ تہ) (ع۔ ا۔ مذکر) چھ۔
ستہ متناسبہ۔ ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں بار بار عمل جمانا نہیں پڑتا۔ ایک ہی دفعہ پانچ معلوم مقداروں کے ذریعے نامعلوم مقدار دریافت کر لیتے ہیں۔
ستھرا۔ (سُتھ۔ را) (ہ۔ صفت) (۱) پاکیزہ۔ اجلا۔ بے داغ (۲) نفیس۔
ستھراؤ۔ (سُتھ۔ را۔ او) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) قتلِ عام۔ صفایا۔ (۲) بہت سی عمارتوں کا گر پڑنا۔
ستھرائی۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) صفائی۔ اُجلاپن۔ (۲) نفاست (۳) ناز۔ چھاڑو۔
ستھری۔ (سُتھ۔ ری) (ہ۔ صفت) ستھرا کی تانیث۔

ستی۔ (سَ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) ہندوؤں میں مردہ شوہر کے ساتھ بیوی کے جل مرنے کی رسم (۲) باعصمت عورت (۳) وہ عورت جو ستی ہو۔
ستیاناس۔ (سَت۔ یا۔ ناس) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) ستیہ (س) یعنی صداقت۔ ناس یعنی تباہی۔ یعنی سچائی کی تباہی۔ ظلم۔ اندھیر (۲) یا ستیا (س) ستو یعنی قوت یا طاقت۔ (ا صلیا) و تباہی۔ بربادی۔ فصحا اس موقع پہ ناس کر دینا پھرنا، ہو جانا بولتے ہیں۔
ستیاناسی۔ (سَت۔ یا۔ نا۔ سی) (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) ایک خاردار درخت (۲) (صفت) برباد کرنے والا۔ اب آنے والا۔
ستیز۔ ستیزہ۔ (سِ۔ تیز) (سِ۔ تے۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذکر) لڑائی۔ جھگڑا۔
ستیزہ کار۔ لڑنے والا۔ جھگڑالو۔

## س۔ٹ

سٹ۔ (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) سازش (۲) تدبیر (۳) میل جول۔
سٹ لڑانا۔ (۱) سازش کرنا (۲) یارانہ کرنا۔
سٹا۔ (سَٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) تحریری اقرارنامہ جس کی رُو سے زراعتی پیداوار میں شرکت قائم ہوتی ہے۔ (۲) بیوپار کا سودا (۳) ایک قسم کا جوا جس میں کسی بات کے متعلق حکم لگانے پر شرطیں بدی جاتی ہیں۔
سٹا بٹا۔ (۱) سازباز۔ سازش (۲) فریب۔ دغا۔
سٹابی۔ (مؤنث) وہ بہی جس میں سٹے لکھے جاتے ہیں۔
سٹے لڑانا۔ سازش کرنا۔ سازشی کارروائی کرنا۔
سٹے باز۔ (۱) سٹا کھیلنے والا (۲) فریبی (۳) جھوٹا۔
سٹے بازی۔ (مؤنث) (۱) سٹے کا جوا کھیلنا (۲) چالاکی۔ فریب۔
سٹا۔ (سِٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذکر) بھٹا (جوار کا خوشہ)۔
سٹابری۔ (STRAWBERRY) دیکھیے اسٹابری۔
سٹاپ۔ (STOP) دیکھیے اسٹاپ۔
سٹار۔ (STAR) دیکھیے اسٹار۔
سٹارٹ۔ (START) دیکھیے اسٹارٹ۔
سٹاف۔ (STAFF) دیکھیے اسٹاف۔
سٹاک۔ (STOCK) دیکھیے اسٹاک۔
سٹال۔ (STALL) دیکھیے اسٹال۔
سٹائل۔ (STYLE) دیکھیے اسٹائل۔
سٹپٹانا۔ (سَٹ۔ پٹ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) حیران ہونا۔ گھبرانا۔
سٹپل۔ (STIPPLE) دیکھیے اسٹپل۔
سٹر پٹر۔ (سِ۔ ٹر۔ پ۔ ٹر) (ہ۔ ا۔ مؤنث) (۱) چھوٹے موٹے کام (۲) بکھیڑا۔ اُلجھیڑا۔
سٹر پٹر کرنا۔ (۱) چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگے رہنا (۲) بے کار پھرنا۔
سٹرلنگ۔ (STERLING) دیکھیے اسٹرلنگ۔
سٹریٹ۔ (STREET) دیکھیے اسٹریٹ۔

Marfat.com

سٹریچر۔ (STRETCHER) دیکھیے اسٹریچر۔
سُنک۔ (سُ۔ نک) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) چھوٹا پیچوان (۲) پتلی چھڑی۔
سُنکنا۔ (سُ۔ نک۔ نا) (ہ۔ مص) چپکے سے چلا جانا۔ کھسک جانا۔
سٹنٹ۔ (STUNT) دیکھیے اسٹنٹ۔
سٹو۔ (STOVE) دیکھیے اسٹو۔
سٹوڈینٹ۔ (STUDENT) دیکھیے اسٹوڈنٹ۔
سٹوڈیو۔ (STUDIO) دیکھیے اسٹوڈیو۔
سٹور۔ (STORE) دیکھیے اسٹور۔
سٹوری۔ (STORY) دیکھیے اسٹوری۔
سٹول۔ STOOL دیکھیے اسٹول۔
سٹھ۔ (ہ۔ صف) ساٹھ کا مخفف۔
سٹھ جانا۔ دیکھیے سٹھیانا۔
سٹھی۔ (سُٹ۔ ٹھی) (ہ۔ ا۔ مونث) دیکھیے ساٹھی۔
سٹھیانا۔ (سٹھ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) بڑھاپے کے باعث عقل جاتی رہنا۔
سٹی۔ (CITY) (سِ۔ ٹی) (انگ۔ ا۔ مذکر) شہر۔
سٹی۔ (سِٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مونث) ہوش۔ حواس۔ اوسان۔
سٹی (بھولنا) گم ہونا۔ گھبرانا۔ بوکھلانا۔ سٹپٹانا۔
سٹیٹ۔ (STATE (انگ۔ ا۔ مونث) دیکھیے اسٹیٹ
سٹیج۔ (STAGE) دیکھیے اسٹیج۔
سٹیچو۔ (STATUE) دیکھیے اسٹیچو۔
سٹیڈیم۔ (STADIUM) دیکھیے اسٹیڈیم۔
سٹیشن۔ (STATION) دیکھیے اسٹیشن۔
سٹیشنر۔ (STATIONER) دیکھیے اسٹیشنر۔
سٹیشنری۔ (STATIONERY) دیکھیے اسٹیشنری۔
سٹیل۔ (STEEL) دیکھیے اسٹیل۔
سٹیم۔ (STEAM) دیکھیے اسٹیم۔
سٹیمر۔ (STEAMER) دیکھیے اسٹیمر۔
سٹینڈ۔ (STAND) دیکھیے اسٹینڈ۔
سٹینڈرڈ۔ (STANDARD) دیکھیے اسٹینڈرڈ۔
سٹینسل۔ (STENCIL دیکھیے اسٹینسل۔
سٹینوگرافر۔ (STENOGRAPHER) دیکھیے اسٹینوگرافر۔

## س ۔ ج

سج۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) آرائش۔ سجاوٹ۔ (۲) انداز وضع۔
سج دھج (۱) شان و شوکت۔ (۲) بناؤ سنگھار (۳) شکل و صورت۔
سجا۔ (سَ۔ جا) (ہ۔ صف) (۱) سیدھا۔ دایاں (۲) سیدھا ہاتھ۔
سجاد۔ (سَج۔ جاد) (ع۔ صف و اِ۔ مذکر) بہت سجدے کرنے والا۔ عابد۔
سجادہ۔ (سَج۔ جا۔ دَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) مصلیٰ۔ جانماز (۲) پیر یا بزرگ کی گدی۔
سجادہ نشین۔ کسی بزرگ یا پیر فقیر کا جانشین۔
سجا سجایا۔ (ہ۔ صف) آراستہ پیراستہ۔
سجانا۔ (ہ۔ مص) آراستہ کرنا
سُجانا۔ (ہ۔ مص) ورم کر دینا۔
سجاوٹ۔ (سَ۔ جا۔ وَٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) آراستگی۔ آرائش۔ بناؤ سنگھار (۲) سج دھج۔
سجدہ۔ (سَج۔ دَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) پیشانی زمین پر ٹیکنا۔ ڈنڈوت۔
سجدۂ سہو۔ وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہو جانے پر کیے جاتے ہیں۔
سجدۂ شکر۔ وہ سجدہ جو خدا کے حضور میں کسی بات کے شکرانے کے لیے کیا جائے۔
سجدۂ شکر بجالانا۔ خدا کے حضور میں شکر کا سجدہ ادا کرنا۔
سجدہ گاہ۔ (۱) سجدہ کرنے کی جگہ (۲) خاکِ شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گزار۔ سجدہ کرنے والا۔ عبادت گزار۔
سجع۔ (سَ۔ جَع) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پرندوں کی چہچہاہٹ۔ (۲) دو فقروں کے آخری الفاظ کا ہم قافیہ ہونا۔ (۳) ایسا موزوں فقرہ یا مصرعہ جس کے کچھ ظاہری معنی بھی ہوں۔ اور اس میں کسی شخص کا نام بھی آ جائے۔ جیسے محمد کالے کے نام کا سجع ہے "ہر دم نام محمد کا لے"۔
سجعِ متوازن۔ دو لفظوں کے وزن اور اعداد حروف میں موافقت مگر روی میں مخالفت جیسے آفاق و آباد۔ مطلب و ربط۔
سجعِ متوازی۔ دو لفظوں کے حرف روی و وزن اور اعداد حروف میں موافقت۔ جیسے وطن و چمن۔ بہار و نگار۔
سجعِ مطرف۔ دو لفظوں کے حرف روی میں موافقت۔ مگر اعداد و وزن میں مخالفت۔ جیسے انھار و بہار۔ عنوان و جان۔
سجل۔ (سَ۔ جَل) (ہ۔ صف) عمدہ و نفیس۔ صاف۔ (تیز۔ بجمر ادم)۔
سجن۔ (سَج۔ جَن) (س۔ صف و اِ۔ مذکر) (۱) معزز۔ نیک۔ (۲) شوہر (۳) دوست (۴) معشوق۔ ساجن۔
سجنا۔ (سَج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) زیب دینا (۲) سنگار کرنا۔ آراستہ ہونا (۳) درست ہونا۔
سجنی۔ (سَج۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) سکھی۔ سہیلی۔
سجود۔ (سُ۔ جُود) (ع۔ ا۔ مذکر) سجدہ کی جمع۔
سجھانا۔ (ہ۔ مص) آگاہ کرنا۔ دکھانا۔ بتانا۔
سجھائی دینا۔ (ہ۔ مص) (۱) نظر آنا۔ (۲) معلوم ہونا۔
سجی۔ (سَج۔ جی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک قسم کا کھار جو کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔

Marfat.com

سجیلا۔ (سَ۔جی۔لا) (ہ۔صفت) (۱) بنا ٹھنا۔ چھبیلا۔ بانکا (۲) سجا سجایا۔

## س - چ

سچ۔ (ہ۔صفت) (۱) صحیح۔ درست۔ حق (۲) ہاں۔ (۳) (ا۔ مذکر) صداقت۔ سچائی۔
سچ سچ۔ جس میں ذرّہ برابر جھوٹ نہ ہو۔ ٹھیک ٹھیک۔
سچ مچ۔ واقعی۔ فی الحقیقت۔ دراصل۔
سچ ہے۔ بے شک۔ بجا ہے۔ درست ہے۔
سچا۔ (سَچ۔چا) (ہ۔صفت) (۱) سچ بولنے والا (۲) نیک کردار (۳) درست۔ ٹھیک (۴) کھرا۔ خالص۔
سچا بیوہار۔ (مذکر) (۱) سچا کاروبار (۲) صحیح معاملہ۔ کھرا حساب کتاب۔
سچا پن۔ (مذکر) (۱) دیانت داری (۲) راست گوئی۔ (۳) وفاداری۔
سچا موتی۔ (مذکر) اصلی موتی۔
سچے مر گئے جھوٹوں کو تپ بھی نہیں آئی۔ (مثل) دُنیا میں سچوں کو ہی نقصان پہنچتا ہے۔
سچائی۔ (سَ۔چا۔ئی) (سَچ۔چا۔ئی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) صداقت (۲) راستی۔ دیانت داری۔ ایمان داری۔
سچی۔ (سَچ۔چی) (ہ۔صفت) سچا کی تانیث۔
سچی تول (مونث) پوری تول۔

## س - ح

سحاب۔ (ع۔ا۔مذکر) بادل۔ ابر۔ گھٹا۔
سحر۔ (سَ۔حَر) (ع۔ا۔مونث) صبح۔ فجر۔ تڑکا۔
سحر خیز۔ صبح سویرے اُٹھنے والا۔ صبح اُٹھنے کا عادی۔
سحر گاہ۔ صبح سویرے۔ علی الصّباح۔
سحر گاہی (سحرگہی) (۱) (صفت) صبح کے وقت کی۔ (۲) (مونث) رمضان کے مہینے میں رات کے پچھلے پہر کا کھانا۔
سحر (ع۔ا۔مذکر) جادو۔ ٹونا۔ افسون۔ طلسم۔
سحر آگیں۔ جادو بھرا۔ جادو بھری۔
سحر بیان۔ جادو بیان۔ خوش بیان۔ جس کی تقریر پُر تاثیر ہو۔
سحر بیانی۔ (مونث) جادو بیانی۔ خوش بیانی۔
سحر چل جانا (چلنا)۔ جادو چلنا۔ اثر ہونا۔
سحر زدہ۔ جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو۔
سحر سامری۔ سامری کا جادو جس نے حضرت موسیٰ کے زمانہ میں سونے کے بچھڑے میں گویائی پیدا کی تھی۔
سحر طراز۔ جادو کرنے والا۔ مسحور کر لینے والا۔
سحر طرازی۔ (مونث) مسحور کرنا۔ جادو سا کر دینا۔
سحری۔ (سَ۔حَ۔ری) (ف۔ا۔مونث) دیکھیے سحر گہی۔
سحور۔ (سَ۔حور) (ع۔ا۔مونث) سحری۔ سحر گہی۔

## س - خ

سخا۔ سخاوت۔ (سَ۔خا۔وَت) (ع۔ا۔مونث) فیاضی۔ بخشش۔ خیرات۔
سخت۔ (ف۔صفت) (۱) کڑا جو نرم نہ ہو (۲) کرخت۔ (۳) سنگین (۴) مضبوط (۵) دشوار (۶) نہایت۔ بہت زیادہ۔
سخت جان۔ (۱) وہ شخص جس کی جان مشکل سے نکلے۔ (۲) جفاکش۔ محنتی۔
سخت جانی۔ (مونث) (۱) جان مشکل سے نکلنا (۲) جفاکشی۔
سخت دن۔ (مذکر) مصیبت کے دن۔ پریشانی کا زمانہ۔
سخت دن آنا۔ مصیبت کا زمانہ آنا۔
سخت زمین۔ (مونث) (۱) پتھریلی زمین (۲) مشکل ردیف قافیہ۔
سخت سست کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ سختی سے پیش آنا۔
سخت کلامی۔ (مونث) (۱) کڑے لہجے میں بات چیت (۲) بدزبانی۔
سخت گھڑیاں (مونث) مصیبت کا زمانہ۔ بدبختی کا دور۔
سخت گیر۔ (۱) جو معمولی معمولی باتوں کی پکڑ کرے۔ (۲) جو چھوٹی سی غلطی پر بھی سزا دے۔
سخت گیری۔ (مونث) ذرا ذرا سی بات کی پکڑ۔ بات بات پر سزا۔
سختانا۔ (سَخ۔تا۔نا) (اُ۔مص) (۱) سخت پڑنا (سوداگری اصطلاح) مادّے کا ٹھوس بننا۔
سختی۔ (سَخ۔تی) (ف۔ا۔مونث) (۱) کڑا پن۔ کرختگی۔ (۲) دشواری (۳) بدمزاجی (۴) تشدد (۵) تیزی۔ تندی۔ (۶) افلاس۔ تنگی (۷) مصیبت۔
سختی سے پیش آنا۔ بے رحمی کا برتاؤ کرنا۔
سختی کرنا۔ زیادتی کرنا۔ تنگ کرنا۔
سختیاں کھینچنا۔ تکلیفیں اٹھانا۔ مصیبتیں جھیلنا۔
سخن۔ (سُ۔خن) (سَ۔خن) (سُ۔خُن) (ف۔ا۔مذکر) (۱) بات۔ کلام (۲) عہد۔ (۳) شعر (۴) مقولہ۔ (۵) اعتراض۔
سخن آفرین۔ بات پیدا کرنے والا۔ شاعرِ کامل۔
سخن پرداز۔ شاعر۔ ادیب۔ مقرر۔ خوش بیان۔
سخن پرور۔ (۱) بات کی پچ کرنے والا۔ ضدی (۲) عمدہ گفتگو کرنے والا۔
سخن پروری (مونث) بات کی پچ۔ ضد۔ ہٹ دھرمی۔
سخن چیں۔ (۱) چغل خور (۲) عیب جُو۔
سخن چینی۔ (۱) چغلی (۲) عیب نکالنا۔
سخن داں (سنج) (۱) شاعر (۲) زبان داں (۳) خوش گفتار۔
سخن درین است۔ (مثل) اس پر اعتراض ہے۔ یہ بات

Marfat.com

ماننے میں تامّل ہے۔ اس میں شبہ ہے۔
سخن ساز۔ (۱) شاعر (۲) باتیں بنانے والا۔
سخن سازی۔ (مونث) چرب زبانی۔ مکّاری۔
سخن شناس۔ (۱) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ (۲) قدر دانِ سخن۔
سخن شنو۔ نصیحت سننے والا۔
سخن طراز۔ شاعر۔
سخن طرازی۔ (مونث) (۱) شاعری (۲) فصیح تقریر کرنا۔
سخن فہم۔ (۱) بات سمجھنے والا۔ تیز فہم (۲) دانا۔ (۳) شاعر۔
سخن فہمی۔ (مونث) (۱) بات کا مطلب سمجھنا (۲) شعر کا صحیح مطلب سمجھنا۔
سخن فہمی عالم بالا معلوم شد۔ (مثل) قابلیت کے دعوے کے باوجود بات کا مطلب نہ سمجھنا۔
سخن گستر۔ شاعر۔ خوش بیان۔
سخن گستری۔ (مونث) شعر کہنا۔
سخن گو۔ شعر کہنے والا۔ شاعر۔
سخن گوئی۔ (مونث) شاعری۔
سخن ور۔ (۱) شاعر۔ (۲) زبان دان (۳) خوش گفتار۔
سخن وری۔ (۱) شاعری (۲) فصاحت و بلاغت۔
سخی۔ (س۔ خی) (ع۔ صفت) فیاض۔
سخی شوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں۔ (مثل) سخی کے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہ سال بھر کے اندر اندر اوروں کو دے دیتا ہے۔ شوم جوڑ جوڑ کر رکھتا ہے مگر اس کا مال بھی نہیں بچتا۔
سخی سے شوم بھلا جو ترت دے جواب۔ (مثل) انتظار میں رکھنے سے انکار کر دینا بہتر ہے۔

## س - د

سد۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) دیوار۔ روک۔ (۲) (مذکر) ممانعت۔ روکنا۔
سدِّ باب۔ (مذکر) قطعاً روک دینا۔ قطعی ممانعت۔
سدِّ راہ۔ (مونث) راستے کی رکاوٹ۔ مزاحمت۔
سدِّ روئیں۔ سدِّ سکندر۔ سدِّ یاجوج۔ (مونث) کالنسی کی وہ دیوار جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ سکندر بادشاہ نے تاتار اور چین کے درمیان بنائی تھی۔
سدا۔ (س۔ دا) (ہ۔ تابع فعل) (۱) ہمیشہ۔ ہر وقت۔ لگاتار۔
سدا بہار۔ (۱) ہمیشہ سرسبز رہنے والا (۲) وہ پھول جو بارہ مہینے کھلتا رہے۔
سدا پھل۔ وہ درخت جس میں ہمیشہ پھل آئیں۔
سدا سہاگن۔ (مونث) (۱) ایک قسم کی چڑیا (۲) ہیجڑا۔ مخنث۔ (۳) وہ عورت جس کا شوہر ہمیشہ اس کے پاس رہے۔
سدا کا روگی۔ وہ جو ہمیشہ بیمار رہتا ہو۔ دائم المریض۔
سدا کسی کی نہیں رہی۔ (مثل) ہر شخص کے حالات میں تبدیلی ضرور ہوتی ہے۔ زمانہ ہمیشہ موافق نہیں رہا کرتا۔
سدا کے دکھیا نجھا ور نام۔ (مثل) (۱) ظاہر میں حالت اچھی مگر اصل میں خراب (۲) ناموزوں نام۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔
سدا گلاب۔ ایک قسم کا سُرخ گلاب جو بارہ مہینے کھلتا ہے۔
سِدرہ۔ (سِد۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) بیری کا درخت۔
سِدرۃ المنتہیٰ۔ مسلمانوں کے عقیدے میں بیری کا وہ درخت جو ساتویں آسمان پر ہے اور جس سے آگے کوئی نہیں جا سکتا۔ حضرت جبریلؑ کا مقام۔
سدرہ نشین۔ (مذکر) حضرت جبریلؑ۔
سُدس۔ (سُدُس) (سُ۔ دُس) (ع۔ صفت) چھٹا حصہ۔
سِدھ۔ (س۔ صفت) (۱) کامل۔ مکمل (۲) ماہر۔ عالم فاضل (۳) ولی۔ عابد۔
سُدھ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) یادداشت (۲) خبر۔ آگاہی۔ واقفیت۔ (۳) عقل (۴) ہوشیاری (۵) توجہ۔ غور (۶) سوجھ بچار (۷) لحاظ۔ پروا۔ (۸) حس۔
سُدھ بُدھ۔ (مونث) (۱) عقل و شعور۔ ہوش و حواس (۲) خبرگیری۔
سدھ بدھ رکھنا۔ (۱) خبرگیری کرنا (۲) یاد رکھنا۔
سدھ بدھ لینا۔ خبرگیری کرنا۔ چوکسی کرنا۔
سدھ بدھ نہ رہنا۔ (۱) ہوش نہ رہنا (۲) خیال نہ رہنا۔
سدھ بسرنا (بھولنا) (۱) بے ہوش ہو جانا (۲) بدحواس ہو جانا۔
سدھ لینا۔ (۱) خبر لینا (۲) دھیان رکھنا۔
سُدّہ۔ (سُد۔ دَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے۔
سدھارنا۔ (ہ۔ مص) جانا۔ رخصت ہو جانا۔
سُدھارنا۔ (ہ۔ مص) سنوارنا۔ عیب یا خرابی دور کرنا۔
سدھانا۔ (ہ۔ مص) سکھانا۔ جانور کو مانوس کرنا۔
سُدھرنا۔ (سُ۔ دھر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) درست ہونا۔ اصلاح پانا۔ (۲) سیدھا ہو جانا۔
سدھنا۔ (سَدھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تربیت پانا (۲) جانور کا مانوس ہونا۔
سدھوانا۔ (سَدھ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) درست کرانا (۲) جانور کو مانوس کرانا۔
سُدھی۔ (سُدھ۔ دھی) (ہ۔ ا۔ مونث) یادداشت۔ حافظہ۔
سُدی۔ (سُ۔ دی) (س۔ ا۔ مونث) اُترتے چاند کا وقت۔ قمری مہینے کا دوسرا حصہ۔ تاریک حصہ چاند کے مہینے کا دوسرا پندرواڑہ۔

Marfat.com

## س ۔ ڈ

**سُڈول** ۔ (سُ۔ڈول) (ہ۔صفت) خوش وضع۔ خوبصورت خوش نما۔ متناسب۔ زیبا۔ موزوں۔
**سُڈھال** ۔ (سُ۔ڈھال) (ہ۔صفت) خوبصورت۔ خوش وضع۔ متناسب۔

## س ۔ ر

**سر** ۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) کھوپری (۲) کسی چیز کا بالائی حصہ۔ چوٹی (۳) ابتدا (۴) فِکر۔ خیال (۵) زور (۶) سردار (۷) خلاصہ (۸) خواہش۔ ارادہ (۹) کنارہ (۱۰) عنوان (۱۱) عشق (۱۲) (ذ۔ر) تاش یا گنجفے کا پتّا جو کھیلا جائے (۱۳) وہ تین یا چار پتّے جو جیتنے والا لے جائے (۱۴) کوئی بڑا پتّا۔ اکّا۔ بادشاہ وغیرہ۔
**سرآغاز** ۔ عبارت کی پیشانی۔ عنوان۔
**سرآمد** ۔ (۱) برگزیدہ۔ برتر (۲) حاکم۔ سردار۔
**سرِاجلاس** ۔ بھری کچہری میں۔ حاکم کے رُوبرو۔
**سرافراز** ۔ معزز۔ عالی مرتبہ۔
**سرافرازی** ۔ (مونث) عزت۔ توقیر۔
**سرافگندہ** ۔ (۱) سر جھکائے ہوئے (۲) پریشان (۳) شرمندہ۔
**سرانجام** ۔ (۱) بندوبست (۲) تکمیل (۳) نتیجہ۔ خاتمہ۔
**سرانگشت** ۔ انگلی کا سرا
**سربار** ۔ (۱) (دفتری اصطلاح) رقم جو قابلِ محصول چیزوں کا حساب پیش نہ کرنے پر بطور جرمانہ وصول کی جائے۔ (SURCHARGE) (۲) جرمانہ (۳) گٹھڑی جو بوجھ کے اوپر رکھی جائے۔
**سربازار** ۔ (۱) بازار میں (۲) سب کے سامنے۔ علانیہ۔
**سربالیں** ۔ سرہانے۔
**سربام** ۔ کوٹھے یا بالاخانے پر۔ لبِ بام۔
**سربرآوردہ** ۔ (۱) معزز۔ (۲) سردار۔ افسر
**سربراہ** ۔ (مذکر) منتظم۔ مہتمم۔
**سربراہی** ۔ (مونث) اہتمام۔ انتظام۔
**سربرہنہ** ۔ ننگے سر۔
**سربریدہ** ۔ سر کٹا ہوا۔
**سربستہ** ۔ (۱) ملفوف (۲) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
**سربسر** ۔ سراسر۔ اس سرے سے اس سرے تک۔ کل تمام۔ یکساں برابر۔
**سربفلک** ۔ بہت اونچا یا اونچی۔
**سربکف** ۔ سر ہتھیلی پر رکھے ہوئے۔ جان دینے پر آمادہ۔
**سربگریباں** ۔ (۱) سوچ بچار کی حالت میں (۲) نادم۔ شرمندہ۔

**سربلند** ۔ (۱) معزز۔ عالی مرتبہ۔ ممتاز۔ سرافراز۔
**سربلندی** ۔ (مونث) (۱) عزت۔ امتیازی نشان۔ اعزاز۔
**سربمُہر** ۔ بند کرکے مہر لگایا ہوا۔ جسے سیل کر دیا گیا ہو۔
**سربمہر پیش نہاد** ۔ (دفتری اصطلاح) ٹھیکیدار کا تخمینہ جو سربند لفافے میں ہو (SEALED TENDER)
**سربند** ۔ منہ بند۔ پیک کیا ہوا۔
**سرپرست** ۔ مربّی۔ کفیل۔ مددگار۔ سردھرا۔
**سرپرستی** ۔ (مونث) امداد۔ حمایت۔
**سرپستان** ۔ (مذکر) چھاتی کی گھنڈی۔ چھاتی کا منہ۔ چوچی۔
**سرپوش** ۔ (۱) وہ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں (۲) ڈھکنا۔ چپنی۔
**سرپنچ** ۔ (مذکر) پنچوں کا سردار۔ میرِ مجلس۔
**سرپیچ** ۔ (مذکر) (۱) پگڑی (۲) پگڑی کے اوپر کا چھوٹا سا کپڑا۔ (۳) ایک قسم کا زیور جو پگڑی پر باندھتے ہیں۔ جیغہ۔
**سرتابی** ۔ (مونث) سرکشی۔ نافرمانی۔ حکم عدولی۔ بغاوت۔
**سرتاپا** ۔ سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
**سرتاج** ۔ (۱) آقا۔ مالک۔ (۲) خاوند۔ شوہر
**سرتاسر** ۔ سرے کا سارا۔ پورا۔ تمام۔
**سرِتسلیم خم کرنا** ۔ حکم ماننا۔ راضی برضا ہونا۔
**سرچشمہ** ۔ (مذکر) سوتا۔ منبع۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔
**سرحد** ۔ (مونث) حدِ فاصل۔ کنارہ۔ انتہا۔
**سرخط** ۔ (مذکر) (۱) قبالہ۔ بیع نامہ (۲) کرایہ نامہ (۳) وہ کاغذ جس پر ملازمت کی تاریخ اور یادداشت لکھتے ہیں۔
**سرخوشی** ۔ (مونث) (۱) خوش حالی۔ مسرت (۲) شراب کا سُرور۔
**سرخیل** ۔ (مذکر) سرگروہ۔ سرغنہ۔ افسر۔ سردار۔
**سردار** ۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ افسر۔
**سرداری** ۔ (مونث) افسری۔
**سرِدربار** ۔ دربار میں۔ کھلم کھلا۔
**سردست** ۔ (۱) ابھی۔ اس وقت۔ فی الحال۔ (۲) فوراً۔
**سردفتر** ۔ (مذکر) دفتر کا افسر۔ ہیڈ کلرک۔ میر منشی۔
**سرِراہ** ۔ راہ میں۔ سڑک پر۔ راستے میں۔
**سررشتہ** ۔ (مذکر) (۱) تدبیر (۲) معاملہ۔ مطلب (۳) محکمہ۔ دفتر۔ کچہری۔
**سررشتہ دار** ۔ (مذکر) میر منشی۔ ہیڈ کلرک۔
**سررشتہ داری** ۔ (مونث) میر منشی کا عہدہ۔
**سررشتۂ مال** ۔ (مذکر) زمین کا محصول وصول کرنے والا محکمہ۔
**سرزد ہونا** ۔ (۱) واقع ہونا۔ صادر ہونا (۲) عمل میں آنا۔
**سرزنش** ۔ (مونث) ملامت۔ بُرا بھلا کہنا۔
**سرسبز** ۔ (۱) تروتازہ۔ ہرا بھرا۔ (۲) خوش حال۔
**سرسبزی** ۔ (مونث) تروتازگی۔ ہرا بھرا ہونا۔
**سرشار** ۔ مست۔ مخمور۔ نشے میں چُور۔
**سرشاری** ۔ (مونث) مستی۔ مدہوشی۔
**سرِشام** ۔ شام ہوتے وقت۔ سورج چھپتے وقت
**سرگروہ** ۔ (مذکر) سرگروہ۔ سردار۔
**سر فدا کرنا** ۔ جان قربان کرنا۔

Marfat.com

سر فروش - جان باز - دلیر
سر فروشی - (مونث) جان بازی - دلیری -
سر قلم کرنا - سر کاٹنا - گردن مارنا -
سر کردگی - (مونث) سرداری - قیادت -
سر کردہ - (۱) ممتاز - معزز (۲) حاکم - افسر -
سر کرنا - (۱) فتح کرنا (۲) بندوق چلانا (۳) رکبے گنجفے یا تاش میں) بڑا پتا ڈال کر پتے اُٹھانا -
سرکش - (۱) نافرمان (۲) باغی (۳) مغرور -
سرکشی - (مونث) (۱) نافرمانی (۲) بغاوت (۳) بے وفائی -
سرکوبی - (مونث) سر کچلنا - سزا دینا -
سرکوہ - پہاڑ کی چوٹی -
سرگزشت - (مونث) (۱) ماجرا - واردات (۲) حال - قصہ - واردات - داستان (۲) سوانح عمری - تذکرہ -
سرگراں - (۱) خفا - ناراض (۲) جو نشے کے خمار میں ہو -
سرگرانی (۱) (مونث) (۱) خفگی - رنجیدگی - (۲) خمار - دردِ سر - (۳) افسوس - افسردگی -
سرگرداں - (۱) حیران و پریشان (۲) آوارہ -
سرگردانی - (مونث) حیرانی - پریشانی - تشویش -
سرگرم - (۱) مستعد (۲) پرجوش (۳) محنتی - کوشش کرنیوالا -
سرگرمی - (مونث) (۱) کوشش - دوڑ دھوپ - (۲) مستعدی - آمادگی -
سرگروہ - (مذکر) سردار - سرغنہ -
سرگشتہ - (۱) حیران - پریشان (۲) مصیبت زدہ -
سرگشتگی - (مونث) (۱) حیرانی - پریشانی (۲) مصیبت - آفت -
سرگوشی - (مونث) (۱) کانا پھوسی - کان میں بات کہنا - (۲) چغلی - غیبت -
سرمحفل - مجلس کے رُوبرو - سب کے سامنے -
سرمست - متوالا - مدہوش - نشے میں چُور -
سرمغزی - (مونث) بک بک - مغز زنی -
سرمو - بال کی نوک کے برابر - ذرا سا - رائی برابر -
سرنامہ - (مذکر) (۱) خط کی پیشانی - لیٹر ہیڈ (۲) مکتوب الیہ کا پتا جو خط پر لکھا جاتا ہے -
سرنگوں - (۱) سر کے بل - اوندھا (۲) شرمندہ - خجل -
سرنوشت - (مونث) تقدیر کا لکھا - تقدیر - نصیب -
سروپا - (۱) سر سے پاؤں تک (۲) خلعت -
سرورق - (مذکر) کتاب کا پہلا ورق - ٹائیٹل پیج -
سروسامان - (مذکر) ضروری اسباب - لوازمات -
سروکار - (مذکر) واسطہ - تعلق - غرض -
سروکار نہ ہونا - تعلق یا واسطہ نہ ہونا -
سر ہونا - (۱) فتح ہونا (۲) دفعتاً - فیر ہونا -
سر - (SIR) [ انگ - ا - مذکر ] (۱) بڑوں سے خطاب کرنے کے لیے) جناب - (۲) انگلستان کے اُمرا کا لقب (۳) سرکار انگریزی کا ایک خطاب -
رسر - [ ہ - ا - مذکر ] (۱) سر - کھوپڑی (۲) چوٹی (۳) ابتدا -

سے شروع -
سر آنکھوں پر - دل و جان سے - بڑی خوشی سے -
سر آنکھوں پر (بٹھانا) لینا - خوب آؤ بھگت کرنا -
سر اُتارنا - سر کاٹنا - گردن اُڑانا -
سر اُٹھا کر چلنا - (۱) غرور کرنا - فخر سے چلنا (۲) باعزت ہونا -
سر اُٹھانا - (۱) سر اونچا کرنا - (۲) شور کرنا - غل کرنا - (۳) سرکشی کرنا - فساد کرنا - (۴) مقابل ہونا - برابری کرنا - (۵) فرصت یا مہلت پانا -
سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا - بالکل فرصت نہ ملنا -
سر اڑانا (اُڑا دینا) - سر کاٹ ڈالنا - گردن کاٹ دینا -
سر بھاری ہونا - دردِ سر ہونا - سر گھومنا -
سر پاؤں - سر پیر (۱) ابتدا - انتہا - (۲) ٹھکانا -
سر پاؤں (سر پیر) نہ ہونا - آغاز اور انجام کا پتہ نہ چلنا - مہمل ہونا -
سر پٹخنا (پٹکنا) - (۱) سر پھوڑنا (۲) تلملانا - جھنجھلانا (۳) بہت کوشش کرنا (۴) بہت زیادہ غور و فکر کرنا -
سر پہ - (۱) بہت قریب (۲) ذمے (۳) سر کے اوپر -
سر پہ آ پڑنا - (۱) ذمے پڑنا - (۲) وارد ہونا - نازل ہونا -
سر پہ آ پہنچنا - بہت قریب آ جانا -
سر پہ (اجل) قضا کھیلنا - (۱) موت قریب ہونا - (۲) شامت آنا -
سر پہ بٹھانا - بہت تعظیم و تکریم سے بٹھانا -
سر پہ بننا - مصیبت نازل ہونا - آفت میں مبتلا ہونا -
سر پہ بولنا - (۱) سانپ کے کاٹے ہوئے مدہوش آدمی کا منتر کے زور سے باتیں کرنا (۲) بھوت پریت کا انسان کے جسم میں حلول کرکے بولنا -
سر پہ بھوت سوار ہونا - (۱) بھوت پریت کا سایہ ہونا - (۲) بہت زیادہ غصے ہونا -
سر پہ پاؤں رکھ کر بھاگنا - بے تحاشا بھاگنا - بہت تیز بھاگنا -
سر پہ پڑنا - (۱) ذمے ہونا (۲) مصیبت آنا - (۳) گزرنا - بیتنا -
سر (سروں) پر تھالی پھرنا - بہت زیادہ ہجوم ہونا -
سر پہ چڑھانا - (۱) بہت زیادہ منہ لگانا - بہت لاڈ کرنا (۲) گستاخ یا بے ادب بنانا -
سر پہ چڑھنا - سر چڑھنا - (۱) گستاخ ہونا (۲) لاڈ میں آنا - بہت بے تکلف ہونا (۳) سر پہ سوار ہونا -
سر پہ خاک ڈالنا - ماتم کرنا - سوگ منانا -
سر پہ خون (چڑھنا) سوار ہونا - جان لینے پر کمربستہ ہونا -
سر پہ رکھنا - (۱) قابلِ احترام جاننا (۲) تھوپنا - ذمے ڈالنا - (۳) سر پہ اٹھانا -
سر پہ سنیچر سوار ہونا - نحوست پڑنا - تقدیر گردش میں ہونا -
سر پہ سے نکلنا - بہت قریب سے گزرنا -
سر (پہ سے) پہ وارنا - صدقے کرنا - نچھاور کرنا -
سر پہ شیطان سوار ہونا - (۱) غصہ چڑھا ہونا (۲) نصیحت

کی بات دشمنا (۲) کسی بُری حرکت پر کمربستہ ہونا۔
سر پر سے (کفن باندھنا)۔ ہر وقت جان دینے کو تیار رہنا۔
سر پر کھڑا ہونا۔ (۱) بہت پاس ہونا (۲) سامنے موجود ہونا۔
سر پر کھیل جانا۔ جان کی پروا نہ کرنا۔ جان جوکھم کا کام کرنا۔
سر پر نہ رہنا۔ بزرگ یا سرپرست کا انتقال ہو جانا۔
سر پر ہاتھ دھرنا (رکھنا) (۱) حامی و مددگار بننا (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا۔
سر پڑنا۔ (۱) ذمے ہونا (۲) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔
سر پڑے کا سودا۔ مجبوری کی بات یا معاملہ۔
سر پکڑ کر (بیٹھنا) رہ جانا۔ بہت افسوس کرنا۔
سر پھٹول۔ ایسی لڑائی جس میں سر پھٹیں۔
سر پھرنا، پھر جانا۔ دیوانہ ہونا۔ مت بگڑنا۔
سر پھوڑنا۔ (۱) سر کے ٹکڑے کرنا (۲) سر ٹے مارنا (۳) بے فائدہ یا لاحاصل کام کرنا۔
سر پیٹنا۔ (۱) ماتم کرنا۔ (۲) بے حد افسوس کرنا۔
سر پیر نہ ہونا۔ بات کا بے معنی یا مہمل ہونا۔
سر توڑ کوشش۔ (مونث) بہت سخت کوشش۔ بے حد مشقت۔
سر تھام لینا۔ بُری خبر سُن کر اپنا سر پکڑ لینا۔
سر تھوپنا۔ (۱) الزام لگانا (۲) ذمے ڈالنا۔
سر ٹکرانا۔ (۱) سر سے ٹے مارنا (۲) سخت کوشش کرنا۔
سر جوڑ کر بیٹھنا۔ (۱) مل کر بیٹھنا (۲) مشورے کے لیے اکٹھے ہونا۔
سر جھاڑ منہ پہاڑ۔ (۱) بھیانک صورت میں (۲) عورت کا بناؤ سنگار نہ کرنا۔
سر جھکانا۔ (۱) اطاعت کرنا (۲) شرمندہ ہونا۔
سر جھکنا۔ (۱) مغلوب ہونا (۲) شرمندگی کے باعث گردن نیچی ہونا۔
سر چپکنا۔ ذمے ڈالنا۔ سر منڈھنا۔
سر چڑھا۔ (۱) لاڈلا (۲) گستاخ۔ بے ادب۔
سر چڑھانا۔ بہت منہ لگانا۔ بہت زیادہ لاڈ کرنا۔
سر چڑھ کر۔ (۱) سر پہ کھڑے ہو کر (۲) ضد کر کے (۳) از خود ظاہر ہو کر۔
سر چڑھ کر کے بولنا۔ (۱) بھوت پریت کا سر پر آ کر کھیلنا۔ (۲) کسی بات کا اثر از خود ظاہر ہونا چھپائے نہ چھپنا۔
سر چڑھنا۔ (۱) بے تکلف ہونا (۲) بے ادب ہونا۔ (۳) مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا (۴) قرضہ ذمہ ہو جانا۔
سر چکٹ جانا، چکٹنا۔ میل کی وجہ سے بالوں کا ایک دوسرے سے چمٹ جانا۔
سر دھرا۔ (مذکر) (۱) بڑا بوڑھا۔ سرپرست (۲) آقا۔ سردار۔
سر دھرنا۔ (۱) ذمہ دار گرداننا (۲) الزام لگانا۔
سر دھننا۔ (۱) سر پیٹنا۔ (۲) افسوس کرنا (۳) مزے میں آکر جھومنا۔
سر دینا۔ جان دینا۔ سر قربان کرنا۔
سر رہنا۔ (۱) جان سلامت رہنا (۲) کوشش کرتے رہنا۔

پیچھے پڑے رہنا (۳) ذمے ہونا۔
سر سفید ہونا۔ بالوں کا پک جانا۔ بڑھاپا آ جانا۔
سر سہرا ہونا۔ کامیابی ہونا۔ کسی اچھی بات کا کسی شخص پر منحصر ہونا۔
سر سہلانا بھیجا کھانا (سر سہلائے بھیجا کھائے) (مثل) (۱) تعریفیں کر کر کے مال اُڑانا (۲) دوست بن کر نقصان پہنچانا۔
سر سے بلا ٹالنا۔ (۱) آئی ہوئی مصیبت دُور کرنا۔ (۲) بے دلی سے کوئی کام کرنا۔
سر سے بوجھ اُتارنا۔ (۱) قرضہ اُتارنا (۲) بیٹے یا بیٹی کی شادی سے فارغ ہونا (۳) بے دلی سے کام کرنا۔
سر سے پانی (اونچا ہونا، گزر جانا۔ انتہا ہو جانا۔ ناقابلِ برداشت ہو جانا۔
سر سے چلنا، کے بل چلنا۔ بے حد تعظیم و تکریم سے جانا۔
سر سے کفن باندھنا۔ مرنے کے لیے تیار ہونا۔
سر سے کھیلنا۔ جن یا بھوت پریت کے اثر سے سر دھننا۔
سر سے مارنا۔ (۱) ناراض ہو کر واپس کرنا (۲) سر سے ٹکرانا۔
سر سینگ ہونا۔ پہچان یا شناخت کی کوئی خاص علامت ہونا۔
سر سے وارنا۔ نثار کرنا۔ صدقے کرنا۔
سر کا پسینہ ایڑی تک آنا۔ بہت سخت مشقت کرنا۔
سر کھانا۔ (۱) مغز چاٹنا (۲) بک بک کر پریشان کرنا۔
سر کھپانا۔ (۱) مغز مارنا (۲) کوشش کرنا۔
سر کھلنا۔ سر پھٹنا۔ کھوپڑی کی ہڈی کُھلنا۔
سر گوندھنا۔ کنگھی چوٹی کرنا۔
سر لگنا۔ (۱) تہمت لگنا (۲) ذمے پڑنا۔
سر لینا۔ (۱) ذمہ لینا۔ (۲) سر کاٹنا۔
سر مارنا۔ (۱) زبردستی دینا۔ سر منڈھنا (۲) سمجھانا۔ (۳) سر پٹکنا (۴) تدبیریں کرنا (۵) ڈھونڈنا۔
سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ (مثل) کام شروع کرتے ہی نقصان ہوا۔ ابتدا ہی سے کام میں خرابی پیدا ہو گئی۔
سر مونڈنا۔ (۱) حجامت بنانا (۲) ٹھگنا۔
سر میں خاک ڈالنا۔ ماتم کرنا۔ رنج کرنا۔ سوگ کرنا۔
سر میں خناس سمانا۔ غرور یا تکبر کرنا۔
سر نہ (اٹھانے) اٹھنے دینا۔ (۱) سرکشی نہ کرنے دینا۔ مجبور رکھنا (۲) فرصت نہ دینا۔
سر نہوڑانا۔ سر نیچا کر لینا۔ سر جھکانا۔
سر نہیں یا سر ہی نہیں۔ (مثل) حق حاصل کر کے بیٹھیں گے یا جان دے دیں گے۔
سر ہو جانا، (رہنا) (۱) ضد کرنا (۲) پیچھے پڑ جانا۔
سِتر۔ (ع۔ا۔ مذکر) بھید۔ راز (فارسی اور اردو میں بلا تشدید)
سُر۔ (ہ۔ مذکر) (۱) وہ آواز جو ناک سے سانس نکلنے میں ہوتی ہے (۲) (علم موسیقی کی اصطلاح) آواز کے

Marfat.com

سات درجوں میں سے ایک درجہ (س - سُر کا)
سُر ملانا - (۱) دو سازوں کو ہم آہنگ کرنا (۲) گلے کی آواز کو ساز کی آواز کے مطابق کرنا (۳) دو گانے والوں کا آواز ملانا۔
سُر ملنا - (۱) ہم آہنگ ہونا (۲) موافقت ہونا۔
سُر ودیا - گانے کا علم - علم موسیقی۔
سرا - (سَ - را) (ف) مصدر سرائیدن کا اسم فاعل یعنی گانے والا (مرکبات میں جیسے نغمہ سرا)
سرا - (سَ - را) (ف - ا - مونث) (۱) گھر - مکان مرکبات میں جیسے جہاں سرا (۲) (ر) مسافروں کے ٹھہرانے کا مکان - مسافر خانہ - سرائے -
سراپردہ (مذکر) (۱) وہ اونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں - (۲) بارگاہ شاہی - (۳) گھر کا پردہ - (۴) ڈیرہ - خیمہ -
سرا (سرائے) دار - سرائے یا مسافر خانہ کا مالک -
سرائے فانی - فنا ہو جانے والا گھر - دُنیا -
سِرا - (ہ - ا - مذکر) (۱) کنارہ (۲) انتہا - اخیر (۳) ابتدا - سرے سے - شروع سے -
سراب - (سَ - راب) (ع - ا - مذکر) (۱) ریتلی زمین کی وہ جگہ جہاں پانی کا دھوکا ہوتا ہے (۲) دھوکا ہی دھوکا -
سراپ - (سَ - راپ) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے شراپ -
سراپا - (سَ - را - پا) (ف - ا - مذکر) (۱) وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی جائے - (۲) (تابع فعل) سرتاپا - تمام - بالکل -
سِراج - (ع - ا - مذکر) (۱) چراغ (۲) سورج -
سراسر - (ف - صفت) تمام - کل - اس سرے سے اُس سرے تک -
سراسیمگی - (سَ - را - سی - مہ - گی) (ف - ا - مونث) پریشانی - حیرانگی -
سراسیمہ - (سَ - را - سی - مہ) (ف - صفت) حیران - پریشان -
سُراغ - (ف - ا - مذکر) کھوج - پتا - نشان -
سراغ رساں - کھوج لگانے والا - جاسوسی کا ماہر کھوجی -
سراغ رسانی - (مونث) کھوج لگانے کا فن - فن جاسوسی -
سراہنا - (سَ - راہ - نا) (ہ - مص) (۱) تعریف کرنا (۲) قدر کرنا - داد دینا - (۳) چاپلوسی یا خوشامد کرنا -
سرائے - (سَ - را - ے) (ف - ا - مونث) دیکھیے سرا نمبر ۲ -
سرائی - (ف - ا - مونث) گانا (مرکبات میں جیسے نغمہ سرائی) -
سرایت - (سَ - را - یَت) (ع - ا - مونث) (۱) تاثیر کرنا (۲) سما جانا - نفوذ کرنا -
سرایت کرنا - (۱) جذب ہونا - رچنا (۲) اثر کرنا - گھسنا -
سربراہ - سر کے تحت دیکھیے -
سرپٹ - (سَر - پٹ) (ہ - ا - مونث) گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ -
سرپنچ - سر کے تحت دیکھیے -

سرٹیفکیٹ - (CERTIFICATE) (سَر - ٹی - فی - کِٹ) (انگ - ا - مذکر) پروانہ - سند -
سرجری - (SURGERY) (سَر - جَ - ری) (انگ - ا - مذکر) جراحی -
سرجن - (SURGEON) (انگ - ا - مذکر) جراح -
سرچارج - (SURCHARGE) (انگ - ا - مذکر) (۱) زائد رقم (جو وصول کی جائے) (۲) بجلی کی فاضل رَو -
سرچشمہ - (ف - ا - مذکر) سر کے تحت دیکھیے -
سرحد - (ف - ا - مونث) سر کے تحت دیکھیے -
سُرخ - (ف - صفت) (۱) لال (۲) (مونث) گھونگھچی - رتی -
سرخرو - کامیاب - عزت و آبرو حاصل کرنے والا -
سرخرو ہونا - (۱) کامیاب ہونا - (۲) بری الذمہ قرار دیا جانا - (۳) وعدے پر پورا اترنا - سچا نکلنا -
سرخروئی - (مونث) کامیابی - عزت - آبرو -
سُرخا (سُرخہ) (ف - ا - مذکر) (۱) ایک قسم کا گھوڑا (۲) ایک کبوتر (۳) شراب
سُرخاب - (ف - ا - مذکر) ایک آبی پرندہ -
سُرخاب کا پر لگنا - (۱) کوئی خاص امتیاز یا وصف ہونا - (۲) انوکھی بات ہونا -
سرخط - (ف - ا - مذکر) سر کے تحت دیکھیے -
سُرخی - (ف - ا - مونث) (۱) لالی - لال رنگت (۲) اینٹ کا برادہ (۳) عنوان (۴) ناخنوں اور ہونٹوں کو سرخ کرنے کا ایک مسالا -
سرخی مائل - لال سا - لالی لیے ہوئے -
سرخیل - (ف - ا - مذکر) سَر کے تحت دیکھیے -
سرد - (ف - صفت) (۱) ٹھنڈا (۲) بے رونق - بے لطف - (۳) دھیما (۴) افسردہ (۵) بے حس (۶) بے جان -
سرد بازاری - (مونث) (تجارت) مندا - قیمت کا یکایک گر جانا - کساد بازاری -
سرد جنگ - دیکھیے اعصابی جنگ -
سرد مزاج - (۱) ٹھنڈی طبیعت والا - مردہ دل - (۲) افسردہ خاطر -
سرد مہر - (۱) بے مروت (۲) ظالم (۳) جو توجہ یا التفات نہ کرے -
سرد مہری - (مونث) (۱) بے مروتی (۲) سنگ دلی - (۳) بے التفاتی -
سرد و گرم - رنج و خوشی - اونچ نیچ - انقلابات زمانہ -
سرد و گرم زمانہ چشیدہ - تجربہ کار - زمانہ کے نشیب و فراز دیکھے ہوئے -
سرد (ہو جانا) ہونا - (۱) ٹھنڈا ہو جانا (۲) مرجھانا (۳) ماند پڑ جانا - (۴) افسردہ ہو جانا -
سردانا - (ا - ا - مذکر) (اصطلاح کیمیا) ٹھنڈا کرنا یا ہونا - جمانا - تبرید - (REFRIGERATION)
سردا - (سَر - دَہ) (ف - ا - مذکر) ایک میٹھا پھل -
سردئی رنگ - (سَر - دَ - ئی - رنگ) (ا ر - صفت) سبز

Marfat.com

کا سا رنگ۔ سبزی مائل زرد رنگ۔
**سردی۔** (ف۔ ا۔ مونث) (۱) ٹھنڈ۔ ٹھنڈک (۲) جاڑا۔ (۳) (اُر) زکام۔ نزلہ (۴) (مجازاً) کپکپی۔
**سردی پڑنا۔** جاڑا پڑنا۔ ٹھنڈ ہونا۔
**سردی چڑھنا۔** لرزے سے بخار آنا۔
**سرریشتہ۔** (سَر۔ رِش۔ تہ) (ف۔ ا۔ مذکر)۔ سر کے تحت دیکھیے۔
**سرزنش۔** (سَر۔ زَ۔ نِش) (ف۔ ا۔ مونث) سر کے تحت دیکھیے۔
**سرسام۔** (ف۔ ا۔ مذکر) ایک بیماری جس سے دماغ میں ورم آجاتا ہے۔
**سرسبز۔** (ف۔ صفت) سر کے تحت دیکھیے۔
**سرسرانا۔** (ہ۔ مص) (۱) ہوا کا سائیں سائیں کرنا (۲) سانپ یا کسی کیڑے کا رینگنا۔
**سرسراہٹ۔** (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ہوا چلنے سے پتوں وغیرہ کے ہلنے کی آواز (۲) سانپ یا کیڑوں کے رینگنے کی آواز۔
**سرسری۔** (سَر۔ سَ۔ ری) (ف۔ تابع فعل) (۱) بے سوچے سمجھے۔ بے پروائی سے۔ بغیر غور و فکر۔
**سرسری اختیارات۔** (مذکر) بغیر تحقیقات حکم نافذ کرنے کے اختیارات۔
**سرسری دیکھنا، نظر کرنا۔** جلدی میں ملاحظہ کرنا۔ اجمالی نظر ڈالنا۔
**سرسری نالش۔** (مونث) چھوٹی نالش۔ ادنےٰ دعوےٰ۔
**سُرسُری۔** (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ایک سرخ رنگ کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔ (۲) آتش بازی کی چھچھوندر (۳) ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے جلن پیدا ہوتی ہے۔ (۴) بدن کی سنسناہٹ۔
**سرسوتی۔** (سَ۔ رَس۔ وَ۔ تی) (س۔ ا۔ مونث) برہما دیوتا کی بیوی۔ فصاحت و بلاغت کی دیوی۔ موسیقی اور آرٹ کی سرپرست۔ سنسکرت زبان اور دیوناگری لیپی کی موجد۔
**سرسوں۔** (سَر۔ سوں) (ہ۔ ا۔ مونث) رائی کی قسم کا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں۔
**سرسوں پھولنا۔** (۱) سرسوں کے پودوں پر پھول آنا (۲) زردی زرد نظر آنا۔
**سرشار۔** (ف۔ صفت) سر کے تحت دیکھیے۔
**سرشت۔** (سَ۔ رِشت) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) خو۔ خصلت۔ مزاج (۲) خاصیت۔ گن (۳) خلقت۔ فطرت۔
**سرشتہ۔** (سَ۔ رِش۔ تہ) (ف۔ ا۔ مذکر) سررشتہ کا مخفف۔ سر کے تحت دیکھیے۔
**سرشک۔** (سِ۔ رِشک) (ف۔ ا۔ مذکر) آنسو۔ اشک۔
**سرطان۔** (سَ۔ رَ۔ طان) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کیکڑا (۲) ایک برج کا نام جس کی شکل کیکڑے سے ملتی جلتی ہے۔ (۳) ایک مہلک پھوڑا۔ کینسر۔

**سُرعت۔** (سُر۔ عَت) (ع۔ ا۔ مونث) جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔
**سرغنہ۔** (ف۔ ا۔ مذکر) سر کے تحت دیکھیے۔
**سُرفہ۔** (سُر۔ فہ) (ف۔ ا۔ مذکر) کھانسی۔ ٹھسکی۔
**سَرقہ۔** (سَر۔ قہ) (ع۔ ا۔ مذکر) چوری۔ ر مکسور اور ساکن دونوں درست ہیں۔
**سرقہ بالجبر۔** ڈاکا۔ لوٹ مار۔
**سرقہ خفیف۔** چھوٹی یا معمولی چوری۔
**سرقہ کبیر۔** بڑی چوری۔
**سرکار۔** (ف۔ ا۔ مونث) (۱) حکومت۔ گورنمنٹ (۲) آقا۔ سردار (۳) شاہی دربار یا عدالت۔ بارگاہ۔
**سرکار دربار چڑھنا۔** (۱) نالش کرنا (۲) مقدمہ بازی کرنا۔
**سرکاری۔** (ف۔ صفت) سرکار کا۔ حاکم کا۔
**سرکاری اہل کار۔** (مذکر) حکومت کا ملازم۔ محرر۔ منشی۔
**سرکاری کاغذ۔** (مذکر) (۱) حکومت کا کاغذ (۲) پرامسری نوٹ۔ بانڈ (۳) اسٹامپ۔
**سرکانا۔** (سَر۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ایک طرف سے دوسری طرف کھسکانا۔ (۲) ہٹانا (۳) چھپانا۔
**سرکٹ۔** (CIRCUIT) (سَر۔ کٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) چکر۔ دور (۲) ججوں کا مقدمات کی سماعت کے لیے کسی جگہ جانا۔
**سرکٹ ہاؤس۔** (مذکر) وہ عمارت جس میں دورے پر نکلے ہوئے قیام کرتے ہیں۔
**سرکس۔** (SIRCUS) (انگ۔ ا۔ مذکر) وہ تماشا جس میں انسانوں اور حیوانوں کے جسمانی کرتب دکھائے جاتے ہیں۔
**سرکل۔** (CIRCLE) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) حلقہ۔ احاطہ (۲) وہ علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو۔
**سرکل انسپکٹر۔** (CIRCLE INSPECTOR) (مذکر) وہ انسپکٹر جو کسی حلقے کا انچارج ہو۔
**سرکلر۔** (CIRCULAR) (سَر۔ کُ۔ لر) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) گشتی حکم یا چٹھی۔ (۲) (صفت) گول۔ چکردار۔ دائرہ نما۔
**سرکنا۔** (سَ۔ رَک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہٹنا۔ کھسکنا۔ (۲) غائب ہو جانا۔ (۳) جانا۔ چلتا بننا۔
**سرکنڈا۔** (سَر۔ کَن۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذکر) سینٹھا۔ رسل۔ نے۔
**سرکہ۔** (ف۔ ا۔ مذکر) گڑ۔ گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھاتے ہیں۔
**سرکہ جبیں۔** ترش رو۔ تیوریاں چڑھائے ہوئے۔
**سرکی۔** (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی تیلیوں سے چق بناتے ہیں (۲) تیلیوں کی چق جو دروازوں پر ڈال رکھتے ہیں۔
**سُرگ۔** (سُ۔ رَگ) (ہ۔ ا۔ مذکر) دیکھیے سورگ۔
**سرگم۔** (سَر۔ گم) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) راگ کا سُر۔ ساگ۔

Marfat.com

کے ساتوں سُر (۲) خطوط یا حروف میں سُروں کی علامتیں۔
سرما۔ (سَر۔ ما) (ف۔ ا۔ مذکر) جاڑا۔ سردی کا موسم۔
سرمائی۔ (ف۔ صفت) جاڑے کا۔ سردیوں کا۔
سرمائی خواب۔ (اصطلاحِ علمِ حیوانات) بعض حیوانات کا جاڑے کے موسم میں بے حس و حرکت پڑے رہنا۔
سرمایہ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) دولت۔ پونجی۔ اصل زر (۲) وہ اشیا جو دولت کی پیداوار میں مدد دے سکیں۔
سرمایہ دار۔ دولت مند۔ مال دار۔ پونجی پتی۔
سرمایہ دارانہ۔ سرمایہ داری سے متعلق۔
سرمایہ دارانہ نظام۔ وہ معاشی نظام جس میں پیداوار اور تقسیم پیداوار کے ذرائع چند افراد کے قبضہ و اختیار میں ہوں۔
سرمایہ داری۔ (مونث) (۱) دولتمندی (۲) سرمایہ دارانہ نظام۔
سرمایہ کار۔ (اصطلاحِ بنکاری) روپیہ لگانے والا۔ سرمایہ لگانے والی اسامی۔
سرمایہ کاری۔ (مونث) (اصطلاحِ بنکاری) روپیہ لگانا۔ سرمایہ لگانا۔
سرمد۔ (ع۔ صفت) (۱) ہمیشہ رہنے والا۔ دائم۔ غیر فانی۔ (۲) مست۔ مجذوب۔
سرمدی۔ (سَر۔ مَ۔ دی) (ف۔ صفت) (۱) دائمی (۲) خدائی۔ الٰہی۔
سرمنڈل۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک باجے کا نام۔
سُرمہ۔ (سُر۔ مہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) انجن۔ کحل (۲) (صفت) بہت باریک۔
سرمہ دانی۔ (مونث) سرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔
سرمۂ دنبالہ دار۔ وہ سرمہ جس کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھچی ہوئی ہو۔
سرمہ سا۔ (۱) وہ پتھر جس میں سرمہ لگا ہوا ہو۔ (۲) سرمہ کی مانند باریک۔
سرمہ کر دینا۔ نہایت باریک کر دینا۔
سرمے کی تحریر۔ (مونث) سرمے کی لکیر جو آنکھ کے اندر ڈالتے ہیں۔
سُرمہ گین (سُرمگیں) سُرمہ لگی ہوئی۔
سُرمئی۔ (سُر۔ م۔ ای) (ف۔ صفت) سُرمے کے رنگ کا۔
سرنامہ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) سر کے تحت دیکھیے۔
سرنج۔ (SYRINGE) (س۔ رنج) (انگ۔ ا۔ مونث) پچکاری۔
سُرنگ۔ (س۔ رنگ) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) زمین دوز راستہ۔ (۲) وہ زمین دوز نالی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کو یا پہاڑ یا قلعے وغیرہ کی دیوار کو اڑاتے ہیں۔ (۳) (مذکر) ایسا گھوڑا جس کی ایال اور دم کے بال سرخ ہوں۔
سرو۔ (ف۔ ا۔ مذکر) ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔
سرو آزاد۔ یک شاخ یا بالکل سیدھا سرو۔ اس میں پھل نہیں آتا۔

سرو بالا۔ سیدھے قد والا۔ (مجازاً) معشوق۔
سرو چراغاں۔ سرو کی مانند جھاڑ جو محفلوں میں روشن کیا جاتا ہے۔
سرو خراماں (رواں)۔ چلنے والا سرو (مراد سرو قد معشوق)
سرو سہی۔ (۱) دو شاخہ سرو (۲) معشوق خوش قامت۔
سرو قد۔ سرو جیسے سیدھے قد والا۔ خوش قامت۔
سرو قد تعظیم دینا۔ سیدھا کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔
سروپ۔ (سَ۔ رُوپ) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) شکل و شباہت۔ (۲) قدرتی شکل (۳) خاصیت۔
سُروپ۔ (سُ۔ رُوپ) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) خوب صورتی۔ (۲) (صفت) خوب صورت۔ حسین۔
سروتا۔ (س۔ رو۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذکر) چھالیا کترنے یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار۔
سُرود۔ (سُ۔ رُود) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) نغمہ۔ راگ (۲) ایک قسم کا باجا۔
سرور۔ (سَر۔ وَر) (ف۔ ا۔ مذکر) سردار۔ بادشاہ۔
سرورِ کائنات۔ سردارِ دو عالم۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک خطاب۔
سُرور۔ (سُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) فرحت۔ انبساط۔ خوشی۔ (۲) (ذاکر) ہلکا ہلکا نشہ۔ خمار۔
سروری۔ (سَر۔ وَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مونث) سرداری۔ افسری۔
سروس۔ (SERVICE) (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) خدمت۔ فرضِ منصبی (۲) ملازمت (۳) نماز (۴) (ٹینس وغیرہ کھیل میں) گیند پھینکنا۔ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا۔ جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔
سروس بک۔ (SERVICE BOOK) (مونث) وہ رجسٹر جس میں ملازم کے چال چلن اور کارگزاری کے بارے میں اندراجات کیے جاتے ہیں۔
سروس فنڈ۔ (SERVICE FUND) (مذکر) وہ رقم جو ملازم کو نوکری سے علیحدہ ہونے پر بطور صلۂ خدمات دی جاتی ہے۔
سروش۔ (س۔ روش) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) آوازِ غیب۔ الہام۔ (۲) پیغامِ الٰہی لانے والا فرشتہ۔ جبریل علیہ السلام۔
سروشِ غیب۔ ہاتفِ غیب۔ آسمانی آواز۔
سرو کار۔ (ف۔ ا۔ مذکر) سر کے تحت دیکھیے۔
سروہی۔ (س۔ رو۔ ہی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک قسم کی سیدھی تلوار۔ ایک قسم کا خنجر۔
سروے۔ (SURVEY) (سَر۔ وے) (انگ۔ ا۔ مذکر) جائزہ۔ پیمائش۔ ناپ۔
سرویر۔ (SURVEYOR) (سَر۔ وِ۔ یَر) (انگ۔ ا۔ مذکر) امین۔ پیمائش۔ پیمائش کرنے والا۔
سرہانا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) سر رکھنے کی جگہ۔ وہ رُخ جدھر تکیہ رکھ کر لیٹتے ہیں۔
سرہنگ۔ (سَر۔ ہَنگ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) فوج کا سردار۔

Marfat.com

(۲) بہادر۔ من چلا۔ (۳) پہلوان۔
سِری۔ (سِ۔ری) (ہ۔ا۔مونث) ذبح کیے ہوئے جانور کا سر۔
سریا۔ (سَر۔یا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) دھات کی سلاخ (۲) سرکنڈا۔
سریر۔ (سَ۔ریر) (ع۔ا۔مذکر) تختِ شاہی۔ مسند۔ گدی۔
سریر آرا۔ تخت نشین۔ برسرِ حکومت۔
سریش۔ (سَ۔ریش) (ف۔ا۔مذکر) لکڑی جوڑنے کا لیسدار مادہ۔
سریشاؤ۔ (سِ۔رے۔شا۔او) (اُر۔ا۔مذکر) اصطلاح علم کیمیا (GELATINISATION) جانوروں کی ہڈیوں اور کھالوں سے چیپ دار مادہ پیدا ہونا۔
سریع۔ (سَ۔ریع) (ع۔صفت) (۱) جلدی کرنے والا۔ جلد۔ تیز (۲) اصطلاح عروض، ایک بحر۔
سریع التاثیر۔ جلد اثر کرنے والا۔ تیز اثر دکھانے والا۔
سریع الحرکت۔ جلد حرکت کرنے والا۔
سریع الزوال۔ جلد گھٹنے والا۔ جلد زائل ہونے والا۔
سریع الفہم۔ تیز فہم۔ بات کو جلد سمجھنے والا۔
سریع الہضم۔ زود ہضم۔ جلد پچنے والا۔
سُریلا۔ (سُ۔ری۔لا) (ہ۔صفت) (۱) خوش گلو۔ خوش آواز (۲) رسیلا۔
سُریلی۔ (سُ۔ری۔لی) (ہ۔ا۔مونث) سُریلا کی تانیث۔
سُرین۔ (سُ۔رین) (ف۔ا۔مذکر) چوتڑ۔ پٹھ۔

## س - ڑ

سِڑ۔ (ہ۔ا۔مونث) جنون۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔ خبط۔
سڑا۔ (سَ۔ڑا) (ہ۔صفت) (۱) جو سڑ چکا ہو (۲) بوسیدہ۔
سڑاک۔ (سَ۔ڑاک) (ہ۔ا۔مونث) چھپی یا کوڑے کی آواز۔
سڑانا۔ (ہ۔مص) (۱) بدبو پیدا کرنا (۲) خمیر اٹھانا۔ (۳) گلانا۔
سڑاند۔ سڑاہند۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کسی چیز کے سڑنے کا عمل (۲) سڑنے کی بدبو۔
سُڑپ سُڑپ۔ (سُ۔ڑپ۔سُ۔ڑپ) (ہ۔ا۔مونث) کسی رقیق چیز کے جلدی جلدی پینے یا کھانے کی آواز۔
سڑپا۔ (سَ۔ڑپ۔پا) (ہ۔ا۔مذکر) ایک ہی دفعہ پی جانے کی آواز۔
سڑپنا۔ (سَ۔ڑپ۔نا) (ہ۔مص) جلدی جلدی پینا یا کھانا (بفتح اول بھی مستعمل ہے)۔
سڑک۔ (سَ۔ڑک) (اُر۔ا۔مونث) شارعِ عام شاہراہ۔

سُڑکنا۔ (سُ۔ڑک۔نا) (۱) نگل جانا (۲) ناک کی رطوبت اوپر کی طرف کھینچ لینا۔
سِڑن۔ (سِ۔ڑن) (ہ۔صفت و ا۔مونث) دیوانی۔ پگلی۔
سڑنا۔ (سَڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سڑ جانا۔ خراب ہونا۔ (۲) بوسیدہ ہونا۔ گلنا۔
سِڑی۔ (سِ۔ڑی) (ہ۔صفت و ا۔مذکر) پاگل۔ سودائی۔ دیوانہ۔
سڑیل۔ (سَڑ۔یل) (ہ۔صفت) (۱) گندا۔ غلیظ۔ (۲) چڑچڑے مزاج کا آدمی۔

## س - ز

سزا۔ (سَ۔زا) (ف۔ا۔مونث) بدی کا بدلہ۔ پاداش۔ ڈنڈ۔
سزاوار۔ لائق۔ مناسب۔ واجب۔
سزائے باشقت۔ وہ قید جس میں سخت مشقت لی جائے۔
سزائے تازیانہ۔ کوڑے لگانے کی سزا۔
سزائے حبس دوام بہ عبور دریائے شور۔ کالے پانی کی سزا جو انگریزی عہد میں دی جاتی تھی۔
سزائے سنگین۔ سخت سزا۔ قید بامشقت۔
سزائے قتل (موت) پھانسی کی سزا۔
سزایاب۔ سزا پانے کے قابل۔ سزا پانے والا۔
سزا یافتہ۔ جو سزا پا چکا ہو۔
سزاوُل۔ (سَ۔زا۔وُل) (ت۔ا۔مذکر) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔

## س - س

سساند۔ سساہند۔ (سِ۔ساند) (سِ۔سا۔ہند) (ہ۔ا۔مونث) مچھلی کی سی بساند۔
سُست۔ (ف۔صفت) (۱) کاہل (۲) کمزور (۳) اُداس افسردہ (۴) ڈھال۔ مضمحل۔
سست اعتقاد۔ عقیدے کا کچا۔
سست پیماں۔ وعدے کا کچا۔
سست قدم۔ دھیمی چال چلنے والا۔
سست ہونا۔ (۱) کاہل ہونا (۲) غمگین ہونا۔ اُداس ہونا۔ (۳) کم رفتار ہونا۔
سستا۔ (سَس۔تا) (ہ۔صفت) (۱) کم داموں کا۔ ارزاں (۲) گھٹیا۔
سستا پن۔ (ا۔مذکر) سستا ہونے کی حالت۔ سستائی۔
سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار۔ (مثل) سستی چیز جلد خراب ہو جاتی ہے۔ اس لیے بار بار خریدنا

اور افسوس کرنا پڑتا ہے۔ مہنگی چیز پر زیادہ دام دیتے وقت خیال ہوتا ہے۔ مگر وہ پائدار ہوتی ہے۔
سستا (سما) سماں۔ (مذکر) ارزانی کا زمانہ۔
سستے چھوٹنا۔ تھوڑا سا نقصان یا تاوان دے کر بچ جانا۔
سستانا۔ (سِس تا نا) (ہ۔ مص) (۱) آرام لینا۔ (۲) تھکان اُتارنا (۳) تازہ دم ہونا۔
سستائی۔ (ہ۔ا۔ مونث) دیکھیے سستاپن۔
سستی۔ (سِس۔ تی) (ہ۔ صفت) سستا کی تانیث۔
سستی بھیڑ کی ٹانگ اُٹھا اُٹھا کے دیکھتے ہیں (مثل) خریدار سستی چیز خریدتے وقت بہت جانچ پرکھ کرتا ہے۔
سُستی۔ (سُس۔ تی) (ف۔ا۔ مونث) کاہلی۔ آلکس
سستی اُتارنا۔ انگڑائی لینا۔ کسلمندی دُور کرنا۔
سِسٹر۔ (SISTER) (انگ۔ا۔ مونث) (۱) بہن۔ (۲) ہسپتال کی بڑی نرس۔ (۳) راہبہ۔ نن۔
سِسٹم۔ (SYSTEM) (سِس۔ ٹم) (انگ۔ا۔ مذکر) طریقہ۔ نظام۔
سُسر۔ سُسرا۔ (سُ۔ سَر/ سُس۔ را) (ہ۔ا۔ مذکر) خاوند کا باپ۔ بیوی کا باپ۔
سُسرال۔ (سُس۔ رال) (ہ۔ا۔ مذکر) ساس یا سسر کا گھر۔
سُسرال کا کتّا۔ سسرال میں رہنے والا داماد۔
سِسکاری۔ (سِس۔ کا۔ ری) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) سسکی۔ (۲) کتے کو پکارنے یا چھچھانے کی آواز۔
سِسکنا۔ (سِ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) ہچکیاں لینا۔ (۲) مرنے والے کی بہت تھوڑی جان باقی ہونا (۳) کوڑی کوڑی پر جان دینا۔
سِسکی۔ (سِس۔ کی) (ہ۔ا۔ مونث) کسی تکلیف کی وجہ سے دانتوں کو بھینچ کر آواز نکالنا۔ آہ سرد۔ سبکی۔
سسکیاں بھرنا (لینا) رونے یا تکلیف کی حالت میں سسکاریاں بھرنا۔

## س - ش

سِشن۔ (SESSION) (سِ۔ شن) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) اجلاس عدالت (۲) عدالت فوجداری۔ (۳) عدالتِ فوجداری کے اجلاس کا زمانہ۔
سِشن جج۔ (SESSION JUDGE) عدالتِ فوجداری کا جج۔

## س - ط

سطح۔ (ع۔ا۔ مونث) کسی چیز کا بالائی حصّہ۔
سطحِ آب۔ پانی کا بالائی حصّہ۔ روئے آب۔
سطحِ زمین۔ زمین کا اوپری حصّہ۔ زمین کا فرش۔
سطحِ مرتفع۔ پتھریلی اور اونچی زمین۔
سطحِ مستوی۔ ہموار سطح۔ چورس جگہ۔
سطر۔ (ع۔ا۔ مونث) (۱) لکیر۔ ریکھا (۲) قطار (حرفوں یا لفظوں کی)۔
سطوت۔ (سَط۔ وَت) (ع۔ا۔ مونث) دبدبہ۔ رعب۔
سُطور۔ (ع۔ا۔ مونث) سطر کی جمع۔

## س - ع

سعادت۔ (ع۔ا۔ مونث) (۱) خوش نصیبی۔ (۲) نیکی۔ بھلائی۔
سعادتِ دارین۔ دونوں جہان کی بھلائی۔
سعادت مند۔ (۱) نیک بخت (۲) فرماں بردار۔
سعادت مندی۔ (مونث) (۱) نیک بختی (۲) فرماں برداری۔
سعد۔ (ع۔ صفت) (۱) مبارک (۲) نیک (۳) چاند کی بائیسویں منزل۔
سعدِ اصغر۔ ستارہ زہرہ۔ ناہید۔ شکر۔
سعدِ اکبر۔ ستارہ مشتری۔ برہسپت۔
سعدین۔ (سَع۔ دَین) (ع۔ا۔ مذکر) دو مبارک ستارے زہرہ اور مشتری۔
سعی۔ (ع۔ا۔ مونث) (۱) دوڑ دھوپ۔ کوشش (۲) مکے کی دو پہاڑیوں صفا مروہ کے درمیان دوڑنا۔ (بہ سکون دوم صحیح ہے)۔
سعی سفارش۔ کہنا سننا۔ جدوجہد۔ کوشش۔
سعیِ لاحاصل (نامشکور) بے نتیجہ دوڑ دھوپ۔
سعیِ مشکور۔ کامیاب کوشش۔
سعید۔ (ع۔ صفت) (۱) نیک۔ بھلا۔ (۲) مبارک۔ خوش نصیب۔
سعیر۔ (سَ۔ عیر) (ع۔ا۔ مذکر) دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ۔

## س - ف

سِفارت۔ (ع۔ا۔ مونث) (۱) سفیر کا عہدہ (۲) ایلچی یا سفیر کے فرائض۔
سفارت خانہ۔ (مذکر) وہ عمارت جس میں سفیر اور اس کے عملے کا دفتر بنا ہو۔
سِفارش۔ (ف۔ا۔ مونث) (۱) کسی کے حق میں کلمۂ خیر (۲) وسیلہ۔ سہارا۔
سفارش نامہ۔ (مذکر) سفارش کا خط یا چٹھی۔
سِفارشی۔ (سِ۔ فا۔ رِ۔ شی) (ف۔ صفت) (۱) جس کی سفارش کی گئی ہو (۲) جو سفارش سے متعلق ہو۔

Marfat.com

سفارشی ٹٹو۔ وہ نااہل جو سفارش کی وجہ سے ملازم ہو گیا ہو۔
سفاک۔ (ع ۔ صفت) بہت زیادہ خون بہانے والا۔ ظالم۔
سفاکی۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) ظلم۔ خونریزی۔
سفال۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) ٹھیکری۔ ٹھیکرا۔
سفالی۔ سفالین۔ (ف ۔ صفت) مٹی کا۔ مٹی سے بنا ہوا۔
سفاہت۔ (سَ ۔ فا ۔ ہت) (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) کمینہ پن۔ رذالت (۲) بے وقوفی۔ حماقت۔
سفر۔ (سَ ۔ فَر) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سیاحت (۲) کوچ۔ روانگی
سفرِ آب۔ سمندری سفر۔ بحری سفر۔ پانی کا سفر۔
سفرچی۔ (ت) ملازم دسترخوان۔
سفر خرچ۔ (مذکر) بھتا۔ ٹریولنگ الاؤنس۔
سفرنامہ۔ (مذکر) سفر کے حالات پر کتاب۔ سیاحت نامہ۔
سفر نمونۂ سقر۔ (مثل) سفر میں دوزخ کے برابر تکلیف ہوتی ہے۔
سفر وسیلۂ ظفر۔ سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔
سُفرا۔ (سُ ۔ فَ ۔ را) (ع ۔ ا ۔ مذکر) سفیر کی جمع۔
سفرائے دُوَل۔ بہت سی حکومتوں کے سفیر۔
سفر مینا۔ (اَ ۔ ا ۔ مونث) (SAPPERS & MINERS) سیپرز اینڈ مائنرز کا بگڑا ہوا۔ فوج کی وہ پلٹن جو سرنگ لگانے اور زمین کھودنے وغیرہ کے کام کرتی ہے۔
سُفرہ۔ (سُف ۔ رَہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) مقعد۔
سفری۔ (سَ ۔ فَ ۔ ری) (ف ۔ صفت) (۱) سفر سے متعلق۔ (۲) مسافر (۳) زادِ راہ۔ توشہ (۴) (اَ) امرود۔
سِفلہ۔ (سِف ۔ لہ) (ع ۔ صفت) (۱) کمینہ۔ اوچھا۔ نالائق۔
سفلہ پرور۔ کمینوں کو منہ لگانے اور مصاحب بنانے والا۔
سفلہ پن۔ (مذکر) کمینگی۔ چھچھورپن۔
سِفلی۔ (سِف ۔ لی) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پستی کا۔ نیچے کا۔ علوی کی ضد (۲) سفلہ کی مونث۔
سفلی (جادو) عمل۔ (مذکر) وہ منتر یا عمل جس میں خبیث ارواح سے مدد لی جائے۔
سُفوف۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) پسی ہوئی چیز۔ برادہ۔ پوڈر۔
سفید۔ (سَ ۔ فید) (ف ۔ صفت) سپید۔ اُجلا۔ گورا۔ (۲) سادہ۔ بغیر لکھا (۳) گنجفے کی آٹھ بازیوں میں سے ایک بازی کا نام۔
سفید پڑ جانا۔ خوف یا غم سے چہرہ سفید ہو جانا۔
سفید پوش (۱) سفید کپڑے پہننے والا۔ (۲) شریف طبع۔
سفید کاری۔ (مونث) (زرعی اصطلاح) دھوپ میں یا کیمیاوی طریقوں سے سفید کرنا۔
سفید و سیاہ۔ (۱) اچھا برا۔ اچھائی برائی (۲) نیکی بدی۔
سفیدہ۔ (سَ ۔ فے ۔ دَہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پھنکے ہوئے جست کا پھول جو آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔ (۲) ایک قسم کا آم (۳) ایک درخت۔
سفیدی۔ (سَ ۔ فے ۔ دی) (۱) گورا پن (۲) انڈے کے اندر کا سفید مادہ (۳) دیواروں پر پھیرنے کا چونا (۴) صبح کی روشنی۔ اجالا۔
سفیدی آنا۔ بال سفید ہو جانا۔ بڑھاپا آنا۔
سفیدی (پھیرنا) کرنا۔ دیوار یا مکان پر قلعی کرنا۔

سفیر۔ (سَ ۔ فیر) (ع ۔ ا ۔ مذکر) ایلچی۔ قاصد۔
سفینہ۔ (سَ ۔ فی ۔ نہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کشتی۔ جہاز۔ (۲) بیاض۔ نوٹ بک۔
سفینۂ نوح۔ حضرت نوحؑ کی کشتی۔

## س ۔ ق

سقا۔ (سَق ۔ قا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) بہشتی۔ ماشکی۔
سقا شاہی۔ (مونث) تھوڑے دن کی حکومت یا اقتدار۔ وہ عارضی حکومت جو نظام سقے نے شہنشاہ ہمایوں کو غرقابی سے بچانے کے صلے میں اور افغانستان کے بچہ سقہ نے امیر امان اللہ خان کے فرار کے بعد کی۔
سقاوہ۔ (سَ ۔ قا ۔ وَہ) (اَ ۔ ا ۔ مذکر) پانی کی ٹنکی۔ پانی کا حوض (ع ۔ سقایہ)۔
سقر۔ (سَ ۔ قَر) (ع ۔ ا ۔ مذکر) دوزخ۔ جہنم۔
سقف۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) چھت (۲) شامیانہ۔
سُقم۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) عیب۔ خرابی۔ نقص۔
سقم نکالنا۔ عیب نکالنا۔ خامی ظاہر کرنا۔
سقوط۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) گر پڑنا (۲) جنگ ہارنا۔ (علم عروض کی اصطلاح) کسی حرف کا وزن شعر کے خلاف ہونا۔
سقیم۔ (سَ ۔ قیم) (ع ۔ صفت) (۱) بیمار (۲) (اَ) خراب خستہ۔
سقیم الحال (۱) کمزور (۲) بیمار (۳) بہت مفلس۔

## س ۔ ک

سکاٹ۔ (SCOT) دیکھیے اسکاٹ۔
سکاچ۔ (SCOTCH) دیکھیے اسکاچ۔
سکارہ۔ (سَ ۔ کا ۔ رہ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) بل یا ہنڈی کی وصولی۔
سکار گھر۔ (اَ ۔ ا ۔ مذکر) (اصطلاح بنکاری) وہ جگہ جہاں ہنڈیوں کی ادائیگی ہوتی ہے۔
سکارنا۔ (سَ ۔ کار ۔ نا) (ہ ۔ مف) بل یا ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
سُکّان۔ (سُک ۔ کان) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پتوار (۲) ساکن کی جمع۔
سکاؤٹ۔ (SCOUT) دیکھیے اسکاؤٹ۔
سکت۔ (سَ ۔ کت) (ہ ۔ ا ۔ مونث) طاقت۔ قوت۔
سکتر۔ (سِک ۔ تَر) (اَ ۔ ا ۔ مذکر) انگریزی لفظ (SECRETARY) کا مہند۔ ناظم۔ منتظم۔
سکتہ۔ (سَک ۔ تہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ایک بیماری جس میں آدمی مُردے کی مانند بے حس و حرکت ہو جاتا ہے (۲) (علم عروض کی اصطلاح) شعر کا وزن پورا نہ ہونا۔
سکتے کا عالم۔ حیرت یا تعجب کی حالت۔
سُکر۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) خمار۔ نشہ۔ بے ہوشی۔

Marfat.com

**سَکَرات** (سَ-کَ-را-ت) (ع-ا-مونث) جان کنی کی تکلیف۔ نزع کی حالت۔
**سکرپٹ** -(SCRIPT) دیکھیے اسکرپٹ۔
**سکریٹری** -(SECRETARY) (انگ-ا-مذکر) معتمد دبیر۔
**سکریٹریٹ** -(SECRETARIAT) (سِک-رے-ٹے-رِی-اَٹ) (انگ-ا-مذکر) (۱) وہ عمارت جس میں سرکاری سکریٹریوں کے دفتر ہوں۔
**سکرین** -(SCREEN) دیکھیے اسکرین۔
**سکڑ** - (سَ-کَڑ) (ہ-صفت) دُور کا رشتہ ظاہر کرنے والا کلمہ۔ جیسے سکڑدادا۔
**سکڑدادا** - پردادا کا باپ۔
**سکڑنانا** - پرنانا کا باپ۔
**سکڑاؤ** - (سُک-ڑا-او) (ہ-ا-مذکر) (۱) اینٹھن۔ جکڑاؤ۔ گھٹنا۔ سمٹنا (۲) (اصطلاح علم کیمیا) سکڑنے کی حالت یا عمل۔ مادّے کا مقدار کے لحاظ سے گھٹنا۔
**سُکڑنا** -(سُ-کَڑ-نا) (ہ-مص) بھینچنا۔ تنگ ہونا۔
**سکنا** - (سَک-نا) (ہ-مص) (۱) لائق ہونا (۲) ممکن ہونا۔
**سِکنا** - (سِک-نا) (مص) آگ پر تپایا جانا۔ پختہ ہونا۔
**سَکنات** - (سَ-کَ-نات) (ع-ا-مذکر) سکنہ کی جمع۔ دیکھئے سکون۔ ٹھہراؤ۔
**سِکنجبین** - (سِ-کَن-جَ-بین) (ع-ا-مذکر) سرکہ یا لیموں کا شربت۔ فارسی سرکنگبین (سرکہ اور انگبین) کا معرّب۔
**سِکندر** - (سِ-کَن-دَر) (ف-ا-مذکر) ایک مشہور یونانی فاتح (کنایۃً) خوش نصیب۔
**سِکندری** - (سِ-کَن-دَ-ری) (ف-صفت) (۱) سکندر کے متعلق (۲) (مونث) گھوڑے کی ٹھوکر۔ (۳) (مجازاً) بادشاہت۔
**سکندری کھانا** - گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔
**سکنڈ** -(SECOND) (سِ-کَنڈ) (انگ-ا-مذکر) (۱) ثانیہ۔ لمحہ (۲) اوّل کے بعد دوسرا (۳) (صفت) دوسرا۔ دوم۔
**سکنڈ کلاس** -(SECOND CLASS) (مذکر) (۱) دوسرا درجہ (۲) دُوسرے درجے کا۔
**سکنڈ ہینڈ** -(SECOND HAND) برتا ہوا۔ استعمال شدہ۔
**سکنڈری** (SECONDARY) ثانوی۔ تحتانی۔
**سَکَنہ** - (سَ-کَ-نہ) (ع-ا-مذکر) ساکن کی جمع۔ باشندے۔
**سَکنی** - (سَ-کَ-نی) (ف-صفت) قابلِ رہائش۔
**سُکوت** - (سُ-کُوت) (ع-ا-مذکر) خاموشی۔
**سکوت کا عالم** - خاموشی کی حالت۔
**سکور** - (SCORE) دیکھیے اسکور۔
**سکورا** - (سِ-کو-را) (ف-ا-مذکر) مٹی کا پیالہ (بقیہ

اوّل بھی مستعمل ہے)
**سکول** - (SCHOOL) دیکھیے اسکول۔
**سُکون** - (سُ-کُون) (ع-ا-مذکر) (۱) ٹھہراؤ۔ قرار (۲) خاموشی (۳) ساکن حرف کی علامت۔
**سُکونت** - (سُ-کُو-نَت) (ا-ر-ا-مونث) بود و باش۔ مستقل قیام۔
**سکونت پذیر ہونا** - بسنا۔ رہنا۔ بود و باش اختیار کرنا۔
**سکونیات** - (سُ-کُو-نِ-یات) (ع-ت-ا-مذکر) (اصطلاح طبیعیات) وہ علم جس میں اجسام کی حالت سکون سے بحث کی جاتی ہے۔
**سکویش** -(SQUASH) دیکھیے اسکویش۔
**سِکّہ** - (سِک-کہ) (ع-ا-مذکر) (۱) ٹھپا۔ چھاپ (۲) سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے (۳) طریقہ۔ قانون۔ (۴) (ا-ر) رعب۔ داب۔
**سکّہ بیٹھنا** - (۱) رعب قائم ہونا (۲) حکم چلنا۔
**سکّۂ رائج الوقت** - وہ سکہ جو ملک میں چل رہا ہو۔
**سکّہ زن** - سکہ ڈھالنے والا۔ ٹکسالیہ۔
**سکّۂ جعلی، قلب** - جھوٹا سکہ۔ مصنوعی سکہ۔
**سِکھ** - (ہ-ا-مذکر) (۱) شاگرد۔ چیلا (۲) گورونانک کا پیرو۔
**سُکھ** - (ہ-ا-مذکر) (۱) راحت۔ چین۔ آرام۔ (۲) امن و امان۔
**سُکھپال** - (مونث) ایک قسم کی پالکی۔
**سُکھ چین** (۱) آرام و آسائش (۲) ایک درخت کا نام۔
**سُکھ درشن** - (مونث) ایک بوٹی جس کا عرق کان کے درد کے لیے مفید ہے۔
**سکھا شاہی** - (ا-ر-ا-مونث) (۱) سکھوں کی عمل داری۔ سکھوں کے زمانے کا اندھیر (۲) آپا دھاپی یا لوٹ مار کا دور۔
**سِکھانا** (سِکھلانا) (ہ-مص) (۱) تعلیم دینا۔ بتانا (۲) سدھانا۔ تربیت دینا (۳) بہکانا۔
**سکھانا پڑھانا** - بدگمان کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔
**سُکھانا** - (ہ-مص) (۱) خشک کرنا (۲) دیر تک بٹھائے رکھنا۔
**سکھی** - (سَ-کھی) (ہ-ا-مونث) (۱) سہیلی (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے۔
**سُکھی** - (سُ-کھی) (ہ-صفت) خوش۔ مطمئن۔ چین سے۔
**سکیچ** - (SKETCH) دیکھیے اسکیچ۔
**سُکیڑنا** - (سُ-کیڑ-نا) (ہ-مص) (۱) سمیٹنا (۲) بھینچنا۔ چست کرنا۔
**سکیم** - (SCHEME) دیکھیے اسکیم۔
**سکینڈل** - (SCANDAL) دیکھیے اسکینڈل۔

## س-گ

**سگ** - (ف-ا-مذکر) کتا۔

Marfat.com

سگِ بازاری۔ وہ کُتّا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔
سگِ باش برادرِ خورد مباش۔ (مثل) چھوٹا بھائی ہونے سے کتّا ہونا بہتر ہے۔ چھوٹے بھائی کی کوئی عزت نہیں ہوتی۔
سگِ تازی۔ عربی نسل کا شکاری کُتّا۔
سگِ دنیا۔ دُنیا کا طالب۔ حرص کا بندہ۔ لالچی۔
سگِ زرد برادرِ شغال۔ (مثل) (۱) زرد کتّا گیدڑ کا بھائی۔ (۲) اس شخص کی بابت کہتے ہیں جو بدی میں دوسروں کی مانند ہو۔
سگا۔ (ہ۔ صفت) (۱) ایک ماں باپ کا (۲) بہت قریبی رشتہ دار۔
سِگار۔ (CIGAR) (انگ۔ا۔ مذکر) چرٹ۔
سگائی۔ (ہ۔ا۔ مونث) منگنی۔ نسبت۔
سِگرٹ (CIGARETTE) (انگ۔ا۔ مذکر) ہلکا چرٹ۔
سُگندھ۔ (سُ۔ گندھ) (س۔ا۔ مونث) مہک۔ خوشبو۔
سِگنل۔ (سِگ۔ نَل) (SIGNAL) (انگ۔ا۔ مذکر) اشارہ
سِگنل مین۔ (SIGNAL MAN) وہ آدمی جو سگنل اٹھاتا یا گراتا ہے۔
سِگنلر۔ (SIGNALLER) (سِگ۔ نِ۔ لَر) (انگ۔ا۔ مذکر) تار بابو۔ ٹیلی گراف کلرک۔
سُگھڑ۔ (سُ۔ گھڑ) (ہ۔ صفت) تمیزدار۔ خوش سلیقہ۔ ہنرمند۔
سُگھڑاپا۔ سُگھڑپن۔ (ہ۔ا۔ مذکر) سلیقہ۔ تمیز۔
سگی۔ (سَ۔ گی) (ہ۔ صفت) سگا کی تانیث۔

## س۔ ل

سِل۔ (ع۔ا۔ مونث) ایک بیماری جس سے پھیپھڑے میں زخم پڑ جاتے ہیں اور منہ سے خون آنے لگتا ہے۔ تپ دق۔
سِل۔ (ہ۔ا۔ مونث) مسالا پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے۔
سل بٹا۔ (مذکر) سل پر مسالا پیسنے کا پتھر۔
سلاجیت۔ (سَ۔ لا۔ جیت) (ہ۔ا۔ مذکر) سیاہ رنگ کا رقیق مادہ جو پتھر سے نکلتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
سِلاح۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) لڑائی کے ہتھیار (۲) اوزار۔
سلاح بند۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلح۔
سلاح خانہ۔ (مذکر) میگزین۔ وہ عمارت جس میں ہتھیار جمع رہتے ہیں۔
سلاح ساز۔ ہتھیار بنانے والا۔
سلاح شور۔ (۱) ہتھیار بند سپاہی (۲) میگزین کا داروغہ۔
سلاخ۔ (فا۔ا۔ مونث) لوہے کی گول چھڑ، سِل۔ شلاکا۔
سلاخی گندھک۔ (فا۔ا۔ مونث) (اصطلاح علم کیمیا) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو۔

سلاد۔ (انگ۔ا۔ مذکر) کچے ساگ اور ترکاریاں کا کچالو۔
سلاست۔ (ع۔ا۔ مونث) کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا۔ فصاحت روانی۔
سلاستِ زبان۔ نرم اور ہلکے پھلکے الفاظ استعمال کرنا۔
سلاسِل۔ (ع۔ا۔ مونث) سلسلہ کی جمع۔ بیڑیاں۔
سلاطین۔ (ع۔ا۔ مذکر۔ ج) سُلطان کی جمع۔
سلام۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) سلامتی (۲) تسلیم۔ آداب۔ (۳) رخصت کرنا۔ الوداع (۴) خاتمۂ نماز پر دائیں بائیں منہ پھیرنا (۵) غزل کے انداز پر وہ نظم جس میں واقعات کربلا کا ذکر ہو (۶) کھڑے ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام عرض کرنا۔
سلام پھیرنا۔ نماز ختم کرنا۔
سلام پیام۔ منگنی یا نسبت کی بات چیت۔
سلام روستائی بے غرض نیست۔ (مثل) خوشامد کرنے والے کا ضرور کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
سلامِ شوق۔ محبت اور اشتیاق کا سلام۔
سلام علیک۔ تجھ کو سلام (واحد کے لیے)
سلام (السلام) علیکم۔ تم پر سلامتی ہو (جمع کے لیے احتراماً واحد کے لیے بھی مستعمل ہے)
سلام کرنا۔ (۱) آداب بجا لانا (۲) کسی کی بڑائی کا اعتراف کرنا قائل ہونا (۳) باز آنا (۴) خیرباد کہنا۔
سلام لینا۔ سلام کا جواب دینا۔
سلامِ نیاز۔ عاجزی کا سلام۔
سلام ہے۔ (۱) باز آئے۔ چھوٹا (۲) خدا بچائے۔
سلامت۔ (ع۔ صفت) (۱) محفوظ (۲) صحیح۔ تندرست۔ (۳) زندہ (۴) مبارکباد کا جواب۔
سلامت روی۔ (۱) کفایت شعاری اختیار کرنا۔ میانہ روی۔ (۲) سیدھی راہ اختیار کرنا۔
سلامتی۔ (سَ۔ لا۔ مَ۔ تی) (ع۔ ف۔ا۔ مونث) (۱) خیریت (۲) حفاظت۔ بچاؤ (۳) صحت (۴) زندگی (۵) اُس کا موجودگی۔ ہوتے (۶) قیام۔ برقراری۔
سلامی۔ (ع۔ ف۔ا۔ مونث) (۱) تنظیم۔ سپاہ کا ہتھیار اٹھا کر تعظیم دینا۔ (۲) توپیں وغیرہ چلا کر تعظیم کرنا (۳) نذرانہ (۴) ڈھال۔ ڈھلان (۵) وہ رقم جو بوقتِ رخصتی دلہن والے دولہا کو دیتے ہیں۔
سلامی اتارنا۔ بادشاہ یا حاکم کی آمد پر توپیں وغیرہ سر کرنا۔
سِلانا۔ (ہ۔ مص) دیکھیے سِلوانا۔
سُلانا۔ سونا کا متعدی۔ نیند کی ترغیب دینا۔
سِلائی۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) سلانے کی اجرت (۲) سینے کا عمل۔
سلائی۔ (ہ۔ا۔ مونث) دھات یا لکڑی کی پتلی سلاخ۔
سلائی پھیرنا۔ (۱) گرم گرم سلائی آنکھوں میں پھیر کر اندھا کرنا۔ (۲) آنکھ یا آنکھ میں سلائی گھمانا۔
سَلب۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) مٹانے کا عمل (۲) چھین لینا۔
سِلیپ۔ (SLIP) (سِ۔ لِپ) (انگ۔ا۔ مونث)

Marfat.com

(۱) کاغذ یا کسی باریک چیز کا لمبا پُرزہ یا پٹی (۲) غلطی۔ سہو۔
سِلپچی۔ (سِ۔ لَپ۔ چی) (ا۔ مونث) دیکھیے سِلفچی۔
سلج۔ (سَ۔ لَج) دیکھیے سلیج۔
سلجوق۔ (سَل۔ جُوق) (ت۔ ا۔ مذکر) ترکوں کا ایک مشہور شاہی خاندان۔
سُلجھانا۔ (ف۔ مص) پیچ کھولنا۔ اُلجھاؤ دُور کرنا۔
سُلجھاؤ۔ سُلجھاوا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) فیصلہ۔ اُلجھن دُور ہونا۔
سُلجھنا۔ (سُل۔ جھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پیچ کھلنا۔ گرہیں دُور ہونا۔ اُلجھاؤ دُور ہونا (۲) جھگڑے کا فیصلہ ہونا۔
سلح۔ (سِ۔ لَح) (ع۔ ف۔ ا۔ مذکر)۔ سلاح۔ اوزار۔ ہتھیار۔
سلح پوش۔ ہتھیار بند۔ مُسلح۔
سَلَسُ البول۔ سلسل البول۔ (ع۔ ا۔ مذکر) مثانے کی ایک بیماری جس میں پیشاب بار بار قطرہ قطرہ کر کے آتا ہے۔
سلسبیل۔ (سَل۔ سَ۔ بیل) (ع۔ ا۔ مونث) بہشت کی ایک نہر۔
سلسلانا۔ (سَل۔ سَ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نرم نرم کھجلی ہونا (۲) رینگنا۔ کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔
سلسلاہٹ۔ (سَل۔ سَ۔ لا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) کھجلی۔ خارش۔
سِلسلہ۔ (سِل۔ سِ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) زنجیر۔ بیڑی۔ (۲) قطار۔ لڑی (۳) خاندان۔ نسل (۴) شجرہ۔ (۵) ترتیب۔ درستی (۶) تعلق۔
سلسلہ جنبانی۔ تحریک۔ بات نکالنا۔
سلسلۂ کوہ۔ (مذکر) پہاڑوں کی قطار۔
سلسلہ نکالنا۔ ذریعہ پیدا کرنا۔ طریقہ نکالنا۔
سلسلہ نکلنا۔ (۱) آغاز ہونا (۲) راہ نکلنا۔
سلسلہ وار۔ ترتیب وار۔ ترتیب کے مطابق۔
سُلطان۔ (ع۔ ا۔ مذکر) بادشاہ۔ فرماں روا۔
سُلطانہ۔ (ع۔ ا۔ مونث) ملکہ۔ رانی۔
سُلطانی۔ (ع۔ ا۔ مونث) بادشاہی حکومت۔
سلطنت۔ (سَل۔ طَ۔ نت) (ع۔ ا۔ مونث) بادشاہی۔ حکومت۔
سلف۔ (سَ۔ لَف) (ع۔ صفت) (۱) گزشتہ۔ سابقہ۔ پہلے کا۔ (۲) اگلے زمانے کے لوگ۔
سُلفا۔ (ا۔ ا۔ مذکر) ایک دفعہ چلم بھرنے کے قابل تمباکو یا چرس۔
سلفا کر ڈالنا۔ (۱) جلا کر خاک کر دینا (۲) دولت برباد کر ڈالنا۔
سلفچی۔ (سِ۔ لَف۔ چی) (ا۔ ا۔ مونث) (فارسی سیلاب چی) ہاتھ دھونے کا برتن۔
سلفر۔ (SULPHUR ؛ (سَل۔ فَر) (انگ۔ ا۔ مذکر) گندھک۔ کبریت۔
سِلک۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) تاگا۔ ڈورا (۲) لڑی۔ ہار (۳)

سلسلہ۔ قطار (۴) نظم۔
سِلک۔ (SILK ؛ (انگ۔ ا۔ مذکر) ریشم۔
سُلگانا۔ (سُل۔ گا۔ نا) (ہ۔ مص) آگ جلانا۔
سُلگنا۔ (سُ۔ لگ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) آگ روشن ہونا (۲) آہستہ آہستہ دھواں نکلنا۔
سَلَم۔ (سَ۔ لَم) (ع۔ ا۔ مونث) کسی چیز کی پیشگی قیمت دے دینا۔ اُردو میں صرف بیع کے ساتھ مستعمل ہے۔ (بیع وسلم)۔
سلما۔ (سَل۔ ما) (ہ۔ ا۔ مذکر) چاندی سونے کے تار جن کو بٹ کر لباس جوتوں وغیرہ پر لگاتے ہیں۔
سِلنا۔ (ہ۔ مص) سیا جانا۔
سلو۔ (SLOW ؛ (سِ۔ لو) (انگ۔ صفت) مدھم۔ سُست رفتار۔
سلوا۔ سلویٰ۔ (سَل۔ وا) (ع۔ ا۔ مذکر) ایک قسم کا بٹیر۔
سِلوانا۔ (سِل۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) سینے کے لیے دینا۔ سینا کا متعدی۔
سِلوائی۔ (سِل۔ وا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مونث) سلوانے کے دام۔
سلوتری۔ (سَ۔ لوت۔ ری) (ہ۔ ا۔ مذکر) گھوڑوں کا ڈاکٹر۔
سِلوٹ۔ (سِل۔ وَٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) شکن۔ بل۔
سلوٹ۔ (SLAUT ؛ (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) سلام۔ (۲) فوجی سلام۔
سِلور۔ (SILVER ؛ (انگ۔ ا۔ مونث) چاندی۔
سلوشن۔ (SOLUTION ؛ (سَ۔ لو۔ شن) (انگ۔ ا۔ مذکر) محلول۔ تحلیل کی کیفیت۔
سُلوک۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) راستہ چلنا (۲) (اُر) برتاؤ۔ رویّہ (۳) میلاپ۔ دوستی (۴) بھلائی۔ نیکی۔ (۵) (اصطلاحِ تصوف) تلاشِ حق۔
سِلولائڈ۔ (CELLULOID ؛ (سِ۔ لو۔ لا۔ ئڈ) (انگ۔ ا۔ مذکر)
سلونا۔ (سَ۔ لُو۔ نا) (ہ۔ صفت) (۱) نمکین (۲) سانولا گندمی۔
سلونو۔ (سَ۔ لُو۔ نو) (ہ۔ ا۔ مونث) ساون کے مہینے میں ہندوؤں کا ایک تہوار۔
سلونی۔ (سَ۔ لُو۔ نی) (ہ۔ صفت) سلونا کی تانیث۔
سلہج۔ (سَل۔ ہج) (ہ۔ ا۔ مونث) سالے کی بیوی۔
سِلی۔ (سِل۔ لی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) اُسترا، چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری (۲) لکڑی کا موٹا کندہ (۳) بھوسا ملا ہوا اناج (اس میں بغیر تشدید لام ہے)۔
سلیپر۔ (SLEEPER ؛ (سِ۔ لی۔ پر) (انگ۔ ا۔ مذکر) وہ کندا جس پر ریل کی پٹڑی رکھی ہوتی ہے۔
سلیپر۔ (سِ۔ لی۔ پر) (سلیپرز ، کا مورد۔ ا۔ مذکر) ہلکی اور کھلی جوتی۔
سلیٹ۔ (SLATE ؛ (سِ۔ لیٹ) (انگ۔ ا۔ مونث) پتھر کی تختی۔
سلیس۔ (سَ۔ لیس) (ع۔ صفت) آسان۔ عام فہم۔ (زبان)۔
سلیقہ۔ (سَ۔ لی۔ قہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) تمیز۔ لیاقت۔

Marfat.com

(۲) سُگھڑاپا (۳) ہُنر۔ دست کاری۔
سلیقہ مند۔ تمیز دار۔ سُگھڑ۔ ہنرمند۔
سلیکشن۔ (SELECTION) (سِ-لیک-شن) (انگ-ا-مذکر) انتخاب۔ اختیار۔ پسند۔
سلیم۔ (سَ-لیم) (ع-صفت) (۱) ٹھیک۔ پُورا۔ (۲) حلیم۔ بُردبار۔
سلیم الطبع۔ حلیم۔ نرم دل۔ دُور اندیش۔
سلیم شاہی۔ (مونث) ایک قسم کی نازک خوبصورت جُوتی۔
سُلیمان۔ (سُ-لے-مان) (ع-ا-مذکر) حضرت داؤدؑ کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر و بادشاہ۔
سُلیمانی۔ (ع-صفت) (۱) حضرت سلیمانؑ سے منسوب۔ (۲) (مذکر) ایک قسم کا دورنگا پتھر۔

## س - م

سم۔ (س-ا-مذکر) (۱) آواز۔ تال۔ سُر (۲) برابر۔ ہم وزن۔
سَم۔ (ع-ا-مونث) زہر۔
سَم الفار۔ ایک زہریلا پتھر۔ سنکھیا۔
سَمِ قاتل۔ جلد ہلاک کرنے والا زہر۔ زہر ہلاہل۔
سُم۔ (ف-ا-مذکر) چوپائے کا کھُر۔
سما۔ (سَ-ما) (ع-ا-مذکر) آسمان۔ فلک۔
سما (سماں) (ہ-ا-مذکر) (۱) وقت (۲) موقع۔ محل (۳) رُت۔ موسم (۴) کیفیت۔ حالت (۵) تماشا۔
سما (سماں) باندھنا۔ (۱) رنگ جمانا (۲) کیفیت پیدا کرنا۔
سما (سماں) بندھنا۔ (۱) محویت کا عالم طاری ہونا۔ (۲) رنگ جمنا۔
سماج۔ (س-ا-مذکر) معاشرہ۔ سوسائٹی۔
ساجت۔ (سَ-ما-جت) (ف-ا-مونث) منت۔ چاپلوسی۔ خوشامد۔
سماجی۔ (اُرد-صفت) سماج یا معاشرے سے متعلق۔ معاشرتی۔
سماچار۔ (س-ا-مذکر) خبر۔ اطلاع۔
سمادھ۔ (ہ-ا-مونث) مراقبہ۔ گیان دھیان۔
سمادھی۔ (س-ا-مونث) (۱) مراقبہ (۲) جوگیوں یا راجاؤں کی ہڈیاں دفن ہونے کی جگہ۔
سماع۔ (ع-ا-مذکر) (۱) سُننا (۲) (اُرد) گانا سُننا۔ (۳) رقص و سرود۔
سماعت۔ (ع-ا-مونث) (۱) سُننے کی طاقت (۲) سُننا۔ مقدمے کی پیشی یا کارروائی۔
سماعت کرنا۔ حاکم کا مقدمے کی کارروائی کرنا۔
سماعت کے قابل۔ (۱) سُننے کے لائق۔ (۲) ایسا مقدمہ جو پیش کرنے یا کارروائی کے قابل ہو۔
سماعی۔ (سَ-ما-عی) (ع-صفت) (۱) سُنا ہُوا۔ (۲) (صرف و نحو کی اصطلاح) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہو بلکہ اہلِ زبان اس طرح بولتے ہوں۔
سماق۔ (ع-ا-مذکر) ایک قسم کا سنگِ مرمر۔
سمال۔ (ہ-ا-مذکر) دیکھیے سما۔
سمانا۔ (۱) کھپنا۔ گھُسنا۔ اندر جیتنا (۲) بسنا۔ مدِّنظر ہونا۔ (۳) گنجائش ہو جانا (۴) جچنا۔ پسند آنا۔
سماوات۔ (ع-ا-مذکر) سما کی جمع۔ افلاک۔
سماوار۔ سماور۔ (ف-ا-مذکر) پانی گرم کرنے کا تانبے پیتل وغیرہ کا برتن۔
سماوی۔ (ع-صفت) (۱) آسمانی (۲) اتر غیبی۔
سمائی۔ (ہ-ا-مونث) (۱) گنجائش (۲) بُردباری۔ (۳) حوصلہ۔ ظرف۔
سمبت۔ (سَم-بت) (ہ-ا-مونث) (۱) سنہ۔ سال۔ (۲) بکرمی سنہ جو ۵۷ قبل مسیح میں قائم ہُوا تھا۔ یہ سال چیت سے شروع ہو کر پھاگن میں ختم ہوتا ہے۔ (س۔ سموت)۔
سمبل۔ (SYMBOL) (سِم-بل) (انگ-ا-مذکر) علامت۔ اشارہ۔ رمز۔
سمبندھ۔ (سَم-بندھ) (ہ-ا-مذکر) رشتہ۔ ناتا۔
سمت۔ (ع-ا-مونث) جانب۔ طرف۔ رُخ۔ جہت
سمت الراس۔ (۱) سر سے آسمان تک کا سیدھا خط (۲) اوج۔ بلندی کی انتہا۔ ترقی کا کمال۔
سمت۔ (سَم-مت) دیکھیے سمبت۔
سمٹنا۔ (سِ-مٹ-نا) (ہ-مص) اکٹھا ہو جانا۔ سکڑنا۔
سمجھ۔ (سَ-مجھ) (ہ-ا-مونث) (۱) عقل۔ فہم۔ دانش
سمجھ آنا۔ ہوشیار ہونا۔ عقل آنا۔ سیانا ہونا۔ آنکھیں کھلنا۔
سمجھ بُوجھ۔ عقل و دانش۔ فہم و فراست۔
سمجھ دار۔ عقل مند۔ سیانا۔ ہوشیار۔ دانا۔ تجربہ کار۔
سمجھ میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔ خیال میں آنا۔
سمجھانا۔ (ہ-مص) (۱) ذہن نشین کرنا (۲) بتانا۔ جتانا۔ (۳) نصیحت کرنا (۴) حساب دینا۔
سمجھانا بجھانا۔ (۱) اُونچ نیچ دکھانا (۲) فہمائش کرنا۔
سمجھنا۔ (سَ-مجھ-نا) (ہ-مص) (۱) جاننا۔ واقف ہونا (۲) حساب میں لگانا (۳) بدلہ لینا (۴) ذہن نشین ہونا (۶) غور و فکر کرنا (۷) ماننا۔
سمجھوتا۔ (سَم-جھو-تا) (ہ-ا-مذکر) باہمی فیصلہ۔ معاہدہ۔
سمجھے۔ (ہ-حرفِ استفہام) دیکھا؟ ہوش آیا؟ آیا خیال میں؟
سمدھن۔ (سَم-دھن) (ہ-ا-مونث) دُولھا اور دلھن کی مائیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں۔
سمدھی۔ (سَم-دھی) (ہ-ا-مذکر) دُولھا اور دلھن کے باپ آپس میں سمدھی ہوتے ہیں۔
سمدھیانا۔ (سَم-دھ-یا-نا) (ہ-ا-مذکر) دلھن یا دولھا کا گھرانا۔ سمدھی کا گھر۔

Marfat.com

سمرتی۔ (سِم۔رِ۔تی) (س۔ا۔مونث) ہندوؤں کی الہامی کتاب

سمع۔ (ع۔ا۔مذکر) سننے کی قوت۔کان۔گوش۔

سمع خراشی۔ (مونث) کان کھانا۔مغز چاٹنا۔

سمعی، بصری وسائل۔ (ع۔ف۔ا۔مذکر) جلد سُننے اور دیکھنے کے قابل بنانے والے امدادی آلات۔

سمک۔ (سَ۔مَک) (ع۔ا۔مونث) وہ مچھلی جس پر عوام کے عقیدے میں زمین ٹکی ہوئی ہے۔

سمگل۔ (SMUGGLE) دیکھیے اسمگل کرنا۔

سمگلر۔ (SMUGGLAR) دیکھیے اسمگلر۔

سمگلنگ۔ (SMUGGLING) دیکھیے اسمگلنگ۔

سمن۔ (سَ۔مَن) (ف۔ا۔مونث) چنبیلی۔یاسمن۔

سمن اندام۔ گورا چٹا۔سیم تن۔

سمن بر۔ چنبیلی سا بدن والا۔خوب صورت۔

سمن۔ (SUMMONS) (انگ۔ا۔مذکر) حاضر عدالت ہونے کا تحریری حکم۔پروانۂ طلبی۔

سمند۔ (سَ۔مَند) (ف۔ا۔مذکر) گھوڑا۔زردی مائل گھوڑا

سمندر۔ (سَ۔مَن۔دَر) (ف۔ا۔مذکر) ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا اور وہیں رہتا ہے۔

سمندر۔ (سَ۔مُن۔دَر) (ہ۔ا۔مذکر) بحر۔(بفتح م بھی صحیح ہے) (س۔سمُدر)

سمندر پھل۔ ایک دریائی پھل جو دوا کے طور استعمال ہوتا ہے۔

سمندر جھاگ۔ (مذکر) سفید رنگ کا ایک منجمد مادہ جو دواؤں میں پڑتا ہے۔

سمندر سوکھ۔ (مذکر) ایک دوا۔

سمندر کھار (مذکر) سم الفار کا بگاڑ۔سنکھیا۔ہڑتال۔

سمندری۔ (سَ۔مَن۔دَ۔ری) (ہ۔صفت) سمندر سے منسوب۔

سموچا۔ (سَ۔مُو۔چا) (ہ۔صفت) پورا۔سالم۔سارا۔

سمور۔ (سَ۔مُو۔ر) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ایک نہایت باریک پشم والا برفانی جانور (۲) اس جانور کی کھال۔

سموسا۔ (سَ۔مو۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) وہ تکونا پکوان جس کے اندر قیمہ، ترکاری یا کوئی میٹھی چیز بھر کر پکاتے ہیں۔

سموم۔ (سَ۔مُوم) (ع۔ا۔مونث) زہریلی ہوا۔لو۔

سموم۔ (سُ۔مُوم) (ع۔ا۔مذکر) سم کی جمع۔زہر

سمونا۔ (سَ۔مو۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا۔ (۲) دو مختلف مزاج چیزوں کو ملا کر اعتدال پیدا کرنا۔

سمیت۔ (سَ۔میت) (ہ) ساتھ۔اکٹھے۔بہ شمول۔

سمیّت۔ (سَم۔مِیَت) (ع۔ا۔مونث) (۱) زہریلا پن۔ (۲) زہر کا اثر۔

سمیٹنا۔ (سَ۔میٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) اکٹھا کرنا۔جمع کرنا۔ (۲) سکیڑنا۔تنگ کرنا۔

سمیع۔ (سَ۔میع) (ع۔صفت) (۱) سننے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

# س۔ن

سن۔ (ہ۔ا۔مذکر) ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں۔

سِن۔ (ع۔ا۔مذکر) عمر۔سال۔مقدارِ عمر۔

سِن بلوغ۔ بلوغت۔جوانی کی عمر (قانوناً) اٹھارہ سال کی عمر۔

سِن تمیز۔ وہ عمر جس میں نیک و بد کی تمیز ہو جاتی ہے۔

سن رسیدہ۔ بوڑھا یا بوڑھی۔

سِن شعور۔ جوانی۔شباب۔

سُن۔ (ہ۔صفت) (۱) بے حس۔ساکن (۲) خاموش (۳) بے ہوش۔بے خبر۔

سُن ہو جانا، ہونا۔ (۱) بے حس و حرکت ہو جانا (۲) چپ یا خاموش رہ جانا (۳) سکتے کی حالت میں ہونا۔

سنا۔ (ع۔ا۔مونث) ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے۔

سناتن۔ (س۔صفت) (۱) قدیم۔پرانا۔ہمیشہ کا (۲) پکا۔مضبوط۔ (۳) برہما، وشنو اور شیو کا لقب۔

سناتن دھرم۔ (مذکر) قدیم ہندو مذہب جو مورتی پوجا کا قائل ہے۔

سناٹا۔ (سَن۔نا۔ٹا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) سکتے کا عالم۔سنسان۔ہو کا عالم (۲) خوف۔دہشت۔

سناٹے میں آنا۔ حیران ہو جانا۔ڈر جانا۔

سنار۔ (ہ۔ا۔مذکر) زیور بنانے والا۔زرگر (س۔سورن کار)

سنان۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) نیزے کی انی (۲) تیر کی نوک۔ (۳) بھالا۔نیزہ۔

سنانا۔ (ہ۔مص) (۱) کہنا (۲) برا بھلا کہنا (۳) کسی کے سامنے پڑھنا یا گیت وغیرہ گانا۔

سنائی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) دیکھیے شنوائی (۲) سننا۔سننے کا عمل۔

سنائی پڑنا (دینا)۔ سنا جانا۔کانوں میں آواز آنا۔

سنبل۔ (سُم۔بُل) (ع۔ف۔ا۔مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔بال چھڑ۔جٹا ماسی۔

سنبل الطیب۔ بال چھڑ۔

سنبلہ۔ (سُم۔بُ۔لہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) خوشہ۔گندم یا جو کی بال (۲) آسمان کے چھٹے برج کنیا راس کا نام۔

سنبوسہ۔ (سَم۔بو۔سہ) (ف۔ا۔مذکر) دیکھیے سموسا۔

سنبہ۔ (سُم۔بہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) سوراخ کرنے کا اوزار۔برما (۲) توپ کا گز۔

سنبھالا۔ (سَم۔بھا۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) وہ افاقہ جو مریض کو موت سے پیشتر ہوا کرتا ہے۔

سنبھالا لینا۔ موت سے پہلے مریض کا تندرست معلوم ہونا۔

سنبھالنا۔ (سَم۔بھال۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھامنا (۲) گرنے نہ دینا۔ (۳) انتظام ہاتھ میں لینا۔ (۴) سمیٹنا۔اٹھانا

Marfat.com

سنبھل سنبھل کر ۔ (ہ) (۱) رُک رُک کر (۲) احتیاط سے۔
سنبھلنا ۔ (سم ۔ بھل ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) تھمنا ۔ رُکنا ۔ گرنے سے بچنا ۔ (۲) خبردار ہونا (۳) افاقہ ہونا (۴) راہ پر آنا ۔ عبرت پکڑنا (۵) قابو میں آنا۔
سنت ۔ (ہ ۔ صف) (۱) پارسا ۔ دین دار (۲) (مذکر) خدا رسیدہ بزرگ۔
سُنّت ۔ (سُن ۔ نَت) (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) (فقہ اسلام) وہ طریقہ جس پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ خلفاء نے عمل کیا ہو (۲) راہ ۔ روش ۔ دستور ۔ (۳) (اُر) ختنہ۔
سُنّتِ آبائی ۔ باپ دادا کی رسم۔
سُنّتِ ابراہیمی ۔ (۱) حضرت ابراہیم کا طریقہ (۲) ختنہ۔
سُنّت کرنا ۔ ختنہ کرنا۔
سُنّتِ نبوی ۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا طریقہ۔
سنترا ۔ (سَن ۔ تَ ۔ را) (اُر ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے سنگترا۔
سنتری ۔ (SENTRY) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) فوج یا پولیس کا پہرہ دینے والا سپاہی۔
سنج ۔ (ف) مصدر سنجیدن کا اسم فاعل یعنی تولنے والا ۔ امتحان کرنے والا (مرکبات میں) جیسے نکتہ سنج ۔ موسیقار ۔
سنجاب ۔ (سَن ۔ جا ۔ ب) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) چوہے سے ذرا بڑا جانور جس کی پشم دار کھال کی پوستین بناتے ہیں ۔ (۲) اس جانور کی کھال۔
سنجاف ۔ (سِن ۔ جاف) (ف ۔ ا ۔ مونث) جھالر ۔ کنارہ ۔ چوڑی اور آڑی گوٹ ۔ حاشیہ (اُردو میں بفتح اول مستعمل ہے)
سنجوگ ۔ (سَن ۔ جوگ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) میل ملاپ ۔ ملاقات ۔
سنجھلا ۔ (سنجھ ۔ لا) (ہ ۔ صف) تیسرا بیٹا ۔ چھوٹائی میں تیسرے نمبر پر۔
سنجیدگی ۔ (سَن ۔ جی ۔ دَ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مونث) متانت ۔ بُردباری ۔
سنجیدہ ۔ (سَن ۔ جی ۔ دَہ) (ف ۔ صف) بھاری بھرکم ۔ متین ۔ بُردبار۔
سنچائی ۔ (سِنچا ۔ ای) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) سینچنا (۲) سینچنے کی اُجرت ۔
سنچری ۔ (CENTURY) (سن ۔ چَ ۔ ری) (انگ ۔ ا ۔ مونث) (۱) صدی ۔ سو سال (۲) (کرکٹ کی اصطلاح) سو رَن ۔
سَنَد ۔ (سَ ۔ نَد) (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) سرٹیفکیٹ ۔ (۲) دستاویز ۔ ثبوت ۔ تصدیق نامہ (۳) (صف) قابلِ اعتبار ۔ بھروسے کی بات ۔ تسلیم شدہ۔
سند پکڑنا ۔ دلیل میں پیش کرنا۔
سند جاننا ۔ معتبر ماننا ۔ صحیح تسلیم کرنا۔
سندِ خرچ ۔ (دفتری اصطلاح) خرچ کی رسید یا تفصیل وار چٹھا۔
سند دینا ۔ ثبوت دینا ۔ مثال پیش کرنا۔
سند لانا ۔ ثبوت میں پیش کرنا ۔ مثال دینا۔
سند ہونا ۔ قابلِ تسلیم ہونا ۔ قابلِ اعتماد ہونا۔
سند یافتہ ۔ وہ شخص جس کے پاس کسی امر کی سند ہو۔
سَنَداً ۔ (سَ ۔ نَ ۔ دَن) (ع ۔) سند کے طور پر ۔ مثال کی غرض سے۔
سِندان ۔ (سِن ۔ دان) (ف ۔ ا ۔ مونث) ۔ اہرن ۔ وہ مربع آہنی پتا جس پر لوہا کوٹتے ہیں ۔ نہائی ۔
سُندر ۔ (سُن ۔ دَر) (س ۔ صف) خوبصورت ۔ حسین و جمیل ۔
سُندری ۔ (سُند ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) خوب صورت عورت (۲) ستار کا ایک پرزہ جس سے سُر ملاتے ہیں (۳) ایک قسم کی لکڑی جس سے جہاز بنتے ہیں۔
سِندور ۔ (سِن ۔ دُور) (س ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے سیندور۔
سِندھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سمندر (۲) پاکستان کے ایک دریا کا نام (۳) دریائے سندھ کے کنارے پر آباد علاقے کا نام (۴) بھیرو راگ کی ایک راگنی ۔ (س سندھو)
سِندھی ۔ (ہ ۔ صف) (۱) پاکستان کے علاقہ سندھ سے منسوب ۔ (۲) (مذکر) سندھ کا باشندہ (۳) (مونث) سندھ کی زبان ۔
سنڈا ۔ (سَن ۔ ڈا) (ہ ۔ صف) قوی ہیکل ۔ موٹا تازہ ۔
سنڈاس ۔ (سَن ۔ ڈاس) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پاخانہ ۔ بیت الخلا ۔ (۲) وہ پاخانہ جس کے صاف کرنے کا منہ گھر کے باہر دیوار میں ہو۔
سنڈی ۔ (سَن ۔ ڈی) (ہ ۔ صف) ہٹی کٹی ۔ لحیم شحیم عورت ۔
سنڈیکیٹ ۔ (SYNDICATE) (سِن ۔ ڈی ۔ کیٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) شرکتِ تجار ۔ متعدد تاجروں یا کارخانوں کی شرکت جو متحدہ طور پر کوئی کاروبار کرے ۔ (۲) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی (کیمبرج) ۔
سنسار ۔ (س ۔ ا ۔ مذکر) دنیا ۔ جہان ۔ کائنات ۔
سُنسان ۔ (ہ ۔ صف) (۱) ویران ۔ اجاڑ (۲) خاموش ۔ خالی ۔
سنسر ۔ (CENSOR) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) احتساب ۔ (۲) محتسب ۔ کسی بات سے روکنے والا ۔
سنسکرت ۔ (سَن ۔ سَ ۔ کِ ۔ رت) (س ۔ صف) (۱) مقدس ۔ مہذب ۔ افضل ۔ (۲) (مونث) مکمل اور پوری زبان ۔ آریہ لوگوں کی اصلی زبان ۔
سنسنانا ۔ (سَن ۔ سَن ۔ نا ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) سَن سَن کرنا ۔ سرسرانا ۔ (۲) ضعف محسوس ہونا ۔ (۳) کانپنا (۴) کسی چیز کے اندر سے گزرنے کی آواز (۵) خوف زدہ ہو جانا ۔
سنسناہٹ ۔ (سَن ۔ سَ ۔ نا ۔ ہَٹ) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) ضعف کے آثار ۔ سکتے کی حالت (۲) وہ آواز جو مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا پانی کھولنے سے پیدا ہو ۔
سنسنی ۔ (سَن ۔ سَ ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) سکتے کی حالت ۔ اضطرابی کیفیت ۔
سنسی ۔ (سَن ۔ سی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) لوہاروں اور سناروں

Marfat.com

کا ایک اوزار - ایک قسم کا زنبور۔
سَنک - (سَ - نک) [ہ - ا - مونث] (۱) خبط - جنون (۲) ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔
سِنکنا - (سِن - کَ - نا) [ہ - مص] ناک صاف کرنا۔
سِن کونا - (CINCHONA) [انگ - ا - مونث] - (۱) دیسی کونین (۲) وہ درخت جس کی چھال سے کونین نکالی جاتی ہے۔
سَنکھ - [ہ - ا - مذکر] (۱) ناقوس - بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے۔ (۲) سو کروڑ۔
سَنکھیا - (سَنکھ - یا) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کا زہر - سم الفار۔
سَنگ - [ف - ا - مذکر] (۱) پتھر (۲) وزن - بوجھ۔
سنگِ آستان - دہلیز کا پتھر۔
سنگِ اسود - وہ سیاہ پتھر جو کعبہ شریف کی دیوار میں نصب ہے - حجرِ اسود۔
سنگ باری - (مونث) پتھر برسانا - پتھر مارنا - پتھروں کی بوچھاڑ۔
سنگ پشت - کچھوا۔
سنگ تراش - پتھر کاٹنے اور پتھر کا کام بنانے والا۔
سنگ جراحت - ایک قسم کا سفید پتھر جو زخم کے لیے مفید ہے۔
سنگ خارا - ایک قسم کا نیلگوں پتھر۔
سنگ دانہ - (مذکر) پرندے کا پوٹا۔
سنگ دل - بے رحم - ظالم۔
سنگ دلی - (مونث) بے رحمی - ظلم۔
سنگِ راہ - (۱) راستے کا پتھر جو راہ گیروں کے لیے باعثِ تکلیف ہو - (۲) مزاحم - مانع - روکنے والا۔
سنگ ریزہ - کنکر - روڑی - بجری۔
سنگسار کرنا - پتھر مار مار کر ہلاک کر ڈالنا۔
سنگ ساز - چھاپے خانے کا وہ ملازم جو چھاپے کے پتھر یا پلیٹ پر غلطیاں درست کرتا ہے۔
سنگ سازی - (مونث) چھاپے کی پلیٹ پر غلطیاں درست کرنے کا فن۔
سنگلاخ - پتھریلی زمین - پتھریلا یا پہاڑی علاقہ۔
سنگِ لرزاں - وہ پتھر جو چڑھنے یا حرکت دینے سے ہلنے لگتا ہے۔
سنگِ مثانہ - پتھری جو مثانے میں پڑ جاتی ہے۔
سنگِ مرمر - ایک قسم کا نفیس سفید پتھر۔
سنگِ مزار - سنگِ تربت - سنگِ لوح۔
سنگِ موسیٰ - ایک قسم کا نفیس سیاہ پتھر۔
سنگِ یشب - ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر۔
سَنگ - [ہ] ساتھ - ہمراہ۔
سِنگار - [ہ - ا - مذکر] آرائش حسن - کنگھی چوٹی - مانگ پٹی۔
سنگار دان - (مذکر) سنگار کی چیزیں رکھنے کا صندوقچہ یا پٹاری۔
سَنگَت - [س - ا - مونث] (۱) ساتھ - ہم نشینی (۲) شرکت (۳) ہم صحبت - ہم نشین (۴) ساز ندے (۵) مرثیہ خوان اور گویّے کے ساتھ آواز ملانے والے۔
سنگترہ - (سَنگ - تَ - رَہ) [پر - ا - مذکر] نارنگی - سنترہ۔
سنگر - (SINGER) [انگ - ا - مذکر و مونث] (۱) گانے والا - موسیقار (۲) امریکہ کے ایک باشندے کا نام جس نے کپڑا سینے کی مشین ایجاد کی۔
سنگرام - (سَنگ - رام) [س - ا - مذکر] جنگ و جدال۔
سنگل - (SINGLE) [انگ - صفت] (۱) ایک - (۲) اکیلا (۳) اکہرا (۴) کرکٹ میں ایک رن کی ہٹ۔ (۵) چھتیس پتوں سے ترپ کا ایک کھیل جس میں جیتنے والوں کے پانچ ہاتھ اور ہارنے والوں کے چار ہیں۔
سنگم - [س - ا - مذکر] دو دریاؤں کے ملنے کا مقام۔
سُن گُن - [ہ - ا - مونث] بھید - خفیہ خبر۔
سن گن لینا - چھپ کر سننا - بھید لینا۔
سِنگھ - [ہ - ا - مذکر] (۱) شیر (۲) سکھوں اور چھتریوں کے نام کا جزو (۳) بُرجِ اسد (س - بنہ)۔
سنگھاڑا - (سِنگھا - ڑا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک تکونا پھل جو تالابوں میں ہوتا ہے (۲) سموسے کی طرح لپٹا ہوا رومال (۳) دلالوں کی اصطلاح، تین روپے۔
سنگھاڑا مچھلی - (مونث) ایک قسم کی مچھلی۔
سنگھاسن - (سِنگھا - سَن) [ہ - ا - مذکر] شاہی تخت - راج گدی۔
سنگی - [ہ - ا - مذکر] (۱) ساتھی - ہم راہی (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سوت ملا ہوتا ہے۔
سنگیت - [س - ا - مذکر] ایسا گانا جسے بہت سے آدمی آواز ملا کر گائیں (۲) ایسا تماشا جس میں ناچ گانا ہو۔
سنگین - [ف - صفت] (۱) پتھر کا (۲) سخت - بھاری - وزنی (۳) [اَر - ا - مونث] ایک نوک دار ہتھیار جو بندوق پر چڑھایا جاتا ہے۔
سنگین جرم - ایسا جرم جو سخت سزا کے قابل ہو۔
سنگین سزا - بھاری سزا - سخت سزا۔
سنگینی - [ف - ا - مونث] سختی - گرانی - ٹھوس پن۔
سُنَن - (سُ - نَن) [ع - ا - مذکر] (۱) سُنّت کی جمع - وہ کام جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ نے کیے۔
سَننا - (سَن - نا) [ہ - مص] بھرنا - آلودہ ہونا۔
سُننا - (سُن - نا) [ہ - مص] (۱) کانوں سے آواز معلوم کرنا - (۲) توجہ کرنا (۳) گالی کھانا۔
سنوار - [ہ - ا - مونث] (۱) درستی - سجاوٹ - (۲) پھٹکار - لعنت۔
سنوارنا - [ہ - مص] (۱) درست کرنا - آراستہ کرنا (۲) ترتیب سے لگانا (۳) مہذب بنانا - راہ پر لانا۔
سُنوائی - (سُن - وا - ای) [ہ - ا - مونث] (۱) فریاد رسی - سماعت (۲) باریابی - رسائی - پہنچ۔

Marfat.com

سنورنا ۔ (سَ نْوَر ۔ نا) [ ہ ۔ مص ] (۱) درست ہونا ۔ سجنا ۔ (۲) ترتیب سے لگنا ۔ (۳) سُدھرنا ۔ چال چلن درست ہونا ۔
سنہ ۔ (سَن) (ع ۔ ا ۔ مذکر) سال ۔ برس ۔ سمت ۔
سنِ جلوس ۔ وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی سے شروع ہو کر اس کی فرماں روائی تک جاری رہتا ہے ۔
سنہ رواں ۔ جو سال گزر رہا ہو ۔
سنہ عیسوی ۔ شمسی سال جس کا حساب حضرت مسیحؑ کی پیدائش سے کیا جاتا ہے ۔
سنہ ہجری ۔ قمری سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکۂ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا ۔
سُنہرا ۔ سُنہری ۔ (سُ نْ ۔ ہْ ۔ را) (ہ ۔ صفت) (۱) سونے کا ۔ (۲) سونے کے رنگ کا ۔ زرد ۔ پیلا ۔
سُنّی ۔ (سُن ۔ نی) (ع ۔ ا ۔ مذکر) اہلِ سنت والجماعت ۔ سنتِ رسول اللہ پر چلنے والا گروہ ۔
سُنی اَن سُنی کرنا ۔ (ہ ۔ مص) (۱) بات سن کر ٹال دینا (۲) ایسا ظاہر کرنا جیسے بات سنی نہیں ۔
سنیاس ۔ (سَن ۔ یاس) (س ۔ ا ۔ مذکر) دنیا چھوڑ دینا ۔ فقیری لینا ۔
سنیاسی ۔ (سَن ۔ یا ۔ سی) (س ۔ ا ۔ مذکر) ہندو فقیر جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو ۔ تارک الدنیا ۔
سنیچر ۔ (سَ ۔ نی ۔ چر) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ہفتے کا دن ۔ شنبہ (۲) نحوست (۳) سیارۂ زحل جو منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔
سنیچر آنا ۔ ادبار آنا ۔ بُری گھڑی آنا ۔
سِنین ۔ (سِ ۔ نین) (ع ۔ ا ۔ مذکر) سنہ کی جمع ۔ بہت سے سال ۔
سینےٹوریم ۔ (SANATORIUM) (سِ ۔ نے ۔ ٹو ۔ ری ۔ یَم) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) علاج گاہ جو کسی صحت افزا مقام پر ہو ۔

## س ۔ و

سَو ۔ (ہ ۔ صفت) (۱) ننانوے اور ایک ۔ صد (۲) کثرت سے ۔ بہت (۳) بہرصورت ۔ ہر چند ۔
سو بات کی ایک بات ۔ (۱) نہایت معقول اور تجربے کی بات (۲) الحاصل ۔ قصہ مختصر ۔ خلاصہ ۔
سو بسوے ۔ یقیناً ۔ بالکل درست ۔
سو جان سے صدقے ۔ بہت زیادہ محبت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں ۔
سو جتن کیے ۔ بہت کوشش کی ۔
سو دن چور کے تو ایک دن شاہ کا ۔ (مثل) سو دفعہ شریر آدمی کی چلے گی تو ایک دفعہ شریف کی بھی بن آئے گی ۔ چور ایک نہ ایک دن پکڑا ضرور جاتا ہے ۔
سونار کی ایک لوہار کی ۔ (مثل) کمزور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کے برابر بھی نہیں ہوتیں ۔
سو سو ۔ بہت بہت ۔ کثرت سے ۔ بافراط ۔
سو سیانے ایک مت ۔ (مثل) جتنے دانا ہوں گے سب کی رائے ایک جیسی ہوگی ۔
سو کی ایک بات ۔ پتے کی بات ۔
سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکو ۔ (مثل) بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب سب سے زیادہ عیبی خیال کیا جاتا ہے سو رذیلوں میں ایک شریف بدنام و رسوا سمجھا جاتا ہے ۔
سُو ۔ (ہ ۔ صفت) سمت ۔ جانب ۔ طرف ۔
سو ۔ (ہ) وہ ۔ جو ۔ تو ۔ اس لیے ۔
سوا ۔ (سَ ۔ وا) (ہ ۔ صفت) ایک اور اس کا چوتھائی حصہ ۱ ¼
سوا نیزے پر سورج (آفتاب) آنا ۔ (۱) آثارِ قیامت نمودار ہونا ۔ (۲) شدید ترین گرمی پڑنا ۔
سوا ۔ سوائے ۔ (ع) (۱) بغیر ۔ علاوہ ۔ بجز (۲) زیادہ ۔ فالتو ۔
سُوا ۔ (سُو ۔ آ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) بڑی سوئی ۔
سواحل ۔ (سَ ۔ وا ۔ حِل) (ع ۔ ا ۔ مذکر) ساحل کی جمع ۔
سواد ۔ (سَ ۔ وا ۔ د) (س ۔ ا ۔ مذکر) (۱) مزہ ۔ ذائقہ ۔ (۲) لطف ۔ (۳) فرحت ۔ خوشی ۔
سَواد ۔ (سَ ۔ واد) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سیاہی ۔ کالک (۲) سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے ۔ (۳) حوالیِ شہر ۔ گرد و نواح (۴) ملک ۔ (۵) لکھنا (۶) بڑی تعداد ۔
سوادِ اعظم ۔ (۱) بڑا شہر (۲) کثیر تعداد ۔ اکثریت ۔ غالب حصہ ۔
سوار ۔ (سَ ۔ وار) (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) جو پیدل نہ ہو ۔ (۲) رسالے کا ملازم (۳) (صفت) چڑھا ہوا ۔ سواری پر بیٹھا ہوا ۔
سواری ۔ (سَ ۔ وا ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) گھوڑے پر چڑھنے کا کام (۲) وہ حیوان یا چیز جس پر سوار ہوا جائے (۳) جلوس (۴) کشتی کا ایک داؤ (۵) جو سوار ہو ۔
سواری آنا ۔ (۱) تشریف لانا ۔ (۲) جلوس آنا ۔
سواری دینا ۔ سواری کا کام دینا ۔
سواری کرنا / لینا ۔ چڑھنا ۔ سوار ہونا ۔
سواگت ۔ (سَ ۔ وا ۔ گت) (س ۔ ا ۔ مذکر) (۱) استقبال ۔ آؤ بھگت ۔
سُوال ۔ (سُ ۔ آل) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) پوچھنا (۲) درخواست ۔ مانگ ۔ التماس (۳) استفسار ۔ پرسش (۴) (اُس) دعوے یا عرضی دعویٰ (۵) بھیک مانگنا (۶) مسئلہ ۔ عقدہ ۔ (ریاضی یا اقلیدس کا) جواب طلب مسئلہ ۔
سوال از آسمان جواب از ریسماں ۔ (مثل) سوال کچھ اور جواب کچھ ۔ اوٹ پٹانگ جواب ۔
سوالِ جرح ۔ (۱) وہ سوال جو ایک فریق اپنے مخالف کے گواہوں سے کرتا ہے ۔ دلیل کاٹنے والا سوال ۔
سوال جواب ۔ (۱) گفتگو ۔ بات چیت (۲) مباحثہ ۔
سوال عدالتی ۔ (مونث) عدالت میں دعویٰ یا عرضی دعوے کا پڑھا جانا ۔

Marfat.com

سوال در سوال - سوال کا جواب دینے کے بجائے اسی سوال پر ایک اور سوال کر دینا۔
سوال ضمیمہ - (قانون) - وہ درخواست جو اشتمام کی کمی پوری کرنے کے لیے دی جائے۔
سوال مرمت (قانون) - عرضی کی درستی یا ترمیم کا مطالبہ۔
سوال موصل الی المطلوب - پوچھنے والے کے مطلب تک پہنچانے والا سوال۔
سوال نامہ - (مذکر) (اصطلاح بنکاری) جواب طلب امور کی فہرست۔
سُوالات - (سُ - آ - لات) (ع - ا - مذکر) سوال کی جمع۔
سُوالی - (سُ - ا - مذکر و - صفت) (۱) سوال کرنے والا (۲) مانگنے والا۔
سوامی - (سَ - وا - مِی) (س - ا - مذکر) آقا - مالک - خد (۲) شوہر (۳) گرو - پیر۔
سوانا - سوانہ - (سِ - وا - نا) (ہ - ا - مذکر) حد - کنارا - مینڈھ۔
سوانح - (سَ - وا - نح) (ع - ا - مذکر - مونث) سانحہ کی جمع - واقعات - حادثات - رُوئے داد - حالات۔
سوانح عمری - (مونث) کسی شخص کی زندگی کے حالات - تذکرہ۔
سوانح نگار - (۱) واقعہ نویس - نامہ نگار (۲) (اُر) کسی شخص کے حالاتِ زندگی لکھنے والا۔
سوانگ - (ہ - ا - مذکر) دیکھیے سانگ - بہ واؤ اور بدون واؤ دونوں طرح لکھا جاتا ہے - لیکن تلفظ بروزن مانگ ہی کیا جاتا ہے۔
سوائی - (سَ - وا - ای) (ہ - ا - مذکر) وہ غلہ جو کاشت کار کو بیج کے لیے اس شرط پر دیا جائے کہ فصل پر من کا سوا من لیا جائے گا - (مونث) وہ زمین جس میں سولئے چاول کے سب غلے پیدا ہوتے ہیں - میسن - دومٹ - سیوٹا۔
سوائی - (سِ - وا - ای) (ف - صفت) فالتو - معمول سے زیادہ۔
سوائے - (سِ - وا - اے) (ع - حرفِ استثنا) علاوہ - بجز - بسوا۔
سوایا - (سَ - وا - یا) (ہ - صفت) (۱) ایک چوتھائی زیادہ - (۲) زیادہ - بڑھا ہوا - بیش۔
سوپ - (SOAP) (انگ - ا - مذکر) صابن۔
سُوپ - (SOUP) (انگ - ا - مذکر) یخنی - آب جوش۔
سُوپ - (ہ - ا - مذکر) (۱) چھاج (۲) پانی سینچنے کا ٹوکرا۔
سوپ تو سوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتر سو چھید (مثل) بے دماغ چال چلن والا اگر شیخی کرے تو بجا ہے - عیبی کو زبان کھولنے سے پہلے اپنے عیب دیکھ لینا چاہیے۔
سَوت - (ہ - ا - مونث) ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ایک دوسرے کی سوت کہلاتی ہیں۔
سوت - (ہ - ا - مونث) پانی نکلنے کی جگہ - منبع - سرچشمہ۔
سُوت - (ہ - ا - مذکر) (۱) تاگا - دھاگا - تار (۲) فیسال -
(۳) تسو کا سولھواں حصہ۔
سُوت کی انٹی اور یوسف کی خریداری - (مثل) تھوڑی سی حیثیت پر بڑا حوصلہ۔
سُوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا (مثل) خواہ مخواہ کا جھگڑا - بے بنیاد بات پر فساد۔
سوتا - (ہ - ا - مذکر) سوت - منبع - سرچشمہ۔
سَوتاپا - (ہ - ا - مذکر) دو سوکنوں کے درمیان دشمنی - سوکناپا۔
سُوتن - (سُو - تَن) (ہ - ا - مونث) دیکھیے سوت۔
سُوتنا - (سُوت - نا) (ہ - مص) (۱) نچوڑنا (۲) چوسنا - (۳) کھینچ لینا۔
سُوتی - (ہ - صفت) سُوت کا - سوت کا بنا ہُوا۔
سَوتیا - (سَو - تِ - یا) (ہ - صفت) سوت کا - سوکن کا۔
سوتیا ڈاہ - (مونث) سوت کا حسد۔
سَوتیلا - (سَو - تے - لا) (ہ - صفت) سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا - اولاد - بھائی یا باپ جو اصلی نہ ہوں۔
سَوتیلی - (سَو - تے - لی) (ہ - صفت) سوتیلا کی تانیث۔
سُوٹ - (SUIT) (انگ - ا - مذکر) کپڑوں کا جوڑا - (خصوصاً) ایک ہی کپڑے کا کوٹ - پتلون یا قمیص، شلوار وغیرہ۔
سوٹ کیس - (SUITCASE) (مذکر) کپڑے رکھنے کا چھوٹا بکس۔
سُوٹڈ بوٹڈ - (SUITED BOOTED) (انگ - ا - مذکر) سوٹ اور بوٹ پہنے ہوئے - انگریزی وضع کا۔
سُوٹنگ - (SUITING) (سُو - ٹِنگ) (انگ - ا - مذکر) سوٹ کا کپڑا۔
سُوجا - (ہ - ا - مذکر) (۱) برما (۲) سُوا - (۳) (صفت) ورم سے پھولا ہوا۔
سو جانا - (ہ - مص) (۱) نیند آ جانا (۲) سُن ہو جانا۔
سُوجن - (سُو - جَن) (ہ - ا - مونث) ورم - آماس۔
سُوجنا - (سُوج - نا) (ہ - مص) (۱) ورم کرنا - سوجن چڑھنا (۲) منہ پھلانا۔
سُوجھ - (ہ - ا - مونث) (۱) عقل - فہم (۲) بینائی - بصارت - نظر۔
سُوجھ بُوجھ - عقل و فہم - دُور اندیشی۔
سُوجھنا - (سُوجھ - نا) (ہ - مص) (۱) دکھائی دینا - (۲) خیال میں آنا - ذہن میں آنا۔
سُوجی - (ہ - ا - مونث) روا - گیہوں کا دردرا آٹا (۲) (صفت) سُوجا کی تانیث۔
سوچ - (ہ - ا - مذکر) (۱) فکر - خیال (۲) رنج و غم - اندوہ (۳) غور - دھیان - توجہ۔
سوچ بچار - فکر و تامل - غور و فکر۔
سوِچ - (SWITCH) (انگ - ا - مذکر) وہ بیل بٹن جس کے دبانے سے تار میں برقی رو آتی اور بند ہوتی ہے۔
سوِچ بورڈ - (SWITCH BOARD) (مذکر) وہ تختہ جس

Marfat.com

پر سوچ لگے ہوئے ہوں۔
سوچنا۔ (سو-چ-نا) (ہ-مص) (۱) غور کرنا۔ (۲) سمجھنا بوجھنا۔ (۳) مراقبہ کرنا۔
سوخت۔ (ف-ا-مونث) (۱) جلن۔ سوزش۔ (۲) رنج صدمہ۔
سوختنی۔ (سو-خ-ت-نی) (ف-صف) جلنے یا جلانے کے لائق۔
سوختہ۔ (سو-خ-تہ) (ف-صف) (۱) جلا بھنا (۲) افسردہ۔ مصیبت زدہ۔
سوختی۔ (سو-خ-تی) (اُ-ا-مونث) کلفت۔ رنج۔ تکلیف۔
سُود۔ (ف-ا-مذکر) (۱) قرض دیے ہوئے روپے پر نفع۔ بیاج (۲) نفع (۳) بھلائی۔ بہتری۔
سُود بہا۔ نفع و نقصان۔
سود خالص۔ (اصطلاح بنکاری) سُود کی جتنی رقم بعد وضع اخراجات باقی رہے۔
سود خوار (خور) سود پہ روپیہ چلانے والا۔
سُود در سود۔ وہ سود جو قرض پر دی ہوئی رقم میں سود شامل کرکے کل رقم پر لگایا جائے۔
سُود مند۔ مفید۔ فائدہ بخش۔
سَودا۔ (سَو-دا) (ع-ا-مذکر) (۱) کالا (۲) سیاہ خلط کا نام جلا ہوا بلغم (۳) (ف) خبط۔ دیوانگی (۴) عشق۔ دُھن۔ لگن (۵) خرید و فروخت۔ بیوپار۔
سودا اچھلنا۔ پاگل پن کا زور ہونا۔
سودا (بننا) پٹنا۔ قیمت طے ہونا۔ بھاؤ مقرر ہونا۔
سودا سلف۔ بازار سے خریدی ہوئی چیزیں۔
سوداگر۔ تاجر۔ بیوپاری۔
سوداگری (مونث) تجارت۔ بیوپار۔ (صف) تجارت سے متعلق۔
سودا مول لینا۔ (۱) کوئی چیز خریدنا (۲) کوئی ذمے داری اپنے سر لینا۔
سودا ہونا۔ (۱) قیمت طے ہونا۔ (۲) جنون ہونا۔ عشق ہونا۔
سودائے خام۔ خام خیالی۔ نری دیوانگی۔
سَوداوی۔ (سَو-دا-وی) (ع-صف) (۱) سودا سے متعلق (۲) غمگین۔ مغموم۔
سوداوی مزاج۔ وہ شخص کہ جس میں سودا کی خلط غالب ہو۔ جنونی آدمی۔
سُودائی۔ (ع-صف) (۱) دیوانہ (۲) خبطی۔ احمق۔
سُودہ۔ (سُو-دَہ) (ف-ا-مذکر) کسی چیز کا بُرادہ۔ وہ چیز جو گھسنے سے حاصل ہو جیسے سودۂ صندل۔
سُودھنا۔ (سُود-ھ-نا) (ہ-مص) (اصطلاح علم کیمیا) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا۔
سُودی۔ (ف-صف) وہ روپیہ جو سود پر لیا یا دیا جائے۔
سُودیشی۔ (سُو-دے-شی) (س-صف) اپنے دیس کا۔
سوڈا۔ (SODA) (انگ-ا-مذکر) (۱) سوڈیم کا کھار۔
(۲) وہ پانی جو سوڈے سے بنایا جائے۔ سوڈا واٹر۔
سوڈا بائیکارب ( ) ایک مرکب دوا جو ہاضمے کے لیے مفید ہے۔
سوڈا واٹر (SODA WATER) سوڈے سے بنایا ہوا پانی۔
سوڈیم۔ (SODIUM) (سو-ڈِ-یَم) (انگ-ا-مذکر) ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ہے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ نکلتا ہے۔
سُور۔ (ہ-ا-مذکر) بہادر آدمی۔ مرد غازی۔
سُور بیر۔ بڑا بہادر۔ سُورما۔ شجاع۔
سُور۔ (سُ-وَر) (ہ-ا-مذکر) (۱) خنزیر۔ خوک۔ (۲) (صف) شریر۔ بدذات۔
سوراجیہ۔ (س-وَ-راج-یہ) (س-ا-مذکر) (سو اپنا۔ راجیہ حکومت۔ راج) اپنی حکومت۔ آزادی۔
سُوراخ۔ (ف-ا-مذکر) (۱) چھید۔ روزن۔ رخنہ (۲) درز۔ جھری۔
سُورت۔ (سُو-رَت) (ع-ا-مذکر) قرآن مجید کا کوئی باب یا فصل۔
سُورج۔ (ہ-ا-مذکر) شمس۔ خورشید۔ آفتاب۔ (س-سُوریہ)
سورج بنسی۔ راجپوتوں کی ایک ذات جو خود کو سورج کی اولاد خیال کرتی ہے۔ راجا رام چندر جی اسی قوم سے تھے۔
سورج (ڈوبتے) ڈوبے۔ سُورج چھپنے کے وقت۔
سورج ڈوبنا۔ سورج چھپنا۔
سورج کو چراغ دکھانا۔ تجربہ کار کو عقل دینا۔ دانا کو دانائی کی بات بتانا۔
سورج (گرہن) گہن۔ (مذکر) چاند کا زمین اور سورج کے درمیان آ کر آفتاب کی روشنی زمین تک نہ پہنچنے دینا۔
سورج مکھی۔ ایک قسم کا زرد پھول جو سورج کے ساتھ ساتھ اپنا رُخ بدلتا جاتا ہے۔
سُورداس۔ (ہ-ا-مذکر) (۱) سوریہ (سُورج) کا بندہ (۲) ایک اندھا ہندو صوفی شاعر (۳) اندھا۔
سُورگ۔ (سُ-وَرگ) (س-ا-مذکر) بیکنٹھ۔ جنت۔
سُورما (سُور-ما) (ہ-صف) بہادر۔ شجاع۔ سُور۔
سُورنجان۔ (سُو-رَن-جان) (ف-ا-مونث) ایک دوا ہے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں۔
سُورنی۔ (سُ-وَر-نی) (ہ-ا-مونث) سُور کی مادہ۔
سُورہ۔ (سُو-رَہ) (ع-ا-مذکر) سورت۔ قرآن شریف کا ایک باب۔
سُورۂ اخلاص۔ قل ہو اللہ کی سورت۔
سُورۂ یٰسین۔ قرآن شریف کی ایک سورت جو حالت نزع میں موت کی سختی دفع ہونے کے لیے سناتے ہیں۔
سوز۔ (ف-ا-مذکر) (۱) جلن۔ سوزش۔ درد (۲) (اُردو) مرثیہ خوانی کی ایک طرز (۳) مصدر سوختن کا اسم فاعل بمعنی جلانے والا مرکبات میں جیسے جگر سوز۔ دل سوز۔

Marfat.com

سوز خواں - مرثیہ پڑھنے والا۔
سوزاک - (ف - ا - مذکر) ایک مرض جس میں پیشاب سوزش کے ساتھ آتا ہے۔
سوزش - (سو - زِش) (ف - ا - مونث) جلن - درد۔
سوزن - (سو - زَن) (ف - ا - مونث) سوئی۔
سوزنِ عیسیٰ - وہ سوئی جس کی بابت مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ کے دامن میں اُلجھی ہوئی آسمان پر چلی گئی تھی۔ اور اسی دنیوی چیز کے باعث وہ چوتھے آسمان سے آگے نہ جا سکے۔
سوزن کاری - (مونث) سوئی کا کام۔
سوزنی - (سو - زَ - نی) (ف - ا - مونث) دُہرا یا رُوئی بھرا کپڑا جس پر سوزن کاری کی گئی ہو۔
سوسائٹی - ( SOCIETY ) (سو - سا - ءِ - ٹی) (انگ - ا - مونث) سماج - معاشرہ۔
سُوسمار - (سُوس - مار) (ف - ا - مذکر) ایک جانور - گوہ۔
سوسن (سو - سَن) (ف - ا - مونث) آسمانی رنگ کا ایک پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
سوسنی - (سو - سَ - نی) (ف - صفت) (۱) آسمانی رنگ کا۔ (۲) (مونث) نیلا رنگ
سوشل - ( SOCIAL ) (سو - شَل) (انگ - صفت)۔ (۱) معاشرتی (۲) میل جول رکھنے والا - ملنسار۔
سوشلزم - ( SOCIALISM ) (سو - شَل - اِزم) (انگ - ا - مذکر) دیکھیے اشتراکیت۔
سوشلسٹ - ( SOCIALIST ) (سو - شَل - اِسٹ) (انگ - صفت - و - ا - مذکر) دیکھیے اشتراکی۔
سوغات - (ت - ا - مونث) تحفہ - ہدیہ۔
سُوفسطائی - (سُو - فِس - طا - ای) (ع - ا - مذکر) حکما کا ایک گروہ جس کے اصولوں کی بنیاد وہم پر ہے۔
سُوق - (ع - ا - مذکر) بازار۔
سُوقیانہ - (سُو - قِی - یا - نَہ) (ع - ف - صفت) بازاری۔ عوام کی پسند کا۔
سَوکن - (سَو - کَن) - (ہ - ا - مونث) سوت - شوہر کی دوسری بیوی۔
سُوکھا - (ہ - صفت) (۱) خشک - (۲) دُبلا پتلا (۳) رُوکھا پھیکا (ا - مذکر) خشک سالی - کال - (۵) بھنگ - (۶) خشک تمباکو۔
سُوکھا پڑنا - قحط سالی ہونا۔
سُوکھا ٹالنا (ٹرخانا) - صاف انکار کرنا - باتوں میں ٹالنا۔
سُوکھا جواب - صاف انکار۔
سُوکھے دھانوں پانی پڑنا - (۱) مایوسی کی حالت میں کام بن جانا - (۲) رنج کی حالت میں خوشی نصیب ہونا۔
سُوکھے کا آزار - (مذکر) بچوں کا مرض دق - سوکھا۔
سُوکھنا - (سُوکھ - نا) (ہ - مصدر) (۱) خشک ہونا - (۲) دُبلا ہونا (۳) گھٹنا۔
سُوکھی - (سُو - کھی) (ہ - صفت) (۱) خشک جس میں تری نہ ہو۔
(۲) دُبلی پتلی - نحیف و ناتوان۔
سوگ - (ف - ا - مذکر) ماتم - غم - رنج (س - شوک)
سوگوار - غمگین - ماتمی حالت میں - ماتم دار۔
سوگند - (سو - گند) (ف - ا - مونث) قسم - قول - عہد
سوگی - (سو - گی) (ہ - صفت) سوگوار - ماتم دار
سول - ( SOLE ) (انگ - ا - مذکر) (۱) تلوا (۲) جُوتے کا تلا (۲) (صفت) واحد - تنہا - بلاشرکت غیرے۔
سِوِل - ( CIVIL ) (سِ - وِل) (انگ - صفت) (۱) غیر فوجی - شہری (۲) انتظامی - تمدنی۔
سِول جج - ( CIVIL JUDGE ) دیوانی مقدمات فیصل کرنے والا جج۔
سِول سرجن - ( CIVIL SURGEON ) شہریوں کا اعلےٰ معالج اور ضلع کے سرکاری عوامی ہسپتالوں کا نگران ڈاکٹر۔
سول سروس - ( CIVIL SERVICE ) (مونث) سرکاری ملازمت کا وہ شعبہ جس میں بڑے بڑے سول عہدہ دار ہوتے ہیں۔
سول کورٹ - ( CIVIL COURT ) (مذکر) عدالت دیوانی۔
سول لا - ( CIVIL LAW ) (مذکر) قانونِ دیوانی۔
سول لسٹ - ( CIVIL LIST ) (مونث) ملازمین حکومت کی وہ فہرست جس میں تمام عہدیداروں کی مدتِ ملازمت اور تنخواہ وغیرہ درج ہوتی ہے۔
سولہ - (سو - لَہ) (ہ - صفت) دس اور چھ۔
سولہ سنگار - (مذکر) عورتوں کی مکمل آرائش۔
سولہ سنگار بارہ ابرن - سولہ قسم کی آرائش اور بارہ قسم کے زیورات۔
سُولی - (سُو - لی) (ہ - ا - مونث) (۱) ایک چوبی آلہ جس میں مجرموں کو ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیتے تھے - پھانسی کا کھمبا (۲) (مجازاً) مصیبت سخت تکلیف - ہر وقت کا خطرہ۔
سولی پر جان ہونا - سخت مصیبت میں گرفتار رہنا۔
سولی چڑھانا - (۱) پھانسی دینا (۲) بہت تکلیف دینا۔
سِویلین - ( CIVILIAN ) (سِ - وِ - لِ - یَن) (انگ - ا - مذکر - صفت) غیر فوجی - انتظامی سرکاری محکمے کا ملازم۔
سِوُم - (سِ - وُم) (ف - صفت) (۱) تیسرا - ثالث (۲) مُردے کا تیجا۔
سوم - (س - ا - مذکر) (۱) چاند (۲) ملک الموت (۳) ایک بوٹی جس کا رس ہندو مقدس خیال کرتے ہیں۔
سومناتھ - (مذکر) چاند دیوتا - گجرات (بھارت) کا مشہور بُت خانہ۔
سَوں - (ہ - ا - مونث) قسم - سوگند - عہد - حلف - پیمان۔
سونا - (ہ - ا - مذکر) (۱) زرد رنگ کی مشہور قیمتی دھات - زر - طلا - (س - سُوَرن)

Marfat.com

سونا چاندی۔ روپیہ پیسا۔ مال و دولت۔
سونا چھونے سے مٹی ہوتا ہے۔ (مثل) بدبخت اور بداقبال آدمی جس چیز کو ہاتھ لگاتا ہے نقصان پہنچتا ہے۔
سونا سُگند۔ (۱) کھرا سونا۔ زرِ خالص (۲) اچھی نسل یا اچھے خاندان کا آدمی (۳) خالص۔ بے میل۔ (۴) معصوم۔ بے گناہ۔
سونے پہ سُہاگا۔ خوبی پہ خوبی۔ نفع پہ نفع۔ رونق پہ رونق۔
سونے کا پانی۔ سونے کا ملمع۔ وہ پانی جس میں سونا گلایا گیا ہو۔
سونے کی چڑیا۔ مالدار اسامی۔
سونے کے مول۔ بہت مہنگا۔ نہایت گراں۔
سونا۔ (ہ۔ مص) نیند لینا۔
سُونا۔ (ہ۔ صف) خالی۔ غیر آباد۔ اجاڑ۔ ویران سنسان
سَونپنا۔ (سَونپ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ (۲) کسی کے اعتبار پہ چھوڑ دینا۔ امانتاً رکھوانا۔
سونتنا۔ (سُونت۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھیے سوتنا۔
سونٹا۔ (سو ں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ڈنڈا۔ لٹھ۔ عصا۔
سونٹھ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) سوکھی ادرک۔ بخیل۔ کنجوس۔
سوندھا۔ (سوں۔ دھا) (ہ۔ صف) (۱) تازہ مٹی یا مٹی کے کورے برتن کی خوشبو والا۔ بھُنے ہوئے چنے یا آلوؤں کی خوشبو والا (۲) خوشبودار۔
سوندھا پن۔ (مذکر) سوندھی سوندھی خوشبو۔
سُونڈ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) ہاتھی کی لمبی ناک۔
سُونڈی۔ (سُوں۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک چھوٹا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔
سَونف۔ (اُر۔ ا۔ مونث) بادیان۔ ایک مشہور پودے کے بیج جو خوشبودار اور ہاضم ہوتے ہیں۔
سُونی۔ (ہ۔ صف) سُونا کی تانیث۔
سوویٹ۔ (SOVIET) (سو۔ و۔ یٹ) (رُوسی۔ ا۔ مونث) (۱) رُوس میں وہ کونسل جسے کسی چھوٹے حلقے کے مزدور اور سپاہی منتخب کرتے ہیں۔ (۲) صوبے کی کونسل جسے یہ کونسلیں منتخب کرتی ہیں۔ (۳) روسی پارلیمنٹ۔
سوویٹ یونین۔ (مونث) وفاقی ریاست جس میں روس اور دوسری سولہ خود مختار ریاستیں شامل ہیں۔
سُوہا۔ (ہ۔ صف) (۱) لال سُرخ (۲) بھیرویں راگ کی ایک قسم۔
سوہان۔ (ف۔ ا۔ مذکر) ریتی۔ لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا خاردار اوزار۔
سوہانِ رُوح۔ جان کو چھیلنے والا۔ ناگوارِ خاطر۔
سوہن۔ (سو۔ ہَن) (ف۔ ا۔ مذکر) دیکھیے سوہان۔
سوہن۔ سوہنا۔ (ہ۔ صف) (۱) خوبصورت (۲) معشوق۔
سوہنی۔ (ہ۔ صف) (۱) سوہنا کی تانیث (۲) (مونث) جھاڑو۔
سُوء۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) برائی۔ خرابی (۲) بیماری (۳) (صف) خراب۔ بد۔
سُوءِ اتفاق۔ (مذکر) موقع کی خرابی۔ بُرا اتفاق۔
سُوءِ ادب۔ ادبی۔ (مونث) بے ادبی۔ گستاخی۔
سُوءِ ظن۔ (مذکر) بدگمانی۔ بدظنی۔ بُرا خیال۔
سُوءِ ہضمی۔ (مونث) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔
سُوئی۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) کپڑے سینے کا ننھا باریک اوزار۔ (۲) ترازو کا کانٹا۔ (۳) گھڑی کا کانٹا جو حرکت کر کے وقت بتاتا ہے۔
سوئی کا ربھالا پھاوڑا ہو جانا۔ بات کا بتنگڑ بن جانا۔
سوئی کے ناکے سے اونٹ نکالنا۔ ناممکن بات کر دکھانا۔
سویا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) ایک خوشبودار ساگ کا نام (۲) (صف) سویا ہوا۔ خوابیدہ۔
سویا اور چوکا۔ (مثل) جو غافل ہوا اس نے خطا کھائی۔
سویا سو کھویا جاگا سو پایا۔ (مثل) غافل رہنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔ ہوشیار رہنے والے کو نفع ہوتا ہے۔
سِویّاں۔ (سِ۔ وَی۔ یاں) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک قسم کی خوراک جو میدے آٹے یا روے کے تار نکال کر بنائی جاتی ہے۔
سویٹر۔ (SWEATER) (انگ۔ ا۔ مذکر) موٹی اُونی بنیان۔
سُویدا۔ (سُ۔ وَے۔ دا) (ع۔ ا۔ مذکر) وہ سیاہ نقطہ جو انسان کے قلب پر ہوتا ہے۔
سویر۔ (سَ۔ ویر) (ہ۔ صف) جلدی۔ اول۔ پہلے۔
سویرا۔ (سَ۔ وے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) صبح دم۔ نور کا تڑکا۔
سوئمبر۔ (سَ۔ ویم۔ بَر) (ہ۔ ا۔ مذکر) قدیم ہندوؤں کی ایک رسم۔ جس میں لڑکی اپنا خاوند خود انتخاب کرتی تھی۔
سوئمبر رچنا۔ (سَ۔ ویم۔ بَر) خاوند کے انتخاب کی مجلس جمع ہونا۔

## س۔ ہ

سہ۔ (ف۔ صف) تین۔
سہ اساسی۔ (مذکر) (اصطلاحِ علمِ کیمیا) لوہے سے فولاد تیار کرنے کا سہ بارہ عمل۔
سہ بندی۔ (مونث) سہ ماہی قسط یا تنخواہ۔
سہ چند۔ تگنا۔ تین گنا۔
سہ دَرہ۔ (مذکر) تین دروازوں والا مکان یا کمرہ۔
سہ شنبہ۔ (مذکر) منگل کا دن۔
سہ کرّہ۔ تیسری دفعہ۔
سہ ماہی۔ ہر تیسرے مہینے کا۔ ترماہی۔
سہ منزلہ۔ تین منزل کا مکان۔
سہار۔ (ہ۔ ا۔ مونث) برداشت۔ تحمل
سہارا۔ (سَ۔ ہا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) مدد۔ بھروسا۔ وسیلہ (۲) اُمید (۳) قوت (۴) ٹیک۔

Marfat.com

**سہارا تکنا**- آسرا ڈھونڈنا۔
**سہارا دینا**-(۱) مدد کرنا۔ تھامنا (۲) ٹیک یا آڑ واڑ لگانا۔
**سہارا لینا**-(۱) پناہ یا مدد لینا (۲) ٹیک لگانا۔
**سہارنا** - (ہ-مص) برداشت کرنا- تحمل کرنا۔
**سُہاگ** - (ہ-ا- مذکر) (۱) خاوند کی زندگی کا زمانہ - (۲) ایک قسم کا عطر (۳) ایک خاص گیت جو عورتیں شادی بیاہ میں گاتی ہیں۔
**سہاگ پڑا**-(مذکر) خوشبوؤں کا وہ کاغذی پڑا جو ساچق کے ہمراہ دلہن کے گھر بھیجا جاتا ہے۔
**سہاگ رات**- شادی کی پہلی رات- شبِ زفاف۔
**سُہاگا**- (ہ-ا- مذکر) (۱) ایک کھار جو سونا چاندی گلانے اور دواؤں کے کام آتا ہے - (۲) کھیت کی زمین ہموار کرنے کا پٹڑا۔
**سُہاگن** - (سُ-ہا-گن) (ہ-صفت) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔
**سِہام**- (ع-ا- مذکر) (۱) سہم کی جمع - حصّے - ٹکڑے۔ (۲) تیر- بان-
**سُہانا**- (ہ-صفت) دل پسند- مرغوب - بھلا معلوم ہونے والا-
**سُہانی**- (ہ-صفت) سُہانا کی تانیث۔
**سہج** - (سَ -ہَج) (ہ-ا- مذکر) (۱) آہستہ- ہولے سے (۲) آسان-
**سہج سہج** - آہستہ آہستہ - دھیرے دھیرے۔
**سہرا** - (ہ-ا- مذکر) (۱) پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں- جو ایک ڈوریے میں باندھ کر دولہا دلہن کے سر پر لٹکائی جاتی ہیں- (۲) وہ نظم جو سہرا بندھنے کی تقریب پر پڑھی جاتی ہے۔
**سُہروردی** - (سُہر-ور-دی) (ف -صفت) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت شیخ شہاب الدین ساکن سُہرورد (ایران) کی طرف منسوب ہے۔
**سہل** - (ع- صفت) آسان- سہج -
**سہل انگاری**- (مونث) آرام طلبی- کاہلی- تن آسانی-
**سہلانا**- (ہ-مص) (۱) آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) چمکارنا- تھپکنا-
**سہم** - (ف-ا- مذکر) خوف- ڈر-
**سہم جانا**- ڈر جانا- دم بخود رہ جانا۔
**سَہم**- (ع-ا- مذکر) (۱) چلانے یا قرعہ ڈالنے والا تیر- (۲) حصّہ- جزو-
**سہم معیّن**- مقررہ حصّہ -
**سہمگین** - (سہم-گین) (ف-صفت) ڈراونا- خوفناک-
**سہمنا** - (سہم-نا) (ہ-مص) ڈرنا- خوف کھانا-
**سہن** - (سَ-ہن) (ہ - ا - مذکر) برداشت- صبر- تحمل
**سہنا** - (ہ-مص) جھیلنا- برداشت کرنا -
**سہو** - (ع-ا- مذکر) بھول چوک- غلطی- فروگذاشت-
**سہوِ قلم** - تحریری غلطی- قلم سے کچھ کا کچھ نکل جانا-

**سہواً** - (سَہ -وَن) (ع) بھولے سے - بلا ارادہ۔
**سُہولت** - (سُ- ہُو- لت) (ع -ا- مونث) نرمی - آسانی - آہستگی - (اُردو میں س کی زیر)
**سہی** - (سَ - ہی) (اُ- ب) (۱) ٹھیک - بجا (۲) قبول منظور- (۳) فرض کیا (۴) شرط کے لیے جیسے آ تو سہی (۵) بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے جیسے ہم دیوانے ہی سہی-
**سِہی**- (سِ- ہی) (ف- صفت) سیدھا- درست-
**سُہیل** -(سُ- ہیل) (ع -ا- مذکر) ایک ستارہ جس کی تاثیر سے چمڑے میں خوش بُو پیدا ہوجاتی ہے - اور حشرات الارض مرجاتے ہیں-
**سہیلی** - (سَ - ہے - لی) (ہ -ا-مونث) ساتھی- سکھی- ساتھ رہنے والی- بھنیلی- ہم جولی-
**سہیم** - (سَ -ہیم) (ع -صفت) حصّہ دار- شریک-

## س - ی

**سی** - (ہ-ا- مونث) (۱) چٹکی لینے یا کوئی چیز کاٹ لینے یا مرچ کی جلن محسوس ہونے پر منہ سے نکلنے والی آواز (۲) حرفِ تشبیہ مونث کے لیے (۳) کثرت اور افراط ظاہر کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (سردی سی سردی یا)-
**سی** - (ف- صفت) تیس-
**سی پارہ** - (مذکر) قرآن شریف کو تیس حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے - ہر حصّہ سیپارہ کہلاتا ہے۔
**سی-آئی-ڈی**- (          ) (انگ-ا- مذکر) محکمہ خفیہ پولیس-
**سے** - (ہ- حرف جر) (۱) ابتدا یا شروع کے لیے جیسے گھر سے بازار تک (۲) "کی" کے معنی میں جیسے آتے کھانے پینے سے کیا کمی ہے - (۳) تعلق کی اور دوری ظاہر کرنے کے لیے جیسے ہم سے گیا گیا یک سے گیا (۴) مثل - مانند - جیسے تجھ سے بہتر-
**سَیّاح**- (سَی- یا- ح) (ع -ا- مذکر) سیاحت کرنے والا۔
**سیاحت** -(سِ- یا- حت) (ع -ا- مونث) ملکوں اور شہروں کی سیر-
**سَیّاحی**- (سَی- یا- حی) (ع -ا- مونث) سیر و سیاحت کرنا-
**سیادت** - (سِ- یا- دَت) (ع -ا- مونث) (۱) سرداری- (۲) سلطنت - حکومت - (۳) قوم سادات-
**سَیّار** - (سَی- یار) (ع -صفت) پھرنے والا- سیر کرنے والا-
**سَیّارہ** - (سَی- یا- رہ) (ع -ا- مذکر) گردش کرنے والا ستارہ-
**سیاست** - (سِ- یا- سَت) (ع -ا- مذکر) (۱) حکومت - ملکی انتظام (۲) رعب داب (۳) گرفتاری- سزا
**سیاست دان** - وہ شخص جو علمِ سیاست مدن کا ماہر ہو- اور جماعتی سیاسیات میں حصہ لیتا ہو-

Marfat.com

سیاستِ مُدُن۔ شہری انتظام۔
سیاسی۔ (ع۔ صفت) (۱) ملکی انتظام کے متعلق (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والا۔
سیاسیات۔ (سِ۔ یا۔ سِ۔ یات) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) علمِ سیاست (۲) سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں۔
سیاق۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) ربطِ مضمون۔ گنتی۔ حساب کے قاعدے (۲) (دفتری اصطلاح) سلسلۂ احکام۔
سیاقِ عبارت (سیاقِ کلام) ربطِ تحریر۔ مضمون کا تسلسل
سیّال۔ (سَی۔ یال) (ع۔ صفت) بہنے والا۔ رقیق۔ مائع۔
سیان۔ (سِ۔ یان) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) دانائی۔ ہوشیاری۔ (۲) تمیز سی۔
سیّاں۔ (سَیّ۔ یاں) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) خاوند (۲) محبوب۔
سیّاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا۔ (مثل) جس کا رشتہ دار یا واقف کار حاکم ہو اسے قانون کا ڈر نہیں ہوتا۔
سیانا۔ (ہ۔ صفت) (۱) عقل مند (۲) عیّار۔ چالاک (۳) تعویذ گنڈا کرنے والا۔ عامل۔
سیانا کوّا گو کھاتا ہے۔ (مثل) ضرورت سے زیادہ ہوشیار آدمی دھوکا کھاتا ہے۔
سیاہ۔ (ف۔ صفت) کالا۔
سیاہ باطن (دل)۔ مکّار۔ منافق۔ بدباطن۔
سیاہ بخت۔ بدنصیب۔ تقدیر کا ہیٹا۔ بدبخت۔
سیاہ خانہ۔ (مذکر) تاریک گھر۔ ویران مکان۔
سیاہ روز۔ (مذکر) مصیبت زدہ۔ مصیبت کا دن۔
سیاہ رُوئی۔ (مونث) شرمندگی۔ رسوائی۔ ذلت۔
سیاہ زبان۔ وہ شخص جس کی بددعا جلد اثر کر جائے۔
سیاہ سفید کرنا۔ مختارِ کل ہونا۔ جو چاہنا سو کرنا۔
سیاہ فام۔ کالا کلوٹا۔
سیاہ کار۔ بدکار۔ پاپی۔ ظالم۔
سیاہ کرنا۔ (۱) کالا کرنا۔ (۲) لکھنا۔
سیاہ گوش۔ (مذکر) ایک چھوٹا درندہ۔ بن بلاؤ۔
سیاہ مست۔ بدمست۔ بدہوش۔
سیاہ مستی۔ (مونث) مدہوشی۔ بدمستی۔ بے ہوشی۔
سیاہہ۔ (سِ۔ یا۔ ہہ) (ف۔ ا۔ مذکر) کچا کھاتا۔ روزنامچہ جس میں نقدی یا اجناس تاریخ وار درج ہوں۔
سیاہہ آمدنی۔ (مونث) (۱) خزانے کا روزانہ حساب (۲) ہر روز کی آمدنی کا حساب۔
سیاہہ نویس۔ کھاتے میں درج کرنے والا۔
سیاہی۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) کالک (۲) روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے۔ (۳) تاریکی۔ اندھیرا۔
سیاہی چوس (رچوس) (مذکر) جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر
سیب۔ (ف۔ ا۔ مذکر) ایک مشہور سرخ و سفید شیریں پھل۔
سیبِ زنخدان۔ چھوٹی اور خوبصورت ٹھوڑی۔
سیپ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ایک قسم کی دریائی مخلوق جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ صدف (۲) پنڈول
کی ایک بیماری (۳) ایک قسم کی پتلی گٹھلی کا آم۔
سیپارہ۔ (سی۔ پا۔ رہ) (ف۔ ا۔ مذکر) سی کے تحت دیکھیے۔
سیپی۔ (اُ۔ ا۔ مونث) دیکھیے سیپ نمبر ا۔
سیپی آم۔ بہت پتلی گٹھلی کا آم۔
سیپی سا منہ نکل آنا۔ چہرے کا دبلا ہو جانا۔ چہرہ سست ہو جانا۔
سیتا۔ (س۔ ا۔ مونث) (۱) پاک دامن۔ باعصمت (۲) راجا رام چندر کی بیوی۔
سیتا پھل۔ (مذکر) ایک خوش ذائقہ پھل۔ شریفہ۔
سیتلا۔ (سیت۔ لا) (ہ۔ ا۔ مونث) چیچک۔ ماتا۔
سیٹ۔ (SET) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) ڈرامے وغیرہ کا منظر (منقش پردے اور دیگر لوازم) (۲) یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ (۳) (ٹینس وغیرہ کی) ایک بازی (۴) (صفت) قائم۔ مستقل (اپنی جگہ) جما ہوا۔
سیٹ کرنا۔ اچھی طرح جما کر رکھنا۔ ٹھیک بٹھانا۔
سیٹ۔ (SEAT) (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) نشست۔ مسند (۲) رکنیت۔ ممبری (خصوصاً اسمبلی کی)
سیٹنگ۔ (SETTING) (سے۔ ٹنگ) (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) تماشاگاہ کے لوازم (۲) نگین وغیرہ کی ترکیب و ترتیب
سیٹھ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) دولت مند (۲) ساہوکار۔ مہاجن۔
سیٹھا۔ (سی۔ ٹھا) (ہ۔ صفت) بے مزہ۔ بے لذت۔ پھیکا۔
سیٹھانی۔ (سے۔ ٹھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) سیٹھ کی بیوی۔
سیٹی۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) شش کاری کے ساتھ منہ کی مہین آواز۔ زفیل (۲) پرندوں کی آواز (۳) ایک چھوٹا آلہ جسے منہ سے بجاتے ہیں۔
سیج۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) بستر۔ بچھونا (۲) تازہ پھولوں کی چادر۔
سیچنا۔ (ہ۔ مص) دیکھیے سینچنا۔
سیخ۔ (ف۔ ا۔ مونث) لوہے کی سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں۔
سیخ پا ہونا (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا (۲) بہت ناراض ہونا۔
سیخچہ۔ (سیخ۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذکر) چھوٹی سیخ۔
سیّد۔ (سَی۔ یِد) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) امام۔ سردار۔ (۲) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دختر حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ آلِ رسول۔
سیّد الانبیاء۔ سیّد البشر۔ سیّد السادات۔ سیّد المرسلین۔ نبیوں کے سردار۔ تمام انسانوں کے سردار۔ سرداروں کے سردار۔ القاب حضرت پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم۔
سیّد الشہداء۔ شہیدوں کے سردار۔ حضرت امیر حمزہؓ اور امام حسینؓ کا خطاب۔
سیّدانی۔ (سے۔ دا۔ نی) (اُ۔ ا۔ مونث) سادات کی عورت۔
سیّدۃ النساء۔ (سَی۔ یِ۔ دَ۔ تُن۔ نِ۔ سا) (ع۔ ا۔ مونث) عورتوں کی سردار۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
سیدھ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) راستی۔ ٹیڑھ کا ضد (۲) ٹھیک سامنے کی طرف (۳) نشانہ۔ نشست۔

Marfat.com

سیدھ باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔
سیدھ میں۔ بالکل سامنے۔ ایک خط پر۔
سیدھا۔ (سی۔ دھا) (ہ۔ صفت) (۱) راست۔ مستقیم۔ کھڑا۔ عمودی (۲) آسان (۳) سامنے۔ (۴) درست۔ باقاعدہ۔
سیدھا پن۔ (مذکر) بھولا پن۔
سیدھا جواب دینا۔ (۱) ایسا جواب دینا جس میں پیچیدگی نہ ہو۔ (۲) صاف انکار کر دینا۔
سیدھا سادہ۔ (۱) سادہ مزاج (۲) بھولا بھالا۔
سیدھا کرنا۔ (۱) کجی دور کرنا۔ (۲) راہِ راست پہ لانا (۳) گوشمالی کرنا۔
سیدھے سبھاؤ۔ سادگی سے۔ صاف دلی سے۔
سیدھے منہ بات نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا۔ التفات نہ کرنا۔
سیدھی۔ (ہ۔ صفت) سیدھا کا مونث۔
سیدھی آنکھ۔ (۱) دائیں آنکھ (۲) عنایت کی نظر۔
سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا۔ (مثل) ملائمت اور نرمی سے کام نہیں بنتا۔
سیدھی سیدھیاں سنانا۔ (۱) بے لاگ کہنا (۲) بے نقط سنانا۔
سیدھی طرح۔ نرمی سے۔ شرافت سے۔
سَیر۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) تفریح۔ گھومنا پھرنا (۲) تماشا۔ (۳) ہنسی مذاق۔
سیر دیکھنا۔ تماشا دیکھنا۔ لطف حاصل کرنا۔
سیر سپاٹا۔ (مذکر) گھومنا پھرنا۔ ہوا خوری کرنا۔
سیرگاہ۔ (مونث) تماشا گاہ۔ سیر دیکھنے کی جگہ۔ پُر فضا مقام۔
سیر و شکار۔ (مذکر) جا بجا پھرنے کے دوران حیوانات کا شکار کرنا۔
سیر۔ (ف۔ صفت) (۱) پیٹ بھرا۔ آسودہ (۲) بے پروا (۳) بیزار۔
سیر چشم۔ (۱) قانع۔ صابر (۲) آسودہ حال (۳) سخی۔
سیر حاصل۔ (۱) زرخیز۔ سرسبز (۲) اچھی پیداوار کی زمین۔
سیر ہونا۔ (۱) نیت بھرنا۔ پیٹ بھرنا (۲) بیزار ہونا۔
سیر۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سولہ چھٹانک یا اسی تولے کا وزن۔
سیر کو سوا سیر موجود ہے۔ (مثل) ایک زبردست کے مقابلے پر اس سے بھی زیادہ زبردست اور طاقت ور موجود ہے۔
سِیَر۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) سیرت کی جمع۔ عادتیں۔ (۲) علم تاریخ۔
سیراب۔ (سے۔ راب) (ف۔ صفت) (۱) پانی سے بھرا ہوا۔ (۲) تر و تازہ۔ سرسبز و شاداب (۳) رچا ہوا۔
سیرابی۔ (سے۔ را۔ بی) (ف۔ ا۔ مونث) شادابی۔ تر و تازگی۔ نمی۔
سیرت۔ (سی۔ رت) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) عادت (۲) گُن۔ وصف۔

سیروا۔ (سیر۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذکر) چارپائی کے سرہانے اور پائینتی کی لکڑی۔
سیری۔ (سے۔ ری) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) آسودگی۔ اطمینان۔ (۲) (اصطلاح علم کیمیا) کسی چیز میں اتنی نمی ہونا کہ اور زیادہ نمی نہ جذب کر سکے۔
سیڑھی۔ (سی۔ ڑھی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) زینہ (۲) وسیلہ۔ ذریعہ۔ (۳) درجہ۔ مرتبہ۔ گریڈ۔
سیزدہ۔ (سیز۔ دہ) (ف۔ صفت) تیرہ۔
سیزدہم۔ (سیز۔ دَ۔ ہُم) (ف۔ صفت) تیرھواں۔
سیزن۔ (SEASON) (سی۔ زن) (انگ۔ ا۔ مذکر) رُت۔ موسم۔
سیزن ٹکٹ۔ (SEASON TICKET) وہ ٹکٹ جو کسی تقریب یا کھیل تماشے کی پوری مدت کے لیے ہو۔
سیس۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سر۔ کھوپڑی (۲) پیشانی (۳) (س) تیر سا (
سیس ناگ۔ (مذکر) بڑا ناگ۔ سانپوں کا بادشاہ
سیسا۔ (سی۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک دھات جس سے بندوق کی گولیاں اور چھرے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
سیشن۔ (SESSION) (سے۔ شن) (انگ۔ ا۔ مذکر)۔ (۱) اجلاس (۲) عدالت فوجداری کا اجلاس (۳) پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اس کے اجلاس کا درمیانی زمانہ۔
سَیف۔ (ع۔ ا۔ مونث) تلوار۔ شمشیر۔ تیغ۔
سیف زبان۔ (۱) تیز زبان (۲) وہ شخص جس کی دعا اکثر قبول ہوتی ہو۔ وہ شخص جس کے کلام میں تاثیر ہو۔
سیف۔ (SAFE) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) تجوری۔ (۲) (صفت) محفوظ۔ مامون۔
سیفٹی۔ (SAFETY) (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) حفاظت۔ سلامتی (۲) امن و امان۔
سیفٹی ایکٹ۔ (SAFETY ACT) (مذکر) قانون تحفظ عامہ۔ احتیاطی نظربندی کا قانون۔
سیفٹی پن۔ (SAFETY PIN) (مونث) محفوظ پن۔ آلپین۔
سیفٹی ریزر۔ (SAFETY RAZOR) (مذکر) محفوظ استرا۔
سیفٹی میچ۔ (SAFETY MATCH) (مونث) محفوظ دیاسلائی جو صرف ایک خاص مسالے ہی سے جلتی ہے۔
سَیفر۔ (سے۔ فر) (ف۔ ا۔ مذکر) جلد سازوں کا کاغذ کُوٹنے کا اوزار۔
سَیفی۔ (سے۔ فی) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ اسم جلالی جو کسی دشمن کی ہلاکت کے لیے پڑھا جاتا ہے (۲) ایک جلالی دعا (۳) (آر) کوسنا۔ بددعا۔ نفرین (۴) (صفت) تلوار سے مشابہ۔ شمشیر نما۔
سیک۔ (ہ۔ ا۔ مونث) دیکھیے سینک۔
سیکرٹری۔ (SECRETARY) (سیک۔ ریٹ۔ ری) (انگ۔ ا۔ مذکر) معتمد۔ سکتر۔
سیکریٹریٹ۔ (SECRETARIAT) (سیک۔ ریٹ۔ ری۔ ایٹ) (انگ۔ ا۔ مذکر) دفتر معتمد۔ سیکرٹری کا دفتر
سیکڑا۔ (سیک۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سو (۲) فی صد۔

Marfat.com

**سیکشن** - (SECTION) (سیک-شن) (انگ-ا-مذکر) (۱) حصہ-شعبہ (۲) (فوجی) دستہ-پرا-
**سیکنڈ** - (SECOND) (سے-کنڈ) (انگ-ا-مذکر) (۱) ایک منٹ کا ساٹھواں حصہ-ثانیہ (۲) (صفت) دوسرا-دوم-
**سیکورٹی** - (SECURITY) (سے-کو-ر-ٹی) (انگ-ا-مونث) (۱) حفاظت-بچاؤ (۲) ضمانت-(۳)-ضامن-(۴) وثیقہ-ہنڈی-
**سیکورٹی ایکٹ** - (SECURITY ACT) (مذکر) قانون تحفظِ مملکت-امتناعی نظربندی کا مرکزی قانون-
**سیکھ** - (ہ-ا-مونث) (۱) صلاح مشورہ (۲) نصیحت-
**سیکھ وا کو دیجے جا کو سیکھ سہائے-سیکھ نہ دیجے باندرا جو بیے کا گھر جائے** - (مثل) نصیحت اسی کو کرنی چاہیے جو اس کو ٹھیک طرح سمجھ سکے-بندر کو نصیحت کرنے سے بیے کا گھر برباد ہو گیا-
**سیکھنا** - (ہ-مص) (۱) تعلیم پانا (۲) دوسرے کی عادت یا روش اختیار کرنا (۳) تجربہ حاصل کرنا-عبرت پکڑنا-
**سَیل** - (ع-ا-مذکر، مونث) (۱) پانی کی رَو-بہاؤ-طغیانی-لہر-
**سیل پیما** - (FLOOD METER) (مذکر) پانی کے بہاؤ کو ناپنے کا آلہ-
**سیل** - (SALE) (انگ-ا-مذکر) بکری-فروخت-
**سیلز مین** - (SALESMAN) دکان کے ملازم جو گاہکوں کے ہاتھ چیزیں بیچیں-
**سِیل** - (SEAL) (انگ-ا-مونث) (۱) مُہر-ٹھپا-(۲) ایک قسم کی مچھلی-
**سیل کرنا** - مُہر لگانا-
**سیل** - (ہ-ا-مونث) (۱) نمی-رطوبت (۲) شرم (۳) ہٹھنڈ (۴) عادت-
**سیلا** - (سی-لا) (ہ-صفت) نم دار-بھیگا ہوا-تر-گیلا-
**سیلا** - (سے-لا) (ہ-ا-مذکر) (۱) سر پہ باندھنے کا ریشمی عمامہ (۲) ایک قسم کا چاول-
**سیلاب** - (سے-لاب) (ف-ا-مذکر) پانی کی رَو (۲) طغیانی-
**سیلاب پچی** - (مونث) لگن-طشت-سلفچی-
**سیلان** - (سے-لا ان) (ع-ا-مذکر) خون یا پانی کا جاری ہونا-
**سیلانِ رحم** - ایک بیماری جس میں عورت کے رحم سے رطوبت بہتی ہے-لیکوریا-
**سیلانی** - (سے-لا-نی) (ف-ا-مذکر) سیر کرنے والا-سیّاح-
**سیلانی جیوڑا** - (مذکر) ایسا شخص جو سیر و تماشا کا شوقین ہو-من موجی-لہری-
**سیلانی فقیر** - رمتا جوگی-جہاں گرد درویش-
**سیلن** - (سی-لن) (ہ-ا-مونث) دیکھیے سیل-

**سیلنا** - (سِیل-نا) (ہ-مص) گیلا ہونا-نم ہونا-تر ہونا-
**سیلون** - (SALOON) (انگ-ا-مذکر) (۱) ہوٹلوں یا قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ (۲) جہاز کا سب سے بڑا کمرہ (ریل یا ہوائی جہاز میں) مسافروں کا کمرہ (امریکہ میں) شراب خانہ (یورپی ملکوں میں) کمرۂ ملاقات-بیٹھک-
**سیلون کار** - (مونث) ایسی ریل گاڑی جس کی بناوٹ ایک وسیع کمرے جیسی ہو-
**سیلی** - (ف-ا-مونث) تھپیڑ-چانٹا-
**سیم** - (ہ-ا-مونث) (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) زمین کی کھار-
**سیم زدہ** - وہ زمین جسے کھار ناقابل کاشت بنا دے-
**سیم** - (ف-ا-مونث) (۱) چاندی-نقرہ (۲) دولت-روپیہ-
**سیم تن** - (۱) چاندی جیسی سفید جلد والا-گورا چٹا (۲) حسین-
**سیماب** - (ف-ا-مذکر) پارہ-
**سیمابی** - (ف-صفت) سیماب سے منسوب-
**سیمابی بادپیما** - (MERCURIAL BAROMETRY) (مذکر) پارے دار مقیاس الہوا-
**سیمپل** - (SAMPLE) (انگ-ا-مذکر) نمونہ-بانگی-
**سیمرغ** - (سی-مُرغ) (ف-ا-مذکر) ایک خیالی پرند جس کا وطن کوہ قاف بتایا جاتا ہے-
**سیمل سینبھل** - (سے-مَل) (سیں-بھل) (ہ-ا-مذکر) - ایک بڑا خار دار درخت جس سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے-
**سیمنٹ** - (CEMENT) (انگ-ا-مذکر) ایک سرمئی رنگ کا مسالا جس سے اینٹوں اور پتھروں کو جوڑتے ہیں-
**سیمیا** - (سیم-یا) (ع-ا-مونث) علم طلسم جس کے ذریعے روح ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کر سکتے ہیں اور ایسی اشیا جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا سکتے ہیں-
**سیمی فائنل** - (SEMI-FINAL) (سِ-می-فا-ا-نل) (انگ-ا-مذکر) وہ کھیل جو آخری کھیل سے پہلے کھیلا جاتا ہے-
**سیمیں** - (سی-میں) (ف-صفت) چاندی کا-نقرئی-
**سیمیں بدن** - دیکھیے سیم تن-
**سین** - (SCENE) (انگ-ا-مذکر) (۱) منظر-نظارا-(۲) ڈرامے کا ایک منظر یا حصہ-تھیٹر کا پردا-
**سینا** - (سے-نا) (س-ا-مذکر) فوج-لشکر-سپاہ-
**سیناپتی** - (مذکر) فوج کا کمانڈر-سپہ سالار-
**سینا** - (سے-نا) (ہ-مص) انڈوں کو گرمی پہنچانا-پرند کا بچے نکالنے کے لیے انڈوں پر بیٹھنا-
**سینا** - (سی-نا) (ہ-مص) ٹانکے لگانا-بخیہ کرنا-
**سینت** - (ہ) (۱) مفت-بلا قیمت-بن داموں (۲) ناحق-
**سینت رکھنا** - (۱) حفاظت سے رکھنا (۲) ملتوی رکھنا-
**سینتالیس** - (سیں-تا-لیس) (ہ-صفت) چالیس اور سات

Marfat.com

سینتنا - (سینت نا) (ف - مص) حفاظت سے رکھنا - جمع کرنا -
سینتیس - (سین - تیس) (ف - صفت) تیس اور سات -
سینٹ - (SCENT) (انگ - ا - مذکر) خوشبو - عطر -
سینٹ - (SAINT) (انگ - ا - مذکر) سنت - ولی - رشی -
سینٹر - (CENTRE) (انگ - ا - مذکر) مرکز - دائرے کا وسطی نقطہ -
سینٹرل - (CENTRAL) (انگ - صفت) مرکزی -
سینٹری - (سِی - نے - ٹ - ری) (انگ - صفت) حفظانِ صحت کے متعلق -
سینٹری انسپکٹر - (SANITARY INSPECTOR) داروغہ صفائی -
سینچنا - (سینچ - نا) (ف - مص) کھیت میں پانی دینا - آب پاشی کرنا -
سیندور - (سین - دُور) (ف - ا - مذکر) سُرخ رنگ کا ایک سفوف جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں - اس کے کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے -
سیندوریا - (سین - دُور - یا) (ف - صفت) سیندور کے رنگ کا - سُرخ (۲) ایک قسم کا آم -
سیندھ - (ف - ا - مونث) نقب -
سیندھ لگانا - نقب لگانا - نقب زنی -
سیندھا - (سین - دھا) (ف - ا - مذکر) (۱) پہاڑی نمک جو دریائے سندھ کے قریب پہاڑیوں سے نکالا جاتا ہے -
سینڈل - (SANDAL) (انگ - ا - مذکر) چپل -
سینڈوچ - (SANDWITCH) (سینڈ - وِچ) (انگ - ا - مذکر) ڈبل روٹی کے دو توس جن کے بیچ میں گوشت انڈے یا سبزی رکھ دی گئی ہو -
سینری - (SCENERY) (سِین - ری) (انگ - ا - مونث) (۱) ڈراما وغیرہ کے پردے اور دیگر لوازم جن کے باعث کھیل کے فرضی واقعات اصلی معلوم ہوں (۲) منظر - نظارہ -
سینک - (ف - ا - مونث) (۱) جھاڑو کی تیلی (۲) خلال - (۳) تنور کا گز -
سینک - (ف - ا - مذکر) (۱) گرمی - تپش - (۲) وہ دوا جس سے ورم یا درد کی جگہ گرمی پہنچاتے ہیں (۳) سینکنے کا عمل -
سینکڑا - (سینک - ڑا) دیکھیے سیکڑا -
سینکنا - (سینک - نا) (ف - مص) آگ سے گرم کرنا - گرمی پہنچانا -
سینگ - (ف - ا - مذکر) (۱) نوک دار ہڈی جو حیوانات کے سروں پر نکلی ہوتی ہے - شاخِ حیوان - (۲) کوئی خاص علامت -
سینگ سمانا - (۱) پناہ ملنا (۲) گزر ہونا - موقع ہونا -
سینگ کٹا کر بچھڑوں میں ملنا - بڑی عمر کے آدمی کا کم عمروں کی صحبت میں شریک ہونا - بوڑھوں کا جوانوں کی سی وضع بنانا -

سینگی - (سِین - گی) (ف - ا - مونث) (۱) سُوراخ کیا ہوا سینگ جسے درد وغیرہ دُور کرنے کے لیے بدن پر لگا کر منہ سے بدن کی گرمی چُوستے ہیں (۲) ایک قسم کی مچھلی -
سینہ - (سی - نہ) (ف - ا - مذکر) چھاتی - صدر -
سینہ افگار (فگار) (۱) زخمی سینے والا (۲) رنجیدہ -
سینہ بسینہ - وہ راز جو ایک خاندان میں بڑوں کی زبانی چھوٹوں کو منتقل ہوتے رہیں -
سینہ بند - (مذکر) (۱) ایک پوشش جو سینے کو گرم رکھنے کے لیے پہنتے ہیں (۲) انگیا (۳) گھوڑے کی پیٹی -
سینہ چاک ہونا - بہت زیادہ غم ہونا -
سینہ زور - سرکش - زبردست - طاقتور -
سینہ زوری - (مونث) سرزوری - زبردستی کرنا - سرکشی -
سینہ سپر ہونا - خطرہ یا خوف کے موقع پر ڈٹا رہنا -
سینہ کاوی - (مونث) سخت کوشش - بہت زیادہ مشقت -
سینہ کوبی - (مونث) چھاتی پیٹنا - ماتم کرنا -
سینے پر سانپ لوٹنا - (۱) بہت حسد یا رشک ہونا (۲) بہت رنج ہونا -
سینی - (سی - نی) (ف - ا - مونث) دھات کا بنا ہوا خوان -
سینیارٹی - (SENIORITY) (انگ - ا - مونث) (۱) فضیلت - فوقیت (۲) پُرانا ہونے کی خاصیت -
سینیٹ - (SENATE) (سے - نیٹ) (انگ - ا - مونث) (۱) مجالسِ وضعِ قوانین کا اعلیٰ ایوان (۲) مجلس قانون ساز -
سینیٹر - (SENATOR) (سے - نے - ٹر) (انگ - ا - مذکر) سینیٹ کا ممبر - مقنن - واضعِ قوانین -
سینیئر - (SENIOR) (سی - نی - اَر) (انگ - صفت) برتر - عمر، عہدے یا رتبے میں بڑا -
سیوا - (سے - وا) (س - ا - مونث) (۱) خدمت (۲) ملازمت -
سیواری - (سے - وا - ری) (ف - ا - مونث) ایک قسم کی شکر جو سیوار گھاس سے صاف کی جاتی ہے -
سیوک - (سے - وَک) (ف - ا - مذکر) (۱) نوکر - خدمت گار - (۲) پجاری (۳) مُرید - چیلا -
سیون - (سی - وَن) (ف - مص) (۱) سلائی (۲) انسانی جسم میں آلۂ تناسل اور دُبر کی درمیانی جگہ کا جوڑ -
سیونگ بینک - (SAVING BANK) (انگ - ا - مذکر) عوام کی بچت کا روپیہ امانت رکھنے والا ادارہ -
سِیَہ - (سِی - یَہ) (ف - صفت) سیاہ کا مخفف - کالا -
سیہ - سیہی - (سے - ہی) (ف - ا - مونث) ساہی - ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں -
سیئات - (سَی - یِ - آت) (ع - ا - مونث) سیئہ کی جمع - برائیاں -

Marfat.com

# ش

**ش** (شِین) [ع ۔ مذکر] اُردو کا اُنیسواں، فارسی کا سولھواں، عربی کا تیرھواں اور ہندی کا تیسواں حرف ۔ حسابِ ابجد میں اس کے تین سو عدد مقرر ہیں ۔

## ش ۔ ا

**شاب** [ع ۔ صف و ۔ ا ۔ مذکر] جوان آدمی

**شاباش** [ف] (کلمۂ تحسین ۔ شادباش کا مخفف) مرحبا ۔ آفریں ۔ خوش رہو ۔ کیا کہنا ۔ (طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

**شاباش دینا** ۔ آفریں کہنا ۔ حوصلہ بڑھانا ۔

**شاباشی** [ف ۔ ا ۔ مونث] تعریف ۔ تحسین ۔ آفریں ۔

**شاپ** (SHOP) [انگ ۔ ا ۔ مونث] دُکان ۔ کارخانہ ۔

**شاپ کیپر** (SHOP KEEPER) دُکان دار ۔

**شاپور** [ف ۔ ا ۔ مذکر] بادشاہ کا بیٹا ۔

**شاٹ گن** (SHOT-GUN) [انگ ۔ ا ۔ مونث] وہ بندوق جس میں چھرّہ چلایا جائے ۔

**شاخ** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) ٹہنی ۔ ڈالی (۲) جانوروں کا سینگ (۳) جھگڑا (۴) نقص (۵) ہُنر ۔ خوبی (۶) ایک قسم کا قلمہ ۔

**شاخِ آہو** (۱) ہرن کے سینگ (۲) انوکھی بات ۔

**شاخ دار** ۔ ٹہنی والا ۔ سینگ والا ۔

**شاخ در شاخ** ۔ بہت سی شاخوں والا ۔ پیچیدہ ۔

**شاخِ دریا** ۔ دریا کا وہ حصّہ جو دھارے سے جُدا ہو کر دوسری طرف بہے ۔

**شاخسار** (۱) بہت ٹہنیوں والا (۲) درختوں کا جھنڈ ۔

**شاخ لگانا** (۱) ٹہنی لگانا (۲) سینگ لگانا (۳) ایک کام کے ساتھ دُوسرا کام لگا دینا ۔

**شاخِ نبات** (۱) وہ لکڑی جو مصری کا کوزہ بنانے کے لیے اس کے آبخورے میں لٹکا دیتے ہیں (۲) مصری کی ڈلی ۔

**شاخ نکالنا** (۱) ٹہنی نکالنا (۲) سینگ پیدا ہونا (۳) عیب نکالنا ۔

**شاخسانہ** (شاخ ۔ سا ۔ نہ) [اُر ۔ ا ۔ مذکر] (۱) جھگڑا فساد (۲) عیب ۔

**شاخسانہ پیدا کرنا** (کھڑا کرنا) (۱) جھگڑا اٹھانا (۲) عیب نکالنا ۔

**شاد** [ف ۔ صف] خوش ۔ مسرور ۔ بےغم ۔

**شادباش** ۔ شاباش ۔ آفریں ۔

**شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن** (مثل) زندگی اچھی ہو یا بُری گزارنی پڑتی ہے ۔

**شادکام** ۔ بامراد ۔ کامیاب ۔ خوشحال ۔

**شاداب** [ف ۔ صف] (۱) سرسبز ۔ ہرا بھرا (۲) سیراب ۔

**شادابی** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) سیرابی (۲) سرسبزی ۔

**شاداں** [ف ۔ صف] خوش حال ۔ خوش ۔

**شاداں و فرحاں** ۔ خوش خوش ۔ مگن ۔

**شادماں** [ف ۔ صف] خوش و خرم ۔ مسرور ۔

**شادمانی** (شاد ۔ ما ۔ نی) [ف ۔ ا ۔ مونث] خوشی ۔ مسرت ۔

**شادی** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) خوشی (۲) تہوار ۔ جشن (۳) بیاہ ۔

**شادی خانہ آبادی** ۔ بیاہ کر کے گھر آباد کرنا ۔

**شادی مرگ** ۔ ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو ۔

**شادیانہ** (شاد ۔ یا ۔ نہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) شادی کی نوبت ۔ خوشی کا باجا ۔

**شاذ** [ع ۔ صف] عجیب ۔ نادر ۔ انوکھا ۔ غیر معمولی ۔

**شاذ و نادر** ۔ بہت کم ۔ کبھی کبھی ۔ اتفاقاً ۔

**شارٹ کٹ** (SHORT CUT) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] مختصر راستا ۔

**شارٹ ہینڈ** (SHORT-HAND) (شارٹ ہینڈ) [انگ ۔ ا] مختصر نویسی ۔

**شارح** [ع ۔ صف] کھول کر بیان کرنے والا ۔ شرح لکھنے والا ۔ محشّی ۔

**شارع** [ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث] (۱) بڑا راستا ۔ سڑک (۲) شریعت بنانے والا ۔ صاحبِ شرع ۔

**شارعِ اسلام** (مذکر) اسلامی قوانین بنانے والے ۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۔

**شارعِ عام** (مذکر و مونث) عام راستا ۔ گزرگاہِ عام ۔

**شارک** (SHARK) [انگ ۔ ا ۔ مونث] ایک بڑی اور خطرناک مچھلی ۔

**شاستر** [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مجموعۂ قوانین (۲) ہندوؤں کی مذہبی کتاب ۔

**شاستری** (شاس ۔ تری) [ہ ۔ صف] شاستر جاننے والا ۔ پنڈت ۔

**شاطر** [ع ۔ صف] (۱) عیّار ۔ چالاک (۲) شطرنج کھیلنے والا ۔

**شاعر** [ع ۔ صف] شعر کہنے والا ۔ کوی ۔

**شاعرانہ** (شا ۔ عِ ۔ را ۔ نہ) [ع ۔ ف ۔ صفت] (۱) شاعر کے طریقے پر (۲) شاعر سے منسوب (۳) مبالغہ آمیز ۔

**شاعرہ** (شا ۔ عِ ۔ رَہ) [ع ۔ صف] عورت شاعر ۔

**شاعری** (شا ۔ عِ ۔ ری) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) شعر کہنا (۲) مبالغہ آمیزی ۔

**شاغل** [ع ۔ صف] (۱) مصروف (۲) خدا کا ذکر کرنے والا ۔

**شافع** (شا ۔ فِع) [ع ۔ صف و ۔ ا ۔ مذکر] شفاعت کرنے والا ۔ سفارش کرنے والا ۔

**شافعِ روزِ جزا** ۔ شافعِ یوم الحساب ۔ شافعِ محشر ۔ رسولِ مقبول ۔

**شافعی** (شا ۔ فِ ۔ عی) [ع ۔ ا ۔ مذکر] امام شافعیؒ کی پیروی کرنے والا ۔

**شافی** [ع ۔ صف] (۱) شفا دینے والا (۲) صاف ۔ فیصلہ کُن ۔ قطعی ۔

**شافی جواب** (مذکر) قطعی جواب جس کے بعد کچھ کہنے کی حاجت نہ رہے ۔

**شافیِ مطلق** ۔ خدا تعالیٰ ۔

Marfat.com

شاق [ع۔صف] مشکل۔دشوار۔دُوبھر۔ناگوار۔
شاق گزرنا۔ناگوار معلوم ہونا۔بُرا لگنا۔
شاقول (شا۔قُول) (ت۔ا۔مذکر) دیکھیے ساہول۔
شاقہ (شاق۔قہ) [ع۔صف] سخت۔مشکل۔دشوار۔
شاکر۔[ع۔صف] (۱) شکرگزار (۲) صابر۔قانع۔
شاکر کو شکر مُوذی کو ٹکر (مثل) شکر کرنے والوں کو نعمتیں ملتی ہیں۔مُوذی کو تکلیفیں پہنچتی ہیں۔
شاکی (ع۔صف) شکایت کرنے والا۔گلہ کرنے والا۔
شاگرد (شا۔گرد) [طالب علم۔تلمیذ۔
شاگرد پیشہ (۱) نوکر چاکر۔خدمت گار (۲) ملازموں کے رہنے کے مکان جو کسی محل کے قریب ہی بنے ہوں۔
شاگردی (شا۔گر۔دی) [ف۔ا۔مونث] شاگرد ہونا۔تلمّذ۔
شال [ف۔ا۔مونث] اُون یا پشم کی چادر۔
شال باف۔شال بُننے والا۔
شال دوز۔شال پر بیل بُوٹے بنانے والا۔
شالا [س۔ا۔مونث] (۱) درخت کی شاخ (۲) بڑا کمرہ (۳) مکان (۴) سکول۔
شام [ہ۔ا۔مونث] (۱) کسی دھات کا بنا ہوا چھلّا جو اوزار یا لاٹھیوں پر لگاتے ہیں (۲) (مذکر) کرشن جی کا ایک نام۔
شام [ف۔ا۔مونث] (۱) سورج ڈوبنے کا وقت (۲) (مذکر) بحیرۂ روم کے کنارے ایک ملک۔
شامِ اَوَدھ۔حسین اور دلکش شام۔اودھ کی شام۔
شامِ جوانی۔جوانی کے آخری دن۔
شام صبح لگانا۔حیلہ حوالہ کرنا۔
شامِ غریباں (۱) مسافری کی شام (۲) مصیبت کی شام۔
شام کا صبح کرنا۔رات کاٹنا۔ساری رات جاگتے رہنا۔
شام کلیان (مذکر) شام کا راگ۔
شام و سحر۔دونوں وقت۔ہر وقت۔
شام و سحر کرنا۔حیلہ حوالہ کرنا۔ٹالنا۔
شاما [ہ۔ا۔مونث] ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ (س۔شیاما)۔
شامت (شا۔مَت) [ع۔ا۔مونث] بدنصیبی۔بُرائی۔آفت نحوست۔
شامت آنا۔بُرے دن آنا۔مصیبت آنا۔
شامتِ اعمال۔کیے کی سزا۔کرتوت کا بدلہ۔
شامتِ اعمال ما صورتِ نادر گرفت (مثل) ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اختیار کی۔یہ مصرعہ نظام الملک نے اس وقت کہا تھا جب نادر شاہ کے ظلم و ستم نے دہلی میں قیامت برپا کی تھی۔
شامت زدہ۔مصیبت زدہ۔خراب حال۔
شامت کا مارا۔مصیبت میں مبتلا۔بدنصیب۔
شامل [ع۔صف] ساتھ۔اکٹھا۔ملا ہوا۔شریک۔
شاملِ حال۔شریکِ حال۔ساتھ۔
شاملِ بسل۔کاغذاتِ مقدمہ کے ساتھ لگا ہوا۔بسل کے ساتھ نتھی۔
شاملات (شا۔مِ۔لات) [ع۔ا۔مذکر] (۱) وہ ملکیت یا جائداد جو بہت سے آدمیوں میں مشترک ہو (۲) حصہ داری (۳) وہ زمین جو مالکان دیہہ کی مشترکہ ہو۔
شامّہ (شام۔مَہ) [ع۔ا۔مونث] سُونگھنے کی قوت۔
شامی [ع۔صف] ملک شام کا رہنے والا۔شام سے منسوب۔
شامی کباب (مذکر) ایک قسم کے گول کباب۔
شامیانہ (شا۔م۔یا۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] کپڑے کا سائبان چھتری۔
شامیانہ کھینچنا، لگانا۔شامیانہ کھڑا کرنا۔
شان [ع۔ا۔مونث] (۱) عظمت۔عزت۔توقیر (۲) قدرت۔طاقت (۳) انداز۔وضع (۴) خاصیت۔خوبی۔
شانِ الٰہی۔شانِ خدا۔شانِ حق۔خدا کی قدرت یا طاقت۔
شان برسنا۔رعب و دبدبہ نمایاں ہونا۔
شان دار (۱) عالیشان۔بلند (۲) ذی رتبہ۔باعظمت۔
شان میں بٹا لگنا۔عزت گھٹنا۔بے عزتی ہونا۔
شانِ نزول۔آیتِ قرآنی کے اُترنے کا موقع۔باعثِ نزول۔
شان و شوکت (۱) رعب داب (۲) ٹھاٹ باٹ۔
شانت [س۔صف] مطمئن۔صابر۔قانع۔
شانتی [س۔صف] (۱) امن۔سکون (۲) تسلی۔اطمینان۔
شانزدہ (شا۔نز۔دہ) [ف۔صف] سولہ۔
شانزدہم (شا۔نز۔دہ۔ہم) [ف۔صف] سولھواں۔
شانہ (شا۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) کنگھی (۲) کندھا۔مونڈھا۔
شانہ کرنا۔کنگھی کرنا۔
شاہ [ف۔ا۔مذکر] (۱) آقا۔مالک (۲) بادشاہ (۳) فقیروں اور سیدوں کا لقب (۴) شطرنج کا ایک مہرہ (۵) دولہا (۶) [صف] عمدہ۔معزز۔سب سے بڑا۔بہترین۔
شاہ باز (شہباز) (مذکر) بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں۔شاہین
شاہ بالا (شہ بالا) (مذکر) وہ قریبی رشتہ دار لڑکا جس کو دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بٹھا دیتے ہیں۔
شاہ بلوط (مذکر) ایک پہاڑی درخت۔اوک کا پیڑ۔
شاہ بیت (مذکر) قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر۔
شاہ پر (شہپر) (مذکر) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پر۔
شاہ توت (شہتوت) (مذکر) ایک میٹھا پھل اور اس کا درخت۔
شاہ تیر (شہتیر) (مذکر) بڑی کڑی جس پر چھوٹی کڑیاں رکھی جاتی ہیں۔
شاہ خانم (مونث) (۱) بڑے گھر کی عورت (۲) متکبر عورت۔
شاہ خاور (مذکر) آسمان کا بادشاہ۔سورج۔شاہ مشرق۔
شاہ درہ (مذکر) وہ آبادی یا گاؤں جو دریا کے دوسرے کنارے پر شاہی محل کے مقابل ہو۔
شاہ راہ (مونث) بڑا راستا۔شارع عام۔بادشاہی گزرگاہ۔
شاہ رگ (شہ رگ) (مونث) بڑی رگ جو گردن میں سے گزرتی ہے۔رگِ جاں۔
شاہ زادہ (شہزادہ) (مذکر) بادشاہ کا لڑکا۔
شاہ زادی (شہزادی) (مونث) بادشاہ کی بیٹی۔
شاہ سوار (شہسوار) (مذکر) گھوڑے کی سواری کا ماہر۔
شاہ کار (شہکار) (مذکر) سب سے بڑا کارنامہ۔
شاہ لولاک (شہ لولاک) (مذکر) جناب رسالتمآب پیغمبر اسلام

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم -
شاہِ مرداں (مذکر) حضرت علیؓ کا لقب -
شاہ نشیں (شہ نشیں) (مونث) (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۲) مکان کی کسی کھڑکی سے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ -
شاہ ناز (شہناز) (مونث) دلھن - عروس -
شاہ وار (شہوار) بادشاہوں کے لائق - نہایت عمدہ نفیس چیز -
شاہانہ [ف - صف] بادشاہوں کے موافق - بادشاہوں کے مانند - سُلطانی -
شاہانہ مزاج - نازک طبیعت -
شاہ ترہ (شاہترہ) (شاہ - ت - رَہ) [ف - ا - مذکر] پت پاپڑہ - ایک قسم کا ساگ - دوا مستعمل ہے -
شاہد (شا - ہد) [ع - ا - مذکر] (۱) حسین - محبوب (۲) گواہ -
شاہد باز - حُسن پرست - عیاش -
شاہد بازار - طوائف -
شاہدِ حال - واقعہ کا چشم دید گواہ -
شاہدِ عادل - سچا گواہ - ایمان دار گواہ -
شاہدِ مقصود - مقصد کا معشوق - مقصود کا شاہد سے استعارہ کرتے ہیں -
شاہدی (شا - ہ - دی) [ع - ا - مونث] شہادت - گواہی -
شاہنشاہ (شا - ہن - شاہ) [ف - ا - مذکر] بادشاہوں کا بادشاہ -
شاہوار - شاہ کے تحت دیکھیے -
شاہی [ف - صف] بادشاہی - سُلطانی -
شاہین (شا - ہین) [ف - ا - مذکر] (۱) ایک مشہور شکاری پرندہ (۲) ترازو کی سُوئی یا ڈنڈی -
شائبہ (شا - ء - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) آمیزش - ملاوٹ (۲) شک - شبہ - احتمال -
شائستگی - شایستگی (شا - اِس - ت - گی) (شا - یس - ت - گی) [ف - ا - مونث] (۱) تہذیب (۲) اخلاق - آدمیت -
شائستہ - شایستہ (شا - اِس - تہ) (شا - یس - تہ) [ف - صف] مہذب - باتمیز -
شائع (شا - ءِع) [ع - صف] (۱) فاش - آشکارا (۲) چھاپ کر مشتہر کیا ہوا -
شائق [ع - صف] شوقین - مشتاق - آرزومند -
شائقین (شا - اِ - قین) [ع - ا - مذکر] شائق کی جمع -
شایاں [ف - صف] لائق - مناسب - موزوں - زیبا -
شاید (شا - ید) [ف] غالباً - ممکن ہے -
شاید و باید - جیسا چاہیے تھا - بخوبی - ہر طرح سے -

## ش - ب

شب [ف - ا - مونث] رات - رَین -
شبِ اسرا - معراج کی رات -
شب افروز (۱) رات کو روشن کرنے والا (۲) جگنو (۳) چاند -
شب باش - رات کو رات رہنے والا -
شب باشی (مونث) رات کا قیام - رات رہنا -
شب بخیر (۱) رات خیر سے گزرے (۲) رات کو رخصت ہونے کا سلام -
شبِ برات (مونث) (۱) شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات - مسلمانوں کے عقائد کے بموجب اس رات کو عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے (۲) خوشی کی رات -
شب بیدار - رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا - رات بھر جاگنے والا -
شب بیداری (مونث) رات کا جاگنا - بے خوابی -
شب تاب (۱) رات کو روشن کرنے والا (۲) جگنو -
شب تار (تاریک) اندھیری رات -
شب چراغ (مذکر) (۱) رات کو چمکنے والا ہیرا (۲) جگنو -
شب خوابی (مونث) (۱) رات کی پوشاک (۲) رات کا سونا -
شب خون (مذکر) رات کا حملہ - چھاپا -
شبخون مارنا - چھاپا مارنا - رات کو اچانک حملہ کرنا -
شب خیز - شب بیدار - رات کو اُٹھنے والا -
شب خیزی (مونث) شب بیداری - رات کو اُٹھنا -
شب دیجور - اندھیری رات -
شب دیز (مذکر) سیاہ رنگ کا گھوڑا - مشکی گھوڑا -
شب دیگ (مونث) ایک قسم کا سالن جو رات بھر پکاتے ہیں -
شب رنگ (۱) تاریک - سیاہ (۲) سیاہ گھوڑا -
شبِ زفاف (مونث) دولہا دلھن کی پہلی رات -
شب زندہ دار (۱) رات بھر جاگنے والا (۲) عابد -
شبستان (۱) بادشاہوں کے سونے کا کمرہ (۲) حرم سرا (۳) مسجد کی وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں -
شبِ ظلمات (مونث) سخت کالی رات -
شبِ عاشورہ (مونث) نویں اور دسویں محرم کی درمیانی رات -
شبِ قدر (مونث) لیلۃ القدر - مسلمانوں کے عقائد کے مطابق ایک نہایت متبرک رات - عموماً رمضان کی ستائیسویں رات -
شب کور - وہ جسے رات کو دکھائی نہ دے -
شب کوری (مونث) رات کو دکھائی نہ دینا - اندھراتا -
شب کی شب - رات کی رات - رات بھر کے لیے -
شب گوں (۱) کالا - سیاہ (۲) رات کی مانند -
شب گیر - پچھلی رات کا -
شبِ ماہ (ماہتاب) (مونث) چاندنی رات -
شب و روز - دن رات -
شبِ وصال (مونث) (۱) وصل کی رات (۲) وہ رات جس میں کسی کامل فقیر کا انتقال ہو -
شبِ یلدا (مونث) سخت تاریک رات -
شباب [ع - ا - مذکر] جوانی -
شبان (ش - بان) [ف - ا - مذکر] چرواہا - گڈریا -
شبانہ - (ش - با - نہ) [ف] رات کا -
شبانہ روز - شب و روز - ہر وقت - دن رات -
شباہت (ش - با - ہت) [ع - ا - مونث] (۱) مشابہت (۲) شکل - صورت -
شبد (س - ا - مذکر) (۱) لفظ (۲) بھجن -

Marfat.com

**شبدیز** ۔ شب کے تحت دیکھیے ۔
**شبّر** (شَب ۔ بَر) [عبرانی ۔ ا ۔ مذکر] حضرت حسنؓ کا لقب ۔
**شبستان** ۔ شب کے تحت دیکھیے ۔
**شبکہ** (شَب ۔ کَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کبوتروں کے پکڑنے کا جال (۲) [ف] بڑا سوراخ ۔
**شبنم** (شَب ۔ نَم) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) اوس (۲) ایک قسم کا سفید باریک کپڑا ۔
**شبنمی** (شَب ۔ نَ ۔ مِی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تاننے کا کپڑا (۲) شبنم کے رنگ کا ۔
**شبہ** (شِ ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مانند (۲) مشابہت ۔ مطابقت ۔
**شبھ** [س ۔ صف] اچھا ۔ نیک ۔ مسعود ۔ مُبارک ۔
**شبھ گھڑی** [مونث] نیک ساعت ۔
**شبھ لگن** [مذکر] دو مُبارک ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا ۔ قرانُ السعدین ۔
**شبیر** (شَب ۔ بیر) [عبرانی ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نیک (۲) خوبصورت (۳) حضرت امام حسینؓ کا لقب ۔
**شبینہ** (شَ ۔ بی ۔ نَہ) [ف ۔ صف] (۱) رات کا (۲) [مذکر] حافظ قرآن کا رمضان کی کسی ایک رات میں پورا قرآن تراویح میں ختم کرنا ۔
**شبیہ** (شَ ۔ بیہ) [ف ۔ صف] (۱) شکل ۔ تصویر (۲) مانند ۔ مُشابہ ۔

## ش ۔ پ

**شپ** [ف ۔ صف] (۱) جلد ۔ شتاب (۲) [اُ ۔ ا ۔ مونث] چھڑی وغیرہ مارنے کی آواز (۳) شپ کے ساتھ تابع مہمل ۔
**شپ** (SHIP) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بحری جہاز ۔
**شپاشپ** (شَ ۔ پا ۔ شَپ) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) جلد جلد یا متواتر تیر یا تلوار چلانے کی آواز (۲) پانی میں گھسنے کی آواز ۔
**شپّر ۔ شپرک ۔ شپرہ** (شَپ ۔ پَر ۔ شَپ ۔ پَ ۔ رَک ۔ شَپ ۔ پَ ۔ رَہ) [ف ۔ ا ۔ مونث] چمگادڑ ۔

## ش ۔ ت

**شتا** (شِ ۔ تا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] جاڑا ۔ سردی کا موسم ۔
**شتاب** (شِ ۔ تاب) [ف] جلد ۔ جھٹ پٹ ۔ بلا توقف ۔ فوراً ۔
**شتاب کار** ۔ جلد باز ۔ پھرتیلا ۔
**شتابا** (شِ ۔ تا ۔ با) [اُ ۔ ا ۔ مذکر] بارود لگا ہوا کاغذ کا فتیلہ ۔
**شتابی** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) جلدی ۔ تیزی (۲) اضطراب ۔ گھبراہٹ ۔
**شُتر** [ف ۔ ا ۔ مذکر] اُونٹ ۔
**شتربان** ۔ اونٹ ہانکنے والا ۔ ساربان ۔
**شتر بے مہار** (۱) بے نکیل کا اُونٹ (۲) آزاد ۔ آوارہ ۔
**شتر خانہ** [مذکر] وہ مکان جہاں اُونٹ رکھے جائیں ۔
**شتر سوار** ۔ سانڈنی سوار ۔ قاصد ۔
**شتر غمزہ** [مذکر] نازبیجا ۔ نخرہ ۔ فضول چوچلے ۔
**شتر کینہ** [مذکر] وہ شخص جس کا کینہ اونٹ کی طرح کبھی نہ نکلے ۔ دلی عداوت ۔ دُشمنی ۔
**شتر گاؤ** [مذکر] زرافہ ۔
**شتر گربہ** [مذکر] (۱) دو موافق چیزیں جن میں سے ایک بلند اور دوسری پست ہو (۲) شعر میں ایک طرح یا جمع اور واحد یا تعظیم و تحقیر کے الفاظ استعمال کرنا ۔
**شتر مرغ** [مذکر] افریقہ کا ایک قد آور پرندہ ۔
**شتر نال** [مونث] چھوٹی توپ جو اُونٹ کی پیٹھ پر رکھ کر چلائی جائے ۔
**شتری** (شُت ۔ رِی) [ف ۔ صف] (۱) اُونٹ کے رنگ کا (۲) [اُ ۔ ا ۔ مذکر] نقارہ جو اُونٹ پر رکھا جاتا ہے ۔
**شتم** [ع ۔ ا ۔ مذکر] گالی گلوچ ۔ عموماً سب و شتم مستعمل ہے ۔

## ش ۔ ج

**شجاع** (شُ ۔ جاع) [ع ۔ صف] دلیر ۔ بہادر ۔ جری ۔
**شجاعت** (شَ ۔ جا ۔ عَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] بہادری ۔ دلیری ۔
**شجر** (شَ ۔ جَر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] درخت ۔ پیڑ ۔
**شجرہ** (شَ ۔ جَ ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نسب نامہ ۔ وہ کاغذ جس پر مورث اعلیٰ کی اولاد کا نام نسلاً بعد نسل درج ہو (۲) وہ نقشہ جس میں گاؤں کے کھیت دکھائے گئے ہوں ۔
**شجرہ و قلعہ** (۱) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو وہ مریدوں کو دیتے ہیں (۲) چھپر بست ۔ بوریا بستہ ۔
**شجرہ نسب** ۔ اولاد کا نام نسلاً بعد نسل ۔

## ش ۔ ح

**شحم** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) چربی (۲) مٹاپا ۔ فربہی ۔
**شحنہ** (شِح ۔ نہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کوتوال (۲) کھیت کا نگران ۔
**شحیم** (شَ ۔ حیم) [ع ۔ صف] موٹا ۔ فربہ (زیادہ تر شحیم مستعمل ہے)

## ش ۔ خ

**شخص** [ع ۔ ا ۔ مذکر] آدمی ۔ فرد ۔
**شخص ثالث** ۔ وہ شخص جو فریقین میں فیصلہ کرائے ۔ مرپنچ ۔
**شخص واحد** ۔ اکیلا آدمی ۔ تنہا آدمی ۔
**شخصی** (شَخ ۔ صی) [ع ۔ صف] (۱) ایک آدمی سے متعلق (۲) ذاتی ۔
**شخصی حکومت** [مونث] ایک شخص کی حکومت ۔ آمریت ۔
**شخصیت** (شَخ ۔ صی ۔ یَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) شخص

Marfat.com

ہونے کی خصوصیت (۲) درجہ ۔ عزت ۔

## ش ۔ د

**شَدّ** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا ۔ تشدید دینا (۲) زور ۔ سختی ۔
**شَدّ و مَدّ** ۔ زور شور ۔
**شَدَّاد** (شَد ۔ داد) [ع ۔ صف] (۱) طاقتور ۔ ظالم (۲) [مذکر] قومِ عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا ۔
**شَدائِد** (شَ ۔ دا ۔ ئِد) [ع ۔ ا ۔ مونث و مذکر] سختیاں ۔ تکلیفیں ۔
**شُدبُد** [ف ۔ ا ۔ مونث] شُد بمعنی ہُوا اور بُد ، بود (تھا) ۔ کسی کام میں تھوڑی سی مہارت ۔ قلیل سی واقفیت ۔
**شِدَّت** (شِد ۔ دَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) سختی ۔ تکلیف (۲) زور ۔ قوت (۳) زیادتی ۔ کثرت ۔
**شُدَنی** (شُد ۔ نی) [ف ۔ صف و امونث] (۱) ہونے والی بات ۔ اتفاقی بات ۔
**شَدّہ** (شَد ۔ دَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] علم ۔ وہ جھنڈا یا نشان جو محرم میں شہدائے کربلا کی یاد میں تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے ۔
**شُدھ** [س ۔ صف] پاک ۔ صاف ۔ پوتر ۔ خالص ۔
**شُدہ شُدہ** (شُ ۔ دَہ ۔ شُ ۔ دَہ) [ف] رفتہ رفتہ ۔ آہستہ آہستہ
**شُدھی** (شُ ۔ دھی) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) پاکی ۔ صفائی (۲) اصلاح (۳) [مجازاً] ہندو دھرم میں لانا ۔ ہندو بنانا ۔
**شَدید** (شَ ۔ دید) [ع ۔ صف] سخت ۔ مشکل ۔ دشوار ۔

## ش ۔ ذ

**شَذرات** [ع ۔ ا ۔ مذکر] شذرہ کی جمع ۔
**شَذرہ** (شَذ ۔ رَہ) [ع ۔ صف] (۱) پراگندہ ۔ منتشر (۲) [مذکر] اخبار میں ایڈیٹر کا کسی واقع پر مختصر تبصرہ ۔

## ش ۔ ر

**شَر** [ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث] (۱) بدی ۔ بُرائی (۲) جھگڑا ۔ فساد ۔
**شر انگیز** ۔ شریر ۔ مفسد ۔ فساد کرانے والا ۔
**شر انگیزی** (مونث) فتنہ انگیزی ۔ فساد برپا کرنا ۔ بُرائی کرنا ۔
**شِرا** (شِ ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خرید و فروخت (اردو میں بیع و شرا استعمال ہوتا ہے)
**شراب** ۔ [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) رقیق چیز جو پی جائے (۲) نشہ دار عرق ۔ دارو ۔
**شراب ارغوانی** ۔ سُرخ رنگ کی شراب ۔
**شراب کا دور چلنا** ۔ چند آدمیوں کا اکٹھا بیٹھ کر شراب پینا ۔
**شراب خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں شراب بنے یا بکے ۔
**شراب خواری ، خوری** (مونث) شراب پینا ۔ مے نوشی ۔
**شراب دو آتشہ** ۔ دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب ۔ تیز شراب ۔
**شرابِ طہور** (شرا بِ طَہُورا) پاک شراب جو بہشت میں ملے گی ۔
**شراب کشید کرنا (کھینچنا)** شراب تیار کرنا ۔ شراب بنانا ۔
**شرابِ ناب** ۔ خالص شراب ۔
**شرابور** (شَ ۔ را ۔ بور) [اُر ۔ صف] تر بتر ۔ بہت بھیگا ہُوا ۔
**شرابی** [ف ۔ صف] شراب پینے والا ۔ مے نوش ۔
**شراپ** (شَ ۔ راپ) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بد دُعا ۔
**شَراٹا** (شَر ۔ را ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زور سے مینہ برسنے کی آواز ۔
**شرادھ** (شَ ۔ رادھ) [س ۔ ا ۔ مذکر] کریا کرم ۔ مُردوں کے نام پر برہمنوں کو پوری کچوری کھلانا ۔
**شَرار** (شَ ۔ رار) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے شرارہ ۔
**شَرارت** (شَ ۔ را ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) بدی ۔ ایذارسانی ۔ بدنیتی (۲) شوخی ۔ بیباکی (۳) شیطنت ۔ بدذاتی ۔
**شرارتاً** (شَ ۔ را ۔ رَ ۔ تَن) [ع] شرارت سے ۔
**شرارتی** (شَ ۔ رار ۔ تی) [اُر ۔ صف] شریر ۔
**شرارہ** (شَ ۔ را ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] آگ کا پتنگا ۔ چنگاری ۔ شرر ۔
**شرافت** (شَ ۔ را ۔ فَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) بزرگی ۔ بھلمنسی (۲) نجابت ۔ عالی خاندانی ۔
**شراکت** (شِ ۔ را ۔ کَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] حصہ داری ۔ ساجھا ۔
**شراکت نامہ** (مذکر) وہ دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت درج ہو ۔
**شرائط** (شَ ۔ را ۔ ئِط) [ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث] شرط کی جمع ۔
**شرائطِ تمہیدی** ۔ ابتدائی شرطیں ۔
**شُرب** [ع ۔ ا ۔ مذکر] پینا ۔ پینے کی چیز ۔
**شربِ الیہود** ۔ پوشیدہ شراب پینا ۔ (یہودی مسلمانوں سے چھپ کر شراب پیتے تھے) ۔
**شربت** (شَر ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قند میں پکا ہُوا عرق کسی پھل پھول یا دوا کا (۲) قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی ۔
**شربتِ انارین** ۔ کھٹے اور میٹھے اناروں کا شربت ۔
**شربتی** (شَر ۔ بَ ۔ تی) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) زرد یا نارنجی رنگ سے ملتا ہُوا رنگ (۲) ایک قسم کا میٹھا لیمُو (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) [صف] شربت کے رنگ کا ۔ شربت کا یا شربت سے متعلق ۔ رس دار ۔
**شرح** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) تفسیر ۔ کھول کر کہنا (۲) نرخ ۔ بھاؤ ۔
**شرحِ آبپاشی** ۔ نہر کے پانی کا آبیانہ ۔
**شرح بندی** ۔ نرخوں کا نقشہ ۔ نرخ نامہ ۔
**شرحِ ذیل** ۔ نیچے لکھی ہوئی تفصیل ۔
**شرحِ سُود** ۔ سُود کا بھاؤ ۔
**شرحِ لگان** ۔ لگان یا خراج کا نرخ ۔
**شرح و بسط** ۔ وضاحت و تفصیل ۔
**شَرَر** (شَ ۔ رَر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شرارہ کا مخفف ۔ چنگاری ۔

Marfat.com

**شرربار** - چنگاریاں برسانے والا -

**شرط** [ع - ا - مونث] (۱) اقرار - عہد (۲) وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو (۳) قید - پابندی -

**شرط باندھنا (بدنا)** (۱) بازی لگانا (۲) عہد کرنا -

**شرط لگانا** (۱) بازی بدنا (۲) قید لگانا (۳) عہد و پیمان کرنا -

**شرطی** (شَر - طی) [اُر - صف] (۱) ضرور - بے شک (۲) کسی شرط پر -

**شرطیہ** (شَر - طی - یہ) [ع] (۱) اقراری - شرطی (۲) [مذکر] وہ جملہ جو شرط اور جزا سے مل کر پورا ہو -

**شرع** [ع - ا - مونث] (۱) سیدھا راستا (۲) قانونِ محمدی جو قرآن کے مطابق ہے (۳) آئین - مذہب -

**شرعِ محمدی** - قانونِ محمدی - دینِ اسلام کا طریقہ -

**شرع میں شرم کیا** (مثل) جائز بات کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہیے -

**شرعاً** (شَر - عَن) [ع] شرع کی رُو سے -

**شرعاً و عرفاً** - مذہبی قانون اور رواج کی رُو سے -

**شرعی** [ع - صف] شرع کے مطابق - قانونِ اسلام کے مطابق -

**شرعی پاجامہ** (مذکر) ٹخنوں سے اُونچا پاجامہ -

**شرف** (شَ - رَف) [ع - ا - مذکر] (۱) بزرگی (۲) برتری - فوقیت (۳) عزت - فخر -

**شرفِ باریابی** - خدمت میں حاضر ہونے کی عزت -

**شرف پانا** - عزت پانا - فخر حاصل کرنا -

**شرفِ ذات** - ذاتی عزت، شرافت یا خوبی -

**شرفِ زیارت** - ملاقات کی عزت -

**شرفِ عدالت** - ناظر -

**شرفِ نیاز** - دیکھنے یا ملنے کی عزت -

**شرف یاب** - عزت پانے والا -

**شُرَفا** (شُ - رَ - فا) [ع - ا - مذکر] شریف کی جمع -

**شرق** [ع - ا - مذکر] مشرق - پُورب -

**شرق سے غرب تک** - پُورب سے پچھم تک -

**شرقی** (شر - قی) [ف - صف] مشرق سے نسبت رکھنے والی مشرق کا -

**شرک** [ع - ا - مذکر] (۱) خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک جاننا (۲) کفر -

**شرکِ جلی** - ظاہر و صریح شرک - جیسے بُت پرستی -

**شرکِ خفی** - پوشیدہ شرک - خدا کو چھوڑ کر انسان پر بھروسا کرنا -

**شُرَکا** (شُ - رَ - کا) [ع - ا - مذکر] شریک کی جمع -

**شرکت** (شِر - کت) [ع - ا - مونث] (۱) شمولیت (۲) ساجھا - شراکت -

**شرم** [ف - ا - مونث] (۱) حیا - لاج (۲) ننگ - عار (۳) ندامت - شرمندگی (۴) غیرت - عزت (۵) خیال پاس -

**شرم آلود** - نادم - شرمندہ -

**شرم حضور** - آنکھ کی شرم رکھنے والا - سامنے لحاظ کرنے والا -

**شرم رکھنا** - آبرو رکھنا - عزت بچانا -

**شرم رہ جانا** - عزت و آبرو میں فرق نہ آنا - عزت بچ جانا -

**شرمسار** - شرمندہ - نادم -

**شرمساری** (مونث) شرمندگی - ندامت - خجالت -

**شرم سے پانی پانی ہونا** - نہایت شرمندہ ہونا -

**شرم سے کٹنا** - شرمندہ ہونا -

**شرم کی بات** (مونث) غیرت کی بات - افسوس کی بات -

**شرم گاہ** (مونث) اندامِ نہانی -

**شرمگیں** - شرمندہ - خجل -

**شرمناک** - قابلِ شرم -

**شرماشرمی** [اُر] شرم و لحاظ کے دباؤ میں - مروت میں -

**شرمانا** [اُر - مص] (۱) شرمندہ ہونا (۲) شرمندہ کرنا - ذلیل کرنا -

**شرمندگی** (شَر - مِن - دَ - گی) [ف - ا - مونث] شرم - ندامت - خجالت -

**شرمندہ** (شَر - مِن - دَہ) [ف - صف] نادم - لاج کا مارا -

**شرمندۂ احسان** - احسان مند - ممنونِ احسان -

**شرمیلا** (شَر - می - لا) [اُر - صف] شرم کرنے والا - حیادار -

**شَرَن** (شَ - رَن) [س - ا - مونث] حفاظت - پناہ -

**شروع** (شُ - رُوع) [ع - ا - مذکر] آغاز - ابتدا - پہل -

**شروعات** (شُ - رُو - عات) [اُر - ا - مونث] ابتدا - آغاز -

**شرری** (شَر - ری) [اُر - صف] (۱) فسادی (۲) شریر - بد -

**شری** (شْ - ری) [س - ا - مذکر] جناب - صاحب - مسٹر -

**شریان** (شِر - یان) [ع - ا - مونث] تڑپنے والی رگ - ایک لچکدار نالی جو دل سے لطیف و سُرخ رنگ کا خون تمام بدن میں پرورش کے لیے لے جاتی ہے - (جمع شرائین) -

**شریر** (شَ - رِیر) [ع - صف] (۱) شرارتی (۲) بُرا - بدذات -

**شریر** (شَ - رِیر) [س - ا - مذکر] بدن - جسم -

**شریعت** (شَ - ری - عَت) [ع - ا - مونث] (۱) مذہبی قانون (۲) طریقہ -

**شریف** (شَ - رِیف) [ع - صف] (۱) عالی خاندان (۲) بھلامانس -

**شریف زادہ** - اشراف کا بیٹا - مہذب -

**شریفہ** (شَ - ری - فہ) [ف - ا - مذکر] ایک قسم کا پھل - سیتاپھل -

**شریک** (شَ - رِیک) [ع - صف] (۱) شرکت رکھنے والا (۲) شامل - ملا ہوا (۳) حصہ دار (۴) ساتھی -

**شریکِ جرم** - جرم میں شامل -

**شریکِ حال** - رنج و راحت کا ساتھی - دُکھ سُکھ کا ساتھی -

**شریکِ شکمی** - وہ شخص جو کاشتکاری میں شریک ہو اور جس کے نام زمیندار کی طرف سے پٹا ہو -

## ش - س

**شِسْت** [ف - ا - مونث] (۱) نشانہ - سیدھ (۲) مچھلی

پکڑنے کا کانٹا - منسی -
شست باندھنا - نشانہ لگانا - سیدھ باندھنا -
شستگی (شُس - تَ - گی) [ف - مونث] (۱) صفائی - دُھلا ہُوا ہونا (۲) الفاظ کی سلاست -
شست وشو [ف - ا - مونث] نہانا دھونا - دھوکر صاف کرنا۔
شستہ (شُس - تہ) [ف - صفت] (۱) صاف کیا ہُوا (۲) پاک خالص (۳) دھویا ہُوا -
شستہ ورفتہ - منجھا ہُوا - پاکیزہ -

## ش - ش

شش [ف - صفت] چھ -
شش پہلو - چھ کونہ - مسدس -
شش جہت - تمام عالم - چھ طرف -
شش دانگ - چھ طرفیں - تمام دُنیا -
ششدر (۱) حیران - پریشان - ہکا بکا (۲) چھ دروازے کا مکان -
شش ماہی - چھ ماہی - نصف سال -
شش و پنج - سوچ بچار - فکر و اندیشہ - گھبراہٹ -
شِشکار - شِشکاری [ہ - ا - مونث] (۱) شکار پر دوڑانا - (۲) شش شش کرنا -
ششم (شَ - شُم) [ف - صفت] چھٹا -

## ش - ص

شصت [ف - صفت] ساٹھ -

## ش - ط

شطرنج (شَط - رَنج) [ع - ا - مونث] ایک کھیل جو ۳۲ مُہروں اور ۶۴ خانوں سے کھیلا جاتا ہے (س - چترنگ) -
شطرنج باز - شاطر - شطرنج کا کھلاڑی -
شطرنج بازی (مونث) شطرنج کا کھیل -
شطرنج کا نقشہ - شطرنج کے چند مُہرے بساط پر رکھ کر قید لگاتے ہیں کہ اتنی چالوں میں مات کرے -
شطرنجی (شَط - رَن - جی) [اُ - ا - مونث] (۱) دری - ایک قسم کا سوتی فرش (۲) بساط -

## ش - ع

شعار [ع - ا - مذکر] (۱) لباس (۲) چلن - طریقہ - طور اعلامات کے آخر میں بھی آتا ہے جیسے ستم شعار - وفا شعار -
شُعاع (شُ - عاع) [ع - ا - مونث] (۱) کرن (۲) روشنی - چمک -
شعاع ریزی (مونث) چمکانا - درخشاں کرنا - روشنی ڈالنا -
شُعاعی (شُ - عا - عی) [ع - صفت] کرن سے متعلق - روشن -
شعائر (شَ - عا - اِر) [ع - ا - مذکر] (۱) شعیرہ کی جمع (۲) قربانیاں (۳) رسوم (۴) فرائض اور عبادات -
شعائر حج - حج کے فرائض -
شعبان (شَع - بان) [ع - ا - مذکر] (۱) مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینا (۲) شب برات کا مہینا -
شُعبدہ (شُع - بَ - دہ) [ع - ا - مذکر] (۱) جادو کا کھیل (۲) نظربندی - دھوکا - فریب (۳) چالاکی کا مظاہرہ -
شعبدہ باز - شعبدہ گر (۱) وہ بازیگر جو حیرت انگیز کرتب دکھائے - بھان متی (۲) دھوکے باز (۳) مداری -
شعبدہ بازی (مونث) (۱) نظربندی (۲) جادوگری (۳) دغابازی - چالاکی -
شُعبہ (شُع - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) حصہ - شاخ (۲) وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے (۳) محکمہ -
شعر [ع - ا - مذکر] - موزوں مقفیٰ کلام -
شعرگوئی (مونث) شاعری - شعر کہنا -
شعرمرا بمدرسہ کہ بُرد (مثل) میرا شعر مدرسہ میں کون لے گیا! اس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز ناقدروں کے ہاتھ پڑ جائے -
شعروسخن - شاعری -
شُعَرا (شُ - عَ - را) [ع - ا - مذکر] شاعر کی جمع -
شعری (شِع - ری) [ف - صفت] شعر کی - شعر سے منسوب -
شعریت (شِع - ری - یت) [ع - ا - مونث] (۱) شعر کا حُسن - شعر کی روح (۲) حُسن و رعنائی - دلکشی -
شُعلہ (شُع - لہ) [ع - ا - مذکر] (۱) روشنی - چمک (۲) آگ کی لپٹ -
شعلہ افشاں (فشاں) شعلہ بار - شعلہ برسانے والا -
شعلہ جوالہ (۱) گرد اگرد پھرنے والا شعلہ (۲) معشوق -
شعلہ خو (۱) تیز مزاج - تند خو (۲) محبوب -
شعلہ رُخ - شعلہ رُو (۱) دمکتے چہرے والا (۲) معشوق -
شعلہ زبان - تیز زبان -
شعلہ زن - شعلہ مارنے والا - شعلہ نکالنے والا -
شعلہ طور - وہ نور جو حضرت موسیٰ کو طور پہاڑ پر دکھائی دیا -
شُعور (شُ - عُور) [ع - ا - مذکر] (۱) عقل - سلیقہ (۲) تمیز - پہچان -
شعور پکڑنا (۱) ہوش سنبھالنا (۲) تمیز سیکھنا -
شعیر (شَ - عیر) [ع - ا - مذکر] جو -

## ش - غ

شغال (شَ - غال) [ف - ا - مذکر] گیدڑ -
شغب (شَ - غب) [ع - ا - مذکر] شور و غل -

Marfat.com

**شغف** (شَ - غَف) [ع - ا - مذکر] بے حد محبت - بے انتہا رغبت -
**شغل** [ع - ا - مذکر] (۱) کام دھندا (۲) مشغلہ - پیشہ (۳) تفریح طبع (بضم اوّل بھی درست ہے) -
**شغل کرنا** - کسی کام میں مشغول ہونا (کھانے پینے وغیرہ کے لیے مستعمل ہے) -

## ش - ف

**شفا** - (شِ - فا) [ع - ا - مونث] صحت - تندرستی -
**شفاخانہ** (مذکر) بیماروں کے علاج کی جگہ - ہسپتال -
**شفایاب ہونا** - صحت ہونا - تندرست ہونا -
**شفاعت** (شَ - فا - عَت) [ع - ا - مونث] گناہوں کی معافی کی سفارش -
**شفاف** (شَف - فاف) [ع - صفت] نہایت صاف جس میں آر پار نظر آئے -
**شفتالو** (شَف - تا - لُو) [ف - ا - مذکر] ایک قسم کا بڑا آڑو -
**شفٹ** (SHIFT) [انگ - ا - مونث] (مزدوروں کی) بدل جوکی -
**شُفعہ** (شُف - عَہ) [ع - ا - مذکر] گھر یا زمین کی ہمسائگی جس کا بہت بڑا حق ہے -
**شفق** (شَ - فَق) [ع - ا - مونث] سُرخی جو طلوعِ آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروبِ آفتاب کے بعد شام کو نمودار ہوتی ہے -
**شفق پھولنا** (کھلنا) شفق کا نمودار ہونا -
**شفقت** (شَف - قَت) [ع - ا - مونث] (۱) لُطف - مہربانی (۲) محبت -
**شفیع** (شَ - فیع) [ع - صفت] (۱) شفاعت کرنے والا (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا -
**شفیع الامم** - اُمت کی شفاعت کرنے والا - پیغمبرِ اسلام کا لقب -
**شفیعِ محشر** - حشر کے دن شفاعت کرنے والا - رسول اللہ کا لقب -
**شفیق** (شَ - فیق) [ع - صفت] (۱) مہربان - ہمدرد (۲) مشفق

## ش - ق

**شق** [ع - صفت] (۱) پھٹا ہُوا (۲) [ا - مذکر] شگاف - دراڑ -
**شق القمر** - چاند کا پھٹ جانا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ
**شِق** [ع - ا - مونث] (۱) نصف حصہ (۲) ٹکڑا (۳) قسم - نوع -
**شقاوت** (شَ - قا - وَت) [ع - ا - مونث] (۱) بدبختی (۲) سنگدلی -
**شُقّہ** (شُق - قَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ رُقعہ جو بادشاہ اپنے اُمراء کو کسی ضروری امر کے لیے لکھے - خط - رُقعہ (۲) وہ کپڑا جو علَم میں باندھتے ہیں - پھریرا -

**شقی** (شَ - قی) [ع - صفت] (۱) بدبخت - بدنصیب (۲) ظالم - سنگدل -
**شقیقہ** (شَ - قی - قَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) کنپٹی (۲) آدھے سر کا درد -

## ش - ک

**شک** [ع - ا - مذکر] شُبہ - گُمان - احتمال -
**شک آنا** (پڑنا) شُبہ پیدا ہونا - گمان ہونا -
**شک گزرنا** - شُبہ ہونا -
**شکار** [ع - ا - مذکر] (۱) جانوروں کا مارنا (۲) مارا ہُوا جانور (۳) وہ جانور جس کا شکار عام طور پر کیا جاتا ہے -
**شکاربند** (مذکر) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لیے ہوتا ہے -
**شکار کرنا** (۱) کسی جانور کو مارنا (۲) قابو میں لانا (۳) فریفتہ کرنا - مطیع کرنا -
**شکار کھیلنا** - جانور کو مارنا - جانور کو پکڑنا -
**شکار کے وقت کُتیا ہگاسی** (مثل) کام کے وقت حیلے بہانے کرنا -
**شکارگاہ** (مذکر) شکار کھیلنے کا مقام - رمنہ - صیدگاہ -
**شکار ہونا** (۱) کسی جانور کا مارا جانا (۲) قابو میں آنا (۳) عاشق ہونا -
**شکاری** [ف - ا - مذکر] (۱) شکار کرنے والا (۲) [صفت] شکار کا کام دینے والی (کوئی چیز) - شکار سے منسوب -
**شکاری جانور** - شکار کرنے والا جانور -
**شکایات** (شِ - کا - یات) [ع - ا - مونث] شکایت کی جمع -
**شکایت** (شِ - کا - یَت) [ع - ا - مونث] (۱) گلہ - شکوہ - (۲) بیماری (۳) فریاد (۴) بُرائی - بدی -
**شکایت مند** - شکایت کرنے والا - گلہ گزار -
**شکایتی** (شِ - کا - یَ - تی) [اُ - صفت] شکایت سے متعلق - شکایت کرنے والا -
**شکتی** (شَک - تی) [س - ا - مونث] طاقت - بل - زور -
**شکر - شَکّر** (شَ - کَر - شَک - کَر) [ف - ا - مونث] کھانڈ - چینی - بُورا -
**شکرپارہ** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی -
**شکرخا** (۱) شکر چبایا ہُوا (۲) شیریں سخن -
**شکرخند** (خندہ) مسکراہٹ - تبسّم -
**شکرخورہ** (خورا) (مذکر) (۱) ایک پرند جو مٹھاس نہایت شوق سے کھاتا ہے (۲) تر مال کھانے والا -
**شکرخورے کو خدا شکر ہی دیتا ہے** (مثل) جیسی خواہش ہو ویسے ہی سامان پیدا ہو جاتے ہیں -
**شکرخورے کو شکر موذی کو ٹکر** (مثل) اچھے کو نیک نتیجہ اور بُرے کو سزا ملتی ہے -
**شکردان** (مذکر) چینی کا چھوٹا برتن -
**شکررنجی** (مونث) اَن بن - معمولی سی رنجش -
**شکرریز** - شیریں گفتار -

Marfat.com

**شکر سے مُنہ بھرنا** ۔ کسی خوشخبری کے شکریہ میں مٹھائی کھلانا ۔
**شکر قند** (مونث ) ایک قسم کی میٹھی ترکاری جسے اُبال کر یا بھُون کر کھاتے ہیں ۔
**شُکر** [ع ۔ ا ۔ مذکر ] احسان ماننا ۔ سپاس ۔ احسان مندی ۔
**شکر کی جگہ ہونا** ۔ احسان ماننے کا موقع یا محل ہونا ۔
**شکر گزار** ۔ احسان ماننے والا ۔
**شکر گزاری** (مونث ) احسان مندی ۔ ممنونیت ۔
**شکرانہ** (شَک ۔ را ۔ نَہ ) [ اَر ۔ ا ۔ مذکر ] وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی پڑا ہو ۔
**شُکرانہ** (شُک ۔ را ۔ نَہ ) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) شکریہ (۲) وہ رقم جو کسی وکیل کو کامیابی کے بعد علاوہ محنتانہ کے دی جائے ۔
**شکرم** (شِک ۔ رَم ) [ اَر ۔ ا ۔ مونث ] ایک قسم کی چار پہیّوں کی گاڑی ۔
**شکرہ** (شِک ۔ رَہ ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] باز کی قسم کا ایک شکاری جانور ۔
**شکریہ** (شُک ۔ ری ۔ یَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] کسی کے احسان کا تعریف کے ساتھ اظہار ۔
**شکست** (شِ ۔ کَست ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) ہار ۔ مات (۲) ٹوٹ پھُوٹ ۔
**شکستِ توبہ** ۔ توبہ کا توڑنا یا ٹوٹنا ۔
**شکست خوردہ** ۔ ہارا ہُوا ۔ ہزیمت یافتہ ۔
**شکستِ فاش** ۔ ایسی شکست جس میں کسی کو شبہ نہ ہو ۔ بھاری شکست ۔
**شکست کھانا** ۔ ہار جانا ۔ زک اُٹھانا ۔
**شکست و ریخت** ۔ ٹوٹ پھُوٹ ۔ نقصان ۔ ہرج ۔
**شکستگی** (شِ ۔ کَس ۔ تَ ۔ گی ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] ٹوٹ پھُوٹ ۔
**شکستہ** (شِ ۔ کَس ۔ تَہ ) [ف ۔ صف ] (۱) ٹوٹا ہُوا (۲) خراب ۔ بے رونق (۳) وہ رسم الخط جو گھسیٹ کر لکھا جائے (خطِ شکستہ ) ۔
**شکستہ بال** (بازو ۔ پا ) ۔ بے بس ۔ بے کس ۔ کمزور ۔
**شکستہ خاطر** (دل ) اُداس ۔ غمگین ۔ مایوس ۔
**شکستہ حال** ۔ خستہ حال ۔ محتاج ۔ مصیبت زدہ ۔
**شکستہ نویس** ۔ شکستہ رسم الخط میں لکھنے والا ۔
**شکل** [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) صورت (۲) وضع ۔ ڈھنگ (۳) جسم (۴) نقشہ ۔ ڈھانچا (۵) تدبیر ۔
**شکل تو دیکھو** (طنزاً ) حوصلہ دیکھو ۔ ہمت دیکھو ۔
**شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا** ۔ بدصورت پر غرور کرنے والا ۔
**شکل حماری** ۔ اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل جو ایسی آسان ہے کہ اسے نہ سمجھنے والا احمق سمجھا جاتا ہے ۔
**شکل دیکھا کرے** ۔ حیران ہو جائے ۔
**شکل و شباہت** ۔ صورت ۔ چہرہ ۔ رنگ ڈھنگ ۔
**شکل و شمائل** ۔ صورت و سیرت ۔
**شکم** (شِ ۔ کَم ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] پیٹ ۔ بطن ۔
**شکم پرست** (پیٹو ) (۱) پیٹو ۔ کھاؤ (۲) حریص ۔
**شکم سیر** ۔ پیٹ بھرا ۔ رجا ہُوا ۔ آسُودہ ۔
**شکمی** (شِک ۔ می ) [ف ۔ صف ] (۱) جنم کا ۔ پیدائشی (۲) پیٹ سے متعلق ۔
**شکمی کاشتکار** (مذکر ) وہ کسان جو اصل کاشتکار کی زمین جوتے اور اس کا نام پٹواری کے کاغذات میں نہ ہو ۔
**شِکن** (شِ ۔ کَن ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) چین ۔ بل (۲) جھول ۔ سلوٹ ۔
**شکن در شکن** ۔ پیچ دار ۔
**شکن ڈالنا** ۔ بل ڈالنا ۔ سلوٹ ڈالنا ۔
**شِکَن** (شِ ۔ کَن ) [ف ] مصدر شکستن کا اسم فاعل یعنی توڑنے والا ۔ (مرکبات میں ' جیسے عہد شکن ) ۔
**شکنجہ** (شِ ۔ کَن ۔ جَہ ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) مجرموں کو سزا دینے کا ایک آلہ (۲) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے یا پُشتہ لگاتے ہیں ۔
**شکنجے میں کھچوانا** (کھینچنا ) ملزم کو شکنجہ کے ذریعہ عذاب دینا ۔
**شکنی** (شِ ۔ کَ ۔ نی ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] توڑنا (مرکبات میں ' جیسے عہد شکنی ) ۔
**شکور** (شَ ۔ کُور ) [ع ۔ صف ] (۱) بہت شکر کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام ۔
**شکوک** (شُ ۔ کُوک ) [ع ۔ ا ۔ مذکر ] شک کی جمع ۔
**شکوہ** (شِ ۔ کوہ ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] رعب داب ۔ شان و شوکت ۔
**شکّی** (شک ۔ کی ) [ف ۔ صف ] وہمی ۔ شبہ کرنے والا ۔
**شکیب** (شِ ۔ کیب ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] صبر ۔ تحمل ۔ برداشت ۔
**شکیبائی** (شِ ۔ کے ۔ با ۔ ای ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] صبر ۔ تحمل ۔
**شکیل** (شَ ۔ کیل ) [ اَر ۔ صف ] حسین ۔ خوبصورت ۔ وجیہ (مرد ) ۔
**شکیلہ** (شَ ۔ کی ۔ لَہ ) [ اَر ۔ صف ] خوبصورت (عورت ) ۔

## ش ۔ گ

**شگاف** (شِ ۔ گاف ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) درز ۔ دراڑ ۔ جھری (۲) قلم کے بیچ کا چراؤ ۔
**شگاف دینا** (لگانا ) (۱) قلم کو چیرنا (۲) نشتر لگانا ۔ چیرا دینا ۔
**شگفتگی** (شِ ۔ گُف ۔ تَ ۔ گی ) [ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) پھُول کا کھلنا (۲) خوشی (۳) سرسبزی ۔ شادابی ۔
**شگفتہ** (شِ ۔ گُف ۔ تَہ ) [ف ۔ صف ] (۱) کھلا ہُوا (۲) خوش ۔
**شگفتہ پیشانی** (رُو ) ہنس مکھ ۔
**شگفتہ خاطر** ۔ خوش مزاج ۔ بشاش ۔
**شگفتہ دل** (طبع ۔ مزاج ) خوش مزاج ۔ ہنس مکھ ۔
**شگن** (شُ ۔ گُن ' شَ ۔ گُن ) [ ہ ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) شگون ۔ فال (۲) نذرانہ ۔ نیگ ۔
**شگن لینا** ۔ فال لینا ۔
**شگوفہ** (شِ ۔ گُو ۔ فَہ ) [ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) کلی (۲) انوکھی بات
**شگوفہ پھُوٹنا** (۱) کلیاں کھلنا (۲) انوکھی بات نکلنا (۳) فتنہ کھڑا ہونا ۔

Marfat.com

**شگوفہ چھوڑنا** - کوئی فتنہ انگیز بات کہنا -
**شگون** (شَ - گُون) [ف - ا - مذکر] (۱) شگن - فال (۲) نیک انجام -

## ش - ل

**شَل** [ع - صفت] (۱) بے حِس (۲) تھکا ماندہ -
**شَل ہو جانا** (۱) تھک جانا (۲) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا -
**شلجم - شلغم** (شَل - جَم، شَل - غَم) [ف - ا - مذکر] ایک ترکاری -
**شلنگ** (SHILLING) [انگ - ا - مذکر] انگریزی سکہ جو بارہ پنس کا ہوتا ہے -
**شلوار** (شَل - وار) [ف - ا - مونث] ایک قسم کا پاجامہ -
**شلوک** (شِ - لوک) [س - ا - مذکر] (۱) نظم - شعر (۲) حمد - قصیدہ -
**شلوکا** (شَ - لو - کا) [ہ - ا - مذکر] کہنیوں تک آستینوں کا کُرتا جو کم تنگ ہوتا ہے -

## ش - م

**شما** [ف - ض] تُم -
**شماتت** (شَ - ما - تَت) [ع - ا - مونث] کسی کے نقصان پر خوش ہونا -
**شمار** [ف - ا - مذکر] (۱) گنتی - تعداد (۲) حساب - تخمینہ -
**شمار سے باہر** - بے حساب - ان گنت -
**شمار کنندہ** (۱) شمار کرنے والا (۲) علم حساب میں کسر کے اوپر کا عدد جیسے ۲/۳ میں دو -
**شمار میں لانا** - کچھ نہ سمجھنا - پروا نہ کرنا -
**شمار میں نہ ہونا** - ادنیٰ ہونا - بالکل معمولی ہونا -
**شمار نویس** - محاسب - حساب کرنے والا -
**شماری** [ف - ا - مونث] گننا (مرکبات میں جیسے اختر شماری) -
**شماریات** (شُ - ما - ر - یات) [ف - ا - مونث] اعداد و شمار کی باضابطہ فراہمی (STATISTICS) -
**شمال** [ع - ا - مذکر] اُتر کی جانب -
**شمال رُو - شمال رویہ** - جس کا رُخ شمال کی طرف ہو -
**شمالی** [ف - صفت] شمال سے منسوب - اُتر کا -
**شمامہ** (شَ - ما - مہ) [ع - ا - مونث] خوشبو - خوشبو کی گولیاں -
**شمائل** (شَ - ما - اِل) [ع - ا - مذکر] عادتیں - خصلتیں (شمیلہ کی جمع) -
**شمر** [ع - ا - مذکر] (۱) حضرت امام حسینؑ کا قاتل (۲) (کنایۃً) مردود - شقی - ظالم -
**شمردہ** (شُ - مُر - دہ) [ف - صفت] گنا ہوا - شمار کیا ہوا -
**شمس** [ع - ا - مذکر] سورج - آفتاب -
**شمسہ** (شَم - سہ) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ سنہرا چاند جو کلس میں لگاتے ہیں (۲) چھوٹا پھندنا جو تسبیح میں لگاتے ہیں -
**شمسی** (شَم - سی) [ع - صفت] سورج سے متعلق - سورج کا -
**شمشاد** (شَم - شاد) [ف - ا - مذکر] ایک لمبا خوبصورت درخت -
**شمشان** (شَم - شان) [س - ا - مذکر] مسان جہاں ہندو مُردے جلاتے ہیں -
**شمشیر** (شَم - شِیر) [ف - ا - مونث] تلوار - تیغ -
**شمشیر بُرّاں** - کاٹنے والی تلوار - تیز تلوار -
**شمشیر برہنہ** (۱) ننگی تلوار (۲) (بغیر اضافت) لڑنے مرنے پر تیار -
**شمشیر بکف** - شمشیر ہاتھ میں لیے ہوئے - لڑنے پر تیار -
**شمشیر تولنا** - وار کے لیے تیار ہونا -
**شمشیر دو دم** - دو دھاری تلوار -
**شمشیر زن** (۱) بہادر (۲) تلوار چلانے والا -
**شمشیر زنی** [مونث] تلوار کی لڑائی -
**شمع** [ع - ا - مونث] موم کی بتی - چربی کی بتی -
**شمع انجمن** (۱) وہ جس سے محفل کی رونق ہو (۲) محبوب -
**شمع بڑھانا - شمع بجھانا** - چراغ بڑھانا -
**شمع حیات گل ہونا** - مرجانا -
**شمعدان** [مذکر] وہ برتن جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں -
**شمع رُخ - رخسار - رُو** - نورانی چہرے والا - (کنایۃً) معشوق -
**شمع سحری** - صبح کا چراغ - عنقریب فنا ہونے والا -
**شمع عالم تاب** - دُنیا کو روشن کرنے والی شمع - آفتاب -
**شمع کا آنسو** - موم کا ٹپکتا ہوا قطرہ -
**شمع کا خاموش ہونا** - شمع کا بجھ جانا -
**شمع کشتہ** - بجھی ہوئی شمع -
**شمع محفل** - وہ جس سے محفل کی رونق ہو - محبوب -
**شمع مزار** - وہ شمع جو مزار پر جلائی جاتی ہے -
**شمعی** (شَم - عی) [ا - ا - مذکر] سبز رنگ مائل بہ سیاہی - تیلیا ہو گیا -
**شملہ** (شَم - لہ) [ف - ا - مذکر] (۱) کندھے پر ڈالنے یا سر سے باندھنے کی مثال (۲) طرّہ -
**شملہ بمقدار علم** (مثل) جتنا علم ہو اس کی مناسبت سے دعویٰ زیبا ہے -
**شمول** (شُ - مُول) [ع - ا - مذکر] شامل ہونا -
**شمولیت** (شُ - مُو - لی - یت) [ف - ا - مونث] دیکھیے شمول -
**شمہ** (شَم - مہ) [ع - ا - مذکر] تھوڑی سی چیز - قلیل مقدار -
**شمیم** (شَ - مِیم) [ع - ا - مونث] خوشبو - مہک - نکہت -

## ش - ن

**شنا** (شِ - نا) [ف - ا - مونث] تیرنا -
**شناخت** (شِ - ناخت) [ف - ا - مونث] (۱) پہچان - تمیز (۲) واقفیت -
**شناختی** (شِ - ناخ - تی) [اُر - صفت] جس سے پہچانا جا سکے -
**شناختی کارڈ** - وہ کارڈ جس کے اندراجات سے کارڈ رکھنے والے کی

Marfat.com

شناخت مقصود ہو -
**شناختی نشان** - جسم پر کوئی ایسا نمایاں نشان جس سے شناخت ہو سکے -
**شناس** (شِ - ناس) [ف] مصدر شناختن کا اسم فاعل یعنی پہچاننے والا - تمیز کرنے والا - (مرکبات میں جیسے حق شناس) -
**شناسا** (شِ - نا - سا) [ف - صفت] (۱) پہچانا ہُوا (۲) دیکھا ہُوا -
**شناسائی** (شِ - نا - سا - ئی) [ف - ا - مونث] جان پہچان - واقفیت
**شناسی** [ف - ا - مونث] پہچاننا (مرکبات میں جیسے فرض شناسی)
**شناور** (شِ - نا - وَر) [ف - صفت] پیراک - تیرنے والا -
**شناوری** - (شِ - نا - وَ - ری) [ف - ا - مونث] پیراکی -
**شنبہ** (شَم - بہ) [ف - ا - مذکر] ہفتہ - سنیچر -
**شنجرف - شنگرف** (شِن - جَرف، شِن - گَرف) [ف - ا - مذکر] ایک سُرخ رنگ کی دھات، جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے -
**شنگ** (ف - صفت) چالاک - شوخ - ظریف -
**شنوائی** (شُن - وا - ئی) [ف - ا - مونث] (۱) سماعت - سُننا (۲) دادرسی -
**شنید** (شُ - نید) [ف - ا - مونث] (۱) سُنی ہوئی بات (۲) سُننا -
**شنیدنی** (شُ - نی - دَ - نی) [ف - صفت] سُننے کے قابل -
**شنیدہ** (شُ - نی - دَہ) [ف - صفت] سُنا ہُوا -
**شنیدہ کے بود مانند دیدہ** (مثل) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلہ میں نہیں ہو سکتی -
**شنیع** (شَ - نیع) [ع - صفت] بد - خراب -
**شنیعہ** (شَ - نی - عہ) [ع - صفت] شنیع کی تانیث -

## ش - و

**شو** [ف - ا - مذکر] شوہر کا مخفف -
**شو** (SHOW) [ انگ - ا - مذکر] (۱) تماشا - نمائش (۲) دکھاوا - نمود -
**شو** [ف] مصدر شستن کا اسم فاعل - دھونے والا - (مرکبات میں مستعمل ہے - جیسے مُردہ شو) -
**شُو** (SHOE) [ انگ - ا - مذکر] جوتا -
**شوال** (شَو - وال) [ع - ا - مذکر] مسلمانوں کا دسواں قمری مہینا - عیدالفطر کا مہینا -
**شوالا** (شِ - وا - لا) [ہ - ا - مذکر] مہادیو کا استھان - شیو جی کا مندر -
**شواہد** (شَ - وا - ہِد) [ع - ا - مذکر] شاہد کی جمع (۱) گواہ (۲) مثالیں (۳) ثبوت -
**شوب** [ف - ا - مذکر] دُھلائی -
**شوبھا** [س - ا - مونث] حُسن - سجاوٹ - خوبصورتی -
**شوخ** (ف - صفت) (۱) شریر - گستاخ (۲) ظریف (۳) چلبلا - تیز (۴) نڈر - بے باک -
**شوخ چشم** (دیدہ) بے حیا - بے شرم - ڈھیٹ -
**شوخ چشمی** (مونث) بے حیائی - گستاخی -
**شوخ طبع** (مزاج) (۱) تیز طبع (۲) بے باک -
**شوخی** [ف - ا - مونث] (۱) چلبلاپن (۲) شرارت (۳) ظرافت (۴) گستاخی (۵) رنگ کی تیزی -
**شُودر** (شُو - دَر) [ہ - ا - مذکر] ہندوؤں کی نیچ ذات - کمین لوگ -
**شور** [ف - ا - مذکر] (۱) غل (۲) شہرت - دُھوم (۳) کھاری نمک (۴) غصّہ (۵) کھار -
**شور لگنا** - کھار پیدا ہونا - زمین کا نمکین ہونا -
**شور محشر - شور نشور** - قیامت کا شور - بہت شور -
**شور و شر** - فتنہ و فساد - لڑائی دنگا - ہنگامہ - بلوہ -
**شور و شغب** (۱) غل شور (۲) لڑائی جھگڑا -
**شوربا** [ف - ا - مذکر] - پتلا سالن - پکے ہوئے گوشت کا پانی -
**شورش** (شو - رِش) [ف - ا - مونث] فتنہ - فساد - بلوہ - ہنگامہ -
**شورش برپا کرنا** - ہنگامہ کرنا - بغاوت کرنا -
**شورہ** (شو - رَہ) [ف - ا - مذکر] ایک قسم کا کھار -
**شورہ پُشت** - سرکش - نافرمان - لڑاکا -
**شورہ پُشتی** (مونث) لڑائی - جھگڑا - دنگا -
**شوریٰ** (شُو - را) [ع - ا - مذکر] مشورہ - صلاح -
**شوریت** (شو - ری - یَت) [ف - ا - مونث] کھاری پن -
**شوریدگی** (شو - ری - دَ - گی) [ف - ا - مونث] (۱) پریشانی حیرانی - جنون (۲) عشق -
**شوریدہ** (شو - ری - دَہ) [ف - صفت] (۱) پریشان حیران (۲) دیوانہ (۳) عاشق -
**شوریدہ بخت** - بدبخت - بدقسمت -
**شوریدہ حال** - پریشان حال -
**شوریدہ خاطر** - پریشان خاطر - پریشان حال -
**شوریدہ دماغ** (مزاج - سر) دیوانہ - سودائی -
**شوریدہ روزگار** - پریشان حال - بے سروسامان -
**شوریدہ سری** (مونث) دیوانگی - جنون -
**شوشہ** [ف - ا - مذکر] (۱) ریزہ - ٹکڑا (۲) حرف کا سرا - (۳) جھگڑے کی بات - شگوفہ - انوکھی بات -
**شوشہ چھوڑنا** - فساد انگیز بات کہنا - انوکھی بات کہنا -
**شوفر** (CHAUFFEUR) [ انگ - ا - مذکر] موٹر چلانے والا ملازم - ڈرائیور -
**شوق** [ع - ا - مذکر] (۱) خواہش - اشتیاق (۲) رغبت میل -
**شوق چرانا** - شوق ہونا - جی چاہنا -
**شوق سے** (۱) دل سے - رغبت سے (۲) خوشی سے -
**شوقین** (شو - قین) [ ا - صفت] (۱) شائق (۲) مشتاق - خواہش مند (۳) چھیلا رنگیلا -
**شوقیہ** (شو - قی - یہ) [ف - صفت] (۱) دل بہلانے کے لیے (۲) منسوب بہ شوق -

Marfat.com

**شوکت** (شَو ۔ کَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) زور ۔ قوت (۲) رُعب داب (۳) شان شکوہ ۔
**شُوگر** (SUGAR) (شُو ۔ گر) [انگ ۔ ا ۔ مونث] کھانڈ ۔
**شُوم** [ع ۔ صف] (۱) منحوس (۲) کنجوس ۔ بخیل ۔
**شُوم قدم** ۔ سبز قدم ۔ وہ شخص جس کا قدم نحس ہو ۔
**شُومی** [ف ۔ ا ۔ مونث] بدبختی ۔ نحوست ۔
**شُومیِ بخت** (قسمت ۔ تقدیر) بدنصیبی ۔ نحوست ۔
**شوہر** [ف ۔ ا ۔ مذکر] خاوند ۔ میاں ۔ مالک ۔
**شوئی** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) دھونا ۔ (مرکبات میں جیسے اشک شوئی) ۔

## ش ۔ ہ

**شہ** [ف ۔ ا ۔ مذکر] شاہ کا مخفف ۔ بادشاہ (مرکبات شاہ کے تحت دیکھیے) ۔ [مونث] (۱) ڈھیل (۲) شاہ شطرنج کو کشت (۳) ترغیب ۔ اشتعال ۔ بھڑکانا ۔
**شہ پانا** ۔ اشارہ پانا ۔ بہکانے یا ورغلانے میں آنا ۔
**شہ دینا** (۱) اُکسانا ۔ بھڑکانا (۲) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا ۔
**شہ رُخ** (مذکر) شطرنج میں رُخ کی شہ ۔
**شہ مات** (مونث) شطرنج کی بازی میں کشت دے کر شاہ کو مات دینا ۔
**شہاب** (شِ ۔ ہاب) [ف ۔ ا ۔ مذکر] نہایت سُرخ رنگ جو کسم کو بھگو کر ٹپکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے ۔
**شہاب** (شِ ۔ ہاب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا ہُوا دکھائی دیتا ہے (۲) روشن ستارہ (۳) شعلہ ۔
**شہابِ ثاقب** ۔ وہ چمکتا ہُوا ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے ۔
**شہادت** (شَ ۔ ہا ۔ دت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) گواہی (۲) راہِ خدا میں شہید ہونا ۔
**شہادتِ رُویت** ۔ چشم دید گواہی ۔
**شہادتِ سمعی** ۔ سُنی سُنائی گواہی ۔
**شہادتِ منقول** ۔ وہ گواہی جو دوسرے کے بیان کے حوالہ سے ہو ۔
**شہادت نامہ** (مذکر) (۱) تحریری شہادت جو داخل کی جائے (۲) مسلمان کفنی پر کلمۂ شہادت لکھ کر مُردے کے کفن میں رکھتے ہیں (۳) وہ کتاب جس میں حضرت امام حسینؑ کی شہادت کا حال ہو ۔
**شہامت** (شَ ۔ ہا ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] بہادری ۔ شجاعت ۔
**شہانہ** (شَ ۔ ہا ۔ نہ) [ف ۔ صف] (۱) شاہانہ کا مخفف (۲) [مذکر] شادی کا جوڑا (۳) ایک قسم کا شادی کا گیت ۔ ایک قسم کی گت ۔
**شہتیر** [ف ۔ ا ۔ مذکر] شاہ کے تحت دیکھیے ۔
**شہد** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ میٹھا شیرہ جو مہال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں (۲) [اُر ۔ صف] نہایت شیریں ۔
**شہد کی مکھی** (مونث) (۱) وہ مکھی جو شہد جمع کرتی ہے (۲) وہ شخص جو چمٹ جائے ۔
**شہد لگا کر چاٹو** (طنزاً) کمال احتیاط سے رکھو ۔
**شُہدا** (شُ ۔ ہَ ۔ دا) [ع ۔ ا ۔ مذکر] شہید کی جمع ۔
**شُہدا** (شُہ ۔ دا) [اُر ۔ ا ۔ مذکر] لُچا ۔ بدمعاش ۔ غنڈا ۔
**شُہدا پن** ۔ شُہدپنا (مذکر) لُچپن ۔ بدمعاشی ۔
**شَہر** [ع ۔ ا ۔ مذکر] قمری مہینا ۔ ماہ ۔
**شہر** [ف ۔ ا ۔ مذکر] بڑی آبادی ۔ بلدہ ۔ نگر ۔
**شہر آشوب** ۔ وہ نظم جس میں کسی شہر کی پریشانی و بربادی کا ذکر ہو ۔
**شہر بدر کرنا** ۔ جلاوطن کرنا ۔ دیس نکالا دینا ۔
**شہر پناہ** (مونث) فصیل ۔ شہر کی چار دیواری ۔
**شہر خموشاں** (مذکر) قبرستان ۔ گورستان ۔
**شہر دار** ۔ شہر کا باشندہ ۔
**شہر گرد** ۔ شہر گشت (مذکر) شہر میں گشت کرنے والا ۔
**شہر میں اُونٹ بدنام** (مثل) (۱) وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو (۲) مشہور آدمی کی شامت آتی ہے ۔ نامی چور مارا جاتا ہے ۔
**شہریار** (مذکر) بادشاہ ۔
**شُہرت** (شُہ ۔ رَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) افواہ ۔ چرچا (۲) ناموری ۔ نیک نامی (۳) رسوائی ۔ بدنامی ۔
**شہرت پانا** ۔ مشہور ہونا ۔ نام حاصل کرنا ۔
**شہرت ہونا** ۔ مشہور ہونا ۔ دھوم ہونا ۔
**شہرت یافتہ** ۔ مشہور و معروف ۔ جس کی دھوم مچی ہو ۔
**شُہرہ** (شُہ ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دھوم دھام ۔ غلغلہ ۔ شہرت ۔
**شُہرۂ آفاق** ۔ دُنیا بھر میں مشہور ۔
**شہری** (شَہ ۔ ری) [ف ۔ صف] (۱) شہر سے منسوب (۲) شہر کا باشندہ ۔
**شہری آزادی** (مونث) تقریر تحریر اور اجتماع کی آزادی ۔ وہ بنیادی حقوق جو مُلک کے ہر باشندے کو حاصل ہوں ۔
**شہریت** (شَہ ۔ ری ۔ یت) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت (۲) کسی مُلک کا شہری ہونا ۔
**شہلا** (شہ ۔ لا) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) وہ عورت جس کی آنکھیں بھیڑ کی مانند ہوں (۲) سیاہی لیے ہوئے بھوری آنکھ (۳) نرگس کے پھول کی ایک قسم ۔
**شہنا ۔ شہنائی** (شَہ ۔ نا) (شَہ ۔ نا ۔ ئی) [ف ۔ ا ۔ مونث] نفیری ۔ بانسری ۔ الغوزہ ۔
**شہنشہ ۔ شہنشاہ** (شَ ۔ ہَن ۔ شہ) (شَ ۔ ہَن ۔ شاہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] شاہنشاہ کا مخفف ۔ بادشاہوں کا بادشاہ ۔
**شہنشاہی** (شَ ۔ ہَن ۔ شا ۔ ہی) [ف ۔ ا ۔ مونث] بادشاہی ۔
**شہنشاہیت** (شَ ۔ ہَن ۔ شا ۔ ہی ۔ یت) [ف ۔ ا ۔ مونث] دوسرے ملکوں پر قبضہ کرنا ۔ امپیریلزم ۔ ملوکیت ۔ سامراج ۔
**شہوات** (شہ ۔ وات) [ع ۔ ا ۔ مونث] شہوت کی جمع ۔

Marfat.com

خواہشیں - لذّتیں -
شہوات نفسانی - جنسی خواہش - گھٹیا خواہشیں -
شہوانی - شہوی (شہ - وا - نی) - (شہ - وی) [ع - صف] شہوت سے متعلق -
شہوت (شہ - وت) [ع - ا - مونث] (۱) خواہش - آرزو - حصولِ لذت کا شوق (۲) جنسی خواہش -
شہوت انگیز - خواہش نفسانی کو اُبھارنے والا -
شہوت پرست - نفس پرست - عیّاش -
شہود (شُ - ہود) [ع - ا - مذکر] (۱) حاضر ہونا (۲) اہلِ تصوّف کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں جلوۂ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آئے -
شہی (شَ - ہی) [ف - ا - مونث] شاہی کا مخفف - بادشاہی
شہید (شَ - ہید) [ع - ا - مذکر] (۱) خدا کی راہ میں قربان ہونے والا (۲) وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۳) عاشق -
شہیدِ کربلا - حضرت امام حسین رضؓ -
شہیدِ ناز - عاشق -
شہیر (شَ - ہیر) [ع - صف] مشہور - نام ور -

## ش - ی

شے (شَی) [ع - ا - مونث] (۱) چیز (۲) معاملہ - واقعہ -
شے لطیف کی کمی - عقل اور سمجھ بوجھ کی کمی -
شے مبیعہ - بِکی ہوئی چیز -
شے متنازعہ - وہ شے جس کی بابت جھگڑا ہو -
شے مرہونہ - وہ شے جو رہن کی گئی ہو -
شے مکفولہ - وہ چیز جو ضمانت میں دی گئی ہو -
شے موہوبہ - وہ شے جو ہبہ کی گئی ہو -
شیاطین (شَ - یا - طین) [ع - ا - مذکر] شیطان کی جمع -
شیب [ع - ا - مذکر] (۱) بڑھاپا (۲) بالوں کی سفیدی -
شیتل (شی - تل) [س - صف] ٹھنڈا - سرد - یخ -
شیٹ (SHEET) [انگ - ا - مذکر] (۱) کاغذ کا تختہ - تاؤ - (۲) دھات یا پانی کی چادر (۳) پلنگ کی چادر -
شیخ [ع - ا - مذکر] (۱) بُوڑھا آدمی (۲) پیر - مُرشد (۳) مذہبی علوم میں فائق (۴) پیشوا (۵) سجادہ نشین (۶) مسلمانوں کی ایک ذات -
شیخ الاسلام - سب سے بڑا پیشوائے دین -
شیخ الشیوخ - تمام عالموں اور فاضلوں کا سرگروہ - پیر مشائخ -
شیخ چلی (مذکر) (۱) بے وقوف (۲) ایک فرضی احمق -
شیخ چلی کا منصوبہ - وہ منصوبہ جو باطل ذہنی ہو -
شیخ نجدی (مذکر) شیطان کا لقب -
شیخ و شاب (مذکر) بُوڑھا اور جوان - سب لوگ -
شیخانی (شے - خا - نی) [اُر - ا - مونث] شیخ کی عورت - شیخ کی بیوی -

شیخی (شے - خی) [اُر - ا - مونث] بڑائی - گھمنڈ - ڈینگ -
شیخی باز - شیخی خورا - گھمنڈی - ڈینگ ہانکنے والا -
شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا - خودستائی کرنا - اترانا -
شیخی جتانا - بڑائی ظاہر کرنا - خودستائی کرنا -
شیخی جھڑنا - شیخی کرکری ہونا - سُبکی ہونا - خفت ہونا - غرور ڈھیلا
شیدا (شے - دا) [ف - صف] عاشق - فریفتہ - فدا -
شیدائی (شے - دا - ای) [ف - صف] شیدا ہونے والا -
شیدی (شی - دی) [ف - ا - مذکر] (۱) حبشیوں کا لقب (۲) حبشی -
شیڈ (SHED) [انگ - ا - مذکر] سائبان - چھپر - اُسارا -
شیڈ (SHADE) [انگ - ا - مذکر] (۱) سایہ - چھاؤں (۲) گوشہ (۳) تصویر کا تاریک حصہ (۴) رنگ کا مختلف ہونا -
شیڈول (SCHEDULE) (شے - ڈول) [انگ - ا - مذکر] فہرست - جدول - نقشہ - گوشوارہ -
شیر [ف - ا - مذکر] (۱) باگھ - اسد (۲) [صف] بہادر - جواں مرد - نڈر -
شیر انداز - شیر افگن - شیر کو پچھاڑنے والا - شجاع - دلیر - بہادر -
شیر ببر - ایک قسم کا بہت بڑا شیر جس کی گردن پر بالوں کے گچھے ہوتے ہیں -
شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں - (مثل) عدل اور انصاف کی تعریف میں بولتے ہیں -
شیر خدا - حضرت علیؑ کا لقب -
شیر دل - دلیر - قوی - بہادر -
شیر قالین (مذکر) (۱) شیر کی وہ تصویر جو اکثر قالینوں پر بنی ہوتی ہے (۲) بزدل -
شیر کا بال (مذکر) سمِ قاتل - زہر ہلاہل -
شیر کرنا - حوصلہ بڑھانا -
شیر کی خالہ (مونث) بلی -
شیر مرد - بہادر - شجاع -
شیر نیستاں (۱) جنگل کا شیر (۲) بڑا بہادر -
شیر ہونا - کسی پر دلیر ہونا -
شیر یزداں - حضرت علی کا لقب - خدا کا شیر -
شیر - [ف - ا - مذکر] دُودھ -
شیر برنج (مذکر) چاولوں کی کھیر -
شیر پیما (مذکر) آلہ جس سے دُودھ کے خالص ہونے کا امتحان کیا جاتا ہے - دُودھ کسوٹی (LACTOMETER)
شیر خشت (مونث) ایک میٹھی دوا جو بطور مُسہل استعمال ہوتی ہے -
شیر خوار - شیر خور - دُودھ پیتا بچّہ -
شیر خوارگی (مونث) وہ عمر جس میں بچّہ دُودھ پیتا ہے -
شیر دان (مذکر) (۱) دُودھ کا برتن (۲) بکری کا معدہ -
شیر گرم - نیم گرم -
شیر مادر (۱) ماں کا دُودھ (۲) حلال - مباح - جائز -
شیر مال (مذکر) میدے کی خمیری روغنی روٹی -
شیر و شکر (۱) دُودھ اور شکر کی طرح ملا ہوا - ایک جان دو قالب -
شیر و شکر ہونا - نہایت مانوس ہونا - گھل مل جانا -

Marfat.com

**شیرازہ** (شی۔را۔زہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) وہ فیتہ جو کتاب کی جُزبندی کے بعد اس کی پُشت پر لگاتے ہیں (۲) انتظام۔
**شیرازہ بکھرنا** (۱) متفرق ہو جانا (۲) ابتری پڑنا (۳) انتظام بگڑنا۔
**شیرازہ بندی** (مونث) (۱) جلد بندی (۲) انتظام۔
**شیرازی** [ف۔صف] (۱) شہر شیراز کا (۲) [مذکر] ایک قسم کا کبوتر۔
**شیرنی** [اُر۔ا۔مونث] شیر کی مادہ۔
**شیرہ** (شی۔رہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) قوام۔ چاشنی (۲) پتلا گُڑ۔ راب۔
**شیریں** (شی۔ریں) [ف۔صف] میٹھا۔
**شیریں ادا**۔ اچھی اداؤں والا۔
**شیریں بیان**۔ خوش بیان۔ شیریں کلام۔
**شیریں زبان** (سخن۔ کلام۔ نفس۔ مقال) خوش گفتار۔ فصیح۔ میٹھی زبان والا۔
**شیرینی** (شی۔ری۔نی) [ف۔ا۔مونث] مٹھائی۔
**شیشم** (شی۔شم) [ہ۔ا۔مذکر] ایک درخت جس کی لکڑی نہایت وزنی اور مضبوط ہوتی ہے۔
**شیش محل** [ف۔ا۔مذکر] وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔
**شیش ناگ** [س۔ا۔مذکر] ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ایک بڑا سانپ جس کے ہزار سر ہیں اور جو دُنیا کو اُٹھائے ہوئے ہے۔
**شیشہ** (شی۔شہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) آئینہ (۲) کانچ (۳) بوتل۔
**شیشے کا بال**۔ باریک درز جو شیشے کو چوٹ لگنے سے آجاتی ہے۔
**شیشے میں اتارنا**۔ قابو میں لانا۔ مسخّر کرنا۔ پرچانا۔
**شیشی** (شی۔شی) [ف۔ا۔مونث] کانچ کی چھوٹی سی بوتل۔
**شیطان** (شے۔طان) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ابلیس (۲) نافرمان۔ سرکش (۳) مردود۔ نکالا ہُوا (۴) شریر۔ بدذات (۵) جھگڑا۔ فساد (۶) غصہ۔ غضب۔

**شیطان اترنا** (۱) غصہ دُور ہونا (۲) شرارت رفع ہونا۔
**شیطان اُچھلنا**۔ شرارت سُوجھنا۔
**شیطان چوکڑی** (مونث) شرارتی آدمیوں کی ٹولی۔
**شیطان سر پر (چڑھنا) سوار ہونا** (۱) غصہ چڑھنا (۲) شرارت پر آنا۔
**شیطان سے زیادہ مشہور**۔ بہت بدنام۔ رُسوائے زمانہ۔
**شیطان کی آنت** (۱) بڑی لمبی چیز (۲) طول طویل قصّہ۔
**شیطان کے کان بہرے** (مثل) (۱) شیطان نہ سُنے۔ خدا چشمِ بد دور کے کان تک یہ بات نہ پہنچائے (۲) خدا کرے یہ خبر جھوٹ ہو۔
**شیطان کے کان کاٹنا**۔ شیطان سے زیادہ شریر اور فتنہ انگیز ہونا۔
**شیطان کے گھر ولی** (مثل) نالائق شخص کی اولاد کا نیک ہونا۔
**شیطان مجسم**۔ سرتاپا شریر۔ بے حد شریر۔
**شیطانی** (شے۔طا۔نی) [اُر۔صف] شیطان سے منسوب۔ شیطان کا۔
**شیطنت** (شے۔طَ۔نَت) [اُر۔ا۔مونث] شرارت۔
**شیعہ** (شی۔عہ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) گروہ (۲) مُسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؓ کو پیغمبرِ اسلام کے بعد خلافت کا حق دار مانتا ہے (۳) امامیہ مذہب کا پیرو۔
**شیعی** (شی۔عی) [ع۔صف] شیعہ فرقے سے منسوب۔
**شیفتگی** (شیف۔تَ۔گی) [ف۔ا۔مونث] (۱) عشق (۲) مدہوشی۔ حیرانی۔
**شیفتہ** (شیف۔تہ) [ف۔صف] (۱) عاشق۔ فریفتہ (۲) متحیر۔ پریشان۔
**شیلف** (SHELF) [انگ۔ا۔مونث] طاق۔ الماری۔ خانہ۔
**شیو** (SHAVE) [انگ۔ا۔مذکر] حجامت۔
**شیو۔ شیوا** [س۔ا۔مذکر] ہندوؤں کا ایک بڑا دیوتا۔
**شیوراتری** (مذکر) ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جو شیوجی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
**شیوخ** (شُ۔یُوخ) [ع۔ا۔مذکر] (۱) شیخ کی جمع۔ بوڑھے (۲) اُستاد۔ معلمین۔
**شیون** (شے۔وَن) [ف۔ا۔مذکر] ماتم۔ آہ و زاری۔
**شیوہ** (شے۔وَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) طور۔ طریق۔ انداز (۲) ناز۔

Marfat.com

# ص

ص - (صاد - صواد) [ع - ا - مذکر] اُردو کا بیسواں، فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے نوّے عدد فرض کیے گئے ہیں - اسے صادِ مُہملہ یا صادِ غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں -

## ص - ا

**صابِر** [ع - صف] صبر کرنے والا - مُتحمّل - بُردبار -
**صابِری** (صا - ب - ری) [ف - صف] (۱) صابر سے منسوب (۲) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت سید علی احمد صابر کلیری سے منسوب ہے -
**صابُن** (صا - بُن) [اَ - ا - مذکر] عربی لفظ صابُون کا مورد - میل صاف کرنے کی چیز جو تیل، سوڈا اور چربی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے -
**صابن سامنے میں گھلنا** - صابن سامنے ہونا - سیٹھا سیٹھا مُنہ ہونا -
**صابُون** [ع - ا - مذکر] دیکھیے صابُن -
**صاحِب** [ع - ا - مذکر] (۱) دوست - ساتھی (۲) مالک - آقا (۳) کلمہ تعظیم (۴) جنٹلمین - شریف -
**صاحبِ اختیار** - آزاد - مطلق العنان -
**صاحبُ الزّمان** - حضرت امام مہدی کا لقب -
**صاحبِ بہادُر** (۱) انگریز - یورپین (۲) ٹھاٹھ باٹھ کرنے والا -
**صاحبِ تخت** - بادشاہ -
**صاحبِ تدبیر** - ذی شعور - ہوشیار - تجربہ کار - مُدبّر -
**صاحبِ جائداد** - وہ شخص جس کے پاس زمین، املاک، باغات وغیرہ ہوں -
**صاحبِ جمال** - حسین - خوبصورت -
**صاحبِ حیثیت** - دولت مند - معزز -
**صاحبِ خانہ** (۱) گھر کا مالک (۲) میزبان -
**صاحبِ دیوان** - وہ شاعر جس کے کلام کا مجموعہ شائع ہو چکا ہو
**صاحبِ ذوق** (۱) عارفِ کامل (۲) فنونِ لطیفہ کا اچھا مذاق رکھنے والا -
**صاحبزادہ** (مذکر) (۱) شریف زادہ (۲) بیٹا - کسی بزرگ دین کی اولاد -
**صاحبزادی** (مونث) بیٹی - دختر -
**صاحب سلامت** (مونث) علیک سلیک - ملاقات - جان پہچان
**صاحبِ عالم** - شہزادگانِ دہلی کا لقب -
**صاحبِ فراش** - وہ بیمار جو بستر سے نہ اُٹھ سکے -
**صاحبِ قلم** - ادیب - شاعر -
**صاحبِ کتاب** - وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب اُتری ہو -
**صاحبِ کمال** (۱) ماہر (۲) ولی - عالم -
**صاحب لوگ** - یورپی - فرنگی -
**صاحبِ لولاک** - جنابِ رسالت مآب -
**صاحبِ من** - میرے صاحب - جنابِ من -
**صاحبان** (صا - ح - بان) [ف - ا - مذکر] صاحب کی فارسی جمع -
**صاحبو!** (صا - ح - بو) [اُ - خطاب] اے حاضرینِ جلسہ -
**صاحبہ** (صا - ح - بہ) [ع - ا - مونث] صاحب کی تانیث - محترمہ -
**صاحبی** (صا - ح - بی) [ف - ا - مونث] (۱) حکومت - عہدہ (۲) شیخی - ٹھاٹھ باٹھ (۳) مغربی انداز اور طور طریقہ -
**صاد** [ع - ا - مذکر] (۱) حرف ص کا تلفظ (۲) علامتِ تصدیق و اقرار (صح) (۳) قرآن شریف کی اڑتیسویں سُورت -
**صاد کرنا / لکھنا** (۱) تصدیق کرنا - منظور کرنا (۲) دستخط کرنا -
**صادِر** [ع - صف] نافذ ہونے والا - نکلنے والا -
**صادر کرنا** - جاری کرنا - حکم یا قانون پاس کرنا -
**صادر و وارد** (۱) مسافر - آنا جانا (۲) مہمان -
**صادر ہونا** (۱) نافذ ہونا (۲) پیش آنا (۳) پہنچنا -
**صادِق** [ع - صف] (۱) سچا (۲) وفادار (۳) ٹھیک - موزوں -
**صادق آنا** (۱) درست ہونا (۲) چسپاں ہونا - عائد ہونا -
**صادِقُ الاعتقاد** - سچے اعتقاد والا -
**صادِقُ القول** - بات کا پُورا - عہد کا پکا -
**صارِف** [ع - صف] خرچ کرنے والا - استعمال کرنے والا -
**صارِفین** (صا - ر - فین) [ع - ا - مذکر] صارف کی جمع - صرف کرنے والے - استعمال کرنے والے -
**صارِم** [ع - صف - و - ا - مذکر] (۱) تیز تلوار (۲) بہادر آدمی -
**صاع** [ع - ا - مذکر] ۲۴۴ تولے کا ایک وزن -
**صاعِد** [ع - صف] اُوپر چڑھنے والا -
**صاعِقہ** (صا - ع - قہ) [ع - ا - مونث] کڑکنے والی بجلی -
**صاعقہ بار** - صاعقہ زا - صاعقہ فگن - بجلی گرانے والا -
**صاف** [ع - صف] (۱) کھرا - خالص (۲) اُجلا - بے داغ (۳) آسان (۴) ہموار (۵) قطعی (۶) مفصّل - واضح (۷) ٹھیک - درست -
**صاف انکار کرنا** - بالکل جواب دینا - مُکر جانا -
**صاف بات** (مونث) بے لاگ بات -
**صاف باطن** - بے کینہ - جس کے باطن میں کھوٹ نہ ہو -
**صاف جواب دینا** - بالکل انکار کرنا - دو ٹوک جواب دینا -
**صاف چھوٹنا** - بری ہونا - بے قصور بن کر رہائی پانا -
**صاف دل** - بے کینہ - بے ریا -
**صاف دیدہ** - بے شرم - بے حیا - بے غیرت -
**صاف شفّاف** - ایسا صاف جس کے آر پار نظر آ سکے -
**صاف صاف** - بے لاگ - کھری کھری - کھلم کھلا - علانیہ -
**صاف کرنا** (۱) دھونا - کوڑا کرکٹ نکالنا (۲) مسودہ کو ٹھیک کر کے لکھنا (۳) جنگل کاٹ کر میدان بنانا (۴) چٹ کرنا -

Marfat.com

(۵) اُجاڑنا (۶) مشق کرنا (۷) مذبوحہ جانور کو بنانا (۸) مُونڈنا۔
صاف نکل جانا۔ کسی صدمہ یا خطرناک جگہ سے بچ کر چلا جانا۔
صاف ہونا (۱) اخلاص ہونا (۲) کھلنا (۳) بہت سے لوگوں کا مارا جانا (۴) جنگل کا کاٹا جانا (۵) بال مونڈا جانا (۶) بے باق ہونا (۷) آسمان کھلنا (۸) درست کر کے لکھا جانا۔
**صافہ** [اَ۔ ا۔ مذکر] (۱) سر پر باندھنے کا دوپٹا (۲) شکاری جانور کا بھوکا رکھنا۔
**صافی** [ف۔ ا۔ مونث] (۱) رُومال یا کپڑے کا ٹکڑا جس سے صفائی کی جائے۔ چولھے پر سے برتن اُتارنے کا کپڑا (۲) چھاننے کا کپڑا۔
**صالح** [ع۔ صفت] نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
**صالحات** [ع۔ ا۔ مونث] (۱) صالحہ کی جمع۔ نیک عورتیں۔ (۲) اچھے کام۔
**صالحہ** [ع۔ ا۔ مونث] پاک دامن بی بی۔
**صالحین** (صا۔ لِ۔ حِین) [ع۔ ا۔ مذکر] صالح کی جمع۔
**صامت** [ع۔ صفت] چُپ۔ خاموش۔
**صانع** [ع۔ صفت] (۱) بنانے والا (۲) پیدا کرنے والا۔ خالق
صانعِ حقیقی۔ صانعِ قدرت۔ صانعِ مُطلق۔ اللہ پاک۔ دُنیا بنانے والا۔
**صائب** [ع۔ صفت] درست۔ ٹھیک۔
**صائم** (صا۔ ءِم) [ع۔ ا۔ مذکر۔ و صفت] روزہ دار۔
صائم الدہر۔ ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

## ص ب

**صبا** (صَ۔ با) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) وہ ہوا جو مشرق سے چلے (۲) ہوا۔
**صباح** (صَ۔ باح) [ع۔ ا۔ مونث] صُبح۔ تڑکا۔ سحر۔
**صباحت** (صَ۔ با۔ حَت) [ع۔ ا۔ مونث] گورا پن۔ خوب رُوئی۔
**صُبح** [ع۔ ا۔ مونث] تڑکا۔ فجر۔ سویرا۔ سحر۔
صبحِ ازل۔ مخلوق کی پیدائش کا وقت۔ وہ وقت جس کی ابتدا نہ ہو۔
صبحِ بنارس۔ بنارس کی صُبح جو نہایت دلکش ہوتی ہے۔
صبح خیز۔ صبح سویرے اٹھنے والا۔ عابد۔ نمازی۔
صبح دم۔ علی الصباح۔ بہت تڑکے۔ مُنہ اندھیرے۔
صبح شام بتانا۔ صبح شام کرنا۔ حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا۔
صبحِ صادق۔ نور کا تڑکا۔ پو پھٹے۔
صبح کا بھولا شام کو آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (مثل) اگر آدمی خرابی اُٹھا کر جلد سنور جائے یا ایک وقت کے کام کو دُوسرے وقت میں کر لے تو وہ قابلِ مواخذہ نہیں ہے۔
صبح کا تارا (مذکر) روشن ستارہ جو اکثر صبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے۔ زُہرہ۔
صبحِ کاذب۔ صبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔
صبح کرنا۔ رات کاٹنا۔
صبح کی پوچھنا تو شام کی کہنا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔
صبح گاہ۔ صبح کے وقت۔ علی الصباح۔
صبح گاہی۔ صبح سے متعلق۔ صبح والا۔
صبح و مسا۔ صبح شام۔
**صبر** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) شکیبائی (۲) برداشت۔ تحمل (۳) توقف۔ تامل (۴) خدا کی مار (۵) توکل۔ قناعت۔
صبر پڑنا۔ کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا۔
صبرِ جمیل۔ وہ صبر جس پر ثواب ملتا ہے۔
صبر سمیٹنا (۱) ناحق تہمت لگانا۔ بہتان کا گناہ اپنے ذمہ لینا۔ (۲) دعائے بد لینا۔
صبر کا یارا نہ رہنا۔ صبر نہ ہو سکنا۔
صبر کرنا (۱) نا امید ہو جانا (۲) تحمل کرنا (۳) ٹھہرنا (۴) قناعت کرنا۔
صبر لینا۔ کسی پر بہتان یا الزام لگا کر آہ لینا۔
صبر و شکر کرنا۔ تکلیف میں خدا کا شکر بجا لانا۔
**صِبر** [ع۔ ا۔ مذکر] ایلوا۔
**صبغۃ اللہ** (صِب۔ غَ۔ تُل۔ لاہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) قدرتی رنگ۔ دین کا رنگ (۲) خدائی قانون۔
**صبوحی** (صَ۔ بُو۔ حی) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) شراب کی بوتل۔ (۲) شراب جو صبح کے وقت پی جائے۔
صبوحی کش۔ صبح کو شراب پینے والا۔ شراب خوار۔
**صبور** (صَ۔ بُور) [ع۔ صفت] (۱) گنہگاروں پر نرمی کرنے والا (۲) خدا تعالےٰ کا صفاتی نام۔
**صبوری** [ف۔ ا۔ مونث] صبر۔
**صبی** [ع۔ ا۔ مذکر] دُودھ پیتا بچہ۔
**صبیان** (صِب۔ یان) [ع۔ ا۔ مذکر] صبی کی جمع۔
**صبیح** (صَ۔ بِیح) [ع۔ صفت] گورا۔ خوب صُورت۔
**صبیّہ** (صَ۔ بی۔ یَہ) [ع۔ ا۔ مونث] لڑکی۔ بیٹی۔

## ص ح

**صحابہ** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) صاحب اور صحابی کی جمع (۲) رسُولِ مقبُول صلعم کے ہم مجلس۔
**صحابی** [ع۔ ا۔ مذکر] رسول مقبُول کے ساتھی یا وہ مسلمان جنھوں نے آنحضرت صلعم کو دیکھا ہو۔
**صحاح** (صِ۔ حاح) [ع۔ ا۔ مونث] صحیح کی جمع۔
صحاحِ ستہ۔ حدیث کی چھ مُستند کتابیں (۱) بخاری (۲) مُسلم (۳) ترمذی (۴) ابُو داؤد (۵) ابنِ ماجہ (۶) نسائی۔
**صحافت** [ع۔ ا۔ مونث] اخبار نویسی۔
**صحافی** [ع۔ ا۔ مذکر] اخبار نویس۔
**صحائف** (صَ۔ حا۔ ءِف) [ع۔ ا۔ مذکر] صحیفہ کی جمع۔
**صُحبت** (صُح۔ بَت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) دوستی (۲) ہمراہی۔ ساتھ (۳) مجلس۔ مل بیٹھنا (۴) ہم بستری۔

Marfat.com

صُحبت رکھنا - ہم نشینی اختیار کرنا -
صُحبتِ صالح تُرا صالح کُند صحبتِ طالح تُرا طالح کُند - اچھی صحبت تجھے اچھا بنائے گی - بُری صحبت تجھے بُرا بنائے گی -
صُحبت کرنا - ہم بستری کرنا -
صُحبت یافتہ - لائقوں کی صحبت کا فیض پایا ہُوا -
صُحبتیں اُٹھانا (برتنا - دیکھنا) اچھے لوگوں کی صحبتوں سے فیض اُٹھانا -
صِحّت (صِح - حَت) [ع - ا - مونث] (۱) تندرستی (۲) تصحیح - درستی -
صِحّت بخش - شفا دینے والا - مفید -
صِحّت گاہ [مونث] وہ صحت افزا مقام جہاں مریضوں کو رکھا جاتا ہے - سینے ٹوریم -
صِحّت نامہ [مذکر] (۱) اغلاط نامہ (۲) تندرستی کا سرٹیفکیٹ
صِحّت یابی - تندرست ہونا -
صَحرا (صَح - را) [ع - ا - مذکر] بیابان - ویرانہ - ریگستان -
صحرا گرد، نورد) جنگلوں میں پھرنے والا -
صحرا نشین - جنگل میں بیٹھنے والا - راہب - تارکُ الدُّنیا -
صحرائے اعظم - افریقہ کا ایک طویل و عریض ریگستان -
صحرائے لق و دق - سنسان اور ویران جنگل -
صَحرائی (صَح - را - ای) [ع - صف] جنگلی - بیابانی -
صُحُف (صُ - حُف) [ع - مذکر] صحیفہ کی جمع -
صَحن [ع - ا - مذکر] (۱) آنگن (۲) ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا -
صحنِ چمن - باغ کا تختہ - تختہ گلشن -
صَحنچی (صَحن - چی) [ف - ا - مونث] وہ چھوٹا صحن جو دالان کے پہلو میں بنا دیتے ہیں -
صَحنک (صَح - نَک) [ف - ا - مونث] (۱) رکابی (۲) حضرت فاطمہ کی نیاز کا کھانا -
صَحیح (صَ - حِیح) [ع - صف] (۱) درست - تندرست (۲) پُورا - سارا (۳) تصدیق - دستخط -
صحیح العقل - عقل کا پُورا - وہ شخص جس کی عقل سالم ہو -
صحیح النسب - نسل سے ٹھیک - خاندانی شریف -
صحیح سالم - پُورا اور کامل - صحیح سلامت - بھلا چنگا - تندرست -
صحیح سلامت - جیتا جاگتا - صحت اور تندرستی کے ساتھ -
صحیح کرنا (۱) درست کرنا (۲) تصدیق کرنا - دستخط کرنا (۳) درج حساب کرنا (۴) ثابت کرنا (۵) گواہی کے لیے پکا کرنا - ثبوت بہم پہنچانا -
صحیح ہے - بجا ہے - درست ہے - حق ہے -
صَحیفہ (صَ - حی - فہ) [ع - ا - مذکر] کتاب - رسالہ - مقدس کتاب -
صحیفہ آسمانی - آسمانی کتاب - الہامی کتاب -

## ص - د

صَد [ف - صف] سو - سیکڑا -
صد آفرین - صد رحمت (۱) شاباش - مرحبا (۲) (طنزاً) لعنت ملامت کے موقع پر بھی کہتے ہیں -
صد برگ [مذکر] وہ پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوں - گیندا -
صد ہا - سیکڑوں - بہت سے -
صَدا [ع - ا - مونث] (۱) گونج (۲) آواز (۳) درویش یا فقیر کے مانگنے کی آواز -
صدا بصحرا - جنگل کی آواز - بے کار اور بے سُود بات جس کی شنوائی نہ ہو -
صدا دینا (۱) فقیر کا آواز لگانا (۲) بُلانے کے لیے آواز دینا -
صدا کرنا (لگانا) فقیرانہ سوال کرنا - آواز لگانا -
صدائے برنخاست - کوئی آواز نہ آئی - کچھ جواب نہ ملا -
صَدارت (صَ - دا - رَت) [ع - ا - مونث] صدر نشینی - پیشوائی -
صَداقت (صَ - دا - قَت) [ع - ا - مونث] سچائی - خلوص - راست بازی -
صَدر [ع - ا - مذکر] (۱) میر مجلس - چیرمین (۲) مُلک کا سربراہ (۳) سینہ (۴) صحن (۵) سامنے کا رُخ (۶) اعلیٰ جگہ - ہیڈ کوارٹر (۷) امیر - سردار (۸) چھاؤنی (۹) [صف] اعلیٰ - اونچا - اوّل - کلاں - بزرگ (۱۰) خاص -
صدرِ اعظم [مذکر] دیوان اعلیٰ - وزیر اعظم -
صدرُ الصدور [مذکر] (۱) اعلے درجے کا منصف (۲) شاہی گھر کا محافظ -
صدرِ امین [مذکر] اعلیٰ درجے کا امین - وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو
صدر بازار [مذکر] چھاؤنی کا بڑا بازار - اُردو بازار -
صدرِ جمہوریہ [مذکر] کسی جمہوری ریاست کا سربراہ -
صدر دفتر [مذکر] سب سے بڑا دفتر - ہیڈ آفس -
صدرِ مجلس [مذکر] پریزیڈنٹ - میر مجلس -
صدرِ محاسب [مذکر] محکمہ حساب کا سب سے بڑا افسر - اکاؤنٹنٹ جنرل -
صدر مقام [مذکر] پایۂ تخت - دارُالحکومت -
صدرِ مملکت [مذکر] کسی ریاست یا حکومت کا سربراہ - پریزیڈنٹ -
صدر نشین - میر مجلس - کرسی نشین - چیرمین -
صدر ہر جا کہ نشیند صدر است [مثل] بزرگ حاکم یا کوئی بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے وہی جگہ معزز بھی جاتی ہے -
صَدری (صَد - ری) [اُر - ا - مونث] (۱) ایک قسم کی واسکٹ (۲) سینہ بند (۳) [صف] سینہ بسینہ پہنچا ہُوا نسخہ یا کلام وغیرہ -
صَدَف (صَ - دَف) [ع - ا - مونث] سیپ -
صِدق [ع - ا - مذکر] سچ - راستی - سچائی - خلوص -
صدقِ دل سے - صدقِ نیت سے - سچے دل سے -
صَدَقات (صَ - دَ - قات) [ع - ا - مذکر] صدقہ کی جمع -
صَدَقہ (صَ - دَ - قہ) [ع - ا - مذکر] (۱) خیرات (۲) وہ کھانا وغیرہ جو سر سے اُتار کر دیا جائے - اُتارا (۳) قربان - فدا (۴) طفیل - بدولت (اُردو میں بسکون دو مستعمل ہے)
صدقہ اُتارنا (دینا) اُتارا دینا یا اُتارنا - خیرات کرنا -
صدقۂ جاریہ - ایسی خیرات جس سے لوگوں کو ہمیشہ فائدہ پہنچتا رہے (مسجد - کنواں وغیرہ) -

Marfat.com

**صدقۂ فطر** ۔ رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں، چار سیر چاول یا جَو ہے ۔
**صدقے** (صَد ۔ قے) [اَ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صدقہ کی جمع (۲) واری ۔ قُربان ۔
**صدقے جانا / ہونا** ۔ قربان ہونا ۔ واری جانا ۔ تصدّق ہونا ۔
**صدقے کرنا** (۱) قُربان کرنا ۔ وارنا (۲) کلمۂ تنفّر و حقارت ۔
**صدمہ** (صَد ۔ مہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دھکّا (۲) تکلیف ۔ چوٹ (۳) حادثہ (۴) نقصان (۵) مصیبت ۔
**صدمہ اُٹھانا** (۱) نقصان اُٹھانا (۲) رنج اُٹھانا ۔
**صدمۂ جانکاہ** ۔ وہ چوٹ جس سے نقصانِ جان ہو ۔
**صدمہ گزرنا** ۔ مصیبت بیتنا ۔ حادثہ پیش آنا ۔
**صُدور** (صُ ۔ دُور) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صادر ہونا (۲) اجرا (۳) صدر کی جمع ۔
**صُدورِ حکم** ۔ حکم کا اجرا ۔ حکم کا نفاذ ۔
**صدی** (صَد ۔ دی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) سو برس سے منسوب (۲) سو برس کی تعداد ۔
**صدیق** (صَ ۔ دِیق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دوست ۔
**صِدّیق** (صِد ۔ دِیق) [ع ۔ صفت] (۱) نہایت سچّا (۲) حضرت ابوبکرؓ کا لقب ۔
**صِدّیقہ** (صِد ۔ دی ۔ قہ) [ع ۔ صفت] صدّیق کی تانیث ۔ حضرت عائشہؓ کا لقب ۔ حضرت مریمؑ کا لقب ۔

## ص ۔ ر

**صراحت** (صَ ۔ را ۔ حت) [ع ۔ ا ۔ مونث] تشریح ۔ وضاحت ۔
**صراحتاً** (صَ ۔ را ۔ حَ ۔ تَن) [ع ۔ صفت] آشکار ۔ کُھلا ۔ ظاہرا ۔
**صُراحی** (صُ ۔ را ۔ حی) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن (۲) کوزہ ۔ بوتل ۔
**صُراحی دار** ۔ صُراحی نُما ۔ اُونچی گردن کا ۔
**صُراحی دار گردن** ۔ لمبی گردن ۔
**صِراط** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) راستا (۲) اہلِ اسلام کے عقائد کے مطابق ایک پُل جو دوزخ اور بہشت کے درمیان بال سے باریک اور تلوار سے تیز بنا ہُوا ہے ۔
**صراطِ مستقیم** ۔ سیدھا راستا ۔ راہِ راست ۔
**صرّاف** (صَر ۔ راف) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سونا چاندی پرکھنے والا (۲) مہاجن ۔ ساہوکار ۔
**صرّافہ** (صَر ۔ را ۔ فہ) [اَ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) صرّافی کا پیشہ (۲) صرّافوں کا بازار (۳) بینک ۔ کوٹھی ۔
**صرّافی** (صَر ۔ را ۔ فی) [اَ ۔ ا ۔ مونث] روپے پیسے کا بیوپار ۔ ساہوکارہ کا کام ۔
**صرصر** (صَر ۔ صَر) [ع ۔ ا ۔ مونث] آندھی ۔ بادِ تُند ۔ جَھکّڑ ۔
**صَرع** [ع ۔ ا ۔ مذکر] مِرگی کا مرض ۔
**صرف** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خرچ (۲) خرچ کرنا (۳) [مونث] وہ علم جس سے کلموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو ۔
**صرفِ نظر** ۔ نظر انداز کرنا ۔
**صرف و نحو** ۔ گرامر ۔ وہ علم جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور ان کے بولنے برتنے کا قاعدہ بیان کیا جائے ۔
**صِرف** [ع ۔ صفت و تابع فعل] (۱) تنہا ۔ اکیلا (۲) فقط ۔
**صرفہ** (صَر ۔ فہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) خرچہ (۲) کفایت شعاری ۔ کنجوسی (۳) دریغ ۔ تامّل ۔
**صرفی** (صَر ۔ فی) [ع ۔ ا ۔ مذکر] علمِ صرف جاننے والا شخص ۔ (صفت) علمِ صرف سے متعلق ۔
**صریح** (صَ ۔ رِیح) [ع ۔ صفت] آشکار ۔ صاف ۔ علانیہ ۔
**صریحاً** (صَ ۔ ری ۔ حَن) [ع ۔ صفت] کُھلم کُھلا ۔ علانیہ ۔
**صریحی** (صَ ۔ ری ۔ حی) [ف ۔ صفت] دیکھیے صریح ۔
**صریر** (صَ ۔ رِیر) [ع ۔ ا ۔ مونث] قلم چلنے کی آواز ۔ صدا ۔

## ص ۔ ع

**صُعوبت** (صُ ۔ عُو ۔ بَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] سختی ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔
**صُعود** (صُ ۔ عُود) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بلندی پر چڑھنا (۲) حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اس کی قوّت کو اُبھارنا ۔
**صُعود و نزول** ۔ اُتار چڑھاؤ ۔

## ص ۔ غ

**صِغار** (صِ ۔ غار) [ع ۔ ا ۔ مذکر] صغیرہ اور صُغریٰ کی جمع ۔ چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں ۔
**صِغَر** (صِ ۔ غَر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خُردی ۔ چُھٹپن ۔ چھوٹاپن ۔
**صغرسِن** ۔ دیکھیے صغیرسِن ۔
**صغرسِنی** [مونث] دیکھیے صغیرسِنی ۔
**صُغرا / صُغریٰ** (صُغ ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) چھوٹی لڑکی (۲) سب سے چھوٹی چیز (۳) علمِ منطق میں شکل کا پہلا قضیہ ۔
**صغیر** (صَ ۔ غیر) [ع ۔ صفت] چھوٹا ۔ خُرد ۔
**صغیر سِن** ۔ چھوٹی عمر کا ۔
**صغیر سِنی** [مونث] بچپن ۔ کم عُمری ۔
**صغیر و کبیر** ۔ چھوٹے بڑے ۔ ادنیٰ اعلیٰ ۔
**صغیرہ** ۔ (صَ ۔ غی ۔ رہ) [ع ۔ صفت] چھوٹی ۔ چھوٹا ۔

## ص ۔ ف

**صف** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) قطار ۔ سلسلہ (۲) فرش ۔ لمبا ۔
**صف آرا** ۔ جنگ یا مقابلے کے لیے سپاہ کا پرا جمانے والا ۔ مقابلہ کرنے والا ۔

Marfat.com

صف آرائی (بندی) [مونث] قطار بندی - جنگ آزمائی - نبرد آزمائی -
صف بستہ - پرا باندھے ہوئے -
صف جنگ [مونث] (۱) لڑائی کی صف آرائی (۲) وہ لڑائی جو آمنے سامنے قطار باندھ کر شروع کی جائے -
صفدر (۱) لشکر کی صف پھاڑنے والا (۲) حضرت علیؑ کا لقب
صف شکن - صف توڑنے والا - بہادر - دلیر -
صف ماتم - وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے آکر بیٹھیں -
صفیں اُلٹنا (۱) فوجوں کا تتر بتر ہونا یا کرنا (۲) مجلس یا محفل کا تہ و بالا ہونا -

**صفا** (ص - فا) [ع - صف] (۱) پاک - صیقل کیا ہوا (۲) ہموار (۳) بے لاگ (۴) کھرا (۵) [مذکر] مکہ شریف کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں داخل ہے -
صفا چٹ کرنا - بالکل مونڈ ڈالنا - صفایا کرنا -

**صفاصف** (صف - فی - صف - فا) [ار] ویران - برباد -

**صفات** [ع - ا - مونث] صفت کی جمع -

**صفاتی** [ع - صف] عارضی - صفات سے متعلق -

**صفائی** [ار - ا - مونث] (۱) صاف ہونا (۲) سچائی (۳) اچھا ئز پونچھ (۴) ہمواری (۵) رہائی (۶) صلح (۷) حساب کی بے باقی - فیصلہ (۸) بے شرمی (۹) کانٹ چھانٹ (۱۰) بربادی (۱۱) صیقل (۱۲) پھرتی - چالاکی -

**صفایا** [ار - ا - مذکر] (۱) تباہی (۲) کسی چیز کو نہ رہنے دینا (۳) قتل -
صفایا کرنا - مٹا دینا - صاف کر دینا - کچھ نہ رہنے دینا -

**صفت** (ص - فت) [ع - ا - مونث] (۱) کسی چیز کا نشان یا علامت (۲) تعریف - خوبی (۳) خاصیت - تاثیر (۴) وضع - شکل (۵) مانند (۶) صرف و نحو میں وہ اسم جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو -
صفت مُشبّہ - وہ صفت جس میں وصفی معنی ہمیشہ کے واسطے پائے جائیں -

**صفحات** (ص - ف - حات) [ع - ا - مذکر] صفحہ کی جمع -

**صفحہ** (صف - حہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ورق کے ایک طرف کا رُخ (۲) چہرہ (۳) سطح - وسعت -
صفحۂ ہستی - روئے زمین - دُنیا -

**صفر** (ص - فر) [ع - ا - مذکر] دُوسرا قمری مہینا جو محرم کے بعد آتا ہے -

**صفر** [ع - ا - مذکر] (۱) حساب میں وہ نقطہ جو عدد کے بائیں جانب ہونے سے اس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا (۲) [صفت اخلاق] بے قیمت - بے وقعت -

**صفرا** (صف - را) [ع - ا - مذکر] پت - اخلاط اربعہ میں ایک زرد رنگ کا کڑوا مادّہ -

**صفراوی** (صف - را - وی) [ع - صفت] صفرا سے منسوب
صفراوی مزاج - وہ شخص جس کے مزاج میں خلط صفرا [illegible] ہو - تلخ مزاج -

**صفوی** (ص - ف - وی) [ع - صفت] (۱) شاہ صفی سے منسوب جو ایران کے ایک کامل فقیر تھے (۲) ایران کا ایک شاہی خاندان جو شاہ صفی سے منسوب ہے -

**صفی** [ع - صفت] (۱) صاف - پاک (۲) حضرت آدمؑ کا لقب -

**صفیر** (ص - فیر) [ع - ا - مونث] (۱) پرندوں کی آواز (۲) سیٹی -

# ص - ل

**صلا** [ف - ا - مونث] پکار - دعوت -
صلائے سمرقندی - وہ دعوت جو دل سے نہ دی جائے -
صلائے عام - عام دعوت -

**صلابت** (ص - لا - بت) [ع - ا - مونث] سختی - مضبوطی -
صلابت پیما [مذکر] سختی و درشتی کا اندازہ بتانے والا -
صلابت جنگ - جنگی عہدہ داروں کا خطاب -

**صلاح** (ص - لاح) [ع - ا - مونث] (۱) بھلائی - بہتری (۲) مشورہ (۳) رائے - تدبیر (۴) ارادہ -
صلاح بتانا - رائے دینا - تدبیر بتانا - ڈھنگ بتانا -
صلاح بیٹھنا - تجویز ٹھہرنا - رائے قرار پانا -
صلاح ٹھہرنا - رائے قرار پانا - تجویز ٹھہرنا -
صلاح سمرقندی - دیکھیے صلائے سمرقندی -
صلاح سے - مشورہ سے - رائے سے - سمجھانے سے -
صلاح کار - رائے دینے والا - مُشیر - ناصح -
صلاح کرنا (لینا) رائے لینا -
صلاح مشورہ - دُوسروں سے پوچھ کر عمل کرنا -
صلاح وقت - قرینِ مصلحت - مناسب -

**صلاحیت** (ص - لا - حی - یت) [ع - ا - مونث] (۱) لیاقت - سمجھ - اہلیت - استعداد (۲) پولیس کی رپورٹ -
صلاحیت بہی - سیاہہ جو پولیس یا محکمۂ مال میں رہتا ہے - روزنامچہ

**صُلب** [ع - ا - مونث] (۱) پیٹھ کی ہڈیاں (۲) نطفہ - اولاد - نسل -

**صُلبی** (صُل - بی) [ع - صفت] سگا - اصلی - حقیقی - نسلی -

**صُلح** [ع - ا - مونث] (۱) میل ملاپ (۲) نئے سرے سے دوستی (۳) امن و امان -
صلح کل - وہ شخص جو کسی سے دشمنی نہ رکھے - بے تعصب شخص -
صلح نامہ [مذکر] صلح کا عہد نامہ - راضی نامہ -

**صُلحا** (ص - ل - حا) [ع - ا - مذکر] صالح کی جمع -

**صلِّ علیٰ** [ع] (۱) اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّد (درود جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر) کا مخفف (۲) کلمۂ تحسین - واہ وا - سبحان اللہ -

**صلعم** صلی اللہ علیہ وسلم (اُن پر خدا کا درود، رحمت اور سلام ہو) کا مخفف -

**صلوات** (ص - ل - وات) [ع - ا - مونث] (۱) صلوٰۃ کی جمع - برکتیں - رحمتیں جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ہوں (۲) [ار] سلام کرنا - رخصت کرنا (۳) باز آنا (۴) [ار] گالی - دشنام -

Marfat.com

صلوات، صلواتیں سُنانا - بُرا بھلا کہنا - گالیاں دینا -
**صلوٰۃ** (ص - لات) [ع - ا - مونث] (۱) دُرود - دُعا (۲) نماز -
صلوٰۃ التسبیح - ایک خاص قسم کی نمازِ نفل -
**صَلِّ وجَلّ** [ع] سبحان اللہ - واہ واہ - مرحبا - شاباش -
**صِلہ** (ص - لہ) [ع - ا - مذکر] (۱) انعام - تحفہ (۲) اجر - بدلہ - نیک (۳) [نحو] وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے -
صلہ دینا - انعام دینا - بدلہ دینا - اُجرت یا مزدوری دینا -
صلۂ رحم - رشتہ داروں سے نیک سلوک -
**صلیب** (ص - لیب) [ع - ا - مونث] (۱) اس شکل (+) کی لکڑی جس پر رُومی عیسائیوں کو لٹکا کر ہلاک کرتے تھے (۲) دار - سُولی
**صلیبی** (ص - لی - بی) [ع - صفت] (۱) صلیب سے متعلق (۲) عیسائی -

## ص - م

**صُمّ** [ع - ا - مذکر] اَصَم کی جمع - بہرے -
صُمٌّ بُکمٌ (۱) بہرے گونگے (۲) وہ شخص جو بات کا جواب نہ دے -
**صَمَد** (ص - مد) [ع - صفت] (۱) بے نیاز - جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اس کے محتاج ہوں (۲) خدا کا ایک صفاتی نام -
**صمصام** (صم - صام) [ع - ا - مونث] تیز تلوار -
**صمغ**، صمغ (ص - مغ) [ع - ا - مذکر] گوند -
**صمیم** (ص - میم) [ع - صفت] سچا - مخلص -

## ص - ن

**صنادید** (ص - نا - دید) [ع - ا - مذکر] (۱) صندید کی جمع - سردار - جرنیل - بادشاہ (۲) مصیبتیں - خطرات - حادثات
**صنّاع** (صن - ناع) [ع - ا - مذکر و صفت] بہت بڑا کاریگر - ہنرمند -
**صناعت** (ص - نا - عت) [ع - ا - مونث] ہنر - کاریگری - دستکاری -
**صنائع** (ص - نا - ءِع) [ع - ا - مذکر] صناعت اور صنعت کی جمع - کاریگریاں - ہنرمندیاں -
صنائع بدائع - وہ نکات اور باریکیاں جو نظم میں ظاہر کی جائیں -
**صندل** (صن - دل) [ع - ا - مذکر] ایک قسم کی خوشبودار لکڑی (س - چندن) -
**صندلی** (صن - دَ - لی) [ف - ا - صفت] (۱) صندل کے رنگ کا (۲) صندل کی لکڑی کا بنا ہوا (۳) [مونث] ایک قسم کی اونچی تپائی جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے (۴) کرسی - چوکی -
**صندوق** (صن - دُوق) [ع - ا - مذکر] (۱) چوبی بکس (۲) تابوت -
**صندوقچہ** (صن - دُوق - چہ) [ف - ا - مذکر] چھوٹا بکس -
**صندوقچی** [ا - ا - مونث] صندوق کی تصغیر -

**صنعت** (صن - عت) [ع - ا - مونث] کاریگری - پیشہ - ہنر - دستکاری -
صنعت کار (مذکر) صنّاع - کارخانہ دار -
صنعت گر (مذکر) کاری گر - ہنرمند -
صنعت گری (مونث) کاریگری - ہنرمندی -
صنعت و حرفت - ہاتھ یا مشین سے چیزیں بنانا - انڈسٹری -
**صنعتی** (صن - ع - تی) [ع - صفت] جو چیز صنعت و حرفت سے تعلق رکھتی ہو -
صنعتی محنت (مونث) وہ محنت جو صنعت و حرفت کے سلسلے میں کی جائے -
صنعتی نفسیات (مونث) علم نفسیات جس کا تعلق صنعت و حرفت سے ہو -
**صنف** [ع - ا - مونث] نوع - جنس - قسم -
صنفِ نازک - عورتوں کا طبقہ -
**صنم** (ص - نم) [ع - ا - مذکر] (۱) بُت - مورتی (۲) (مجازاً) معشوق -
صنم خانہ، صنم کدہ (مذکر) مندر - بُت خانہ - ٹھاکر دوارہ -
صنم کدۂ چین (مذکر) چین کا مشہور بُت خانہ -
**صنوبر** (ص - نو - بر) [ع - ا - مذکر] (۱) چلغوزے کا درخت (۲) ایک قسم کا سرو -

## ص - و

**صواب** (ص - واب) [ع - ا - مذکر] (۱) نیکی - نیک کام (۲) درستی - راستی -
صواب دید (مونث) نیک صلاح - اچھی تجویز -
**صوبائی** [ا - صفت] صوبے سے متعلق -
**صوبجات** (صو - بہ - جات) [ف - ا - مذکر] صوبہ کی جمع -
**صوبہ** (صو - بہ) [ع - ا - مذکر] ملک کا وہ حصہ جس میں بہت سے اضلاع شامل ہوں -
صوبہ دار (مذکر) (۱) حاکم صوبہ (۲) پیادہ سپاہ کا افسر -
صوبہ داری (مونث) (۱) صوبے کی حکومت - نظامت (۲) صوبہ دار کا عہدہ -
**صوت** [ع - ا - مونث] آواز - صدا - ندا -
**صوتی** [ع - صفت] آواز سے متعلق -
**صوتیات** (صو - تی - یات) [ع - ا - مونث] وہ علوم و فنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں -
**صُوَر** (ص - وَر) [ع - ا - مونث] صورت کی جمع -
**صُور** [ع - ا - مذکر] بگل - نفیری - قرنا -
صُورِ اسرافیل - وہ آواز جو حضرت اسرافیل حشر کے روز ایک دفعہ مارڈالنے کے لیے اور دوسری دفعہ جلانے کے لیے نکالیں گے -
**صُورت** (صُو - رَت) [ع - ا - مونث] (۱) شکل - چہرہ (۲) نقش - تصویر (۳) خاکہ (۴) ڈھنگ (۵) تدبیر -

Marfat.com

(۶) مانند۔ مثل (۷) موقع۔ محل۔
**صُورت آشنا**۔ معمولی واقف۔ رُوشناس۔
**صُورت نہیں حالت میرُس**۔ صُورت دیکھ لو۔ حال پُوچھنے کی ضرورت نہیں۔
**صُورت پر چڑیلوں کی مزاج (دماغ) پریوں کا** [مثل] بدشکل پر یہ دماغ۔ بدصُورتی پر ایسا مزاج۔
**صُورتِ حال**۔ معاملہ۔ کیفیت۔ ظاہری روئداد۔
**صُورت سوال ہے**۔ شکل سے ظاہر ہے کہ سوالی ہے۔
**صُورت گر**۔ مصوّر۔ نقاش۔
**صُورت گری** (مونث) مصوّری۔ نقاشی۔
**صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل**۔ بدصُورت آدمی کی نسبت طنزاً کہتے ہیں۔
**صُوری** (صُو۔ ری) [ع۔ ا۔ مونث] ظاہری۔ معنوی کا ضد۔
**صُوف** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) اُون۔ نمدہ (۲) ایک قسم کا دبیز پشمینے کا کپڑا (۳) وہ کپڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۴) گوٹا بُننے کا بانا۔
**صُوفی** [ع۔ ا۔ مذکر] اُونی کپڑا پہننے والا۔ مُتقی اور پارسا شخص
**صُوفی صافی**۔ وہ شخص جو اپنے دل کو غیرِ حق سے پاک صاف رکھے۔
**صُوفیانہ** (صُو۔ فی۔ یا۔ نہ) [ف۔ صف] (۱) صُوفیوں کا (۲) سادہ۔
**صُوفیہ** (صُو۔ فی۔ یہ) [ع۔ ا۔ مذکر] صُوفی کی جمع۔
**صَولت** (صَو۔ لت) [ع۔ ا۔ مونث] دبدبہ۔ رُعب۔ ہیبت۔
**صَوم** [ع۔ ا۔ مذکر] روزہ۔ برت۔
صَوم و صلوٰۃ۔ روزہ۔ نماز۔
**صَومعہ** (صَو۔ مَ۔ عَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) گرجا (۲) عبادت خانہ
صومعہ نشین (مذکر) راہب۔ تارکُ الدنیا۔

# ص۔ ہ

**صہبا** (صَہ۔ با) [ع۔ ا۔ مونث] ایک قسم کی لال شراب۔

# ص۔ ی

**صیّاد** (صَی۔ یاد) [ع۔ ا۔ مذکر] شکاری۔
**صِیام** (صِی۔ یام) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) صوم کی جمع۔ روزے (۲) صائم کی جمع۔ روزہ رکھنے والے (۳) روزہ رکھنا۔
**صیانت** (صِی۔ یا۔ نت) [ع۔ ا۔ مونث] نگہبانی۔ حفاظت۔ پاسبانی۔
**صَید** [ع۔ ا۔ مذکر] شکار۔ وہ جانور جس کو شکار کریں۔
**صید افگن** (انداز) شکار کرنے والا۔ شکاری۔
**صیدگاہ** (مونث) شکارگاہ۔ شکار کھیلنے کی جگہ۔
**صِیغہ** (صی۔ غہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) وہ مشتق اور متصرف کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو (۲) اہلِ تشیع میں کلماتِ ایجاب و قبول۔ نکاح (۳) محکمہ۔ شعبہ۔
**صیغہ پڑھانا**۔ اہلِ تشیع میں نکاح پڑھانا۔
**صیغہ گردانا**۔ فعل کی گردان کرنا۔
**صَیقل** (صَے۔ قل) [ع۔ ا۔ مذکر] جِلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔
**صیقل کرنا**۔ جِلا دینا۔ صاف کرنا۔ چمکانا۔
**صیقل گر**۔ جِلا کرنے والا۔ ہتھیار صاف کرنے اور سان پر چڑھانے والا۔
**صیہونی** (صَے۔ ہُو۔ نی) [ع۔ صف] یہودیوں کی عالمگیر تحریک وطن سے متعلق۔ یہودیت سے متعلق۔
**صیہونیت** (صَے۔ ہُو۔ نی۔ یت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) یہودیت (۲) یہودیوں کی عالمگیر تحریک وطن۔

Marfat.com

# ض

ض (ضاد - ضُواد) [ع - ا - مذکر] (۱) اُردو کا اکیسواں، فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے آٹھ سو عدد فرض کیے گئے ہیں -

## ض - ا

**ضابطگی** (ضا - ب - طَ - گی) [ف - ا - مونث] قانون و ضابطہ کے مطابق ہونا -
**ضابطہ** (ضا - ب - طَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) قاعدہ - قانون - دستور العمل (۲) انتظام - بندوبست -
**ضابطۂ تعزیری** - سزا دینے کا قانون -
**ضابطۂ دیوانی** - دیوانی قانون - وہ قانون جس میں باہمی لین دین کے قواعد منضبط ہوں -
**ضابطۂ فوجداری** - قانون فوجداری - جرائم کے انسداد کا دستور العمل
**ضامن** [ع - ا - مذکر] (۱) ذمّہ دار - وہ شخص جو کسی کی ضمانت دے (۲) کفیل -
**ضامن در ضامن** - کفیل کا کفیل - ذمّہ دار کا ذمّہ دار -
**ضامنی** (ضا - م - نی) [ف - ا - مونث] کفالت - ذمّہ داری -
**ضامنی پر چھوڑنا** - ضمانت یا ذمّہ داری پر رہا کرنا -
**ضامنی دینا** - ضمانت دینا - کفیل یا ذمّہ دار بننا -
**ضائع** (ضا - ئِع) [ع - صفت] اکارت - تلف - رائیگاں - بے فائدہ - لاحاصل -
**ضائع کرنا** (۱) برباد کرنا - اُڑانا (۲) بے کار کرنا -

## ض - ب

**ضبط** [ع - ا - مذکر] (۱) نگہبانی - حفاظت (۲) بندوبست - قابو - تحمّل (۳) قید - پابندی (۴) قُرقی -
**ضبط کرنا** (۱) قُرق کرنا (۲) قانون باندھنا (۳) تحمّل کرنا - صبر کرنا -
**ضبطی** (ضَب - طی) [اُر - ا - مونث] (۱) قُرقی (۲) نگرانی -
**ضبطی جائداد ضبطی مال** - دھن دولت کی قُرقی -
**ضبطی میں آنا** - قُرق ہونا - چھن جانا - سرکاری ہو جانا -

## ض - ح

**ضحٰی** (ضُح - حا) [ع - ا - مذکر] پہر دن چڑھے یا دس بجے کا وقت -
**ضحّاک** (ضَح - حاک) [ع - صفت] (۱) بہت ہنسنے والا (۲) [مذکر] ایک ایرانی بادشاہ جو ظالم اور جابر تھا -
**ضحک** [ع - ا - مونث] ہنسنا -

## ض - خ

**ضخامت** (ضَ - خا - مَت) [ع - ا - مونث] موٹاپا - حجم - جسامت -
**ضخیم** (ضَ - خیم) [ع - صفت] بڑے حجم والا - موٹا -

## ض - د

**ضد** [ع - ا - مونث] (۱) برعکس - خلاف (۲) دشمنی (۳) ہٹ - اَڑ -
**ضد پر آنا** - اصرار کرنا - ہٹ کرنا - مخالفت پر کمر باندھنا -
**ضد کرنا** - اصرار کرنا - ہٹ کرنا -
**ضدّی** (ضِد - دی) [ف - صفت] بہت اصرار کرنے والا - نہایت ہٹ کرنے والا -
**ضِدّین** (ضِد - دَین) [ع - ا - مونث] دو ضدیں - دو نقیض اور مختلف چیزیں -

## ض - ر

**ضِرار** (ضِ - رار) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا (۲) عہدِ رسالت میں مدینے میں منافقوں کی ایک مسجد -
**ضرب** [ع - ا - مونث] (۱) مار - چوٹ (۲) علمِ حساب میں جمع کا ایک قاعدہ (۳) ٹھپّا - مہر (۴) صوفیوں کا کسی اسم یا کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دل پر چوٹ لگے -
**ضرب المثل** - کہاوت - وہ جملہ جو مثال کے طور پر بیان کیا جائے -
**ضرب المثل ہونا** - کہاوت کی طرح مشہور ہونا - شہرت پانا -
**ضربِ چلیپا** - ایک خاص قسم کی ضرب جو آڑی لگائی جاتی ہے -
**ضربِ خفیف** - ہلکی چوٹ -
**ضرب دینا** - جمع کرنے کے لیے اعداد کو باہم ملانا -
**ضربِ شدید** - سخت چوٹ -
**ضرب لگانا** (۱) چوٹ لگانا (۲) چھاپ لگانا (۳) اس طرح خدا کا نام لینا یا کلمہ پڑھنا جس سے دل کو چوٹ لگے -
**ضربِ مُرکّب** - ایک قسم کی ضرب جس میں نقدی یا کسی جنس وغیرہ

Marfat.com

کے مختلف حصص میں ضرب دیں - جیسے روپے آنے پائی کو کسی خاص عدد میں ضرب دے کر ایک مجموعہ معلوم کرنا -

ضربِ مُفرد - ضرب سادہ - ضرب بسیط - ضرب غیر مرکب -

ضربِ مُہلک - ہلاک کر دینے والی چوٹ -

**ضربات** (ضَر - بات) [ع - ا - مونث] ضربت کی جمع چوٹیں -

**ضرر** (ضَ - رَر) [ع - ا - مذکر] (۱) نقصان (۲) صدمہ - تکلیف -

ضررِ جسمانی - جسمانی تکلیف - جسمانی چوٹ -

ضرر رساں - نقصان پہنچانے والا - مُضر -

ضرر رسانی (مونث) ایذا پہنچانا - تکلیف -

**ضرُور** (ضَ - رُور) [ع - صفت] (۱) واجب - لازم (۲) بے شک - درست (۳) البتہ -

**ضرورت** (ضَ - رُو - رَت) [ع - ا - مونث] حاجت - خواہش - طلب -

ضرورت ایجاد کی ماں ہے (مثل) جب کسی چیز کی ضرورت پڑتی ہے تو انسان کوئی نہ کوئی انتظام ضرور کر لیتا ہے -

ضرورت کے وقت گدھے کو باپ بناتے ہیں (مثل) لاچاری کے وقت ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے -

ضرورت مند - حاجت مند - تنگ حال - مُفلس -

**ضرُورتاً** (ضَ - رُو - رَ - تن) [ع - تابع فعل] لازماً - ضرورت کی وجہ سے -

**ضرُوری** (ضَ - رُو - ری) [ع - صفت] (۱) واجبی - لازمی - ناگزیر -

**ضرُوریات** (ضَ - رُو - ری - یات) [ع - ا - مونث] ضروری چیزیں - استعمال کی چیزیں -

ضروریاتِ زندگی - وہ چیزیں جو انسان کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں - کھانا کپڑا وغیرہ -

**ضریح** (ضَ - ریح) [ع - ا - مونث] (۱) قبر (۲) تعزیہ -

## ض - ع

**ضُعف** [ع - ا - مذکر] (۱) کمزوری (۲) بے ہوشی -

ضُعفِ بصارت - آنکھوں کی ناطاقتی - کمزوری -

ضعفِ جگر - کلیجے کی ناطاقتی - ایک بیماری -

ضعفِ دل - دل کی کمزوری -

ضعفِ معدہ - معدے کی کمزوری - پیٹ کا ایک مرض -

**ضُعفا** (ضُ - عَ - فا) [ع - ا - مذکر] ضعیف کی جمع - کمزور لوگ -

**ضعیف** (ضَ - عیف) [ع - صفت] ناطاقت - کمزور - بوڑھا -

ضعیف الاعتقاد (مذکر) بھولا - کمزور اعتقاد کا -

ضعیف البنیان - جس کی بنیاد کمزور ہو -

ضعیف العقل - کم عقل - بے وقوف -

**ضعیفہ** (ضَ - عی - فہ) [ع - ا - مونث] بُوڑھی عورت - کمزور عورت -

**ضعیفی** (ضَ - عی - فی) [ف - ا - مونث] بڑھاپا - پیری - کمزوری -

## ض - ل

**ضلالت** (ضَ - لا - لت) [ع - ا - مونث] (۱) گمراہی (۲) گناہ - خطا -

**ضِلع** (ضِ - لَع) [ع - ا - مذکر] (۱) پسلی - لکیر - خط (۲) جُزو - حصہ - صُوبے کا وہ حصہ جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو (۳) رعایت لفظی - ذومعنی بات -

ضلع بندی (مونث) صُوبے کی ضلع وار تقسیم -

ضلع جُگت (مونث) پہلودار بات جس میں لفظی رعایت پائی جائے -

ضلع دار (۱) نگران ضلع - زمینداروں سے مالگزاری وغیرہ وصول کرنے والا افسر (۲) صیغہ آبپاشی کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے -

ضلعداری (مونث) ضلعدار کا عہدہ یا کام -

## ض - م

**ضم** [ع - ا - مذکر] (۱) ملانا - شامل کرنا (۲) پیش کی حرکت - ضمّہ -

**ضِماد** (ضِ - ماد) [ع - ا - مذکر] لیپ - دوا کو نرم کر کے جسم پر لگانا -

**ضمانت** (ضَ - ما - نت) [ع - ا - مونث] ذمہ داری - کفالت - ضامنی -

ضمانتِ حفظِ امن - امن قائم رکھنے کی ضمانت -

ضمانت نامہ - تحریری ضمانت - کفالت نامہ -

**ضمانتاً** (ضَ - ما - ن - تن) [ع - تابع فعل] کفالتاً - بطورِ ضمانت -

**ضمانتی** (ضَ - ما - نَ - تی) [اُر - ا - مذکر] ضامن - ذمہ دار -

**ضمائر** (ضَ - ما - اِر) [ع - ا - مونث] ضمیر کی جمع - اسم کے بدلے -

**ضِمن** [ع - ا - مذکر] (۱) ذیل (۲) شمول (۳) قانون - دفعہ (۴) تعلق -

**ضمناً** (ضِم - نن) [ع - تابع فعل] (۱) شمولاً - شامل کرتے ہوئے (۲) کنایۃً - سرسری -

**ضِمنی** (ضِم - نی) [ع - ا - مونث] (۱) مقدمہ کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے (۲) [صفت] ذیلی -

**ضمّہ** (ضَم - مہ) [ع - ا - مذکر] ضم - پیش - پیش کی حرکت -

**ضمیر** (ضَ - میر) [ع - ا - مذکر] (۱) دل - دماغ (۲) (مونث) قواعد صرف و نحو میں وہ مختصر اسم جس سے اسم غائب یا حاضر یا متکلم سمجھا جائے -

Marfat.com

**ضَمیمہ** (ضَ - مِی - مَہ) [ع - ا - مذکر] وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائیں - اخبار کی معمول سے الگ اشاعت -

## ض - و

**ضَو** [ع - ا - مونث] روشنی -
**ضوکشاں - ضوریز - ضوفگن** - روشنی دینے والا -
**ضوابط** (ضَ - وا - بِط) [ع - ا - مذکر] ضابطہ کی جمع - قواعد - قوانین -

## ض - ی

**ضِیا** (ضِ - یا) [ع - ا - مونث] (۱) روشنی - چمک (۲) رونق -
**ضیاافروز - ضیابار - ضیاپاش - ضیافشاں - ضیاگستر** - روشن کرنے والا - روشنی پھیلانے والا -
**ضیاباری - ضیاپاشی - ضیافشانی - ضیاگستری** [مونث] روشنی پھیلانا -
**ضِیافت** (ضِ - یا - فَت) [ع - ا - مونث] دعوت - کھانا کھلانا -
**ضَیغَم** (ضَے - غَم) [ع - ا - مذکر] پھاڑنے والا شیر - شیرِ ببر -
**ضِیق** [ع - ا - مونث] (۱) تنگی (۲) دُشواری -
**ضیق النفس** - دمہ - سانس کا روگ -
**ضیق میں آنا (ہونا)** عاجز آنا - مشکل میں پھنسنا -

Marfat.com

# ط

ط - (طو) - اُردو کا بائیسواں، فارسی کا اُنیسواں اور عربی کا سولھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے نو عدد مقرر ہیں -

## ط - ا

**طابع** (طا - بع) [ع - ا - مذکر] چھاپنے والا - پرنٹر -
**طارق** [ع - ا - مذکر] (۱) رات کا مُسافر (۲) وہ ستارہ جو صبح کو نکلتا ہے -
**طاری** [ع - صفت] (۱) ناگہاں ظاہر ہونے والا (۲) چھا جانے والا - غالب آنے والا -
**طاری ہونا** - چھا جانا - غلبہ پانا -
**طاس** [ع - ا - مذکر] (۱) بڑا طشت (۲) پیالہ (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۴) وہ ... جس سے دریا گزرتا ہو - بیسن -
**طاس زریا** - دہانہ - ڈیلٹا ...
**طاعات** [ع - ا - مونث] طاعت کی جمع -
**طاعت** (طا - عت) [ع - ا - مونث] بندگی - عبادت - پُوجا - فرماں برداری -
**طاعت گزار** - فرماں بردار - بندگی کرنے والا - عبادت گزار -
**طاعون** (طا - عون) [ع - ا - مذکر] ایک مہلک اور متعدی وبا - پلیگ -
**طاغوت** [ع - ا - مذکر] شیطان - گمراہوں کا سردار -
**طاغوتی** [ع - صفت] شیطانی -
**طاق** [ع - ا - مذکر] (۱) محراب دار رَوش جو دیوار میں بنا دیتے ہیں (۲) یکتا - لاثانی (۳) وہ عدد جو جفت نہ ہو - مثلاً ۱ - ۳ - ۵ وغیرہ -
**طاق ابرو** - ابرو کا طاق - بھوں کی کمان -
**طاق بھرنا** - مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا -
**طاق پر دھرنا / رکھنا** - ترک کرنا - اُٹھا رکھنا -
**طاقِ نسیان ہونا** - بھولا ہونا - بھلا دیا جانا -
**طاق ہونا** - ماہر ہونا - یکتا ہونا -
**طاقت** (طا - قت) [ع - ا - مونث] (۱) زور - قوت (۲) جُراُت - حوصلہ (۳) برداشت - استطاعت (۴) حکومت -
**طاقت آزمائی** [مونث] زور لگانا - طاقت آزمانا -
**طاقت سلب ہونا** - قوت جاتی رہنا -
**طاقت مہماں نداشت خانہ بمہماں گزاشت** [مثل] مہمان داری کی طاقت نہ رکھتا تھا گھر مہمان کے لیے چھوڑ دیا - اس وقت کہتے ہیں جب کوئی مہمان کے آنے پر ٹل جائے -
**طاقت ور** - زور آور - توانا - مضبوط - کس بل والا -
**طاقچہ** (طاق - چہ) [ف - ا - مذکر] طاق کی تصغیر - چھوٹا طاق -

**طاقی** [ف - ا - مونث] (۱) ایک قسم کی لمبی ٹوپی (۲) وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو (۳) [صفت] بھینگا -
**طال** (طا - ل) [ع - ماضی المبالغہ] - بڑھ گیا -
**طال عُمرُہٗ** - اس کی عمر لمبی ہو -
**طالب** [ع - صفت] چاہنے والا - مشتاق - اُمیدوار -
**طالب استمداد / امداد** - مدد چاہنے والا - امداد کا طلب گار -
**طالب دُنیا** - دُنیا طلب کرنے والا - حریص - لالچی -
**طالب دیدار** - محبوب کو دیکھنے کا خواہش مند -
**طالب علم** - علم کا طلب گار - علم حاصل کرنے والا -
**طالب علمانہ** - طالب علموں کی مانند - شاگردوں کی طرح -
**طالب علمی** [مونث] علم پڑھنے یا کام سیکھنے کا شغل - شاگردی -
**طالب و مطلوب** - عاشق و معشوق -
**طالبات** (طا - ل - بات) [ع - ا - مونث] طالبہ کی جمع -
**طالبہ** (طا - ل - بہ) [ع - ا - مونث] (۱) طلب کرنے والی (۲) علم حاصل کرنے والی عورت - متعلمہ -
**طالح** [ع - صفت] بدکار - بُرا آدمی - شریر -
**طالع** [ع - ا - مذکر] نصیب - قسمت -
**طالع آزما** - نصیب آزمانے والا -
**طالع آزمائی** [مونث] نصیب آزمانا -
**طالع اوج پر ہونا** - بلند قسمت ہونا - بختاور ہونا -
**طالع بیدار** - خوش نصیبی - اقبال مندی -
**طالع خوابیدہ** - سویا ہُوا نصیب - بدقسمتی -
**طالع شناس** - نجومی - جوتشی - قسمت کا حال بتانے والا -
**طالع شناسی** [مونث] نجوم کا علم -
**طالع کا گھر** - بارہ بُرجوں میں سے کوئی بُرج -
**طالع مند - طالع وَر** - نصیب والا - خوش قسمت - بختاور -
**طالع یاور ہونا** - قسمت جاگنا - نصیب کھلنا -
**طالوت** (طا - لوت) [ع - ا - مذکر] عبرانی ساؤل یعنی بادشاہ کا معرب - بنی اسرائیل کا بادشاہ جس نے جالوت کو لاکھوں سے جنگ کرکے اُسے قتل کیا -
**طامع** [ع - صفت] حریص - لالچی - لوبھی -
**طاہر** [ع - صفت] پاک - صاف - پوتر -
**طاہرہ** (طا - ہ - رہ) [ع - صفت] پاک باز عورت -
**طاہری** (طا - ہ - ری) [ا - مونث] بڑی پلاؤ - ایک قسم کا کھانا جو چاولوں اور بڑیوں سے پکایا جاتا ہے -
**طائر** [ع - صفت - وا - مذکر] اُڑنے والا - پرند - پکھیرو -
**طائر بسمل** - آدھا ذبح کیا ہُوا پرندہ - نیم جان پکھیرو -
**طائر خوش نوا** - اچھا گانے والا پرندہ -
**طائر خیال** - خیال کو طائر سے تشبیہ دیتے ہیں -
**طائر رُوح** - رُوح کا طائر سے استعارہ کرتے ہیں -

Marfat.com

طائرِ سِدرہ - حضرت جبریل علیہ السلام جن کا مقام سدرہ پر ہے ۔
طائرِ قبلہ نما - وہ مقناطیسی سُوئی جس سے قبلہ کا رُخ معلوم ہوتا ہے ۔
طائرِ قدس ، قُدسی (۱) پاک جان کا پرندہ (۲) فرشتہ جبریل ۔
طائرِ نوگرفتار - وہ پرندہ جو حال ہی میں قید ہُوا ہو ۔
طائرِ وحشی - جنگلی پرندہ - وہ پرندہ جو پالتو نہ ہو ۔
طائرِ وہم و خیال کا نہ پہنچنا - کسی بات کا ناممکن ہونا - خیال تک نہ جا سکنا ۔
طائرانہ (طا - ئِ - را - نہ) [ف - صفت] پرندے کی مانند ۔
طائرانہ نگاہ ڈالنا - اُچٹتی نگاہ ڈالنا - سرسری طور پر دیکھنا ۔
طائف [ع - صفت] (۱) طواف کرنے والا - ادھر اُدھر پھرنے والا (۲) [مذکر] حجاز کا ایک قصبہ ۔
طائفہ (طا - ئِ - فہ) [ع - مونث] (۱) ذات - قوم (۲) گروہ - جماعت (۳) ناچنے والوں کی ٹولی ۔
طائل (طا - ئِل) [ع - مذکر] فائدہ - نفع (اُردو میں لا طائل کی ترکیب کے ساتھ مستعمل ہے) ۔
طاؤس (طا - ؤس) [ع - مذکر] (۱) مور (۲) ایک ساز جو مور کی شکل کا ہوتا ہے ۔
طاؤسی (طا - ؤ - سی) [ف - صفت] مور کا - مور کے رنگ کا ۔
طاؤسی رقص [مذکر] ایک خاص قسم کا ناچ جو مور کے رقص سے مشابہ ہوتا ہے ۔
طائی (طا - ئی) [ع - صفت] عرب کے قبیلہ طے سے منسوب

## ط - ب

طب [ع - مونث] علاج معالجے کا علم ۔
طبابت (طِ - با - بت) [ع - مونث] علاج معالجہ - ڈاکٹری (پہلا فتح اول بھی صحیح ہے) ۔
طباخ (طب - باخ) [ع - مذکر] باورچی - کھانا پکانے والا ۔
طباشیر (طَ - با - شیر) [ع - مونث] بنسلوچن - ایک سفید رنگ کی دوا ۔
طباطبائی [ع - صفت] حضرت اسمٰعیل بن ابراہیم بن امام حسن کی اولاد جن کا لقب طباطبا تھا ۔
طباع (طب - باع) [ع - صفت] غیر معمولی ذہین ۔
طباعت (طِ - با - عت) [ع - مونث] چھپائی ۔
طباعی (طب - با - عی) [ع - مونث] غیر معمولی ذہانت - طبیعت کی تیزی ۔
طباق (طَ - باق) [ع - مذکر] (۱) بڑی رکابی (۲) کاسۂ سر - کھوپڑی ۔
طباق سا مُنہ - چوڑا مُنہ - چوڑا چکلا چہرہ - چپٹا چہرہ ۔
طبائع [ع - مذکر، مونث] طبیعت کی جمع ۔
طبع [ع - مونث] (۱) طبیعت - فطرت - خصلت (۲) چھاپنا (۳) نقش - چھاپ ۔
طبع آزمائی [مونث] طبیعت کی آزمائش - ذہانت کا امتحان
طبع رسا ، رواں - تیز طبیعت - تیز ذہن ۔
طبع زاد - اپنی ایجاد یا اختراع - طبیعت سے نکلا ہُوا ۔
طبع کرنا - چھاپنا - شائع کرنا ۔
طبع نازک - نازک طبیعت ۔
طبعی (طب - عی) [ع - صفت] (۱) دیکھیے طبیعی (۲) اصلی - قدرتی - خلقی ۔
طبعی جغرافیہ - وہ جغرافیہ جس میں خشکی و تری کی بحث ہو ۔
طبق (طَ - بق) [ع - مذکر] (۱) تھال (۲) طبقہ - تختہ (۳) تہ - چھلکا (۴) نیاز (۵) سونے کا ورق - پتا (۶) تختہ - فلک (۷) عورت کی شرمگاہ (۸) درجہ - منزل ۔
طبقات (طَ - بَ - قات) [ع - مذکر] طبقہ کی جمع ۔
طبقات الارض (۱) زمین کے طبقے - زمین کی تہیں (۲) ایک علم جس میں زمین کی پرتوں سے بحث کی جاتی ہے ۔
طبقاتی (طَ - بَ - قا - تی) [ع - صفت] طبقہ یا جماعت سے متعلق ۔
طبقاتی جنگ [مونث] وہ کشمکش جو معاشرے کے مختلف طبقوں میں ہو ۔
طبقہ (طَ - بَ - قہ) [ع - مذکر] (۱) درجہ (۲) تہ - پرت (۳) آدمیوں کا گروہ (اُردو میں سب کے سکون سے مستعمل ہے) ۔
طبقہ اُلٹ جانا (۱) کسی خاندان یا مُلک میں زوال آجانا (۲) کسی معاملے کا بگڑ جانا ۔
طبل [ع - مذکر] بڑا ڈھول - دمامہ - نقارہ - دھونسا ۔
طبلِ بازگشت - لڑتی ہوئی فوجوں کو واپس بلانے کا نقارہ ۔
طبلچی (طب - بل - چی) [اُردو - مذکر] طبلہ بجانے والا ۔
طبلہ (طب - لہ) [ع - مذکر] (۱) ڈبا - صندوقچی (۲) ایک خاص قسم کا ایک رُخا ڈھولک ۔
طبلۂ عطار - عطار کی صندوقچی جس میں وہ عطر وغیرہ رکھتا ہے ۔
طبلہ نواز - طبلہ بجانے والے - طبلچی ۔
طبلے پر تھاپ پڑنا - طبلہ بجنا ۔
طبی (طب - بی) [ع - صفت] طب کا - علاج معالجے سے متعلق ۔
طبیب (طَ - بیب) [ع - مذکر] (۱) معالج (۲) ڈاکٹر ۔
طبیعت (طَ - بی - عت) [ع - مونث] (۱) مزاج - فطرت - عادت ۔
طبیعت آنا (۱) کسی سے محبت ہو جانا (۲) کوئی چیز پسند آنا ۔
طبیعت اُتھل پتھل ہونا - طبیعت بے قرار ہونا ۔
طبیعت اک سُو ، یکسو ہونا - مطمئن ہونا ۔
طبیعت اُلٹ جانا - مزاج بدل جانا ۔
طبیعت باغ باغ ہونا ، باغ و بہار ہونا - بہت خوش ہونا ۔
طبیعت بحال ہونا (۱) طبیعت کا درست ہونا (۲) افاقہ ہونا ۔
طبیعت بھر جانا (۱) سیر ہو جانا (۲) دل اُکتا جانا ۔
طبیعت پر گرانی ہونا (۱) بدہضمی ہونا (۲) ناگوار ہونا ۔

Marfat.com

طبیعت پھرنا - بیزار ہونا - اُکتا جانا -
طبیعت پھیکی (پڑنا) ہونا (۱) اُمنگ باقی نہ رہنا (۲) بیمار ہونا -
طبیعت ٹھکنا - دل کو قرار ہونا - مطمئن ہونا -
طبیعتِ ثانیہ - دوسری طبیعت - عادت جو مزاج میں رچ جائے -
طبیعت سَن سے ہو جانا - کسی اچانک واقعہ سے صدمہ پہنچنا -
طبیعت شناس - مزاج پہچاننے والا - مزاج داں -
طبیعت لگنا - دل لگنا - جی بہلنا -
طبیعت ہٹ جانا - نفرت ہو جانا -
طبیعت ہونا - دل آنا - رغبت ہونا - جی چاہنا -
**طبعی - طبیعیاتی** (طَ - بی - عی) [ع - صف] (۱) علم طبیعیات سے متعلق (۲) جسمانی - مادّی (فزیکل)
**طبیعیات** (طَ - بی - عی - یات) [ع - ا - مذکر] علم الاجسام (بشمول نباتات و جمادات) وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل اور ان کی خاصیت سے بحث کی جاتی ہے -

## ط - پ

**طپانچہ** (طَ - پاں - چہ) دیکھیے تپانچہ -
**طپنچہ** (طَ - پن - چہ) [ف - ا - مذکر] دیکھیے تپنچہ -

## ط - ح

**طحال** [ع - ا - مونث] تلی -

## ط - ر

**طرار** (طَ - رار) [ع - صف] چالاک - عیّار - ہوشیار -
**طرارہ** (طَ - را - رہ) [ع - ا - مذکر] ترارا - پھلانگ - جست -
**طراری** (طَ - را - ری) [ف - ا - مونث] چُلبلاہٹ - تیزی - چالاکی -
**طراز** [ع - ا - مذکر] (۱) نقش و نگار (۲) زینت - آرائش (۳) آراستہ کرنے والا -
**طرازی** (طَ - را - زی) [ف - ا - مونث] سجانا - آراستہ کرنا - نقش و نگار بنانا - پیراستہ کرنا -
**طراوت** (طَ - را - وَت) [ع - ا - مونث] (۱) رطوبت - نمی (۲) ٹھنڈک (۳) تازگی -
طراوت آنا - ٹھنڈک پیدا ہونا -
طراوت بخشنا - تازگی دینا - فرحت بخشنا -
**طَرب** (طَ - رَب) [ع - ا - مونث] خوشی - شادمانی - انبساط -
طرب انگیز (خیز - سنج - فزا) فرحت بخشنے والا - خوش کرنے والا - اُمنگ بڑھانے والا -
طَرب ناک - فرحت بخش -
**طُرپوش** (طُر - پوش) [ف - ا - مذکر] ترکی ٹوپی -
**طرح** [ع - ا - مونث] (۱) وضع - انداز (۲) بُنیاد (۳) نقاشی خاکہ (۴) طلحدگی (۵) مصرعہ جو مشاعرے میں غزل کہنے کے لیے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مقرر کرتے ہیں (۶) تفریق کرنا -
طرح اُڑانا (۱) انداز اُڑانا (۲) وضع سیکھ لینا (۳) نقال کرنا -
طرح بہ طرح - قسم قسم کا - رنگ برنگ -
طرح دار - بانکا - رنگیلا - خوش انداز -
طرح داری (مونث) بانکپن -
طرح دے جانا - ٹال جانا - درگزر کرنا -
طرح ڈالنا (۱) بُنیاد ڈالنا (۲) تدبیر کرنا -
طرح طرح - دیکھیے طرح بہ طرح -
طرح کرنا (۱) تفریق کرنا (۲) غزل کہنے کے لیے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مصرع بتانا (۳) [کیمیا] آگ پر سُرخ کی ہوئی دھات پر کوئی ایسی دوا ڈالنا جو اس کی رنگت تبدیل کر دے -
طرحِ نو (۱) نئی بُنیاد (۲) نئی طرز - نیا ڈھنگ - نیا انداز -
طرحیں نکالنا - طرزیں ایجاد کرنا -
**طرحی** (طَر - حی) [ع - صف] وہ غزل جو مقررہ طرح پر کہی جائے -
طرحی مشاعرہ (مذکر) وہ مشاعرہ جس میں مقررہ طرح پر غزلیں پڑھی جائیں -
**طرز** [ع - ا - مونث - مذکر] (۱) طور - طریقہ - ڈھنگ (۲) قاعدہ (۳) شکل - ہیئت (۴) عادت (۵) اسٹائل -
طرز اُڑانا - نقل کرنا - دوسروں کی کوئی وضع اختیار کرنا -
طرزِ تحریر - لکھنے کا ڈھنگ - مضمون نگاری کا طریقہ -
طرزِ قدیم - پُرانی وضع - پُرانا طریقہ -
طرزِ کلام - اندازِ گفتگو - بات کا طریقہ -
**طرف** (طَ - رَف) [ع - ا - مونث] (۱) جانب - رُخ - سمت (۲) کنارہ - حاشیہ (۳) مقابل - حریف - فریق (۴) پاس لحاظ (۵) بھگ -
طرفِ اوّل (۱) دعوے دار - مدعی - مستغیث (۲) پہلی طرف -
طرفِ ثانی (۱) مخالف - فریقِ ثانی (۲) دُوسری طرف -
طرف دار - مددگار - حمایتی -
طرف داری (مونث) پاس - لحاظ - حمایت - جانب داری -
طرف داری کرنا - حامی و مددگار ہونا - جانبداری کرنا -
**طرفہ** (طَر - فہ) [ع - ا - مونث] آنکھ کا جھپکنا -
طرفۃ العین - پلک جھپکتے ہی - ذرا سی دیر میں -
**طُرفگی** (طُر - فَ - گی) [ف - ا - مونث] خوبی - عمدگی - عجوبہ پن -
**طُرفہ** (طُر - فہ) [ع - صف] (۱) نیا (۲) انوکھا - عجیب -
طُرفہ تماشا (مذکر) عجیب و غریب کھیل - انوکھا تماشا - عجیب واقعہ -

Marfat.com

**طُرفہ گُل کھلانا** ۔ عجیب و غریب کام کرنا ۔
**طُرفہ ماجرا** (مذکر) انوکھا واقعہ ۔ تعجب کی بات ۔
**طُرفہ معجون** (مونث) (۱) وہ چیز جو عجیب و غریب اجزا سے مرکب ہو (۲) عجیب آدمی (۳) بے وقوف یا احمق شخص ۔
**طُرفہ یہ ہے** ۔ انوکھی بات یہ ہے ۔ حیرت یہ ہے ۔ تعجب یہ ہے ۔
**طَرفَین** (طَ ۔ رَ ۔ فَین) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) فریقین ۔ دونوں جانب مُدعی اور مُدعا علیہ (۲) اصطلاح فقہ میں ، امام ابوحنیفہ اور امام محمد ۔
**طُرّہ** (طُر ۔ رَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) وہ پھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں ۔ پگڑی کے اوپر کا سرا جو اُٹھا رہتا ہے (۲) جانوروں کی کلغی (۳) انوکھی بات ۔ عمدگی (۴) [صفت] انوکھا ۔ عجیب ۔
**طُرّہ باز** (۱) اکڑنے والا (۲) وہ شخص جو پگڑی پر طرّہ لگائے ۔
**طُرّہ ہونا** (۱) زیادہ ہونا ۔ فائق ہونا (۲) انوکھا ہونا ۔
**طَرِیق** (طَ ۔ رِیق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) راستا (۲) طرز ۔ روش (۳) مذہب (۴) رواج ۔ دستور ۔
**طَرِیقَت** (طَ ۔ رِی ۔ قَت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) راستا (۲) تصوف کی اصطلاح میں تزکیۂ باطن ۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے رُوحانی کمال حاصل ہوتا ہے ۔
**طَرِیقہ** (طَ ۔ رِی ۔ قَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے طریق ۔

## ط ۔ ش

**طَشت** [ع ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے تشت ۔
**طَشتَری** (طَش ۔ تَ ۔ رِی) [ف ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے تشتری ۔

## ط ۔ ع

**طَعام** (طَ ۔ عام) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کھانا ۔ بھوجن ۔ غذا ۔
**طَعن** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نیزے کی ضرب (۲) طنز ۔ ملامت ۔
**طعن آمیز** ۔ طنز یا ملامت سے بھرا ہوا ۔
**طعن کرنا** (۱) آوازہ کسنا (۲) نیزے کی ضرب لگانا ۔
**طعن و تشنیع** ۔ طعنہ مہنا ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ جلی کٹی بات ۔
**طَعنہ** (طَع ۔ نَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] آوازہ ۔ طنز ۔ طعن ۔
**طعنہ تشنہ** (طعن و تشنیع کا بگاڑ ہوا) بُرا بھلا ۔ لعنت ملامت ۔
**طعنہ دینا** ۔ چھیڑنا ۔ آوازہ کسنا ۔ طنز کرنا ۔
**طعنہ زنی** (مونث) چھیڑ چھاڑ ۔ آوازہ کسنا ۔ طعن کرنا ۔
**طعنہ مارنا** ۔ طعنہ زنی کرنا ۔
**طعنہ مہنا** ۔ بُرا بھلا ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ طعن و تشنیع ۔

## ط ۔ غ

**طُغرا** (طُغ ۔ را) [ت ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نشانی (۲) تحریر ۔ عربی رسم الخط میں پیچیدہ مگر فن کارانہ اور خوبصورت تحریر ۔ مُہر یا انگوٹھی پر کھُدی ہوئی خوبصورت تحریر ۔
**طُغرا نویس** ۔ وہ خوش نویس جو طغرا لکھنے میں مہارت رکھتا ہو ۔
**طُغرائے امتیاز** ۔ وہ خصوصیت یا لیاقت جو دوسروں میں نہ ہو ۔
**طُغیانی** (طُغ ۔ یا ۔ نی) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) سرکشی (۲) سیلاب
**طغیانی پر آنا** ۔ سیلاب آنا ۔

## ط ۔ ف

**طِفل** [ع ۔ ا ۔ مذکر] لڑکا ۔ بچہ ۔
**طفلِ دبستان** ، مکتب (۱) طالب علم (۲) ناتجربہ کار شخص ۔
**طفلِ شیرخوار** ۔ دُودھ پیتا بچہ ۔
**طفل مزاج** ۔ وہ شخص جس کے مزاج میں بچپنا ہو ۔
**طِفلاں** (طِف ۔ لاں) [ف ۔ ا ۔ مذکر] طفل کی جمع ۔
**طِفلانہ** (طِف ۔ لا ۔ نہ) [ف ۔ صفت] بچوں کی طرح ۔
**طِفلی** (طِف ۔ لی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) لڑکپن ۔ بچپن کی عمر (۲) نادانی ۔
**طُفُولِیّت** (۱) (طُ ۔ فُو ۔ لی ۔ یَت [ع ۔ ا ۔ مونث] طفل ۔
**طُفَیل** (طُ ۔ فَیل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ذریعہ و وسیلہ ۔ بدولت ۔
**طُفَیلی ۔ طُفَیلیا** (طُ ۔ فَے ۔ لی) (طُ ۔ فَیلی ۔ یا) [ع ۔ صفت] بن بلایا مہمان ۔ دُوسروں کی بدولت گزارہ کرنے والا ۔

## ط ۔ ل

**طِلا** [ف ۔ ا ۔ مذکر] سونا ۔ ملمّع ۔ تلہ ۔
**طلا کار** ۔ ملمع ساز ۔
**طلا کاری** (مونث) (۱) سونے کا کام (۲) سونے کے کام کا پیشہ ۔
**طِلا** [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک روغن جو سستی دُور کرنے کے لیے مخصوص پر ملتے ہیں ۔
**طُلّاب** (طُل ۔ لاب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) طالب کی جمع ۔ (۲) طالب علم ۔
**طَلاق** (طَ ۔ لاق) [ع ۔ ا ۔ مونث] نکاح کا فسخ ہونا ۔ عورت کا نکاح سے آزاد ہونا ۔
**طلاقِ بائن** ۔ جُدا کرنے والی طلاق جس میں رجوع نہیں کیا جا سکتا ۔
**طلاقِ بدعت** ۔ بے قاعدہ طلاق جو ایک ہی دفعہ تین طلاق کہہ کر دی جائے ۔
**طلاقِ حسن** ۔ ایک ایک کرکے وقت مقررہ کے بعد دی جانے والی طلاق ۔
**طلاق دینا** ۔ قانون مذہب کے مطابق زوجہ سے قطع تعلق کرنا ۔
**طلاقِ رجعی** ۔ طلاق کا پہلا درجہ ۔ وہ طلاق جس کے بعد آدمی بیوی کی طرف رجوع کر سکتا ہے ۔

Marfat.com

**طلاقِ کنایہ** ۔ وہ طلاق جو صاف الفاظ میں نہ ہو ۔
**طلاق لینا** ۔ عورت کا خاوند سے آزادی حاصل کرنا ۔
**طلاقِ مُغلّظ** ۔ طلاق کا تیسرا درجہ ۔ قطعی طلاق ۔
**طلاق نامہ** [ مذکر ] وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرطیں درج ہوں ۔
**طلاقت** ( طَ ۔ لا ۔ قَت ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] چرب زبانی ۔ لسّانی ۔
**طلائی** ( طِ ۔ لا ۔ ئی ) [ ف ۔ صفت ] سُنہری ۔ سونے کا ۔
**طلایہ** ( طَ ۔ لا ۔ یَہ ) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) وہ فوج جو رات کو لشکر یا شہر کی حفاظت کرے (۲) پولیس کی رونْد ۔ گشت ۔
**طَلَب** ( طَ ۔ لَب ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) مانگ (۲) خواہش (۳) لَت (۴) تلاش (۵) بُلاوا (۶) تنخواہ (۷) وہ چیز جو مانگی جائے ۔
**طلب بانٹنا** ۔ تنخواہ تقسیم کرنا ۔
**طلب بجھانا** ۔ خواہش مٹانا ۔ آرزو پوری کرنا ۔
**طلب دار** (۱) کسی چیز کا خواہش مند (۲) تنخواہ دار ۔
**طلب کرنا** (۱) بُلانا (۲) مانگنا ۔
**طلب گار** (۱) خواہش مند (۲) متلاشی ۔
**طلب مٹانا** ۔ خواہش مٹانا ۔ طلب پوری کرنا ۔
**طلب نامہ** [ مذکر ] سمن ۔ حاضرِ عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ ۔
**طُلَبا** ( طُ ۔ لَ ۔ با ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) طلیب کی جمع (۲) ڈھونڈنے والے (۳) طالب علم ۔
**طلبانہ** ( طَل ۔ با ۔ نَہ ) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) سپاہیوں کا یومیہ ۔ (۲) وہ روپیہ جو گواہ کو عدالت میں طلب کرنے کے واسطے لیا جائے ۔
**طَلَبہ** ( طَ ۔ لَ ۔ بَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) طالب کی جمع (۲) طالب علموں کی جماعت ۔
**طَلَبی** ( طَ ۔ لَ ۔ بی ) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] بُلاوا ۔ حاضر ہونے کا حکم ۔
**طلبی ہونا** ۔ بُلایا جانا ۔ حاضری کا حکم ہونا ۔
**طِلِسم** ( طِ ۔ لِسم ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) جادو (۲) جادو کا تماشا (۳) جادو کے خطوط اور نقش (۴) وہ ملک جہاں جادوگر رہتے ہوں ۔
**طلسم باندھنا** ۔ انوکھی بات کرنا ۔ جادو کا شعبدہ دکھانا ۔
**طلسم توڑنا** (۱) کسی کے فریب کو کھولنا (۲) جادوگروں کا ملک فتح کرنا (۳) جادو کا اثر زائل کرنا ۔
**طلسمات** ( طِ ۔ لِس ۔ مات ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) طلسم کی جمع (۲) حیرت میں ڈالنے والا منظر ( بطور واحد بھی مستعمل ہے ) ۔
**طلسماتی ۔ طلسمی** ( طِ ۔ لِس ۔ ما ۔ تی ، طِ ۔ لِس ۔ می ) [ ف ۔ صفت ] جادو کا ۔
**طلعت** ( طَل ۔ عَت ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) چہرہ (۲) نظارہ ۔ دیدار ۔
**طُلُوع** [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) سورج چاند ستارے کا نکلنا (۲) بلند ہونا ۔

## ط ۔ م

**طمّاع** ( طَم ۔ ماع ) [ ع ۔ صفت ] بہت لالچی ۔ بڑا حریص ۔
**طمانچہ** ( طَ ۔ مان ۔ چہ ) دیکھیے تپانچہ ۔
**طمانیت** ( طُ ۔ ما ۔ نِی ۔ یَت ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] دل جمعی ۔ اطمینان ۔ ( ع ۔ طمانینہ کا بگاڑ ) ۔
**طُمطراق** ( طُم ۔ طُ ۔ راق ) [ ف ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) شان و شوکت ۔ رُعب داب (۲) غرور ۔ تکبر ۔
**طَمَع** ( طَ ۔ مَع ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) لالچ (۲) خواہش ۔
**طمع خام** ۔ ایسی خواہش جس کا پورا ہونا ممکن نہ ہو ۔
**طمنچہ** ( طَ ۔ مَن ۔ چہ ) دیکھیے تمنچہ ۔

## ط ۔ ن

**طَناب** ( طَ ۔ ناب ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) خیمے کی رسّی (۲) وہ رسّی جس سے زمین ناپتے ہیں ۔
**طنابیں کھینچنا** (۱) خیمے کی رسّی کھینچ کر باندھنا (۲) دُوری یا فاصلے کو کم کرنا ۔
**طنّاز** ( طَن ۔ ناز ) [ ع ۔ صفت ] (۱) طنز کرنے والا (۲) شوخ ۔ بے باک (۳) اشارے کنائے میں بات کرنے والا ۔
**طنّازی** ( طَن ۔ نا ۔ زی ) [ ف ۔ ا ۔ مونث ] (۱) شوخی (۲) طنز ۔ کنایہ ۔
**طُنبور ۔ طَنبورہ** ( طَم ۔ بُور ، طَم ۔ بُو ۔ رَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] ایک قسم کا ستار ۔ تان پورہ ۔ تنبورہ ۔
**طنز** [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) طعنہ ۔ مہنا (۲) رمز کے ساتھ بات کرنا ۔
**طنز آمیز** ۔ وہ بات جو طعنے کے طور پر کہی جائے ۔
**طنزاً** ( طَن ۔ زَن ) [ ع ] (۱) طعنے سے (۲) اشارتاً ۔ کنایتاً ۔ رمزاً ۔
**طنطنہ** ( طَن ۔ طَ ۔ نَہ ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) رُعب ۔ دبدبہ ۔ (۲) شان و شوکت (۳) غصہ (۴) غرور ۔
**طنطنہ دکھانا** (۱) حکومت یا شان و شوکت دکھانا (۲) اِترانا (۳) ڈرانا ۔

## ط ۔ و

**طواف** ( طَ ۔ واف ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) کسی بزرگ یا مقدس مقام کے گرد چکر کھانا (۳) گردش ۔
**طوافِ بیت اللہ** ۔ کعبہ کا طواف ۔
**طوالت** ( طَ ۔ وا ۔ لَت ) [ ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) لمبائی (۲) زیادتی (۳) دیر ۔
**طوائف** ( طَ ۔ وا ۔ ئِف ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) طائفہ کی جمع (۲) گروہ ۔ قومیں ۔ قبیلے (۳) [ اُ ۔ ا ۔ مونث ] ناچنے گانے والی عورت ۔ رقاصہ ۔
**طوائف الملوکی** [ مونث ] ہل چل ۔ بدنظمی ۔ لاقانونیت ۔
**طُوبیٰ** ( طُو ۔ با ) [ ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) بہشت کا ایک درخت

Marfat.com

(۲) [صف] نہایت خوش بُودار (۳) نہایت پاک۔
**طَور** [ع - ا - مذکر] (۱) حالت (۲) طرز - ڈھنگ (۳) قسم - نوع۔
طور بے طور ہونا (۱) حالت خراب ہونا (۲) گڑبڑ ہونا۔
طور طریق - رنگ ڈھنگ - چال چلن - رویّہ - برتاؤ۔
**طُور** [ع - ا - مذکر] کوہِ سینا - جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰؑ پر تجلّیِ الٰہی کا ظہور ہُوا تھا۔
طُورِ سینا - کوہِ سینا۔
**طُوسی** [ف - صف] (۱) طوس (خراسان کا ایک شہر) کا رہنے والا (۲) کرنجی یا بینگنی رنگ کا۔
**طوطا** (اَر - ا - مذکر) دیکھیے توتا۔
**طُوطی** (طُو - طی) توتی کا معرّب - دیکھیے تُوتی۔
**طُوطیا** (طُو - طِ - یا) توتیا کا معرّب - دیکھیے توتیا۔
**طَوعاً** (طَو - عَن) [ع] رضامندی سے - اپنی مرضی سے۔
طوعاً و کرہاً - چار و ناچار - جبراً - خواہ مخواہ۔
**طُوف** [ع - ا - مذکر] دیکھیے طواف۔
**طُوفان** [ع - ا - مذکر] (۱) سیلاب - شدید بارش (۲) آندھی (۳) مصیبت - سانحۂ عظیم (۴) شور - غل (۵) بہتان - تہمت۔
طُوفان اُٹھانا (۱) بہتان لگانا (۲) آفت مچانا۔
طوفان برپا کرنا (۱) جھگڑا کرنا (۲) غل غپاڑہ مچانا۔
طوفانِ شیطان (۱) تہمت اور بہتان (۲) فتنہ و فساد۔
طوفان کھڑا کرنا - فساد اُٹھانا - فتنہ برپا کرنا۔
طوفان میں آنا - کشتی یا جہاز کا ہَوا یا پانی کی طغیانی میں پھنسا۔
طوفانِ نوح - پانی کا وہ سیلاب جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا تھا۔
طوفان ہونا (۱) تند و تیز ہَوا کا چلنا (۲) سخت شریر ہونا۔
**طُوفانی** - [ف - صف] (۱) طوفان سے منسوب (۲) دھول دھماد (۳) آفت کا پرکالہ۔
**طَوق** [ع - ا - مذکر] (۱) گلوبند - ہار (۲) حلقہ۔
طوقِ لعنت بگردنِ ابلیس [مثل] لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں - بڑے آدمی کو ہی بُرائی کا الزام لگتا ہے۔
**طُول** [ع - ا - مذکر] (۱) لمبائی (۲) پھیلاؤ۔
طُولِ اَمل (۱) حرص کی درازی (۲) اُمید کی طوالت۔
طولِ بلد - طُولُ البَلد - کسی مقام کا فاصلہ جو نصف النّہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے۔
طول پکڑنا - بڑھ جانا - کسی معاملے کا لمبا ہو جانا۔
طول دینا - کسی معاملے کو بڑھانا۔
طول طویل - بہت لمبا۔
طول عمرہٗ - خدا اس کی عمر دراز کرے (اسے طالَ عمرہٗ)۔
طول کلام - بات کا پھیلاؤ - فضول گفتگو۔
طول کھینچنا - دیر لگنا - مُدت لگنا - عرصہ گزرنا۔
**طُولاً** (طُو - لَن) [ع] لمبائی میں - درازی میں۔
**طُولانی** [ف - صف] لمبا - دراز۔
**طُومار** [ع - ا - مذکر] (۱) کتاب - دفتر (۲) لمبا خط (۳) ڈھیر (۴) کاغذوں کا گٹھا (۵) لمبی کہانی۔
طُومار باندھنا - چھوٹی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔
**طَوِیل** (طَ - وِیل) [ع - صف] (۱) لمبا - دراز (۲) اشعار کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
طویل الجثّہ - طویلُ القامت - لمبے قد کا۔
طویلُ المیعاد - لمبی مُدت کے لیے۔
**طویلہ** (طَ - وے - لَہ) [ع - ا - مذکر] گھوڑوں کا تھان - اصطبل۔
طویلے کی بلا بندر کے سر [مثل] (۱) جب کسی آدمیوں کی آفت ایک کے سر پڑے (۲) قصور کسی کا سزا کوئی پائے۔

# ط - ہ

**طٰہٰ** (طا - ہا) [ع - ا - مونث] (۱) قرآن مجید کی ایک سُورت کا نام (۲) پیغمبر اسلامؐ کا ایک اسمِ گرامی۔
**طہارت** (طَ - ہا - رَت) [ع - ا - مونث] (۱) صفائی - پاکیزگی (۲) وضو - استنجا (۳) غسل کرنا۔
طہارت کرنا - آبدست لینا - وضو کرنا۔
**طَہُور** (طَ - ہُور) [ع - صف] (۱) انتہائی پاک (۲) پاک کرنے والا۔

# ط - ی

**طے** [ع - ا - مذکر] (۱) لپیٹنا (۲) قطعِ مسافت (۳) پُورا کرنا - ختم کرنا (۴) فیصلہ - بے باقی۔
طے کرنا (۱) لپیٹنا - اب عموماً اس جگہ تہ کرنا مستعمل ہے (۲) قطعِ مسافت کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) رفع دفع کرنا۔
**طیّار** (طَی - یار) [ع - صف] (۱) اُڑنے والا - تیز دوڑنے والا (۲) حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کا لقب (۳) [مذکر] پروں والا جانور۔
**طیّارہ** (طَی - یا - رَہ) [ع - ا - مذکر] ہوائی جہاز۔
**طِیب** [ع - ا - مونث] (۱) خوشی - رضامندی (۲) خوشبو (۳) کسی چیز کا بہترین حصّہ۔
طیبِ خاطر - خوشی - رضامندی - خوشنودیِ مزاج۔
**طَیِّب** (طَی - یِب) [ع - صف] (۱) عمدہ (۲) پاک - جائز (۳) لذیذ۔
**طیّبات** (طَی - یِ - بات) [ع - ا - مونث] پاک عورتیں۔
**طَیبہ** (طَے - بہ) [ع - ا - مذکر] مدینہ منوّرہ کا ایک نام۔
**طَیِّبہ** (طَی - یِ - بہ) [ع - صف] طیّب کا مونث - پاک۔
**طَیر** [ع - ا - مذکر] پرند - چڑیا - طائر۔
**طَیش** [ع - ا - مذکر] (۱) غصّہ - جوش (۲) جھنجھلاہٹ۔
طیش دلانا - غصّہ دلانا - بھڑکانا۔
طیش میں آنا - غصّے میں آنا - جھنجھلانا۔
**طِین** [ع - ا - مونث] مٹی۔
**طینت** (طی - نَت) [ع - ا - مونث] (۱) طبیعت (۲) عادت - خُو۔
**طُیُور** (طُ - یُور) [ع - ا - مذکر] طیر کی جمع - پرندے۔

Marfat.com

# ظ

ظ (ظو - اسے) [ع - ا - مونث] اُردو کا تئیسواں، فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے نو سو عدد فرض کیے گئے ہیں -

## ظ - ا

**ظالم** [ع - صفت] (۱) اندھیرا کرنے والا - ظلم کرنے والا (۲) وحشی (۵) بدذات (۶) شوخ
ظالم کی رسّی دراز ہے (مثل) ظالم کو مہلت بہت ملتی ہے -
**ظالمانہ** (ظا - لِ - ما - نہ) [ف - صفت] (۱) ظلم سے بھرا ہُوا (۲) ظالم کی طرح -
**ظاہر** [ع - صفت] (۱) آشکار - عیاں - کھلا ہُوا (۲) باطن کا نقیض -
ظاہربین (پرست) ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا -
ظاہربینی (مونث) ظاہری حالت دیکھنا -
ظاہر پیر - خاکروبوں کا مُرشد -
ظاہردار - دکھاوے کا برتاؤ کرنے والا - منافق - مکار -
ظاہرداری [مونث] دکھاوا - نمائش - تکلف -
ظاہرداری برتنا - دکھاوے کی باتیں کرنا - تکلف کرنا -
ظاہرظہور - ظاہر میں کھلم کھلا - صاف صاف -
ظاہر کرنا (۱) بھید کھولنا (۲) مشتہر کرنا (۳) تشریح کرنا -
ظاہر میں - ظاہرا - دیکھنے میں -
ظاہر و باطن - حقیقت اور ظاہری صورت - حقیقی کردار اور اس کا مظاہرہ -
ظاہر ہے - یہ بات پوشیدہ نہیں ہے - سب جانتے ہیں -
**ظاہرا - ظاہراً** (ظا - ہِ - را) (ظا - ہِ - رَن) [ع] بظاہر - دیکھنے میں - جہاں تک خیال کریں -
**ظاہری** [ف - صفت] (۱) دکھاوے کا (۲) بدیہی - کھلا ہُوا -

## ظ - ر

**ظرافت** (ظ - را - فت) [ع - ا - مونث] خوش طبعی - مذاق - دل لگی - تمسخر -
ظرافت آمیز - ظرافت ملی ہوئی - دل لگی کی باتیں -
**ظرافتاً** (ظ - را - فَ - تَن) [ع] ہنسی سے - دل لگی سے -
**ظرف** [ع - ا - مذکر] (۱) برتن - بھانڈا (۲) حوصلہ - سمائی - (۳) صرف و نحو میں وہ اسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنوں پر دلالت کرے -
ظرف پیدا کرنا - حوصلہ پیدا کرنا -
ظرف دیکھنا - حوصلہ دیکھنا -
ظرفِ زمان - وہ اسم جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے - اسم زمان -
ظرفِ مکان - وہ اسم جس میں مکانیت پائی جائے - اسم مکان -
**ظروف** (ظُ - رُوف) [ع - ا - مذکر] ظرف کی جمع - برتن -
**ظریف** (ظَ - ریف) [ع - ا - مذکر و صفت] لطیفہ گو - بذلہ سنج - دل لگی باز -
**ظریفانہ** (ظَ - ری - فا - نہ) [ف - صفت] (۱) ظرافت کا (۲) ظریف کی طرح -

## ظ - ف

**ظفر** (ظَ - فَر) [ع - ا - مونث] فتح - جیت - کامیابی -
ظفر تکیہ [مذکر] فقیروں کی سہارا لینے کی لکڑی -
ظفر قرین - جس کے حملے کے ساتھ فتح قریب ہو -
ظفر مراد - ظفر موج - ظفر نشان - ظفر نصیب - ظفریاب - فاتح - فتح مند -
ظفر یابی (مونث) فتح پانا -

## ظ - ل

**ظل** [ع - ا - مذکر] سایہ - چھاؤں -
ظلِ اللہ - ظلِ الٰہی (۱) خُدا کا سایہ (۲) نائب خدا (۳) بادشاہ -
ظلِ حمایت - امداد کی پناہ -
ظلہٗ - اُس (مرد) کا سایہ -
ظلہا - اُس (عورت) کا سایہ -
ظلہم - اُن مردوں کا سایہ -
**ظلم** [ع - ا - مذکر] (۱) ستم - بے انصافی (۲) زبردستی - زیادتی -
ظلم توڑنا - سختی کرنا - آفت ڈھانا -
ظلم ڈھانا - ستانا - ستم کرنا -
**ظلمات** (ظُل - مات) [ع - ا - مونث] ظلمت کی جمع - (۱) تاریکیاں - اندھیرے - وہ تاریکی جس میں آب حیات کا چشمہ خیال کیا گیا ہے (۲) بحر اوقیانوس (اُردو میں مفرد مستعمل ہے) -
**ظلمت** (ظُل - مَت) [ع - ا - مونث] تاریکی - اندھیرا - سیاہی -
ظلمت خانہ، کدہ [مذکر] تاریک مکان -

Marfat.com

**ظُلمتِ شب** (مونث) رات کی تاریکی۔
**ظُلمی** (ظُل مِی) [اُر۔صف] ظالم۔سنگ دل۔جابر۔
**ظَلُوم** (ظَ۔لُوم) [ع۔صف] نہایت ظالم۔
**ظلوم وجہول** [مذکر] سخت ظالم اور جاہل لوگ۔

## ظ۔ن

**ظَن** [ع۔ا۔مذکر] گمان۔شبہ۔خیال۔
**ظنِ غالب**۔یقین۔غالب رائے۔
**ظنِ فاسد**۔شک وشبہ۔بدظنی۔بدگمان۔
**ظَنّی** (ظَن نی) [ع۔صف] خیالی۔قیاسی۔

## ظ۔ہ

**ظِہار** [ع۔ا۔مذکر] ایک قسم کی طلاق۔فقہ کی اصطلاح میں مرد کا اپنی بیوی کو ماں یا بہن یا اُن عورتوں سے تشبیہ دینا جو شرعاً اس پر حرام ہیں۔
**ظُہر** [ع۔ا۔مذکر] تیسرا پہر۔
**ظَہر** [ع۔ا۔مونث] پیٹھ۔پشت۔
**ظہرِ تمسک**۔ظہرِ سمن۔تمسک کی پشت پر۔سمن کی پشت پر۔
**ظَہری** (ظَہ۔ری) [ع۔صف] پشت پر لکھا ہوا۔پشتی۔
**ظہری تحریر** [مونث] وہ تحریر جو سمن، وارنٹ وغیرہ کی پشت پر لکھی جائے۔
**ظُہُور** (ظُ۔ہُور) [ع۔ا۔مذکر] انکشاف۔اظہار۔
**ظہور میں آنا**۔ظاہر ہونا۔پیش آنا۔
**ظہور میں لانا**۔ظاہر کرنا۔پیش کرنا۔آشکارا کرنا۔
**ظُہُورا** (ظُ۔ہُو۔را) [اُر۔ا۔مذکر] جلوہ۔رونق۔لہر بہر۔
**ظَہِیر** (ظَ۔ہِیر) [ع۔صف] مددگار۔حمایتی۔دوست۔

Marfat.com

# ع

(عین) [ع - ا - مذکر] اُردو کا چوبیسواں، فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارھواں حرف - حساب ابجد میں اس کے ۷۰ عدد فرض کیے گئے ہیں (۲) رکوع قرآن کا اشارہ (۳) مصرع کی علامت (۴) علیہ السلام کا مخفف (۴) -

## ع - ا

**عابد** [ع - ا - مذکر و صفت] عبادت کرنے والا -
**عاج** [ع - ا - مذکر] ہاتھی دانت -
**عاجز** [ع - صفت] کمزور - بے بس - مجبور - لاچار -
عاجز آنا - تنگ آنا - پریشان ہونا - مایوس ہونا -
عاجز کرنا - تنگ کرنا - مجبور کرنا -
**عاجزانہ** (عا - جِ - زا - نہ) [ف - تابع فعل] عاجزی سے - انکساری سے -
**عاجزی** (عا - جِ - زی) [ف - ا - مونث] عجز - انکسار - منّت - سماجت -
عاجزی کرنا - منّت سماجت کرنا - گڑگڑانا - ہاتھ جوڑنا -
**عاجل** [ع - صفت] جلد باز -
**عاد** [ع - ا - مذکر] (۱) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پورا تقسیم کردے (۲) ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہود تھے -
عادِ اعظم - وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پورا پورا تقسیم کردے -
**عادات** [ع - ا - مذکر و مونث] عادت کی جمع -
**عادت** (عا - دَت) [ع - ا - مونث] (۱) خُو - خصلت (۲) طبیعت - خاصیت (۳) طور طریقہ (۴) دستور (۵) طلب کسی چیز کی لت -
عادت پڑنا - سبھاؤ پڑنا - عادی ہونا - ڈھب پڑنا -
عادت ڈالنا - کسی بات کا خوگر ہونا -
**عادتاً** (عا - دَ - تَن) [ع] عادت سے - عادت کے طور پر -
**عادل** [ع - صفت] منصف - جج - انصاف کرنے والا -
عادِلِ الرّہن - وہ شخص جس کے پاس دو آدمیوں کا رہن نامہ رکھ دیا جائے -
**عادی** [ف - صفت] خوگر - وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی ہو -
**عار** [ع - ا - مونث] (۱) غیرت - شرم - لاج (۲) بُرائی - عیب -
عار آنا - شرم آنا -
عار سمجھنا - عیب سمجھنا - بُرا خیال کرنا -
عار کرنا (۱) غیرت کرنا - شرم کرنا (۲) عیب سمجھنا -
**عارض** [ع - ا - مذکر] (۱) رخسارہ - گال (۲) [صفت] لاحق ہونے والا - پیش آنے والا
عارضِ سیمیں - چاندی جیسا گال - نہایت خوبصورت چہرہ -
عارض ہونا - لاحق ہونا - پیدا ہونا - نمودار ہونا -
**عارضہ** (عا - رِ - ضہ) [ع - ا - مذکر] مرض - دُکھ - بیماری -
عارضہ لاحق ہونا - بیماری لگنا -
**عارضی** (عا - رِ - ضی) [ع - صفت] وہ شے جو مستقل نہ ہو - وقتی - ہنگامی -
**عارف** [ع - صفت] (۱) پہچاننے والا (۲) خداشناس - ولی -
عارف باللہ - خداشناس -
**عارفانہ** [ف - تابع فعل] عارف سے منسوب - عارف کی طرح -
**عاری** [ع - صفت] (۱) ننگا - خالی (۲) تنگ - قاصر - عاجز - مجبور -
عاری آجانا (ہونا) عاجز آجانا - تنگ آجانا - تھک جانا -
**عاریت** (عا - ری - یَت) [ع - ا - مونث] قرض - چند روز کے لیے مانگی ہوئی چیز - (اُردو میں اکثر بلا تشدید مستعمل ہے)
عاریت نامہ [مذکر] اقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لیے لکھ دیا جائے -
**عاریتاً** (عا - رِ - یَ - تَن) [ع - تابع فعل] قرضے کے طور پر مانگ کر -
**عازم** [ع - صفت] قصد کرنے والا - ارادہ کرنے والا -
**عازمین** (عا - زِ - مِین) [ع - ا - مذکر] عازم کی جمع -
**عاشق** [ع - ا - مذکر] چاہنے والا - محبت کرنے والا -
عاشق مزاج (۱) حُسن پرست (۲) دل لگی کرنے والا -
**عاشقانہ** (عا - شِ - قا - نہ) [ف - تابع فعل] عاشقوں کا سا - عاشقوں کی طرح -
**عاشقی** (عا - شِ - قی) [ف - ا - مونث] عشق و محبت - دل بستگی -
**عاشور - عاشورا - عاشورہ** [ع - ا - مذکر] محرم کی دسویں تاریخ - امام حسینؑ کے شہید ہونے کا دن -
**عاصم** [ع - صفت] نگاہ رکھنے والا - بچانے والا -
**عاصی** [ع - صفت] گنہگار - مجرم - تقصیر وار -
**عاطفت** (عا - طِ - فَت) [ع - ا - مونث] مہربانی - لطف - عنایت
**عافیت** (عا - فِ - یَت) [ع - ا - مونث] (۱) سلامتی (۲) امن (۳) بھلائی -
عافیت تنگ کرنا - چین سے نہ بیٹھنے دینا - آرام نہ لینے دینا -
**عاق** [ع - صفت] ماں باپ کا نافرمان - باغی - سرکش -
عاق کرنا - اولاد کو نافرمانی کے باعث حقوقِ فرزندی سے محروم کرنا -
عاق نامہ [مذکر] فرزندی سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز -
**عاقبت** (عا - قِ - بَت) [ع - ا - مونث] (۱) انجام - خاتمہ (۲) نتیجہ (۳) آخرت - عقبیٰ (۴) آخرکار -
عاقبت الامر - آخرکار -
عاقبت اندیش - دُور اندیش - انجام سوچنے والا - ہوشیار عاقل -

Marfat.com

**عاقبت بخیر ہونا** - انجام اچھا ہونا -
**عاقبت بگاڑنا** - خراب کرنا - گندی کرنا - آخرت خراب کرنا - بُرے کام کرنا -
**عاقبت کا توشہ** [مذکر] دُوسری دُنیا کا سہارا - نیک اعمال - اچھے کام -
**عاقبت کے بورے سمیٹنا** - مُدّت تک جینا -
**عاقرقرحا** (عا - قِ - رِ - قَر - حا) [ع - ا - مذکر] ایک دوا جو دانتوں کے درد کے کام آتی ہے - عقرقرحا -
**عاقل** [ع - صفت] دانا - ہوشیار - دانش مند -
**عاقل را اشارہ کافی است** - عقل مند اشارہ سمجھ لیتا ہے -
**عالم** [ع - صفت - و - مذکر] دانا - بہت پڑھا لکھا - مولوی -
**عالم الغیب** - غیب کا حال جاننے والا - خدا تعالے -
**عالم باعمل** - وہ عالم جس نے پڑھ کر اس پر عمل بھی کیا ہو -
**عالم** (عا - لَم) [ع - ا - مذکر] (۱) زمانہ - دُنیا (۲) مخلوق (۳) قسم - جنس (۴) حالت - صورت (۵) ڈھنگ - حال (۶) لُطف - حُسن - رونق (۷) مانند -
**عالم آرا** - دُنیا کو آراستہ کرنے والا - جہان آرا - گیتی آرا -
**عالم ارواح** - رُوحوں کا جہان - وہ جگہ جہاں رُوحیں رہتی ہیں -
**عالم اسباب** - جہاں ہر کام کا ایک سبب ہوتا ہے - دُنیا -
**عالم امر** - عالم ملائک - عالم ارواح -
**عالم بالا** - آسمان - عرش -
**عالم برزخ** - مقام ارواح جو موت اور قیامت کے درمیان ہے -
**عالم بیداری** - جاگنے کی حالت -
**عالم پناہ** - وہ شخص جو مخلوق کے امن کا سبب ہو - بادشاہ -
**عالم تاب** - دُنیا کو روشن کرنے والا - سُورج -
**عالم تصور** - غور و فکر کی حالت - خیال کی دُنیا -
**عالم جبروت** - فرشتوں کی دُنیا - وہ مقام جو ستاروں سے اوپر ہے -
**عالم رؤیا** - خواب کی حالت -
**عالم سفلی** - دُنیا - زمین -
**عالم عالم** - بہت سے -
**عالم غیب** - دُوسرا جہان جو چھپا ہوا ہے -
**عالم قدس** - بہشت -
**عالم کون و فساد** - دُنیا -
**عالم گیر** (۱) جہان کو فتح کرنے والا (۲) دُنیا میں پھیلا ہُوا - تمام دُنیا کا -
**عالم لاہوت** - ذات الٰہی کا مقام جہاں سالک کو فنافی اللہ حاصل کرنا ہوتا ہے -
**عالم مثال** - اس دُنیا سے زیادہ لطیف دُنیا جس میں یہاں کی تمام چیزوں کا نمونہ یا اصل موجود ہے -
**عالم ناسوت** - فانی دُنیا -
**عالم نرالا ہونا** - انداز مختلف ہونا - طریقہ جُدا ہونا -
**عالمانہ** (عا - لِ - ما - نہ) [ف - صفت] (۱) علم سے بھرا ہُوا - دانائی سے پُر (۲) [تابع فعل] عقلمندانہ - عالم کی طرح -
**عالمی** (عا - لَ - می) [ف - صفت] دُنیا کا - دُنیاوی - دُنیا کو رہنے والا -
**عالمین** (عا - لَ - مین) [ع - ا - مذکر] عالم کی جمع - بہت سے جہان -
**عالی** [ع - صفت] (۱) اُونچا - بلند (۲) بڑا - عظیم (۳) قابلِ تعظیم -
**عالی جاہ** - بڑے رُتبے والا - بلند پایہ -
**عالی جناب** - بلند رُتبے والا - اعلیٰ حضرت -
**عالی خاندان** - امیر زادہ - اچھے خاندان کا -
**عالی دماغ** - بڑے دماغ والا - عقل مند - دانا -
**عالی رُتبہ** - بڑے مرتبے والا - والا شان -
**عالی شان** (۱) اعلے رُتبے کا - بڑی شان والا (۲) عُمدہ - شان دار -
**عالی ظرف** - بڑے حوصلے کا -
**عالی قدر** - دیکھیے عالی رُتبہ -
**عالی ہمت** (۱) بڑی ہمت والا - اولوالعزم (۲) سخی (۳) بہادر -
**عالی ہمتی** [مونث] (۱) جُرأت - دلیری (۲) بلند حوصلگی - سخاوت - فیاضی -
**عالیہ** (عا - لی - یہ) [ع - صفت] عالی کی تانیث -
**عام** [ع - صفت] (۱) پھیلا ہُوا - مشہور (۲) سب - تمام (۳) بازاری - معمولی (۴) رواجی - رسمی -
**عام فہم** - آسان - سب کی سمجھ میں آجانے والا -
**عام کر دینا** - مشہور کر دینا - مشتہر کر دینا -
**عام لوگ** - معمولی لوگ - عوام - پبلک -
**عام میں** - سب کے سامنے - علانیہ - کھلم کھلا -
**عامر** [ع - صفت] (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا -
**عامرہ** (عا - مِ - رہ) [ع - صفت] بھرا ہُوا - معمور -
**عامل** [ع - ا - مذکر] (۱) حاکم - تحصیل دار (۲) سیانا - بھوت پریت کا عمل جاننے والا (۳) کام کرنے والا -
**عامہ** (عام - مہ) [ع - صفت] عام - کل - سب -
**عامۃ الناس** - سب لوگ - عوام -
**عامی** [ع - صفت] عام سے منسوب - ادنیٰ - عام آدمی - جاہل - بازاری -
**عامیانہ** (عا - می - یا - نہ) [ف - صفت] (۱) جاہلوں کا (۲) عوام کا (۳) گھٹیا - بُرا -
**عائد** [ع - صفت] اُلٹ کر آنے والا - پھرنے والا -
**عائد ہونا** - اُلٹ پڑنا - ذمے پڑنا - صادق آنا -
**عائلی** (عا - ئِ - لی) [ع - صفت] ازدواجی - شادی بیاہ کے متعلق -

## ع - ب

**عبا** (ع - با) [ع - ا - مذکر] ایک ڈھیلا ڈھالا لمبا چُغہ -
**عباد** (عِ - با) [ع - ا - مذکر] عبد کی جمع - بندے - غلام -
**عبادات** [ع - ا - مونث] عبادت کی جمع -
**عبادت** (ع - با - دت) [ع - ا - مونث] خدا کی بندگی نماز وغیرہ -
**عبادت کرنا** - پوجا پاٹ کرنا - پرستش کرنا - نماز پڑھنا -

Marfat.com

**عبادت خانہ** (کدہ - گاہ) مسجد - مندر - گرجا -

**عِبارت** (عِ - با - رَت) [ع - ا - مونث] تحریر - مضمون - بیان مُدعا -

عبارت آرائی (مونث) مضمون کو سنوار کر لکھنا - مضمون کی رنگینی

عبارت ظہری - وہ عبارت جو کسی تحریر کی پُشت پر لکھی جائے -

عبارت ہونا - مطلب ہونا - مُدعا ظاہر کرنا -

**عبّاسی** (عَب - با - سی) [ع - صف] حضرت عباسؓ کے خاندان کا نام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم تھے (۲) [مذکر] ایک پھول اور بوٹا -

**عبّاسیہ** (عَب - با - سی - یَہ) [ع - صف] (۱) خلافت بنی عباس سے متعلق (۲) حضرت عباسؓ سے متعلق -

**عَبَث** (عَ - بَث) [ع - ف] (۱) بے فائدہ - بے کار - (۲) ناحق - بلاوجہ -

**عَبد** [ع - ا - مذکر] بندہ - غلام -

**عِبرانی** (عِب - را - نی) [ع - ا - مونث] یہودیوں کی زبان - [صف] عبر کی اولاد - اسرائیلی -

**عِبرت** (عِب - رَت) [ع - ا - مونث] (۱) نصیحت (۲) خوف - اندیشہ -

عبرت انگیز - ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے اور وہ اس سے نصیحت پکڑے -

عبرت پکڑنا - متنبہ ہونا - نصیحت حاصل کرنا -

عبرت ناک - خوف دلانے والا -

**عِبری** - (عِب - ری) [ع - صف] عبرانی -

**عَبقَری** (عَب - قَ - ری) [ع - ا - مذکر] بہت عقلمند - بے نظیر -

**عُبُودِیّت** (عُ - بُو - دی - یَت) [ع - ا - مونث] بندگی - غلامی -

**عُبُور** (عُ - بُور) [ع - ا - مذکر] (۱) پار کرنا - پُل پر سے گزرنا (۲) کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا - خوب مہارت ہونا -

عبورِ دریائے شور (۱) کسی جرم کی پاداش میں جزیرہ انڈیمان (کالے پانی) بھیجنا (۲) عمر قید کی سزا -

**عُبَید** (عُ - بَید) [ع - ا - مذکر] عبد کی تصغیر چھوٹا غلام -

**عبیر** (عَ - بیر) [ع - ا - مذکر] ایک خوشبودار سفوف جو کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے -

## ع - ت

**عِتاب** [ع - ا - مذکر] (۱) ملامت (۲) غصہ (۳) غضب قہر - خفگی -

عتاب الٰہی - خدا کا قہر - آفت سماوی - خدا کی مار -

عتاب میں آنا - کسی کی خفگی یا غصے کا نشانہ بننا -

عتاب نامہ [مذکر] غصے کا خط - وہ خط جس میں خفگی یا سزا تحریر ہو -

**عِترت** (عِت - رَت) [ع - ا - مونث] قریبی رشتہ دار - بیٹے - بیٹیاں -

**عتیق** (عَ - تیق) [ع - صف] (۱) پُرانا (۲) آزاد (۳) برگزیدہ -

## ع - ج

**عجائب** (عَ - جا - اِب) [ع - ا - مذکر] عجیب کی جمع - حیرت انگیز چیزیں -

عجائب خانہ (گھر) [مذکر] وہ عمارت جہاں قدیم اور نادر چیزیں دیکھنے کے لیے رکھی جائیں - میوزیم -

عجائب و غرائب [مذکر] انوکھی اور عجیب چیزیں -

**عجائبات** (عَ - جا - اِ - بات) [ع - ا - مذکر] عجائب کی جمع انوکھی اور حیرت انگیز چیزیں -

**عَجَب** (عَ - جَب) [ع - ا - مذکر] (۱) تعجب - حیرت (۲) انوکھا - نادر -

عجب حال ہونا - بُرا حال ہونا - ابتر حال ہونا -

عجب کیا - کچھ تعجب نہیں - بہت ممکن ہے کہ -

عجب نہیں - کچھ حیرت کی بات نہیں -

**عُجب** [ع - ا - مذکر] غرور - تکبر - گھمنڈ - خود بینی -

**عِجز** [ع - ا - مذکر] (۱) کمزوری (۲) شکست (۳) مسکینی - انکسار (۴) منت سماجت - خوشامد -

**عُجلت** (عُج - لَت) [ع - ا - مونث] جلدی - شتابی -

**عَجَم** (عَ - جَم) [ع - ا - مذکر] (۱) گونگا (۲) عرب کے سوا کوئی ملک -

**عجمی** (عَ - جَ - می) [ع - صف] عجم کا رہنے والا - ایرانی - تورانی وغیرہ -

**عُجوبہ** (عُ - جُو - بَہ) [ف - ا - مذکر] دیکھیے اعجوبہ -

**عجوز - عجوزہ** (عَ - جُوز - عَ - جُو - زَہ) [ع - ا - مونث] بڑھیا

**عجیب** (عَ - جیب) [ع - صف] انوکھا - قابل تعریف - نرالا - حیرت انگیز -

عجیب الخلقت - پیدائشی حیرت انگیز - انوکھی شکل کا -

عجیب حال ہونا - بُرا حال ہونا -

عجیب و غریب - طُرفہ - نرالا - انوکھا - حیرت انگیز -

## ع - د

**عدالت** (عَ - دا - لَت) [ع - ا - مونث] (۱) برابری (۲) انصاف - عدل (۳) کچہری -

عدالت ابتدائی - وہ پہلی عدالت جس میں مقدمہ رجوع اور فیصل ہوتا ہے -

عدالت اپیل - بڑے حاکم کی کچہری جہاں اپیل کی جائے -

عدالت خفیفہ - وہ عدالت جس میں قرضے کے چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے - چھوٹی کچہری -

Marfat.com

**عدالتِ دیوانی** - وہ عدالت جس میں صرف لین دین کے متعلق مقدمات کا فیصلہ ہوتا ہو اور وہ قید کی مجاز نہ ہو -
**عدالتِ سیشن** - وہ فوج داری کی کچہری جس میں سنگین مقدمات کا فیصلہ کیا جائے -
**عدالتِ ضلع** - ضلع کی کچہری جس میں مار پیٹ، چوری چکاری، قتل و خون وغیرہ کے مقدمات فیصل کیے جائیں -
**عدالتِ عالیہ** - بڑی عدالت - ہائی کورٹ -
**عدالتِ فوج داری** - فوج داری مقدمات کی عدالت -
**عدالت کرنا** (۱) انصاف کرنا (۲) کچہری کرنا - اجلاس کرنا -
**عدالتِ ماتحت** - چھوٹی کچہری یا محکمہ جو کسی بڑے محکمے کے تحت ہو -
**عدالتِ مال** - مال افسر یا کلکٹر کی عدالت جو لگان، مالیہ اور زرعی اراضی کے متعلق فیصلہ کرتی ہے -
**عدالتِ مجاز** - بااختیار عدالت جسے پُورا پُورا اختیار حاصل ہو -
**عدالتِ مرافعۂ اولیٰ** - پہلے اپیل کی عدالت -
**عدالتی** (عَ - دا - لَ - تی) [ف - صفت] عدالت کے متعلق -
**عدالتی پیادہ** [مذکر] وہ قاصد جو عدالت کے کاغذات لے کر جاتا ہے -
**عداوت** (عَ - دا - وت) [ع - ا - مونث] بُغض - دُشمنی کینہ -
**عداوت رکھنا** - کینہ رکھنا - دشمنی رکھنا -
**عداوت نکالنا** - دشمنی کا بدلہ لینا -
**عِدّت** (عِد - دَت) [ع - ا - مونث] (۱) تعداد (۲) وہ مُدت شرعی جس میں عورت دوسرا نکاح نہ کر سکے مطلقہ کے لیے تین مہینے - بیوہ کے لیے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لیے وضعِ حمل تک -
**عدّت میں بیٹھنا** - عورت کا طلاق اور دُوسرے نکاح کے درمیان کی شرعی مدت گزارنا -
**عَدَد** (عَ - دَد) [ع - ا - مذکر] (۱) نمبر گنتی (۲) ہندسہ - رقم -
**عددِ صحیح** - پُورا عدد - وہ عدد جس میں کسر نہ ہو -
**عددی** (عَ - دَ - دی) [ع - صفت] عدد سے منسوب - عدد سے متعلق -
**عددی قیمت** - وہ قیمت جو عدد کے اعتبار سے نکالی جائے -
**عدسہ** (عَ - دَ - سہ) [ع - ا - مذکر] فوٹوگرافی کے کیمرے کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے - محدّب شیشہ -
**عدل** [ع - ا - مذکر] (۱) برابری - مساوات (۲) انصاف - داد - نیائے -
**عدل پرور** - انصاف کرنے والا -
**عدل پروری** [مونث] انصاف - انصاف کی پرورش -
**عدل گستر** - انصاف کرنے والا - عادل و منصف -
**عدل گستری** [مونث] انصاف -
**عدلیہ** (عد - لی - یہ) [ع - ا - مونث] عدل و انصاف کا شعبہ عدالتی نظام -
**عدم** (عَ - دَم) [ع - ا - مذکر] (۱) نیستی - ناپیدی - (۲) غیر حاضری -

**عدم آباد** [مذکر] وہ عالم جہاں آدمی مرنے کے بعد جاتا ہے - ابدی عالم -
**عدمِ اختیاراتِ سماعت** [مذکر] مقدمہ سُننے کا اختیار نہ ہونا -
**عدمِ ادائیگی** [مونث] رقم ادا نہ کرنا -
**عدمِ اعتماد** [مذکر] بھروسا باقی نہ رہنا - اعتماد نہ ہونا -
**عدمِ پیروی** [مونث] (۱) بےپروائی - غیر حاضری (۲) مقدمہ کی پیروی نہ کرنا -
**عدمِ تعمیل** - تعمیل نہ کرنا یا نہ ہونا -
**عدمِ توجہ** بے توجہی - بے پروائی - بے مروّتی -
**عدمِ ثبوت** [مذکر] کسی امر کی دلیل، تصدیق یا شہادت کا نہ ہونا -
**عدمِ فرصت** [مونث] مہلت نہ ہونا - وقت نہ ہونا -
**عدمِ مداخلت** [مونث] کسی کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دینا -
**عدمِ موجودگی** [مونث] غیر حاضری -
**عدم وجود برابر ہے** - ہونا نہ ہونا برابر ہے - نکما ہے - بےکار ہے -
**عدن** [ع - ا - مذکر] بہشت -
**عَدُو** (عَ - دُو) [ع - ا - مذکر] (۱) دشمن - مخالف (۲) رقیب -
**عدو شرے برانگیزد کہ خیر ما دراں باشد** (مثل) دشمن ایسی شرارت کرتا ہے کہ اس میں ہماری بہتری ہوتی ہے -
**عُدول** (عُ - دُول) [ع - ا - مذکر] مُنہ پھیر لینا - انکار - رُوگردانی -
**عدول حکمی** [مونث] نافرمانی - سرکشی - بغاوت -
**عدیل** (عَ - دِیل) [ع - صفت] (۱) برابر - یکساں - مانند (۲) عادل - منصف -
**عدیم** (عَ - دِیم) [ع - ا - مذکر] نابود - ناپید - نایاب - معدوم -
**عدیم الفرصت** - جسے بالکل فرصت نہ ہو -
**عدیم المثال** - بے نظیر - بے مثل - جس کے برابر کوئی نہ ہو -

## ع - ذ

**عذاب** (عَ - ذاب) [ع - ا - مذکر] (۱) تکلیف - مصیبت (۲) سزائے گناہ (۳) جھگڑا - بکھیڑا (۴) روگ - علت -
**عذابِ الیم** - سخت عذاب -
**عذابِ جان** - جی کا وبال - مصیبت -
**عذاب جھیلنا** - مصیبت اُٹھانا -
**عذاب مول لینا** - خود سے کسی مصیبت میں مُبتلا ہونا -
**عذاب میں پڑنا یا پھنسنا** - مصیبت میں پڑنا -
**عِذار** (عِ - ذار) [ع - ا - مذکر] عارض - رُخسار - گال - چہرہ - رُخ -
**عَذب** [ع - صفت] شیریں - خوش گوار -
**عذب البیان** - شیریں کلام -
**عُذر** [ع - ا - مذکر] (۱) بہانہ (۲) معذرت (۳) سببِ حجت (۴) اعتراض - گرفت (۵) معافی (۶) انکار -
**عُذرِ امتناعِ نالش** - دعوے کی رُوک کا عذر -
**عُذرِ بے جا** - ناجائز عذر جو قابلِ سماعت نہ ہو -

Marfat.com

عُذر پذیر - عذر قبول کرنے والا -
عُذر پیش کرنا - اعتراض پیش کرنا - کوئی دلیل یا حجت لانا - بحث کرنا -
عُذر تمادیٔ ایّام - میعاد گزرنے کا عُذر -
عُذر خواہ - عُذر کرنے یا چاہنے والا -
عُذر خواہی [مونث] معذرت - کسی امر کا عُذر بیان کرنا -
عُذر دار - معترض - دعوے دار -
عُذر داری [مونث] (۱) اعتراض - مزاحمت (۲) دعویٰ - دلیل -
عُذرِ گناہ بدتر از گناہ - گناہ کرکے معذرت کرنا گناہ سے بدتر ہے -
عُذرِ لنگ - غلط اور لغو عُذر -
عذرا - (عَذ - را) [ع - ا - مونث] (۱) کنواری - دوشیزہ (۲) وامق کی معشوقہ کا نام (۳) حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمۃ الزہرؑا کا لقب -

## ع - ر

عراقی - (عِ - را - قی) [ع - ا - مذکر] (۱) عراق کا گھوڑا - عربی گھوڑا (۲) مُلک عراق سے منسوب - مُلک عراق کا -
عرائض (عَ - را - اِض) [ع - ا - مذکر] عریضہ کی جمع -
عرب (عَ - رَب) [ع - ا - مذکر] مشرق قریب کا ایک مُلک - مُلک عرب کا باشندہ -
عربدہ (عَر - بَ - دَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) بدخوئی (۲) لڑائی جھگڑا - فتنہ -
عربدہ جُو - لڑاکا - جنگ جُو - فسادی -
عربی (عَ - رَ - بی) [ع - صفت] (۱) عرب سے منسوب (۲) [مونث] عربی زبان -
عُرس [ع - ا - مذکر] کسی بزرگ کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخ وفات پر ہو -
عرش [ع - ا - مذکر] (۱) چھت (۲) تخت (۳) آٹھواں آسمان
عرش آشیاں، آشیانی - وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو - مرحوم و مغفور -
عرشِ اعظم - خدا کا تخت -
عرشِ بریں - وہ آسمان جہاں خدا کا تخت ہے -
عرش پر دماغ ہونا، پہنچنا (۱) نہایت مغرور ہونا (۲) فخر کرنا -
عرش سے فرش تک - آسمان سے زمین تک - اُوپر سے نیچے تک -
عرشِ معلّٰی - عرشِ بریں - سب سے اُونچا آسمان -
عرشہ (عَر - شہ) [ع - ا - مذکر] (۱) بحری جہاز کی چھت (۲) بحری جہاز کا تختہ -
عرشی [ف - ا - مذکر] خدا کی بارگاہ میں حاضر رہنے والا فرشتہ -
عرصہ (عَر - صہ) [ع - ا - مذکر] (۱) آنگن (۲) میدان (۳) شطرنج کی بساط (۴) فاصلہ (۵) دیر (۶) زمانہ -
عرصہ تنگ ہونا (۱) وقت کم ہونا (۲) عاجز ہونا -

عرصۂ حشر - قیامت کا میدان -
عرصۂ حیات - زندگی کی مدت - عمر -
عرصۂ دراز - بہت وقت - بہت دن -
عرض (عَ - رَض) [ع - ا - مونث] (۱) وہ چیز جو دوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو - جوہر کا نقیض (۲) وہ بیماری جو کسی دوسرے مرض کے سبب سے ہو -
عرض [ع - ا - مونث] (۱) گزارش - التماس (۲) بلند کرنا (۳) چوڑائی، پاٹ -
عرض ارسال - وہ کاغذ جس کے ذریعے سے مال گزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیل دار کے پاس بھیجی جاتی ہے - رپورٹ نقشہ - بیجک -
عرض بلد - عرضُ البلد - وہ فرضی خطوط جو خطِ استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں -
عرض بیگی - وہ عہدے دار جس کے ذریعے بادشاہ کے حضور میں گزارشات ہو سکیں -
عرض حال - صورتِ حال کا اظہار - واقعہ کا بیان -
عرض داشت [مونث] عرضی - درخواست - گزارش -
عرض کرنا (۱) التماس کرنا (۲) اطلاع دینا -
عرض معروض [مونث] درخواست - التماس و گزارش - کہنا سُننا -
عرضاً (عَرضَن) [ع - تابع فعل] طولاً کا نقیض - چوڑائی میں -
عرضی (عَر - ضی) [ا - ا - مونث] تحریری درخواست - عریضہ -
عرضی ٹھوکنا - نالش کرنا - دعویٰ کرنا -
عرضی دعویٰ [مذکر] وہ کاغذ جس میں مدعی حالاتِ مقدمہ لکھ کر عدالت ابتدائی میں گزارے یا وہ درخواست جو ابتدا میں پیش کرکے مقدمہ چلایا جائے -
عرضی نویس - عدالتی عرضیاں اور تمسک وغیرہ لکھنے والا -
عُرف [ع - ا - مذکر] پہچان - مشہور نام - عام نام -
عُرفا (عُ - رَ - فا) [ع - ا - مذکر] عارف کی جمع - ولی لوگ -
عرفات (عَ - رَ - فات) [ع - ا - مذکر] مکّہ سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک مقدس میدان جہاں حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں -
عرفان [ع - ا - مذکر] (۱) شناخت (۲) حق تعالیٰ کی معرفت - خداشناسی -
عرفہ (عَ - رَ - فہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک کہتے ہیں (۲) [ار] ہر تہوار کا پہلا دن -
عرق (عَ - رَق) [ع - ا - مذکر] (۱) پسینہ (۲) کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی (۳) شیرہ - رس -
عرق آلود - پسینے میں تر -
عرقِ انفعال - شرمندگی کا پسینہ -
عرق دو آتشہ - دو دفعہ کشید کیا ہوا عرق -
عرق ریزی [مونث] پسینا ٹپکانا - کمال محنت - نہایت ہی جان فشانی -
عرق عرق ہو جانا - پانی پانی ہو جانا - بہت شرمندہ ہونا -
عِرق [ع - ا - مونث] (۱) رگ (۲) جڑ -
عرق النسا - پٹھوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد -

Marfat.com

**عُرُوج** (عُ - رُوج) [ع - ا - مذکر] بلندی - اُونچائی - ارتفاع -
عُرُوج پر ہونا - اقبال یاور ہونا - اعلےٰ رُتبے پر پہنچنا -
عُرُوجِ ماہ - چاند کی پہلی سے چودھویں تک کا زمانہ -
**عَرُوس** (عَ - رُوس) [ع - ا - مونث] دُلھن - بہُو -
عروس البلاد - شہروں کی دُلھن - سب سے خوبصورت شہر -
**عَرُوسی** (عَ - رُو - سی) [ف - ا - مونث] (۱) شادی (۲) احسنا بیاہ کا -
**عَرُوض** (عَ - رُوض) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ علم جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں (۲) شعر کے پہلے مصرے کا آخری جزو -
**عُرُوق** (عُ - رُوق) [ع - مونث] عرق کی جمع - رگیں -
**عُروَہ** (عُر - وَہ) [ع - ا - مونث] گرفت -
عُروۃُ الوثقیٰ - مضبوط گرفت -
**عُریاں** (عُر - یاں) [ع - صفت] ننگا - برہنہ -
**عُریانی** (عُر - یا - نی) [ف - ا - مونث] ننگا پن - برہنگی -
**عَرِیض** (عَ - رِیض) [ع - صفت] چوڑا -
**عَرِیضہ** (عَ - رِی - ضہ) [ع - ا - مذکر] عرضی - وہ خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے - معروضہ -
عریضہ نگار - خط لکھنے والا -

## ع - ز

**عِزّ** [ع - ا - مونث] عزت - شرف - بزرگی (بافتح بھی صحیح ہے)
عِزّ و جاہ - عزت اور مرتبہ -
**عَزّ** (عَزّ - زَ) [ع - فعل] (۱) غالب ہُوا (۲) اس کی عزت ہو -
عَزّ اِسمُہٗ - اُس (اللہ) کے نام کی عزت ہو -
عَزّ و جَلّ - اس کی عزت اور بزرگی ہو - خدا تعالےٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے -
**عَزا** (عَ - زا) [ع - ا - مذکر] (۱) مصیبت پر صبر (۲) ماتم پُرسی - پُرسا -
عزا خانہ [مذکر] ماتم خانہ - امام باڑہ -
عزادار - سوگ وار - سوگی - میت کا غم کرنے والا -
عزاداری [مونث] (۱) سوگ - ماتم (۲) امام حسینؓ کی شہادت کا غم -
**عَزازِیل** (عَ - زا - زِیل) [ع - ا - مذکر] ابلیس - شیطان -
**عَزائِم** (عَ - زا - ئِم) [ع - ا - مذکر] عزیمت کی جمع (۱) ارادے (۲) منتر - افسوں -
**عِزّت** (عِز - زَت) [ع - ا - مونث] (۱) آبرو (۲) بزرگی -
عزت اُتارنا (بگاڑنا - لینا) بے آبرو کرنا - بے عزت کرنا -
عزت افزائی - عزت بڑھانا -
عزت دار - عزت والا - صاحب عزت - ذی مرتبہ - معزز -
عزت رکھ لینا - آبرو بچانا - عزت کی حفاظت کرنا -
عزت کرنا - تعظیم و تکریم سے پیش آنا -
عزت مآب - ایک تعظیمی کلمہ جو وزیروں اور سفیروں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے - آنریبل -
عزت میں بٹا لگنا - عزت میں فرق آنا - بے عزت ہونا - بے آبرو ہونا -
**عزرائیل** (عِز - را - ایل) [ع - ا - مذکر] ملک الموت - جان نکالنے والا فرشتہ -
**عَزل** [ع - ا - مذکر] (۱) موقوفی - معطلی (۲) جماع کے وقت فرج کی بجائے باہر منی نکالنا -
عزل و نصب - ترقی و تنزل - موقوفی و بحالی -
**عُزلت** (عُز - لَت) [ع - ا - مونث] خلوت - تنہائی -
عُزلت نشیں - گوشہ میں بیٹھا ہُوا - تنہائی میں بیٹھا ہُوا -
**عَزم** [ع - ا - مذکر] قصد - ارادہ - نیت -
عزم بالجزم - مصمم ارادہ - پکا ارادہ -
**عَزِیز** (عَ - زِیز) [ع - ا - مذکر و صفت] (۱) محبوب - دل پسند (۲) قابل عزت - صاحب مرتبہ (۳) خدا تعالیٰ کا نام (۴) رشتہ دار -
عزیزُ القدر - قابل قدر - ایک القاب جو چھوٹے بھائی یا رشتہ دار کو لکھا جاتا ہے -
عزیز داری [مونث] رشتہ داری - بھائی بندی -
**عَزِیمت** (عَ - زی - مت) [ع - ا - مونث] (۱) وہ عمل یا افسوں جس سے موکلوں کو حاضرات میں موجود کر سکیں - (۲) ارادہ قصد -

## ع - س

**عَساکِر** (عَ - سا - کِر) [ع - ا - مذکر] عسکر کی جمع -
**عُسر** [ع - ا - مذکر] (۱) دشواری - دقت (۲) مفلسی - غریبی -
**عُسرت** (عُس - رت) [ع - ا - مونث] تنگی - مفلسی - دُشواری -
**عَسکر** (عَس - کَر) [ع - ا - مذکر] فوج - سپاہ - لشکر -
**عَسکری** (عَس - کَ - ری) [ع - صفت و ا - مذکر] (۱) فوج کا - عسکر سے منسوب (۲) سپاہی -
**عَسکریت** (عَس - کَ - ری - یَت) [ع - ا - مونث] جارحیت جنگ پسندی - فوجی اور جنگی ذہنیت -
**عَسَل** (عَ - سَل) [ع - ا - مذکر] شہد - انگبین -
**عَسِیر** (عَ - سِیر) [ع - صفت] مشکل -

## ع - ش

**عِشا** [ع - ا - مونث] (۱) رات کا اندھیرا (۲) رات کی نماز -
**عُشّاق** (عُش - شاق) [ع - ا - مذکر] عاشق کی جمع -
**عشائیہ** (ع - شا - ای - یہ) [اُ - ع - ا - مذکر] رات کا کھانا -
**عَشَر** [ع - صفت] دس -
**عُشر** [ع - ا - مذکر] دسواں حصہ -
عُشرِ عشیر (۱) دسویں حصّے کا دسواں حصّہ (۲) بہت تھوڑا سا -

Marfat.com

**عِشرت** (عِش ـ رَت) [ع ـ ا ـ مونث] خوشی ـ عیش و نشاط ـ
**عَشَرہ** (عَش ـ رَہ) [ع ـ صفت] (۱) دس (۲) [اُ ـ ا ـ مذکر] محرم کی دسویں تاریخ ـ یوم عاشورہ ـ
عشرہ کاملہ ـ حاجیوں کے دس روزے جو قربانی دینے کی استطاعت نہ رکھنے والے تین حج سے پہلے اور سات اس کے بعد رکھتے ہیں ـ
عشرہ مبشرہ ـ رسول اللہ صلعم کے وہ دس صحابی جنھیں ان کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دی گئی تھی ـ
**عش عش** [ف ـ ا ـ مونث] نہایت خوشی اور تحسین و آفرین کے موقع پر بولا جاتا ہے ـ
عش عش کرنا ـ آفرین کہنا ـ نہایت پسند کرنا ـ
**عشق** [ع ـ ا ـ مذکر] حد سے زیادہ محبت ـ
عشق اللہ (۱) درویشوں کا باہمی سلام (۲) پہلوانوں کا سلام جو اکھاڑے میں اتر کر کیا جاتا ہے ـ
عشق باز ـ حسن پرست ـ عیاش ـ
عشق بازی [مونث] (۱) عاشقی ـ کسی کے ساتھ عشق کرنا (۲) عیاشی ـ
عشق پیچاں [مذکر] ایک بیل جس کا پھول عنفشی اور پتیاں باریک ہوتی ہیں ـ
عشق پیشہ ـ عاشق مزاج ـ حسن پرست ـ
عشق حقیقی ـ خدا تعالےٰ کا عشق ـ محبت الٰہی ـ
عشق مجازی ـ دنیوی انسانوں کا عشق ـ
**عشقیہ** (عش ـ قِ ـ یَہ) [اُ ـ صفت] عاشقانہ ـ عشق سے متعلق ـ
**عِشوہ** (عِش ـ وَہ) [ع ـ ا ـ مذکر] ناز ـ نخرہ ـ
عشوہ ساز ـ عشوہ گر ـ ناز و ادا کرنے والا ـ معشوق ـ
عشوہ گری [مونث] ناز کرنا ـ انداز دکھانا ـ
**عُشیر** (عُ ـ شیر) [ع ـ ا ـ مذکر] دسواں حصہ ـ

## ع ـ ص

**عصا** (عَ ـ صا) [ع ـ ا ـ مذکر] لاٹھی ـ سونٹا ـ لکڑی ـ تھم ـ
عصا بردار ـ چوبدار جو کسی معزز آدمی کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں ـ
عصائے پیری (۱) بوڑھے کی لکڑی (۲) بڑھاپے کا سہارا ـ بڑھاپے کا لڑکا ـ
عصائے موسیٰ (موسوی) حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس سے وہ معجزہ دکھاتے تھے ـ
**عَصَب** (عَ ـ صَب) [ع ـ ا ـ مذکر] پٹھا ـ نس ـ
**عَصَبہ** (عَ ـ صَ ـ بَہ) [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) جسم کا پٹھا (۲) باپ کی طرف سے خویش اور فرزند نرینہ (۳) ورثا کا باقی حصہ اور ان کے نہ ہونے کی صورت میں سارا حصہ لینے والے اشخاص ـ
**عصبیت** (عَ ـ صَ ـ بی ـ یت) [ع ـ ا ـ مونث] (۱) طرفداری (۲) رشتہ داری ـ
**عَصر** [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) زمانہ ـ وقت (۲) دن کا اخیر حصہ ـ
**عصرانہ** [اُ ـ ع ـ ا ـ مذکر] سہ پہر کی چائے ـ

**عصری** (عَص ـ ری) [ع ـ صفت] زمانے سے متعلق ـ
**عِصمت** (عِص ـ مَت) [ع ـ ا ـ مونث] پارسائی ـ پرہیزگاری ـ
عصمت بی بی از بے چادری [مثل] بے سروسامانی کی وجہ سے پارسا بنا رہنا ـ
عصمت دری [مونث] بے آبروئی ـ زنا ـ
عصمت فروشی [مونث] آبرو بیچنے کا عمل ـ پیشہ کرنا ـ
**عِصیاں** (عِص ـ یاں) [ع ـ ا ـ مذکر] گناہ ـ پاپ ـ جرم ـ خطا ـ

## ع ـ ض

**عَضُد** [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) بازو (۲) ساتھی ـ
عضد الدولہ ـ سلطنت کا بازو ـ شاہی زمانے کا خطاب ـ
**عضلات** (عَ ـ ضَ ـ لات) [ع ـ ا ـ مذکر] عضلہ کی جمع ـ
**عضلہ** (عَ ـ ضَ ـ لَہ) [ع ـ ا ـ مذکر] بند ـ بدن کا ٹکڑا ـ (MUSCLE)
**عُضو** [ع ـ ا ـ مذکر] بدن کا کوئی جزو (بالفتح بھی صحیح ہے) ـ
عضو تناسل ـ آلہ تناسل ـ ذکر ـ

## ع ـ ط

**عطا** (عَ ـ طا) [ع ـ ا ـ مونث] انعام ـ بخشش ـ سخاوت ـ
عطا کرنا ـ بخشنا ـ مرحمت کرنا ـ مفت دینا ـ
عطائے تو بہ لقائے تو [مثل] آپ کی چیز آپ ہی کو مبارک رہے ـ
**عطّار** (عَط ـ طار) [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) عطر فروش (۲) دوا فروش ـ
**عُطارِد** (عُ ـ طا ـ رِد) [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) ایک ستارہ ـ دبیر فلک (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں جست ـ
**عطاری** (عَط ـ طا ـ ری) [ع ـ ا ـ مونث] دوا فروشی ـ
**عطائی** (عَ ـ طا ـ ای) [اُ ـ ا ـ مذکر] وہ شخص جس نے کسی اُستاد کے بغیر اپنے شوق سے کوئی کام حاصل کیا ہو ـ بے اُستاد ـ اناڑی ـ
**عطایا** (عَ ـ طا ـ یا) [ع ـ ا ـ مذکر] عطیہ کی جمع ـ
**عِطر** [ع ـ ا ـ مذکر] (۱) خوشبو ـ کسی چیز کی نکالی ہوئی خوشبو (۲) ست لباب ـ جوہر ـ نچوڑ ـ
عطر بیز ـ خوشبو پھیلانے والا ـ
عطر بیزی [مونث] خوشبو پھیلانا ـ
عطر دان [مذکر] وہ صندوقچی جس میں عطر کی شیشیاں رکھی جائیں ـ
عطر فروش ـ عطر بیچنے والا ـ گندھی ـ
عطر میں بسانا ـ خوشبودار کرنا ـ
**عطریات** (عِط ـ ری ـ یات) [اُ ـ ا ـ مذکر] عطر کی

Marfat.com

جمع (خلافِ قیاس) -
**عَطَش** (عَ - طَش) [ع - ا - مونث] پیاس - تشنگی -
**عطف** [ع - ا - مذکر] (۱) پھیرنا - موڑنا (۲) مہربانی (۳) کسی کلمے یا کلام کی طرف پھیرنا (۴) وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملاتے -
**عطُوفت** (عَ - طُوفَت) [ع - ا - مونث] مہربانی - عنایت - کرم - نوازش -
**عطیات** (عَ - طی - یات) [ع - ا - مذکر] عطیہ کی جمع - عطایا -
**عطیہ** (عَ - طی - یَہ) [ع - ا - مذکر] عطا - بخشش - انعام -
عطیۂ سُلطانی (شاہی) بادشاہ کا بخشا ہُوا - گورنمنٹ کا دیا ہُوا -

## ع - ظ

**عِظام** (عِ - ظام) [ع - ا - مذکر] (۱) عظیم کی جمع (۲) عَظم کی جمع ہڈیاں -
**عُظّام** (عُظ - ظام) [ع - صفت] بزرگ - کلاں - بڑا -
**عَظم** [ع - ا - مذکر] ہڈی - اُستخوان -
**عُظمیٰ** (عُظ - ما) [ع - صفت] اعظم کی تانیث - سب سے بڑی -
**عظمت** (عَ - ظَ - مَت) [ع - ا - مونث] بزرگی - بڑائی - (اُردو میں بیشتر بسکونِ دوم مستعمل ہے) -
**عظیم** (عَ - ظیم) [ع - صفت] بڑا - کلاں - بزرگ -
عظیم الجثّہ - بڑے جُثّے والا - موٹا - فربہ -
عظیم الشّان - بڑی شان و شکوہ والا - والا قدر - بہت بڑا -

## ع - ف

**عِفّت** (عِف - فت) [ع - ا - مونث] عصمت - پارسائی -
**عِفریت** (عِف - ریت) [ع - ا - مذکر] (۱) دیو - بھوت - پریت (۲) ہولناک چیز -
**عَف عَف** [ع - ا - مذکر] کُتّے کی آواز -
**عَفو** [ع - ا - مذکر] معافی - بخشش -
**عُفُونت** (عُ - فُو - نَت) [ع - ا - مونث] بدبُو - گندگی - سڑاند -
**عَفِیَ عَنہ** (عُ - فِ - یَ - عَن - ہُ) خدا اس کے گناہ معاف کرے -
**عفیفہ** (عَ - فی - فہ) [ع - صفت] باعصمت عورت -

## ع - ق

**عُقاب** [ع - ا - مذکر] ایک طاقت ور اور بلند پرواز شکاری پرند -
**عُقابی** [ف - صفت] عقاب کی مانند - عقاب سے منسوب -
**عقائد** (عَ - قا - اِد) [ع - ا - مذکر] عقیدہ کی جمع -
**عَقب** [ع - ا - مذکر] پیچھے - پس پُشت -
**عُقبیٰ** (عُق - با) [ع - ا - مونث] آخرت - عاقبت -
**عَقد** [ع - ا - مذکر] (۱) گرہ - گانٹھ (۲) قول و قرار - نکاح -
عقدِ بیع - فروخت کا اقرار نامہ -
عقد کرنا - نکاح کرنا -
**عِقد** [ع - ا - مذکر] ہار - گلوبند -
عقدِ پروین (ثریا) چھ ستاروں کا جھُرمٹ -
**عُقدہ** (عُق - دہ) [ع - مذکر] (۱) گرہ - گانٹھ (۲) پیچیدہ بات - معمّا (۳) راز - بھید -
عقدہ کشائی (مونث) گرہ کھولنا - مشکل آسان کرنا - مسئلہ حل کرنا -
عقدہ کھُل جانا - بھید کھُل جانا - مسئلہ حل ہو جانا -
عقدۂ مالاینحل - وہ مشکل مسئلہ جو حل نہ ہو -
**عقرب** (عق - رب) [ع - ا - مذکر] (۱) بچھّو (۲) آسمان کا آٹھواں بُرج -
**عقرقرحا** (عَ - قَر - قَر - حا) [ع - ا - مذکر] دیکھیے عاقرقرحا -
**عقل** [ع - ا - مونث] دانائی - فہم - شعور - سمجھ - ادراک -
عقل آرائی - عقل دوڑانا -
عقل بڑی کہ بھینس؟ بے تُکی بات پر کہتے ہیں -
عقل پر پتھر پڑ جانا - سمجھ جاتی رہنا - غلطی ہونا -
عقل پکڑنا - ہوش میں آنا - شعور آنا -
عقل ٹھکانے نہ رہنا - عقل جاتی رہنا -
عقل چرخ میں آنا (چکرانا) ہوش گم ہونا - گھبرا جانا -
عقل چرنے جانا - سمجھ نہ رہنا - عقل کا موجود نہ ہونا -
عقل داڑھ (مونث) وہ ڈاڑھ جو انسان کے جوان ہونے پر ظاہر ہوتی ہے -
عقلِ سلیم - پوری عقل - رائے صائب -
عقل کا مارا - بے وقوف - بے عقل -
عقلِ کُل (۱) دانائے کُل - عقلِ کامل (۲) (مراد) نورِ محمدی حضرت جبرئیل اور عرش (۳) وہ مشیر جس کی رائے کے بغیر کوئی کام نہ کر سکیں -
عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لیے پھرتا ہے [مثل] سخت احمق ہے
عقل کے گھوڑے دوڑانا - بہت غور کرنا -
عقل کے ناخن لو - عقل کے نعل بنواؤ - ہوش میں آؤ - سمجھ کی بات کرو - بے وقوف نہ بنو -
عقل ماری جانا - بے عقلی کا کام ہونا - کچھ سمجھ میں نہ آنا -
عقل مند - عاقل - ہوش مند - دانا - ہوشیار -
عقل مندی (مونث) دانائی - ہوش مندی - فراست -
عقل میں آنا - سمجھ میں آنا - خیال میں آنا -
**عقلاً** (عق - لن) [ع - تابع فعل] از روئے عقل -
**عُقلا** (عُ - قَ - لا) [ع - ا - مذکر] عاقل کی جمع - دانش ور - سمجھ دار لوگ -
**عقلی** (عق - لی) [ع - صفت] عقل سے منسوب - ذہنی -
**عُقوبت** (عُ - قُو - بَت) [ع - ا - مونث] دُکھ - عذاب - سزا -
**عُقول** (عُ - قُول) [ع - ا - مونث] عقل کی جمع -

Marfat.com

**عقیدت** (ع - قی - دَت) [ع - ا - مونث] اعتقاد - مذہبی اصول پر بھروسا -
عقیدت مند - معتقد - دین دار - ارادت مند -
**عقیدہ** (عَ - قی - دہ) [ع - ا - مذکر] دل میں جمایا ہُوا یقین ایمان -
**عقیق** (ع - قیق) [ع - ا - مذکر] ایک سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر -
عقیق البحر - مُونگا - سمندری عقیق -
عقیقِ یمن - عقیقِ یمنی - اعلیٰ قسم کا عقیق -
**عقیقہ** (عَ - قی - قہ) [ع - ا - مذکر] سر مونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب -
**عقیل** (عَ - قیل) [ع - صفت] دانا اور ذکی آدمی -
**عقیلہ** (عَ - قی - لہ) [ع - صفت] عقیل کا مونث - دانا عورت -

## ع - ک

**عکّاس** (عَک - کاس) [ع - ا - مذکر] فوٹو گرافر - فوٹو کھینچنے والا -
**عکس** [ع - ا - مذکر] (۱) ضد - خلاف (۲) سایہ - پرچھائیں - پرتو -
عکس اُتارنا، کھینچنا (۱) عکسی تصویر کھینچنا (۲) ہُو بہو نقشہ بنانا -
عکس افگن - عکس ڈالنے والا -
عکسِ نُور - روشنی کا کسی چیز پر پڑ کر واپس ہونا -
**عکسی** (عَک - سی) [ع - صفت] عکس سے منسوب -
عکسی تصویر - وہ تصویر جو کیمرے کے ذریعے کھینچی جائے - فوٹو -
عکسی طباعت - فوٹو آفسیٹ - طباعت جس میں فوٹو کیمرہ استعمال کیا جاتا ہے -

## ع - ل

**علاتی** (عَل - لا - تی) [ع - صفت] ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی یا سوتیلی بہن (جیسے علاتی بھائی اور علاتی بہن) -
**علاج** [ع - ا - مذکر] (۱) چارہ - اُپائے (۲) تدبیر (۳) بیماری کی دوا دارو - معالجہ -
علاج بالضد - مرض کی تاثیر کے برعکس علاج کرنا - یُونانی یا ڈاکٹری علاج -
علاج بالمثل - مرض کی تاثیر کے مُطابق علاج کرنا - ہومیوپیتھی علاج -
علاج معالجہ - دوا دارو - چارہ -
**علاحدگی** [اُر - ا - مونث] دیکھیے علیحدگی -
**علاحدہ** [اُر - صفت] دیکھیے علیحدہ -
**علاقہ** (عِ - لا - قہ) [ع - ا - مذکر] (۱) تعلق - لگاؤ - رشتہ (۲) سروکار (۳) نوکری - کام (۴) ضلع - صُوبہ - احاطہ (۵) ملکیت - زمینداری (۶) جائیداد (۷) حکومت (۸) حدُود - سرحد -
علاقہ دار (۱) رشتہ دار (۲) تعلقہ دار - ذیل دار -
علاقہ رکھنا - تعلق رکھنا - واسطہ رکھنا - نسبت رکھنا -

**علاقہ** (عَ - لا - قہ) [ع - ا - مذکر] (۱) کسی چیز سے بندھی ہوئی یا لٹکی ہوئی چیز (۲) تلوار کا ڈورا (۳) کمر سے یا رکاب کا تسمہ (۴) حلقہ (۵) طرہ دستار -
علاقہ بند [مذکر] پٹوا - زیور میں ڈورا ڈالنے والا -
علاقہ بندی [مونث] پٹوے کا کام - پٹواگری -
**علالت** (عَ - لا - لت) [اُر - ا - مونث] بیماری - دُکھ - روگ -
**علّام** (عَل - لام) [ع - ا - مذکر] بہت جاننے والا - بہت سے واقف -
علّامُ الغیُوب - غیب دان - خدائے تعالےٰ - عالم الغیب -
**علامات** [ع - ا - مونث] علامت کی جمع -
**علامت** (عَ - لا - مَت) [ع - ا - مونث] (۱) نشان (۲) پتا (۳) سراغ (۴) اشارہ (۵) چھاپ - مُہر (۶) آثار -
**علّامہ** (عَل - لا - مہ) [ع - ا - مذکر] (۱) نہایت دانا اور فاضل مرد (۲) [اُر] نہایت چالاک اور مکار عورت -
علّامۂ دہر - علّامۃ الدہر - زمانے کا فاضل - بہت بڑا عالم -
**علانیہ** (عَ - لا - نِ - یَہ) [ع - صفت] اعلانیہ کھلا - سب کے سامنے -
**علاوہ** (عِ - لا - وَہ) [ع] (۱) ماسوا (۲) اور - اُوپر - فالتو - زیادہ اور بھی (اردو میں بفتح اول بھی مستعمل ہے) -
علاوہ ازیں، بریں - اس کے سوا - باوجودیکہ -
**علائق** (عَ - لا - اِق) [ع - ا - مذکر] علاقہ کی جمع - بکھیڑے - تعلقات -
**علّت** (عِل - لَت) [ع - ا - مونث] (۱) بیماری - روگ (۲) وجہ - سبب (۳) ناکارہ چیز (۴) جھگڑا - بکھیڑا -
علّتِ تامّہ - سببِ کامل - پُورا سبب -
علّتِ صُوری - ظاہری سبب -
علّتِ غائی (۱) نتیجہ - حاصل (۲) فائدہ (۳) سبب -
علّتِ فاعلی - سببِ ایجاد - وہ سبب جس سے کوئی شے بنائی گئی ہو -
علّت لگا لینا (۱) عادت ڈال لینا (۲) عذاب مول لینا -
علّتِ مشائخ - بُوڑھوں کی ایک بیماری جس سے مفعولیت کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے -
علّت و معلُول - سبب و مُسبّب - کارن اور کاریہ -
علّت ہونا - لت پڑنا - عادت ہونا - بیماری ہونا -
**علّتی** (عِل - لَ - تی) [اُر - صفت] عیب دار - بُری عادتوں والا -
**عِلَل** (عِ - لَل) [ع - ا - مونث] علّت کی جمع - اسباب -
**عَلَم** (عَ - لَم) [ع - ا - مذکر] (۱) جھنڈا (۲) وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو -
علم اُٹھنا - محرم میں شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈا نکلنا -
علم بردار - وہ شخص جو موقع جنگ یا سواری پر فوج کا جھنڈا لیے کر چلے -
علم ٹُوٹنا - حضرت عباس کی مار پڑنا -
علم دار (۱) جھنڈا اُٹھانے والا (۲) حضرت عباس ابن حضرت علیؓ کا لقب -

Marfat.com

علم ہونا - مشہور ہونا - رسوا ہونا - بدنام ہونا -
**عِلم** [ع - ا - مذکر] (۱) دانائی - آگاہی (۲) ہُنر - فن (۳) جادو (۴) عمل تسخیر -
**علمِ اخلاق** - وہ علم جس کے ذریعے سے لوگوں کے عادات درست ہوں -
**علم افعال الاعضاء** - وہ علم جو نباتات و حیوانات کے اعضاء سے بحث کرے - (PHYSIOLOGY)
**علم الحقیقت** - وہ علم جو حقائق اشیا سے بحث کرتا ہے - (THEOLOGY)
**علم المعیشت** - معاشیات - اقتصادیات -
**علم الٰہی** - وہ علم جس میں اُن امور سے بحث کی جائے جو وجود خارجی یا تعقل میں مادہ کے محتاج نہ ہوں -
**علم الیقین** - کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت سے پُوری پُوری آگاہی -
**علم بلاغت** - فصاحت و بلاغت کا علم - علم تقریر -
**علم تشریح** - وہ علم جس میں جسمانی ساخت سے بحث ہوتی ہے (ANOTOMY)
**علم حرکت** - وہ علم جو حرکت سے بحث کرتا ہے - (DYNAMICS)
**علم حیوانات** - وہ علم جس میں حیوانات کے حالات سے بحث ہو (ZOOLOGY)
**علم طبعیات** - دیکھیے طبعیات -
**علم عروض** - دیکھیے عروض -
**علم غیب** - پوشیدہ باتوں کا علم - مُستقبل کا علم -
**علم کلام** - بحث و مباحثے کا علم - علم تقریر -
**علم لدنی** - وہ علم جو کسی کو خدا کی طرف سے براہ راست بغیر اُستاد حاصل ہو -
**علم مجلس** - محفل میں نشست و برخاست اور برتاؤ کا علم -
**علم ہندسہ** - جیومیٹری -
**عُلما** (ع - ل - ما) [ع - ا - مذکر] عالم کی جمع -
**عِلمی** (عل - می) [ع - صف] علم سے منسوب - علم سے متعلق
**علمیت** (عل - می - یت) [ع - ا - مونث] علم ہونا - ودیا -
**علمیت بگھارنا** - اپنے علم کا رُعب ڈالنا -
**عُلو** [ع - ا - مذکر] بلندی - اُونچائی - برتری -
**عُلو ہمت** - عالی ہمتی - بلند ہمتی - ارادے کی بلندی -
**عُلوم** (ع - لوم) [ع - ا - مذکر] علم کی جمع -
**علوم جدیدہ** - وہ علوم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ہیں -
**علوم قدیم** - وہ علوم جو زمانہ قدیم سے چلے آتے ہیں -
**علوم متجانسہ** - وہ علوم جو آپس میں ایک دوسرے سے مماثلت رکھتے ہیں -
**علوم متعارفہ** - وہ مشہور و معروف اور صریح باتیں جو دلیل کی بنیاد قائم کرنے کے لیے اختیار کی جائیں -
**علوم مشرقی** - وہ علوم جن کی ابتدا مشرقی ممالک میں ہوئی -
**علوم مغربی** - وہ علوم جن کی ابتدا یورپ میں ہوئی -
**عَلوی** (ع - ل - وی) [ع - ا - مذکر] وہ شخص جو حضرت علی کی نسل سے ہو مگر حضرت فاطمہ کے بطن سے نہ ہو -
**عُلوی** (عُل - وی) [ع - ا - مذکر] (۱) فرشتہ (۲) ستارہ آسمانی (۳) [صف] فلکی (۴) اعلیٰ درجہ کا -
**علی** (ع - لی) [ع - صف] (۱) بلند (۲) [مذکر] حق تعالیٰ (۳) خلیفہ چہارم -
**علی بند** [مذکر] (۱) کلائی یا بازو کا ایک زیور (۲) کُشتی کا ایک پیچ (۳) ایک تعریفہ -
**عَلیٰ** (ع - لا) [ع - حرف جر] پر - اُوپر - بالا -
**علی الاتصال** - علی التواتر - متواتر - پے در پے - لگاتار -
**علی الاجمال** - (۱) مُجملاً (۲) بشمول -
**علی الاطلاق** - مطلق - بے قید - بالکل - بلا شرط -
**علی الاعلان** - علانیہ طور پر - بے روک ٹوک -
**علی الحساب** - چلتے ہوئے حساب میں - بلا حساب چکائے -
**علی الحساب دینا** - قبل از حساب دینا -
**علی الخصوص** - خاص کر - خصوصاً -
**علی الدوام** - ہمیشہ ہمیشہ کے لیے -
**علی الرغم** - برخلاف - برعکس - مقابلے میں -
**علی الصباح** - بہت سویرے - تڑکے ہی -
**علی العموم** - عموماً - عام طور پر -
**علی حالہ** - بدستور - اپنی پچھلی حالت پر -
**علی رؤس الاشہاد** - گواہوں کے رُوبرو - علی الاعلان - علانیہ -
**علی قدر مراتب** - حسب مرتبہ - حیثیت یا مرتبے کے مطابق -
**علی ہذا القیاس** - اسی طرح - اسی قیاس پر -
**عُلیا** (عُل - یا) [ع - صف] اعلیٰ - بزرگ (عورت)
**علیحدگی** (ع - لا - ح - د - گی) [ف - ا - مونث] جُدائی - تنہائی -
**علیحدہ** (ع - لا - ح - دہ) [ف - صف] (۱) الگ (۲) سوا (۳) تنہائی میں (۴) شرکت سے باہر (اصل میں علی حدہ تھا یعنی اپنی حد پر - جُدا - الگ)
**علیحدہ علیحدہ** - جُدا جُدا - الگ الگ -
**علیحدہ کرنا** (۱) جُدا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) انتخاب کرنا - چھانٹنا -
**علیک** (ع - لیک) [ع] تجھ پر -
**علیک سلیک** [مونث] صاحب سلامت - معمولی واقفیت -
**علیل** (ع - لیل) [ع - صف] مریض - بیمار - دُکھیا - روگی -
**علیم** (ع - لیم) [ع - صف] دانا - جاننے والا - عالم - واقف -
**علیہ** (ع - لے - ہ) [ع] اُس پر -
**علیہ الرحمۃ** - اس پر خدا کی رحمت ہو -
**علیہ السلام** - اس پر سلام یعنی خدا کی عنایت ہو -
**علیہم السلام** - اُن سب پر خدا کا سلام ہو -
**علیین** (عل - لی - ین) [ع - ا - مذکر] (۱) بہشت کا آٹھواں آسمان (۲) علیہ کی جمع - جنت کے اُونچے اُونچے مکان یا ان کی کھڑکیاں -

## ع - م

**عَم** [ع - ا - مذکر] چچا - باپ کا بھائی -

Marfat.com

عم زادہ ۔ چچازادہ ۔ چچا کا بیٹا ۔
**عماد** [ع ۔ ا ۔ مذکر] ستون ۔
عمادُ الدّولہ ۔ سلطنت کا ستون ۔ شاہی زمانے کا ایک خطاب ۔
**عمارات** [ع ۔ ا ۔ مونث] عمارت کی جمع ۔
**عمارت** (ع ۔ ما ۔ رت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) آبادی ۔ بستی (۲) مکان ۔ گھر ۔
**عمارتی** (ع ۔ ما ۔ رَتی) [ا ۔ صفت] عمارت سے متعلق ۔
**عماری** (عَم ۔ ما ۔ ری) [ع ۔ ا ۔ مونث] ہاتھی کا ہودا ۔ ہودج ۔ (بغیر تشدید بھی صحیح ہے)
**عُمّال** (عُم ۔ مال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عامل کی جمع ۔ حاکم ۔
**عمامہ** (ع ۔ ما ۔ مہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] پگڑی ۔ دستار ۔ (اُردو میں بفتح اوّل مستعمل ہے) ۔
**عمائد** (عَ ۔ ما ۔ إد) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عمید کی جمع ۔ قوم کے سردار ۔ معززین ۔
**عمد** [ع ۔ ا ۔ مذکر] قصد ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ عزم ۔
**عمداً** (عَم ۔ دَن) [ع ۔ تابع فعل] قصداً ۔ ارادۃً ۔ جان بوجھ کر ۔
**عُمدگی** (عُم ۔ دَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] خوبی ۔ وصف ۔ گن ۔
**عُمدہ** (عُم ۔ دَہ) [ع ۔ صفت] (۱) معتمد ۔ اعتبار والا (۲) اچھا ۔ خوب (۳) امیر ۔ ذی رتبہ ۔ منتخب (۴) نفیس (۵) اوّل درجے کا [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۶) ستون (۷) اعتبار ۔ اعتماد (۸) سردار ۔
عُمدۃ الملک ۔ سلطنت کا ستون ۔ اعلیٰ عہدہ داروں کا خطاب جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا ۔
**عُمر** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) سن و سال (۲) عرصہ ۔ عہد ۔ دَور ۔
عُمر بھر ۔ تمام عمر ۔ تازیست ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔
عُمر پٹا ۔ زندگی بھر کا مُچلکہ ۔ ہمیشہ جیتے رہنے کا اقرار نامہ ۔
عُمر تیر کرنا ۔ بُرے حالوں کی زندگی بسر کرنا ۔ دن پُورے کرنا ۔
عُمر جاوداں (جاوید) ہمیشہ زندہ رہنا ۔
عُمر دراز ۔ عمر بڑی ہو ۔ جیتے رہو ۔
عُمر رسیدہ ۔ بوڑھا ۔ معمر ۔ تجربہ کار ۔
عُمر طبعی (طَبیعی) پُوری عُمر ۔ اصلی عمر جو از روئے حکمت و فطرت قرار دی گئی ہے ۔
عُمر قید ۔ عمر بھر کی قید ۔ جیتے جی کی قید ۔
عُمر کا پیمانہ بھر جانا (لبریز ہو جانا) زندگی پُوری ہو جانا ۔ مرنے کا وقت آجانا ۔
عُمر کاٹنا ۔ بے لطفی سے دن پُورے کرنا ۔
عُمر نوح ۔ نوح کی سی بڑی عمر والا ۔ بڑی عمر والا ۔
**عمرانی** (عم ۔ را ۔ نی) [ع ۔ صفت] معاشرتی ۔ سوسائٹی سے متعلق ۔
**عمرانیات** (عم ۔ را ۔ نی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مونث] انسانی معاشرہ کا علم ۔ لوگوں کے رہن سہن کے اصولوں کا علم ۔ (SOCIALOGY)
**عمرو** (عَمْر) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) فرضی نام (۲) ایک نام (اُردو میں بفتح دوم مستعمل ہے) ۔
عمرو عیّار کی زنبیل ۔ بڑا برتن جس میں طرح طرح کی چیزیں رکھی ہوں ۔

**عُمرہ** (عُم ۔ را) [ع ۔ ا ۔ مذکر] زمانہ حج کے علاوہ مکہ معظمہ کی حاضری اور بیت اللہ کا طواف ۔
**عُمق** (عُ ۔ مُق) [ع ۔ ا ۔ مذکر] تہ ۔ تھاہ ۔ گہرائی ۔
**عمل** (عَ ۔ مَل) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کام ۔ فعل (۲) تعمیل (۳) عادت ۔ معمول (۴) قاعدہ (۵) تاثیر (۶) حکومت کی مدد (۷) وقت (۸) جادو ۔ منتر ۔
عمل اُٹھنا (اُٹھانا) قبضہ نہ رہنا ۔
عمل انہضام ۔ کھانا ہضم ہونے کا عمل ۔
عمل پیرا ہونا ۔ عمل کرنا ۔ کام کرنا ۔
عمل جراحی ۔ جراحی کا کام ۔ چیر پھاڑ ۔
عمل دار ۔ حاکم ۔ تحصیل دار ۔ محصل ۔
عمل داری [مونث] (۱) حکومت ۔ سلطنت (۲) علاقہ (۳) اختیار ۔ حکم ۔
عمل دخل [مذکر] (۱) حکومت (۲) قبضہ ۔ اختیار (۳) اثر ۔ رسوخ ۔
عمل درآمد [مذکر] تعمیل ۔ کاربندی ۔ کارروائی ۔
عمل شمسی و قمری (کیمیاگروں کی اصطلاح) سونا چاندی بنانا ۔
عمل صالح ۔ نیک کام ۔
عمل کرنا (۱) بات ماننا ۔ کسی بات پر چلنا (۲) اثر کرنا (۳) منتر پڑھنا ۔
عمل ہونا (۱) قبضہ ہونا (۲) کسی بات پر کاربند ہونا (۳) وقت ہونا (۴) اثر ہونا ۔
**عملاً** (عَ ۔ مَ ۔ لَن) [ع ۔ تابع فعل] بطور عمل ۔ باعتبار عمل ۔ حقیقت میں ۔
**عملہ** (عَم ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) عامل کی جمع (۲) اشاعت ۔ کسی محکمے کے ملازم ۔ کارکن ۔ اہل کار (۳) مکان کا سامان ۔
عملۂ پولیس ۔ عملۂ فوجداری ۔ محکمہ پولیس ۔ شہری انتظام اور محافظت کے لوگ ۔
عملہ دخلہ ۔ قبضہ ۔ تصرف ۔
عملہ فعلہ (۱) محکمے کے نوکر چاکر ۔ اہل کارانِ محکمہ (۲) اہالی موالی ۔
**عملی** (عَ ۔ مَ ۔ لی) [ع ۔ صفت] (۱) عمل سے منسوب (۲) معمولی ۔
عملی صورت [مونث] کسی کام کے ہونے کی صورت ۔
عملی صورت اختیار کرنا ۔ کسی کام کا ہو جانا ۔
**عملیات** (عَ ۔ مَ ۔ لی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مونث] عملیہ کی جمع ۔ جادو منتر ۔
**عمو** (عَم ۔ مُو) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عم ۔ چچا ۔
**عمود** (عَ ۔ مُود) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) تھم ۔ ستون ۔ چوب خیمہ (۲) وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر دونوں زاویے قائمہ پیدا کرے ۔
عمود ڈالنا ۔ کسی خط مستقیم پر عمود قائم کرنا ۔
**عموداً** (عَ ۔ مُو ۔ دَن) [ع] سیدھا زاویہ قائمہ بناتا ہوا ۔
**عمودی** (عَ ۔ مُو ۔ دی) [ع ۔ صفت] ستون جیسی ۔ عمود والی ۔
**عموم** (عَ ۔ مُوم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عام ہونا ۔

Marfat.com

**عُمُومی** (عُ - مُو - می) [ع - صف] عام - اکثر و بیشتر -
**عَمِیق** (عَ - مِیق) [ع - صف] گہرا - ڈباؤ - اتھاہ -

## ع - ن

**عَن** [ع - حرفِ جر] سے - ساتھ - ذریعے سے -
عَن قریب (۱) پاس - نزدیک (۲) جلد - فوراً -
**عَنا** (عَ - نا) [ع - ا - مذکر] (۱) تکلیف (۲) محنت (۳) رنج -
**عُنّاب** (عُن - ناب) [ع - ا - مذکر] ولایتی بیر جو سُرخ رنگ کا ہوتا ہے -
**عُنّابی** (عُن - نا - بی) [ع - صف] عنّاب کی مانند - سیاہی مائل سُرخ -
**عِناد** (عِ - ناد) [ع - صف] لڑائی - دُشمنی - عداوت -
**عَنادِل** (عَ - نا - دِل) [ع - ا - مذکر] عندلیب کی جمع - بُلبلیں -
**عَناصِر** (عَ - نا - صِر) [ع - ا - مذکر] عُنصر کی جمع - اصل اجزا -
عَناصرِ اَربع - دُنیا کے چار بُنیادی اجزا - پانی - ہوا - آگ - مٹی -
**عِنان** (عِ - نان) [ع - ا - مونث] لگام - باگ ڈور - راس -
عِنان گیر - چلنے سے روکنے والا - باگ پکڑنے والا -
**عِنایات** [ع - ا - مونث] عنایت کی جمع - (مُفرد بھی مستعمل ہے) -
**عِنایَت** (عِ - نا - یَت) [ع - ا - مونث] (۱) لُطف - مہربانی (۲) توجہ - التفات (۳) تحفہ - عطیہ -
عنایت فرما - مہربانی کرنے والا -
عنایت کرنا (۱) احسان کرنا (۲) عطا کرنا (۳) توجہ کرنا -
عنایت ہے - مہربانی ہے - کرم بخشی ہے -
**عِنَب** (عِ - نَب) [ع - ا - مذکر] انگور - کشمش -
عِنَبُ الثَّعلب [مونث] مکو -
**عَنبَر** (عَم - بَر) [ع - ا - مذکر] ایک سیاہ رنگ کی خوشبو -
عنبر آگیں - عنبر کی خوشبو سے بھرا ہُوا -
عنبرِ اشہب - سیاہ رنگ کا عنبر -
عنبر افشاں - عنبر بیز - بہت خوشبو دینے والا -
عنبر سوز - عنبر جلانے کا برتن -
**عنبری - عنبریں** (عَم - بَ - ری عَم - بَ - ریں) [ف - صف] عنبر کے رنگ کا - عنبر کی مانند خوشبودار -
**عِند** [ع - اسمِ ظرف] (۱) نزدیک - پاس (۲) سامنے (۳) تقریباً -
عِندَ الاستفسار - دریافت کرنے پر - پُوچھنے پر -
عند اللہ - خدا کے نزدیک -
عند التحقیق - دریافت کرنے پر - تفتیش کے دوران میں -
عند الضرورت - ضرورت کے وقت -
عند الطلب - مانگنے کے وقت - بروقتِ طلب -
عند الطلب ہُنڈی - وہ روپیہ جو مانگنے پر فوراً دے دیا جائے -
عند الملاقات - بروقتِ ملاقات - ملنے کے وقت -
عند النّاس - لوگوں کے نزدیک -
عند الوقت - عین وقت پر -
عِندَ الوقوع - واقع ہونے کے وقت -
**عَندَلِیب** (عَن - دَ - لیب) [ع - ا - مذکر مونث] بُلبل - گُل دُم -
**عِندِیَہ** (عِن - دِ - یَہ) [و اُر - ا - مذکر] (۱) رائے - منشا (۲) ارادہ - منصوبہ -
عندیہ پانا (لینا - معلوم کرنا) رائے لینا - منشا دریافت کرنا -
عندیہ کھلنا - منشا معلوم ہونا -
**عُنصُر** (عُن - صُر) [ع - ا - مذکر] اصل بُنیاد - اصل جُزو (نیز بفتحِ سوم)
**عُنصُری** (عُن - صُ - ری) [ف - صف] بُنیادی اجزا سے متعلق -
**عُنفُوان** (عُن - فُ - وان) [ع - ا - مذکر] آغاز - شروع -
عنفوانِ شباب - جوانی کا آغاز -
**عَنقا** (عَن - قا) [ع - ا - مذکر] (۱) سیمرغ - ایک فرضی پرند (۲) نایاب شے -
عنقا ہونا (۱) کمیاب ہونا (۲) غائب ہونا (۳) دُشوار ہونا -
**عَنکَبُوت** (عَن - کَ - بُوت) [ع - ا - مونث] مکڑی -
**عُنوان** (عُن - وان) [ع - ا - مذکر] (۱) سُرخی - سرنامہ (۲) آغاز (۳) دیباچہ (۴) باب (۵) سبب - وجہ
**عُنوانات** [ع - ا - مذکر] عُنوان کی جمع -

## ع - و

**عَوارِض** [ع - ا - مذکر] عارضہ کی جمع -
**عَواقِب** [ع - ا - مذکر] عاقبت کی جمع - نتائج -
**عَوام** [ع - ا - مذکر] عامہ کی جمع (۱) عام لوگ - پبلک (۲) رعایا -
عوامُ النّاس - تمام آدمی - عام لوگ -
عوام کالانعام - عام لوگ جو مثل چوپایوں کے ہیں -
**عَوامِل** [ع - ا - مذکر] (۱) عامل کی جمع - عمل کرنے والے (۲) اثرات -
**عَوامی** (عَ - وا - می) [ف - صف] عام لوگوں کی - جمہوری -
**عُوج بِن عُنق / عُوق** [ع - ا - مذکر] (۱) بہت لمبے قد والا (۲) بے وقوف (۳) ایک بہت لمبا آدمی جسے موسیٰ علیہ السلام نے قتل کیا -
**عَود** [ع - ا - مذکر] واپسی - مُراجعت - اعادہ - لوٹنا - پھرنا -
عود کرنا - لوٹ آنا - اعادہ کرنا - پھر آجانا -
**عُود** [ع - ا - مونث] (۱) ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ میں جل کر نہایت عُمدہ خوشبو دیتی ہے - اگر (۲) بربط - ایک باجا -
عود سوز - عُود جلانے کی انگیٹھی - اگردان -
**عَورات** [ع - ا - مونث] عورت کی جمع -
**عَورَت** (عَو - رَت) [ع - ا - مونث] (۱) مرد کی مادہ - نار - زن (۲) بیوی (۳) جسم کے وہ حصّے جن کا کھولنا موجبِ شرم ہے -
**عِوَض** (عِ - وَض) [ع - ا - مذکر] (۱) بدلہ - اجر - تاوان - جرمانہ (۲) قائم مقام - بجائے -
عوض لینا - بدلہ لینا - کیے کی سزا دینا -
عوض معاوضہ - اُلٹا پلٹی - ادل بدل -
عوض معاوضہ گلہ ندارد [مثل] لے دے کر پھر کوئی شکوہ شکایت

نہیں چاہیے۔
**عوضانہ** (عِ - وَ - ضا - نَہ) [اُ - ا - مذکر] صلہ - بدلہ - معاوضہ -
**عوضی** (عِ - وَ - ضی) [اُ - ا - مذکر] (۱) قائم مقام (۲) [مونث] قائم مقامی -
**عوضی دینا** - اپنی جگہ کام کرنے کے لیے کوئی دوسرا آدمی دے کر آپ رخصت لینا -
**عون** [ع - ا - مذکر] (۱) مدد (۲) مددگار -
**عون اللہ** - خدا کی مدد -

## ع - ہ

**عہد** [ع - ا - مذکر] (۱) وقت - زمانہ (۲) قول و قرار - قسم -
**عہدِ جدید** - موجودہ زمانہ - نیا زمانہ -
**عہدِ حکومت** - سلطنت کا زمانہ - ایامِ حکومت -
**عہد شکن** - وعدہ خلاف - اپنے قول و قرار پر نہ رہنے والا -
**عہد شکنی** [مونث] وعدہ خلافی -
**عہدِ عتیق** - زمانہ قبل از تاریخ -
**عہد نامہ** - اقرار نامہ - وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے لیے لکھا جاتا ہے -
**عہد نامۂ جدید** - انجیل کا وہ حصہ جس میں حضرت عیسےٰ اور ان کے مریدانِ خاص کے عہد کے حالات درج ہیں -
**عہد نامۂ قدیم** - انجیل کا وہ حصہ جس میں حضرت عیسیٰ سے پہلے کے حالات درج ہیں -
**عہد و پیمان** - قسما قسمی - اقرار - قول و قرار -
**عُہدہ** (عُہ - دَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ذمہ - ضمانت (۲) منصب سرداری -
**عہدہ برآ ہونا** - بری الذمہ ہونا - فرض ادا کرنا - وعدہ پورا کر دینا -
**عہدہ دار** - افسر - صاحبِ منصب -

## ع - ی

**عیادت** (عِ - یا - دَت) [ع - ا - مونث] بیمار پرسی - بیمار کی خبر پوچھنا -
**عیاذ** (عِ - یاذ) [ع - ا - مذکر] (۱) پناہ لینا (۲) برائی سے بھاگنا -
**عیاذاً باللہ** - خدا کی پناہ - میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں -
**عیار** (عِ - یار، عَ - یار) [ع - ا - مذکر] (۱) کھرا کھوٹا پن (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا -
**عیّار** (عَیْ - یار) [ع - صفت] (۱) مکار - فریبی - ٹھگ (۲) چالاک - ہوشیار -
**عیّاری** (عَیْ - یا - ری) [ع - ا - مونث] فریب - دغا - چالاکی -
**عیّاش** (عَیْ - یاش) [ع - صفت] اوباش - تماش بین - بدکار -
**عیّاشی** (عَیْ - یا - شی) [اُ - ا - مونث] عیش و عشرت - نفس پرستی - اوباشی -

**عیال** (عِ - یال، عَ - یال) [ع - ا - مذکر] بال بچے - متعلقین -
**عیال دار** - کنبے والا - بال بچے والا -
**عیاں** (عِ - یاں) [ع - صفت] ظاہر - کھلا ہوا - نمودار -
**عیاں را چہ بیاں** [مثل] ظاہرا چیز کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں -
**عیب** [ع - ا - مذکر] نقص - خرابی - کھوٹ - داغ -
**عیب بکھاننا** (۱) نقص بیان کرنا (۲) بھید کھول دینا -
**عیب بیں** (بِیْ - چیں - گیر) عیب ڈھونڈنے والا - حرف گیر - نقص نکالنے - نکتہ چیں -
**عیب بینی** (بِیْ - چینی - گیری) [مونث] عیب ڈھونڈنا -
**عیب نکالنا** - نقص نکالنا -
**عیب پوش** - لوگ کے عیب چھپانے والا -
**عیب پوشی** [مونث] چشم پوشی - اغماض - پردہ پوشی -
**عیب دار** - عیبی - جس میں کچھ عیب ہو -
**عیب کرنے کو بھی ہنر چاہیے** (عیب کردن را ہنرے باید) عیب کرنے کے لیے لیاقت چاہیے -
**عیبی** (عَے - بی) [اُ - ا - مذکر] (۱) عیب دار (۲) بدذات -
**عید** [ع - ا - مونث] جو بار بار آئے - (۱) مسلمانوں کے جشن کا روز (۲) نہایت خوشی -
**عیدِ اضحیٰ** - عید الاضحیٰ - بقر عید -
**عید الفطر** - رمضان کے بعد کی عید -
**عیدِ قرباں** - عید اضحیٰ -
**عید کا چاند** (۱) رمضان کے بعد کا چاند (۲) شوال کا مہینا (۳) وہ شخص جسے مدت کے بعد دیکھیں -
**عید کا چاند ہو جانا** - بہت کم نظر آنا -
**عید کے پیچھے ٹر** [مثل] عید کے دوسرے روز کا میلہ - وقت گزر جانے کے بعد خوشی کی بے موقع نقل کرنا -
**عید گاہ** [مونث] وہ مقام جہاں جا کر عید کی نماز پڑھتے ہیں -
**عید میلاد النبی** - آنحضرت صلعم کی پیدائش کا دن -
**عید نوروز** - ایرانی سال کے پہلے دن کا تہوار -
**عید ہو جانا** (۱) عید کا تہوار ہونا (۲) کمال خوشی ہونا -
**عیدی** [اُ - ا - مذکر] (۱) عید کا خرچ جو بچوں کو دیا جائے (۲) وہ مٹھائی اور نقدی وغیرہ جو عید کے دن سسرال سے آئے یا وہاں بھیجی جائے (۳) وہ خوش نما کاغذ جس پر عید کے اشعار لکھے ہوتے ہیں -
**عیسا - عیسیٰ** (عی - سا) [عبرانی - ا - مذکر] (۱) گناہ سے بچانے والا (۲) ایک پیغمبر جو حضرت مریمؑ کے بطن سے پیدا ہوئے -
**عیسیٰ دم** (نفس) پھونک سے مردوں کو زندہ کرنے والا -
**عیسیٰ دوراں** - کامل طبیب -
**عیسائی** [ت - ا - مذکر] نصرانی - مسیحی - حضرت عیسیٰ کے پیرو - [صفت] دینِ مسیحی سے متعلق -
**عیسوی** (عی - سَ - وی) [ع - صفت] مسیحی - حضرت عیسیٰ سے متعلق -
**عیش** [ع - ا - مذکر] عشرت - آرام - چین - سُکھ - خوشی -
**عیش منغص کرنا** (منغّص - تلخ کرنا) عیش و آرام میں خلل انداز ہونا -

Marfat.com

**عیش و عِشرت** [مونث] (۱) خوشی و خرمی - عیش و نشاط (۲) نفسانی خوشی -

**عیش و نشاط** [مذکر] دیکھیے عیش و عشرت -

**عَین** [ع - ا - مونث] (۱) آنکھ (۲) پانی کا چشمہ (۳) حقیقت جوہر (۴) سگا بھائی (۵) [صفت] ٹھیک - ہُوبہُو - درست -

**عینُ المال** [مذکر] اصل زر - اصل رقم -

**عینُ الیقین** - کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا -

**عین بعین** - ہوبہو - ویسا ہی - ٹھیک ٹھیک -

**عین بعین** (۱) مشابہ - ہم صورت (۲) بھینگا (۳) جس کی آنکھ میں پھلی ہو -

**عین وقت** - ٹھیک وقت - نازک وقت -

**عَینک** (عَے - نَک) [ع - ا - مونث] آنکھ کا چشمہ -

**عینک ساز** - عینک بنانے والا -

**عَینی** (عَے - نی) [ع - صفت] (۱) آنکھ سے متعلق - دیکھا ہوا (۲) سگا -

**عینی شہادت** [مونث] چشم دید گواہی -

**عینی گواہ** - وہ گواہ جس نے خود واقعہ دیکھا ہو - چشم دید گواہ -

**عَینیّت** (عَے - نی - یَت) [ع - ا - مونث] (۱) اصل حقیقت ہونا (۲) (فلسفہ) تصوریت - خیالیت (IDEALISM)

**عُیُوب** (عُ - یُوب) [ع - ا - مذکر] عیب کی جمع -

Marfat.com

# غ

غ (غین) [ع - مذکر] اُردو کا پچیسواں فارسی کا بائیسواں - عربی کا اُنیسواں حرف - ابجد کے حساب میں اس کے ۱۰۰۰ اعداد مقرر ہیں -

## غ - ا

**غار** [ع - ا - مذکر] (۱) پہاڑ کی کھوہ (۲) گڑھا -
**غارت** (غا - رَت) [ع - ا - مونث] (۱) لُوٹ کھسوٹ (۲) مال غنیمت (۳) وہ حملہ جو دشمن کے علاقے میں لُوٹ مار کے لیے کیا جائے (۴) [صف] تباہ - برباد -
غارت کرنا - لُوٹنا کھسوٹنا - تباہ و برباد کرنا - ضائع کرنا -
غارت گر - لٹیرا - قزاق - راہزن -
غارت گری [مونث] لُوٹ مار - لُوٹ کھسوٹ - راہزنی -
غارتِ ہوش - خوبصورت - حسین - معشوق طرح دار -
غارت ہونا - لُٹنا - تباہ و برباد ہونا -
**غارِ یقون** (غا - رِ - قُون) [ - ا - مذکر] (۱) گلگونہ - اُبٹن (۲) سُرخی پوڈر -
**غازی** [ع - ا - مذکر] کافروں سے لڑنے والا -
غازی مرد (۱) بہادر آدمی (۲) کنایتاً گھوڑا -
**غاشیہ** (غا - شِ - یَہ) [ع - ا - مذکر] زین پوش - پالان -
غاشیہ بردار - بردوش - فرماں بردار - خادم -
**غاصب** [ع - صف] زبردستی کسی کا حق چھیننے والا -
**غافل** [ع - صف] غفلت کرنے والا - بے پروا - بے خبر -
**غالب** [ع - صف] (۱) زبردست - فتح مند (۲) اکثر - بیشتر -
غالب آنا - جیت جانا - بڑھ جانا -
غالب ہے - یقین ہے - گمان ہے -
**غالباً** (غا - لِ - بَن) [ع - تابع فعل] (۱) یقیناً - ضرور (۲) شاید - بظاہر -
**غالی** [ع - صف] (۱) حد سے گزرنے والا - مبالغہ کرنے والا (۲) [مذکر] ایک فرقہ جو حضرت علی کو خدا مانتا ہے -
**غالیچہ** (غا - لی - چہ) [ف - ا - مذکر] قالین -
**غامض** [ع - صف] جو مشکل سے سمجھ میں آئے -
**غائب** [ع - صف] غیر حاضر - پوشیدہ - جو موجود نہ ہو -
غائب غلّہ - بالکل غائب -
غائب کرنا - چھپانا - چُرانا -
غائب ہونا (۱) پوشیدہ ہونا - چھپنا (۲) چوری ہونا -
**غائبانہ** (غا - اِ - با - نہ) [ع - ف - تابع فعل] غیر حاضری میں - غیر موجودگی میں
**غائر** [ع - صف] (۱) گہرا (۲) وسیع -
**غائی** [ع - صف] آخری - غایت سے منسوب -
**غایت** (غا - یَت) [ع - ا - مونث] (۱) غرض - مطلب (۲) منتہا - آخر -
غایۃ الامر - انجام کار - آخرکار -
غایت درجہ - حد درجہ - انتہائی -

## غ - ب

**غُبار** (غُ - بار) [ع - ا - مذکر] (۱) گرد - دُھول (۲) رنج - ملال -
غبار آلود (آلودہ) (۱) گرد میں بھرا ہوا (۲) مٹی میں اَٹا ہوا -
غبار آنا - دل میلا ہو جانا - کدورت پیدا ہو جانا -
غبارِ خاطر - دل کا میل - رنج - ملال -
غبارِ راہ - راہ میں اُٹھنے والی گرد -
غبار رکھنا - کدورت رکھنا - رنج رکھنا -
**غُبارا** (غُ - با - را) [ار - ا - مذکر] (۱) ایک باریک کاغذ کا بنا ہوا تھیلا جس کے اندر تیل میں تر کی ہوئی گیند رکھ کر اور اسے روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں (۲) ہوا میں اُڑنے والا ایک قسم کا بیلون -
**غبغب** (غب - غب) [ع - ا - مذکر] ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت -
**غَبَن** (غَ - بَن) [ع - ا - مذکر] خُرد بُرد - امانت میں خیانت - دغا بازی -
**غبی** (غَ - بی) [ع - صف] کُند ذہن - کم عقل -

## غ - ت

**غت رُبُود** (غت - رُ - بُود) (غ - تر - بُود) [ار - صف] (۱) گڈمڈ - گڑبڑ - خراب -
غت ربود (غتر بود) کرنا (۱) گڈمڈ کر دینا (۲) اُچک لینا - اُڑا لینا (۳) خراب کر دینا - برباد کر دینا -

## غ - ٹ

**غٹ غٹ** [ار - صف] جلدی جلدی پانی پینے کی آواز -
غٹ غٹ پینا - جلدی جلدی پینا -
**غٹا غٹ** [ار - ا - مونث] بغیر سانس لیے پینے کی کیفیت -
**غٹر غوں** (غٹ - غوں) (غ - ٹر - غوں) (غٹ - غوں) [ار - ا - مونث] کبوتر یا فاختہ کی آواز -

## غ - چ

**غچّا** (غچ - چا) [ار - ا - مذکر] دھوکا - فریب - جُل -

Marfat.com

**غچا دینا** - دھوکا دینا - فریب دینا -
**غچا کھانا** - دھوکا کھانا - فریب کھانا -
**غچا غچ** (غ - چا - غچ) [اُر - ا - مؤنث] (۱) تلواروں کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز - کیچڑ یا دلدل میں پاؤں رکھ کر نکالنے کی آواز -

## غ - د

**غدّار** (غد - دار) [ع - صفت] (۱) بڑا بے وفا (۲) وطن کے دشمنوں سے مل جانے والا -
**غدّاری** (غد - دا - ری) [ع - ا - مؤنث] بے وفائی - ملک دشمنی -
**غدر** [ع - ا - مذکر] بغاوت - بلوہ - ہنگامہ -
**غدر پڑنا** (ہونا) بغاوت ہونا - ہنگامہ برپا ہونا -
**غدر مچانا** (کرنا) ہنگامہ برپا کرنا - فساد کرنا -
**غدود** (غ - دود) [اُر - ا - مذکر] جسم کے اندر کی گانٹھ - گلٹی - (ع - غدد جمع غدہ کا بگاڑ) -
**غدیر** (غ - دیر) [ع - ا - مذکر] تالاب - جوہڑ - جھیل -

## غ - ذ

**غذا** [ع - ا - مؤنث] خوراک - کھانا -
**غذائی** (غ - ذا - ای) [ع - صفت] غذا سے منسوب - کھانے کا عنصر رکھنے والی شے -
**غذائیت** (غ - ذا - ئیت) [اُر - ا - مؤنث] کسی شے میں غذا کا عنصر پایا جانا - غذا ہونے کی حالت -

## غ - ر

**غرّا** (غر - را) [ع - صفت] (۱) روشن (۲) مشہور - جیّد - (نیز دیکھیے غرّہ) -
**غراب** (غ - راب) [ع - ا - مذکر] کوّا -
**غرابت** (غ - را - بت) [ع - ا - مؤنث] (۱) انوکھا پن (۲) تحریر میں نامانوس الفاظ کا استعمال -
**غرارہ** (غ - را - رہ) [ف - ا - مذکر] (۱) حلق میں پانی ڈال کر گلے کو صاف کرنا - غرغرہ (۲) ڈھیلا پاجامہ -
**غرارہ کرنا** - دوا کی کلی کرنا -
**غرّال** (غر - رال) [ف - صفت] (۱) خوب زور سے خوفناک (۲) گرجنے والا -
**غرّانا** (غر - را - نا) [اُر - مص] غصّے کی آواز نکالنا - غرغر کرنا -
**غرائب** (غ - را - ئب) [ع - ا - مذکر] غریب کی جمع - عجائب - نوادر - انوکھی چیزیں -
**غرب** [ع - ا - مذکر] (۱) سورج ڈوبنے کی جگہ (۲) مغرب - پچھّم -
**غربا** (غ - ر - با) [ع - ا - مذکر] (۱) غریب کی جمع - مفلس (۲) مسافر -

**غربال** (غر - بال) [ع - ا - مؤنث] چھلنی -
**غربت** (غر - بت) [ع - ا - مؤنث] (۱) مسافرت - بے وطنی (۲) مفلسی -
**غربت زدہ** - غربت کا مارا (۱) مفلس (۲) وطن سے دوری کا ستایا ہوا -
**غربی** (غر - بی) [ع - صفت] مغرب سے منسوب - مغرب کا -
**غرض** (غ - رض) [ع - ا - مؤنث] (۱) مطلب - ضرورت (۲) حاجت (۳) ارادہ (۴) نشانہ (۵) حاصل کلام - قصّہ مختصر (۶) کلام - تعلق -
**غرض آشنا** (آلود - آمیز) (۱) مطلبی - لالچی (۲) ابن الوقت - موقع پرست -
**غرض رکھنا** (۱) واسطہ رکھنا (۲) امید رکھنا -
**غرض کا آشنا** - غرض کا دوست - غرض کا یار - مطلبی دوست -
**غرض مند** - حاجت رکھنے والا - جس کا کام اٹکا ہو -
**غرض ہونا** - مطلب ہونا - واسطہ ہونا - کام پڑنا -
**غرضی** (غ - رضی) [اُر - صفت] (۱) لالچی - غرض مند - مطلبی -
**غرضیکہ** (غرض کہ) [اُر - تابع فعل] (۱) حاصل مطلب یہ کہ (۲) حاصل کلام یہ کہ (۳) قصّہ مختصر یہ ہے -
**غرغرہ** (غر - غ - رہ) [ع - ا - مذکر] غرارہ - کلّی -
**غرفش** (غر - فش) [ف - ا - مؤنث] (۱) دھمکی - تکرار - غصّہ (۲) غرّانا -
**غرفہ** (غر - فہ) [ع - ا - مذکر] کھڑکی - دریچہ -
**غرق** [ع - صفت] (۱) ڈوبا ہوا (۲) محو -
**غرق ہونا** (۱) ڈوبنا (۲) بہت منہمک ہونا -
**غرقاب** (غر - قاب) [ف - صفت] (۱) گہرا پانی - بھنور (۲) پانی میں ڈوبا ہوا -
**غروب** (غ - روب) [ع - ا - مذکر] سورج یا چاند ڈوبنا -
**غرور** (غ - رور) [ع - ا - مذکر] گھمنڈ - اکڑ - نخوہ - تکبّر -
**غرور کا سر نیچا** [مثل] غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے -
**غرّہ** (غر - رہ) [ع - ا - مذکر] گھمنڈ - غرور -
**غُرّہ** (غُر - رہ) [ع - ا - مذکر] (۱) پہلی کا چاند (۲) ناغہ (۳) فاقہ -
**غریب** (غ - ریب) [ع - صفت] (۱) مفلس (۲) پردیسی (۳) [صفت] نادر شے - عجیب -
**غریب الوطن** - غریب الدیار - مسافر - پردیسی -
**غریب الوطنی** [مؤنث] مسافرت - وطن سے دور ہونا -
**غریب پرور** - غریبوں کو پالنے والا - فیاض - سخی -
**غریب خانہ** [مذکر] اپنا گھر (انکساری کا کلمہ) جھونپڑا -
**غریب غربا** - محتاج - مفلس لوگ -
**غریب کی جورو سب کی بھابی** [مثل] غریب پر سب کا بس چلتا ہے -
**غریب نواز** (۱) غریب پرور (۲) خواجہ معین الدین چشتی کا لقب -
**غریب نوازی** [مؤنث] غریبوں کی پرورش -
**غریبوں نے روزے رکھے دن بڑے ہوگئے** (۱) نیک کام میں دشواری پیدا ہونا (۲) مفلس کو ہزار مصیبتیں -

Marfat.com

غریبانہ (غَ ۔ رِی ۔ با ۔ نَہ) [ف ۔ صف] غریب کی مانند ۔ غریبوں کی طرح ۔
غریبی (غَ ۔ رِی ۔ بی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) محتاجی (۲) مسافرت
غریزی (غَ ۔ رِی ۔ زی) [ع ۔ صف] طبعی ۔ فطری ۔
غریق (غَ ۔ رِیق) [ع ۔ صف] ڈوبا ہُوا ۔ سمایا ہُوا ۔ محو ۔
غریقِ رحمت ۔ مرحوم ۔ مغفور ۔ رحمتِ خداوندی میں ڈوبا ہُوا ۔
غریقِ رحمت ہو ۔ خدا رحمت میں غرق کرے ۔ خدا بخشے ۔

## غ ۔ ڑ

غڑاپ (غَ ۔ ڑاپ) [ا ۔ ا ۔ مذکر] پانی میں غوطہ لگنے کی آواز ۔
غڑاپ سے ۔ جلدی سے ۔ آناً فاناً ۔
غڑپ (غَ ۔ ڑَپ) [ا ۔ ا ۔ مونث] (۱) ڈوبنے کی آواز (۲) (تابع فعل) پلک جھپکتے ۔ آناً فاناً ۔
غڑپ شڑپ (۱) جلدی کھا جانا (۲) جلد جلد باتیں کرنا ۔

## غ ۔ ز

غزال (غَ ۔ زال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ہرن کا بچہ ۔
غزال چشم ۔ ہرن کی سی آنکھوں والا ۔
غزالِ ختن ۔ شہر ختن کا آہو ۔ معشوق ۔
غزالاں (غَ ۔ زا ۔ لاں) غزال کی فارسی جمع ۔
غزالہ (غَ ۔ زا ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مونث] ہرن کا مادہ بچہ ۔
غزالی (غَ ۔ زا ۔ لی) [ع ۔ صف] منسوب بہ غزالہ جو طوس میں ایک گاؤں ہے ۔
غزل (غَ ۔ زَل) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) عورتوں سے باتیں کرنا ۔ عورتوں کے حُسن و جمال کی تعریف کرنا (۲) نظم کی ایک صنف جس میں عشق و محبت کا ذکر ہوتا ہے ۔
غزل خواں ۔ غزل پڑھنے والا ۔
غزل سرا ۔ ترنم سے غزل پڑھنے والا ۔
غزل کہنا ۔ غزل لکھنا ۔
غزل گو ۔ غزل لکھنے یا سُنانے والا ۔
غزل گوئی [مونث] غزل لکھنے کا فن ۔
غزلیات (غَ ۔ زَ ۔ لی ۔ یات) [ع ۔ ا ۔ مونث] غزل کی جمع خلافِ قیاس ۔
غزنوی (غز ۔ نَ ۔ وی) [ف ۔ صف] (۱) غزنی کا رہنے والا (۲) (کنایتاً) سلطان محمود غزنوی ۔
غزوہ (غزوَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] وہ جہاد جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذاتِ خود شریک ہوتے رہے ہے ۔

## غ ۔ س

غسّال (غَس ۔ سال) [ع ۔ ا ۔ مذکر] مُردے کو نہلانے والا ۔
غسّالہ (غَس ۔ سا ۔ لَہ) [ع ۔ ا ۔ مونث] غسّال کی تانیث ۔
غُسل [ع ۔ ا ۔ مذکر] نہانا ۔ اشنان ۔
غُسل خانہ [مذکر] نہانے کا کمرہ ۔ باتھ روم ۔ حمام ۔
غُسل دینا ۔ مُردے کو نہلانا ۔
غُسلِ صحت ۔ بیماری سے اچھا ہونے پر نہانا ۔
غُسل کرنا ۔ نہانا ۔
غُسلِ میّت ۔ مُردے کو نہلانا ۔

## غ ۔ ش

غش [ف ۔ ا ۔ مذکر] بے ہوشی ۔
غش آنا (پڑنا ۔ کرنا ۔ کھانا) بے ہوش ہو جانا ۔
غِش [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) کینہ ۔ کدورت (۲) تشویش (غل کے معطوف کے طور پر مستعمل ہے ۔ اکیلا نہیں آتا) ۔
غشی (غَ ۔ شی) [ف ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے غش ۔

## غ ۔ ص

غصب (غَ ۔ صَب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] خیانت ۔ ناجائز قبضہ ۔
غصب کرنا ۔ زبردستی قبضہ کر لینا ۔ خیانت کرنا ۔ کسی کا حق چھین لینا ۔
غُصّہ (غُص ۔ صَہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] برہمی ۔ خفگی ۔ ناراضی ۔ عتاب ۔
غُصّہ آنا ۔ خفا ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ طیش آنا ۔
غُصّہ اُتارنا ۔ کسی پر خفا ہو کر اپنا دل ٹھنڈا کر لینا ۔
غُصّہ پی جانا (مارنا) ضبط کرنا ۔ خفگی سے باز آنا ۔
غُصّہ دلانا ۔ خفا کرنا ۔ ناراض کرنا ۔
غُصّہ ناک پر ہونا ۔ جلد غُصّہ آنا ۔
غُصّہ نکالنا (۱) غُصّہ کا اظہار کرنا (۲) بدلا لے کر دل ٹھنڈا کرنا ۔
غُصّہ ور ۔ جسے جلد غُصّہ آئے ۔
غُصیل ۔ غُصیلا (غُ ۔ صیل ۔ غُ ۔ صے ۔ لا) [ا ۔ صف] بد مزاج ۔ غُصّہ ور ۔

## غ ۔ ض

غضب (غَ ۔ ضَب) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قہر ۔ غُصّہ (۲) کلمۂ حیرت اور کلمۂ مبالغہ یعنی بہت ۔ ازحد ۔
غضب آلود ۔ غُصّے میں بھرا ہُوا ۔
غضب آنا (ٹوٹ پڑنا ۔ ٹوٹنا) عذاب آنا ۔ مصیبت آنا ۔
غضبِ الٰہی ۔ خدا کا قہر ۔
غضب توڑنا (ڈھانا) فساد برپا کرنا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔
غضب خدا کا ۔ خدا کا خوف کرو ۔ حیرت اور تعجب ظاہر

Marfat.com

کرنے کا کلمہ۔
**غضب کا** (کی) (۱) بہت۔ از حد (۲) آفت برپا کرنے والا (والی)
**غضب میں آنا** ۔ مصیبت میں پھنس جانا۔
**غضب ناک** ۔ خفا۔ غصے میں بھرا ہُوا۔
**غضب ہونا** (۱) خفا ہونا (۲) کام خراب ہونا (۳) قیامت ہونا۔
**غضب ہے** (۱) ستم ہے (۲) کمال ہے۔
**غضنفر** (غَ۔ ضَن۔ فَر) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) شیر (۲) بہادر آدمی۔

## غ - ف

**غفّار** (غف۔ فار) [ع۔ صفت] بڑا بخشنے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔
**غفّاری** (غف۔ فا۔ ری) [ع۔ صفت] بہت بخشنے والا ہونا۔
**غفران** (غُف۔ ران) [ع۔ ا۔ مذکر] معافی۔ بخشش۔
**غفرلہٗ** (غُ۔ فِ۔ رَ۔ لَ۔ ہُو) [ع] (۱) اس کے لیے بخشش کی جائے (۲) خدا اس کی مغفرت کرے۔
**غفلت** (غف۔ لت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) بھول چوک۔ غلطی۔ لاپرواہی (۲) اُونگھ۔ بے ہوشی۔
**غفلت شعار** ۔ غفلت کرنے والا۔ غافل۔
**غفور** (غَ۔ فُور) [ع۔ صفت] بڑا بخشنے والا۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام۔
**غفورُالرّحیم** ۔ بخشنے والا مہربان۔ اللہ تعالےٰ۔
**غفیر** (غَ۔ فیر) [ع۔ صفت] انبوہ۔ بھیڑ۔

## غ - ل

**غُل** [ار۔ ا۔ مذکر] شور۔ ہنگامہ۔ چیخ دھاڑ۔
**غُل غپاڑا** ۔ بے حد شور و غوغا۔ حد سے زیادہ چیخ و پکار۔
**غُل کرنا** (مچانا) شور مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
**غِل** [ع۔ ا۔ مذکر] کینہ۔ کدورت۔
**غِل و غش** ۔ کدورت۔ بغض۔ کینہ۔
**غلاظت** (غَ۔ لا۔ ظت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) گاڑھاپن (۲) گندگی۔ نجاست۔ پاخانہ۔
**غلاف** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) نیام۔ خانہ (۲) تکیہ وغیرہ کا اوپری کپڑا (۳) خول۔
**غلافِ کعبہ** ۔ وہ مخمل غلاف جسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔
**غِلافی آنکھ** [ار۔ ا۔ مونث] پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھ۔
**غلام** [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) لڑکا (۲) زرخرید نوکر۔ بندہ (۳) انکسار کا کلمہ۔ نیازمند۔ فدوی (۴) تاش کا ایک پتا (۵) گنجفہ کے بارہ زرد پتوں کا نام۔
**غُلامِ بے دام** ۔ مفت کا غلام۔ وہ شخص جو بہت زیادہ ممنون ہو۔
**غلام گردش** [مونث] (۱) دیوان خانہ اور زنان خانہ کی درمیانی دیوار اور برآمدہ (۲) خادموں کے بیٹھنے کی جگہ (۳) چھت دار رستا۔

**غلامی** (غُ۔ لا۔ می) [ف۔ ا۔ مونث] (۱) حلقہ بگوشی (۲) بندگی (۳) قید۔
**غلامی میں قبول کرنا** (۱) داماد بنانا (۲) اپنا وارث اور جانشین بنا لینا (۳) ملازم رکھنا۔
**غلبہ** (غَ۔ لَ۔ بَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) برتری۔ فوقیت (۲) حملہ (۳) فراوانی۔ کثرت۔
**غلبہ پانا** ۔ فتح پانا۔ سبقت لے جانا۔
**غلط** (غَ۔ لط) [ع۔ صفت] نادُرست۔ کھوٹا۔ بے جا۔
**غلطُ العام** ۔ تلفظ یا املا جو غلط ہونے کے باوجود کثرتِ استعمال کے باعث صحیح تصور ہونے لگے۔
**غلطُ العوام** ۔ وہ لفظ جسے عوام نے غلط تلفظ یا معانی یا ردوبدل کے ساتھ بولنا شروع کر دیا ہو وہ غلط ہی قرار پاتا ہے۔
**غلط بیانی** [مونث] جھوٹی بات۔ جھوٹ بولنا۔
**غلط ٹھہرانا** ۔ غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا ٹھہرانا۔
**غلط سلط** ۔ گڑبڑ۔ خلافِ حقیقت۔ جھوٹ سچ۔
**غلط فہمی** [مونث] ناسمجھی۔ بے سمجھی۔ بھول چوک۔
**غلط کاری** [مونث] بداعمالی۔ بدچلنی۔
**غلط نامہ** (۱) فہرست اغلاط (۲) صحت نامہ۔
**غلطاں** (غل۔ طاں) [ف۔ صفت] (۱) لڑھکتا ہُوا۔ لوٹتا ہُوا (۲) گرتا پڑتا۔
**غلطاں و پیچاں** (۱) اُلجھا ہُوا (۲) اُدھیڑبُن میں۔ گرتا پڑتا۔ پریشان
**غلطی** (غَ۔ لَ۔ طی) [ار۔ ا۔ مونث] بھول چوک۔ نادرستی۔ ناسمجھی۔ کوتاہی۔ خطا۔ سہو۔
**غلطی سے** ۔ بھول سے۔ بھول کر۔
**غلطی ہونا** ۔ بھول چوک ہو جانا۔ خطا ہونا۔
**غُلغُلہ** (غُل۔ غُ۔ لَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] ہنگامہ۔ دُھوم۔ شہرت۔
**غِلمان** (غل۔ مان) [ع۔ ا۔ مذکر] غلام کی جمع۔ نوعمر لڑکے۔ جنت کے کمسن خادم۔
**غُلَمٹا** (غُ۔ لَم۔ ٹا) [ار۔ ا۔ مذکر] غلام کی تصغیر۔ حقارت کے اظہار کا کلمہ۔
**غُلو** (غُ۔ لُو) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) حد سے گزر جانا (۲) بہت ہی زیادہ مبالغہ۔
**غلو کرنا** ۔ حد سے زیادہ مبالغہ کرنا۔
**غُلولہ** (غُ۔ لو۔ لہ) [ف۔ ا۔ مذکر] دیکھیے غُلّہ۔
**غلّہ** (غل۔ لَہ) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) اناج (۲) نقدی رکھنے کا صندوقچہ۔
**غلّہ فروش** ۔ اناج بیچنے والا۔
**غلّہ منڈی** [مونث] وہ جگہ جہاں غلہ لاکر فروخت کریں۔
**غُلّہ** (غُل۔ لَہ) [ار۔ ا۔ مذکر] (۱) مٹی کی گولی جسے غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں۔ غلولہ (۲) چھوٹی سی گول شے۔
**غُلّہ (پھینکنا) چلانا** ۔ غلہ مارنا۔
**غلیظ** (غَ۔ لیظ) [ع۔ صفت] گاڑھا۔ ناپاک۔ گندا۔ نجس۔
**غُلیل** (غُ۔ لیل) [ار۔ ا۔ مونث] غلہ پھینکنے والی کمان۔ مٹی کی گولی پھینکنے والا دوشاخہ۔ چوبی آلہ۔
**غُلیلہ** (غُ۔ لے۔ لَہ) [ار۔ ا۔ مذکر] غُلّہ۔

Marfat.com

## غ - م

**غم** [ع - ا - مذکر] رنج - دُکھ - افسوس - صدمہ - ملال - الم -
**غم آلودہ** - رنجیدہ - ملول - غمناک -
**غم انگیز** - غم پیدا کرنے والا -
**غم خانہ - غم کدہ** [مذکر] غم کا گھر - ماتم کدہ -
**غم خوار** - ہمدرد - دُکھ درد کا شریک -
**غم خواری** [مونث] دُکھ درد میں شرکت - مصیبت میں کسی کا ساتھ دینا -
**غم زدہ** - غم کا مارا ہُوا -
**غم غلط کرنا** - دل بہلانا - تفریح کرنا -
**غم فزا** - غم کو بڑھانے والا -
**غم کا مارا** - مصیبت زدہ - رنجیدہ -
**غم کرنا** - رنج کرنا - افسوس کرنا - ماتم کرنا -
**غم کھانا** - صدمہ اُٹھانا - رنج سہنا - دُکھ بھوگنا -
**غمگسار** - غم خوار - ہمدرد -
**غمگساری** [مونث] غم خواری - ہمدردی -
**غمگین** - رنجیدہ - اُداس -
**غمناک** - رنجیدہ - مایوس - اُداس -
**غم نہ داری بُز بخر** [مثل] کوئی غم نہ ہو تو بکری خریدلے - جب کوئی ایسا کام کرے جس سے خواہ مخواہ غم و فکر میں مبتلا ہو جائے تو اس موقع پر بولتے ہیں -
**غمّاز** (غم - ماز) [ع - صفت] آنکھ سے اشارہ کرنے والا - چغل خور -
**غمّازی** (غم - ما - زی) [ف - ا - مونث] مخبری - چغلخوری - جاسوسی -
**غمزہ** (غم - زہ) [ع - ا - مذکر] (۱) آنکھ کا اشارہ (۲) ناز نخرہ -
**غمزہ (جتانا) دکھانا** - نخرہ کرنا - ناز دکھانا - اترانا -
**غمزہ کرنا** - ناز کرنا - ادائیں دکھانا -
**غمی** (غ - می) [ف - صفت] (۱) رنجیدہ (۲) موت - ماتم -
**غمی ہو جانا** - موت ہو جانا -

## غ - ن

**غنا** (غ - نا) [ع - ا - مونث] (۱) دولت مندی (۲) بے نیازی - بے پرواہی -
**غِنا** [ع - ا - مذکر] راگ - نغمہ - گانا -
**غنائم** (غ - نا - ءِم) [ع - ا - مذکر] غنیمت کی جمع - مالِ غنیمت
**غنائی** (غ - نا - ئی) [ف - صفت] منسوب بہ غنا - نغمہ کا - نغمہ کی -
**غنائیت** (غ - نا - ئیت) [ف - صفت] نغمے کی کیفیت - موسیقیت -
**غنچہ** (غن - چہ) [ف - ا - مذکر] پھول کی کلی - شگوفہ -
**غنچۂ دل** (۱) دل کی کلی (۲) [بغیر اضافت] نازک طبع - نودرنج -
**غنچہ دہاں - غنچہ دہن** - جس کا منہ کلی کی طرح چھوٹا اور خوبصورت ہو -
**غنچہ لب** - نازک اور حسین ہونٹ -
**غنچۂ ناشگفتہ** (۱) بن کھلی کلی (۲) دوشیزہ -
**غنڈا** (غن - ڈا) [ا - صفت] بدمعاش - گنڈا -
**غنودگی** (غ - نو - دگی) [ف - ا - مونث] اونگھ - نیند - خمار - نشہ -
**غنودگی آنا** - اونگھنا - نیند آنا -
**غنّہ** (غن - نہ) [ع - ا - مذکر] وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے -
**غنی** (غ - نی) [ع - صفت] آسودہ - مطمئن - دولت مند -
**غنیم** (غ - نیم) [ع - ا - مذکر] لٹیرا - ڈاکو - دشمن -
**غنیم چڑھ آنا** - دشمن کا ملک پر حملہ کر دینا -
**غنیمت** (غ - نی - مت) [ع - ا - مونث] (۱) لوٹ کا مال - مفت ملی ہوئی چیز (۲) قابلِ قدر - عمدہ -
**غنیمت (جاننا) سمجھنا** - قدر کرنا - مناسب سمجھنا - قناعت کرنا -

## غ - و

**غوّاص** (غو - واص) [ع - ا - مذکر] غوطہ لگانے والا - غوطہ خور -
**غوّاصی** (غو - وا - صی) [ع - ا - مونث] (۱) غوطہ خوری (۲) غواص کا پیشہ یا کام -
**غوامض** (غ - وا - مض) [ع - ا - مذکر] غامض کی جمع - چھپی ہوئی باتیں - بھید -
**غوث** [ع - ا - مذکر] (۱) فریاد کو پہنچنے والا (۲) اہلِ اسلام میں ولایت الٰہی کا ایک درجہ -
**غوث الاعظم - غوث الثقلین** (۱) بڑا فریادرس (۲) شیخ عبدالقادر جیلانی کا لقب -
**غور** [ع - ا - مذکر - مونث] (۱) سوچ - فکر (۲) خبرگیری - حفاظت -
**غور پرداخت** - خبرگیری - پرورش - دیکھ رکھاؤ -
**غور طلب** - سوچنے کے قابل - قابلِ غور - توجہ کا مستحق -
**غور کرنا** - سوچنا - دھیان کرنا - فکر کرنا - توجہ کرنا -
**غور و خوض** - غور و فکر - سوچ بچار -
**غوری** (غو - ری) [ف - صفت] افغانستان کے شہر غور سے منسوب -
**غوط** [ا - ا - مذکر] (۱) پتنگ کا اوپر سے نیچے آنا (۲) غشی - بے ہوشی -
**غوط دینا** (۱) کنکوّے کو اوپر سے نیچے لانا (۲) ڈبکی دینا -
**غوطہ** (غو - طہ) [ف - ا - مذکر] ڈبکی -
**غوطہ خور** - غوّاص - ڈبکی لگانے والا -
**غوطہ دینا** (۱) ڈبکی دینا (۲) ناغہ کرنا - دھوکا دینا - چکمہ دینا -
**غوطہ کھانا** (۱) پانی میں ڈوبنا اور ابھرنا (۲) سہو ہونا (۳) دھوکا کھانا -
**غوطہ (لگانا) مارنا** (۱) ڈبکی لگانا (۲) غائب رہنا (۳) کسی خیال میں ڈوبنا -

Marfat.com

**غوغا** [ع - ف - ا - مذکر] شور - غُل - بلوہ - ہنگامہ -
غوغا کرنا - شور مچانا -
**غوغائی** [ف - صف] (۱) شور کرنے والا (۲) جھوٹا (۳) [مونث] خاکستری رنگ کا ایک پرند - ڈومنی -
**غوک** [ف - ا - مذکر] مینڈک -
**غول** [ع - ا - مذکر] (۱) انبوہ - گروہ - مجمع (۲) بھوت پریت (اُردو میں بواوِ مجہول مستعمل ہے) -
غول بیاباں - بھوت پریت - چھلاوہ -
غول کے غول - گروہ کے گروہ -

# غ - ی

**غیاث** (غ - یاث) [ع - صف] فریاد سننے والا - فریاد کو پہنچنے والا -
**غیب** [ع - ا - مذکر] غیر موجود - غائب - پوشیدہ - اوجھل -
غیب دان - پوشیدہ حال جاننے والا - غیب کی خبر رکھنے والا -
غیب دانی [مونث] پوشیدہ حال جاننا -
غیب کی خبر - آئندہ واقعات کا علم -
**غیبت** (غے - بت) [ع - ا - مونث] غیر موجودگی - پس پشت -
**غیبت** (غی - بت) [ع - ا - مونث] بدگوئی - کسی کے پیچھے پیچھے بُرا کہنا -
غیبت کرنا - پیٹھ پیچھے بُرا کہنا -
**غیبی** (غے - بی) [ع - صف] (۱) غائب - غیر حاضر (۲) عالم غیب سے متعلق -
**غیر** [ع - صف] (۱) اجنبی (۲) رقیب (۳) سوا - مختلف (۴) حرفِ نفی جیسے غیر آباد (۵) دگرگوں - خراب - نازک -
غیر آباد - ویران - اُجاڑ - بنجر -
غیر آئینی - مُلک کے بنیادی قانون کے خلاف -
غیر اختیاری - مجبوری کی حالت - بے اختیاری -
غیر ازیں - ماسوا - علاوہ ازیں - بجز اس کے -
غیر ازیں - اس کے سوا - اس کے علاوہ -
غیر جانب دار - الگ تھلگ - علیحدہ - جو کسی طرف کا نہ ہو -
غیر جانبداری [مونث] بے تعلقی - علیحدگی -
غیر جنس - کسی دوسری قسم یا نوع کا -
غیر حاضر - غائب - اوجھل -
غیر حاضری [مونث] موجود نہ ہونا - حاضر نہ ہونا -
غیر حالت - جان کنی کی حالت - دگرگوں حالت -
غیر ذمہ دار - جس کو ذمہ داری کا احساس نہ ہو -
غیر رسمی - غیر معمول -
غیر شافی (۱) تسکین نہ دینے والا - ناکافی (۲) جس سے شفا نہ ہو -
غیر شرعی - شریعت کے خلاف -

غیر ضروری - جس کی ضرورت نہ ہو - بیکار -
غیر علاقہ - دُوسرے کی ریاست - سرحدی قبائلی علاقہ -
غیر فانی - کبھی نہ مرنے والا - ہمیشہ رہنے والا -
غیر کی آگ میں جلنا - دُوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا -
غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا [مثل] مخالف کے تھوڑے سے نقصان کے لیے اپنا زیادہ نقصان کر لینا -
غیر مُرتّبہ - جس کی ترتیب نہ ہو -
غیر مستند - جس سے کسی قسم کا معاہدہ نہ ہو -
غیر مشخص - غیر معین - جو معین نہ ہو -
غیر متناہی - جس کی انتہا نہ ہو - لامتناہی -
غیر مجاز - جس کو کسی کام کا اختیار نہ ہو - غیر متعلق -
غیر محدود - جس کی کوئی حد نہ ہو -
غیر مرد - وہ شخص جو قریبی رشتہ دار نہ ہو - بیگانہ - نامحرم -
غیر مزروعہ - کاشت نہ کی ہوئی زمین -
غیر مساوی - جو برابر نہ ہو -
غیر مستعمل - جو استعمال میں نہ آیا ہو - کورا - اچھوتا -
غیر مشروط - بغیر کسی شرط کے - یقینی -
غیر معتبر - ناقابل اعتبار - جھوٹا -
غیر معمول - غیر معمولی (۱) معمول کے خلاف - خلاف دستور (۲) بہت زیادہ -
غیر مقبوضہ - جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو - لاوارث -
غیر ملفوظ - وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے جیسے بالکل میں الف -
غیر ملکی - پردیسی - دُوسرے مُلک کا - اجنبی -
غیر ممکن - دُشوار - ناممکن - محال -
غیر منقولہ - وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے - زمین - مکان وغیرہ -
غیر منکوحہ - بے نکاحی گھر میں ڈالی ہوئی عورت -
غیر وِردی - وہ جو وِرثہ میں نہ آئی ہو -
غیر واجب - غیر واجبی - قانون کے خلاف - غلط -
**غیرت** (غے - رت) [ف - ا - مونث] حمیت - لحاظ - شرم - حیا -
غیرت آنا - کھانا - شرم کرنا -
غیرت چمن - جس پر باغ کو رشک آئے - محبوب -
غیرت حور - حُور کو شرما دینے والا - نہایت حسین -
غیرت ماہ - چاند کو شرما دینے والا - معشوق -
غیرت دار - غیرت مند - خوددار - حیادار - باحمیت -
**غیریت** (غے - ری - یت) [ع - ا - مونث] اجنبیت - بیگانگی (اُردو میں بغیر تشدید بھی مستعمل ہے) -
غیریت برتنا - رکھنا - غیر سمجھنا - بیگانگی برتنا -
**غیظ** [ع - ا - مذکر] سخت غصہ - غصہ کی تیزی -
غیظ و غضب - سخت غصہ -
**غین** [ع - ا - مذکر] (۱) حرف غ کا تلفظ (۲) گھرا ہوا ابر (۳) تاریکی (۴) نشے میں چُور -
غین ہونا - نشے میں غرق ہونا -
**غیور** (غ - یُور) [ع - صف] (۱) بہت غیرت کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام -

Marfat.com

# ف

ف - (فے) (ع - مونث) اُردو کا چھبیسواں، فارسی کا تیئیسواں اور عربی کا چوبیسواں حرف حساب ابجد میں اس کے اسّی عدد فرض کیے گئے ہیں -

## ف - ا

فاتح - (فا - تِح) (ع - ا - مذکر) (۱) فتح کرنے والا - (۲) کھولنے والا -

فاتحہ - (فا - تِ - حَہ) (ع - ا - مذکر و مونث) (۱) ابتدا - آغاز (۲) سورۂ الحمد (۳) قرآن شریف پڑھ کر مُردے کی رُوح کو ثواب پہنچانا - نذر - نیاز -

فاتحہ پڑھنا - (۱) مُردے کی رُوح کو ثواب پہنچانے کی غرض سے الحمد وغیرہ پڑھنا (۲) کنایتہً مایوس ہو جانا - توقع نہ رکھنا -

فاتحہ خوانی - (مونث) فاتحہ پڑھنا -

فاتحہ دینا - نیاز دینا -

فاتِر - (ع - صفت) کمزور - ضعیف - سُست -

فاتر العقل - جس کی عقل میں خرابی آ گئی ہو -

فاجِر - (فا - جِر) (ع - صفت) بدچلن - بدکار - گنہ گار -

فاحِش - (ع - صفت) (۱) شرمناک - قبیح (۲) بھاری - سخت -

فاحِش غلطی - سخت غلطی - صریح غلطی (نیز دیکھیے فاش)

فاحِشہ - (فا - حِ - شہ) (ع - صفت) بدکار عورت -

فاختہ - (فاخ - تہ) (ع - ا - مونث) قمری کے ہم شکل ایک پرند -

فاختہ اُڑانا - گل چھرّے اُڑانا - مزے کرنا - عیش منانا -

فاختئی - (فاخ - تَ - ای) (ت - صفت) فاختہ جیسا رنگ - خاکی -

فاخرہ - (فا - خِ - رَہ) (ع - صفت) بیش قیمت -

فار - (ع - ا - مذکر) چوہا - موش -

فارِس - (ع - ا - مذکر) (۱) شہ سوار (۲) پارس - ایران -

فارِسٹ - ( FOREST ) (انگ - ا - مذکر) جنگل - بیابان -

فارسٹر - ( FORESTER ) (انگ - ا - مذکر) محکمہ جنگلات کا ایک ملازم -

فارسی - (فار - سی) (ف - ا - مونث) (۱) فارس یعنی ملک ایران کی بولی (۲) (صفت) فارس سے منسوب -

فارسی بگھارنا - بے موقع بے محل اپنی لیاقت کا اظہار کرنا -

فارِغ - (ع - صفت) (۱) مطمئن (۲) خلاصی اور نجات پانے والا (۳) آزاد - خالی -

فارغ البال - آسودہ - مطمئن - خوش حال -

فارغ بالی - فارغ البالی - (مونث) خوش حالی - بے فکری -

فارغ خطی - (مونث) بے تعلقی کی رسید جو میاں بیوی کے درمیان ہو - طلاق نامہ (۲) بے باقی کی رسید -

فارم - ( FORM ) (انگ - ا - مذکر) (۱) نقشہ - نمونہ - (۲) چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پُری کے لیے دیا جائے -

فارم - ( FARM ) (انگ - ا - مذکر) اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں کے ذریعہ کاشت کی جاتی ہو -

فارمولا - ( FORMULA ) (فار - مُو - لا) (انگ - ا - مذکر) مقررہ قاعدہ گر -

فارمیسی - ( PHARMACY ) (فار - مے - سی) (انگ - ا - مونث) (۱) دوا سازی (۲) دوا خانہ -

فارن آفس - ( FOREIGN OFFICE ) (انگ - ا - مذکر) غیر ملکوں سے معاملات کرنے کا محکمہ -

فارن ہائٹ - ( FAHRENHEIT ) (انگ - ا - مذکر) جرمن تھرمامیٹر جس میں نقطۂ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطۂ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے -

فارورڈ - ( FORWARD ) (فار - وَرڈ) (انگ - صفت) آگے -

فارورڈ کرنا - آگے چلتا کرنا بھیجنا - ارسال کرنا -

فارُوق - (ع - صفت) (۱) حق و باطل میں فرق کرنے والا - (۲) حضرت عمرؓ کا لقب -

فارُوقی - (ع - صفت) حضرت عمرؓ سے منسوب -

فاسِخ - (ع - صفت) فسخ کرنے والا - توڑنے والا -

فاسِد - (ع - صفت) (۱) خراب کرنے والا - (۲) خراب - ناقص بگڑا ہوا -

فاسفورس - ( PHOSPHOROUS ) (فاس - فَ - رَس) (انگ - ا - مذکر) ایک تاب ناک کیمیاوی مادّہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے -

فاسفیٹ - ( PHOSPHATE ) (فاس - فیٹ) (انگ - ا - مذکر) فاسفوری نمک -

فاسِق - (ع - صفت) گنہ گار - بدکار -

فاش - (ع - صفت) ظاہر - کھلا - آشکار - صریح -

فاش غلطی - کھلی غلطی - بڑی غلطی - بھاری غلطی -

فاش ہونا - ظاہر ہونا - طشت از بام ہونا -

فاشزم - ( FASCISM ) (فاش - اِزم) (انگ - ا - مذکر) فسطائیت - سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریت کا جمہوریت دشمن نظریہ -

فاشسٹ - ( FASCIST ) (فا - شِسٹ) (انگ - صفت) (۱) فسطائی - فاشزم سے متعلق (۲) فاشزم کا پیرو -

فاشی - (اُر - صفت) (۱) فسطائی - فاشزم سے متعلق - (۲) فاشزم کا پیرو -

Marfat.com

فاصِل - (ع - صفت) جدا کرنے والا - فرق کرنے والا -
فاصِلہ - (فا - صِ - لہ) (ع - ا - مذکر) دُوری - مسافت -
فاضِل - (ع - صفت) (۱) زیادہ - بڑھا ہوا - (۲) عالم - دانا -
فاضِل اجل - بہت بڑا فاضل - جیّد عالم -
فاضِل باقی - بچا ہُوا روپیہ -
فاضِل ہونا - (۱) صاحب علم و فضل ہونا - (۲) کسی شئے کا زیادہ ہونا -
فاضِلات - (فا - ضِ - لات) (ف - ا - مونث) (۱) فاضل رقم - (۲) وہ پانی جو سیلاب کی وجہ سے باہر نکلے -
فاطِمہ - (فا - طِ - مہ) (ع - ا - مونث) (۱) وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دُودھ چھڑا دیا ہو (۲) رسولِ مقبول صلعم کی صاحبزادی -
فاطِمی - (فا - طِ - می) (ع - صفت) حضرت فاطمہ کی نسل کا - (۲) مصری فرماں رواؤں کا خاندان جنھوں نے ۹۰۹ء تا ۱۱۷۱ء حکومت کی -
فاعتَبِرُوا یا اُولِی الاَبصَار - (ع) اے سمجھ والو! عبرت حاصل کرو -
فاعِل - (ع - صفت - و - ا - مذکر) کام کرنے والا -
فاعِلی - (فا - عِ - لی) (ع - صفت) فاعل سے منسوب -
فاعِلیّت - (فا - عِ - لی - یَت) (ع - ا - مونث) فاعل ہونے کی حالت - فاعل ہونا -
فاقہ - (فا - قَہ) (ع - ا - مذکر) کھانا نہ کھانا - بھوکا رہنا -
فاقہ زدہ - بھوک کا مارا - بھوکا -
فاقہ کش - بھوکا رہنے والا - محتاج -
فاقہ کشی - (مونث) بھوکا رہنا - مفلسی - تنگ حالی -
فاقہ مست - تنگی میں مگن رہنے والا -
فاقہ مستی - (مونث) تنگ دستی میں خوشی - مفلسی میں رنگ رلیاں -
فال - (ع - ا - مونث) شگون - غیب کی بات - پیشین گوئی -
فال دیکھنا (کھولنا - لینا) کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک اور بد شگون معلوم کرنا -
فال گو - فال دیکھنے اور بتانے والا -
فال نامہ - (مذکر) وہ کتاب جس سے فال نکالی جائے -
فالتو - (فال - تُو) (اُ - صفت) ضرورت سے زائد - بیکار -
فالِج - (فا - لِج) (ع - ا - مذکر) بدن کا ڈھیلا یا سُن پڑ جانا -
فالسہ - (فال - سَہ) (اُ - ا - مذکر) ایک اُودا کھٹ مِٹھا میوہ -
فالسئی - (فال - سَ - ای) (ف - صفت) اُودا رنگ - سیاہی مائل سُرخ -
فالُودہ - (فا - لُو - دَہ) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کے نشاستے کی سویاں جنہیں دُودھ، برف اور شکر کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں -
فالیز - (فا - لیز) (ف - ا - مونث) پالیز - خربوزہ اور تربوز وغیرہ کا کھیت -
فام - (ف - صفت) رنگ - شبیہ - مانند (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے سیاہ فام - سفید فام) -

فانُوس - (ف - ا - مذکر) ایک قسم کی قندیل - ایک قسم کا شمع دان -
فانوسِ خیال - فانوسِ خیالی - فانوسِ گرداں - ایک قسم کا کاغذی فانوس جس میں ننھی گھوڑوں وغیرہ کا چکر بنا دیتے ہیں - جو ہوا کے زور سے گردش کرتا ہے -
فانی - (ع - صفت) فنا ہونے والا -
فائدہ - (ع - ا - مذکر) (۱) نفع (۲) حاصل (۳) اثر - خوبی - (۴) افاقہ (۵) بہتری -
فائدہ مند (بخش) مفید - سود مند - کارگر - مؤثر -
فائر - (فا - اِر) (FIRE) (انگ - ا - مذکر) آگ -
فائر انجن - (FIRE ENGINE) (مذکر) وہ انجن جس سے آگ بجھائیں -
فائر بریگیڈ - (FIRE BRIGADE) (مذکر) آگ بجھانے والی جماعت اور مشین -
فائر پروف - (FIRE PROOF) کوئی شئے جس پر آگ کا اثر نہ ہو -
فائر مین - (FIRE MAN) انجن میں کوئلہ جھونکنے والا -
فائز - (ع - صفت) فتح پانے والا - کامیاب -
فائز المرام - مُراد پانے والا - کامیاب - بامُراد -
فائق - (ع - صفت) فوقیت رکھنے والا - برتر - اعلیٰ - معزز -
فائل - (FILE) (انگ - ا - مذکر) (۱) مسل - کاغذات کا مجموعہ جو سلسلہ وار اور تاریخ وار رکھا جائے - (۲) لڑی - قطار -
فائل بک - وہ کتاب جس میں کاغذ نتھی کر کے رکھے جائیں -
فائل کرنا - نتھی کرنا - مسل میں شامل کرنا - داخل دفتر کرنا -
فائن - (FINE) (انگ - ا - مذکر) (۱) جرمانہ - (۲) نفیس - عمدہ -
فائن آرٹ - (مذکر) فنونِ لطیفہ -
فائنل - (FINAL) (فا - اِ - نَل) (انگ - صفت) - (۱) آخری - قطعی - (۲) ٹورنامنٹ میں مقابلے کا آخری کھیل -
فاؤل - (FOUL) (انگ - ا - مذکر) کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی -
فاؤنٹین پن - (FOUNTAIN PEN) (انگ - ... - مذکر) خودکار قلم - قلم جس میں روشنائی کا ذخیرہ موجود رہے -
فاؤنڈری - (FOUNDARY) (انگ - ا - مونث) کارخانہ جس میں دھاتوں کو گلا کر اشیاء ڈھالی جاتی ہیں -

## ف - ب

فَبِہا - (فَ - بِ - ہا) (ع) بہت خوب - بہتر - (فَرِضینا بِہا - ہم اس پر راضی ہیں کا مخفف) -

Marfat.com

## ف - ت

فتاوے ۔ (فَ ۔ تا ۔ وا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) فتوے کی جمع ۔
فتح ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) جیت ۔ ظفر ۔ کامیابی ۔
فتح پانا ۔ جیتنا ۔ کامیاب ہونا ۔
فتح مند ۔ جیتنے والا ۔ ظفریاب ۔ غالب ۔ کامیاب ۔
فتح مندی ۔ (مونث) جیت ۔ کامیابی ۔
فتح یاب ۔ جیتنے والا ۔ فتح پانے والا ۔
فتح یابی ۔ (مونث) جیت ۔ فتح پانا ۔
فتحہ ۔ (فَت ۔ حَہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) زبر ۔ حرف کی ایک حرکت ۔
فتراک ۔ (فِت ۔ راک) (ف ۔ ا ۔ مذکر) شکاربند ۔ شکاریوں کا تھیلا ۔
فتق ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) ایک مرض جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں ۔
فتن ۔ (فِ ۔ تَن) (ع ۔ ا ۔ مذکر) فتنہ کی جمع ۔
فتنہ ۔ (فِت ۔ نہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) جھگڑا ۔ فساد ۔ بغاوت ۔ (۲) (صفت) نہایت شریر ۔ شوخ ۔ آفت کا پرکالہ ۔
فتنہ انگیز ۔ (پرداز ۔ جُو) فسادی ۔ جھگڑالو ۔
فتنہ انگیزی (پردازی) ۔ (مونث) فساد برپا کرنا ۔
فتنۂ جہاں (دوراں ۔ روزگار ۔ عالم) دنیا میں حشر برپا کرنے والا ۔
فتنۂ خوابیدہ ۔ سویا ہوا فساد ۔ دبا ہوا جھگڑا ۔
فتنہ خیز ۔ فتنہ پیدا کرنے والا ۔
فتنہ زا ۔ رستخیز ۔ سنگال ۔ گر ۔ آفت ڈھانے والا ۔
فتنہ گری ۔ (مونث) فساد پیدا کرنا ۔
فتوحات ۔ (فُت ۔ تو ۔ حات) (ع ۔ ا ۔ مذکر و مونث) فتوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع ۔
فتور ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) خرابی ۔ نقص (۲) فتنہ ۔ فساد ۔
فتورِ عقل ۔ عقل کی خرابی ۔
فتویٰ ۔ (فَت ۔ وا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) شرعی حکم ۔ مفتی کا فیصلہ
فتیلہ ۔ (فَ ۔ تی ۔ لہ) چراغ کی بتی ۔ بٹی ہوئی چیز ۔

## ف - ٹ

فٹ ۔ (FIT) (انگ ۔ صفت) چست ۔ درست ۔ ٹھیک ۔
فٹ آنا ۔ ٹھیک آنا ۔ درست ہونا ۔ موزوں ہونا ۔
فٹ ۔ (FOOT) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) قدم (۲) بارہ انچ کا پیمانہ ۔ گز کا تیسرا حصہ ۔
فٹ بال ۔ (FOOT BALL) پاؤں سے لڑھکانے کی گیند ۔
فٹ نوٹ ۔ (FOOT NOTE) (مذکر) وہ شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے ۔
فٹر ۔ (فِٹ ۔ ٹر) (FITTER) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) مستری ۔ مشینوں کے پرزے درست کرنے والا ۔

فٹن ۔ (PHAETON) (فِ ۔ ٹن) (انگ ۔ ا ۔ مونث) ایک قسم کی چار پہیوں کی بگھی ۔

## ف - ج

فجار ۔ (فُج ۔ جار) (ع ۔ ا ۔ مذکر) فاجر کی جمع ۔
فجر ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) صبح ۔ سویرا ۔ نور کا تڑکا ۔ سحر ۔
فجور ۔ (فُ ۔ جُور) (ع ۔ ا ۔ مذکر) گناہ ۔ جرم ۔ بدکاری ۔

## ف - ح

فحاشی ۔ (فُح ۔ حا ۔ شی) (ف ۔ ا ۔ مونث) جنسی جذبات کو مشتعل کرنا ۔ بے حیائی کی باتیں کرنا ۔
فحش ۔ (فُحش) (ع ۔ ا ۔ مذکر) گالی ۔ بیہودہ بات ۔ قابلِ شرم بات ۔
فحوا ۔ (فَح ۔ وا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) مضمون ۔ مطلب ۔ انداز ۔
فحوائے کلام ۔ بات کا مطلب ۔ گفتگو کا انداز

## ف - خ

فخر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ناز ۔ غرور (۲) شرف (۳) شیخی ۔
فخرِ انبیاء ۔ (کنایۃً) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ۔
فخرِ خاندان ۔ وہ شخص جس کے باعث خاندان کو شرف اور بزرگی حاصل ہو ۔
فخریہ ۔ (فَخ ۔ ری ۔ یہ) (ع ۔ تابع فعل) فخر کے طور پر ۔ شیخی سے ۔

## ف - د

فدا ۔ (ع ۔ صفت) (۱) قربان ۔ صدقے (۲) عاشق ۔
فدائی ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) جان نثار ۔ عاشق ۔
فدوی ۔ (فِد ۔ وی) (ع ۔ صفت) (۱) قربان ہونے والا ۔ (۲) معروضہ پیش کرنے والا ۔ تابعدار ۔
فدویانہ ۔ (فِد ۔ وِ ۔ یا ۔ نہ) (ف) فدوی کی مانند ۔
فدیہ ۔ (فِد ۔ یہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) نقد معاوضہ (۲) خوں بہا (۳) مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو ۔

## ف - ر

فر ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) شان و شوکت ۔ (۲) رعب داب ۔
فر ۔ (FUR) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) پوستین ۔ سمور ۔ سنجاب ۔

Marfat.com

فَرّاٹا - (فَر - را - ٹا) (اُر - ا - مذکر) (۱) کسی چیز کے اُڑنے کی آواز۔ (۲) ہوا کا سنّاٹا (۳) جلد جلد بولنا یا پڑھنا۔

فرّاٹے بھرنا (لینا) (۱) بہت تیز پڑھنا، بولنا یا بھاگنا۔ (۲) جھنڈے کا ہوا میں لہرانا۔

فراخ - (ف - صفت) (۱) وسیع - کشادہ (۲) بڑا۔

فراخ حوصلہ - بڑے حوصلے والا - عالی ہمت۔

فراخ داماں (دست) - فیاض - سخی۔

فراخ دستی - (مونث) (۱) فیاضی - سخاوت (۲) دولت مندی۔

فراخی - (ف - ا - مونث) (۱) چوڑائی - وسعت (۲) خوش حالی - آسودگی۔ (۳) گھوڑے کا تنگ۔

فراڈ - (FRAUD - انگ - ا - مذکر) مکّاری - دھوکا - فریب۔

فِرار - (فِ - رار) (ع - ا - مذکر) بھاگنا۔

فَراز - (فَ - راز) (ف - ا - مذکر) بلندی۔

فَرازی - (فَ - را - زی) (ف - ا - مونث) اُونچائی - بلندی۔

فِراست - (فِ - را - ست) (ع - ا - مونث) - دانائی - تیز فہمی۔

فراست الید - (مذکر) (علم) ہتھیلی کی لکیریں دیکھ کر غیب کا حال بتانا - پامسٹری۔

فَرّاش - (فَر - راش) (ع - ا - مذکر) (۱) فرش بچھانے والا۔ (۲) وہ شخص جس کے اہتمام میں خیموں کا گاڑنا اُکھاڑنا ہو۔ (۳) (اُر) ایک درخت جو صنوبر اور شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے۔

فِراش - (فِ - راش) (ع - ا - مذکر) وہ فرش جس پر سوئیں۔

فرّاش خانہ - (مذکر) وہ مکان جس میں ڈیرے تنبو - اور فرش فروش رکھے جائیں۔

فَراعنہ - (فَ - را - عِ - نہ) (ع - اُر - مذکر) - فرعون کی جمع۔

فَراغ - (فَ - راغ) (ع - ا - مذکر) (۱) فرصت - نجات - (۲) شکر۔

فَراغت - (فَ - را - غت) (ع - ا - مونث) - (۱) نجات - رہائی (۲) اطمینان - (۳) آسودگی۔

فراغت پانا (ہونا) - فرصت حاصل ہونا - نجات پانا - (۲) رفع حاجت کرنا۔

فِراق - (ع - ا - مذکر) (۱) جدائی - ہجر (۲) فکر - خیال۔

فراق زدہ (نصیب) - جو اپنے محبوب یا عزیز سے جدا ہو۔

فِراقیہ - (فِ - را - قی - یہ) (ع - صفت) - فراق سے منسوب

فراک - (FROCK - فَ - راک) (انگ - ا - مذکر) - بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا کوٹ۔

فراموش - (فَ - را - موش) (ف - صفت) بھولا ہوا - یاد سے اُترا ہوا۔

فراموش کار - جس کی عادت میں بھول جانا ہو - بھلکڑ۔

فراموشی - (ف - ا - مونث) بھول چوک - سہو - نسیان۔

فرامین - (فَ - را - مین) (ف - ا - مذکر) فرمان کی جمع۔

فرانسیسی - (اُر - صفت) (۱) ملک فرانس سے منسوب (۲) (مذکر) فرانس کا باشندہ - (۳) (مونث) فرانس کی زبان۔

فرانک - (FRANC - فَ - رانک) (فر - ا - مذکر) - فرانس کا سکّہ۔

فَراواں - (فَ - را - واں) (ف - صفت) - بہت - زیادہ - وافر۔

فَراوانی - (ف - ا - مونث) زیادتی - کثرت - افراط۔

فَراہم - (فَ - را - ہم) (ف) (۱) اکٹھا - جمع۔

فراہمی - (فَ - را - ہَ - می) (ف - ا - مونث) جمع کرنا۔

فرائض - (فَ - را - اِض) (ع - ا - مونث) (۱) فریضہ کی جمع - وہ کام جن کا کرنا ضروری ہو (۲) تقسیم میراث کا علم۔

فرائض منصبی - وہ کام جن کا کرنا کسی عہدے دار کے لیے ضروری ہو۔

فَربہ - (فَر - بہ) (ف - صفت) موٹا تازہ - لحیم شحیم۔

فربہ اندام - موٹے تازہ جسم والا۔

فربہی - (فَر - بَ - ہی) (ف - ا - مونث) موٹائی - جسم کی تیاری۔

فرتوت - (فَر - توت) (ف - صفت) بہت بوڑھا جس کی عقل زائل ہو گئی ہو۔

فَرج - (ع - ا - مونث) (۱) شگاف (۲) اندام نہانی۔

فرجام - (فَر - جام) (ف - ا - مذکر) انجام - عاقبت - (مرکبات میں مستعمل ہے جیسے نافرجام۔)

فَرَح - (فَ - رَح) (ع - ا - مونث) خوشی - شادمانی۔

فرحاں - (فَر - حاں) (ف - صفت) شاداں - خوش - مگن۔

فرحت - (فَر - حت) (ع - ا - مونث) خوشی - شادمانی۔

فرحت آگین - خوشی سے بھرا ہوا۔

فرحت افزا - خوشی بڑھانے والا - مفرّح۔

فرحت بخش - خوشی دینے والا۔

فرّخ - (فَر - رُخ) (ف - صفت) (۱) مبارک - سعید - (۲) خوب صورت۔

فرّخ سیر - اچھی عادتوں والا۔

فرخندہ - (فَر - خن - دہ) - (ف - صفت) (۱) مبارک (۲) خوش (۳) خوش نصیب۔

فرخندہ بخت (طالع - فال) - خوش نصیب۔

فَرد - (ع - ا - مونث) (۱) ایک شعر - دوہا - (۲) فہرست - رجسٹر (۳) لحاف یا رضائی کا ابرہ (۴) (مذکر) ایک آدمی - تن واحد (۵) ایک قسم کا پرندہ (۶) صحیفے کا ورق (۷) (صفت) تنہا - اکیلا (۸) بے مثل - یکتا۔

فردِ باطل - (۱) حساب کا کاغذ جو غلط اور ردّی کر دیا گیا ہو - (۲) نکمّی - بے کار چیز۔

فرد بشر - (مذکر) شخص - متنفّس۔

فردِ تعلیقہ - (مونث) ضبطی جائداد کی فہرست۔

فرد فرد - ایک ایک - الگ الگ - جدا جدا۔

فرد قرار دادِ جرم - (مونث) عدالت کا وہ کاغذ جس میں مجرم ٹھہرانے کا مضمون اور قانونی دفعہ درج ہوتی ہے۔

Marfat.com

فردا - (فَر- دا) (ف- صفت) آنے والا کل-
فرداً فرداً - (فَر- دَن- فَر- دَن) (ع- تابع فعل) ایک ایک کر کے-
فردوس - (فِر- دَوس) (ع- ا- مذکر) (۱) باغ - (۲) بہشت - جنت-
فردوس بریں - بہشت کا اعلیٰ طبقہ-
فردوس مکانی - جسے مرنے کے بعد فردوس نصیب ہوئی ہو-
فرزانگی - (فَر- زان- گی) (ف- ا- مونث) (۱) عقل - دانائی - (۲) علم - حکمت-
فرزانہ - (فَر- زا- نہ) (ف- صفت) عاقل - دانا - سمجھ دار-
فرزند - (فَر- زَند) (ف- ا- مذکر) بیٹا - لڑکا-
فرزندِ ارجمند - ولی بیٹا - پیارا اور قابلِ قدر بیٹا-
فرزندِ رشید - نیک بیٹا-
فرزندی - (فَر- زَن- دی) (ف- ا- مونث) بیٹا ہونے کی حالت - باپ بیٹے کا تعلق-
فرزندی میں (قبول فرمانا) لینا - بیٹا بنانا - داماد بنانا-
فرزیں - (فَر- زیں) (ف- ا- مذکر) شطرنج کا وزیر-
فرس - (فَ- رَس) (ع- ا- مذکر) (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا گھوڑا-
فرسا - (فَر- سا) فارسی مصدر فرسودن کا اسم فاعل بمعنی تباہ کرنے والا - گھسنے والا - (مرکبات میں جیسے روح فرسا)
فرستادہ - (فِ- رِس- تا- دَہ) (ف- صفت) (۱) بھیجا ہوا - (۲) (مذکر) قاصد-
فرسٹ - (فَرسٹ) (FIRST) (انگ- صفت) (۱) اوّل - پہلا (۲) اگلا - سابق-
فرسٹ اننگ - (FIRST INNINGS) (مونث) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل
فرسٹ کلاس - ( ) اوّل درجہ - پہلا درجہ-
فرسخ - (فَر- سَخ) (ع- ا- مذکر) تین میل کا فاصلہ (فرسنگ کا معرب)-
فرسنگ - (فَر- سَنگ) (ف- ا- مذکر) دیکھیے فرسخ-
فرسودگی - (فَر- سُو- دَ- گی) (ف- ا- مونث) پرانا پن - گھساوٹ - پچھاوٹ
فرسودہ - (فَر- سُو- دَہ) (ف- صفت) گھسا ہوا - پرانا-
فرسودہ حال - تباہ حال - خستہ حالت-
فرش - (ع- ا- مذکر) (۱) بچھونا - بستر (۲) زمین (۳) چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین-
فرشِ خاک - زمین-
فرشِ راہ - راستے پر بچھا ہوا - انکساری اور مہمان نوازی کی علامت-
فرش فروش - بچھانے کی چیزیں-
فرش کرنا - (۱) بستر بچھانا (۲) چونے وغیرہ سے زمین کی سطح ہموار کرنا - (۳) مار کر پھر نکال دینا-
فرشتہ - (فِ- رِش- تَہ) (ف- ا- مذکر) اسلامی عقیدہ کے مطابق ایک مخلوق جو نور سے بنی ہے-
فرشتہ پَر نہیں مارتا - کسی کا گزر نہیں - بڑی روک ٹوک ہے-
فرشتہ خصال (خو - سیرت - صفت) نیک طینت - سیدھا سادا شریف-
فرشتہ صورت - جو شکل سے نیک معلوم ہو-
فرشتۂ مرگ - ملک الموت - موت کا فرشتہ-
فرشتوں کو خبر نہ ہونا - (۱) کسی کو مطلق پتا نہ ہونا - (۲) بالکل بے خبر رہنا-
فرشتوں کے پَر جلنا - تاب نہ ہونا - مجال نہ ہونا - پہنچ نہ ہونا-
فرشی - (فَر- شی) (ف- صفت) فرش سے منسوب-
فرشی حقہ - (مذکر) چوڑے پیندے کا حقہ-
فرشی سلام - (مذکر) کورنش - بہت جھک کر سلام کرنا-
فرصت - (فُر- صَت) (ع- ا- مونث) (۱) مہلت - فراغت - (۲) چھٹکارا (۳) اطمینان - آرام-
فرصت پانا - مہلت پانا - چھٹکارا حاصل کرنا-
فرض - (ع- ا- مذکر) (۱) وہ کام جو خدا کے حکم سے ضروری مقرر ہو (۲) نماز کی وہ رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہو (۳) ذمے داری - بارِ ثبوت (۵) نکاح-
فرض ادا کرنا - اپنے اوپر جو کچھ واجب ہے اس کا بجا لانا-
فرضِ عین - ضروری فرض - نہایت ضروری کام یا فریضہ-
فرض کرنا - تسلیم کرنا - مان لینا-
فرضِ کفایہ - وہ فرض جو چند آدمیوں کے کرنے سے سب کے سر سے اُتر جائے - جیسے نمازِ جنازہ-
فرضاً - (فَر- ضَن) (ع- تابع فعل) (۱) از روئے فرض - (۲) بالفرض - قیاساً-
فرضی - (فَر- ضی) (ع- صفت) خیالی - قیاسی-
فرضیت - (فَر- ضی- یَت) (ع- ا- مونث) فرض ہونا - لازم ہونا-
فرط - (ع- ا- مونث) زیادتی - غلبہ - کثرت - افراط-
فرع - (ع- ا- مونث) (۱) ٹہنی - شاخ (۲) وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو-
فرعون - (ع- ا- مذکر) (۱) مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب - (۲) (صفت) متکبر - ظالم (۳) باغی - نافرمان-
فرعونِ بے سامان - وہ شخص جو بے مقدرت ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کرے-
فرعونی - (فِر- عَو- نی) (ع- ف- صفت) فرعون سے منسوب-
فرعونیت - (فِر- عَو- نی- یَت) (ع- ف- ا- مونث) بدذاتی - شرارت - سرکشی - تکبر - غرور-
فرغل - (فَر- غُل) (ع- ا- مونث) رُوئی دار لبادہ-
فرفر - (فَر- فَر) (ا) جلد جلد - ہوا کی طرح-
فرق - (ع- ا- مذکر) (۱) جدائی (۲) فاصلہ (۳) اختلاف (۴) تمیز - شناخت - (۵) سر (۶) سر کے بالوں کی مانگ (۷) کمی - کسر (۸) بیگانگی - غیریت-
فرق آ جانا (آنا) - (۱) پہلے سی بات نہ رہنا - (۲) بات بگڑنا (۳) خلل واقع ہونا-
فرق نکالنا - (۱) غلطی نکالنا (۲) اختلاف دُور کرنا-
فرق ہونا - اختلاف ہونا - کمی زیادتی ہونا-
فرقان - (ع- صفت) (۱) حق اور باطل میں فرق کرنے والا - (۲) (ا- مذکر) قرآن شریف - کلام مجید-

Marfat.com

فُرقت - (ع - ا - مونث) جدائی - ہجر - علیحدگی -
فرقدان - (فَر - قَد - دان) (ع - ا - مذکر) وہ دو ستارے جو قطب شمالی کے پاس دکھائی دیتے ہیں -
فرقہ - (فِر - قہ) (ع - ا - مذکر) جماعت - گروہ -
فرقہ بندی - (مونث) جماعت بنانا - کسی گروہ کی تنظیم -
فرقہ پرست (پسند) - اپنی جماعت کا طرف دار - تنگ نظر -
فرقہ دار - فرقے کے متعلق - ہر فرقے کا الگ الگ -
فرقہ واریت - تعصب اور تنگ نظری - اپنے مذہب یا گروہ کی طرف داری اور دوسروں کی مخالفت -
فرلانگ - (FURLONG) (فر - لانگ) (انگ - ا - مذکر) دو سو بیس گز کا فاصلہ - میل کا آٹھواں حصہ -
فرلو - (FURLOUGH) (انگ - ا - مونث) لمبی رخصت - بیرون ملک جانے کی رخصت -
فرم - (FIRM) (انگ - ا - مونث) - کارخانہ - کمپنی - کاروباری ادارہ -
فرما - (فَر - ما) (انگ - ا - مذکر) ایک رُخا چھپا ہوا کاغذ - پروف -
فرمان - (فَر - مان) (ف - ا - مذکر) شاہی حکم - حکم نامہ -
فرماں بردار - (۱) مطیع - تابع (۲) نوکر چاکر -
فرماں برداری - (مونث) اطاعت کرنا - حکم ماننا -
فرماں روا - حکمران - حاکم - بادشاہ -
فرماں روائی - (مونث) حکمرانی - بادشاہت - حکومت -
فرمان واجب الاذعان - ایسا حکم جس کی تعمیل ضروری ہو - وہ حکم جس پر یقین کرنا ضروری ہو -
فرمانا - (اُر - مص) حکم دینا - بولنا - کہنا - بیان کرنا -
فرمائش - (فَر - ما - ئش) (ف - ا - مونث) طلب - مانگ - (بطور حکم) -
فرمائشی - (ف - صفت) (۱) حکماً منگوائی یا بنوائی ہوئی (۲) عمدہ - نفیس -
فرمائشی پڑنا - جوتیاں پڑنا - جوتیاں لگنا -
فرمائشی لگانا - خوب جوتیاں مارنا -
فرمودہ - (فَر - مُو - دَہ) (ف - ا - مذکر) ارشاد - حکم -
فرن - (FERN) (انگ - ا - مذکر) کائی کی قسم کے پودے جو نہروں اور پانی کے آس پاس اُگتے ہیں -
فرنٹ - (FRONT) (فَ - رَنٹ) (انگ - ا - مذکر) - (۱) مقابل کا حصہ (۲) محاذ - مورچہ - (۳) انگ - کا بگاڑ - باغی - منحرف -
فرنٹ ہو جانا - (۱) باغی ہو جانا - (۲) ناراض ہو جانا -
فرنٹیر - (FRONTIER) (فَ - رَن - ٹِ - یَر) (انگ - ا - مونث) سرحد -
فرنگ - (فَ - رَنگ) (ف - ا - مذکر) یورپ -
فرنگستان - (ف - ا - مذکر) یورپ -
فرنگی - (فَ - رَن - گی) (ف - صفت - و - ا - مونث) یورپین - مغربی -
فرنی - (فِر - نی) (ف - ا - مونث) ایک قسم کی کھیر -

فرنیچر - (FURNITURE) (فَر - نی - چَر) (انگ - ا - مذکر) - میز - کرسی وغیرہ -
فرو - (فُ - رَو) (ف) نیچے - تحت - زیر -
فروتر - بہت کم - بہت نیچے -
فروترین - بہت ہی نیچے -
فروتن - غریب - عاجز - مسکین - خاکسار -
فروتنی - (مونث) - عاجزی - مسکینی -
فروکرنا - دبانا - بجھانا -
فروکش ہونا - ٹھہرنا - مقام کرنا -
فروگذاشت - (مونث) (۱) کوتاہی - کمی (۲) بھول - خطا (۳) بے پروائی - غفلت (۴) درگزر - نظر انداز - چشم پوشی -
فروگذاشت کرنا - (۱) بھولنا - چوکنا (۲) ٹالنا - چشم پوشی کرنا -
فرو ماندگی - (مونث) ناچاری - عاجزی - افلاس - مفلسی -
فرو ماندہ - (۱) عاجز - مفلس (۲) تھکا ہوا - کمزور -
فرومایہ - کمینہ - سفلہ - کم ظرف -
فرو ہونا - نیچے بیٹھنا - کم ہونا - بجھنا -
فروٹ - (FRUIT) (انگ - ا - مذکر) پھل - میوہ -
فروخت - (فَ - روخت) (ف - ا - مونث) بکری - بیع - (اُردو میں بافتح مستعمل ہے) -
فرود - (فُ - رود) (ف) (۱) نیچے - زیر (۲) (ا - مذکر) - اتراؤ - ٹھہراؤ - بسیرا -
فرودگاہ - (مونث) اُترنے کی جگہ - ٹھہرنے کا مقام - قیام گاہ -
فروردین - (فَر - وَر - دِین) (ف - ا - مذکر) فارسی سال کا پہلا مہینا -
فروری - (FEBRUARY) (مورّد - ا - مذکر) سن عیسوی کا دوسرا مہینا -
فروز - (فُ - روز) (ف - صفت) افروز کا مخفف - دیکھیے افروز -
فروزاں - (فُ - روزاں) (ف - صفت) روشن -
فروش - (فُ - روش) (ف - صفت) بیچنے والا (مرکبات میں جیسے سبزی فروش) -
فروشندہ - (فُ - رو - شَن - دَہ) (ف - صفت) - فروخت کرنے والا -
فروشی - (ف - ا - مونث) بیچنا - (مرکبات میں جیسے میوہ فروشی) -
فُروع - (فُ - رُوع) (ع - ا - مذکر و مونث) - (۱) فرع کی جمع - شاخیں - (۲) مذہبی اصطلاح میں وہ مسائل جو عمل سے تعلق رکھیں -
فُروعات - (فُ - رُو - عات) (ع - ا - مذکر و مونث) - فروع کی جمع - فرع کی جمع الجمع -
فُروعی - (ع - صفت) وہ باتیں جن کا تعلق بنیادی عقائد و مسائل سے نہ ہو -
فروغ - (فُ - روغ) (ف - ا - مذکر) روشنی - نُور - رونق -

Marfat.com

فرہاد - (فَر-ہاد) (ف-ا-مذکر) وہ افسانوی سنگ تراش جو خسرو بادشاہ ایران کی ملکہ شیریں پر عاشق ہوگیا تھا- عاشقِ صادق-
فرہنگ - (فَر-ہنگ) (ف-ا-مونث) (۱) دانائی- (۲) ڈکشنری-
فری - (FREE) (فَ-رِی) (انگ-صفت) (۱) آزاد (۲) بلاقیمت - مفت-
فریاد - (ف-ا-مونث) (۱) دہائی- آہ و نالہ (۲) (از) ظلم زیادتی کی شکایت (۳) نالش - استغاثہ-
فریادرس - فریاد کو پہنچنے والا- فریاد سننے والا-
فریادرسی - (مونث) انصاف کرنا-
فریادی - (ف-صفت وا-مذکر) دہائی دینے والا- انصاف چاہنے والا-
فریب - (فَ-ریب) (ف-ا-مذکر) (۱) دغا- مکر- (۲) چالاکی- عیاری-
فریب دہی - (مونث) دھوکا دینا- دغابازی-
فریبی - (ف-صفت) دغاباز- مکّار- دھوکا دینے والا-
فرید - (فَ-رید) (ع-صفت) یکتا- بےمثل- لاثانی-
فریضہ - (فَ-ری-ضہ) (ع-ا-مذکر) واجب اور لازم کام- خدا کا حکم-
فریفتگی - (فَ-ریف-تَ-گی) (ف-ا-مونث) عشق- محبت-
فریفتہ - (فَ-ریف-تہ) (ف-صفت) عاشق- دلدادہ
فریق - (فَ-ریق) (ع-ا-مذکر) (۱) جماعت - فرقہ- (۲) مدّعی یا مدّعا علیہ-
فریقِ اوّل - مدّعی- وہ شخص یا گروہ جس نے دعویٰ کیا ہو-
فریقِ ثانی - مدّعا علیہ- وہ شخص یا گروہ جس پر دعویٰ کیا گیا ہو-
فریقین - (فَ-ری-قَین) (ع-ا-مذکر) دونوں فریق- مدّعی اور مدّعا علیہ- طرفین- جانبین-
فریم - (FRAME) (انگ-ا-مذکر) چوکھٹا- ڈھانچ- پنجر-
فری میسن - (FREE MASON) (فَ-ری-مے-سن) (انگ-ا-مذکر) ایک عالمگیر انجمن جس کے رسم و رواج اور طور طریقے خفیہ ہوتے ہیں-

## ف - ز

فزا - (فَ-زا) (ف-صفت) افزا کا مخفف- دیکھیے افزا-
فزع - (فَ-زَع) (ع-ا-مونث) ڈر- دہشت- خوف-
فزوں - (فُ-زُوں) (ف-صفت) دیکھیے افزوں-
فزونی - (فُ-زو-نی) (ف-ا-مونث) دیکھیے افزونی-

## ف - س

فساد - (فَ-ساد) (ع-ا-مذکر) (۱) تباہی (۲) فتنہ- ہنگامہ (۳) شرارت- مخالفت-
فساد اٹھانا - جھگڑا کھڑا کرنا- ہنگامہ برپا کرنا-
فساد پھیلانا - خرابی پھیلانا- جھگڑا کرانا-
فسادِ خون - خون کی خرابی-
فساد کی جڑ - گانٹھ- کاکھرا- اصل مفسد- جھگڑے کی بنیاد-
فسادِ معدہ - معدے کا بگاڑ- پیٹ کا خلل-
فسادات - فساد کی جمع-
فسادی - (اُر-صفت) فساد پھیلانے والا- فتنہ انگیز-
فسانہ - (فَ-سا-نہ) (ف-ا-مذکر) دیکھیے افسانہ-
فسخ - (ع-ا-مذکر) توڑنا- منسوخ کرنا- باطل کرنا-
فسخِ عزیمت - ارادہ پلٹنا-
فسخ کرنا - توڑنا- منسوخ کرنا- رد کرنا-
فسردگی - (فَ-سُر-دَ-گی) (ف-ا-مونث) دیکھیے افسردگی-
فسردہ - (فَ-سُر-دَہ) (ف-صفت) دیکھیے افسردہ-
فسطائی - (ع) دیکھیے فاشسٹ اور فاشی-
فسطائیت - (فِس-طا-ای-اَت) (ع-ا-مونث) - دیکھیے فاشزم-
فسق - (ع-ا-مذکر) نافرمانی- جُرم- بدکاری- گناہ-
فسق و فجور - بدکاری- گنہ گاری-
فسوں - (فُ-سُوں) (ف-ا-مذکر) دیکھیے افسوں-

## ف - ش

فش - (ف-ا-مذکر) پگڑی کا شملہ-
فشار - (فِ-شار) (ف-ا-مذکر) (۱) دبانا- بھینچنا- (۲) قبر کا مُردے کو بھینچنا-
فشاں - (ف-صفت) دیکھیے افشاں-
فشردہ - (فُ-شُر-دَہ) (ف-صفت) دیکھیے افشردہ-

## ف - ص

فصاحت - (فَ-صا-حَت) (ع-ا-مونث) خوش کلامی- خوش بیانی-
فصحا - (فُ-صَ-حا) (ع-ا-مذکر) فصیح کی جمع - خوش بیان لوگ-
فصد - (ع-ا-مونث) رگ سے خون نکالنا-
فصد کھلوانا - رگ سے خون نکلوانا-
فصل - (ع-ا-مونث) (۱) موسم (۲) کتاب کا ایک حصہ-

Marfat.com

باب (۳) جدائی - فرق (۴) حجاب - پردہ (۵) اناج - پیداوار
فصل آنا - موسم آنا -
فصل اٹھنا - کھیت سے اناج کٹ کر گھر پہنچ جانا -
فصلِ استادہ - کھڑی کھیتی -
فصلِ خریف - ہندی سال کے پہلے چھ مہینے اساڑھ سے ماگھ تک جس میں جوار - باجرہ - دھان وغیرہ پیدا ہوتے ہیں -
فصلِ ربیع - ہندی سال کے آخری چھ مہینے پوس سے جیٹھ تک - جس میں گیہوں - چنا - مسور وغیرہ پیدا ہوتی ہے -
فصل کی چیز - موسم کا میوہ -
فصلِ گل - پھولوں کا موسم - بہار کا موسم -
فصلانہ - (فص - لا - نہ) (ا - ا - مذکر) وہ رقم جو فصل تیار ہونے پر زمیندار یا پٹواری کو دی جائے -
فصلی - (فص - لی) (ف - ا - مذکر) فصل سے منسوب - موسمی -
فصلی بخار - وہ بخار جو موسم بدلنے کے زمانے میں آتا ہے - ملیریا -
فصلی سال - وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل یا مئی میں شروع ہوتا ہے -
فصلی کوا (۱) پہاڑی کوا جو سردی میں پہاڑوں سے اُتر کر میدان میں آجاتا ہے - (۲) مطلب کا آشنا - غرض کا دوست -
فصول - (ف - صُول) (ع - ا - مذکر) فصل کی جمع -
فصولِ اربعہ - سال کی چار فصلیں - سردی - گرمی - بہار - خزاں -
فصیح - (فَ - صیح) (ع - صفت) خوش بیان - شیریں کلام -
فصیل - (ع - ا - مونث) (۱) چار دیواری - (۲) شہر پناہ -

## ف - ض

فضا - (فَ - ضا) (ع - ا - مونث) (۱) زمین کی کشادگی - کھلا میدان (۲) بہار - رونق - کیفیت -
فضائل - (ع - ا - مذکر) فضیلت کی جمع -
فضائلِ اربعہ - چار خوبیاں - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت
فضائی - (فَ - ضا - ای) (ع - صفت) ہوائی - فضا سے متعلق -
فضائیہ - (فَ - ضا - ای - یہ) (ع - ا - مونث) کسی ملک کے جنگی طیاروں کا بیڑا - ایئر فورس -
فضل - (ع - ا - مذکر) (۱) زیادتی (۲) علم و ہنر (۳) رحم - مہربانی - (۴) بندگی -
فضل ہونا - خدا کی مہربانی ہونا -
فضلا - (فُ - ضَ - لا) (ع - مذکر) فاضل کی جمع - علماء -
فضلات - (فض - لات) (ع - ا - مذکر) فضلہ کی جمع -
فضلہ - (فض - لہ) (ع - ا - مذکر) (۱) جھوٹا کھانا - (۲) کسی چیز کا پھوک (۳) پاخانہ -
فضول - (فُ - ضول) (ع - صفت) فضل کی جمع - (۱) زیادہ (۲) بے فائدہ - بیکار - نکما (۳) فالتو - زائد -
فضول آدمی - بیہودہ شخص - نکما آدمی -
فضول خرچ - بے جا اور بے موقع خرچ کرنے والا - مسرف -
فضول خرچی - (مونث) بے جا ضرورت سے زیادہ خرچ -
فضول گو - بے کار باتیں بنانے والا - بکی - بکواسی -
فضول ہونا - بیکار ہونا - ضرورت سے زیادہ ہونا - لغو ہونا -
فِضّہ - (فِض - ضَہ) (ع - ا - مونث) چاندی -
فضیتا (فضیحا) - (اُر - ا - مونث) (دہلی) فضیحت کا بگاڑ -
فضیحت - (فَ - ضی - حَت) (ع - ا - مونث) ذلت - بدنامی - رُسوائی -
فضیحت کرنا - ذلیل کرنا - بدنام کرنا - رُسوا کرنا -
فضیتی (فضیحتی) - (اُر - ا - مونث) (لکھنؤ) فضیحت کا بگاڑ -
فضیلت - (فَ - ضی - لَت) (ع - ا - مونث) (۱) بڑائی - برتری - (۲) علم - فضل (۳) نیکی - کمال - عمدگی -
فضیلت کی پگڑی - وہ پگڑی جو تحصیلِ علم کے بعد باندھی جاتی ہے - دستارِ فضیلت -
فضیلت مآب - نہایت اعلیٰ - برتر -

## ف - ط

فطانت - (فَ - طا - نَت) (ع - ا - مونث) ذہانت - عقل مندی -
فِطر - (ع - ا - مذکر) - روزہ کھولنا - افطار -
فطرت - (فِط - رَت) (ع - ا - مونث) (۱) قدرت - خلقت - پیدائش (۲) ضمیر - اصل (۳) عقل مندی (۴) فریب - چالاکی -
فطرتاً - (فِط - رَ - تَن) (ع) قدرتاً - فطرت کی رُو سے -
فطرتی - (فِط - رَ - تی) (ف - صفت) (۱) قدرتی - پیدائشی - (۲) شرارتی - فتنہ پرداز -
فطرہ - (فِط - رَہ) (ع - ا - مذکر) عیدِ رمضان کا صدقہ جو فی آدمی سوا دو سیر گیہوں یا چار سیر جو مقرر ہیں اور نمازِ عید سے قبل غربا کو دیئے جاتے ہیں -
فطیری - (فَ - طی - ری) (اُر - ا - مونث) تازہ گندھے ہوئے آٹے کی روٹی -
فطین - (فَ - طین) (ع - صفت) ذہین - دانا -

## ف - ع

فعّال - (فع - عال) (ع - صفت) فاعل کا اسم تفضیل - بہت سرگرم - بہت کام کرنے والا -
فعل - (ع - ا - مذکر) - (۱) کام - عمل (۲) علم صرف میں وہ کلمہ جس میں کوئی زمانہ پایا جائے -
فعلِ شنیع - شرمناک کام - بُری حرکت -
فعلِ ضامنی - نیک چلنی کی ضمانت -
فعلِ عبث - بے فائدہ کام - فضول کام -
فعلِ لازم - علم صرف میں وہ فعل جو فاعل پر تمام ہو جائے -

Marfat.com

اور مفعول کو نہ چاہے۔
فعلِ متعدی - وہ فعل جو فاعل سے بڑھ کر مفعول پر تمام ہو۔
فعلِ مجہول - وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔
فعلِ معروف - وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
فِعلاً - (فِع - لَن) (ع - تابع فعل) عمل کی رُو سے۔
فِعلی - (فِع - لی) (ع - صفت) فعل سے منسوب - عملی۔

## ف - غ

فغاں - (ف - ا - مذکر) - شور - نالہ - فریاد - آہ و زاری -
فغفور - (فَغ - فُور) (ف - ا - مذکر) دیوتا کا بیٹا - شاہانِ چین کا لقب -

## ف - ف

فُفرو - (فُ - فِر - رُو) (اُ - صفت) بھاگا ہوا - رفوچکر -
فُفرو ہونا - رفوچکر ہونا - بھاگ جانا -

## ف - ق

فق - (ع - صفت) خوف سے چہرے کی رنگت کا بدل جانا -
فق پڑ جانا (ہو جانا) - (۱) چہرے کا رنگ اُڑ جانا - (۲) - حیران و پریشان ہو جانا -
فُقدان - (فُق - دان) (ع - ا - مذکر) گم کرنا - کھونا - نہ ہونا -
فقر - (ع - ا - مذکر) (۱) درویشی (۲) محتاجی -
فقر و فاقہ - غریبی - مفلسی - تنگی -
فُقَرا - (فُ - قَ - را) (ع - ا - مذکر) فقیر کی جمع -
فِقرہ - (فِق - رہ) (ع - ا - مذکر) (۱) عبارت کا ٹکڑا - جملہ - (۲) جھانسا - دھوکا -
فقرہ (فقرے) باز - دھوکے باز - عیّار - دغاباز -
فقرہ (فقرے) بنانا (بنانا - گھڑنا) کوئی جھوٹی بات بنا لینا - دھوکا دینا -
فقرے بازی (مونث) - مذاق - جملے چُست کرنا - آوازے -
فقرے چست کرنا - آوازے کسنا - مذاق کرنا -
فقط - (فَ - قَط) (ع - صفت) (۱) صرف (۲) تنہا - اکیلا - (۳) بس - ختم -
فقہ - (فِ - قہ) (ع - ا - مونث) (۱) واقفیت - علم - (۲) احکامِ شریعت کی معلومات - علمِ دین -
فُقَہا - (فُ - قَ - ہا) (ع - ا - مذکر) فقیہ کی جمع -
فقہی - (فِق - ہی) (ع - صفت) فقہ سے متعلق -
فقید - (فَ - قید) (ع - صفت) نایاب -
فقید المثال - جس کی مثال نہ ہو - بے مثل - لاثانی -

فقیر - (فَ - قیر) (ع - ا - مذکر) (۱) درویش (۲) بھکاری -
فقیر کی صورت ہی سوال ہے - محتاج آدمی کے چہرے سے غریبی برستی ہے -
فقیر ہو جانا - (۱) تارک الدنیا ہو جانا (۲) محتاج ہو جانا -
فقیرانہ - (فَ - قی - را - نہ) (ف - صفت) (۱) درویشوں کی مانند (۲) (مذکر) وہ زمین جو فقرا کے گزارے کے واسطے وقف کر دی جائے -
فقیرنی - (فَ - قیر - نی) (اُ - ا - مونث) بھکارن -
فقیری - (فَ - قی - ری) (ف - ا - صفت) (۱) غریبی (۲) درویشی - (۳) (صفت) فقیر سے متعلق -
فقیری ٹوٹکا - (مذکر) درویشی چٹکلا - سہل علاج - آسان نسخہ -
فقیری لینا - درویشی اختیار کر لینا -
فقیہ - (فَ - قیہ) (ع - ا - مذکر) علمِ فقہ کا عالم - شرعی مسئلوں سے واقف - مفتیٔ دین -

## ف - ک

فَک - (ع - ا - مذکر) دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا علیحدہ کرنا -
فکِ اضافت - علامتِ اضافت یعنی کسرہ چھوڑ دینا - جیسے صاحب دل میں ب کے کسرے کو چھوڑ کر جزم دیتے ہیں -
فکُّ الرہن - فکِ رہن - رہن کی ہوئی چیز کو چھڑانا -
فُکاہات - (ع - ا - مذکر) فکاہت کی جمع - دلچسپ چٹکلے - ہنسنے ہنسانے کی باتیں - مطائبات -
فِکر - (ع - ا - مذکر و مونث) (۱) سوچ بچار (۲) دھیان - (۳) رنج (۴) غور (۵) تدبیر -
فکرِ رسا - پہنچنے والی عقل - اعلیٰ عقل - سُوجھ بوجھ -
فکرِ سخن - وہ غور و تامل جو شعر کہنے کے واسطے ہوتا ہے -
فکرِ فردا - (۱) کل کی فکر - مستقبل کا خیال (۲) قیامت کی فکر -
فکر کرنا - (۱) سوچنا (۲) رنج کرنا -
فکرِ معاش - روزی کی فکر - کمانے کی سوچ -
فکر مند - غمگین - رنجیدہ - سوچ میں مبتلا -
فکر مندی - (مونث) خیال - سوچ بچار -
فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست - ہر شخص کا خیال اس کے حوصلے کے مطابق ہوتا ہے -

## ف - گ

فِگار - (فِ - گار) (ف - صفت) افگار کا مخفف - دیکھیے افگار -
فِگن - (فِ - گن) (ف - صفت) افگن کا مخفف - دیکھیے افگن -

Marfat.com

## ف - ل

فلاح - (فَ-لاح) (ع-ا-مونث) بھلائی- نیکی- نجات- سلامتی-
فلاحِ دارین - دو جہان کی بھلائی- دین و دنیا کی بہتری-
فلاحت - (فَ-لا-حَت) (ع-ا-مونث) زراعت - کاشتکاری- کھیتی باڑی-
فلاسفر - (PHILOSOPHER) (فِ-لاس-فَر) (انگ-ا-مذکر) فلسفی-
فلاسفہ - (فَ-لا-سِ-فَہ) (ع-ا-مذکر) فلسفی کی جمع-
فلاطون - (ع-ا-مذکر) افلاطون کا مخفف-
فلاکت - (فَ-لا-کَت) (ع-ا-مونث) مفلسی- نحوست-
فلاکت زدہ - مصیبت کا مارا- بدبخت- بدنصیب-
فلالین - (فَ-لا-لین) (اُ-ا-مذکر) انگریزی لفظ فلانل کا محرّف- ایک قسم کا اونی اور نرم اونی کپڑا-
فلان - (فَ-لان) (اُ-ا-مذکر و مونث) آلۂ تناسل- شرمگاہ-
فلاں - (فُ-لاں) (ع-صفت) شخص غیر معلوم - وہ شخص یا چیز جو ذہن میں ہو- مگر زبان سے نہ کہیں-
فلاں فلاں - لوگ جو ذہن میں ہوں- مگر زبان سے نام نہ لیا جائے-
فلانی - (فُ-لا-نی) (اُ-صفت) وہ عورت - وہ بات-
فلائنگ کلب - (FLYING CLUB) (انگ-ا-مذکر) ہوا بازی کا فن سکھانے کا ادارہ-
فلٹر - (FILTER) (انگ-ا-مذکر) پانی صاف کرنے کا آلہ-
فلزات - (فِ-لِز-زات) (ع-ا-مذکر و مونث) فلز کی جمع- وہ معدنی جوہر جن میں پگھل جانے کی صلاحیت ہے- جیسے سونا- چاندی-
فلزی - (فِ-لِز-زی) (ع-صفت) معدنی- کانی-
فلسفہ - (فَل-سَ-فَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) علم حکمت (۲) دانائی-
فلسفہ بگھارنا (چھانٹنا) - (۱) بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا (۲) دانائی کا رعب ڈالنا-
فلسفی - (فَل-سَ-فی) (ع-صفت-ا-مذکر) فلسفہ جاننے والا-
فلسفیانہ - (فَل-سَ-فِ-یا-نَہ) (ع-صفت) فلسفہ سے متعلق-
فلس کیپ - (FOOLSCAP) (انگ-ا-مذکر) کاغذ کا ایک سائز جو تقریباً ساڑھے تیرہ انچ لمبا اور ساڑھے آٹھ انچ چوڑا ہوتا ہے-
فلش - ( ) (فَ-لَش) (انگ-ا-مذکر) (۱) بدرو یا نالی میں تیز پانی بہا کر صاف کرنا (۲) تاش کا ایک کھیل-
فلفل - (ع-ا-مونث) مرچ-
فلفل دراز - لمبی مرچ- کھمال-
فلک - (فَ-لَک) (ع-ا-مذکر) آسمان-
فلکِ اعظم - فلک الافلاک - نواں آسمان - عرش-
فلک پیما - آسمان پر اڑنے والا- آسمان تک پہنچنے والا-
فلکِ پیر - بڑھا آسمان- آسمان جو مدت سے موجود ہے-
فلک سیر - بلند-
فلک شکوہ - فلک قدر - بلند مرتبہ
فلک کو خبر نہ ہونا - (۱) کسی کو علم نہ ہونا (۲) نہایت بے خبر ہونا-
فلکی - (فَ-لَ-کی) (ع-صفت) آسمانی- سماوی- علوی-
فلکیات - (فَ-لَ-کی-یات) (ع-ا-مذکر) (۱) آسمان کے متعلق چیزیں (۲) ایک علم جس میں آسمان اور اس کی موجودات پر بحث ہے-
فلم - (FILM) (انگ-ا-مذکر و مونث) (۱) جھلی- (۲) وہ تصویر جو پردے پر چلتی دکھائی دیتی ہے- (۳) فوٹو کی جھلی-
فلم سٹار - سینما کا مشہور اداکار- فلمی دنیا کا ستارہ-
فلمی - (فِل-می) (اُ-صفت) فلم سے متعلق-
فلو - (FLUE) (انگ-ا-مذکر) انفلوئنزا کا مخفف - وبائی نزلہ-
فلور - (FLOUR) (فَ-لور) (انگ-ا-مذکر) آٹا-
فلور مل - (FLOUR MILL) (مونث) آٹا چکی-
فلور - (FLOOR) (انگ-ا-مذکر) سطح- منزل-
فلیتہ - (فَ-لی-تَہ) (اُ-ا-مذکر) دیکھیے فتیلہ-
فلیٹ - (FLAT) (فَ-لیٹ) (انگ-ا-مذکر) عمارت کی ایک منزل پر رہائشی کمرے-

## ف - م

فم - (ع-ا-مذکر) منہ- دہن-
فم معدہ - معدے کا منہ-

## ف - ن

فن - (ع-ا-مذکر) (۱) ہنر- کاریگری- گن (۲) مکر- فریب-
فن کار - ہنرمند- کاریگر- تخلیقی کام کرنے والا-
فن کاری - (مونث) ہنرمندی- کاریگری-
فنا - (فَ-نا) (ع-ا-مونث) (۱) نیستی- موت (۲) اصطلاح تصوف میں حدوث اور قدم کے فرق کا دور ہونا- (۳) (صفت) نابود- نیست- ہلاک-
فنا فی الرسول - فقر کا وہ مرتبہ جس میں سالک اتباع رسولؐ کو اپنی طبیعت ثانی بنا لیتا ہے-
فنا فی الشیخ - فقر کا ایک مرتبہ جس میں مرید ہر وقت اپنے مرشد کے خیال میں ڈوبا رہتا ہے-
فنا فی اللہ - خدائے تعالیٰ کی معرفت میں ڈوب جانے کا مرتبہ-
فنا ہو جانا - (۱) مٹ جانا- (۲) کنایۃً، عاشق ہو جانا-
فنانس - (FINANCE) (فِ-نانس) (انگ-ا-مذکر) (۱) مال گزاری (۲) ذرائع آمدنی (۳) مالیات- خزانہ-
فنانشل - (FINANCIAL) (فِ-نان-شَل) (انگ-صفت)-

Marfat.com

ملک کے خزانہ یا آمدنی سے متعلق۔
فنجان۔ (فِن۔جان) (ع۔ا۔مذکر) چھوٹی پیالی جس میں قہوہ پیتے ہیں۔
فنڈ۔ (FUND) (انگ۔ا۔مذکر) سرمایہ۔ پونجی۔ مال۔
فنل۔ (اُر۔ا۔مذکر) (۱) رقیق چیز ڈالنے کی نلی دار کیف۔ (۲) کمانی۔ لوہے کا چکر جو گھڑی کے اندر لگا ہوتا ہے۔ انگریزی لفظ (FUNNEL) فنل کا مورد۔
فنس۔ (فِ۔نَس) (اُر۔ا۔مونث) پینس۔ پالکی۔ ڈولا۔
فنون۔ (فُ۔نُون) (ع۔ا۔مذکر) فن کی جمع۔
فنی۔ (فَن۔نی) (ع۔صفت) فن سے متعلق۔

## ف - و

فواحش۔ (فَ۔وا۔حِش) (ع۔ا۔مذکر) فاحشہ کی جمع۔ (۱) بُرے کام۔ (۲) (مونث) بدکار عورتیں۔
فوار۔ (فَ۔وار) (ع۔ا۔مذکر) (۱) پچکاری۔ پھوہار (۲)
فوارہ۔ (فَو۔وا۔رَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) پچکاری۔ پھوہار۔ (۲) پانی کو اُوپر پھینکنے کا آلہ۔
فواکہ۔ (فَ۔وا۔کِہ) (ع۔ا۔مذکر) فاکہ کی جمع۔ میوے۔
فوائد۔ (فَ۔وا۔اِد) (ع۔ا۔مذکر) فائدہ کی جمع۔
فوت۔ (ع۔صفت) نیست۔ معدوم۔
فوٹو۔ (PHOTO) (انگ۔ا۔مذکر) تصویر۔ عکس۔
فوٹو گرافر۔ (PHOTOGRAPHER) تصویر کھینچنے والا۔
فوٹو گرافی۔ (PHOTOGRAPHY) (مونث)۔ تصویر کھینچنے کا فن۔ فوٹو کھینچنا۔
فوج۔ (ع۔ا۔مونث) سپاہ۔ لشکر۔ عسکر۔
فوج دار۔ (۱) سپہ سالار۔ فوج کا افسر (۲) کوتوال مجسٹریٹ۔ (۳) فیل بان جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے۔
فوج داری۔ (مونث) (۱) فوج کا عہدہ (۲) مجسٹریٹی۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے خون وغیرہ کے مقدمے فیصل ہوں۔
فوج کشی۔ (مونث) چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔
فوجی۔ (ف۔صفت) (۱) فوج سے متعلق۔ (۲) (مذکر) فوج کا سپاہی۔
فوراً۔ (فَو۔رَن) (ع۔تابع فعل)۔ اسی وقت جھٹ پٹ۔
فورٹ۔ (FORT) (انگ۔ا۔مذکر) قلعہ۔
فورم۔ (FORUM) (انگ۔ا۔مذکر) عام مباحثہ۔ عام مباحثہ کی جگہ۔
فورمین۔ (FOREMAN)۔ (فور۔مَین)۔ (انگ۔ا۔مذکر) مزدوروں کا نگران مستری۔
فوز۔ (ع۔ا۔مونث) کامیابی۔ فتح۔ ظفر۔
فوزِ عظیم۔ بڑی کامیابی۔ بڑا فائدہ۔
فوطہ۔ (فو۔طہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) خصیہ۔ خایہ۔ (۲)

خراج۔ محصول (۳) خزانہ۔
فوق۔ (ع) (۱) بلند۔ اُوپر (۲) (مذکر) بلندی (۳) فوقیت۔ برتری۔
فوق البھڑک۔ بھڑکیلا چمک دار۔ زرق برق (غلط العام)
فوق العادت۔ طاقت سے باہر۔ بساط سے باہر۔
فوقانی۔ (فَو۔قا۔نی) (ع۔صفت) اوپر کا۔ بالائی۔
فوقیت۔ (فَو۔قی۔یت) (ع۔ا۔مونث) ۔ بڑائی۔ برتری۔ بزرگی۔
فوقیت لے جانا۔ بازی لے جانا۔ سبقت لے جانا۔
فوکس۔ (FOCUS)۔ (فو۔کس)۔ (انگ۔ا۔مذکر)۔ نقطۂ ارتکاز۔ ماسکہ۔
فول۔ (FOOL) (انگ۔صفت) بے وقوف۔ احمق۔
فولاد۔ (فَو۔لاد) (ف۔ا۔مذکر) (۱) اصل پولاد۔ نہایت سخت اور اعلیٰ قسم کا لوہا۔ اسپات۔ (۲) (صفت) سخت۔ کڑا۔ مضبوط۔
فولادی۔ (ف۔صفت) (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) بہت سخت اور مضبوط۔
فولیو۔ (FOLIO)۔ (فو۔لی۔او) (انگ۔ا۔مذکر) کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگا ہو۔
فون۔ (PHONE) (انگ۔ا۔مذکر) ٹیلی فون کا مخفف۔
فونو گراف۔ (PHONOGRAPH)۔ (انگ۔ا۔مذکر) آلۂ صوت نگار۔ ایک آلہ جس کے ذریعہ آوازیں خود بخود قلم بند ہو جاتی ہیں۔
فونو گرام۔ (PHONOGRAM) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) وہ برقی پیغام جو بذریعہ فون تار گھر بھیجا جائے۔ (۲) صوت بندی۔
فونیشی۔ فونیقی۔ (PHOONICION)۔ (انگ۔ا۔مذکر)۔ بحر روم کے جنوب مشرقی ساحل کے قدیم باشندے جنھوں نے رسم الخط ایجاد کیا۔ (۲) (صفت) ملک فونیشیا یا فونیقیا سے متعلق۔

## ف - ہ

فہرس۔ (فِہ۔رِس)۔ فہرست کا معرب۔
فہرست۔ (فِہ۔رِست)۔ (ف۔ا۔مونث) فرد۔ چیزوں کی تفصیل۔
فہم۔ (ع۔ا۔مونث)۔ سمجھ۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف۔
فہمائش۔ (فہ۔ما۔اِش)۔ (ف۔ا۔مونث) ہدایت۔ نصیحت۔ تلقین۔
فہمائش کرنا۔ سمجھانا۔ جتانا۔ تنبیہ کرنا۔
فہمی۔ (فہ۔می)۔ (ف۔ا۔مونث) سمجھنا۔ (مرکبات میں جیسے حساب فہمی)
فہمید۔ (فہ۔مید) (ف۔ا۔مونث)۔ سمجھ۔ عقل۔ رائے۔

Marfat.com

فہمید حساب - حساب کا سمجھنا۔
فہمیدگی - (فَہ - مید - گی) (ف - ا - مونث) سمجھ - بوجھ - دانائی۔
فہمیدہ - (فَہ - مِی - دہ) - (ف - صفت) سمجھ دار - ہوشیار - دانا۔
فہوالمراد - (فَ - ہُ - وَل - مُ - راد) (ع) یہی اصل مراد ہے - یہی مقصد ہے۔
فہیم - (فَ - ہیم) (ف - صفت) عقل مند - دانا - سمجھ دار۔

# ف - ی

فی - (ع) (۱) درمیان - بیچ - (۲) ساتھ - (۳) ہر - ایک۔
فی البدیہہ - فوراً - فی الفور - بے سوچے۔
فی الجملہ - (۱) الغرض - حاصل کلام - (۲) تھوڑا - کسی قدر۔
فی الحال - اب - ابھی - اسی وقت - سردست - بالفعل۔
فی الحقیقت - دراصل - واقعی - بے شک - حقیقتاً۔
فی الفور - جلدی - شتابی - فوراً۔
فی النار والسقر ہونا - دوزخ کی آگ میں پڑنا۔
فی الواقع - دیکھیے فی الحقیقت۔
فی امان اللہ - خدا کی امان میں - خدا حافظ - اللہ بیلی۔
فی زماننا - (زما - نا) - ہمارے زمانے میں - آجکل - ان دنوں۔
فی زمانہ - اس کے زمانے میں (اس جگہ فی زماننا بولنا صحیح ہے)۔
فی سبیل اللہ - خدا کی راہ میں - خدا کے لیے۔
فی صد - ہر سیکڑے پر - سیکڑا پیچھے۔
فی کس - ہر آدمی کے لیے - آدمی پیچھے۔
فی نفسہ - (نفس - ہی) اپنی ذات میں - در اصل۔
فی - (اُر - ا - مونث) عیب - کھوٹ - غلطی۔
فی نکالنا - عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا۔
فیاض - (فَیْ - یاض) - (ع - صفت) سخی - دریا دل۔
فیاضی - (فَیْ - یا - ضی) (ع - ا - مونث) سخاوت - دریا دلی۔
فیتا - (فی - تا) (پُر - ا - مذکر) (۱) ریشمی یا سوتی کم چوڑی پٹی - وہ موٹا بنا ہوا دھاگا جو بوٹوں میں ڈالتے ہیں - (۲) بُنا ہوا کنارہ۔
فیچر - (FEATURE ا) - (فی - چَر) (انگ - ا - مذکر) - (۱) ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں - (۲) اخبار کا داستان نما مضمون - (۳) امتیازی خد و خال۔
فیدم - (FATHOM ا) - (فے - دَم) - (انگ - ا - مذکر)۔
گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ کا ہوتا ہے۔
فیڈرل - (FEDERAL ا) - (فیڈ - رَل) (انگ - صفت) وفاقی۔
فیڈرل سٹیٹ - (FEDERAL STATE ا) وفاقی ریاست۔
فیڈریشن - (FEDERATION ا) (فیڈ - رے - شَن) (انگ - ا - مونث) (۱) اجتماع - (۲) وفاقیت - وفاقی انجمن یا جماعت۔
فیروز - (فی - روز) (ف - صفت) فتح مند - ظفریاب - کامیاب۔
فیروز بخت - خوش نصیب۔
فیروزمندی - (مونث) کامیابی - ظفریابی - فتح مندی۔
فیروزہ - (فی - رو - زہ) (ف - ا - مذکر) ایک پتھر جو سبز زنگاری، نیل گوں یا نیلا ہوتا ہے۔
فیروزی - (فی - رو - زی) (ف - صفت) فیروزے کے رنگ کا۔
فیرنی - (فیر - نی) (اُر - ا - مونث) دیکھیے فرنی۔
فیری - (FERRY ا) (فے - ری) (انگ - ا - مونث) وہ کشتی یا چھوٹا جہاز جس میں بیٹھ کر لوگ دریا کے اس پار سے اس پار آتے ہیں۔
فیس - (FEE ا) (انگ - ا - مونث) (۱) اُجرت - (۲) وہ رقم جو طلبہ مدرسوں میں ماہانہ ادا کرتے ہیں - (۳) وہ اُجرت جو ڈاکٹر وغیرہ لیتے ہیں۔
فیشن - (FASHION ا) (فے - شَن) (انگ - ا - مذکر)۔ (۱) وضع - قطع - (۲) مروجہ آرائش و زیبائش۔
فیشن ہونا - رواج ہونا - رسم پڑنا - چلن ہونا۔
فیشن ایبل - (FASHIONABLE ا) (انگ - صفت)۔ (۱) خوش پوش (۲) فیشن کے مطابق۔
فیصل - (فَے - صَل) (ع - ا - مذکر) فیصلہ - تصفیہ۔
فیصل کرنا - جھگڑا چکانا - فیصلہ کرنا۔
فیصلہ - (فَے - صَ - لَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) تصفیہ - چکوتا - (۲) فتویٰ - حکم۔
فیصلہ رکھنا - فیصلے کا کسی پر موقوف کر دینا۔
فیصلہ زبان پر ہونا - کسی کے کہنے پر تصفیہ ہونا۔
فیصلہ زیر اپیل - وہ فیصلہ جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو۔
فیصلہ کرنا - دیکھیے فیصل کرنا۔
فیض - (ع - ا - مذکر) (۱) فائدہ (۲) سخاوت - (۳) نیکی - بھلائی۔
فیض بخش (رساں) - (۱) فائدہ پہنچانے والا - (۲) سخی - داتا۔
فیض پہونچانا - (۱) فائدہ پہونچانا (۲) بھلائی کرنا - نیکی کرنا - (۳) خیرات کرنا۔
فیض عام - (۱) عام لوگوں کا فائدہ (۲) عام سلوک۔
فیض نشان - فائدہ پہنچانے والا۔
فیض یاب - فائدہ حاصل کرنے والا۔
فیضان - (فَے - ضان) (ع - ا - مذکر) فائدہ پہنچانا۔

Marfat.com

فیضانِ صحبت - وہ فائدہ جو کسی کی صحبت سے پہنچے۔
فیضی - (فے - ضی)۔ (ف - صفت - وا - مذکر) (۱) فیض سے منسوب - (۲) شہنشاہ اکبر کے درباری ملک الشعراء کا تخلص۔
فیکٹری - (FACTORY) (فیک - ٹ - ری) (انگ - ا - مذکر) کارخانہ۔
فیل - (FAIL) (انگ - صفت) ناکامیاب - نامراد۔
فیل ہونا - ناکام ہونا - امتحان میں پورا نہ اترنا۔
فیل - (اُر - ا - مذکر) (۱) مکر - فریب - (۲) مچلنا -
فیل مچانا - مچلنا - خواہ مخواہ رونا۔
فیل - (ع - ا - مذکر) (۱) پیل کا معرب - ہاتھی - (۲) شطرنج کا وہ مہرہ جو آڑا چلتا اور آڑا مارتا ہے۔
فیل بان - (مذکر) ہاتھی چلانے والا - مہاوت - فوجدار۔
فیل پا - (مذکر) - ایک مرض جس میں ٹانگیں اور پاؤں بہت سوج جاتے ہیں۔
فیل خانہ - (مذکر) ہاتھیوں کا طویلہ۔
فیل مرغ - (مذکر) ایک پرندہ - پیرو۔
فیلٹ - (FELT) (انگ - ا - مذکر) (۱) ایک روئیں دار کپڑا جو اُون کو دبا کر تیار کیا جاتا ہے - (۲) نمدے کی ٹوپی۔
فیلڈ - (FIELD) (انگ - ا - مونث) میدان۔
فیلڈ بک - (FIELD BOOK) (مونث) ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیمائش درج کی جاتی ہے۔
فیلڈ مارشل - (FIELD MARSHAL) - سپہ سالار افواج - فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ یا اعزاز۔
فیلڈر - (FIELDER) (فیل - ڈر) - (انگ - ا - مذکر) کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو گیند روک کر بالر یا وکٹ کی طرف پھینکے۔
فیلڈنگ - (FIELDING) - (فیل - ڈنگ) (مونث) - کرکٹ میں گیند کو پھرتی سے روکنے کا ہنر۔
فیلسوف - (فیل - سُوف) - (یو - ا - مذکر) حکیم - عالم (۲) مکّار - فریبی۔
فیلسُوفی - (اُر - ا - مونث) عیّاری - چالاکی - شرارت۔
فیلو - (FELLOW) - (فے - لو) (انگ - ا - مذکر) (۱) آدمی - (۲) ساتھی - (۳) سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔
فیلوشپ - (FELLOWSHIP) (مونث) (۱) کسی تعلیمی ادارے، انجمن یا برادری کی ممتاز رکنیت - (۲) تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ۔
فیلہ - (فی - لہ) - (ف - ا - مذکر) - شطرنج کا ایک مہرہ - فیل - پیلہ۔
فیملی - (FAMILY) - (فے - م - لی) (انگ - ا - مونث) (۱) خاندان - نسب (۲) اہل و عیال - بیوی بچے۔
فیملی پلاننگ - (FAMILY PLANNING) - (مونث) خاندانی منصوبہ بندی۔
فینسی - (FANCY) - (فین - سی) - (انگ - صفت) - عمدہ - خوب صورت۔
فینسی بال - فینسی ڈانس - (FANCY BALL، FANCY DANCE) (مذکر) مغربی رقص کی تقریب جس میں لوگ سوانگ بھر کر شریک ہوتے ہیں۔
فیوز - (FUSE) - (فی - اُوز) (انگ - ا - مذکر) - (۱) تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا - (۲) فتیلہ - بتی جسے آتش گیر مادے میں بھگو کر جلایا جاتا ہے۔
فیوض - (ف - یُوض) - (ع - ا - مذکر) فیض کی جمع۔

Marfat.com

# ق

ق [ع ۔ مذکر] اُردو کا ستائیسواں، فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ۔ حسابِ ابجد میں اس کے سَو عدد مقرر ہیں ۔

## ق - ا

**قاآن** [ت ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بہت بڑا عادل اور عاقل بادشاہ ۔ (۲) شاہانِ چین اور شاہانِ ترکستان کا قدیم لقب ۔

**قاآنی** [ف ۔ صفت] (۱) قاآن سے منسوب (۲) ایک مشہور ایرانی شاعر کا تخلص ۔

**قاب** [ت ۔ ا ۔ مونث] بڑی رکابی ۔ تھال ۔

**قاب** [ع ۔ ا ۔ مذکر] کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ ۔

قاب قوسین (۱) دو کمانوں کا فاصلہ (۲) نہایت قریب (۳) [مجازاً] ابروئے محبوب ۔

**قابض** [ع ۔ صفت ۔ و ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قبضہ کرنے والا (۲) دخیل جیسے مکان کا قابض (۳) وہ چیز جو قبض کرے ۔

قابضِ ارواح ۔ رُوحوں کو قبض کرنے والا ۔ ملک الموت ۔ عزرائیل ۔

قابض حینِ حیاتی ۔ عمر بھر کے لیے قبضہ رکھنے والا ۔

قابض شکمی ۔ درمیانی قابض ۔

**قابل** [ع ۔ صفت] (۱) لائق ۔ اہل (۲) دانا ۔ عالم ۔ تجربہ کار ۔

قابلِ التفات ۔ توجہ کے لائق ۔

قابلِ بازپُرس ۔ جوابدہی کے لائق ۔ مواخذہ طلب ۔

قابلِ سماعت (۱) سُننے کے لائق (۲) وہ مقدمہ جو ازروئے قانون کسی عدالت کے حدود اختیار میں ہو ۔

قابلِ مواخذہ ۔ جواب دہی یا گرفت کے لائق ۔ بازپُرس کا سزاوار ۔

**قابلہ** (قا ۔ ب ۔ لہ) [ع ۔ صفت] (۱) لائق عورت (۲) [مونث] بچہ جنانے والی عورت ۔ دائی ۔

**قابلیت** (قا ۔ بِ ۔ لی ۔ یت) [ع ۔ ا ۔ مونث] لیاقت ۔ سلیقہ ۔ استعداد ۔

**قابو** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) موقع (۲) زور ۔ بس (۳) اختیار ۔

قابو پر چڑھنا ۔ کسی کے بس میں ہو جانا ۔

قابو کرنا ۔ قابو میں کرنا ۔ بس میں کرنا ۔ مغلوب کرنا ۔

قابو میں آنا ۔ زیر ہونا ۔ مغلوب ہونا ۔ قبضے میں آنا ۔

**قاتل** [ع ۔ صفت و ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قتل کرنے والا ۔ خونی (۲) مہلک ۔

**قادر** [ع ۔ صفت] (۱) قدرت والا ۔ غالب ۔ مختار (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

قادر انداز ۔ وہ شخص جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے ۔

قادر علی الاطلاق ۔ قادرِ مطلق ۔ پُوری پُوری قدرت رکھنے والا ۔ خدائے تعالیٰ ۔

**قادری** (قا ۔ دِ ۔ ری) [ع ۔ صفت] حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب ۔

**قادریہ** (قا ۔ دِ ۔ ری ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی سے منسوب ہے ۔

**قارُورہ** (قا ۔ رُو ۔ رہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) شیشی خصوصاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں (۲) [مجازاً] پیشاب ۔

قارُورہ ملنا ۔ موافقت ہونا ۔ اتحاد ہونا ۔

**قارُون** ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچازاد بھائی جو بہت مالدار تھا ۔ [مجازاً] بہت مالدار اور بخیل ۔

**قاری** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پڑھنے والا (۲) علمِ قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا ۔

**قاز** [ت ۔ ا ۔ مونث] ایک آبی پرندہ ۔ راج ہنس ۔

**قاسم** [ع ۔ صفت ۔ و ۔ ا ۔ مذکر] تقسیم کرنے والا ۔ بانٹنے والا ۔

**قاش** [ت ۔ ا ۔ مونث] پھانک ۔ ٹکڑا ۔ پھل وغیرہ کی پھانک ۔

**قاصد** [ع ۔ ا ۔ مذکر] نامہ بر ۔ چٹھی رساں ۔ پیامبر ۔ ایلچی ۔

**قاصر** [ع ۔ صفت] (۱) کوتاہی کرنے والا (۲) مجبور ۔ ناچار ۔

**قاضی** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) مسلمان منصف جو شرع کی رُو سے فیصلہ کرے ۔

قاضی الحاجات (۱) حاجت روا کرنے والا (۲) خدائے تعالیٰ ۔

قاضی القضات ۔ سب سے بڑا قاضی ۔ چیف جسٹس ۔

قاضی جی کیوں دُبلے؟ شہر کے اندیشے سے [مثل] خواہ مخواہ غیروں کے غم میں گھلنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔

قاضی جی کے گھر کے چُوہے بھی سیانے [مثل] عالم یا بڑے آدمی کے گھر کے معمولی لوگ بھی ہوشیار ہوتے ہیں ۔

قاضیِ چرخ ۔ قاضیِ فلک ۔ مشتری سیارہ ۔

قاضی کا پیادہ [مذکر] عدالت کا چپڑاسی [کنایۃً] وہ شخص جس سے لوگ ڈریں اور جو وقت بے وقت سامنے آجائے ۔

**قاطع** [ع ۔ صفت] قطع کرنے والا ۔ کاٹنے والا ۔

**قاعدہ** (قا ۔ عِ ۔ دہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) اصل ۔ بُنیاد (۲) دستور ۔ قانون (۳) [اُر] عادت (۴) حروفِ تہجی کا پہلا رسالہ (۵) قرینہ (۶) دستور العمل (۷) صرف و نحو یا حساب کا کُلیہ ۔

قاعدہ باندھنا (۱) دستور ٹھہرانا ۔ قانون مقرر کرنا (۲) عادت ڈالنا ۔

قاعدہ کُلیہ ۔ عام قاعدہ ۔ اصُول ۔

قاعدے سے (۱) سلیقے سے (۲) دستور کے مطابق (۳) ادب سے ۔

**قاف** [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حرف ق (۲) ایک پہاڑ جو ایشیا کے کوچک کے شمال میں ہے اور لوگوں کا خیال تھا کہ اس میں پریاں آباد ہیں ۔

**قافلہ** (قا ۔ فِ ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کارواں ۔ مسافروں یا آدمیوں کا گروہ ۔

قافلہ سالار [مذکر] سردارِ قافلہ ۔ میرِ قافلہ ۔ سالارِ کارواں ۔

**قافیہ** (قا ۔ فِ ۔ یہ) [ع ۔ صفت] (۱) پیچھے چلنے والا ۔ پے در پے

Marfat.com

آنے والا (۲) [مذکر] علمِ عروض میں ردیف سے پہلے کا لفظ -

قافیہ باندھنا - کسی قافیے کو شعر میں نظم کرنا -

قافیہ بندی [مونث] تُک بندی - اشعار موزوں کرنا -

قافیہ پیما - قافیے ڈھونڈ ڈھونڈ کر شعر کہنے والا -

قافیہ پیمائی [مونث] اشعار کی تعداد بڑھانے کے لیے قافیے ڈھونڈ ڈھونڈ کر نظم کرنا -

قافیہ تنگ ہونا (۱) قافیہ نہ ملنا (۲) عاجز آنا - ہار ماننا -

قافیہ ملانا (۱) تُک سے تُک جوڑنا (۲) یارانہ گانٹھنا -

**قاقُم** (قا - قُم) [ت - ا - مذکر] ایک قسم کا نیولا جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں - اس کی کھال بھی قاقم کہلاتی ہے -

**قال** [ع - ا - مذکر] گفتگو - مباحثہ - مقولہ -

قال اقول (۱) اس نے کہا میں کہتا ہوں (۲) بحث و تکرار -

**قالَب** (قا - لَب) [ت - ا - مذکر] سانچا ڈھانچا - کالبد (۲) انسانی جسم (بکسرِ لام بھی صحیح ہے) -

قالب بدلنا - چولا بدلنا - دُوسرا جسم اختیار کرنا -

قالب خالی کرنا - مر جانا -

**قالی - قالین** (قا - لی - قا - لین) [ت - ا - مذکر] غالیچہ - ایک قسم کا بچھونا -

**قامت** (قا - مَت) [ع - ا - مذکر] قد - ڈیل - جسم -

**قاموس** [ع - ا - مذکر] سمندر -

**قانِع** (قا - نِع) [ع - صفت] جو مل جائے اس پر راضی رہنے والا -

**قانون** [ع - ا - مذکر] (۱) قاعدہ - ضابطہ - آئین (۲) ڈھنگ (۳) ایک باجے کا نام -

قانون بگھارنا - بے ضرورت تکرار کرنا -

قانون داں - قانون جاننے والا - آئینِ سرکاری سے واقف -

قانون دانی [مونث] قانون کی واقفیت -

قانونِ دیوانی - وہ قانون جو روپے اور جائداد کے متعلق ہو -

قانون گو [مذکر] (۱) وہ محرر جس کے پاس تمام ضلع یا علاقے کی زمینوں کا حساب کتاب رہتا ہے (۲) [کنایۃً] جھگڑالو -

قانون گوئی [مونث] قانون گو کا عہدہ -

قانونِ مال - لگان اور مال گزاری کا ضابطہ -

**قانوناً** (قا - نُو - نَن) [ع - تابع فعل] از روئے قانون - حسبِ ضابطہ -

**قانونی** [ف - صفت] (۱) قانون سے متعلق (۲) قانون بنانے یا جاننے والا (۳) جھگڑالو - تکراری - حجتی -

**قانونیا** (قا - نُو - نِ - یا) [اُ - صفت] حجتی - جھگڑالو -

**قاہر** [ع - صفت] قہر کرنے والا - زبردست -

**قاہِرہ** (قا - ہِ - رہ) [ع - صفت] (۱) قاہر کی تانیث (۲) مصر کے دارالحکومت کا نام -

**قائد** [ع - ا - مذکر] (۱) فوج کا سردار (۲) رہنما - لیڈر -

قائدِ اعظم - سب سے بڑا رہبر - سب سے بڑا لیڈر -

**قائل** [ع - صفت] (۱) کہنے والا (۲) اپنا قصور ماننے والا - ہار ماننے والا - لاجواب -

قائل کرنا - لاجواب کرنا - شرمندہ کرنا -

قائل معقول کرنا - لاجواب کرنا - جھوٹا ثابت کرنا - شرمندہ کرنا -

**قائم** [ع - صفت] (۱) کھڑا ہونے والا (۲) سیدھا - مضبوط (۳) برقرار (۴) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا -

قائم الزاویہ - وہ زاویہ جو نوّے درجے کا ہو -

قائم الزماں - شیعوں کے امام کا نائب -

قائم اللیل - عبادت کے لیے رات بھر جاگنے والا -

قائم النار - آگ پر ٹھہرنے والا -

قائم انداز - دیکھیے قادر انداز -

قائم بالذات - وہ چیز جو بذاتِ خود قائم اور برقرار ہو - جوہر -

قائم بالغیر - وہ چیز جو کسی دُوسرے کے سہارے پر قائم ہو -

قائم مقامی [مونث] (۱) جانشینی (۲) وکالت - سفارت -

قائم ہونا (۱) کھڑا ہونا (۲) مستقل ہونا (۳) بنیاد رکھی جانا (۴) ٹکنا رہنا (۵) دھات کا آگ پر ٹھہر جانا اور مقدار میں نہ گھٹنا -

**قائمہ** (قا - ءِ - مہ) [ع - ا - مذکر] نوّے درجے کا زاویہ -

**قائمی** (قا - ءِ - می) [ف - ا - مونث] پائداری - استقلال - ٹھہراؤ -

## ق - ب

**قبا** (قَ - با) [ع - ا - مونث] ایک قسم کا آگے سے کھلا ہوا لمبا کوٹ -

قبا کرنا - چاک کرنا - پارہ پارہ کرنا -

**قباحت** (قَ - با - حَت) [ع - ا - مونث] بُرائی - نقص - عیب -

**قبالہ** (قَ - با - لہ) [ع - ا - مذکر] بیع نامہ - مکان کا کاغذ یا سند -

قبالہ لکھوانا - قابض ہو جانا - گھر کا مالک ہو جانا -

قبالہ نویس - وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعنامہ لکھنا ہو -

قبالے لے ڈالنا (۱) قبضہ کر لینا (۲) عاجز کر دینا - ہرا دینا -

**قبائح** (قَ - با - ءِح) [ع - ا - مذکر] قبیحہ کی جمع - بُرائیاں -

**قبائل** [ع - ا - مذکر] قبیلہ کی جمع -

**قبح** [ع - ا - مذکر] نقص - عیب - بُرائی -

**قبر** [ع - ا - مونث] تُربت - گور - مدفن -

قبر کا تعویذ [مذکر] سنگِ مزار - وہ پتھر جو قبر کی نشانی کے لیے صندوق کی وضع کا بنا کر قبر پر رکھ دیتے ہیں -

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا - مرنے کے قریب ہونا -

**قبرستان** (قب - رِس - تان) [ف - ا - مذکر] وہ جگہ جہاں بہت سی قبریں ہوں -

**قبض** [ع - ا - مذکر] (۱) گرفتگی - بستگی (۲) قابو - بس - (۳) پاخانہ نہ آنا -

قبض الوصول - وہ رجسٹر یا فارم جس پر رقم وصول کرنے والے کے دستخط لیے جاتے ہیں -

قبضِ رُوح - جسم سے رُوح کا نکالنا -

قبض کرنا (۱) رُوح نکالنا (۲) پاخانہ نہ آنے دینا -

**قبضہ** (قَب - ضہ) [ع - ا - مذکر] (۱) دخل - مداخلت (۲) دستہ (۳) قابو - اختیار (۴) [اُ] کواڑ وغیرہ کے جوڑ کا لوہا (۵) ٹونٹی -

قبضہ دار (۱) ملکیت رکھنے والا (۲) [قانون] موروثی کاشتکار -

Marfat.com

**قبضہ دینا** - ملکیت سونپنا - دخل دینا ۔
**قبضہ کرنا** - قابو میں کرنا - مالک بن بیٹھنا ۔
**قبضۂ مخالفانہ** - کسی کے خلاف قبضہ ۔
**قبضے پر ہاتھ ڈالنا** (۱) تلوار سونتنے کے لیے اس کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا (۲) دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا ۔
**قبضے میں آنا** - قابو میں آنا - بس میں آنا ۔
**قبطی** (قب - طی) [ع - ا - مذکر] قدیم مصری قوم - فرعون کے ساتھی [صف] قبط سے متعلق (مصر کا قدیم نام قبط تھا) ۔
**قبل** [ع - صف] پہلے - آگے - پیشتر - اوّل ۔
**قبل از آنکہ** - پہلے سے - اس سے پیشتر ۔
**قبل از مرگ واویلا** - موت سے پہلے رونا پیٹنا ۔
**قبل ازیں** - اس سے پہلے ۔
**قبلوانا** (قب - لَ - وانا) [اُر - مص] تسلیم کرانا - کسی بات کا اقرار کرانا ۔
**قبلہ** (قب - لہ) [ع - ا - مذکر] (۱) کعبہ - وہ سمت جدھر مسلمان منہ کرکے نماز پڑھتے ہیں (۲) کلمۂ تعظیم - حضرت - جناب ۔
**قبلۂ حاجات** - لوگوں کی ضرورتوں کو رفع کرنے والا - مُراد برلانے والا۔
**قبلہ رُو** (۱) قبلہ کی سمت (۲) وہ شخص یا چیز جو قبلہ کی طرف منہ کیے ہو ۔
**قبلۂ عالم** - ساری دُنیا کا قبلہ - بادشاہوں کا لقب ۔
**قبلۂ کونین** - دین و دُنیا کا قبلہ - دونوں جہان کا قبلہ ۔
**قبلہ گاہ** (۱) بجائے قبلہ (۲) والد ماجد (۳) بزرگ ۔
**قبلہ نما** - قبلہ کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ۔
**قبلہ و کعبہ** - کلمۂ تعظیم و تکریم ۔
**قبوُر** (ق - بور) [ع - ا - مذکر و مونث] (۱) قبر کی جمع (۲) [اُر] پستول کا چمڑی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے (اس معنی میں واحد ہے) ۔
**قبوُل** (ق - بول) [ع - ا - مذکر] (۱) منظوری - رضامندی (۲) [صف] منظور شدہ - تسلیم شدہ (بالضم بھی صحیح ہے) ۔
**قبوُل صورت** - خوبصورت - حسین ۔
**قبوُل عام** - عام پسندیدگی - ہر شخص کو پسند آنا ۔
**قبوُل کرنا** (۱) منظور کرنا (۲) پسند کرنا (۳) اقرار کرنا - اقبال کرنا۔
**قبوُلنا** (ق - بول - نا) [اُر - مص] (۱) منظور کرنا - اقرار کرنا۔ (۲) پسند کرنا ۔
**قبوُلی** (ق - بو - لی) [ف - ا - مونث] ایک قسم کا پلاؤ جو چنے کی دال اور چاول ملا کر پکایا جاتا ہے - کھچڑی ۔
**قبوُلیت** (ق - بو - لی - یت) [اُر - ا - مونث] (۱) دُعا کا قبول ہونا (۲) کاشتکار کے اقرار نامے پر مالکِ اراضی کی منظوری کی سند (۳) پسندیدگی ۔
**قبّہ** (قب - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) گنبد - بُرج (۲) کلغی - کلس
**قبیح** (ق - بیح) [ع - صف] (۱) بُرا - معیوب - شرمناک (۲) بدصورت ۔
**قبیحہ** (ق - بی - حہ) [ع - صف] قبیح کی تانیث ۔
**قبیل** (ق - بیل) [ع - ا - مذکر] (۱) قسم - جنس - نوع (۲) قبیلہ ۔
**قبیلہ** (ق - بی - لہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک دادا کی اولاد۔ گروہ - فرقہ (۲) [اُر - ا - مونث] بیوی ۔

## ق - ت

**قتال** (ق - تال) [ع - ا - مونث] جنگ - لڑائی - کُشت و خون ۔
**قتّال** (قت - تال) [ع - صف] بہت قتل کرنے والا ۔
**قتّالہ** (قت - تا - لہ) [ع - صف] بہت قتل کرنے والی ۔
**قتل** [ع - ا - مذکر] مار ڈالنا - خون کرنا - ہلاک کرنا ۔
**قتل المُوذی قبل الایذا** (۱) [مثل] موذی کو دُکھ دینے سے پہلے مار ڈالنا چاہیے ۔
**قتلِ انسان مستلزم سزا** - انسان کا ایسا قتل جس کی سزا دی جائے ۔
**قتلِ عام** - بلا امتیاز سب کو مار ڈالنا ۔
**قتلِ عمد** - دیدہ و دانستہ ہلاک کرنا - جان بوجھ کر مار ڈالنا ۔
**قتل گاہ** (گاہ) [ا - مونث] وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے - مقتل ۔
**قتلا** (قت - لا) [اُر - ا - مذکر] ٹکڑا - پارہ - قاش - پھانک ۔
**قتیل** (ق - تیل) [ع - صف] قتل کیا ہوا - مقتول - شہید ۔

## ق - ح

**قحبہ** (قح - بہ) [ع - ا - مونث] بدچلن عورت - فاحشہ ۔
**قحط** [ع - ا - مذکر] (۱) کال - خشک سالی (۲) کمیابی ۔
**قحط الرجال** (۱) لوگوں کا نہ پایا جانا (۲) قابل لوگوں کا نہ ملنا ۔
**قحط زدہ** (۱) جہاں قحط پھیلا ہو (۲) بھوکا - ننگا ۔
**قحط سالی** [ا - مونث] کال کا زمانہ - خشک سالی ۔

## ق - د

**قدّ** [ع - ا - مذکر] جسم کی لمبائی - قامت - ڈیل (در اصل بہ تشدید دال ہے - فارسی اور اُردو میں بہ تخفیف بھی مستعمل ہے) ۔
**قدِ آدم** - آدمی کے قد کے برابر ۔
**قد آور** - بڑے قد کا - طویل القامت - دراز قد ۔
**قدِّ رعنا** - خوبصورت اور موزوں قد ۔
**قد نکالنا** - بچے کا بڑا ہونا - کرا نڈیل ہونا ۔
**قد و قامت** - ڈیل ڈول - جسامت ۔
**قدامت** (ق - دا - مت) [ع - ا - مونث] (۱) قدیم ہونا (۲) پُرانا پن - کہنگی ۔
**قدامت پسند** - قدیم رسم و رواج کی پیروی کرنے والا ۔
**قدح** [ع - ا - مونث] (۱) مدح کی ضد - ہجو - عیب چینی - طعنہ زنی ۔
**قدح** (ق - دح) [ع - ا - مذکر] بڑا پیالہ - مطلق پیالہ ۔
**قدح آشام** (پیما - خوار - نوش) شرابی - شراب خوار ۔
**قدر** (ق - در) [ع - ا - مذکر] (۱) حکم الٰہی - تقدیر (۲) [اُر]

Marfat.com

مقدار اور اندازہ کرنے کے لیے (اس قدر یعنی اتنا) ۔
**قدر** [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) عزت ۔ بزرگی ۔ توقیر (۲) کسی چیز کا اندازہ ۔ مقدار (۳) قیمت ۔
**قدر دان** ۔ قدر شناس ۔ قدر جاننے والا ۔ جوہر شناس ۔
**قدر دانی** ۔ قدر شناسی [مونث] (۱) جوہر شناسی ۔ ہنر شناسی (۲) سرپرستی ۔ عزت ۔
**قدر عافیت** [مونث] اطمینان سے زندگی بسر کرنے کا لطف ۔
**قدر عافیت کھلنا** (معلوم ہونا) حقیقت معلوم ہونا ۔ پتا لگ جانا ۔
**قدر مردم بعد مردن** ۔ آدمی کی قدر اس کے مرنے کے بعد معلوم ہوتی ہے ۔
**قدر نعمت بعد زوال** [مثل] اچھی چیز کی قدر اس چیز سے محروم ہونے کے بعد ہوتی ہے ۔
**قدر و قیمت** [مونث] عزت ۔ وقعت ۔ منزلت ۔
**قدر و منزلت** [مونث] رتبہ ۔ منصب ۔ عزت ۔ توقیر ۔
**قدرت** (قد ۔ رت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) طاقت ۔ مجال (۲) حوصلہ (۳) خدائے تعالیٰ کی طاقت ۔ فطرت ۔ شانِ الٰہی ۔
**قدرت کے کارخانے** (کرشمے ۔ کھیل) عجیب عجیب باتیں جو خدا کی طرف سے ہوں ۔
**قدرتی** (قد ۔ ر ۔ تی) [ف ۔ صف] طبعی ۔ فطری ۔ اصلی ۔
**قدری** (قد ۔ ری) [ع ۔ صف] (۱) مسلمانوں کے فرقہ قدریہ سے منسوب (۲) [مذکر] قدریہ مذہب کے عقائد رکھنے والا ۔
**قدرے** (قد ۔ رے) [ف ۔ صف] تھوڑا ۔ قلیل ۔
**قدرے قلیل** ۔ تھوڑا سا ۔ ذرا سا ۔
**قدریہ** (قد ۔ ری ۔ یہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] ایک فرقہ جو قضا و قدر کا منکر ہے ۔
**قدس** [ع ۔ صف] (۱) پاک ۔ مقدس (۲) [مذکر] (۳) بیت المقدس (۴) جبرئیل علیہ السلام (۵) پاکیزگی ۔ تقویٰ ۔
**قدس اللہ سرہٗ ۔ قدس سرہٗ** [ع] اللہ اس کے راز (قبر) کو پاک کرے ۔ (مرحوم بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ مستعمل ہے) ۔
**قدسی** (قد ۔ سی) [ع ۔ صف] (۱) پاک (۲) [مذکر] فرشتہ ۔ نیک آدمی ۔
**قدسیہ** (قد ۔ سی ۔ یہ) [ع ۔ صف] قدسی کی تانیث ۔
**قدغن** (قد ۔ غن) [ت ۔ ا ۔ مذکر و مونث] (۱) اہتمام (۲) روک ۔ ٹوک ۔
**قدم** (ق ۔ دم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پاؤں (۲) وہ فاصلہ جو چلنے کی حالت میں ایک قدم سے دوسرے قدم تک ہو (۳) روش ۔ چال (۴) ذات ۔ دم ۔ موجودگی (۵) گھوڑے کی ایک چال ۔
**قدم اکھڑنا** ۔ پاؤں نہ جمنا ۔ کھڑا نہ رہ سکنا ۔
**قدم بڑھانا** (۱) آگے چلنا (۲) تیز چلنا (۳) اپنی حد سے بڑھنا ۔
**قدم بوس** ۔ پاؤں چومنے والا ۔
**قدم بوسی** [مونث] پاؤں چومنا ۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا ۔
**قدم بھاری ہونا** ۔ منحوس قدم ہونا ۔
**قدم بہ قدم چلنا** ۔ کسی کی پیروی کرنا ۔ پیچھے چلنا ۔
**قدم پر قدم رکھنا** ۔ کسی کی پیروی کرنا ۔
**قدم رسول ۔ قدم شریف** (۱) رسول اللہ کا نشانِ قدم (۲) وہ مکان جہاں رسول مقبولؐ کے قدم مبارک کا نشان رکھا ہو ۔
**قدم رنجہ فرمانا** (کرنا) تشریف لانا ۔
**قدم زمین پر نہ رکھنا** ۔ کمال مغرور ہونا ۔
**قدم قدم** ۔ ایک ایک قدم کے فاصلے سے ۔
**قدم قدم پر** ۔ پیچھے پیچھے پر ۔
**قدم لینا** (۱) ادب یا تعظیم سے پیروں کو ہاتھ لگانا (۲) استاد ماننا (۳) خوشامد کرنا ۔
**قدم ملانا** ۔ پاؤں سے پاؤں ملانا ۔
**قدم نکالنا** (۱) باہر آنا جانا (۲) گھوڑے کو چال سکھانا ۔
**قدموں کی بدولت** ۔ حضور کے طفیل ۔
**قدموں کے تلے سے زمین نکل جانا** ۔ سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا ۔
**قدموں میں** ۔ زیر سایہ ۔
**قدم** (ق ۔ دم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کہنگی ۔ پرانا ہونا (۲) ہمیشگی ۔
**قدما** (ق ۔ د ۔ ما) [ع ۔ ا ۔ مذکر] قدیم کی جمع ۔ پرانے زمانے کے لوگ ۔
**قدمچہ** (ق ۔ دم ۔ چہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پاخانے کی کھڈی ۔
**قدوس** (قد ۔ دوس) [ع ۔ صف] (۱) بڑا پاک ۔ خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام ۔
**قدوم** (ق ۔ دوم) [ع ۔ ا ۔ مذکر] کسی جگہ سے آنا ۔ تشریف لانا ۔
**قدوم میمنت لزوم** ۔ ایسا آنا جس سے برکت ہو ۔
**قدوہ** (قد ۔ وہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیشوا ۔ رہنما (۲) مثال ۔ نمونہ (نیز بکسر اول) ۔
**قدیر** (ق ۔ دیر) [ع ۔ صف] (۱) صاحب قدرت ۔ طاقت ور (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام ۔
**قدیم** (ق ۔ دیم) [ع ۔ صف] (۱) ازلی جس کی ابتدا نہ ہو ۔ ہمیشہ کا (۲) پرانا ۔ اگلے زمانے کا ۔
**قدیم الایام** ۔ قدیم سے ۔ ہمیشہ سے ۔ اگلے وقتوں سے ۔
**قدیم سے** ۔ زمانہ سابق سے ۔
**قدیمی** (ق ۔ دی ۔ می) [ف ۔ صف] قدیم ۔ پرانا ۔

## ق ۔ ر

**قرابادین** (ق ۔ را ۔ با ۔ دین) [ف ۔ مونث] لغات الادویہ ۔ دواؤں کی ڈکشنری ۔
**قرابت** (ق ۔ را ۔ بت) [ع ۔ ا ۔ مونث] (۱) نزدیکی (۲) رشتہ داری ۔
**قرابت دار** ۔ رشتہ دار ۔ عزیز و اقارب ۔
**قرابت داری** [مونث] رشتہ داری ۔
**قرابتی** (ق ۔ را ۔ ب ۔ تی) [ف ۔ صف] رشتے کا ۔ ناتے کا ۔
**قرابہ** (ق ۔ را ۔ بہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر] عرق رکھنے کی بڑی بوتل ۔

Marfat.com

**قرابین** (قَ۔را۔بِین) [ت۔ا۔مونث] چوڑے مُنہ کی چھوٹی بندوق۔

**قرأت** (قِر۔اَت) [ع۔ا۔مونث] (۱) پڑھنا (۲) حرفوں کا تلفظ صحیح مخرج سے ادا کرنا (۳) ایک علم جس میں عربی حروف کے مخارج اور تلفظ سے بحث کی جاتی ہے۔ علمِ تجوید۔

**قرار** (قَ۔رار) [ع۔ا۔مذکر] (۱) آرام۔ سکون (۲) [اِ۔ر] اقرار۔ عہد۔

قرار آنا۔ اطمینان ہونا۔ جی ٹھہرنا۔ اضطراب رفع ہونا۔

قرار پانا (۱) ٹھہرنا (۲) طے ہونا (۳) دن مقرر ہونا (۴) باہم عہد و پیمان ہونا۔

قرار داد [مونث] (۱) عہد و پیمان۔ معاہدہ (۲) فیصلہ۔ تجویز۔ ریزولیشن

قرار دینا۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔

قرار مدار [مذکر] قول و قرار۔ عہد و پیمان۔

قرار واقعی (۱) بجوبی۔ جیسا چاہیے (۲) معقول۔

قرار ہونا (۱) چین ہونا (۲) اقرار ہونا۔ عہد ہونا۔

**قِران** [ع۔ا۔مذکر] (۱) نزدیکی (۲) دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔ ملن۔

قِرانُ السَّعدَین۔ دو مبارک ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا۔

**قرآن** [ع۔ا۔مذکر] (لغوی معنی پڑھنا) کلامُ اللہ۔ کلام مجید۔

قرآن اُٹھانا۔ قرآن شریف ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔

قرآن پر ہاتھ رکھنا (رکھ لینا) قرآن کی قسم کھانا۔

قرآن خواں۔ قرآن پڑھنے والا۔

قرآن خوانی [مونث] قرآن پڑھنا۔

قرآن ہدیہ کرنا [تعظیماً] قرآن فروخت کرنا۔

**قرآنی** [ع۔صفت] قرآن سے منسوب۔

**قراول** (قَ۔را۔وُل) [ت۔ا۔مذکر] (۱) بندوقچی (۲) وہ فوجی دستہ جو آگے بڑھ کر دشمن کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھتا ہے۔

**قرائن** (قَ۔را۔اِن) [ع۔ا۔مذکر] قرینہ کی جمع۔

**قُرب** [ع۔ا۔مذکر] (۱) پاس۔ نزدیکی (۲) مرتبہ۔ منزلت۔

قرب و جوار۔ آس پاس۔ گرد و نواح۔ ارد گرد۔

**قُربان** (قُر۔بان) [ع۔ا۔مذکر] (۱) ذبیحہ۔ بھینٹ۔ صدقہ (۲) صدقے۔ نثار۔ فدا۔

قربان جانا (ہونا) واری جانا۔ صدقے ہونا۔

قربان کرنا (۱) فدا کرنا۔ وارنا (۲) طنز حقارت۔

قربان گاہ [مونث] قربان ہونے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل۔

**قربانی** (قُر۔با۔نی) [ف۔ا۔مونث] (۱) ذبیح (۲) عید الاضحیٰ کو بکرے وغیرہ ذبح کرنا (۳) ایثار۔

قربانی کرنا (۱) ایثار کرنا (۲) خدا کی راہ میں جانور ذبح کرنا۔

**قُربت** (قُر۔بَت) [ع۔ا۔مونث] نزدیکی۔ پاس۔ قرابت۔ رشتہ۔

**قُرَّۃُ العَین** (قُر۔رَ۔تُل۔عَین) [ع۔ا۔مذکر] (۱) وہ چیز جس سے آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا ہو (۲) [مجازاً] بیٹا۔ نورِ چشم۔

**قرحہ** (قُر۔حہ) [ع۔ا۔مذکر] وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

**قُرَیشی** (قُ۔رَ۔یشی) [ع۔صفت] قریشی۔ قریش سے منسوب۔

**قُرص** [ع۔ا۔مذکر] ٹکیہ۔ گول چیز ٹکیہ کی طرح۔

**قرض** [ع۔ا۔مذکر] اُدھار۔ مانگا ہُوا۔ مُستعار۔

قرض اُتارنا۔ کسی سے لیا ہُوا واپس کرنا۔ اُدھار بیباق کرنا۔

قرض اُٹھانا۔ اُدھار لینا۔ مُستعار لینا۔

قرض ادا کرنا۔ قرض چُکانا۔ اُدھار لیا ہُوا روپیہ بیباق کرنا۔

قرضِ حسنہ۔ بلا میعاد قرض۔ بلا سُود قرض۔

قرض خواہ۔ اُدھار دینے والا۔ لین دار۔

قرض دار۔ اُدھار لینے والا۔ مقروض۔ دین دار۔

قرض داری [مونث] قرض دار ہونا۔ مقروض ہونا۔

قرض لینا۔ اُدھار لینا۔

قرض ہونا۔ اُدھار کا بار ہونا۔

**قرضہ** (قَر۔ضہ) [ا۔ر۔ا۔مذکر] اُدھار۔ دین۔ قرض۔

**قرطاس** (قِر۔طاس) [ع۔ا۔مذکر] کاغذ۔

قرطاسِ ابیض (۱) سفید کاغذ (۲) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شائع کی جاتی ہے۔

**قُرعہ** (قُر۔عہ) [ع۔ا۔مذکر] پانسا جس سے رمّال غیب کا حال بتاتے ہیں۔

قرعہ اندازی [مونث] (۱) پانسا پھینکنا (۲) بہت سے لوگوں میں سے ایک کا نام نکالنے کا طریقہ۔

قرعۂ فال بنامِ من دیوانہ زدند [مثل] قرعہ میں ہر پھیر کے میرا ہی نام نکلتا ہے۔ جس کے ذمے کوئی کام آپڑے وہ اپنی بپتا کہتا ہے۔

**قُرق** [ت۔ا۔مذکر] (۱) ضبطی (۲) روک۔ ممانعت۔ بندش۔

قرق امین۔ محکمۂ مال کا ایک عہدہ۔ ناظر عدالت۔

قرق تحصیل۔ مالگزاری وصول کرنے کے لیے قرقی۔

قرق نامہ [مذکر] دیکھیے قرقی کا پروانہ۔

**قُرقی** (قُر۔قی) [ا۔ر۔ا۔مونث] (۱) ضبطی (۲) روک۔ ممانعت۔

قرقی بٹھانا (۱) ضبط کیے ہوئے مال پر پہرا بٹھانا (۲) روک ٹوک کرنا۔

قرقی دار۔ قرقی کرنے والا۔

قرقی قبل فیصلہ۔ ضبطی جو فیصلہ سے پہلے ہوتی ہے۔ تاکہ مدعا علیہ اپنے مال کو علیحدہ نہ کر سکے۔

قرقی کا پروانہ [مذکر] ضبطی نامہ۔ مال یا رقم وغیرہ ضبط کر لینے کا تحریری حکم۔

**قِرمِز** (قِر۔مِز) [ع۔ا۔مذکر] بیربہوٹی کی مانند ایک کیڑا۔

**قِرمِزی** (قِر۔مِ۔زی) [ف۔صفت] (۱) قرمز سے نسبت رکھنے والا (۲) سُرخ۔ لال۔

**قُرمساق** (قُر۔مَ۔ساق) [ت۔ا۔مذکر] (۱) بھڑوا۔ دیّوث (۲) کمینہ۔

**قَرن** [ع۔ا۔مذکر] (۱) جُگ۔ دس۔ بارہ۔ تیس۔ اسّی یا ایک سو بیس برس کا زمانہ (۲) زمانۂ دراز (۳) سینگ (۴) گیسو۔

**قَرنا** (قَر۔نا) [ف۔ا۔مذکر] سینگ کا بگل۔ نرسنگھا۔ نفیری۔

**قرنبیق** (قَ۔رم۔بیق) [ع۔ا۔مذکر] عرق کھینچنے کا آلہ (اصل قرع۔ کدو۔ انبیق۔ ظرف)۔

**قرنطینہ** (قَ۔رن۔طی۔نہ) [QUARANTINE] کا معرب ا۔مذکر] وہ میعاد جس میں مسافروں یا وہ بازدہ علاقے کے

Marfat.com

بیماروں کو جبراً سب سے علٰحدہ رکھا جاتا ہے تاکہ مرض پھیلنے نہ پائے۔
**قرنفل** (قَ - رَن - فُل) [ع - ا - مذکر] لونگ۔
**قرولی** (قَ - رَو - لی) [ت - ا - مونث] ایک قسم کی چُھری۔
**قریب** (قَ - رِیب) [ع - صفت] (۱) پاس - نزدیک (۲) رشتہ دار (۳) [تابع فعل] لگ بھگ - تقریباً۔
**قریبُ الاختتام** - ختم ہونے کے قریب - ختم ہونے والا۔
**قریبُ الفہم** - جلد سمجھ میں آجانے والا۔
**قریب قریب** (۱) پاس پاس (۲) ملتا جلتا - لگ بھگ۔
**قریب مرگ** - مرنے کے قریب - کوئی دم کا مہمان۔
**قریباً** (قَ - ری - بَن) [ع - تابع فعل] اندازے سے - اندازاً - لگ بھگ۔
**قُریشی** (قُ - رَے - شی) [ع - صفت] عرب کے قبیلہ قریش سے منسُوب - قرشی۔
**قرین** (قَ - رِین) [ع - صفت] (۱) قریب - پاس - مُلحق (۲) [ا - مذکر] مصاحب - ہم نشین۔
**قرینِ عقل** (قیاس) وہ بات جسے عقل قبُول کرے۔
**قرینِ مصلحت** - مصلحت کے مطابق۔
**قرینہ** (قَ - ری - نَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ڈھنگ - صُورت - روش (۲) مناسبت (۳) سلیقہ (۴) قیاس - اندازہ۔
**قرینہ بقرینہ** - ترتیب وار - موزونیت کے ساتھ۔
**قرینے سے** - ڈھنگ سے - ترتیب سے۔
**قرینے کی بات** - موقع کی بات - مناسب بات۔
**قریہ** (قَر - یَہ) [ع - ا - مذکر] گاؤں۔

## ق - ز

**قزاق** (قَز - زاق) [ت - ا - مذکر] (۱) قزاقستان کا باشندہ (۲) ڈاکو - لٹیرا۔
**قزاقِ اجل** - موت کا فرشتہ - ملکُ الموت۔
**قزاقی** (قَز - زا - قی) [ت - ا - مونث] راہزنی - لُوٹ مار۔
**قزح** (قُ - زَح) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک فرشتے کا نام جو ابر کا موکل ہے (۲) زرد، سُرخ، سبز رنگ۔
**قزل** (قِ - زِل) [ت - صفت] سُرخ - لال۔
**قزلباش** [مذکر] (۱) سُرخ سر (۲) شاہ اسمٰعیل صفوی بادشاہ ایران کی فوج کا نام جو بارہ گوشوں کی ٹوپی پہنتی تھی۔

## ق - س

**قسّام** (قَس - سام) [ع - صفت] تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا۔
**قسّامِ ازل** - خدائے تعالیٰ۔
**قساوت** (قَ - سا - وَت) [ع - ا - مونث] سنگدلی - بے رحمی۔
**قسائی** (قَ - سا - ئی) [ع - ا - مونث] [قسائی] عورت۔
**قسائی** (قَ - سا - ای) [ع - ا - مذکر] (۱) قصاب - قصائی (۲) [مجازاً] بے رحم۔
**قسط** [ع - ا - مونث] (۱) حصّہ - ٹکڑا (۲) وہ رقم جو حسب معاہدہ تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے۔
**قسط باندھنا** - کُل کا کوئی جُز کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اقرار کرنا۔
**قسط وار** - قسط کے مطابق۔
**قِس علیٰ ہٰذا** (قِس - عَ - لا - ہا - ذا) [ع] اسی پر قیاس کرلو۔
**قسم** (قَ - سَم) [ع - ا - مذکر] حلف - سوگند۔
**قسم اُٹھانا** (۱) عہد کرنا (۲) حلف اُٹھانا۔
**قسم کھانے کی بات** - قسم کھانے کی جگہ - حلف سے کہنے کا موقع۔
**قِسم** [ع - ا - مونث] (۱) جنس - نوع (۲) ڈھنگ - طرز۔
**قسم وار** - جنس وار - قسم کے اعتبار سے۔
**قسماقسمی** (قَس - ما - قَس - مِی) [ع - ا - مونث] باہمی عہد و پیمان۔
**قسمت** (قِس - مَت) [ع - ا - مونث] (۱) تقدیر - نصیب (۲) حصّہ، بخرہ - مقسوم (۳) صُوبہ - ضلع - پرگنہ۔
**قسمت آزمائی** [مونث] مقدر آزمانا - تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔
**قسمت جاگنا** (چمکنا) دن پھرنا - اچھے دن آنا۔
**قسمت سو جانا** - بُرے دن آنا۔
**قسمت سے** (۱) خوش نصیبی سے (۲) بدقسمتی سے۔
**قسمت کا لکھا** - تقدیر کا لکھا - نوشتۂ تقدیر۔
**قسمت کا پھیر** - تقدیر - تقدیر کا چکر - بدبختی - اِدبار۔
**قسمت کا ٹکڑا** - رزق جو تقدیر میں لکھا ہو۔
**قسمت کا دھنی** - صاحب نصیب - قسمت والا۔
**قسمت کا سکندر** - بڑا خوش نصیب۔
**قسمت کا ہیٹا** - بدنصیب - بدبخت - منحوس۔
**قسمت کھلنا** - نصیبا جاگنا - خوش اقبالی کے دن آنا۔
**قسمت لڑنا** - تقدیر کا یاور ہونا - حالات سازگار ہونا۔
**قسمت والا** - خوش نصیب - صاحب اقبال۔
**قسمت ہیٹی ہونا** - تقدیر بُری ہونا۔
**قسمت یاور ہونا** - تقدیر کا موافق ہونا۔
**قسمیہ** (قَ - سَ - مِی - یَہ) [ف - تابع فعل] از روئے قسم - قسم کھا کر۔
**قسیُّ القلب** (قَ - سی - یُل - قلب) [ع - صفت] سنگدل۔
**قسیس** (قِس - سیس) [ع - ا - مذکر] دینِ نصاریٰ کا عالم۔
**قسیم** (قَ - سِیم) [ع - صفت] تقسیم کرنے والا۔

## ق - ش

**قشر** [ع - ا - مذکر] بالکسر چھلکا۔
**قشقہ** (قَش - قَہ) [ف - ا - مذکر] تلک - ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔

## ق - ص

**قصّاب** (قَص - صاب) [ع - ا - مذکر] ذبح کرنے والا - قسائی۔

Marfat.com

**قِصاص** [ع - ا - مذکر] بدلہ - انتقام - خون کا عوض خون -
**قَصائِد** (قَ - صا - اِد) [ع - ا - مذکر] قصیدہ کی جمع -
**قَصائی** (اُ ا - مذکر) دیکھیے قسائی -
**قَصَبات** (قَ - صَ - بات) [ع - ا - مذکر] قصبہ کی جمع -
**قَصباتی** (قص - با - تی) [ف - صفت] قصبہ سے منسوب -
**قَصَبہ** (قَ - صَ - بہ) [ع - ا - مذکر] بڑا گاؤں (اُردو میں بسکون ص مستعمل ہے) -
**قَصد** [ع - ا - مذکر] (۱) ارادہ - نیت (۲) منشا - طلب (۳) کوشش - اقدام -
**قَصداً** (قص - دن) [ع - تابع فعل] جان بُوجھ کر - دیدہ و دانستہ -
**قَصر** [ع - ا - مذکر] (۱) محل - ایوان (۲) کمی - تخفیف - اختصار (۳) [مونث] وہ نماز جو حالت سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے -
**قِصَص** (قِ - صَص) [ع - ا - مذکر] قصّہ کی جمع - کہانیاں - داستانیں
**قُصُور** (قُ - صُور) [ع - ا - مذکر] (۱) خطا - بھول - چُوک (۲) قصر کی جمع - محلات -
**قصوروار** - خطا کرنے والا - گنہگار -
**قِصّہ** (قص - صہ) [ع - ا - مذکر] (۱) کہانی - داستان (۲) ذکر - بیان -
**قصہ پاک کرنا** (۱) جھگڑا طے کرنا (۲) قتل کروا ڈالنا -
**قصہ تمام کرنا** (۱) داستان پُوری کرنا (۲) مار ڈالنا -
**قصہ چھیڑنا** (۱) ذکر شروع کرنا (۲) جھگڑے کی بات نکالنا -
**قصہ خواں** - داستان گو - کہانی کہنے والا - افسانہ خواں -
**قصہ خوانی** [مونث] داستان گوئی - کہانی سُنانا -
**قصہ کوتاہ** - الغرض - مختصر یہ کہ - بس - فقط - بس -
**قصہ کہانی** - افسانہ و حکایت - ذکر اذکار -
**قصہ مختصر** - دیکھیے قصہ کوتاہ -
**قصے میں پڑنا** - جھگڑے میں مُبتلا ہونا -
**قَصیدہ** (قَ - صی - دہ) [ع - ا - مذکر] نظم کی وہ قسم جس میں کسی کی تعریف یا ہجو ہو -

## ق - ض

**قَضا** [ع - ا - مونث] (۱) حکم خُدا (۲) تقدیر (۳) موت (۴) وہ عبادت جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے -
**قضا ادا کرنا (پھیرنا)** چھوٹی ہوئی نماز پڑھنا -
**قضارا** - اتفاقاً - اچانک - یکایک -
**قضا کار** - دیکھیے قضائے کار -
**قضا کرنا** (۱) مرنا (۲) مذہبی فرض کا وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا -
**قضا و قدر** - تقدیر الٰہی - خدا کی رضا -
**قضائے الٰہی سے مرنا** - طبعی موت سے مرنا - اپنی آئی سے مرنا -
**قضائے حاجت کرنا** - پاخانہ پھرنا -
**قضائے عمری** - وہ نماز جو ہر نماز کے ساتھ گزری ہوئی عمر کی قضا شدہ نمازوں کے عوض پڑھی جائے -
**قضائے کار** - اتفاقاً -
**قضائے مُبرم** - نہ ٹلنے والا حکم - وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے -
**قُضات** (قُ - ضات) [ع - ا - مذکر] قاضی کی جمع (اُردو اور فارسی میں بتشدید دوم بھی مستعمل ہے) -
**قَضایا** [ع - ا - مذکر] - قضیہ کی جمع -
**قَضِیب** (قَ - ضیب) [ع - ا - مذکر] (۱) کٹی ہوئی شاخ (۲) عضو تناسل -
**قَضِیّہ** (قَ - ضی - یہ) [ع - ا - مذکر] (۱) جھگڑا - بحث - تکرار (۲) مقدمہ (۳) جُملہ -
**قضیہ مول لینا** - دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا - پرائی بلا لینا -
**قضیے میں پڑنا** - جھگڑے میں پڑنا -

## ق - ط

**قَط** [ع - ا - مذکر] تراشنا - کاٹنا - قلم کی نوک کاٹنا -
**قط دینا (رکھنا - لگانا)** قلم کی نوک قط گیر پر رکھ کر کاٹ ڈالنا -
**قِطار** [ع - ا - مونث] سیدھی اور لمبی صف - پرا - ٹکڑی - سلسلہ - ترتیب - (اُردو میں بفتح اول غلط العام ہے) -
**قطار باندھنا** - سلسلہ باندھنا - پرا جمانا - صف باندھنا -
**قَطامہ** (قَطَ - طا - مہ) [ع - ا - مونث] فاحشہ عورت -
**قُطب** [ع - ا - مذکر] (۱) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے (۲) زمین کے محور کے دونوں سرے (۳) وہ ولی جس کے سپرد کسی بستی یا علاقے کا انتظام ہو -
**قُطب تارا** [مذکر] وہ تارا جو کرۂ زمین کے شمالی یا جنوبی سرے پر نظر آتا ہے -
**قُطب جنوبی** [مذکر] زمین کے محور کا جنوبی سرا -
**قُطب شمالی** [مذکر] زمین کے محور کا شمالی سرا -
**قُطب نُما** [مذکر] قطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ -
**قُطبی** (قُط - بی) [ف - صفت] قطب سے منسوب - قطب سے متعلق -
**قُطبَین** (قُط - بین) [ع - ا - مذکر] قطب شمالی اور قطب جنوبی -
**قُطر** [ع - ا - مذکر] وہ خط مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے - یہ دائرے کو دو حصّوں میں تقسیم کرتا ہے -
**قَطرات** [ع - ا - مذکر] قطرہ کی جمع -
**قَطرہ** (قط - رہ) [ع - ا - مذکر] (۱) پانی کی بُوند (۲) کسی سیال چیز کی بُوند -
**قطرہ قطرہ** - بُوند بُوند - تھوڑا تھوڑا -
**قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے** - تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے -
**قَطع** [ع - ا - مونث] (۱) تراش - کاٹ (۲) طور - طریق - طرز - وضع -
**قطع تعلق کرنا** - واسطہ چھوڑ دینا - ترک دوستی کرنا - لگاؤ نہ رکھنا -
**قطع دائرہ** - دائرے کا وہ حصّہ جو وتر اور کسی قوس سے محیط ہو -

Marfat.com

قطعِ رحم - عزیزوں سے تعلق توڑ دینا -
قطعِ سخن - قطعِ کلام [مذکر] بات کاٹنا -
قطعِ مسافت [مذکر] راستا طے کرنا -
قطعِ نظر (۱) اس کے سوا - بجز (۲) تاہم - بہرصورت -
قطع و برید [مونث] کاٹ چھانٹ - تراش - خراش -
**قطعاً** (قط - عن) [ع - تابع فعل] اصلاً - ہرگز - ذرا بھی - بالکل -
**قطعات** [ع - ا - مونث] قطعہ کی جمع -
**قطعہ** (قط - عہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ٹکڑا - حصّہ (۲) پُرزہ (۳) زمین کا ٹکڑا - خطّہ (۴) نظم کی وہ قسم جس میں کوئی ایک بات بیان کی جاتی ہے - اس میں مطلع نہیں ہوتا اور کم سے کم دو شعر ہوتے ہیں (بعض فصحا کے نزدیک بالفتح بھی جائز ہے) -
قطعہ بند [مذکر] دو یا زیادہ مسلسل اشعار جن میں کوئی خاص بات بیان کی گئی ہو -
**قطعی** (قط - عی) [ف - صفت] (۱) آخری - پُورا پُورا (۲) ضرور یقینی -
قطعی گز - درزیوں کا وہ گز جس سے کپڑا ناپ کر قطع کرتے ہیں -

# ق - ع

**قعب** [ع - ا - مونث] دیکھیے قاب -
**قعدہ** (قع - دہ) [ع - ا - مذکر] (۱) بیٹھنا (۲) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا -
**قعر** [ع - ا - مذکر] (۱) گہرائی - تھاہ کنویں یا دریا کی (۲) بڑا گڑھا -
قعرِ مذلت - انتہائی ذلت -
**قعود** (ق - عُود) [ع - ا - مذکر] نشست - بیٹھنا - قعدہ -

# ق - ف

**قفس** (ق - فس) [ف - ا - مذکر] پنجرا - جال - پھندا -
قفسِ عنصری - خاکی جسم جو روح کا قید خانہ ہے -
**قفل** [ع - ا - مذکر] تالا -
قفلِ ابجد - ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں انھیں ترتیب کے ساتھ ملا دینے سے قفل کھل جاتا ہے -
قفلِ خموشی - خموشی کو قفل سے استعارہ - خاموشی - چُپ -
قفل لگانا (۱) تالا لگانا (۲) [کنایۃً] مکان پر قبضہ کرنا -
**قفلی** (قف - لی) [ا - ا - مونث] (۱) ڈھکنے والا ظرف جو ایک دوسرے میں آکر پھنس جاتا ہے (۲) وہ نل یا نلی جو ایک دوسرے میں آ ملی ہو - جیسے حقے کی قفلی (۳) سالن وغیرہ بند کر کے رکھنے کا ڈھکنے دار ظرف (۴) وہ نل جس میں دودھ اور برف ملا کر جماتے ہیں (۵) پہلوانی کا ایک داؤ پیچ -
قفلی کرنا - درندوں کا دانتوں کو اس طرح بند کرنا کہ کھل نہ سکیں -
قفلی لگ جانا - دو چیزوں کا آپس میں اس طرح پھنس جانا کہ چھوٹنا مشکل ہو -

# ق - ق

**ققنس** (قق - نُس) [ف - ا - مذکر] ایک روایتی خوش رنگ اور خوش آواز پرند - کہتے ہیں اس کی چونچ میں ۳۶۰ سوراخ ہوتے ہیں اور ہر سوراخ سے ایک راگ نکلتا ہے -

# ق - ل

**قل** (۱) صیغۂ امر بمعنی کہہ [ا - ا - مذکر] فاتحہ - تیجا (۲) قرآن مجید کی چار سورتیں - سورہ اخلاص - سورہ کافرون - سورہ فلق - سورہ الناس (۳) [کنایۃً] خاتمہ - کام تمام ہونا - جان نکل جانا -
قل اعوذی - قل اعوذیہ - نیاز فاتحہ پر بسر اوقات کرنے والا -
**قلابازی** [ا - ا - مونث] سر نیچے پاؤں اوپر کر کے لڑھکنیاں لینا -
قلابازی کھانا (۱) سر نیچے پاؤں اوپر کر کے لڑھکنا (۲) لڑھکنیاں کھانا -
**قلابہ** (ق - لا - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) کنڈا - حلقہ -
**قلاش** (قل - لاش) [ت - صفت] (۱) غریب - کنگال (۲) بے غیرت -
**قلاقند** (ق - لا - قند) [ا - ا - مذکر - مونث] ایک قسم کی مٹھائی -
**قلانچ** (ق - لانچ) [ا - ا - مونث] چوکڑی - زقند - جست - چھلانگ
قلانچ مارنا - چھلانگ لگانا - جست لگانا - کودنا -
قلانچیں بھرنا، لگانا - چوکڑیاں بھرنا - زقندیں لگانا -
**قلب** [ع - ا - مذکر] (۱) دل - ضمیر (۲) وسط - درمیان - فوج کا درمیانی حصّہ (۳) [صفت] اُلٹا ہوا - اوندھا (۴) کھوٹا سکّہ -
قلب ساز - کھوٹا اور جعلی سکّہ بنانے والا -
قلبِ ماہیت [مونث] اصلیت بدل جانا -
**قلبہ** (قل - بہ) [ع - ا - مذکر] ہل - زمین جوتنے کا آلہ -
قلبہ رانی [مونث] ہل چلانا - زمین جوتنا -
**قلبی** (قل - بی) [ع - صفت] (۱) دلی - جانی (۲) کھوٹا - جعلی -
**قلت** (قل - لت) [ع - ا - مونث] کمی - تھوڑا ہونا - کمیابی -
**قلتین** (قل - لِ - تین) [ع - ا - مذکر] (۱) پانی کے ایسے دو ظرف جن میں دس دس من پانی آجائے (۲) [ا] ناپاک - نجس (۳) [کنایۃً] کسبی - فاحشہ -
**قلزم** (قل - زم) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ بحیرہ جو عرب اور مصر کے درمیان واقع ہے (۲) [کنایۃً] نہایت گہرا سمندر -
**قلع** [ع - ا - مذکر] اکھاڑنا - ڈھانا - مسمار کرنا - بیخ کنی -
قلع قمع - توڑ پھوڑ - مسماری - انہدام -
**قلعہ** (قل - عہ) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ محفوظ اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ یا فوج رہے - گڑھی - حصار (۲) شطرنج میں بادشاہ کو اس طرح گوشے میں رکھنا کہ مہرے اسے بچانے کے لیے سامنے آجائیں (۳) ایک قسم کی آتشبازی -
قلعہ بند - قلعہ میں پناہ لینے والا -
قلعہ دار - قلعہ کا افسر - محافظِ قلعہ -

Marfat.com

**قلعہ سر کرنا** - قلعہ فتح کرنا -
**قلعہ شکن** - قلعہ توڑنے والا -
**قلعی** (قَ - لَ - عی) [ع - ا - مونث] (۱) رانگ - رانگا (۲) [ار] سفیدی - مکانوں پر پھیرنے کا چونا (۳) ملمع - روغن - وارنش (۴) ظاہری ٹیپ ٹاپ -
**قلعی دار** - وہ برتن جس پر قلعی ہو -
**قلعی کا چونا** [مذکر] پتھر کا چونا -
**قلعی کا کشتہ** - رانگ کا کشتہ - پھونکا ہُوا - رانگا -
**قلعی کھل جانا کھلنا** (۱) ملمع اتر جانا (۲) حقیقت ظاہر ہو جانا -
**قلعی کھولنا** - کسی کا پوشیدہ راز فاش کرنا - چھپا ہُوا عیب ظاہر کرنا -
**قلعی گر** - برتنوں پر قلعی کرنے والا -
**قلقا** (قُل - قا) [ا - ا - مذکر] خرفہ - ایک بھاجی -
**قلفی** (قُل - فی) [ار - ا - مونث] دیکھیے قفلی -
**قلق** (قَ - لَق) [ع - ا - مذکر] (۱) بیقراری - بے چینی (۲) رنج - غم - فکر (۳) افسوس - پچھتاوا -
**قلق گزرنا** - ناگوار ہونا - بُرا لگنا - رنج ہونا - بیقراری ہونا -
**قلقل** (قُل - قُل) [ع - ا - مذکر - مونث] صراحی یا بوتل سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز -
**قلم** (قَ - لَم) [ع - ا - مذکر] (۱) خامہ - کلک - لکھنے کا آلہ (۲) مصوری کا برش (۳) حکم - حکومت (۴) [صفت] کاٹا ہُوا (۵) [مونث] کاٹی ہوئی ہری شاخ جو زمین میں پودا تیار کرنے کے لیے لگاتے ہیں (۶) کنپٹی کے اوپر کے چھوٹے چھوٹے بال (۷) پیوند جو ایک درخت سے کاٹ کر دوسرے درخت میں لگاتے ہیں -
**قلم برداشتہ لکھنا** - بے تامل لکھنا - بیساختہ لکھنا - فوراً لکھ دینا -
**قلم بنانا** (۱) قلم چھیل کر لکھنے کے قابل کرنا (۲) کنپٹی کے بالوں کو درست کرنا -
**قلم بند** (۱) لکھا ہُوا - مرقومہ (۲) گنتی کے مطابق - حساب سے -
**قلم بند کرنا** - درج کرنا - لکھ لینا - نوٹ کر لینا -
**قلم پاک** - قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا -
**قلم پھیرنا** (۱) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا (۲) خطاؤں سے درگزر کرنا -
**قلم تراش** - قلم بنانے کا چاقو -
**قلم توڑ دینا** - ایسی نثر یا نظم لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم اُٹھا نہ سکے -
**قلم دان** [مذکر] قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا بکس -
**قلم دانِ وزارت** - وزیر کا عہدہ -
**قلمرو** [مونث] سلطنت - حکومت - ریاست -
**قلم زد کرنا** - کسی چیز کو مٹا دینا - قلم پھیر دینا - کاٹ دینا -
**قلمکار** (۱) منشی - محرر (۲) نقاش - مصور - رنگ ساز (۳) کندہ کار - حکاک (۴) چھینٹ کا کپڑا -
**قلمکاری** [مونث] (۱) تحریر (۲) مصوری - رنگسازی (۳) حکاکی -
**قلم کرنا** (۱) کاٹنا (۲) اُتارنا - جدا کرنا (۳) چھانٹنا (درخت وغیرہ) -
**قلم لگانا** - کسی پودے کی شاخ کاٹ کر نیا پودا اُگانے کے لیے زمین میں لگانا - کسی درخت کی شاخ چھیل کر پودے کی شاخ جوڑنا -
**قلم ہونا** (۱) کٹنا (۲) درخت یا شاخ وغیرہ کا کاٹا جانا (۳) جدا ہو جانا -
**قلمیں بنوانا** - کنپٹی کے بال ترشوانا -
**قلمیں چھوڑنا - قلمیں رکھنا** - کنپٹیوں کے بال بڑھانا - قلمیں بڑھانا -
**قلماقنی** (قَل - ماق - نی) [تر - ا - مونث] اُردا بیگنی - وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں میں سپاہیوں کی طرح پہرا دیتی ہے -
**قلمی** (قَ - لَ - می) [ف - صفت] (۱) تحریری (۲) ہاتھ کا لکھا ہُوا - دستی تحریر (۳) شاخ نما (۴) پیوندی -
**قلمی آم** - پیوندی آم جو بہت بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے -
**قلمی شورہ** [مذکر] صاف کیا ہُوا شورہ جس کی قلمیں سی بن جاتی ہیں -
**قلمی کرنا** - تحریر کرنا - لکھنا -
**قلندر** (قَ - لَن - دَر) [ف - صفت] (۱) بے فکر (۲) [مذکر] اصطلاح فقرا میں دین و دنیا سے آزاد آدمی (۳) [ار - ا - مذکر] بندر یا ریچھ نچانے والا (۴) تیغے کا آنکڑا - یا قلابہ -
**قلوب** (قُ - لُوب) [ع - ا - مذکر] قلب کی جمع -
**قلی** [ت - ا - مذکر] (۱) غلام (۲) [ار] مزدور - بوجھ اٹھانے والا -
**قلی گری - قلی گیری** [مونث] محنت - مزدوری - قلی کا کام یا پیشہ -
**قلیان** (قَل - یان) [ف - ا - مذکر] حقہ - قلی - گڑگڑی - پیچوان -
**قلیل** (قَ - لیل) [ع - صفت] (۱) کم - تھوڑا (۲) چھوٹا - کوتاہ -
**قلیل البضاعت** - تھوڑی پونجی والا -
**قلیہ** (قَل - یہ) [ع - ا - مذکر] سادہ گوشت - گھی میں بھون کر شوربے دار پکا ہُوا -

# ق - م

**قم** [ع - امر] اُٹھ کھڑا ہو - اُٹھ بیٹھ - جی اُٹھ -
**قم باذن اللہ** - خدا کے حکم سے جی اُٹھ - حضرت عیسیٰ کا معجزہ -
**قم باذنی** - میرے حکم سے جی اُٹھ -
**قمار** (قِ - مار) [ع - ا - مذکر] جُوا - بازی جس کے ساتھ شرط ہو -
**قمار باز** - جوئے باز - جواری - شرط لگا کر بازی بدنے والا -
**قمار بازی** [مونث] جُوا کھیلنا -
**قمار خانہ** [مذکر] جُوا کھیلنے کا مکان - جوئے بازی کا اڈا -
**قماش** (قُ - ماش) [ع - ا - مذکر] (۱) [ار] وضع - قطع - ڈھنگ (۲) قسم - نوع (۳) گنجفہ کی ایک بازی - (اردو میں ق کے زیر سے مستعمل ہے) -
**قمچی** (قَم - چی) [ت - ا - مونث] (۱) کوڑا - چابک (۲) [ار] پتلی اور لچک دار شاخ -
**قمر** (قَ - مَر) [ع - ا - مذکر] چاند -
**قمر پیکر** (شمائل - طلعت) حسین - خوبصورت -
**قمر محاق میں آنا** - چاند کا آخری تین تاریخوں میں نظر نہ آنا -
**قمر وش** - چاند جیسا خوبصورت -
**قمری** (قَ - مَ - ری) [ع - صفت] قمر سے منسوب - وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مطابق قرار دیے گئے ہیں -

Marfat.com

**قُمری** (قُم - ری) [ع - ا - مونث] (۱) فاختہ کی قسم کا ایک پرندہ (۲) [ اُر - ا - مونث] ایک گداگر قوم کی عورتوں کا لقب -

**قمع** [ع - ا - مذکر] بیخ کنی - توڑنا - پھوڑنا - (قلع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) -

**قُمقُمہ** (قُم - قُ - مَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (۲) بجلی کا بلب (۳) [ اُر] وہ گولہ جس میں عبیر گلال یا رنگ بھر کر ہولی میں ایک دوسرے پر مارتے ہیں -

**قمیص** [ع - ا - مونث] بے کلی کا کُرتا - کالروالا کُرتا - (بعض نے مذکر بھی لکھا ہے) -

## ق - ن

**قَنات** (قَ - نات) [ت - ا - مونث] (۱) وہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمے کے چاروں طرف لگاتے ہیں (۲) کپڑے کا بنا ہُوا پردہ اوٹ یا ٹٹی -

**قناعت** (قَ - نا - عَت) [ع - ا - مونث] تھوڑی چیز پر خوش رہنا - جو مل جائے اُس پر راضی رہنا -

**قند** [ع - ا - مذکر] (۱) شکر - کھانڈ (۲) [ اُر] ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی (۳) سُرخ پکے رنگ کا کپڑا -

قند پارسی - ایک قسم کا نہایت لذیذ قند - مصری -

قند مکرّر (۱) دو مرتبہ صاف کیا ہُوا قند (۲) وہ عمدہ بات جو دوبارہ کہی جائے -

**قِندِیل** (قِن - دِیل) [ع - ا - مونث] ایک قسم کا شیشے کا ظرف جس میں بتی روشن کر کے چھت میں زنجیروں سے لٹکا دیتے ہیں - ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں -

**قُنصل** (قُن - صَل) [ف - ا - مذکر] دیکھیے قونصل -

**قُنوت** (قُ - نُوت) [ع - ا - مونث] ایک دُعا جو نماز وتر میں پڑھتے ہیں (۲) پاکبازی - عبادت -

**قُنُوط** (قُ - نُوط) [ع - ا - مونث] ناامید ہونا -

**قُنُوطی** [ف - صف] ناامید - مایوس -

**قنوطیت** (قُ - نُو - طی - یت) [ف - ا - مونث] ناامیدی - مایوسی - یاسیت -

## ق - و

**قوا - قُویٰ** (قُ - وا) [ع - ا - مذکر] قوت کی جمع -

**قواعد** [ع - ا - مذکر] (۱) قاعدہ کی جمع - ضوابط (۲) [ مونث] صرف و نحو (۳) اصولِ جنگ - سپاہیوں کی ورزش - پریڈ -

قواعد کرنا - ورزش کرنا - جنگی کرتب کرنا -

**قَوافی** (قَ - وا - فی) [ع - ا - مذکر] قافیہ کی جمع -

**قَوّال** (قَو - وال) [ع - ا - مذکر] بزرگوں کے قول گانے والا - صوفیانہ اور حقانی چیزیں گانے والا -

**قوّالی** [ع - ا - مونث] صوفیانہ اور حقانی کلام کا گانا -

**قِوام** (قِ - وام) [ع - ا - مذکر] (۱) مادہ - خمیر (۲) چاشنی - شیرہ -

**قوانین** (قَ - وا - نِین) [ع - ا - مذکر] قانون کی جمع -

**قُوت** [ع - ا - مونث] کھانا - خوراک - طعام - بھوجن -

قُوتِ لایموت - اس قدر خوراک جس سے زندگی قائم رہے -

**قُوّت** (قُوْ - وَت) [ع - ا - مونث] طاقت - قدرت - زور -

**قورما - قورمہ** (قور - ما) [ت - ا - مذکر] گھی میں بھنا ہُوا گوشت -

**قَوس** [ع - ا - مونث] (۱) کمان (۲) دائرے کا ایک حصہ (۳) آسمان کا نواں برج جو کمان کی شکل کا نظر آتا ہے -

قوسِ قزح [ مونث] دھنک - وہ سات رنگی کمان جو برسات میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے -

قوس نما - کمان کی وضع کا - محراب دار -

**قَوسی** (قَو - سی) [ع - صف] قوس نما - قوس کی طرح محراب دار -

**قَول** [ع - ا - مذکر] (۱) بات (۲) عہد و پیمان (۳) مقولہ (۴) ایک راگ جس کے مُوجد امیر خسرو ہیں -

قول دینا - عہد کرنا - اقرار کرنا - وعدہ کرنا -

قولِ فیصل - فیصلے کی بات - محاکمہ -

قول قرار (قول و قرار) وعدہ وعید - عہد و پیمان -

قولِ مرداں جان دارد (مثل) مرد اپنی زبان سے نہیں پھرتے -

قول و فعل - گفتار و کردار - چال چلن - طور طریق -

**قَولاً** (قَو - لَن) [ع - تابع فعل] قول کے ساتھ - قول کے اعتبار سے -

**قولنج** (قو - لَنج) [ع - ا - مذکر] وہ درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے -

**قَوم** [ع - ا - مذکر] (۱) فرقہ - خاندان (۳) نسل - ذات - گوت -

**قَومہ** [ع - ا - مذکر] نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا -

**قَومی** (قَو - مِی) [ع - صف] (۱) قوم سے متعلق (۲) دیسی - وطنی -

قومیا نا مدارس - معص) قومی ملکیت میں لینا -

**قومیت** (قَو - مِی - یت) [ اُر - ا - مونث] قوم - اصل - نسل -

**قونسل - قونصل** (قَون - سَل) [ انگ کونسل کا معرب - ا - مذکر] (۱) قدیم جمہوریہ رُومہ کا صدر (۲) وکیل - نائب - (۳) غیر ملک میں مقرر کیا ہُوا شاہی وکیل - چھوٹا سفیر -

قونصل خانہ [ مذکر] قونصل کی فرودگاہ یا دفتر -

**قَوی** (قَ - وِی) [ع - صف] زور آور - طاقتور -

قوی الجثّہ - مضبوط جسم کا - ہٹا کٹا -

قوی ہیکل - شہ زور - قد آور -

## ق - ہ

**قَہّار** (قَہ - ہار) [ع - صف] (۱) بڑا قہر کرنے والا (۲) زبردست (۳) زوردار (۴) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام -

**قہر** [ع - ا - مذکر] (۱) زور آوری - زبردستی (۲) [ اُر] غضب - خفگی (۳) بلا - آفت (۴) بلائے جان - عذاب (۵) اندھیر - ناانصافی (۶) [ اُر - صف] غضب کا - آفت کا پرکالہ (۷) قابلِ تعریف - بے حد خوبصورت (۸) از حد - بہت زیادہ -

قہر آلود (آمیز) جس میں قہر ملا ہُوا ہو - غصّے سے بھرا ہُوا -

قہر ٹوٹنا - غضب الٰہی نازل ہونا - آفت آنا -

Marfat.com

**قہرِ درویش برجانِ درویش** [مثل] غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے۔
**قہر کا** (۱) آفت کا (۲) نہایت۔ از حد (۳) خوفناک۔
**قہر کرنا** (۱) غضب کرنا (۲) ظلم کرنا (۳) انوکھا کام کرنا۔
**قہر ہے** (۱) غضب ہے۔ آفت ہے (۲) بے حد خوبصورت ہے۔
**قہراً** (قہ۔ رَن) [ع۔ تابع فعل] زبردستی سے۔ مجبوراً۔
**قہرمان** (قہر۔ مان) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) وکیل۔ خزانچی (۲) حاکم (۳) قہر و جلال کے ساتھ حکومت۔
**قہقری** (قہ۔ قَ۔ را) [ع۔ ا۔ مذکر] اُلٹا چلنا۔ پیچھے کی طرف چلنا۔
**قہقہہ** (قہ۔ قَ۔ ہَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] زور سے ہنسنا۔ ٹھٹھا۔
**قہقہہ لگانا (مارنا)** ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ زور سے ہنسنا۔
**قہوہ** (قہ۔ وَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] ایک قسم کا تخم جسے چائے کی طرح پانی میں جوش دے کر پیتے ہیں۔ کافی۔
**قہوہ خانہ** [مذکر] وہ دُکان جہاں لوگ قہوہ پیتے اور گپ شپ اُڑاتے ہیں۔

# ق - ی

**قے** [ع۔ ا۔ مونث] اُلٹی۔ متلی۔ استفراغ۔
**قے آنا** (۱) جی متلانا۔ اُبکائی آنا (۲) کراہت ہونا۔
**قے کرنا** اُلٹی کرنا۔
**قیادت** (قِ۔ یا۔ دَت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) رہنمائی (۲) سرداری
**قیاس** (قِ۔ یاس) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) اندازہ۔ اٹکل (۲) منطق دو جملوں سے مرکب قول جس سے نتیجہ لازم آئے۔ منطقی شکل۔ (۳) رائے۔ خیال۔
**قیاس سے باہر** (۱) سمجھ سے زیادہ (۲) بے اندازہ۔ بے حساب
**قیاس کرنا** (۱) اندازہ کرنا (۲) خیال کرنا۔
**قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا** [مثل] موجودہ حالت سے آیندہ حالت کا اندازہ ہوتا ہے۔
**قیاس مع الفارق** ایک چیز کا دوسری چیز پر اُن میں مناسبت اور مشابہت کے بغیر قیاس کرنا۔
**قیاس میں آنا** خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔
**قیاساً** (قِ۔ یا۔ سَن) [ع۔ تابع فعل] قیاس سے۔ اندازے سے۔
**قیاسی** (قِ۔ یا۔ سی) [ع۔ صفت] قیاس سے منسوب۔ خیالی۔
**قیاصرہ** (قَ۔ یا۔ صِ۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] قیصر کی جمع۔
**قیافہ** (قِ۔ یا۔ فہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) فال۔ شگون (۲) ایک علم جس میں خد و خال سے بھلا بُرا پہچان لیتے ہیں (۳) اٹکل۔ اندازہ۔ قیاس۔
**قیافہ دان (شناس)** علمِ قیافہ سے واقف۔
**قیافہ شناسی (دانی)** [مونث] بشرہ دیکھ کر آدمی کا کردار معلوم کرنا۔
**قیام** (قِ۔ یام) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) کھڑا ہونا (۲) سکونت۔ ٹھہراؤ (۳) پائداری۔ استقلال (۴) نماز میں کھڑا ہونا۔
**قیام پذیر** (۱) دیر تک ٹھہرنے والا (۲) مقیم۔ فروکش۔
**قیام کرنا** ٹھہرنا۔ اُترنا۔
**قیامت** (قِ۔ یا۔ مت) [ع۔ ا۔ مونث] (۱) روزِ محشر۔ مسلمانوں کے عقیدے میں وہ دن جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے اور حساب کتاب ہوگا (۲) [اُرد] انوکھی بات (۳) آفت۔ غضب (۴) شور و غل (۵) اندھیر۔ ظلم (۶) [صفت] بہت زیادہ (۷) چالاک۔ چلبلا (۸) فسادی (۹) خوبصورت۔ خوش شکل۔
**قیامت آنا** (۱) حشر برپا ہونا (۲) آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔
**قیامت (بپا) برپا کرنا** (۱) فتنہ اُٹھانا (۲) اُدھم مچانا (۳) غضب ڈھانا (۴) بہت غصہ کرنا۔
**قیامت پر قیامت** مصیبت پر مصیبت۔ آفت پر آفت۔ ظلم پر ظلم۔
**قیامت پیشہ** جس کا پیشہ قیامت ڈھانا ہو۔ محبوب۔
**قیامت ٹوٹنا** (۱) آفت آنا (۲) بے حد خفگی ہونا۔
**قیامت خیز** قیامت اُٹھانے والا۔
**قیامت ڈھانا** (۱) ظلم و ستم کرنا (۲) غضب کرنا۔
**قیامت کا** (۱) غضب کا (۲) نہایت حسین۔
**قیامت کی گھڑی** [مونث] کٹھن وقت۔ مصیبت کا وقت۔
**قیامت کے بورئیے سمیٹنا** مدت دراز تک زندہ رہنا۔
**قیامت گزرنا** مصیبت کا سامنا ہونا۔
**قیامت ہونا** (۱) مصیبت ہونا (۲) مشکل ہونا (۳) کمال شوخ اور شریر ہونا (۴) ہنگامہ برپا ہونا (۵) نہایت خوبصورت ہونا۔
**قیامت ہے** (۱) بلا ہے (۲) نہایت خوبرو ہے (۳) ظلم ہے۔
**قید** [ع۔ ا۔ مونث] (۱) اسیری (۲) روک (۳) شرط۔ پابندی۔
**قید اُٹھا دینا (اُڑا دینا)** پابندی ہٹا دینا۔ شرط اُٹھا دینا۔
**قید بامشقت** وہ قید جس میں قیدی سے مشقت لی جائے۔
**قید بھرنا (بھگتنا) (قید کاٹنا)** قید کی مدت پوری کرنا۔
**قید تنہائی** تنہا رہنے کی قید جس میں قیدی سے مشقت بھی لی جاتی ہے۔
**قید خانہ** [مذکر] جیل خانہ۔ بندی گھر۔
**قید سخت** مشقت والی قید۔
**قید فرنگ** اہلِ فرنگ کی ایک قسم کی قید جس سے رہائی مشکل سے ہوا کرتی تھی۔
**قید لگانا** (۱) محدود کرنا (۲) مشروط کرنا (۳) پابند کرنا۔
**قید محض** وہ قید جس میں قیدی سے مشقت نہ لی جائے۔
**قیدی** (قَے۔ دی) [ف۔ ا۔ مذکر] (۱) اسیر۔ گرفتار۔ پابند۔ (۲) مجرم۔
**قیر** [ع۔ ا۔ مذکر] رال۔ تارکول۔
**قیراط** (قِی۔ راط) [ع۔ ا۔ مذکر] درہم کے بارھویں حصے کے برابر ایک وزن۔
**قیس** [ع۔ ا۔ مذکر] مجنون عامری کا نام جو لیلےٰ پر عاشق تھا۔
**قیصر** (قَے۔ صَر) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) شاہِ روم کا لقب (۲) شہنشاہ۔
**قیصرِ روم** سلطانِ روم۔ شہنشاہِ روم۔
**قیصرِ ہند** شاہانِ انگلستان۔ ملکہ وکٹوریا اور ایڈورڈ ہفتم وغیرہ کا خطاب۔

Marfat.com

**قیمت** [ت ۔ ا ۔ مذکر و مونث ] بوتلوں میں رقیق چیز بھرنے کا
ایک آلہ ۔

**قیل و قال** (قی ۔ لو ۔ قال) [ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) گفتگو تذکرہ
(۲) بحث و مباحثہ ۔

**قیلولہ** (قے ۔ لُو ۔ لہ) [ع ۔ ا ۔ مذکر ] دوپہر کو کھانا کھانے
کے بعد قدرے آرام کرنا ۔

**قیّم** (قَی ۔ یِم) [ع ۔ ا ۔ مذکر ] (۱) نگران ۔ منتظم (۲) خدائے تعالیٰ
کا صفاتی نام ۔

**قیمت** (قی ۔ مَت) [ع ۔ ا ۔ مونث ] (۱) مول ۔ دام
(۲) بھاؤ (۳) قدر ۔

قیمت اُٹھنا ۔ دام تجویز ہونا ۔

قیمت ٹھہرانا (چکانا) مول چکانا ۔ بھاؤ مقرر کرنا ۔

**قیمتاً** (قی ۔ مَ ۔ تَن) [ع ۔ تابع فعل] قیمت کے ساتھ ۔ قیمت چکا کر ۔

**قیمتی** (قی ۔ مَ ۔ تی) [ف ۔ صف] بیش بہا ۔ بڑی قیمت کا ۔

**قیمہ** (قی ۔ مَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت ۔

**قینچی** (قین ۔ چی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) مقراض (۲) لوہے کی دو آڑی
ترچھی سلاخیں جو جنگلے کے طور پر مکان کے گرد لگا دیتے ہیں (۳)
وہ آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹھ رکھتے ہیں ۔

قینچی باندھنا (۱) پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی
ٹانگیں ڈال کر بے بس کر دینا (۲) گھوڑے کو دونوں رانوں میں
دبا لینا ۔

**قیود** (قُ ۔ یُود) [ع ۔ ا ۔ مذکر مونث] قید کی جمع ۔ شرطیں ۔ پابندیاں ۔

**قیوم** (قَی ۔ یُوم) [ع ۔ صف] (۱) قائم رہنے والا ۔ مستحکم (۲)
خدا کا صفاتی نام ۔

Marfat.com

# ک

ک - (کاف) [ع - ا - مذکر] اُردو کا اٹھائیسواں فارسی کا پچیسواں - عربی کا بائیسواں اور ہندی کا پہلا حرف - ابجد میں اس کے بیس عدد فرض کیے گئے ہیں -

## ک - ا

کا - [ہ] حرفِ اضافت - بشرطیکہ مضاف مذکر ہو - اُردو میں تعلق، نسبت - لگاؤ اور قبضہ ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے -

کابک - (کا - بک) [ت - ا - مونث] - ڈھیروں - کبوتروں کا ڈربا جو بانس یا لکڑی سے بناتے ہیں -

کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟ (مثل ) جہاں اچھے لوگ ہوتے ہیں وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں -

کابلا - (کا - ب - لا) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا بڑا پیچ - ڈھبری -

کابلی - (کا - ب - لی) [ت - صفت] افغانستان کے دارالحکومت کابل کا باشندہ (۲) کابل سے منسوب (۳) ایک قسم کا کبوتر -

کابوس - [ع - ا - مذکر] ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی کو نیند میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی نے اُسے دبا لیا ہے -

کابین - (ت - ا - مذکر) مہر - وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر منکوحہ کو دینا منظور کرتا ہے -

کابین نامہ - وہ کاغذ جس پر مہر کی مقدار اور اقرار نامہ لکھا جاتا ہے -

کابینہ - (کا - بی - نہ) [انگ CABINET کے - بی - نٹ کا مفرس - ا - مذکر] مجلس وزرا - وزارت -

کاپی - [ا COPY] (انگ - ا - مونث) (۱) نقل تحریر، تصویر، وغیرہ کی (۲) نسخہ (کتاب وغیرہ کا) (۳) لکھنے کی کتاب -

کاپی رائٹ - [ا COPYRIGHT] - (مذکر) حق اشاعت - حق تصنیف و تالیف -

کاپی نویس - (۱) نقل کرنے والا - نقل نویس - (۲) کاتب - خوش نویس -

کاتا اور لے دوڑی - [ہ - مثل] کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا - (کاتا کاتنا کا ماضی)

کاتب - [ع - ا - مذکر] (۱) لکھنے والا - (۲) کاپی نویس - خوش نویس -

کاتبِ تقدیر - (کنایۃً) خدا تعالیٰ -

کاتک - [ہ - ا - مذکر] ہندی سال کا ساتواں مہینہ - تقریباً ۱۵ اکتوبر سے ۱۵ نومبر تک کا زمانہ - بعض تاتک بھی مستعمل ہے - (س - کارتک)

کاتنا - (کات - نا) [ہ - مص] چرخے پر روئی سے سوت بنانا -

کاٹ - [ہ - ا - مونث] (۱) برش تلوار کی - اس معنی میں مذکر بھی مستعمل ہے (۲) زخم (۳) قطع - تراش (۴) تیزی - (۵) چپقلش (۶) دشمنی -

کاٹ چھانٹ - (مونث) (۱) قطع برید - تراش خراش - (۲) چھٹی اور کٹی ہوئی نکمی چیز -

کاٹ دینا - (۱) قطع کرنا - (۲) رد کرنا (۳) قلمزد کرنا (۴) عمر بسر کرنا -

کاٹ کرنا - (۱) چھیلنا - (۲) پانی کا اپنے آپ راستہ بنا لینا - (۳) توڑ کرنا - جواب دینا -

کاٹ کوٹ کر (کے) وضع کر کے - کمی بیشی کر کے

کاٹ کھانا - (۱) ڈس لینا (۲) دانتوں سے کاٹنا -

کاٹ کھانے کو دوڑنا - تند مزاجی اور ترش روئی سے پیش آنا

کاٹن - [ا COTTON] - (کا - ٹن) [انگ - ا - مونث] کپاس - (۲) [صفت] روئی کا کپڑا -

کاٹنا - [ہ - مص] (۱) تراشنا - (۲) کترنا (۳) دانت مارنا - (۴) زخم کرنا - (۵) الگ کرنا (۶) بسر کرنا (۷) گردن مارنا - (۸) قطع مسافت کرنا - (۹) فیصلہ کرنا (۱۰) منہا کرنا - (۱۱) منسوخ کرنا - (۱۲) تردید کرنا (۱۳) آگے سے نکل جانا (۱۴) چوری سے پانی لینا (۱۵) بیچ میں بولنا -

کاٹنے کو دوڑنا - (۱) دیکھیے کاٹ کھانے کو دوڑنا - (۲) ناگوار گزرنا (۳) ویران اور اجاڑ معلوم ہونا -

کاٹو تو خون نہیں - [اُر] خوف کے باعث بدن میں لہو کی بوند نہیں رہی - شدید صدمہ گزرنے یا خوف طاری ہونے کے موقع پر بولتے ہیں -

کاٹھ - [ہ - ا - مذکر] (۱) لکڑی (۲) ایک بھاری اور موٹا لٹھا جس میں مجرموں کے پاؤں ٹھوکنے کے لیے چھید کرتے تھے - (۳) [صفت] سخت - (۴) بے وقوف (۵) بے درد -

کاٹھ کا - لکڑی کا -

کاٹھ کا اُلو - بے وقوف - احمق -

کاٹھ کباڑ - نکما اسباب - ٹوٹا - پھوٹا سامان -

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی - (مثل) بار بار جھوٹ اور دغابازی نہیں چل سکتی -

کاٹھی - [ہ - ا - مونث] (۱) جسم (۲) ڈھانچہ (۳) تلوار کا نیام - (۴) گھوڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے -

کاج - [ہ - ا - مذکر] (۱) کام کار - (۲) بٹن کا گھر -

کاج بنانا - بٹن کے لیے کسی کپڑے میں سوراخ بنانا -

کاجل - [ہ - ا - مذکر] چراغ کا دھواں جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے -

Marfat.com

**کاجو** - (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا درخت اور اس کا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

**کاچھو - کاچھا** - (ہ - ا - مذکر) (۱) جانگھ - (۲) جانگیا - کاچھا - (۳) بھیس - روپ -

**کاچھی** - (ہ - ا - مذکر) (۱) ہندو کنجڑا (۲) مالی -

**کاخ** - (ف - ا - مذکر) (۱) محل - ایوان - قصر (۲) بالاخانہ -

**کاذِب** - (ع - صفت) دروغ گو - صادق کا نقیض - جمع : کاذبین - کذّاب -

**کار** - (انگ - ا - مذکر) (CAR) (۱) موٹر کار (۲) گاڑی -

**کار** - (ف - ا - مذکر) (۱) کام کاج - دھندا (۲) ہنر - پیشہ - (۳) جنگ و جدل (۴) معاملہ - بیوپار (۵) تقریب - (۶) (صفت) کرنے والا - جیسے تجربہ کار - کاشتکار -

**کار آزمودہ** - تجربہ کار - آزمودہ کار - جہاں دیدہ -

**کار آفریں** - کام پیدا کرنے والا - مجازاً، خدا تعالیٰ -

**کار آمد** - کام آنے والا - سود مند -

**کار آموز** - کام سیکھنے والا - (APPRENTICE)

**کار آموزی** - (مونث) نوکر ہونے سے مستقل ہونے تک کا درمیانی وقفہ - (APPRENTICESHIP)

**کار برآری** - (مونث) کام نکالنا - مطلب برآری -

**کار بند** - (۱) تعمیل کرنے والا - مطیع - (۲) عمل میں لانے والا -

**کار پرداز** - (مذکر) کارکن - منتظم - کارندہ - گماشتہ - منصرم -

**کار پردازی** - (مونث) (۱) انتظام - سربراہی - گماشتہ گری - (۲) کام انجام دینا -

**کار ثواب** - نیک کام - بھلائی کا کام -

**کار جوئی** - (مونث) معرکے کا کام - کار عظیم - مہم - (ENTERPRISE)

**کار چوب** - (مذکر) (۱) وہ لکڑیاں جن پر جولاہے تانی پھیلا کر بُنتے ہیں - (۲) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے - (۳) زردوز - کشیدہ کار -

**کار چوبی** - (مونث) (۱) زردوزی - کشیدہ کاری - (۲) (صفت) زردوزی کیا ہوا -

**کارخانہ** - (مذکر) (۱) چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام - (۲) ایک قسم کی اونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹا کناری بُنتے ہیں - (۳) جولاہوں کا کرگہ (۵) کاروبار -

**کارخانۂ الٰہی** - خدائی کام - معاملات خدا - قدرت خدا -

**کارخانہ دار** - کارخانے کا مالک -

**کار خیر** - (۱) نیکی کا کام (۲) فاتحہ خیر (۳) (اصطلاحاً) لڑکی کا نکاح -

**کاردار** - (۱) عہدیدار - منصب دار - (۲) تجربہ کار - واقف کار -

**کارروائی** - (مونث) (۱) کام چلانا - (۲) کام کاج - (۳) تعمیل - (۴) انتظام - بندوبست - (۵) (قانون) روئداد عدالت - روبکاری -

**کارزار** - (مونث) لڑائی - جنگ - رزم - معرکہ - پیکار -

**کارساز** - (۱) کام بنانے والا - (۲) صانع - قادر مطلق -

**کارسازی** - (مونث) (۱) کام بنانا (۲) صنعت - ہنر - (۳)

چالاکی - عیاری -

**کارفرما** - (۱) کام لینے والا - حکم کرنے والا (۲) بادشاہ - اُستاد -

**کارکردگی** - (مونث) کارگزاری - اچھا کام کرنا -

**کارکردہ** - کار آزمودہ - تجربہ کار -

**کارکن** - اہلکار - کام کرنے والا - کارندہ - عامل -

**کارگاہ** - (مونث) (۱) کام کرنے کی جگہ - کارخانہ - (۲) جولاہوں کا کرگہ -

**کارگر** - (۱) مؤثر - تیر بہدف (۲) فائدہ مند - مفید (۳) کاری - مہلک -

**کارگزار** - کام کرنے والا - خدمت گزار

**کارگزاری** - (مونث) (۱) خدمت گزاری - (۲) ہوشیاری اور مستعدی سے کام کرنا -

**کارنامہ** - (مذکر) (۱) جنگ نامہ (۲) تاریخی واقعات - (۳) غیر معمولی کام -

**کار نمایاں** - بڑا کام - اہم کام -

**کاروبار** - (مذکر) (۱) کام کاج - (۲) دھندا (۳) بیوپار

**کاروباری** - (۱) کام کاج یا بیوپار سے متعلق (۲) (مذکر) تاجر - سوداگر -

**کارے دارد** - بہت مشکل ہے - خالہ جی کا گھر نہیں -

**کاربانک** - (CARBONIC) (انگ - صفت) کاربن سے منسوب -

**کاربانک ایسڈ گیس** - (CARBONIC ACID GAS) وہ زہریلی ہوا جو حیوانات کی سانس اور نباتات سے بکثرت نکلتی ہے - اور آگ جلنے سے بھی پیدا ہوتی ہے -

**کاربن** - (CARBON) (انگ - ا - مذکر) (۱) خالص کوئلہ - کوئلے کی اصل (۲) ایک عنصر جو ہیرے، کوئلے وغیرہ کی شکل میں پایا جاتا ہے -

**کاربن پیپر** - (CARBON PAPER) (مذکر) وہ کاغذ جس کے ایک طرف مسالا لگا ہوتا ہے اور اس کے ذریعے کسی تحریر کی نقل اتاری جاتی ہے -

**کاربنکل** - (CARBUNCLE) (انگ - ا - مذکر) (۱) راج پھوڑا - گوشت خور پھوڑا (۲) لعل خوش رنگ (۳) شب چراغ -

**کارپورل** - (CORPORAL) (انگ - ا - مذکر) دفعدار - فوج کا ایک چھوٹا عہدہ دار -

**کارپوریشن** - (CORPORATION) (انگ - ا - مونث) (۱) سند یافتہ جماعت (۲) وہ جماعت یا کمپنی جو قانوناً کسی کام کے کرنے کی مجاز ہو - (۳) بڑی میونسپل کمیٹی -

**کارتوس** - (فر - ا - مذکر) بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں - انگ (CARTRIDGE) کارٹرج کا بگاڑ -

**کارٹون** - (CARTOON) (انگ - ا - مذکر) تصویر کے ذریعے کسی کا خاکہ اُڑانا - مزاحیہ تصویر -

**کارٹونسٹ** - (CARTOONIST) (انگ - ا - مذکر) کارٹون بنانے والا -

**کارڈ** - (CARD) (انگ - ا - مذکر) (۱) پوسٹ کارڈ (۲) تاش کا

Marfat.com

پتّا - (۲) موٹے کاغذ کا ٹکڑا۔
**کارڈ بورڈ** - (ا - CARD BOARD) - موٹے کاغذ کا تختہ - پٹھا - گتّا۔
**کارڈرلئے** - (ا - CORDUROY) (انگ - ا - مذکر) ایک موٹا سوتی یا مخملی کپڑا۔
**کارستانی** - (کا - ر - س - تا - نی) (ز اُ ر - ا - مونث) چالاکی - عیاری - شرارت - فتنہ انگیزی۔
**کارک** - (ا - CORK) (انگ - ا - مذکر) (۱) ایک درخت کی چھال جس سے بوتلوں وغیرہ کے ڈاٹ بنائے جاتے ہیں - (۲) کاک - کاگ - ڈاٹ۔
**کارن** - (کا - رن) (ہ - ا - مذکر) سبب - باعث - خاطر۔
**کارندہ** - (کا - رن - دہ) (ف - صفت) خفیف - کام کرنے والا - (مذکر) مزدور - کارکن - منیجر - ایجنٹ۔
**کارنس** - (ا - CORNICE) (انگ + مونث) دیوار کی کنگنی - منڈیر۔
**کارنیوال** - (ا - CARNIVAL) (کار - نی - وال) (انگ - ا - مذکر) کیتھولک عیسائیوں کا جشن - جشن عیش و عشرت۔
**کاروان** - (کار - وان) (ف - ا - مذکر) قافلہ۔
**کارواں سالار** - (مذکر) قافلے کا سردار - میر قافلہ۔
**کارواں سرا** - کارواں سرائے - (مونث) قافلہ اترنے کی سرائے۔
**کاری** - (ف - صفت) مہلک - کارگر - گہرا - بھاری۔
**کاریز** - (کا - ریز) (ف - ا - مونث) کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی (۲) چھوٹی نہر۔
**کاریگر** - (ف - ا - مذکر) (۱) ہنرمند - دستکار (۲) استاد فن۔
**کاری گری** - (ف - ا - مونث) (۱) ہنرمندی - دستکاری - (۲) استادی۔
**کاڑھا** - (ہ - ا - مذکر) وہ جوش دی ہوئی دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں۔
**کاڑھنا** - (کاڑھ - نا) (ہ - مص) (۱) نکالنا - (۲) کھینچنا - (۳) جوش دینا - (۴) نقشہ کھینچنا (۵) کپڑے پر بیل بوٹے بنانا۔
**کاسب** - (کا - سب) (ع - صفت) کسب کرنے والا۔
**کاست** - (ف - ا - مونث) کمی - گھٹاؤ۔
**کاسٹنگ ووٹ** - (ا - CASTING VOTE) (کاس ٹِنگ - ووٹ) (انگ - ا - مذکر) صدر کا ووٹ - رائے تفصیل جو دو برابر کے فریقوں میں فیصلہ کرے۔
**کاسمیٹکس** - (COSMETICS) (کاس - مے - ٹِکس) (انگ - ا - مونث) آرائش جمال کی اشیاء - غازہ - ابٹن وغیرہ۔
**کاسنی** - (کا س - نی) (ف - ا - مونث) ایک دوا جو دافع بخار ہے۔
**کاسنی رنگ** - سرخی مائل نیلا رنگ - بنفشی۔
**کاسہ** - (ف - ا - مذکر) پیالہ - کٹورا۔
**کاسۂ سر** - سر کا پیالہ - کھوپری۔

**کاسۂ گدائی** - بھیک کا ٹھیکرا - کچکول۔
**کاسہ لیس** - جھوٹے برتن چاٹنے والا - خوشامدی۔
**کاش** - کاشکے - (ف) تمنا اور افسوس کا کلمہ - خدا کرے - کیا اچھا ہو۔
**کاشانہ** - (ف - ا - مذکر) چھوٹا سا گھر۔
**کاشانی** - (ف - صفت) ایران کے شہر کاشان کا رہنے والا - اس شہر سے منسوب۔
**کاشت** - (ف - ا - مونث) (۱) کھیتی باڑی (۲) جوتی ہوئی زمین - (۳) موروثی زمین۔
**کاشت کار** - (مونث) کسان - مزارع۔
**کاشت کاری** - (مونث) کھیتی باڑی - زراعت۔
**کاشف** - (ع - صفت) کھولنے والا - ظاہر کرنے والا۔
**کاشمیری** - دیکھیے کشمیری۔
**کاظم** - (ع - صفت) (۱) غصّہ پی جانے والا - (۲) امام موسیٰ رضا بن جعفر صادق کا لقب۔
**کاغذ** - (ف - ا - مذکر) (۱) قرطاس (۲) پرچہ - رقعہ - (۳) تحریر - دستاویز (۴) اخبار (۵) روزنامچہ - اعمال نامہ۔
**کاغذ پتّر** - (۱) خط - چٹھی (۲) دستاویز۔
**کاغذ پر چڑھانا** - درج رجسٹر کرنا - بہی میں لکھنا۔
**کاغذ سا** - نہایت ہلکا اور پتلا۔
**کاغذ کرنا** - (۱) دستاویز لکھنا (۲) ہبہ لکھنا (۳) کوئی چیز کسی کے نام پر لکھ دینا۔
**کاغذ کی ناؤ** - (مونث) (کنایۃً) ناپائدار چیز - فانی - کمزور۔
**کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی** - (مثل) بے اصل اور ناپائدار شے کے وجود کا کچھ اعتبار نہیں۔
**کاغذ کی ناؤ بہانا** - (مثل) (کنایۃً) بے نتیجہ اور ناپائدار کام کرنا۔
**کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی** - (مثل) دھوکے سے کام نہیں چلتا - ایک نہ ایک دن قلعی کھل جاتی ہے۔
**کاغذ کے گھوڑے دوڑانا** - کاغذی گھوڑے دوڑانا - جابجا خطوط بھیجنا - خط و کتابت کرنا۔
**کاغذات** - (کا - غ - ذات) (ف - ا - مذکر) کاغذ کی جمع۔
**کاغذی** - (کا - غ - ذی) (ف - صفت) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۲) کاغذ کا بنا ہوا (۳) نازک - پتلا - (۴) پتلے چھلکے کا۔
**کاغذی بادام** - ایک قسم کا باریک چھلکے والا بادام۔
**کاغذی پیرہن** - کاغذی پوشاک جو ایران میں فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کے سامنے پیش ہوتے تھے۔
**کاغذی ثبوت** - (قانون) تحریری ثبوت۔
**کافر** - (ع - صفت و - ا - مذکر) (۱) خدا کو نہ ماننے والا بے دین (۲) ظالم - غضب کا۔
**کافرانہ** - (کا - فِ - را - نہ) (ف - صفت و تابع فعل) کافروں کی طرح - ملحدانہ۔
**کافرہ** - (کا - فِ - رہ) (ف - صفت) - خدا کو نہ ماننے والی عورت۔
**کافری** - (کا - فِ - ری) (ف - صفت) کافر سے منسوب۔

Marfat.com

کافور۔ (ع۔ ا۔ مذکر) کپور۔ ایک نہایت تیز خوشبو کا سفید مادہ جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے۔
کافور ہونا (ہو جانا)۔ اُڑ جانا۔ غائب ہو جانا۔ زائل ہو جانا۔
کافوری۔ (ف۔ صفت) (۱) کافور کا بنا ہوا (۲) کافور کے سے رنگ کا (۳) کافور ملا ہوا۔
کافوری رنگ۔ ہلکا زردی مائل رنگ۔
کافوری شمع۔ (مونث) کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی بہت صاف ہوتی ہے اور دھواں مطلق نہیں دیتی۔
کافوری مرہم۔ (مذکر) ایک مرہم جس کا اہم جزو کافور ہوتا ہے
کافی۔ (انگ۔ ا۔ مونث) (COFFEE) قہوہ کی ایک قسم۔
کافی۔ (ع۔ صفت) (۱) وافر۔ بہت۔ بس۔ بخوبی (۲) (ا۔ مونث) ایک قسم کی راگنی (۳) (پن) نظم کی ایک قسم۔
کافی وافی۔ بہت۔ بھرپور۔ بخوبی۔ پورا پورا۔
کاکا۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) بڑا بھائی (۲) بہت بوڑھا اور قدیم غلام۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۳) باپ کا چھوٹا بھائی۔ چاچا۔ (۴) (پن) چھوٹا بچہ۔
کاکریزی۔ (کاک۔ رے۔ زی) (ہ۔ ا۔ مذکر) سیاہی مائل اُودا رنگ۔
کاکڑا۔ (کاک۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ہرن کی قسم کا ایک جانور۔ سابر
کاکڑا سینگی۔ (مونث) ایک قسم کی پھلی جو دوا میں کام آتی ہے۔
کاکل۔ (ف۔ ا۔ مونث) زلف۔ گیسو۔ لٹ
کاکل پیچاں۔ خمدار زلفیں۔ بل کھائے ہوئے بال۔
کاکی۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) چچی (۲) (پن) بچی (۳) (ف۔ صفت) کاک (روٹی) کیا کھانے والا (۴) قطب الدین بختیار چشتی کا لقب
کاگ۔ (اُر۔ ا۔ مذکر) (۱) دیکھیے کارک (۲) (ہ۔ ا۔ مذکر) حلق کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کی طرف لٹکتا رہتا ہے۔ (۳) کوا
کاگا۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) کوا۔ زاغ۔
کال۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) موت (۲) موت کا فرشتہ (۳) زمانہ۔ موسم (۴) قحط (س۔ اکال) (۵) کالا کا مخفف۔
کال پڑنا۔ (۱) قحط ہونا (۲) کمی ہونا۔
کال کلوٹین۔ نہایت کالا۔ حبشی۔
کال کا مارا۔ قحط زدہ۔ بھوکا
کال کوٹھڑی۔ (مونث) (۱) اندھیری کوٹھڑی (۲) قید تنہائی۔
کالا۔ (ہ۔ صفت) (۱) سیاہ (۲) (مذکر) سانپ۔
کالا بھجنگ۔ نہایت کالا۔ از حد سیاہ فام۔
کالا پانی۔ (مذکر) (۱) جزائر انڈیمان جہاں ہندوستان سے عمر قیدی بھیجے جاتے تھے (۲) جبور دریائے شور۔
کالا پن۔ (مذکر) سیاہی۔
کالا پہاڑ۔ (مذکر) (۱) کوہ سیاہ جو صوبہ مغربی پاکستان کے شمال مغرب میں واقع ہے (۲) (مجازاً) ہاتھی (۳) ناگوار طبع۔
کالا چور۔ (مذکر) نامی چور۔ فرضی چور۔
کالا دانہ۔ (مذکر) اسپند۔ ہرمل۔
کالا زیرہ۔ (مذکر) ایک قسم کا خوشبودار زیرہ۔ زیرۂ سیاہ۔

کالا کلوٹا۔ نہایت کالا۔ حبشی۔
کالا کوا۔ بڑا کوا۔ پہاڑی کوا۔
کالا کوئلہ۔ نہایت سیاہ۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگ۔
کالا منہ۔ (کلمۂ تنفر و دعائے بد) دُور ہو۔ منہ نہ دکھا۔
کالا منہ کرنا۔ (۱) عیب لگانا۔ بدنام کرنا (۲) چھوڑنا۔ (۳) بُرا کام کرنا۔
کالا ناگ۔ (مذکر) (۱) مار سیاہ (۲) موذی ظالم۔
کالا نمک۔ (مذکر) ایک سیاہ رنگ کا نمک۔
کالے پانی بھیجنا۔ جلا وطن کرنا۔ عبور دریائے شور کرانا۔
کالے سر کا۔ (۱) انسان (۲) بنی آدم (۳) جوان مرد آدمی۔ گبرو۔
کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا۔
کالے کے کاٹے کا نہ جنتر نہ منتر
کالے کے کاٹے کا منتر نہیں
} کالے کا کاٹا بچنا محال ہے۔ (مثل) (۱) سانپ کے (۲) موذی اور فریبی آدمی سے بچنا مشکل ہے۔
کالے کوس۔ کالے کوسوں۔ بہت دُور۔
کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔ زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی۔ (کالے سانپ کی پھنکار کے سامنے چراغ نہیں جلتا۔)
کالانعام۔ (کل۔ ان۔ عام) (ع۔ صفت) چوپائیوں کی مانند۔ بے وقوف۔
کالبد۔ (کال۔ بد) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) قالب۔ ڈھانچا۔ (۲) جسم (۳) سانچا۔
کالبوت۔ (کال۔ بوت) (اُر۔ ا۔ مذکر) دیکھیے کالبد۔
کالج۔ (COLLEGE) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) بڑا مدرسہ۔ دار العلوم۔ (۲) مجلس۔ انجمن۔
کالجیئیٹ۔ (COLLEGIATE) (انگ۔ ا۔ مذکر) کالج کا طالب علم۔
کالر۔ (COLLAR) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) گلوبند۔ پٹا۔ (۲) قمیص میں گریبان سے اوپر کا زائد کپڑا۔
کالرا۔ (CHOLERA) (کال۔ را) (انگ۔ ا۔ مذکر) ہیضہ۔
کالعدم۔ (کل۔ ع۔ دم) (ع۔ صفت) معدوم۔ ناپید۔
کالک۔ (کا۔ لک) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) سیاہی (۲) رسوائی۔ عیب۔
کالک کا ٹیکا۔ (مذکر) (۱) سیاہی کا داغ (۲) بدنامی۔ ذلت۔
کالم۔ (COLUMN) (کا۔ لم) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) صفحے کا حصہ (خصوصاً اخبار کا) (۲) فوج کا ایک دستہ۔
کالمعدوم۔ (کل۔ مع۔ دوم) (ع۔ صفت) دیکھیے کالعدم۔
کالنقش فی الحجر۔ (کن۔ نق۔ شِ۔ فل۔ ح۔ جر) (ع۔ صفت) پتھر کی لکیر کی طرح پائدار۔
کالونی۔ (COLONY) (انگ۔ ا۔ مونث) (۱) نو آبادی۔ (۲) کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے ہو۔
کالی۔ (ہ۔ صفت) (۱) کالا کی تانیث۔ سیاہ (۲) (مونث) ایک دیوی۔ درگا۔ کالکا (۳) شیو جی کی استری۔ پاروتی
کالی آندھی۔ (مونث) وہ آندھی جس کی گرد سے اندھیرا چھا جائے
کالی بلا۔ (مونث) کالی چڑیل۔ حبشن

Marfat.com

**کالی زبان** - سیاہ زبان - جس کے متعلق عوام کا اعتقاد ہے کہ اس کی بددعا اثر کرتی ہے۔

**کالی کلوٹی** - نہایت سیاہ۔

**کالی کھانسی** - (مونث) ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔

**کام** - (س - ا - مذکر) (۱) شہوت (۲) عشق (۳) مرضی۔

**کام دیو** - (مذکر) (۱) خواہش نفسانی کا دیوتا - (۲) یاد۔

**کام** - (ہ - ا - مذکر) (۱) کار - دھندا (۲) بیوپار (۳) غرض - تعلق۔

**کام آپڑنا** - ضرورت پیش آنا - غرض اٹکنا۔

**کام آنا** - (۱) کارآمد ہونا - (۲) مناسب جگہ خرچ ہونا (۳) سہارا دینا۔ (۴) مارا جانا (۵) استعمال میں آنا - (۶) کھلانے لگنا۔

**کام بنانا** - (۱) کام درست کرنا (۲) مطلب نکالنا - (۳) کام تیار کرنا۔

**کام بن جانا (بننا)** - (۱) مطلب پورا ہونا (۲) کام درست ہونا۔

**کام پر لگانا** - (۱) کسی خدمت پر مقرر کرنا - (۲) مزدوری پر لگانا۔

**کام پڑنا** - تعلق ہونا - غرض ہونا - واسطہ پڑنا - پالا پڑنا۔

**کام پیارا ہے چام پیارا نہیں** - (مثل) انسان کی قدر اس کے کام سے ہوتی ہے نرے چمڑے سے کسی کو کیا پیار۔

**کام تمام کرنا** - (۱) کام پورا کرنا (۲) مار ڈالنا۔

**کام چلانا** - (۱) مطلب برآری کرنا (۲) کارروائی کرنا (۳) کاروبار چلتا رکھنا (۴) انتظام کرنا۔

**کام چلاؤ** - ضرورت پوری کرنے کے لائق - گزارے کے قابل۔

**کام چلنا** - (۱) کارروائی ہونا - (۲) گزر ہونا (۳) ہاتھ تنگ نہ ہونا۔ (۴) کاروبار جاری رہنا۔

**کام چوپٹ ہو جانا** - کام خراب ہو جانا۔

**کام چور** - سست - کاہل - نکما۔

**کام چور نوالے حاضر** - سست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے مگر کھانے پر موجود ہو۔

**کام دار** - (۱) کارکن - (۲) زردوزی یا زری کا کام کیا ہوا۔

**کام دانی** - (مونث) وہ ریشمی کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بوٹے کاڑھے گئے ہوں۔

**کام دھندا** - (مذکر) کاروبار - کام کاج۔

**کام دینا** - (۱) کام آنا - (۲) خدمت سپرد کرنا - (۳) کوئی کام بنانے کو دینا۔

**کام سے کام رکھنا** - کام سے کام ہونا - اپنے مطلب سے مطلب اور غرض سے غرض ہونا یا رکھنا۔

**کام کا** - کارآمد - مفید مطلب۔

**کام کاج** - (مذکر) (۱) کاروبار - معاملہ (۲) تقریب (شادی کی)۔

**کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا** - (مثل) سست اور کاہل آدمی جو کھانے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو۔

**کام کر جانا** - اثر دکھانا - کارگر ہونا۔

**کام کرنا** - (۱) کاروبار میں لگنا - (۲) کوئی شغل کرنا (۳) فائدہ مند ہونا (۴) اثر کرنا (۵) مطلب پورا کرنا (۶) کارنمایاں۔

**کام لینا** - (۱) کام کرانا (۲) ٹھیکا لینا (۳) کسی بات کا ذمہ لینا۔

**کام میں لانا** - (۱) استعمال میں لانا (۲) صرف کرنا (۳) اٹھانا۔

**کام نکالنا** - (۱) مطلب نکالنا (۲) کسی کے لیے کوئی کام تجویز کرنا۔

**کام ہو جانا** - (۱) مطلب پورا ہو جانا (۲) ہلاک ہو جانا۔

**کام ہونا** - (۱) ضرورت پڑنا - (۲) مطلب حاصل ہونا - (۳) جان سے جانا۔

**کام** - (ف - ا - مذکر) (۱) تالو - حلق - منہ - (۲) مراد - مقصد - (۳) خواہش۔

**کامران** - خوش نصیب - اقبال مند - بختاور۔

**کامرانی** - (مونث) خوش نصیبی - اقبال مندی۔

**کامگار** - خوش نصیب - اقبال مند۔

**کامیاب** - فتح مند - کامران - مظفر - منصور۔

**کامیابی** - (مونث) فتح یابی - نصرت - ظفر - مقصد پورا ہونا۔

**کاما** - (COMMA) [انگ - ا - مذکر] سکتہ - عبارت میں ٹھہراؤ کی ایک علامت (،)۔

**کامرس** - (COMMERCE) - (کا - مرس) [انگ - ا - مونث] - (۱) تجارت (۲) تاش کا ایک کھیل۔

**کامریڈ** - (COMRADE) (کام - ریڈ) [انگ - ا - مذکر] ساتھی - رفیق۔

**کامل** - (ع - صفت) (۱) تمام - سب (۲) ماہر (۳) پہنچا ہوا - خدا رسیدہ۔

**کامنی** - (کا - م - نی) [ہ - ا - مونث] نہایت خوب صورت عورت - حسینہ۔

**کامود** - (کا - مود) [ہ - ا - مذکر] مالکوس - راگ کی ایک قسم - جسے رات کے وقت گاتے ہیں۔

**کامی** - [ف - صفت] (۱) کام میں لگا ہوا (۲) کام کا - کارآمد

**کامیڈی** - (COMEDY) - (کا - م - ڈی) [انگ - ا - مونث] طربیہ - ایسا ڈراما یا قصہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔

**کامیڈین** - (COMEDIAN) - (کا - م - ڈی - ان) [انگ - ا - مذکر] - (۱) طربیہ نگار - خوش کن ڈرامے لکھنے والا - (۲) نقال - مسخرا - اکیٹر۔

**کان** - (ہ - ا - مذکر) - (۱) سننے کا عضو - گوش (۲) چارپائی کی ٹیڑھ (۳) کپڑے کا ایک کونا بڑا ایک چھوٹا جو قلب کی وجہ سے ہو جاتا ہے - (۴) (مجازاً) توجہ۔

**کان آشنا ہونا** - کسی بات کا سنا ہوا ہونا۔

**کان اکھاڑنا** - (۱) اینٹھنا - اینٹھنا - کھینچنا - مروڑنا) - سزا دینا - گوشمالی کرنا۔

**کان بجنا** - (۱) کان میں ہر وقت آواز آنا (۲) کسی کے بغیر بلائے اور بے بلائے بول اٹھنا۔

**کان بندھوانا** - کان میں چھید کرانا - کان چھدوانا۔

**کان بھرنا** - (۱) چغلی کھانا (۲) بدظن کرنا۔

**کان بہنا** - کان سے پیپ جاری ہونا۔

**کان پر جوں نہ چلنا (نہ رینگنا)** - (۱) کہنا نہ ماننا (۲) بے پروائی کرنا (۳) کسی بات کے سننے کا اثر نہ ہونا۔

**کان پڑی آواز (بات) سنائی نہ دینا** - نہایت شور - وغل ہونا۔

**کان پکڑنا** - (۱) کان مروڑنا (۲) قائل ہونا (۳) توبہ کرنا - عہد کرنا (۴) بچوں کی ایک سزا۔

**کان پکڑی باندی (لونڈی)** - (مونث) نہایت مطیع اور فرمانبردار کنیز۔

Marfat.com

کان دبا کر چلے جانا۔ بے چون و چرا چپ چاپ چلے جانا۔
کان دھر کر (رکھ) سننا۔ کان دھرنا۔ کان لگا کر سننا۔ غور سے سُننا۔ دھیان دے کر سننا۔ توجہ سے سُننا۔
کان سے نکلنا۔ (کنایتہً) سنی ہوئی بات بھول جانا۔
کان کا پردہ۔ (مذکر)۔ کان کے اندر کی باریک جھلی۔
کان کاٹنا۔ (۱) کان زخشنا۔ (۲) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
کان (کانوں) کا کچا۔ وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک بات پر اعتبار کر لے۔ ضعیف الاعتقاد۔
کان کترنا۔ (کنایتہً) (۱) ایسا ہوشیار ہونا جو دوسرے کو عاجز کر دے۔
کان کھانا۔ بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔
کان کھڑے کرنا۔ چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔
کان کھل جانا (کھلنا)۔ عبرت ہونا۔ (پنی غلطی سے آگاہ ہونا۔
کان کھول دینا۔ جتا دینا۔ آگاہ کر دینا۔ خبردار کر دینا۔
کان کھول کے۔ غفلت دُور کر کے۔ ہوشیار ہو کے۔
کان کھولنا۔ (۱) کسی بات کے سننے کے لیے کانوں کا متوجہ کرنا۔ (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت کرنا۔
کان گنہگار ہیں۔ میں نے صرف سُنا ہے۔ جھوٹ سچ کا ذمہ دار نہیں۔
کان لگا کر سننا۔ توجہ سے سُننا۔
کان لگانا۔ (۱) دھیان لگا کر سننا (۲) چھپ کر سُننا۔
کان لگے رہنا۔ سننے کے لیے متوجہ ہونا۔
کان لگے ہونا۔ دھیان لگنا۔ توجہ ہونا۔
کان لینا۔ گوشمالی کرنا۔ کان اینٹھنا۔
کان مروڑنا (ملنا)۔ دیکھیے کان اکھاڑنا۔
کان میلیا۔ (مذکر) کان کا میل صاف کرنے والا۔
کان (کانوں) میں انگلی دینا (رکھنا)۔ کسی کی آواز نہ سننے کے لیے کان بند کر لینا (عموماً جمع بولتے ہیں)
کان میں بھنک پڑنا۔ اڑتا سا سنائی دینا۔
کان میں پڑنا۔ سننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔
کان میں پھونکنا۔ (۱) کان میں کہنا۔ (۲) بدگوئی کرنا۔ (۳) بدگمان کرنا (۴) بہکا دینا۔
کان میں تیل ڈالنا۔ کچھ نہ سننا۔ بے پروا بن جانا۔
کان میں ڈال دینا (ڈالنا) سنا دینا۔ کہہ دینا۔ آگاہ کر دینا۔
کان میں روئی دینا۔ بے خبر اور بے پروا بن جانا۔
کان میں کہنا۔ چپکے سے کہنا۔
کان نہ رکھنا (نہ دھرنا) غور نہ کرنا۔ متوجہ ہو کر نہ سُننا۔
کان ہونا۔ (۱) جوار۔ باجرا۔ پانی یا کپڑے میں ٹیڑھ ہونا (۲) نصیحت حاصل ہونا۔ (۳) خیال ہو جانا (۴) عقل آنا۔ ہوش آنا۔
کانوں پہ ہاتھ دھرنا (رکھنا)۔ (۱) صاف انکار کرنا (۲) مکر جانا۔
کانوں کان خبر نہ ہونا۔ اس طرح کوئی بات ہونا جس کی دوسرے کو مطلق خبر نہ ہو۔
کانوں کا کچا۔ دیکھیے کان کا کچا۔
کانوں میں انگلی دینا۔ دیکھیے کان میں انگلی دینا۔
کانوں میں رس پڑنا۔ کانوں کا رسیلی آواز سے حظ اٹھانا۔

کان۔ (ف۔ ا۔ مونث) معدن۔ وہ جگہ جہاں سے دھات یا جواہرات وغیرہ نکالے جاتے ہیں۔ (س۔ کھان)
کان کن۔ کان کھودنے والا۔
کان کنی۔ (مونث)۔ کان کھودنا۔ کان کھودنے کا عمل۔
کانِ ملاحت۔ وہ معشوق جو سانولا سلونا ہو۔
کانا۔ (پ اُسا) یعنی کان میں۔ مرکبات کے شروع میں آتا ہے۔
کانا باتی۔ (مونث) کان میں بات کہنا۔ کسی بچے کو ہنسانا مقصود ہو تو اس کے کان میں "کانا باتی" کانا باتی کُڑ کہتے ہیں۔
کانا پھوسی۔ (مونث)۔ سرگوشی۔ چپکے چپکے کان میں بات کہنا۔ گھسر پھسر۔
کانا۔ (ہ۔ صفت۔ ۱۔ مذکر) (۱) ایک آنکھ والا۔ (۲) داغی پھل۔ (۳) ٹیڑھا۔
کانا پردہ۔ (مذکر)۔ ناقص پردہ۔ برائے نام پردہ۔
کانپ۔ (ہ۔ ا۔ مونث)۔ (۱) پتنگ یا کنکوے کی خمدار پتلی تیلی جو ترس نما لگائی جاتی ہے۔ (۲) چھتری کے تار جن پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔ (۳) سوریا ہاتھی کا اگلا دانت۔
کانپنا۔ (کانپ۔ نا) (ہ۔ مص) لرزنا۔ تھرتھرانا۔
کانٹا۔ (کاں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) خار۔ کنڈا (۲) ترازو۔ (۳) کنوئیں وغیرہ میں گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار۔ (۴) پنجے کی شکل کی ایک آہنی چیز جس سے گوشت وغیرہ کھایا جاتا ہے۔ (۵) آنکڑیا (۶) وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دُوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے۔ (۷) ناک۔ (۸) پرندوں کا ایک مہلک مرض۔ (۹) علم حساب میں جمع۔ ضرب۔ تفریق۔ تقسیم کا نشان۔ (۱۰) مہمیز۔ جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں۔ (صفت) (۱۱) نہایت دُبلا۔
کانٹا سا کھٹکنا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ ناگوارِ خاطر ہونا۔
کانٹا سا نکل جانا۔ کسی دُکھ یا مصیبت سے رہائی پانا۔
کانٹا نکلنا۔ (۱) تکلیف دُور ہونا۔ (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا۔
کانٹا ہو جانا۔ سوکھ کے لاغر ہو جانا۔ بہت دُبلا ہو جانا۔
کانٹوں پر بسر کرنا۔ بہت تکلیف اُٹھانا۔
کانٹوں پر کھینچنا (گھسیٹنا)۔ (۱) سزا دینا۔ شرمندہ کرنا۔ (۲) نہایت تکلیف دینا۔ (۳) از حد ستانا۔
کانٹوں پر لوٹنا۔ (۱) بے قرار رہنا۔ (۲) آتشِ رشک و حسد میں جلنا۔
کانٹوں میں اُلجھنا۔ جھگڑے میں پھنسنا۔
کانٹے بونا۔ اپنے یا کسی کے حق میں بُرائی کرنا۔
کانٹے بوئے، پھول کے قوام کہاں سے ہوں۔ (مثل) بدی کر کے نیکی کی امید رکھنا محض حماقت ہے۔
کانٹے پڑنا۔ پیاس کے مارے زبان یا حلق خشک ہو جانا۔
کانجی۔ (کاں۔ جی) (ہ۔ ا۔ مونث) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں زیرہ نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں۔ (۲) گاجروں کے اچار کا پانی۔
کانجی ہاؤس۔ (ا۔ ا۔ مذکر) وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی بھیج دیئے جاتے ہیں۔ (CONFINING HOUSE)

Marfat.com

**کانچ** - (ہ - ا - مذکر) (۱) شیشہ (۲) (مونث) ایک بیماری جس میں پاخانہ کرتے وقت مقعد کا گوشت نکل آتا ہے۔

**کاندھا** - (کاں - دھا) (ہ - ا - مذکر) شانہ - دوش - نیز دیکھیے کندھا۔

**کانڑا** - (کاں - ڑا) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے کانا۔

**کانس** - (کا - نس) (اُر - ا - مونث) انگریزی لفظ کارنس کا بگڑا ہوا - چھجا۔

**کانسٹیبل** - (CONSTABLE) - (کانس - ٹے - بل) (انگ - ا - مذکر) پولیس کا سپاہی۔

**کانسی** - (کاں - سی) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کی دھات جو تانبے اور رانگ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے۔

**کانفرنس** - (CONFERENCE) - (کان - فے - رنس) (انگ - ا - مونث) مجلسِ شوریٰ - مشورہ کی مجلس - مشاورت۔

**کانفیڈنشل** - (CONFIDENTIAL) - (کان - فی - ڈن - شل) (انگ - صفت) رازداری کا - خفیہ - بصیغۂ راز - پرائیویٹ۔

**کانگرس** - (CONGRESS) - (کانگ - رس) (انگ - ا - مونث) (۱) مجلس - سبھا (نمائندوں کی) (۲) انجمن - پارٹی۔

**کانگڑی** - (کانگ - ڑی) (ہ - ا - مونث) مٹی کی انگیٹھی جس پر سیکھ اور تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔

**کانووکیشن** - (CONVOCATION) - (کان - وو - کے - شن) (انگ - ا - مذکر) جلسہ تقسیم اسناد - یونیورسٹی۔

**کانوینٹ** - (CONVENT) - (کان - وینٹ) (انگ - ا - مذکر) (۱) عیسائی اہلِ خانقاہ - عیسائی خانقاہ - (۲) عیسائی مدرسہ۔

**کانی** - (ہ - صفت - وا - مونث) - کانا کی تانیث - ایک آنکھ والی عورت۔

**کانی** - (ف - صفت) معدنی - کان سے منسوب۔

**کاو** - (ف - ا - مونث) - (۱) کھودنا (۲) تلاش (۳) تفتیش (۴) امتحان۔

کاو کاو - (۱) کوشش - (۲) تفتیش - (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا۔

**کاوا** - (اُر - ا - مذکر) - گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ پیدا ہو جائے۔

**کاواک** - (ف - صفت) (۱) خالی - کھوکھلا (۲) (اُر) سڈول۔

**کاوش** - (ف - ا - مونث) (۱) کھوج لگانا - (۲) تلاش - جستجو - (۳) (اُر) دشمنی - حسد۔

**کاوی** - (ف - ا - مونث) - (۱) کھودنا - (۲) تلاش کرنا۔ (مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے)۔

**کاہ** - (ف - صفت) کاہیدن کا اسم فاعل یعنی گھٹانے والا - تباہ کرنے والا (مرکبات میں) جیسے جاں کاہ۔

**کاہ** - (ف - ا - مونث) کٹی ہوئی سوکھی گھاس۔

**کاہُربا** - (مذکر) ایک قسم کا زرد گوند جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے لائیں تو وہ مقناطیس کی طرح اُسے اٹھا لیتا ہے۔

**کاہکشاں** - بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر نظر آتی ہے۔

**کاہگِل** - (مونث) پلستر کرنے کی بھُس ملی ہوئی مٹی۔

**کاہش** - (ف - ا - مونث) - کمی - گھاٹا - تنزل۔

کاہشِ جاں - وہ صدمہ جو جان پر ہو۔

**کاہل** - (ع - صفت) سُست - کام چور - آرام طلب۔

**کاہلی** - (کاہِ - لی) (ف - ا - مونث) سُستی - آرام طلبی - آلکسی۔

**کاہن** - (ع - ا - مذکر) جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔

**کاہنہ** - (کا - ہِ - نہ) (ع - ا - مونث) کاہن کی مونث

**کاہو** - (ف - ا - مذکر) ایک قسم کا ساگ - اور اس کا تخم۔

**کاہے - کاہے کو؟** (ہ - کلمۂ استفہام) - کیوں - ؟ کس لیے ؟

**کائنات** - (ع - ا - مونث) (۱) دنیا - (۲) حقیقت - حیثیت -

**کاؤنٹ** - (COUNT) - (انگ - ا - مذکر) یورپ میں نواب کا لقب۔

**کاؤنٹر** - (COUNTER) - (انگ - ا - مذکر) روپیہ گننے کی میز یا تختہ (دوکان وغیرہ میں)

**کائی** - (ہ - ا - مونث) (۱) وہ سبزی جو بند پانی کے اوپر یا برسات میں دیواروں وغیرہ پر جم جاتی ہے - (۲) گہرا سیاہی مائل سبز رنگ۔

**کائی سی پھٹ جانا** - دفعتہً تتر بتر ہو جانا۔

**کائیاں** - (کا - ای - یاں) - (اُر - صفت) نہایت چالاک - طرار۔

**کائیں کائیں** - (ہ - ا - مونث) کوّے کی آواز۔

کائیں کائیں کرنا - مچانا - شور کرنا - بک بک کرنا۔

**کایا** - (ہ - ا - مونث) (۱) جسم (۲) رُوپ - بھیس - (۳) اصلیت - ماہیت۔

کایا پلٹنا - (۱) قالب تبدیل کرنا - (۲) ماہیت بدلنا۔

کایا پلٹ ہو جانا - رنگ روپ بدل جانا - کچھ سے کچھ ہو جانا۔

کایا کلپ - (مذکر) بوڑھے کا جوان ہو جانا (دواؤں سے)

**کایستھ** - (کا - یستھ) (س - ا - مذکر) ایک ہندو ذات کا نام جس کا کام منشی گیری ہے۔

Marfat.com

# ک۔ب

**کب**۔ (ظرفِ زمان جو محلِ استفہام میں آتا ہے) (۱) کس وقت؟ کس دن؟ (۲) کیونکر؟ کس طرح؟ کس زمانے میں؟

**کب سے**؟ (۱) کس وقت سے؟ کس زمانے سے؟ دیر سے۔ عرصے سے۔

**کب کا**۔ (۱) کس زمانے کا؟ کس مدت کا؟ مدتِ دراز کا۔ بڑی دیر کا۔

**کُب**۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) انسان کی پیٹھ کی کجی۔ (۲) خم۔ جھکاؤ (۳) کوہان۔

**کب نکلنا**۔ پیٹھ کا کبڑا ہو جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

**کباب**۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بُھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے (۲) تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں۔ (۳) (کبابہ۔ صفت) سوختہ۔ جلا ہوا۔

**کباب کرنا**۔ (۱) کباب بھوننا (۲) جلانا۔ (۳) رنج پہنچانا۔

**کباب لگانا**۔ کباب بھوننا۔

**کباب ہونا**۔ (۱) کباب تیار ہونا (۲) جلنا بُھننا (۳) حسد ہونا۔ (۴) نہایت بُرا لگنا۔ (۵) آگ بگولا ہونا۔

**کباب۔ کبابہ**۔ (کَ۔ باب۔ کَ۔ با۔ بَہ)۔ (ف۔ا۔ مذکر) سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے بیج جو بطور دوا مستعمل ہیں۔

**کباب چینی**۔ (مذکر) ستیل چینی۔ سیر چینی۔ ایک دوا۔

**کبابی**۔ (ف۔ا۔ مذکر) کباب فروش۔

**کبار**۔ (کَ۔ بار) (ع۔ا۔ مذکر) کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔

**کباڑ**۔ (کَ۔ باڑ) (ہ۔ا۔ مذکر) کاٹھ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔

**کباڑیا**۔ (کَ۔ باڑ۔ یا) (ہ۔ا۔ مذکر) ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا۔

**کبائر**۔ (کَ۔ با۔ اِر) (ع۔ا۔ مذکر) کبیرہ کی جمع۔ بڑے گناہ۔

**کبت**۔ (کَ۔ بت) (ہ۔ا۔ مذکر) شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم۔ (س۔ کویتا)

**کبد**۔ (کَ۔ بِد۔ کَبد) (ع۔ا۔ مذکر) جگر۔ کلیجہ۔

**کبڈی**۔ (کَ۔ بَڈ۔ ڈی) (ہ۔ا۔ مونث) ایک کھیل کا نام۔

**کِبر**۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ (۲) غرور۔ گھمنڈ۔

**کِبر**۔ (کِ۔ بَر) (ع۔ا۔ مذکر) بڑھاپا۔ پیری۔

**کِبر سن**۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ کہن سال

**کبر سنی**۔ (مونث) بڑھاپا۔ کہن سالی۔

**کبریٰ**۔ (کُب۔ را) (ع۔ صفت) (۱) بہت بڑی بہت بزرگ (۲) عظیم۔ اکبر کی تانیث۔

**کبریا**۔ (کِب۔ رِ۔ یا) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) بزرگی۔ شان و شکوہ (۲) فخر۔ غرور (۳) خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام

**کبریائی**۔ (کِب۔ رِ۔ یا۔ ای) (ا۔ا۔ مونث) دیکھیے کبریا نمبرا

**کبریت**۔ (کِب۔ ریت) (ع۔ا۔ مذکر) گندھک۔

**کبریتِ احمر**۔ لال گندھک جو کمیاب ہے۔

**کُبڑا**۔ (کُب۔ ڑا) (ہ۔ صفت و ا۔ مذکر) وہ شخص جس کی پیٹھ جھک گئی ہو۔

**کُبڑاپن**۔ (مذکر) ٹیڑھ۔ خمیدگی۔

**کُبڑی**۔ (کُب۔ ڑی) کبڑا کی تانیث۔

**کبک**۔ (ف۔ا۔ مذکر) چکور۔ ایک قسم کا تیتر۔

**کبکِ دری**۔ کبک کہساری۔ پہاڑی چکور۔

**کبوتر**۔ (ف۔ا۔ مذکر) ایک مشہور پرندہ۔

**کبوتر باز**۔ کبوتر پالنے اور اڑانے والا۔

**کبوتر بازی**۔ (مونث) کبوتر پالنے اور اڑانے کا مشغلہ۔

**کبوتر با کبوتر باز با باز**۔ (مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ کبوتر کبوتر سے اور باز باز سے محبت رکھتا ہے۔

**کبوتر خانہ**۔ (مذکر) (۱) دڑبا۔ کابک (۲) سرائے۔

**کبوتری**۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) کبوتر کی مادہ (۲) ناچنے والی۔ (۳) (پن) خوبصورت۔

**کبود**۔ (کَ۔ بُود) (ف۔ا۔ مذکر) آسمانی رنگ۔

**کبودی**۔ (ف۔ صفت) نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔

**کبھی**۔ (کَ۔ بھی) (ہ۔ تابع فعل) (۱) گاہے۔ کسی نہ کسی وقت (۲) شاذ و نادر۔ اتفاقاً (۳) کسی زمانے میں (۴) ہرگز۔ بالکل۔

**کبھی تولہ کبھی ماشہ**۔ دم میں کچھ اور دم میں کچھ۔ غیر مستقل مزاج۔

**کبھی کبھار**۔ کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔ بھولے بھٹکے۔

**کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر**۔ زمانے کے انقلاب سر پر لیتے ہیں۔ کبھی ایسا کبھی ویسا۔

**کبھی گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں**۔ کبھی قسمت یاور ہو ہی جاتی ہے۔

**کبھی نہ کبھی**۔ (۱) کسی نہ کسی وقت (۲) گاہے گاہے۔

**کبیدگی**۔ (کَ۔ بی۔ دَ۔ گی) (ف۔ا۔ مونث) رنجیدگی۔ آزردگی۔

**کبیدہ**۔ (کَ۔ بی۔ دَہ) (ف۔ صفت) رنجیدہ۔ غمگین۔ آزردہ۔

**کبیدہ خاطر**۔ رنجیدہ دل۔ آزردہ خاطر۔ ملول طبع۔

**کبیر**۔ (کَ۔ بیر) (ع۔ صفت) (۱) بڑا بزرگ (۲) مشہور ہندی شاعر کا نام۔

**کبیر پنتھی**۔ وہ لوگ جو بھگت کبیر کے مسلک پر عمل کرتے ہیں۔

**کبیرہ**۔ (کَ۔ بی۔ رَہ) (ع۔ صفت) کبیر کی تانیث۔ بڑی

**کبیسہ**۔ (کَ۔ بی۔ سَہ) (ع۔ا۔ مذکر) وہ قمری سال جس میں ۱۱ دن بڑھا کر شمسی سال کو پورا کیا جاتا ہے ان کے عوض تیرہ سال بعد ایک مہینا بڑھا دیا جاتا ہے۔ جس طرح سال شمسی کو پورا کرنے کے لیے چوتھے سال فروری میں ایک دن بڑھا کر اُسے اُنتیس کا کر دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

## ک - پ

کپ - (CUP) (انگ - ا - مذکر) پیالہ -
کُپّا - (کُپ - پا) (ہ - ا - مذکر) (۱) چمڑے کا پھولا ہوا چھوٹے منہ کا ظرف جس میں تیل یا گھی رکھا جاتا ہے -
کپاس - (کَ - پاس) (ہ - ا - مونث) (۱) روئی جس میں بنولے بھی ہوں (۲) روئی کا پودا -
کپتان - (کپ - تان) (CAPTAIN) کا مورد - ا - مذکر) فوج پولیس یا جہاز کا بڑا افسر -
کپَٹ - (کَ - پَٹ) (س - ا - مونث) (۱) دھوکا - (۲) عداوت (۳) کینہ - کدورت -
کپٹ رکھنا - حسد رکھنا - کینہ رکھنا - عداوت رکھنا -
کپٹی - (کَ - پَ - ٹی) (س - صفت (۱) - مذکر) دغا باز - فریبی حاسد -
کپڑ - (کَ - پَڑ) (ہ - ا - مذکر) کپڑا کا مخفف -
کپڑ چھن - (مونث) کپڑے کا چھنا ہوا - باریک اور پسیدہ سا چھنا ہوا -
کپڑا - (کَپ - ڑا) (ہ - ا - مذکر) (۱) پارچہ (۲) لباس -
کپڑا پہنیے جگ بھاتا - کھانا کھایئے من بھاتا - (مثل) لباس عام پسند کا پہننا چاہیے اور خوراک اپنی پسند کی کھانی چاہیے -
کپڑا نہ لتّا مِسّی سے البتّہ - (مثل) مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس - وہ بھی غیر مناسب -
کپکپانا - (کَپ - کَ - پا - نا) (ہ - فعل) تھرتھرانا - لرزنا -
کپکپاہٹ - کپکپی - (ہ - ا - مونث) (۱) لرزہ - تھرتھری - (۲) گھبراہٹ -
کپکپی لگنا (چھوٹنا) کانپنا - تھرتھرانا - لرزنا -
کپوت - (کَ - پُوت) (ہ - ا - مذکر) نالائق بیٹا -
کپور - (کَ - پُور) (ہ - ا - مذکر) کافور -
کپورا - (ہ - ا - مذکر) خصیہ - خصوصاً بکرے یا مینڈھے کا -
کپی - (کُپ - پی) (ہ - ا - مونث) (۱) چھوٹا کپّا - (۲) چھوٹی سی چمڑے کی شیشی -

## ک - ت

کت - (ہ - تابع فعل) کدھر - کس طرف - کہاں ؟
کُتّا - (کُت - تا) (ہ - ا - مذکر) (۱) سگ - کلب - مشہور جانور - (۲) بندوق کا گھوڑا (۳) رہٹ کی لکڑی (۴) گھڑی کا ایک پُرزہ (۵) (کنایۃً) کمینہ -
کُتّا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے - (مثل) گھر کی صفائی جب جانور پسند کرتے ہیں تو انسان کو سب سے زیادہ صفائی کا خیال رکھنا چاہیے -
کُتّا گھاس - (مونث) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے -
کُتّے خسی (خصّی) (مونث) جھگڑے کا کام - ذلیل کام -
کتے کی دم کو بارہ برس نلکی میں رکھا - پھر دیکھا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی (کتے کی دم سو برس بھی ٹیڑھی) (مثل) بد ذات کبھی تربیت سے درست نہیں ہوتا -
کتے کی موت مرنا - (۱) ذلیل حالت میں جان دینا - (۲) حرام موت مرنا -
کتاب - (ع - ا - مونث) (۱) لکھی ہوئی چیز - (۲) جلد - نسخہ - (۳) رسالہ (۴) (ا ُ) بہی - رجسٹر - بیاض -
کتابِ آسمانی (الٰہی) - وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے سے خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو -
کتاب پر چڑھانا - رجسٹر میں درج کرنا - بہی پر لکھنا -
کتابِ حوالہ - حوالے کی کتاب - ایسی کتاب جس سے تالیف و تصنیف میں مدد لی جاتی ہے -
کتاب رُو - لمبے چہرے کا - کتابی چہرے کا
کتابِ رُوداد - کسی جلسے کی کارروائی لکھنے کی کتاب -
کتاب فروش - تاجر کتب - کتابیں بیچنے والا -
کتاب کا کیڑا - (مذکر) (۱) وہ کیڑا جو کتابوں کو چاٹ جاتا ہے - (۲) (مجازاً) وہ شخص جو ہر وقت کتاب بینی میں مشغول رہتا ہو -
کتابِ مقدس - بزرگ کتاب - الہامی کتاب -
کتابت - (کِ - تا - بَت) (ع - ا - مونث) تحریر - کاپی نویسی - نقل نویسی -
کتابچہ - (کِ - تاب - چہ) (ف - ا - مذکر) چھوٹی سی کتاب -
کتابی - (کِ - تا - بی) (ع - صفت) (۱) کتاب سے منسوب - (۲) بیضوی - لمبوترا (۳) تحریری یقینی - (۴) (مذکر) اہلِ کتاب - یہود و نصاریٰ -
کتابی چہرہ - (مذکر) - لمبوترا چہرہ -
کتارا - (کَ - تا - را) (ہ - ا - مذکر) (۱) ایک قسم کا پتلا گنّا - (۲) ولی -
کتان - (کَ - تان) (ف - ا - مونث) (۱) السی (۲) (مذکر) - ایک قسم کا باریک کپڑا
کتائی - (کَ - تا - ای) (ہ - ا - مونث) (۱) کاتنا کا فعل (۲) کاتنے کی اُجرت -
کُتُب - (کُ - تُب) (ع - ا - مونث) کتاب کی جمع -
کتب حوالہ - دیکھیے کتاب حوالہ -
کتب خانہ - (مذکر) - کتابوں کی دکان - بک ڈپو - لائبریری
کتب فروش - تاجر کتب - کتابیں بیچنے والا - کتاب فروش -
کتبہ - (کَت - بہ) (ع - ا - مذکر) وہ عبارت جو قبروں مسجدوں اور سراؤں وغیرہ کے دروازوں پہ لکھوا کر یا کھدوا کر لگا دیتے ہیں -
کتخدا - (کَت - خُ - دا) (ف - ا - مذکر) دیکھیے کدخدا -
کتخدائی - (کَت - خُ - دا - ای) (ف - ا - مونث) دیکھیے کدخدائی -

Marfat.com

کتر ـ کتر ـ (کَ ـ تَر ـ کَت ـ تَر) ـ (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) کپڑے کی چھانٹن ـ (۲) دھجی ـ

کتر بیونت ـ (۱) کاٹ چھانٹ ـ (۲) غبن ـ (۳) حساب میں کمی بیشی کرنا ـ (۴) توڑ ـ جوڑ ـ

کترانا ـ (ہ ـ مص) ـ (۱) بچ کر نکل جانا ـ (۲) بیگانگی اختیار کرنا (۳) کنارا کرنا ـ (۴) بچنا ـ

کترن ـ (کَت ـ رَن) (ہ ـ ا ـ مونث) ـ چھانٹن ـ کتری ہوئی دھجی ـ

کُترن ـ (کُت ـ رَن) ـ (ہ ـ ا ـ مونث) ـ دانتوں سے کُتری ہوئی چیز ـ

کترنا ـ (کَ ـ تَر ـ نا) (ہ ـ مص) قطع کرنا ـ چھانٹنا ـ کاٹنا ـ

کُترنا ـ (کُ ـ تَر ـ نا) (ہ ـ مص) (۱) دانتوں سے کاٹنا ـ (۲) پرندوں کا چونچ سے کاٹنا ـ

کترنی ـ (کَ ـ تَر ـ نی) (ہ ـ ا ـ مونث) قینچی ـ مقراض ـ

کتروانا ـ (کَ ـ تَر ـ وا ـ نا) ـ (ہ ـ مص) قطع کرانا ـ ترشوانا ـ

کتم ـ کتمان ـ (ع ـ ا ـ مذکر) (۱) پوشیدگی ـ (۲) حجاب ـ پردہ ـ

کتنا ـ (کِت ـ نا) ـ (ہ ـ تابع فعل) (۱) اس قدر ـ کس مقدار کا (۲) کہاں تک ؟ کس درجے تک

کتنے پانی میں ہے ـ (۱) کتنا حوصلہ ہے (۲) کہاں تک دسترس ہے ؟

کتنا ـ (کَت ـ نا) ـ (ہ ـ مص) کاتا جانا ـ رُوئی کا تاگا بنانا ـ

کتوانا ـ (کَت ـ وا ـ نا) (ہ ـ مص) سُوت تیار کرانا ـ چرخہ چلوانا ـ

کتھا ـ (کَ ـ تھا) (س ـ ا ـ مونث) ـ (۱) مقولہ ـ بات ـ (۲) قصّہ ـ (۳) وعظ ـ

کتھا ـ (کَتھ ـ تھا) (ہ ـ ا ـ مذکر) ـ پان کے ساتھ کھانے والی ایک سیاہی مائل چیز ـ

کتھک ـ (کَتھ ـ تھک) (س ـ ا ـ مذکر) (۱) ناچنے اور گانے والا لڑکا ـ (۲) گویّوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ ـ

کُتّی ـ (کُت ـ تی) (ہ ـ ا ـ مونث) کُتیا ـ

کُتیا ـ (کُت ـ یا) (ہ ـ ا ـ مونث) ـ مادہ سگ ـ

کتیرا ـ (کَ ـ تی ـ را) (ہ ـ ا ـ مذکر) ایک قسم کا گوند ـ

## ک ـ ٹ

کٹ ـ (ہ ـ ا ـ مونث) ـ (۱) ایک دوا ـ (۲) گڈّی کا کاغذ ـ (۳) مارپیٹ (۴) الگ ـ جُدا (۵) انگوٹھے کے ناخن کو اوپر کے دانت سے کھٹ کر بجانے کی آواز جو بچوں میں دوستی قطع کرنے کی علامت ہوتی ہے ـ

کٹ کرنا ـ دوستی ترک کرنا ـ آشنائی ترک کرنا ـ

کٹ ـ (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) کاٹ کا مخفف (مرکبات میں مستعمل ہے) (۲) (مذکر) سیاہ رنگ جو بیل کے

ٹکڑوں، لوہے چین اور بڑ بھیڑا سے بنتا ہے ـ

کٹ جانا ـ (۱) دو ٹکڑے ہو جانا ـ زخم لگ جانا ـ (۲) شرمندہ ہونا ـ (۳) بسر ہونا (۴) علیحدہ ہو جانا (۵) اُٹھ جانا ـ (۶) منہا ہو جانا ـ (۷) فصل کا صاف کیا جانا ـ

کٹ حجت ـ خواہ مخواہ حجت کرنے والا ـ

کٹ حجتی ـ (مونث) بے جا حجت ـ

کٹ کٹ جانا ـ شرم کے مارے مر جانا ـ

کٹ کھنا ـ (۱) کاٹ کھانے والا ـ (۲) حرفوں کی وہ شکل جس میں ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے طالب علم کا ہاتھ صاف کرنے کے لیے لکھ دیتے ہیں ـ

کٹ مرنا ـ باہم لڑ کر مر جانا ـ

کٹ ملا ـ کم پڑھا ہوا ملا ـ جاہل اور متعصب مولوی ـ

کٹا ـ (کَ ـ ٹا) (ہ ـ صفت) ـ کٹا ہوا ـ کاٹا ہوا ـ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

کٹا چھنی ـ (مونث) ـ (۱) بیر ـ سخت عداوت ـ (۲) لڑائی بھڑائی ـ

کٹے پر نمک چھڑکنا ـ (نون لگانا) ـ زخم پر نمک ڈال کر تکلیف دینا ـ جلے کو جلانا ـ

کٹّا ـ (کَٹ ـ ٹا) (ہ ـ صفت) (۱) سخت ـ (۲) (پنج) ـ بھینس کا بچہ ـ

کٹار ـ (کَ ـ ٹار) (ہ ـ ا ـ مونث) خنجر ـ تیغچہ ـ پیش قبض ـ

کٹارا ـ (کَ ـ ٹا ـ را) (ہ ـ ا ـ مونث) ایک دوا کے پودے کا نام ـ

کٹاؤ ـ (کَ ـ ٹا ـ ا ُو) (ہ ـ ا ـ مذکر) (۱) کاٹ کرنا ـ تراش خراش ـ (۲) گلکاری ـ

کٹائی ـ (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) فصل کٹنا ـ (۲) کٹوانے کی اُجرت ـ

کٹ پیس ـ (CUT PIECE) ـ (انگ ـ ا ـ مذکر) کپڑے کے تھانوں کے ٹکڑے ـ

کٹر ـ (کَٹ ـ ٹَر) (ہ ـ صفت) سنگدل ـ سخت دل ـ

کٹرا ـ (کَٹ ـ را) (ہ ـ ا ـ مذکر) (۱) احاطہ ـ چھوٹا سا کوچہ ـ (۲) چھوٹا سا بازار (۳) بھینس کا نر بچہ ـ (لڑ بھی مستعمل ہے)

کٹری ـ (کَٹ ـ ری) (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) دریا کے کنارے کی زمین ـ (۲) بھینس کا مادہ بچہ (۳) چھوٹا سا احاطہ (کٹڑی بھی بولی جاتی ہے)

کٹکٹانا ـ (کَٹ ـ کَٹ ـ ٹا ـ نا) (ہ ـ مص) (۱) دانت پیسنا ـ کسی پر غصہ کرنا ـ

کٹکی ـ (کَٹ ـ کی) (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) ایک دوا ـ (۲) ڈور پر دانتوں کا لگایا ہوا نشان جس سے پتنگ ٹوٹ جائے ـ

کٹ گلاس ـ (CUT GLASS) ـ (انگ ـ ا ـ مذکر) ایک عمدہ قسم کا مضبوط گلاس ـ نقشیں گلاس ـ

کٹلری ـ (CUTLERY) ـ (کَٹ ـ لَ ـ ری) (انگ ـ ا ـ مونث) چھری کانٹا ـ چاقو وغیرہ ـ

Marfat.com

کٹلس ۔ (کٹ۔لِس) (CUTLET) کا مورد۔ا۔ مذکر)۔ گوشت کا بھونا یا اُبالا ہوا ٹکڑا۔

کٹنا ۔ (کٹ۔نا) (ہ۔مص)۔(۱) تراشا جانا ۔(۲) زخم لگنا۔ (۳) الگ ہونا (۴) شرمندہ ہونا۔(۵) بسر ہونا۔ (۶) رستہ طے ہو جانا۔(۷) رنگ اُڑنا (۸) منہا ہونا (۹) کھیت کاٹا جانا (۱۰) پانی کے زور سے زمین کا بہہ جانا۔ (۱۱) قلمزد ہونا۔

کُٹنا ۔ (کُٹ۔نا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) دلّال۔ بھڑوا ۔(۲)۔ (ہ۔مص) کوٹا جانا (۳) مار کھانا۔پٹنا۔

کٹناپا ۔ (کٹ۔نا۔پا)۔(ہ۔ا۔ مذکر) ۔بھڑواپن۔ دلّالی ۔ قرمساقی۔

کُٹنی ۔ (کُٹ۔نی) (ہ۔ا۔مونث) دلّالہ۔ نائکہ۔

کٹوانا ۔ (کٹ۔وا۔نا) (ہ۔مص) کسی سے کاٹنے کا کام لینا۔

کُٹوانا ۔ (کُٹ۔وا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پٹوانا (۲) کسی سے کُوٹنے کا کام لینا۔

کٹوتی ۔ (کٹ۔ٹو۔تی) (ہ۔ا۔مونث) بٹّا ۔دستوری۔ منّی کاٹا۔ مجرائی ۔منہائی ۔کمیشن۔

کٹورا ۔ (کٹ۔ٹو۔را) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) پانی پینے کا پیالہ۔ (۲) پورا کھلا ہوا پھول (۳) (کنایۃً) آباد۔ معمور۔

کٹورا بجنا (کھنکنا) (۱) رونق ہونا۔ (۲) گرم بازاری ہونا

کٹورا پھرانا (دوڑانا)۔ منتر کے زور سے چور کو معلوم کرنے کے لیے کٹورے میں ناموں کی چٹھیاں رکھ کر مشتبہ لوگوں کے نام لے لے کر پھرانا۔

کٹوراسی آنکھیں ۔ بڑی بڑی اور گول گول آنکھیں۔

کٹوردان ۔ (کٹ۔ٹور۔دان) (ہ۔ا۔ مذکر) ڈھکنے والا پیتل کا برتن۔

کٹوری ۔ (کٹ۔ٹو۔ری) (ہ۔ا۔مونث)۔(۱) چھوٹا کٹورا۔ (۲) انگیا کا وہ حصّہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔

کٹھ ۔ (ہ۔ا۔ مذکر)۔ کاٹھ کا مخفف۔ لکڑی ۔چوب۔

کٹھ پُتلی ۔ (مونث) (۱) کاٹھ کی مورتی ۔(۲) بے اختیار شخص۔ دوسرے کے اشارے پر چلنے والا۔

کٹھ پھوڑا ۔ (مذکر) ہُدہُد۔ ایک پرندہ۔

کٹھ حجتی ۔ دیکھیے کٹ حجتی۔

کٹھ ملا ۔ دیکھیے کٹ مُلا۔

کٹھا ۔ (کٹھ۔ٹھا)۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) پانچ سیر غلّے کا پیمانہ ۔(۲) ایک درخت۔ (۳) زمین کا ایک پیمانہ۔ بیگھے کا بیسواں حصّہ۔

کٹھالی ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) چاندی یا سونا گلانے کی پیالی جو کھریا مٹی اور رُوئی کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے۔

کٹہرا ۔ (کٹ۔ٹہ۔را) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا۔ (۲) درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا۔

کٹھل ۔ (کٹ۔ھل) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک پھل جس کے اوپر کانٹے ہوتے ہیں۔

کٹھن ۔ (کٹ۔ھن) (س۔صفت) (۱) سخت۔ دشوار۔ (۲) مشکل (۳) دشوار گذار۔ (اُردو میں بفتح دوم مستعمل ہے)۔

کٹھنائی ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) سختی ۔ دشواری ۔(۲) مشکل ۔ تکلیف۔

کٹھور ۔ (کٹ۔ٹھور) (س۔صفت)۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم۔

کٹھورپن ۔ (مذکر) سنگ دلی۔ظلم۔ بے رحمی ۔بے حسی۔

کٹھیا ۔ (کٹھ۔یا) (ہ۔صفت) (۱) سخت (۲) سخت چھلکے والا (بادام) (۳) ایک قسم کا گیہوں۔

کُٹھیا ۔ (کُٹھ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) گودام (۲) غلّہ رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن (۳) اناج کی کوٹھڑی۔

کٹی ۔ (کٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) باریک کٹا ہوا چارہ۔ (۲) پانی میں گلایا ہوا کاغذ (۳) دیکھیے کٹ نمبر ۵۔

کُٹیا ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) درویشوں کی جھونپڑی۔ (۲) مڑھی۔ سمادھ۔

کٹیا ۔ (کٹ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) دُودھ رکھنے کا مٹی کا برتن۔ (۲) جوان بھینس۔

کٹی چھٹی ۔ (ہ۔ا۔مونث) ترک۔ عداوت۔

کٹیلا ۔ (کٹ۔ٹی۔لا) (ہ۔صفت) (۱) خاردار۔ (۲) دل میں کھبنے والا۔ (۳) زہریلا (۴) تیز۔

## ک ۔ ث

کثافت ۔ (ک۔ثا۔فت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) گاڑھا پن ۔(۲) غلاظت۔

کثافت پیما ۔ (مذکر) غلاظت کو ناپنے والا آلہ۔ (PYROMETER)

کثرت ۔ (کث۔رت) (ع۔ا۔مونث)۔ زیادتی ۔افراط۔ بہتات۔

کثرت رائے ۔ لوگوں کی رائے کا کسی امر کی طرف زیادہ ہونا

کثیر ۔ (ک۔ثیر) (ع۔صفت) بہت زیادہ۔ افراط سے۔

کثیر الاضلاع ۔ بہت سے ضلعوں کی شکل ۔(اقلیدس)

کثیر العیال ۔ کثیر الاولاد۔ بہت سے بال بچوں والا۔

کثیر المقاصد ۔ جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں۔

کثیر المعنی ۔ وہ لفظ جس کے بہت سے معانی ہوں۔

کثیر الوقوع ۔ کثرت سے واقع ہونے والا۔

کثیف ۔ (ک۔ثیف) (ع۔ صفت) (۱) گاڑھا (۲) گندہ ۔میلا۔

## ک ۔ ج

کج ۔ (ف۔صفت) ۔ٹیڑھا۔ ترچھا۔

کج ادا ۔ بدخلق ۔ بے وفا۔ رُوکھا۔

Marfat.com

کج ادائی۔ (۱) (مونث) بے مروّتی۔ بے وفائی۔ (۲) (مجازاً) دشمنی۔
کج بحث۔ وہ شخص جو اُلٹی سیدھی بحث کرے۔
کج بحثی۔ (مونث) نامعقول گفتگو۔ فضول تکرار۔ اُلٹی پلٹی بحث۔
کج خلق۔ بدمزاج۔ بے مروّت۔ بداخلاق۔ بدخو۔
کج خلقی۔ (مونث) اکھڑپن۔ بدخوئی۔ بدمزاجی۔
کج رائے۔ وہ شخص جس کی تدبیر اور رائے درست نہ ہو۔
کج رفتار۔ کج رَو۔ ٹیڑھی چال چلنے والا۔ ناہنجار۔
کج روی۔ (مونث) (۱) ٹیڑھی چال چلنا (۲) اُلٹے راستے پر چلنا۔
کج فہم۔ خود رائے۔ اُلٹی رائے کا۔
کج فہمی۔ (مونث)۔ ناسمجھی۔ غلط فہمی۔
کج کلاہ۔ (۱) ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا (۲) بانکا۔
کج کلاہی۔ (مونث) بانکپن۔ خودنمائی۔
کج مج زبان۔ (۱) وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو۔ (۲) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے۔
کجا۔ (ف) کہاں۔ کس جگہ۔
کجات۔ (کُ۔جات) (ہ۔صفت) کمینی ذات کا۔ کمینہ۔
کجاوہ۔ (کَ۔جا۔وَہ) (ف۔ا۔مذکر) اونٹ کی کاٹھی جس پر دو شخص ایک دوسرے کے مقابل بیٹھتے ہیں۔
کجلا۔ (کَج۔لا)۔ (ہ۔ا۔مذکر) کاجل کی تصغیر۔
کجلانا۔ (کَج۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ کا بجھ جانا (۲) سانولا پڑ جانا۔
کجی۔ (کَ۔جی) (ف۔ا۔مونث) ترچھاپن۔ خمیدگی۔ ٹیڑھاپن۔

## ک۔چ

کچ۔ (ہ۔صفت)۔ کچا کا مخفف۔ خام۔
کچ پیندیا۔ (۱) بودا۔ کمزور (۲) اوچھا۔ (۳) غیر مستقل مزاج۔
کچ دھات۔ (مونث) کچی دھات۔ فلز۔
کچ لہو۔ (مذکر) پیپ ملا ہوا خون۔
کچا۔ (کَچ۔چا) (ہ۔صفت)۔ (۱) خام۔ ناپختہ (۲) بودا۔ (۳) نرم (۴) ناتجربہ کار۔ (۵) ایسا مکان جو صرف مٹی کا بنا ہوا ہو۔ (۶) اَدھ گدا۔
کچاپن۔ (مذکر) خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری۔
کچا چٹھا۔ (مذکر)۔ صحیح صحیح حال۔ کل کیفیت۔
کچا کرنا۔ (۱) ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا (۲) کچی سلائی کرنا۔
کچے دھاگے میں بندھنا۔ (کنایۃً) مطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
کچالو۔ (کَ۔چا۔لُو) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ایک قسم کی ترکاری۔ (۲) امرود یا اُبلی ہوئی اروی کی قاشیں جن پر نمک مرچ اور کھٹا وغیرہ ڈال کر کھاتے ہیں۔
کچاہند۔ (کَ۔چا۔ہَند) (ہ۔ا۔مونث) کچا مسالا بھننے کی بُو۔
کچرا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کچا خربوزہ (۲) کپاس کا ڈوڈا۔
کچکچانا۔ (کِچ۔کِ۔چا۔نا) (ہ۔مص)۔ غصے سے دانت پیسنا۔
کچکچاہٹ۔ (کِچ۔کِ۔چا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مونث) کچکچانا کا حاصل مصدر۔ دانت پیسنے کی حالت۔
کچلا۔ (کُچ۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) ایک زہریلا پھل۔ ایک زہریلی دوا۔
کچلا جانا۔ (کُچ۔لا۔جا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پس جانا (۲) پامال ہو جانا (۳) پٹیا جانا۔
کچل ڈالنا۔ (ہ۔مص) (۱) پیس ڈالنا۔ مسل دینا۔ (۲) روند ڈالنا۔
کچلنا۔ (کُ۔چل۔نا) (ہ۔مص) (۱) مسلنا۔ روندنا۔ (۲) کسی چیز کو نیم کوب کرنا۔
کچلی۔ (کُچ۔لی) (ہ۔ا۔مونث) نوک دار دانت۔ کُتّا دانت۔
کچنار۔ کچنال۔ (کَچ۔نار۔نال) (ہ۔ا۔مونث) ایک درخت اور اس کے پھول جو سبزی کی طرح پکا کر کھائے جاتے ہیں۔
کچوانسی۔ (کَچ۔واں۔سی) (ہ۔ا۔مونث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ ۲۵/۷۵ ۶۵ مربع انچ کی مقدار۔
کچوری۔ (کَ۔چو۔ری) (ہ۔ا۔مونث)۔ ماش کی دال بھری ہوئی پوری۔
کچوکا۔ (کَ۔چو۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) نوک دار چیز بھونکنا۔
کچومر۔ (کَ۔چو۔مَر) (ہ۔ا۔مذکر) ایک طرح کا اچار۔ جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں۔
کچومر کر دینا۔ (۱) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ (۲) ہلاکت کے قریب پہنچا دینا۔
کچومر نکالنا۔ بھُرکس نکالنا۔ بہت مارنا۔
کچھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بغل۔ پہلو (۲) دیوار کا کونا۔ (۳) کچھرا (۴) جانگھیا۔
کچھ مچھ۔ (مذکر)۔ کچھوے اور مچھلیاں۔ آبی جانور۔
کچھ۔ (ہ۔صفت) (۱) ذرا۔ تھوڑا (۲) کوئی۔ (۳) کوئی چیز۔ (۴) بالکل۔ مطلق (۵) جب مکرر آتا ہے تو حالت کا جلد جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے۔
کچھ آنسو پونچھ گئے۔ کسی قدر تسلی ہو گئی۔
کچھ اور۔ (۱) اور بھی (۲) دوسری بات (۳) تازہ۔ جدید۔ نئی۔
کچھ تو ہے۔ کوئی راز ہے۔ کوئی وجہ ضرور ہے۔
کچھ ٹھکانا ہے؟ کثرت اور عظمت کے موقع پر بولتے ہیں۔
کچھ دیا ہی آگے آ گیا۔ (مثل) کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آ گئی کہ خدا نے اس مصیبت سے بچا لیا۔
کچھ ڈر نہیں۔ (۱) اندیشہ نہ کرو۔ فکر نہ کر۔ (۲) کیا پروا ہے؟
کچھ راہ پر آ گئے ہیں۔ نیم راضی ہو گئے ہیں۔ کچھ درست ہو گئے ہیں۔
کچھ سنا چاہتے ہو؟ گالیاں سننے کو جی چاہتا ہے؟
کچھ سے (کا) کچھ ہو جانا۔ (۱) تھوڑی بات کا بڑھ جانا۔ (۲) معاملہ کا رنگ بدل جانا۔ (۳) انقلاب ہونا۔
کچھ کا کچھ سمجھنا۔ اُلٹا سمجھنا۔
کچھ کا کچھ کہنا۔ اصل کے خلاف کہنا۔ امید کے خلاف کہنا۔
کچھ کچھ۔ ذرا ذرا۔ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کم بیش۔ قدرے۔

Marfat.com

کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتی (پڑتا)۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں۔
کچھ کھا لینا۔ زہر کھا جانا۔
کچھ کھا کے سو رہنا۔ زہر کھا کر سو رہنا۔
کچھ کہہ بیٹھنا۔ گالی دے بیٹھنا۔ کوئی ناگوار بات کہہ دینا۔
کچھ کھو کے سیکھنا۔ ٹھوکریں کھا کر سیدھا ہونا۔
کچھ نہ کچھ۔ کسی نہ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔
کچھ نہیں۔ (۱) کوئی بات نہیں۔ (۲) بالکل نہیں (۳) بُرا ہے۔
کچھ ہو۔ ہرچہ بادا باد۔ جو ہو سو ہو۔ کیا پروا ہے۔
کچھ ہو جانا۔ (۱) آسیب چمٹ جانا (۲) کسی قلق ہونا۔
کچھ ہی ہو۔ دیکھیے کچھ ہو۔ (تاکید در تاکید)۔
کچھ ہے۔ (۱) کوئی بات ہے (۲) بہت زیادہ ہے۔ (۳) برائی ہے۔ کھوٹ ہے۔
کچھا۔ (کچھ۔ چھا) (ہ۔ ا۔ مذکر) دیکھیے کچھ۔
کچھار۔ (کَ۔ چھار) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) دریا کا کنارہ (۲) ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔
کچہری۔ (کَ۔ چہ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مونث) محکمۂ عدالت۔ دربار۔
کچہری برخاست ہونا۔ عدالت بند ہونا۔ دربار اٹھنا۔
کچہری کرنا (لگانا)۔ عدالت میں بیٹھ کر مقدمات طے کرنا۔ اجلاس کرنا۔
کچھنا۔ (کچھ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذکر) جانگھیا۔ گھٹنا۔
کچھوا۔ (کچھ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذکر) سنگ پشت۔ ایک دریائی جانور۔
کچی۔ (کچ۔ چی) (ہ۔ صفت) کچا کی تانیث۔
کچی اسامی۔ (۱) غیر موروثی زمیندار۔ (۲) عارضی جگہ۔
کچی پیشی۔ (مونث) اپیل کی پہلی شنوائی جس پر اس کے قابلِ سماعت اور قابلِ غور ہونے یا نہ ہونے کا دارو مدار ہوتا ہے۔
کچی رسید۔ (مونث) مشروط صداقت نامۂ زر جو چند روز کے لیے باقاعدہ صداقت نامۂ زر کا قائم مقام ہوتا ہے۔
کچی کلی۔ (مونث) (۱) سربند کلی (۲) دوشیزہ۔ نابالغہ۔
کچی گولیاں کھیلنا۔ (۱) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا۔ (۲) ناتجربہ کار ہونا۔
کچیا۔ (کچ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مونث) کان کی لو۔
کچیانا۔ (کچ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ (۲) شرما جانا۔
کچیل۔ (کَ۔ چیل) میل کا تابع مہمل۔
کچیلا۔ (کَ۔ چے۔ لا)۔ میلا کا تابع مہمل۔

## ک ۔ ح

کحل۔ (ع۔ ا۔ مذکر) سُرمہ۔ انجن۔
کحل الجواہر۔ وہ سُرمہ جس میں جواہر ملائے جاتے ہیں۔

## ک ۔ د

کد۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) جد و جہد۔ کوشش۔ (۲) ضد۔ اصرار۔ ہٹ۔
کد و کاوش۔ (۱) تلاش۔ جستجو (۲) کوشش۔ چھان بین۔
کد ہونا۔ ضد ہونا۔ اصرار ہونا۔ آنچ ہونا۔
کد۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (کدہ کا مخفف)۔ گھر۔ (دَ۔ کو تے سے بھی بدل لیتے ہیں)۔
کدبانو۔ (مونث) (۱) گھر والی۔ بیوی (۲) سگھڑ عورت۔
کدخدا۔ (مذکر) صاحبِ خانہ۔ گھر والا۔ خاوند۔
کدخدائی۔ (مونث)۔ نکاح۔ ازدواج۔ بیاہ۔
کدارا۔ (کَ۔ دا۔ را)۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) دیپک راگ کی راگنی۔
کدال۔ (ہ۔ ا۔ مونث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار۔
کدانا۔ (ہ۔ مص) کودنا کا متعدی۔
کدائی۔ (ہ۔ ا۔ مونث) گھوڑوں کا گردھوں وغیرہ پر سے کودنا۔
کدر۔ (کَ۔ دَر) (ع۔ ا۔ مونث) کدورت۔ گدلاپن۔
کدکڑے۔ (کُ۔ دَک۔ ڑے) (ہ۔ ا۔ مذکر) چھلانگیں۔ قلانچیں۔
کدکڑے لگانا (مارنا) چھلانگیں مارنا۔ اچھلنا۔ کودنا۔
کدو۔ (کَ۔ دُو) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) ایک ترکاری۔ گھیا۔ (اُردو میں بہ تشدید دال بھی مستعمل ہے)۔ (۲) شراب کی بوتل۔
کدو دانہ۔ (مذکر)۔ (۱) پیٹ کا ایک قسم کا کیڑا (۲) وہ بیماری جس سے سارے بدن پر تخمِ کدو کی مانند پھنسیاں نکل آتی ہیں۔
کدوکش۔ (مذکر) ایک آلہ جس سے کدو کو رگڑ کر باریک کرتے ہیں۔
کدوانا۔ (کُد۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) کودنا کا متعدی المتعدی۔
کدورت۔ (کُ۔ دُو۔ رَت)۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) گدلاپن۔ (۲) رنجش۔ آزردگی (۳) دل کا غبار۔
کدہ۔ (کَ۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذکر)۔ مقام۔ گھر۔
کدھر۔ (کِ۔ دَھر)۔ (ہ۔ تابع فعل)۔ کہاں۔ کس جگہ۔ کس طرف؟

## ک ۔ ذ

کذاب۔ (کَذ۔ ذاب) (ع۔ صفت) نہایت جھوٹا۔ جھوٹوں کا بادشاہ۔
کذب۔ (ع۔ ا۔ مذکر)۔ جھوٹ۔ دروغ۔

## ک ۔ ر

کر۔ (ف۔ صفت) (۱) بہرہ (۲) (مذکر) زور۔ طاقت۔ شان و شوکت۔

Marfat.com

کرّوفر۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ ٹھاٹ باٹ۔

کرّار۔ (کَر۔رار) (ع۔صفت) (۱) بار بار حملہ کرنے والا (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔

کرارا۔ (کَ۔را۔را) (ہ۔صفت) (۱) سخت اکڑا ہوا۔ (۲) زور آور۔ (۳) خستہ۔ بُھربُھرا (۴) مزیدار۔ چٹپٹا۔

کرارا پن۔ (مذکر) (۱) سختی (۲) خستگی۔ بُھربُھرا پن۔

کراری۔ (ہ۔صفت) کرارا کی تانیث۔

کراڑ۔ (کَ۔راڑ) (ہ۔ا۔مذکر) دوکاندار۔ غلّے کا تاجر۔ بنیا۔

کراڑا۔ (ہ۔ا۔مذکر) دریا کا بلند کنارہ۔ دریا کے کنارے کی بلندی۔

کِرام۔ (ع۔صفت) کریم کی جمع۔

کرامات۔ (ع۔ا۔مونث) کرامت کی جمع۔

کراماتی۔ (اُ۔صفت) معجزہ دکھانے والا۔

کِراماً کاتبین۔ (کِ۔را۔مَن۔کا۔تے۔بِین) (ع۔ا۔مذکر) بزرگ لکھنے والے۔ (اصطلاحاً) وہ دو فرشتے جو انسان کے اعمال لکھتے ہیں۔

کرامت۔ (کَ۔را۔مَت) (ع۔ا۔مونث) (۱) بزرگی۔ بڑائی (۲) سخاوت۔ (۳) (اُ) معجزہ۔

کران۔ (ف۔ا۔مذکر) کنارہ۔ انتہا۔

کرانا۔ (ہ۔مص)۔ کرنا کا متعدی۔ (کروانا فصیح ہے)

کِرانا۔ (کِ۔رانا) (ہ۔ا۔مذکر) مختلف قسم کا مسالا وغیرہ۔ پنساری۔

کرانچی۔ (کَ۔راں۔چی) (ہ۔ا۔مونث) اسباب لادنے کی گاڑی جسے بیل یا اونٹ کھینچتے ہیں۔

کراہ۔ (کَ۔راہ) (ہ۔ا۔مونث) وہ آواز جو کسی دکھ یا درد کے باعث نکلے۔ ہائے ہائے۔

کراہت۔ (کَ۔را۔ہَت) (ع۔ا۔مونث) نفرت۔ بیزاری۔ گھِن۔

کراہنا۔ (کَ۔راہ۔نا) (ہ۔مص) دکھ یا درد سے آہ آہ کرنا۔

کِرایہ۔ (کِ۔را۔یَہ) (ف۔ا۔مذکر) کسی چیز کی اُجرت۔ بھاڑا۔

کرایہ اُگاہنا۔ کرایہ وصول کرنا۔ روزانہ بھاڑا لے کر جمع کرنا۔

کرایہ دار۔ کرایہ کے مکان میں رہنے والا۔

کرایہ نامہ۔ (مذکر) وہ کاغذ جو مکان وغیرہ لینے کی بابت کرایہ دار کی جانب سے بطور اقرار نامہ لکھ کر دیا جائے۔

کرب۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) دکھ۔ مصیبت (۲) بے قراری۔ (۳) نہایت تکلیف اور سختی۔

کربلا۔ (کَر۔بَ۔لا) (ع۔ا۔مونث) رنج و آفت کا مقام۔ عراق میں اس جگہ کا نام جہاں حضرت امام حسین رضہ نے شہادت پائی (۲) (اُ) وہ جگہ جہاں تعزیے دفن کیے جاتے ہیں (۳) وہ مقام جہاں پانی نہ ملے۔ (اصل لفظ کرب و بلا)۔

کربلائی۔ (کَر۔بَ۔لا۔ای) (اُ۔صفت) کربلا سے منسوب۔

کر بیٹھنا۔ (ہ۔صفت) (۱) جلدی سے کسی کام کو کر گزرنا (۲) خاوند کر لینا۔ (۳) جورو بنا لینا۔

کِرپا۔ (ہ۔ا۔مونث) مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم۔

کُرتا۔ (ف۔ا۔مذکر) دیکھیے کُرتہ۔

کرتا دھرتا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کرنے والا (۲) خالق (۳) مالک۔ مختار۔

کرتار۔ (ہ۔ا۔مذکر) کرنے والا۔ خالق۔ پیدا کرنے والا۔

کرتب۔ (کَر۔تَب) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کام (۲) کمال۔ (۳) چالاکی (۴) فن سپہ گری۔ (۵) مشق (س۔ کرتویہ)۔ کرتب کی ہنڈیا ہے۔ (مثل) ہر کام مشق سے ٹھیک ہوتا ہے۔

کرتوت۔ (ہ۔ا۔مذکر و مونث) (۱) بُرا کام۔ بدعادت۔ (۲) جادو۔

کُرتہ۔ (ف۔ا۔مذکر) بے کالر کی قمیص۔

کُرتی۔ (اُ۔ا۔مونث) (۱) آستینوں کے بغیر اونچا کرتہ جسے عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں۔ (۲) وردی کا کوٹ۔

کر جاتے ڈُکرے، ڈاڑھی والا پکڑا جائے۔ موچھوں والا۔ (ہ۔مثل) جب جرم کسی کا ہو اور پکڑا جائے دوسرا تو اس موقع پر بولتے ہیں۔

کرجگ۔ (کَر۔جُگ) (ہ۔ا۔مذکر) کام کرنے کا زمانہ۔ موجودہ زمانہ۔

کِرچ۔ (کِ۔رچ۔کِرچ) (ہ۔ا۔مونث) ریزہ۔ ذرّہ۔ ٹکڑا

کرچ۔ (کِرچ۔کَ۔رِچ) (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی لمبی تلوار

کرچھا۔ (ہ۔ا۔مذکر) لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی وغیرہ داغتے ہیں۔ (فرائینگ پین)۔

کرخت۔ (کَ۔رُخت) (ف۔صفت) سخت۔ کڑا۔

کرختگی۔ (کَ۔رُخ۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) کڑا پن۔ سختی۔

کِردار۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) طرز۔ طریق (۲) چال چلن۔

کر دکھانا۔ (ہ۔مص) (۱) عمل کر کے دکھانا (۲) انجام کو پہنچا دینا۔

کِردگار۔ (کِر۔دِ۔گار) (ف۔ا۔مذکر) خالق۔ خدا تعالےٰ

کردنی۔ (کَر۔دَ۔نی) (ف۔صفت) (۱) کرنے کے لائق۔ (۲) (اُ) کرنی۔ اعمال۔

کردنی خویش آمدنی پیش۔ (مثل) بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔ جیسا کیا تھا ویسا پایا۔

کر دیکھنا۔ (ہ۔مص) تجربہ کر لینا۔ آزما کر دیکھ لینا۔

کرسٹان۔ (کِ۔رِس۔ٹان) (اُ۔ا۔مذکر) عیسائی۔ نصرانی (CHRISTIAN)

کرسٹل۔ (CRYSTAL) (کِ۔رِس۔ٹَل) (انگ۔ا۔مذکر) بلور۔ بلور نما۔

کرسمس ٹری۔ (CHRISTMAS TREE) (مذکر) سرو کی شاخ جسے بطور درخت کرسمس کے موقع پر کمرے میں رکھا جاتا ہے۔ اور اس میں موم بتیاں۔ مٹھائی اور تحائف لٹکا دیے جاتے ہیں۔

Marfat.com

کرسمس ڈے - (CHRISTMAS DAY) (ک - رِس - مِس - ڈے) (انگ - ا - مذکر) عیسائیوں کا بڑا دن - حضرت عیسیٰ کی ولادت کا دن - ۲۵ دسمبر۔

کُرسی - (ع - ا - مونث) (۱) تخت - گدی (۲) عمارت کی تہ کی اونچائی (۳) زینہ (۵) آٹھویں آسمان پر تختِ الٰہی کا مقام۔

کرسی دینا - (۱) آؤ بھگت کرنا - (۲) عمارت کو سطحِ زمین سے اونچا کرکے بنانا۔

کرسی نشین - (۱) دربار میں کرسی پر بیٹھنے والا (۲) ذہن نشین۔

کرسیوا لکھا میوہ (اُر - مثل) خدمت کر اور آرام پا۔

کرشمہ - (کَ - رِش - مہ - کَ - رَش - مہ) (ف - ا - مذکر) - (۱) معجزہ - عجوبہ (۲) (اُس) انوکھی بات (۳) کرامات۔

کرشن - (کِ - رِشن) (س - ا - مذکر) (۱) بشنو کے اوتار - کنہیا جی (۲) صفت، سیاہ فام۔

کرفیو - (CURFEW) (کر - فیُو) (انگ - ا - مذکر) خانہ بندی کا حکم - جس میں وقتِ مقررہ کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

کرکٹ - (کَر - کَٹ) (ہ - ا - مذکر) گھاس پھوس (عام طور پر کُوڑا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

کرکٹ - (CRICKET) (انگ - ا - مذکر) گیند بلّے کا کھیل۔

کِرکِرا - (کِر - کِ - را) (ہ - صفت) خاک آمیز - ریتیلا۔

کرکرا کر دینا - (مزہ - ملعت) خراب کر دینا۔

کُڑکُڑا - (کُڑ - کُ - ڑا) (ہ - صفت) خستہ - بھربھرا - کرارا۔

کِرکِری - (کِر - کِ - ری) (ہ - صفت) (۱) کرکرا کی تانیث (۲) مونث، ذلت - خواری - ہیٹی۔

کُڑکُڑی - (کُڑ - کُ - ڑی) (ہ - صفت) (۱) کُڑکُڑا کی تانیث - (۲) (مونث) مروڑ پیچش (۳) گھوڑے کی بدہضمی (۴) نرم اور ملائم ہڈی جو چبائی جا سکے۔

کِرکِرانا - (ہ - مص) کرڈالنا - کرکے چھوڑنا - بن کیے نہ ٹلنا۔

کَرگس - (کَر - گَس) (ف - ا - مذکر) گدھ۔

کرگہ - (کَر - گَہ - کَر - گَہ) (ف - ا - مونث) وہ گڑھا جس میں جولاہے بیٹھ کر کپڑا بنتے ہیں - کھڈی - (اصل لفظ "کارگاہ" کام کرنے کی جگہ)

کرم - (کَ - رَم) (ع - ا - مونث) (۱) جواں مردی (۲) بخشش سخاوت (۳) مہربانی۔

کرم بخشی - (مونث) مہربانی - عنایت۔

کرم پرور - کرم فرما - کرم گستر - مہربانی کرنے والا - مہربان۔

کرم کرنا - (۱) مہربانی کرنا - (۲) رحم کرنا۔

کرم - (س - ا - مذکر) (۱) کام (۲) فرض (۳) چال چلن (۴) قسمت۔

کرم پھوٹنا - بدنصیب ہونا۔

کرموں کو رونا - قسمت کو رونا - افسوس کرنا۔

کرم - کرم کلّا - (کَ - رَم) (کَ - رَم - کل - لا) (ف - ا - مذکر) بند گوبھی۔

کِرم - (ف - ا - مذکر) کیڑا - مکوڑا۔

کرم پیلہ - (مذکر) ریشم کا کیڑا۔

کرم خوردہ - گھن لگا ہوا - پرانا - بوسیدہ۔

کرّم اللہ وجہہٗ - (جملہ) اس کے منہ کو بزرگی دی حضرت علیؓ کے نام کے بعد استعمال کیا جاتا ہے - کیونکہ آپ نے قبل از اسلام بھی کبھی بتوں کو سجدہ نہ کیا تھا۔

کِرمَک - (کِر - مَک) (ف - ا - مذکر) کرم کی تصغیر - چھوٹا سا کیڑا۔

کِرمکِ شب افروز (شب تاب - شب چراغ) - جگنو۔

کرن - (کَ - رَن) (ہ - ا - مذکر) کان۔

کرن پھول - (مذکر) کان کا ایک زیور - گوشوارہ۔

کِرن - (کِ - رَن) (ہ - ا - مونث) (۱) سورج یا چاند کی شعاع - (۲) سنہری یا سنہلی گوٹے کا تار۔

کرنا - (ہ - مص) (۱) بنانا - عمل میں لانا (۲) انتظام کرنا (۳) بیوی بنانا (۴) جائز کرنا - (۵) کاروبار کرنا۔

کِرنا - (کِر - نا) (ہ - مص) کسی دھاردار چیز کی دھار ٹوٹ جانا۔

کرنجا - (کَ - رَن - جا) (ہ - مص) ازرق چشم - نیلی آنکھوں والا۔

کرنجی - (کَ - رَن - جی) (ہ - صفت) کرنجا کی تانیث۔

کرنجی آنکھ - نیلی آنکھ - چشمِ ازرق۔

کرنسی - (CURRENCY) (کَ - رَن - سی) (انگ - ا - مونث) سکّہ - رائج الوقت - کسی ملک کا روپیہ۔

کرنسی نوٹ - (CURRECY NOTE) (مذکر) نقدی کی بجائے لین دین میں مستعمل ہونے والا سرکاری نوٹ۔

کرنل - (COLONEL) (کَر - نَل) (انگ - ا - مذکر) فوج کا اعلیٰ افسر - کرنیل۔

کرنی - (ہ - ا - مونث) (۱) کام - فعل (۲) معماروں کا ایک اوزار۔

کرَوانا - (کَر - وا - نا) (ہ - مص) کام کروانا - کام لینا۔

کرُّوبی - (کَر - رُو - بی) (ع - ا - مذکر) اعلیٰ درجے کا فرشتہ۔

کرّوبیاں - (ع - ف - ا - مذکر) کرّوبی کی فارسی جمع۔

کروٹ - (کَر - وَٹ) (ہ - ا - مونث) پہلو - جانب - رُخ۔

کروٹ بدلنا - (۱) دوسرا پہلو بدلنا (۲) انقلاب ہو جانا

کروٹ لینا - (۱) پہلو بدلنا (۲) منہ پھیر لینا۔

کروٹ نہ لینا - (کنایۃً) (۱) خبر نہ ہونا (۲) بے خبر سونا (۳) واپس نہ آنا۔

کروٹیں بدلنا (لینا) بستر پر بے قرار اور بے چین رہنا۔

کرودھ - (کَ - رُودھ) (س - ا - مذکر) غصّہ - خفگی - طیش - غضب۔

کرودھی - (کَ - رو - دھی) (ہ - صفت) غصّے والا - غصیل۔

کروڑ - (کَ - روڑ) (س - صفت) سو لاکھ۔

کروڑپتی - دولت مند - امیر - مالدار۔

کروزر - (CRUISER) (کَ - رُو - زَر) (انگ - ا - مذکر) جنگی جہاز جو سمندر کا گشت کرتا پھرے۔

کرّوفر - (ف - ا - مذکر) کر کے تحت دیکھیے۔

کروندا - (کَ - رون - دا) (ہ - ا - مذکر) گول - سُرخ اور سفید رنگ کا ایک پھل۔

کُروی - (کُر - وی) (ع - صفت) گول - مدوّر - دائرہ نما۔

Marfat.com

کرہ ۔ (کُ ۔ رَہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) گیند ۔ گولا ۔ ہر گول چیز ۔
کرۂ ارض (زمین) ۔ تمام زمین جو گیند کی شکل کی ہے ۔
کرۂ باد (ہوا) ۔ ہوا کا کرہ جو زمین کو محیط ہے ۔
کرہاً ۔ (کَرْ ۔ ہَن) (ع) کراہت سے ۔ ناگواری سے (طوعاً و کرہاً مستعمل ہے) ۔
کریا ۔ (کِر ۔ یا) (س ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) کام ۔ کاج (۲) تجہیز و تکفین ۔
کریا کرم ۔ مُردے کو کفنانے اور جلانے کی رسوم ۔
کریپ ۔ (کْ ۔ ریپ) (انگ ۔ کریپ CRAPE کا مخفف ۔ ا ۔ مؤنث) ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا ۔
کریٹ ۔ (CRATE) (کْ ۔ ریٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) لکڑی کا معمولی بکس جس میں کوئی چیز بند کرکے بھیجی جائے ۔
کُرید ۔ (کُ ۔ رید) (ہ ۔ ا ۔ مؤنث) چھان بین ۔ تلاش ۔ جستجو ۔
کُریدنا ۔ (ہ ۔ مص) کھودنا ۔ کسی چیز کی تلاش کرنا ۔ (۲) کھود کر باہر نکالنا ۔
کریڈٹ ۔ (CREDIT) ۔ (کْ ۔ رے ۔ ڈِٹ) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) نیک نامی ۔ شہرت ۔ ساکھ ۔ سرسہرا (۲) قرض ۔ اُدھار ۔
کُریز ۔ (کُ ۔ ریز) (ف ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) پرندوں کے پُرانے پر گرانا ۔ (۲) پرندوں کے پَر جھاڑنے کی کیفیت ۔
کُریز چھوٹنا ۔ پرندوں کو پنجروں میں چھوڑ دینا ۔ تا کہ پُرانے پَر جھاڑ کر نئے پر نکالیں ۔
کریز ۔ (CREASE) (کْ ۔ ریز) (انگ ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) تہ کی شکن (پتلون وغیرہ کی) (۲) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد (کرکٹ) ۔
کریلا ۔ (کَ ۔ رے ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ایک قسم کی کڑوی ترکاری ۔
کریلا اور نیم چڑھا ۔ (مثل) کریلا پہلے ہی تلخ تھا نیم پہ چڑھ کر اور زہریلا ہو گیا ۔ یعنی خیر سے پہلے ہی بدمزاج تھے ۔ خود مختار ہو کر آزاد ہو گئے ۔
کریم ۔ (CREAM) ۔ (کْ ۔ ریم) (انگ ۔ ا ۔ مؤنث) ۔ ملائی ۔ بالائی ۔
کریم ۔ (کَ ۔ ریم) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) بخشنے والے ۔ (۲) سخی ۔ فیاض (۳) مہربان (۴) خدا تعالٰی کا ایک صفاتی نام ۔
کریم النفس ۔ (۱) نیک دل (۲) سخی ۔ مہربان ۔
کریم النفسی ۔ (مؤنث) (۱) مہربانی ۔ سخاوت (۲) نیک دلی ۔
کریمانہ ۔ (کَ ۔ ری ۔ مانَہ) (ف ۔ صفت) سخی کی مانند ۔
کریمی ۔ (کَ ۔ ری ۔ می) (ع ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) سخاوت (۲) عنایت ۔ مہربانی ۔
کرین ۔ (CRANE) ۔ (کْ ۔ رین) (انگ ۔ ا ۔ مؤنث) وزن اُٹھانے کا ایک بڑا آلہ ۔
کریہ ۔ (کَ ۔ ریہ) (ع ۔ صفت) مکروہ ۔ قابلِ نفرت ۔ بدشکل ۔
کریہ الصوت ۔ بد آواز ۔ ناگوار آواز والا ۔
کریہ منظر ۔ بدصورت ۔ بدشکل ۔ بدنما ۔

## ک ۔ ڑ

کڑا ۔ (کَ ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) سخت (۲) بے رحم (۳) زور آور (۴) دشوار (۵) بہادر (۶) دھات کا حلقہ ۔ یا کنڈا (۷) وہ عمارت جس میں چونے ، پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو ۔
کڑاپن ۔ (مذکر) (۱) سختی (۲) بہادری (۳) تُندی ۔
کڑاڑا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے کراڑا ۔
کڑاکا ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ (۲) فاقہ (۳) شدت ۔
کڑاکا گزرنا ۔ فاقہ ہونا ۔
کڑاکے کا جاڑا ۔ شدت کا جاڑا ۔ سخت سردی ۔
کڑاہ ۔ (کَ ۔ ڑاہ) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) بڑی کڑاہی ۔ (۲) حلوا ۔
کڑاہی ۔ (ہ ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) ایک پھیلا ہوا لوہے کا ظرف جس میں پکوان تلتے ہیں (۲) شیرینی ۔ پکوان ۔
کڑاہی چڑھنا ۔ (۱) کڑاہی کا چولھے پر رکھا جانا ۔ (۲) پکوان کا تلا جانا (۳) ضیافت کا سامان ہونا ۔
کڑک ۔ (کَ ۔ ڑَک) (ہ ۔ ا ۔ مؤنث) بجلی کی مہیب آواز ۔
کُڑک ۔ (کُ ۔ ڑَک) (ہ ۔ ا ۔ مؤنث) (۱) وہ مرغی جو انڈے دینے سے رُک گئی ہو (۲) (صفت) خالی ۔ تہی ۔
کڑکا ۔ (کَڑ ۔ کا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) کڑاکا ۔ بجلی کا شور (۲) رجز (۳) وہ آواز جو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں (۴) رزم نامہ ۔
کڑکڑاتا ۔ (کَڑ ۔ کَ ۔ ڑاتا) (ہ ۔ صفت) زور کا ۔ شدت کا ۔
کڑکڑاتا جاڑا ۔ (مذکر) نہایت زور کی سردی ۔ شدت کا جاڑا ۔
کڑکڑانا ۔ (ہ ۔ مص) گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا ۔ بگھارنا ۔
کڑکنا ۔ (کَ ۔ ڑَک ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) گرجنا (۲) باجے یا نوبت کا زور سے بجنا ۔
کڑوا ۔ (کَڑ ۔ وا) (ہ ۔ صفت) (۱) تلخ ۔ بدمزہ (۲) تیز ۔ تند ۔ (۳) بدمزاج (۴) سخت ۔
کڑواپن ۔ تلخی ۔ بدمزاجی ۔ تیزی ۔ تندی ۔
کڑوا تیل ۔ (مذکر) سرسوں وغیرہ کا تیل ۔ روغنِ تلخ ۔
کڑوا کریلا نیم چڑھا ۔ (مثل) دیکھیے کریلا اور نیم چڑھا ۔
کڑوا کسیلا ۔ تلخ ۔ ناگوار طبع ۔
کڑوا لگنا ۔ (۱) تلخ معلوم ہونا (۲) بُرا معلوم ہونا ۔
کڑوا ہونا ۔ (۱) کسی چیز کا تلخ ہونا (۲) خفا ہونا ۔
کڑوے گھونٹ ۔ (مذکر) ناگوار بات ۔ مشکل کام ۔
کڑواہٹ ۔ (کَڑ ۔ وا ۔ ہَٹ) (ہ ۔ ا ۔ مؤنث) تلخی ۔ تیزی ۔ کڑواپن ۔
کڑوڑ ۔ (کَ ۔ ڑوڑ) (ہ ۔ صفت) دیکھیے کروڑ ۔

Marfat.com

کڑوی۔(کڑ۔وی) (ہ۔صفت) کڑوا کی تانیث۔
کڑوی بات۔ ناگوار بات۔ ناملائم بات۔
کڑھانا۔(کڑھا۔نا) (ہ۔متعدی) (۱) غمگین کرنا۔ رنج دینا۔ (۲) رنج دلانا۔
کڑھاؤ۔(ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کڑاہ۔
کڑھنا۔(کڑھ۔نا)۔(ہ۔متعدی) (۱) زردوزی اور کشیدہ کاری ہونا۔ (۲) دُودھ اُبلنا۔
کُڑھنا۔(ہ۔متعدی) (۱) رنجیدہ ہونا۔ (۲) رحم آنا (۳) افسوس کرنا۔
کڑھوانا۔(کڑھ۔وا۔نا) (ہ۔متعدی) (۱) کشیدہ کروانا۔ (۲) دُودھ اُبلوانا۔
کڑھوائی۔(ہ۔ا۔مونث) کاڑھنے کی اجرت۔
کڑھی۔(ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کا سالن جو بیسن اور دہی یا چھاچھ میں مسالا ڈال کر پکاتے ہیں۔
کڑھی کا سا اُبال۔(محاورۃً) جلد فرو ہو جانے والا غصہ یا ارادہ۔
کڑی۔(ک۔ڑی) (ہ۔صفت) کڑا کی تانیث۔ (۱) سخت۔ (۲) مضبوط (۳) ناگوار طبع (۴) تیز (۵) مشکل۔ (۶)۔ (مونث) شہتیر (۷) چاندی سونے کا باریک حلقہ۔
کڑیل۔(کڑ۔یل) (ہ۔صفت) (۱) کڑا۔ سخت (۲) طاقت ور۔
کڑیل جوان۔ قدآور جوان۔ گبرو جوان۔

## ک۔ژ

کژدم۔(کژ۔دُم) (ف۔ا۔مذکر) بچھو۔ عقرب۔

## ک۔س

کس۔(ف۔ا۔مذکر) (۱) آدمی۔ شخص (۲) کوئی۔
کس مپرسی۔(مونث) ایسی حالت جس میں کوئی پرسان حال نہ ہو۔
کس کی پُر سِد کہ بھیا کون ہو؟ تیلن ہو یا فرلہ ہو یا پولن ہو؟ | (مثل) آدمی کو کوئی نہیں پوچھتا کہ تو کس حال میں ہے؟
کس و ناکس۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ ہر آدمی۔
کس۔(ہ۔ا۔مذکر) (۱) زور۔ طاقت (۲) آزمائش۔ چاشنی۔ (۳) حقیقت۔ (۴) پہاڑی بارش کے پانی بہنے والا نالہ۔ (۵) تاؤ (جیسے سونے کا کس۔ گھی کا کس۔)
کس بل۔(مذکر) دم خم۔ زور و طاقت۔ قوت۔
کِس۔(ہ۔کلمۂ استفہام) کون۔ کدام۔
کس بات پر بھولا ہے؟ کس گھمنڈ میں ہے؟ کس خیال میں ہے۔
کس کھیت کی مولی ہے؟ (کس باغ (کھیت) کا بتھوا ہے؟) بے حقیقت ہے۔ کسی حساب میں نہیں۔ کون پوچھتا ہے۔
کس بلا کا ہے۔ کس غضب کا ہے۔
کس پر بھولے ہو۔ کس بات پر غرور ہے۔ کونسا سہارا ہے؟
کس بوتے پر۔ کس امید پر؟ کس بھروسے پر؟
کس چکّی کا پیسا کھایا ہے؟ کس چکی کا آٹا کھایا ہے کہ اتنے موٹے ہو گئے ہو۔
کس حساب میں ہے؟ کون پوچھتا ہے؟ کس گنتی میں ہے؟
کس دل سے؟ کس برتے پر۔ کس ہمت پر؟
کس شمار و قطار (گنتی) میں ہے؟ کون پوچھتا ہے؟ کچھ قدر و منزلت نہیں؟
کس طرح؟ کیوں کر؟ کیسے؟ کس سبب سے؟
کس قدر۔ (۱) کتنا؟ (۲) نہایت۔ حد سے زیادہ۔
کس قیامت کے۔ کس بلا کے۔ کس غضب کے۔
کس کام کا (کی)۔ کسی کام کا (کی) نہیں۔ نکما۔
کس کی بکری کون ڈالے گھاس۔ (مثل) دوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا۔ سب اپنی ہی چیز کی رکھوالی کرتے ہیں۔
کس کی بنی رہی ہے۔ عروج و اقتدار ہمیشہ قائم نہیں رہتے۔
کس کی ماں کو ماں کہیں۔ یتیم یا غریب بچے کی مصیبت پر بولتے ہیں کہ ماں نہ تھی کسے ماں کہتا اور وہ امداد کرتی۔
کس لیے۔ کس واسطے؟ کیوں؟ کس سبب سے۔
کس مرض کی دوا ہے۔ کس کام کا ہے؟ نکما اور بے فائدہ ہے۔
کس منہ سے۔ (۱) بات کرنے کا منہ نہیں (۲) کوئی اعتراض کرنے کی وجہ نہیں۔ (۳) ایسی خوبی نہیں کہ اتنی بڑی بات منہ سے نکالیں۔ (۴) اتنا حوصلہ اور جرأت نہیں۔
کس ہوا میں ہے۔ کیا سمجھے ہوئے ہے۔
کسا۔(ک۔سا) (ہ۔صفت) (۱) کھنچا ہوا (۲) تنگ ("ہُوا" کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)
کسا ہُوا۔ (۱) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا (۲) تنگ (۳) کم تُلا ہُوا۔
کساد۔(ک۔ساد) (ع۔ا۔مونث) جنس کا نہ بکنا۔
کساد بازاری۔(مونث) بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا۔ مندا ہونا۔
کسان۔(ہ۔ا۔مذکر) کاشتکار۔ مزارع۔
کسانا۔(ک۔سا۔نا) (ہ۔متعدی) (۱) امتحان کرنا۔ پرکھنا۔ (۲)۔ پھیرانا (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لیے باہم کشتی کرا کے دیکھنا۔
کساؤ۔(ک۔سا۔او) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) تناؤ (۲) چُستی (۳) کسیلا پن۔ وہ کیفیت جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی ترش چیز کے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔
کسب۔(ع۔ا۔مذکر) (۱) حاصل کرنا (۲) پیشہ (۳) ہنر۔
کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی۔ (مثل) کسی ہنر میں کمال حاصل کرو تاکہ تو دنیا میں ہر دلعزیز ہو۔
کسبت۔(کس۔بت) (ا۔ا۔مونث) (۱) چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجام اپنے اوزار رکھتے ہیں (۲) چمڑے کا ٹکڑا جو سنگے اپنے بائیں جوڑ پر حفاظت کے لیے باندھتے ہیں۔ (یہ لفظ غالباً عربی کِسوَت' یعنی لباس کا بگاڑ ہے)
کسبی۔(کس۔بی) (ف۔ا۔مونث) (۱) پیشہ ور۔ دستکار۔ (۲)

Marfat.com

(۲) (صفت) اپنی کوشش سے حاصل کیا ہوا کمال۔ (۳) (اُ۔ر۔ا۔مونث) فاحشہ۔ رنڈی۔
کستورا۔ (کس۔تو۔را)۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مشک نافہ نکلتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی جس کے سینگ ہوتے ہیں (۳) ابابیل کا لعاب جو بہت مقوی ہوتا ہے۔ (۴) بُلبل۔
کستوری۔ (ہ۔ا۔مونث) مُشک۔
کسٹرڈ۔ (CUSTARD)۔ (کس۔ٹرڈ) (انگ۔ا۔مذکر) انگریزی فیرنی۔
کسٹم۔ (CUSTOM)۔ (کس۔ٹم) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) محصول درآمد۔ محصول چنگی (۲) رسم و رواج۔ دستور۔
کسٹوڈین۔ (CUSTODIAN)۔ (کس۔ٹو۔ڈی۔ین) (انگ۔ا۔مذکر) محافظ۔ نگران۔ رکھوالا۔
کسر۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) ٹوٹ پھوٹ (۲) ٹکڑا۔ جزو (۳) کسرہ (۴) علمِ حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے۔
کسرِ اعشاریہ۔ وہ کسر جو دس کا کوئی حصہ ہو۔ اس کی نشانی ، ہے۔
کسرِ اعشاریہ متوالی۔ وہ کسرِ اعشاریہ جس میں کچھ ہندسے بار بار آتے ہیں۔ ان کے پہلے اور آخری ہندسے پر نقطہ لگا دیتے ہیں۔
کسرِ شان۔ وہ بات جس سے آدمی کی عزت میں فرق آئے۔
کسرِ غیر واجب۔ کسرِ غلط۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ یعنی کسر نما نسب نما کے برابر یا اس سے بڑا ہو۔
کسرِ مرکب۔ وہ رقم جس میں کسر کے ساتھ عدد صحیح بھی موجود ہو۔
کسرِ مضاف۔ وہ مضاف جس میں کسر کی کسر ہو۔ کسر الکسر۔
کسرِ مفرد۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں مساوی کسر۔
کسرِ ملتف۔ وہ کسر جس کے شمار کنندہ یا نسب نما یا دونوں میں کوئی عدد مرکب یا کسرِ مضاف ہو۔
کسرِ واجب۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو۔
کسر۔ (کس۔سر) (اُ۔ر۔ا۔مونث) (۱) نقص۔ کمی۔ (۲) گھاٹا۔ نقصان۔
کسر باقی نہ رکھنا۔ (۱) ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ (۲) بدی کرنے میں نہ چوکنا۔
کسر رہ جانا۔ نقص رہ جانا۔ کمی رہ جانا۔
کسر نکالنا۔ (۱) کمی پوری کرنا۔ خسارہ پورا کرنا (۲) بدلہ لینا۔
کِسریٰ۔ (کس۔را) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نوشیروان عادل (۲) شاہانِ عجم کے ہر بادشاہ کا لقب۔
کسرت۔ (کس۔رت) (اُ۔ر۔ا۔مونث) (۱) ورزش (۲) مشق۔ مہارت۔
کسرتی۔ (کس۔ر۔تی) (اُ۔ر۔صفت) (۱) ورزش کیا ہُوا۔ (۲) کسرت کرنے والا۔
کسرہ۔ (کس۔رہ) (ع۔ا۔مذکر) زیر۔ زیر کی حرکت۔
کسک۔ (ک۔سک) (ہ۔ا۔مونث) ٹیس۔ ہلکا درد۔
کسک اُٹھنا۔ ٹیس ہونا۔
کسل۔ (ک۔سل) (ع۔ا۔مذکر) (۱) سُستی (۲) تھکاوٹ۔
کسل مند۔ (۱) علیل۔ بیمار (۲) سُست
کسل مندی۔ (مونث) (۱) علالت۔ بیماری۔ (۲) سُستی۔
کسُم۔ کسُمبھ۔ (ک۔سُم۔ک۔سُمبھ) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا پھول جس سے شہاب نکلتا اور سُرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں۔
کسمسانا۔ (کس۔م۔سا۔نا) (ہ۔مص۔لازم) (۱) کھانا۔ پہلو بدلنا۔ (۲) گھبرانا۔ بے قرار ہونا۔ تنگ ہونا۔
کسمساہٹ۔ (کس۔م۔سا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مونث) بے چینی اضطراب۔
کسنا۔ (کس۔نا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) پٹاری کا غلاف (۲) بستر بند۔ (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری (۴) خوان پوش۔ (ہ۔مص) (۵) کھینچنا۔ جکڑنا (۶) مضبوط اور تنگ کرکے باندھنا۔ (۷) تلوار کو خمیدہ کرنا (۸) جانچنا۔ (۹) کم تولنا۔
کسوانا۔ (کس۔وا۔نا) (ہ۔مص) کسنا کا متعدی المتعدی۔
کسوانا۔ (کس۔وا۔نا) (ہ۔مص) کوسنا کا متعدی المتعدی
کِسوت۔ (کس۔وت) (ع۔ا۔مونث) (۱) لباس۔ (۲) (اُ۔ر) دیکھیے کسبت۔
کسوٹی۔ (ک۔سو۔ٹی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں۔ (۲) پرکھ۔ جانچ۔ امتحان۔
کسوٹی پر رکھنا، لگانا۔ کسنا۔ (۱) کسوٹی پر گھس کر سونے چاندی کا کھرا کھوٹا پرکھنا۔ (۲) آزمانا۔ جانچنا۔
کُسُور۔ (ک۔سُور) (ع۔ا۔مونث) کسر کی جمع۔ کسرات۔
کسورِ اعشاریہ۔ وہ کسریں جن کا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت رکھتا ہو۔
کسورِ عام۔ وہ کسریں جن کا نسب نما لکھا جائے۔
کُسوف۔ (ک۔سُوف) (ع۔ا۔مذکر) سورج گرہن۔
کَسّی۔ (کس۔سی) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چھوٹا پھاوڑا۔ بیلچہ۔ (۲) دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ۔
کسی۔ (ہ) (۱) کوئی چیز۔ کوئی آدمی (۲) وہ شخص جس کا نام نہ لیں۔
کسی پہلو۔ کسی ڈھب۔
کسی سے سائی کسی سے بدھائی۔ (مثل) ہر ایک سے وعدہ وعید۔
کسی طرح۔ کسی طور۔ کسی عنوان۔
کسی قدر۔ ذرا سا۔ کچھ۔
کسی کا گھر جلے کوئی تاپے۔ (مثل) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔ ایک کی مصیبت دوسرے کی خوشی۔
کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان چلے۔ (مثل) ایک شخص تو اپنے ترد دوسرا زبان سے گالی ہی دے کر اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے۔
کسی کروٹ کل (چین) نہ آنا۔ کسی طور قرار نہ آنا
کسی کو خیال میں نہ لانا۔ کسی کی پروا نہ کرنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔
کسی لائق ہونا۔ (۱) کسی قابل ہونا۔ (۲) کسی ہنر میں کامل ہونا
کسی نہ کسی۔ کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک۔

Marfat.com

کسی نہ کسی طرح ۔ (۱) جس طرح بھی ہو سکا ۔ (۲) بُرے یا بھلے حال سے ۔
کسے ۔ (کَ۔سے) (ف۔) کوئی آدمی ۔ کوئی شخص ۔
کسے باشد ۔ کوئی کیوں نہ ہو ۔ خواہ کوئی ہو ۔
کِسے ۔ (کِ۔سے) (ہ۔ کلمۂ استفہام) کس شخص کو ؟ کون سے آدمی کو ؟
کسیا جانا (کسیانا) ۔ (کَس۔یا۔جا۔نا ۔ کَس۔یا۔نا) (ہ مص) کسیلا ہو جانا ۔ تانبے یا پیتل کے برتن میں پڑا رہنے سے بدمزہ ہو جانا ۔
کسیرا ۔ (کَ۔سے۔را) (ہ۔ا۔ مذکر) ٹھٹیرا ۔ تانبے پیتل اور کانسی کے برتن بنانے اور بیچنے والا ۔
کسیرُو ۔ (کَ۔سے۔رُو) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ بھُون کر کھاتے ہیں ۔
کسیرہٹا ۔ (کَ۔سیر۔ہَٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذکر) کسیروں کا بازار ۔
کسیس ۔ (کَ۔سِیس) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی پھٹکڑی جو لوہے اور گندھک کے پھونکنے سے تیار ہوتی ہے ۔
کسیلا ۔ (کَ۔سی۔لا) (ہ۔صفت) ۔ بدمزہ ۔ ترش جو زبان اور حلق کو پکڑے ۔
کسیلاپن ۔ (مذکر) کساؤ ۔ کیساؤ ۔

## ک ۔ ش

کش ۔ (ف) (۱) مصدر کشیدن کا اسم فاعل بمعنی کھینچنے والا ۔ برداشت کرنے والا (مرکبات میں جیسے محنت کش) (۲) (اُ۔ا۔مذکر) حُقّے کا دم ۔
کش مکش ۔ (مونث) (۱) کھینچا تانی (۲) اُلجھیڑا ۔ مخمصہ ۔ (۳) دشواری (۴) لڑائی جھگڑا (مصدر کشیدن کا امر اور نہی کھینچ ۔ مت کھینچ) ۔
کُش ۔ (ف) مصدر کشتن کا اسم فاعل بمعنی قتل کرنے والا ۔ (مرکبات میں جیسے محسن کش)
کُشا ۔ (ف) مصدر کشادن کا اسم فاعل بمعنی کھولنے یا حل کرنے والا ۔ (مرکبات میں جیسے مشکل کشا)
کُشاد ۔ (ف۔صفت) (۱) کشادہ کا مخفف ۔ فراخ ۔ (مذکر) (۲) حل ۔ (۳) کامیابی ۔
کُشادگی ۔ (کُ۔شا۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) ۔ فراخی ۔ وسعت ۔
کُشادہ ۔ (کُ۔شا۔دَہ) (ف۔صفت) (۱) کھُلا ہُوا (۲) فراخ ۔ لمبا ۔ چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔
کُشادہ پیشانی (جبین ۔ رُو) خندہ پیشانی ۔ ہنس مکھ ۔ خوش اخلاق ۔
کشادہ دل ۔ سخی ۔ فیاض ۔ عالی حوصلہ ۔ فراخ دل ۔
کشادہ رُوئی ۔ (مونث) خوش طبعی ۔ خوش اخلاقی ۔
کشّاف ۔ (کَش۔شاف) (ع۔صفت) نہایت کھولنے والا بالکل پردہ اُٹھا دینے والا ۔
کشاکش ۔ (کَ۔شا۔کَش) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھینچا تانی ۔ (۲) تکرار ۔ جھڑپ (۳) چھینا جھپٹی ۔
کشاں ۔ (کَ۔شاں) (ف) کھینچتے ہوئے ۔
کشاں کشاں ۔ کشاں کی تاکید ۔ بالجبر ۔ زبردستی ۔
کشاورزی ۔ (کَ۔شا۔وَر۔زی) (ف۔ا۔مونث) کھیتی باڑی ۔
کشایش ۔ (کُ۔شا۔یش) (ف۔ا۔مونث) فراخی ۔ کشادگی ۔
کِشت ۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) کھیتی باڑی (۲) شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانے میں ہونا کہ اگر اس کی جگہ کوئی اور مہرہ ہوتا تو مارا جاتا ۔
کشت زار ۔ (مونث) کھیتی ۔ ہرا بھرا کھیت ۔
کشتِ زعفران ۔ زعفران کا کھیت جس میں کھلے ہوئے پھول ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے سارا کھیت ہنس رہا ہے ۔
کُشتگان ۔ (کُش۔تَ۔گان) (ف۔ا۔مذکر) کشتہ کی جمع مقتولین ۔
کُشتم کُشتا ۔ (کُش۔تَم۔کُش۔تا) (اُ۔ا۔مذکر) ۔ گتھم گتھا ہونا ۔
کُشتنی ۔ (کُش۔تَ۔نی) (ف۔صفت) گردن مارنے کے قابل ۔ گردن زدنی ۔
کُشتہ ۔ (کُش۔تَہ) (ف۔صفت) (۱) مقتول ۔ قتل کیا ہُوا ۔ (۲) (مذکر) لاش ۔
کُشتہ کرنا ۔ (۱) قتل کرنا ۔ (۲) دھات کا پھونکنا ۔ اکسیر بنانا ۔
کُشتوں کے پشتے لگ جانا ۔ لاشوں کا ڈھیر لگ جانا ۔
کشتی ۔ (کَش۔تی) (ف۔ا۔مونث) (۱) ناؤ ۔ سفینہ ۔ (۲) سینی ۔ خوان ۔
کشتیِ بادہ (مے) ۔ شراب کا کشتی نما پیالہ ۔
کشتی بان ۔ ملّاح ۔ مانجھی ۔
کُشتی ۔ (کُش۔تی) (ف۔ا۔مونث) زور آزمائی ۔ دو پہلوانوں کا گتھم گتھا ہونا ۔
کُشتی کرنا (لڑنا) ۔ زور آزمائی کرنا
کشٹ ۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) دکھ ۔ سختی ۔ (۲) مصیبت ۔ تکلیف ۔
کشٹ اٹھانا (بھوگنا) ۔ مصیبت اٹھانا ۔ تکلیف جھیلنا ۔
کشش ۔ (کَ۔شِش) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھنچاؤ ۔ کشیدگی ۔ (۲) حرارت کی کشش جیسے کہ کی کشش ۔ وغیرہ ۔
کششِ اتصال ۔ علم طبیعیات میں اجسام کے پاس پاس کے اجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت ۔
کششِ انابیب شعری ۔ وہ قوت جس کے ذریعے مائعات اپنی سطح ہموار سے اوپر چڑھ جاتے ہیں ۔
کششِ ثقل ۔ وہ کشش جس سے اجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں ۔
کششِ کہربائی ۔ وہ قوت جس سے کہربا ہلکی پھلکی چیزوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ۔

Marfat.com

**کشش کیمیائی**۔ وہ قوت جس کے اثر سے دو مختلف چیزیں مل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہیں۔
**کشش مقناطیسی**۔ بجلی وہ قوت جس کے ذریعے سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔
**کشف**۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ (۲) الہام۔ القا۔
**کشفِ قبور**۔ صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں انہیں قبروں میں مُردوں کے حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔
**کشف و کرامات**۔ اعجاز۔ خرقِ عادت۔
**کشفی**۔ (کش۔فی) (ف۔صفت) کشف سے منسوب۔
**کشکول**۔ (کش۔کول) (ف۔ا۔مذکر) فقیروں کا پیالہ۔
**کشمش**۔ (کش۔مِش) (ف۔ا۔مونث) ایک قسم کے چھوٹے سوکھے ہوئے انگور۔
**کشمشی**۔ (کش۔مِ۔شی) (ف۔صفت) کشمش کے رنگ کا۔
**کشمکش**۔ (ف۔ا۔مونث) کش کے تحت دیکھیے۔
**کشمیرا**۔ (کش۔می۔را) (ہ۔ا۔مذکر) کشمیر کا بنا ہوا اُونی کپڑا۔ پشمینہ۔
**کشمیری**۔ (کش۔می۔ری) (ہ۔صفت) (۱) کشمیر سے منسوب۔ (۲) (مذکر) باشندۂ کشمیر (۳) (مونث) اہلِ کشمیر کی زبان۔
**کُشن**۔ (CUSHION) (کُ۔شَن) (انگ۔ا۔مذکر) گدا۔ تکیہ۔ گدیلا۔
**کشن**۔ (کَ۔شَن) (ہ۔ا۔مذکر) کرشن کا مخفف
**کشنیز**۔ (کش۔نیز) (ف۔ا۔مذکر) دھنیا۔
**کُشود**۔ (کُ۔شود) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھلنا۔ (۲) پھیلاؤ (۳) کامیابی۔ فائدہ۔
**کشود کار**۔ مطلب حاصل ہونا۔ مشکل حل ہونا۔
**کشور**۔ (کِ۔شور) (س۔ا۔مذکر) (۱) لڑکا (۲) جانور کا بچہ۔
**کِشور**۔ (کش۔ور) (ف۔ا۔مونث) ولایت۔ اقلیم۔ ملک۔ دیس۔
**کشور کشا** (گیر) بادشاہ۔ ملک کا مالک۔
**کشی**۔ (کَ۔شی) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھینچنا۔ برداشت کرنا۔ (مرکبات میں جیسے دل کشی۔ فاقہ کشی)
**کشید**۔ (کَ۔شید) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھینچنا۔ (۲) عرق نکالنا۔
**کشیدگی**۔ (کَ۔شی۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) (۱) کھنچاؤ (۲) شکر رنجی۔
**کشیدہ**۔ (کَ۔شی۔دَہ) (ف۔صفت) (۱) کھینچا ہوا (۲) رنجیدہ (۳) (مذکر) سوئی کا کام۔ زردوزی۔
**کشیدہ خاطر**۔ رنجیدہ دل۔ آزردہ۔ ناراض۔
**کشیدہ قامت**۔ لمبے قد والا۔ دراز قد۔
**کشیدہ کاڑھنا**۔ سوئی کا کام کرنا۔

## ک۔ع

**کعب**۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) پانسا۔ (۲) علمِ حساب میں جب کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اس کا حاصل ضرب کعب کہلاتا ہے۔
**کعبتین**۔ (کَع۔بَ۔تَین) (ع۔ا۔مذکر) (۱) کعب کا تثنیہ۔ (۲) نرد کے دو مربع شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جُوا کھیلا جاتا ہے۔ (۳) ہر دو کعبہ یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔
**کعبہ**۔ (کَع۔بَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) چار گوشوں والی چیز۔ مربع۔ (۲) مکہ مکرمہ میں اہلِ اسلام کے مقدس اور متبرک مقام کا نام جہاں ہر سال حج ہوتا ہے۔

## ک۔ف

**کف**۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) عروض۔ رکن کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا۔ (۲) پاؤں کا تلوا (۳) ہاتھ کی ہتھیلی۔ (۴) (ف۔ا۔مذکر) جھاگ۔ پھین۔ (۵) (ف۔ا۔مذکر) تحریک۔ بلغم۔ (۶) کپڑے کی دوہری پٹی جو قمیص کی آستینوں میں لگاتے ہیں۔
**کف آنا**۔ منہ سے پھین گرنا۔
**کف افسوس ملنا**۔ (۱) ہاتھ ملنا (۲) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔
**کفِ پا**۔ پاؤں کا تلوا۔
**کفِ دریا**۔ دریا کا جھاگ
**کفِ دست**۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔
**کفِ دست میدان**۔ بیابان۔ سنسان جنگل
**کفگیر**۔ (مذکر) ڈوئی۔ کفچہ۔ ڈنڈی والا بڑا چمچہ۔
**کُفّار**۔ (کُف۔فار) (ع۔ا۔مذکر) کافر کی جمع۔
**کفّارہ**۔ (کَف۔فا۔رَہ) (ع۔ا۔مذکر) گناہ یا خطا کا بدلہ۔
**کفالت**۔ (کَ۔فا۔لَت) (ع۔ا۔مذکر) ذمہ داری۔ ضمانت۔
**کفالت المال**۔ مال کی ضمانت۔ ایسی دستاویز جس کے ذریعے سے کوئی شخص اقرار کرے کہ میں قانوناً ذمہ دار ہوں۔
**کفالت نامہ**۔ (مذکر) ضمانت کی دستاویز۔ ضمانت نامہ
**کفایت**۔ (کِ۔فا۔یَت) (ع۔ا۔مونث) (۱) کافی ہونا۔ فائدہ حاصل ہونا (۲) بچت۔ کمی۔
**کفایت شعار**۔ کم خرچ کرنے والا۔ جُزرس۔
**کفایت شعاری**۔ (مونث) کم خرچی۔ جُزرسی۔
**کفایت کرنا**۔ (۱) کافی ہونا۔ (۲) بچت ہونا (۳) قیمت میں کمی کرنا۔
**کُفر**۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) ناشکری (۲) بے دینی (۳) ضد۔ اڑ۔
**کفر توڑنا**۔ (۱) دبدبہ ار بنا کر ہم ضد توڑنا (۲) مطیع کرنا
**کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے**۔ نہایت مشکل سے مانا یا راضی ہوا۔
**کفرستان**۔ (مذکر) کافروں کا ملک۔
**کفر کا کلمہ بولنا** (منہ سے نکالنا) بے دینی کے الفاظ زبان پر لانا۔
**کُفران**۔ (کُف۔ران) (ع۔ا۔مذکر) ناشکری۔ ناسپاسی۔
**کفرانِ نعمت**۔ احسان فراموشی۔ نمک حرامی۔
**کفش**۔ (ف۔ا۔مونث) جوتی۔ پاپوش۔
**کفش بردار**۔ (۱) ادنیٰ مرتبہ کا (۲) غلام بے دام۔
**کفش پا**۔ پاؤں کی جوتی۔
**کفش دوز**۔ موچی۔ جوتے بنانے والا۔ چمار۔

Marfat.com

کفش کاری۔ (مونث) جوتے مارنا۔ پیزار دینا۔
کفن۔ (کَ۔ فَن) (ع۔ ا۔ مذکر) وہ کپڑا جس میں مُردے کی لاش لپیٹتے ہیں۔
کفن پھاڑ کر بولنا۔ دفعتہً بول اُٹھنا۔ نہایت بے تاب اور مضطرب ہو کر بولنا۔
کفن چور۔ قبر کھود کر مُردے کا کفن چرانے والا۔
کفن دفن۔ تجہیز و تکفین۔
کفن سر سے باندھنا (لپیٹنا)۔ جان پر کھیلنا۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔
کفن کو ٹکے۔ کچھ پاس نہ ہونے کی قسم۔
کفن کھسوٹ۔ (۱) کفن چور۔ (۲) لوگوں کا مال کھا جانے والا۔
کفن میلا نہ ہونا۔ مرے ہوئے زیادہ زمانہ نہ گزرنا۔
کفنانا۔ (کَف۔ نا۔ نا) (ا۔ متعدی) میت کو کفن پہنانا۔
کفنی۔ (کَف۔ نی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) فقیروں کے پہننے کا پیراہن۔ (۲) وہ بے آستین کرتا جو مُردے کو پہناتے ہیں۔
کُفو۔ (کُ۔ فُو۔ کُفُو) (ع۔ صفت۔ و۔ ا۔ مذکر) (۱) ہم جنس۔ ہم ذات (۲) مانند۔ برابر۔
کفیل۔ (کَ۔ فِیل) (ع۔ صفت) ذمہ دار۔ ضامن۔

## ک۔ ک

کِک۔ (KICK) (انگ۔ ا۔ مونث) ٹھوکر۔
کِک آف۔ (KICK OFF)۔ پہلی ٹھوکر جس سے کھیل (فٹ بال) شروع ہوتا ہے۔
کِک اسٹارٹر۔ (KICK STARTER) موٹر سائیکل کا پرزہ جسے پیر سے دبانے سے انجن چلتا ہے۔
ککّا۔ (کَک۔ کا) (ہ۔ صفت) (۱) سفید۔ بھورا (۲) (ا۔ مذکر) چچا۔
ککرمتا۔ (کُک۔ کُر۔ مُت۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے۔ کھمبی۔
ککروندا۔ (کُک۔ رون۔ دا) دیکھیے کُروندا۔
ککڑ۔ (کُک۔ کڑ) (ہ۔ ا۔ مذکر) مُرغا۔
ککڑوں کوں۔ (ہ۔ ا۔ مونث) مرغ کی اذان۔
ککڑی۔ (کَک۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مونث) کھیرا۔ ایک قسم کی لمبی اور سبز ترکاری۔ تر۔
ککڑی۔ (کُک۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) کچے سوت کی لچھی (۲) مکئی کا بھٹا (۳) آک کا ڈوڈا (۴) مرغی۔
ککڑی ہو جانا۔ سوکھ کر دبلا ہو جانا۔

## ک۔ گ

کگار۔ کگر۔ (کَ۔ گار۔ کَ۔ گر) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) کنارا۔ حاشیہ۔ (۲) مکان کی کنگنی۔ (۳) دھار۔ باڑھ۔

## ک۔ ل

کل۔ (ہ۔ صفت۔ و۔ ا۔ مونث) (۱) آج سے پہلا دن جو گزر چکا ہو (۲) آج سے دوسرا دن جو آنے گا (۳) زمانہ قریب جیسے کل کی بات ہے۔ (۴) کالا کا مخفف۔
کل چڑی۔ (مونث) ایک خوش پرندہ۔
کل سرا۔ (۱) کالے سر کا پرندہ (۲) انسان۔ (۳) کالے سر کا پتنگ۔
کل کلاں۔ کل کلاں کو۔ پیچھے۔ آئندہ زمانے میں۔
کل کل کرنا۔ حال کا ذکر۔ تھوڑے زمانے کا ذکر۔
کل مُنہا۔ (۱) کالے منہ کا آدمی (۲) بدبخت۔
کل مُنہی۔ (۱) نابکار عورت۔ (۲) کم بخت عورت۔
کل۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) مشین۔ آلہ (۲) کسی چیز کا حصہ یا جوڑ۔
کل دار۔ کل کے ذریعے سے بنا ہوا سکہ۔ چہرہ شاہی روپیہ۔
کل دار بندوق۔ گھوڑے کی بندوق۔ چاپ دار بندوق۔
کل کا۔ کل کے ذریعے سے بنایا ہوا۔
کل کا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو کل اور پرزوں سے چلے۔
کل کل۔ جوڑ جوڑ۔ بند بند۔ انجر پنجر۔
کل۔ (ہ۔ ا۔ مونث) آرام چین۔ سکون۔ قرار۔ اطمینان۔
کل آنا۔ اطمینان ہونا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا۔
کل بے کل ہونا۔ (۱) بے آرام ہونا۔ (۲) انجر پنجر ہل جانا۔
کل پڑنا۔ جی ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا۔ چین پڑنا۔
کُل۔ (ع۔ صفت) (۱) تمام۔ سب (۲) ہر ایک (۳) صرف۔ فقط
کُلُّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ۔ (مثل) ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے۔
کُلُّ شَیءٍ یَرجِعُ اِلیٰ اَصلِہٖ۔ (مثل) ہر چیز اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے۔
کُلُّ طَوِیلٍ اَحمَقٌ اِلَّا عُمَرُ۔ (مثل) ہر لمبے قد والا بے وقوف ہوتا ہے۔ (سوائے حضرت عمرؓ کے)
کُلُّ قَصِیرٍ فِتنَۃٌ اِلَّا عَلِیٌّ۔ (مثل) چھوٹے قد کا آدمی شرارتی ہوتا ہے (ماسوا حضرت علیؓ کے)
کُل کائنات۔ (۱) تمام مخلوق (۲) تمام سرمایہ۔
کُلُّ مَن عَلَیہَا فَانٍ۔ (آیت) دنیا کی ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔
کلا۔ (کَ۔ لا) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) فریب۔ (۲) آرٹ۔ گُن۔ ہنر۔ فن۔
کلا کار۔ (۱) فن کار۔ صاحب ہنر (۲) مکّار۔
کلّا۔ (کَل۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذکر) کونپل۔ درخت کی۔
کلّا۔ (ف۔ ا۔ مذکر) دیکھیے کلّہ۔
کلّا۔ (کَل۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذکر) کلی۔ غبارہ۔ غرغرہ۔
کلاب۔ (کِ۔ لاب) (ع۔ ا۔ مذکر) کلب کی جمع۔ کتے
کلابتو۔ کلابتون۔ (کَ۔ لا۔ بَت۔ تُو۔ تون) (ہ۔ ا۔ مذکر) چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بٹے جاتے ہیں۔
کلاتھ۔ (CLOTH) (انگ۔ ا۔ مذکر) پارچہ۔ کپڑا۔
کلاتھ مارکیٹ۔ (CLOTH MARKET) (مونث) کپڑے

Marfat.com

کی منڈی۔
کلاتھ مرچینٹ۔ (CLOTH MERCHANT) کپڑا بیچنے والا۔
کلاس۔ (CLASS) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) مرتبہ۔ طبقہ (۲) جماعت۔ درجہ۔ (۳) ذات پات۔
کلاس فیلو (میٹ) (CLASS FELLOW) (MATE) ہم جماعت
کلاسیک۔ (CLASSIC) (ک۔لا۔سِیک) (انگ۔صفت۔و۔ا۔مذکر) (۱) قدیم۔ اعلیٰ درجہ کا (۲) ادبیاتِ عالیہ۔
کلاسیکی۔ (ک۔لا۔سی۔کی) (انگ کلاسیکل (CLASSICAL) کا مورد صفت) اعلیٰ درجے کا۔ مستند۔ ٹکسالی (خصوصاً ادبیات میں)
کلاغ۔ (ک۔لاغ) (ع۔ا۔مذکر) جنگلی کوا۔
کلاک۔ (CLOCK) (انگ۔ا۔مذکر) گھنٹا۔ گھڑی۔
کلال۔ (ک۔لال) (ہ۔ا۔مذکر) کلار۔ شراب بیچنے والا۔
کلال خانہ۔ (مذکر) شراب خانہ۔ شراب کی دوکان۔
کلام۔ (ک۔لام) (ع۔ا۔مذکر) (۱) بات۔ گفتگو (۲) (نحو) وہ عبارت جو کلموں سے مرتب ہو۔ (۳) شعر۔ نظم۔ (۴) (اُس) مقولہ (۵) ملفوظات (۶) تصنیف۔ (۷) اعتراض۔
کلام الملوک ملوک الکلام۔ (مثل) بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں۔
کلامُ اللہ۔ (۱) خدا کا کلام (۲) قرآن مجید۔
کلامِ تام۔ (نحو) وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا فائدہ ہو جیسے احمد کا باپ مر گیا۔
کلام کرنا۔ (۱) بولنا (۲) بحث کرنا۔ (۳) شبہ کرنا۔
کلام مجید۔ بزرگ کلام۔ قرآن شریف۔
کلامِ ناقص۔ (نحو) وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا استفادہ حاصل نہ ہو۔ مرکب غیر مفید۔ جیسے احمد کا باپ۔
کلام ہونا۔ شک ہونا۔ اعتراض ہونا۔
کلاں۔ (ک۔لاں) (ف۔صفت) (۱) بڑا۔ بزرگ (۲) لمبا۔ (۳) وسیع۔
کلاونچ۔ (ک۔و۔نچ) (اُر۔ا۔مونث) دیکھیے قلانچ۔
کلاونت۔ (ک۔لا۔وَنت) (س۔ا۔مذکر) گویا۔ آرٹسٹ۔ فن کار۔
کلاوہ۔ (ک۔لا۔وَہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) تکلے پر لپیٹا ہوا کچا سُوت (۲) اُس۔ سُرخ سُوت۔
کُلاہ۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) ٹوپی۔ (۲) تاجِ شاہی۔
کلائمکس۔ (CLIMAX) (ک۔لا۔ای۔مکس) (انگ۔ا۔مذکر) نقطۂ عروج۔ منتہائے کمال۔ انتہا۔
کلائی۔ (ہ۔ا۔مونث) ساعد۔ پہنچا ہاتھ کا
کلائی کرنا۔ اپنی کلائی کو حریف کے ہاتھ سے چھڑا کر اس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا۔
کلب۔ (CLUB) (ک۔لَب) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) انجمن (۲) ڈنڈا
کلب۔ (ع۔ا۔مذکر) کتا۔
کلبل۔ (کُل۔بل) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کیڑوں کا رینگنا۔ (۲) نیچے نیچے۔
کلبلانا۔ (کُل۔ب۔لا۔نا) (ہ۔مص) کیڑوں مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔ کلبل کرنا۔
کلبلانا۔ (کُل۔ب۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آہستگی سے ہلنا۔ (۲) تڑپنا (۳) کیڑوں کا رینگنا (۴) انتڑیوں کا بولنا۔
کلبلاہٹ۔ (کُل۔ب۔لا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) آہستگی سے حرکت کرنا۔
کُلبہ۔ (کُل۔بہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ (۲) گوشہ۔
کلبۂ احزاں۔ غم کدہ۔ غموں کا گھر۔ ماتم کدہ۔
کلپ۔ (ک۔لَپ) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کلف۔
کلپ۔ (CLIP) (ک۔لِپ) (انگ۔ا۔مذکر) کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا کرنے کی چُٹکی۔
کلپنا۔ (ک۔لَپ۔نا) (ہ۔مص) دُکھ پانا۔ کڑھنا۔
کِل جانا۔ (کِل۔جا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کیلا جانا (۲) منتر کے ذریعے قابو کر لینا۔
کل جگ۔ (ہ۔ا۔مذکر) لوہے کا زمانہ۔ چوتھا اور آخری زمانہ جس کے خاتمے پر بقول ہندو علماء دُنیا فنا ہو جائے گی۔ (س۔ کل جگ)۔
کلچ۔ (CLUTCH) (ک۔لَچ) (انگ۔ا۔مذکر) وہ آلہ جس سے مشین ٹھہرائی یا چلائی جاتی ہے۔
کُلچا۔ کلچہ۔ (اُر۔ا۔مذکر) ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی۔ فارسی لفظ کلیچہ کا مورد۔
کُلچا سا۔ کلچے کی مانند چپٹا ہوا۔
کلچر۔ (CULTURE) (کَل۔چر) (انگ۔ا۔مذکر) ثقافت۔
کلچرل۔ (CULTURAL) (کَل۔چَ۔رَل) (انگ۔صفت) ثقافتی۔
کلچڑی۔ (ہ۔ا۔مونث) کل کے تحت دیکھیے۔
کلر۔ (کَل۔لَر) (ہ۔صفت) (۱) بنجر (۲) (مونث) وہ زمین جس میں شوریت کے سبب کچھ پیدا نہ ہو (۳) (مذکر) شورہ۔
کلرک۔ (CLERK) (انگ۔ا۔مذکر) محرر۔ منشی۔ اہلمد۔
کلرکی۔ (ک۔لَر۔کی) (اُر۔ا۔مونث) محرری۔
کلس۔ (ک۔لَس) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) گنبد کے اُوپر کا نوک دار حصہ (۲) سنہری کلغی جو گنبدوں پر لگی ہوتی ہے۔
کلسا۔ (کَل۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا۔
کلغی۔ (کَل۔غی) (اُر۔ا۔مونث) (۱) پرندوں کے خوش نما پر جو ٹوپی یا پگڑی پر لگاتے ہیں۔ طُرّہ۔ (۲) پرندوں کے سر کا تاج۔
کلف۔ (ک۔لَف) (اُر۔ا۔مذکر) (۱) ایک پکا ہوا لیس دار مادّہ جو دھلی کپڑے پر لگاتے ہیں۔ آہار۔ (۲) وہ سیاہ دھبے جو منہ پر ہو جاتے ہیں۔ چھیپ۔
کُلفت۔ (کُل۔فت) (ع۔ا۔مونث) (۱) رنج۔ تکلیف۔ (۲) کدُورت۔ رنجش۔
کُلفت دُور ہونا۔ (۱) تکلیف دُور ہونا (۲) کدُورت کا جاتا رہنا۔
کلک۔ (ف۔ا۔مذکر و مونث) (۱) نے۔ نرسل (۲) (اُس) قلم۔ خامہ۔
کلکاری۔ (کِل۔کا۔ری) (ہ۔ا۔مونث) (۱) چیخ (۲) بندر کی آواز
کلکاری مارنا۔ چلانا۔ قہقہہ لگانا۔
کلکٹر۔ (COLLECTOR) (ک۔لک۔ٹر) (انگ۔ا۔مذکر)۔

Marfat.com

(۱) حاکمِ ضلع - ڈپٹی کمشنر (۲) وصول کرنے والا - اُگاہنے والا۔
**کلکٹری** - (کَ - لَک - ٹَ - ری) (اِ - ا - مونث) (۱) کلکٹر کا عہدہ (۲) کلکٹر کا کام (۳) کلکٹر کی کچہری۔
**کلکل** - (کِل - کِل) (ہ - ا - مونث) (۱) بک بک (۲) جھگڑا۔
**کلمات** - (کَ - لِ - مات) (ع - ا - مذکر و مونث) کلمہ کی جمع۔
**کلمہ** - (کَ - لِ - مَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) بات (۲) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے۔ (۳) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ۔
**کلمۃ الحق** - سچی بات - انصاف کی بات۔
**کلمۃ الخیر** (کلمۂ خیر) نیک بات - نیک صلاح۔
**کلمۃ اللہ** - خدا کی بات - مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
**کلمہ پڑھنا** - (۱) کلمۂ شہادت پڑھنا - مسلمان ہونا (۲) کسی کی اطاعت کرنا - (۳) استاد ماننا - (۴) کسی کا نام یاد کرتے رہنا۔
**کلمۂ تکبیر** - اللہ اکبر سے مراد ہے۔
**کلمۂ شہادت** - اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ - میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں - وہ ایک ہے - اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔
**کلمۂ طیب** - دیکھیے کلمہ نمبر ۳۔
**کلمۂ کفر** - (۱) وہ بات جس سے دین کی اہانت ہو (۲) غرور کی بات
**کلمہ گو** - (۱) مسلمان (۲) کسی کا معتقد (۳) کسی کا دُعا گو۔
**کلمے کی انگلی** - انگوٹھے کے پاس کی انگلی - انگشتِ شہادت۔
**کلنک** - (کَ - لَنک) (س - ا - مذکر) عیب - داغ - دھبا۔
**کلنک کا ٹیکہ** - (مذکر) بدنامی کا دھبا - داغِ رسوائی - رُوسیاہی۔
**کلنگ** - (کَ - لَنگ) (ف - ا - مذکر) قاز - کونج۔
**کلو** - (KILO) (کِ - لو) (لا - سابقہ) - ہزار - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
**کلوگرام** - (KILOGRAMME) (مذکر) ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولہ کے برابر وزن۔
**کلومیٹر** - (KILOMETRE) (مذکر) ۵ فرلانگ کے برابر فاصلہ۔
**کلوواٹ** - (KILOWATT) (مذکر) برقی طاقت کا درجہ۔
**کلو** - (کَل - لو) (ہ - صفت) کالے رنگ کا آدمی (مونث کے لیے واؤ مجہول کے ساتھ)
**کلوا** - (کَل - وا) (ہ - صفت) کالا کلوٹا۔
**کلوانا** - (کِل - وا - نا) (ہ - متعدی) (۱) منتر سے قابو کرانا۔ (۲) بند کروانا۔
**کلوٹا** - (کَ - لو - ٹا) (ہ - صفت) کالا - سیاہ فام۔
**کلوخ** - (کُ - لوخ) (ف - ا - مذکر) - مٹی کا ڈھیلا - اینٹ کا روڑا۔
**کلورائیڈ** - (CHLORIDE) (انگ - ا - مذکر) کلورین کا مرکب۔
**کلوروفارم** - (CHLOROFORM) (انگ - ا - مذکر) ایک دوا جو بے ہوشی پیدا کرتی ہے۔
**کلوکیم** - (COLLOQUIUM) (کَب - لوک - یم) (انگ - ا - مذکر) مجلس مذاکرہ۔
**کلول** - (کَ - لول) (ہ - ا - مونث) (۱) کھیل کود (۲) دل لگی۔

(۲) شوخی - چلبلاپن (نیز بکسر اول)۔
**کلولیں کرنا** - (۱) کھیلنا کودنا - (۲) باہم ہنسنا بولنا۔
**کلونجی** - (کَ - لَوں - جی) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کے سیاہ بیج جو اچار میں ڈالے جاتے ہیں۔
**کلونس** - (کَ - لَونس) (ہ - ا - مونث) (۱) کالک (۲) دھبا - (۳) بدنامی۔
**کُلہ** - (کُ - لَہ) (ف - ا - مذکر) کلاہ کا مخفف - ٹوپی۔
**کلّہ** - (کَل - لَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) سر کھوپڑی - (۲) گال - جبڑا۔
**کلّہ بہ کلّہ جواب دینا** - ترکی بہ ترکی جواب دینا - برابر کا جواب دینا۔
**کُلہاڑا** - (کُل - ہا - ڑا) (ہ - ا - مذکر) بڑی کلہاڑی -
**کُلہاڑی** - (ہ - ا - مونث) لکڑی پھاڑنے اور کاٹنے کا آلہ۔
**کُلھڑ** - (کُل - ھَڑ) (ہ - ا - مذکر) مٹی کا بڑا آبخورہ۔
**کُلہم** - (کُل - لُ - ہُم) (ع - تابع فعل) (۱) سب کا سب - (۲) (صفت) سب - تمام - (۳) (اُر) صرف - فقط۔
**کُلھیا** - (کُل - ھیا) (ہ - ا - مونث) چھوٹا سا مٹی کا گول برتن۔
**کُلھیا میں گڑ پھوڑنا** - (۱) چھپا کر کوئی کام کرنا - (۲) ناممکن کام کرنا
**کُلھیا میں گڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے** - (مثل) (۱) بڑا کام چھپ کر نہیں ہو سکتا - (۲) راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔
**کلی** - (کَ - لی) (س - ا - مونث) (۱) غنچہ - بن کھلا پھول - شگوفہ (۲) پرندوں کے ننھے اور چھوٹے پر - (۳) مثلثی تراش کا کپڑا جو پاجاموں اور انگرکھوں وغیرہ میں ڈالتے ہیں - تریز - (۴) ایک قسم کا صراحی دار حقہ۔
**کلی کھلنا (پھولنا)** (۱) پھول کھلنا (۲) خوشی ہونا۔
**کُلّی** - (کُل - لی) (ہ - ا - مونث) منہ میں پانی بھر کر اُگلنا - غرارہ۔
**کُلّی** - (کُل - لی) (ع - صفت) (۱) پورا - تمام (۲) (منطق کی اصطلاح) جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شریک ہوں - جیسے انسان حیوان
**کِلّی** - (کِل - لی) (ہ - ا - مونث) (۱) پیچ - (۲) کیل (۳) چھڑی۔
**کُلیات** - (کُل - لی - یات) (ع - ا - مذکر و مونث) کلی کی جمع - ایک ہی شخص کی منظومات یا تصنیفات کا مجموعہ۔
**کلیان** - (کَل - یان) (س - ا - مذکر) (۱) خیریت - عافیت - (۲) خوش حالی (۳) ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے - شام کلیان۔
**کلیان ہونا** - (۱) صاحبِ اقبال ہونا - (۲) سرسبز ہونا (۳) فنا فی اللہ ہونا۔
**کُلیتہً** - (کُل - لی - یَ - تَن) (ع - تابع فعل) پورے طور پر۔
**کلیجا** - (کَ - لے - جا) (ہ - ا - مذکر) (۱) جگر (۲) جان (۳) ہمت - جرأت (۴) (عوام) دل۔
**کلیجا اچھلنا** - (۱) دل دھڑکنا (۲) خوشی کے مارے بے تاب ہو جانا۔
**کلیجا پکنا** - عاجز آنا - تنگ آ جانا۔
**کلیجا پھٹنا** - (۱) دل بھر آنا - جی بھر آنا (۲) جلنا - حسد کرنا۔
**کلیجا تھام کر** - دل کو پکڑ کے - تڑپ کر - بیتاب ہو کر۔
**کلیجا ٹھنڈا ہونا** - (۱) جی خوش ہونا (۲) تسلی پانا۔

Marfat.com

کلیجا کباب ہونا۔ دل جلنا۔
کلیجا مسوس کر رہ جانا۔ صدمے کو ضبط کر کے چُپ رہ جانا۔
کلیجا منہ کو آنا۔ دل گھبرانا۔ خفقان ہونا۔
کلیجا ہاتھ بھر کا ہو جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔
کلیجے سے لگا کے رکھنا۔ (۱) نہایت عزیز رکھنا۔ (۲) کمال حفاظت سے رکھنا۔
کلیجی۔ (کَ۔ لے۔ جی) (ہ۔ ا۔ مونث) بکرے وغیرہ کا کلیجا جس میں جگر، دل، پھیپھڑا، تلی وغیرہ شامل ہے۔
کلید۔ (کِ۔ لید) (ف۔ ا۔ مونث) چابی۔ کنجی (بکسر اوّل بھی صحیح ہے)۔
کلیر۔ (CLEAR) (کلی۔ یَر) (انگ۔ صفت) (۱) صاف شفاف (۲) واضح۔ ظاہر (۳) کھلا۔ صاف۔
کلیرنگ سیل۔ (CLEARING SALE) (کلی۔ ری۔ رنگ۔ سیل) (انگ۔ ا۔ مونث) دکان کا موجودہ مال ختم کرنے کے لیے سستے داموں فروخت۔
کلیسا۔ (کَ۔ لی۔ سا) (یو۔ ا۔ مذکر) گرجا۔ قوم ترسا کا معبد۔
کلیسائی۔ (کَ۔ لی۔ سا۔ ئی) (یو۔ صفت) منسوب بہ کلیسا۔
کلیسیا۔ (کَ۔ لیس۔ یا) (یو۔ ا۔ مذکر) عیسائیوں کی ایک جماعت جو حضرت مریمؑ کے بت کو پوجتی ہے۔
کُلیل۔ (کُ۔ لیل) (ہ۔ ا۔ مونث) چوپایوں کا خوشی سے اچھلنا۔ کودنا۔
کلیم۔ (ع۔ صفت) (۱) بات کرنے والا (۲) حضرت موسیٰ کا لقب۔
کلیم اللہ۔ خدا سے کلام کرنے والا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔
کلیم۔ (CLAIM) (کلَ۔ یم) (انگ۔ ا۔ مذکر) (۱) دعوے مطالبہ (۲) استغاثہ۔ نالش۔
کلینک۔ (CLINIC) (کِ۔ لی۔ نِک) (انگ۔ ا۔ مذکر) صحت گاہ۔ شفاخانہ۔
کلیہ۔ (کُل۔ لی۔ یہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) عام قاعدہ (۲) یونیورسٹی (۳) ہمگی۔ تمام پن (۴) سب کا سب۔

## ک ۔ م

کم۔ (ف۔ صفت) تھوڑا۔ ذرا سا۔ خفیف۔ قلیل۔
کم از کم۔ کم سے کم۔ بہت کم۔ تھوڑے سے تھوڑا۔
کم اصل۔ نیچ ذات کا۔ کمینہ۔
کم بخت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ ابھاگی۔
کم بختی۔ (۱) بدبختی (۲) مصیبت۔ بپتا۔
کم پڑنا۔ جتنی ضرورت ہو اس سے کم ہونا۔ تھڑ جانا۔
کم تر۔ (۱) بہت کم۔ (۲) نہایت ادنیٰ۔
کم ترین۔ (۱) بہت ہی کم (۲) خاکسار۔ ناچیز۔
کم حیثیت۔ (۱) کم پونجیا۔ تھوڑی سی پونجی والا۔ (۲) کمینہ (۳) اوچھا۔
کم خرچ۔ (۱) کفایت شعار (۲) کنجوس۔ تنگ دل۔
کم خرچ بالانشین۔ (مثل) قیمت میں کم اور پائیداری میں زیادہ۔
کم خوابی۔ (مونث) نیند نہ آنے کا مرض۔
کم خور۔ کم خوراک۔ تھوڑا کھانے والا۔
کم ذات۔ رذیل۔ کمینہ۔ نیچ ذات۔
کم زور۔ ناتواں۔ ناطاقت۔
کم زور مار کھانے کی نشانی۔ (مثل) زیردست ہمیشہ دبا رہتا ہے۔
کم زوری۔ ضعف۔ ناطاقتی۔ نقاہت۔
کم سخن۔ کم بولنے والا۔ چُپ۔ کم گو۔
کم سخنی۔ (مونث) کم گوئی۔ تھوڑا بولنا۔
کم سن۔ چھوٹی عمر کا۔
کم سُننا۔ (۱) توجہ نہ کرنا (۲) اونچا سُننا۔
کم سنی۔ (مونث) بچپن۔ خورد سالی۔ طفولیت
کم سے کم۔ دیکھیے کم از کم
کم ظرف (۱) کم حوصلہ۔ اوچھا (۲) کمینہ۔ سفلہ۔
کم ظرفی۔ (مونث) (۱) کم حوصلگی (۲) کمینہ پن۔ اوچھاپن۔
کم عقل۔ بے وقوف۔ نادان۔ کم فہم۔ ناسمجھ۔
کم فہم۔ نادان۔ ناسمجھ۔
کم فہمی۔ (مونث) نادانی۔ ناسمجھی۔
کم قیمت۔ سستا۔ ارزاں۔ نرخ میں کم۔
کم کرنا۔ (۱) گھٹانا (۲) وضع کرنا (۳) مختصر کرنا۔
کم کم۔ (۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کبھی کبھی (۳) آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔
کم گو۔ کم سخن۔ کم بولنے والا۔
کم گوئی (مونث) کم سخنی۔ خاموشی۔ چُپ۔
کم مائگی۔ (مونث) بے حیثیت ہونا۔ بے بساطی۔
کم مایہ۔ تھوڑی پونجی والا
کم نصیب۔ کم بخت
کم و بیش۔ تھوڑا بہت۔
کم ہونا۔ (۱) تھڑنا۔ گھٹنا (۲) کسر رہنا۔
کم یاب۔ (۱) کم ملنے والا (۲) نادر۔ نایاب
کم یابی۔ (مونث) ناپیدگی۔ نایابی۔ قلّت۔
کَما۔ (کَ۔ ما) (ع۔ تابع فعل) جیسا۔ جس قدر۔
کما حقہٗ۔ بخوبی۔ ٹھیک ٹھیک۔ جیسا اس کا حق ہے۔
کما ینبغی۔ جیسا کہ چاہیے۔ حسب اطمینان۔ بخوبی۔
کُمار۔ (کُ۔ مار) (س۔ ا۔ مذکر) (۱) کنوارا (۲) شہزادہ۔
کُماری۔ (س۔ ا۔ مونث) (۱) بن بیاہی لڑکی (۲) شہزادی۔
کما کھانا۔ (اُ۔ مص) محنت مزدوری سے پیٹ پالنا۔
کمال۔ (کَ۔ مال) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پورا ہونا (۲) گن۔ لیاقت (۳) (اُ۔) انوکھی بات۔ اچنبھا۔ (۴) ہنر۔ عمدگی (۵) استادی۔ (۶) (صفت) کامل پورا۔ (۷) از حد۔ نہایت
کمال حاصل کرنا۔ (۱) قابلیت حاصل کرنا (۲) کسی کام میں مہارت کامل بہم پہنچانا۔
کمال درجے کا۔ از حد۔ نہایت کامل۔ پورا
کمال دکھانا۔ (۱) ہنر یا کرتب دکھانا (۲) کرامات دکھانا۔
کمال کرنا۔ (۱) کوئی انوکھا کام کرنا (۲) مبالغہ کرنا۔

Marfat.com

کمال کو پہنچنا - کسی بات میں کمال حاصل ہونا۔
کمالات - (ع - ا - مذکر) کمال کی جمع۔
کما لینا - (ک - ما - لے - نا) (اُر - مص) (۱) دریافت کر لینا (۲) چمڑے کو ملائم کر لینا (۳) روپیہ پیدا کر لینا (۴) نجاست صاف کر دینا۔ (۵) کھرا کر دینا۔
کمان - (ک - مان) (انگ - کمانڈ (COMMAND) کا مخفف - ا - مونث) (۱) حکم (جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں) (۲) سرداری - قیادت۔
کمان افسر - کمانڈر - فوج کا سردار - کمانیر - سالار۔
کمان - (ک - مان) (ف - ا - مونث) (۱) ایک خمدار آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں - قوس - دھنک (۲) دائرے کا کوئی حصّہ - (۳) (صفت) خمیدہ - جھکا ہوا۔
کمان ابرو - (۱) کمان جیسی بھنوؤں والا (۲) (مجازاً) معشوق۔
کمان دار - (۱) تیر انداز سپاہی (۲) محراب دار - قوس نما۔
کمان سے نکلا تیر اور منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتی - مثل - بہت سوچ سمجھ کر بات کرنی چاہیے۔
کمان گر - (۱) کمان بنانے والا - کمانگر - (۲) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کو جوڑنے اور باندھنے والا۔
کمان گری - (مونث) (۱) کمانوں کے بنانے کا کام یا پیشہ - (۲) ہڈیوں کے جوڑنے اور باندھنے کا ہنر۔
کمانا - (ک - ما - نا) (ہ - مص) (۱) روپیہ پیدا کرنا (۲) لوہے کی سختی دُور کرنا - (۳) چمڑا صاف کرنا (۴) گندگی صاف کرنا (۵) زمین کو زرخیز بنانا - (۶) کم کرنا۔
کمانچہ - (ک - مان - چہ) (ف - ا - مذکر) کمان کی تصغیر - چھوٹی کمان - (۲) دھنکی جس سے روئی دھنتے ہیں (۳) ایک قسم کی سارنگی - یا چکارا۔
کمانڈ - (COMMAND) دیکھیے کمان۔
کمانڈر - (COMMANDER) (ک - مان - ڈر) (انگ - ا - مذکر) - فوج کا بڑا افسر - سالار۔
کمانڈر انچیف - (COMMANDER-IN-CHIEF) سپہ سالار اعظم جنگی لاٹ۔
کمانڈنٹ - (COMMANDANT) (ک - مان - ڈنٹ) (انگ - ا - مذکر) کمیدان - فوجی سردار - جنگی حاکم۔
کمانی - (ک - ما - نی) (ف - ا - مونث) وہ خمیدہ اور لچکدار لوہے کی قوس وغیرہ جو گاڑیوں، گھڑیوں اور کرسیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔
کمانیر - (ک - ما - نی - ر) (اُر - ا - مذکر) دیکھیے کمانڈر۔
کمانے کو شیر، کھانے کو شیر - مثل، بھولے اور نکمے آدمی کے لیے بولتے ہیں۔
کماؤ - (ک - ما - ؤ) (ہ - صفت) (۱) روپیہ کمانے والا - (۲) محنتی - مزدور (۳) خاوند - مالک - شوہر۔
کماؤ پوت - (مذکر) کمائی کرنے والا بیٹا۔
کمائی - (ہ - ا - مونث) (۱) آمدنی (۲) نفع (۳) کام - مزدوری۔
کمبل - (انگ - بل) (س - ا - مذکر) ایک قسم کی موٹی اُونی لوئی۔
کمبل پوش - وہ درویش جو ہمیشہ کمبل ہی اوڑھے یا پہنے رہے۔

کمبل نے پکڑ لیا - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی سے جان چھڑانا چاہے مگر وہ اس کا پیچھا نہ چھوڑے۔
کمبوہ - (کم - بوہ) (ہ - ا - مذکر) ایک ذات۔
کمبھ - (س - ا - مذکر) (۱) ہاتھی کا سر - مستک (۲) گیارھواں آسمانی بُرج - دلو - (۳) ہردوار کا میلا جو بارھویں برس ہوتا ہے۔
کمپا - (کم - پا) (ہ - ا - مذکر) لاسا لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔
کمپارٹمنٹ - (COMPARTMENT) (کم - پارٹ - منٹ) (انگ - ا - مذکر) (۱) کمرہ (۲) درجہ - ڈبا۔
کمپاس - (COMPASS) (کم - پاس) (انگ - ا - مونث) - (۱) قطب نما (۲) پرکار (۳) پیمائش کا آلہ جس سے زمین ناپتے ہیں۔
کمپاؤنڈ - (COMPOUND) (کم - پا - ؤنڈ) (انگ - ا - مذکر) احاطہ۔
کمپاؤنڈر - (COMPOUNDER) (کم - پاؤن - ڈر) (انگ - ا - مذکر) دوا ساز - ڈاکٹر کا ماتحت اور مددگار۔
کمپیٹیشن - (COMPETITION) (کم - پی - ٹی - شن) (انگ - ا - مذکر) مقابلہ - (امتحان یا تجارت میں) رقابت - مسابقت۔
کمپنی - (COMPANY) (کم - پ - نی) (انگ - ا - مونث) - (۱) - کارخانے کے شرکا جن کا نام ظاہر نہ کیا جائے (۲) ٹولی - منڈلی (گانے بجانے والوں کی) (۳) فوجی دستہ (جو بالعموم کپتان کے تحت ہوتا ہے)۔
کمپنی کا راج - ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت۔
کمپنی کمانڈر - (COMPANY COMMANDER) فوجی دستے کا قائد۔
کمپوزنگ - (COMPOSING) (کم - پو - زنگ) (انگ - ا - مذکر) ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا - ملا - مرتب کرنا۔
کمپوزنگ سٹک - (COMPOSING STICK) (انگ - ا - مذکر) وہ قالب یا سانچہ جس میں ٹائپ کے حروف جوڑ کر رکھے جاتے ہیں۔
کمپوزیٹر - (COMPOSITOR) (کم - پو - زی - ٹر) (انگ - ا - مذکر) ٹائپ کے حروف جوڑنے یا ملانے والا۔
کمتی - (کم - تی) (اُر - صفت) کسی چیز میں گھٹا ہوا۔
کمخواب - کم - خواب (ف - ا - مونث) - ایک ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے - زربفت۔
کمر - (ک - مر) (ف - ا - مونث) (۱) جسم کا درمیانی حصّہ - (۲) - پیٹھ (۳) وسط - بیچ کا حصّہ - (۴) پٹکا - پیٹی - (۵) (مجازاً) ہمّت - ڈھارس۔
کمر باندھنا - (۱) کمر سے پٹکا وغیرہ کسنا (۲) مستعد ہونا (۳) ارادہ کرنا۔
کمربستہ - تیار - آمادہ۔
کمر بند - (مذکر) (۱) پیٹی - کمر کے باندھنے کا دوپٹا (۲) ازار بند۔
کمر توڑنا - (۱) کمر شکستہ کر دینا (۲) ہمّت توڑنا (۳) عاجز کر دینا۔
کمر رہ جانا - کمر تھک جانا - دھڑکا - بے حس و حرکت ہو جانا۔
کمر سیدھی کرنا - (۱) آرام کرنا (۲) رہنا (۳) کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا۔
کمر کسنا - (۱) تیار رہنا (۲) پکا ارادہ کرنا - (۳) کسی کام پر مستعد ہو جانا۔

Marfat.com

کمر کمر۔ کمر تک۔ کمر کے برابر۔
کمر لگنا۔ (۱) چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا (۲) چارپائی یا بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔
کمر میں چک آنا۔ کمر کا جھٹکا کھانا۔ کمر میں ضرب آنا۔
کمرہمت باندھنا۔ مستعد ہونا۔ ہمت کرنا۔
کمرا۔ (کَم۔را) (پُر۔ا۔مذکر) (۱) حجرہ۔ کوٹھڑی (۲) کوٹھی کا ہر درجہ (۳) ریل یا جہاز کا درجہ۔
کمرک۔ کمرکھ۔ (کَم۔رَک) (ریکی) (ہ۔ا۔مونث) ایک ترش پھل جس کی چار پھانکیں ہوتی ہیں۔
کمری۔ (کَم۔ری) (اُ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی جاکٹ۔ مرزئی۔
کمسریٹ۔ (COMMISSARIAT ۔ا) (کَ۔مِس۔ریٹ) (انگ۔ا۔مذکر و مونث) سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ۔ رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔
کمشنر۔ (COMMISSIONER ۔ا) (کَ۔مِش۔نَر) (انگ۔ا۔مذکر) کئی ضلعوں کا حلقہ۔ قسمت کا حاکم۔
کمشنری۔ (کَ۔مِش۔نَ۔ری) (اُ۔ا۔مونث) (۱) قسمت۔ کئی ضلعوں کا حلقہ (۲) کمشنر کی کچہری (۳) کمشنر کا عہدہ۔
کمک۔ (کُ۔مَک) (ف۔ا۔مونث) (۱) مدد۔ حمایت۔ (۲) وہ فوج جو لڑائی میں بھیجی جائے۔
کمل۔ (کَم۔مَل) (اُ۔ا۔مذکر) دیکھیے کمبل۔
کملانا۔ (کُم۔لا۔نا) (ہ۔مص لازم) (۱) مرجھانا (۲) سوکھنا (۳) غمگین ہونا۔
کملی۔ (کَم۔لی) (اُ۔ا۔مونث) کمل کی تصغیر۔ چھوٹا کمبل۔
کمنٹری۔ (COMMENTARY ۔ا) (کَ۔مینٹ۔ری) (انگ۔ا۔مونث) تفسیر۔ شرح۔
کمنٹیٹر۔ (COMMENTATOR ۔ا) (کَ۔مین۔ٹے۔ٹَر) (انگ۔ا۔مذکر) شارح۔ مفسر۔ حاشیہ نویس۔
کمند۔ (کَ۔مَند) (ف۔ا۔مونث) (۱) پھندا۔ جال۔ (۲) رسی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں۔
کمنگر۔ (کَ۔مَن۔گَر) (اُ۔ا۔مذکر) دیکھیے کمان گر۔
کموڈور۔ (COMMODORE ۔ا) (کَ۔مو۔ڈور) (انگ۔ا۔مذکر) بحری فوج کا اعلیٰ عہدہ دار جس کا درجہ امیرالبحر کے بعد ہوتا ہے۔
کمونی۔ (کَ۔مُو۔نی) (ف۔ا۔مونث) ایک قسم کی معجون۔
کمہار۔ (کُم۔ہار) (ہ۔ا۔مذکر) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کوزہ ساز۔
کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا۔ (مثل) جب کوئی اپنی ہی خوشی سے کام کرے اور لوگوں کے کہنے سننے سے نہ کرے، تو اس وقت یہ مثل بولی جاتی ہے۔
کمہارن۔ کمہاری۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کمہار کی جورو۔ (۲) ایک قسم کی بھڑ۔
کمی۔ (کَ۔می) (ف۔ا۔مونث) توڑا۔ قلت۔ کوتاہی۔ کسر۔
کمی نہ کرنا۔ کوتاہی نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ زیادہ کرنا۔
کمیت۔ (کُ۔مَیت) (ف۔ا۔مذکر) سیاہی مائل۔ سرخ رنگ کا گھوڑا۔ تیلیا۔ سرنگ۔
کمیت۔ (کَم۔مِی۔یَت) (ع۔ا۔مونث) مقدار۔ اس چیز کی جو تولی، ناپی یا گنی جائے۔

کمیٹی۔ (COMMITTEE ۔ا) (کَ۔مے۔ٹی) (انگ۔ا۔مونث) مجلس۔ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لیے مقرر کی گئی ہو۔
کمیٹی کرنا۔ پنچایت کرنا۔ باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا۔
کمیدان۔ (کُ۔مے۔دان) (ت۔ا۔مذکر) کپتان کا نائب۔
کمیسار۔ (COMMISSAR ۔ا) (کَ۔می۔سار) (انگ۔ا۔مذکر) ناظر۔ افسر محکمہ (روس میں)
کمیشن۔ (COMMISSION ۔ا) (کَ۔مِی۔شَن) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) جماعت ماہرین۔ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا ہو۔ (۲) حکم۔ سند تقرر (۳) معاوضہ یا فی صدی رقم جو کسی کمیشن ایجنٹ کو دی جائے۔ دلالی۔ دستوری۔
کمیشن ایجنٹ۔ (COMMISSION AGENT ۔ا) دلال۔ آڑھتیا۔
کمیشن بیٹھنا۔ کسی امر کی تحقیقات کے لیے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔
کمیشنڈ۔ (COMMISSIONED ۔ا) (کَ۔مِی۔شَنڈ) (انگ۔صف) (۱) سند یافتہ (فوجی افسر)۔ (۲) کسی سرکاری جماعت (سول سروس وغیرہ) کا عہدہ دار۔
کمیلا۔ (کَ۔مے۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) مذبح۔ بوچڑخانہ۔
کمین۔ (کَ۔مِین) (ع۔ا۔مونث) (۱) نیچ۔ کمینہ۔ (۲) اوچھا۔ کم ظرف۔
کمین پن۔ دیکھیے کمینہ پن۔
کمین۔ (کَ۔مِین) (ع۔ا۔مونث) گھات۔ چھپ کر دشمن پر حملہ کرنا۔ شب خون۔
کمین گاہ۔ (مونث) گھات کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں چھپ کر شکار یا دشمن کو ماریں۔
کمینگی۔ (کَ۔مِی۔نَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) اوچھا پن۔ کمینہ پن۔
کمینہ۔ (کَ۔می۔نَہ) (ف۔صف) (۱) اوچھا۔ سفلہ۔ (۲) نیچ ذات کا۔
کمینہ پن۔ (مذکر) اوچھا پن۔ رذالت۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔
کمیون۔ (COMMUNE ۔ا) (کم۔یُون) (انگ۔ا۔مذکر) پرگنہ۔ تعلقہ۔ ملکی انتظام کا سب سے چھوٹا مرکز۔
کمیونٹی۔ (COMMUNITY ۔ا) (کم۔یُو۔نِ۔ٹی) (انگ۔ا۔مونث) (۱) ساجھا۔ ملکیت مشترکہ (۲) طبقہ۔ فرقہ۔ (۳) بستی۔ برادری۔
کمیونزم۔ (COMMUNISM ۔ا) دیکھیے اشتمالیت۔
کمیونسٹ۔ (COMMUNIST ۔ا) دیکھیے اشتراکی۔

## ک۔ن

کن۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ریزہ۔ ذرہ (۲) اناج کا دانہ (۳) شگوفہ۔ غنچہ (۴) آدھا۔ گوشہ۔ (۵) کان کا مخفف۔
کن انکھیوں سے دیکھنا۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ آنکھ بچا کر دیکھنا۔
کن پٹی۔ (مونث) کان اور آنکھ کے درمیان کا حصہ۔

Marfat.com

کن پھیڑ - (مذکر) وہ ورم جو کان کے نیچے سے گلے کی حد تک آ جاتا ہے
کن ٹوپ - (مذکر) ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں۔
کن چھدا - وہ شخص جس کے کان چھدے ہوں۔
کن رس - (۱) کانوں کا راگ کی آوازوں سے آشنا ہونا (۲) بدگوئی سننے کی عادت
کن رسیا - وہ شخص جسے راگ کے سمجھنے اور لطف حاصل کرنے کا مذاق ہو۔
کن سلائی - (مونث) ایک قسم کا کیڑا جو برسات میں ہوتا ہے اور اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔
کن سوئیاں لینا - چھپ کر باتیں سننا - ٹوہ رکھنا - جاسوسی کرنا۔
کن کٹا - گوش بریدہ - بوچا۔
کن کھجورا - (مذکر) ایک زہریلا کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے۔
کن - (ف - صفت) مصدر کندن کا اسم فاعل یعنی کھودنے والا۔ (مرکبات میں جیسے گورکن)
کِن - (ہ - کلمۂ استفہام) کس کی جمع۔
کُن - (ف - صفت) مصدر کردن کا اسم فاعل یعنی کرنے والا۔ (مرکبات میں جیسے کارکن)
کُن - (ع - صیغۂ امر حاضر) ہو جا - وجود میں آ جا - خدا کو جب عالم کا پیدا کرنا منظور ہوا تو یہ لفظ فرمایا۔
کن فکاں - ہو جا - پس وہ ہو گئی - (مجازاً) دنیا - مخلوقات کائنات -
کن فیکون (۱) ہو جا - پس وہ ہو گیا (۲) (مجازاً) مخلوق - کائنات۔
کنّا - (کن - نا) [ہ - ا - مذکر] (۱) کنارہ (۲) پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور باندھتے ہیں - (۳) جوتی کے نیچے کا کنارہ۔
کنار - (کِ - نا - ر) [ف - ا - مونث] (۱) بغل - آغوش - (۲) - جدائی - علیحدگی۔
کنار - (کَ - نا - ر) [ف - ا - مذکر] حاشیہ - کنارہ - طرف - پہلو۔
کنارہ - (کَ - نا - رہ) [ف - ا - مذکر] (۱) ساحل (۲) طرف - گوشہ (۳) سرا - انتہا - (۴) جدائی [اُردو] (۵) گوٹ - حاشیہ۔
کنارہ کرنا - الگ ہونا - چھوڑ دینا۔
کنارہ کش ہونا - دیکھیے کنارہ کرنا۔
کنارہ کشی - (مونث) علیحدگی - جدائی - قطع تعلق۔
کنارے کنارے - (۱) راستے کے پہلو میں (۲) ساحل ساحل۔
کنارے لگنا - (۱) ساحل پر پہنچنا (۲) اختتام پر پہنچنا۔
کنارے ہو جانا - راستے سے بچ جانا - ایک طرف کو ہٹ جانا۔
کناری - [اُر - ا - مونث] - وہ گوٹ وغیرہ کے کناروں پر لگانے والا گوٹا۔
کناری باف - کناری بننے والا۔
کنال - (کَ - نال) [اُر - ا - مذکر] ۲۰ مرلے کے برابر زمین کا پیمانہ - گھماؤں کا آٹھواں حصہ - بیگھے کا چوتھا حصہ۔
کنایتہً - (کِ - نا - ی - تَن) [ع - تابع فعل] اشارۃً - ضمناً۔
کنایہ - (کِ - نا - یہ) [ع - ا - مذکر] (۱) عربی کنایۃ کا مفرس - ایما - رمز - اشارہ (۲) منشا - مطلب۔
کنبا - کنبہ - (کُن - بہ) [ہ - ا - مذکر] (۱) قبیلہ - خاندان - (۲)
بال بچے۔
کنبہ پرور - بال بچے اور رشتہ داروں کی خبرگیری کرنے والا۔
کنبہ پروری - (مونث) خاندان اور آل و اولاد کی پرورش۔
کنبوہ - دیکھیے کمبوہ۔
کنبھ - دیکھیے کمبھ۔
کنپٹی - کن کے تحت دیکھیے۔
کنٹر - (کن - ٹر) انگریزی (DECANTER) کا مستند - ا - مذکر) شراب رکھنے کا شیشہ - قرابہ - مینائے شراب
کنٹرول - (CONTROL) (کَنٹ - رول) [انگ - ا - مذکر] (۱) حکومت - قابو (۲) روک - بندش۔
کنٹرولر - (CONTROLLER) (کنٹ - رو - لر) [انگ - ا - مذکر] (۱) محاسب - سرکاری (۲) ناظم - ناظر۔
کنٹریکٹ - (CONTRACT) (کنٹ - ریکٹ) [انگ - ا - مذکر] معاہدہ - ٹھیکہ۔
کنٹریکٹر - (CONTRACTOR) (کنٹ - ریک - ٹر) - [انگ - ا - مذکر] مستاجر - ٹھیکیدار۔
کنٹونمنٹ - (CONTONMENT) (کن - ٹون - منٹ) [انگ - ا - مذکر] صدر کیمپ - چھاؤنی۔
کنٹونمنٹ بورڈ - (CONTONMENT BOARD) چھاؤنی کے علاقہ میں میونسپل کمیٹی کی طرح کام کرنے والا ادارہ۔
کنٹھ - (ہ - ا - مذکر) (۱) گلے کی ہڈی (۲) کنٹھا کا مخفف۔
کنٹھ مالا - (مونث) (۱) خنازیر - گلے کا مرض جس میں گلٹیاں ہوتی ہیں - (۲) گلے کا ایک زیور۔
کنٹھا - (ہ - ا - مذکر) (۱) بڑے بڑے دانوں کا ہار - (۲) - پھولوں کا ہار (۳) ۳۲ بڑے دانوں کی تسبیح - (۴) وہ ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں۔
کنٹھی - (کن - ٹھی) [ہ - ا - مونث] (۱) تسبیح (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق۔
کُنج - [ف - ا - مذکر] زاویہ - گوشہ - کونا - کنارہ۔
کنج تنہائی - خلوت - گوشۂ عزلت۔
کنج قفس - پنجرے کا کونا۔
کنج - [س - ا - مذکر] (۱) درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ - (۲) [ہ - ا - مذکر] گلی - کوچہ - محلہ۔
کنجا - (کن - جا) [ہ صفت] کرنجا - نیلی آنکھوں والا - گربہ چشم
کنجد - (کن - جد) [ف - ا - مذکر] تل - جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔
کنجر - (کن - جر) - [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک خانہ بدوش قوم - سانسی - (۲) [صفت] کمینہ - بدشکل (۳) [ہ] جس کا پیشہ ناچنا گانا ہو۔
کنجری - (کنج - ری) [ہ - ا - مونث] (۱) کنجر ذات کی عورت (۲) ایک قسم کے فحش گیت (۳) [ہ] رنڈی - کسبی۔
کنجڑا - (کنج - ڑا) [ہ - ا - مذکر] ترکاری بیچنے والا۔
کنجڑن - (کنج - ڑن) [ہ - ا - مونث] ترکاری بیچنے والی والی عورت۔
کنجشک - (کن - جشک، کُن - جشک) [ف - ا - مونث]

Marfat.com

چڑیا۔

کنجوس - رکَن-جُوس، (ہ-ا-صفت) بخیل-بخرم-ممسک۔
کنجوسی - رکَن-جو-سی، (ہ-ا-مونث) بخل-خسّت۔
کنجی - رکُن-جی، (ہ-صفت) چابی-تالی-کلید۔
کنچنی - رکَن-چَ نی، (ہ-ا-مونث) بیسوا-رنڈی-کسبی-رقاصہ۔
کُند - (ف-صفت)-(۱) وہ چاقو-چھری یا تلوار وغیرہ جو تیز نہ ہو (۲) سُست-کاہل-غبی۔
کُندا - رکُن-دا، ز(ف-ا-مذکر) (۱) پاجامے کی سہ گوشہ تریز (۲) بندوق کا پچھلا حصّہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ۔ (۴) کھویا-جلتا ہوا دُودھ۔
کُندن - رکُن-دَن، (ہ-ا-مذکر) (۱) خالص سونا-(۲)-(صفت) نہایت چمکیلا-(۳) خالص۔
کُندن بن جانا - (۱) خالص سونا بن جانا (۲) صاف اور ستھرا نکل آنا-(۳) پارس بن جانا۔
کُندن سا رنگ - سنہری اور زرد رنگ-چمکتا ہوا سُنہری رنگ
کندہ - رکَن-دَہ، (ف-صفت) کھدا ہوا-منقش۔
کندہ کار - قلم کار-نقش و نگار کھودنے والا-منبّت کار۔
کندہ کرنا - کھودنا-قلم کاری-نقاشی کرنا۔
کُندہ - رکُن-دَہ، (ف-ا-مذکر) (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا۔ (۲) بندوق کی لکڑی (۳) وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں-(۴) وہ لکڑی جس میں سُوراخ کرکے مجرموں کا پاؤں ٹھونک دیتے ہیں-(۵) نیز دیکھیے کُندا۔
کُندۂ ناتراش - (۱) اَن گھڑی لکڑی-(۲) (مجازاً) احمق-نالائق-بے تمیز۔
کندھا - رکَن-دھا، (ہ-ا-مذکر) کاندھا-شانہ۔
کندھا دینا - (۱) جنازے کو کندھے پر لینا (۲) مدد دینا-سہارا دینا (۳) باری باری کندھے پر لینا۔
کندھا ڈالنا - (۱) بیل کا اپنے کندھے پر سے جُوا اُتار دینا-(۲) تھک جانا-ہمت ہار دینا۔
کندھا لگنا - بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہو جانا۔
کند ہم جنس با ہم جنس پرواز - (ف-مثل) ہر چیز اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے-اعلیٰ اعلیٰ کی طرف ادنیٰ ادنیٰ کی طرف۔
کُندی - رکُن-دی، (ف-ا-مونث) (۱) دُھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو کوٹ کر ان کی سلوٹیں نکالنا کا کام-(۲) موگری (۳) مار پیٹ۔
کُندی گر - (مذکر) ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا۔
کُنڈ - (س-ا-مذکر) (۱) گڑھا (۲) تالاب-حوض۔
کُنڈا - رکُن-ڈا، (ہ-ا-مذکر) (۱) لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں-(۲) زنجیر-کنڈی۔
کِنڈر گارٹن - (KINDERGARTEN) رکِن-ڈر-گا-رٹن، (انگ-ا-مذکر) چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔
کنڈکٹر - (CONDUCTOR) رکَن-ڈک-ٹر، (انگ-ا-مذکر) (۱) رہنما (۲) منتظم (۳) کرائے کی گاڑیاں چلانے والا-(۴) موصل-ناقل (حرارت)۔
کُنڈل - رکُن-ڈل، (س-ا-مذکر) (۱) حلقہ-(۲) دائرہ-(۳) چاند یا سُورج کا ہالہ-ہالہ۔
کُنڈل مارنا - سانپ کا جسم کو جلیبی کی شکل میں بنا کر بیٹھنا۔
کُنڈلی - رکُن-ڈ-لی، (ہ-ا-مونث) (۱) چھوٹا سا حلقہ (۲) چکر-گھیرا-(۳) جنم پترا (۴) سانپ کا جلیبی کی طرح بن کر بیٹھنا۔
کنڈم - رکَن-ڈم، (انگ (CONDEMNED) کا مورّد-صفت) ناکارہ-نکما۔
کنڈم کرنا - ناکارہ کرنا-رد کرنا-ناکارہ قرار دینا۔
کنڈنسر - (CONDENSER) رکَن-ڈن-سر، (انگ-ا-مذکر) آلۂ تکثیف-بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں)۔
کُنڈی - رکُن-ڈی، (ہ-ا-مونث) دروازے کی زنجیر۔
کنڈی دینا - کنڈی لگانا-زنجیر لگانا-دروازہ بند کرنا۔
کَن رس - کن کے تحت دیکھیے۔
کنز - (ع-ا-مذکر) خزانہ-گنجینہ (گنج کا معرّب)
کنستر - رکَ-نس-تر، (انگریزی (CANISTER) کا معتد-ا-مذکر) ٹین کا بکس-پیپا۔
کنسرٹ - (CONCERT) رکَن-سرٹ، (انگ-ا-مذکر)-نغمہ و سرود کا جلسہ۔
کن سوئیاں لینا - کن کے تحت دیکھیے۔
کنسیشن - (CONCESSION) رکَن-سے-شن، (انگ-ا-مذکر) رعایت۔
کُنشت - رکُ-نشت، (ف-ا-مذکر) آتش کدہ-یہودیوں کا معبد۔
کنعان - رکَن-عان، (ع-ا-مذکر) فلسطین جہاں حضرت یوسف پیدا ہوئے تھے۔
کنفیڈریشن - (CONFEDERATION) رکَن-فیڈ-رے-شن، (انگ-ا-مونث) حلیف اور متحد ریاستیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں۔
کنک - رکَ-نک، (ہ-ا-مونث) گیہوں-گندم۔
کنکر - (ہ-ا-مذکر) (۱) چونے کا سخت ٹکڑا (۲) سنگریزہ-کنک پتھر-کرکرا کرکٹ-الابلا۔
کنکری - رکَن-کری، (ہ-ا-مونث) چھوٹا سنگریزہ۔
کنکریٹ - (CONCRETE) رکَن-کریٹ، (انگ-ا-مونث) کنکر اور سیمنٹ کا مرکب۔
کنکریلا - رکَن-کری-لا، (ہ-صفت) کنکر ملا ہوا-کرکرا۔
کُنکنا - رکُن-کُ-نا، (ہ-صفت) نیم گرم-شیر گرم
کنکوا - رکَن-کَو-وا، (ہ-ا-مذکر) پتنگ-گڈی۔
کن کھجورا - کن کے تحت دیکھیے۔
کنکی - رکَ-کی، چاول کا چورا۔
کنگال - (ہ-صفت) مفلس-محتاج۔
کنگرو - (KANGAROO) رکَنگ-گ-رُو، (انگ-ا-مذکر) آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی

Marfat.com

بڑی ہوتی ہیں۔ اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں اپنے بچے کو بٹھا لیتا ہے۔

**کنگرہ** ۔ (ف ۔ا۔ مذکر) دیکھیے کنگورہ۔

**کنگلا** ۔ (کنگ ۔لا) (ہ ۔ صفت) کنگال کی تصغیر یا تحقیر۔

**کنگن** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) کلائی کا ایک زیور۔

**کنگنا** ۔ (کنگ ۔نا) (ہ ۔ا۔ مذکر) ۔ وہ ڈورا جو دولہا کی کلائی پر باندھا جاتا ہے۔

**کنگنی** ۔ (کنگ ۔نی) (ہ ۔ا۔ مونث) (۱) کانس ۔ دیوار کی گگر ۔ (۲) ایک چھوٹا سا اناج۔

**کنگورا ۔ کنگورہ** ۔ (ف ۔ا۔ مذکر) (۱) وہ طاقچے جو فصیل قلعہ یا دوسری عالیشان عمارتوں میں بنا دیتے ہیں ۔ (ف ۔ کنگرہ)۔

**کنگھا** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) (۱) بال سلجھانے کا اوزار ۔ شانہ ۔ (۲) جولاہوں کا ایک اوزار۔

**کنگھی** ۔ (ہ ۔ا۔ مونث) چھوٹا کنگھا۔

**کنگھی چوٹی** ۔ آرائش ۔ بناؤ سنگار۔

**کنندہ** ۔ (کُ ۔نن ۔دَہ) (ف ۔ صفت) کرنے والا (مرکبات میں جیسے تحریر کنندہ)۔

**کنوار** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) دیکھیے کوار۔

**کنوارا** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) بن بیاہا ۔ مجرد۔

**کنوار پت (رتپا)، کنوار پھل** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) دوشیزگی ۔ لڑکی کی شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

**کنوار پن (رپنا)** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

**کنواری** ۔ (ہ ۔ا۔ مونث) بن بیاہی لڑکی ۔ باکرہ۔

**کنواری ارمان ۔ بیاہی پشیمان** ۔ کام نہ کرنے والا فریاس میں پریشان اور کرنے والا مصیبت میں حیران۔

**کنواں** ۔ (کُو ۔آں) (ہ ۔ا۔ مذکر) چاہ ۔ کھو

**کنوئیں (کنوؤں) میں بانس ڈالنا (ڈلوا دینا)** ۔ بہت دیکھ بھال کرنا ۔ نہایت ڈھونڈنا۔

**کنوائے** ۔ (CONVOY ۔ا) (کن ۔وا ۔ئے) (انگ ۔ا۔ مذکر) (۱) بدرقہ (۲) فوجی دستہ یا سامان رسد جس کے ہمراہ بدرقہ ہو۔

**کنوتی** ۔ (کَ ۔نو ۔تی) (ہ ۔ا۔ مونث) (۱) گھوڑے کا کان ۔ (۲) کان کی بالی۔

**کنوتیاں بدلنا (کھڑی کرنا)** ۔ گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا ۔ چوکنا ہونا۔

**کنٹھور** ۔ (کن ۔ٹھو ۔ر) (ہ ۔ا۔ مذکر) ورم جو کانوں کی جڑ میں ہو جاتا ہے۔

**کنور** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) راجا کا بیٹا ۔ شہزادہ۔

**کنول** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) ۔(۱) ایک پھول ۔ گل نیلوفر (۲) قمقمہ ۔ سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم کی بتی جلاتے ہیں (۳) شیشے کے ایک ظرف کا نام جس میں شمع روشن کرتے ہیں۔

**کنول کھلنا** ۔ (۱) گل نیلوفر کا شگفتہ ہونا (۲) دل کا خوش خرم ہونا۔

**کنونشن** ۔ (CONVENTION ۔ا) (کن ۔ون ۔شن) (انگ ۔ا۔ مذکر) انعقاد ۔ مجلس ۔ اجتماع۔

**کنویسر** ۔ (CANVASSER ۔ا) (کن ۔وے ۔سر) (انگ ۔ا۔ مذکر) ووٹ کے حصول کے لیے کوشش کرنے والا۔

**کنہ** ۔ (ع ۔ا۔ مذکر) (۱) کسی چیز کی تہ ۔ حقیقت (۲) رجحان نکتہ۔

**کنہیا** ۔ (کن ۔ہی ۔یا) (ہ ۔ا۔ مذکر) (۱) خوبصورت لڑکا ۔ (۲) سری کرشن کا لقب۔

**کنی** ۔ (کَ ۔نی) (ہ ۔ا۔ مونث) (۱) ٹکڑہ ۔ ریزہ (۲) ٹوٹے ہوئے چاول (۳) چاولوں کا وہ حصہ جو گلنے سے رہ گیا ہو۔

**کنی** ۔ (کَن ۔نی) (ہ ۔ا۔ مونث) (۱) حاشیہ ۔ کنارہ (۲) کنکوے کا بازو (۳) تمباکو کی کونپلیں جو ایک دفعہ کاٹنے کے بعد دوسری دفعہ نکلتی ہیں۔

**کنی دبانا** ۔ (۱) قابو میں لانا (۲) عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا۔

**کنی کاٹنا ۔ (کترانا)** ۔ بچنا ۔ نظر بچا کر چلے جانا۔

**کنی کھانا** ۔ پتنگ کا ایک رُخ کو جھکنا۔

**کنیا** ۔ (کن ۔یا) (س ۔ا۔ مونث) (۱) چھوٹی عمر کی لڑکی ۔ (۲) دوشیزہ (۳) بیٹی (۴) چھٹی راس برج سنبلہ کا ہندی نام ۔ (۵) درگا دیوی۔

**کنیا دان** ۔ (مذکر) (۱) جہیز (۲) بیٹی کو بیاہنے کے لیے لوگوں سے کچھ مانگنا۔

**کنیت** ۔ (کُن ۔یت) (ع ۔ا۔ مونث) وہ نام جو باپ، ماں، بیٹا، بیٹی وغیرہ کے تعلق سے بولا جاتا ہے۔

**کنیر** ۔ (کَ ۔نیر) (ہ ۔ا۔ مذکر) ایک تلخ زہریلا درخت اور اس کا پھل کنیر کا پھول (۱) گل خر زہرہ (۲) لڑائی کا گھر ۔ فتنہ انگیز۔

**کنیزک** ۔ (کَ ۔نی ۔زک) (ف ۔ا۔ مونث) کنیز کی تصغیر۔

**کنیسہ** ۔ (کَ ۔نی ۔سہ) (ف ۔ا۔ مذکر) گرجا ۔ یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ۔

## ک ۔ و

**کو** ۔ (ہ ۔ علامت مفعول) واسطے ۔ لیے ۔ برائے۔

**کو** ۔ (ف ۔ا۔ مونث) گلی ۔ کوچہ ۔ محلہ۔

**کو بہ کو** ۔ دربدر ۔ گلی گلی ۔ کوچہ بہ کوچہ۔

**کوا** ۔ (کو ۔ وا) (ہ ۔ا۔ مذکر) (۱) زاغ ۔ کاگ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا سا لوتھڑا جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے۔

**کوا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا** ۔ (مثل) اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ ہے کہ انسان اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے۔

**کوے ہکنی** ۔ (مونث) (۱) ادنٰے درجے کی ملازمہ (۲) دیوانی

**کوے کھائے ہیں** ۔ (۱) بڑی عمر کا ہے ۔ اس عمر میں بھی بال سیاہ ہیں ۔ (۲) بہت باتیں کرنے والے کے متعلق بھی کہتے ہیں۔

**کوآپریٹیو سوسائٹی** ۔ (COOPERATIVE SOCIETY ۔ا) (انگ ۔ا۔ مونث) (۱) انجمن امداد باہمی (۲) مشترکہ سرمائے سے کام کرنے والی جماعت۔

**کوار** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) ہندی چھٹا مہینا ۔ اسوج۔

**کوارا** ۔ (کُو ۔ وا ۔ را) (ہ ۔ا۔ مذکر) دیکھیے کنوارا۔

**کوار پت ۔ کوار پھل** ۔ (ہ ۔ا۔ مذکر) ۔ دیکھیے کنوار پت کنوار پھل۔

Marfat.com

کوارپن - کوارپنا - (و - ا - مذکر) دیکھیے کنوارپن - کنوارپنا -
کوارٹر - (QUARTER) (انگ - ا - مذکر) (۱) چوتھا حصہ - چوتھائی
(۲) ۲۸ پونڈ کا وزن - (۳) سال کا چوتھا حصہ - (۴) مقام -
چھاؤنی - (۵) سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کا مقام -
کوارٹر گارڈ - (QUARTER GUARD) (مذکر) چھاؤنی -
فوج یا پولیس گارڈ کی حوالات جہاں قید کی سزا پانے
والے سپاہی رکھے جاتے ہیں -
کوارٹر ماسٹر - (QUARTER MASTER) (مذکر) فوجی محکمے کا
وہ افسر جو چھاؤنیوں کے لیے ہر چیز مہیا کرتا ہے -
کُواری - (کُ - وا - ری) (و - ا - مونث) دیکھیے کنواری -
کِواڑ - (کِ - واڑ) (و - ا - مذکر) (۱) لکڑی کا تختہ جس سے
دروازہ بند کرتے ہیں (۲) در - پٹ -
کواکب - (کَ - وا - کِب) (ع - ا - مذکر) کوکب کی جمع -
کوائف - (کَ - وا - ئِف) (ع - ا - مذکر) کیفیت کی غلط جمع
(صحیح کیفیات) -
کوائل - (COIL) (کَ - وا - ئِل) (انگ - ا - مذکر) لچھا - گولا -
کوب - (۱) فارسی مصدر کوبیدن کا اسم فاعل پیٹنے کوٹنے والا -
(مرکبات میں) (دست کوب، پاکوب) (۲) (مونث) مارکٹائی
زدوکوب کے ساتھ بطور معطوف استعمال ہوتا ہے -
کُوبڑ - (کُو - بڑ) (و - ا - مذکر) بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈی
کا نکل آنا -
کوبی - (ف - ا - مونث) - کوٹنا - (مرکبات میں جیسے سینہ کوبی)
کوپل - (کو - پل) (و - ا - مونث) دیکھیے کونپل -
کوپن - (COUPON) (انگ - ا - مذکر) (۱) پرچہ - رسید -
(۲) ٹکٹ کا مثنیٰ - (۳) اقرار نامہ -
کوتاہ - (ف - صفت) (۱) چھوٹا (۲) تھوڑا (۳) مختصر (۴) تنگ -
کوتاہ اندیش - بے سوچے سمجھے کام کرنے والا - عاقبت نا اندیش -
کوتاہ اندیشی - (مونث) کم فہمی - عاقبت نا اندیشی -
کوتاہ بین - (۱) کم نظر (۲) عاقبت نا اندیش -
کوتاہ قد - ٹھگنا - بونا - پستہ قد -
کوتاہ گردن - چھوٹی گردن والا (مجازاً) شریر آدمی -
کوتاہی - (ف - ا - مونث) (۱) کمی - نقص (۲) تنگی -
کوتاہی کرنا - کسر چھوڑنا - دریغ کرنا -
کوتل - (ت - ا - مذکر) وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے
آراستہ پیراستہ ہو کر محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لیے
رہے - جلو کا گھوڑا -
کوتوال - (کوت - وال) (ت - ا - مذکر) پولیس کا وہ
عہدیدار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں - محافظ قلعہ یا شہر -
کوتوالی - (ا - ا - مونث) کوتوال کا صدر مقام - بڑا تھانہ -
کوتہ - (کو - تہ) (ف - صفت) کوتاہ کا مخفف -
کوتھمیر - (کوتھ - میر) (و - ا - مذکر) - ہرا دھنیا - دھنیے کے پتے -
کوٹ - (COAT) (انگ - ا - مذکر) (۱) آستینوں والا بالائی
جامہ (۲) استرکاری - دو یا زیادہ تہوں میں سے
ایک تہ - (قلعی رنگ وغیرہ کی) -
کوٹ - (و - ا - مذکر) (۱) قلعہ (۲) فصیل - شہر پناہ -

کوٹلا - (کوٹ - لا) (و - ا - مذکر) چھوٹا قلعہ - گڑھی -
کوٹنا - (کوٹ - نا) (و - مص) (۱) پیٹنا (۲) کچلنا - (۳) مارنا
(۴) بجانا -
کوٹھا - (و - ا - مذکر) (۱) بالاخانہ (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی -
(۳) گودام -
کوٹھے چڑھنا - بات کا مشہور ہو جانا -
کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے - (مثل) دولت مند کی
نسبت غریب آدمی چین کی زندگی بسر کرتا ہے -
کوٹھری - کوٹھڑی - (و - ا - مونث) حجرہ - کمرہ - درجہ -
کوٹھی - (و - ا - مونث) (۱) گودام - غلہ رکھنے کا ظرف -
(۲) بینک (۳) کارخانہ (۴) بندوق کا خزانہ جس میں
بارود جا کر ٹھہرتی ہے - (۵) امیروں کے رہنے کا مکان
جو شہر سے باہر ہو - بنگلہ -
کوٹھی وال - ساہوکار - مہاجن - صراف -
کوثر - (کَو - ثر) (ع - ا - مذکر) بہشت کی ایک نہر -
جنت کا حوض -
کوچ - (COUCH) (انگ - ا - مذکر) صوفہ - پلنگڑی -
کوچ - (COACH) (انگ - ا - مونث) (۱) سواری
گاڑی (۲) ریل کا ڈبا (۳) استاد - معلم - (خصوصاً
کھیلوں کا) -
کوچبان - کوچوان - گھوڑا گاڑی چلانے والا -
کونچ - (و - ا - مذکر) (۱) جلاہوں کی تانی صاف کرنے
والا برش - (۲) (مونث) وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی
ایڑی کے اوپر اور چوپایوں کے ٹخنے کے پیچھے ہوتا ہے
(دوسرے معنوں میں بیشتر کونچ مستعمل ہے) -
کونچیں کاٹنا - قدم کاٹ ڈالنا - لُولا بنا دینا -
کُوچ - (ف - ا - مذکر) روانگی - رحلت - ایک جگہ سے
دوسری جگہ جانا -
کوچ کرنا - (۱) روانہ ہونا (۲) مرنا (۳) رخصت ہونا -
کوچک - (کو - چک) (ف - صفت) چھوٹا - خورد - کوتاہ قد -
کوچنا - (کوچ - نا) (و - مص) چبھونا - چرکہ یا کانٹے
سے گودنا -
کوچہ - (کو - چہ) (ف - ا - مذکر) کُو کی تصغیر - گلی - محلہ - باڑہ -
کوچہ بکوچہ - گلی گلی - محلے محلے - کو بکو -
کوچہ گردی - (مونث) آوارہ گردی - گلیوں گلیوں پھرنا -
کوچہ گردی کرنا - آوارہ گردی کرنا - آوارہ پھرنا -
کوچی - (کو - چی) (و - ا - مونث) سفیدی کرنے یا سونے
چاندی کا برش -
کود - (و - ا - مونث) - جست - پھلانگ -
کود پڑنا - کسی معاملے میں بے جا دخل دینا -
کود پھاند - (مونث) اچھل کود - دوڑ دھوپ -
کودک - (کو - دک) (ف - ا - مذکر) طفل - لڑکا - بچہ -
کودن - (کو - دن) (ف - صفت) کند ذہن - نادان - احمق -
کودنا - (و - مص) (۱) اچھلنا - پھاندنا - (۲) نہایت خوش
ہونا (۳) گھمنڈ کرنا -

Marfat.com

**کودوں** - (کو - دوں)، (ہ - ا - مونث) ایک قسم کا سخت غلّہ۔
**کودوں دَلانا** - سخت کام لینا۔
**کودوں دے کر پڑھنا** - مُفت پڑھنا - ناقص تعلیم پانا۔
**کوڈ** - (CODE) (انگ - ا - مذکر) (۱) مجموعۂ قوانین (۲) خفیہ لغت - برّی اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔
**کَوَر** - (کَ - وَر) (COVER) (انگ - ا - مذکر) (۱) ڈھکن (۲) غلاف (۳) کتاب کا پٹھا - مقوّی - دفتی۔
**کور** - (ہ - ا - مونث) کنارہ - حاشیہ - کنی - سرا - سجاف۔
**کور دینا** - عاجز ہونا - مغلوب ہونا۔
**کور** - (ف - صفت) - اندھا - نابینا۔
**کور باطن** (دل) - کج طبع - دل میں کینہ رکھنے والا۔
**کور بخت** - بدبخت - بدنصیب - تیرہ بخت۔
**کور چشم** (دیدہ - نگاہ) - اندھا - نابینا۔
**کورا** - (کو - را) (ہ - صفت) - (۱) نیا - غیر مستعمل (۲) سادہ (۳) جاہل - احمق۔
**کورا بچنا** - صاف بچنا - بال بال بچنا۔
**کورا سا جانا** - (۱) بالکل محروم رہ جانا (۲) کچھ حاصل نہ ہونا (۳) جاہل رہنا۔
**کورانہ** - (ف - صفت) اندھوں کی طرح۔
**کورٹ** - (COURT) (انگ - ا - مذکر) (۱) قصرِ شاہی - (۲) کچہری - دربار (۳) ٹینس کھیلنے کا میدان۔
**کورٹ آف وارڈ** - (COURT OF WARD) (مذکر) - نابالغوں کی جائداد کے انتظام کا سررشتہ۔
**کورٹ انسپکٹر** - (مذکر) پولیس کا وہ عہدہ دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں مقدمات کی پیروی کرتا ہے۔
**کورٹ شپ** - (COURTSHIP) (مونث) شادی سے قبل لڑکے لڑکی میں ناز و نیاز۔
**کورٹ مارشل** - (COURT MARTIAL) (مذکر) جنگی عدالت - فوجی عدالت۔
**کورس** - (COURSE) (انگ - ا - مذکر) (۱) تعلیم کا نصاب (۲) درسی کتاب - (۳) گھوڑ دوڑ کا میدان۔
**کورس** - (COARSE) (انگ - صفت) ادنیٰ گھٹیا - موٹا۔
**کورس کلاتھ** - (COARSE CLOTH) (مذکر) - موٹا اور کھردرا کپڑا۔
**کورس** - (CHORUS) (انگ - ا - مذکر) (۱) وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں - (۲) گانے والوں کی جماعت - چوکی - طائفہ۔
**کورم** - (QUORUM) (کو - رم) (انگ - ا - مذکر) ارکان کی وہ تعداد جن کی موجودگی سے جلسہ کی کارروائی جائز اور موثر ہو سکتی ہے۔
**کورنش** - (کور - نش) (ت کُرنش کا مفرس - ا - مونث) - تسلیم - بندگی - آداب - جھک کر سلام کرنا۔
**کورنش بجا لانا** - آداب بجا لانا - تسلیم عرض کرنا - بندگی کرنا۔
**کوری** - (کو - ری) (ف - ا - مذکر) اندھاپن۔
**کوری** - (کو - ری) (ہ - صفت) کورا کی تانیث۔

**کوریڈار** - (CORRIDOR) (کو - ری - ڈار) (انگ - ا - مذکر) - (۱) غلام گردش - متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ - (۲) کسی ملک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دوسرے ملک کے علاقے میں سے گزرتا ہو۔
**کوڑا** - (کو - ڑا) (ہ - ا - مذکر) بڑی کوڑی۔
**کوڑے کر ڈالنا** - ارزاں بیچ ڈالنا - دام کھرے کرنا۔
**کوڑا** - (کو - ڑا) (ہ - ا - مذکر) (۱) چابک - دُرّہ - (۲) تنبیہ - گوشمالی۔
**کُوڑا** - (ہ - ا - مذکر) (۱) گھاس پھونس (۲) نکمّی چیز۔
**کوڑا کرکٹ** - (مذکر) گھاس پھونس - ردّی اور نکمّی چیز۔
**کوڑا کرنا** (کوڑا پھیلانا) - کوڑا کرکٹ بکھیرنا۔
**کوڑھ** - (ہ - ا - مذکر) برص - جذام۔
**کوڑھ ٹپکنا** (چونا) برص یا جذام کی شدت سے جابجا زخم ہو کر بہنے لگنا۔
**کوڑھ میں کھاج** - ایک تو کوڑھ اس پر کھجلی اور بھی عذاب۔
**کوڑھ** - (ہ - صفت) مورکھ - بے وقوف - احمق۔
**کوڑھ پن** - کوڑھ پنا - (مذکر) بدسلیقگی - بدتمیزی - بے وقوفی۔
**کوڑھ مغز** - بے وقوف - کند ذہن - ابلہ۔
**کوڑھی** - (ہ - ا - مذکر و صفت) جذامی - کوڑھ کا مریض۔
**کوڑی** - (کو - ڑی) (ہ - ا - مونث) ایک بیسی - بیس۔
**کوڑی** - (کو - ڑی) (ہ - ا - مونث) (۱) خرمہرہ - ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو ادنے سکّے کا کام بھی دیتا ہے (۲) سینے کی ہڈی جو خرمہرے کی طرح اونچی ہے - (۳) (مجازاً) روپیہ - پیسہ۔
**کوڑی بھر** - تھوڑا سا - ذرا سا۔
**کوڑی پاس نہ ہونا** - نہایت مفلس اور تنگ دست ہونا۔
**کوڑی پھیرا کرنا** - بہت سے پھیرے کرنا - بار بار آنا جانا۔
**کوڑی کا ہو جانا** - نکمّا اور خراب ہو جانا - نظروں سے گر جانا۔
**کوڑی کوڑی** (۱) ایک ایک کوڑی - (۲) ذرا ذرا - جزجزہ۔
**کوڑی کوس دوڑنا** - نہایت لالچی اور حریص ہونا - ایک ایک کوڑی کے لیے کوس بھر کا چکّر لگانا۔
**کوڑی کی بات ہو جانا** - کوڑی کی عزت ہو جانا - بات بگڑ جانا - کچھ عزّت نہ رہنا - آبرو نہ رہنا۔
**کوڑی کے تین تین بکنا** - (۱) نہایت سستا بکنا - (۲) کمال بے قدری ہونا۔
**کوڑی (کوڑیوں) کے مول بکنا** - نہایت سستا اور ارزاں بکنا۔
**کوڑیالا** - (کوڑ - یا - لا) (ہ - ا - مذکر) (۱) ایک قسم کا سفید چتّیوں والا زہریلا سانپ - ایک برتی۔
**کوژ** - (ف - صفت) - خمیدہ - کبڑا۔
**کوژ** (کوژہ) پشت - خمیدہ پشت - کبڑا۔
**کوزہ** - (کو - زہ) (ف - ا - مذکر) (۱) کوزہ لگا - (۲) تُلفی (۳) مٹی کا برتن - (۴) آبخورہ۔
**کوزہ گر** - کمہار - کلال۔
**کوزۂ نبات** - مصری کا کوزہ۔
**کوزے میں دریا بند کرنا** - کسی بہت بڑے مضمون یا بیان کو مختصر کر کے اس طرح لکھنا کہ مطلب فوت نہ ہو۔

Marfat.com

کوس۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) راستہ کی ایک حدِ معینہ۔ تقریباً دو میل۔ سنگِ نشان جو ہر فرسنگ پر ہوتا ہے۔ (۲) (ا۔ا) آستین کا کف۔

کوسوں۔ بہت دور۔

کوس۔ (ف۔ا۔مذکر)۔ بڑا نقارہ۔ دمامہ۔ دھونسا۔

کوسِ رحلت۔ کوچ کا نقارہ۔ روانگی کی گھنٹی۔

کوسِ لمن الملک۔ بڑائی کا ڈنکا۔ لن ترانی۔

کوسا۔ (کو۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) دعائے بد۔ برا بھلا کہنا۔

کوسنا۔ (کوس۔نا) (ہ۔مص) (۱) دعائے بد دینا (۲) ماتم کرنا۔ (۳) (مذکر) دعائے بد۔

کوش۔ فارسی مصدر کوشیدن کا اسم فاعل بمعنی برداشت کرنے والا۔ جھیلنے والا (مرکبات میں جیسے ستم کوش۔)

کوشاں۔ (ف۔صفت) کوشش کرنے والا۔

کوشش۔ (ف۔ا۔مونث) سعی۔ جد و جہد۔ جتن۔ دوڑ دھوپ۔

کوشک۔ (ف۔ا۔مذکر) قصر۔ محل۔

کوشی۔ (ف۔ا۔مونث) برداشت کرنا۔ جھیلنا۔ (مرکبات میں)۔

کوفت۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) صدمہ۔ آزار (۲) درد۔ دکھ۔ (۳) کٹائی۔ کوٹنا۔

کوفتہ۔ (کوف۔تہ) (ف۔صفت) (۱) رنجیدہ (۲) (صفت) کوٹا ہوا (۳) (مذکر) قیمے کے گول کباب جو شوربے میں ڈالتے ہیں۔

کوفتہ بیختہ۔ کوٹ چھان کر۔

کوفی۔ (ع۔صفت) (۱) عراق کے شہر کوفہ سے منسوب (۲) (مذکر) کوفہ کا باشندہ۔

کوک۔ (ت۔ا۔مونث) (۱) سریلی آواز۔ قمری۔ فاختہ، کوئل اور مور کی آواز۔ (۲) چیخ۔ شور (۳) گھڑی کھلونے وغیرہ میں چابی دینا۔

کوک شاستر۔ (ہ۔ا۔مذکر) پنڈت کوک کی کتاب جس میں عورتوں کی قسمیں اور آسنوں کے ڈھنگ لکھے ہیں۔

کوکب۔ (ع۔ا۔مذکر) روشن تارا۔ بڑا تارا۔

کوکلتاش۔ (کو۔کل۔تاش) (ت۔ا۔مذکر) بادشاہ کا دودھ شریک بھائی۔

کوکنا۔ (کوک۔نا) (ہ۔مص) (۱) کوئل وغیرہ کا بولنا (۲) گھڑی کھلونے یا باجے میں چابی دینا۔

کوکنار۔ (کوک۔نار) (ف۔ا۔مونث) پوست۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

کوکو۔ (COCOA) (انگ۔ا۔مونث) (۱) ایک قسم کا سفوف جو ایک درخت کے پھل سے تیار کیا جاتا ہے۔ (۲) ایک قسم کی چائے جو اس سفوف سے تیار کی جاتی ہے۔

کوکہ۔ (کو۔کہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) دودھ پلانے والی کا لڑکا۔ برادرِ رضاعی۔ دودھ شریک بھائی۔ (۲) (مونث) انا کی بیٹی۔ دودھ شریک بہن۔

کوکھ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) پیٹ (۲) پسلی کے نیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی۔ (۳) حمل (۴) (مجازاً) اولاد۔

کوکین۔ (COCAINE) (کو۔کین) (انگ۔ا۔مونث) ایک نشہ آور اور جسم کو سن کرنے والی دوا۔

کول۔ (COAL) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) کوئلہ (۲) پتھر کا کوئلہ۔

کول تار۔ (COALTAR) تارکول۔

کولا۔ کولھا۔ (ہ۔ا۔مذکر) پُٹھا۔ پٹھا۔ ازار بند بندھنے کی جگہ۔

کولر۔ (COOLER) (کُو۔لَر) (انگ۔ا۔مذکر) ٹھنڈا کرنے کا برتن یا مشین۔ خنک ساز۔

کولھو۔ (ہ۔ا۔مذکر) تیل یا رس پیلنے کا آلہ۔

کولھو کا بیل۔ نہایت محنتی۔ ہر وقت کام میں جُتا رہنے والا۔

کولھو میں پلوا دینا۔ شکنجے میں کھنچوا دینا۔ سخت سزا دینا۔

کولی۔ کولیا۔ (ہ۔ا۔مونث) گود۔ آغوش۔

کولی بھرنا۔ گودی بھرنا۔ بغل گیر ہونا۔

کولیشن۔ (COALITION) (کو۔لی۔شن) (انگ۔ا۔مونث) (۱) اتحاد (۲) مختلف جماعتوں کی متحدہ حکومت۔

کومل۔ (کو۔مل) (ہ۔صفت) (۱) نرم۔ ملائم (۲) شیریں۔ میٹھا۔

کومل۔ کومھل۔ (ہ۔ا۔مذکر) سینڈھ۔ نقب۔

کومل لگانا۔ نقب لگانا۔ سینڈھ لگانا۔

کون۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) موجود ہونا (۲) دنیا۔ جہان۔

کون و فساد۔ موجود ہونا اور تباہ ہو جانا۔ بود و نابود۔

کون و مکان۔ دنیا۔ جہان۔ جگ۔ سنسار۔

کون۔ (ہ۔ضمیر) کلمۂ استفہام۔

کون پرائی آگ میں گرتا ہے۔ دوسرے کی مصیبت کوئی اپنے سر نہیں لیتا۔

کون سا۔ (۱) کون (۲) کیا (۳) کس قدر۔ کتنا۔

کون سی۔ کون سا کی تانیث۔

کون ہوتا ہے۔ (۱) اسے کیا واسطہ ہے (۲) کیا رشتہ ہے؟

کونا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) گوشہ (۲) جانب۔ پہلو۔

کونا کونا جھانکنا۔ بے انتہا تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔

کونا کھدرا (کھترا)۔ کونہ دونا۔ گوشہ و خم۔

کونپل۔ (کون۔پل) (ہ۔ا۔مونث) شگوفہ۔ نئی پھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے۔

کونپل پھوٹنا (نکلنا)۔ شگوفہ نکلنا۔ نئے پتے پھوٹنا۔

کونج۔ (ہ۔ا۔مونث) قاز۔ راج ہنس۔ مرغابی۔

کونچی۔ (کون۔چی) (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے کوچی۔

کوند۔ (ہ۔ا۔مونث) بجلی کی چمک۔

کوندا۔ (ہ۔ا۔مذکر) بجلی کی چمک۔

کوندنا۔ (کوند۔نا) (ہ۔مص) بجلی چمکنا۔

کونڈا۔ (کون۔ڈا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا ظرف (۲) نذر نیاز کی شیرینی۔

کونڈا کرنا۔ کسی کے نام کی نیاز دلانا۔

کونڈی۔ (کون۔ڈی) (ہ۔ا۔مونث) چھوٹا کونڈا۔ تغاری۔

کونسل۔ (COUNCIL) (کون۔سل) (انگ۔ا۔مونث) (۱) جماعت۔ مجلس شوریٰ (۲) ارکانِ مجلس

کونسلر۔ (COUNCILLOR) (انگ۔ا۔مذکر) کونسل کا رکن۔ مشیر

کونین۔ (کو۔نین) (ع۔ا۔مذکر) کون کا تثنیہ، دونوں جہان۔ دین و دنیا۔

کونین۔ (QUININE) (کو۔نن) (انگ۔ا۔مونث) ایک مشہور انگریزی دوا جو بخار بالخصوص ملیریا بخار میں استعمال

Marfat.com

کی جاتی ہے۔
**کوہ** ۔ (ف۔ اسمذکر) پہاڑ۔
**کوہِ آتش فشاں** ۔ وہ پہاڑ جس میں سے آگ کے شعلے اُٹھتے رہتے ہیں۔
**کوہِ آدم** ۔ لنکا کے سلسلۂ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدم بہشت سے یہیں اُترے تھے۔
**کوہِ البرز** ۔ ایران کے شمال میں ایک مشہور بلند پہاڑ۔
**کوہِ بے ستون** ۔ ایران کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر شیریں کے لیے جوئے شیر نامی نہر نکالی تھی۔
**کوہ پیکر** ۔ پہاڑ جیسے جسم والا۔ گرانڈیل۔ قوی جثہ۔
**کوہِ جودی** ۔ وہ پہاڑ جس پر حضرت نوحؑ کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی۔
**کوہسار** ۔ (۱) پہاڑی جگہ (۲) سلسلۂ کوہ۔
**کوہستان** ۔ (۱) پہاڑی ملک (۲) پہاڑوں کا سلسلہ۔
**کوہستانی** ۔ (۱) پہاڑی (۲) (مذکر) پہاڑ کا رہنے والا۔
**کوہِ سینا۔ کوہِ طور** ۔ شام کا وہ پہاڑ جس پر خدا تعالےٰ نے حضرت موسیٰؑ کو اپنی تجلّی دکھائی تھی۔
**کوہِ صفا** ۔ صفا اور مروہ۔ مکہ معظمہ کے نزدیک دو مقدس پہاڑیاں ہیں
**کوہِ قاف** ۔ (۱) ایک پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں واقع ہے۔ (۲) (اُر) نہایت دشوار گزار اور سنسان پہاڑ۔
**کوہ کن** ۔ پہاڑ کھودنے والا۔ فرہاد کا لقب۔
**کوہ کندن وکاہ برآوردن** ۔ (مثل) پہاڑ کھودنا اور گھاس برآمد ہونا۔ کھودا پہاڑ نکلی چوہیا۔
**کوہ کنی** ۔ (مونث) پہاڑ کھودنا۔
**کوہِ نور** ۔ ہندوستان کا ایک مشہور ہیرا جو آج کل حکومت برطانیہ کے پاس ہے۔
**کوہان** ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) اونٹ کی پیٹھ کی بلندی۔ سانڈ یا بیل کا اُونچا کندھا۔
**کوہی** ۔ (کو۔ ہی) (ف۔ صفت) پہاڑی۔ پہاڑ کا باشندہ۔
**کوئلا** ۔ (کو۔ ئ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذکر) جلی ہوئی لکڑی کا بجھایا ہوا ٹکڑا یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادہ۔
**کوئلوں پر مہر ہونا** ۔ بڑے بڑے اخراجات پر توجہ نہ کرنا۔ اور ادنےٰ خرچ پر کفایت دکھانا۔
**کوئلوں کی دلالی میں (منہ بھی کالا کپڑے بھی کالے) ہاتھ کالے** ۔ (مثل) جس کام میں ناحق بدنام ہو اس کی نسبت بولتے ہیں۔
**کوئی** ۔ (ہ۔ کلمۂ تنکیر) (۱) ایک۔ کسی (۲) نامعلوم شخص (۳) تقریباً۔ لگ بھگ (۴) ایک آدھ (۵) کہیں لیکن ہے۔ (۶) ذرا۔ ایک۔
**کوئی دم کا مہمان** ۔ قریب مرگ۔ جلد رخصت ہونے والا۔
**کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا** ۔ دیکھیے کون پرائی آگ میں گرتا ہے۔
**کوئی کل سیدھی نہیں** ۔ کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔ ہر بات میں نقص ہے۔
**کوئی کوئی** ۔ ایک آدھ۔ اکا دکا۔ شاذ و نادر۔
**کوئی نہ کوئی** ۔ ایک نہ ایک۔ یہ نہیں وہ۔
**کوئی ہو** ۔ کسے باشد۔ جو چاہے۔ کسی کی خصوصیت نہیں۔
**کوئی ہے؟** (۱) ملازم کو بلانے کی آواز (۲) کیا کوئی شخص موجود ہے؟
**کوئے** ۔ (کو۔ ئے) (ف۔ ا۔ مذکر) دیکھیے کُو۔
**کوی** ۔ (ک۔ وی) (س۔ ا۔ مذکر) شاعر (اصل۔ کَو)
**کویا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) آنکھ کا کوشہ (۲) شریفے یا کٹھل کا دانہ (۳) ریشم کے کیڑے کا خول۔
**کوئل** ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) ایک خوش آواز کالے پرندے کا نام۔

## ک ۔ ہ

**کہ** ۔ (ف) (۱) بیان کے لیے "پیز" جو "کے بجائے جو بیان کے موقع پر آتا ہے (۲) علت۔ سبب (۳) ناگاہ۔ دفعۃً۔ (۴) بمعنی یا۔
**کہ** ۔ (ف۔ صفت) چھوٹا۔ کم رتبہ۔
**کہتر** ۔ (تفضیل بعض) زیادہ چھوٹا۔ ادنیٰ۔ مہتر کا نقیض۔
**کہترین** ۔ (تفضیل کل) سب سے چھوٹا۔ سب سے حقیر۔
**کہ و مہ** ۔ چھوٹا بڑا۔ خورد و کلاں۔ خاص و عام۔ ہر شخص۔
**کہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) کاہ کا مخفف۔
**کہربا** ۔ دیکھیے کاہ ربا۔
**کہکشاں** ۔ دیکھیے کاہکشاں۔
**کہگل** ۔ دیکھیے کاہ گل۔
**کُہ** ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) کوہ کا مخفف۔
**کہا** ۔ (ک۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) سخن۔ قول (۲) کہا ہوا کلمہ۔
**کہا سُنا** ۔ (۱) جرم۔ خطا (۲) منہ سے نکلا یا کانوں سے سنا ہوا
**کہا سُنی** ۔ (مونث) لگائی بجھائی۔ غیبت۔ اِدھر کی اُدھر کہنی۔
**کہا کرنا (ماننا)** ۔ کہنا کرنا۔ کہنے کے مطابق کرنا۔ کہے پر عمل کرنا۔
**کھابڑ** ۔ (کھا۔ بڑ) (ہ۔ صفت) اونچا نیچا۔ ہموار۔
**کھات** ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) وہ میلا یا کھور جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے ہیں اور کچھ عرصہ میں نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں (۲) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں
**کھاتا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) حساب کی کتاب۔ روزنامچہ (۲) لین دین۔
**کھاتا بہی** ۔ (مذکر) ہر اسامی کے لیے علیحدہ حساب کی کتاب۔
**کھاتے پڑنا** ۔ حساب میں درج ہونا۔
**کھاتا پیتا** ۔ (ہ۔ صفت) خوش حال۔ آسودہ حال۔
**کھاٹ** ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) چارپائی۔ پلنگڑی۔
**کھاٹ سے لگ جانا** ۔ بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا۔
**کھاٹ کھٹولا** ۔ استر بستر۔ مال اسباب۔ بوریا بندھنا۔
**کھا اُٹھنا** ۔ (ہ۔ مص) بے سمجھے بوجھے کہنے لگنا۔
**کھاج** ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) کھجلی۔ خارش۔
**کھاجا** ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) خوراک۔ غذا۔
**کھا جانا** ۔ (ہ۔ مص) (۱) نگل جانا۔ چٹ کر جانا (۲) مال مار لینا

Marfat.com

(۲) برباد کر دینا۔

کھاد - (ہ-ا-مذکر) (۱) دیکھیے کھات - (۲) پیشگی جو کاشت کار کو خوراک کے لیے دی جاتی ہے -

کھادر - (ہ-ا-مونث) نشیب - وہ زمین جہاں سیلاب آتا ہے -

کھادی - (کھا - دی) (ہ-ا-مونث) دیکھیے کھدر -

کھار - (ہ-ا-مذکر) (۱) پانی لانے والا - جھرا (۲) ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنے والا -

کھار - (ہ-ا-مذکر) (۱) کلر - شوریت (۲) سجی - کاٹ کرنے والی چیز -

کھار لگنا - شور لگنا - کلر لگنا -

کھارا - (ہ-صفت) شور - نمکین -

کہاری - (ک - ہا - ری) (ہ-ا-مونث) (۱) کہاروں کی مزدوری (۲) کہار کی بیوی -

کھاری - (ہ-صفت) نمکین - شور - کھارا (مذکر مونث دونوں کے لیے مستعمل ہے -)

کھاری پن - (مذکر) کھاری ہونے کا ذائقہ - کھاری ہونے کی کیفیت -

کھاری کنواں - (۱) وہ کنواں جس کا پانی نمکین یا کڑوا ہو (۲) (اصطلاحاً) بے فیض دولت - بے مروت حاکم -

کھاڑی - (ہ-ا-مونث) خلیج -

کھاکر رکھے ڈکار نہ لینا - (اُ-مثل) (۱) پرایا مال لے کر ہضم کر جانا (۲) قرض لے کر نہ دینا -

کھال - (ہ-ا-مونث) (۱) چمڑا - چام - چرم - انسان کے جسم کا پوست (۲) پوست چھلکا - چھال -

کھال اتارنا (یا ادھیڑنا) (۱) چمڑی ادھیڑنا (۲) سزا دینا -

کھال ادھیڑنا (۱) پوست اتارنا - (۲) بہت مار مارنا - یا کوڑے سے مارنا -

کھال کھینچنا - پوست اتارنا - زمانہ قدیم کی وہ سزا جس میں زندہ مجرم کی کھال اتروا کر اس میں بھس بھروا دیا کرتے تھے -

کھال میں مست ہونا - اپنے حال میں خوش ہونا - مگن ہونا -

کھالا - (ہ-ا-مذکر) (۱) وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں (۲) نالہ (۳) ندی - نالے -

کھان - (ہ-ا-مونث) (۱) کان - معدن (۲) خزانہ - گنج (۳) افراط

کہاں - (ہ-استفہام) (۱) کس جگہ - کدھر (۲) نہیں - کب - (۳) دوری - فرقِ عظیم -

کہاں تک - (۱) کتنی دور تک - (۲) کتنی دیر تک - کس عرصے تک -

کہاں راجا بھوج کہاں گنگوا تیلی (کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں) (مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت؟ کہاں یہ کہاں وہ؟

کہاں سے ٹپک پڑے؟ اچانک کہاں سے آگئے -

کہاں کا - (۱) کس جگہ کا؟ کس شہر کا؟ (۲) کس طرف کا (۳) کس مطلب کا (۴) کب کا - کس زمانے کا؟

کہانا - (ہ-مص) (۱) مشہور ہونا - کہلانا (۲) کہلوانا - پیغام دینا -

کھانا - (ہ-ا-مذکر) (۱) طعام - خوراک (۲) ضیافت (۳) (ہ-مص) نوش کرنا (۴) غبن (۵) رشوت لینا - (۶) فضول خرچی کرنا - (۷) برداشت کرنا -

کھانا اور غرانا - اپنے محسن کا احسان فراموش کرنا - ایک تو کھانا دوسرے دھمکانا -

کھانا پینا - (۱) دانہ پانی (۲) خورد و نوش کا خرچ

کھانا کھانا - روٹی کھانا -

کھانا کھلانا - روٹی کھلانا - دعوت دینا - ضیافت کرنا -

کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو - جلد آؤ - فوراً چلے آؤ -

کھانے کو اونٹ، کمانے کو بجتوں (کھانے کو شیر کمانے کو بکری) - (مثل) کھانے میں سب سے زیادہ اور زبردست - کمانے میں سب سے کم اور پست -

کھانے کو دوڑنا - (۱) بدمزاجی سے پیش آنا (۲) کاٹ کھانے کو دوڑنا -

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور - (مثل) ظاہر باطن کے خلاف ہے - قول کچھ ہے عمل کچھ -

کھانپ - (ہ-ا-مونث) پھانک - ٹکڑا - قاش

کہانت - (ک - ہا - نت) (ع-ا-مونث) (۱) غیب کی بات بتانا - فال گوئی (۲) نجوم کا علم -

کھانچا - (ہ-ا-مذکر) (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا اونچا ٹوکرا - ٹاپا (۲) خوانِ پوش (۳) وقفہ - دیر -

کھانڈ - (ہ-ا-مونث) - چینی - شکر سفید -

کھانڈا - (کھاں - ڈا) (ہ-ا-مذکر) ایک قسم کی سیدھی دودھی تلوار - تیغہ (۲) تیلی کا تسلہ (۳) قصائی کا پھندا -

کھانڈا بجنا - تلوار چلنا - جنگ و جدل ہونا -

کھانسنا - (کھانس - نا) (ہ-مص) کھانسی کی آواز نکالنا - کھنکارنا -

کھانسی - (کھاں - سی) (ہ-ا-مونث) سرفہ - سُعال - خارشِ گلو -

کہانی - (ہ-ا-مونث) (۱) داستان - افسانہ - (۲) ذکر - بیان - (۳) سرگذشت -

کہاوت - (ک - ہا - وت) (ہ-ا-مونث) (۱) قول - (۲) ضرب المثل

کھاؤ - (کھا - ؤ) (ہ-صفت) (۱) بہت کھانے والا - پیٹو - (۲) رشوت خور -

کھاؤ اُڑاؤ - فضول خرچ - مُسرف - چٹورا - تن پرور -

کھاؤ بیت - کھانے پینے کا دوست - مطلب کا یار -

کھائی - (ہ-ا-مونث) خندق - گڑھا -

کھائے جانا - (کھا - اے - جا - نا) (ہ-مص) (۱) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز سے بے حد خوف معلوم ہوتا ہو - (۲) تقاضا کر کے ستانا -

کھائیے من بھاتا - پہنیے جگ بھاتا - (ہ-مثل) - جس چیز کو جی چاہے وہ کھانی چاہیے - لباس ایسا پہننا چاہیے جو رواج کے مطابق ہو -

کھبا - (کھب - با) (ہ-صفت) (۱) بایاں - اُلٹا (۲) (مذکر) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا -

کھب جانا - کھبنا - (ہ-مص) (۱) گھس جانا - چبھ جانا (۲) سما جانا - پسندِ خاطر ہونا -

کھبی - (کھب - بی) (ہ-ا-مونث) کھبا کی تانیث -

کھبینا - (ہ-مص) برا بھلا کر دینا - گالی دے بیٹھنا

کھپاچ - (ہ-ا-مونث) دیکھیے کھپچی

Marfat.com

کھپا دینا۔ کھپانا۔ (ف۔ متعدی) (۱) برتنا۔ صرف کرنا (۲) کام تمام کر دینا (۳) تباہ کرنا (۴) کھونا (۵) جذب کرنا (۶) سمانا۔
کھپت۔ (کھ۔ پت) (ا۔ مونث) صرف۔ خرچ۔ گنجائش۔ سمائی۔
کھپٹا۔ (کھپ۔ ٹا) (ا۔ مذکر) (۱) لکڑی یا ٹین کا بنایا ہوا ٹکڑا۔ (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا۔
کھپچی۔ (کھ۔ پچ۔ چی) (ا۔ مونث) (۱) بانس کا چرا ہوا ٹکڑا (۲) (صفت) لاغر۔ دبلا۔
کھپرا۔ (کھپ۔ را) (ا۔ مذکر) (۱) چھال چھلکا (۲) پھانک۔ قاش (۳) مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھایا جاتا ہے۔ (۴) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ سرسری۔
کھپریل۔ (کھپ۔ ریل) (ا۔ مونث) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت۔
کھپنا۔ (کھپ۔ نا) (ف۔ لازم) (۱) صرف ہونا (۲) سمانا (۳) جذب ہونا۔ (۴) بک جانا (۵) تحلیل ہو جانا (۶) مارا جانا۔
کھتا۔ (کھت۔ تا) (ا۔ مذکر) (۱) وہ گڑھا جس میں غلہ بھر کر رکھتے ہیں۔ کھتی (۲) ذخیرہ (۳) خزانہ۔
کھترا۔ (کھت۔ را) (ا۔ مذکر) (۱) کونہ گوشہ (۲) (صفت) جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔
کھترانی۔ (کھت۔ را۔ نی) (ا۔ مونث) (۱) کھتری کی جورو (۲) کھتری کی صفت۔
کھتری۔ (کھت۔ ری) (ا۔ مذکر) ہندوؤں کی ایک ذات۔
کھتونی۔ (کھ۔ تو۔ نی) (ا۔ مونث) گاؤں کی زمین کا حساب کتاب مع کیفیت تقسیم وغیرہ۔
کھتونی عام۔ ایک کتاب جس میں لکھا ہے کہ ہر قسم وصول ہوتی ہے اور پٹواری کے پاس رہتی ہے۔
کھتی۔ (ا۔ مونث) دیکھیے کھتا۔
کھتی۔ (کھت۔ تی) (ا۔ مونث) روپے پیسے جمع کرنے کی گولک۔ خزانہ۔ دولت۔
کھتیانا۔ (کھت۔ یا۔ نا) (ف۔ متعدی) روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں چڑھانا۔ کھاتے میں رقم جمع کرنا۔
کہے کی زبان نہیں پکڑی جاتی۔ (مثل) کہتے کو کوئی روک نہیں سکتا۔
کہتے ہیں۔ روایت ہے۔
کھٹ۔ (ا۔ مونث) (۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز (۲) کھاٹ کا مخفف (۳) کھٹا کا مخفف (۴) پلنگ۔
کھٹ بُنا۔ (ا۔ مذکر) چارپائی بننے والا۔
کھٹ پٹ۔ (۱) جلد جلد چلنے کی آواز (۲) حرکت کرنے کی آواز (۳) لڑائی جھگڑا۔ ناچاقی۔
کھٹ راگ۔ (۱) چھ راگ۔ بکھیڑا۔ بکھری ہوئی چیزیں۔ جنجال اور دیکھیے (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھمیلا۔ جنجال۔
کھٹ مٹھا۔ (۱) کھٹا میٹھا (۲) ایک پھل۔
کھٹ۔ (ا۔ مذکر) کسی چیز کے کھٹکنے کی آواز۔
کھٹ بڑھئی۔ (ا۔ مذکر) کٹھ پھوڑا۔ ہُدہُد۔
کھٹا۔ (کھٹ۔ ٹا) (ا۔ مذکر) (۱) ایک ترش پھل۔ گلگل۔ (۲) (صفت) ترش۔
کھٹا میٹھا ہونا۔ (۱) دل میلا (۲) شکر رنجی ہونا۔ ان بن ہونا۔
کھٹا ہو جانا (رہنا)۔ (۱) ترش ہو جانا۔ (۲) اچار کا تیار ہو جانا۔ (۳) بیزار اور متنفر ہو جانا۔
کھٹے میٹھے دن۔ (۱) حمل کے پہلے دن (۲) ایام حمل۔
کھٹا پٹی۔ (ا۔ مونث) (۱) ہتھیلیوں کا باہم رگڑنا (۲) لڑائی جھگڑا۔
کھٹاس۔ (ا۔ مونث) ترشی۔ کھٹائی۔
کھٹاکا۔ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ کھڑکا۔
کھٹائی۔ (ا۔ مونث) (۱) ترشی۔ کھٹاس (۲) اچار۔
کھٹائی میں پڑنا۔ (۱) زیور کا صاف کرنے کے لیے ترشی میں ڈالا جانا۔ (۲) کھٹکے میں پڑنا۔ (۳) دیر لگنا۔
کھٹائی میں ڈالنا۔ (۱) زیور کا ترشی میں ڈالنا۔ (۲) ٹال مٹول کرنا (۳) دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
کھٹک۔ (کھ۔ ٹک) (ا۔ مونث) (۱) خلش۔ چبھن۔ ٹیس۔ (۲) رنج و غم۔
کھٹکا۔ (کھٹ۔ کا) (ا۔ مذکر) (۱) کھڑکا۔ آہٹ (۲) بانس کا وہ ٹکڑا جو درخت میں جانوروں کو ڈرانے کے لیے باندھ دیتے ہیں اور اسے ہلاتے رہتے ہیں۔ (۳) چٹخنی۔ (۴) سُریلی آواز کا وہ جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے۔ (۵) ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔
کھٹکا لگا رہنا۔ فکر و تشویش رہنا۔ خطرے میں جان لگی رہنا۔
کھٹکا ہونا۔ (۱) آہٹ ہونا۔ (۲) فکر ہونا (۳) خوف ہونا۔
کھٹکنا۔ (کھ۔ ٹک۔ نا) (ف۔ لازم) (۱) چبھنا (۲) درد کرنا۔ (۳) برا لگنا۔ (۴) لڑائی ہونا۔ (۵) اُچٹنا۔ بیزار ہونا۔ (۶) خفا ہونا۔ (۷) اندیشہ کرنا (۸) دل پر اثر کرنا (۹) بھلا لگنا۔
کھٹکنا۔ (کھٹ۔ ک۔ نا) (ف۔ لازم) (۱) پرند کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا۔ (۲) جھٹکا اٹھانا۔
کھٹکھٹانا۔ (کھٹ۔ کھ۔ ٹا۔ نا) (ف۔ متعدی) دستک دینا۔
کھٹکی۔ (کھٹ۔ کی) (ا۔ مونث) تاگے کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹ جانے کے قابل کر دینا۔
کھٹمل۔ (کھٹ۔ مل) (ا۔ مذکر) ایک سیاہی مائل سرخ رنگ کا کیڑا جو چارپائی میں پیدا ہوتا ہے۔
کھٹوائی پٹوائی۔ (کھٹ۔ وا۔ ئی۔ پٹ۔ وا۔ ئی) (ا۔ مونث) روٹھے کی کھٹولی۔
کھٹولا۔ (ا۔ مذکر) (۱) چھوٹا پلنگ۔ (۲) پنگوڑا۔
کھٹولی۔ (کھ۔ ٹو۔ لی) (ا۔ مونث) چھوٹی سی چارپائی۔ کھٹیا۔
کھٹی۔ (کھٹ۔ ٹی) (صفت) کھٹا کی تانیث۔
کھٹیا۔ (کھٹ۔ یا) (ا۔ مونث) کھاٹ کی تصغیر۔ چھوٹی کھاٹ۔
کھٹیک۔ (کھ۔ ٹیک) (ا۔ مذکر) (۱) بکرا رکھنے والا (۲) ایک قوم جس کا پیشہ عموماً جانوروں کے پالنے اور بیچنے کا ہے۔
کھجانا۔ کھجلانا۔ (ف۔ متعدی) (۱) سہلانا۔ ناخن سے رگڑنا (۲) خارش ہونا۔

Marfat.com

کھجلا۔ (کھج۔لا)(ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی خستہ پوری جس میں چار چھید اور پرت پرت علیحدہ ہوتے ہیں۔
کھجلی۔ (ہ۔ا۔مونث) خارش۔ کھاج۔ چُل۔
کھجلی اٹھنا۔ (۱) خارش ہونا۔ (۲) پٹنے یا مار کھانے کو جی چاہنا۔
کھجور۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) خرما۔ (۲) درختِ خرما۔ (۳) ایک قسم کی مٹھائی۔
کھجورا (ہ۔ا۔مذکر) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا۔
کھچا۔ (ہ۔صفت) تنا ہوا۔ کسا ہوا۔
کھچا چلا آنا۔ کشش کے سبب کسی طرف چلا آنا۔
کھنچا آنا۔ (۱) دُور دُور رہنا۔ (۲) رُکا رہنا (۳) آزردہ رہنا۔
کھچا کھچ۔ (کھ۔چا۔کھچ)(ہ۔صفت) خوب بھرا ہوا۔ کثرت سے۔
کھنچاؤ۔ (کھ۔چا۔او)(ہ۔ا۔مذکر) تناؤ۔ کشیدگی۔ کشش
کھچڑا۔ (ہ۔ا۔مذکر) ایک پکوان جس میں گیہوں، سب قسم کی دالیں اور گوشت پڑتا ہے۔
کھچڑی۔ (کھچ۔ڑی)(ہ۔ا۔مونث) (۱) ایک خوراک جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں۔ (۲) خفیہ صلاح مشورہ۔ (۳) سیاہ اور سفید بال۔ (۴) (صفت) خلط ملط۔ ملا جلا۔
کھچڑی پکنا۔ کھسر پھسر ہونا
کھچڑی ہو جانا۔ چپکے چپکے چرچا ہونا۔
کھچ کھچ۔ (کھچ۔کھچ)(ہ۔ا۔مونث) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔
کھنچنا۔ (کھنچ۔نا)(ہ۔مص) (۱) تننا (۲) گھسٹنا۔ (۳) کسنا۔ (۴) کشش ہونا (۵) عرق نکلنا (۶) طول پکڑنا (۷) نقش ہونا (۸) مہنگا ہونا (۹) کشش ہونا۔
کھنچوانا۔ (کھنچ۔وا۔نا)(ہ۔مص) کھینچنا کا متعدی۔
کھدائی۔ (کھ۔دا۔ای) (۱) کھودنے کا فعل (۲) کھدوانے کی اُجرت (۳) کندہ کاری۔
کھدبد۔ (کھد۔بد)(ہ۔ا۔مونث) کسی اناج کے اُبلنے کی آواز۔
کھدبدانا۔ (کھد۔ب۔دا۔نا)(ہ۔مص) اُبلنا۔ پکنا۔ کھولنا۔
کھدر۔ (کھد۔در)(ہ۔ا۔مذکر) موٹا کھُردرا، دیسی کپڑا۔
کھُدنا۔ (ہ۔مص) (۱) کھودا جانا۔ (۲) نقش کیا جانا۔ (۳) اُکھڑنا۔
کھُدوانا۔ (ہ۔مص) (۱) کندہ کرانا (۲) جڑ سے نکلوانا۔
کھُدوائی۔ (ہ۔ا۔مونث)۔ کھُدوانے کی اُجرت۔
کھدیڑنا۔ (کھ۔دیڑ۔نا)(ہ۔مص) (۱) پیچھا کرنا (۲) بھگانا۔
کھڈ۔ (ہ۔ا۔مذکر)۔ (۱) درہ (۲) خندق۔ کھائی۔ گڑھا۔
کھڈا۔ (کھڈ۔ڈا)(ہ۔ا۔مذکر) گڑھا۔
کھڈی۔ (کھڈ۔ڈی)(ہ۔ا۔مونث) (۱) قدمچہ۔ (۲) دانتوں کا سوراخ۔ بریخ۔
کھر۔ (ہ۔ا۔مذکر)۔ گائے، بکری اور ہرن وغیرہ کے چرے ہوئے سُم۔ (مونث) کھانسی۔
کہر۔ (ہ۔ا۔مونث) وہ بخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دھند سی پیدا کر دیتے ہیں۔
کہرا۔ (کہ۔را)(ہ۔ا۔مذکر) کہر۔

کھرا۔ (کھ۔را)(ہ۔صفت) (۱) خالص (۲) عمدہ (۳) صاف۔ سچا (۴) صاف گو (۵) نقد۔
کھراپن۔ (مذکر) (۱) خالص ہونا (۲) عمدگی (۳) دیانت داری۔ (۴) سچائی (۵) صاف گوئی۔
کھرا کھوٹا پرکھنا۔ بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ اچھے بُرے کو آزمانا۔
کھرا کھیل۔ (۱) خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی (۲) جلد فوراً۔
کھرا کھیل فرخ آبادی۔ فرخ آباد کا روپیہ کھرا مانا جاتا تھا۔ اس لیے خوش معاملگی کے معنی میں بولتے ہیں۔ یعنی خوش معاملگی اچھی ہے۔
کھرّا۔ (کھر۔را)(ہ۔ا۔مذکر) (۱) مسوّدہ۔ کچا حساب کتاب۔ (۲) طول طویل خط۔
کھُرّا۔ (کھُر۔را)(ہ۔ا۔مذکر) (۱) ایک قسم کا اوزار جس سے کپڑے چھپتے اور اس میں چنت ڈالتے ہیں (۲) کھنگر۔ ایک مسالے کا نام جس سے چھاپنے کے پتھر پر سے حروف مٹاتے ہیں۔ (صفت) (۳) درشت۔ سخت (۴) بدمزاج۔ (۵) بچھونے کے بغیر (پلنگ یا تخت)۔
کہرام۔ (کہ۔رام)(ہ۔ا۔مذکر) رونا۔ واویلا۔
کہرام مچنا۔ ماتم ہونا۔ رونا پیٹنا پڑنا۔ آفت برپا ہونا۔
کھرائند۔ کھراہند۔ (کھ۔رائند)(کھ۔را۔ہند)(ہ۔ا۔مونث) پیشاب کی بُو۔
کھرب۔ (س۔صفت) سو ارب۔ دس ہزار کروڑ۔
کھُرپا۔ (ہ۔ا۔مذکر) گھاس کھودنے کا آلہ۔
کھُرپی۔ (ہ۔ا۔مونث) چھوٹا کھُرپا۔
کھرج۔ (کھ۔رج۔کھرج)(ہ۔ا۔مونث) علم موسیقی کا پہلا سُر جو سب سے پست ہوتا ہے۔
کھرچن۔ (کھُر۔چن)(ہ۔ا۔مونث) (۱) وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کی پیندی میں جم جائے (۲) آخری بچہ۔ (۳) بچا کھچا پس ماندہ مال۔
کھُرچنا۔ (کھُر۔چ۔نا)(ہ۔مص) چھیلنا۔ کریدنا۔ رگڑنا۔
کھُردرا۔ (کھُر۔د۔را)(ہ۔صفت) ناہموار۔ اونچا نیچا۔
کھردراپن۔ (مذکر) ناہمواری۔
کھُرکھرا۔ (کھُر۔کھ۔را)(ہ۔صفت) کھُردرا۔ ناہموار۔
کھرل۔ (کھ۔رل)(ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی پتھر کی کونڈی جو دوائیں پیسنے اور حل کرنے کے کام آتی ہے۔
کھرل کرنا۔ کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ خوب باریک کرنا۔
کھُرلی۔ (ہ۔ا۔مونث) چوپایوں کو چارہ دینے کی جگہ۔
کھرنجا۔ (کھ۔رن۔جا)(ہ۔ا۔مذکر) کھڑی اینٹوں کا فرش۔
کھرنڈ۔ (کھ۔رنڈ)(ہ۔ا۔مذکر) (۱) زخم کا انگور۔ وہ خشکی جو زخم اچھا ہو جانے کے بعد اس کے اوپر جم جاتی ہے۔
کھرنڈ بندھنا (جمنا)۔ زخم کے اوپر پپڑی بندھ جانا۔
کہروا۔ (کہ۔ر۔وا)(ہ۔ا۔مذکر) کہاروں کا ناچ اور گانا جو طوائفیں مجمع کے وقت ناچا گایا کرتی ہیں۔
کھروچا۔ کھرونچا۔ (کھ۔رو۔چا)(کھ۔رون۔چا)(ہ۔ا۔مذکر) خراش۔ رگڑ۔
کھرونچنا۔ (کھ۔رونچ۔نا)(ہ۔مص) نوچنا۔ کھسوٹنا۔ پنجہ مارنا۔

Marfat.com

**کھری** - (و - صفت) - کھرا کی تانیث۔ خالص۔ بے میل۔
**کھری سنانا** - صاف صاف سنانا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔
**کھری مزدوری چوکھا کام** - نقد مزدوری دینے سے کام بہت اچھا اور جلد ہوتا ہے۔
**کُھری** - (ہ - ا - مونث) - جوتی کے تلے کا وہ حصہ جو ایڑی کے پیچھے رہتا ہے۔ جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں۔
**کَھری** - (کھَ - ری) (ہ - صفت) کھرا کی تانیث۔
**کھری کھاٹ** - وہ پلنگ جس پر بچھونا نہ ہو۔
**کھریا** - (کھَر - یا) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کی سفید مٹی۔
**کھریرا** - (کھَ - رے - را) (ہ - ا - مذکر) گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا۔
**کھڑا** - (کھَ - ڑا) (ہ - صفت) (۱) سیدھا - قائم (۲) کچا (۳) کچی سلائی کیا ہوا - (۴) (مذکر) عمود (۵) بغیر کٹا ہوا کھیت۔
**کھڑا پانی** - وہ پانی جو بہتا نہ ہو۔ بند پانی۔
**کھڑا کھیت** - کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو۔
**کھڑا ہونا** - (۱) اُٹھنا۔ استادہ ہونا (۲) برپا ہونا۔ بنیاد پڑنا - (۴) ٹھہرنا - (۵) اَڑ جانا (۶) (کنایۃً) لڑنے پر آمادہ ہونا - (۷) حاصل ہونا (۸) کسی سرکاری ادارہ یا مجلس وغیرہ کے لیے بطور امیدوار کھڑا ہونا۔
**کھڑے پاؤں** - کھڑے کھڑے - فوراً - اسی وقت - تُرت۔
**کھڑے پیر کا روزہ رکھنا** - برابر کھڑے رہنا - بیٹھنے کا نام نہ لینا۔
**کھڑے کھڑے** - (۱) فوراً - جلد (۲) ذرا کی ذرا - تھوڑی سی دیر کو - (۳) دیر تک کھڑے رہ کر - عرصہ تک انتظار کر کے۔
**کھڑاؤں** - (کھَ - ڑا - اُوں) (ہ - ا - مونث) لکڑی کی جوتی۔
**کھڑ بڑ** - (کھَڑ - بَڑ) (ہ - ا - مونث) ٹاپ کی متواتر آواز - کھٹ کھٹ۔
**کھُڑ پیچ** - (کھُڑ - پیچ) (ہ - ا - مذکر) عیب - نقص - حجت۔
**کھڑکا** - (کھڑ - کا) (ہ - ا - مذکر) کھٹکا - آہٹ۔
**کھڑکانا** - (ہ - متعدی) (۱) کنڈی کھٹکھٹانا - (۲) جھڑکنا - دھمکانا۔
**کھڑکنا** - (کھَ - ڑَک - نا) (ہ - متعدی) (۱) سوکھے پتوں کا بجنا - (۲) ریکوں کا بجنا (۳) بگاڑ ہونا - لڑائی ہونا۔
**کھڑکھڑ** - (ہ - ا - مونث) - کھٹ کھٹ - کسی چیز کے ٹکرانے یا چلنے کی آواز۔
**کھڑکھڑانا** - (ہ - متعدی) (۱) کھٹکھٹانا - کھٹ کھٹ کرنا (۲) دھمکانا - جھڑکنا۔
**کھڑکھڑاہٹ** - (ہ - ا - مونث) (۱) سوکھے پتوں کے بجنے کی آواز (۲) گاڑی چلنے کی آواز۔
**کھڑکی** - (کھِڑ - کی) (ہ - ا - مونث) جھروکا - دریچہ - بُرجہ۔
**کھڑی** - (کھَ - ڑی) (ہ - ا - مونث) (۱) ایک قسم کی تیراکی جس میں سیدھے کھڑے ہو کر تیرتے ہیں (۲) (صفت) کھڑا کی تانیث۔
**کھڑی بولی** - مردوں کے لب و لہجہ میں جو گفتگو کی جاتی ہے۔ اس کو کھڑی بولتے ہیں۔
**کھڑی لگانا** - کھڑے رہ کر تیرنا۔
**کھڑی مسور** - ثابت مسور - سالم مسور۔
**کھڑنچ** - (کھَ - رَنچ) (ہ - ا - مونث) (۱) خفیف زخم - (۲) دشمنی - بغض (۳) نکتہ چینی (۴) چھیڑ چھاڑ - ناحق حجت۔
**کھرنچ نکالنا** - (۱) نقص نکالنا - (۲) چھیڑنا - ناحق حجت کرنا۔
**کُہسار** - (کُہ - سار) (ف - ا - مذکر) دیکھیے کوہسار۔
**کھس پھس** - (ہ - ا - مونث) دیکھیے کُھسر پُھسر
**کھسرا** - (کھَس - را) (ہ - ا - مونث) چھوٹی چیچک۔
**کھسر پھسر** - (کھُ - سَر - پھُ - سَر) (ہ - ا - مونث) کانا پھوسی - سرگوشی۔
**کھسکانا** - (کھِس - کا - نا) (ہ - متعدی) (۱) ہٹانا - سرکانا (۲) روانہ کرنا (۳) غائب کرنا۔
**کھسکنا** - (کھِ - سَک - نا) (ہ - متعدی) (۱) سرک جانا (۲) چلا جانا - چپکے سے نکل جانا - (۳) جگہ سے ہٹ جانا۔
**کھسوٹنا** - (کھَ - سوٹ - نا) (ہ - متعدی) (۱) نوچنا (۲) زبردستی سے لینا۔
**کھسیانا** - (کھِس - یا - نا) (ہ - صفت) (۱) روتی صورت کا - (۲) شرمندہ۔
**کھسیانا کرنا** - چڑانا - رُلانا - شرمندہ کرنا۔
**کھسیانا ہو جانا** - (۱) رونے کو تیار ہو جانا (۲) شرمندہ ہونا۔
**کھسیانی** - (کھِس - یا - نی) (ہ - صفت) کھسیانا کی تانیث۔
**کھسیانی بلی کھمبا نوچے** - (مثل) غصے والا اور شرمندہ شخص دوسروں پر اپنی جھلاہٹ اور شرمندگی اتارتا ہے۔
**کھسیانی ہنسی** - وہ ہنسی جو شرمندگی کی وجہ سے ہو۔ زہر خند
**کَہف** - (ع - ا - مذکر) (۱) غار - (۲) وہ کھوہ جس میں اصحاب کہف جا کر سوئے تھے۔
**کہکشاں** - (ف - ا - مونث) کاہکشاں کا مخفف - کاہ کے تحت دیکھیے۔
**کُھکل - کھکھل** - (کھُک - کَل) (کھُک - کھَل) (ہ - صفت) کھوکھلا خالی۔
**کُھکّھو** - (ہ - صفت) (۱) کھوکھلا - خالی (۲) مفلس - نادار۔
**کھکھوڑنا** - (کھَ - کھوڑ - نا) (ہ - متعدی) (۱) زمین کو پنجوں سے کھودنا - (۲) کریدنا - بخوبی تلاش کرنا۔
**کھکھیڑ - کھکھیڑ** - (کھَ - کھیڑ) (کھَ - کیڑ) (ہ - ا - مونث) رنج مصیبت - بپتا۔
**کھکھیڑ اُٹھانا** - مصیبت جھیلنا - سختی برداشت کرنا۔
**کہگل** - (ف - ا - مونث) کاہگل کا مخفف - کاہ کے تحت دیکھیے۔
**کھل** - (س - ا - مونث) کھلی - تل یا سرسوں کا پھوک۔
**کھل** - (ہ - ا - مونث) کھال کا مخفف - چمڑا - پوست۔
**کُھلا** - (ہ - صفت) (۱) جو بند نہ ہو (۲) کشادہ - فراخ - (۳) بے روک (۴) مشہور (۵) ظاہر - علانیہ۔
**کھلا دشمن** - ظاہری دشمن۔
**کُھلا کُھلا** - (۱) صاف صاف (۲) دُور دُور - فاصلے سے - (۳) فراخ - کشادہ۔
**کُھلے بازار - کُھلے بند - کُھلے بندوں - کُھلے خزانے** - (۱) کُھلم کُھلا - علانیہ (۲) بے تکلف - آزادانہ۔
**کہلا بھیجنا** - (ہ - متعدی) پیغام بھیجنا - کہلا بھیجنا۔
**کھلاڑ** - (ہ - ا - مونث و صفت) (۱) بدکار عورت (۲) (مذکر) وہ

Marfat.com

شخص جو عیاشی کی طرف مائل ہو۔
کِھلاڑی۔ (ہ۔صفت۔وا۔مذکر) کوئی کھیل جاننے والا۔
کِھلانا۔ (ہ۔مص) (۱) تناول کرانا (۲) دعوت دینا (۳) بہلانا (۴) شکنجہ کرنا (۵) دانہ دانہ الگ کرانا (۶) پٹوانا (۷) خستہ کرنا۔
کہلانا۔ (کَہ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) دوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا (۲) اقرار لینا (۳) دوسری دفعہ پڑھوانا (۴) مشہور ہونا۔
کِھلاؤ۔ (کِھ۔لا۔ؤ) (ہ۔صفت) دوسروں کو مال کھلانے والا۔ سخی۔
کِھلائی۔ (کِھ۔لا۔ئی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) خوراک (۲) خوراک کی قیمت (۳) بچوں کو کھلانے والی عورت۔ دایہ۔
کھلائے سونے کا نوالہ۔ دیکھیے شیر کی نظر۔ (ا۔مثل) اولاد کو کھلائے تو حسب دلخواہ مگر ادب و تہذیب سکھانے کے لیے اپنا رعب ضرور قائم رکھے۔
کھلبلی۔ (کھل۔ب۔لی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) ہل چل۔ ہنگامہ (۲) گھبراہٹ۔ بے قراری۔
کھلبلی پڑنا (مچنا)۔ (۱) ہنگامہ برپا ہونا۔ ہلڑ مچنا (۲) گھبرانا۔ بے قراری ہونا۔
کُھل پڑنا۔ (ہ۔مص) (۱) بے تکلف ہو جانا (۲) کسی چیز کا کُھل کر گر پڑنا۔
کُھل کر (کے)۔ (ہ۔تابع فعل) (۱) آرام سے (۲) بے تکلف ہو کر۔ (۳) ظاہر۔ علانیہ۔
کُھل کر بیٹھنا۔ آرام سے آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
کِھل کِھل۔ (ہ۔ا۔مونث) ہنسنے یا قہقہے کی آواز۔
کِھلکھلا کر (کے) ہنسنا۔ (ہ۔مص) زور سے ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔
کِھلکھلانا۔ (کِھل۔کِھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) کِھل کِھلا کر ہنسنا۔
کُھل کھیلنا۔ (ہ۔مص) شرم و حجاب اٹھا کر علانیہ کسی معیوب امر کا کرنا۔ مطلق آزاد ہو جانا۔
کُھلم کُھلا۔ (ہ۔صفت) بے روک۔ ٹوک۔ علانیہ۔
کَھلنا۔ (کَھل۔نا) (ہ۔مص) ناگوار ہونا۔ دو بھر ہونا۔
کِھلنا۔ (کِھل۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) پھول آنا (۳) خوش ہونا (۴) پھبنا۔ سجنا۔
کُھلنا۔ (کُھل۔نا) (ہ۔مص) (۱) ظاہر ہونا۔ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا (۲) پھٹ جانا (۳) ننگا ہونا (۴) دھل جانا۔ (۵) بہنے لگنا (۶) شرم اٹھ جانا (۷) مطلع صاف ہو جانا۔ (۸) آزاد ہونا (۹) بے لگام ہو جانا۔
کِھلنڈرا۔ (کِھ۔لنڈ۔را) (ہ۔صفت) کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔
کِھلنڈری۔ (کِھ۔لنڈ۔ری) (ہ۔صفت) کھلنڈرا کی تانیث۔
کِھلو۔ (کِھل۔لو) (ہ۔صفت و۔ا۔مذکر و مونث) ہر وقت ہنستی (ہنستا) رہنے والی (والا)۔
کھلوانا۔ (کھل۔وا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے کھلانا نمبر ۲۔
کِھلوانا۔ (کِھل۔وا۔نا) (ہ۔مص) کِھلانا کا متعدی۔
کِھلونا۔ (کِھ۔لو۔نا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بچوں کے کھیلنے کی چیز۔ (۲) خوش طبع یا مسخرا آدمی۔
کھلی۔ (کَھ۔لی) (ہ۔ا۔مونث) تل یا سرسوں کا پھوک۔ کَھل

کِھلّی۔ (کِھل۔لی) (ہ۔ا۔مونث) ہنسی ٹھٹھا۔ چہل۔ مذاق۔
کِھلّی اڑانا (کرنا)۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا۔ رسوا کرنا۔
کھلیان۔ (کھل۔یان) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں بھس میں سے اناج برسا کر ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن۔ کرگھی (۲) غلے کا انبار۔
کھلیان کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔
کھم۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ستون (۲) مینار۔ لاٹھ۔
کھماچ۔ (کھ۔ماچ) (ہ۔ا۔مونث) ایک راگنی۔
کَھمانا۔ (کَھ۔ما۔نا) (ق۔مص) جھکانا۔
کھمبا۔ (کھم۔با) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کھم۔
کُھمبی۔ (کُھم۔بی) (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور اسے تل کر کھاتے ہیں۔
کُرمکری۔ (کُر۔م۔کُر۔ی) (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی پہیلی جس میں کہنے والا کہہ کر مکر جاتا ہے۔
کہن۔ (کَ۔ہن) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کہنے کا ڈھنگ (۲) کہاوت۔ قول۔
کُہن۔ (کُ۔ہن) (ف۔صفت) پرانا۔ کہنہ۔ سال خوردہ۔
کہن سال۔ بوڑھا۔ بڈھا۔ معمر۔
کہن سالی۔ (مونث) بڑھاپا۔ پیری۔ ضعیفی۔
کہنا۔ (کہ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بیان کرنا۔ زبان پر لانا (۲) کھولنا (۳) اطلاع دینا (۴) برا کہنا (۵) شعر کہنا۔ (۶) سمجھانا (۷) تنبیہ کرنا (ذکر) (۸) قول کہاوت۔ (۹) بیان (۱۰) نصیحت (۱۱) حکم (۱۲) گفتگو۔
کہنا سننا۔ (۱) بکنا۔ (۲) برا بھلا سنانا۔ (۳) رسائی۔ پہنچ۔ (۴) حکم۔ اختیار۔
کہنا کرنا (ماننا)۔ کہنے پر چلنا۔ بات ماننا۔
کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے۔ (مثل) منہ سے نکالی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا۔
کہنے کو۔ (۱) نام کو۔ برائے نام (۲) عیب لگانے یا نکالنے کو۔
کہنے کو بات رہ گئی۔ وقت نکل گیا۔ شکوہ شکایت اور گلہ باقی رہ گیا۔
کہنے کی باتیں ہیں۔ خالی باتیں ہی باتیں ہیں۔ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔
کہنے میں۔ (۱) مطیع۔ فرمانبردار (۲) قابو میں۔ بس میں۔
کہنے میں آ جانا۔ بہکانے میں آ جانا۔ دھوکے میں آ جانا۔
کھنچاؤ۔ (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کھچاؤ۔
کِھنچنا۔ (کِھنچ۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے کھچنا۔
کھنڈ۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) حصہ (۲) درجہ (۳) خطہ۔ (۴) کتاب۔ باب۔
کھنڈ۔ (ہ۔ا۔مونث) کھانڈ کا مخفف۔
کھنڈسار۔ (مونث) کھانڈ بنانے کا کارخانہ۔
کھنڈا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چاولوں کا چورا (۲) کھانڈا کا مخفف تلوار۔
کھنڈت۔ (کھن۔ڈت) (س۔ا۔مونث) (۱) ٹکڑے ہونا۔

Marfat.com

ابتری۔ (۲) تردید۔ تنسیخ۔
کھنڈت پڑنا۔ کسی کام میں حرج واقع ہونا۔
کھنڈر۔ (ہ۔ا۔مذکر) ٹوٹا ہوا مکان۔ ویرانہ۔
کھنڈلا۔ (کھنڈ۔لا) (ہ۔صفت) وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔
کھنڈنا۔ (کھنڈ۔نا) (ہ۔مص) بکھرنا۔ پھیلنا۔ پریشان ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کھنڈوی۔ (کھنڈ۔وی) (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی بیسن کی غذا۔
کھنک۔ (کھ۔نک) (ہ۔ا۔مونث) بجنے کی آواز۔ جھنکار۔
کھنکار۔ کھنکھار۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) بلغم (۲) وہ آواز جو گلا صاف کرنے کے واسطے نکالی جائے۔
کھنکارنا۔ کھنکھارنا (ہ۔مص) (۱) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا (۲) کھانس کر تھوکنا (۳) کھانس کر گلا صاف کرنا۔
کھنکانا۔ (کھن۔کا۔نا) (ہ۔مص) بجانا۔ جھنکارنا۔ روپیہ بجانا۔
کھنکنا۔ (کھ۔نک۔نا) (ہ۔مص) بجنا۔ جھنکار ہونا۔ (۲) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کی آواز۔
کھنکھر۔ (ہ۔صفت) (۱) بہت خشک (۲) بوڑھا۔
کھنگالنا۔ (ہ۔مص) (۱) پانی ڈال کر برتن ہلانا اور اسے پھینک دینا۔ (۲) سرسری طور پر کپڑے کو دھونا اور صاف کرنا۔
کھنگر۔ کھنگڑ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بہت سی جلی ہوئی اینٹوں کا مجموعہ (۲) دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے۔ (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کا پتھر صاف کیا جاتا ہے۔
کہنگی۔ (کہ۔نَ۔گی) (ف۔ا۔مونث) پرانا پن۔ بڑھاپا۔
کہنہ۔ (کہ۔نہ) (ف۔صفت) پرانا۔ دیرینہ۔ سال خوردہ۔
کہنہ مشق۔ مشّاق۔ تجربہ کار۔
کہنی۔ (کہ۔نی) (ہ۔ا۔مونث)۔ کلائی اور بازو کا جوڑ۔
کہنی مارنا (چلانا)۔ کہنی کی ضرب لگانا۔ کہنی سے ہٹانا۔
کھو۔ کھوہ۔ (ہ۔ا۔مونث) غار۔ بھٹ۔
کھوا۔ (کھ۔وا) (ہ۔ا۔مذکر) شانہ۔ مونڈھا۔ کندھا۔
کھوے سے کھوا چھلنا۔ نہایت بھیڑ بھاڑ ہونا۔
کھو بیٹھنا۔ (ہ۔مص) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔
کھوپڑا۔ (کھو۔پ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) کھوپرا۔ ناریل کا مغز۔
کھوپری۔ کھوپڑی۔ (کھو۔پ۔ری) (شکل) (ہ۔ا۔مونث) سر کے اوپر کا حصہ۔ چندیا۔
کھوٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ملاوٹ (۲) عیب (۳) نقصان۔ (۴) برائی۔ شرارت۔
کھوٹ ملانا۔ خالص سونے چاندی میں کوئی ادنیٰ دھات ملانا۔
کھوٹ نکالنا۔ کسی چیز کا نقص یا عیب نکالنا۔
کھوٹا۔ (ہ۔صفت)۔ (۱) جعلی۔ غیر خالص سکہ۔ (۲) شریر۔ (۳) عیبی۔ ناقص۔
کھوٹا پن۔ (مذکر) کھوٹا ہونا۔

کھوٹا پیسا (کھوٹا بیٹا) برے وقت کام آتا ہے۔ (مثل) نکمی اور خراب چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔
کھوٹی۔ (ہ۔صفت) کھوٹا کی تانیث۔
کھوٹی کرنا۔ (۱) کھوٹ ملانا (۲) برائی کرنا (۳) ضرر پہنچانا۔
کھوج۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) سراغ۔ پاؤں کا نشان۔ (۲) ٹھکانا۔ نشان (۳) تلاش۔
کھوج پانا (ملنا)۔ نشان ملنا۔ ٹھکانا معلوم ہونا۔
کھوج لگانا (نکالنا)۔ پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔ تفتیش کرنا۔
کھو جانا۔ (ہ۔مص) (۱) گم ہو جانا۔ (۲) محو ہو جانا۔
کھوجڑ۔ (کھو۔جڑ) (ہ۔ا۔مذکر) بھیک۔
کھوجی۔ کھوجیا (ہ۔ا۔مذکر) سراغ رساں۔ کھوج نکالنے والا۔
کھود۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کھودنے کا فعل۔ (۲) ٹوہ تک۔ (۳) تفتیش۔
کھود کھود کر پوچھنا۔ خوب چھان بین کرنا۔ نہایت تفتیش کرنا۔
کھودنا۔ (ہ۔مص) (۱) گڑھا کرنا۔ (۲) جڑ سے اکھیڑنا۔ (۳) کھرچنا۔ کریدنا (۴) نقاشی کرنا۔
کھودن کی سنے رات کی۔ کھیت کی سنے کھلیان کی۔ (مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔
کھو دینا۔ (ہ۔مص) (۱) ضائع کر دینا (۲) گنوا دینا۔
کھوسٹ۔ (کھو۔سٹ) (ہ۔صفت) بوڑھا پھوس۔ پیر فرتوت۔
کھوسنا۔ (کھوس۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز کو کسی چیز میں اٹکا دینا۔
کھو کر سیکھنا۔ (ہ۔مص) نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔
کھوکھا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) وہ ہنڈی جس کے روپے دیے جا چکے ہوں۔ (۲) لکڑی کا بڑا صندوق یا ڈبا۔
کھوکھلا۔ (کھو۔کھ۔لا) (ہ۔صفت) پولا۔ خالی۔ کھکھل۔ تھوتھا۔
کھولانا۔ (کھو۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ابالنا۔ (۲) جلانا۔ غم دینا۔
کہولت۔ (کُ۔ہو۔لت) (ع۔ا۔مونث)۔ بڑھاپے کی شروعات۔
کھول کر۔ (ہ۔تابع فعل)۔ (۱) واضح طور سے۔ (۲) بخوبی۔ جیسا چاہیے۔
کھولن۔ (کھو۔لن) (ہ۔ا۔مونث) (۱) ابال (۲) جلن۔
کھولنا۔ (کھول۔نا) (ہ۔مص)۔ (۱) ابلنا۔ (۲) غم کھانا۔ (۳) زخم میں جلن ہونا۔
کھولنا۔ (کھول۔نا) (ہ۔مص) (۱) کسی بند یا بندھی چیز کا وا کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) چیرنا (۴) ادھیڑنا۔ (۵) آزاد کرنا (۶) ننگا کرنا (۷) سلجھانا۔ (۸) حجاب دور کرنا (۹) بادل کا دور کرنا (۱۰) کسی بند سے ہوئے جانور کی چوری کرنا (۱۱) ہتھیار کمر سے جدا کرنا۔
کھونا۔ (ہ۔مص) (۱) گم کرنا۔ (۲) ضائع کرنا۔

Marfat.com

کھونپ۔ (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی لمبی سلائی۔ جیسے لمبے ٹانکے۔
کھونپ بھرنا۔ موٹا موٹا سینا۔
کھُوں تو ہاں ماری جائیے نہ کھوں تو باوا کتا کھائے۔ (ار۔مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں طرح خرابی پیدا ہونے کا ڈر ہو۔
کھونٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کونا (۲) جانب۔پہلو (۳) کان کا میل (۴) ملک کا حصہ۔قطعہ۔
کھُونٹا۔ (کھُوں۔ٹا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) میخ (۲) کولھو کی لاٹھ (۳) چکی کا ہاتھ۔
کھونٹے سے بندھنا۔ (۱) پابند ہونا (۲) نکاح ہونا۔
کھونٹے کے بل کودنا۔ کسی کی حمایت پر اترانا۔
کھُونٹی۔ (کھُوں۔ٹی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) چھوٹی میخ (۲) سارنگی یا ستار کے کان (۳) بالوں کی جڑ۔
کھونٹی لینا۔ چھوٹے چھوٹے بال مونڈنا۔
کھونچ۔ (ہ۔ا۔مونث) کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے الجھ کر پھٹ جائے۔
کھونچ آنا (لگنا)۔ کپڑے کا کسی چیز سے اُلجھ کر پھٹ جانا۔
کھونچا۔ (کھوں۔چا) (ہ۔ا۔مذکر) بڑی کھونچ۔
کھُونچا۔ (کھُوں۔چا) (ہ۔ا۔مذکر) ساڑھے چھ کا پہاڑہ
کھُوندنا۔ (کھُوند۔نا) (ہ۔مص) پامال کرنا۔روندنا۔
کھونسڑا۔ (کھونس۔ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) پُرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔
کھوہ۔ (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے کھو۔
کھوئی۔ (کھو۔ ای) (ہ۔ا۔مونث) گنے کا پھوک جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے۔
کھوئے سے گئے۔ (ار) سٹ پٹا گئے۔گھبرا گئے۔
کھوّیا۔ (کھو۔وّی۔یا) (ہ۔ا۔مذکر) ملاح۔ مانجھی۔
کھویا۔ (ہ۔ا۔مذکر) دودھ کا ماوا۔ ربڑی۔
کھویا (کھوئے) جانا۔ (ہ۔مص) (۱) گم ہو جانا۔ (۲) بکھرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ (۳) لاجواب ہو جانا۔
کھویا کھویا رہنا۔ (ہ۔مص) کسی خیال میں محو رہنا۔
کہی۔ (ک۔ہی) (ہ۔ا۔مونث) بات۔کہا۔
کہی سنی۔ لوگوں کا کہنا سُننا۔
کھیپ۔ (ہ۔ا۔مونث) (بروزن کھیت) (۱) دریائی سفر۔ (۲) بھرتی۔ بوجھ۔
کھیپ بھرنا۔ بوجھ لادنا۔ مال بھرنا۔
کھیت۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کشت۔ وہ زمین جس میں بویا جاتا جائے (۲) میدانِ جنگ (۳) چاندنی۔ (۴)۔ تلوار کا پھل۔
کھیت پڑنا۔ کسی جگہ بہت سے لوگوں کا مارا جانا۔
کھیت چٹھا۔ (مذکر) پیمائش والوں کی کتاب جس میں زادیے کی پیمائش لکھی جاتی ہے۔پٹواریوں کا خسرہ۔
کھیت رہنا۔ کام آنا۔ مارا جانا۔
کھیت کرنا۔ (۱) چاند نکلنا (۲) زراعت کرنا۔
کھیت کمانا۔ کھیت کی زمین کو پیداوار کے قابل بنانا۔
کھیت نلانا۔ زراعت کو خودرو گھاس سے صاف کرنا۔
کھیتی۔ (کھے۔تی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) بویا ہوا کھیت (۲) فصل۔ اناج۔ (۳) کاشتکاری۔
کھیتی باڑی۔ کسانی۔ کاشت کاری۔
کھیتی خصم سیتی۔ (مثل) کام مالک ہی کی توجہ سے ہوتا ہے۔
کھیدا۔ (کھے۔دا) (ہ۔ا۔مذکر) جنگلی ہاتھیوں کے پکڑنے کا گڑھا۔جسے گھاس پھوس سے چھپا دیتے ہیں۔
کھیر۔ (ہ۔ا۔مونث) دُودھ اور چاول کا پکا ہوا ایک لذیذ کھانا۔
کھیر کا دلیا ہو جانا۔ (۱) قسمت پلٹ جانا (۲) کچھ سے کچھ ہو جانا۔
کھیرا۔ (کھی۔را) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی۔
کھیری۔ (کھی۔ری) (ہ۔ا۔مونث) جانوروں کے تھنوں سے اوپر کا وہ گوشت جس میں دُودھ بنتا اور رہتا ہے
کھیس۔ (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا سُوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے۔
کھیس۔ (ہ۔ا۔مونث) وہ گاڑھا دُودھ جو بچہ پیدا ہونے پر پہلے تین روز نکلتا ہے۔ پیوسی۔
کھیسا۔ (کھی۔سا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کیسہ۔جیب (۲) وہ تھیلی جس کو ہاتھ میں پہن کر بدن کا میل صاف کرتے ہیں۔
کھیل۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بازی۔ تماشا (۲) مشغلہ (۳) چھوٹا سا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں۔ (۴) (صفت) سہل۔ آسان۔
کھیل بگڑ جانا۔ بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا۔
کھیل جانا۔ ہلاکت میں ڈال دینا۔
کھیل جاننا (سمجھنا)۔ آسان جاننا۔ سہج سمجھنا۔
کھیل کُود۔ (مذکر)۔ لہو و لعب۔ اُچھل کود۔
کھیل نہیں۔ آسان نہیں ہے۔ دشوار ہے۔
کھیل ہے۔ (۱) ادنیٰ کام ہے (۲) تماشا ہے۔ (۳) سہل ہے۔
کھیل۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) بھنے ہوئے چاول یا اناج جو پھول گیا ہو (۲) ذرا سا (۳) بجھا ہوا سُہاگہ یا دھات۔
کھیل اڑ کر منہ میں نہ جانا۔ بالکل نہ کھانا۔
کھیل کھیل ہو جانا۔ ریزہ ریزہ ہو جانا۔خستہ ہو جانا۔
کھیلا کھایا۔ (ہ۔صفت) تجربہ کار۔
کھیلنا۔ (ہ۔مص) (۱) کھیل کرنا (۲) اُچھلنا کودنا۔ (۳) دل بہلانا (۴) گزرنا۔ بیتنا (۵) بھوت پریت کے اثر سے سر ہلانا۔
کہیں۔ (ک۔ہیں) (ہ۔تابع فعل) (۱) کسی جگہ دُوسری

Marfat.com

جگہ (۲) کسی طرف (۳) ایسا نہ ہو۔
کہیں اور۔ کسی اور جگہ۔ دوسری جگہ۔
کہیں اوس سے اولوں، پیاس بجھتی ہے۔ (مثل) تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہو سکتی۔
کہیں سُنا ہے؟ تعجب کی بات ہے۔ کہیں نہیں سُنا۔
کہیں سے۔ کسی جگہ سے۔ کسی مقام سے۔
کہیں کا نہ رہنا۔ کسی کام کا نہ رہنا۔ کسی قابل نہ رہنا۔
کہیں کا ہو رہنا (ہو جانا)۔ کسی جگہ رہ پڑنا۔ جا کر واپس نہ آنا۔
کہیں کہیں۔ بہت کم۔ کسی کسی جگہ۔
کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا۔ (مثل) بے میل رشتہ بتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوا ہے۔ (مثل) اپنوں سے چھوٹنا مشکل ہے۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا۔
کہیں نہ کہیں۔ کسی نہ کسی جگہ۔ ضرور۔ کسی نہ کسی مقام پر۔
کہیں نہیں۔ کسی جگہ نہیں۔ کسی موقع پر یا مقام پر نہیں۔ بالکل پتا نہیں۔
**کھینا**۔ (کھے۔نا) (ہ۔ مص) (۱) چپّو سے کشتی چلانا۔ (۲) برداشت کرنا (۳) جلانا۔ دھونی دینا۔
**کھینچ**۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) کشش۔ کھنچاؤ (۲) کمی۔ قحط۔
کھینچ تان کے۔ کوشش سے۔ زبردستی۔ بدقت بمشکل۔
کھینچ کرنا۔ کمی کرنا۔ رکاوٹ کرنا۔
کھینچ لانا۔ پکڑ لانا۔ گھسیٹ لانا۔
کھینچا تانی۔ (ہ۔ا۔مونث) کشاکش۔ لڑائی جھگڑا۔
**کھینچنا**۔ (کھینچ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) گھسیٹنا۔ تاننا (۲) جذب کرنا (۳) غرور کرنا (۴) جلد جلد لکھنا (۵) تصویر بنانا۔ (۶) باہر نکالنا (۷) لمبا سانس لینا (۸) گھیرنا (۹) کاڑھنا۔ (۱۰) اوپر چڑھانا (۱۱) جکڑنا۔
**کھیوٹ**۔ (کھے۔وٹ) (ہ۔ا۔مونث) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کی کیفیت اور مالکان کے نام درج ہوتے ہیں۔
کھیوٹ دار۔ گاؤں کا شریک۔ شریک حصّہ۔
**کھیون ہار**۔ (کھے۔ون۔ہار) (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے کھویا۔

## ک۔غ

**کئی**۔ (کَ۔ای) (ہ۔صفت) چند۔ کتنے ہی۔ دو چار۔
کئی ایک۔ چند۔ چند ایک۔ دو چار۔
کئی بار۔ چند مرتبہ۔ چند بار۔ اکثر۔ بارہا۔ کتنی دفعہ۔

## ک۔ی

**کی**۔ (ہ۔ حرفِ اضافت) مونث سے پہلے "کا" کی جگہ بولتے ہیں۔
کی خاطر۔ کے لیے۔
**کے**۔ (ہ۔ حرفِ جار) (۱) کا کی جمع۔ الفاظِ جمع سے پہلے "کا" کی جگہ استعمال ہوتا ہے (۲) دو فعلوں کے درمیان اظہارِ عظمت کے لیے جیسے پڑھ کے آیا۔
**کَے**۔ (ہ۔ حرفِ استفہام عددی) کتنے؟
**کَے**۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) بڑا بادشاہ (۲) خاندانِ کیانیاں کا بادشاہ۔ (حرفِ استفہام) کب؟
کے آمدی و کے پیر شدی۔ (مثل) تھوڑے تجربے پر اترانے والے کو کہتے ہیں کہ ابھی کچھ کرو تو سہی۔ اتنی جلدی کہاں سے تجربہ کار بن گئے۔
**کیا**۔ (ہ۔ کلمہ استفہام)۔ (۱) چہ (۲) آیا (۳) خواہ۔ (۴)۔ کتنا (۵) استفہام انکاری (۶) کون (۷) اظہارِ عظمت کے لیے (۸) برائے نفی (۹) برائے تحسین و آفرین۔ (۱۰)۔ کراہیت و نفرت کے واسطے (۱۱) کیوں۔ کس لیے۔ (۱۲) تعجب کے لیے (۱۳) برائے کثرت۔
کیا آگ لینے آئے تھے؟ فوراً آکر چلے جانے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔
کیا اُدھار کی ماں مری ہے؟ تم نہ دو گے تمہارا دوسرا بھائی موجود ہے۔ جب کوئی قرض دینے میں حجت کرے تو کہتے ہیں۔
کیا ایسے لعل لگے ہیں۔ کون سی خوبی ہے۔
کیا بات ہے۔ سبحان اللہ! شاباش! (طنزاً بھی کہا جاتا ہے)
کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے؟ کون سی بات یہاں آنے میں مانع ہے۔
کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا۔ نہایت بے قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں۔
کیا خبر۔ خدا جانے۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔
کیا خوب! (۱) (کلمۂ طنز و تعریف) واہ! کیا کہنا ہے۔ سبحان اللہ! (۲) ہوش کی لو۔ عقل کی بات کرو۔
کیا خُو نکالی ہے۔ کیسی عادت اختیار کی ہے۔
کیا دن تھے۔ گذشتہ دن کیسے اچھے تھے جو اب یاد آتے ہیں
کیا دُور ہے۔ کچھ تعجب نہیں۔ کچھ بعید نہیں۔
کیا ڈر ہے۔ کچھ مضائقہ نہیں۔ کوئی نقصان نہیں۔
کیا رکھا ہے۔ (۱) کچھ باقی نہیں (۲) کیا خصوصیت ہے؟
کیا شے ہے۔ (۱) عجیب چیز ہے۔ (۲) (حقارتاً) بے وقعت ہے؟
کیا ضرور ہے۔ کوئی ضرورت نہیں۔
کیا فائدہ۔ بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔
کیا قاضی گلا کرے گا؟ کچھ نقصان یا ضرر نہیں ہو گا۔ کوئی شکوہ و شکایت نہیں کرے گا
کیا قیامت ہے (۱) کیا ستم ہے (۲) نہایت خوبصورت ہے
کیا کام؟ کچھ کام نہیں۔ کیا واسطہ۔ کیا تعلق؟
کیا کچھ۔ کس قدر۔ کتنا۔ بہت کچھ۔
کیا کروں؟ (۱) تعجب اور مجبوری کے موقع پر بولا جاتا

Marfat.com

ہے۔ حیران ہوں کوئی تدبیر بتاؤ (۲) کس کام میں لاؤں؟ مجھے نہیں چاہیے۔

**کیا کہنا ہے!** کلمۂ تحسین (طنز)۔ کیا بات ہے! کیا پوچھنا ہے!

**کیا کیا؟** (۱) کون کون سا۔ (۲) سب کچھ کس قدر؟ کیسے کیسے؟

**کیا گزری؟** کیوں کر بسر ہوئی۔ کیا ہوا؟

**کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے۔** کیوں نہیں بولتے؟

**کیا لعل لگے ہیں؟** کیا ایسے لعل لگے ہیں؟ کون سی خوبی ہے (طنزاً)۔

**کیا لوگے؟** کیا فائدہ اٹھاؤ گے؟ کیا پاؤ گے؟

**کیا مذکور۔** (۱) کیا تعریف ہو (۲) کچھ موقع نہیں۔ محل نہیں۔

**کیا معنی؟** (۱) کیا وجہ؟ (۲) کیا مراد (۳) کیا مجال؟

**کیا منہ دکھاؤ گے؟** کیا جواب دو گے؟ کیوں کر سامنے آؤ گے؟

**کیا منہ کا نوالہ ہے؟** یہ کام کچھ آسان تو نہیں ہے کہ جلد ہو جائے۔

**کیا منہ ہے؟** کیا حوصلہ ہے۔ کیا مقدور ہے؟

**کیا ننگی نہائے، کیا نچوڑے؟** (مثل) مفلس کے پاس کیا دھرا ہے؟

**کیا ہی!** (۱) بہت ہی۔ از حد (۲) نہایت عمدہ۔

**کِیا۔** (کِ۔ یا) (ا۔ا۔ مذکر) کیا ہوا فعل۔ عمل۔

**کِیا آگے آئے۔** بُرے فعل کا خمیازہ اٹھانا پڑے۔

**کِیا دھرا اکارت ہونا۔** جو کچھ کیا تھا سب غارت ہو جانا۔

**کِیاری۔** (کِ۔ یا۔ ری) (ا۔ا۔ مونث) کھیت یا باغ کا چھوٹا حصہ۔

**کیانی۔** (کَ۔ یا۔ نی) (ف۔ صفت) کیان (بجزم کے) کی طرف منسوب۔ بادشاہوں کے لائق۔

**کیبن۔** (CABIN) (کے۔ بِن) (انگ۔ا۔ مونث)۔ کوٹھڑی۔ کمرا۔

**کیبل۔** (CABLE) بحری تار۔

**کیبنٹ۔** (CABINET) (کے۔ بی۔ نٹ) (انگ۔ا۔ مونث) چھوٹی الماری۔

**کیپ۔** (CAP) (انگ۔ا۔ مونث) کلاہ۔ ٹوپی۔

**کیپٹن۔** (CAPTAIN) (کیپ۔ ٹن) (انگ۔ا۔ مذکر)۔ (۱) کپتان (۲) جہاز کا کپتان (۳) کھیلوں میں کسی فریق کا کپتان۔

**کیپسول۔** (CAPSULE) کیپ۔ سول (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) گولیاں یا دوائی رکھنے کی جھلی دار ڈبیا (۲) جھلی دار لفافہ یا غلاف۔ (۳) خانہ۔ گھر۔

**کیت۔** (ا۔ا۔ مذکر) ایک درخت اور اس کا ترش پھل۔

**کیتلی۔** (کیت۔ لی) (اُ۔ا۔ مونث) (انگ KETTLE کا مورد) ایک ٹونٹی دار ظرف جس میں چائے یا پانی جوش کرتے ہیں۔ آفتابہ۔

**کیتھا۔** (کے۔ تھا) (ا۔ا۔ مذکر) دیکھیے کیت۔

**کیتھولک۔** (CATHOLIC) (کے۔ تھو۔ لِک) (انگ۔ا۔ مذکر) کٹر اور راسخ العقیدہ عیسائی۔ رومن کیتھولک مذہب کا پابند۔

**کیتھیڈرل۔** (CATHEDRAL) (کے۔ تھے۔ ڈ۔ رَل)۔ (انگ۔ا۔ مذکر)۔ بڑا گرجا جس میں اسقف کا تخت ہوتا ہے۔ کنیسۂ اسقف۔

**کیٹ۔** (ا۔ا۔ مذکر) (۱) چراغ کی گاد (۲) حقے کا میل۔

**کیٹلاگ۔** (CATALOGUE) (کیٹ۔ لاگ) (انگ + مونث) فہرست کتب۔

**کیچ۔** (CATCH) (انگ۔ا۔ مذکر) گرفت۔ کرکٹ میں گیند دبوچنے کا عمل۔

**کیچ۔ کیچڑ۔** (کی۔ چڑ) (ا۔ا۔ مونث) (۱) غلیظ مٹی (۲) چیپڑ۔

**کیچوا۔** (کیچ۔ وا) (ا۔ا۔ مذکر) (۱) ایک قسم کا لمبا اور سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات کے موسم میں نمناک زمین میں پیدا ہوتا ہے۔ (۲) ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا۔ کرم شکم۔

**کَید۔** (ع۔ا۔ مذکر) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔

**کیڈٹ۔** (CADET) (کے۔ ڈِٹ) (انگ۔ا۔ مذکر)۔ فوجی کالج کا طالب علم۔

**کیرا۔** (کے۔ را) (ا۔ صفت) نیلی آنکھوں والا۔ کرنجا۔

**کیری۔** (کے۔ ری) (ا۔ا۔ مونث) (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا زیور (۳) نیلی آنکھوں والی عورت۔

**کیریئر۔** (CARRIER) (کے۔ ری۔ اَر) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) بوجھ لے جانے والا۔ حمال۔ (۲) بائیسکل کا پچھلا حصہ جس میں اسباب باندھا جاتا ہے۔

**کیریر۔** (CAREER) (کے۔ ری۔ اَر) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) روش (۲) ترقی۔

**کیریکٹر۔** (CHARACTOR) (کے۔ ریک۔ ٹر) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) سیرت۔ چال چلن (۲) وہ افراد جو افسانہ نویس وغیرہ اپنے قصوں میں ایجاد کرتے ہیں۔ کردار۔

**کیری کیچر۔** (CARICATURE) (کے۔ ری۔ کے۔ چر)۔ (انگ۔ا۔ مذکر)۔ کسی شخص یا چیز کے نمایاں پہلو کو لے کر تصویر، تحریر یا بیان کے ذریعے خاکہ اڑانا۔ ہجو کی تصویر۔

**کیڑا۔** (کی۔ ڑا) (ا۔ا۔ مذکر) (۱) کرم۔ مکوڑا (۲) سانپ۔

**کیڑا لگنا۔** دیمک لگنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ گھن لگنا۔

**کیڑے پڑنا۔** (۱) کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا (۲) عیب ہونا۔

**کیڑی۔** (کی۔ ڑی) (ا۔ا۔ مونث) (۱) چیونٹی کی طرح کا ...

**کیس۔** (CASE) (انگ۔ا۔ مذکر) (۱) معاملہ۔ کیفیت۔ (۲) مقدمہ (۳) بیمار کی حالت مرض (۴) خانہ۔ بکس۔ (۵) ٹائپ رکھنے کا خانہ۔

**کیس۔** (ا۔ا۔ مذکر) (۱) بال (سر کے) (۲) پرند کی چوٹی۔

**کیسا۔** (کے۔ سا) (ا۔ صفت و تابع فعل) (۱) کس قسم کا۔ (۲) کس چیز کا (۳) کس کام کا (۴) کیوں۔ (۵) کتنا۔ از حد۔ (۶) کیا ذکر۔

**کیسا ہی۔** (۱) کتنا ہی۔ تابہ مقدور۔ (۲) کسی قسم کا ہی۔

**کیسر۔** (کے۔ سَر) (ا۔ا۔ مونث) زعفران۔ زرد رنگ کا ایک

خوشبودار پھول۔

**کیسری**۔ (کیس۔ری) [ہ۔صفت] زعفرانی۔ زرد۔

**کیسری بانا**۔ زعفرانی پوشاک۔ ہندو راجپوت میدانِ جنگ میں یہی لباس پہن کر جایا کرتے تھے۔

**کیسہ**۔ (کی۔سَہ) [ف۔ا۔مذکر] جیب۔ پاکٹ۔ تھیلا۔

**کیسی**۔ (کے۔سی) [ہ۔صفت و تابع فعل] کیسا کی تانیث۔

**کیش**۔ [ف۔ا۔مذکر] (۱) مذہب۔ اعتقاد (۲) عادت۔ (۳) صفت۔ ڈھنگ (۴) ترکش۔

**کیش**۔ (CASH) [انگ۔ا۔مذکر] نقد روپیہ۔ نقدی روکڑ۔

**کیش بک**۔ (CASH BOOK) [ا۔مونث] روکڑ بہی۔ نقد کے حساب کی کتاب۔

**کیف**۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) نشہ۔ خمار (۲) حالت۔ کیفیت۔

**کیف وکم**۔ کیسا۔ کتنا۔

**کیفر**۔ (کے۔فَر) [ف۔ا۔مذکر] سزا۔ پاداش۔ بُرے کام کا بدلہ۔

**کیفر کردار**۔ کیے کی سزا۔ بُرے کام کا بدلہ۔

**کیفر کردار کو پہنچنا**۔ اپنی سزا کو پہنچنا۔ کیے کی سزا پانا۔

**کیفی**۔ (کے۔فی) [ع۔صفت] (۱) متوالا۔ مدہوش۔ سرشار۔ (۲) [اُ] نشہ باز۔

**کیفے**۔ (CAFE) (کے۔فے) [انگ۔ا۔مذکر] قہوہ خانہ۔

**کیفیت**۔ (کے۔فی۔یت) [ع۔ا۔مونث] (۱) حالت۔ حقیقت۔ (۲) عالم۔ رنگ ڈھنگ۔ (۳) [اُ] تفسیر۔ تشریح (۴) مزہ۔ بلطف۔

**کیفیت طلب کرنا**۔ سرکاری طور پر دریافت کرنا۔ باز پرس کرنا۔

**کیفیت لکھنا**۔ تحریری رپورٹ کرنا۔

**کیقباد**۔ (کے۔قُ۔باد) [ف۔صفت] (۱) عادل۔ برحق۔ [مذکر] عجم کا ایک بادشاہ جس نے سو سال تک حکومت کی۔ (۲) دہلی کے بادشاہ معزالدین کا لقب جو امیر خسرو کا ممدوح تھا۔

**کیک**۔ (CAKE) [انگ۔ا۔مذکر] ایک قسم کی انگریزی مٹھائی۔

**کیکاؤس**۔ (کے۔کا۔اُس) [ف۔ا۔مذکر] ایران کا ایک مشہور بادشاہ۔ رستم پہلوان اسی کا ملازم تھا۔

**کیکر**۔ (کی۔کَر) [ہ۔ا۔مذکر] ببول کا درخت۔ مغیلاں۔

**کیکری**۔ (کیک۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) چھوٹا کیکر۔ (۲) ایک قسم کی سلائی۔

**کیکڑا**۔ (کیک۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] سرطان۔ کرک۔ ایک آبی کیڑا جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے۔

**کیل**۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) میخ۔ لوہے کی کھونٹی (۲) مہاسوں یا پھوڑے کے اندر کی جمی ہوئی پیپ (۳) ناک میں پہننے کا ایک زیور۔

**کیل کانٹا**۔ [مذکر] (۱) اوزار (۲) ایک قسم کا زیور۔ (۳) بچوں کا ایک کھیل۔

**کیلا**۔ (کے۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] ایک درخت اور اس کا پھل۔

**کیلا**۔ (کی۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کھونٹا (۲) کچلی۔ کتا دانت۔

**کیلنا**۔ (کیل۔نا) [ہ۔مص] (۱) منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا (۲) جادو سے کسی کا منہ بند کر دینا (۳) عمل پڑھ کر مکان کے کونوں میں کیلیں گاڑنا تاکہ وہ آسیب سے محفوظ رہے۔ (۴) کیلیں ٹھونکنا۔

**کیلسیم**۔ (CALCIUM) (کیل۔سی۔یَم) [انگ۔ا۔مذکر] چونا۔ ایک کیمیاوی عنصر۔

**کیلنڈر**۔ (CALANDER) (کے۔لَن۔ڈَر) [انگ۔ا۔مذکر] جنتری۔ تقویم۔

**کیلوس**۔ (کے۔لوس) [یو۔ا۔مذکر] غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔

**کیلی**۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ۔ (۳) کشتی کا ایک داؤں۔

**کیلیڈوسکوپ**۔ (KALEIDOSCOPE) (کے۔لے۔ڈو۔س۔کوپ) [انگ۔ا۔مذکر] عکس نما۔ ایک نلکی جس میں رنگین شیشوں کے ٹکڑے لگے ہوتے ہیں اور جن کے عکس سے سڈول اور متناسب شکلیں پیدا ہوتی ہیں اور نلکی کے پھرانے سے بدلتی رہتی ہیں۔

**کیلیکو**۔ (CALICO) (کے۔لی۔کو) [انگ۔ا۔مذکر] چھپا ہوا کپڑا۔ چھینٹ۔

**کیمپ**۔ (CAMP) [انگ۔ا۔مذکر] پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ لشکر گاہ۔

**کیمرا**۔ (CAMERA) (کیم۔را) [انگ۔ا۔مذکر] عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ۔ (۲) جج کا پوشیدہ کمرا۔

**کیمرک**۔ (CAMBRIC) (کیم۔رِک) [انگ۔ا۔مونث] ایک قسم کا عمدہ اور باریک لٹھا جو نین سکھ کے مشابہ ہوتا ہے۔

**کیمسٹ**۔ (CHEMIST) (کے۔مسٹ) [انگ۔ا۔مذکر]۔ کیمیادان۔ دواساز۔ دوا فروش۔

**کیمسٹری**۔ (CHEMISTRY) (کے۔مسٹ۔ری) [انگ۔ا۔مونث] علم کیمیا۔ رسائن ودیا۔

**کیموس**۔ (کے۔موس) [یو۔ا۔مذکر] رس۔ وہ رقیق شے جو معدہ میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہو۔

**کیمیا**۔ (کی۔می۔یا) [ع۔ا۔مونث] (۱) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا۔ (۲) (مجازاً) رسائن۔ اکسیر۔ (۳) خاصیت و ماہیت اشیاء کا علم۔ کیمسٹری۔ (۴) [اُ۔صفت] تیر بہدف۔

**کیمیا اثر**۔ فوری اثر کرنے والی چیز۔

**کیمیا بنانا**۔ (۱) چاندی سونا بنانا۔ (۲) آسانی سے روزی حاصل کرنا۔

**کیمیا گر**۔ [مذکر] (۱) مہوس۔ کیمیا بنانے والا (۲) چالاک۔ مکار۔

**کیمیا گری**۔ [مونث] چاندی سونا بنانے کا فن۔

**کیمیاوی۔ کیمیائی**۔ (کیم۔یا۔وی) (کیم۔یا۔ای) [ف۔صفت] کیمیا سے متعلق۔ وہ اشیاء جو کیمیاوی اعمال سے حاصل ہوں یا ان میں استعمال ہوں۔

**کیمیائی الفت**۔ [مذکر]۔ کیمیائی نسبت (CHEMICAL AFFINITY)

**کیمیائی تبدیلی**۔ [مذکر] کیمیاوی کایا پلٹ۔ بالکل بدل جانا۔ ٹھوس چیز کا سیال اور سیال چیز کا گیس بننا۔

Marfat.com

کیمیائی توازن ۔ (مذکر) ۔ کیمیاوی مساوات۔
کیمیائی کاشت ۔ (مونث) کیمیائی کھیتی باڑی۔
کِین ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) حسد ۔ بُغض ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ بیر۔
کینٹب ۔ (CANTAB) (کین ۔ ٹب) (انگ ۔ صف) کیمبرج یونیورسٹی کے متعلق ۔ کیمبرج یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ۔
کینٹین ۔ (CANTEEN) (کین ۔ ٹین) (انگ ۔ ا ۔ مونث) ۔ چھاؤنی اور بارکوں میں خورونوش کی دکان۔
کینچلی ۔ (کین ۔ چ ۔ لی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم کے اوپر سے اُترتی ہے (۲) (مجازاً) لباس ۔ پوشاک۔
کینچلی بدلنا (جھاڑنا) ۔ (۱) سانپ کا پرانی جھلی بدل کر نئی جھلی لانا ۔ (۲) (ظرافتاً) پوشاک بدلنا ۔ رُوپ نکالنا۔
کینچوا ۔ (کینچ ۔ وا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) دیکھیے کیچوا۔
کینڈا ۔ (کیں ۔ ڈا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) نمونہ ۔ پیمانہ ۔ اندازہ ۔ خاکہ۔
کینڈل ۔ (CANDLE) (کین ۔ ڈل) (انگ ۔ ا ۔ مونث) موم بتی ۔ شمع
کینڈل پاور ۔ (CANDLE POWER) بتی طاقت ۔ نور کی پیمائش ۔ اکائی۔
کینسر ۔ (CANCER) (کین ۔ سر) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) ۔ (۱) سرطان ۔ بھگندر ۔ راج پھوڑا (۲) کیکڑا ۔ سرطان۔
کینسل ۔ (CANCEL) (کین ۔ سل) قلمزد کرنا ۔ منسوخ کرنا۔

کینوس ۔ (CANVAS) (کین ۔ وس) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) کرمچ ۔ ولایتی ٹاٹ (تصویر ۔ نقاشی وغیرہ کے لیے) ۔
کینہ ۔ (کی ۔ نہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) حسد ۔ بغض ۔ عداوت۔
کینہ پرور (توز ۔ ور ۔ کش) کینہ رکھنے والا ۔ حاسد۔
کینہ رکھنا ۔ عداوت رکھنا ۔ دشمنی رکھنا۔
کیوال ۔ (کے ۔ وال) (ف ۔ ا ۔ مذکر) زحل ستارہ ۔ سنیچر (مجازاً) وساتواں آسمان۔
کیوٹی ۔ (کیو ۔ ٹی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) ملی ہوئی دالیں۔
کیوریٹر ۔ (CURATOR) (کیو ۔ ریے ۔ ٹر) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) منتظم ۔ محافظ ۔ (عجائب گھر وغیرہ) (۲) رکن مجلس انتظامیہ (جامعہ) ۔
کیوڑا ۔ (کیو ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ایک درخت اور اس کے پھول کا نام (۲) کیوڑے کا عرق۔
کیولری ۔ (CAVALRY) (کے ۔ وَل ۔ ری) (انگ ۔ ا ۔ مونث) گھوڑ سوار فوج ۔ سواروں کا رسالہ۔
کیوں ؟ (ہ ۔ کلمۂ استفہام) کس لیے ۔ کس سبب سے ۔ کس وجہ سے ۔ کس باعث۔
کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو ۔ کیوں شرمندہ کرتے ہو۔
کیوں کر ۔ کس طرح ۔ کس لیے ۔ کس بنا پر۔
کیوں نہ ہو ۔ واہ وا ۔ کیا کہنا ہے ۔ کوئی انکار نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

# گ

گ (گاف) [مذکر] اُردو کا اُنتیسواں، فارسی کا چھبیسواں اور ہندی کا تیسرا حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے بھی بیس عدد فرض کیے گئے ہیں ۔

## گ ۔ ا

**گا** (ہ) (۱) علامت مستقبل ۔ جیسے آئے گا (۲) گانا ۔ مصدر سے فعل امر ۔

**گابھ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے گیابھ ۔

**گابھن** [ہ ۔ ا ۔ مونث] دیکھیے گیابھن ۔

**گاجر** [ہ ۔ ا ۔ مونث] ایک مشہور ترکاری ۔

**گاجر مُولی** (۱) دو ترکاریوں کے نام (۲) (مجازاً) بے وقعت ۔ بے قدر ۔

**گاد** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) تلچھٹ (۲) تیل یا شربت کے نیچے بیٹھا ہوا میل ۔

**گاد بیٹھنا** ۔ تلچھٹ کا نیچے بیٹھ جانا ۔

**گاڈ** (GOD) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] خدا ۔ ایشور ۔ اللہ تعالےٰ ۔

**گاڈر** (GIRDER) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] لوہے کا بڑا شہتیر ۔

**گار** [ف ۔ صفت] کرنے والا ۔ (مرکبات میں جیسے گنہگار ۔ ستمگار) ۔

**گارا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چُنتے یا پیالی کرتے ہیں (۲) ایک راگنی کا نام ۔

**گارا بنانا (کرنا)** ۔ مٹی میں پانی ملانا ۔ مٹی گوندھنا ۔

**گارد** (گا ۔ رد) (GUARD) انگارڈ کا مورد ۔ ا ۔ مذکر] (۱) سپاہیوں کی چھوٹی ٹولی (۲) پہرہ دار ۔ سنتری (۳) سپاہیوں کے رہنے کی جگہ ۔ چوکی ۔

**گارڈ** (GUARD) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] محافظ ۔ پہرہ دار ۔ ریل گاڑی کا نگران ۔

**گارڈن** (GARDEN) (گار ۔ ڈن) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] باغ ۔

**گارڈن پارٹی** (GARDEN PARTY) [وہ ضیافت جو کسی باغ میں دی جائے اور اس میں پھل اور چائے وغیرہ کا اہتمام ہو ۔

**گارڈینیا** (GARDENIA) (گار ۔ ڈی ۔ نی ۔ آ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ایک جھاڑی جو عام طور پر مکان یا باغ کی باڑھ کے کام آتی ہے ۔

**گارنٹی** (GUARANTEE) (گا ۔ رن ۔ ٹی) [انگ ۔ ا ۔ مونث] ذمہ داری ۔ ضمانت ۔

**گاڑنا** (گاڑ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) ٹھونکنا (۲) کسی چیز کا زمین میں دفن کرنا ۔

**گاڑھا** (گا ۔ ڑھا) [ہ ۔ صفت] (۱) موٹا (۲) غلیظ ۔ پتلا کی ضد (۳) گہرا ۔ دلی ۔ جانی (۴) مشکل ۔ دُشوار (۵) [مذکر] کھدّر ۔

**گاڑھا پسینہ** ۔ محنت و مشقت ۔

**گاڑھی** [ہ ۔ صفت] گاڑھا نمبر ۱، ۲، ۳، ۴ کی تانیث ۔

**گاڑھی چھننا** (۱) بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا (۲) (مجازاً) آپس میں خوب میل جول ہونا ۔

**گاڑھی دوستی** [مونث] گہری یاری ۔

**گاڑھی کمائی** [مونث] وہ مال جو کمال محنت و مشقت سے حاصل کیا گیا ہو ۔

**گاڑی** [ہ ۔ ا ۔ مونث] اسباب لادنے یا سوار ہونے کی پہیے دار چیز ۔

**گاڑی بان** (وان) [مذکر] کوچوان ۔ گاڑی چلانے والا ۔

**گاڑی بھر** ۔ بہت سا ۔ بہت زیادہ ۔

**گاڑی بھر آشنائی جو بھر نانا** ۔ [مثل] معمولی سی رشتہ داری بہت زیادہ دوستی سے بہتر ہے ۔

**گاڑی کھینچنا** (کنایتاً) کنبے کا بوجھ یا کسی کام کی ذمہ داری ۔

**گاز** (GAUZE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سوتی دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا ۔

**گاف** (GOLF) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ایک کھیل جو میدان میں ہاکی نما لکڑی اور چھوٹی گیند سے دو آدمی کھیلتے ہیں ۔

**گاگر** (گا ۔ گر) [ہ ۔ ا ۔ مونث] مٹی یا دھات کا گھڑا ۔

**گال** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] رُخسار ۔

**گال پُھلانا** (۱) گالوں میں ہوا بھر کر انھیں پُھلانا (۲) غصہ کرنا ۔ منہ سُجانا ۔

**گالا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دُھنی ہوئی رُوئی کا چھوٹا سا گُچھا (۲) برف کی مانند سفید چیز ۔

**گالا سا** (۱) روئی کی مانند ملائم (۲) برف کی مانند سفید ۔

**گالی** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) دشنام ۔ فحش بات (۲) وہ پتھر کا برتن جس کو زمین میں گاڑتے اور اس میں کوئی چیز رکھ کر موسل سے کوٹتے ہیں ۔

**گالی دینا** ۔ دشنام دینا ۔ بُری بات مُنہ سے نکالنا ۔

**گالی کھانا** ۔ دشنام سُننا ۔ فحش بات سُننا ۔

**گالی گفتار** ۔ گالی گلوچ ۔ ایک دوسرے کو گالیاں دینا ۔

**گالیاں بکنا** ۔ فحش باتیں مُنہ سے نکالنا ۔

**گالیاں پڑنا** ۔ گالیاں دی جانا ۔

**گالیوں پہ اُتر آنا** ۔ بُرا بھلا کہنے لگ جانا ۔

**گام** [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) قدم (۲) ایک قدم کا فاصلہ ۔

**گام زن** ۔ چلنے والا ۔ تیز رو ۔ تیز رفتار ۔

**گانا** [ہ ۔ مص] (۱) الاپنا ۔ راگ گانا (۲) تعریف کرنا (۳) اپنے مطلب کی بات کرنا [ا ۔ مذکر] راگ ۔ نغمہ ۔

**گانا رونا کس کو نہیں آتا** [مثل] ایسی باتیں سب جانتے ہیں ۔

**گانٹھ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) گرہ (۲) جوڑ ۔ بند (۳) جڑ (۴) عداوت ۔ نفاق ۔ بیر (۵) عہد ۔ پیمان (۶) ہاتھ پاؤں اور انگلیوں کے جوڑ ۔ گنے اور بانس وغیرہ کی گرہ ۔

**گانٹھ باندھنا** (۱) گرہ دینا (۲) یاد رکھنا (۳) نکاح کرنا ۔

**گانٹھ دینا** ۔ گرہ دینا ۔ گرہ لگانا ۔

**گانٹھ سے جانا** ۔ اپنی جیب سے روپیہ نکل جانا ۔ اپنے پاس سے خرچ ہو جانا ۔

Marfat.com

گانٹھ کا - اپنا - ذاتی -
گانٹھ کا پُورا آنکھ کا اندھا - احمق دولتمند جو جلد فریب میں آجائے
گانٹھ لینا (۱) قبضہ میں کرلینا (۲) ہم خیال کرنا - ملانا - موافق کرلینا -
گانٹھ میں باندھنا (۱) نصیحت کی بات یاد رکھنا (۲) اپنے قبضے میں کرلینا -
گانٹھ میں زر ہے تو زر ہے نہیں تو خر ہے [مثل] اگر آدمی کے پاس دولت ہے تو وہ دانا اور عقلمند ہے - ورنہ بیوقوف گدھا ہے -
**گانٹھنا** (گانٹھ - نا) [ہ - مص] (۱) مرمّت کرنا (۲) خیال باندھنا (۳) ملانا - سازش کرنا (۴) قابو کرنا -
**گانجا - گانجھا** (گاں - جا، گاں - جھا) [ہ - ا - مذکر] بھنگ کے بیج جنھیں چلم میں رکھ کر پیتے ہیں -
**گانو** [ہ - ا - مذکر] دیکھیے گاؤں -
**گاو** [ف - ا - مونث و مذکر] (۱) بیل (۲) گائے (س - گَو)
گاوِ زمین - قدیم خیال کے مطابق وہ بیل جس کے ایک سینگ پر زمین رکھی ہوئی ہے -
گاوِ سامری - وہ سونے کا بچھڑا جو حضرت موسےٰ کے زمانے میں سامری نے بنایا تھا -
گاوِ عنبر - وہ سمندری گائے جس کی نسبت لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ عنبر اگلتی ہے -
گاوِ فلک - گاوِ گردوں - برج ثور -
**گاہ** [ف - ا - مذکر] (۱) وقت (۲) جگہ - مقام (۳) بار - دفعہ - موقع (۴) کسی وقت - کبھی -
گاہ بگاہ - گاہ گاہ (۱) کبھی کبھی (۲) بھولے بسرے -
**گاہک** (گا - ہک) [ہ - ا - مذکر] خریدار -
**گاہکی** (گا - ہَ - کی) [ہ - ا - مونث] خریداری -
**گاہنا** (گاہ - نا) [ہ - مص] اناج پر بیلوں کو پھرانا تاکہ بھُس اور اناج الگ الگ ہو جائے -
**گاہے** (گا - ہے) [ف] کبھی - کسی وقت -
گاہے گاہے - کبھی کبھار -
گاہے ماہے (۱) مہینے میں ایک دفعہ (۲) کبھی کبھار - کبھی کبھی -
**گائیڈ** (GUIDE) (گا - اِڈ) [انگ - ا - مذکر] رہنما - پیشوا - رہبر -
**گائیک** (گا - اِک) دیکھیے گاہک -
**گائن** (گا - ئن) دیکھیے گاین -
**گاؤ** [ف - اُر - ا - مذکر و مونث] (۱) گائے (۲) بیل - نیز دیکھیے گاو -
گاؤ پروار ی (۱) گھر کا پلا ہوا بیل (۲) موٹا تازہ بیل -
گاؤ پُشت (۱) مخروطی (۲) مجازاً - آسمان -
گاؤ تکیہ [مذکر] لمبا گول تکیہ -
گاؤ خورد - ضائع ہونا - تباہ ہونا - برباد ہو جانا -
گاؤ دُم - ایک سرے پر موٹا اور دوسرے سرے پر پتلا -
گاؤ زبان [مونث] ایک مشہور بوٹی کا نام -
گاؤ زور - وہ شخص جو داؤ پیچ میں مشاق نہ ہو مگر کمال طاقت رکھتا ہو -
**گاؤزوری** [مونث] (۱) طاقت - توانائی - شہزوری (۲) کشتی کا ایک داؤ -
گاؤ شیر (جاؤ شیر) ایک دوا کا نام -
گاؤ کشی [مونث] گائے ذبح کرنا -
گاؤ میش - بھینس -
**گاؤدی** (گا - او - دی) [ف - صف] بے وقوف - کُند ذہن - کھامٹر -
**گاؤں** (گا - اوں) [اُر - ا - مذکر] دیہہ - موضع - بستی -
**گاؤن** (GOWN) (گا - اُن) [انگ - ا - مذکر] (۱) مغربی وضع کا لمبا جُبّہ (۲) مغربی عورتوں کا ایک لباس -
**گائے** [ہ - ا - مونث] (۱) مادہ گاؤ - گئو (۲) (کنایتاً) غریب - بے زبان -
گائے کرنا - گائے ذبح کرنا -
**گایک** (گا - یک) [س - ا - مذکر] گویا - موسیقار -
**گاین** (گا - ین) [س - ا - مذکر] گانا - نغمہ -

## گ - ب

**گبّا - گبھّا** (گَب - با، گبھ - بھا) [ہ - ا - مذکر] توشک - گدیلا -
**گبر** [ف - ا - مذکر] آتش پرست - زردشت کا پیرو - پارسی -
**گبرو - گبھرو** (گب - رُو، گبھ - رُو) [ہ - صف] نوجوان -
**گبرون** (گَب - رُون) [اُر - ا - مذکر] ایک قسم کا موٹا کپڑا -
**گبریلا** (گُب - ری - لا) [ہ - ا - مذکر] بھونرے کی مانند پردار کالا کیڑا، جو گوبر میں ہوتا ہے -

## گ - پ

**گپ** [ہ - ا - مونث] (۱) جھوٹی بات - افواہ (۲) ڈینگ (۳) بکواس -
گپ اُڑانا - جھوٹی بات مشہور کرنا - جھوٹی باتیں کرنا -
گپ شپ - ہنسی دل لگی کی باتیں - جھوٹی باتیں -
گپ مارنا (ہانکنا) جھوٹ بولنا - شیخی بگھارنا -
**گُپ** [ہ - صف] چھپا ہُوا - پوشیدہ -
گُپ چُپ (۱) خاموش - چُپ چاپ (۲) خاموشی سے - مخفی طور سے (۳) لڑکوں کا ایک کھیل ہے
گُپ چُپ کی مٹھائی کھانا (لڈّو کھانا) خاموش رہنا - مُنہ سے نہ بولنا -
**گُپت** [س - صف] پوشیدہ - چھپا ہُوا - در پردہ - غائب -
گُپت دان [مذکر] وہ خیرات جو چھپا کر دی جائے -
گُپت مار (۱) وہ مار جس کا نشان بظاہر دکھائی نہ دے (۲) طعنہ - طنز -
گُپت مال - چھپا خزانہ - دفینہ -
**گُپتی** (گُپ - تی) [ہ - ا - مونث] وہ تلوار جو دستی چھڑی میں مخفی ہوتی ہے -
**گپڑ چوتھ** [ہ - ا - مونث] گڑبڑ - خلط ملط - جو بات سمجھ میں نہ آئے -
**گپھا** (گُپ - پھا) [ہ - ا - مذکر] غار - کھوہ - چھپنے کی جگہ -

Marfat.com

**گپھا** (گُپ ۔ پھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پھندنا (۲) ریشم یا زری کے تاروں کا گچھا ۔
**گپھے دار** ۔ پھندنے دار ۔
**گپی** (گپ ۔ پی) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] فضول باتیں کرنے والا ۔ جھوٹا ۔

## گ ۔ ت

**گت** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) حرکت ۔ چال (۲) حالت ۔ طرز (۳) ئے ۔ نغمہ (۴) ایک قسم کا ناچ ۔
**گت بجانا** ۔ کوئی لے چھیڑنا ۔ ساز کا ایک خاص انداز سے بجانا ۔
**گت بنانا** (۱) وضع اختیار کرنا (۲) سازوں کے بجانے کا نیا طرز ایجاد کرنا (۳) بُرا حال کرنا ۔ مارنا پیٹنا ۔
**گتّا** (گت ۔ تا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلد باندھتے ہیں ۔
**گتکا** (گت ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] پٹا کھیلنے کی لکڑی ۔
**گتھ جانا** [ہ ۔ مص] بھڑ جانا ۔ لڑتے لڑتے آپس میں لپٹ جانا ۔
**گتھم گتھا** (گتھ ۔ تھم ۔ گتھ ۔ تھا) [ہ ۔ صف] گتھم گتھا ۔ لڑائی جھگڑا ۔
**گتھنا** (گتھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) لڑائی میں باہم لپٹنا (۲) پرو دیا جانا ۔ گتھی ہونا ۔
**گتھی** (گتھ ۔ تھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) گرہ ۔ اُلجھن (۲) دشواری ۔ مشکل ۔
**گتھی پڑنا** (۱) اُلجھاؤ ہونا ۔ گرہ پڑنا (۲) عداوت ہونا ۔
**گتھی سلجھانا** (۱) گرہ کھولنا (۲) عقدہ حل کرنا ۔
**گتیا** (گت ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] طبلہ بجانے والا ۔ طبلچی ۔

## گ ۔ ٹ

**گٹا** (گٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ٹخنے یا کلائی کا جوڑ (۲) ٹخنے کا وہ حصہ جہاں دونوں ٹخنے ملائے جا سکتے ہیں (۳) وہ نشان جو سجدہ کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے ۔ گھٹا (۴) پاؤں کے پشت کی وہ سختی جو بیٹھنے سے زمین پر ٹکنے سے ہوتی ہے (۵) ایک قسم کی مٹھائی ۔
**گٹّا** (گٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] آٹے کا ریلا ۔ دھاگے کی لچھی ۔
**گٹا** (گٹ ۔ ٹا) [ہ ۔ صف] (۱) ٹھنگنا (۲) [ا ۔ مذکر] کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا ۔
**گٹے کھیلنا** ۔ ایک قسم کا کھیل جسے کم عمر لڑکیاں کھیلتی ہیں ۔
**گٹ پٹ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] انگریزی زبان ۔ انگریزی زبان کی نقل ۔
**گٹ پٹ کرنا** ۔ انگریزی بولنا ۔
**گٹر** (GUTTER) (گٹ ۔ ٹر) [انگ ۔ ا ۔ مونث] نالی ۔ موری ۔
**گٹکا** (گٹ ۔ کا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بڑی گولی (۲) شطرنج کا مہرہ (۳) چھوٹی سی کتاب (۴) چھوٹی سی کتاب (۵) ایک قسم

مسالا جسے لوگ بجائے پان کے استعمال کرتے ہیں ۔
**گٹکری** (گٹ ۔ ک ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ پیچ دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے گاتے وقت نکلتی ہے ۔
**گٹکری لینا / نکالنا** ۔ گاتے گاتے آواز کو لچکانا ۔ آواز کا لہرانا ۔
**گٹکنا** (گٹ ۔ ٹک ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) کبوتر کا بولنا ۔ غٹکنا (۲) نگل جانا ۔
**گٹھ** [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) گانٹھ کا مخفف (۲) بڑا لقمہ ۔
**گٹھ بندھن ۔ گٹھ جوڑ** [مذکر] (۱) ہندوؤں میں دولہا دلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے (۲) میاں بیوی (۳) دو آدمیوں کا ایک دل ہونا ۔ دوستی ۔
**گٹھا** (گٹھ ۔ ٹھا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) کسی چیز کا بڑا ٹکڑا (۲) پیاز لہسن کی گانٹھ (۳) تین گز کا پیمانہ ۔ جریب کا بیسواں حصہ ۔
**گٹھائی** [ہ ۔ ا ۔ مونث] سلائی ۔ جڑوائی ۔
**گٹھڑ** (گٹھ ۔ ٹھڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] بڑی گٹھڑی ۔ انبار ۔
**گٹھڑی** (گٹھ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] بقچی ۔
**گٹھل** (گٹھ ۔ ٹھل) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بڑی گانٹھ (۲) گلٹی ۔ غدود (۳) بڑی گٹھلی (۴) مضبوط ۔ سخت (۵) جما ہوا (۶) کند ذہن ۔ غبی ۔
**گٹھلی** (گٹھ ۔ لی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) پھل کا بیج ۔ تخم (۲) گلٹی (۳) گانٹھ ۔
**گٹھنا** (گٹھ ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) سلنا ۔ پیوند لگنا (۲) مل جانا ۔ شریک ہونا ۔
**گٹھوانا** (گٹھ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] گانٹھنا کا متعدی المتعدی ۔
**گٹھی** (گٹھ ۔ ٹھی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) گرہ ۔ گانٹھ (۲) ترپڑ (۳) پیاز وغیرہ ۔
**گٹھیا** (گٹھ ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) جوڑوں کے درد کی ایک بیماری ۔ وجع المفاصل (۲) اناج باندھنے یا روئی رکھنے کی گٹھڑی ۔
**گٹھیلا** (گ ۔ ٹھی ۔ لا) [ہ ۔ صف] (۱) گرہ دار ۔ گانٹھوں والا (۲) مضبوط ۔ سخت ۔
**گٹھیلی** (گ ۔ ٹھی ۔ لی) [ہ ۔ صف] گٹھیلا کی تانیث ۔
**گٹی** (گٹ ۔ ٹی) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) چرخی ۔ ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے (۲) چلم کی ٹھیکری ۔

## گ ۔ ج

**گجر** (گ ۔ جر) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گھنٹے یا گھڑیال کی آواز ۔ چار بجے، آٹھ بجے اور ۱۲ بجے گھنٹے پر دو چند ضربیں (۲) صبح صادق کا وقت (۳) گاجر کا مخفف (۴) گیہوں اور جو یا سُرخ و سفید گیہوں ملے ہوئے ۔
**گجر بجنا** (۱) گھڑیال کا بجنا (۲) صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا ۔
**گجر بجے ۔ گجر دم** ۔ علی الصباح ۔ تڑکے ۔ بہت سویرے ۔
**گجرا** (گج ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں (۲) کلائی میں پہننے کا ایک قسم کا زیور (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ مشروع ۔
**گجری** (گج ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] گوجری ۔ گوجر کی عورت ۔

Marfat.com

گجگجا (گج۔گ۔جا) [ہ۔صف] گیلا گیلا۔ نم دار۔
گجگجانا (گج۔گ۔جا۔نا) [ہ۔مص] کیڑوں کا رینگنا۔ کلبلانا۔
گچئی (گ۔چ۔ای) [ہ۔ا۔مذکر] گیہوں اور جو باہم ملے ہوئے۔ گوجی۔

## گ۔چ

گچ (ف۔ہ۔ا۔مذکر) (۱) چونا یا سیمنٹ کا مسالا جو اینٹوں کو جوڑنے یا پلاستر کرنے میں استعمال ہوتا ہے (۲) پکا فرش۔ پکی چھت (۳) [ہ۔ا۔مونث] وہ آواز جو کیچڑ میں چلنے سے پیدا ہوتی ہے (۴) وہ آواز جو دھاردار آلے کے گوشت میں گھسنے سے ہوتی ہے (۵) [صف] بہت گاڑھا۔
گچ کاری [مونث] چُونے کا کام۔
گچاگچ [ہ۔ا۔مذکر] ملائم گوشت میں تلوار یا خنجر گھسنے کی آواز۔
گچ گچ۔ بکثرت۔ کھچاکھچ۔ پاس پاس۔
گچھا (گُچھ۔چھا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) خوشہ۔ اناج کی بالی (۲) جھرمٹ (۳) پھندنا (۴) لچھا۔
گچھی (گُچھ۔چھی) [ہ۔ا۔مونث] گچھا کی تانیث۔
گچی (گُچ۔چی) [ہ۔ا۔مذکر] چھوٹے مُنہ کا ننھا سا گڑھا۔

## گ۔د

گد [ہ۔ا۔مونث] زمین پر دے مارنے کی آواز۔
گدا [ف۔ا۔مذکر] فقیر۔ بھکاری۔ منگتا۔
گداگر [مذکر] منگتا۔ بھکاری۔
گداگری [مونث] بھیک مانگنے کا کام۔ فقیری۔
گدا (گد۔دا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) جوار۔ جو یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو (۲) گوشت۔ گدیلا (۳) ایڑی کی پوٹلی۔
گدا (گُد۔دا) [ہ۔ا۔مذکر] درخت کی موٹی شاخ۔
گداز [ہ۔ا۔مذکر] (۱) نرمی۔ ملائمت (۲) [صف] مصدر گداختن کا اسم فاعل بمعنی پگھلانے والا (مرکبات میں جیسے دل گداز) (۳) نرم۔ ملائم۔
گدازی [ف۔ا۔مونث] نرمی۔ ملائمت۔
گدام [ا۔ (GODOWN) کا مورّد۔ ا۔مذکر] دیکھیے گودام۔
گدائی [ف۔ا۔مونث] فقیری۔ گداگری۔
گدایانہ (گ۔دا۔یا۔نہ) [ف۔صف] فقیر کی طرح۔ منگتوں کی مانند۔
گدر (گد۔در) [ہ۔صف] (۱) ادھ پکا۔ نیم پختہ (پھل)۔
گدرانا (گد۔را۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا (۲) جوبن پر آنا۔
گدراہٹ (گد۔را۔ہٹ) [ہ۔ا۔مونث] پھل کے پکنے کے قریب ہونے کی حالت۔

گدڑی (گُد۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) پھٹا پرانا کپڑا۔ گودڑی۔ خرقہ (۲) وہ بازار جس میں ہر قسم کی پرانی چیزیں بکتی ہوں۔
گدڑی کا لعل (لال) (۱) غریب گھرانے میں صاحب ہنر (۲) خوبصورت آدمی پھٹے پرانے لباس میں۔
گدڑیا (گُ۔دڑ۔یا) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گدڑی کی تصغیر۔ چھوٹی گدڑی (۲) وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے (۳) پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا۔
گدڑیا پیر فقیر۔ گدڑی پہننے والا فقیر۔
گدکا (گد۔کا) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے گتکا۔
گدگدانا (گُد۔گُ۔دا۔نا) [ہ۔مص] (۱) انگلیوں سے جسم چھُو کر ہنسانا (۲) بھڑکانا (۳) چھیڑنا (۴) شوق بڑھانا۔
گدگداہٹ [ہ۔ا۔مونث] گُدگُدی کا اثر۔
گدگدی (گُد۔گُ۔دی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) جسم کے انگلیوں سے چھُونے کے باعث ہنسی کی کیفیت (۲) جوش۔ شوق۔ مستی۔
گدگدی کرنا۔ گدگدانا۔
گدلا (گَد۔لا) [ہ۔صف] میلا۔ مکدر۔ گاڑھا۔ غلیظ۔
گدلاپن [مذکر] میل۔ کدورت۔
گدلانا (گَد۔لا۔نا) [ہ۔مص] رقیق شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے میلا ہونا۔
گدنا (گُد۔نا) [ہ۔مص] سُوئی سے جسم کے کسی حصے میں سُرمہ یا نیل بھرا جانا۔
گدوانا [ہ۔مص] گودنا کا متعدی المتعدی۔
گدھ [ہ۔ا۔مذکر] چیل کی قسم کا ایک مُردار خور پرندہ۔
گدھا [ہ۔ا۔مذکر] (۱) خر۔ (صفت) (۲) احمق۔ نادان۔
گدھاپن [مذکر] بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔
گدھا گھوڑا ایک بھاؤ (گدھا گھوڑا ایک برابر) (مثل) بے انصافی اور قدر ناشناسی کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی اچھے بُرے سب برابر ہیں۔
گدھے پر چڑھانا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ تشہیر کرنا۔
گدھے پر کتابیں لادنا۔ بے وقوف کو علم پڑھانا۔
گدھے کو آدمی بنانا۔ بے وقوف کو عقلمند بنانا۔
گدھے کو باپ بنانا۔ کام نکالنے کے لیے بے وقوف کی منت خوشامد کرنا۔
گدھے (گدھوں) کے ہل چلانا۔ کسی شہر یا جگہ کو اُجڑوانا۔ برباد کرانا۔
گدھے والا (۱) وہ شخص جو کرایہ کے لیے گدھے رکھے (۲) وہ شخص جو گدھے پر چیزیں لادنے کا کام کرے۔
گدھی۔ گدھیا (گ۔دھی۔ گ۔دھی۔یا) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گدھا کی تانیث (۲) احمق عورت۔
گدی (گد۔دی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) تختِ شاہی (۲) گدیلا۔ مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ۔
گدی پر بیٹھنا (۱) مسندِ حکومت پر جلوہ گر ہونا (۲) کسی پیر، بزرگ یا گرو کے بعد اس کا گدی نشین ہونا۔
گدی نشین (۱) تخت نشین۔ وہ شخص جو حکومت کی گدی پر بیٹھے (۲) درویشوں، پیروں اور فقیروں کا جانشین۔

Marfat.com

**گدّی نشینی** [مونث] (۱) تخت نشینی (۲) پیر یا گرو وغیرہ کی جانشینی۔
**گُدّی** (گُد۔دی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) سر کا پچھلا حصہ (۲) ہتھیلی۔
**گُدّی سے زبان کھینچنا (نکالنا)** (۱) گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر اس راستے سے زبان نکال لینا (۲) سزائے موت دینا۔
**گدیلا** (گ۔دے۔لا) [ہ۔ا۔مذکر] روئی کا گدا۔ توشک۔

## گ ۔ ڈ

**گڈ** [ہ۔ا۔مونث] (۱) گاڑی کا مخفف (۲) [مذکر] چند آدمیوں کا اتفاق (۳) کاغذوں کا مجموعہ (۴) مجموعہ۔
**گڈمڈ** ۔ ملا جلا۔
**گڈ** (GOOD) [انگ۔صفت] (۱) اچھا۔ عمدہ (۲) نیک۔ شریف (۳) مفید۔
**گڈ فرائی ڈے** (GOOD FRIDAY) [مذکر] (۱) مسیحی عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰؑ کے سولی چڑھنے کا دن (۲) عیسائی تہوار جو اپریل میں جمعہ کے دن منایا جاتا ہے۔
**گڈ مارننگ** (GOOD MORNING) صبح کا سلام۔ صبح بخیر۔
**گڈا** (گڈ۔ڈا) [ہ۔ا۔مذکر] چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی۔
**گُڈا** (گُڈ۔ڈا) [ہ۔ا۔مذکر] کپڑے کا بنا ہوا آدمی کا پتلا۔
**گڈریا** (گ۔ڈر۔یا) [ہ۔ا۔مذکر] بھیڑ بکریاں چرانے والا۔
**گڈس** (GOODS) [انگ۔ا۔مذکر] مال۔ سامان۔ اسباب۔
**گڈس آفس** (GOODS OFFICE) [مذکر] مال کا دفتر۔ مال گودام کا دفتر۔
**گڈس کلرک** (GOODS CLERK) مال گودام کا بابو۔ ریل کا بابو۔
**گڈھ** [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے گڑھ۔
**گڈھا** (گڈ۔ڈھا) [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے گڑھا۔
**گڈھی** (گ۔ڈھی) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے گڑھی۔
**گُڈّی** (گُڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] پوری۔ منقا۔
**گڈی** (گڈ۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ہڈیوں کا جوڑ (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) پھندے کے پر کی گرہ جو اسے اڑنے سے باز رکھنے کے لیے باندھ دیتے ہیں۔

## گ ۔ ر

**گر** (ف۔حرفِ شرط) (۱) اگر کا مخفف [صفت] (۲) گار کا مخفف۔ بنانے والا۔ کرنے والا۔ (مرکبات میں جیسے کاریگر۔ زرگر وغیرہ)
**گر جاں طلبی مضائقہ نیست گرزر طلبی سخن دریں است** [مثل] اگر تو جان مانگے تو حاضر ہے۔ لیکن اگر پیسے مانگے تو مشکل ہے۔ کنجوسی کے اظہار کے وقت بولتے ہیں۔
**گرچہ** ۔ اگرچہ کا مخفف۔
**گر قبول افتد زہے عزّ و شرف** [مثل] نذر یا کسی تحفے کے پیش کرتے وقت کہا کرتے ہیں۔ اگر یہ حقیر تحفہ قبول ہو جائے تو کیا ہی عزت ہے۔

**گر ہمیں مکتب و ہمیں مُلّا ۔ کارِ طفلاں تمام خواہد شد** ۔ اگر یہی مدرسہ اور یہی مُلّا ٹھہرا تو پھر بچوں کا کام تمام ہوا۔ بڑوں کا یہ حال ہے تو چھوٹوں کا خدا حافظ ہے۔
**گُر** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) اصول۔ قاعدہ (۲) کسی کام کے کرنے کا خاص طریقہ کار۔ فارمولا (۳) گُرو کا مخفف۔ مُرشد (۴) نکتہ۔ باریکی
**گُردوارہ** [مذکر] گُرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کا دھرم شالہ۔
**گُرمکھی** [مونث] گورو کے مُنہ (مکھ) کی زبان یعنی پنجابی زبان (سکھ پنجابی کو گورمکھی کہتے ہیں) گورمکھی رسم الخط جو ناگری سے ملتا جلتا ہے۔
**گراب** (گ۔راب) [اُر۔ا۔مذکر] کارتوس کے چھرّوں سے بڑی گولی۔
**گراری** [ہ۔ا۔مونث] (۱) دھاگا یا رسّی بٹنے کا آلہ (۲) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۳) کنوئیں کی چرخی (۴) مشینوں کا پُرزہ جو پہیے کی شکل کا ہوتا ہے۔
**گراف** (GRAPH) (گ۔راف) [انگ۔ا۔مذکر] خاکہ۔ اعداد و شمار کا علامتی خاکہ۔
**گرام** [س۔ا۔مذکر] (۱) گاؤں۔ بستی (۲) راگ کے سُروں کا مجموعہ۔
**گرامر** (GRAMMAR) (گ۔را۔مر) [انگ۔ا۔مونث] دیکھیے گریمر۔
**گراموفون** (GRAMOPHONE) [انگ۔ا۔مذکر] ایک آلہ جس کے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے۔ فونوگراف۔
**گرامی** (گ۔را۔می) [ف۔صفت] بہت بزرگ۔ مکرم
**گرامی منش۔ گرامی قدر** ۔ بزرگ طبیعت والا۔
**گرامی نامہ** [مذکر] بڑے کا خط۔ والا نامہ۔
**گراں** (گ۔راں) [ف۔صفت] (۱) ثقیل۔ وزنی (۲) مہنگا (۳) ناگوار (۴) مشکل۔ دُشوار۔
**گراں بار** (۱) بھاری۔ لدا پھندا (۲) پھل لانے والا (۳) مال دار۔
**گراں باری** [مونث] زیرباری۔ پریشانی۔
**گراں بہا** ۔ قیمتی۔ بیش قیمت۔
**گراں بہ حکمت ارزاں بہ علت** [مثل] جو چیز بیش قیمت ہوتی ہے۔ وہ اچھی ہوتی ہے اور جو چیز سستی ہوتی ہے اس میں کوئی نہ کوئی خرابی ہوا کرتی ہے۔
**گراں خواب** (۱) وہ شخص جو دیر تک سوتا رہے (۲) غافل۔
**گراں خوابی** [مونث] غفلت۔ کاہلی۔
**گراں سر** ۔ متکبر۔ مغرور۔
**گراں قدر** ۔ عالی مرتبہ۔ صاحبِ اعزاز۔
**گراں گزرنا** ۔ ناگوار ہونا۔ بُرا لگنا۔ ناپسندِ خاطر ہونا۔
**گراں گوش** ۔ بہرا۔ جو اونچا سنے۔
**گراں گیر** ۔ سخت گیر۔ جابر۔
**گراں مایہ** (۱) قیمتی (۲) بڑا آدمی جو صاحبِ قدر و منزلت ہو۔
**گراں ہونا** (۱) دوبھر ہونا (۲) بھاری ہونا (۳) مہنگا ہونا۔
**گرانا** [ہ۔مص] (۱) نیچے ڈالنا (۲) ڈھانا (۳) ٹپکانا (۴) مرتبہ گھٹانا (۵) قیمت کم کرنا۔
**گرانٹ** (GRANT) [انگ۔ا۔مونث] مالی اعانت۔

Marfat.com

**گرانڈ** (GRAND) دیکھیے گرینڈ۔
**گرانی** [ف۔ا۔مونث] (۱) مہنگائی (۲) کمی (۳) بدہضمی۔ بوجھ۔
گرانیٔ خاطر۔ گرانیٔ طبع۔ بیزاری۔ طبیعت کی ناگواری۔
**گراؤنڈ** (GROUND) [انگ۔ا۔مونث] (۱) زمین (۲) میدان
**گربہ** (گُر۔بَہ) [ف۔ا۔مونث] بلّی۔
گربہ چشم۔ بلّی کی سی آنکھوں والا۔ نیلی آنکھوں والا۔
گربہ کشتن روزِ اوّل [مثل] رُعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہے۔
گربۂ مسکین۔ ایسا شخص جو دیکھنے میں غریب لیکن افعال میں شریر ہو۔
**گربھ** [س۔ا۔مذکر] (۱) حمل (۲) کچا بچہ۔ جنین۔
**گرپڑ کر** [ہ۔تابع فعل] جوں توں کرکے۔ بہت مشکل سے۔
**گرپڑ کے** [ہ۔تابع فعل] (۱) منت و سماجت کرکے (۲) بہزار ذلت و رسوائی۔
**گرپڑنا** [ہ۔مص] (۱) بلندی سے پستی پر آنا۔ نیچے آ رہنا (۲) دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا (۳) نہایت کمزور ہو جانا (۴) تباہ ہو جانا۔
**گرج** (گَ۔رَج) [ہ۔ا۔مونث] (۱) وہ آواز جو بادلوں سے پیدا ہو۔ کڑک (۲) شیر کی دھاڑ (۳) ہاتھی کی چنگھاڑ (۴) چیخ۔
**گرجا** [پُر۔ا۔مذکر] کلیسا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔
**گرجتے ہیں سو برستے نہیں** [مثل] زبانی شیخی بگھارنے والوں سے کچھ نہیں ہوتا۔ شیخی بازوں کی باتیں ہی باتیں ہُوا کرتی ہیں۔
**گرجنا** (گَ۔رَج۔نا) [ہ۔مص] (۱) بادلوں کا کڑکنا (۲) غصّے میں چیخنا (۳) شیر کا دھاڑنا۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا۔
**گرد** [ف۔ا۔مونث] (۱) غبار۔ دُھول (۲) بے حقیقت (۳) [صف] پھرنے والا۔ چکر کھانے والا۔ مرکبات میں جیسے آوارہ گرد۔ جہاں گرد وغیرہ۔
گردِ آفتاب۔ ذرّے جو سورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں۔
گرد آلودہ۔ غبار آلود۔ وہ چیز جس پر گرد جمی ہوئی ہو۔
گرد باد [مذکر] بگولا۔ پھرنے والی ہوا۔ ہوا جس میں غبار ملا ہُوا ہو۔
گرد کو نہ پہنچنا۔ پیچھے رہ جانا۔ برابری نہ کرسکنا۔ عاجز رہنا۔
گرد و غبار [مذکر] مٹّی اور دُھول۔
گرد ہونا۔ مات ہونا۔ ہیچ ہونا۔
**گِرد** [ف۔صف] آس پاس۔
گرد نما۔ وہ آلہ جس کے ذریعے سمت معلوم کی جائے (PERISCOPE)
گرد و پیش [مذکر] اردگرد۔ آس پاس۔
گرد و نواح [مذکر] آس پاس کا علاقہ۔ قرب و جوار۔
گرد ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔
**گردا** [ار۔ا۔مذکر] گرد۔ دُھول۔ غبار۔
**گرداب** (گِرد۔آب) [ف۔ا۔مذکر] بھنور۔ پانی کا چکر۔
**گرداگرد** [ف۔تابع فعل] چاروں طرف۔ اردگرد۔
**گرداں** [ف۔صف] (۱) پھرنے والا (۲) اُلٹا ہُوا۔ پلٹا ہُوا۔
**گردان** [ف۔ا۔مونث] (۱) مُڑاؤ (۲) ترتیب کے مطابق صیغوں کا دُہرانا۔
**گرداننا** (گَر۔دان۔نا) [ار۔مص] (۱) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو کہنا (۲) دُہرانا۔ وِرد کرنا (۳) ماننا۔ تسلیم کرنا۔
**گرداور** (گِر۔دا۔وَر) [ف۔ا۔مذکر] پٹواریوں کے حلقہ یا تحصیل کے علاقے کا افسر۔ گشت کرنے والا عہدے دار۔
**گرداوری** [ف۔ا۔مونث] (۱) گرداور کا عہدہ (۲) گشت (۳) نگرانی۔ گشت کرنے کا حلقہ یا علاقہ۔
**گردش** (گَر۔دِش) [ف۔ا۔مونث] (۱) چکر (۲) انقلاب (۳) بدنصیبی (۴) مصیبت۔
گردشِ بخت (ایّام۔ افلاک) دنوں کی گردش۔ بدنصیبی۔
گردشِ دوراں۔ گردشِ زمانہ۔ زمانے کا چکر۔
گردش کرنا (کھانا) گھومنا۔ چکر کھانا۔
گردشِ لیل و نہار۔ دن رات کا چکر۔ آفت۔ مصیبت۔
گردش میں آنا (ہونا) چکر میں آنا۔ مصیبت یا بپتا میں پھنسنا۔
**گردگاں** (گَرد۔گاں) [ف۔ا۔مذکر] اخروٹ۔
**گردن** [ف۔ا۔مونث] (۱) گلا (۲) صراحی کا اُوپر کا حصّہ۔
گردن اُڑانا۔ گردن کاٹنا۔ سر اُڑانا۔
گردن پر خون ہونا۔ کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔
گردن پر سوار ہونا (۱) کسی کی گردن پر چڑھنا (۲) کسی کام کے لیے مجبور کرنا۔
گردن توڑ بخار [مذکر] ایک خطرناک بخار جس میں گردن اکڑ جاتی ہے۔
گردن جھکانا (۱) بوجھ کے مارے گردن خم کرنا (۲) تسلیم بجا لانا (۳) اطاعت کرنا (۴) شرمندہ ہونا۔
گردن ڈالنا (۱) گردن نیچی کرنا (۲) شرمندگی یا عاجزی سے گردن جھکا دینا۔
گردن ڈھلکنا (ڈھلنا) (۱) منکا ڈھلنا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔
گردن زدنی۔ کشتنی۔ واجب القتل۔ قتل کیے جانے کے سزاوار
گردن کا منکا (مہرہ) [مذکر] پشت کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔
گردن کا منکا ڈھلکنا (ڈھلنا) دیکھیے گردن ڈھلکنا۔
گردن مارنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔
گردن مروڑنا (۱) گلا گھونٹنا (۲) کسی جانور کو گلا گھونٹ کر مارنا۔
گردن ناپنا (۱) گردن کی پیمائش کرنا (۲) گردن پکڑ کے نکال دینا (۳) مار ڈالنا۔
گردن نہ اُٹھانا (۱) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ کرنا (۲) انکار نہ کرنا۔
گردن ہلانا (۱) انکار کرنا۔ مُکرنا (۲) اقرار کرنا۔
**گردنا** (گَر۔دَ۔نا) [ار۔ا۔مذکر] مرغی گردن۔
**گردنی** (گَر۔دَ۔نی) [ف۔ا۔مونث] (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے لے کر پٹھوں تک ہوتا ہے (۲) کُشتی کا ایک داؤ۔
**گردوارہ** [ہ۔ا۔مذکر] گُر کے تحت دیکھیے۔
**گردوں** (گَر۔دُوں) [ف۔ا۔مذکر] (۱) آسمان (۲) رتھ۔
گردونِ گرداں۔ پھرنے والا آسمان۔
**گردہ** (گَر۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) خاکہ (۲) مصوّروں کے استعمال کا سفوف۔
**گِردہ** (گِر۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) دائرہ۔ حلقہ (۲) احاطہ (۳) ایک قسم کی خمیری روٹی (۴) چھوٹا گول تکیہ۔
**گُردہ** (گُر۔دَہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) انسان یا حیوان کا ایک

Marfat.com

اندرونی عضو جس میں پیشاب چھنتا ہے (۲) جرأت ۔ حوصلہ (۳) ایک قسم کی چھوٹی توپ ۔

**گُرڑ** (گ ۔ رَڑ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک خوبصورت پرندہ ۔ نیل کنٹھ ۔ (ہندو اسے گرڑ بھگوان کہتے ہیں) ۔

**گُرز** [ف ۔ ا ۔ مذکر] ایک ہتھیار جو اُوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے ۔

گرزِ گاؤ سر (۱) فریدوں بادشاہ کے گرز کا نام (۲) گرز جس کی شکل گائے کے سر کی ہو ۔

**گُرس** (GROSS) (گ ۔ رَس) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بارہ درجن ۱۴۴ عدد ۔

**گُرسل** (گُر ۔ سَل) [ہ ۔ ا ۔ مونث] مینائی قسم کا زرد چونچ والا پرندہ ۔

**گُرسنگی** (گُر ۔ سَ ۔ نَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] بھوک ۔ اشتہا ۔

**گُرسنہ** (گُر ۔ سِ ۔ نَہ) [ف ۔ صف] بھوکا ۔

**گِرفت** (گ ۔ رِفت) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) پکڑ (۲) دستہ (۳) اعتراض ۔ مزاحمت ۔ مطالبہ ۔

گرفت کرنا (۱) پکڑنا (۲) اعتراض کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔

گرفت میں آنا ۔ قابو میں آنا ۔

**گرفتار** (گ ۔ رِف ۔ تار) [ف ۔ صف] قیدی ۔ اسیر ۔

گرفتار کرنا ۔ پکڑ لینا ۔ قید کرنا ۔

**گرفتاری** (گ ۔ رِف ۔ تا ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) پکڑ (۲) قید ۔ نظربندی ۔

**گرفتگی** (گ ۔ رِف ۔ تَ ۔ گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) پکڑ (۲) تنگی (۳) ملول ہونا ۔ مبتلا ہونا ۔

گرفتگیِ آواز ۔ گلا پڑنا ۔ آواز کا بیٹھ جانا ۔

**گرفتہ** (گ ۔ رِف ۔ تہ) [ف ۔ صف] پکڑا ہوا ۔ (مرکبات میں جیسے اجل گرفتہ) ۔

گرفتہ خاطر ۔ ناخوش ۔ رنجیدہ ۔

**گُرگ** [ف ۔ ا ۔ مذکر] بھیڑیا ۔

گرگِ باراں دیدہ ۔ تجربہ کار ۔ خرانٹ ۔ آزمودہ کار ۔

**گُرگا** (گُر ۔ گا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) چیلا ۔ شاگرد (۲) نوکر (۳) نہایت شریر ۔

**گُرگابی** [اُر ۔ ا ۔ مونث] جُوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے ۔

**گرگٹ** (گِر ۔ گِٹ) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی چھپکلی جو طرح طرح کے رنگ بدلتی ہے ۔ کرلا ۔

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا ۔ ایک حال پر نہ رہنا ۔ گھڑی میں کچھ ہونا اور گھڑی میں کچھ ۔

**گرل** (GIRL) [انگ ۔ ا ۔ مونث] لڑکی ۔ بچی ۔

**گرلز سکول** (GIRLS SCHOOL) لڑکیوں کا سکول ۔

**گرلز گائیڈ** (GIRLS GUIDE) (گرلز ۔ گا ۔ ایڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سکاؤٹنگ کی طرح لڑکیوں کا انتظام ۔

**گرم** [ف ۔ صف] (۱) تپا ۔ سرد کی ضد (۲) مستعد ۔ سرگرم ۔ تیز (۳) خفا ۔ ناراض ۔

گرم اختلاطی [مونث] گہری دوستی ۔ بہت بے تکلفی ۔

گرم بازاری [مونث] خرید و فروخت کی کثرت ۔ گہما گہمی ۔

گرم جوشی [مونث] (۱) تپاک (۲) جوش ۔ شوق (۳) کوشش ۔

گرم خبر [مونث] افواہ ۔ دھوم ۔

گرم خو ۔ غضبناک ۔ تندخو ۔ تیز مزاج ۔

گرم سرد (۱) شیر گرم (۲) بُرا بھلا ۔ نیک و بد ۔

گرم سرد اُٹھانا (سہنا) بُرا بھلا وقت دیکھنا ۔

گرم کرنا (۱) آگ پر رکھ کر سینکنا (۲) غصہ دلانا (۳) تیز کرنا ۔ دوڑانا ۔

گرم مزاج ۔ بدمزاج ۔ غصیلا ۔ تندخو ۔

گرم مزاجی [مونث] تندخوئی ۔ بدمزاجی ۔

گرم مسالا [مذکر] زیرہ ۔ سیاہ مرچ ۔ لونگ ۔ الائچی اور دارچینی کا مجموعہ ۔

گرم ہونا (۱) تپنا ۔ جلنا (۲) جوش ہونا (۳) خفا ہونا (۴) تیز ہونا (۵) بارونق ہونا ۔

**گرما** [ف ۔ ا ۔ مذکر] گرمی کا موسم ۔

**گرمابہ** (گر ۔ ما ۔ بہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حمام ۔ گرم غسل خانہ (۲) وہ ظرف جس میں پانی گرم کرتے ہیں ۔

**گرماگرم** (گر ۔ ما ۔ گرم) [اُر ۔ صف] (۱) جلتا ہُوا (۲) تازہ بتازہ (۳) پُرجوش (۴) شوخ (۵) تڑاق پڑاق ۔

**گرماگرمی** [اُر ۔ ا ۔ مونث] تیزی ۔ جوش ۔

**گرمانا** [اُر ۔ فعل] (۱) گرم ہونا (۲) خفا ہونا (۳) مادہ کا مستی پر آنا (۴) جوش میں آنا ۔

**گرمائی** [اُر ۔ ا ۔ مونث] گرمی ۔ تپش ۔

**گرمی** (گر ۔ می) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) حرارت (۲) موسم گرما (۳) گرم جوشی (۴) شوخی (۵) تیزی (۶) آتشک (۷) شہوت (۸) غصہ ۔

گرمیِ بازار ۔ خرید و فروخت کی کثرت ۔ گرم بازاری ۔

گرمی پڑنا ۔ شدت کی گرمی ہونا ۔

گرمی دانے [مذکر] چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں بدن پر نکل آتے ہیں ۔ پِت ۔

گرمی کرنا (۱) بدن میں گرمی بڑھا دینا (۲) شوخی کرنا ۔

گرمیِ مضمون ۔ مضمون کی شوخی ۔

گرمی ہونا (۱) گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا ۔

**گرنا** [ہ ۔ فعل] (۱) اوپر سے نیچے آپڑنا (۲) پھسلنا ۔ لڑھکنا (۳) بھاؤ کم ہونا (۴) حمل ساقط ہونا (۵) قدر نہ رہنا (۶) مائل ہونا ۔

**گرنتھ** (گ ۔ رَنتھ) [س ۔ ا ۔ مذکر] سکھوں کی مذہبی کتاب ۔

**گرنتھی** (گ ۔ رَن ۔ تھی) [ہ ۔ صف] (۱) مؤلف ۔ کتاب لکھنے والا (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب گرنتھ کا عالم ۔

**گِرو** (گ ۔ رَو) [ف ۔ صف] رہن کیا ہُوا ۔ گروی ۔

گرو کرنا ۔ رہن کرنا ۔ کسی چیز کو نقدی کے عوض ضامن رکھنا ۔

گرونامہ [مذکر] رہن نامہ ۔ گہنے رکھنے کا تمسک ۔

**گُرو** (گ ۔ رُو) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) پیر و مرشد ۔ بزرگ (۲) استاد ۔ معلم (۳) کامل فن ۔ جگت استاد (۴) شریر ۔

گروگھنٹال [مذکر] (۱) بہت بڑا استاد ۔ سب کا پیر (۲) بدمعاشوں کا سرغنہ ۔

**گروپ** (GROUP) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ٹولی ۔ جماعت ۔ درجہ ۔ کئی چیزوں کا مجموعہ ۔

**گروہ** (گ ۔ روہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ٹولی ۔ جماعت ۔ مجمع (۲) غول (۳) نوع ۔ قسم ۔ درجہ ۔ ذات ۔

Marfat.com

**گروی** (گِر۔وی) [ف ۔ ا ۔ مونث] رہن ۔ وہ چیز جو گروی رکھی گئی ہو۔
**گروی دار** ۔ وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز کسی شرط کے ایفا پر واپس لینے کو رکھی گئی ہو۔
**گرویدگی** (گِر۔وی۔دَ۔گی) [ف ۔ ا ۔ مونث] رغبت ۔ میلان ۔ فریفتگی۔
**گرویدہ** (گِر۔وی۔دَہ) [ف ۔ صف] فریفتہ ۔ عاشق ۔
**گرہ** (گ ۔ رَہ) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ستارہ (۲) ہندو جوتش کے موافق یہ نو ستارے (۱) سُورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بُدھ (۵) برہسپت (۶) شُکر (۷) سنیچر (۸) راہو (۹) کیت ۔
**گرہ** (گِ ۔ رَہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گانٹھ (۲) جیب (۳) اُنگل کا سولھواں حصہ (۴) اُنگلی کا جوڑ (۵) کدورت (۶) ستدہ ۔ گتھی (۷) بند کا آخری شعر ۔
**گرہ باندھنا** (گرہ میں باندھنا) (۱) کسی بات کو یاد رکھنے کے لیے رومال یا پگڑی وغیرہ میں گانٹھ دینا (۲) کسی چیز کو اپنے قابو میں رکھنا ۔
**گرہ پڑنا** ، **پڑجانا** (۱) گانٹھ پڑنا ۔ اُلجھنا (۲) دشمنی ہونا ۔
**گرہ دار** ۔ بہت سی گانٹھوں والا ۔
**گرہ دینا** ۔ گانٹھ لگانا ۔ یاد رکھنا ۔
**گرہ سے جانا** ۔ اپنی جیب سے خرچ ہونا ۔ ذاتی نقصان ہونا ۔
**گرہ کا دیجیے پر ضامن نہ ہوجیے** [مثل] کسی کی ضمانت نہ دیجیے ضامن بننے کی نسبت گرہ سے روپیہ دے دینا بہتر ۔
**گرہ کٹ** ۔ جیب کترا ۔
**گرہ گیر** ۔ بل کھائے ہوئے ۔ مُڑا ہُوا ۔ پیچیدہ ۔
**گرہ لگانا** (۱) گانٹھ باندھنا (۲) مصرع پر دُوسرا مصرع لگانا ۔
**گرہست** (گ ۔ رَہست) [س ۔ صف] سُگھڑ ۔ کفایت شعار ۔ سلیقہ مند ۔
**گرہستن** (گ ۔ رَہس ۔ تن) [ہ ۔ ا ۔ مونث] سُگھڑ ۔ سلیقہ شعار (بیوی) ۔
**گرہستی** (گ ۔ رَہس ۔ تی) [ہ ۔ صف] (۱) دُنیادار ۔ عیالدار (۲) [مونث] گھر کا اسباب ۔ سامان خانہ داری ۔
**گرہن** (گ ۔ رَہن) [س ۔ ا ۔ مذکر] کسوف و خسوف ۔ سُورج پر چاند کا یا چاند پر زمین کا سایہ ہو جانے سے ان کا سیاہ نظر آنا ۔
**گرہن لگنا** (۱) سُورج یا چاند میں اندھیرا ہونا (۲) داغ لگنا ۔
**گری** [ف ۔ ا ۔ مونث] بنانا (مرکبات میں) جیسے کاری گری ۔
**گری** (گ ۔ ری) [ہ ۔ ا ۔ مونث] (۱) مغز ۔ تخم (۲) ناریل کا مغز ۔ کھوپرا (۳) گُودا ۔ بھیجا ۔
**گرے** (GREY) [انگ ۔ صف] خاکستری ۔ بھُورا ۔
**گریاں** (گِر ۔ یاں) [ف ۔ صف] روتا ہُوا ۔ نالاں ۔
**گریبان** (گ ۔ ری ۔ بان) [ف ۔ ا ۔ مذکر] پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے ۔
**گریبان پکڑنا** ، **گریبان میں ہاتھ ڈالنا** (۱) گریبان پکڑ کر گھسیٹ لینا (۲) سخت تقاضا کرنا ۔
**گریبان دریدہ** ۔ وہ شخص جس کا گریبان پھٹا ہُوا ہو ۔ پریشاں حال ۔
**گریبان گیر** (۱) مقابلہ کرنے والا ۔ مزاحم (۲) دعویدار ۔
**گریبان میں منہ ڈالنا** (۱) نہایت شرمندہ ہونا (۲) سر جھکا کر غور کرنا ۔

**گرے پڑنا** [ہ ۔ مص] ٹوٹے پڑنا ۔ ہجوم کرنا ۔
**گریٹ** (GREAT) [انگ ۔ صف] بڑا ۔ عظیم ۔ بہت ۔
**گریجویٹ** (GRADUATE) (گ ۔ رے ۔ جو ۔ ایٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] بی ۔ اے ۔ پاس ۔ سند یافتہ ۔
**گریچوٹی** (GRATUITY) (گ ۔ رے ۔ چُو ۔ ا ۔ ٹی) [انگ ۔ ا ۔ مونث] بخشش ۔ انعام ۔ صلہ ۔ عطیہ ۔
**گریڈ** (GRADE) (گ ۔ ریڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] رتبہ ۔ مرتبہ ۔ درجہ ۔
**گریز** (گُ ۔ ریز) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بھاگنا (۲) علیحدگی ۔ پرہیز (۳) قصیدہ میں تمہید و تشبیب کے بعد اصلی مقصد کی طرف متوجہ ہونا ۔
**گریز پا** (۱) بھگوڑا (۲) وحشت زدہ (۳) ناپائیدار ۔
**گریز کرنا** (۱) بھاگنا (۲) پرہیز کرنا (۳) متنفر ہونا ۔
**گریزاں** (گُ ۔ رے ۔ زاں) [ف ۔ صف] بھاگنے والا ۔ بھاگتا ہُوا ۔
**گریس** (GREASE) (گ ۔ ریس) [انگ ۔ ا ۔ مونث] چربی ۔ چکنائی ۔
**گریمر** (GRAMMAR) (گ ۔ رے ۔ مر) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) صرف و نحو ۔ قواعد زبان (۲) صرف و نحو کی کتاب ۔
**گرین** (GRAIN) (گ ۔ رین) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بیج (۲) اناج (۳) دانہ (۴) تقریباً رتی کا ایک وزن ۔
**گرینڈ** (GRAND) (گ ۔ رینڈ) [انگ ۔ صف] (۱) بڑا ۔ عظیم (۲) عالیشان (۳) عالی ظرف ۔
**گرینیڈ** (GRANADE) (گ ۔ رے ۔ نیڈ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] چھوٹا بم کا گولا ۔ ہتھ گولا ۔
**گریہ** (گِر ۔ یہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] رونا پیٹنا ۔ آہ و زاری ۔
**گریۂ شادی** ۔ خوشی کی حالت میں رونا ۔
**گریۂ شیشہ** ۔ شراب کا صراحی سے جام میں گرنا ۔
**گریہ کناں** ۔ گریہ کرنے والا ۔ روتا ۔ پیٹتا ۔ نالاں ۔ گریاں ۔
**گریہ وزاری** [مونث] واویلا ۔ کہرام ۔ آہ و بکا ۔ رونا پیٹنا ۔
**گرے ہاؤنڈ** (GREY HOUND) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] کتے کی ایک نسل جس کے پاؤں لمبے اور آنکھیں تیز ہوتی ہیں ۔ دبلا پتلا ہوتا ہے ۔ شکاری کتا ۔

# گ ۔ ڑ

**گڑ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گنے کا جما ہُوا رس (۲) مٹھاس (۳) [صف] میٹھا ۔
**گڑانبہ** [مذکر] گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں ۔
**گڑ دیے مرے تو زہر کیوں دیجیے** (گڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو) [مثل] جو کام آسانی اور نرمی سے نکل سکے اس میں سختی نہیں کرنا چاہیے ۔
**گڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا** [مثل] چھوٹی بُرائی سے بچنا اور بڑی بُرائی کا خیال نہ کرنا ۔
**گڑ نہ دے تو گڑ سی بات تو کہے** [مثل] اگر کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دو ۔

Marfat.com

**گڑ ہو گا تو مکھیاں بھی آئیں گی** [مثل] دولت ہوگی تو بہتیرے یار بن جائیں گے ۔
**گڑا** (گ ۔ ڑا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بڑا اُولا (۲) ڈھیر ۔ کھلیان (۳) [فعل] اُڑنا مصدر سے فعل ماضی مُطلق ۔
**گڑے مُردے اُکھاڑنا** (۱) پُرانے قصّے دُہرانا (۲) بھُولی بسری بات کو چھیڑنا (۳) مرے ہوئے بزرگوں کے عیب نکالنا ۔
**گڑ بڑ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) جھمیلا ۔ بکھیڑا ۔ افراتفری (۳) [صفت] گڈمڈ ۔ درہم برہم ۔
**گڑ بڑ جھالا** [مذکر] (۱) مینہ اور آندھی (۲) بدنظمی ۔
**گڑ بڑانا** [ہ ۔ مص] گھبرانا ۔ پریشان ہونا ۔
**گڑ بڑی** (گڑ ۔ ب ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] کھلبلی ۔ افراتفری ۔ بدنظمی
**گڑ پنکھ** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) بڑ ۔ بڑے پروں والا پرندہ (۲) ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی ۔
**گڑ جانا** [ہ ۔ مص] (۱) دھنس جانا (۲) دب جانا (۳) نہایت شرمندہ ہونا (۴) قائم ہوجانا (۵) جم جانا ۔ اَڑ جانا ۔
**گڑگڑ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) حقّہ پینے کی آواز ۔
**گڑگڑانا** (گڑ ۔ گ ۔ ڑا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گرجنا ۔ کڑکنا (۲) توپوں کا لگاتار چھوٹنا ۔
**گڑگڑانا** [ہ ۔ مص] عاجزی کرنا ۔ منّت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔
**گڑگڑانا** (گڑ ۔ گ ۔ ڑا ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) آنتوں کا بولنا (۲) حقّے کا بولنا ۔
**گڑگڑاہٹ** (گڑ ۔ گ ۔ ڑا ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گرج ۔ کڑک (۲) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز ۔
**گڑگڑاہٹ** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] عاجزی ۔ خوشامد ۔ التجا ۔
**گڑگڑاہٹ** ۔ (گڑ ۔ گ ۔ ڑا ۔ ہٹ) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) حقّے کی آواز ۔
**گڑگڑی** (گڑ ۔ گ ۔ ڑی) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] ایک چھوٹا سا حقّہ ۔
**گڑم** (گ ۔ ڑم) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ورم جو سر پر چوٹ لگنے سے ہوجائے ۔
**گڑنا** [ہ ۔ مص] (۱) دبنا (۲) دفن ہونا (۳) چبھنا (۴) جمنا (۵) قائم ہونا (۶) کھڑا ہونا ۔
**گڑوانا** (گڑ ۔ وا ۔ نا) [ہ ۔ مص] گاڑنا کا متعدی المتعدی ۔
**گڑولنا** (گ ۔ ڑول ۔ نا) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو کھڑے ہو کر چلنا سکھاتے ہیں ۔
**گڑونا** (گ ۔ ڑو ۔ نا) [ہ ۔ مص] (۱) گاڑنا (۲) سوراخ کرنا ۔ چھیدنا ۔
**گڑھ** [س ۔ ا ۔ مذکر] قلعہ ۔ کوٹ ۔ حصار ۔ گڑھی ۔
**گڑھ جیتنا** (۱) قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا (۳) کسی مشکل یا مصیبت سے رہائی پانا ۔
**گڑھا** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) غار (۲) گھڈ ۔ کھائی (۳) قبر ۔
**گڑھا بھرنا** (۱) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا (۲) بُری بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا (۳) کمی یا گھاٹا پورا کرنا ۔
**گڑھنت** (گ ۔ ڑھنت) [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) گڑھنا (۲) بناوٹ (۳) [صفت] گھڑی ہوئی ۔ بناوٹی ۔
**گڑھی** (گ ۔ ڑھی) [س ۔ ا ۔ مؤنث] چھوٹا قلعہ ۔ کوٹلہ ۔
**گڑیا** [ہ ۔ ا ۔ مؤنث] (۱) کپڑے کی بنی ہوئی پتلی (۲) خوبصورت لڑکا یا لڑکی (۳) کنویں کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی ۔
**گڑیاں کھیلنا** (۱) لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا (۲) ناتجربہ کار ہونا ۔
**گڑیوں کا کھیل** ۔ آسان کام ۔

## گ ۔ ز

**گز** [ف ۔ ا ۔ مذکر] تین فٹ کا ناپ ۔ ۱۶ گرہ یا ۳۶ انچ کا پیمانہ (۲) وہ آلہ جس سے سارنگی یا ستار بجاتے ہیں (۳) بندوق صاف کرنے کی سلاخ
**گز الٰہی** ۔ اکبر شاہی گز جو ۳۳ ۔ انچ کا ہوتا تھا اور لکڑی ناپنے کے کام آتا تھا ۔
**گز بھر** ۔ پورا گز ۔ تین فٹ کے برابر ۔
**گز بھر کا** (کنایۃً) بہت طول طویل ۔ بہت لمبا ۔
**گزار** [ف] گزشتن مصدر کا اسم فاعل ، ادا کرنے والا ۔ (مرکبات میں جیسے خدمت گزار) ۔
**گزارش** [ف ۔ ا ۔ مؤنث] عرض ۔ درخواست ۔ بیان ۔
**گزارنا** (گ ۔ زار ۔ نا) [اُر ۔ مص] (۱) ادا کرنا ۔ بجا لانا (۲) چھوڑنا ۔ مُہلت دینا (۳) عمر بسر کرنا (۴) پیش کرنا ۔
**گزارندہ** (گ ۔ زا ۔ رن ۔ دہ) [ف ۔ صفت] (۱) ادا کرنے والا (۲) گزارش کرنے والا ۔
**گزارہ** (گ ۔ زا ۔ رہ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) نباہ ۔ گزر بسر (۲) گزر اوقات (۳) پہنچ ۔ رسائی ۔
**گزارہ کرنا** ۔ بسر اوقات کرنا ۔ دن کاٹنا ۔ کام چلانا ۔
**گزاشتنی** (گ ۔ زاش ۔ ت ۔ نی) [ف ۔ صفت] چھوڑ دینے کا ترک کرنے کے لائق ۔
**گزاف** (گ ۔ زاف) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] بکواس ۔ بیہودہ گفتگو (بالفتح غلط العام) ۔
**گزٹ** (GAZETTE) (گ ۔ زٹ) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ۔ اخبار ۔ وہ اخبار جس میں سرکاری اعلانات چھپتے ہیں ۔
**گزٹ ہوجانا** ۔ گزٹ میں درج ہوجانا ۔ کسی خبر کا سرکاری طور پر چھپ کر مشتہر ہوجانا ۔
**گزر** (گ ۔ زر) [ف ۔ ا ۔ مؤنث] گاجر ۔
**گزر** (گ ۔ زر) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) راہ ۔ سڑک (۲) گھاٹ (۳) دخل ۔ رسائی ۔ آمد و رفت (۴) گزرائی ۔ عبور (۵) [مؤنث] بسر اوقات ۔ گزارہ ۔
**گزر جانا** (۱) بیت جانا (۲) مر جانا (۳) نکل جانا ۔
**گزر کرنا** (۱) اتفاق سے جا نکلنا (۲) دن کاٹنا (۳) پورا کرنا ۔ نباہنا ۔
**گزرگاہ** [مؤنث] (۱) راستہ (۲) سڑک ۔ شارع عام (۳) گھاٹ ۔
**گزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان** [مثل] اخیر عمر میں جب بہت سی زندگی گزر گئی ہو اچھا بُرا سب برابر ہے ۔
**گزران** (گز ۔ ران) [اُر ۔ مؤنث] گزارہ ۔ اوقات بسری ۔
**گزراں** (گز ۔ راں) [ف ۔ صفت] گزر جانے والا ۔ ناپائدار ۔
**گزراننا** (گز ۔ ران ۔ نا) [اُر ۔ مص] پیش کرنا ۔

Marfat.com

**گزرنا** (گ ۔ زر ۔ نا) [اُ ۔ مص] (۱) بیتنا (۲) مرجانا (۳) چلا جانا (۴) اتفاق سے کسی جگہ نکل آنا (۵) پار ہونا۔

**گزشت آنچہ گزشت** (ف ۔ مثل) (۱) جو کچھ اب تک ہُوا وہ ہو گیا آیندہ احتیاط چاہیے (۲) بڑا صدمہ ہُوا جو قابلِ بیان نہیں۔

**گزشتنی** (گ ۔ زش ۔ تَ ۔ نی) [ف ۔ صف] گزرنے والی۔ گزرنے کے قابل۔

**گزشتہ** (گ ۔ زش ۔ تہ) [ف ۔ صف] گزرا ہُوا ۔ بیتا ہُوا۔

گزشتہ را صلوٰۃ۔ آیندہ را احتیاط (مثل) گزری ہوئی بات کو جانے دو۔ آیندہ کے لیے احتیاط کرو۔

**گزک** (گ ۔ زک) [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) وہ چیز جو نشہ پیتے وقت مُنہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائیں۔ نقل (۲) ایک مٹھائی۔ گجک۔

**گزند** (گ ۔ زند) [ف ۔ ا ۔ مذکر و مونث] (۱) صدمہ (۲) نقصان (۳) دُکھ۔

**گزندہ** (گ ۔ زن ۔ دہ) [ف ۔ صف] ڈنگ مارنے والا۔

**گزی** (گ ۔ زی) [اُ ۔ ا ۔ مذکر] موٹا سوتی کپڑا۔

**گزیٹیر** (GAZETTEER) (گ ۔ زیٹ ۔ ای ۔ اَر) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ایکسی لُغت یا انسائیکلو پیڈیا جس میں جگہوں کے تاریخی اور جغرافیائی حالات درج ہوں۔

**گزیدہ** (گ ۔ زی ۔ دہ) [ف ۔ صف] ڈسا ہُوا ۔ کاٹا ہُوا۔

**گزیدہ** (گ ۔ زی ۔ دہ) [ف ۔ صف] چُنا ہُوا ۔ برگزیدہ۔

**گزیر** (گ ۔ زیر) [ف ۔ ا ۔ مذکر] چارہ ۔ علاج (اُردو میں صرف ناگزیر کی ترکیب سے مستعمل ہے)۔

**گزیں** (گ ۔ زیں) [ف ۔ صف] (۱) پسندیدہ (۲) پسند کرنے والا (مرکبات میں جیسے خلوت گزیں)۔

## گ ۔ س

**گسار** [ف ۔ صف] (۱) رفع کرنے والا (۲) کھانے پینے والا (مرکبات میں جیسے غمگسار ۔ مے گسار)۔

**گسائیں** (گ ۔ سا ۔ ئیں) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گوسائیں کا مخفف۔ گایوں کا سائیں ۔ گایوں کا مالک (۲) سوامی (۳) زاہد ۔ جوگی ۔ سنت ۔ جھنت۔

**گستاخ** (گس ۔ تاخ) [ف ۔ صف] بے ادب ۔ شریر ۔ بے شرم۔

**گستاخانہ** [ف ۔ صف] شوخی سے ۔ گستاخی سے ۔ بے ادبانہ۔

**گستاخی** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) شوخی ۔ بے ادبی (۲) حقارت (۳) شرارت۔

گستاخی معاف ۔ میری خطا معاف فرمایئے (معذرت کا کلمہ)۔

**گستر** (گس ۔ تر) [ف] مصدر گستردن کا اسمِ فاعل ۔ پھیلانے والا۔ (مرکبات میں جیسے کرم گستر ۔ سخن گستر)۔

**گستری** (گس ۔ تَ ۔ ری) [ف ۔ ا ۔ مونث] پھیلانا (مرکبات میں جیسے کرم گستری)۔

**گسٹاپو** (GESTAPO) (گس ۔ ٹا ۔ پو) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] نازیوں کی خفیہ پولیس۔

**گسستہ** (گ ۔ سس ۔ تہ) [ف ۔ صف] ٹوٹا ہُوا ۔ کٹا ہُوا۔

گسستہ عناں (۱) بے لگام (۲) بے قید ۔ آزاد۔

**گسل** (گ ۔ سل) [ف] مصدر گسیختن اور گسستن کا اسمِ فاعل بمعنی توڑنے والا۔ (مرکبات میں جیسے جاں گسل)۔

## گ ۔ ش

**گشت** [ف ۔ ا ۔ مذکر و مونث] (۱) دَور ۔ چکر ۔ دَورہ (۲) پھرنا ۔ چکر لگانا۔

گشت پھرنا کرنا ۔ لگانا ۔ مارنا ۔ دَورہ کرنا ۔ چکر لگانا۔

**گشتاسپ** (گش ۔ تا ۔ سپ) [ف ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایران کے بادشاہ اسفندیار کا باپ (۲) برنج۔

**گشتی** (گش ۔ تی) [ف ۔ صف] (۱) پھرنے والا (۲) گشت لگانے والی۔

گشتی چٹھی (مونث) وہ حکم جو تمام افسروں کو بھیجا جائے ۔ سرکلر۔

## گ ۔ ف

**گف** [اُ ۔ صف] موٹا ۔ گاڑھا ۔ خوب ٹھونک کر بُنا ہُوا۔

**گفت** [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) بات چیت (۲) گفتن مصدر سے ماضی کا صیغہ اس نے کہا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)۔

گفت و شنید [مونث] (۱) ذکر اذکار (۲) بحث ۔ ردّ و بدل (۳) کہنا سُننا۔

**گفتار** (گف ۔ تار) [ف ۔ ا ۔ مونث] بول ۔ چال ۔ گفتگو ۔ قول۔

**گفتگو** (گف ۔ تَ ۔ گو) [ف ۔ ا ۔ مونث] بات چیت ۔ بول چال۔

## گ ۔ گ

**گگرا** (گگ ۔ را) [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دھات کا گھڑا ۔ پانی کا بڑا برتن۔

**گگری ۔ گگریا** (گگ ۔ ری) (گ ۔ گر ۔ یا) [ہ ۔ ا ۔ مونث] چھوٹا گگرا ۔ گاگر۔

**گگن** (گ ۔ گن) [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) آسمان (۲) نہایت اُونچا (۳) لہر ۔ موج۔

## گ ۔ ل

**گل** [اُ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) گلا کا مخفف (۲) گال کا مخفف (۳) گالی کا مخفف (۴) بات چیت۔

گل بہیاں (بہیاں) ڈالنا ۔ پیار سے گلے میں ہاتھ ڈالنا۔

گل پھڑا (مذکر) (۱) پھل کا جبڑا (۲) پرندے کی چونچ سے نیچے لٹکتی ہوئی کھال۔

گل پھیڑ (مذکر) گلے کی گلٹی ۔ گردن کی گلٹی۔

Marfat.com

گل تھپ [مونث] ہاتھا پائی ۔ باہمی تکرار ۔
گل چھّے [مذکر] رخساروں کے پاس خوب بڑھائے ہوئے بال ۔
گِل [ف ۔ مونث] (۱) گارا ۔ چکنی مٹی (۲) کیچڑ ۔ دلدل ۔
گِل حکمت [مونث] مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنے کا عمل تاکہ بھاپ باہر نہ نکلنے پائے ۔ کپرَوٹی ۔
گِل در گِل ۔ مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا ۔
گُل [ف ۔ مذکر] (۱) پھول (۲) جسم کو داغنے کا نشان (۳) چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا (۴) جوتے کی ایڑی کا چمڑا (۵) حقے کا جلا ہوا تمباکو (۶) دھبا جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے (۷) سگرٹ کی راکھ ۔
گُل اشرفی ۔ ایک قسم کا گول پھول ۔
گُل افشاں (۱) پھول بکھیرنے والا (۲) پھل جھڑی (۳) خوش گفتار آدمی ۔
گُل اندام ۔ پھول کے سے جسم والا ۔
گُل بار ، گلبار ، پھول برسانے والا ۔
گلباری [مونث] پھول برسانا ۔
گُل بازی [مونث] پھولوں کا کھیل جس میں پھول ایک دوسرے کی طرف پھینکتے ہیں ۔
گُل بانگ [مونث] (۱) چہچہا ۔ بلبل کی آواز (۲) نعرۂ جنگ (۳) خوشخبری ۔
گُل بدن (۱) پھول جیسے نازک بدن والا (۲) [مذکر] ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا ۔
گُل برگ [مذکر] (۱) گلاب کی پنکھڑی (۲) نازک اندام ۔
گُل بکاؤلی [مذکر] سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کے پودے کا رنگ ہلدی کی طرح زرد ہوتا ہے ۔
گلبن [مذکر] گلاب کا درخت ۔ گلاب کا پودا ۔
گُل بو ۔ پھول کی خوشبو ۔ بوئے گل ۔
گُل بوٹا [مذکر] (۱) پھول اور اس کا پودا (۲) بیل بوٹا ۔ زیب و زینت ۔
گُل پوش (۱) پھولوں سے چھپا ہوا (۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے ۔
گُل پھولنا (۱) پھول کھلنا (۲) کوئی عجیب بات ظہور میں آنا ۔
گُل پیرہن ۔ پھولوں کے سے لباس والا ۔
گُل پیرہنی [مونث] (۱) پیراہن کا پھول کی طرح ہونا (۲) نزاکت ۔
گُل تر (۱) تازہ پھول (۲) حسینوں کا چہرہ ۔
گُل تراشنا ۔ شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی یا گلگیر سے الگ کرنا ۔
گُل جعفری (۱) ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے کے مشابہ ہوتا ہے (۲) زرد رنگ ۔
گُل جھڑنا (۱) چراغ یا سگریٹ کی راکھ گرنا (۲) درخت سے پھولوں کا گرنا ۔
گُل چاندنی ۔ ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے ۔ گل مہتاب ۔
گُل چیں ۔ پھول توڑنے والا ۔ مالی ۔ باغبان ۔
گُل خطمی ۔ گل خیرو ۔ نیلے رنگ کا ایک پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے ۔
گلخن (۱) بھٹی ۔ چولھا (۲) کوڑا کرکٹ ۔
گُل خنداں ۔ کھلا ہوا پھول ۔ ہنستا ہوا پھول ۔

گُل خندہ ۔ منہ کھول کر ہنسنا ۔ قہقہہ ۔
گُل دان [مذکر] پھول دان ۔ پھولوں کا گلدستہ رکھنے کا برتن ۔
گُل داؤدی ۔ ایک قسم کا پھول ۔
گُل دستہ [مذکر] پھولوں کا گچھا ۔
گُل دُم [مذکر] بلبل ۔
گُل دیگر شگفت [مثل] ایک اور نئی بات ظہور میں آئی ۔
گُل رُخ ۔ گل رخسار ۔ جس کا چہرہ گلاب کی طرح سرخ ہو ۔ خوبصورت ۔
گُل رنگ ۔ جس کا رنگ سرخ ہو ۔ لال ۔ ارغوانی ۔
گُل ریزی (۱) پھولوں کا چھڑکنا (۲) خوش بیانی ۔
گُل زار [مذکر] (۱) باغ ۔ گلشن ۔ پھلواری (۲) بارونق ۔
گلزار ابراہیم ۔ وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا اور وہ خدا کے حکم سے سرد ہو کر باغ بن گئی تھی ۔
گلستان [مذکر] (۱) باغ ۔ گلزار ۔ چمن (۲) شیخ سعدی کی مشہور کتاب ۔
گُل سرسبد ۔ سب سے اچھا پھول ۔
گُل شبّو ۔ ایک پھول جو رات کے وقت خوشبو دیتا ہے ۔ شب بو ۔
گلشن [مذکر] باغ ۔ پھلواڑی ۔ چمن ۔ گلزار ۔ باغ ۔
گلشن آرا ۔ باغبان ۔ باغ کو سجانے والا ۔
گُل صد برگ ۔ گیندے کا پھول ۔
گُل عباسی ۔ ایک پھول کا نام ۔
گُل عذار ۔ پھول جیسے رخساروں والا ۔ خوبصورت ۔
گُل فام ۔ پھول کے سے رنگ والا ۔
گُل فشانی ، گل افشانی [مونث] (۱) پھول جھاڑنا (۲) خوش بیانی ۔
گُل قند [مذکر] ایک دوا جو گلاب کے پھولوں کو شکر میں ملا کر بناتے ہیں ۔
گُل کاری [مونث] نقاشی ۔ بیل بوٹے کا کام ۔
گُل کترنا (۱) پھول تراشنا ۔ گلکاری کرنا (۲) بتی کا جلا ہوا سرا جھاڑنا (۳) عجیب و غریب کام کرنا ۔
گُل کدہ [مذکر] باغ ۔ پھلواری ۔
گُل کرنا ۔ چراغ بجھانا ۔ دیا بڑھانا ۔
گُل کھلانا (۱) پھول کھلانا (۲) فساد کھڑا کرنا (۳) کوئی انوکھا کام کرنا ۔
گُل کھلنا (۱) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) انوکھی بات ظاہر ہونا (۳) بھید کھلنا (۴) طوفان اٹھنا ۔
گُل گشت [مذکر] باغ کی سیر ۔ سیر چمن ۔
گُل گوں (۱) گلاب کی طرح سرخ رنگ کا (۲) گھوڑا ۔
گُل گونہ [مذکر] غازہ ۔ ابٹنا ۔ پاؤڈر ۔
گُل گیر [مذکر] شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی ۔
گُل لالہ ۔ ایک قسم کا سرخ پھول ۔
گُل مہندی ۔ ایک مشہور پھول ۔ بالسم ۔
گُل میخ ۔ موٹی کیل جس کے اوپر موٹا سا پھول بنا ہوتا ہے ۔
گلنار (۱) گل انار کا مخفف ۔ گلنار کا پھول (گلنار کا درخت انار سے مشابہ ہوتا ہے ۔ اس میں پھل نہیں آتا) (۲) سرخ رنگ والا ۔
گُل ناشگفتہ (۱) کلی ۔ غنچہ (۲) کنواری لڑکی ۔
گُل نسرین ۔ جنگلی گلاب ۔ سیوتی ۔
گُل نیلوفر ۔ کنول ۔
گُل و بلبل ۔ عاشق و معشوق ۔

Marfat.com

گُل ہزارہ - ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول - گیندا -
گُل ہونا (۱) چراغ بجھنا (۲) رونق ختم ہونا (۳) عزت کا گر جانا -
گُل [ہ - ا - مونث ] (۱) گولی کا مخفف (۲) گانٹھ (۳) گٹھلی (۴) عقدہ -
گُل چھرّے [مذکر] لُطف - عیش - مزہ -
گُل چھرّے اُڑانا (۱) خوب عیش کرنا (۲) مزے اُڑانا (۳) دولت برباد کرنا -
گَلاسڑا (گ - لا - س - ڑا) [ہ - صفت] (۱) بوسیدہ (۲) سڑا ہُوا (۳) نکما - خراب -
گَلّا (گَل - لا) [ہ - ا - مذکر] دوکاندار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن -
گَلا (گ - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) حلق (۲) آواز - سُر (۳) گریبان -
گلا آنا - گلے میں چھالا یا ورم ہوجانا -
گلا اُٹھانا - حلق کے اندر کوّے کو رومال یا انگوٹھے سے دباناتا کہ وہ اپنی جگہ پر آجائے -
گلا بیٹھ جانا ؛ پڑجانا ؛ آواز کا بھاری ہوجانا - آواز بھرا جانا -
گلا پکڑنا (۱) گردن پکڑنا (۲) کسیلی چیز کھانے سے گلے میں تکلیف ہونا (۳) تنگ کرنا - ستانا -
گلا کاٹنا (۱) قتل کرنا (۲) زبردستی کسی کا حق لینا (۳) ظلم کرنا -
گلا گھٹنا - گلا بھینچنا - گلا دبنا -
گلا ملانا - آواز ملانا -
گلے باز - خوش آواز - اچھی آواز والا -
گلے پر چھری پھیرنا ؛ چلانا ؛ ظلم کرنا - حق تلفی کرنا -
گلے پڑنا (۱) ذمے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی چمٹے جانا -
گلے پڑے کا سودا - زبردستی کا سودا جو جبراً سر منڈھا جائے -
گلے کا ہار [مذکر] (۱) ایک زیور (۲) وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (۳) اجیرن (۴) نہایت عزیز -
گلے لگانا (۱) پیار کرنا - چمٹانا (۲) زبردستی کوئی چیز ذمے لینا -
گلے ملنا (۱) ہم آغوش ہونا (۲) ملاپ کرنا -
گلے (مڑھنا) منڈھنا - زبردستی کوئی چیز گلے ڈالنا - حوالے کرنا -
گلے میں کانٹے پڑنا - حلق خشک ہونا -
گلے میں ہاتھی تھتی - آواز نہایت دلکش ہے - گانے میں ماہر ہے -
گُلاب [ف - ا - مذکر] (۱) ایک پھول (۲) گلاب کا پودا (۳) گلاب کے پھولوں کا عرق -
گلاب پاش [مذکر] وہ صراحی نما برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں -
گلاب جامن [مونث] ایک قسم کی مٹھائی جس کا رنگ جامن کی طرح ہوتا ہے -
گُلابی (گ - لا - بی) [ف - صفت] (۱) گلاب کے پھول کی طرح ہلکے سُرخ رنگ کا (۲) شراب کی بوتل (۳) ساغر - شیشہ -
گلابی آنکھ - شربتی آنکھ - مخمور آنکھ -
گلابی اُردو [مونث] اُردو تحریر کا وہ اسلوب جسے مُلّا رموزی نے رواج دیا -
گلابی جاڑا - ہلکا جاڑا - سردی کے ابتدائی دن -
گلاس (GLASS) [انگ - ا - مذکر] پانی پینے کا لمبوترا برتن ساغر (۲) شیشہ -
گُلال [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا سُرخ سفوف جو ہولی کے دنوں میں ہندو ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں -
گلانا (گ - لا - نا) [ہ - مص] (۱) پگھلانا (۲) گوشت ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا (۳) سڑانا (۴) بوسیدہ کرنا -
گلاوٹ (گ - لا - وَٹ) [ہ - ا - مونث] گلانے کی اہلیت - وہ چیز جس سے گوشت وغیرہ گل جائے -
گلائیڈر (GLIDER) (گ - لا - ای - ڈر) [انگ - ا - مذکر] ایک قسم کا ہوائی جہاز جو انجن کے بغیر چلتا ہے -
گلبن - گل کے تحت دیکھیے -
گل بتاں [ہ - ا - مونث] گل کے تحت دیکھیے -
گلپھڑا [ہ - ا - مذکر] گل کے تحت دیکھیے -
گلتھی (گ - لتھ - تھی) [ہ - ا - مونث] (۱) ابلے ہوئے نرم چاول (۲) [صفت] ملائم - نرم -
گلٹ (GILT) [انگ - ا - مذکر] (۱) ملمع کا پترا یا پانی (۲) ظاہری خوبصورتی - اُوپر کی سجاوٹ -
گلٹی (گل - ٹی) [ہ - ا - مونث] (۱) رسولی - گانٹھ (۲) غدود -
گلچیں [ا - ا - مونث] گل کے تحت دیکھیے -
گلدستہ [ف - ا - مذکر] گل کے تحت دیکھیے -
گلڈ (GUILD) [انگ - ا - مونث] ہم پیشہ لوگوں کی انجمن -
گلزار - گل کے تحت دیکھیے -
گلستاں - گل کے تحت دیکھیے -
گلسرین (GLYCERINE) (گ - لس - رین) [انگ - ا - مونث] ایک بے رنگ اور سیال شے جو چکنائی سے تیار ہوتی ہے اور تیل یا دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے -
گلشن - گل کے تحت دیکھیے -
گلگل (گل - گل) [ف - ا - مذکر] ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو - ترنج -
گلگلا (گل - گ - لا) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا میٹھا پکوان - میٹھا پکوڑا -
گل گوتھنا (گُل - گوتھ - نا) [ہ - صفت] موٹا - پلپلا - بھاری بھرکم -
گلنا (گل - نا) [ہ - مص] (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) پکنا (۴) بوسیدہ ہونا - سڑنا (۵) داغ لگنا -
گلنار - گل کے تحت دیکھیے -
گلو (گ - لو) [ف - ا - مذکر] (۱) گلا - حلق (۲) آواز - سُر -
گلو بُریدہ - جس کا گلا کٹا ہُوا ہو -
گلوبند [مذکر] گلے میں باندھنے کا اُونی یا ریشمی پٹکا -
گلو خلاصی [مونث] رہائی - چھٹکارا - نجات -
گلو سوز - نہایت میٹھی اور لذیذ چیز
گلو گیر (۱) گردن پکڑنے والا - الزام لگانے والا (۲) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑ لے -
گلوب (GLOBE) (گ - لوب) [انگ - ا - مذکر] (۱) کُرہ - گول چیز - کرہ (۲) کُرۂ زمین -
گلوری (گ - لو - ری) [ہ - ا - مونث] پان کا بیڑا -
گلوری بنانا - پان بنانا - پان لگانا -
گلوکوز (GLUCOSE) (گ - لو - کوز) [انگ - ا - مذکر] انگور سے نکلی ہوئی شکر -

Marfat.com

**گلولہ** (گُ - لو - لہ) [ف - ا - مذکر] گولی - گولہ - غلّہ -
**گلہ** (گَل - لہ) [ف - ا - مذکر] جھُنڈ - ریوڑ - مویشیوں کی ڈار -
**گلہ بان** [مذکر] چرواہا - گڈریا -
**گلہ بانی** [مونث] نگہبانی - محافظت - ریوڑ کی رکھوالی -
**گلہ** (گِ - لہ) [ف - ا - مذکر] شکوہ - شکایت - اُلاہنا -
**گلہ شکوہ** - اُلاہنا - شکوہ - شکایت -
**گلہری** (گِ - لہ - ری) [ہ - ا - مونث] چوہے کی مانند ایک جانور جس کی پیٹھ پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں - درختوں پر رہتا ہے -
**گلھڑ** (گل - لھڑ) [ہ - ا - مذکر] گلے کا پھُولا ہُوا غدود -
**گلی** (گَ - لی) [ہ - ا - مذکر] کوچہ - محلّے کے اندر تنگ سڑک -
**گلی کوچہ** - محلہ - کوچہ -
**گلی گلی** - ہر گلی میں - ہر کوچے میں - کوچہ بکوچہ - کُو بکُو -
**گلیاں چھاننا** - کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا -
**گِلی** (گِ - لی) [ف - صف] مٹی کا بنا ہُوا - مٹی سے منسوب -
**گُلّی** (گُل - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) مکئی کا بھُٹا (۲) وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو ڈھول کے اندر دی جاتی ہے (۳) نوک دار چھوٹی سی لکڑی کا ٹکڑا جسے لڑکے ڈنڈے سے مار کر اُچھالتے ہیں -
**گُلّی ڈنڈا** [مذکر] لڑکوں کا ایک کھیل -
**گلیارا** (گل - یا - را) [ہ - ا - مذکر] کوچہ - گلی -
**گلیز** (GLAZE) (گ - لیز) [انگ - ا - مذکر] مٹی یا چینی کے برتن پر روغن جس سے چمک آجائے -
**گلیشیر** (GLACIER) (گ - لے - شِ - یَر) [انگ - ا - مذکر] برف کی چٹان جو آہستہ آہستہ نیچے کو ڈھلکے - برف کا چشمہ -
**گلیم** (گ - لیم) [ف - ا - مونث] کمبل - دُھسّا - کملی -
**گلینڈ** (GLAND) (گ - لینڈ) [انگ - ا - مونث] غدود - گلٹی -

## گ - م

**گُم** [ف - صف] (۱) کھویا ہُوا (۲) ضائع (۳) غائب - چھُپا ہُوا - (۴) ناپید (۵) حیران - پریشان -
**گُم راہ** (۱) راستا بھُولا ہُوا - آوارہ - بہکا ہُوا (۲) بے دین - بدعتی (۳) سرکش - مغرور -
**گمراہی** [مونث] (۱) بے راہی - کجروی (۲) سرکشی - انحراف (۳) بے دینی -
**گُم شُدگی** [مونث] کھویا جانا -
**گُم شُدہ** (۱) کھویا ہُوا (۲) بھاگا ہُوا (۳) بھُولا ہُوا -
**گُم صُم** (۱) گونگا - بہرا (۲) خاموش - چُپ چاپ - حیران - ششدر -
**گُم کرنا** (۱) کھو دینا (۲) چھُپانا (۳) ضائع کرنا (۴) بھُلانا -
**گُم گشتہ** (۱) کھویا ہُوا (۲) بھاگا ہُوا (۳) بھُولا ہُوا -
**گُم نام** (۱) غیر معروف جس کو کوئی نہ جانتا ہو (۲) نام ظاہر کیے بغیر -
**گُم نامی** [مونث] پوشیدگی - نامعلومی -
**گُم ہونا** (۱) کھو جانا (۲) محو ہونا -
**گماشتہ** (گُ - ماش - تہ) [ف - ا - مذکر] وہ شخص جسے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو - کارندہ (۲) منیم - وکیل -
**گُمان** (گُ - مان) [ف - ا - مذکر] (۱) خیال - اندازہ (۲) شُبہ - احتمال (۳) وہم -
**گُمانِ غالب** (قوی) پکّا خیال - یقینِ کامل -
**گُمان کرنا** - خیال کرنا - شُبہ کرنا -
**گُمان گزرنا / ہونا** - شک ہونا - شُبہ ہونا - خیال میں آنا -
**گمبھیر** (گم - بھیر) [س - صف] (۱) گہرا - اتھاہ (۲) بُردبار (۳) دُور اندیش (۴) بھاری - وزنی (۵) [مذکر] ایک قسم کا پھوڑا جو اکثر پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے - خنازیر -
**گُمٹی** (گُم - ٹی) [ہ - ا - مونث] چھوٹا گنبد - بُرجک -
**گمک** (گَم - مک) [ہ - ا - مونث] (۱) ڈھول - طبلے یا باجے کی آواز (۲) گرج - کڑک (۳) صدمہ - تصادم (۴) وہ گونج دار آواز جو گانے والوں کے مُنہ سے بھاری ہو کر نکلے -
**گملا - گھملا** (گم - لا - گھم - لا) [ہ - ا - مذکر] مٹی کا برتن جس میں پودے بوتے ہیں -

## گ - ن

**گن** (GUN) [انگ - ا - مونث] بندوق - توپ -
**گُن** [ہ - ا - مذکر] (۱) عادت (۲) اعمال (۳) صفت - تاثیر (۴) تعریف (۵) ہُنر (۶) خوبی -
**گُن گانا** - تعریف کرنا - مدح سرائی کرنا -
**گُن ماننا** - احسان ماننا - ممنون ہونا -
**گُنونت** - گن والا - ہُنرمند -
**گُنوتتا** - ہُنرمندی - گُن -
**گُنونتی** - گُنونت کی تانیث -
**گُنا** [ہ - ا - مذکر] چند - بار - جیسے چوگنا - سوگنا -
**گنّا** (گن - نا) [ہ - ا - مذکر] نیشکر - پونڈا - اکھ -
**گِنانا** [ہ - مص] دیکھیے گِنوانا -
**گُناہ** (گُ - ناہ) [ف - ا - مذکر] مذہبی احکام کے خلاف عمل - عصیاں - جُرم - خطا - قصور -
**گُناہ بخشنا** - خطا معاف کرنا - قصور معاف کرنا -
**گُناہ بے لذّت** - وہ گُناہ جس کے کرنے میں کچھ فائدہ نہ ہو -
**گُناہ صغیرہ** - معمولی گُناہ - ادنیٰ گُناہ - جرمِ خفیف -
**گُناہ کبیرہ** - بھاری جُرم - بڑا گُناہ -
**گُناہ گار** (۱) عاصی - پاپی - بدکار (۲) خطاکار - مُجرم -
**گنہگار کرنا** (بنانا) (۱) گُناہوں میں مبتلا کرنا (۲) شرمندہ کرنا -
**گُناہ گاری** [مونث] (۱) قصور - جُرم (۲) جرمانہ - تاوان -
**گُناہوں کی گٹھڑی** [مونث] بہت سے گُناہوں کا بوجھ -
**گُنبد** (گُم - بد) [ف - ا - مذکر] بُرج - گول چھت
**گُنبدِ ازرق** - گُنبدِ فیروزہ رنگ - آسمان (لفظی معنی نیلا گنبد) -
**گُنبدِ خضرا** (۱) آسمان (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزارِ مبارک کا گُنبد (لفظی معنی سبز گنبد) -
**گُنبد کی آواز** (صدا) (۱) گُنبد کی گونج (۲) جیسا کہنا ویسا سُننا -

Marfat.com

گنبدِ گرداں۔ آسمان۔ (لفظی معنی گھومنے والا گنبد)۔
گِنتی (گِن۔تی) [ہ۔ا۔مونث] حساب۔ تعداد۔ اندازہ۔ شمار۔
گنتی کے۔ تھوڑے سے۔ چند۔ متعدد۔
گنتی میں لانا (۱) شمار میں لانا (۲) بات پوچھنا۔ خاطر میں لانا۔
گَنٹھیا (گَنٹھ۔یا) [ہ۔ا۔مونث] جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل نقرس۔
گنج [ف۔ا۔مذکر] (۱) خزانہ۔ ذخیرہ۔ گودام (۲) اناج کی منڈی۔ انبار۔ ڈھیر۔
گنج بخش (۱) بہت بڑا فیاض۔ لکھ داتا (۲) حضرت علی ہجویری کا لقب۔
گنج رواں (۱) قارون کا خزانہ جو روایت کے مطابق زمین میں دھنستا جا رہا ہے (۲) وہ خزانہ جو کبھی خالی نہ ہو۔
گنج شائگاں۔ بہت بڑا خزانہ یا عمدہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔
گنج شہیداں وہ بڑی قبر جس میں شہیدوں کو اُوپر تلے بھر کر دفن کر دیتے ہیں۔
گنج [ہ۔ا۔مذکر] ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
گنجا [ہ۔ا۔مذکر] وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجے سر والا آدمی۔
گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے۔ کمینوں کو خدا اس قدر اختیار نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کریں۔
گُنجان (گُن۔جان) [ہ۔صف] گھنا۔ پاس پاس۔ متصل۔
گُنجانی (گُن۔جا۔نی) [ہ۔ا۔مونث] گھنا ہونا۔
گُنجائش (گُن۔جا۔ئش) [ف۔ا۔مونث] (۱) سمائی۔ جگہ (۲) فائدہ۔ بچت۔ کفایت (۳) حوصلہ۔ مقدور۔
گنجفہ (گَنج۔فہ) [اُر۔ا۔مذکر] ایک کھیل جس میں ۹۶ گول پتے ہوتے ہیں۔
گنجفہ باز (۱) گنجفہ کھیلنے والا (۲) مکار۔ چالباز۔ فریبی۔
گنجفہ کا ورق۔ گنجفہ کا پتا۔
گُنجلک (گُنج۔لک) [اُر۔ا۔مونث] (۱) شکن۔ سلوٹ (۲) گانٹھ۔ گرہ (۳) الجھن۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔
گنجور (گَن۔جُور) [ف۔ا۔مذکر] دولت مند۔ امیر آدمی۔
گنجی [ہ۔صف] وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔
گنجی کبوتری محلوں میں ڈیرا [مثل] بدصورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ درجہ پر دیکھ کر کہتے ہیں۔
گنجیفہ (گَن۔جی۔فہ) [ف۔ا۔مذکر] دیکھیے گنجفہ۔
گنجینہ (گَن۔جی۔نہ) [ف۔ا۔مذکر] (۱) خزانہ (۲) ذخیرہ۔ مال گودام۔
گند [ف۔ا۔مونث] (۱) بدبو۔ تعفن (۲) غلاظت (۳) کوڑا کرکٹ (۴) خراب اور نکمی چیز۔
گندا [ف۔صف] ناپاک۔ غلیظ۔ نجس۔ میلا۔
گندک (گَن۔دک) [ہ۔ا۔مونث] دیکھیے گندھک۔
گندگی (گَن۔دَ۔گی) [ف۔ا۔مونث] (۱) بدبو۔ عفونت (۲) غلاظت۔ نجاست۔ ناپاکی۔
گندگی پھیلانا (۱) بدبو پھیلانا (۲) کسی جگہ کو میلا یا گندا کرنا۔
گندم (گَن۔دُم) [ف۔ا۔مذکر] گیہوں۔ کنک (س)۔ گودُھم (۱)
گندم از گندم بروید جو ز جو [مثل] گندم سے گندم اُگتا ہے اور جو بونے سے جو۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔
گندم اگر بہم نرسد جو غنیمت است [مثل] اگر گندم نہ مل سکے تو جو یا بھُس ہی سہی۔ اگر زیادہ فائدہ میسر نہ ہو۔ تو تھوڑا ہی سہی۔
گندم گُوں۔ گندمی رنگ کا۔ سانولا۔
گندم نما جو فروش۔ گندم دکھا کر جو بیچنے والا۔ مکار۔ دغا باز۔
گندم نمائی [مونث] فریب۔ دغا بازی۔
گَندمی (گَن۔دُ۔می) [ف۔صف] گندم کے رنگ کا۔ سانولا۔
گندہ (گَن۔دہ) [ف۔صف] (۱) ناپاک۔ غلیظ (۲) میلا (۳) بدبودار۔
گندہ بروزہ (بیروزہ) [مذکر] ایک بدبودار مادہ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے۔ ایک قسم کا گوند۔
گندہ بغل۔ وہ شخص جس کی بغلوں سے بُو آئے۔
گندہ دہن۔ وہ شخص جس کے منہ سے بُو آئے۔
گندھ [س۔ا۔مونث] (۱) بُو (۲) سُرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل۔
گندھار (گَن۔دھار) [ہ۔ا۔مذکر] ایک ہندوستانی راگ کا نام۔
گندھک (گَن۔دھک) [ہ۔ا۔مونث] زرد رنگ کا ایک مادہ جو زمین سے نکلتا ہے۔
گندھنا (گُندھ۔نا) [ہ۔مص] (۱) آٹے میں پانی ڈال کر ملانا (۲) سر کے بالوں کا گتھنا (۳) ہار کا گتھنا۔
گندھوانا (گُندھ۔وا۔نا) [ہ۔مص] (۱) آٹے میں پانی ڈال کر ملانا (۲) بال یا ہار کا گتھنا۔
گندھی (گَن۔دھی) [ہ۔ا۔مذکر] عطر پھلیل بیچنے والا۔ عطار۔
گندی (گَن۔دی) [اُر۔صف] گندا کی تانیث۔
گنڈا [ہ۔ا۔مذکر] (۱) چھلا۔ کڑا۔ چوڑی (۲) چار عدد۔ چار کوڑیاں (۳) گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹا (۴) وہ بڑا ڈورا جس میں منتر یا کوئی عمل پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں اور جسے بچوں کے گلے یا بازو پر بیماری دُور کرنے کے لیے باندھتے ہیں۔
گنڈے دار (۱) حلقے دار۔ دھاری دار (۲) بے قاعدہ۔
گُنڈا [ہ۔ا۔مذکر] لُچا۔ شہدا۔ بدکار۔ اوباش۔ بدمعاش۔
گنڈاسا [ہ۔ا۔مذکر] چارہ کاٹنے کا ہتھیار۔
گنڈاسی [ہ۔ا۔مونث] چھوٹا گنڈاسا۔
گنڈولا (GONDOLA) (گَن۔ڈو۔لا) [اطالوی۔ا۔مذکر] شہر وینس کی نہروں میں چلنے والی کشتیاں۔
گنڈیری [ہ۔ا۔مونث] گنے کی چھوٹی سی پوری۔
گنر (GUNNER) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) بندوقچی۔ توپچی۔ (۲) شکاری۔
گَنگ [ف۔ا۔مونث] دریائے گنگا۔
گُنگ [ف۔صف] گونگا۔
گنگ محل [مذکر] اکبر بادشاہ کا وہ محل جو اس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لیے بنوایا تھا۔
گنگا [س۔ا۔مونث] ہندوستان کا مشہور دریا۔
گنگا اشنان (نہان) [مذکر] گنگا میں نہانا۔
گنگا جل [مذکر] دریائے گنگا کا پانی جسے مقدس مانا جاتا ہے۔
گنگا جلی [مونث] وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھا جاتا ہے۔

Marfat.com

**گنگا جلی اُٹھانا** - گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا -
**گنگا جمنا** - ہندوستان کے دو دریاؤں کے نام -
**گنگا جمنی** (۱) ملا جُلا - دو رنگا (۲) سُنہری اور روپہلی (۳) کان کا ایک زیور -
**گُنگنا** (گُن - گ - نا) [ہ - صفت] (۱) دیکھیے گُنگُنا (۲) ناک میں بولنے والا -
**گنگنانا** [ہ - مص] (۱) ناک میں بولنا (۲) دھیمی آواز سے گانا - مُنہ ہی مُنہ میں گانا -
**گُنگناہٹ** (گُن - گ - نا - ہٹ) [ہ - مونث] گنگنانے کا فعل -
**گن گن کر** [ہ - تابع فعل] (۱) ایک ایک کر کے (۲) سنبھال سنبھال کر (۳) چھانٹ چھانٹ کر (۴) بہ مشکل تمام - جوں توں کر کے -
**گِننا** (گِن - نا) [ہ - مص] (۱) شمار کرنا (۲) جانچنا - اندازہ کرنا -
**گُننا** (گُن - نا) [ہ - مص] (۱) مشق کرنا (۲) عمل کرنا -
**گنوار** [ہ - ا - مذکر] (۱) دیہاتی (۲) ان پڑھ - جاہل - غیر مہذب -
**گنوارپن** [مذکر] بے سلیقگی - بد تہذیبی - بیوقوفی -
**گنوار کا لٹھ** (۱) دہقان کی لاٹھی (۲) ناشائستہ - بد اخلاق -
**گنوار گنا نہ دے بھیلی دے** - بیوقوف آدمی کنجوسی کر کے تکلیف اُٹھاتا ہے -
**گنوارُو** [ہ - صف] گنواروں کا سا - بدنما - بھدّا -
**گنواری** [ہ - ا - مونث] (۱) گاؤں کی عورت (۲) [صف] بدنما - بھدّی
**گنوانا** [ہ - مص] ضائع کرنا - برباد کرنا - کھونا -
**گِنوانا** (گِن - وا - نا) [ہ - مص] شمار کرانا -
**گنوریا** (GONORRHOEA) (گ - نو - ری - آ) [انگ - ا - مذکر] سوزاک - (ایک سوداوی مرض) -
**گُنہ** - (گ - نہ) [ف - ا - مذکر] گناہ کا مخفف -
**گِنی** (GUINEA) (گ - نی) [انگ - ا - مذکر] سونے کا ایک انگریزی سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے -
**گُنی** [ہ - صفت] (۱) ہنرمند - کامل - خدا رسیدہ (۲) سیانا - جادو ٹونا کرنے والا -
**گُنیا** (گُن - یا) [ہ - ا - مذکر] (۱) مضروب فیہ جس میں ضرب دیں (۲) بڑھئی کا گونیا - ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ -
**گنیش** (گ - نیش) [س - ا - مذکر] شیو جی اور پاربتی کا بیٹا جسے ہندو دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مانتے ہیں -

## گ - و

**گُو** [ہ - ا - مذکر] گُوہ - غلاظت - فضلہ - میلا - براز - نجاست -
**گُو کرنا** - پاخانہ پھرنا -
**گُو کھانا** - جھک مارنا - جھوٹ بولنا - بیہودہ بکنا -
**گو** [ف] (۱) مصدر گفتن کا اسم فاعل بمعنی کہنے والا - بولنے والا - (مرکبات میں جیسے دُعاگو) (۲) ہر چند - اگرچہ -
**گومگو** [مونث] (۱) تذبذب - شک و شبہ (۲) [صفت] مُشتبہ - مشکوک (۳) پوشیدہ -
**گومگو میں رکھنا** (۱) دھوکے میں رکھنا (۲) پوشیدہ رکھنا -

**گوار** (گ - وار) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کا غلہ جو مویشیوں کو دُودھ کی زیادتی کے لیے کھلایا جاتا ہے -
**گوارا** (گ - وا - را) [ف - صف] (۱) خوش ذائقہ - من بھاتا (۲) قابلِ برداشت (۳) پسند خاطر: فارسی میں بضم اوّل ہے - اُردو میں بالفتح مستعمل ہے -
**گوارا کرنا** (۱) برداشت کرنا - سہارنا (۲) ماننا - منظور کرنا -
**گوال - گوالا** [ہ - ا - مذکر] گوبر - گایوں کو پالنے والا -
**گوالن** (گ - وا - لن) [ہ - ا - مونث] گوالا کی تانیث - گوجری -
**گوانا** (گ - وا - نا) [ہ - مص] کسی کو گانے کے لیے کہنا -
**گواہ** (گ - واہ) [ف - ا - مذکر] شاہد - گواہی دینے والا -
**گواہ تعلیمی** - سکھایا پڑھایا گواہ -
**گواہ ٹوٹنا** (۱) گواہ کا فریقِ مخالف سے مل جانا (۲) گواہ کا بیان بگڑ جانا -
**گواہ چُست مدعی سُست** - دیکھیے مُدعی سُست گواہ چُست -
**گواہِ رویت** - گواہ عینی - گواہ مشاہدہ - وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو -
**گواہ سماعی** - گواہ سمعی - سُنی سُنائی بات کی گواہی دینے والا -
**گواہ مرقومُ الحاشیہ** - وہ گواہ جس نے دستاویز کے حاشیے پر اپنی گواہی لکھی ہو -
**گواہ مندرجہ دستاویز** - وہ گواہ جس نے دستاویز کے اندر دستخط کیے ہوں -
**گواہی** [ف - ا - مونث] شہادت - گواہ کا بیان -
**گواہی دینا** - شہادت دینا - اظہار دینا -
**گوائی** [ہ - ا - مونث] گانے کی اُجرت -
**گوبر** (گو - بر) [ہ - ا - مذکر] چوپایوں کا فضلہ - سرگین - میلا -
**گوبریلا** (گو - بری - لا) [ہ - ا - مذکر] دیکھیے گبریلا -
**گوبند** (گو - بند) [ہ - ا - مذکر] کرشن جی کا ایک لقب - (س - گووند) -
**گوبھی** [ہ - ا - مونث] ایک مشہور ترکاری -
**گوپال** [س - ا - مذکر] گائیوں کو پالنے والا - کرشن جی کا لقب -
**گوپن - گوپھن** [ہ - ا - مذکر] گوپیا - فلاخن - رسی کا بنا ہوا آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر مارتے ہیں -
**گوپی** [س - ا - مونث] (۱) گوالن - گوجری (۲) کرشن جی کے ساتھ بچپن میں کھیلنے والی گوالوں کی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب -
**گوپیا** (گو - پ - یا) [ہ - ا - مذکر] گوپن - فلاخن -
**گوت - گوتر** (گو - تر) [ہ - ا - مذکر] (۱) خاندان (۲) فرقہ - ذات -
**گوتم** (گو - تم) [س - ا - مذکر] (۱) بدھ مذہب کا بانی ساکی منی (۲) ایک رشی کا نام جس نے شاستر بنایا تھا -
**گوتھنا** (گوتھ - نا) [ہ - مص] پرونا - گوندھنا - سینا -
**گوٹ** [ہ - ا - مونث] (۱) حاشیہ - کنارہ (۲) چوسر کی نرد (۳) گاؤں (۴) جماعت -
**گوٹا** [ہ - ا - مذکر] کناری - چاندی یا سونے کے تاروں کا بافتہ -
**گوٹا کناری** - چاندی سونے کی تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے کی بھی جاتی ہے -

Marfat.com

**گوجر** [ہ - ا - مذکر] ایک قوم جس کا پیشہ گائے بھینس پالنا اور دودھ بیچنا ہے -
**گوجری** (گُو - جَ - ری) [ہ - ا - مونث] گوجر کی تانیث - گجری -
**گود** [ہ - ا - مونث] آغوش - پہلو - کنار -
گود بھرنا - حاملہ عورتوں کی رسم - شگون کے طور پر دُوسری عورتیں حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات قسم کی ترکاریاں رکھتی ہیں -
گود بھری - بچے والی - صاحب اولاد -
گودکا - دُودھ پیتا بچہ - شیر خوار - وہ بچہ جو گود میں ہو -
گود کھلانا (۱) بچے کو گود میں رکھ کر بہلانا (۲) پرورش کرنا -
گود لینا - متبنیٰ کرنا - لے پالک بنانا -
گود میں لینا - آغوش میں لینا - دونوں زانوؤں پر بٹھانا -
**گودا** [ہ - ا - مذکر] (۱) مغز - بھیجا (۲) گری (۳) اندرونی حصہ (۴) خلاصہ - کسی چیز کا بہترین حصہ (۵) ہڈی کے اندر کی نرم بھیجا -
**گودام** (دیکھیے گدام)
**گودڑ** (گُو - دڑ) [ہ - ا - مذکر] (۱) پھٹا پرانا اور ناکارہ کپڑا (۲) پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے -
گودڑ کا لال (لعل) (دیکھیے گدڑی کا لعل) -
**گودنا** (گو - دنا) [ہ - مص] بدن میں سوئی سے سرمہ یا نیل بھرنا -
**گودی** [ہ - ا - مونث] (۱) گود - آغوش (۲) بندرگاہ کا ایک حصہ -
گودی میں بیٹھ کے داڑھی نوچے (مثل) بہت بے ادب ہے - جس سے نفع حاصل کرے اسی کی توہین کرے -
**گور** [ف - ا - مونث] قبر - تربت - مزار -
گور بنانا - قبر کھودنا -
گور جھانک آنا - بیمار کا مرتے مرتے بچ جانا -
گور غریباں - زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں - بیکسوں کا گورستان -
گورکن - قبر کھودنے والا -
گور کنارے جا لگنا (پہنچنا) (۱) بیٹھنا - قریب مرگ ہونا (۲) نہایت بوڑھا ہونا -
گور گڑھا [مذکر] تجہیز و تکفین -
گور گڑھا کرنا (۱) مردے کی تجہیز و تکفین کرنا (۲) نیست و نابود کرنا -
گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں - مرنے کے قریب ہیں -
**گورا** (گو - را) [ہ - صف] (۱) چٹا - سفید (۲) حسین (۳) [مذکر] انگریز فوجی -
گورا پن [مذکر] رنگ کی سفیدی - صباحت -
گورا چٹا - خوبصورت - حسین و جمیل -
گورا شاہی (۱) گوروں کے استعمال کا (۲) فرنگی سپاہیوں کے پہننے کا بوٹ (۳) مطلق العنانی - دھاندلی -
**گورا** [ہ - ا - مذکر] چڑیا کا نر - گورتا کا نر -
**گورخر** (گور - خر) [ف - ا - مذکر] جنگلی گدھا -
**گورستان** (گو - رس - تان) [ف - ا - مذکر] قبرستان -
**گورکھا** (گور - کھا) [ہ - ا - مذکر] نیپال کا پیشہ ور سپاہی - نیپالی -

**گورکھ دھندا** (گو - رکھ - دھندا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک پیچیدہ قفل جس کا کھولنا مشکل ہوتا ہے (۲) پیچیدہ معاملہ - بکھیڑے کا کام -
**گورگاں** (گور - گاں) [ف - ا - مذکر] (۱) عیش و عشرت کرنے والا (۲) امیر تیمور کا لقب (۳) جلیل القدر بادشاہ -
**گورنس** (GOVERNESS) (گ - ور - نس) [انگ - ا - مونث] اُستانی - خاتون اتالیق -
**گورنر** (GOVERNOR) (گ - ور - نر) [انگ - ا - مذکر] (۱) حاکم اعلیٰ (۲) صوبے کا حاکم اعلیٰ (۳) کالج یا سکول کا افسر اعلیٰ یا اس کی مجلس انتظامیہ کا رکن (۴) وہ پرزہ جس کے ذریعے مشین کو گیس پہنچتی ہے -
**گورنر جنرل** (GOVERNOR-GENERAL) صوبیدار اعلیٰ - والسرائے
**گورنری** (گ - ور - ن - ری) [ا - مونث] (۱) گورنر کا عہدہ (۲) گورنر کی حکومت -
**گورنمنٹ** (GOVERNMENT) (گ - ورن - منٹ) [انگ - ا - مونث] (۱) حکومت (۲) اختیار (۳) سرکار -
**گورنمنٹ ہاؤس** [مذکر] گورنر کی سرکاری اقامت گاہ -
**گوری** (گو - ری) [ہ - صف و مونث] (۱) گورا کی تانیث - سفید چٹی - خوبصورت (عورت) (۲) محبوبہ -
گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا - کسی کے حسن کی بے قدری ہونا -
**گوریا** (گو - ر - یا گو - ری - یا) [ہ - ا - مونث] چڑیا -
**گوریلا** (GORILLA) (گ - ری - لا) [انگ - ا - مذکر] بن مانس -
گوریلا جنگ [مونث] چھاپے مار سپاہیوں کی لڑائی -
گوریلا سپاہی - غیر منظم مسلح فوج کا ایک رکن - چھاپا مار -
**گوڑ** [ہ - ا - مذکر] (۱) بنگال کا درمیانی حصہ (۲) گوڑ کا باشندہ (۳) برہمنوں کا ایک اعلیٰ فرقہ (۴) بنگال کے قدیم دارالحکومت کا نام
**گوڑنا** (گوڑ - نا) [ہ - مص] (۱) ہل چلانا - زمین کھودنا (۲) اناج صاف کرکے بھس سے نکالنا (۳) خراب کرنا -
**گوز** [ف - ا - مذکر] پاد -
گوز شتر - بادِ ہوائی - بیہودہ - بے اثر - بے تاثیر -
**گوسالہ** (گو - سا - لہ) [ف - ا - مذکر] گائے کا ایک سالہ بچھڑا -
گوسالۂ فلک - بُرجِ ثور -
**گوسپند - گوسفند** (گوس - پند) (فند) [ف - ا - مونث] بھیڑ بکری -
**گوش** [ف - ا - مذکر] کان -
گوش بر آواز ہونا (۱) کسی کی بات کے سننے کا منتظر ہونا (۲) کسی خبر کے آنے کی امید رکھنا -
گوش بُریدہ - کن کٹا - بوچا -
گوش زد - کان میں پڑی بات - وہ بات جو سُنی جائے -
گوش گزار کرنا - سُنانا - اطلاع دینا - آگاہ کرنا -
گوش مالی [مونث] کان اینٹھنا - تنبیہ - تادیب - سزا -
گوشوارہ [مذکر] (۱) کان کا بالا - آویزہ (۲) بہت بڑا موتی (۳) خلاصہ - میزان (۴) کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی -
گوش ہوش - ہوشیاری - ہوش مندی -
**گوشت** [ف - ا - مذکر] لحم - ماس -
گوشت پوست [مذکر] (۱) ماس اور کھال (۲) تمام اعضا -

Marfat.com

**گوشت خوار** - گوشت کھانے والا۔
**گوشت سے ناخن جدا ہونا** (۱) اپنوں سے چھوٹ جانا (۲) کوئی ناممکن کام ہونا۔
**گوشہ** (گو - شہ) [ف - ا - مذکر] (۱) کونا (۲) خلوت - تنہائی (۳) جانب (۴) کمان کا سرا۔
**گوشۂ تنہائی** - تنہائی کی جگہ۔
**گوشۂ چشم** - آنکھ کا کونا۔
**گوشۂ عافیت** - وہ جگہ جہاں کوئی جھگڑا بکھیڑا نہ ہو - امن کی جگہ۔
**گوشہ گیر، نشین** - گوشہ نشین - تنہائی میں رہنے والا - تارک الدنیا۔
**گوشہ نشینی** [مونث] عزلت - تنہائی - علیحدگی۔
**گوکھرو** (گو - کھ - رُو) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک کانٹا جو سہ گوشہ ہوتا ہے (دوا) مستعمل ہے (۲) گوکھرو کا پودا - گوکھرو کا ساگ (۳) لوہے کے بنے ہوئے کانٹے جو دشمن کی راہ میں ڈال دیتے ہیں (۴) کان کا ایک زیور (۵) منقش کا موڑا ہوا گوٹا۔
**گوگلی** (GOOGLY) (گوک - لی) [انگ - ا - مذکر] کرکٹ کی گیند پھینکنے کا ایک طریقہ۔
**گول** (GOAL) [انگ - ا - مذکر] (۱) ہاکی، پولو، فٹ بال اور دوسرے کھیلوں میں دو نشانوں کے بیچ کی جگہ جس میں سے ہاکی وغیرہ کی گیند نکالتے ہیں (۲) ایک بازی کی جیت۔
**گول** [س - صفت] (۱) مدوّر (۲) چکردار۔
**گول بات** - مبہم بات - جو ٹھیک طرح سمجھ میں نہ آئے۔
**گول مال** [مذکر] (۱) سازش (۲) غبن (۳) [صفت] مشتبہ (۴) غائب۔
**گول مال کرنا** (۱) خیانت کرنا (۲) غائب کرنا (۳) سازش کرنا۔
**گول مرچ** [مونث] کالی مرچ - سفید مرچ۔
**گول مُنہ** [مذکر] آفتابی چہرہ - چوڑا چکلا منہ۔
**گول مول** (۱) نہایت گول (۲) موٹا تازہ اور ٹھگنا آدمی۔
**گول ہو رہنا** - خاموش ہو رہنا - جواب نہ دینا۔
**گولا** (گو - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) گیند (۲) تالوں کی بیچک (۳) گیند (۴) ستون کے گرد ابھرا ہوا حصہ (۵) ایک قسم کا کبوتر (۶) پگڑی کا وہ پیچ جو دستار بند پگڑی باندھا کرتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری (۸) ناج کا کوٹھا - منڈی (۹) ایک گولہ تو اندر سے اس کا ہی کیا ہوا ہو (۱۰) گول شتیر۔
**گولا چلانا** - گولا مارنا - توپ چھوڑنا۔
**گولائی** (گو - لا - ئی) [ہ - ا - مونث] دَور - چکر۔
**گولڈ** (GOLD) [انگ - ا - مذکر] سونا۔
**گولڈن** (GOLDEN) (گول - ڈن) [انگ - صفت] طلائی - سنہری۔
**گولر** (گو - لر) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک درخت اور اس کا پھل (۲) کپاس۔
**گولر کا پھول** [مذکر] نایاب - کمیاب - ناپید چیز۔
**گولف** (GOLF) دیکھیے گالف۔
**گولک** (گو - لک) [ہ - ا - مذکر و مونث] دیکھیے گلک۔
**گولنداز** (گو - لن - داز) [ف - ا - مذکر] توپ چلانے والا۔
**گولہ** (گو - لہ) [ف - ا - مذکر] (۱) گیند (۲) دھات یا مٹی کی گول شکل (۳) اکرہ (۴) بم۔
**گولہ باری کرنا** - توپ کے گولے پھینکنا۔
**گولی** (گو - لی) [ہ - ا - مونث] (۱) کسی ٹھوس چیز کی مدوّر شکل (۲) دھات کا گول اور لمبا ٹکڑا جسے بندوق میں رکھ کر چھوڑتے ہیں۔
**گولی چلانا** (۱) بندوق میں گولی بھر کر چلانا (۲) کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔
**گولی دینا** - دوا کی ٹکیا کھلانا۔
**گولی کھانا** (۱) بندوق کی گولی کی چوٹ کھانا (۲) دوا کی ٹکیہ کھانا۔
**گولی لگنا** (۱) بندوق کا نشانہ لگنا (۲) گولی کی ضرب آنا۔
**گولی مارو** - دُور کرو - ایسے کام کا نام نہ لو - اظہارِ نفرت۔
**گولیاں کھیلنا** (۱) گولیوں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا۔
**گومڑ - گومڑا** (گو - مڑ، گوم - ڑا) [ہ - ا - مذکر] سوجن - ورم۔
**گوں** [ہ - ا - مونث] (۱) مطلب - غرض (۲) خواہش۔
**گوں کا یار** - مطلب کا یار - خود غرض۔
**گوں** [ف - ا - مذکر] رنگ (مرکبات میں) جیسے گندم گوں - گلگوں۔
**گونا** (گو - نا) [ہ - مص] دولہا کا سسرال جا کر دلہن کو اپنے گھر لانا۔
**گوناگوں** [ف - صفت] طرح طرح کا - رنگ برنگ کا۔
**گونتھنا** (گونتھ - نا) [ہ - مص] ریشم کے تاروں کو آپس میں لپیٹنا - گوندھنا۔
**گونج** [ہ - ا - مونث] (۱) آواز کی گردش (۲) گرج - دھاڑ۔
**گونجنا** (گونج - نا) [ہ - مص] آواز کا گردش کرنا - شور ہونا۔
**گوند** [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا لیس دار مادہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔
**گوند پنجیری - گوند کھانے** - گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا کھانے وغیرہ جو زچہ کو کھلائے جاتے ہیں۔
**گوندانی** [مونث] وہ برتن جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔
**گوندنی - گوندی** (گوند - نی، گون - دی) [ہ - ا - مونث] ایک درخت اور اس کا پھل جو نہایت لیسدار ہوتا ہے۔
**گوندھنا** (گوندھ - نا) [ہ - مص] (۱) آٹے میں پانی ملا کر اسے لتیڑنا (۲) مہندی لگانا (۳) سر کے بالوں کو باہم لپیٹنا (۴) پرونا - منسلک کرنا۔
**گونڈ** [س - ا - مذکر] (۱) گونڈواڑہ (اڑیسہ) کا رہنے والا (۲) ہندوستان کی ایک قدیم قوم۔
**گونگا** (گون - گا) [ہ - ا - مذکر] وہ شخص جو بول نہ سکے - گنگ۔
**گونگے کا گڑ کھانا** - چپ رہنا - کچھ بیان نہ کر سکنا۔
**گونگی** (گون - گی) [ہ - ا - مونث] گونگا کی تانیث۔
**گونہ** (گو - نہ) [ف - صفت] اسلوب - وضع۔
**گونہ گونہ** - طرح طرح کا انواع و اقسام کا۔
**گونیا** (گو - نِ - یا) [ف - ا - مونث] ایک مثلث شکل کا اوزار جس سے عمارت یا دیوار کی کجی اور راستی دریافت کرتے ہیں۔
**گوہ** [ف - ا - مذکر] دیکھیے گُو۔
**گوہانی** (گو - ہا - نی) [ہ - ا - مونث] (۱) آنکھ کی پھنسی - گوہانجی (۲) کاٹ کھانا۔
**گوہر** (گو - ہر) [ف - ا - مذکر] (۱) موتی (۲) جواہر (۳) اصل نسل۔
**گوہر افشاں** (۱) فیض پہنچانے والا (۲) خوش بیان۔

Marfat.com

**گوہر بار** - موتی برسانے والا (ابر، زبان اور قلم کی صفت میں استعمال ہوتا ہے)۔

**گوہر سنج** - خوش بیان۔

**گوہر شب تاب** - گوہر شب چراغ - ایک قسم کا لعل جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے۔

**گوئے** (گو - اے) [ف - ا - مذکر] گیند۔

**گوئے سبقت لے جانا** - غالب آنا - بڑھ جانا۔

**گویاں** (گو - ا - یاں) [ہ - ا - مونث] سہیل۔

**گویا** [ف - صفت] (۱) بولنے والا (۲) مانند - مثل - غالباً (۳) فرض کرو - تسلیم کرلو۔

**گویّا** (گَ - وَیْ - یا) [ہ - ا - مذکر] گانے والا - مطرب - مغنی۔

**گویائی** (گو - یا - اِی) [ف - ا - مونث] نطق - بول چال (۲) بولنے کی طاقت

**گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل** [ف - مثل] کہوں تو مشکل نہ کہوں تو مشکل۔

**گوئندہ** (گو - یندہ) [ف - صفت] کہنے والا۔

# گ - ہ

**گہ** [ف] گاہ کا مخفف - دیکھیے گاہ۔

**گھات** [ہ - ا - مونث] (۱) تاک - داؤں - موقع (۲) فریب (۳) کمین گاہ - وہ جگہ جہاں شکاری یا دشمن کے انتظار میں بیٹھیں۔

**گھات پر آنا** (چڑھنا) قابو میں آنا - چال میں آنا۔

**گھات لگانا** - تاک میں بیٹھنا۔

**گھات میں بیٹھنا** - شکار کی تاک میں کسی جگہ چھپ کر بیٹھنا۔

**گھاتی** [ہ - صفت] (۱) موقع تاکنے والا - داؤ گھات رکھنے والا (۲) چال باز۔

**گھاتیا** [ہ - صفت] وہ شخص جو کسی کی گھات میں رہے۔

**گھاٹ** [ہ - ا - مذکر] (۱) دریا یا تالاب پر اُترنے کا مقام (۲) وہ مقام جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں (۳) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اس کا خم شروع ہوتا ہے۔

**گھاٹ اُترنا** - گھاٹ کو عبور کرنا۔

**گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا** - جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا۔

**گھاٹا** [ہ - ا - مذکر] نقصان - خسارہ - کمی۔

**گھاٹا بھرنا** - نقصان کی تلافی کرنا۔

**گھاٹا پڑنا** (ہونا) خسارہ ہونا - نقصان ہونا۔

**گھاٹی** [ہ - ا - مونث] دو پہاڑوں کے درمیان کا راستا - درۂ کوہ۔

**گھاس** [ہ - ا - مونث] (۱) گھاو - گیاہ (۲) پھوس (۳) چارہ۔

**گھاس پات** [مذکر] خس و خاشاک - سبزی۔

**گھاس پھوس** [مذکر] کوڑا کرکٹ۔

**گھاس کاٹنا** (۱) گھاس کو تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا (۳) بے دلی سے کام کرنا۔

**گھاس کھانا** (۱) گھاس چرنا (۲) حماقت کی بات کرنا۔

**گھاس کھودنا** (۱) زمین سے سبزہ اکھاڑنا (۲) عقل کے خلاف کام کرنا۔

**گھاگ** [ہ - صفت] پرانا تجربہ کار آدمی۔

**گھاگھرا** (گھاگرا) [ہ - ا - مذکر] (۱) لہنگا - پیشواز (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

**گھاگھرا پلٹن** [مذکر] - سکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن، جو ایک قسم کا لہنگا پہنتی ہے۔

**گھاگھس** (گھاگس) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا دوغلا مرغا۔

**گھامڑ** (گھا - مڑ) [ہ - صفت] (۱) گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بدحواس (۳) احمق (۴) پھوہڑ۔

**گھان** [ہ - ا - مذکر و مونث] (۱) اناج یا سرسوں کی وہ مقدار جو کولھو میں یکبارگی ڈالی جائے (۲) پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے (۳) چنے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھونی جائے

**گھان اُتارنا** - گھان تیار کرنا۔

**گھان ڈالنا** (۱) ایک دفعہ کسی معین مقدار کا کڑاہی، چکی یا بھاڑ میں ڈالنا (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا۔

**گھانٹی** [ہ - ا - مونث] (۱) حلق (۲) حلق کا کوا (۳) گانٹھ - کئی رنگ کے چیتھڑے جو محرم کے فقیر پاؤں میں باندھتے ہیں۔

**گھانی** [ہ - ا - مونث] (۱) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو ایک بار کولھو میں پیلنے کے واسطے ڈالی جائے (۲) مٹی کا تغار (۳) تیل پیلنے کی مشین - گنے کا رس نکالنے کی مشین۔

**گھاؤ** [ہ - ا - مذکر] (۱) گہرا زخم (۲) نقصان۔

**گھاؤ گھپ** - فضول خرچ - غبن کرنے والا۔

**گھائی** [ہ - ا - مونث] (۱) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) فریب (۳) پچھلے کی وہ جگہ جہاں روٹی سینکتے ہیں۔

**گھائی بتانا** (۱) فریب دینا (۲) ٹالنا (۳) حملہ بچانا۔

**گھائل** (گھا - یل) [ہ - صفت] زخمی۔

**گھائل کی گت گھائل جانے** [مثل] مصیبت زدہ کی قدر مصیبت زدہ ہی جانتا ہے۔

**گھبرا جانا** [ہ - مص] بدحواس ہونا - پریشان ہونا۔

**گھبرا کر** [ہ - تابع فعل] (۱) مضطرب ہوکر (۲) جلدی سے۔

**گھبرانا** (گھب - را - نا) [ہ - مص] اسٹ پٹانا - بدحواس ہونا - پریشان ہونا۔

**گھبراہٹ** (گھب - را - ہٹ) [ہ - ا - مونث] بے قراری - بدحواسی - ہل چل - جلدی - پریشانی۔

**گھپ** [ہ - صفت] نہایت تاریک - سخت اندھیرا۔

**گھپلا** (گھپ - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) گڑبڑ۔

**گھپنا** (گھپ - نا) [ہ - مص] گھونپا جانا۔

**گھٹ** [ہ - ا - مذکر] (۱) دل (۲) گھڑا (۳) [صفت] کم۔

**گھٹا** [ہ - ا - مونث] کالی بدلی۔

**گھٹا اُمنڈنا** - بادل کا گھر کر آنا۔

**گھٹا ٹوپ** - نہایت سیاہ۔

**گھٹا چھانا** - بادل گھرنا - ابر کا آسمان پر محیط ہونا۔

**گھٹّا** (گھٹ - ٹا) [ہ - ا - مذکر] (۱) وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے (۲) خاک - دھول۔

**گھٹانا** [ہ - مص] (۱) کم کرنا (۲) درجہ توڑنا (۳) منہا کرنا۔

Marfat.com

**گھٹاؤ** [ہ - ا - مذکر] (۱) کمی۔ تخفیف (۲) دریا کا اُتار۔
**گھٹاؤ بڑھاؤ** [مذکر] کمی بیشی۔ ترقی تنزل۔
**گھٹا ہُوا** [ہ - صفت] (۱) پِسا ہُوا (۲) تجربہ کار۔ چالاک۔
**گھٹائی** [ہ - ا - مونث] ارزانی۔ پالش۔
**گھٹ گھٹ کے** [ہ - تابع فعل] رُک رُک کے۔ سانس رُک رُک کر۔
**گھٹ گھٹ کے مرنا** - تنگی اور تکلیف برداشت کرکے جان دینا۔
**گھٹن** (گھُ - ٹن) [ہ - ا - مونث] ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دم گھٹ جائے۔
**گھٹنا** (گھٹ - نا) [ہ - ف ل] (۱) کم ہونا (۲) اُترنا (۳) تنزل ہونا۔
**گھٹنا بڑھنا** - کمی زیادتی ہونا۔
**گھِٹنا** (گھِٹ - نا) [ہ - ف ل] (۱) پسنا۔ حل ہونا (۲) پالش ہونا (۳) سر مُنڈنا (۴) سانس رُکنا (۵) بھِچنا (۶) دوستی ہونا۔
**گھُٹنا** (گھُٹ - نا) [ہ - ا - مذکر] ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ۔
**گھٹنوں کے بل چلنا** - رینگنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
**گھٹنوں گھٹنوں** - گھٹنوں تک۔
**گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا** (۱) سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھ جانا۔
**گھٹنوں میں سر دے لینا** - شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا۔
**گھٹنے ٹیک دینا** - شکست تسلیم کرنا۔
**گھٹنیوں چلنا** - دونوں ہاتھوں اور دونوں زانوؤں کے بل چلنا۔
**گھٹنا** (گھُٹ - نا) [ہ - ا - مذکر] گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگھیے سے بڑا ہوتا ہے۔
**گھٹوانا** (گھُٹ - وا - نا) [ہ - ف م] (۱) حل کرانا۔ کھرل کرانا (۲) سر یا داڑھی مُنڈوانا۔
**گھُٹّی** (گھُٹ - ٹی) [ہ - ا - مونث] دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لیے پلاتے ہیں۔
**گھُٹی میں پڑنا** - طبیعت میں داخل ہونا۔ بچپن سے کسی چیز کا عادی ہونا۔
**گھٹیا** (گھٹ - یا) [ہ - صفت] (۱) کم قیمت۔ معمولی (۲) دون۔ کمینہ۔
**گھچ پچ** [ہ - ا - مونث] (۱) گنجان۔ بھیڑ (۲) صفت] گنجان اور پاس پاس لکھا ہُوا۔
**گھر** (گھ - ہر) [ف - ا - مذکر] گوہر کا مخفف۔
**گُہر ریز** [پاشی] موتی برسانے والا۔ فیض پہنچانے والا۔
**گھر** [ہ - ا - مذکر] (۱) مکان (۲) ٹھکانا (۳) خول (۴) وطن (۵) جائے پیدائش (۶) خاندان۔ گھرانا۔
**گھر آباد کرنا** (۱) گھر میں بسنا (۲) شادی کرنا۔
**گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے** [مثل] اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔
**گھر آئے کی شرم** (لاج) گھر پر آنے کا لحاظ اور پاس۔
**گھر بار** [مذکر] (۱) اسباب خانہ داری (۲) بال بچے (۳) خاندان
**گھر بار تمہارا کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا** [مثل] یہ کہاوت ایسے موقع پر بولتے ہیں جب جھوٹی باتوں سے دل پرچانا مقصود ہو اور مطلوبہ شے نہ دینے کا ارادہ ہو۔
**گھر بسنا** (۱) گھر آباد ہونا (۲) شادی ہونا۔

**گھر بنانا** (۱) مکان بنانا (۲) پاؤں جمانا (۳) گھر سنوارنا (۴) شادی کرنا۔ گھر آباد کرنا۔
**گھر بند کرنا** - شطرنج کی چال میں بادشاہ یا کسی اور مُہرے کو کسی خانے میں جانے سے روکنا۔ چوسر کی بازی میں گوٹ کا گھر بند کرنا۔
**گھر بھائیں بھائیں کرتا ہے** - گھر سے ڈر لگتا ہے۔ سنسان ہے۔
**گھر بھر** - گھر کے سب لوگ۔
**گھر بھرنا** (۱) مکان کو اسباب یا غلّے سے پُر کرنا (۲) دولت کھسوٹنا (۳) لوگوں کو مکان میں جمع کرنا۔
**گھر بیٹھنا** (۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بیکار ہونا (۳) مکان کا گر جانا۔
**گھر بیٹھے** - بے سعی و کوشش۔ بلا تردد۔
**گھر پھونک تماشا دیکھنا** (۱) دولت برباد کرکے خوش ہونا (۲) نقصان کی سے خوش ہونا (۳) حماقت اور بے وقوفی سے کام لینا۔
**گھر تک پہنچانا** (۱) کسی کو گھر تک چھوڑ آنا (۲) پورا پورا قائل کرنا۔
**گھر تک پہنچنا** (۱) کسی کے مکان تک جانا (۲) ماں بہن کی گالی دینا۔
**گھر جنوائی** [مذکر] وہ داماد جو سسرال میں آباد ہو جائے۔
**گھر دار** - گھر والا۔ دنیادار۔ بال بچے والا۔ کنبے والا۔
**گھر داری** [مونث] خانہ داری۔ گرہستی۔
**گھر دیکھ لینا** (۱) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) مکان دیکھ لینا (۳) مانوس ہو جانا۔
**گھر سے** (۱) مکان سے (۲) گرہ سے۔ پلّے سے (۳) بیوی۔ گھر والی۔
**گھر سے بے گھر کرنا** - گھر سے باہر نکال دینا۔ خانہ خراب کرنا۔
**گھر سے دینا** - پلّے سے دینا۔ گرہ سے دینا۔ اپنے پاس سے دینا۔
**گھر کا** (۱) گھریلو۔ گھر سے متعلق (۲) اپنا۔ ذاتی (۳) رشتہ دار (۴) قدیمی۔
**گھر کا آدمی** [مذکر] (۱) رشتہ دار (۲) ذاتی ملازم (۳) واقف کار (۴) جورو۔ خاوند۔
**گھر کا بھیدی** [مذکر] (۱) وہ شخص جو گھر کے راز جانتا ہو (۲) محرم۔ رازدان۔
**گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے** [مثل] رازدار کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے۔
**گھر کا چراغ** [مذکر] گھر کا اُجالا۔ گھر کا نور۔ اولاد۔ بیٹا۔
**گھر کا گھر** (۱) کنبہ بھر۔ گھر کے تمام لوگ (۲) گھر کا تمام مال اور اسباب۔
**گھر کا گھر واہو جانا** - گھر کا تباہ و برباد ہو جانا۔
**گھر کا نہ گھاٹ کا** - کہیں کا نہیں۔ بالکل ناکارہ۔
**گھر کرنا** (۱) جگہ کرنا۔ رسائی کرنا (۲) گھر آباد کرنا (۳) بیٹھنا۔ گھُسنا (۴) قبضہ کرنا (۵) رہنا۔ بسنا (۶) چھید کرنا (۷) بیاہ کرنا۔
**گھر کی** (۱) خانہ ساز۔ خانگی (۲) ذاتی۔ اپنی۔ آپس کی۔
**گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری** [مثل] گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے۔ وطن کی آدھی روٹی پردیس کی ساری سے اچھی ہے۔
**گھر کی طرح بیٹھنا** - آرام سے بیٹھنا۔ بلا تکلف بیٹھنا۔
**گھر کی لونڈی** (۱) گھر کی کنیز (۲) بہت اطاعت گزار۔
**گھر کی مرغی دال برابر** [مثل] گھر کی اچھی چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی۔
**گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ** [مثل] گھر والوں کی بے قدری اور

Marfat.com

غیروں کی خاطر و مدارات۔
گھر کے گھر (۱) گھر ہی میں۔ گھر کے اندر (۲) نفع میں نہ نقصان میں (۳) بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان۔
گھر گرہستی۔ گھر کا انتظام۔
گھر گھاٹ (۱) عادت۔ طبیعت (۲) نشان۔ پتا۔ مقام۔ ٹھکانا۔
گھر گھر (۱) ہر گھر میں۔ سب جگہ (۲) سب کے گھروں میں۔
گھر گھسڑو۔ گھر گھسنا۔ وہ مرد جو ہر وقت زنان خانہ میں بیٹھا رہے۔
گھر گھوڑا نخاس میں مول (۱) بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنا (۲) فضول اور بے فائدہ کام۔
گھر میں آنا (۱) مکان میں داخل ہونا (۲) کسی ستارے کا برج میں داخل ہونا (۳) ہاتھ لگنا۔ اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا۔
گھر میں چوہے لوٹتے ہیں۔ گھر میں چوہے قلا بازیاں کھاتے ہیں۔ اس قدر مفلس ہیں کہ گھر کے چوہے تک بھوک کے مارے لوٹنیاں لے رہے ہیں۔
گھر میں ڈالنا۔ کسبی یا بیسوا کے ساتھ نکاح کرنا۔
گھر میں شیر باہر بھیڑ [مثل] گھر والوں پر بے جا حکومت کرنا اور باہر والوں سے دبنا۔
گھر میں نہیں دانے بی بی چلی بھنانے۔ مفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔
گھر والا [مذکر] (۱) صاحب خانہ۔ مکان کا مالک (۲) شوہر۔
گھر والی [مونث] (۱) گھر کی مالکہ (۲) بیوی۔ بیگم۔
گھر ہونا (۱) تباہ ہونا (۲) چھید ہونا (۳) گنجائش ہونا۔
گہرا [گہ۔ را] [ہ۔ صف] (۱) عمیق۔ بے تھاہ (۲) نہایت تیز (۳) شوخ۔ گاڑھا (۴) بھاری۔ پکا۔
گہرا پردہ۔ سخت پردہ۔ بھاری اوٹ۔
گہرا رنگ۔ شوخ رنگ۔
گھرانا [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) خاندان۔ کنبہ۔ نسل۔ اولاد۔
گھر آنا [گھر۔ آ۔ نا] [ہ۔ مص] اُمنڈ آنا۔ چھا جانا۔ ہجوم کر لینا۔
گہرائی [گہ۔ را۔ ای] [ہ۔ ا۔ مونث] گہرا ہونا۔ عمق۔ قعر۔
گھرج [گھ۔ رج] [ہ۔ ا۔ مونث] وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو ستار میں لگاتے ہیں اور جس پر تار رکھتے ہیں۔
گھر جانا [ہ۔ مص] (۱) دشمن کے حلقے میں آجانا (۲) محصور ہو جانا۔
گھر کر آنا [ہ۔ مص] چھا کر آنا۔ اُمنڈ کر آنا۔
گھرکنا [گھ۔ رک۔ نا] [ہ۔ مص] گھرکی دینا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکی دینا۔
گھرکی [ہ۔ ا۔ مونث] جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔
گھرکی دینا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔
گھرکی کھانا (سننا) گھرکی برداشت کرنا۔
گھرنا [ہ۔ مص] (۱) گھیرے میں آنا (۲) جھومنا۔ چھانا۔ اُمنڈنا۔
گھروا [گھر۔ وا] [ہ۔ ا۔ مذکر] گھر کی تصغیر۔ چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ کٹیا۔
گھروندا [گھ۔ روں۔ دا] [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) گڑیوں کا گھر۔ چھوٹا سا گھر (۲) ناپائیدار۔
گہری [گہ۔ ری] [ہ۔ صف] گہرا کی تانیث۔
گہری بات۔ دُور کی بات۔ باریک خیال۔ دقیق اور مشکل بات۔
گہری چھننا (۱) نہایت گاڑھی بھنگ چھننا (۲) گاڑھی دوستی ہونا (۳) لڑائی ہونا۔

گہری گھٹنا (۱) بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲) بہت محبت ہونا۔
گہری نیند سونا (۱) بے خبر سونا (۲) سُکھ کی نیند سونا۔
گھریلو [گھ۔ رے۔ لو] [ہ۔ صف] (۱) خانگی (۲) خانہ ساز۔ گھر کا بنا ہوا (۳) پالتو۔
گھڑ [ہ۔ ا۔ مذکر] گھوڑا کا مخفف۔
گھڑ دوڑ [مونث] گھوڑوں کا شرط باندھ کر دوڑانا۔
گھڑ سال [مذکر] اصطبل۔ طویلہ۔
گھڑ مکھی [مونث] ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت تنگ کرتی ہے۔
گھڑ منہا۔ وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے ملتا جلتا ہو۔ لمبے منہ یا تھوتھنی والا۔
گھڑنال [مونث] توپ۔ رہکلہ۔
گھڑا [ہ۔ مذکر] ٹھلیا۔ مٹی کا مٹکا۔ گاگر۔
گھڑوں پانی پڑ جانا۔ شرم کے مارے پسینے پسینے ہو جانا۔
گھڑائی [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) گھڑنے کی اُجرت (۲) ساخت۔ بناوٹ۔
گھڑت [گھ۔ ڑت] [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) ساخت۔ بناوٹ (۲) بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات۔
گھڑگھڑاہٹ [ہ۔ ا۔ مونث] گھڑگھڑ کی آواز۔ گاڑی یا چکی چلنے کی آواز۔
گھڑنا [ہ۔ مص] (۱) بنانا (۲) اینٹ کو تراش کر درست کرنا (۳) زیور بنانا (۴) جھوٹی بات بنانا۔
گھڑنت [گھ۔ ڑنت] [ہ۔ ا۔ مونث] دیکھیے گھڑت۔
گھڑونچی [گھ۔ ڑون۔ چی] [ہ۔ ا۔ مونث] لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھتے ہیں۔
گھڑی [ہ۔ ا۔ مونث] (۱) گھنٹے کا ۲/۵ حصہ۔ ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ رات دن کا ساٹھواں حصہ (۲) وقت۔ زمانہ (۳) وقت بتانے کا آلہ (۴) گھڑا کی تصغیر۔ چھوٹا گھڑا۔
گھڑی بھاری ہونا۔ وقت مشکل سے کٹنا۔
گھڑی بھر (۱) ایک گھڑی۔ ایک ساعت (۲) لحظہ بھر۔ لمحہ بھر۔
گھڑی دو گھڑی۔ تھوڑی دیر۔
گھڑی ساز۔ گھڑی کی مرمت کرنے والا۔
گھڑی گھڑی (۱) دم بدم۔ لحظہ بہ لحظہ (۲) بار بار۔ پے در پے۔
گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت [مثل] ذرا سی بات میں خوش ہونا۔ ذرا سی بات میں بگڑ جانا۔
گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ [مثل] غیر مستقل مزاج۔ کبھی کچھ کبھی کچھ۔
گھڑیاں گننا۔ شدت سے انتظار کرنا۔ کسی کے انتظار میں وقت کاٹنا۔
گھڑیال [ہ۔ ا۔ مذکر] (۱) پیتل کا وہ گھنٹا جو مندروں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے (۲) مگر۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔
گھسا [گھس۔ سا] [ہ۔ ا۔ مذکر] رگڑ۔ رگڑا۔
گھسا لگنا۔ رگڑ لگنا۔ گھسے کا نشان پڑنا۔
گھسے دینا۔ رگڑا دینا۔
گھس آنا [ہ۔ مص] بلا اجازت مکان میں داخل ہونا۔
گھس بیٹھنا [ہ۔ مص] (۱) اندر جا بیٹھنا (۲) چھپ جانا (۳) پاس پاس بیٹھنا۔
گھس پڑنا [ہ۔ مص] بے کھٹکے کسی مکان میں داخل ہونا۔

Marfat.com

**گھسیٹنا** (گھ۔سٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) کھینچنا (۲) زمین سے رگڑا ہوا چلنا۔
**گھس گھس کرنا** [ہ۔مص] (۱) کانا پھوسی کرنا (۲) کام کرنے میں دیر کرنا۔
**گھسم گھسا** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک دوسرے کو زمین پر رگڑ دینا (۲) ایک پتنگ کی ڈور کا دوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑ دینا۔
**گھسنا** (گھس۔نا) [ہ۔مص] (۱) رگڑ کھا جانا (۲) رگڑ لگنا (۳) پرانا ہونا (۴) وزن میں کم ہونا۔
**گھسنا** (گُھس۔نا) [ہ۔مص] داخل ہونا۔
**گھسوانا** [ہ۔مص] گھسنا مصدر سے متعدی المتعدی۔
**گھسیارا** (گھس۔یا۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گھاس کھودنے والا (۲) گھاس بیچنے والا۔
**گھسیارن۔گھسیاری** [ہ۔ا۔مونث] گھسیارا کی تانیث۔
**گھسیٹنا** (گھ۔سیٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) کھینچنا۔ زمین پر رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جلد جلد لکھ دینا (۳) پکڑوا بلوانا۔
**گھسیڑنا** (گھ۔سیڑنا) [ہ۔مص] (۱) اندر داخل کرنا (۲) ٹھونسنا۔
**گھکوار** (گھک سوار) [ہ۔ا۔مذکر] ناگ پھنی کے خاندان کا ایک پودا جس کے پتے موٹے اور نکیلے ہوتے ہیں اور ان میں لیسدار مادہ ہوتا ہے۔
**گھگرا** (گھگ۔را) [ہ۔ا۔مذکر] لہنگا۔ دیکھیے گھاگرا۔
**گھگری۔گھگریا** (گھگ۔ری۔گھ۔گر۔یا) [ہ۔ا۔مونث] گھگرا کی تصغیر اور تانیث۔ چھوٹا لہنگا۔
**گھگو** (گھگ۔گو) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) اُلو (۲) مٹی کا ایک کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دُخانی کارخانوں کے انجن کی آواز۔
**گھگی** (گھگ۔گی) [ہ۔ا۔مونث] فاختہ۔
**گھگی** (گھگ۔گی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) ہچکی۔ روتے روتے سانس کا رک رک کر نکلنا (۲) خوف یا دہشت کے مارے سکتے کا عالم۔
**گھگی بندھ جانا** (۱) روتے روتے سانس بند ہو جانا (۲) ڈر کے مارے بول نہ سکنا۔
**گھگیانا** (گھگ۔یا۔نا) [ہ۔مص] (۱) گھگی بندھ جانا (۲) عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
**گھلا** (گھ۔لا) [ہ۔صف] گھلا ہوا۔
**گھلا ملا**۔ بے تکلف۔
**گھلانا** [ہ۔مص] (۱) پگھلانا۔ ملائم کرنا (۲) دُبلا کرنا (۳) تحلیل کرنا۔
**گھلاوٹ** (گھ۔لا۔وٹ) [ہ۔ا۔مونث] ملائمت۔ نرمی۔ گداز پن۔ پلپلاہٹ۔
**گھل مل جانا** [ہ۔مص] (۱) یک جان ہو جانا (۲) بے تکلف ہونا۔
**گھلنا** (گھل۔نا) [ہ۔مص] (۱) پگھلنا۔ رقیق ہو جانا (۲) ملائم ہونا (۳) مضمحل ہونا (۴) دُبلا ہونا۔
**گھلوانا** [ہ۔مص] حل کرانا۔ پگھلوانا۔
**گھما گھم۔گھما گھمی** (گھ۔ما۔گھم۔گھ۔ما۔گھ۔می) [ہ۔صف] چہل پہل۔ رونق۔
**گھمانا** [ہ۔مص] چکر دینا۔ سیر کرانا۔ گشت کرانا۔
**گھماؤ** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) پھیر۔ چکر (۲) زمین کا وہ رقبہ جسے بیلوں کی ایک جوڑی دن بھر میں جوت لے۔
**گھماؤں** [ہ۔ا۔مذکر] آٹھ کنال یا دو بیگہ زمین۔
**گھمس** (گھ۔مس) [ہ۔ا۔مونث] حبس۔ مینہ کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہونا۔
**گھمسان** (گھم۔سان) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) لڑائی۔ قتل عام (۲) لاشوں کے انبار (۳) انبوہ۔ بھیڑ۔
**گھمسان کا رن پڑنا**۔ کشتوں کے پشتے لگ جانا۔
**گھمسان کی لڑائی** [مونث] معرکے کی جنگ۔ بھاری لڑائی۔
**گھمنڈ** (گھ۔منڈ) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) تکبر۔ غرور (۲) خودنمائی۔ خودپسندی (۳) فخر۔ شیخی۔
**گھمنڈی** (گھ۔من۔ڈی) [ہ۔صف] (۱) مغرور (۲) خود پسند (۳) شیخی خورا (۴) فخر کرنے والا۔
**گھمیر۔گھمیری** (گھ۔میر۔گھ۔مے۔ری) [ہ۔ا۔مونث] چکر۔ دردِ سر۔
**گھن** [س۔ا۔مذکر] (۱) بہت بڑا ہتھوڑا (۲) گھڑیال (۳) [صف] گھنا۔
**گھن چکر** (۱) بہت چکر کھانے والا (۲) آوارہ گرد (۳) بے وقوف (۴) آتشبازی کا چکر۔
**گھن شیام** [مذکر] (۱) سیاہ بادل (۲) کرشن جی کا ایک نام۔
**گھن گرج** [مونث] (۱) بجلی کی کڑک (۲) نہایت شور و غل۔
**گھنگھور**۔ ڈراؤنی اور گہری گھٹا۔
**گہن** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گرہن۔ کسوف اور خسوف (۲) داغ۔ عیب۔
**گہن پڑنا۔لگنا** (۱) کسوف اور خسوف ہونا (۲) عیب لگنا۔ دھبا لگنا۔
**گہن میں آنا** (۱) کسوف یا خسوف میں آنا (۲) آدمی یا حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص پیدا ہونا۔
**گھن** [ہ۔ا۔مونث] (۱) کراہت۔ نفرت (۲) متلی۔ اُلٹی۔
**گھن آنا۔کھانا**۔ کراہت آنا۔ نفرت آنا۔
**گھن** [ہ۔ا۔مذکر] ایک کیڑا جو لکڑی یا غلے میں ہوتا ہے۔
**گھن لگ جانا** (۱) کیڑا لگنا (۲) روگ لگ جانا (۳) فکر لگ جانا۔
**گھنا** [ہ۔صف] گنجان۔ قریب قریب۔
**گہنا** (گہ۔نا) [ہ۔ا۔مذکر] زیور۔
**گھنا** (گھن۔نا) [ہ۔صف] (۱) بات کو سمجھ کر انجان بننے والا (۲) دل میں بات رکھنے والا۔
**گہنانا** (گہ۔نا۔نا) [ہ۔مص] (۱) گہن لگنا (۲) مدھم پڑنا۔ ماند پڑنا (۳) کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا پیدا ہونا۔
**گھناونا** (گھ۔نا۔او۔نا) [ہ۔صف] جس سے گھن آئے۔ مکروہ۔
**گھناونی** [ہ۔صف] گھناونا کی تانیث۔
**گھنٹا** (گھن۔ٹا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گھڑیال (۲) حیوانات کے گلے میں لٹکانے والی گھنٹی (۳) وقت بتانے کا آلہ۔ کلاک (۴) ساٹھ منٹ کا وقت۔
**گھنٹا گھر** [مذکر] اُونچا مینار جس پہ کلاک لگا ہو۔
**گھنٹی** (گھن۔ٹی) گھنٹا کی تانیث اور تصغیر۔
**گھنڈی** (گھن۔ڈی) [ہ۔ا۔مونث] (۱) گریبان کو بند کرنے کے لیے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) پیچ۔ گرہ (۴) کدورت۔
**گھنگچی** (گھنگ۔چی) [ہ۔ا۔مونث] سُرخ رتی۔ ایک قسم کے سُرخ

Marfat.com

والے جن کا مُنہ سیاہ ہوتا ہے۔ سونا وغیرہ تولنے کا ایک وزن
ماشہ۔

**گھنگرالے** (گھُن۔گ۔را۔لے) [ہ۔صف] گھونگر والے بال۔ بل کھائے ہوئے بال۔

**گھنگرو** (گھُن۔گ۔رُو) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی وہ آواز جو جان کنی کے وقت نکلتی ہے (۳) چھوٹے گول بجنے والے گھنگھرو جو ناچتے وقت پاؤں میں باندھ لیتے ہیں۔

گھنگرو بولنا (۱) گھنگروؤں کا چھن چھن کرنا (۲) جان کنی کے وقت سانس کا رُک رُک کر نکلنا۔

**گھنگنی** (گھُن۔گ۔نی) [ہ۔ا۔مونث] اُبالا ہوا غلہ (چنے۔مٹر۔جوار۔گیہوں وغیرہ) جو نمک ملا کر کھایا جاتا ہے۔

گھنگنیاں مُنہ میں بھر کر بیٹھ جانا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ چُپ سادھنا۔

**گھنگولنا** [ہ۔مص] (۱) پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ گدلا کرنا (۲) گھولنا۔

**گھننا** (گھُن۔نا) [ہ۔مص] گھُن لگنا۔ خراب ہو جانا۔

**گھنونا** (گھِ۔نو۔نا) [ہ۔صف] دیکھیے گھناونا۔

**گھنونی** (گھِ۔نو۔نی) [ہ۔صف] دیکھیے گھناونی۔

**گھنی** (گھَ۔نی) [ہ۔صف] گھنا کی تانیث۔ بہت گنجان۔

گھنی چھاؤں [مونث] گنجان سایہ جس میں دُھوپ نہ چھنے۔

**گُھنی** (گھُن۔نی) [ہ۔صف] گھنا کی تانیث۔

**گھنیانا** (گھِن۔یا۔نا) [ہ۔مص] کسی مکروہ چیز سے گھن کھانا۔

**گھنیرا** (گھَ۔نے۔را) [ہ۔صف] (۱) گھنا۔ گہرا (۲) بہت۔

**گھنیری** [ہ۔صف] گھنیرا کی تانیث۔

**گھوارہ** (گہ۔وا۔رہ) [ف۔ا۔مذکر] مہد۔ پنگھوڑا۔ ہنڈولا۔

**گھوٹا** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) کام گھوٹنے کا مُہرا۔ صاف یا چمکیلا بنانے کا وزن (۲) سر یا داڑھی کی صفائی۔ چار ابرو کا صفایا۔

**گھوٹنا** (گھوٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) رگڑنا۔ باریک کرنا (۲) مہرے سے صفائی کرنا (۳) رٹنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کر لینا۔

**گھور** [ہ۔ا۔مذکر] غلاظت (۲) [صف] خوفناک۔ بھیانک۔

**گھورا** [ہ۔ا۔مذکر] وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے۔

**گھورا گھاری** [ہ۔ا۔مونث] نظر بازی۔ ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا۔

**گھوڑا** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک چوپایہ۔ اسپ (۲) شطرنج کا ایک مہرہ (۳) بندوق کا گھوڑا۔

گھوڑا پالانا۔ گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا۔

گھوڑا چڑھانا۔ بندوق کی چاپ کو ٹوپی پر بندوق داغنے کے لیے چڑھانا۔

گھوڑا ڈالنا (۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) گھوڑے کو کسی کے پیچھے لگانا۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو کھائے کیا [مثل] مزدور مزدوری نہ لے تو کھائے کیا۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا۔

گھوڑے بیچ کر سونا۔ پاؤں پھیلا کر سونا۔ بے فکری سے سونا۔

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات [مثل] نادان کو مار پیٹ اور آدمی کو اشارہ کافی ہے۔

**گھوڑی** [ہ۔ا۔مونث] گھوڑا کی تانیث (۱) مادہ اسپ (۲) اسٹول بنانے کا آلہ (۳) وہ لکڑی جو گزنے کے تار تنے رہنے کے لیے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴) بچوں کا ایک کھیل۔

**گھوس** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) ایک قسم کا بڑا چوہا۔ گھونس (۲) رشوت۔

**گھوسن** (گھو۔سن) [ہ۔ا۔مونث] گوالن۔ دودھ بیچنے والی۔

**گھوسی** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گائے بھینس چرانے والا (۲) گوالا۔

**گھوش** [س۔ا۔مذکر] (۱) شور (۲) چنگھاڑ (۳) بنگالی کائستھوں کی ایک گوت۔

**گھولنا** [ہ۔مص] پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا۔ حل کرنا۔

**گھومتا گھامتا** [ہ۔صف] پھرتا پھراتا۔

**گھومنا** (گھوم۔نا) [ہ۔مص] (۱) پھرنا۔ چکر لگانا۔ سیر کرنا (۲) بخارات کا دماغ کو لگنا۔

گھومنا گھامنا۔ چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔ سیر کرنا۔

**گھومنی** (گھُوم۔نی) [ہ۔ا۔مونث] دوران سر۔ سر درد۔

**گھونپنا** (گھونپ۔نا) [ہ۔مص] (۱) بُری طرح سینا (۲) گھسیڑنا۔ بھونکنا۔

**گھونٹ** [ہ۔ا۔مذکر] (۱) جُرعہ۔ چسکی (۲) حُقّے کا دم۔ کش۔

گھونٹ بھرنا (۱) جُرعہ پینا (۲) حُقّے کا دم لگانا۔

**گھونٹنا** (گھونٹ۔نا) [ہ۔مص] (۱) گلا دبانا۔ سانس بند کرنا (۲) تنگ کرنا (۳) دیکھیے گھوٹنا۔

**گھونس** [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے گھوس۔

**گھونسا** (گھوں۔سا) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) مُکّا (۲) ضرب۔ چوٹ۔

گھونسا جڑنا یا چلانا۔ مارنا۔ لگانا۔ مُکّا لگانا۔

گھونسا لگنا۔ اچانک صدمہ ہونا۔

**گھونسلا** (گھوں۔سلا) [ہ۔ا۔مذکر] پرندوں کا گھر۔ آشیانہ۔

**گھونگا** (گھوں۔گا) [ہ۔ا۔مذکر] ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو کوڑی کی مانند سیپی یا سنکھ کی قسم سے ہے۔

**گھونگٹ۔گھونگھٹ** (گھُوں۔گٹ) [ہ۔ا۔مذکر] برقع۔ نقاب۔

گھونگٹ اُٹھانا۔ پردہ دُور کرنا۔ بے حجاب ہونا۔

گھونگٹ اُلٹنا۔ گھونگٹ ہٹا دینا۔

گھونگٹ کاڑھنا۔ گھونگٹ نکالنا۔ مُنہ پر کپڑا ڈالنا۔

گھونگٹ کرنا (۱) پردہ کرنا (۲) لحاظ کرنا۔

گھونگٹ نکالنا۔ پردہ کرنا۔ منہ چھپانا۔

**گھونگر** (گھوں۔گر) [ہ۔ا۔مذکر] بالوں کا چکر۔

گھونگر والے بال۔ گھونگریلے بال۔ پیچ در پیچ۔

**گھونگرو** [ہ۔ا۔مذکر] دیکھیے گھنگرو۔

**گھی** [ہ۔ا۔مذکر] روغن زرد۔

گھی بنائے سالنا بڑی بہو کا نام [مثل] کرے کوئی نام کسی کا ہو۔ لذت گھی سے درست ہوتی ہے اور نام پکانے والی کا ہو جاتا ہے۔

گھی چُپڑنا۔ روٹی یا کسی چیز پر تھوڑا سا گھی لگانا۔

گھی داغ کرنا۔ گھی کا تڑکا لگانا۔ گھی کڑکڑانا۔

گھی کہاں گیا کھچڑی میں [مثل] جب اپنا مال اپنے ہی اعزہ و اقارب میں خرچ ہو یا ایسا نقصان ہو جس سے اپنوں کو فائدہ پہنچے تو اس موقع پر بولتے ہیں۔ گویا ہمارا مال ہمارے ہی کام آیا۔

Marfat.com

**گھی کھچڑی** [ہ ۔ مونث] شیر و شکر ۔ نہایت گہرے دوست ۔
**گھی کے چراغ جلانا** (۱) مراد بر آنے پر مزار وغیرہ پر چراغوں میں گھی کی روشنی کرنا ۔ (مجازاً) نہایت خوشی منانا ۔
**گھے** گ ۔ ہے (ز ۔ ابتغمل) الا ہے کا مخفف ۔ کبھی کبھی ۔
**گھیا** گھی ۔ آ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] ایک قسم کی ترکاری ۔ کدو ۔
**گھیا توری** ۔ ایک نرم و ملائم قسم کی توری ۔
**گھیا کدو** ۔ ایک قسم کا لمبا کدو ۔ لوکی ۔
**گھیال** گھی ۔ یال [ہ ۔ ا ۔ مونث] ایک قسم کی ترکاری ۔ اروی ۔
**گھینا** گھیں ۔ نا [ہ ۔ مص] خوب ملانا ۔ آمیز کرنا ۔
**گھیر** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) دور ۔ محیط ۔ گھیرا ۔ چکر (۲) دائرہ ۔ احاطہ ۔ گھیرن
**گھیر دار** ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔ ڈھیلا ڈھالا ۔
**گھیر گھار کر لانا** ۔ ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر ایک جگہ لانا ۔
**گھیرا** گھے ۔ را [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) حلقہ ۔ دائرہ (۲) محیط ۔ چکر (۳) چار دیواری (۴) نرغہ ۔ محاصرہ ۔
**گھیرنا** گھیر ۔ نا [ہ ۔ مص] (۱) محصور کرنا (۲) چار دیواری بنانا ۔ باڑ لگانا (۳) بند کرنا (۴) پکڑنا (۵) قبضہ کرنا ۔
**گھیکوار** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] دیکھیے گھیکوار ۔

## گ ۔ ء

**گئو** گ ۔ ئو [س ۔ ا ۔ مونث] گائے ۔ بقرہ ۔ (صحیح گو یا گؤ) ۔
**گئو دان** [مذکر] گائے کو خیرات کرنا ۔
**گئو شالہ** [مونث] گایوں کے رہنے کی جگہ ۔
**گئو ہتیا** [مونث] گائے کے ذبح کرنے یا مارنے کا گناہ ۔
**گئی گزری** [ہ ۔ صف] (۱) ناچیز ۔ حقیر (۲) بھولی ہوئی ۔
**گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے** [مثل] ایک کام سے عذر کیا ۔ دوسرا کام اور سپرد ہو گیا ۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑے ۔
**گئے گزرے** [ہ ۔ صف] بدتر ۔ ناکارہ ۔ بیکار ۔ بے وقعت

## گ ۔ ی

**گیا** گ ۔ یا [ہ ۔ ا ۔ مونث] گائے ۔
**گیا بچھ** گ ۔ یا بچھ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] حیوان کا حمل ۔ گابھ ۔
**گیابھن** گ ۔ یا بھن [ہ ۔ ا ۔ مونث] پیٹ والی ۔ حاملہ ۔ (یہ لفظ صرف حیوانوں کے لیے آتا ہے) ۔
**گیارہ** گ ۔ یا رہ [ہ ۔ صف] ایک اور دس ۔
**گیارھواں** گ ۔ یارھ ۔ واں [ہ ۔ صف] یازدہم ۔ دسویں کے بعد کا ۔ گیارہ سے منسوب ۔
**گیارھویں** گ ۔ یارھ ۔ ویں [ہ ۔ صف] (۱) دسویں کے بعد کی (۲) [صف] حضرت غوث الاعظم کی نیاز جو گیارھویں تاریخ کو دی جاتی ہے ۔
**گیا گزرا** [ہ ۔ صف] (۱) گزرا ہوا (۲) ناکارہ ۔ نکما (۳) بزدل (۴) کمزور ۔

**گیان** گ ۔ یان [س ۔ ا ۔ مذکر] (۱) علم (۲) عقل (۳) علم الٰہی ۔ عرفان ۔
**گیانی** [س ۔ صف] عارف ۔ عالم ۔ فاضل ۔
**گیا وقت** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] گزرا ہوا زمانہ ۔
**گیاہ** گ ۔ یاہ [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) ہری گھاس (۲) خشک گھاس ۔
**گیبرڈین** (GABARDINE) گے ۔ بر ۔ ڈین [انگ ۔ ا ۔ مذکر] سوتی یا ریشمی کپڑا جس میں اُون کی آمیزش ہو ۔
**گیت** [ہ ۔ ا ۔ مذکر] راگ ۔ سرود ۔ نغمہ ۔
**گیتا** گی ۔ تا [س ۔ ا ۔ مونث] (۱) گیت (۲) بحث ۔ تذکرہ (۳) ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں معرفت الٰہی کا ذکر ہے ۔
**گیتی** گی ۔ تی [ف ۔ ا ۔ مونث] دنیا ۔ عالم ۔ جہان ۔
**گیتی آرا** (۱) جہان کو آراستہ کرنے والا ۔ نہایت خوبصورت (کنایتاً) بادشاہ (۲) بصرہ کا ایک پھول جس کی خوشبو سوکھ جانے کے بعد بھی رہتی ہے ۔
**گیتی پناہ** (کنایتاً) بادشاہ ۔
**گیٹ** (GATE) [انگ ۔ ا ۔ مذکر] ۔ دروازہ ۔ پھاٹک ۔
**گیٹ اپ** (GET-UP) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) وضع ۔ طرز (۲) کتاب کی لکھائی چھپائی وغیرہ ۔
**گیٹس** گے ۔ ٹس [انگ] انگریزی گارٹر (GARTER) سے ماخوذ [ا ۔ مذکر] (۱) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے فوجی لوگ پنڈلیوں میں ٹخنوں سے کس لیتے ہیں (۲) چمڑے وغیرہ کا فیتہ جو موزوں پر چڑھا لیا جاتا ہے تاکہ وہ نیچے کو نہ ڈھلکیں ۔
**گیدڑ** گی ۔ دڑ [ہ ۔ ا ۔ مذکر] (۱) ایک جنگلی جانور (۲) [صف] بزدل ۔
**گیدڑ بھبکی** [مونث] (۱) گیدڑ کی طرح غرا کر ڈرانا (۲) دکھاوے کی دھمکی ۔
**گیدڑ کی موت آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے** [مثل] جب برے دن آتے ہیں تو تدبیریں الٹی سوجھتی ہیں ۔
**گیدی** گی ۔ دی [ف ۔ صف] (۱) بے غیرت ۔ بے حمیت (۲) (مجازاً) بھڑوا (۳) بزدل (۴) احمق ۔
**گیدی خر** [مذکر] بہت بڑا بے وقوف ۔ الو ۔ گدھا ۔
**گیر** [ف] مصدر گرفتن سے امر فاعل بمعنی پکڑنے والا ۔ قبضہ کرنے والا (مرکبات میں جیسے عالمگیر ۔ دامنگیر) ۔
**گیرائی** گی ۔ را ۔ ئی [ف ۔ ا ۔ مونث] (۱) گرفت ۔ پکڑ (۲) خضاب لگانے کا سلیقہ ۔
**گیرو** گے ۔ رو [ہ ۔ ا ۔ مذکر] گل ارمنی ۔ ایک قسم کی لال مٹی ۔
**گیروا** گیر ۔ وا [ہ ۔ صف] لال رنگ کا ۔ گیرو کے رنگ کا ۔ گلابی ۔
**گیرو دار** [ف ۔ مونث] پکڑ دھکڑ ۔
**گیریژن** (GARRISON) گے ۔ ری ۔ ژن [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) قلعہ کی فوج (۲) قلعہ یا شہر کی حفاظتی فوج ۔
**گیڑی** گے ۔ ڑی [ہ ۔ ا ۔ مونث] وہ لکڑی جس سے لڑکے ایک خاص کھیل کھیلتے ہیں ۔
**گیڑیاں کھیلنا** گیڑیوں سے کھیلنا ۔ (کنایتاً) نادان ۔
**گیس** (GAS) [انگ ۔ ا ۔ مونث] (۱) ہوا سے لطیف (۲) ایک قسم

کی چھٹنے والی ہوا جو سمندری کانوں میں پائی جاتی ہے (۴) بیہوش کرنے والی ہوا۔

**گیس پیپر** (GUESS PAPER) [انگ - ا - مذکر] پرچہ سوالات جس میں قیاس سے امتحانی طرز کے سوالات دیئے جاتے ہیں۔

**گیسٹ ہاؤس** (GUEST HOUSE) [انگ - ا - مذکر] مہمان خانہ

**گیسو** (گے - سُو) [ف - ا - مذکر] زلف - کاکل - لٹ -

**گیسو دراز** (۱) لمبے گیسوؤں والا (۲) خواجہ میر سید محمد کا لقب -

**گیکلا** (گے - کَ - لا) [ہ - صفت] بھولا - احمق - بیوقوف -

**گیکلی** [ہ - صفت] گیکلا کی تانیث -

**گیلا** (گی - لا) [ہ - صفت] بھیگا ہوا - نم - تر -

**گیلانی** (گی - لا - نی) [ف - صفت] عراق کے صوبہ یا نواح بغداد کے ایک گاؤں گیلان سے منسوب -

**گیلری** (GALLERY) (گے - لَ - ری) [انگ - ا - مونث] (۱) دالان - برآمدہ (۲) کمرے کے اندر کا چھجا (۳) تھیٹر سب سے اونچی نشست (۴) تصویر خانہ -

**گیلن** (گے - لن) (GALLON) [انگ - ا - مونث] رقیق اشیاء ناپنے کا پیمانہ جو دو سیر دس چھٹانک کے برابر ہوتا ہے -

**گیلی** (GALLEY) (گے - لی) [انگ - ا - مونث] لکڑی کا وہ خانہ جس میں کمپوز شدہ ٹائپ کی قطاریں لگی ہوں -

**گیلی** (گی - لی) [ہ - صفت] گیلا کی تانیث - بھیگی ہوئی -

**گیم** (GAME) [انگ - ا - مونث] (۱) کھیل (۲) کھیل کی ایک بازی (۳) شکار (۴) شکار کے جانور -

**گیں** [ف - صفت] آگیں کا مخفف - بھرا ہوا - پُر (مرکبات میں جیسے اندوہگیں) -

**گیند** [ہ - ا - مذکر و مونث] کپڑے یا چمڑے وغیرہ کا گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں -

**گیند بلا** [مذکر] ڈنڈے اور گیند کا کھیل - کرکٹ -

**گیندا** (گیں - دا) [ہ - ا - مذکر] گل صد برگ - ایک قسم کا زرد پھول اور اس کا پودا -

**گینڈا** (گیں - ڈا) [ہ - ا - مذکر] بھینسے کے برابر ایک چوپایہ جس کی ناک پر سینگ ہوتا ہے -

**گیہاں** (گے - ہاں) [ف - ا - مذکر] (۱) دنیا (۲) زمانہ -

**گیہواں** (گیہ - واں) [ہ - صفت] گندمی - گندم کے رنگ کا -

**گیہوں** (گے - ہوں) [ہ - ا - مذکر] گندم - کنک -

**مثل** - گودھم -

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے - خطاکار کے ساتھ بے قصور بھی مارا جاتا ہے - برے کے ساتھ اچھا بھی دھر لیا جاتا ہے -

Marfat.com

# ل

ل - وم - (ع ۱ - مذکر) - اُردو کا تیسواں - فارسی کا ستائیسواں - عربی کا تیسواں اور ہندی کا اٹھائیسواں حرف - حساب ابجد میں اس کے تیس عدد مانے گئے ہیں -

## ل - ا

**لا** - (ع - کلمۂ نفی) - (۱) بغیر - بنا - (۲) الجبرا میں مقدارِ مجہول و نامعلوم -

**لاُابالی** - (میں پروا نہیں کرتا) - (۱) نڈر - دلیر (۲) بے پروا -

**لااُبالی پن** - (مذکر) بے پروائی - بے فکری -

**لاادری** - لا اعلم - مجھے معلوم نہیں -

**لاادریا** - متشکک - وہ شخص جس کو خدا کے وجود اور ہر چیز کے بارے میں شبہ ہو -

**لاادریت** - متشککین کا نظریہ کہ ہم خدا اور کسی چیز کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے -

**لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ** - کلمۂ طیب - خدا کے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں اور محمد (صلعم) اس کے رسول ہیں -

**لابُد** - (۱) بے شک - یقیناً - (۲) مجبوراً -

**لابُدی** - لازمی - ضروری - یقینی -

**لاپتا** - بے پتا - وہ جس کا پتا نہ ہو - گُم - غائب -

**لاپروا** - بے پروا - جسے کسی بات کی فکر اور پروا نہ ہو -

**لاپروائی** - (مونث) (۱) بے پروائی - غفلت (۲) بے غرضی -

**لاثانی** - بے مثل - بے نظیر - یگانہ - یکتا - فرد -

**لاجُرعہ** - بغیر گھونٹ کے ایک ہی سانس میں پی جانا -

**لاجرم** - (۱) بے شک - یقیناً - (۲) مجبوراً -

**لاجواب** - (۱) خاموش - (۲) عاجز (۳) بے نظیر - بے مثل -

**لاچار** - (۱) ناچار - لاعلاج (۲) محتاج - (۳) بے کس - (۴) مجبور ہو کر - تھک کر -

**لاحاصل** - بے فائدہ - فضول - بے نتیجہ -

**لاحل** - جو حل نہ ہو سکے - مشکل - دشوار - کٹھن - دقیق -

**لاحول** - (۱) اظہار نفرت و حقارت کا کلمہ (۲) شیطان کے بھگانے اور بھوت پریت دفع کرنے کا کلمہ -

**لاحول بھیجنا** - لعنت بھیجنا - نفرت ظاہر کرنا -

**لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْم** - کسی کو کوئی قدرت و طاقت حاصل نہیں - لیکن خدائے بزرگ و بلند کو سب کچھ حاصل ہے -

**لاخراج** - معافی - وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے -

**لادعویٰ** - دست برداری - فارغ خطی - بے تعلق ہونے کی سند -

**لادوا** - لاعلاج - جس کی دوا نہ ہو سکے -

**لاریب** - بلاشبہ - یقیناً - بے شک -

**لازوال** - جس کو زوال نہ ہو - غیر فانی - ازلی - قدیم -

**لاشریک** - خدا - جس کا کوئی شریک نہیں -

**لاطائل** - لاحاصل - بے فائدہ - بے سود -

**لاعلاج** - (۱) جس کا علاج نہ ہو سکے (۲) ناچار -

**لاعلم** - بے علم - جسے معلوم نہ ہو - کسی بات کا نہ جاننے والا -

**لاعلمی** - (مونث) بے خبری - کسی بات کا علم نہ ہونا -

**لاغرض** - بے غرض -

**لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیٌّ لَا سَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار** - حضرت علیؓ کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں -

**لاکلام** - (۱) وہ بات جس میں کوئی شک نہ ہو - (۲) بلاشبہ - یقیناً -

**لامتناہی** - غیر محدود - جس کی کوئی حد نہ ہو -

**لامحالہ** - (۱) ناچار - (۲) بالضرور - یقیناً -

**لامذہب** - جس کا کوئی مذہب نہ ہو - بے دین - دہریہ -

**لامرکزیت** - (۱) جس کا کوئی مرکز نہ ہو - (۲) مرکزی حکومت کو توڑنا (۳) بنکاری کی ایک اصطلاح

**لامکان** - وہ مکان جس میں مکانیت کی تشخیص نہ ہو - عالم قدس

**لاوارث** - وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو

**لاوارثی** - (مونث) وہ شے جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو -

**لاولد** - بے اولاد - جس کے کوئی اولاد نہ ہو

**لایزال** - ہمیشہ رہنے والا - قدیم - دائمی - اللہ تعالیٰ کی صفت -

**لایعلم** - جاہل و بے علم -

**لایعنی** - بے ہودہ - لغو - بے فائدہ - بے نتیجہ - فضول - لاحاصل -

**لایموت** - (۱) غیر فانی - (۲) وہ خوراک جو صرف زندگی قائم رکھنے کے لیے کفتی ہو - (قوت لایموت)

**لاینبغی** - نامناسب -

**لاینحل** - جو حل نہ ہو سکے - مشکل - پیچیدہ -

**لاینفک** - جدا نہ ہونے والا - اٹوٹ -

**لا** - ( LAW ) (انگ - مذکر) قانون - ضابطہ - قاعدہ -

**لآلی** - (ل - آ - لی) (ع - ا - مذکر) لولو (موتی) کی جمع -

**لابھ** - (س - ا - مذکر) (۱) فائدہ - سود (۲) نجوم کا گیارھواں گھر -

**لابی** - ( LOBBY ) (انگ - ا - مونث) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا بڑا کمرہ - جہاں ممبر حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں -

**لات** - (ع - ا - مذکر) عربوں کا ایک دیوتا جس کی پرستش کی جاتی تھی -

**لات** - (ہ - ا - مونث) پاؤں کی ضرب - ٹھوکر -

Marfat.com

لات مارنا - (۱) پاؤں کی ٹھوکر لگانا - (۲) نفرت ظاہر کرنا (۳) ترک کر دینا۔
لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا - (مثل) کمینہ جوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔
لاٹ - (LORD کا مخفف - ا - مذکر) (۱) مالک - آقا - (۲) برطانیہ کا اعزازی خطاب (۳) گورنر (۴) حاکم صوبہ -
لاٹ پادری - (مذکر) سب سے بڑا پادری -
لاٹ - (LOT) (انگ - ا - مذکر) چیزوں کا انبار - ڈھیر -
لاٹری - (LOTTERY) (لاٹ - ری) (انگ - ا - مونث) ایک قسم کی قرعہ اندازی - جوئے کی ایک قسم -
لاٹھ - (ہ - ا - مونث) (۱) ستون (۲) کولھو کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) موسل -
لاٹھی - (ہ - ا - مونث) عصا - جریب - ہاتھ کی لکڑی -
لاٹھی پونگا - (مذکر) - لاٹھی اور سونٹا - لٹھم لٹھا - مار پیٹ - جوتی پیزار -
لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا یعنی رشتہ داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا۔
لاج - (LODGE) (انگ - ا - مونث) مکان - منزل - عمارت
لاج - (ہ - ا - مونث) (۱) شرم - حیا - غیرت (۲) عزت -
لاج آنا (لگنا) - شرم آنا -
لاج رکھنا - آبرو نہ بگڑنے دینا - عزت بچانا - شرم رکھنا -
لاج سے مرنا - لاجوں مرنا - شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا -
لاج کرنا - شرم کرنا -
لاجورد - (لا - جَ - وَرْد) (ف - ا - مذکر) (۱) نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر - (۲) نیلا رنگ -
لاجوردی - (لا - جَ - وَر - دی) (ف - صفت) لاجورد کے رنگ کا - نیلا -
لاجونتی - (لاج - وَن - تی) (ہ - ا - مونث) چھوئی موئی کا پودا -
لاچا - (پ - ا - مذکر) ریشمی تہمد -
لاحق - (ع - صفت) ملا ہوا - پیوستہ - وابستہ -
لاحقہ - (لا - حِ - قہ) (ع - صفت) لاحق کی تانیث - پیچھے لگا ہوا - وابستہ - ملحق - (مذکر) لفظ بنانے کے لیے لفظ کے آخر میں کوئی لفظ لگانا - جیسے نامہ بر - دلبر -
لادنا - (ہ - مص) اسباب بھرنا - بوجھ رکھنا -
لادی - (ہ - ا - مونث) بوجھ - بھار - دھوبیوں کی گٹھڑی -
لاڈ - (ہ - ا - مذکر) لاڈ پیار - ناز - اخلاص - محبت -
لاڈ پیار - پیار - اخلاص -
لاڈلا - (لاڈ - لا) (ہ - صفت) پیارا - ناز و نعمت سے پلا ہوا -
لاڈلی - (ہ - صفت) لاڈلا کی تانیث -
لاڈو - (لا - ڈو) (ہ - صفت) لاڈلی -
لارا - (لا - را) (ہ - ا - مونث) حیلہ - بہانہ -
لارا لیری - (مونث) حیلہ حوالہ - ٹال مٹول -
لارڈ - (LORD) (انگ - ا - مذکر) دیکھیے لاٹ (مخفف)
لاروا - (LARVA) (لار - وا) (انگ - ا - مذکر) کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت - پہل روپ -

لاری - (LORRY) (انگ - ا - مونث) ایک قسم کی موٹر گاڑی -
لاڑ - (ہ - ا - مونث) دیکھیے لاڈ -
لازم - (ع - صفت) (۱) چمٹا ہوا - وابستہ - ملحق - (۲) واجب - فرض (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے -
لازم آنا - ضروری ہونا - یقینی نتیجہ نکلنا -
لازم و ملزوم - ایک دوسرے سے متعلق - ایک دوسرے سے وابستہ -
لازمہ - (ع - ا - مذکر) جوڑ میل - ضروری اسباب -
لازمی - (لا - زِ - می) (ع - صفت) ضروری - لابدی - واجب -
لازوال - لا کے تحت دیکھیے -
لاسا - (ہ - ا - مونث) ایک لیسدار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے - نشاستہ - گوند -
لاسا لگانا - (۱) پرندے پکڑنے کے لیے کسی چیز پر چیپ دار مادہ لگانا (۲) دو شخصوں کو جھگڑوانا (۳) پھنسانا -
لاسلکی - (لا - سِل - کی) (ع - ا - مونث) بلا تار کی برقی رو جس سے ریڈیو وغیرہ چلتے ہیں - وائرلیس -
لاش - (ت - ا - مونث) نعش - میت - جنازہ -
لاشعاعیں - (لاش - عا - عیں) (ا - ا - مونث) ایکس ریز -
لاشہ - (ف - ا - مذکر) لاش -
لاطینی - (انگ کا معرب) (۱) قدیم روم کی زبان - رومی زبان (۲) قدیم روم سے متعلق -
لاغر - (لا - غَر) (ف - صفت) دبلا پتلا - نزار -
لاغری - (لا - غ - ری) (ف - ا - مونث) دبلاپن - کمزوری - ناتوانی -
لاف - (ف - ا - مونث) شیخی - بڑائی - ڈینگ - خودستائی -
لاف زنی - (مونث) شیخی - خودستائی - تعلی -
لاف و گزاف - بیہودہ سرائی - شیخی - تعلی -
لاکٹ - (LOCKET) (انگ - ا - مذکر) - گھنڈی - تکمہ - ٹیک - ڈھولنا -
لاکھ - (ہ - صفت) (۱) سو ہزار کی تعداد - لکھ (۲) بہت - بے حد (۳) ہر چند (۴) (مونث) ایک قسم کا گوند جسے پگھلا کر مہر لگائی جاتی ہے -
لاکھ پر بھاری ہے - بہادر ہے - کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا -
لاکھ کا گھر خاک کر دینا - تمام دولت و عزت خاک میں ملا دینا -
لاکھ میں - (۱) ہزاروں میں - سیکڑوں میں - (۲) ضرور - یقیناً - بے شک -
لاکھوں - ہزاروں - سیکڑوں - بہت سے - بے شمار -
لاکھوں میں - دیکھیے لاکھ میں -
لاکھا - (ہ - ا - مذکر) - لاکھ کا سرخ رنگ جسے عورتیں اپنے ہونٹوں پر لگاتی ہیں -
لاکھواں - (لاکھ - واں) (ہ - صفت) لاکھ کی نسبت رکھنے والا -
لاکھی - (ہ - صفت) (۱) لاکھ کے رنگ کا - سرخ - (۲) لاکھ کا بنا ہوا -

Marfat.com

**لاگ** - (ہ - ا - مونث) (۱) تعلق۔ نسبت (۲) انس۔ محبت۔ (۳) شوق (۴) عداوت۔ دشمنی۔
**لاگ ڈانٹ** - (مونث) (۱) ان بن۔ عناد۔ بغض۔ عداوت۔
**لاگ لپیٹ** - (مونث) (۱) طرفداری۔ حمایت (۲) دغا۔
**لاگت** - (لا۔ گت) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) اصل خرچ (۲) قیمت بھاؤ
**لاگت آنا۔ بیٹھنا۔ لگنا**) خرچ ہونا۔ خرچ اٹھنا۔ دام بیٹھنا۔
**لاگو** - (ہ۔ صفت) (۱) درپے۔ دشمن (۲) دوست (۳) خواہشمند۔ (۴) خریدار۔
**لال** - (ہ۔ ف۔ صفت) (۱) سُرخ (۲) دہکتا ہوا (۳) غصے میں بھرا ہوا (۴) (مذکر) ایک قسم کا بیش قیمت پتھر۔ لعل (۵) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔ (۶) (ہ۔ صفت) پیارا۔ لاڈلا (۷) (مذکر) بیٹا۔ فرزند۔
**لال بجھکڑ** - (مذکر) پرلے درجے کا بے وقوف۔
**لال بخار** - (مذکر) متعدی بخار جس میں جسم پر سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔
**لال بھبوکا** - (۱) نہایت سُرخ (۲) غصے کے باعث سُرخ (چہرہ)۔
**لال بیگ** - (مذکر) (۱) خاکروبوں کا پیشوا (۲) ایک پردار کیڑا۔
**لال بیگی** - لال بیگیا۔ لال بیگ کا معتقد۔ خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔
**لال پری** - (مونث) (۱) اندر سبھا کے قصے کی ایک پری (۲) سُرخ شراب۔
**لال پیلا** - خشمناک۔ غضب ناک۔ غصہ میں بھرا ہوا۔
**لال ڈورے** - (مذکر) (۱) سُرخ تار (۲) لال لال لکیریں جو آنکھوں میں دکھائی دیتی ہیں۔
**لال کتاب** - (مونث) (۱) کتاب جس میں جاہلوں کے نزدیک تمام باتوں کا جواب حسب مرضی یا حسب سوال مل جاتے۔ (۲) بندوبست کی کتاب۔
**لال کرتی** - (مونث) گوروں کی پلٹن جو سُرخ وردی پہنتی تھی۔
**لال ہونا** - (۱) سُرخ ہو جانا۔ (۲) غصے میں چہرہ تمتما اٹھنا۔
**لالا** - (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) غلام (۲) (صفت) روشن۔
**لالا** - (ہ۔ ف۔ ا۔ مذکر) (۱) جناب۔ صاحب۔ معزز ہندوؤں کا خطاب (۲) ساہوکار (۳) والد کا خطاب (۴) عزیز۔
**لالٹین** - (لال۔ ٹین) (انگ LANTERN کا مفرس۔ ا۔ مونث) وہ فانوس جس میں شیشے لگے ہوں۔ شیشے کی قندیل۔
**لالچ** - (لا۔ لچ) (ہ۔ ا۔ مذکر) حرص۔ لوبھ۔
**لالچی** - (ہ۔ صفت) حریص۔ طامع۔ لوبھی۔
**لالہ** - (لا۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذکر) ایک قسم کا سُرخ پھول جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے۔
**لالہ رخ** (رخسار۔ رُو۔ عذار) سرخ چہرے والا معشوق۔ دلبر۔
**لالہ زار** - (۱) وہ کھیت جس میں لالہ کے بوٹے ہوں۔ (۲) - باغ۔ گلزار۔
**لالہ فام** (رنگ) لال۔ سُرخ رنگ کا۔
**لالی** - (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) سُرخی (۲) عزت۔ (۳) عزیزہ۔ (۴) بہن۔
**لالی پاپ** - (LOLLYPOP) (انگ۔ ا۔ مذکر) بچوں کی مٹھائی۔
**لالے** - (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) آرزو۔ اشتیاق۔ (۲) کسی چیز سے ناامید ہونا۔

**لالے پڑنا** - (۱) ارمان ہونا۔ (۲) ناامید ہونا۔ (۳) مصیبت میں پھنسنا۔
**لام** - (ہ۔ ا۔ مذکر) فوج یا پلٹن کا مجموعہ۔ بریگیڈ۔ فوج کا دستہ۔
**لام** - (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) حرف ل کا تلفظ (۲) (ف۔ صفت) خمیدہ۔ ٹیڑھا (۳) (تشبیہاً) زلف۔
**لام کاف** - گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی۔
**لاما** - (س۔ ا۔ مذکر) تبت کے بدھ پیشواؤں کا لقب۔
**لامسہ** - (لا۔ مِ۔ سَہ) (ع۔ ا۔ مونث) - چھونے والی قوت۔
**لامع** - (ع۔ صفت) چمکنے والا۔ روشن۔
**لان** - (LAWN) (انگ۔ ا۔ مذکر) گھاس کا قطعہ۔ سبزہ زار
**لانا** - (ہ۔ مص) (۱) لے آنا (۲) حاضر کرنا۔ پیش کرنا (۳) - اُٹھانا۔ برپا کرنا۔
**لانبا** - (لاں۔ با) (ہ۔ صفت) لمبا۔ اونچا۔ طویل۔
**لانچ** - (LAUNCH) (انگ۔ ا۔ مذکر) پٹرول اور بھاپ سے چلنے والی بڑی کشتی۔
**لانڈری** - (LAUNDRY) (انگ۔ ا۔ مونث) کپڑے دھونے کا کارخانہ۔
**لانگ** - (ہ۔ ا۔ مونث) دھوتی کا وہ حصہ جسے پیچھے کی طرف اُڑس لیتے ہیں۔
**لاوا** - (LAVA) (انگ۔ ا۔ مذکر) آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والا سیال مادہ۔
**لاولد** - لا کے تحت دیکھیے۔
**لاہن** - (لا۔ ہن) (ہ۔ ا۔ مذکر) شراب کا خمیر جو ببول اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اٹھایا جاتا ہے۔
**لاہوت** - (ع۔ ا۔ مذکر) تصوف میں مقامات کا وہ درجہ جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا مقام حاصل ہوتا ہے۔
**لاہوری** - (لا۔ ہو۔ ری) (ہ۔ صفت) صوبہ مغربی پاکستان کے دارالحکومت لاہور سے منسوب۔ (مذکر) لاہور کا باشندہ۔ ایک پھوڑے کا نام۔ کاربنکل۔
**لاہوری نمک** - (مذکر)۔ وہ نمک جو سابق پنجاب میں نمک کی کان سے نکلتا ہے
**لائبریری** - (LIBRARY) (لا۔ ا۔ ب۔ رے۔ ری) (انگ۔ ا۔ مذکر) کتب خانہ۔ دارالمطالعہ۔
**لائبریرین** - (LIBRARIAN) (لا۔ ا۔ ب۔ رے۔ ین) (انگ۔ ا۔ مذکر) محافظ کتب خانہ۔
**لائٹ** - (LIGHT) (انگ۔ ا۔ مونث) روشنی
**لائٹ ہاؤس** - (LIGHT HOUSE) (مذکر) مینار جس پر جہازوں کی رہنمائی کے لیے روشنی کی جاتی ہے۔ روشنی کا مینار۔
**لائٹر** - (LIGHTER) (لا۔ ای۔ ٹر) (انگ۔ ا۔ مذکر) پٹرول سے سگریٹ جلانے کی مشین
**لائحہ** - (لا۔ ا۔ حہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کوئی چمکیلی چیز۔ (۲) کوئی واضح چیز (۳) ثبوت (۴) فہرست (۵) پروگرام۔ منصوبہ۔

Marfat.com

لائحۂ عمل - (مذکر) دستور العمل - نصب العین - پروگرام - نظامِ عمل -
لائسنس - (LICENCE) (لا - ئی سنس) (انگ - ا - مذکر) اجازت نامہ - پرمٹ -
لائسنس دار - جسے کوئی چیز رکھنے یا بیچنے کی اجازت ملی ہو -
لائف - (LIFE) (انگ - ا - مونث) زندگی حیات
لائف انشورنس - (LIFE INSURANCE) (مونث) زندگی کا بیمہ -
لائف بوٹ - (LIFE BOAT) (مونث) بچاؤ کی کشتی - وہ کشتی جو جہازوں میں خطرے کے وقت استعمال کے لیے رکھی جاتی ہے -
لائق - (ع - صفت) (۱) قابل - موزوں (۲) جائز (۳) درست (۴) (اُر) کافی - وافی (۵) ہنرمند -
لائم - (لا - اِم) (ع - صفت) ملامت کرنے والا -
لائن - (LINE) (انگ - ا - مونث) (۱) خط - لکیر - (۲) ریل کی لوہے کی سڑک (۳) قطار (۴) وضع - طرز -
لائن کلیئر - (LINE CLEAR) ریل کی سڑک کے صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سند -
لاؤ لشکر - (اُ - ا - مذکر) - فوجی بھیڑ بھاڑ - لشکر اور اس کے ہمراہی - ہجوم -
لاؤڈ سپیکر - (LOUD SPEAKER) (انگ - ا - مذکر) آلۂ مکبر الصوت - ایک آلہ جو برقی قوت کے ذریعے آواز کو اونچا کرتا ہے -
لایعنی - لا کے تحت دیکھیے -
لاینفک - لا کے تحت دیکھیے -

## ل - ب

لب - (ف - ا - مذکر) (۱) ہونٹ - (۲) کنارہ (۳) جانب (۴) حاشیہ (۵) منڈیر (۶) (اُر) نوک -
لبِ بام - کوٹھے یا چھت کا کنارا -
لب بند ہونا - (۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) خاموش ہونا -
لبِ دریا - دریا کا کنارا -
لب ریز - بھرا ہوا - پُر - لبالب -
لبِ گور ہونا - مرنے کے قریب ہونا - گور کے کنارے پہنچنا -
لبِ گویا - بولنے والا لب
لبِ لعلیں - سُرخ لب -
لب ولہجہ - (مذکر) تلفظ - طرزِ کلام - طرزِ گفتگو -
لبوں پہ ہونا - کنارے پہ پہنچنا - کسی کام کے خاتمے پر ہونا -
لُب - (ع - ا - مذکر) عطر - نچوڑ - خلاصہ - ست -
لُبِ لباب - خلاصے کا خلاصہ - عطر کا عطر - ست کا ست -
لبادہ - (لَ - با - دہ) (ف - ا - مذکر) رُوئی دار چغہ - جُبّہ - فرغل -
لِباس - (لِ - باس) (ع - ا - مذکر) (۱) پوشاک - (۲) روپ شکل - بھیس -

لبالب - (لَ - با - لَب) (ف - صفت) لبریز - کناروں تک بھرا ہوا -
لُبدی - (لُب - دی) (ہ - ا - مونث) گدی - پیڑی - پلیٹس -
لِبرل - (LIBERAL) (لب - رَل) (انگ - صفت) - آزاد خیال - خود مختار - جمہوری اور معاشرتی اصلاحات کا حامی -
لبرل ازم - (LIBERALISM) (مذکر) آزاد خیالی - جمہوری اور معاشرتی اصلاحات کی موافقت کا نظریہ -
لبلبی - (لَب - لَ - بی) (لب - لِ - بی) (ہ - ا - مونث) بندوق اور پستول وغیرہ کا وہ پرزہ جس کو دبانے سے گھوڑا گرتا ہے -
لبن - (لَ - بَن) (ع - ا - مذکر) دودھ -
لبوب - (لُ - بُوب) (ع - ا - مذکر) لُب کی جمع - ایک قسم کی معجون مغزیات -
لُبھانا - (ہ - ا - مص) (۱) لالچ دینا - للچانا (۲) مائل کرنا - (۳) پھسلانا - بہلانا -
لبھیڑا - (لَ - بھے - ڑا) (ہ - ا - مذکر) لسوڑا -
لبیب - (لَ - بیب) (ع - صفت) دانا - عقل مند -
لبیرا - (لَ - بی - را) (ہ - ا - مذکر) ڈبی - چیتھڑا - لیر -
لبیک - (لَب - بیک) (ع - ا - مذکر و مونث) حاضر ہوں - موجود ہوں - حاجی لوگ مقامِ عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں -

## ل - پ

لپ - (ہ - ا - مونث) مٹھی بھر - ایک مٹھی کی مقدار -
لپاڑیا - لپاٹیا - (لَ - پا - ڑِ - یا) (ہ - صفت) - جھوٹا - دروغ گو - کاذب -
لپائی - (ہ - ا - مونث) کہگل - پلستر - لیپنے کا کام یا اُجرت -
لپٹ - (لَ - پَٹ) (ہ - ا - مونث) (۱) شعلہ - لو - (۲) مہک - خوشبو -
لپٹا - (لَپ - ٹا) (ہ - ا - مذکر) (۱) موٹے آٹے کا حلوا (۲) پتلا شیرا -
لپٹانا - (لِپ - ٹا - نا) (ہ - مص) چمٹانا - گلے لگانا -
لپٹنا - (لِ - پَٹ - نا) (ہ - مص) (۱) چمٹنا (۲) لپیٹا جانا - (۳) پھیرنا - گھسنا -
لپ جھپ - (ہ - ا - مونث) (۱) پھرتی - تیزی - (۲) فوراً - جھٹ پٹ -
لپڑ - (لَپ - پَڑ) (ہ - ا - مذکر) تھپیڑا - طمانچہ - چانٹا -
لپڑ شپڑ - (لَ - پَڑ - شَ - پَڑ) (ہ - ا - مونث) (۱) جلدی جلدی بولنا - ایسی بات جو سمجھ میں نہ آئے (۲) گڈمڈ -
لُپڑی - (لُپ - ڑی) (ہ - ا - مونث) (۱) لیپ - پلیٹس - (۲) میدے وغیرہ کی پٹلی جس سے ٹکور یا سینک کرتے ہیں
لپک - (لَ - پَک) (ہ - ا - مونث) (۱) کوند - چمک - (۲) -

Marfat.com

لَو۔ شعلہ (۳) تڑپ۔ (۴) ٹیس۔
لپک جھپک۔ تیزی۔ طراری۔ چستی۔ پھرتی۔ جلدبازی۔
لپک کر۔ جلدی سے۔ دوڑ کر۔ فوراً۔
لپکا۔ (لَپ۔ کا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) لت۔ عادت۔ (۲) مزہ۔ چسکا۔
لپکا پڑنا۔ (۱) مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا (۲) بُری عادت پڑنا۔
لپکانا۔ (لَپ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جھکانا (۲) ہاتھ بڑھانا۔
لپکنا۔ (لَ۔ پک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دوڑنا۔ جھپٹنا۔ (۲) اُچکنا۔ چھیننا۔ (۳) زخم میں ٹیس پڑنا (۴) بجلی چمکنا (۵) دھڑکنا۔ (۶) دوڑ کر جانا۔ حملہ کرنا۔ (۷) شعلہ بھڑکنا۔
لُپکی۔ (لُپ۔ کی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ (۲) ڈر سے چھپ جانا۔
لپنا۔ (لپ۔ نا) (ہ۔ مص) استرکاری ہونا۔ پلستر ہونا۔
لپوائی۔ (لپ۔ وا۔ ای) (ہ۔ا۔ مونث) لپائی کی اُجرت مکمل کرانے کی مزدوری۔
لپیٹ۔ (لَ۔ پیٹ) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) پیچ۔ بل۔ (۲) گھیرا۔ دَور۔ محیط۔ (۳) اُبھیڑا (۴) مصیبت۔
لپیٹ لپاٹ کر۔ باندھ کر۔ تہ کر کے۔
لپیٹ لینا۔ شریک کر لینا۔ ملا لینا۔ اُلجھا لینا۔
لپیٹنا۔ (لَ۔ پیٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تہ کرنا۔ باندھنا۔ (۲) اُلجھانا۔ (۳) چھپانا۔

## ل-ت

لَت۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) بُری عادت (۲) خصلت (۳) لات کا مخفف۔ دولتی۔
لتّا۔ (لَت۔ تا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) چیتھڑا۔ (۲) پارچہ۔ کپڑا۔
لتّے لینا۔ (۱) دھجیاں اڑانا (۲) کنایۃً، آڑے ہاتھوں لینا۔ لتاڑنا۔
لتاڑ۔ (ہ۔ مص) (۱) ملامت۔ سرزنش (۲) دُکھ۔ مصیبت۔ (۳) کام کاج کی زیادتی (۴) دوڑ دھوپ۔ (۵) پامالی۔ (۶) دباؤ۔
لتاڑنا۔ (لَ۔ تاڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لاتیں مارنا۔ پامال کرنا۔ (۲) دھتکارنا۔ ملامت کرنا۔
لت پت۔ (ہ۔ صفت) آلودہ۔ لتھڑا ہوا۔
لُترا۔ (لُت۔ را) (ہ۔ صفت) (۱) چغل خور۔ (۲) بکواسی۔ بکّی۔
لُتراپن۔ (مذکر) بات کا اِدھر سے اُدھر جا لگانا۔ فساد کرانا۔
لُتری۔ (لُت۔ ری) (ہ۔ صفت) لُترا کی تانیث۔
لتھڑنا۔ (لِ۔ تھڑ۔ نا) (ہ۔ مص) لتھیڑنا کا لازم۔
لتھیڑنا۔ (لِ۔ تھیڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کیچڑ یا کسی گاڑھی چیز میں لت پت کرنا (۲) موٹا موٹا لیپ لگانا۔
لتیا۔ (لَت۔ یا) (ہ۔ صفت) بُری عادت والا۔ عادی۔ علتی۔

## ل-ٹ

لَٹ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) جٹا۔ زُلف۔ (۲) رسّی۔ (۳) دھوئیں کا سلسلہ۔ لَو۔ شعلہ۔
لُٹا پٹا۔ (ہ۔ صفت) لُٹا ہوا۔ تباہ حال۔ برباد۔
لُٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا۔ (ہ۔ مثل) گیا گزرا امیر بھی غریبوں سے بہتر ہے۔
لِٹانا۔ (ہ۔ مص) (۱) فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) پچھاڑنا۔
لُٹانا۔ (ہ۔ مص) روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔
لُٹاؤ۔ (ہ۔ صفت) فضول خرچ۔ اُڑاؤ۔ کھاؤ۔
لٹریچر۔ (LITERATURE) (لِٹ۔ رے۔ چر) (انگ۔ا۔ مذکر) ادب۔
لُٹس۔ (لُٹ۔ ٹس) (ہ۔ا۔ مونث) لُوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔
لٹک۔ (لَ۔ ٹک) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) لٹکاؤ (۲) ناز و ادا۔ آن بان (۳) موج۔ ترنگ (۴) سایہ۔ بھوت پریت کا اثر۔
لٹک کر چلنا۔ مستانہ چال سے چلنا۔ جھوم کر چلنا۔
لٹکا۔ (لَٹ۔ کا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) جادو (۲) شعبدہ۔ (۳) چٹکلہ (۴) تدبیر۔ داؤں (۵) شغل (۶) فریب۔
لٹکانا۔ (لَٹ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) معلق کرنا۔ آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا (۳) اٹکائے رکھنا۔ اُلجھانا۔ (۴) امید میں رکھنا۔
لٹکن۔ (لَٹ۔ کن) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) لٹکنے والی چیز (۲) ایک زیور (۳) لکڑی کی چھوٹی سی گھڑونچی جس پر گھڑا رکھتے ہیں۔ (۴) گھڑی کا پنڈولم۔
لٹکنا۔ (لَ۔ ٹک۔ نا) (ہ۔ مص) آویزاں ہونا۔ معلق ہونا۔ (۲) پھانسی لگنا۔ (۳) رُکنا۔ اٹکنا۔ (۴) امیدوار رہنا۔ (۵) مدتوں بیمار رہنا۔
لِٹمس۔ (LITMUS) (لِٹ۔ مَس) (انگ۔ا۔ مذکر)۔ ایک نیلا رنگ جو تیزاب ڈالنے سے سُرخ ہو جاتا ہے۔
لُٹنا۔ (ہ۔ مص)۔ لُٹا جانا۔ برباد ہونا۔ مالی نقصان اُٹھانا۔
لٹو۔ (لَٹ۔ ٹو) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ایک گول مخروطی کھلونا جو دیر تک گھومتا رہتا ہے (۲) سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ ساقول۔
لٹو ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
لٹوانا۔ (لُٹ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تباہ کرانا۔ (۲) نقصان کرانا۔
لٹھ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) سونٹا۔ لاٹھی (۲) چرخے یا کسی اور چیز کی لاٹھ۔
لٹھ باز۔ لاٹھی سے لڑنے والا۔
لٹھ بازی۔ (مونث) لاٹھیوں کی لڑائی۔ لٹھم لٹھا۔
لٹھ بند۔ لاٹھی باندھنے والا۔ جس کے ہاتھ میں لاٹھی رہے۔ (کنایتاً) اُجڈ۔
لٹھ سا مار دینا۔ سخت بات کہہ دینا۔ نہایت درشت جواب

Marfat.com

ٹے دینا۔
لٹھا۔ (لَٹھ۔ ٹھا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) شہتیر۔ ریلوے سلیپر (۲) جریب کا دسواں حصّہ (۳) ایک قسم کا سُوتی کپڑا۔
لٹھیا۔ (لَٹھ۔ یا) (ہ۔ا۔مونث) لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی لکڑی۔
لٹھیت۔ (ل۔ ٹھیت) (ہ۔صفت) لٹھ باز۔
لٹیا۔ (لُٹ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) چھوٹا سا لوٹا۔ گڑوی۔
لٹیا ڈبونا۔ (۱) کام خراب کر دینا (۲) ہمت ہارنا۔ (۳) آبرو کھونا۔
لٹیرا۔ (لُ۔ ٹے۔ را) (ہ۔صفت و ا۔مذکر)۔ راہزن۔ قزاق۔ ڈاکو۔

## ل - ج

لجا۔ (لَج۔ جا) (س۔ا۔مونث) شرم۔ حیا۔ غیرت۔ لاج۔
لجاجت۔ (لَ۔جا۔جَت) (ف۔ا۔مونث)۔ منت۔ سماجت۔ خوشامد۔
لجانا۔ (لَ۔جا۔نا) (ہ۔مص) شرمندہ ہونا۔ شرمانا۔
لجلجا۔ (لِج۔لِ۔جا) (ہ۔صفت) پلپلا۔ ملائم۔ لیسدار۔
لجلجی۔ (ہ۔صفت) لجلجا کی تانیث۔
لجہ۔ (لُج۔ جَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) دریا۔ ندی۔ (۲) بھنور۔ منجدھار۔

## ل - چ

لچ۔ (ف۔صفت) (۱) ننگا۔ (۲) بدچلن۔ بدمعاش۔
لچ بادر۔ غنڈوں کا سردار۔ نہایت شہدا۔
لچا۔ (لُچ۔ چا) (ہ۔صفت و ا۔مذکر) (۱) بے شرم (۲) بدمعاش۔ شہدا۔
لچا پن۔ لچپن۔ (مذکر) شہدا پن۔ غنڈا پن۔
لچر (لَ۔ چر) (ہ۔صفت) (۱) مہمل۔ بے ہودہ (۲) بے معنی۔ بے تکی (بات)۔
لچک۔ (ل۔ چک) (ہ۔ا۔مونث) (۱) نرمی (۲) کسی چیز کا نزاکت سے جھکنا۔ لرزش۔
لچک دار۔ وہ چیز جس میں لچک ہو۔
لچکا۔ (لَچ۔ کا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) جھٹکا۔ جھکولا (۲) موج۔ (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹا۔
لچکانا۔ (لَچ۔ کا۔نا) (ہ۔ا۔مذکر) ہلانا۔ لرزش دینا۔ جنبش دینا۔
لچکنا۔ (ل۔ چک۔نا) (ہ۔مص) (۱) جھکنا۔ مڑنا۔ (۲) لرزنا۔ کانپنا۔
لچکیلا۔ (لچ۔کی۔لا) (ہ۔صفت) لچک دار۔ جس میں لچک ہو۔
لچھا (لَچ۔ چھا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) سُوت کی انٹی (۲) ایک زیور (۳) الجھی ہوئی ڈور (۴) لپٹے ہوئے تار۔
لچھے دار۔ (۱) پیچیدہ۔ پیچدار۔ (۲) سلسلہ دار۔ متواتر (۳) مزے دار۔
لچھے دار باتیں۔ مزیدار باتیں۔ پیچدار باتیں۔
لچھمی۔ (لَچھ۔ می) (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے لکشمی۔
لچھن۔ (لَچھ۔ چھن) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) علامت۔ نشانی (۲) طور۔ طریق۔ (۳) کرتوت (۴) عادت۔ کردار۔
لچھن جھڑ جانا (جھڑنا)۔ پہلی سی رونق نہ رہنا۔ رنگ روپ جاتا رہنا۔
لچھن سیکھنا (پکڑنا)۔ کسی کے ڈھنگ سیکھنا۔ بُری عادت پکڑنا۔
لچی۔ (ہ۔ا۔مونث) میدے کی پتلی اور ملائم پوری۔
لچی سا پیٹ۔ نہایت نرم پیٹ۔
لچی۔ (لُچ۔ چی) (ہ۔صفت) لچا کی تانیث۔

## ل - ح

لحاظ۔ (لِ۔ حاظ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ادب (۲) شرم (۳) مروّت (۴) خیال (۵) توجہ۔
لحاظ رکھنا۔ (۱) دھیان رکھنا (۲) ادب کا خیال رکھنا۔ (۳) شرم کرنا۔
لحاظ نہ کرنا۔ (۱) ادب نہ کرنا۔ (۲) شرم نہ کرنا (۳) خیال نہ کرنا۔
لحاظ والا۔ (۱) شرم و حیا والا (۲) بامروّت۔
لحاف۔ (لِ۔ حاف) (ع۔ا۔مذکر) رضائی جس میں بہت رُوئی ہو۔
لحد۔ (ع۔ا۔مونث) گور۔ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مُردہ کو رکھا جاتا ہے۔ (بفتح حا۔ نیز بسکون حا)۔
لحظہ۔ (لَح۔ظہ) (ع۔ا۔مذکر) پل۔ لمحہ۔ دم بھر۔
لحظہ بہ لحظہ۔ دم بدم۔ ساعت بساعت۔ ہر دم۔ ہر گھڑی۔
لحم۔ (ع۔ا۔مذکر) گوشت۔ ماس۔
لحن۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) آواز (۲) سُریلی آواز۔
لحن داؤدی۔ (مذکر) حضرت داؤدؑ کی آواز۔ آپ بہت خوش الحان تھے۔
لحیم۔ (لَ۔ حیم) (ع۔صفت) موٹا۔ فربہ۔
لحیم شحیم۔ موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ توانا۔

## ل - خ

لخت۔ (ف۔ا۔مذکر) ٹکڑا۔ پارہ۔ حصّہ۔
لختِ جگر۔ جگر کا ٹکڑا (کنایتاً) اولاد۔
لخلخانا۔ (لَخ۔ لَ۔ خا۔ نا) (اُر۔مص) بھوک پیاس سے تڑپنا۔
لخلخہ۔ (لَخ۔ لَ۔ خہ) (ف۔ا۔مذکر) چند خوشبودار

Marfat.com

چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں۔

## ل - د

لدا پھندا - (لَ - دا - پھندا) - (ہ - صفت) (۱) اچھی طرح لدا ہوا (۲) اسباب ساتھ لیے ہوئے۔
لدانا - (ہ - مص) (۱) لدوانا: (۲) (مذکر) بوجھ۔
لداوا - (ہ - ا - مذکر) بوجھ - بھار - اسباب۔
لدنا - (لَد - نا) (ہ - مص) (۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا (۳) - گزر جانا۔
لَدُنّی - (لَ - دُن - نی) (ع - ا - مذکر) خداداد - وہ علم جو سیکھنے کے بغیر وحی یا الہام کے ذریعے سے حاصل ہو۔
لدّو - (لَد - دُو) (ہ - صفت) باربرداری کے لائق (حیوان)۔
لدوانا - (لَد - وا - نا) (ہ - مص) لادنا کا متعدی المتعدی - بار کرانا۔
لدھڑ - (لَد - دھڑ) (ہ - صفت) (۱) موٹا اور بدوضع کاغذ یا کپڑا - (۲) بھاری اور بھدا (۳) بہت گاڑھا (۴) کند ذہن۔
لُدھڑ - (لُد - دھڑ) (ہ - ا - مذکر) ایک آبی جانور۔

## ل - ڈ

لڈّو - (لَڈ - ڈُو) (ہ - ا - مذکر) (۱) ڈھیلا (۲) بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی۔
لڈو بانٹنا - شیرینی تقسیم کرنا - خوشی منانا۔
لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا - نرمی چاپلوسی اور باتوں سے مطلب براری نہیں ہوتی - بغیر لیے دیے کام نہیں چلتا۔

## ل - ذ

لذات - لذائذ - (لَذ - ذات) (لَ - ذا - اِذ) (ع - ا - مونث) لذّت کی جمع۔
لذائذ نفسانی - حظوظ نفسانی - نفس کی خوشی - شہوت پرستی۔
لذّت - (لَذ - ذَت) (ع - ا - مونث) (۱) مزہ - ذائقہ - (۲) حظ۔
لذّت اٹھانا - مزہ لینا - لطف حاصل کرنا۔
لذیذ - (لَ - ذِیذ) (ع - صفت) (۱) خوش ذائقہ - مزے دار (۲) پُر لطف۔

## ل - ر

لر - (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔

لُر - (ت - صفت) احمق - اجہل - بے تمیز۔
لرز اٹھنا - (لَ - رَز - اُٹھ - نا) (ا - مص) خوف سے کانپ جانا۔
لرزاں - (لَر - زاں) (ف - صفت) لرزنے والا - ہلنے والا۔
لرزانا - (لَر - زا - نا) (اُ - مص) ڈرانا - خوف دلانا۔
لرزش - (لَر - زِش) (ف - ا - مونث) رعشہ - کپکپی - تھرتھراہٹ۔
لرزنا - (لَ - رَز - نا) (اُ - مص) (۱) کانپنا - ڈرنا (۲) ہلنا۔
لرزہ - (لَر - زَہ) (ف - ا - مذکر) تھرتھراہٹ - لرزش - کپکپاہٹ۔
لرزہ آنا - (۱) کانپنا - خوف آنا (۲) بھونچال آنا۔
لرزہ چڑھنا - (۱) تھرتھر کانپنا (۲) سردی بخار سے کانپنا۔

## ل - ڑ

لڑ - (ہ - ا - مونث) (۱) لڑی - ہار (۲) ڈوری یا رسی کا بل - (۳) قطار (۴) پلّہ - کنارہ۔
لڑا - (لَ - ڑا) (ہ - ا - مذکر) لڑی کا مذکر - بڑی لڑی۔
لڑاک - لڑاکا - لڑاکو - (ہ - ا - مذکر) (۱) جنگجو - جھگڑالو - (۲) بد مزاج۔
لڑانا - (ہ - مص) (۱) لڑائی کرانا - کشتی کرانا - (۲) دو چیزوں کا باہم ٹکرانا۔
لڑائی - (ہ - ا - مونث) جنگ - جھگڑا۔
لڑائی بھڑائی - دنگا فساد - جنگ وجدل۔
لڑائی پر جانا - ووم پہ جانا - میدان جنگ میں جانا۔
لڑائی تل جانا (ٹھن جانا) - جنگ کا موقع قریب آجانا - مہم سر پہ آجانا۔
لڑائی چھڑنا - جنگ شروع ہونا۔
لڑائی لڑنا - جنگ کرنا - جھگڑا کرنا۔
لڑائی ہونا - جنگ ہونا - تنازعہ ہونا۔
لڑ بیٹھنا (پڑنا) - (ہ - مص) خواہ مخواہ لڑنے لگنا - جھگڑا مول لینا۔
لڑ جانا - (ہ - مص) ٹکرا جانا - لڑنا۔
لڑکا - (ہ - ا - مذکر) (۱) طفل - بچہ (۲) بیٹا (۳) نادان۔
لڑکا بالا - بال بچہ - اولاد - عیال واطفال۔
لڑکے بالے - بال بچے - عیال واطفال - کنبہ۔
لڑکے والا - لڑکے کا باپ - دولہا کا باپ۔
لڑکپن - (لَ - ڑَک - پَن) (ہ - مص) (۱) بچپن - (۲) بچھوراپن۔
لڑکھڑانا - (لَڑ - کھڑ - ڑا - نا) (ہ - مص) (۱) ڈگمگانا (۲) لرزنا - (۳) بے راہ ہونا۔
لڑکی - (ہ - ا - مونث) (۱) چھوکری - بیٹی (۲) نادان ناسمجھ۔
لڑکی والا - لڑکی کا باپ - دلہن کا باپ۔
لڑ مرنا - (ہ - مص) لڑ کر مر جانا - آخری دم تک مقابلہ کرنا۔
لڑنا - (ہ - مص) (۱) جھگڑنا - (۲) بھڑنا (۳) باہم ٹکرانا (۴)۔

Marfat.com

کُشتی کرنا۔ (۵) مطابق ہو جانا (ایک شاعر کے شعر کا دوسرے کے شعر سے) (۶) نصیبہ جاگ جانا۔
لڑنا بھڑنا (جھگڑنا)۔ آپس میں جھگڑا فساد کرنا۔ تکرار کرنا۔
لڑنت۔ (لَ۔ڑَنت) (ہ۔ا۔ مونث) پہلوانی۔ کشتی۔ زور آزمائی۔
لڑوانا۔ (ہ۔ مص) دیکھیے لڑانا نمبرا۔
لُڑھکانا۔ (لُڑھ۔کا۔نا) (ہ۔ مص) لڑھکنا کا متعدی۔
لُڑھکنا۔ (لُ۔ڑھک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) پھسلنا۔ لڑھکی کھانا۔ (۲) لیٹنا۔ (۳) مرنا۔
لُڑھکنی۔ (لُ۔ڑھک۔نی) (لُڑ۔ھکنی) (ہ۔ا۔ مونث) لوٹنی۔ لوٹ۔ لڑھکنا کا عمل۔
لڑھکنی کھانا۔ پھسل جانا۔ قلابازی کھانا۔ لڑھکنا۔
لڑی۔ (لَ۔ڑی) (ہ۔ا۔ مونث)۔ (۱) ہار۔ (۲) جھڑی۔ تسلسل۔

## ل - س

لس۔ (ہ۔ا۔ مذکر) لیس۔ لعاب۔ چیپ۔
لس دار۔ لعاب دار۔ چیپ دار۔
لِسان۔ (لِ۔سان) (ع۔ا۔ مونث)۔ زبان۔ بولی۔
لسان العصر۔ اپنے وقت کا خوش بیان۔
لسان الغیب۔ غیب کی زبان۔
لَسّان۔ (لَس۔سان) (ع۔ صفت) (۱) بہت بولنے والا بکّی۔ (۲) شیریں زبان (۳) چرب زبان۔
لِسانی۔ (لِ۔سا۔نی) (ع۔ صفت) زبان سے متعلق۔
لِسانیات۔ (لِ۔سا۔نی۔یات) (ع۔ا۔ مونث) زبان کی ابتدا، ارتقا اور اس کی تشکیل کے قانون کا علم۔ زبان کی تاریخ کا علم۔
لِسٹ۔ (لِ ۔۔۔) (انگ۔ مونث) فہرست۔
لَسلسا (لَس۔ل۔سا) (ہ۔ صفت) لعابدار۔ لیسدار (مونث لسلسی)
لَسَن۔ (لَس۔سَن) (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے لہسن۔
لسنا۔ (لس۔نا) (ہ۔ مص) (۱) لتھڑنا (۲) چسپاں ہونا۔ (۳) ٹھیک بیٹھنا۔
لسوڑا۔ (لَ۔سو۔ڑا) (ہ۔ا۔ مذکر) ایک نہایت چیپ دار پھل۔ پیستان۔
لسّی۔ (لَس۔سی) (ہ۔ا۔ مونث) (۱) پانی ملا ہوا دودھ۔ (۲) دہی اور پانی کا مرکب۔ چھاچھ۔

## ل - ش

لش۔ (اُر۔ا۔ مونث) کتّے کو کسی پر جھپٹنے کا اشارہ کرنے کی آواز۔
لشتم پشتم۔ (لَش۔تَم۔پَش۔تَم) (اُر) بُری بھلی طرح۔ جوں توں کرکے۔ مشکل سے۔
لشکارنا۔ (لَش۔کار۔نا) (اُر۔ مص) کتّے کو شکار پر جھپٹانے کے لیے لش لش کرنا۔
لشکر۔ (لَش۔کَر) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) فوج (۲) بھیڑ۔ ہجوم۔ چھاؤنی۔
لشکر کشی۔ (مونث) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔
لشکری بولی۔ لشکری بولی۔ (مونث) وہ بولی جس میں بھانت بھانت کی زبانیں مل گئی ہوں۔
لشکر گاہ۔ (مونث) کیمپ۔ چھاؤنی۔ سپاہ کا پڑاؤ۔
لشکری۔ (لَش۔کَ۔ری) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) سپاہی۔ فوجی۔ (۲) (صفت) لشکر سے متعلق۔

## ل - ط

لطافت۔ (لَ۔طا۔فَت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) عمدگی۔ (۲) نرمی (۳) پاکیزگی۔ صفائی (۴) نزاکت (۵) باریکی۔ نکتہ۔
لطائف۔ (لَ۔طا۔اِف) (ع۔ا۔ مذکر) لطیفہ کی جمع۔
لطائف الحیل۔ حیلے بہانے جو دوسروں کو ناگوار نہ گزریں۔
لُطف۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) مہربانی (۲) خوبی۔ (۳) نرمی۔ (۴) لذت۔ مزہ۔
لطیف۔ (لَ۔طیف) (ع۔ صفت) (۱) نازک۔ نرم (۲) صاف شفاف (۳) پاکیزہ۔
لطیفہ۔ (لَ۔طی۔فہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) اچھی چیز۔ (۲) چٹکلہ۔ دلچسپ بات۔ شگوفہ (۳) انوکھا۔ عجیب۔
لطیفہ گو۔ ظریف۔ خوش مزاج۔ بذلہ سنج۔ چٹکلے بیان کرنے والا۔

## ل - ع

لُعاب۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) تھوک۔ کف (۲) لیس۔ چیپ۔
لعاب دار۔ چیپ دار۔ لسلسا۔
لعب۔ (لَعِب) (لَ۔عِب) (ع۔ا۔ مذکر) کھیل کود۔ دل بہلاوا۔
لُعبت۔ (لُع۔بَت) (ع۔ا۔ مونث) (۱) گڑیا۔ مورت۔ (۲) کھلونا۔
لعل۔ (ع۔ا۔ مذکر) سُرخ رنگ۔ جواہر۔ دیکھیے لال نمبر ۴ اور ۵۔
لعن۔ (ع۔ا۔ مونث) لعنت ملامت۔ پھٹکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔
لعن طعن۔ لعنت ملامت۔ بُرا بھلا۔ لعنت پھٹکار۔
لعنت۔ (لَع۔نَت) (ع۔ا۔ مونث) پھٹکار۔ نفرین۔ دُھتکار۔
لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ جھوٹوں پر خدا کی لعنت۔
لعنت کا طوق۔ (مذکر) رسوائی۔ ذلّت۔
لعنتی۔ (لَع۔نَ۔تی) (ف۔ صفت) مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
لعوق۔ (لَ۔عوق) (ع۔ا۔ مذکر) چاٹنے کی لیس دار دوا۔

Marfat.com

**لعین** - (لَ - عِین) (ع - صفت) ملعون - مردود - لعنتی - دوزخی -

## ل - غ

**لُغات** - (لُ - غات) (ع - ا - مذکر) لُغت کی جمع - (۱) الفاظ (۲) زبانیں (۳) فرہنگ - ڈکشنری -

**لِغایت** - (لِ - غا - یت) (ع - تابع فعل) آخر تک - انجام تک -

**لُغت** - (لُ - غت) (ع - ا - مذکر) زبان - لفظ - فرہنگ - ڈکشنری -

**لغت چھانٹنا** - نہایت مشکل اور نامونوں الفاظ استعمال کر کے علمیت کا اظہار کرنا -

**لغزش** - (لَغ - زِش) (ف - ا - مونث) (۱) پھسلن (۲) لرزش - (۳) خطا گمراہی -

**لغو** - (ع - صفت) (۱) بیہودہ - واہیات (۲) بکواس - لایعنی بات -

**لغوی** - (لُ - غَ - وی) (ع - صفت) - لغت سے منسوب - اصلی معنی -

**لغویات** - (لَغ - وِ - یات) (ع - ا - مونث) لغویت کی جمع - بیہودہ باتیں -

**لغویت** - (لَغ - وِ - یت) (ع - ا - مونث) بیہودگی -

## ل - ف

**لف** - (ع - صفت) لپٹا ہوا - تہ کیا ہوا - شامل - منسلک -

**لف و نشر** - لپٹنا اور پھیلنا - علم بیان کی اصطلاح میں وہ صنعت جس میں اوّل چند چیزوں کا ذکر کریں - پھر چند اور چیزیں بیان کریں - جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں - مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب الیہ سے مل جائے -

**لفاظ** - (لَف - فاظ) (ع - صفت) (۱) خوش بیان - (۲) مبالغہ آمیز باتیں کرنے والا -

**لفاظی** - (لَف - فا - ظی) (ع - ا - مونث) (۱) فصاحت - (۲) - بکواس (۳) شیخی -

**لفافہ** - (ع - ا - مذکر) (۱) وہ چیز جو کسی چیز پر لپیٹی جائے - (۲) وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جاتا ہے - (۳) بناوٹ - دکھاوا -

**لفٹ** - (LIFT) (انگ - ا - مذکر) مشین جس کے ذریعے لوگ ایک منزل سے دوسری منزل پر جاتے ہیں -

**لفٹنٹ** - (لف - ٹنٹ) انگریزی (LIEUTENANT) کا مورد ا - مذکر) کپتان کے ماتحت ایک فوجی افسر -

**لفظ** - (ع - ا - مذکر) کلمہ - بات - وہ بامعنی کلمہ جو منہ سے نکلے -

**لفظ بہ لفظ** - حرف بہ حرف - ایک ایک لفظ - ہو بہو - صاف صاف -

**لفظاً** - (لَف - ظَن) (ع - تابع فعل) لفظ کے اعتبار سے -

**لفظی** - (لَف - ظی) (ع - صفت) (۱) اصلی - حقیقی - لغوی - (۲) باتوں کی - الفاظ کی -

## ل - ق

**لقا** - (لَق - قا) (ا ر - ا - مذکر) ایک قسم کا کبوتر جو اکثر اپنی گردن دُم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے -

**لِقا** - (لِ - قا) (ع - ا - مونث) (۱) دیدار - ملاقات - (۲) - چہرہ - صورت -

**لُقا** - (لُق - قا) (ا ر - صفت) لُچا - شہدہ - بدمعاش -

**لقب** - (لَ - قَب) (ع - ا - مذکر) وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو -

**لقلق** - (لَق - لَق) (فارسی لک لک کا معرب ا - مذکر) - سارس -

**لُقمان** - (لُق - مان) (ع - ا - مذکر) (۱) ایک مشہور حکیم جس کی حکایات اور نصائح مشہور ہیں (۲) (مجازاً) بڑا دانا - نہایت تجربہ کار آدمی -

**لقمان کو حکمت سکھانا** - عقل مند کو تدبیر بتانا - لغو کام کرنا -

**لقمہ** - (لُق - مہ) (ع - ا - مذکر) نوالہ -

**لقمہ دینا** - (۱) نوالہ دینا (۲) دوسرے کی بات میں بولنا (۳) کسی کو قرآن شریف یا کوئی اور چیز سناتے وقت بھول چوک بتانا -

**لُقندرا** - (لُ - قَن - درا) (ا ر - صفت - و ا - مذکر) بدمعاش شہدا - لُنڈا -

**لق و دق** - (ت - صفت) (اصل ترکی لغ و دغ) - چٹیل میدان - سنسان - ویران -

**لقوہ** - (لَق - وہ) (ع - ا - مذکر) ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے -

## ل - ک

**لُک** - (ت - ا - مذکر) - (۱) روغن - وارنش (۲) لُو - شعلہ -

**لکچر** - (LECTURE) (انگ - ا - مذکر) (۱) سبق (۲) وعظ (۳) تقریر - زبانی مضمون -

**لکچرار** - (LECTURER) (انگ - ا - مذکر) (۱) واعظ - (۲) درس دینے والا (۳) مقرر -

**لکڑ** - (لَک - کَڑ) (ہ - ا - مذکر) شہتیر - بڑی لکڑی - لٹھا -

**لکڑ بگھا** - (لَ - کڑ - بگھ - گھا) (ہ - ا - مذکر) بھیڑیئے کی قسم ایک جنگلی جانور - چرخ -

**لکڑ ہارا** - (لَ - کڑ - ہا - را) (ہ - ا - مذکر) لکڑیاں بیچنے اور چیرنے پھاڑنے والا -

**لکڑی** - (لَک - ڑی) (ہ - ا - مونث) (۱) کاٹھ - چوب - (۲) چھڑی - لاٹھی (۳) سہارا -

Marfat.com

لکڑی پھینکنا - پٹا پھینکنا - چوب بازی کرنا -
لکڑی مارے پانی جدا نہیں ہوتا - (مثل) رشتہ داروں میں دوسروں کے بہکانے سے جھگڑا ہو بھی جائے تو پھر بھی وہ ایک ہو جاتے ہیں -
لکشمی - (لَکش - مِی) (س - ا - مونث) (۱) دولت کی دیوی - (۲) خوش قسمت بہو -
لُکنت - (لُک - نَت) (ع - ا - مونث) ہکلا پن - رُک رُک کر بولنے کی حالت -
لکّہ - (لَک - کہ) (ت - ا - مذکر) ٹکڑا - (عام طور پر ابر اور دھوئیں کے ٹکڑے کے لیے مستعمل ہے) -
لکھ - (ہ - ا - مذکر) لاکھ کا مخفف - سو ہزار کی تعداد -
لکھ بخش - لکھ داتا (۱) نہایت سخی - فیاض (۲) قطب الدین ایبک کا لقب -
لکھ پتی - وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو - دولت مند -
لکھ لُٹ - بہت بڑا فضول خرچ - مُسرِف - کھاؤ اُڑاؤ -
لِکھا - (لِکھ - کھا) (لِ - کھا) (ہ - ا - مذکر) (۱) نوشتہ - لکھا ہوا (۲) قضا - تقدیر -
لکھا پڑھا - تعلیم یافتہ - خواندہ
لکھا پڑھی - (مونث) - نوشت و خواند - دستاویز -
لکھے کو رونا - قسمت کو کوسنا - تقدیر کا شاکی ہونا -
لکھانا - (ہ - مص) (۱) لکھوانا (۲) تحریری اقرار نامہ لینا -
لکھائی - (ہ - ا - مونث) (۱) تحریر - لکھنے کا کام (۲) لکھنے کی اُجرت -
لکھت - (لِ - کھَت) (ہ - ا - مونث) (۱) تحریر - (۲) اقرار نامہ (۳) دستاویز -
لکھت پڑھت ہونا - تحریری عہد و پیمان ہونا - باہمی دستاویز لکھی جانا -
لکھنا - (ہ - مص) (۱) تحریر کرنا (۲) کتابت کرنا - (۳) کسی کی قسمت میں مقرر کرنا -
لکھنا پڑھنا - نوشت و خواند - لکھائی پڑھائی -
لکھوانا - (ہ - مص) لکھنا کا متعدی المتعدی -
لکھی - (لکھ - کھی) (ہ - صفت) لکھ پتی - لاکھ روپے کی حیثیت والا -
لکھے موسیٰ پڑھے خدا - (مثل) ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے -
لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل - (مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل -
لکیر - (لَ - کیر) (ہ - ا - مونث) خط - لائن -
لکیر پیٹنا - (۱) پرانی رسم پر چلنا (۲) افسوس کرنا - ہاتھ ملنا -
لکیر کا فقیر - پرانی رسم کا پابند - وہ شخص جو اپنی عقل سے کام نہ لے -
لکیر کھینچنا - (۱) خط کھینچنا (۲) حد باندھنا (۳) قلم پھیرنا - مٹانا -

# ل - گ

لگ - (ہ -) (۱) قریب - پاس (مرکبات میں) - (۲) لگنا کا حاصل مصدر -
لگ بھگ - کوشش کرکے - محنت کرکے -
لگ لپٹ کر - کوشش کرکے - محنت کرکے -
لگا - (لَگ - گا) - (ہ - ا - مذکر) (۱) لاگ - پیار - دوستی - نسبت - (۲) برابری - ہمسری (۳) ڈھنگ (۴) شروع (۵) پیچ -
لگا کھانا - (۱) ہم پلہ ہونا - برابر کا ہونا (۲) نسبت رکھنا -
لگا لگانا - (۱) ابتدا کرنا (۲) آشنائی کرنا -
لگا بندھا - (ہ - صفت) (۱) مطیع - فرماں بردار (۲) مقرر کیا ہوا - (۳) آشنا -
لگا تو تیر، نہیں تو تکا - (مثل) ہو گیا تو اچھا نہ ہوا تو خیر - آدمی کو ہمت نہیں ہارنی چاہیے -
لگا (لگائے) رکھنا - (ہ - مص) (۱) بچا رکھنا (۲) مشغول رکھنا (۳) پاس سے جُدا نہ ہونے دینا -
لگا رہنا - (ہ - مص) (۱) ساتھ رہنا - چمٹا رہنا (۲) مصروف رہنا -
لگا لگایا - (ہ - صفت) (۱) بنا بنایا - جما جمایا (۲) مرتب شدہ - (۳) آراستہ -
لگا لینا - (ہ - مص) (۱) ساتھ کر لینا (۲) مشغول کر لینا (۳) اپنے مطلب کا بنا لینا - (۴) شامل کر لینا - جُڑا کر لینا -
لگام - (ف - ا - مونث) باگ - عنان -
لگام چڑھانا (دینا) - (۱) جانور کے منہ میں دہانہ چڑھانا - (۲) روکنا (۳) چپ کرانا -
لگان - (ہ - ا - مذکر) معاملہ - خراج - زمین - باج -
لگانا - (ہ - مص) (۱) چھونا - (۲) جوڑنا - ملانا (۳) شامل کرنا (۴) بونا - (۵) اُکسانا (۶) چغلی کھانا (۷) سجانا (۸) مشغول رکھنا - (۹) سدھانا (۱۰) تہمت دھرنا (۱۱) مقرر کرنا - (۱۲) محسوب کرنا - (۱۳) مول تجویز کرنا (۱۴) داؤں پر رکھنا - (۱۵) - مارنا (۱۶) بٹھانا (پان) -
لگانا بجھانا - لڑائی جھگڑا کرانا - غیبت اور بدگوئی کرنا -
لگانے والے - چغل خور - غیبت کرنے والے - دسانغار -
لگاوٹ - (لَ - گا - وَٹ) (ہ - ا - مونث) (۱) لگاؤ - تعلق - میل (۲) سازش (۳) دوستی (۴) ناز نخرہ -
لگاوٹ کی باتیں - (۱) دوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں - (۲) پھسلانے والی باتیں -
لگاؤ - (ہ - ا - مذکر) (۱) تعلق - علاقہ (۲) پیچ (۳) میل ملاپ (۴) رشتہ ناتا (۵) جوڑ - ہمسری (۶) آمیزش - لاگ (۷) شرکت (۸) رُجحان (۹) اشارہ -
لُگائی - (ہ - ا - مونث) - عورت - بیوی -
لگائی بجھائی - (ہ - ا - مونث) چغل خوری - تہمت - بہتان -
لگتا ہے - (ہ -) معلوم ہوتا ہے - دکھائی دیتا ہے -
لگتی - (لَگ - تی) (ہ - صفت) (۱) چُبھتی - کھُبتی - زخم ڈالنے والی (۲) ہم شکل - مشابہ (۳) اثر کرنے والی - موثر -

Marfat.com

**لگدی**۔ (لَگ۔دی) (ہ۔ا۔مونث) کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی یا ٹکیا۔
**لگڑ بھگڑ۔ لگڑ بھگا**۔ (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے لکڑ بھگا۔
**لگن**۔ (لَ۔گن) (ف۔ا۔مذکر) (۱) طشت۔ ٹب۔ (۲) شمعدان۔
**لگن**۔ (لَ۔گن) (س۔ا۔مونث) (۱) تعلق۔ (۲) دھن۔ شوق۔ عشق (۳) (مذکر) گھڑی۔ وقت (۴) شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر۔ (۵) آفتاب کے برج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت۔
**لگن کنڈلی**۔ (مونث) جنم پترا۔ زائچہ۔
**لگن لگنا**۔ (۱) محبت ہونا (۲) دل لگنا۔ خیال بندھنا۔
**لگنا**۔ (لَگ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چسپاں ہونا۔ ملنا (۲) سلنا۔ (۳) شامل ہونا۔ (۴) قائم ہونا (۵) اُگنا (۶) چوٹ آنا۔ (۷) ٹھوکر کھانا۔ (۸) محسوس ہونا (۹) برابر ہونا (۱۰) شروع ہونا (۱۱) باہم آشنائی ہونا (۱۲) موثر ہونا۔ (۱۳) جلنا۔ (۱۴) ہضم ہونا (۱۵) پیچھے پڑنا (۱۶) سجایا جانا (۱۷) مصروف ہونا (۱۸) ذمہ پڑنا (۱۹) گھسنا۔ چبھنا (۲۰) تیز ہونا (۲۱) کنارے پہنچنا (۲۲) خرچ ہونا (۲۳) بازی پر لگانا (۲۴) استعمال میں آنا (۲۵) مرتفع کیا جانا۔
**لگوانا**۔ (لَگ۔وا۔نا) (ہ۔مص) لگانا کا متعدی المتعدی۔
**لگی**۔ (لَ۔گی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) خواہش۔ عشق (۲) بھوک۔
**لگی تو روزی نہیں تو روزہ**۔ مزدوری ملی تو روٹی کھالی ورنہ فاقہ۔
**لگی لپٹی**۔ کسی کے موافق۔ طرفداری کی۔
**لگی لگائی**۔ لگی ہوئی۔ طے شدہ۔ مقررہ۔
**لگے**۔ (لَ۔گے) (ہ) قریب۔ پاس۔ نزدیک۔ ساتھ۔ ہمراہ۔
**لگے رہنا**۔ ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے رہنا۔
**لگے ہاتھ۔ لگے ہاتھوں**۔ (۱) اسی وقت (۲) اسی سلسلے میں۔

## ل۔ل

**للا**۔ (لَل۔لا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بچہ (۲) بیٹا (۳) کرشن جی کا لقب (۴) (صفت) کم سن (۵) احمق۔
**للت**۔ (لَ۔لت) (س۔صفت) (۱) مرغوب (۲) خوبصورت (۳) شوخ۔ چنچل (۴) عشق (۵) ایک راگنی۔
**للچانا**۔ (لَل۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) لالچ کرنا (۲) مائل ہونا (۳) طمع دینا۔ لبھانا۔
**للچاہٹ**۔ (لَل۔چا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مونث) (۱) لالچ (۲) خواہش۔
**للک**۔ (لَ۔لک) (ہ۔ا۔مونث) (۱) اُمنگ۔ شوق (۲) جوش (۳) لالچ (۴) خیال۔ دھن (۵) ہوس۔
**للکار**۔ (لَل۔کار) (ہ۔ا۔مونث) (۱) نعرہ (۲) پکار (۳) دھمکی۔ جھڑکی۔
**للکارنا**۔ (ہ۔مص) (۱) نعرہ مارنا (۲) پکارنا (۳) دھمکانا۔
**للو پتو**۔ (ہ۔ا۔مونث) خوشامد درآمد۔ چاپلوسی۔ چکنی چپڑی باتیں۔
**للو پتو کرنا**۔ زبانی عزت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ سخن سازی کرنا۔
**لِلّٰہ**۔ (لِل۔لاہ) (ع) خدا کے لیے۔ برائے خدا۔ خدا کے نام پر۔
**لِلّٰہ الحمد**۔ (۱) سب تعریف خدا کے لائق ہے۔ (۲) خدا کا شکر ہے!

## ل۔م

**لم**۔ (ہ۔صفت) لمبا کا مخفف۔ (مرکبات میں)
**لم ٹنگا۔ لم ٹنگو**۔ (۱) لمبی ٹانگوں والا (۲) لم ڈھینگ۔ لگلگ۔
**لم ڈھینگ**۔ (مذکر) ایک قدآور آبی بطخ۔ لم ٹنگو۔ (کنایۃً) بے وقوف۔
**لم**۔ (ع۔ حرف نفی) نہ۔ نہیں۔
**لم یزل**۔ لازوال۔ ازلی۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی۔
**لِم**۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) کنہ۔ بات کی تہ۔ (۲) باعث۔ وجہ۔ (۳) بہتان۔
**لمبا**۔ (لَم۔با) (ہ۔صفت) (۱) طویل۔ اونچا (۲) بہت۔
**لمبا بننا**۔ رخصت ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا۔
**لمبا چوڑا**۔ فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔ طویل و عریض۔
**لمبے بنو**۔ چل دو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
**لمبائی**۔ (لم۔با۔ئی) (ہ۔ا۔مونث) درازی۔ طوالت۔ طول۔
**لمبائی چوڑائی**۔ (۱) عرض و طول (۲) قد و قامت۔ جسامت۔
**لمبر**۔ (لم۔بر) (انگریزی NUMBER) کا مخفف۔ ا۔ مذکر (۱) ہندسہ (۲) درجہ (۳) باری (۴) مقررہ نشان (۵) گنتی۔ تعداد۔
**لمبردار**۔ (مذکر) مقدم۔ گاؤں کا چودھری۔
**لمبر وار**۔ نمبروار۔ سلسلہ وار۔ باری باری سے۔ درجہ بدرجہ۔
**لمبری**۔ (لم۔ب۔ری) (ہ۔صفت) (۱) نمبر کے مطابق نمبر کا (۲) نشان لگا ہوا (۳) سرکار کی طرف سے منظور کیا ہوا پٹہ (۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش۔
**لمبو**۔ (لم۔بو) (ہ۔صفت) لمبا۔ دراز قد۔ لانبا۔ طویل القامت۔
**لمبوترا**۔ (لم۔بوت۔را) (ہ۔صفت) چوڑا کم اور لمبا زیادہ۔ بیضوی۔
**لمبی**۔ (لم۔بی) (ہ۔صفت) لمبا کی تانیث۔
**لمبی تان کر سونا**۔ اطمینان سے سونا۔ غفلت کی نیند سونا۔
**لمبی تاننا**۔ (۱) بے فکری سے سونا (۲) مدت تک ملک سے دور رہنا۔
**لمبی چوڑی ہانکنا**۔ (۱) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ (۲) لمبی داستان سنانا۔
**لمحہ**۔ (لم۔حہ) (ع۔ا۔مذکر) ثانیہ۔ پل۔ دقیقہ۔ سیکنڈ۔

Marfat.com

لمحہ بھر - ذرا سی دیر - پل بھر - ایک نظر۔
لمس - (ع - ا - مذکر) (۱) مَس - کسی چیز کو ہاتھ لگانا (۲) کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنا۔
لمعہ - (لَم - عَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) چمک - روشنی - (۲) شعاع - کرن۔
لِمَنِ المُلک - (ع) (۱) کس کا ملک ہے؟ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ بتاؤ آج کس کی حکومت اور سلطنت ہے (۲) بے جا ناز و نخرہ۔
لمیٹڈ - (لِم - ی - ٹِڈ) (LIMITED) (انگ - صفت) شرکت محدود - وہ کمپنی جس کے حصے داروں کی ذمہ داری محدود ہوتی ہے۔

## ل - ن

لن ترانی - (ع) (۱) تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا (۲) (مونث) - خودستائی - انانیت - شیخی۔
لن ترانی کرنا - (کی لینا) ڈینگ مارنا - دُون کی لینا۔
لن ترانیاں - شیخیاں - ڈینگیں - تعلّیاں۔
لِنٹل - (لِن - ٹَل) (LINTEL) (انگ - ا - مذکر) چھت - چھت کی ڈاٹ۔
لُنجا - (اُ - صفت) - لنگڑا - ہاتھ پاؤں سے معذور۔
لنچ - (LUNCH) (انگ - ا - مذکر) دوپہر کا کھانا - حاضری۔
لُنڈ - (ہ - صفت) (۱) سر کٹا ہوا - بے سر کا ترا پتا ہوا جسم (۲) کٹا ہوا (۳) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت۔
لُنڈ مُنڈ - (۱) وہ شخص جس کا سر، ڈاڑھی اور مونچھیں منڈی ہوئی ہوں (۲) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت (۳) مفلس - بے سر و سامان۔
لُنڈا - (ہ - صفت) (۱) لنڈورا - دُم کٹا - (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بے یار و مددگار۔
لنڈورا - (ہ - صفت) (۱) دُم کٹا (۲) بے یار و مددگار۔
لنڈوری - (ہ - صفت) لنڈورا کی تانیث۔
لنڈوری فاختہ - وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔
لنڈھانا - (ہ - مص) اوندھا بہانا۔
لنکا میں جو چھوٹا سو باون گز کا - (ہ - مثل) چھوٹے سے بڑے تک سب بری عادتوں میں مبتلا ہیں۔
لنگ - (ف - صفت) (۱) لنگڑا - لُولا - اپاہج - (۲) (مذکر) لنگڑاپن - لنگ کرنا - لنگڑانا۔
لنگ - (ہ - ا - مذکر) (۱) قطار - صف - سلسلہ - (۲) طرف - جانب - سمت - سرا - کنارا - (۳) دیوار - قنات - اوٹ - پردہ (۴) دھوتی کا لٹکا پلّہ۔
لِنگ - (س - ا - مذکر) (۱) عضوِ تناسل (۲) جنس - اسم صفت۔
لنگر - (ف - ا - مذکر) - (۱) لوہے کی زنجیر یا رسّا جو کشتی ٹھہرانے کے لیے کسی بھاری چیز کے ساتھ کنارے پر باندھ رکھتے ہیں (۲) خیرات خانہ - (۳) وہ کھانا جو مساکین و فقرا کو دیا جاتا ہے (۴) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا (۵) پہلوانوں کا لنگوٹ (۶) دھڑ کے نیچے کا حصہ - (۷) گھنٹے کا لٹکن - پنڈولم۔
لنگر اُٹھانا - کشتی یا جہاز کا رسّا کھول کر آگے چلانا - جہاز روانہ کرنا۔
لنگر بٹنا - غربا میں روزانہ مفت کھانا تقسیم ہونا۔
لنگر خانہ - (مذکر) فقراء کے لیے روزمرہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ - خیرات خانہ۔
لنگر ڈالنا - (۱) جہاز یا کشتی کو ٹھہرانا (۲) قیام کرنا۔
لنگر لنگوٹ - (مذکر) پہلوانوں کا لنگوٹ۔
لنگری - (لَنگ - ری) (ف - صفت) (۱) لنگر سے منسوب - (اُ - ا - مذکر) (۲) وہ شخص جو محتاج خانہ میں کھانا تقسیم کرے - (مونث) (۳) وہ اُتھلی تھال جس میں لنگر کا کھانا تقسیم کرتے ہیں۔
لنگڑ - (اُ - ا - مذکر) اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے ڈوری میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں۔
لنگڑا - (لنگ - ڑا) (اُ - صفت - و - ا - مذکر) (۱) ایک ٹانگ سے معذور - اپاہج (۲) ایک مشہور آم۔
لنگڑانا - (لنگ - ڑا - نا) - (ہ - مص) لنگ کرنا - پاؤں میں نقص ہونا۔
لنگڑی - (لنگ - ڑی) (ہ - صفت - و - ا - مونث) لنگڑا کی تانیث۔
لنگوٹ - (ہ - ا - مذکر) کاچھا - کم عرض کپڑا جو فقرا یا پہلوان باندھتے ہیں۔
لنگوٹ بند - (۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا (۲) مجرد۔
لنگوٹا - (اُ - ا - مذکر) دیکھیے لنگوٹ۔
لنگوٹی - (اُ - ا - مونث) (۱) لنگوٹا کی تانیث - (۲) چھوٹی دھوتی۔
لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا - (کنایۃً) تنگدستی میں مزے اُڑانا۔
لنگوٹیا - (لنگوٹے - یا) (اُ - صفت و ا - مذکر) - ساتھ کا کھیلا - بچپن کا یار۔
لنگور - (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے۔
لُنگی - (اُ - ا - مونث) - (۱) تہ بند - دھوتی (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔

## ل - و

لَو - (ہ - ا - مونث) (۱) شعلہ - لپٹ - (۲) دھیان - خیال - (۳) آس - اُمید - (۴) شوق - (۵) کان کی جڑ - پپیا۔
لَو اُٹھنا - شعلے کا بلند ہونا۔
لَو دینا - شعلہ اُٹھنا - جلنا۔
لَو لگانا - (۱) تصور باندھنا - ہر وقت دھیان لگانا (۲) دل لگانا (۳) خواہش کرنا۔
لَو لگنا - (۱) تصور بندھنا - (۲) عبادت یا ذکرِ خدا میں مشغول ہونا۔

Marfat.com

(۳) اشتیاق ہونا (۴) امید بند ھنا (۵) تپش لگنا۔
لَو۔ (ع)۔ اگر۔
لولاک۔ حدیث قدسی۔ لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الاَفلاک کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی اگر تیری (رسول اکرم کی) ذات نہ ہوتی تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا۔
لو۔ (ہ) (۱) پکڑو۔ سنبھالو۔ (۲) سنو۔ دیکھو۔ (۳) تحسین کلام کا کلمہ۔
لُو۔ (ہ۔ا۔مونث) وہ گرم ہوا جو موسم گرما میں چلتی ہے۔ سَموم۔
لُو لگنا۔ گرم ہوا کا اثر کرنا۔
لوا۔ (لَ۔ وا) (ہ۔ا۔مذکر) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔
لِوا۔ (لِ۔ وا) (ع۔ا۔مذکر) علم۔ جھنڈا۔ فوج کا نشان۔
لواحق۔ (ع۔ا۔مذکر)۔ لاحق کی جمع۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ نوکر چاکر۔
لواحقین۔ (لَ۔ وا۔ حِ۔ قین) (ا ُر۔ا۔مذکر)۔ دیکھیے لواحق۔
لوازم۔ (لَ۔ وا۔ زِم) (ع۔ا۔مذکر)۔ لازم کی جمع۔ چیزیں۔ اسباب۔
لوازمات۔ (لَ۔ وا۔ زِ۔ مات) (ع۔ا۔مذکر) لوازم کی جمع۔
لواطت۔ (لِ۔ وا۔ طت) (ع۔ا۔مونث) اغلام۔
لوائح۔ (لَ۔ وا۔ اِح) (ع۔ا۔مذکر) (۱) لائحہ کی جمع۔ دستور (۲) روشنیاں۔
لوبان۔ (ع۔ا۔مذکر)۔ ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے۔
لوبھ۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) حرص۔ لالچ۔ (۲) تمنا (۳) کنجوسی۔
لوبھی۔ (س۔صفت) (۱) لالچی (۲) خواہش مند (۳) کنجوس۔
لوبیا۔ (ہ۔ا۔مذکر) ماش کی قسم کا پودا جس کی کچی پھلیوں اور دانوں کو پکا کر کھاتے ہیں۔
لوتھ۔ (ہ۔ا۔مونث) لاش۔ مُردہ جسم۔
لوتھڑا۔ (لوتھ۔ ڑا) (ہ۔ا۔مذکر) گوشت کا بڑا ٹکڑا۔ مضغہ۔ پارچہ۔
لوٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) لڑھکنی (۲) کروٹ۔ پہلو۔ (۳) (صفت) عاشق۔ فریفتہ۔
لوٹ پوٹ۔ (۱) مضطرب (۲) بے قرار۔ (۳) اوپر تلے۔ اُلٹ پلٹ۔
لوٹ پوٹ ہو جانا۔ (۱) تڑپ جانا۔ پھڑک جانا (۲) فریفتہ ہونا (۳) تڑپ کر مر جانا۔
لُوٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) زبردستی کسی کا مال لینا۔ غارتگری۔ (۲) ظلم۔ اندھیر۔
لُوٹ پڑنا (مچنا)۔ لُوٹ مار ہونا۔ غارتگری ہونا۔ ظلم ہونا۔
لُوٹ کا مال۔ (مذکر) (۱) مال غنیمت (۲) ناجائز حاصل کیا ہوا مال۔ (۳) مفت کا مال۔
لُوٹ کھسوٹ۔ لوٹ مار۔ (مونث) غارتگری۔ قزاقی۔ رہزنی۔
لوٹ لینا۔ (۱) مال چھین لینا (۲) عاشق کر لینا۔
لوٹا۔ (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا ٹونٹی والا برتن۔ آفتابہ۔

بڑی لُٹیا۔
لوٹانا۔ (ہ۔متعدی) (۱) واپس کرنا (۲) نیچے کا اُوپر اور اُوپر کا نیچے کرنا۔
لُوٹ پُوٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) دو رُخی چھپائی۔ دو دلپشتہ چھپائی۔
لوٹم لاٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) ایک دُوسرے کو لوٹنا۔
لوٹن۔ (لو۔ ٹن) (ہ۔صفت) لوٹنے والا۔ پھڑکنے والا۔ تڑپنے والا۔
لوٹن کبوتر۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ لگا کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے۔
لَوٹنا۔ (لَوٹ۔ نا) (ہ۔متعدی) (۱) واپس ہونا۔ واپس پھرنا۔ (۲) اُلٹنا۔ پلٹنا۔
لوٹنا۔ (لوٹ۔ نا) (ہ۔متعدی) (۱) لڑھکنا۔ کروٹیں بدلنا (۲) ضد کرنا (۳) بے قرار ہونا (۴) فریفتہ ہونا (۵) پاؤں پر گر پڑنا۔ (۶) نہایت خوش ہونا۔
لُوٹنا۔ (لُوٹ۔ نا) (ہ۔متعدی) (۱) زبردستی چھیننا (۲) عاشق کرنا (۳) حاصل کرنا (مزہ، لطف وغیرہ کے ساتھ)۔
لوٹنی۔ (لوٹ۔ نی) (ہ۔ا۔مونث) قلابازی۔
لوٹنیاں کھانا۔ تڑپنا۔ قلابازیاں کھانا۔
لوث۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) آمیزش (۲) آلودگی۔ (۳) داغ۔ عیب۔
لوچ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) چیپ (۲) نرمی۔ لچک۔
لوچ دار۔ بیسدار۔ لسدار۔ ملائم۔ لچک دار۔
لَوح۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) تختی (۲) قبر کے سرہانے کا پتھر۔ (۳) ٹائیٹل۔ عنوان (۴) وہ بیل بوٹے جو کسی کتاب کے شروع میں بنا دیتے ہیں۔
لوح پیشانی۔ پیشانی کا لوح سے استعارہ۔
لوح تربت۔ (قبر۔ مرقد۔ مزار)۔ قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر تاریخ وفات وغیرہ لکھی جاتی ہے۔
لوح طلسم۔ وہ تختی جس میں طلسم کے کھولنے کا طریق اور حقیقت کندہ کر کے دفن کر دیتے ہیں۔
لوح محفوظ۔ (۱) وہ تختی جس پر خدا نے دنیا میں ہونے والے ہر فعل کی نسبت ابتدا سے انتہا تک لکھ رکھا ہے
لوح مشق۔ (۱) وہ تختی جس پر بچے مشق کرتے ہیں۔ (۲) وہ چیز جو کثرت سے استعمال میں آئے۔ (۳) زیر مشق۔ تختہ مشق۔
لوح و قلم۔ (۱) تختی اور خامہ (۲) خدا کے احکام کی تختی اور اس کے لکھنے کا قلم۔
لودھی۔ لودی۔ (ہ۔ا۔مذکر) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
لوڈ۔ (LOAD) (انگ۔ا۔مذکر) بوجھ۔ بھار۔ وزن۔
لوری۔ (ہ۔ا۔مونث)۔ گیت جو عورتیں بچوں کو سُلانے یا بہلانے کے لیے آہستہ آہستہ گاتی ہیں۔
لَوز۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) بادام (۲) ایک مثلثی وضع کی ترشی ہوئی مٹھائی۔
لَوزات۔ (ع۔ا۔مونث) لوز کی جمع۔ بادام کی مٹھائی۔
لوزیات۔ (لو۔ زی۔ یات) (ع۔ا۔مونث) بادام کا حلوہ۔

Marfat.com

لوزینہ ۔ (لَو۔ زی۔ نَہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) بادام کا حلوا۔ (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔
لُوط ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) ایک مشہور پیغمبر۔
لُوطی ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) لُوطؑ پیغمبر کی قوم۔ (۲) (مجازاً) اغلام کرنے والا۔
لوک ۔ (س۔ ا۔ مذکر) (۱) انسان (۲) دُنیا۔ جہان۔
لوک کہانی ۔ (مونث) وہ بن لکھے عوامی افسانے جو سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں۔
لوک گیت ۔ (مونث) عوام کے قدیمی گیت۔
لوک ناچ ۔ (مذکر) عوام کے قدیمی ناچ جو کسی رسم یا تیوہار سے تعلق رکھتے ہوں۔
لوفر ۔ (LOAFER) (انگ۔ ا۔ مذکر) آوارہ۔ کھلنڈرا۔
لوکا ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) شعلہ (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔
لوکا لگانا ۔ (۱) آگ لگانا (۲) چھوڑنا (۳) چغلی کھانا۔
لُوکا لگ جائے ۔ لوکا لگے ۔ (دعائے بد) آگ لگے۔ غارت ہو۔
لوکاٹ ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک زرد رنگ کا پھل۔
لوکل ۔ (LOCAL) (انگ۔ صفت) مقامی۔
لوکل سیلف گورنمنٹ ۔ مقامی حکومت خود اختیاری ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیوں کے صیغے۔
لَوکی ۔ (لَو۔ کی) (ہ۔ ا۔ مونث) کدو۔ لمبا گھیا۔
لوگ ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) بنی نوع انسان۔ خلقت۔
لوگ باگ ۔ عوام۔ عام لوگ۔
لولا ۔ (ہ۔ صفت و ا۔ مذکر) (۱) لنجا۔ ٹنڈا جس کے ہاتھ نہ ہوں (۲) اپاہج۔ لنگڑا۔ (۳) ٹنڈا اور لنگڑا۔
لُولُو ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) موتی۔ گوہر۔ مروارید۔
لولی ۔ (ف۔ ا۔ مونث) کنچنی۔ رنڈی۔ ناچنے گانے والی عورت۔
لولی فلک ۔ لولی گردوں ۔ زہرہ۔ ایک مشہور ستارہ۔
لُولی ۔ (ہ۔ صفت و ا۔ مونث) لولا کی تانیث۔
لَومت ۔ (لَو۔ مت) (ع۔ ا۔ مونث) ملامت۔ ملامت کرنا۔
لومت لائم ۔ ملامت کرنے والے کی ملامت۔
لومڑی ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) روباہ۔ ایک جنگلی جانور (۲) (کنایۃً) عیار۔ مکار۔
لَون ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) رنگ (۲) چہرے کی رنگت۔
لون ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) نمک۔ کھار۔ نون۔
لون مرچ لگانا ۔ بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ بھڑکانا۔
لونا ۔ (ہ۔ صفت) (۱) نمکین (۲) کھاری (۳) (مذکر)۔ وہ کھار جو دیواروں یا زمین میں پیدا ہو جاتا ہے۔
لوند ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ مہینا جو ہر تیسرے برس شمسی حساب سے بڑھایا جاتا ہے (۲) (کنایۃً) زیادہ۔ فاضل۔
لَونڈا ۔ (لَوں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) لڑکا۔ چھوکرا۔ (۲) کام کاج کرنے والا لڑکا (۳) (کنایۃً) نادان۔
لونڈر ۔ (LAVENDER) (لَ۔ وِن۔ ڈر) (انگ۔ ا۔ مذکر) ایک خوشبودار درخت جس سے خوشبو نکالی جاتی ہے۔ خوشبودار عرق جو کپڑوں پر لگاتے ہیں۔

لَونڈی ۔ (لَوں۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مونث) کنیز۔ باندی۔
لونڈی بچہ ۔ وہ شخص جو باندی کے پیٹ سے ہو۔
لونڈیا ۔ (لَوں۔ ڈیا) (ہ۔ ا۔ مونث) لڑکی۔ چھوکری۔
لونگ ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) قرنفل۔ ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز اور خوشبودار ہوتی ہے۔ (۲) ناک کا ایک زیور۔ ناک کی کیل۔
لونگ چڑے ۔ (مذکر) بیسن کی پھلکیاں۔
لُونی ۔ (ہ۔ صفت) (۱) شور۔ کھار (۲) وہ نمکین مٹی جو دیواروں سے جھڑتی ہے۔
لوہ ۔ (س۔ ا۔ مذکر) لوہا۔ آہن۔
لوہ پھٹکڑی ۔ ایک قسم کی پھٹکڑی
لوہ چون ۔ لوہے کا چورا۔ برادۂ آہن۔
لوہا ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) آہن۔ حدید (۲) (کنایۃً) مضبوط۔ (۳) تلوار۔
لوہا لاٹھ ۔ (۱) نہایت مضبوط۔ (۲) مشکل قافیہ یا ردیف کے اشعار۔
لوہا مان جانا (ماننا) ۔ (۱) کسی کی دلیری کا قائل ہونا (۲) کسی کو اپنے سے بڑا ماننا۔
لوہے کے چنے ۔ (مذکر) سخت اور مشکل کام۔
لوہار ۔ (ہ۔ ا۔ مذکر) آہن گر۔ لوہے کی چیزیں بنانے والا۔
لوہار خانہ ۔ (مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں لوہار کام کرتے ہوں۔ (۲) لوہار کی دکان۔
لوہارن ۔ لوہارنی ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) لوہار کی بیوی۔ لوہار برادری کی عورت۔
لوہیا ۔ (لوہ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذکر) (۱) لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔ (۲) (صفت) لوہے کا۔ لوہے کا بنا ہوا۔
لوئر ۔ (LOWER) (انگ۔ صفت) (۱) چھوٹا۔ ادنےٰ۔ (۲) ماتحت (۳) ابتدائی۔
لوئر پرائمری ۔ (LOWER PRIMARY) پہلی تا چوتھی جماعت
لوئر سکول ۔ ابتدائی سکول۔ چھوٹا سکول۔
لوئر کلاس ۔ (۱) ابتدائی جماعت (۲) نچلا طبقہ۔
لوئی ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) اونی چادر (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔

## ل ۔ ہ

لُہان ۔ (لُ۔ ہان) (ہ۔ صفت) خون آلود۔ لہو سے لتھڑا ہوا۔ (لہو کے ساتھ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے لہولہان)
لہجہ ۔ (لَہ۔ جَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) الفاظ کی آواز (۲) زبان۔ محاورہ (۳) طرزِ کلام (۴) لے۔ سُر۔
لہٰذا ۔ (لے۔ ہا۔ زا) (ع۔ تابع فعل) اسی واسطے۔ پس۔ الغرض۔
لہر ۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) موج۔ تلاطم (۲) امنگ۔ ترنگ۔

Marfat.com

(۳) وجد۔ حال (۴) وہم۔ خیال (۵) دیوانگی (۶) کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ۔ جھٹک۔ (۷) سوزش (۸) کشیدہ کی دھاری بیل (۹) کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا۔ (بفتح اول و دوم بھی صحیح ہے)۔

لہر آنا۔ (۱) موج آنا (۲) خیال آنا۔ (۳) زہر کے اثر سے پیچ و تاب کھانا۔

لہر اُٹھنا۔ (۱) موج کا اونچا ہونا (۲) شوق پیدا ہونا۔ (۳)۔ ارادہ ہونا۔

لہر بہر۔ (۱) خوش حالی (۲) کسی چیز کی افراط۔

لہریں گننا۔ وقت ضائع کرنا۔ تضیع اوقات کرنا۔

لہریں لینا۔ (۱) لہرانا۔ جھومنا (۲) دریا کا موجیں مارنا۔

لہرانا۔ (لَہ۔ را۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) موج مارنا (۲) لہلہانا۔ بلنا۔ (۳) اُڑنا۔

لہری۔ [ہ۔ صف]۔ مزجی۔ زندہ دل۔ ظریف۔

لہریا۔ [ہ۔ صف] (۱) لہردار۔ دھاری دار (۲) [مذکر] ایک قسم کا کپڑا۔

لہسن۔ (لَہ۔ سَن) [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) تھوم (۲) سیاہ یا سرخ داغ جو جسم پر پڑ جاتے ہیں۔

لہک۔ (لَ۔ ہک) [ہ۔ا۔ مونث] (۱) شعلہ (۲) لہلہاہٹ (۳) خوشبو جو ہوا کے ساتھ آئے۔

لہک لہک کر۔ جھوم جھوم کر۔ خوش ہو ہو کر۔

لہکنا۔ (لَ۔ ہک۔ نا) [ہ۔ مص] (۱) چہکنا۔ چہچہانا (۲) جلنا۔ دہکنا (۳) لہلہانا۔

لہلوٹ۔ (لَہ۔ لوٹ) [ہ۔ صف] بے قرار۔ بے تاب۔

لہلہانا۔ (لَہ۔ لَ۔ ہا۔ نا) [ہ۔ مص] جھومنا۔ ہوا سے ہلنا۔

لہلہاہٹ۔ (لَہ۔ لَ۔ ہا۔ ہٹ) [ہ۔ا۔ مونث] کھیت کے ہوا سے ہلنے کی کیفیت۔

لہنگا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] دیہاتی عورتوں کا غرارہ۔ گھگرا۔

لہو۔ (لَ۔ ہو) [ہ۔ا۔ مذکر] لوہو کا مخفف۔ خون۔

لہو پانی ایک کرنا۔ لہو پانی کرنا۔ (۱) کنایۃً، سخت محنت کرنا۔ (۲) بے حد رنج ہونا (۳) کسی کو سخت تکلیف دینا۔

لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا، ملنا۔ ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑا کام کرنے والوں میں شمار کرنا۔

لہو لہان۔ خون آلودہ۔ خون میں لتھڑا ہوا۔

لہو۔ [ع۔ا۔ مذکر] کھیل۔ بازی۔

لہو و لعب۔ کھیل کود۔ سیر و تماشا۔ تفریح۔ ہنسی مذاق۔

## ل-ع

لئیق۔ (لَ۔ ئیق) [اُ۔ صف] لائق۔ قابل۔

لئیم۔ (لَ۔ ئیم) [ع۔ صف] (۱) کنجوس۔ (۲) کمینہ۔ سفلہ۔

لئیم الطبع۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں کنجوسی اور خست ہو۔

## ل-ے

لَے۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) آواز۔ سُر۔ لحن (۲) شوق۔ (۳) تسلسل۔ سلسلہ۔

لے۔ [ہ۔ لینا کا امر] (۱) پکڑ (۲) سنبھال (۳) [حرف ندا و حیرت] متوجہ ہو۔ سُن۔ دیکھ (۴) [تابع فعل] لے کر۔ ساتھ لیکر۔ (مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے لے بھاگنا۔ لے آنا وغیرہ)۔

لے آنا۔ (۱) کوئی چیز اُٹھا لانا (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر سے لانا۔

لے بھاگنا۔ (۱) کسی چیز کو لے کر فرار ہو جانا۔ (۲) کسی کی طرز اُڑا لینا۔

لے بھئی۔ (۱) میں کہتا ہوں۔ سنو یار (۲) بڑا تعجب ہے۔

لے بیٹھنا۔ (۱) لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا۔ (۲) اپنے ساتھ گرانا۔

لے پالک۔ متبنٰی۔ گود لیا ہوا۔ وہ بچہ جسے لیکر پال لیا گیا ہو۔

لے جانا۔ کسی چیز کو اپنے ساتھ لے کر چلا جانا۔

لے دے۔ (مونث) (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا۔ کبھی دینا۔ (۳) دوڑ دھوپ۔ جد و جہد (۴) سرزنش۔ ملامت۔

لے دے کر (کے) (۱) بڑی کوشش سے (۲) بے باق کر کے۔ دے دلا کر (۳) صرف۔ فقط۔

لے دے کرنا۔ (۱) جد و جہد کرنا (۲) لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔

لے دینا۔ دلوا دینا۔ خرید دینا۔ مول لے دینا۔

لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔

لے لینا۔ (۱) چھین لینا۔ دبا لینا (۲) خرید لینا (۳) قابو کر لینا۔ (۴) واپس کر لینا (۵) جا پہنچنا (۶) پکڑ لینا۔

لے مرنا۔ (۱) اپنے ساتھ دوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔ (۲) الزام دھرنا (۳) دبا لینا (۴) حاصل کر لینا۔

لیے۔ (لِی۔ یے) [ہ۔ حرف جار] (۱) واسطے۔ برائے (۲)۔ مفعول جمع مذکر ہونے کی صورت میں لیا کے بجائے۔ (۳) تکمیل فعل کے لیے جیسے کیا آپ نے انگور کھا لیے (۴) [تابع فعل] لیے ہوئے۔ لے کر۔

لیا دیا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] اعمال کا نتیجہ۔ کرنی کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

لیا دیا آگے آجانا۔ نیکی بدی کا نتیجہ ملنا۔ کرنی کا پھل ملنا۔

لیاقت۔ (لِ۔ یا۔ قت) [ع۔ا۔ مونث] (۱) قابلیت۔ (۲) جوہر۔ خوبی (۳) دانائی (۴) شائستگی۔ (۵)۔ حوصلہ (۶) ظرف۔ مقدور۔

لیبارٹری۔ (LABORATORY) (لے۔ با۔ رے۔ ٹ۔ ری) [انگ۔ا۔ مونث] وہ کمرہ جہاں سائنس کے تجربات کیے جاتے ہیں۔ دار التجربہ۔ معمل۔

لیبر۔ (LABOUR) (لے۔ بر) [انگ۔ا۔ مونث] محنت۔ مشقت۔

Marfat.com

لیبر پارٹی ۔ (مونث) (۱) مزدوروں کی جماعت (۲) انگلستان کی ایک سیاسی پارٹی۔
لیبل ۔ (LABEL) (لے ۔ بل) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کا نام ۔ زینت اور مالک کا پتا وغیرہ بتانے کے لیے لگایا جاتا ہے۔
لیپ ۔ (س ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ضماد ۔ وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے (۲) کہگل ۔ لپائی۔
لیپا پوتا ۔ (۱) لیپا اور پوتا ہوا ۔ پلستر کیا ہوا (۲) بنا بنایا ۔ کرا کرایا۔
لیپا پوتی کرنا ۔ بات بنانا ۔ بہانے کرنا ۔ پردہ پوشی کرنا۔
لیپ کا سال ۔ عیسوی سن کا وہ سال جس کے اعداد چار سے تقسیم ہو جائیں ۔ اس سال فروری کا مہینا اُنتیس دن کا ہوتا ہے۔
لیپنا ۔ (لیپ ۔ نا) (ہ ۔ متعدی) (۱) پوتنا ۔ سفیدی کرنا ۔ پلستر کرنا (۲) (کنایۃً) چھپانا۔
لیت و لعل ۔ (لے ۔ تو ۔ لَ ۔ عَل) (ع ۔ ا ۔ مذکر) ٹال مٹول ۔ بہانہ۔
لیتھو گرافی ۔ (LITHOGRAPHY) (لیتھو ۔ گرافی) (انگ ۔ ا ۔ مونث) طباعت کا وہ طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر پتھر یا دھات کی پلیٹ سے چھپائی کرتے ہیں۔
لیٹر ۔ (LETTER) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) خط ۔ چٹھی۔
لیٹر بکس ۔ (LETTER BOX) (مذکر) ۔ ڈاک خانے کا سرخ ڈبا جس میں چٹھیاں ڈالتے ہیں۔
لیٹنا ۔ (لیٹ ۔ نا) (ہ ۔ لازم) (۱) سونا ۔ آرام کرنا (۲) خوشامد کرنا (۳) ہار ماننا (۴) زمین پر گر جانا۔
لیجر ۔ (LEDGER) (لے ۔ جر) (انگ ۔ ا ۔ مونث) ۔ روزنامچہ ۔ بہی کھاتہ۔
لیچڑ ۔ (لی ۔ چڑ) (ہ ۔ صفت) (۱) کنجوس (۲) نادہند ۔ بدمعاملہ۔
لیچڑ پن ۔ (مذکر) (۱) کنجوسی ۔ بخیلی (۲) نادہندگی ۔ بدمعاملگی۔
لیچی ۔ (لی ۔ چی) (چینی ۔ ا ۔ مونث) ایک سرخی مائل شیریں پھل
لید ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) گھوڑے ۔ گدھے ۔ ہاتھی وغیرہ کا گوبر۔
لیدر ۔ (LEATHER) (لے ۔ در) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) کمایا ہوا چمڑا۔
لیڈر ۔ (LEADER) (لی ۔ ڈر) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) رہنما ۔ قائد (۲) اڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔
لیڈی ۔ (LADY) (لے ۔ ڈی) (انگ ۔ ا ۔ مونث) (۱) بیگم (۲) لارڈ کی بیگم۔
لیر ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) دھجی ۔ کتر ۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی ۔ چیتھڑا۔
لیر لیر کرنا ۔ دھجیاں اڑانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
لیریں لٹکنا ۔ پھٹا ہونا کر لباس کا تار تار ہو جانا
لیرے ۔ (لی ۔ رے) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ۔ چیتھڑے ۔ (لیر کا جمع استعمال ہوتا ہے)
لیرے لٹکنا ۔ کپڑے پھٹ جانا ۔ کپڑوں کا تار تار ہونا۔
لیس ۔ (ا ۔ صفت) ۔ کمربستہ ۔ مستعد ۔ تیار ۔ کیل کانٹے سے درست۔
لیس ۔ (LACE) (انگ ۔ ا ۔ مونث) فیتہ ۔ جھالر ۔ گوٹا کناری ۔ ڈوری۔
لیس ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) چیپ ۔ چپچپاہٹ۔

لیسدار ۔ چیپا ۔ چپکنے والا۔
لیس ۔ (ف ۔ صفت) چاٹنے والا ۔ (مرکبات میں ‘ جیسے کاسہ لیس)۔
لیسنا ۔ (لیس ۔ نا) (ہ ۔ متعدی) پلستر کرنا ۔ لیپنا ۔ لگانا۔
لیک ۔ (ف) لیکن کا مخفف)۔
لیک ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) راہ (۲) گاڑی کے پہیے کا نشان (۳) انعام جو حسب دستور کمیشن کو دیا جاتا ہے (۴) رسم و رواج۔
لیکن ۔ (لے ۔ کن) (ف ۔ حرف ربط) مگر ۔ البتہ۔
لیکوڈیٹر ۔ (LIQUIDATOR) (لِک ۔ وِڈے ۔ ٹر) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) وہ سرکاری افسر جو کمپنیوں کے دیوالیہ ہو جانے پر بھگتان کرتے ہیں۔
لیکوڈیشن ۔ (LIQUIDATION) (انگ ۔ ا ۔ مونث) لیکوڈیٹر کی تحویل میں بھگتان۔
لیکھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) تحریر (۲) نام لکھنا ۔ دستخط۔
لیکھ ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چھوٹی جوں ۔ لعک (۲) لکیر ۔ لیک۔
لیکھا ۔ (لے ۔ کھا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) حساب ۔ لین دین (۲) بہی کھاتا (۳) معاملہ۔
لیکھا جوکھا ۔ لین دین ۔ حساب کتاب۔
لیکھے ۔ (لے ۔ کھے) (ہ ۔ تابع فعل) ۔ حساب سے ۔ حساب دل ۔ نزدیک
لیگ ۔ (LEAGUE) (انگ ۔ ا ۔ مونث) جمعیت ۔ مجلس ۔ جماعت
لیگ آف نیشنز ۔ (LEAGUE OF NATIONS) جمعیت الاقوام۔
لیل ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) رات ۔ شب۔
لیل و نہار ۔ (مذکر) رات اور دن ۔ شب و روز۔
لیلا ۔ (لے ۔ لا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) بکری یا بھیڑ کا بچہ ۔ برہ۔
لیلا ۔ (لی ۔ لا) (س ۔ ا ۔ مونث) کھیل ۔ لہو و لعب ۔ سیر و تماشا
لیلۃ ۔ (لے ۔ لت) (ع ۔ ا ۔ مونث) لیل ۔ رات ۔ شب۔
لیلۃ الاسراء ۔ شب معراج۔
لیلۃ القدر ۔ رمضان المبارک کی ایک رات جس میں عبادت کرنے کا ثواب ہزار ماہ سے زیادہ ہوتا ہے
لیلےٰ ۔ (لے ۔ لا) (ع ۔ صفت ۔ وا ۔ مونث) (۱) کالی ۔ سانولی (۲) قیس (مجنوں) کی معشوقہ۔
لیلیٰ را بہ چشم مجنوں باید دید ۔ معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہیے۔
لیلی ۔ (لے ۔ لی) (ف ۔ صفت ۔ وا ۔ مونث) دیکھیے لیلےٰ۔
لیمپ ۔ (LAMP) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) ۔ چراغ ۔ دیا۔
لیمن ۔ (LEMON) (لے ۔ مَن) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) لیموں ۔ نیبو ۔ ترنج۔
لیمو ۔ لیموں ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) نیبو ۔ ترنج۔
لیمونیڈ ۔ (LEMONADE) (لیمو ۔ نیڈ) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) ۔ لیمو کا میٹھا شربت۔
لین ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) لینا کا مخفف ۔ حصول ۔ حاصل کرنا۔
لین دین ۔ (مذکر) (۱) لینا دینا (۲) حساب کتاب (۳) برتاؤ ۔ بیوپار (۴) خرید و فروخت (۵) واسطہ ۔ تعلق۔
لین ۔ (انگریزی لائن LINE) کا بگاڑ ۔ ا ۔ مونث) (۱) لکیر ۔ خط (۲) قطار (۳) حد (۴) قطار (۵) سطر (۶) ریل کی

پڑی (۸) پچھاڑی ۔

**لین ڈوری** ۔ (۱) وہ خیمہ جو آگے جاتا ہے پیش خیمہ (۲) وہ فوجی سامان جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے ۔

**لین کلیر** ۔ (LINE CLEAR) دیکھیے لائن کلیر ۔

**لینا** ۔ (لے ۔ نا) (ف ۔ مع) (۱) پکڑنا (۲) حاصل کرنا (۳) تھامنا (۴) خریدنا (۵) قرض لینا (۶) فتح کرنا (۷) وصول کرنا ۔ (۸) استقبال کرنا (۹) پیش آنا ۔ (۱۰) (مذکر) قرضہ ۔ قرض ۔

**لینا ایک نہ دینا دو** ۔ حاصل نہ حصول ۔ کسی سے ایک لیں گے ۔ نہ دو دینے پڑیں گے ۔

**لینا دینا** ۔ (۱) لین دین (۲) حساب و کتاب (۳) برتاؤ ۔ معاملہ ۔

**لینے کے دینے پڑ جانا** ۔ فائدے کی جگہ نقصان ہونا ۔ مصیبت میں پھنس جانا ۔

**لینے میں نہ دینے میں** ۔ نفع میں نہ نقصان میں ۔ برے میں نہ بھلے میں ۔

**لَینڈ** ۔ (LAND) (انگ ۔ ا ۔ مونث) ۔ (۱) زمین ۔ خشکی ۔ (۲) سرزمین ۔ ملک ۔

**لینڈ لارڈ** ۔ (LAND LORD) (۱) مالک زمین ۔ (۲) مالک مکان ۔ زمین دار ۔

**لینڈی** ۔ (لیں ۔ ڈی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) بندھا ہوا پاخانہ (۲) چھوٹا کتا جو شکار کے قابل نہیں ہوتا (۳) (کنایۃً) بزدل ۔

**لینڈی کتا** ۔ (۱) بازاری اور عام کتا (۲) کم ۔ پوک اور بزدل کتا ۔

**لینن ازم** ۔ (LENINISM) (لے ۔ نن ۔ ازم) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) روسی اشتراکی لیڈر لینن کا انقلابی نظریہ ۔

**لینو ٹائپ** ۔ (LINOTYPE) (لی ۔ نو ۔ ٹائپ) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) مشین جس میں الفاظ کی پوری سطر بیک وقت ڈھل جاتی ہے ۔ (۲) اخباری کالم کی ایک سطر جو بیک وقت ڈھل جاتی ہے ۔

**لیوا** ۔ (لے ۔ وا) (ہ ۔ صفت و ۔ ا ۔ مذکر) (۱) لینے والا (۲) گائے بھینس کا تھن ۔

**لیور** ۔ (LEVER) (لی ۔ وَر) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اوپر اٹھا سکے ۔

**لیول** ۔ (LEVEL) (لے ۔ ول) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ہموار سطح (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی یکسانیت دیکھتے ہیں ۔ گنیا ۔ (۳) (صفت) مساوی ۔ برابر ۔ یکساں ۔ ایک سطح پر ۔

**لیوی** ۔ (LEVY) (لے ۔ وی) (انگ ۔ ا ۔ مونث) (۱) تحصیل محصول (۲) تحصیل مال گزاری یا لگان ۔ وصولی ٹیکس ۔ (۳) جنگ کے لیے فوج کی بھرتی ۔

**لیئی** ۔ (لے ۔ ئی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) وہ لیس دار مادہ جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لیے بناتے ہیں ۔

Marfat.com

# م

میم - (مذکر) - اُردو کا اکتیسواں، فارسی کا اٹھائیسواں، عربی کا چوبیسواں اور ہندی کا پچیسواں حرف - حساب ابجد میں اس کے چالیس عدد فرض کیے گئے ہیں۔

## م - الف

مآب - (مَ - آب) - (ع - ا - مونث) لوٹ کر جانے کی جگہ - واپسی کی جگہ - اُردو میں جیسے عزت مآب - رسالت مآب - فضیلت مآب۔
مآثر - (مَ - آ - ثِر) (ع - ا - مذکر) ماثرۃ کی جمع - (۱) اچھے آثار - اچھے کام (۲) یادگاریں - (۳) قدیم مکان جس کے آثار باقی ہوں۔
مآل - (مَ - آل) (ع - ا - مذکر) - (۱) مرجع - لوٹنے کی جگہ (۲) - انجام - نتیجہ۔
مآل اندیش - دُور اندیش - انجام کو سوچنے والا۔
مآل اندیشی - (مونث) دُور اندیشی - سوچ بچار - انجام بینی۔
مآل کار - (۱) انجام کار - آخر کار (۲) نتیجہ - کرنی کا پھل
ما - (ت - ض) من کی جمع - ہم۔
مابخیر شما بسلامت - (مثل) ہم خیریت سے، تم سلامتی سے - ہم الگ تم الگ - ہمارا تم سے کوئی واسطہ نہیں۔
مابدولت - وہ کلمہ جو بادشاہ اپنے متعلق استعمال کرتے تھے۔
مادر چہ خیالیم و فلک در چہ خیال - (مثل) ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کیا سوچ رہا ہے - خلاف اُمید کسی امر کے پیش آنے پر بولتے ہیں۔
مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت - (مثل) ہمیں اس سے کیا غرض کہ بیل آیا اور گدھا چلا گیا - کسی کے آنے جانے پر بے پروائی کا اظہار مقصود ہو تو بولتے ہیں۔
ما و شما - ہم اور تم - سب لوگ - ہر شخص۔
ما و من - (۱) ہم اور میں - خود ستائی - خود پسندی - غرور (۲) ایسے تیرے۔
ما - (ع - ا - موصول) جو - جو کچھ۔
مابعد - پیچھے کا - پیچھے آنے والا - جو کچھ بعد میں آئے۔
مابقا - مابقی - مابقیہ - باقی بچا ہوا - جو باقی رہ گیا ہو۔
مابہ الاحتیاج - ضرورت کی چیز - چیزیں جن کی حاجت ہو۔
مابہ الامتیاز - وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے - نشانِ امتیاز۔
مابہ النزاع - جھگڑے کی بنا - فساد کا باعث۔
مابین - دوران - درمیان - بیچ۔
ماتحت - (۱) زیر حکم - تابع - (۲) نائب - مددگار۔
ماتقدم - اوّل کا - پہلے کا - مذکورہ بالا۔
ماجرا - (مذکر) (۱) سرگزشت - جو کچھ گزر گیا (۲) واقعہ - واردات (۳) حالت - کیفیت۔
ماحصل - ماحاصل - (مذکر) (۱) نتیجہ - ثمرہ - (۲) منافع (۳) - پیداوار (۴) خلاصہ۔
ماحضر - (مذکر) - جو کھانا موجود ہو - جو کچھ حاضر ہو بے تکلف دعوت۔
ماحول - (مذکر) گرد و پیش - پاس پڑوس۔
مادام - (۱) ہمیشہ - مدام (۲) جب تک - تا وقتیکہ۔
ماسبق - گزشتہ - گزرا ہوا - جو پہلے گزر چکا ہو - اوّل الذکر۔
ماسلف - گزرا ہوا - بیتا ہوا - گزشتہ۔
ماسوا - (۱) بجز - سوا - اس کے سوا (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے ماسوا ہے۔
ماشاءاللہ - (۱) جو اللہ چاہے - اگر خدا نے چاہا - جو خدا کی مرضی - (۲) کلمۂ تحسین و آفرین - آپ کے کیا کہنے - سبحان اللہ! (۳) کسی خوبصورت چیز کو دیکھ کر کہتے ہیں - فارسی میں چشم بد دور (۴) طنزاً بھی کہتے ہیں۔
مافات - جو فوت ہوا - جو گزر گیا۔
مافوق - اعلیٰ - اونچا - ممتاز - برتر - فائق - بزرگ تر۔
مافی الضمیر - دل کی بات - نیت - غرض - مطلب - مقصد - مدعا۔
مافیہا - جو کچھ اس میں ہے۔
ماقبل - پہلے کا - جو پہلے ہو۔
ماقبل الذکر - جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو - مذکورہ بالا۔
مالایطاق - طاقت سے بڑھ کر کام۔
مالاینحل - جو حل نہ ہو سکے - مشکل مسئلہ - جو ناقابلِ حل ہو۔
مالہ و ماعلیہ - جو اس کے لیے ہے اور جو کچھ اس پر ہے - (۱) معاملہ کے تمام پہلو (۲) برائی بھلائی - نفع و نقصان۔
مامضیٰ - جو گزر گیا - جو ہو چکا - گزشتہ۔
ماوجب - جس کا کرنا واجب ہو۔
ماورا - بجز - سوا - اس کے علاوہ - علاوہ بریں۔
مایحتاج - وہ چیز جس کی ضرورت ہو - ضروریات۔
ماپ - (ہ - ا - مونث) دیکھیے ناپ۔
ماپنا - (ماپ - نا) (ہ - مص) دیکھیے ناپنا۔
مات - (ف - ا - مونث) ہار - شکست - ہزیمت
مات دینا - (۱) شکست دینا - (۲) شرمندہ کرنا (۳) بازی لے جانا۔
مات کرنا - (۱) بازی لے جانا - کسی کام میں بڑھ جانا (۲) نیچا دکھانا - شرمندہ کرنا۔
مات کھانا - بازی میں ہار جانا۔
مات ہونا - (۱) ہارنا - (۲) ماند ہو جانا۔
ماتا - (ہ - ا - مونث) (۱) ماں (۲) چیچک (۳) (صفت) -

Marfat.com

مدہوش ۔ مست ۔
**ماترا** ۔ (ما۔ت۔را) (س ۔ ا ۔ مونث) (۱) ناپ (۲) ہندی حرفوں کے اعراب (۳) وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے۔
**ماتم** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) مصیبت ۔ آفت (۲) سوگ (۳) رنج ۔ غم ۔ کہرام (۴) سینہ کوٹنا ۔
**ماتم پرسی** ۔ (مونث) تعزیت ۔ پُرسا ۔ ورثائے میت کے ساتھ ہمدردی ۔
**ماتم خانہ** (ما۔تم۔خا۔نہ) (مذکر) سوگ کا گھر ۔ وہ گھر جس میں کوئی مصیبت یا غمی ہو گئی ہو ۔
**ماتم دار** ۔ ماتمی ۔ سوگوار ۔ سوگی ۔
**ماتم داری** (مونث) غم ۔ سوگ ۔ رنج ۔ الم ۔ کہرام ۔ گریہ و زاری ۔
**ماتم زدہ** ۔ سوگوار ۔ ماتمی ۔ غمگین ۔ رنجور ۔
**ماتمی** ۔ (ما۔ت۔می) (ف ۔ صفت) (۱) ماتم کرنے والا ۔ سوگوار ۔ (۲) ماتم سے متعلق ۔
**ماتھا** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) پیشانی ۔ جبین ۔
**ماتھا ٹیکنا** ۔ (۱) سجدہ کرنا (۲) خوشامد کرنا ۔
**ماتھا رگڑنا** ۔ (۱) پیشانی گھسنا ۔ جبہ سائی کرنا (۲) خوشامد کرنا ۔
**ماتھے چاند ٹھوڑی تارا** ۔ خوبصورتی کی تعریف ۔ ماتھا چاند سا روشن ہے اور ٹھوڑی تارے کی طرح چمک رہی ہے ۔
**ماتھے مارنا** ۔ واپس کرنا ۔ لوٹانا ۔ پھیرنا ۔ منہ پر مارنا ۔
**ماتی** ۔ (ہ ۔ صفت) سرشار ۔ مخمور ۔
**ماٹھ** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) بھٹی (۲) (مذکر) بڑا مٹکا ۔ (۳) خانقاہ (۴) ہندو فقیروں کی جھونپڑی (۵) مذہبی مدرسہ ۔ پاٹ شالہ ۔
**ماٹی** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) مٹی ۔ خاک ۔
**ماثور** ۔ **ماثورہ** ۔ (ع ۔ صفت) (۱) اثر قبول کیا ہوا (۲) جڑا دیا گیا (۳) نقل کیا ہوا ۔
**ماجد** ۔ (ع ۔ صفت) بزرگ ۔ قابلِ احترام شخص ۔ معزز ۔
**ماجدہ** ۔ (ما۔ج۔دہ) (ع ۔ صفت) ماجد کی تانیث ۔
**ماجو** ۔ (ما۔جو) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) مازو ۔ ایک دوا کا نام ۔
**ماجوج** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) ایک قوم جو حضرت یافث بن نوحؑ کی اولاد سے ہے ۔ یاجوج ماجوج ۔
**ماجور** (ع ۔ صفت) اجر دیا گیا ۔ نیک بدلہ دیا گیا ۔
**ماخذ** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے ۔ منبع ۔
**ماخوذ** ۔ (ع ۔ صفت) (۱) گرفتار ۔ پکڑا ہوا (۲) اخذ کیا ہوا ۔
**مادام** ۔ (فرانسیسی ۔ ا ۔ مونث) میڈم ۔ بیگم ۔ خاتون ۔
**مادر** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) والدہ ۔ ماں ۔
**مادر بخطا** ۔ حرامی ۔ ولد الزنا ۔
**مادر رضاعی** ۔ دودھ پلانے والی ۔
**مادر زاد** ۔ پیدائشی ۔ جنم کا ۔
**مادر علاتی** ۔ سوتیلی ماں ۔
**مادر گیتی** ۔ زمین ۔ دھرتی ماتا ۔
**مادرانہ** ۔ (ما۔د۔را۔نہ) (ف ۔ صفت) ماں سے متعلق ۔
**مادری** ۔ (ما۔د۔ری) (ف ۔ صفت) (۱) ماں کی طرف منسوب (۲) پیدائشی ۔
**مادری زبان** ۔ ماں کی زبان ۔ ذاتی زبان ۔ اپنی بولی ۔
**مادہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) عورت ذات ۔ استری
**مادّہ** ۔ (ماد۔دہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ہر چیز کی اصل ۔ جس سے کوئی شے بنائی جائے ۔ (۲) جوہر ۔ قابلیت ۔ (۳) عقل ۔ ادراک (۴) مواد ۔ پیپ ۔
**مادۂ تولید** ۔ منی ۔
**مادّی** ۔ (ماد۔دی) (ع ۔ صفت) ذاتی ۔ اصلی ۔ قدرتی ۔ طبعی ۔
**مادّیات** ۔ (ماد۔د۔یات) (ف ۔ ا ۔ مونث) مادیت کی جمع ۔ مادی چیزیں ۔
**مادّیت** ۔ (ماد۔دیت) (ع ۔ ا ۔ مونث) جسمانیت ۔ جسمیت ۔ مادہ ہونا
**ماڈرن** ۔ (MODERN) (ما۔ڈرن) (انگ ۔ صفت) ۔ جدید ۔ جدید روشنی کا ۔
**ماڈل** ۔ (MODEL) (ما۔ڈل) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) نمونہ ۔ نقشہ (۲) ناپ (۳) سانچا (۴) طور طریق ۔
**مار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) سانپ ۔ ناگ ۔ افعی ۔
**مار آستین** ۔ آستین کا سانپ ۔ میٹھی چھری ۔ دوست نما دشمن ۔
**مار خور** ۔ ایک قسم کا جنگلی بکرا ۔
**مار گزیدہ** ۔ وہ جسے سانپ نے کاٹ کھایا ہو ۔
**مار گزیدہ از ریسمان می ترسد** ۔ (مثل) سانپ کا ڈسا ہوا رسی سے ڈرتا ہے ۔ جس چیز سے نقصان پہنچا ہو اس کے ہم شکل سے بھی خوف آتا ہے ۔
**مار گنج** ۔ (۱) وہ سانپ جو خزانہ دفن کرکے بطورِ طلسم اس پر بنا دیتے ہیں ۔ (۲) مالدار بخیل ۔
**مار مہرہ** ۔ وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکالا جاتا ہے ۔ زہر کا تریاق ۔
**مار** ۔ (ہ ۔ ا ۔ مونث) (۱) چوٹ ۔ ضرب (۲) دھکا ۔ صدمہ ۔ (۳) دُکھ ۔ درد (۴) لوٹنا ۔ خسارہ (۵) غضبِ الٰہی ۔ (۶) کثرت (۷) لعنت ۔ پھٹکار ۔ (۸) (صفت) ہلاک کرنے والا (۹) مارنا کا حاصل مصدر ۔
**مار بیٹھنا** ۔ (۱) پیٹ دینا (۲) غصب کر لینا ۔ مار لینا ۔
**مار پٹائی** ۔ **مار پیٹ** ۔ (مونث) مار کٹائی ۔ زد و کوب ۔ لڑائی جھگڑا
**مار پٹنا** ۔ مارا جانا ۔ پٹیا جانا ۔
**مار دھاڑ** ۔ (مونث) (۱) مار پیٹ (۲) لڑائی ۔
**مار دینا** ۔ (۱) قتل کر دینا (۲) مار پیٹ کرنا (۳) شکست دینا ۔
**مار ڈالنا** ۔ (۱) ہلاک کر دینا (۲) تباہ کرنا ۔
**مار رکھنا** ۔ (۱) بچ کر نہ جانے دینا (۲) عاشق بنا لینا (۳) تباہ کر دینا ۔ (۴) ہتھیا لینا ۔
**مار کے آگے بھوت بھی ناچتا ہے** ۔ (مثل) مار کے آگے سب شرارت دور ہو جاتی ہے ۔
**مار کٹائی** ۔ (مونث) مار پیٹ ۔ مار دھاڑ ۔ زد و کوب ۔
**مار کھانے کی نشانی** ۔ کمزور کے حق میں استعمال ہوتا ہے ۔
**مار کھلانا** ۔ پٹوانا ۔ سزا دلانا ۔
**مار لانا** ۔ (۱) مار کرکے آنا (۲) لوٹ کھسوٹ کر لانا ۔

Marfat.com

مار لینا - (۱) دبا لینا (۲) لُوٹ لینا (۳) غبن کر لینا (۴) تھپڑ لگا لینا (۵) جیت لینا (۶) قابو کر لینا۔
مار مارنا - پیٹنا - زد و کوب کرنا۔
مارا - (و - صف) (۱) کُشتہ - مقتول (۲) ڈسا ہوا (۳) تباہ شدہ
مارا جانا - (۱) قتل ہونا (۲) ضائع ہونا (۳) تباہ ہونا - (۴) لُٹ جانا۔
مارا مارا - (۱) کثرت - افراط - بہتات (۲) کوشش (۳) محنت - مشقت (۴) کش مکش - دھکا پیل (۵) پیہم - لگاتار۔
مارا مار کرنا - (۱) دوڑ دھوپ کرنا (۲) جلدی کرنا۔
مارا مارا پھرنا - (۱) آوارہ پھرنا (۲) بھٹکتے پھرنا۔
مارا ہُوا - (۱) قتل کیا ہوا (۲) تباہ کیا ہوا۔
مار بل - (MARBLE) (انگ - ا - مذکر) سنگِ مرمر۔
مارٹ - (HART) (انگ - ا - مذکر) (۱) نیلام گھر - (۲) منڈی -
مارچ - (MARCH) (انگ - ا - مذکر) (۱) سنہ عیسوی کا تیسرا مہینا (۲) کوچ - روانگی (۳) باقاعدہ قدم اُٹھانا۔
مارچ پاسٹ - (MARCH PAST) فوج کی سلامی۔
مارشل - (MARSHAL) (انگ - ا - مذکر) سپہ سالار - جنرل۔
مارشل - (MARSHALL) (انگ - صفت) (۱) جنگی - فوجی - (۲) جنگ جُو - بہادر۔
مارشل لا - (MARTIAL LAW) (مذکر) فوجی قانون - جنگی قانون۔
مارفیا - (MORPHIA) (مار - فِ - یا) (انگ - ا - مذکر) - افیون کا ست۔
مارک - (MARK) (جرمن - ا - مذکر) جرمنی کا ایک سِکّہ۔
مارک - (MARK) (انگ - ا - مذکر) (۱) نشانی (۲) امتحان کے سوالات کے نمبر۔
مارکا - (مار - کا) (انگ مارک کا مورّد - ا - مذکر) (۱) علامت - نشانی (۲) وہ علامت جو کوئی کمپنی اپنے کارخانے کی مصنوعات کے لیے مقرر کرے۔
مارکسی - (مار - ک - سی) (اُ - ا - مذکر) اشتمالی نظریات کو ماننے والا۔
مارکسیت - (مار - ک - سی - یت) (MARKISM) کا مورّد) ا - مونث) وہ اقتصادی، سیاسی اور سماجی نظریات جن کی بنا کارل مارکس نے ڈالی تھی۔
مارکوئیس - (MARQUIS) (مار - کو - ایس) (انگ - ا - مذکر) نواب - ڈیوک سے چھوٹا - ایک انگریزی خطاب۔
مارکیٹ - (MARKET) (مار - کیٹ) (انگ - ا - مذکر) - بازار - منڈی۔
مارگ - (س - ا - مذکر) راستہ - شاہراہ۔
مارنا - (و - مص) (۱) پیٹنا - ضرب لگانا - قتل کرنا - (۲) لگانا - جوڑنا - (۳) بازی لینا (۴) غبن کرنا - (۵) پٹکنا - (۶) پچھاڑنا۔
ماروت - (ع - ا - مذکر) ایک فرشتہ جو ہاروت فرشتے کے ہمراہ دنیا میں آیا تھا - وہ لوگ ایک طوائف زہرہ پر عاشق ہو گئے اور اسے آسمان پر جانے کا علم بتا دیا - وہ زہرہ تو ستارہ بن گئی اور ان کو یہ سزا ملی کہ تا قیامت کنوئیں میں اُلٹے لٹکے ہوئے ہیں - یہ لوگوں کو جادو سکھایا کرتے تھے۔
ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ - (مثل) بے محل اور بے جوڑ بات۔
مارے - (ہ) (۱) خاطر - لیے - واسطے (۲) مارنا کا مضارع - (۳) مارے ہوئے۔
مارے اور رونے نہ دے - (مثل) زبردست ظلم کرے - اور فریاد بھی نہ سُنے۔
مارے باندھے - زبردستی - مجبوری سے۔
مارے سپاہی نام سردار کا - کاٹے باڑھ نام تلوار کا - (مثل) کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔
مارے مارے پھرنا - بھٹکتے پھرنا - بیکار گھومنا۔
مارے منہ چُوہی نام فتح خاں - (مثل) مفت میں بہادر مشہور ہو گئے۔
ماڑا - (و - صفت) (۱) کمزور (۲) بڈھا (۳) مفلس (۴) خراب۔
ماڑی - (و - صفت) (۱) ماڑا کی تانیث (۲) (مونث) کوٹھا - (۳) اُوپر کی منزل - اٹاری۔
ماژو - (ف - ا - مونث) ماجو - ایک مشہور دوا۔
ماس - (س - ا - مذکر) (۱) مہینا (۲) چاند - ماہ - قمر (۳) گوشت۔
ماسٹر - (MASTER) (ماس - ٹر) (انگ - ا - مذکر) (۱) - مالک - مختار - آقا - (۲) ماہرِ فن (۳) اُستاد - معلّم۔
ماسٹر پیس - (MASTERPIECE) شاہکار - بہترین کاریگری - اعلیٰ صنعت۔
ماسکہ - (ما - سِ - کہ) (ع - ا - مذکر) وہ قوت جو غذا کو معدے میں ہضم کے لیے روکتی ہے۔
ماسی - (و - ا - مونث) ماں کی بہن - خالہ۔
ماش - (و - ا - مذکر) اُڑد - ایک قسم کا اناج۔
ماشہ - (ما - شہ) (ف - ا - مذکر) آٹھ رتی کا وزن۔
ماشہ بھر - (۱) ایک ماشے کی مقدار (۲) ذرا سا - تھوڑا سا۔
ماشہ تولہ ہونا - ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
ماضی - (ع - صفت) (۱) گزرا ہوا (۲) (مذکر و مونث) مصدر سے بنا ہوا فعل - وہ فعل جس سے گزشتہ زمانہ ثابت ہو۔
ماضی احتمالی (شکیہ) - وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک ہو - مثلاً بکر آیا ہوگا۔
ماضی استمراری (ناتمام) - وہ ماضی جس میں زمانۂ گزشتہ میں کسی فعل کا لگاتار واقع ہونا ظاہر ہو - جیسے کھاتا تھا یا کھا رہا تھا۔
ماضی بعید - وہ ماضی جس سے دُور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے آیا تھا۔
ماضی تمنائی (شرطی) - وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے جیسے کاش وہ آتا۔
ماضی قریب - وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے - جیسے حمید آیا ہے۔
ماضی مطلق - وہ ماضی جس میں زمانے کے قریب و بعید ہونے کا لحاظ نہ ہو بلکہ مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے - جیسے

Marfat.com

باسط آیا۔
ماکولات۔ (ع۔ا۔مذکر) ماکول کی جمع۔ کھانے کی چیزیں۔
ماکیاں۔ (ما۔کی۔یاں) (ف۔ا۔مونث) مُرغی۔ (یہ لفظ متروک ہے)۔
ماگھ۔ (س۔ا۔مذکر) ہندی گیارھویں مہینے کا نام۔
مال۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو حرکت کرتی ہے۔ (۲) (پن) کشتیوں کا موٹا رسّا۔
مال۔ (MALL) (انگ۔ا۔مونث) شہر کی بڑی سڑک۔ ٹھنڈی سڑک۔
مال۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) دھن۔ دولت (۲) اسباب۔ جائداد۔ (۳) سوداگری کی چیزیں (۴) مویشی (۵) نفیس کھانا۔ قیمتی طعام (۶) ایک ہی عدد کے باہمی ضرب سے جو حاصل ہو۔ جیسے سولہ چار کا مال ہے۔
مال اُڑانا۔ (۱) روپیہ لٹانا (۲) لذیذ چیزیں کھانا۔ (۳)۔ غبن کرنا۔
مالِ برآمد۔ (۱) وہ مال جو دساور کو بھیجا جائے (۲) چوری کا مال جو ملزم سے واپس لیا گیا ہو۔
مالِ حرام بُود بجائے حرام رفت۔ (مثل) جیسی بُری کمائی تھی ویسی ہی بُری جگہ خرچ ہوئی۔
مال خانہ۔ (مذکر) گودام۔ ذخیرہ۔ بھنڈار۔ کوٹھی۔ جنس گھر۔
مال دار۔ دولت مند۔ دھنی۔ روپے والا۔
مال داری۔ (مونث) دولت مندی۔ تونگری۔ ثروت۔
مال زادہ۔ حرام زادہ۔ بھڑوا۔
مال زادی۔ (۱) رنڈی۔ بازاری عورت (۲) کسبی۔ نائکہ۔
مال سائر۔ مال گزاری کے علاوہ چُنگی، سڑک، مدرسہ وغیرہ کے محاصل۔
مال ضامن۔ روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار
مال ضمانتی۔ مال کی ضمانت۔
مال ضبطی۔ سرکاری حکم سے قبضہ کیا ہُوا مال۔ قُرق کیا ہُوا مال۔
مالِ طیّب۔ پاکیزہ مال۔ حلال کی کمائی۔
مالِ عرب پیشِ عرب۔ (مثل) اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے۔
مالِ غنیمت۔ دشمن کا وہ مال جو لڑائی میں ہاتھ آئے۔
مال گاڑی۔ (مونث) وہ ریل گاڑی جس میں مال روانہ کیا جاتا ہے۔
مال گزار۔ مال گزاری ادا کرنے والا۔
مال گزاری۔ (مونث) زمین کا لگان۔ زمین کا سرکاری محصول۔
مالِ لاوارث۔ وہ مال جس کا کوئی وارث اور خریدار نہ ہو۔
مال مارنا۔ قبضہ کرنا۔ ٹھگنا۔ فریب سے لینا۔ چوری کرنا۔
مال مارُو۔ غبن کرنے والا۔ خورد بُرد کرنے والا۔ خائن۔ غاصب۔
مالِ محمولہ۔ مال جو بذریعہ گاڑی یا جہاز دوسری جگہ لاد کر لیجائیں۔
مال مست۔ دولت کے نشے میں سرشار۔ دولت پر مغرور۔
مالِ مسروقہ۔ وہ مال جو چوری کیا جائے۔
مالِ مفت۔ محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال۔
مالِ مفت دلِ بے رحم۔ (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب دوسرے کا مال بے دریغ صرف کیا جائے۔
مالِ مقروقہ۔ وہ مال جو قرق کیا گیا ہو۔
مالِ مُوذی نصیبِ غازی۔ (مثل) بخیل کا مال کسی کے لٹنے پر بولتے ہیں۔
مال وقف۔ وہ مال جو خدا کے نام پر عام استعمال کے لیے چھوڑ دیا جائے مثلاً مسجد۔ مندر۔ سرائے وغیرہ۔
مال ومتاع۔ سامان اور روپیہ پیسہ۔ دولت و اسباب وغیرہ۔
مالا۔ (ہ۔ا۔مذکر و مونث) (۱) ہار۔ (۲) ہندوؤں کی تسبیح۔
مالا پھیرنا (جپنا)۔ تسبیح پڑھنا۔ سمرن جپنا۔
مالا مال۔ (ا۔صفت) (۱) دولت مند (۲) بہت کثرت سے۔ (۳) لبریز۔ بھرا ہوا۔
مالا مال کر دینا۔ امیر بنا دینا۔ دولت مند بنا دینا۔
مالٹ۔ (MALT) (انگ۔ا۔مذکر) شراب سازی کے لیے تیار کیے ہوئے جَو یا کوئی اور اناج۔ شیرہ۔
مالٹا۔ (مال۔ٹا) (ا۔ا۔مذکر) ایک مشہور پھل۔
مالسری۔ (مال۔س۔ری) (س۔ا۔مونث) ایک راگنی جو بعد دوپہر اگھن پوس میں گائی جاتی ہے۔
مالش۔ (ف۔ا۔مونث) (۱) ملنا۔ رگڑنا (۲) متلی۔ جی کا متلانا۔
مالک۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) صاحب۔ آقا۔ (۲) خدائے تعالےٰ۔ (۳) شوہر (۳) قابض (۴) مختار (۵) حضرت امام مالکؒ فقہ کے بہت بڑے امام۔ جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں۔
مالکُ الملک۔ (۱) ملک کا مالک (۲) خدائے تعالیٰ۔
مالکِ حقیقی۔ اصلی مالک۔ خداوند تعالےٰ۔
مالکِ خود کاشت۔ اپنی زمین خود بونے والا مالک۔
مالکِ علی الاطلاق۔ مالکِ مطلق۔ ہر کام کا مالک۔ اللہ۔
مالکانہ۔ (ما۔لِ۔کا۔نہ) (ف۔صفت) (۱) مالک کے طور پر (۲) (مذکر) حقِ زمین جو کاشتکار سالانہ یا ماہانہ نقدی یا جنس کی صورت میں زمین دار کو ادا کرتا ہے۔
مالکن۔ (مال۔کن) (ا۔ا۔مونث) مالک کی تانیث۔ (۱) گھر والی۔ بیگم (۲) کسی چیز کی مالک (عورت)۔
مال کوس۔ (مال۔کوس) (ہ۔ا۔مذکر) ایک راگ۔
مالکی۔ (ما۔ل۔کی) (ع۔صفت) حضرت امام مالکؒ سے منسوب۔ حضرت امام مالکؒ کا پیرو۔
مالن۔ (ما۔لن) (ہ۔ا۔مونث) مالی کی بیوی۔ پھول بیچنے والی۔
مالوف۔ (ما۔لوف) (ع۔صفت) الفت کیا گیا۔ عزیز۔ پیارا۔
مالی۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) باغبان (۲) ایک قوم جو باغبانی کرتی ہے۔
مالی۔ (ع۔صفت) مال سے منسوب۔
مالیاتی۔ (ما۔ل۔یا۔تی) (ا۔صفت) مال کے متعلق۔ مالی معاملات سے متعلق
مالیت۔ (ما۔لی۔یت) (ف۔ا۔مونث) (۱) سرمایہ۔ دولت۔ (۲) قیمت (۳) وقعت۔
مالیخولیا۔ (ما۔لی۔خو۔ل۔یا) (ف۔ا۔مذکر) ایک قسم کا جنون۔ خفقان۔
مالیدہ۔ (ما۔لی۔دہ) (ف۔صفت) (۱) ملا ہوا (۲) (مذکر) ایک قسم کا پشمینے کا کپڑا (۳) ملیدہ۔ چورما۔
مالیہ۔ (ما۔ل۔یہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) مالیت (۲) مال گزاری۔

Marfat.com

**ماما**۔ (ت۔ا۔مونث) (۱) ماں (۲) بوڑھی عورت (۳) باورچن۔ (۴) خادمہ۔ دائی (۵) کنیز۔ باندی۔

**ماما اصیل**۔ (مونث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔

**ماماگری۔ ماماگیری**۔ (مونث) خدمت گاری کا پیشہ۔

**ماما**۔ (ہ۔ا۔مذکر) ماں کا بھائی۔ ماموں۔

**مامتا**۔ (مام۔تا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) محبت (۲) ماں کی محبت۔

**مامن**۔ (ما۔من) (ع۔ا۔مذکر) پناہ گاہ۔ جائے امن۔

**مامو۔ ماموں**۔ (اُ۔ا۔مذکر) ماں کا بھائی۔ ماما۔

**مامور**۔ (ع۔صفت) (۱) مقرر۔ متعین (۲) اجازت دیا گیا۔

**مامون**۔ (ع۔صفت۔و۔ا۔مذکر) محفوظ۔

**مامی**۔ (ہ۔ا۔مونث) ماموں کی بیوی۔ ممانی۔

**ماں**۔ (ہ۔ا۔مونث) اماں۔ والدہ۔ ماما۔

**ماں بہن کرنا**۔ کسی کو ماں بہن کی گالی دینا۔

**ماں پر پوت پتا پر گھوڑا۔ بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا**۔ (مثل) اولاد اپنے ماں باپ پر ہوتی ہے۔

**ماں ٹینی باپ کلنگ۔ بچے نکلے رنگ برنگ**۔ (مثل) دوغلی اور بدأطوار اولاد یا نالائق خاندان کے متعلق کہتے ہیں۔

**ماں جایا**۔ برادرِ حقیقی۔ سگا بھائی۔

**ماں جائی**۔ ہمشیر۔ سگی بہن۔

**ماں چیل باپ کوا**۔ (مثل) کم اصل۔ دوغلہ۔

**ماں سے سوا چاہے، پھا پھا کٹنی کہلائے**۔ (مثل) ماں سے زیادہ پیار جتانا کسی خاص غرض سے ہوتا ہے

**ماں کا دُودھ**۔ (۱) شیرِ مادر (۲) حلال۔ جائز۔

**مان**۔ (ف۔ا۔مذکر) گھر۔ خانہ (مرکبات میں جیسے خانمان)

**مان**۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) گھمنڈ۔ غرور (۲) عزت۔

**مان کرنا**۔ (۱) آؤ بھگت کرنا (۲) غرور کرنا۔

**مانجنا**۔ (مانج۔نا) (ہ۔مص) (۱) صاف کرنا۔ برتن ملنا (۲) بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا۔

**مانجھا**۔ (ماں۔جھا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) وہ کلف دار مسالا جو ڈور پر تیزی کے لیے پھیرتے ہیں (۲) وہ ضیافت جو دولھا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے۔ (۳) مائیوں کا زرد جوڑا۔

**مانجھی**۔ (ماں۔جھی) (ہ۔ا۔مذکر) ملاح۔ کشتی چلانے والا۔

**ماند**۔ (ہ۔صفت) جس کی آب و تاب اور چمک جاتی رہے۔

**ماند پڑ جانا**۔ آب و تاب نہ رہنا۔ مدھم ہو جانا۔ رنگ پھیکا پڑ جانا۔ رنگ کی شوخی جاتے رہنا۔

**ماندگی**۔ (ماں۔د۔گی) (ف۔ا۔مونث) (۱) تکان۔ تھکن۔ (۲) بیماری۔

**ماندہ**۔ (ماں۔دہ) (ف۔صفت) (۱) تھکا ہوا۔ (۲) پیچھے رہا ہوا۔

**مانڈی**۔ (ماں۔ڈی) (ہ۔ا۔مونث) اُبلے ہوئے چاولوں کی پیچ۔ کلف۔

**مانسون**۔ (MONSOON) (انگ۔ا۔مونث) موسمی ہوائیں جو گرمیوں میں بحرِ ہند سے جنوب مغرب کو چلتی ہیں۔ اور بارش لاتی ہیں۔

**مانع**۔ (ع۔ا۔مذکر) منع کرنے والا۔ روکنے والا۔

**مانع آنا**۔ روکنا۔ منع کرنا۔ مزاحم ہونا۔ معترض ہونا۔

**مانع عفونت**۔ جراثیم کش ادویہ جو عمل جراحی میں استعمال ہوتی ہیں۔

**مانگ**۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر (۲) طلب (جیسے ایسی چیزوں کی بڑی مانگ ہے)۔ (۳) ضرورت۔ خواہش (۴) مانگنا کا حاصل مصدر۔

**مانگ بھرنا**۔ (۱) مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا (۲) بیاہ دینا۔

**مانگ پٹی**۔ (مونث) بالوں کی درستی۔ کنگھی چوٹی۔ بناؤ سنگار۔

**مانگ تانگ کر کام چلانا**۔ ادھر ادھر سے لے لوا کر کام نکالنا۔ ادھر اُدھر سے پورا کر کے گزارہ کرنا۔ قرض دام سے وقت گزارنا۔

**مانگ نکالنا**۔ سر کے بالوں کے بیچ میں لکیر نکالنا۔

**مانگ لینا**۔ مستعار لے لینا۔ اُدھار لینا۔

**مانگ ہونا**۔ ضرورت ہونا۔ طلب ہونا۔

**مانگا ہوا**۔ (ہ۔صفت) مستعار لیا ہوا۔ مطلوبہ۔

**مانگنا**۔ (مانگ۔نا) (ہ۔مص) (۱) طلب کرنا (۲) سگائی چاہنا۔ (۳) قرض طلب کرنا۔

**مانگے تانگے**۔ (ہ) مانگ تانگ کر۔ اُدھار لے کر۔

**مان لینا**۔ (ہ۔مص) (۱) منظور کر لینا (۲) اقرار کر لینا۔

**ماننا**۔ (مان۔نا) (ہ۔مص) (۱) تسلیم کرنا (۲) منظور کرنا۔ قیاس کرنا (۳) خیال کرنا (۴) ادب کرنا۔ (۵) کسی کے کمال کا اقرار کرنا (۶) پرستش کرنا۔ اعتقاد رکھنا (۷) بزرگوں کی ارواح کے لیے کچھ دینے کا عہد کرنا (۸) مطیع ہونا۔

**مانند**۔ (ما۔نند) (ف۔صفت) مثل۔ نظیر۔ مشابہ۔ مطابق۔ جیسا۔ (ہ) جیسا کہ۔ یا۔ (۲) (مونث) بلی۔

**مانوس**۔ (ع۔صفت) (۱) مائل۔ خوگر (۲) پسند۔ ہلا ہوا۔

**ماں نہ مان میں تیرا مہمان**۔ (مثل) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بے بلائے کسی کے یہاں آ جائے۔

**مانی**۔ (ف۔ا۔مذکر) ایک مشہور و معروف رومی نقاش جو نبوت کا دعویٰ کرتا تھا اور نقاشی کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔ کتاب ارژنگ اسی کی تصنیف ہے۔

**مانیٹر**۔ (MONITOR) (ما۔نی۔ٹر) (انگ۔ا۔مذکر)۔ جماعت کا وہ ہوشیار لڑکا جو استاد کے بعد جماعت کا انتظام کرتا ہے۔

**ماوا**۔ (ع۔ا۔مذکر) جائے پناہ۔ گھر۔ ٹھکانا۔

**ماوا**۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مادہ۔ جوہر (۲) کھویا (۳) کلف۔ مائی۔

**ماہ**۔ (ف۔ا۔مذکر) چاند۔ قمر (۲) مہینا۔

**ماہ بماہ**۔ ہر مہینے۔ ماہوار۔ ماہانہ۔

**ماہ پارہ**۔ چاند کا ٹکڑا۔ خوب صورت

**ماہ پیکر**۔ چاند جیسے جسم والا۔ محبوب کی تعریف۔

**ماہتاب**۔ (۱) چاند (۲) گنجفہ کا وزیر (۳) (مونث) چاندنی۔

**ماہتابی**۔ (مونث) (۱) ایک قسم کا تربوز (۲) چبوترہ۔ (۳) ایک قسم کا کپڑا (۴) ایک قسم کی آتش بازی۔

**ماہ تمام**۔ پورا چاند۔ چودھویں کا چاند۔ ماہ کامل۔ بدر۔

**ماہ جبیں**۔ چاند جیسی پیشانی والا۔

Marfat.com

ماہ رُخ - ماہ رُو - (۱) چاند جیسے چہرے والا (۲) سفید کبوتر۔

ماہِ صیام۔ رمضان کا مہینہ۔

ماہ طلعت - محبوب جس کا دیدار چاند کی طرح ہو۔

ماہ لقا - چاند جیسی شکل والا۔

ماہِ کامل - پورا چاند - چودھویں رات کا چاند - ماہِ تمام۔

ماہِ کنعان - کنعان کا چاند - حضرت یوسفؑ سے مراد ہے۔

ماہِ مُنیر - چمکنے والا چاند۔

ماہِ نخشب - وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے اجزائے سیمابی کی ترکیب سے بنا کر روشن کیا تھا۔

ماہِ نو - نیا چاند - ہلال۔

ماہوار - ہر مہینے - ماہ بماہ۔

ماہواری - (مونث) (۱) وظیفہ جو نوکروں کو مہینا گزرنے کے بعد دیتے ہیں (۲) حیض جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔

ماہ و سال - ہمیشہ - مدام۔

ماہ وَش - چاند کی طرح - چاند سا۔

ماہانہ - (و - صفت) (۱) ماہوار (۲) (مذکر) وہ تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے دیا جائے۔

ماہر - (ع - صفت) (۱) کامل فن - زیرک (۲) تجربہ کار۔

ماہی - (ف - ا - مونث) مچھلی۔

ماہی بان - مچھلیوں کی نگرانی کرنے والا - مچھلی گھاٹ کا چوکیدار

ماہی بے آب - وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکالی جائے - (۲) (صفت) بہت بے تاب۔

ماہی پشت - (۱) محدب - وہ چیز جو آس پاس سے نیچی اور درمیان میں اونچی ہو (۲) ایک قسم کا کارچوب جو پشتِ ماہی سے مشابہ ہوتا ہے - اس کو ماہی پشت کا جال بھی کہتے ہیں۔

ماہی کاری - (مونث) مچھلیاں پیدا کرنا اور پکڑنا۔

ماہی گاہیں - (FISHERIES) (مونث) مچھلیاں پکڑنے کی جگہ۔

ماہی گیر - (مذکر) مچھلیاں پکڑنے والا - مچھیرا۔

ماہی مراتب - (مذکر) وہ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے۔

ماہیانہ - (ا - و - یا - نہ) (ف - ا - مذکر) دیکھیے ماہانہ۔

ماہیت - (ا - ہی - یت) (ع - ا - مونث) (۱) حقیقت - کیفیت (۲) اصل - جوہر - مادّہ۔

ماء - (ع - ا - مذکر) (۱) پانی (۲) عرق۔

ماءُ الجبن - (مذکر) وہ پانی جو دودھ کو پھاڑنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

ماءُ الحیات - (مذکر) (۱) آبِ حیات (۲) کیمیاگروں کی اصطلاح میں ایک مرکب دوا کا نام جس کو دھات کے کشتے میں ملا کر آگ پر رکھنے سے دھات اپنی اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔

ماءُ اللحم - (مذکر) گوشت کا پانی جو کشید کر کے نکالا جائے۔

ماءُ الورد - (مذکر) گلاب کا عرق۔

مائدہ - (ا - ء - دہ) (ع - ا - مذکر) (۱) دسترخوان جس پر کھانا چنا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سورت۔

مائع - (ع - صفت) رقیق شے جیسے پانی - تیل وغیرہ۔

مائع پیما - (مذکر) وہ آلہ جس سے رقیق چیزوں کی پیمائش ہوتی ہے (HYDROMETER)۔

مائعات - (ع - ا - مونث) مائع کی جمع۔

مائل - (ع - صفت) (۱) راغب - متوجہ - (۲) شائق - عاشق - (۳) جھکا ہوا (۴) ڈھلوان (۵) تھوڑا سا - جیسے سیاہی مائل وغیرہ۔

ماؤف - (ا - ؤف) (ع - صفت) وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو (عضو کے لیے مستعمل ہے)۔

مائی - مادی - (ع - صفت) آبی - پانی سے نسبت رکھنے والا۔

مائی باپ - (ہ - مذکر) (۱) والدین - (۲) ولی نعمت - حاکم۔

مائی کا لال - (ہ - مذکر) (۱) اپنی ماں کا پیارا بیٹا - ماں کا لاڈلا بیٹا - (۲) بہادر - سُورما۔

مائیک - (ا - ئیک) (MIKE) (انگ - ا - مذکر) - دیکھیے مائیکروفون۔

مائیکروسکوپ - (MICROSCOPE) (انگ - ا - مونث) - خُرد بین۔

مائیکروفون - (MICROPHONE) (انگ - ا - مذکر) - آلۂ مکبّر الصوت۔

مائیوں بٹھانا - (ہ - مص) - شادی سے کچھ روز پہلے دلھا دلھن کو زرد کپڑے پہنا کر بٹھانا - خاص کر لڑکی کو ایسی جگہ بٹھا دیتے ہیں جہاں بجز اس کے ہم سنوں کے اور کوئی نہیں جاتا۔

مائیوں بیٹھنا - (مجازاً) گوشہ نشین ہونا - گھر سے باہر نہ نکلنا۔

مایا - (س - ا - مونث) (۱) خدا کی قدرت (۲) دھن - دولت۔

مایا جال - (مذکر) دولت کا چکر - حرص - لالچ - لوبھ۔

مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ، تُلسی داس گریب کی کوئی نہ پوچھے بات (مثل) دولت مند ہی کو اور دولت ملتی ہے۔

مایا کے ہیں تین نام - پرسُو - پرسا - پرس رام - (مثل) - جوں جوں انسان کے پاس دولت جمع ہوتی جاتی ہے - اُس کی عزت بڑھتی جاتی ہے۔

مایوس - (ع - صفت) (۱) نا امید - مایوس (۲) ناکام - نامراد۔

مایوسی - (ع - ا - مونث) نا امیدی - ناکامی۔

مایہ - (ا - یہ) (ف - ا - مونث) (۱) پونجی - سرمایہ (۲) اصل راس المال (۳) مادّہ - جوہر۔

مایۂ ناز - فخر و ناز کا سبب۔

## م - ب

مُباح - (ع - صفت) جائز - روا - حلال - درست - پاک۔

مباحث - (م - با - حث) (ع - ا - مذکر) بحث کی جمع - بحث کے مقامات - بحثیں۔

مُباحثہ - (م - با - حَ - ثہ) (ع - ا - مذکر) بحث - مناظرہ - سوال و جواب۔

Marfat.com

مُباوا - (مَ - با - وا) (ف - کلمۂ دعائیہ) ایسا نہ ہو - خدا نہ کرے -
مُبادلہ - (مُ - با - دَ - لَہ) (ع - ا - مذکر) ادل بدل - باہم تبادلہ کرنا -
مبادلۂ جنس - جنس دے کر جنس لینا -
مبادی - (مَ - با - دی) (ع - ا - مذکر) مبدأ کی جمع (۱) ابتدا آغاز (۲) ابتدائی اصول - بنیادی باتیں -
مبادیات - (ع - ا - مذکر) مبادی کی جمع اور مبدأ کی جمع الجمع -
مُبارِز - (مُ - با - رِز) (ع - صفت) لڑنے والا - جنگ جو -
مُبارزت - (مُ - با - رَ - زَت) (ع - ا - مونث) لڑائی - جنگ -
مُبارک - (ع - صفت) (۱) باعثِ برکت (۲) نیک - سعید -
مبارکباد - (مونث) (۱) خوش خبری (۲) دعائے خیر (۳) خدا برکت دے -
مبارکبادی - (مونث) خوش خبری - شادیانہ - تہنیت - بدھائی
مبارک سلامت - آپس میں ایک دوسرے کو مبارکباد دینا -
مُبارکی - (مُ - با - ر - کی) (ا - ا - مونث) مبارکباد -
مباشرت - (مُ - با - شَ - رَت) (ع - ا - مونث) - جماع - مجامعت -
مُبالغہ - (مُ - با - لَ - غَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) کسی بات کو بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا (۲) حد سے بڑھا جانا -
مبانی - (مَ - با - نی) (ع - ا - مذکر) مبنیٰ کی جمع - (۱) بنیادیں (۲) مکانات -
مُباہات - (ع - ا - مونث) (۱) فخر - شیخی (۲) شان و شوکت -
مُباہلہ - (ع - ا - مذکر) ایک دوسرے کے حق میں بددعا کرنا -
مُبتدا - (مُب - تَ - دا) (ع - ا - مذکر) (۱) آغاز (۲) اصطلاح علم نحو میں جملہ اسمیہ کا پہلا جزو -
مُبتدا و خبر - (۱) ابتدا و انتہا (۲) اسم اور اُس کی خبر - مُسند الیہ و مُسند -
مُبتدی - (مُب - تَ - دی) (ع - ا - مذکر) ابتدا کرنے والا - نو آموز - شروع کرنے والا - ابجد خواں -
مُبتذل - (مُب - تَ - ذَل) (ع - صفت) ذلیل - حقیر - رذیل -
مبتلا - (مُب - تَ - لا) (ع - صفت) (۱) پکڑا ہوا - (۲) پھنسا ہوا - اُلجھا ہوا (۳) فریفتہ - عاشق -
مبتلائے آفت (بلا) - مصیبت میں پھنسا ہوا -
مبتلائے عشق - عشق میں گرفتار - والہ و شیدا -
مبحث - (مَب - حَث) (ع - ا - مذکر) بحث - معاملہ -
مبدا - (مَب - دا) (ع - ا - مذکر) (۱) شروع ہونے کی جگہ - (۲) اصل - بنیاد (۳) سرچشمہ -
مبدء فیض - فیض کا سرچشمہ - خدائے تعالیٰ -
مُبدَّل - (مُ - بَد - دَل) (ع - صفت) بدلا ہوا - پلٹا ہوا - متغیر -
مبذول - (مَب - ذُول) (ع - صفت) (۱) خرچ کیا گیا - (۲) مصروف -

مُبرّا - (مُ - بَر - را) (ع - صفت) پاک - بے عیب - بری -
مُبرَّد - (مُ - بَر - رَد) (ع - ا - مذکر) سرد کیا ہوا - ٹھنڈا کیا ہوا -
مُبرِّد - (مُ - بَر - رِد) (ع - ا - مذکر) سرد کرنے والا -
مُبرِّدات - (ع - صفت) وہ دوائیں جن کی تاثیر سرد ہو -
مُبرم - (مُب - رَم) (ع - صفت) (۱) نہ ٹلنے والی - شدنی - (۲) مستحکم
مبرور - (مَب - رُور) (ع - صفت) (۱) پاک - گناہوں سے بری - (۲) مقبول - جیسے حج مبرور -
مبسوط - (مَب - سُو ط) (ع - صفت) پھیلا ہوا - کشادہ - فراخ -
مُبشِّر - (مُ - بَش - شِر) (ع - صفت) خوش خبری سنانے والا -
مُبصِّر - (مُ - بَص - صِر) (ع - صفت) (۱) دیکھنے والا - (۲) پرکھنے والا (۳) مشیر - صلاح کار -
مبعوث - (مَب - عُوث) (ع - صفت) بھیجا گیا - پیدا کیا گیا -
مبغوض - (مَب - غُوض) (ع - صفت) بغض کیا گیا - قابلِ نفرت -
مَبلغ - (مَب - لَغ) (ع - صفت) (۱) روپیہ کی رقم (۲) کل (اردو میں بضمہ میم و بکسر لام مستعمل ہے) -
مُبلّغ - (مُ - بَل - لِغ) (ع - ا - مذکر) پہنچانے والا - تبلیغ کرنے والا -
مبنا - مبنیٰ - (مَب - نا) (ع - ا - مذکر) (۱) بنیاد (۲) عمارت -
مبنی - (مَب - نی) (ع - صفت) (۱) بنیاد رکھنے کی جگہ - جس پر کسی چیز کی بنیاد ہو (۲) صرف میں وہ لفظ جس میں عامل کے آنے سے تبدیلی
مبنی ہونا - کسی بات کا کسی بات پر موقوف ہونا - منحصر ہونا -
مُبہم - (مُب - ہَم) (ع - صفت) مشکوک - گول مول بات -
مبہوت - (مَب - ہُوت) (ع - صفت) (۱) حیران - ہکا بکا -
مُبہی - (مُ - بَہ - ہی) (ع - ا - مذکر) باہ بڑھانے والا -
مُبہیات - (مُ - بَہ - ہِ - یات) (ع - صفت) مبہی کی جمع - باہ بڑھانے والی دوائیں -
مُبین - (مُ - بِین) (ع - صفت) ظاہر - صاف - روشن -
مُبیّن - (مُ - بَی - یَن) (ع - صفت) (۱) بیان کیا ہوا - (۲) نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر میں واقع ہو -
مُبیّنہ - (ع - صفت) مبیّن کی تانیث -

## م - پ

مپان - (مَ - پان) (ہ - ا - مونث) نپان - پیمائش -
مپنا - (مَپ - نا) (ہ - مص) ناپنا - پیمائش ہونا -
مپوانا - (مَپ - وا - نا) (ہ - مص) نپوانا - پیمائش کرانا -

Marfat.com

# م-ت

مت - (ہ - کلمۂ نفی) نہیں - نہ -
مت - (ہ - ا - مونث) (١) عقل (٢) رائے - نصیحت - (٣) (مذکر) مذہب -
مت دینا - رائے دینا - عقل کی بات بتانا - نصیحت کرنا -
مت ماری جانا - عقل جاتی رہنا - بے وقوف بننا -
مُتابعت - (مُ - تا - ب - عت) (ع - ا - مونث) (١) پیروی (٢) اطاعت -
مُتاثّر - (مُ - ت - اث - ثر) (ع - صفت) اثر قبول کرنے والا -
مُتاخّر - (مُ - ت - اخ - خر) (ع - صفت) پیچھے آنے والا -
مُتاخّرین - (مُ - ت - اخ - خ - رین) (ع - صفت) پیچھے آنے والے لوگ - اخیر زمانے والے
مُتاسّف - (مُ - ت - اس - سف) (ع - صفت) افسوس کرنے والا -
مَتاع - (مَ - تاع) (ع - ا - مذکر و مونث) پونجی - اثاثہ - سامان -
مُتاعی - (ع - ا - مونث) اہلِ تشیع میں وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو -
مُتامّل - (مُ - ت - ام - مل) (ع - ا - مذکر) تامل کرنے والا - سوچنے والا -
مُتانا - (ہ - مص) (١) پیشاب کرانا - (٢) (مذکر) جسم میں مثانہ -
مَتانت - (مَ - تا - نت) (ع - ا - مونث) (١) سنجیدگی (٢) زبان کا بیہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا -
مُتاہّل - (مُ - ت - اہ - ہل) (ع - صفت) بیوی بچے والا -
مُتبادر - (مُ - ت - با - در) (ع - صفت) جلد ذہن میں آنے والا -
مُتبادل - (مُ - ت - با - دل) (ع - صفت) (١) باری سے آنے یا کام کرنے والا (٢) بدل - عوض -
مُتباین - (مُ - ت - با - ین) (ع - صفت) (١) الگ - باہم مختلف - متناقض - (٢) (علم حساب) وہ عدد جس کے اجزائے ضربی نہ ہو سکیں -
مُتبحّر - (مُ - ت - بح - حر) (ع - صفت) علم کا دریا - بہت بڑا عالم -
مُتبرّک - (مُ - ت - بر - رک) (ع - صفت) برکت والا -
مُتبسّم - (مُ - ت - بس - سم) (ع - صفت) مسکرانے والا -
مُتّبع - (مُت - ت - بع) (ع - صفت) پیچھے چلنے والا - پیرو
مُتبنّیٰ - (مُ - ت - بن - نا) (ع - صفت - ا - مذکر) گود لیا ہوا - لے پالک -
مُتجانس - (مُ - ت - جا - نس) (ع - صفت) ہم جنس ہونے والا -
مُتجاوز - (مُ - ت - جا - وز) (ع - صفت) حد سے بڑھنے والا -
مُتجسّس - (مُ - ت - جس - سس) (ع - صفت) تلاش کرنے والا -
مُتحارب - (مُ - ت - حا - رب) (ع - صفت) جنگ کرنے والا -
مُتّحد - (مُت - ت - حد) (ع - صفت) متفق - ملا ہوا -

مُتحرّک - (مُ - ت - حر - رک) (ع - صفت) (١) حرکت کرنے والا (٢) وہ حرف جس پر زبر - زیر یا پیش ہو
مُتحمّل - (مُ - ت - حم - مل) (ع - صفت) صابر - برداشت کرنے والا
مُتحقّق (ع - صفت) (١) بتحقیق - تحقیق کیا گیا (٢) بکسر حائے تحقیق کرنے والا
مُتحیّر - (مُ - ت - حی - یر) (ع - صفت) حیرت زدہ - حیران -
مُتخاصم - (مُ - ت - خا - صم) (ع - صفت) لڑنے والا - مدعی - دشمن -
مُتخاصمین - (مُ - ت - خا - ص - مین) (ع - ا - مذکر) - مدعی اور مدعا علیہ -
مُتخلّص - (مُ - ت - خل - لص) (ع - صفت) تخلص رکھنے والا - موسوم -
مُتخیّلہ - (مُ - ت - خی - ی - لہ) (ع - ا - مذکر) سوچنے کی قوت - ایک دماغی قوت جس سے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں بناتا ہے - وہم - خیال - قیاس -
مُتداول - (مُ - ت - دا - ول) (ع - صفت) دست بدست پہنچی ہوئی چیز - مروج -
مُتدیّن - (مُ - ت - دی - ین) (ع - صفت) (١) دین دار (٢) امانت دار -
مُتذبذب - (مُ - ت - ذب - ذب) (ع - صفت) مذہب میں پڑنے والا - پس و پیش کرنے والا -
مُتذکرہ - (مُ - ت - ذک - کر - رہ) (ع - صفت) - ذکر کیا گیا - مذکورہ -
مُتذکرۂ بالا - جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو - مرقومہ بالا
مِتر - (س - ا - مذکر) دوست - یار -
مُترادف - (مُ - ت - را - دف) (ع - صفت) ہم ردیف وہ ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں
مُترادفات - (ع - ا - مذکر) مترادف کی جمع -
مُترتّب - (مُ - ت - رت - تب) (ع - صفت) ترتیب دیا گیا
مُترتّب - (مُ - ت - رت - تب) (ع - صفت) ترتیب پانے والا
مُترجِم - (مُ - ت - ر - جم) (ع - صفت) ترجمہ کرنے والا - جمع مترجمین
مُترجَم - (مُ - ت - ر - جم) (ع - صفت) ترجمہ کیا ہوا -
مُتردّد - (مُ - ت - رد - دد) (ع - صفت) (١) فکر مند (٢) پس و پیش کرنے والا
مُترشّح - (مُ - ت - رش - شح) (ع - صفت) ٹپکنے والا -
مُترصّد - (مُ - ت - رص - صد) (ع - صفت) امید رکھنے والا
مُترقّبہ - (مُ - ت - رق - ق - بہ) (ع - صفت) امید کی ہوئی چیز -
مُترنّم - (مُ - ت - رن - نم) (ع - صفت) گانے والا
متروک - (مَت - روک) (ع - صفت) ترک کیا ہوا - چھوڑا ہوا -
متروکات - (ع - ا - مونث) چھوڑی ہوئی چیزیں
متروکہ - (مَت - رو - کہ) (ع - صفت) ترکہ کی ہوئی - چھوڑی ہوئی -
مُتزلزل - (مُ - ت - زل - زل) (ع - صفت) ہلنے والا - جنبش کرنے والا - لرزاں -

Marfat.com

مُتَساوِی۔ (مُ۔تَ۔سا۔وی) (ع۔صف) ایک دوسرے کے مساوی۔ برابر۔

مُتَشابِہ۔ (مُ۔تَ۔شا۔بِہ) (ع۔صف) (۱) مانند۔ ہم شکل۔ (۲) مشتبہ۔ مشکوک (۳) (ہ۔مذک) بھول چوک۔ شبہ۔

متشابہ لگنا۔ شبہ میں پڑنا۔ بھول میں پڑنا۔ چوکنا۔

مُتَشابِہات۔ (مُ۔تَ۔شا۔بِ۔ہات) (ع۔ا۔مونث)۔ متشابہ کی جمع۔ قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔

مُتَشاعِر۔ (مُ۔تَ۔شا۔عِر) (ع۔صف) جو شاعر نہ ہو مگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے۔ بناوٹی شاعر۔

مُتَشَدِّد۔ (مُ۔تَ۔شَد۔دِد) (ع۔صف) سختی کرنے والا۔

مُتَشَرِّع۔ (مُ۔تَ۔شَر۔رِع) (ع۔صف) شریعت پر عمل کرنے والا۔ پابندِ شرع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔

مُتَشَکِّر۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِر) (ع۔صف) شکر ادا کرنے والا۔ شکر گزار

مُتَشَکِّک۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِک) (ع۔صف) شبہ کرنے والا۔

مُتَشَکِّل۔ (مُ۔تَ۔شَک۔کِل) (ع۔صف) شکل اختیار کرنے والا۔ صورت قبول کرنے والا۔

مُتَصادِم۔ (مُ۔تَ۔صا۔دِم) (ع۔صف) ٹکرا جانے والا۔

مُتَصَدّی۔ (مُ۔تَ۔صَد۔دی) (ع۔صف) (۱) محاسب۔ (۲) محرر۔ منشی (۳) متکلم۔

مُتَصَرِّف۔ (مُ۔تَ۔صَر۔رِف) (ع۔صف) قبضہ کرنیوالا۔

مُتَّصَف۔ (مُت۔تَ۔صَف) (ع۔صف) تعریف کیا گیا موصوف۔ جس کے ساتھ کوئی صفت لگی ہو۔

مُتَّصِف۔ (مُت۔تَ۔صِف) (ع۔صف) صفت رکھنے والا۔

مُتَّصِل۔ (مُت۔تَ۔صِل) (ع۔صف) (۱) پاس۔ قریب۔ نزدیک (۲) پے درپے۔ متواتر۔

مُتَصَنِّع۔ (مُ۔تَ۔صَن۔نِع) (ع۔صف) بناوٹ کرنے والا۔

مُتَصَوِّر۔ (مُ۔تَ۔صَو۔وِر) (ع۔صف) تصور کرنے والا۔

مُتَصَوَّر۔ (مُ۔تَ۔صَو۔وَر) (ع۔صف) تصور میں لایا ہوا۔ سوچا ہوا۔

مُتَضاد۔ (مُ۔تَ۔ضاد) (ع۔صف) برعکس۔ خلاف۔ الٹا

مُتَعارِف۔ (مُ۔تَ۔عا۔رِف) (ع۔صف) مشہور۔ معروف۔ آپس میں جان پہچان والے۔

مُتَعارِفہ۔ (مُ۔تَ۔عا۔رِ۔فہ) (ع۔صف)۔ متعارف کی تانیث۔

مُتَعاقِد۔ (مُ۔تَ۔عا۔قِد) (ع۔صف) عہد و پیمان کرنے والا۔

مُتَعاقِدین۔ (مُ۔تَ۔عا۔قِ۔دَین) (ع۔ا۔مذکر)۔ باہم معاہدہ کرنے والے۔

مُتَعال۔ (مُ۔تَ۔عال) (ع۔صف) عالی۔ بلند۔ (خدا کے لیے مستعمل ہے)

مُتَعالی۔ (مُ۔تَ۔عا۔لی) (ع۔صف) (۱) بلند۔ برتر۔ (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔

مُتَعَجِّب۔ (مُ۔تَ۔عَج۔جِب) (ع۔صف)۔ تعجب کرنے والا۔

مُتَعَدِّد۔ (مُ۔تَ۔عَد۔دِد) (ع۔صف) (۱) چند (۲) بہت۔ کئی (۳) مختلف۔

مُتَعَدّی۔ (مُ۔تَ۔عَد۔دی) (ع۔صف) (۱) حد سے بڑھنے والا۔ (۲) چھوت۔ وہ مرض جو ایک سے دوسرے کو لگے۔ (۳) نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔

متعدی امراض۔ چھوت چھات سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔

مُتَعَرِّض۔ (مُ۔تَ۔عَر۔رِض) (ع۔صف)۔ روکنے والا۔ مانع۔

مُتَعَصِّب۔ (مُ۔تَ۔عَص۔صِب) (ع۔صف) تعصب کرنے والا۔

مُتَعَفِّن۔ (مُ۔تَ۔عَف۔فِن) (ع۔صف)۔ سڑا ہوا۔ بدبودار۔ بسا ہوا۔

مُتَعَلِّق۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِق) (ع۔صف) (۱) تعلق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔ (۲) رشتہ دار۔ (۳) شامل۔ منسلک۔

مُتَعَلِّقات۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قات) (ع۔صف)۔ متعلقہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے تعلق رکھیں۔

مُتَعَلِّقہ۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قہ) (ع۔صف)۔ متعلق کی تانیث۔

مُتَعَلِّقین۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قین) (ع۔صف)۔ متعلق کی جمع۔ تعلق رکھنے والے۔ بیوی بچے۔ گھر کے لوگ (نوکر چاکر)

مُتَعَلِّم۔ (مُ۔تَ۔عَل۔لِم) (ع۔صف) طالب علم۔ تلمیذ۔

مُتعہ۔ (مُت۔عَہ) (ع۔ا۔مذکر) شیعہ مذہب میں کچھ مدت کے لیے عورت سے نکاح کر لینا۔

مُتَعَہِّد۔ (مُ۔تَ۔عَہ۔ہِد) (ع۔صف) (۱) عہد کرنے والا۔ (۲) ہم عصر۔ ایک زمانہ کے (جیسے متعاہد)

مُتَعَیِّن۔ (مُ۔تَ۔عَی۔یَن) (ع۔صف) (۱) مقرر کیا ہوا۔ (۲) کسی کام پر لگایا ہوا۔

مُتَعَیِّنہ۔ (مُ۔تَ۔عَی۔یِ۔نہ) (ع۔صف) متعین کی تانیث

مُتَغائِر۔ (مُ۔تَ۔غا۔ئِر) (ع۔صف) الگ۔ جُدا۔

مُتَغَزِّل۔ (مُ۔تَ۔غَز۔زِل) (ع۔صف) غزل گو شاعر

مُتَغَیَّر۔ (مُ۔تَ۔غَی۔یَر) (ع۔صف) بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ۔

مُتَغَیِّر۔ (مُ۔تَ۔غَی۔یِر) (ع۔صف) (۱) بدلنے والا (۲) غیر مستقل۔

مُتَفاوِت۔ (ع۔صف) فرق رکھنے والا۔ مخالف۔ متضاد۔

مُتَفَحِّص۔ (مُ۔تَ۔فَح۔حِص) (ع۔صف) (۱) تلاش کرنے والا (۲) تحقیق کرنے والا۔

مُتَفَرِّد۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِد) (ع۔صف) اکیلا۔ تنہا۔ یگانہ۔

مُتَفَرِّق۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِق) (ع۔صف) جدا جدا۔ الگ الگ۔

مُتَفَرِّقات۔ (مُ۔تَ۔فَر۔رِ۔قات) (ع۔ا۔مذکر) (۱) متفرقہ

Marfat.com

کی جمع۔ مختلف چیزیں (۲) حساب کی مختلف رقمیں۔ (۳)۔ زمین کے وہ جدا جدا اور مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔

مُتَّفِق۔ (مُت۔ تَ۔ فِق)، (ع۔صف) (۱) اتفاق کرنے والا۔ رضامند (۲) ہم خیال۔ ہم رائے۔

مُتّفِق الرّائے۔ ایک رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ۔

مُتَّفَق۔ (مُت۔ تَ۔ فَق)، (ع۔صف) اتفاق کیا ہوا۔

متّفق علیہ۔ جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے مطابق۔

مُتَّفَقَہ۔ (مُت۔ تَ۔ فَ۔ قَہ)، (ع۔صف) اتفاق کیا ہوا۔

مُتَفَکِّر۔ (مُ۔ تَ۔ فَک۔ کِر)، (ع۔صف) فکرمند۔ رنجیدہ۔ اداس۔

مُتَفَنِّی۔ (مُ۔ تَ۔ فَن۔ نی)، (ع۔صف) مکّار۔ دغاباز۔ فریبی۔

مُتَقابِل۔ (مُ۔ تَ۔ قا۔ بِل)، (ع۔صف) مقابلہ کرنے والا۔

مُتَقارِب۔ (مُ۔ تَ۔ قا۔ رِب)، (ع۔صف) ایک دوسرے کے نزدیک (۲)، (مؤنث) عروض میں ایک بحر کا نام۔

مُتَقاضی۔ (مُ۔ تَ۔ قاضی)، (ع۔صف) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔ طلب کرنے والا۔

مُتَقَدِّمِین۔ (مُ۔ تَ۔ قد۔ دِ۔ مِین)، (ع۔صف) متقدم کی جمع۔ اگلے زمانے کے لوگ۔ سابقین۔

مُتَّقی۔ (مُت۔ تَ۔ قی)، (ع۔صف) پرہیزگار۔ خداترس۔

مُتَکَبِّر۔ (مُ۔ تَ۔ کَب۔ بِر)، (ع۔صف) (۱) تکبر کرنے والا۔ مغرور۔ (۲) کمال بزرگی والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

مُتَکَلِّم۔ (مُ۔ تَ۔ کَل۔ لِم)، (ع۔صف) بات کرنے والا۔

مُتَکَلِّمِین۔ (مُ۔ تَ۔ کَل۔ لِ۔ مِین)، (ع۔صف) (۱) متکلم کی جمع۔ (۲) وہ لوگ جو مذہبی امور عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔ علم کلام کے ماہر۔

مُتَلاشی۔ (مُ۔ تَ۔ لا۔ شی)، (ا۔صف) تلاش کرنے والا۔

مُتَلاطِم۔ (مُ۔ تَ۔ لا۔ طِم)، (ع۔صف) تھپیڑے مارنے والا۔ موجزن۔

مَتْلانا۔ (مَت۔ لا۔ نا)، (ہ۔مص) قے کرنے کو جی چاہنا۔

مُتَلَوِّن۔ (مُ۔ تَ۔ لَو۔ وِن)، (ع۔صف) غیر مستقل مزاج۔

متلوّن المزاج۔ جس کا مزاج گھڑی گھڑی بدلتا رہے۔

مَتْلی۔ (مَت۔ لی)، (ہ۔ا۔مؤنث) جی متلانا۔ اُبکائی۔

مُتَمادی۔ (مُ۔ تَ۔ ما۔ دی)، (ع۔صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔

مُتَمَتِّع۔ (مُ۔ تَ۔ مَت۔ تِع)، (ع۔صف) (۱) فائدہ اٹھانے والا (۲) حج اور عمرہ دونوں ایک ہی وقت میں کرنے والا۔

مُتَمَدِّن۔ (مُ۔ تَ۔ مَد۔ دِن)، (ع۔صف) بسنے والا۔ مہذب۔

مُتَمَرِّد۔ (مُ۔ تَ۔ مَر۔ رِد)، (ع۔صف) نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔

مُتَمَکِّن۔ (مُ۔ تَ۔ مَک۔ کِن)، (ع۔صف) قرار پکڑنے والا۔ جاگزیں۔ قائم۔

مُتَمَنّی۔ (مُ۔ تَ۔ مَن۔ نی)، (ع۔صف) تمنا کرنے والا۔ خواہشمند۔

مُتَمَوِّل۔ (مُ۔ تَ۔ مَو۔ وِل)، (ع۔صف) مالدار۔ دولت مند۔

مُتَمَیِّز۔ (مُ۔ تَ۔ مَی۔ یِز)، (ع۔صف) (۱) الگ ہونے والا۔

(۲) جُدا۔

مَتْن۔ (ا) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کتاب کی اصل عبارت (۲) درمیان۔ وسط۔ درمیانی حصہ۔

مُتَنازَع۔ (مُ۔ تَ۔ نا۔ زَع)، (ع۔صف) تنازع کیا گیا۔ جھگڑا کیا گیا۔

متنازع فیہ۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔

مُتَنازَعہ۔ (مُ۔ تَ۔ نا۔ زَ۔ عَہ)، (ع۔صف) جس چیز کی بابت جھگڑا ہو۔

مُتَناسِب۔ (مُ۔ تَ۔ نا۔ سِب)، (ع۔صف) تناسب رکھنے والا۔ باہم نسبت رکھنے والا۔

مُتَناقِض۔ (مُ۔ تَ۔ نا۔ قِض)، (ع۔صف) برعکس۔ اُلٹا۔ خلاف۔

مُتَناہی۔ (مُ۔ تَ۔ نا۔ ہی)، (ع۔صف) انتہا کو پہنچنے والا۔

مُتَنَبِّہ۔ (مُ۔ تَ۔ نَب۔ بِہ)، (ع۔صف) تنبیہ کیا گیا۔ خبردار۔ آگاہ۔

مُتَنَبّی۔ (مُ۔ تَ۔ نَب۔ بی)، (ع۔صف) نبوت کا دعویٰ کرنے والا۔

مُتَنْجَن۔ (مُ۔ تَن۔ جَن)، (ت۔ ا۔ مذکر) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ۔

مُتَنَفِّر۔ (مُ۔ تَ۔ نَف۔ فِر)، (ع۔صف) نفرت کرنے والا۔

مُتَنَفِّس۔ (مُ۔ تَ۔ نَف۔ فِس)، (ع۔صف) (۱) سانس لینے والا۔ جاندار۔ (۲) انسان۔

مُتَنَوِّع۔ (مُ۔ تَ۔ نَو۔ وِع)، (ع۔صف) قسم قسم کا۔ طرح طرح کا۔ گوناگوں۔

مُتَواتِر۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ تِر)، (ع۔صف) ایک کے بعد ایک۔ یکے بعد دیگرے۔ لگاتار۔ سلسلہ وار۔ مسلسل۔

مُتَوارِث۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ رِث)، باہم میراث پانے والا۔

متوارث الامراض۔ موروثی امراض۔ ایسی بیماریاں جو بچوں کو ورثہ میں ملیں۔

مُتَوارِد۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ رِد)، (ع۔صف) باہم ایک جگہ اُترنے والا۔ ایک دوسرے کے بعد آنے والا۔

مُتَوازی۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ زی)، (ع۔صف) برابر فاصلے پر رہنے والا۔

متوازی الاضلاع۔ ایک چار اضلاع کی شکل جس کی مقابل کی طرفوں کے ہر دو جوڑے باہم متوازی ہوں۔

متوازی خطوط۔ برابر فاصلے پر دو ایسے خطوط جنہیں خواہ کتنی دور تک لے جائیں۔ وہ کہیں بھی آپس میں نہ ملیں۔

مُتَواضِع۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ ضِع)، (ع۔صف) (۱) تواضع کرنے والا۔ (۲) خاطر مدارات کرنے والا۔ آؤ بھگت کرنے والا۔

مَتْوالا۔ (مَت۔ وا۔ لا)، (ہ۔صف) مست۔ مدہوش۔ مخمور۔

مَتْوالی۔ (مَت۔ وا۔ لی)، (ہ۔صف) متوالا کی تانیث۔

مُتَوالی۔ (مُ۔ تَ۔ وا۔ لی)، (ع۔صف) لگاتار آنے والا۔ پیہم۔ متواتر۔

مُتَوَجِّہ۔ (مُ۔ تَ۔ وَج۔ جِہ)، (ع۔صف) (۱) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا (۲) مخاطب۔ (۳) مہربان۔

مُتَوَحِّش۔ (مُ۔ تَ۔ وَح۔ حِش)، (ع۔صف) (۱) وحشت میں

Marfat.com

ڈالنے والا (۲) وحشت میں پڑنے والا (۳) نفرت کرنیوالا۔

مُتَوَرِّم۔ (مُ۔تَ۔وَر۔رِم) (ع۔صفت) ورم کرنے والا۔ سوجنے والا۔

مُتوڑا۔ (مُ۔تو۔ڑا) (ہ۔صفت) بستر پر مُوت دینے والا۔

مُتَوَسِّط۔ (مُ۔تَ۔وَس۔سِط) (ع۔صفت) (۱) اوسط درجے کا۔ درمیانی۔ (۲) معمولی۔ رسمی۔ رواجی۔

مُتَوَسِّطُ الحال۔ نہ امیر نہ غریب۔ درمیانی حیثیت کا۔

مُتَوَسِّل۔ (مُ۔تَ۔وَس۔سِل) (ع۔صفت) وسیلہ ڈھونڈنے والا۔

مُتَوَطِّن۔ (مُ۔تَ۔وَط۔طِن) (ع۔صفت) وطن اختیار کرنے والا۔ باشندہ۔ ساکن۔ مقیم۔

مُتَوَفّٰی۔ (مُ۔تَ۔وَف۔فا) (ع۔صفت) وفات پایا ہُوا۔ مرا ہُوا۔ اُردو میں عام طور پر متوفی بولتے ہیں۔

مُتَوَقَّع۔ (مُ۔تَ۔وَق۔قَع) (ع۔صفت) توقع کیا گیا۔ جس کی اُمید کی گئی ہو۔

مُتَوَقِّع۔ (مُ۔تَ۔وَق۔قِع) (ع۔صفت) توقع رکھنے والا۔ اُمیدوار۔

مُتَوَکِّل۔ (مُ۔تَ۔وَک۔کِل) (ع۔صفت) توکل کرنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔ صابر۔

مُتَوَکِّلاً علی اللّٰہ۔ (ع) اللہ پر توکل کرکے۔ خدا پر بھروسا کرکے۔

مُتَوَلّی۔ (مُ۔تَ۔وَل۔لی) (ع۔صفت) منتظم۔ مُنصرم۔

متھا۔ (متھ۔تھا) (ہ۔ا۔مذکر) ماتھا۔ پیشانی۔

متھانی۔ (مَ۔تھا۔نی) (ہ۔ا۔مونث) وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں۔ (پن) مدھانی۔

متھنا۔ (متھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بلونا (۲) مکھن نکالنے کے لیے دہی کو بلونا۔ (۳) بار بار سوچنا (۴) تفتیش کرنا۔

متھنی۔ (متھ۔نی) (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے متھانی۔

متی۔ (م۔تی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) تاریخ (۲) سُود (۳) دستوری کمیشن۔

متی کاٹا۔ (مونث) وہ حساب جس کے مطابق ہنڈی پر مدت معینہ کا سُود لیتے ہیں۔

مَتِین۔ (مَ۔تِین) (ع۔صفت) (۱) مضبوط (۲) سنجیدہ۔

## م - ٹ

مُٹاپا۔ (مُ۔ٹا۔پا) (ہ۔صفت) موٹاپن۔ فربہی۔ جسامت۔

مٹاپا چڑھنا۔ جسم کا پھول جانا۔ فربہ ہونا۔

مٹانا۔ (ہ۔مص) (۱) نابود کرنا (۲) تباہ کرنا۔ (۳) منسوخ کرنا۔

مُٹائی۔ (مُ۔ٹا۔ای) (ہ۔ا۔مونث) موٹاپن۔ فربہی۔ مٹاپا۔

مُٹ بھیڑ۔ مُٹھ بھیڑ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) آمنا سامنا۔ مقابلہ۔ (۲) گتھ جانا (۳) اتفاقیہ ملاقات (اصل میں مت بھید۔ اختلاف رائے)۔

مٹر۔ (مَ۔ٹَر) (ہ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا غلہ۔

مٹر گشت۔ (مَ۔ٹَر۔گشت) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) سیر۔ ہواخوری۔ (۲) آوارہ گردی۔

مٹکا۔ (مَٹ۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) خُم۔ بڑا گھڑا۔

مٹکانا۔ (مَٹ۔کا۔نا) (ہ۔مص) گھمانا۔ پھرانا (۲) ہلانا۔ نچانا۔

مٹکنا۔ (مَ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) (۱) نخرہ کرنا (۲) گھومنا۔ ناچنا۔ نچانا۔

مٹکی۔ (مَٹ۔کی) (ہ۔ا۔مونث) چھوٹا گھڑا۔ جھلیا۔

مٹن۔ (MUTTON) (مَ۔ٹن) (انگ۔ا۔مذکر)۔ بھیڑ یا بکری کا گوشت۔

مٹن چاپ۔ انگریزی طرز کے پسندے۔

مِٹنا۔ (مِٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) ناپید ہونا (۲) تباہ ہونا۔ (۳) عاشق ہونا (۵) منسوخ ہونا۔

مٹوانا۔ (مِٹ۔وا۔نا) (ہ۔مص) مٹنا کا متعدی المتعدی۔

مٹھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مندر (۲) خانقاہ (۳) پاٹ شالہ۔ مذہبی مدرسہ۔

مِٹھ۔ (ہ۔صفت) میٹھا کا مخفف۔ شیریں۔

مُٹھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) موٹھ کا مخفف۔ مُکا۔ (۲) مُٹھی۔ (۳) قبضہ۔ دستہ۔

مٹھا۔ (مَ۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذکر)۔ پھا چھو۔

مُٹھا۔ (مُٹھ۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) بنڈل۔ گڈی (۲) قبضہ۔ دستہ۔

مٹھاس۔ (ہ۔ا۔مونث) شیرینی۔ میٹھاپن۔

مٹھائی۔ (ہ۔ا۔مونث) شیرینی۔ لڈو۔ پیڑا۔ جلیبی وغیرہ۔

مٹھو۔ (مِٹھ۔ٹھو) (ہ۔ا۔مذکر) طوطا۔

مُٹھی۔ (مُٹھ۔ٹھی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) مشت۔ چنگل (۲) لپ بھر۔

مٹھی بھر۔ لپ بھر۔ ایک مشت مقدار کے برابر۔

مٹھی گرم کرنا۔ رشوت دینا۔

مٹھی مٹھی۔ مٹھی بھر۔ لپ بھر

مٹھیاں بھرنا۔ چپی کرنا۔ پاؤں دبانا۔

مُٹھیا۔ (مُٹھ۔یا) (ہ۔ا۔مونث) (۱) ہل کی موٹھ (۲) کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔ (۳) موٹھ۔ قبضہ۔

مٹی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) زمین (۲) خاک۔ دھول (۳) خمیر۔ سرشت (بفتح اول بھی صحیح ہے)

مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے۔ جو شخص ایسا صاحب اقبال ہے کہ مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونے کی طرح فائدہ دیتی ہے۔

مٹی پلید کرنا۔ (۱) ذلیل کرنا۔ درگت بنانا (۲) ستانا۔

مٹی پلید ہونا۔ خراب ہونا۔ خوار ہونا)۔ ذلیل ہونا۔ برباد ہونا۔

مٹی خراب کرنا۔ (۱) مرے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا۔ (۲) ذلیل کرنا (۳) ستانا (۴) ہنسی اُڑانا (۵) برباد کرنا۔

مٹی دینا۔ میت کے دفن ہونے کے بعد قبر پر تھوڑی مٹی ڈالنا۔

مٹی ڈالنا۔ (۱) خاک ڈالنا (۲) چھپانا (۳) لعنت بھیجنا (۴) درگزر کرنا۔

مٹی ڈھونا۔ (۱) مزدوری کرنا (۲) سخت مصیبت اٹھانا۔

مٹی عزیز کرنا۔ (۱) اپنے ہاتھوں سے دفن کرنا (۲) گاڑنا۔ دابنا۔

Marfat.com

مٹی کا پُتلا۔ (مذکر) خاکی جسم (مجازاً) انسان۔
مٹی کا پنجر۔ (مذکر) خاکی قالب۔ خاکی جسم۔
مٹی کا تیل۔ ایک قسم کا بدبودار تیل جو زمین سے نکلتا ہے۔
مٹی کا مادھو۔ (مذکر) احمق۔ بے وقوف۔
مٹی کرنا۔ (۱) خراب کرنا (۲) میلا کرنا (۳) بے لطف کرنا۔ ٹھنڈا کر دینا۔
مٹی کے مُول۔ نہایت سستا۔ کوڑیوں کے مول۔
مٹی سے ڈالنا۔ بار بار آنا جانا۔
مٹی میں مل جانا۔ (۱) خاک میں مل جانا (۲) جسم کا خاک ہو جانا۔
مٹی ہونا۔ (۱) خاک ہو جانا (۲) مُردہ دل ہو جانا (۳) شرما جانا۔ (۴) مُردہ ہو کر بے لطف ہو جانا۔
مٹیالا۔ (مَٹ۔ یا۔ لا) (ہ۔ صفت) (۱) مٹی کا بنا ہوا (۲)۔ مٹی کے رنگ کا۔ بھورا (مونث۔ مٹیالی)۔

## م - ث

مِثال۔ (ع۔ ا۔ مونث) (۱) نظیر (۲) تصویر۔ نمونہ۔
مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔
مثانہ۔ (مَ۔ ثا۔ نہ) جسم کے اندر پیشاب کی تھیلی۔
مُثبت۔ (مُث۔ بَت) (ع۔ صفت) (۱) جو منفی نہ ہو۔ جس میں فعل کا ہونا پایا جائے (۲) ثابت کیا گیا۔ مصدقہ۔
مثقال۔ (مِث۔ قال) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) ساڑھے چار ماشے وزن (۲) سونے کا ایک سکہ جو عرب میں رائج ہے۔
مَثَل۔ (مَ۔ ثَل) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) کہاوت (۲) کہانی۔
مِثل۔ (ع۔ صفت) مانند۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ یکساں۔
مِثلاً۔ (مِ۔ ثَ۔ لن) (ع۔ صفت) جیسے۔ جس طرح۔ گویا۔
مُثلّث۔ (مُ۔ ثل۔ لث) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) سہ گوشہ۔ تکون۔ وہ سطح جو تین خطوط مستقیم سے گھری ہوئی ہو۔ (۲) وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں۔ (۳)۔ زاویوں کی پیمائش کا علم۔
مثلث حادۃ الزاویہ۔ وہ مثلث جس کا زاویہ قائمہ سے کم ہو۔
مثلث قائمۃ الزاویہ۔ وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔
مثلث متساوی الاضلاع۔ وہ مثلث جس کے سب ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مثلث متساوی الساقین۔ وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔
مثلث مختلف الاضلاع۔ وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے برابر نہ ہوں۔
مثلث منفرجۃ الزاویہ۔ وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔
مُثلثی۔ (مُ۔ ثل۔ لَ۔ ثی) (ع۔ صفت) تکونا۔ تکونیا۔ تکھونٹا۔
مُثلہ۔ (مُث۔ لہ) (ع۔ صفت) کان اور ناک کاٹنا۔

مُثمّن۔ (مُ۔ ثَم۔ مَن) (ع۔ صفت) (۱) ہشت پہلو۔ آٹھ ضلعوں کا (۲) اصطلاح عروض میں ایک وزن جس کے آٹھ رکن ہوتے ہیں۔
مُثنّٰی۔ (مُ۔ ثن۔ نا) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) ثانی۔ دُوسرا۔ (۲)۔ نقل مطابق اصل (۳) جوڑ۔ جوڑا۔ جُفت۔
مثنّٰی بہ۔ وہ اصل جس سے نقل کی گئی ہو۔
مثنوی۔ (مَث۔ نَ۔ وی) (ع۔ ا۔ مونث) نظم کی ایک قسم جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے۔

## م - ج

مُجادلہ۔ (مُ۔ جا۔ دَ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔
مجاز۔ (مَ۔ جاز) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) حقیقت کے برعکس۔ (۲) کسی کلمے کے غیر حقیقی معنی اصلی معنوں کی مناسبت کے ساتھ جیسے مٹی کے اصلی معنی خاک اور مجازی معنی موت (۳) بااختیار۔ اختیار دیا گیا۔
مجازِ مرسل۔ (مذکر) علم بیان میں وہ صنعت بیانیہ جس میں مسبب سے سبب۔ کل سے جزو، لازم سے ملزوم، ذکر سے صاحب ذکر اور ظرف سے مظروف مراد لیے جا سکتے ہیں۔
مجاز ہونا۔ مختار ہونا۔ کسی بات کو کر سکنے کی طاقت رکھنا۔
مجازی۔ (مَ۔ جا۔ زی) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) غیر حقیقی۔ غیر اصلی (۲) فرضی۔ مرادی (۳) نقلی۔ مصنوعی۔
مجال۔ (مَ۔ جال) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) چکر دینے کا میدان۔ جولانگاہ (مجازاً) طاقت۔ بساط۔ حوصلہ۔
مجالس۔ (ع۔ ا۔ مونث) مجلس کی جمع۔
مجامع۔ (مَ۔ جا۔ مِع) (ع۔ ا۔ مذکر) مجمع کی جمع۔
مُجامعت۔ (مُ۔ جا۔ مَ۔ عَت) (ع۔ ا۔ مونث) ہم بستری جماع۔
مُجانست۔ (مُ۔ جا۔ نَ۔ سَت) (ع۔ ا۔ مونث) ہم جنسی ہم قومی۔
مُجاور۔ (مُ۔ جا۔ وِر) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پڑوسی (۲) کسی خانقاہ یا درگاہ کا جھاڑو دینے والا۔
مُجاہد۔ (ع۔ صفت) (۱) کوشش کرنے والا (۲) کافروں سے جہاد کرنے والا۔
مُجاہدہ۔ (مُ۔ جا۔ ہَ۔ دَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کوشش (۲) نفس کشی۔ ریاضت۔
مجاہدین۔ (مُ۔ جا۔ ہِ۔ دین) (ع۔ صفت) مجاہد کی جمع۔
مجبور۔ (مَج۔ بُور) (ع۔ صفت) ناچار۔ تنگ۔ بے بس۔
مجبوراً۔ (مَج۔ بُو۔ رَن) (ا۔ تابع فعل) مجبور ہو کر۔ عاجز آ کر۔
مجبوری۔ (مَج۔ بُو۔ ری) (ا۔ ا۔ مونث) عاجزی۔ بے بسی۔ ناچاری۔
مُجتبیٰ۔ (مُج۔ تَ۔ با) (ع۔ صفت) چُنا ہوا۔ منتخب۔
مُجتمع۔ (مُج۔ تَ۔ مِع) (ع۔ صفت) اکٹھا۔ جمع کیا ہوا۔

Marfat.com

مُجتَنِب - (مُج-تَ-نِب) (ع - صف) اجتناب کرنے والا - دور رہنے والا -

مُجتَہِد - (مُج-تَ-ہِد) (ع - صف) (۱) جدوجہد کرنے والا (۲) درست راستہ نکالنے والا - (۳) فرقہ امامیہ کا فقیہ - (۴) اجتہاد کرنے والا - کتاب اور سنت سے دینی مسائل نکالنے والا -

مَجد - (ع - صف) بڑائی - بزرگی - شرف - عظمت -

مُجَدِّد - (مُ-جَد-دِد) (ع - صف) پرانے کو نیا کرنے والا -

مُجَدِّدِ اَلفِ ثانی - دوسرے ہزار برس کا مجدد - حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کا لقب -

مُجَدِّدِ وَقت - وہ کامل بزرگ جو ہر صدی کے شروع میں پیدا ہوتا اور مسلمانوں میں رائج شدہ غلطیوں کی اصلاح کرتا ہے -

مَجذُوب - (مَج-ذُوب) (ع - صف) (۱) خدا کی محبت میں غرق (۲) بے ہوش - مست (۳) دیوانہ - پاگل -

مَجذُوب کی بڑ - (مونث) بے معنی باتیں - بے سر و پا باتیں - مجنونانہ بکواس -

مَجذُور - (مَج-ذُور) (ع - صف) کسی عدد کو اسی عدد سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب آئے اسے مجذور کہتے ہیں - جیسے چار کا مجذور سولہ ہے -

مُجرا - (مُج-را) (ع - ا - مذکر) (۱) کٹوتی - منہائی (۲) کورنش - تسلیمات (۳) مرثیہ جو رباعی، غزل، قطعہ یا قصیدے کے طور پر کہا جاتا ہے اور اس کے مطلع میں مجرا یا سلام کا لفظ لایا جاتا ہے - (۴) ناچ رنگ رقص -

مُجرا ہونا - (۱) ناچ گانا ہونا - (۲) وضع ہونا - حساب میں لگایا جانا -

مُجرائی - (مُج-را-ای) (ف - ا) (۱) سلام کرنے والا (۲) درباری (۳) مرثیہ خوان (۴) (مونث) وصولی -

مُجَرَّب - (مُ-جَر-رَب) (ع - صف) تجربہ کیا ہوا - آزمایا ہوا - آزمودہ -

مُجَرَّبات - (مُ-جَر-رَ-بات) (ع - ا - مذکر) مجرّبہ کی جمع - تجربہ کی ہوئی چیزیں -

مُجَرَّد - (مُ-جَر-رَد) (ع - صف) (۱) اکیلا (۲) وہ شے جو مادہ سے پاک ہو (۳) غیر شادی شدہ -

مُجَرَّدات - (مُ-جَر-رَ-دات) (ع - ا - مذکر) (۱) مجرّد کی جمع - غیر جسمانی وجود - غیر محسوس چیزیں (۲) ملائک ارواح -

مُجَرَّدی - (مُ-جَر-رَ-دی) (ف - صف) کنوارا پن - تنہائی - تجرّد -

مُجرِم - (مُج-رِم) (ع - ا - مذکر) جرم کرنے والا - گنہگار - پاپی -

مَجرُوح - (مَج-رُوح) (ع - صف) زخمی -

مَجسٹریٹ - (MAGISTRATE) (مَ-جِسٹ-ریٹ) (انگ - ا - مذکر) حاکم فوجداری -

مَجسٹریٹی - (مَ-جِسٹ-رے-ٹی) (انگ - ا - مونث) مجسٹریٹ کا عہدہ -

مُجَسَّم - (مُ-جَس-سَم) (ع - صف) (۱) جسم والا - وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو (۲) سر سے پاؤں تک - سراپا -

مُجَسَّمہ - (مُ-جَس-سَ-مَہ) (ع - ا - مذکر) بت -

مُجَسَّمہ ساز - مٹی اور پتھر کے بت بنانے والا -

مُجَسَّمہ سازی - (مونث) بت بنانے کا کام -

مُجَلّا - (مُ-جَل-لا) (ع - صف) جلا کیا ہوا - چمکایا ہوا - صاف کیا ہوا -

مُجَلَّد - (مُ-جَل-لَد) (ع - صف) جلد بندھا ہوا -

مَجلِس - (مَج-لِس) (ع - ا - مونث) (۱) بیٹھنے کی جگہ - (۲) انجمن - مجمع - وہ جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو - (۳) شہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع -

مجلسِ انتظامیہ (منتظمہ) - انتظام کرنے والی جماعت - (انگ: ایگزیکٹو کونسل بورڈ)

مجلس خانہ - (مذکر) (۱) حضرت امام حسین علیہ السلام کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مکان (۲) دربار - دیوانِ عام -

مجلسِ شوریٰ - مشورہ کرنے والی مجلس - مجلسِ مشاورت -

مجلسِ عاملہ - منتخب ارکان کی جماعت جو عملی طور پر مجلس کی کارکردگی کی ذمہ دار ہوتی ہے - (ورکنگ کمیٹی) -

مجلسِ قائمہ - مستقل کمیٹی جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے (سٹینڈنگ کمیٹی) -

مجلس کرنا - (۱) جلسہ کرنا (۲) ماتم حضرت امام حسین علیہ السلام کے لیے جلسہ کرنا -

مُجَلَّہ - (مُ-جَل-لَہ) (ع - ا - مذکر) رسالہ - میگزین -

مَجمَع - (مَج-مَع) (ع - ا - مذکر) (۱) مجلس - جلسہ - (۲) ہجوم - بھیڑ -

مجمع اخلاق - اچھے اوصاف کا مجموعہ -

مجمع البحرین - وہ جگہ جہاں سمندر یا دو دریا ملتے ہوں -

مجمع الجزائر - بہت سے جزیروں کا مجموعہ -

مُجمَل - (مُج-مَل) (ع - صف) مختصر - خلاصہ - اختصار -

مُجمَلاً - (مُج-مَ-لَن) (ع) اجمال کے طور پر - مختصر طریقے سے -

مَجمُوعہ - (مَج-مُو-عَہ) (ع - صف) (۱) جمع کیا ہوا - (۲) (مذکر) ذخیرہ - مخزن - کلیات (۳) بنڈل - گٹھا -

مجموعۂ تعزیراتِ پاکستان - قانون کی وہ کتاب جس میں پاکستان میں ہونے والے جرائم کے لیے سزاؤں کا قانون درج ہے -

مجموعۂ تعزیراتِ ہند - وہ کتاب جس میں انگریزی حکومت نے اہلِ ہند کے لیے سزاؤں کے قانون درج کیے تھے -

مَجمُوعی - (مَج-مُو-عی) (ع - صف) تمام - یک جا طور پر - اکٹھا -

مَجنُون - (مَج-نُون) (ع - صف) (۱) دیوانہ - پاگل - (۲) قیس عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا -

مجنوں کو لیلیٰ کا کتا بھی پیارا - (مثل) جس سے محبت ہو

Marfat.com

اُس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔
**مُجَوِّز** - (مُ-جَوْ-وِز) (ع-صف) (۱) تجویز کرنے والا۔ (۲) جائز رکھنے والا۔
**مُجَوِّزانِ قانُون** - (ع-صف-ا-مذکر) قانون بنانے والے۔
**مُجَوَّزَہ** - (مُ-جَوْ-وَ-زَہ) (ع-صف) تجویز کیا ہوا۔ مقررہ۔
**مَجُوس** - (مَ-جُوس) (ف-ا-مذکر) مجوسی کی جمع - آتش پرست۔
**مَجُوسی** - (مَ-جُو-سی) (ف-ا-مذکر) آتش پرست۔ گبر۔ زردشت کا پیرو۔
**مُجَوَّف** - (مُ-جَوْ-وَف) (ع-صف) اندر سے خالی۔ کھوکھلا۔
**مُجھ** - (ہ) ضمیر متکلم۔ ایک کلمہ جو اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے۔
**مجھ سے** - (۱) میری ذات سے (۲) مجھ جیسے۔
**مجھ کو** - مجھے - میری ذات کو۔
**مَجْہُول** - (مَج-ہُول) (ع-صف) (۱) نامعلوم - (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) سُست - نکما (۴) جبرو مقابلہ میں نامعلوم رقم۔
**مجہول النسب** - وہ شخص جس کے حسب نسب میں شبہ ہو۔
**مَجھولا** - (مَ-جھو-لا) (ہ-صف) (۱) منجھلا - بیچ کا - (۲) - بڑا دیگچہ۔
**مَجھولی** - (مَ-جھو-لی) (ہ-صف) مجھولا کی تانیث۔
**مُجھی** - (مُ-جھی) (ہ) مجھ ہی کا مخفف۔
**مُجھے** - (مُ-جھے) (ہ) مجھ کو - میری ذات کو۔
**مُجِیب** - (مُ-جِیب) (ع-صف) (۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا۔ (۳) خدا تعالیٰ کا نام۔
**مُجیبُ الدّعوات** - دعائیں قبول کرنے والا - خدا تعالیٰ۔
**مَجِیٹھ** - (مَ-جیٹھ) (ہ-ا-مونث) ایک قسم کی سرخ لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں - ایک دوا۔
**مَجِید** - (مَ-جِید) (ع-صف) بزرگ - اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک نام۔
**مَجِیرا** - (مَ-جی-را) (ہ-ا-مذکر) پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے بجاتے ہیں۔

## م - چ

**مَچان** - (مَ-چان) (ہ-ا-مونث) (۱) وہ تختہ یا لکڑیاں جو دیوار میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے لگاتے ہیں (۲) درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں (۳) باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں اور فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے - ٹانڈ۔
**مَچانا** - (ہ-مص) رچانا - مچا کرنا۔
**مُچَلکہ** - (مُ-چَل-کَہ) (ت-ا-مذکر) (۱) عہد نامہ (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد جو ملزم کی طرف سے ہو۔
**مچلکہ لینا** - کسی امر کے نہ کرنے کا تحریری اقرار نامہ۔
**مَچَلنا** - (مَ-چَل-نا) (ہ-مص) (۱) ضد (۲) رونا۔
**مَچنا** - (مَچ-نا) (ہ-مص) (۱) رچنا - بسنا (۲) عمل میں آنا۔
**مُچنا** - (مُچ-نا) (ہ-مص) بند ہونا - مُندنا۔
**مَچھَر** - (مَچھ-چھر) (ہ-ا-مذکر) ایک چھوٹا سا پردار کیڑا - پشہ۔
**مَچھلی** - (مَچھ-لی) (ہ-ا-مونث) (۱) ماہی - مچھلی (۲) انسان کے گوشت کے بازو (۳) حیوانات کی پنڈلی کا گوشت۔
**مچھلی کی طرح تڑپنا** - بہت بے چین ہونا - از حد بے قرار ہونا۔
**مُچھَندَر** - (مُ-چھن-دَر) (ہ-صف) (۱) بڑی بڑی مونچھوں والا۔ (۲) بچھو (۳) مسخرہ - بیوقوف۔
**مَچھوا** - (مَچھ-وا) (ہ-ا-مذکر) ماہی گیر - مچھلیاں پکڑنے والا۔
**مَچھی** - (مَچھ-چھی) (ہ-ا-مونث) مچھلی۔
**مچھی بھون** - (مذکر) (۱) بادشاہوں یا امیروں کے محل کا وہ تالاب جس میں مچھلیاں پالی جاتی ہیں۔
**مَچھیرا** - (مَ-چھے-را) (ہ-ا-مذکر) مچھلیاں پکڑنے والا - ماہی گیر۔
**مُچھَیل** - (مُ-چھیل) (ہ-صف) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

## م - ح

**مُحابا** - (ع-ا-مذکر) ڈر - خوف۔
**مَحاذ** - (ع-ا-مذکر) (۱) لڑائی کی جگہ (۲) سامنے - مقابل۔
**محاذ جنگ** - لڑائی کا میدان۔
**مُحارَبَہ** - (مُ-حا-رَ-بَہ) (ع-ا-مذکر) لڑائی - جنگ - معرکہ۔
**مُحاسِب** - (ع-ا-مذکر) (۱) اکاؤنٹنٹ - حساب دان (۲) - پڑتال کرنے والا۔
**محاسب اعلیٰ** - محاسبوں کا سب سے بڑا افسر - آڈیٹر جنرل۔
**مُحاسَبَہ** - (مُ-حا-سَ-بَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) حساب - پڑتال - (۲) بازپرس - پوچھ گچھ۔
**محاسبہ کرنا** - (۱) حساب طلب کرنا (۲) بازپرس کرنا۔
**مَحاسِن** - (ع-ا-مذکر) حُسن کی جمع - اچھائیاں۔
**مُحاصِر** - (مُ-حا-صِر) (ع-صف) گھیرنے والا۔
**مُحاصَرَہ** - (مُ-حا-صَ-رَہ) (ع-ا-مذکر) گھیرا ڈالنا - راہ بندی - قلعہ بندی۔
**محاصرہ اٹھانا** - ناکہ بندی چھوڑ دینا - گھیرا اٹھا لینا۔
**محاصرہ میں آجانا** - ہر طرف سے گھر جانا - قلعہ بند ہو جانا۔
**مُحاصِرِین** - (ع-ا-مذکر) محاصر کی جمع۔
**مَحاصِل** - (ع-ا-مذکر) محصول کی جمع مگر اردو میں واحد بھی مستعمل ہے (۱) پیداوار کا محصول - لگان (۲) خراج (۳) آمدنی - نفع۔
**مُحافِظ** - (ع-صف) حفاظت کرنے والا - نگران - پاسبان۔
**محافظ حقیقی** - اصل حفاظت کرنے والا - خدا تعالیٰ۔
**محافظ خانہ** - (مذکر) وہ مکان جس میں فیصل شدہ مسلیں اور کاغذات رکھے جاتے ہیں۔
**محافظ دفتر** - (مذکر) نگران دفتر - مسلوں کی حفاظت رکھنے والا۔
**مُحافَظَت** - (مُ-حا-فَ-ظَت) (ع-ا-مونث) حفاظت۔

Marfat.com

رکھوالی۔
محافل۔ (ع - ا - مونث) محفل کی جمع۔
مِحَافہ۔ (مُ - حا - فہ) (ع - ا - مذکر) ڈولی - ڈولا - فینس - پالکی۔
محاق۔ (ع - ا - مذکر) یہ لفظ م کے زیر، زبر اور پیش تینوں طرح صحیح ہے۔ (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن جو پندرھویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں۔ (۳) ماہ قمری کی آخری تین تاریخیں جن میں چاند نظر نہیں آتا۔
محاق میں آنا۔ چاند کا زوال شروع ہونا۔
مُحاکات۔ (ع - ا - مونث) (۱) باہمی بات چیت - باہمی داستان گوئی۔ (۲) کسی چیز یا حالت کی نقل کرنا۔
محال۔ (مَ - حال) (ع - ا - مذکر) (۱) محل کی جمع (۲) جائداد غیر منقولہ - پرگنہ۔
مُحال۔ (ع - صفت) غیر ممکن - ان ہونی۔
مُحالات۔ (ع - صفت) محال کی جمع - ناممکن باتیں۔
محامد۔ (ع - ا - مونث) محمدت کی جمع - اچھائیاں۔
مُحاورات۔ (مُ - حا - وَ - رات) (ع - ا - مذکر) - محاورہ کی جمع۔
مُحاورہ۔ (مُ - حا - وَ - رہ) (ع - ا - مذکر) (۱) باہمی گفت گو۔ (۲) وہ کلمہ یا کلام جسے اہل زبان نے لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لیے مخصوص کر لیا ہو (۳) مشق - مہارت۔
مُحِب۔ (مُ - حِب) (ع - ا - مذکر) محبت کرنے والا - دوست۔
مُحِبّانہ۔ (مُ - حب - با - نہ) (ا ت صفت) دوست کی مانند۔
مَحبّت۔ (مَ - حَب - بَت) (ع - ا - مونث) پیار - عشق۔
محبت آمیز۔ محبت بھرا۔
محبت کا دم بھرنا۔ عشق ظاہر کرنا - دوستی کا دعویٰ کرنا۔
مَحبَس۔ (مَح - بَس) (ع - ا - مذکر) قید خانہ - زنداں۔
محبوب۔ (مَح - بُوب) (ع - صفت) (۱) دوست (۲) معشوق۔
محبوبہ۔ (مَح - بُو - بہ) (ع - صفت) پیاری - معشوقہ۔
محبوبی۔ (مَح - بُو - بی) (ع - ا - مونث) پیارا پن - معشوقی۔
محبوبیت۔ (مَح - بُو - بی - یت) (ع - صفت) پیارا ہونا - پیارا پن۔
محبوس۔ (مَح - بُوس) (ع - ا - مذکر) حبس میں رکھا گیا - قید کیا۔
مُحتاج۔ (مُح - تاج) (ع - صفت) (۱) حاجت مند (۲) لولا - لنگڑا - اندھا۔
محتاج خانہ۔ (مذکر) وہ جگہ جہاں غریب، اپاہج اور معذور رکھے جاتے ہیں۔
مُحتاجی۔ محتاجگی۔ (مُح - تاج - گی) (۱) افلاس - غریبی (۲) - دست نگری۔
مُحتاط۔ (مُح - تاط) (ع - صفت) (۱) وہ شخص جو ہر معاملے میں احتیاط برتے - احتیاط سے چلنے والا۔
مُحترز۔ (مُح - تَ - رِز) (ع - صفت) احتراز کرنے والا - پرہیز کرنے والا۔

مُحترم۔ (مُح - تَ - رَم) (ع - صفت) جس کا احترام کیا جائے معزز - بزرگ۔
مُحتسِب۔ (مُح - تَ - سِب) (ع - ا - مذکر) (۱) حساب لینے والا (۲) وہ حاکم جو خلافِ شرع باتوں کی مخالفت کرے۔ قاضی - کوتوال۔
مُحتشم۔ (مُح - تَ - شَم) (ع - صفت) احتشام والا - امیر - رئیس۔
محجوب۔ (مَح - جُوب) (ع - صفت) (۱) پوشیدہ - مخفی۔ (۲) شرمندہ۔
مُحدّب۔ (مُ - حَد - دَب) (ع - صفت) اُبھرا ہوا - اُبھروال۔
مُحدّث۔ (مُ - حَد - دِث) (ع - ا - مذکر) علم حدیث کا جاننے والا۔
محدود۔ (مَح - دُود) (ع - صفت) حد کیا گیا - گھِرا ہوا - مقید۔
محدود ذمہ داریاں مشترکہ سرمائے کی کمپنی کے حصہ داروں کی ذمہ داری یا وہ ذمہ داریاں جو اُن کے حصص کی نامزد رقم تک محدود ہوں۔
محذوف۔ (مَح - ذُوف) (ع - صفت) حذف کیا گیا - علیحدہ کیا ہوا۔
محراب۔ (مِح - راب) (ع - ا - مونث) (۱) وہ کمان نما جگہ جہاں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے (۲) ڈاٹ۔
محراب دار۔ کمان کی مانند - قوس نما - گول۔
محراب گہ۔ (مونث) مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔
محرابی۔ (ف - صفت) محراب والی - محراب کی طرح۔
مُحرّر۔ (مُ - حَر - رِر) (ع - ا - مذکر) تحریر کرنے والا - لکھنے والا۔
مُحرّرہ۔ (مُ - حَر - رَہ) (ع - صفت) تحریر کیا ہوا - لکھا ہوا - مرقومہ۔
مُحرّری۔ (مُ - حَر - رِ - ری) (ع - ا - مونث) (۱) لکھنے کا کام۔
مُحرّف۔ (مُ - حَر - رَف) (ع - صفت) (۱) بدلا ہوا - تحریف کیا گیا (۲) بکسر سوم - تحریف کرنے والا۔
مُحرِق۔ (مُح - رِق) (ع - صفت) جلا دینے والا۔
مُحرِقہ۔ (مُح - رِ - قہ) (ع - صفت) محرق کی تانیث۔
مُحرّک۔ (مُ - حَر - رِک) (ع - صفت) (۱) حرکت دینے والا۔ (۲) اکسانے والا۔
محرم۔ (مَح - رَم) (ع - ا - مذکر) ایسا قریبی رشتہ دار جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو (۲) رازدار - ہمراز (۳) (ف - ا - مونث) انگیا۔
محرم اسرار۔ پوشیدہ باتوں کا جاننے والا۔
محرم راز۔ راز سے آگاہ - ہم راز - رازدار۔
مُحرّم۔ (مُ - حَر - رَم) (ع - ا - مذکر) (۱) حرام کیا گیا (۲) تعظیم کیا گیا (۳) اسلامی سال کا پہلا مہینا - وہ مہینا جس میں حضرت امام حسین علیہ السّلام شہید کیے گئے۔
مُحرّمات۔ (مُ - حَر - رَ - مات) (ع - صفت) محرم کی جمع - وہ باتیں جن سے روکا گیا ہے - منع کی ہوئی چیزیں۔
محروسہ۔ (مَح - رُو - سہ) (ع - صفت) نگہبانی کیا گیا - ماتحت کیا گیا۔
محروم۔ (مَح - رُوم) (ع - صفت) (۱) حرام کیا گیا (۲) بے نصیب - ناکام - ناامید۔

Marfat.com

محرُوم الارث - وہ جو وراثت سے خارج کر دیا جائے۔
محرومی - محرومیّت - (ف - ا - مونث) ناامیدی - مایوسی - ناکامی۔
محزُون - (مَح - زُون) (ع - صفت) غمگین - رنجیدہ - مغموم - دلگیر۔
محسن - (مُح - سِن) (ع - صفت) احسان کرنے والا۔
محسن کُش - احسان کرنے والے کے ساتھ بُرائی کرنے والا۔
محسُوب - (مَح - سُوب) (ع - صفت) وضع کیا گیا - حساب میں لگایا گیا۔
محسُود - (مَح - سُود) (ع - صفت) حسد کیا گیا - رشک کیا گیا۔
محسُوس - (مَح - سُوس) (ع - صفت) (۱) وہ شے جو حواسِ خمسہ میں سے کسی کے ذریعہ معلوم ہو (۲) ظاہر - معلوم -
محسوس ہونا - حس میں آنا - معلوم ہونا - پہچانا جانا۔
محسوسات - (مَح - سُو - سات) (ع - صفت) محسوسہ کی جمع - وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔
محشر - (مَح - شَر) (ع - ا - مذکر) (۱) میدانِ حشر (۲) قیامت۔
محشر خرام - جس کا چلنا قیامت برپا کرے۔
محشّی - (مُ - حَش - شا) (ع - صفت) حاشیہ چڑھا ہوا - شرح کے ساتھ۔
مُحصّل - (مُ - حَص - صِل) (ع - صفت) محصول کرنے والا۔
مُحصنات - (مُح - صَ - نات) (ع - صفت) مُحصنہ کی جمع - نیک بیویاں - باعصمت بیویاں۔
مُحصنہ - (مُح - صَ - نہ) (ع - صفت) پارسا عورت - نیک بیوی -
محصُور - (مَح - صُور) (ع - صفت) گھرا ہوا - قلعہ بند۔
محصُورین - (مَح - صُو - رِین) (ع - صفت) محصور کی جمع۔
محصُول - (ع - ا - مذکر) (۱) ٹیکس - (۲) لگان۔
محصُولی - (ف - صفت) قابلِ محصول شے - محصول کیے جانے کے قابل۔
محض - (ع - صفت) (۱) فقط - (۲) نرا (۳) بالکل - تمام۔
محضر - (مَح - ضَر) (ع - ا - مذکر) (۱) وہ کاغذ جو قاضی کی مہر سے مزین کیا گیا ہو (۲) وہ کاغذ جس پر کسی بات کے لیے لوگ اپنے دستخط اور مہریں ثبت کریں - عام درخواست۔
محضر نامہ - (مذکر) متفقہ عرضداشت۔
محظُوظ - (مَح - ظُوظ) (ع - صفت) بہرہ مند - خوش - مسرور -
محفل - (مَح - فِل) (ع - ا - مونث) مجلس - جلسہ - انجمن - سبھا -
محفلِ رقص و سرود - ناچ گانے کی مجلس۔
محفلِ عروسی - شادی کی محفل۔
محفل کرنا - جلسہ کرنا - مجلس کرنا۔
محفُوظ - (مَح - فُوظ) (ع - صفت) (۱) حفاظت کیا گیا (۲) صحیح سلامت۔
مُحقّر - (مُ - حَق - قَر) (ع - صفت) حقیر - ذلیل۔
مُحقّق - (مُ - حَق - قِق) (ع - ا - مذکر) تحقیق کرنے والا - حکیم - فلسفی۔
مُحققانہ - (مُ - حَق - قِ - قا - نہ) (ف - صفت) تحقیق کی رُو سے۔

مُحققین - (مُ - حَق - قِ - قِین) (ع - ا - مذکر) محقق کی جمع۔
محک - (مَ - حَک) (ع - ا - مونث) کسوٹی - وہ سیاہ پتھر جس پر سونا چاندی پرکھا جاتا ہے (نیز بکسرِ اوّل)۔
مُحکم - (مُح - کَم) (ع - صفت) مضبوط - مستحکم - پائدار۔
مُحکمات - (مُح - کَ - مات) (ع - ا - مونث) قرآن مجید کی وہ آیات جن کے معنی صاف اور واضح ہیں۔
محکمہ - (مَح - کَ - مَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) حکم کرنے کی جگہ - عدالت (۲) صیغہ - سررشتہ - ڈیپارٹمنٹ۔
محکُوم - (مَح - کُوم) (ع - صفت) تابع - ماتحت - زیر فرمان۔
محل - (مَ - حَل) (ع - ا - مذکر) (۱) منزل - قصر (۲) موقع - وقت (۳) (ا - ا - مونث) ملکہ - بیگم۔
محلِ خطر - خطرے کی جگہ۔
محل دار - ایک عہدہ دار جو محل کا محافظ ہوتا ہے۔
محل دارنی - محل کی پہرہ دار عورت - قلماقنی۔
محل سرا - (مونث) بادشاہوں، نوابوں کا زنان خانہ - حرم سرا۔
محلِ نظر - فکر و تامل کی جگہ - جائے غور - موقعِ اعتراض۔
محلات - (مَ - حَل - لات) (ع - ا - مذکر) محل اور محلے کی جمع۔
محلُول - (ع - صفت) حل کیا ہوا۔
محلّہ - (مَ - حَل - لَہ) (ع - ا - مذکر) (بضمِ اوّل غلط العام ہے) شہر کا کوئی حصہ - ٹولہ - پورہ۔
محلّہ دار - (۱) محلہ کا چودھری (۲) ایک محلے کے رہنے والے۔
مُحمّد - (مُ - حَم - مَد) (ع - صفت) بہت تعریف کیا گیا - (۲) (مذکر) پیغمبرِ اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک۔
محمل - (مَح - مِل) (ع - ا - مذکر) کجاوا - اونٹ کا ہودہ۔
محمل نشین - کجاوے میں بیٹھا ہوا - محمل میں بیٹھنے والا۔
محمُود - (مَح - مُود) (ع - صفت) تعریف کیا گیا۔
محمُول - (مَح - مُول) (ع - صفت) (۱) لادا گیا - اٹھایا گیا - (۲) گمان کیا گیا (۳) علم منطق میں وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے۔
محمول علیہ - جس پر قیاس کیا جائے۔
مِحن - (مِ - حَن) (ع - ا - مونث) محنت کی جمع - تکلیفیں۔
محنت - (مِح - نَت) (ع - ا - مونث) (۱) تکلیف - (۲) کوشش - مشقت (۳) مزدوری - (۴) کام کی اُجرت۔
محنت ٹھکانے لگنا - کوشش کا پھل ملنا۔
محنتِ شاقہ - سخت محنت - دشوار کام - سعیِ بلیغ۔
محنت کش - محنت کرنے والا - جفاکش - مزدور۔
محنتانہ - (مِح - نَ - تا - نہ) (ا - ا - مذکر) محنت کا صلہ - وکیل کی فیس۔
محنتی - (مِح - نَ - تی) (ا - صفت) (۱) محنت کرنے والا (۲) - مزدور - قلی۔
محو - (ع - صفت) (۱) زائل - معدوم - مٹا ہوا - (۲) فریفتہ - (۳) مٹایا ہوا۔
محو کر دینا - (۱) مٹا دینا - بھلا دینا۔
محو ہو جانا - (۱) فکر میں ڈوب جانا (۲) مٹ جانا۔

Marfat.com

مِحوَر - (مِح - وَر) (ع - ا - مذکر) دُھرا جس پر پہیّا گردش کرتا ہے -
محورِ زمین - قطبین کے درمیان وہ فرضی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے -
محوری طاقتیں - دُوسری جنگِ عظیم میں نازی جرمنی اور فسطائی اٹلی کے اتحاد کا نام -
مُحَوَّلہ - (مُ - حَ - وَّ - لَہ) (ع - صفت) حوالے کیا گیا - سپرد کیا گیا -
محولۂ بالا - جس کا حوالہ اُوپر دیا گیا ہو - متذکرہ بالا -
محویّت - (مَح - وی - یَت) (ف - ا - مونث) خیال میں گُم - غرق ہونا -
مُحیِی - (مُ - حیِ) (ع - صفت) زندہ کرنے والا -
مُحیِی الدّین - دین کو زندہ کرنے والا -
مُحَیّر - (مُ - حَیْ - یِر) (ع - صفت) حیران کرنے والا -
مُحیّرُ العقول - عقل کو حیرانی میں ڈالنے والا - عجیب و غریب -
مُحیط - (مُ - حِیط) (ع - صفت) (۱) گھیرنے والا (۲) (مذکر) دائرہ کا گول خط (۳) چکر - گھیرا (۴) دریا -
مُحیی - (مُح - یِی) (ع - صفت) مخلوق کو زندہ رکھنے والا - اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام -

## م - خ

مَخارِج - (مَ - خا - رِج) (ع - ا - مذکر) مخرج کی جمع -
مُخاصِم - (ع - ا - مذکر) خصومت کرنے والا - دشمن -
مُخاصمانہ - (مُ - خا - صِ - ما - نہ) (ف - صفت) دشمنی سے -
مُخاصمت - (مُ - خا - صَ - مَت) (ع - ا - مونث) - دشمنی - مخالفت -
مُخاطَب - (ع - ا - مذکر) جسے خطاب کیا جائے - جس سے بات کی جائے -
مُخاطِب - (ع - ا - مذکر) خطاب کرنے والا - بات کرنے والا -
مُخالِف - (ع - ا - مذکر) (۱) دشمن - مدعی (۲) (صفت) برخلاف - برعکس - اُلٹا -
مُخالفت - (مُ - خا - لِ - فَت) (ع - ا - مونث) (۱) دشمنی - (۲) - اختلاف -
مُخبِر - (مُخ - بِر) (ع - ا - مذکر) خبر دینے والا - جاسُوس -
مخبرِ صادق - سچے خبر رساں - حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم -
مُخبری - (مُخ - بِ - ری) (ف - ا - مونث) جاسُوسی -
مَخبُوط - (مَخ - بُوط) (ع - صفت) خبطی - مجنوں - بدحواس -
مخبوط الحواس - دیوانہ - پاگل - سودائی -
مُختار - (مُخ - تار) (ع - صفت) (۱) با اختیار - مجاز (۲) ولی - سرپرست (۳) ایجنٹ - وکیل -
مختارِ عام - وہ گماشتہ جسے مہمات کے کرنے کا اختیار دیا گیا ہو -
مختارِ کار - کام کرنے کا مجاز - سربراہ کار - مہتمم -
مختار کرنا - اختیار دینا - اجازت دینا - مجاز ٹھہرانا -
مختارِ کل (مطلق) جسے قطعی اختیار حاصل ہو - مدار المہام -
مختار نامہ - (مذکر) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو -
مختار ہونا - با اختیار ہونا - مجاز ہونا -
مُختاری - (ع - ا - مونث) مختاری کا پیشہ یا کام -
مُختَص - (مُخ - تَص) (ع - صفت) مخصوص کیا گیا -
مُختَصَر - (مُخ - تَ - صَر) (ع - صفت) (۱) اختصار کیا گیا (۲) چھوٹا -
مُختصراً - (مُخ - تَ - صَ - رَن) (ف - تابع فعل) اختصار کے ساتھ -
مُختَفی - (مُخ - تَ - فی) (ع - صفت) چھپا ہوا - پوشیدہ - خفیہ -
مُختَل - (مُخ - تَل) (ع - صفت) بگڑا ہوا - درہم برہم -
مُختَلِف - (مُخ - تَ - لِف) (ع - صفت) (۱) علیحدہ - جُدا (۲) قسم قسم کا - (۳) (بفتح لام) اختلاف کیا گیا -
مختلف فیہ - وہ جس میں اختلاف ہو -
مَختُوم - (مَخ - تُوم) (ع - صفت) (۱) مہر شدہ (۲) بند کیا ہوا -
مَختُون - (مَخ - تُون) (ع - صفت) ختنہ کیا ہوا -
مُخدَر - (مُ - خد - دَر) (ع - صفت) پردے میں رکھا ہوا -
مُخدِّر - (مُ - خد - دِر) (ع - صفت) (۱) سُن کرنے والا - (۲) نیند لانے والا -
مُخدَّرات - (ع - ا - مونث) مخدر کی جمع - پردہ نشین پردہ والیاں -
مُخدِّرات - (ع - ا - مونث) سُن کر دینے والی دوائیں - خواب آور دوائیں -
مَخدُوش - (مَخ - دُوش) (ع - صفت) خدشے سے بھرا ہوا - وسوسہ کیا ہوا -
مَخدُوم - (مَخ - دُوم) (ع - صفت - وا - مذکر) (۱) خدمت کیا گیا - بزرگ (۲) آقا - مالک - مُربّی -
مخدومہ - (مَخ - دُو - مَہ) (ع) مخدوم کی تانیث -
مُخَرِّب - (مُ - خَر - رِب) - (مُخ - رِب) (ع - ا - مذکر) خراب کرنے والا - برباد کرنے والا -
مَخرَج - (مَخ - رَج) (ع - ا - مذکر) (۱) خارج ہونے کی جگہ - نکلنے کی جگہ - منبع (۲) اصل - جڑ - مادہ -
مَخرُوطی - (مَخ - رُو - طی) (ع - صفت) گاؤ دُم - گاجر کی وضع کا -
مَخزَن - (مَخ - زَن) (ع - ا - مذکر) خزانہ - گودام -
مَخصُوص - (مَخ - صُوص) (ع - صفت) خاص کیا گیا -
مُخَطَّط - (مُ - خط - طَط) (ع - صفت) لکیروں والا - دھاری دار -
مُخطی - (مُخ - طی) (ع - صفت) جو غلطی سے خطا کرے -
مُخَفَّف - (مُ - خَف - فَف) (ع - صفت) (۱) تخفیف کیا گیا - گھٹایا گیا - (۲) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا گیا ہو - جیسے بُڈھے سے بُڈ -
مَخفی - (مَخ - فی) (ع - صفت) چھپا ہوا - پوشیدہ - خفیہ -
مخفی رکھنا (کرنا) - چھپانا - پوشیدہ رکھنا -
مخفی نہ رہے - چھپا نہ رہے - واضح ہو - معلوم ہو -
مُخِل - (مُ - خِل) (ع - ا - مذکر) خلل ڈالنے والا -
مخل ہونا - خلل ڈالنا - خلل انداز ہونا -
مُخلِص - (مُخ - لِص) (ع - صفت) (۱) خالص - سچا - (۲) - سچا دوست -
مُخلِصانہ - (مُخ - لِ - صا - نَہ) (ف - صفت) خلوص سے -
مَخلَصی - (مَخ - لَ - صی) (ف - ا - مونث) نجات - چھٹکارا -

Marfat.com

مخلوط - (خ - لُوط) (ع صفت) ملا جُلا - گڈ مڈ -
مخلوط النسل - وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو - دوغلا -
مخلوق - (خ - لُوق) (ع - صفت) (۱) پیدا کیا ہوا - (۲) - (مونث) خلق - خلقت - دُنیا -
مخلوقات - (ع - ا - مونث) مخلوقہ کی جمع - دُنیا اور دُنیا کی چیزیں -
مُخلّے - (مُ - خَل - لا) (ع - صفت) خالی کیا گیا - آزاد کیا گیا -
مُخلّی بالطبع - طبیعت پر چھوڑا گیا - بے تکلّف -
مُخمّس - (مُ - خَم - مَس) (ع - صفت) (۱) پنج گوشہ - پانچ ضلعوں والی شکل - (۲) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو -
مُخمّسات - (ع - ا - مذکر و مونث) مخمّس کی جمع -
مخمصہ - (خ - م - صہ) (ع - ا - مذکر) جھگڑا - بکھیڑا - الجھن -
مخمصے میں پڑنا - جھگڑے میں پڑنا - عذاب میں گرفتار ہونا -
مخمل - (خ - مل) (ع - ا - مونث) ایک روئیں دار کپڑا -
مخملی - مخملیں - (خ - مَ - لی) (خ - مَ - لیں) (ف - صفت) (۱) مخمل کا (۲) مخمل جیسا -
مخمور - (خ - مُور) (ع - صفت) نشے میں چُور - مست - مدہوش
مُخنّث - (مُ - خَن - نَث) (ع - صفت) ہیجڑا - زنخا -
مخول - (مَ - خَول) (اُ - ا - مذکر) مذاق - ٹھٹھا - چھیڑ خوانی -
مخولیا - (مَ - خَول - یا) (اُ - صفت) مسخرا - ظریف - ہنسوڑا -
مُخیّر - (مُ - خَی - یَر) (ع - صفت) خیرات کرنے والا - سخی -
مُخیّلہ - (مُ - خی - یِ - لَہ) (ع - ا - مذکر) خیال کرنے کی قوّت - قوّتِ خیال -

## م - د

مد - (ع - ا - مونث) (۱) کشش (۲) چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا چڑھاؤ - جزر کا نقیض (۳) پھیلاؤ - (۴) محکمہ - دفتر (۵) عنوان (۶) (مذکر) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت -
مدِ امانت - بعیغۂ امانت - رقم امانت - حساب امانت -
مدّظلّہٗ - مدظلّہٗ العالی - خدا اُس کا سایہ ہمیشہ رکھے -
مدِ فاضل - وہ مد جو بے کار ہو - فضول اور بیکار چیز -
مدِ مقابل - مخالف - حریف - برابر کی جوڑ -
مدِ نظر - وہ چیز جو نگاہ کے سامنے ہو - پیشِ نظر -
مد و جزر - جوار بھاٹا - چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ -
مد - (س - ا - مونث) (۱) خمار - نشہ (۲) شراب (۳) خوشی - (۴) غرور (۵) منی (۶) وہ پانی جو مستی کی حالت میں ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکتا ہے -
مد بھرا - مست - نشے میں چُور -
مد ماتا - (۱) مخمور - مست - (۲) مغرور (۳) جوبن پر آیا ہوا - (۴) شہوتی -
مد ماتی - مدماتا کی تانیث -
مُد - (ع - ا - مذکر) ایک پیمانہ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے -
مدّاح - (مَد - داح) (ع - صفت) تعریف کرنے والا -
مدّاحی - (ع - ا - مونث) تعریف کرنے کا فعل - مدح سرائی -
مُداخلت - (مُ - دا - خَ - لَت) (ع - ا - مونث) دخل - دست اندازی - مزاحمت - تعرّض -
مداخلتِ بے جا - کسی کے مکان یا زمین پر بغیر اس کی اجازت کے جُرم کے لیے داخل ہونا -
مداخلتِ صریح - علانیہ کسی کے گھر میں گھس آنا -
مداد - (مِ - داد) (ع - ا - مونث) روشنائی - دوات کی سیاہی -
مدار - (مَ - دار) (ہ - ا - مذکر) آکھ - آک کا درخت -
مدار - (مَ - دار) (ع - ا - مذکر) (۱) گردش کی جگہ - دھری (۲) منحصر کیا گیا - جس پر کوئی بات ٹھہری ہو - (۳) دور - دائرہ (۴) ٹھہراؤ - قیام - انحصار -
مدارُالمہام - وہ شخص جس پر امورِ سلطنت کا دار و مدار ہو - وزیرِ اعظم -
مُدارات - (ع - ا - مونث) خاطر تواضع - آؤ بھگت -
مدارج - (مَ - دا - رِج) (ع - ا - مذکر) مدرج کی جمع - درجے - رُتبے -
مدارس - (مَ - دا - رِس) (ع - ا - مذکر) مدرسہ کی جمع -
مداری - (ہ - ا - مذکر) (۱) شعبدہ باز (۲) نٹ - بازی گر -
مداریا - (مَ - دا - ریا) (ہ - ا - مذکر) حضرت شاہ مدار کے سلسلے کا پیرو -
مُدافعت - (مُ - دا - فَ - عَت) (ع - ا - مونث) - دفع کرنا - روکنا -
مُدام - (مُ - دام) (ع) (۱) ہمیشہ - سدا (۲) (مونث) - شراب -
مُداوا - (ع - ف - ا - مذکر) مُداوات کا مخفف - علاج - تدبیر - چارہ -
مُداومت - (مُ - دا - وَ - مَت) (ع - ا - مذکر) - ہمیشگی - ثبات -
مُداہنت - (مُ - دا - ہَ - نَت) (ع - ا - مونث) (۱) خوشامد - جھوٹ - نفاق (۲) سُستی -
مدائح - (ع - ا - مذکر) مدیحہ کی جمع - تعریفیں - ستائشیں -
مدائن - (ع - ا - مذکر) (۱) مدینہ (شہر) کی جمع (۲) عراق عرب کا ایک شہر جو نوشیرواں کا پایۂ تخت تھا -
مُدبّر - (مُ - دَب - بِر) (ع - صفت) (۱) تدبیر کرنے والا - عاقل - (۲) مشیر -
مُدبَّر - (مُ - دَب - بَر) (ع - صفت) (وہ دوا) جس کی اصلاح کی گئی ہو - تاکہ وہ ضرر نہ پہنچائے -
مُدبّری - (مُ - دَب - بِ - ری) (ع - ا - مونث) عقلمندی - مدبّر کا عہدہ -
مُدبّرین - (مُ - دَب - بِ - رِین) (ع صفت) مدبّر کی جمع -
مُدّت - (مُد - دَت) (ع - ا - مونث) (۱) عرصہ - میعاد (۲) وقت - زمانہ (۳) وقفہ - ڈھیل -

Marfat.com

مُدّت العمر - ساری عمر - تمام زندگی - عمر بھر - جیتے جی -
مُدّتِ مدید - زمانہ دراز - بہت زمانہ -
مدح - (ع - ا - مونث) تعریف - ستائش -
مدح خواں - ثنا خوان - تعریف کرنے والا - ستائش گر -
مدح خوانی (سرائی) (مونث) ثنا گوئی - تعریف و توصیف کرنا -
مِدحت - (مِد - حَت) (ع - ا - مونث) مدح - تعریف - ثنا - ستائش -
مدحیہ - (مَد - حی - یَہ) (ع - صفت) قابل تعریف چیز - منسوب بہ مدح -
مدخولہ - (مَد - خُو - لَہ) (ع - ا - مونث) وہ عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو -
مدد - (مَ - دَد) (ع - ا - مونث) (۱) امداد - اعانت (۲) راج - مزدور -
مددگار - مدد کرنے والا - معاون - حمایتی - مُعین -
مدد لگانا - معماروں مزدوروں کو تعمیر کے کام پر لگانا -
مُدِر - (مُ - دِر) (ع - صفت) پیشاب لانے والی دوا -
مُدَرِّس - (مُ - دَر - رِس) (ع - ا - مذکر) درس دینے والا - معلم - استاد -
مدرسہ - (مَد - رَ - سَہ) (ع - ا - مذکر) مکتب - اسکول -
مدرسۂ ابتدائی (تحتانی) - پرائمری سکول -
مدرسۂ فوقانی (فوقانیہ) - ہائی سکول -
مدرسۂ وسطی - مڈل سکول -
مُدرِّسی - (مُ - دَر - رِ - سی) (ع - ا - مونث) درس دینے کا پیشہ - معلمی -
مُدرِکہ - (مُد - رِ - کَہ) (ع - ا - مذکر) وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کر سکے - عقل اور ذہن -
مُدّعا - (مُد - دَ - عا) (ع - صفت) (۱) مدعی یعنی دعوے کیا گیا (۲) (الف - ا - مذکر) مقصد - مطلب -
مدعا بہا - وہ چیز جس کے لیے دعویٰ کیا گیا ہو -
مدعا علیہ - وہ شخص جس پر دعوے کیا جائے -
مدعو - (مَد - عُو) (ع - صفت) دعوت دیا گیا - بلایا گیا -
مُدّعی - (مُد - دَ - عی) (ع - ا - مذکر) (۱) دعوے کرنے والا - (۲) رقیب - حریف -
مدعی سُست گواہ چُست - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب خود صاحب غرض تو سستی برتے اور حمایتی سرگرمی کا اظہار کریں -
مُدّعیہ - (مُد - دَ - عی - یَہ) (ع - ا - مونث) دعوے کرنے والی عورت -
مُدغم - (مُد - غَم) (ع - صفت) ملایا گیا - تشدید کے ذریعہ ایک حرف دوسرے میں ملا ہوا -
مدفن - (مَد - فَن) (ع - ا - مذکر) دفن ہونے کی جگہ - قبر - گور -
مدفون - (مَد - فُون) (ع - صفت) دفن کیا ہوا -
مدقوق - (ع - صفت) تپ دق کا مریض -
مدک - (مَ - دَک) (ہ - ا - مونث) ایک نشہ آور چیز -
مُدلّل - (مُ - دَل - لَل) (ع - صفت) دلیل سے ثابت کیا ہوا - معقول - ٹھیک - درست -
مدلول - (مَد - لُول) (ع - صفت) دلالت کیا گیا - بتایا گیا -
مُدُن - (مُ - دُن) (ع - ا - مذکر) مدینہ کی جمع - بہت سے شہر
مدنی - (مَ - دَ - نی) (ع - صفت) شہری - مدینے سے منسوب -
مدنی الطبع - فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے والا -
مدنیت - (مَ - دَ - نی - یت) (ع - ا - مونث) شہریت - شہری پن -
مُدوّر - (مُ - دَو - وَر) (ع - صفت) دائرہ نما - گول -
مُدوِّن - (مُ - دَو - وِن) (ع - ا - مذکر) ترتیب دینے والا -
مُدوَّن - (مُ - دَو - وَن) (ع - صفت) جمع کیا ہوا - مرتب -
مدھ - (ہ - ا - مذکر) (۱) شہد (۲) شراب (نیز دیکھیے مد) -
مُدھر - (مَ - دُھر) (س - صفت) (۱) میٹھا (۲) سُریلا -
مدھم - (مَد - دَھم) (ہ - صفت) (۱) آہستہ - دھیما (۲) متوسط - (۳) نیچا - کم (۴) ہلکا -
مدہوش - (مَد - ہوش) (ف - صفت) بدمست - بے ہوش -
مدہوشی - (ف - ا - مونث) بدمستی - بے ہوشی -
مدید - (مَ - دِید) (ع - صفت) لمبا - طویل - دراز -
مُدیر - (مُ - دِیر) (ع - ا - مذکر) (۱) گھمانے والا (۲) ایڈیٹر -
مدینہ - (مَ - دی - نَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) شہر (۲) حجاز عرب کا مشہور مقدس شہر -
مدینۃ العلم - علم کا شہر - حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب -
مدیون - (مَد - یُون) (ع - ا - مذکر) قرض دار - مقروض -

## م - ڈ

مِڈل - (MIDDLE) (انگ - صفت) (۱) درمیانہ درجہ (۲) درمیان -
مڈل سکول - (MIDDLE SCHOOL) (مذکر) میٹرک سے نچلے درجے کی تعلیم کا سکول - مدرسہ وسطی -
مڈوائف - (MIDWIFE) (انگ - ا - مونث) دائی -
مڈبھیڑ - دیکھیے مُٹھ بھیڑ -

## م - ذ

مذاق - (ع - ا - مذکر) (۱) چکھنا (۲) مزہ - لذت (۳) رغبت میلان (۴) سلیقہ (۵) ہنسی - دل لگی -
مذاقِ سخن - شعر و شاعری کا سلیقہ -
مذاقاً - (مَ - ذا - قَن) (ع - تابع فعل) ہنسی سے -
مذاقیہ - (مَ - ذا - قی - یَہ) (ع - تابع فعل) (۱) ہنسی کے طور پر - ظرافتاً (۲) (صفت) دل لگی باز ظریف (۳) مذاق سے منسوب -
مُذاکرات - (مُ - ذا - کَ - رات) (ع - ا - مذکر) مذاکرہ کی جمع باتیں

Marfat.com

مُذاکرہ - (مُ - ذا - کَ - رَہ)، (ع - ا - مذکر) آپس میں بات چیت کرنا - مباحثہ۔
مذاہب - (ع - ا - مذکر) مذہب کی جمع۔
مذبح - (مَذ - بَح)، (ع - ا - مذکر) ذبح کرنے کی جگہ۔
مُذبذب - (مُ - ذَب - ذَب)، (ع - صفت) غیر مستقل مزاج - ڈانواں ڈول۔
مذبوح - (مَذ - بُوح)، (ع - ا - مذکر) (۱) ذبح کیا گیا (۲) مقتول۔
مُذکّر - (مُ - ذَک - کَر) (ع - صفت) نر - مرد۔
مذکور - (مَذ - کُور) (ع - صفت) (۱) ذکر کیا گیا (۲) ذکر - گفتگو۔
مذکورہ - (مَذ - کُو - رَہ)، (ع - صفت) جس کا ذکر ہو چکا ہو۔
مذکورہ بالا - جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں کیا گیا۔
مذلت - (مَ - ذَل - لَت)، (ع - ا - مونث) ذلت - رسوائی۔
مذمت - (مَ - ذَم - مَت)، (ع - ا - مونث) بُرائی - ہجو۔
مذموم - (مَذ - مُوم) (ع - صفت) بُرا - خراب۔
مُذنب - (مُذ - نِب) (ع - صفت) گنہ گار۔
مذہب - (مَذ - ہَب)، (ع - ا - مذکر) (۱) راستہ (۲) ایمان - (۳) ملت۔
مُذہّب - (مُ - ذَہ - ہَب)، (ع - صفت) سونے کا ملمع کیا ہوا۔
مذہبی - (مَذ - ہَ - بی)، (ف - صفت) مذہب سے متعلق۔
مذہبی سکھ - چوہڑہ جو سکھ ہو گیا ہو۔
مذی - (مَ - ذی) (ع - ا - مونث) وہ پتلا مادہ جو شہوت کے غلبہ سے نکلتا ہے۔

## م - ر

مِرا - (مِ - را)، (ہ - ضمیر) میرا کا مخفف۔
مِرآت - (مِر - آت) (ع - ا - مذکر) آئینہ - آرسی۔
مراتب - (مَ - را - تِب)، (ع - ا - مذکر) مرتبہ کی جمع۔
مراثی - (مَ - را - ثی)، (ع - ا - مذکر) مرثیہ کی جمع۔
مُراجعت - (مُ - را - جَ - عَت)، (ع - ا - مونث) واپسی - لوٹنا۔
مراحل - (ع - ا - مذکر) مرحلہ کی جمع۔
مراحم - (ع - ا - مذکر) مرحمت کی جمع - مہربانیاں۔
مراحم خسروانہ - شاہی عنایتیں - شاہی عطیات۔
مُراد - (ع - ا - مونث) (۱) مطلب - مقصد - خواہش - (۲) - منت - نذر (۳) مفہوم - منشا۔
مُراد بر آنا - پوری ہونا - حاصل ہونا، مقصد پورا ہونا۔
مراد پانا - آرزو پوری ہونا - مقصد میں کامیاب ہونا۔
مراد کو پہنچنا - مقصد میں کامیاب ہونا۔
مراد (مرادیں) مانگنا - دل کے مقصد پورا ہونے کی دعا مانگنا۔
مراد مند - خواہش مند - آرزومند - محتاج۔
مراد ہے - مطلب ہے - منشا ہے - مفہوم ہے۔
مراد ولی کے دن - شباب کا زمانہ - جوبن کا موسم۔
مُرادِف - (ع - صفت) دیکھیے مترادف۔

مُرادی - (اُر) (۱) منشا کے مطابق (۲) فرضی - اصطلاحی۔
مُراری - (س - ا - مذکر) (۱) راکشس کا دشمن (۲) کرشن جی کا لقب۔
مُراسلات - (مُ - را - سَ - لات)، (ع - ا - مذکر) مُراسلہ کی جمع۔
مُراسلت - (مُ - را - سَ - لَت)، (ع - ا - مونث) - باہمی خط و کتابت۔
مُراسلہ - (مُ - را - سَ - لَہ)، (ع - ا - مذکر) چٹھی - خط - نامہ۔
مراسم - (ع - ا - مذکر) مرسوم کی جمع - (۱) رسمیں - (۲) - میل جول۔
مُراعات - (ع - ا - مونث) کنکھیوں سے دیکھنا - (اصطلاحاً) - رعایت - لحاظ۔
مراعات النظیر - علم بدیع کی ایک صنعت جس میں کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو ایک جگہ جمع کرتے ہیں - اس کو صنعت رعایت لفظی بھی کہتے ہیں۔
مُرافعہ - (مُ - را - فَ - عَہ) (ع - ا - مذکر) اپیل۔
مرافعۂ آخر - وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو سکے۔
مرافعۂ اولیٰ - پہلی اپیل۔
مِراق - (مِ - راق)، (ع - ا - مذکر) ایک قسم کا مالیخولیا - جنون۔
مُراقبہ - (مُ - را - قَ - بَہ)، (ع - ا - مذکر) سوچ بچار - گیان - سب چیزوں کو چھوڑ کر خدا کا دھیان کرنا۔
مرام - (ع - ا - مذکر) مراد - مطلب - مقصد۔
مُربّا - (مُ - رَب - با)، (ع - ا - مذکر) وہ پھل وغیرہ جو کھانڈ کے قوام میں ملا کر رکھا گیا ہو۔
مُربّع - (مُ - رَب - بَع)، (ع - ا - مذکر) (۱) چوکھونٹا - وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں (۲) ہر چوکور چیز جس کا طول و عرض برابر ہو - (۳) ایک قسم کی نشست۔
مربوط - (ع - صفت) بندھا ہوا - وابستہ۔
مُربّی - (مُ - رَب - بی) (ع - ا - مذکر) پرورش کرنے والا - سرپرست۔
مرتا - (مَر - تا) (ہ - صفت) نیم جان - جاں بلب۔
مرتا کیا نہ کرتا - جس کی جان پر آ بنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے
مرتا ہے - (۱) بڑا شوقین ہے - عاشق ہے (۲) مر رہا ہے -
مُرتاض - (ع - ا - مذکر) ریاضت کرنے والا - عبادت میں مشقت کرنے والا۔
مُرتّب - (مُ - رَت - تَب) (ع - صفت) (۱) ترتیب دیا گیا - قرینے سے لگایا گیا (۲) اکٹھا کیا گیا۔
مُرتّب - (مُ - رَت - تِب)، (ع - صفت - و - ا - مذکر) ترتیب دینے والا۔
مرتبان - (مَر - تَ - بان)، (ا - ا - مذکر) اچار چٹنی رکھنے کے لیے چینی یا مٹی کا برتن جس پر روغن کیا گیا ہو۔
مرتبت - (مَر - تَ - بَت)، (ع - ا - مونث) مرتبہ - رتبہ - درجہ۔
مرتبہ - (مَر - تَ - بَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) درجہ - منصب - عہدہ (۲) بار - دفعہ۔

Marfat.com

مُرتَد ۔ (مُر۔تَد) (ع۔ا۔ مذکر) اسلام سے پھرا ہوا۔ منحرف۔
مُرتَسِم ۔ (مُر۔ تَ۔سِم) (ع۔صفت) نشان کیا گیا۔ خبر لگایا گیا۔
مُرتَشی ۔ (مُر۔تَ۔شی) (ع۔صفت) رشوت لینے والا۔ رشوت خور۔
مُرتَضیٰ ۔ (مُر۔تَ۔ضا) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) پسندیدہ (۲)۔ حضرت علیؓ کا لقب۔
مُرتَعِش ۔ (مُر۔تَ۔عِش) (ع۔صفت) کانپنے والا ۔ تھرتھرانے والا۔
مُرتَفِع ۔ (مُر۔تَ۔فِع) (ع۔صفت) اُونچا۔ بلند۔
مُرتَکِب ۔ (مُر۔تَ۔کِب) (ع۔صفت) (۱) ارتکاب کرنے والا۔ کسی فعل کا کرنے والا (۲) قصوروار۔ مجرم۔
مُرتَہِن ۔ (مُر۔تَ۔ہِن) (ع۔ا۔مذکر) رہن رکھنے والا۔
مرتہن قابض ۔ رہن کیے ہوئے مال یا جائداد پر قبضہ رکھنے والا۔
مرتے دم ۔ (ا ۔ و) اخیر وقت۔ حالتِ نزع میں۔ بوقتِ مرگ۔
مرتے کو ماریں شاہ مدار ۔ (مثل) غریب ہی کو ہر ایک ستاتا ہے۔
مرتے مرگیا ۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ مر گیا۔
مرثیہ ۔ (مر۔ثِ۔یہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) وہ نظم جس میں مُردے کے اوصاف بیان کیے گئے ہوں (۲) وہ نظم جس میں شہدائے کربلا کے مصائب اور شہادت کا ذکر ہو۔
مرثیہ خوان ۔ مرثیہ پڑھنے والا۔
مرثیہ خوانی ۔ (مونث) مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ خوانی۔
مرج ۔ (م ۔ رَج) (ع۔ا۔ مذکر) خرابی۔ تباہی۔ بےچینی۔
مرجان ۔ (ع۔ا۔ مذکر) مونگا۔ چھوٹا موتی۔
مُرَجَّح ۔ (مُ۔رَج۔جَح) (ع۔صفت) ترجیح دیا گیا۔ افضل۔ فائق۔
مُرَجَّز ۔ (مُ۔رَج۔جَز) (ع۔صفت) نثر کی ایک قسم جس میں ہر دو فقروں کے کلمات ہم وزن اور ہم قافیہ ہوں۔
مرجع ۔ (مَر۔جِع) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) لوٹنے کی جگہ۔ جائے پناہ ٹھکانا۔ (۲) وہ لفظ جس کی طرف ضمیر پھرے۔
مرجع خلائق۔ مرجع عام ۔ وہ شخص یا ٹھکانا جہاں سب رجوع ہوں۔
مُرجھانا ۔ (ہ۔مص) ۔ (۱) کملانا ۔ پژمردہ ہونا (۲) سوکھنا۔
مرچ ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ایک سبزی۔ فلفل (۲) (صفت) ۔ نہایت تیز۔ تُند۔
مرچیں سی لگنا ۔ جھنجھلا جانا۔ جھلا جانا۔
مرچنٹ ۔ (MERCHANT) (مَر۔چَنٹ) (انگ۔ا۔مذکر) سوداگر۔
مرحبا ۔ (مَر۔حَ۔با) (ع) شاباش۔ آفرین۔ کیا کہنا۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔
مرحلہ ۔ (مَر۔حَ۔لہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) منزل۔ بارہ میل کی مسافت۔ (۲) وہ جگہ جہاں سفر کے بعد مسافر قیام کریں۔ (۳) درجہ۔ مرتبہ۔
مرحلہ طے کرنا ۔ (۱) منزل پوری کرنا (۲) کام نمٹانا۔
مرحمت ۔ (مَر۔حَ۔مَت) (ع۔ا۔ مونث) مہربانی۔ عنایت
مرحمت فرمانا ۔ عنایت کرنا۔ کرم کرنا۔ مہربانی فرمانا۔
مرحمت نامہ ۔ (مذکر) نوازش نامہ۔ بڑے کا خط چھوٹے کے نام۔
مرحوم ۔ (ع۔صفت) (۱) رحمت کیا گیا۔ مغفور (۲) مرا ہوا۔
مرحومہ ۔ (مَر۔حُو۔مہ) (ع۔صفت) مرحوم کی تانیث۔
مرد ۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) نر۔ مذکر (۲) شخص (۳) خاوند۔
(۴) بہادر۔
مردِ آدمی ۔ شریف۔ بھلامانس۔ مہذب۔
مرد چوں پیر شود حرص جواں می گردد ۔ بڑھاپے میں حرص بڑھ جاتی ہے۔
مردِ حق ۔ ولی۔ عارف۔ پارسا۔
مردِ خدا ۔ (۱) خداشناس۔ ولی (۲) حُسنِ کلام کے لیے بھلے مانس کی جگہ اور کبھی طنز سے استعمال کرتے ہیں۔
مردِ معقول ۔ بھلامانس۔ شریف۔ مہذب۔ سمجھدار۔ دانا۔
مردِ میدان ۔ بہادر۔ دلیر۔ سُورما۔
مُردار ۔ (ف۔صفت) (۱) اپنی موت سے مرا ہوا۔ (۲) ۔ ناپاک۔ حرام (۳) حقارت کا کلمہ۔
مُردار خوار ۔ وہ جو مردہ جانوروں کو کھائے۔ گدھ۔ چیل۔ کوا وغیرہ۔
مرداں ۔ (مَر۔داں) (ف۔ا۔مذکر) مرد کی جمع۔ پہلوان۔ دلاور جوان۔
مردانگی ۔ (مَر۔دا۔نَ۔گی) (ف۔ا۔ مونث) بہادری۔ جواں مردی۔
مردانہ ۔ (مَر۔دا۔نہ) (ف۔صفت) (۱) مرد سے متعلق۔ (۲)۔ (تابع فعل) دلیری سے ۔ (۳) (مذکر) مکان کا وہ حصہ جہاں مرد بیٹھتے ہیں۔
مردانہ مکان ۔ (مذکر) وہ مکان جس میں مرد بیٹھتے ہیں۔ بیٹھک۔
مردانہ وار ۔ مردوں کی طرح۔ بہادروں کی مانند۔ دلیرانہ۔
مردانے آدمی ۔ بہادر لوگ۔ شجاع لوگ۔
مردُم ۔ (مَر۔دُم) (ف۔ا۔مذکر) (۱) مرد۔ انسان ۔ یہ لفظ اسم جنس ہے۔ واحد پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ جمع پر بھی (۲) آنکھ کی پتلی۔
مردم آزار ۔ لوگوں کو ستانے والا۔ ظالم۔ بےرحم۔ موذی۔
مردم خیز ۔ وہ مقام جہاں قابلِ دید بہادر لوگ پیدا ہوں۔
مردمِ دیدہ ۔ (مونث) آنکھ کی پتلی۔
مردم شماری ۔ (مونث) آدمیوں کی گنتی۔
مردم شناس ۔ وہ شخص جو آدمیوں کی قابلیت کو جانچ لے۔
مردم شناسی ۔ (مونث) اچھے بُرے آدمیوں کو پہچاننے کا وصف۔
مردم کُشی ۔ (مونث) انسان کو ہلاک کرنا۔
مردُمک ۔ (مَر۔دُ۔مک) (ف۔ا۔مونث) آنکھ کی پُتلی۔
مردُمی ۔ (مَر۔دُ۔می) (ف۔ا۔ مونث) (۱) بہادری۔ دلیری (۲) انسانیت۔ مروت۔
مردنگ ۔ (مِر۔دَنگ) (ہ۔ا۔مونث) ایک قسم کی ڈھولک۔
مُردنی ۔ (مُر۔دَ۔نی) (ف۔ا۔مونث) موت کے آثار۔
مُردنی چھا جانا ۔ چہرے پر موت کے آثار ظاہر ہونا۔
مردُوا ۔ (مَر۔دُ۔وا) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مرد کی تصغیر (۲) غیر شخص۔
مردُود ۔ (مَر۔دُود) (ع۔صفت) (۱) رد کیا گیا ۔ (۲) ملعون۔ نابکار۔
مُردہ ۔ (مُر۔دہ) (ف۔صفت) (۱) بےجان۔ مرا ہوا ۔ (۲) (مجازاً) کمزور۔ بہت بوڑھا (۳) لاش۔ جنازہ۔
مُردہ بدستِ زندہ ۔ (مثل) مردہ زندہ کے ہاتھ میں ۔

Marfat.com

زندہ جو چاہے اُس کا حال کرے - بے کس اور بے بس کے حق میں بولتے ہیں۔
مُردہ پرست - مُردوں کو پوجنے والا - مرنے کے بعد اہلِ علم و فن کی قدر کرنے والا۔
مُردہ خراب ہونا - میّت کی مٹی پلید ہونا - مُردہ کا رسوا ہونا۔
مُردہ دل - (۱) اُداس - آزردہ (۲) بے ذوق۔
مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام - (مثل) خود غرض کو اپنے مطلب سے کام - خواہ کوئی مرے یا جیے۔
مُردہ شو - مردہ نہلانے والا - میت کو غسل دینے والا - غسّال۔
مُردوں سے شرط باندھ کر سونا - بہت غافل سونا۔
مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا - بزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا۔
مردی - (مَر - دی) (فت - ا - مونث) (۱) بہادری - (۲) انسانیت (۳) باہ۔
مر رہنا - (مَر - رَہ - نا) (و - مص) (۱) مرجانا (۲) (مجازاً) کام میں دیر لگانا - جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا (۳) سو رہنا۔
مرز - (ف - ا - مذکر) (۱) قابل کاشت زمین (۲) سرحد۔
مرزبان - (مذکر) (۱) زمین دار (۲) سرحدی صوبہ کا گورنر (۳) شہزادہ - آتش پرستوں کا سردار۔
مرزبوم - (مذکر) (۱) پیدائش کی جگہ (۲) ملک کی حدود (۳) سلطنت۔
مِرزا - (مِر - زا) (ف - ا - مذکر) میرزا کا مخفف (۱) شہزادہ (۲) خاندانِ تیموریہ کے شہزادوں کا لقب۔
مرزا پھویا - نہایت نازک اندام آدمی - لاغر - دُبلا - پتلا۔
مِرزائی - (ف - ا - مونث) (۱) شہزادگی (۲) غرور (۳) حکومت (۴) (صفت) مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والا - احمدی (مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو) (۵) مرزا کے مذہب سے متعلق۔
مِرزائیت - (مِر - زا - ئی - یت) (اُر - صفت) احمدیت - مرزا غلام احمد قادیانی کا مذہب۔
مِرزئی - (ف - ا - مونث) پوری یا آدھی آستین کی کُرتی - واسکٹ۔
مُرسَل - (مُر - سَل) (ع - صفت) (۱) ارسال کیا گیا - بھیجا ہوا - رسول (۲) حدیث کی ایک قسم۔
مُرسَل الیہ - جس کی طرف بھیجا جائے۔
مُرسِل - (مُر - سِل) (ع - ا - مذکر) ارسال کرنے والا - خط بھیجنے والا۔
مُرسلہ - (مُر - سَ - لہ) (ع - صفت) بھیجا ہوا - فرستادہ۔
مُرسلین - (مُر - سَ - لین) (ع - ا - مذکر) مُرسَل کی جمع - بہت سے رسول۔
مُرشِد - (ع - ا - مذکر) (۱) ہدایت کرنے والا - رہنما - پیر - (۲) اُستاد - چالاک۔
مُرشد زادہ - (۱) پیر کا بیٹا (۲) بادشاہ کا رشتہ دار۔
مُرصّع - (مُ - رَص - صَع) (ع - صفت) (۱) جڑاؤ - موتی یا جواہرات جڑا ہوا (۲) آراستہ (۳) وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے مقابلہ میں دوسرا لفظ اُسی وزن یا قافیے کا ہو۔
مُرصّع ساز - مرصّع کار - نگینے یا جواہرات جڑنے والا - جڑیا۔
مُرصّع سازی - مرصّع کاری - (مونث) جڑنے کا کام - جڑت۔
مرض - (مَ - رَض) (ع - ا - مذکر) بیماری - روگ۔
مرض اُٹھ کھڑا ہونا - بیماری پیدا ہونا۔
مرض الموت - وہ مرض جس میں مبتلا ہو کر آدمی مر جائے۔
مرض لا دوا - وہ بیماری جس کا علاج نہ ہو۔
مرضی - (مَر - ضی) (ع - ا - مونث) (۱) پسندیدگی - اقرار - رضا - منظوری (۲) اجازت (۳) خواہش۔
مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ - مالک کی رضا سب سے بہتر ہے - ہر امر میں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیے۔
مرضی میں آنا - پسند ہونا - رائے کے موافق ہونا۔
مرطوب - (مَر - طُوب) (ع - صفت) تر - گیلا - بھیگا ہوا - سیلا۔
مرطوبیت - (مَر - طُو - بِیّت) (اُر - ا - مونث) تری۔
مرعوب - (مَر - عُوب) (ع - صفت) رُعب میں آیا ہوا - ڈرا ہوا۔
مرغ - (ف - ا - مذکر) ہری گھاس - سبزہ۔
مرغ زار - (مذکر) سبزہ زار - گیاہستان۔
مُرغ - (ف - ا - مذکر) پرند - مُرغا۔
مُرغ بادنما - ٹین کا بنا ہوا وہ مُرغ جو ہوا کا رُخ بتاتا ہے۔
مُرغ باز - مُرغ پالنے اور لڑانے والا۔
مرغ بازی - (مونث) مُرغ لڑانا۔
مرغ دست آموز - وہ سدھا ہوا پرند جو چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھے۔
مرغ زرّیں تاج - مُرغ زرّیں - ایک قسم کا جنگلی مُرغ۔
مرغ سدرہ - بیری پر رہنے والا پرند - مراد حضرت جبرئیلؑ۔
مرغ سلیمان - حضرت سلیمانؑ کا پرند - ہُدہُد۔
مرغ قبلہ نما - آلۂ قبلہ نما کے اندر وہ پُرزہ جو سمت بتاتا ہے۔
مرغ (مُرغے) کی ایک ہی ٹانگ - (مثل) اپنی بات کی رٹ - اپنے جھوٹے قول کی پچ - بے جا بات کی اڑ۔
مرغوں کی پالی - (مونث) وہ جگہ جہاں مُرغے لڑائے جائیں۔
مُرغا - (ہ - ا - مذکر) مُرغی کا نر - خروس۔
مُرغابی - (ف - ا - مونث) ایک آبی پرندہ۔
مُرغان - (مُر - غان) (ف - ا - مذکر) مُرغ کی جمع - پرندے۔
مرغزار - (ف - ا - مذکر) مَرغ کے تحت دیکھیے۔
مُرغّن - (مُ - رَغ - غَن) (ف - صفت) بہت سا گھی پڑا ہوا۔
مرغوب - (مَر - غُوب) (ع - صفت) (۱) پسندیدہ (۲) من بھاتا۔
مرغوب الطبع - دل کو پسند آنے والا - جو جی کو بھائے۔
مرغول - مرغولہ - (مَر - غُول) (مَر - غُو - لہ) (ف - صفت) پیچ دار - بل کھائے ہوئے۔
مُرغی - (ہ - ا - مونث) مُرغے کی مادہ - ماکیاں۔
مرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو سواد نہ آیا - (مثل) ایک شخص نے دوسرے کے لیے بے حد کوشش کی - مگر دوسرے نے کوئی قدر نہ کی۔

Marfat.com

مرغی بٹھلانا - مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
مرفوع - (مَر- فُوع) (ع - صفت) (۱) اُٹھایا گیا - بلند کیا گیا (۲) علم صرف میں وہ حرف جس پر پیش ہو (۳) (مونث) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچے۔
مرفوع القلم - وہ شخص جس کا جرم قابل باز پرس نہ ہو - دیوانہ۔
مُرفّہ - (مُ- رَف- فہ) (ع - صفت) آسودہ - خوش حال۔
مُرفّہ الحال - خوش حال - آسودہ۔
مرقد - (مَر- قد) (ع - ا - مذکر) (۱) خوابگاہ (۲) قبر - گور۔
مُرقّع - (مُ- رَق- قع) (ع - ا - مذکر) (۱) مرمت شدہ - فقیروں کی گدڑی (۲) تصویروں کی کتاب - البم۔
مرقع بن جانا - حیران ہو جانا - تصویر بن جانا۔
مرقع کھینچنا - تصویر کھینچنا۔
مرقوم - (مَر- قُوم) (ع - صفت) لکھا ہوا - لکھا گیا۔
مرقومہ - (مَر- قُو- مہ) (ع - صفت) مرقوم کی تانیث۔
مرقومۂ بالا - اوپر لکھی ہوئی۔
مَرکب - (مَر- کَب) (ع - ا - مذکر) وہ جس پر سوار ہوں - سواری۔
مرکب تازی - عربی گھوڑا۔
مُرکّب - (مُ- رَک- کب) (ع - صفت) (۱) ترکیب دیا ہوا - (۲) کئی چیزوں سے مل کر بنا ہوا۔
مُرکّبات - (ع - ت - ا - مذکر) مرکب کی جمع۔
مرکز - (مَر- کَز) (ع - ا - مذکر) (۱) کسی چیز کا درمیانی حصہ - درمیان (۲) دائرے کے بیچ کا وہ نقطہ جس سے اس کے محیط تک جتنے خط کھینچے جائیں سب آپس میں برابر ہوں۔ (۳) وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے۔
مرکز ثقل - کسی جسم کا وہ نقطہ کہ جب اس جسم کو کسی نوک دار چیز پر ٹھہرایا جائے تو اس کے سارے اجزا برابر رہیں۔
مرکز زمین - زمین کا وسطی نقطہ - مدار ارضی - دنیا کی کیلی - دنیا کی دُھری۔
مرکزہ - (مَر- کَ- زہ) (ا - ا - مذکر) مرکزی شیشہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں - (ا NUCLEUS)
مرکوز - (مَر- کُوز) (ع - صفت) (۱) گڑا ہوا (۲) (مجازاً) منظور کیا گیا - دل نشین۔
مرکوز خاطر - دل میں بیٹھا ہوا - دل نشین - دل میں جما ہوا۔
مرکھپنا - (ہ - مص) (۱) مر کر خاک میں مل جانا (۲) بہت کوشش کرنا۔
مرکھنا - (مَر- کَھ- نا) (ہ - صفت) جانور جسے سینگ مارنے کی عادت ہو۔
مُرکی - (مُر- کی) (ہ - ا - مونث) کان کا ایک زیور۔
مرگ - (ف - ا - مونث) - موت - اجل۔
مرگ اتفاقی - وہ موت جو اچانک آجائے - ناگہانی موت۔
مرگ انبوہ جشنے دارد - (مثل) عام مصیبت ایک قسم کا جشن بن جاتی ہے - دوسروں کی مصیبت دیکھ کر رنج کم ہو جاتا ہے۔
مرگ مفاجات - مرگ ناگہانی - اتفاقی موت۔
مرگ - (ہ - ا - مذکر) ہرن۔
مرگ چھالا - (مذکر) ہرن کی کھال جس پر بیٹھ کر درویش عبادت کرتے ہیں۔

مرگ نین - ہرن جیسی آنکھوں والی۔
مرگھٹ - (مَر- گھٹ) (ہ - ا - مذکر) شمشان۔
مرگھٹ کا بھتنا - مسان کا آسیب۔
مِرگی - (مِر- گی) (ہ - ا - مونث) ایک مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے۔
مر گیا مردود جس کا نہ فاتحہ نہ درود - (مثل) نکمے آدمی کی موت پر بولتے ہیں۔
مُرلی - (مُر- لی) (س - ا - مونث) - بانسری - نے - الغوزہ۔
مُرلی دھر - کرشن جی کا لقب۔
مرمّت - (مَ- رَم- مت) (ع - ا - مونث) (۱) درستی - ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا - ترمیم (۲) سزا - مار پیٹ۔
مرمت طلب - درستی کے قابل - ٹھیک ہونے کے لائق۔
مرمت کرنا - (۱) درست کرنا (۲) مارنا پیٹنا۔
مرمٹنا - (ہ - مص) (۱) قتل ہونا (۲) کمال مشقت برداشت کرنا - (۳) عاشق ہو جانا۔
مرمریں - (مَر- مَ- ریں) (ف - صفت) مرمر کی مانند۔
مُرمرا - (مُر- مُ- را) (ہ - ا - مذکر) بھنے ہوئے چاول۔
مرمر جانا - (ہ - مص) بہت مشقت اٹھانا۔
مرمر کر (کے) - (ہ - تابع فعل) بڑی مشکل سے۔
مُرمّم - (مُ- رَم- مم) (ع - ا - مذکر) ترمیم کیا ہوا - اصلاح شدہ۔
مُرمّمہ - (ع - صفت) - مرمم کی تانیث۔
مرن - (مَ- رَن) (ہ - ا - مذکر) (۱) موت (۲) مرنے کا وقت۔
مرن برت - وہ فاقہ جسے کرتے کرتے آدمی مر جائے۔
مرنا - (ہ - مص) (۱) فوت ہونا (۲) عاشق ہونا - (۳) از حد مشقت کرنا (۴) وصول نہ ہونا (۵) قماربازوں کی اصطلاح میں ہارنا - (۶) دھات وغیرہ کا کشتہ ہونا۔
مرنا جینا - (مذکر) موت - زندگی - شادی غمی۔
مرنجاں مرنج - (مَ- رَن- جاں - مَ- رَنج) (ف - صفت) (۱) نہ کسی کو رنجیدہ کرے نہ خود رنجیدہ ہو - (۲) وہ شخص جس سے کسی کو رنج نہ پہنچے۔
مُرنڈا - (مُ- رَن- ڈا) (ہ - ا - مذکر) بھنے ہوئے گیہوں وغیرہ جن میں گڑ اور گھی ملا کر لڈو بناتے ہیں۔
مرنے جوگا - (ہ - صفت) مرنے کے لائق۔
مرنے کو - مرنے کے لیے - جان دینے کو۔
مرنے کو بیٹھا ہے - موت کے قریب ہے۔
مرنے لگنا - (ہ - مص) (۱) مرنے کے قریب ہونا (۲) عاشق ہونا۔
مرنے والا - (ہ - صفت) (۱) مرنے کا ارادہ کرنے والا - (۲) وہ شخص جو مر گیا ہو۔
مروارید - (مَر- وا- رید) (ف - ا - مذکر) موتی - گوہر - دُر۔
مروارید ناسفتہ - اَن بندھا موتی۔
مروانا - (ہ - مص) ہلاک کرانا - قتل کرانا۔
مُروّت - (مُ- رُو- وت) (ع - ا - مونث) (۱) لحاظ - رعایت (۲) اخلاق - انسانیت - (بفتح را غلط العام)
مروت برتنا - اخلاق سے پیش آنا - انسانیت کا برتاؤ کرنا۔

Marfat.com

مروّت کرنا - پاس کرنا - لحاظ کرنا -
مروّت والا - بااخلاق - رحم دل -
مُروّج - (مُ - رَو - وَج) [ع - صفت] (۱) رائج کیا گیا - (۲) مستعمل -
مُروّج - (مُ - رَو - وِج) [ع - ا - مذکر] رائج کرنے والا -
مِروَحہ - (مِر - وَ - حہ) [ع - ا - مذکر] دستی پنکھا -
مُرور - (مُ - رُور) [ع - ا - مذکر] گزرنا - چلا جانا -
مروڑ - (مَ - روڑ) [ہ - ا - مونث] (۱) پیچ - خم - بل - (۲) اینٹھن (۳) پیٹ کا بل - قراقر -
مروڑ دینا - موڑ دینا - پھیر دینا -
مروڑ ڈالنا - مروڑ دینا - پھیر دینا -
مروڑا - (مَ - رو - ڑا) [ہ - ا - مذکر] پیچش - اینٹھن -
مروڑے اٹھنا - پیچش کی تکلیف ہونا -
مروڑنا - (مَ - روڑ - نا) [ہ - مص] (۱) بل دینا (۲) اینٹھنا - (۳) دبانا (۴) نچوڑ دینا (۵) توڑنا -
مروڑی - (مَ - رو - ڑی) [ہ - ا - مونث] (۱) وہ آٹا جسے روٹی پکاتے میں بتیوں کی صورت میں ہاتھ سے چھڑاتے رہتے ہیں (۲) بدن کے میل کی بتیاں - (۳) پیچ -
مروہ - (مَر - وَہ) [ع - ا - مذکر] مکہ معظمہ میں ایک پہاڑی -
مروی - (مَر - وی) [ع - صفت] روایت کیا گیا -
مرّہ - (مَر - رَہ) [ع - صفت] ایک بار - ایک دفعہ -
مرہٹا - (مَر - ہ - ٹا) [ہ - ا - مذکر] ایک قوم جو مہاراشٹر (ہندوستان) کی رہنے والی ہے -
مرہٹی - (مَر - ہَ - ٹی) (مَ - راہ - ٹی) [ہ - ا - صفت] (۱) مرہٹا سے منسوب (۲) (مونث) مرہٹی زبان -
مرہم - (مَر - ہَم) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ گاڑھی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے -
مرہم پٹی کرنا - زخم کا علاج کرنا - زخمی کا علاج معالجہ کرنا -
مرہم رکھنا (لگانا) - زخم پر مرہم لگانا -
مرہُون - (مَر - ہُون) [ع - ا - مذکر] رہن کیا گیا - گرو کیا گیا -
مرہون منت - احسان مند - ممنون - شکر گزار -
مرہُونہ - (مَر - ہُو - نہ) [ع - صفت] رہن رکھی ہوئی چیز
مرئی - (مَر - ای) [ع - صفت] دیکھی گئی - جس کو دیکھ سکیں -
مرئیات - (مَر - ای - یات) [ع - صفت] مرئی کی جمع - وہ چیزیں جو دیکھی جا سکیں -
مری - (مَ - ری) [ہ - ا - مونث] (۱) وبا - ہیضہ - طاعون - (۲) وبائے حیوانات -
مری پڑنا - وبا پھیلنا - کسی عام مرض کا پھوٹ پڑنا -
مری - [ہ - ض] میری کا مخفف
مرے پر سو دُرّے - [مثل] اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور دوسری مصیبت بھی آ جائے -
مرے پیچھے - [ا] مرنے کے بعد -
مرے کو ماریں شاہ مدار - [مثل] مصیبت زدہ کو اور ایذا پہنچانا -
مِرّیخ - (مِر - ریخ) [ع - ا - مذکر] ایک سیارہ - اسے منحوس سمجھا جاتا ہے -
مُرید - (مُ - رید) [ع - ا - مذکر] (۱) ارادہ کرنے والا - (۲) مطیع - معتقد (۳) دینی شاگرد - چیلا -
مُریدی - (مُ - ری - دی) [ع - ا - مونث] مُرید ہونا -
مریض - (مَ - ریض) [ع - صفت] بیمار - علیل - روگی -
مریضہ - (مَ - ری - ضہ) [ع - صفت] مریض کی تانیث -
مریل - (مَر - یل) [ہ - صفت] نہایت دُبلا - پتلا - کمزور - ناتواں -
مریل ٹٹو - بہت سست رفتار - نہایت کاہل -
مریم - (مَر - یَم) [ع - صفت] (۱) کنواری (۲) پاک دامن (۳) حضرت عیسےٰ کی والدہ -
مریم کا پنجہ - (ا - مذکر) ایک خوشبودار گھاس -
مرینو - (مَ - ری - نو) [اَ - ا - مذکر] اصل مرنیو (MERINO) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو مرنیو بھیڑ کے اون سے بنایا جاتا ہے -

## م - ڑ

مُڑ آنا - [ہ - مص] لوٹ آنا - واپس آنا - پلٹ آنا -
مُڑاسا - [ہ - ا - مونث] دیکھیے منڈاسا -
مُڑ جانا - [ہ - مص] (۱) واپس ہو جانا - پھر جانا (۲) جھکنا -
مُڑ مُڑ کر دیکھنا - [ہ - مص] کسی کو بار بار پھر کر دیکھنا -
مُڑنا - [ہ - مص] (۱) واپس ہونا - پلٹنا (۲) خم کھانا -
مڑھنا - (مَڑھ - نا) [ہ - مص] کھال چڑھانا - منڈھانا -
مڑھوانا - (مَڑھ - وا - نا) [ہ - مص] کھال چڑھوانا - منڈھوانا -
مڑھی - (مَ - ڑھی) [ہ - ا - مونث] (۱) جھونپڑی - (۲) چھوٹا مندر -

## م - ز

مزا - (مَ - زا) [ف - ا - مذکر] دیکھیے مزہ -
مزاج - (مِ - زاج) [ع] (۱) طبیعت (۲) خاصیت - خاصہ - (۳) عادت - خصلت (۴) جوہر - حقیقت (۵) تکبر - (۶) ناز نخرہ -
مزاج آشنا - مزاج پہچاننے والا - مزاج داں - عادت سے واقف -
مزاج ایک حال پر رہنا - طبیعت کا ایک حالت پر قائم ہونا -
مزاج ایک ہونا - طبیعتوں میں کامل موافقت ہونا -
مزاج بحال ہونا - مرض کم ہونا -
مزاج برہم ہونا - ناراض ہونا - غصہ آنا - بدمزاج ہونا -

Marfat.com

مزاج پانا-(۱) توجہ پانا-رُخ پانا (۲) رنگ طبیعت معلوم کرنا-
مزاج پُرسی کرنا- طبیعت کا حال پوچھنا-خیریت معلوم کرنا-
مزاج پہچاننا- عادت سے واقف ہونا-
مزاج دار- مغرور- متکبر- خود پسند-
مزاج داں (شناس)-طبیعت سے واقف-مزاج سے آگاہ-
مزاج شریف- مزاج عالی- مزاج مبارک- مزاج عالی-
آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ خیریت سے ہیں؟
مزاج شناسی-(مونث) کسی کی طبیعت سے واقف ہونا-
مزاج عرش پر ہونا- نہایت مغرور ہونا-
مزاج کرنا- غرور کرنا- گھمنڈ کرنا- تکبر کرنا-
مزاج کے مارے- غرور کے سبب- تکبر کے باعث-
مزاج مل جانا- طبیعت کا دوسرے کے موافق ہونا-
مزاج میں آنا-(۱) سمجھ میں آنا- (۲) اِترانا-
مزاج نہ پایا جانا- مزاج نہ ملنا- نہایت مغرور ہونا-
مزاج والا- مغرور- متکبر- گھمنڈی-
مِزاجاً-(م-زا-جَنْ) (ع) طبیعت کی رُو سے-
مِزاح-(م-زاح) (ع-ا-مذکر) ظرافت- مذاق-
مُزاحف-(م-زا-حَف) (ع-صفت) (۱) اپنی اصل سے دُور ہٹے (۲) علم عروض میں وہ رُکن جو سالم نہ رہا ہو بلکہ اس میں کچھ تغیر آ گیا ہو-
مُزاحفات-(ع-صفت-ا-مذکر) وہ بحر جن میں زحافات واقع ہوں-
مُزاحم-(م-زا-حِم) (ع-ا-مذکر) مزاحمت کرنے والا-
مُزاحم ہونا- روکنا- حائل ہونا- سدِّ راہ ہونا- مانع ہونا-
مُزاحمت-(م-زا-حَ-مت) (ع-ا-مونث) روک- ممانعت-
مزار-(م-زا-ر) (ع-ا-مذکر) زیارت کرنے کی جگہ- درگاہ- آستانہ- مقبرہ- قبر- تربت- گور-
مُزارِع-(م-زا-رِع) (ع-ا-مذکر) کسان- کاشتکار-
مزارع تابع مرضیٔ مالک- وہ کاشت کار جسے زمیندار جب چاہے نکال دے-
مزامیر-(م-زا-میر) (ع-ا-مذکر) مزمار کی جمع- مطربوں کے ساز- باجے-
مزامیر داؤد- زبور جو حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی-
مُزاولت-(م-زا-وَ-لَت) (ع-ا-مونث) کسی کام کو ہمیشہ کرنا- روزمرہ مشق-
مِزائل-(MISSILE) (صحیح میسائل) (انگ-ا-مونث) راکٹ- ایک خوفناک جنگی ہتھیار جسے ہزاروں میل دُور مقررہ مقام پر گرایا جا سکتا ہے-
مُزخرف-(م-زَخ-رَف) (ع-ا-مونث) وہ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو- بیہودہ بات-
مُزخرفات-(م-زَخ-رَ-فات) (ع-ا-مونث)- مزخرف کی جمع- جھوٹی باتیں- بناوٹی باتیں-
مُزد-(ف-ا-مونث) مزدوری- اُجرت- صلہ-
مُزدلفہ-(مُز-دَ-لِ-فہ) (ع-ا-مذکر) منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جہاں حاجی لوگ عرفات سے واپسی پر ۹ اور ۱۰ ذوی الحجہ کی رات کو قیام کرتے ہیں-
مزدور-(مز-دُور) (ف-ا-مذکر) مزدوری کرنے والا- محنتی- بوجھ اُٹھانے والا (اُردو میں بافتح مستعمل ہے)-
مزدور خوش دل کُند کار بیش- اچھی اجرت پانے والا مزدور زیادہ کام کرتا ہے-
مزدوری-(مز-دُو-ری) (ف-ا-مونث) (۱) اُجرت- محنت کا صلہ (۲) مشقت- محنتانہ-
مزرع- مزرعہ-(مز-رَع) (مز-رَ-عہ) (ع-ا-مذکر-مونث) کھیتی- کھیت- کشت-
مزرع آخرت- عاقبت کی کھیتی- نیکی- بھلائی-
مزروعہ-(مز-رُو-عہ) (ع-صفت) بویا ہوا-
مُزعفر-(م-زَع-فَر) (ع-ا-مذکر) زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ-
مزعوم- مزعومہ-(مز-عُو-م) (مز-عُو-مَہ) (ع-صفت) گمان کیا ہوا- زعم کیا ہوا-
مِزمار-(مِز-مار) (ع-ا-مذکر) باجا-
مُزمّل-(مُز-زَم-مِل) (ع-صفت) (۱) کپڑوں میں لپٹا ہوا (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ-
مُزمن-(مُز-مِن) (ع-صفت) پُرانا- کہنہ-
مُزوِّر-(م-زَوْ-وِر) (ع-ا-مذکر) (۱) جھوٹا (۲) دھوکا باز (۳) (مُزَوِّر) زیارت کروانیوالا
مزہ-(م-زہ) (ف-ا-مذکر) (۱) لذت- ذائقہ (۲) چسکا- چاٹ (۳) لطف (۴) خوشی- عیش (۵) لت- عادت (۶) تماشا (۷) گت-
مزہ آنا- لطف آنا- لذت حاصل ہونا-
مزہ (مزے) اُڑانا-(۱) عیش اڑانا (۲) بہار لوٹنا-
مزہ چکھانا-(۱) ذائقہ چکھانا (۲) سزا دینا-
مزہ کرکرا ہونا- رنگ میں بھنگ پڑنا- بے لطف ہونا-
مزہ (مزے) کرنا-(۱) تماشے کی بات کرنا (۲) عیش کرنا-
مزہ لگ جانا- چسکا پڑ جانا-
مزہ (مزے) لوٹنا- عیش منانا- بہار لوٹنا-
مزہ (مزے) لینا- لطف حاصل کرنا- ذائقہ چکھنا-
مزے دار-(۱) لذیذ- اچھے ذائقہ کا (۲) خوش طبع-
مزے داری-(مونث) لذت- لطف- حظ-
مزے کا (کی)-(۱) لذیذ (۲) لطف کی-
مزے میں آنا-(۱) خوشی میں آنا- چاؤ میں آنا- (۲) ناز کرنا- اِترانا-
مزے میں گزرنا- عیش و آرام میں بسر ہونا-
مزید-(م-زید) (ع-ا-مذکر) اضافہ- زیادتی- بیشی-
مزید برآں- اس کے علاوہ- اس کے سوا-
مزید علیہ- زیادہ کیا گیا- بڑھایا گیا-
مزید فیہ- زیادہ- فالتو- زائد-
مُزیّن-(م-زَیْ-یَن) (ع-صفت) سجایا ہوا- آراستہ- زینت دیا گیا-

Marfat.com

## م - ژ

مُژدہ - (مُژ-دَہ) (ف-ا-مذکر) خوش خبری- بشارت- مبارک باد-
مژدہ باد- مبارک ہو-
مِژگاں - (مِژ-گاں) (ف-ا-مونث) مِژہ کی جمع-
مِژہ - (مِ-ژہ) (ف-ا-مونث) پلک-

## م - س

مَس - (ع-ا-مذکر) (۱) چھونے کا فعل (۲) لگاؤ- رغبت-
مس کرنا - چھونا - ہاتھ لگانا-
مس ہونا - رجحان ہونا - رغبت ہونا - لگاؤ ہونا-
مِس - (ف-ا-مذکر) تانبا - ایک دھات -
مس خام - کچا تانبا - وہ تانبا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو-
مس گر - تانبے کے برتن بنانے والا- ٹھٹھیرا- کسیرا-
مِس - (MISS) (انگ-ا-مونث) (۱) دوشیزہ - کنواری - (۲) نشانے کا خطا جانا (۳) نہ پکڑ سکنا-
مسا - (مَ-سا) (مَس-سا) (ہ-ا-مذکر) (۱) گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے- بڑا تل (۲) زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پڑ جاتا ہے-
مسا - (مَ-سا) (ع-ا-مونث) شام - سانجھ-
مساجد - (مَ-سا-جِد) (ع-ا-مونث) مسجد کی جمع-
مسّاح - (مَس-ساح) (ع-ا-مذکر) پیمائش کرنے والا-
مساحت - (مَ-سا-حَت) (ع-ا-مونث) - زمین کی پیمائش-
مساس - (مَ-ساس) (ع-ا-مذکر) چھونا - ہاتھ پھیرنا-
مُساعد - (مُ-سا-عِد) (ع-ا-مذکر) - مددگار - معاون - موافق-
مُساعدت - (مُ-سا-عَ-دَت) (ع-ا-مونث) اعانت- مدد
مساعی - (مَ-سا-عی) (ع-ا-مونث) مسعاۃ کی جمع - کوششیں-
مساعی جمیلہ - نیک کوششیں-
مسافت - (مَ-سا-فت) (ع-ا-مونث) (۱) دوری- فاصلہ عرصہ (۲) سفر-
مُسافر - (ع-ا-مذکر) سفر کرنے والا - پردیسی-
مسافر خانہ - (مذکر) مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان- سرائے-
مسافر گاڑی - (مونث) وہ ریل گاڑی جس میں مسافر سوار ہوتے ہیں- پسنجر ٹرین-
مُسافرانہ - (مُ-سا-فِ-را-نہ) (ع-ف-صفت) مسافر کی طرح-
مُسافرت - (مُ-سا-فَ-رَت) (ع-ا-مونث) سفر- سیاحی-
مسافری - (مُ-سا-فِ-ری) (ا-ا-مونث) سیاحی- سفر-
مساکن - (مَ-سا-کِن) (ع-ا-مذکر) مسکن کی جمع- مکانات-
مساکین - (مَ-سا-کین) (ع-ا-مذکر) مسکین کی جمع-
مسالا - (مَ-سا-لا) (ا-ا-مذکر) عربی مصالح کا مورد- (۱) نمک - مرچ - لہسن - لونگ وغیرہ (۲) گوٹا کناری گوکھرو وغیرہ (۳) چونا- سرخی- سیمنٹ جو تعمیرات میں کام آتے ہیں (۴) ایک مرکب جو پان میں کام آتا ہے (۵) ہر چیز کی تیاری کے لوازم اور ضروریات-
مسالے دار - وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہوا ہو- چٹپٹی-
مسالک - (ع-ا-مذکر) مسلک کی جمع-
مسام - (مَ-سام) (ع-ا-مذکر) جسم کے وہ سوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے-
مسامات - (مَ-سا-مات) (ع-ا-مذکر) مسام کی جمع-
مُسامحت - (مُ-سا-مَ-حَت) (ع-ا-مونث) (۱) چشم پوشی کرنا- کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا (۲) سستی-
مسان - (مَ-سان) (ہ-ا-مذکر) (۱) مرگھٹ- شمشان - (۲) بچوں کی ایک بیماری- اُم الصبیان- دق الاطفال- (۳) سفلی عمل جس سے خبیث روح کو قابو کرتے ہیں- (۴) خبیث- بھوت-
مُساوات - (ع-ا-مونث) (۱) برابری - باہم برابر کرنا (۲) حساب کا ایک قاعدہ-
مُساوی - (مُ-سا-وی) (ع-صفت) برابر- یکساں-
مساوی الاضلاع - وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں-
مسائل - (ع-ا-مذکر) مسئلہ کی جمع-
مُسَبَّب - (مُ-سَب-بَب) (ع-صفت) سبب کیا گیا- باعث- وجہ-
مُسبِّب - (مُ-سب-بِب) (ع-صفت) سبب پیدا کرنے والا-
مسبب الاسباب - کُل سبب پیدا کرنے والا-
مُسبّع - (مُ-سَب-بَع) (ع-صفت) (۱) سات حصے کیا گیا- سات پہلو والی چیز- سات برابر ضلعوں کی شکل - (۲) سات مصرعوں کے بند والے شعر-
مسبُوق - (مَس-بُو-ق) (ع-صفت) (۱) سابق- گزشتہ- (۲) اصطلاح فقہ میں وہ شخص جو ایک یا کئی رکعتیں فوت ہو جانے کے بعد جماعت میں آ کر شریک ہوا ہو-
مست - (ف-صفت) (۱) متوالا - نشے میں چُور (۲) بے خود - بے ہوش (۳) دیوانہ (۴) خوش - مگن-
مست ازل- مست الست- مجذوب کامل - ازلی مست-
مست مولا- بے پروا آدمی - آزاد طبع-
مست ہونا - (۱) نشے میں چُور ہونا (۲) بے ہوش ہونا (۳) اترانا- گھمنڈ کرنا (۴) دیوانہ ہونا-
مُستاجر - (مُس-تا-جِر) (ع-ا-مذکر) ٹھیکے دار- زمیندار-
مُستاجری - (مُس-تا-جِ-ری) (ف-ا-مونث) ٹھیکے داری -
مستانا - (مَس-تا-نا) (اُ-مص) مستی پر آنا- مست ہونا-
مستانہ - (مَس-تا-نہ) (ف-صفت) (۱) مست کی طرح - (۲) مجذوب -

Marfat.com

مستانہ چال - لڑکھڑاتی چال جھومتی چال۔
مستانی - (مَس-تا-نی) [ف - صفت و ا - مونث] (١) مد میں بھری ہوئی (٢) دیوانی۔
مُستَبِد - (مُس-تَ-بِد) [ع - صفت] (١) اکیلے کام کرنے والا (٢) خود مختار - مطلق العنان۔
مُستَبِدانہ - (مُس-تَ-بِد-دا-نہ) [ع - صفت] خود مختارانہ۔
مُستَبعَد - (مُس-تَب-عَد) [ع - صفت] (١) دُور - بعید (٢) دور از قیاس۔
مُستَتِر - (مُس-تَ-تِر) [ع - صفت] پوشیدہ - چھپا ہوا۔
مُستَثنیٰ - (مُس-تَث-نا) [ع - صفت] (١) استثنا کیا گیا - الگ کیا گیا - ما سوا - بجز (٢) وہ شخص یا چیز جسے علیحدہ کر دیا گیا ہو - (٣) اصطلاح نحو میں وہ اسم جو استثنا کے بعد واقع ہوا ہو۔
مُستَثنیٰ کرنا - علیحدہ کرنا - کسی میں سے کسی کو جُدا کرنا۔
مستثنیٰ منہ - وہ شخص یا چیز جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو۔
مُستَثنیات - (مُس-تَث-نِ-یات) [ع - صفت] مستثنیٰ کی جمع۔
مُستَجاب - (مُس-تَ-جاب) [ع - صفت] (١) جواب دیا گیا - (٢) قبول کیا گیا۔
مُستَجابُ الدَّعوات - جس کی دُعا قبول ہو۔
مُستَجیب - (مُس-تَ-جیب) [ع - صفت] جواب دینے والا - دعا قبول کرنے والا۔
مستجیبُ الدعوات - دعائیں قبول کرنے والا۔
مُستَحَب - (مُس-تَ-حَب) [ع - صفت] (١) پسندیدہ (٢) [ع - ا - مذکر] عبادات میں سے وہ فعل جسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پسند فرما کر خود کیا ہو - یا اس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔
مُستَحسَن - (مُس-تَح-سَن) [ع - صفت] پسندیدہ - بہتر۔
مُستَحضَر - (مُس-تَح-ضَر) [ع - صفت] وہ بات جو یاد ہو۔
مُستَحِق - (مُس-تَ-حِق) [ع - صفت] (١) حق دار (٢) لائق - سزاوار (٣) مفلس - مسکین۔
مُستَحِقّین - (مُس-تَ-حِق-قین) [ع - ا - مذکر] - مستحق کی جمع۔
مُستَحکَم - (مُس-تَح-کَم) [ع - صفت] پکّا - مضبوط۔
مُستَدعی - (مُس-تَد-عی) [ع - صفت] استدعا کرنے والا - خواہش مند - ملتجی۔
مُستَرَد - (مُس-تَ-رَد) [ع - صفت] رد کیا گیا۔
مِستَری - (مِس-تَ-ری) [انگ - ا - مذکر] (١) کاریگروں کا استاد (٢) کسی پیشہ کا کاری گر۔
مُستَزاد - (مُس-تَ-زاد) [ع - صفت] (١) بڑھایا گیا - زیادہ کیا گیا - (٢) عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرع یا شعر کے بعد ایسا زائد ٹکڑا لگا ہو جو اسی مصرع کے رُکنِ اوّل اور رُکنِ آخر کے برابر ہو گا۔
مُستَشرِق - (مُس-تَش-رِق) [ع - صفت] وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو - مستشرقین جمع۔

مُستَطیع - (مُس-تَ-طیع) [ع - صفت] استطاعت رکھنے والا - صاحبِ مقدور۔
مُستَطیل - (مُس-تَ-طیل) [ع - ا - مذکر] (١) لمبا - (٢) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں۔
مُستَعار - (مُس-تَ-عار) [ع - صفت] مانگا ہوا - اُدھار لیا ہوا۔
مُستَعِد - (مُس-تَ-عِد) [ع - صفت] (١) آمادہ - تیار - کمربستہ (٢) چُست - چالاک۔
مُستَعِدّی - (مُس-تَ-عِد-دی) [ف - ا - مونث] آمادگی - تیاری۔
مُستَعفی - (مُس-تَع-فی) [ع - صفت] استعفا دینے والا۔
مُستَعمَر - (مُس-تَع-مَر) [ع - صفت] آبادی - کالونی - (مستعمرات جمع)
مُستَعمَل - (مُس-تَع-مَل) [ع - صفت] کام میں لایا ہوا - برتا ہوا۔
مُستَعین - (مُس-تَ-عین) [ع - صفت] مدد چاہنے والا۔
مُستَغاث - (مُس-تَ-غاث) [ع - ا - مذکر] وہ جس سے فریاد چاہیں۔
مُستَغاث علیہ - جس کے خلاف استغاثہ کیا گیا ہو - مدعا علیہ۔
مُستَغرَق - (مُس-تَغ-رَق) [ع - صفت] ڈوبا ہوا۔
مُستَغنی - (مُس-تَغ-نی) [ع - صفت] (١) بے پروا - (٢) دولت مند - مطمئن۔
مُستَغیث - (مُس-تَ-غیث) [ع - ا - مذکر] - (١) - استغاثہ کرنے والا - مدعی - دعوے دار۔
مُستَغیث الیہ - جس پر دعویٰ کیا جائے - مدعا علیہ۔
مُستَفاد - (مُس-تَ-فاد) [ع - صفت] فائدہ حاصل کیا ہوا - جو چیز فائدے میں حاصل ہو۔
مُستَفتی - (مُس-تَف-تی) [ع - صفت] فتویٰ طلب کرنے والا۔
مُستَفسِر - (مُس-تَف-سِر) [ع - صفت] پوچھنے والا۔
مُستَفید - (مُس-تَ-فید) [ع - صفت] (١) فائدہ چاہنے والا - (٢) فائدہ اُٹھانے والا۔
مُستَفیض - (مُس-تَ-فیض) [ع - صفت] (١) فیض چاہنے والا - (٢) فائدہ اٹھانے والا۔
مُستَقبِل - (مُس-تَق-بِل) [ع - و - صفت] (١) آگے آنے والا - (٢) وہ فعل جو آگے آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔
مُستَقَر - (مُس-تَ-قَر) [ع - ا - مذکر] ٹھہرنے کی جگہ - ٹھکانا۔
مُستَقِل - (مُس-تَ-قِل) [ع - صفت] مضبوط - اٹل - ہمیشہ۔
مستقل اسامی - پکّی اسامی - پائدار نوکری۔
مستقل مزاج - وہ جس کے مزاج میں استقلال ہو۔
مستقل ہونا - (١) پکّا ہونا - (٢) ملازمت پر پکّا ہونا۔
مُستَقِلی - (مُس-تَق-لی) [ف - ا - مونث] کسی عہدے پر

Marfat.com

پکّا لازم کیا جانا۔ مضبوطی۔ مستحکمی۔
مُستقیم ۔ (مُس۔ تَ۔ قیم) (ع۔ صفت) سیدھا۔ راست۔ دُرست۔
مستک ۔ (مَس۔ تَک) (س۔ ا۔ مونث) (۱) ہاتھی کا ماتھا۔ (۲) ماتھا۔
مُستَنَد ۔ (مُس۔ تَ۔ نَد) (ع۔ صفت) سند پایا ہوا۔ مصدّقہ۔ قابلِ اعتبار۔ قابلِ اعتماد۔ معتبر۔
مُستنبط ۔ (مُس۔ تَم۔ بِط) (ع۔ صفت) اخذ کیا گیا۔ چھانٹا گیا۔
مُستوجِب ۔ (مُس۔ تَو۔ جِب) (ع۔ صفت) (۱) واجب کرنے والا۔ لازم ہونے والا (۲) لائق۔ سزاوار۔
مستُور ۔ (مَس۔ تُور) (ع۔ صفت) پوشیدہ۔ مخفی۔
مستورات ۔ (ع۔ ا۔ مونث) مستورہ کی جمع۔ پردہ نشین عورتیں۔
مستُول ۔ (مَس۔ تُول) (پُر۔ ا۔ مذکر) جہاز یا کشتی کا ستون۔
مُستولی ۔ (مُس۔ تَو۔ لی) (ع۔ صفت) غالب۔ چھا جانے والا۔
مستی ۔ (مَس۔ تی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) نشہ۔ خمار۔ (۲) بے ہوشی۔ بدمستی (۳) باہ۔ خواہشِ نفسانی۔
مستی چھانا۔ نشے میں ہونا۔ بہت مست ہونا۔
مستی کا عالم۔ نشے کی حالت۔ مدہوشی کی کیفیت۔
مستی میں آنا۔ معد پہ آنا۔ خواہشِ نفسانی کا تیز ہونا۔
مستی میں بھرنا۔ شہوت کا زور ہونا۔
مِسٹر ۔ (MISTER) (مِس۔ ٹَر) (انگ۔ ا۔ مذکر) تعظیمی خطاب جو انگریزی میں نام سے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ صاحب۔ جناب۔
مُسٹنڈا ۔ (مُس۔ ٹَن۔ ڈا) (ہ۔ صفت) موٹا تازہ آدمی۔ ہٹا کٹا۔
مُسٹنڈی ۔ (مُس۔ ٹَن۔ ڈی) (ہ۔ صفت) مسٹنڈا کی تانیث۔
مسجد ۔ (مَس۔ جِد) (ع۔ ا۔ مونث) سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسلمانوں کا عبادت خانہ۔
مسجدِ اقصیٰ ۔ بیت المقدس میں وہ مسجد جو حضرت سلیمانؑ نے بنائی تھی۔
مسجدِ جامع ۔ وہ مسجد جہاں جمعہ کی نماز ہوتی ہے۔
مسجدِ حرام ۔ کعبہ۔ حُرمت کے باعث اس کے حدود میں کئی جائز باتیں حرام ہو جاتی ہیں۔ جیسے کسی جان دار کو مارنا۔
مسجدِ نبوی ۔ وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے مزارِ مقدس کے قریب ہے۔
مُسَجَّع ۔ (مُ۔ سَج۔ جَع) (ع۔ صفت) وہ عبارت یا مضمون جس میں قافیے کا اہتمام ہو۔
مُسجَّل ۔ (مُ۔ سَج۔ جَل) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مُہر ثبت ہو۔ (۲) صحیح ثابت شدہ دستاویز۔
مسجُود ۔ (مَس۔ جُود) (ع۔ صفت) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔

مسح ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) چھُونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ (۲) وضو یا غسل کرتے وقت ہاتھ کسی عضو پر پھیرنا۔
مسحُور ۔ (مَس۔ حُور) (ع۔ صفت) جس پر جادو کیا جائے۔
مسخ ۔ (ع۔ صفت) اچھی صورت سے بُری صورت ہو جانا۔
مُسخّر ۔ (مُ۔ سَخ۔ خَر) (ع۔ صفت) تسخیر کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔
مسخرہ ۔ (مَس۔ خَ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذکر) ظریف۔ دل لگی باز۔
مسخری ۔ (مَس۔ خَ۔ ری) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) مسخرہ پن۔ مذاق۔ (۲) (صفت) ظریف عورت۔
مُسدّس ۔ (مُ۔ سَد۔ دَس) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلعے اور زاویے برابر ہوں۔ (۲) نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں۔
مسدُود ۔ (مَس۔ دُود) (ع۔ صفت) (۱) بند کیا گیا (۲) بند۔
مسرّت ۔ (مَ۔ سَر۔ رَت) (ع۔ ا۔ مونث) خوشی۔ شادمانی۔
مُسرف ۔ (مُس۔ رِف) (ع۔ صفت) فضول خرچ۔
مسرُور ۔ (مَس۔ رُور) (ع۔ صفت) خوش۔ شادمان۔ مگن۔
مسرُوقہ ۔ (مَس۔ رُو۔ قَہ) (ع۔ صفت) چُرائی ہوئی چیز۔
مِسز ۔ (MISSIS) (انگ۔ ا۔ مذکر) بیگم۔ شوہر کے نام کے ساتھ بولا جاتا ہے۔ جیسے مسز اقبال۔
مُسطّح ۔ (مُ۔ سَط۔ طَح) (ع۔ صفت) پھیلا ہوا۔ کھُلا۔
مِسطر ۔ (مِس۔ طَر) (ع۔ ا۔ مذکر) وہ کاغذ کی وصلی جسے سطریں بنانے کے لیے ڈورے کھینچ کر تیار کرتے ہیں۔ وہ آلہ جس سے جدول کھینچتے ہیں۔
مسعُود ۔ (مَس۔ عُود) (ع۔ صفت) (۱) نیک۔ مبارک۔ (۲) خوش نصیب۔
مُسقّف ۔ (مُ۔ سَق۔ قَف) (ع۔ صفت) چھت دار۔ جس پر چھت ڈالی گئی ہو۔
مِسک ۔ (ع۔ ا۔ مذکر) مُشک۔ کستوری۔
مسک ۔ (مَ۔ سَک) (ہ۔ ا۔ مونث) زور پڑنے کے سبب کپڑے کا ذرا سا نکل جانا۔
مسک جانا۔ کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا۔
مُسکان ۔ (مُس۔ کان) (ہ۔ ا۔ مونث) مسکراہٹ۔ تبسم۔
مسکانا ۔ (مَس۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کپڑے کو ایسا پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں (۲) بدن کو لچکانا۔
مُسکانا ۔ (مُس۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) مُسکرانا۔ تبسم کرنا۔
مُسکت ۔ (مُس۔ کِت) (ع۔ صفت) خاموش کرنے والا۔
مُسکرانا ۔ (مُس۔ کُ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) تبسم کرنا۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا۔
مُسکراہٹ ۔ (مُس۔ کُ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مونث) تبسم۔
مسکن ۔ (مَس۔ کَن) (ع۔ ا۔ مذکر) رہنے کا مقام۔ مکان۔
مسکنا ۔ (مَ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) پھٹنا (۱) کپڑے کا ذرا سا نکل جانا (۲) ہلنا۔ جنبش کرنا۔
مُسکّنات ۔ (مُ۔ سک۔ کِ۔ نات) (ع۔ صفت) مُسکّن کی جمع۔ تسکین بخش دوائیں۔
مِسکوٹ ۔ (MESS QUIET) (مورّد۔ ا۔ مونث) (۱) صلاح۔

مشورہ (۲) خفیہ سازش۔
مسکُون - (مَس - کُون) (ع - صفت) سکونت کیا گیا - آباد۔
مسکہ - (مَس - کہ) (ف - ا - مذکر) مکھن۔
مِسکین - (مِس - کِین) (ع - صفت) (۱) غریب - مفلس - (۲) وہ شخص جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ زکوٰۃ واجب آئے۔
مسکین صُورت - (۱) جس کی صورت پر غربت برستی ہو (۲) حقیقت میں شریر مگر ظاہر میں بھولا بھالا۔
مسکین طبع - وہ شخص جس کی طبیعت میں شرارت نہ ہو۔
مِسکینی - (مِس - کی - نی) (ع - ا - مونث) (۱) غریبی - (۲) انکسار - عاجزی۔
مِسل - (ع - ا - مونث) مقدمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ منسلک ہوں - روئدادِ مقدمہ - (ع - مثل کا بگاڑ)۔
مُسلّح - (مُ - سَل - لَح) (ع - صفت) ہتھیار بند - ہتھیار لگائے ہوئے۔
مُسلسل - (مُ - سَل - سَل) (ع - صفت) (۱) لگاتار - متواتر - پے در پے (۲) سلسلہ وار - جو ابھی جاری ہو۔
مُسلّط - (مُ - سَل - لَط) (ع - صفت) (۱) وہ جو کسی پر غالب کر دیا جائے۔
مسلک - (مَس - لَک) (ع - ا - مذکر) (۱) راستہ - (۲) قاعدہ - دستور۔
مُسلِم - (مُس - لِم) (ع - صفت) مذہب اسلام کا پیرو۔
مُسلّم - (مُ - سَل - لَم) (ع - صفت) (۱) پورا - سارا (۲) تسلیم کیا گیا (۳) درست - بجا۔
مُسلّمُ الثبوت - جو ثبوت کا محتاج نہ ہو - مانا ہوا - تسلیم شدہ۔
مُسلمان - (مُ - سَل - مان) (ف - ا - مذکر) مسلم - مومن۔
مسلماناں در گور و مسلمانی در کتاب - (مثل) مسلمان مر گئے اور اسلام کتابوں میں رہ گیا۔
مسلمانی - (مُ - سَل - ۔ - نی) (ف - صفت) (۱) مسلمان سے منسوب (۲) (ا - مونث) اسلام - (۳) ختنہ۔
مُسلِمہ - (مُس - لِ - مَہ) (ع - صفت) مسلمان عورت۔
مُسلّمہ - (مُ - سَل - لَ - مَہ) (ع - صفت) مانی ہوئی باتیں - تسلیم شدہ امور۔
مُسلِمین - (مُس - لِ - مِین) (ع - ا - مذکر) مُسلِم کی جمع۔
مسلنا - (مَ - سَل - نا) (ہ - مص) کچلنا - بہت دبانا۔
مسلوب - (مَس - لُوب) (ع - صفت) - سلب کیا گیا - چھین لیا گیا۔
مُسمّاۃ - (مُ - سَم - مات) (ع - ا - مونث) (۱) نام رکھی گئی (۲) وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے۔
مِسمار - (مِس - مار) (ف - صفت) منہدم - ڈھایا ہوا۔
مِسمریزم - (MESMERISM) (مِس - مَر - ازم) (انگ - ا - مذکر) ڈاکٹر مسمر کا ایجاد کیا ہوا ایک علم جس میں تصور یا خیال کا اثر دوسرے کے دل پر ڈال کر پوشیدہ اور آئندہ حالات پوچھے جاتے ہیں۔
مُسمسی - (مُس - مُ - سی) (ہ - صفت) گھُنّا - دیکھنے میں سیدھی سادی۔
مسمُوع - (مَس - مُوع) (ع - صفت) سُنا گیا - قبول کیا گیا۔
مسمُوم - (مَس - مُوم) (ع - صفت) (۱) زہر دیا گیا - لیا گیا - (۲) زہریلا ہوا۔
مُسمّیٰ - (مُ - سَم - ما) (ع - صفت) نام رکھا گیا - پکارا گیا۔
مُسِن - (مُ - سِن) (ع - صفت) سن رسیدہ - بوڑھا۔
مُسنا - (مُس - نا) (ہ - مص) لُٹنا - لُٹا جانا۔
مسند - (مَس - نَد) (ع - ا - مونث) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ - تخت۔
مسند آرا - مسند کو زینت دینے والا - مسند نشین۔
مسندِ حکومت - تخت شاہی۔
مسند نشین - مسند پر بیٹھنے والا - بادشاہ - والیٔ ملک۔
مسند نشینی - (مونث) - تخت نشینی۔
مُسنَد - (مُس - نَد) (ع - ا - مذکر) (۱) دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا (۲) نحو کی اصطلاح میں خبر۔
مُسندالیہ - علم نحو میں مُبتدا کو کہتے ہیں۔
مسنُون - (مَس - نُون) (ع - صفت) سنت کی گئی - وہ کام جسے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خود کیا ہو۔
مِسواک - (مِس - واک) (ع - ا - مونث) داتن - دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔
مُسوّدہ - (مُ - سَو - وَ - دَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف کرنے کی ضرورت ہو - (۲) منصوبہ - مدعا - (جمع مسودات)
مسودہ گانٹھنا - (۱) مضمون بنانا (۲) منصوبہ تیار کرنا۔
مسُور - (مَ - سُور) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کا غلہ جو بطور دال کے پکایا جاتا ہے۔
مسُوڑا - مسُوڑھا - (ہ - ا - مذکر) دانتوں کے اُوپر کا گوشت۔
مسوسنا - (مَ - سوس - نا) (ہ - مص) (۱) مروڑنا - نچوڑنا - (۲) کڑھنا - جبراً صبر کرنا۔
مسہری - (مَ - سَہ - ری) (ہ - ا - مونث) چھپر کھٹ - ایک قسم کا پردہ دار پلنگ۔
مُسہِل - (مُس - ہِل) (ع - صفت و ا - مذکر) اسہال لانے والا - دست آور دوا۔
مسئلہ - (مَس - ءَ - لَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) سوال (۲) دینی بات - دینی قانون۔
مسئُول - (مَس - ءُول) (ع - صفت) سوال کیا گیا - ذمہ دار - جواب دہ۔
مِسی - (مِ - سی) (ف - صفت) تانبے کا - تانبے کا بنا ہوا۔
مسی جوش - تانبے کا پکا ٹانکا۔
مِسّی - (مِس - سی) (ہ - صفت) چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی۔
مِسّی - (مِ - سی) (مِس - سی) (ہ - ا - مونث) (۱) ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں (۲) طوائفوں کی اصطلاح میں ایک تقریب شادی۔

Marfat.com

مسّی کی دھڑی۔ (مونث) مسّی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔
مسّی لگانا (ملنا)۔ دانتوں اور ہونٹوں پر مسّی ملنا۔
مسیح۔ مسیحا۔ (مَ۔ سِیح) (مَ۔ سی۔ حا) [ع۔ ا۔ مذکر] حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو بطور معجزہ مُردے کو زندہ کر دیتے تھے۔
مسیحا دَم (نفس)۔ وہ جو پھونک مار کر مُردوں کو زندہ کر دے۔
مسیحا نفسی۔ (مونث) جس کی پھونک میں زندہ کر دینے کا اعجاز ہو۔
مسیحائی۔ (مَ۔ سی۔ حا۔ ای) [ف۔ ا۔ مونث] حضرت عیسیٰؑ کے معجزے والی طاقت۔ حیات بخشی۔
مسیحی۔ (مَ۔ سی۔ حی) [ع۔ صفت] (۱) حضرت عیسیٰؑ سے منسوب (۲) (مذکر) عیسائی۔ نصرانی۔
مسیں۔ (مَ۔ سیں) [ہ۔ ا۔ مونث] مَس کی جمع۔ مونچھوں کا رُواں (اس کا واحد مستعمل نہیں ہے)
مسیں بھیگنا۔ مونچھوں کا رُواں نکلنا۔

# م-ش

مُشابہ۔ [ع۔ صفت] مانند۔ مثل۔ ہم شکل۔
مُشابہت۔ (مُ۔ شا۔ بَ۔ ہَت) [ع۔ ا۔ مونث] مطابقت۔ موافقت۔ یکساں ہونا۔
مُشار۔ [ع۔ صفت] اشارہ کیا گیا۔ بتایا گیا۔ جتایا گیا۔
مشارٌ الیہ۔ وہ جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔
مشارب۔ (مَ۔ شا۔ رِب) [ع۔ ا۔ مذکر] مشرب کی جمع۔
مشاطہ۔ (مَش۔ شا۔ طہ) [ع۔ ا۔ مونث] وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگار کرائے۔
مُشاعرہ۔ (مُ۔ شا۔ عَ۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] شاعروں کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔
مشاعرہ پڑھنا۔ مشاعرے میں شعر خوانی کرنا۔
مشاغل۔ (مَ۔ شا۔ غِل) [ع۔ ا۔ مذکر] مشغلہ کی جمع۔
مُشافہہ۔ (مُ۔ شا۔ فَ۔ ہہ) [ع۔ ا۔ مذکر] سامنے۔ رُوبرو۔
مشّاق۔ (مَش۔ شاق) [ع۔ صفت] نہایت مشق رکھنے والا۔ بہت مہارت رکھنے والا۔ ماہر۔
مشّاقی۔ (مَش۔ شا۔ قی) [ف۔ ا۔ مونث] مہارت۔ مشق۔ تجربہ۔
مشام۔ (مَ۔ شام) [ع۔ ا۔ مذکر] مشم کی جمع۔ سُونگھنے کی قوت کی جگہ۔ دماغ۔
مُشاورت۔ (مُ۔ شا۔ وَ۔ رَت) [ع۔ ا۔ مونث] آپس میں مل کر مشورہ کرنا۔ باہم صلاح کرنا۔
مُشاہدہ۔ (مُ۔ شا۔ ہَ۔ دَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) دیکھنا۔ معائنہ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں نورِ الٰہی کا نظارہ۔
مُشاہرہ۔ (مُ۔ شا۔ ہَ۔ رَہ) [ع۔ ا۔ مذکر] ماہوار تنخواہ۔
مشاہیر۔ (مَ۔ شا۔ ہیر) [ع۔ ا۔ مذکر] مشہور کی جمع۔ نامور لوگ۔
مشائخ۔ (مَ۔ شا۔ ئِخ) [ع۔ ا۔ مذکر] شیخ کی جمع۔ بزرگ لوگ۔
مُشبّہ۔ (مُ۔ شَب۔ بَہ) [ع۔ صفت] تشبیہ دیا گیا۔ وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے۔
مشبّہ بہ۔ وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے۔
مُشت۔ [ف۔ ا۔ مونث] مٹھی۔ تھوڑی چیز۔
مشتِ استخواں۔ (مذکر) (۱) مٹھی بھر ہڈیاں (۲) (کنایۃً) نہایت لاغر۔
مُشتِ خاک۔ (مونث) (۱) مٹھی بھر خاک (۲) (مجازاً) انسان جو کہ خاک سے بنا ہے۔
مشت زنی۔ (مونث) جلق۔ جلق لگانا۔
مشتِ غبار۔ (مذکر) (۱) مٹھی بھر دُھول (۲) مردہ انسان کی خاک۔
مشت مال۔ مشت مالی۔ (مونث) (۱) مالش جو پہلوان کراتے ہیں۔ مالش جو حمام میں نہانے والے کراتے ہیں۔
مشتے کہ بعد از جنگ یاد آید بر کلّۂ خود باید زد۔ (مثل)۔ لڑائی کے بعد اگر مکا مارنا یاد آئے تو اپنے ہی منہ پر مارنا چاہیے۔
مشتے نمونہ از خروارے۔ (مثل) ڈھیر میں سے مٹھی بھر۔ تھوڑے سے نمونے سے کل چیز کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے۔
مُشتاق۔ (مُش۔ تاق) [ع۔ صفت] (۱) شائق۔ خواہشمند۔ (۲) منتظر۔
مُشتاقانہ۔ (مُش۔ تا۔ قا۔ نہ) [ف۔ صفت] مشتاق کے مانند۔ آرزومندانہ۔
مُشتبہ۔ (مُش۔ تَ۔ بَہ) [ع۔ صفت] مشکوک۔ جس میں شبہ ہو۔
مُشترَک۔ (مُش۔ تَ۔ رَک) [ع۔ صفت] شریک کیا گیا۔ شریک۔
مُشترِکہ۔ (مُش۔ تَ۔ رِ۔ کَہ) [ع۔ صفت] شرکت کیا ہوا۔ ساجھے کا۔
مُشتری۔ (مُش۔ تَ۔ ری) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) خریدار (۲) ایک ستارہ جو سعد اکبر سمجھا جاتا ہے۔ (۳) کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ کی قلعی۔
مُشتعل۔ (مُش۔ تَ۔ عِل) [ع۔ صفت] بھڑکتا ہوا۔
مُشتق۔ (مُش۔ تق) [ع۔ صفت] نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنا ہو۔
مُشتمل۔ (مُش۔ تَ۔ مِل) [ع۔ صفت] شامل۔ شریک۔
مُشتہر۔ (مُش۔ تَ۔ ہِر) [ع۔ صفت] اشتہار دینے والا۔ مشہور کرنے والا۔
مُشٹنڈا۔ [ہ۔ صفت] دیکھیے مُسٹنڈا۔
مُشٹنڈی۔ [ہ۔ صفت] دیکھیے مسٹنڈی۔
مُشجّر۔ (مُ۔ شَج۔ جَر) [ع۔ ا۔ مذکر] وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوں۔
مُشخّص۔ (مُ۔ شَخ۔ خَص) [ع۔ صفت] تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔
مُشدّد۔ (مُ۔ شَد۔ دَد) [ع۔ صفت] (۱) تشدید دیا گیا۔ وہ حرف جس پر تشدید ہو۔
مَشرب۔ (مَش۔ رَب) [ع۔ ا۔ مذکر] (۱) پانی پینے کی جگہ۔

Marfat.com

چشمہ (۲) مذہب - ملّت (۳) طور - طریق -
مُشَرَّف - (مُ - شَر - رَف) (ع - صف) عزّت بخشا گیا - معزز۔
مشرّف بہ اسلام ہونا - مسلمان ہونے کی عزّت حاصل کرنا -
مشرّف ہونا - (۱) عزّت حاصل کرنا (۲) کسی بزرگ یا اپنے سے زیادہ معزز شخص کی ملاقات کرنا -
مَشرِق - (مَش - رِق) (ع - ا - مونث) سُورج نکلنے کی سمت - پورب -
مَشرِقی - (مَش - رِ - قی) (ف - صف) (۱) مشرق سے منسوب - پوربی (۲) ایشیائی -
مَشرِقَین - (مَش - رِ - قَین) (ع - ا - مذکر) مشرق کا تثنیہ - مشرق و مغرب -
مُشرِک - (مُش - رِک) (ع - صف) وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے - بُت پرست -
مُشرِکین - (مُش - رِ - کین) (ع - ا - مذکر) مُشرِک کی جمع -
مَشرُوط - (مَش - رُوط) (ع - صف) شرط کیا گیا - کسی شرط پر موقوف -
مَشرُوع - (مَش - رُوع) (ع - صف) شرع کے موافق -
مَشعَل - (مَش - عَل) (ع - ا - مونث) (۱) چراغ دان (۲) بہت موٹی بتی -
مشعل بردار - مشعل اٹھانے والا - مشعل روشن کرنے والا -
مشعلچی - (مش - عَل - چی) (ف - ا - مذکر) مشعل اٹھانے والا -
مَشغَلہ - (مَش - غَ - لَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) شغل - تفریح (۲) کھیل (۳) ہنسی - کھول -
مَشغُول - (مَش - غُول) (ع - صف) شغل میں لگا ہوا - مصروف -
مَشغُولی - (مَش - غُو - لی) (ف - ا - مونث) مصروفیت -
مُشفِق - (مُش - فِق) (ع - ا - مذکر) شفقت کرنے والا - مہربان -
مشفقِ من - مشفق بندہ - میرے مہربان - دوستوں کے خطوں میں بطور القاب لکھا جاتا ہے -
مُشفِقانہ - (مُش - فِ - قا - نَہ) (ف - صف) ہمدردانہ - دوستانہ
مُشفِقی - (مُش - فِ - قی) (ع) میرے دوست - مشفقِ من -
مَشق - (ع - ا - مونث) (۱) مہارت (۲) بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا -
مشقِ سخن - شعر گوئی کی مہارت - شعر کہنا -
مَشَقَّت - (مَ - شَق - قَت) (ع - ا - مونث) (۱) محنت - ریاضت (۲) مزدوری (۳) دکھ - تکلیف -
مَشک - (ف - ا - مونث) پانی بھرنے کی کھال -
مُشک - (ف - ا - مذکر) (۱) وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے - کستوری (۲) (صف) کالا سیاہ -
مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید - (مثل) مُشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ عطار بتلائے - اچھی چیز خود ہی اپنی خوبی ظاہر کر دیتی ہے -
مُشکبار - نہایت معطر - بہت خوشبودار -
مشک بُو - مشک بیز - خوشبودار - معطر - مشک میں بسا ہوا -

مُشک بید - ایک قسم کا بید جس کا پھول خوشبودار ہوتا ہے -
مُشک فام - جس کا رنگ مثل مشک کے ہو -
مُشک نافہ - ہرن کے پیٹ کی وہ تھیلی جس میں مُشک ہوتا ہے -
مُشکِل - (ع - صف) دشوار - کٹھن (۲) پیچیدہ - اُلجھا ہوا - (۳) (ا - مونث) دشواری - سختی - مصیبت -
مشکل پسند - وہ جو نظم و نثر میں مشکل الفاظ استعمال کرے -
مشکل کشا - (۱) مصیبت دُور کرنے والا (۲) لقب حضرت علیؓ کا -
مشکل کشائی - (مونث) مشکل آسان کرنا -
مشکل میں کام آنا - مصیبت میں مدد دینا -
مُشَکَّل - (مُ - شَک - کَل) (ع - صف) مجسم شکل میں لایا گیا -
مُشکِلات - (مُش - کِ - لات) (ع - صف) مشکل کی جمع -
مِشکٰوۃ - (مِش - کات) (ع - ا - مونث) (۱) چراغ دان - (۲) حدیث کی مشہور کتاب -
مَشکُور - (مَش - کُور) (ع - صف) جس کا شکر ادا کیا جائے -
مَشکُوک - (مَش - کُوک) (ع - صف) شک کیا گیا - مشتبہ -
مُشکی - (مُش - کی) (ف - صف) (۱) مشک کے رنگ کا - سیاہ (۲) سیاہ رنگ کا گھوڑا -
مَشکیزہ - (مَش - کی - زہ) (ف - ا - مونث) چھوٹی مشک -
مُشکیں - (مُش - کیں) (ف - ا - مونث) دونوں بازو -
مُشکیں کسنا - مشکیں باندھنا -
مَشمُول - (مَش - مُول) (ع - صف) شامل کیا گیا - ملایا گیا -
مَشمُولہ - (مَش - مُو - لہ) (ع - صف) مشمول کی تانیث
مِشن - (MISSION) (مِ - شَن) (انگ - ا - مذکر) (۱) رسالت - پیغمبری (۲) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) سفارت - وفد - کمیشن (۴) پیغام - مقصد - تبلیغ -
مشن اسکول - (MISSION SCHOOL) (۱) وہ اسکول جو کوئی مشن چلائے - (۲) عیسائیوں کا اسکول
مِشنری - (MISSIONARY) (مِش - نَ - ری) (انگ - صف) تبلیغی ادارے (۲) تبلیغی جماعت کا رکن -
مَشوَرَت - (مَش - وَ - رَت) (ع - ا - مونث) دیکھیے مشورہ -
مَشوَرہ - (مَش - وَ - رَہ) (ف - ا - مذکر) صلاح - باہمی تجویز -
مشورہ دینا - صلاح دینا -
مُشَوَّش - (مُ - شَو - وَش) (ع - صف) پریشان - حیران -
مَشہَد - (مَش - ہَد) (ع - ا - مذکر) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ - (۳) ایران کا ایک مشہور شہر
مَشہُود - (مَش - ہُود) (ع - صف) حاضر کیا گیا - موجود -
مَشہُور - (مَش - ہُور) (ع - صف) شہرت کیا گیا - نامور - معروف
مشہور و معروف - نامی - نامور - جسے سب جانتے ہوں -
مَشِیَّت - (مَ - شی - یَت) (ع - ا - مونث) (۱) مرضی (۲) قسمت -
مشیتِ ایزدی - اللہ کی مرضی -
مَشِیخَت - (مَ - شی - خَت) (ع - ا - مونث) (۱) بزرگی (۲) شیخی -
مُشِیر - (مُ - شِیر) (ع - ا - مذکر) مشورہ دینے والا - صلاح کار -
مُشِیران - (مُ - شی - ران) (ف - ا - مذکر) مشیر کی جمع -
مشیرانِ سلطنت - ارکانِ حکومت - حکومت کے صلاح کار -
مَشِین - (MACHINE) (مَ - شِین) (انگ - ا - مونث) کل -

Marfat.com

آلہ - (برقی یا دُخانی)۔
**مشینری** - (MACHINERY) (م-شی-نَ-ری) [انگ - ا - مونث] کل کے پُرزے ۔ کلیں۔

## م - ص

**مُصاحب** - [ع - ا - مذکر] ساتھی - ہم نشین - خاص دوست - مُصاحبین جمع -
**مُصاحبت** - (مُ-صا-حِ-بت) [ع - ا - مونث] ساتھ رہنا -
**مَصاحف** - (مَ-صا-حِف) [ع - ا - مذکر] مصحف کی جمع -
**مَصادر** - (مَ-صا-دِر) [ع - ا - مذکر] مصدر کی جمع -
**مَصارف** - (مَ-صا-رِف) [ع - ا - مذکر] مصرف کی جمع - اخراجات -
**مُصافحہ** - (مُ-صا-فَ-حَہ) [ع - ا - مذکر] ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانے کا فعل -
**مَصالح** - (مَ-صا-لِح) [ع - ا - مونث] مصلحت کی جمع -
**مُصالحت** - (مُ-صا-لَ-حت) باہمی صلح - میل ملاپ -
**مَصائب** - (مَ-صا-اِب) [ع - ا - مونث] مصیبت کی جمع -
**مِصباح** - (مِص-باح) [ع - ا - مونث] (۱) چراغ - (۲) - صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ - جام صبوحی -
**مُصبّر** - (مُ-صب-بَر) [ع - ا - مذکر] ایلوا -
**مُصحّح** - (مُ-صح-حِح) [ع - ا - مذکر] صحیح کرنے والا -
**مُصحف** - (مُص-حَف) (۱) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں - قرآن مجید (۲) (مجازاً) رخسارِ معشوق -
**مِصداق** - (مِص-داق) [ع - ا - مذکر] (۱) وہ چیز جو کسی کی سچائی ثابت کرے (۲) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو -
**مصدر** - (مَص-دَر) [ع - ا - مذکر] (۱) نکلنے کی جگہ - منبع - سرچشمہ - بنیاد (۲) نحو میں وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں -
**مصدرِ لازم** - وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے جیسے دوڑنا -
**مصدرِ متعدی** - وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے جیسے کھانا -
**مَصدری** - (مَص-دَ-ری) [ف - صفت] مصدر سے منسوب -
**مُصدِّق** - (مُ-صد-دِق) [ع - صفت] تصدیق کرنے والا -
**مُصدَّقہ** - (مُ-صد-دَ-قہ) [ع - صفت] تصدیق کیا ہوا -
**مِصر** - [ع - ا - مذکر] (۱) شہر (۲) افریقہ کے شمال مشرق میں ایک ملک -
**مصر کا بازار** - وہ بازار جہاں حضرت یوسفؑ کو قافلے والوں نے فروخت کیا تھا -
**مُصِر** - (مُ-صِر) [ع - صفت] اصرار کرنے والا - اَڑا جا ہُوا -
**مِصرع - مصرعہ** - (مِص-رَع - مِص-رَ-عَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) ایک کواڑ (۲) آدھا شعر - نصف بیت -
**مصرعِ تر** - شگفتہ اور عمدہ مصرع -
**مصرعِ طرح** - وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتانے کے لیے بطور نمونہ دیا جائے -
**مصرع لگانا** - ایک مصرع پر دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنا -
**مَصرف** - (مَص-رَف) [ع - ا - مذکر] (۱) خرچ کرنے کی جگہ - خرچ کرنے کا موقع (۲) مطلب - کام - غرض -
**مَصرُوف** - (مَص-رُوف) [ع - صفت] مشغول - کام میں لگا ہُوا -
**مِصری** - (مِص-ری) [ع - صفت - و - ا - مونث] (۱) مصر سے منسوب (۲) ایک قسم کی تلوار (۳) شیرہ (۴) (اُر) - دانہ دار قند -
**مِصری کا کُوزہ** - (مذکر) مصری کا بنا ہوا گول ڈلا -
**مُصطفوی** - (مُص-طَ-فَ-وی) [ع - صفت] - مصطفےٰ سے منسوب -
**مُصطفیٰ** - (مُص-طَ-فا) [ع - صفت] (۱) انتخاب کیا ہوا - برگزیدہ (۲) حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب -
**مصطگی - مصطکی** - (مَص-طَ-گی) (کی) [ع - ا - مونث] ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے -
**مُصطلحات** - (مُص-طَ-لَ-حات) [ع - ا - مونث] مُصطلح کی جمع - اصطلاحیں - محاورے -
**مُصفّا** - (مُ-صف-فا) [ع - صفت] پاک - صاف - نتھرا ہوا -
**مُصفّی** - (مُ-صف-فی) [ع - صفت] صاف کرنے والا -
**مُصفّیِ خون** - خون صاف کرنے والا -
**مُصلّا - مُصلّیٰ** - (مُ-صل-لا) [ع - ا - مذکر] (۱) نماز پڑھنے کی جگہ (۲) جانماز - صف وغیرہ -
**مُصلح** - (مُص-لِح) [ع - صفت و ا - مذکر] (۱) اصلاح کرنے والا - نیکی کی طرف لانے والا (۲) اصطلاحِ طب میں ضرر سے بچانے والا -
**مصلحت** - (مَص-لَ-حت) [ع - ا - مونث] (۱) اچھا مشورہ - مناسب تجویز (۲) خوبی (۳) حکمت - پالیسی -
**مصلحت اندیش** - مناسب اور معقول بات سوچنے والا -
**مصلحتِ ایزدی** - خدا کی حکمت - خدا کی مرضی -
**مصلحت دیکھنا** - خوبی دیکھنا - بھلائی دیکھنا -
**مصلحتِ وقت** - وقت کے مناسب -
**مصلحتاً** - (مَص-لَ-حَ-تَن) [ع] بھلائی کی بنیاد پر -
**مُصلحین** - (مُص-لِ-حِین) [ع - ا - مذکر] مُصلح کی جمع -
**مصلوب** - (مَص-لُوب) [ع - صفت] صلیب پر چڑھایا گیا - سُولی دیا گیا -
**مُصلّی** - (مُ-صل-لی) [ع - صفت] (۱) نماز پڑھنے والا - نمازی (۲) (ہِن) نومسلم خاکروب -
**مُصمّم** - (مُ-صم-مَم) [ع - صفت] پکا - مضبوط - استوار - محکم -
**مُصنّف** - (مُ-صن-نِف) [ع - ا - مذکر] (۱) تصنیف کرنے والا - (۲) کتاب تالیف کرنے والا -
**مُصنّفہ** - (مُ-صن-نِ-فَہ) [ع - ا - مونث] مصنف عورت -
**مُصنّفہ** - (مُ-صن-نَ-فہ) [ع - صفت] تصنیف کیا ہوا - لکھا ہُوا -
**مُصنّفین** - (مُ-صن-نِ-فِین) [ع - ا - مذکر] مصنف کی جمع

Marfat.com

مصنُوعات۔ (مص۔نُو۔عات) (ع۔ا۔مذکر و مونث) ۔ مصنوع کی جمع۔ بنائی ہوئی چیزیں۔ کارخانوں میں تیار شدہ اشیا۔
مصنُوعی۔ (ع۔صفت) (۱) بنایا ہوا (۲) بناوٹی۔ نقلی۔
مُصوَّر۔ (مُ۔صَوْ۔وَر) (ع۔صفت) تصویر بنایا گیا۔
مُصوِّر۔ (مُ۔صَوْ۔وِر) (ع۔ا۔مذکر) (۱) تصویر بنانے والا۔ نقاش۔ آرٹسٹ (۲) رنگ بھرنے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
مُصوِّری۔ (مُ۔صَوْ۔وِ۔ری) (ف۔ا۔مونث) تصویریں بنانے کا ہنر۔ تصویر کشی کا پیشہ۔
مصئون۔ مصئونہ۔ (مَص۔اُون) (مَص۔اُو۔نہ) (ع۔صفت) محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔
مُصیبت۔ (مُ۔صی۔بَت) (ع۔ا۔مونث) (۱) رنج۔ تکلیف (۲) حادثہ (۳) نحوست (۴) دقت۔ مشکل۔
مصیبت اٹھانا (جھیلنا)۔ دُکھ جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔
مصیبت بن جانا۔ جان کا عذاب ہو جانا۔ دوبھر ہو جانا۔
مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ بپتا پڑنا۔
مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا ہوا۔ بدبخت۔ تباہ۔
مصیبت مارا۔ آفت زدہ۔

## م ۔ ض

مُضارِع۔ (مُ۔ضا۔رِع) (ع۔ا۔مذکر) (۱) مانند (۲) وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں۔
مُضاعَف۔ (مُ۔ضا۔عَف) (ع۔صفت) (۱) دُگنا۔ (۲) وہ کلمہ جس کے آخر میں دو حرف آئیں۔
مُضاف۔ (ع۔صفت) (۱) جُڑا ہوا۔ پیوستہ (۲) منسوب۔ متعلق (۳) وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے۔ جیسے احمد کی کتاب۔ اس میں کتاب مضاف اور احمد مضاف الیہ ہے۔ (۴) اضافہ کیا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔
مُضاف الیہ۔ وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم منسوب کیا جائے۔
مُضافات۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) مضاف کی جمع۔ متعلقات۔ ضمیمہ۔ (۲) قرب و جوار۔
مضافاتِ شہر۔ شہر کے آس پاس کے گاؤں یا قصبے۔
مضامین۔ (مَ۔ضا۔مِین) (ع۔ا۔مذکر) مضمون کی جمع۔
مُضایقہ۔ (مُ۔ضا۔یِ۔قہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) دشواری۔ (۲) حرج۔ قباحت (۳) ڈر۔ پروا۔
مضبُوط۔ (مَض۔بُو۔ط) (ع۔صفت) (۱) پائدار۔ دیرپا (۲) قوی (۳) توانا۔ ہٹا کٹا۔
مضبُوطی۔ (اُ۔ا۔مونث) (۱) پائداری۔ استقلال۔ (۲) ہمت۔
مُضحِک۔ (مُض۔حِک) (ع۔صفت) ہنسانے والا۔
مُضحِکات۔ (مُض۔حِ۔کات) (ع۔ا۔مذکر) لطائف۔ ہنسانے والی چیزیں۔
مضحکہ۔ (مَض۔حَ۔کہ) (۱) ہنسی۔ تمسخر (۲) مسخرہ۔ وہ شخص جس کا مذاق اُڑائیں۔
مضحکہ اُڑانا (کرنا)۔ ٹھٹھا کرنا۔ مسخرا بنانا۔
مضحکہ خیز۔ ہنسی مذاق میں ٹالنے والی بات۔
مُضِر۔ (مُ۔ضِر) (ع۔صفت) ضرر پہنچانے والا۔
مِضراب۔ (مِض۔راب) (ع۔ا۔مونث) ستار بجانے کا چھلا۔
مُضرّات۔ (مُ۔ضِر۔رات) (ع۔ا۔مذکر و مونث) نقصان پہنچانے والی چیزیں۔
مضرّت۔ (مَ۔ضَر۔رَت) (ع۔ا۔مونث) ضرر۔ نقصان۔
مضرت رسانی۔ (مونث) نقصان پہنچانا۔ ایذا رسانی۔
مضرُوب۔ (مَض۔رُوب) (ع۔صفت) (۱) چوٹ لگا ہوا۔ وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو (۲) اصطلاح حساب میں وہ عدد جس کو ضرب دیا جائے۔
مضرُوب فیہ۔ وہ عدد جس سے ضرب دی جائے۔
مُضطر۔ (مُض۔طَر) (ع۔صفت) (۱) تکلیف میں مبتلا۔ (۲) (مجازاً) بے بس (۳) بے چین۔ پریشان۔
مُضطرِب۔ (مُض۔طَ۔رِب) (ع۔صفت) بے چین۔ بے قرار۔
مضطربُ الحال۔ پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔
مُضطربانہ۔ (مُض۔طَ۔رِ۔با۔نہ) (ع۔ف۔تابع فعل)۔ بے قراری سے۔
مُضغہ۔ (مُض۔غہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) لوتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) کچا بچہ۔ جنین کی ابتدائی حالت۔
مُضغہ گوشت۔ (۱) گوشت کا لوتھڑا (۲) نکما آدمی۔
مُضِل۔ (مُ۔ضِل) (ع۔صفت) گمراہ کرنے والا۔ بہکانے والا۔
مُضمحِل۔ (مُض۔مَ۔حِل) (ع۔صفت) (۱) کمزور۔ لاغر (۲) اداس۔ رنجیدہ۔
مُضمَر۔ (مُض۔مَر) (ع۔صفت) پوشیدہ۔ مخفی۔ دل میں رکھا گیا۔
مضمُوم۔ (مَض۔مُوم) (ع۔صفت) ضمہ دیا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش ہو۔
مضمُون۔ (مَض۔مُون) (ع۔ا۔مذکر) (۱) مطلب۔ معنی (۲) جواب مضمون۔ انشا۔ اداریہ (۳) بات۔ سخن۔
مضمون آفرین۔ نئی بات پیدا کرنے والا۔
مضمون آفرینی۔ (مونث) ذہن سے نئی بات نکالنا۔
مضمون باندھنا۔ کسی مضمون کو شعر میں نظم کرنا۔
مضمون نگار (نویس)۔ مضمون لکھنے والا۔ انشا پرداز۔
مضمون نگاری (نویسی) (مونث) مضمون لکھنا۔
مضیٰ۔ (مَ۔ضا) (ع۔صفت) گزرا ہوا۔ گزر گیا۔ بیت گیا۔
مضیٰ ما مضیٰ۔ جو ہوا سو ہوا۔ گزرا سو گزرا۔

Marfat.com

## م - ط

**مطابِع** - (مَ - طا - بِع)، (ع - ا - مذکر) مطبع کی جمع -
**مُطابِق** - (مُ - طا - بِق)، (ع - صفت) (۱) موافق - برابر - مانند - (۲) بموجب - حسب - بہ لحاظ -
**مُطابَقت** - (مُ - طا - بَ - قَت)، (ع - مونث) موافقت - مشابہت - برابری -
**مطالِب** - (مَ - طا - لِب)، (ع - ا - مذکر) مطلب کی جمع -
**مطالبہ** - (مُ - طا - ل - بَہ)، (ع - ا - مذکر) (۱) دعوٰی - نالش (۲) اپنا حق چاہنا - درخواست - مانگنا - تقاضا کرنا -
**مطالِع** - (مَ - طا - لِع)، (ع - ا - مذکر) مطلع کی جمع -
**مُطالَعہ** - (مُ - طا - ل - عَہ)، (ع - ا - مذکر) (۱) غور - دھیان - کسی چیز کو واقفیت پیدا کرنے کی غرض سے دیکھنا (۲) کتب بینی -
**مُطایبات** - (مُ - طا - ئِ - بات)، (ع - ا - مذکر) مطایبہ کی جمع - خوش طبعی کی باتیں - مزاح -
**مطب** - (مَ - طَب)، (ع - ا - مذکر) وہ مکان جہاں بیٹھ کر طبیب مریضوں کا علاج کرے -
**مطبخ** - (مَط - بَخ)، (ع - ا - مذکر) باورچی خانہ -
**مطبع** - (مَط - بَع)، (ع - ا - مذکر) چھاپہ خانہ - پریس -
**مطبُوع** - (مَط - بُوع)، (ع - صفت) (۱) طبع کیا ہوا (۲) پسند کیا گیا - مرغوب - پسندیدہ -
**مطبُوعات** - (مَط - بُو - عات)، (ع - ا - مونث) مطبوعہ کی جمع - چھپی ہوئی چیزیں - کتابیں وغیرہ -
**مطبُوعہ** - (مَط - بُو - عَہ)، (ع - صفت) چھپا ہوا -
**مطر** - (مَ - طَر)، (ع - ا - مذکر) بارش - باراں -
**مُطرِب** - (مُط - رِب)، (ع - ا - مذکر) گویا - گانے والا -
**مُطرِبہ** - (مُط - رِ - بَہ)، (ع - ا - مونث) گانے والی (عورت) -
**مطعُون** - (مَط - عُون)، (ع - صفت) طعنہ دیا گیا - بدنام - رسوا -
**مطعُونِ خلائق** - دُنیا بھر کا بدنام - وہ شخص جسے خلقت لعنت ملامت کرے -
**مُطلّا** - (مُ - طَل - لا)، (ع - صفت) طلا کیا گیا - سُنہرا - زرّیں - طلائی -
**مطلب** - (مَط - لَب)، (ع - ا - مذکر) مقصد - منشا - خواہش -
**مطلب برآری** - (مونث) کام نکالنا - حاجت روائی - حصولِ مدعا -
**مطلب بر آنا** - مقصد پورا ہونا - مراد حاصل ہونا -
**مطلب پورا کرنا** - مراد بر آنا - مقصد میں کامیاب کرنا -
**مطلب رکھنا** - غرض رکھنا - واسطہ رکھنا -
**مطلب کا یار (آشنا)** - خود غرض - مطلبی جو یار بنا ہو -
**مطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں** - (مثل) غرض نکالنے کے لیے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرتے ہیں -
**مطلب نکالنا** - (۱) غرض پوری کرنا (۲) بات سمجھنا -
**مطلبی** - (مَط - لَ - بی)، (ع - صفت) خود غرض - مطلب کا یار -
**مطلع** - (مَط - لَع)، (ع - ا - مذکر) (۱) طلوع ہونے کی جگہ - مشرق (۲) غزل یا قصیدے کے شروع کا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیے ہوں -
**مطلع صاف ہونا** - (۱) آسمان کا ابر و غبار سے صاف ہونا (۲) روک ٹوک نہ ہونا (۳) داڑھی مونچھ کا نہ ہونا -
**مُطّلِع** - (مُط - طَ - لِع)، (ع - صفت) اطلاع دیا گیا - واقف - آگاہ -
**مُطّلع کرنا** - اطلاع دینا - خبردار کرنا - آگاہ کرنا -
**مُطلَق** - (مُط - لَق)، (ع - صفت) (۱) آزاد (۲) بالکل - قطعی (۳) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیے -
**مُطلقُ العِنان** - (۱) بے لگام (۲) خود سر - مختار -
**مطلقاً** - (مُط - لَ - قَن)، (ع - تابع فعل) بالکل - قطعی - اصلا -
**مُطلّقہ** - (مُ - طَل - لَ - قَہ)، (ع - صفت) طلاق دی ہوئی عورت -
**مطلُوب** - (مَط - لُوب)، (ع - صفت) طلب کیا گیا - خواہش کیا گیا (کنایۃً) معشوق -
**مطمح** - (مَط - مَح)، (ع - ا - مذکر) (۱) نظر پڑنے کی جگہ (۲) مقصود -
**مطمحِ نظر** - نگاہ کا مرکز - اصلی مقصد -
**مُطمئِن** - (مُط - مَ - اِن)، (ع - صفت) اطمینان پانے والا - بے فکر -
**مُطوّل** - (مُ - طَو - وَل)، (ع - صفت) لمبا - دراز - طویل -
**مُطہّر** - (مُ - طَہ - ہَر)، (ع - صفت) پاک - صاف - (مونث) مُطہّرہ -
**مُطہّر** - (مُ - طَہ - ہِر)، (ع - صفت) پاک کرنے والا -
**مُطہّرات** - (مُ - طَہ - ہَ - رات)، (ع - ا - مونث) مطہرہ کی جمع -
**مطیر** - (مَ - طِیر)، (ع - صفت) برسنے والا - بارش کرنے والا -
**مُطیع** - (مُ - طِیع)، (ع - صفت) اطاعت کرنے والا -

## م - ظ

**مظالِم** - (مَ - ظا - لِم)، (ع - ا - مذکر) مظلمہ کی جمع - ظلم - ستم -
**مظاہر** - (مَ - ظا - ہِر)، (ع - ا - مذکر) مظہر کی جمع -
**مُظاہرہ** - (مُ - ظا - ہَ - رَہ)، (ع - ا - مذکر) (۱) کسی خاص امر میں اظہارِ تائید کے لیے جمع ہونا - جمع کر کے گشت کرنا (۲) دکھانا - نمائش کرنا (فن - کمال) -
**مُظاہرین** - (مُ - ظا - ہِ - رِین)، (ع - ا - مذکر) مُظاہر کی جمع - مظاہرہ کرنے والے -
**مُظفّر** - (مُ - ظَف - فَر)، (ع - صفت) فتح یاب - فتح کرنے والا -
**مظلُوم** - (مَظ - لُوم)، (ع - صفت) ظلم کیا گیا - ستایا ہوا -

Marfat.com

**مظلومی۔ مظلومیت** ۔ (مَظ۔ لُو۔ می ) (مَظ۔ لُو۔ مِی۔ یَت )۔ (ف ۔ ا۔ مونث ) مظلوم ہونے کی حالت۔

**منظر** ۔ (مَظ۔ ہَر) [ع ۔ ا۔ مذکر] ظاہر ہونے کی جگہ ۔ تماشا گاہ ۔ اسٹیج ۔

**مُظہر** ۔ (مُظ۔ ہِر) [ع ۔ صفت ] بیان کرنے والا ۔ گواہ ۔

## م - ع

**مع** ۔ (ع ) ساتھ ۔ ہمراہ ۔ سمیت ۔ سنگ ۔

**مع الخیر** ۔ خیریت سے ۔ سلامتی سے ۔ بخیر و عافیت ۔

**مع ہذا** ۔ علاوہ بریں ۔ باوجود اس کے ۔ ساتھ اس کے ۔

**معاً** ۔ (مَ ۔ عَن ) (ف ۔ تابع فعل ) ایک ساتھ ۔ ساتھ ہی ۔ فوراً ۔ دفعتہً ۔

**معابد** ۔ (مَ ۔ عا ۔ بِد ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معبد کی جمع ۔ عبادتخانے ۔

**معاد** ۔ (مَ ۔ عاد ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ ۔ واپس جانے کا مقام (۲) عقبیٰ ۔ قیامت ۔

**معادن** ۔ (مَ ۔ عا ۔ دِن ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) معدن کی جمع ۔ کانیں ۔

**معاذ** ۔ (مَ ۔ عاذ ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) بچاؤ کی جگہ ۔ جائے پناہ ۔

معاذ اللہ ۔ اللہ بچائے ۔ خدا کی پناہ ۔

**معارف** ۔ (مَ ۔ عا ۔ رِف ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) (۱) معرفت کی جمع ۔ علم و فضل ۔ علوم و فنون ۔ (۲) نامور لوگ ۔

**معاش** ۔ (مَ ۔ عاش ) (ع ۔ مونث ) (۱) رزق ۔ روزی (۲) وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے ۔

**مُعاشرت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ شَ ۔ رَت ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) کسی کے ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرنا ۔

**معاشرہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ شَ ۔ رَہ ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے اور اپنی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے دوسروں سے واسطہ پڑتا ہے ۔

**معاشی ۔ معاشیاتی** ۔ (مَ ۔ عا ۔ شی ) (مَ ۔ عا ۔ شِ ۔ یا ۔ تی ) (ع ۔ صفت ) روزی اور بسر اوقات سے متعلق ۔

**معاشیات** ۔ (مَ ۔ عا ۔ شی ۔ یات ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) اقتصادیات کا وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے ۔ ( ECONOMICS )

**مُعاصر** ۔ (مُ ۔ عا ۔ صِر ) (ع ۔ صفت ) ہم عصر ۔ ہم زمانہ ۔ ہم عہد ۔

**مُعاصرین** ۔ (مُ ۔ عا ۔ صِ ۔ رین ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معاصر کی جمع ۔ ہم زمانہ لوگ ۔

**معاصی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معصیت کی جمع ۔

**مُعاف** ۔ (مُ ۔ عاف ) (ع ۔ ف ۔ صفت ) بخشا گیا ۔ بری ۔ آزاد ۔

معاف رکھنا ۔ درگزر کرنا ۔

معاف کرنا ۔ بخشنا ۔ درگزر کرنا ۔ عفو کرنا ۔ چھوڑنا ۔

**مُعافی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث ) (۱) رہائی ۔ نجات ۔ عفو ۔ مغفرت (۲) وہ زمین جس کا لگان سرکار سے معاف ہو ۔

معافی دار ۔ عطا کی ہوئی زمین کا مالک ۔

معافی نامہ ۔ (مذکر ) معافی کی درخواست ۔ معافی کی تحریر ۔

**مُعالج** ۔ (مُ ۔ عا ۔ لِج ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) علاج کرنے والا ۔ طبیب ۔

**مُعالجات** ۔ (مُ ۔ عا ۔ لَ ۔ جات ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معالجہ کی جمع ۔

**مُعالجہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ لَ ۔ جَہ ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) علاج ۔ دوا دارو ۔

**مُعاملات** ۔ (مُ ۔ عا ۔ مَ ۔ لات ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معاملہ کی جمع ۔

**مُعاملت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ مَ ۔ لَت ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) دیکھیے مُعاملہ

**مُعاملہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ مَ ۔ لَہ ) (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذکر ) (۱) کام کاج ۔ کاروبار ۔ باہم مل کر کوئی کام کرنا (۲) خرید و فروخت (۳) واقعہ (۴) قول و قرار (۵) جھگڑا (۶) تعلق ۔ واسطہ (۷) مال گزاری ۔ لگان ۔

معاملے کا سچا یا کھرا ۔ بات کا پورا ۔ دیانت دار ۔

معاملے کا کھوٹا ۔ بے ایمان ۔ دغا باز ۔ خائن ۔

**مُعاندانہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ نِ ۔ دا ۔ نہ ) (ف ۔ صفت ) دشمنوں کی طرح ۔

**مُعاندت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ نَ ۔ دَت ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔

**مُعاندین** ۔ (مُ ۔ عا ۔ نِ ۔ دین ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) مُعانِد کی جمع ۔ دشمن ۔ مخالف ۔

**مُعانقہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ نَ ۔ قَہ ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) بغل گیر ہونا ۔ گلے ملنا ۔

**معانی** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر ) (۱) معنی کی جمع (۲) وہ علم جس سے الفاظ کا صحیح موقع استعمال اور معقول کا درست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے ۔

**مُعاوضہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ وَ ۔ ضَہ ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) بدلہ ۔ عوض ۔

**مُعاوِن** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر ) اعانت کرنے والا ۔ مددگار ۔ ( جمع ۔ معاونین ) ۔

**مُعاونت** ۔ (مُ ۔ عا ۔ وَ ۔ نَت ) (ع ۔ ا ۔ مونث ) مدد ۔ حمایت ۔

**مُعاہد** ۔ (مُ ۔ عا ۔ ہِد ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) عہد و پیمان کرنے والا ۔ قول و قرار کرنے والا ۔ (مُعاہدین جمع ) ۔

**مُعاہدات** ۔ (مُ ۔ عا ۔ ہَ ۔ دات ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معاہدہ کی جمع ۔

**مُعاہدہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ ہَ ۔ دَہ ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) باہم قول و قرار ۔ عہد نامہ ۔

**معایب** ۔ (مَ ۔ عا ۔ یِب ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) معیب کی جمع ۔ عیوب ۔ نقائص ۔ خرابیاں ۔ کھوٹ ۔ برائیاں ۔

**مُعاینہ** ۔ (مُ ۔ عا ۔ یَ ۔ نَہ ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) ملاحظہ ۔ جانچ پڑتال ۔ مطالعہ ۔ مشاہدہ ۔ سامنے دیکھنا ۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا ۔

**معبد** ۔ (مَع ۔ بَد ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) عبادت گاہ ۔

**معبود** ۔ (مَع ۔ بُود ) (ع ۔ ا ۔ مذکر ) جس کی عبادت کی جائے ۔ اللہ ۔

**مُعتاد** ۔ (مُع ۔ تاد ) (ع ۔ صفت ) (۱) عادی (۲) (مونث ) ۔

Marfat.com

مقدارِ خوراک - خوراک کا اندازہ -
مُعتبَر - (مُع - تَ - بَر) [ع - صفت] (۱) اعتبار کیا گیا - بھروسے کے قابل (۲) درست - ٹھیک - راست -
مُعتبَری - (مُع - تَ - بَ - ری) [ا - موٴنث] قابلِ اعتبار ہونا -
مُعتَد - (مُع - تَد) [ع - صفت] گِنا گیا - شمار کیا گیا -
مُعتَدبہ - (۱) معتبر - قابلِ اعتماد (۲) معقول - بہت سا -
مُعتَدِل - (مُع - تَ - دِل) [ع - صفت] اعتدال والا - درمیانی درجے کا - متوسط - مدھم -
معتدلُ المزاج - جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اوسط درجے پر ہو -
مُعترِض - (مُع - تَ - رِض) [ع - ا - مذکر] اعتراض کرنے والا - روک ٹوک کرنے والا - مزاحم (جمع معترضین)
مُعترِف - (مُع - تَ - رِف) [ع - ا - مذکر] اعتراف کرنے والا - اقبالی - اقراری -
مُعتزِلہ - (مُع - تَ - زِ - لَہ) [ع - ا - مذکر] مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کے نزدیک قرآن مخلوق ہے اور اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے - اس لیے وحی کے بغیر ہی اہلِ عقل و حکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں - مامون رشید کے دور میں یہ سرکاری مذہب بن گیا تھا -
مُعتزِلی - (مُع - تَ - زِ - لی) [ع - ا - مذکر] فرقہ معتزلہ کا پیرو (جمع) معتزلین -
مُعتصِم - (مُع - تَ - صِم) [ع - ا - مذکر] بھروسا رکھنے والا -
مُعتضِد - (مُع - تَ - ضِد) [ع - ا - مذکر] مدد لینے والا -
مُعتقِد - (مُع - تَ - قِد) [ع - ا - مذکر] اعتقاد رکھنے والا -
مُعتکِف - (مُع - تَ - کِف) [ع - ا - مذکر] ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف میں بیٹھنے والا -
مُعتَل - (مُع - تَل) [ع - صفت] (۱) بیمار (۲) اصطلاحِ علمِ صرف میں وہ فعل یا اسم جس میں حرفِ علت ہو -
مُعتَمَد - (مُع - تَ - مَد) [ع - صفت] (۱) اعتماد کیا گیا - قابلِ اعتبار (۲) سیکرٹری -
معتمدِ اعلیٰ - معتمدِ خصوصی - چیف سیکرٹری -
معتمد علیہ - جس پر اعتبار کیا جائے - معتبر -
معتوب - (مَع - توب) [ا - صفت] وہ جس پر عتاب کیا جائے - یہ لفظ عربی نہیں (جمع معتوبین) -
مُعجِب - (مُع - جِب) [ع - صفت] مغرور - متکبر - گھمنڈی -
مُعجِز - (مُع - جِز) [ع - صفت] (۱) عاجز کرنے والا (۲) (مذکر) معجزہ -
معجز بیان - اعلیٰ پائے کا مقرر - بڑا خوش بیان -
معجز بیانی - (موٴنث) اعلیٰ درجے کا خوش بیان -
معجز رقم - جس کی تحریر کا دوسرے مقابلہ نہ کر سکیں -
معجز نگار - بے مثل مضمون لکھنے والا -
معجز نما - معجزہ دکھانے والا -
مُعجِزات - (مُع - جِ - زات) [ع - ا - مذکر] معجزہ کی جمع -
مُعجِزہ - (مُع - جِ - زَہ) [ع - ا - مذکر] وہ کام جو انسانی طاقت سے باہر ہو - وہ انوکھی بات جو نبی سے ظاہر ہو -

مُعجَّل - (مُ - عَج - جَل) [ع - صفت] فوراً - جلد - ہاتھوں ہاتھ -
مُعجَم - مُعجَمہ - (مُع - جَم) (مُع - جَ - مَہ) [ع - صفت] نقطے والا حرف - منقوط -
مَعجُون - (مَع - جُون) [ع - ا - موٴنث] (۱) کوئی مرکب دوا جو کئی دواؤں کو ملا کر بنائی گئی ہو -
معجونِ فلاسفہ - ایک قسم کی معجون جو سرد مزاجوں اور بوڑھوں کے لیے مفید ہے -
مَعدَلت - (مَع - دَ - لَت) [ع - ا - موٴنث] انصاف -
مَعدِن - (مَع - دِن) [ع - ا - مذکر] کان - کھان - وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں نکالیں (بفتح سوم بھی صحیح ہے) -
مَعدَنی - (مَع - دَ - نی) [ع - صفت] معدن سے منسوب -
مَعدَنیات - (مَع - دَ - نی - یات) [ع - ا - موٴنث] وہ چیزیں جو کان سے نکلیں - دھاتیں - فلزات -
مَعدُود - (مَع - دُود) [ع - صفت] (۱) شمار کیا گیا (۲) چند - تھوڑے -
معدودے چند - گنتی کے - بہت تھوڑی تعداد میں -
مَعدُولہ - (مَع - دُو - لَہ) [ع - صفت] وہ واؤ جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے - جیسے خود - خویش (خُد - خیش)
مَعدُوم - (مَع - دُوم) [ع - صفت] فنا کیا گیا - ناپید - کالعدم
مَعدُومی - (مَع - دُو - می) [ف - ا - موٴنث] ناپید ہونا -
مِعدہ - (مِع - دَہ) [ع - ا - مذکر] پیٹ کے اندر کی تھیلی جس میں کھانا رہتا اور ہضم ہوتا ہے -
مَعذِرت - (مَع - ذِ - رَت) [ع - ا - موٴنث] عذر - حیلہ - بہانہ (بفتح سوم بھی صحیح ہے) -
مَعذُور - (مَع - ذُور) [ع - صفت] عذر کیا گیا - مجبور - ناچار
معذور رکھنا - معاف رکھنا - قابلِ عذر سمجھنا -
مَعذُوری - (مَع - ذُو - ری) [ف - ا - موٴنث] مجبوری -
مُعَرّا - (مُ - عَر - را) [ع - صفت] (۱) ننگا - خالی - سادہ (۲) وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو (۳) بلا ترجمہ قرآن شریف (۴) وہ نثر جو مقفیٰ نہ ہو (۵) وہ نظم جس میں قافیہ ردیف کا التزام نہ ہو -
مِعراج - (مِع - راج) [ع - ا - موٴنث] (۱) زینہ (۲) مرتبہ بلند (۳) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمانوں سے اوپر جانا اور تجلیاتِ الٰہی کا مشاہدہ کرنا -
معراج کی رات - رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلم معراج کو تشریف لے گئے -
مُعَرَّب - (مُ - عَر - رَب) [ع - صفت] وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو اور دراصل وہ لفظ دوسری زبان کا ہو -
مَعرِض - (مَع - رِض) [ع - ا - مذکر] (۱) ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران -
مَعرِفت - (مَع - رِ - فَت) [ع - ا - موٴنث] (۱) پہچان (۲) خداشناسی (۳) ذریعہ - سبب - وسیلہ -
مَعرِفہ - (مَع - رِ - فَہ) [ع - ا - مذکر] وہ اسم جو ایک معین شے کے لیے وضع کیا گیا ہو -
مَعرَکہ - (مَع - رَ - کَہ) [ع - ا - مذکر] (۱) میدانِ جنگ (۲) جنگ (۳) دھوم دھام - ہنگامہ -
معرکہ آرا - جنگ کی رونق بڑھانے والا - جنگجو (۲) زبردست (معرکۃ الآرا غلط العام ہے)

Marfat.com

معرکہ آرائی - (مونث) جنگ کے لیے ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

معرکہ سر ہونا - مقابلے میں فتح حاصل ہونا۔

معرکہ کا - (۱) مشکل - دشوار (۲) دھوم دھام کا (۳) بہادر۔

معرکہ مارنا - مقابلے میں کامیابی حاصل ہونا۔

معروض - (مَع - رُوض) [ع - صفت] (۱) عرض کیا گیا (۲) (مونث) التماس - گذارش - درخواست۔

معروضہ - (مَع - رُو - ضَہ) [ع - صفت] عرضی - عریضہ - (جمع معروضات)

معروف - (مَع - رُوف) [ع - صفت] (۱) مشہور - معلوم (۲) نیک بات (۳) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو - جیسے ناصر نے کریم سے کہا (۴) وہ واؤ جس کے پہلے پیش ہو اور خوب کھینچ کر پڑھا جائے - جیسے نُور - حُور (۵) وہ یائے جس کے پہلے کسرہ ہو اور خوب کھینچ کر پڑھی جائے جیسے وزیر - نظیر۔

مُعِزّ - (مُ - عِزّ) [ع - صفت] (۱) عزت دینے والا - (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مُعزّز - (مُ - عَز - زَز) [ع - صفت] عزت دار (جمع معززین)

معزول - (مَع - زُول) [ع - صفت] موقوف کیا گیا - برطرف کیا گیا - گدی سے اتارا گیا۔

معزولی - (مَع - زُو - لی) [ف - ا - مونث] موقوفی - برطرفی۔

معشوق - (مَع - شُوق) [ع - ا - مذکر] جس پر کوئی عاشق ہو۔

معشوقانہ - (مَع - شُو - قا - نہ) [ف - صفت] (۱) معشوق سے منسوب (۲) دلکش - دلفریب۔

معشوقہ - (مَع - شُو - قہ) [ع - ا - مونث] وہ عورت جس پر کوئی عاشق ہو۔

معشوقی - [ف - ا - مونث] دلربائی - محبوبیت۔

معصوم - (مَع - صُوم) [ع - صفت] (۱) بے گناہ (۲) بچہ - (۳) بھولا۔

معصومی - [ف - ا - مونث] دیکھیے معصومیت۔

معصومیت - (مَع - صُو - مِی - یَت) [ف - ا - مونث] بیگناہی - سادگی - بھولاپن - بچپن۔

معصیت - (مَع - صِی - یَت) [ع - ا - مونث] گناہ - قصور۔

مُعطّر - (مُ - عَط - طَر) [ع - صفت] خوشبودار۔

مُعطّل - (مُ - عَط - طَل) [ع - صفت] (۱) بے کار - (۲) سست (۳) نکما (۴) کچھ دنوں کے لیے بیکار۔

مُعطلی - (مُ - عَط - طَ - لی) [ف - ا - مونث] کام سے علیحدگی۔

معطوف - (مَع - طُوف) [ع - صفت] (۱) پھیرا گیا - جھکایا گیا (۲) [مذکر] وہ کلمہ جو حرف عطف کے بعد واقع ہو۔

معطوف علیہ وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو۔

مُعطی - (مُع - طی) [ع - صفت] (۱) عطا کرنے والا - (۲) خدائے تعالیٰ کا ایک نام۔

مُعظّم - (مُ - عَظ - ظَم) [ع - صفت] بزرگ - شریف۔

مُعظّمہ - (مُ - عَظ - ظَ - مَہ) [ع - صفت] معظم کی تانیث۔

معقول - (مَع - قُول) [ع - صفت] (۱) عقل میں لایا گیا - قرینِ عقل (۲) مناسب - درست (۳) پسندیدہ - (۴) مہذب (۵) قابل - لائق (۶) خاطر خواہ (۷) موزوں - (۸) کافی (۹) قائل - ماننے والا (۱۰) لاجواب (۱۱) وہ جو حواس پنجگانہ سے محسوس نہ ہو۔

معقول آدمی - مہذب آدمی - سمجھدار آدمی۔

معقولات - (مَع - قُو - لات) [ع - ا - مونث] معقول کی جمع - علوم حکمت و فلسفہ و منطق۔

معقولی - (مَع - قُو - لی) [ف - صفت] منطقی۔

معقولیت - (مَع - قُو - لی - یَت) [ع - ا - مونث] انسانیت - سمجھ بوجھ - پسندیدگی - مناسبت۔

معکوس - (مَع - کُوس) [ع - صفت] اُلٹا - اوندھا - ٹیڑھا۔

مُعلا - (مُ - عَل - لا) [ع - صفت] دیکھیے معلّی۔

مُعلّق - (مُ - عَل - لَق) [ع - صفت] لٹکا ہوا - آویزاں۔

مُعلّم - (مُ - عَل - لِم) [ع - ا - مذکر] (۱) علم سکھانے والا - مدرس (۲) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو حج و عمرہ کرنے والوں کو دعائیں پڑھاتا ہے - (جمع معلمین)

معلم الملکوت - فرشتوں کا استاد - شیطان۔

مُعلّمہ - (مُ - عَل - لِ - مَہ) [ع - ا - مونث] - اُستانی - (جمع معلمات)

مُعلّمی - (مُ - عَل - لِ - می) [ع - ف - ا - مونث] بچوں کو پڑھانے کا پیشہ - مدرسی۔

مُعلن - (مُع - لِن) [ع - صفت] اعلان کرنے والا۔

معلول - (مَع - لُول) [ع - صفت] (۱) علت کیا گیا - وہ شے جس کا کوئی باعث یا سبب ہو (۲) اصطلاح منطق میں نتیجہ - ثمرہ۔

معلوم - (مَع - لُوم) [ع - صفت] (۱) جانا گیا (۲) ظاہر - واضح۔

معلوم کرنا - (۱) دریافت کرنا - کھوج لگانا (۲) سمجھنا - جاننا - (۳) تجربہ کرنا - آزمائش کرنا۔

معلوم نہیں - خبر نہیں - میں نہیں جانتا - خدا معلوم۔

معلوم ہوتا ہے - خیال گزرتا ہے - نظر آتا ہے۔

معلوم ہونا - (۱) ظاہر ہونا (۲) دکھائی دینا (۳) شناخت ہونا - (۴) محسوس ہونا (۵) خیال میں آنا۔

معلومات - (مَع - لُو - مات) [ع - ا - مونث] معلومہ کی جمع - واقفیت - علمی لیاقت - محسوسات - علم۔

معلومہ - (مَع - لُو - مَہ) [ع - صفت] جانی گئی - جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔

مُعلّیٰ - (مُ - عَل - لا) [ع - صفت] بلند کیا گیا - عالی - بزرگ۔

معلی القاب - بڑے القاب والا - عالی رتبہ - عالی جاہ۔

مُعمّا - (مُ - عَم - ما) [ف - ا - مذکر] (۱) پوشیدہ - مبہم - (۲) پہیلی - (۳) پیچیدہ بات۔

معما کھلنا - پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا - راز افشا ہونا۔

معمار - (مِع - مار) [ع - ا - مذکر] عمارت بنانے والا - راج۔

Marfat.com

**معماری** - (مِع - ما - ری) (ف - ا - مونث) راج کا پیشہ۔
**مُعمَّر** - (مُ - عَم - مَر) (ع - صفت) بوڑھا - کُہن سال۔
**معمُور** - (مَع - مُور) (ع - صفت) (۱) بھرا ہوا - لبریز - (۲) آباد۔
**معمُورہ** - (مَع - مُو - رہ) (ع - ا - مذکر) (۱) آبادی - بستی - (۲) کاشت شدہ زمین۔
**معمُول** - (مَع - مُول) (ع - ا - مذکر) (۱) وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو - (۲) وہ بات جو روزمرہ کی جائے (۳) رواج - دستور - قاعدہ۔
معمول باندھنا - دستور مقرر کرنا - قاعدہ باندھنا۔
**معمولی** - (مَع - مُو - لی) (ف - صفت) مروّجہ - رسمی - ادنیٰ۔
**معناً** - (مع - نن) (ع - تابع فعل) معنی کے اعتبار سے (صیغ معنیٰ)۔
**مُعنبر** - (مُ - عَم - بَر) (ع - صفت) عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا - مُعطّر - خوشبودار۔
**مُعنوَن** - (مُ - عَن - وَن) (ع - صفت) کسی کے نام منسوب کیا گیا۔
**معنوی** - (مَع - نَ - وی) (ع - صفت) (۱) معنی سے منسوب - (۲) اصلی - ذاتی - حقیقی (۳) اندرونی - باطنی۔
**معنیٰ** - (مَع - نا) (ع - ا - مذکر) دیکھیے معنی۔
**معنی** - (مَع - نی) (ف - ا - مذکر) (۱) مقصد - مدّعا - (۲) سبب - وجہ (۳) ماہیت - حقیقت - (اُردو میں بطور جمع مستعمل ہے)۔
**معنویّت** - (مَع - نَ - وی - یَت) (ع - ا - مونث) (۱) معنی ہونا (۲) باطنیت۔
**معہُود** - (مَع - ہُود) (ع - صفت) (۱) عہد کیا گیا (۲) مشروط - (۳) مقرّر - (۴) پُرانا (۵) مشہور - معروف۔
**مِعیار** - (مِع - یار) (ع - ا - مونث) (۱) کسوٹی - (۲) اندازہ - پیمانہ۔
**معیاری** - (مِع - یا - ری) (اُر - صفت) معیار کے مطابق - اعلیٰ درجے کی۔
**معیّت** - (مَ - عی - یت) (ع - ا - مونث) ساتھ - ہمراہی۔
**معیشت** - (مَ - عی - شت) (ع - ا - مونث) (۱) زندگی - (۲) روزگار - روزی۔
**مُعین** - (مُ - عِین) (ع - صفت) اعانت کرنے والا - مددگار۔
**مُعیّن** - (مُ - عی - یَن) (ع - صفت) (۱) ٹھہرایا گیا - مقرّرہ - (۲) علم ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں۔
**مُعیّنہ** - (مُ - عی - یَ - نہ) (ع - صفت) معیّن کی تانیث۔
**معیُوب** - (مَع - یُوب) (ع - صفت) (۱) عیب دار - بُرا - (۲) قابلِ شرم

# م - غ

**مُغ** - (ف - ا - مذکر) (۱) آتش پرست - گبر - مجوس - (۲) کلال - مے فروش۔
مُغ بچہ - (۱) آتش پرست کا لڑکا (۲) کلال کا لڑکا - (۳) بھنگ کا بیج۔
**مغازی** - (مَ - غا - زی) (ع - ا - مذکر) (۱) مغزیٰ کی جمع - کافروں کے ساتھ جنگ - خصوصاً وہ لڑائیاں جن میں حضور صلعم خود موجود تھے - (۲) غازیوں کے اوصاف کا بیان۔
**مُغالطہ** - (مُ - غا - ل - طہ) (ع - ا - مذکر) (۱) دھوکا - (۲) بھول چوک۔
**مُغاں** - (ف - ا - مذکر) مُغ کی جمع۔
**مُغایر** - (ع - صفت) غیر - مخالف - ناموافق۔
**مُغایرت** - (مُ - غا - یَ - رت) (ع - ا - مونث) غیریت - اجنبیت - بے گانگی۔
**مُغتنم** - (مُغ - تَ - نَم) (ع - صفت) غنیمت سمجھا گیا - غنیمت۔
**مُغتنمات** - (مُغ - تَ - نَ - مات) (ع - ا - مونث) مغتنم کی جمع - غنیمت چیزیں۔
**مغرب** - (مَغ - رِب) (ع - ا - مذکر) (۱) سورج غروب ہونے کی جگہ - پچھم (۲) (مونث) وہ نماز جو غروب آفتاب کے عین بعد پڑھی جاتی ہے - (نیز بفتح سوم ہے)۔
مغرب سے آفتاب نکلنا۔ قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔
**مغربی** - (مَغ - رِ - بی) (ع - صفت) (۱) مغرب کا (۲) فرنگی۔
**مغربیّت** - (مَغ - رِ - بی - یت) (ع - ا - مونث) یورپ کا اثر۔
**مغرُور** - (مَغ - رُور) (ع - صفت) متکبّر - گھمنڈی۔
**مغز** - (ع - ا - مذکر) (۱) دماغ - بھیجا (۲) گری - گودا - (۳) (مجازاً) عقل (۴) اصل - خلاصہ (۵) غرور۔
مغز پچی کرنا - دیر تک دماغ لڑانا - دیر تک سمجھانا - بک بک کرنا۔
مغز چاٹنا - بک بک کرکے دوسرے کا دماغ خالی کر دینا۔
مغز چٹ - بکّی - بکواسی - فضول باتیں کرنے والا۔
مغز چٹی - (مونث) بکواس - بک بک - جھک جھک۔
مغز کھپانا - سمجھانے کی کوشش کرنا۔
مغز کی نکل جانا - جوش کم ہو جانا - ولولۂ شباب جاتا رہنا۔
مغز مارنا - (۱) بہت سمجھانا (۲) بہت کوشش کرنا۔
مغز میں کیڑا ہونا - خبطی ہونا - نہایت باتونی ہونا۔
**مغزی** - (مَغ - زی) (اُر - ا - مونث) (۱) پتلی گوٹ - (۲) ایک قسم کا حلوا۔
**مغزیات** - (اُر - ا - مذکر) میووں کی گریاں۔

Marfat.com

**مغضوب** - (مَغ - ضُوب) (ع - صفت) جس پر غضب ہو -
**مغفرت** - (مَغ - فِ - رَت) (ع - ا - مونث) بخشش - نجات -
**مغفور** - (مَغ - فُور) (ع - صفت) بخشا گیا - مرحوم -
**مُغل** - (مُ - غَل) (ت - ا - مذکر) ایک قوم جس کا اصل وطن منگولیا ہے -
**مُغلانی** - (مُغ - لا - نی) (اُ - ا - مونث) (۱) مغل قوم کی عورت (۲) درزن - (۳) محل سرائے میں رہنے والی خادمہ -
**مُغلائی** - (مُغ - لا - ای) (ت - صفت) دیکھیے مُغلئی -
**مُغلّظ** - (مُ - غَل - لَظ) (ع - صفت) (۱) گاڑھا - (۲) فحش - (۳) گندا -
**مُغلّظ** - (مُ - غَل - لِظ) (ع - صفت) گاڑھا کرنے والا -
**مغلظات** - (مُ - غَل - لَ - ظات) (ع - ا - مونث) گالیاں -
مغلظات سُنانا - فحش گالیاں دینا -
**مُغلق** - (مُغ - لَق) (ع - صفت) دقیق - مشکل -
**مغلوب** - (مَغ - لُوب) (ع - صفت) (۱) ہارا ہوا - مفتوح - (۲) عاجز -
مغلوبُ الغضب - جو شخص جلد غصے میں آجائے -
**مغلوبیت** - (مَغ - لُو - بی - یَت) (ع - ا - مونث) اطاعت - محکومیت -
**مُغلئی** - (مُغ - لَ - ای) (ت - صفت) مُغل سے منسوب -
مُغلئی پھوڑا - (مذکر) ایک قسم کا پھوڑا -
**مُغلی** - (مُغ - لی) (ت - صفت) مغل سے منسوب - مغلائی - مغلئی -
مُغلی گھٹی - (مونث) ایک خاص قسم کی گھٹی جو بچوں کو دی جاتی ہے -
**مُغلیہ** - (مُ - غل - یہ) (مُغ - لی - یَہ) (ت - صفت) - مغل خاندان سے منسوب -
**مغموم** - (مَغ - مُوم) (ع - صفت) غمگین - رنجیدہ - فکر مند - پریشان -
**مُغنی** - (مُغ - نی) (ع - صفت) (۱) بے نیاز کر دینے والا - (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام -
**مُغنّی** - (مُ - غَن - نی) (ع - ا - مذکر) گانے والا - گویّا - ڈوم -
**مُغنّیہ** - (مُ - غَن - نِ - یَہ) (ع - ا - مونث) گانے والی عورت -
**مُغیلاں** - (مُ - غی - لاں) (ع - ا - مذکر) کیکر - ببول -

## م - ف

**مفاتیح** - (مَ - فا - تیح) (ع - ا - مونث) مفتاح کی جمع - کنجیاں -
**مُفاجات** - (ع - صفت) اچانک - یکایک - ناگہاں -
**مفاخرت** - (مُ - فا - خِ - رَت) (ع - ا - مونث) - شیخی - ڈینگ - فخر -
**مفاد** - (مَ - فاد) (ع - ا - مذکر) نفع - فائدہ (جمع مفادات)

**مُفارقت** - (مُ - فا - رَ - قَت) (ع - ا - مونث) جدائی - فرقت -
**مفاسد** - (مَ - فا - سِد) (ع - ا - مونث) مفسدہ کی جمع - خرابیاں - بُرائیاں - فتنے - جھگڑے -
**مفاصل** - (مَ - فا - صِل) (ع - ا - مونث) مفصل کی جمع - ہڈی کے جوڑ -
**مُفت** - (ف - صفت) (۱) بلا قیمت (۲) ناحق - بے فائدہ - (۳) ضائع - رائگاں (۴) بے وجہ - بے قصور راہ بے محنت -
مفت بر - بلا قیمت لے جانے والا - مفت خورا -
مفتِ خدا - خدا واسطے - بیکار -
مفت (خور یا) خورا - بلا محنت کھانے والا -
مفت راچہ گفت - جو چیز مفت ملے اس میں کیا کلام -
مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے - (مثل) مفت کی چیز حاصل کرنے میں با شرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا -
مفت میں - (۱) بے قیمت - یونہی (۲) ناحق - بلا سبب (۳) بے کار میں -
**مِفتاح** - (مِف - تاح) (ع - ا - مونث) کنجی - چابی - تالی -
**مُفتخر** - (مُف - تَ - خِر) (ع - صفت) فخر کرنے والا - شیخی باز -
**مُفتری** - (مُف - تَ - ری) (ع - صفت) (۱) افترا پرداز - بہتان لگانے والا (۲) شریر - مفسد -
**مفتوح** - (مَف - تُوح) (ع - صفت) (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو -
**مفتون** - (مَف - تُون) (ع - صفت) (۱) فتنے میں ڈالا ہوا (۲) عاشق -
**مُفتی** - (مُف - تی) (ع - ا - مذکر) فتویٰ دینے والا -
**مفر** - (مَ - فَر) (ع - ا - مذکر و مونث) (۱) بھاگنے کی جگہ - (۲) چارۂ کار -
**مُفرّح** - (مُ - فَر - رِح) (ع - ا - صفت) (۱) فرحت دینے والا - (۲) وہ دوا جو طبیعت کو فرحت بخشے -
**مُفرّحات** - (مُ - فَر - رِ - حات) (ع - ا - مونث) وہ دوائیں جو طبیعت کو فرحت اور خوشی بخشیں -
**مُفرد** - (مُف - رَد) (ع - صفت) (۱) اکیلا - واحد - یکتا - (۲) غیر مرکب -
**مُفردات** - (مُف - رَ - دات) (ع - ا - مونث) (۱) مفردہ کی جمع - حروف تہجی جب الگ کیے جائیں - جیسے ا - ب - ت وغیرہ (۲) وہ کتاب جس میں مفرد دواؤں کا حال ہو -
**مُفرّس** - (مُ - فَر - رَس) (ع - صفت) فارسی بنایا گیا - غیر زبان کا لفظ جسے فارسی بنالیں -
**مُفرط** - (مُف - رِط) (ع - صفت) بہت زیادہ - کثرت سے -
**مفرور** - (مَف - رُور) (ع - صفت) بھاگا ہوا - فراری -
**مفروضہ** - (مَف - رُو - ضَہ) (ع - صفت) فرض کیا ہوا - وہ بات جو استدلال کی بنیاد کے طور پر مان لی جائے - (جمع مفروضات) -
**مفروق** - (مَف - رُوق) (ع - صفت) (۱) فرق کیا گیا - جدا

Marfat.com

کیا گیا (۲) وہ عدد جسے کسی عدد میں سے تفریق کیا گیا ہو۔
**مفروق منہ** - وہ عدد جس میں سے کوئی عدد تفریق کیا گیا ہو۔
**مُفسِد** - (مُف-سِد) [ع-صف] (۱) فساد کرنے والا - شریر (۲) باغی - (جمع مفسدین)۔
**مُفسِدانہ** - [ع-ف-صف] مفسد کی مانند - فسادیوں کی طرح - باغیانہ۔
**مَفسدہ** - (مَف-سَ-دَہ) [ع-ا-مذکر] فساد - جھگڑا۔
**مفسدہ پرداز** - فسادی - جھگڑالو - فتنہ انگیز - شریر۔
**مفسدہ پردازی** - (مونث) فتنہ انگیزی - شرارت۔
**مُفسّر** - (مُ-فَس-سِر) [ع-صف] تفسیر کرنے والا - شارح - کلام مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا - (جمع مفسّرین)
**مُفصّل** - (مُ-فَص-صَل) [ع-صف] تفصیل کیا گیا - واضح - کھول کر بیان کیا گیا۔
**مُفصّلات** - (مُ-فَص-صَ-لات) [ع-صف] - شہر کے ارد گرد کے قصبات و دیہات۔
**مُفصّلہ** - (مُ-فَص-صَ-لہ) [ع-صف] مفصّل کی تانیث۔
**مفصّلہ ذیل** - وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے لکھی ہوئی ہو۔
**مفعول** - (مَف-عُول) [ع-صف] فعل کیا گیا - وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو۔
**مفعول بہ** - وہ مفعول جس پر فاعل کا کوئی کام واقع ہوا ہو۔
**مفعول فیہ** - وہ مفعول جس میں فاعل کا فعل واقع ہوا ہو۔ جیسے محمود نے صبح گھر پر سبق یاد کیا - اس میں صبح اور گھر مفعول فیہ ہیں۔
**مفعول لہٗ** - وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے۔ جیسے حامد نے کتاب پڑھنے کے لیے مانگی۔
**مفعول مطلق** - وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو جیسے تم کیسی چال چلتے ہو۔
**مفعول معہٗ** - وہ مفعول جو مفعول بہ کا شریک حال ہو جیسے اکرم نے ناصر کے ساتھ کھانا کھایا۔
**مفعول منہٗ** - وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے جیسے بڑھئی نے آری سے لکڑی چیری۔ میں آری۔
**مفعولیت** - (مَف-عُو-لی-یت) [ع-ا-مونث] - مفعول ہونے کی حالت۔
**مفقود** - (مَف-قُود) [ع-صف] کھویا ہوا - غائب - ناپید۔
**مفقود الخبر** - وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو - لاپتا۔
**مُفکّر** - (مُ-فَک-کِر) [ع-صف] فکر کرنے والا - سوچنے والا - (مفکّرین جمع)۔
**مفلر** - (MUFLER) (مَف-لَر) [انگ-ا-مذکر] - گلوبند۔
**مُفلِس** - (مُف-لِس) [ع-صف] غریب - کنگال۔
**مُفلِسی** - (مُف-لِ-سی) [ف-ا-مونث] غریبی - محتاجی۔
**مفلسی میں آٹا گیلا** - تکلیف میں تکلیف - محتاجی میں نقصان ہو جانا۔
**مفلوج** - (مَف-لُوج) [ع-صف] فالج کا مریض۔
**مفلوک** - (مَف-لُوک) [ع-صف] مفلس - تباہ حال۔
**مفلوک الحال** - تباہ حال - خستہ حال۔
**مفوّض - مفوّضہ** - (مُ-فَو-وَض) (مُ-فَو-وَ-ضَہ) [ع-صف] سپرد کیا ہوا - سونپا ہوا - امانت رکھا ہوا۔
**مفہوم** - (مَف-ہُوم) [ع-صف] (۱) جو سمجھ میں آئے - (۲) [مذکر] منشا - ارادہ - مقصود۔
**مُفید** - (مُ-فِید) [ع-صف] سود مند - فائدہ دینے والا۔
**مفید مطلب** - جس سے مقصد حاصل ہو۔
**مُفیض** - (مُ-فِیض) [ع-صف] فیض پہونچانے والا۔

## م - ق

**مقابر** - (مَ-قا-بِر) [ع-ا-مذکر] مقبرہ کی جمع۔
**مُقابِل** - [ع-صف] (۱) سامنے - روبرو (۲) دشمن - مخالف (۳) برابر (۴) مثل - مانند۔
**مُقابلہ** - (مُ-قا-بَ-لہ) [ع-ا-مذکر] (۱) مُنھ بھیڑ (۲) برابری (۳) ہڑتال - جانچ (۴) جنگ - لڑائی۔
**مقابلے پر کھڑا ہونا** - (۱) الیکشن میں کسی امیدوار کے ساتھ مقابلہ کرنا (۲) لڑائی پر آمادہ ہونا۔
**مُقاتلہ** - (مُ-قا-تَ-لہ) [ع-ا-مذکر] قتل - خون ریزی۔
**مقادیر** - (مَ-قا-دِیر) [ع-ا-مونث] مقدار کی جمع۔
**مقاصد** - [ع-ا-مذکر] مقصد کی جمع۔
**مُقاطعہ** - (مُ-قا-طَ-عہ) [ع-ا-مذکر] (۱) کاٹنا - (۲) تعلق نہ رکھنا - بائیکاٹ کرنا۔
**مَقال** - (مَ-قال) [ع-ا-مونث] گفتگو - بات چیت۔
**مقالہ** - (مَ-قا-لہ) [ع-ا-مذکر] (۱) قول - مقولہ - (۲) آرٹیکل - تحریر (۳) اقلیدس کا ہر حصہ جس میں اقلیدس کے دعوے ان کے ثبوت اور شکلیں درج ہوں - (جمع مقالات)۔
**مقالہ افتتاحیہ** - اخبار کا لیڈنگ آرٹیکل - اخبار کا تبصرہ۔
**مقام** - (مَ-قام) [ع-ا-مذکر] (۱) ٹھہرنے کی جگہ - ٹھکانا - (۲) محل - موقع (۳) موسیقی میں پردہ - سُر (نیز بضم اول)۔
**مقام ابراہیم** - بیت المقدس میں اس جگہ کا نام جہاں حضرت ابراہیمؑ نے نماز ادا کی تھی۔
**مقام کرنا** - ٹھہرنا - اُترنا۔
**مقام محمود** - (۱) خوبیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ (۲) اُس مقام کا نام جہاں شب معراج آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پہنچے تھے۔
**مقامات** - [ع-ا-مذکر] (۱) مقامت کی جمع - قواعد (۲) علم موسیقی کے بارہ پردے۔
**مقامی** - (مَ-قا-می) [ع-صف] کسی خاص جگہ سے متعلق - دیسی (نیز بضم اول)۔
**مُقاومت** - (مُ-قا-وَ-مَت) [ع-ا-مونث] - مقابلہ۔

Marfat.com

مَقبَرہ - (مَق-بَ-رَہ) (ع-ا-مذکر) روضہ - مزار -
مَقبُوضہ - (مَق-بُو-ضَہ) (ع-صفت) وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے - (جمع مقبُوضات)
مَقبُول - (مَق-بُول) (ع-صفت) قبول کیا گیا - پسندیدہ - پیارا - محبوب -
مَقبُولِیّت - (مَق-بُو-لی-یت) (ع-ا-مونث) قبولیت - منظوری - ہردل عزیزی -
مُقتَدا - (مُق-تَ-دا) (ع-ا-مذکر) وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں - پیشوا - رہ نما -
مُقتَدِر - (مُق-تَ-دِر) (ع-صفت) اقتدار رکھنے والا - حاکم - قوی - زور آور -
مُقتَدی - (مُق-تَ-دی) (ع-ا-مذکر) پیروی کرنے والا (۲) امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا -
مُقتَضا / مُقتَضیٰ - (مُق-تَ-ضا) (ع-صفت) تقاضا کیا گیا - (۲) (مذکر) مطلب - مراد (۳) موقع - مصلحت -
مُقتَضائے وقت - مناسب وقت - مصلحت وقت کے مطابق
مُقتَضی - (مُق-تَ-ضی) (ع-صفت) تقاضا کرنے والا - چاہنے والا -
مَقتَل - (مَق-تَل) (ع-ا-مذکر) قتل کرنے کی جگہ -
مَقتُول - (مَق-تُول) (ع-صفت) قتل کیا گیا - مارا گیا -
مِقدار - (مِق-دار) (ع-ا-مونث) (۱) اندازہ - وزن - (۲) ڈیل ڈول (۳) تعداد -
مُقَدَّر - (مُ-قَد-دَر) (ع-صفت) (۱) پہلے سے لکھا گیا اندازہ کیا گیا - (۲) وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو - مگر اس کے معنی لیے جائیں - محذوف - (۳) (مذکر) - قسمت -
مُقدّر کا ہیٹا - بدقسمت - بدنصیب -
مُقدّر لڑنا - قسمت موافق ہونا -
مَقدُرَت - (مَق-دُ-رَت) (ع-ا-مونث) (۱) قدرت طاقت (۲) بساط - حیثیت -
مَقدِس - (مَق-دِس) (ع-ا-مذکر) پاک جگہ - پاک -
مُقَدَّس - (مُ-قَد-دَس) (ع-صفت) (۱) پاک کیا گیا - (۲) پاک - معصوم (۳) بزرگ - فرشتہ خصلت -
مُقَدَّسہ - (مُ-قَد-دَ-سَہ) (ع-صفت) مقدس کی تانیث -
مَقدَم - (مَق-دَم) (ع-ا-مذکر) (۱) آمد - تشریف آوری (۲) پاؤں رکھنے کی جگہ -
مُقَدَّم - (مُ-قَد-دَم) (ع-صفت) (۱) پیش کیا گیا - (۲) پہلا - سابقہ - قدیم - (۳) اعلیٰ - معزز - (۴) واجب - فرض - (۵) آگے کا حصہ (۶) گاؤں کا نمبردار - (۷) حساب، پہلی رقم - (۸) قصابوں کی اصطلاح میں ران کا وہ حصہ جو پٹھے سے ملحق ہے - (۹) منطق میں شرط کا پہلا جُز - قضیہ -
مُقدّم جاننا / سمجھنا - زیادہ ضروری جاننا - کسی کام کو اوّل خیال کرنا -
مُقَدَّمات - (مُ-قَد-دَ-مات) (ع-ا-مذکر) مقدمہ کی جمع -

مُقَدِّمہ - (مُ-قَد-دِ-مَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) آگے چلنے والا - (۲) فوج کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا جائے - ہراول - (۳) دیباچہ -
مُقدّمۃ الجیش - (۱) ہراول فوج (۲) سپہ سالار -
مُقَدَّمہ - (مُ-قَد-دَ-مَہ) (ع-ا-مذکر) نالش - دعویٰ -
مُقدمہ باز - وہ شخص جسے مقدمے لڑنے کا شوق ہو -
مُقدمہ بازی - (مونث) نالش - عدالت میں مقدمہ لڑنا -
مُقدمہ داخل دفتر ہونا - مقدمہ کی کارروائی بند ہونا -
مُقدمہ کھڑا کرنا - جھگڑا اٹھانا - فساد پیدا کرنا -
مُقدمہ لڑنا - نالش کرنا - دعویٰ پیش کرنا -
مَقدُور - (مَق-دُور) (ع-ا-مذکر) (۱) قدرت - طاقت - (۲) حوصلہ - تاب (۳) حیثیت - بساط (۴) رسائی - پہنچ (۵) دولت - ثروت -
مقدور بھر - جہاں تک ممکن ہو - طاقت کے مطابق -
مقدور رکھنا - قدرت رکھنا - جرأت رکھنا - دولت مند ہونا -
مقدور ہونا - (۱) حوصلہ ہونا (۲) بساط ہونا - (۳) دولت ہونا (۴) طاقت ہونا -
مُقِر - (مُ-قِر) (ع-صفت) اقرار کرنے والا - معترف -
مِقراض - (مِق-راض) (ع-ا-مونث) قینچی -
مُقَرَّب - (مُ-قَر-رَب) (ع-صفت) (۱) قریب کیا گیا - (۲) (مذکر) مصاحب - خاص دوست -
مقرّب بارگاہ - وہ شخص جسے دربار میں آنے کی اجازت ہو - معزز درباری -
مُقَرَّر - (مُ-قَر-رَر) (ع-صفت) (۱) ٹھہرایا گیا (۲) چکایا گیا - (۳) مامور - متعین (۴) (تابع فعل) بلاشبہ - ضرور -
مُقَرِّر - (مُ-قَر-رِر) (ع-صفت) تقریر کرنے والا -
مُقَرَّرہ - (مُ-قَر-رَ-رَہ) (ع-صفت) ٹھہرایا گیا - تجویز کیا گیا - تجویز - معینہ - حسب دستور -
مَقرُوض - (مَق-رُوض) (ع-صفت) قرضدار - مدیون -
مَقرُون - (مَق-رُون) (ع-صفت) (۱) نزدیک کیا گیا - پاس (۲) وہ عدد جس کے ساتھ اس کا معدود بھی آئے -
مَقسُوم - (مَق-سُوم) (ع-صفت) (۱) تقسیم کیا گیا - (۲) (مذکر) علم حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو - (۳) حصّہ - تقدیر -
مقسوم علیہ - وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے
مقسوم علیہ اعظم - وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پورا تقسیم کر دے - عادِ اعظم -
مُقَشَّر - (مُ-قَش-شَر) (ع-صفت) چھلکا اتارا ہوا -
مَقصَد - (مَق-صَد) (ع-ا-مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں کا ارادہ ہو - (۲) مطلب - مراد - ارادہ -
مَقصُود - (مَق-صُود) (ع-ا-مذکر) مطلب - مراد - غرض - مدعا -
مقصود بالذّات - وہ چیز جو اصل مقصود ہو
مَقصُور - (مَق-صُور) (ع-صفت) چھوٹا کیا گیا (مونث مقصورہ) -

Marfat.com

**مُقَطَّر** - (مُ - قَط - طَر)، (ع - صفت) قطرہ قطرہ کر کے ٹپکایا اور صاف کیا ہُوا۔
**مَقْطَع** - (مَق - طَع)، (ع - ا - مذکر) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلّص آتا ہے۔
**مقطع کا بند** - (۱) نظم کا آخری بند جس میں شاعر کا تخلّص ہو۔ (۲) وہ خاص بات جس کا کہنا یا لکھنا اصل مقصود ہو۔
**مُقَطَّع** - (مُ - قَط - طَع)، (ع - صفت) (۱) تراش خراش سے آراستہ کیا ہوا (۲) مہذّب (۳) قابلِ اعتبار۔
**مُقَطَّعَات** - (مُ - قَط - طَ - عات)، (ع - ا - مذکر) (۱) مقطعہ کی جمع - کپڑے کے ٹکڑے (۲) بحر رجز کے اشعار (۳) وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض سُورتوں کے شروع میں آتے ہیں - جیسے الٓمٓ - یٰسٓ۔
**مَقْعَد** - (مَق - عَد)، (ع - ا - مونث) بیٹھنے کی جگہ - دُبر - کُون۔
**مُقَفَّل** - (مُ - قَف - فَل)، (ع - صفت) قفل لگا ہوا۔
**مُقَفّیٰ** - (مُ - قَف - فا)، (ع - صفت) قافیے دار - مسجّع۔
**مُقَلِّب** - (مُ - قَل - لِب)، (ع - صفت) بدلنے والا۔
**مُقَلِّبُ القُلوب** - دلوں کو پھیر دینے والا - خدائے تعالیٰ۔
**مُقَلِّد** - (مُ - قَل - لِد)، (ع - صفت) (۱) تقلید کرنے والا - پیرو۔ (۲) وہ مسلمان جو چار اماموں میں سے کسی ایک کی پیروی کرتا ہو۔
**مَقْلُوب** - (مَق - لُوب)، (ع - صفت) (۱) پلٹا گیا (۲) علمِ بیان کی ایک صنعت جس کی عبارت سیدھی اُلٹی یکساں پڑھی جائے - جیسے شاباش۔
**مِقْنَاطِیس** - (مِق - نا - طِیس)، (یو - ا - مذکر) ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے - چمک - پتھر - آہن رُبا۔
**مُقَنِّن** - (مُ - قَن - نِن)، (ع - صفت) قانون بنانے والا - قانون دان۔
**مُقَنِّنہ** - (مُ - قَن - نِ - نہ)، (ع - صفت) مقنن کی تانیث۔
**مَقُولہ** - (مَ - قُو - لہ)، (ع - ا - مذکر) کہاوت - قول - ضرب المثل۔
**مُقَوِّی** - (مُ - قَو - وی)، (ع - صفت) قوت دینے والا۔
**مُقَوّیٰ** - (مُ - قَو - وا)، (ع - ا - مذکر) پٹھا - دفتی - دفتی کا بکس۔
**مَقْہُور** - (مَق - ہُور)، (ع - صفت) قہر کیا گیا - جس پر غصہ ہو (جمع مقہورین)
**مِقْیَاس** - (مِق - یاس)، (ع - ا - مذکر) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں - پیمانہ۔
**مقیاس الحرارت** - وہ آلہ جس سے گرمی کا اندازہ کریں - تھرمامیٹر۔
**مقیاس المیاہ** - وہ آلہ جس سے پانی کے اُتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے - جِنسال۔
**مقیاس المطر** - (RAIN GAUGE) بارش ناپنے کا آلہ۔
**مقیاس الہوا** - وہ آلہ جس سے ہوا کا دباؤ، رطوبت اور طوفان کا حال معلوم ہوتا ہے (BAROMETER)
**مُقَیَّد** - (مُ - قَی - یَد)، (ع - صفت) قید کیا گیا - قیدی - اسیر۔
**مُقَیَّش** - (مُ - قَی - یَش)، (ف - ا - مذکر) (۱) سونے چاندی کے تار - سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا - زری - (اُردو میں مُقیش مستعمل ہے)
**مُقِیم** - (مُ - قِیم)، (ع - صفت) قیام کرنے والا - رہنے والا۔

# م - ک

**مُک** - (ہ - ا - مذکر) مُکّا کا مخفف۔
**مَکّا** - (مَک - کا)، (ہ - ا - مونث) مکئی۔
**مُکّا** - (مُک - کا)، (ہ - ا - مذکر) گھونسا - مُشت - ڈُک۔
**مَکَاتِب** - (مَ - کا - تِب)، (ع - ا - مذکر) مکتب کی جمع - مدرسے۔
**مَکَاتِیب** - (مَ - کا - تِیب)، (ع - ا - مذکر) مکتوب کی جمع - چٹھیاں۔
**مَکّار** - (مَک - کار)، (ع - صفت) مکر کرنے والا - فریبی۔
**مَکَارِم** - (مَ - کا - رِم)، (ع - ا - مذکر) (۱) مکرمت کی جمع - بزرگیاں - خوبیاں - قابلِ تعریف کام (۲) نوازشیں - عنایتیں۔
**مَکّارہ** - (مَک - کا - رہ)، (ع - صفت) مکّار کی تانیث - فریبی۔
**مَکّاری** - (مَک - کا - ری)، (ع - ا - مونث) دغا بازی - عیّاری۔
**مَکَاسِب** - (مَ - کا - سِب)، (ع - ا - مذکر) کسب کی جمع - پیشے۔
**مُکَاشَفہ** - (مُ - کا - شَ - فہ)، (ع - ا - مذکر) اولیاء اللہ کو امورِ غیبی کا معلوم ہوجانا - کشف - کرامات
**مُکَافَات** - (ع - ا - مونث) (۱) عوض - بدلہ (۲) پاداش - سزا۔
**مکافات کو پہنچنا** - کیے کی سزا ملنا۔
**مُکَالَمہ** - (مُ - کا - لَ - مہ)، (ع - ا - مذکر) گفتگو - ہم کلامی - (جمع مکالمات)۔
**مَکَان** - (ع - ا - مذکر) رہنے کی جگہ۔
**مکان بیٹھنا** - مکان گر جانا۔
**مکان دار** - مالکِ مکان - گھر والا۔
**مَکَانَات** - (ع - ا - مذکر) مکان کی جمع۔
**مُکَبِّر** - (مُ - کَب - بِر)، (ع - صفت) تکبیر کہنے والا۔
**مَکْتَب** - (مَک - تَب)، (ع - ا - مذکر) مدرسہ - اسکول۔
**مکتبِ خیال** - کسی خاص خیال یا نظریہ کے لوگوں کا گروہ۔
**مَکْتَبہ** - (مَک - تَ - بہ)، (ع - ا - مذکر) دفتر - کتب خانہ۔
**مُکْتَفی** - (مُک - تَ - فی)، (ع - صفت) کافی - پورا - وافی۔
**مَکْتُوب** - (مَک - تُوب)، (ع - ا - مذکر) لکھا ہوا - خط - چٹھی۔
**مکتوب الیہ** - جس کے نام خط لکھا جائے۔
**مکتوبات** - (ع - ا - مذکر) مکتوب کی جمع (نیز دیکھیے مکاتیب)
**مُکَث** - (مُ - کُث)، (س - ا - مذکر) تاج۔
**مُکَدَّر** - (مُ - کَد - دَر)، (ع - صفت) (۱) گدلا - میلا (۲) ناخوش - غمگین۔

Marfat.com

مکر - (ع-ا-مذکر) دھوکا - فریب - عیّاری -
مکر رکرنا، مکا ٹھنا - فریب کرنا - دھوکا دینا -
مُکَرَّر - (مُ-کَ-رَر) (ع-تابع فعل) دوبارہ - پھر - دُوسری دفعہ -
مکرر سِکرر - دوبارہ - تبارہ - بار بار - کئی مرتبہ -
مُکَرَّم - (مُ-کَ-رَم) (ع-صفت) عزّت دیا گیا - محترم - معزّز -
مکرّم بندہ - جناب من - بندہ پرور - بندہ نواز -
مکرمت - (مَک-رُ-مَت) (ع-ا-مونث) بزرگی - مہربانی - عنایت - نوازش -
مُکرنا - (مُ-کَر-نا) (ہ-مص) قول سے پھرنا - اقرار کر کے انکار کرنا -
مکرنی - (مُ-کَر-نی) (ہ-ا-مونث) دیکھیے کہ مکرنی -
مکرونی - (MACRONY) (انگ-ا-مذکر) آٹے کے سیو جو پکا کر کھائے جاتے ہیں -
مکروہ - (مَک-رُوہ) (ع-صفت) (۱) کریہ - نفرت انگیز - گھناؤنا (۲) (مذکر) ناجائز چیز - وہ چیز جو بعض یا صول کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو -
مکروہِ تحریمیہ - وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو -
مکروہات - (مَک-رُو-ہات) (ع-ا-مذکر) (۱) مکروہ کی جمع (۲) نفرت انگیز چیزیں (۳) بیہودہ کام - دُنیوی جھگڑے -
مکڑ - مکڑا - (مَک-کَڑ) - (مَک-ڑا) (ہ-ا-مذکر) بڑی مکڑی - نر مکڑی -
مکڑی - (مَک-ڑی) (ہ-ا-مونث) عنکبوت - ایک قسم کا کیڑا جو اپنے لعاب سے جالا تنتا ہے -
مکڑی کا جالا - (مذکر) مکڑی کا بنا ہوا تانا بانا - تارِ عنکبوت -
مکسچر - (MIXTURE) (مِکس-چَر) (انگ-صفت) (۱) آمیزش (۲) (مذکر) دواؤں کا سیّال مرکب -
مُکَسَّر - (مُ-کَس-سَر) (ع-صفت) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) مُربّع - مکعب (۳) عرض، طول اور موٹائی کا حاصل ضرب -
مکسور - (مَک-سُور) (ع-صفت) زیر دیا ہوا حرف - وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو -
مکسورہ - (مَک-سُو-رَہ) (ع-صفت) مکسور کی تانیث -
مُکَعَّب - (مُ-کَع-عَب) (ع-صفت) (۱) چار گوشہ کیا گیا (۲) وہ جس کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی برابر ہو - (۳) (مذکر) وہ عدد جو کسی عدد کو آپس میں تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو -
مکفول - (ع-صفت) - کفالت میں دیا گیا - رہن رکھا گیا -
مُکلاوہ - (مُک-لا-وَہ) (ہ-ا-مذکر) (۱) گَونا - ہندوؤں میں شادی کے بعد دولہا کا دلہن کو پہلی بار گھر لے جانا - (۲) مسلمانوں میں شادی کے بعد دلہن کا سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال جانا -
مُکَلَّف - (مُ-کَل-لَف) (ع-صفت) (۱) تکلیف دیا گیا - وہ شخص جو عاقل و بالغ ہو (۲) پُرتکلف سجا ہوا -
مُکَلِّف - (مُ-کَل-لِف) (ع-صفت) (۱) تکلیف دینے والا (۲) تقریب میں شریک ہونے کی تکلیف دینے والا - (اا مکلف مستعمل ہے) -
مُکَمَّل - (مُ-کَم-مَل) (ع-صفت) پُورا کیا گیا - تمام - کامل - کُل - پورا -
مکنون - (مَک-نُون) (ع-صفت) پوشیدہ - چھپا ہوا - سربستہ -
مکو - (مَ-کو) (ہ-ا-مونث) ایک بوٹی -
مکوڑا - (مَ-کو-ڑا) (ہ-ا-مذکر) بڑا کیڑا - بڑا چیونٹا -
مُکھ - (س-ا-مذکر) مُنہ - چہرہ -
مکھا - (مَکھ-کھا) (ہ-ا-مذکر) بڑی مکھی -
مکھانا - (مَ-کھا-نا) (ہ-ا-مذکر) کنول کا بیج جو بھُون کر کھایا جاتا ہے - تال مکھانا -
مکھڑا - (مُکھ-ڑا) (ہ-ا-مذکر) پیارا مُنہ - پیارا چہرہ -
مکھن - (مَکھ-کھَن) (ہ-ا-مذکر) کچا تازہ گھی - مسکہ -
مکھن لگانا - (کنایتہً) خوشامد کرنا -
مکھنا - (مَکھ-نا) (ہ-ا-مذکر) - ایک قسم کا ہاتھی جو جھوم کر چلتا ہے -
مکھی - (مَکھ-کھی) - (۱) مگس (۲) بندوق کا وہ اُبھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں -
مکھی پر مکھی مارنا - ہُو بہو نقل کر دینا -
مکھی چوس - نہایت کنجوس - بے حد بخیل -
مکھی کی طرح نکال پھینکنا - بالکل واسطہ نہ رکھنا (دُودھ سے مکھی کی طرح نکال پھینکنا مستعمل ہے)
مکھی مار - (۱) وہ شخص جسے دیکھ کر کراہت آئے - (۲) - بے سمجھے بوجھے کی قول نقل کرنے والا -
مکھیاں بھنکنا - (۱) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا (۲) سرد بازاری ہونا (۳) گھناؤنا ہونا -
مکھیاں جھلنا - (۱) مکھیاں ہٹانا (۲) بے کار رہنا (۳) سرد بازاری ہونا (۴) مرض آتشک میں مبتلا ہونا -
مکھیاں مارنا - بے کار رہنا - بے شغل رہنا -
مُکھیا - (مُکھ-یا) (س-ا-مذکر) سرغنہ - سردار - چودھری -
مکئی - (مَ-کئی) (ہ-ا-مونث) ایک قسم کا غلّہ - مکا -
مکی - (مَک-کی) (ع-ا-مونث) مکّے کا رہنے والا - مکّہ کا -
مکی - (مَک-کی) (ہ-ا-مونث) مکّا کی تانیث - گھُونسا - مُشت -
مکین - (مَ-کین) (ع-ا-مذکر) مکان میں رہنے والا -
مکینکس - (MECHANICS) (مِ-کے-نِکس) (انگ-ا-مذکر) کلوں کا علم - علم جر ثقیل -
مکینکل انجینیر - (MECHANICAL ENGINEER) (انگ-ا-مذکر) کلوں کے علم کا ماہر -
مکینکل ورکس - (MECHANICAL WORKS) (انگ-ا-مذکر) وہ کارخانہ جہاں کلوں کا کام ہوتا ہے -

## م - گ

مگدر - (مُگ-دَر) (ہ-ا-مذکر) وہ بھاری لکڑیاں جو ورزش

Marfat.com

کے لیے ہاتھوں سے ہلاتے ہیں۔
مُگدر ہلانا۔ مُگدروں کی جوڑی ہلانا۔
مُگر۔ (مَ-گَر)۔ (ہ-ا-مذکر) (۱) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ (۲) کان کا ایک زیور۔
مگر۔ (مَ-گَر) (ف) (۱) لیکن۔ بجز (۲) شاید۔ (۳) پھر۔ بایں ہمہ۔
مکرا۔ (مَک-را) (ہ-صفت) (۱) گھُنا۔ مکار (۲) کام چور۔ (۳) ڈھیٹ۔ ضدی۔
مکراپن۔ (۱) گھُنا پن۔ مکاری (۲) سُستی (۳) غرور۔ گھمنڈ۔
مگرمچھ۔ (مَ-گر-مچھ) (ہ-ا-مذکر) گھڑیال۔ نہنگ۔
مکّس۔ (مَ-کّس) (ف-ا-مونث) (۱) مکھی (۲) شہد کی مکھی۔
مگس راں۔ (مونث) (۱) چوری۔ چنور۔ مورچھل۔ (۲) مورچھل ہلانے والا خادم۔
مگس رانی۔ (مونث) مکھیاں اُڑانے کی خدمت۔ چنور ہلانا۔
مگس کی قے۔ (مونث) شہد۔
مگن۔ (مَ-گَن) (ہ-صفت) (۱) ڈوبا ہوا۔ غرق (۲) خوش بے خود۔ مست۔

# م - ل

مِل۔ (MILL) (انگ-ا-مونث) (۱) چکی (۲) کارخانہ۔
مَلا۔ (ع-صفت) (۱) بھرا بھرا (۲) ظاہر۔ آشکار۔
مَلا۔ (ع-ا-مذکر) (۱) گروہ (۲) شریف لوگ۔
مَلاءِ اعلےٰ۔ فرشتے۔
مُلّا۔ (مُل-لا) (ف-ا-مذکر) مولیٰ کا بگاڑ (۱) عالم فاضل۔ (۲) مسجد میں نماز پڑھانے والا۔ بچوں کو پڑھانے والا۔
مُلّا کی داڑھی تبرک ہی تبرک میں گئی۔ (مثل) بے فائدہ اور فضول خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔
مُلّا کی دوڑ مسجد تک۔ (مثل) ہر شخص کی کوشش اس کے حوصلے اور مقدور تک ہوتی ہے۔
مِلاپ۔ (ہ-ا-مذکر) (۱) میل جول (۲) صلح (۳) موافقت۔ (۴) طاپ۔
مِلاجُلا۔ (ہ-صفت) مخلوط۔ گڈمڈ۔
ملّاح۔ (مَل-لاح) (ع-ا-مذکر) ناؤ چلانے والا کھویا۔ ناخدا۔
ملاحت۔ (مَ-لا-حَت) (ع-ا-مونث) نمکینی۔ سانولا پن۔
ملاحِد۔ ملاحدہ۔ (مَ-لا-حِد) (مَ-لا-حِ-دَہ) (ع-ا-مذکر) مُلحد کی جمع۔ بے دین لوگ۔
مُلاحظات۔ (ع-ا-مذکر) ملاحظہ کی جمع۔
مُلاحظہ۔ (مُ-لا-حَ-ظَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) مُعاینہ۔ دیکھنا (۲) غور۔ توجہ (۳) (اُردو) لحاظ (۴) سامنے۔ پیش۔
ملاحظہ شد۔ دیکھ لیا گیا۔ دیکھا گیا۔
ملاحظہ کا۔ لحاظ کا۔ بامروت۔

ملاحظہ میں آنا۔ (۱) نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا۔
ملاحی۔ (مَل-لا-حی) (ع-ا-مونث) (۱) ملاح کا پیشہ۔ (۲) مبہم گالی جس میں نام نہ لیا جائے۔
ملاحی (ملاحیاں) سنانا۔ آوازے کسنا۔ گول گول طعنے دینا۔
ملار۔ (مَ-لار) (ہ-ا-مونث) دیکھیے ملہار۔
مُلازِم۔ (ع-ا-مذکر) نوکر۔ خادم (ملازمان اور ملازمین جمع)
مُلازمت۔ (مُ-لا-زِ-مَت) (ع-ا-مونث) خدمت۔ نوکری۔
ملازمت پیشہ۔ وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔
مُلاطفہ۔ (مُ-لا-طِ-فَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) نیکی۔ بھلائی۔ (۲) عنایت نامہ۔ چٹھی۔
ملاعین۔ ملاعنہ۔ (مَ-لا-عِین) (مَ-لا-عِ-نَہ) (ع-ا-مذکر)۔ ملعون کی جمع۔
مُلاقات۔ (ع-ا-مونث) (۱) میل۔ ملاپ (۲) واقفیت۔ جان پہچان۔
ملاقاتِ بازدید۔ کسی ہم رتبہ شخص سے اپنے مکان پر مل لینے کے بعد اس کے گھر جا کر پھر ملاقات کرنا۔
مُلاقاتی۔ (اُر-ا-مذکر) (۱) ملنے والا (۲) جان پہچان والا۔
مُلاقی۔ (ف-صفت) ملاقات کرنے والا۔
ملاقی ہونا۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔
ملال۔ (مَ-لال) (ع-ا-مذکر) (۱) رنج۔ غم (۲) افسوس۔
مِلا لینا۔ (مِ-لا-لے-نا) (ہ-مص) (۱) شریک کر لینا۔ شامل کر لینا (۲) آمیز کر لینا۔ مرکب کر لینا (۳) باہم پڑتال کر لینا۔ مقابلہ کر لینا۔
ملامت۔ (مَ-لا-مَت) (ع-ا-مونث) بُرا بھلا۔ ڈانٹ۔ ڈپٹ۔
ملامتی۔ (مَ-لا-مَ-تی) (ف-صفت) (۱) لعنتی۔ مردود۔ (۲) فقیروں کا ایک فرقہ۔
مِلانا۔ (ہ-مص) (۱) مطابق کرنا (۲) مرکب کرنا۔ آمیز کرنا۔ (۳) ملاقات کرانا (۴) شامل کرنا (۵) راز دار بنانا۔ گانٹھنا۔
مُلانا۔ مُلانہ۔ (مُل-لا-نا) (اُر-ا-مذکر) (۱) تحقیر سے مُلّا کو کہتے ہیں۔ (۲) مسجد کی روٹیاں کھانے والا (۳) سیدھا سادہ آدمی (۴) صرف دین کی باتیں جاننے والا۔ پابند شرع۔ پکا دیندار۔
مُلّانی۔ (مُل-لا-نی) (اُر-ا-مونث) مُلّا کی بیوی۔ اُستانی۔
مِلاوٹ۔ (مِ-لا-وٹ) (ہ-ا-مونث) (۱) آمیزش۔ کھوٹ۔ (۲) سازش۔
ملائک۔ ملائکہ۔ (مَ-لا-ئِک) (مَ-لا-ئِ-کہ) (ع-ا-مذکر) ملک کی جمع۔ فرشتے۔
مُلائم۔ (ع-صفت) (۱) نرم (۲) مناسب۔
مُلائمت۔ (مُ-لا-ئِ-مَت) (ع-ا-مونث) (۱) نرمی۔ (۲) موافقت۔ مناسبت۔
ملائی۔ (ہ-ا-مونث) (۱) دودھ یا دہی کے اوپر کی پپڑی۔ بالائی (۲) گھوڑے کا ملنا (۳) گھوڑا ملنے کی اجرت۔

Marfat.com

**مَلبا** - (مَل-با) [ہ-ا-مذکر] (۱) کوڑا کرکٹ (۲) گرے ہوئے مکان کی اینٹیں-وغیرہ-

**رَل بانٹ کے** - [اُ-تابع فعل] اتفاق کے ساتھ-شریک ہوکر-

**مَلبُوس** - (مَل-بُوس) [ع-ا-مذکر] پہننے کے کپڑے-لباس-

**مَلبُوسات** - [ع-ا-مذکر] ملبوس کی جمع-

**رَل بیٹھنا** - (رِل-بیٹھ-نا) [ہ-مص] محبت سے رہنا - دوست بن جانا-

**مِلّت** - (مِل-لَت) [ع-ا-مونث] (۱) دین-مذہب - (۲) فرقہ-گروہ-

**مِلَت** - (مِل-لَت) [ہ-ا-مونث] (۱) ملاپ-میل جول (۲) ملنساری-

**مِلتا جُلتا** - (مِل-تا-جُل-تا) [ہ-صفت] مشابہ-مانند-مثل-

**مُلتانی** - [ہ-صفت] (۱) ملتان سے منسوب (۲) ایک قسم کی چکنی مٹی-گاچی (۳) ایک راگنی-

**مُلتَبِس** - (مُل-تَ-بِس) [ع-صفت] چھپایا ہوا-شک کیا گیا-

**مُلتَجی** - (مُل-تَ-جی) [ع-صفت] التجا کرنے والا-

**مُلتَزِم** - (مُل-تَ-زِم) [ع-صفت] اپنے اُوپر کوئی بات لازم کرنے والا-

**مُلتَزَم** - (مُل-تَ-زَم) [ع-ا-مذکر] بیت اللہ میں رُکن یمانی کے سامنے ایک مقام-

**مُلتَفِت** - (مُل-تَ-فِت) [ع-صفت] التفات کرنے والا-

**مُلتَمِس** - (مُل-تَ-مِس) [ع-صفت] التماس کرنے والا-

**مُلتَوی** - (مُل-تَ-وی) [ع-صفت] (۱) التوا کرنے والا-دیر کرنے والا (۲) توقف کرنے والا-ٹھہرنے والا-

**ملتوی رکھنا** - (کرنا) - ڈھیل میں ڈالنا-روکنا-کچھ عرصے کے لیے موقوف رکھنا-

**ملتوی ہونا** - توقف میں پڑنا-

**مِلٹری** - (مِلٹ-ری) (MILITARY) [انگ-صفت] فوجی-

**مِلٹری پولیس** - (MILITARY POLICE) [مونث] فوجی پولیس-

**مُلَثّی** - (مُ-لَثْ-ثی) [ہ-ا-مونث] دیکھیے ملٹھی-

**مَلجا** - (مَل-جا) [ع-ا-مذکر] جائے پناہ-وہ مقام جہاں جاکر آدمی اپنی جان بچائے-مامن-

**ملجا و ماوا** - [مذکر] پناہ ملنے کی جگہ-

**مِل جُل کر** - [ہ-تابع فعل] متفق ہوکر-اکٹھے ہوکر-اتحاد کے ساتھ-

**مِلح** - [ع-ا-مذکر] - نمک-نون-کھار-شور-

**مُلحِد** - (مُل-حِد) [ع-صفت و ا-مذکر] - کافر-بے دین-

**مُلحَق** - (مُل-حَق) [ع-صفت] جُڑا ہوا-ملا ہوا-پیوستہ-

**مُلحِق** - (مُل-حِق) [ع-صفت] ملنے والا-شامل-شریک-

**ملحوظ** - (مَل-حُوظ) [ع-صفت] لحاظ کیا گیا-خیال کیا گیا-

**ملحوظِ خاطر** - (۱) دلی خیال-دلی توجہ-(۲) دل سے خیال رکھا گیا-

**ملحوظ رکھنا** - لحاظ رکھنا-خیال رکھنا-یاد رکھنا-

**مَلَخ** - (مَ-لَخ) [ف-ا-مونث] ٹڈی-

**مُلَخَّص** - (مُ-لَخ-خَص) [ع-صفت] خلاصہ کیا گیا-خلاصہ-

**مُلَذِّذ** - (مُ-لَذ-ذِذ) [ع-صفت] لذت دینے والا-

**مُلزِم** - (مُل-زِم) [ع-ا-مذکر] الزام لگایا ہوا-مجرم-(اُردو میں بکسرِ سوم مستعمل ہے)

**ملزوم** - (مَل-زُوم) [ع-صفت] لازم کیا گیا-جو جُدا نہ ہوسکے-

**ملعُون** - (مَل-عُون) [ع-صفت] لعنت کیا گیا-مردُود-

**ملغوبا** - (مَل-غو-با) [ف-ا-مذکر] (۱) آلائش (۲) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار-

**ملفُوظ** - (مَل-فُوظ) [ع-صفت] (۱) جو پڑھنے میں آئے-(۲) [مذکر] منہ سے بولی ہوئی بات (جمع ملفوظات)-

**ملفُوف** - (مَل-فُوف) [ع-صفت] لپیٹا ہوا-لفافے میں بند-

**مُلَقَّب** - (مُ-لَق-قَب) [ع-صفت] (۱) لقب دیا گیا-(۲) معروف-نامزد-

**مَلَک** - (مَ-لَک) [ع-ا-مذکر] فرشتہ-

**مَلَکُ الموت** - موت کا فرشتہ-عزرائیل-

**مَلَک خصلت (سیرت-نہاد)** معصُوم-نیک-

**مَلِک** - (مَ-لِک) [ع-ا-مذکر] بادشاہ-

**مَلِکُ التّجار** - بہت بڑا تاجر-

**مَلِکُ الشعرا** - شاعروں کا بادشاہ-راج کوی-

**مَلِک زادہ** - شاہزادہ-

**مِلک** - [ع-ا-مونث] (۱) ملکیت-جاگیر-جائداد-(۲)-مال-اسباب-

**مِلکِ یمین** - لونڈی-غلام-

**مُلک** - [ع-ا-مذکر] (۱) دیس (۲) سلطنت (۳) خلقت-لوگ-(جمع ممالک)-

**مُلکِ بقا** - ہمیشہ رہنے والا ملک-عاقبت-اگلا جہان-

**مُلکِ خدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست** - (مثل) خدا کا ملک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں-کسی خاص مقام پر موقوف نہیں-ہر جگہ کوشش کرنے کا موقع ہے-

**مُلک داری** - (مونث) حکومت-سلطنت-

**مُلک ستانی (گیری)** - ملک لینا-فتح-حکمرانی-

**مُلکِ عدم** - وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی ہے-عاقبت-

**مُلک گیری** - (مونث) ملک فتح کرنا-

**مَلَکات** - (مَ-لَ-کات) [ع-ا-مذکر و مونث] ملکہ کی جمع-صفات-خوبیاں-

**ملکاتِ ردیہ** - (۱) بُری عادتیں (۲) وہ آٹھ بُری خصلتیں جو اخلاق کی کتابوں میں بہ تفصیل لکھی ہیں-حسد-بخل-بُغض-حرص-کذب-غضب-کبر-بے حیائی-

**ملکاتِ فاضلہ** - (۱) نیک عادتیں-وہ چار خصلتیں جو کتب اخلاق میں تفصیل سے درج ہیں-حکمت-شجاعت-عفت-عدالت-

Marfat.com

**ملکانا** - (مَل-کا-نا) (ہ-مص) (۱) بنا بنا کر بولنا (۲) (ا-مذکر) ایک نومسلم قوم-
**مِل کر چلنا** - (اُر-مص) اتفاق سے رہنا-
**ملکوت** - (مَ-لَ-کُوت) (ع-ا-مذکر) (۱) بادشاہی-حکومت (۲) فرشتوں کے رہنے کا مقام- (۳)- فرشتے (۴) صوفیوں کی اصطلاح میں عالمِ ارواح-
**ملکوتی** - (مَ-لَ-کُو-تی) (ع-صفت) فرشتوں سے متعلق فرشتوں جیسی-
**ملکوتی صفات** - فرشتوں جیسی خصلت والا-
**ملکہ** - (مَ-لَ-کہ) (ع-ا-مذکر) مہارت-مشق-قابلیت-استعداد-
**مَلِکہ** - (مَ-لِ-کہ) (ع-ا-مونث) (۱) بادشاہ کی بیوی- (۲) مہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ مکھیاں بہ طور پیش خدمت رہتی ہیں-
**ملکہ مشور** - (مونث) بڑے قسم کی مسور-
**ملکہ معظمہ** - بڑی ملکہ-بزرگ ملکہ-
**مُلکی** - (مُل-کی) (ع-صفت) (۱) ملک کا (۲) وطن کا-
**مِلکیت** - (مِل-کی-یت) (ع-ا-مونث) (۱) قبضہ- (۲) جائداد-املاک-
**ملگجا** - (مَل-گَ-جا) (ہ-صفت) مٹی کے رنگ کا-کچھ میلا کچھ اُجلا-
**ملگجاپن** - (مذکر) مٹی کے رنگ کا ہونا-
**ملگجی** - (مَل-گَ-جی) (ہ-صفت) ملگجا کی تانیث-
**مل گئے کی بات ہے** - (اُر) (۱) اتفاقیہ امر ہے- (۲)- اگر مل گئے تو ملاقات ہے ورنہ کچھ نہیں-
**مِلَل** - (مِ-لَل) (ع-ا-مذکر) ملت کی جمع-مذاہب-ادیان-
**مُلَمَّع** - (مُ-لَم-مَع) (ع-صفت) (۱) گلٹ کیا ہوا-سونا یا چاندی چڑھایا ہوا (۲) (مذکر) جھول-گلٹ-پتر یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے (۴) قلعی (۵) ظاہری ٹیپ ٹاپ-
**ملمع پھرنا** - ملمع ہونا-گلٹ ہونا-سونا یا چاندی چڑھنا-
**ملمع ساز** - ملمع کرنے والا-سونا چاندی چڑھانے والا-
**ملمع سازی** - (مونث) ملمع کرنا-
**ملمع کھل جانا** - اصلیت معلوم ہو جانا-
**ململ** - (مَل-مَل) (ہ-ا-مونث) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا-
**مل مل کر رونا** - (اُر-مص) گلے لگ لگ کر رونا-
**مِلن** - (مِ-لن) (ہ-ا-مونث) ملاقات-میل جول-
**ملنسار** - ہر ایک سے ملنے والا-خلیق-خوش اخلاق-
**ملنساری** - (مونث) خوش اخلاقی-راہ و رسم-میل جول-
**مَلنا** - (مَل-نا) (ہ-مص) (۱) رگڑنا-مسلنا- (۲) لیپ کرنا (۳) مانجھنا- (۴) کھریرا کرنا (۵) مروڑنا-اینٹھنا-
**ملنا دلنا** - مسلنا-کسی چیز کا ہاتھ کا دباؤ دے کر رگڑنا-
**مِلنا** - (مِل-نا) (ہ-مص) (۱) پیوستہ ہونا-ملحق ہونا- (۲) مرکب ہونا-دو چیزوں کا یک جا ہونا (۳) ملاقات ہونا (۴) حاصل ہونا (۵) گلے ملنا (۶) سازش کرنا (۷)- مطابق ہونا-مشابہ ہونا (۸) متفق الرائے ہونا- (مذکر) میل جول-راہ و رسم-ملاقات-
**ملنا جلنا** - میل ملاپ-راہ و رسم-ملاقات-
**ملنگ** - (مَ-لَنگ) (ہ-ا-مذکر) (۱) بے خود-مست (۲) شاہ مدار کے مرید-
**ملوانا** - (مَل-وا-نا) (ہ-مص) (۱) مالش کروانا- (۲)- صاف کرانا-
**ملوانا** - (ہ-مص) (۱) آمیز کرانا (۲) ملاقات کرانا-
**مُلَوَّث** - (مُ-لَو-وَث) (ع-صفت) (۱) لتھڑا ہوا- (۲) ناپاک- (۳) قصوروار-
**مُلوک** - (مُ-لُوک) (ع-ا-مذکر) ملک کی جمع-سلاطین-
**مُلوکانہ** - (مُ-لُو-کا-نہ) (ف-صفت) شاہانہ-
**ملول** - (مَ-لُول) (ع-صفت) اداس-رنجیدہ-غمگین-
**ملہار** - (مَل-ہار) (ہ-ا-مونث) (۱) وہ گیت جو برسات کے موسم میں گائے جاتے ہیں (۲) ایک راگنی-
**مُلہٹی-مُلیٹھی** - (مُ-لَہ-ٹھی) (مُ-لے-ٹھی) (ہ-ا-مونث) ایک مشہور دوا-اصل السوس-
**مُلہِم** - (مُل-ہِم) (ع-صفت) الہام کرنے والا-
**ملیامیٹ** - (ہ-صفت) پامال-روندا ہوا-تباہ-
**ملی بھگت** - (مِ-لی-بھ-گت) (ہ-ا-مونث) سازش-باہمی مشورہ-
**ملیچ-ملیچھ** - (مَ-لیچ) (مَ-لیچھ) (س-صفت) (۱) ناپاک-گندہ (۲) وحشی-بے دین-
**ملیح** - (مَ-لیح) (ع-صفت) (۱) نمکین-سلونا (۲) سانولا-
**ملیدہ** - (مَ-لی-دہ) (اُر-ا-مذکر) مالیدہ کا مخفف- (۱) ایک قسم کا ملائم پشمینہ جو مل کر نرم کیا جاتا ہے- (۲) چورما-روٹی کو ریزہ ریزہ کر کے اس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں (۳) (کنایۃً) ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کر کے مل ڈالی گئی ہو-
**ملیریا** - (MALARIA) (انگ-ا-مذکر) موسمی بخار جو مچھروں سے ہوتا ہے-
**ملیشیا** - (MILITIA) (مِ-لے-شِ-یا) (انگ-ا-مونث و مذکر) (۱) رضاکار-فوج (۲) سیاہی مائل کپڑا جس کی عام طور پر وردیاں بنتی ہیں-
**ملی میٹر** - (MILLIMETRE) (مِ-لی-می-ٹر) (انگ-ا-مذکر) علم مساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصہ ہوتا ہے-
**ملیّن** - (مُ-لَی-یِن) (ع-صفت) ملائم کرنے والا قبض دور کرنے والا-
**ملین** - (MILLION) (مِل-یَن) (انگ-ا-مذکر) دس لاکھ-

Marfat.com

## م - م

مَمات - (مَ-مات)، (ع-ا-مونث) موت-مرگ-
مُماثِل - (مُ-ما-ثِل)، (ع-ا-مذکر) مانند-مثل-مشابہ-
مُماثلت - (مُ-ما-ثَ-لَت)، (ع-ا-مونث) مشابہت-
مُمارست - (مُ-ما-رَ-سَت)، (ع-ا-مونث) - مشق-تجربہ-
مُماس - (مُ-ماس)، (ع-صفت) (۱) مس کرنے والا - چھُونے والا- (۲) اقلیدس میں وہ خط جو دوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے (۳) وہ نقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے-
ممالک - (مَ-ما-لِک)، (ع-ا-مذکر) مملکت کی جمع-
ممالکِ غیر - وہ ملک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں-
ممالکِ محروسہ - وہ ملک جو کسی بادشاہ کے تابع ہوں-
ممالیک - (مَ-ما-لیک)، (ع-ا-مذکر) مملوک کی جمع- غلام-
مُمانعت - (مُ-ما-نَ-عَت)، (ع-ا-مونث) - منع کرنا-مناہی-
مُمانی - (اُر-ا-مونث) ماموں کی بیوی- مامی-
ممبر - (MEMBER) (مِم-بَر) (انگ-ا-مذکر) رُکن- کسی کمیٹی وغیرہ کا رُکن-
ممبری - (مِمب-رِی)، (اُر-ا-مونث) رُکنیت-کسی مجلس کا رُکن ہونا- ممبرشپ-
ممتا - (مَم-تا)، (س-ا-مونث) مامتا- محبت-
مُمتاز - (مُم-تاز)، (ع-صفت) (۱) امتیاز دیا گیا- (۲) انتخاب کیا گیا (۳) معزز- (۴) اعلیٰ-افضل- (۵) مشہور-
مُمتحِن - (مُم-تَ-حِن)، (ع-صفت و ا-مذکر) امتحان لینے والا-
مُمتد - (مُم-تَد)، (ع-صفت) دراز کیا گیا- لمبا-طویل-
مُمتنع - (مُم-تَ-نِع)، (ع-ا-مذکر) منع کرنے والا - روکنے والا-
ممٹی - (مَم-ٹی)، (ہ-ا-مونث) دیکھیے گمٹی-
مُمِد - (مُ-مِد)، (ع-ا-مذکر) مددگار-معاون-ساتھی-
ممدوح - (مَم-دُوح)، (ع-ا-مذکر) جس کی تعریف کی جائے-
ممدوحہ - (ع-ا-مونث) وہ عورت جس کی تعریف کی گئی ہو-
ممدوحین - (مَم-دُو-حِین)، (ع-ا-مذکر) ممدوح کی جمع-
ممدودہ - (مَم-دُو-دَہ)، (ع-صفت) مدّ والا الف-
ممزوج - (مَم-زُوج)، (ع-ا-مذکر) ملایا ہوا- آمیختہ-
مُمسک - (مُم-سِک)، (ع-ا-مذکر) (۱) روکنے والا- (۲) کنجوس-بخیل (۳) امساک بڑھانے والا-
ممکن - (مُم-کِن)، (ع-ا-مذکر) جو ہو سکے- ہونے کے قابل (۲) مجال-طاقت (۳) منطق میں وہ شے جو معرضِ زوال و فساد میں ہو-
ممکنُ الحصُول-ممکنُ الوصُول - وہ چیز جو حاصل ہو جانے کے لائق ہو-
ممکنُ الوقوع - وہ جس کے واقع ہونے کا امکان ہو-
مُمکنات - (مُم-کِ-نات)، (ع-ا-مونث) ممکن کی جمع مونث- وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو-
مملکت - (مَم-لِ-کَت)، (ع-ا-مونث) سلطنت-حکومت-
مملو - (مَم-لُو)، (ع-ا-مذکر) بھرا ہوا-لبریز-پُر-
مملوک - (مَم-لُوک)، (ع-ا-مذکر) (۱) مقبوضہ (۲) غلام-
مملوکہ - (مَم-لُو-کَہ)، (ع-صفت) قبضہ کی گئی- مقبوضہ-
ممنوع - (مَم-نُوع)، (ع-صفت) (۱) منع کیا گیا (۲) ناجائز- خلافِ شرع- خلافِ قانون- جمع ممنوعات-
ممنون - (مَم-نُون)، (ع-ا-مذکر) جس پر احسان کیا گیا ہو- شکرگزار-
ممنونیت - (مَم-نُو-نی-یَت)، (ع-ف-مونث) - احسان مندی-
ممولا - (مَم-مو-لا)، (ہ-ا-مذکر) ایک چھوٹا سا پرندہ-چھاچھو-
ممی - (MUMY) (مَم-می)، (انگ-مونث) (۱) لاش جو مسالا لگا کر محفوظ رکھی جائے (۲) بچے پیار سے ماں کو کہتے ہیں-
ممیا خُسر، خُسر - (ہ-ا-مذکر) خاوند یا بیوی کا ماموں-
ممیا ساس - (ہ-ا-مونث) خاوند یا بیوی کی ممانی-
ممیانا - (مَم-یا-نا)، (ہ-مص) بکری کا بولنا-میں میں کرنا-
مُمیت - (مُ-میت)، (ع-ا-مذکر) (۱) مارنے والا (۲) خدا کا ایک نام-
ممیرا - (مَم-می-را)، (اُر-ا-مذکر) ایک جڑ جو ہلدی سے مشابہ ہوتی ہے اور بینائی کے لیے مفید ہے - (ف- مامیراں)-
ممیرا - (مَم-مے-را)، (ہ-صفت) ماموں زاد- ماموں کا بیٹا-
ممیری - (مَم-مے-ری)، (ہ-صفت) ماموں کی بیٹی-
مُمیّز - (مُ-مَی-یَز)، (ع-صفت) تمیز کیا گیا-پہچانا گیا-
مُمیِّز - (مُ-مَی-یِز)، (ع-صفت) بھلے بُرے کو پہچاننے والا-
مُمیِّزہ - (مُ-مَی-یِ-زَہ)، (ع-صفت) (۱) پہچاننے والی- (۲) (مونث) تمیز کرنے والی قوت-

## م - ن

مَن - (ہ-ا-مذکر) (۱) دل-ضمیر (۲) چالیس سیر کا وزن- (۳) سانپ کا مہرہ (۴) کنوئیں کی مینڈ-
من بھانا - مرغوبِ خاطر- دل پسند (مونث، من بھاتی)
من بھائے اچھا ہے) گھنڈیا ہلائے- (مثل) دل تو چاہتا ہے مگر بہ ظاہر انکار ہے- اوپر کا دل سے انکار-

Marfat.com

مَن بھر - (۱) ایک من وزن (۲) خاطر خواہ - جی بھر کر -
مَن چلا - بہادر - نڈر -
مَن رنجن - (مذکر) تفریح - دل بہلاوا -
مَن سمجھوتی - (مونث) اطمینان خاطر - دل کا سمجھا لینا -
مَن کا چیتا - (مذکر) دل کا چاہا - دل کی خواہش -
مَن کرنا - دل چاہنا - خواہش کرنا -
مَن مار رہنا - دل کی خواہش اختیار میں کرنا - دل مسوس کر رہ جانا -
مَن مانی - (مونث) دل کی مرضی -
مَن مست - زندہ دل - خوش طبع -
مَن مَن بھر کے پاؤں - بہت زیادہ تھکان سے پاؤں کا بھاری ہو جانا -
مَن موجی - خود مختار - آزاد طبع - زندہ دل - آوارہ مزاج -
مَن موہن - دل کو موہ لینے والا - دل رُبا - معشوق پیارا -
مَنّ - [ع - ا - مذکر] ایک شیریں رطوبت جو درختوں کے پتوں پر جم جاتی ہے -
مَنّ و سلوٰی - میٹھی رطوبت اور بٹیریں - وہ کھانا جو بنی اسرائیل پر شام کے ایک میدان میں نازل ہوا -
مَن - (ف - ض) ضمیر واحد متکلم - میں -
مَن آنم کہ من دانم - (مثل) میں جیسا ہوں خود ہی جانتا ہوں تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں -
مَن ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو - (مثل) میں تجھے حاجی کہتا ہوں تو مجھے حاجی کہہ - اس موقع پر بولتے ہیں جب دو شخص ایک دوسرے کی تعریف کرنے لگتے ہیں -
مَن چہ می سرائیم و طنبورۂ من چہ می سراید - (مثل) میں کیا گا رہا ہوں اور میرا طنبورہ کیا گا رہا ہے - کسی شخص کا بیان دوسرے شخص کے بیان سے مختلف ہو تو ایسے موقع پر بولتے ہیں -
مَن خوب می شناسم پیران پارسا را - (مثل) میں پرہیزگار پیروں کو خوب جانتا ہوں - یعنی میں مکار آدمیوں سے اچھی طرح واقف ہوں -
مَن در چہ خیالم و فلک در چہ خیال - (مثل) میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے - جیسے ما در چہ خیالیم الخ - (دیکھیے ما در چہ خیالیم الخ)
مَن نہ کردم شما حذر بکنید - میں نے نہیں کیا تم پرہیز کرو - مجھ سے عبرت حاصل کرو -
مِن - (ع - حرف جر) - سے
مِن اوّلہ الی آخرہ - اوّل سے آخر تک - از سرتاپا - از ابتدا تا انتہا -
مِن بعد - (۱) بعد ازاں - آگے کو - پھر (۲) فوراً - جلدی - (تلفظ مِم بعد) -
مِن جانب - طرف سے - جانب سے -
مِن جانب اللہ - خدا کی طرف سے -
مِنجملہ - سب میں سے - تمام میں سے - کُل میں سے -
مِن حیث المجموع - مجموعی حیثیت سے -

مَن وعَن - (۱) حرف بحرف - مفصّل (۲) ہو بہو - جُوں کا تُوں -
مِنا - مِنیٰ - (مِ - نا) [ع - ا - مذکر] مکہ معظمہ کے قریب ایک مقام جہاں حاجی دس سے بارہ ذی الحجہ تک قربانی کرتے ہیں -
مُنّا - (مُن - نا) [ہ - ا - مذکر] لاڈلا - پیارا - ننھا -
مَنات - [ع - ا - مذکر] عرب کا ایک بُت جس کی زمانۂ جاہلیت میں پرستش کی جاتی تھی -
مُناجات - [ع - ا - مونث] (۱) دعا - عرض (۲) وہ نظم جس میں خدا کی تعریف کرکے دعا مانگی جائے -
مُناجاتی - (اُ - صفت) مناجات کرنے والا -
مُنادیٰ - (مُ - نا - دا) [ع - صفت] پکارا گیا - جس کو پکاریں -
مُنادی - [ع - ا - مذکر] (۱) اعلان کرنے والا - ڈھنڈورچی - (۲) (ف -) (مونث) ڈھول کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں - (۳) ڈونڈی - ڈھنڈورا -
منادی پھرنا (ہونا) - اعلان ہونا - ڈونڈی پٹنا -
منادی پھیرنا (کرنا) - اعلان عام کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا -
مَنار - مَنارہ - (مَ - نا - رہ) [ع - ا - مذکر] (۱) نور کی جگہ - چراغ دان (۲) اُونچا ستون - لاٹھ - کھم - (اُردو میں مینار مستعمل ہے) -
مَنازِل - (مَ - نا - زِل) [ع - ا - مونث] منزل کی جمع - مقامات -
منازل قمر - چاند جس راستے پر زمین کے گرد چکر لگاتا ہے اسے اٹھائیس حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے - انہیں منازل قمر کہتے ہیں -
مُناسب - (مُ - نا - سِب) [ع - صفت] (۱) موزوں - لائق - (۲) درست - ٹھیک - معقول (۳) جائز - روا -
مُناسبت - (مُ - نا - سِ - بَت) [ع - صفت] (۱) [مونث] - باہمی تعلق (۲) موزونیت - نسبت -
مَناسِک - (مَ - نا - سِک) [ع - ا - مذکر] نسک کی جمع - (۱) حج کے ارکان (۲) حاجیوں کی عبادت کے مقامات -
مَناصِب - (مَ - نا - صِب) [ع - ا - مذکر] منصب کی جمع - رُتبے - عہدے -
مَناظِر - (مَ - نا - ظِر) [ع - ا - مذکر] منظر کی جمع - نظارے -
مُناظِر - (مُ - نا - ظِر) [ع - ا - مذکر] مناظرہ کرنے والا - بحث کرنے والا -
مُناظَرہ - (مُ - نا - ظَ - رہ) [ع - ا - مذکر] بحث مباحثہ -
مُنافِر - (مُ - نا - فِر) [ع - صفت] نفرت کرنے والا -
مُنافَرت - (مُ - نا - فَ - رَت) [ع - ا - مونث] باہم نفرت کرنا -
مَنافِع - (مَ - نا - فِع) [ع - ا - مذکر] منفعت کی جمع - فائدے -
مُنافِق - (مُ - نا - فِق) [ع - ا - مذکر] (۱) نفاق رکھنے والا - ریاکار (۲) شریعت اسلامیہ میں وہ شخص جو بظاہر مسلمان مگر دل سے کافر ہو (جمع منافقین) -
مُنافَقت - (مُ - نا - فَ - قَت) [ع - ا - مونث] ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی -
مُنافی - (مُ - نا - فی) [ع - صفت] نفی کرنے والا - خلاف - ضد -

Marfat.com

مُناقِب - (مَ - نا - قِب) (ع - ا - مذکر) منقبت کی جمع - (۱) تعریفیں - خوبیاں - (۲) اہلبیت اور اصحاب کبار کی مدح -

مُناقَشہ - (مُ - نا - قَ - شَہ) (ع - ا - مذکر) جھگڑا - نزاع - (جمع مُناقشات) -

مُناقِض - (مُ - نا - قِض) (ع - صفت) توڑنے والا - مخالف -

مَنال - (مَ - نال) (ع - ا - مذکر) جائداد - مال و اسباب -

مَنّان - (مَن - نان) (ع - ا - مذکر) بہت احسان کرنے والا - خدا کا صفاتی نام -

منانا - (مَ - نا - نا) (ہ - مص) (۱) راضی کرنا (۲) رچانا منعقد کرنا -

مِن اوّلہ اِلیٰ آخرہٖ - مِن (سے) کے تحت دیکھیے -

مَناہی - (مَ - نا - ہی) (ع - ا - مونث) منہی کی جمع (۱) منع کی ہوئی چیزیں - ناجائز باتیں - خلاف شرع کام - (۲) روک ٹوک - ممانعت -

مُنَبَّت - (مُ - نَب - بت) (ع - صفت) وہ نقش جو اپنی سطح سے اُبھرا ہوا ہو -

منبت کاری - (مونث) بیل بوٹے کا کام جو لکڑی اور کپڑے وغیرہ پر کیا جاتا ہے -

مِنبَر - (مِم - بَر) (ع - ا - مذکر) خطبہ پڑھنے یا وعظ کہنے کا مقام - تقریر کرنے کی بلند جگہ - وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں -

مَنبع - (مَم - بَع) (ع - ا - مذکر) پانی کے نکلنے کی جگہ - چشمہ - سوتا -

مِنّت - (مِن - نَت) (ع - ا - مونث) (۱) عاجزی - خوشامد - (۲) احسان -

مِنّت اُٹھانا - احسان لینا -

منت پذیر - احسان مند - احسان ماننے والا -

منت سماجت - عاجزی - خوشامد درآمد -

منت کش - احسان مند - احسان اٹھانے والا -

منت کشی - (مونث) احسان مندی - ممنونیت -

منت کھینچنا - احسان اٹھانا -

مَنّت - (مَن - نَت) (ہ - ا - مونث) نذر - نیاز - بھینٹ -

منت پوری ہونا - مانگی ہوئی مراد حاصل ہونا -

منت کا چراغ - مراد پوری ہونے پر عورتیں مسجد میں گھی کا چراغ یا شمع جلاتی ہیں -

منت کا طوق (ہنسلی) - کسی پیر یا دیوتا کے نام کا طوق بیڑی یا ہنسلی وغیرہ جو بچے کے گلے میں میعاد مقررہ تک کے لیے ڈالی جاتی ہے -

منت کے بال (چوٹی) - وہ بال یا چوٹی جو کسی بزرگ یا دیوتا کے نام پر بچے کے سر پر میعاد مقررہ تک رکھی جائے -

منت ماننا - یہ عہد کرنا کہ مراد پوری ہونے پر فاتحہ دلاؤں گا -

مُنتِج - (مُن - تِج) (ع - ا - مذکر) نتیجہ نکلا ہوا -

مُنتَخَب - (مُن - تَ - خَب) (ع - ا - مذکر) انتخاب کیا گیا - پسندیدہ - چنا ہوا -

منتخب روزگار - زمانے کا چنا ہوا - لاجواب - بے مثال -

مُنتَخَبات - (مُن - تَ - خَ - بات) (ع - ا - مذکر) منتخب کی جمع - منتخب چیزیں - اقتباسات -

مَنتَر - (مَن - تَر) (ہ - ا - مذکر) (۱) جادو - ٹونا - (۲) وید کا کوئی حصہ -

منتر جنتر - جادو ٹونا - جھاڑ پھونک -

منتری - (مَنت - ری) (س - ا - مذکر) (۱) صلاح کار - وزیر - (۲) جادوگر -

مُنتَشِر - (مُن - تَ - شِر) (ع - ا - مذکر) (۱) بکھرنے والا - پراگندہ - تتر بتر (۲) حیران -

مُنتَظِر - (مُن - تَ - ظِر) (ع - صفت) انتظار کرنے والا -

منتظر حکم - حکم کا انتظار کرنے والا - نہایت فرمانبردار -

مُنتَظَری - (مُن - تَ - ظَ - ری) (ف - ا - مونث) انتظار -

مُنتَظِم - (مُن - تَ - ظِم) (ع - صفت - وا - مذکر) انتظام کرنے والا - مُنصرم (جمع منتظمین) -

مُنتَفِع - (مُن - تَ - فِع) (ع - صفت) فائدہ اٹھانے والا -

مُنتَقِل - (مُن - تَ - قِل) (ع - صفت) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا - (بفتح قاف) ایک جگہ سے دوسری جگہ گیا ہوا -

منتقل کرنا - (۱) تبدیل کرنا (۲) ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر کرنا -

مُنتَقِم - (مُن - تَ - قِم) (ع - صفت) انتقام لینے والا -

منتقم حقیقی - اصلی بدلہ لینے والا - خدا تعالیٰ -

مُنتَہا - (مُن - تَ - ہا) (ع - صفت) (۱) انتہا کو پہنچا ہوا - (۲) (مذکر) حد - انجام -

مُنتَہی - (مُن - تَ - ہی) (ع - صفت) (۱) انتہا کو پہنچنے والا - (۲) وہ شخص جو تحصیل علم مکمل کر چکا ہو -

مِنَٹ - (MINUTE) (مِ - نَٹ) (انگ - ا - مذکر) گھنٹے کا ساٹھواں حصہ - پل - لمحہ -

مِنٹ - (MINT) (انگ - ا - مونث) سکہ ڈھالنے کی جگہ -

مَنثور - (مَن - ثُور) (ع - صفت) (۱) اَن بندھا موتی - (۲) پھیلا ہوا - منتشر - (۳) نثر - منظوم کی ضد -

مِن جانبِ اللہ - مِن (سے) کے تحت دیکھیے -

مُنجَذِب - (مُن - جَ - ذِب) (ع - صفت) جذب ہونے والا -

مُنَجِّم - (مُ - نَج - جِم) (ع - ا - مذکر) ستاروں کا علم جاننے والا - نجومی - جوتشی -

مُنجَمِد - (مُن - جَ - مِد) (ع - صفت) سردی سے جما ہوا - بستہ -

مِن جملہ - مِن (سے) کے تحت دیکھیے -

منجن - (مَن - جَن) (ہ - ا - مذکر) دانتوں کے صاف کرنے کا سفوف -

منجنا - (مَنج - نا) (ہ - مص) (۱) رگڑ کر صاف ہونا - (۲) تجربہ کار ہونا -

مَنجَنیق - (مَن - جَ - نیق) (ع - ا - مذکر) ایک آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر پھینکے جاتے تھے -

منجھ - (ہ - ا - مذکر) بیچ - وسط - درمیان -

منجھدار - (مونث) بیچ کی دھار - دریا کا وسط -

منجھلا - (منجھ - لا) (ہ - صفت) درمیان کا - بیچ کا -

منجھلی - (منجھ - لی) (ہ - صفت) درمیانی - بیچ کا - منجھلا کی تانیث -

Marfat.com

منجھنا۔ (مَنجھ-نا) (ہ-مص) دیکھیے منجنا۔
منجھولا۔ (مَن-جھولا) (ہ-صفت) (۱) درمیانہ۔ متوسط۔ (یہ لفظ جاندار چیز کے لیے مستعمل نہیں ہے)۔
منجھولی۔ (مَن-جھولی) (ہ-ا-مونث) (۱) منجھولا کی تانیث۔ (۲) میانہ قد کی عورت۔
منجیرا۔ (مَن-جی-را) (ہ-ا-مذکر) دیکھیے مجیرا۔
من چہ می سرایم الخ۔ مَن (میں) کے تحت دیکھیے۔
منحرف۔ (مُن-حَ-رِف) (ع-صفت) (۱) پھرنے والا۔ (۲) ترچھا۔ ٹیڑھا۔ (۳) باغی۔ غدار۔
منحصر۔ (مُن-حَ-صِر) (ع-صفت) (۱) گھیر لینے والا۔ (۲) موقوف۔ مشروط۔ متعلق۔ وابستہ۔
منحنی۔ (مُن-حَ-نی) (ع-صفت) (۱) جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ (۲) دُبلا۔
منحوس۔ (مَن-حُوس) (ع-صفت) (۱) نحس۔ بُرا۔ بد۔ (۲) مکروہ (۳) بدنصیب۔
من حیث المجموع۔ مِن (سے) کے تحت دیکھیے۔
من خوب می شناسم الخ۔ مَن (میں) کے تحت دیکھیے۔
مندا۔ (مَن-دا) (ہ-صفت) (۱) دھیما۔ مدھم۔ (۲) سستا۔ ارزاں۔
مندا پڑنا۔ (۱) دھیما ہونا۔ ڈھیلا ہونا (۲) سستا ہونا۔
مندا ہونا۔ سستا ہونا۔ ارزاں ہونا۔
مندر۔ (مَن-دِر) (ہ-ا-مذکر) (۱) مکان (۲) معبد۔ پوجا کی جگہ۔
مندرج۔ (مُن-دَ-رِج) (ع-صفت) لکھا ہوا۔
مندرجات۔ (ع-ا-مذکر) مندرجہ کی جمع۔ لکھی ہوئی چیزیں یا مضمون۔
مندرجہ۔ (مُن-دَ-رِ-جَہ) (ع-صفت) درج کیا گیا۔ لکھا ہوا۔
مندرجۂ بالا۔ اُوپر لکھا ہوا۔
من درچہ خیالم الخ۔ مَن (میں) کے تحت دیکھیے۔
مندری۔ (مُند-ری) (ہ-ا-مونث) (۱) کان کا چھلا۔ (۲) اُنگلی میں پہننے کا چھلا۔ انگوٹھی۔
مندمل۔ (مُن-دَ-مِل) (ع-ا-مذکر) بھرنے والا (زخم)۔
مندنا۔ (مُند-نا) (ہ-مص) (۱) بند ہونا (۲) غائب ہونا۔
مندوب۔ (مَن-دُوب) (ع-ا-مذکر) نمائندہ۔
مندیل۔ (مِن-دِیل) (ع-ا-مونث) (۱) طلائی۔ پگڑی۔ (۲) کمر کا پٹکا۔ رومال۔
منڈا۔ (مُن-ڈا) (ہ-صفت) (۱) منڈا ہوا سر۔ جس کا سر منڈا ہوا ہو۔ (۲) درخت جس کی شاخیں نہ ہوں۔ (۳) جانور جس کے سینگ نہ ہوں۔ (۴) ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی۔ (۵) (پن-ا-مذکر) لڑکا۔
منڈاسا۔ (ہ-ا-مذکر) پگڑی۔ عمامہ۔
منڈانا۔ (ہ-مص) اُسترا پھروانا۔ بال صاف کرانا۔
منڈپ۔ (مَن-ڈَپ) (س-ا-مذکر) شامیانہ۔
منڈل۔ (س-ا-مذکر) (۱) گھیرا۔ دائرہ (۲) کسی سیارے کا مدار (۳) گول خیمہ یا تنبو (۳) احاطہ۔ صوبہ۔ ضلع (۴)۔ نمبردار (۵) گردش۔
منڈلانا۔ (مَنڈ-لا-نا) (ہ-مص) (۱) چکر لگانا۔ گھومنا (۲) گول دائروں میں اُڑنا (۳) بادل کا گھر آنا۔
منڈلی۔ (مَنڈ-لی) (ہ-ا-مونث) ٹولی۔ گروہ۔ جتھا۔
منڈنا۔ (مُنڈ-نا) (ہ-مص) (۱) بال مونڈے جانا۔ (۲) لُٹنا۔
منڈوا۔ (مَنڈ-وا) (ہ-ا-مذکر) (۱) ایک ادنیٰ قسم کا غلہ۔ (۲) تھیٹر۔ پنڈال۔
منڈوانا۔ (ہ-مص) (۱) بال صاف کرانا (۲) لُٹوانا۔ ٹھگوانا۔
منڈھنا۔ (مَنڈھ-نا) (ہ-مص) (۱) کپڑا، کاغذ یا چمڑا چڑھانا۔ مڑھنا (۲) ذمے لینا۔ جبر کرنا۔ گلے مڑھنا
منڈھوانا۔ (مَنڈھ-وا-نا) منڈھنا کا متعدی المتعدی۔
منڈی۔ (ہ-ا-مونث) بڑا بازار۔ تھوک فروشی کی جگہ۔
منڈی۔ (ہ-صفت) (۱) بن شاخوں کی۔ سر مونڈی ہوئی۔ (۲) بے نوک کی جوتی۔ (۳) ایک بُوٹی۔
منڈیا۔ (مُنڈ-یا) (ہ-ا-مونث) مونڈ کی تصغیر۔ چھوٹا سا سر۔
منڈیر۔ (ہ-ا-مونث) (۱) دیوار کا اُوپر کا حصہ جو ڈھلوان ہوتا ہے۔ (۲) پُشتہ۔ بیٹھکہ۔
منڈیری۔ (ہ-ا-مونث) منڈیر کی تصغیر۔
منزل۔ (ع-ا-مونث) (۱) سرائے۔ پڑاؤ (۲) ایک دن کا سفر۔ مرحلہ (۳) مکان (۴) مکان کا ایک درجہ (۵) چاند کا گھر۔ چھتر (۶) قرآن مجید کے سات حصوں میں سے ایک حصہ۔
منزل کرنا۔ (۱) کچھ چل کر ٹھہر جانا (۲) ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا۔
منزل مارنا۔ (۱) مسافت طے کرنا۔ سفر ختم کرنا۔ (۲) مشکل حل کرنا۔
منزلِ مقصود۔ وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔
منزّل۔ (مُ-نَزّ-زَل) (ع-صفت) نیچے اُتارا گیا۔ نازل کیا گیا۔
منزلت۔ (مَن-زِ-لَت) (ع-ا-مونث) (۱) قدر۔ عزت (۲) درجہ۔ مرتبہ۔
منزلہ۔ (مَن-زِ-لَہ) (ع-صفت) درجے کا۔ جیسے دو منزلہ۔
منزّہ۔ (مُ-نَزّ-زَہ) (ع-ا-مذکر) پاک۔ مبرّا۔ بری۔
منسٹر۔ (MINISTER) (مِ-نِس-ٹر) (انگ-ا-مذکر) وزیر۔ دارالمہام۔
منسٹری۔ (مِ-نِس-ٹ-ری) (انگ-ا-مونث) وزارت۔
منسک۔ (مَن-سَک) (ع-ا-مذکر) (۱) عبادت گاہ۔ (۲) مکہ معظمہ میں وہ جگہ جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔
منسلک۔ (مُن-سَ-لِک) (ع-ا-مذکر) پرویا ہوا۔ ملحق کیا ہوا۔ شامل۔
منسوب۔ (مَن-سُوب) (ع-صفت) (۱) نسبت کیا گیا۔ (۲) جس سے نسبت یعنی منگنی ہو۔
منسوب کرنا۔ (۱) نسبت کرنا (۲) منگنی کرنا۔
منسوخ۔ (مَن-سُوخ) (ع-صفت) رد کیا گیا۔ نابود

Marfat.com

کیا گیا۔ متروک۔
**منسوخی**۔ (ع-ا-مونث) منسوخ کرنا یا ہونا۔
**منش**۔ (مَ-نِش) (ف-ا-مونث) طبیعت۔ عادت۔
**منش**۔ (مَ-نُش) (ہ-ا-مذکر) (۱) آدمی (۲) خاوند۔
**منشا**۔ (مَن-شا) (ع-ا-مذکر) (۱) سبب۔ باعث۔ (۲) ارادہ۔ مقصد۔
**منشور**۔ (مَن-شُور) (ع-صفت) (۱) بکھرا ہوا (۲) (مذکر) فرمان۔ پروانہ (۳) جماعتی اعلان (۴) سہ حاشیہ شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر پھیل جاتی ہیں۔
**منشورِ مثلثی**۔ تکون شیشہ جس میں سے شعاعیں گزر کر مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں۔
**مُنشی**۔ (ع-ا-مذکر) (۱) لکھنے والا۔ محرر (۲) مضمون نگار۔
**منشیِ چرخ**۔ منشیِ فلک۔ (مذکر) عطارد ستارہ۔
**منشی گری**۔ (مونث) محرری۔ کتابت۔ لکھنے کا کام۔
**مُنشیانہ**۔ (مُن-شِ-یا-نہ) (ف-صفت) (۱) منشیوں کا سا۔ (۲) (مذکر) منشی کا محنتانہ۔
**منصب**۔ (مَن-صَب) (ع-ا-مذکر) (۱) عہدہ۔ درجہ (۲) خدمت (۳) مجال۔ طاقت۔
**منصب دار**۔ (۱) عہدے دار (۲) نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا۔
**منصبی**۔ (مَن-صَ-بی) (ع-صفت) عہدے کے متعلق۔
**منصرم**۔ (مُن-صَ-رِم) (ع-صفت-و-ا-مذکر) ۔ منتظم۔ مہتمم۔ مینیجر۔
**مُنصف**۔ (مُن-صِف) (ع-ا-مذکر) (۱) انصاف کرنے والا (۲) دیوانی کا ایک عہدیدار۔
**منصف مزاج**۔ انصاف پسند۔ دو ٹوک بات کہنے والا۔
**مُنصفانہ**۔ (ف-صفت) از رُوئے انصاف۔ دو ٹوک۔
**مُنصفی**۔ (ع-ا-مونث) (۱) انصاف (۲) منصف کا عہدہ۔ منصف کی عدالت۔
**منصفی شرط ہے**۔ انصاف کرنے والا۔
**منصوبہ**۔ (مَن-صُو-بہ) (ع-ا-مذکر) (۱) تجویز۔ تدبیر۔ (۲) مقصد۔
**منصوبے باز**۔ ارادے گانٹھنے والا۔ وہمی۔
**منصوبہ بندی**۔ (مونث) خاکہ یا نقشہ بنانا۔ طریقِ عمل تجویز کرنا۔
**منصور**۔ (مَن-صُور) (ع-صفت) (۱) مدد دیا گیا۔ فتح مند۔ (۲) (مذکر) ایک ولی اللہ کا نام جنھوں نے حالتِ جذب میں انا الحق کہہ دیا تھا۔ جس پر انہیں سُولی دے دی گئی۔
**منصوص**۔ (مَن-صُوص) (ع-صفت) (۱) تحقیق کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا (۲) قرآن شریف کی وہ آیت جو قابلِ تاویل نہ ہو (۳) وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہو گئی ہو۔
**منصّہ**۔ (مَ-نَص-صَہ) (ع-ا-مذکر) (۱) ظاہر ہونے کی جگہ (۲) وہ تخت جس پر دلھن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں۔
**منصّۂ شہود**۔ وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔
**مُنضبط**۔ (مُن-ضَ-بِط) (ع-صفت) پیوستہ کیا ہوا۔
**مُنضج**۔ (مُن-ضِج) (ع-صفت) وہ دوا جو مواد کو پکائے۔

**منطبق**۔ (مُن-طَ-بِق) (ع-صفت) برابر۔ موافق۔ یکساں۔
**منطق**۔ (مَن-طِق) (ع-ا-مونث) (۱) گویائی۔ بات۔ (۲) وہ علم جو عقلی دلائل سے حق اور ناحق میں تمیز کر دیتا ہے۔
**منطق بگھارنا** (چھانٹنا)۔ حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔
**منطقہ**۔ (مِن-طَ-قہ) (ع-ا-مذکر) (۱) وہ فرضی خط جو زمین کے چاروں طرف کھنچا ہوا ہے۔ دائرہ۔ حلقہ۔
**منطقۃ البروج**۔ وہ بڑا دائرہ جس پر بارہ بُرج آسمانی واقع ہیں۔ راس منڈل۔
**منطقۂ باردہ**۔ وہ خطۂ زمین جہاں تمام سال برف جمی رہتی ہے۔
**منطقۂ حارّہ**۔ منطقۂ محرقہ۔ خطِ استوا کے قریب کا وہ جہاں سُورج کی کرنیں سیدھی پڑنے کے باعث ہمیشہ گرمی رہتی ہے۔
**منطقۂ معتدلہ**۔ زمین کا وہ خطہ جہاں سردی اور گرمی برابر رہتی ہے۔
**منطقی**۔ (مَن-طِ-قی) (ع-صفت) (۱) منطق سے منسوب۔ (۲) (مذکر) منطق جاننے والا۔
**منظر**۔ (مَن-ظَر) (ع-ا-مذکر) (۱) جائے نظر (۲) نظارہ۔ تماشاگاہ۔
**مُنتظم**۔ (مُن-تَظِم) (ع-صفت) وہ چیز جو انتظام کے ساتھ ہو۔
**منظور**۔ (مَن-ظُور) (ع-صفت) (۱) دیکھا گیا۔ (۲) پسندیدہ۔ مقبول۔
**منظورِ خدا**۔ مرضیٔ مولا۔ مشیّتِ ایزدی۔
**منظورِ نظر**۔ (۱) نظر کردہ پسند۔ مرغوب (۲) پیارا۔ محبوب۔
**منظوری**۔ (مَن-ظُو-ری) (ع-ا-مونث)۔ مرضی۔ قبولیت۔
**منظوم**۔ (مَن-ظُوم) (ع-صفت) (۱) پرویا گیا۔ (۲) نظم کیا گیا۔
**منظومات**۔ (ع-ا-مونث) منظومہ کی جمع۔ منظوم کلام۔ اشعار۔
**منع**۔ (ع-ا-مذکر) (۱) روکنا (۲) (صفت) نادرست۔ ناجائز (۳) خلافِ قانون۔ (اُردو میں بفتح دوم بولا جاتا ہے۔)
**مُنعطف**۔ (مُن-عَ-طِف) (ع-صفت) مُڑنے والا۔ (کنایۃً) متوجہ ہونے والا۔
**مُنعقد**۔ (مُن-عَ-قِد) (ع-صفت) بندھنے والا۔ انعقاد پانے والا۔
**مُنعکس**۔ (مُن-عَ-کِس) (ع-صفت) (۱) عکس قبول کرنے والا (۲) اُلٹا۔ اوندھا (۳) وہ شعاع جو اُلٹ کر آئی ہو۔
**منعم**۔ (ع-صفت) (۱) نعمت دینے والا (۲) مالدار۔
**منغّض**۔ (مُ-نَغ-غَض) (ع-صفت) (۱) گدلا (۲) ناراض۔ ملول۔
**منفذ**۔ (مَن-فَذ) (ع-ا-مذکر) (۱) آراستہ (۲) سوراخ۔ مسام۔

Marfat.com

مُنفرِجہ - (مُن - فَ - رِ - جَہ) [ع - صفت] پھیلا ہوا - کشادہ -
مُنفرِد - (مُن - فَ - رِد) [ع - صفت] (١) تنہا - اکیلا - (٢) یگانہ - واحد -
مُنفصِل - (مُن - فَ - صِل) [ع - صفت] جدا ہونے والا - الگ ہونے والا -
مُنفصلہ - (مُن - فَ - صِ - لَہ) [ع - صفت] تصفیہ شدہ - فیصل شدہ -
مَنفعت - (مَن - فَ - عَت) [ع - ا - مونث] نفع - فائدہ - حاصل -
مُنفعِل - (مُن - فَ - عِل) [ع - صفت] (١) اثر قبول کرنے والا - (٢) شرمندہ - شرمسار -
مُنفک - (مُن - فَک) [ع - صفت] جدا کیا گیا - الگ کیا گیا -
مَنفی - (مَن - فی) [ع - صفت] تفریق کیا گیا - خارج کیا گیا -
مُنقاد - (مُن - قاد) [ع - صفت] مطیع - تابعدار - فرماں بردار -
مِنقار - (مِن - قار) [ع - ا - مونث] چونچ -
مَنقبت - (مَن - قَ - بَت) [ع - ا - مونث] تعریف - توصیف -
مُنقبض - (مُن - قَ - بِض) [ع - صفت] (١) بھنچا ہوا - سکڑا ہوا (٢) ناراض - ناخوش -
مُنقّح - (مُ - نَق - قَح) [ع - صفت] تنقیح کیا ہوا - پاک کیا ہوا -
مُنقسِم - (مُن - قَ - سِم) [ع صفت] تقسیم ہونے والا -
مُنقّش - (مُ - نَق - قَش) [ع - صفت] نقش کیا گیا - بیل بوٹے دار -
مُنقضی - (مُن - قَ - ضی) [ع - صفت] گزرا ہوا - گزشتہ - بیتا ہوا -
مُنقطِع - [ع - ا - مذکر] قطع ہونے والا -
مُنقطع ہونا - (١) فیصل ہونا - (٢) جاتا رہنا - ٹوٹنا - کٹنا -
مُنقلِب - (مُن - قَ - لِب) [ع - صفت] (١) پلٹنے والا - (٢) اوندھا -
مَنقوش - (مَن - قوش) [ع - صفت] نقش کیا گیا - کھدا ہوا -
مَنقوط - مَنقوطہ - (مَن - قوط) (مَن - قو - طَہ) [ع - صفت] - نقطے والا -
مَنقول - (مَن - قول) [ع - صفت] (١) نقل کیا گیا - بیان کیا گیا (٢) لکھا گیا - اُتارا گیا - (٣) وہ علم جس میں صرف ان باتوں سے بحث ہو جو دُوسروں نے بیان کی ہیں -
مَنقولہ - (مَن - قو - لَہ) [ع - صفت] ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل -
منقولہ جائداد - وہ چیزیں جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ ہٹائی جاسکیں - جیسے روپیہ - پیسہ - مال و اسباب -
مُنقّٰی - (مُ - نَق - قا) [ع - صفت] (١) صاف کیا ہوا - مصفّٰی - (٢) [مذکر] ایک قسم کی بڑی کشمش -
مَنکا - (مَن - کا) [ہ - ا - مذکر] (١) مالا کا دانہ (٢) کانچ یا نگینہ (٣) وہ مُہرے جن کو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں - (٤) گردن کا مُہرہ -
منکا پھیرنا - مالا جپنا -
منکا ڈھل جانا (ڈھلکنا) - مرتے وقت گردن کا خم کھا جانا -
مُنکَر - (مُن - کَر) [ع - صفت] (١) انکار کیا گیا (٢) مکروہ - خراب (٣) [مذکر] ایک فرشتہ کا نام جو نکیر کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا -
منکر نکیر - وہ دو فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوال کرتے ہیں -
مُنکِر - (مُن - کِر) [ع - صفت] (١) انکار کرنے والا - نہ ماننے والا (٢) کافر - بے دین (مُنکرین جمع) -
منکرِ نعمت - ناشکرا - ناشکر گزار - احسان فراموش -
مُنکسِر - (مُن - کَ - سِر) [ع - صفت] (١) شکستہ - ٹوٹا ہوا - (٢) عاجز - مسکین -
مُنکسِرُ المزاج - مسکین - جس کی طبیعت میں انکسار ہو -
مُنکشِف - (مُن - کَ - شِف) [ع - صفت] کھلا ہوا - ظاہر -
مَنکوحہ - (مَن - کو - حَہ) [ع - صفت] نکاحی عورت - بیوی - زوجہ -
منگانا - (منگا - نا) [ہ - مص] طلب کرنا -
منگتا - (منگ - تا) [ہ - ا - مذکر] بھکاری - فقیر - گدا -
منگل - (س - ا - مذکر) (١) خوشی - مسرت (٢) خوشی کا گیت - (٣) مریخ ستارہ - (٤) پیر کے بعد والا دن - سہ شنبہ -
منگل گانا - خوشی کے گیت گانا -
منگنی - (منگ - نی) [ہ - ا - مونث] سگائی - شادی کی نسبت
منگنیز - (منگ - نیز) (MANGANESE سے) [انگ - ا - مذکر] (١) ایک سیاہ دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے (٢) ایک فلزی عنصر جس کی یہ دھات آکسائڈ ہے
منگوانا - (منگ - وا - نا) [ہ - مص] منگانا - کسی جگہ سے کوئی چیز طلب کرنا -
منگیتر - (منگے - تر) [ہ - ا - مذکر و مونث] منسوب - منسوبہ وہ لڑکا یا لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو -
منمنانا - (من - من - نا - نا) [ہ - مص] من منا کر بات کرنا - ناک میں بولنا -
مِنَن - (مِ - نَن) [ع - ا - مونث] منّت کی جمع - احسانات -
مننا - (من - نا) [ہ - مص] رُوٹھ کر راضی ہونا - رنجیدہ کی دلجوئی کرنا -
منو - (مَ - نو) [س - ا - مذکر] (١) انسان - سوچنے والی مخلوق (٢) دنیا کا پہلا انسان آدم (٣) ہندوؤں کے مذہبی قانون دھرم شاستر کا مصنف -
منوا - (من - وا) [ہ - ا - مذکر] من - دل -
منوال - (من - وال) [ع - ا - مذکر] (١) وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا بُن کر لپیٹتا جاتا ہے - (٢) (مجازاً) ڈھنگ - طور - وضع - دستور -
منوانا - (من - وا - نا) [ہ - مص] تسلیم کرانا - اقرار کرانا -
مُنوّر - (مُ - نَو - وَر) [ع - ا - مذکر] روشنی دیا گیا - نورانی - چمک دار -
منّ و سلوٰی - [ع - ا - مذکر] من کے تحت دیکھیے -
مُنوّن - (مُ - نَو - وَن) [ع - ا - مذکر] تنوین والا حرف - حرف جس پہ دو زبر - دو زیر یا دو پیش ہوں -

Marfat.com

مَنوہر – (م – نو – ہَر) (س – صف) خوب صورت – حسین – خوب رُو۔
مُنھ۔ مُنہ – (ہ – ا – مذ) (۱) سوراخ (۲) موری – کھڑکی – (۳) دروازہ (۴) غار – گڑھا – (۵) راستہ (۶) دہن – مکھ (۷) چہرہ (۸) شکل (۹) پاس – لحاظ (۱۰) حوصلہ – جرأت (۱۱) بیان (۱۲) کلمہ – کلام (۱۳) سامنے (۱۴) نوک – (۱۵) طرف – سمت۔
منھ آنا – (۱) منہ اور زبان میں چھالے پڑ جانا (۲) طنز کرنا – بُرا بھلا کہنا۔
منہ اُتر جانا – (۱) چہرہ بے رونق ہو جانا – (۲) رنج کے آثار ظاہر ہونا۔
منھ اُٹھا کر – منہ اُٹھائے – بے دھڑک – اندھا دُھند۔
منھ اُٹھانا – کسی طرف جانا – کہیں کا ارادہ کرنا۔
منھ اندھیرے – صبح تڑکے – پو پھٹے۔
منھ بسورنا – رونے کی صورت بنانا۔
منھ بنانا – (۱) ناراض ہونا (۲) بدذائقہ چیز کھاتے یا پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑ لینا۔
منھ بند کرنا – (۱) خاموش کرنا (۲) رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے باز رکھنا۔
منھ بند کلی – (۱) شگوفہ – بن کھلا پھول (۲) دوشیزہ – کنواری۔
منھ بنوا رکھو (بنوا لو – بنواؤ) – اس قابل تو ہو جاؤ – منھ دھو رکھو۔
منھ بولا – منھ سے کہا ہوا – زبان سے بولا ہوا۔
منہ بولا بھائی (بیٹا) – وہ شخص جسے بھائی یا بیٹا بنا لیا ہو۔
منھ بولتی – بولتی ہوئی – نہایت عمدہ (تصویر)۔
منھ بولی بہن (بیٹی) – وہ عورت جسے بہن یا بیٹی کہہ دیا جائے۔
منھ بھرا آنا (بھر آنا) – منھ میں پانی یا رطوبت کا آ جانا – متلی ہونا۔
منھ بھرائی – (مونث) زبان بندی – رشوت۔
منھ بھر کے – (۱) لبالب – بھرپور (۲) نہایت – از حد – (۳) خاطر خواہ – بخوبی۔
منھ بھرنا – (۱) منھ میں قے آنا (۲) مال اتنا دینا کہ اُس کی نیت بھر جائے – (۳) رشوت دینا۔
منھ پر لعنت پھولنا (کھلنا) – چہرہ زرد پڑ جانا۔
منھ پر تھوک دینا – نہایت شرمندہ کرنا۔
منھ پر خوشامد نہ کرنا – صاف صاف بات کہنا – لگی لپٹی نہ کہنا۔
منھ پر شفق پھولنا – مارے خوشی کے چہرہ سُرخ ہو جانا۔
منھ پر قفل لگ جانا – چپ ہو جانا۔
منھ پر کچھ پیٹھ پیچھے کچھ – ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
منھ پر کی ساری باتیں ہیں – (مثل) سامنے تو محبت اور پیٹھ پیچھے عداوت ہے۔
منھ پر لانا – کہنا – بیان کرنا – ظاہر کرنا۔
منھ پر لکھا ہونا – چہرے سے صاف ہونا۔
منھ پر مہتاب چھٹکنا – منھ فق ہو جانا – چہرہ سفید پڑ جانا۔

منھ پر ناک نہ ہونا – شرم و حیا نہ ہونا – غیرت نہ ہونا۔
منھ پر ہاتھ رکھنا – بولنے سے روکنا – بات نہ کرنے دینا۔
منھ پر ہوائیاں اُڑنا (چھوٹنا) – منھ فق ہونا – گھبرا جانا۔
منھ پڑنا – (۱) جرأت ہونا (۲) مشہور ہونا – (۳) کھانے میں آنا۔
منھ پکڑنا – بولنے نہ دینا – بات کرنے سے روکنا۔
منھ پھٹ – منھ زور – زبان دراز – بدزبان۔
منھ پھر جانا – (۱) منھ کا ٹیڑھا ہو جانا (۲) لقوے کا مرض ہو جانا – (۳) بھاگ جانا (۴) خوب سیر ہو جانا – (۵) دھار کا مڑ جانا۔
منھ پھلانا – ناراض ہونا – خفا ہونا – منہ سُجانا۔
منہ پھوڑ کر – بے شرم ہو کر – بے غیرت بن کر – آزادانہ – بے باکانہ۔
منھ پھیر دینا – (۱) منھ موڑ دینا (۲) طبیعت سیر کر دینا (۳) بھگا دینا۔
منھ تک آنا – (۱) زبان تک آنا (۲) کناروں تک بھر جانا۔
منھ تکنا – (۱) منہ کی طرف دیکھنا (۲) جواب کا منتظر رہنا (۳) حسرت اور یاس کی نگاہوں سے دیکھنا – (۴) لاجواب ہونا۔
منھ تو دیکھو (دیکھیے) – (۱) اس قابل تو ہو جاؤ (۲) تمہاری کیا حقیقت ہے – کیا مجال ہے۔
منھ تھتھانا – دیکھیے منہ پھلانا۔
منھ چاہیے – ہمت و حوصلہ کی ضرورت ہے – قابلیت درکار ہے۔
منھ چڑانا – (۱) کسی کو چڑانے کے لیے منھ ٹیڑھا کر کے دکھانا (۲) بھونڈی نقل کرنا۔
منھ چڑھا – منھ لگا – گستاخ – بے ادب۔
منھ چڑھانا – (۱) عزت دینا – (۲) گستاخ بنانا (۳) مصاحب بنانا (۴) ناک بھوں چڑھانا۔
منھ چڑھنا – (۱) مصاحب بننا (۲) تیوری چڑھنا (۳) گستاخ ہونا (۴) برابری کرنا۔
منھ چلانا – (۱) کھانا – چبانا – (۲) گھوڑے کا کاٹنا – (۳) بد زبانی کرنا۔
منھ چلنا – (۱) کھاتے رہنا (۲) بک بک کیے جانا۔
منھ چلے ستر بلا ٹلے – (مثل) تمام طاقت کھانے پینے ہی سے ہے۔
منھ چھپانا – (۱) سامنے نہ آنا (۲) شرمندہ ہونا۔
منھ در منھ – رُو برو – آمنے سامنے۔
منھ دکھانا – سامنے آنا – ملاقات کرنا – رُو برو ہونا۔
منھ دکھانے کی جگہ (باقی) نہیں – نہایت شرمندگی کے باعث سامنے نہیں جا سکتا۔
منھ دکھائی – (مونث) رُو نمائی – وہ نقدی جو پہلے پہل دلھن کا منہ دیکھ کر سسرال والے دیتے ہیں۔
منھ دھو آؤ (دھو رکھو) – اس کام کے قابل نہیں۔
منھ دیکھا کرنا – (۱) حیرت سے منھ تکا کرنا (۲) کسی بات کے سننے کا منتظر رہنا۔
منھ دیکھ کر بات کرنا – سامنے خوشامد کی باتیں کرنا۔

Marfat.com

منھ دیکھنا - (۱) صورت دیکھنا (۲) حیرانی یا حسرت سے منہ تکنا - (۳) جواب کے انتظار میں صورت دیکھنا -
منہ دیکھو - ذرا ان کی لیاقت پر نظر کرو - کیا حوصلہ ہے -
منہ دیکھی - سامنے کی - منھ پر کی - خوشامد کی -
منھ دیکھے کی - ظاہری - دکھاوے کی -
منھ دیکھے کی سب کہتے ہیں حقدا لگتی کوئی نہیں کہتا - انصاف کی بات کوئی نہیں کہتا - سب خوشامد کی بات کرتے ہیں -
منھ دینا - (۱) برتن میں جانور وغیرہ کا منہ ڈال دینا - (۲) متوجہ ہونا -
منھ ڈالنا - (۱) کسی جانور کا کسی چیز میں منہ داخل کرنا - (۲) حملہ کرنا -
منھ رکھنا - لحاظ رکھنا - رعایت کرنا -
منھ زبانی - (۱) زبانی - بلا تحریر (۲) نوک زبان -
منھ زور - (۱) منہ پھٹ - بد زبان (۲) بکواسی - (۳) شریر گھوڑا -
منھ زوری - (مونث) (۱) بد زبانی (۲) شرارت - شوخی -
منھ سنبھالنا - زبان کو قابو میں رکھنا - زبان کو لگام دینا -
منھ سے - زبان سے - لحاظ سے - رعایت سے -
منھ سے بولے نہ سر سے کھیلے - نہ بات کرتا ہے نہ اشارہ -
منھ سے پھوٹنا - جواب دینا - زبان سے کچھ کہنا -
منھ سے دودھ کی بو آنا - (۱) نادان ہونا (۲) کم عقل ہونا -
منھ سے نکل جانا - بے ساختہ کوئی بات زبان سے نکل جانا -
منھ سے نکلی کوٹھوں چڑھی - بات زبان سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے - (نیز دیکھیے نکلی ہونٹوں)
منھ سینا - (۱) خاموش کرنا (۲) خاموش ہونا (۳) رشوت دینا -
منھ فق ہو جانا - اوسان جاتے رہنا - گھبرا جانا - ڈر جانا -
منھ کالا کرنا - (۱) چہرے پر سیاہی ملنا (۲) بدنام کرنا - (۳) زنا کرنا -
منھ کا نوالہ - (۱) لقمۂ دہن (۲) نہایت سہل اور آسان کام -
منھ کرنا - (۱) سوراخ کرنا (۲) زخم یا پھوڑے کا پھوٹنا - (۳) نگاہ کرنا (۴) منھ سامنے کرنا - (۵) لالچ کرنا -
منھ کلنا - کسی کے خلاف کہنے سے رکنا - زبان بند ہونا -
منھ کو بنوانا - اپنے آپ کو کسی کام کے لائق کرنا - قابلیت پیدا کرنا -
منھ کو خون لگنا - (۱) خون کا مزہ پڑ جانا - (۲) رشوت کا عادی ہونا -
منھ کو سنبھالنا - دیکھیے منہ سنبھالنا -
منھ کھلنا - (۱) بد زبان ہونا - (۲) بیان کرنے یا کہنے پر آمادہ ہونا - (۳) چہرہ بے نقاب ہو جانا (۴) منھ فراخ ہو جانا -
منھ کھولنا - (۱) بات کرنا (۲) گالیوں پر اتر آنا - (۳) نقاب اٹھانا -
منھ کی کھانا - (۱) سزا پانا - مار کھانا (۲) شرمندہ ہونا (۳) ہار جانا - (۴) اپنے منھ سے آپ قائل ہونا -
منھ کی کہی جو لوی (کر) کیا کرے گا کوئی - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے شرمی اختیار کرتا ہے -

منھ کے بل گرنا - اس طرح گرنا کہ چہرہ زمین پر لگے -
منھ کیلنا - (۱) جادو سے منہ کو بند کر دینا (۲) زہریلے جانور کے منھ کو کاٹنے کے قابل نہ رکھنا (۳) خاموش کر دینا (۴) رشوت دے کر اپنے خلاف جانے سے باز رکھنا -
منھ لٹکانا - ناراض ہونا -
منھ لگا - سر چڑھا (مونث منھ لگی)
منھ لگانا - (۱) منہ سے چھونا (۲) کھانا چکھنا (۳) گستاخ بنانا - سر چڑھانا -
منھ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال (منھ لگائی ڈومنی آئی بچوں سمیت) - (مثل) اس وقت کہتے ہیں جب ذرا سی مہربانی سے کوئی سر پر چڑھنے لگے -
منھ لگنا - (۱) منھ سے چھوا جانا (۲) سر چڑھنا - گستاخ ہونا - (۳) برابری کرنا -
منھ مارنا - (۱) کاٹنا - ڈسنا - (۲) جلد جلد کھانا -
منھ مانگا - حسب منشا - خواہش کے مطابق - جیسا منہ سے کہا تھا -
منھ مانگی مراد - دلی خواہش - دلی تمنا -
منھ مانگے دام - منھ سے طلب کی ہوئی قیمت -
منھ موڑنا - (۱) منھ ہٹانا - پہلو تہی کرنا (۲) توجہ نہ کرنا (۳) پرہیز کرنا - (۴) شکست کھانا (۵) بے مروتی کرنا -
منھ میں پانی بھر آنا - (۱) کسی عمدہ چیز کی خواہش سے منھ میں لعاب آجانا (۲) جی للچانا - شوق پیدا ہونا -
منھ میں پانی چوانا (ٹپکانا) - مرتے وقت منھ میں پانی کے قطرے ٹپکانا -
منھ میں خاک - (۱) برا چاہنے والے کی بات پر کہا جاتا ہے (۲) گستاخانہ کلام کے جواب میں بھی کہتے ہیں -
منھ میں دانت نہ پیٹ میں آنت - (مثل) ایسا بڑھاپا ہے کہ نہ منھ میں دانت رہے ہیں نہ پیٹ میں انتڑیاں -
منھ میں زبان حلال ہے - (مثل) منھ میں زبان سچ بات کہنے کے لیے ہے -
منھ میں زبان رکھنا (ہونا) - گویائی کی طاقت رکھنا - بات کر سکنا -
منھ میں زبان نہ ہونا - (۱) بول نہ سکنا (۲) خاموش رہنا -
منھ میں زبان نہیں - نہایت غریب اور خاموش آدمی ہے -
منھ میں صابن گھلا ہونا - منھ پھیکا اور بدمزہ ہونا -
منھ میں کے دانت ہیں - (۱) تم کون ہو؟ (۲) کیا طاقت ہے کیا کر سکتے ہو؟
منھ میں گھنگھنیاں بھر کر بیٹھنا - چپ ہو کر بیٹھنا -
منھ میں گھی شکر - اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی خوش خبری سنائے -
منھ نال - (مذکر) دھات وغیرہ کی نلکی جسے حقہ پینے کی جگہ لگاتے ہیں -
منھ نہ پڑنا - حوصلہ نہ ہونا - کہنے کی جرأت نہ ہونا -
منھ نہ دکھانا - شرم کے باعث روپوش ہو جانا -
منھ نہ کھلواؤ - بس چپ رہو - ورنہ کچا چٹھا کھول کے رکھ

Marfat.com

دیا جائے گا۔
منھ ہونا۔ (۱) سوراخ ہونا (۲) پاس و لحاظ ہونا۔ (۳) حوصلہ ہونا۔
منھ ہی منھ میں۔ چپکے چپکے۔ ہونٹوں ہونٹوں میں۔
مِنہا (مِن۔ ہا) (ع۔ صفت) تفریق۔ نفی۔ منفی۔ مجرا۔ وضع۔
مِنہا کرنا۔ تفریق کرنا۔ گھٹانا۔ خارج کرنا۔
مِنہاج۔ (مِن۔ ہاج) (ع۔ ا۔ مذکر) کھلی سڑک۔ شاہ راہ۔ وشارع عام۔
مُنہا مُنھ۔ (ہ۔ صفت) لبریز۔ بھرپور۔ لبالب۔
مِنہائی۔ (مِن۔ ہا۔ ئی) (ع۔ ا۔ مونث) تفریق۔ گھٹاؤ۔ کٹوتی۔ وضع۔
مُنہدِم۔ (مُن۔ ہَ۔ دِم) (ع۔ ا۔ مذکر) گرا ہوا۔ مسمار۔ ویران۔
مِنہدی۔ (مِنہ۔ دی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ایک قسم کا درخت جس کی پتیاں پیس کر لگانے سے سُرخی آ جاتی ہے۔ (۲) شادی سے پہلے ایک رسم جس میں دُولہا کے گھر سے دُلہن کے یہاں منہدی کے ساتھ سنگھار کی چیزیں بھیجی جاتی ہیں (۳) محرم کی ساتویں کو رنگین کاغذ سے مڑھ کر ایک ڈھانچ بناتے ہیں اور حضرت قاسمؑ کی منہدی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں (۴) وہ نظمیں جو شادی یا محرم کی منہدی کے موقعوں پر پڑھی جاتی ہیں۔
منہدی رچانا (لگانا)۔ ہاتھ پاؤں میں منہدی ملنا۔
منہدی کا چور۔ ہاتھ پاؤں کی ذرا سی جلد جو کہیں کہیں منہدی نہ لگنے سے ظاہر ہو۔
مُنہضِم۔ (مُن۔ ہَ۔ ضِم) (ع۔ ا۔ مذکر) ہضم ہونے والا۔ پچنے والا۔
مُنہمک۔ (مُن۔ ہَ۔ مِک) (ع۔ ا۔ مذکر) کسی کام میں بہت مصروف۔
مُنہنال۔ (مُنھ۔ نال) (ہ۔ ا۔ مونث) مُنھ کے تحت دیکھیے۔
منہیات۔ (مَن۔ ہی۔ یات) (ع۔ ا۔ مذکر) منہی کی جمع۔ وہ افعال جن کا کرنا منع ہے۔
منھیار۔ (منھ۔ یار) (ہ۔ ا۔ مذکر) کانچ کی چوڑیاں بنانے والا۔
منھیارن۔ منھیاری۔ (ہ۔ ا۔ مونث) منھیار کا مونث۔
منّی۔ (م۔ نا) دیکھیے منا۔
منی۔ (مَ۔ نی) (ع۔ ا۔ مونث) وہ سفید لیس دار رطوبت جو عضو تناسل سے بوقت انزال نکلتی ہے۔ دھات۔ نطفہ۔
منی۔ (MONEY) (مَ۔ نی) (انگ۔ ا۔ مذکر) روپیہ۔ نقدی۔
منی آرڈر۔ (MONEY ORDER) (مذکر) روپیہ جو ڈاک کے ذریعہ بھیجا جاتا ہے۔
منی آرڈر فارم۔ (MONEY ORDER FORM) (مذکر) وہ کاغذ جس کی خانہ پُری کرکے روپیہ بھیجنے کے لیے ڈاک خانے میں دیتے ہیں۔
مُنّی۔ (مُن۔ نی) (س۔ ا۔ مذکر) زاہد۔ مرتاض۔ رشی۔
مُنّی۔ (مُن۔ نی) (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) چھوٹی بچی (۲) چھوٹی چیز۔ منّا کی تانیث۔
مُنیب۔ (مُ۔ نیب) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) آقا۔ مالک۔ مُربی۔
سرپرست (۲) کسی کو اپنا قائم مقام بنانے والا (۳) گُماشتہ۔ بکثرت بارش۔
مینیجر۔ (MANAGER) (مَ۔ نے۔ جر) (انگ۔ ا۔ مذکر) منتظم۔ مہتمم۔
مینیجنگ پروپرائٹر۔ (MANAGING PROPRIETOR)۔ مالکانہ حیثیت سے کام کرنے والا۔
مینیجنگ ڈائرکٹر۔ (MANAGING DIRECTOR) کمپنی کا وہ رکن جو حصہ دار بھی ہو اور انتظام بھی کرے۔
مُنیر۔ (مُ۔ نیر) (ع۔ صفت) روشن۔ چمک دار۔ روشنی دینے والا۔
مُنیم۔ (مُ۔ نیم) (ہ۔ ا۔ مذکر) رقیب کا بگاڑ۔ محاسب۔ محرّر۔

## م - و

مُو۔ (ف۔ ا۔ مذکر) بال۔ کیس۔
مُوباف۔ (مذکر) وہ ڈوری جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔ (پن) پراندہ۔
مُوبمُو۔ بال بال۔ ذرا ذرا۔ حرف بحرف۔ سب کا سب۔ کُل۔
مُوشگافی۔ (مونث) باریک بینی۔ چھان بین۔ نکتہ چینی۔
مُوقلم۔ (مذکر) مصوّروں کا باریک برش۔
مُوئے آتش دیدہ۔ آگ دکھایا ہوا بال جو گرمی سے بل کھا جاتا ہے۔
مُوئے پریشان۔ بکھرے ہوئے بال۔
مُوئے زہار۔ وہ بال جو زیرِ ناف ہوتے ہیں۔
مُوئے کمر۔ مُوئے میاں۔ پتلی کمر۔
مُوئے مُبارک۔ کسی بزرگ کے مقدس بال جو بطور تبرک رکھے جاتے ہیں۔
موّا۔ (مو۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذکر) ایک درخت جس کے پھلوں کو کھاتے ہیں۔ بیجوں کا تیل اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔
مُوا۔ (مُ۔ وا) (ہ۔ صفت) (۱) مرا ہوا (۲) نگوڑا۔ نامراد۔
مواثیق۔ (مَ۔ وا۔ ثیق) (ع۔ ا۔ مذکر) میثاق کی جمع۔ عہد و پیمان۔
موّاج۔ (مَو۔ واج) (ع۔ صفت) موجیں مارنے والا۔ تند و تیز۔
مواجب۔ (مَ۔ وا۔ جب) (ع۔ ا۔ مذکر) موجب کی جمع (۱) تنخواہیں۔ (۲) اُجرت۔
مُواجہہ۔ (مُ۔ وا۔ جَ۔ ہہ) (ع۔ ا۔ مذکر) روبرو۔ سامنے۔ مقابل۔
مؤاخات۔ (مُ۔ آ۔ خات) (ع۔ ا۔ مونث) بھائی چارہ۔
مؤاخذہ۔ (مُ۔ آ۔ خَ۔ ذہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) جواب طلبی۔ بازپرس (۲) بدلہ۔ عوض۔ مکافات۔
مواد۔ (مَ۔ واد) (ع۔ ا۔ مذکر) مادّہ کی جمع۔ (۱) پیپ رطوبت۔ (۲) اسباب۔ سامان۔
مواد فاسد۔ خراب مادّہ۔

Marfat.com

**مُوازنہ** - (مُ - وا - زَ - نَہ) (ع - ا - مذکر) وزن کا جانچنا - اندازہ کرنا۔

**مُوازی** - (مُ - آ - زی) (ع - ا - مذکر) (۱) برابر (۲) ہم قیمت - (۳) اندازاً - یہ لفظ اکثر ملکوں، آنوں، جگہوں وغیرہ کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے جیسے موازی چار آنے - موازی دو بیگھہ۔

**مُواصلات** - (مُ - وا - صَ - لات) (ع - ا - مذکر) ذرائع نقل و حرکت۔

**مُواصلت** - (مُ - وا - صَ - لت) (ع - ا - مونث) ملاقات وصل - ملنا۔

**مواضع** - (مَ - وا - ضِع) (ع - ا - مذکر) موضع کی جمع جگہیں مقامات - دیہات۔

**مُواظبت** - (مُ - وا - ظَ - بت) (ع - ا - مونث) ایک کام ہمیشہ کیے جانا۔

**مواعظ** - (مَ - وا - عِظ) (ع - ا - مونث) موعظت کی جمع - نصیحتیں۔

**مواعید** - (مَ - وا - عید) (ع - ا - مذکر) میعاد کی جمع - وعدے۔

**مُوافق** - (مُ - وا - فِق) (ع - صفت) مطابق - مناسب - ٹھیک۔

**موافق آنا** (۱) مطابق آنا - ٹھیک ہونا (۲) طبیعت کے مناسب ہونا۔

**مُوافقت** - (مُ - وا - فَ - قت) (ع - ا - مونث) مطابقت برابری - اتفاق۔

**مُواقع** - (مَ - وا - قِع) (ع - ا - مذکر) موقع کی جمع۔

**مُوالات** - (مُ - وا - لات) (ع - ا - مونث) باہمی اتحاد - آپس کی دوستی۔

**موالی** - (مَ - وا - لی) (ع - ا - مذکر) مولی کی جمع - غلام - نوکر - چاکر - دوست۔

**مُوانست** - (مُ - آ - نَ - ست) (ع - ا - مونث) باہمی اُنس محبت - دوستی۔

**موانع** - (مَ - وا - نِع) (ع - ا - مذکر) مانع کی جمع - رکاوٹ پیدا کرنے والی چیزیں۔

**مواہب** - (مَ - وا - ہِب) (ع - ا - مذکر) موہبت کی جمع - مہربانیاں - شفقتیں۔

**مُوبد** - (مُو - بد) (مُو - بِد) (ف - ا - مذکر) آتش پرستوں کا پیشوا۔

**مُوپلا** - (مُو - پ - لا) (ہ - ا - مذکر) جنوبی ہند میں ایک مسلمان قوم جو عرب نسل سے ہے اور ملا بار میں آباد ہے۔

**مُوت** - (ہ - ا - مذکر) (۱) پیشاب (۲) منی (۳) اولاد۔

**مُوت آنا** - پیشاب کی حاجت ہونا۔

**مُوت دینا** - (۱) پیشاب نکل جانا - (۲) ڈر جانا۔

**مُوت نکلنا** - (۱) پیشاب خارج ہونا (۲) بے حد خوف کھانا۔

**مَوت** - (ع - ا - مونث) (۱) اجل - قضا - وفات - (۲) شامت۔

**موت آنا** - (۱) مرنا (۲) ناگوار گزرنا (۳) شامت آنا - آفت آنا۔

**موت پڑنا** - دشوار معلوم ہونا - ناگوار گزرنا۔

**موت کا بازار تیز (گرم) ہونا** - کثرت سے موتیں واقع ہونا۔

**موت کی گھڑی** - (مونث) مرنے کا وقت۔

**موت کے گھاٹ اتارنا** - مار ڈالنا - قتل کر دینا۔

**موت لائی ہے** شامت لے کر آئی ہے - موت نے بلایا ہے - موت نے گھر دیکھ لیا ہے - موت گھر دیکھ گئی ہے - (مثل) اس گھر میں برابر موتیں ہو رہی ہیں۔

**موت ہونا** - (۱) میت ہونا (۲) مصیبت ہونا۔

**مُوتمر** - (مُو - تَ - مَر) (ع - ا - مونث) مجلس - کانفرنس۔

**مُوتنا** - (مُوت - نا) (ہ - مص) پیشاب کرنا۔

**موتھیا** - (مو - تھا) (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کی گھاس۔

**موتی** - (ہ - ا - مذکر) گوہر - دُر - لولو۔

**موتی بندھنا** - موتی میں سوراخ ہونا۔

**موتی پاک** - (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جس پر بکیتوں کے موتی سے ابھرے ہوتے ہیں۔

**موتی پرونا** - (۱) موتیوں کی لڑی بنانا (۲) دل آویز باتیں کرنا (۳) خوشخط لکھنا۔

**موتی جھرا** - (مونث) ایک بیماری جو عام طور پر بچوں کو ہوتی ہے جس میں پسینے پر باریک باریک سرخ دانے نکل آتے ہیں۔

**موتی چور** - چمکیلا - آنکھوں کی تعریف میں مستعمل ہے۔

**موتی چور کے لڈو** - بکیتوں کے لڈو۔

**موتی رولنا** - (۱) موتیوں کو جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا۔

**موتیوں سے منہ بھرنا** - (۱) خوش گفتاری یا خوش خبری کے انعام میں منہ موتیوں سے بھر دینا - (۲) مالا مال کر دینا۔

**موتیا** - (مو - تِ - یا) (ہ - صفت) (۱) موتی کی مانند - (۲) (ہ - مذکر و مونث) بیلے کی ایک عمدہ قسم (۳) (مونث) ایک قسم کی چھیپ۔

**موتیا بند** - (مذکر) آنکھ میں پانی اترآنے کا مرض۔

**موٹ** - (ہ - ا - مونث) (۱) ایک غلہ (۲) بوکلی (۳) چمڑے کا بڑا ڈول

**موٹا** - (ہ - صفت) (۱) فربہ - تنومند (۲) گاڑھا (۳) ادنے درجے کا - (۴) بھلی (۵) دولت مند۔

**موٹا اناج** - (مذکر) جوار - باجرا - مکا وغیرہ سستا اناج۔

**موٹاپن** - (مذکر) فربہی - تنومندی۔

**موٹا تازہ** - لحیم و شحیم - تندرست - توانا - تیار۔

**موٹا جھوٹا** - ادنیٰ قسم کا - گھٹیا۔

**موٹر** - (MOTOR) (انگ - ا - مونث) (۱) گاڑی جو پٹرول سے چلتی ہے - کار (۲) انجن۔

**موٹھ (موٹھ)** (ہ - ا - مونث) ایک قسم کا غلہ - بوٹ۔

**موٹھی** - (ہ - ا - مونث) (۱) دستہ - قبضہ (۲) مٹھی (۳) جادو۔

**موٹی** - (ہ - صفت) موٹا کی تانیث۔

**موٹی اسامی** - دولت مند آدمی - مالدار - دھنی۔

**موٹی بات** - سیدھی بات - صاف بات۔

**موٹی گالی** - فحش گالی - سخت گالی۔

Marfat.com

مورکھ سمجھ۔ (مونث) کورمغزی۔ کم عقلی۔
مُؤثِّر۔ (مُ۔ اَث۔ ثِر) (ع۔ا۔ مذکر) اثر کرنے والا۔ کارگر۔
مُؤثَّق۔ (مُ۔ اَث۔ ثِق) (ع۔ا۔ مذکر) پکا۔ مضبوط۔
مَوج۔ (ع۔ا۔ مونث) (۱) لہر۔ تلاطم (۲) امنگ۔ جوش۔
موج آنا۔ (۱) لہر آنا (۲) خیال آجانا۔
موج تبسم۔ وہ لکیر سی جو مسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے۔
موج ریگ۔ لہر کی سی شکلیں جو ہوا چلنے سے ریت میں پیدا ہو جاتی ہیں۔
موج زن۔ ٹھاٹھیں مارنے والا۔
موج (موجیں) کرنا۔ مزے اڑانا۔ عیش و آرام کرنا۔
موج مارنا (لہرانا) (۱) لہریں مارنا (۲) عیش و عشرت کرنا۔
موج میں آنا۔ (۱) ترنگ میں آنا (۲) مزے میں آنا۔
مُوجِب۔ (مُو۔ جِب) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا (۲) سبب۔ باعث (۳) موافق۔ لائق۔
مُوجِد۔ (ع۔ا۔ مذکر) ایجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔
مُؤجَّل۔ (مُ۔ اَج۔ جَل) (ع۔ا۔ مذکر) مہلت دیا گیا۔ کسی وقت پر موقوف رکھا گیا۔
مَوجُود۔ (مَو۔ جُود) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) قائم برقرار (۲) حاضر۔ دستیاب۔
موجود کرنا۔ حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔
مَوجُودات۔ (مَو۔ جُو۔ دات) (ع۔ا۔ مونث) موجود کی جمع۔ (۱) وہ کل چیزیں جو خدا نے پیدا کی ہیں۔ کائنات۔ مخلوقات (۲) گنتی۔ شمار۔
مَوجُودگی۔ (مَو۔ جُود۔ گی) (ف۔ا۔ مونث) حاضری۔ حضوری۔
موجودگی میں۔ سامنے۔ روبرو۔
مَوجُودہ۔ (مَو۔ جُو۔ دہ) (ع۔ صفت) حال کا۔ اب کا۔ حاضر۔
مُوَجَّہ۔ (مُ۔ وَج۔ جَہ) (ع۔ صفت) پسندیدہ۔ مرغوب۔ قابل توجہ۔
مَوجہ۔ (ع۔ا۔ مذکر) دیکھیے موج۔
موجی۔ (مَو۔ جی) (اُ۔ صفت) لہری۔ آزاد طبع۔ ظریف۔
موچ۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) لچک (۲) بے موقع پڑ جانے سے بدن کا کوئی جوڑ مڑ جانا۔ زیادہ تر پاؤں کے لیے بولا جاتا ہے۔
موچ آنا۔ ہاتھ پاؤں کا بے موقع پڑنے سے مڑ جانا۔
موچنا۔ (موچ۔ نا) (ہ۔ا۔ مذکر) بال اکھاڑنے کا آلہ۔
مُونچھ۔ مُونچھ۔ (ہ۔ا۔ مونث) ہونٹوں کے اوپر کے بال۔ بروت۔
مونچھ کا بال۔ نہایت مقرب اور بارسوخ آدمی۔
مونچھوں پر تاؤ دینا۔ مونچھوں کو تاؤ دینا۔ (۱) مونچھوں کے بالوں کو بل دینا۔ (۲) فخر سے مونچھیں مروڑنا۔
مونچھوں سے چنگاریاں نکلنا۔ نہایت غصیلے اور غضب ناک ہونا۔
مونچھیں نیچی کر لینا۔ شیخی اور اکڑ فوں چھوڑ دینا۔
موچی۔ (مُو۔ چی) (ہ۔ا۔ مذکر) چمڑا سینے والا۔ جوتیاں بنانے والا۔
مُوَحِّد۔ (مُ۔ وَح۔ حِد) (ع۔ صفت) خدا کو ایک ماننے والا۔

مُوَحِّدانہ۔ (مُ۔ وَح۔ حِ۔ دانہ) (ع۔ف۔ صفت) خدا کو ایک ماننے والوں کی مانند۔
مُؤخَّر۔ (مُ۔ اَخ۔ خَر) (ع۔ صفت) پچھلا۔ آخری۔ اخیر کا۔
مؤخر الذکر۔ جس کا ذکر بعد میں آئے۔
مُؤدَّب۔ (مُ۔ اَد۔ دَب) (ع۔ صفت) شائستہ۔ مہذب۔ تہذیب یافتہ۔
مُؤدَّبانہ۔ (مُ۔ اَد۔ دَ۔ بانہ) (ف۔ صفت) ادب سے۔ تہذیب سے۔
مُوَدَّت۔ (مُ۔ وَد۔ دَت) (ع۔ا۔ مونث) پیار محبت۔ دوستی۔
مودی۔ (مو۔ دی) (س۔ا۔ مذکر) اناج کا سوداگر۔
مودی خانہ۔ (مذکر) گودام گھر۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ۔
مُوڈ۔ (MOOD) (انگ۔ صفت) کیفیت۔ مزاج۔ رنگ حالت
مُؤذِّن۔ (مُ۔ اَذ۔ ذِن) (ع۔ا۔ مذکر) اذان دینے والا۔ بانگی
موذی۔ (ع۔ا۔ مذکر) ایذا دینے والا۔ ستانے والا۔
موذی کا مال۔ ظالم کا مال۔ کنجوس کا مال۔
مور۔ (ہ۔ا۔ مذکر) آم کا پھول۔ بور۔
مور۔ (ہ۔ا۔ مذکر) طاؤس۔ ایک رنگین پروں والا جانور۔
مور پنکھی۔ (مونث) (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی پنکھیا جو کھلنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے۔
مور چال۔ (مونث) (۱) ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھ زمین پر رکھ کر اور پاؤں اوپر کر کے چلتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کا ناچ۔
مور چھل۔ (مونث) موروں کے پروں کا چنور۔
مور کی چال۔ (مونث) مستانہ چال۔
مور ناچتا ہے جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے رو دیتا ہے۔ (مثل) خوب صورت آدمی کے لیے ذرا سا عیب بھی برا معلوم ہوتا ہے۔
مُور۔ (مور) (ف۔ا۔ مونث) چیونٹی۔
مور و ملخ۔ (۱) چیونٹی اور ٹڈی دل (۲) بے شمار۔ ان گنت۔
مُورَت۔ (مُو۔ رَت) (ہ۔ا۔ مونث) صورت۔ بت۔ پتلی۔
مُورتی۔ (س۔ا۔ مونث) بت۔ صنم۔ پتلی۔
مورتی پوجن۔ (مونث) بت پرستی۔ بتوں کی پوجا۔
مُورِث۔ (مُو۔ رِث) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) وہ شخص جس سے ورثہ یا ترکہ ملے۔ وصیت کرنے والا (۲) باعث۔ سبب۔
مُورثِ اعلیٰ۔ سب سے بڑا بزرگ جس سے ورثہ ملا ہو۔ جدِ اعلیٰ۔
مورچا۔ (مور۔ چا) (اُ۔ا۔ مذکر) (۱) وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھودتے ہیں۔ (۲) وہ خندق جو لڑائی کے لیے کھودتے ہیں (۳) وہ فوج جو مورچے پر لڑائی کے لیے رہتی ہے۔
مورچا بندی کرنا۔ خندق کھودنا۔
مورچہ۔ (مور۔ چہ) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) زنگ۔ زنگار (۲) چیونٹی۔
مُؤرِّخ۔ (مُ۔ اَر۔ رِخ) (ع۔ا۔ مذکر) تاریخ لکھنے والا۔

Marfat.com

تاریخ نگار۔
**مُوَرِّخانہ** - (مُ-وَر-رِ-خا-نہ) (ف-صف) تاریخ لکھنے والوں کی طرح۔
**مُوَرَّخہ** - (مُ-وَر-رَ-خہ) (ع-ا-مذکر) تاریخ دیا گیا۔ لکھا ہوا۔ مرقومہ۔
**مُوَرِّخِین** - (مُ-وَر-رِ-خِین) (ع-ا-مذکر) مورخ کی جمع۔
**مَوْرِد** - (مَو-رِد) (ع-ا-مذکر) ٹھہرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گزرے۔
موردِ عنایات (لطف۔ کرم) وہ شخص جس پر عنایت کی جائے۔
**مُورکھ** - (س-صف) احمق۔ بے وقوف۔ گنوار۔ جاہل۔
مورکھ پن - (مذکر) حماقت۔ بے وقوفی۔
**مورنی** - (مو-ر-نی) (ہ-ا-مونث) مور کی مادہ۔
**مَوْرُوثی** - (مَو-رُو-ثی) (ف-صف) باپ دادا کا۔ جدی۔ پشتینی۔
**موری** - (مو-ری) (ہ-ا-مونث) (۱) نالی۔ بدررو۔ (۲) مخرج۔ دہانہ۔ سوراخ۔
موری کی اینٹ چوبارے چڑھی - (مثل) کمینے کا اعلیٰ رتبہ ملا۔
**موڑ** - (ہ-ا-مونث) (۱) گھماؤ۔ وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے (۲) پیچ۔ خم۔
موڑ دینا - (۱) پھیر دینا (۲) جھکا دینا (۳) ہٹا دینا۔
**موڑنا** - (موڑ-نا) (ہ-مص) (۱) گھمانا (۲) بل دینا۔ (۳) واپس کرنا (۴) رُخ بدلنا۔
**مُوڑھا** - (مُو-ڑھا) (ہ-ا-مذکر) سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی۔
**مَوْزُون** - (مَو-زُون) (ع-صف) (۱) ٹھیک تلا ہوا۔ (۲) مناسب۔ واجب۔ درست۔ (۳) وہ شعر جس کی بحر وغیرہ درست ہو۔ (۴) پسندیدہ۔
موزوں طبع - وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو۔
موزوں طبعی - (مونث) طبیعت کا موزوں ہونا۔
موزوں کرنا - (۱) شعر کو وزن اور بحر سے درست کرنا۔ (۲) درست کرنا۔
**مَوْزُونِیَّت** - (مَو-زُو-نی-یت) (ع-ا-مونث) (۱) وزن میں ہونا۔ درست ہونا (۲) زیبائش۔ پھبن۔
**مُوزَہ** - (مو-زہ) (ف-ا-مذکر) (۱) جراب۔ چمڑے کی جراب (۲) بوٹ۔
**مُوسا** - (ہ-ا-مذکر) چوہا۔
**مُوسائی** - (مُو-سا-ئی) (ع-ا-مذکر) حضرت موسیٰ کا پیرو۔ یہودی۔
**مُوسَل** - (مُو-سَل) (ہ-ا-مونث) اناج کوٹنے کا آلہ۔
**مُوسلا** - (مُوس-لا) (ہ-ا-مذکر) (۱) موسل کی تصغیر۔ (۲) جڑ۔
مُوسلا دھار - وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے۔
مُوسلا دھار برسنا یا پڑنا - بہت زور سے بارش ہونا۔
**مُوسلی** - (مُوس-لی) (ہ-ا-مونث) جڑ۔ بیخ۔
**مَوْسِم** - (مَو-سِم) (ع-ا-مذکر) (۱) وقت۔ سماں۔ (۲) زمانہ (۳) رُت۔ فصل۔
موسمِ گل - بہار کا موسم۔
**مَوْسِمی** - (مَو-سِ-می) (ع-صف) موسم کا۔ رُت کا۔ وقت کا۔ موقع کا۔
**مُوسِمیاتی** - (مَو-سِم-یا-تی) (ف-ا-مذکر) وہ علم جس کا تعلق موسموں کی معلومات سے ہو۔
**مُوسنا** - (مُوس-نا) (ہ-مص) لوٹ لینا۔ ٹھگ لینا۔
**مَوْسُوم** - (مَو-سُوم) (ع-ا-مذکر) (۱) نام رکھا گیا۔ (۲) ملقب (۳) نشان دیا گیا۔ نقش کیا گیا (مونث موسومہ)
**مُوسَوی** - (مُو-سَ-وی) (ع-ا-مذکر) (۱) یہودی۔ موسائی۔ (۲) حضرت امام موسیٰ رضا۔ کی اولاد۔
**مَوسی** - (مَو-سی) (ہ-ا-مونث) ماں کی بہن۔ خالہ۔
**مُوسیٰ** - (مُو-سا) (ع-ا-مذکر) ایک مشہور پیغمبر جن پر توریت نازل ہوئی۔
**مُوسیرا** - (مَو-سے-را) (ہ-ا-مذکر) خالہ زاد بھائی۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔
**مُوسیقار** - (مُو-سی-قا-ر) (ف-ا-مذکر) (۱) ایک خیالی پرند۔ ققنس (۲) ایک باجا (۳) گانے والا۔ گویا۔
**مُوسیقی** - (مُو-سی-قی) (ع-ا-مونث) گانے بجانے کا علم۔ راگ ودیا۔
**مُوش** - (ف-ا-مذکر) چوہا۔
**مُوصِل** - (مُو-صِل) (ع-ا-مذکر) پہونچانے والا۔ لے جانے والا۔
**مَوْصُوف** - (مَو-صُوف) (ع-ا-مذکر) ممدوح۔ وہ جس کی تعریف کی جائے۔ (مونث کے لیے موصوفہ)۔
**مُوصی** - (مُو-صی) (ع-صف) وصیت کرنے والا۔ (مونث) موصیہ۔
**مُوضِح** - (مُو-ضِح) (ع-صف) واضح کرنے والا۔ روشن کرنے والا۔
**مَوْضَع** - (مو-ضَع) (ع-ا-مذکر) (۱) گاؤں (۲) جگہ۔ مکان۔
موضع وار - (۱) گاؤں گاؤں۔ گاؤں کی ترتیب سے (۲) نمبروار۔
**مَوْضُوع** - (مَو-ضُوع) (ع-ا-مذکر) (۱) وضع کیا گیا (۲) علم منطق میں مبتدا جو خبر کے مقابل میں ہو (۳) اصل شے جس کے متعلق کسی علم میں بحث کریں۔ (جمع۔ موضوعات)۔
**مَوْعِظَت** - (مَو-عِ-ظت) (ع-ا-مونث) پند۔ نصیحت
**مَوْعُود** - (مو-عُود) (ع-ا-مذکر) (۱) وعدہ کیا گیا۔ (۲) وہ شے جس کا اقرار کیا گیا ہو۔
**مُوَقَّت** - (مُ-وَق-قَت) (ع-ا-مذکر) زمانے کے ساتھ معین کیا گیا۔ کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہوا۔
**مُوَقَّر** - (مُ-وَق-قَر) (ع-ا-مذکر) (۱) وقعت دیا گیا۔ (۲) معزز۔
**مَوْقَع** - (مَو-قَع) (ع-ا-مذکر) (۱) وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو۔ محل وقوع (۲) خاص وقت۔ خاص مقام۔
موقع بموقع - وقت وقت پر۔ جگہ جگہ۔
موقع بے موقع - ٹھکانے بے ٹھکانے۔ وقت بے وقت۔
موقع پر - خاص وقت پر۔ عین وقت پر۔ مناسب جگہ پر۔

Marfat.com

موقع دینا۔ مہلت دینا۔
موقع سے۔ وقت دیکھ کر۔ مناسب وقت پر۔ ڈھنگ سے۔
موقع کی۔ مناسب وقت کی۔ ڈھنگ کی۔ مناسب۔ لائق۔
موقعِ واردات۔ وہ جگہ جہاں جُرم واقع ہوا ہو۔
مَوقِف۔ (مَو۔قِف) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ٹھہرنے کا مقام (۲) حجاز میں ایک مقام۔ عرفات۔
مَوقُوف۔ (مَو۔قُوف) (ع۔ا۔مذکر) (۱) برخاست کیا گیا۔ (۲) منسوخ کیا گیا (۳) ملتوی کیا گیا (۴) انحصار کیا گیا۔ منحصر۔ (۵) وقف کیا گیا (۶) وہ حرف جو خود اور اس کا ماقبل متحرک ہو (۷) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہ تک پہنچے۔
موقوف کرنا۔ (۱) برخاست کرنا (۲) ملتوی رکھنا (۳) کسی پر منحصر کرنا۔
مَوقُوفی۔ (ع۔ت۔ا۔مؤنث) (۱) برطرفی (۲) التوا۔ توقف۔
مُؤکَّد۔ (مُ۔ؤک۔کَد) (ع۔ا۔مذکر) تاکید کیا گیا (مؤنث مؤکدہ)۔
مُؤکِّل۔ (مُ۔ؤک۔کِل) (ع۔ا۔مذکر) وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔
مُؤکِّلہ۔ (مُ۔ؤک۔کِ۔لہ) (ع۔ا۔مؤنث) مؤکِّل کی تانیث۔
موکھا۔ (مو۔کھا) (ہ۔ا۔مذکر) سوراخ۔ روشندان حجرو کا۔
موگرا۔ (موگ۔را) (۱) موتیا۔ بڑا بیلا۔ (۲) بڑی موگری (۳) ایک قسم کا چاول (۴) بندوق کا گز۔
موگری۔ (موگ۔ری) (ہ۔ا۔مؤنث) کوٹنے کا آلہ۔
موگرے۔ (موگ۔رے) (ہ۔ا۔مذکر) مولی کے بیج کی پھلیاں۔
مُول۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) جڑ۔ بنیاد (۲) پونجی۔ سرمایہ۔ (۳) اولاد۔
مول۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) قیمت۔ دام (۲) نرخ۔ بھاؤ۔
مول تول۔ (مذکر) قیمت کا تعین۔ سودا۔
مول دینا۔ (۱) قیمتاً دینا۔ بیچنا۔ (۲) دام دینا۔
مول لینا۔ (۱) خریدنا (۲) اپنے سر کوئی مصیبت لینا۔
مَولا۔ (مَو۔لا) (ف۔ا۔مذکر) (ع) مولیٰ۔ (۱) مالک۔ آقا۔ (۲) خدائے تعالیٰ (۳) بادشاہ (۴) آزاد کیا ہوا غلام۔ (۵) حضرت۔ جناب۔
مولانا (مولٰنا) (ہمارے آقا) علماء کا اعزازی خطاب۔
مَولائی۔ (مَو۔لا۔ئی) (ع۔ا۔مذکر) (۱) سرداری۔ امیری (۲) میرے مولا۔
مَولِد۔ (مَو۔لِد) (ع۔ا۔مذکر) پیدا ہونے کی جگہ۔ وطن۔
مولسری۔ (مول۔سَ۔ری) (ہ۔ا۔مؤنث) (۱) ایک درخت جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
مُؤلِّف۔ (مُ۔ؤل۔لِف) (۱) تالیف کرنے والا (۲) مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب لکھنے والا (جمع مؤلفین)۔
مُؤلَّفہ۔ (مُ۔ؤل۔لَ۔فہ) (ع۔صفت) تالیف کی ہوئی۔
مُؤلِّفہ۔ (مُ۔ؤل۔لِ۔فہ) (ع۔ا۔مؤنث) مؤلِّف کی تانیث۔
مَولُود۔ (مَو۔لُود) (ع۔صفت) (۱) جنا ہوا۔ بچہ (۲) (مذکر) میلاد۔ پیدایش کا دن (۳) وہ مجلس جس میں حضور پیغمبرِ اسلام صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدایش کا بیان کیا جائے۔
مولود خوان۔ جو مولود شریف پڑھے۔
مَولَوی۔ (مَول۔وی) (ع۔ا۔مذکر) (۱) عالمِ دین۔ فقیہ (۲) معلم۔ مدرس۔
مَولَوِیَّت۔ (مَو۔لَ۔وی۔یَت) (ع۔ا۔مؤنث) مولوی ہونا۔
مُولی۔ (مُو۔لی) (ہ۔ا۔مؤنث) ایک ترکاری۔
مولی گاجر کی طرح۔ نہایت بے قدری سے۔ بڑی بیدردی سے۔
موم۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) وہ چکنا اور نرم مادہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں (۲) (تشبیہاً) ملائم۔ نرم۔
موم بتی۔ وہ بتی جو موم سے بنائی جائے۔
موم جامہ۔ (مذکر) وہ کپڑا جس پر موم کا روغن کیا گیا ہو۔
موم روغن۔ (مذکر) ایک قسم کا روغن جو خوشبودار تیل میں موم کو پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اور پھٹے ہوئے ہاتھ منہ پر لگایا جاتا ہے۔
موم کا۔ (۱) موم کا بنا ہوا (۲) نہایت نرم و نازک۔
موم کرنا۔ (۱) نرم کرنا (۲) پگھلانا۔
موم کی مریم۔ بہت نازک عورت۔
موم کی ناک۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کر لو۔
مومن۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) ایمان لانے والا (۲) مسلمان جولاہا۔ (۳) شیعہ۔
مومنیت۔ (مو۔مِ۔نی۔یت) (ع۔ا۔مذکر) مومن ہونا۔
مومنین۔ (مو۔مِ۔نین) (ع۔ا۔مذکر) مومن کی جمع۔
مومی۔ (مو۔می) (ف۔صفت) موم کا۔ موم کا بنا ہوا۔
مومی شمع۔ موم بتی۔
مُومیائی۔ (مُوم۔یا۔ای) (ف۔ا۔مؤنث) ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے۔ اور زخم کے لیے مفید ہے۔
مومیائی نکالنا۔ سخت محنت لینا۔
مَون۔ (ہ۔ا۔مؤنث) چپ۔ خاموشی۔
مون برت۔ (مذکر) چپ کا روزہ۔ خاموش رہنے کا عہد۔
مُؤنَّث۔ (مُ۔ؤن۔نَث) (ع۔صفت) عورت۔ مادہ۔ نر کی ضد۔
مُونج۔ (ہ۔ا۔مؤنث) ایک قسم کی گھاس جس کی رسی بٹی جاتی ہے۔
مُونچھ۔ (ہ۔ا۔مذکر) دیکھیے مُوچھ۔
مُوندنا۔ (مُوند۔نا) (ہ۔مص) بند کرنا۔ ڈھانپنا۔ مسدود کرنا۔
مُونڈَن۔ (مُوں۔ڈَن) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ایک رسم جس میں مسلمان ساتویں دن بچے کے بال منڈاتے ہیں۔ عقیقہ (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال منڈائے جاتے ہیں۔
مُونڈنا۔ (مُونڈ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بالوں کو استرے سے صاف کرنا۔ (۲) دھوکا دے کر مال مارنا۔
مونڈھا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) کندھا (۲) سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی۔
مُونڈی۔ (مُوں۔ڈی) (ہ۔صفت) (۱) منڈی ہوئی (۲) سر۔
مونڈی کاٹا۔ (۱) سرکٹا۔ بن سرا (۲) واجب القتل۔ موا۔
مُونِس۔ (مُو۔نِس) (ع۔صفت) اُنس رکھنے والا۔ دوست۔ یار۔
مونسِ تنہائی۔ تنہائی کا دوست۔ خلوت کا ساتھی۔

Marfat.com

موہنگ-[ہ-ا-مونث] ماش کی قسم کا ایک غلّہ-ایک مشہور دال-
موہنگ پھلی-(مونث) ایک قسم کا کلّہ-
مُونگا-(مُوں-گا) [ہ-ا-مذکّر] مرجان-ایک قسم کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی کثرت سے پورے پورے جزیرے بن جاتے ہیں-
مُونگیا-(مُوں-گِ-یا) [ہ-صفت] سیاہی مائل سبز-
مُونہہ-[ہ-مذکّر] دیکھیے مُنہ-
موُنہاسے-(مُوں-ہا) [ہ-ا-مذکّر] ایک مرض جس سے مُنہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں-
مُوویز-(MOVIES) (مُو-ویز) [انگ-صفت] سینما بائیسکوپ
موہ-[س-ا-مونث] (۱) محبت (۲) خواہش-لالچ-(۳) جادو-
موہ لینا-فریفتہ کر لینا-عاشق بنا لینا-لبھا لینا-
مُوہِب-(مُ-وَ-ہِب) [ع-ا-مذکّر] بخشنے والا-دینے والا-
موہن-(مو-ہَن) [س-صفت] موہ لینے والا-دل فریب-کرشن جی کا لقب-
موہنا-(موہ-نا) [ہ-مص] (۱) عاشق بنانا (۲) تسخیر کرنا-
موہنی-(موہ-نی) [س-صفت] (۱) نہایت خوبصورت عورت- (۲) (مونث) دلربائی-دلفریبی (۳) جادو-
مَوہُوم-(مَو-ہُوم) [ع-صفت] وہمی-قیاسی-فرضی-
موئی-(مو-ای) [ہ-صفت] (۱) مری ہوئی-مُردہ-(۲)-بد نصیب-اُجڑی-
موئی مٹی-(۱) میت-نعش-(۲) مرا ہوا-مردہ-
موئے-(مو-اے) [ہ-صفت] (۱) مرے ہوئے-(۲) بد نصیب (۳) مر گئے-
موئے پر سو دُرّے-مصیبت کے مارے ہوئے پر اور مصیبت
مُوئے-(مُو-اے) [ف-ا-مذکر] دیکھیے مُو-
مُؤیّد-(مُ-اَیْ-یِد) [ع-ا-مذکّر] تائید کرنے والا-مددگار-معاون-
مویز-(مَ-ویز) [ع-ا-مذکّر] بڑے سوکھے ہوئے انگور-منقا-
مویز منقّی-بیج نکال کر صاف کیے ہوئے بڑے انگور-
مَویشی-(مَ-وے-شی) [ا-ا-مذکّر] مواشی-بیع ماشیہ کا بگاڑ-چوپائے-
مویشی خانہ-(مذکّر) وہ جگہ جہاں ڈھور ڈنگر رکھے جائیں-

## م - ھ

مہ-[ف-ا-مذکّر] ماہ کا مخفف (مرکبات دیکھیے ماہ کے تحت)
مِہ-[ف-صفت] بڑا کلاں-بزرگ-سردار-
مہتر-(۱) سب سے بڑا سردار-امیر (۲) [ا-مذکّر] بھنگی-
مہترانی-(مونث) بھنگن-مہتر کی تانیث-
مہا-(مَ-ہا) [س-صفت] (۱) بزرگ-اعلیٰ (۲) کلاں-عظیم-
مہا اُوت-نہایت بے مروّت-
مہا بلی-بڑا طاقت ور-نہایت زبردست-شہ زور-
مہابھارت-(مذکر) (۱) جنگِ عظیم (۲) وہ لڑائی جو کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان کوروکشیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک جاری رہی (۳) وہ کتاب جس میں کوروؤں پانڈوؤں کی لڑائی کا حال لکھا ہے-
مہابیر-بڑا بہادر-ہنومان کا خطاب-
مہاپاپ-بڑا بھاری گناہ-
مہاپاپی-بہت بڑا گنہ گار-فاسق و فاجر-
مہاپُرش-بڑا آدمی-مقدس-
مہاپرشاد-تبرک-بھوگ-جگن ناتھ کا پرشاد-
مہاتما-(مذکر) مہا آتما-بزرگ رُوح-ولی-نیک آدمی-
مہاجن-(مذکر) (۱) دولت مند (۲) سوداگر (۳) ساہوکار-بوہرا-
مہاجنی-(مونث) ساہوکاری-سوداگری-
مہادیو-(مذکّر) بڑا دیوتا-شیو-
مہاراج-(مذکر) (۱) بڑا راجا-شہنشاہ (۲) برہمنوں کا خطاب-
مہاراجا-دیکھیے مہاراج نمبر۱-
مہاراشٹر-(مذکّر) عظیم قوم-
مہارانی-(مونث) بڑے راجہ کی بیوی-بڑے مرتبے کی رانی-
مہاسبھا-(مونث) بڑی انجمن-
مہاشہ-(۱) آریہ سماجی ہندو (۲) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام-
مہاکنی-(مونث) ایک درخت کی لکڑی-
مہامنتری-وزیرِ اعظم-
مُہاجر-[ع-صفت] (۱) ہجرت کرنے والا (۲) وہ شخص جس نے رسولِ مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مکہ سے مدینہ میں ہجرت کی-(جمع-مہاجرین)-
مُہاجرت-(مُ-ہا-جَ-رَت) [ع-ا-مونث] جدائی-ترکِ وطن
مُہار-(مُ-ہار) [ف-ا-مونث] اونٹ کی نکیل-بجبر اول-بفتح اول صحیح زبانوں پر بضم اول ہے-
مہارت-(مَ-ہا-رَت) [ع-ا-مونث] (۱) مشق-(۲)-استعداد-لیاقت (۳) استادی-کاریگری-
مُہاسا-[ہ-ا-مذکّر] وہ دانے جو جوانی میں منہ پر نکل آتے ہیں-
مُہال-(مُ-ہال) [ہ-ا-مونث] شہد کی مکھیوں کا چھتّا-
مُہام-(مُ-ہام) [ع-ا-مذکّر] مہم کی جمع-بڑے بڑے کام-
مہاوت-(مَ-ہا-وَت) [ہ-ا-مذکر] فیل بان-
مہاوٹ-(مَ-ہا-وَٹ) [ہ-ا-مذکّر] جاڑے کی بارش کے مہینے میں ہوتی ہے-
مَہبِط-(مَہ-بِط) [ع-ا-مذکّر] اُترنے کی جگہ-
مہتا-(مَہ-تا) [ہ-ا-مذکّر] (۱) سردار-زمیندار (۲) محرر-منشی-
مہتاب-(مَہ-تاب) [ف-ا-مونث] (۱) چاندنی-(۲) (مذکّر) چاند-
مہتاب کا کھیت کرنا-چاند طلوع ہونا-
مہتابی-(مَہ-تا-بی) [ف-ا-مونث] (۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) کم خواب-زربفت-
مُہتدی-(مُہ-تَ-دی) [ع-ا-مذکر] ہدایت پانے والا-
مہتر-(مِہتر) [ف-صفت] مِہ کے تحت دیکھیے-

Marfat.com

مہترانی - (مہ - تَ - را - نی) [اُر - ا - مونث] مہتر کے تحت دیکھیے۔
مُہتَمِم - (مُہ - تَ - مِم) [ع - ا - مذکر] اہتمام کرنے والا۔ منتظم - مینجر۔
مہجُور - (مَہ - جُور) [ع - صفت] چھوڑا گیا - فراق زدہ - برہا کا مارا۔
مہجُوری - (مَہ - جُو - ری) [ع - صفت - ا - مونث] - ہجر - جدائی - فراق۔
مہد - [ع - ا - مذکر] (۱) پنگوڑا - گہوارہ - جھولنا (۲) بستر۔
مہدی - [ع - صفت - وا - مذکر] (۱) راہ نما - پیشوا - (۲) - مسلمانوں کے بارھویں امام جن کا ظہور قرب قیامت میں ہوگا - مہدی موعود۔
مُہذّب - (مُ - ہَذ - ذَب) [ع - صفت] تہذیب یافتہ - شائستہ
مہر - [ع - ا - مذکر] روپیہ یا جنس جو مسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمے عورت کو دینا مقرر کیا جاتا ہے - حق زوجیت - کابین۔
مہر بخشنا - مہر معاف کرنا۔
مہر بندھنا - مہر مقرر ہونا۔
مہر شرعی - وہ مہر جو شرع کے مطابق مرد کی حیثیت دیکھ کر مقرر کیا جائے۔
مہر مثل - وہ مہر جو عورت کے ددھیال میں رائج ہو۔
مہر معجّل - وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی ادا کیا جائے۔
مہر مؤجّل - وہ مہر جس کی مدت مقرر ہو اور فی الفور ادائیگی ضروری نہ ہو۔
مِہر - [ف - ا - مونث] (۱) محبت - دوستی (۲) رحم - ترس - (۳) سورج (۴) ساتواں شمسی مہینا جو ہندی اسوج اور انگریزی ستمبر کے مطابق ہوتا ہے۔
مہربان - محبت کرنے والا - دوست - یار۔
مہربانی - (مونث) (۱) عنایت - شفقت (۲) توجہ - التفات۔
مہر جبین (طلعت) (۱) سورج کی شکل والا - خوب صورت - مہر وش - حسین۔
مُہر - [ف - ا - مذکر] (۱) چھاپ - کسی چیز پر کھدا ہوا نام - (۲) - انگوٹھی (۳) اشرفی۔
مہر بردار - وہ شاہی ملازم جس کے پاس مہر خاص رہتی ہے - محافظ مہر
مہر برلب (بلب) خاموشی۔
مُہر خاموشی - چپ - سکوت۔
مُہر سلیمان - حضرت سلیمانؑ کی مُہر جس پر اسم اعظم کندہ تھا۔
مُہر شاہی - بادشاہ کی مُہر - گورنمنٹ کی چھاپ۔
مُہر کرنا (لگانا) (۱) کاغذ پر چھاپ لگانا (۲) بند کرنا - (۳) - تصدیق کرنا۔
مُہر کن - مُہر کھودنے والا۔
مُہر لب - خاموشی - سکوت۔
مُہر نبوت - وہ نقش نبوت جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا۔
مُہریں لٹیں کوئلوں پر مہر - (مثل) بڑی رقمیں خرچ کردی جائیں لیکن ذرا ذرا سے خرچ پر کنجوسی برتی جائے۔

مہرا - (مَہ - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) کہار (۲) کہاروں کا افسر۔
مُہرہ - (مُہ - رَہ) [ف - ا - مذکر] (۱) کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ - (۲) شطرنج کی گوٹ (۳) کوڑی - سیپ (۴) سانپ کا من - (۵) گردن اور ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا (۶) ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے۔
مہری - (مَہ - ری) [ہ - ا - مونث] کہارن - کہار کی بیوی۔
مُہری - (مُہ - ری) [ہ - ا - مونث] (۱) موری (۲) آستین یا پائجامہ کا منہ۔
مہک - [ہ - ا - مونث] خوشبو - نکہت۔
مہک جانا - خوشبو میں بس جانا - معطر ہو جانا۔
مہکانا - (ہ - مص) خوشبو پھیلانا - خوشبودار کرنا۔
مہکنا - (مہک - نا) (ہ - مص) معطر ہونا - خوشبو میں بسنا۔
مُہلت - (مُہ - لَت) [ع - ا - مونث] (۱) دیر - وقفہ - (۲) فرصت۔
مہلت دینا - ڈھیل دینا - موقع دینا - اجازت دینا۔
مہلت ملنا - فرصت ملنا - وقت حاصل ہونا - موقع ملنا۔
مُہلِک - (ع - صفت) ہلاک کرنے والا - قتل کرنے والا۔
مُہِم - (مُ - ہِم) [ع - ا - مذکر] (۱) بھاری کام - معرکے کا کام (۲) جنگ۔
مہم سر کرنا - (۱) لڑائی فتح کرنا (۲) دشوار کام آسان کرلینا۔
مہما - (مَہ - ما) [ہ - ا - مونث] (۱) بزرگی - عظمت - (۲) مہربانی۔
مُہمّات - (مُ - ہِم - مات) [ع - ا - مذکر] مہم کی جمع۔
مہمان - (مِہ - مان) [ف - ا - مذکر] (۱) جو آدمی کچھ عرصے کے لیے کسی کے یہاں آکر ٹھہرے (۲) دعوت میں آنے والا۔
مہمان خانہ - (مذکر) مہمانوں کے ٹھہرنے کا مکان - مہمان سرا - مسافر خانہ۔
مہمان داری - (مونث) مہمان رکھنا - مہمانوں کا آنا جانا۔
مہمان نواز - مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔
مہمان نوازی - (مونث) مہمان کی خاطر تواضع۔
مہمانی - (مِہ - ما - نی) [ف - ا - مونث] مہمان داری - مہمان نوازی
مُہمَل - (مُہ - مَل) [ع - صفت] (۱) بے کار (۲) بے ہودہ - فضول (۳) بے معنی (۴) سُست۔
مُہمَلہ - (مُہ - مَ - لہ) [ع - صفت] وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو - غیر منقوط۔
مُہمند - (مُہ - مَنْد) [ف - ا - مذکر] پٹھانوں کی ایک ذات۔
مہموز - (مَہ - مُوز) [ع - ا - مذکر] عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرفوں میں سے ایک پر ہمزہ ہو۔
مہمیز - (مَہ - میز) [ع - ا - مذکر و مونث] لوہے کا کانٹا جو سواروں کی ایڑی میں لگا ہوتا ہے۔
مہمیز کرنا - گھوڑے کو ایڑ لگا کر چلانا۔
مہنا - (س - ا - مذکر) طعنہ - تشنیع - سرزنش۔
مُہنال - (مُہ - نال) [ہ - ا - مونث] دیکھیے منہ نال۔
مہنت - (مَ - ہَنت) [س - ا - مذکر] جوگی - سادھوؤں کا سردار۔

Marfat.com

مُہنّد - (مُ - ہن - نِد) [ع - صفت] دُوسری زبان کا لفظ جس میں تصرّف کر کے ہندی بنا لیا گیا ہو۔

مُہندِس - (مُ - ہن - دِس) [ع - ا - مذکر] (۱) ہندسہ دان - اقلیدس کا ماہر (۲) نجومی - جوتشی۔

مہندی - (مہ - دی) [ہ - ا - مونث] دیکھیے منہدی۔

مہنگا - [ہ - صفت] گراں - زیادہ مول کا۔

مہنگا سماں - گرانی کا زمانہ - قحط کا۔

مہنگی - [ہ - ا - مونث] مہنگا کی تانیث۔

مہوا - (مہ - وا) [ہ - ا - مونث] دیکھیے مُوآ۔

مہورت - (مَ - ہو - رت) [ہ - ا - مذکر] علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مبارک وقت۔

مُہوِس - (مُ - ہو - وِس) [ع - صفت] (۱) لالچی (۲) لالُر کیمیا گر۔

مُہوِسی - (مُ - ہو - وِ - سی) [ع - ا - مونث] (۱) لالچ (۲) کیمیا گری۔

مُہیّا - (مُ - ہَے - یا) [ع - ا - مذکر] تیار - آمادہ - لیس - حاضر۔

مہیا کرنا - موجود کرنا - حاضر کرنا - تیار کرنا۔

مہیب - (مَ - ہیب) [ع - ا - مذکر] خوفناک بھیانک۔

مہیش - (مَ - ہیش) [س - ا - مذکر] بڑا دیوتا - شیوجی۔

مہین - (مَ - ہین) [ف - صفت] (۱) باریک - پتلا (۲) نازک۔

مہینا - (مَ - ہی - نا) [ف - ا - مذکر] (۱) ماہ - سال کا بارھواں حصّہ - (۲) تنخواہ - وظیفہ۔

مہینا بھر - تمام مہینے - پُورے مہینے تک۔

مہینے کے مہینے - ماہوار - ہر تیس دن کے بعد - چاند کے چاند۔

## م - ئ

مئی - (MAY) [انگ - ا - مذکر] عیسوی سن کا پانچواں مہینہ - جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

## م - ی - ے

مے - [ف - ا - مذکر] شراب - خمر - بادہ - دارو۔

مئے آتشیں - سُرخ رنگ کی شراب۔

مے آشام - شراب پینے والا۔

مے پرست - (۱) شراب کی پرستش کرنے والا (۲) شراب پینے والا۔

مے پرستی - (مونث) شراب خوری - بادہ پیمائی - مے نوشی۔

مے خانہ - (مذکر) میکدہ - شراب خانہ۔

مے خوار - مے کش - مے گسار - مے نوش - شرابی۔

مے خواری - مے کشی - (مونث) شراب نوشی۔

مے فروش - شراب بیچنے والا - کلال۔

مے فروشی - (مونث) شراب بیچنا۔

مے کدہ - (مذکر) شراب خانہ - مے خانہ۔

مے گوں - شراب کے رنگ کا۔

مئے ناب - خالص شراب۔

مَیّا - (مَے - یا) [ہ - ا - مونث] ماں کی تصغیر - اماں۔

مِیان - (مِ - یان) [ف - ا - مذکر] (۱) بیچ - وسط - درمیان - (۲) کمر (۳) نیام - تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ۔

میان سے باہر ہونا - (۱) تلوار کا نیام سے نکلنا (۲) غصّے کے سبب آپے سے باہر ہو جانا۔

میان میں کرنا - (۱) تلوار کو غلاف میں کرنا (۲) صلح کرنا۔

میاں - [ف - ا - مذکر] (میاں یعنی سردار کا مخفف) (۱) آقا - مالک - سرکار - حضور (۲) بیٹا (۳) خاوند (۴) جناب (۵) دوست (۶) استاد - (۷) شہزادہ۔

میاں آدمی - نیک آدمی - بھلا مانس - شریف آدمی۔

میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی - مثل، جب آپس میں اتفاق ہو تو دوسرا کس طرح دخل در معقولات دے سکتا ہے۔

میاں گھر نہیں بیوی کو ڈر نہیں - مالک کی غیر موجودگی میں بے اعتدال ماتحتوں کے طرز عمل پر بولتے ہیں۔

میاں مٹھو - (مذکر) (۱) پیار سے طوطے کو کہتے ہیں (۲) [صفت] سیدھا سادہ - بھولا بھالا۔

میانہ - (مِ - یا - نہ) [ف - صفت] (۱) وسط - متوسط - منجھلا - (۲) وسطی - درمیانی (۳) [ا - مذکر] کیلی - دُھری - (۴) پالکی - ڈولا۔

میانہ رَو - وہ جو قول و فعل میں نہ زیادتی اختیار کرے نہ کمی۔

میانہ روی - (مونث) اوسط درجہ کی رَوِش - اعتدال۔

میانہ قد - متوسط قد - نہ لمبا نہ کوتاہ۔

میانہ گیر - اعتدال پسند - افراط و تفریط سے دُور رہنے والا۔

میانی - (مِ - یا - نی) [ف - ا - مونث] دونوں پائنچوں کے بیچ کا کپڑا۔

میاؤں - (مِ - یا - اُوں) [ہ - ا - مونث] بلّی کی آواز۔

مَیّت - (مَی - یِت) [ع - ا - مونث] جنازہ - مردہ - لاش۔

میت - [ہ - ا - مونث] (۱) یار - دوست (۲) عاشق۔

میتھی - (مے - تھی) [ہ - ا - مونث] ایک قسم کا خوشبودار گھاس۔

میسٹ - (MATE) [انگ - ا - مذکر] (۱) ساتھی - (۲) قلیوں کا افسر۔

میٹر - (METER) (می - ٹر) [انگ - ا - مذکر] ایک گز سوا تین انچ کا پیمانہ۔

میٹرک - (میٹ - رک) [انگ - ا - مذکر] انگریزی میٹریکولیٹ کا مورّد - دسویں جماعت۔

میٹرن - (MATRON) (میٹ - رن) [انگ - ا - مونث] شفاخانے یا مدرسے کی منتظم۔

میٹریکولیٹ - (MATRICULATE) [انگ - صفت] دسویں جماعت پاس کیا ہوا۔

میٹریکولیشن - (MATRICULATION) [انگ - ا - مذکر] انگریزی کی دسویں جماعت - انٹرنس۔

میٹنا - (میٹ - نا) [ہ - مص] برباد کرنا - مٹانا - خاک میں ملانا۔

میٹنگ - (MEETING) (می - ٹنگ) [انگ - ا - مونث]

Marfat.com

(۱) جلسہ - مجلس - (۲) کمیٹی - پنچایت -
میٹنی - ا (MATINEE) [انگ - ا - مؤنث] سہ پہر کا تماشا -
میٹھا - [ہ - صف] (۱) شیریں (۲) مرشد دار (۳) سست رفتار - ڈھیلا (۴) [مذکر] مٹھائی (۵) ایک قسم کا شیریں لیموں (۶) وہ شخص جسے غصہ نہ آئے -
میٹھا برس (سال) - عمر کا اٹھارواں سال - عورتیں اٹھارویں سال کو منحوس سمجھتی ہیں - اس لیے بطور شگون نیک یہ نام رکھ لیا ہے -
میٹھا تیل - تلوں کا تیل -
میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو - (مثل) اچھی چیز لے لینا - اور بری سے پرہیز کرنا -
میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے - (مثل) اگر نیکی سے کام نکل سکتا ہے تو سختی کیوں کی جائے -
میٹھی - [ہ - صف] میٹھا کی تانیث - شیریں -
میٹھی چھری - بظاہر دوست اور بہ باطن دشمن -
میٹھی عید - عید الفطر -
میٹھی مار - وہ مار جس سے نشان ظاہر نہ ہو - گپت مار -
میثاق - (می - ثاق) [ع - ا - مذکر] قول و قرار - معاہدہ -
میجر - ا (MAJOR) [انگ - ا - مذکر] ایک فوجی عہدہ جو کپتان سے اوپر اور لفٹنٹ کرنل سے نیچے ہوتا ہے -
میجسٹی - ا (MAJESTY) [انگ - ا - مؤنث] (۱) دبدبہ - رعب داب (۲) منصب شاہی -
میجک - ا (MAGIC) [انگ - صف] جادو - سحر - افسوں -
میجک لینٹرن - وہ لالٹین جس سے اندھیرے میں چلتی پھرتی دکھائی جاتی ہیں -
میچ - ا (MATCH) [انگ - ا - مؤنث] (۱) ہمسر - ہم پلا - (۲) مقابلہ کا - (۳) جوڑا دولھا دلھن -
میچنا - (میچ - نا) [ہ - مص] آنکھ بند کرنا -
میخ - [ف - ا - مؤنث] (۱) کیل (۲) کھونٹی - کھونٹا - چوب -
میدان - (مے - دان) [ف - ا - مذکر] (۱) چٹیل زمین - ہموار زمین - (۲) لڑائی - مقابلہ -
میدان جنگ - میدان کارزار - وہ جگہ جہاں لڑائی ہو -
میدان جیتنا - جنگ فتح کرنا - معرکہ سر کرنا -
میدان خالی ہونا - کوئی مد مقابل یا روکنے ٹوکنے والا نہ ہونا -
میدان کارزار - جنگ کا میدان -
میدان میں آنا (اترنا) - لڑنے کو نکلنا - سامنے آنا - مقابلے پر آنا -
میدان ہاتھ ہونا - کامیاب ہونا - فتحیاب ہونا -
میدانی - (مے - دا - نی) [ف - صف] (۱) میدان کے متعلق - (۲) [مؤنث] صحن مکان میں نصب کرنے والی لالٹین - (۳) [مذکر] نقیب -
میدہ - (مے - دہ) [ف - ا - مذکر] نہایت باریک آٹا -
میدہ سا - میدے کی مانند - نہایت باریک -
میدہ کی لوئی - [مؤنث] نرم پیٹ سے تشبیہ دیتے ہیں -
میڈل - ا (MEDAL) [انگ - ا - مذکر] تمغہ -
میڈم - ا (MADAM) [انگ - ا - مذکر] بیگم - خاتون - بانو -

میڈیکل - ا (MEDICAL) (مے - ڈی - کل) [انگ - صف] - دوا کے متعلق - طبی -
میڈیکل کالج - جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جائے -
میڈیم - ا (MEDIUM) (می - ڈی - ام) [انگ - صف] - (۱) درمیانی درجہ (۲) ذریعہ - وسیلہ (۳) وہ باؤلر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو اور نہ زیادہ ہلکی -
میئر - ا (MAYOR) [انگ - ا - مذکر] رئیس بلدیہ - کارپوریشن کا صدر -
میر - [ف - ا - مذکر] (۱) افسر - سردار (۲) راہ نما - پیشوا - (۳) سیدوں کا اعزازی لقب (۴) شہزادہ - (۵) تاش کا بادشاہ -
میر آخور - داروغۂ اصطبل -
میر بحر - (۱) امیر البحر - (۲) دریا کے گھاٹ کا داروغہ -
میر بخشی - تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدے دار -
میر جی - (۱) میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب - سید صاحب -
میر حاج - حاجیوں کا سردار -
میر دفتر - کسی دفتر کا افسر -
میر سامان - بادشاہوں کے کھانے کا انتظام کرنے والا -
میر شکار - وہ ملازم شاہی جسے شکاری جانوروں کی نگرانی سپرد ہو -
میر مجلس - میر محفل - صدر جلسہ - پریسیڈنٹ -
میر محکمہ - محکمے یا سررشتے کا افسر -
میر محلہ - محلے کا چودھری - کسی کوچے کا سردار -
میر مشاعرہ - محفل مشاعرہ کا صدر -
میر منشی - سررشتہ دار - پیشکار اعلیٰ - صدر محرر -
میر میدان - بہادر - دلاور - شجاع -
میرا - (مے - را) [ہ - ضم] اپنا - اپنی ذات کا - خود کا -
میرا تیرا - اجنبیت اور بیگانگی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں -
میرا سلام ہے - میں باز آیا - مجھے منظور نہیں - خدا بچائے -
میرا کیا گیا - میرا کیا نقصان ہوا - ہمارا کیا بگڑا -
میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا - مجھے اسی وقت اندیشہ ہوا تھا - میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا -
میرا مردہ اب بھی تیرے زندے پر بھاری ہے - (مثل) میں مجبوری میں بھی تجھ سے بہتر کام کر سکتا ہوں -
میرا منہ نہیں - میرا حوصلہ نہیں - میری زبان میں اتنی طاقت نہیں -
میراث - (می - راث) [ع - ا - مؤنث] ورثہ - ترکہ - وہ جائداد وغیرہ جو مرنے والے کی طرف سے حق داروں کو ملے -
میراثن - (می - را - ثن) [ا - ا - مؤنث] گانے والی - ڈومنی - مطربہ -
میراثی - (می - را - ثی) [ا - ا - مذکر] گویا - ڈوم - مطرب - مغنی -
میراں - (می - راں) [ف - ا - مذکر] امیر امیراں کا مخفف - سرداروں کا سردار -
میراں جی - (۱) حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت غوث الاعظم کا لقب -
میراں جی کا چاند - سنہ ہجری کا چوتھا مہینہ - ربیع الآخر جس میں

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز ہوتی ہے۔ گیارھویں کا مہینا۔

**میرزا** - (میر - زا) (ف - ا - مذکر) دیکھیے مرزا۔

**میرزائی** - (میر - زا - ای) دیکھیے مرزائی۔

**میری** - (می - ری) (اُر - ا - مذکر) (۱) میر (۲) (مونث)۔ سرداری - امیری۔

**میری** - (مے - ری) (ہ - ض) میرا کی تانیث۔

**میری بلی اور مجھی سے میاؤں** - (مثل) میرا مطیع اور مجھی سے مقابلہ کرے۔

**میری پاپوش سے** (میزار سے جُوتی سے) مجھے کچھ پروا نہیں۔

**میری جُوتی میرے ہی سر** - ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرّائے۔

**میز** - (ف - ا - مونث) لکڑی کا اُونچا تختہ جس پر کھانا رکھ کر کھاتے یا لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ ٹیبل۔

**میزبان** - وہ شخص جس کے یہاں مہمان آئے - مہمان دار۔

**میزبانی** - (مونث) مہمان کی تواضع - مہمان نوازی - مہمان کی خدمت

**میز لگانا** - میز پر کھانا چُننا۔

**میزان** - (می - زان) (ع - ا - مونث) (۱) ترازو (۲) آسمان کا ساتواں برج (۳) جمع - مجموعہ - جوڑ۔

**میزان بیٹھنا** - (۱) موافقت ہونا (۲) سودا ہونا (۳) راسے ملنا۔

**میزانِ عدل** - وہ میزان جس میں قیامت کے روز لوگوں کے اعمال تولے جائیں گے۔

**میزان لگانا** - جوڑنا - جمع کرنا۔

**میزان ملنا** - موافقت ہونا - راسے ملنا - مرضی ملنا۔

**میزانیہ** - (می - زا - نی - یہ) (ع - ف - ا - مذکر) بجٹ - آمدو خرچ کا تخمینہ۔

**میس** - (MESS - ا) (انگ - ا - مذکر) (۱) کھانا (۲) اکٹھے کھانا کھانے والوں کی جماعت۔

**مُیسّر** - (مُ - یس - سر) (ع - ا - مذکر) (۱) وہ چیز جو آسانی سے مل سکے (۲) دستیاب - حاصل - موجود۔

**میسرہ** - (مے - سَ - رہ) (ع - ا - مونث) بائیں بازو کی فوج۔

**میش** - (ف - ا - مونث) بھیڑ - بھیڑی - گوسفند - مینڈھا۔

**میش چشم** - (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) شرمیلا - نیچی نظروں والا۔

**میشا** - (مے - شا) (ا - ا - مذکر) بکری یا بھیڑ کے بچے کا ملائم چمڑا۔

**میعاد** - (می - عاد) (ع - ا - مونث) (۱) مقررہ وقت - مدت - (۲) وعدے کا وقت۔

**میعاد کاٹنا** - قید کی مدت پُوری کرنا۔

**میعادِ مقرّرہ** - قرار دیا ہوا زمانہ - وقت معیّنہ۔

**میعادی** - (اُر - صفت) (۱) معیّن وقت والا (۲) قیدی۔

**میعادی بخار** - وہ بخار جو ایک خاص مدت تک چڑھے۔

**میعادی ہنڈی** - وہ ہنڈی جسے ادا کرنے کے لیے وقت مقرر ہو۔

**میقات** - (می - قات) (ع - ا - مذکر) (۱) مقررہ وقت (۲) وہ جگہ جہاں سے مکہ جانے والے حج کا احرام باندھتے ہیں۔

**میکا** - (مے - کا) (ہ - ا - مذکر) عورت کے والدین کا گھر - مائیکا۔

**میکے والیاں** - دُلھن کی رشتہ دار عورتیں۔

**میک اپ** - (MAKE - UP - ا) (انگ - ا - مذکر) چہرے کی آرایش۔

**میکانی** - (می - کا - نی) (اُر - صفت) مشینوں اور کلوں سے متعلق - مشینی (MECHANICAL)

**میکانیات** - (می - کا - نِ - یات) (اُر - ا - مونث) - مشین اور کلوں کا علم ()

**میکائیل** - (می - کا - ئیل) (ع - ا - مذکر) وہ فرشتہ جو مخلوق کی روزی رسانی پر مقرر ہے۔

**میکھ** - (ہ - ا - مذکر) (۱) مینڈھا (۲) ایک برج کا نام جو پہلے آسمان پر ہے - اور مینڈھے کی شکل کا معلوم ہوتا ہے۔

**میکینک** - (MECHANIC - ا) (مِکَے - نِک) (انگ - ا - مذکر) کاریگر - مستری - مشین بنانے والا۔

**میگزین** - (MAGAZAYE - ا) (انگ - ا - مذکر) (۱) خزانہ - (۲) بارود خانہ (۳) متفرق مضامین کا رسالہ۔

**میگنا کارٹا / چارٹا** - (MAGNA CHARTA - ا) (انگ - ا - مذکر) ایک منشور جو ۱۲۱۵ء میں انگریزوں نے بادشاہ جان سے لیا تھا - جس کی رُو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی ملی تھی۔

**میگنٹ** - (MAGNET - ا) (میگ - نٹ) (انگ - ا - مذکر) مقناطیس۔

**میگنیشیا** - (MAGNESIA - ا) (میگ - نے - شیا) (انگ - ا - مذکر) ایک دوا جو مسہل میں کام آتی ہے۔

**میگھ** - (س - ا - مذکر) (۱) بادل (۲) بارش (۳) ایک ہندی راگ۔

**میگھ راگ** - (مذکر) ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے۔

**مَیل** - (ع - ا - مذکر) (۱) جھکاؤ (۲) رغبت - رجحان (۳) - رعایت - جانب داری۔

**میلِ خاطر** - دل کی رغبت - التفات۔

**مَیل** - (ہ - ا - مذکر) (۱) کیچ - کیچڑ (۲) گاد (۳) زنگ - (۴) کدورت۔

**میل آنا** - کدورت پیدا ہونا - ناراضی ہونا۔

**میل خورا** - (۱) میل چھپانے والا رنگ - جیسے کالا - خاکی وغیرہ (۲) وہ کپڑا جو نمایشی کپڑوں کے نیچے پہنا جائے (۳) زین کا نمدہ۔

**میل کچیل** - ڈھول - گرد - کیچ۔

**مِیل** - (ع - ا - مذکر) (۱) منار جو کوس کی علامت ہے - (۲) وہ پتھر جو کوس کے فاصلے پر کھڑا کر دیتے ہیں - ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ۔

**میل** - (MAIL - ا) (انگ - ا - مونث) (۱) ڈاک (۲) ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ۔

**میل ٹرین** - (مونث) ڈاک گاڑی - وہ ریل گاڑی جس

Marfat.com

جس میں خط اور چٹھیاں آتی جاتی ہوں۔
**میل** - [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک دوسرے سے ملنا (۲) دوستی (۳) رشتہ داری (۴) نسبت (۵) ہمسری (۶) ایک چیز کی دوسری چیز میں ملاوٹ۔
**میل جول** - (مذکر) ملنا جلنا - پیار - اخلاص - اتحاد - اختلاط۔
**میل رکھنا** - راہ و رسم رکھنا - پیار اخلاص رکھنا۔
**میل کرنا** - (۱) آمیزش کرنا (۲) ملاپ کرنا۔
**میل کھانا** - مناسب ہونا - موزوں ہونا - مطابق ہونا۔
**میل ملاپ** - (مذکر) میل جول - اتحاد - ارتباط۔
**میلا** - (مے - لا) [ہ - ا - مذکر] (۱) انبوہ - ہجوم (۲) سیر - تماشا (۳) کسی زیارت پر مقررہ تاریخوں پر لوگوں کا اجتماع - کسی جگہ کی خاص تاریخوں میں جانوروں اور دوسری اشیا کا فروخت کیلئے جمع ہونا۔
**میلا ٹھیلا** - (مذکر) سیر و تماشا - بھیڑ - بھاڑ۔
**میلا جڑنا (لگنا)** - بہت سے لوگوں کا بطور سیر و تماشا جمع ہونا۔
**مَیلا** - (مے - لا) [ہ - صفت] (۱) گدلا - خاک دھول میں بھرا ہوا (۲) زنگ آلودہ (۳) غلیظ - نجس (۴) پیشاب - پاخانہ۔
**میلاپن** - کدورت - نجاست - غلاظت۔
**میلا چکٹ** - بہت میلا۔
**میلا کچیلا** - خاک دھول میں بھرا ہوا - چکٹ۔
**میلاد** - (می - لاد) [ع - ا - مذکر] (۱) پیدائش کا وقت (۲) پیدائش۔
**میلادُالنبی ؐ** - رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش۔
**میلان** - (مے - لان) [ع - ا - مذکر] ترجیح - التفات - رجحان - خواہش۔
**میم** - [انگ - ا - مونث] انگریزی میڈم کا بگڑا ہوا - بیگم - خاتون - خانم۔
**میم** - [ع - ا - مذکر] (۱) م (۲) (تشبیہاً) دہن معشوق۔
**میمنا** - (میم - نا) [ہ - ا - مذکر] بکری کا بچہ۔
**میمنت** - (مے - مَ - نت) [ع - ا - مونث] برکت - سعادت۔
**میمنہ** - (مے - مَ - نہ) [ع - ا - مذکر] دائیں بازو کی فوج۔
**میمورنڈم** - (MEMORANDUM) (مے - مو - رن - ڈم) [انگ - ا - مذکر] (۱) یادداشت (۲) دستاویز (۳) غیر رسمی خط۔
**میموریل** - (مے - مو - ری - ل) [انگ - ا - مذکر] (۱) یادگار (۲) یادداشت - عرضداشت۔
**میمون** - (مے - مُون) [ع - صفت] (۱) مبارک - نیک بخت - سعادت مند (۲) بندر۔
**میں** - [ف] اندر - بیچ۔
**میں** - [ہ - ضمیر] (۱) اپنی ذات - خود - آپ (۲) (مونث) غرور - تکبر۔
**میں بھی رانی تو بھی رانی کون بھرے سر پانی** - مثل، کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں - جو کام کرنے سے جی چراتے ہیں۔
**میں تو لال لال تو بات بات** - تو مجھ سے بھی زیادہ چالاک ہے۔
**میں کی گردن پر چھری** - جس طرح میں میں کرنے والی بکری ذبح کی جاتی ہے اسی طرح مغرور بھی ایک دن برباد ہو جاتا ہے۔
**مِین** - [س - ا - مونث] (۱) مچھلی (۲) آسمان کا بارھواں برج جس کی شکل مچھلی کی سی نظر آتی ہے۔
**مین میکھ** - (مونث) عیب - قباحت۔
**مین میکھ نکالنا** - عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا۔
**مینا** - (می - نا) [ف - ا - مذکر] (۱) شیشہ (۲) شراب کی بوتل (۳) وہ سبز کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیورات پر بناتے ہیں (۴) کنایۃً شراب۔
**مینا بازار** - (۱) وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لیے لگایا جائے۔ (۲) زنانہ بازار - وہ بازار جہاں عورتیں ہی چیزیں بیچتی ہیں۔
**میناکار** - مرصع ساز - جڑاؤ کام کرنے والا۔
**میناکاری** - (مونث) (۱) چاندی سونے پر مرصع سازی - نگینے کا کام۔ (۲) باریکی - موشگافی۔
**مَینا** - (مے - نا) [ہ - ا - مونث] ایک خوش الحان پرند۔
**مینار** - (می - نار) [از - ا - مذکر] دیکھیے منار - منارہ۔
**مینٹل پیس** - (MANTEL PIECE) [انگ - ا - مذکر] - انگیٹھی - آتش دان - آتش دان کے اوپر کا مچان۔
**مینڈ** - [ہ - ا - مونث] (۱) کھیت کی منڈیر - حد (۲) کنوئیں کی منڈیر۔
**مینڈک** - (میں - ڈک) [ہ - ا - مذکر] ایک قسم کا آبی جانور - غوک۔
**مینڈکی** - (مینڈ - کی) [ہ - ا - مونث] مینڈک کی مادہ۔
**مینڈکی کو بھی زکام ہوا** - مثل (اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی بابت بولتے ہیں۔
**مینڈھا** - (میں - ڈھا) [ہ - ا - مذکر] (۱) دنبہ (۲) آسمان کا بارھواں برج - میکھ راس (۳) امر - مریخ۔
**مینڈھی - مینڈی** - (میں - ڈھی) (میں - ڈی) [ہ - ا - مونث] - بالوں کی گندھی ہوئی لٹ
**مینڈیاں گوندھنا** - بالوں کی لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔
**مینشن** - [انگ - ا - مونث] بڑا مکان - محل - حویلی۔
**مینگنی** - (مینگ - نی) [ہ - ا - مونث] چوہے - اونٹ - بکری کا فضلہ۔
**مینو** - (می - نُو) [ف - ا - مذکر] (۱) جنت (۲) سبز رنگ کا شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے - مینا - سبز یا لاجوردی رنگ کا آبگینہ - نگ یا جواہر وغیرہ۔
**مینو آئین** - مینو اساس - مینو سواد - مینو سرشت - خوبصورت۔
**مینو** - (MENU) (مے - نو) [انگ - ا - مونث] فہرست طعام۔
**مینوئل** - (MANUAL) (مے - نُو - ئل) [انگ - ا - مذکر] کتابچہ - دستورالعمل۔
**مینھ** - (مینہ) [ہ - ا - مونث] بارش۔
**مین ہول** - (MANHOLE) [انگ - ا - مذکر] نالی یا بدرو کے اوپر اتنا بڑا سوراخ جس میں سے آدمی گزر سکے۔
**مینی فیسٹو** - (MANIFESTO) (مے - نی - فیس - ٹو) [انگ - ا - مذکر] اعلان - منشور۔
**میو** - [ہ - ا - مذکر] مسلمان راجپوتوں کی ایک قوم جو میوات میں آباد ہے۔
**میوات** - (مے - وات) [از - ا - مذکر] الور کے قریب ایک علاقہ جس میں میو لوگ آباد ہیں۔
**میواتی** - (مے - وا - تی) [ہ - صفت - ا - مذکر] میوات کا رہنے والا - میو کا۔
**میوچل** - (MUTUAL) [انگ - صفت] باہمی - آپس کا - مشترکہ۔
**میونسپل** - (MUNICIPAL) [انگ - صفت] شہری - قصباتی۔
**میونسپل کمشنر** - میونسپلٹی کا ممبر - رکن بلدیہ۔
**میونسپلٹی** - [انگ - ا - مونث] شہری لوگوں کی جماعت جو شہر کی صفائی پانی وغیرہ کا انتظام کرتی ہے - بلدیہ۔
**میہان** - (مے - ہان) [ف - ا - مذکر] دیکھیے مکان۔
**مینیا** - (MANIA) (مے - نی - یا) [انگ - ا - مذکر] خبط - مالیخولیا۔

Marfat.com

# ن

ن - (نون) (مذکر) اُردو کا بتیسواں، فارسی کا انتیسواں، عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف - ابجد میں اس سے پچاس عدد فرض کیے گئے ہیں۔

## ن - ا

نا - (ہ - ف) (۱) نہ - نہیں - (۲) علامتِ نفی (۳) ہندی اُردو مصدر کی علامت جو آخر میں آتی ہے (۴) اثبات و نفی کی تاکید کے لیے - جیسے یہ بچہ ہے نا - نا بابا ہمارا دُور ہی سے سلام ہے (۵) زائد حسنِ کلام کے لیے ، جیسے چلونا - آؤنا -

ناآزمودہ - (۱) ناتجربہ کار (۲) بغیر آزمائش - بغیر دیکھے بھالے

ناآزمودہ کار - اناڑی - ناتجربہ کار -

ناآشنا - اجنبی - جس سے جان پہچان نہ ہو -

ناآشنائے محض - بالکل ناواقف -

نااتفاقی - (مونث) پھوٹ - نفاق - بگاڑ - عداوت - دشمنی -

نااُمید - مایوس - ناکام -

نااُمیدی - (مونث) مایوسی - ناکامی -

نااندیش - (۱) نہ سوچنے والا - (۲) وہ بات جس میں سوچنے کی ضرورت نہ ہو -

ناانصاف - وہ شخص جو انصاف نہ کرے -

ناانصافی - (مونث) - بے انصافی - ظلم - اندھیر -

نااہل - نالائق - ناموزوں - ناشائستہ -

نااہلی - (مونث) نالائقی

نابالغ - کم سن - جو بلوغ کو نہ پہنچا ہو -

نابالغی - (مونث) کم سنی - خورد سالی - کم عمری -

نابکار - (۱) نکما - بے کار (۲) بدذات - بدکار -

نابلد - انجان - ناواقف - ناآشنا -

نابود - نیست - معدوم - فانی - ناپید - گم -

نابینا - اندھا -

ناپاک - (۱) پلید - نجس (۲) وہ شخص جس پر نہانا فرض ہو -

ناپاکی - (مونث) نجاست - گندگی -

ناپائیدار - کمزور - بے ثبات - فانی - بودا -

ناپائیداری - (مونث) کمزوری - بے ثباتی - بودا پن -

ناپختہ کار - ناتجربہ کار -

ناپدید - (۱) جو ظاہر نہ ہو (۲) پوشیدہ - غائب - چھپا ہوا - مخفی -

ناپسند - ناگوار - جو اچھا نہ لگے -

ناپسندیدہ - ناگوار - نامنظور - بار خاطر -

ناپید - (۱) معدوم - نیست (۲) غائب - گم -

ناپیدا کنار - سمندر یا دریا جس کا کنارہ دکھائی نہ دے -

ناتجربہ کار - انجان - ناواقف - اناڑی

ناتراش - ناتراشیدہ (۱) ان گھڑ (۲) بے ادب (۳) کمینہ -

ناترس - جسے ڈر نہ ہو - بے رحم - سنگ دل -

ناتواں - کمزور - ناطاقت - بودا - لاغر - ضعیف

ناتوانی - (مونث) کمزوری - ناطاقتی - نقاہت -

ناجائز - (۱) جو درست نہ ہو (۲) شرع یا قانون کے خلاف

ناجنس - (۱) غیر جنس کا - ان میل (۲) بے ادب -

ناچار - (۱) عاجز - مجبور (۲) بالضرور (۳) مفلس - محتاج -

ناچاری - (مونث) بے چارگی - بے بسی - مجبوری -

ناچاقی - (مونث) بدمزگی - ان بن - بگاڑ

ناچیز - (۱) ہیچ - (۲) ناکارہ - نکما - ناقابل - حقیر -

ناحق - (۱) بے انصافی سے - (۲) نامناسب - بے فائدہ

ناحق شناس - بے انصاف - سچائی کو نہ پہچاننے والا - (جمع حق ناشناس)

ناحق شناسی - (مونث) بے انصافی - ظلم - (جمع حق ناشناسی)

ناخدا ترس - (۱) بے رحم - ظالم (۲) خدا کا خوف نہ کرنے والا -

ناخلف - (۱) نالائق بیٹا - (۲) والدین کی اطاعت نہ کرنے والا -

ناخواندہ - (۱) ان پڑھ (۲) بغیر بلایا ہوا - بن بلایا ہوا -

ناخواندہ مہمان - (۱) بن بلایا مہمان (۲) طفیلی جو بن بلائے آئے -

ناخوش گوار - دیکھیے ناگوار

نادار - غریب - محتاج - کنگال -

ناداری - (مونث) مفلسی - غریبی - تنگ دستی -

نادان - (۱) ناسمجھ - احمق - جاہل (۲) کم سن -

نادان دوست سے دانا دشمن بھلا - (مثل) بے وقوف دوست بے عقل ہونے کی وجہ سے دشمن کی نسبت زیادہ نقصان پہنچاتا ہے -

نادان کی دوستی جی کا زیاں - (مثل) بے وقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے -

ناوابستگی - (مونث) ناواقفیت - بے خبری - لاعلمی -

نادانستہ - ان جانے - بھولے سے - سہواً -

نادانی - (مونث) جہالت - بے وقوفی - ناسمجھی -

نادرست - غلط - بے جا - نامناسب -

نادہند - قرض لے کر واپس نہ کرنے والا - حق مارنے والا -

نادہندی - (۱) قرض لے کر واپس نہ دینا (۲) لیچڑپن -

نادیدہ - (۱) ان دیکھا - جسے دیکھا نہ ہو (۲) ندیدہ جس نے کبھی دیکھا نہ ہو -

ناراض - ناخوش - رنجیدہ -

ناراضی (مونث) ناخوشی رنجیدگی

نارسا - (۱) نہ پہنچنے والا (۲) بے اثر (۳) نامراد -

Marfat.com

ناروا۔ (۱) ناجائز۔ بے جا (۲) خلافِ شرع (۳) نامناسب۔
نازیبا۔ (۱) نامناسب۔ غیر موزوں (۲) بدزیب۔ بدنما۔
ناساز۔ (۱) ناموافق۔ مخالف (۲) بیمار۔
ناسازگار۔ مخالف۔ ناموافق۔
ناسازگاری۔ (مونث) ناموافقت۔ مخالفت۔
ناسازی۔ (مونث) (۱) ناموافقت (۲) بیماری۔ علالت۔
ناسپاس۔ ناشکرگزار۔ ناشکرا۔
ناسپاسی۔ (مونث) نمک حرامی۔ احسان نہ ماننا۔
ناستوار۔ منحوس
ناسفتہ۔ جس میں سوراخ نہ ہو۔ اَن بندھا۔
ناسمجھ۔ (۱) بے وقوف (۲) کند ذہن (۳) بچہ۔ کم سن۔
ناسمجھی۔ (مونث) بے وقوفی۔ نادانی۔ نافہمی۔ بھولا پن۔
ناشاد۔ (۱) رنجیدہ۔ غمگین (۲) بدقسمت۔
ناشاد و نامُراد۔ بدنصیب۔
ناشائستگی۔ (مونث) بدتہذیبی۔ گستاخی۔ نالائقی۔
ناشائستہ۔ (۱) نالائق (۲) بدتہذیب۔ بداخلاق (۳) نازیبا۔
ناشدنی۔ (۱) ناممکن۔ محال (۲) ناخلف۔ بدنصیب
ناشکرا۔ احسان نہ ماننے والا۔ شکر نہ کرنے والا۔
ناشکری۔ (مونث) (۱) احسان نہ ماننا (۲) ناشکرا کی تانیث۔
ناشکیب۔ بے صبر۔ بے قرار۔
ناشکیبائی۔ (مونث) بے صبری۔ بے قراری
ناشگفتہ۔ (۱) بے کھلی ہوئی (۲) ناخوش۔ اُداس۔ رنجیدہ۔
ناشناس۔ جو نہ پہچانتا ہو۔ نہ پہچاننے والا۔
ناشنو۔ ناشنوا۔ جو کسی کا پُرسانِ حال نہ ہو۔ نہ سننے والا۔
غافل۔ بے توجہ۔
ناصبور۔ بے صبر۔ بے قرار۔ مضطرب
ناصواب۔ غلط۔ نادرست۔
ناطاقتی۔ (مونث) کمزوری۔ ناتوانی۔ لاغری۔ ضُعف۔
ناعاقبت اندیش (۱) انجام نہ سوچنے والا۔ انجام کی فکر نہ کرنے
والا۔ (دیکھیے عاقبت نااندیش)
نافرجام۔ عاقبت نااندیش۔ بداصل۔ بدانجام۔
نافرمان۔ (۱) حکم نہ ماننے والا۔ سرکش (۲) ایک پھول کا نام۔
نافرمانی۔ (مونث) حکم نہ ماننا۔ سرکشی۔ حکم عدولی۔
ناقابل (۱) نالائق۔ جاہل (۲) ناموزوں
ناقدر۔ ناقدرا۔ (۱) کسی کی قدر نہ پہچاننے والا۔ (۲) احسان فراموش
بے مروّت۔
ناقدری۔ (مونث) (۱) بے قدری۔ قدر نہ ہونا (۲) قدر نہ کرنے
والی عورت۔
ناکارہ۔ (۱) نکمّا۔ بیکار (۲) بُرا (۳) سُست۔ اپاہج۔
ناکام۔ (۱) محروم۔ ناکامیاب (۲) نامراد۔
ناکامی۔ (مونث) ناامیدی۔ مایوسی۔
ناکامیاب۔ ناکام۔ نامراد۔
ناکامیابی۔ (مونث) (۱) ناکامی (۲) کسی کام کا حسبِ منشا نہ ہونا۔
ناکتخدا۔ ناکدخدا۔ بن بیاہا۔ کنوارا۔ کنواری۔
ناکردنی۔ جو بات کرنے کے لائق نہ ہو۔

ناکردہ (جرم) گناہ۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔
ناکرنا۔ نفی میں جواب دینا۔
ناکس۔ (۱) ہیچ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی (۲) نالائق۔
ناکند۔ (۱) وہ بچھیرا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں۔
(۲) ناسمجھ۔
ناگاہ۔ اچانک۔ یکایک۔ دفعتہً۔
ناگزیر۔ ضروری۔ لازم۔ واجب۔
ناگفتنی۔ وہ بات جو کہنے کے قابل نہ ہو۔
ناگفتہ بہ۔ (۱) جس کا نہ کہنا بہتر ہو (۲) شرمناک۔
ناگوار۔ (۱) ناپسند۔ مکروہ (۲) بدذائقہ۔ بے لطف۔
ناگہ۔ ناگاہ کا مخفف۔
ناگہاں۔ (۱) بے وقت۔ بے موقع (۲) بے خبری میں (۳) اچانک۔ دفعتہً
ناگہانی۔ اتفاقیہ۔ اچانک۔
نالائق۔ ناقابل۔ نااہل۔
نالائقی۔ (مونث) (۱) کمینہ پن (۲) ناقابلیت۔
نامانوس۔ ناآشنا۔ اجنبی۔ بیگانہ۔
نامتناہی۔ لامحدود۔ لاانتہا۔ بے حد۔
نامحرم۔ انجان۔ غیر۔ اجنبی۔ وہ شخص جس سے نکاح جائز
ہو اور عورت کو پردہ واجب ہو
نامُراد۔ ناکام۔ محروم۔ بے نصیب۔
نامُرادی۔ (مونث) (۱) ناکامی۔ محرومی۔ بدنصیبی۔
نامرد۔ (۱) ہیجڑا۔ (۲) ڈرپوک۔
نامردی۔ (۱) بزدلی (۲) زنانہ پن۔
نامُساعد۔ ناموافق۔ ناسازگار۔
نامُساعدت۔ (مونث) ناموافقت۔ ناسازگاری۔
نامسعود۔ منحوس۔ نامبارک۔
نامعقول۔ (۱) ناپسندیدہ (۲) بے وقوفی کی بات۔ (۳)
احمق۔
نامعقولیت۔ (مونث) بے وقوفی۔ حماقت۔
نامعلوم۔ (۱) گمنام (۲) انجان۔ نہ جانا ہوا۔
ناملائم۔ (۱) کرارا۔ سخت (۲) نامناسب۔ نازیبا۔
ناممکن۔ نہ ہونے والی۔ اَن ہونی۔ خارج از امکان۔
ناممکنات۔ وہ باتیں جو ممکن نہ ہوں۔
نامُناسب۔ ناپسندیدہ۔ نامعقول۔
نامنظور۔ جو منظور نہ ہو۔ انکار۔
نامنظوری۔ (مونث) کسی درخواست کا قبول نہ کیا جانا۔
ناموافق۔ جو موافق نہ ہو۔ خلاف۔ ناگوار۔
ناموافقت۔ (مونث) اَن بن۔ شکر رنجی۔ بگاڑ۔ موافق نہ ہونا۔
ناموزوں۔ (۱) نازیبا۔ بے جوڑ (۲) بے سُرا۔ (۳)۔ بحر
سے خارج (شعر)۔
نامہربان۔ (۱) بے وفا۔ بے مروّت (۲) دشمن۔
ناواجب۔ بیجا۔ نامناسب۔ نازیبا۔
ناواقف۔ انجان۔ نامحرم۔ جاہل۔ ناتجربہ کار۔
ناواقفیت۔ جہالت۔ ناتجربہ کاری۔ اَن جان پن۔
ناہموار۔ (۱) اونچا۔ نیچا (۲) بیہودہ۔ نالائق۔

Marfat.com

ناہمواری - (مونث) (۱) اُونچ نیچ (۲) کھُردرا پن (۳) نالائقی -
ناہنجار - بدچلن - بدذات - کمینہ - بدکردار - نالائق -
نایاب - نادر - وہ چیز جو میسّر نہ آسکے - ناپید -
ناب - (ف - صفت) - خالص -
نابغہ - (نا - ب - غہ) (ع - صفت) بے حد ذہین - جینیس -
ناپ - (ہ - ا - مذکر و مونث) پیمانہ - پیمائش - ماپ -
ناپ تول - (مونث) پیمائش اور تولنا -
ناپنا - (نا پ - نا) (ہ - متعدی) پیمائش کرنا - اندازہ کرنا -
ناتا - (ہ - ا - مذکر) (۱) قرابت - رشتہ داری (۲) تعلق - واسطہ -
ناتے دار - رشتہ دار -
ناتے داری - (مونث) رشتہ داری - قرابت -
ناتے والے - رشتہ دار - اقربا -
ناتھ - (س - ا - مذکر) - (۱) مالک (۲) خاوند (۳) (مونث) - بیلوں کی ناک کی رسّی -
ناٹا - (ہ - صفت) (۱) بونا - ٹھِگنا (۲) شریر - (۳) بیل جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو -
ناٹک - (س - ا - مذکر) کھیل - تمثیل - ڈراما -
ناثر - (ع - ا - مذکر) نثر لکھنے والا - مضمون نگار -
ناج - (ہ - ا - مذکر) اناج کا مخفف -
ناچ - (ہ - ا - مذکر) (۱) رقص (۲) خوشی میں اُچھلنا کودنا -
ناچ رنگ - ناچنا اور گانا - رقص و سرود -
ناچ گھر - (مذکر) وہ مکان جس میں ناچ ہوتا ہو - تماشا گاہ -
ناچ نچانا - (۱) ستانا - دق کرنا (۲) ہیرا پھیری کرنا -
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا - (مثل) کام نہ آئے مگر حیلے بہانے سے ٹالنا چاہے -
ناچنا - (ناچ - نا) (ہ - متعدی) رقص کرنا -
ناخدا - (ف - ا - مذکر) (۱) ملّاح (۲) رہنما -
ناخدائی - (ف - ا - مونث) (۱) رہنمائی (۲) جہازرانی -
ناخن - (ف - ا - مذکر) انگلیوں کے سِروں کی ہڈی -
ناخنِ تدبیر - تدبیر کا ناخن جس سے گتھیاں سلجھتی اور مسائل حل ہوتے ہیں -
ناخن تراش - (مذکر) وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں - نہرنی - نہرنا -
ناخن سے گوشت جُدا نہیں ہوتا - اپنے اپنے ہوتے ہیں انھیں جُدا نہیں کیا جا سکتا -
ناخن لینا - (۱) ہوش میں آنا (۲) ناخن تراشنا - (۳) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا -
ناخن (ناخنوں) میں پڑے ہیں - کچھ حقیقت نہیں رکھتے -
ناخنہ - (نا - خ - نہ) (ف - ا - مذکر) (۱) مضراب - ستار بجانے کا تار (۲) آنکھ کی ایک بیماری - (۳) گھوڑے کی آنکھ کے سُرخ ڈورے -
ناخون - (ف - ا - مذکر) دیکھیے ناخن -
ناد - (ع - ا - مذکر) (۱) دعوت - بلاوا - منادی (۲) دہائی -
نادِ علی - (مونث) (۱) لفظی معنی علی کو بلاؤ یا ان سے مدد طلب کرو - (۲) ایک دُعا (۳) وہ پتھر جس پر دعائے نادِ علی کندہ ہوتی ہے -

نادر - (ع - صفت) کمیاب - نایاب -
نادر شاہی (گردی) - (مونث) نادر شاہ کے وقت جیسی بدانتظامی - ظلم - اندھیر -
نادر کار - نادرہ کار کا مخفف - وہ جس سے عجیب و غریب کام سرزد ہوں -
نادرہ - (نا - دِ - رہ) (ع - صفت) نادر کی تانیث -
نادری - (نا - دِ - ری) (ع - صفت) (۱) نادر شاہ سے منسوب - (۲) (مونث) ایک قسم کی صدری -
نادری حکم - (مذکر) سخت اور جابرانہ حکم -
نادم - (ع - صفت) شرمندہ - پشیمان -
نادیا - (نا - دِ - یا) (ہ - ا - مذکر) وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو -
نار - (ع - ا - مونث) آگ - آتش -
نارِ خلیل - وہ آگ جس میں کافروں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پھینک دیا تھا اور وہ خدا کی قدرت سے گلزار بن گئی تھی -
نارِ سقر - دوزخ کی آگ -
نار - (ہ - ا - مونث) ناری کا مخفف - عورت - بیوی -
نارائن - (نا - را - ین) (س - ا - مذکر) (۱) خدا (۲) وشنو کا لقب -
نارمل - (ا - NORMAL) (نار - مل) (انگ - صفت) ٹھیک - درست - قاعدے کے مطابق -
نارمل سکول - تعلیم کے اصول سکھانے والا مدرسہ -
نارنجی - (نا - رن - جی) (ع - صفت) (۱) نارنگی کے رنگ کا - (۲) سُرخی مائل زرد -
نارنگی - (ف - ا - مونث) چھوٹا سنگترہ -
ناری - (س - ا - مذکر) (۱) عورت (۲) بیوی -
ناری - (ع - صفت) آگ سے منسوب - آگ کا بنا ہوا - جہنمی - دوزخی -
ناریل - (نا - ریل) (ہ - ا - مذکر) (۱) کھوپرا (۲) ناریل کا درخت - (۳) حقّہ جو کھلے ناریل میں سوراخ کر کے بناتے ہیں -
ناز - (ف - ا - مذکر) (۱) ادا - نخرہ - غمزہ (۲) چونچلا - (۳) - گھمنڈ - (۴) بڑائی - عزّت -
نازبردار - ناز اٹھانے والا -
نازبرداری - (مونث) ناز اٹھانا - ناز یا چونچلے کی برداشت -
نازپروردہ - لاڈلا - لاڈ میں پلا ہوا -
ناز کرنا - (۱) نخرے کرنا - لاڈ کرنا - (۲) اترانا - غرور کرنا (۳) فخر کرنا -
ناز و نیاز - (۱) پیار - اخلاص - لاڈ پیار (۲) ناز و نخرہ -
نازاں - (ف - صفت) ناز کرنے والا - فخر کرنے والا - مغرور -
نازبو - (ناز - بو) (ف - ا - مونث) ایک قسم کا خوشبودار پودا -
نازش - (ف - ا - مونث) (۱) فخر - گھمنڈ (۲) بددماغی -
نازک - (ف - صفت) (۱) پتلا - دبلا - (۲) لطیف - نفیس (۳) نرم (۴) کمزور (۵) باریک -
نازک اندام - چھریرے بدن کا - نازک جسم والا -
نازک خیالی - (مونث) عمدہ خیالات کا ہونا -
نازک دماغ - (۱) مغرور - (۲) بددماغ - چڑچڑا -
نازک دماغی - (مونث) (۱) غرور - (۲) چڑچڑاپن - تنک مزاجی -
نازک طبع - نازک مزاج - زود رنج - چڑچڑا -

Marfat.com

نازک طبعی۔ نازک مزاجی۔ تنک مزاجی۔ چڑچڑاپن۔
نازک کام۔ باریک کام۔ وہ کام جو پائیدار نہ ہو۔
نازک وقت۔ مشکل زمانہ۔
نازکی۔ (نا۔ زُ۔ کی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) نزاکت (۲) خوبی۔ (۳) تنک مزاجی۔ (۴) نفاست۔
نازل۔ (ع۔ صفت) اُترنے والا۔ وارد ہونے والا۔
نازنین۔ (نا۔ زَ۔ نین) (ف۔ صفت) (۱) دلفریب (۲) نازک اندام
نازی۔ (نا۔ زی) (انگ۔ صفت) ہٹلر کی فاشسٹ پارٹی کا رُکن۔
نازیت۔ (نا۔ زی۔ یت) (انگ۔ ا۔ مونث) ہٹلر کا آمرانہ نظریہ اور نظام۔
ناس۔ (ہ۔ ا۔ مونث) ہلاس۔ نسوار۔
ناس۔ (ہ۔ صفت) تباہ۔ برباد۔ خراب۔ (س۔ ناش)
ناسپاتی۔ (ہ۔ ا۔ مونث) دیکھیے ناشپاتی۔
ناستک۔ (ناس تِک) (س۔ صفت) لا ادریا۔ جسے خدا کے وجود و عدم وجود کا یقین نہ ہو۔ متشکک۔
ناسخ۔ (نا۔ سِخ) (ع۔ صفت) (۱) کاتب (۲) منسوخ کرنے والا۔
ناسوت۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) عالمِ اجسام۔ دنیا۔ (۲) شریعت۔ ظاہری عبادت۔
ناسور۔ (ع۔ ا۔ مذکر) وہ زخم جو ہمیشہ رِستا رہتا ہے۔
ناشپاتی۔ (ف۔ ا۔ مونث) سیب کی قسم کا ایک پھل۔
ناشتا۔ (ناش۔ تا) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) نہاری۔ صبح کا کھانا۔ (۲) خالی پیٹ۔
ناشر۔ (ع۔ ا۔ مذکر) پبلشر۔ کتابوں کو چھاپ کر بیچنے والا۔
ناشرین۔ (نا۔ شِ۔ رین) (ع۔ ا۔ مذکر) ناشر کی جمع۔
ناصح۔ (ع۔ صفت و ا۔ مذکر) نصیحت کرنے والا۔ صلاح کار
ناصر۔ (ع۔ ا۔ مذکر) مدد کرنے والا۔ مددگار۔ حامی۔
ناصیہ۔ (نا۔ صِ۔ یہ) (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) پیشانی کے بال۔ (۲) پیشانی۔
ناصیہ سا۔ (۱) زمین پر پیشانی رگڑنے والا (۲) عاجز۔ بے چارہ۔ (۳) ناچیز۔
ناصیہ سائی۔ (مونث) ماتھا رگڑنا۔ خوشامد۔
ناصیہ فرسا۔ ماتھا رگڑنے والا۔
ناطق۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) بولنے والا (۲) صاحبِ عقل (۳) دوسرے کو عاجز اور خاموش کر دینے والا۔
ناطقہ۔ (نا۔ طِ۔ قہ) (ع۔ ا۔ مذکر) بولنے کی قوت۔ طاقتِ گویائی۔
ناطقہ بند کر دینا۔ لاجواب کر دینا۔ تنگ کرنا۔
ناظر۔ (ع۔ ا۔ مذکر) (۱) دیکھنے والا (۲) نگہبان۔ محافظ (۳) بیدار مغز۔
ناظرہ۔ (نا۔ ظِ۔ رہ) (ع۔ ا۔ مونث) (۱) دیکھنے کی قوت۔ (۲) دیکھ کر پڑھنا۔
ناظرہ خواں۔ وہ جو حافظِ قرآن تو نہ ہو مگر دیکھ کر پڑھ سکتا ہو۔
ناظرہ کرنا۔ کلامِ پاک دیکھ کر پڑھنا۔
ناظرین۔ (نا۔ ظِ۔ رین) (ع۔ ا۔ مذکر) ناظر کی جمع۔ (۱) دیکھنے والے (۲) پڑھنے والے۔ مطالعہ کرنے والے۔

ناظم۔ (ع۔ صفت) (۱) پرونے والا (۲) منتظم۔ (۳) شاعر۔ (۴) سیکرٹری (۵) گورنر۔ صوبیدار۔
ناغہ۔ (نا۔ غہ) (ع۔ صفت و ا۔ مذکر) (۱) خالی (۲) تعطیل۔ غیر حاضری۔
ناف۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) ڈُھنڈی (۲) پیٹ کے درمیان وہ سوراخ جہاں رحمِ مادر میں بچے کی آنول جڑی ہوتی ہے۔ (۳) درمیان۔ مرکز۔
ناف ٹلنا۔ ناف ٹل جانا۔ ناف کا بے جگہ ہو جانا۔ دھرن ٹلنا۔
نافِ زمین۔ زمین کا مرکز۔
نافذ۔ (ع۔ صفت) (۱) جاری ہونے والا۔ (۲) جاری۔
نافع۔ (ع۔ صفت) (۱) مفید (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
نافلہ۔ (نا۔ فِ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذکر) وہ عبادت جو فرض نہ ہو۔
نافہ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) مشک کی تھیلی۔ ہرن کے پیٹ کی تھیلی۔
نافۂ آہو۔ تاتاری ہرن کے پیٹ کی تھیلی۔
ناقد۔ (ع۔ صفت) پرکھنے والا۔ تنقید کرنے والا۔
ناقص۔ (ع۔ صفت) (۱) غیر مکمل (۲) عیب دار (۳) کھوٹا۔
ناقص العقل۔ کم عقل۔ بے وقوف۔
ناقل۔ (ع۔ صفت) (۱) نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ (۲) راوی۔
ناقوس۔ (ع۔ ا۔ مذکر) سنکھ جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں۔
ناقوس پھونکنا۔ سنکھ بجانا۔
ناقہ۔ (ع۔ ا۔ مونث) اونٹنی۔ سانڈنی۔
ناک۔ (ف) ایک لاحقہ یعنی بھرا ہوا۔ صاحب (مرکبات میں جیسے اندوہناک۔ طربناک)۔
ناک۔ (ہ۔ ا۔ مونث) (۱) ایک عضو۔ بینی (۲) شرم۔ لحاظ۔ (۳) آبرو۔ شان (۴) کوئی چیز جو باعثِ فخر ہو۔
ناک آنا۔ ناک سے آلائش گرنا۔
ناک اونچی ہونا۔ عزت بڑھنا۔ سرخروئی ہونا۔ بول بالا ہونا۔
ناک بھوں چڑھانا، سکیڑنا۔ (۱) تیوری چڑھانا (۲) ناراض ہونا۔
ناک بیندھنا۔ ناک میں سوراخ کرنا۔ ناک چھیدنا۔
ناک پر غصّہ رہنا۔ ذرا ذرا سی بات پر غصّہ ہونا۔
ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑانا۔ بہت سُست یا کاہل ہونا۔
ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا۔ کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا۔
ناک پکڑتے دم نکلنا۔ نہایت کمزور ہونا۔ نہایت لاغر ہونا۔
ناک چنے چبوانا۔ ناک میں دم کرنا۔ بہت ستانا۔ عاجز کر دینا۔
ناک رکھ لینا۔ عزت رکھ لینا۔ بات رکھ لینا۔
ناک رگڑنا۔ (۱) زمین پر ناک گھسانا (۲) نہایت منت کرنا۔
ناک سنکنا۔ ناک صاف کرنا۔ ناک کی ریزش نکالنا۔
ناک سکوڑنا، سکیڑنا۔ (۱) ناک چڑھانا (۲) نفرت کرنا۔
ناک سے لکیریں کھینچنا۔ توبہ کرنا۔
ناک کا بال۔ نہایت عزیز اور مقرب۔
ناک کا بانسا۔ (مذکر) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی یا دیوار
ناک کا بانسا پھرنا۔ دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی نشانی ہے۔
ناک کا پھوڑا۔ (مذکر) وہ ریزش جو ناک میں جم کر سخت ہو جاتی ہے

Marfat.com

ناک کٹانا۔ بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔
ناک کی سیدھ۔ ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں۔ بخطِ مستقیم۔
ناک میں دم آنا۔ بہت تنگ ہونا۔ سخت پریشان ہونا
ناک نہ دی جانا۔ سخت بدبو ہونا۔
ناک نہ رہنا۔ (۱) غیرت جاتی رہنا (۲) بے عزت ہو جانا۔
ناک والا۔ عزت والا۔ غیرت والا۔
ناکوں ناک۔ لبالب۔ لبریز۔ منہامنہ
ناکا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) سڑک کا آخیر۔ راستے کی حد (۲) گلی کوچے کا دروازہ (۳) شہر کا دروازہ (۴) چُنگی کی چوکی (۵) سوئی کا چھید (۶) پولیس کا چھوٹا تھانہ (۷) مگرمچھ کی قسم کا ایک دریائی جانور۔
ناکا بندی۔ (مؤنث) (۱) حد بندی (۲) سامنے روکنا۔
ناکے میں سے نکالنا۔ (۱) سوئی کے سوراخ میں سے نکالنا۔ (۲) دق کرنا۔ ستانا (۳) مجبور کرنا (۴) سیدھا کرنا۔ درست کرنا۔
ناکتخدا۔ ناکدخدا۔ نا کے تحت دیکھیے۔
ناکح۔ (ع۔ صفت) نکاح کرنے والا۔
ناگ۔ (س۔ا۔ مذکر) (۱) سانپ (۲) پھن دار سیاہ سانپ۔
ناگ پھنی۔ (مؤنث) تھوہر کی ایک قسم جس کے پتوں کی شکل سانپ کے پھن کی طرح ہوتی ہے۔
ناگا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) ایک قوم جو آسام کے پہاڑی علاقوں میں بستی ہے (۲) ہندو سادھو جو ننگے رہتے ہیں۔
ناگر موتھا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
ناگری۔ ناگر۔ ری۔ (س۔ا۔ مؤنث) ہندی زبان کا رسم الخط۔
ناگن۔ (ہ۔ا۔ مؤنث) (۱) ناگ کی مادہ (۲) گُدّی کے بالوں کی بھونری۔ (بفتح گ و بکسر گ)
ناگوری۔ (ہ۔ صفت) شہر ناگور واقع مارواڑ سے منسوب۔
ناگیسر۔ ناگے۔ سَر (ہ۔ا۔ مذکر) ایک قسم کا خوشبودار پھول (۲) اس کا پودا۔
نال۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) وہ آنت جو رحم مادر میں بچے کے پیٹ سے جڑی ہوتی ہے اور جسے پیدائش پر جدا کر دیتے ہیں۔ (۲) بندوق یا پیچے کی نالی (۳) لوہے یا پتھر کا آلہ جسے پہلوان ورزش کے وقت اٹھاتے ہیں۔
نال گڑنا۔ (۱) بچے کی نال زمین میں دبا دینا (۲) دعوی اور استحقاق ہونا (۳) مسکن ہونا۔
نالا۔ (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) زمین کھدنے والا سوت (۲) ابنا بند۔ (۳) چھوٹی ندی۔ برساتی نہر۔
نالاں۔ (ف۔ صفت) (۱) روتا ہوا (۲) شاکی۔ فریادی۔ (۳) عاجز۔ تنگ۔
نالش۔ (ف۔ا۔ مؤنث) دعوی۔
نالشِ استرداد دعوی۔ دعوے واپس لینے کی عرضی۔
نالشِ استقرارِ حق۔ حق برقرار رکھنے کی نالش۔
نالشی۔ نالِ۔ شی (ف۔ صفت) (۱) دعویدار (۲) فریادی۔
نالکی۔ نال۔ کی (ہ۔ا۔ مؤنث) ایک قسم کی کھلی پالکی۔
نالہ۔ (ف۔ا۔ مذکر) (۱) فریاد (۲) شور۔ فغاں۔
نالۂ شب گیر۔ رات کے وقت کی آہ و فغاں۔

نالہ کش۔ فریاد کرنے والا۔
نالہ گر۔ آہ و بکا کرنے والا۔
نالہ و شیون۔ (مذکر) آہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔
نالی۔ (ہ۔ا۔ مؤنث) موری۔ پانی نکلنے کا راستہ۔
نام۔ (ف۔ ہ۔ا۔ مذکر) (۱) اسم۔ ناؤں (۲) کیفیت (۳) شہرت۔ (۴) آبرو (۵) نسل (۶) الزام (۷) یادگار۔
نام آور۔ مشہور۔ معروف۔
نام آوری۔ (مؤنث) شہرت۔
نام بڑا درشن تھوڑا ہے۔ (مثل) جتنا نام ہے اتنا کام نہیں۔ نام کے مطابق سامان نہیں۔
نام بنام۔ نام وار۔ ہر ایک کو۔ ایک ایک کو نام لے کر۔
نام بھی نہ لینا۔ (۱) سخت نفرت کرنا (۲) مطلق یاد نہ کرنا۔
نام پانا۔ مشہور ہونا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔
نام پڑ جانا۔ کسی نام سے مشہور ہو جانا۔ عرف یا لقب ہو جانا۔
نام پیدا کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔
نام تک کا روادار نہ ہونا۔ بے حد ناراض اور بیزار ہونا۔ نام لینے کی بھی اجازت نہ ہونا۔
نام جپنا۔ کسی کا ہر وقت ذکر کرنا۔
نام چلنا۔ کسی کی یادگار باقی رہنا۔ نام قائم رہنا۔
نام خدا۔ (۱) چشمِ بد دُور۔ ماشاء اللہ۔ تحسین و آفرین کا کلمہ۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
نام دار۔ مشہور۔ نامور۔ نامی۔
نام دھرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بُرا کہنا۔
نام رکھنا۔ (۱) بچے کا کوئی نام تجویز کرنا (۲) بُرا کہنا۔
نام روشن کرنا۔ (۱) شہرت ہونا۔ (۲) (طنزاً) رسوا ہونا۔
نام زد۔ (۱) مشہور (۲) معین۔ مقرر۔ (۳) کسی کام کے لیے تجویز کیا گیا۔
نام سے۔ (۱) نام لے کر (۲) نام کی بدولت۔ (۳) نام سُن کر۔ نام لینے سے۔
نام کرنا۔ (۱) شہرت حاصل کرنا۔ (۲) الزام دھرنا (۳) کسی کے ذمے ڈالنا (۴) کسی کے لیے مخصوص کرنا۔
نام کو۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ برائے نام۔ کہنے کو۔
نام کو نہیں۔ بالکل نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔
نام لگانا (لگنا)۔ (۱) الزام عاید کرنا (۲) تہمت لگنا۔
نام لے کر۔ نام سے۔ نام کی بدولت۔
نام لینا۔ (۱) نام رٹنا۔ (۲) تعریف کرنا (۳) کسی کا ذکر کرنا (۴) واسطہ دینا۔
نام لیوا۔ (۱) یادگار (۲) بیٹا۔ وارث (۳) یاد کرنے والا۔
نام لیوا نہ پانی دیوا۔ (مثل) سب مر گئے کوئی باقی نہ رہا۔
نام نامی۔ مشہور و معروف نام۔ عزت کا کلمہ۔
نام نہاد۔ (۱) موسوم۔ نامزد (۲) کہنے کو۔ نام کو۔
نام نہ رہنا۔ مٹ جانا۔ یادگار باقی نہ رہنا۔
نام ور۔ نام آور کا مخفف۔ نامی۔ مشہور و معروف۔
نام وری۔ (مؤنث) شہرت۔ نیک نامی۔ مشہور و معروف۔
نام و نشان۔ (۱) اتا پتا۔ ٹھور ٹھکانا (۲) یادگار۔ آثار۔

Marfat.com

نام و نمود - (مذکر) (۱) عزت - (۲) شہرت
نام و ننگ - عزت - آبرو - ناموس -
ناموس - (ع - ف - ا - مونث) (۱) آبرو - شرم (۲) (مذکر) - حضرت جبرئیل کا لقب - (۳) احکام الٰہی (۴) اہل خانہ -
ناموسِ اکبر - (۱) حضرت جبرئیل کا لقب (۲) شریعت - قاعدہ -
ناموس بگاڑنا - بے آبروئی کرنا - عزت و آبرو پر حرف آنا -
نامہ - (ف - ا - مذکر) (۱) خط - تحریر (۲) رسالہ - کتاب - (۳) دفتر - رجسٹر -
نامۂ اعمال - (۱) وہ کتاب جس میں اعمال درج ہوں - (۲) وہ کاغذ جس پر نکیرین ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں -
نامہ بر - (مذکر) چٹھی رساں - قاصد -
نامہ بری - (مونث) خط یا پیام لے جانے کا کام -
نامۂ شوق - محبت آمیز خط - دوست کا خط -
نامہ نگار - (۱) خبر نویس (۲) اخبار کا نمائندہ -
نامی - (ع - ا - مذکر) بڑھنے والا - نشوونما پانے والا -
نامی - (ف - صفت) مشہور نام والا - نام کا -
نامی گرامی - بہت مشہور - مشہور و معروف - نامور -
نامیہ - (نا - می - یہَ) (ع - ا - مونث) بڑھنے کی قوت -
نان - (ف - ا - مونث) روٹی - تنور کی موٹی روٹی -
نان بائی - (مذکر) روٹی پکانے والا - روٹی بیچنے والا -
نان پاؤ - (مذکر) (۱) ڈبل روٹی (۲) ایک قسم کی خمیری روٹی -
نان پز - نانبائی - بھٹیارا -
نانِ جویں - (۱) جو کی روٹی - (۲) (مجازاً) روکھی سوکھی روٹی -
نان خطائی - (مونث) میدہ، گھی اور شکر سے تیار کی ہوئی ایک مٹھائی -
نان و نفقہ - (مذکر) - روٹی کپڑا - گزارا - بال بچوں کے مصارف -
نان و نمک - (مذکر) معمولی غذا - ایسی غذا جس میں تکلف نہ ہو -
نانا - (ہ - ا - مذکر) ماں کا باپ -
نانَد - (ہ - ا - مونث) بڑا کونڈا -
نانک پنتھی - (ہ صفت) گورونانک کے پیرو - سکھ -
نانک شاہی - (ہ - ا - مذکر) فقیروں کا ایک گروہ -
نانگا - (ناں گا) (ہ - صفت) (۱) ننگا - (ا - مذکر) - (۲) سادھوؤں کا ایک گروہ جو ننگے رہتے ہیں - نیز دیکھیے ناگا -
نانھیال - (نا - نھِ - یا ل) (ہ - ا - مذکر و مونث) نانا کا گھر -
نانی - (ہ - ا - مونث) ماں کی ماں - نانا کی بیوی -
نانی یاد آنا - محنت سے گھبرا جانا - مشکل کام -
ناوک - (نا - وَک) (ف - ا - مذکر) تیر - خدنگ - بان -
ناوک انداز - تیر چلانے والا -
ناوک (افگن) فگن - تیر چلانے والا -
ناوک (افگنی) فگنی - (مونث) تیر چلانا -
ناوکِ مژگان - تیر جیسی تیز اور لمبی پلکیں -
ناول - (NOVEL) (نا - وِل) (انگ - ا - مذکر) مسلسل اور لمبا قصہ جس میں متعدد افراد کی کردار نگاری کی گئی ہو -
ناولسٹ - (NOVELIST) (نا - وِ - لسٹ) (انگ - ا - مذکر) ناول لکھنے والا -
ناولیٹ - (NOVELETTE) (نا - وِ - لیٹ) (انگ - ا - مذکر) چھوٹا ناول - طویل افسانہ -
ناہید - (ف - ا - مونث) زہرہ سیارہ - حسن و محبت کی دیوی -
نائب - (ع - ا - مذکر) (۱) ماتحت - قائم مقام - (۲) مختار - سفیر -
نائٹ - (KNIGHT) - (نا - اِٹ) (انگ - ا - مذکر) - فوجی مصاحب - مردِ میدان - بانکا -
نائٹ - (NIGHT) (انگ - صفت) رات - رات سے متعلق -
نائٹ سکول - (NIGHT SCHOOL) مدرسۂ شبینہ -
نائٹ کلب - (NIGHT CLUB) شبینہ کلب - تفریح گاہ - جہاں رات کو ناچ گانا ہو -
نائٹرک ایسڈ - (NITRIC ACID) (انگ - ا - مذکر) - شورے کا تیزاب -
نائٹروجن - (NITROGEN) (انگ - ا - مذکر) ایک بے رنگ و بو اور بے ذائقہ گیس -
نائلان - (NYLON) (انگ - ا - مذکر) ایک جدید مصنوعی مرکب جو کپڑے اور دوسری چیزیں بنانے میں استعمال ہوتا ہے -
نائن - نائِن - (ہ - ا - مونث) حجام کی بیوی -
ناؤ - (ہ - ا - مونث) کشتی -
ناؤ کھینا - (۱) کشتی چلانا (۲) کنبے کا خرچ برداشت کرنا -
ناؤ نوش - (ف - ا - مذکر) نغمہ سننا اور شراب پینا - عیش و طرب -
نائی - (ہ - ا - مذکر) حجام -
نائی نائی بال کتنے؟ ججمان جی آگے آتے ہیں - (مثل) - جب کوئی فوراً ہی ظاہر ہونے والی بات کی نسبت بے چینی کا اظہار کرے تو کہتے ہیں -
نایک - (نا - یک) (س - ا - مذکر) (۱) رہنما - قائد (۲) سردار -
نایکا - (نا - ئ - کا) (س - ا - مونث) (۱) نایک کی بیوی - (۲) وہ طوائف جس کے ماتحت کئی طوائفیں ہوں -

## ن-ب

نِب - (NIB) (انگ - ا - مذکر) انگریزی قلم کی زبان جو دھات کی ہوتی ہے -
نبات - (نَ - بات) (ع - ا - مونث) (۱) سبزہ - ترکاری - (۲) (ف - ا - مونث) - مصری - قند - چینی -
نباتات - (ع - ا - مونث) نبات کی جمع - پودے - سبزیاں -
نباتی - (ع - ف - صفت) نباتات سے متعلق -

Marfat.com

نَبّاش - (نب - باش) (ع - صفت) کفن چور۔
نَبّاض - (نب - باض) (ع - ا - مذکر) نبض شناس۔ حکیم۔ طبیب۔
نبّاضی - (نب - با - ضی) (ع - ا - مونث) نبض شناسی۔
نِباہ - (ہ - ا - مذکر) (۱) تعمیل - کمال - (۲) گزارہ - (۳) وفاداری۔
نِباہنا - (ن - باہ - نا) - (ہ - مص) (۱) گزارنا - (۲) کسی کے ساتھ زندگی بسر کرنا - وفا کرنا۔
نِبٹانا - (نب - ٹا - نا) (ہ - مص) (۱) نمٹانا - بے باق کرنا - (۲) فیصلہ کرنا۔
نِبٹنا - (ن - بٹ - نا) (ہ - مص) فارغ ہو جانا - ختم ہو جانا - جھگڑا طے ہو جانا۔
نَبَرد - (ن - برد) - (ف - ا - مونث) لڑائی - جنگ - رزم۔
نبرد آزما ہونا - لڑائی کرنا - جنگ کرنا - مقابلہ کرنا۔
نبرد آزمائی - (مونث) لڑائی - مقابلہ - جنگ۔
نبرد گاہ - (مذکر) جنگ کا میدان۔
نِبِڑنا - (ن - بڑ - نا) (ہ - مص) خرچ ہو جانا - باقی نہ رہنا۔
نَبض - (ع - ا - مونث) کلائی کی وہ رگ جو دھڑکتی رہتی ہے
نبض پہچان لینا - راز معلوم کرنا - حال جان لینا۔
نبض تھمنا، چھوٹنا - نبض کا حرکت نہ کرنا - مر جانا۔
نبض ڈوبنا - نبض کی رفتار کا سست ہو جانا۔
نُبُوّت - (نُ - بُو - وت) (ع - ا - مونث) پیغمبری - رسالت۔
نِبولی - (ن - بو - لی) (ہ - ا - مونث) نیم کا پھل - نم کولی۔
نَبَوی - (ن ب - وی) (ع - صفت) نبی سے متعلق۔
نِبھاؤ - (ہ - صفت) گزارا - باہم بسر کرنا - اچھے تعلقات۔
نِبھنا - نبھ - نا (ہ مص) (۱) باہم گزر ہونا (۲) آپس میں تعلقات اچھے رہنا۔
نَبی - (ع - ا - مذکر) رسول - پیغمبر۔
نبی مرسل - وہ نبی جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔
نَبیذ - (نَ - بیذ) (ع - ا - مونث) (۱) کھجور یا تاڑ کا تازہ عرق - (۲) وہ شراب جو خرما اور جو سے بنی ہو۔
نَبیرہ - (نَ - بی - رَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) پوتا (۲) نواسا۔
نِبیڑنا - (نِ - بیڑ - نا) (ہ - مص) پورا کرنا - ختم کرنا - نمٹانا۔

## ن - پ

نپا تُلا - (ہ - صفت) مقررہ - محدود - (مونث - نپی تلی)۔
نِپٹانا - (نپ - ٹا - نا) (ہ - مص) دیکھیے نبٹانا۔
نِپٹنا - (ن - پٹ - نا) (ہ - مص) دیکھیے نبٹنا۔
نَپُھل - (ن - پھل) (انگ - ا - مذکر) (۱) گھٹنی - گھنڈی (۲) چوسنی۔
نِپنا - (نپ - نا) (ہ - مص) پیمائش ہونا - ناپا جانا۔

## ن - ت

نِت - (س - صفت) ہمیشہ - سدا - دائم۔
نت کنواں کھودنا نت پانی پینا - (مثل) روز کمانا اور کھانا۔
نت نیا - تازہ بتازہ - نو بہ نو۔
نَتائج - (ع - ا - مذکر) نتیجہ کی جمع۔
نَتھ - (ہ - ا - مونث) ناک میں پہننے کا ایک زیور۔
نِتھارنا - (نِ - تھار - نا) (ہ - مص) پانی کو صاف کرنا۔
نِتھرنا - (ن - تھر - نا) (ہ - مص) میل کچیل سے پاک ہونا۔
نتھنا - (نتھ - نا) (ہ - ا - مذکر) ناک کا سوراخ۔
نتھنے پھلانا - (کنایتاً) تیوری چڑھانا - ناراض ہونا۔
نَتھنی - (نتھ - نی) (ہ - ا - مونث) (۱) چھوٹی سی نتھ (۲) تلوار کے قبضہ کی کڑی - (۳) بیل کے ناک کی رسی۔
نتھی - (نتھ - تھی) (ہ - ا - مونث) (۱) کاغذ ٹانکنے کی ڈور - (۲) وہ سب کاغذ جو یکجا ایک دھاگے میں پروئے ہوئے ہوں (۳) شامل مسل۔
نتھی ہونا - (۱) شامل ہونا (۲) خواہ مخواہ کا ساتھ۔
نَتیجہ - (نَ - تی - جہ) (ع - ا - مذکر) (۱) انجام - خاتمہ - انتہا (۲) غرض - مطلب (۳) اصطلاح منطق میں وہ قول جو صغریٰ و کبریٰ کو ملا کر لفظ مکرر (حد اوسط) کے نکال دینے سے حاصل ہوتا ہے۔

## ن - ٹ

نٹ - (ہ - ا - مذکر) بازی گر
نٹ کھٹ - (۱) شریر - شوخ (۲) دغا باز۔
نٹنی - (نٹ - نی) (ہ - ا - مونث) نٹ کی جورو۔

## ن - ث

نِثار - (ع - ا - مذکر) صدقے - قربان۔
نَثّار - (نث - ثار) (ع - ا - مذکر) اچھی نثر لکھنے والا۔
نَثر - (ع - صفت) (۱) پراگندہ - تتر بتر - (۲) (مونث) وہ عبارت جو منظوم نہ ہو۔
نثری - (نث - ری) (ف - صفت) نثر سے متعلق۔

## ن - ج

نِج - (س - صفت) (۱) ذاتی (۲) گھریلو - خانگی۔
نج کا کام - پرائیویٹ کام - ذاتی کام۔

Marfat.com

نجابت۔ (نَ۔جا۔بَت) (ع۔ا۔مونث) شرافت۔ اصالت۔
نجات۔ (نَ۔جا۔ت) (ع۔ا۔مونث) رہائی۔ گناہ معاف ہونا۔
نجار۔ (نَج۔جار) (ع۔ا۔مذکر) بڑھئی۔ ترکھان۔
نجاست۔ (نَ۔جا۔سَت) (ع۔ا۔مونث) گندگی۔ ناپاکی۔
نجبا۔ (نُ۔جَ۔با) (ع۔ا۔مذکر) نجیب کی جمع۔ شرفاء
نجس۔ (نَ۔جِس) (ع۔صفت) گندہ۔ ناپاک۔ پلید۔
نجس العین۔ وہ چیز جس کا کھانا۔ پینا۔ چھونا ناجائز ہو۔
نجم۔ (ع۔ا۔مذکر) ستارہ۔ سیارہ۔
نجم الثاقب۔ چمکتا ہوا ستارہ۔ روشن ستارہ۔
نجوم۔ (نُ۔جُوم) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نجم کی جمع (۲) ستاروں کا علم
نجومی۔ (نُ۔جُو۔می) (أ ر۔ا۔مذکر) علم نجوم کا ماہر۔ جوتشی۔
نجی۔ (نِ۔جی) (أ ر۔صفت) ذاتی۔ نج کا۔
نجیب۔ (نَ۔جیب) (ع۔ا۔مذکر) شریف۔ بھلا مانس۔
نجیب الطرفین (۱) جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے شریف ہو۔ (۲) اصیل۔ خاندانی۔

# ن۔چ

نچا کھچا۔ (نُ۔چا۔کُھ۔چا) (ہ۔صفت) بچا کھچا۔ لُٹا ہوا۔
نچان۔ (نِ۔چان) (ہ۔ا۔مونث) پستی۔ نشیب۔ ڈھلان۔
نچانا۔ (نَ۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) رقص کرانا (۲) ناک میں دم کرنا۔
نچڑنا۔ (نِ۔چُڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹپکنا (۲) بھینچنے سے عرق نکلنا (۳) کمزور ہو جانا۔
نچلا۔ (نِچ۔لا) (ہ۔صفت) (۱) نیچے کا (۲) خاموش۔ چُپ چاپ
نچلا نہ بیٹھنا۔ چُپ نہ رہنا۔ کچھ نہ کچھ کیے جانا۔
نچنا۔ (نُچ۔نا) (ہ۔مص) نوچا جانا۔ کھسوٹا جانا۔
نچنت۔ (نِ۔چِنت) (ہ۔صفت) بے فکر۔ بے پروا۔ مطمئن۔
نچوانا۔ (نَچ۔وا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے نچانا۔
نچوڑ۔ (نِ۔چوڑ) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) رس (۲) ست۔ عطر۔ (۳) خلاصہ۔ نتیجہ۔
نچوڑ لینا۔ (۱) دبا کر عرق نکال لینا (۲) مفلس بنا دینا۔ (۳) چوس لینا۔
نچوڑنا۔ (نِ۔چوڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) دبانا۔ سُوتنا۔ (۲) دبا کر عرق نکالنا (۳) چوس لینا (۴) لاغر کر دینا (۵) کچھ باقی نہ چھوڑنا۔
نچھاور۔ (نِ۔چھا۔وَر) (ہ۔ا۔مذکر) وہ نقدی یا جنس جو کسی کے اوپر سے بطور صدقہ بکھیری جائے۔
نچھتر۔ (نِ۔چھَت۔تر) (ہ۔ا۔مذکر) (۱) مقدر (۲) راس کا حصہ۔

# ن۔ح

نحر۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) اُونٹ کا ذبح کرنا (۲) قربانی کرنا۔
نحس۔ (ع۔صفت) نامبارک۔ ناسازگار۔ منحوس۔
نحس قدم۔ وہ جس کا آنا منحوس اور نامبارک ثابت ہو۔
نحل۔ (ع۔ا۔مونث) شہد کی مکھی۔
نحو۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) طور۔ راستہ (۲) وہ علم جس سے کلمات کا جوڑنا توڑنا اور ان کا باہمی تعلق معلوم ہو۔
نحوست۔ (نُ۔حُو۔سَت) (ع۔ا۔مونث) بدنصیبی۔ منحوس ہونا۔
نحوی۔ (نَح۔وی) (ع۔صفت) (۱) نحو سے متعلق۔ (۲) (مذکر) علم نحو کا ماہر۔
نحیف۔ (نَ۔حیف) (ع۔صفت) دُبلا۔ پتلا۔ کمزور۔ لاغر۔

# ن۔خ

نخاس۔ (نَخ۔خاس) (ع۔ا۔مذکر) چوپایوں کا بازار منڈی۔
نخاس پر بھیجنا۔ بازار دکھانا۔ بیچنے کے لیے بازار بھیجنا۔
نخاس چڑھنا۔ بازار میں بکنے کے لیے جانا۔ بے حد بدنامی ہونا۔
نخچیر۔ (نَخ۔چیر) (ف۔ا۔مذکر) شکار۔ شکار کیا ہُوا جانور۔
نخرا۔ نخرہ۔ (نَخ۔را) (نَخ۔رَہ) (ف۔ا۔مذکر) عشوہ۔ غمزہ۔ ناز۔
نخرے باز۔ عشوہ گر۔ نخرہ کرنے والا۔
نخرے بازی۔ (مونث) عشوہ گری۔ لاڈ۔ چونچلا۔ ناز و ادا۔
نخرے میں آجانا۔ مغرور ہو جانا۔ ادائیں دکھانے لگنا۔
نخستیں۔ (نُ۔خُس۔تیں) (ف۔صفت) پہلا۔ ابتدائی۔
نخشب۔ (نَخ۔شَب) (ف۔ا۔مذکر) ترکستان کے ایک شہر کا نام۔ جہاں حکیم ابن مقنع نے کنوئیں سے ایک چاند نکالا تھا۔ جس کی روشنی چار فرسنگ تک پہنچتی تھی۔
نخل۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) کھجور کا درخت (۲) عام درخت۔
نخل حیات۔ زندگی کا درخت۔ مراد زندگی۔
نخلستان۔ (نَخ۔لِس۔تا۔ن) (ف۔ا۔مذکر) کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ ریگستان میں سرسبز و شاداب قطعہ۔
نخوت۔ (نَخ۔وَت) (ع۔ا۔مونث) گھمنڈ۔ غرور۔ (اُردو میں بفتح نون مستعمل ہے)۔
نخود۔ (نَ۔خُد) (ف۔ا۔مذکر)۔ چنا۔

Marfat.com

## ن - د

نِدا ۔ (نِ ۔ دا) (ع ۔ ا ۔ مونث) ۔ آواز ۔ صدا ۔
نَدارد ۔ (نَ ۔ دا ۔ رَد) (ف ۔ صفت) (۱) خالی (۲) نہیں ۔ غیر حاضر ۔
نَدّاف ۔ (نَد ۔ داف) (ع ۔ ا ۔ مذکر) روئی دُھنکنے والا ۔ دُھنیا ۔
نَدّافی ۔ (نَد ۔ دا ۔ فی) (ع ۔ ا ۔ مونث) روئی دُھنکنے کا پیشہ ۔
نَدامت ۔ (نَ ۔ دا ۔ مَت) (ع ۔ ا ۔ مونث) شرمندگی ۔ پشیمانی ۔ خجالت ۔
نُدرت ۔ (نُد ۔ رَت) (ع ۔ ا ۔ مونث) عمدگی ۔ یکتائی ۔ انوکھاپن ۔
نُدما ۔ (نُ ۔ دَ ۔ ما) (ع ۔ ا ۔ مذکر) ندیم کی جمع ۔
ندوہ ۔ (ند ۔ وہ) (ع ۔ ا ۔ مذکر) مجلس ۔ انجمن ۔ سبھا ۔
ندی ۔ (نَ ۔ دی) (نَد ۔ دی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) چھوٹا دریا ۔
ندیدہ ۔ (نَ ۔ دی ۔ دَہ) (ف ۔ صفت) (۱) بن دیکھا ہوا (۲) (اُر ۔ صفت) حریص ۔ لالچی ۔
ندیم ۔ (نَ ۔ دِیم) (ع ۔ ا ۔ مذکر) دوست ۔ ساتھی ۔ مصاحب ۔

## ن - ڈ

نِڈر ۔ (نِ ۔ ڈر) (ہ ۔ صفت) بے خوف ۔ دلیر ۔ بہادر ۔
نِڈھال ۔ (نِ ۔ ڈھال) (ہ ۔ صفت) تھکا ہوا ۔ بےکَل ۔

## ن - ذ

نذر ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) منت ۔ صدقہ ۔ چڑھاوا ۔ (۲) فاتحہ ۔ تحفہ ۔
نذر دینا ۔ (۱) کسی بڑے کے سامنے کوئی چیز بطور تحفہ پیش کرنا ۔ (۲) رشوت دینا ۔ (۳) فاتحہ دینا ۔
نذر کرنا ۔ (۱) بھینٹ چڑھانا ۔ پیش کرنا (۲) رشوت دینا ۔
نذر گزراننا ۔ کسی کے سامنے نقدی پیش کرنا ۔
نذر ماننا ۔ منت ماننا ۔ کسی بات کو اپنے اوپر واجب کر لینا ۔
نذرانہ ۔ (نَذ ۔ را ۔ نَہ) (ف ۔ ا ۔ مذکر) پیش کش ۔ تحفہ ۔ ہدیہ ۔
نذیر ۔ (نَ ۔ ذِیر) (ع ۔ صفت ۔ وا ۔ مذکر) ڈرانے والا ۔ خدا کا خوف دلانے والا ۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا لقب ۔

## ن - ر

نر ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) مرد ۔ مذکر ۔
نرگاؤ ۔ بیل ۔ گائے کا نر ۔
نر مادہ ۔ نر مادین ۔ (۱) مرد اور عورت (۲) طبلہ کا دایاں اور بایاں ۔
نرشِ ۔ مینڈھا ۔
نِر ۔ (س) نہ ۔ نہیں (مرکبات میں بطور لاحقہ) ۔
نراش ۔ مایوس ۔ ناامید ۔
نراشا ۔ (مونث) مایوسی ۔ ناامیدی ۔
نربل ۔ کمزور ۔ ناتوان
نردوش ۔ نردوکھ ۔ بے خطا ۔ بے قصور ۔ معصوم ۔
نردھن ۔ مفلس ۔ نادار ۔ کنگال ۔
نردئی ۔ سنگدل ۔ ظالم ۔
نروان ۔ (مذکر) نجات ۔ مکتی ۔
نِرا ۔ (نِ ۔ را) (ہ ۔ صفت) (۱) صرف ۔ محض (۲) بالکل ۔
نِراج ۔ (ہ ۔ ا ۔ مذکر) (۱) لاقانونیت (۲) فوضویت ۔ یہ سیاسی عقیدہ کہ مرکزی طاقت ظلم وتشدد پہ منتج ہوتی ہے ۔ اس لیے کسی مرکزی حکومت کی ضرورت نہیں ۔ انارکزم ۔
نراجی ۔ (نِ ۔ را ۔ جی) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) حکومت دشمن ۔ فوضوی ۔ انارکسٹ ۔
نرالا ۔ (نِ ۔ را ۔ لا) (ہ ۔ صفت) انوکھا ۔ سب سے الگ ۔
نرالاپن ۔ (مذکر) انوکھاپن ۔
نرالی ۔ (ہ ۔ صفت) نرالا کی تانیث ۔
نرائی ۔ (نَ ۔ را ۔ ئی) (ہ ۔ ا ۔ مونث) باغ یا کھیت کو خودرَو گھاس پھونس اور کانٹوں وغیرہ سے صاف کرنا ۔
نرخ ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) بھاؤ ۔ شرح ۔ دَر ۔
نرخنامہ ۔ (مذکر) بازار کے بھاؤ کی فہرست ۔
نرخرا ۔ (نَر ۔ خَ ۔ را) (اُر ۔ ا ۔ مذکر) ٹینٹوا ۔ حلقوم ۔ گلے کی نالی ۔
نرد ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) ایک کھیل جسے تختۂ نرد بھی کہتے ہیں (۲) چوسر کی گوٹ ۔ شطرنج کا مہرہ ۔
نرس ۔ (NURSE) (انگ ۔ ا ۔ مونث) تیمارداری کرنے والی عورت ۔
نرسری ۔ (NURSERY) (نَر ۔ سَ ۔ ری) (انگ ۔ ا ۔ مونث) ۔ پھول بوٹے اُگانے اور ان کے پرورش کرنے کی جگہ ۔ وغیرہ ۔
نرسل ۔ (نَر ۔ سَل) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) سرکنڈا ۔ نرکل ۔
نرسنگ ۔ (NURSING) (انگ ۔ ا ۔ مونث) تیمارداری کرنا ۔ نرس کا پیشہ یا کام ۔
نرسنگا ۔ (نَر ۔ سِنگا) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) ایک قسم کا بجانے کا سینگ ۔ بگل ۔ تُرئی ۔ سنکھ ۔
نرغہ ۔ (نَر ۔ غَہ) (اُر ۔ ا ۔ مذکر) (۱) آدمیوں کا گھیرا ۔ (۲) ہجوم ۔ بھیڑ ۔
نرغے میں آجانا ۔ (۱) چاروں طرف سے گھیر لیا جانا ۔ (۲) آفت میں مبتلا ہو جانا ۔ مصیبت میں پھنس جانا ۔
نرک ۔ (س ۔ ا ۔ مذکر) دوزخ ۔ جہنم ۔ پاتال ۔
نرکل ۔ (نَر ۔ کَل) (ہ ۔ ا ۔ مذکر) نرسل ۔ سرکنڈا ۔
نرگس ۔ (نَر ۔ گِس) (ف ۔ ا ۔ مونث) ایک پھول ۔
نرگسِ بیمار ۔ مخمور آنکھ ۔ مست آنکھ ۔
نرگسِ شہلا ۔ نرگس کی ایک قسم ۔

Marfat.com

نرگسی - (نَر - گِ - سی) (ف - صفت) (۱) نرگس سے مشابہ (۲) ایک قسم کا کپڑا۔
نرگسی پلاؤ - اُبلے ہوئے انڈے ڈال کر تیار کیا ہوا پلاؤ۔
نرگسی کوفتے - (مذکر) کوفتے جن کے اندر اُبلے ہوئے انڈے ڈال کر تل لیا جاتا ہے۔
نرم - (ف - صفت) (۱) ملائم (۲) ڈھیلا (۳) سُست۔
نرم دل - رحم دل - نیک۔
نرم گرم - سخت سُست - بُرا بھلا۔
نرمانا - (اُ - مص) نرم کرنا - دھیما کرنا۔
نراہٹ - (نَر - ما - ہَٹ) (اُ - ا - مونث) نرمی - ملائمت۔
نرمہ - (نَر - مَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) کان کی لَو (۲) ایک قسم کا کپڑا - ایک قسم کی کپاس۔
نرمی - (ف - ا - مونث) (۱) ملائمت (۲) دھیما پن (۳) مہربانی - (۴) آہستگی۔
نرنجن - (نَ - رَن - جَن) (س - ا - مذکر) خدا - ایشور۔
نروان - (نر - وان) (س - ا - مذکر) نربھے تحت دیکھیے۔
نری - (نَ - ری) (ف - ا - مذکر) بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا۔
نری - (ف - صفت) نرا کی تانیث۔
نرینہ - (نَ - ری - نَہ) (ف - صفت) نر۔

## ن - ز

نزار - (نِ - زار) (ف - صفت) (۱) دُبلا - کمزور (۲) مفلس۔
نزاع - (نِ - زاع) (ع - ا - مونث) جھگڑا - فساد۔
نزاع لفظی - لسانی بحث و تکرار۔
نزاکت - (نَ - زا - کَت) (ف - ا - مونث) (۱) نازک ہونا - (۲) خوبی - نفاست - (۳) کمزوری۔
نزد - (ف) نزدیک - پاس - قریب۔
نزدیک - (نَز - دِیک) (ف - صفت) (۱) قریب - پاس (۲) بارے میں - سمجھ میں۔
نزدیک بین - پاس کی چیز دیکھنے والا۔
نزدیک پھٹکنا - قریب آنا۔
نزدیکی - (نَز - دی - کی) (اُ - صفت) قربت - پاس۔
نزع - (ع - ا - مونث) جان کنی - دم ٹوٹنا۔
نزلہ - (نَز - لَہ) (ع - ا - مذکر) ایک مرض جس کی رطوبت کا اثر حلق، آنکھوں، دانتوں اور بالوں پر ہوتا ہے۔
نزلہ بر عضوِ ضعیف می ریزد - (مثل) مصیبت ہمیشہ کمزور پر ہی آتی ہے - کمزور اور غریب کی ہر جگہ خرابی ہے۔
نزلہ گرنا - (۱) نزلہ کا کسی عضو پر حملہ کرنا (۲) شامت آنا۔
نزول - (نُ - زُول) (ع - ا - مذکر) (۱) اُترنا - نازل ہونا - (مونث) (۲) سرکاری زمین - ضبط کی ہوئی زمین۔
نزولِ اجلال - کسی بڑے مرتبہ والے شخص کا آنا۔
نزولِ وحی - پیغمبر پر احکام الٰہی کا نازل ہونا - وحی آنا۔
نزہت - (نُز - ہَت) (ع - ا - مونث) پاکیزگی - تر و تازگی۔

## ن - ژ

نژاد - (نِ - ژاد) (ف - ا - مونث) اصل - نسل - نسب۔

## ن - س

نس - (ہ - ا - مونث) رگ - ریشہ - خون کی باریک نالی۔
نس مرنا - رگ کا کمزور ہو جانا - پٹھے کا کمزور ہو جانا۔
نسا - (نِ - سا) (ع - ا - مونث) عورتیں - بیویاں۔
نسب - (نَ - سَب) (ع - ا - مذکر) اصل - نسل - سلسلہ - خاندان۔
نسب نامہ - (مذکر) خاندان کا شجرہ - کرسی نامہ۔
نسب نما - (مذکر) علم حساب میں وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے بڑے حصے کیے گئے ہیں۔
نسبت - (نِس - بَت) (ع - ا - مونث) (۱) کسی چیز کی طرف منسوب ہونا - (۲) علاقہ - تعلق (۳) مطابقت - مشابہت - (۴) منگنی (۵) (تابع فعل) بابت (۶) مقابلے میں۔
نسبت ٹھہرنا - شادی کی بات پکی ہونا۔
نسبت رکھنا - تعلق رکھنا - لگاؤ رکھنا۔
نسبت ہونا - (۱) تعلق ہونا - مطابقت ہونا - (۲) منگنی ہونا۔
نسبتی - (نِس - بَ - تی) (اُ - صفت) رشتہ دار - قرابت دار۔
نسبتی بھائی - (۱) بہنوئی - (۲) سالا۔
نسبی - (نَ - سَ - بی) (ع - صفت) خاندانی - نسب سے تعلق رکھنے والی۔
نسترن - (نَس - تَ - رَن) (ف - ا - مونث) سیوتی کا پھول۔
نستعلیق - (نَس - تَع - لِیق) (ع - ا - مذکر) فارسی اور اردو کا ایک رسم الخط جو صاف اور سیدھا ہوتا ہے - (۲) (صفت) مہذب - متین۔
نسخ - (ع - ا - مذکر) (۱) منسوخی (۲) عربی کا قدیم طرز تحریر۔
نسخہ - (نُس - خَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) نوشتہ - مکتوب (۲) کتاب - جلد (۳) کاغذ کا وہ پرچہ جس پر طبیب دوائیں تجویز کرتا ہے - (۴) ترکیب - طریقہ - ڈھنگ۔
نسرین - (نَس - رِین) (ف - ا - مونث) دیکھیے نسترن۔
نسق - (نَ - سَق) (ع - ا - مذکر) قاعدہ دستور - استحکام۔
نسل - (ع - ا - مونث) بال بچے - قبیلہ - خاندان۔
نسلاً بعد نسلٍ - (نَس - لَن - بَعد - نَس - لِن) (ع - تابع فعل) پشت در پشت۔
نسلی - (نَس - لی) (ع - صفت) نسل سے متعلق - اچھی نسل کا۔
نس وار - (نَس - وار) (ہ - ا - مونث) سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو - ہلاس ناس۔
نسواں - (نِس - واں) (ع - ا - مونث) (۱) عورتیں (۲) بیویاں۔
نسوانی - (ع - صفت) عورتوں سے متعلق۔
نسیاً منسیا - (نَس - یَم - مَن - سی - یا) (ع - صفت) ذہن سے اُترا ہوا - بھولا ہوا - فراموش شدہ۔

Marfat.com

نِسیان - (نِس - یان) (ع - ا - مذکر) (۱) بھول چوک (۲) ایک مرض جس میں انسان کے ذہن سے گذشتہ واقعات محو ہو جاتے ہیں۔

نسیم - (نَ - سیم) (ع - ا - مونث) پچھلی رات کی نرم و معطر ہوا۔

نسیم سحر (سحری) - صبح کی ہوا۔ ہلکی ہلکی خوشبودار ہوا۔

## ن - ش

نشا - (نَ - شا) (ت - و - ا - مذکر) دیکھیے نشہ۔

نشأة - (نَش - اَت) (ع - ا - مونث) پیدائش - آغاز -

نشأة ثانیہ - کسی قوم یا ملک کا از سرِ نو ترقی کرنا -

نشاطِ خاطر - (اُر - ا - مونث) اطمینان - دل جمعی - تسلی -

نشاستہ - (نَ - شاس - تہ) (ت - ا - مذکر) (۱) گیہوں کا ست (۲) کلف -

نشاط - (نَ - شاط) (ع - ا - مونث) خوشی - شادمانی - فرحت

نشاط افزا - فرحت بڑھانے والا -

نشاطِ کار - کام کرنے کی اُمنگ - کارگذاری کا شوق -

نشان (ت - ا - مذکر) (۱) آثار (۲) کھوج - سراغ - (۳) چھاپا (۴) یادگار (۵) جھنڈا (۶) داغ (۷) بادشاہ کا فرمان (۸) تمغہ -

نشان بردار - علم بردار - جھنڈا لے کر چلنے والا -

نشانِ پا - قدم کا نشان جو چلنے میں زمین پر بن جاتا ہے -

نشان پڑنا - دھبا پڑنا - چوٹ کی علامت باقی رہنا -

نشان دہی - (مونث) سراغ رسانی - پتا دینا - ٹھکانا بتانا -

نشانچی - (نِ - شان - چی) - (ت - ا - مذکر) عمدہ نشانہ لگانے والا -

نشانہ - (ت - ا - مذکر) (۱) ہدف - وہ علامت جو گولی یا تیر کی مشق کے لیے بنائی جائے - گولی یا تیر مارنے کی جگہ -

نشانہ اُڑا دینا - گولی یا تیر مار کر ہدف کا نشان اُڑا دینا -

نشانہ انداز - ٹھیک نشانہ باندھنے والا -

نشانہ چوکنا (خطا کرنا) - نشانہ ہدف پر نہ بیٹھنا -

نشانہ ہونا - گولی یا تیر سے مارا جانا - مر جانا -

نشانی - (ت - ا - مونث) (۱) یادگار (۲) پہچان - (۳) نسل - خاندان -

نشتر - (نِش - تَر) (ت - ا - مذکر) نیشتر کا مخفف - زخم چیرنے کا اوزار -

نشتر دینا (لگانا) - نشتر سے چیرنا -

نشر - (ع - ا - مذکر) (۱) زندہ کرنا یا ہونا - (۲) اشاعت (۳) بکھیرنا -

نشرہ - (نَش - رَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) بچے کے قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی (۲) دعا - ب - ت جو مکتب نشینی کے دن اُستاد بچے کی تختی پر زعفران اور شجرف سے لکھتا تھا -

نشریات - (نَش - ری - آت) (ع - ا - مونث) لاسلکی کے ذریعہ نشر کرنے کا سلسلہ - براڈ کاسٹنگ -

نشست - (نِ - شَست) (ت - ا - مونث) (۱) بیٹھک کرسی - (۲) موزونیت (۳) صحبت (۴) بیٹھنے کی جگہ -

نشست برخاست - (مونث) (۱) اُٹھنا بیٹھنا (۲) آداب مجلس

نشست گاہ - (مونث) بیٹھک - دیوان خانہ - بیٹھنے کی جگہ -

نشو - (ع - ا - مذکر) اُگنا - پیدا ہونا - بڑھنا - پھولنا -

نشو و نما - (مذکر و مونث) - بالیدگی - روئیدگی - پھولنا - پھلنا -

نشور - (ع - ا - مذکر) مُردے کا قیامت کے دن اُٹھنا -

نشہ - نشّہ - (نَ - شہ) (نَش - شَہ) (ت - ا - مذکر) - (۱) مستی - سُرور - (۲) غرور - گھمنڈ -

نشہ باز - نشے کا عادی - نشے کا شوق رکھنے والا - شرابی -

نشہ پانی - (مذکر) نشے کی چیز کھانا پینا -

نشہ ہرن ہونا - (۱) کسی خوف یا صدمے کے باعث نشے کا ختم ہو جانا (۲) غفلت جاتی رہنا -

نشے میں غین - خمار کی زیادتی سے مدہوش -

نشیب - (نَ - شیب) (ت - ا - مذکر) پستی - گہرائی - نچان -

نشیب و فراز - (مذکر) اونچ نیچ - اُتار چڑھاؤ -

نشیلا - (نَ - شی - لا) (اُر - صفت) نشہ میں بدمست - متوالا - (۲) نشہ آور - جس سے نشہ پیدا ہو -

نشیلی - (اُر - صفت) - نشیلا کی تانیث -

نشیمن - (نَ - شے - مَن) (ت - ا - مذکر) (۱) مسکن - (۲) - آشیانہ - گھونسلا -

نشیں - (نَ - شیں) (ت - صفت) بیٹھنے والا - (عموماً بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے گوشہ نشیں) -

نشینی - (ت - ا - مونث) بیٹھنا - (مرکبات میں ' جیسے تخت نشینی) -

## ن - ص

نص - (ع - ا - مونث) (۱) قطعی حکم (۲) قرآن پاک کی وہ آیتیں جو صاف اور صریح ہوں -

نصِ قرآنی - قرآن مجید کے واضح احکام -

نصِ ناطق - ایسا کلام جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو

نصاب - (ع - ا - مذکر) (۱) پڑھائی کا کورس - (۲) سرمایہ - مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو

نصاب تعلیم - وہ کتابیں جو کسی خاص جماعت کے لیے مقرر کی گئی ہوں -

نصابی - (نِ - صا - بی) (ع - صفت) نصاب سے متعلق -

نصاریٰ - (نَ - صا - را) (ع - ا - مذکر) نصرانی کی جمع - عیسائی -

نصائح - (نَ - صا - ءِح) (ع - ا - مونث) نصیحت کی جمع -

نصب - (ع - ا - مذکر) (۱) کھڑا کرنا - لگانا - قائم کرنا (۲)

Marfat.com

(۲) زبر۔ زبر کی علامت۔
نصبُ العین۔ (۱) اصلی مقصد۔ دلی منشا (۲) اُصول۔
نصر۔ (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) مدد۔ یاری۔ (۲) فتح۔ ظفر۔
نصرٌ مِّن اللہِ و فتحٌ قریب۔ (آیت قرآنی)۔ خداوند تعالےٰ کی مدد شامل حال ہو تو فتح نزدیک ہے۔
نصرانی۔ (نص۔ را۔ نی) (ع۔ا۔ مؤنث) عیسائی مذہب۔
نصرت۔ (نص۔ رت) (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) مدد۔ (۲) فتح۔
نصف۔ (ع۔ صفت) آدھا۔ نیم۔
نصفُ النہار۔ (۱) وہ فرضی خط جو قطب شمالی سے قطب جنوبی تک کھینچے جائیں۔ (۲) دوپہر کا وقت۔
نصفا نصف، نصفی۔ (ا۔ صفت) آدھا آدھا۔ آدھوں آدھ۔ برابر کی تقسیم۔
نصوح۔ (نَ۔ صُوح) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) خالص (۲) نصیحت کرنے والا۔
نصوص۔ (نُ۔ صُوص) (ع۔ا۔ مؤنث) نص کی جمع۔
نصیب۔ (نَ۔ صیب) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) قسمت (۲) حصّہ۔
نصیب آزمانا۔ کوشش کرنا اور نتیجہ کو قسمت پر چھوڑ دینا۔
نصیب اعدا (دشمناں)۔ شگون کا کلمہ (دشمنوں کو نصیب ہو)۔
نصیبوں جلی۔ بدقسمت عورت۔ بدنصیب عورت۔
نصیبوں کے بلّے بچھائی چھینکا ٹوٹا۔ (مثل) قسمت دیکھو کیا کچھ اور ہوگیا کچھ۔
نصیبہ۔ (نَ۔ صی۔ بہ) (ع۔ا۔ مذکر) قسمت نصیب۔ تقدیر۔
نصیبے ور۔ قسمت والا۔ بھاگوان۔ خوش قسمت۔
نصیحت۔ (نَ۔ صی۔ حت) (ع۔ا۔ مؤنث) پند۔ اچھی صلاح۔ نیک مشورہ۔
نصیحت آمیز۔ وہ بات جس میں نیک مشورہ شامل ہو۔
نصیحت پذیر۔ نیک مشورے کو مان لینے والا۔
نصیحت ہونا۔ تنبیہ ہونا۔ کان ہونا۔
نصیر۔ (نَ۔ صیر) (ع۔ا۔ مذکر) مدد کرنے والا۔ مددگار۔
نصیری۔ (نُ۔ صے۔ ری) (ع۔ صفت) (۱) حضرت علیؓ کو خدا ماننے والا فرقہ (۲) شیدائی۔ جان نثار۔

## ن - ط

نطفہ۔ (نُط۔ فہ) (ع۔ا۔ مذکر) (۱) منی (۲) اولاد۔
نطفہ بے تحقیق۔ (۱) حرامی (۲) بد اصل۔ بدذات۔
نطفہ ٹھہرنا (قرار پانا)۔ حمل ہونا۔
نطق۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) گویائی۔ بولنے کی قوت۔ (۲) بات۔

## ن - ظ

نظارت۔ (نَ۔ ظا۔ رت) (ع۔ا۔ مؤنث)۔ ناظر کا عہدہ یا محکمہ۔
نظارگی۔ (نَظ۔ ظا۔ رَ۔ گی) (ف۔ا۔ مؤنث) (۱) دیکھنا۔ (۲) تماشہ بینی۔
نظّارہ۔ (نَظ۔ ظا۔ رہ) (نَ۔ ظا۔ رہ) (ف۔ا۔ مذکر) (۱) دیکھنا (۲) دیدار (۳) نظر۔ چتون۔
نظارہ بازی۔ (مؤنث) نظربازی۔ گھورا گھاری۔
نظارہ کرنا۔ دیکھنا۔
نظام۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) جوڑ۔ بنیاد (۲) سلسلہ۔ ترتیب (۴) انتظام (۵) آراستگی (۶) طریقہ۔ روش (۷) نواب دکن کا موروثی خطاب۔
نظامِ بطلیموس۔ حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین کو مرکز قرار دیا گیا ہے۔ اور اس کے گرد۔ سورج۔ چاند۔ ستاروں کو گردش کرتے مانا گیا ہے۔
نظامِ شمسی۔ سورج کے گرد سیاروں کی گردش کا طریقہ۔
نظامت۔ (نِ۔ ظا۔ مت) (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) ناظم کا عہدہ۔ (۲) انتظام (۳) محکمہ۔ دفتر۔
نظامی۔ (ف۔ صفت) (۱) سلسلہ نظامیہ کا مرید جو کہ حضرت نظام الدین اولیا سے منسوب ہے (۲) نظام الملک وزیر سے منسوب۔
نظامیہ۔ (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) بغداد کی قدیم یونیورسٹی۔ (۲) تصوّف کا ایک سلسلہ جو حضرت نظام الدین اولیا سے منسوب ہے۔
نظر۔ (نَ۔ ظر) (ع۔ا۔ مؤنث) (۱) بغور دیکھنا۔ (۲) نگاہ۔ بینائی (۳) نگرانی (۴) تمیز۔ پرکھ (۵) توجہ (۶) بھوت پریت کا اثر۔ آسیب۔
نظر آنا۔ (۱) دکھائی دینا (۲) دھیان میں آنا۔
نظر اتارنا۔ صدقہ دینا۔ کسی عمل یا منتر سے بری نظر کا اثر دور کرنا۔
نظر انداز کرنا۔ (۱) توجہ نہ کرنا (۲) نامنظور کرنا۔ (۳) نگاہ سے گرانا۔
نظرباز۔ حسن پرست۔
نظربازی۔ (مؤنث) گھورا گھاری۔ تاک جھانک۔
نظربد۔ (۱) بری نظر۔ (۲) بری نظر کا اثر۔
نظربند۔ وہ شخص جسے عدالت میں مقدمہ چلائے بغیر قید رکھا جائے یا اس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے۔
نظربندی۔ (مؤنث) (۱) قید۔ حراست (۲) شعبدہ۔ جادوگری۔
نظر بھر کر دیکھنا۔ خوب غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا۔
نظر (نظروں) پہ چڑھنا۔ (۱) پسند آنا (۲) جچنا۔
نظر پڑنا۔ دکھائی دینا۔ معلوم ہونا۔
نظرثانی۔ ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔
نظر دوڑانا۔ (۱) چاروں طرف دیکھنا۔ (۲) جائزہ لینا۔
نظر ڈالنا۔ دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔ سرسری نظر سے دیکھنا۔
نظر رکھنا۔ (۱) محبت کی نظر سے دیکھنا۔ (۲) خبر رکھنا۔ (۳) ارادہ رکھنا۔
نظر سے۔ لحاظ کرکے۔ خیال کرکے۔
نظر سے اترنا۔ بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔

Marfat.com

نظر فریب - نظر کو لُبھانے والا -
نظر گذر (کا (کی) - وہ چیز جو نظر لگ جانے کے خوف سے تھوڑی سی کسی کو دے دی جائے - یا زمین پر گرا دی جائے -
نظر لگ جانا، لگنا - بُری نظر کا اثر ہو جانا -
نظر میں - (۱) نگاہ میں - خیال میں (۲) سامنے - دھیان میں - (۳) دیکھنے میں -
نظر میں جچنا - پسند آنا - بھلا معلوم ہونا -
نظر (نظروں) میں رکھنا - زیرِ نگرانی رکھنا - دھیان میں رکھنا -
نظر (نظروں) میں سمانا - پیارا لگنا - مقبول ہونا -
نظر میں ہونا - خیال میں ہونا - یاد ہونا - ذہن میں ہونا -
نظر نہ آنا - دکھائی نہ دینا - ناپید ہونا -
نظر نہ ہونا - توجہ نہ ہونا - پروا نہ ہونا -
نظر ہو جانا - نظرِ بد کا اثر ہو جانا - نظر لگ جانا -
نظر ہونا - (۱) پہچان ہونا - تمیز ہونا (۲) نظر لگنا (۳) توجہ ہونا - خیال ہونا - (۴) علمِ نجوم میں ایک ستارے کا دوسرے ستارے پر اثر انداز ہونا -
نظروں نظروں میں - آنکھوں میں - آنکھوں کے سامنے -
نظری - (نَ - ظَ - ری) (ع - صفت) (۱) خیالی - قیاسی - (۲) وہ علم جس میں موجودات کے تصور سے بحث کی جاتی ہے -
نظرے - (نَ - ظَ - رے) (ف) ایک نگاہ -
نظرے خوش گزرے - اُڑتی ہوئی نظر - سرسری نظر -
نظریات - (نَ - ظَ - ری - یات) (ع - ا - مذکر) - نظریہ کی جمع - مسائلِ فکری - اُصول - قاعدے - تعلیمات -
نظریاتی - (نَ - ظَ - ری - یا - تی) (ع - صفت) منسوب بہ نظریات - علم النظریات سے تعلق رکھنے والی شے -
نظریہ - (نَ - ظَ - ری - یَہ) (ع - ا - مذکر) وہ مسئلہ جس میں نظر و فکر سے کام لیا جائے - تھیوری - اُصول -
نظریۂ ارتقا - ڈارون کا نظریہ کہ جاندار چیزوں کو کسی نے موجودہ شکل میں خلق نہیں کیا ہے بلکہ ہر شے بقا سے اصلح اور انتخاب کے اصول کے تحت ڈھلتی اور ترقی کرتی رہتی ہے -
نظریۂ اضافیت - آئن سٹائن کا نظریہ کہ زمان و مکان مطلق حقیقت نہیں ہیں بلکہ اضافی حیثیت رکھتے ہیں -
نظم - (ع - ا - مونث) (۱) لڑی - سلک (۲) موزوں کلام - شعر - (۳) (مذکر) بندوبست - انتظام -
نظمِ مُعرّیٰ - ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں -
نظم و نسق - (مذکر) بندوبست - انتظام - حکومت کا قاعدہ -
نظم ہونا - کسی مضمون کا اشعار میں منقول ہونا -
نظیر - (نَ - ظیر) (ع - صفت) (۱) مانند (۲) نمونہ - مثال -
نظیر دینا - حوالہ دینا - مثال پیش کرنا -
نظیف - (نَ - ظیف) (ع - صفت) پاکیزہ - پاک - حلال -

## ن - ع

نعت - (ع - ا - مونث) (۱) مدح - ثنا - تعریف - (۲) - رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی شان میں مدحیہ اشعار -
نعت خوان - نعت پڑھنے والا -
نعتیہ - (نَع - تی - یَہ) (ع - صفت) نعت سے منسوب -
نعتیہ کلام - (مذکر) حضور نبی کریمؐ کی توصیف میں کہے ہوئے اشعار -
نعرہ - (نَع - رَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) للکار (۲) آہ و بکا -
نعرہ زن - نعرہ مارنے والا - فریاد کرنے والا -
نعرہ زنی - (مونث) شور کرنا - فریاد کرنا -
نعرہ کھینچنا - نعرہ مارنا -
نعش - (ع - ا - مونث) (۱) تابوت (۲) لاش - میّت -
نعل - (ع - ا - مونث) (۱) جُوتا (۲) گھوڑے بیل وغیرہ کے کھُر میں لگانے کا آہنی حاشیہ (۳) لوہا جو جُوتی کی ایڑی میں لگاتے ہیں (۴) خراج - نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو ادا کیا جائے -
نعل بند - نعل بنانے والا - نعل باندھنے والا -
نعل بندی - (مونث) (۱) نعل باندھنے کا پیشہ - (۲) نعل لگانے کی اُجرت -
نعلین - (نَع - لَین) (ع - ا - مونث) نعل کا تثنیہ - جوڑا - دونوں جوتیاں - جوتیوں کا جوڑا -
نعلین تحت العین (نعلین در بغلین) - جوتوں کو بغل میں دبا کر رکھنا چاہیے - تاکہ چوری نہ ہو جائیں -
نِعَم - (نِ - عَم) (ع - ا - مونث) نعمت کی جمع -
نِعْمَ - (ع) بہت خوب! نہایت عمدہ!
نعم البدل - اچھا بدلہ - نیک عوض -
نعمت - (نِع - مت) (ع - ا - مونث) (۱) مال و دولت - (۲) بخشش (۳) لذیذ چیز -
نعمت خانہ - (مذکر) کھانے پینے کا سامان رکھنے کی الماری -
نعمتِ غیر مترقبہ - وہ دولت جس کے حصول کا گمان نہ ہو
نعوذُ باللہ - (ع - ا - مذکر) ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں -
نعیم - (نَ - عیم) (ع - ا - مذکر) (۱) نعمت (۲) انعام میں ملی ہوئی چیز - (۳) نعمت والا -

## ن - غ

نغز - (ف - صفت) خوب - عمدہ - اچھا - اعلیٰ -
نغز گو (گفتار) - جس کی گفتگو شیریں اور پاکیزہ ہو -
نغمات - (نَغ - مات) (ع - ا - مونث) نغمہ کی جمع -
نغمہ - (نَغ - مَہ) (ع - ا - مذکر) راگ - گیت - ترانہ -
نغمہ پرداز (ریز - زن - سرا - سنج - طراز) گانے والا -
نغمہ سرائی (سنجی) - (مونث) گانا - گیت گانا - ترنم

Marfat.com

# ن ۔ ف

نَفّاخ ۔ (نَف ۔ فاخ ، (ع ۔ صفت) (۱) پُھلانے والا ۔ (۲) نتیجہ پیدا کرنے والا ۔

نَفاذ ۔ (نَ ۔ فاذ ، (ع ۔ا ۔ مذکر) جاری ہونا ۔ عائد ہونا ۔ لاگو ہونا ۔

نِفاس ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر) وہ خون جو عورت کو بچہ کی پیدائش کے بعد چالیس روز تک آتا ہے ۔

نفاست ۔ (نَ ۔ فا ۔ سَت ، (ع ۔ا ۔ مونث) خوبی ۔ صفائی ۔

نِفاق ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی ۔ (۲) نا اتفاقی ۔

نِفت ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر) مٹی کا تیل ۔

نَفخ ۔ (ع ۔ا ۔ مونث) (۱) پھونکنا (۲) پُھولنا ۔

نفخِ (نفخۂ) صُور ۔ وہ صور جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل پھونکیں گے ۔ اور جس سے تمام دنیا نیست و نابود ہو جائے گی ۔

نَفَر ۔ (نَ ۔ فَر ، (ف ۔ا ۔ مذکر) (۱) تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ (۲) نوکر (۳) مزدور (۴) ایک آدمی ۔ (۵) سائیس ۔

نفرت ۔ (نف ۔ رَت ، (ع ۔ا ۔ مونث) (۱) گھن ۔ کراہت ۔ (۲) بیزاری (۳) ناپسندیدگی ۔ ناگواری ۔

نفرت انگیز ۔ نفرت دلانے والا ۔ کراہیت دلانے والا ۔

نَفَری ۔ (نَ ۔ فَ ۔ ری ، (اُ ۔ا ۔ مونث) (۱) روزانہ مزدوری اُجرت (۲) ایک آدمی کا ایک دن کا کام ۔ (۳) فی آدمی (۴) تعداد ۔

نفرین ۔ (نف ۔ رین ، (ع ۔ا ۔ مونث) ملامت ۔ پھٹکار ۔ لعنت ۔

نَفَس ۔ (نَ ۔ فَس ، (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) سانس ۔ دَم ۔ (۲) گھڑی ۔ ساعت ۔

نفسِ واپسیں ۔ دمِ آخر ۔ مرتے وقت کا سانس ۔

نَفس ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) جان ۔ رُوح (۲) وجود ۔ ہستی ۔ (۳) حقیقت (۴) اصل شے (۵) خواہش نفسانی ۔

نفسُ الامر ۔ حقیقت ۔ درحقیقت ۔ اصل مُدعا ۔ واقعی بات ۔

نفسُ الامری ۔ وہ حالات واقعی جنہیں دوست دشمن سب نے مانا ہے ۔

نفسِ امّارہ ۔ (۱) بہت حکم کرنے والا (۲) انسان کی وہ خواہش جو بُرائی کی طرف مائل کرے ۔

نفس پرست ، پرور ۔ شہوت پرست ۔ عیاش ۔

نفس پرستی ، پروری ۔ (مونث) شہوت پرستی ۔ عیاشی ۔ خود غرضی ۔

نفس کُشی ۔ (مونث) دنیاوی خواہشات کو کچلنا ۔ پارسائی ۔ پاک دامنی ۔

نفسِ لوّامہ ۔ گناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس ۔

نفس مارنا ۔ دنیاوی خواہشات کو کچلنا ۔ دل کو مارنا ۔

نفسِ مطلب ۔ اصل مطلب ۔ اصل مقصد ۔ مدعا ۔

نفسِ مطمئنہ ۔ حکم الٰہی پر چلنے والا نفس ۔ مطمئن ضمیر ۔

نفسِ ناطقہ ۔ (۱) انسانی رُوح ۔ (۲) وہ شخص جو کسی دوسرے کی ناک کا بال بنا ہو ۔

نفسِ نفیس ۔ ذاتِ خاص ۔ خود بدولت ۔ اپنے آپ ۔

نفسا نفسی ۔ (نف ۔ سا ۔ نف ۔ سی ، (اُ ۔ا ۔ مونث) خود غرضی ۔ آپا دھاپی ۔

نفسانی ۔ (ع ۔ صفت) نفس سے منسوب ۔ نفس کا ۔

نفسانیت ۔ (نف ۔ سا ۔ نی ۔ یَت ، (ع ۔ ف ۔ا ۔ مونث) (۱) خود غرضی (۲) غرور ۔ نخوت ۔

نفسی ۔ (نف ۔ سی ، (ع ۔ صفت) (۱) ذاتی (۲) میرا نفس ۔ میری ذات ۔

نفسی نفسی ۔ خود غرضی ۔ آپا دھاپی ۔

نفسی نفسی پڑنا ۔ اپنی اپنی فکر ہونا اور دوسرے کی پرواہ نہ کرنا ۔

نفسیات ۔ (نف ۔ سی ۔ یات ، (ع ۔ا ۔ مذکر) علم النفس ۔ انسان کے تحت الشعور اور لاشعور کی تحقیق کا علم ۔

نفسیاتی ۔ (نف ۔ سی ۔ آ ۔ تی ، (ف ۔ صفت) تحت الشعور سے متعلق ۔ نفسیات سے منسوب ۔

نفسیاتی تجزیہ ۔ انسان کے ذہنی حرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال ۔

نفع ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) فائدہ (۲) منافع ۔ سُود ۔ (اُردو میں ف کی زبر سے بولا جاتا ہے ۔)

نفع رسانی ۔ فائدہ پہنچانا ۔

نفع نقصان ۔ (۱) فائدہ اور ٹوٹا ۔ (۲) برائی بھلائی ۔ (۳) علم الحساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت میں نفع اور نقصان معلوم کیا جاتا ہے ۔

نَفَقَہ ۔ (نَ ۔ فَ ۔ قَہ ، (ع ۔ا ۔ مذکر) بال بچوں کا خرچ جو شوہر کے ذمہ ہوتا ہے ۔ (اُردو میں بسکون ف مستعمل ہے ۔)

نفل ۔ (ع ۔ا ۔ مذکر و مونث) وہ عبادت جو فرض نہ ہو ۔

نفوذ ۔ (نُ ۔ فُوذ ، (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) سرایت کرنا ۔ اندر گھسنا (۲) گزرنا ۔ جاری ہونا ۔ اثر کرنا ۔

نُفور ۔ (نُ ۔ فُور ، (ع ۔ا ۔ مذکر) (۱) نفرت کرنے والا ۔ (۲) (بضم اول) بھاگنا ۔ نفرت کرنا ۔

نُفوس ۔ (نُ ۔ فُوس ، (ع ۔ا ۔ مذکر) نفس کی جمع ہستیاں ۔

نفوسِ قدسیہ ۔ (۱) پاک رُوحیں (۲) بزرگانِ دین (۳) پیغمبر اور فرشتے (۴) نیک ہستیاں ۔

نفی ۔ (نَ ۔ فی ، (ع ۔ا ۔ مونث) اِثبات کی ضد ۔ کسی چیز کے وجود سے انکار ۔

نفیری ۔ (نَ ۔ فی ۔ ری ، (ت ۔ا ۔ مونث) شہنائی ۔ ترئی ۔ الغوزہ ۔

نفیس ۔ (نَ ۔ فیس ، (ع ۔ صفت) (۱) عمدہ (۲) قیمتی ۔ (۳) پاکیزہ ۔

Marfat.com

# ن-ق

نِقاب - (ع - ا - مذکر و مونث) گھونگھٹ - بُرقع - چہرے پر ڈالنے کا پردہ -
نِقاب پوش - جس نے منہ پر نقاب ڈال رکھا ہو -
نقّاد - (نَق - قاد) (ع - ا - مذکر) (۱) پرکھنے والا (۲) تنقید اور تبصرہ کرنے والا -
نقّارچی - (نَق - قار - چی) (ف - ا - مذکر) نقارہ بجانے والا -
نقّار خانہ - (ف - ا - مذکر) نوبت بجانے کی جگہ -
نقار خانے میں طوطی کی آواز - (مثل) بڑے آدمیوں کی رائے کے مقابلے میں چھوٹوں کی آواز اَن سُنی ہو کر رہ جاتی ہے -
نقّارہ - (نَق - قا - رہ) (ف - ا - مذکر) نوبت طبل -
نقّاش - (نَق - قاش) (ع - ا - مذکر) (۱) نقش و نگار بنانے والا (۲) مصوّر -
نقّاشِ ازل - (کنایتاً) خدا -
نقّاشی - (نَق - قا - شی) (ع - ا - مونث) نقش و نگار بنانے کا پیشہ - مصوّری - گلکاری - نبت کاری -
نِقاط - (نِ - قاط) (ع - ا - مذکر) نقطہ کی جمع - نقطے -
نقّال - (نَق - قال) (ع - ا - مذکر) نقلیں کرنے والا - بھانڈ -
نقّالی - (نَق - قا - لی) (ا - ا - مونث) نقل کرنا - بھانڈ پن -
نقاہت - (نَ - قا - ہت) (ع - ا - مونث) کمزوری - ناتوانی -
نقائص - (ع - ا - مذکر) نقص کی جمع - عیب - کھوٹ - برائیاں -
نقب - (ع - ا - مونث) سینڈھ - دیوار میں بڑا سوراخ -
نقب زن - نقب لگانے والا - سینڈھ لگانے والا -
نقب زنی - (مونث) سینڈھ لگانا - دیوار توڑنا -
نقد - (ع - ا - مونث) (۱) سکّہ کا کھرا کھوٹا پرکھنا - (مذکر) - (۲) وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے - (۳) پونجی - سرمایہ -
نقدِ جان (و دل) - جان اور دل جو سب سے بڑی دولت ہیں -
نقد و جنس - مال اسباب - روپیہ پیسہ - مال و دولت -
نقداً نقد - (ا - تابع فعل) ہاتھوں ہاتھ - ایک ہاتھ لینا دوسرے ہاتھ دینا - فوراً قیمت دینا -
نقدی - (نَق - دی) (ا - ا - مونث) روپیہ - مال و زر -
نِقرِس - (نِق - رِس) (ع - ا - مذکر) (۱) ایک قسم کا گنٹھیا (۲) وہ درد جو پاؤں کے انگوٹھے میں ہوتا ہے -
نُقرہ - (نُق - رہ) (ع - ا - مونث) (۱) چاندی (۲) ہر وہ چیز جو سفید ہو (۳) سفید گھوڑا -
نُقرئی - (نُق - رَ - ای) (ع - ا - مونث) چاندی کا - چاندی جیسا سفید -
نقش - (ع - ا - مذکر) (۱) تصویر - شبیہ (۲) نبت کاری - بیل بوٹے (۳) چھاپ - ٹھپّا - (۴) نرد کی بازی میں جیت کا داؤ (۵) تعویذ (۶) نشان - کھوج (۷) جادو - (۸) (صفت) لکھا ہوا - کھدا ہوا -
نقشِ آب - فانی - جلد مٹ جانے والا - بے ثبات -
نقشِ اوّل - پہلی تحریر - مسوّدہ -
نقشِ باطل - نقش جو مٹا دینے کے قابل ہو - فانی -
نقش بر آب - دیکھیے نقشِ آب -
نقش بندی - (مونث) (۱) نقاشی - مصوّری (۲) (صفت) حضرت خواجہ بہاؤالدین کے مرید -
نقشبندیہ - (مذکر) صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت خواجہ بہاؤالدینؒ سے چلا ہے -
نقش بہ دیوار (بر دیوار) - حیران ششدر - ہکا بکا -
نقشِ ثانی - دوسرا نقش جو پہلے نقش سے بہتر ہوتا ہے -
نقشِ دیوار ہو جانا - سکتے کے عالم میں رہ جانا -
نقشِ قدم پر چلنا - کسی کی پوری پوری تقلید کرنا -
نقش کالحجر - پتھر کی لکیر - نہ مٹنے والا - اصل میں کالنقش فی الحجر
نقش کندہ کرنا - نقش کھودنا -
نقش و نگار - بیل بوٹے - پھول پتی -
نقش ہو جانا، ہونا - (۱) دل نشین ہو جانا (۲) لکھا جانا -
نقشہ - (نَق - شہ) (ع - ا - مذکر) (۱) تصویر - روپ - حلیہ - (۲) بناوٹ (۳) وضع قطع (۴) نمونہ - مثال (۵) حالت - کیفیت -
نقشہ پیما - (مذکر) ہر نقشے کے نیچے ایک پیمانہ دیا جاتا ہے - کہ ایک انچ اتنے میلوں کے برابر ہے اسے نقشہ پیما یا چارٹومیٹر (CHARTOMETER) کہتے ہیں -
نقشہ جمانا - (۱) اعتبار جمانا - رسوخ حاصل کرنا (۲) تصوّر جمانا - (۳) تدبیر کرنا - موقع نکالنا
نقشہ حدود و بست - وہ نقشہ جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو - پیمائش دیہہ کی فہرست -
نقشہ کھنچ جانا - آنکھوں کے سامنے منظر بندھ جانا -
نقشہ نویس - (۱) نقشہ بنانے والا (۲) بعض عدالتوں میں ایک عہدے کا نام -
نقشی - نقشیں - (نَق - شی) (نَق - شِیں) (ف - صفت) منقش جس پر نقش بنے ہوں -
نقص - (ع - ا - مذکر) (۱) کم کرنا - کم ہونا (۲) کوتاہی - کسر - (۳) عیب - برائی - کھوٹ -
نُقصان - (نُق - صان) (ع - ا - مذکر) - کمی - کوتاہی - خسارا - گھاٹا -
نقصان اٹھانا - خسارا برداشت کرنا -
نقصان بھرنا - ٹوٹا بھرنا - خسارا پورا کرنا - گھاٹا دینا -
نقصان رساں - نقصان پہنچانے والا -
نقصان رسانی - (مونث) تکلیف دہی - ایذا پہنچانا -
نقصان کرنا - (۱) کام بگاڑنا - حرج کرنا (۲) تکلیف دینا - (۳) ضائع کرنا -
نقض - (ع - ا - مذکر) توڑنا - پھوڑنا - بگاڑنا -
نقضِ امن - امن شکنی - فساد - جھگڑا -
و نقضِ عہد - وعدہ خلافی -
نقطہ - (نُق - طہ) (ع - ا - مذکر) (۱) ہندی صفر (۲) مرکز -
نقطۂ اشتعال - گرمی اور کھولاؤ کا وہ درجہ جس پر آگ بھڑک اٹھے -

Marfat.com

نقطہ اور شوشے کا فرق - خفیف سا فرق -

نقطۂ موہوم - (۱) فرضی نقطہ (۲) (مجازاً) دہن محبوب -

نقل - (ع - ا - مونث) (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا (۲) چھاپا (۳) نمونہ - نظیر (۴) شبیہ (۵) روایت - کہانی (۶) سوانگ -

نقل را چہ عقل - (مثل) نقل کرنے کے واسطے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں ہوتی -

نقل کرنا - (۱) کسی لکھی ہوئی چیز کو بجنسہ دوسری چیز پہ اتارنا (۲) سوانگ کرنا (۳) بیان کرنا (۴) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا -

نقلِ کفر کفر نہ باشد - (مثل) کفر کی نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا -

نقل مکان - مکان تبدیل کرنا -

نقل نویس - عدالتوں کے فیصلوں اور دستاویزوں کی نقل کرنے والا اہل کار -

نقل نویسی - (مونث) منشی گیری - محرری - نقل کرنے کا کام -

نقل و حمل - (۱) اٹھانا اور لے جانا (۲) ایسا وسیلہ جس سے اٹھانے اور لے جانے کا کام لیا جائے - ٹرانسپورٹ -

نقل ہے - کہتے ہیں - منقول ہے - روایت ہے -

نُقل - (ف - ا - مذکر) (۱) وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیلِ ذائقہ کے لیے کھائیں - (۲) ایک قسم کی مٹھائی -

نقلی - (نَق - لی) (ع - صفت) (۱) روایتی - زبانی (۲) (اُر) جعلی - مصنوعی - کھوٹا -

نُقوش - (نُ - قُوش) (ع - ا - مذکر) نقش کی جمع -

نُقول - (ع - ا - مونث) نقل کی جمع (۱) نقلیں - پرچے (۲) روایتیں -

نقی - (نَ - قی) (ع - صفت) (۱) پاک - صاف - خالص (۲) دسویں امام علی بن محمد کا لقب -

نقیب - (نَ - قیب) (ع - ا - مذکر) (۱) تشہیر کرنے والا - خبر دینے والا - (۲) بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے آواز لگانے والا - ہرکارہ - چوب دار -

نقیض - (نَ - قیض) (ع - صفت) مخالف - اُلٹا - ضد - برعکس -

نقیہ - (نَ - قیہ) (ع - صفت) کمزور - ضعیف

## ن - ک

نک - (اُر - ا - مونث) ناک کا مخفف -

نک چڑھا - بد دماغ - مغرور (مونث - نک چڑھی) -

نک سک سے درست - بے عیب اور بے نقص -

نک گھسنی - (مونث) ناک رگڑنا - منت سماجت - عاجزی -

نکا - (نِک - کا) (ہ - صفت) (۱) چھوٹا (۲) ٹھگنا -

نُکّا - (نُک - کا) (ہ - ا - مذکر) (۱) نوک دار چیز کی نوک - (۲) ایک قسم کا گیڑی کا کھیل -

نِکات - (ع - ا - مذکر) نکتہ کی جمع - (۱) باریکیاں (۲) وہ بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے -

نکاح - (ع - ا - مذکر) عقد - بیاہ - شادی -

نکاحِ موقت - متعہ - جو صرف کسی خاص مدت کے لیے ہو -

نکاح نامہ - (مذکر) کاغذ جس پر شادی کی تفصیلات درج ہوں -

نکاحی - (ف - صفت) نکاح کر کے بیاہی ہوئی عورت - منکوحہ -

نکاس - (ہ - ا - مذکر) (۱) راستہ (۲) پانی کے باہر نکلنے کی جگہ - (۳) اخراج -

نکاسی - (ہ - ا - مونث) پیداوار (۲) فائدہ (۳) بکری (۴) برآمد (۵) جنسِ بکری -

نکال لانا - (ہ - مص) بھگا کر لے آنا - چرا لانا -

نکال لے جانا - (ہ - مص) (۱) نجات دلانا (۲) باہر لے جانا - (۳) چُرا لے جانا -

نکال لینا - (ہ - مص) (۱) سوال وغیرہ حل کر لینا (۲) چُرا لینا (۳) کوئی چیز کسی جگہ سے برآمد کرنا -

نکالنا - (نِ - کال - نا) (ہ - مص) (۱) باہر کرنا (۲) علیحدہ کرنا - چھانٹنا - (۳) تفریق کرنا (۴) ایجاد کرنا (۵) حل کرنا (۶) کاڑھنا -

نکبت - (نَک - بَت) - (ع - ا - مونث) افلاس - مفلسی - بدحالی -

نُکتہ - (نُک - تہ) (ع - ا - مذکر) (۱) باریکی - تہ کی بات - (۲) لطیفہ - چٹکلہ - (۳) وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے -

نکتہ (رس - دان) پرور - سخن شناس - عقل مند - ہوشیار -

نکتہ چیں - عیب ڈھونڈنے والا -

نکتہ چینی - (مونث) عیب گیری - مین میکھ نکالنا - برائی نکالنا -

نکتہ داں - باریک بات جاننے والا - دقیقہ رس -

نکتہ (سنج) شناس - خوش گفتار - چُٹکی تُلی بات کہنے والا - عقل مند -

نُکتی - (نُک - تی) (ہ - ا - مونث) ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہے - نگدی -

نکٹا - (نَک - ٹا) (ہ - صفت وا - مذکر) (۱) ناک کٹا ہوا - (۲) بے حیا -

نکٹائی - (NECKTIE) (نَک - ٹا - ئی) (انگ - ا - مونث) مغربی وضع کی پٹی جو قمیص کے کالر میں لگائی جاتی ہے

نکٹی - (نَک - ٹی) (ہ صفت) نکٹا کی تانیث -

نکرہ - (نَک - رَہ) (ع - ا - مذکر) وہ اسم جو غیر معین چیز کے لیے آئے - معرفہ کی ضد -

نکڑ - (نُک - کڑ) (ہ - ا - مونث) (۱) سرا - انتہا - (۲) کونا - گوشہ -

نکسیر - (نَک - سیر) (ہ - ا - مونث) ناک سے خون گرنا -

نکسیر بھی نہیں پھوٹی - (مثل) ذرا سا صدمہ نہیں پہنچا -

نکسیر پھوٹنا - ناک سے خون بہنا -

نکل - (NICKEL) (نِ - کل) (انگ - ا - مذکر) ایک قسم کی سفید دھات جس کی قلعی دوسری دھاتوں کے سامان پر کی جاتی ہے -

نکل آنا - (ہ - مص) (۱) باہر آنا (۲) پیدا ہونا - (۳) زمین سے باہر آنا - پھوٹنا -

Marfat.com

**نکل پڑنا**۔ (ف۔ مص) (۱) سامنے آجانا (۲) باہر آجانا (۳) کھل پڑنا (۴) ٹپک جانا (۵) اُگل دینا۔

**نکل جانا**۔ (ف۔ مص) (۱) چلا جانا (۲) زائل ہو جانا (۳) سبقت لے جانا (۴) کپڑے کا پھٹ جانا۔

**نکل چلنا**۔ (ف۔ مص) (۱) اپنی بساط سے بڑھ جانا (۲) اِترانا۔

**نکل کھڑا ہونا**۔ (ف۔ مص) رخصت ہونا۔ سفر پر روانہ ہونا۔

**نکلنا**۔ (نِ۔ کل۔ نا) (ف۔ مص) (۱) اُگنا (۲) پھٹنا (۳) ظاہر ہونا (۴) باہر چلا جانا (۵) نسائد ہو جانا (۶) خارج ہونا (۷) سبقت لے جانا (۸) پھٹ جانا۔

**نکلیس**۔ (NECKLACE) (نِک۔ لیس) (انگ۔ ا۔ مذکر) گلوبند۔ چمپا کلی۔ کنٹھا۔ مالا۔

**نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں** (مثل) بات منہ سے نکلے تو مشہور ہو جاتی ہے۔

**نکما**۔ (نِک۔ ما) (ف۔ صفت) (۱) بے کار (۲) نکھٹو (۳) بُرا۔

**نکو**۔ (نَک۔ کو) (ف۔ صفت) (۱) بدنام (۲) ملعون (۳) بڑی ناک والا۔

**نکو بنانا**۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

**نکو**۔ (نِ۔ کو) (ف۔ صفت) نیکو کا مخفف۔ خوب۔ اچھا۔

**نکوکار**۔ نیک۔ اچھے اعمال کا مالک۔

**نکوا**۔ (نَک۔ وا) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) سوئی کا ناکا (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سوراخ۔

**نکوٹین**۔ (NICOTINE) (نِ۔ کو۔ ٹین) (انگ۔ ا۔ مونث) تمباکو کا زہر۔

**نکوسنا**۔ (نِ۔ کوس۔ نا) (ف۔ مص) دانت نکالنا۔ مسکرانا۔

**نکھار**۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) صفائی۔ اُجلاپن۔ آرائش۔ خوبصورتی۔

**نکھارنا**۔ (نِ۔ کھار۔ نا) (ف۔ مص) میل صاف کرنا۔ اُجلا کرنا۔

**نکہت**۔ (نک۔ ہت) (ف۔ ا۔ مونث) خوشبو۔ مہک۔

**نکھٹو**۔ (نِ۔ کھٹ۔ ٹو) (ف۔ صفت) (۱) ناکارہ۔ نکما (۲) وہ شخص جو کچھ نہ کمائے (۳) سُست۔

**نکھد**۔ (نِ۔ کھد) (ف۔ صفت) بہت ہی بُرا۔ نکما۔

**نکھرا ہوا**۔ (ف۔ صفت) (۱) صاف ستھرا (۲) جوبن پر آیا ہوا۔

**نکھرنا**۔ (نِ۔ کھر۔ نا) (ف۔ مص) (۱) صاف ہونا (۲) چمکنا (۳) سنگھار کرنا۔

**نکھری ہوئی**۔ (ف۔ صفت) نکھرا ہوا کی تانیث۔

**نکیر**۔ (نَ۔ کیر) (ع۔ ا۔ مذکر) قبر میں سوال جواب کرنے والا فرشتہ۔

**نکیرین**۔ (نَ۔ کی۔ رین) (ع۔ ا۔ مذکر) نکیر کا تثنیہ۔ منکر نکیر۔

**نکیل**۔ (نَ۔ کیل) (ف۔ ا۔ مونث) اونٹ کے ناک کی رسی۔

**نکیل ہاتھ میں ہونا**۔ قابو میں ہونا۔

**نکیلا**۔ (نُ۔ کی۔ لا) (ف۔ صفت) (۱) نوک دار۔ مخروطی (۲) بانکا۔

**نکیلی**۔ (نُ۔ کی۔ لی) (ف۔ صفت) نکیلا کی تانیث۔

# ن۔گ

**نگ**۔ (ف۔ ا۔ مذکر) نگینہ۔ قیمتی پتھر یا شیشہ۔

**نگ جڑنا**۔ نگینہ چسپاں کرنا۔ نگینہ بٹھانا۔

**نگار**۔ (ع + ف۔ مذکر) (۱) تصویر (۲) بت (۳) محبوب (۴) (۵) زیبائش۔ آرائش۔

**نگار خانہ** (نگارستان) تصویر خانہ۔ آرٹ گیلری۔

**نگارش**۔ (ف۔ ا۔ مونث) تحریر۔ لکھا ہوا۔

**نگارین**۔ (نِ۔ گا۔ رین) (ف۔ صفت) (۱) مہندی لگا ہوا۔ آراستہ۔

**نگالی**۔ (ف۔ ا۔ مونث) حقے کی نے کا دوسرا جس میں نیچا لگاتے ہیں۔

**نگاہ**۔ (ف۔ ا۔ مونث) (۱) نظر (۲) آنکھ (۳) پرکھ (۴) توجہ۔ عنایت (۵) نگرانی۔ رکھوالی۔

**نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا**۔ خیال میں نہ لانا۔ بے رُخی کرنا۔

**نگاہ بان**۔ چوکیدار۔ محافظ۔

**نگاہ بانی**۔ (مونث) حفاظت۔ پاسبانی۔ نگرانی۔

**نگاہ بھر کے دیکھنا**۔ غور سے دیکھنا۔

**نگاہ پڑنا**۔ دیکھا جانا۔ دیکھنے میں آنا۔

**نگاہ چرانا**۔ آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔

**نگاہ دار**۔ نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ۔

**نگاہ داشت**۔ (مونث) حفاظت۔ نگرانی۔ پرسی۔

**نگاہ دوڑانا**۔ آنکھوں سے تلاش کرنا۔ خیال کرنا۔

**نگاہ ڈالنا**۔ دیکھنا۔

**نگاہ رکھنا**۔ (۱) توجہ رکھنا (۲) خیال رکھنا۔ نگرانی کرنا۔ (۳) پرکھنے کی صلاحیت ہونا۔

**نگاہ رُو برو**۔ نقیب جب بادشاہ کے سامنے کسی شخص کو پیش کرتے تھے تو نگاہ رُو برو کہا کرتے تھے۔

**نگاہِ شوق**۔ خواہش بھری نگاہ۔

**نگاہِ غلط انداز**۔ اُچٹتی ہوئی نگاہ۔ ایسی نظر سے دیکھنا کہ معلوم نہ ہو کہ کس طرف دیکھا جا رہا ہے۔

**نگاہِ کرم**۔ مہربانی کی نظر۔

**نگاہ کرنا**۔ (۱) دیکھنا (۲) سوچنا (۳) پرکھنا۔

**نگاہ (نگاہیں) ملنا**۔ آنکھیں چار ہونا۔ توجہ ہونا۔

**نگاہ میلی ہونا**۔ کدورت آجانا۔ رنجش ہونا۔

**نگاہ (نگاہوں) میں**۔ نظر میں۔ خیال میں۔

**نگاہ میں رکھنا**۔ خیال رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔

**نگاہِ ناز**۔ ناز و انداز کی نظر۔ معشوقانہ نظر۔

**نگاہِ واپسیں**۔ مرتے وقت کی نگاہ جو آخری وقت ڈالی جائے۔

**نگر**۔ (نَ۔ گر) (س۔ ا۔ مذکر) شہر۔ بلدہ۔ قصبہ۔

**نگراں**۔ (نِگ۔ راں) (ف۔ صفت) دیکھنے والا۔ نگہبان۔ پاسبان۔

**نگرانی**۔ (نِگ۔ را۔ نی) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) دیکھ بھال (۲) حفاظت۔ انتظام۔

**نگلنا**۔ (نِ۔ گل۔ نا) (ف۔ مص) (۱) حلق سے نیچے اتارنا (۲)

Marfat.com

(۲) کھانا۔
نگند نا - (نِ - گَند - نا) (ہ - مص) لحاف وغیرہ میں ڈورے ڈالنا۔
نگندہ - (نِ - گَن - دَہ) (ہ - ا - مذکر) (۱) بخیہ (۲) رضائی یا لحاف میں دُور دُور تاگے ڈالنا۔
نگوڑا - (ہ - صف) (۱) نکما - ناکارہ (۲) اکیلا - لاوارث -
نگوڑی - (ہ - صف) نگوڑا کی تانیث -
نگوں - (نِ - گُوں) (ف - صف) (۱) خمیدہ (۲) اوندھا - اُلٹا -
نگوں بخت - بدنصیب - بدقسمت -
نگوں سار - (۱) اوندھا - (۲) شرم سے سر جھکائے ہوئے -
نگہ - (نِ - گہ) (ف - ا - مونث) - نگاہ کا مخفف
نگہت - (غلط العوام) دیکھیے نکہت -
نگیں - (نِ - گیں) (ف - ا - مذکر) نگینہ - نگ - جواہر -
نگینہ - (نَ - گی - نہ) (ف - ا - مذکر) نگ - جواہر - قیمتی پتھر

## ن - ل

نل - (ہ - ا - مذکر) (۱) موٹی نلی - (۲) اندر سے کھوکھلی ، گول ... (۳) رجا نل دمن کا عاشق -
نل - کنواں - نل کنواں - ٹیوب ویل -
نلا - (ہ - ا - مذکر) (۱) پیشاب کی نالی - (۲) نالی کی مانند ایک پٹھا - (۳) پاؤں کی ہڈی -
نلا ٹل جانا - نلے کا اپنی جگہ سے سرک جانا -
نلانا - (ہ - مص) کھیت سے گھاس پھوس کرنا -
نلائی - (ہ - ا - مونث) کھیت نلانے کا کام یا اُجرت -
نلوانا - (نَل - وا - نا) (ہ - مص) نلائی کرانا -
نلوائی - (نَل - وا - ای) (ہ - ا - مونث) دیکھیے نلائی -
نلی - (نَ - لی) (ہ - ا - مونث) (۱) چھوٹی نال - پنڈلی کی ہڈی (۲) لوہے کی نالی (۳) نرکل جو اندر سے خالی ہو -

## ن - م

نم - (ف - ا - مذکر) (۱) گیلاپن - رطوبت - سیل - تری (۲) (صف) تر - گیلا -
نم خوردہ (دیدہ - رسیدہ) بھیگا ہوا - مرطوب
نم ناک - نم - گیلا - بھیگا ہوا - مرطوب -
نما - (نَ - ما) - (ع - ا - مونث) بڑھنا - پھولنا - بالیدگی -
نما - (نُ - ما) (ف - صف) مصدر نمودن کا اسم فاعل یعنی دکھانے والا (مرکبات میں جیسے قبلہ نما -)
نماز - (نَ - ماز) (ف - ا - مونث) (۱) پرستش (۲) عاجزی - انکسار (۳) اہل اسلام کی عبادت -
نمازِ استسقا - وہ نماز جس میں بارش کے لیے دعا کی جاتی ہے -
نماز باجماعت - جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جانا -
نماز پنج گانہ - پانچوں وقت کی نماز -
نمازِ پیشیں - ظہر کی نماز -
نمازِ چاشت - وہ نماز جو طلوعِ آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے -
نمازِ خسوف - وہ نماز جو چاند گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے -
نمازِ شکر - شکرانے کی نماز -
نمازِ قصر - وہ نماز جو حالتِ سفر میں کم کر کے پڑھی جاتی ہے -
نمازِ قضا - وہ نماز جو وقت پر نہ پڑھی جا سکی ہو اور بعد میں پڑھی جائے -
نماز قضا کرنا - وقتِ معینہ پر نماز نہ پڑھنا -
نمازِ کسوف - وہ نماز جو سورج گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے -
نماز کو گئے روزے گلے پڑے - (مثل) ایک کام سے پیچھا چھڑانے کی کوشش میں دوسری مہم ذمے پڑ گئی -
نماز گزار - نماز ادا کرنے والا - پابندِ نماز -
نمازِ وتر - عشا کے بعد کی نماز -
نمازی - (نَ - ما - زی) (ف - صف) نماز کا پابند -
نمام - (نَم - مام) (ع - صف) چغل خور - لُترا -
نمائش - (ف - ا - مونث) (۱) دکھاوا - نمود (۲) زرعی پیداوار ، مصنوعات یا دوسری مفید اور دلچسپ چیزوں کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دکھانا یا فروخت کرنا
نمائش گاہ - (ا - مذکر) وہ مقام جہاں نمائش منعقد ہو -
نمائشی - (ف - صف) دکھاوے کا - ظاہر میں اچھا -
نمائی - (ف - ا - مونث) اظہار - دکھانا - اعلان - (مرکبات میں جیسے خود نمائی -)
نمایاں - (ف - صف) (۱) ظاہر - عیاں (۲) مشہور -
نمایندگی - (نُ - ما - یَند - گی) (ف - ا - مونث) قائم مقامی - کسی تقریب میں کسی ملک یا جماعت کے ترجمان کی حیثیت سے شریک ہونا -
نمایندہ - (نُ - ما - یَن - دَہ) (ف - ا - مذکر) قائم مقام - ترجمان
نمبر - (ا NUMBER) (نَم - بَر) (انگ - ا - مذکر) (۱) تعداد - (۲) درجہ (۳) باری - نوبت -
نمبری - (نَمب - ری) (اُر - صف) (۱) نمبر سے نسبت رکھنے والا - (۲) مشہور - بدنام -
نمٹانا - (نِم - ٹا - نا) (ہ - مص) دیکھیے نبٹانا -
نمٹنا - (نِ - مَٹ - نا) (ہ - مص) دیکھیے نبٹنا -
نمد - (نَ - مَد) (ف - ا - مذکر) نمدا - اون یا پشم کا بستر -
نمد پوش - کمل پوش - درویش - فقیر -
نمدا - نمدہ - (نَم - دا) (اُر - ا - مذکر) (۱) وہ کپڑا جو اون کو جما کر بناتے ہیں (۲) وہ اونی کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں -
نمدہ بند ہونا - قلاش اور مفلس کر دینا - سزا دینا -
نمستے - (نَ - مَس - تے) (س - ا - مذکر) بندگی - آداب - تسلیم -
نمسکار - (نَ - مَس - کار) (س - ا - مذکر) آداب - تسلیم - بندگی -
نمش - (نَ - مَش) (اُر - ا - مونث) دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملا کر کھاتے ہیں -
نمک - (نَ - مَک) (ف - ا - مذکر) (۱) نون (۲) کھاری پن (۳)

Marfat.com

(۲) سانولاپن۔ ملاحت (۳) شوخی کلام کا لطف۔
نمک بر جراحت ہونا یا زخم پہ نمک چھڑکنا (۲) ستانا۔
نمک پروردہ۔ خانہ زاد۔ نمک خوار۔ ملازم۔ خادم۔
نمک چھڑکنا۔ ستانا۔ تکلیف میں اضافہ کرنا
نمک حرام۔ ناشکرا۔ وہ ملازم جو اپنے آقا کا بدخواہ ہو۔
نمک حرامی۔ (مونث) ناشکری۔ آقا سے بے وفائی۔
نمک حلال۔ احسان مند۔ شکرگزار۔ آقا کا خیرخواہ۔
نمک حلالی۔ (مونث) خیرخواہی۔ شکرگزاری
نمک خوار۔ خادم۔ ملازم۔ گھر میں پرورش کیا ہوا۔
نمک دان (مذکر) نمکدانی۔ (مونث) نمک رکھنے کا برتن۔
نمک کھانا۔ کسی کی نوکری کرنا۔ کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا۔
نمک مرچ لگانا۔ (۱) مسالے دار بنانا (۲) مبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر بیان کرنا۔ (۳) بڑھانا۔ اکسانا۔
نمکولی۔ (نم۔ کو۔ لی) (ہ۔ ا۔ مونث) دیکھیے نبولی۔
نمکین۔ (نم۔ کین) (ف۔ صفت) (۱) سلونا۔ نمک دار (۲) سانولا۔
نمکینی۔ (نم۔ کی۔ نی) (ف۔ ا۔ مونث) سلونا پن۔ ملاحت۔
نمو۔ (ن۔ مو) (ع۔ ا۔ مونث) بالیدگی۔ بڑھنے پھولنے کی قوت۔
نمود۔ (ن۔ مود) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) علامت۔ نشان۔ (۲) رونق (۳) ظاہر ہونا (۴) نمائش (۵) شان و شوکت (۶) دیدار و جلوہ (۷) شہرت۔
نمودار۔ (ف۔ صفت) عیاں۔ ظاہر۔ آشکارا۔
نمونہ۔ (ن۔ مو۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) وہ چیز جو دکھانے کے لیے آئے (۲) نقشہ۔ نقل۔ سانچا۔ اردو میں بفتح اول مستعمل ہے۔
نمونیا۔ (ن۔ مو۔ نی۔ یا) (PNEUMONIA) (انگ۔ ا۔ مذکر) ذات الجنب۔ وہ مرض جس سے پھیپھڑے خراب ہو جاتے ہیں۔
نمی۔ (ن۔ می) (ف۔ ا۔ مونث) (۱) نم (۲) تری۔ رطوبت۔

## ن - ن

نن۔ (NUN) (انگ۔ ا۔ مونث) دنیا چھوڑ دینے والی عورت۔ راہبہ۔
ننا۔ (ن۔ نا) (ا۔ صفت) (۱) چھوٹا (۲) بچہ۔
ننا بننا۔ جان بوجھ کر انجان بننا۔
ننا کاتنا۔ (۱) باریک سوت کاتنا۔ (۲) بے حد کفایت چاہنا۔
ننا منا۔ بہت چھوٹا۔
ننانوے۔ (ن۔ نان۔ وے) (ہ۔ صفت) ایک کم سو۔
ننانوے کا پھیر۔ (مذکر) دولت جمع کرنے کا لالچ۔
نند۔ (ہ۔ ا۔ مونث) خاوند کی بہن۔
نندا سا۔ (ہ۔ صفت) نیند میں بھرا ہوا۔ خواب آلودہ۔ (مونث نندا سی)۔
نندوئی۔ (نن۔ دو۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذکر) نند کا خاوند۔
نندیا۔ (نن۔ دیا) (ہ۔ ا۔ مونث) نیند کی تصغیر۔

ننگ۔ (ف۔ ا۔ مذکر) (۱) لحاظ۔ شرم (۲) ذلت۔
ننگ آدم۔ بنی نوع انسان کے لیے باعث شرم۔
ننگ خلائق۔ خلقت کی ذلت کا باعث۔
ننگ و نام۔ ننگ و ناموس۔ لحاظ و شرم۔ عزت و آبرو۔
ننگ ہونا۔ عار ہونا۔ غیرت ہونا۔
ننگ۔ (ہ۔ صفت) ننگا۔
ننگ دھڑنگ۔ (۱) بالکل ننگا (۲) مفلس۔ قلاش۔
ننگا۔ (ہ۔ صفت) (۱) برہنہ۔ عریاں (۲) بدمعاش (۳) مفلس۔
ننگا بوچا۔ مفلس۔ قلاش۔
ننگا کر دینا۔ (۱) کپڑے اتار لینا (۲) لوٹ لینا۔
ننگے پاؤں ننگے سر۔ حیران پریشان۔ مصیبت زدہ۔
ننگی۔ (ہ۔ صفت) (۱) ننگا کی تانیث (۲) عورت جس کے پاس زیور نہ ہو۔
ننگی تلوار۔ (۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار (۲) صاف گو آدمی۔
ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی۔ (مثل) مفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا۔
ننھا۔ (نن۔ ھا) (ہ۔ صفت) دیکھیے ننا۔
ننھیا۔ (ننھ۔ یا) (ہ۔ صفت) ننھیال سے منسوب۔
ننھیا ساس۔ (مونث) بیوی کی نانی
ننھیا سسر۔ (مذکر) بیوی کا نانا۔
ننھیال۔ (ہ۔ ا۔ مونث) نانا کا گھر۔ نانا کا خاندان۔

## ن - و

نو۔ (ہ۔ صفت) آٹھ اور ایک۔ ایک کم دس
نورتن۔ (۱) نو جواہرات۔ موتی۔ ہیرا۔ زمرد۔ لعل۔ نیلم۔ پکھراج۔ مونگا۔ لاجورد۔ اور یاقوت (۲) نو قابل آدمیوں کی کونسل۔ اکبر اور بکرماجیت کے نورتن مشہور ہیں۔
نو سو۔ (۱) نو سیکڑے (۲) بہت بے انتہا۔
نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔ (مثل) بہت سے گناہ کر کے تائب ہونے کی کوشش
نو گرہ۔ زائچہ میں نو سیاروں کی گردش۔ ان کا اثر اور نام
نو لکھا ہار۔ (مذکر) نو لاکھ روپے کا ہار۔
نو نقد نہ تیرہ ادھار۔ (مثل) قرض کے تیرہ سے نقد نو اچھے۔
نو۔ (س۔ ف۔ صفت) نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔
نو آباد۔ (۱) حال ہی میں بسایا ہوا۔ (۲) وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔
نو آباد کار۔ کسی نئی آباد جگہ پر نیا آباد ہونے والا۔
نو آبادی۔ (مونث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ۔ کالونی۔
نو آبادیات۔ (مونث) نو آبادی کی جمع۔ مقبوضات
نو آموز۔ (۱) جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو (۲) مبتدی۔
نو ایجاد۔ نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال میں ایجاد کیا ہوا۔
نو بہار۔ (۱) موسم بہار کا شروع (۲) وہ چیز جس پر نئی رونق ہو۔
نو بہ نو۔ تازہ بہ تازہ۔ نیا نیا۔

Marfat.com

نوجوان ـ جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو ـ نوخیز ـ نوعمر ـ گبرو۔
نوجوانی ـ (مونث) شباب ـ جوانی ـ بلوغ ـ
نوچندی ـ (مونث) چاند کی پہلی جمعرات ـ
نوخیز ـ نوجوان ـ
نوخیزی ـ (مونث) کسی چیز کا پھوٹنا ـ یا اُگنا ـ
نودولت ـ وہ شخص جسے مفلسی کے بعد دولت ملی ہو ـ
نورس ـ (۱) نیا تازہ (میوہ) (۲) نوخیز نوجوان
نورستہ ـ نیا پھوٹا ہوا پودا ـ
نوروز ـ سال کا پہلا دن ـ ایرانیوں کا قومی جشن ـ
نوسکھ ـ نیا سیکھنے والا ـ نوآموز ـ
نوشاہ ـ نوشہ ـ (۱) دولہا ـ (۲) نوجوان بادشاہ ـ
نوغِ بہارِ چمن ـ تازہ کلیاں ـ تازہ پھول ـ
نوعمر ـ خورد سال ـ کمسن ـ
نوعمری ـ (مونث) کم سنی ـ بچپن ـ
نوگرفتار ـ (۱) نیا پکڑا ہوا (۲) ناتربیت یافتہ ـ
نومسلم ـ وہ شخص جو حال ہی میں مسلمان ہوا ہو ـ
نونہال ـ (۱) نیا درخت (۲) کم عمر بچہ ـ
نووارد ـ اجنبی ـ مسافر ـ تازہ وارد ـ
نوا ـ (ن ـ وا) (ف ـ ا ـ مونث) (۱) آواز (۲) موسیقی کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام (۳) روزی ـ خوراک ـ (۴) خوش حالی ـ
نواپرداز ـ نوازن ـ سازندہ ـ سنج ـ گر ـ مطرب ـ گویا ـ
نواب ـ (نو ـ واب) (ع ـ ا ـ مذکر) نیابت کرنے والا ـ کسی شہر یا علاقے کا حاکم ـ عہد مغلیہ کا ایک خطاب ـ
نواب زادہ ـ نواب کی اولاد ـ (مونث نواب زادی)
نوابی ـ (ع ـ ا ـ مونث) (۱) نواب ہونا (۲) امیری ـ
نواح ـ (ن ـ واح) (ف ـ ا ـ مذکر) مضافات ـ ارد گرد کا علاقہ ـ
نواحی ـ (ع ـ ا ـ مذکر) ناحیہ کی جمع ـ مضافات ـ قرب و جوار ـ
نوادر ـ (ع ـ ا ـ مذکر) نادر کی جمع ـ عجیب و غریب چیزیں ـ عجائبات ـ
نوادرات ـ (ن ـ وا ـ د ـ رات) (ع ـ ا ـ مذکر) نادر کی جمع الجمع ـ
نواڑ ـ (ن ـ واڑ) (ہ ـ ا ـ مونث) سوت کا موٹا اور چوڑا فیتہ ـ
نواز ـ (ن ـ واز) (ف ـ صفت) مصدر نواختن کا اسم فاعل ـ بمعنی سرفراز کرنے والا ـ بجانے والا ـ (مرکبات میں جیسے بندہ نواز ـ ستار نواز ـ)
نوازش ـ (ف ـ ا ـ مونث) مہربانی ـ عنایت ـ کرم ـ
نوازشِ خسروانہ ـ بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت ـ
نوازش نامہ ـ بزرگ یا برابر والے کا خط ـ
نوازشات ـ (ف ـ ا ـ مذکر و مونث) نوازش کی جمع ـ
نوازنا ـ (ن ـ واز ـ نا) (اُ ـ مص) (۱) مہربانی کرنا ـ عنایت کرنا ـ
نوازی ـ (ف ـ ا ـ مونث) (۱) مہربانی (۲) بجانا (مرکبات میں جیسے بندہ نوازی ـ ستار نوازی) ـ
نواس ـ (س ـ ا ـ مذکر) (۱) رہنا ـ (۲) شب باشی کا مقام ـ
نواسہ ـ (ن ـ وا ـ سہ) (ف ـ ا ـ مذکر) بیٹی کا بیٹا ـ

نواسی ـ (ہ ـ ا ـ مونث) (۱) بیٹی کی بیٹی ـ (۲) (صفت) اُنّی اور نو ـ
نواسیر ـ (ن ـ وا ـ سیر) (ع ـ ا ـ مونث) ناسور کی جمع ـ اُردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے ـ وہ زخم جو مقعد میں سوراخ بن جاتا ہے ـ
نوافل ـ (ن ـ وا ـ فل) (ع ـ ا ـ مذکر) نافلہ کی جمع ـ وہ رکعتیں جو سنت اور فرض کے علاوہ زائد پڑھی جاتی ہیں ـ
نوالہ ـ (ن ـ وا ـ لہ) (ف ـ ا ـ مذکر) (۱) لقمہ (۲) لقمے کے برابر چیز ـ
نوالہ توڑنا ـ (۱) کھانا کھانا ـ (۲) کسی کے رحم و کرم پر زندگی بسر کرنا ـ
نوالہ کرنا ـ کھا جانا ـ چٹ کر جانا ـ
نوالہ ہونا ـ منہ میں جانا ـ لقمہ ہونا ـ
نواں ـ (ہ ـ صفت) آٹھویں کے بعد کا یا دسویں سے پہلا ـ
نواہی ـ (ن ـ وا ـ ہی) (ع ـ ا ـ مذکر) نہی کی جمع ـ ناجائز امور ـ
نوبت ـ (نو ـ بت) (ع ـ ف ـ ا ـ مونث) (۱) باری ـ دفعہ ـ (۲) مہلت ـ فرصت ـ گت ـ درجہ (۳) نقارہ ـ
نوبت آنا ـ (۱) باری آنا (۲) کسی کام کے ہونے کا وقت آنا ـ
نوبت بایں جا رسید ـ (مثل) یہاں تک نوبت پہنچی ـ
نوبت خانہ ـ (مذکر) نقار خانہ ـ وہ مکان جہاں نوبت بجے ـ
نوبت کو پہنچنا ـ حالت کو پہنچنا ـ گت ہونا ـ
نوبل پرائز ـ (NOBEL PRIZE) (انگ ـ ا ـ مذکر) سویڈن کے کیمیادان الفریڈ برن ہارڈ نوبل کے وصیت کردہ سالانہ انعامات ـ
نوٹ ـ (NOTE) (انگ ـ ا ـ مذکر) (۱) کاغذی سکہ ـ (۲) تمسک ـ دستاویز (۳) یادداشت (۴) حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے ـ
نوٹ بک ـ (NOTE BOOK) وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں ـ
نوٹ کرنا ـ (۱) یادداشت لکھنا (۲) خاص طور پر خیال رکھنا ـ
نوٹ لکھانا ـ (۱) یادداشت لکھوانا (۲) اُستاد کا کسی اہم مسئلہ یا عبارت کی تشریح تحریر کرانا ـ
نوٹ لینا ـ یادداشت لکھ لینا ـ
نوٹس ـ (NOTICE) (نو ـ ٹس) (انگ ـ ا ـ مذکر) (۱) اطلاع ـ (۲) عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ ـ
نوٹس بورڈ ـ (مذکر) وہ تختہ جس پر اطلاع نامہ یا نوٹس لگایا جائے
نوٹنکی ـ (ہ ـ ا ـ مونث) ایک قسم کا ناچ ـ ناٹک ـ
نوٹیفیکیشن ـ (NOTIFICATION) (انگ ـ ا ـ مذکر) خبر کا اعلان ـ
نوج ـ (اُ) (۱) خدا نہ کرے ـ خدا نخواستہ ـ (۲) نہ ـ نہیں ـ
نوچ کھسوٹ ـ (ہ ـ ا ـ مونث) نوچنا کھسوٹنا ـ لوٹ مار ـ
نوچنا ـ (نو ـ چ ـ نا) (ہ ـ مص) (۱) ناخن مارنا ـ کھرچنا ـ چٹکی (۲) بال کھینچ لینا (۳) شاخ سے پتیاں توڑنا (۴) پھاڑ کھانا ـ
نوچنا کھسوٹنا ـ (۱) چٹکی مارنا ـ پنجہ مارنا (۲) چھینا جھپٹی کرنا ـ
نوچندی ـ (اُ ـ ا ـ مونث) (نو کے تحت دیکھیے)
نوچی ـ (نو ـ چی) (ہ ـ ا ـ مونث) طوائف کی باندی یا بیٹی ـ

Marfat.com

نوح - (ع - ا - مونث) (۱) تسکین دینے والا (۲) ایک نبی کا نام
نوحہ - (نَو - حَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) رونا - گریہ و زاری - (۲) ماتم کرنا -
نوحہ خواں (ک) مُردے کے حالات بیان کرکے رونے اور رُلانے والا -
نوحہ خوانی - (مونث) ماتم - گریہ و زاری - رونا پیٹنا -
نوخیز - (ف - صفت) - نو کے تحت دیکھیے -
نور - (ع - ا - مذکر) (۱) روشنی - تجلّی (۲) رونق -
نورُ العین - نورِ عین - (۱) آنکھوں کی روشنی (۲) بیٹا -
نور باف - جولاہا -
نور بافی - (مونث) کپڑا بُننے کا کام یا پیشہ -
نور برسنا - (۱) روشنی کی فراوانی ہونا - (۲) رونق ہونا -
نورِ چشم - (۱) آنکھوں کا نور - نورِ عین (۲) بیٹا -
نورِ ظہور کا وقت - صبح صادق -
نورٌ علیٰ نور - (۱) نور پر نور (۲) ایک سے ایک بڑھ کر - (۳) سبحان اللہ - صلِّ علیٰ -
نور کا تڑکا - (مذکر) صبح صادق - پو پھٹنے کا سماں -
نور کے سانچے میں ڈھلنا - خوبصورت اور حسین ہونا -
نورِ نظر - آنکھوں کی روشنی (کنایتاً) بیٹا -
نورانی - (ع - ف - صفت) روشن - منوّر - درخشاں -
نورد - (نَ - وَرد) (ف) مصدر نوردن کا اسم فاعل بمعنی سفر کرنے والا (مرکبات میں جیسے صحرا نورد)
نوردی - (نَ - وَر - دی) (ف - ا - مونث) سفر کرنا (مرکبات میں جیسے صحرا نوردی) -
نوروز - (ف - ا - مذکر) نو کے تحت دیکھیے -
نوری - (ع - صفت) (۱) نور کا (۲) نور کا بنا ہوا - (۳) نورانی -
نوش - (ف - ا - مذکر) (۱) آبِ حیات - امرت (۲) شہد - تریاق -
(۳) (صفت) مصدر نوشیدن کا اسم فاعل بمعنی پینے والا - (مرکبات میں جیسے بادہ نوش) -
نوش جان کرنا - کھانا کھانا -
نوش دارو (مونث) (۱) تریاق (۲) شراب (۳) ایک قسم کی معجون -
نوشادر - (نَو - شا - دَر) (ف - ا - مذکر) ایک مرکب جو امونیم اور کلورین سے بنتا ہے -
نوشادر پکائی - اعلیٰ درجے کا نوشادر جس کی ٹکیاں ہوں -
نوشت - (نَ - وِشت) (ف - ا - مونث) تحریر - لکھائی - (بکسر "ن" بھی صحیح ہے) -
نوشت و خواند - لکھنا پڑھنا -
نوشتہ - (نَ - وِش - تَہ) (ف - صفت) (۱) لکھا ہوا - (۲) (ا - مذکر) تحریر کی سند - دستاویز (۳) تقدیر - قسمت -
نوشتۂ تقدیر - قسمت کا لکھا - نصیب -
نوشہ - (ف - ا - مذکر) نو کے تحت دیکھیے -
نوشی - (نو - شی) (ف - ا - مونث) پینا - (مرکبات میں جیسے بادہ نوشی) -
نوشیں - (نو - شیں) (ف - صفت) شیریں - میٹھا - خوش ذائقہ -
نوشیرواں - (ف - ا - مذکر) اصل نوشیں رواں (شیریں جان)
ایک ایرانی بادشاہ - کسریٰ -
نوع - (ع - ا - مونث) (۱) قسم - جنس (۲) وضع - ڈھنگ - (۳) ذات -
نوعِ انسان - بنی آدم -
نوعیت - (نَو - عی - یت) (ع - ا - مونث) (۱) قسم (۲) خصوصیت
نوک - (ف - ا - مونث) (۱) کسی چیز کا باریک سرا - (۲) کونا - زاویہ -
نوک پلک - (۱) آنکھ ناک کی موزونیت (۲) کاتب کے حروف کی موزونیت -
نوک پلک سے دُرست - (۱) ہر طرح سے عمدہ (۲) موزوں -
نوک جھوک - (مونث) لعن طعن کی باتیں - تکرار -
نوک دار - نوکیلا - جس کی نوک ہو -
نوک دُم بھاگنا - بے تحاشا بھاگنا - دُم دبا کر بھاگنا -
نوکِ زبان - زبان کی نوک (۲) حفظ - ازبر -
نوکِ زبان ہونا - حفظ ہونا - ازبر ہونا -
نوکا جھوکی - (ہ - ا - مونث) (۱) چھیڑ چھاڑ (۲) شوخی و شرارت -
نوکر - (نو - کر) (ف - ا - مذکر) ملازم - خدمت گار - خادم -
نوکر چاکر - ملازمان -
نوکرانی - (نو - کَ - را - نی) (اُ - ا - مونث) ملازمہ - خادمہ -
نوکری - (نو - کَ - ری) (ف - ا - مونث) (۱) ملازمت - نوکر کا کام یا پیشہ (۲) تنخواہ -
نوکری پیشہ - جس کا پیشہ ملازمت ہو -
نوم - (ع - ا - مونث) نیند - خواب -
نومبر - (NOVEMBER) (نَو - وَم - بَر) (انگ - ا - مونث) - انگریزی سال کا گیارھواں مہینہ -
نومی - (نو - می) (ہ - ا - مونث) ہندی مہینے کی نویں تاریخ -
نومید - (نو - مید) (ف - صفت) ناامید - مایوس -
نومیدی - (نو - می - دی) (ف - ا - مونث) ناامیدی -
نون - (ہ - ا - مذکر) نمک - لون -
نون تیل بشرد بیات ہندی - کھانے پینے کی چیزیں -
نون غنہ - (نون - غن - نہ) (ف - ا - مذکر) وہ نون جو ناک میں بولا جائے - اور صاف نہ پڑھا جائے -
نونی - (نو - نی) (ہ - ا - مونث) - (۱) کچا نمکین - مسکہ (۲) وہ مٹی جو کھار کے باعث دیوار سے جھڑنے لگتی ہے -
نوید - (نَ - وید) (ف - ا - مونث) (۱) خوش خبری (۲) کسی تقریب میں شرکت کے لیے پیغام -
نویس - (نَ - ویس) (ف - صفت) مصدر نوشتن کا اسم فاعل بمعنی لکھنے والا (مرکبات میں جیسے خوش نویس)
نویسندہ - (نَ - وی - سن - دَہ) (ف - صفت) لکھنے والا - محرّر -
نویسی - (نَ - وی - سی) (ف - ا - مونث) لکھنے کا کام - محرّری (مرکبات میں جیسے خوش نویسی) -
نویلا - (نَ - وے - لا) (ہ - صفت) (۱) نیا - تازہ (۲) البیلا - بانکا - (نیا نویلا کی ترکیب میں مستعمل ہے) -
نویلی - (نَ - وے - لی) (ہ - ا - مونث) نویلا کی مونث -
نویں - (نَ - ویں) (ہ - صفت) ترتیب میں نو نمبر پر -

Marfat.com

## ن - ہ

نہ - (س - ف) حرفِ نفی - نہیں - نا - مت -
نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ - بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے -
نہ الّا الذی ۔ نہ لا الذی - ناکارہ - بے مصرف - نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا -
نہ ایک ہنستا بھلا نہ روتا - (مثل) تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں -
نہ باسی بچے نہ کتا کھائے - نہ زیادہ ہوگا نہ ضائع ہوگا -
نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن - سخت مجبوری ہے -
نہ پوچھو - (۱) بیان سے باہر ہے - (۲) کیا کہنے (مدح و ذم دونوں کے واسطے کہا جاتا ہے -)
نہ رہے بانس نہ بجے بانسری - جھگڑے کی چیز ہی نہ ہوگی تو جھگڑا کیوں ہوگا -
نہ سہی - کوئی مضائقہ نہیں -
نہ معلوم - خدا جانے -
نہ منہ سے بولے نہ سر سے کھیلے - نہ تو بولتا ہی ہے نہ حرکت ہی کرتا ہے - بالکل چپ ہے -
نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت - (مثل) نہایت بڑھا -
نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی کام میں ایسی شرطیں لگائی جائیں جن کا پورا ہونا ممکن ہو نہ اتنا سامان فراہم ہوگا نہ یہ کام ہو سکے گا -
نُہ - (ف - ا - مذکر) نو - نو کا عدد -
نِہاد - (نِ - ہاد) (ف - ا - مونث) سرشت - طینت - طبیعت (مرکبات میں جیسے نیک نہاد - بد نہاد -)
نَہار - (نَ - ہار) (ع - ا - مذکر) (۱) روز - دن - یوم (۲) صبح سے کچھ نہ کھائے ہوئے - (۳) ناشتا -
نہاری - (نَ - ہا - ری) (ف - ا - مونث) (۱) نہار - تھوڑا سا کھانا - جو صبح کے وقت کھاتے ہیں - ناشتا - (۲) ایک قسم کا سالن (۳) گھوڑے کو صبح کے وقت کھلانے کا مالیدہ -
نِہال - (نِ - ہال) (ف - ا - مذکر) (۱) تازہ لگایا ہوا پودہ - (۲) ترو تازہ - بستر (۳) شکار (۴) مالا مال - خوش حال -
نہال ہو جانا - (۱) مالدار ہو جانا - (۲) مراد پانا -
نِہاں - (ف - صفت) چھپا ہوا - پوشیدہ -
نہان - (نَ - ہان) (ہ - ا - مذکر) غسل - اشنان - نہانا -
نِہانی - (ف - صفت) منسوب بہ نہاں - مخفی - پوشیدہ -
نِہالی - (ہ - ا - مونث) وہ اوزار جس پر لوہا سکہ کر کوٹتے ہیں - اہرن - سندان -
نِہایت - (نِ - ہا - یت) (ع - ا - مونث) (۱) انتہا - آخر - (۲) بے انتہا - بہت -
نِہتّا - نہتھا - (نِ - ہت - تا) (ہ - صفت) جس کے پاس ہتھیار نہ ہو - خالی ہاتھ - غیر مسلح -
نَہج - (ع - ا - مذکر) (۱) کشادہ راستہ (۲) طور - طریقہ -
نَہر - (ع - ا - مونث) دریا کی شاخ - آب جو -
نہر کاٹنا - دریا یا جھیل سے شاخ کاٹ کر نکالنا -
نَہرنا - (ن - ہر - نا) (ہ - ا - مونث) چھوٹا ناخن گیر -
نہری - (نَہ - ری) (ع - صفت) (۱) نہر سے منسوب (۲) وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب کی جائے -
نِہُرنا - (نِ - ہُر - نا) (ہ) جھکنا - تعظیم بجا لانا -
نَہضت - (نَہ - ضت) (ع - ا - مونث) کوچ - روانگی - رخصت -
نِہفتگی - (نِ - ہُفت - تَ - گی) (ف - ا - مونث) پوشیدگی -
نِہفتہ - (نِ - ہُفت - تہ) (ف - صفت) پوشیدہ - چھپا ہوا -
نَہلا - (نَہ - لا) (ہ - ا - مذکر) تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں -
نہلانا - (نَہ - لا - نا) (ہ - مص) غسل دینا -
نہلوانا - (نَ - ہل - وا - نا) (ہ) نہلانا کا متعدی - دوسرے سے غسل کرانا -
نِیم - (نِ - ہَم) (ف - صفت) نواں - نویں چیز - نواں درجہ -
نِہنگ - (نِ - ہنگ) (ف - ا - مذکر) مگرمچھ - گھڑیال -
نہنگِ اجل - موت کا فرشتہ - ملک الموت -
نِہنگ - (نِ - ہنگ) (ہ - ا - مذکر و صفت) (۱) سکھوں کا ایک فرقہ جو زرد کپڑے پہنتا ہے (۲) ننگا - آزاد (۳) بے حیا -
نہوت - (نِ - ہوت) (ہ - ا - مونث) مفلسی - تنگدستی -
نَہی - (نَ - ہی) (ع - ا - مونث) (۱) روک - ممانعت - (۲) وہ حکم جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے واسطے دیں -
نہی عن المنکر - ان چیزوں سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہے -
نَہیب - (نَ - ہیب) (ع - ا - مذکر) (۱) خوف (۲) مالِ غنیمت -
نہیں - (نَ - ہیں) (ہ - حرف) (۱) کلمہ نفی - انکار (۲) حرف شرط - ورنہ - وگرنہ -
نہیں تو - ورنہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے - وگرنہ -
نہیں کرنا - انکار کرنا - ناکرنا - نفی میں جواب دینا -
نہیں ہونا - انکار کرنا -

## ن - ی

نئی - (نَ - ای) (ہ - صفت) نیا کی تانیث - جدید - تازہ -
نئی پود - نوجوان طبقہ - نوجوان نسل -
نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا - (مثل) جوانی میں کم ہمتی اور ناتوانی -
نئی دنیا (۱) امریکہ جو ۱۴۹۲ء میں دریافت ہوا (۲) نئی آبادی - نیا عالم - انوکھی کیفیت -
نئی روشنی - نئی تہذیب - نئے علوم و فنون -
نئی نویلی (۱) چند روز کی بیاہی ہوئی دلہن - (۲) انوکھی - جدید -
نئے - (ہ - صفت) (۱) جدید (۲) انوکھے - نرالے -
نئے سرے سے - از سرِ نو - شروع سے - دوبارہ -

Marfat.com

# ن - ی - ے

نے - (ف - امونث) (۱) نرکل (۲) بانسری (۳) حقے کی نالی۔
نے شکر - (مذکر) گنا۔ ایکھ۔ پونڈا۔
نے نواز - بنسری بجانے والا۔
نے و نوش - دیکھیے نائو نوش۔
نے - (ف - حرف نفی) نہیں۔ نہ۔
نے غم دُزد نے غم کالا - (مثل) کسی بات کی پرواہ نہ ہونا - دنیا کے سرد و گرم سے قطعاً بے خبر ہونا۔
نے - (ہ) فعل متعدی کی علامت۔ جیسے میں نے خط پڑھا۔
نیا - (نَ - یا) (ہ - صفت) (۱) جدید۔ تازہ (۲) انوکھا (۳) اجنبی۔
نیا پرانا ہونا - (۱) نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے رات گزر جانا - (۲) نئے پن کی خوشی اور لذت ماند پڑ جانا۔
نیا دانہ نیا پانی - مسافرت کے لیے استعمال ہوتا ہے کہ ہر روز نئے مقام پر نئی غذا میسر آتی ہے۔
نیا راگ لانا - (۱) نیا فتنہ اٹھانا (۲) کوئی انوکھی بات نکالنا۔
نیا گل کھلانا - تازہ فتنہ اٹھانا۔ انوکھی اور عجیب خبر اڑانا۔
نیا نو دن پرانا سو دن - (مثل) نئے کے بجائے پرانا قابل اعتماد ہوتا ہے۔
نیا نوکر ہرن مارتا ہے - (مثل) نیا ملازم کارگزاری دکھانے کے لیے محنت سے کام کرتا ہے۔
نیا نویلا - (۱) نوخیز۔ نوعمر (۲) بانکا ترچھا جوان۔
نیا ہونا - ناواقف ہونا۔ اجنبی ہونا۔
نیابت - (نِ - یا - بت) (ع - امونث) (۱) قائم مقامی۔ سفارت (۲) منیمی۔ ایجنسی۔
نیارا - (نِ - یا - را) (۱) (ہ - صفت) (۱) نرالا۔ انوکھا (۲) منتخب - چھانٹا ہوا - (مونث - نیاری)
نیاریا - (نِ - یا - رِ - یا) (ہ - امذکر) سناروں کی دوکان کے کوڑا کرکٹ سے چاندی سونے کے ذرے نکالنے والا (۲) بڑا چالاک اور ہوشیار آدمی۔
نیاز - (نِ - یاز) - (ف - امونث) (۱) حاجت۔ آرزو (۲) - خواہش۔ اظہار محبت (۳) انکسار۔ عاجزی (۴) تبرک - (۵) نذر۔ بھینٹ (۶) التجا (۷) واقفیت۔
نیاز حاصل کرنا - (۱) بزرگوں کی ملاقات کرنا - (۲) واقفیت بہم پہنچانا۔
نیاز دلوانا - فاتحہ دلوانا۔
نیاز کرنا - (۱) فاتحہ دلوانا (۲) نذر چڑھانا۔ صدقہ کرنا۔
نیاز کیش - عاجزی جس کی عادت ہو۔ اظہار انکسار کا کلمہ
نیاز مند - (۱) حاجت رکھنے والا - خواہش رکھنے والا (۲) فروتنی اور انکسار کا اظہار۔
نیاز مندی - (مونث) (۱) آرزو (۲) انکساری (۳) اطاعت -
نیازی - (نِ - یا - زی) (ف - امذکر) (۱) عرض کرنے والا (۲) پٹھانوں کا ایک قبیلہ -
نیام - (نِ - یا م) (ف - امذکر) تلوار۔ خنجر وغیرہ کا میان۔
نیام کرنا - تلوار کو غلاف میں رکھنا۔
نیائے - (س - امذکر) انصاف۔ سچائی۔ قانون -
نیائے شاستر - ہندوؤں کی ایک مقدس کتاب کا نام۔
نیبو - (نی - بو) (ہ - امذکر) ایک ترش پھل۔ لیموں -
نیبو نچوڑ - (۱) نیبو نچوڑنے والا (۲) طفیلی۔ مفت خورہ۔
نیپالی - (نے - پا - لی) (اُ - صفت - وا - مذکر) (۱) ملک نیپال کا رہنے والا (۲) (مونث) چنبیلی کی ایک قسم - (۳) لال سنکھیا -
نیت - (نی - یت) (ع - امونث) (۱) دلی ارادہ - اصل مقصد - (۲) مراد۔ عہد (۳) خیال۔ دھن -
نیت باندھنا - (۱) ارادہ کرنا (۲) اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا -
نیت بد ہونا - نیت میں فرق آنا - ارادہ فاسد ہونا -
نیت بھر جانا - دل بھر جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا - جی بھر جانا -
نیتا - (نے - تا) (س - امذکر) رہنما۔ لیڈر -
نیٹ - (NET) (انگ - امذکر) جال۔
نیٹو - (NATIVE) (نے - ٹو) (انگ - صفت) - دیسی - ملکی باشندہ۔
نیچ - (ہ - صفت) - کمینہ - رذیل - سفلہ -
نیچ پن - (مذکر) کمینہ پن - اوچھی حرکت۔
نیچ ذات (قوم) - ادنیٰ ذات کے لوگ۔
نیچا - (نی - چا) (ہ - صفت) (۱) نشیب - گہرا (۲) کم - اونچے - (۳) مدھم - دھیما -
نیچا دکھانا - (۱) ذلیل کرنا (۲) غرور ڈھانا -
نیچر - (NATURE) (نے - چر) (انگ - امذکر) (۱) فطرت - پیدائش (۲) دنیا (۳) قدرت - قانون قدرت -
نیچرل - (NATURAL) (نے - چ - رل) (انگ - صفت) قدرتی - فطری -
نیچری - (نے - چ - ری) (اُ - صفت) قانون قدرت پر چلنے والا - سرسید احمد خاں کا مقلد -
نیچہ - (نے - چہ) (ف - امذکر) (۱) حقے کی نے - حقے کی نلیاں
نیچہ بند - حقے کے نیچے بنانے والا۔
نیچہ بندی - (مونث) نیچہ بنانے کا پیشہ۔
نیچی - (نی - چی) (ہ - صفت) نیچا کی تانیث -
نیچی نظر کرنا - (۱) شرم سے آنکھیں اوپر نہ اٹھانا - (۲) - کسی سے دبنا -
نیچی نظر ہونا - (۱) شرمندہ ہونا (۲) احسان مند ہونا -
نیچے - (نی - چے) (ہ - صفت) (۱) نشیب میں (۲) ماتحت (۳) مدھم - دھیما - گھٹیا -
نیچے کی سانس نیچے اُوپر کی سانس اُوپر رہ جانا - (مثل) ہکا بکا رہ جانا - حیران اور دم بخود رہ جانا -
نیر - (س - امذکر) (۱) پانی (۲) آنسو -
نیّر - (نی - یر) (ع - امذکر) نہایت چمکدار ستارہ -
نیّر اعظم - (مذکر) سورج -
نیرنگ - (نے - رنگ) (ف - امذکر) (۱) مکر - فریب - (۲) - شعبدہ - جادو (اصل نو رنگ - جدید رنگ) -

Marfat.com

نیرنگ زمانہ - (۱) زمانے کا شعبدہ (۲) انقلاب روزگار -
نیرنگی - (نے - رَنگی) (ف - ا - مونث) جادوگری - شعبدہ بازی -
نیز - (ف) حرف عطف - دیگر - اور بھی - بھی -
نیزہ - (نے - زہ) (ف - ا - مذکر) (۱) بھالا - بَرچھا (۲) ایک قسم کا نرسل جس سے قلم بناتے ہیں -
نیزہ باز - بَم بردار - بھالے کے کرتب جاننے والا -
نیزہ بازی - (مونث) نیزہ کے کرتب اور داؤں پیچ -
نیزہ بردار - نیزہ لے کر چلنے والا -
نیساں - (نے - ساں) (ف - ا - مذکر) رومیوں کا ساتواں مہینا - اور اس مہینے کی بارش - بیساکھ اور اپریل مئی کا موسم -
نیست - (ف - ا - مذکر) (۱) خالی (۲) نابود - معدوم - فنا -
نیست و نابود کرنا - بالکل فنا کر دینا -
نیستی - (نیس - تی) - (ف - ا - مونث) (۱) ناپید ہونا - فنا - (۲) نحوست - بدنصیبی (۳) تنگ دستی - مفلسی -
نیستی کا مارا - بدنصیب - بداقبال - منحوس -
نیش - (ف - ا - مذکر) (۱) نوک - انی (۲) ڈنک -
نیش زنی - (مونث) (۱) ڈنک مارنا (۲) برائی کرنا - کسی کے حق میں -
نیش عقرب - بچھو کا ڈنک (کنایتاً) دشمنوں کی شرارت -
نیشکر - نے کے تحت دیکھیے -
نیشن - (NATION) (نے - شَن) (انگ - ا - مونث) قوم - وطن -
نیشنل - (NATIONAL) (نیش - نَل) (انگ - صفت) قومی - وطنی -
نیشنل ازم - (NATIONALISM) (مذکر) قوم پرستی - وطن پرستی
نیشنل اسمبلی - (NATIONAL ASSEMBLY) (مونث) قومی اسمبلی - قانون ساز مجلس -
نیشنلسٹ - (NATIONALIST) (نے - شَ - نَ - لسٹ) (انگ - ا - مذکر) قوم پرست - وطن پرست -
نیشنلٹی - (NATIONALITY) (انگ - ا - مونث) قومیت -
نیفہ - (نے - فَہ) (ف - ا - مذکر) (۱) پاجامے کے گھیرے کا وہ حصہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں (۲) حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کر کے سی دیتے ہیں -
نیک - (ف - صفت) (۱) اچھا - عمدہ (۲) پرہیزگار (۳) رحم دل - (۴) شریف - مہذب
نیک اختر - نیک بخت - مبارک - خوش قسمت
نیک اندیش - بھلائی سوچنے والا - نیک نیت -
نیک بخت - (۱) خوش نصیب (۲) بھلا مانس - بھولا بھالا -
نیک بختی - (مونث) سعادت مندی - خوش نصیبی -
نیک چلن - وہ شخص جس کا رویہ اچھا ہو - اچھے کردار کا آدمی -
نیک چلنی - (مونث) اچھا چال چلن - نیک کردار - اعلیٰ اطوار -
نیک دل - پاکیزہ خیالات رکھنے والا -
نیک دلی - (مونث) دل کا صاف ہونا -
نیک ساعت - اچھی گھڑی - اقبال کا وقت -
نیک سرشت - نیک طینت - خوش خصال -
نیک فال - اچھا شگون - مبارک فال -
نیک فرجام - نیک انجام - جس کی آخیر اچھی ہو -
نیک نقش - اچھی خصلت کا -

نیک نام - وہ شخص جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو -
نیک نامی - (مونث) شہرت - ناموری -
نیک و بد - (مذکر) (۱) بُرا بھلا (۲) بُرائی بھلائی -
نیکر - (KNICKERS) (انگ - ا - مونث) گھٹنوں سے اوپر تک کا پاجامہ -
نیکو - (نے - کو) (ف - صفت) اچھا - خوب - عمدہ -
نیکوکار - اچھے کام کرنے والا - خوش اطوار -
نیکو نہاد - نیک نفس -
نیکی - (نے - کی) (ف - ا - مونث) (۱) بھلائی - خوبی (۲) احسان -
نیکی اور پوچھ پوچھ - (مثل) نیک کام کرنے کے واسطے مشورہ کی حاجت کیا -
نیکی بدی - (مونث) بھلائی بُرائی - نفع نقصان - دوستی دشمنی -
نیکی برباد گناہ لازم - (مثل) نیکی کے بدلے اُلٹی بُرائی حاصل ہوئی -
نیکی کا فرشتہ - وہ فرشتہ جو اچھے اعمال لکھتا ہے -
نیکی کر دریا میں ڈال - (مثل) نیکی کر کے بھول جانا - احسان کر کے بھلا دینا -
نیگ - (ہ - ا - مذکر) (۱) نذر - بھینٹ (۲) بیاہ میں رشتہ داروں کو شگون کے طور پر یا خدمت گاروں کو بطور انعام دی جانے والی رقم -
نیگرو - (NEGRO) (نیگ - رُو) (انگ - ا - مذکر) زنگی - حبشی - سیاہ فام -
نیل - (ع - ا - مذکر) (۱) حصول (۲) دسترس -
نیل مرام - حصول مقصد - مراد پانا - مقصد پورا ہونا -
نیل - (کس - ف - ا - مذکر) (۱) نیلا رنگ (۲) وہ رنگ جو نیل کے درخت سے نکالتے ہیں (۳) چوٹ کا نشان -
نیل پڑ جانا - چوٹ سے جسم پر نیلا داغ پڑ جانا -
نیل کنٹھ - (مذکر) ایک پرندہ جس کی گردن اور پر نیلے ہوتے ہیں -
نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا - اندھا کرنا -
نیل گاؤ - نیل گائے - ہرن کی قسم کا ایک جنگلی چوپایہ -
نیل گر - نیل بنانے والا - رنگریز -
نیل گوں - نیلے رنگ کا - آسمانی رنگ کا - نیلا -
نیلا - (نی - لا) (ہ - صفت) نیلے رنگ کا - نیلگوں -
نیلا پیلا ہونا - غصے ہونا - خفا ہونا -
نیلا تھوتھا - (مذکر) توتیا -
نیلام - (نی - لام) (پر - ا - مذکر) - بولی بول کر بیچنا - بولیوں کے ذریعے قیمت بڑھاتے جانا -
نیلام پر چڑھنا - نیلام کیا جانا - نیلام کر کے بیچ دینا -
نیلام کا مال - (مذکر) کم قیمت مال - ناقص اور حقیر چیز -
نیلام گھر - (مذکر) وہ مقام جہاں بولی دے کر چیزیں فروخت ہوتی ہیں -
نیلامی - (نی - لا - می) (پر - صفت) نیلام سے متعلق -
نیلاہٹ - (نی - لا - ہٹ) (ہ - صفت) نیلاپن -
نیلم - (نی - لم) (ف - ا - مذکر) نیلے رنگ کا قیمتی پتھر -

Marfat.com

نیلم پری - (مونث) ایک فرضی پری -
نیلوفر - (نی - لو - فر) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کے نیلے پھول کا نام جو دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے -
نیلوفری - (نی - لو - فَ - ری) (ف - صفت) نیلوفر کے رنگ کی - نیلگوں -
نیلی - (نی - لی) (ف - صفت) نیلا کی تانیث -
نیلی پیلی آنکھیں کرنا - بے حد غضب ناک ہونا -
نیلی فام - نیلے رنگ کا - نیلگوں - کبود -
نیم - (ہ - ا - مذکر) ایک درخت جس کے پتے چھال اور رس بہت کڑوے ہوتے ہیں -
نیم کی نبولی - نم کرلی - نیم کا پھل -
نیم - (ف - صفت) نصف - آدھا -
نیم باز - آدھا کھلا - آدھا بند -
نیم برشت - اَدھ پکا - اَدھ کچا - آدھا بھنا ہُوا -
نیم بسمل - آدھا ذبح کیا ہوا - گھائل - مجروح - اَدھ مُوا -
نیم جان - اَدھ مُوا - قریب مرگ -
نیم حکیم - ناتجربہ کار حکیم - اَن پڑھ اور عطائی حکیم -
نیم حکیم خطرۂ جان نیم مُلا خطرۂ ایمان - (مثل) ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا خدشہ لگا رہتا ہے -
نیم روز - دوپہر -
نیم کش - آدھا کھنچا ہوا - وہ تیر جسے چھوڑنے وقت پوری طرح کھینچا گیا ہو -
نیم وا - آدھا کھلا ہُوا -
نیمے دروں نیمے بروں - آدھا اندر آدھا باہر -
نیمچہ - (نیم - چہ) (ف - ا - مذکر) چھوٹی تلوار -
نیمہ - (نی - مَہ) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کا اونچا پاجامہ -
نیمہ آستین - ایک قسم کا کرتا جس کی آستینیں آدھی ہوتی ہیں -

نین - (ہ - ا - مذکر) (۱) آنکھ - چشم (۲) نظر (س - نین) -
نین سکھ - ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا - خاصہ -
نیناں - (نے - ناں) (ہ - ا - مذکر) نین کی جمع - آنکھیں -
نیند - (ہ - ا - مونث) نوم - خواب - سونے کی کیفیت -
نیند آنا - سو جانا -
نیند اُچٹ، اُڑ جانا - نیند نہ آنا -
نیند کی ماتی - خواب آلود - نیند بھری ہوئی -
نینو - (نے - نُو) (ہ - ا - مذکر) ایک قسم کا پھولدار کپڑا -
نیو - (ہ - ا - مونث) بنیاد - بنا - دیوار کی جڑ -
نیو ڈالنا - (۱) مکان کی بنیاد رکھنا (۲) کوئی کام شروع کرنا -
نیوتا - (ہ - ا - مذکر) (۱) شادی میں نقدی دینے لینے کی رسم (۲) بلاوا - دعوت -
نیوز - (NEWS) (انگ - ا - مونث) خبر -
نیوز ایڈیٹر - اخباروں میں خبروں کا نگرانِ اعلیٰ -
نیوز ایجنٹ - اخبار فروش -
نیوز ایجنسی - (مونث) اخباروں کو خبریں فراہم کرنے کا ادارہ -
نیوز پرنٹ - (NEWS PRINT) (مذکر) اخبار کا معمولی کاغذ -
نیوش - (نِ - یوش) (ف - صفت) مصدر نوشیدن سے اسم فاعل بمعنی سننے والا مرکبات میں جیسے گوش حق نیوش -
نیوگ - (نِ - یوگ) (ہ - ا - مذکر) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کے لیے ایک خاص رسم -
نیولا - (نِ - یو - لا) (ہ - ا - مذکر) چوہے کی قسم کا ایک جانور -
نیون - (NEON) (نی - اون) ایک قدرتی گیس جو روشنی کے کام آتی ہے -
نیوی - (NAVY) (نے - وی) (انگ - ا - مونث) بحری فوج - جنگی بیڑا -
نیہ - (ہ - ا - مذکر) پیار - محبت -
نیہ لگانا - دل لگانا - عشق کرنا -

Marfat.com

# و

و (واؤ) - (ع-ا-مذکر و مونث) اُردو کا تینتیسواں[۳۳] - فارسی کا تیسواں[۳۰] - عربی کا چھبیسواں[۲۶] اور ہندی کا انتیسواں[۲۹] حرف حساب ابجد میں اس کے چھ عدد مقرر ہیں۔

## و - ا

و (ع۔ ف۔ حرفِ عطف) اور (تلفظ او جیسے شب و روز)

وا - (ف۔ صفت) (۱) کھلا ہُوا - جُدا (۲) (تابع فعل) دوبارہ پھر - پیچھے - بعد۔

وابستگان - (مذکر) وابستہ کی جمع متعلقین

وابستگی - (مونث) تعلق - سروکار - واسطہ - لگاؤ -

وابستہ - (۱) بندھا ہُوا (۲) متعلق (۳) رشتے دار (۴) ملازم -

واپس - (۱) پیچھے (۲) بعد میں (۳) لوٹایا ہُوا - نامنظور کیا ہُوا (۴) الٹا پھرا ہُوا (۵) پھر - دوبارہ -

واپسی - (مونث) واپس ہونے یا آنے کی حالت -

واپسیں - آخری - (دم کے ساتھ مستعمل ہے - جیسے دمِ واپسیں)۔

وارستگی - (مونث) آزادی - فارغ البالی - چھٹکارا -

وارستہ - آزاد - فارغ البال - جمع وارستگان -

وارستہ طبع (مزاج) - آزاد طبع - بے پروا -

وارفتگی - (مونث) آپے سے باہر ہونے کی حالت - بے خودی -

وارفتہ مزاج - جس کا مزاج اس کے قابو میں نہ ہو -

واسوخت - (مونث) مسدس طرز کی ایک نظم جس میں معشوق کے ظلم و ستم کا حال بیان کر کے اس سے بے زاری کا اظہار کیا جاتا ہے -

وا کرنا - کھولنا - باز کرنا -

واگزار - (۱) چھوڑا ہُوا - پابندی اٹھایا ہُوا (۲) واپس کیا گیا -

واگزار کرانا - جائداد کو کسی کے قبضے (رہن وغیرہ) سے چھڑانا -

واگزاشت - (۱) چھوڑ دینے پابندی یا شرط ہٹانے کا عمل (۲) واپسی -

واگزاشتہ - (۱) چھوڑا ہُوا (۲) واپس دیا ہُوا -

واماندگان - واماندہ کی جمع - جو پیچھے رہ گئے - جو تھک کر رہ گئے -

واماندگی - (مونث) (۱) پیچھے رہ جانا (۲) تھکاوٹ (۳) عاجزی -

واماندہ - (۱) جو تھک کر بیٹھ گیا ہو (۲) باقی بچا ہُوا (۳) عاجز -

وا ہونا - کھلنا -

وا - (ع) وائے کا مخفف - آہ! افسوس!

واحسرتا - ہائے افسوس - حیف -

وامصیبتا - ہائے مصیبت -

واویلا - (مذکر) (۱) ماتم (۲) فریاد (۳) افسوس

واٹ - (WATT) (انگ - ا - مذکر) برقی قوت کا پیمانہ -

واٹر - (WATER) (وا - ٹر) (انگ - ا - مذکر) پانی -

واٹر پروف - (WATER PROOF) (مذکر) پانی روک - جس پر پانی اثر نہ کرے - (لباس وغیرہ) -

واٹر پولو - (WATER POLO) (مذکر) پانی پولو - ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں

واٹر سپلائی - (WATER SUPPLY) (مونث) پینے کا پانی فراہم کرنے کا انتظام - آب رسانی

واٹر کلر - (WATER COLOUR) (۱) آب رنگ - پانی کے رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کیے جائیں (۲) آب رنگ تصویر (۳) آب رنگ مصوری -

واٹر مارک - (WATER MARK) (مذکر) کاغذ کے اندرونی نشانات جن میں بنانے والے کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے -

واٹر ورکس - (WATER WORKS) (مذکر) - کارخانۂ آب رسانی -

واثق - (ع - صفت) مضبوط - پکا - مستقل -

واجب - (ع - صفت) (۱) ضروری - لائق - سزاوار - (۲) - جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو - خدائے تعالیٰ - (۳) ہمیشہ (۴) (فقہ میں) وہ رکن دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گنہ گار ہو (۵) (علم ریاضی میں) وہ مکسور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو (۶) تنخواہ -

واجب آنا - (۱) لازم آنا - ضروری ہو جانا (۲) ذمّے نکلنا -

واجب الادا - جس کا ادا کرنا ضروری ہو -

واجب الاذعان - جس کی تعمیل ضروری ہو -

واجب التعظیم - تعظیم کرنے کے لائق - بزرگ - محترم -

واجب العرض - (۱) بتانے یا بیان کرنے کے قابل (۲) عرضی دعوے (۳) وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے خاتمے پر مالکوں اور کاشت کاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کے بارے میں لکھی جائیں -

واجب القتل - قتل کرنے کے قابل - گردن زدنی -

واجب الوجود - جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو - اللہ تعالیٰ -

واجب الوصول - جس کا وصول کرنا واجب ہو -

واجب جاننا (سمجھنا) - لازم سمجھنا - ضروری جاننا -

واجب ہونا - (۱) ضروری ہونا (۲) ذمّے نکلنا -

واجبات - (وا - ج - بات) (ع - ا - مذکر) (۱) واجب کی

Marfat.com

جمع۔ لازمی چیزیں (۲) رقوم واجب الوصول۔
واجبی۔ (وا۔ جِ۔ بی) [ف۔ صفت] (۱) لازمی (۲) درست۔ معقول (۳) ذرا سا تھوڑی۔ کسی قدر۔
واجبی بات۔ ٹھیک بات۔ درست بات۔
واجبی سا۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ قلیل مقدار میں۔
واجد۔ [ع۔ صفت] (۱) وجود دینے والا (۲) پانے والا (۳) اللہ تعالٰے کا صفاتی نام۔
واچ۔ (WATCH) [انگ۔ا۔ مونث] گھڑی۔
واچ میکر۔ (WATCH MAKER) گھڑی ساز۔
واحِد۔ [ع۔ صفت] (۱) ایک (۲) یکتا (۳) محض۔ فقط۔ (۴) خدا کا صفاتی نام۔
واحدُالعَین۔ ایک آنکھ کا۔ کانا۔ یک چشم۔
واحد شاہد۔ (۱) واقف۔ باخبر (۲) پانے والا۔
وادی۔ [ع۔ا۔ مونث] (۱) گھاٹی (۲) دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین (۳) نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گزرگاہ۔
وادیُ القُریٰ۔ (مونث) مدینہ منورہ کے قریب ایک وادی۔
وادیِ ایمن۔ وہ جنگل جہاں حضرت موسٰیؑ اپنی بیوی کو دردِ زِہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خدا کی تجلی نظر آئی۔ یہ مقام کوہِ طور کے دائیں جانب تھا۔ اس لیے وادیٔ ایمن مشہور ہوا۔
وار۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) حملہ۔ مار (۲) الزام (۳) زخم (۴) باری (۵) موقع۔ گھات (۶) دن (۷) صدقہ (۸) اس طرف۔
وار بچانا۔ حملہ روکنا۔ ضرب روکنا۔
وار پار۔ اس سرے سے اس سرے تک۔ آر۔ پار۔
وار چلنا۔ (۱) چوٹ لگنا (۲) داؤں پڑ جانا۔
وار خالی دینا۔ ضرب اپنے اوپر نہ پڑنے دینا۔
وار کرنا۔ (۱) ضرب لگانا (۲) چال چلنا۔
وار لینا۔ (۱) اپنی باری لینا (۲) دم لینا۔ ٹھہرنا۔
وار ملنا۔ (۱) موقع ملنا۔ باری آنا (۲) فرصت نصیب ہونا۔
وار۔ [ف۔ صفت] (۱) بھرا ہوا۔ جیسے امیدوار۔ قصوروار۔ (۲) لائق۔ موزوں جیسے سزاوار (۳) مثل۔ جیسے حباب وار۔ (۴) بموجب جیسے ماہوار (۵) کلمۂ نسبت جیسے بزرگوار۔
وارا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) بچت (۲) فائدہ (۳) افاقہ (۴) صدقہ۔ (۵) [صفت] سستا۔
وارے نیارے۔ (۱) دولت (۲) نفع (۳) کمائی۔
وارِث۔ [ع۔ا۔ مذکر] (۱) مردے کے مال کا جائز حق دار (۲) خاوند (۳) حامی (ان معنوں میں "والی" کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) (۴) خدا کا صفاتی نام۔
وارث تاج و تخت۔ تاج و نگین۔ ولی عہد۔
وارِثی۔ (وا۔ رِ۔ ثی) [ع۔ا۔ مذکر] صوفیا کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہ صاحب (دیوا شریف) کا پیرو ہے [صفت] اس گروہ یا مسلک سے متعلق۔
وارِد۔ [ع۔ صفت] (۱) آنے والا (۲) موجود۔
وارد و صادر۔ (۱) مہمان (۲) مسافر (۳) آنے جانے والا۔
واردات۔ [ع۔ا۔ مونث]۔ واردہ کی جمع (۱) وہ حال جو آدمی پر گزرے۔ بیتی ہوئی باتیں (۲) حادثہ۔ واقعہ۔
واردات خفیف۔ معمولی قسم کا جھگڑا یا وقوعہ۔
واردات سنگین۔ سخت وقوعہ یا جھگڑا۔
وارڈ۔ (WARD) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) میونسپلٹی کی علاقہ بندی کے مطابق شہر کا ایک علاقہ (۲) وہ نابالغ جس کی ذات یا جائداد یا دونوں کے لیے عدالت سے کوئی منتظم مقرر ہو (۳) (ہسپتال میں) مقررہ حلقہ۔
وارڈ کیپر۔ (WARD-KEEPER) وارڈ کا محافظ یا چوکیدار۔
وارڈن۔ (WARDEN) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) ... (۲) نگران۔ حاکم۔
وارستگی۔ وارستہ۔ وا کے تحت دیکھیے۔
وارفتگی۔ وارفتہ۔ وا کے تحت دیکھیے۔
وارنا۔ [ہ۔ مص] صدقے کرنا۔ نچھاور کرنا۔
وارنٹ۔ (WARRANT) [انگ۔ا۔ مذکر] گرفتار کرنے کا تحریری حکم نامہ۔
وارنٹ تلاشی۔ تلاشی لینے کا تحریری حکم نامہ۔
وارنٹ گرفتاری۔ گرفتار کرنے کا حکم نامہ۔
وارنش۔ (VARNISH) (وار۔ نش) [انگ۔ا۔ مذکر] (۱) ملا ہوا گاڑھا سیال مادہ جسے فرنیچر وغیرہ چمکانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
وارننگ۔ (WARNING) [انگ۔ا۔ مونث] تنبیہ۔ انتباہ۔
واری۔ [ہ۔ا۔ مونث] صدقے۔ قربان۔
واری جانا۔ قربان ہونا۔ صدقے جانا۔
واڑ۔ [ہ۔ا۔ مونث] (۱) احاطہ۔ وہ جگہ جس کے گرد باڑھ لگی ہو۔ (۲) مقام۔ رہنے کی جگہ۔
واڑا۔ [ہ۔ا۔ مذکر] (۱) محلہ (۲) علاقہ۔ ملک۔
واڑی۔ (وا۔ ڑی) [ہ۔ا۔ مونث] چمن۔ باڑی۔
واژگوں۔ واژوں۔ [ف۔ صفت] (۱) اوندھا (۲) منحوس۔
واژوں بخت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
واسطہ۔ (وا۔ سِ۔ طہ) [ع۔ا۔ مذکر] (۱) درمیانی چیز یا شخص۔ بچولیا۔ ثالث۔ قاصد (۲) تعلق (۳) غرض۔ مطلب (۴) سبب (۵) وسیلہ (۶) صدقہ (۷) دوستی۔
واسطہ پڑنا۔ کام پڑنا۔ سروکار ہونا۔
واسطہ دینا۔ بیچ میں ڈالنا۔ کسی کے نام کی دہائی دینا۔
واسطہ ڈالنا۔ پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا۔
واسطہ رکھنا۔ تعلق رکھنا۔ غرض رکھنا
واسطہ ہونا۔ لگاؤ ہونا۔ تعلق ہونا۔
واسطی۔ (وا۔ س۔ طی) [ف۔ صفت] (۱) شہر واسط سے متعلق۔ (۲) (مذکر) ایک قسم کا عمدہ قلم جو واسط سے آتا ہے۔
واسطے۔ (واس۔ طے) [اُر۔ا۔ مذکر] (۱) واسطہ کی اُردو جمع (۲) [تابع فعل] لیے (۳) بسبب
واسکٹ۔ (WAIST COAT) کا مُحرّف [ا۔ مونث]۔ بے آستینوں کی صدری۔
واسوختہ۔ وا کے تحت دیکھیے۔
واشر۔ (WASHER) [انگ۔ا۔ مذکر] وہ چھلا جو ڈھبری

Marfat.com

کے ساتھ کس دیتے ہیں۔
واصِل۔ [ع۔صفت] (۱) ملنے والا (۲) ملا ہُوا (۳)۔ حاصِل ہونے والا۔ قابل وصول۔
واصِل باقی (مذکر) وہ حساب جس سے یہ معلوم کیا جا سکے کہ کل واجب رقم میں سے کتنی وصول ہو گئی اور کتنی باقی ہے۔
واصِل باقی نویس۔ تحصیل کا وہ عہدہ دار جو واصل باقی کا حساب رکھتا ہے۔
واصِل بحق ہونا۔ خدا سے جا ملنا۔ مر جانا۔
واصِل جہنم کرنا۔ جہنم رسید کرنا۔ دشمن کو قتل کرنا۔
واصِلات۔ [ع۔ا۔مونث] (۱) کل وصول شدہ محاصل کی مد (۲) میزان۔ وصول شدہ رقوم کی میزان۔
واضِح۔ [ع۔صفت] (۱) ظاہر۔ عیاں (۲) مفصّل (۳) صاف۔ (۴) جلی قلم سے لکھا ہُوا۔
واضِح رہے۔ جان لو۔ سمجھ لو۔ پوشیدہ نہ رہے۔
واضِع۔ [ع۔صفت] بنانے والا (جمع واضعین۔ واضعان)
واضِع قانون۔ قانون بنانے والا۔
واعِظ۔ [ع۔صفت وا۔مذکر] وعظ کہنے والا (جمع واعظین)۔
وافِر۔ [ع۔صفت] (۱) کثرت سے (۲) علم عروض میں ایک بحر کا نام۔
وافی۔ [ع۔صفت] (۱) پُورا۔ مکمل (۲) خاطر خواہ۔
واقِع۔ [ع۔صفت] ہونے والا۔ پیش آنے والا۔
واقِعات۔ [ع۔ا۔مذکر] واقعہ کی جمع۔
واقِعہ۔ [ع۔صفت] (۱) حادثہ۔ وقوعہ (۲) خبر (۳) حال۔ ماجرا۔
واقِعہ ہونا۔ حادثہ پیش آنا۔ واردات ہونا۔
واقِعی۔ (وا۔قِ۔عی) [ف۔صفت] (۱) جان پہچان والا۔ (۲) [تابع فعل] در اصل۔ حقیقت میں۔
واقِف۔ [ع۔صفت] (۱) جان پہچان والا (۲) آگاہ۔ مطلع۔ (۳) ماہر۔ تجربہ کار۔
واقِفُ الحال۔ واقف حال۔ حال جاننے والا۔ ہم راز۔
واقِف کار۔ (۱) تجربہ کار (۲) جان پہچان والا۔
واقِفیت۔ (وا۔قِ۔فی۔یت) [ف۔ا۔مونث] (۱) جان پہچان (۲) آگاہی (۳) تجربہ کاری (۴) پرکھ۔ شناخت۔
واگزار۔ واگزاشت۔ واگزاشتہ۔ وا کے تحت دیکھیے۔
وال۔ [و۔صفت] والا کا مخفف۔
والا۔ [و] مرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے (۱) اسم کے بعد آئے تو کبھی بیچنے والے یا کام کرنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے برف والا۔ دودھ والا۔ اور کبھی مالک کے جیسے گھر والا (۲) مصدر کے ساتھ آئے تو مصدر کا الف یے سے بدل جاتا ہے اور مرکب فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے پڑھنے والا (۳) کبھی اسم کے ساتھ آ کر صفت بناتا ہے جیسے گنجائش والا (۴) کبھی نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے لاہور والا۔
والا۔ [ف۔صفت] (۱) عالی۔ اونچا (۲) بزرگ۔
والا تبار۔ عالی خاندان۔
والا جاہ۔ (شان۔ قدر۔ گہر) (۱) بلند عہدے یا رتبے والا (۲) عالی خاندان۔
والا نامہ۔ [ع۔ا۔مذکر] (مذکر) بلند مرتبہ آدمی کا خط۔
والِد۔ [ع۔ا۔مذکر] باپ۔ پدر۔ پتا۔
والِدِ ماجد۔ قابل احترام باپ۔
والِدہ۔ (وا۔لِ۔دہ) [ع۔ا۔مونث] ماں۔ مادر۔ ماتا۔
والِدَین۔ (وا۔لِ۔دَین) [ع۔ا۔مذکر] ماں باپ۔
وال رس۔ (VOLRESS)۔ [انگ۔ا۔مذکر] قطب شمالی کا ایک جانور جس کے دانت لمبے ہوتے ہیں۔
والسّلام۔ (وَس۔س۔لام) [ع] اور سلام پہنچے۔
والنٹیر۔ (VOLUNTEER)۔ (وا۔لَن۔ٹی۔یَر) [انگ۔ا۔مذکر] وہ شخص جو اپنی خوشی یا رضا سے بلا تنخواہ کوئی خدمت انجام دینے کا ذمہ لے۔ رضا کار۔
والنٹیر کور۔ (VOLUNTEER CORPS)۔ (مونث) رضا کاروں کی پلٹن۔
واللہ۔ (وَل۔لاہ) [ع] (۱) خدا کی قسم (۲) یقیناً (۳)۔ سچ سچ۔
واللہ باللہ۔ قسم میں زور پیدا کرنے کے لیے بولتے ہیں۔
واللہُ اعلمُ بالصّواب۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ مجھے معلوم نہیں۔
والِہ۔ (وا۔لِہ) [ع۔صفت] فریفتہ۔ عاشق (فارسی والوں نے لام کی زیر سے بروزن لالہ استعمال ہے)
والِہ و شیدا۔ حد سے زیادہ فریفتہ۔ بہت زیادہ شیدا۔
والہانہ۔ (وا۔لِ۔ہا۔نہ) [ف۔صفت] عاشقانہ انداز سے۔
والی۔ [و۔صفت] والا کی تانیث۔
والی۔ [ع۔ا۔مذکر] (۱) مالک۔ حاکم (۲) دوست۔ حامی (۳) سرپرست (۴) نگہبان (۵) گورنر (جمع والیان)
والیٔ مُلک۔ ملک کا حکمران۔ بادشاہ۔
والی وارث۔ (۱) حامی (۲) پشت پناہ۔ سرپرست۔
وام۔ [ف۔ا۔مذکر] قرض۔ اُدھار۔
واماندگی۔ واماندہ۔ وا کے تحت دیکھیے۔
وان۔ [و۔ لاحقہ] والا۔ مالک جیسے بھاگ وان۔ کوچ وان۔
وان۔ [و۔ لاحقہ] (۱) اعداد کے بعد نسبت ظاہر کرنے کے لیے جیسے پانچواں (۲) وہاں کا مخفف۔
وانی۔ [س۔ا۔مونث] (۱) آواز (۲) بولی۔ گفتگو۔ (۳) تعریف۔
واو۔ [مذکر و مونث] حرف و۔
واوِ مجہول۔ وہ واؤ جس کے پہلے پیش تو ہو مگر ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے جیسے ہوش۔ زور۔
واوِ معدولہ۔ دیکھیے معدولہ۔
واوِ معروف۔ وہ واؤ جس کے پہلے پیش خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے۔ جیسے دُور۔ خُود۔
واؤچر۔ (VOUCHER)۔ [انگ۔ا۔مذکر] (۱) چیک۔ فردِ حساب (۲) تصدیق ادائی رسید۔
واہ۔ [ف۔ کلمۂ تحسین و آفرین] (۱) سبحان اللہ! آفرین! شاباش! مرحبا! (۳) بے شک (۴) طنزاً۔ کیا

خوب (۵) حیرت یا استعجاب (ارے! کیسے!) (۶) افسوس، ہائے (۷) کسی کام سے انکار، کیوں؟

**واہ پیر علیا' پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا۔** (مثل) اس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کی بدنامی یا ہونے کی وجہ سے کام بنتے بنتے بگڑ جائے۔

**واہ رے ہیں۔** اپنے کسی فعل پر فخر کرنا۔ میرا کیا کہنا۔

**واہ وا۔** (۱) شاباش۔ مرحبا (۲) حیرت و تعجب اور طنز کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

**واہِب۔** (ع۔صفت) (۱) دینے والا (۲) اللہ تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔

**واہمہ۔** (وا۔ ہِ۔ مَہ) (ع۔ا۔مذکر) قوتِ تصوّر۔ وہ قوت جس سے ایسی باریکیاں اور جزئیات معلوم ہوتی ہیں جن کا تعلق محسوسات سے ہے۔

**واہی۔** (ع۔صفت) (۱) بے ہودہ۔ لغو (۲) آوارہ۔ ناکارہ۔ (۳) کم زور (۴) سست۔

**واہی تباہی۔** (۱) لغو۔ بے ہودہ (۲) آوارہ۔

**واہی تباہی پھرنا۔** آوارہ پھرنا۔ پریشان حال پھرنا۔

**واہی ہوجانا۔** (۱) بگڑ جانا۔ آوارہ ہوجانا۔ (۲) پاگل ہوجانا۔

**واہیات۔** (وا۔ہی۔یات) (ع۔صفت) واہیہ کی جمع۔ (۱) بے ہودہ۔ لغو (۲) خرافات۔ فضول باتیں۔

**وائٹ پیپر۔** (WHITE PAPER) (انگ۔ا۔مذکر) قرطاس ابیض۔ وہ اعلان جو حکومت یا جماعت کی طرف سے اطلاع عام کے لیے شائع کیا جائے۔

**وائر۔** (WIRE) (وا۔اِر) (انگ۔ا۔مذکر) تار۔ تار برقی۔

**وائرلیس۔** (WIRELESS) (مذکر) (۱) بے تار کا۔ لاسلکی۔ (۲) لاسلکی پیام۔ (۳) لاسلکی پیام وصول کرنے کی مشین۔

**وائس۔** (VICE) (انگ۔صفت) قائم مقام۔ نائب۔

**وائس پریزیڈنٹ۔** (VICE-PRESIDENT) (مذکر) نائب صدر۔

**وائس چانسلر۔** (VICE-CHANCELLOR) نائب امیر جامعہ۔ چانسلر کا نائب۔

**وائسرائے۔** (VICEROY) (مذکر) بادشاہ کا نائب۔

**وائل۔** (VOIL) (انگ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا سوتی یا ریشمی کپڑا۔

**وائلن۔** (VIOLIN) (وا۔اِ۔لِن) (انگ۔ا۔مذکر) ایک ساز۔

**وائن۔** (WINE) (انگ۔ا۔مونث) شراب۔

**وائے۔** (ع) کلمۂ افسوس جو اظہارِ مصیبت یا رنج والم کے موقع پر زبان پر آتا ہے۔

**وائے تقدیر** (قسمت۔نصیب) ہائے قسمت۔

**وایا۔** (VIA) (انگ) براہ۔ راستے سے ہوتے ہوئے۔

## و-ب

**وبا۔** (ع۔ا۔مونث) وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہوجانے سے پھیلتی ہے۔ متعدی بیماری۔ طاعون۔ ہیضہ وغیرہ

**وبال۔** (ع۔ا۔مذکر) (۱) بوجھ (۲) عذاب۔ مصیبت (۳) (صفت) جو ناگوار معلوم ہو۔

**وبالِ جان** (روش)۔ دوبھر۔ سخت ناگوار۔

**وبال ہونا۔** بوجھ بن جانا۔ ناگوار ہونا۔

**وبائیات۔** (وَ۔با۔ءِ۔یات) (ع۔ا۔مذکر) وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا علم (EPIDEMIOLOGY)

## و-ت

**وَتَد۔** (وَ۔تَد) (ع۔ا۔مذکر) (۱) کھونٹی (۲) کونڈا (۳) (علم عروض میں) سہ حرفی لفظ۔

**وَتَر۔** (وَ۔تَر) (ع۔ا۔مذکر) (۱) مثلث قائم الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع (۲) مثلث کے کسی زاویے کے سامنے کا ضلع۔ (۳) وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے۔ (۴) وہ خط جو دائرے کے کسی حصّے کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو (۵) کمان کا چلّہ۔

**وِتر۔** (ع۔ا۔مذکر) (۱) وہ تین رکعتیں جو عشا کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں۔ (۲) (صفت) تنہا۔ طاق (عدد)

**وتیرہ۔** (وَ۔تی۔رَہ) (ع۔ا۔مذکر) عادت۔ شیوہ۔ طریقہ۔

## و-ٹ

**وٹ۔** (ہ۔ا۔مذکر) (۱) حصّہ۔ تقسیم (۲) (پن۔ا۔مونث) کھیت کی مینڈھ۔

**وٹامن۔** (VITAMIN) (انگ۔ا۔مذکر) وہ کیمیائی ماہیتیں جو انسانی غذا میں موجود ہیں اور بیماریوں کو روکتی اور بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ حیاتین۔

## و-ث

**وَثائق۔** (ع۔ا۔مذکر) وثیقہ کی جمع۔

**وِثاق۔** (ع۔ا۔مذکر) (۱) معاہدہ کرنا (۲) مقرر کرنا۔

**وُثُوق۔** (ع۔ا۔مذکر) (۱) مضبوطی (۲) بھروسا۔ اعتماد۔

**وثیقہ۔** (وَ۔ثی۔قَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) اقرار نامہ۔ بانڈ۔ دستاویز (۲) پرامیسری نوٹ۔ پرونوٹ۔

**وثیقہ دار۔** جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہوا ہو۔

**وثیقہ نویس۔** وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس ملا ہوا ہو۔

Marfat.com

## و - ج

**وجاہت** - ( ع - ا - مونث ) (۱) خوب صورتی - چہرے کا رعب (۲) عزت (۳) حکومت - دبدبہ -
**وجد** - ( ع - ا - مذکر ) (۱) بے اندازہ خوشی (۲) وہ حالتِ بیخودی جو صوفیا کو سماع سے ہوتی ہے - حال -
**وجد کرنا** - بے خود ہو کر جھومنا -
**وجد میں آنا** - مست ہو جانا - حال طاری ہو جانا -
**وِجدان** - ( وِج - دان ) ( ع - ا - مذکر ) جاننا - جاننے اور دریافت کرنے کی قوت -
**وجع** - ( وَ - جَع ) ( ع - ا - مذکر ) درد - ٹیس -
**وجع مفاصل** - جوڑوں کا درد - گٹھیا -
**وُجوب** - ( وُ - جُوب ) ( ع - ا - مذکر ) واجب ہونا - لازم ہونا -
**وُجود** - ( وُ - جُود ) ( ع - ا - مذکر ) (۱) زندگی (۲) جسم (۳) ذات (۴) پیدائش (۵) مادّہ - جوہر -
**وُجودی** - ( ع - صفت ) جو موجود ہو - جس کا وجود ہو -
**وُجوہ** - ( وُ - جُوہ ) ( ع - ا - مذکر و مونث ) وجہ کی جمع - اسباب -
**وُجوہات** - ( ع - ا - مذکر و مونث ) وجوہ کی جمع -
**وجہ** - ( ع - ا - مونث ) (۱) چہرہ - شکل - (۲) سبب - باعث - (۳) دلیل (۴) جانب (۵) طریقہ - ڈھنگ (۶) ذریعہ (۷) نقدی -
**وجہ تحریک** - عمل پر آمادگی کا سبب - ترغیب کا باعث -
**وجہ تسمیہ** - نام رکھنے کا سبب -
**وجہ ثبوت** - شہادت - گواہوں کی عدالت میں پیشی -
**وجہ معاش** - قوت - گزران - گزارے کا ذریعہ -
**وجہ مُوَجَّہ** - مضبوط دلیل - پختہ ثبوت -
**وجیہہ** - ( وَ - جِیہ ) ( ع - صفت ) (۱) خوب صورت (۲) رُعب داب والا -

## و - چ

**وِچار** - ( س - ا - مذکر ) غور و فکر - دھیان - بچار -
**وِچار دھارا** - ( مونث ) (۱) خیالات کی رَو (۲) رُجحان - میلان
**وَچن** - ( وَ - چن ) ( س - ا - مذکر ) عہد - پیمان - بچن -

## و - ح

**وحدانی** - ( وَح - دا - نی ) ( ع - صفت ) ایک (واحد) سے نسبت رکھنے والا -
**وحدانیت** - ( وَح - دا - نی - یت ) ( ع - ا - مونث ) (۱) ایک ہونا (۲) خدا کی یکتائی - توحید -
**وحدت** - ( وَح - دَت ) ( ع - ا - مونث ) ایک ہونا - توحید -
**وحدت الوجود** ( وحدتِ وجود ) تمام موجودات کو خدا تعالیٰ ہی کا ایک وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا -
**وحدہٗ** - ( وَح - دَ - ہُو ) ( ع ) وہ اکیلا ہے - تنہا ہے -
**وحدہٗ لاشریک لہٗ** - خدا تعالیٰ اکیلا ہے - اس کا کوئی شریک نہیں -
**وحش** - ( ع - ا - مذکر ) جنگلی جانور -
**وحش و طیر** - چوپائے اور پرندے -
**وحشت** - ( وَح - شَت ) ( ع - ا - مونث ) (۱) گھبراہٹ (۲) دیوانگی (۳) نامانوس ہونا - نفرت (۵) آوارگی - (۶) خوف -
**وحشت اثر** - جس سے وحشت پیدا ہو -
**وحشت انگیز** - وحشت پیدا کرنے والا - ڈراونا -
**وحشت برسنا** - (۱) اداسی چھانا (۲) ویرانی ہونا -
**وحشت زدہ** - (۱) گھبرایا ہوا (۲) جنونی (۳) اُداس -
**وحشت کرنا** - جانوروں کی طرح بھڑکنا - ڈر کر بھاگنا -
**وحشت ناک** - جس میں وحشت بھری ہو - خوفناک -
**وحشت ہونا** - (۱) گھبرانا (۲) جنون ہونا -
**وحشی** - ( وَح - شی ) ( ع - صفت ) (۱) جسے انسانوں سے وحشت ہوتی ہو - جنگلی (۲) غیر مہذب - اجڈ -
**وحشیانہ** - ( اُ - صفت ) وحشیوں کی طرح - ظالمانہ -
**وُحوش** - ( ع - ا - مذکر ) وحش کی جمع - جنگلی جانور -
**وَحی** - ( وَ - حی ) ( ع - ا - مذکر ) (۱) خدا کے وہ احکام جو نبیوں پر اُترتے تھے (۲) کتاب الٰہی (عربی میں بسکون دوم ہے - اُردو میں بکسر مستعمل ہے )
**وحی آنا ( اُترنا )** - نازل ہونا - جبرئیل کا نبیوں کے پاس خدا کے پیغام لے کر آنا -
**وحی مُنزل** - وہ وحی جو نازل کی گئی - مراد قرآن شریف -
**وحید** - ( وَ - حید ) ( ع - صفت ) یگانہ - یکتا - لاثانی -
**وحید العصر** - یکتائے زمانہ - جس کا اپنے زمانے میں کوئی ثانی نہ ہو -

## و - د

**وداع** - ( وَ - داع ) ( ع - ا - مونث ) (۱) رخصت - روانگی - (۲) دلہن کی رخصتی کی رسم - ( اُردو میں عموماً بکسر اوّل مستعمل ہے ) -
**وداعی** - ( ع - صفت ) وداع سے متعلق - رخصتی - آخری -
**وِدوان** - ( وِد - وان ) ( س - ا - مذکر ) عالم - عالی دماغ -
**وَدُود** - ( وَ - دُود ) ( ع - صفت ) (۱) دوست (۲) خدا تعالیٰ کا صفاتی نام -
**وِدھوا** - ( وِد - دھوا ) ( س - ا - مونث ) بیوہ - رانڈ -
**وِدیا** - ( وِد - یا ) ( س - ا - مونث ) علم - فن - سائنس - بدیا -

Marfat.com

**ودِیعت** - (وَ-دی-عَت) [ع-ا-مؤنث] امانت، سپردگی۔

## و - ر

**وَر** - [س-صفت] زبر، غالب، برتر، فائق۔
**وَر** - [ف-صفت] (۱) آور کا مخفف۔ والا۔ صاحب۔ قابض (۲) حرفِ ربط، و اگر کا مخفف۔
**ورِ ورلئے** - [ع] (۱) پیچھے، پرے (۲) دوسری جانب، پس پشت (۳) سوا، ماسوا۔
**وراثت** (وِ-را-ثَت) [ع-ا-مذکر] ورثہ، میراث، ترکہ (نیز بکسرِ اوّل)۔
**وراثت نامہ** - (مذکر) کسی کے وارث ہونے کی تحریر یا سند۔
**وِراثۃً** - (وِ-را-ثَ-تَن) [ع-تابع فعل] بطورِ وراثت۔
**ورائٹی** - (VARIETY) [انگ-ا-مؤنث]۔ تنوّع۔ گونا گونی۔ قسم قسم کا ہونا۔
**ورائٹی شو** - (VARIETY SHOW) (مذکر) ایسا تماشا جس میں ناچ گانے کے علاوہ ورزشی کرتب بھی دکھائے جائیں۔ رنگا رنگ پروگرام۔
**وُرثا** - (وُ-رَ-ثا) [ع-ا-مذکر] وارث کی جمع۔
**ورثہ** - (وَر-ثَہ) [ف-ا-مذکر] مرنے والے کا مال۔
**ورثے میں آنا** - ترکے میں آنا۔ مرنے والے سے حق پہنچنا۔
**وَرد** - [ع-ا-مذکر] گلاب کا پھول۔
**وِرد** - [ع-ا-مذکر] (۱) وہ کام جو روز کیا جائے۔ معمول (۲) وظیفہ۔ بار بار تلاوت۔
**وردِ زبان** - زبان پر چڑھا ہُوا۔ ازبر۔
**ورد کرنا** - دہرانا۔ یاد کرنا۔
**وردی** - (وَر-دی) [ہ-ا-مؤنث] (۱) فوجی لباس۔ (۲) ڈریس پریڈ پر طلبی کے لیے بجایا جانے والا فوجی بگل۔ (۳) وہ باجا جو فوجی بارکوں میں رات کے دس بجے سو جانے کے حکم کے طور پر اور صبح چار بجے جگانے کے لیے بجتا ہے۔
**ورزش** - (وَر-زِش) [ف-ا-مؤنث] کسرت۔ ڈنڈ وغیرہ پیلنا۔
**ورزشی** - [ف-صفت] ورزش سے متعلق۔ کسرتی۔
**ورطہ** - (وَر-طَہ) [ع-ا-مذکر] (۱) ہلاکت کا مقام۔ (۲) (مجازاً) پانی کا چکر۔ بھنور۔ گرداب۔
**ورع** - (وَ-رَع) [ع-ا-مؤنث] پرہیزگاری۔
**ورغلانا** - (وَر-غَ-لا-نا) (اُر-متعدی) (۱) بہکانا۔ بھڑکانا۔ (۲) اغوا کرنا۔
**ورق** - (وَ-رَق) [ع-ا-مذکر] (۱) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ (۲) پتّا (۳) پھول کی پتی (۴) چاندی یا سونے کا باریک کُوٹا ہُوا ٹکڑا (۵) تاش کا پتّا۔
**ورقِ خیال** - بھنگ۔

**ورق ساز** - چاندی یا سونے کے ورق کُوٹنے کا کام کرنے والا۔ زرکوب۔
**ورق گردانی کرنا** - (۱) پڑھے بغیر ورق اُلٹنا (۲) کسی کتاب کو سرسری طور پر دیکھنا۔
**ورقِ گل** - پھول کی پتی۔ پنکھڑی۔
**ورقہ** - (وَ-رَقَہ) [ع-ا-مذکر] (۱) کتاب کا ورق (۲) پتّا (اُردو میں بہ سکون مستعمل ہے)۔
**ورقی** - (وَ-رَ-قی) [ف-صفت] ورق سے منسوب۔ پرت دار (اُردو میں بسکون مستعمل ہے)۔
**ورک شاپ** - (WORKSHOP) [انگ-ا-مذکر] کارخانہ۔
**ورم** - (وَ-رَم) [ع-ا-مذکر] سُوجن۔ آماس۔
**ورم آنا / کر جانا** - ہو جانا، سُوج جانا۔
**ورناکیولر** - (VERNACULAR) (وَر-نا-کے-یو-لر) [انگ-صفت] (۱) دیسی (۲) (مؤنث) دیسی زبان۔
**ورنہ** - (وَر-نَہ) [ف] وگرنہ۔ اور نہیں تو۔
**وُرُود** - (وُ-رُود) [ع-ا-مذکر] اُترنا۔ وارد ہونا۔ پہنچنا۔
**ورے** - [ہ] (۱) ادھر۔ اس طرف (۲) پاس۔ قریب۔
**ورید** - (وَ-رِید) [ع-ا-مؤنث] شہ رگ۔

## و - ز

**وزارت** - (وَ-زا-رَت) [ع-ا-مؤنث] (۱) وزیر کا عہدہ (۲) وزیر کا کام (نیز بکسرِ اوّل)۔
**وزارتی** - (وَ-زا-رَ-تی) [ف-صفت] وزارت سے متعلق۔
**وِزٹنگ کارڈ** - (VISITING CARD) (وِ-زِ-ٹنگ-کارڈ) وہ کارڈ جس پر معائنہ کرنے والے کا نام درج ہوتا ہے۔
**وُزرا** - (وُ-زَ-را) [ع-ا-مذکر] وزیر کی جمع۔
**وزن** - [ع-ا-مذکر] (۱) تول۔ جانچ (۲) عزت۔ وقعت (۳) بوجھ (۴) مقدار۔ پیمانہ (۵) علمِ عروض میں شعر کی بحر (۶) سنجیدگی۔ متانت۔
**وزن دار** - (۱) بھاری۔ (۲) باوقعت ہونا۔
**وزن رکھنا / ہونا** - (۱) بھاری ہونا (۲) باوقعت ہونا۔
**وزنہ** - (وَز-نَہ) [ف-ا-مذکر] وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لیے اس پر رکھی جائے۔ پیپر ویٹ۔
**وزنی** - (وَز-نی) [ف-صفت] (۱) بھاری (۲) سنجیدہ۔ (۳) باوقعت۔
**وزیر** - (وَ-زِیر) [ع-ا-مذکر] (۱) دیوان۔ منصرم۔ منتری۔ (۲) شطرنج کا ایک مہرہ۔
**وزیرِ اعظم** - مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔ پرائم منسٹر۔
**وزیرِ اعلیٰ** - صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔ چیف منسٹر۔
**وزیرے چنیں شہریارے چُناں** - (مثل) جیسے وزیر

Marfat.com

ویسے بادشاہ۔ افسر او ماتحت دونوں نالائق۔

وزیری۔ (وَ۔زی۔ری) (ف۔ا۔مونث) (۱) وزیر کا عہدہ۔ وزارت (۲) (مذکر) پٹھانوں کے ایک قبیلے کا نام۔

## و ۔ س

وساطت۔ (ع۔ا۔مونث) وسیلہ۔ ذریعہ۔

وسائل۔ (وَ۔سا۔ئل) (ع۔ا۔مذکر) وسیلہ کی جمع۔

وسط۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) بیچ۔ درمیان۔ مرکز (۲) (بفتح اوّل و دوم) وہ چیز جو جسامت یا درجے میں درمیانہ ہو۔ (۳) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ جو اسے برابر کے دو حصوں میں تقسیم کر دے۔

وسطی۔ (وَس۔طی) (ف۔صفت) بیچ کا۔ درمیانی۔

وُسطیٰ۔ (وُس۔طا) (ع۔صفت) اوسط کا مونث۔ میانہ۔ اوسط درجے کا۔ بیچ کا (مونث) بیچ کی اُنگلی۔

وُسع۔ (ع۔ا۔مونث) چوڑائی۔ پھیلاؤ۔ فراخی۔

وُسعت۔ (وُس۔عت) (ع۔ا۔مونث) (۱) گنجائش۔ سمائی (۲) چوڑائی۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔

وِسکی۔ (WHISKY) (انگ۔ا۔مونث) ایک قسم کی شراب۔

وِسل۔ (وِ۔سل) (WHISTLE) (انگ۔ا۔مونث) سیٹی۔

وَسمہ۔ (وَس۔مہ) (ع۔ا۔مذکر) نیل کے پتے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے۔

وسمہ کرنا (لگانا) بالوں کو خضاب سے رنگنا۔

وسواس۔ (وَس۔واس) (ع۔ا۔مذکر) (۱) وہم۔ وسوسہ۔ (۲) اندیشہ۔ ڈر (۳) شبہ۔

وسواسی۔ (وَس۔وا۔سی) (ع۔صفت) وہمی۔ شکّی۔

وسوسہ۔ (وَس۔وَ۔سہ) (ع۔ا۔مذکر) دیکھیے وسواس۔

وسیع۔ (وَ۔سیع) (ع۔صفت) فراخ۔ چوڑا۔ کشادہ۔

وسیع النظر۔ جس کی نظر وسیع ہو۔ بلند خیال۔

وسیع النظری۔ (مونث) نظر کا وسیع ہونا۔ روا داری۔ بلند خیالی۔

وسیلہ۔ (وَ۔سی۔لہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) ذریعہ۔ واسطہ۔ (۲) سہارا۔ آسرا۔ (۳) حمایت۔ مدد۔

وسیم۔ (وَ۔سیم) (ع۔صفت) خوبصورت۔ خوش وضع۔

## و ۔ ش

وَش۔ (ف) مانند۔ مثل۔ طرح (مرکبات کے آخر میں جیسے پری وش)۔

وِشواس۔ (س۔ا۔مذکر) (۱) بھروسا۔ اعتماد (۲) اعتقاد۔

وشواس گھاتک۔ غدار۔ دغا باز۔

## و ۔ ص

وِصال۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) ملاقات (۲) مرجانا (۳) (اصطلاح تصوف) وحدت میں فنا ہو جانا۔

وصایا۔ (ع۔ا۔مذکر) وصیت کی جمع۔

وصف۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) خوبی۔ اچھائی (۲) گُن۔ صفت (۳) کمال۔ جوہر (۴) پہچان۔ شناخت۔

وصف رکھنا۔ خوبی رکھنا۔ صفت رکھنا۔

وصل۔ (ع۔ا۔مذکر) ملاقات۔ ہجر کی ضد۔

وصلی۔ (وَص۔لی) (ع۔ا۔مونث) خوش نویسوں کے مشق کرنے کا دُہرا کاغذ۔

وُصول۔ (ع۔ا۔مذکر) جو مل گیا ہو۔ جو حاصل ہو گیا ہو۔

وصول باقی۔ (مونث) (۱) وہ روپیہ جو وصول نہ ہوا ہو (۲) اس رقم کا وصول کرنا جو واجب الادا ہو۔

وصول پانا (کرنا) رقم مل جانا۔ رقم لینا۔

وصول کنندہ۔ وصول کرنے والا۔ پانے والا۔

وُصولی۔ (ف۔صفت) (۱) قابلِ وصول (۲) (مونث) وصول پانا۔

وصی۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (۲) وصیت پر عمل کرنے والا سربراہ کار۔ منصرم۔

وصیت۔ (وَ۔صی۔یت) (ع۔ا۔مونث) سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا۔

وصیت نامہ (مذکر) تحریری وصیت

وصیّہ۔ (وَ۔صی۔یہ) (ع۔ا۔مونث) وصی کی تانیث۔

## و ۔ ض

وضاحت۔ (ع۔ا۔مونث) واضح کرنا۔ تشریح کرنا۔

وضع۔ (ع۔ا۔مونث) (۱) ساخت۔ بناوٹ (۲) شکل۔ حلیہ (۳) حال۔ رنگ ڈھنگ۔ طرز (۴) مجرا۔ منہا (۵) جننا۔

وضع حمل۔ (مذکر) بچہ پیدا ہونا۔

وضع دار۔ (۱) اپنے طور طریقہ پر قائم رہنے والا (۲) چھیلا۔ بانکا۔

وضع داری۔ (مونث) (۱) ایک دفعہ اختیار کی ہوئی وضع کو مرتے دم تک نباہنا۔ (۲) بانکپن۔ طرحداری۔

وضع قوانین۔ قانون بنانا۔ قانون سازی کرنا۔

وضع کرنا۔ (۱) منہا کر دینا۔ کاٹ لینا (۲) بنانا۔

وُضو۔ نماز کے لیے جسم کے خاص خاص اعضا کو پانی سے دھونا۔

وضیع۔ (وَ۔ضیع) (ع۔صفت) کمینہ۔ نیچ۔ فرومایہ۔

وضیع و شریف۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ کمینہ اور شریف۔

Marfat.com

## و - ط

**وطن** - (وَ-طَن) (ع - ا - مذکر) دیس - اپنا ملک -
**وطنِ مالوف** - وہ جگہ جس سے لگاؤ اور اُنس ہو -
**وطنی** - (وَ-طَ-نی) (ع - نعت) (۱) ہم وطن - (۲) وطن سے منسوب -

## و - ظ

**وظائف** - (ع - ا - مذکر) وظیفہ کی جمع -
**وظیفہ** - (وَ-ظی-فہ) (ع - ا - مذکر) (۱) پنشن - تنخواہ - (۲) وہ رقم جو نادار طالب علم کو اس کے تعلیمی اخراجات کے لیے دی جائے (۳) حسنِ خدمات کے صلے میں عطا کی ہوئی جاگیر وغیرہ (۴) کوئی دعا جو روزانہ پڑھی جائے (۵) کسی بات کی رٹ -
**وظیفہ خوار** - (۱) وظیفہ لینے والا (۲) پنشن پانے والا -

## و - ع

**وعدہ** - (وَع - دَہ) (ع - ا - مذکر) (۱) اقرار - عہد (۲) موت کا وقت -
**وعدہ ایفا کرنا** - وعدہ پورا کرنا -
**وعدہ خلاف (شکن)** - جو وعدہ پورا نہ کرے -
**وعدہ خلافی (شکنی)** - (مونث) قول و قرار سے پھر جانا -
**وعدہ فراموش** - جو وعدہ کر کے بھول جائے -
**وعدہ وعید** - ٹال مٹول - جیلے حوالے آج کل -
**وعدہ وفا کرنا** - قول نباہنا - وعدہ پورا کرنا -
**وعظ** - (ع - ا - مذکر) مذہبی تقریر - مذہبی باتوں کا دھیان -
**وعظ کرنا (کہنا)** (۱) مذہبی تقریر کرنا (۲) نصیحت کرنا -
**وعلیکم السلام** - (وَ-ع - لے-کُ-مُس-سَ - لام) (ع - ا - مذکر) اور تم پر بھی سلامتی ہو - السلام علیکم کا جواب -
**وعید** - (وَ- عید) (۱) سزا دینے کی دھمکی (۲) سزا دینے کا وعدہ -

## و - غ

**وغا** - (ع - ا - مونث) - (۱) جنگ - (۲) ہنگامہ - فساد -
**وغیرہ** - (وَ- غے- رَہ) (ع) اور بھی - اور اس کے ماسوا -

## و - ف

**وفا** - (ع - ا - مونث) (۱) نباہ - ساتھ دینا (۲) خیر خواہی - (۳) تکمیل - تعمیل -
**وفا پرست** - وفادار - باوفا - نباہنے والا - مخلص -
**وفا پیشہ** - جو ہمیشہ وفادار رہے -
**وفادار** - وفا کرنے والا - نباہنے والا - باوفا -
**وفاداری** - (مونث) نباہنا - ساتھ دینا - وفا کرنا -
**وفا شعار** - نباہنے والا - جس کا شعار وفا کرنا ہو -
**وفا کیش** - دیکھیے وفا شعار -
**وفات** - (ع - ا - مونث) موت - انتقال -
**وفات پانا** - مر جانا - انتقال کر جانا -
**وفاق** - (ع - ا - مذکر) (۱) اتحاد (۲) کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنا لینا - فیڈریشن -
**وفاقی** - (ع - نعت) وفاق سے منسوب - فیڈرل -
**وفد** - (ع - ا - مذکر) (۱) نمائندوں کی جماعت (۲) چند اشخاص کا کوئی پیغام لے کر کسی حاکم کے پاس جانا - ڈیپوٹیشن -
**وفود** - (وُ- فود) (ع - ا - مذکر) وفد کی جمع -
**وفور** - (وُ- فور) (ع - ا - مذکر) افراط - بہتات - زیادتی -

## و - ق

**وقار** - (وَ- قار) (ع - ا - مذکر) (۱) متانت - بردباری - (۲) قدر و منزلت - جاہ و جلال - (بجسرِ اوّل غلط العام ہے)
**وقائع** - (ع - ا - مذکر) وقیعہ کی جمع - جنگ کی خبریں - واقعات - حالات -
**وقائع نگار (نویس)** (۱) جنگی مخبر (۲) نامہ نگار - اخبار نویس
**وقائع نگاری** - (مونث) نامہ نگاری - پرچہ نویسی -
**وقت** - (ع - ا - مذکر) (۱) گھڑی - ساعت (۲) زمانہ (۳) موقع (۴) موسم (۵) فرصت (۶) باری - وعدہ (۷) موت کی گھڑی (۸) مصیبت (۹) دشواری -
**وقت آ پہنچنا** - موت کا وقت آ جانا -
**وقت آ جانا** - (۱) موسم آ جانا (۲) مصیبت آ جانا - (۳) - موت کا وقت آ پہنچنا -
**وقت بے وقت** - (۱) موقع بے موقع (۲) ہر وقت -
**وقت پانا** - فرصت پانا - موقع حاصل ہونا -
**وقت پر** - (۱) عین موقعے پر (۲) ضرورت کے وقت -
**وقت پر کام آنا** - وقت پڑنے پر ساتھ دینا -
**وقت پڑنا** - (۱) مصیبت پڑنا (۲) دشواری ہونا (۳) ضرورت مند ہونا -
**وقت پڑنے پر گدھے کو باپ بناتے ہیں** - (مثل) ضرورت

Marfat.com

یا لاچاری کی حالت میں ادنٰے درجے کے لوگوں کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔
**وقت کاٹنا**۔ (۱) وقت گزارنا (۲) دن پُورے کرنا۔
**وقت کی بات**۔ (۱) اتفاقی بات (۲) تقدیری امر
**وقت کے وقت**۔ عین موقعے پر۔ بروقت۔
**وقت گزر گیا بات رہ گئی**۔ (مثل) وقت تو اچھا بُرا گزر گیا مگر شکایت رہ گئی۔
**وقت ملنا**۔ (۱) فرصت ہونا (۲) موقع ہاتھ آنا۔
**وقت نازک ہونا**۔ حالات اچھے نہ ہونا۔
**وقت نکالنا**۔ (۱) فرصت نکالنا (۲) مصیبت یا پریشانی کے زمانے میں زندگی جُوں توں گزارنا۔
**وقت نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے** (وقت نہیں رہتا بات رہ جاتی ہے)۔ (مثل) کام تو کسی نہ کسی طرح نکل ہی جاتا ہے البتہ جو ضرورت یا مصیبت میں ساتھ نہ دے اس کی بدسلوکی یاد رہتی ہے۔
**وقت وقت کا راگ ہے**۔ ہر وقت کا ایک الگ راگ ہے جیسا موقع ہو ویسی ہی بات کرنا چاہیے۔
**وقتاً فوقتاً**۔ (وَق-تَن-فَو-قَ-تَن) (ع-تابع فعل) کبھی کبھی۔ حسبِ موقع۔
**وقتی**۔ (وَق-تی) (ع-صفت) (۱) وقت کا۔ زمانے کا۔ (۲) عارضی۔
**وقر**۔ (ع-ا-مذکر) (۱) بڑائی۔ عظمت (۲) عزت (۳) مرتبہ۔ درجہ۔
**وقِس علیٰ ہٰذا**۔ (وَ-قِس-عَ-لا-ہا-ذا) (ع) اور اسی پر قیاس کر لو۔
**وقعت**۔ (وَق-عَت) (ع-ا-مونث) عزت۔ اعتبار۔ ساکھ۔
**وقف**۔ (ع-ا-مذکر) (۱) ٹھہراؤ۔ توقف (۲) خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو (۳) ساکن حرف کے بعد غیر متحرک حرف آنا جیسے "پیار" میں "ر" (۴) (صفت) مصروف۔ مشغول۔
**وقفِ اولاد**۔ وقف علی الاولاد۔ وہ چیز جو مالک اپنی اولاد کے لیے وقف کرے۔
**وقف نامہ**۔ (مذکر) وہ دستاویز جو وقف مال کی بابت لکھی جائے۔
**وقف ہونا**۔ (۱) خدا کے نام پر چھوڑا جانا (۲) کسی کام میں مصروف ہونا۔ جو کام کرنا اسی کا ہو جانا۔
**وقفہ**۔ (وَق-فہ) (ع-ا-مذکر) (۱) مہلت (۲) قرآن مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رکنا۔
**وُقوع**۔ (وُ-قُوع) (ع-ا-مذکر) واقع ہونا۔ ظہور۔ اظہار۔
**وقوعِ جرم**۔ جرم کیا جانا۔ جرم کا ارتکاب
**وقوع میں آنا**۔ واقع ہونا۔ ظاہر ہونا۔ سرزد ہونا۔
**وقوعہ**۔ (وُ-قُو-عہ) (ع-ا-مذکر) (۱) واقعہ۔ حادثہ۔ (۲) ہنگامہ۔
**وُقوف**۔ (ع-ا-مذکر) (۱) علم۔ آگاہی۔ واقفیت۔ (۲) شعور (۳) تجربہ (۴) ٹھہرنا (حاجیوں کا مقام عرفات میں)۔
**وقیع**۔ (وَ-قیع) (ع-صفت) وقعت رکھنے والا۔ عزت دار۔

## و - ک

**وکالت**۔ (وَ-کا-لَت) (ع-ا-مونث) (۱) وکیل کا کام۔ یا پیشہ (۲) نیابت۔ کسی کا معاملہ اس کے نمائندے کی حیثیت سے پیش کرنا۔
**وکالت نامہ**۔ (مذکر) وکیل مقرر کرنے کا تحریری اقرار نامہ۔
**وکالتہً**۔ (وَ-کا-لَ-تَن) (ع-تابع فعل) وکیل کے ذریعے۔ وکیل کی معرفت۔ اصالتہً کی ضد۔
**وِکٹ**۔ (WICKET) (انگ-ا-مذکر) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین ڈنڈے جن کے آگے کھڑا ہوا کھلاڑی بلّے کے ذریعے اس گیند کو روکتا ہے جو مخالف ٹیم کا باؤلر سامنے سے وکٹوں پر مارنے کے لیے پھینکے۔
**وکٹ کیپر**۔ (WICKET KEEPER) (مذکر) وکٹ کے پیچھے کھڑے ہو کر گیند روکنے والا۔
**وکٹ گرانا**۔ وکٹ پر گیند مار کر کھلاڑی کو آؤٹ کر دینا۔
**وِکٹوریا**۔ (VICTORIA) (انگ-ا-مونث) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔
**وُکلا**۔ (وُ-کَ-لا) (ع-ا-مذکر) وکیل کی جمع۔
**وکیل**۔ (وَ-کیل) (ع-ا-مذکر) (۱) مختار۔ نائب۔ وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے (۲) سند یافتہ قانون دان جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرے اور جس کا یہی پیشہ ہو۔
**وکیلِ سرکار**۔ حکومت کی طرف سے مقدمے کی پیروی کرنے والا وکیل۔
**وکیلِ عام**۔ ایسا کارندہ جسے ہر بات کا پُورا پُورا اختیار ہو۔ مختارِ عام۔
**وکیل کرنا**۔ وکیل کھڑا کرنا۔ مقدمے کی پیروی کے لیے کسی وکیل کو مقرر کرنا۔

## و - گ

**وِگ**۔ (WIG) (انگ-ا-مونث) مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔
**وگر**۔ (وَ-گر) (ف-حرفِ عطف) اور اگر۔
**وگرنہ**۔ (وَ-گر-نہ) (ف) ورنہ۔ نہیں تو۔

## و - ل

**وِلا**۔ (وِ-لا) (ع-ا-مونث) محبت۔ الفت۔ دوستی۔
**وِلا**۔ (VILLA) (وِ-لا) (انگ-ا-مذکر) دیہاتی مکان۔ بنگلہ۔

Marfat.com

**ولادت**۔ (وِ-لا-دت) [ع-ا-مؤنث] جنم۔ پیدائش۔ بفتح اول نیز بکسر اول۔

**ولایت**۔ (وِ-لا-یت) [ع-ا-مؤنث] (۱) ملک۔ سلطنت (۲) غیر ملک (۳) کسی کام کی ذمّہ داری۔ کفالت (۴) سرپرست ہونا (۵) ولی کا مرتبہ۔

**ولایت پانا**۔ ولی بننا۔ ولی کا مرتبہ حاصل کرنا۔

**وِلایتہً**۔ (وِ-لا-یَ-تَن) [ع-تابع فعل] (۱) ولی ہونے کی بنا پر (۲) والی وارث ہونے کی حیثیت میں۔

**ولایتی**۔ (وِ-لا-یَ-تی) [ع-ا-مذکر] (۱) ولایت کا رہنے والا (۲) [صفت] ولایت کا بنا ہوا (۳) جنگلی انجان (۴) [مؤنث] تلوار۔ شمشیر۔

**وَلَد**۔ (وَ-لَد) [ع-ا-مذکر] بیٹا۔ فرزند۔

**ولدُ الحرام**۔ حرامی۔

**ولدُ الحلال**۔ حلالی۔ حلال کا۔

**ولدُ الزنا**۔ حرام زادہ۔

**ولدیّت**۔ (وَل-دی-یت) [ع-ا-مؤنث] باپ کا نام۔ حسب نسب۔ اصل۔ نسل۔ خاندان۔

**ولندیز**۔ (وَ-لن-دیز) [ع-ا-مذکر] نیدرلینڈ۔ ہالینڈ۔ یورپ کا ایک ملک۔

**ولندیزی**۔ (وَ-لن-دے-زی) [ع-صفت] (۱) ولندیز سے متعلق (۲) ولندیز کا باشندہ۔

**ولولہ**۔ (وَل-وَ-لہ) [ع-ا-مذکر] جوش۔ امنگ۔

**ولولہ (اٹھنا، آنا)**۔ جوش پیدا ہونا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔

**ولی**۔ (وَ-لی) [ع-ا-مذکر] (۱) ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو (۲) سرپرست۔ مربّی۔

**ولی اللہ**۔ اللہ کا ولی۔ عابد۔ زاہد۔

**ولیِ جائز**۔ وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا ولی مقرر کیا گیا ہو۔

**ولی را ولی می شناسد**۔ (مثل) کسی شخص کی اصلیت کو وہی شخص تاڑتا ہے جو خود اسی جیسا ہو۔

**ولی عہد**۔ (مذکر) بادشاہِ وقت کا ہونے والا جانشین۔

**ولی عہدی**۔ (مؤنث) (۱) ولی عہد کا مرتبہ (۲) ولی عہد رہنے کا زمانہ۔

**ولیِ قریب**۔ نزدیکی سرپرست۔

**ولی کے گھر شیطان**۔ اچھوں کی بری اولاد۔

**ولیِ نعمت**۔ پرورش کرنے والا۔ آقا۔ مربّی۔ سرپرست۔

**وَلے**۔ (وَ-لے) [ف] ولیک کا مخفف۔ لیکن۔ مگر۔

**ولیک۔ ولیکن**۔ [ف] ولیک اور ولیکن کا مخفف۔ لیکن۔ مگر۔

**ولیمہ**۔ (وَ-لی-مہ) [ع-ا-مذکر] نکاح کے بعد کی دعوت جو دولھا کی طرف سے دی جاتی ہے۔

**ولین**۔ (VILLAIN) (وِ-لین) [انگ-ا-مذکر] ڈرامے میں بدکردار شخص۔ ہیرو کی ضد۔

**ولیّہ**۔ (وَ-لی-یہ) [ع-ا-مؤنث] (۱) ولی عورت (۲) وہ خاتون جو کسی نابالغ کی سرپرست مقرر کی جائے۔

## و - ن

**ونت**۔ (س-لاحقہ) صاحب۔ والا۔ مالک۔ جیسے دھن ونت۔

**ونڈائیک**۔ (VANDAYKE) [انگ-ا-مذکر] ایک خاص طریقۂ کتابت و طباعت۔

**ونگ کمانڈر**۔ (WING COMMANDER) [انگ-ا-مذکر] ہوائی فوج کا افسر۔

## و - و

**ووٹ**۔ (VOTE) [انگ-ا-مذکر] (۱) رائے (۲) کسی معاملے کے فیصلے کے لیے رائے دینا (۳) عوامی نمائندوں کے انتخاب کے لیے تحریری اظہارِ رائے کی پرچی (۴) رائے دہی۔

**ووٹر**۔ (VOTER) [انگ-ا-مذکر] ووٹ دینے والا۔

**ووٹنگ**۔ (VOTING) [انگ-ا-مؤنث] رائے شماری۔ رائے دہی۔

**وولٹ**۔ (VOLT) [انگ-ا-مذکر] برقی قوت کی اکائی۔

## و - ہ

**وُہ**۔ (وہ-ضمیر) (۱) غائب یا بعید کی طرف اشارہ (۲) اُس قدر۔ اتنا (۳) ایسا۔ اس درجے کا (۴) پہلو سا (۵) اونچے مرتبے کا۔

**وہ آنکھیں نہیں رہیں**۔ وہ پہلی سی مروت اور محبت نہیں رہی۔

**وہ پانی ملتان بہ گیا**۔ اب موقع جاتا رہا۔

**وہ تو کہیے**۔ غنیمت یہ ہے کہ۔

**وہ دفتر گاؤ خورد ہوگیا**۔ وہ کام ختم ہوگیا۔

**وہ دن اور آج کا دن**۔ اس دن سے لے کر آج تک۔

**وہ دن گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے**۔ (مثل) اچھے دن گزر گئے۔ اب اور وقت ہے۔

**وہ مارا**۔ کسی کام میں اچانک کامیابی حاصل ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**وہّاب**۔ (وَہ-ہاب) [ع-صفت] بہت بخشنے والا۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

**وہّابی**۔ (وَہ-ہا-بی) [ع-صفت (۱)-مذکر] شیخ عبدالوہاب کے فرقے سے تعلق رکھنے والا۔

**وھارف**۔ (WHARF) [انگ-ا-مذکر] گھاٹ۔

**وہاں**۔ (ف) اس جگہ۔ اس مقام پر۔ اُدھر۔

**وَہَب**۔ [ع-ا-مذکر] بخشش۔ عطا۔ سخاوت۔

**وہبی**۔ (وَہ-بی) [ع-صفت] قدرت کی طرف سے دیا گیا۔

Marfat.com

کسبی کی ضد۔

**وہپ** ۔ (WHIP) پارلیمنٹ کی کسی پارٹی کا وہ عہدے دار جو ائس کے ارکین میں تال میل رکھتا ہے۔

**وہم** ۔ [ع - ا - مذکر] (۱) شک - گمان (۲) دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیال پیدا کرتی ہے۔

وہم کی دارو تو لقمان کے پاس بھی نہیں۔ [مثل] وہم دُور کرنے کی کوئی تدبیر ممکن نہیں۔ وہم کا کوئی علاج ممکن نہیں۔

**وہمی** ۔ (وَہ - می) [ع - صفت] (۱) جو ہر بات میں وہم کرے (۲) وہم سے تعلق رکھنے والی۔ خیالی۔ موہوم۔

**وَہُو ہٰذا** ۔ (وَ - ہُ - وَ - ہا - ذا) [ع -] اور وہ یہ ہے۔

**وُہی** ۔ [و] (۱) وہ ہی (۲) اُسی طرح۔ مثل سابق۔

وہی مرغے کی ایک ٹانگ ۔ (مثل) ایک ہی بات کی رٹ کیے جانا۔ اپنی ہی رٹ لگانا۔

**وہیل** ۔ (WHALE) [انگ - ا - مونث] مچھلی کی شکل کا ایک دُودھ پلانے والا بہت بڑا جانور۔

**وہیں** ۔ (وَ - ہیں) [و] (۱) اُسی جگہ (۲) اُسی وقت۔ فوراً۔

وہیں کا ہو رہنا۔ کسی جگہ جا کر جلد واپس نہ آنا۔

## و - ی

**وی** ۔ [ا] کلمۂ نسبت جیسے دہلوی۔

**وی پی** ۔ (V P) [انگ - ا - مونث] (VALUE PAYABLE) کا مخفف۔ وہ مال جو قیمت دے کر ڈاک خانے سے وصول کیا جائے۔

**ویٹر** ۔ (WAITER) (وے - ٹر) [انگ - ا - مذکر] ہوٹل کا وہ خدمت گار جو گاہکوں کو کھانا کھلاتا ہے۔

**ویٹرس** ۔ (WAITRESS) (ویٹ - رس) [انگ - ا - مونث] ہوٹل میں کھانا کھلانے والی خادمہ۔

**ویٹنگ روم** ۔ (WAITING ROOM) [انگ - ا - مذکر] انتظار گاہ۔

**ویٹو** ۔ (VETO) [انگ - ا - مذکر] کسی تجویز، فیصلے یا قانون کو نامنظور کرنے کا حق۔ حقِ استرداد۔

**وید** ۔ [س - ا - مذکر] ہندوؤں کی مقدس کتاب۔

**وَید** ۔ [س - ا - مذکر] ہندی طریقے پر علاج کرنے والا طبیب (صحیح ویدیک)

**ویدانت** ۔ (وے - دانت) [س - ا - مذکر] ہندوؤں کے فلسفے اور دینیات کا ایک نظام جس میں ذاتِ الٰہی پر بحث کی گئی ہے۔

**ویدک** ۔ (وے - دِک) [س - ا - مذکر] (۱) وید کا عالم (۲) [صفت] وید کی تعلیم کے مطابق۔

**وَیدک** ۔ (وَے - دِک) [س - ا - مذکر] ہندی علمِ طب سے متعلق (صحیح ویدیک)

**وِیر** ۔ [س - صفت] بہادر۔ شجاع۔ ہیرو (پن) بھائی۔

**وِیران** ۔ (وی - ران) [ف - صفت] اُجڑا ہوا۔ بنجر۔

**وِیرانہ** ۔ (وی - را - نہ) [ف - ا - مذکر] اجاڑ اور غیر آباد جگہ۔

ویرانہ نشیں۔ جنگل میں رہنے والا۔

**ویرانی** ۔ (وی - را - نی) [ف - ا - مونث] (۱) اُجاڑ پن (۲) بربادی (۳) ابتری (۴) بے رونقی (۵) اُداسی۔

**ویرتا** ۔ (ویر - تا) [س - ا - مونث] بہادری۔ شجاعت۔

**ویزا** ۔ (VISA) [انگ - ا - مذکر] پروانۂ راہداری۔

**وَیسا** ۔ (وَے - سا) [و - صفت] اُسی طرح کا۔ اُس جیسا۔

ویسا (ویسے) کا ویسا ۔ جیسا پہلے تھا۔ بالکل ویسا ہی۔ جوں کا توں۔

ویسا ہی۔ خاص اُسی قسم کا۔ ٹھیک اسی طرح کا۔

ویسے تو۔ عام طور سے۔ دوسرے پہلو سے۔

ویسے ہی۔ (۱) یوں ہی۔ بغیر کسی خاص مطلب کے۔ (۲) مفت۔

**وَیسی** ۔ (وَے - سی) [و - صفت] ویسا کی تانیث۔

**ویش** ۔ [س - ا - مذکر] ہندو قوم کی چار ذاتوں میں سے وہ ذات جو تجارت اور زراعت کرتی ہے۔

**ویشنو** ۔ (ویش - نو) [س - ا - مذکر] ہندوؤں کا ایک بڑا فرقہ جو وشنو دیوتا کو مانتا ہے۔

**ویشیا** ۔ (ویش - یا) [س - ا - مونث] طوائف۔ کسبی۔

**ویکسین** ۔ (VACCINE) (ویک - سین) [انگ - ا - مونث] ایک زہریلا مادّہ جس کا ٹیکا لگانے سے انسان چیچک سے محفوظ رہتا ہے۔

**ویکنسی** ۔ (VACANCY) (وَے - کِن - سی) [انگ - ا - مونث] خالی جگہ۔ عہدہ یا اسامی۔

**ویگن** ۔ (WAGON) (وَے - گن) [انگ - ا - مذکر] (۱) مال گاڑی کا ڈبا (۲) چھکڑا۔

**ویلکم** ۔ (WELCOME) (ویل - کم) [انگ - ا - مذکر] خوش آمدید۔ مرحبا۔

**ویمپ** ۔ (VAMP) [انگ - ا - مونث] ڈرامے میں بُرے کردار کی عورت۔ ہیروئن کی ضد۔

Marfat.com

# ہ

ہ - ہا - ہے۔ (ع - ا - مونث) اُردو کا چونتیسواں، فارسی کا اکتیسواں، عربی کا ستائیسواں اور ہندی کا پینتیسواں حرف۔ اسے ہائے مختفی اور ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔ حسابِ ابجد میں اس کے پانچ عدد مقرر ہیں۔

## ہ - ا

ہا - [ف - ا - مونث] (۱) حرف ہ کا تلفظ (۲) فارسی اسموں میں علامتِ جمع جیسے درخت ہا۔ افسانہ ہا۔

ہائے تعین - وہ ہ جو عدد کا تعین ظاہر کرتی ہے۔ جیسے دو ماہا۔ سہ سالہ۔

ہائے دو چشمی - وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں بنا دیتے ہیں (ھ)۔

ہائے مختفی - وہ ہائے ہوز جو کھل کر نہ پڑھی جائے۔ اور حرف ماقبل کی حرکت کو ظاہر کرے جیسے دیوانہ، افسانہ۔

ہائے ملفوظی - وہ ہائے ہوز جو خوب کھل کر پڑھی جائے جیسے نگاہ۔ راہ۔

ہا - [ہ - کلمۂ تاسف] افسوس۔

ہابیل - [ع - ا - مذکر] حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے اس کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔

ہات - [ہ - ا - مذکر] ہاتھ (ہ) (نظم میں مستعمل ہے)۔

ہاتف - [ع - ا - مذکر] (۱) غیب کی آواز۔ نوائے سروش۔ (۲) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتفِ غیب (ہاتفِ غیبی) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتھ - (ہ - ا - مذکر) (۱) دست (۲) ہتھیلی (۳) آدھ گز کی مقدار (۴) قابو۔ اختیار (۵) باعث۔ طفیل (۶) حملہ (۷) داؤں (۸) معرفت۔ ذریعہ۔

ہاتھ آنا - (۱) ملنا۔ حاصل ہونا (۲) قابو میں آنا (۳) جاننا۔ معلوم ہونا۔

ہاتھ اتر جانا - ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

ہاتھ اٹھا بیٹھنا - (۱) مار بیٹھنا (۲) دست بردار ہونا۔ باز آنا۔

ہاتھ اٹھا لینا - کام چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا۔

ہاتھ اٹھانا - (۱) ہاتھ اونچا کرنا (۲) سلام کرنا (۳) بُری طرح کوسنا (۴) دعا مانگنا (۵) فاتحہ پڑھنا (۶) دست بردار ہونا۔ (۷) مارنا (۸) مالیوس ہونا۔

ہاتھ باندھنا (۱) ہاتھ جکڑنا (۲) تعظیم کے واسطے سینہ پر ہاتھ رکھنا (۳) نماز کی نیت کر کے ہاتھوں کو باندھ لینا۔

ہاتھ بٹانا - کسی کام میں شریک ہونا۔

ہاتھ بڑھانا - (۱) ہاتھ آگے کرنا (۲) اپنی حد سے بڑھنا (۳) مانگنا۔

ہاتھ بکنا (ہاتھوں بکنا) (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا (۲) تابع ہونا۔

ہاتھ بند ہو جانا - مجبور ہو جانا۔

ہاتھ بھر - ایک ہاتھ کے برابر۔ آدھ گز (کنایۃً) چھوٹا سا۔

ہاتھ بھر جانا - (۱) ہاتھ تھک جانا (۲) ہاتھ لتھڑ جانا۔

ہاتھ بھر کا (دل) کلیجا ہو جانا - دل بڑھ جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہونا - گستاخ ہونا۔

ہاتھ بھیجنا - کسی کے ذریعے بھیجنا۔

ہاتھ بیٹھنا - (۱) خوب مشق ہونا (۲) کاری زخم لگنا (۳) ہاتھ کے جوڑ کا ٹھیک بیٹھنا۔

ہاتھ پاؤں - (مذکر) (۱) دست و پا (۲) بہت کام کرنے والا ملازم۔

ہاتھ پاؤں پھول جانا - (۱) ہاتھ پاؤں سوج جانا (۲) گھبرا جانا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا - ہاتھ پاؤں کا بے حس ہو جانا۔ فالج ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں مارنا - (۱) ہاتھ پاؤں چلانا (۲) بے قرار ہونا (۳) نزع میں ہونا (۴) جان توڑ کر کام کرنا۔ کوشش کرنا۔

ہاتھ پاؤں نکالنا - (۱) تنومند ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا۔

ہاتھ پاؤں ہلانا - (۱) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا (۲) محنت و مشقت کرنا۔

ہاتھ پتھر تلے آنا (پتھر تلے دبنا) نہایت مشکل میں پھنسنا۔ بے بس ہو جانا۔

ہاتھ پٹھے پر نہ رکھنے دینا - (۱) گھوڑے کا سوار کو پاس نہ آنے دینا (۲) کسی بات پر راضی نہ ہونا۔ نہایت چالاک ہونا۔

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا - (۱) نکما بیٹھے رہنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا - (۱) شرط بدنا (۲) عہد و پیمان کرنا۔

ہاتھ پڑنا - (۱) مفت ہاتھ آنا (۲) ہاتھ کی ضرب لگنا (۳) داؤں پڑنا (۴) بس میں آنا (۵) گرفت میں آنا۔

ہاتھ پسارنا - مانگنے کے لیے ہاتھ پھیلانا۔

ہاتھ پکڑتے پہنچا پکڑنا - تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا۔

ہاتھ پکڑنا - (۱) ہاتھ میں ہاتھ لینا (۲) مدد کرنا۔

ہاتھ پہنچنا - رسائی ہونا۔

ہاتھ پھیرنا - (۱) چمکارنا۔ پیار کرنا (۲) لوٹنا۔ ٹھگنا۔

ہاتھ پھیلانا - دیکھیے ہاتھ پسارنا۔

ہاتھ پھینکنا - (۱) ہاتھوں کا وار کرنا (۲) ہاتھوں کو گردش دینا (۳) لوٹنا (۴) جلد جلد کھانا (۵) پٹے بازی کرنا

ہاتھ پیلے کرنا - غریبوں کی طرح بیاہ کر دینا۔

ہاتھ تنگ ہونا - کسی کا محتاج ہونا۔ دست نگر ہونا۔

ہاتھ تلے - (۱) ماتحت (۲) قبضے میں (۳) قریب۔

ہاتھ تنگ ہونا - تنگ دست ہونا۔ کنگال ہونا۔

Marfat.com

ہاتھ تھامنا۔ (۱) گرتے ہوئے کا ہاتھ پکڑنا (۲) ہاتھ میں ہاتھ لینا۔
ہاتھ تہِ سنگ ہونا۔ بے بس ہونا۔ مجبور ہونا۔
ہاتھ چڑنا۔ (۱) وار کرنا (۲) تھپڑ مارنا۔
ہاتھ جوڑنا۔ (۱) منت سماجت کرنا (۲) معافی مانگنا (۳) دُور ہی سے سلام کرنا۔
ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا۔ سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔
ہاتھ جھٹکنا۔ ہاتھ کو جھٹکا دینا۔ ہاتھ چھڑانا۔
ہاتھ جھُلانا۔ ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
ہاتھ چالاک۔ (۱) پھرتیلا۔ (۲) چور اُچکا۔
ہاتھ چالاکی۔ (مونث) (۱) پھرتی (۲) چوری کی عادت۔
ہاتھ چلانا۔ (۱) مارنے کو ہاتھ بڑھانا (۲) چوری کرنا (۳) ہاتھ ہلانے جانا۔ (۴) جلدی جلدی کام کرنا۔
ہاتھ چلنا۔ (۱) خاطر خواہ آمدنی ہونا (۲) ہاتھ کا مشتاق ہونا (۳) مارنے کو ہاتھ اٹھانا (۴) ہاتھ کا نچلا نہ رہنا۔
ہاتھ خالی جانا۔ (۱) وار خالی جانا (۲) پاسا نہ پڑنا (۳) دُنیا سے نامراد جانا۔
ہاتھ خالی دینا۔ دشمن کا وار رد کر دینا۔
ہاتھ خالی رہنا۔ روپیہ پیسہ پاس نہ ہونا۔
ہاتھ خالی نہ ہونا۔ فرصت نہ ہونا۔
ہاتھ دکھانا۔ (۱) نبض دکھانا (۲) نجومی کو ہاتھ دکھانا (۳) سپہ گری کے کرتب دکھانا۔
ہاتھ دھرنا۔ (۱) کسی چیز پر ہاتھ رکھنا (۲) کسی کی حمایت کرنا۔
ہاتھ دھو بیٹھنا۔ (۱) مایوس ہو جانا۔ (۲) دست بردار ہونا۔
ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا۔ (۱) سارے کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہونا (۲) در پے آزار ہونا۔
ہاتھ دیکھنا۔ (۱) نبض دیکھنا (۲) کسی کی بخشش کا منتظر ہونا۔ (۳) کسی کی قسمت کا حال ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر بتانا۔
ہاتھ ڈالنا۔ (۱) ہاتھ داخل کرنا (۲) دخل دینا۔ کوئی کام اپنے ذمے لینا (۳) دست درازی کرنا۔ (۴) پکڑنے کا ارادہ کرنا۔
ہاتھ رکھنا۔ (۱) ہاتھ دھرنا (۲) روکنا۔ تھامنا (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔
ہاتھ رنگنا۔ (۱) کسی چیز سے ہاتھوں کو رنگین کرنا (۲) مال مارنا۔ رشوت لینا۔
ہاتھ رواں کرنا۔ کسی کام کی ہاتھ سے مشق کرنا۔
ہاتھ روکنا۔ (۱) کم خرچ کرنا (۲) باز رہنا۔
ہاتھ رہ جانا۔ ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ شل ہو جانا۔
ہاتھ سانا۔ ہاتھ بھرنا۔ ہاتھ آلودہ کرنا۔
ہاتھ سے۔ (۱) ذریعے سے (۲) ذات سے (۳) قابو سے۔
ہاتھ سے جاتا رہنا۔ (۱) بس میں نہ رہنا (۲) آپے سے باہر ہو جانا (۳) مر جانا۔
ہاتھ صاف کرنا۔ (۱) مشق کرنا (۲) ہاتھ پاک کرنا (۳) قتل کرنا۔ (۴) کُرنا۔ (۵) خرچ کرنا۔
ہاتھ قلم کرنا۔ ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ اڑا دینا۔
ہاتھ کا اُلٹا پلٹا (۲) ہاتھ کا دیا ہُوا۔ ہاتھ کا بنایا ہُوا۔ ہاتھ کا لکھا ہُوا۔

ہاتھ کاٹ دینا۔ (۱) ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریری اقرار لے لینا۔
ہاتھ کاٹنا۔ (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) پچھتانا (۳) نہایت غصے میں ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا۔
ہاتھ کا جھوٹا۔ نادہند۔ جو لے کر نہ دے۔ بدمعاملہ۔
ہاتھ کا دیا۔ (مذکر) دان پن۔ خیرات۔ سخاوت بخشش۔
ہاتھ کا دیا آڑے آوے۔ خیرات ہی مصیبت کی روک تھام کرتی ہے۔
ہاتھ کا سچا۔ دیانت دار۔ خوش معاملہ۔ ساکھ والا۔ لین دین کا کھرا۔
ہاتھ کا میل۔ (مذکر) (۱) میل کچیل جو ہاتھ سے اُترے (۲) بے حقیقت چیز (۳) (مجازاً) روپیہ پیسہ۔
ہاتھ کٹ جانا۔ (۱) ہاتھ میں زخم آ جانا (۲) ہاتھ قلم ہو جانا (۳) اپنے ہاتھ کی تحریر دے دینا۔
ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ (مثل) جو کچھ ظاہر و عیاں ہے اس کے بیان کرنے کی ضرورت ہی کیا۔
ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے۔ جس سے لیتے ہیں اسی کو دیتے ہیں۔
ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا۔ (سجھائی نہیں دیتا)۔ بہت سخت اندھیرا ہے۔
ہاتھ کھجلانا۔ (۱) ہاتھ میں خارش ہونا (۲) مارنے پیٹنے کو جی چاہنا۔ (۳) کچھ ملنے کی امید ہونا۔
ہاتھ کھلا ہونا۔ فیاضی کی عادت ہونا۔
ہاتھ کھلنا۔ (۱) ہاتھ کا کام کرنے لگنا (۲) روپیہ پیسہ ہاتھ میں آنا (۳) مار پیٹنے کی عادت پڑ جانا۔
ہاتھ کھینچ لینا (کھینچنا)۔ دست بردار ہونا۔ باز آنا۔
ہاتھ کی صفائی۔ ہاتھوں کی صفائی۔ (مونث) (۱) وار کرنے میں ہاتھ کا مشتاق ہونا (۲) ہاتھ کا کرتب۔
ہاتھ (ہاتھوں) کی لکیریں۔ (مونث) (۱) وہ گہرے نقوش جو انسان کی ہتھیلی میں ہوتے ہیں۔ قسمت کی لکیریں (۲) عزیز۔ قرابتی۔
ہاتھ کی مچھلی۔ (مونث) انگوٹھے سے نیچے ہتھیلی کا اُبھرا ہوا گوشت۔
ہاتھ کے نیچے آنا۔ ہتھے چڑھنا۔ قابو میں آ جانا۔
ہاتھ گاڑی۔ (مونث) وہ گاڑی جسے ہاتھ سے کھینچ کر چلاتے ہیں۔
ہاتھ گریباں تک جانا۔ وحشت کا زور پکڑنا۔
ہاتھ گھسانا۔ بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔
ہاتھ گھسائی۔ (مونث) وہ محنت جس سے کچھ حاصل ہو۔
ہاتھ گھس جانا۔ ہاتھوں سے اتنا کام لینا کہ انھیں ضرر پہنچے۔
ہاتھ گھنگھولنا۔ پانی کے ظرف میں ہاتھ ڈال کر پانی کو حرکت دینا۔
ہاتھ لا۔ ہاتھ لانا۔ (کلمۂ تعریف) واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ مرحبا۔
ہاتھ لپک۔ چور اُچکا۔ اٹھائی گیرا۔
ہاتھ لپکانا۔ ہاتھ بڑھانا۔
ہاتھ لگانا۔ (۱) چھونا (۲) چھیڑنا (۳) مدد کرنا (۴) کام شروع کرنا (۵) مارنا (۶) شرط بدنا۔
ہاتھ لگائے رنگے (میلا ہونا)۔ نہایت سفید اور اجلا ہونا۔
ہاتھ لگنا۔ (۱) چھوا جانا (۲) حاصل ہونا (۳) سہارا ملنا۔

Marfat.com

(۴) کام شروع ہونا۔

ہاتھ مارنا۔ (۱) ضرب لگانا (۲) جلد جلد کھانا (۳) غبن کرنا (۴) شرط لگانا (۵) رشوت لینا (۶) قبضہ کر لینا۔ (۷) قتل کرنا (۸) اقرار کرنا۔

ہاتھ ملانا۔ (۱) مصافحہ کرنا (۲) پنجہ لڑانا۔

ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا

ہاتھ میں۔ (۱) قبضے میں (۲) ہاتھ کے اندر۔

ہاتھ میں آنا۔ (۱) حاصل ہونا (۲) قابو میں آنا۔ (۳) دستیاب ہونا۔

ہاتھ میں لینا۔ (۱) ہاتھ میں پکڑنا (۲) کوئی کام اپنے ذمے لینا۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ (۱) کسی کو کسی کے سپرد کرنا۔ (۲) بیاہ دینا (۳) مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہونا۔ قبضے میں ہونا۔

ہاتھ نہ آنا (۱) قابو میں نہ آنا (۲) حاصل نہ ہونا۔

ہاتھ نہ رکھنے دھرنے دینا۔ (۱) پاس نہ آنے دینا۔ (۲) قابو میں نہ آنا (۳) بدمزاج ہونا۔

ہاتھ نہ لگانا۔ (۱) ہاتھ سے نہ چھونا۔ احتراز کرنا (۲) مارنے سے باز رہنا۔

ہاتھ ہے۔ اختیار میں ہے۔

ہاتھوں۔ (۱) سبب۔ باعث (۲) ہاتھوں سے (۳) وسیلے سے۔ ذریعے سے۔

ہاتھوں اُچھلنا۔ (۱) بہت تڑپنا (۲) بہت اچھلنا۔

ہاتھوں بڑھ جانا۔ بہت بڑھ جانا۔

ہاتھوں سے۔ (۱) فعلوں سے۔ ڈھنگوں سے۔ (۲) بذریعہ۔ وساطت سے۔

ہاتھوں کے طوطے اُڑ جانا۔ کوئی چیز دیکھ کر یا سُن کر بے حواس ہو جانا۔

ہاتھوں کلیجا اُچھلنا۔ (۱) کمال اضطراب ہونا۔ (۲) نہایت دل دھڑکنا۔

ہاتھوں ہاتھ۔ (۱) دست بدست (۲) اُوپر ہی اُوپر (۳) فوراً۔

ہاتھوں ہاتھ لینا۔ (۱) دست بدست لینا (۲) فوراً لینا (۳) بہت عزت کرنا (۴) اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔

ہاتھا پائی۔ (ہ۔ا۔مونث) مار کٹائی۔ دھول دھپا۔

ہاتھی۔ (ہ۔ا۔مذکر) فیل۔ پیل۔

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اُس کا ناؤں۔ (مثل) جس کی چیز ہو اسی کا نام ہوتا ہے۔ اصل شے مالک کی ہوا کرتی ہے۔

ہاتھی جھولنا۔ (۱) دروازے پر ہاتھی بندھا ہونا۔ (۲) (کنایۃً) بہت دولت مند ہونا۔

ہاتھی جھومنا۔ (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا (۲) گھر میں کنواری لڑکی شادی کے لائق ہونا۔

ہاتھی خانہ۔ (مذکر) ہاتھیوں کا طویلہ۔ فیل خانہ۔

ہاتھی سے گنے کھانا۔ طاقت دے کر کوئی چیز لے لینا۔

ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں (مثل) (۱) بڑے آدمی کے سب طفیلی ہوتے ہیں (۲) سخی کی کمائی میں سب کا حصہ ہے۔

ہاتھی کے دانت دکھانے کے اور کھانے کے اور۔ (مثل) دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے کھانے کی اور۔ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ۔

ہاتھی نال۔ دیکھیے شتر نال۔

ہاتھی نکل گیا دم اٹک رہ گئی۔ (مثل) سارا کام ہو گیا۔ تھوڑا سا رہ گیا۔

ہاتھی وان۔ فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔

ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا۔ (مثل) امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے۔ پھر بھی اس کی قدر باقی رہتی ہے۔

ہاٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) دکان (۲) منڈی۔ بازار۔

ہاجرہ۔ (ہا۔ جِ۔ رَہ) (ع۔ا۔مونث) (۱) گرمی کی دوپہر۔ (۲) حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کا نام۔

ہادی۔ (ع۔صفت) ہدایت کرنے والا۔ رہنما۔

ہار۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) شکست (۲) تکان۔

ہار جانا۔ (۱) شکست کھا جانا (۲) عاجز ہونا۔

ہار جیت۔ (مونث) شکست و فتح۔ نفع نقصان۔

ہار دینا۔ بازی لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا۔

ہار کر۔ تھک کر۔ مجبور ہو کر۔

ہار کے جھک مار کے۔ ناچار ہو کر۔ عاجز آ کر۔

ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔

ہار۔ (ہ۔ا۔مذکر) پھولوں یا موتیوں کی مالا۔

ہار۔ ہارا۔ (ہ۔صفت) مرکبات میں بطور لاحقہ کے مستعمل ہے۔ یعنی (۱) والا۔ مالک جیسے ہونہار (۲) کرنے والا جیسے لکڑہارا۔

ہارا۔ (ہ۔صفت) (۱) تھکا ہوا (۲) کمزور (۳) ہارا ہوا۔

ہاربر۔ (HARBOUR) (انگ۔ا۔مذکر) بندرگاہ۔

ہارپون۔ (HARPOON) (ہار۔پُون) (انگ۔ا۔مذکر) برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کو شکار کرتے ہیں۔

ہارس پاور۔ (HORSE POWER) (انگ۔ا۔مونث) اسپی طاقت۔ اتنی طاقت جس سے ۵۰۰ پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اٹھایا جا سکے۔

ہار سنگار۔ (ہ۔ا۔مذکر) ایک درخت جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیم۔ (HARMONIUM) (ہار۔مُو۔ن۔یم) (انگ۔ا۔مذکر) ایک قسم کا انگریزی باجا۔

ہارنا۔ (ہ۔فعل) (۱) بازی میں دے دینا (۲) شکست کھانا۔ (۳) تھکنا (۴) عاجز ہونا (۵) تنگ ہونا۔

ہاروت۔ (ع۔ا۔مذکر) دیکھیے ماروت۔

ہارون۔ (ع۔ا۔مذکر) (۱) شریر و سرکش گھوڑا (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام (۳) عباسی خلیفہ کا نام۔

ہاڑ۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ہڈی (۲) ڈھانچہ۔ ڈھیر۔ پنجر۔

ہاشم۔ (ع۔ا۔مذکر) جناب پیغمبر اسلام کے پردادا کا نام۔

Marfat.com

ہاشمی۔ (ع۔صفت) ہاشم کی طرف منسوب۔
ہاضم۔ (ع۔صفت) ہضم کرنے والا۔
ہاضمہ۔ (ہا۔ضِ۔مَہ) (ع۔ا۔مذکر) ہضم کرنے کی قوّت۔
ہاکر۔ (HAWKER) (ہا۔کَر) (انگ۔ا۔مذکر) پھیری والا۔ گھوم پھر کر اخبار بیچنے والا۔
ہاکی۔ (HOCKEY) (انگ۔ا۔مونث) ایک کھیل جس میں گیند اور خمیدہ لکڑی سے کھیلتے ہیں۔
ہال۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) حرکت۔جنبش (۲) (مذکر) لوہے کا وہ چکر جو پہیئے کے گرد اگرد چڑھایا جاتا ہے۔
ہال۔ (HALL) (انگ۔ا۔مذکر) بڑا کمرہ۔
ہالا ڈولا۔ (ہ۔ا۔مذکر) بھونچال۔زلزلہ۔
ہالٹ۔ (HALT) (انگ۔ا۔مذکر) (۱) پڑاؤ۔منزل۔ (۲) رُکنے کا حکم۔
ہالہ۔ (ہا۔لَہ) (ف۔ا۔مذکر) چاند کا کنڈل جو بخاراتِ ارضی سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے۔
ہالی۔ (ہ۔ا۔مذکر) ہل چلانے والا۔ہل جوتا۔
ہالی موالی۔ (اُر۔ا۔مذکر) متعلقین۔ارد گرد کے لوگ۔ (صحیح اہالی۔موالی)۔
ہامُون۔ (ہا۔مُون) (ف۔ا۔مذکر) بیابان۔جنگل۔صحرا۔
ہامی۔ (ہا۔می) (ہ۔ا۔مونث) ہاں۔اقرار۔ثبات۔
ہامی بھرنا۔ ہاں کرنا۔اقرار کرنا۔وعدہ کرنا۔
ہاں۔ (ہ۔کلمۂ ایجاب) (۱) اچھا ہوں۔ (۲) ضرور۔ٹھیک۔ (۳) (مونث) اقرار (۴) (تابع فعل) واقعی۔ وہاں یا یہاں کا مخفف۔
ہاں میں ہاں ملانا۔ کورانہ تقلید کرنا۔بے سمجھے بُوجھے مان لینا۔
ہاں ہُوں۔ کلمۂ ایجاب وقبول۔اقبال اقرار۔
ہانپنا۔ (ہانپ۔نا) (ہ۔مص) جلد جلد سانس لینا ــ سانس اُکھڑنا۔
ہانڈی۔ (ہاں۔ڈی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) کھانا پکانے کا مٹی کا برتن (۲) لیمپ کا گلوب۔
ہانڈی پکنا۔ (۱) کھانا پکنا (۲) (کنایتہً) چپکے چپکے صلاح ومشورہ ہونا۔کھچڑی پکنا۔
ہانڈی کا سا اُبال۔ وہ شوق یا جوش جو جلد پیدا ہو اور جلد ختم ہو جائے۔
ہانک۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) آواز۔پکار (۲) غل۔شور۔
ہانک پکار۔ آدمیوں کا شور و غل۔غل غپاڑہ۔
ہانک پکار کے کہنا۔ بہ آوازِ بلند کہنا۔علی الاعلان کہنا۔
ہانک مارنا۔ پکارنا۔زور سے چیخ کر پکارنا۔
ہانکا۔ (ہاں۔کا) (ہ۔ا۔مذکر) ہانکنے کا فعل شکار کے لیے جھاڑیوں میں سے جانوروں کو ہانک کر باہر نکالنے کا عمل۔
ہانکنا۔ (ہانک۔نا) (ہ۔مص) (۱) دوڑانا (۲) بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا (۳) بڑھانا۔ڈینگ ہانکنا۔
ہانکے پکارے۔ (ہ۔تابع فعل) علانیہ۔سب کے رُوبرو۔
ہاون۔ (ہا۔وَن) (ف۔ا۔مذکر) اوکھلی۔کھرل۔
ہاون دستہ۔ (مذکر) دوائیں کوٹنے کا ایک ظرف اور مُوسلی۔

ہاؤ ہُو۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) شور وغوغا (۲) کراہنے کی آواز۔
ہاویہ۔ (ہا۔وِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذکر) (۱) دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ (۲) اندھیرا غار (۳) (مونث) وہ عورت جس کے بچے مرگئے ہوں۔
ہاہا۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ہنسی ٹھٹھے کی آواز (۲) افسوس (۳) خوشامد (۴) انکسار (۵) التجا۔
ہاہا ہُو ہُو۔ (مونث) بیہودہ ہنسی۔ہنسی ٹھٹھا۔
ہاہا ہی ہی۔ (مونث) بیہودہ ہنسی۔قہقہہ۔ٹھٹھا۔
ہائلہ۔ (ہا۔ءِ۔لَہ) (ع۔صفت) ہولناک۔ڈراؤنا۔بھیانک۔
ہاؤس۔ (HOUSE) (انگ۔ا۔مذکر) گھر۔خانہ۔
ہاؤس بوٹ۔ (HOUSE BOAT) (مونث) ایک کشتی جس میں رہتے بھی ہیں۔
ہاؤس سرجن (HOUSE SURGEON) وہ ڈاکٹر جرّاح جو شفاخانے میں رہے۔طبیبِ مقیم شفاخانہ۔
ہائی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) حالت۔وضع (۲) بدنامی۔
ہائی۔ (HIGH) (انگ۔صفت) (۱) اونچا (۲) اعلیٰ۔
ہائی اسکول۔ (HIGH SCHOOL) (مذکر) مدرسہ فوقانی۔ وہ اسکول جس میں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہو۔
ہائی جمپ۔ (HIGH JUMP) (مونث) اونچی چھلانگ۔
ہائی کورٹ۔ (HIGH COURT) (مذکر) عدالتِ عالیہ۔ بڑی عدالت۔
ہائے۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) افسوس (۲) آہ (۳) ماتم۔
ہائیڈرو۔ (HYDRO) (ہا۔ئِڈ۔رو) (انگ۔سابقہ) پانی کا۔پانی سے متعلق۔
ہائیڈرو الیکٹرک۔ (HYDRO-ELECTRIC) پانی یا بھاپ سے بجلی پیدا کرنے والا۔
ہائیڈروفوبیا۔ (HYDROPHOBIA) (مذکر) (۱) پانی کا خوف جو کتّے کے کاٹے کی علامت ہے۔ (۲) جنونِ سگ گزیدگی۔ہڑک۔
ہائیڈرومیٹر۔ (HYDROMETER) مقیاس الماء۔آب پیما۔
ہائیڈرومینیا۔ (مذکر) ایک قسم کا جنون جس میں ڈوب کر مر جانے کو جی چاہتا ہے۔ (HYDROMANIA)
ہائیڈروجن۔ (HYDROGEN) (ہا۔ئِڈ۔رو۔جن) (انگ۔ا۔مذکر) ایک قسم کی گیس۔
ہائیں۔ (ہا۔ئیں) (ہ) (۱) کلمۂ تنبیہ وتہدید (۲) کلمۂ استعجاب۔

## ہ ـ ب

ہبڑ دھبڑ۔ (ہَ۔بَڑ۔دَھ۔بَڑ) (ہ۔تابع فعل) جلدی جلدی۔
ہُبل۔ (ہُ۔بَل) (ع۔ا۔مذکر) ایک مشہور بُت جو ایامِ جاہلیت میں کعبے میں رکھا ہوا تھا۔
ہبنق۔ (ہَ۔بَن۔نَق) (ع۔صفت) چھوٹے قد کا۔سڑی۔ باولا۔جانگلو۔احمق۔
ہبُوط۔ (ہُ۔بُوط) (ع۔ا۔مذکر) (۱) نیچے اُترنا ۔ (۲)

Marfat.com

پستی - نشیب -
ہبہ - (ہ - بہ) [ع - ا - مذکر] (۱) عطا - بخشش (۲) وقف - خیرات -
ہبۂ تملیک - مالک کرنے یا قبضے میں دینے کا ہبہ -
ہبہ نامہ - (مذکر) وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کو بخشنے کا اقرار لکھا جائے -

## ہ - پ

ہپ - [ہ - ا - مونث] نگلنے کی آواز - ہڑپ -
ہپ کر جانا - (۱) کھا جانا (۲) کسی کا مال ہضم کر جانا -
ہپیا - (ہپ - پا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بچوں کا کھانا (۲) چوپایوں کے کھانے کی چیز -
ہپناٹزم - (HYPNOTISM) (ہپ - نا ٹ - اِزم) [انگ - ا - مذکر] عمل تنویم - عمل توجہ - مسمریزم -
ہپوپوٹیمس - (HIPPOPOTAMUS) (ہپ - پو - پو - ٹے مس) [انگ - ا - مذکر] دریائی بھینسا -

## ہ - ت

ہت - (ہ) کلمۂ تنفر، چل دور ہو - الگ ہو - پرے ہٹ -
ہت تیری - ہت تیری کی - ہت تیرے کی ایسی تیسی - خدا تیرا خانہ خراب کرے (پیار سے بھی کہتے ہیں) -
ہتا (ہتھا) - (ہت - تا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ہاتھ (۲) دستہ - موٹھ - قبضہ -
ہتا جوڑی - (مونث) ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کے ناچتے ہیں -
ہتے (ہتھے) پر چڑھنا - (۱) ہاتھ لگنا - قابو میں آجانا - (۲) مہارت ہو جانا -
ہتک - [ع - ا - مونث] رسوائی - بے حرمتی - بے عزتی - (اُردو میں بیشتر بفتح اول و دوم مستعمل ہے) -
ہتک آمیز - بے عزتی سے بھرا ہوا - گستاخانہ -
ہتک عزت - کسی کی عزت میں بٹا لگانا - کسی کو رسوا کرنا -
ہتوڑا (ہتھوڑا) [ہ - ا - مذکر] لوہاروں کا ایک اوزار - کوٹنے کا آلہ -
ہتوڑی (ہتھوڑی) - [ہ - ا - مونث] چھوٹا ہتھوڑا -
ہتھ - [ہ - ا - مذکر] ہاتھ کا مخفف -
ہتھ پھیری - (مونث) (۱) دست بازی - ہاتھ پھیرنا (۲) غبن - (۳) ہاتھ چالاکی -
ہتھ چھٹ - وہ جو ذراسی چھیڑ چھاڑ پر بے دھڑک مار بیٹھے -
ہتھکڑی - (مونث) وہ آہنی کڑا جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالا جاتا ہے -
ہتھکنڈا (ہتکنڈا) (مذکر) (۱) ہاتھ کی چالاکی (۲) چالاکی - عیاری (۳) داؤں پیچ -
ہتھو - [ہ - ا - مذکر] ہاتھی کا مخفف -
ہتھ نال - (مونث) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے ہاتھی کی پیٹھ پر لادتے ہیں -
ہتھا، ہتھے - دیکھیے ہتا -
ہتھنی - (ہتھ - نی) [ہ - ا - مونث] ہاتھی کی مادہ -
ہتھی - (ہتھ - تھی) [ہ - ا - مونث] (۱) دستی - موٹھ - (۲) گھوڑا صاف کرنے کا برش -
ہتھیار - (ہتھ - یار) [ہ - ا - مذکر] (۱) اسلحہ - سامانِ جنگ - (۲) اوزار - کام کرنے کا آلہ -
ہتھیار باندھنا - ہتھیار کا جسم پر آراستہ کرنا -
ہتھیار بند - ہتھیار لگائے ہوئے -
ہتھیار ڈال دینا (رکھ دینا) - ہار ماننا -
ہتھیار لگانا - ہتھیار باندھنا - مسلح ہونا -
ہتھیا لینا - (ہتھ - یا - لے - نا) [ہ - مص] قبضہ کر لینا - مار لینا -
ہتھیانا (ہتیانا) - (ہت - یا - نا) قبضہ کرنا - غصب کرنا -
ہتھیلی (ہتیلی) - (ہ - تھے - لی) [ہ - ا - مونث] پنجے کا اندرونی حصہ - کف دست -
ہتھیلی پر سرسوں جمانا - مشکل کام کو نہایت پھرتی سے کر دینا -
ہتھیلی کھجانا (کھجلانا) - (۱) ہتھیلی میں کھجلی ہونا (۲) روپے ہاتھ آنے کا شگون (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا -
ہتھیلی میں چھو پڑنا - مہندی کے رنگ میں دھبا رہ جانا -
ہتیا - (ہت - یا) [س - ا - مونث] (۱) قتل (۲) پاپ - گناہ -
ہتیارا - (ہت - یا - را) [ہ - صف] ہتیا کرنے والا - قاتل -

## ہ - ٹ

ہٹ - [ہ - ا - مونث] (۱) ضد - اَڑ (۲) ہاٹ کا مخفف -
ہٹ پر آجانا - ضد پر آجانا - ضد کرنا -
ہٹ دھرم - نا منصف - بے ایمان -
ہٹ دھرمی - (مونث) بے انصافی - بے ایمانی - بے حیائی -
ہٹ کا پورا - ہٹ پر قائم رہنے والا - پکا ضدی -
ہٹا - (ہٹ - ٹا) [س - ا - مذکر] ہاٹ - بازار -
ہٹا کٹا - [ہ - صف] موٹا تازہ - مشٹنڈا -
ہٹانا - [ہ - مص] (۱) پرے کرنا - دھکیلنا (۲) علیحدہ کرنا -
ہٹ تال - (ہٹ - تال) [ہ - ا - مونث] ہٹ، بازار، تالا (قفل)، دکان میں قفل لگانا - بازار بند کرنا - کام چھوڑ دینا - ہڑتال
ہٹنا - (ہٹ - نا) (۱) پرے ہونا (۲) شکست کھانا (۳) واپس ہونا (۴) گائے بھینس کا دودھ سے رہ جانا - (۵) ملتوی ہونا -
ہٹی - (ہٹ - ٹی) [ہ - ا - مونث] (۱) دکان (۲) [صف] ضدی - ہٹیلا -
ہٹی کٹی - [ہ - صف] ہٹا کٹا کی تانیث -

ہٹیلا - (ہَ-ٹی-لا) (و-صفت) ضدی - اڑیل -
ہٹیلی - (و-صفت) ہٹیلا کی تانیث -

## ہ - ج

ہجا - (ہِ-جا) (ع-ا-مذکر) حرف کا اعراب سے ظاہر کرنا -
ہجر - (ع-ا-مذکر) جدائی - مفارقت - علیحدگی (اُردو میں بالکسر مستعمل ہے -)
ہجراں - (ہِج-راں) (ف-ا-مذکر) ہجر - جدائی -
ہجراں نصیب - فراق زدہ - وہ شخص جس کی قسمت میں دوست یا عزیز سے جدا رہنا لکھا ہو -
ہجرت - (ہِج-رَت) (ع-ا-مونث) (۱) وطن کو ہمیشہ کے لیے چھوڑنا (۲) پیغمبر خدا صلعم کا مکہ سے مدینہ جانا -
ہجری - (ہِج-ری) (ع-ا-مونث) (۱) منسوب بہ ہجرت - (۲) وہ سن جو حضرت پیغمبر اسلام کے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے شروع ہوتا ہے -
ہجڑا - (ہِج-ڑا) (ہ-ا-مذکر) دیکھیے ہیجڑا -
ہجو - (ع-ا-مونث) مذمت - برائی - بدگوئی -
ہجو کرنا - بدگوئی کرنا - برائی کرنا -
ہجو کہنا - کسی کی ہجو میں شعر کہنا -
ہجو ملیح - وہ ہجو جس میں بظاہر مدح لیکن اصل میں ہجو ہو -
ہجوم - (ہُ-جُوم) (ع-ا-مذکر) بھیڑ بھاڑ - مجمع -
ہجے - ہجّے - (ہِ-جے) (ہِج-جے) (ع-ا-مذکر) عربی ہجا کا بگاڑ - حرف کو حرف سے اعراب کے ذریعے ملا کر لفظ بنانا -

## ہ - چ

ہچر مچر - (ہ-چر-مَ-چَر) (ہ-ا-مونث) (۱) پس و پیش - تامل - ٹال مٹول (۲) جھجک -
ہچکچانا - (ہِچ-کِ-چا-نا) (ہ-مص) پس و پیش کرنا - تامل کرنا -
ہچکچاہٹ - (ہِچ-کِ-چا-ہَٹ) (ہ-ا-مونث) جھجک - تامل - ہچر مچر -
ہچکولا - (ہِچ-کو-لا) (ہ-ا-مونث) دھکا - جھٹکا -
ہچکی - (ہِچ-کی) (ہ-ا-مونث) (۱) وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رک رک کر نکلتی ہے - (۲) وہ حالت جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے -
ہچکی آنا (ہچکیاں آنا) - (۱) آواز کے ساتھ سانس رک رک کر نکلنا - (۲) جان کنی کا وقت ہونا -
ہچکی لینا (ہچکیاں لینا) - رونے کی وجہ سے سانس رک رک کر نکلنا -

## ہ - د

ہُدا (ہُدیٰ) - (ہُ-دا) (ع-ا-مذکر) ہدایت - سیدھا راستہ -
ہدایا - (ہَ-دا-یا) (ع-ا-مذکر) ہدیہ کی جمع - تحفے - نذرانے -
ہدایت - (ہِ-دا-یت) (ع-ا-مونث) (۱) رہنمائی (۲) فہمائش - حکم -
ہدایت پانا - سیدھے راستے پر آنا -
ہدایت کرنا - رہنمائی کرنا - طریقہ بتانا - سکھانا -
ہدایت نامہ - (مذکر) دستور العمل - قانون - وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی امر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں -
ہدف - (ہَ-دَف) (ع-ا-مذکر) نشانہ - زد -
ہدف بننا - نشانہ بننا - زد پر آنا - زد پہ ہونا -
ہدفِ ملامت - وہ شخص جس پہ ہر طرف سے لعنت ملامت ہو -
ہُدہُد - (ع-ا-مذکر) ایک مشہور پرند جس کے سر پہ تاج ہوتا ہے -
ہدی - (ہَ-دی) (ع-ا-مذکر) قربانی کا جانور جو حاجی مکہ معظمہ میں لے جاتے ہیں -
ہدیہ - (ہَ-دی-یہ) (ع-ا-مذکر) (۱) تحفہ - نذر (۲) کلام اللہ کی قیمت (اُردو میں د کے جزم کے ساتھ اور بلا تشدید یا بھی مستعمل ہے) -
ہدیہ کرنا - قرآن شریف فروخت کرنا - کوئی متبرک چیز بیچنا -

## ہ - ڈ

ہُڈ - (HOOD) (انگ-ا-مذکر) (۱) سر اور گردن کی پوشش - (۲) تانگے وغیرہ کی کپڑے کی چھت (۳) (یونیورسٹی) وہ پٹی جو گون وغیرہ کے ساتھ پہنی جاتی ہے اور جس کے رنگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہننے والے نے کون سی سند حاصل کی ہے -
ہڈّا - (ہَڈ-ڈا) (ہ-ا-مذکر) (۱) بڑی ہڈی (۲) وہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنوں میں جوڑ کے پاس بڑھ جاتی ہے اور گھوڑا لنگڑانے لگتا ہے -
ہڈی - (ہَڈ-ڈی) (ہ-ا-مونث) (۱) استخوان (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز (۳) (کنایۃً) اصل - نسل -
ہڈی بٹھانا - اپنی جگہ سے سرکی ہوئی ہڈی کو اس کے مقام پہ لے آنا -
ہڈی پسلی ایک کر دینا - بڑی سختی سے پیٹنا -
ہڈیاں چچوڑنا - (کنایۃً) (۱) ناقص چیز کو چوسنا (۲) بندھے ہوئے مضمون کو باندھنا -
ہڈیاں نکل آنا - لاغر ہونا - بہت دبلا ہو جانا -
ہڈیوں کی مالا ہو جانا - سوکھ کر کانٹا ہو جانا -
ہڈیلا - (ہَ-ڈی-لا) (ہ-صفت) ہڈی دار -

Marfat.com

## ہ - ذ

**ہذا** - (ہا-ذا) [ع-اسم اشارہ] یہ-ایں-
**ہذیان** - (ہذ-یان) [ع-ا-مذکر] (۱) بڑ (۲) بخار کی حالت میں بے معنی گفتگو (صحیح بفتح اوّل و دوم ہے- اُردو میں بکسر اوّل مستعمل ہے)

## ہ - ر

**ہر** - [ہ-ا-مذکر] (۱) وشنو-کرشن (۲) خدا-
**ہر بھجنا** - خدا کا نام لینا- مالا جپنا-
**ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے** - ذات پات نہ پوچھے کوئے (مثل) جو شخص خدا کی بندگی کرتا ہے- وہی اس کا پیارا ہوتا ہے- اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں-
**ہر** - [ف] (۱) ایک-ایک-فی کس- (۲) تمام-سب-
**ہر آن** - (۱) ہر لحہ- ہر گھڑی (۲) ہر دفعہ-
**ہر ایک** - ہر شخص- ہر بشر-
**ہر بائی** - ہر و.ماسے پر جانے والا- ہرجائی-
**ہر بار** - ہر دفعہ- بار بار- گھڑی گھڑی-
**ہر جائی** - کسی ایک کا ہو کر نہ رہنے والا- بے مروّت-بے وفا
**ہر جائی پن** - ہرجائی پنا- (مذکر) بے وفائی- ہر ایک سے تعلق رکھنا-
**ہر جیسے کو تیسا** - (مثل) جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اسے مل جاتا ہے-
**ہر چند** - کتنا ہی- کیسا ہی- بہتیرا-
**ہر چہ** - ہر چیز- جو کچھ-
**ہر چہ بادا باد** - جو ہو سو ہو- کچھ ہی ہو-
**ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم، انگندہ ایم** (مثل) جو کچھ بھی ہو ہم نے تو کشتی پانی میں ڈال دی- اس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص انجام کی پروا کیے بغیر کوئی اہم کام شروع کر دے-
**ہر چہ دانا کند، کند ناداں- لیک بعد از خرابی بسیار** (مثل) ناداں آخر وہی کرتا ہے لیکن سخت تکلیف اٹھانے کے بعد-
**ہر چہ در کان نمک رفت نمک شد** (مثل) جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک ہو گئی- یہ مثل تاثیر صحبت کے اظہار میں بولی جاتی ہے-
**ہر دل عزیز** - سب کا پیارا- عام پسند- مقبول عام-
**ہر دم** - ہر وقت- ہر گھڑی- ہر لحظہ-
**ہر دو** - دونوں- دونوں کے دونوں-
**ہر ڈنگی تھیپی** - (۱) ہرجائی (۲) طفیلی- مفت خورا-
**ہر روز** - روزمرّہ- بلا ناغہ- ہمیشہ- سدا-
**ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے** - (مثل) ہمیشہ زمانہ یکساں نہیں رہتا- روز روز اچھا موقع نہیں ملتا-
**ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا** - (کنایۃً) روز کمانا- روز کھانا-
**ہر سو (ہر طرف)** - ہر جانب- ہر سمت- سب طرف-
**ہر صورت** - ہر طرح- ہر حالت میں-
**ہر فرعونے را موسےٰ** - (مثل) ایک پر ایک غالب ہے- ہر ظالم کی سرکوبی کے لیے کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے-
**ہر فن مولا** - ہر فن جاننے والا- ہر کام میں طاق-
**ہرکارہ** - (مذکر) (۱) ہر کام کرنے والا نوکر (۲) قاصد (۳) چپڑاسی (۴) جاسوس-
**ہر کس** - ہر کوئی- ہر آدمی-
**ہر کس بخیال خویش خبطے دارد** - (مثل) ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے-
**ہر کس و ناکس** - ہر شخص- ادنیٰ اعلیٰ- چھوٹا بڑا-
**ہر کسے را بہر کارے ساختند** - (مثل) ہر شخص کو خدا نے ایک خاص کام کے لیے بنایا ہے- ہر شخص ہر کام نہیں کر سکتا-
**ہر کمالے را زوالے** - (مثل) انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے-
**ہر کہ آمد عمارت نو ساخت** - (مثل) جو آیا اس نے نئی عمارت بنائی- ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے-
**ہر کہ از دیدہ دور از دل دور** (مثل) جو سامنے نہیں ہوتا اس کا خیال بھی نہیں آتا-
**ہر کہ در کان نمک رفت الخ** - دیکھیے ہر چہ در کان الخ
**ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند** - (مثل) جس کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے اسی کا سکہ چلتا ہے- زبردست کا رعب سب پر ہوتا ہے-
**ہر کہ و مہ** - ہر چھوٹا بڑا- ہر ادنیٰ و اعلیٰ- تمام شما-
**ہر گاہ** - (۱) جب- جس وقت- جس گھڑی (۲) جس حال میں (۳) چونکہ-
**ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است** - (مثل) ہر پھول کا رنگ اور خوشبو جدا ہوتی ہے- ہر ایک کا انداز جدا گانہ ہوتا ہے-
**ہر ملکے و ہر رسمے** - (مثل) ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے-
**ہر ہر** - ہر ایک- ایک ایک-
**ہرا** - (ہَ-را) [ہ-صفت] (۱) سبز (۲) سرسبز (۳) کچا-
**ہرا بھرا** - (۱) سرسبز- شاداب (۲) کامیاب- پھلا پھولا-
**ہرا کچوہ** - بہت ہرا-
**ہراہند** - (مؤنث) (۱) مسالوں کے کچے رہ جانے کی بُو (۲) وہ بُو جو کچے پھول یا پھل میں ہوتی ہے-
**ہرا ہو جانا** - (۱) سرسبز ہو جانا (۲) زخم کا تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا-
**ہَرّا** - (ہَر-را) [ہ-ا-مذکر] (۱) بلیلہ- ہرڑ (۲) ہرڑ کی شکل کے ٹکڑے جو گھوڑے کی زین میں لگاتے ہیں-
**ہرّ لگے نہ پھٹکڑی اور رنگ بھی چوکھا آئے** - (مثل) بے خرچ کیے خاطر خواہ کام نکل جائے-
**ہُرّا** - [HURRAH] (ہُر-را) [انگ-ا-مذکر] کلمۂ تحسین- مرحبا! شاباش! کیا خوب!

Marfat.com

ہِراس (ف - ا - مذکر و مونث) (۱) خوف (۲) (اُ) مایوسی -
ہِرساں - (ف - صفت) ڈرا ہُوا - مایوس -
ہَرانا - (ہَ - را - نا) (ف - مص) (۱) مات کرنا (۲) شکست دینا (۳) تھکانا -
ہَرانْد - (ہَ - رانْد) (ف - ا - مونث) دیکھیے ہراجند -
ہَراوَل - (ہَ - را - وَل) (ت - ا - مذکر) (۱) وہ تھوڑی فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے (۲) آگے کی فوج کا سردار -
ہَربُونگ - (ہَر - بُونگ) (ف - ا - مذکر) بدنظمی - افراتفری -
ہربونگ مچانا - اُودھم مچانا - ہنگامہ کرنا -
ہِر پھِر کر - ہِر پھِر کے - (ف - تابع فعل) (۱) مجبور ہو کر - آخرکار (۲) بار بار -
ہَرتال - (ہَر - تال) (ف - ا - مونث) ایک قسم کی دھات جو زرد رنگ کی ہوتی ہے -
ہَرج - (ع - ا - مذکر) (۱) شورش - ہنگامہ (۲) نقصان (۳) وقفہ - توصیل - دیر (اُردو میں بفتح ر مستعمل ہے -)
ہرج کرنا - (۱) نقصان کرنا (۲) دیر کرنا -
ہرج مرج (۱) شورش - بلوہ (۲) نقصان - خلل -
ہَرجانا - (ف - مص) (۱) بازی ہار جانا (۲) تھک جانا -
ہَرجانہ - (ہَر - جا - نہ) (اُ - ا - مذکر) ہرج کرنے کا معاوضہ تاوان -
ہَرجائی - ہر کے تحت دیکھیے -
ہَرجہ - (ہَر - جہ) (اُ - ا - مذکر) (۱) نقصان - خسارہ - (۲) ہرجانہ - تاوان -
ہرچند - ہر کے تحت دیکھیے -
ہَروا - (ہَر - وا) (ف - ا - مذکر) دل - ... ہرس - ہرسا -
ہَرزہ - (ہَر - زہ) (ف - صفت) بیہودہ - لغو - نامعقول -
ہرزہ سرا - یاوہ گو - بیہودہ بکنے والا -
ہرزہ سرائی - (مونث) بیہودہ گوئی - یاوہ گوئی -
ہرکارہ - ہر کے تحت دیکھیے -
ہَرگِز - (ہَر - گِز) (ف) زنہار - کبھی نہیں -
ہرگز ہرگز - کبھی نہیں - بالکل نہیں - کسی طرح نہیں -
ہَر مَجِسٹی - (HERMAJESTY) (ہَر - مَ - جِس - ٹی) (انگ) ملکہ معظمہ - بادشاہ بیگم کا خطاب -
ہُرمُز - (ف - ا - مذکر) (۱) پارسی مہینے کا پہلا دن جس میں سفر کرنا، نیا کپڑا پہننا اور قرض دینا بُرا خیال کیا جاتا ہے - (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام -
ہِرَن - (ہِ - رَن - ہِ - رَن) (ف - ا - مذکر) مرگ - آہو - ایک جانور -
ہرن کی شاخ - (مونث) ہرن کا سینگ -
ہرن ہو جانا - ہرن کی طرح بھاگ جانا - فرار ہو جانا -
ہَرنا - (ہَر - نا) (ف - ا - مذکر) (۱) کاٹھی کا اگلا ابھرا ہُوا حصہ (۲) (مص) جوئے میں ہارنا -
ہِرنا - (ہِر - نا - ہِر - نا) (ف - ا - مذکر) نر ہرن - آہو کا نر -
ہِرَوٹا - (ہِ - رَو - ٹا) (ف - ا - مذکر) ہرن کا بچہ -
ہِرنی - (ہِر - نی) (ف - ا - مونث) ہرن کی مادہ -
ہَری - (ہَ - ری) (ف - ا - مذکر) ہر کا بگاڑ - خدا - بھگوان -
ہَری - (ہَ - ری) (ف - صفت) ہرا کی تانیث
ہری بھری - سرسبز و شاداب - تر و تازہ -
ہری چُگ - ہری گھاس کھانے والا - دولت کا ساتھی - بے وفا -
ہَریالا - (ہَر - یا - لا) (ف - صفت) (۱) سرسبز و شاداب (۲) نوجوان -
ہریالا بنا - نوجوان اور خوبصورت دولھا -
ہَریالی - (ہَر - یا - لی) (ف - ا - مونث) (۱) سبزی (۲) سبز و تر و تازہ گھاس - سبزہ زار -
ہَریالے - (ہَر - یا - لے) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں -
ہَریانا - (ہَر - یا - نا) (ف - مص) (۱) سرسبز ہونا (۲) (ف - ا - مذکر) اونچی زمین -
ہَریاوَل - (ہَر - یا - وَل) (ف - ا - مونث) دیکھیے ہریالی -
ہَریسہ - (ہَ - ری - سہ) (ع - ا - مذکر) (۱) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں (۲) (صفت) نہایت گلا ہُوا -
ہَریَل - (ہَر - یَل) (ف - ا - مذکر) ایک قسم کا سبز رنگ کا پرند -

## ہ - ڑ

ہَڑ - (ف - ا - مونث) (۱) ہلیلہ - ایک قسم کا کسیلا پھل (۲) ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ ہوتی ہے - (۳) ہاڑ کا مخفف - ہڈی -
ہَڑبڑانا - (ہَڑ - بَ - ڑا - نا) (ف - مص) بوکھلانا -
ہَڑبونگ - (ہَڑ - بُونگ) (ف - ا - مذکر و مونث) دیکھیے ہربونگ -
ہَڑپ - (ہَ - ڑپ) (ف - ا - مذکر) بغیر چبائے نگل جانا -
ہڑپ کر جانا - (۱) نگل جانا - (۲) چھین کر لینا -
ہَڑپنا - (ہَ - ڑپ - نا) (ف - مص) نگلنا - چھین کرنا -
ہَڑتال - (ہَڑ - تال) (ف - ا - مونث) دیکھیے ہٹ تال (۲) دیکھیے ہرتال -
ہَڑدَنگ - (ہَڑ - دَنگ) (ف - ا - مذکر) دنگا - فساد -
ہُڑدَنگا - (ف - ا - مذکر) (۱) شور و غل - فساد (۲) (صفت) جھگڑالو - فسادی -
ہُڑدَنگی - (ہُڑ - دَن - گی) (ف - صفت) ہڑدنگا نمبر ۲ کی تانیث -
ہَڑک - (ہَ - ڑک) (ف - ا - مونث) (۱) جنون سگ گزیدگی - وہ بیماری جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے (۲) (کنایۃً) اُمنگ - ولولہ (۳) لت - عادت -
ہڑک اُٹھنا (لگنا) - (۱) باؤلے کتے کی طرح کاٹنے کو دوڑنا -
ہُڑکا - (ف - ا - مذکر) کسی کی جدائی کا غم -
ہُڑکنا - (ہُ - ڑک - نا) (ف - مص) (۱) بچوں کا کسی کو یاد کرنا - (۲) ترسنا (نیز بالفتح) -

Marfat.com

## ہ - ز

**ہزار** - (ہَ-زار) (ف-صفت) (۱) دس سو (تابع فعل) ہر چند بہتیرا (۲) (مونث) بلبل۔
**ہزار پا** - (مذکر) ہزار پیروں والا - کنکھجورا۔
**ہزار جان سے** - نہایت شوق سے۔
**ہزار داستان** - (مذکر) (۱) ہزار قسم کی بولیاں بولنے والا۔ (۲) ایک قسم کا بلبل۔
**ہزار میں کہنا** - علانیہ کہنا - سرمجلس کہنا۔
**ہزارا** - **ہزارہ** - (ہَ-زا-را) (ف-ا-مذکر) گل صد برگ۔ ایک قسم کا گیندا - (۲) ایک قسم کا فوارہ۔
**ہزاروں** - (ہَ-زا-روں) (ف-صفت) ہزار کی جمع - ہزاروں۔
**ہزاری** - (ہَ-زا-ری) (ف-صفت) ہزار سے نسبت رکھنے والا (۲) (مذکر) ہزار آدمیوں کا افسر - مغلیہ عہد حکومت کا ایک عہدہ (مونث) ہزار آدمیوں کی پلٹن۔
**ہزاری منصب** - (مذکر) زمانہ شاہی کا ایک عہدہ - فوج کی تعداد کے مطابق اس عہدے کا نام اور درجہ ہوتا تھا - جیسے سہ ہزاری - پنج ہزاری وغیرہ۔
**ہزایکسیلینسی** - (HIS EXCELLENCY) (ہز-ایک-سی-لین-سی) (انگ-ا-مذکر) گورنر اور سفیر کے لیے تعظیمی خطاب۔
**ہزج** - (ہَ-زج) (ع-ا-مونث) (۱) عروض کی ایک بحر کا نام - (۲) وہ آواز جو تال سُر کے ساتھ ہو۔
**ہزل** - (ع-ا-مونث) (۱) بیہودہ بات - مذاق (۲) وہ نظم جس میں مسخرے پن کے مضامین ہوں۔
**ہزل گو** - بیہودہ گو - مذاقیہ نظم کہنے والا۔
**ہزل گوئی** - (مونث) ہزل کہنا۔
**ہزلیات** - (ہز-لی-یات) (ف-ا-مونث) بیہودہ باتیں - بکواس۔
**ہزمیجسٹی** - (HIS MAJESTY) (ہز-مے-جس-ٹی) (انگ-ا-مذکر) بادشاہوں کا خطاب اعلیٰ حضرت۔
**ہزہائی نس** - (HIS HIGHNESS) (انگ-ا-مذکر) والیان ریاست کا لقب - حضور - اعلیٰ حضرت۔
**ہزیمت** - (ہَ-زی-مت) (ع-ا-مونث) شکست - ہار۔
**ہزیمت اٹھانا** - شکست کھانا - بھاگنا - پسپا ہونا۔

## ہ - س

**ہسپتال** - (ہس-پت-تال) (انگ ہاسپٹل کا مورد-ا-مذکر) اسپتال - شفاخانہ۔
**ہست** - (ف-ا-مونث) (۱) ہستی - زندگی (۲) کائنات۔
**ہست نیست** - ہاں نہیں۔
**ہست و بود** - قیام و وجود - حیات و زندگی۔
**ہست و ممات** - دیکھیے حیات و ممات۔
**ہستی** - (ہس-تی) (ف-ا-مونث) (۱) وجود (۲) مخلوقات - کائنات - (۳) زندگی (۴) (اصل) حقیقت - بساط - (۵) طاقت (۶) دولت۔
**ہستی جاوداں** - حیاتِ ابدی - ہمیشہ کی زندگی۔
**ہستی فانی** (موہوم - ناپائدار - دو روزہ) فنا ہو جانے والی زندگی - چند روزہ زندگی۔
**ہسٹری** - (HISTORY) (ہس-ٹ-ری) (انگ-مونث) حالات - تاریخ - سیرت - تذکرہ۔
**ہسٹری شیٹ** - (HISTORY SHEET) (مونث) وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مفصل حالات اور اس کے پچھلے جرائم درج ہوتے ہیں - اعمال نامہ۔
**ہسٹیریا** - (HYSTERIA) (ہس-ٹے-ر-یا) (انگ-ا-مذکر) اختناق الرحم - ایک بیماری۔

## ہ - ش

**ہش** - (اُر-ا-مونث) (۱) کتے کو دھتکارنے کی آواز - (۲) اونٹ کو بٹھانے کی آواز (۳) پرندوں کے اڑانے کی آواز۔
**ہشاش** - (ہَش-شاش) (ع-صفت) شاداں - فرحاں - خوش۔
**ہشاش بشاش** - بہت خوش - خوش و خرم - باغ باغ۔
**ہشت** - (ف-صفت) آٹھ۔
**ہشت بہشت** - آٹھ جنتیں۔
**ہشت پہلو** - آٹھ پہلو کا - آٹھ کونیا۔
**ہشت گنج** - خسرو پرویز بادشاہ ایران کے آٹھ خزانے۔
**ہشت منظر** - (۱) آٹھ آسمان (۲) منطقۃ البروج اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے۔
**ہشت** - (اُر) نفرت ظاہر کرنے یا جھڑکنے کے واسطے بولا جاتا ہے۔
**ہشتت** - (ف) کتے بلی کو دھتکارنے کی آواز۔
**ہشتم** - (ہش-تم) (ف-صفت) آٹھواں - آٹھویں۔
**ہشکارنا** - (ہش-کار-نا) (اُر-مص) (۱) کتے کو کسی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا - (۲) کسی کو اشتعال دلا کر کسی بات پر راغب کرنا۔
**ہشیار** - (ہش-یار) (ف-صفت) ہوشیار کا مخفف۔
**ہشیاری** - (ہش-یا-ری) (ف-ا-مونث) ہوشیاری کا مخفف۔

## ہ - ض

**ہضم** - (ع-ا-مذکر) معدے میں کھانا پچنا۔
**ہضم کرنا** (۱) پچانا (۲) مال مارنا - داب بیٹھنا۔

Marfat.com

## ہ - ف

ہفت - (ف-صفت) سات - ۷ -
ہفت اقلیم - سات ولایتیں - کل دنیا -
ہفت پیکر - سات آسمان - سات ستارے -
ہفت جوش - وہ چیز جو سات دھاتیں (سونا - چاندی - تانبا جست - لوہا - سیسہ - رانگا) ملا کر بنائی جائے -
ہفت خوانِ رستم - کیکاؤس کی رہائی کے واسطے مازندران تک رستم نے سات دن میں جو راستہ طے کیا اسے ہفت خوانِ رستم کہتے ہیں - (کنایتہً) نہایت کٹھن اور مشکل کام -
ہفت روزہ - (۱) سات دن والا (۲) وہ کاغذ جس میں ہفتے کی کارگزاری یا حالات واقعات درج ہوں (۳) ہفتے میں ایک بار شائع ہونے والا اخبار -
ہفت زبان - سات زبانیں جاننے والا -
ہفت طبق - آسمان کے سات طبق -
ہفت قلزم - ہفت دریا - سات سمندر -
ہفت قلم - وہ جو سات طرح کے خط لکھنا جانتا ہو - اعلیٰ درجے کا خوش نویس -
ہفت کشور - ہفت اقلیم - سات ولایتیں - ساری دنیا -
ہفت گردوں - سات آسمان -
ہفت ہزاری - عہدِ مغلیہ میں ایک اعلیٰ منصب -
ہفت ہیکل - سلامتی کے لیے سات دعائیں -
ہفتاد - (ہَف-تاد) (ف-صفت) ستر - ۷۰ -
ہفتاد و دو ملت - اسلام کے بہتر فرقے -
ہفتم - (ہَف-تُم) (ف-صفت) ساتواں -
ہفتہ - (ہَف-تَہ) (ف-ا-مذکر) سات دن (۱-) سنیچر شنبہ -
ہفتہ عشرہ - (۱) آٹھ دس روز کا زمانہ (۲) چند روز -
ہفوات - (ہَف-وات) (ع-ا-مونث) بیہودہ باتیں -

## ہ - ک

ہک - (HOOK) (انگ-ا-مذکر) (۱) وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کا کانٹا یا کنڈا -
ہکا بکا - (ہَک-کا-بَک-کا) (ہ-صفت) حیرت زدہ - گھبرایا ہوا -
ہکا بکا رہ جانا - حیران رہ جانا -
ہکذا - (ہا-کَ-ذا) (ع - تابع فعل) اسی طرح -
ہکلا - (ہَک-لا) (ہ-صفت وا-مذکر) لکنت کرنے والا -
ہکلاپن (مذکر) لکنت -
ہکلانا - (ہَک-لا-نا) (ہ-مص) لکنت کرنا - زبان کا لڑکھڑانا -
ہکلی - (ہَک-لی) (ہ-صفت-وا-مونث) ہکلا کی تانیث -

## ہ - گ

ہگاس - (ہَ-گاس) (ہ-ا-مونث) پاخانے کی حاجت -
ہگاس لگنا - پاخانے کی حاجت ہونا -
ہگاسا - (ہ-صفت) وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو - (مونث - ہگاسی) -
ہگانا - (ہَ-گا-نا) (ہ-مص) پاخانہ پھرانا -
ہگنا - (ہَگ-نا) (ہ-مص) براز کرنا - پاخانہ پھرنا -
ہگو - ہگوڑا - (ہَگ-گو) (ہَ-گو-ڑا) (ہ-صفت) (۱) بار بار ہگنے والا (۲) (کنایتہً) ڈرپوک - بزدل -

## ہ - ل

ہل - (ہ-ا-مذکر) زمین جوتنے کا آلہ - قلبہ -
ہل جوتا - ہل چلانے والا - ہالی -
ہل جوتنا (چلانا) - بیج بونے کے لیے زمین ہل سے کھودنا -
ہلا - (ہَل-لا) (ہ-ا-مذکر) (۱) چڑھائی - حملہ (۲) شور -
ہلا - (ہِل-لا) (ہ-ا-مذکر) حیلہ کا بگڑا ہوا - کام - شغل - دھندا -
ہلا دینا - (ہِ-لا-دے-نا) (ہ-مص) لرزا دینا - زلزلہ ڈال دینا -
ہلاس - (ہ-ا-مونث) (۱) خوشی (۲) ناس - نسوار - ناک میں سونگھنے کا پسا ہوا سوکھا تمباکو -
ہلاس لینا - نسوار سونگھنا -
ہلاک - (ہَ-لاک) (ع-ا-مذکر) (۱) قتل (۲) تباہی - (۳) (صفت) قتل کیا ہوا -
ہلاک کرنا - (۱) قتل کرنا (۲) تباہ کرنا (۳) تھکانا -
ہلاکت - (ہَ-لا-کَت) (ع-ا-مونث) (۱) تباہی (۲) موت -
ہلاکو - (ت-صفت وا-مذکر) (۱) ظالم - جلاد (۲) ایک تاتاری بادشاہ - (اصل میں ہولاکو تھا) -
ہلال - (ہِ-لال) (ع-ا-مذکر) پہلی رات کا چاند - ماہِ نو -
ہلال ابرو - ہلال جیسے ابرو -
ہلالی - (ع-صفت) (۱) ہلال سے منسوب - ہلال کی وضع کا - نئے چاند کی مانند (۲) (مونث) ایک قسم کا تیر -
ہلالین - (ہِ-لا-لَین) (ع-ا-مونث) ہلال کی وضع کے دو قوس - (خطوطِ وحدانی ( ) -
ہلا ہلا - (ہ-صفت) مانوس -
ہلانا - (ہ-مص) (۱) حرکت دینا (۲) مانوس کرنا - سدھانا -
ہلاہل - (ہَ-لا-ہِل) (ع-صفت) (۱) قاتل - مہلک - (۲) (مذکر) زہرِ قاتل -
ہلا ہونا - (ہ-مص) مانوس ہونا -
ہل جانا - (ہ-مص) (۱) لرز جانا - کانپ جانا (۲) مانوس ہو جانا -
ہلچل - (ہَل-چَل) (ہ-ا-مونث) (۱) بھاگڑ - کھلبلی (۲) گھبراہٹ (۳) دنگا فساد -
ہلچل پڑنا (مچنا) (۱) بھاگڑ مچنا (۲) گھبراہٹ ہونا (۳) بلوہ ہونا -

Marfat.com

**ہلدی** - (ہل-دی) [ہ-ا-مونث] ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں رنگ کے واسطے ڈالتے ہیں - زرد چوبہ -
**ہلدی تھوپنا** - چوٹ پر ہلدی کا پلستر کرنا -
**ہلدی کی گرہ لے کر پنساری بن بیٹھنا، بن جانا** (مثل) تھوڑی سی پونجی پر اپنے آپ کو بڑا دکاندار سمجھنا -
**ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ بھی چوکھا آئے** - (مثل) اس جگہ بولتے ہیں جہاں بغیر کچھ خرچ کیے خاطر خواہ کام نکل آئے -
**ہلڑ** - (ہل-لڑ) [ہ-ا-مذکر] شور و غل - غل غپاڑا - ہنگامہ -
**ہلڑ مچانا** - شور و غل کرنا - ہنگامہ کرنا -
**ہلکا** - (ہل-کا) [ہ-صفت] (۱) سبک - کم وزن (۲) کم ظرف - (۳) گھٹیا (۴) بے عزت - حقیر -
**ہلکا پن** - (مذکر) (۱) ہلکا ہونا (۲) کمینگی - رذالہ پن (۳) اوچھاپن -
**ہلکا پھلکا** - (۱) نہایت کم وزن (۲) نازک - لاغر - (۳) ذکی، چلتا پھرتا -
**ہلکا رنگ** - (مذکر) پھیکا رنگ -
**ہلکا کام** - (مذکر) (۱) آسان کام (۲) درزی وغیرہ کا کام جو گنجان نہ ہو -
**ہلکا کرنا** - (۱) بوجھ کم کرنا (۲) سبکدوش کرنا (۳) شرمندہ کرنا -
**ہلکا ہلکا** - خفیف خفیف -
**ہلکے سے** - ہولے سے - سہج سے - آہستگی سے -
**ہلکے ہلکے** - آہستہ آہستہ - ہولے ہولے - سہج سہج -
**ہلکان** - (ہل-کان) [ہ-صفت] تھکا ماندہ - مضمحل - نیم جان -
**ہلکان کرنا** (۱) تھکا مارنا (۲) پریشان کرنا -
**ہلکورا** - (ہل-کو-را) [ہ-ا-مذکر] لہر - موج -
**ہلکورے لینا (مارنا)** - پانی کا لہریں مارنا - لہرانا -
**ہلکی** - (ہل-کی) [ہ-صفت] ہلکا کی تانیث -
**ہلکی پھلکی** - ہلکا پھلکا کی تانیث -
**ہل کے پانی نہ پینا** - [ا-مص] نہایت کاہل ہونا -
**ہلکانا** - (ہل-کا-نا) [ہ-مص] (۱) لٹکانا - آویزاں کرنا - (۲) الجھانا - کسی کام میں لگا دینا -
**ہلگنا** - (ہ-لگ-نا) [ہ-مص] چمٹ جانا - الجھنا پھنسنا -
**ہل مل جانا** [ہ-مص] گھل مل جانا - مانوس ہو جانا -
**ہل من مزید** - (ہل-مِن-مَ-زید) [ع] قرآن شریف کا ایک جملہ - جب سب دوزخی دوزخ میں جا چکیں گے تو دوزخ پکارے گا - کچھ اور بھی ہو تو لاؤ -
**ہلنا** - (ہل-نا) [ہ-مص] (۱) متحرک ہونا - لرزنا - (۲) مانوس ہو جانا -
**ہلو** - (HALLO) [انگ-ا-مذکر] دیکھیے ہیلو -
**ہلیلہ** - (ہَ-لی-لہ) [ف-ا-مذکر] ہڑ - ایک دوا -

## ہ - م

**ہم** - [ہ] (۱) ضمیر جمع متکلم (۲) تعظیماً اپنی ذات کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے -
**ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں** - (مثل) چھوٹا ہو کر اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا -
**ہم خوش ہمارا خدا خوش** - (مثل) کمال رضامندی ظاہر کرنے کے لیے مستعمل ہے -
**ہم کو** - اپنی ذات کو - ہمیں -
**ہَم** - [ع-ا-مذکر] اندیشہ - فکر - غم -
**ہَم** - [ف] (۱) نیز - بھی - بلکہ - اس کے علاوہ (۲) کسی کام میں شرکت ظاہر کرنے کے لیے - آپس میں یا باہم دگر -
**ہم آغوش** - بغل گیر - ہم کنار - باہم گلے ملنے والا -
**ہم آغوشی** - (مونث) بغل گیری - ہم کناری -
**ہم آواز (ہم آہنگ)** (۱) سُر یا راگ میں شریک (۲) ساتھی - (۳) متفق الرائے -
**ہم بستر** - ایک ہی بستر پر سونے والا - ساتھ سونے والا -
**ہم بستر ہونا** - (۱) ساتھ سونا (۲) صحبت کرنا -
**ہم بستری** - (مونث) جماع - مجامعت -
**ہم پایہ** - ہم رتبہ - ہم سر - برابر کے رتبے کا -
**ہم پلہ** - برابر کی جوڑ کا - ہم رتبہ -
**ہم پیالہ و ہم نوالہ** - ساتھ کھانے پینے والا - گہرا دوست -
**ہم پیشہ** - ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا - حریف -
**ہم جلیس** - ہم نشین - پاس بیٹھنے اٹھنے والا -
**ہم جماعت** - جماعت کا یار - ہم مکتب - کلاس فیلو -
**ہم جنس** (۱) ایک جنس کا - ایک نمونے کا (۲) ہم پیشہ -
**ہم جولی** - (صحیح ہم زولی) ہم عمر - ساتھ کھیلا ہوا - لنگوٹیا -
**ہم چشم** - برابر والا - ہم رتبہ -
**ہم چشمی** - (مونث) برابری - ہم سری -
**ہمچو من (ما) دیگرے نیست** - (مثل) میرے (ہمارے) مثل دوسرا نہیں خودستائی کے لیے استعمال ہوتا ہے -
**ہم درد** - دکھ درد کا ساتھی - دردمند - غم خوار -
**ہمدردی** - (مونث) غم خواری - دردمندی -
**ہم درس** - ہم سبق - ہم جماعت -
**ہمدم** - رفیق - یار - دوست -
**ہم ذات** - ایک ذات کا - ہم قوم -
**ہم راز** - رازدان - بھیدی - محرم اسرار -
**ہم راہ** - (۱) ساتھ چلنے والا (۲) ساتھ -
**ہم راہی** - (۱) ساتھی - ساتھ چلنے والا (۲) رفیق (۳) ساتھ -
**ہم رکاب** - (۱) ہم سفر - ہم راہ (۲) سواری کے ساتھ -
**ہم رنگ** - ایک رنگ کا - ایک طرح کا - یکساں -
**ہم رنگی** - (مونث) ایک رنگ یا وضع کا ہونا -
**ہم زاد** - (مذکر) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ہو (۲) وہ روحانی شیطان یا جن جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے (۳) سایہ -
**ہم زبان** - (۱) ہم قول - متفق (۲) ہم کلام -
**ہم زلف** - (مذکر) ساڑھو - سالی کا خاوند -
**ہم سائگی** - (مونث) پڑوس - مکان کا قرب -
**ہم سایہ** - پڑوسی -

Marfat.com

ہم سبق - ساتھ سبق پڑھنے والا - ہم درس - ہم جماعت -
ہم سخن - ہم زبان - ہم کلام - ساتھی -
ہم سر - برابر کا - ہم رتبہ -
ہم سری - (مونث) برابری - ہم چشمی - مساوات -
ہم سفر - ساتھ سفر کرنے والا - سفر کا ساتھی - رفیقِ راہ -
ہم سن - ہم عمر - ہم جولی -
ہم شکل - ایک شکل کا - ہم صورت -
ہم شیر - (۱) دودھ شریک بھائی یا بہن (۲) حقیقی بھائی یا بہن (یہ لفظ عموماً بہن کے لیے مستعمل ہے) -
ہم شیرہ - (مونث) (۱) دودھ شریک بہن (۲) سگی بہن -
ہم شیرہ اخیافی - ماں کی طرف سے بہن -
ہم شیرہ رضاعی - دُودھ شریک بہن جو سگی بہن نہ ہو بلکہ ایک ہی عورت کا دودھ پینے میں شریک رہی ہو -
ہمشیرۂ علاّتی - باپ کی طرف سے بہن -
ہم صحبت - ساتھی - ہم نشین - پاس اُٹھنے بیٹھنے والے -
ہم صفیر - (۱) وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں - (۲) ہمدم - ساتھی - دوست -
ہم عصر - ہم عہد - ہم زمانہ - ایک وقت کا - ایک زمانے کا -
ہم عمر - ہم سن - برابر کی عمر کا - ہم سال -
ہم قلم - ہم عُہدہ - وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مقرر ہوں
ہم قوم - ایک قوم کا - ایک ذات کا -
ہم کفو - ایک ہی خاندان کا - ایک ہی کنبے کا -
ہم کلام - ہم سخن - مل کر بات کرنے والا -
ہم کلامی - (مونث) باہم بات چیت -
ہم کنار - ہم آغوش - بغل گیر -
ہم مذہب - ایک ہی مذہب کا - ایک ہی ملت کا -
ہم مشرب - ایک ہی طریقے کا - ایک ہی مسلک کا -
ہم معنی - جن کے معنی ایک جیسے ہوں - مُرادف -
ہم مکتب - ہم مدرسہ - ایک ہی مکتب کے پڑھے ہوئے -
ہم نام - ایک ہی نام کا - ہم اسم -
ہم نشین - ہم صحبت - مصاحب -
ہم نفس - دوست - آشنا - رفیق -
ہم نوا - دیکھیے ہم آہنگ اور ہم صفیر -
ہم وطن - ایک دیس کا - ایک ملک کا - ایک شہر کا -
ہُما - (ف - ا - مذکر) ایک مشہور خیالی پرند جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے -
ہمارا - (ہ - ض) (۱) ہم سب کا (۲) تعظیماً اپنی ذات کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے -
ہمارا اسلام ہے - بیزاری ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں -
ہمارا کیا ہے - ہمارا کیا بگڑتا ہے - ہمارا کیا نقصان ہے -
ہماری - (ہَ - ما - ری) (ہ - ض) اپنی - ذاتی - نج کی -
ہماری بلی ہمیں سے میاؤں - (مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمیں پر غرّائے -
ہماشما - (ف - صفت) ادنیٰ - اعلیٰ - چھوٹا بڑا - سب -

ہمالہ - (ہِ - ما - لہ) (ہ - ا - مذکر) دیکھیے ہمالیہ -
ہمالیہ - (ہِ - ما - لَ - یہ) (س - ا - مذکر) (۱) برف - موسم سرما - (۲) دنیا کے سب سے اونچے پہاڑ کا نام جو برّصغیر پاک و ہند کے شمال میں واقع ہے -
ہمام دستہ - (ف - ا - مذکر) ہاون دستہ -
ہماہمی - (ہَ - ما - ہمی) (ہ - ا - مونث) (۱) خود پسندی - غرور - (۲) زور آوری - زبردستی -
ہُمایوں - (ف - صفت) مبارک - بابرکت - مسعود -
ہمت - (ہِم - مَت) (ع - ا - مونث) (۱) ارادہ - عزم (۲) جرأت - شجاعت (۳) اولوالعزمی (۴) توفیق - دسترس -
ہمت بندھنا - حوصلہ بڑھنا -
ہمت پڑنا - جرأت ہونا -
ہمت کرنا - حوصلہ کرنا - دلیری کرنا - جرأت کرنا -
ہمتِ مرداں مددِ خدا - (مثل) کام میں کوشش شرط ہے - خدا ضرور مدد دیتا ہے -
ہمتِ مردانہ - بہادروں کی سی ہمت -
ہمت ہارنا - جی چھوڑنا - حوصلہ نہ رہنا -
ہمتا - (ہَم - تا) (ف - صفت) برابر - مثل - مانند -
ہمتائی - (ہَم - تا - ای) (ف - ا - مونث) برابری - ہمسری -
ہمراہ - ہمراہی - ہم (ف) کے تحت دیکھیے -
ہمزہ - (ہَم - زہ) (ع - ا - مذکر) حروفِ تہجی کا ایک حرف (۲) بعض الفاظ میں اضافت کا کام بھی دیتا ہے - جیسے صحیفۂ آسمانی -
ہمسایہ - ہم (ف) کے تحت دیکھیے -
ہُمکارا - (ہ - ا - مذکر) دیکھیے ہُنکارا -
ہُمکنا - (ہُمَک - نا) (ہ - مص) بچے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کا ارادہ ظاہر کرنا -
ہمم - (ہِ - مَم) (ع - ا - مونث) ہمت کی جمع -
ہموار - (ہَم - وار) (ف - صفت) (۱) برابر - مسطح (۲) موزوں -
ہموار کرنا - (۱) زمین کو یکساں کرنا (۲) کسی کو اپنے موافق بنا لینا -
ہموم - (ہُ - مُوم) (ع - ا - مذکر) ہم کی جمع - فکریں - غم -
ہمہ - (ہَ - مَہ) (ف - صفت) کُل - سارا - جملہ - تمام -
ہمہ از اوست - تمام چیزیں خدا سے ہیں - کوئی چیز بذات خود موجود نہیں - بلکہ ہر شے اپنی ہستی کے لیے خدا کی محتاج ہے -
ہمہ اوست - سب کچھ خدا ہے بعض صوفیوں کا قول ہے کہ خدا کے سوا کسی شے کا وجود نہیں - یہ خدا ہی ہے جو مختلف شکلوں میں جلوہ گر ہے -
ہمہ تن - سرتاپا - سر بسر سب کا سب - بالکل - تمام -
ہمہ تن گوش ہونا - سارے جسم کا کان بن جانا - پوری توجہ سے سننا -
ہمہ دان - ہر علم و ہنر جاننے والا - ہر فن مولا -
ہمہ دانی - (مونث) ہر کام کی واقفیت -
ہمہ صفت موصوف - ساری خوبیوں کا مالک -

Marfat.com

ہمہ وقت۔ ہر وقت۔

**ہمہمہ**۔ (ہَم۔ ہَ۔ مَہ) [ع-ا-مذکر] شیر، گھوڑے وغیرہ کی بھاری آواز۔

**ہمیانی**۔ (ہِم۔ یا۔ نی) [اُر-ا-مونث] روپیہ پیسہ رکھنے کی تھیلی جو حالتِ سفر میں کمر سے باندھی جاتی ہے۔ (یہ لفظ عربی ہمیان کا مونث ہے اور ہمیان فارسی لفظ ہمیان بالفتح کا معرب ہے)۔

**ہمیش**۔ (ہَ۔ میش) [فا-تابع فعل] ہمیشہ کا مخفف۔

**ہمیشگی**۔ (ہَ۔ مے۔ شَ۔ گی) [ف-ا-مونث] دوام۔ مدامی قدامت۔ قیام۔ بقا۔

**ہمیشہ**۔ (ہَ۔ مے۔ شَہ) [ف-صفت]۔ دائم۔ مدام۔ آئے دن سدا۔ نت۔

ہمیشہ سے چلا آتا ہے۔ پرانا چلن ہے۔ قدیم رسم ہے۔

**ہمیں**۔ (ہَ۔ میں) [ہ-ض] (۱) ہم سب کو (۲) مجھ کو۔ مجھے (تعظیم کے لیے)۔

ہمیں کیا۔ ہم کو کیا مطلب۔ ہم کو کیا فائدہ۔

**ہمیں**۔ (ہَ۔ میں) [ہ-ض] ہم ہی کا مخفف۔

**ہمیں**۔ (ہَ۔ میں) [ف-تابع فعل] یہی۔

ہمیں گو ہمیں چوگاں۔ ہمیں چوگاں، ہمیں میداں ہمیں گو۔ (مثل) یہی گیند ہے یہی بلا ہے۔ یہی مقابلہ کا میدان ہے ابھی آزمائش ہو جائے۔

## ہ - ن

**ہُن**۔ [ہ-ا-مذکر] (۱) دکن کا ایک قدیم سکہ (۲) دولت۔ زر۔

ہن برسنا۔ دولت برسنا۔ خوب آمدنی ہونا۔

**ہنٹر**۔ (HUNTER ہَن۔ ٹَر) [انگ-ا-مذکر] کوڑا۔ چابک۔

**ہنجار**۔ [ف-ا-مذکر] (۱) راستہ (۲) طرز۔ روش۔

**ہند**۔ [ف-ا-مذکر] ہندوستان۔ بھارت۔

**ہندستان**۔ [ف-ا-مذکر] دیکھیے ہندوستان۔

**ہندسہ**۔ (ہِن۔ دَ۔ سَہ) [ع-ا-مذکر] (۱) علم حساب کی شکل یا شکلیں۔ عدد۔ رقم (۲) اقلیدس۔

ہندسہ دان۔ علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا عالم۔

**ہندنی**۔ (ہِن۔ دَ۔ نی) [اُر-ا-مونث] ہندو عورت۔

**ہندو**۔ (ہِن۔ دُو) [ف-ا-مذکر] (۱) ہندو مت کا پیرو۔ بت پرست (۲) معشوق کے رخسار کا تل۔ زلفِ معشوق۔

ہندومت۔ (مذکر) اہلِ ہند کا مذہب۔ ہندو دھرم۔

**ہندوانہ**۔ (ہِن۔ دُ۔ وا۔ نَہ) [ف-ا-مذکر] تربوز۔

**ہندوانی**۔ (ہِن۔ دُ۔ وا۔ نی) [ف-صفت] ہندوؤں کا۔ ہندوؤں سے منسوب۔

**ہندوستان**۔ [ف-ا-مذکر] ملکِ ہند۔ بھارت۔

**ہندوستانی**۔ [ف-صفت] (۱) ہند سے منسوب (۲) (مذکر) ہندوستان کا باشندہ (۳) (مونث) آسان ہندی۔

**ہندوئے چرخ (فلک)**۔ [ف-ا-مذکر] سیارہ زحل جو سیاہ رنگ کا ہے۔

**ہندی**۔ [ف-صفت] (۱) ہند سے نسبت رکھنے والا (۲) (مذکر) ہندوستانی (۳) (مونث) ہند کی زبان (۴) ہندوستان کی تلوار۔

ہندی کی چندی کرنا۔ (۱) آسان کو اور آسان کرنا (۲) خوب چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پوچھنا۔

ہندی کی چندی نکالنا۔ بال کی کھال نکالنا۔ بہت حجت کرنا۔

ہندی نژاد۔ ہندی النسل۔ ہندوستان کا باشندہ۔

**ہنڈا**۔ [ہ-ا-مذکر] (۱) بڑی ہانڈی (۲) ہانڈی کی شکل کا بڑا فانوس (۳) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے ہوتی ہے۔

**ہنڈار**۔ [ہ-ا-مذکر] گرگ۔ بھیڑیا۔

**ہنڈکلیا (کلھیا)**۔ [ہ-ا-مونث] بچوں کی ہانڈی جو کلیا یا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں۔

**ہنڈول**۔ [ہ-ا-مذکر]۔ ہندی راگوں کا پانچواں راگ۔ صبح کا ایک راگ۔

**ہنڈولا**۔ [ہ-ا-مذکر] (۱) جھولا۔ پنگوڑا (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔

**ہنڈوی۔ ہنڈی**۔ (ہُنڈ۔ وی، ہُن۔ ڈی) [ہ-ا-مونث]۔ چٹھی۔ وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ بھجوانے کے لیے دیتے ہیں۔

ہنڈی سکارنا (سکھارنا)۔ ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔

**ہنڈیا**۔ (ہَنڈ۔ یا) [ہ-ا-مونث] ہانڈی کی تصغیر (۱) مٹی کی دیگچی (۲) [کنایۃً] ترکاری۔ سالن۔

ہنڈیا پکانا۔ (۱) سالن پکانا (۲) سازش کرنا۔

ہنڈیا چڑھانا۔ ہنڈیا چولھے پر رکھنا۔

**ہُنر**۔ (ہُ۔ نَر) [ف-ا-مذکر] (۱) فن۔ کاریگری۔ کمال (۲) خوبی۔

ہنرمند۔ ہنرور۔ (۱) باہنر۔ گنی (۲) کاریگر۔ صناع۔

ہنرمندی۔ ہنروری۔ (مونث) خوبی۔ قابلیت۔ کمال۔ کاریگری۔ گن۔

**ہنس**۔ [س-ا-مذکر] (۱) ایک قسم کی بطخ (۲) روح۔ جان۔

ہنس راج (مونث) (۱) ایک قسم کی گھاس جو پہاڑوں پر کثرت سے ہوتی ہے (۲) (مذکر) ایک قسم کی آبی بط۔ قاز۔ راج ہنس۔

**ہنسا**۔ (ہِن۔ سا) [س-ا-مذکر] (۱) قتل۔ خون (۲) پاپ۔ گناہ۔

**ہنسانا**۔ [ہ-مص] (۱) ہنسی دلانا (۲) خوش کرنا۔

**ہنسائی**۔ [ہ-ا-مونث] تضحیک۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔

**ہنستے بولتے**۔ [ہ] (۱) مذاق کرتے کرتے (۲) باتوں باتوں میں۔ آسانی سے۔

**ہنستے ہنستے**۔ [ہ] (۱) ہنسی ہنسی میں (۲) نہایت ہنسنے سے۔

**ہنستے ہی گھر بستے ہیں**۔ [ہ] (مثل) ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آیا کرتا ہے۔

Marfat.com

ہنسلی۔ (ہَن۔ سْ۔ لی) (ہ۔ا۔مونث) (۱) وہ ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔
ہنسلی اُتر جانا (جاتی رہنا)۔ شیر خوار بچّے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر نیچے اُوپر ہو جانا۔
ہنس مُکھ۔ (ہ۔صفت) خوش مزاج۔ خوش طبع۔ شگفتہ رُو۔
ہنسنا۔ (ہَن۔ س۔ نا) (ہ۔مص) (۱) خندہ کرنا۔ کھلکھلانا (۲) مذاق کرنا (۳) ہنسی اُڑانا۔ تضحیک کرنا۔
ہنسنا بولنا۔ (۱) دل لگی کرنا (۲) خوش دلی سے بات چیت کرنا۔
ہنسوانا۔ (ہ۔مص) کسی پر ہنسنے کے لیے دُوسرے کو تحریک کرنا۔
ہنسوڑ۔ (ہ۔صفت) خوش طبع۔ خوش مزاج۔
ہنسی۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) خندہ۔ قہقہہ (۲) تضحیک۔ پھبتی (۳) نہایت آسان کام۔
ہنسی اُڑانا۔ کسی پر ہنسنا۔ مذاق اُڑانا۔
ہنسی ٹھٹھا۔ (مذکر) (۱) دل لگی (۲) آسان کام۔
ہنسی خوشی۔ (۱) خوشی سے۔ خوش ہو کر (۲) خیریت کے ساتھ۔
ہنسی خوشی سے۔ رضامندی سے۔
ہنسی خوشی کا سودا۔ رضامندی کا معاملہ۔
ہنسی کرنا۔ (۱) مذاق کرنا۔ (۲) بدنامی کرنا۔
ہنسی کھیل۔ (مذکر) (۱) ہنسی ٹھٹھا (۲) ذرا سی بات۔ آسان کام۔
ہنسی ماننا۔ مذاق میں بگڑ جانا۔
ہنسی میں کھنسی ہو جانا۔ مذاق میں بگڑ جانا۔
ہنسی ہنسی میں۔ (۱) مذاق میں (۲) یونہی۔ باتوں باتوں میں۔
ہنسیا۔ (ہَن۔ س۔ یا) (ہ۔ا۔مذکر) گھاس وغیرہ کاٹنے کا اوزار۔
ہنکار۔ (ہ۔ا۔مونث) (۱) ہاں کی آواز (۲) حمایت۔
ہنکارا۔ (ہ۔ا۔مذکر) (۱) ہُوں۔ ہاں۔ (۲) کسی بات کے اقرار و اقبال کی آواز۔
ہنکارا بھرنا۔ (۱) ہاں کرنا (۲) اشارہ کرنا۔
ہنکاری۔ (ہ۔ا۔مونث) دیکھیے ہنکارا۔
ہنکانا۔ (ہ۔مص) (۱) پاس سے دُور کرنا (۲) کھدیڑنا۔ بھگانا۔
ہنکایا جانا۔ (ہ۔مص) دُور کیا جانا۔ بھگایا جانا۔
ہنگام۔ (ف۔ا۔مذکر) وقت۔ زمانہ۔ موقع۔
ہنگامہ۔ (ہَن۔ گا۔ مَہ) (ف۔ا۔مذکر) (۱) مجمع۔ بھیڑ۔ (۲) معرکہ (۳) شورش۔ (۴) شور۔ (۵) زور۔ شور۔
ہنگامہ آرا۔ (۱) جنگ برپا کرنے والا (۲) فتنہ برپا کرنے والا۔
ہنگامہ برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔
ہنگامہ پرداز۔ ہنگامہ کرنے والا۔ فسادی۔
ہنگامہ پردازی۔ (مونث) شورش کرنا۔ فساد اُٹھانا۔ لڑائی کرنا۔
ہنگامہ گرم رہنا۔ فتنہ و فساد یا شور و غل ہوتا رہنا۔
ہنگامی۔ (ہَن۔ گا۔ می) (ف۔صفت) چند روزہ۔ عارضی۔
ہنود۔ (ہُ۔ نُو) (ف۔ا۔مذکر) ہندو کی جمع۔
ہنوز۔ (ہَ۔ نوز۔ ہَ۔ نُز) (ف) ابھی تک۔ اب تک۔ ابھی۔

ہنوز دلّی دُور ہے۔ (مثل) ابھی منزل بہت دُور ہے۔ ابھی مطلب پورا کرنے میں بہت دُور ہے۔
ہنوز روزِ اوّل است۔ ابھی وہی ابتدا والا معاملہ ہے۔ ابھی تک کچھ ترقی نہیں کی ہے۔
ہنومان۔ (ہَ۔ نُو۔ مان) (ہ۔ا۔مذکر) ہندوؤں کا ایک روایتی سردار جس نے سیتا جی کی بازیابی میں رامچندر جی کی مدد کی تھی۔
ہنہنانا۔ (ہِن۔ ہِ۔ نا۔ نا) (ہ۔مص) گھوڑے کا بولنا۔
ہنہناہٹ۔ (ہ۔ا۔مونث) گھوڑے کی آواز۔
ہنی مُون۔ (HONEY MOON) (انگ۔ا۔مذکر) شادی کا پہلا مہینا جس میں دولہا دلھن باہر سیر و تفریح کے لیے چلے جاتے ہیں۔ ماہِ عسل۔ ماہِ نوشیں۔

## ہ - و

ہُو۔ (ف۔ا۔مذکر) (۱) عربی ضمیر ہُو (ہُوَ) کا بگاڑ۔ (۲) صوفیوں کی اصطلاح میں ذاتِ باری تعالیٰ (۳) غل۔ ہنگامہ۔ حالتِ مستی میں منہ سے نکلنے والی آہ (۴) (کنایۃً) خوف۔ ڈر۔
ہُو بہُو۔ بعینہٖ۔ ٹھیک ٹھیک۔ بالکل ویسا ہی۔
ہُو حق۔ (۱) وجد کی حالت میں منہ سے نکلنے والا نعرہ (۲) شور و غل۔
ہُو حق ہو جانا۔ (۱) فنا ہو جانا (۲) فنا فی اللہ ہو جانا۔
ہُو کا عالم (مقام۔ مکان) (۱) عالمِ لاہُوت (۲) اُجاڑ۔ ویرانہ۔
ہُو۔ (ہُو۔ وا) (ع) ضمیر مذکر غائب۔ وُہ۔
ہوالشّافی۔ خدا تعالےٰ شفا دینے والا ہے۔
ہو آنا۔ (اُر۔مص) کہیں جا کر واپس آنا۔ لوٹ آنا۔ پلٹ آنا۔
ہوا۔ (ہَ۔ وا) (ع۔ا۔مونث) (۱) خلا اور زمین کے درمیان کی فضا (۲) باد۔ ریح (۳) لالچ (۴) آرزو۔ خواہش نفس (۵) (اُر) سانس (۶) ویار (۷) اوقی مناسبت۔ (۸) ساکھ (۹) شہرت (۱۰) فنا۔
ہوا اُکھڑ جانا۔ عزت میں فرق آنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔
ہوا باندھنا۔ (۱) جھوٹ مُوٹ عزت قائم کرنا (۲) رُعب جمانا۔
ہوا بگڑ جانا (بگڑنا)۔ (۱) ہوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانے کا ناموافق ہو جانا (۳) اعتبار اُٹھ جانا۔
ہوا بھی نہ دینا۔ ذرا بھی نہ دکھانا۔ خبر تک نہ دینا۔
ہوا پر اُڑنا۔ مغرور ہونا۔ اِترانا۔
ہوا پر سوار ہونا۔ جلد باز ہونا۔ جانے میں جلدی کرنا۔
ہوا پر گرہ لگانا۔ (۱) کمال چالاکی کرنا (۲) ناممکن کام کرنا۔
ہوا پلٹ جانا (پلٹنا)۔ (۱) انقلاب ہونا (۲) موسم بدل جانا۔ (۳) نصیبے کا برگشتہ ہونا۔
ہوا پھانکنا۔ بھوکوں مرنا۔
ہوا چلنا۔ (۱) ہوا کا جنبش میں آنا (۲) رواج پڑنا۔
ہوا خلاف ہونا۔ (۱) ہوا کا مخالف سمت میں چلنا۔ (۲)

Marfat.com

زمانے کا ناموافق ہونا۔
ہوا خواہ۔ خیرخواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔
ہوا خواہی۔ (مونث) خیرخواہی۔ بہی خواہی۔ خیراندیشی۔
ہوا خوری۔ (مونث) کھلی ہوا میں جا کر سیر و تفریح کرنا۔
ہوا دار۔ (۱) کشادہ جگہ جس میں اچھی طرح ہوا کا گزر ہو۔ (۲) (مذکر) ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔ تام جھام۔
ہوا دیکھنا۔ (۱) زمانہ کا نشیب و فراز دیکھنا (۲) انداز اور وضع کی جانچ کرنا۔
ہوا دینا۔ (۱) پنکھے سے ہوا پہنچانا (۲) ہوا میں رکھنا (۳) آگ کو ہوا سے بھڑکانا (۴) اشتعال دینا۔ اکسانا۔
ہوا سا۔ (۱) ذرا سا (۲) ہلکا۔ سبک۔
ہوا سمانا۔ دُھن لگنا۔
ہوا سے باتیں کرنا۔ (۱) نہایت تیز رفتار ہونا (۲) بہت عیار ہونا (۳) بہت اونچا ہونا۔ (۴) مغرور ہونا۔
ہوا سے لڑنا۔ خواہ مخواہ لڑنا۔ نہایت بدمزاج ہونا۔
ہوا کا رُخ دیکھنا۔ زمانے کے موافق کام کرنا۔
ہوا کرنا۔ پنکھے سے ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا۔
ہوا کھانا۔ (۱) کھلی جگہ سیر کرنا (۲) رخصت ہونا۔
ہوا کھاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دفع ہو۔
ہوا کے ساتھ لڑنا۔ دیکھیے ہوا سے لڑنا۔
ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ (۱) نہایت چُست و چالاک ہونا۔ جلد باز ہونا (۲) مغرور ہونا۔
ہوا لگنا۔ (۱) ہوا کا جسم سے چھو جانا (۲) ہوا کے اثر سے جسم کا اکڑ جانا (۳) پر پُرزے نکلنا (۴) صحبت کا اثر ہونا۔
ہوا مٹھی میں بند کرنا۔ بے فائدہ محنت کرنا۔
ہوا مخالف ہونا۔ دیکھیے ہوا خلاف ہونا۔
ہوا میں گرہ دینا۔ ہوا میں گرہ لگانا۔ دیکھیے ہوا کو گرہ دینا۔
ہوا نکلنا۔ (۱) غرور ڈھیلا (۲) دم نکلنا (۳) ریاح خارج ہونا۔
ہوا نہ دینا۔ دیکھیے ہوا بھی نہ دینا۔
ہوا نہ لگنا۔ (۱) ذرا سا اثر بھی نہ ہونا (۲) ہوا نہ چھونا۔
ہوا و ہوس۔ (۱) حرص اور لالچ (۲) عیاشی۔
ہوا ہونا۔ (۱) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا (۲) دھار کا تیز ہونا۔ (۳) فنا ہونا۔
ہوّا۔ (ہو - وا) (ہ - ا - مذکر) بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت۔
ہوائی۔ (ف - صفت) (۱) منسوب بہ ہوا (۲) بادی۔ ریحی (۳) چالاک۔ تیز رفتار (۵) (ا - مونث) ایک قسم کی آتش بازی (۶) بیہودہ بات (۷) افواہ (۸) پیشتے اور بادام کا باریک قتلہ۔
ہوائی اُڑنا۔ افواہ ہونا۔ جھوٹی خبر مشہور ہونا۔
ہوائی چھوڑنا۔ (۱) آتش بازی چلانا (۲) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔
ہوائی دیدہ (۱) آوارہ گرد (۲) بے مروّت (۳) گستاخ۔
ہوائیاں اُڑنا (چھوٹنا)۔ چہرہ کا رنگ فق ہونا۔ بے حواس ہو جانا۔
ہوت۔ [ہ - ا - مونث] (۱) مقدور۔ حیثیت (۲) پکارنے کا کلمہ۔
ہوتا۔ [ہ] (۱) ہو سکتا اور نہیں ہو سکتا تھا کی جگہ (۲) ہونے والا۔

(۳) (مذکر) رشتے دار (۴) دولت۔ مقدور۔
ہوتا آیا ہے۔ ہوتا چلا آیا ہے۔ زمانہ قدیم سے ایسا ہو رہا ہے۔
ہوتا سوتا۔ حمایتی۔ عزیز۔ رشتے دار۔
ہوتے ساتے۔ ہوتے ہوئے۔ موجود ہوتے ہوئے۔
ہوتے سوتے۔ خویش و اقارب۔ حمایتی۔
ہوتے ہوتے۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ سج سج۔
ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں۔
ہوتی۔ (ہ) ہوتا کی تانیث۔
ہوتی آئی ہے۔ قدیم رسم ہے۔ ہمیشہ کا دستور ہے۔
ہوٹل۔ (HOTEL) [انگ - ا - مذکر] وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔ مسافر خانہ۔
ہو جانا۔ (ہ - مص) (۱) کام پورا ہو جانا (۲) آ کر چلے جانا (۳) ختم ہو جانا (۴) آسیب کا اثر ہو جانا (۵) طلوع ہونا (چاند کا)۔
ہو جیو۔ (ہو - جیو) (ہ) خدا کرے کہ ہو جائے۔
ہو چکا۔ [ہ] (۱) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو (۲) ختم ہو چکا۔
ہو چکنا۔ [اُ - مص] (۱) ختم ہو جانا (۲) خرچ ہو جانا (۳) مر جانا (۴) ہو جانا (۵) لڑائی ہونا۔
ہودج۔ (ہو - دج) [ع - ا - مذکر] (۱) ہودہ۔ عماری (۲) اونٹ کا کجاوہ۔ محمل۔
ہودہ۔ (ہو - دہ) [ہ - ا - مذکر] عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے واسطے رکھتے ہیں۔
ہو رہنا۔ [اُ - مص] (۱) کہیں رہ پڑنا (۲) کسی کا ہو جانا۔
ہوزری۔ (HOSIERY) (ہوز - ری) [انگ - ا - مونث] موزے بنیان وغیرہ کی تجارت یا دکان۔
ہوس۔ (ف - وس) [ع - ا - مونث] (۱) خبط (۲) شوق۔ خواہش (۳) تھوڑا عشق (۴) لالچ۔
ہوس پرور۔ ہوس پیشہ۔ بہت زیادہ حرص رکھنے والا۔ لالچی۔
ہوس کیش۔ وہ شخص جس کا دین و مذہب حرص و آز ہو۔
ہوسناک۔ (۱) لالچی (۲) پُرشہوت۔
ہوسٹل۔ (HOSTEL) (ہوس - ٹل) [انگ - ا - مذکر] دارالاقامہ طلبہ کے رہنے کی جگہ۔ بورڈنگ ہاؤس۔
ہو سکنا۔ [ہ - مص] (۱) ممکن ہونا (۲) امکان میں ہونا۔
ہوش۔ [ف - ا - مذکر] (۱) عقل۔ سمجھ (۲) واقفیت (۳) حواس حافظہ۔ حس۔ یاد۔
ہوش آنا۔ (۱) ہوشیار ہونا۔ آپے میں ہونا۔ عقل آنا (۲) سیانا ہونا۔
ہوش اُڑ جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ حیرت میں آ جانا۔
ہوش باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔
ہوش پکڑو۔ سنبھلو۔ تمیز سیکھو۔ عقل کے ناخن لو۔
ہوش جاتے رہنا۔ عقل گم ہونا۔ بے اوسان ہو جانا۔
ہوش ربا۔ ہوش لے جانے والا۔ بے اوسان کر دینے والا۔
ہوش سنبھالنا۔ (۱) بالغ ہونا۔ (۲) عقل حاصل کرنا۔
ہوش کی دوا کرو۔ ہوش کی لو۔ ہوش کے ناخن لو۔ سنبھلو عقل کرو۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی عقل کے خلاف بات کرے۔

Marfat.com

ہوش کی لینا۔ سمجھ کی بات کرنا۔
ہوش گوش۔ ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔
ہوش مند۔ ہوش والا۔ عقل مند۔ ذی شعور۔
ہوش مندی۔ (مونث) ہوشیاری۔ دانائی۔ عقل مندی۔ شعور۔
ہوش میں آنا۔ (۱) تمیز سیکھنا۔ (۲) آپے میں آنا۔ (۳) عبرت پکڑنا۔
ہوش و حواس۔ عقل و تمیز۔
ہوشیار۔ (۱) دانا۔ خبردار (۲) چالاک (۳) بیدار۔ چوکنا۔
ہوشیار ہو جانا۔ (۱) ہوش میں آجانا (۲) بیدار ہو جانا۔ (۳) چوکس ہو جانا (۴) سیانا ہو جانا۔
ہوشیاری۔ (مونث) (۱) دانائی (۲) چوکسی (۳) دور اندیشی۔ (۴) عیاری۔
ہُوک۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) وہ درد جو دل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے۔ (۲) کراہ۔
ہُوک اُٹھنا۔ پہلو میں درد اٹھنا۔
ہَوکا۔ (ہَو۔ کا) (ہ۔ا۔ مذکر) (۱) کھانے کی بے انتہا حرص (۲) لالچ۔ کسی چیز کی بے انتہا حرص۔
ہوکا کرنا۔ بہت لالچ کرنا۔
ہوگا۔ (ہ) شاید (شک کے مقام پر بولتے ہیں)۔
ہو گزرنا۔ (ہ۔ مص) (۱) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا۔ (۲) واقع ہونا (۳) ختم ہونا۔
ہَول۔ (ع۔ا۔ مذکر) (۱) خوف۔ اندیشہ (۲) (۱) گھبراہٹ۔
ہَول آنا۔ دہشت سما جانا۔ ڈرنا۔
ہول اٹھنا۔ خوف پیدا ہونا۔
ہول دل۔ دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ خفقان۔
ہول کھانا۔ ڈر جانا۔ دہشت میں رہنا۔
ہول ناک۔ بھیانک۔ ڈراؤنا۔ خوف ناک۔
ہُول۔ (ہ۔ا۔ مونث) دھکا۔ صدمہ۔ ضرب۔
ہَولا۔ (ہ۔ صفت) گھبرایا ہُوا۔ بوکھلایا ہُوا۔
ہولا خبطا۔ بدحواس۔
ہولا۔ (ہ۔ا۔ مونث) بھُنے ہوئے سبز چنے۔
ہَولُو۔ (ہ۔ صفت) احمق۔ گاؤدی۔ ہونق۔
ہولی۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو موسم بہار میں منایا جاتا ہے۔
ہولی کھیلنا۔ ہولی کے دن ایک دُوسرے پر رنگ چھڑکنا۔
ہَولے۔ (ہ۔ تابع فعل) دھیمے۔ آہستہ۔ بتدریج۔
ہولے سے۔ آہستہ سے۔ ہلکے سے۔
ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ سج سج۔
ہولینا۔ (ہو۔ لے۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہو چکنا (۲) پورا ہونا۔ (۳) کسی طرف کا راستہ اختیار کرنا (۴) ساتھ چلنا۔
ہوم۔ (س۔ا۔ مذکر) ہون۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی رسم جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے جاتے ہیں۔
ہوم۔ (HOME) (انگ۔ا۔ مذکر) گھر۔ مکان۔ وطن۔
ہوم ڈیپارٹمنٹ۔ (HOME DEPARTMENT) (مذکر) محکمۂ امورِ داخلہ۔
ہوم رُول (HOME RULE) (مذکر) حکومت خود اختیاری

ہوم سیکرٹری۔ (HOME SECRETARY) محکمۂ امورِ داخلہ کا سیکرٹری۔
ہوم منسٹر۔ (HOME MINISTER) وزیرِ داخلہ۔
ہومیو پیتھ۔ (HOMEOPATH) (ہوم۔ یو۔ پیتھ) (انگ۔ا۔ مذکر) علاج بالمثل کا ڈاکٹر۔
ہومیو پیتھک۔ (HOMEOPATHIC) (ہوم۔ یو۔ پے۔ تھک) (انگ۔ صفت) علاج بالمثل سے متعلق۔ ہومیو پیتھی کا۔
ہومیو پیتھی۔ (HOMEOPATHY) (انگ۔ا۔ مونث) علاج بالمثل۔ گرمی کا گرمی اور سردی کا سردی سے علاج۔
ہَون۔ (ہَو۔ ون) (س۔ا۔ مذکر) دیکھیے ہوم۔
ہُوں۔ (ہ) ہاں۔ بلے۔ کلمہ اقرار و اقبال یا اجازت۔
ہوں کرنا۔ (۱) زبان سے ہاں کہنا (۲) ٹوکنا۔ روکنا۔
ہوں ہاں کرنا۔ (۱) صاف جواب نہ دینا (۲) بچے کا پہلے پہل بولنے لگنا۔
ہونا۔ (ہ۔ مص) (۱) پیدا ہونا (۲) ظاہر ہونا (۳) واقع ہونا۔ پیش آنا۔ (۴) موجود ہونا (۵) ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ (۶) گزرنا۔ ختم ہونا۔
ہونے والا۔ (۱) ہونہار (۲) پیش آنے والا۔ ممکن۔
ہونٹ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) لب۔ منہ کے باہر کا اُوپر اور نیچے کا حصہ۔
ہونٹ چاٹنا۔ (۱) شیریں چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا (۲) مزے دار چیز کا ذائقہ یاد رکھنا۔
ہونٹ چبانا۔ غصے کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا۔
ہونٹ سی لینا۔ چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔
ہونٹ کاٹنا۔ (۱) افسوس ظاہر کرنا (۲) حسد کرنا (۳) ہونٹ چبانا۔
ہونٹوں میں مسکرانا۔ اس طرح مسکرانا کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی ہل کر رہ جائیں۔ خندہ زیر لب۔
ہونٹوں ہونٹوں میں۔ ہونٹوں کے اشارے سے
ہونٹھ۔ (ہ۔ا۔ مذکر) دیکھیے ہونٹ۔
ہَونس۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) نظرِ بد (۲) رشک۔ حسد۔ (۳) عداوت (نیز بغض)۔
ہُونسنا۔ (ہُو نس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نظر بد لگانا (۲) حسد کرنا۔ (۳) بُرائی چاہنا (نیز با فتح)
ہونق۔ (ہَو۔ ون۔ نق) (عربی ہبنّق کا مورد۔ صفت) احمق۔ جاہل۔
ہونکنا۔ (ہونک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہانپنا (۲) شیر کا بولنا۔
ہونہار۔ (ہون۔ ہار) (ہ۔ صفت) (۱) ہونے والا (۲) وہ جس میں لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں۔
ہونہار بِروا کے چکنے چکنے پات۔ (مثل) ہونہار بچے کے آثار پہلے ہی اچھے نظر آتے ہیں۔
ہو نہ ہو۔ (ہ۔ تابع فعل) (۱) غالباً (۲) یقیناً۔
ہونی۔ (ہ۔ا۔ مونث) شدنی۔ قسمت کا لکھا۔
ہونے والی۔ ہونے والی بات۔ (ہ۔ا۔ مونث) شدنی۔ پیش آنے والی۔ قسمت کا لکھا۔
ہُوہا۔ (ہُو۔ ہا)۔ (ہ۔ا۔ مونث) (۱) غل۔ شور (۲) ہنسی ٹھٹھے

Marfat.com

کی آواز۔
ہُویدا۔ (ہُ۔وَے۔دا) [ف۔صفت] ظاہر۔عیاں۔صاف۔

# ہ - ی

ہی۔ [ہ] (ایک کلمہ جو کلمات کے آخر میں آتا ہے) (۱) فقط۔ صرف۔ اکیلا (۲) تھوڑا (۳) ضرور (۴) فوراً۔ (۵) ذریعہ (۶) تخصیص اور تاکید کا حرف۔
ہے۔ [ہ] (ہونا سے مشتق) حاضر۔ موجود۔
ہے۔ [ف] (ہائے کا مخفف) افسوس۔ ہائے۔
ہے ہے۔ کلمۂ تاسف۔
ہَیبت۔ (ہَے۔بَت) [ع۔ا۔مونث] دہشت۔رُعب۔ڈر۔
ہیبت زدہ۔ ڈرا ہُوا۔ خوف زدہ۔ سہما ہُوا۔
ہیبت ناک۔ خوفناک۔ مُہیب۔ ڈراونا۔
ہیبیس کارپس۔ (HABEAS CARPUS) (ہے۔بے۔یَس۔ کار۔پَس) [انگ۔ا۔مونث] ملزموں پر مقدمہ چلانے کے لیے ان کو عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حکم۔ پروانۂ حاضریٔ ملزم۔
ہَیٹ۔ (HAT) [انگ۔ا۔مذکر] انگریزی ٹوپی۔
ہیٹا۔ (ہے۔ٹا) [ہ۔صفت] (۱) چھوٹا۔گھٹیا (۲) کمینہ۔ (۳) کمزور۔ بزدل۔
ہیٹر۔ (HEATER) ہی۔ٹر [انگ۔ا۔مذکر] گرم کرنے کا ظرف۔ انگیٹھی۔
ہیٹی۔ (ہے۔ٹی) [ہ۔ا۔مونث] ذلت۔ رسوائی۔ بیقدری
ہیٹی ہونا۔ ذلت ہونا۔ رُسوائی ہونا۔
ہیجا۔ [ع۔ا۔مونث] جنگ۔لڑائی۔رزم۔
ہیجان۔ (ہے۔جان) [ع۔ا۔مذکر] (۱) جوش (۲) تیزی۔زور۔
ہیجڑا۔ (ہیج۔ڑا) [ہ۔ا۔مذکر] مخنث۔نامرد۔زنانہ۔زنخا۔
ہیچ۔ [ف۔صفت] (۱) معدوم۔ کچھ نہیں (۲) کم۔ (۳) نکما (۴) قابلِ نفرت (۵) پوچ۔
ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را۔ (مثل) جو سب سے الگ ہو گیا۔ وہ ہر غم سے بچ گیا۔
ہیچ سمجھنا۔ ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
ہیچ مداں۔ (۱) بے علم۔ نادان (۲) ناچیز۔
ہیچ مدانی۔ (مونث) بے علمی۔ نادانی۔ بے ہنری۔
ہیچ میرز۔ بے قیمت۔ ناچیز۔
ہیچ و پوچ۔ (۱) بے مغز (۲) لغو۔ نکما (۳) گھٹیا۔ ناقص۔
ہیڈ۔ (HEAD) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) سر (۲) سردار۔ پیشوا (۳) صدر۔
ہیڈ آفس۔ (HEAD OFFICE) (مذکر) صدر دفتر۔
ہیڈ فون۔ (HEAD PHONE) (مذکر) لاسلکی یا ٹیلی فون کا سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لٹکا دیتے ہیں۔
ہیڈ کلرک۔ (HEAD CLERK) (مذکر) میر منشی۔ صدر محرر۔
ہیڈ کوارٹر۔ (HEADQUARTER) (مذکر) (۱) صدر مقام۔ (۲) فوجی مرکز۔ سپہ سالار کا پڑاؤ۔
ہیڈ ماسٹر۔ (HEAD MASTER) صدر مدرس۔ مدرسِ اعلیٰ۔
ہِیر۔ [ہ۔ا۔مونث] (۱) جوہر۔ سَت (۲) رانجھا کی معشوقہ کا نام۔ (۳) [صفت] صاف۔ خالص۔
ہیرا۔ (ہی۔را) [ہ۔ا۔مذکر] (۱) الماس۔ ایک بیش قیمت پتھر (۲) [کنایۃً] عمدہ۔ کھرا (۳) نہایت شریف۔
ہیرامن۔ طوطا۔ مٹھو۔
ہیرے کی پرکھ جوہری جانے۔ (مثل) اہلِ ہُنر کو قدر دان ہی پہچانتا ہے۔
ہیرے کی کنی کھانا۔ (۱) الماس کا ریزہ کھانا۔ (۲) خودکشی کرنا۔
ہیرا پھیری۔ (ہے۔را۔ پھے۔ری) [ہ۔ا۔مونث] (۱) کسی سودے کو لانا اور پھر پھیرنے کو جانا۔ بار بار آنا جانا۔ (۲) مکر و فریب۔
ہیر پھیر۔ [ہ۔ا۔مذکر] (۱) گردش۔ انقلاب (۲) تبادلہ۔ (۳) راستے کا خم و پیچ (۴) مکر و فریب۔
ہیئر ڈریسر۔ (HAIR DRESSER) [انگ۔ا۔مذکر] حجام۔
ہیئر کٹنگ سیلون۔ (HAIR CUTTING SALOON) [انگ۔ا۔مذکر] وہ جگہ جہاں بال تراشے جاتے ہیں۔ حجام کی دکان۔
ہیرو۔ (HERO) (ہی۔رو) [انگ۔ا۔مذکر] (۱) آدھا دیوتا۔ فوق البشر۔ (۲) بہادر۔ سُورما۔ (۳) وہ شخص جس پر قصے کا مدار ہو۔
ہیروئن۔ (HEROINE) (ہی۔رو۔اِن) [انگ۔ا۔مونث] ہیرو کی تانیث (۱) آدھی دیوی (۲) بہادر عورت۔ وہ عورت جس پر قصے کا دارومدار ہو۔
ہیزم۔ (ہے۔زم) [ف۔ا۔مونث] جلانے کی لکڑی۔ ایندھن
ہیزم فروش۔ لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑ ہارا۔
ہیژدہ۔ ہیژدہ۔ (ہیژ۔دہ) [ف۔صفت] اٹھارہ۔
ہَیضہ۔ (ہے۔ضہ) [ع۔ا۔مذکر] ایک مہلک اور متعدی بیماری۔
ہیضہ کرنا۔ ہیضے میں مبتلا ہونا۔
ہیضہ ہونا۔ ہیضے کا مرض لاحق ہونا۔
ہینگ۔ [ہ۔ا۔مونث] ایک قسم کی بُو۔ ہلدی وغیرہ کی بُو۔
ہیکڑ۔ (ہے۔کڑ) [ہ۔صفت] زبردست۔ خودسر۔
ہیکڑی۔ (ہیک۔ڑی) [ہ۔ا۔مونث] زور آوری۔ سرکشی۔
ہیکڑی جتانا (کرنا) (۱) زبردستی کرنا (۲) اینٹھنا۔
ہَیکل۔ (ہے۔کل) [ع۔ا۔مونث] (۱) صورت یا بُت جو کسی ستارے کے نام پر بنایا جائے۔ (۲) [مجازاً] ستارے کا مندر (۳) بڑے جسم کا گھوڑا (۴) بُتخانے کا بڑا مکان (۵) شان و شوکت۔ (۶) تعویذ (۷) علامت۔ (۸) ہندسہ (۹) تصویر (۱۰) وضع قطع (۱۱) جسم۔
ہیلتھ۔ (HEALTH) [انگ۔ا۔مونث] صحت۔ تندرستی۔
ہیلتھ آفیسر۔ (HEALTH OFFICER) (مذکر) افسر محکمہ حفظانِ صحت۔
ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ۔ (HEALTH DEPARTMENT) (مذکر)

Marfat.com

تکرِ حفظانِ صحت۔

**ہیلو** - ( HALLO ) (ہے - لو) (ہیل - لو) (انگ - ا - مذکر) (۱) متوجہ کرنے کا کلمہ (۲) اظہارِ تعجب کا کلمہ۔ اخاہ - ارے !

**ہیمیا** - (ہی - م - یا) (ع - ا - مونث) علم طلسم۔

**ہیں** - (ہ) کلمۂ تنبیہ و ممانعت (۱) باز آ - خبردار (۲) استفہام کے لیے کیا ؟ (۳) تعجب و استعجاب کے لیے۔

**ہیں ہیں** - نہایت تنبیہ و ممانعت کے لیے بولتے ہیں۔

**ہینڈ** - ( HAND ) (انگ - ا - مذکر) ہاتھ - دست۔

**ہینڈز اپ** - ( HANDS UP ) ہاتھ اٹھاؤ - (اور بے حس و حرکت کھڑے رہو۔)

**ہینڈ بک** - ( HAND BOOK ) (مونث) (۱) دستی کتاب - رسالہ - (۲) دستور العمل۔

**ہینڈ بل** - ( HAND BILL ) (مذکر) چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جائیں - دستی اشتہار۔

**ہینڈ بیگ** - ( HAND BAG ) (مذکر) دستی بیگ - چھوٹا بکس۔

**ہینڈل** - ( HANDLE ) (ہیں - ڈل) (انگ - ا - مذکر) - دستہ - موٹھ - قبضہ۔

**ہینگ** - (ہ - ا - مونث) ایک درخت کا بدبودار گوند جو اکثر امراض میں کام آتا ہے اور سالن میں بھی ڈالا جاتا ہے۔

**ہینگ لگنا** - (۱) ہیضے کے مرض میں مبتلا ہونا (۲) بیمار پڑا رہنا۔

**ہینگر** - ( HANGER ) (انگ - ا - مذکر) کپڑے لٹکانے کی کھونٹی۔

**ہیولا (ہیولیٰ)** - (ہَ - یُو - لا) (ع - ا - مذکر) (۱) ہر چیز کا مادّہ - ماہیت (۲) ڈھیر (۳) خاکہ (۴) (صفت) غیر مہذب - (۵) لاغر۔

**ہیولائے اوّل** - جوہرِ اوّل - عقلِ اوّل - حضرت جبرئیل علیہ السلام

**ہیوی** - ( HEAVY ) (ہے - وی) (انگ - صفت) بھاری۔

**ہیوی ویٹ** - ( HEAVY WEIGHT ) مکّا باز پہلوان جس کا وزن ۴ من سے زیادہ ہو۔

**ہیہات** - (ہے - ہات) (ع) (۱) افسوس کا کلمہ - (۲) افسوس - ہائے ہائے -

**ہیہات ہیہات** - (۱) غضب ہوا - افسوس - افسوس - ہے ہے - (۲) حیف - صد حیف -

**ہی ہی** - (ہ - ا - مونث) ہنسنے کی آواز - کھل کھل -

**ہیئت** - (ہے - ات) (ع - ا - مونث) (۱) وہ علم جس میں اجرامِ فلکی - زمین کی گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے - (۲) بناوٹ (۳) شکل (۴) حالت - طور -

**ہیئتِ اصلی** - حقیقی شکل -

**ہیئت پکڑنا** - صورت اختیار کرنا -

**ہیئت دان** - علمِ ہیئت جاننے والا - نجومی -

**ہیئتِ کذائی** - (مونث) موجودہ حالت - جیسی کہ حالت ہے -

**ہیئتِ مجموعی** - مجموعی حالت - عام حالت -

Marfat.com

# ی

ی (یا، یے) ۔ (ع) اُردو کا بتیسواں ۔ فارسی کا بتیسواں ۔ عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھبیسواں حرف ۔ حساب ابجد میں اس کے دس عدد فرض کیے گئے ہیں ۔

## ی - ا

**یا** ۔ (ع ۔ حرف ندا یا حرف مناجات) اے ۔ اجی ۔ اے ۔ (ف ۔ حرف تردید یا حرف عطف) خواہ ۔ چاہو تو ۔ دو چیزوں کو جمع ہونے سے روکنے یا دو میں سے ایک کو مخصوص کرنے کا کلمہ جیسے یہ اچھا ہے یا بُرا ۔ یہ لو یا وہ ۔

**یا اللہ ۔ یا الٰہی** ۔ اے خدا ۔ خدایا ۔ مانگنے یا حیرت اور تعجب کے اظہار کا کلمہ ۔

**یا آں شور و شر رشوا شوری یا یاپ بے نمکی** ۔ مثل ، یا تو اتنا اخلاص تھا یا اب اس قدر بے اعتنائی ۔

**یا تخت یا تختہ** ۔ یا تو کامیابی تخت حاصل کریں گے ۔ یا پھانسی ، تختہ پر چڑھ جائیں گے ۔

**یا خدا تو دے نہ بیچ دوں** ۔ مثل ، نہایت بخیل ۔ نہ خود کسی کو دیتا ہے اور نہ خدا کا دیا گوارا کرتا ہے ۔

**یا لعجب** ۔ تعجب کا کلمہ ۔

**یا وحشت** ۔ جب کوئی شخص بے سمجھی بات کہے یا بے تکا کام کرے تو اس وقت کہتے ہیں ۔

**یا ہُو** ۔ اے اللہ ! (مذکر) خدا کا اسم ذات ۔

**یاب** ۔ فارسی مصدر یافتن کا اسم فاعل بمعنی پانے والا ۔ مرکبات میں جیسے کامیاب ۔ فیض یاب ۔

**یابس** ۔ (ع ۔ صفت) خشک ۔ خشکی کرنے والا ۔ سوکھا ہوا ۔

**یابندہ** ۔ (ف ۔ صفت) حاصل کرنے والا ۔

**یابو** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) ٹٹو ۔ چھوٹا گھوڑا ۔ ٹانگن ۔

**یابی** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) پانا ۔ مرکبات میں جیسے کامیابی ۔

**یاترا** ۔ (یات ۔ را) (س ۔ ا ۔ مونث) جاترا ۔ مذہبی سفر ۔ مقدس مقامات کی زیارت ۔

**یاجوج ماجوج** ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دو مفسد قومیں جن کا ذکر قرآن اور انجیل میں آیا ہے ۔ (۲) مفسد اور جھگڑالو لوگ ۔

**یاد** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) حافظہ ۔ خیال ۔ (۲) (کنایۃً ذکر) از بر ۔ حفظ ۔

**یاد آنا** ۔ خیال آنا ۔ ذہن میں آنا ۔

**یاد آوری** ۔ (مونث) یاد کرنا ۔ مزاج پرسی ۔

**یاد اللہ** ۔ (مونث) رسمی ملاقات ۔ شناسائی ۔ واقفیت ۔

**یاد ایام** ۔ گزرے ہوئے دنوں کی یاد ۔

**یاد پڑنا** ۔ ذہن میں آنا ۔

**یادداشت** ۔ (مونث) (۱) یاد رکھنے کی صلاحیت ۔ حافظہ ۔ (۲) روزنامچہ ۔ ڈائری (۳) تاکیدی خط ۔ یاد دہانی ۔

**یاد دلانا** ۔ بھولی ہوئی بات کو کسی کے ذہن میں لوٹانا ۔

**یاد دہانی** ۔ (مونث) کسی بات کی تاکید کے لیے دوبارہ کہنا یا لکھنا ۔

**یاد رکھنا** ۔ خیال رکھنا ۔ دھیان رکھنا ۔ بھول نہ جانا ۔

**یاد رہنا** ۔ حافظے میں رہنا ۔ ذہن میں رہنا ۔

**یادش بخیر** ۔ دعائیہ کلمہ ۔ اس کی خیر ہو ۔

**یاد فراموش** ۔ (مونث) (۱) بھول جانے والا ۔ ایک کھیل جس میں کسی کو جو اداں چیل دے کر کہتے ہیں " فراموش " اگر وہ جواب میں " یاد " نہ کہے تو پھر اسے بطور جرمانہ منہ مانگی نقدی یا وہی چیل دینے پڑتے ہیں ۔

**یاد کرنا** ۔ (۱) یاد ۔ یا نام لینا (۲) بڑے کا چھوٹے کو بلانا ۔ (۳) حفظ کرنا ۔

**یاد کرو گے** ۔ پچھتاؤ گے ۔ ہاتھ ملو گے ۔

**یادگار** ۔ (مونث) (۱) نشانی ۔ علامت (۲) پرانی عمارت ۔

**یادگارِ زمانہ** ۔ یاد رہنے والی چیز ۔ نادر چیز ۔

**یاد ہونا** ۔ (۱) دھیان میں ہونا (۲) حفظ ہونا (۳) بلایا جانا ۔

**یار** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) (۱) دوست ۔ (۲) آشنا ۔ (۳) معشوق ۔ محبوب ۔

**یارِ بازِ** ۔ آوارہ ۔ بدچلن ۔

**یار باش** ۔ (۱) یاروں کا یار (۲) زندہ دل (۳) عیاش ۔

**یار باشی** ۔ (مونث) دوستی ۔

**یارِ جانی** ۔ نہایت پیارا ۔ دلی دوست ۔

**یار زندہ صحبت باقی** ۔ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی ۔

**یارِ شاطر** ۔ (۱) چالاک دوست (۲) زندگی کا ساتھی ۔

**یارِ غار** ۔ غار کا دوست ۔ سچا دوست ۔ پکا دوست ۔

**یارِ لوگ** ۔ (۱) چالاک دوست (۲) دوست (۳) ہم لوگ ۔

**یارِ مار** ۔ دوست سے دغا کرنے والے ۔

**یارا** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) قوت ۔ حوصلہ ۔ طاقت ۔

**یاراں** ۔ (یار ۔ اں) (ف ۔ ا ۔ مذکر) یار کی جمع ۔ کئی دوست ۔

**یارانِ رفتہ ۔ یارانِ عدم** ۔ وہ دوست جن کا انتقال ہو چکا ہو ۔

**یارانہ** ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) دوستی ۔ آشنائی ۔ محبت ۔

**یارڈ** ۔ (انگ ۔ ا ۔ مذکر) YARD (۱) صحن ۔ چوک (۲) گز ۔

**یاری** ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) دوستی ۔ مدد ۔

**یازدہ** ۔ (یاز ۔ دہ) (ف ۔ صفت) گیارہ ۔

**یازدہم** ۔ (یاز ۔ دہم) (ف ۔ صفت) گیارھواں ۔

Marfat.com

یاس ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) (۱) ناامیدی ۔ مایوسی (۲) خوف ۔
یاسِ کُلّی ۔ کامل ناامیدی ۔
یاسمن ۔ یاسمین ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) چنبیلی ۔
یاسین ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) قرآن مجید کی ایک سورت جو نزع کے وقت مرنے والے کو سنائی جاتی ہے ۔ (صحیح املا یٰس)
یاغ ۔ (ت ۔ ا ۔ مذکر) گھی ۔ روغن ۔ تیل ۔
یافت ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) آمدنی ۔ کمائی (۲) رشوت ۔
یافتنی ۔ (یاف ۔ تَ ۔ نی) (ف ۔ ا ۔ مونث) پانے کے لائق ۔ قابل وصول ۔
یافتہ ۔ (یاف ۔ تہ) (ف ۔ صفت) پایا ہوا ۔ حاصل کیا ہوا ۔ (مرکبات میں جیسے تعلیم یافتہ ۔
یاقوت ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) لعل ۔ ایک قیمتی پتھر ۔ (۲) سُرخ رنگ کا پلاؤ ۔
یاقوتِ احمر ۔ سُرخ یاقوت ۔
یاقوتِ رُمّانی ۔ انار کے رنگ کا یاقوت ۔
یاقوتِ لب ۔ معشوق ۔ محبوب ۔
یاقوتی ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) یاقوت سے نسبت رکھنے والا ۔ (۲) ایک معجون (۳) ایک مٹھائی ۔
یاک ۔ (YAK) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) تبت کا ایک بیل جس کے بال لمبے اور پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے ۔
یال ۔ (ت ۔ ا ۔ مونث) دیکھیے ایال ۔
یاں ۔ (و ۔ تابع فعل) یہاں کا مخفف ۔ اس جگہ ۔
یانکی ۔ (YANKEE) (یان ۔ کی) (انگ ۔ ا ۔ مذکر) امریکہ کا باشندہ ۔
یاور ۔ (ف ۔ ا ۔ مذکر) مددگار ۔ حمایتی ۔ دست گیر ۔
یاوری ۔ (یا ۔ وَ ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مونث) مدد ۔ دستگیری ۔
یاوہ ۔ (یا ۔ وَہ) (ف ۔ صفت) بے ہودہ ۔ لغو ۔ بے معنی ۔
یاوہ گو ۔ فضول باتیں کرنے والا ۔
یاوہ گوئی ۔ (مونث) بیہودہ باتیں کرنا ۔ بکواس ۔
یائے ۔ حرف ی کی اضافی حالت ۔
یائے تحتانی ۔ چھوٹی ی ۔ یائے معروف ۔
یائے معروف ۔ وہ ی جس سے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو اور وہ خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے جیسے عبید ۔ فقیر ۔
یائے مجہول ۔ وہ ی جس سے پہلے حرف کی زیر خالص نہ ہو ۔ اور جسے خوب ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے جیسے دلیر ۔ دیر ۔
یائے معکوس ۔ (ع ۔ ا ۔ مونث) بڑی ے یائے مجہول ۔

## ی ۔ ب

یُبس ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) خشکی ۔ سوکھاپن ۔
یبوست ۔ (یَ ۔ بُو ۔ سَت) (ع ۔ ا ۔ مونث) سوکھاپن ۔ رُوکھاپن ۔

## ی ۔ ت

یتامیٰ ۔ (یَ ۔ تا ۔ ما) (ع ۔ ا ۔ مذکر) یتیم کی جمع ۔
یتیم ۔ (یَ ۔ تیم) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) جس کا باپ مر گیا ہو ۔ (۲) نہایت قیمتی جواہر ۔ بڑا موتی ۔
یتیم الطرفین ۔ جس کے ماں باپ دونوں مر چکے ہوں ۔
یتیم خانہ ۔ (مذکر) یتیم بچوں کے رہنے کی جگہ ۔
یتیمی ۔ (یَ ۔ تی ۔ می) (ف ۔ ا ۔ مونث) بے پدری کا عالم ۔

## ی ۔ ث

یثرب ۔ (یَث ۔ رَب) (ع ۔ ا ۔ مذکر) مدینہ منورہ کا قدیم نام ۔

## ی ۔ ج

یجروید ۔ (یَ ۔ جُر ۔ وید) (س ۔ ا ۔ مذکر) ہندوؤں کے چار ویدوں میں سے دُوسرا وید جس میں قربانی کے رسوم و آداب درج ہیں ۔

## ی ۔ ح

یحیٰی ۔ (یَح ۔ یا) (ع ۔ ا ۔ مذکر) (لغوی معنی جیتا) ۔ ایک پیغمبر کا نام ۔

## ی ۔ خ

یخ ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) (۱) برف ۔ (۲) (صفت) بہت ٹھنڈا ۔
یخ بستہ ۔ سردی سے برف کی طرح جما ہوا ۔
یخنی ۔ (یَخ ۔ نی) ۔ (ف ۔ ا ۔ مونث) شوربا ۔ اُبالے ہوئے گوشت کا پانی ۔
یخنی پلاؤ ۔ (مذکر) وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں ۔

## ی ۔ د

ید ۔ (ع ۔ ا ۔ مذکر) (۱) ہاتھ (۲) (کنایتہً) مدد ۔ حفاظت ۔
یداللہ ۔ خدا کا ہاتھ (کنایتہً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ ۔
ید بیضا ۔ (۱) روشن اور چمک دار ہاتھ (۲) حضرت موسیٰ کا معجزنما ہاتھ (۳) معجزہ ۔

Marfat.com

**یدِ طُولیٰ** - (۱) لمبا ہاتھ (۲) مہارت - کمال - دسترس -
**یدِ قُدرت** - خدا کی قدرت -
**یُدھ** - (س - ا - مونث) لڑائی - جنگ -

## ی - ر

**یرغمال** - (یَرَ - غَ - مال) (ت - ا - مذکر) وہ فرد یا افراد جو شرائط کی پابندی کی ضمانت میں دشمن کے حوالے کیے جائیں -
**یرقان** - (یَرَ - قان) (ع - ا - مذکر) ایک مرض جس میں جسم، آنکھیں اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے -
**یرقانی** - (ع - ت - صفت) (۱) یرقان کا مریض (۲) زرد -
**یرمغان** - (یَرَ - مُ - غان) (ع - ا - مذکر) دیکھیے یرمغان -

## ی - ز

**یزدان** - (یَز - دان) (ت - ا - مذکر) خدا - نیکی اور خیر کا خالق -
**یزدانی** - (یَز - دا - نی) (ت - صفت) زاہد پرہیزگار - مقدس -
**یزید** - (یَ - زید) (ع - ا - مذکر) (۱) امیر معاویہؓ کے بیٹے کا نام (۲) (کنایۃً) سنگ دل - ظالم -

## ی - س

**یٰس** - (ع - ا - مونث) دیکھیے یاسین -
**یسار** - (یَ - سار) (۱) بایاں ہاتھ (۲) بائیں جانب -
**یسر** - (ع - ا - مونث) آسانی - خوش حالی - دولت مندی -
**یسیر** - (یَ - سیر) (ع - صفت) (۱) آسان (۲) اردو میں اس بچے کے لیے استعمال ہوتا ہے جس کی ماں مر گئی ہو -

## ی - ش

**یشب** - (ت - ا - مذکر) ایک قیمتی پتھر جو سبزی مائل ہوتا ہے -

## ی - ع

**یعسوب** - (یَع - سُوب) (ع - ا - مذکر) (۱) شہد کی مکھیوں کا بادشاہ (ملکہ) (۲) قوم کا قائد -
**یعقوب** - (یَع - قُوب) (عقب - ا - مذکر) (۱) تعاقب کرنے والا (۲) حضرت یوسفؑ کے والد کا نام -
**یعنی** - (یَع - نی) (ع) (۱) مراد یہ ہے - مطلب یہ ہے - (۲) کیوں کہ - اس لیے کہ -

## ی - غ

**یغما - یغمان** - (یَغ - مان) (ت - ا - مونث) لوٹ کا مال - مالِ غنیمت -

## ی - ق

**یقین** - (یَ - قین) (ع - ا - مذکر) (۱) اعتبار - اعتماد - (۲) اطمینان - بھروسا -
**یقین آنا** - اعتبار آنا -
**یقین جاننا** - سچ جاننا - باور کرنا -
**یقین کرنا** - اعتبار کرنا - سچ جاننا - صحیح مان لینا -
**یقیناً** - (یَ - قی - نَن) (ع - تابع فعل) ضرور - بے شک - بلاشبہ -
**یقینی** - (یَ - قی - نی) (ع - صفت) یقین کیا ہوا - بلاشبہ -

## ی - ک

**یک** - (ت - صفت) ایک - اکیلا - واحد - تنہا -
**یک انار وصد بیمار** - (مثل) چیز ایک مگر خواہشمند سینکڑوں -
**یک بارگی** - یک بیک - دفعتہً - یکایک - اچانک -
**یک بام و دو ہوا** - (مثل) بے قاعدگی - بے اصولی -
**یک پیری وصد عیب** - (مثل) بڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے -
**یک جا** - ایک جگہ - اکٹھے - ملے جلے -
**یک جان** - ایک دل - خوب ملے ہوئے -
**یک جان و دو قالب** - نہایت گہرے دوست - پکے دوست -
**یک جہت** - متفق - متحد - موافق -
**یک جہتی** - (مونث) اتحاد - اتفاق - دوستی -
**یک چشم** - کانا - ایک آنکھ والا -
**یک در گیر و محکم گیر** - (مثل) ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے -
**یک دگر** - ایک دوسرا - دونوں مل کر - باہم دیگر -
**یک دل** - مونس - ہمدم - ہمراز - ہمزبان -
**یک دلی** - (مونث) اتفاق - اتحاد -
**یک رنگ** - (۱) اندر باہر سے ایک جیسا (۲) صاف دل - نیک باطن -
**یک رنگی** - (مونث) (۱) ایک طرح کا ہونا (۲) محبت - دوستی -
**یک زبان** - (۱) ثابت قدم (۲) متفق -
**یکساں** - ایک سا - ہموار - برابر - یکجا -

Marfat.com

یکسانی، یکسانیت - (مونث) مشابہت - ایک جیسا ہونا -
یکسر - تمام - بالکل - سر سے پاؤں تک -
یک سر ہزار سودا - شدید مصروفیت - بہت سے کاموں میں پھنسا ہونا -
یکسو - ایک طرف - ایک جانب -
یک سوئی - (مونث) اطمینان - دلجمعی - فرصت -
یک شنبہ - (مذکر) اتوار کا دن -
یک طرفہ - ایک ہی جانب - ایک ہی طرف -
یک طرفہ ڈگری - (مونث) - وہ ڈگری جو مدعی یا مدعا علیہ میں سے ایک کی جانب میں جاری کی جائے -
یک طرفہ رائے - جانب دارانہ رائے - نامنصفانہ رائے -
یک طرفہ فیصلہ - فیصلہ جو ایک فریق کا موقف معلوم کیے بغیر یا اس کی عدم موجودگی میں صادر کیا جائے -
یک قلم - بالکل - تمام - سراسر - فوراً -
یک گونہ - کسی قدر - ایک رنگ کا - تھوڑا -
یک لخت - تمام - بالکل - سراسر - فوراً -
یک لقمہ ہکاہی (صباحی) بہتر ز مرغ و ماہی - (مثل) صبح کا تھوڑا سا کھانا دوسری سب غذاؤں سے بہتر ہے -
یک مشت - ایک دفعہ - اکٹھا - کُل - سب -
یک منزلہ - عمارت جس میں ایک ہی منزل ہو -
یک نفس - نہایت مختصر مدت - ایک سانس -
یک نہ شد دو شد - ایک بلا تو تھی ہی دوسری اور آ پڑی - ایک مصیبت کے بعد دوسری مصیبت -
یکے بعد دیگرے - ایک دوسرے کے بعد -
یکے نقصان مایہ و دیگرے شماتت ہمسایہ - (مثل) ایک تو مالی نقصان پھر اس پر پڑوسیوں کی ملامت -
یکا - ایک - کا (اُردو - صفت) (۱) اکیلا - واحد - لاثانی - (۲) (مذکر) تاش کا سب سے بڑا پتا - (۳) ایک گھوڑے کی چھتری نما گاڑی - اِکا -
یکایک - (یَ - کا - یک) (فارسی) ناگہاں - دفعتاً - اچانک -
یکتا - (یک - تا) (فارسی - صفت) اکیلا - بے مثل - نرالا -
یکتائے عصر - زمانہ میں بے مثل - لاجواب - بے نظیر -
یکتائی - (یک - تا - ای) (فارسی - ا - مونث) (۱) وحدت - بے نظیر ہونا (۲) انوکھا پن -
یکم - (یَ - کُم) (فارسی - ا - مونث) پہلی - مہینے کی پہلی تاریخ -
یکہ - (یک - کا) (فارسی - صفت) (۱) واحد - لاثانی - (۲) (ہ) دیکھیے یکا نمبر ۲ -

## ی - گ

یگ - (س - ا - مذکر) (۱) جگ - قرن - زمانہ - مدت - (۲) جوڑا - جفت -
یگانگت - (یَ - گا - نَ - گت) (اُردو - ا - مونث) دیکھیے یگانگی -
یگانگی - (یَ - گا - نَ - گی) (فارسی - ا - مونث) اتفاق - قرابت -
یگانہ - (یَ - گا - نَہ) (فارسی - صفت) (۱) سگا - عزیز - (۲) واحد - فرد (۳) بے نظیر -

## ی - ل

یل - (فارسی - ا - مذکر) (۱) پہلوان - بہادر (۲) موٹا -
یلدا - (یَل - دا) (فارسی - ا - مونث) اندھیری اور طویل رات -
یلغار - (یَل - غار) (ترکی - ا - مونث) دشمن کی فوج پر حملہ - دھاوا -

## ی - م

یم - (س - ا - مذکر) موت کا فرشتہ - عزرائیل -
یم - (عربی - ا - مذکر) دریا - سمندر -
یمان - یمانی - (عربی - صفت) ملک یمن سے منسوب -
یمن - (عربی - ا - مذکر) برکت - سعادت - اقبال مندی -
یمنی - (یَ - مَ - نی) (عربی - صفت) (۱) ملک یمن سے منسوب - (۲) (مذکر) یمن کا باشندہ -
یمین - (یَ - مین) (عربی - ا - مذکر) (۱) سیدھا ہاتھ (۲) دائیں طرف (۳) قسم - حلف (۴) قوت -
یمین و یسار - (۱) دائیں بائیں (۲) فوج کا دایاں اور بایاں بازو -

## ی - و

یوٹوپیا - (UTOPIA) (انگریزی - ا - مذکر) - (۱) سر تامس مور کی مشہور کتاب جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر کیا گیا ہے جس میں مثالی حکومت قائم تھی (۲) خیالی حکومت - مثالی مقام یا معاشرت -
یوحنا - (یُو - حَن - نا) (عبرانی - ا - مذکر) (۱) خدا کا فضل - (۲) حضرت عیسیٰ کے ایک حواری کا نام -
یوحی - (یُو - حی) (عربی - ا - مذکر) ایک سانپ جس کی بابت مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہو جانے پر جو شکل چاہے اختیار کر سکتا ہے -
یورپ - (EUROPE) (انگریزی - ا - مذکر) ایک بر اعظم - مغرب -
یورپی - (یُو - رپی) (یورپین EUROPEAN کا مترادف - صفت) (۱) یورپ سے تعلق رکھنے والا (۲) (مذکر) یورپ کا باشندہ -
یورش - (یُو - رِش) (ترکی - ا - مونث) (۱) حملہ (۲) فساد -

Marfat.com

یُوسُف (یُو-سُف) [ع-ا-مذکر] حضرت یعقوبؑ کے بیٹے جو حُسن میں لاثانی تھے۔
یُوسفِ ثانی - دُوسرا یُوسف۔ نہایت حسین۔
یُوکلپٹس (EUCLAYPTUS) (یُو-کَ-لَپ-ٹَس) [انگ-ا-مذکر] ایک درخت جس کا عرق دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
یوگ - [س-ا-مذکر] (۱) مراقبہ (۲) مذہبی ورزش (جیسے یوگا)۔
یوگی - [س-ا-مذکر] دیکھیے جوگی۔
یوم - [ع-ا-مذکر] (۱) دن (۲) تاریخ۔
یوم الحساب - حساب کتاب کا دن۔ روزِ قیامت۔
یوم الحشر - جمع ہونے کا دن۔ روزِ قیامت۔
یوم النشور - دوبارہ زندہ ہونے کا دن - روزِ قیامت۔
یوماً فیوماً - (یو-مَن-فَ-یو-مَن) [ع-تابع فعل] روز بروز۔ آئے دن۔
یومیہ - (یو-مِی-یَہ) [ع-صفت] (۱) روزانہ (۲) [تابع فعل] روزانہ (۳) [ا-مذکر] روز کی مزدوری۔
یُوں - [ہ] - اس طرح۔ ایسا۔ اس ڈھنگ سے۔
یُوں تو - (۱) اس طرح تو (۲) ورنہ (۳) کہنے کو تو - دراصل تو۔
یُوں ہی - یُونہیں - (۱) اسی طرح۔ اسی طریقے سے (۲) بلا سوچے سمجھے (۳) بے فائدہ۔ ناحق (۴) اتفاقاً (۵) بیکار۔
یُونہی سہی - اس طرح بھی منظور ہے۔
یُونہی ہے - (۱) اسی طرح ہے (۲) فضول ہے۔ بے کار ہے۔ (۳) بھروسے کا نہیں۔
یُونانی - [ع-صفت] (۱) ملک یُونان سے متعلق (۲) [مذکر] یُونان کا باشندہ (۳) [مونث] یُونانی زبان۔
یونٹ - (UNIT) [انگ-ا-مذکر] (۱) اکائی - وحدت (۲) ایک چیز، شخص یا گروہ جو واحد اور مکمل بالذات سمجھا جائے یا شمار یا ناپ کے پیمانے کا کام دے۔
یُونس - (یُو-نُس) [ع-ا-مذکر] ایک اسرائیلی پیغمبر۔
یُونیسکو - (UNESCO) [انگ-ا-مذکر]
(UNITED NATIONS EDUCATIONAL SCIENTIFIC AND CULTURAL ORGANIZATION) کا مخفف۔
یعنی اقوام متحدہ کا تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی ادارہ۔

یُونی سیف - (U.N.I.C.E.F) [انگ-ا-مذکر]
(UNITED NATIONS INTERNATIONAL CHILDREN'S EMERGENCY FUND)
کا مخفف یعنی اقوام متحدہ کا بچوں کی امداد کا ہنگامی فنڈ۔
یُونیفارم - (UNIFORM) (یُو-نی-فارم) [انگ-ا-مذکر] وردی۔
یُونین - (UNION) (یُو-نِی-یَن) [انگ-ا-مونث] (۱) اتحاد - ایکا (۲) ادارہ - انجمن۔
یُونیورسٹی - (UNIVERSITY) (یُو-نی-وَر-سِ-ٹی) [انگ-ا-مونث] جامعہ۔ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لیے تمام یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم یا امتحان یا دونوں کا انتظام ہو۔

## ی-ہ

یہ - [ہ-اسم اشارہ] (۱) قریب کا اشارہ - اس - سامنے کا - حاضر (۲) ایسی (۳) یہ لوگ کی جگہ۔
یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی - (مثل) یہ کام پُورا ہوتا نظر نہیں آتا۔
یہ جا وہ جا - فوراً بھاگ گیا۔
یہ منہ اور مسور کی دال (مثل) تم اس لائق نہیں۔
یہ وہ گڑ نہیں کہ چیونٹے کھائیں - (مثل) یہ چیز ایسے ویسوں کے قابل نہیں۔
یہاں - [ہ] اس جگہ - ادھر - اس طرف۔
یہاں تک - اس جگہ تک - اس وقت تک - اس قدر۔
یہاں نہ وہاں - یہ بلا کہاں - خانہ بدوش آدمی کے لیے مستعمل ہے۔
یہُود - (یَ-ہُود) [ع-ا-مذکر] یہودی کی جمع۔
یہُود زن - (یَ-ہُود-زَن) [فا-ا-مونث] یہُودی عورت۔
یہُودی - (یَ-ہُو-دی) [ع-صفت] (۱) یہودی مذہب سے متعلق (۲) [ا-مذکر] یہودی مذہب کا پیرو۔
یہی - [ہ] یہ ہی کا مخفف - خاص یہ - خصوصاً۔
یہی سہی - یُوں ہی سہی۔
یہی نا - صرف اتنی ہی بات ہے؟
یہیں - [ہ] اسی جگہ - اسی طرف - ادھر ہی۔

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور - باہتمام عبدالسلام پرنٹر اور پبلشر

Marfat.com

# فیروز سنز کے شہرۂ آفاق لُغات اور اِنسائیکلوپیڈیا

**فیروزُاللُغات اُردو جامع :** اُردو کا جامع اور مستند لغت۔ ایک لاکھ سے زیادہ قدیم وجدید الفاظ، محاورات، ضربُ الامثال، علمی ادبی، فنّی وسائنسی اصطلاحات کے تفصیلی معانی مع صحیح تلفّظ۔

**فیروزُاللُغات اُردو جدید :** متروکات کے سوا تقریباً تمام الفاظ، مرکّبات، محاورات ضرب الامثال اور علمی وفنّی اصطلاحات صحیح تلفّظ کیساتھ۔

**فیروزُاللُغات اُردو جیبی :** یہ خوب صورت جیبی لغت طلبا اور عام شائقین کی ہنگامی ضروریات کے پیشِ نظر مرتّب کیا گیا ہے۔

**فیروزُاللُغات فارسی اُردو :** فارسی کے تقریباً ساٹھ ہزار قدیم وجدید الفاظ مع تفصیلی معانی۔

**فیروزُاللُغات عربی اُردو :** پچاس ہزار سے زیادہ قدیم وجدید عربی الفاظ، مرکّبات اور اصطلاحات کے معانی ومترادفات۔

**فیروز سنز انگلش ٹو انگلش اینڈ اُردو ڈکشنری :** انگریزی کا جامع اور ضخیم لغت جس میں تلفّظ کے ساتھ ہر لفظ کے معنی انگریزی اور اُردو میں دیے گئے ہیں۔ (اس کا سٹوڈنٹ اڈیشن زیرِ تالیف ہے)۔

**فیروز سنز اُردو انگلش ڈکشنری :** تقریباً تیس ہزار قدیم وجدید اُردو الفاظ، محاورات اور اصطلاحات کے انگریزی معانی ومترادفات۔ طلبا، مترجمین اور اہل کاروں کے لیے نہایت مفید لغت۔

**اُردو اِنسائیکلوپیڈیا :** اُردو میں اپنی نوعیّت کی پہلی کتابِ حوالہ۔ ادب، تاریخ جغرافیہ، سیاسیات، سوانح، سائنس، مذہب، معاشیات اور دیگر شعبہ ہائے علم وفن کے متعلّق نہایت مُستند معلومات۔

فیروز سنز لمیٹڈ

لاہور - راولپنڈی - کراچی

969 0 00513 8

Rs. 138.00